نئی اردو لغت (جامع)

اسکول و کالج کے طلباء و طالبات اور عام قارئین کے لیے

ایک مفید اور کارآمد لغت

نجیب رامپوری

Download PDF MCQs, Books and Notes for any subject from the Largest website for free

awazeinqilab.com

آوازانقلاب ڈاٹ کام

and also Available in Play Store

- Primary (5th) Level
- Middle (8th) Level
- Matric (10th) Level
- F. Sc (12th) Level
- BS (16th) Level
- Urdu Grammar
- Curriculum (Govt Books)
- Past Papers
- English Grammar
- Readymade CV

NTS, FTS, CSS, PMS, ETEA, KPPSC, PPSC, SPSC, AJKPSC, BPSC, KPTA ETC

Available Subjects

- Agriculture
- Computer Science
- Economics
- English
- Biology
- Chemistry
- Geology
- Management Sciences
- Microbiology
- PCRS/ Pak Study
- Pharmacy
- Sociology
- Zoology
- Chemistry
- Statistics
- Physics
- Mathematics
- Law
- Environmental Sciences
- Botany
- Biotechnology
- Library & Information Sciences
- Journalism & Mass Communication
- Political Science
- Geography
- General Science
- Education
- Tourism & Hotel Management
- Urdu
- Pashto
- Islamic & Arabic Studies
- Electrical Engineering
- Civil Engineering
- Mechanical Engineering
- Chemical Engineering
- Software Engineering
- Election Officer
- General Knowledge
- Pedagogy
- Current Affairs
- Medical Subjects
- Judiciary & Law
- other





ہر Subject کے Notes اور MCQS فری ڈاون لوڈ کریں۔ نیز CV کے MS word تیار Templates ڈاون لوڈ کر کے اپنے حساب سے Modify کریں۔



Follow me on face book for new books updates

ABDULLAH INQILABI

awazeinqilab.com WhatsApp : 03025247378

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نئی اردو لغت (جامع)

اسکول و کالج کے طلباء و طالبات اور عام قارئین کے لئے

ایک مفید اور کارآمد لغت

نجیب رامپوری

فرید بک ڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ
FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.
NEW DELHI-110002

©جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب

نئی اُردو لغت (جامع)

از: نجیب رامپوری

صفحات: ۱۰۰۸ قیمت: ۱۵۰/- روپے

طبع اوّل: ستمبر ۲۰۰۴ء

باھتمام

محمد ناصر خان

Name of the book

NAI URDU LUGHAT

By: **Najeeb Rampuri**

Ist Edition: **September, 2004**

Pages: 1008 Price: **Rs. 150/-**

ناشر

فرید بک ڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ

FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.

Corp. Off.: 2158, M.P. Street, Pataudi House, Darya Ganj, New Delhi-2

Phones: 23247075, 23289786, 23289159 Fax: 23279998 Res.: 23262486

E-mail: farid@ndf.vsnl.net.in Websites: faridexport.com, faridbook.com

Printed at: Farid Enterprises, Delhi-2



علامات

(ا) ——— اردو
(ہ) ——— ہندی
(ت) ——— ترکی
(ع) ——— عربی
(ف) ——— فارسی
(مذ) ——— مذکر
(مث) ——— مونث
(ص) ——— اسم صفت
(انگ) ——— انگریزی

عرضِ ناشر

ہمارے ہاں اُردو زبان کے بہت وقیع، مفصّل اور مُستند لُغت مُرتّب ہو چکے ہیں جن کے مُستند ہونے میں کوئی کلام نہیں لیکن وہ خالصتاً طلبہ کی ضروریات کے پیشِ نظر مُرتّب نہیں ہُوتے ان وجوہ کی بنا پر طلبہ کی نصابی اور لِسانی ضرورتوں کو مدِّنظر رکھتے ہُوئے ایسا لُغت مُرتّب کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جسے طلبہ اپنا لُغت کہہ سکیں۔ چنانچہ اس ناچیز ادبی کاوِش کا ثمرہ پیشِ خدمت ہے۔

الفاظ کے تلفُّظ اور معانی میں صحت کا حتی الامکان اہتمام کیا گیا ہے لیکن انسان سے سہو کا اِمکان ہے۔ قارئین سے استدعا ہے کہ اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو اس سے ہمیں مُطلع کر کے شکر گزار فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تلافی کر دی جائے۔ شکریہ!

ترتیب اندراجات

الف مقصورہ	—	اب	ایہام گوئی	7	— 73
" ممدودہ	—	آ	آیۂ رحمت	74	— 91
ب	—	باب	بیہڑ	92	— 153
بھ	—	بھابی	بھینی	153	— 166
پ	—	پا	پیے ہونا	167	— 226
پھ	—	پھاپاکٹنی	پھینی	228	— 235
ت	—	تا	تئیس	236	— 284
تھ	—	تھاپ	تھیوری	284	— 288
ٹ	—	ٹاپ	ٹیوشن	289	— 303
ٹھ	—	ٹھا	ٹھینگے سے	303	— 309
ث	—	ثابت	ثور	310	— 311
ج	—	جا	جیون گان	312	— 347
جھ	—	جھابا	جھینگر لگنا	347	— 356
چ	—	چاپ	چیونگم	357	— 389
چھ	—	چھاپ	چھینی	389	— 398
ح	—	حاتم	حیوانیت	398	— 415
خ	—	خاتم	خیمہ استادہ ہونا	416	— 439
د	—	داب	دہیم	439	— 481
دھ	—	دھا	دھیوت	481	— 490
ڈ	—	ڈاب	ڈھیہ	491	— 501
ڈھ	—	ڈھابا	ڈھینگر	504	— 504

www.besturdubooks.net

ذ — فاتح ..... ذیل دار — 505 — 507
ر — راب ..... ربیبو — 508 — 547
ز — زادبوم ..... زیور میں لدا رہنا — 548 — 561
ژ — ژاژ ..... ژیان — 562 — 562
س — سا ..... سیہ کدہ — 563 — 614
ش — شاب ..... شیوہ — 615 — 634
ص — صابر ..... صیہونی — 635 — 645
ض — ضابط ..... ضیق میں جان ہونا — 645 — 647
ط — طاب ..... طیور — 648 — 656
ظ — ظالم ..... ظہیر — 656 — 658
ع — عابد ..... عینک — 659 — 678
غ — غار ..... غیور — 679 — 687
ف — فاتح ..... فینسی ڈریس — 688 — 704
ق — قا ..... قیوم — 705 — 720
ک — کا ..... کئی بار — 721 — 779
گ — گا ..... کھیوٹ دار — 779 — 791
گھ — گھات ..... گیہوں کے ساتھ گھن پس گیا — 792 — 819
ل — لا ..... گھیور — 819 — 827
م — مآب ..... لیے دیے رہنا — 828 — 848
ن — نا ..... میہمان — 849 — 917
و — وا ..... نیہر — 918 — 950
ہ — ہا ..... ویلفیر — 950 — 980
ی — یا ..... ہیئت پرستی — 961 — 979
ے ..... یہیں — 980 — 984

الفِ مقصورہ

ا: اُردو، حروفِ تہجی کا پہلا حرف، جُمل (ابجد) میں ایک عدد۔

ا ـــ ب

اَبُ: اس وقت، فوراً۔

ـــــ پچھتائے کا (کیا) ہوت، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت؛ مثل؛ موقع ہاتھ سے نکل جانے پر کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔

ـــــ تب: ٹال مٹول، حیلے حوالے۔

ـــــ سے دُور: اس بات سے خدا محفوظ رکھے، (دعائیہ جملہ؛ ماضی کی کسی بُری بات کے ذکر کے وقت۔)

ـــــ کے حساب/حسابوں: اس وقت کے اعتبار سے۔

ـــــ نہ تب: کبھی نہیں، نہ اس وقت نہ پھر کبھی۔

اَبّا: مذکر؛ (۱) باپ۔ (۲) چچا، تایا، دادا، خاندان کے دوسرے بزرگوں کو بھی کہتے ہیں، (تعظیم یا پیار سے جی، جان، جانی، میاں کے ساتھ۔)

اِبا: (ع) مونث؛ انکار۔

اَبابیل: (ع) مونث؛ ایک سیاہ رنگ کا چھوٹا سا پرندہ، جس کے جھنڈ کے پرسفید ہوتے ہیں۔

اِباحت: (ع) مونث؛ جائز ہونا، مباح ہونا۔

اُبال: مذکر؛ کف، آگ پر پکنے سے اُوپر آجانے والا پھین، ہانڈی کا جوش۔

اُبالا: (۱) بے چکنائی کا، (۲) صرف پانی میں اُبالا ہوا؛ بے مزہ کھانا۔

اُبالنا: کسی کھانے کی چیز کو پانی میں جوش دے کر کچا پن دُور کر دینا۔

ـــــ سُبالا: (سُبالا تابع مہمل ہے) (عو) بے مسالے اور بے روغن کا، بے مزہ۔

اِبتدا: (ع) مونث؛ پہل، شروع، آغاز۔

اِبتدائی: پہلا، شروع کا۔

ـــــ سماعت: (ع) مونث؛ (قانونی اصطلاح) مقدمے کی پہلی پیشی۔

اِبتدائیہ: (اف) مذکر؛ (کتاب کا) تمہیدی مضمون۔

اِبتذال: (ع) مذکر؛ ہلکا پن، ادنیٰ قسم کی بات۔

اَبتر: (ع) پریشان، تتر بتر، بُرا، خراب۔

اِبتلا: (ع) مونث؛ آزمائش، بلا میں پڑنا، مصیبت میں گرفتار ہونا۔

اِبتہاج: (ع) مذکر؛ خوشی، مسرت۔

اُبٹن: مذکر؛ بٹنا، اُبٹنا، خوش بودار مرکب جو چہرے یا جسم پر رنگ نکھارنے کے لئے ملا جاتا ہے۔

ـــــ/اُبٹنا کھیلنا: دولہا دلہن کے اُبٹنا ملنے کے موقعے پر ہم جولیوں کا دل لگی میں ایک دوسرے کے منہ یا بدن پر اُبٹنا لگا دینا۔

اَبجد: (ع) مونث؛ حروفِ تہجی؛ عربی حروفِ تہجی کے ۲۸ حرفوں کو آٹھ لفظوں میں تقسیم کر دیا ہے اور ان حروف کے اعداد مقرر کر دیئے ہیں، یہ الفاظ اور ان کے اعداد حسب ذیل ہیں:-

اَبجد	ہوّز	حُطی	کَلمن
ا ب، ج، د	ہ، و، ز	ح، ط، ی	ک، ل، م، ن
۱، ۲، ۳، ۴	۵، ۶، ۷	۸، ۹، ۱۰	۲۰، ۳۰، ۴۰، ۵۰

سَفَفُص قَرشَت شَخَذ ضَظَغ

س، ع، ف، ص ق، ر، ش، ت ث، خ، ذ ض، ظ، غ

۶۰، ۷۰، ۸۰، ۹۰ ۱۰۰، ۲۰۰، ۳۰۰، ۴۰۰ ۵۰۰، ۶۰۰، ۷۰۰، ۸۰۰، ۹۰۰، ۱۰۰۰

—— خواں: الف بے پڑھنے والا، (مجازاً) بدسندی، جو زیادہ پڑھا لکھا نہ ہو۔

—— کا قفل: خاص ترتیب کے ساتھ حرفوں کو جوڑنے سے کھلنے اور بند ہونے والا تالا۔

اَبخرہ: (ع) مذکر؛ (۱) بخارات، مرطوب زمین پانی اور سڑی بسی چیزوں سے اٹھنے والے بخارات، (۲) معدے اور خلیوں سے اٹھنے والے بخارات۔

اَبَد: (ع) (۱) ہمیشگی، وہ زمانہ جس کی انتہا نہیں، (۲) (مجازاً) روزِ قیامت۔

—— الآباد: (اَبَدُ آباد)؛ ہمیشہ۔

اَبدال: (ع) مذکر؛ اولیاء اللہ کا ایک گروہ، (اُردو میں یہ لفظ جمع اور واحد دونوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔)

اَبدی: دائمی، ہمیشہ قائم رہنے والا، غیر فانی۔

اَبدیّت: (ع) مونث؛ ہمیشگی، سدا قائم رہنا۔

اَبدی تسلسل: (ع) مذکر؛ ہمیشہ جاری رہنے والا سلسلہ، کائناتی نظام، نظامِ قدرت۔

اَبر: (ف) مذکر؛ بادل؛ میگھ؛ گھٹا

—— باراں: (اضافت کے ساتھ) برسنے والا یا برستا ہوا بادل

—— بہار/بہاراں/بہاری: (اضافت کے ساتھ) موسمِ بہار کا ابر۔

—— تیرہ: (اضافت کے ساتھ) کالے بادل، کالی گھٹا۔

—— دریا بار: (اضافت کے ساتھ) بہت برسنے والا بادل۔

—— رحمت: (اضافت کے ساتھ) ابر کے برسنے سے مخلوق کو فائدہ ہوتا ہے، اس لئے ابر کو رحمت سے تعبیر کرتے ہیں۔

—— قبلہ: (اضافت کے ساتھ) قبلے کی طرف سے اٹھنے والے بادل۔

—— کا ٹکڑا (ٹکڑہ ابر)۔

—— کرم: (اضافت کے ساتھ)، (کرم کا استعارہ ابر سے)۔ سراپا کرم: سخی؛ فیاض

—— کہسار/کوہساری: (اضافت کے ساتھ) پہاڑوں کی طرف سے اٹھنے والا بادل۔

—— مُردہ: (اضافت کے ساتھ) اسفنج، اسپنج۔

—— نوبہار/نوبہاری: (اضافت کے ساتھ) فصلِ بہار کے ابر۔

—— نیساں: (ف) مذکر؛ نوروز سے چالیس دن پہلے یا بعد تک برسنے والا ابر، مشہور ہے کہ اس پانی کا قطرہ اگر سیپی میں پڑ جائے تو موتی اور بانس میں پڑ جائے تو بنس لوچن بن جاتا ہے۔

—— وباد: (ف) مذکر؛ آندھی پانی۔

اَبرَسا: (ف) مذکر؛ اوڑھنے والے روئی بھرے کپڑے کی اوپر کی تہ، استر کے اوپر والا کپڑا؛ لحاف، رضائی، دلائی کی اوپری فرد یں۔

اَبرار: (ع) مذکر (جمع بر یا بار)، اچھے لوگ، نیک لوگ، پرہیزگار لوگ۔

اِبرام: (ع) تنگ کرنا، رنجیدگی، کبیدگی۔

اِبراہیم: ایک مشہور پیغمبر کا نام، جنھوں نے خانہ کعبہ تعمیر کیا۔

—— ادہم: ایک مشہور بزرگ، جو پہلے بلخ کے بادشاہ تھے۔

اَبرص: برص کی بیماری والا، جس کے جسم پر سفید داغ ہوں۔

اَبرق/اَبرک: (ہ) مونث؛ ایک قسم کا چمکیلا پتھر جو کان سے نکلتا ہے۔ جس میں بہت سی پتلی پتلی پرتیں اوپر نیچے ہوتی ہیں۔

اَبرَن: مذکر؛ زیور، گہنا۔

اَبرُو: (ف) مذکر و مونث؛ بھنوں

—— پر میل نہ آنا: صدمے کا ذرا بھی اثر نہ لینا، بری بات حوصلے سے برداشت کر جانا اور اس کا اثر نہ ظاہر ہونے دینا۔

—— میں/پر بل آنا/بل پڑنا: غصہ آنا، تیوری چڑھنا۔

اَبری: مونث؛ رنگین کاغذ جو کتابوں کی جلدوں پر چڑھایا جاتا ہے۔

اَبریشم: مذکر؛ کچا ریشم۔

اُبَسنا: مذکر؛ گلنا، سڑنا، کھانے پینے کی چیزوں کا سڑنے لگنا۔

اَبصار: (ع) جمع بصر کی؛ دانائی، علم۔

اِبطال: (ع) مذکر؛ جھوٹا ثابت کرنا، باطل کرنا۔

اَبعادِ ثلاثہ: تینوں پہلو، لمبائی، چوڑائی، اونچائی۔

اَبکائی: مونث؛ متلی۔

اَبلا: مونث؛ عورت، ستائی ہوئی اور کمزور عورت

—— پری: نازک بدن، خوب صورت عورت۔
اِبلاغ: (ع) پہنچانا، بھیجنا، خیالات کا اظہار۔
اَبلق: (ع) مذکر؛ (۱) دو رنگ والا، خصوصاً کالا اور سفید، (۲) خاص کر سیاہ سفید گھوڑا، (۳) جس کے جسم پر سفید داغ ہوں، چتکبرا۔
—— ایام/روزگار: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ رات دن۔
اَبلقا: مذکر؛ ایک اچھی آواز کا چتکبرا پرندہ۔
اُبلنا: جوش کھانا، پتلی چیز کا بہت گرم ہو جانا۔
اَبل آنا: سوجنا، آشوب ہو جانا، جیسے آنکھ اُبل آنا۔
—— پڑنا: (کنایتاً) (۱) برا بھلا کہنا، بہت خفا ہونا، (۲) اوچھے پن سے بھید نہ چھپانا، جو منہ میں آئے کہہ بیٹھنا، (۳) کسی چیز کا بہتات سے ہونا۔
اَبلہ: (ف) مذکر؛ احمق، بھولا بھالا۔
—— فریب: مذکر؛ احمقوں کو دھوکا دینے والا۔
اِبلیس: (ع) مذکر؛ (۱) شیطان، (۲) مجازاً مفسد/شریر۔
اِبن: (ع) مذکر؛ بیٹا۔
—— الوقت (اِب۔نُل۔وقت): (ع) مذکر؛ زمانہ ساز مطلبی۔
—— مَریَم: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ حضرت مریمؑ کے بیٹے حضرت عیسیٰؑ (مجازاً): سچا نفس
—— السَّبیل (اِب۔نُس۔سَبیل): (ع) مذکر؛ مسافر، راہی۔
—— زیاد: (اضافت کے ساتھ) یزید کے عہد میں کوفے کا گورنر۔
اَبناء: (ع) مذکر؛ جمع ابن کی؛ بیٹے، ساتھی، ہم جنس۔
ابنائے جِنس: (ف) مذکر؛ ہم جنس لوگ، انسان۔
—— جہاں/دنیا/زمانہ: (ف) مذکر؛ انسان، دنیا والے لوگ۔
—— وطن: (ف) وطن کے لوگ، وطنی بھائی۔
اَبو: (ع) مذکر؛ باپ۔
—— البشر (اَبل۔بَشَر): (ع)، انسانوں کے باپ، حضرت آدمؑ کی کنیت۔
—— تُراب: (ع) حضرت علیؓ کی کنیت۔
—— الکلام (اَبلُ کلام): مولانا محی الدین احمد ابوالکلام آزاد، بہت بڑے عالم، مقرر، مصنف اور آزادی کی جدوجہد کی صف اوّل کے لیڈر کا لقب۔
—— الہول (اَبل ہَولْ): (ع) مذکر؛ مصر کے ایک دیوقامت بت کا نام جس کا بدن شیر کا ہے چہرہ عورت کی طرح
اَبّو: مذکر؛ باپ، باپ کو پیار سے مخاطب کرنے کا کلمہ۔
اَبواب: (ع) مذکر؛ جمع باب کی؛ (۱) دروازے، (۲) کتاب کے حصے، جو مضمون کے اعتبار سے کیے جاتیں
اِبہام: (ع) مذکر؛ (۱) انگوٹھا، (۲) بات کھول کر نہ کہنا، (۳) ایک ادبی صنعت کا نام، جس میں بات کچھ چھپا کر کہی جاتی ہے۔
اِبّی: گلی ڈنڈا کھیلنے میں گلی پر ڈنڈے کی پہلی چوٹ، (دوسری چوٹ دُبّی)۔
—— دُبّی کھیلنا: گلی ڈنڈا کھیلنا۔
اَبے: (تحقیر کا خطاب)، کبھی بے تکلفی اور پیار سے۔
—— تبے کرنا: بدتمیزی سے بات کرنا، ناملائم بات کہنا۔
اَبیات: (ع) مذکر؛ (جمع بیت کی)، اشعار۔
اَبیر: مذکر؛ لال رنگ کا ایک خوشبودار سفوف جو صندل اور ابرک کے برادے سے مل کر بنتا ہے۔
اَبیَض: (ع) سفید۔
اَبیل دُبیل: کم زور، دبے والا۔
اُبھار: مذکر؛ اٹھان، نمو، اونچائی۔
—— دینا: (۱) کسی چیز کو اونچا کر دینا، (۲) بہکا دینا، ترغیب دینا، کسی کام کے لئے آمادہ کرنا۔
اَبھاگ: (ہ) مذکر؛ بدقسمتی، بدنصیبی، کم بختی۔
اَبھاگا: (ہ) مذکر؛ بدقسمت، بدنصیب، کم بخت۔
اُبھرنا: اونچا ہونا، نمودار ہونا، ظاہر ہونا۔
اَبھلاشا: (ہ) مونث؛ آرزو، ارمان، شوق۔
ابھی: فوراً، جلدی، اسی وقت۔
—— دلّی دور ہے: (مثل) ابھی مقصد پورا ہوتا نظر نہیں آتا۔
—— کچی لکڑی ہے: کم سن، ناتجربہ کار۔
—— منہ سے دودھ کی بُو آتی ہے: / —— ہونٹوں کا دودھ نہیں سوکھا: } مثل؛ (طنزاً) ناتجربہ کار بچہ ظاہر کرنا۔

اَبھیاس: (ا) مذکر؛ عادت، مشق۔
اَبھی مان: (ا) مذکر؛ گھمنڈ، غرور، خود پسندی۔
اَبھی مانی: (ا) مذکر؛ مغرور، گھمنڈی، خود پسند۔

ا ـــ پ

اُپاس: (ا) مذکر؛ روزہ، فاقہ۔
اَپاہج: (ا) جس کے ہاتھ پاؤں درست و توانا نہ ہوں، چلنے پھرنے سے معذور، (۲) (مجازاً) کاہل، سُست، ناکارہ شخص۔
اُپائے: (ا) مونث؛ ترکیب، حکمت، تدبیر۔
اَپ بھرنش: (سنسکرت) مونث، (۱) عام بول چال کی زبان۔ عوام کی بولی، (۲) ۶۰۰ء سے ۱۰۰۰ء تک ہندوستان میں بولی جانے والی زبان پراکرت۔
اُپج: مونث؛ نئی بات پیدا کرنا، ایجاد، نادر و نیا خیال۔
اُپجاؤ: (ا) زرخیز۔
اُپجنا: (ا) اُگنا، پیدا ہونا، (۲) نئی نئی تانیں لگانا۔
اُپدیش: (ا) مذکر؛ ہدایت، نصیحت، تلقین۔
اُپدیشک: (ا) مذکر؛ ناصح، نصیحت کرنے والا۔
اَپرادھ: (ا) مذکر؛ جرم، قصور، گناہ، پاپ۔
اَپرادھی: (ا) مذکر؛ قصوروار، گنہگار، مجرم، پاپی۔
اَپرم پار: (ا) بے حد، بے کنار، لاانتہا، غیر محدود۔
اَپرَنٹس: APPRENTICE (انگ) مذکر؛ (۱) کسی فن یا پیشے کی تربیت پانے والا، (۲) کارآموز۔
اَپریل: (انگ) مذکر؛ انگریزی کا چوتھا مہینہ۔
ـــــ فُول: (انگ) اپریل کا احمق، پہلی اپریل کو دوست احباب اور عام لوگوں کو مزاحاً بے وقوف بنانے کا دستور۔
اَپسرا: (ا) مونث؛ پری، نہایت حسین عورت، اِندر کے دربار کی ناچنے والی۔
اُپکار: (ا) مذکر؛ بھلائی، احسان۔
اُپلا: مذکر، کنڈا، گائے بھینس کے گوبر کو گول موٹی ٹکیا کی شکل میں تھاپا ہوا ایندھن۔
اَپمان: (ا) مذکر؛ بے عزتی، ہتک، توہین۔
اَپنا: (۱) اپنی ذات کا، اپنے قبضے کا، (۲) عزیز، رشتے دار، قریبی تعلق والا، یگانہ۔
ـــــ اُلّو سیدھا کرنا: کسی کو بے وقوف بنا کر اپنا کام نکال لینا، کسی نہ کسی طرح اپنا مطلب نکال لینا۔
ـــــ اُلّو کہیں نہیں گیا: (مقولہ) ہر صورت میں نفع حاصل ہونا (کوئی نہ کوئی اُلّو پھنسے گا اور مطلب نکل کر رہے گا)
ـــــ اپنا کرنا اپنا بھرنا: (مقولہ) جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا، اپنی کرنی اپنی بھرنی۔
ـــــ پیٹ تو کُتا بھی پالتا ہے: (مقولہ) اس شخص کی ملامت کے لئے جو صرف اپنا تن پالے۔
ـــــ پیسہ/سونا کھوٹا، پرکھنے والے کا کیا دوس/دوش: (مثل) خود اپنی چیز بُری ہو تو جانچنے والے کی کیا خطا۔
ـــــ تو تن پہلے ڈھانکو، دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا: (مثل)، (اپنی بُرائیاں پہلے دُور کرو پھر دوسرے کو بُرا کہنا)، دوسروں کو بُرا اُسی حال میں کہنا کہ وہی برائیاں اپنے میں موجود نہ ہوں۔
ـــــ توشہ اپنا بھروسہ: اپنی ہی چیز پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔
ـــــ ٹھکانہ کر لینا: (۱) اپنی روزی کا انتظام کر لینا، موجودہ ملازمت چھوڑ کر دوسری ملازمت کا انتظام کر لینا، (۲) موجودہ حالت کی جگہ کوئی اور صورت اختیار کر لینا۔
ـــــ بجوہر کرنا: اپنا خون کرنا، خودکشی کرنا۔
ـــــ رکھ پرایا چکھ: (مثل) اپنی چیز بچا کے رکھنا، دوسرے کی استعمال کرنا۔
ـــــ سا منہ لے کر رہ جانا: (۱) خفیف ہونا، شرمندہ ہونا۔ (۲) جواب نہ بن پڑنا۔
ـــــ سر پیٹنا: خود رائی کا نتیجہ بھگتنا۔
ـــــ کیا آگے آنا/اپنا کیا پانا: کسی بُرے کام کا بدلہ پانا، اپنے کئے کا نتیجہ بھگتنا۔
ـــــ گھر بھرنا: کسی کا مال و دولت تھوڑا تھوڑا کر کے بددیانتی سے اپنے قبضے میں کرنا۔
ـــــ لعل گنوا کے دَر دَر مانگے بھیک: اپنی پونجی ضائع کر کے

دوسروں کی مدد چاہنا۔

—— مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا؛ (مثل) اپنوں کی سختی وقتی ہوتی ہے، عزیز کتنا ہی ناراض ہو آخر اسے رحم آ ہی جاتا ہے۔

منہ آئینے میں دیکھو؛ جس چیز کے طالب ہو اس کے اہل نہیں ہو۔

—— ہی مال جائے اپنا ہی چور کہلائے؛ مثل۔ اپنا ہی نقصان اُلٹی اپنی ہی بدنامی۔

اَپنائیت؛ مونث؛ یگانگی، قرابت، اپنا پن، اپنائیت۔

اَپنِشد؛ (اُپ ـــ نی ـــ شد)؛ (ہ) وید کا آخری حصہ یا ویدانت شاستر جس میں علم معرفت کا بیان ہے۔

اپنی؛ 'اپنا' کی تانیث؛ اپنی خاص ذات کی، اپنے قبضے کی۔

—— اپنی بولیاں بولنا؛ (۱) ہر ایک کا جدا جدا رائے دینا، (۲) ہر ایک کا اپنی اپنی بات کہنا۔

—— اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ؛ (مثل) ہر شخص کا قول یا فعل جدا جدا ہونا۔

—— اپنی گانا؛ ہر شخص کا اپنی ایک نئی رائے ظاہر کرنا، جدا جدا بات کہنا۔

—— اپنی گور اپنی اپنی منزل؛ (مثل) کوئی کسی کا ساتھی نہیں۔ ہر ایک کی نیکی بدی اسی کے لئے ہے۔

—— ڈھائی/ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا؛ (مثل) سب سے الگ ہو کر کوئی کام کرنا۔

—— اصل/اصالت پر جانا؛ (تحقیر سے) نیچ قوم کہلانے والے شخص کا کوئی برا کام کرنا۔

—— اور تیری جان ایک کروں گا/کر دوں گا؛ خود مارا جاؤں گا یا تجھے مار ڈالوں گا، اب دو میں سے ایک ہی باقی رہ سکے گا۔

—— ایسی تیسی میں جائے؛ (غصے یا تحقیر کا اظہار) بھاڑ میں جائے۔

—— آبرو (عزت) اپنے ہاتھ؛ (مثل) بے عزتی کا کام نہ کرنا۔

—— آگ میں آپ جلنا؛ (مثل) رشک و حسد یا غصے میں مبتلا رہنا۔

—— بات اپنے ہاتھ؛ (مثل) اپنی بات کا خود وقار رکھنا، کوئی بے عزتی کی بات نہ کرنا۔

—— پیٹھ نہیں دکھائی دیتی؛ (مثل) خود اپنا حال معلوم نہیں غیر کا حال کیا جانیں؟ غیر کا حال ہم کو کیا معلوم؟

—— ٹانگ/ران کھولے آپ ہی لاجوں مریئے؛ (مثل) اپنوں کی برائی خود اپنی بے عزتی ہے۔

—— چھاتی پر کودوں (مونگ) دلوانا؛ ناپسند کام کو مجبوراً گوارا کر لینا۔

—— غرض کو گدھے چراتے ہیں؛ (مثل) غرض مند آدمی ذلیل سے ذلیل بات کے لئے بھی تیار ہو جاتا ہے۔

—— غرض پر گدھے کو باپ بنانا؛ (مثل) اپنی غرض سے ذلیل سے ذلیل آدمی کی بھی خوشامد کرنا۔

—— کرنی اپنی بھرنی؛ جیسا کرنا ویسا بھگتنا۔

—— کملی/گدڑی/کھال میں مست ہیں؛ غریبی کی حالت میں مگن رہنا۔

—— کہی اور نہ دوسرے کی سنی؛ چٹ پٹ مر جانا۔ بغیر کچھ کہے سنے مر جانا۔

—— گانا؛ اپنی کہے جانا دوسرے کی سننا۔

—— گڑیا سنوار دینا؛ اپنی حیثیت کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا، انکسار سے۔

—— گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے؛ مثل؛ اپنے علاقے میں بزدل بھی بہادر بن جاتا ہے۔

—— ناک چوٹی گرفتار؛ بناؤ سنگار میں مصروف۔

—— ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی؛ مثل؛ (پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کٹوانا) دوسرے کو زک دینے کے لئے اپنا نقصان اور بدنامی گوارا کر لینا۔

—— والی؛ اپنی سی، امکان بھر۔

اپنے؛ (۱) عزیز، یگانے، (۲) ذاتی، نجی، اپنی ملکیت کے۔

—— اپنے گھر میں سب بادشاہ ہیں؛ مثل؛ ہر شخص اپنے گھر کا مالک و مختار ہے۔

—— اُوپرا اوڑھ لینا؛ بات کسی اور کے لئے کہی جائے اور اپنے اوپر لے لینا۔

—— اُوپر لے لینا؛ اپنے سر لے لینا، دوسرے کی برائی یا قصور اپنے ذمے لے لینا۔

——— آپ کو کھینچنا: غرور کرنا، سب سے الگ تھلگ رہنا۔

——— آپے سے گذر جانا: بہت مغرور ہو جانا، غصّے سے بدحواس ہو کر اپنی حد سے بڑھ جانا۔

——— آگے کسی کو نہیں گِنَنا، خود پسند ہونا، اپنے سے بہتر کسی کو نہ جاننا۔

——— پانو پر کھڑا ہونا: کسی کے سہارے بغیر اپنا کام خود چلانا۔

——— پانو میں آپ کلہاڑی مارنا: خود اپنا نقصان کرنا، جان بوجھ کر مصیبت میں گرفتار ہونا۔

——— پرائے کی ٹھوکریں کھانا: سب لوگوں سے ذلّت بھرا دُکھ اٹھانا۔

——— تئیں: اپنے آپ کو، اپنی ذات (اب یہ متروک ہے)

——— تئیں لیے رہنا: خودداری کا خیال رکھنا۔

——— جامے سے باہر ہونا/نکل جانا: خوشی یا غصّے میں اپنے آپ میں نہ رہنا۔ بے قابو ہو جانا، قابو

——— حق میں کانٹے بونا: اپنے آپ کو نقصان پہنچانے والا کام کرنا۔

——— دام کھوٹے پر رکھنے والے کا کیا دوش/دوس: مثل: جب اپنے آدمی کے کرتوت بُرے ہیں تو برا کہنے والوں سے کیا شکایت۔

——— دہی/چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا: اپنی چیز کو کوئی برا نہیں کہتا۔

——— ڈھائی چاول الگ گلانا: سب سے الگ بات کرنا، اپنی ہی ہانکنا۔

——— سر اُوڑھ لینا: کسی کی ذمّہ داری یا غلطی کو اپنے سر لینا۔

——— کتّے کا کیا علاج/اپنے کتّے کا علاج نہیں: اپنے کتّے کو مٹانے سے عاجز رہنا۔

——— گریبان میں منہ ڈالنا/منہ ڈال کر دیکھنا: (۱) اپنی خامیوں پر شرمانا، (۲) خود اپنی برائیوں کی طرف متوجہ ہونا۔

——— گھر آتا کس کو بُرا لگتا ہے: مثل: اپنا فائدہ کسی کو برا نہیں معلوم ہوتا، اپنا نفع سب پسند کرتے ہیں۔

——— گھر آتے کتّے کو بھی نہیں دُھتکارتے: مثل: مہمان کے ساتھ برا برتاؤ نہیں کرتے۔

——— منہ میاں مٹھو: مثل: خود اپنی تعریف کرنا۔

——— نین گنوا کے در در مانگے بھیک: مثل: اپنا مال و دولت ضائع کر کے دوسروں کا سہارا ذلّت کے ساتھ ڈھونڈنا۔

——— ہاتھوں اپنی قبر کھودنا: خود اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔

اپوزیشن: OPPOSITION (انگ) مونث؛ (۱) حزب مخالف، مخالف پارٹی یا جماعت، (۲) مخالفت۔

اُپون: (ہ) مذکر؛ باغ۔

اُپہار: (ہ) مذکر؛ بھینٹ، نذر، تحفہ۔

اُلی: چمکتی ہوئی تیز چیز، چاقو، خنجر، تلوار وغیرہ۔

اپیل: (انگ) مذکر اور مونث؛ (۱) نظرثانی، نظرثانی کے لئے کسی فیصلے کے خلاف بڑی عدالت میں درخواست کرنا، (۲) انصاف، مہربانی یا مدد کے لئے خاص توجہ دلانا۔

——— بحال ہونا: اپیل کا غور کے لئے عدالت میں قبول ہونا۔

——— ڈس مس ہونا/نامنظور ہونا/خارج ہونا: اپیل کرنے والے کے خلاف فیصلہ ہونا۔

——— ڈگری ہونا: اپیل کرنے والے کے حق میں فیصلہ ہونا۔

اپیلانٹ: (انگ) مذکر؛ اپیل کرنے والا۔

اپھار: مذکر؛ پیٹ پھولنا۔

اپھرنا/اپھر جانا: (۱) پیٹ کا پھول جانا، (۲) مجازاً؛ کم ظرفی سے تھوڑے سے مال پر اترانا یا تھوڑی سی حیثیت پر گھمنڈ کرنا۔

ا ـــــ ت

اَتا پتا: (اَتا تابع مہمل) مذکر؛ کچھ ایسے اشارے جن سے کسی چیز کا پتہ چلنے میں آسانی ہونا اور مدد ملنا۔

اُتار: مذکر؛ (۱) ڈھال، نشیب، (۲) کمی، گھٹاؤ، (۳) زہر یا نشہ یا آسیب کا دور کرنا، (۴) صدقہ، گھاٹ۔

——— چڑھاؤ: مذکر؛ (۱) نیچا اونچا، پستی بلندی، (۲) برائی بھلائی۔ نیچ اونچ، (۳) بھاؤ (نرخ) کی کمی اور زیادتی، (۴) سُر، کا دھیما اونچا ہونا، (۵) کمان یا ستار کا ڈھلاؤ کھنچاؤ۔ (۶) سمندر کا جوار بھاٹا، (۷) حکمت عملی، پالیسی۔

——— چڑھاؤ بتانا/(دینا): دھوکا دینا، دم دینا، جھانسا دینا۔

اُتارا: مذکر؛ (۱) بلا یا بُری نظر کے دور کرنے کا، ٹوٹکے کے طور پر صدقہ، (۲) گھاٹ، (۳) پڑاؤ، فرودگاہ (۴) دریا کا پاٹ،

(اِس سرے سے اُس سرے تک کا فاصلہ)، (۵) دریا سے پار ہونا۔

اُتارن/اُتّرن: مذکر، مونث؛ پہنا ہوا لباس (وہ کپڑے جو پہن کر اتار دیں پھر نہ پہنیں)۔

اُتارنا: (۱) کسی چیز کو اونچی جگہ سے نیچے لانا، (۲) دریا کے پار لے جانا۔ (۳) بدن سے لباس جدا کرنا، (۴) چرکہ کھینچنا، (۵) کاٹنا، جدا کرنا، (۶) ٹھہرانا، جگہ دینا، (۷) ذلیل اور حقیر کرنا، (۸) معزول کرنا۔ (۹) نگلنا (حلق سے نیچے اتارنا)، (۱۰) بھونکنا پیوست کرنا، (۱۱) پورا کرنا، (۱۲) ذہن نشین کرنا۔

اُتارُو/اُتارے ہونا: پیچھے پڑ جانا، آمادہ ہونا، پار لگانے والا۔

اَتاشی: (ترکی) سفارت خانے کے عملہ کا ایک عہدے دار۔

اَتالیق: (ترکی) مذکر؛ ادب سکھانے والا استاد۔

اُتاولا: جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔

اَتائی: جس نے کسی فن یا ہنر کو باقاعدہ نہ سیکھا ہو۔

اِتباع: (ع) مونث؛ پیروی کرنا، پیروی۔

اِتحاد: یک ساں ہونا، میل جول، اتفاق۔

اُتّر: (ہ) مذکر؛ (۱) شمال، (۲) جواب۔

اُترا: اُترا ہوا۔

—— **شخنۂ مرکز کا نام**: خلل، عہدے اور منصب سے اترنے کے بعد انسان کی وہ وقعت نہیں رہتی۔

اِترانا: ذرا سی بات پر بے جا فخر کرنا، کسی چیز پر نازاں ہونا، گھمنڈ ظاہر کرنا۔

اُترانا: (ہ) ترنا، بے جان چیز کا پانی کی سطح پر آجانا۔

اُترائی: مونث؛ کسی چیز کے اتارنے کی مزدوری، دریا پار کرنے کا کرایہ۔

اُترتا چاند: (ع) چاند کے مہینے کا آخری حصہ۔

اُترتی برسات: نکلتی برسات، جاتی ہوئی برسات۔

—— **ندی کنارے ڈھاتے**: مثل؛ انسان کا جب کسی پر زور نہیں چلتا تو بے بس غریب کو ستاتا ہے۔

اَترسوں: پرسوں کے بعد کا دن۔

اُترن: دیکھو اُتارن، اُترے اُترائے کپڑے۔

—— **پُترن**: (ع) (پُتّرن تابع مہمل) مونث؛ حقارت سے، اترے اترائے کپڑے پہننے پہنانے کپڑے۔

اُترنا: (۱) نیچے آنا، (۲) سستا ہونا، (۳) ڈھلنا (جوانی کے لئے)۔ (۴) بھول جانا (ذہن و خیال کے ساتھ)، (۵) حقیر ہو جانا، ذلیل ہو جانا (نظر یا دل کے ساتھ)۔

اُتری ہوئی: ردی کی ہوئی، چھوٹی ہوئی۔

—— **ہوئی پاپوش**: بے قدر اور بے حقیقت چیز۔

اُتساہ: (ہ) مذکر؛ خوشی، چاؤ، ولولہ، جوش، حوصلہ، ہمت۔

اُتسو: (ہ) مذکر؛ تیوہار، جشن، جلسہ۔

اِتصال: (ع) مذکر؛ ملا ہوا ہونا، ملنا۔

اِتصالی: (ع) صفت؛ جُڑنے والا، ملنے والا، ایک دوسرے سے مل جانے والی خصوصیت۔

اِتفاق: (ع) باہم ملنا، موافقت کرنا۔

اِتفاقاً: یکایک۔ اچانک۔

اِتفاقات: مذکر؛ بغیر کسی اطلاع اور ارادے کے کوئی امر واقع ہونا، زمانے کے الٹ پھیر سے کوئی نئی بات پیدا ہو جانا (جمع)

اِتفاقیہ: اتفاقی، خلاف توقع۔

اِتقا: (ع) مذکر؛ پرہیزگار ہونا، پرہیزگاری، شرع میں منع کی ہوئی بری باتوں سے بچنا۔

اَتقیا: (ع) (جمع تقی کی) پرہیزگار لوگ۔

اِتلاف: (ع) ضائع کرنا، تلف کرنا۔

اُتم: (ہ) بہت اچھا، عمدہ، اعلیٰ۔

اِتمام: (ع) پورا کرنا، انجام کو پہنچانا۔

—— **حُجّت**: (اضافت کے ساتھ) حجت کا پورا کرنا، کسی امر میں آخر مرتبہ سمجھانا۔

اِتنا: کم یا زیادہ مقدار بتانے کا اشارہ۔

—— **کھائے کہ پچے**: (مقولہ) رشوت وغیرہ میں لوٹ نہ مچانا، اعتدال سے کھانا۔

—— **نہ گدگدا کہ آدمی رو دے**: ایسا مذاق نہ کرو جو ناگوار ہو۔

اُتو: (ف) مذکر؛ ابھرے نقش بنانے کا آلہ، کپڑوں پر بنایا ہوا نقش۔

—— **ساز/گر/کش**: اُتو کرنے والا۔

—— کرنا: (۱) کپڑے پر اُتو کا کام کرنا، (۲) مجازاً، اتنا مارنا کہ بدن پر مارنے کے نشان (بدھیاں) پڑ جائیں، خوب پیٹنا۔

—— بنانا: زمین پر اچھلتے چلنا، ایسی شوخی سے چلنا کہ قدم کے نشان بن جائیں۔

اِتوار: (ہ) مذکر؛ یکشنبہ، (انگ) سنڈے۔

اِتہاس: (ہ) مونث؛ تاریخ، داستان، قصہ۔

اِتہام: (ع) مذکر؛ بہتان جوڑنا، تہمت، تہمت لگانا۔

اَتی اَتی: (ہ) بہت زیادہ، زیادتی، کثرت۔

اَتیاچار: (ہ) مذکر؛ ظلم، جبر، ناانصافی۔

اَتیاچاری: (ہ) ظالم، جابر، ناانصاف۔

اَتھاہ: (ہ) جس کی تہ کی زمین نہ ملے، بہت گہرا۔

اَتھک: نہ تھکنے والا، بہت محنتی۔

اُتھل: (ہ) جس میں کم گہرائی ہو، سطحی۔

اُتھلا: (۱) کم گہرا، (۲) (کنایتاً) چھچھورا، چغل خور۔

اُتھل پتھل: (ہ) اُلٹا پلٹا، تلے اوپر، زیروزبر، مجازاً، بدامنی شورش

ا ـــــ ٹ

اَٹاچی: ATTACHE (انگ) مذکر؛ (۱) سفارت خانے کے عملے کا رکن، (۲) بیگ۔

اَٹارنی: ATTORNEY (انگ) قانونی مشیر۔

اَٹاری: (ہ) مونث؛ کوٹھا، بالاخانہ۔

اَٹالا: (ہ) مذکر؛ (۱) ٹلنے والا، ضروری، (۲) گھر گرہستی کی چیزیں، کاٹھ کباڑ۔

اَٹ پٹا: (ہ) الٹا سیدھا، عجیب، غیر متوقع۔

اٹرنی: (انگ) وہ وکیل بامنصب جو خود پیروی نہیں کرتا بلکہ مقدمہ تیار کرکے بیرسٹر یا وکیل کے سپرد کر دیتا ہے۔

اَٹ سَٹ: (ہ) مونث؛ (۱) بے تکی باتیں، (۲) جوڑ توڑ، سازش، پریشانی، فکر آشنائی

اَٹک: مونث؛ (اٹکنا کا حاصل مصدر) (۱) روک، مزاحمت،

بھجک، شبہہ، تامل۔

—— جانا: (۱) پھنس جانا، (۲) لگاؤ ہونا، (۳) مشغول ہو جانا۔

اَٹکا بنیا سودا دے/کرے: مثل؛ غرض مند کا مجبوراً معاملہ کرنا۔

اَٹکانا: (۱) روکنا، (۲) جھلانا، (۳) لٹکائے رکھنا، کسی چیز کو کسی چیز میں اُلجھانا۔

اَٹکاؤ/اَٹکاوا: مذکر؛ روک، رکاوٹ، رکنے کا سبب۔

اَٹکل: اندازہ، تمیز، شعور۔

—— پچو: بے اندازہ بات، بے سمجھے بوجھے کچھ کہنا، واہیات

اَٹکنا: رُکنا، تھم جانا، پھنسنا۔

اَٹکن بٹکن: مذکر؛ (۱) چھوٹے بچوں کا ایک کھیل، (۲) (مجازاً) بے کار اور بے فائدہ کام کرنا۔

اَٹکھیلی: مونث؛ چال میں شوخی، مستانہ چال، اِٹھلا کے چلنا، خرام ناز۔

اَٹل: (ہ) مذکر؛ (۱) اپنی جگہ سے نہ ہلے، نہ ٹلے، مضبوط، (۲) (دہلی) (مجازاً) کھا کر آسودہ ہو جانا، سیر ہو جانا۔

اٹلس: ATLAS (انگ) مذکر؛ ملکوں کے نقشوں کی کتاب۔

اَٹم: (ہ) مذکر؛ ڈھیر، انبار۔

اَٹنا/اَٹ جانا: گرد و غبار میں بھر جانا۔

اُٹنگا: اوپر چڑھا ہوا، اونچا۔

اُٹنگن: (ہ) مذکر؛ ایک کانٹے والا درخت جس کی پتیاں یا شاخیں جسم میں چبھو جانے سے کھجلی پیدا کر دیتی ہیں۔

اَٹوائی کھٹوائی: ٹوٹی چھوٹی چارپائی، بستر۔

—— لے کر پڑ رہنا: غم، غصے یا رنج کی حالت میں سب سے الگ ہو کر پڑ رہنا۔

اَٹیرن: مونث؛ سوت لپیٹ کر انٹی بنانے کا آلہ، چرخی۔

—— پھیرنا: گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔

—— کاوا: شریر گھوڑے کے گلے میں رسّی باندھ کر دائرے کے بیچ میں کھڑے ہو جانا اور اس کو پھیرے (چکر) دینا۔

—— ہونا: دُبلا پتلا ہونا، ہڈیاں نکل آنا، چمڑا مڑھا سوکھا، جھکی ہوئی ہڈیوں

کی مالا ہو جانا۔
اَٹھا: مذکر؛ آٹھ نشان والا تاش کا پتہ۔
اُٹھا بیٹھی / اُٹھ بیٹھ: مونث؛ (۱) بار بار اٹھنا بیٹھنا، (۲) لڑکوں یا طلبا کو کان پکڑ کر اٹھنے بیٹھنے کی سزا۔
اُٹھا رکھنا: باقی رکھنا، آئندہ کے لئے اٹھا رکھنا۔
اٹھارہ: دس اور آٹھ۔
اٹھاسی: اسی اور آٹھ۔
اُٹھان: مونث؛ اُبھار، بالیدگی، نشوونما کی قوت، لڑکپن یا جوانی کا آغاز۔
اُٹھانا: (۱) اونچا کرنا، (۲) جگانا، تعمیر کرنا، صرف کرنا۔
اَٹھانوے: (ہ، صف) نوے اور آٹھ۔
اَٹھاون: پچاس اور آٹھ۔
اُٹھاؤ چولھا: مذکر؛ (۱) وہ چولھا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں (۲) (مجازاً) ایک جگہ ٹک کر نہ رہنے والا آدمی، خانہ بدوش۔
اُٹھاؤ میرا نکنا (مقنع): گھر سنبھالوں اپنا؛ مثل؛ یہ اس بے لحاظ عورت کے بارے میں کہتے ہیں جو بیاہ ہوتے ہی اپنے شوہر کو لے کر خاندان سے الگ رہنے لگے۔
اُٹھائی گیرا: چور، گٹھیا چور جو کوئی معمولی چیز بھی پا جائے تو لے بھاگے، بدچلن، اُچکا۔
اُٹھتی جوانی: جوانی کا آغاز۔
اُٹھتی کونپل / کونپل: شروع جوانی، نمو کے دن۔
اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات: (کنایتاً) نہایت ذلت سے رکھنا، ہر وقت ڈانٹ پھٹکار۔
اُٹھ جانا: (۱) مر جانا۔ (۲) رسم کا ترک ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
اٹھلانا: شوخی و ناز کی حرکتیں کرنا، ناز سے چلنا، اترانا۔
اٹھنی: مونث؛ جب روپیہ سولہ آنوں کا ہوا کرتا تھا اس وقت روپے کے آدھے حصے کے سکے کو کہتے تھے، پچاس پیسے کا سکہ۔
ـــــ بھر: پوری رقم کا یا کام کا آدھا۔
اٹھوانسا: مذکر؛ آٹھویں مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

اـــث

اثاث البیت: (اَثَاثُ بَیْت)؛ (ع) گھر کا سامان، گھر گرہستی کی چیزیں۔
اَثاثہ: (ع) مذکر؛ کپڑا لتا، زیور، اسباب، پونجی، سرمایہ۔
اِثبات: (ع) مذکر؛ ثابت کرنا، ثبوت، تصدیق۔
اَثر: (ع) مذکر؛ (۱) نشان، (۲) جو کچھ کسی چیز کے ختم ہونے کے بعد باقی رہے، (۳) سنت نبوی، (۴) نتیجہ، (۵) تاثیر۔
ـــــ پذیر: جو چیز اثر قبول کرے۔
ـــــ دار: اثر کرنے والی چیز، اثر کرنے والی چیز۔
ـــــ میں ہونا: کسی کے قابو میں ہونا، دباؤ میں ہونا۔
اِثریت: (ع) مونث؛ تاثیر، کیفیت، متاثر کرنے کی خاصیت۔
اِثم: (ع) مذکر؛ گناہ، قصور۔
اَثمار: (ع) مذکر؛ جمع ثمر کی، پھل۔
اَثنا: (ع) مذکر؛ بیچ، درمیان۔
اثنا عشری / عشریہ: (ع) اہل تشیع، بارہ اماموں کو ماننے والے شیعہ، امامیہ طریقہ کے لوگ۔
اَثیم: (ع) گنہ گار

اـــج

اجابت: (ع) مونث؛ قبولیت، (طبی اصطلاح) پاخانہ۔
اجارہ: (ع) مذکر؛ ٹھیکہ لینا، ٹھیکہ، کرایے پر کوئی چیز دینا۔
ـــــ باندھنا: قبضہ کرنا، ٹھیکہ لے لینا۔
ـــــ دار: ٹھیکے دار، اختیار اور قابو کی چیز۔
ـــــ داری: مونث؛ (۱) ٹھیکے داری، (۲) (انگ) مونوپولی۔
اُجاڑ: اُجڑا ہوا، ویران، خراب۔
اُجاڑنا: تباہ کرنا، ویران کرنا، مٹانا۔
اِجازت: (ع) مونث؛ پروانگی، منظوری۔
ـــــ طلب: اجازت چاہنے والا، جس میں اجازت ضروری ہو۔

—— صورت: بدصورت، بدنما۔

اَجرام: (ع) مذکر؛ (جرم کی جمع) جسم، جواہر، پتھر، ستارے وغیرہ۔

—— فلکی/سماوی: (اضافت کے ساتھ) آسمان کی مادی چیزیں۔ سورج چاند ستارے وغیرہ۔

اِجرائے سمن/ڈگری: (عدالتی اصطلاح) سمن نافذ ہونا، سمن جاری ہونا، طلبی کا حکم۔

اُجاگر: (ہ) جاگتا ہوا، روشن۔

اُجالا: مذکر؛ (۱) روشنی، (۲) صبح کا تڑکا، (۳) رونق، چہل پہل۔

اُجالنا: چمکانا، صاف کرنا۔

اَجان: (ہ) انجان، بے خبر، نادان، جاہل، احمق۔

اُجبک/اُزبک: (ترکی) مذکر؛ روس کے ایک علاقے ازبکستان کا رہنے والا، تاتاری، عموماً، لمبا بے سلیقہ۔

اجتماع: مذکر؛ (۱) جماؤ جلسہ، اکٹھا ہونا، (۲) نجوم کی اصطلاح میں ایک وقت ایک ہی بُرج میں سورج اور چاند کا جمع ہو جانا۔

—— ضدّین/نقیضین: (اضافت کے ساتھ) فلسفے کی اصطلاح میں دو ایسی مخالف چیزوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا جن کی یکجائی ممکن نہیں، مثلاً سفیدی سیاہی۔

اِجتماعی: جماعتی۔

—— شعور: مذکر؛ سماجی آگہی، جماعتی مسائل کا ادراک۔

اِجتماعیت: یکجائیت، جماعتی خصوصیت۔

اِجتناب: (ع) مذکر؛ بچنا، پرہیز، کنارہ کشی۔

اِجتہاد: (ع) مذکر؛ (۱) کوشش کرنا، عقل سے سوچ کر بات نکالنا۔ (۲) شرعی مسائل میں عالم کو اپنی رائے قائم کرنا، (۳) کسی ماہر فن کا اپنے فن کے مسئلے میں اپنی خاص رائے قائم کرنا، (۴) جدو جہد: (ہ) جدّت، اختراع، ایجاد۔

اَجداد: (ع) مذکر؛ (جمع جدّ کی) دادا اور اُوپر کی پیڑھی، باپ دادا، بزرگ۔

اُجڈ: (ہ) گنوار، اَن گھڑ، گاودی، بے تہذیب و بے سلیقہ شخص، جاہل، اکھڑ۔

اَجر: (ع) بدلہ، نیک کام کا صلہ، ثواب، مزدوری۔

اجرا: (ع) مذکر؛ جاری کرنا/ہونا، کام چلانا۔

اُجرت: (ع) مونث؛ مزدوری، کام کا معاوضہ۔

اُجڑا: (ہ) مذکر؛ (۱) ویران، تباہ، برباد، (۲) (عو) بگوڑا، مُوا۔

—— پجڑا: (تابع مہمل) ویران، بے رونق۔

اجڑنا: (ہ) برباد ہونا، کسی مکان یا جگہ کا تباہ ہونا۔

اُجڑے گاؤں سے کیا ناطہ: مثل؛ جو جگہ چھوڑ دیں اس سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔

اَجزا: (ع) مذکر؛ (جمع جُز کی) ٹکڑے، حصّے۔

اَجساد: (ع) مذکر؛ (جمع جَسَد کی) جسم، بدن۔

اجسام: (ع) مذکر؛ (جمع جسم کی) جسم، بدن

اَجَلّ: (اَجَلّ): (ع) بہت بزرگ، بڑی شان والا۔

اَجَل: (ع) مونث؛ موت، قضا۔

—— رسیدہ: (ع) مونث؛ مرنے کے قریب، جسے موت آیا چاہتی ہو

اَجگر: (ہ) مذکر؛ اژدہا، بہت بڑا بے زہر سانپ۔

—— گرفتہ: موت کی پکڑ میں ہونا، جس کو اَجل آجائے۔

اُجلا: (ہ) مذکر؛ سفید، صاف ستھرا۔

—— انتظام: صاف ستھرا انتظام، سلیقے کا انتظام۔

—— پن: صفائی، چمک، رونق۔

اِجلاس: (ع) مذکر؛ (۱) جلسہ، نشست، (۲) دربار، (۳) حاکم کے مقدمات کرنے کی جگہ۔

—— کرنا: حاکم کا مقدمے سننا اور فیصلہ کرنا۔

اَجلاف: (ع) مذکر؛ رذیل، کمینے لوگ۔

اِجلال: (ع) مذکر؛ بزرگی، شان و شوکت۔

اُجلی: (ہ) مونث؛ (۱) صاف ستھری، (۲) (عو) دھوبن (رات کے وقت عورتیں نحوست کے خیال سے دھوبن کو اُجلی کہتی ہیں۔)

اِجماع: (ع) مذکر؛ (۱) جمع ہونا، اکٹھا ہونا، (۲) کسی بات پر اتفاق ہونا (۳) اصطلاحِ فقہ میں کسی دینی مسئلہ پر علماء کا متفق ہونا۔

اِجمال: (ع) مذکر؛ تحریر یا تقریر میں کم سے کم لفظوں میں پوری بات کہنا، مختصر، اختصار، مشترکہ

اَجناس: (ع) ؛ (جمع جِنس کی) چیزیں، قسمیں۔

اَجنبی: (ع) جس سے جان پہچان نہ ہو، پردیسی، ناواقف۔

اَجنّہ: (ع) (جمع جَنین کی) وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو۔

—— (ع) جن کی جمع بولتے ہیں۔

اَجہل: (ع)؛ بڑا جاہل، بہت اُجڈ، جہالت سے بھرا ہوا۔

اَجی: (ہ) (اے جی کا مخفف)؛ مخاطب کرنے کا کلمہ، (۱) اے صاحب، اے جناب، (۲) عورتوں کا اپنے خاوندوں کو مخاطب کرنے کا کلمہ۔

اُجیالا: (ہ) مذکر؛ اُجالا، روشنی۔

اُجیالی: مونث؛ گھوڑے کی اندھیری، چمڑے یا کپڑے کا وہ پردہ جو شریر اور شوخ گھوڑے کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔

اَجیر: (ع) اجرت پر کام کرنے والا، مزدور۔

اَجیرَن: (س) کسی چیز کا دوبھر ہونا، بارِ خاطر، ناگوار۔

اـــچ

اُچائت: (ہ) مونث؛ (۱) کسی دکان دار سے اُدھار لین دین۔ (۲) شور و غل، کود پھاند، (ع) بدمعاشی

اُچاتی: (ع) شوخ اور شریر لڑکا۔

اُچاٹ: اُداس، اُکتایا ہوا، بے زار۔

اَچار: (ف، آچار) مذکر؛ سرکہ، تیل یا لیموں کے عرق میں دیگر مسالوں کے ساتھ آم یا دوسرے پھلوں کا بنایا ہوا اُچٹ پٹا مرکب۔

—— ڈالنا: (۱) اچار بنانا، (۲) کسی چیز کو بے ضرورت ایک مدت تک رکھ چھوڑنا۔

—— نکال دینا: (متعدی) بے انتہا مارنا، خوب مارنا۔

اَچاری: اچار رکھنے کا برتن

اَچانک: (ہ) یکایک، دفعتاً۔

اَچپل: چُلبُلا، شوخ۔

اَچپلاہٹ: چُلبُلاپن، شوخی۔

اُچٹنا: بھڑکنا، بھڑکنا، الگ ہو جانا، سرسری، ادھورا، بے زار ہونا۔

اَچرَج: (ہ) انوکھا، تعجب، اچنبھا۔

اُچک: اُبھار، بلندی۔

—— پھاند: کودنا، پھلانگنا۔

—— لے جانا، اڑا لے جانا، جھپٹ لے جانا، کوئی چیز چالاکی سے لے بھاگنا۔

اُچکا: چیزیں اُچک لے جانے والا، چالاک چور۔

اُچکانا: اوپر اٹھانا، اونچا کرنا۔

اَچکن: (ہ) مونث؛ پرانی وضع کی شیروانی۔

اُچکنا: (ہ) کودنا، پھاندنا، ابھرنا، زمین سے اونچا ہونا۔

اَچنبھا (اَچنبھا): مذکر؛ تعجب، حیرت۔

اَچوک: نہ چوکنے والا، یقینی۔

اَچھا: ٹھیک جیسا چاہئے ویسا، عمدہ، خوب، کسی بات کا اقرار، تاکید۔

اَچھا بھلا: (۱) تندرست، بھلا چنگا (۲) شریف، بے عیب۔

—— خاصا: ٹھیک، تندرست، جس میں کوئی خاص خرابی نہ ہو۔

—— ہونا: شفا پانا، بہتر ہونا۔

اِچھا: (ہ) مونث؛ خواہش، مرضی، منشا، ارادہ۔

اُچھال چھکا: مونث؛ (ع) چھنال، بدکار عورت۔

اُچھالنا: (۱) کسی چیز کو اوپر کی طرف پھینکنا، بلندی کی طرف پھینکنا، اونچا پھینکنا (۲) دو برتنوں میں رقیق چیز اُوپر سے نیچے، نیچے سے اُوپر اچھے خاصے فاصلے سے ڈالنا، (جیسے دودھ، چائے)۔

اَچھُت / اَچھُوت: (۱) نہ چھونے کے قابل، جو مس نہ ہوا ہو۔ (۲) کورا برتن یا استعمال میں نہ آئی ہوئی چیز۔

اُچھل پڑنا: یک بارگی اپنی نشست سے اُوپر اٹھ جانا، دفعتاً اپنی بیٹھی ہوئی جگہ سے بے اختیار اوپر کی طرف حرکت کرنا (خوشی یا خوف سے)۔

اُچھل کُود: مونث؛ کود پھاند، کھیل کود۔

اُچھلنا: (ہ) کودنا، اپنی جگہ سے اوپر ہو جانا، تیزی سے تڑپ کر نکلنا۔

اُچھّو: گلے میں پانی یا رقیق چیز کا پھندا اٹک جانا (آنا، لگنا یا ہونا کے ساتھ)۔

اچھوانی: (ہ) مونث؛ زچہ کی تقویت کے لئے پلایا جانے والا ایک خاص قسم کا حریرہ۔

اَچھوتا: (ہ) صفت؛ (۱) بغیر چھوئی ہوئی چیز، (۲) پارسا، پاک صاف۔ (۳) نیا۔

اَچھوتی: کنواری۔

اَچھے: (۱) بزرگ، مربی، (۲) تندرست، (۳) شریف۔

ـــــ وقت: (۱) اچھا زمانہ، (۲) عین ضرورت کے وقت، عین موقعے پر، (۳) (طنزاً) بے موقع، بے محل۔

ا ـــــ ح

اَحادیث: (ع) مذکر؛ (جمع حدیث کی) حضرت محمدؐ کے اقوال۔

اِحاطہ: (ع) گھیرنا، چاردیواری کا گھیرا، گھری ہوئی جگہ (باڑ، تار، دیوار وغیرہ سے۔)

اَحِبّا: (ع) مذکر؛ (جمع حبیب کی) دوست۔

اَحباب: (ع) مذکر؛ (جمع حبیب کی) دوست۔

اَحبار: (ع) مذکر؛ (جمع حبر کی) دانا، یہودیوں کا عالم۔

اِحتباس: رُکنا، بند ہونا، سانس رُکنا، اپھرنا، ہوا رُکنا۔ (ع)

اِحتجاج: (ع) مذکر؛ اختلاف کا اظہار، ناحق کے خلاف اٹھائی جانے والی آواز، (انگ) پروٹسٹ۔

اِحتراز: (ع) مذکر؛ پرہیز کرنا، بچنا، کنارہ کشی

اِحتراق: (ع) مذکر؛ (۱) جلانا، جلنا، (۲) طب کی ایک اصطلاح۔ (۳) نجومیوں کی ایک اصطلاح۔

اِحترام: (ع) مذکر؛ عزت، توقیر۔

اِحتساب: (ع) مذکر؛ گننا، شمار کرنا، پکڑ، گرفت، مواخذہ۔

اِحتشام: (ع) مذکر؛ شان و شوکت۔

اِحتکار: (اِح، بکار)، (ع) مذکر؛ ذخیرہ اندوزی۔

اِحتلام: (ع) مذکر؛ نیند میں انزال ہونا، خواب میں منی کا نکل جانا۔

اِحتمال: (ع) مذکر؛ شک، گمان، اندیشہ۔

اِحتیاج: (ع) مونث؛ حاجت، ضرورت۔

اِحتیاط: (ع) مونث؛ (۱) بچنا، (۲) ہوشیاری برتنا، سوجھ بوجھ سے کام کرنا، (۳) حفاظت کرنا۔

ـــــ رکھنا: خیال رکھنا۔

ـــــ سے رکھنا: حفاظت سے رکھنا۔

ـــــ کرنا: (۱) حفاظت کے خیال سے پیش بندی کرنا (۲) حفاظت کا خیال رکھنا۔

اَحد: ایک، اکیلا، یگانہ۔

اُحد: مدینے کے قریب ایک پہاڑی جہاں جنگ میں حضرت محمدؐ کے دو دانت شہید ہوئے تھے

اَحدی: سُست، نکما، کاہل۔

اَحَدی: (ف) ایک شاہی منصب جس میں ہمیشہ حاضر رہا جاتا ہے۔

اَحرار: (ع) مذکر؛ جمع حُر کی، آزاد۔

اِحرام: (ع) مذکر؛ مقررہ مقامات سے لے کر زیارت کعبہ تک کچھ دنوں بعض چیزوں کا اپنے اوپر حرام ٹھہرا لینا۔

ـــــ باندھنا: (۱) مقررہ مقام پر پہنچ کر نیتِ حج کرنے والوں کا سلے کپڑے اُتار کر بے سلے کپڑے پہننا، (۲) سفر کی نیت کرنا۔

اِحساس: (ع) مذکر؛ حواس کے ذریعے کسی چیز کا اندازہ ہونا محسوس کرنا۔

اِحسان: (ع) مذکر؛ اچھا سلوک، کسی کے ساتھ بھلائی کرنا، نیکی، عنایت۔

ـــــ فراموش: احسان کو بھول جانے والا، ناشکرا۔

ـــــ مند: شکر گذار، احسان ماننے والا۔

اَحسن: (ع) بہت اچھا، بہت خوب۔

اَحسنت: (ع) بہت اچھا کیا تو نے، مرحبا اور شاباش۔

اِحصا: (ع) مذکر؛ گننا، شمار میں لانا۔

اَحفاد: (ع) مذکر؛ (جمع حفید کی) پوتے، نواسے۔

اِحقاق: (ع) مذکر؛ کسی کا حق قائم کرنا، کسی بات کی صداقت ثابت کرنا/ قائم کرنا۔

اَحقر: (ع) مذکر؛ بہت حقیر، متکلم کا اپنے آپ کو انکسار سے کہنا۔ خاکسار۔

اَحکام: (ع) مذکر (جمع حکم کی)؛ فرمان، آرڈر۔

اَحمد: (ع) بہت تعریف کیا گیا، پیغمبرِ اسلامؐ کا نام مبارک۔

ـــــ کی پگڑی محمود کے سر: (مثل) کسی کی چیز کسی کو دے دینا، کسی کی بات کسی اور کی طرف منسوب کر دینا۔

اَحمدی: (۱) سلطان ٹیپو کے عہد کی اشرفی اور احمد شاہ کا دلّی میں جاری کیا ہوا سکہ، (۲) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو۔

اَحمر: (ع) لال، سُرخ، بہت لال۔

اَحمق: (ع) نادان، بے وقوف، بے عقل۔

ـــــ الذی (اَحمقُلْ لَذی): بے وقوف آدمی۔

ـــــ الناس (اَحمقُن ناس): لوگوں میں سب سے زیادہ

بے عقل۔

اَحوال : (ع) مذکر؛ (جمع حال کی) کیفیت۔

—— پُرسی : حال پوچھنا، خیر و عافیت دریافت کرنا۔

اَحوَل : (ع) مذکر؛ بھینگا، جو ایک کو دو دیکھے، جس کے دیدے میں دیکھتے وقت کجی آئے۔

—— چشم : جس کے دیدوں میں بھینگا پن ہو۔

اَحیاناً : (ع) کبھی کبھی، اتفاقاً۔

اِحیاء : (ع) مذکر؛ زندہ کرنا، جان ڈالنا، تجدید نو۔

اِحیائیت : (اِح، یا، ئی یت) (ع) مونث؛ دوبارہ زندہ کرنا، دوبارہ زندہ کرنے کا عمل۔

ا ـــــ خ

اَخ : (ع) مذکر؛ بھائی۔

اَخ : کنکارنے کی آواز (کبھی قدرتی طور پر، کبھی عمداً حقارت یا کراہت سے۔)

—— تھو کرنا : (۱) کراہت کرنا، حقارت و نفرین کرنا، (۲) باغیوں کا حریفوں کو چیلنج کرنا۔

—— تھو ہونا : تھڑی تھڑی ہونا، نفرین ہونا۔

اَخّاذ : (آخ خاذ)، (ع)؛ لینے والا، پکڑنے والا، اخذ کرنے والا۔

اَخبار : (ع) مذکر؛ جمع خبر کی (احادیث، تواریخ) (۱) خبریں، حالات، (۲) احادیث، خبروں کا پرچہ۔

—— نویس : خبریں لکھنے والا، اڈیٹر، نامہ نگار وغیرہ، صحافی۔

اَخباری دنیا : صحافت کا پیشہ، صحافت کا میدان۔

اِختتام : (ع) مذکر؛ ختم کرنا، خاتمہ، ختم۔

اَختر : (ف) مذکر؛ ستارہ، طالع، تارہ۔

—— چمکنا : نصیب جاگنا، دن پھرنا۔

—— شماری : مونث؛ (۱) تارے گننا، (۲) مجازاً، بے چینی سے رات جاگتے گذارنا۔

—— شناس : نجومی، جوتشی۔

اِختراع : (ع) مذکر؛ نئی بات پیدا کرنا۔

اِختصار : مذکر؛ مختصر کرنا، مطلب کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا۔

اِختصاص : (ع) مذکر؛ (۱) خاص کرنا، (۲) خصوصیت رکھنا، خصوصیت، (۳) کسی شعبۂ علم میں خصوصی ڈگری لینا۔

اِختلاج : (ع) مذکر؛ دل دھڑکنا۔

—— قلب : (اضافت کے ساتھ) ہول دل کی بیماری، دل کا گھبراہٹ سے تیز تیز دھڑکنا۔

اِختلاط : (ع) مذکر؛ میل جول، ربط ضبط، بے تکلفی۔

—— کی باتیں : پیار اور بے تکلفی کی باتیں، گرم جوشی، محبت کی چھیڑ چھاڑ۔

اِختلاف : (ع) مذکر؛ خلاف، ناموافقت، پھوٹ، اَن بن۔

اِختلال : (ع) مذکر، خلل ڈالنا، خلل پڑنا، خلل۔

—— حواس : (اضافت کے ساتھ) حواس میں فتور آنا، حواس بگڑ جانا، حواس ٹھیک نہ رہنا۔

اَختو بختو : مونث؛ کٹھ پتلیوں کے تماشے کی دو کٹھ پتلیوں کے نام۔

اختہ / آختہ : (ف) (دیکھو آختہ)، بدھیا کرنا، خصی کرنا۔

اَختہ بیگی : جانوروں کو آختہ کرنے والا۔

اِختیار : (ع) مذکر؛ پسند کرنا، قابو، بس۔

اِختیارِ سماعت : (اضافت کے ساتھ) مقدمہ سننے کا اختیار۔

اِختیاری : جس کے کرنے نہ کرنے کا حق حاصل ہو۔

—— چھٹی / تعطیل : حکومت یا کسی ادارے کی وہ چھٹی جسے لینے نہ لینے کا حق ملازم کو حاصل ہو۔

—— مضمون : وہ مضمون جسے لینے یا نہ لینے کا طالب علم کو اختیار ہو۔

اَخذ : (ع) مذکر؛ پکڑ لینا، حاصل کرنا، اختیار کرنا۔

اَخذ بالجبر : (بل جبر)؛ زبردستی لینا، بلا رضامندی لینا۔

—— کرنا : لینا، چننا، استنباط کرنا، بات سے بات نکالنا۔

اِخراج : (ع) مذکر؛ (۱) نکالنا، خارج کرنا، (۲) شہر بدر کرنا۔

اِخراجات : (جمع خرچ کی) مصارف، خرچ، لاگت۔

اَخروٹ : مذکر؛ ایک میوہ۔

اَخضر : ہرا رنگ، سبز چیز۔

اِخفا: (ع) مذکر؛ پوشیدہ رکھنا، چھپانا۔
اَخگر: (ف) مذکر؛ چنگاری، انگارا۔
اِخلاص: (ع) مذکر؛ خلوص، دوستی، ربط ضبط، پیار، محبت۔
اَخلاق: (ع) مذکر؛ (جمع خُلق کی) چال چلن، عادات، خصائل، اچھی خصلتیں، ملنساری، مروّت، انسانیت۔
اِخوان: مذکر؛ (جمع اخ کی) سگے بھائی، بھائی بند۔
اُخوّت: بھائی ہونا، بھائی چارہ، بھائیوں کی طرح اپنائیت۔
اَخی: (ع) (یائے نسبتی کے ساتھ) میرا بھائی۔
اَخیار: (ع) مذکر؛ (جمع خیر کی) اچھے لوگ، بھلے لوگ۔
اَخیافی: (ع) وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ اور ماں ایک ہو۔
آخِر: (ع) پچھلا، سب سے آخر، تمام، انتہا، حد۔
——— **وقت**: (۱) کسی چیز کے خاتمے کا وقت، (۲) (کنایتاً) نزع کا وقت۔
——— **ہونا**: تمام ہونا، ختم ہو جانا، ختم ہونے کے قریب ہونا۔

ا ——— د

اد: مذکر؛ آدھا
اَدا: (ع) مونث؛ (۱) چمکتا، ——— ، بے باق، (۲) (ف) انداز، ناز و نخرہ۔
——— **شناس**: (ف) صفت، اشارہ سمجھنے والا، مزاج سمجھنے والا۔
اِداریہ: (ع) مذکر؛ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون؛ ایڈیٹوریل۔
اُداس: (س) (۱) افسردہ، غمگین، (۲) بے رونق، سُونا۔
——— **رہنا**: غمگین رہنا، افسردہ رہنا۔
اُداسا: مذکر؛ غمگین، فقیروں کی اصطلاح میں بوریا بستر۔
——— **کسنا**: بوریا بستر باندھنا، سفر کا ارادہ کرنا۔
اداسا کھینچنا: ہر طرف سے قطع تعلق کر کے دھیان گیان میں لگ جانا، سب سے الگ ہو کر یک سُو ہو جانا۔
اُداسی: مونث؛ افسردگی، سناٹا۔
——— **برسنا/چھانا**: سونا سونا لگنا، بے رونقی معلوم ہونا۔
اَداکار: (ف) مذکر؛ فلم یا ڈرامے میں کسی کردار کو ادا کرنے والا۔
اداکاری: (ف) مونث؛ (فلمی اصطلاح) اسٹیج پر یا فلم میں کسی کردار کا کام۔
اُداہٹ: مونث؛ اُودا پن، نیلا پن۔
اَدَب: (ع) مذکر؛ (۱) ہر چیز کا اندازہ اور حد قائم رکھنا، (۲) قاعدہ قرینہ، (۳) سلام، (۴) لٹریچر۔
——— **آداب**: تہذیب، شائستگی، حفظِ مراتب، لحاظ، تمیز۔
——— **آموز**: ادب سکھانے والا، اتالیق۔
——— **کرنا**: (۱) لوگوں کے مرتبے کا خیال رکھنا، (۲) اپنے سے بڑوں کے ساتھ تمیز سے پیش آنا، (۳) قاعدے اور تمیز کے ساتھ رہنا، (۴) حدود سے آگے نہ بڑھنا۔
اُدَبا: مذکر؛ (جمع ادیب کی) ادب جاننے والے۔
اِدبار: (ع) مذکر؛ بدنصیبی، بدبختی، پریشانی۔
اَدبدا کر: گھبرا کر، مضطرب ہو کر، جان بوجھ کے، ضد کے مارے، ستانے کو۔
ادبیت: (اَدَبی، یَت)؛ مونث؛ ادبی خصوصیت۔
اِدخال: (ع) مذکر؛ داخل کرنا۔
اِدرار: (ع) مذکر؛ جاری ہونا، کھل کر پیشاب آنا۔
اِدراک: (ع) مذکر؛ دریافت کرنا، عقل، فہم۔
اَدرک: مونث؛ مسالوں اور دواؤں میں استعمال ہونے والی ایک پودے کی مشہور جڑ، (جو سکھائے جانے پر سونٹھ کہلاتی ہے)۔
اِدّعا: (ع) مذکر؛ کسی بات کا دعویٰ کرنا، خواہش کرنا، اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو، بے دلیل بات کرنا۔
اَدعیہ: (ع) مذکر و مونث؛ (جمع دُعا کی) دعائیں۔
——— **ماثورہ**: رسالت مآب سے منقول دعائیں۔
اِدغام: مذکر؛ (۱) ایک چیز کو دوسری چیز میں داخل کر دینا، (۲) (قواعد کی ایک اصطلاح) ایک جنس کے دو متصل حرفوں کو ایک دوسرے میں ملا دینا۔
اَدَق: (ع) بڑا دقیق، نہایت مشکل۔
اَدَق چَہ: (ترکی)؛ مذکر؛ پلنگ کی سفید چادر جس کے حاشیہ پر کارچوبی کا کام بنا ہوتا تھا۔
اُدگھاٹن: (ہ) مذکر؛ افتتاح؛ کھولنا۔

اَدل بَدل / اَدلا بَدلا : (۱) ایک چیز دے کر اُس کے عوض دوسری چیز لینا، عوض، معاوضہ، (۲) تغیر، تبدل، اُلٹ پھیر۔

ادنا / ادنیٰ : چھوٹے درجے کا، کم رتبہ، چھوٹا، خفیف۔

اَدوان / اَدوائن : مونث؛ چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی۔

اَدیان : (ع) (جمع دین کی) مذاہب۔

اَدہَن : (ہ) مذکر؛ کھولتا ہوا پانی، خشکہ یا دال پکانے کا گرم پانی۔

اَدویہ : (ع) مونث؛ (جمع دوا کی) دوائیں، جڑی بوٹیاں۔

اَدیب : (ع) علم ادب جاننے والا، زبان دان۔

ا ـــــ دھ

اَدھ : (ہ) آدھا کا مخفف۔

ـــــ **کٹی** : ادھوری بات، ناتمام، ناقص۔

ـــــ **کچا** : جو پورا پکا نہ ہو، ادھورا پکا ہوا۔

ـــــ **کچرا** : گدڑ رچل۔

ـــــ **مُوا** : مرا ہوا سا، ہلاکت کے قریب، نیم جان۔

اَدھا، اَدھا : مذکر؛ (۱) کسی مقدار کا نصف، (۲) ایک قسم کی سواری، (۳) شراب کی بوتل، (۴)، آدھی بوتل۔

اَدھار : (ہ) ناشتہ کے طور پر کچھ کھا لینا۔

اُدھار : مذکر؛ قرض۔

ـــــ **کھائے بیٹھے ہیں / کھائے ہوتے ہیں** : کسی کام کے لیے تُل جانا، ہمہ تن مستعد ہونا، دشمنی پر آمادہ ہونا۔

اَدھر : (اس) (۱) بے سہارا، نہ اِدھر نہ اُدھر، بیچ میں، مُعلّق، (۲) یک سوئی نہ ہونا، (۳) (ہ) ہونٹ۔

اِدھر : (۱) یہاں، پاس، قریب، (۲) اِس زمانے میں، اِن دنوں۔

ـــــ **اُدھر** : (۱) آس پاس، (۲) یہاں وہاں، اِس طرف اُس طرف (۳) تتر بتر، پراگندہ۔ وہاں

ـــــ **اُدھر کر دینا** : غائب کر دینا، چُرا لینا، کہیں چھپا کر رکھ دینا۔

اِدھر اُدھر کی باتیں / کی کہنا : بغیر کسی خاص معاملے یا موضوع کے عام گفتگو کرنا؛ غیر متعلق آس کرنا۔

ـــــ **آیا اُدھر گیا** : ذرا قیام نہیں، ذرا ٹھہراؤ نہیں، تھوڑی دیر میں۔

ـــــ **کا نہ اُدھر کا** : کسی طرف کا نہیں، کسی شمار میں نہیں۔

اِدھر کنواں اُدھر کھائی : (مثل)؛ ہر طرف مشکل ہے، ہر جانب خطرہ ہے۔

ـــــ **کی اُدھر کرنا / لگانا** : لگائی بجھائی کرنا، اس کی بات اُس سے اُس کی بات اس سے کہنا۔

ـــــ **کی دنیا اُدھر ہو جانا** : زمانے کا درہم برہم ہو جانا، بہت بڑا انقلاب آجانا؛ آفت مچانا۔

ـــــ **کی نہ اُدھر کی** : یہ بلا کدھر کی : مقولہ؛ جسے کوئی نہ پوچھے، جو کسی کام کا نہ ہو،

اُدھر : (۱) دُور، جو پاس نہ ہو، (۲) کنایتاً؛ خدا کی طرف اشارہ۔

ـــــ **ہی اُدھر** : بالا بالا، اُوپر ہی اُوپر۔

اُدھم : (ہ) مذکر، شور، غل، ہنگامہ۔

اَدھ مُوا : (ہ) آدھا مرا ہوا، نیم جان۔

اَدھیاپک : (ہ) مذکر؛ پڑھانے والا، استاد، معلّم، مدرّس۔

اُدھڑنا : (ہ) سیون کھلنا، ٹانکے ٹوٹ جانا۔

اَدھورا : مذکر؛ ناقص، جو پورا نہ ہو، (۲) (مجازاً) جو شخص اپنے فن کو پورا نہ سیکھا ہو، یا تعلیم کی مقررہ حد تک نہ پہنچا ہو۔

اَدھی : مونث؛ (۱) ایک قسم کا باریک سفید عمدہ سوتی کپڑا، (۲) پرانے پیسے کا آٹھواں حصہ، (۳) دمڑی کا آدھا حصہ۔

اَدھیا : پیداوار کے دو حصّوں کی بانٹ، آدھوں آدھ بانٹنا، دو برابر حصے کرنا، جو شخص حد کمال کو نہ پہنچا ہو۔

اَدھیڑ : نہ جوان نہ بہت بوڑھا، درمیانی عمر کا۔

اُدھیڑ بُن : مونث؛ سوچ بچار، تردد، کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرنا پھر موقوف کرنا۔

اُدھیڑنا : (۱) چھوڑنا، (۲) بگاڑنا، (۳) بگڑنا، (۴) سیون کھولنا۔ (۵) (مجازاً)؛ بہت مارنا۔

اَدھیکار : (ہ) مذکر؛ اختیار، حق، قبضہ، عہدہ۔

اَدھیکاری : (ہ) صاحب اختیار، عہدہ دار، حق دار۔

ا ـــــ ڈ

اَڈّا: مذکّر: (۱) پالتو چڑیوں کے بیٹھنے کی بیٹھک، (۲) جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا چوکھٹا، (۳) کرایے کے تانگوں، بسوں، رکشوں کے ملنے کا ٹھکانہ، (۴) (مذاقاً) وہ جگہ جہاں کوئی شخص اکثر بیٹھتا ہو۔

اَڈوانس / ایڈوانس: ADVANCE (انگ) پیشگی، پیشگی۔

اِڈیٹنگ: EDITING (انگ) مونث، غیر ضروری مواد نکال کر مرتب کرنا، ادارت، تدوین۔

اَڈیشنل / ایڈیشنل: ADDITIONAL (انگ) ضمنی، زائد، (جیسے ایڈیشنل مجسٹریٹ، ایڈیشنل جج)۔

ا ـــــ ذ

اَذان: (ع) مونث: نماز کے لئے بلانے کی مقررہ معروف صدر بانگ۔

اِذعان: (ع) مذکّر: یقین، یقین کرنا۔

اِذعانیّت: مونث: بے دلیل دعویٰ، ادّعا۔

اَذفَر: (ع) خالص اور تیز بُو والی چیز۔

اَذکار: (ع) جمع ذِکر کی۔

اِذن: (ع) مذکّر: اجازت، حکم۔

اَذہان: (ع) جمع ذہن کی۔

اَذیّت: (ع) مونث: تکلیف، دُکھ۔

اَذیّت پسندی: (ع + ف) مونث: تکلیف دینے کو پسند کرنا۔

ا ـــــ ر

اَرابہ: (ف) مذکّر: چھکڑا، گاڑی، گولہ بارود کی گاڑی۔

اِرادت: (ع) مونث: اعتقاد، عقیدت۔

ـــــ مند: معتقد۔

اِرادہ: (ع) مذکّر: خواہش، قصد۔

اِرادی: اختیاری۔

اَرازِل: (ع) مذکّر: (جمع ارذل کی) کمینے، کم ذات۔

اَرار اَرا کے بیٹھ جانا / کے گر پڑنا: دفعتاً گر پڑنا، یکایک کسی چھت کا بیٹھ جانا، کسی عمارت یا درخت کا بڑی آواز کے ساتھ گر جانا۔

اَرارُوٹ: ARROWROOT (انگ) مذکّر: ایک درخت کی جڑ سے حاصل کیا ہوا آٹا جس سے بسکٹ بنائے جاتے ہیں۔

اَراضی: (ع) مونث: جمع ارض (زمین) کی، زمین، کھیت۔

ـــــ اُفتادہ: غیر آباد زمین، کھیتی نہ کی جانے والی زمین۔

ـــــ سکنی: رہنے سہنے کے مکان بنانے کی زمین

اَرکان: (ع) مذکّر: جمع الجمع رکن کی، (۱) ممبر، (۲) (مجازاً) امرا، وزرا، (۳) کسی خاص جماعت میں امتیاز و اختیار والے لوگ۔

اَرَب: (ہ) سو کروڑ کی تعداد۔

اَربابِ: (ع) مذکّر: جمع رب کی، مالک، پرورش کرنے والا، صاحب۔

ـــــ سخن: (اضافت کے ساتھ) فنِ ادب کے جاننے والے، شعرا، ادیب

ـــــ معنی: (اضافت کے ساتھ) خدا شناس، عارف لوگ۔

ـــــ نشاط: (اضافت کے ساتھ) گانے بجانے، ناچنے والے لوگ (خصوصاً طوائف اور ڈوم)

ـــــ ہمّم: (اضافت کے ساتھ) ہمت والے لوگ، بلند حوصلے رکھنے والے لوگ۔

ـــــ حل و عقد: (اضافت کے ساتھ) مسائل کو حل کرنے والے، سوجھ بوجھ والے لوگ، صاحب اختیار لوگ

اَربَع: (ع) چار۔

ـــــ متناسبہ: اصطلاحِ علمِ ہندسہ۔

اَربعین: (ع) مذکّر: چالیس دن، چہلم، چلّہ۔

اِرتباط: (ع) مذکّر: میل جول، دوستی۔

اِرتجاعی: (ع) رجعت پسند، قدامت پسند۔

اِرتحال: (ع) مذکّر: رحلت کرنا، مر جانا۔

اِرتداد: (ع) مذکّر: مذہب سے پھر جانا، اسلام چھوڑ دینا، مُرتد ہو جانا۔

اِرتسام: (ع) مذکّر: نقاشی، مصوری، (جمع) ارتسامات۔

اِرْتِسامی: (ع) محاکاتی، تاثراتی۔
اِرْتِسامِیَّت: (ع) مونث؛ (ادبی اصطلاح) کسی تخلیق کی وہ خصوصیت جس سے اس کی تصویر سامنے آجاتے۔
اِرْتِعاش: (ع) مذکر؛ کانپنا، رعشہ، تھرتھراہٹ۔
اِرْتِفاع: (ع) مذکر؛ اونچائی، بلندی، رفعت۔
اِرْتِقا: (ع) مذکر؛ (۱) اوپر چڑھنا، ترقی کرنا، (۲) بتدریج آگے بڑھنا۔ آہستہ آہستہ ترقی کرنا۔
اِرْتِقائیَت: (اِرْ، تِقا، ئی، یَت) (ع) مونث؛ بتدریج ترقی کرنے کی صلاحیت۔
اِرْتِکاب: (ع) مذکر؛ کرنا، عمل کرنا، ناجائز کام یا جرم کرنا۔
اَرِتھ میٹِک: ARITHMETIC (انگ) علم حساب۔
اَرتھی: (ہ) مونث؛ ہندوؤں کا جنازہ۔
اِرْث: (ع) مونث؛ ترکہ، میراث، وراثت۔
اَرْجُمَنْد/اَرْجُمَنْد: قدر و عزت والا، رتبے والا۔
اَرْجُن: (ہ) راجہ پانڈو کا تیسرا بیٹا، یدھشٹر کا بھائی۔
اَرْجِنٹ: URGENT (انگ) (۱) فوری، تعمیل طلب (۲) نہایت ضروری، اشد ضروری۔
اَرْحَم: (ع) بڑا رحم کرنے والا
اُرَد: (تامل) مونث؛ ماش، ایک غلہ۔
——— پر سفیدی: (کنایتاً) بہت کم مقدار۔
——— پڑھ کر مارنا: اُرد کے چھلکے والے دانوں پر جادوگروں کا کچھ پڑھ کر مارنا۔
——— کے آٹے کی طرح اینٹھنا: (مجازاً) کسی آدمی کا بہت اکڑنا، غرور دکھانا۔
اُرْدا بیگنی: (ترکی) مونث؛ مردانہ لباس پہنے، شاہی محل میں پہرا چوکی کا کام کرنے والی عورتیں۔
اَرْدَب: (ف) مذکر؛ (۱) (شطرنج کی ایک اصطلاح) شاہ کو بچانے کے لئے جو مہرہ بیچ میں لایا جاتا ہے اسے کہتے ہیں (۲) مجازاً کسی وجہ سے مشکل میں پڑ جانا۔
اِرْدگِرْد: (اِرد تابع مہمل) آس پاس، اِدھر اُدھر، چاروں طرف۔
اَرْدَلی: ORDERLY (انگ) مذکر؛ کسی عہدے دار کا مخصوص چپراسی۔
اُرْدُو: (ترکی) مونث؛ لشکر، لشکرگاہ، ہندوستان کی مشہور زبان جو پورے ملک میں عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
——— بازار: چھاؤنی کا بازار، وہ بازار جو لشکر میں ہوتا تھا۔

اُرْدُوئے معلّا/اُرْدُوئے معلّٰی: فصیح اور مستند اردو۔

اُرْدی بہشت: (ف) ایرانی جنتری کا دوسرا مہینہ، جو ہندی مہینے جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے۔
اَرْذَل: (ع) گھٹیا قسم کا، کمینہ آدمی۔
اَرْزاں: (ف) سستا، کم قیمت۔
——— بہ علّت گراں بہ حکمت: (مقولہ) کم قیمت چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی ضرور ہوتی ہے اور زیادہ قیمت کی چیز میں کوئی خوبی اور وصف ضرور ہوتا ہے۔
اَرْزانی: سستا ہونا۔
اَرْزَق: غلط ہے، صحیح لفظ اَزْرَق ہے، (دیکھو ازرق)
اَرْژَنگ: (ف) مذکر؛ نگارخانہ۔
——— چین/مانی: (اضافت کے ساتھ) مانی کا بنایا ہوا مرقع (مصوّر البم)۔
اِرْسال: (ع) بھیجنا۔
اَرَسْطُو/اَرَسطالیس: (یونانی) یونان کے حکیموں میں سے ایک بہت بڑا حکیم، (مجازاً) بڑا حکیم، دانش مند۔
اِرْشاد: (ع) مذکر؛ بیان، حکم فرمانا، ہدایت
اَرْشَد: (ع) بہت ہدایت پایا ہوا، بہت نیک۔
اَرْض: (ع) مونث؛ زمین، دنیا۔
اَرْغَنُوں: (ف) ایک مشہور باجے کا نام۔
اَرْغَوان: (ف) مذکر؛ سرخی مائل رنگ۔
اَرْفَع: (ع) زیادہ اونچے رتبے والا، عالی مرتبہ۔
اِرْقام: (ف) لکھنا، تحریر۔
اَرْکان: (ع) جمع رکن کی، ستون، (دیکھو رکن)، ممبران
اَرْگَجا: مذکر؛ صندل، گلاب کا فوّر مشک عنبر وغیرہ سے بنی ہوئی

ایک مرکب خوشبو۔

اَرْل: EARL (انگ) مذکر؛ نواب، انگلستان کے تیسرے درجے کے امیر کا خطاب۔

اِرَم: (ع) مذکر؛ مونث؛ (۱) بہشت، (۲) وہ شہر جس میں قوم عاد آباد تھی، (۳) شداد کی بہشت۔

اَرمان: (ترکی) مذکر؛ آرزو، تمنا، حسرت، حوصلہ۔

——— جی کا جی میں رہنا؛ ارمان نہ نکلنا، حسرت دل ہی دل میں رہ جانا۔

اُرمغان: (ف) مذکر؛ تحفہ، سوغات۔

اَرنا: (س) مذکر؛ (۱) جنگلی بھینسا، (۲) (عو، عم) بہت موٹا اور کالا آدمی۔

اَرنڈ: (س) مذکر؛ رینڈی کا درخت، جس کی لکڑی بہت کمزور ہوتی ہے، اور بیج سے تیل نکالا جاتا ہے۔

——— خربوزہ؛ پپیتا۔

اَرنی (اَرَنی): (ع)؛ (دِکھا مجھے) حضرت موسیٰؑ کا وہ کلمہ جو انھوں نے خدا سے اپنا جلوہ دکھانے کے لئے کہا تھا۔

——— کہنا؛ طالب دیدار ہونا۔

——— گو؛ مراد حضرت موسیٰؑ سے۔

اَرْواح: (ع)؛ (جمع روح کی)، روحیں۔

——— بھٹکنا؛ روح کا پریشان ہونا، روح کا مارے مارے پھرنا۔

——— بھر جانا؛ جی بھر جانا، طبیعت سیر ہو جانا۔

——— خبیثہ؛ (اضافت کے ساتھ) بُری روحیں، شیطان، بھوت، چڑیل۔

اَروی: ایک ترکاری، گھیاں۔

اَرہَر: مونث؛ دال کی ایک مشہور قسم۔

اَرے: مونث؛ کلمۂ خطاب، کبھی حقارت سے، کبھی پیار سے، کبھی سادہ طور پر۔

اَرے: مذکر؛ (کلمۂ خطاب)، حقارت سے، پیار سے، اور کبھی سادہ طور پر، کبھی کلمۂ تعجب و تاسف کے طور پر۔

——— ترے کرنا؛ آپ سے تم کہنا، بے تمیزی سے بات کرنا، حد و تہذیب سے تجاوز کر جانا۔

اُرِیب/اُوریب: (ف) آڑا ترچھا، عوام اوریب بولتے ہیں۔

اُوریبی پاجامہ: ترچھی کاٹ کا پاجامہ۔

اَ ـــــ ڑ

اَڑ: (ا) مونث؛ ہٹ، ضد قبض جو بچوں کو غذا ہضم نہ ہونے سے ہو جاتا ہے۔

اُڑا: نایاب، کمیاب، پرواز کرنا۔

——— پھرنا؛ جلد جلد اِدھر اُدھر آتے جاتے رہنا، بھاگے بھاگے پھرنا۔

——— دینا؛ ختم کر دینا، موقوف کر دینا، غائب کر دینا، غلط بات۔

اُڑان: مونث؛ اڑنے کی صلاحیت، پرواز۔

اَڑانا: (ا) مذکر؛ (۱) وہ مضبوط لکڑی جو دیوار یا چھت کے روکنے کے لئے لگائی جاتی ہے، (مُتعدّی) (۲) اٹکانا، پھنسانا۔

اُڑانا: (۱) پتنگ یا پرند کا اڑانا، پرواز میں لانا، (۲) کاٹنا، قلم کرنا، صاف کر دینا، (۳) مبالغہ آمیز تعریف کرنا، (۴) ختم کر دینا۔

اُڑاؤ: فضول خرچ۔

اَڑبنگا: (ف) مذکر؛ (۱) جھمیلا، جھگڑا، رخنہ، (۲) ٹیڑھا، پیچیدہ۔

اُڑنی بیماری: چھوت کی بیماری

——— پڑتی خبر؛ افواہ، اِدھر اُدھر سے ملی ہوئی خبر، غیر معتبر خبر۔

——— تول؛ کچھ کم تول۔

——— چڑیا کے پر گننا؛ ذہانت سے دل کی بات سمجھ لینا، فراست سے تیور پہچان لینا، بہت تجربے کار اور ہوشیار ہونا۔

اُڑتی سی/بات خبر؛ سُنی سُنائی بے تحقیق بات، گپ، افواہ بھنک۔

اُڑ جانا: (۱) دُور ہو جانا، تیزی سے جانا، پرواز کر جانا، (۲) مٹ جانا، برباد ہو جانا، (۳) مشہور ہو جانا، بات سب میں پھیل جانا۔

اُڑ چلنا: (۱) اپنی بساط سے بڑھ کر کوئی کام کرنا، حد سے بڑھ جانا، غرور کرنا، (۲) آوارہ

——— منہ میں کھیل نہ جانا: ذرا سی غذا بھی نہ ہونا، بالکل بے کھائے پیئے رہنا۔

اَڑَم: مذکر: ڈھیر، اَنبار۔

اَڑنا: جگہ سے نہ سرکنا، ضد کرنا، اٹک جانا، پھنس جانا، رکاوٹ بن جانا۔

اُڑنا: پرواز کرنا، ہوا میں تیرنا۔

اُڑناگن/ناگنی: اڑکر کاٹنے والی ناگن جو اڑکے کاٹتی ہے۔

اُڑن چھو ہو جانا: فوراً غائب ہو جانا، ہوا ہو جانا۔

اُڑن کھٹولا: (۱) اڑنے والا کھٹولا، (۲) کنایتاً: کہانی میں پریوں کا ہوا میں اڑنے والا تخت۔ (۳) ہنومان جی کا روایتی کھٹولا۔

اُڑن گھائی: مونث: بندھی چوٹیں، (۲) شعبدہ بازی، پھکیتوں کے فن کی اصطلاح، (۳) (مجازاً) فریب، دھوکہ، بہت چالاکی۔

اَڑنگ: مذکر: ڈھیر، اَکٹھ۔

——— بڑنگ: مہمل، بے سروپا باتیں، ڈینگیں مارنا، نشے میں بے تکی باتیں کرنا۔

اَڑنگ بڑنگ ہو جانا: (عو)، جگہ سے ہٹ جانا، بے ترتیب ہو جانا۔

اَڑنگا: مذکر: (۱) کشتی کا ایک پیچ، (۲) رخنہ، جھیلا، (۳) روک، چھت میں ٹیکن کے طور پر لگا ہوا سہارا۔

——— لگانا: (۱) کسی کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرانے کی کوشش کرنا۔ (۲) مجازاً، چلتے کاموں میں رکاوٹ ڈالنا، رخنہ ڈالنا۔

اَڑنگے پر چڑھا کر/اڑنگے پر/ مارنا: کشتی میں اڑنگے پیچ سے حریف کو گرا دینا۔

اَڑنگے پر چڑھانا: دانوں پر لانا، خاص ترکیب سے جُل دینا، جھانسا دینا۔

اَڑوا اَڑ: مونث: ٹیکن، لکڑی (کھمبا)، پرانی چھت کو سنبھالنے کے لئے لگایا ہوا سہارا۔

اَڑوس پڑوس: (اڑوس تابع مہمل)، ہم سایہ، آس پاس۔

اَڑی: مونث: (۱) مشکل کا وقت، مصیبت کا زمانہ، (۲) (چوسر پچیسی کھیلنے والوں کی اصطلاح) چوٹ کی زد پر پھنسی ہوئی گوٹ۔

——— مار: دغا باز، جعل ساز۔

اُڑی اُڑی طاق بیٹھی: مثل: کسی بات کا چرچا ہوتے ہوتے سب میں پھیل جانا، کسی بات کا رفتہ رفتہ پوری طرح شہرت حاصل کر لینا۔

اَڑے وَقت: (عو) مصیبت کے وقت۔

——— کا گہنا: مثل: وہ چیز جو مشکل وقت پر کام آئے۔

اَڑیل: سرکش، اَڑ جانے والا، چلتے چلتے رک جانے والا۔

اَڑھائی: ڈھائی۔

——— اَنچھر: مختصر مگر نہایت پُرتاثیر باتیں۔

——— اینٹ کی مسجد الگ بنانا: سب سے الگ تھلگ روش اختیار کرنا۔

اَڑھائی چاول الگ گلانا/ پکانا: کسی سے تعاون نہ کرنا۔

——— دن کی بادشاہت: (۱) (مجازاً) چند روز کا عیش، ناپائیدار خوشی، (۲) (کنایتاً) چند دنوں کا اقتدار۔

ا ——— ز

اَز: (ف)، سے۔

——— بَر: منہ زبانی، زبانی یاد ہونا۔

——— بس: بہت، نہایت۔

——— حد: نہایت حد سے زیادہ۔

——— خُرداں خطا و از بزرگاں عطا: چھوٹوں کی غلطی بزرگ معاف کر دیتے ہیں، چھوٹوں سے قصور ہو ہی جاتا ہے بڑے معاف کر دیتے ہیں۔

——— خُود: اپنے آپ، خود بخود۔

——— خُود رفتہ: آپے سے باہر، بے خود۔

——— رُوئے: کسی چیز کی بنیاد پر، بہ غرض، برپنا۔

——— سر تا پا: سر سے پاؤں تک، شروع سے آخر تک۔

——— سرِ نو: نئے سرے سے، پھر سے۔

——— غیبی: خلاف توقع کسی چیز کا غیب سے ظاہر ہو جانا، ناگہانی

——— کار رفتہ: بے کار و بے مصرف چیز۔

——— است کہ برماست (مقولہ) اپنے کیے کا بُرا پھل ہے، اپنے ہی کرتوت کا نتیجہ ہے۔
ازیں سُو راندہ وازاں سُو درماندہ: (مقولہ) اپنا ہی کیا دھرا ہے، نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے۔
اِزار: (ع) مؤنث؛ پاجامہ۔
——— بند: مذکر؛ کمر بند۔
——— بند کا ڈھیلا/ڈھیلی: کمزور اخلاق کا، جسے اپنے جنسی جذبات پر قابو نہ ہو۔
——— بندی رشتہ: سسرال کی طرف کا رشتہ، جورُو کی ——— طرف کا رشتہ (بے تکلفی میں)۔
اِزالہ: (ع) مذکر؛ دُور کرنا، زائل کرنا، ہٹانا۔
——— حیثیتِ عرفی: کسی کی نیک نامی کو مٹانے کی کوشش، ہتک عزت۔
اُزبک: (تاتاری) دیکھو، اُجبک، لمبا بے سلیقہ
اُزدحام: (ع) مذکر؛ بہت بڑی بھیڑ، جماؤ، ہجوم۔
ازدواج: (ع) مذکر؛ نکاح کرنا، بیاہ کرنا۔
اَزرَق: (ع) ازرق، نیلا، نیلگوں، وہ آدمی جس کی آنکھ کا ڈھیلا نیلا ہو۔
اَزکیا: (جمع زکی کی): نیک لوگ، پاک لوگ۔
اَزل: (ع) (۱) وہ زمانہ جس کی ابتدا معلوم نہ ہو، (۲) (مجازاً) آغازِ خلقت کا زمانہ۔
اَزلی: شروع سے موجود۔
اَزمنہ/اَزمان: (ع) (جمع زمان کی) زمانے۔
اَزواج: (ع) (جمع زوج کی) بیویاں۔
——— مُطہّرات: (اضافت کے ساتھ) پاک بیویاں، آں حضرتؐ کی بیویاں۔
اِزوقہ/اَزوقہ: تھوڑا کھانا، تھوڑی غذا۔
اَزہار: (ع) مذکر؛ (جمع زہرہ کی) کلیاں۔
اَزہر: (ع) (۱) بہت روشن، (۲) قاہرہ (مصر) کی ایک قدیم یونیورسٹی۔

اژ

اَژدَر: (ف) اژدہا، اجگر۔
اژدَہا: (ف) مذکر؛ بڑا موٹا سانپ، اَژدَر، اَجگر۔
اژدَہے کے دانت پونا: (۱) شر کو ہوا دینا، بُرا چاہنا، بدخواہی۔ (۲) معصیتوں کے لئے راہ ہموار کرنا، (۳) خطرات کو آواز دینا۔

اس

اِس: اشارۂ قریب، یہ، یہی۔
——— کان سُن کر اُس کان اُڑا دینا: کہنا نہ ماننا، کسی بات پر اِلتفات نہ کرنا، بات کا خیال نہ کرنا۔
——— کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں کرنا: بے کاری میں کسی کام کا الٹ پھیر کرتے رہنا، بے ضرورت اور بے فائدہ کام۔
——— گھر کا بابا آدم ہی نرالا ہے: (مقولہ) نرالا چلن، عام رواج سے ہٹی ہوئی روِش یا چلن۔
——— ہاتھ دے اُس ہاتھ لے: (مقولہ) اعمال کی جزا و سزا سے ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے۔
اُس: (۱) اشارۂ بعید، (۲) کبھی اللہ کی طرف اشارہ۔
——— کی لاٹھی میں آواز نہیں: (مقولہ) خدا کی مار ناگہانی ہے، خدا کا قہر اچانک ٹوٹتا ہے۔
——— دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں: (مثل) خدا کے دینے کی بہت راہیں ہیں، بہت ذریعے ہیں۔
اساتذہ: (جمع استاذ کی)؛ استاد، کاملانِ فن، کوئی فن سکھانے والے۔
اُسارا: برآمدہ، چھپّر، سائبان۔
اَساڑھ: برسات کا پہلا مہینہ۔
اَساس: (ع) مؤنث؛ بنیاد، جڑ، نیو۔
اَساطیر: (ع) مذکر؛ دیوتاؤں کے قصّے، دیومالا۔
اَساطیری: (ع) دیوی دیوتاؤں کے قصّے، کہانیوں سے متعلق، دیومالائی۔
اَسالیب: (ع) مذکر؛ (جمع اسلوب کی) طرز، طریق، طور۔
اَسامی: (ع) (جمع لجمع اسم کی) اردو میں واحد، (۱) کسان، کاشتکار،

گاؤں کی رعیت، (۲) لین دین رکھنے والا، (۳) عہدہ، نوکری، (۴) گاہک، خریدار، (۵) شخص۔

اُسانا: دانے ہوئے غلے کو ٹوکری میں رکھ کر ہوا کے رُخ اُڑانا۔

اَسانید: (ع) جمع اسناد کی، سندیں۔

اَسَاوَری: असावरी (ہ) مذکر: (۱) پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام، (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

اَسباب: (ع) مذکر (جمع سبب کی) (۱) سامان، (۲) وجوہ، ذرائع

اَسبَطاس/ اسبستوس: ASBESTOS (انگ) مذکر: ایک طرح کے ریشہ دار مادہ سے بنی ہوئی چادر جو چھت بنانے کے کام آتی ہے اور اس پر آگ اثر نہیں کرتی۔

اَسپ: (ف) مذکر: (۱) گھوڑا، (۲) شطرنج کے ایک مُہرے کا نام۔

اَسپتال/ ہَسپتال: HOSPITAL (انگ) مذکر: دواخانہ، شفاخانہ۔

اِسپِرٹ: SPIRIT (انگ) مونث: (۱) روح، جوہر، جذبہ، نفس، (۲) شراب کی روح یعنی تیز قسم کی شراب۔

اِسپرنگ: SPRING (انگ) مونث: کمانی، لچکدار۔

اَسپَغول: مذکر: ایک قسم کا لعاب دار دانہ جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

اِسپَند: (ف) مذکر: نظرِ بد دور کرنے کے لئے ٹوٹکے کے طور پر یا ٹوٹکا دور کرنے کے لئے جلایا جانے والا ایک کالا دانہ۔

——— کرنا: نظرِ بد دور کرنے کے لئے اسپند جلانا۔

اِسپَیشل (اِس۔پے۔شل): SPECIAL (انگ) خاص، مخصوص، غیر معمولی۔

اِسپورٹ: SPORT (انگ) مذکر: کھیل کود، تماشہ، تفریح۔

اِسپیچ: SPEECH (انگ) مونث: تقریر، لکچر۔

اِسپیکر: SPEAKER (انگ) مذکر: (۱) تقریر کرنے والا، (۲) اسمبلی یا پارلیمنٹ کے ایوان زیریں کے اجلاس کی صدارت کرنے والا۔

اِستاد: (ف) مونث: خیمے، ورشامیانے کی میخ اور چوب۔

اُستاد: (ف) مذکر: مُعلّم، سکھانے والا، کامل فن، آزمودہ کار، (۲) چالاک، عیّار۔

اُستادی: معلّمی، چالاکی، ماہرانہ انداز۔

اُستاذ: استاد کا معرّب، استاد۔

اِستانبُول/ اِستمبُول: (ترکی) شہر قسطنطنیہ کا جدید نام۔

اِستِبداد: (ع) خود مختاری، ضد، ہٹ، ظلم، دباؤ۔

اِستِثنا: (ع) مونث: علاحدہ الگ

اِستحالہ: (ع) مذکر: (۱) محال ہونا، دشوار جاننا، (۲) ناممکن، (طب وکیمیا کی اصطلاح)۔

اِستحالۂ کیمیائی: ایک ماہیت سے دوسری ماہیت میں بدل جانا۔

اِستحسان: (ع) مذکر: نیک گننا، پسندیدگی تعریف

اِستحصال: (ع) مذکر: حاصل کرنا، ناجائز فائدہ اٹھانا۔

——— بالجبر: (استحصالِ بالجبر): زبردستی حاصل کرنا، ڈرا دھمکا کر کوئی چیز حاصل کرنا۔

اِستحقاق: (ع) مذکر: حق دار ہونا، حق، دعویٰ، قابلیت۔

اِستحکام: (ع) مذکر: مضبوطی پختگی۔

اِستخارہ: (ع) مذکر: (طلب خیر کرنا)، کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کے لئے خاص طریقے سے اشارۂ غیبی چاہنا۔

——— آنا/ کی راہ دینا: استخارے کے ذریعے اجازت ملنا۔

——— کا مانع ہونا: استخارے میں کسی کام کے کرنے سے منع آنا۔

——— کا واجب آنا: کسی بات کی اجازت آنے کے بعد اُس کے ترک پر ممانعت آنا۔

اِستخراج: (ع) کسی بات کا نکالنا، علم منطق کی ایک اصطلاح۔

اِستخفاف: (ع) مذکر: ہلکا سمجھنا، خفیف سمجھنا، حقارت سُبکی۔

اُستخوان: (ف) مذکر: ہڈی۔

اِستدراج: (ع) مذکر: غیر مسلم سے ظاہر ہونے والا خلاف معمول واقع آہستہ آہستہ آگے بڑھانا یا ہٹانا

اِستدعا: (ع) مونث: درخواست، خواہش، التجا۔

اِستدلال: مذکر: دلیل طلب کرنا، دلیل لانا۔

اُستر: (ف) مذکر: دوہرے یا روئی دار کپڑے کی نیچے کی

——— چونے کا: دیوار کی قلعی سے پہلے چونا پھیرنا۔

——— کاری: اینٹ کی دیواروں پر پلستر یا لپائی۔

اُسترا: (ف) مذکر: بال مونڈنے کا مشہور آلہ۔

اِستراحت: (ع) مونث؛ آرام، سکھ، چین۔
اِستری: مونث؛ (۱) کپڑوں کی شکن مٹانے کا اور تہ ٹھیک کرنے کا مشہور آلہ، (۲) (۵) عورت یا بیوی۔
اِستسقا: (ع) مذکر؛ (پانی مانگنا)، بہت پیاس لگنے کی بیماری۔ جلندھر۔
—— کی نماز: بارش کے لئے میدان میں جمع ہو کر پڑھی جانے والی نماز۔
اِستصواب: (ع) مذکر؛ رائے لینا، مشورہ مانگنا۔
اِستصوابِ رائے: (ع) کسی خاص مسئلے پر عوام کی رائے معلوم کرنا۔
اِستطاعت: (ع) مونث؛ مقدور، بساط، قدرت۔
اِستعارہ: (ع) مذکر؛ (علم بیان کی اصطلاح) مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہونا۔
—— بالتصریح: (بت تصریح) استعارے کی وہ قسم جس میں مشبہ بعینہٖ مشبہ بہ قرار دیا جائے۔
—— تخییلیہ: مشبہ بہ ترک کیا جائے پھر جس قرینے سے وہ سمجھ میں آئے اُس قرینے کو استعارۂ تخییلیہ کہتے ہیں۔
—— بالکنایہ: (بل کنایہ) جب مشبہ، مذکور ہو اور مشبہ بہ متروک ہو۔
اِستعانت: (ع) مونث؛ مدد چاہنا، معاونت۔
اِستعجاب: (ع) مذکر؛ تعجب۔
اِستعجال: (ع) مذکر؛ جلدی کرنا، عجلت۔
اِستعداد: (ع) مونث؛ فطری صلاحیت، قابلیت، لیاقت۔
اِستعفا: (ع) مذکر؛ (۱) نوکری ترک کرنے کی درخواست (۲) وزارت یا کسی ذمے داری سے سبک دوش ہونا۔
اِستعمار: (ع) مذکر؛ نوآبادی، کسی وحشی مقام پر قبضہ کر کے اس کی آبادی بڑھانا۔
اِستعمال: (ع) مذکر؛ عمل میں لانا۔ برتنا۔
اِستغاثہ: (ع) مذکر؛ دادخواہی، فریاد، نالش، مستغیث۔
اِستغراق: (ع) مذکر؛ کسی فکر یا خیال میں ڈوبنا، محو ہو جانا۔
اِستغفار: (ع) مونث؛ مغفرت چاہنا، گناہ بخشوانا، توبہ۔
اَستغفِرُ اللہ: (اَستَغفِرُ لَاہُ): (مغفرت چاہتا ہوں میں اللہ سے) توبہ کرنا، کسی چیز سے نفرت یا بچنے کا اظہار، کسی چیز سے انکار۔
اِستغنا: (ع) مونث؛ بے پروائی، بے نیازی۔
اِستفادہ: (ع) مذکر؛ فائدہ حاصل کرنا، نفع اٹھانا۔
اِستفاضہ: (ع) مذکر؛ فیض حاصل کرنا، نفع پانا۔
اِستفتا: (ع) مذکر؛ فتویٰ چاہنا، مسئلہ دریافت کرنا۔
اِستفراغ: (ع) مذکر؛ قے، متلی۔
اِستفسار: (ع) مذکر؛ دریافت کرنا، پوچھنا۔
اِستفہام: (ع) مذکر؛ کسی بات کا پوچھنا، کوئی بات کسی سے سمجھنا۔
اِستقامت: (ع) مونث: اِستقلال، کسی بات پر مضبوطی سے قائم رہنا۔
اِستقبال: (ع) مذکر؛ (۱) آئندہ زمانہ، (۲) پیشوائی خیر مقدم۔
—— قبلہ: منہ قبلہ کی طرف ہونا۔
اِستقبالیہ: (ع) مذکر؛ خیر مقدمی تقریب یا جلسہ۔
اِستقرا: (ع) مذکر؛ (۱) تلاش کرنا، جمع کرنا، تتبع کرنا، (۲) منطق کی ایک اصطلاح۔
اِستقرار: (ع) مذکر؛ تصدیق، اظہار۔
—— حمل: (اضافت کے ساتھ): (طبی اصطلاح) حمل کا قرار پانا، ٹھہر جانا۔
اِستقرائی: (ع) مذکر؛ (منطقی اصطلاح) جزئی مثالوں سے نکالا ہوا کلی نتیجہ۔ خاص چیزوں سے اخذ کیا ہوا عام نتیجہ۔
اِستقلال: (ع) مذکر؛ ضبط و تحمل، ثابت قدمی، (۲) پائے داری، ثبات۔
اِستکراہ: (ع) مذکر؛ نفرت کرنا، کراہت ہونا۔
اِستمالت: (ع) مونث؛ دل جوئی، دل داری، خوشامد۔
اِستمداد: (ع) مونث؛ مدد چاہنا، امداد طلب کرنا۔
اِستمرار: (ع) مذکر؛ ہمیشہ رہنا، ہمیشگی۔
اِستمراری: (ع) (وصف) دوامی، ہمیشہ کے لئے۔
استمزاج: (ع) مذکر؛ مزاج پوچھنا، رائے دریافت کرنا۔

اِستِناد: (ع) مذکر/مونث؛ سند لانا، سند پیش کرنا۔
اِستِنباط: (اِس، تم، باط)؛ (ع) مذکر؛ بات سے بات پیدا کرنا، دلائل سے نتیجہ اخذ کرنا۔
اِستِنجا: (ع) مذکر؛ پیشاب یا خانے کے بعد پانی سے جائے مخصوص کو پاک کرنا، آب دست لینا۔
اِستِنجے کا ڈھیلا: (۱) وہ ڈھیلا جس سے ناپاکی دور کی گئی ہو۔ (۲) مجازاً؛ بے قدر و قیمت چیز (حقارت سے)۔
اِستِوا: (ع) مذکر؛ برابری، برابر ہونا۔
اُستوار: (ف) مضبوط، پائے دار۔
اِستِہزا: (ع) مذکر؛ ہنسی مذاق اڑانا، تمسخر۔
اِستِیصال: (ع) مذکر؛ جڑ سے اکھاڑنا، بربادی، بیخ کنی، صفایا کر دینا۔
اِستِیعاب: (ع) کل، تمام تر، شروع سے (عموماً بالاستیعاب تمام تر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے)۔
اِستِیلا: (ع) مذکر؛ غلبہ، تسلط۔
اِستھایت: (ہ) قائم۔
اَستھان: (ہ) مذکر؛ مقام جگہ، مسکن، گھر۔
اِسٹابری: STRAWBERRY (انگ) مونث؛ ایک جھاڑی کا پھل جو پہاڑی جگہوں پر ہوتا ہے۔
اسٹاپ: STOP (انگ) مذکر؛ اڈہ، ٹھہرنے کی جگہ؛ (فعل) ٹھہرنا، رکنا۔
——— پریس: PRESS ——— (انگ) مذکر؛ اخبار چھپتے وقت شامل کی جانے والی تازہ ترین خبریں۔ متوقع خبر کے لئے خالی چھوڑی گئی جگہ۔
اسٹار: STAR (انگ) مذکر؛ (۱) ستارہ (۲) (فلم) ممتاز اداکار۔
اسٹارٹ: START (انگ) (۱) ابتدا کرنا، چالو کرنا۔ شروع کرنا، (۲) ابتدا، شروع۔
اسٹاف: STAFF (انگ) مذکر؛ (۱) ملازمین، عملہ۔ (۲) ڈنڈا، عصا۔
اسٹاک: STOCK (انگ) مذکر؛ (۱) مال، سامان، ذخیرہ (۲) کسی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ۔
اسٹاکسٹ: STOCKIST (انگ) مذکر؛ ذخیرہ رکھنے والا، تھوک فروش۔
اِسٹال: STALL (انگ) مذکر؛ لکڑی یا ٹین کی بنی ہوئی عارضی دکان۔
اِسٹامپ: STAMP (انگ) مذکر؛ (۱) ڈاک خانے کے ٹکٹ۔ (۲) دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ، (۳) مونث؛ مہر۔
اِسٹائل: STYLE (انگ) مذکر؛ (۱) ڈھنگ، طریقہ، انداز، (۲) طرز تحریر، اسلوب بیان، طرز ادا۔
اِسٹڈی: STUDY (انگ) مونث؛ مطالعہ، کتب بینی۔
اِسٹرائیک: STRIKE (انگ) مونث؛ ہڑتال، احتجاج۔
اِسٹرلنگ: STERLING (انگ) مذکر؛ برطانوی کرنسی، برطانیہ کا ٹکسالی سکہ۔
اِسٹریٹ STREET (انگ) مونث؛ سڑک، گلی، کوچہ، راستہ، مارگ۔
اِسٹریچر: STRETCHER (انگ) مذکر؛ بیماروں کو لٹا کر لے جانے والی چیز جو دو لمبے ڈنڈے کے درمیان مضبوط زین لگا کر بنائی جاتی ہے۔
اسٹنٹ: STUNT (انگ) مذکر؛ کام کی نمائش، کسی غیر معمولی کام یا ہنر کی نمائش/دکھاوا دھوکہ
اِسٹو: STEW (انگ) مذکر؛ گوشت پیاز وغیرہ کا دم پخت سالن۔
اِسٹوڈنٹ: STUDENT (انگ) طالب علم۔
اِسٹوڈیو: STUDIO (انگ) مذکر؛ (۱) مصوری، فوٹو گرافی اور صدا بندی کے لئے مخصوص کمرہ۔ ——— (۲) وہ عمارت جس میں فلم بندی کا کام ہوتا ہے۔ (۳) ریڈیو اسٹیشن کا وہ کمرہ جہاں سے گانے اور تقریریں وغیرہ نشر کی جاتی ہیں۔
اِسٹور: STORE (انگ) مذکر؛ گودام ——— دکان۔

اِسٹوری: STORE/STORY (انگ) مونث؛ قصہ، کہانی / منزل

اِسٹول: STOOL (انگ) مذکر؛ تپائی؛ فضلہ

اِسٹوو: STOVE (انگ) مذکر؛ مٹی کے تیل یا گیس کا چولہا۔

اِسٹیٹ: STATE/ESTATE (انگ) مونث؛ (۱) ریاست، مملکت، (۲) حال، حالت، (۳) جائداد۔

اِسٹیج: STAGE (انگ) مذکر؛ (۱) منچ، تقریر، ڈرامہ یا تماشہ کرنے کا اونچا چبوترہ۔

اِسٹیٹس: STATUS (انگ) مذکر؛ مجسمہ، مورت۔

اِسٹیڈیم: STADIUM (انگ) مذکر؛ کھیل کا دو میدان جس میں چاروں طرف نشست کا انتظام ہو۔

اِسٹیشن: STATION (انگ) مذکر؛ ریل کے ٹھہرنے کا خاص مقام، چوکی۔

اِسٹیشنر: STATIONER (انگ) مذکر؛ قلم، کاغذ، روشنائی وغیرہ بیچنے والا۔

اِسٹیشنری: STATIONERY (انگ) مونث؛ کاغذ، سیاہی وغیرہ، سامانِ تحریر۔

اِسٹیل: STEEL (انگ) مذکر؛ اسپات، فولاد۔

اِسٹیم: STEAM (انگ) مونث؛ بھاپ۔

اِسٹیمر: STEAMER (انگ) مذکر؛ دخانی کشتی، پانی میں چلنے والا چھوٹا جہاز۔

اِسٹیمیٹ: ESTIMATE (انگ) مذکر؛ تخمینہ، اندازہ۔

اِسٹینڈ: STAND (انگ) مذکر؛ (۱) گاڑیوں کا اڈہ۔ مقام۔ جگہ۔ (۲) تپائی۔ گھڑونچی۔

اِسٹینڈرڈ: STANDARD (انگ) مذکر؛ (۱) معیار، کسوٹی۔ (۲) مستند، مانا ہوا۔

اِسٹینسِل: STENCIL (انگ) مذکر؛ وہ پتلی تختی — جس پر حروف یا نقش کاٹ کر بناتے ہیں اور پھر اُس سے کسی چیز یا کاغذ پر اتار لیتے ہیں، نقش ساز تختی وہ جعلی نما کاغذ جس پر حروف کاٹتے ہیں

اِسٹینوگرافر: STENO GRAPHER (انگ) مذکر؛ مختصر نویس۔

——گرافی: GRAPHY ——— (انگ) مونث؛ مختصر نویسی۔

اِسحاقؑ: (ع) مذکر؛ ایک پیغمبر کا نام، حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے۔

اَسَدْ: (ع) مذکر؛ شیر۔

اَسَدُاللہ: اللہ کا شیر حضرت علیؓ کا لقب۔

اَسُر: असुर (ہ) مذکر؛ (۱) دیو، راکشس، بھوت، شیطان، (۲) (مجازاً) ظالم، جابر۔

اَسْرار: (ع) مذکر؛ (جمع سِر کی) بھید، راز۔

اِسْراف: (ع) مذکر؛ فضول خرچی، بے جا خرچ۔

اِسْرافیل: (ع) قیامت کے دن صور پھونکنے والے فرشتے کا نام۔

اِسْرائیل: (عبرانی) (۱) حضرت یعقوبؑ کا نام جن کی اولاد بنی اسرائیل کہلاتی ہے، (۲) ملک فلسطین کا نیا نام جہاں یہودیوں کی حکومت ہے۔

اسسٹنٹ: ASSISTANT (انگ) مذکر؛ ماتحت، مددگار، معاون، نائب۔

اسطرلاب: (ع) مذکر؛ ستاروں کی بلندی، جگہ اور رفتار معلوم کرنے کا آلہ۔

اَسْفَلْ: (ع) سب سے نیچا، کمینہ، کم رتبہ۔

——السافلین: (اَسْفَلُ سافلین) دوزخ کا سب سے نیچے والا درجہ (طبقہ)۔

اِسْفَنْج: مذکر؛ (اسپنج کا معرب) ابر مردہ، ایک سمندری مخلوق جس کی بناوٹ خانہ دار ہوتی ہے جس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے۔

اِسفندیار: (ف) مذکر؛ (۱) شاہ ایران گشتاسپ کا بڑا بہادر پہلوان بیٹا، (۲) (مجازاً) بہت بہادر۔

اِسْقاط: مذکر؛ گرانا، حمل گرانا، حمل ضائع ہونا۔

اَسْقام: (ع) مذکر؛ جمع سقم کی، برائیاں، عیوب۔

اَسْقُف: (ع) مذکر؛ لاٹ پادری، لارڈ بشپ

اِسکاٹ: SCOT (انگ) مذکر؛ اسکاٹ لینڈ کا باشندہ، اسکاچ

اسکواڈرن/اسکوئیڈرن: SQUADRON (انگ)
مذکر؛ دو ٹروپ یعنی ۱۴۰ سے ۲۰۰ تک سواروں کا فوجی دستہ۔

اسکوائر: ESQUIRE/SQUIRE (انگ) (۱) جناب، تعظیمی لفظ، (۲) مربع، چوراہہ۔

اسکور: SCORE (انگ) مذکر؛ وہ تعداد جو کھلاڑی ٹیم کھیل میں حاصل کرے (جیسے کرکٹ میں ہر دوڑ کی تعداد)

اسکول: SCHOOL (انگ) مذکر؛ (۱) ابتدائی اور ثانوی مدرسہ، تعلیم گاہ، مدرسہ، مکتب، (۲) دبستان۔

اسکوئیش: SQUASH (انگ) مذکر؛ (۱) عرق، شربت، (۲) ایک کھیل۔

اسکیچ: SKETCH (انگ) مذکر؛ (۱) خاکہ، (۲) خلاصہ۔

اسکیم: SCHEME (انگ) مونث؛ (۱) تجویز، منصوبہ، (۲) چال، سازش۔

اِسکینڈل: SCANDAL (انگ) رسوائی، تہمت، شرمناک واقعہ۔

اَسلاف: (ع) (جمع سَلَف کی) اگلے وقت کے لوگ، خاندانی سلسلے کے بزرگ۔

اِسلام: (ع) مذکر؛ گردن جھکانا، ماننا، اطاعت کرنا) دنیا کا ایک مشہور مذہب۔

اَسلحہ: (ع) مذکر؛ (جمع سلاح کی) جنگی ہتھیار، تلوار، توپ، بندوق وغیرہ۔

——— خانہ: اسلحہ رکھنے کی جگہ۔

اَسلَم: (ع) صف؛ نہایت مضبوط۔

اَسلُوب: (ع) مذکر؛ راہ، طور، طرز، روش، طریقہ، صورت۔

اِسم: (ع) مذکر؛ (۱) نام، (۲) علم نحو کی ایک اصطلاح۔

——— اَعظَم: خدا کا بزرگ ترنام۔

——— بامُسمّیٰ: جیسا نام ویسے ہی صفات، نام کے معنی میں جو خوبی ہو وہی نام والے کی ذات میں ہونا۔

——— جَلالی: خدا کا شانِ جلال والا نام۔

——— جمالی: خدا کا شانِ رحمت و جمال والا نام۔

——— ذات: خدا کا نام، اللہ جو اس کی ذات پر دلالت کرتا ہے۔ علم صرف ونحو کی ایک اصطلاح۔

——— لینڈ یارڈ: LANDYARD ——— (انگ)
مذکر؛ لندن کی خفیہ پولیس۔

اسکاچ: SCOTCH (انگ) مونث؛ اسکاٹ لینڈ کی انگریزی بولی، اسکاٹ لینڈ میں بنی شراب
مذکر؛ اسکاٹ لینڈ کا باشندہ۔
صفت؛ اسکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں کے متعلق۔

——— وھسکی: WHISKY ——— (انگ) مونث؛ اسکاٹ لینڈ میں بننے والی شراب، یا اس کی نقل، جو کسی دوسری جگہ کشید کی گئی ہو۔

اسکالر: SCHOLAR (انگ) مذکر؛ (۱) طالب علم۔ (۲) عالم فاضل۔

——— شپ: SHIP ——— (انگ) مذکر؛ (۱) تعلیمی وظیفہ، (۲) علمیت، فضیلت۔

اُسکانا: (ع) اُکسانا، چراغ کی روشنی بڑھانے کے لئے بتی کو ابھارنا، کسی کو جوش دلانا، کسی کام کے لئے ابھارنا۔

اسکاؤٹ: SCOUT (انگ) مذکر؛ (۱) بچوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنے والی ایک عالم گیر جماعت، (۲) دشمن کی سرگرمیوں کے متعلق معلومات فراہم کرنے والے سپاہی، رضاکار

اِسکرپٹ: SCRIPT (انگ) مونث؛ (۱) کہانی یا ڈرامے کا مسوّدہ، (۲) دستی تحریر۔

اِسکرٹ: SKIRT (انگ) مذکر؛ عورتوں کا ایک قسم کا لباس، سایہ، لہنگا

اِسکرین: SCREEN (انگ) مذکر/مونث؛ پردہ، ٹٹی، آڑ، اوٹ۔

اسکرین پلے: SCREEN PLAY (انگ) مذکر؛ منظر نامہ۔

اِسکندَر: سکندر، (۱) یونان کے ایک بادشاہ اور مشہور فاتح کا نام، (۲) دیوارِ سکندری کا بنانے والا۔

اِسکواڈ: SQUAD (انگ) مذکر؛ فوجی سپاہیوں کا چھوٹا دستہ۔

—— نویسی: مونث؛ (۱) گواہوں کی فہرست، ملازمین کے رجسٹر میں نام درج ہونا، (۲) (ع) نسبت سے پہلے دولہا والوں کی جانب سے ضروری معلومات لکھ کر بھیجا جانے والا کاغذ، (۳) نسبت کا رقعہ۔

—— وار: ناموں کی ترتیب سے فرداً فرداً۔

اسمبلی: ASSEMBLY (انگ) مونث؛ انجمن، سبھا، مجلس، مجلس قانون ساز۔

اسمگلر: SMUGGLER (انگ) مذکر؛ چوری سے مال لانے یا لے جانے والا، خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنے والا۔

اِسمگلنگ: SMUGGLING (انگ) مونث؛ چوری سے مال لانا لے جانا، خلاف قانون درآمد یا برآمد۔

اَسناد: (ع) مذکر؛ (بجز سند کی) سندیں، دلیلیں، حجتیں، سرٹی فکٹ۔

اِسنو: SNOW (انگ) مونث؛ (۱) خوشبودار کریم جو چہرے پر لگائی جاتی ہے، (۲) آسمانی برف جو روئی کے گالوں کی طرح ہوتی ہے۔

اَسوار: (ف) سوار، سواری پر چڑھا ہوا۔

اَسوَد: (ع) کالا، سیاہ۔

اسوسی ایشن: ASSOCIATION (انگ) مونث؛ (۱) انجمن، ادارہ، جماعت، گروہ، (۲) تعلق، رابطہ، راہ و رسم۔

اُسوَہ: (ع۔صف) (۱) نمونہ، مثال، (۲) چال ڈھال، ڈھنگ

—— حسنہ: (اضافت کے ساتھ) (۱) اچھا نمونہ، اچھی مثال۔ (۲) وہ اچھا نمونہ جو رسول اللہ نے اپنے عمل سے دنیا میں چھوڑا۔

اِسہال: (ع) مذکر؛ بار بار دست آنا۔

اَسیر: (ع) قیدی۔

اَسیسر: ASSESSOR (انگ) مذکر؛ (۱) پنچ، ثالث، (۲) تشخیص کرنے والا، (۳) ٹیکس یا جائیداد کی لاگت کا اندازہ کرنے والا حاکم، (۴) عوام میں سے مقرر کئے جانے والے لوگ جو مقدمات سننے کے بعد جج کو رائے دیتے ہیں۔

ا ـــــ ش

اِش: بہت چھوٹے دودھ پیتے بچوں کو پیشاب کرانے کا اشارہ۔

اِشارات: (ع) مذکر؛ (جمع اشارہ کی) رمز، کنایے

اِشارَت: (ع) مونث؛ رمز، اشارہ۔

اشاروں اشاروں میں کہنا: اشاروں میں سارا دلی مطلب بیان کر جانا۔

اِشارہ: (ف) مذکر؛ ایما، کنایہ۔

—— پر چلنا: اشارے پر چلنا، (۱) مرضی کے مطابق کام کرنا، (۲) ایما پر عمل کرنا۔

—— بازی: اشاروں میں دلی مطلب ظاہر کرنا، بری باتوں کی طرف اشاروں میں مائل کرنا۔

اشاریت: (ع) مونث؛ (۱) ڈھکے چھپے الفاظ میں مطلب بیان کرنا، (۲) غیر واضح انداز، (۳) ابہام

—— پرستی: غیر واضح انداز کی پیروی۔

—— پسندی: فرانس کے مصوروں اور ادیبوں کی ایک تحریک۔

اِشاریہ: (ع) مذکر؛ کتاب کے اخیر میں ناموں یا مضامین کی فہرست، حروف تہجی کے اعتبار سے دی جانے والی فہرست، انڈکس۔

اش اش: غیر معمولی بات پر انتہائی تعجب سیرت یا خوشی کا اظہار کرنا

اِشاعت: (ع) مونث؛ شائع کرنا، مشہور کرنا، شہرت۔

اَشانت: (ہ) بے چین، بے قرار، مضطرب۔

اِشباع: (ع) مذکر؛ علم عروض کی ایک اصطلاح، حرکات کو اتنا دراز کرنا کہ زبر، زیر، پیش، الف، ی اور واو کی سی آواز دینے لگیں۔

اَشباہ: (ع) مذکر؛ (جمع شبہ کی) نظیریں، شکلیں، صورتیں۔

اِشباہ: (ع) کسی کے مانند ہونا، مشابہ ہونا۔

اَشْبُھ : (ا) نامبارک، منحوس۔
اِشْتِباہ : (ع) مذکر؛ (۱) شُبہہ کرنا، شک، گمان، (۲) مشابہ ہونا۔
اِشْتِداد : (ع) مذکر؛ شدت، زیادتی، شدت پیدا ہونا۔
اُشْتُر : (ف) مذکر؛ اونٹ، شُتر۔
اِشْتِراک : (ع) مذکر؛ ساجھا، شرکت، میل۔
اِشْتراکیت : (ع) مونث؛ (۱) سوشلزم، (۲) سماج کا وہ نظام جس میں پیداوار کی مساوی تقسیم ہو، (۳) اجتماعی طور پر کوئی کام کرنا۔
اِشْتِعال : (ع) مذکر؛ (۱) بھڑکنا، شعلہ اٹھنا، (۲) برہمی اور جوش پیدا ہونا۔
اِشْتِعالک : مونث؛ بھڑکانا، چراغ کی بتی اسکانا۔
اِشْتِغال : (ع) مذکر؛ مشغول ہونا، شغایت۔
اِشْتِقاق : (ع) صفت؛ (۱) ٹوٹ جانے والا، ٹوٹ کر الگ ہونے کی خصوصیت، (۲) ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا مشق کرنا، چیرنا۔
اِشْتِمالیت : (ع) مونث؛ کمیونزم، جس کا بانی کارل مارکس تھا۔
اِشْتِہا : (ع) مونث؛ خواہش، بھوک۔
اِشْتِہار : (ع) مذکر؛ اعلان، اطلاعِ عام، شہرت دینا۔
اِشْتِہار بازی : سستی شہرت حاصل کرنے یا الزام لگانے یا بدنام کرنے کے لیے اشتہاروں کو استعمال کرنا
اِشْتِہاری : (ا) اشتہار دی ہوئی چیزیں، (۲) وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار دیا گیا ہو۔
اِشْتِیاق : (ع) مذکر؛ شوق، آرزو۔
اَشْجار : (ع) مذکر؛ (جمع شجر کی) پیڑ، درخت۔
اَشْخاص : (ع) مذکر؛ (جمع شخص کی) لوگ۔
اَشَدّ : (ع) بہت سخت، شدید ترین۔
اَشُدھ : (ا) ناپاک، ناصاف، غیر خالص۔
اَشَر : (ع) بڑا شریر۔
اَشْرَفُ النّاس : (اَشْرَفُ نَاس) لوگوں میں سب سے بڑا شریر، بدترین آدمی۔
اَشْرار : (ع) مذکر؛ (جمع شریر کی) شریر لوگ۔
اَشْراف : (ع) مذکر؛ (جمع شریف کی) اچھے حسب و نسب کے لوگ۔
—— **پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے** : مثل؛ کمینہ شریف کی نرمی اور تواضع پر اُلٹا اور دلیر ہو جاتا ہے۔
اَشْرافیت : مونث؛ چند لوگوں کی حکومت، حکومت امرا
اَشْرافیہ : (اَشْرَافِیا) (ع) مذکر؛ (۱) شریف لوگ، شریفوں کا طبقہ (۲) بااثر لوگ، جماعتِ امرا۔
اِشْراق : (ع) مذکر؛ (۱) صبح کے بعد کی روشنی کا وقت، (۲) مجازاً، روشن ضمیری، صفائے باطن۔
—— **کی نماز/اِشْراق** : صبح کے بعد سورج بلند ہو جانے پر پڑھی جانے والی نفل نماز۔
اِشْراقیین : وہ گروہ حکما جو اپنے شاگردوں کو دُور بیٹھے توجہ و کشف سے تعلیم دیتے تھے۔
اَشْرَف : (ع) مذکر؛ بڑا شریف، زیادہ بزرگ۔
—— **المخلوقات** : (اَشْرَفُ مَخْلُوقَات) (ا) تمام مخلوق میں بہترین مخلوق، (۲) (کنایتاً) انسان۔
اَشْرَفی : (ف) مونث؛ سونے کا سکّہ۔
—— **بُوٹی** : زریفت اور کمخواب وغیرہ پر اشرفی کے برابر گول بُوٹیاں۔
—— **کا پھُول** : ایک زرد پھول (کچنی بہار کا)، گُلِ اشرفی۔
اَشرفیاں لُٹیں کوئلوں پر مُہر : مثل؛ قیمتی چیزوں اور بڑی رقموں کی پروا نہ کرنا اور چھوٹی چیزوں کی حفاظت اور معمولی خرچ پر نظر رکھنا۔
اَشعار : (ع) مذکر؛ (جمع شعر کی) ابیات۔
اَشغال : (ع) مذکر؛ (جمع شغل کی) کام، مشغلے۔
اَشْغلا : مذکر؛ فتنہ فساد والی بات۔
اَشْقیا : (ع) مذکر؛ (جمع شقی کی) کٹر لوگ، سنگ دل، بدنصیب۔
اَشک : (ف) مذکر؛ آنسو۔
—— **بُلبُل** : (لکھنؤ) (اضافت کے ساتھ) افیم کہ بہت کم مقدار۔
—— **حَسرَت** : (اضافت کے ساتھ) غم اور افسوس کے آنسو۔
—— **ریز** : آنسو جاری رکھنے والا، آنسو ٹپکانے و گرانے والا۔
—— **شمع** : (اضافت کے ساتھ) جلتی ہوئی شمع سے گرنے والے موم کے قطرے۔

—— **آورگیس**: مونث؛ آنسو لانے والی گیس، آنسو گیس۔
اَشکال: (ع) مذکر؛ (جمع شکل کی) شکلیں۔
اِشکال: (ع) مذکر؛ مشکل، دقت، شک، شبہ۔
اَشلوک: (ہ) مذکر؛ (۱) شعر، دوہا، مقفا فقرے۔ (۲) ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کی عبارتیں۔
اَشنان: (ہ) مذکر؛ نہانا، غسل۔
اَشوک: (ہ) مذکر؛ (۱) ایک درخت کا نام، (۲) قدیم ہندوستان کا ایک مشہور بادشاہ۔
اَشہَب: (ع) (۱) سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو، (۲) مذکر؛ سبزہ گھوڑا، (۳) گھوڑا۔
اَشیا: (ع) مونث؛ (جمع شَے کی)، چیزیں۔

ا ـــــ ص

اصابت: (ع) مونث؛ پانی پہنچ پختگی، مضبوطی، درستی۔
اَصالَت: (ع) مونث؛ نطفے کی تاثیر، ذات اور خاندان کا اثر، نسل کی خاصیت۔
—— پر آجانا/ جانا: کمینے کا کمینہ پن کرنا۔
اَصالتاً: (اَصَالَتَنْ)، بہ ذاتِ خود، بلا واسطہ۔
اَصَحّ: (ع) بہت صحیح۔
اَصحاب: (ع) مذکر؛ (جمع صاحب کی) (۱) دوست، ساتھی، مصاحب، (۲) وہ لوگ جو ایمان لانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں بیٹھے یا آپ کو دیکھا۔
—— فیل: (اضافت کے ساتھ) ابرہہ کے ساتھ ہاتھی لے کر خانۂ کعبہ ڈھانے کے لئے آئے ہوئے لوگ۔
—— کہف: (اضافت کے ساتھ) وہ سات خدا پرست جو دقیانوس بادشاہ کے خوف سے غار میں چھپ کر ایک مدت تک سوتے رہے۔ اُن کے ساتھ اُن کا ایک کتا بھی تھا۔
اِصرار: (ع) مذکر؛ تکرار، کسی امر میں بار بار تاکید۔
اَعراف: (ع) مذکر؛ صرف کی جمع، اخراجات۔
اختیار کرنے والوں کو زرد پانی میں غوطہ دینے کی رسم۔ (بپتسمہ دینا)۔
اِصطَبل/ اَصطَبل: (ع) مذکر؛ طویلہ، گھوڑوں کے باندھنے کا چھت دار ٹھکانہ۔
اُصطُرلاب: (یونانی) مذکر؛ علم نجوم کے احکام کے بموجب نقوش اور خطوط کھدا ہوا ایک برنجی آلہ۔
اِصطِلاح: (ع) (۱) ایک گروہ کا کسی بات پر اتفاق کر لینا، (۲) کسی جماعت کا کسی لفظ کو اصلی معنی سے الگ کسی خاص معنی کا حامل قرار دینا، (۳) کسی علم فن یا حرفے کا خاص لفظ۔
اَصغَر: (ع) چھوٹا، بہت چھوٹا۔
اَصفَہان/ اَسپَہان: (ف) ایران کا ایک مشہور شہر۔
اَصفِیا: (ع) مذکر؛ (جمع صفی کی) نیک لوگ۔ برگزیدہ لوگ۔
اَصل: (ع) مونث؛ جڑ، بنیاد، مادّہ، ماخذ، حقیقت، اصلی، بے میل۔
—— اَصل ہے نَقل نَقل ہے: (مقولہ) جو عمدگی اصل میں ہوتی ہے وہ نقل میں نہیں ہوتی۔
—— الاصول: (اَصلُ اُصُول) مذکر؛ لُبِّ لُباب، خلاصہ۔
—— خیر سے: (عو) سلامتی سے، خیر خوبی کے ساتھ۔
—— رَقم/ سَرمایہ: اصل پونجی، اصل رقم سود نفع وغیرہ چھوڑ کر
—— سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں: مقولہ؛ شریف کبھی برائی نہیں کرتا، کمینے سے کبھی بھلائی نہیں ہوتی۔
اَصلا: (ع) ہرگز، کسی طرح۔
اِصلاح: (ع) درست کرنا، سنوارنا، خط بنانا
اَصلی: واقعی، ٹھیک۔
اَصلِیَت: واقعیت، حقیقت۔
—— دینا: درست کرنا، نقص درست کرنا۔
اَصنام: (ع) مذکر؛ (جمع صَنَم کی) (۱) بُت، (۲) (مجازاً) معشوق۔
اُصُول: (ع) مذکر؛ (جمع اصل کی) قاعدے، قانون۔
—— موضوعہ: (اضافت کے ساتھ) علم ریاضی میں کچھ عمل اور باتیں دوسری چیزوں کے ثابت کرنے کے لئے مان لینا۔
اَصیل: (ع) (۱) وہ انسان جس کے باپ دادا شریف تھے۔

(۲) کھانا پکانے والی ماما، خدمت گار عورت۔
——— تیغ: اچھے لوہے کی تلوار۔
——— گھوڑا: اچھی نسل کا گھوڑا۔
——— گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں: (مراد) ہونہار لڑکے کو تنبیہ اور سختی کی ضرورت نہیں۔
——— مُرغ: لڑنے لڑانے والا مُرغ۔ اچھی نسل کا مرغ۔

ا ـــــ ض

اِضافت: (ع) مونث: (۱) لگاؤ، نسبت، علاقہ، (۲) اصطلاح نحو میں ایک اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت کرنا۔
——— بیانی: (اضافت کے ساتھ) جس اضافت میں مضاف الیہ مضاف کا بیان واقع ہو، مثلاً سونے کا پہاڑ، لکڑی کے دروازے۔
——— تخصیصی: (اضافت کے ساتھ) جس اضافت سے مضاف سے مضاف الیہ کا خاص ہونا سمجھا جائے۔ مثلاً میرا کام، تیرا لڑکا۔
——— تملیکی: (اضافت کے ساتھ) جس اضافت میں مضاف مضاف الیہ کا مالک ہونا سمجھا جائے، مثلاً، میرا مال، تیری شال۔
——— توصیفی: (اضافت کے ساتھ) جس میں مضاف الیہ مضاف کی صفت ہو، مثلاً، روزِ روشن۔
——— توضیحی: (اضافت کے ساتھ) جس میں مضاف، مضاف الیہ کی وضاحت کرے مثلاً مارچ کا مہینہ، جمعہ کا دن۔
——— ظرفی: (اضافت کے ساتھ) وہ اضافت جس میں مضاف کا مضاف الیہ ظرف سمجھا جائے یا اس کے برعکس، مثلاً، پانی کا کٹورہ۔
اِضافہ: (ع) مذکر: کسی چیز پر کچھ بڑھانا، بیشی، ترقی۔
اِضافی: (ع) صفت، نسبتی، زائد، اضافہ کیا ہوا، غیر مطلق۔
اِضافیات: (ع) مذکر: (سائنسی اصطلاح) نظریۂ اضافت۔
اِضافیت: (ع) مونث: نظریہ اضافیت نسبتی یا اضافی ہونا۔
اِضطراب: (ع) مذکر: گھبراہٹ، بے قراری۔
اِضطرار: (ع) مذکر: کسی کام کے کرنے پر مجبور ہو جانا، ——— بے قراری۔ بے اختیاری۔
اِضطراریّت: (ع) مونث: بے چینی کی حالت، بے قراری۔
اَضعاف: (ع) دُگنا۔
اَضعافاً مضاعفاً: (ع) دُگنا، تگنا۔
اَضعَف: (ع) بہت کمزور، بہت ضعیف۔
اَضلاع: (ع) مذکر: (جمع ضلع کی) (۱) پہلو، اطراف۔ (۲) صوبے کے چھوٹے حصے، (۳) جیومیٹری کی ایک اصطلاح۔
اِضمحلال: (ع) مذکر: مرجھانا، پژمردگی۔

ا ـــــ ط

اِطاعت: (ع) مونث: حکم ماننا، تابع داری، فرماں برداری۔
اَطالوی: (معرب) مذکر: اٹلی کا باشندہ، اٹلی کی زبان۔
اَطِبّا: (ع) مذکر: (جمع طبیب کی) حکیم، معالج۔
اَطراف: (ع) (جمع طرف کی) (۱) کنارے، سمت، حوالی۔ (۲) اصطلاحِ اطبا میں ہاتھ پاؤں۔
اِطریفل: (ع) مذکر: (ترپھل کا معرب) ترپھلا، ایک معجون کا نام جو ہڑ، بہیڑے اور آملے سے تیار کی جاتی ہے۔
اَطعِمہ: (جمع طعام کی) کھانے۔
اِطفا: (ع) مذکر: بجھانا۔
اَطفال: مذکر: (جمع طِفل کی) چھوٹے بچے۔
اِطلاع: (ع) مونث: آگاہی، خبر۔
اِطلاق: (ع) مذکر: کہنا، بولا جانا، ایک چیز کا دوسری چیز پر حمل کرنا۔
اَطلَس: (ع) مونث: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
اِطمینان: (ع) مذکر: تسلی، تشفی
اِطناب: (ع) مذکر: بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، بات یا عبارت کو طول دینا، مبالغہ آرائی کرنا۔
اَطوار: (ع) (جمع طور کی) روِش، ڈھنگ، چال چلن۔
اَطہار: (ع) مذکر: (جمع طاہر کی) پاک لوگ۔

اَظہَر: بہت پاک۔

ا ـــــ ظ

اِظہار: (ع) مذکّر؛ کھولنا، ظاہر کرنا، بیان۔
—— دینا: عدالت میں مقدمے کی حقیقت بیان کرنا یا لکھوانا۔ گواہوں کا بیان دینا، فنونِ لطیفہ کی ایک اصطلاح۔
اِظہاریت: مونّث؛ ادائے مطلب، اظہار کا وصف۔
اَظہَر: (ع) بہت کھلا ہوا، بہت روشن۔
—— مِنَ الشَّمس: (اَظہَرُ مِنَ الشَّمس) سورج سے زیادہ روشن۔ بیّن، واضح

ا ـــــ ع

اِعادَہ: (ع) مذکّر؛ پھیرنا، کسی فعل یا بات کو دہرانا۔
اِعانَت: (ع) مونّث؛ مدد، مدد دینا۔
اِعتِبار: (ع) مذکّر؛ بھروسہ، یقین، اعتماد۔
اِعتِباری: مُعتبر، بھروسہ کے لائق
اِعتِدال: (ع) مذکّر؛ برابر اور یک ساں ہونا، کمی نہ زیادتی، میانہ روی۔
—— پر آنا: (۱) مُعتدِل ہونا، (۲) بحال ہونا، (طبیعت کے واسطے)۔
اِعتِذار: (ع) مذکّر؛ عُذر کرنا، معذِرت کرنا۔
اِعتِراض: (ع) مذکّر؛ شبہہ کرنا، عیب نکالنا۔
—— اُٹھنا: (۱) اعتراض رفع ہونا، (۲) کسی پر اعتراض ہونا۔
اِعتِراف: (ع) مذکّر؛ مان لینا، اقرار، تسلیم کرنا۔
اِعتِقاد: (ع) مذکّر؛ دل میں کوئی بات مضبوطی سے قائم ہونا۔
اِعتِکاف: (ع) مذکّر؛ (۱) مقررہ مدّت تک عبادت کے لئے مسجد میں بیٹھ جانا اور سوائے ضروری حاجتوں کے کسی اور کام سے باہر نہ جانا، (۲) عبادت کے لئے گوشہ نشینی۔
اِعتِماد: (ع) مذکّر؛ یقین، ساکھ، بھروسہ۔
اِعتِنا: (ع) مونّث و مذکّر؛ غم خواری کرنا، اہتمام، پروا، توجّہ۔
اِعجاز: (ع) مذکّر؛ (۱) معجزہ، خرقِ عادت، انسانی طاقت سے بڑھ کر کوئی کرامت۔ (۲) (مجازاً) غیر معمولی کمال۔
—— بیان: (اضافت کے ساتھ) تقریر اور کلام کا پُر تاثیر ہونا۔
—— مسیحائی: (اضافت کے ساتھ) حضرت عیسیٰ کا مُردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ۔
اعجُوبہ (اَعجُوبہ): (ع) عجیب، انوکھا، نادر، عجیب چیز، اچنبھا۔
اَعدا: (ع) مذکّر؛ (جمع عدُو کی) دشمن، مخالف۔
اَعداد: (ع) مذکّر؛ (جمع عدد کی) ہندسے۔
اَعراب: (ع) مذکّر؛ عرب کے صحرانشین۔
اِعراب: (ع) مذکّر؛ حرکات و سکنات، زیر، زبر، پیش وغیرہ۔
اَعرابی: اَعراب کی طرف منسوب، عرب کا صحرانشین۔
اَعراض: (ع) مذکّر؛ (جمع عرض کی) اصطلاحِ فلسفہ و منطق۔ بذاتِ خود قائم نہ رہنے والی چیزیں، کسی سے وابستہ رہنے والا وجود جیسے رنگ۔
اِعراض: (ع) مذکّر؛ روگردانی، چشم پوشی، بے التفاتی۔
اَعراف: (ع) مذکّر؛ دوزخ اور بہشت کے بیچ میں ایک مقام۔
اَعِزّا: (ع) مذکّر؛ (جمع عزیز کی) بھائی بند، رشتے دار۔
اِعزاز: (ع) مذکّر؛ عزّت، توقیر، مرتبہ، عزّت دینا۔
اَعصاب: (ع) مذکّر؛ (جمع عَصَب کی) بدن کے پٹھے مجازاً ذہنی حواس
اَعصاب زَدگی: (ع۔ف) مونّث؛ ذہنی تناؤ، بے سکونی، بے چینی، انتشار۔
اَعضا: (ع) مذکّر؛ (جمع عضو کی) بدن کے اجزا، ہاتھ، پاؤں وغیرہ۔
—— ٹوٹنا: بدن کے جوڑ میں درد ہونا۔
—— شکنی: بدن ٹوٹنا، سارے جسم میں درد ہونا۔
اَعضائے رئیسہ: جسم کے اہم حصّے دل، جگر اور دماغ وغیرہ
اَعظم: (ع) بہت بڑا، سب سے بڑا۔
اَعلیٰ/اَعلا: (ع) بہت بلند، معزز آدمی۔
اِعلام: (ع) مذکّر؛ خبر دینا، پروانہ، نوٹس، سرکاری اعلانیہ۔
اَعلام: (ع) مذکّر؛ علم کی جمع، جھنڈے
اِعلامیہ: (ع) مذکّر؛ (۱) کسی حکومت یا موقّر جماعت کی طرف

اِعْلان : (ع) مذکر؛ اظہار، ظاہر کرنا، عام اطلاع۔
اَعمال : (ع) (جمع عمل کی) افعال، کام۔
——— نامہ : (۱) وہ رجسٹر جس میں کراماً کاتبین انسان کے اچھے بُرے اعمال لکھتے ہیں (۲) وہ رجسٹر جس میں سرکاری ملازمین کے حالات درج ہوتے ہیں
اَعوان : مذکر؛ (جمع عَون کی) مددگار۔
اَعیان : (اَعْ۔یان) (ع) مونث؛ (۱) پانی کا چشمہ، سورج، کرن، سونا، (۲) (تصوّف کی اصطلاح) چیز کی اصلی حقیقت۔
——— ثابتہ : (ثا۔بتا) (تصوّف کی اصطلاح) تخلیقِ کائنات سے پہلے خدا کے علم میں کائنات و موجودات کی صورتیں۔
——— خارجہ (خا۔رِجا) (تصوّف کی اصطلاح) اعیان ثابتہ کا اظہار جسم و صورت میں، مظاہر و موجودات، عالم ظاہر۔

ا ـــــ غ

اَغذیہ : (ع) مونث؛ (جمع غذا کی) غذائیں۔
اَغراض : (ع) مذکر؛ (جمع غرض کی) حاجتیں، مطالب۔
اَغلاط : (ع) مذکر؛ (جمع غلط کی) غلطیاں، بھول چوک۔
اَغلاق : (ع) مذکر؛ مشکل کرنا، مُغلق کرنا، پیچیدہ ہونا۔
اِغلام : (ع) مذکر؛ لڑکے کے ساتھ بُرا فعل کرنا، لواطت۔
اَغلب : (ع) قوی گمان، غالب تر۔
اَغل بَغل : (اغل تابع مہمل) اِدھر اُدھر، دائیں بائیں، آس پاس۔
اِغماض : (ع) مذکر؛ بے پروائی، بے التفاتی۔
اَغنیا : (ع) مذکر؛ (جمع غنی کی) دولت مند لوگ۔
اِغوا : (ع) مذکر؛ (۱) ورغلانا، بہکانا۔———
——— اٹھا لے جانا، غائب کر دینا۔
اَغیار : (ع) مذکر؛ (جمع غیر کی) (۱) بیگانے جو عزیز یا دوست نہ ہوں، (۲) مجازاً؛ دشمن یا رقیب۔

ا ـــــ ف

اُف : (ع) مونث؛ (۱) بے چینی اور تکلیف کے اظہار کا کلمہ، اوہ اور آہ کے ہم معنی، (۲) کلمۂ افسوس
——— اُف کرنا؛ کراہنا، آہ آہ کرنا۔
——— ترا کاٹا نہ جئے؛ (مقولہ) تجھ یا اُس ایسے نہایت مفسد اور دغاباز کی فتنہ پردازی کا علاج نہیں، اس کی شر انگیزی سے بچنا محال ہے۔
——— رے؛ ہائے رے، کسی چیز کی بے حد زیادتی کا اظہار۔
——— نہ کرنا؛ بہت ضبط کرنا، کسی تکلیف کا شاکی نہ ہونا۔
اِفادت : (ع) مونث؛ فائدہ پہنچانا، مفید ہونا۔
اِفادہ : (ف) مذکر؛ فائدہ، نفع۔
اِفادیّت : (ع) مونث؛ فائدہ مندی، منفعت، نفع، مقصدیت۔
——— پسند؛ (۱) فائدہ چاہنے والا، ہر کام نفع کی خاطر کرنے والا، (۲) (طنزاً) تاجرانہ ذہنیت رکھنے والا
اَفاغنہ : (اف) مذکر؛ (جمع افغان کی) افغانی۔
اِفاقہ : (ع) مذکر؛ بیماری کی تکلیف میں کمی ہونا، بیماری گھٹنے لگنا، صحت پانا، آرام۔
اُفتاد : (ف) مونث؛ (۱) اتفاقیہ حادثہ، سانحہ، (۲) ڈھنگ، خلقت، فطرت، عادت۔
——— طبع؛ (اضافت کے ساتھ) مزاج کا ڈھنگ، عادت۔
اِفتادگی : عاجزی، خاکساری، بے چارگی۔
اُفتادہ : (۱) گرا ہوا، عاجز، (۲) (زمین) غیر آباد، وہ زمین جس پر کاشت نہ ہوتی ہو۔
اُفتاں و خیزاں : (ف) گرتے پڑتے، بدحواسی کی حالت۔
اِفتتاح : (ع) مذکر؛ کھولنا، شروع کرنا، اُدگھاٹن۔
اِفتخار : (ع) مذکر؛ (۱) فخر کرنا، ناز کرنا (۲) عزت۔
اِفترا : (ع) مذکر؛ بہتان، تہمت۔
——— پرداز؛ تہمت لگانے والا، مفسد۔
اِفتراق : (ع) مذکر؛ جدا کرنا، جدائی پھوٹ
اَفراتفری : مونث؛ ہل چل، گھبراہٹ، تہلکہ، بدنظمی۔

اَفراد: (ع) مذکر؛ (جمع فرد کی) اشخاص، لوگ۔
افراسیاب: (ف) توران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام (۲) طلسم ہوش ربا کا ایک کردار
اِفراط: (ع) مونث؛ کثرت؛ زیادتی حد اعتدال سے بڑھ جانا
اِفراط و تفریط: حدِ اعتدال سے بڑھی ہوئی کمی یا زیادتی۔ توازن باقی نہ رہنا۔
اِفراطِ زر: (مونث) دولت کا پھیلاؤ، بہتات زر، ملک میں مصنوعی طریقے سے دولت کا پھیلاؤ۔
اَفزائش: (ف) مونث؛ بڑھوتری، زیادہ ہونا، ترقی۔
اَفسانہ: (ف) مذکر؛ کہانی، قصہ، داستان، بے اصل بات۔
——— چھڑنا: چرچے ہونا، بات کا پھیلنا۔
——— چھیڑنا: گزشت بیان کرنا، قصے شروع کرنا۔
——— خواں: داستان کہنے والا قصہ گو۔
——— رہ جانا: اصل چیز نہ رہنا اُس کا چرچا باقی رہ جانا۔
——— ہونا: شہرت پانا، مشہور ہونا۔
اَفسر: (ف) مذکر؛ تاج۔
اَفسر: مذکر؛ (آفیسر) حاکم، سردار، سربراہ۔
اَفسُردگی: (ف) طبیعت کا مرجھانا، اداسی۔
اَفسُردہ: مرجھایا ہوا، اداس، غم گین۔
——— خاطر/دل: اداس، رنجیدہ، ملول۔
اَفسوس: مذکر؛ رنج و تاسف، حسرت۔
——— دل گڑھے میں: (مزاحاً) کسی چیز کو دیکھ دیکھ کر للچانا اور بس نہ چلنا۔
اَفسوں: (ف) مذکر؛ جادو، منتر۔ (۲) فریب، مکر۔
——— پھونکنا: منتر پڑھ کر دم کرنا۔
——— چلنا: جادو کارگر ہونا، منتر کا اثر ہونا، تدبیر کا بااثر ہونا۔
ساز: جادوگر۔
اِفشا: (ع) ظاہر کرنا، فاش کرنا۔
اَفشاں: ماتھے اور بالوں پر چھڑکنے کی مقیش یا گوٹے کی کترن۔
——— اُترنا: چنی ہوئی افشاں کا چھوٹ جانا۔
——— چننا یا جمانا: ماتھے بالوں پر افشاں لگانا یا چھڑکنا۔

اَفشُردہ: (ف) کسی کھٹی چیز کا نچوڑا ہوا عرق، وہ شربت جس میں لیموں فالسے وغیرہ کا عرق نچوڑ کر کھٹاس کے لئے شامل کیا گیا ہو؛ نچوڑا ہوا۔
اَفشُرہ: افشردہ کا مخفف۔
اَفصح: (ع) بہت فصیح۔
اَفضال: (ع) مذکر؛ (جمع فضل کی) بخشش کرنا، مہربانی کرنا، مہربانی، فضل۔
اَفضل: بہت فضیلت رکھنے والا۔ سب سے اچھا۔
اَفضلیت: مونث؛ بزرگی، بڑائی۔
اِفطار: (ع) مذکر؛ روزہ کھولنا۔
اِفطاری: روزہ کھولنے کے لئے کھائی جانے والی چیزیں۔
اَفعال: مذکر؛ (جمع فعل کی) (۱) کام، اعمال۔ (۲) تاثیریں، خواص۔
اَفعی: (ف) مذکر؛ (۱) ایک نہایت زہریلا سانپ جس کے متعلق مشہور ہے کہ زمرد دیکھنے سے اندھا ہو جاتا ہے۔ (۲) عام زہریلا سانپ۔ (۳) (مجازاً) نہایت چالاک، شریر، بڑا موذی انسان۔
اَفغان: (ف) مذکر؛ (۱) افغانستان کا رہنے والا، پٹھان۔ (۲) (مونث؛ فریاد، نالہ، شور، فغاں۔
اَفغانستان: اَفغانوں (پٹھانوں) کا ملک۔
اُفق/اُفُق: (ع) مذکر؛ آسمان کا کنارہ، آسمان کا زمین سے ملا نظر آنے والا حصہ۔
اَفکار: (جمع فکر کی) (۱) تردد، انتشار، ——— (۲) کلام، شعر و سخن۔
اَفکار/فِگار: (ف) زخمی، چاک چاک۔
اَفلاس (اِفلاس): مذکر؛ غریبی، محتاجی، مفلسی۔
اَفلاطون/فلاطون: (۱) یونان کا ایک مشہور فلسفی۔ پلیٹو کا مقرب، ارسطو کا استاد، سقراط کا شاگرد۔ (۲) مجازاً؛ بڑا چالاک آدمی یا تیز ذہن کا آدمی۔
اَفلاک: (ع) مذکر؛ (جمع فلک کی) آسمان۔
افواج: (ع) مونث؛ (جمع فوج کی) لشکر۔

اَفواہ: مونث؛ (جمع فوہ کی) (اردو میں بطورِ واحد مستعمل ہے)۔
اڑتی ہوئی خبر، شہرت پائی ہوئی بے اصل خبر۔
——— عام: (اضافت کے ساتھ) عام چرچا، عام لوگوں میں پھیلی ہوئی بات۔
اَفواہاً: (اَفواہن) ایک عام خبر کے طور پر جس کی صحت و عدم صحت مشتبہ ہو۔
اُفّوہ: (۱) تعجب کا کلمہ، (۲) زیادہ تکلیف کے اظہار کا کلمہ۔
اِفہام: (ع) مذکر؛ سمجھانا۔
——— تفہیم: سمجھا بجھا کر، سمجھنا سمجھانا۔
اَفیم/اَفیون: مونث؛ مشہور نشیلی چیز۔
——— چڑا: بہت افیم کھانے والا۔
اَفیمی/اَفیونچی: افیم کا عادی، افیم کا نشہ کرنے والا۔
اَفیون: (ع) مونث؛ افیم۔
——— گھولنا: افیمیوں کے خاص انداز میں افیم روئی سے پانی میں گھولنا۔
اَفیونی: افیم کا عادی، نشے باز۔
——— جنونی: مقولہ؛ بھکی۔

ا ——— ق

اَقارِب: (ع) مذکر؛ (جمع اَقرب کی) رشتے دار، عزیز، قرابت والے۔
اَقالیم: (ع) (جمع اقلیم کی) ممالک
اِقبال: (ع) مذکر؛ خوش نصیبی، زمانے کا موافق ہونا۔
——— بلند ہونا/چمکنا: نصیب اونچے ہونا، حالات بہت سازگار ہونا
——— مند: قسمت کا دھنی، خوش نصیب، اقبال مند۔
اِقبالی: اقبال کرنے والا، اقرار کرنے والا۔
——— مُجرِم: اپنے جرم کو مان لینے والا مُجرِم۔
اِقتباس: (ع) مذکر؛ (۱) روشنی لینا، (۲) کسی عبارت سے کوئی مفید مطلب ٹکڑا لے لینا۔
اِقتدا: (ع) مونث؛ (۱) پیروی کرنا، کسی کی تقلید، (۲) امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔
اِقتدار: (ع) مذکر؛ طاقت ور ہونا، مرتبہ، اختیار، طاقت۔
اِقتران: (ع) مذکر؛ نزدیک ہونا۔
اِقتضا: (ع) مذکر؛ چاہنا، خواہش کرنا، سزاوار، تقاضہ۔
اَقدار: (ع) مذکر؛ مونث؛ (قدر کی جمع) مجازاً اصول۔
اَقدام: (ع) مذکر؛ (جمع قدم کی) پانو، قدم۔
اِقدام: (ع) مذکر؛ پیش قدمی کرنا۔
——— خودکشی: (اضافت کے ساتھ) اپنے آپ کو ہلاک کرنے کی کوشش کرنا۔
——— قتل: (اضافت کے ساتھ) کسی کو مار ڈالنے کے لئے کوئی حرکت یا عمل کرنا۔
اَقدس: (ع) بہت پاک۔
اِقرار: (ع) مذکر؛ قبول کرنا، وعدہ، عہد و پیمان۔
اِقراری: اقبالی، اعتراف کرنے والا۔
اَقران: (ع) مذکر؛ (جمع قرین کی) یا ں نزدیک کے لوگ۔
اَقرب: (ع) بہت نزدیک۔
اَقربا: (جمع قریب کی) بھائی بند، نزدیکی رشتے دار۔
اَقساط: (ع) مذکر؛ (جمع قسط کی) (۱) حصے، ٹکڑے، (۲) مجازاً، ٹکڑے ٹکڑے کر کے رفتہ رفتہ ادا کی جانے والی رقم (۳) کسی چیز یا مضمون وغیرہ کے تھوڑے تھوڑے حصے۔
اَقسام: (ع) (جمع قسم کی) کئی طرح کے۔
اَقصیٰ/اَقصا: (ع) بہت دور۔
اَقطار: (ع) (جمع قطر کی) کنارے۔
(ف) (جمع قطار کی) صفیں۔
اَقطاع: (ع) مذکر؛ (جمع قطعہ کی) ٹکڑے، اطراف زمین۔
اَقل: (ع) بہت کم، بہت چھوٹا، حقیر۔
——— درجہ: کم سے کم۔
اقلیت: مونث؛ کم تعداد والا فرقہ یا گروہ (سیاسی اصطلاح)
اُقلیدِس: (۱) علم ہندسہ، (۲) مصر کے ایک مشہور ریاضی داں کا نام
اقوال: (ع) (جمع قول کی) باتیں، مقولے۔
اقوام: (ع) (جمع قوم کی) قومیں۔

ا ـــــ ک

اِک، یک: ایک کا مخفف۔
ـــــ اکیلا: تنِ تنہا۔
ـــــ بات کی بات: (۱) دم بھر، (۲) (کنایتاً) بہت تھوڑا زمانہ۔
ـــــ بار: دفعتاً، یکایک، ایک مرتبہ۔
ـــــ بارگی: (۱) ایک ہی دفعہ (۲) دفعتاً، یکایک، اچانک۔
ـــــ تارا: (۱) مہین دردراکپڑا، (۲) ایک تار کا باجا۔
ـــــ جا: اکٹھا، ایک جگہ۔
ـــــ چیز ہونا: یکتا ہونا، نایاب ہونا، قابلِ قدر ہونا۔
ـــــ خدائی: تمام عالم، بہت سے لوگ۔
ـــــ دَرا: ایک در کا والا۔
ـــــ دِل ہونا: متفق ہونا۔
ـــــ دَم: اِک بارگی۔
ـــــ ڈال: (۱) ایک قسم کی، یکساں، (۲) کسی ایک ہی چیز کی مکمل بنی ہوئی چیز۔
ـــــ ذرا: تھوڑا سا، کچھ۔
ـــــ رُخی: ایک طرف کے رُخ کی۔
ـــــ سار: یک ساں، برابر، سطح۔
ـــــ عُمر: بہت مدّت، بڑا وقت۔
ـــــ یک قلم: بالکل، یک لخت۔
ـــــ گونہ: کسی قدر، تھوڑا سا۔
ـــــ لخت: بالکل، تمام و کمال۔
اِکّا (یکّہ): مذکّر: (۱) دیکھو یکّہ، (۲) تاش کے ایک نشان کا پتّا، (۳) بازو پر باندھنے کا ایک زیور جس میں ایک بڑا نگینہ جڑا ہوتا ہے۔
ـــــ تنہا: صرف خود، تنہا، اکیلا۔
ـــــ دُکّا: بغیر زیادہ ساتھیوں کے، ایک آدھ، خال خال۔
اکابِر: (ع) (جمع اکبر کی) بڑے آدمی، مقتدر لوگ۔
اَکارَت: (ا ف) بے کار، بے نتیجہ، برباد، بے فائدہ۔
اَکال: (ا ف) مونث: قحط، خشک سالی۔
اَکالی: (ا ف) (ا) سکھ قوم کا ایک فرقہ۔
اِکاؤنٹ: ACCOUNT (انگ) مذکّر: حساب، شمار۔
ـــــ بک: BOOK ـــــ (انگ) مونث: حساب کی کتاب، بہی کھاتہ۔
اِکاؤنٹینٹ: ACCOUNTANT (انگ) مذکّر: محاسب، حساب آنے والا منیم
ـــــ جنرل: GENERAL ـــــ (انگ) مذکّر: محکمہ حسابات کا اعلیٰ افسر، صدر محاسب۔
اِکاؤنٹینسی: ACCOUNTANCY (انگ) حساب رکھنے کا فن۔
اِکائی: (ا ف) مونث: (۱) ایک (۲) شمار کا پہلا درجہ، (۳) ایک سے نو تک ہر ہندسے کا نام۔
اَکبر: (ا) بہت بڑا، (۲) خاندانِ مغلیہ کا تیسرا بادشاہ جلال الدین محمد اکبر۔
اُکتانا: کسی چیز سے دِل بھر جانا، بیزار ہونا، طبیعت اُچٹ جانا
اِکتِساب: (ع) مذکّر: خود اپنی کوشش سے حاصل کرنا، کمانا۔
اِکتِفا: (ع) مونث: مذکّر: کفایت کرنا، بس کرنا۔
ـــــ کرنا: قناعت کرنا، کافی سمجھنا، زیادہ لالچ نہ کرنا۔
اکتوبر: (انگ) مذکّر: عیسوی سال کا دسواں مہینہ۔
اَکثر: (ع) بہت زیادہ، کئی بار، بارہا
اِکرام: (ع) مذکّر: بزرگی، عزّت، توقیر۔
اکثریت: (مونث): وہ قوم جس کے افراد کی تعداد دوسری قوموں کی تعداد سے زیادہ ہو۔ (سیاسی اصطلاح)
اِکراہ: (ع) مذکّر: کراہت، نفرت۔
اَکڑ: مونث: تناؤ، خود داری، گھمنڈ، آن بان۔
ـــــ باز: نہایت مغرور، اکڑ دکھانے والا۔
ـــــ تکڑ: (تکڑ، تابع مہمل) آن بان، جوش، بانک پن۔
ـــــ فُوں/پھُوں: خواہ مخواہ اینٹھنا، بانک پن جتانا۔
اکڑنا: (ا) تننا، سینہ ابھرنا، کسی بات پر لیش سے اڑنا، (۲) گھمنڈ کرنا، (۳) کشیدہ رہنا، بگڑ بیٹھنا، (۴) اعضا کا اینٹھ جانا۔

اُکڑُو/اُکڑُوں: گھٹنا، دوزانو۔
—— بیٹھنا: ایک قسم کی بیٹھک، گھٹنے پیٹ سے اور پنڈلیاں رانوں سے ملا کر ٹخنوں کے بل بیٹھنا۔
اِکزیبی ٹر: EXHIBITOR (انگ) نمائش کرنے والا۔
اِکزِبیشن: EXHIBITION (انگ) مونث: نمائش، تماشہ۔
اُکسانا: اُکسانا، ابھارنا، آمادہ کرنا۔
اِکسائز: EXCISE (انگ) مذکر: چنگی، محصول۔
—— ڈیپارٹمنٹ، DEPARTMENT —— آب کاری کا محکمہ۔
اِکسپرٹ: EXPERT (انگ ـ صفت) ماہر، مشاق۔
اِکس پورٹ: EXPORT (انگ) تجارتی مال دوسرے ملکوں کو بھیجنا۔
اِکسپریس: EXPRESS (انگ) خاص، تیزی سے۔
—— ٹرین: TRAIN —— خاص خاص اسٹیشنوں پر ٹھہرنے والی تیز رفتار گاڑی۔
—— ڈیلیوری: DELIVERY —— وہ ڈاک جس کی تقسیم خاص ہرکارہ فوراً کرتا ہے۔
اِکسٹرا: EXTRA (انگ) (۱) فالتو، ضرورت سے زائد۔ (۲) (فلمی اصطلاح) وہ اداکار جن کو فلم میں بہت معمولی کام کے لئے عارضی طور پر رکھا گیا ہو۔
اُکسنا: اُبھرنا، ہٹنا، ہلنا، سر اٹھانا، پنپنا۔
اُکسیر/اِکسیر: مونث: (۱) کیمیا، (۲) وہ شے جس سے تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بناتے ہیں، (۳) کسی بیماری کی زود اثر دوا، (۴) (مجازاً) نہایت فائدے مند۔
اِکفا: (ع) مذکر: علمِ عروض کی ایک اصطلاح، قافیے کا ایک عیب۔
اَکل: (ع) مذکر: کھانا۔
—— حلال: (اضافت کے ساتھ) حلال کمائی، محنت کی جائز کمائی۔
—— وشرب: کھانا پینا۔
اَکل کھرا: مذکر: کسی کو شریک نہ کر کے اکیلا کھانے والا۔ خود غرض، تنہا اپنا فائدہ چاہنے والا۔
اِکلوتا: اکیلا
اِکلوتی اَولاد: اکیلا بیٹا یا بیٹی۔
اِکمال: (ع) مذکر: پورا ہونا، کامل ہونا۔
اَکمل: (ع) بہت بڑا، بہت کامل، بالکل پورا۔
اَکناف: (ع) مذکر: اطراف۔
اِکنالجمنٹ: ACKNOWLEDGEMENT (انگ) مونث: رسید، اقرار، سند وصولیابی۔
اکول: (ع) پیٹو، بہت کھانے والا۔
اِکہرا: جس میں دوئی نہ ہو۔ ایک تہ کا، مجرد، اکائی۔
—— بدن: دبلا اور چھریرا بدن۔
اِکہرا: مذکر: (۱) ایک تہ کا، (۲) سیدھا سادہ، سادہ مزاج۔ (۳) سلجھا ہوا، بے نقاب (شخص)، (۴) بے باک۔
—— پن: (۱) سیدھا پن، سادگی، سادہ مزاجی (۲) سلجھی ہوئی ذہنیت (۳) بے باکی۔
اِکہری سواری: ڈولی، ایک ہی شخص کے بیٹھنے کے قابل سواری، تنہا سواری۔
اَکید: محکم، استوار۔
اکیڈیمی/اکاڈمی/اکادمی: ACADEMY (انگ) مونث: (۱) اسکول، علمی ادارہ، (۲) انجمن، (۳) افلاطون کا مدرسہ۔
اِکیس: ۲۱ کا عدد، بیس اور ایک۔
—— پان کا بیڑا: دولھا کو آرسی مصحف کے بعد رسماً کھلایا جانے والا پان کا بیڑا۔
—— ہونا/رہنا: غالب ہونا، غالب رہنا۔
اکیلا: تنہا۔
—— چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا: مثل: جو کام کئی آدمیوں کے بغیر ممکن نہ ہو اکیلا آدمی نہیں کر سکتا۔
—— ہنستا بھلا نہ روتا: مثل: انسان تنہا ہو تو خوشی یا غم کسی میں مزا نہیں ملتا یعنی آدمی سماج میں رہتا ہے تو سب کے ساتھ ہر بات میں شرکت اچھی لگتی ہے۔
اُکیلنا: (عم) (۱) چھیلنا، اُدھیڑنا، (۲) بٹے ہوئے دھاگے کا

بل کھولنا۔

اَکیلے دُکیلے: ایک دو آدمی، بہت کم تعداد۔

—— **کا اللہ بیلی**: تنہا آدمی کا خدا حافظ، اکیلا انسان ہمیشہ خطرے میں رہتا ہے۔

ا —— کھ

اَکھاڑا: مذکر؛ (۱) کشتی کی جگہ، دنگل، پہلوانوں کے کسرت کرنے اور کشتی لڑنے کی جگہ، (۲) خاص خاص لوگوں کا جم گھٹا۔

—— **بانک پٹے والوں کا**: پھکیت اور بانک پٹے والوں کا جم گھٹا۔

—— **جُمنا**: کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا۔

اکھاڑے کا جوان: مضبوط، مردِ میدان۔

—— **میں اُترنا**: لڑنے کے لئے پہلوانوں کا اکھاڑے میں آنا۔

اُکھاڑ پچھاڑ: مونث؛ (۱) موقوفی، بحالی، تغیر تبدل، درہم برہمی۔ (۲) لگائی بجھائی، دراندازی۔

اُکھاڑنا: (۱) جمی ہوئی چیز کو بنیاد سے نکال دینا، درخت کو جڑ سے نکال دینا، (۲) جوڑ سے ہٹا دینا، (۳) کسی کی رائے بدل دینا، ارادے سے باز رکھنا، ہٹا دینا۔

اِکھٹا/اِکٹھا: ایک جگہ ہونا، جمع، فراہم، ایک ساتھ۔

اَکھرنا: (دہلی) کھل جانا، ناگوار گذرنا، بارِ خاطر ہونا۔

اَکھڑ: اُجڈ، سخت مزاج، گنوار۔

—— **پَن**: اُجڈ پن، جہالت، سخت مزاجی۔

اُکھڑا رہنا: میل ملاپ نہ رکھنا، الگ تھلگ رہنا۔

اُکھڑنا: (۱) جمی ہوئی چیز کا بنیاد سے الگ ہونا، جڑ سے نکل جانا، عضو کا جوڑ سے ہٹ جانا، (۲) بے زار اور برداشتہ خاطر ہونا۔ بھاگ نکلنا، (۳) مغلوب اور عاجز ہونا، رسوخ جاتا رہنا۔

اُکھڑی اُکھڑی باتیں/اُکھڑی گفتگو: بے سروپا باتیں، بے تکی باتیں، سوال کچھ جواب کچھ، رنجش آمیز باتیں۔

اَکشر: (ہ) مذکر؛ حروف تہجی۔

اَکھنڈ: مذکر؛ پورا، سالم، تمام۔

اَکھو مَکھو: مونث؛ عورتوں کا کھلا ہاتھ چراغ کی لو کے قریب لے جا کر گود کے بچوں کے منہ پر پھیرتے ہوئے یہ دعا کہنا اکھو مکھو میاں کو اللہ رکھو۔

اُکھیڑ: مونث؛ (پہلوانوں کی اصطلاح) زمین سے اُٹھانا۔

—— **دینا**: اکھاڑنا، کسی کی صحبت سے نکلوا دینا۔

ا —— گ

اُگارنا: متعدی؛ کنویں کی مٹی نکالنا، کنواں صاف کرنا۔

اَگاڑی: مونث؛ آگے، گھوڑے یا گدھے کے اگلے پاؤں باندھ کر میخوں میں باندھنے کی رسّی۔

—— **پچھاڑی تڑانا**: تمام بندھنوں کو توڑ کر بھاگ کھڑے ہونا۔

اُگال: مذکر؛ پان کھا کر پھوک وغیرہ ملا ہوا تھوک۔

—— **دان**: پیک دان، اگال وغیرہ تھوکنے کا برتن۔

اُگانا: پیدا کرنا۔

اُگاہنا: کرایہ، چندہ، قرض کی قسطیں، واجبات وصول کرنا۔ اکٹھا کرنا۔

اُگاہی: قسطوں میں وصول کیا جانے والا سودی قرضہ۔

اَگد: آگے بڑھانے کے لئے فیل بان کا ہاتھی کو بار بار کہنے کا کلمہ، اگد اگد اگد۔

اَگر: حرفِ شرط۔

اَگرچہ: اگر کے ساتھ 'چہ' تاکید یا کبھی حُسنِ بیان کے لئے۔ ہر چند، باوجودے کہ۔

—— **مگر**: حیلہ حوالہ، لیت ولعل۔

—— **مگر کرنا**: ہچکچانا، پس وپیش کرنا۔

اَگر: جلنے سے خوشبو دینے والی پہاڑی درخت کی لکڑی۔

—— **بتّی**: اگر کے بُرادے اور دوسری چیزیں ملا کر جلانے کے لئے بنائی جانے والی بتّی۔

—— **دان/سوز**: اگر بتّی لگا کر جلانے کی چیز۔

اُگرنا: لازم؛ کنویں کا صاف ہونا۔

اَگروال: بنیا قوم کا ایک فرقہ۔

اَگری: گہرے کشمشی رنگ سے ملتا جلتا رنگ۔

اگڑم بگڑم: (۱) مہمل لایعنی باتیں، (۲) آناپ شناپ چیزیں۔
اگست: (انگ) مذکر؛ عیسوی سال کا آٹھواں مہینہ۔
اُگل آنا/اُگل پڑنا: (۱) نگلی ہوئی چیز کا باہر نکل پڑنا، (۲) باہر اُبھرا ہوا ہونا۔
اُگل اُگل کے کھانا: بے رغبتی سے کھانا، جی نہ چاہنے کی حالت میں کھانا۔
اُگل دینا: (۱) کسی چیز کا پیٹ سے نکال ڈالنا، (۲) بُرا بھلا کہہ دینا، (۳) صحیح صحیح واقعہ بیان کر دینا۔
اُگلنا: (۱) مُنہ سے باہر نکالنا، تھوکنا، (۲) تلوار کا میان سے نکل پڑنا، (۳) کوئی راز کی بات پیٹ میں نہ سمانا، بیان کر دینا۔
اُگل نگل کر کھانا: بہت بے رغبتی سے کھانا، زہر مار کر لینا۔
اگلا: (۱) پہلا، گذشتہ، (۲) آئندہ۔
—— پچھلا: پہلا اور پچھلا۔
اگلی باتیں: پرانی باتیں۔
اگلے پچھلے: متقدمین اور متاخرین، پہلے اور بعد والے۔
—— زمانے والے: (۱) پرانے زمانے کے لوگ، پرانے آدمی۔ (۲) مجازاً: بھولے بھالے سیدھے سادے لوگ۔
—— نے کیا پچھلے پر آتی: مثل: بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی۔ کیا کسی نے چھپ گیا کسی کے سر۔
اگن: (۱) ایک چھوٹے خوش آواز پرندے کا نام، (۲) آگ۔
—— بوٹ: اسٹیمر (چھوٹا جہاز)
اگن: (ہ) بے گُن، بے ہنر، بے وقوف۔
اُگنا: نباتات کا پیدا ہونا، نکلنا۔
اگنی: مونث: آگ۔
اگوا: چھوٹا موٹا لیڈر، پیشوا، سردار، مکھیا، سماجی حلقے کے کاموں کو نبٹانے والا۔
اگواڑا: مکان سے علیحدہ مکان کے آگے کا حصہ، مکان کے سامنے کا رُخ۔
اگہن: (ہ) ہندی سال کا نواں مہینہ۔
—— چولھے اُدھن: کہاوت: اگہن کے مہینے کے چھوٹے دن جو اُدھن تیار ہوتے ہوتے ختم ہو جاتے ہیں۔
اگیا (آگیا): (ہ) مونث: حکم، اجازت۔
اگیا بیتال: مذکر: غول بیابانی، جنگل میں رات کے وقت مسافروں کو بہکانے کے لئے اپنے منہ سے شعلے نکالنے والے بھوت۔
اگیان: (ہ) مذکر: جہل، لاعلمی، نادانی۔
اگھوری: (ہ) (۱) ڈراونا، ہول ناک، خوف ناک، (۲) ایک فرقے کا نام جو انسان کا گوشت اور بول و براز وغیرہ بھی کھاتا ہے۔ (۳) مجازاً: کثیف طبیعت والے لوگ۔

ا ـــ ل

اَلاَ: (ع) (حرفِ تنبیہ): ہوشیار، خبردار۔
اِلاّ: (ع) حرفِ استثنا: لیکن، بہ جز۔
—— اللہ: (اِلّ تَلّہ) (۱) کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ایک جُز، (۲) اہلِ ذکر اس سے دل پر ضرب لگاتے ہیں، (۳) دفعتاً گرتے وقت، اٹھتے بیٹھتے، تکلیف کے موقعے پر، کوئی وزنی چیز اٹھاتے یا کھینچتے وقت، حریف کے مورچے پر حملہ کرتے وقت یہ کلمہ استعمال ہوتا ہے۔
—— ماشاء اللہ: (اِلّ لَا مَا شَا اَلّ لَاہ) مگر جو اللہ چاہے، کبھی کبھی، شاذ و نادر۔
—— الذی نہ اُلّلذی: (اِلّ لَلّ لذی مِی نہ اُلّ لَلّ لذی) نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
اَلا بلا: (الا: تابع مہمل) بری چیز، بیکا اور خراب چیز۔
—— برگردنِ مُلّا: مقولہ: ساری مصیبت مُلّا کی گردن پر۔ کسی مُلّا کے کہنے یا فتوے پر کوئی کام کرنا خواہ خود اس سے متفق ہوں یا نہ ہوں۔
الاپ: مونث: آواز کا اتار چڑھاؤ، سُر ملانا، راگ، آہنگ۔
الاپنا: گانا شروع کرنا، تانیں لگانا۔
الاٹ منٹ: ALLOTMENT (انگ) مونث: (۱) مقررہ حصہ، (۲) تعین، نامزدگی، (۳) ٹھوارہ۔
اِلاچا/اِلایچا: مذکر: (س) ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

www.beatymybooks.net

—— بیگ: (۱) کٹھ پتلیوں میں ایک بدوضع پتلی، (۲) مجازاً وہ مزاحاً: دبلا پتلا بدقطع شخص۔

اِلائچی/اِلایچی: ایک چھوٹا سا مشہور خوشبودار پھل، اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں، چھوٹی الائچی اور بڑی الائچی۔

—— دانے: مٹھائی کی ایک قسم، شکر کے شیرے میں ڈال کر بنائے ہوئے الائچی دانے، شکر چڑھے ہوئے الائچی دانے۔

—— بڑی: سالن اور دواؤں میں استعمال کی جانے والی بڑی اور سیاہ رنگ کی الائچی۔

اُلار: گاڑی کے پچھلے حصے میں زیادہ بوجھ ہونے سے اگلے حصے کا اٹھنے لگنا۔

الارم: ALARAM (انگ) مذکر: (۱) خطرے کی آگاہی۔ (۲) گھڑی کی گھنٹی، (۳) تیاری کا بگل۔

الاسٹک: ELASTIC (انگ) مونث: لچک دار چیز، وہ چیز جو کھینچنے سے بڑھ جاتی ہے۔

اَلاَقارِب کالعَقارِب: (ع) (اَلُ اَقارِب کُلُ عَقارِب) مقولہ: عزیز بچھوؤں کی طرح ہوتے ہیں۔

اَلاَمان: (ع) مونث: امن مانگنا، پناہ، کسی بات سے تنگ آجانا۔

اَلاَمرُ فَوقَ الاَدَب: (ع) (اَلُ اَمرُ فَوقَ اَدَب)، مقولہ: ضروری اور نہایت لازمی ادب آداب کو بھی ترک کر کے حکم ماننا چاہیے، حکم ماننا آداب پر فوقیت رکھتا ہے۔

اَلاِنتِظارُ اَشَدُّ مِنَ المَوت: (اَلُ اِنتِظارُ اَشَدُّ مِنَلُ مَوت) (ع) مقولہ: (انتظار موت سے زیادہ سخت ہے) انتظار کرنا سخت مصیبت ہے۔

اُلانگھنا: پھاندنا، کسی چیز پر سے کود جانا۔

اَلاؤ: (ہ) مذکر: کوڑا کرکٹ گھاس پھوس جمع کر کے آگ لگانا۔

اَلاؤنس: ALLOWACE (انگ) مذکر: ملازم کو کسی خاص وجہ سے تنخواہ کے علاوہ دی جانے والی زائد رقم۔ مثلاً گرانی الاؤنس، کرایہ مکان الاؤنس، سواری الاؤنس۔

الاہنا: مذکر: گلہ، شکایت، طعنے، الزام دینا۔

—— اتارنا: (عو) گلہ الزام دفع کرنا۔

اَلباب: (ع) (جمع لُب کی) عقلیں، (تنہا مستعمل نہیں۔ دیکھو اولوالالباب)۔

اَلبَتّہ: (ع) یقیناً، ضرور، بے شک۔

اَلبَل: مذکر: (۱) گھمنڈ، غرور، اکڑفوں، (۲) صدقے، قربان۔ (۳) فرق۔

اَلبم: ALBUM (انگ) مذکر: تصویریں رکھنے کی ایک خاص قسم کی کاپی، مرقع۔

اَلبیلا: مذکر: (۱) بانکا، رنگیلا، (۲) آزاد طبع، بے پروا، بھولا بھالا۔ اَلھڑ۔

—— پن/وضع: بھولا پن، آزاد مزاجی۔

اَلبیلی چال: مستانہ چال، بانکی ترچھی چال۔

اَلپاکا: ALPACA (انگ) مذکر: (۱) ملائم اور لمبے سیاہ بال والا امریکہ کا جانور، (۲) ایک قسم کا سیاہ کپڑا۔

ال پین/آلپین: ALPIN (پرتگالی) مونث: کاغذ نتھی کرنے کی لوہے کی گھنڈی دار سوئی۔

اِلتِباس: (ع) مذکر: (۱) ہم شکل ہونے کے باعث شبہہ پڑنا۔ (۲) تجنیس خطی۔

اِلتِجا: (ع) مونث: منت سماجت، خوشامد۔

اِلتِزام: (ع) مذکر: کسی بات کو لازم کر لینا۔

اِلتِفات: (ع) مذکر: توجہ، مہربانی۔

اِلتِماس: (ع) مونث: مذکر: عرض، گذارش، درخواست۔

اِلتِوا: (ع) مذکر: ملتوی کرنا، کسی کام کو روک کر کسی اور وقت پر اٹھا رکھنا۔

اِلتِہاب: (ع) شعلہ بھڑکنا، آگ کا بھڑکنا، جلن، سوزش۔

اِلتِیام: (ع) مذکر: میل ملاپ، زخم کا بھرنا۔

اُلٹ: الٹنا سے صیغۂ امر، برعکس۔

—— پڑنا: برہم ہونا، برس پڑنا۔

—— پلٹ: مونث: الٹنا پلٹنا، اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر، اِدھر کا اُدھر، اُدھر کا اِدھر۔

—— پھیر: مذکر: برگشتگی، ردوبدل، پیچ، اَدل بَدل۔

پھیرا پھیری۔

—— پھیر میں آجانا؛ کسی کے فریب میں آجانا۔ دھوکہ کھا جانا۔

—— جانا؛ (۱) ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا؛ روگرداں ہو جانا، (۲) تہس نہس ہو جانا، برباد ہو جانا۔

—— دینا؛ (۱) تباہ کر دینا، (۲) اِدھر سے اُدھر کر دینا، (۳) چت کو پٹ کر دینا۔

—— کے خبر نہ لینا؛ توجہ نہ کرنا، خبر نہ ہونا، انتہا کی غفلت کرنا۔

اُلٹا؛ (۱) سیدھے کی ضد، (۲) خلاف، برعکس، پلٹا ہوا، اوندھا

—— پاسا/ پانسا؛ کھیلنے والے کے خلاف پڑنے والا پانسا۔

—— پانو؛ بایاں پانو۔

—— پُلٹا؛ بے ترتیب، تلے اوپر، بے ڈھنگا، بے جوڑ۔

—— پُلٹی؛ اکھاڑ پچھاڑ، درہمی برہمی۔

—— پیدا ہونا؛ ماں کے پیٹ سے بجائے سر کے پہلے پانو باہر آنا۔

—— تماچا/ تمانچا؛ ہاتھ کی پشت کی طرف سے تماچا مارنا۔

—— توا؛ کالا، سیاہ، کالا بھجنگ۔

—— دریا بہنا؛ خلاف دستور کوئی بات ہونا، انقلاب زمانہ۔

—— دم آنا؛ اوپر کی طرف سانس چلنا، سانس اُکھڑ جانا، حالتِ نزع۔

—— سیدھا؛ جیسا تیسا، بے قاعدہ، بے ترتیب۔

اُلٹنا؛ (۱) پلٹنا، اوندھا کر دینا، (۲) اٹھانا، ہٹانا، (۳) ایک رُخ سے دوسرے رُخ کر دینا، (۴) گرا دینا، پچھاڑ دینا، (۵) بدل دینا، کچھ سے کچھ کر دینا، (۶) ویران کرنا، اجاڑنا۔ (۷) انڈیلنا، ڈالنا۔

اُلٹی؛ سیدھی کے برعکس۔

—— الٹی سانسیں بھرنا؛ پیٹ میں سانس نہ سمانا۔

—— آنتیں گلے پڑنا؛ مثل؛ لینے کے دینے پڑنا، الٹے کسی بلا میں مبتلا ہونا، بھلائی کا بدلہ بُرا ملنا۔

—— پٹی پڑھانا؛ بہکانا۔ کسی بات کو برعکس ذہن نشین کرانا۔

—— پُلٹی باتیں؛ بے ڈھنگی باتیں، بے سروپیر کی باتیں۔

سمجھے نہ سیدھی سمجھے؛ جو صحیح اور غلط دلیل کی تمیز نہ کرے۔

—— سیدھی باتیں کرنا؛ ہٹ دھرمی کرنا، اپنی بات کی پچ کرنا۔

—— سَیفی؛ سیفی وہ عمل ہے جو دشمن کی تباہی اور موت کے لئے پڑھا جاتا ہے اس کا الٹا اثر عامل پر پڑتا ہے۔

—— کبیر کی؛ فقیر کبیر داس عام کہاوتوں اور مقولوں کے اُلٹنے سے ہی مضمون پیدا کرتے ہیں اس لئے کبیر کی باتوں کو اُلٹی کبیر کی کہتے ہیں۔

—— کھوپڑی/ اوندھی کھوپڑی؛ اوندھی عقل، کم عقل، اُلٹی سمجھ والا۔

—— گنگا بہانا؛ خلاف دستور بات کرنا، عام رسم و رواج کے خلاف کوئی کام کرنا۔

—— مالا/ تسبیح پھیرنا؛ کسی کو ہلاکت یا مصیبت میں مبتلا کرنے کے لئے الٹی تسبیح یا مالا پر وظیفہ پڑھنا۔

اُلٹی مت؛ الٹی رائے، کج فہم، ٹیڑھی بات سوچنے والا۔

اُلٹی میٹم؛ ULTIMATUM (انگ) مذکر؛ تنبیہ، چیلنج۔

اُلٹے؛ برعکس، جیسا چاہئے اس کے خلاف۔

—— اُسترے سے سر مُنڈوانا؛ تذلیل کے خیال سے بری سزا دینا، سخت ذلت آمیز سزا۔

—— بانس بریلی؛ مَثَل؛ برعکس معاملہ، اُلٹی بات ہونا۔ (بریلی میں کثرت سے بانس ہوتے ہیں وہیں بانس بھیجنا حماقت کی بات ہے۔)

—— پانو پھرنا؛ بغیر توقف واپس ہونا، آکے فوراً پلٹ جانا۔

—— چور کوتوال کو ڈانٹے؛ مَثَل؛ خطا کرنے والے کو اس کی خطا پر اگر کوئی پکڑے تو خطا کار اُلٹا اُسے پھٹکارے، چوری اور سینہ زوری۔

—— گدھے پر چڑھانا؛ ذلیل کرنا، (پہلے زمانے میں کسی کی تحقیر و تذلیل کے لئے سر مُنڈا کر منہ پر کالک لگا کر گدھے کی دم کی طرف منہ کر کے بٹھاتے اور بازاروں میں گھماتے تھے یہ ایک قسم کی سزا تھی۔)

—— ہاتھ کا کھیل؛ نہایت سہل کام، بہت آسان کام۔

اَلجبرا: (ع) مذکر: علم جبر و مقابلہ۔
اُلجھا: مذکر: تاگے میں پڑ جانے والی گتھی، گرہ یا پھندا پڑ جانا۔
اُلجھاؤ: مذکر: جھگڑا، بکھیڑا، مشکل، دقت، گتھی۔
اُلجھنا: گتھی پڑنا، پھنسنا، اٹکنا، مشغول ہونا، مصروف ہونا، جھگڑا پڑنا، بحث کرنا، طول دینا۔
اُلجھیڑا: جھگڑا، بکھیڑا، جھن جھٹ، کشمکش۔
اُلچنا: پانی اٹھا اٹھا کر کسی جگہ سے پھینک کر اُسے خالی کرنا۔
اِلحاح: (ع) مونث: کسی کام کے کرانے کے لئے رونا دھونا، التجا، خوشامد۔
اِلحاد: (ع) مذکر: خدا کو نہ ماننا، دین سے انکار۔
اَلحاصل: (ع) آخر کار، قصہ کوتاہ، خلاصۂ کلام۔
اِلحاق: (ع) مذکر: ایک کو دوسرے سے ملا دینا، شامل کرنا، شمول، جو موجود ہو اس میں کچھ اور ملا دینا۔
اَلحال: (ع) ابھی، اِس وقت۔
اِلحان: (ع) مذکر: (جمع لحن کی) (۱) اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا، سریلی آواز، (۲) گیت۔
اَلحذر: (ع) خبردار، آگاہ ہو جاؤ، الامان۔
—— کرنا: پناہ مانگنا۔
اَلحفیظ: (ع) خدا کی پناہ۔
اَلحق: (ع) بے شک، فی الحقیقت، یقیناً، سچ یہ ہے۔
اَلحمد: قرآن مجید کی سب سے پہلی سورت جس کی ابتدا الحمد سے ہوتی ہے۔ سورۂ فاتحہ۔
—— لِلّٰہ: (سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں) عموماً خدا کے احسان و شکر کے موقعے پر، مزاج پرسی کے جواب کے آداب میں، کھانے کے بعد، چھینک آنے پر کہا جانے والا کلمہ۔
اَلخ: (ع) (الیٰ آخرہٖ کا مخفف) بڑی عبارت کے ابتدائی دو ایک لفظ لکھ کر اَلخ لکھ دینے کا مطلب یہ کہ آخر تک پڑھ لو۔
اَلخاموشی نیم رضا: مقولہ: کسی بات پر خاموش رہنا گویا اُس کی منظوری کی آدھی رضا ہے، چپ میں بھی ایک قسم کی رضامندی پوشیدہ ہے۔
اَلرجی: ALLERGY (انگ) مونث: ایک نفسیاتی بیماری جو کچھ لوگوں کو بعض خاص غذاؤں کے استعمال سے ہو جاتی ہے۔
اِلزام: (ع) قصوروار ٹھہرانا، اتہام، کسی جرم کے ارتکاب کا سرسری طور پر منسوب کرنا۔
—— اٹھانا: اپنے سر پر بدنامی لینا، موردِ ملامت ٹھہرنا۔
اَلسانا: سست ہونا، کاہل ہونا، تھکنا، اونگھنا۔
اَلست: (ع) اشارہ ہے "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ" کی آیت کی طرف۔ (خدا نے روحوں سے پیدا کرنے کے بعد پوچھا تھا کہ کیا میں تمہارا خدا نہیں ہوں؟ سب نے کہا "بلیٰ" ہاں، یہ روزِ میثاق کہلاتا ہے یا یومِ اَلست۔)
اَلسّلامُ عَلَیْکَ / اَلسّلامُ عَلَیْکُمْ: تم پر سلامتی ہو، مسلمانوں کا سلام۔
اَلسَر: ULCER (انگ) مذکر: گھاؤ، ناسور، جسم کے اندر یا باہر کا زخم، جس میں مواد ہو۔
اَلسِنہ: (ع) (جمع لسان کی) زبانیں۔
اَلسی: مونث: ایک پودا اور اس کے بیج کا نام جس کا تیل مختلف کاموں اور بیج دوا میں استعمال ہوتا ہے۔
اَلطاف: (ع) مذکر: (جمع لطف کی) مہربانیاں، عنایتیں۔
—— نامہ: دوست اور بڑوں کا خط۔
اَلعَبدُ: (ع) مذکر: بندہ، فدوی۔
اَلعَطش: (ع) مونث: پیاس کی شدت۔
اَلعَظَمَۃُ لِلّٰہ: (اَلْعَظَمَۃُ لِلّٰہِ) (ع) (بڑائی خدا کے واسطے ہے) اللہ کے بڑی قدرت و عظمت والا ہونے کا اظہار و اعتراف۔
اَلغارُوں: (ترکی) بہت، کثرت سے، بے حد۔
اَلغَرَض: (ع) الحاصل، خلاصہ یہ، غرض کہ۔
اَلغوزا: (ع) مذکر: بانسری کی قسم کا ایک باجا۔
اَلغیاث: (ع) مونث: مصیبت، خوف، خدا سے مصیبت میں مدد چاہنے کا لفظ، فریاد۔
اَلِف: (ع) مذکر: اردو حروف تہجی کا پہلا حرف۔
اَلِف اللہ: آزاد فقیروں کے ماتھے پر کھنچی ہوئی سیدھی لکیر۔

—— آزاد کا: مسلمان فقیروں میں مذہبی پابندیوں اور قیود سے آزاد فرقہ۔
—— بے: مونث؛ حروف تہجی کی الف سے ی تک پوری تختی۔
—— بے تے پڑھانا: نا سمجھ اور بے وقوف کو کوئی بات خوب کھول کر سمجھانا۔
—— سے بے نہ سننا: اپنے متعلق ذرا بھی بری بات نہ سننا۔
—— سے بے نہ کہنا: کسی کو ذرا بھی بُرا نہ کہنا۔
—— کے نام بے نہیں جانتے: بالکل ان پڑھ، جاہل مطلق، بے تمیز۔
اَلف لَیلہ/ اَلف لیلہ: (ع) ہزار راتوں والی داستانوں کی ایک مشہور عربی کتاب جس کا ترجمہ اردو اور کئی دوسری زبانوں میں ہو چکا ہے۔
اَلف ہونا: (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا اور اگلے دونوں پاؤں اٹھا لینا۔ (۲) (مجازاً) چراغ پا ہونا، بے حد غصے میں آ جانا۔
اَلفابیٹ: ALPHABET (انگ) مذکر؛ حروف تہجی، ا، ب، ت، وغیرہ۔
اَلفاظ: (ع) مذکر؛ (جمع لفظ کی) لفظیں۔
اُلفت: (ع) مونث؛ محبت، لگاؤ، چاہت۔
اَلفتح: (ع) مونث؛ فلسطینی عربوں کی ایک انقلابی تنظیم۔
اَلفراق: (ع) جدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمۂ وداع۔
اَلفربہ خواہ مخواہ مَرَدُ آدمی: مقولہ؛ (مذاقاً) تن و توش والا موٹا تازہ آدمی جس میں فربہی سے وجاہت پیدا ہو جاتی ہے۔
اَلفقرُ فخری: (ع) (مسکینی میرے لئے فخر کا باعث ہے)۔ یہ طور حدیث رسول اللہؐ کی طرف منسوب مقولہ۔
اِلقا: (ع) مذکر؛ الہام، خدا کی طرف سے دل میں ڈالی ہوئی بات۔
اَلقاب: (ع) مذکر؛ (جمع لقب کی) (۱) کچھ خاص صفتوں کے ساتھ شہرت پایا ہوا نام خطاب، (۲) خط لکھنے میں چھوٹوں بڑوں کو اُن کے مرتبے کے مطابق مخاطب کرنے کے الفاظ۔
اَلقصہ: (ع) حاصل کلام، قصہ مختصر، یعنی۔
اَلقط: (ع) بس، ختم، بیت بازی کی ایک اصطلاح جس میں غلط شعر پر ٹوک دیا جاتا ہے۔

—— کرنا، چھوڑنا، ترک کرنا، نکال دینا، جواب دے دینا۔
اَلک: (۱) مذکر؛ گھنگھر والے بال، زلف، گیسو۔
اُلکا: (۱) مونث؛ (۱) وہ ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے، (۲) شہاب ثاقب۔
اَلکحل: ALCOHOL (انگ) مونث؛ شراب کا سست یا جوہر۔
اَلکریم اِذا وَعَدَ وَفا: (ع) (مقولہ) شریف آدمی جب وعدہ کرتا ہے تو پورا کرتا ہے۔
اَلکس/ اَلکسی: سستی، کاہلی۔
اَلکسی آنا: سستی آنا، کسی کام کے کرنے کو نہ جی چاہنا۔
اَلکسانا: سستی کرنا، کاہلی کرنا۔
اَلکن: (ع) ہکلا، لکنت کرنے والا، صاف نہ بول سکنا۔
اَلگ: علاحدہ، فرق سے، کچھ فاصلے سے، نرالا، انوکھا، جُدا، جو کسی سے میل نہ کھائے۔
—— ہونا: (چھوٹ گیا ہے)
—— ہی الگ: اوپر ہی اوپر، اکیلے اکیلے۔
الگنی: مونث؛ کپڑے ڈالنے کے لئے لٹکائی ہوئی ڈوری یا تار۔
—— پر ڈالنے کے قابل ہو گئے: بہت دُبلے ہو گئے۔
اَلل ٹپّو/ اَلل ٹپّو: نا سمجھی کی بات، بے تکی بات، بے سوچی سمجھی بات۔
اِلَّلذی نہ اُلَّلذی: (اِل لَل لذی نہ اُل لَل لذی) اِدھر کا نہ اُدھر کا، اِس میں نہ اُس میں، ڈانوا ڈول۔
اُلَلنا: (لازم) ایک طرف اونچا ہو جانا، دوسری طرف جھک جانا، اُلار ہونا۔
اَلَلے تَلَلے: عیش و عشرت، ریل پیل، خوب جی بھر کر عیش و آرام پر خرچ کرنا۔
—— کرنا: پیسہ بے دریغ صرف کر کے مزے اڑانا، فضول خرچی کرنا۔
اَلم: مذکر؛ رنج، غم، دُکھ۔
اَلماری: (پر تگالی) کتابیں اور کپڑے وغیرہ رکھنے کی صندوق کی طرح مگر کھڑی خانہ دار چیز۔

اَلْمَاس: (ف) مذکر؛ ہیرا۔
—— کی تختی، ہیرے کا چھوٹا سا لمبا چپٹا نگینہ۔
اَلْمَاغُوچی: (ا) مجہول نسب کا آدمی، (۲) کبھی دغابازی اور دھاندلی سے کوئی چیز دبا بیٹھنے والا، (۳) خراب، ناکارہ، الم غلم۔
اَلْمُخْتَصَر: (ع) الحاصل، القصہ، یعنی، مختصر یہ کہ۔
اَلْمَدَد: (ع) مدد کر، سہارا دے۔
اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ: (ع) مقولہ؛ (آدمی قیاس کرتا ہے اپنے نفس پر، جو جیسا ہوتا ہے دوسروں کو بھی ویسا ہی سمجھتا ہے۔
اَلْمُضَاعَف: (ع) دونا، دوچند، کئی گنا۔
اَلْمَعْنٰی فِیْ بَطْنِ الشَّاعِرْ: (ع) مقولہ؛ شعر کے معنی شاعر کے پیٹ (دل) میں ہیں، ایسا شعر جس کا مطلب ظاہر نہیں ہوتا۔
اَلَم غَلَم: بے معنی اور مہمل باتیں، اناپ شناپ، بے کار نکمی چیزیں۔
—— کرنا؛ غبن کرنا، حساب گڑبڑ کرنا۔
—— کھانا؛ خراب اور واہیات چیزیں کھا
اَلْمَکْتُوْبُ نِصْفُ الْمُلَاقَاتِ: (ع) مقولہ؛ خط آدھی ملاقات ہے۔
اَلْمِنَّۃُ لِلّٰہِ: (اَلْمِنَّۃُ لِلّٰہِ لَا لِاَحَدٍ) (ع) ترجمہ؛ احسان اللہ کے واسطے ہے، خدا کا شکر۔
اَلَم نَشْرَحْ: (ع) (۱) قرآن کی ایک سورت کا نام، (۲) مشہور، ظاہر، معروف، روشن۔
المونیم/ ایلومینیم: ALUMINIUM (انگ) مذکر؛ ایک قسم کی دھات جو وزن میں بہت ہلکی ہوتی ہے۔
اَلَمیاتی: (ع) مونث؛ (۱) دکھ درد سے بھرا ہوا، (۲) دردناک، غم انگیز۔
اَلنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْم: (اَلنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْمِ) (ع) مقولہ؛ جو چیز بہت کم دستیاب ہوتی ہے وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔
اَلنگار: (ہ) مذکر؛ (۱) آرائش، زیور اور لباس سے زیب و زینت دینا۔ (۲) صنائع لفظی و معنوی، صنائع و بدائع۔
اَلنگ: مونث؛ سمت، پہلو۔
اُلنگھن: (ہ) مذکر؛ خلاف ورزی، عدول حکمی، کسی رواج یا قانون کو توڑنا۔

اُلّو: مذکر؛ (۱) مشہور پرندہ جو رات کو اڑتا ہے، (۲) مہمل؛ بے وقوف یا منحوس۔
—— بنانا؛ بیوقوف بنانا، خوب لوٹنا۔
—— بولنا/ بول گیا؛ اجاڑ ہو گیا، ویران ہو گیا۔
—— پھنسنا؛ کسی بے وقوف کا قابو میں آنا، فریب کھانا۔
اُلّو کا پٹھا؛ نہایت بے وقوف، احمق۔
—— کی دُم فاختہ؛ بے وقوف۔
—— کی ہُوک؛ اُلّو کی (ہول ناک) بولی۔
—— کی ماں کا خصمی بچہ/ بیٹا؛ مقولہ؛ موروثی احمق یعنی ماں بھی خبطی تھی بیٹا بھی احمق ہے۔
—— ہو جانا؛ نشے میں چُور، نشے میں بے ہوش۔
اَلْوَاح: (ع) مذکر؛ (جمع لوح کی) تختیاں۔
اَلْوان: (ع) مذکر؛ (جمع لون کی) (۱) بہت سے رنگ، (۲) (اردو) دُشالے تیار کرنے کا پشمینہ۔
اَلْوپ: (ہ) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی۔
—— اَنجن؛ آنکھوں میں لگا کر غائب ہو جانے کی شہرت والا کاجل۔
—— ہو جانا؛ غائب ہو جانا۔
—— رُوپ: (ہ) مذکر؛ انوکھی شکلیں، نئی نئی کاری گری، اختراعات۔
اَلْوِداع: (ع) مونث؛ رخصت، بدائی۔
اُلُوہِیَّت: (ع) مونث؛ اللہ ہونا، وحدانیت۔
اللہ: (ع) خدائے تعالیٰ کا اسم ذات۔
—— اُٹھالے، موت آجائے، مار ڈالے۔
—— اکبر؛ (اللہ ہی سب سے بڑا ہے) (۱) اصطلاحاً؛ تعبیر۔ اذان میں، نماز میں کہا جانے والا کلمہ، (۲) فخر و مباہات کی جگہ۔ (۳) تعجب اور حیرت کا مقام پر، (۴) نعرے کے طور پر۔
اللہ اللہ: تعجب کی جگہ، کمال مبالغے کے موقعے پر، شکوے شکایت کے موقعے پر۔
—— اللہ کرو؛ مبالغہ نہ کرو۔ جھوٹ نہ بولو، غلط بات نہ کرو، اپنی غلط بات نہ کر کے اللہ کا ذکر کرو۔
—— آمین؛ مونث؛ منتوں مرادوں سے اچھے دن نصیب ہونا۔

—— آمین سے پالنا: نازونعم سے پالنا، لاڈ پیار سے پالنا، دعائیں اور منتیں مانگ کر پالنا۔
—— آمین کا: نازوں کا پلا ہوا، بہت عزیز اور پیارا بچہ۔
—— آمین کرنا: بچے کی دیکھ بھال کرنا، خیر وخوبی کی دعا کرتے رہنا۔
—— اللہ خیر سلاّ: اس سے آگے کچھ نہیں، اور کچھ نہیں۔
—— اللہ رے: مبالغے کے لئے۔
—— اللہ کرکے: خدا خدا کرکے، بڑی مشکل کے بعد، نہایت مشکل سے۔
—— اللہ کرنا: (۱) وظیفہ پڑھنا، عبادت الٰہی میں مشغول رہنا (۲) فقرا کا سلام۔
—— بس باقی ہوس: مقولہ؛ خدا کے سوا سب ہیچ ہے بس خدا ہی کی طلب ہونا چاہئے۔
—— بیلی: (عو) خدا حافظ، فی امان اللہ۔
—— توکلی: خدا کے بھروسے پر۔
—— حافظ/نگہبان: خدا حافظ، خدا کی امان میں۔
—— دے اور بندہ لے: کسی بات کی کثرت یا زیادتی کا اظہار۔
—— رے: بل بے، اُف رے، (مبالغے کے موقعے پر)
—— غنی: (۱) مبالغے کے ساتھ اظہارِ عظمت، (۲) تعجب کے اظہار کے لئے، (۳) کسی صدمے اور تکلیف کے وقت۔
—— کا کلام: قرآن شریف۔
—— کا گھر: خانۂ کعبہ، مسجد۔
—— کو پیارا ہونا: (کنایتاً) مر جانا۔
—— کو سونپنا: خدا کے سپرد کرنا، خدا کی حفاظت میں دینا۔
—— کو مانو: خدا کا خوف کرو، اس بات سے باز آؤ، (ایک طرح کی قسم۔)
—— کو منہ دکھانا ہے: بدفعلیوں سے بچنا چاہئے، خدا کے آگے ایک روز جانا اور اپنے اعمال وافعال کا حساب دینا ہے۔
—— کی امان: خدا کی پناہ، خدا بچائے، خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔
—— کی پناہ: خدا محفوظ رکھے، خدا اپنی پناہ میں رکھے، (مقولہ)۔
—— کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری: مقولہ؛ علانیہ کوئی بے ہودہ کام کرنا اور یہ کہنا، دیدہ دلیری۔
—— کی راہ میں: (۱) نیک کام اور ثواب کے کام جو خدا کے لئے کئے جائیں، (۲) فقیروں کے سوال کرنے کا کلمہ۔
—— کی سُنوا: (عو) (تہدید کے ساتھ) بددعا، کوسنا۔
—— کے بڑے ہاتھ ہیں: مقولہ؛ خدا کے فضل وکرم کی کوئی حد نہیں۔
—— کے مست: مجذوب، خدا رسیدہ۔
—— کے نام پر: خدا کی راہ میں، فی سبیل اللہ۔
—— کے گھر سے پھرنا: مرتے مرتے بچ جانا۔
—— لگتی: سچی سچی بات، انصاف کی بات۔
—— مارا: (عو) نکموڑا، مصیبت زدہ۔
—— کی لاٹھی میں آواز نہیں: مقولہ؛ خدا ظلم کا بدلہ اس طرح دیتا ہے کہ جس کا سان گمان کبھی نہیں ہوتا۔
—— میاں: خدا کو انتہائی محبت اور تعظیم سے پکارنا۔
—— میاں کا رحم: رت جگے میں گل گلوں کے ساتھ چاول آٹے میں شکر ملا کر بنایا ہوا لڈو۔
—— میاں کی گائے: بہت بھولا بھالا آدمی۔ بہت سیدھا آدمی۔
—— یار ہے تو بیڑا پار ہے: مقولہ؛ خدا مددگار ہے تو سب کام آسان ہیں۔

اُلوہی: (ع) خدائی، خدا صفت۔
اِلٰہ: (ع) مذکر؛ خدا، معبود۔
—— العالمین: (اِلٰہُ الْعَالَمِیْنَ) سب جہانوں کا معبود۔
اِلہام: (ع) مذکر؛ اللہ کی طرف سے دل میں کوئی خیال آنا۔ قدرتی رہنمائی۔
اِلٰہی: میرے خدا، اے خدا۔
اِلٰہیات: مسائل مابعد الطبعیات۔ وجود باری تعالیٰ سے تعلق رکھنے والے مسائل، علم حکمت کی ایک قسم۔
اِلٰہی پناہ/اِلٰہی خیر: کسی آفت کے اندیشے پر بطور دعا۔

اَلبَڑ: (اَلبَڑ) (۱) بھولا بھالا، کم سن، نادان، (۲) بچیرا۔
—— پن/پنا: مذکر؛ نادانی، کم سنی، بھولاپن۔
اَلہنا: (ہ) مذکر؛ شکایت۔
اَلیشا: مونث؛ (۱) ایک راگنی کا نام، (۲) آلھا گانے والا۔
اِلیاس: ایک مشہور پیغمبر کا نام۔
اُلیچنا/اُلچنا: کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا۔
الیکٹرک: ELECTRIC (انگ) بجلی کا، برقی۔
الیکشن: ELECTION (انگ) مذکر؛ انتخاب، چناؤ۔
اَلیم: (ع) دردناک۔
الینڈنا/اُنڈیلنا: پانی یا کسی پتلی چیز کو الٹ کر گرا دینا، کسی رقیق چیز کو برتن میں سے لنڈھا کر یا اوندھا کر کے نکالنا۔

ا ـــــ م

اَمّ: ماں۔
—— الامراض: (ع) (بیماریوں کی ماں) بیماریوں کی جڑ، دوسرے بہت سے امراض پیدا کرنے والی بیماری، مثلاً زکام اور قبض۔
—— الخبائث: مونث؛ تمام خرابیوں کی جڑ، (مجازاً) شراب۔
—— الصِّبیان: بچوں کی ایک بیماری دِبّا۔
—— القریٰ: (اُمّ تمل قُرا) (ع) مکہ۔
—— اُلکتاب: (ع) مونث؛ (۱) قرآن پاک، (۲) سورۂ فاتحہ۔ (۳) لوحِ محفوظ۔
—— اُلولد: (ع) وہ لونڈی جس کے اپنے مالک سے کوئی اولاد ہو۔
—— ماں۔ (۲) (مجازاً) بے پڑھا لکھا آدمی، (۳) آنحضرتؐ کا لقب۔
اما بعد: (ع) اس کے بعد، حمد و نعت کے بعد۔
اَمارَت: (ع) مونث؛ دولت، حکومت، سرداری۔
اَماکِن: (ع) مذکر؛ (جمع الجمع مکان کی) مکانات۔
—— مقدسہ/شریفہ: زیارت گاہیں، مقدس مقامات۔
اِمالہ: مذکر؛ (۱) مائل کرنا، (۲) علم صرف کی اصطلاح میں الفاظ کے آخر میں آئے ہوئے الف یا ہائے ہوز کو یائے مجہول سے بدلنا، جیسے بندہ سے بندے، مرغا سے مرغے۔
امام: (ع) (۱) پیشوا، ہادی، (۲) نماز پڑھانے والا، (۳) کسی علم یا ہنر میں انتہائی کمال رکھنے والا شخص۔
امام باڑا: مذکر؛ تعزیہ داری کے لئے بنائی ہوئی عمارت۔
—— تسبیح: سب سے لمبا دانہ، تسبیح کے سرے پر لگا ہوا دانہ۔
—— ضامن کا پیسا: سفر پر جانے والے کے بازو پر باندھا ہوا منت (حفظ و امان) کا پیسا۔
اِمامَت: (ع) نماز میں امام ہونا، پیشوائی کرنا۔
اِمامیہ: اہلِ تشیع کا بارہ اماموں کو ماننے والا فرقہ۔
اِمام مہدی: مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق قیامت کے قریب ظاہر ہونے والے آخری امام۔
اَماں: مونث؛ ماں، والدہ، بڑے رشتے داروں کے لئے بھی پیار یا تعظیم سے، مثلاً خالہ اماں، پھوپھی اماں، خود ماں کو بھی محبت اور تعظیم سے اماں جان، امّی جان، اماں جانی وغیرہ، غیر رشتہ دار معمّر عورت کو بھی تعظیم سے مخاطب کرنے کے لیے۔
اَمان: (ع) مونث؛ پناہ۔
اَمانت: (ع) مونث؛ (۱) بطورِ امانت کسی کے پاس رکھوا دی جانے والی چیز، (۲) حفاظت کے خیال سے کسی کے سپرد کی جانے والی چیز۔
—— دار: امانت رکھنے والا شخص، امین۔
—— میں خیانت: کسی کی رکھی ہوئی چیز میں بے ایمانی کرنا، تصرّف کرنا۔
اَمانی: وہ کام جو اپنی نگرانی میں روزانہ کرایا جائے۔
جھنڈ، آم کے باغ۔
اَمریکا: AMERICA (انگ) مذکر؛ مشہور براعظم۔
اَماوس: (ہ) قمری مہینے کا آخری دن، وہ رات جس میں چاند

بالکل نہیں نکلتا۔

اماؤنٹ: AMOUNT (انگ) مونث؛ رقم، زر کل، مجموعہ، مقدار، میزان۔

اَمبَر: (ہ) مذکر؛ آسمان۔

اَمبیا/اَنبیا: (ہ) مونث؛ چھوٹا اور کچا آم۔

اِمپلی فائر: AMPLIFIER (انگ) مذکر؛ آواز بڑھانے والا آلہ، آواز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والا آلہ۔

امپورٹ: IMPORT (انگ) کسی باہر کے ملک سے اپنے ملک میں تجارت کی غرض سے آیا ہوا تجارتی مال، درآمد۔

—— ایکسپورٹ: EXPORT —— (انگ) درآمد، برآمد، غیر ممالک سے تجارتی اشیاء منگوانے اور بھیجنے کا کاروبار۔

اُمّت: (ع) مونث؛ پیغمبر کا پیرو اور تابع گروہ، قوم۔

اُمّتی: (ع) امت کے لوگ۔

اِمتثال: (ع) مذکر؛ حکم ماننا۔

اِمتحان: (ع) مذکر؛ آزمائش، جانچ۔

—— پاس کرنا: امتحان میں کامیاب ہونا، پورا اترنا۔

اِمتداد: (ع) مذکر؛ درازی، طول۔

اِمتزاج: (ع) مذکر؛ ملانا، آمیزش کرنا۔

—— کیمیائی: کیمسٹری میں دو یا دو سے زیادہ مختلف الخواص چیزوں کے ملنے سے ایک اور ہی شے کا پیدا ہو جانا جس کی خاصیت مختلف ہو۔

اِمتلا: (ع) مذکر؛ مونث؛ بدہضمی، متلی کی کیفیت پیدا ہونا۔

اِمتناع: (ع) مذکر؛ روک، ممانعت۔

اِمتنان: (ع) مذکر؛ کسی پر احسان رکھنا۔

اِمتیاز: (ع) مذکر؛ (۱) فرق، شناخت، تمیز، پہچان، (۲) مرتبہ، بڑائی، ترجیح۔

اَمر: (ہ) نہ مٹنے والا۔

اَمثال: (ع) مذکر؛ (جمع مثل کی) کہاوتیں۔

اَمثلہ: (ع) مذکر؛ (جمع مثل کی) مانند، ہم صورت، برابر والا۔

اَمم جانا: ایک قسم کی بیماری، جسم کے اعضا بھاری ہو جانا۔ بھر جانا، شل ہو جانا۔

اَمجد: (ع) بہت بزرگ۔

اَمچور: مذکر؛ (۱) کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں، کھٹائی۔ (۲) مجازاً؛ دبلا سوکھا آدمی۔

اِمداد: (ع) مونث؛ مدد، مدد کرنا۔

اِمدادِ باہمی: (ف) مونث؛ ایک دوسرے کی مدد کرنا، باہم مل جل کر کوئی کام کرنا۔

اَمر: (ع) مذکر؛ (۱) حکم، (۲) بات، (۳) کام، فعل، (۴) باب، معاملہ، (۵) قواعدِ صرف کا ایک صیغہ۔

—— بِالمَعرُوف: (اَمر بِل مَعرُوف): اچھے کام کا حکم دینا۔

اَمَر: (ہ) نہ مرنے والا، ہمیشہ زندہ رہنے والا۔

اُمَرا: (ع) (جمع امیر کی) دولت مند، اراکینِ سلطنت، رؤسا۔

اَمراض: (ع) مذکر؛ (جمع مَرَض کی) بیماریاں۔

اَمربیل: مونث؛ آکاس بیل۔

اَمرت: (س) مذکر؛ (۱) آبِ حیات، (۲) (مجازاً) لذیذ اور مزیدار چیز۔

—— بانی: مونث؛ خوش کلامی، خوش بیانی۔

—— اِمرتی: مونث؛ جلیبی کی طرح ایک مشہور مٹھائی۔

اَمرد: (ع) وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو بے ریش و بروت۔

—— پرستی: خوب صورت لڑکوں سے عشق و محبت کرنا۔

اَمرس: مذکر؛ پکے آموں کا سکھایا ہوا رس۔

اَمرلتا: (ہ) مونث؛ امرسیل۔

اَمروَد: (ف) مذکر؛ ہندوستان کا بہت مشہور پھل، جام۔

اِمروز: (ف) آج۔

—— فردا: مونث؛ (۱) آج کل، ٹال مٹول، حیلے حوالے۔ (۲) جلد، عنقریب۔

اَمریاں: مونث؛ (اَمری کی جمع) آموں کے درختوں کے

اَمریکن: AMERICAN ملک امریکا کا باشندہ۔

اُمَس: مونث؛ برسات کی گھٹی ہوئی گرمی، حبس۔
اِمساک: (ع) مذکر؛ (۱) رُکاؤ، روک، خست، کنجوسی۔
——باراں: (اضافت کے ساتھ) مینہ کا وقت پر نہ برسنا۔
اِمسال: (ف) مذکر؛ اب کے برس۔
اَمصار: (جمع مِصر کی) شہر۔
اِمعان: (ع) مذکر؛ گہری نظر کرنا، خوب سوچنا۔
اِمکان: (ع) مذکر؛ (۱) طاقت، قدرت، مجال، (۲) کسی شے کا عدم و وجود ضروری نہ ہونا، (۳) مقدور، مقدرت، اختیار۔
اِمکانی: جو ممکن ہو سکے، جہاں تک ہو سکے، امکان سے نسبت رکھنے والا۔
اَمک ڈھمک: (۱) ایرے غیرے، حقیر لوگ، (۲) الم غلم۔ خراب اور نکمی چیزیں۔
اَمکا ڈھمکا: ایسا ویسا، ایرا غیرا، (تحقیر سے) غیر اہم۔
اَمَل: (ع) مذکر؛ امید۔
اِملا: (ع) مذکر و مونث؛ (۱) زبانی یادداشت سے لکھوانا، (۲) رسم خط کے مطابق لکھنا، (۳) رسم خط درست کرنے کے لئے مبتدیوں کو عبارتیں لکھوانا۔
اِملا کرانا: کوئی عبارت لکھوانا۔
اِملاک: (ع) (جمع ملک کی) مونث؛ جائیداد۔
اَملِ بید: مذکر؛ ایک قسم کا نہایت کھٹا لیمو۔
اَملتاس: مذکر؛ ایک درخت کی پھلی۔
اِملی: ہندوستان کے ایک مشہور درخت اور اُس کی ترش پھلی کا نام۔
اَمن/اَمَن: (ع) مذکر؛ پناہ، حفاظت، امن چین۔
——وامان: حفاظت، بچاؤ، اطمینان، عام سلامتی۔
اُمنڈنا: (۱) جوش پر آنا، (۲) ہجوم کرنا، مجمع کرنا، (۳) چڑھنا، طغیانی پر آنا۔
اُمنگ: مونث؛ جوش، ترنگ، شوق۔
——پر ہونا/آنا: ترنگ میں بھرا ہونا۔
اَموات: (ع) (جمع موت کی) موتیں۔
اَمواج: (ع) (جمع موج کی) لہریں۔
اَموال: (ع) (جمع مال کی) کل دولت۔
اُمور: (ع) (جمع امر کی) معاملات، کام۔
اُمّہاتُ المؤمنین: مسلمانوں کی ماں، مراد رسول اللہ کی بیویاں۔
اَمّی: مونث؛ ماں، تعظیم یا پیار سے امی جان۔
اُمّی: (۱) (ام، ماں، یائے نسبتی = میری ماں) اردو میں اَمّی،
اُمَیٹھنا: مروڑنا، بل دینا۔
اِمی ٹیشن: IMITATION (انگ) مذکر؛ (۱) ملمع، (۲) مصنوعی جواہر، (۳) تقلید، نقل۔
اَمی جمی: (عو) سکون اور اطمینان کی حالت، بے فکری کا زمانہ۔
اُمّید: (ع) مونث؛ آس، توقع، آرزو، خواہش۔
——سے ہونا: پیٹ سے ہونا، حاملہ ہونا۔
——بر آنا: آرزو پوری ہونا۔
——گاہ: امید کی جگہ، جس پر تکیہ کیا جائے، بھروسہ کیا جائے۔
——لگنا: آسرا ہونا، سہارے توقع ہونا۔
——وار: توقع رکھنے والا، ملازمت چاہنے والا۔
——وبیم: اطمینان اور خوف کی حالت، ایسی کیفیت کہ کچھ توقع ہو کچھ ناامیدی، یک سوئی نہ ہونا۔
اَمیر: (ع) (۱) حاکم، افسر، (۲) بڑا آدمی، (۳) دولت مند، (۴) سردار۔
اَمیرُ الاُمَرا: بہت بڑا رئیس، نہایت دولت مند۔
——البحر: بحری فوج کا بڑا افسر۔
——المؤمنین: مسلمانوں کا سردار، خلیفۂ وقت، مسلمانوں کا سب سے بڑا حاکم۔
اَمین: (ع) (۱) امانت دار، (۲) سرکاری عہدے دار، پیمائش کرنے والا، بٹوارہ کرنے والا، فرق کرنے والا، (فرق امین)۔

اَن

اَن: (س) مذکر: (۱) غلّہ، اناج، (۲) (مجازاً) غذا۔
—— بَن: مونث: بیگار، نااتفاقی، ناموافقت۔
—— پڑھ: بے پڑھا۔
—— تھک: نہ تھکنے والا، اَتھک، بغیر تھکے ہوئے
—— جان: نہ جاننے والا، ناواقف۔
—— جان بننا: جان بوجھ کر ناواقف بننا۔
—— داتا: اَن دینے والا، پالنے والا، آقا، خدا۔
—— سُنی: مونث: (۱) بغیر سنی ہوئی بات، (۲) عجیب۔
—— کہی: کہی نہ جا سکنے والی بات۔
—— گِنا برس: (عو) عورتوں کے عقیدے میں بچے کی عمر کا آٹھواں سال بچے پر بھاری ہوتا ہے۔
—— گِنا مہینہ: (عو) حمل کا آٹھواں مہینہ، (اس مہینے کو بھی سخت سمجھا جاتا ہے۔)
گِنت: بے شمار۔
—— مِل بے جوڑ: بے تکی، بے ڈھنگے کام۔
—— مِل/مِلی: بے جوڑ باتوں کو بوجھنے اور دل بہلاوے کے لئے دو سخنی یا کہہ مکرنی کی طرح بنا لینا۔
—— مُول: قابلِ قدر، بے بہا۔
—— ہونی: نہ ہو سکنے والی بات، ناممکن، محال۔
اِن: اسم اشارہ قریب، (جمع اِس کی)
اِن تِلوں میں تیل نہیں: بہت بے مُروت، رکھائی برتنے والا، کنجوس۔
—— دنوں/رُوزوں: آج کل، اس زمانے میں۔
اُن: اسم اشارہ بعید، (جمع اُس کی)
اَنّا: (ترکی) بچے کو دودھ پلانے والی ملازمہ، دودھ پلائی۔
اَنا: (ع) مونث: میں، ذات، اپنی پہچان، خود آگاہی، اپنی پہچان کا نشہ ایغو۔
اَنانِیَّت: (ع) مونث: خودی، خودشناسی، اپنی پہچان کا اظہار۔
اَنَا الحَقّ: (اَنَل حَق) (ع) (میں خدا ہوں) (کنایتاً) مست فقیروں کا غیر شرعی نعرہ۔ نعرۂ معرفت، مشہود صوفی منصور کا حالتِ جذب میں کہا ہوا بول۔
اَناپ شَناپ: بے معنی، فضول باتیں، لغو اور مہمل۔
—— کھانا: الم غلم کھانا، بے اندازہ کھانا۔
اَناتھ: (ہ) بے سہارا، بے شوہر، یتیم۔
—— آشرم: (ہ) محتاج خانہ، یتیم خانہ۔
اَناتھالَے: (ہ) یتیم خانہ، محتاج خانہ۔
اِناث: (ع) جمع اُنثیٰ کی؛ خواتین۔
اَناج: مذکر: غلّہ۔
اَناجیل: (ع) جمع انجیل کی۔
—— اَربَعَہ: (اضافت کے ساتھ) چاروں انجلیں: متی، مرقس، لوقا، یوحنا۔
اَنار: (۱) ایک مشہور میوہ جس میں سفید یا سرخ دانے ہوتے ہیں، (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔
اَنارکِسٹ: ANARCHIST (انگ) مذکر: حکومت دشمن، فساد پسند گروہ جو کسی نظام کا قائل نہ ہو۔
اَناڑی: پھوہڑ، ناتجربے کار، ناواقف۔
—— پن: ناواقفیت، ناتجربہ کاری۔
اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُوْن: (ع) (ترجمہ: ہم اللہ کے واسطے ہیں اور بے شک ہم اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں) (۱) مرنے کی خبر پر کہا جانے والا جملہ، (۲) کوئی چیز گم جانے یا نقصان ہو جانے پر کہا جانے والا کلمہ
اَنام: (ع) مخلوقات، خلقُ اللہ۔
(ہ) بے نام، گمنام۔
اَنامِل: (ع) مؤنث: (جمع اُنملہ کی) انگلیاں۔
اَنبار: (ف) مذکر: ڈھیر، ذخیرہ۔
اِنبساط: (ع) مونث، مذکر: خوشی، مسرّت۔
اَنبوہ: (ف) مذکر: بھیڑ، ہجوم۔
اَنبیہ: (ف) مذکر: آم، آم کا درخت۔

اَنبیا: مونث؛ جالی پر پڑا ہوا کچا آم۔
انبیاء: (ع) جمع نبی کی؛ رسول، پیغمبر۔
اَن پانی: (ہ) مذکر؛ کھانا پانی، آب و دانہ۔
اَن پوُرنا: (ہ) مونث؛ غذا کی دیوی، دُرگا دیوی۔
اَن پیڈ: UNPAID (انگ) (۱) وہ پارسل وغیرہ جس کا محصول ادا نہ کیا گیا ہو، (۲) بلا تنخواہ۔
اَنت: (ہ) مذکر؛ انجام، آخر، خاتمہ، انتہا۔
اَنَنت: لاانتہا، جس کی کوئی انتہا نہیں۔
اِنتباہ: (ع) آگاہی، اطلاع، تنبیہہ۔
اِنتخاب: (ع) مذکر؛ چننا، پسند کرنا، منتخب اور چیدہ۔
اِنتخابیّت: (ع) مونث، منتخب کرنے کی خوبی۔
اِنتداب: (اِن۔تِدا۔ب) (ع) (۱) کام کے لئے بلانا۔ (۲) (سیاسی اصطلاح) اقوام متحدہ کی ٹرسٹی شپ کونسل کی طرف سے کسی حکومت کو کسی دوسرے ملک پر عارضی طور پر حکومت کرنے کا اختیار دینا، تولیت۔
اَنتر: (ہ) فرق، بھید، راز، فاصلہ۔
—— **یامی**: (ہ) ہمیشہ دل میں رہنے والا، عالم الغیب۔
اَنتر منتر: (اَنتر تابع مہمل) مذکر؛ جادو ٹونا، جھاڑ پھونک۔
اَنتڑی: مونث؛ آنت۔
انتڑیاں جلنا: بہت بھوکا ہونا۔
انتڑیوں کا قُل ہُوَاللہ شروع کر دینا/پڑھنا: بہت بھوک لگنا، بھوک کی شدت۔
انتڑیوں کو مسوس کر رہ جانا: بھوک ضبط کرنا، سخت بھوک برداشت کرنا۔
اِنتزاع: (ع) مذکر؛ اکھڑنا، چھوڑنا، اکھاڑنا۔
اِنتساب: (ع) مذکر؛ لگاؤ، نسبت، تعلق ہونا۔
اِنتشار: (ع) مذکر؛ گھبراہٹ، پریشانی، تتر بتر ہونا۔
—— **پسند**: بدامنی اور بدنظمی پھیلانے والا، شر پسند، دہشت پسند۔
—— **حواس**: (اضافت کے ساتھ) حواس بگڑ جانا، حواس کا ٹھکانے نہ ہونا۔
اِنتظار: (ع) مذکر؛ راہ دیکھنا۔
—— **کھینچنا/کرنا/ہونا**: انتظار میں رہنا۔
اِنتظاری: انتظار۔
اِنتظام: (ع) مذکر؛ بندوبست، اہتمام۔
—— **بیٹھنا**: (دہلی) قاعدے سے بندوبست ہو جانا۔
اِنتفاع: (ع) مذکر؛ فائدہ حاصل کرنا، نفع ہونا۔
اِنتقال: (ع) مذکر؛ (۱) نقل و حرکت، جگہ بدلنا، نقل مکانی، (۲) (کنایتاً) مرجانا، (۳) الجبرا کی ایک اصطلاح۔
انتقالِ جایداد: (اضافت کے ساتھ) جائداد کا دوسرے کے نام ہو جانا۔
—— **ذہنی**: (اضافت کے ساتھ) ذہن کا ایک طرف سے دوسری طرف منتقل ہونا
—— **معانی**: معنی کی تبدیلی، کسی لفظ کے معنی بدل جانا۔
اِنتقام: (ع) مذکر؛ بدلہ، عوض۔
اَنتم: (ہ) پچھلا، آخری۔
اِنتہا: (ع) مونث؛ حد، نہایت، بے حد۔
—— **کا**: پلے سرے کا، حد سے زیادہ۔
—— **لینا**: کسی بات کی حد کا اندازہ لینا، کسی بات کی تھاہ کا پتہ لگانا۔
اُنتی: (ہ) مونث؛ ترقی۔
اَنتیاں: مونث؛ ایک قسم کا عورتوں کے کان کا زیور۔
اَنٹا: مذکر؛ (۱) افیم کی بڑی گولی، (۲) بچوں کے کھیلنے کی شیشے کی بڑی گولی۔
—— **غفیل ہو جانا**: مرجانا، (ظرافت سے)
—— **غفیل ہونا**: نشے میں چور ہونا، بدمست ہونا۔
اِنٹر: INTER (انگ) مذکر؛ درمیانی درجہ، درمیانی۔
اِنٹرپریٹر: INTER PRETER (انگ) ترجمان، شارح۔ دو مختلف زبان جاننے والے آدمیوں کی گفتگو ایک دوسرے کو سمجھانے والا۔
اِنٹرسٹ: INTEREST (انگ) مذکر؛

(۱) بیاج، سود، منافع، (۲) شوق، دلچسپی۔

انٹرمیڈیٹ: INTERMEDIATE (انگ) مذکر؛ درمیانی، وسطی، (درجہ کے ساتھ)

انٹرنس: ENTRANCE (انگ) مذکر؛ (۱) دروازہ، داخلہ، (۲) ایک مقرر درجہ، یونی ورسٹی کے داخلہ کا امتحان۔

انٹرنیشنل: INTERNATIONAL (انگ) بین الاقوامی، بین اقوامی۔

انٹروڈکشن: INTRODUCTION (انگ) مذکر؛ تعارف، جان پہچان، شناسائی۔

اِنٹرَوَل: INTERVAL (انگ) درمیانی وقفہ۔

انٹ سنٹ/انٹ کا سنٹ: اوٹ پٹانگ، مہمل، لغو۔

اَنٹ شَنٹ: (ہ) مہمل، بے معنی، بے تکا، اناپ شناپ۔

اِنٹلکچول: INTELLECTUAL (انگ) دانش مند، ذہین، روشن خیال۔

اَنٹی: مونث؛ (۱) گرہ، ناف سے نیچے پہنے ہوئے کپڑے میں کمر کے پاس رقم وغیرہ کچھ رکھ کر لگائی جانے والی گرہ۔ (۲) سوت یا ریشم کی لچھی، دو انگلیوں کی بیچ کی جگہ، گھائی۔ (۳) سوت چڑھانے کی لکڑی، (۴) جیب۔

انٹی باز/مار: (۱) وہ شخص جو انگلیوں کی گھائیوں میں کوئی چیز چھپالے، (۲) مجازاً؛ فریبی، چالاک۔

—— پر چڑھانا: اپنے مطلب پر لگانا، دام میں لانا، قابو میں لانا۔

—— دینا: گردنی دینا، گردن ناپنا۔

—— کرنا: (۱) سوت لپیٹ کر انٹی بنانا، (۲) فریب اور دھوکے سے کسی کا مال لے لینا۔

اَنجام: (ع) مذکر؛ خاتمہ، نتیجہ، انتہا۔

—— بہ خیر ہونا: نتیجہ اچھا نکلنا، خاتمہ اچھا ہونا، ایمان کے ساتھ مرنا۔

—— سوچنا: نتیجے پر نظر رکھنا، عاقبت اندیشی۔

اَنجر پنجر: مذکر؛ ہڈی پسلی، جوڑ جوڑ، اعضا، کسی چیز کے پرزے اور اجزا۔

—— ڈھیلے ہو جانا: جوڑ جوڑ ہل جانا، عضو عضو تھک جانا۔

انجکشن: INJECTION (انگ) مذکر؛ (۱) پچکاری دینا۔ سوئی لگانا، (۲) سیال دوا کا سوئی کے ذریعے جسم میں داخل کرنا، (۳) وہ دوا جس کی سوئی لگائی جاتی ہے۔

اَنجل/اَنجلی: دونوں ہاتھوں کو ملا کر ایک ظرف کی شکل بنا لینا۔

انجلی نکالنا: کسانوں کا فصل کٹ کر گھر آنے کے بعد غریبوں اور فقیروں کو انجل بھر بھر کر دینا۔

اَنجُم: (ع) مذکر؛ (جمع نجم کی) ستارے۔

انجمستان: (ف) مونث؛ ستاروں کا جھرمٹ، آسمان۔

اَنجُمَن: (ف) مونث؛ محفل، کمیٹی، مجلس۔

اَنجَن: (س) کاجل، آنکھوں میں سرمے کی طرح لگائی جانے والی ایک چیز، سرمہ۔

اِنجن: ENGINE (انگ) مذکر؛ مشین، بھاپ کی کل، آلہ۔

انجیر: (ف) مذکر؛ ایک مشہور میوہ۔

اِنجیل: (انگ) مونث؛ حضرت عیسیٰؑ پر اتری ہوئی آسمانی کتاب۔

اِنجینیر: ENGINEER (انگ) تعمیرات یا مشینوں کا کام جاننے والا، کل ساز، مُہَنْدِس۔

اِنچ: INCH (انگ) فٹ کا بارھواں حصہ۔

اِنچارج: INCHARGE (انگ) انتظام کا ذمہ دار شخص، سربراہ کار۔

اِنچے اِنچے رہنا: کھنچے کھنچے رہنا، دُور دُور رہنا۔

اَنچھَر: (ہ) مذکر؛ حرف، جادو منتر کے فقرے، بہت اثر کرنے والی بات۔

—— پڑھ کر مارنا: جادو کرنا، دانوں یا کنکریوں پر جادو منتر کے بول پڑھ کر مارنا۔

اِنحراف: (ع) مذکر؛ پھر جانا، مخالفت کرنا، نافرمانی، سرکشی۔
اِنحصار: (ع) مذکر؛ گھرنا، کسی پر موقوف ہونا۔
اِنحطاط: (ع) مذکر؛ گھٹاؤ، اُترنا۔
اِنخلا: (ع) مذکر؛ کسی جگہ کو خالی کرنا۔
اِنمارا: مذکر؛ بہت بڑا پختہ کنواں۔
انداز: (ف) مذکر (۱) ڈھنگ، طور، طرز، (۲) معشوقانہ ادا، ناز، (۳) اٹکل، قرینہ، تخمینہ، (۴) حد اعتدال، مقدار میں، (۵) نمونہ، پیمانہ۔
—— اُڑانا: کسی کا ڈھنگ اختیار کر لینا۔
اَندازہ: (ف) مذکر؛ اٹکل، جانچ، تخمینہ۔
اَندام: (ف) مذکر؛ بدن۔
—— نہانی: (اضافت کے ساتھ) عورتوں کی شرمگاہ۔
اندر: باہر کی ضد۔
—— کی سانس اندر، باہر کی سانس باہر: سانس لینا دشوار ہو جانا، حیرت اور سکتے کی کیفیت۔
—— والا: (کنایتاً) (۱) دل، جی، (۲) ماں کے پیٹ میں کا بچہ۔
—— ہی اندر: چُپکے چُپکے، پردے پردے میں۔
اِندر: دیوتاؤں کا راجہ۔
—— جال: (راجہ اندر کا دشمن کو دھوکہ دینے والا جال) مجازاً: دھوکہ، شعبدہ۔
—— جَو: جَو سے ملتا ہوا ایک لال بیج۔
—— کا اکھاڑہ: (۱) راجہ اندر کی سبھا، (کنایتاً) (۲) خوب صورت عورتوں کا مجمع، جھُرمُٹ۔
اِندرا: (ث) مونث؛ دولت کی دیوی، لچھمی، لکشمی۔
اندراج: (ع) مذکر؛ لکھنا، داخل ہونا، درج کرنا۔
اِندراجات: (جمع اندراج کی) لکھے ہوئے، درج کیے ہوئے۔
اِندراسن: راجہ اندر کا تخت۔
اَندرائن: مذکر؛ (۱) ایک پھل جو دیکھنے میں خوب صورت اور مزے میں بہت کڑوا ہوتا ہے، (۲) (مجازاً) صورت میں اچھا اور سیرت میں بُرا۔
—— کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں: (مَثَل) جس کا ظاہر اچھا ہو باطن خراب، خوب صورت بدکردار۔
اِندرپوری: (ث) راجہ اندر کا پایۂ تخت۔
اِندر دھنش: (ث) مذکر؛ دھنک، قوسِ قزح۔
اَندرسا: ایک قسم کی مٹھائی جو چاول کے آٹے میں شکر ملا کر اور خمیر بنا کر پتلی پتلی ٹکیوں کی شکل میں تلتے ہیں، اور جو گولیوں کی شکل میں بناتے ہیں انھیں اندرسے کی گولیاں کہتے ہیں۔
اندرلوک: (ث) مذکر؛ راجہ اندر کے رہنے کا ملک یعنی بہشت۔
اندرون: (ف) مذکر؛ (۱) اندر، بھیتر، (۲) (کنایتاً) باطن۔
—— خانہ: (اضافت کے ساتھ) آپس میں، گھر کے اندر، چُپکے چُپکے۔
اِندِفاع: (ع) مذکر؛ دُور ہونا، دفع ہونا۔
اَندک: (ف) تھوڑا سا، ذرا سا، کم۔
اِندمال: (ع) مذکر؛ زخم کا بھر آنا۔
اَندوختہ: (ف) مذکر؛ جمع کیا ہوا مال (روپیہ پیسہ)۔
اندوہ: (ف) مذکر؛ رنج و غم۔
—— گیں: غم گین، رنجیدہ۔
—— ناک: دکھ پہنچانے والا، بہت رنج دینے والا۔
اندیشہ: (ف) مذکر؛ دھڑکا، کھٹکا، خوف، فکر۔
—— ناک: خوف ناک، پُرخطر۔
اَندھا: (۱) جسے کچھ دکھائی نہ دیتا ہو، جس کی آنکھوں میں روشنی نہ ہو، (۲) (مجازاً) ناقدر شناس۔
—— ہونا: (۱) آنکھ کی روشنی جاتی رہنا، (۲) بے قلعی کا گھر، جس گھر میں پُتائی نہ ہوئی ہو۔
—— بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں ہی کو دے: (مَثَل) صرف اپنوں ہی کو نفع پہنچانا۔
—— بنانا: بے وقوف بنانا، آنکھوں میں خاک ڈالنا۔
—— بھینسا: لڑکوں کا ایک کھیل

—— تب پتیائے، جب دونوں آنکھیں پائے: (مَثَل) غرض مند کا کام ہو جائے تو اطمینان ہو۔

—— دربار: بُرا راج۔

—— دھند: (۱) بے سوچے سمجھے، (۲) اندھیر، ناانصافی۔

—— دُھندا: جسے سمجھائی نہ دے، (دُھندا تابع مہمل)

—— راجہ چوپٹ نگری: (مَثَل) بے وقوف حکمراں، رعایا کے حال سے ناواقف، (نتیجہ: ملک کی بربادی)۔

—— کُنواں: سوکھا اور تاریک کنواں۔

—— کیا جانے بسنت کی بہار: (مَثَل) ناقدرا، جسے اچھے بُرے کی تمیز نہ ہو۔

—— کیا چاہے، دو آنکھیں: (مَثَل) حاجت مند اپنی حاجت روائی چاہتا ہے۔

—— گائے بہرا بجائے: (مَثَل) کسی کام میں نااہلوں کا جمع ہو جانا۔

—— گھوڑا: (آزاد فقیروں کی اصطلاح) جوتا۔

—— مُلّا ٹوٹی مسجد: (مَثَل) جیسا ناقص آدمی ہو ویسی ہی ناقص چیز پائے گا۔

—— ہونا: (مجازاً) بُرا بھلا نہ سوجھنا۔

اندھوں میں کانا راجہ: (مَثَل) نادانوں میں جو ذرا سمجھ والا ہو وہ سردار بن جاتا ہے۔

اندھی نگری چوپٹ راج:
اندھیر نگری چوپٹ راجہ
ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجہ
(مَثَل) بدنظمی پھیلنا، بُرے بھلے کی تمیز اٹھ جانا۔

اندھے کو اندھا کیوں کر راستہ بتائے: (مقولہ) جو خود نہ جانتا ہو دوسروں کی رہبری کیا کرے گا۔

اندھے کی جورو کا اللہ والی: (مَثَل) معذور شخص کا اپنی چیز کی حفاظت نہ کر سکنا۔

—— کی دادنہ فریاد دلاٹھی، مار بیٹھے گا: (مثل) انجان اور معذور کی بے عنوانی کی کوئی پکڑ دھکڑ نہیں ہو سکتی۔

—— کی لاٹھی/لکڑی: کمزوری کا سہارا، بے کس کا آسرا۔

—— کے آگے روئے اپنی آنکھیں/دیدے کھوئے: (مَثَل) بے عقل کو سمجھانا اپنی عقل کھپانا ہے۔

—— کے ہاتھ بٹیر لگنا: (مَثَل) نااہل کو اس کی لیاقت سے زیادہ چیز مل جانا۔

اندھیارا: اندھیرا۔

اَندھیارے اُجالے: اندھیرے اُجالے۔

اَندھیر: مذکر، بدنظمی، بے انصافی، غضب، ستم۔

—— کھاتا: بے ایمانی، بدمعاملگی۔

—— مچانا/ڈھانا: ظلم و ستم ڈھانا، کھلم کھلا بے ہودہ حرکتیں کرنا، لوٹ مار مچانا۔

اندھیرا: مذکر: تاریکی۔

—— چھانا: بہت تاریکی ہو جانا۔

—— گھُپ: انتہا کی تاریکی۔

اندھیری: مونث: گھوڑے کو چمکنے سے بچانے کے لئے اس کی آنکھوں پر باندھنے کا چمڑے یا کپڑے کا پردہ۔

—— رات: جس رات میں چاندنی نہ ہو۔

—— کوٹھری: (۱) جیل خانوں میں قید تنہائی والے قیدی کو سب سے الگ تھلگ رکھنے کی کوٹھری، (۲) مجازاً انسانی جسم کا اندرونی حصہ۔

اندھیرے اُجالے: کہیں نہ کہیں، کبھی نہ کبھی، موقع بے موقع۔

اندھیرے گھر کا اُجالا/چراغ: (۱) بہت پیارا، جس سے گھر کی رونق ہو، زیادہ تر اولاد، (۲) مجازاً بیٹا۔

اندھیرے مُنہ: بہت سویرے، تڑکے۔

انڈا: (۵) مذکر: بیضہ، خُصیہ، فوطہ۔

—— بٹھانا: انڈے سینے کے لئے مرغی کے نیچے رکھنا۔

—— کھٹکنا: پرندے کے بچے کا نکلنے سے پہلے اپنی چونچ سے مار مار کر انڈے کا خول چٹخا دینا۔

—— گندہ ہونا: انڈا بگڑ جانا، اس کی طبعی حالت باقی نہ رہنا۔

انڈے اُڑانا: (دہلی) مجازاً بہت جھوٹ بولنا۔

—— بغل میں، بچے کھچے کھجور میں: (مَثَل) ضرورت کی چیزیں ٹھکانے سے نہ رہنا، کوئی کہیں ہے تو کوئی کہیں۔

—— بچے: (مجازاً) لڑکے بالے۔ سقد۔
—— تلنا: انڈوں کا خاگینہ یا چلے بنانا۔
—— چھوڑ دینا (چیل کا): سخت گرمی پڑنا۔
—— دینا (پرندے کا): انڈے پیدا کرنا، انڈے چھوڑنا۔
—— سینا: پرند کا بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا۔
—— سیوے فاختہ کوّے سیوے کھائیں } مثل؛ مشقت
—— سیوے کوئی بچے لیوے کوئی } کرنے والا محروم رہ جائے، مزے کوئی اور اڑائے۔

انڈر: UNDER (انگ) تابع، تحت، نیچے، زیر فرمان۔

—— **گراؤنڈ:** GROUND —— (انگ) زمین دوز، رُوپوش۔

—— **لائن:** LINE —— (انگ) خط کشیدہ، کسی لفظ یا عبارت کے نیچے خط کھینچنا۔

—— **ویئر:** WEAR —— (انگ) پاجامہ، پتلون وغیرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا، زیر جامہ۔

اِنڈکس: INDEX (انگ) مذکر؛ اشاریہ، کتاب کے مضامین کی فہرست۔

اَنڈلانا: اٹھلانا، اَنڈنا۔

اُنڈل پڑنا: گر پڑنا (کسی چیز کا)

اِنڈنٹ: INDENT (انگ) مذکر؛ (۱) سامان کا مطالبہ کرنے والا کاغذ، (۲) سرکاری تحریر جس کر بوجھ اٹھانے کا پرانے کپڑوں یا بان کا حلقہ۔

اِنڈور شوٹنگ: INDOOR SHOOTING (انگ) مونث؛ دیکھو شوٹنگ۔

اِنڈوی: مونث؛ خوب صورتی کے لئے بازوؤں پر یا بالوں کے جُوڑے میں باندھنے کی عمدہ کپڑے اور لچکے کی کنڈلی۔

اِنڈیا: INDIA (انگ) مذکر؛ بھارت، ہندوستان۔

اُنڈیلنا: برتن کو جھکا کر یا اُلٹ کر اس میں کی چیز لینا، خصوصاً پانی۔

انڈین: INDIAN (انگ) ہندوستانی، ہندوستان کا باشندہ۔

—— **پینل کوڈ:** PANEL CODE —— (انگ) مذکر؛ تعزیرات ہند۔

اِنزال: (ع) مذکر؛ (۱) اتارنا، (۲) منی کا خارج ہونا۔

اِنس: (ع) مذکر؛ انسان۔

—— **وجان:** انسان اور جن۔

اُنس: (ع) مذکر؛ مانوس ہونا، محبت، الفت۔

اِنسان: (ع) مذکر؛ (۱) بنی آدم، آدمی، (۲) مہذب، اخلاق سے آراستہ۔

—— **بنانا:** آدمیت سکھانا، اچھا آدمی بنانا۔

اِنسائیکلوپیڈیا: ENCYCLOPAEDIA (انگ) جامع العلوم، ذخیرۂ معلومات، قاموس العلوم، وہ کتاب جس میں جملہ فنون کی کل معلومات مندرج ہوں۔

اَنسب: (ع) بہت مناسب۔

اِنسپکٹر: INSPECTOR (انگ) معائنہ کرنے والا۔ نگراں۔ مثلاً، انسپکٹر پولیس، انسپکٹر تعلیمات۔

—— **جنرل:** GENERAL —— (انگ) مذکر؛ ناظم اعلیٰ، مہتمم اعلیٰ۔

اِنسپکشن: INSPECTION (انگ) مذکر؛ جانچ، معائنہ، ملاحظہ۔

اِنسٹرکٹر: INSTRUCTOR (انگ) مذکر؛ ہدایت دینے والا، درس دینے والا، معلم، اتالیق۔

اِنسٹرکشن: INSTRUCTION (انگ) مذکر؛ (۱) ہدایت، حکم، (۲) درس، تعلیم۔

اِنسٹی ٹیوٹ: INSTITUTE (انگ) مذکر؛ علمی مجلس یا ادارہ، محکمہ۔

اِنسٹی ٹیوشن: INSTITUTION (انگ) مذکر؛ ادارہ، کسی ادارہ کی عمارت، (کنایتاً) درس گاہ۔

اِنسداد: (ع) مذکّر؛ بند ہوجانا، روک تھام۔
اِنسلاک: (ع) مذکّر؛ منسلِک ہونا، ہم رشتہ ہونا۔ (جمع) اِنسلاکات۔
اِنسلاکات: (ع) مذکّر؛ جمع انسلاک کی۔
اِنسلٹ: INSULT (انگ) مونث؛ بے عزتی، توہین، حقارت، ذلت، ہتک۔
اِنشا: (ع) مونث؛ عبارت، مضمون لکھنا، تحریر، قواعد خط نویسی یا خطوط کی کتاب۔
——— پرداز: (ف) اچھی عبارت لکھنے والا، منشی، اچھا مضمون نگار۔
اِنشاءاللہ: (ع) (اگر اللہ نے چاہا) کسی بات کے ارادے یا وعدہ پورا کرنے کے لئے مسلمانوں کا بطور شرط کہا جانے والا جملہ۔
اِنشائیہ: (۱) (نحو کی ایک اصطلاح) (۲) انگریزی لفظ ESSAY 'ایسے' کا مترادف، (۳) مضمون۔
اِنشراح: (ع) مذکّر؛ کھلنا، کشادہ ہونا۔
——— صدر: (ع) دل کا کھلنا، کشادہ دلی، کسی بات کا پورے یقین کے ساتھ ظاہر کرنا۔
اِنشورنس: INSURANCE (انگ) مذکّر؛ بیمہ، بیمہ کی رقم۔
اَنصار: (ع) جمع ناصر کی؛ (۱) مددگار، (۲) مدینے کے وہ لوگ جنھوں نے محمدؐ رسول اللہ اور آپ کے ساتھیوں کی ہجرت کرکے مدینہ آنے پر مدد کی تھی۔
اَنصاری: انصار سے منسوب۔
اِنصاف: (ع) مذکّر؛ داد، عدل۔
——— چکانا: فیصلہ چکانا، جھگڑا چکانا، فریاد کو پہنچنا۔
——— کا خون کرنا: انصاف کے خلاف کرنا، ناانصافی۔
اِنصِرام: (ع) مذکّر؛ انتظام، بندوبست، پورا ہونا، انجام کو پہنچنا۔
اِنضباط: (ع) مذکّر؛ ضبط کرنا، تعین، ضابطہ، ڈھنگ۔
——— اوقات: (اضافت کے ساتھ) وقت کی تقسیم۔
اِنضمام: (ع) مذکّر؛ مل جانا، پیوست ہونا، پیوند ہونا، ضم کرلینا۔
اِنطباع: (ع) مذکّر؛ چھپنا، نقش ہونا۔
اِنطباق: (ع) مذکّر؛ آپس میں ملنا، ایک دوسرے کے مطابق ہونا۔
اِنعام: (ع) مذکّر؛ بخشش، کسی بات کا صلہ، عطیہ۔
——— واِکرام: اِنعام، صلہ اور عزت، رتبہ بڑھانا۔
اِنعقاد: (ع) مذکّر؛ بندھنا، جلسہ محفل وغیرہ کا ہونا، منعقد ہونا۔
اِنعکاس: (ع) مذکّر؛ اُلٹنا، عکس کا کسی شفاف چیز جیسے شیشے یا پانی وغیرہ سے نمودار ہونا۔
اَنفار: (ع) مذکّر؛ (جمع نَفَر کی) (۱) لوگ، عوام، (۲) سپاہی، (۳) (حقارت سے) کمینے۔
اِنفارمیشن: INFORMATION (انگ) مذکّر؛ اطلاع، خبر، واقفیت، معلومات۔
——— بیورو: (انگ) مذکّر؛ محکمۂ اطلاعات۔
اَنفاس: (ع) مذکّر؛ (جمع نَفَس کی) سانس، دم۔
اَن فِٹ: UNFIT (انگ) (۱) ناقابل، ناموزوں، نااہل۔ (۲) غیر تندرست (جسمانی اور دماغی اعتبار سے)
اِنفراد: (ع) مذکّر؛ اکیلا ہونا، تنہا ہونا۔
اِنفرادیت: مونث؛ ذاتی اور شخصی خصوصیات، شخصی پہچان، شخصیت
اِنفراغ: (ع) فراغت، فارغ ہونا، کسی کام کو نپٹا دینا۔
اِنفساخ: (ع) مذکّر؛ ٹوٹ جانا، فسخ ہوجانا۔
اِنفصال: (ع) مذکّر؛ جدا ہونا، فیصلہ۔
اِنفعال: (ع) مذکّر؛ ندامت، شرمندگی، شرمندہ ہونا۔
اِنفعالیت: (اِن فعالیت) (ع) مونث؛ شرمندگی، ندامت۔
اِنفکاک: (ع) مذکّر؛ جدا ہونا، الگ ہونا، چھوڑنا۔

اِنفلوئنزا: INFLUENZA (انگ) مذکر؛ مشہور بیماری، زکامی بخار، وبائی بخار۔ فلو۔

اِنفنٹری: INFANTORY (انگ) مونث؛ پیادہ فوج، پلٹن۔

اِنقباض: (ع) مذکر؛ سکڑنا، طبیعت کا ناشگفتہ ہونا۔

اِنقسام: (ع) مذکر؛ حصہ حصہ ہونا، تقسیم ہونا۔

اِنقضاء: (ع) مذکر؛ پورا ہونا، گذرنا، ختم ہونا۔

—— مدت: (اضافت کے ساتھ) مقررہ مدت کا گذر جانا۔

اِنقطاع: (ع) مذکر؛ کٹ جانا، الگ ہوجانا، بند ہوجانا۔

اِنقلاب: (ع) مذکر؛ الٹ پلٹ، یک سر تبدیلی۔

—— آسمان: (اضافت کے ساتھ) وقت کی
—— دہر: کایا پلٹ، زمانے کی گردش۔
—— زمانہ:

—— زندہ باد: (انقلاب زندہ رہے) کسی تبدیلی کے خواہاں سیاسی اور سماجی تحریکوں کا نعرہ۔

انقلابِ رجعی: (ع) مذکر؛ جوابی انقلاب (انگ)؛ (کاؤنٹر ریوولیوشن)۔

اِنقیاد: (ع) مذکر؛ فرماں برداری۔

اِنک: INK (انگ) مونث؛ روشنائی، سیاہی۔

—— اسٹینڈ: STAND —— قلمدان۔

—— پاٹ: POT —— دوات۔

اِنکار: (ع) مذکر؛ نہ ماننا، ناپسند کرنا۔

اَنکُر: (ہ) مذکر؛ بیج بونے کے بعد پہلے پہل نکلنے والا انکھوا، انکھوا، کونپل، نوزائیدہ۔

اِنکسار: (ع) مذکر؛ خاکساری، فروتنی۔

اِنکشاف: (ع) مذکر؛ کھلنا، کھولنا، ظاہر ہونا۔

اَنکل: UNCLE (انگ) مذکر؛ چچا یا ماموں، پھوپھا، خالو۔

اَن کلیمڈ: UNCLAIMED (انگ) لاوارث، جس کا کوئی دعویدار نہ ہو۔

اِنکم: INCOME (انگ) مونث؛ آمدنی، کمائی، حاصل، یافت۔

—— ٹیکس: —— TAX —— (انگ) مذکر؛ لوگوں کی آمدنی کی مقررہ حد پر سرکاری ٹیکس، آمدنی ٹیکس۔

اَنکنا: (۱) جھینپنا، شرمندہ ہونا، (۲) گلٹی گلانے کا عمل یا منتر۔

اَنکھری/اَنکھڑی: (ہ) مونث؛ (آنکھ کی تصغیر) آنکھ، جھلک، محبت کی نظر۔

اَنکھڑیاں: (جمع انکھڑی کی) آنکھیں، (پیار سے)، معشوق کی آنکھیں۔

اَنکھوا/اَنکھوا: مذکر؛ پہلے پہل بیج میں سے پھوٹ کر پیدا ہونے والی سوئی سی باریک اور سفید چیز۔

اَنکھیارا: آنکھوں والا، صاحبِ بصیرت۔

اَنکھیاں: (جمع انکھی کی) آنکھیں۔

اِنکوائری: INQUIRY (انگ) پوچھ تاچھ، تفتیش، دریافت، استفسار۔

—— آفس: —— OFFICE —— (انگ) مذکر؛ پوچھ تاچھ کا دفتر، دفترِ معلومات، معلومات حاصل کرنے کا دفتر۔

اَنگ: مذکر؛ (۱) بدن، جسم، (۲) جوڑ، عضو۔

—— لگنا: غذا کا بدن کا جزو بننا۔

اَنگا: (ہ) مذکر؛ انگرکھا۔

اَنگار: مونث؛ آگ۔

انگارا: مذکر؛ (۱) آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا، (۲) تشبیہاً؛ بے انتہا سرخ چیز۔

—— بننا/ہوجانا: غصّے کے مارے لال ہوجانا۔

انگاروں پر لوٹنا: (کنایتاً) تڑپنا، بے تاب ہونا، بے قرار ہونا، جلنا (رشک و حسد سے)۔

انگارے پھانکنا: بہت سخت پاداش والا کام کرنا۔

انگبین: (ف) مذکر؛ شہد۔

اَنگرکھا: اچکن سے ملتی جلتی ایک پوشاک۔

اَنگریز/اِنگریز: (انگ ریز) فرنگی، انگلستان کا رہنے والا۔

انگریزی: (یائے نسبتی) انگریز سے منسوب ہر چیز، انگریزی زبان، لباس۔

انگڑائی: دونوں ہاتھ اوپر اٹھا کر جسم کو کھینچنا یا تاننا۔

——— توڑنا/لینا: (۱) انگڑائی لیتے وقت کسی کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اپنے جسم کا بار اُس پر ڈالنا، (۲) مجازاً: نکما رہنا، بے کار رہنا۔

اَنگڑ کھنگڑ: مذکر، (۱) کاٹھ کباڑ، گھر کا ضروری اور غیر ضروری اسباب۔ (۲) (مجازاً) بہت سی بے ترتیب پھیلی ہوئی چیزیں۔

ناموزوں، بے ترتیب۔

اَنگشت: (ف) مونث؛ انگلی۔

اَنگشتانہ: (ن) مذکر؛ سیتے وقت چھنگلیا کے پاس کی انگلی میں پہن لینے کا لوہے یا پیتل کا خول۔

اَنگشت بدنداں ہونا: دانتوں تلے انگلی دبانا (حیرت سے)۔

——— بر لب ہونا: ہونٹوں پر انگلی رکھنا (چپ ہونے کا اشارہ)۔

انگشتر/انگشتری: مونث؛ انگوٹھی۔

انگشت شہادت: (اضافت کے ساتھ) کلمے کی انگلی۔ (انگوٹھے کے پاس کی انگلی)۔

——— نما ہونا/کرنا: بدنام ہونا، رسوا ہونا۔

——— نمائی: بدنامی، رسوائی۔

اُنگل: مذکر؛ ایک انگلی کی چوڑائی کی مقدار، (انگلی کی چوڑائی کے برابر)۔

اِنگلِش: ENGLISH انگلستان کی طرف منسوب چیز، زبان، قوم وغیرہ۔

انگلی: عضو جو ہتھیلی اور پاؤں کے ساتھ پانچ پانچ لگے ہوتے ہیں۔ انگشت۔

——— پکڑتے پکڑتے پہنچا پکڑنا (مثل) تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا مطالبہ کرنا۔ تھوڑی سی رعایت پا کر اور آگے بڑھتے جانا، حد سے تجاوز کرنا۔

——— پکڑ کر چلنا/سکھانا: مجازاً؛ کسی آدمی کو کوئی فن بالکل ابتدا سے سکھانا۔

——— پکڑنا: سہارا لینا۔

——— دانت تلے دبانا: حیران ہونا، افسوس کرنا۔

——— دکھانا: ڈرانا، دھمکانا۔

——— رکھنا: عیب نکالنا، نکتہ چینی کرنا۔

——— کرنا: (۱) کنایتاً؛ کسی کو پوشیدہ آزار پہنچانا، (۲) چھیڑنا۔

——— میں لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا: کسی کام میں ذرا سا دخل دے کر اس کام کے کرنے والوں میں شامل سمجھنا یا حق دار ہو جانا۔

——— نہ لگانا: ذرا نہ چھونا، ہاتھ نہ لگانا، کسی کو (خصوصاً بچوں کو) ہلکے سے بھی نہ مارنا۔

——— / انگلیاں اُٹھنا: کسی کی طرف کوئی خاص اچھی یا بری بات کی شہرت کی وجہ سے اشارہ کرنا، مطلق اشارہ، شہرت ہونا۔

اُنگلیاں توڑنا: انگلیوں کو اس طرح دبانا یا کھینچنا کہ چٹ چٹ آواز نکلے، عورتوں کا محبت سے کسی کی بلائیں لے کر کانوں تک ہاتھ لے جا کر انگلیاں توڑنا، کسی کو کوسنا ہو تو یہ انداز اختیار کرنا۔

——— چٹکانا/چٹخانا: انگلیاں توڑنا۔

——— کاٹنا: بہت افسوس کرنا، حیرانی ہونا۔

——— کانوں میں دینا: نہ سننے کی کوشش کرنا، کسی بات سے بیزاری ظاہر کرنا۔

——— مٹکانا/چمکانا/نچانا: ہاتھ اٹھا کر انگلیوں کو نچا نچا کر بات کرنا۔

اُنگلیوں پر نچانا: کسی سے من مانی کرانا، کسی کی ہنسی اڑانا۔

اِنگلینڈ: ENGLAND (انگ) مذکر؛ ملک انگلستان، انگریزوں کا ملک۔

انگنائی: مونث؛ آنگن، صحن۔

اَن گِنت: (ہ) بے شمار۔

انگوٹھا: ہاتھ اور پیر کی پہلی اور سب سے موٹی انگلی۔

——— چوسنا: سیانے آدمی کا بچوں کی سی ناسمجھی کی بات کرنا۔

—— دکھانا: (عو) انکار کرنا (تمسخر سے)، بے پروائی جتانا۔
اَنگوٹھی: مونث؛ انگلی میں پہننے کا زیور، انگشتری۔
اَنگوچھا: مذکر؛ عام دیہاتیوں کا تولیہ یا لنگی کے طور پر استعمال کرنے کا چھوٹا سا کپڑے کا ٹکڑا۔
اَنگور: مذکر؛ مشہور میوہ۔
—— بندھنا (زخم کا): زخم اچھا ہو کر ایک سرخ سے دانے کی طرح گوشت پیدا ہونا۔
—— پھٹ جانا: } بھرتے ہوتے زخم کا پھٹ جانا۔
—— کا پھوٹ بہنا: }
—— کھٹے ہیں: (مثل) باوجود حاصل کرنے کی خواہش کے کسی چیز کے نہ ملنے پر اپنی جھینپ مٹانا۔
اَنگوری بیل: کپڑے پر بنی ہوئی انگور کی بیل۔
اَنگیا: (ہ) مونث؛ سینہ بند، چولی۔
اَنگیٹھی: مونث؛ آگ رکھ کر کھانا پکانے اور دوسرے کاموں میں لایا جانے والا ایک خاص وضع کا ظرف۔
اَنگیز کرنا: برداشت کرنا، گوارا کرنا۔
اَنگیزنا: جبر سہہ لینا۔
اَن گھڑ: (ہ) بھدا، بدصورت، ناہموار، غیر اصلاح شدہ۔
اَننَاس: مذکر؛ ایک مشہور پھل۔
اَنَنت: (ہ) بے حد، بے پایاں، کبھی نہ ختم ہونے والا۔
اَنند کے تار بجانا: (دہلی) موج اڑانا، مگن ہونا، عیش و عشرت کے ساتھ بسر کرنا، خوشی کے گیت گانا۔
اَنوار: (ع) جمع نور کی؛ روشنی۔
اَنواسنا: کورے برتن کو کھنگالنا۔
اَنواسی: برتی ہوئی، استعمال کی ہوئی، جو کوری نہ ہو۔
انواع: (ع) (جمع نوع کی) قسم۔
اَنوبھو: (ہ) مذکر؛ تجربہ، عقل، احساس۔
اَنوبھوی: (ہ) تجربہ رکھنے والا، تجربہ کار۔
اَنوپ: (ہ) اعلیٰ، عمدہ، نادر، بے نظیر۔
اَنوٹھا: (۱) وہ کھانا جو جھوٹا نہ ہو، (۲) انوکھا۔
اَنوٹھی بات: نئی بات، انوکھی بات۔
اَنور: (ع) بہت روشن۔
اَنوراگ: (ہ) مذکر؛ پیار، محبت، رغبت، عشق۔
اَنوراگی: (ہ) پریمی، محبت رکھنے والا۔
اَنوسار: (ہ) مطابق، بہ موجب۔
اَنوکھا: مذکر؛ نرالا، عجیب و غریب۔
اَنومان: (ہ) مذکر؛ شک، شبہہ، گمان، اندازہ، خیال
اَنومتی: (ہ) مونث؛ حکم، اجازت، خواہش۔
اَنوواد: (ہ) ترجمہ۔
اَنووادک: (ہ) مذکر؛ ترجمہ کرنے والا، مترجم۔
اَنہدام: (ع) مذکر؛ اُجڑنا، ویران ہونا، مسمار ہونا، ڈھا دینا۔
اَنہماک: (ع) مذکر؛ کسی کام میں کھو جانا، محو ہو جانا، کسی کام میں ڈوبے رہنا، کام میں بہت گہری مشغولیت۔
اَنی: مونث؛ کسی چیز کی چوٹی، آخری سرا، (بھالے، درخت وغیرہ کا)
—— کا ہاتھ: } سامنے کی سیدھی چوٹ،
—— کی چوٹ: } (پھکیتوں کی اصطلاح)
—— ضرب: }
اَنیائے: (ہ) مذکر؛ بے انصافی، ظلم۔
اَنیس: (ع) اُنس رکھنے والا، دوست، ہمدم۔
اَنیک: (ہ) ایک سے زیادہ، بہت، گوناگوں۔
اَنیلا: مذکر؛ ناواقف، ناتجربہ کار، نادان۔
اَنیلاپن: (ہ) مذکر؛ بھولاپن، نادانی، سادگی، ناتجربہ کاری۔
اُنھ / اُونھ: مونث؛ (۱) بے پروائی کی آواز، (۲) کراہنے کی آواز، (۳) اظہارِ نفرت یا بے زاری کا لفظ۔
اَنھوریاں / اَندھوریاں: گرمی دانے، شدت گرمی سے نکلنے والی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں۔

ا ـــــ و

اُو: (حرفِ ندا) اے، ارے، آپ (پکارنے یا خطاب کرنے کے لئے)۔
اَواخر: (ع) (جمع آخر کی) پچھلے حصے، انتہا، ختم۔

اَوائل: (ع) (جمع اوّل کی) پہلے حصّے، ابتدا، آغاز۔
اَوباش: (ع) بدچلن، آوارہ مزاج۔
اُوبڑ کھابڑ: (ہ) ناہموار، غیر مسطح (زمین یا راستہ)۔
اُوبنا: اکتانا۔
اُوبی: مونث؛ ہاتھی کے پھنسانے کے لئے جنگل میں گھاس پھوس سے ڈھانپ کر تیار کیا ہوا گڑھا۔
اُوپ: مونث؛ چمک، آب و تاب، رونق۔
اُوپچی: مذکر؛ ہتھیار بند، بانکا سپاہی، مسلح۔
اُوپر: حرف ظرف؛ پر، بالا، نیچے کی نسبت سے اونچا، سہارے پر، برتے پر۔
—— اُوپر: الگ الگ، بالا بالا۔
—— تلے: متواتر، ایک کے اوپر ایک، نیچے اُوپر۔
—— دھڑی: مفت کی تہمت۔
—— کا کام: فالتو کام، مقررہ کام سے زیادہ کام۔
—— کے دل سے: دکھاوے کے لئے، ظاہر داری سے، بے دلی سے۔
—— کے دم آنا/بھرنا: (۱) اُلٹی سانس چلنا، مرنے کے قریب ہونا۔ (۲) (کنایتاً) نزع کی حالت۔
—— والا: خدا، نیا چاند، اوپر کے کام کرنے والا ملازم۔
—— والے: (۱) غیر، جن کو کوئی واسطہ اور حق نہ ہو، (۲) منتظم اور کارکن۔
—— والیاں: (۱) چیلیں، (۲) پریاں، (۳) چڑیلیں۔ (۴) اصیلیں۔
اُوپری: (۱) بدزیب، ناموزوں، (۲) ظاہری، (۳) غیر، اجنبی۔
—— آمدنی: رشوت، بالائی آمدنی۔
اُوت: (ہ) مذکر؛ (۱) جوجوان ہونے کے بعد بن بیاہا مرجائے، (۲) مجازاً؛ کم عقل، بلّا۔
اَوتاد: (ع) (جمع وَتد کی) میخیں، اولیاء اللہ میں سے وہ بزرگ جن کا آبادی کے اندرونی انتظام میں روحانی عمل دخل ہوتا ہے جو اپنی جگہ سے کبھی نہیں ہٹتے۔
اَوتار: (ہ) مذکر؛ اوپر سے نیچے اترنا، جنم لینا، پیدا ہونا، جلوہ گر ہونا (ہندو عقیدے کے مطابق) خدا کا کسی بڑے کام کی انجام دہی کے لئے انسان یا کسی اور صورت یا جسم ظاہری میں ظاہر ہونا۔
اُوٹ: مونث؛ آڑ، پردہ، اوجھل، غائب۔
اُوٹا: مذکر؛ چرخی اوٹنے والا۔
اُوٹنا: چرخی کے ذریعہ روئی میں سے بنولے الگ کرنا۔
اُوٹنی: روئی اوٹنے کی چرخی۔
اُوٹ پٹانگ: بے تُک، بے جوڑ، مہمل، بے ہودہ۔
اَوج: (ع) مذکر؛ بلندی۔
—— موج: مذکر؛ شان و شوکت، بلند اقبالی۔
اُوجڑ نکری سُونا دیس: ویران جگہ۔
اُوجھ: مذکر؛ پیٹ، آنتیں۔
اُوجھڑی: مونث؛ جانوروں کا معدہ، آنتیں۔
اُوجھل: آڑ، پردہ، غائب۔
اُوچھا: ہلکا، کم ظرف، جس میں سمائی نہ ہو، اتھلا۔
—— برتن اُبلتا ہے: (مثل) کم ظرفی دکھانا، تھوڑی سی پونجی پر اترانا، سمائی نہ ہونا۔
—— پن: کم ظرفی۔
—— زخم: ہلکا زخم، کم گہرا زخم۔
—— وار/ہاتھ پڑنا: اُچٹتی ہوئی مار، ہلکا حملہ۔
اُوچھے کی پیت اور بالو کی بھیت: مثل: اوچھے کی محبت کا بھروسہ نہیں، جو ریت کی دیوار کی طرح ہے۔
—— کے گھر کھانا، جنم جنم کا طعنہ: رشتے کا احسان لینا ہمیشہ طعنے کھانا ہے۔
اُوچھن پونچھن: مذکر؛ کھا چکنے کے بعد برتنوں میں لگا رہ جانے والا کھانا۔
اُوچھی پونجی: (ہ) مونث؛ کم سرمایہ۔
اُوخویشتن گم است کرا رہبری کند: (مقولہ) (وہ خود گمراہ ہے دوسرے کی رہبری کیا کرے گا) نااہل رہبری نہیں کر سکتا۔

اُودا: سیاہی سرخی لئے ملا ہوا رنگ، گہرا نیلا۔
اُوداہٹ: گہرا نیلا پن، اُودا ہونا۔
اُودبلاؤ: مذکر؛ بلی سے ملتا جلتا پانی کے کنارے رہنے والا جانور۔
اُودھم: اُدھم، شور وغل، طوفانِ بدتمیزی۔
اَور: پھر، مگر اگر، زیادہ، مزید، مقابلہ (حیرت سے)، رہی، دوسرا۔
——— سے اور ہو جانا؛ حالت پلٹ جانا۔
——— عالم/کیفیت/رنگ میں ہونا؛ آپ میں نہ ہونا، دوسرے رنگ میں ڈوبا ہونا۔
——— کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت؛ (مقولہ) دوسروں کو نصیحت کرنا مگر خود عمل نہ کرنا۔
——— کے نام انڈے بچے ہمارے نام گُڑگُڑ؛ (مثل) دوسروں کے لئے سب کچھ ہمارے لئے کچھ نہیں۔ (شکایتاً)۔
——— گھر دیکھو؛ (زیادہ تر فقیر اور سائل) کو ٹالنے کا کلمہ۔
اُور: (ہ) مونث؛ طرف، سمت۔
——— چھور؛ مذکر؛ حد، کنارہ، انتہا۔
اَوراد: (ع) مذکر؛ (جمع ورد کی) وظیفے۔
اَوراق: (ع) مذکر؛ (جمع ورق کی) کاغذ کی پرت، (دو صفحوں کا ایک ورق ہوتا ہے)، درخت کے پتے۔
اوور: (انگ) OVER ایک طرف کے بولر کی چھ گیندیں پھینکنے کی باری، (۲) امپائر کا باری ختم کرنے کا اعلان۔
——— ایکٹنگ: ACTING ——— (ڈرامہ) پارٹ میں ضرورت سے زیادہ اداکاری دکھانا۔
——— کوٹ: COAT ——— پاؤں تک لمبا کوٹ جو جاڑوں میں پہنتے ہیں۔
——— ہال: HAUL ——— مشین کے کل پرزوں کی صفائی اور مرمت۔
اَورنگ: (ا) مذکر؛ شاہی تخت۔
——— زیب: ہندوستان کا مشہور مغل بادشاہ۔
——— زیبی: ایک پھڑیا، اورنگ زیب کے فوجیوں کا مرض۔
اَوریب: (ہ) مونث؛ ترچھی چال، کپڑے کی ترچھی کاٹ۔
اوریجنل: ORIGINAL (انگ) صف؛ طبع زاد، ابتدائی۔
اُوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی؛ / مُنہ کی گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی؛ مثل، بے حیائی لاد لینا، بد لحاظ ہو جانا۔
اُوڑھ لینا: (۱) جسم پر کپڑے ڈال لینا، جسم کسی چادر یا رضائی وغیرہ سے ڈھک لینا، (۲) (مجازاً) اپنے ذمے لے لینا، گوارہ کرنا۔
اُوڑھنا: مذکر؛ اوڑھنے کی کوئی چیز، چادر، لحاف وغیرہ۔
——— بچھونا: (۱) پورا بستر، اوڑھنے بچھونے کی چیزیں، (۲) (کنایۃً) ہر وقت کسی چیز کا استعمال کرتے رہنا۔
اُوڑھنی: (۱) چھوٹا دوپٹہ، (۲) دُلہن کے جوڑے میں لگایا جانے والا کارچوبی مسالے کا دوپٹہ۔
اَوزار: (ع) مذکر؛ آلے، ہتھیار۔
اُوس: مونث؛ شبنم۔
——— پڑنا: (۱) اوس گرنا، (۲) (مجازاً) اُداسی چھا جانا۔ مایوسی ہونا۔
——— چاٹے پیاس نہیں بجھتی؛ / ——— سے پیاس نہیں بجھتی؛ / اُوسوں پیاس نہیں بجھتی؛ (مقولہ) جس چیز کی زیادہ مقدار میں ضرورت ہو وہ تھوڑی سی ملنا بے سود ہے۔
اُوس گرنا: شبنم گرنا، بے رونقی برسنا۔
اَوسان: مذکر؛ حواس، ہوش۔
——— اُڑ جانا/جانا: بدحواس ہو جانا، ہوش اڑ جانا۔
——— گئی: مونث؛ (عو) بدحواس عورت۔
اَوِستا: (اَ۔ وِس۔ تا)؛ مونث؛ (۱) زرتشتی اصول کی کتاب ۲ (۲) آتش پرستوں کی مذہبی کتاب۔
اَوستھا: (ہ) مونث؛ حالت، کیفیت، عمر۔
اَوسر: (ہ) مونث؛ بغیر بچّہ کی نوجوان بھینس، (۲) موقع۔

اُوسر: مونث؛ بنجر زمین۔
اُوسر کھیت میں کیسر: مثل؛ (۱) بدصورتوں میں خوبصورت، (۲) نااہلوں میں اہلیت رکھنے والا۔
اَوسط: (ع) (۱) بیچ کا، درمیانی، میانہ، (۲) برابر کا پرتا۔
اَوصاف: (ع) مذکر؛ (جمع وصف کی) صفات، کمالات، ہنر، جوہر، عادات واخلاق۔
اَوضاع: (ع) مذکر؛ (جمع وَضع کی) افعال، کردار، ڈھنگ۔
اَوقات: (ع) (جمع وقت کی) (۱) گذر بسر کی صورت، (۲) حیثیت، بساط، کائنات، (۳) زندگی۔
—— بسر کرنا: زندگی کے دن کاٹنا، گذر کرنا۔
اَوقاف: (ع) (جمع وقف کی) اللہ کے نام پر مال یا جائداد کسی کام کے لئے مخصوص کر دینا، جو کسی خاص شخص کی ملکیت نہ رہے۔
اُوک: مذکر؛ چلّو۔
اُوکنا: قے کرنا۔
اُوکھ: مونث؛ گنّے کی ایک قسم۔
اُوکھلی: مونث؛ غلّہ وغیرہ کوٹنے کی لکڑی یا پتھر کی گہری کونڈی
—— میں سر دیا تو دھمکوں/موسلوں سے کیا ڈر: (مثل) جان بوجھ کر مصیبت مول لی ہے تو پھر دھمکوں یا موسلوں سے کیا ڈرنا، ہر طرح کی مصیبت جھیلنے کے لیے تیار رہنا۔
—— میں سر دینا: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا، خود ہی سخت مصیبت میں پڑنا۔
اَوگھٹ گھاٹی: (ہ) مونث؛ ناہموار جگہ، دشوار گذار مقام۔
اَوّل: (ع) ابتدا، آغاز، پہلا، بہتر، اعلیٰ۔
—— اَوّل: پہلے پہلے، شروع میں۔
—— آخر: مذکر؛ (۱) ابتدا انتہا، (۲) باپ دادا اولاد۔
—— خویش بعد درویش: (مقولہ) پہلے اپنوں کے ساتھ سلوک پھر دوسروں کے ساتھ۔
—— مَنزِل: (مُردے کی) (کنایتاً) قبر۔
—— مَنزِل پہنچانا: مُردے کو قبر میں رکھنا، دفن کرنا۔
اَوّلین: اگلے لوگ، سب سے پہلا۔
اَولیٰ/اَولا: (ع) بہت بہتر، سب سے اچھا، اَوّل۔
اُولا: مذکر؛ برف کے ڈلیوں یا کنکریوں کی شکل میں آسمان سے گرنے والا پانی۔ پتھر۔
—— ہو جانا: (مجازاً) بہت زیادہ ٹھنڈی چیز۔
اَولاد: (ع) مونث؛ (جمع ولد کی) بیٹا، بیٹی، بال بچّے، ایک خاندان کے لوگ۔
—— آدم: (اضافت کے ساتھ) آدمی، انسان۔
—— کی آنچ بُری ہوتی ہے: (مثل) اولاد کی ماتا بُری ہوتی ہے۔
اَولا مَولا: بے وقوف، اوّل جلوں۔
اَول فول بکنا: سخت وسست کہنا، فحش بکنا، بے ہودہ بات کرنا۔
اُولُو الاَبصار: (اُلُو البَصار): (ع) صاحب بصیرت، دل کی روشن آنکھوں والا۔ سمجھدار۔
اُولُو العزم: (اُلُو عَزم) (ع) باہمت، فراخ حوصلہ، پکّے ارادے والا۔
اَولیا: (ع) جمع ولی کی: (۱) اللہ والے، خدا رسیدہ، اہل اللہ، (۲) (مجازاً) سیدھے سادے اور بھولے آدمی۔
اُون: مونث؛ بھیڑ بکریوں کی کھال سے تراشے ہوئے بال۔ پہاڑی بھیڑ بکریوں کے بال۔
اُونٹ: مذکر؛ مشہور جانور، شتر۔
—— جب پہاڑ کے نیچے آتا ہے، تب اپنے آپ کو سمجھتا ہے: (مثل) اپنے سے زبردست کے مقابلے میں قدر و عافیت معلوم ہوتی ہے، اپنے سے بڑے کے آگے اپنی حقیقت کھلتی ہے۔
—— دیکھئے کس کل/پہلو بیٹھے (بیٹھتا ہے): (مثل) دیکھئے معاملہ کیا صورت اختیار کرتا ہے، کیا نتیجہ نکلتا ہے۔
—— رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی: (مثل) بے ڈھنگے آدمی کا کوئی فعل ٹھیک نہیں ہوتا۔

www.besturdubooks.net

—— کٹار، مشہور کانٹوں دار جھاڑی۔
—— کی چوری نہوڑ سے نہوڑے/ جھکے جھکے: (مثل) ایسی برائی جو چھپائے نہ چھپے، جسے چھپانا چاہیں تو چھپ نہ سکے۔
—— کے منہ کا/میں زیرہ: (مثل) بڑے پیٹ والے کے لئے ذرا سی چیز، ضرورت کے اعتبار سے بہت کم مقدار چیز۔
اُونٹھانا/ اُوٹھانا: کھولانا، جوش دینا۔
اُونچا: (۱) بلند، (۲) معزز، عالی مرتبہ۔
—— سنائی دینا: کم سنائی دینا۔
اُونچی دُکان پھیکا پکوان: (مثل) نام اور شہرت سے بہت کم حیثیت کی چیز، (طنزاً)
—— ناک والا: مغرور، شیخی خور۔
—— ناک ہونا: (عو) اپنے آس پاس کے اور ہم مرتبہ لوگوں میں عزت ہونا۔
اُونچ نیچ: مونث: (۱) اتار چڑھاؤ، نشیب و فراز۔ (۲) بھلا بُرا۔
—— بتانا/سمجھانا: بھلا بُرا بتانا، نشیب و فراز سمجھانا۔
—— دِکھانا: پریشان کرنا، کنویں جھنکانا۔
—— ہو جانا: خرابی پڑ جانا، قباحت پیش آنا۔
اُوندھا: اُلٹا، منہ کے بل، پٹ۔
اُوندھی کھوپڑی کا: اُلٹی سمجھ والا، احمق۔
اُوندھے مُنہ گرنا: منہ کے بل گرنا، زک اٹھانا، اپنی غلطی پر خفیف ہونا
اُونس: OUNCE (انگ) مذکر: انگریزی وزن میں ایک پونڈ کا سولہواں حصّہ۔
اُونگھ: مونث: نیند کے جھونکے، غنودگی، پنک۔
اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ: مثل: خود کام کرنے کو جی نہ چاہے اور کسی معمولی سی رُکاوٹ کو کام نہ کرنے کا سبب یا حیلہ بنا لے۔
اُونگھنا: (۱) نیند کے جھونکے لینا، غنودگی، (۲) (مجازاً) سُست کام کرنا، آہستہ قدم اٹھانا۔
اُونے پُونے: کسی چیز کو اصل قیمت سے بہت کم قیمت پر
اُوور: OVER (انگ) مذکر: (۱) کرکٹ میں بیچ ڈالنا۔
اَوہام: مذکر: (جمع وہم کی) اندیشے، وسوسے۔
اُوہو/ اُہو: تعجب اور حیرت یا خاموشی و مسرت ظاہر کرنے کا کلمہ۔
اُوئی: (عو) تکلیف و درد سے یا ناز و نخرے سے یا تکیۂ کلام کی طرح ذرا ذرا سی بات پر عورتوں کا کلمہ۔
اَوِیر سَوِیر: دیر سے یا جلدی سے، آگے پیچھے، کبھی جلدی کبھی دیر سے۔
اُوَیس قَرنی: عاشقِ رسولؐ، رسولِ خداؐ کے ایک نادیدہ شیدائی (جو ملکِ یمن کے ایک مشہور قبیلہ قرن سے تعلق رکھتے تھے)۔

ا ——— ہ

اَہار/آہار: (ہ) کلف، نشاستے وغیرہ کی لئی، کھانا، غذا۔
اَہالی: (ع) جمع اہل کی: کام والے لوگ، صاحبان۔
—— مَوالی (ہالی مَوالی) مذکر: (جمع مولیٰ کی بہ معنی یاران)۔ لگے لپٹے لوگ، دوست، مصاحب، نوکر چاکر، عملہ۔
اِہانت: (ع) مونث: سُبکی، تحقیر، توہین۔
اِہتزاز: (ع) مذکر: (۱) ہوا کا چلنا، (۲) پھولوں کا کھلنا۔ (۳) (مجازاً) شگفتگی اور خوشی محسوس ہونا۔
اِہتمام: (ع) مذکر: اِنتظام، بندوبست۔
اَہرامِ مِصری: مخروطی شکل کے مصر کے قدیم مثلث نما مینار۔
اَہرَن: مذکر: لوہے کی نہائی۔
اَہل: (ع) صاحب، مالک، لائق، صلاحیت رکھنے والا۔
—— اللہ: (اَہلُ اللہ) اللہ والے، ولی، بزرگ۔
—— باطن: (اضافت کے ساتھ) عارف، روشن ضمیر۔
—— بَیت: (اضافت کے ساتھ) گھر کے لوگ، (کنایتاً) حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ۔

ـــــ تَسَنُّن : (اضافت کے ساتھ) اہلِ سنت والجماعت۔
ـــــ تَشَیُّع : (اضافت کے ساتھ) شیعہ۔
ـــــ حِرفہ : (اضافت کے ساتھ) پیشہ ور لوگ۔
ـــــ خانہ : (اضافت کے ساتھ) گھر کے لوگ۔ بیوی۔
ـــــ دل : (اضافت کے ساتھ) دل والے لوگ، اہلِ باطن۔
ـــــ دُوَل : (اضافت کے ساتھ) (جمع دولت کی) دولت مند لوگ۔
ـــــ زبان : (اضافت کے ساتھ) وہ لوگ جن کی زبان سند مانی گئی ہو۔
ـــــ سُخَن : (اضافت کے ساتھ) شاعر۔
ـــــ سُنّت : (اضافت کے ساتھ) سُنّی فرقے کے لوگ۔
ـــــ سَیف : (اضافت کے ساتھ) (تلوار والے) فوجی، سپاہ پیشہ۔
ـــــ قلم : (اضافت کے ساتھ) انشا پرداز، پڑھے لکھے، مضمون نگار۔
ـــــ کار : (اضافت کے ساتھ) محرّر، کارندہ۔
ـــــ کتاب : (اضافت کے ساتھ) جس قوم کے پیغمبر پر آسمانی کتاب اتری ہو۔
اَہلمَد : پیش کار ماتحت محرّر۔
اہلِ نظر : گہری نظر رکھنے والے، بصیرت رکھنے والے، باریک بین۔ بات کی گہرائی تک پہنچنے والے۔
اہل وعیال : بال بچے، متعلقین۔
اہلیت : مؤنث : قابلیت، لیاقت، صلاحیت۔
اہلے گہلے پھرنا : اتراتے پھرنا، ناز کرتے پھرنا، خوش فعلیاں کرتے پھرنا۔
اہلیہ : مؤنث : بیوی، مجوزہ۔
اَہَم : (ع) بہت اہمیت والا، بہت ضروری۔
اَہمیت : (ع) مؤنث : ضرورت، وقعت، منزلت۔
اَہیر : (ہ) مذکر : گوالا، گھوسی۔

ا ـــــ ی

اَئمہ : (ع) (جمع امام کی) دین کے پیشوا، بہت بڑے عالم۔
اِے/آے : حرفِ ندا جس کا استعمال زیادہ تر عورتیں کرتی ہیں
ـــــ بادِ صبا اِیں ہمہ آوردۂ تست : (ف) بطور مثل مستعمل : یہ سارا فساد تمہارا ہی اٹھایا ہوا ہے۔
ـــــ روشنیٔ طبع تو بر من بلا شدی : (بطور مثل) اپنی ذہانت کا اپنی ہی مصیبت اور نقصان کا باعث ہونا۔
ـــــ واہ : (ف) (۱) کیوں نہ ہو، کیا خوب، (۲) حسرت وافسوس کا کلمہ۔
ـــــ ہاں : کسی بات سے بے زاری ظاہر کرنا یا بھولی ہوئی بات یاد آنے کے موقع پر (بطور تکیۂ کلام)۔
ـــــ ہے : افسوس اور تعجب کا ملا ہوا کلمہ۔
اَیاز : سلطان محمود غزنوی کا وفادار اور چہیتا غلام۔
ـــــ قدرِ خود بہ شناس : (ف) مثل : اپنی حیثیت پہچانو۔
اَیاغ : (ترکی) مذکر : پیالہ، شراب پینے کا پیالہ۔
اَیال : مذکر : گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال۔
اَیّام : (ع) (جمع یوم کی) (۱) دن، زمانہ، شب و روز۔ (۲) حیض کے دن۔
ـــــ بیض : (اضافت کے ساتھ) چاند کے مہینے کی تیرہویں، چودہویں اور پندرہویں تاریخیں۔
ـــــ سے ہونا : حیض سے ہونا۔
ـــــ گذاری : دن کاٹنا، وقت بتانا۔
ایپرن : APRON (انگ) مذکر : پیش بند، کام کرتے وقت لباس کی حفاظت کے لئے باندھا جانے والا کپڑا۔
اِیتلاف : (ع) مذکر : ملاپ، اجتماع۔
اِیتھر : ETHER (انگ) مذکر : (۱) ایک رقیق شے جو دواؤں میں کام آتی ہے، (۲) خلا میں بھرا ہوا لطیف مادہ۔
ایٹم : ATOM (انگ) مذکر : (۱) ذرہ، (۲) جوہر، (۳) حکمائے قدیم کے نزدیک تقسیم نہ کیا جا سکنے والا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ یا مادہ لیکن جدید سائنس نے اُسے توڑ کر انتہائی توانائی حاصل کی ہے۔

ایٹ ہوم: AT-HONE (انگ) (۱) گھر پر، (۲) ناشتہ۔

ایٹی کیٹ: ETIQUETTE (انگ) مذکر؛ آدابِ مجلس۔

ایثار: (ع) مذکر؛ اپنے نفس کو مار کر دوسروں کی بھلائی کرنا۔ اپنا حق دوسروں کو دینا، قربانی دینا۔

ایجاب: (ع) مذکر؛ ماننا، قبول کرنا، منظور کرنا۔

——— و قبول: فقہی (مذہبی) اصطلاح میں اقرار، دولھا دُلھن کا ازدواجی رشتے کے لئے رضامندی ظاہر کرنا۔

ایجاد: (ع) مذکر و مونث؛ نئی بات پیدا کرنا، نئی چیز بنانا، اختراع۔

——— بندہ اگرچہ گندہ: (مزاحاً یا طنزاً) کوئی بیہودہ ایجاد کرنا، کوئی نیا بے ہودہ طریقہ اختیار کرنا۔

ایجاز: (ع) مذکر؛ چھوٹا کرنا، مختصر کرنا، (مضمون)

ایجنٹ: AGENT (انگ) مذکر؛ آڑھتی، گماشتہ۔

ایجنڈا: AGENDA (انگ) مذکر؛ کسی جلسے کے متعلق کارروائی کی فہرست جو اجلاس سے قبل تمام ممبران کو بھیجی جاتی ہے۔

ایجنسی: AGENCY (انگ) مذکر؛ آڑھت، وہ دوکان جس کی معرفت کسی کمپنی یا فرم کے تیار کئے ہوئے سامان کی خرید و فروخت ہو۔

ایجی ٹیشن: AGITATION (انگ) مذکر؛ ستیہ گرہ، تحریک، شورش۔

ایچ پیچ: (ایچ تابع مہمل) (۱) ایر پھیر، چکر، (۲) دھوکہ بازی مکر، فریب۔

——— کی باتیں: پیچ دار باتیں، فریب کی باتیں۔

ایڈریس: ADDRESS (انگ) مذکر؛ پتہ، القاب، سپاسنامہ، خطبہ، کسی مجلس کو مخاطب کرنا۔ دینا: سپاسنامہ پیش کرنا۔

ایڈوانس: ADVANCE (انگ) مذکر؛ پیشگی، بیعانہ۔

ایڈووکیٹ: ADVOCATE (انگ) مذکر؛ وکیل، مشیر، ہر عدالت میں وکالت کا حق رکھنے والا وکیل

——— جنرل: GENERAL ——— ریاستی یا مرکزی حکومت کی طرف سے عدالت میں پیش ہونے والا وکیل۔

ایڈیٹر: EDITOR کسی رسالے یا اخبار کا مرتب، مدیر۔

ایذا: (ع) مونث؛ دُکھ، تکلیف۔

——— رسانی: دکھ دینا، تکلیف پہنچانا۔

ایرا پھیری: مونث؛ کسی چیز کا بار بار پھیرنا، مطلق آنا جانا، پھیرے لگانا، چکر لگانا۔

اَیرا غیرا نتھو خیرا: کم حقیقت لوگ، باہر کے معمولی لوگ، جن کا کوئی تعلق نہ ہو، ایسا ویسا۔

ایران: ایک ملک کا نام۔

——— توران کرنا: زمین آسمان ایک کرنا، بڑی کوشش سے تلاش کرنا۔

توران کی ہانکنا: شیخی بگھارنا، باتیں اُڑانا۔

ایر پھیر: (۱) بیوپار، تجارتی مال بار بار خریدنا بیچنا، اَدل بَدل کرنا، (۲) الٹ پلٹ، گردش۔

——— کے تولنا: کسی چیز کا کبھی ایک پلّے میں کبھی دوسرے پلّے میں ادل بدل کر تولنا۔

ایرے پھیرے: چکر لگانا، کسی مکان وغیرہ کے چاروں طرف پھرا کرنا، بار بار آنا جانا۔

اَیرِ غیرِ/اَیرے غیرے: غیر لوگ، اغیار جن سے کوئی واسطہ نہ ہو۔

اَیرے غیرے پچکلیاں: اِدھر اُدھر کے بے تعلق لوگ، ایسے بے حقیقت لوگ جن کا آپس میں کوئی میل و تعلق نہ ہو، رنگ برنگے۔

ایریا: AREA (انگ) مذکر؛ رقبہ، علاقہ۔

ایریل: AERIAL ——— (انگ) صفت؛ (۱) فضائی، ہوائی، (۲) ریڈیو یا وائرلس کا وہ تار جو

فضا سے ہوائی لہریں حاصل کرتا ہے۔

ایڑ کرنا/لگانا: گھوڑے کو تیز چلنے کے لئے ایڑی سے مارنا یا دبانا۔

ایڑی: پاؤں کے پنجے کے دوسری طرف کا (آخری) حصّہ۔

—— **چوٹی پر قربان کرنا/صدقے کرنا/وارنا**: (غصّے یا نفرت سے) کسی کو صدقے کی طرح اپنے اوپر اتار کر پھینک دینا۔

—— **سے چوٹی تک**: پورا جسم۔

—— **کا پسینہ سر کو آنا**: حد سے سوا دوڑ دھوپ اور محنت کرنا۔

ایڑیاں رگڑ رگڑ کے/رگڑ رگڑ کر مرنا: بے بسی اور سخت اذیت سے مرنا۔

ایڑیاں رگڑنا: (۱) بچّوں کا مچلنا، ضد کرنا، (۲) دوڑ دھوپ، بہت کوشش، سخت محنت، (۳) جان کنی کی اذیت اٹھانا۔

ایڑیاں گھس جانا: انتہائی دوڑ دھوپ۔

ایزاد: مذکّر: زیادہ۔

ایزد/ایزد: (ف) خدا۔

ایسا: اس کی طرح، اس قسم کا، اس شکل کا، مانند، مثل۔

ایسا تیسا: گرا پڑا، بے حقیقت۔

—— **ویسا/ایسی ویسی/ایسے ویسے**: معمولی، رسمی، گھٹیا۔

ایسی تیسی/ایسی کی تیسی: مہذب لوگوں کی گالی۔

ایسٹر: EASTER (انگ) مذکّر: عیسائیوں کا ایک تہوار جو حضرت عیسیٰؑ کے دوبارہ زندہ ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

ایسڈ: ACID (انگ) مذکّر: تیزاب، ترشی، کھٹائی۔

ایسوسی ایشن: ASSOCIATION (انگ) مونث: انجمن، بزم، سبھا، مجلس۔

ایشور: (ہ) مذکّر: حاکم، مالک، بادشاہ، خدا۔

ایصال: (ع) مذکّر: پہنچانا، ملانا۔

—— **ثواب**: (اضافت کے ساتھ) ثواب پہنچانا، مرے ہوؤں کی روح کو اجر ملنے کے لئے کوئی اچھا کام کرنا۔

ایضاً: (ع) وہی، یہ بھی، ویسا ہی۔

ایطا: (ع) (اصطلاحِ عروض) شعر کے دونوں قافیوں کا ہم شکل اور ہم معنی ہونا۔

ایطائے جلی: (اصطلاح عروض) شعر کے قافیوں کی تکرار کا واضح عیب۔

—— **خفی**: (اصطلاح عروض) شعر میں قافیوں کی تکرار کا چھپا ہوا عیب۔

ایغو: مذکّر: EGO انا۔

ایفا: (ع) مذکّر: پورا ہونا، ادا، انجام۔

ایفائے وعدہ/عہد: اقرار پورا کرنا۔

ایک: سب سے پہلا عدد۔ تنہا۔

—— **انار سو بیمار**: (مثل) چیز ایک لینے والے بہت، چیز تھوڑی حاجت مند بہت۔

—— **انڈا وہ بھی گندا**: (۱) چیز ایک وہ بھی ناکارہ، (۲) (مجازاً) ایک بیٹا وہ بھی نالائق۔

—— **انگور سو زنبور**: (مثل) تھوڑی چیز کے بہت سے حاجت مند۔

—— **اور ایک گیارہ**: ایک سے دو بہتر، ایک سے دوسرا مل کر قوت بڑھ جاتی ہے۔

—— **ایک**: ہر ایک، سب، فرداً فرداً، باری باری۔

—— **ایک کا منہ تکنا/دیکھنا**: حیرت اور حسرت کے عالم میں ہونا کہ شاید کوئی کچھ کام آئے۔

—— **ایک کی چار چار لگانا**: مبالغے کے ساتھ چغلی کھانا

—— **ایک گھڑی بھاری ہونا/پہاڑ ہونا**: ایک ایک لمحہ ناگوار ہونا، وقت کاٹے نہ کٹنا۔

—— **اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا**: ذرا سے نفع کے لئے بڑا نقصان پہنچانا۔

—— **آدھ**: اِکّا دُکّا، کم۔

—— **آنچ کی کسر رہ جانا**: کیمیا بنانے والوں کا ناکامی کے

موقعے پر عام مقولہ، مطلق معنوں میں کسی کام میں ذرا سی کمی رہ جانا، تھوڑی کسر رہ جانا۔

—— آنکھ سے سب کو دیکھنا؛ } سب کو برابر جاننا۔
—— آنکھ سب کو دیکھنا؛ } سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔

—— آنکھ میں لہر لہر، ایک میں خدا کا قہر: (۱) اولاد یا عزیزوں میں سے ایک پر مہربان ہونا دوسرے پر نامہربان، (۲) گھڑی میں کسی سے اچھا برتاؤ، تھوڑی دیر میں برا برتاؤ، تلوّن مزاجی۔

—— آنکھ نہ بھانا/ نہ دیکھ سکنا: ذرا مطلق بالکل نہ بھانا، نہ دیکھ سکنا

—— آوے کے برتن ہیں: (مثل) سب ایک ہی سے ہیں۔ ایک ہی گھرانے کے۔

—— بات: پکی بات، مضبوط بات، ایک دام۔

—— بات ہزار منہ: ایک امر میں ہر شخص کی ایک نئی بات۔

—— بغل ہو جانا: بیچ سے ایک طرف ہٹ جانا، کنارے ہو جانا۔

—— پانی ناؤ کو ڈبوتا ہے: (مثل) ایک کی بدچلنی سے گھر کا گھر تباہ ہو جاتا ہے، قوم کی قوم تباہ ہو جاتی ہے۔

—— پانو سے کھڑا رہنا: بہت فرماں برداری کرنا، بے انتہا اطاعت کرنا۔

—— پر ایک گرنا/ ٹوٹا پڑنا: بے حد ہجوم کرنا، اتنا جمگھٹا ہونا کہ ایک دوسرے پر گرتے لگے۔

—— پلک: تھوڑی دیر، دم بھر، پل بھر۔

—— پنتھ دو کاج: (مثل) ایک تدبیر سے دو کام نکالنا۔

—— پیٹ کے: بالکل سگے، ایک پیٹ سے پیدا، سگے بھائی، سگے بھائی بہن۔

—— ترکش کے تیر: ایک آوے کے برتن، سب ایک سے۔

—— تنکے کا سہارا نہیں: کسی سے ذرا بھی امداد کی امید نہیں۔

—— توچوری اس پر سینہ زوری: (مثل) قصور کر کے الٹا ڈھٹائی دکھانا، اکڑ دکھانا، جرم کرنا اور اکڑنا۔

—— تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا: (مثل) برے کے لئے اور برائی کا سامان پیدا ہو جانا۔

—— تول: یکساں، مساوی۔

—— توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی: (مثل) ایک نسل یا خاندان کے چھوٹے بڑے ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔

—— تھیلی کے چٹے بٹے: (مثل) (ذم کا پہلو) ایک آوے کے برتن، ایک ہی گروہ کے لوگ۔

—— جاننا: برابر جاننا، یکساں سمجھنا۔

—— جان دو تن/ قالب: دو آدمیوں میں بہت اتحاد و اتفاق ہونا، بہت گہری دوستی۔

—— جان ہزار ارمان: (مثل) انسان کی جان تو ایک ہے لیکن ہزاروں ارمان رکھتا ہے۔

—— جان ہونا/ کرنا: مختلف چیزوں کا مل کر بالکل ایک ہو جانا۔

—— چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے: (مثل) چپ رہنے سے ہزاروں آفتیں ٹل جاتی ہیں۔

—— چپ ہزار کو ہرا دے؛ } (مثل) خاموشی سب کا
—— چپ ہزار چپ: } منہ بند کر دیتی ہے۔

—— چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا: (مثل) اکیلا آدمی کتنا ہی قابل ہو وہ کام نہیں کر سکتا جو سب کے مل کر کرنے کا ہے۔

—— حمام میں سب ننگے: (مثل) سب کا ایک رنگ ہے۔

—— خطا دو خطا تیسری خطا مادر یہ خطا: ایک دو مرتبہ کی بھول چوک تو انسانی کمزوری، مگر تیسری غلطی دانستہ شرارت اور کمینے پن کی علامت ہے۔

—— در بند ہزار در کھلے: (مثل) رزق کا ایک ذریعہ ختم ہو تو دوسرے ہزار ذریعے پیدا ہو جاتے ہیں۔

—— دل ہزار داغ: (مثل) ایک جان ہزار غم، حد سے زیادہ غموں سے بھرا ہوا دل۔

—— دم: (۱) فوراً، ایک لمحے میں، (۲) ایک ساتھ، یکایک۔

(۳) اکیلی جان۔
—— دَم آیا نہ آیا: زندگی کا بھروسہ نہیں، سانس
—— دَم آیا آیا نہ آیا نہ آیا: بند ہو جائے ختم۔
—— ڈال: بغیر کسی جوڑ کے ایک ہی چیز سے بنی ہوئی شے۔
(۲) ایک ہی وضع قطع کی چیز، یکساں۔
—— ذات: ایک جنس، ایک سے، ایک قسم۔
—— رتی باون تولے: دیکھو باون تولے پاؤ رتی۔
—— رنگ: ایک وضع کا (سچا دوست)۔
—— رنگ آنا ایک جانا: مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا، چہرے کا رنگ فق ہو جانا۔
—— زبان: متفق۔
—— سا/ساں: برابر، یکساں۔
—— سانس میں کچھ دُوسری سانس میں کچھ: دم بھر میں کچھ کہنا دم بھر میں کچھ۔
—— سَر ہزار سَودا: ایک آدمی ہزار کام، ایک اِنسان سَو فکریں۔
—— سے ایک اعلیٰ سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلیٰ: (طنزاً) جہاں بُرائی اور خرابی میں ایک سے ایک بڑھ کر ہو۔
—— سے دو بھلے: ایک کے مقابلے میں کسی دوسرے کا ساتھ مفید ہے۔
—— شیر مارتا ہے سَو لومڑیاں/گیدڑ کھاتے ہیں: (مَثَل) ایک ہمّت والے کی کمائی پر سَو پرورش پاتے ہیں۔
—— طَرَف ہو جانا: (۱) کنارے ہو جانا، (۲) کسی ایک کی جانب ہو جانا، (۳) پردہ کر لینا۔
—— کرے دَس بھریں: ایک قصور کرے پوری جماعت خمیازہ بھگتے۔
—— کوسائی ایک کو بدھائی: (مَثَل) مکر و فریب سے کام رکھنا۔
—— کی ایک سے کہنا: لگائی بجھائی کرنا۔
—— گھاٹ اُتارنا: سب کے ساتھ بلا امتیاز سلوک کرنا۔ (اس میں تعریض کا پہلو ہے)۔
—— گھاٹ پانی پینا: انتہائی منصفانہ برتاؤ ہونا، امن و امان ہونا۔
—— لاٹھی سے سب کو ہانکنا: اعلیٰ و ادنیٰ میں امتیاز کئے بغیر سب کے ساتھ یکساں سلوک کرنا۔
—— مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے: (مَثَل) ایک کی نالائقی سے پوری جماعت یا قوم بدنام ہو جاتی ہے۔ ایک بُرا شخص پورے سماج کو بُرا سمجھا کر دیتا ہے۔
—— مُشت/یک مُشت: اکٹھا۔
—— میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں: (مَثَل) ایک ہی چیز کے دو خواہش مندوں میں ایک ساتھ نہیں نبھ سکتی۔
—— نظر ڈالنا/دیکھنا: ذرا سا دیکھ لینا، سرسری طور پر دیکھ لینا۔
—— نہ چلنا: کچھ اثر نہ ہونا، کوئی ترکیب کارگر نہ ہونا۔
—— نہ سُننا: کوئی بات نہ ماننا، ذرا توجہ نہ کرنا۔
—— نہ شُد دُو شُد/یک نہ شُد دُو شُد: ایک امر تو تھا ہی دوسرا اور پیدا ہو گیا۔
—— نہیں ستّر بلا ٹالتی ہے: تھوڑی بے مروّتی بہت سی آفتوں سے بچاتی ہے۔
—— ہاتھ سے تالی نہیں بجتی: باہمی تعلقات کا بگڑنا یا نبھانا طرفین کے رویّے پر موقوف ہے، صرف ایک فریق کے کئے کچھ نہیں ہوتا۔
—— ہو جانا: ایکا کر لینا، متفق ہو جانا۔

ایکا: مذکّر؛ اتّفاق، یک دلی، دوستی۔
—— **ایکی**: اچانک، دفعتاً۔
ایکانت: (ہ) مونث؛ تنہائی، گوشہ، الگ، علاحدہ۔
ایکتا: (ہ) مونث؛ اتّفاق، اتّحاد، برابری
ایکٹ: ACT - (انگ) مذکّر؛ (۱) نقل، سوانگ، ڈرامے کا ایک حصّہ، باب۔ (۲) قانون، دفعہ۔
ایکٹر: ACTOR (انگ) مذکّر؛ اداکار۔
ایکٹرلیس: ACTRESS (انگ) مونث؛ اداکارہ۔

ایکٹنگ: ACT ING (انگ) مونث؛ اداکاری۔
ایکھ: مونث؛ ایک قسم کا پتلا گنا۔
ایلچی: مذکر؛ پیغام پہنچانے والا، سفیر۔
—— کوزوال نہیں: پیامبر محفوظ رہتا ہے کوئی اُسے نقصان نہیں پہنچاتا۔
ایلوا: مذکر؛ دوا کے کام آنے والی ایک سیاہ کڑوی چیز، مُصبّر۔
ایم-پی: M.P. (انگ) ممبر آف پارلیمنٹ، پارلیمنٹ کا ممبر، ہندوستان کے ایک صوبہ کا نام مدھیہ پردیش
ایم-او-ایل: M.O.L. ماسٹر آف اورینٹل لنگویجز، کا مخفف، مشرقی زبانوں کی اعلیٰ ڈگری۔
ایم-اے: M.A. ماسٹر آف آرٹس، کا مخفف، تعلیم کی اعلیٰ ڈگری۔
ایم-ایس-سی: M.SC. ماسٹر آف سائنس، کا مخفف، سائنس کی اعلیٰ ڈگری۔
ایما: (ع) مذکر؛ اشارہ، حکم، منشا، عندیہ۔
ایمان: (ع) امن دینا، بے خوف کرنا، شریعتِ اسلام میں دِل سے خدا اور رسول پر یقین لانا اور زبان سے اس کا اعلان کرنا۔
—— بغل میں دبانا/ مار لینا: (۱) ہٹ دھرمی کرنا، بے ایمانی کرنا، (۲) ایمان کو چھپانا۔
—— دار: سچّا، دیانت دار، انصاف پسند۔
—— ڈانواں ڈول ہونا: ایمان ڈگمگا جانا، ایمان لڑکھڑا جانا، نیت میں فرق آجانا۔
—— لانا: اسلام قبول کرنا، کسی پر یقین لانا، کسی کو سچّا ماننا۔
ایمائی: (ع) صفت؛ اشاراتی، اشارے میں کہی جانے والی بات۔
ایمائیت: مونث؛ اشاریت، رمزیت، اشارے کنایے میں بات کہنے کا انداز۔
اَیمن: (ع) مذکر؛ (۱) بے خوف، بے دہشت، (۲) وہ دشت جس کے جانب راست کوہ طور واقع ہے۔
اَیں: تعجب، استفہام اور تاکید کا کلمہ۔
اِیں: (ف) اسم اشارہ قریب۔
—— جانب: ہم (مابہ دولت)۔
—— خانہ تمام آفتاب است: (ف) گھر کا ہر شخص قابلِ تعریف ہے، (کبھی تعریف کبھی طنز)۔
—— کار از تو آید و مرداں چنیں کنند: (مقولہ) (ف) یہ کام تم ہی سے ہو سکتا ہے اور (بہادر) مرد ہی ایسے کام کر سکتے ہیں، (تعریف و طنز دونوں طرح)۔
—— گل دیگر شگفت: (ف) (مقولہ) (یہ لو) یہ ایک دوسرا شگوفہ کھِلا، یہ ایک نئی بات پیدا ہوئی
—— ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دیگر: (ف) (مقولہ) عاشقی میں جہاں اور مصیبتیں اُٹھانا ہیں وہاں یہ ایک اور۔
—— ہم بچّہ شتر است: (ف) (مقولہ) (یہ بھی اس گروہ سے ہے)، حماقت سے اپنے آپ کو اپنے سے اونچی عزت والوں میں سمجھنا۔
اینٹ: مونث؛ (۱) مٹی کی بنی اور بھٹے کی پکی ہوئی مستطیل چیز جو عمارتوں میں کام آتی ہے، خشت، (۲) اینٹ کی طرح کے سونے چاندی کے ٹکڑے۔
—— سے اینٹ بجانا: بالکل برباد کر دینا، بالکل تباہ کر دینا۔
اَینٹھ: مونث؛ اکڑ، مروڑ، شیخی۔
—— جانا: اکڑ جانا، خفا ہو جانا۔
—— کر چلنا: اکڑ کر چلنا، اترانا۔
—— لینا: کسی کی چیز ہتھیا لینا، دبا لینا، چھین لینا۔
اَینٹھن: (۱) رگوں کا کھنچاؤ، مروڑ، (۲) ٹھٹھر جانا، (۳) رو ٹھنا، آزردہ ہونا۔
اینچا: کھنچا ہوا، تنا ہوا۔
اینچا تانا: مذکر؛ بھنگا۔
اینچا تانی: اینچا کھینچی، کش مکش۔
اینچا کھینچی: ایک چیز کو دو شخصوں کا اپنی طرف کھینچنا۔
اینچ تان: (کھینچ تان) بہت مشکل سے، بہت دقت سے۔

اینچ لینا: کھینچ لینا، نکال لینا، دَم لگانا۔
اینڈھن: مذکر؛ جلانے کی چیزیں، (لکڑی، کوئلہ وغیرہ)
اینڈنا: اکڑنا، غرور کرنا، لیٹے لیٹے انگڑائیاں لینا، بدن کو تاننا۔
اینڈ ہونا: بگڑ جانا، ہکا ہونا۔
اینڈی بینڈی: ٹیڑھی ترچھی بات، سخت سُست ناشائستہ (بات)۔
—— چال: مستانہ چال۔
—— سُنانا: گالیاں دینا، بے ہودہ کلمات نکالنا۔
اینگلو انڈین: ANGLO INDIAN (انگ) (صف) (۱) ہندوستان میں رہنے والا انگریز، (۲) وہ ہندوستانی عیسائی جس کے ماں یا باپ میں سے کوئی ایک انگریز ہو۔
ایوان: (ع) مذکر؛ (۱) مکان، محل، مجلس، (۲) (سیاسی اصطلاح)، وہ مقام جہاں حکومت کے عوامی نمائندوں کا اجلاس ہوتا ہے، قانون ساز مجلس۔
ایوبؑ: ایک پیغمبر کا نام جن کا صبر ضرب المثل ہے۔
ایہام: (ع) مذکر؛ (لغوی معنی: وہم میں ڈالنا)، شاعری میں ایک صنعت، ایک ایسا لفظ شعر میں استعمال کرنا جس کے دو معنی ہوں، ایک قریب اور دوسرے بعید کے، لیکن شاعر بعید کے معنی سے مراد لے۔
—— گوئی: اشعار میں صنعت ایہام سے کام لینا۔

www.besturdubooks.net

الف ممدودہ: آ

آ: الف ممدودہ (آ): وہ الف جس پر مَد ہوتا ہے اور دو الف کی آواز دیتا ہے۔ تاریخ گوئی میں جمل (ابجد) کے حساب سے بعض ادیبوں نے اس کے دو عدد شمار کیے ہیں۔ عام طور سے صرف ایک عدد لیا جاتا ہے۔

آ: (۱) آنا کا صیغۂ امر: حاضر، (۲) گانوں کی ابتدا میں سُر ملانے کی آواز۔

—— **بَلا گلے لگ**: مفت کا جھگڑا مول لینا۔

—— **بیل مجھے مار**: (مثل) خواہ مخواہ کے جھگڑے میں پڑنا۔

—— **چڑھنا**: چڑھ کر آنا، حملہ کرنا۔

—— **دَھمکنا**: بے دھڑک چلے آنا۔

—— **ڈُٹنا**: موجود ہونا، آکر جم جانا۔

—— **لگنا**: (۱) قریب ہو جانا (۲) گھات میں بیٹھ رہنا۔

—— **مَرنا**: (طنزاً) آجانا: بے موقع آجانا۔

—— **نکلنا**: بلا ارادہ چلے آنا۔

آ - ب

آب: (ف، مذکر؛ (۱) پانی۔ مونث؛ (۲) صفائی، (۳) چمک۔

—— **اُترنا**: (۱) چمک جاتی رہنا، (۲) ہتھیار کی باڑھ اور تیزی جاتی رہنا۔

—— **اُڑنا**: آب اُتر جانا، چمک جاتی رہنا۔

—— **آب کر مَر گئے، سرہانے دھرا رہا پانی**: (مثل) اپنی عام بول چال کے خلاف بات کرنے والے کی نسبت ایسا طنز سے بولتے ہیں۔

—— **آب ہونا**: شرمندہ ہونا، خفیف ہونا۔

—— **آجانا**: (۱) ہتھیار کی دھار میں تیزی آجانا، باڑھ چڑھ جانا۔ (۲) چہرے پر رونق آجانا، چمک دمک آجانا۔

—— **آمد تیمم برخاست**: (ف) (مثل) (پانی آگیا تیمم ختم ہوا) اصل چیز حاصل ہو جائے تو مجبوراً اختیار کی ہوئی چیز کی ضرورت نہیں رہتی۔

آبِ آئینہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ آئینے کی جِلا، صفائی، چمک۔

—— **بقا**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ زندگی باقی رکھنے والا پانی۔ آبِ حیات۔

—— **بگڑنا**: آب اُتر جانا، چمک باقی نہ رہنا۔

—— **پاش**: (ف) مذکر؛ پانی چھڑکنے کا سوراخ دار برتن، فوارہ۔

—— **پاشی**: (ف) مونث؛ (۱) پانی کا چھڑکاؤ (۲) پانی چھڑکنے والا، بہشتی (بہشتی) (۳) نہر کے محکمے کا نام (۴) کھیتوں کو سینچنا۔

—— **تاب**: مونث؛ چمک، دمک، آرایش، رونق۔

—— **جُو**: (ف)، مونث؛ نہر۔ ندی۔

—— **جوش**: (ف) مذکر؛ (۱) یخنی، گوشت کا عرق (۲) پانی میں جوش دیا ہوا صاف اور پیلا منقّا۔

—— **چڑھانا**: ہتھیار کو جِلا دینا، باڑھ رکھنا، پتھر چٹانا۔

—— **چشم**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ آنکھ کا پانی، آنسو۔

—— **حیات**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) آبِ زندگانی، آبِ بقا، (۲) ظلمات کے ایک چشمے کا نام۔

—— **خاصہ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بادشاہوں، امیروں، رئیسوں کے پینے کا پانی۔

—— **خورا**: (ف) مذکر؛ پانی پینے کا چھوٹا مٹی کا برتن۔

—— **دار**: (ف) مذکر؛ (۱) پانی رکھنے اور پلانے کے کام پر مقرر خادم (۲) چمک دار، (۳) تیز دھار والا (۴) لطیف اور اچھا (شعر یا مضمون)۔

—— **دار خانہ**: (ف) مذکر؛ پانی اور اس سے متعلق چیزیں، گھڑے گلاس وغیرہ رکھنے کی جگہ۔

—— **داری**: (ف) مونث؛ (۱) چمک دمک (۲) باڑھ اور تیزی (۳) خوبی اور لطافت (نثر یا نظم میں)

—— **دانہ**: رزق، دیکھو آب و دانہ۔

—— **دست**: مذکر استنجا و طہارت

—— **دوز (کشتی)**: مونث؛ ڈبکنی کشتی، پانی کے اندر اندر چلنے والی کشتی۔

—— **دیدہ ہونا**: آنکھ کا ڈبڈبائی ہوئی ہونا، آنکھ میں آنسو

بھر آنا، رونا نسا ہو جانا۔

آب رسیدہ: (ف) پانی یا نمی سے خراب ہو جانے والی چیز۔

ـــــ رواں: (ف) (اضافت کے ساتھ) (ا) ایک نہایت باریک کپڑے کا نام، (۲) بہتا پانی۔

ـــــ زر: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سونا حل کیا ہوا پانی۔

ـــــ زلال: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (ا) صاف شفاف میٹھا پانی، نتھرا ہوا پانی (۲) کسی بھیگی ہوئی دوا کا چھنا ہوا پانی۔

ـــــ زمزم: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ زم زم کا پانی (زم زم کعبہ کے کنوئیں کا نام ہے)

ـــــ سبیل: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پیاسوں کے پینے کے لیے راستوں میں رکھا ہوا پانی، پیاؤ۔

ـــــ شور: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کھاری پانی۔

ـــــ شورہ: (ف) مذکر؛ شکر اور لیموں کا شربت۔

ـــــ کاری: (ا) شراب کھینچنے کا کارخانہ (۲) نشہ لانے والی چیزوں سے متعلق سرکاری محکمہ۔

ـــــ کوثر: (ف) (اضافت کے ساتھ) بہشت کی ایک مشہور نہر کا پانی

ـــــ کوثر سے دھلی زبان: (اضافت کے ساتھ) صاف اور پاکیزہ زبان، بہت اچھے بول۔

ـــــ گیر: (ف) مذکر؛ تالاب، جھیل، حوض۔

ـــــ نقرہ: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ چاندی کا پانی۔ چاندی کا ملمع۔

ـــــ نے: (ف) مونث؛ حقے کے پانی میں ڈوبا نیچے کا حصہ۔

ـــــ نیساں: (ف) (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر؛ موسم بہار کی وہ بارش جس کے قطرے سیپ میں داخل ہوں تو موتی بن جاتے ہیں، اور بانس میں داخل ہوں تو بنسلوچن۔

ـــــ وتاب: (ف) مونث؛ چمک دمک، رونق، روشنی۔ حسن وخوبی۔ لطافت۔

ـــــ ودانہ / آب دانہ: (ف) مذکر؛ (ا) کھانا پانی، رزق روزی (۲) تقدیر، قسمت، نصیب۔

آب ودانہ اُٹھ جانا: رزق اُٹھ جانا، (مجازاً) مرجانا، زندگی کا خاتمہ ہو جانا، کہیں سے رخصت ہونے کا وقت آجانا، روزگار سے برطرف ہو جانا۔

ـــــ ورنگ: (ف)، مذکر؛ (ا) آب وتاب، رونق، خوبصورتی۔ (۲) رنگ روپ (۳) شاعرانہ خوبیاں۔

ـــــ وگل: (ف) مونث؛ (ا) پانی اور مٹی (۲) طینت، فطرت، (۳) جسم، خمیر۔

ـــــ ونان: (ف) مونث؛ کھانا پانی، رزق۔

ـــــ ونمک: (ف) مذکر؛ مزا، سواد، کھانے میں نمک، مرچ، مسالے کا توازن۔

ـــــ وہوا: (ف)؛ مونث؛ پانی اور ہوا کی تاثیر وکیفیت، موسم رُت۔

ـــــ یاری: (ف)؛ مونث؛ باغوں، کھیتوں کو سینچنا، پانی دینا۔

آبا: (ع) مذکر؛ جمع آب کی، باپ دادا۔

ـــــ واجداد: (ع) مذکر؛ آب وجد۔ باپ دادا۔

آباد: (ف)؛ بسا ہوا، رونق، چہل پہل۔

آبادان: (ف) آباد، بسا ہوا، رونق، چہل پہل۔

آبادکاری: (ف)؛ مونث؛ بسانا، آباد کرنا۔

آبادی: مونث؛ بستی، لوگوں کی تعداد (مردم شماری)۔

آبائی: (ف) موروثی، باپ دادا کے وقت کی۔

آب پیما: پانی ناپنے کا آلہ، جس سے پانی کے خالص یا تحالص ہونے کی جانچ کی جاتی ہے۔ (ہائیڈرومیٹر)

آب ترسی (آب ترسی): (ف)، مونث؛ (ا) پانی دیکھ کر ڈرنے کی بیماری جس میں مریض پانی سے ڈرتا ہے (۲) ایک بیماری جو کتے کے کاٹنے سے انسان کو ہو جاتی ہے (ہائیڈروفوبیا)

آبرو: (ف) مونث؛ (ا) ناموس، عصمت (۲) قدر ومنزلت، شرف، ناموری، (۳) امارت، وجاہت (۴) ساکھ، اعتبار، بات (۵) شرم، لاج، (۶) حیثیت

ـــــ اتارنا / بگاڑنا: ذلیل کرنا، بے آبرو کرنا، کسی کی عزت لینا۔

ـــــ پیدا کرنا: (ا) اچھا نام پیدا کرنا، عزت حاصل کرنا (۲) ساکھ جمانا، اعتبار پیدا کرنا۔

آبرُو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے: (مقولہ) آبرو شاہی کے برابر ہے، عزت بڑی چیز ہے۔

——دار: (ف) عزت والا، شریف، حیادار۔

——ڈبو دینا/ڈبونا: عزت کھونا، بے حرمت ہونا۔

——ڈوب جانا: عزت جاتی رہنا۔

——ریزی: (ف)، مونث؛ عزت کی بربادی، عصمت وناموس کی تباہی، ذلت، توہین، عورت کی عصمت بگڑنا۔

——ساری روپے کی ہے: (مقولہ) اگر روپیہ پیسا نہیں ہے تو کوئی عزت نہیں کرتا۔

——کا صدقہ جان: (مقولہ) چاہے جان چلی جائے مگر آبرو رہے یعنی آبرو کے لیے جان دے دینا بہتر ہے۔

——موتی کی آب ہے: (مقولہ) آبرو (عزت) بہت نازک چیز ہے، (موتی کی آب کی طرح)

——میں بٹا لگانا: عزت میں خلل ڈالنا، بے وقعت کرنا۔

آبزرویٹری OBSERVATORY (انگ) مونث؛ دیکھو 'رصد گاہ'۔

آبشار: (ف) مذکر؛ جھرنا، کسی اونچی جگہ سے گرنے والا، قدرتی چشمے یا دریا کا پانی۔

آبگینہ: (ف) مذکر؛ (۱) شیشہ، کانچ، آئینہ، بلور، (۲) الماس (۳) انگوری شراب (۴) (استعارہ) دل سے۔

آبلہ: (ف) مذکر؛ چھالا، پھپھولا۔

——بہنا/پھوٹ بہنا: چھالے میں سے پانی بہنا۔

——پکنا: چھالے میں پیپ پڑ جانا، مواد پڑ جانا۔

——پیکنا: چھالے میں جلن اور تکلیف ہونا۔

آبنائے: (مونث؛ (۱) پانی کی راہ (۲) (اصطلاح جغرافیہ) پانی کا وہ تنگ حصہ جو پانی کے دو بڑے حصوں کو ملائے۔

آبنوس: (ع) (ف) مذکر؛ (۱) وزنی اور سیاہ لکڑی کا ایک مشہور درخت۔ (۲) (کنایتاً) کالے رنگ کا آدمی۔

آبی: (ف) پانی کا رہنے والا، جیسے آبی جانور۔

——رنگ: ہلکا نیلا پانی سے ملتا ہوا رنگ۔

——نان: خمیری روٹی کی ایک قسم۔

——بُرج: آسمان کے بارہ بُرجوں میں سے وہ برج جن کی صفت آبی ہے، یعنی سرطان، عقرب اور حوت۔

آبھا: (ہ) مونث؛ چمک، روشنی، جلال۔

آبھوشن: (ہ) مذکر؛ زیور، گہنا، آرائشی پوشاک۔

آ - پ

آپ: ضمیر مخاطب؛ تو اور تم سے زیادہ تعظیم کا لفظ، متکلم کے لیے بھی خود کے معنی میں اور غائب کے لیے تعظیماً۔

——اپنی قبر کھودنا: خود ہی اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔

——اپنے لیے کانٹے بونا / ——اپنے حق میں کانٹے بونا اپنے ہاتھوں آپ مصیبت میں ڈالنا، ایسے کام کرنا جس کے نتیجے میں مصیبت اٹھانا پڑے۔

——اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا: خود اپنی تعریف کرنا۔

——آپ کہنا/کرنا: خوشامد کرنا، تعریف کرنا۔

——بھلے اپنا گھر بھلا: دنیا جہان کے جھنجھٹوں سے الگ رہنا، نہ کہیں آنا نہ کہیں جانا۔

——بھلے تو جگ بھلا: (مقولہ) انسان خود اچھا ہو تو دنیا اُس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے، کسی سے دشمنی نہیں ہوتی۔

——دھاپ/آپا دھاپی: نفسی نفسی، اپنی اپنی فکر۔

——ڈال ڈال ہیں تو میں پات پات: (مثل) میں آپ سے زیادہ ہوشیار اور چالاک ہوں۔

——ڈوبے تو جگ ڈوبا: آپ تباہ ہوئے تو گویا تمام عالم تباہ ہوا، آپ مرے تو گویا ساری دنیا مر گئی۔

——سے آئے تو آنے دے: (مثل) جہاں کسی کا مال بغیر کسی تدبیر و کوشش کے مفت ہاتھ لگے اور کوئی اُس کے لینے کا ارادہ کرے، وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔

——فضیحت اور کو نصیحت: (مقولہ) خود بُرے کام میں مبتلا ہونا، دوسرے کو بچنے کی نصیحت کرنا۔

——کاج مہا کاج: (مثل) اپنا کیا کام بڑا کام ہے، جو کام انسان خود کرے وہی بڑا اور اچھا کام ہوتا ہے، اپنا کیا ہوا

کام خوبی سے انجام پاتا ہے۔

آپ کا قطع کلام ہونا ہے/آپ کا سخن بالا: جب کسی کی بات کاٹ کر کچھ کہنا ہو تو یہ طور معذرت کے یہ فقرہ کہہ کر اپنی بات کہتے ہیں۔

آپ کے بھی صدقے جائیے: مخاطب کی نادانی یا حماقت کی کسی بات پر کہنے کا کلمہ۔

—— کھائے بلی کو بتائیے: (مثل) اپنا قصور دوسرے کے سر رکھنا۔

آپا: (ترکی) مونث، بڑی بہن۔

—— دھاپی: (ہ) اپنی اپنی فکر، نفسی نفسی، خودغرضی۔

آپتی: (ہ) مونث، آفت، مصیبت۔

آپریٹر: OPERATOR (انگ) مذکر، (ا) کل پرزوں یا مشین پر کام کرنے والا، (۲) کسی خفیہ مہم کا نمائندہ۔

آپریشن: OPERATION (انگ) مذکر، (ا) جراحت، عملِ جراحی (۲) کوئی مخصوص مہم کو سر کرنا۔

—— تھیٹر: مذکر، جراحت گاہ، وہ کمرہ جو عمل جراحی کے لیے مخصوص ہو۔

آپ روپ: (ہ) مذکر، اپنی شکل، اپنا ظہور، وہ جو خود بخود ظہور پذیر ہو۔

آپس: باہم، اپنائیت، قریبی لوگ۔

—— داری: مونث، میل جول، آپس کا معاملہ۔

آتش/آتش: مونث، آگ۔

—— افروز/انگیز: (ف) مذکر، مونث، (ا) آگ بھڑکانے والا، (۲) (مجازاً) مفسد، جھگڑا پھیلانے والا۔

—— بار: (ف) (ا) آگ برسانے والا (۲) (کنایتاً) بہت سخت اور جوشیلی تقریر کرنے والا۔

—— بازی: (ف) آگ کے کھیل کے سامان یعنی پھلجھڑی، مہتابی، ہوئی، پٹاخے وغیرہ۔

—— بیان: (ف) سخت اور تیز تقریر کرنے والا، پرجوش مقرر۔

—— پا/زیر پا: (ف) (ا) بے قرار، بے چین، مضطرب (۲) تیز رفتار۔

آتش/آتش پرست: (ف) آگ پوجنے والا، مجوسی، پارسی، زرتشت کا پیرو۔

—— دان: (ف) مذکر، انگیٹھی۔

—— درون: (ف) مونث، اندرونی آگ، دل کی سوزش۔

—— زدگی: (ف) آگ لگنا۔

—— زنی: (ف) آگ لگانا، فساد کرانا۔

—— سیال: (ف) مونث، (ا) بہنے والی آگ (۲) (مجازاً) شراب۔

—— طبع: (ف) غصہ ور، تندخو، تیز مزاج۔

—— طور: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مونث، وہ نورانی تجلی جو حضرت موسیٰ کو کوہ طور پر نظر آئی تھی۔

—— فشاں: (ف) (ا) چنگاریاں دینے والا (۲) آگ اور لاوا اگلنے والا پہاڑ۔

—— کا پرکالہ: (ا) آگ کا ٹکڑا، (۲) (مجازاً) بہت شریر، شوخ شنگ، (۳) ذہین، ہوشیار۔

—— کدہ: (ف) مذکر، زرتشتیوں کی عبادت گاہ۔

—— مزاج: (ف) تیز مزاج، گرم مزاج۔

—— نمرود: (ف) مونث، (اضافت کے ساتھ) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کے جلانے کے لیے روشن کرائی تھی اور خدا نے اُسے گلزار بنا دیا تھا۔

آتشک: (ف) مذکر، ایک جنسی بیماری۔

آتشی شیشہ: ایک محدب شکل کا شیشہ جس سے گزر کر سورج کی کرنیں ایک نقطہ پر مرکوز ہو کر اتنی گرمی پیدا کر دیتی ہیں کہ روئی کاغذ وغیرہ آگ پکڑ لے۔

آتشیں اسلحہ: آگ برسانے والا ہتھیار، جیسے بندوق، رائفل، توپ وغیرہ۔

آتما: (ہ) مونث، (ا) روح، دل، جان، ماں کی محبت، باپ کی شفقت (۲) قالبِ ذات، وہ ذاتِ نوری جو کل میں محیط ہو۔

—— ٹھنڈی ہونا: جی خوش ہونا، بھوکے کا پیٹ بھر جانا۔

—— کلپانا: (ہ) جی دکھانا۔

—— کی آنکھ: مونث، ماما، ماں کی محبت۔

آتم رکشا : (ہ) مونث؛ اپنے آپ کی حفاظت، حفاظتِ خود اختیاری۔
آتم ہتیا : (ہ) مونث؛ خودکشی۔
آتو / آتوں : (ترکی) مونث؛ لڑکیوں کو پڑھانے والی اُستانی۔
آتی پاتی : (ہ) مونث؛ بچوں کا ایک کھیل۔
آتی ہے ہاتھی کے پانو اور جاتی ہے چیونٹی کے پانو : (مثل) بیماری کے متعلق، بہت تیزی سے آتی ہے آہستہ آہستہ دیر سے جاتی ہے۔

آ - ٹ

آٹا : (ف) مذکر؛ پسی چیز، پسا ہوا غلہ۔
——— گیلا ہونا : (ا) آٹے میں پانی زیادہ پڑ جانا (مجازاً) مصیبت میں پڑنا۔
آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا : دنیا کے نشیب و فراز کا اندازہ ہونا، جینے کے لیے جو مشکلیں اور مصیبتیں اٹھانا پڑتی ہیں ان کا اندازہ ہونا۔
آٹے دال کی فکر : پیٹ بھرنے کے لیے کھانے کی فکر، روزی کمانے کی کوشش۔
آٹے میں نمک : (مثل) بہت تھوڑا سا، معمولی۔
آٹو بیوگرافی : AUTO-BIOGRAPHY (انگ) مونث؛ خودنوشت سوانح حیات، آپ بیتی۔
آٹوگراف : AUTO-GRAPH (انگ) مذکر؛ (ا) دستخط (جو یادگار کے طور پر محفوظ کیا جائے) (۲) یادگاری دستخط۔
آٹونومی : ATO-NOMY (انگ) مونث؛ خود اختیاری نظم و نسق۔
آٹھ : مذکر؛ چار کا دُگنا عدد۔
آٹھ آٹھ آنسو رونا : پھوٹ پھوٹ کر رونا، دہاڑیں مار مار کر رونا، بہت رونا۔
آٹھ پہر : پورا دن اور رات، چوبیس گھنٹے۔

آ - ث

آثار : (ع) مذکر؛ (جمع اثر کی)؛ (ا) صحابہ کرام کے اقوال و افعال۔ (۲) سنت رسول اللہ (۳) احادیث (۴) علامات (۵) تیور، انداز، اطوار، قرائن (۶) نشانیاں (۷) مونث؛ نیو، بنیاد، دیوار کی چوڑائی۔
آثم : (ع) مذکر؛ گنہگار، عاصی۔

آ - ج

آج : مذکر؛ موجودہ دن، اِمروز۔
——— کل : (ا) بہت جلد (۲) موجودہ زمانے میں۔
——— کل کرنا : وعدے کر کے ٹالنا۔
——— مرے کل دوسرا دن : دنیا کی بے ثباتی اور ناپائیداری دکھانے کا کلمہ۔
آجر : (آ - جر)؛ (ع) اُجرت دے کر کام لینے والا، (ایمپلائر)

آ - چ

آچاریہ : (سنسکرت)؛ مذکر؛ استاد، گرو، پنڈت، کسی فرقے کا بانی، روحانی مرشد۔ عالم۔

آ - خ

آخ / اَخ : حلق کی ایک آواز۔
آخ تھو : حقارت کا کلمہ، کسی کو ناپسند اور ذلیل کرنے کا اظہار۔
آختہ : (ف) مذکر؛ خصی کیا ہوا جانور۔
آخر : (ع) پیچھے، پچھلا، ختم ہونے کے قریب، تمام۔
——— بین : (ف) انجام پر نظر رکھنے والا، عاقبت اندیش۔
——— زمانہ : مذکر؛ قیامت کے قریب کا زمانہ، کسی چیز کا آخری دور۔ عمر کا آخری حصہ۔
——— وقت : مذکر؛ مرنے کے قریب، نزع کا وقت۔
آخرت : (ع) مونث؛ عقبا، مرنے کے بعد والی دنیا (پرلوک)
آخری : آخر کی طرف منسوب، اخیر والا، اخیر کا۔
——— دیدار : مذکر؛ میت اٹھانے سے پہلے کا دیدار، مرنے کے بعد دفن سے پہلے منہ دکھانا۔
آخور : (ف) مونث؛ (ا) گھوڑوں کے کھانے سے بچ رہی گھاس (۲) نکمی اور بے کار چیزیں (۳) نکموں اور نالائقوں کا جتھا (۴) کسی مجموعۂ تحریر میں نکمے مضمونوں کی کثرت (۵) کوڑا کرکٹ، ردی
آخوند : مذکر؛ استاد، معلم، پڑھانے والا۔

آ - د

آداب : (ع) مذکر؛ (جمع ادب کی) مرتبے کا پاس لحاظ،

حفظِ مراتب، تسلیم، سلام۔
آداب بجالانا: عجز و انکسار سے سلام کرنا (ملتزماً) سلام کرنا، قائل کرنا، شرمندہ کرنا۔
ـــــ شاہی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ دربار میں حاضری کے طور طریق، بادشاہوں کو سلام کرنے یا اُن سے گفتگو کرنے کے طریقے اور ڈھنگ۔
ـــــ و اُلقاب: مذکر؛ خطوں میں مکتوب الیہ کو اس کے رتبے کے مطابق مخاطب کرنے کا لفظ۔
آدر: (ع) مذکر؛ عزت، آؤ بھگت، حرمت، تعظیم، قدر و منزلت، احترام، خاطر مدارات۔
آدرش: (ع) مذکر؛ اصول، مثال، نمونہ، اخلاق مثالی۔
آدرمان: (ع) مذکر؛ عزت، توقیر، تعظیم و تکریم۔
آدرنیہ: (ع) قابلِ احترام، محترم۔
آدم: (ع) مذکر؛ نسلِ انسانی کا سب سے پہلا انسان۔
ـــــ ثانی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر حضرت نوحؑ کا لقب۔
ـــــ خور: (ف) مذکر؛ انسانوں کو کھا جانے والا درندہ۔
ـــــ زاد: (ف) مذکر؛ انسان، آدم کی اولاد۔
ـــــ نما: (ع، ف) آدمی سے ملتا جلتا، (جیسے بن مانس گوریلا چمپانزی)
آدمی: (ف) مذکر؛ آدم کی طرف منسوب، انسان، اچھے اخلاق والا، انسانیت اور آدمیت والا، نوکر چاکر، ملازم، قاصد، خاوند، جورو، آشنا۔
ـــــ اناج کا کیڑا ہے: آدمی کی زندگی اناج سے ہے، انسان کی زندگی کھانے کے بغیر ممکن نہیں۔
ـــــ آدمی اَنتر، کوئی ہیرا کوئی کنکر: (ع) (مثل) سب آدمی یکساں نہیں ہوتے، آدمی آدمی میں فرق ہوتا ہے۔
ـــــ جانے بسے سونا جانے کسے: (مثل) آدمی کی اچھائی برائی امتحان کے بغیر نہیں معلوم ہوتی۔
آدمیت: (ف) مؤنث؛ انسانیت، اچھی خصلتیں۔
آدیش: (ع) مذکر؛ حکم، اجازت، فرمان
آدینہ: (ف) مذکر؛ جمعہ۔
آدھ / آدھا: پورے کا نصف؛ ½۔
آدھا تیتر آدھا بٹیر: (مثل) بے جوڑ، بے میل، بے تکا، دو مختلف قسموں کا۔
ـــــ رہ جانا: بہت دُبلا ہو جانا، کمزور ہو جانا۔
ـــــ سیسی: (ع) مذکر؛ آدھے سر کا درد۔
آدھم ساجھا: مذکر؛ لڑکوں کا ایک کھیل۔
آدھوں آدھ: مذکر؛ بالکل برابر کے دو حصے، برابر کے دو ٹکڑے۔
آدھی بات: مؤنث؛ (ا) ناتمام بات، ادھوری بات (۲) ہلکی سی ناگوار بات۔
ـــــ بات نہ پوچھنا: قدر نہ کرنا، ذرا توجہ نہ کرنا۔
ـــــ کو چھوڑ ساری کو دوڑے / آدھی رہے نہ ساری: (مثل) جو تھوڑے پر قناعت نہ کرے، جو شخص موجودہ چیز کو چھوڑ کر لالچ کے مارے اس سے زیادہ کے لیے دوڑتا ہے وہ اتنی بھی ہاتھ سے کھوتا ہے۔
آڈٹ: AUDIT (انگ) مذکر؛ حساب کی جانچ پڑتال، محاسبہ۔
آڈمبر: (आडम्बर) (ع) مذکر؛ ظاہری ٹھاٹ باٹ، بناوٹ، مکر، ڈھونگ۔
آڈیٹر: AUDITOR (انگ) مذکر؛ محاسب، حسابات کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

آ - ذ

آذر: (ف) مذکر؛ (ا) ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ جو ہندی مہینے پوس اور انگریزی مہینے جنوری کے مطابق ہوتا ہے (۲) آگ
ـــــ پرست: (ف) (صفت) آتش پرست، مجوسی۔

آ - ر

آر: (ع) مؤنث؛ (ا) بیلوں کو تیز ہانکنے کے لیے ڈنڈی میں لگی نوکدار کیل، (۲) لٹو کا نوک دار نچلا سرا۔
آرا: مذکر؛ لکڑیاں چیرنے کا لوہے کا دندانے والا اوزار۔
(ع) مؤنث؛ (رائے کی جمع) مشورے، خیالات۔
آرادھنا: (ع) مؤنث؛ عبادت، پرستش، پوجا، مذہبی خدمت، بندگی، التماس کرنا، پورا کرنا۔
آراستہ: (ف) سجایا ہوا، سنوارا ہوا۔
آراضی: (ع) (جمع ارض کی) زمین۔

آرام: (ف) مذکر؛ سکھ، چین، تسکین، شفا، صحت، افاقہ، راحت، نیند۔

آرام پسند/ طلب: (ف) سست، کاہل۔

——کرسی: مونث؛ بکیے دار کرسی، آدھا لیٹنے کی کرسی۔

آرایش: (ف) مونث؛ سجاوٹ، بناؤ، سنگار۔

آر پار: ایک طرف سے دوسری طرف تک، اس سرے سے اُس سرے تک۔

آرتی: (ہ) مونث؛ وہ روشنی جو پوجا کے وقت دیوتاؤں کے سامنے پھرائی جاتی ہے۔

آرٹ: ART (انگ) مذکر؛ ہنر، فن، صفائی، سلیقہ۔

آرٹس: ARTS (انگ) مذکر؛ علوم، فنون، ادبیات۔

آرٹسٹ: ARTIST (انگ) مذکر؛ (۱) فن کار، کلاکار، استاد، باکمال ایکٹر (۲) صناع، صنعت گر، صنعتکار، حسن کار (۳) مصور۔

آرٹیکل: ARTICLE (انگ) مذکر؛ (۱) مضمون، مقالہ (۲) ضابطہ یا دفعہ (قانونی اصطلاح)

آرچ بشپ: ARCH BISHOP (انگ) مذکر؛ (۱) عیسائیوں کا سب سے بڑا پادری (۲) لاٹ پادری۔

آرد: (ف) مذکر؛ آٹا پسا ہوا غلہ۔

آرڈر: ORDER (انگ) مذکر؛ (۱) حکم، ہدایت، ترتیب (۲) مانگ، طلبی، فرمایش۔

آرڈنری: ORDINARY (انگ) معمولی، رسمی۔

آرڈیننس: (ORDINANCE) (انگ) (۱) اسلحہ خانہ (۲) توپ خانہ، (۳) دستے والی بندوق۔ توپ۔

——فیکٹری: فوجی کارخانہ۔

آرڈیننس ORDINANCE (انگ) مذکر؛ (۱) ضابطہ (۲) مذہبی رسم (۳) غیر معمولی حکم (سرکاری) (۴) ہنگامی حالات میں نافذ کیا گیا قانون۔

آرزو: (ف) مونث؛ حسرت، تمنا، خواہش۔

——مند: (ف) آرزو رکھنے والا، تمنا کرنے والا۔

آرسی: (ہ) مونث؛ آئینہ، عورتوں کے ہاتھ کے انگوٹھے میں پہننے کا شیشہ جڑا زیور۔

آرسی مصحف: مونث؛ ہندستانی مسلمانوں کے بعض طبقوں میں شادی کی ایک رسم جس میں دولہا اپنی دلہن کا منہ پہلی بار آئینے میں دیکھتا ہے۔

آرفیت (آرفی یت) مونث؛ ابہام پرستی۔

آرکیالوجی: ARCHAEOLOGY (انگ) مذکر؛ علم آثار قدیمہ۔

آرگن: ORGAN (انگ) مذکر؛ (۱) ایک قسم کا انگریزی باجا (۲) ترجمان، اخبار یا رسالہ جو کسی جماعت کے مقاصد کی ترجمانی کرے۔

آرمی: (ARMY) (انگ)، مونث؛ فوج، لشکر، عسکری

آریا: (سنسکرت) مذکر؛ (۱) وسط ایشیا کی ایک پرانی قوم (۲) بڑا، بزرگ، معزز، شریف، نجیب، اعلا، قابل عزت۔

——سماج: آریا لوگوں کی انجمن یا فرقہ جو ویدوں پر عمل کرنے کا مدعی ہے۔

——ورت: آریاؤں کے رہنے کا مقام، یعنی ہندستان۔

آڑ: مونث؛ پردہ، اوٹ، حجاب، پناہ، سہارا۔

آڑا: (ہ) ٹیڑھا، ترچھا، ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔

آڑو: مذکر؛ ایک پھل، شفتالو۔

آڑی: مذکر؛ ساتھی، دوست، لڑکوں کے کھیل میں اپنے گروہ کے ساتھی۔

آڑے آنا: برے وقت پر کسی کے کام آنا، حمایت کرنا، مصیبت میں کسی کی مدد کرنا۔

——ہاتھوں لینا: کھری کھری سنانا، لتاڑنا، کسی کی خوب خبر لینا۔

آ ـ ز

آز: (ف) مونث؛ حرص، لالچ، طمع۔

آزاد: (ف) (۱) جو غلام نہ ہو، کسی کا پابند نہ ہو، مجبور نہ ہو، بے غم، مجرد (۲) فقیروں کا ایک فرقہ جو کسی مذہب کا پابند نہیں ہوتا (۳) بے جوروبچوں کا آدمی، خودمختار۔

——رَو: (ف) شریف آدمی، کسی کی پاسداری نہ کرنے والا، بے تعلق۔

——مَرد: مذکر؛ یکرنگ، بے قید، دنیاوی تعلقات سے پاک، بے لوث۔

——مَنِش: (ف) آزاد طبع، آزاد سرشت کا آدمی۔

آزادانہ وضع: اوباشوں، بُرے لوگوں کی وضع، دنیاداروں سے الگ وضع۔

آزاد نظم: مونث؛ وہ نظم جو ردیف اور قافیہ کی پابندی سے آزاد ہو۔

آزادہ روی: (ف) مونث بدا) اپنی مرضی سے کام کرنے کا طریق (۲) اپنی

راہ چلنا۔

آزار (ف) مذکر؛ بیماری، دُکھ، روگ، ایذا، رنج۔

آزرؔ (ع) مذکر؛ حضرت ابراہیمؑ کے زمانے کا مشہور بُت تراش۔

آزُردہ (ف) اداس، رنجیدہ، ناخوش، افسردہ، ملول۔

آزُقہ / آزوُقہ (ف) مذکر؛ تھوڑی غذا، تھوڑا رزق۔

آزمانا جانچنا، تجربہ کرنا، امتحان لینا۔

آزمایش (ف) مونث؛ تجربہ، امتحان۔

آزمودہ (ف) آزمایا ہوا۔

آ ـ س

آس مونث (ا) اُمید، بھروسا، آسرا (۲) (معماروں کی اصطلاح) ٹیک، سہارا (۳) (گویوں کی اصطلاح) گانے والوں کو سہارا دینا۔

—— **پاس** اِدھر اُدھر، اِرد گرد، قریب، گِرد و پیش، اِدھر اُدھر۔

—— **پاس برسے، دِلی پڑی تَرسے** (مثل) کسی کی ذات سے غیر فائدہ اٹھائیں اپنے اور حقدار محروم رہیں۔

آس رہنا / سے ہونا / اُمید سے ہونا پیٹ سے رہنا، حاملہ رہنا، بچہ پیدا ہونے کی توقع ہونا۔

آسا (س) مذکر؛ اُمید رکھنے والا، آس رکھنے والا، مایوس نہ ہونے والا۔

آسا (ف) مانند، مثل، جیسا۔

آسایش (ف) نوٹ: آسان جھوٹ کہا ہے مونث؛ آرام، چین راحت۔

آستاں / آستانہ (ف) مذکر؛ چوکھٹ (مجازاً) بزرگوں کے مکان، درگاہ، بارگاہ۔

—— **بوسی** (ف) (ا) چوکھٹ چومنا، (مجازاً) تعظیم، خدمت گزاری (۲) آستاں بوس ہونا، بزرگوں یا بڑوں کے مکانوں یا مزاروں پر حاضری دینا، ادب و انکسار کرنا۔

آستین (ف) مونث؛ کرتے قمیص، شیروانی، کوٹ وغیرہ کے بازو کا حصہ۔

—— **چڑھانا** (ا) کسی کام کے لیے مستعد ہونا (۲) لڑنے کے لیے غصے اور غضب کی حالت میں تیار ہونا۔

—— **کا سانپ** مذکر؛ چھپا ہوا دشمن، دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا، مل کر دھوکا دینے والا۔

آسرا مذکر؛ سہارا، امید، بھروسا۔

آسکر اَوارڈ OSCARAWARD (انگ) مذکر؛ مشہور فلمی انعام۔

آسمان (ف) مذکر؛ آکاش، فلک۔

—— **اور زمین کا رُونا** غم کا عام ہونا۔

—— **بنا دینا** مبالغہ کر کے بہت بڑھا دینا، اُدنا کو اعلا بنانا، چھوٹے کو بڑا کر دینا۔

—— **پر پہنچا دینا / پر چڑھا دینا / پر چڑھانا** (ا) تعریف میں مبالغہ کرنا (۲) مغرور کر دینا (۳) عزت دینا۔

—— **پر دماغ رہنا / ہونا / پر مزاج ہونا** مغرور ہونا، گھمنڈ ہونا، مزاج میں غرور و نخوت سما جانا۔

—— **پھٹ پڑنا** بہت بڑی مصیبت آ پڑنا، ناگہانی مصیبت آ جانا۔

—— **تھرّانا** (ا) شدید ظلم (۲) کسی عظیم واقعے یا حادثے کا ظہور ہونا۔ (۳) بے کس کی فریاد (۴) شجاعت کی دھاک بندھنا۔

—— **ٹوٹنا / ٹوٹ پڑنا** کسی انتہائی مصیبت میں پھنس جانا۔

—— **زمین ایک کر دینا / کر ڈالنا** (ا) بے حد کوشش کرنا، بہت دوڑ دھوپ کرنا (۲) ہلڑ مچا دینا، ہل چل ڈالنا۔

—— **زمین کے قلابے ملانا** (ا) انتہائی کوشش کر ڈالنا (۲) مبالغہ حد سے زیادہ کرنا، بے فائدہ باتیں بنانا۔ بے حد جھوٹ بولنا۔ (۳) عیاری، توڑ جوڑ (۴) ہنگامہ برپا کرنا، ہل چل ڈالنا۔

سر پر اُٹھانا / اُٹھا لینا شور و غل کرنا، اودھم مچانا، چیخنا، چلّانا۔

—— **سے باتیں کرنا** عمارت یا کسی اور چیز کا بہت اونچا ہونا۔

—— **سے تارے اُتار لانا** بہت دُشوار کام کرنا، بظاہر ناممکن کام انجام دینا۔

—— **سے گر کھجور میں اٹکا** ایک بلا سے چھوٹا دوسری میں پھنسا۔

—— **کا تارا** (ا) نایاب چیز، نادر چیز (۲) بہت اونچائی اور بلندی پر پہنچ کر رنگ یا کسی چیز کا چھوٹا نظر آنا۔

—— **کا تھوکا اپنے ہی مُنہ پر آتا ہے** (مثل) تہمت لگانے والا ہی رُسوا ہوتا ہے، پاکدامن بہتان سے بدنام نہیں ہوتا۔

—— **میں تھگلی لگانا** (ا) دُشوار کام کرنا (۲) عیاری کرنا، چالاکی کرنا۔

آسمانی : (ف، ا) آسمان کی طرف منسوب (۲) آسمانی رنگ، نیل گوں (۳) ناگہانی، قدرت کی طرف سے۔
ـــــ **کتاب** : مونث؛ خدا کی طرف سے کسی پیغمبر پر اتاری ہوئی کتاب۔
آسن : (س، مذکر؛ ا) جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ (۲) اہل ہنود کے بیٹھ کر پوجا پاٹ کرنے کا کپڑا یا چٹائی (۳) ہندوؤں کے کھانا رکھ کر کھانے کی خاص چٹائی (۴) گھوڑے کی سواری میں سوار کی گھوڑے کی پیٹھ پر ران سے مضبوط گرفت (۵) کرسی تخت (۶) مباشرت کا طریقہ
ـــــ **گانٹھنا / لینا** : مباشرت ہونا یا کرنا۔
ـــــ **مار کر بیٹھنا** : چار زانو جوگیوں کی طرح بیٹھنا، نہ اٹھنے کے ارادے سے بیٹھنا۔
آسنی : (ا) مونث؛ ہندوؤں کے بچھا کر کھانا کھانے کا کپڑا یا چٹائی
آسودگانِ خاک : (ف) مذکر؛ مُردے، قبر والے۔
آسودگی : (ف) مونث؛ (ا) راحت، آرام، سکھ، اطمینان، (۲) خوش حالی (۳) سیری (۴) امن و امان
آسودہ : (ا) راحت پایا ہوا، مطمئن (۲) جو جی بھر کر کھا چکا ہو۔
ـــــ **حال** : خوش حال، فارغ البال۔
آسیا : (ف)، مونث؛ چکی۔
آسیب : (ف) مذکر؛ (ا) اَلم، کوفت، تکلیف والا صدمہ (۲) بھوت پری، جن کا سایہ (۳) دشمنی، عداوت (۴) بلا، آفت۔
ـــــ **زدہ** : جن بھوت کا اثر لیا ہوا۔
ـــــ **کا نکلل / دخل / گزر** : آسیب کا اثر۔
آسیہ : (ع) مونث؛ فرعون کی بیوی کا نام جو حضرت موسیٰ پر ایمان لے آئی تھیں۔

آ - ش

آش : (ف) مونث؛ پکی ہوئی پتلی چیز جو پی جانے والی پتلی غذا۔
ـــــ **جَو** : (اضافت کے ساتھ) ف؛ مذکر؛ چھلے اور بھنے ہوئے جَو کا جوش دیا ہوا پانی۔
آشنا : (ف) مونث؛ خواہش، اُمید، آرزو، آسرا۔
آشتی : (ف) مونث؛ ملاپ، صلح، نرمی، محبت، امن، صفائی۔
آشرم (سنسکرت) : مذکر؛ (ا) رشیوں اور منیوں کے رہنے کی جگہ (۲) تپسیا کرنے یا ٹھہرنے کی جگہ، سادھو سنت کے رہنے کی جگہ (۳) (اسمرتی) کے مطابق ہندوؤں کی زندگی کی چار حالتیں: (ا) برہم چریہ (۲) گارہستھ (۳) وان پرستھ (۴) سنیاس (۴) (ف) مذکر؛ سکونت گاہ قیامگاہ مقام، جگہ، مکان، گھر۔
آشفتگی : (ف) مونث؛ پریشانی، پراگندگی۔
آشفتہ : (ف) پریشان، پراگندہ، بدحواس۔
ـــــ **سر** : (ف) سڑی، سودائی، بدحواس۔
ـــــ **مو** : (ف) (ا) بکھرے بال والا (۲) (کنایتاً) مغموم، پریشان حال، غمزدہ۔
آشکار / آشکارا : (ف) ظاہر، فاش، علانیہ، کھلا ہوا۔
آشنا : (ف) (ا) دوست، شناسا، واقف، جان پہچان (۲) ناجائز تعلقات رکھنے والا مرد یا عورت۔
آشنائی : مونث؛ (ا) محبت، دوستی، چاہ (۲) صاحب سلامت معمولی جان پہچان، شناسائی (۳) عورت مرد کا ناجائز تعلق۔
آشوب : (ف) مذکر؛ شور، غوغا، فتنہ، فساد۔
ـــــ **چشم** : (ف) مذکر؛ آنکھ کا جوش کر آنا، آنکھ آنا، (۲) آنکھ دُکھنا۔
آشیاں / آشیانہ : (ف) مذکر؛ گھونسلا، پرندوں کا گھر، (۲) آدمیوں کے رہنے سہنے کی جگہ، ٹھکانا۔
آشیرواد : (سنسکرت) مذکر؛ خیر یا خیر کی خواہش ظاہر کرنے والا فقرہ، آشیش، دُعا، دُعائے خیر۔

آ - ص

آصف : حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام۔
آصف الدولہ (آصفُ دَولہ) اَودھ کے فرماں روا شجاع الدولہ کے بڑے بیٹے محمد یحییٰ عرف مرزا امانی کا لقب۔
آصف جاہ : سابق حیدر آباد دکن کے فرماں رواؤں کا لقب۔
ـــــ **خانی** : ایک قسم کا شلوکہ۔

آ - غ

آغا : (ف) مذکر؛ (ا) آقا، بڑا بھائی، (تعظیماً)
ـــــ **میر کی دائی سب سیکھی سکھائی** : (مثل) سب گنوں پوری، نہایت چالاک اور عیار عورت۔
ـــــ **میر کی ڈیوڑھی** : لکھنؤ کا ایک مشہور محلہ، شاہ اودھ غازی الدین حیدر کے وزیر معتمد الدولہ آغا میر کی طرف منسوب۔

آغاز: (ف) ابتدا، شروع، پہل، عنوان۔
آغشتہ: (ف) لتھڑا ہوا، آلودہ۔
آغوش: (ف) مونث؛ مذکر؛ گود، بغل، کنار۔
—— کا پروردہ: گود کا پالا، (کنایتاً) اولاد۔
—— گرم کرنا: گود میں لینا، گود میں جانا۔
آغوں غٹے، دودھ پی کر میاں ہوئے مٹے: چھوٹے دودھ پیتے بچوں سے جو ابھی نہ چل پاتے ہیں اور نہ بول پاتے ہیں بڑی بوڑھیاں یہ جملہ خوش طبعی سے کہتی ہیں۔

آ۔ف

آفات: جمع آفت کی (ع) مذکر؛ مونث، بلائیں، مصیبتیں، دکھ، تکلیفیں۔
—— ارضی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر مونث؛ زمین سے پیدا ہونے والی برائیاں، مصیبتیں، بلائیں، مشکلیں (مثلاً زلزلہ)
—— آسمانی/سماوی: (اضافت کے ساتھ) ف، مذکر؛ مونث؛ آسمانی حوادث، ناگہانی بلائیں، قدرت کی طرف سے آنی ہوئی مشکلیں، (مثلاً طوفانی بارش)
آفاق: (ع) مذکر؛ (جمع افق کی)؛ آسمان کے کنارے، (مجازاً) دنیا، جہان (اردو میں واحد استعمال کیا جاتا ہے)
آفاقی: (ع) صفت؛ ساری دنیا سے متعلق، کائناتی، عالمگیر۔
آفاقیت: (ع) مونث؛ (ا) دنیاپن، دنیاوی خاصیت (۲) ہمہ گیر ہونا، وسیع تر ہونا، (خیال یا تصورات کا)
آف پرنٹ OFF PRINT (انگ) مذکر کسی مطبوعہ مضمون کی زائد کاپیاں۔
آفت: (ع) مونث؛ (ا) زحمت، دکھ، سختی (۲) تکلیف، جھگڑا (۳) قہر، غضب (۴) شریر، شوخ، چالاک، بے ڈھب۔
—— جوتنا: ہنگامہ برپا کرنا۔
—— دوراں/روزگار/زمانہ: مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) (ا) چالاک، عیار، زمانے کا چھٹا ہوا (۲) کنایتاً؛ معشوق۔
—— رسیدہ/زدہ: (ف) جسے دکھ پہنچا ہو، مصیبت کا مارا، دکھی۔
—— سر سے ٹلنا: کسی آنے والی مصیبت سے بچ جانا۔
—— کا پرکالا: آفت کا ٹکڑا، آفت کا بنا ہوا، غضب کا پتلا نہایت چالاک، بدذات، شریر، عیار۔
—— کی پرکیا/کی پوٹ: (صفت) (ا) شریر بچہ (۲) چالاک، دغاباز، مکار۔
آفتاب: (ف) مذکر؛ (ا) سورج، دھوپ (۲) بلند مرتبہ، خوبیوں سے بھرا ہوا (۳) شراب (۴) خوبصورت؛ (مجازاً) معشوق۔
—— ایک نیزے پر آنا/سوا نیزے پر آنا: قیامت ہونا، مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق سورج کا زمین سے سوا نیزے کے فاصلے پر آجانا۔
—— بام/لب بام: (اضافت کے ساتھ) (ف) (ا) زوال کے قریب سورج (۲) (کنایتاً) بوڑھا، آخری عمر والا، چراغ سحری۔
—— سر پر آنا: دوپہر ہونا۔
—— مغرب سے نکلنا: (ا) قیامت کے آثار (۲) (مجازاً) ناممکن بات ظہور میں آنا۔
آفتابہ: ف) مذکر؛ ایک قسم کا ڈھکن اور دستہ والا لوٹا۔
آفتابی: (ف) (ا) دھوپ کھایا ہوا (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) سورج کی طرح گول (۴) چہرے کو دھوپ سے بچانے کی چھوٹی پنکھیا۔
—— چہرہ: مذکر؛ گول چہرہ۔
آفریدگار: (ف) مذکر؛ پیدا کرنے والا، خدا۔
آفریدہ: (ف) پیدا کیا گیا، مخلوق۔
آفرینش: (ف) مونث؛ پیدائش، جنم۔
آفرین: (ف) مونث؛ کلمۂ تحسین، واہ وا، شاباش۔
—— بادبر ایں ہمت مردانہ تو: (مقولہ) (ف) (ترجمہ) آفرین ہے تیری اس مردانہ ہمت پر، بلند حوصلہ دکھانے پر یا بہادری کی تعریف میں کہتے ہیں
آفرینندہ: (ف) مذکر؛ پیدا کرنے والا، آفرینندۂ عالم یا روزگار، خدا۔
آفس: OFFICE (انگ) مذکر؛ دفتر، آفس۔
آفیسر: OFFICER (انگ) مذکر؛ حاکم، افسر۔
آفیشیل: OFFICIAL (انگ) صفت؛ سرکاری، دفتری مذکر؛ عہدے دار۔

آ۔ق۔آک

آقا: (ف) مذکر؛ مالک، حاکم، خداوند۔
آک/آکھ: مذکر؛ مدار کا درخت۔
—— کی بڑھیا: مدار کے پھل کی روئی۔
آکا: (ف) مذکر؛ (ا) بڑا بھائی (۲) کلمۂ خطاب۔

آکار : (ا) مذکر؛ روپ، صورت، شکل، چہرہ، ہیئت۔
آکاش : (ا) مذکر؛ آسمان۔
—— **گنگا** : کہکشاں، بہشت کی ایک ندی۔
—— **وانی** : (ا) وہ آواز جو آسمان سے سنائی دے، آسمانی آواز (۲) آل انڈیا ریڈیو کا نام۔
آکرشک : (ا) کھینچنے والا، جاذب توجہ، پُرکشش۔
آکرشن : (ا) مذکر؛ کشش، جاذبیت۔
آکرمن : (ا) مذکر حملہ، چڑھائی۔
آکسن : OXON (انگ) آکسفورڈ یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ۔
آکسیجن (آک۔سی۔جن) OXYGEN (انگ) آکسیجن ایک گیس جو پانی، ہوا اور مٹی کا جزو ہے اور زندگی کے لیے بہت ضروری ہے۔

آ۔گ

آگ : مونث (ا) آتش، انگار، اگنی (۲) سوزش، تپش (۳) تیزی چرچراہٹ
—— **اور بیری کو کم نہ سمجھیے** : (مثل) آگ کو تھوڑی اور دشمن کو حقیر نہ جانو، کمزور بھی ہوں تو خطرے سے خالی نہیں۔
—— **اور روئی کی کیا دوستی** : (مثل) دو متضاد چیزوں کا کیا میل، مختلف مزاج لوگوں میں آپس میں نہیں بن سکتی۔
—— **بجھانا** : آگ ٹھنڈی کرنا، (مجازاً) جھگڑا فساد دور کرنا، غصہ فرو کرنا۔
—— **برسنا** : شدت کی گرمی ہونا، تڑاقے کی دھوپ پڑنا۔
—— **بگولا / بھبولا** : (ا) لال لال دہکتا ہوا، جلتا بھنتا (۲) غصے میں بھرا ہوا، تیز، تند، گرم مزاج۔
—— **بھبھوکا ہونا / بن جانا** : غصے سے لال ہو جانا، غصہ سے چہرہ تمتما اٹھنا۔
—— **پر پانی ڈالنا** : فتنہ فساد دبا دینا، کسی کا غصہ فرو کرنا۔ غصہ ور کو ٹھنڈا کرنا۔
—— **پر تیل ڈالنا / ٹپکانا / چھڑکنا** : شعلے کو اور بھڑکانا فتنہ فساد بڑھانے والی بات کرنا۔
—— **پڑ جانا** : (ا) جلن پیدا ہو جانا (۲) عداوت ہو جانا، جلنے لگنا۔
—— **تلووں سے لگنا** : بہت غصہ آنا، جل جانا، رشک کی آگ بھڑکنا۔
آگ ٹھنڈی کرنا : (ا) آگ بجھانا (۲) مجازاً فتنہ فساد فرو کرنا۔
—— **جاگ اٹھنا** : (ا) مرجھائی ہوئی یا دبی ہوئی آگ کا پھر بھڑک اٹھنا (۲) (مجازاً) دبا ہوا شوق دوبارہ بڑھ جانا۔
—— **جانے لہار جانے، دھونکنے والے کی بلا جانے** : (مثل) اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم تو یہ کام کسی کے حکم سے کرتے ہیں۔ ہم اس کے نتیجے کے بالکل ذمہ دار نہیں ہیں۔
—— **سُلگانا** : آگ جلانا، آگ روشن کرنا۔
—— **کا پُرکالہ** : مذکر؛ آگ کا ٹکڑا، انگارا۔
—— **کا ہنسنا** : اُلٹے توے کی کالک پر یا تنور میں آگ کے مہین چمکتے ہوئے دانے۔
—— **کجلانا** : آگ سلگ سلگ کر کالی رہ جانا، ٹھیک طور پر روشن نہ ہونا۔
—— **کے مول / آگ کے مولوں** : بہت مہنگا، گراں قیمت۔
—— **کھائے گا انگارے بکے گا** : بُرے کام کا انجام بُرا ہے۔ جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔
—— **لگا کر پانی کو دوڑنا** : خود تکلیف پہنچا کر یا خرابی پیدا کر کے دکھانے کے لیے مداوا کرنا، دوڑ دھوپ کر کے سکاری سے ہڈی دکھانا۔
—— **لگانا** : (ا) جلانا، آگ دینا (۲) (مجازاً) لگائی بجھائی کرنا، (۳) شوق و ولولہ پیدا کرنا (۴) شوخی، شرارت (۵) چرچراہٹ (۶) برباد کرنا، نفرت کرنا (۸) ملیامیٹ کرنا، غارت کرنا، بگاڑ دینا (۹) دل جلانا، کلیجا پھونک دینا۔
—— **لگے** : (ع) (بددعا) غارت ہو، اُجڑ جائے، مٹ جائے۔
—— **میں لوٹنا** : (ا) تڑپنا، بیقرار ہونا (۲) رشک کرنا، حسد کرنا۔
آگا : سامنا، مہرہ، کسی چیز کا اگلا حصہ۔
—— **بھاری ہونا** : (ا) راستے کا پُرخطر ہونا (۲) عورت کا حاملہ ہونا، پیٹ سے ہونا۔
—— **پیچھا سوچنا** : آغاز اور انجام پر غور کرنا، انجام سوچنا۔
آگامی : (ا) آنے والا، آئندہ، ہونے والا۔
آگاہ / آگہ : (ف) واقف، ہوشیار، جاننے والا۔
آگاہی / آگہی : مونث؛ واقفیت، علم، جان کاری، ہوشیاری۔

آگمن : (ع) مذکر؛ آنا، وارد ہونا۔

آگے : (۱) مقابلے میں، سامنے، (۲) اس سے پہلے، سابق زمانے میں، پیش تر۔ (۳) آیندہ، اس کے بعد۔ دُور۔

—— **آنا** : (۱) کیے کا پھل ملنا، نتیجہ حاصل ہونا، سزا ملنا (۲) عورتوں کا کسی سے پردہ نہ کرکے اس کے سامنے آنا، روبرو آنا۔ (۳) کام آنا۔ پشت پناہ ہونا۔

—— **آیت** : تقریر یا تحریر کا خاتمہ۔

—— **پیچھے** : (۱) اِدھر اُدھر (۲) حاضر غائب (۳) پے در پے (۴) بے ترتیب (۵) دیر سویر۔

—— **خدا کا نام** : بس خاتمہ ہے، انتہا ہوگئی، اس سے زیادہ کچھ نہیں۔

—— **سے ہوتی آئی ہے** : پہلے سے اسی طرح ہوتا چلا آیا ہے قدیم زمانے سے جاری۔

—— **کنواں پیچھے کھائی** : جب کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے دونوں میں خرابی ہو۔ آگے پیچھے کوئی راہ کھلی نہ ہو۔

—— **کو کان ہوئے** : آیندہ کے لیے متنبہ ہوئے، آیندہ ایسا نہ ہوگا، آیندہ احتیاط رہے گی۔

—— **ناتھ نہ پیچھے پگھا** : (مثل) آگے نکیل اور پیچھے پچھاڑی کی سی، آزاد، لاوارثا، جس کے اولاد نہ ہو، جس کا کوئی پوچھنے والا نہ ہو۔

—— **ہاتھ نہ پیچھے پات** : (مثل) نہایت مفلس جسے ستر ڈھانکنے کو ٹپڑا بھی میسّر نہ ہو، کنگال۔

آگیا / آگیّا : (ہ) مونث؛ حکم، اجازت، ارشاد، فرمان۔

آ۔ل

آل : (ع) مونث؛ (۱) اولاد، بیٹے، پوتے (۲) کنبہ، خاندان۔

آلا : مذکر؛ (۱) دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کی جگہ، طاقچہ (۲) وہ زخم جو بھر گیا ہو مگر پوری طرح سوکھا نہ ہو۔

آلات : (ع) مذکر؛ جمع آلہ کی (۱) ہتھیار، اوزار (۲) ساز و سامان۔

آلام : (ع) مذکر؛ جمع الم کی؛ رنج و غم۔

آل اولاد : مونث؛ بال بچے، خاندان۔

آلائش : (ف) مونث؛ (۱) میل کچیل، آلودگی (۲) پیٹ کی انتڑیاں (۳) پیپ لہو وغیرہ، فاسد مادہ۔

آلِ پیمبر / رسول / نبی : (ف) (اضافت کے ساتھ) جناب فاطمہ زہراؑ کی اولاد، سادات۔

آلِ عبا : (ف) مونث؛ (اضافت کے ساتھ) حضرت علیؑ، حضرت فاطمہؑ، حضرت حسنؑ، حضرت حسینؑ (سے مراد)

آل کارنگ : مذکر؛ ایک درخت کی لکڑی سے نکلنے والا لال رنگ۔

آلپین : دیکھو الپین۔

آلتی / پالتی : مونث؛ چار زانو ہو کر بیٹھنا، ایک قسم کی نشست۔

آلکس : سستی، کاہلی، آسکت۔

آلسی : سست، کاہل۔

آلکس : (ہ) مذکر؛ آلس، کاہلی، سستی۔

آلکسی : مونث؛ کاہلی، سستی۔

آلو : زمین کے اندر جڑ میں پیدا ہونے والی ایک ترکاری۔

—— **بخارا** : (ف) مذکر؛ ایک ترش پھل۔

—— **چہ** : (ف) مذکر؛ آلو بخارے سے ملتا ہوا ایک ترش پھل۔

آلوچنا : (ہ) جانچنا، غور کرنا، نظر ثانی کرنا، تنقید کرنا۔

آلودگی : (ف) مونث؛ گندگی، آلایش، نجاست۔

آلودہ : (ف) (۱) بھرا ہوا (۲) برے کاموں میں پھنسا ہوا، ملوث، برے افعال کا مرتکب۔

آلہ : (ع) مذکر؛ (۱) عمل دینے کا آلہ (۲) ہتھیار (۳) اوزار (۴) (مجازاً) کسی شے کے حصول کا ذریعہ۔

—— **کار** : (ع ف) مذکر؛ کام کا ذریعہ، جس کے ذریعے کام کیا جائے۔

آلھا : مذکر؛ (۱) یوپی کے ایک بہادر راجا کا نام (۲) شمال ہند کے عوام میں برسات میں گائے جانے والے قصے اور گانے (۳) (مجازاً) طول طویل بے سروپا باتیں۔

آلھا اُودل : ایک رزمیہ نظم جس میں دو راجاؤں کی جنگ کی داستان بیان کی گئی ہے۔

آ۔م

آم : مذکر؛ ہندستان کا مشہور پھل۔

—— **پال رکھنا / ڈالنا** : گدرے یا کچے آموں کو پکنے کے لیے

پھوس وغیرہ میں رکھنا۔
آم کی گیری/آمی: کچے چھوٹے آم۔
—— کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے: (مثل) مطلب سے مطلب ہے، بے فائدہ جنت سے کیا حاصل۔
—— کھائے پال کا، خربوزہ کھائے ڈال کا پانی پیے: تال کا: بہ طور عام قاعدے کے ضرب المثل کی طرح کہا جاتا ہے۔
—— کے آم، گٹھلیوں کے دام: (مثل) جس کام میں ہر صورت سے نفع یا دُہرا فائدہ ہو۔
آماج: (ف) ہدف، نشانہ۔
—— گاہ: (ف) نشانے کی جگہ
آمادہ: (ف) تیار، مستعد، راضی۔
آماس: (ف) مذکر؛ سوجن، ورم۔
آمد: (ف) مونث: (۱) کسی کے آنے کے آثار یا خبر (۲) آمدنی (۳) بناوٹ کے بغیر اور بیساختگی سے دل میں پیدا ہونے والے خیالات (خیالات کا روانی سے پیدا ہونا۔
آمدن بہ ارادت و رفتن بہ اجازت: (ف) (مثل) آنا اپنے ارادے سے ہوتا ہے، جانا (رخصت ہونا) دوسرے (میزبان) کی اجازت سے چاہیے۔
آمدنی: مونث؛ یافت، مداخل، حاصل ہونے والی رقم، بچت، نفع۔
آمر: (ع) حاکم، مطلق العنان، ڈکٹیٹر۔
آمرانہ: (ع) تاناشاہی، مطلق العنانی، ڈکٹیٹرشپ۔
آمنا سامنا: مذکر؛ (۱) مقابلہ، مڈبھیڑ (۲) بے پردگی۔
آمنا و صدقنا: (ع) (ہم ایمان لائے اور ہم نے پہچانا) بجا و درست۔
آمریت: (ع) اسم، مونث؛ مطلق العنانی، ڈکٹیٹرشپ، تاناشاہی۔
آملہ: (ف) مذکر؛ آنولا، ایک قسم کا رنش یا بکھٹا، کسیلا پھل۔
آمرزش: (ف) مونث؛ بخشش، خطاؤں کی معافی۔
آمرزگار: (ف) مذکر؛ خدائے تعالیٰ گناہوں اور خطاؤں کو معاف کرنے والا، بخشنے والا۔
آموختہ: (ف) مذکر؛ پڑھا ہوا، پچھلا سبق۔
آموزگار: (ف) سکھانے والا، استاد۔
آمیزش: (ف) مونث؛ میل، ملاوٹ۔
آمین: (ع) مونث؛ (اے خدا ایسا ہی ہو)؛ (دعائیہ کلمہ)

خدایا یہ دعا قبول کر لے

آ ـ ن

آن: (ع) مونث؛ وقت، ساعت، تھوڑی دیر، دم بھر، لحظہ بھر۔
—— : (ف) مونث؛ شان، ناز و ادا۔
—— : (ہ) مونث؛ قسم، عہد، شان، عادت۔
—— بان: (ہ) مونث؛ شان و شوکت، سج دھج۔
—— کی آن میں: فوراً، ذرا سی دیر میں۔
آں حضرت: (ف) مذکر؛ وہ حضرت، حضرت محمد رسول اللہ۔
آنا: کسی کے پاس یا قریب جانا۔
آنا پائی کا حساب: کوڑی کوڑی کا حساب، پورا حساب۔
آناً فاناً: فوراً، دم بھر میں۔
آنب: (ھ) مذکر؛ آم۔
آنبا ہلدی: مونث؛ دوا کے کام آنے والی ایک قسم کی ہلدی۔
آنث: مونث؛ انتڑی۔
—— آنتڑنا: پیٹ کی آنت جلی توڑ کر فوطے میں اُترنا، فتق۔
آنتوں کا قُل ہو اللہ پڑھنا: بہت بھوکا ہونا، بھوک کی شدت۔
آنتیں مُنہ کو آنا: نہایت بے قرار ہونا، بہت بے چین ہو جانا۔
آنٹ سانٹ: مونث؛ سازش، ملی بھگت۔
آنٹ/آنٹی: مونث؛ گرہ، گانٹھ، پیچ۔
آنٹی: (انگ) چچی، ممانی، خالہ۔
آنٹھی: مونث؛ (۱) گرہ، (۲) کینہ، دشمنی (۳) جما ہوا دہی کا تھکا۔
آنچ: مونث؛ آگ کی لَو، شعلہ
—— آنا: (مجازاً) صدمہ پہنچنا، چوٹ لگنا۔
آنچل: مذکر؛ دوپٹے، ساڑھی، چادر وغیرہ کا کنارا، دامن کا کنارہ، پلو۔
—— پکڑنا: انعام کا مطالبہ، شادی بیاہ میں انعام لینے کیلئے آنچل پکڑنا۔
—— پکنا: (مجازاً) چھاتی پکنا، عورت کے پستان پک جانا۔
—— ڈالنا: دولہا کی چھوٹی بہنوں کا شادی کے بعد دولہا کے سر پر آنچل ڈال کر گھر میں لانے اور نیگ مانگنے کی رسم۔

آنچل میں بات باندھ رکھنا: بات خوب یاد رکھنا، نصیحت یا وعدہ وغیرہ نہ بھولنے کی تاکید۔

آندھی: مونث: (۱) گرد و غبار ملی ہوئی بہت تیز ہوا (۲) (مجازاً) نہایت چالاک، مستعد، تیز۔

——— روک آنا: کسی کام کو متواتر کرتے کرتے تھک جانا، عاجز آجانا۔

——— کے آم: مذکر: (۱) آندھی کے زور سے گرنے والے پھل (۲) (مجازاً) ارزاں چیز، مفت کی چیز، بے قدر چیز۔

آنر: HONOUR (انگ) عزت، عظمت، توقیر، اعزاز، احترام، قدر، منزلت۔

آنریبل: HONOURABLE (انگ) ذی عزت، صاحب مرتبہ۔

آنریری: HONORARY (انگ) بلا معاوضہ، اعزازی۔

آنسو: مذکر: غم یا خوشی سے آنکھوں میں پیدا ہونے والا پانی۔

——— بھر آنا / لانا: آبدیدہ ہو جانا، رونے کے قریب ہونا۔

——— پونچھنا: (۱) آنکھ سے آنسو پونچھ دینا (۲) مجازاً: تسکین دینا، دلاسا دینا، مصیبت کے مارے یا مظلوم کی دادرسی۔

——— پینا: (۱) آنسو آنکھ سے باہر نہ نکلنے دینا، (۲) (مجازاً) رونے کو روکنا، ضبط کرنا، صبر کرنا۔

——— خشک ہو جانا: کسی غم کی بات پر رونا نہ آنا (مراد) انتہائی رنج و غم۔

——— ڈبڈبا آنا: آنکھوں میں آنسو بھر آنا، آنکھ آنسوؤں سے بھر جانا۔

——— سوکھ جانا / خشک ہونا: غم کی شدت کی وجہ سے آنسو کا نہ نکلنا۔

آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی: رونے یا آنسو پی جانے سے غم دور نہیں ہوتا۔

——— سے منہ دھونا: زار زار رونا، اتنا رونا کہ آنسوؤں سے چہرا بھیگ جائے۔

آنکڑا: مذکر: (۱) کانٹا، (۲) لوہے کی ٹیڑھی سیخ (۳) ہندسہ۔

آنکس: مذکر: گنج باگ، ہاتھی کو ہانکنے کا ٹیڑھا آہنی آلہ۔

آنکنا: تخمینہ کرنا، جانچنا، پرکھنا، تاجروں کا کپڑے پر خصوصی نشان لگانا۔

آنکھ: (۱) مونث: (۱) دیکھنے کے عضو کا نام (۲) دیکھنے کی قوت، بصارت، بینائی (۳) پرکھ، واقفیت، شناخت، (۴) بصیرت، حق شناسی، اندرونی، روحانی روشنی، (۵) آس، اُمید۔

آنکھ اونچی ہونا: سرخ رو ہونا، ذلت دور ہونا، ساتھیوں میں برابری اور عزت حاصل ہونا۔

——— آنا: آنکھ دکھنا، آشوب چشم۔

——— بتانا: آنکھ سے اشارہ کرنا۔

——— بچانا: دیکھ کر انجان بن جانا، بے مروتی کرنا، اغماض کرنا۔

——— بچی مال دوستوں کا: ذرا سی غفلت ہوئی مال چوری گیا۔ ذرا نظر چوکی شاطروں نے چیز اڑا لی۔

——— بدل جانا: محبت میں فرق آجانا، اگلی سی بات نہ رہنا۔

——— برابر نہ کر سکنا: شرم و لحاظ سے آنکھ سامنے نہ کر سکنا جیسے نظر نہ ملانا۔

——— / آنکھیں بند کر کے کام کرنا: بے پروائی اور اندھے پنے سے کام کرنا، بے دیکھے بھالے، بے سوچے سمجھے کام کرنا۔

——— پھوڑ ٹڈا: (۱) ایک بڑا سبز رنگ کا ٹڈا، (۲) (مجازاً) مفسد، حاسد اور ناحق برائی کرنے والا۔

——— پھوڑنا: (۱) اندھا کر دینا، (۲) (مجازاً) باریک اور نازک کام کرنے میں مشقت اٹھانا۔

——— / آنکھیں پھیر لینا: بے مروتی کرنا، بے توجہی کرنا۔

——— / آنکھیں جھپکنا: (۱) تھوڑی دیر کے لیے ذرا سو جانا۔ (۲) چمک، روشنی، یا کسی وجہ سے آنکھ ملا کر دیکھ نہ سکنا دیکھنے میں مقابلے کی تاب نہ لا سکنا۔

——— / آنکھیں چرانا: نگاہ بچانا، کترانا، منہ چھپانا۔

——— / آنکھیں چار ہونا: نگاہ سے نگاہ کا ملنا، سامنا ہونا، نظروں کا باہم ملنا۔

——— سے اوجھل ہونا: نظر کے سامنے نہ ہونا، نظر سے غائب ہونا۔

——— سے کاجل چرانا: چور کا انتہائی صفائی اور چالاکی سے چوری کرنا، بہت عیار چور ہونا۔

——— سے گر جانا: حقیر ہو جانا، وقعت نہ رہنا، نظروں سے گر جانا۔

——— کا اندھا گانٹھ کا پورا: (۱) بے وقوف مال دار، (۲) فضول خرچ، (۳) اناڑی گاہک (۴) بدھو دولت مند۔

آنکھ کا پانی مرجانا: شرم نہ رہنا، حیا و لحاظ نہ رہنا۔
—— کا پردہ: مذکر؛ عورتوں کا غیر مردوں سے لحاظ۔
—— کی پتلی: (۱) دیدے کا سیاہ حصہ (۲) (مجازاً) نہایت عزیز اور پیارا۔
—— کے اشارے پر چلنا: ذرا سے اشارے پر حکم کی تعمیل کرنا، معمولی سا اشارہ پاتے ہی کام کر دینا۔
—— کھلنا: (۱) جاگنا، (۲) غفلت دور ہونا، کسی بات کے نتیجے میں سبق حاصل کرنا، نصیحت لینا (۳) جانوروں بلی، کتے شیر وغیرہ کے بچوں کی پیدائش کے کچھ دنوں بعد آنکھ کھلنا۔
—— لگنا: (۱) نیند آنا، سونا، (۲) سہارا۔
—— مچولی/مچولا: بچوں کا کھیل، آنکھ مچولی۔
—— میچنا: آنکھ بند کر لینا، سو جانا، تیز روشنی سے آنکھیں میچ لینا۔
—— میلی نہ ہونا: (۱) کسی صدمے کو خاطر میں نہ لانا، دکھ درد میں ذرا بھی تیوری پر بل نہ لانا (۲) بے رخی نہ کرنا، ذرا بھی رنجش نہ دکھانا، دل میں تھوڑی سی کدورت بھی نہ لانا۔
—— میں پانی اتر آنا: نزلے سے آنکھ کی جھلی میں پانی آجانا، (جس سے بصارت ضائع ہو جاتی ہے)
—— / آنکھوں میں کھٹکنا: آنکھوں میں چبھنا، بہت برا معلوم ہونا، ناگوار ہونا۔
—— / آنکھوں میں کھبنا: پسند آنا، بھلا معلوم ہونا، یاد تازہ ہونا۔
—— ناک سے درست: معمولی، قبول صورت، بہ ظاہر کوئی جسمانی عیب نہ ہونا، نہ بہت خوبصورت نہ بہت بری صورت۔
—— نہ اٹھ سکنا: شرم و ندامت سے نگاہ نیچی رہنا، کمزوری اور ضعف سے نظر نہ اٹھنا۔
آنکھوں آنکھوں / آنکھوں ہی آنکھوں میں باتیں ہو جانا: (محاورہ) آنکھوں کے اشاروں سے باتیں ہو جانا۔
—— آنکھوں میں رات کٹنا: رات جاگتے گزر جانا، تمام رات نہ سونا۔
—— پر بٹھانا: بہت زیادہ عزت کرنا، انتہا کی خاطر تواضع۔
—— پر پردے پڑ جانا: بے خبر ہو جانا، غافل ہو جانا، کچھ نہ سوجھنا۔
آنکھوں پر ٹھیکری / ٹھیکریاں رکھ لینا: بے حیائی میں ڈھیٹ ہو جانا، کسی آئے گئے کی شرم اور لحاظ نہ کرنا، بے مروتی، بے دردی، سنگ دلی برتنا، ناانصافی کرنا۔
—— پر چربی چھانا: بے باک و بے حیا ہونا، مستی چھا جانا، غرور اور گھمنڈ پیدا ہو جانا۔
—— دیکھا حال: مذکر؛ کھیل تماشے، جلسے جلوس، میچ وغیرہ کی روداد دیکھنے والے کا بیان کرنا، یا ریڈیو پر نشر کرنا۔
—— دیکھی مکھی نہیں نگلی جاتی: (مثل) جان بوجھ کر کوئی کام عقل اور شان کے خلاف نہیں کیا جاتا۔
—— سے: بہت خوشی سے، بہ سر و چشم۔
—— سے (کسی چیز کو) لگانا: پیار محبت یا عظمت یا تقدس کے خیال سے۔
—— سے نیل ڈھلنا / ڈھل جانا: مرتے وقت آنکھوں سے نکلنے والے پانی کے قطرے۔
—— کا تارا: مذکر؛ (۱) آنکھ کا تل (۲) (مجازاً) محبوب، پیارا، اولاد۔
—— کا تیل نکالنا: آنکھوں پر زور ڈال کر کٹھن کام کرنا، دیدوں پر غیر معمولی بار پڑنا، دیدہ ریزی کا کام۔
—— کا نور: (۱) آنکھوں کی روشنی (۲) (مجازاً) اولاد۔
—— کو چکا چوندی آنا: روشنی کے سامنے نظر نہ ٹھہرنا۔
—— کی پتلی: (۱) دیدے پر سیاہ یا کرنجی یا بھورے رنگ کے بیچوں بیچ گول دائرہ (۲) (مجازاً) زیادہ عزیز اور پیارا۔
—— کی سوئیاں نکالنا رہ گئی ہیں: (مثل) بہت محنت مشقت اٹھانے کے بعد تھوڑی سی کمی رہ جانا۔
—— کے اندھے نام نین سکھ: (مثل) پھوہڑپن اور بے وقوفی کے باوجود اپنے تمیز دار اور دانا ہونے کا دعویٰ کرنا، اپنی برائی کو نہ پہچاننے اور اپنے میں اچھائی ہونے کا اظہار کرنا۔
—— کے آگے ناک، سوجھے کیا خاک: (مثل) بے وقوف بے عقل شخص کو سامنے پڑی ہوئی چیز نہ سوجھے اور ادھر ادھر ڈھونڈھتا پھرے۔
—— میں آنکھیں ڈال کر بات کرنا: ڈھٹائی سے نظر ملا کر بات کرنا، دلیری سے برابر دیکھتے ہوئے بات کرنا، قصور کے بعد بھی بے شرمی سے نظر ملا کر ڈٹ کر بات کرنا۔

آنکھوں میں پھر جانا: کسی چیز کی ہُو بہُو شکل آنکھوں کے سامنے آجانا، کسی غائب چیز کا تصور میں آجانا۔

—— میں تِرمُرے پڑنا: دماغی کمزوری سے آنکھوں کے سامنے ذرّے ذرّے یا چمکتے تارے سے نظر آنا۔

—— میں ٹھنڈک پڑنا: جی خوش ہونا، آنکھوں میں تراوت آنا۔

—— میں جان اٹکنا: کسی کو دیکھنے کی آرزو اور حسرت میں جاں کنار رہنا۔

—— میں جان آنا: (۱) آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا، دل کو راحت ملنا (۲) تمام جسم سے جان نکل کر آنکھوں میں آجانا، انسان کا آخری وقت۔

—— میں چکا چوند ہونا/آنا: چمک کے سامنے نظر کا نہ ٹھہرنا۔

—— میں چربی چھا جانا: مغرور ہونا، نخوت دکھانا، اپنے مرتبے سے بڑھ کر چلنا۔

—— میں خاک ڈالنا/جھونکنا: کھلی ہوئی بات سے انکار کرنا، کھلا دھوکا دینا، بچنے والے کا علانیہ بُری چیز کو اچھی کہہ کر بچنا۔

—— میں خون اُترآنا: غصّے سے آنکھیں سُرخ ہوجانا۔

—— میں رات کٹنا: رات بھر کسی وجہ سے سو سکنا جاگتے جاگتے رات گزار دینا۔

—— میں رہنا: بہت عزیز ہونا، ہمیشہ یاد اور نظر میں رہنا۔

—— میں سرسوں پھولنا: زرد ہی زرد نظر آنا، ہر چیز بھلی لگنا۔ بہت خوش ہونا۔

—— میں سمانا: آنکھوں میں بس جانا، ہمیشہ نظروں میں پھرتے رہنا، بہت عزیز ہونا۔

—— میں کھائے جانا: رغبت کی نگاہ سے دیکھنا، بہت چاہ کی نظر سے دیکھنا۔

—— میں نقشا پھر جانا/کھنچ جانا: کسی چیز کی ہو بہو تصویر نظروں کے سامنے آجانا۔

آنکھیں اُگلی پڑنا: شدت بخار یا کسی وجہ سے دیدوں کا ابھر آنا۔

—— بچھانا: بہت خاطر مدارات کرنا، بہت عزت و تعظیم سے پیش آنا۔

—— بدل جانا: بے مروت ہوجانا۔

—— بدلنا: (۱) بے مروتی کرنا (۲) نزع کے وقت پتلیاں بدلنا۔

—— پٹ پٹانا/پٹر پٹر کرنا: جلد جلد آنکھیں کھولنا بند کرنا۔

—— پھیرے طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی: (مثل) خودغرض اور بے مروت شخص ظاہرداری سے میٹھی میٹھی لگاوٹ کی باتیں کرے۔ مروت نام کو نہ ہو۔

آنکھیں جھپکانا: (۱) پلک مارنا (۲) (کنایتاً) بہت تھوڑی دیر کے لیے سو جانا۔

—— چُرانا: (۱) نظریں بچانا، چشم پوشی کرنا، کترانا (۲) آنکھیں سامنے نہ کرنا، شرمانا، لجانا، حیا کرنا، (۳) بے مروتی کرنا۔

—— دکھانا: (مجازاً) منہ سے کچھ نہ کہنا آنکھوں سے غصّے اور خفگی کا اظہار کرنا، چشم نمائی۔

—— دوچار ہونا: آمنا سامنا ہونا، ملاقات ہونا۔

—— ڈگر ڈگر کرنا: کمزوری سے آنکھوں میں حلقے پڑجانا۔ آنکھوں سے ضعف ظاہر ہونا۔

—— روشن ہونا: کسی چیز کو دیکھ کر آنکھوں میں تازگی آنا، نور آنا۔

—— فرش راہ کرنا: بہت عاجزی اور عقیدت سے کسی کے استقبال کا شوق ظاہر کرنا، بہت تعظیم و تکریم کرنا۔

—— کُھل جانا: آنکھیں روشن ہوجانا، حقیقت کھل جانا۔

—— کُھولنا: (۱) سیانے ہونا، ہوش سنبھالنا، ہوشیار ہونا (۲) بالغ ہونا۔

—— لڑانا: (۱) آنکھ سے آنکھ ملا کر دیکھنا (۲) کسی پر فریفتہ ہونا۔

—— لگی رہنا: انتظار کرنا، کسی کی طرف ٹکٹکی بندھی ہونا۔

—— مُندنا: (۱) آنکھیں بند ہونا (۲) مرجانا۔

—— نکال کے دیکھنا: غصّے سے دیدے نکال کے دیکھنا خفا ہونا۔

—— نکل آنا/پڑنا: لاغری سے آنکھوں کے حلقے دھنس جانا، دیدوں کا ابھر آنا۔

—— نیلی پیلی کرنا: قہر اور غصّے کی نظر سے دیکھنا، غصّے سے لال پیلا ہونا۔

آنگن: مذکر، صحن، انگنائی۔

آنند: خوشی، اطمینان، چین۔

آنو: مونث، پیچش میں آنتوں سے نکلنے والی رطوبت۔

آنولا/آملہ: مذکر، ایک ترش کسیلا پھل، (دیکھو آملہ)

آنول نال: مونث، نومولود (بچے) کی ناف سے لگی ہوئی نالی کے سرے کے گوشت کا لوتھڑا (جو ناف سے کٹنے کے بعد گاڑ دیا جاتا ہے)

آنی جانی چیز: ناپائے دار، قائم نہ رہنے والی، فانی۔

آ - و

آوا/آوہ: (ا/ف) مذکر، کمہار کی بھٹی، پژاوہ (پژاوہ)

آوارہ : (ف) سرگرداں، پریشان، مارا مارا پھرنے والا، بدچلن۔
—— وطن : (ف) پردیسی، مسافر، غریب الوطن۔
آواز : (ف) مونث؛ صدا۔
—— اٹھانا : آواز اونچی کرنا، اونچے سُروں میں گانا۔
—— بیٹھنا / پڑ جانا : گلا بیٹھ جانا، آواز گھٹی ہوئی ہونا۔
—— پھٹنا : آواز کا بھاری ہو جانا۔
—— دینا : پکارنا، بُلانا۔
—— کا پاٹ : مذکر؛ آواز کی رسائی، آواز کی حد۔
—— کان پڑنا : آواز سنائی دینا، آواز کا کان تک پہنچ جانا۔
—— گونجنا : کسی چیز سے ٹکرا کر ہوا میں دیر تک آواز کا اثر باقی رہنا۔
—— میں پتی لگنا : گاتے گاتے آواز میں خرخراہٹ پیدا ہو جانا زیادہ گانے یا بولنے سے آواز کا بھاری ہو جانا۔
—— میں لوچ ہونا : آواز کا نزاکت اور لوچ کے ساتھ لہرانا۔
آوازہ : (ف) مذکر؛ (ا) دھوم، شہرہ، غلغلہ (۲) طعن و تشنیع۔
آوازے کسنا : آوازے سنانا، طعن و تشنیع کرنا۔
آوا گون : مذکر؛ (آنا جانا) مرنا جینا، بار بار جنم لینا، تناسخ۔
آؤ بھاؤ : (ع) مذکر، عزت، توقیر۔
—— بھگت : (ع) تعظیم و تکریم، خاطر تواضع۔
—— تاؤ : (ع) رنگ ڈھنگ، محل موقع۔
آؤٹ ڈور شوٹنگ : OUTDOOR SHOOTING - (انگ) مونث؛ (ا) فلمی اصطلاح، کسی فلم کی وہ شوٹنگ جو اسٹوڈیو سے باہر کسی بیرونی مقام پر کی جائے، (۲) بیرونی فلم بندی۔
آورد : (ف) مونث؛ (ا) بناوٹ اور تکلف سے کسی بات کا پیدا کرنا (۲) فطری طور پر وہ بات طبیعت میں نہ ہونا۔
آوردہ : (ف) مذکر؛ لایا ہوا، کسی کی سفارش پر رکھا ہوا ملازم، لائی ہوئی چیز۔
آوشیک : (ع) ضروری، لازمی۔
آونس / اونس : / OUNCE (انگ) مذکر؛ ایک پونڈ (وزن) کا سولھواں حصہ۔
آویزاں : (ف) لٹکا ہوا۔
آویزہ : (ف) مذکر؛ کان میں پہننے کا ایک زیور، بُندا۔

آ - ہ

آہ : (ف) مونث؛ (ا) کلمۂ افسوس (۲) تکلیف سے کراہنے کی آواز۔
—— / آہیں بھرنا : آہ کرنا، غم میں تڑپنا۔
—— پڑنا / لگنا : صبر پڑنا، مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔
—— سرد بھرنا : (اضافت کے ساتھ) ٹھنڈی سانس لینا۔
—— سحر گاہ : (اضافت کے ساتھ) صبح کی آہ، قبولیت کے وقت کی دُعا۔
—— نیم شب : (اضافت کے ساتھ) مونث، آدھی رات کی آہ، قبولیت اور اثر انگیز وقت کی دُعا۔
—— و بکا / وزاری / وفغاں : مونث، رونا پیٹنا، نالہ و زاری۔
آہوں کا دھواں : مذکر؛ مسلسل آہیں۔
آہا / آہا : تعجب یا خوشی ظاہر کرنے کا کلمہ۔
آہار / ہار : (ف) مذکر؛ کاغذ اور دھیلیوں پر پھیرنے کی نشاستے وغیرہ کی لئی۔
آہار : (ع) کھانا، خوراک۔
آہٹ : مونث؛ پاؤں کی آواز، آہستہ آہستہ چلنے کی چاپ۔
آہستہ آہستہ : (ف) ٹھہر ٹھہر کر دھیرے دھیرے، نرمی سے، آہستگی، تحمل اور سہولت۔
آہن : (ف) مذکر؛ لوہا۔
آہن پوش : (ف) صفت؛ (ا) زرہ بکتر پہنے ہوئے (۲) (کنایتاً) بے اثر، بے حس، جامد۔
آہنگ : (ف) مذکر؛ (ا) قصد، ارادہ (۲) مونث؛ آواز، نغمہ الاپ سُر، لے۔
آہو : (ف) مذکر؛ ہرن۔
—— چشم : (ف) (ا) ہرن کی سی آنکھ رکھنے والا (۲) (مجازاً) معشوق۔
آہوئے چرخ / فلک : (ف) (کنایتاً) سورج۔
—— حرم : (ف) مکہ معظمہ کی ایک مقررہ حد میں رہنے والے ہرن جن کا شکار ممنوع ہے۔

آ - ے

آئی : مونث؛ (مجازاً) قضا، موت۔

آئی بلا ٹالنا / آئی بلا (سے) ٹالنا: آئی ہوئی مصیبت کو دور کر دینا۔
—— نہیں ٹلتی / ہوئی نہیں ٹلتی: موت اپنے وقت سے نہیں ٹلتی۔
—— ہے جان کے ساتھ، جائے گی جنازے کے ساتھ: (مثل) بُری عادت مرنے تک نہیں چھوٹتی۔
آئے حواس جانا / ہوش جانا / کھونا: بدحواس ہونا۔ اوسان کھو دینا۔
—— دن: ہر روز، ہمیشہ۔
—— کی خوشی، نہ گئے کا غم: (مثل) نہ کسی چیز کے آنے کی خوشی نہ جانے کا غم، استغنا کی شان، بے حقیقت۔
آئین: (ع) مذکر؛ (ا) دستور، قانون، ضابطہ، قاعدہ (۲) رسم و رواج، طرز، روش، طریق، طریقہ، فرمان۔
آئیں بائیں شائیں: مونث؛ زٹل بے معنی بات، مہمل بات، بے سر پا تُو کی بات۔
آئینہ: (ف) مذکر؛ (ا) درپن، آرسی، دیکھنے کا شیشہ (۲) (مجازاً) بہت صاف، شفاف چیز۔
—— اندھا ہو جانا: عکس نہ دکھائی دینے والا آئینہ، خراب آئینہ۔
—— اندھے کو دکھانا: ایسے شخص کو نصیحت کرنا جس میں اچھے بُرے کی تمیز نہ ہو، صحیح بات کی صلاحیت نہ رکھنے والا شخص۔
—— تمثال: (ف) (ا) آئینے کی طرح (۲) (کنایتاً) معشوق۔
—— چاند دیکھ کر دیکھنا: ایک عام رسم ہے کہ سوائے محرم کے سب کنئے چاند دیکھنے کے بعد کسی اچھی صورت اور سیرت والے کو یا آئینے میں خود اپنی ہی صورت دیکھنا۔
آئینہ خانہ: (ف) مذکر؛ چاروں طرف آئینے لگا ہوا مکان۔
—— داری: (ف) مونث؛ آئینہ دکھانے کی خدمت؛
—— دکھانا: (ا) سفر پر جانے والے عزیز کی بیٹھ کو خیریت سے واپسی کے لیے ٹوٹکے کے طور پر آئینہ دکھانا (۲) نائی کا اپنے ججمانوں کو دیوالی، دسہرہ اور عید بقر عید کے موقع پر آئینہ دکھا کر انعام لینا (۳) سکتے کے مریض کے سامنے آئینہ رکھ کر سانس سے زندگی کے آثار دیکھنا۔
آئینہ رُخ / رُو / رُخسار: (ف) (کنایتاً) حسین اور معشوق۔
—— ساز / گر: (ف) آئینہ بنانے والا۔
آئینے میں بال آجانا / پڑ جانا: (ا) آئینے میں کسی وجہ سے ٹوٹنے کا خفیف سا نشان لکیر کی شکل میں ہو جانا (۲) (مجازاً) کسی کی طرف سے کسی کے دل میں ملال پیدا ہو جانا، ہلکا سا فرق آجانا۔
آئینی: (ف) صفت؛ قانونی، دستورِ اساسی کے مطابق۔

آ - ی / ے

آیا: پرتگال مونث؛ بچوں کی دیکھ بھال کرنے اور کھلانے بہلانے والی خادمہ۔
آہا: (ف) کلمۂ استفہام و تعجب۔
آیا گیا: مذکر؛ آنے جانے والا، مہمان، مسافر۔
—— ہونا: بھول جانا، بے باق ہو جانا، رفت و گذشت ہونا۔
آیاتِ متشابہ: (ع) مشکل اور دشوار آیتیں۔
—— مُحکَم: (ع) (اضافت کے ساتھ) وہ آیات جن کے معنی صاف ہوں، ان میں تاویل کی ضرورت نہ ہو۔
آیت: (ع) مونث؛ (ا) نشان، علامت (۲) (اصطلاح) قرآن کا ایک پورا جملہ۔
—— سجدہ: (ع) قرآن کی وہ آیتیں جن کے پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب ہوتا ہے۔
آئیرویدک: (ا) ہندستانی طریقۂ علاج سے متعلق۔
آئس کریم: ICE CREAM (انگ) مونث؛ ملائی برف۔
آئندو رَوَنْد: (ف) آنے جانے والے۔
آیندہ: (ف) آنے والا (زمانہ / وقت)؛ آگے۔
—— کو کان ہو گئے: آیندہ کے لیے احتیاط ہو گئی۔
آئیڈیل: IDEAL (انگ) مذکر؛ مثالی، معیاری، فکری، تصوری، عینی، وہمی، خیالی، نصب العین، مطمحِ نظر، آدرش۔
آیُو: (ا) مونث؛ عمر، مدت، حیات، زندگی۔
آیہ: (ع) قرآن کا مکمل جملہ۔
—— رحمت: (اضافت کے ساتھ) (ع) مذکر؛ (ا) قرآن شریف کی وہ آیت جس میں رحمتِ باری تعالیٰ (اللہ) کا ذکر ہو (۲) صفت، بہت رحم مزاج اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نمونہ۔

ب

ب — ا

ب : (بے) حروفِ تہجی کا دوسرا حرف، جمل (ابجد) میں دو عدد

باب : (ع) مذکّر ؛ (۱) دروازہ، کواڑ (۲) قسم، نوع (۳) کتاب کا ایک حصّہ (۴) امر، معاملہ، حق، بابت، متعلق (۵) درگاہ، دربار۔

—— **اجابت** : (اضافت کے ساتھ) ؛ دعا قبول ہونے کا دروازہ

—— **باز/وا ہونا** : دروازہ کھلنا۔

—— **توبہ** : (اضافت کے ساتھ) ؛ توبہ قبول ہونے کا دروازہ۔

—— **عالی** : مذکّر ؛ (اضافت کے ساتھ) عثمانی سلطنت کے دارالوزراء کا نام۔

بابا/بیاوا : (۱) بچّہ۔ بیٹا (۲) بزرگ، درویش، فقیر، باپ، دادا، حضرت جناب، صاحب۔

—— **آدم** : مذکّر ؛ پہلا انسان، ابوالبشر۔

—— **آدم بدل جانا** : پرانی وضع قائم نہ رہنا، نیا طریقہ آجانا۔

—— **آدم نرالا ہونا** : انوکھی وضع کا ہونا، عجیب رَدِیّہ ہونا، نیا انداز ہونا۔

باباجی : مذکّر ؛ جوگی سنیاسیوں کا ایک درجہ، سادھو۔

بابت : (ف) ؛ بارے میں، معاملے میں، نسبت۔

بابَر : (ترکی) ؛ شیرِ ببر، خاندان مغلیہ کا پہلا شہنشاہ۔

بابِلُ/بابُلُ : (ع) مذکّر ؛ عراق کا بہت پرانا تاریخی شہر، جہاں کا سحر اور افسوں مشہور تھا۔

بابُل : (ہ) ؛ (۱) باپ۔ پتا، والد (۲) ایک درد انگیز گیت جو مایکے سے دُلہن کی رخصتی کے وقت گایا جاتا ہے۔

بابِن BOBBIN : (انگ) مؤنث ؛ (۱) پھرکی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں، (۲) سلائی کی مشین کا ایک پرزہ، کرگھے کی چرخی۔

بابُو : مذکّر ؛ (۱) دفتر کے ایک کارکن لقب، کلرک (۲) عزت دار آدمی کا لقب (۳) بچّہ، بالک۔

بابی : (ف) مذکّر ؛ سیّد علی محمد باب شیرازی کے ماننے والے۔

باپ : مذکّر ؛ والد، پدر، بزرگ، بڑا۔

—— **بنانا** : (۱) باپ کی طرح بزرگ سمجھنا (۲) خوشامد کرنا۔

—— **دادا** : مذکّر ؛ بڑے بوڑھے، پیڑھی، پشت۔

—— **رے باپ** : خدا کی پناہ، اُفّوہ، خدا بچائے۔

—— **نہ دارے سات پشت حرام زادے** : مَثَل ؛ پشت ہا پشت کا بدذات ہمیشہ کا فتنہ انگیز۔

—— **نہ مارے پدڑی بٹیا تیر انداز** : مَثَل ؛ کوئی ایسا بڑا کام کرے بر اس کے خاندان کے کسی آدمی نے نہ کیا ہو، اور اس پر نازاں ہو یا ایسے بڑے کام کی جرأت کرے (طنزاً)۔

بات : مؤنث ؛ (۱) بول، لفظ، تقریر، بیان (۲) قول، چیز (۳) حوالی، معاملہ، واقعہ، قصور، کام، گفتگو، حکم، عزّت۔

—— **اڑنا** : (۱) خبر مشہور ہونا، گپ پھیلانا (۲) معاملے کا بھول میں پڑنا، بات کاٹنا۔

—— **اکارت جانا** : بات بے کار جانا، ضایع جانا۔

—— **اُلٹنا** : بات بدلنا، پہلے کہے کے خلاف کہنا، کہہ کر دوسری بات بنانا۔

—— **اَوَر ہونا** : سمجھی ہوئی بات سے مختلف ہونا، متوقّع بات کے خلاف بات ہونا۔

—— **اونچی رہنا** : سب باتوں میں اس کی بات مانی جانا، بات بالا رہنا۔

—— **آنا** : (۱) الزام آنا (۲) نسبت کا پیغام آنا، نسبت آنا۔

—— **آنچل میں باندھنا** : کسی کے قول کو اچھی طرح یاد رکھنے کا اہتمام کرنا، بات خوب ذہن نشین کر لینا۔

—— آئی گئی ہوجانا : بات کا بھول میں پڑجانا، بات ختم ہوجانا، رفت وگزشت ہوجانا۔

—— آئینہ ہونا : حال ظاہر ہونا، واضح طور پر بات معلوم ہونا۔

—— بات : ہر بات، ہر ہر ادا، ہر انداز۔

—— بات میں چھری کٹاری : ہر بات پر لڑنے کو تیار۔

—— بات میں موتی پرونا : باتیں بنانا، سخن سازی کرنا۔

—— بدلنا : کہہ کر مکرنا، بات کے دوسرے معنی پہنانا۔

—— بات بڑی کرنا : (دہلی) ہاں میں ہاں ملانا، قطع کلام کرنا بات کاٹنا۔

—— بڑھانا : جھگڑے کو طول دینا، بحث بڑھانا۔

—— بگڑنا : کام بگڑنا، الزام آنا، عیب لگنا، عزت میں فرق آنا۔

—— بن آنا/بن جانا : معاملہ ٹھیک ہوجانا۔

—— بنانا : بناوٹ سے گفتگو کرنا، بات کچھ بنا کر کچھ اور کہنا، بات درست کردینا، حقیقت کے خلاف بات توڑ موڑ کر کرنا، سخن سازی۔

—— بنائے رکھنا : ساکھ قایم رکھنا، ساکھ بنانا۔

—— بننا : (۱) کامیابی ہونا (۲) ساکھ بننا، مراد حاصل ہونا۔

—— بنی رہنا : ساکھ اور عزت قایم رہنا، اعتبار میں فرق نہ آنا۔

—— بیچ میں سے لینا : بات کاٹنا، دخل درمعقولات دینا، جاری گفتگو کے بیچ میں سے بات لے لینا۔

—— پر آنا/آجانا : (۱) بات پر اڑنا، جمے رہنا، ضد کرنا (۲) قول کی پچ کرنا (۳) ارادہ، ہمت۔

—— پر چلنا : کسی واقعے کے سلسلہ میں اسی قسم کے دوسرے واقعے کا ذکر نکلنا۔

—— پر بات کہنا : جواب میں کچھ کہنا، کسی تذکرے پر کچھ بولنا۔

—— پر قایم رہنا/ہونا : اپنے قول پر جمے رہنا، قول سے نہ پھرنا، قول پر برقرار رہنا۔

—— پر کان رکھنا/دھرنا : بات کو غور سے سننا۔

—— پر مرمٹنا/پر مٹنا : آن بان پر مرنا، نام کیلئے برباد ہونا، بات کی پچ رکھنے کیلئے اپنے کو مٹادینا۔

—— پکڑنا : کسی کے قول کی گرفت کرنا، حرف گیری کرنا، نکتہ چینی کرنا۔

—— پکی کرنا : (۱) معاملہ پکا کرنا، پختہ اقرار لینا (۲) لڑکی لڑکے کی نسبت پکی کرنا۔

—— پلّے نہ پڑنا : معاملہ/بات سمجھ میں نہ آنا۔

—— پوچھنا : (۱) کیا بات ہے معلوم کرنا (۲) خبر لینا، پرسان حال ہونا، (۳) آؤ بھگت کرنا، قدر و توقیر کرنا، التفات کرنا۔

—— پوچھنا، بات کی جڑ پوچھنا : کرید کرید کر پوچھنا، کسی بات کی حد سے زیادہ جزئیات پوچھنا۔

—— پیدا کرنا : (۱) بہانا بنانا، حیلہ کرنا (۲) کوئی باریک نکتہ پیدا کرلینا۔

—— پی جانا : سن کر چپ رہ جانا، خواہ اس سے گھٹن ہو، خاموشی سے برداشت کرنا، تحمل کرنا۔

—— تلخ ہونا : کڑوی بات ہونا، بات ناگوار اور بدمزہ ہونا۔

—— ٹھنڈی پڑنا : معاملہ دب جانا، کم زور پڑجانا۔

—— ٹھیرانا/ٹھہرانا : کوئی امر طے کرنا، کوئی بات قرار دے لینا۔

—— جانا : (۱) ساکھ چلی جانا، بدنامی ہونا، اعتبار باقی نہ رہنا (۲) پیغام پہنچنا۔ خبر پہنچنا (۳) موقع نکل جانا (۴) منگنی کا پیام جانا۔

—— جم جانا : بات کا اثر پیدا ہونا، بات ذہن نشین ہونا، بات دلوں میں بیٹھ جانا۔

—— جی کو لگنا : بات دل کو لگنا، معقول اچھی بات معلوم ہونا۔

—— جی میں بیٹھنا : بات کا دل پر اثر ہونا، منصوبے کا جی میں مضبوطی سے بیٹھنا، بات کا قرینِ قیاس ہونا۔

—— چبا چبا کے کرنا : (۱) صاف صاف گفتگو نہ کرنا، دبا دبا کے بات کرنا (۲) اصل مطلب چھپانا۔

—— چٹکیوں میں اڑانا : بات کو ہنسی میں ٹال دینا، بات کی اہمیت کو ختم کردینا۔

—— حاصل ہونا : مہارت حاصل ہونا، کمال حاصل ہونا۔

—— خالی جانا : کہنے کا اثر نہ ہونا، بات مانی نہ جانا۔

—— ختم ہونا : بات پوری ہونا، کوئی خوبی مکمل طور پر پائی جانا۔

—— دبانا : ضبط کرنا، معاملے کو چھپا کے رکھنا۔

—— رٹنا : بات کا چپنا، ہچکچاہٹ کے ساتھ بات ہونا۔

—— دل پر نقش ہونا : بات دل میں خوب بیٹھ جانا، بہت گہرا اثر ہونا۔

—— بات دل میں اتر جانا/بات دل میں بیٹھ جانا : بات کا

دل میں گھر کر لینا، اثر ہو جانا۔

—— دماغ سے نکلنا: کوئی نئی بات پیدا کرنا، کوئی اختراع کرنا۔

—— دو کوڑی کی ہونا: بھرم نہ رہنا، بے وقعت ہونا، ساکھ جانا۔

—— دُور پہنچنا: بات کا بہت پھیل جانا، کلام کا پھیلنا، معاملے میں طوالت ہونا۔

—— دُہرانا: اپنی یا کسی اور کی کہی ہوئی بات پھر کہنا۔

—— ذہن سے اتر جانا: بات کا بھول میں پڑ جانا، بات دھیان سے جاتی رہنا۔

—— رَفت و گزشت ہونا: بات گئی گزری ہو جانا، ختم ہو جانا، موقع نکل جانا، کسی امر کا بھول میں پڑ جانا۔

—— رکھ لینا: (۱) کہا مان لینا (۲) عزت آبرو رکھ لینا۔

—— رو میں نکل جانا: بات چیت کے جوش یا بے خیالی میں جو بات نہ کہنی تھی اس کا زبان سے نکل جانا۔

—— رہ جاتی ہے وقت نکل جاتا ہے: (مقولہ) مصیبت کا وقت ٹل جاتا ہے مگر برتاؤ یاد رہ جاتا ہے۔

—— رہ جانا: (۱) آبرو رہ جانا، عزت رہ جانا (۲) یادگار باقی رہ جانا، تذکرہ رہ جانا (۳) بات مان لی جانا، بات پوری ہو جانا۔

—— رہنا: عزت قائم رہنا، اعتبار رہ جانا، ساکھ رہ جانا

—— زہر لگنا/ ہونا: گفتگو کا بے حد ناپسند ہونا، بات ناگوار اور عذاب جان محسوس ہونا۔

—— سوجھنا: نیا مضمون خیال میں آنا، معاملے کی تہہ کو پہنچنا، تدبیر سمجھ میں آنا۔

—— سے کان آشنا ہونا: آواز جانی پہچانی ہونا، پہلے کبھی سنی ہوئی آواز معلوم ہونا، آواز سنائی دینا۔

—— سے نکل جانا: بات سے پھر جانا، اپنے قول پر قائم نہ رہنا۔

—— ضائع جانا: (۱) بات کھونا، بات بے کار جانا، (۲) مجازاً: ساکھ اور آبرو چلی جانا۔

—— کا اُور چھور: بات کا سر پیر، بات کا مطلب۔

—— کا آشنا ہونا: بات سے واقف ہونا، برتاؤ کا خوگر ہونا۔

—— کا پُورا/ پکا/ سچا/ دھنی: جو کہے وہ پورا کرے، سچے قول والا ہونا۔

—— کاٹنا: کوئی بات ہو رہی ہو تو اس کے بیچ میں بولنا، کوئی گفتگو کر رہا ہو تو اس کی بات کاٹ کر بیچ میں بولنا۔

—— کا بتنگڑ/ بتنگڑ بنانا: ذرا سی بات کو بڑی کر دینا، دوسرے کی بات کو مبالغے سے بیان کرنا معمولی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔

—— کا چھینٹا: بات کا اشارہ، کنایہ، چٹکلا۔

—— کا سر پیر نہ ہونا: گفتگو کا بے سلسلہ ہونا، بات چیت میں الجھاؤ ہونا۔

—— کا کچا/ رہیٹا: جو بات پر قایم نہ رہے، جس کی بات بھروسے کے قابل نہ ہو، جو پکی اور مضبوط بات نہ کرے۔

—— کان میں پڑنا: بات کسی نہ کسی ذریعے اپنے آپ کانوں تک پہنچ جانا، سننے میں آنا۔

—— کان میں پڑی رہنا: بات دھیان میں رہنا، معاملہ یاد رہنا، بات کان میں محفوظ رہنا۔

—— کان میں ڈال دینا: بات پہنچا دینا تاکہ وقت ضرورت کام آئے یا کسی بات سے خبردار کر دینا۔

—— کرنے میں پھول جھڑنا: شگفتہ بات کرنا، شیریں گفتاری۔

—— کو چکر دینا: بات گھما کر کہنا، بات پھیر پھار کر کہنا۔

—— کوڑی کی ہو جانا: دیکھو: بات دو کوڑی کی ہونا۔

—— کہہ کر گنہگار ہونا: کچھ بول کے پچھتانا، کچھ کہہ کے شرمندہ ہونا۔ (بات سچی ہو مگر کہنے کے خطاوار ہونا)۔

—— کہنے کی لاج/ کی بیج: کہی بات کو نباہنا، سخن پروری، اپنی بات کا پاس رکھنا۔

—— کہی اور پرائی ہوئی: مثل: منہ سے بات نکلتے ہی پھیل جاتی ہے، راز نہیں رہتی۔

—— کی بات: (۱) معمولی بات (۲) بہت تھوڑا وقت۔

—— کی بات میں: فوراً، ذرا سی دیر میں۔

—— کی گرفت: بات کی پکڑ، بات کی روک ٹوک، اعتراض۔

—— کے شاخسانے: بات کے پہلو، ایک بات سے اور دوسری چھوٹی چھوٹی باتیں پیدا ہونا۔

—— کھٹائی میں پڑنا: معاملے میں بگاڑ پیدا ہو جانا، بات التوا میں پڑ جانا۔

—— کھٹائی میں ڈالنا: بات اٹکا رکھنا، بات یک سو نہ کرنا، قطعی

فیصلہ نہ کرنا۔

—— کھلنا : بات پھوٹنا، بھید ظاہر ہوجانا،

—— کھونا : بات ہیٹی کرنا، بے آبرو ہونا، بے وقعت ہونا۔

—— گڑھنا / گھڑنا : جی سے بات بنانا، خلاف واقعہ بات دل سے بنانا۔

—— گلے سے اُترنا : بات قبول کرنے کے قابل ہونا، بات اعتبار کے لائق ہونا۔

—— گول کرجانا : بات کو ٹالنا، بات اُڑا جانا، صاف صاف بات نہ کہنا۔

—— گئی گزری ہونا : بات بھولی بسری ہوجانا، معاملہ رفت گزشت ہوجانا، معاملہ ختم ہوجانا۔

—— لِکھ رکھنا : بات کا قطعی طور پر ہونا، اور یقینی ہونا۔

—— لگانا : (۱) لگائی بجھائی کرنا، چغلی کھانا (۲) نسبت یا منگنی کرانا، (۳) تہمت لگانا۔

—— منہ سے نکلی پرائی ہوئی (مثل) : بات زبان سے نکلنے پر پھیل جاتی ہے، راز نہیں رہتی۔

—— منہ سے نہ نکالنا : خاموشی اختیار کرنا، عذر یا شکوہ نہ کرنا، راضی بہ رضا رہنا۔

—— میں بات نکلنا : ایک بات میں دوسری نئی بات پیدا ہونا ایک گفتگو کے سلسلہ میں اسی قسم کی دوسری باتوں کا ذکر ہونا۔

—— میں بَل ہونا : بات جھوٹ ہونا، بات میں جھوٹ کی ملاوٹ ہونا۔

—— میں تخ نکالنا : نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا۔

—— میں فی نکلنا / نکالنا : کسی بات میں کھوٹ نکالنا، نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا۔

—— میں قند گھولنا : ہنسی مذاق کی باتیں کرنا، چُہل کرنا۔

—— میں لگانا : گفتگو میں مشغول رکھنا، بہلانا، الجھانا۔

—— میں لگالینا : فریب میں پھانسنا، مشغول کردینا۔

—— نباہنا : وَتیرہ پر قائم رہنا، جو بات ایک دفعہ ہوگئی اسے چلائے جانا۔

—— نشتر ہونا : بات ناگوار ہونا، بات چُبھنا۔

—— نظر میں ہونا : بات دھیان میں رہنا، معاملہ یاد رہنا، بات کا خیال رہنا۔

—— نکلنا / نکالنا : نتیجہ نکلنا، ثمرہ نکلنا۔

—— نہ پوچھنا : خبر نہ لینا، توجہ نہ کرنا، بے پروائی برتنا، خاطر تواضع نہ کرنا۔

—— ہاتھ آنا / لگنا : نتیجہ حاصل ہونا، بات کا خلاصہ معلوم ہونا۔

—— ہنسی میں اُڑا دینا : بات کو اہمیت نہ دینا، بات کو مذاق میں ختم کردینا۔

—— ہیٹی ہونا : بات گرجانا، ساکھ بگڑنا، بات بے وقعت ہونا، سُبکی ہونا۔

باتوں / باتونی / باتونیا : بہت باتیں کرنے والا، بکّی۔

باتوں : جمع بات کی۔

—— باتوں میں : (۱) گفتگو میں، باتوں میں (۲) چٹکلوں میں، لطیفوں میں، بات چیت میں (۳) مفت (۴) آسانی سے، ترکیب سے، (۵) مذاق میں، ہنسی میں (۶) دوران گفتگو۔

—— کا اَلَم نشرح کرنا : ڈھنڈورا پیٹنا، باتوں کو شہرت دینا، راز کھول کر بیان کردینا۔

—— کا جمع خرچ : خالی حوالی باتیں، لفاظی۔

—— کا جھاڑ / —— کا فانوس : باتوں کا سلسلہ، باتوں کی جھڑی۔

—— کا لچھا : باتوں کا پیچ، باتوں کا سلسلہ۔

—— میں کھلنا / —— میں کھل جانا : باتوں میں اصلی بات کہہ دینا۔

—— باتوں میں بے تکلف ہوجانا : دل کھول کر بات کرنا۔

باتھ رُوم BATH ROOM (انگ) مذکر؛ غسل خانہ۔

باتیں : مؤنث؛ جمع بات کی؛ (۱) آسان کام (۲) (مجازاً) قاعدے قانون (۳) مثالیں (۴) روزمرہ کے تکلف کلام (۵) لچھن حرکتیں۔

—— بنانا : (۱) جھوٹ بولنا، جھلے حوالے کرنا، ڈینگ مارنا، (۲) چاپلوسی کرنا۔

—— چبا چبا کر کرنا : (۱) گھمنڈ کے ساتھ اکڑ تکڑ کر بولنا (۲) شیخی مارنا

—— سُنانا : (۱) حالات سنانا، قصے سنانا (۲) سخت سُست کہنا۔

طعنے تشنے دینا۔

—— سُننا : (۱) بُرا بھلا سننا ، صلواتیں سننا (۲) گفتگو سننا۔

—— قیامت ہونا : باتوں میں حد سے بڑھی ہوئی شوخی ہونا ، غیر معمولی ادائیں ہونا۔

—— ہلانا : ہاں میں ہاں ملانا ، جی حضوری کرنا ، خوشامد کرنا۔

—— ہوجانا : مشورہ ہوجانا ، بات چیت ہونا۔

باٹ : مذکر ؛ (۱) کسی چیز کے تولنے کے لیے پتھر ، لوہے و پیتل کے مقررہ وزن کے ٹکڑے ، (۲) راہ ، راستہ۔

—— مارنا : راستہ کھوٹا کرنا ، نقصان پہنچانا۔

باج : (ف) مذکر ؛ ٹیکس ، محصول ، خراج ، لگان۔

—— گزار : اپنے سے بڑے حکمراں کو خراج دینے والا۔

—— گیر : (۱) محصول لینے والا ، (قدیم) ؛ (۲) (مجازاً) : طاقتور فرماں روا۔

باجا : مذکر ؛ بجنے والی چیز۔ مزامیر ، ساز۔

—— گاجا : (گاجا تابع مہمل) ؛ مختلف قسم کے باجے۔

—— باجپئی : برہمنوں کا ایک گوت۔

باجرا : مذکر ؛ (۱) ایک مشہور غلہ (۲) ڈلی کے وہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو باجرے کی طرح مہین کترے جاتے ہیں۔

—— برسنا : پھوار پڑنا ، ترشح ہونا ، باجرے کی طرح باریک باریک بوندیں برسنا۔

باچھ : مؤنث ؛ ہونٹ کا سرا۔

باچھیں آنا / پکنا / پھٹنا : ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔

—— کھلنا / کھِل جانا : بے حد خوش ہونا ، بہت زیادہ ہنسنا۔

باد : (ف) مؤنث ؛ ہوا۔

—— آور / آورد : (ف) ؛ (۱) ایک دوا کا نام (۲) خسرو پرویز کے خزانے کا نام۔

—— بان : مذکر ؛ پال ، وہ پردہ جو کشتیوں کو چلانے اور ان کا رخ بدلنے کے لیے لگاتے ہیں۔

—— بانی جہاز : مذکر ؛ وہ جہاز جو بادبان کے ذریعے چلتے تھے (قدیم)۔

—— بہار / بہاری : (اضافت کے ساتھ) ؛ موسم بہار کی ہوا۔

—— پا : (۱) تیز قدم ؛ (۲) (کنایتاً) ؛ ہوا کی طرح تیز رَو گھوڑا۔

—— پیٹا : (۱) ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا (۲) وہ آلہ جس سے ہوا کا دباؤ معلوم کیا جاتا ہے (انگ) ؛ بیرومیٹر۔

—— پیمائی : فضول کام ، بے کار بات۔

—— تُند : (اضافت کے ساتھ) ؛ تیز ہوا ، آندھی ، طوفان۔

—— خزاں : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ، پت جھڑ کی ہوا ، خزاں کی ہوا۔

—— رفتار : (۱) تیز چلنے والا گھوڑا ، (۲) تیز چلنے والا۔

—— سُموم : (اضافت کے ساتھ) ؛ لُو ، بہت گرم ہوا ، زہریلی لُو۔

—— صبا : (اضافت کے ساتھ) ، صبح کے وقت کی ہوا۔

—— صَرصَر : (اضافت کے ساتھ) تیز ہوا ، آندھی۔

—— فرنگ : (اضافت کے ساتھ) ؛ آتشک ، ایک مشہور خطرناک بیماری۔

—— کش : لٹکا کر رسی سے کھینچنے والا لمبا چوڑا پنکھا۔

—— گرد : بگولا۔

—— مخالف : (اضافت کے ساتھ) ؛ وہ ہوا جو کشتی کے خلاف ہو ، طوفان ، آندھی۔

—— نما : مذکر ؛ وہ آلہ جس سے ہوا کا رخ معلوم ہوتا ہے۔

—— ہوائی : جھوٹا وعدہ ، لغو ، بے ہودہ باتیں ، مہمل باتیں۔

بادام : (ف) ؛ مذکر ؛ ایک مشہور میوہ۔

بادامی : ہلکا زرد رنگ ، بادام کی قطع کا ، ایک قسم کا چاول۔

—— آنکھ : چھوٹی بیضوی آنکھ۔

بادشاہ / بادشہ / پادشاہ : ملک کا مطلق العنان حکم راں ، سلطان ، تاج و تخت کا مالک۔

بادشاہت / بادشاہی / بادشائی : سلطنت ، بادشاہ کا ملک۔

بادَل : مذکر ؛ ابر۔

—— اُمنڈنا / اُمنڈ کے آنا : گھٹا چھا جانا ، بہت سے بادلوں کا جمع ہوجانا۔

—— آنا / اُٹھنا : ابر آسمان پر نمودار ہونا۔

—— جھوم کے آنا : ابر کا زور شور سے چھا جانا۔

—— کا جھوم جھوم کر برسنا : بادل کا زور شور سے برسنا۔

ـــــ گڑگڑانا / گرجنا : بادلوں کا آپس میں ٹکرانے سے آواز ہونا۔
ـــــ کھلنا : آسمان کا صاف ہونا۔
ـــــ گھر آنا / گھرنا : بادلوں کا جمع ہونا۔

بادلا : (بادلہ) مذکر ؛ (ا) سونے چاندی کے تار جو گوٹا بُننے اور کلابتو بُننے کے کام آتے ہیں (۲) زربفت۔

بادنجان : بینگن۔

بادہ : (ف) مذکر ؛ شراب، دارُو۔
ـــــ پرستی / پیمائی : مؤنث ؛ شراب پینا، شراب خوری مے نوشی ؛
ـــــ پیما / کش / نوش / خوار : شرابی ؛ شراب پینے والا۔
ـــــ دوشینہ : (اضافت کے ساتھ) گزری ہوئی رات کی شراب۔
ـــــ سرجوش : وہ صاف شراب جس میں تلچھٹ نہ ہو۔
ـــــ شبانہ : (اضافت کے ساتھ) وہ شراب جو پچھلی رات کو پی گئی ہو۔
گسار : شراب پینے والا، بادہ خوار۔

بادی : (ا) (ف) ؛ مؤنث ؛ گٹھیا، جوڑوں کا درد، بائی، وجع مفاصل (۲) جسم چھلا دینے والا مادّہ، ریاح پیدا کرنے والا مادّہ، (۳) (ع) شروع کرنے والا، ہر شے کا اوّل۔
ـــــ النظر : (بادی، اُن، نظر) پہلی نظر میں، ابتدائی رائے میں، سرسری رائے میں۔
ـــــ بواسیر : جس بواسیر میں خون نہیں نکلتا، صرف ہوا خارج ہوا کرتی ہے۔
ـــــ کا بدن : موٹا بدن جو بادی کی وجہ سے ہو، وہ موٹاپا جو بلغم کی وجہ سے ہو۔

بادیان : (ف) سونف۔

بادیہ : (ا) (ف) ؛ مذکر ؛ (ا) بڑا کٹورا یا بڑا پیالہ، (۲) (ع) ؛ جنگل بیابان۔
ـــــ پیما / گرد : جنگل میں پھرنے والا، صحانورد۔

باڈی BODY : (انگ) ؛ مؤنث ؛ (ا) بدن، جسم (۲) جماعت، گروہ، انجمن۔
ـــــ گارڈ : GUARD ـــــ (انگ) مذکر ؛ (ا) محافظ (جو کسی شخص کی حفاظت کے لیے مقرر ہو) (۲) حفاظتی دستہ۔

بار : BAR (انگ) ؛ مذکر ؛ (ا) وکیلوں کی جماعت (۲) ہوٹل میں شراب خانہ
ـــــ ایسوسی ایشن : ASSOCIATION ـــــ وکیلوں کی انجمن (مجلس)
ـــــ رُوم : ROOM ـــــ وکیلوں کے بیٹھنے کا مخصوص کمرہ۔

بار : (ف) ؛ مذکر ؛ (ا) بوجھ، وزن، (۲) درختوں کے پھول پھل کا زمانہ (۳) دفعہ، مرتبہ۔
ـــــ الٰہ / الٰہا : (اضافت کے ساتھ) ؛ اے خدا، اے بزرگ خدا
ـــــ آور ہونا : پھل لانا، نتیجہ خیز ہونا۔
ـــــ بار : کئی مرتبہ، بارہا، کئی دفعہ، لگاتار
ـــــ بردار : بوجھ اٹھانے والا۔
ـــــ برداری : (ا) وہ بوجھ جو مزدوری پر لے جایا جائے (۲) مزدوری (۳) کرایہ چھکڑے ٹھیلے وغیرہ کا۔
ـــــ پانا : داخل ہونا، گھس جانا۔
ـــــ ثبوت : (اضافت کے ساتھ) ؛ ثابت کرنے کی ذمّے داری۔
ـــــ خاطر نہیں یارِ شاطر ہونا : (اضافت کے ساتھ) ؛ (مقولہ) ؛ ایسا سچا دوست جس سے ایذا نہ پہنچے۔
ـــــ خاطر ہونا : (اضافت کے ساتھ) ؛ ناگوار ہونا، طبیعت کے خلاف ہونا۔
ـــــ خُدا / خُدایا : (اضافت کے ساتھ) ؛ خدائے بزرگ، بارالٰہا،
ـــــ دار : پھلا ہوا درخت۔
ـــــ دانہ : مذکر ؛ (ا) تھیلا، بوری (۲) فوج یا لشکر کے کھانے پینے کا سامان، (۳) سوداگری کے خالی بکس بورے وغیرہ۔
ـــــ کش : جس پر بوجھ لادا جائے، (عام طور پر جانور)
ـــــ گاہ : (ا) دربار، اجلاس، محل شاہی، عدالت (۲) میلاد خوانی کی وہ سبھا جو جگہ جہاں سے میلاد پڑھا جاتا ہے۔
ـــــ گیر : بوجھ اٹھانے والے جانور۔
ـــــ وَر : (ا) پھل لانے والا (۲) کامیاب، (۳) نتیجہ خیز، (۴) صاحب اولاد۔
ـــــ یاب : اجازت پانے والا، حضوری حاصل کرنے والا۔
ـــــ یابی : حضوری، حاضری، بارگاہ کا داخلہ۔

بار : مؤنث؛ (۱) عرصہ، دیر (۲) موقع، مرتبہ، نوبت۔
بارات/برات : شادی، شادی کا جلوس۔
باراوری : مؤنث؛ گرمی کے موسم میں رہنے کا مکان (دیکھو بارہ دری)۔
باران : (ف)؛ مذکر، مینہہ، موسم برسات۔
—— **دیدہ** : (۱) جو برسات کی تکلیف اٹھا چکا ہو (۲) تجربہ کار۔
—— **رَحْمَتْ** : (اضافت کے ساتھ)؛ رحمت کی بارش۔
بارانی : (۱) برسنے والا، (۲) موسم باراں کی چیز (۳) وہ زمین جس سے فصلیں صرف برساتی پانی سے لی جاتی ہیں۔
باربَد/بُد : مذکر؛ (۱) حاضر باش، (۲) خسرو پرویز کے مشہور مغنی کا نام۔
بَاربَرْ : BARBER : (انگ) مذکر؛ حجام، نائی۔
بارِدْ : (ع)؛ ٹھنڈا، سرد۔
بارڈر : BORDER : (انگ)؛ (۱) حد، سرحد، کنارا، (۲) حاشیہ، جدول۔
بارش : مؤنث؛ برسات، مینہہ۔
—— **کاتار** : مذکر؛ جھڑی، مینہہ کا سلسلہ۔
بَارَک : BARRACK : (انگ)، مذکر؛ سپاہیوں اور فوجیوں کے رہنے کی کوٹھریاں۔
بارَکَ اللہ : (بارک اللہ)؛ (ع)؛ (خدا تجھ کو برکت دے)؛ کلمۂ تعریف ہے۔ سبحان اللہ کوئی کھانے کے لیے بلائے تو بہ طور دعایہ کلمہ کہا جاتا ہے، (باروت؛ (ترکی، بارود)
بارلی : BARLEY : (انگ)، مذکر؛ جَو، اناج کی ایک قسم۔
بارُود : (ف)؛ باروت؛ وہ آتش گیر مادّہ (سفوف) جس سے توپ بندوق چھوڑتے ہیں اور آتش بازی بناتے ہیں۔
بارہ : عدد ۱۲، دس اور دو۔
—— **اَبھَرَن سُولہ سِنگار** : عورتوں کا پورا سنگار یعنی بارہ زیور اور سولہ آرایش وزینت کے عمل جس میں منہدی لگانا، کنگھی چوٹی کرنا بارہ زیور پہننا وغیرہ سب شامل ہے۔
—— **امام** : شیعوں میں فرقۂ امامیہ کے بارہ امام جو اُن کے عقائد کے مطابق معصوم ہوتے ہیں۔
—— **باٹ** : متفرق، جُدا جُدا، مُنتشر۔
—— **بارہ چوبیس کوس** : بہت بڑا فاصلہ، بہت دُور تک۔
—— **بُرج** : نجومیوں نے آسمان کے بارہ بُرج فرض کیے ہیں، جن میں چاند، سورج، ستارے آتے جاتے رہتے ہیں۔
—— **برس بعد گھورے کے دن بھی پھر جاتے ہیں** : (مثل) پریشانی اور مصیبت کا زمانہ سدا نہیں رہتا، ایک مدت کے بعد کم تر بھی اعلا ہو جاتا ہے۔
—— **برس دِلّی میں رہے اور بھاڑ جھونکا** : (مثل)؛ وہ شخص جو کسی اچھی جگہ یا صحبت میں رہنے کے بعد بھی کوئی ہُنر یا سلیقہ نہ سیکھے، گنوار کا گنوار ہی رہے۔
—— **برس فقیری اور امیری کی بُو نہیں جاتی** : (مثل)؛ عادت بہت عرصے کے بعد چھوٹتی ہے، خُو، بُو عرصے تک نہیں جاتی۔
—— **پتھر باہر کرنا** : کسی کو حدود آبادی سے خارج کر دینا۔
—— **دَری** : مؤنث؛ بارہ دروازوں کا ہوادار مکان۔
—— **سنگھا** : مذکر؛ ایک قسم کا جنگلی ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ بہت لمبے ہوتے ہیں۔
—— **ماسہ/ماسا** : بارہ ٹکڑوں کا ہندی گیت جس میں عورتوں کی زبان سے بارہوں مہینوں کے فراق کا بیان کیا جاتا ہے۔
—— **ماسی** : (۱) وہ درخت جو ہمیشہ پھل دے (۲) وہ مزدور جو بارہ مہینوں کے لیے نوکر رکھا جائے، (۳) ہر وہ کام جو بارہ مہینے جاری رہے۔
—— **مسالے** : وہ بارہ مسالے جو عام طور پر ہندوستانی کھانوں میں ڈالے جاتے ہیں، (ہلدی، دھنیا، نمک مرچ وغیرہ)
—— **مُقام** : ایرانی تقسیم کے مطابق موسیقی کے بارہ پردے۔
—— **مہینے تیس دِن** : ہر وقت، ہمیشہ۔
—— **وفات** (عم) : عورتوں نے مہینوں کے جو نام رکھے ہیں ان میں ربیع الاوّل کا نام بارہ وفات ہے، مرد بھی یہ نام استعمال کرتے ہیں۔
باری : (ع)، مذکر؛ پیدا کرنے والا، خدائے تعالیٰ۔
(ہ) مؤنث؛ باغ، خانہ باغ، احاطہ۔
باری : نوبت، موقع، کسی سلسلے میں نمبر آنا۔
—— **دار** : پہرے چوکی والا، جس کی ڈیوٹی کا وقت ہو۔

—— کا بُخار : وہ تپ جو ایک دو دن کے ناغے سے آتا ہے۔

بارے : ا، (ف)، خیر، الغرض

باریک : (ف)، پتلا : مہین، نازک، لطیف، مشکل۔

—— بین / نظر / خیال : معاملے کے نازک سے نازک پہلو پر نظر ڈالنے والا۔ مُبصّر، دقیقہ شناس، دقیقہ رس۔

باریکی : مؤنث، پتلاپن، نزاکت، لطافت۔

—— نکالنا : نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا، بہت ہی چھوٹے عیب نکالنا۔

باڑ / باڑھ : دھار، احاطہ، ان درختوں کی قطار، جن کو کاٹ چھانٹ کر حد قائم کی جاتی ہے۔

باڑا : احاطہ، چار دیواری، قبرستان، تکیہ۔

—— بٹنا : خیرات تقسیم ہونا۔

باڑی : مؤنث، کھیتی، زراعت، رہنے کی جگہ، وہ باغیچہ جو گھر میں لگاتے ہیں، پائیں باغ۔

باڑھ / باڑ : (۱) سیلاب، (۲) دھار۔

—— اُڑانا : سپاہیوں کا قطار باندھ کر ایک ساتھ بندوق چلانا، فیر کرنا۔

—— پر چڑھنا : (۱) دھار تیز ہونا، (۲) طبیعت کا تیز ہونا، (۳) باڑھ پر رکھنا (۴) فریب میں آنا۔

—— پر ہونا : (۱) ترقی پر ہونا، (۲) سیلاب پر ہونا۔

—— رکھنا / رکھوانا : دھار تیز کرنا، دھار تیز کرانا۔

—— کاٹے نام تلوار کا : (مثل)، کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔ سپاہی لڑتے ہیں اور فتح سردار کی کہلاتی ہے۔

باز : (ف)، مذکر، ایک شکاری پرندے کا نام، شِکرا۔

—— آنا : چھوڑ دینا، احتراز کرنا، بے زار ہو جانا، ترک کرنا۔

—— پُرس کرنا / ہونا : پوچھ گچھ کرنا، تحقیقات ہونا، جواب طلب کرنا

—— دید : کوئی شخص ملنے کے لیے آئے تو اس کے جواب میں ملنے کے لیے جانا۔

—— گشت : (ف)، مؤنث، واپسی، پھر کر آنا، لوٹنا، مراجعت، پیچھے رہنا۔

—— یافت : (ف)، مؤنث، کسی کھوئی ہوئی چیز کا پھر مل جانا۔ کوئی چیز قبضے سے جا کر واپس حاصل ہو جانا، ماضی کا دوبارہ حصول۔

باز آفرینی : (ف، مؤنث، (۱) پھر سے پیدا کرنا، (۲) کسی تجربے، مشاہدے یا تخلیق کو اس طرح سمو کر پیش کرنا کہ وہ خود ایک نئی تخلیق معلوم ہونے لگے۔

بازار : (ف، مذکر، خرید و فروخت کی مقررہ جگہ، ہاٹ،

—— اس کا جولے کے دے : (مثل)، معاملے کا صاف رکھنا اعتبار کا باعث ہوتا ہے، ساکھ اُسی کی رہتی ہے جو لے کے دے۔

—— تیز ہونا : نرخ بڑھ جانا، مہنگائی ہونا۔

—— ٹھنڈا کرنا / ہونا : (۱) بازار سرد ہونا (۲) کسی کا عروج اور زور گھٹا دینا، بے رونق کر دینا۔

—— دِکھانا : کسی چیز کو بیچنے کے واسطے بازار لے جانا، بیچ ڈالنا۔

—— کا بھاؤ / مول : کھلا نرخ، بازاری نرخ واجبی قیمت۔

—— گرم ہونا : خوب خرید و فروخت ہونا، بازار میں کثرت سے مال کی مانگ ہونا، بازار میں چہل پہل ہونا۔

—— لگانا : (۱) دکانیں کھولنا (۲) چیزوں کا پھیلانا، بے ترتیب رکھنا (۳) بھیڑ ہونا۔

—— میں بیچ لینا : (کنایتاً)، بے حد چالاک، عیار اور شریر ہونا۔

بازاری : وہ چیز جو ناپائے دار معمولی ہو بازار کی بکری کی چیز

بازاری : (۱) بازار کا (۲) عام معمولی آدمی (۳) غیر معتبر خسیس (۴) رائج الوقت (۵) بازار کے بیٹھنے والے شہدے، عوام۔

بازو : (ف، مذکر، (۱) کہنی سے کندھے تک انسان کے جسم کا حصہ، ڈنڈ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں اُڑنے کے لیے پَر ہیں (۳) چوپایوں کے سامنے کے پاؤں کا وہ حصہ جو ان کے گھٹنوں سے آخر تک ہوتا ہے (۴) (مجازاً) قوت، سہارا (۵) میدانِ جنگ میں دائیں بائیں کی فوج (۶) مقابل، دوسرا، ثانی۔ جواب، برابر کا، برابر (۷) دوست، ساتھی، جوڑ (۸) انگیا کے وہ حصے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں (۹) سوز خواں کو آس دینے والے ساتھی۔

—— بَنْدُ: (ف) مذکر؛ عورتوں کا ایک زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے۔
—— تولنا: (۱) پرندے کا اڑنے پر تیار ہونا (۲) (مزاحاً)؛ کسی شخص کا کہیں جانے کے لیے آمادہ ہونا۔
—— ٹوٹنا: مجازاً، قوت اور سہارا جاتا رہنا۔
—— کی مچھلی: بازو کے اندر کا وہ گوشت جو کچھ مچھلی کے مشابہ ابھرا ہوا رہتا ہے۔
بازنطینی: (بازن طِی نی)؛ رومی، ملک روم سے تعلق رکھنے والا۔
بازی: (ف)، مؤنث؛ کھیل، کرتب، تماشا، شرط، چال، دھوکا، داؤ۔
—— بازی باریش بابا ہم بازی: (مثل) جب کوئی چھوٹا اپنے بڑوں سے اُلجھتا ہے تو اس چھوٹے کی نسبت بولتے ہیں۔
—— جیتنا: شرط جیتنا۔
—— چہ (بازیچہ): کھیل، کھلونا، تماشا۔
—— کھانا: ہارنا۔ مات کھانا، کبوتر کا گرہ لگانا، نٹوں کا کلا کرنا۔
—— گر: (ف)، مذکر؛ تماشا دکھانے والا، نٹ، مداری۔
—— لے جانا: جیتنا، غالب رہنا، سبقت لے جانا۔
باس: ؛ (ہ) مؤنث؛ مہک، بُو۔
باس: BOSS (انگ)، مذکر؛ آقا، افسر۔
باسٹھ: (ہ) ساٹھ اور دو۔
باسط: (ع)؛ صف؛ (ا) خدا کا ایک صفاتی نام (۲) فراخی دینے والا
باسکٹ: (BASKET (انگ)؛ مؤنث؛ ٹوکری، پٹاری۔
باس متی: مذکر؛ ایک قسم کا خوش بُو دار چاول۔
باسن: مذکر؛ برتن۔
باسی: (ہ) رہنے والا، بسنے والا۔
باسی: (ا) رات کا بچا ہوا کھانا، یا کھانے کی کوئی چیز (۲) مرجھایا ہوا۔
—— بچے نہ کتا کھائے: (مثل) جو کچھ ہو سب خرچ کر ڈالنا، چاٹ کر کھا لینا۔
—— تباسی: دو تین دن کا باسی کھانا۔
—— عید: مؤنث؛ عید کا دوسرا روز۔
—— کڑھی میں اُبال آنا: بے وقت کسی کام کا ہونا؛ بڑھاپے میں جوانی کا جوش اور وضع ہونا، گئی گزری بات از سرِ نو تازہ کرنا۔
—— کوسی: (کوسی تابع مہمل)؛ باسی۔
—— مُنہ: (صبح) بغیر منہ دھوئے۔
باشَد: (ف)؛ ہوا کرے؛ کچھ بھی ہو، کچھ پروا نہیں۔
باشِندہ: (ف)؛ باشی، رہنے والا، بسنے والا۔
باصِرہ: (ع) دیکھنے کی قوت۔
باطِل: (ع) مذکر؛ جھوٹ، غلط، بے کار، ضائع، بے ہودہ۔
باطِن: (ع) مذکر؛ چھپا ہوا، اندرون پیٹ، اندرونی حصہ، دل، خیال، طبیعت، ضمیر۔
باطِنی: (ع)، صف؛ (ا) اندرونی، داخلی، دلی، (۲) ایک فرقہ جو حضرت اسمٰعیلؑ کو آخری امام ظاہر مانتا ہے، آغا خاں جس کے روحانی پیشوا ہیں، (۳) ظاہری کی ضد۔
باطِنیت: (باطِنی۔یَت)؛ (ع)، مؤنث (۱) داخلیت (۲) انفرادیت (۳) باطنی مسلک،
باطِنیہ: (ع) مذکر؛ مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کے اعتقاد میں ہر امر شرعی کے دو پہلو ظاہری اور باطنی ہوتے ہیں۔ ظاہر کچھ اور ہے باطن کچھ اور، مثلاً نماز کا باطن امام کی فرمانبرداری، روزے کا باطن مذہب کو پوشیدہ رکھنا، وغیرہ۔
باعِث: (ع)؛ مذکر؛ سبب، وجہ، علت، موجد، بنیاد۔
—— کھُلنا: سبب ظاہر ہونا، وجہ معلوم ہونا۔
باغ: (ع)، (ف)، مذکر؛ (ا) پھلواری، گل زار، جہاں بہت سے پھلوں کے درخت لگائے گئے ہوں (۲) مجازاً: آل اولاد، بال بچے، (۳) دنیا (۴) فردوس۔
—— ابراہیمؑ: (اضافت کے ساتھ)؛ گل زارِ ابراہیم، وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو ڈال دیا تھا، اور وہ باغ ہو گئی تھی۔
—— باڑی: (ا) پھلواری (۲) وہ کاغذی آرایشی چمن جو برات کے ساتھ لے جاتے ہیں اور دُلھن کے مکان کے قریب لٹایا جاتا ہے۔

—— باغ ہونا: خوش ہونا، شگفتہ ہونا، شاداں وفرحاں ہونا۔
—— بان: مالی۔
—— خلیل: (اضافت کے ساتھ) باغِ ابراہیم (خلیل اللہ)
—— رضوان: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ مذکر؛ جنت۔
—— شداد: (اضافت کے ساتھ) شداد کی بنائی ہوئی جنت۔
—— قدس: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ بہشت۔
—— وبہار: خوش خوش، آراستہ، بارونق۔
باغی: سرکش، منحرف، مفسد۔
باغیچہ: چمن، چھوٹا باغ۔
بافت: (ف) (مؤنث)؛ بناوٹ، ساخت، ترتیب۔
باقرخانی: ایک قسم کی روٹی، ایک قسم کی شیرمال۔
باقلا: (ع) ایک قسم کی پھلیاں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں۔
باقی: (ع)؛ مؤنث؛ (۱) جو بچ رہے، بچا کھچا، رہا سہا، (۲) واجب الادا واجب الوصول (۳) قایم، زندہ، موجود۔
—— دار: جس پر کوئی مطالبہ رہ گیا ہو، حساب بے باق نہ ہو۔
—— ساقی: مؤنث؛ (ساقی تابع مہمل)؛ زیادہ رہا سہا، بیشی بڑھتی، بچا کھچا، فاضل۔
—— ماندہ: بچا ہوا، بقایا، جو ادا ہونے سے رہ گیا ہو۔
—— نکالنا: حساب کے بعد کسی رقم کا باقی رہ جانا۔
باقیات: (جمع باقی کی) وہ بقایا جو وصول نہ ہو۔
باقیاتُ الصّالحات: (باقیاتِ صالحات)؛ (ع) مؤنث؛ (۱) عام فائدے کے لیے کوئی کام، صدقۂ جاریہ، (۲) مجازاً؛ اولاد صالح، نیک اولاد۔
باک: (ف) مذکر؛ ہراس، خوف، ڈر، اندیشہ۔
باکرہ: (ف)؛ مؤنث؛ کنواری، ناکتخدا عورت۔
باکس: BOX (انگ) مذکر؛ (۱) بکس، صندوق (۲) تھیٹر وغیرہ میں علاحدہ نشست گاہ (۳) سنتری یا سگنل والے کی کاٹھ کوٹھری۔
باکس آفس BOX OFFICE (انگ) مذکر؛ (فلمی اصطلاح) ٹاکی یا سینما کا ٹکٹ گھر۔
باکسر: BOXER (انگ) مذکر؛ مکے باز، گھونسے باز

باکسنگ: BOXING (انگ) مؤنث؛ مُکّا بازی، ایک قسم کا ولایتی کھیل جس میں مکوں سے لڑتے ہیں۔
باکھر/باکھل: مذکر؛ مویشیوں کا باڑا۔
باگ: مؤنث؛ راس، لگام۔
—— اٹھانا: (کنایتاً) گھوڑا دوڑانا، گھوڑے کو رواں کرنا۔
—— پھیرنا: باگ موڑنا۔
—— ڈال دینا: (۱) باگ چھوڑ دینا (۲) (مجازاً)؛ نگرانی ترک کر دینا۔
—— ڈور: مؤنث؛ (۱) وہ رسّی جسے سائیس گھوڑے کی گردن یا منہ میں باندھ کر ہاتھ میں رکھتا ہے تاکہ گھوڑا قابو میں رہے (۲) (مجازاً) اختیار۔
—— ڈھیلی کرنا: (۱) باگ کو کڑی نہ رکھنا تاکہ گھوڑا خوب دوڑے (۲) (مجازاً)؛ انتظام میں ڈھیل ڈالنا۔
—— سنبھالنا: (کنایتاً)؛ سوار کا چلنے پر مستعد ہونا، اختیار ہاتھ میں لینا۔
—— مُڑنا: (۱) لگام پھرنا؛ گھوڑے کا رخ پلٹ جانا (۲) چیچک کے دانوں کا مرجھانا۔
—— ہاتھ سے چھوٹنا: بے قابو ہو جانا، موقع ہاتھ سے جاتا رہنا، بے اختیار ہو جانا۔
باگڑ: ہرنوں کی ڈار، ہرنوں کا جھنڈ۔
—— بلا: مذکر؛ ایک قسم کا بڑا بلا۔
باگھ: مذکر؛ ہندوستانی شیر، چیتا۔
—— بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں: (مثل)؛ بغیر کسی کی طرف داری کے انصاف ہونا، کم زور کو طاقت ور نقصان نہیں پہنچا سکتا، ہر طرح امن وامان ہے۔
بال: BALL؛ (انگ)؛ (۱) گیند، (۲) ایک قسم کا انگریزی ناچ۔
بال: مذکر؛ (۱) رونگٹا، رواں، مو، (۲) پر، پرند کا بازو (۳) مؤنث۔ گیہوں، باجرا جوار کے گچھے (خوشے)، بالی۔
—— آنا: (۱) بال نکلنا، خط نکلنا (۲) شیشے، تلوار اور چینی کے برتنوں میں مہین خط پڑ جانا، ٹوٹنے کا اثر ظاہر ہونا۔
—— بال: سر سے پاؤں تک، جسم کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ تک

ہر ایک بال۔

—— بال بچنا : بہت ہی قریب پہنچے ہوئے صدمے سے محفوظ رہ جانا۔

—— بندھنا : بالکل جکڑے ہوئے ہونا۔

—— بال گچ موتی پرونا : خوب سنوارنا، سر سے پاؤں تک آراستہ کرنا۔

—— بانکا ہونا : (۱) بال بیکا ہونا (۲) (مجازاً) ؛ ذرا سی تکلیف پہنچنا

—— بچے : لڑکے بالے، اہل و عیال۔

—— برابر لگی نہ رکھنا : ذرا بھی کوتاہی نہ کرنا، کوئی کسر نہ چھوڑنا۔

—— بنانا : (۱) خط بنانا، حجامت بنانا (۲) چوٹی گوندھنا، بالوں کو سنوارنا۔

—— بیکا ہونا : (۱) ٹیڑھا ترچھا ہونا، بے ترتیب ہونا (۲) (مجازاً)، تھوڑا صدمہ پہنچنا، ذرا نقصان ہونا۔

—— بھونڑی : مؤنث ؛ گھوڑے کا ایک عیب جسے لوگ منحوس سمجھتے ہیں۔

—— پکنا : بالوں کا سفید ہو جانا۔

—— توڑ : مذکر ؛ وہ پھنسی جو بال ٹوٹ جانے سے پیدا ہو جائے۔ بل توڑ۔

—— چنوانا : موچنے سے بالوں کو نکلوانا۔

—— چھتری : (۱) (لکھنؤ) کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری (۲) (دہلی) انسان کے سر کی چندیا کے بال (۳) شاہجہانی پگڑی۔

—— چھڑ : مذکر ؛ ایک خوش بودار بوٹی کا نام۔

—— خورا : مذکر ؛ ایک قسم کی بیماری جس سے بال جھڑ جاتے ہیں۔

—— دھوپ میں سفید کرنا : (کنایتاً) بوڑھے ہونے پر بھی ناتجربہ کار رہنا۔

—— کا پھندا : بال کا وہ حلقہ جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں۔

—— کا کمبل بنانا : چھوٹی سی بات کو بڑا کر کے دکھانا، بے حد مبالغہ کرنا۔

بال کمانی : مؤنث ؛ گھڑی کے اندر کی وہ کمانی جو بہت باریک ہوتی ہے۔

بالکنی : BALCONY مؤنث ؛ بالا خانہ۔

بال کی کھال کھینچنا/نکالنا : باریکیاں نکالنا، بہت چھان بین کرنا، موشگافی کرنا۔

بال کھچڑی ہونا : کچھ بال سیاہ رہنا کچھ سفید ہو جانا۔

—— گوندھنا : چوٹی بنانا۔

—— نوچنا : بالوں کو کھینچنا، اکھاڑنا۔

—— و پر (۱) بازو اور پر (۲) (مجازاً) : وسیلہ، وزیلہ۔

—— و پر نکالنا : (۱) پر پرزے نکالنا، اڑنے کے قابل ہونا، طاقت ور ہونا (۲) اندرونی شرارت ظاہر کرنا، فتنہ انگیزی کرنا۔

—— ہٹ : مؤنث ؛ لڑکپن کی ضد۔

بالا : (۱) آدمی کا بچہ، لڑکا، (۲) کان کا ایک زیور (۳) ناسمجھ، نادان (۴) فریب، حیلہ۔

بالا : (ف) اوپر، اونچا، بلند۔

—— بالا : اوپر ہی اوپر، الگ ہی الگ، بے اطلاع۔

—— پن : لڑکپن، کم عمری۔

—— خانہ۔ مذکر : کوٹھا، چھت کے اوپر کا کمرا۔

بالا دست : افسر، بلند مرتبہ، زبردست۔

—— کشی : مؤنث ؛ وہ آلہ جس سے وزنی چیزیں اوپر اٹھاتے ہیں۔ جرثقیل۔ (انگ) کرین)

—— نشین : صدر نشین، وہ شخص جو خاص عزت کی جگہ بیٹھے۔

بالائی : (ع) (۱) ملائی (۲) اوپر کا، بلندی کا۔

—— آمدنی/آمد : (۱) وہ آمدنی جو علاوہ معمولی آمدنی کے ہو (۲) رشوت، (۳) غیر معمولی آمدنی۔

—— خرچ : مقررہ خرچ کے علاوہ اوپر کا خرچ، وقتاً فوقتاً جو غیر معمولی خرچ پیش آئے۔

—— یافت : رشوت۔

بالائے طاق رکھنا/طاق پر رکھنا : کنارے رکھنا، کسی کام سے بے تعلق ہونا، الگ، علاحدہ۔

بالا حصار : (بالا، حصار)؛ (ف) (ع) مذکر ؛ (۱) گڑھی، قلعہ (۲) پناہ گاہ۔

بالپن : (ہ) مذکر ؛ لڑکپن۔

بالٹی : ٹین، لوہے، جست، پیتل، یا پلاسٹک کا بنا ہوا پانی بھرنے کا برتن، ڈول۔

بالر BOWLER : (انگ)؛ (۱) گیند پھینکنے والا (۲) کرکٹ کے کھیل میں گیند پھینکنے والا۔

بالش : (ف) مذکر؛ سرہانہ، تکیہ، مسند۔

بالشت : مذکر؛ مؤنث؛ ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک فاصلہ، بارہ انگل کا پیمانہ۔

بالشتیا : بونا، چھوٹے قد کا آدمی، بالشت برابر انسان۔

بالشیوک : BOLSHEVIK (روسی)؛ مذکر؛ (۱) روسی کمیونسٹ، کسان مزدوروں کا طرف دار، (۲) انتہا پسند، انقلابی

—— ازم —— ISM : بالشیویکوں کا نظریۂ حیات۔

بالغ : (ع) مذکر؛ سیانا، جوان، جو سن بلوغ کو پہنچ گیا ہو۔

نظر : کسی امر کو گہری نظر سے دیکھنے والا، نکتہ رس، معاملے کی اچھی سمجھ رکھنے والا۔

بالک : مذکر؛ بچہ، چھوٹا لڑکا۔

بالکا : بچہ، چیلا، جو اپنے بیٹے کی طرح ہو۔ (۵) چھوٹی لڑکی۔

بال کانڈ : (ہ) مذکر؛ بچپن کا زمانہ، عہد طفلی۔

بال کمانی : مؤنث؛ گھڑی کی وہ کمانی جو مشین کو چلاتی ہے، اسپرنگ

بالم : (ہ) مذکر؛ (۱) خاوند، پیارا، محبوب۔

—— کھیرا : مذکر؛ ایک قسم کا بڑا کھیرا۔

بالو : مؤنث؛ (۱) ریت، ریگ (۲) بھٹے کے وہ ریشے جو داڑھی کی طرح ہوتے ہیں۔

—— شاہی : مذکر؛ ایک قسم کی مشہور مٹھائی۔

بالی ہٹ : (ہ) مؤنث؛ بچے کی ضد، ایسی ضد جو ٹالی نہ جا سکے۔

بالی : مؤنث؛ (۱) ایک زیور جس کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں (۲) کم عمر لڑکی۔

—— عمر یا عمّر : بچپن، چھوٹی عمر۔

—— کی سوئیاں : وہ چھوٹے چھوٹے سخت ریشے جو گیہوں اور جَو کی بالیوں کے چاروں طرف ہوتے ہیں۔

بالیدگی : مؤنث؛ بڑھوتری، نمو، روئیدگی، بڑھنا، توانائی۔

بالے میاں : مذکر؛ سالار مسعود غازی کا لقب۔

—— کی مینڈنی : وہ گروہ جو بالے میاں کے میلے کے زمانے میں قطار در قطار جاتا ہے۔

بالیں : (ف) مؤنث مذکر؛ سرہانہ، تکیہ

بام : مذکر؛ (۱) کوٹھا، چھت، بالاخانہ (۲) ایک قسم کی سانپ کی طرح کی مچھلی۔

بامَن : مذکر؛ برہمن، پنڈت، ویدوں کا عالم۔

بامنی : (۱) چھپکلی کی طرح کا ایک کیڑا جس کی دم سرخ اور جسم چمک دار ہوتا ہے، (۲) آنکھ کی بیماری جس میں پلکیں جھڑ جاتی ہیں۔

بان : مذکر؛ مونج کی رسّی (۲) ایک قسم کی آتش بازی، سوائی، (۵)، (۶) تیر۔

بانا : (۱) پوشاک، لباس (۲) جو تار کپڑے کی بنائی میں چوڑائی کی طرف ہوتے ہیں (۳) وردی، وضع، بھیس (۴) وہ سنہری نقرئی ریشمی ڈورا جس کا حلقہ بنا کر ایک پالیسی بہ طور بہادری داستادی کی علامت ڈالتے ہیں (۵) ایک خاص قسم کی لکڑی جسے دونوں ہاتھ سے پکڑ کر پھکیت پھیرتے ہیں۔

—— باندھنا : دعوے کے ساتھ کسی کام کے کرنے کا ذمہ لینا، بیڑا اٹھانا۔

بانات : (ف) مؤنث؛ ایک قسم کا اونی دبیز اور گرم کپڑا۔

بانبی : مؤنث؛ سانپ کا بل۔

بانٹ : مؤنث؛ (۱) تقسیم، بٹوارا، (۲) خارج قسمت/حاصل قسمت۔ (۳) وہ چارا دانہ جو دودھ دوہتے وقت جانور کے سامنے رکھ دیتے ہیں (۴) تولنے کے وہ اوزان جنھیں باٹ یا بٹہ بھی بولتے ہیں۔

—— بونٹ/چونٹ کرنا : تقسیم کرنا۔

—— کھانا : تقسیم کر کے کھانا، اوروں کو بھی دے کر کھانا۔

—— بانٹنا : تقسیم کرنا، حصے لگانا۔

بانج/بانجھ : (۱) وہ مادہ (انسان یا جانور) جس کے بچہ نہ ہوتا ہو۔ جو کبھی حاملہ نہ ہو، (۲) بنجر زمین۔

بانڈرا : وہ پودے جو درختوں پر پیدا ہوتے ہیں۔

باندی : مؤنث؛ لونڈی، کنیز۔

باندھ : مذکر؛ بند، بندھن، پشتہ۔

—— کیسہ کھاہر لیسہ : (مثل) (ہر لیسا: عربی کھاتا؛ حلیم)، روپے کی حفاظت کرو ہر قسم کے مزے اڑاؤ۔

باندھنا : تلے اوپر رکھنا، جوڑنا، ملانا، لپیٹنا، کسی چیز کو گرفت میں لینا، پکڑنا، گرفتار کرنا

باندھنو : مذکر؛ وہ بندش جو رنگریز چندیاں رنگنے کے واسطے کپڑے میں باندھا کرتے ہیں تاکہ رنگ وہاں نہ پہنچے۔

—— باندھنا : تہمت لگانا، جھوٹ بنا کر مشہور کرنا۔

باندھو/بندھو : (۱) رشتہ دار، (۲) دوست۔

بانڈ: BOND : (انگ) مذکر؛ اقرارنامہ، معاہدہ، وثیقہ۔

بانڈا: (ا) دُم کٹا، بے دُم کا (۲) ٹیڑھی ٹانگوں والا۔

بانس: مذکر؛ ایک لمبا پتلا کھوکھلا گرہ دار مشہور درخت۔

—— پر چڑھانا: تعریف میں بہت مبالغہ کرنا، کسی کی بُری بات کو شہرت دینا، نام جھنڈے پر چڑھانا۔

—— پھوڑ/بلس پھوڑ: بانس کی ٹوکریاں اور چیزیں بنانے کا پیشہ کرنے والا۔

—— واڑی: بانسوں کا جنگل۔

بانسوں اچھلنا/بانسوں کودنا: خوشی کے جوش یا غصّے کی شدّت میں بہت کودنا، اچھلنا۔

بانسا: دونوں نتھنوں کی بیچ کی ہڈی، ناک کے اوپر کی ہڈی۔

—— پھر جانا: نزع کے آثار پیدا ہوجانا۔

بانسری/بانسلی: مؤنث؛ مشہور باجا جسے منہ سے بجاتے ہیں، مرلی۔

بانک: مؤنث؛ (ا) فن سپہ گری کی ایک شاخ، یہ کھیل خم دار چھریوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر کھیلا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی چوڑیاں (۳) دریا کا گھاؤ، موڑ۔

—— پٹا: یہ کھیل لکڑی، تلوار یا خنجر سے محرم یا کسی خاص جلوس کے موقعے پر اکھاڑے والے کھیلتے ہیں۔

—— کے توڑ: بانک کے فن کے داؤ پیچ۔

بانکا: (ا) جُھکا ہوا، ٹیڑھا، مڑا ہوا، خم دار (۲) ایک گروہ جو پگڑی اور ٹوپی ٹیڑھی کرکے سر پر رکھتا تھا (۳) رنگیلا، چھبیلا، ایک خاص وضع کا (۴) طرح دار، خوش وضع (۵) (مجازاً) معشوق (۶) مغرور، سرکش۔

بانک پَن: مذکر؛ ٹیڑھا پن، وضع داری جس میں خود نمائی شامل ہو۔ سرکشی، ناز و انداز، شوخی۔

—— کی لینا: غرور کرنا، بانکپن دکھانا۔

بانکڑی: مؤنث؛ ایک قسم کی لیس جو کنگھورے کی طرح ہوتی ہے۔

بانگ: (ف) مؤنث؛ (ا) آواز، صدا (۲) اذان (۳) مرغے کی آواز۔

—— دَرا: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مؤنث؛ قافلے کے گھنٹے کی روانگی کی آواز۔

بانگر: مذکر؛ (ا) اونچی ہم وار زمین۔

بانگڑو: کم عقل، بے تمیز۔

بانگی: موذن۔

بانگی: مؤنث؛ بان گی، نمونہ، چاشنی۔

بانو: مؤنث؛ بی بی، خاتون، عزّت دار عورت، بیگم۔

بانہہ: مؤنث؛ (ا) بازو، کہنی سے کندھے تک کا حصّہ، ہاتھ (۲) پرورش (۳) کنایتاً: مدد، سہارا، حمایت، دست گیر، (۴) طاقت حوصلہ۔

پکڑنا: (ا) مدد کرنا (۲) روکنا (۳) دست گیری کرنا (۴) زوجیت میں لینا۔

—— گہے کی لاج: ہاتھ پکڑنے کا لحاظ، دست گیری کی شرم۔

بانی: (س)؛ مؤنث؛ (ا) آواز، تقریر، نظم، گیت (۲) دوہے، گیت، رباعی یا قطعے کے طور پر (۳) سودا بیچنے والوں کی آوازیں (۴) بات، بولی، نغمہ، صدا۔

بانی: (ع)؛ بنیاد ڈالنے والا، ایجاد کرنے والا، باعث، سبب، ذریعہ۔

—— فساد: (اضافت کے ساتھ)، (ف)، مذکر؛ فتنہ انگیز۔ بس کی گانٹھ۔

—— مبانی: اصل باعث، واقعی سبب، موجد۔

باو: مؤنث؛ (ا) ہوا، ریاح (۲) گھمنڈ، غرور۔

باوسُول: مذکر؛ پیٹ کا ریاحی درد۔

باوگولا: مذکر؛ قولنج کا درد، مروڑ۔

باوا: مذکر؛ باپ، فقیر، استاد، گرو، سردار۔

—— آدم: حضرت آدم، سب سے پہلا انسان۔

—— مریں گے تب بیل بٹیں گے: (مثل) امید موہوم۔

باوَر: (ف)، مذکر؛ بھروسا، یقین، اعتبار۔

باورا: مذکر؛ پاگل، باولا۔

باوَرچی: (ترکی)، مذکر؛ کھانا پکانے والا، خانساماں۔

—— خانہ: کھانا پکانے کی جگہ۔

باولا: پاگل، دیوانہ۔

—— کُتّا: (ا) دیوانہ کُتّا؛ (۲) (مجازاً): وہ آدمی جو خواہ مخواہ دوسرے

کو ایذا پہنچائے۔

باؤلنگ BOWLING : (انگ) مؤنث؛ گیند پھینکنا۔ (کرکٹ کے کھیل میں)

باولی : (۱) بڑا پکا کنواں جس میں سیڑھیاں بنی ہوں، (۲) پاگل عورت

—— دینا : (۱) تعلیم دینا (۲) اشتعال دینا (۳) شکاری جانور کو شکار پر چھوڑ کر دلیر کرنا (۴) بھڑی دینا۔

باولے کتے کا کاٹنا : پاگل ہو جانا، دیوانہ ہو جانا، ہذیان بکنا، بلاوجہ لوگوں کو ایذا پہنچانا۔

باون : ۵۲؛ پچاس اور دو۔

—— تولے پاورتی : (مثل)؛ بالکل ٹھیک بات، بے شک و شبہ معاملہ، نہایت کارآمد۔

—— گز کا : (۱) بہت لمبا، دراز قد (۲) فطرتی، آفت کا پرکالہ۔

باؤنڈری : BOUNDARY : (انگ)، مؤنث؛ (۱) کھیلوں کے میدان کی آخری حد، (۲) سرحد، حدود، احاطہ۔

—— لگانا : کرکٹ کے میدان میں بلے باز کا اس طرح گیند مارنا کہ وہ حد سے باہر نکل جائے۔

باہ : (ع)، مؤنث؛ قوتِ مردمی۔

باہر : میدان، سڑک، گھر یا محدود جگہ سے باہر، پردیس۔

—— بھیتر لگانا : بار بار اندر باہر آنا جانا۔

—— کی ہوا لگنا : (۱) باہر کا اثر قبول کرنا (۲) (کنایتاً) آوارہ ہونا اترانا۔

—— کے کھائیں؛ گھر کے / گائیں / گیت گائیں : (مثل) غیروں کو فائدہ پہنچے اور گھر والے محروم رہیں۔

بائبل : BIBLE : (انگ)، مؤنث؛ انجیل، یہودیوں اور عیسائیوں کی مقدس کتابوں کا مجموعہ۔

بائن : (ع)؛ وہ طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے۔

بائی : (۱) عورت، خاتون (۲) نائکا، کسبی (۳) اینٹھن کی بیماری۔

بائیسکل : BICYCLE : (انگ)؛ مؤنث، سائیکل۔

بائیکاٹ : BOYCOTT : (انگ)، مذکر؛ تعلقات ختم کرنا، عدم تعاون۔

بائیں : الٹے ہاتھ کی طرف، چپ۔

—— آنکھ پھڑکنا : شگون، کسی بچھڑے ہوئے کے ملنے کا۔

—— ہاتھ سے مال / چیز رکھوا لینا : اپنی معمولی سی، قوت سے کسی کو زیر کر کے مال وصول کر لینا۔

—— ہاتھ کا کام / کھیل : سہل کام، آسان کام۔

بایاں : مذکر؛ (۱) الٹا ہاتھ، چپ (۲) وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے۔

—— پانو / پیر پوجنا : } کسی کی استادی کا لوہا ماننا، کسی کے
—— پانو / پیر چومنا : } کمال کا قایل ہونا۔

بایاں بازو / بائیں بازو : (سیاسی اصطلاح)؛ (۱) انتہا پسند جماعت (۲) اشتراکی نظریات کی حامی جماعت۔

باید و شاید : (ف)؛ جیسا چاہیے، بہت مناسب۔

بایع : (ع)؛ بیچنے والا، بیع کرنے والا۔

بائے فارسی : (ف)، مؤنث؛ وہ 'ب' جس کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں۔ 'پ' (پے)

بائے موحدہ : (ف)، مؤنث؛ ایک نقطے والی 'ب' 'الف' کے بعد اور 'پ' سے پہلا حرف 'ب' (بے)

ب - ب

ببر : شیر کی ایک قسم، جو بھورے رنگ کا ہوتا ہے، نر کے چہرے پر داڑھی کی طرح بال چہرے کے گرد اگرد بھرے رہتے ہیں جس سے وہ ہیبت ناک معلوم ہوتا ہے۔

ببوا : مذکر؛ (۱) بابو کی تصغیر (۲) بچہ (۳) کھلونا مٹی کا، پتلا؛ وہ پتلا جو جانوروں کو ڈرانے کے لیے کسان کھیتوں میں کھڑا کرتے ہیں۔

ببول : کانٹوں والا ایک درخت جس سے گوند بھی نکلتا ہے، کیکر۔

—— کے پیڑ بونا : برے کام کرنا، ایسے کام کرنا جس کا نتیجہ برا ہو۔

ببولا : مذکر؛ پانی کا بلبلا، حباب۔

ببئی : مینا کی قسم کا ایک چھوٹا پرند، بلبلی۔

(ب-پ)

بیا : (ف، ا) تایم۔
بپت/بپتا : مؤنث؛ دکھ، مصیبت، آفت، سرگزشت۔
—— پڑنا : مصیبت آنا، رانڈ ہوجانا، بیوہ ہوجانا۔
بپتسمہ : BAPTISM (انگ)، مذکر؛ (ا) عیسائی بنانے کی مذہبی رسم جس میں پانی جسم پر چھڑکتے ہیں یا پانی میں غوطہ دیتے ہیں، (۲) بچوں کے نام رکھنے کی رسم (عیسائیوں میں)۔
بپوتی : (ہ) مؤنث؛ میراث۔
بپھارا : مذکر؛ (ا) بھاپ، ابخرا، بھاپ سے پسینہ نکالنا (۲) پسینا لانے والی دوا۔
بپھرنا : غصہ ہونا، جھلانا، قابو سے باہر ہونا، مچلنا۔
بپھرے رذیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیے : (مقول) شریف بھوک کی حالت میں، رذیل غصے کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے۔

(ب-ت)

بت : بط : (ف، مؤنث؛ مرغابی۔
بُت : (ف، مذکر؛ (ا) مورت، پُتلا، سم، (مجازاً) : معشوق (۲) خاموش، چپ چاپ، بے وقوف، احمق۔
—— پرست : (ا) بُت کو پوجنے والا (۲) (مجازاً) عاشق۔
—— تراش : بت بنانے والا۔
—— خانہ/کدہ : جہاں بُت رکھے جائیں، مندر، شوالے۔
—— خانۂ آذر : مجوسیوں کا آتش کدہ، آتش پرستوں کا عبادت خانہ
بتا : (ہ) مذکر؛ بالشت
بتّا : دھوکا، جھانسا، دام، فریب۔
—— بتانا : دھوکا دینا، فریب دینا۔
بتاسا : مذکر؛ (ا) بلبلا، حباب، (۲) ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو صرف شکر کی ہوتی ہے۔
—— سا گھلنا : دفعتاً دبلا ہوجانا، یکایک بہت دبلا ہوجانا۔
بتاسے کی طرح بیٹھ جانا : یکایک دبلا ہوجانا جس طرح بتاسا پانی
—— کی طرح گھل جانا : میں فوراً گھل جاتا ہے اسی طرح دفعتاً دبلا ہوجانا۔
بتاشا/بتاشہ : دیکھو بتاسا۔
بتام : مذکر؛ بٹن۔
بتانا : مذکر؛ (ا) ایک زیور (۲) وہ لوہے کا کڑا جو مہاور ہاتھ کے پیمانے کے طور پر چوڑی پہنانے کے لیے رکھتے ہیں۔
بتانا/بتلانا : کہنا، بیان کرنا، جواب دینا، سمجھانا، سکھانا، ظاہر کرنا، دکھانا
بتانا : (ہ، ع م) (چراغ) بجھانا۔
بتنگ : (ف)؛ تنگ، بے زار، ناخوش۔
—— آنا/ہونا : عاجز آنا، ملول ہونا، بے زار ہونا۔
بتنگڑ : مذکر؛ بے فائدہ بات، طول طویل کلام۔
بتوری : مؤنث؛ وہ ورم جو نہایت سخت ہوجاتا ہے، عام طور پر بنوڑی بولا جاتا ہے۔
بتول : (ع)، مؤنث؛ (ا) رسول اللہ کی صاحبزادی بی بی فاطمہؓ کا لقب (۲) مسلمان عورتوں کا نام۔
بتولا : مذکر؛ دھوکا، فریب، مسخرے کی بات، چکنی چپڑی باتیں۔
بتولے بتانا : جھانسے دینا، بتولے دینا، فریب دینا۔
بتی : (ہ) مؤنث؛ (ا) وہ جمی یا بٹی ہوئی روئی یا کپڑا جس کو تیل میں ڈال کر جلاتے ہیں، فتیلہ (۲) وہ فتیلہ جو زخم اچھا ہونے تک زخم کی گہرائی میں ڈالتے ہیں، (۳) وہ فتیلہ جسے آگ دکھا کر بندوق، توپ یا آتش بازی کے لیے آگ دیتے ہیں (۴) شاخہ (۵) شمع، روشنی (۶) اگر، عنبر یا دیگر خوش بو کا فتیلہ (۷) جسم ملنے سے جو میل فتیلے کی صورت میں چھوٹے اور بہت سی چیزیں جو بتی (فتیلے) کی شکل کی ہوتی ہیں مثلاً لاکھ کی قلم۔
بتی اکسانا : روشنی بڑھانے کے لیے چراغ کی بتی اونچی کرنا۔
—— بتی بنا کر رکھ چھوڑنا : (طنزاً) کسی بے کار کاغذ یا چیز کو احتیاط و حفاظت سے رکھنا۔
—— چڑھانا : (ا) روئی کی بتی بنا کر زخم کے گھاؤ میں رکھنا (۲) فانوس، کنول، ہانڈی (شیشے کی) جھاڑ میں موم بتی لگانا۔
—— دینا/لگانا : آگ لگانا، داغنا۔
بتیا : مؤنث؛ (ا) ہرا کچا پھل، مذکر؛ (ع م) (۲) ایک قسم کا لمبا مینگن، (۳) عموماً خربوزے کے کچے پھل کو کہتے ہیں۔

بتیس : عدد ۳۲، تیس اور دو۔
—— **آبرن** : سر سے پاؤں تک بتیس ہندوستانی زیور۔
—— **دانتوں میں زبان** : (مثل) : (۱) زبردستوں کے درمیان کسی کمزور کا سلامتی اور خوش اسلوبی کے ساتھ بسر کرنا (۲) بہت سے زبردستوں میں ایک کمزور اور تنہا انسان۔
بتیسی : انسان کے دانتوں کی دونوں لڑیاں، نقلی دانتوں کے چوکے۔
—— **بجنا** : خوف یا سردی کی شدت کی کپکپی میں دانتوں کا ایک دوسرے سے ٹکرا کر آواز دینا۔
—— **بند ہونا** : دانتوں کا جکڑ جانا، دانتوں کا نہ کھلنا۔
—— **دکھانا** : دانت دکھانا، بے ہودہ طریقے سے ہنسنا، منہ چڑھانا۔
بتھوا : مذکر؛ ایک قسم کا مشہور ساگ (گیہوں کے کھیت میں بغیر بوئے اپنے آپ ہوتا ہے)۔

ب ـ ٹ

بٹ : (۱) وہ شکن جو مٹاپے کی وجہ سے پیٹ یا گردن میں پڑ جاتی ہے، (۲) ورم جو چوٹ کی وجہ سے انسان کے جسم پر ہو جاتا ہے، (۳) بل، سلوٹ (۴) تولنے کا باٹ (۵) مڑوڑ، پیچ (۶) راستہ، پگ ڈنڈی، باٹ (راہ) کا مخفف۔
—— **مار** : لٹیرا، ڈاکو، راہ زن۔
—— **موگرا** : بڑی قسم کا موگرا، بڑی قسم کا موتیے کا پھول۔
بٹا : مذکر؛ (۱) گھی، گھانا، (۲) باٹ کی تصغیر؛ چھوٹا باٹ (۳) تولنے کا وزن (۴) رکھنا، داغ، عیب (۵) چھوٹ مجرائی، منہائی (۶) جس پتھر سے سل پر کوئی چیز پیستے ہیں۔
—— **دینا** : کمی پوری کرنا، نقصان اٹھانا۔
—— **لگانا** : (۱) کمی پوری کرنا، کسوٹی کا ٹنا (۲) عیب لگانا۔
بٹالین : BATTALION (انگ) مؤنث؛ پلٹن فوجی دستہ۔
بٹانا : بانٹ لینا، تقسیم کرنا۔
بٹائی : (۱) رسّی بٹنے کی اُجرت (۲) غلّے کی پیداوار کی تقسیم (۳) کسی چیز کی تقسیم، حصّہ۔
بٹ جانا : (۱) تقسیم ہو جانا (۲) مڑوڑ کھانا (۳) سرک جانا، علاحدہ ہو جانا اِدھر اُدھر ہو جانا۔
بٹلر : BITLER (انگ) مذکر؛ خانساماں، گھر کے کام کاج کا ملازم۔
بٹن : BUTTON (انگ) مذکر؛ بوتام، گھنڈی، ٹنکہ۔
بٹنا / اُبٹنا : اُبٹن، ایک خوش بودار مسالا جو جسم پر ملا جاتا ہے۔
بٹنا : (۱) آپس میں تقسیم ہونا، حصّے ہونا (۲) پریشان ہونا، ابتر ہونا، متفرق ہونا، جدا جدا ہونا (۳) بل دینا، پھینٹنا، مڑوڑنا (۴) خیال دھیان کا ایک طرف سے دوسری طرف چلا جانا۔
بٹوا : مذکر؛ (۱) کپڑے کی خانے دار تھیلی الائچی چھالیا وغیرہ رکھنے کی (۲) چمڑے کی چھوٹی تھیلی جس میں روپیا پیسا رکھتے ہیں، (انگ، پرس)۔
بٹوارا : تقسیم (زمین، جایداد، روپیا پیسا وغیرہ) خواہ باہمی ہو خواہ بذریعہ عدالت۔
بٹورا : سوکھے اپلوں کا جایا ہوا ڈھیر جس پر بھس مل کر مٹی سے لیپ دیتے ہیں کہ پانی اثر نہ کرے
بٹورنا : اکٹھا کرنا، سمیٹنا، جمع کرنا۔
بٹورن : چنی ہوئی، سمیٹی ہوئی چیزیں۔
بٹیا : (۱) چھوٹی راہ، تنگ راستہ، بٹ (راہ) کی تصغیر، (۲) ناریل کی گری (کھوپرا)، (۳) چھوٹا باٹ جس سے تولتے ہیں، (۴) پتھر کے چھوٹے ٹکڑے جو ریلوے لائن پر ڈالے جاتے ہیں۔
بٹیا : مؤنث؛ بیٹی کی تصغیر، لڑکی۔
بٹے باز : چالاک، دغاباز۔
بٹے پر خریدنا : نقصان سے خریدنا۔
بٹے کھاتے لکھنا / بٹے کھاتے میں ڈالنا : رقم کو ناقابلِ وصول قرار دینا۔
بٹیر : مذکر و مؤنث؛ تیتر کے رنگ روپ کا ایک چھوٹا پرندہ۔
—— **باز** : بٹیریں پالنے اور لڑانے والا۔
بٹھا دینا : (۱) بیٹھنے پر مجبور کر دینا (۲) کسی کام سے دست بردار کرنا (۳) مدرسے میں بھیجنا (۴) گلتھی کر دینا۔
بٹھا رکھنا : (۱) کنواری رکھنا (۲) لڑکی کو سسرال نہ بھیجنا (۳) بے کار رکھنا۔
بٹھانا : (۱) کھڑا یا لیٹا نہ رکھنا، درمیانی صورت میں بٹھانے کی حالت میں رکھنا (۲) کام پر لگانا (۳) کمزوری اور ضعف کا سبب ہونا۔

(۴) ٹھہرانا، انتظار کرنا، ٹھیک جگہ پر رکھنا۔

ب-ج

بَجَا: (ف) ٹھیک، درست، سچ، (طنزاً) نامناسب، لغو، بے ہودہ۔

—— آوری: تعمیل، انجام دہی، پورا کرنا۔

بجانا: (۱) باجے کی آواز نکالنا (۲) پرکھنا، جانچنا۔

بجائے: (ف) کسی کی جگہ پر، قایم مقام برعوض۔

—— خود: اپنی سمجھ میں، اپنے نزدیک، بغیر کسی مدد کے، اپنی جگہ پر

بَج بجانا: کسی چیز کا سڑ جانا، اُبس جانا، ایسا سڑنا کہ بُلبلے اُٹھیں۔

بَجَٹ: BUDGET (انگ)؛ مذکر، (۱) سال بھر کی آمدنی اور خرچ کا تخمینہ، (۲) میزانیہ۔

بَجَرّ: (۱) بھاری، بوجھل (۲) بہت آہستہ چلنے والا، سُست، کاہل، مٹھا (۳) دوبھر، اجیرن (۴) بھاری پتھر، سخت پتھر۔

بَجَر بَیٹو: مذکر؛ (۱) ایک کالا جنگلی پھل جس کی مالا بناتے ہیں، (۲) ایک قسم کا کھلونا (۳) (مجازاً)؛ بے وقوف، نادان، کم عقل۔

بَجرا: مذکر؛ دریا میں سیر کرنے کی ناو۔

بَجَری: مؤنث؛ (۱) کنکر (۲) لال کنکر یلی مٹی (۳) چھوٹے چھوٹے اولے۔

بِجلی: مؤنث؛ (۱) وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ (۲) بڑی قوت (۳) عورتوں کے کان کا زیور (۴) کچے آم کی گٹھلی کا مغز (۵) بہت پھرتیلا، چالاک، چست (۶) زبان دراز، مُفسِد۔

—— بسنت: تیز بجلی، بسنت کی تیز بجلی، تیز چالاک۔

—— پڑنا: آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا۔

—— چمکنا/کوندنا: بادلوں کی رگڑ سے چمک نکلنا۔

—— کا کڑکا/کی کڑک: بادلوں کی رگڑ کی آواز۔

—— کا کوندا: بادلوں کی رگڑ کی چمک۔

—— کی لپک: بجلی کی چمک۔

—— کے بالے: جڑاؤ بالے جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں۔

—— گرانا: (مجازاً)؛ آفت ڈھانا، صدمہ پہنچانا۔

—— گرنا/پڑنا: (۱) بجلی کا کسی پر ٹوٹنا، بجلی گر پڑنا (۲) (مجازاً) بڑی آفت یا مصیبت آنا۔

بَجنا: (۱) آواز نکلنا، بولنا، آواز دینا (۲) کسی نام سے مشہور ہونا۔

بَجُّو: مذکر؛ بلّی کے برابر ایک جانور جو قبروں میں گھس کر مردے کھا جاتا ہے۔

بَجُوگ: بُرا وقت، مصیبت، بدنصیبی، حادثہ۔

بَجوگی: وہ شخص جو بجوگ میں ہو، کم نصیب، بدبخت۔

بَجیلا: جس پھل یا ترکاری میں بیج بہت زیادہ ہوں۔

بُجھانا/بُجھا دینا: آگ، چراغ یا کسی جلتی ہوئی چیز کو سرد کرنا، گُل کرنا۔

بُجھ بُجھَوّل: مؤنث؛ پہیلی، عوام کی زبان پر بُوجھ بجھوّل، یا بجھی بجھوّل ہے۔

بُجھنا: کسی جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا یا جلنا ختم ہو جانا۔

بُجھی آگ: (مجازاً) فتنہ فساد دب جائے۔

بُجھی آواز: دھیمی اور پست آواز، مری مری سی آواز۔

بُجھوّل: مؤنث؛ پہیلی، چیستان۔

بُجھیل/بُجھیل: بھاری، وزنی، بوجھل۔

ب-چ

بُچّا/بوچا: مذکر؛ جس کا کان کٹا ہوا ہو، چھوٹے کانوں والا۔

بَچا بچایا/بچا کھچا: بچا ہوا، باقی ماندہ۔

بچانا: (۱) حفاظت کرنا، امان میں رکھنا (۲) جمع کرنا، جوڑنا۔

بچاؤ: مذکر؛ (۱) حفاظت (۲) چھٹکارا، نجات (۳) امن، پناہ (۴) عذر، معذرت (۵) بہانہ، حیلہ، پہلوتہی (۶) حفاظت کی جگہ۔

بِچار/وِچار: (ف) مذکر؛ (۱) حساب، شمار، رائے، تجویز، فیصلہ (۲) خیال، لحاظ، سوچ، فکر (۳) ارادہ، قیاس، اٹکل۔ (۴) غور، دھیان، سمجھ، تدبیر۔

بِچارنا/بِچار کرنا: (۱) سوچنا (۲) آنکنا (۳) غور کرنا، تصور کرنا (۴) ٹھاننا، ارادہ کرنا۔

بِچارا/بے چارا: سیدھا سادا، بھولا، غریب، مُفلِس۔

بچپن: مذکر؛ لڑکپن، کم سنی۔

بچت: مؤنث؛ (۱) جو صرف کرنے سے بچا ہو، بقیہ (۲) فائدہ، نفع، (۳) مصیبت سے بچنے کی صورت، (۴) حفاظت۔

بچک: مؤنث؛ جھڑک، ڈر، خوف۔
بچکانا: بچوں کے لائق چیز۔
بچکنا: ڈر جانا، جھڑکنا؛ بھاگنا۔
بچلا: بیچ کا، منجھلا، درمیانی۔
بچلنا: پھسل جانا، چوکنا، بہکنا، لغزش کرنا، پھسلنا، کام خراب ہوجانا، جھڑکنا۔
بچن/وچن: (ہ) مذکر؛ بات، عہد، وعدہ، قول قرار۔
بچنا/بچ جانا: باقی رہنا، بچت میں پڑنا، پس انداز ہونا، خالی جانا، محفوظ رہنا۔
بچو: بچہ کی تصغیر، پیار یا مزاح سے: چھوٹا بچہ۔
بچورنا: (ا) توڑنا، کھولنا (۲) ملنا، مل کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بچوں: جمع بچہ کی؛ بچے۔
—— سے گودی/گود بھری رہے: (دعا) کثرت سے اولاد ہو، اولاد زندہ رہے۔
—— کا کھیل: مذکر؛ آسان کام، سہل بات۔
بچہ: (ف) مذکر؛ نئی پیدا ہوئی جان، چھوٹی عمر کا لڑکا، چھوکرا، انسان یا حیوان کی کمسن اولاد۔
—— بالا: لڑکا بالا، اولاد۔
—— بھرانا: پرند کا چوگا سے بچے کو دانہ کھلانا۔
—— دان/دانی: وہ جگہ جہاں بچہ ماں کے پیٹ میں رہتا ہے۔ بچہ دانی، رحم۔
بچے: (جمع بچہ کی)؛ اولاد۔
—— کچے: (مذکر) لڑکے بالے، اولاد۔
بچھادینا: (ا) بچھونا کرنا، بستر کرنا، فرش کرنا، پھیلانا (۲) پریشان کرنا، (۳) اتنا مارنا کہ زمین پر گر جائے؛ خوف مارنا پیٹنا۔
بچھ جانا: (ا) بچھونے کی طرح پھیل جانا، فرش ہوجانا (۲) فریفتہ ہوجانا (۳) (کنایتاً) انکسار سے جھک جانا، نہایت متواضع ہونا، منت سماجت کرنا۔
بچھڑا: مذکر؛ گائے کا نر بچہ۔
—— کھونٹے کے بل کودتا ہے: (مثل)؛ حمایتی کے بھروسے پر تقویت ہوتی ہے، ہمت کسی حمایتی کی مدد پر ہوتی ہے۔
بچھڑنا: جدا، الگ ہوجانا، دور افتادہ، جو پیچھے رہ جائے۔
بچھڑنا: (ہ) مذکر؛ جدا ہونا، الگ ہونا۔
بچھناگ: ایک زہریلی بوٹی؛
بچھو: مذکر؛ (ا) ڈنک مارنے والا کیڑا، کژدم، عقرب (۲) ایک پہاڑی پودا جس کے چھو جانے سے سوزش پیدا ہوجاتی ہے (۳) (کنایتاً) چالاک، مُتَفَنِّن، خطرناک آدمی۔
بچھوا: (ا) ایک قسم کا چھوٹا خنجر جس کا پھل مڑا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا زیور، جو پانچ کے انگوٹھوں میں پہنا جاتا ہے۔
بچھونا: مذکر؛ بستر، فرش۔
بچھیا: گائے کا مادہ بچہ۔
بچھیرا/بچھیڑا: مذکر؛ گھوڑے کا نر بچہ۔

ب۔ح

بحال: (ف) اصلی حالت پر، بہ دستور، خوش حال، اچھی حالت میں ٹھیک، درست۔
بحث: (ع) مؤنث؛ (ا) سوال جواب، مباحثہ، مجادلہ، جھگڑا (۲) باب، فصل۔
—— نہ ہونا: بے تعلقی ہونا، سروکار نہ ہونا، مزاحمت نہ ہونا۔
بحثا بحثی: باہمی تکرار، حجت، مناظرہ، اختلاف۔
بحثنا: (لم) بحث کرنا، ردکرنا، حجت کرنا۔
بحر: (ع) مؤنث؛ شعر کا وزن، چند کلمات موزوں کا نام جن سے شعر کا وزن ٹھیک کیا کرتے ہیں۔
بحر: (ع) مذکر؛ سمندر۔
—— اَبْیَض: (اضافت کے ساتھ) (سفید)، وہ سمندر جو روس کے شمال میں واقع ہے۔
—— اَحْمَر: (اضافت کے ساتھ) (سُرخ)، وہ سمندر جو افریقہ اور عرب کے درمیان واقع ہے۔
—— اَخْضَر: (اضافت کے ساتھ)؛ (سبز) (۱) وہ سمندر جس کے مشرق میں چین ہے (۲) اصطلاحِ شعرا میں آسمان۔
—— اَسْوَد: (اضافت کے ساتھ)؛ (سیاہ)؛ وہ سمندر جو ترکی کے شمال و مغرب میں واقع ہے۔
—— اَعْظَم: (اضافت کے ساتھ)؛ بڑا سمندر۔
بحرالکاہل: (بحرِ کاہل)؛ ایک بہت بڑے سمندر کا نام جو امریکا کے

مغرب کی طرف اور براعظم ایشیا کے مشرق کی طرف واقع ہے۔
—— اُوقیانوس: (اضافت کے ساتھ)؛ ایک بڑا سمندر جو امریکا کے مشرق اور یورپ، افریقہ کے مغرب کی طرف واقع ہے۔
—— ظُلمات: بحرِ اوقیانوس۔
—— وبر: تری و خشکی۔
بُحران: (ع) مذکر؛ (۱) ہلچل، بے چینی، گرم ہوا، زہریلی ہوا، (۲) بیماری کے زور کا دِن (۳) (مجازاً) کسی کام میں شدت یا تزلزل جیسے سیاسی بُحران، ادبی بحران وغیرہ۔
بَخَل کرنا: (ف)، بخشنا، معاف کرنا، (بَخل غالباً بمال کا مقف ہے)۔
بَحیرہ: (ع)، مذکر؛ بحر کی تصغیر؛ چھوٹا سمندر۔

ب۔خ

بُخار: (ع) مذکر؛ (۱) تپ، حرارت، (۲) بھاپ و دُھواں، ابخرے (۳) غصہ، رنج، کدورت۔
—— بھرا ہونا: شکوے سے لبریز ہونا، غبار سے پُر ہونا، تپ آجانا۔
—— چڑھنا/آنا: (۱) تپ آجانا (۲) (مجازاً) غصہ آنا، غصے میں بھرنا، صدمہ ہونا، ڈر لگنا۔
—— نکالنا: (۱) دل کا غبار نکالنا، دل کا جوش نکالنا (۲) غصہ اتارنا، عوض لینا، بدلہ لینا۔
بخارات: (جمع بخار کی)؛ ابخرے۔
بُخاری: (ف)؛ (۱) آتش دان، چمنی، جو کمرے کی دیوار میں مکان گرم رکھنے کے واسطے بناتے ہیں، (۲) وہ کوٹھری جو غلہ رکھنے کی غرض سے بناتے ہیں، (بکھاری)، (۳) بخارا کی طرف منسوب، شہر بخارا کا رہنے والا۔
بَخت: (ف)، مذکر؛ نصیب، قسمت۔
—— اُڑ گئے بلندی رہ گئی: (مثل)؛ ایسا شخص جو مفلسی میں امیرانہ مزاج رکھے،
—— آور/جواں/مند/یار: خوش قسمت، خوش نصیب۔
—— برگشتہ: بدنصیب۔
—— بیدار/سازگار/ہمایوں: (اضافت کے ساتھ)، خوش نصیب، اچھی قسمت والا۔
—— خفتہ: (اضافت کے ساتھ)، سویا ہوا نصیب، بگڑا ہوا اقبال۔
—— رسا/سبز: (اضافت کے ساتھ)؛ خوش نصیبی، خوش قسمتی۔
—— کھلنا: (۱) نصیب جاگنا (۲) (مجازاً)؛ بن بیاہے کی شادی ہونا۔
—— واتفاق/ووقت: بغیر کوشش کے اتفاقی طور پر نفع پہنچ جانا۔
—— وارُوں/وارگوں: اوندھی قسمت، بگڑا ہوا نصیب۔
بختوں جلی: مؤنث، (عو) (۱) بدنصیب، مصیبت زدہ، (۲) وہ عورت جس کے اولاد نہ ہو، بیوہ۔
بَختاور: (۱) اقبال مند، خوش نصیب، (۲) (طنزاً)؛ منحوس، بدنصیب۔
بَخرہ: (ف)، مذکر؛ حصہ (اردو میں تنہا نہیں بولتے، حصہ بخرہ۔
بَخش: (ف)، مذکر؛ حصہ، کھانے کا وہ مکمل توڑہ جس میں مختلف مرد بہ تمام کھانے ہوتے ہیں جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
—— دینا: بلا معاوضہ دے دینا، معاف کر دینا۔
بخشایش: (ف)، مذکر؛ گناہ کی معافی، قصور کی معافی۔
—— گر: بخشنے والا، خدائے تعالا۔
بخشش: (ف)، مؤنث؛ انعام، معافی، عفو، جود و کرم، عطیہ۔
بَخشنا: (۱) قصور معاف کرنا، گناہ معاف کرنا (۲) قرآن پڑھ کر ثواب پہنچانا (۳) کوئی چیز مفت دینا (۴) پیر یا مرشد کا کسی عمل کے لیے اجازت لینا۔
بَخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا: (مثل)؛ ہم جس حال میں ہیں ٹھیک ہیں ہم تمہارے جھانسے میں نہیں آئیں گے۔
بَخشی: (ف)، مذکر؛ (۱) وہ شخص جو فوج میں تنخواہیں تقسیم کرتا اور اس کا حساب رکھتا تھا، (۲) شاہی زمانے کا ایک فوجی عہدہ (۳) فوج کی حاضری لینے والا، (۴) میر لشکر، سپہ سالار۔
بُخل: (ع)، مذکر؛ کنجوسی، تنگ دلی، جزرسی، لالچ، طمع، حرص۔
بَخور: (ع)، مذکر؛ وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوشبو نکلتی ہے۔
—— دان: وہ برتن جس میں عود و لوبان، خوشبودار چیزیں جلاتے ہیں۔

بَخیا تا : ایک قسم کی مضبوط سلائی کرنا؛ دُہرے ٹانکے والی سلائی کرنا۔
بخیل : (ع) کنجوس، تنگ دل۔
بَخیہ : (ف، مذکر) ایک قسم کی مضبوط سلائی۔
—— اُدھڑنا / اُدھیڑنا : (۱) ٹانکے کھلنا (۲) قلعی کھلنا (۳) رازفاش ہونا، (۴) عیب ظاہر ہونا۔
—— کھلنا : (۱) ٹانکے ادھڑنا (۲) بھید ظاہر ہونا، پردہ فاش ہونا (۳) حقیقت معلوم ہونا۔

ب - د

بَدّ : مؤنث؛ دُنبل کی طرح کی گلٹی جو چڈّوں میں نکلتی ہے۔
بَدْ : (ف) برُا، خراب، شریر، فسادی، نکمّا، ناقص۔
—— اچھا بَدنام بُرا : (مثل) بُری شہرت اور رسوائی بدکاری سے بھی خراب ہے، بُری شہرت سے بچنا چاہیے۔
—— اَختر : بدنصیب، شوم۔
—— اَسلوب : بے ڈھنگا، بھدّا، بدنما، بدوضع، بُرے کردار کا۔
—— اَمنی : امن وامان کا اٹھ جانا۔
—— اندیش : دوسرے کا بُرا چیتنے والا، کسی کا بُرا چاہنے والا۔
—— آموز : جس کی تعلیم وتربیت خراب ہو۔
—— آئین : جو کسی اصول کا پابند نہ ہو، بے اصولا۔
—— باطِن : خراب نیت والا، کینہ پرور، جس کا اندرون صاف نہ ہو۔
—— بَخت : بُرے نصیب والا، بدقسمت۔
—— بَلا : چڑیل، پلید، نہایت شریر، آفت۔
—— بُو : بُری باس، خراب بُو۔
—— پرہیز : بے احتیاط، بے پروا، مُضرِ صحت غذا یا کام کرنے والا بے اعتدال۔
—— تر : زیادہ خراب، اَبتر۔
—— جانور : سور، خنزیر۔
—— چشم : بُری نظر والا، بُری نیت والا۔
—— حواس : جس کے ہوش وحواس ٹھکانے نہ ہوں۔ بے عقل۔
—— خَط : وہ شخص جس کا خط خراب ہو۔
—— خِصال / خصلت / خُو : بُری عادتوں والا، بُرے مزاج والا۔
—— خُلق : جس کا برتاؤ برا ہو، جو اچھے مزاج کا نہ ہو، روکھا، کج اِخلاق۔
—— خواب ہونا : (۱) نیند پوری نہ ہونا (۲) بُرا اور ڈراونا خواب دیکھنا (۳) احتلام ہونا۔
—— خواہ : بُرا چاہنے والا، دشمن، کینہ پرور۔
—— دعا لگنا : بُری دعا کا اثر ہونا۔
—— دِل : دل بُرا ہوجانا، کسی کام سے دل اُچاٹ ہوجانا، ناراض، ناخوش، شکستہ خاطر۔
—— دِماغ : چڑچڑا، بدمزاج، مغرور، نازک مزاج، ناخوش۔
—— دیانت : بے ایمان، خیانت کرنے والا، فریبی، دغاباز۔
—— ذات : کُتّا، خراب طینت کا، شریر، شوخ، کم ذات، کمینہ، پاجی، سِفلہ۔
—— رنگ : کہیں کہیں سے رنگ اُڑا ہوا، بہت مدھم رنگ (۲) بدوضع، کھوٹا، ناقص۔
—— رُو : بُری شکل کا، بدنما، بدصورت۔
—— زبان : بُری زبان والا، گالی گلوچ کرنے والا، سخت زبان۔
—— زِیب : (۱) جو اچھا نہ لگے، جو زیب نہ دے، خصوصاً کپڑا (۲) بے لُطف (۳) بدنما، بھدّا۔
—— سِیرَشت / سِگال / طِینَت : خراب طینت کا، بری طبیعت کا، بداندیش۔
—— سُلوکی : بُرا برتاؤ، خراب معاملت، بے ہودہ روش۔
—— شگُنی / شگُونی : بدفالی، نحوست۔
—— ظَن : بدگمان، شکّی۔
—— عہد : وعدہ خلاف، قول وقرار سے پھرنے والا، بے وفا، پیماں شکن۔
—— فِعلی : بدکاری، زنا، عیاشی۔
—— قَلعی : (۱) بے قلعی برتن (۲) جس مکان پر سفیدی نہ ہوئی ہو۔
—— قِماش : (ف) بدچلن، بدوضع۔
—— قوارہ : بدشکل، بھدّا۔

—— کار : بُرے فعلوں والا، فاجر، زانی۔
—— کردار : فاسق، فاجر، جس کا کردار، چلن، بُرا ہو، بدکار۔
—— کیش : بے دین، بدخو۔
—— گوشت : ایسا بے کار گوشت جو کسی جسمانی خرابی کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے، اور عموماً بے حس ہوتا ہے۔
—— گوہر / گُہر : بد اصل، جس کے نسب میں فرق ہو۔
—— لحاظ : بے شرم، بے تمیز، گستاخ۔
—— لگام : (۱) منہ زور گھوڑا جو لگام سے قابو میں نہ رہے (۲) (مجازاً) بدزبان منہ پھٹ آدمی۔
—— مزگی : (۱) ذائقے کی خرابی، بیماری (۲) بگاڑ، رنجش، خفگی۔
—— مزہ : (۱) سیٹھا، خراب، بُرے ذائقہ کا (۲) بیمار (۳) خفا، رنجیدہ ناراض۔
—— مست : (۱) نشے میں چور، مدہوش، شراب خوار (۲) نفس پرست، شہوت پرست۔
—— معاش : کُپّا، اٹھائی گیرا، جس کی گزر بسر بُرے ذریعوں سے ہو۔ شہدا، فسادی۔
—— معاملہ : جو معاملے کا صاف نہ ہو، بدعہد، جو قول و قرار کا پابند نہ ہو، چالاک، کھوٹا۔
—— مہر : نامہربان، کٹر، بے تپاک، جس کے برتاؤ میں خشکی ہو۔
—— نام : رسوا، جس کی شہرت بُری ہو۔
—— نام کُنَد نیکو نامے چند : نیک نام بزرگوں کو بدنام کرنے والا، ننگِ اسلاف۔
—— نامی کا ٹوکرا : بدنامی کا الزام، بدنامی کا بوجھ۔
—— کا ٹیکا : رسوائی کا داغ، کلنک کا ٹیکا۔
—— نفس : بُرا آدمی، بُری سرشت کا۔
—— نما : جو دیکھنے میں بُرا ہو، بدزیب۔
—— نہاد : بد اصل، بدگہر، بُری سرشت کا۔
—— نیت : بُرے ارادے کا، بے ایمان، ندیدہ، لالچی۔
—— وضع : (۱) بُرے چلن کا، بدمعاش، عیاش، بداطوار، (۲) ناموزوں، بُری قطع کا، نازیبا۔
—— ہضمی : غذا کا ہضم نہ ہونا، گرانی۔
—— ہیئت : بُری شکل کا، ڈراؤنی صورت، مہیب۔
بَدی : بُرائی، بدخواہی، غیبت
—— پر آنا : (۱) بُرائی کرنے پر آمادہ ہونا، دشمنی پر تیار ہونا (۲) جانور کا سرکشی کرنا۔
بَدا : مقررہ، معین، قسمت میں لکھا ہوا، طے شدہ۔
—— **بَدی** : حکمی، شرطیہ، شرطیں بد بد کے بمثا بخشی، اصلم ضدا، کینہ وری۔
بدی ہوئی بات : یقینی امر۔
بِدا : مؤنث؛ رخصت۔
—— ہونا / کرنا : لڑکی کا میکے سے رخصت ہونا، لڑکی کی گھر سے رخصتی۔
بَداہَت / بَدیہی : (ع) کھلی ہوئی بات ہونا، مری ہونا، یقینی ہونا۔
بِدائت : (ع) شروع کرنا، آغاز۔
بَدائع : (ع) (جمع بدیع کی) : نئی چیزیں، عجائبات، علم بیان و معانی کی اصطلاح۔
بِدائی : (ہ) مؤنث، وُچھڑی، روانگی، رخصتی۔
بَدایوں کے لَڈّا : (۱) شہر بدایوں کے بھولے بھالے لوگوں کی طرف اشارہ (۲) (مجازاً) بھولا بھالا، احمق، نادان، سادہ لوح۔
بُدبُدانا : چپکے چپکے کہنا، منہ میں آہستہ آہستہ بولنا، صاف صاف نہ کہنا۔
بَدخشاں : (ف) : افغانستان کے ایک حصے کا نام جہاں کے لعل مشہور ہیں
بَدر : (۱) مدینے کے قریب ایک جگہ کا نام جہاں کی جنگ اسلامی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتی ہے (۲) پورا چاند، چودھویں رات کا چاند۔
بَدرا : (ہ) مذکر؛ بادل، ابر۔
بُدبُد : آہستہ آہستہ۔
—— کرنا : چپکے چپکے کچھ کہنا، آہستہ آہستہ بُرا بھلا کہنا۔
بَدرَو : (ف) مؤنث؛ پانی باہر جانے کا راستہ، موری، پرنالہ۔
بَدر کرنا : خارج کرنا، نکال دینا جلاوطن کرنا (شہر یا ملک کے ساتھ)
بَدرَقہ : (ف) (۱) قافلے کا نگہبان، رہنما (۲) محافظ، سپاہ، ملایہ

(۳) (اصطلاحِ طب میں) وہ دوا جو کسی دوسری دوا کی معاون ہو۔
بَدْری: مؤنث: (۱) وہ صحابی جو جنگِ بدر میں شریک تھے (۲) (ف) چھوٹی تھیلی۔
بِدْری: جست کے برتن، بٹن اور دوسری چیزوں پر چاندی سونے کا کام، اِس کام کو دکن کے ایک مقام بیدر سے نسبت ہے۔
بِدْعَت: (ع) مؤنث: (۱) اختراع، ایجاد، دین کی باتوں میں کوئی نئی بات یا رسم نکالنا (۲) (اصطلاحِ شریعت میں) دین میں ایسی نئی بات ایجاد کرنا جو رسول اللہ کے زمانے میں نہ تھی۔
بَدقَوما: نیچ، کم ذات، کم ظرف۔
بِدکانا: گھوڑے کو بھڑکانا، چونکانا، ڈرانا، چوکنا کر دینا (۲) (عم) اکھیڑنا، اُچاٹ دینا۔
بَدکنا: اُچھلنا، پھدکنا۔
بَدَل: (ع) مذکر: بدلا، عوض، تبادلہ، معاوضہ،
—— جانا: اپنے کہے سے پھر جانا، مکر جانا، یکسر انقلاب ہو جانا۔
بَدْلا: مذکر: (۱) معاوضہ، عوض (۲) اجر، صلہ (۳) انعام، بخشش (۴) اُجرت، (۵) ہرجہ، تاوان (۶) قصاص، انتقام۔
—— اُتارنا: کسی کے سلوک کا عوض کرنا۔
بَدلنا: پلٹنا، پھیرنا، تغیر و تبدل ہونا۔
بَدْلی: بادل کی تصغیر: (۱) بادل کا چھوٹا ٹکڑا (۲) ایک شخص کے کام پر دوسرے کا جانا، تبادلہ۔
—— کی چھاؤں: (۱) بدلی کا سایہ (۲) (مجازاً): ناپائے دار، بہت جلد مٹنے والا۔
بَدَن: پتلا، جسم، (ہڈی گوشت کا مرکب انسان یا حیوان)۔
—— پر بوٹی چڑھنا: موٹا تازہ ہونا، مٹاپا آنا۔
—— پھلنا/پھل جانا: جسم پر پھنسیاں یا چھوٹے دانے کثرت سے نکل آنا۔
—— پھوٹ جانا: جسم میں زخم پڑ جانا، بدن پٹخ جانا۔
بَدَن پھیکا ہونا: جسم گرم ہونا، خفیف حرارت ہونا، بخار پھیکا ہونا۔
—— توڑنا: انگڑائی لینا، سستی نکالنا۔
—— ٹوٹنا: (۱) جوڑ جوڑ میں درد ہونا، اعضا شکنی ہونا (۲) ریاضت سے جسم میں لوچ پیدا ہو جانا۔
—— جھٹکنا: جسم کا ڈھیلا ہو جانا۔
—— چرانا: بدن کو سمیٹنا، جسم کو چھپانا، جتنا جسم ہے اس سے کم اور سکڑا ہوا نظر آنا۔
—— چور چور رہونا: رگ رگ میں تکلیف ہونا، درد و حساس ہونا۔
—— دُہرا ہونا: جسم کا بہت خمیدہ ہونا، بہت جھکنا۔
—— سانچے میں ڈھلنا: جسم کے اعضا میں تناسب اور موزونیت ہونا۔
—— سوکھ کر کانٹا ہو جانا: بہت دُبلا اور لاغر ہونا۔
—— میں آگ لگنا/آگ سی لگنا: بہت غصہ آنا، بڑا فروختہ ہونا۔
—— میں جان نہ ہونا: بہت کمزوری اور ضعف ہونا۔
بَدْنا: (۱) مقرر کرنا، نام زد کرنا (۲) بازی لگانا، قول قرار کرنا، شرط لگانا، عہد کرنا (۳) سمجھنا، ماننا، تسلیم کرنا۔
بَدْو: (ع) (۱) آغاز، ابتدا، ظاہر ہونا، نمودار ہونا (۲) شروع کرنا آغاز ہونا (۳) جنگل، بیابان۔
بَدْوی: صحرانشین۔
بَدّو: عرب کا دیہاتی۔
بَدَہیات/بَدیہیات: (جمع بدیہی کی) کھلی ہوئی باتیں، ظاہر، روشن، جو محتاجِ دلیل نہ ہوں۔
بِدیا/وِدیا: (ہ) مؤنث: (۱) علم و ہنر (۲) فلسفہ (۳) شاستر کا علم (۴) چھل، فریب۔
بِدیس/وِدیش: مذکر: دوسروں کا ملک، غیر ملک، باہر۔
بِدیسی/وِدیشی: غیر ملک کا، دوسرے ملک کا، اجنبی، پردیسی۔
بَدیع: (ع) (۱) انوکھا، نادر، (۲) بنانے والا، موجد، (۳) نو ایجاد شے۔
بَدیہہ: (ع) برجستہ، ظاہر، ٹھیک۔
—— گوئی: مؤنث: بے غور و فکر کے کہنا، فوراً برمحل کہنا۔

بَدیہی: (ع)؛ وہ بات جو صاف عقل میں آئے، ظاہر، روشن، یقینی، (منطق کی ایک اصطلاح)

ب-دھ

بُدھ: مذکر؛ (۱) چہارشنبہ (۲) (اصطلاح نجوم میں) عطارد (۳) سمجھ عقل، تمیز (۴) عارف، خداشناس (۵) بودھ مذہب کے بانی گوتم کا لقب۔

بِدھ: (۵) مؤنث؛ (۱) جوڑ، میزان، (۲) ڈھب، وضع، طور، (۳) اچھے ستاروں کا ملنا۔

بِدھ مِلنا: (۱) حساب کا ٹھیک ہونا، (۲) موافقت ہونا (۳) سبب کُل جانا، کسی بات کی تہہ مل جانا، زائچے کے مطابق ہوجانا۔

بِدھاتا / وِدھاتا: (۵) مذکر؛ خالقِ مُطلق۔

بِدھان / وِدھان: (۵) مذکر؛ طریقہ، دستور، رواج۔

بَدھاوا: (۵) مذکر؛ (۱) خوشیوں کی تقریب میں لوگ جو کپڑے تحفے میں بھیجتے ہیں۔ (۲) مبارکی دینا، مبارک باد کا گیت، انعام واکرام۔

بَدھائی: (۵) مؤنث؛ (۱) بڑھوتری، بالیدگی، (۲) مبارکباد، انعام و اکرام، خوشی، مبارک بادی۔

—— گانا: مبارک باد اور خوشی کے گیت گانا۔

بَدھنا: مذکر؛ مٹی کا ٹونٹی والا لوٹا۔

بِدھنا: (۱) پھنسنا، (۲) رگ رگ میں اثر کر جانا، پیوست ہوجانا (۳) موتی میں سوراخ ہونا۔

بُدھو: (۵) مذکر؛ (۱) لفظی معنی: عقل مند (۲) (طنزاً)۔ بے سمجھ، بے وقوف کم عقل۔

بِدھوا / وِدھوا: (۵) مؤنث؛ بیوہ عورت۔ رانڈ۔

بَدھی: مؤنث؛ (۱) پھولوں کا خاص قسم کا ہار، زری کا خاص قسم کا ہار (۲) وہ نشان جو چٹائی بورے پر لیٹنے سے یا چوٹ لگنے یا وزنی بوجھ اٹھانے سے جسم پر پڑ جاتے ہیں (۳) چمڑے کا ٹکڑا جس پر حجام اُسترا صاف کرتے ہیں (۴) عورتوں کا زیور۔

بُدھی: (۵) مؤنث؛ عقل، تمیز، سمجھ۔

بُدھیا: وہ چوپایہ جس کے فوطے نکال دیئے گئے ہوں یا بے کار کر دیے گئے ہوں، آختہ کیا ہوا جانور۔

ب-ڈ

بِڈ: BED : (انگ) مذکر؛ بستر، بچھونا۔

—— رُوم ROOM —— سونے کا کمرا۔ خواب گاہ۔

—— لیمپ LAMP —— وہ چھوٹا لیمپ جو بستر کے پاس سوتے وقت جلایا جاتا ہے۔

بُڈھا / بوڑھا: مذکر؛ بڑی عمر کا آدمی۔

—— ٹھڈا: بہت بوڑھا۔

بُڈھی گھوڑی لال لگام: (مثل) بڑھاپے میں جوانی کے سے ٹھاٹ باٹ، لباس اور وضع اختیار کرنا۔

ب-ذ

بَذل: (ع)؛ مذکر؛ عنایت، بخشش، داد و دہش۔

بَذلہ: (ع)؛ چٹکلا، لطیفہ۔

ب-ر

بَر: مذکر؛ (۱) منگیتر، شوہر، (۲) کپڑے کی چوڑائی، عرض، (۳) مؤنث بیر۔

بَردان: مذکر؛ شادی کا عطیہ جو دلھن والوں کی طرف سے دولھا کو بھیجا جاتا ہے۔

بر دِکھوا / دکھائی: نسبت پکی ہونے سے پہلے لڑکے کو سسرال والوں میں دیکھنے کے لیے بلانے کی رسم۔

بَر: (ف) پر، اوپر، (۲) تن، جسم (۳) گود، بغل (۴) باہر، پھل۔

—— اَنگیختہ: غصے میں بھرا، آمادہ، (کرنا، ہونا کے ساتھ)

—— آشفتہ / برافروختہ: غصے میں بھرا ہوا۔

—— آمد: (۱) خرچ، مصارف، تجارت کے لیے مال اپنے ملک سے باہر بھیجنا (کسٹم)

—— آمد کرنا: کھوج لگانا، چوری کا مال نکالنا۔

—— آمد ہونا: (۱) باہر نکلنا (۲) چوری کا مال نکلنا، ظاہر ہونا۔

—— انداز: (ف)؛ خرچ، صرف۔

—— آمدہ: سامنے بان؛ (انگ، درانڈا)

—— آنا: پورا ہونا، کامیاب ہونا، حاصل ہونا۔

برآورد: تنخواہ کا کاغذ، تخمینے کی فرد، حساب کی فرد۔

برآور دکرنا: نکالنا، رقم نکالنا (کسی مد سے، خزانے سے بنک سے)۔

برباد کرنا: ناس کرنا، تباہ کرنا، خراب کرنا، اجاڑنا۔

برپا کرنا: (۱) کھڑا کرنا، قائم کرنا، مچانا، اٹھانا، پھیلانا (۲) آباد کرنا، خوش کرنا۔

برپا ہونا/رہنا: (۱) اٹھنا، مچنا، پیدا ہونا، (۲) چلنا، پھولنا۔

بَرتَر: بلند، بہتر، بزرگ، اعلا، غالب۔

بَرجستہ: بے سوچے، بے فکر کیے، بے ساختہ، فی البدیہہ، برمحل۔

برحق: سچا، سچ، ٹھیک، حق، درست۔

برخاست: بند، ختم، ملازمت سے علاحدہ؛ برطرف۔

برخاستہ خاطر/دِل/طبیعت: کبیدہ خاطر، رنجیدہ، آزُردہ دل۔

برخوردار: سعادت مند، نیک، فرماں بردار، بلند اقبال۔

—داشت: مؤنث؛ صبر، تحمّل۔

—داشتہ خاطر/دِل: اچاٹ، اُداس، رنجیدہ، بے دل۔

برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر: (ف، (مثل)؛ ظاہر میں اللہ والے ہیں، باطن میں دنیا دار، زبان پر پاک کلمات ہیں دل لالچ سے بھرا ہوا۔

—زبان کرنا/ہونا، برزبانی: خوب یاد کرلینا، خوب حفظ ہوجانا۔

—سرِ بازار: علانیہ، آشکارا، بھرے بازار میں، کسی کو شہرت دینا۔

—سرِ خطا ہونا: غلطی پر ہونا، خطاوار ہونا، ملزم ہونا۔

—سرِ کار ہونا: ملازمت سے لگے رہنا، بے کار نہ رہنا۔

—سرِ کین/کینہ ہونا: جھگڑے پر آمادہ رہنا، کینہ برتنا۔

—طَرَف ہونا/کرنا: علاحدہ کرنا، برخاست کرنا، موقوف کرنا، دُور کرنا۔

برعکس: الٹا، مخالف، دستور کے خلاف۔

—عکس نہند نام زنگی کافور: (ف، (مثل)، ایسا نام رکھنا جس میں نام کے بالکل خلاف صفت ہو، مثلاً کالے کا نام گورا۔

—قرار: قائم، بحال، ثابت، باقی، موجود، زندہ۔

—گزیدہ: (ف)؛ چُنا ہوا، منتخب، مقبول، پسندیدہ۔

—مَحَل: (۱) ٹھیک جگہ پر، عین وقت پر، ٹھیک موقعے پر، (۲) مناسب برجستہ، موزوں۔

—مَلّا: کھلم کھلا، کھلے خزانے، آشکارا، علانیہ۔

—گشتۂ ایّام/اختر/بخت/دولت/طالع: بدنصیب، بدقسمت۔

—گشتہ ہونا: پھر جانا، مخالف ہوجانا، باغی، سرکش ہوجانا۔

—برلانا: پورا کرنا، حاصل ہونا، تکمیل کو پہنچانا، (آرزو، تمنا، اور مراد کے ساتھ)

بَر/بَرّ: خشکی، زمین، جنگل۔

—اعظم: (اضافت کے ساتھ)؛ خشکی کا بڑا حصہ جس میں کئی ملک شامل ہوں۔

برّی فوج: زمینی فوج۔

بِرّ: (ع) نیکی، احسان۔

بَرّا/بڑا: مذکر؛ چنے یا ماش مونگ کی تلی ہوئی ٹکیاں۔

بُرا: خراب، ناگوار، بھونڈا، بھدّا، بَد۔

—آزار: دِق کا مرض، سِل کا مرض۔

—بنانا: رسوا کرنا، ملزم ٹھہرانا، مخالف بنانا، بدنام کرنا۔

—بھلا: مذکر؛ (۱) گالی گلوچ، بدزبانی، سخت وسُست (۲) اچھا، معمولی، نیک۔

بُرا چاہنا: (۱) کسی کی بُرائی کا متمنّی ہونا (۲) (کنایتاً)؛ حسد کرنا، عناد رکھنا۔

بُرا سا مُنہ بنانا: ناگواری ظاہر کرنا۔

بُرا لگنا: خراب معلوم ہونا، ناگوار ہونا، ناموزوں ہونا، بدنما ہونا۔

بُرا ماننا: ناخوش ہونا، رنجیدہ ہونا، خفا ہونا۔

بُرا نہ ہو: (بددعا) تیرا بُرا ہو، تجھ پر آفت آئے۔

بُرا وقت: نازک وقت، مصیبت اور تکلیف کا زمانہ، تنگی افلاس کے دن۔

بَرابَر: مقابل، ہم سَر، ٹھیک، مطابق، سیدھا، ہم وار، یک ساں ساتھ ساتھ، پہلو بہ پہلو، مثل، مانند، پاس، قریب، ترتیب وار

ہمیشہ، متواتر، مسلسل، سراسر، لگاتار، بے شک، ضرور۔
—— اُترنا: برابر جینا، یک ساں ہونا۔
بَرابَر: (ا) ساتھ ساتھ، پاس پاس، قریب قریب، پہلو بہ پہلو (۲) لگاتار، مسلسل، ترتیب وار، باقاعدہ۔
—— چھوٹنا (کشتی یا لڑائی میں): لڑائی میں کسی کی ہار جیت نہ ہونا۔
—— سَرابَر ہونا: (سَرابَر تابع مہمل): یک ساں ہونا، مساوی ہونا، فرق نہ رہنا۔
—— سے جواب دینا: بے تمیزی سے جواب دینا، گستاخی کرنا۔
—— کا ہونا: جوان ہونا، ہم سَر ہونا، جوڑا ہونا، مقابل کا ہونا۔
—— کرنا: (آبادی یا کسی چیز کا نشان): مٹا دینا، ختم کر دینا۔
—— کرنا: (روپیا، دولت، جائداد): اُڑا دینا، برباد کر دینا۔
—— کی چوٹ/ٹکر: برابر کی ٹکر، برابر کا مقابلہ،
—— ہونا: (ا) یک ساں ہونا، اڑ جانا، بے باق ہو جانا، مٹ جانا، ختم ہو جانا (۲) ہم سر و ہم رتبہ ہونا، ہم وزن ہونا، ہم سطح ہونا، (۳) آمنے سامنے ہونا (۴) اکارت ہو جانا، بھر جانا، لبریز ہو جانا (۵) یاد سے اُتر جانا۔
برابری کرنا: گستاخی کرنا، مقابلہ کرنا، ہم سری کرنا۔
بَرات: (ف)؛ مؤنث؛ (ا) حکم نامہ، فرمان، (۲) وہ تحریر جس کے ذریعہ سے خزانے سے تنخواہ نکالی جاتی ہے؛ کاغذ برآورد (۳) (مجازاً)؛ تنخواہ، گذر بسر کی رقم کا نوشتہ۔
—— عاشقاں بر شاخِ آہو: (اضافت کے ساتھ) (مثل) حصولِ مقصد مشکل ہونا بلکہ ناممکن ہونا، وعدہ پورا ہونے کی توقع نہ ہونا۔
بَرات/بارات: مؤنث؛ (ا) شادی، (۲) شادی کا جلوس؛ دولھا کے ساتھ کے لوگ، (۳) مجمع، بھیڑ (۴) شادی کا دن، شادی کا مجمع۔
بَراتی: مذکر؛ جو لوگ دولھا کے ساتھ دلھن کے گھر بیاہ کی تقریب میں جاتے ہیں۔
براج مان ہونا: (۱) بیٹھنا، تشریف رکھنا، تشریف لانا، زینت بخشنا، سوار ہونا، گدی پر بیٹھنا۔
بَراجنا: (ا) رونق افروز ہونا، جلوہ فرما ہونا (۲) عیش و آرام سے رہنا۔
بَرادَر: (ف)، مذکر؛ (ا) بھائی (۲) رشتہ دار، ہم قوم، ہم مذہب۔
—— اَخیافی: (اضافت کے ساتھ)؛ جن کے باپ جدا جدا ہوں اور ماں ایک ہو۔
—— حقیقی: (اضافت کے ساتھ)؛ سگے بھائی (ایک ہی ماں باپ سے)۔
—— خُرد: (اضافت کے ساتھ) چھوٹا بھائی۔
—— رِضاعی: (اضافت کے ساتھ)؛ دودھ شریک بھائی، وہ دو لڑکے جنھوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔
—— عَلّاتی: (اضافت کے ساتھ)؛ جن کی مائیں جدا جدا ہوں باپ ایک ہی ہو۔
—— نسبتی: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، سالا، بیوی کا بھائی۔
برادری: بھائی بندی، ذات، قوم، رشتہ داری، بھائی چارہ، قوم کے لوگ۔
—— باہر کرنا/خارج کرنا: ذات سے باہر نکال دینا، اپنے جتھے سے علاحدہ کرنا، حقہ پانی بند کرنا۔
بُرادہ: (ف)، مذکر؛ لکڑی، لوہے یا کسی چیز کا باریک چورا، سُفوف۔
براڈ کاسٹ: BROADCAST: (انگ) ریڈیو کی نشریات (گانا، خبریں، یا کوئی اور پروگرام) لاسلکی نشریہ۔
براڈ گیج: BROAD GAUGE: (انگ) چوڑی پٹری کی ریلوے لائن۔
براز/براز: (ع)؛ مذکر؛ گندگی، فضلہ، غلاظت، (اردو میں بول کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔
براعَتُ الاِستِہلال: (بَراعَتُ اسْتِہْلَال)؛ علم ادب کی ایک صنعت کا نام جس کے بعض تمہیدی الفاظ سے موضوع کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔
بُراق: (ع)، مذکر؛ (ا) وہ بہشتی جانور جس پر رسولِ خدا شب معراج میں سوار ہو کر آسمانوں پر تشریف لے گئے تھے (۲) محرم کے زمانے میں بنایا جانے والا وہ جانور جس کا دھڑ گھوڑے کا سا اور چہرہ آدمی کے مانند ہوتا ہے
بُرّاق/بَرّاق: (ع)؛ چمکیلا، نہایت سفید (۲) چالاک، مشاق، ہوشیار (۳) تیز رو
بَرّاقی: مؤنث؛ چمک دمک، تیزی۔
بَرامکَہ: (جمع برمک کی)، (ا) بغداد میں برمکی خاندان کے وزرا (۲) (مراد) سخی امرا، روسا۔
بُراں: (ف)، مذکر؛ بہت تیز، بڑا کاٹ کرنے والا۔
بَرانا: (ا) نیند میں بڑبڑانا، سوتے میں کچھ کہنا (۲) بہکنا، بُدبُدر کرنا،

بیان کرنا۔

بِرانا : (ہ)، مذکر؛ پرایا، غیر کا، بے گانہ۔

بِرانا : مؤنث؛ مُنہ چڑانا، طعنے دینا، منکانا۔

برانچ BRANCH : (انگ)، مؤنث؛ شاخ، شعبہ۔

برانڈ : BRAND : (انگ)؛ تجارتی نشان، مارکا، قسم۔

برانڈا : (ہ) (انگ، ورانڈا) دیکھو برآمدہ۔

برانڈی : BRANDY : (انگ) مؤنث؛ ایک خاص قسم کی تیز شراب۔

براؤن : BROWN : (انگ)؛ بھورا، مٹیالا، گندمی۔

براہین : (ع) مذکر؛ (جمع برہان کی)، دلیلیں۔

برائت : (ع) مؤنث؛ چھٹکارا، صفائی، بچاؤ، بے زاری، نجات۔

برائے : (ف)؛ (۱) واسطے، لیے (۲) وسیلے سے، برکت سے، صدقے میں، طفیل میں۔

—— **بیت** : شعر کی ضرورت سے بھرتی کا لفظ استعمال کرنا، زائد، حشو، فضول۔

—— **چند روز** : تھوڑے دنوں کے لیے چند دن کے واسطے۔

—— **خدا** : خدا کے واسطے، از بہر خدا/اللہ۔

—— **نام** : دکھاوے کے لیے، فرضی، تھوڑا سا، گنتی گنانے کے لیے۔

برایا : (ع)، مونث؛ (جمع برّیہ کی) مخلوق، خلقِ خدا، خلائق۔

بربری : (ف)؛ منسوب بہ بربر (افریقہ) کی طرف، ایک سڈول ہرن سے ملتی جلتی بکری۔

بربریت : (ع) مؤنث، وحشی پن، سنگدلی۔

برلبط : (ف) مذکر؛ ایک باجا، (جس کی شکل بطخ کے سینے کی طرح ہوتی ہے)، رَ؛ عود۔

برت : (ہ) مذکر؛ روزہ، اُپاس۔

برتا : مذکر؛ قوت، بل، طاقت، زور، حوصلہ،

برتاؤ/برتاوا : مذکر؛ ڈھنگ، سلوک، طریقہ، رواج، عمل، دستور۔

برتن : مذکر؛ باسن، ظرف۔

—— **بھانڈے** : برتن، باسن۔

—— **سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے** : (مقولہ) گھر والوں میں کسی نہ کسی بات پر کھٹ پٹ ہو ہی جاتی ہے۔

—— **کھنکنا** : (۱) مٹی کے برتن کو ٹھن ٹھنا کر پرکھنا کہ ٹوٹا تو نہیں ہے (۲) ٹوٹے برتن کی آواز۔

برتنا : (۱) استعمال کرنا، کام میں لانا (۲) تجربہ کرنا، آزمانا، (۳) خرچ کرنا۔

برتھ ڈے : BIRTH DAY : (انگ)؛ مذکر؛ سالگرہ، پیدائش کا دن۔

برتھ کنٹرول : BIRTH CONTROL : (انگ) مذکر؛ ضبط تولید۔

برٹش : BRITISH (انگ)؛ (۱) انگریزی (۲) برطانوی۔

—— **گورنمنٹ** : GOVERNMENT —— (انگ)، مؤنث؛ انگریزی حکومت، برطانوی حکومت۔

برج : BRIDGE (انگ)، مذکر؛ (۱) ایک قسم کا تاش کا کھیل، (۲) پُل۔

بُرج : (ع) مذکر؛ (۱) گنبد (۲) راس، سیارے کا گھر یا مقام، فرضی آسمانی دائرے کا بارھواں حصّہ۔

—— **آبی** : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ تین برجوں کا مجموعہ (۱) برج سرطان (کیکڑا)، (۲) برج عقرب (بچھو) (۳) برج حوت (مچھلی)؛

—— **آتشی** : (اضافت کے ساتھ)، (ف)؛ تین برجوں کا مجموعہ؛ (۱) برج حمل (مینڈھا) (۲) برج اسد (شیر) (۳) برج قوس (کمان)۔

—— **بادی** : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ تین برجوں کا مجموعہ؛ (۱) بُرجِ جوزا (جڑواں لڑکے)، (۲) بُرجِ میزان (ترازو)، (۳) بُرجِ دَلو (ڈول)۔

—— **خاکی** : (اضافت کے ساتھ)، (ف) تین برجوں کا مجموعہ؛ (۱) برج ثور (بیل)، (۲) بُرجِ سُنبلہ (گیہوں کی بالی)، (۳) برج جدی (بکرا)۔

بُرجی : بُرج کی تصغیر، چھوٹا بُرج، چھوٹا گنبد، گچی

برج : مذکر؛ اتر پردیش میں متھرا کا ضلع جس میں متھرا گوکل اور بندرابن

شامل ہیں، یہ جگہ کرشن جی کی پیدائش کا مقام ہے۔
—— بھاشا/ بھاکا: مؤنث؛ برج کی بولی۔
برجیس: BREECHES (انگ)؛ مذکر، ایک قسم کی پتلون جو پنڈلیوں پر چست ہوتی ہے۔
برجوری: (ہ)، مؤنث؛ زبردستی، زور آزمائی۔
برجیس: (ف)؛ مذکر۔ ستارۂ مشتری، اس ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے۔
برچھا: مذکر؛ بھالا، بلم۔
برچھی: چھوٹا بھالا۔
برف: (ع)، مذکر؛ جاڑے کا موسم، سردی، سرد۔
—— **اطراف**: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، (اصطلاحِ طب میں) جسم ٹھنڈا ہو جانا، موت کی علامت۔
برو: (ف)، مؤنث؛ (۱) آمدنی، منافع، مفت کی رقم (۲) رشوت، بالائی آمد، (۳) شطرنج کی ایک اصطلاح۔ سوائے بادشاہ کے کوئی گوٹ نہ رہے۔
—— **مارنا**: (۱) شطرنج کی نصف بازی جیتنا (۲) کامیابی حاصل کرنا (۳) رشوت لینا (۴) کسی کا مال مارنا، فائدہ حاصل کرنا۔
برودا: (ہ)، مذکر؛ بیل، سانڈ۔
برودبار: سنجیدہ متحمل، برداشت کرنے والا۔
برودہ: (ترکی)، مذکر و مؤنث؛ بندہ، غلام، کنیز، لڑائی کا قیدی۔
—— **فروش**: (ف)، لونڈی غلام بیچنے والا۔
برزنا: (۱) تختے، چارپائی یا کسی چیز کا ٹیڑھا ہو جانا، اینٹھنا۔ (۲) (مجازاً) غرور کرنا۔
برزخ: (ع)، (۱) آڑ، پردہ، (۲) (اصطلاحِ شرعی)، موت کے بعد سے قیامت تک کا زمانہ۔
برزن: (ف)، مذکر؛ گلی، کوچہ، سڑک۔
برس: مذکر؛ سال، بارہ مہینے کا زمانہ۔
برس برس کا دن: وہ خوشی یا جشن کا دن جو سال بھر کے بعد آئے۔
—— **گانٹھ**: سال گرہ، (ہ)، (ورش گانٹھ)۔
برسوں: سال ہا سال۔
برسویں دن: سال میں ایک دن ایک دفعہ۔
برسی: مؤنث؛ موت کی وہ تاریخ (دن)، جو سال میں ایک بار آئے۔
برسات: مؤنث؛ پانی برسنے کا زمانہ، بارش کا موسم۔
—— **کی چاندنی**: ناپائے دار چیز، چار دن کی چاندنی۔
برساتی: (ا)، بارانی (۲) برسات سے بچنے کا لمبا کوٹ (۳) گھر کی چھت پر بے دروازے کا سایے بان (شیڈ)۔
—— **فصل**: برسات کی رُت، وہ اناج کا بیج جو برسات میں بویا جائے۔ وہ غلہ جو برسات کی فصل سے حاصل ہو۔
—— **کیڑے**: (ا) وہ چھوٹے کیڑے جو برسات میں پیدا ہوتے ہیں (۲) (مجازاً) جو وقتی طور پر سامنے آئے۔
برس پڑنا: (ا) مینہ کا یکایک زور سے برس آنا، اچانک زور سے پانی پڑنا، (۲) غصہ اُتارنا، بے طرح غصہ ہونا، جی بھر کے نکالنا۔
برسنا: (ا) پانی پڑنا، بارش ہونا، (۲) حالت کا ظاہر ہونا۔ (۳) کیفیت یا آثار معلوم پڑنا، (۴) افراط سے آمدنی ہونا کثرت سے ملنا۔
برسپت/ برہسپت: (ہ)، (ا) جمعرات، پنج شنبہ (۲) ستارۂ مشتری۔
برش: BRUSH (انگ)؛ مذکر؛ (ا) قلم، مصور کا قلم (۲) دانت، کپڑے یا جوتے صاف کرنے کی چیز۔ (۳) نائلون یا سخت بال کا بنا ہوا وہ قلم جس سے دانت صاف کرتے ہیں۔
برش: (ف)، مؤنث؛ کاٹ، تیزی۔
برشتہ: (ف)، بُھنا ہوا۔
برشکال/ برشگال: (ف)، مؤنث؛ برسات، بارش۔
برص: مذکر؛ ایک بیماری، جس سے بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں، اور کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔
برِّ صغیر: (ع)، مذکر؛ کسی برِّ اعظم کے کچھ بڑے ٹکڑوں کا مجموعہ جن میں یکسانیت پائی جائے۔
برف: (ف)، مؤنث و مذکر، (ا) وہ پانی جو جم کر بہت ٹھنڈا اور

سفید ہوجاتا ہے، (۲) بہت ٹھنڈا، بہت سرد۔

بَرف کی کُھتّی : وہ گڑھا جس میں قدرتی برف جمع کرکے محفوظ کرلی جاتی ہے۔

ـــــ میں لگانا : کسی چیز کو برف میں رکھ کر ٹھنڈا کرلینا۔

ـــــ ناک : برف کی طرح ٹھنڈا، بہت ٹھنڈا، سرد ترین۔

بَرْفاب : (ف) برف کا پگھلا ہوا پانی، برف ڈالا ہوا ٹھنڈا پانی۔

بَرْفانی : برف کی طرف منسوب، بہت ٹھنڈا، برف سے متاثر۔

بَرْفی : (ف) دودھ سے بنی ایک مشہور مٹھائی۔

بَرْفیلا : مذکر؛ برف کی طرح سرد، بہت ٹھنڈا، برفناک۔

بَرق : (ع) مؤنث؛ (۱) بجلی (قدرتی اور مصنوعی دونوں) (۲) تیز، چالاک، ہوشیار، مشاق (۳) صاف، شفاف، چمکیلا۔

ـــــ خاطِف : (اضافت کے ساتھ) آنکھوں کو جھپکا دینے والی چمک، آنکھوں کو خیرہ کردینے والی چمک۔

ـــــ دَم : (۱) وہ ہتھیار یا اوزار جس کی دھار بہت تیز ہو، (خاص طور پر تلوار) (۲) (مجازاً) بہت تیز چالاک، ہوشیار۔

ـــــ دَمان : چمکنے والی بجلی۔

ـــــ رَو : بجلی کی رفتار سے چلنے والا، انتہائی تیز رفتار۔

ـــــ وَش : بجلی کی طرح تیز، چمکیلا، شوخ وطرار۔

ـــــ ہونا : بہت تیز ہونا، بڑا چالاک، مشاق، ازبر ہونا۔

بُرْقَع : (ع) مذکر، (۱) نقاب (۲) وہ خاص وضع کا لباس جسے پہن کر پردہ دار عورتیں باہر نکلتی ہیں۔

ـــــ پوش : برقع اوڑھنے والی۔

بَرْقَنْداز : مذکر؛ بندوقچی، محافظ سپاہی، بندوق والا، پاسبان۔

بَرَک : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا اونی کپڑا جو اونٹوں کے بالوں سے بنایا جاتا ہے۔

بَرَکَت : (ع)؛ نعمت کی زیادتی، نیکی، ترقی، افزایش۔

ـــــ اُٹھنا/جانا/اُٹھ جانا/اُڑ جانا : برکت جاتی رہنا، رونق نہ رہنا، نکبت آنا۔

ـــــ ہونا : ترقی ہونا، زیادتی ہونا، (نیک شگون کے لیے) تمام ہونا، ختم ہونا۔

بَرَکات/بَرَکات : (ع) مذکر و مؤنث (جمع برکت کی)، برکتیں۔

بُرَکنا/بُرَک دینا : کسی چیز پر کوئی سفوف چھڑکنا، سفوف ڈالنا۔

بَرکھا : مؤنث؛ برسات، مینہ۔

بَرَگ : (ف)، مذکر؛ پتا، توشہ، سامان۔

بَرَگ تَمبُول : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پان۔

ـــــ سَبز : (اضافت کے ساتھ)، (کنایتاً) کم حیثیت چیز، حقیر چیز۔

ـــــ سبز اَست تحفۂ دَرویش : (ترجمہ: ہرا پتا درویش کا تحفہ ہے)، حقیر تحفہ، معمولی تحفہ۔

ـــــ وبار : پتے اور پھل۔

ـــــ وساز/نَوا : ساز وسامان، زندگی بسر کرنے کا سامان، کھانے پینے کا سامان، معاش کا اسباب، توشہ، خوراک۔

بَرگا : مذکر؛ چھوٹی لکڑی، بانس کے چھوٹے ٹکڑے جو قبر بند کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔

بَرگَد : (ہ) مذکر؛ بڑ کا درخت۔

ـــــ کی جٹا/داڑھی : مؤنث؛ برگد کی وہ جڑیں جو رسّی کی طرح لٹکتی ہیں اس میں ریشے ہوتے ہیں، زمین تک پہنچ کر تنا بھی بن جاتی ہیں۔

بِرلا : (ہ) مذکر؛ انوکھا، نادر، عجیب، لاثانی۔

بَرما : (ف) مذکر؛ (۱) لوہے کا اوزار جس سے سوراخ کیا جاتا ہے (۲) ایک ملک کا نام جو ہندستان کے ـــ مشرق میں واقع ہے۔

بَرمانا : (۱) برمے سے سوراخ کرنا (۲) (مجازاً) زخمی کرنا، دل چھید دینا، بے چین کردینا، گرمانا۔

بَرَم راکَس/بَرَہَم راکَشَش : ایک قسم کی خبیث روح۔

بَرَن/وَرن : مذکر؛ (۱) جنس، سراپا، حلیہ (۲) ذات، قوم، ہندوؤں کی چار ذاتوں (برہمن، چھتری، ویش، شودر) میں سے کوئی ذات۔

بَرنا : (ف)، مذکر، نوجوان، نوعمر نوجوان، (ہ) جلنا۔

بِرِنج : (ف) مذکر؛ (۱) پیتل تانبا، جست ملا ہوا (۲) چاول۔

بِرِنجی : چھوٹی کیل؛ (پیتل کی)۔

بَرَنگا : مذکر؛ لکڑی کے چھوٹے تختے جو چھت پاٹنے کے کام میں آتے ہیں۔

بَرَنگا : مذکر : لکڑی کے چھوٹے تختے جو چھت پاٹنے کے کام میں آتے ہیں۔

بَرَنی : مؤنث (ا) وہ جگہ جہاں سے پلکیں نکلتی ہیں (۲) شیشے کے مرتبان، کانچ کے بڑے مُنہ کے برتن جو مرتبان کی طرح ہوتے ہیں، (۳) بلند شہر بولپی کا رہنے والا۔

بَرَوا : مذکر : (۱) خراب قسم کی بالو کی زمین (۲) ایک راگنی جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس سے وحشی جانور رام ہو جاتے ہیں۔

بِرَوا : (ف) مذکر : پودا، درخت۔

بُرُوت : (ف) مونچھ۔

بَرُوٹھا : مذکر : ڈیوڑھی، اندرونی مکان کے دروازے سے ملا ہوا باہری کمرا، مردانہ بیٹھک۔

بُرُوج : (ع) (جمع بُرج کی)۔

بُرُودَت : مؤنث : ٹھنڈک، سردی۔

بِرُوگ : جدائی، ہجر۔

بِرُوگن : مؤنث : جدائی کی مصیبت میں مبتلا عورت۔

بِرُوگی : مذکر : ہجر نصیب، جدائی کی مصیبت میں گرفتار عاشق۔

بَرُومَند : پھل لانے والا پیڑ، بارآور درخت، فائدہ حاصل کرنے والا مستند، کامیاب۔

بَرّہ : (ف) مذکر : بکری یا بھیڑ کا چھوٹا بچہ۔

بِرہ : (ہ) مذکر : جدائی۔ ہجر۔

بِرہا : (ہ) مذکر : فراق کے مضمون کا گیت۔

بُرہان : (ع) مؤنث : پکی دلیل : وہ دلیل جس میں شک و شبہ نہ ہو، قطعی دلیل۔

بَرہَم : غصہ، خفا، ناراض، پریشان، بے ترتیب۔

—— **وَدَرہَم / بَرہَم دَرہَم** : تتر بتر، پریشان، بے ترتیب۔

بَرہَمی : غصے کی حالت : ابتری، پریشانی۔

بَرہَم چاری : (ہ) مذکر : طالب علم، زاہد، متقی، انسان کی زندگی کے چار مدارج ہیں، ان میں سے ابتدائی پچیس سال تک کی عمر کو (برہم چریہ) کہتے ہیں، اس عمر میں وہ صرف وید شاستر پڑھتا ہے، اور بیاہ نہیں کرتا۔

بَرہَمَن : (ف) (بَرہَمَن / بَہمَن / بامَن / بَمَن) (۱) ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے ایک چوٹی کی ذات، (۲) ہندو مت کے علما، (دیوداں) پجاری، پنڈت، ہندوؤں کا مذہبی پیشوا۔

بَرہمَن : (ہ) برہما یعنی خالق مطلق اور وید کا جاننے والا۔

بِرہما : ہندوؤں کے عقیدے میں ایک دیوتا کا نام۔

بِرہمَن : (ہ) مؤنث : محبوب یا شوہر کی جدائی میں کڑھنے والی عورت۔

بَرہَنہ : (ف) : ننگا، کھلا، عریاں۔

بَرہی / بِرہی / بَرہی رُوٹی : مؤنث : وہ روٹی جس میں دال بھر کر پکاتے ہیں۔

برہیلا / بڑھیلا : مذکر : جنگلی سور۔

بَری : مؤنث : ساچق، وہ دلہن کے کپڑے زیور اور پھل مٹھائی وغیرہ جو دولھا کے گھر سے دلھن کے یہاں بھیجے جاتے ہیں۔

بَری / بَڑی : مونگ، ماش یا چنے کی چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں (بڑی گولی کے برابر) جو سکھالی جاتی ہیں اور سالن کی طرح پکائی جاتی ہیں

بَری : (ع) : آزاد، مستثنا، بے جرم، پاک، بے گناہ، بے عیب، بے قصور۔

بَرِیُ الذِّمّہ : (بَری یُذ ذِمّہ) : ذمہ داری سے سبکدوش، جس پر کوئی ذمہ داری نہیں۔

بِری / بِری بِری دھت دھت : ہاتھی کو چلنے کے لیے کہنے کا کلمہ (جو مہاوت کہتے ہیں)۔

بُری : مؤنث : بُرا،

—— **آنکھ ڈالنا** : خراب نیت سے دیکھنا، بُری نظر سے دیکھنا۔

—— **بَسْت** : حرام چیز، سور۔

—— **بلا** : آفت، مصیبت۔

—— **بھلی جاننا** : اچھے بُرے کی تمیز ہونا، ہوشیار ہونا۔

—— **چیز** : حرام چیز، سُور۔

—— **سمانا** : خراب دُھن ہونا، بُری بات کا ارادہ ہونا۔

—— **مت** : الٹی عقل، ہیٹی طبیعت، خراب دماغ۔

—— **نوبت ہونا** : حالت خراب ہونا، نازک ہونا۔

بُرے دن : منحوس دن، مصیبت کا زمانہ۔

—— **کی جان پر** : دشمن پر۔

—— **وَقت** : ۱۰۰، وقت، نامناسب وقت پر، بے محل۔

بریاں : (ف)؛ بھنا ہوا، تلا ہوا۔
بریانی : (ف)؛ ایک قسم کا نمکین پلاؤ جس میں گوشت بھون کر ڈالتے ہیں۔
برئیت : مؤنث؛ جرم سے کسی چیز سے، بے تعلقی کا فیصلہ، بے قصور ہونا، نجات، سبک دوشی، پاک ہونا، صاف ہونا، باعزت رہائی، بے عیب آزادی۔
برئیٹھا : (ہ۔عم)؛ مذکر و مؤنث؛ دھوبی، کپڑا دھونے والا۔
برئیشم : (ف)، مذکر؛ ابریشم۔
برئیک : BRAKE (انگ) : مذکر؛ (۱) روک، وہ پرزہ جس سے کسی چلتی مشین کو روکا جاتا ہے (۲) ریل کے گارڈ کا ڈبا یا لمبا ڈبا۔
برئیکیٹ : BRACKET (انگ۔مذکر)؛ قوسین ([ ])، دو نشانات۔
بریگیڈ : BRIGADE (انگ) مذکر، فوج کا ایک حصہ جو توپ خانہ، رسالے اور پیدل فوج پر مشتمل ہوتا ہے۔ کوئی منظم جماعت۔
بریہن : (ف) برتر، بلند، عالی۔
بریں : (ہ) (۱) گسم کا بیج، (۲) جمع بر (یعنی بھڑ) کی۔

ب۔ڑ

بڑ : مذکر؛ برگد۔
بڑ : مؤنث؛ جھک، بکواس، دیوانوں مجذوبوں کی باتیں۔
—— مارنا : مجذوبوں کی سی باتیں کرنا، لفاظی کرنا۔
—— ہانکنا : بڑ مارنا۔
بڑا : مذکر؛ کلاں، وسیع، دراز، لمبا، چوڑا، چکلا، اعلا، بلند، عظیم الشان، اونچا، بہت، بزرگ۔
—— اُستاد : گرو، ہوشیار، چالاک۔
—— آدمی : امیر، عزت والا، لیڈر، جس شخص میں کسی قسم کی بڑائی ہو۔
—— آزار/بُرا آزار : سیل، دق۔
—— بوڑھا : باپ دادا، بزرگ، سرپرست، ضعیف۔
—— بول : مذکر؛ ڈینگ، شیخی، خودستائی، غرور کی بات۔
—— بول آگے آنا/سامنے آنا : مغرور کا سر نیچا ہونا، غرور کی سزا ملنا، مغرور کا ذلیل ہونا۔
—— بول بولنا : غرور کی بات کرنا، شیخی مارنا۔
—— پیر مارنا : (طعن سے) بہت بڑا کام کرنا، بڑا حوصلہ دکھانا
—— جُثّگی : بہت بڑا، وزنی۔
—— دِن : مذکر؛ کرسمس؛ عیسائیوں کا تہوار جو پچیسویں دسمبر کو ہوتا ہے۔ یہ حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن ہے۔
—— دیدہ ہونا : نڈر ہونا، شوخ چشم ہونا، بے باک ہونا۔
بڑا روگ : مذکر، تپ دق۔
بڑا گھر : (۱) شریف خاندان، امیر گھرانا (۲) جیل خانہ۔
—— گھرانا : عالی خاندان، معزز خاندان، امیر گھر۔
—— نام کرنا : بڑی عزت پیدا کرنا، شہرت حاصل کرنا۔
—— نوالہ کھائے بڑا بول نہ بولے : (مثل)؛ بڑا نوالہ کھانا بدتمیزی ہے مگر بڑا بول بولنا اس سے بھی بدتر ہے۔
بڑائی : مؤنث؛ (۱) بزرگی، عظمت (۲) درازی عمر (۳) جسامت (۴) تعریف، توصیف، مدح (۵) منصب، درجہ (۶) طوالت، لمبائی اونچائی (۷) عزت، آبرو، ادب، لحاظ (۸) فضیلت، خوبی (۹) شیخی، خودنمائی، غرور، گھمنڈ۔
بڑبڑ : مؤنث؛ بک بک، زبان چلانا۔
بڑبڑانا : (۱) چپکے چپکے بکنا یا کسی کو برا بھلا کہنا، منہ میں کچھ بولے جانا (۲) چپکے چپکے پڑھنا۔
بڑبڑیا/بڑبڑیا : بکی، جو منہ میں آئے بک دے۔
بڑبھس : مؤنث؛ بڑھاپے میں جوانی کی امنگ، وہ بدخوئی اور بدمزاجی جو بڑھاپے میں ہو جاتی ہے، بڑھاپے کی وجہ سے عقل جاتی رہنا
بڑپیٹو/پیٹیا : بڑے پیٹ والا، لالچی، بہت کھانے والا۔
بڑمونہی : سورنی، سور کی مادہ۔
بڑنگا : مذکر؛ کڑی، شہتیر۔
بڑہل : ایک چھوٹا کھٹا میٹھا پھل۔
بڑی : مؤنث؛ (۱) چھوٹی کی ضد، کلاں، دراز، بزرگ (۲) نہایت، از حد۔
بڑی بوڑھی : بزرگ عورت، زیادہ عمر کی عورت، سرپرست عورت۔

—— بی: (عزت سے)؛ بوڑھی عورت، بوڑھی ملازمہ۔
—— چیز: (۱) اہم بات، امرِعظیم، غیر معمولی (۲) (عو) قرآن شریف۔
—— ڈیوڑھی/سرکار: (مجازاً)؛ بڑے فیاض۔
—— ناک والا: (طنزاً)؛ بڑی عزت والا، بڑی غیرت والا۔
بڑے: بزرگ، بڑے بوڑھے، خاندان کا بڑا۔
—— ابّا: تایا، باپ کے بڑے بھائی۔
—— باپ کا بیٹا: نامی شخص کا بیٹا، عالی خاندان، عزت والا، بڑا آدمی۔
—— بڑے/بڑوں: اچھے اچھوں، اچھے اچھے نامی لوگ، معززین۔ ہوشیار، عقل مند، تجربہ کار۔
—— بول کا سر نیچا: (مقولہ) غرور اور شیخی کا نتیجہ خفت اور ذلت ہے۔
—— حضرت: بڑے چالاک، بڑے چال باز، بڑے شریر۔
—— صاحب: دفتر یا ادارے کا سب سے بڑا افسر، رئیس یا بزرگ کا بڑا بیٹا۔ گھر کا بڑا بوڑھا، بڑی عمر کا آدمی، (بڑے میاں)۔
—— کا گوشت: گائے، بھینس یا بیل کا گوشت۔
—— کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھوٹائی رکھنا: (مقولہ) بے ادب ہونا بدلحاظ ہونا، بے تمیزی کرنا۔
—— میاں: (عزت و تعظیم سے)؛ بڑی عمر کا آدمی، بوڑھا، صاحبِ خانہ۔
—— میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ: (مثل) بڑے میاں تو تیز ہیں ہی چھوٹے صاحب ان سے بھی بڑھ کر ہیں۔ گھر کا گھر تیز اور چالاک ہے۔
بڑھ جانا: (۱) آگے نکل جانا، سبقت لے جانا، آگے چلا جانا (۲) دولت مند ہو جانا۔ عزت مرتبے میں ترقی کرنا، (۳) حد سے بڑھ جانا۔ طوالت ہو جانا (۴) چراغ بجھ جانا (۵) ایک چیز کا دوسری چیز سے زیادہ ہو جانا، دکان یا دسترخوان اٹھ جانا۔
بڑھ چڑھ کے/بڑھا چڑھا کے: بہتر، برتر، بالاتر، فائق (مبالغہ کے ساتھ)۔
—— چلنا/بڑھ کے چلنا: (۱) گستاخ ہونا، مغرور ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا (۳) آگے بڑھنا، پیش قدمی کرنا۔
—— کے لینا: پیشوائی کرنا، آگے بڑھ کر استقبال کرنا۔
بڑھانا: (۱) تعریف میں مبالغہ کرنا (۲) ترقی دینا۔
بڑھاپا: مذکر؛ عمر کا وہ حصہ جس میں انسان بوڑھا ہو جاتا ہے۔ پیری، عمر رسیدہ۔
بڑھاوا: مذکر؛ فریب، ترغیب، جھوٹی تعریف، مبالغہ، خوشامد۔
بڑھتی: (۱) زاید، فاضل، فالتو (۲) برکت، ترقی۔
بڑھنا: (۱) نشوونما ہونا، قدوقامت زیادہ ہونا (۲) پھولنا، پھلنا، سرسبز ہونا (۳) طول طویل ہونا، لمبا ہو جانا (۴) آگے ہونا، سبقت لے جانا، آگے جانا۔
بڑھوتری: مؤنث؛ (۱) ترقی، سود، نفع (۲) بچے کے بڑھنے کا زمانہ، نشوونما۔
بڑھوتی: (۵) مؤنث؛ بڑھاپا، بڑھاپے کا زمانہ۔
بڑھئی: مذکر؛ (۱) نجار، لکڑی کا کام کرنے والا (۲) ایک پرندہ کھٹ بڑھئی۔
بڑھیا: اعلا درجے کا، قیمتی، بہت اچھا۔
بڑھیا: مؤنث: (۱) بوڑھی عورت (۲) آک، اور سنبل کے درخت کی روئی جو ہوا میں اڑتی ہے۔
—— آفت کی پڑیا: فتنہ اٹھانے والی بوڑھی عورت، خطرناک بوڑھی عورت۔
—— کا کاتا: ایک لچھے دار مٹھائی جو بڑھیا کے بالوں کی طرح ہوتی ہے

ب - ز

بُز: دف)؛ بکری۔
—— اَخفش: (اضافت کے ساتھ)؛ (اخفش کی بکری)؛ نافہم، بے سمجھ، ہاں میں ہاں ملانے والا۔
—— دِل/بُزدِلا: ڈرپوک، کم ہمت، کم حوصلہ۔
—— غالہ: پہاڑی بکری۔
—— قصّاب: بکری کا گوشت بیچنے والا قسائی۔
بَزّار: بازار کا مخفف۔
بزّاز: (ع) مذکر؛ (بغیر تشدید بھی)؛ کپڑا بیچنے والا۔
بزازا: کپڑا فروخت ہونے کا بازار۔

بُزرجمہر : نوشیرواں عادل کے وزیراعظم کا نام جو بڑا قابل اور لائق تھا۔

بُزُرگ : (ا) بڑا، سن رسیدہ (۲) معزز، شریف، صاحبِ شان و شوکت، (۳) باپ دادا، (۴) متقی، پرہیزگار، پارسا، زاہد، ولی، (۵) (طنزاً) ؛ شریر، چالاک آدمی، بڑے حضرت۔

—— **سال** : بڑی عمر کا، بوڑھا، سال خوردہ۔

—— **داشت کرنا/ہونا** : بزرگی کا احترام کرنا، کسی کی بڑائی کا لحاظ کرنا۔ خاطرداری کرنا، خدمت کرنا، خبرگیری رکھنا۔

—— **مَنِش** : اچھی سرشت کا، اچھی طینت کا، اچھی عادت و طبیعت کا۔

بُزُرگانہ : بزرگوں کی طرح کا، بزرگوں کی وضع کا۔

بزرگوار : بزرگوں جیسا، بزرگ۔

بزرگوں کا ٹھیکرا : موروثی مکان، بزرگوں کی معمولی پس ماندہ جائے داد۔

بزرگی بہ عقل است نہ بہ سال : (ف) مقولہ؛ بزرگی عقل سے ہے عمر سے نہیں۔

بَزْلہ : (ف) ہنسی، باتیں، ظرافت؛ لطیفے۔

—— **سنج/گو** : لطیفے کہنے والا، ظرافت کی باتیں کرنے والا، شیریں گفتار۔

بَزْم : (ف)؛ مؤنث؛ محفل، خوشی کی محفل، مجلس۔

—— **افروز** : مجلس کی رونق، مجلس میں شریک ہونے والے۔

—— **آرا** : محفل منعقد کرنے والا، محفل نشین۔

—— **سُخَن** : (اضافت کے ساتھ)؛ مشاعرے کی محفل، شعراء کی مجلس؛

—— **نشاط** : (اضافت کے ساتھ) خوشی کی محفل۔

—— **نشین** : (کنایتاً)؛ صاحبِ بزم، محفل منعقد کرنے والا۔

بِزَن : (ف) قتل کا حکم، مارنے کا حکم (۲) قتلِ عام (۳) جنگی فوج کا حصّہ۔

—— **بولنا/کرنا** : قتلِ عام کا حکم دینا، دھاوا کرنا، حملہ کرنا۔

بزنس BUSINESS : (انگ)؛ مؤنث؛ پیشہ، شغل، کاروبار، (۲) کام، غرض منصبی۔

—— **مین** MAN —— : (انگ)؛ مذکر؛ کاروباری، تاجر

ب - س

بَس : (ا) سکت، قوت، طاقت، زور (۲) (۵) قابو، اختیار۔

بَس : BUS (انگ)؛ مؤنث؛ وہ موٹر جو عام موٹر گاڑی سے زیادہ بڑی اور لمبی ہوتی ہے اور بہت سے آدمیوں کو بٹھاتی ہے۔

بَس : (ف)؛ (تاکیدی کلمہ)؛ رکو، ٹھہرو، بہت، کافی، خاموش رہو، صرف۔

—— **چلنا** : قابو ہونا، اختیار ہونا۔

—— **کہ** : چونکہ، اس لیے۔

—— **کی بات** : اختیاری معاملہ، قابو کی بات۔

بِس : مذکر؛ (ا) زہر، (۲) فساد جھگڑا، فتنہ، خطرناک شرارت، مصیبت۔

بِس بھرا : زہریلا، کینہ پرور، فسادی۔

—— **کی پڑیا** : بس کی پوٹ، بس بھری، فساد پھیلانے والی۔

—— **کی گانٹھ** : (ا) بس کی جڑ، بس کی بوٹی، بس کی گرہ (۲) مجازاً: فسادی، جھگڑالو، مردم آزار۔

—— **کھپرا/کھپرا/کھوپرا** : مذکر؛ (ا) ایک بوٹی (۲) ایک زہریلا جانور بڑے گرگٹ کی ہمشکل ہوتا ہے۔

بسا : (ف)؛ بہت، اکثر،

—— **اوقات** : بہت دفعہ، بارہا، اکثر۔

بِساط : مؤنث؛ (۵) بِساط (ع)، دیکھو بساط۔

بساط : (ع) مؤنث؛ (ا) بچھونا، بستر، فرش (۲) شطرنج، چوسر کھیلنے کے خانے والا تختہ، کپڑا (۳) سرمایہ، حوصلہ، حیثیت (۴) طاقت، قوت، مقدرت، اصل حقیقت (۵) گھر کا اسباب، اثاث البیت۔

بساط خاک : (اضافت کے ساتھ)؛ فرشِ زمین۔

بساط خانہ : وہ مقام جہاں بساطی دکان لگاتے ہیں، بساطیوں کا بازار۔

بساط سے باہر : مقدور سے زیادہ، حیثیت سے بڑھ کر۔

بَسالَت : (ع)؛ مؤنث؛ دلیری، بہادری۔

بسان : (ف)؛ (حرفِ تشبیہ)؛ مانند، مثل۔

بسانا : (ا) خوش بو دینا، معطر کر دینا، کسی چیز کی دوسری چیز میں بساوٹ

ہونا (۲) آباد کرنا، ٹھہرانا۔

بِساندْ / بِساہَنْدْ: (ا) مچھلی کی سی بُو، کچے گوشت کی سی بُو (۲) اصلی عیب خاندانی بُرا اثر۔

بِساندا: (ا) بدبو کا جس میں بساہند آتی ہو (۲) غیر مہذب بات۔

بَساوَٹ: مؤنث: مہک، خوش بُو، کسی قسم کی بسی ہوئی بُو۔

بِساہا: مذکر: بیس ناخن اور زہریلے دانت والا کتا۔

بَسْت: اسباب، جہیز، زیور، اثاثہ (اردو میں چیز کے ساتھ استعمال میں آتا ہے: چیز بست، تنہا نہیں بولتے)۔

بُستار: (ہ) مذکر: (ا) بہت، کثرت، زیادتی، (۲) پھیلاو، وسعت۔

بُستاں / بُوستاں: (ف) مذکر: پھولوں کا باغ، گل زار۔

بِستَر: مذکر: بچھونا، فرش۔

—— اٹھانا: (ا) کسی مقام کا رہنا سہنا چھوڑ دینا، سکونت ترک کرنا (۲) بچھونا اٹھانا، سمیٹنا۔

—— سے پیٹھ لگ جانا: اتنے بیمار ہو جانا کہ بستر میں ہی لیٹے رہنا۔ صاحب فراش ہو جانا۔

بِسترا: دیکھو بستر؛ (ا) (فقرا کی اصطلاح میں): لباس؛ پوشاک، کپڑا (۲) تکیہ فقیروں کے رہنے کی جگہ (۳) (غم) بستر اوڑھنا بچھونا۔

بَستگی: (ف) مؤنث: (ا) (اصطلاحِ طب)، قبض (۲) (دل کے ساتھ): دل بستگی، جی لگنا، تفریح، (۳) بند ہونا، تفریح نہ ہونا۔

بَستَنی: (ہ) مؤنث: (ا) وہ کپڑا جس میں کچھ باندھا جائے (۲) غلاف ستار، سارنگی، پنجرے کی پوشش۔

بَست وکُشاد: (ا) بند اور کھلا ہوا (۲) الجھاو اور سلجھاو (۳) حل وعقد (۴) پیچیدگی اور اس کا حل۔

بَستَہ: (ف) مذکر: کاغذات باندھنے کا کپڑا، جزدان، بقچہ (۲) جما ہوا بندھا ہوا (۳) بند، افسردہ۔

بَستی: مؤنث: (ا) آباد جگہ، بسی ہوئی جگہ گاؤں قصبہ، (۲) رونق، چہل پہل۔

بَسَر: (ف) مؤنث: گذر۔

—— اوقات: گزر بسر۔

—— کرنا: زندگی کاٹنا، گزر کرنا، تمام کرنا، زندگی کے دن پورے کرنا۔

بِسَرْ: مذکر: بھول۔

بِسَرا: بھولا ہوا، (اردو میں بھولا کے ساتھ)، بھولا بسرا۔

بِسرانا: بھلا دینا، غلط راستے پر چلانا

بِسَرنا / بسر جانا: بھول جانا، چوک جانا۔

بِسرام / بِشرام / وِشرام: (ہ) مذکر: چین، آرام، توقف،

بَسْط: (ع) مذکر: پھیلاو، فراخی، کشادگی، وسعت، راحت تفصیل

بِسکٹ: BISCUIT: (انگ) مذکر: آٹا اور میدے سے بنا ہوا خستہ ٹکڑا (۲) بھٹی میں تیار کی ہوئی آٹے یا میدے کی ٹکیاں۔

بِسْمِ اللہ: (ع) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف (ترجمہ): شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے؛ (ا) ابتدا، آغاز (۲) خدا کی امان میں۔

—— اللہ اکبر کر دینا: (کنایتاً): ذبح کر دینا۔

—— سے تمت تک: شروع سے آخر تک، ابتدا سے اختتام تک۔

—— کرنا: شروع کرنا کھانا یا کوئی کام۔

—— کی گنبد میں بیٹھنا / رہنا: دنیا سے الگ تھلگ رہنا، گوشہ نشین ہونا، دنیاوی حالات سے بے خبر رہنا، ناتجربہ کار ہونا۔

—— مجریٰ ہا و مُرسٰہا: (ترجمہ: اس کشتی کا چلنا ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہے) سواری پر سوار ہوتے وقت کی دعا، خدا خیر وعافیت سے پہنچائے۔

—— ہونا: بسم اللہ کی تقریب بچے کی تعلیم کا آغاز (چار سال چار ماہ چار دن کی عمر میں)۔

—— ہی غلط ہونا / کرنا: ابتدا ہی میں بھول چوک ہونا، پہلے کام ہی میں غلطی کرنا۔

بِسمِل: (ع) (ا) گھایل، زخمی (۲) (مجازاً): عاشق، تڑپنے والا، مضطر۔

بَسنا: آباد ہونا، ٹھہرنا، بُو سمانا، خوش بودار ہونا۔

بُسنا: مذکر بدبودار ہونا، باسی تواسی، بُری باس کا ہونا۔

بَسَنْت: مذکر مؤنث: (ا) سرسوں پھولنے کے زمانے کا موسم، موسم بہار سرسوں کے پھول (۲) بسنت کے گیت۔

—— پنچمی : مؤنث ؛ ہندوؤں کا تہوار جو ماگھ سُدی پنچمی میں ہوتا ہے۔
—— پھولنا : (۱) سرسوں کے پھول کھلنا (۲) زردی چھا جانا، ہر طرف زردی ہی زردی دکھائی دینا۔
—— کی خبر ہونا/نہیں/بسنت کی خبر ہے/نہیں ہے : بے خبر ہونا، ناواقف ہونا، ناتجربہ کار ہونا۔
بَسَنتی : پیلا رنگ، پیلے رنگ کا لباس۔
—— پوش : (۱) پیلے کپڑے پہننے والے (۲) (کنایتاً) ؛ معشوق۔
بِسوا/بِسوَہ : مذکر ؛ ایک بیگھے کا بیسواں حصہ۔
بِسوانسی : بسوے کا بیسواں حصہ۔
بَسواری : (ہ) مؤنث ؛ بانس کا جنگل۔
بِسورنا : رُہانسا ہونا، چپکے چپکے رونا، رونے والے کی سی شکل بن جانا۔
بَسولا : مذکر ؛ لکڑی چھیلنے کا اوزار۔
بَسولی : اینٹیں تراشنے کا اوزار۔
بِسہا : (س) صفت، زہریلا۔
بِسیار گو : باتونی، زیادہ بولنے والا۔
—— سفر باید تا پختہ شود خامے : (ف) (مقولہ) ؛ (ترجمہ ؛ انسان میں پختگی پیدا ہونے کے لیے بہت سفر [ریاضت] کی ضرورت ہے) بہت سفر کرنے سے تجربہ اور پختگی پیدا ہوتی ہے۔
بَسیرا : (ہ) شام کے وقت جہاں آرام کیا جائے، ٹھہرنے کی جگہ، پرندوں کا گھونسلا یا اڈا۔
—— کرنا/لینا : (۱) پرندوں کا رات میں درختوں پر رہنا، (۲) (مجازاً) ؛ انسان کا رات کو آرام لینا، ٹھہرنا۔
بسیط : (ع) (۱) پھیلا ہوا، لمبا چوڑا، وسیع، طول طویل، فراخ (۲) عروض کی ایک بحر (۳) (اصطلاحِ حکما میں) ؛ غیر مرکب جُز، عنصر۔
بِسیلا : زہریلا، زہردار۔
بِسیندا/بِسیندھا : سڑا ہوا، بدبودار۔

ب۔ش

بَشارَت/بِشارَت : (ع) (۱) خوش خبری، مژدہ، نوید، الہام۔
—— دینا : اچھی خبر سنانا۔
بَشّاش : (ع) ؛ خوش، ہنس مکھ۔
بَشّاشَت : خوشی، کشادہ روی، خوش اخلاقی، تازگی، فرحت۔
بِشَپ : BISHOP ؛ (انگ) مذکر ؛ گرجا کا ایک اعلا عہدے دار، بڑا پادری۔
بَشَر : (ع) مذکر ؛ آدمی، انسان۔
بَشَریَّت : (ف) مؤنث ؛ آدمیت، انسانیت۔
بُشرہ/بَشَرہ : (ع) مذکر ؛ چہرہ مہرہ، پیشانی، طبیہ، قیافہ۔
بَشَریات : (ع) مؤنث، انسانی زندگی کے ارتقا کا علم، علم انسانیات۔
بِشَن : وشنو، خدائے نگہبان۔
بَشیر : (ع) مذکر ؛ (۱) خوش خبری سنانے والا، بشارت دینے والا۔ (۲) حضرت محمدؐ کا صفاتی نام۔

ب۔ص۔ض

بَصارَت : (ع) مؤنث ؛ آنکھ کی روشنی، دیکھنے کی قوت، بینائی، نظر۔
بَصَر : (ع) مؤنث ؛ (۱) بینائی (۲) (مجازاً) آنکھ۔
بَصیر : (ع) مذکر ؛ دیکھنے والا ؛ بینا، دانا، دانش مند، ماہر، ہوشیار۔
بَصیرَت : (ع) مؤنث ؛ دل کی بینائی، آگاہی، دانائی۔
بِضاعَت : (ع) مؤنث ؛ پونجی، سرمایہ، حیثیت۔

ب۔ط

بَط : (ع) ؛ بطخ۔
—— مے/صہبا/بادہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ بط کی شکل کی شراب کی صراحی۔
بَطحا : مذکر ؛ مکہ معظمہ۔
بَطخ : مؤنث ؛ پالتو بط۔
بَطریق : (ع) مذکر ؛ نصارا اور آتش پرستوں کا پیشوا۔
بُطلان کرنا : مذکر ؛ تردید کرنا، منانا، رد کرنا، باطل ٹھہرانا۔
بَطن : (ع) مذکر ؛ پیٹ، اندر، بھیتر۔
بُطون : مذکر، (جمع بطن کی) ؛ بھید، اندرونی حال، راز، ارادہ۔

ب - ع

بِعْثَتْ/بَعْثَتْ : (ع) مؤنث ؛ رسالت کا زمانہ۔
بَعْد: (ع) پیچھے۔
—— از خرابی بسیار/بَصْرَہ : بڑی مصیبت گزر جانے پر عقل آنا، بڑی تباہی پیش آجانے کے بعد ہوش آنا۔
—— از مرگ واویلا: مرنے کے بعد سرگرمی، کام ہو جانے کے بعد مستعدی۔
بَعْدَہٗ : اس کے پیچھے، اس کے بعد میں، پھر۔
بُعْد: (ع) مذکر ؛ دوری، فاصلہ، فرق،
—— اَلْمَشْرِقَیْن: (بُعْدُل مشرقین)؛ (ترجمہ: مشرق سے مغرب تک فاصلہ)، بہت بڑا فاصلہ۔
بَعْض: (ع)، تھوڑا، چند، کچھ، کوئی، متفرق
بَعْضی/ بَعْضے: کوئی کوئی، چند، کوئی، کچھ۔
بَعِید: (ع)؛ دور، فاصلے پر۔
—— اَلْعَقْل: (بعیدل عقل)، عقل سے دور، خلافِ عقل، بے معنی بات، بے ہودہ۔
—— القیاس (بعیدُل قیاس)؛ قیاس کے خلاف، سمجھ میں نہ آنے والی بات یا امر۔
بُغارَہ: (ف، مذکر ؛ (۱) دیوار یا کپڑے کا بڑا چھید (۲) گہرا زخم (۳) گڑھا۔
بَغاوت: (ع)، مؤنث ؛ سرکشی، نافرمانی، عذر، روگردانی۔
بُغْچَہ: (ترکی)؛ مذکر، چھوٹی گٹھری۔
بُغْچی/ بُغْچیا: چھوٹی سی گٹھری۔
بُغْدا: (ف)، قیمہ بنانے والا چھرا، بڑا چھرا، موٹا چھرا۔
بُغْض: (ع) مذکر ؛ کینہ، دشمنی، عداوت، بَیر۔
—— لِلّٰہی: (منافقت کے ساتھ)؛ (خدا کے واسطے دشمنی)؛ ایسی عداوت جس میں ذاتی کینے کو دخل نہ ہو، خالص اللہ کے واسطے حق کی طرف داری میں ہو۔
بَغَل: (ف)؛ (۱) مونڈھے کے نیچے کا حصہ (۲) (مجازاً)؛ بازو، پہلو، (۳) سلے کپڑے کا وہ حصہ جو بغل کے نیچے آتا ہے (۴) ایک طرف کنارے، علاحدہ۔
—— بجانا: (۱) خوشی منانا (۲) مضحکہ اڑانا، تمسخر کرنا۔
—— بِلائی: مؤنث ؛ بغل کا پھوڑا۔
—— کا پھوڑا: بہت تکلیف پہنچانے والا، ہر وقت ستانے والا۔
—— گرم کرنا: پہلو میں لینا، ساتھ ہونا۔
—— گیر ہونا: ایک دوسرے کو محبت یا شوق سے لپٹا لینا۔ معانقہ کرنا، ملنا
—— میں بچا، شہر میں ڈھنڈورا: مثل، چیز تو پاس ہے اور ہر جگہ تلاش کی جارہی ہے۔
—— میں دبانا/ مارنا: پہلو میں چھپانا، اٹھا لے جانا، قبضہ کرنا۔
بَغَلی دشمن: دغا باز دوست، وہ شخص جو پاس رہ کر دھوکا دے۔
—— دینا: دیوار توڑ کر گھر میں گھس جانا۔
—— گور/قبر: لحد، ایک قسم کی قبر۔
—— گھونسا: آستین کا سانپ، قریبی دشمن؛
بَغلیں جھانکنا: جواب نہ بن پڑنا، مُنہ تکتے رہ جانا، مجبوب ہو کر اِدھر اُدھر دیکھتے رہ جانا، پناہ ڈھونڈنا، بھاگنے کا موقع ڈھونڈنا۔
بَغلول: سادہ، احمق، چھپھورا۔
بَغَیا: مؤنث ؛ (باغ، کی تصغیر)؛ باغیچہ، چھوٹا باغ۔
بَغیچَہ: چھوٹا باغ، باغیچہ۔

ب - ف

بَفا: (ف)، مؤنث ؛ بھوسی کی سی انسان کے سر سے نکلنے والی خشکی۔

ب - ق

بَقا: (ع)، مؤنث ؛ ثبات، زندگی، وجود، پائے داری۔
بَقّال: مذکر ؛ بنیا۔ غلہ فروش، اناج بیچنے والا۔
بقایا: (ع)، مؤنث ؛ (جمع بقیہ کی) (اردو میں واحد کی طرح مستعمل) بچا کھچا، جو باقی رہ جائے۔
بقائے باہم: مؤنث ؛ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا
بَقْ بَقْ/ بق بق زَقْ زَقْ: اردو، مؤنث ؛ بک بک۔
بُقْچَہ: (ف)؛ کپڑوں کی گٹھری۔

بَقَرْ: (ع)؛ گائے۔
—— **عید/ بقرید/ بکرید**: عیدالاضحیٰ، عیدِ قرباں۔
بَقْعَہ: (ع) (مجازاً): جگہ، گھر
بَقْل/ بَقْلَہ: (ع، مؤنث؛ ترکاری، سبز ساگ۔
بَقْلَۃُ الْحُمْقَا: (بقلتُ حمقا): (لفظی معنی)؛ بے وقوف ساگ، خرفہ۔
بَقِیَّہ: (ع) مذکر؛ بچا کھچا، بچا بچایا۔
بَقِیَّۃُ السَّیْف: (بقیۃ تیس سَیف)؛ مذکر، جو تلوار کی زد سے بچ رہے جنگ میں جو مرنے کٹنے سے باقی رہ جائے۔

ب ـ ک

بَک: بکواس، جھک (مچانا، لینا، لگانا، رہنا، ہونا کے ساتھ)
—— **بَک**: زیادہ باتیں کرنا، بے کار باتیں کیے جانا۔
—— **بَک، جَھَک جَھَک**: بکواس۔
—— **جَھَک**: بکواس:
بکواس: مونث؛ فضول گوئی۔
بَکّی: زیادہ باتیں کرنے والا، جھکی
بُک: BOOK (انگ)؛ (۱) کتاب (۲) اندراج کرنا۔
بُکا: (ع، مؤنث؛ رونا گریہ، ماتم۔
بُکّا: مذکر؛ (۱) ہتھیلی بھر کر (۲) مُشتِ خاک (۳) جھاپ یا دھوئیں جو کثرت سے نکلے، پَٹ، لوکا۔
بُکّے اُڑانا: غبار پھیلانا خوش بُو پھیلانا۔
بَکارت: (ع) مؤنث، کنوارپن، دوشیزگی۔
بِکاؤ: بکری کی چیز، بیچنے کی چیز، بکری کے لائق۔
بَکاوَل: (ف) مذکر؛ باورچی خانے کا داروغہ، خانساما، باورچی، کھانا کھلانے والا، بیرا۔
بَکائن: ایک درخت اور اس کے کڑوے پھل کا نام۔
بُک پوسٹ BOOK POST: (۱) ڈاک کی ایک اصطلاح، (۲) چھپی ہوئی کتاب، یا کاغذات، ڈاک کے ذریعے رعایتی شرح پر بھیجنا۔
بَکْتَر: (ف) مذکر؛ ایک قسم کی زِرہ۔
—— **بَند**: (ف)؛ لوہا منڈھا ہوا، آہنی۔
—— **بند دَستہ**: مذکر؛ توپ بردار آہنی گاڑیوں پر مشتمل فوج کا ایک دستہ۔
—— **بند گاڑی**، مؤنث؛ (توپ بردار آہنی گاڑی)، ٹینک۔
بِکَٹ: (س) صفت، (۱) سخت، مشکل، کٹھن، ٹیڑھا (۲) خوفناک، خطرناک، بے ڈھب آدمی۔
بُکّٹ: (ہ)، پنجہ، پورا چنگل،
بُکّنا: (ہ) مذکر، اتنی مقدار جو پنجے میں آئے، کوئی چیز کسی قدر کٹ کر یا کسی اور طرح موٹی پسی چیز کی طرح ہو جائے، موٹا سفوف۔
—— **بُھرنا**: (ہ) چٹکی مارنا، نوچنا، کوئی چیز پنجہ بھر کر جھپٹ لینا۔
بُکّھا: کسیلا۔
بِک جانا/ بکنا: فروخت ہو جانا، مُطیع ہو جانا، ممنون ہونا۔
بِکر: (ع) مؤنث، کنوارپن، کنواری، کنوارا۔
بُکرا: مذکر؛ بکری کا نر۔
بُکرم: BUCKRAM (انگ)؛ مذکر؛ ایک قسم کا سخت کپڑا جو کوٹ شیروانی وغیرہ میں کڑاپن رکھنے کے لیے لگایا جاتا ہے
بُکری: مؤنث؛ بکرے کی مادہ۔
بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی: (مثل)؛ برا کسی نہ کسی دن اپنی برائی کا مزہ چکھے گا، جو چیز ضائع ہونے والی ہے وہ کسی جتن سے نہیں بچ سکتی۔
بکری: چیزوں کا بکنا: فروخت، مانگ، طلب۔
بَکس: BOX (انگ)؛ مذکر؛ صندوق، پٹارا، ڈبا۔
بُکسا/ بکسیلا: کسیلا۔
بُکسا ہٹ: مؤنث؛ کسیلاپن۔
بُکسنا: (۱) کلی کھلنا (۲) مسکرانا (۳) مرجھانا، خشک ہونا، پژمردہ ہونا۔ شکستہ خاطر ہونا۔
بُک سیلر: BOOK-SELLER (انگ)، مذکر؛ کتب فروش۔
بُک کیپنگ: BOOK-KEEPING (انگ)، مؤنث؛

جمع خرچ کا حساب (تجارتی حساب۔
بگل/بگلا: مذکر؛ چھلکا، پوست۔
—— **اُتارنا/اُڑانا**: (مجازاً) کھال اُڑانا، خوب مارنا پیٹنا۔
بکنا: (۱) بکواس کرنا، بے ہودہ بولنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔
بکنا: (۱) فروخت ہونا (۲) غلامی میں آنا، مطیع ہونا۔
بکنگ: BOOKING : (انگ) بکنگ یا کسی مقام کو قاعدے کے مطابق مخصوص کرلینا۔
—— **آفس**: OFFICE —— : (انگ) مذکر؛ بکنگ گھر۔
—— **کلرک**: CLERK —— : (انگ) بکنگ بابو۔
بکنی: مؤنث؛ (۱) سفوف، مہین پسی ہوئی چیز۔
بکھار/بکھاری: مؤنث؛ کتھ، اناج کا گودام۔
بکھان: (س) مذکر؛ تشریح، تفصیل (تفصیلاً) تعریف۔
—— **ڈالنا/کرنا**۔ **بکھاننا**: تعریف کرنا، برا بھلا کہنا، برائیاں، بیان کرنا، پوشیدہ حال اور چھپے ہوئے عیب بتانا۔
بکھر: (ہ) مذکر؛ پکی شکر کا میل (۲) گائے بھینس کے رہنے کا احاطہ جس میں ایک چھپر (مکان) ہو (۳) ایک قسم کا ہل۔
بکھرا جانا: (۱) گر پڑنا، بیٹھ جانا (۲) خستگی سے ٹوٹا جانا (۳) قابو سے باہر ہو جانا (۴) بدحال ہونا۔
بکھرنا/بپھرنا: غصہ ہونا، چلنا، ضد کرنا (۲) پھیلنا، منتشر ہونا۔ پراگندہ ہونا (۳) پریشان ہونا، گھبرانا، بے ترتیب ہونا۔
بکھری: (ہ) مؤنث؛ مکان، جھونپڑا۔
بکھیڑا: (ہ) مذکر؛ (۱) جھگڑا، دنگا، لڑائی، شور وغل (۲) اُلجھاؤ، جنجال، دشواری، (۳) کام دھندا، کاروبار (۴) انگڑ کھنگڑ، مال اسباب (۵) طوالت، اختلاف۔

ب۔گ

بگاڑ: مذکر؛ (۱) خرابی، بربادی (۲) رنجش، لڑائی، (۳) عیب، نقص، بدانتظامی۔
بگاڑنا: (۱) خراب کرنا، برباد کرنا، کھونا، ضائع کرنا (۲) بدمزہ کرنا، (۳) بے جا صرف کرنا، اُڑانا (۴) ناخوش کرنا (۵) بدچلن کرنا، آبرو میں فرق ڈالنا (۶) بدہیئت کرنا، نکما کرنا (۷) مٹانا (۸) فتور پیدا کرنا، خلل ڈالنا۔
بگانا: مذکر؛ (بے گانہ کا مخفف)؛ اجنبی، غیر۔
بگ بٹُٹ: سرپٹ، بے تماشا، نہایت تیز۔
بگڑا: خراب۔
—— **بیٹا/کھوٹا پیسا کبھی نہ کبھی کام آہی جاتا ہے**: (مثل) اپنی چیز کیسی ہی خراب ہو کام آہی جاتی ہے۔
—— **شاعر مرثیہ گو، بگڑا گویا مرثیہ خواں**: (مقولہ) مرثیہ گو ادنا درجے کا شاعر اور مرثیہ خواں ادنا درجے کا گویا ہوتا ہے۔
بگڑی بات بنانا: خراب معاملے کو سدھارنا۔
بگڑی بن جانا: خراب حالت کا درست ہو جانا۔
بگڑے دل: بے ڈھب آدمی، غصے میں بھرا رہنے والا، بے باک، آزاد، نڈر۔
بگل: BUGLE : (انگ) مذکر؛ بھونپو، قرنا، تُرئی، فوجی باجا۔
بگلا: مذکر؛ ایک لمبے پاؤں کا سفید آبی پرند، نہایت سفید، اُجلا۔
—— **بھگت**: بہ ظاہر نیک و پاک باز لیکن نیت کا بُرا، مکار چالاک۔
—— **مارے پنکھ ہاتھ**: (مثل)؛ بگلے کا شکار کرنے سے گوشت کچھ نہیں ملتا پَر ہی پَر ہاتھ آتے ہیں، بے سود کام۔
بگلے کا پَر: (مجازاً)؛ سفید براق۔
بگولا: چکر کھاتی ہوئی ہوا، جس کی لپیٹ میں کاغذ کوڑا کرکٹ مٹی سب آجاتے ہیں اور ایک چلتا ہوا بھورا مینار سا بن جاتا ہے، بونڈلا، گرد باد۔
بگ ہنس: مذکر؛ ہنس چڑیا کی ایک قسم۔
بگھار: گھی تیل میں پیاز لہسن یا مسالے ڈال کر دال یا سالن کو داغنا۔
—— **ڈالنا**: ریزہ ریزہ کر دینا، دبانا۔
بگھارنا: (۱) داغ کرنا (۲) لیاقت جتانا، شیخی دکھانا (۳) جامن یا چلغوزے کو پسا ہوا نمک ڈال کر کسی برتن میں اوپر سرپوش رکھ کر اس قدر ہلانا کہ جامن پھٹ جائے اور نمک اس میں

پیوست ہوجائے۔
بگھی : چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی۔
بگھیلا : مذکر؛ (۱) شیر کا بچہ (۲) راج پوتوں کی ایک قوم۔

ب - ل

بَل : مذکر؛ (۱) ٹیڑھاپن، خم، پیچ، (۲) مروڑ، اینٹھن (۳) گھمنڈ، غرور۔ شیخی، اکڑ (۴) قوت، سہارا، طاقت، بھروسا، زور، مضبوطی۔
بَل جانا : صدقے قربان ہونا، نثار ہونا۔
—— **بُوتا** : مذکر، سہارا، آسرا، طاقت، قوت۔
—— **پر کودنا** : سہارے پر نازاں ہونا، بھروسے پر اترانا۔ (کسی کے ساتھ)
—— **پڑنا/پڑ جانا** : کمی آجانا، شکن پڑنا، بل آنا۔
—— **کھانا** : (۱) پیچ و تاب کھانا بے حد غصہ ہونا (۲) ٹیڑھا ہونا، ترچھا ہونا، زور دکھانا۔
—— **کھلنا/نکلنا** : پیچ نکلنا، خم نکلنا، سلجھنا، رنجش دفع ہوجانا، گھمنڈ دور ہوجانا، غصہ ختم ہونا۔
بَل نکالنا/نکال دینا : ٹیڑھاپن دور کرنا، کمی دور کرنا، درست کرنا۔ گھمنڈ دور کرنا، ٹھیک کر دینا، سزا دینا، سیدھا بنانا، شیخی کرکری کر دینا۔
بِل : BILL (انگ، مؤنث)؛ (۱) واجب الادا حساب کی پرچی (۲) ہنڈی (۳) قانون کا مسودہ۔
بِل : مذکر؛ (۱) زمینی کیڑے مکوڑوں چوہے، سانپ وغیرہ کے رہنے کے گہرے سوراخ (۲) (۵) مذکر؛ سوراخ (۳) بلی کے بھگانے کے واسطے یہ آواز منہ سے نکالتے ہیں۔
بَلا : (ع) مؤنث؛ (۱) آفت، مصیبت، زحمت (۲) آسیب، سایہ جن، بھوت، چڑیل (۳) غصہ، قوت، جالاکی، یا کسی اور صفت میں حد سے بڑھا ہوا، غیر معمولی۔
بَلاچٹ/نوش : (اسم) شتاب کھا جانے والا، بہت کھانے والا، اگھوری۔
—— **سے** : کیا پروا ہے، جوتی سے۔
—— **کا پُتلا** : نہایت پھرتیلا، بہت تیز، بڑا چالاک، آفت کا پرکالہ۔
—— **کَش** : آفت جھیلنے والا (۱) مصیبت برداشت کرنے والا۔
بلائیں لینا : (محاورہ) قربان ہونا، پیار کرنا، عموماً کسی کے سر پر ہاتھ پھیر کر اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھ کی انگلیاں رکھ کر چٹخانا، کسی شخص کی مصیبت اپنے ذمے آجانے کی دعائیں مانگنا۔
بلائے آسمانی : ناگہانی آفت، خدا کا قہر، عذاب ناگہانی۔
—— **بے درماں** : ایسی مصیبت جس کا کوئی علاج نہ ہو، آفت جس کا کوئی توڑ نہ ہو۔
—— **جان** : (۱) جی کا جنجال، جان کی آفت (۲) (مجازاً) معشوق۔
بلی/بلے/بلا : (ع)؛ ہاں۔
بَلے : (ف)؛ ہاں۔
بَلّا : مذکر؛ (۱) ڈنڈا (۲) کرکٹ یا ٹینس کھیلنے کا بیٹ، گلی کھیلنے کا ڈنڈا۔
بِلّا : مذکر؛ (۱) بلی کا نر (۲) علامتی نشان، تمغا، چپڑاس۔
بُلّا : مذکر؛ پانی کا بُلبلا، حباب۔
بلاتکار : (ہ) مذکر؛ (۱) زبردستی، ظلم، جبر، زیادتی، دست درازی (۲) زنا بالجبر
بلاٹنگ پیپر : BLOTTING PAPER (انگ، مذکر)؛ جاذب، سوختہ
بلاد : (ع)؛ (جمع بلدہ کی) ملک، شہر۔
بَلاغ : (ع) مذکر؛ پہنچا۔
بَلاغَت : (ع) مؤنث؛ مقتضائے حال کے مطابق کلام کرنا (اصطلاح) علم بیان وہ علم جس میں اعلا درجے کی خوش بیانی کے قواعد بتائے گئے ہوں۔
بُلاق : مذکر؛ عورتوں کے ناک میں پہننے کا زیور۔
بلاک : BLOCK (انگ) مذکر؛ (۱) عمارتوں کا سلسلہ، (۲) عکس کی مدد سے تیار کیا ہوا چھپائی کا سانچہ۔
بُلانا : طلب کرنا، پکارنا، آواز دینا، اپنے قریب آنے کے لیے کہنا۔
بُلانا چُلانا : رُجلانا (تابع مہمل)؛ طلب کرنا، اپنے پاس آنے کے لیے کہنا۔
بلّانا : تڑپنا، زار و قطار رونا۔

بلاؤ: مذکر؛ بلا، بلی کا نر۔

بُلاوا: مذکر؛ دعوت، نیوتا، طلب۔

بَلاؤز: BLOUSE (انگ، مذکر) عورتوں کی چولی۔

بَلب: BULB (انگ)؛ مذکر، قمقما؛ بجلی کی روشنی کا قمقما، (۲) (علم نباتات) پیاز وغیرہ کی انٹی۔

بُلبُل: (ع)؛ مذکر و مؤنث؛ (۱) ایک خوش آواز پرندہ (۲) پھول کا عاشق (۳) (مجازاً) عاشق۔

—— **ہزار داستان:** (اضافت کے ساتھ) خوش بیان، شیریں کلام۔

بُلبُلا: مذکر؛ (۱) پانی کا بُلّا، حباب (۲) (مجازاً) ناپائے دار چیز، جلد فنا ہوجانے والی چیز۔

بُلبُلا اٹھنا/پڑنا: بے چین ہوجانا، چیخ اٹھنا، بے قرار ہوجانا۔

بِلبِلانا: بے تاب ہونا، تڑپنا، بے قراری سے رونا، چلانا، پریشان ہونا، بے کل ہونا، بے چین ہونا۔

بَلبَلانا: (۱) اونٹ کا مست ہوکر بولنا، چلّانا (۲) انسان کا غصّے میں لال پیلا ہونا، جھنجھلانا، خفا ہونا، تڑانا، جوش مارنا۔

بَل بَل جانا: (ع) بلائیں لینا، قربان ہونا، صدقے ہونا۔

بَل بَلے: کلمۂ تحسین، اُہو، آہا، واہ وا، شاباش، مرحبا، اللہ رے، (متروک)

بَل توڑ/بال توڑ: بال کے ٹوٹنے سے نکلنے والی پھنسی۔

بِلٹی: (انگ) BILLST کا ہندی: مؤنث؛ چھوٹا بل، ریلوے یا جہاز سے سامان وصول کرنے کی رسید۔

بُلچُک: مؤنث؛ (۱) تلوار کے دستے کی چوٹ (۲) تلوار کی لچک اور لپک (متروک)

بَلَد: (ع) مذکر؛ (۱) شہر (۲) واقف، ماہر۔

بَلِدان/بلیدان: (ہ) قربانی، نذر، بھینٹ، ایثار، دیوتاؤں کے لیے قربانی کرنا۔

بَلدَہ: (ع) مذکر؛ شہر، قصبہ، بستی۔

بُلڈاگ: BULLDOG (انگ) مذکر؛ ولایتی نسل کا ایک کتّا۔

بلڈ بینک: BLOOD BANK (انگ)؛ ہسپتال کا وہ شعبہ جہاں خون کا ذخیرہ رکھا جاتا ہے۔

بِلڈنگ: BUILDING (انگ، مؤنث) عمارت، مکان، تعمیر۔

بَلعَم باعُور: (ع) مذکر؛ بنی اسرائیل کے ایک مشہور عالم کا لقب۔

بُلغا: (ع)؛ (جمع بلیغ کی) اہلِ بلاغت، علم بلاغت جاننے والے۔

بَلغَم: (ع) مذکر؛ گلے یا سینے کا کف، (اصطلاحِ طب میں) چار خلطوں میں سے ایک خلط۔

بِلقیس: (ع) مؤنث؛ شہر سبا کی ملکہ حضرت سلیمانؑ کی زوجہ۔

بِلکنا: بِلبِلانا: بچے کا تڑپ تڑپ کر رونا، پھڑکنا، بے چین ہونا۔

بَلَلا: (بَلَل لا) پھوہڑ، بے سلیقہ، لغو، احمق، چھچھورا۔

بَلَم: مذکر؛ برچھا، بھالا، نیزہ، عصا۔

بُلَند/بَلَند: (ف)؛ اونچا، لمبا، دراز قد، عالی، برتر،

—— **اختر/اقبال/بخت:** خوش نصیب، بلند طالع، خوش قسمت۔

—— **پایہ:** عالی مقام۔

—— **پرواز:** (۱) اونچا اُڑنے والا (۲) (مجازاً) عالی خیال، عالی دماغ۔

—— **نظر:** (۱) اونچی نظر والا، چھوٹی باتوں پر خیال نہ کرنے والا، عالی حوصلہ، عالی ہمت۔

بلو پرنٹ: BLUPRINT (انگ) (۱) مخصوص کیمیاوی طریقے سے تیار کیے جانے والے نقشے؛ جو مخصوص نیلے رنگ نے کاغذ پر بنائے جاتے ہیں (۲) بنیادی منصوبہ۔

بِلّوٹا: (ہ) بلی کا بچّہ۔

بِلّور/بِلّوَر/بِلوَر: (۱) کان سے صاف شفاف شیشے کی طرح نکلا ہوا ایک معدنی جوہر، (۲) صاف شفاف۔

—— **کے جھاڑ:** بلّور کے بنے ہوئے درخت نما فانوس۔

بلّوط: پہاڑوں پر پایا جانے والا ایک قسم کا سایہ دار درخت۔

بلوغ: (ع) مذکر؛ پہنچنا، جوانی کی عمر کو پہنچنا، جوانی، شباب۔

بِلونا: متھنا، متھانی سے دودھ دہی چلانا، گھنگھولنا۔

بلونی: مؤنث؛ دودھ دہی متھنے کا برتن۔

بَلوَہ: (ع) مذکر؛ (۱) بغاوت، غدر، سرکشی (۲) غل شور، فتنہ،

فساد، ہجوم، (۳) بدنظمی، کھل بلی۔

بلہاری: صدقے، تصدق، نثار ہونے والا۔

بلی: مؤنث: لمبا بانس یا لمبی لکڑی، ٹھوئی، تاو چلانے کا لمبا بانس۔

—— مارنا: ناؤ کھینا، کشتی چلانا۔

بلی: مونجھ کے مادہ، گربہ (۲) دونوں کواڑوں کو کھلے یا بند رکھنے کے لیے چوکھٹ میں لگی چھوٹی لکڑی، چٹخنی۔

—— الانگنا: (۱) جس راستے سے بلی گئی ہو اس کو کاٹ کر آنا (۲) (مجازاً) کسی سے ملتے ہی جھگڑے یا غصے کی بڑھی ترچھی باتیں کرنا، یوں ہی آمادۂ فساد ہونا۔

—— جب گرتی ہے تو پنجوں کے بل: (مثل) ہوشیار اپنے بچاؤ اور حفاظت کا خیال رکھتا ہے۔

—— خدا وا سطے چوہا نہیں مارتی: (مثل) ہر شخص جو کام کرتا ہے اپنے فائدے کے لیے کرتا ہے۔

—— سے چھیچھڑوں کی رکھوالی: (مثل) خیانت پیشہ سے امانت داری ممکن نہیں، بے ایمانوں کے سپرد ایمانداری کا کام کرنا۔

—— کا راستہ کاٹ جانا: نحوست کی علامت پیش آنا۔

—— کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے رکی میاؤں کو کون پکڑے: (مثل) زبردست کی جھپٹ کون سنبھالے گا، ظالم کا خوف ہی کافی ہے، ظالم کا رعب بہت ہوتا ہے۔

—— کے بھاگوں چھینکا ٹوٹنا: (مثل) قسمت سے کچھ مل جانا، بغیر کوشش کے کچھ حاصل ہو جانا، غیب سے فائدہ پہنچ جانا۔

—— کے خواب میں چھیچھڑے ہی چھیچھڑے: (مثل) جس مذاق کا آدمی ہوتا ہے اس کے ویسے ہی خیالات ہوتے ہیں۔

—— کے گلے میں گھنٹی کون باندھے: (مثل) ظالم سے بچاؤ کے انتظام کی ہمت کوئی نہیں کر سکتا۔

—— کھائے گی نہیں تو پھیلائے گی ضرور: (مثل) بدذات بے فائدہ بھی نقصان پہنچاتا ہے۔

—— لوٹن: ایک بوٹی، بال چھڑ (جس کی خوش بو بلی کو بہت پسند ہے)۔

بلیات: (ع) مؤنث؛ (جمع بلیہ کی)؛ (اردو میں واحد کی طرح مستعمل) الا بلا، بھوت کا اثر۔

بلیاں لینا: (عو) (۱) بلائیں لینا (۲) (مجازاً) دوسرے کی بلا اپنے سر لینے کے لیے اس کے چاروں طرف پھرنا، چوگرد پھرنا۔

بلیڈ: BLADE : (انگ) مذکر؛ (۱) داڑھی بنانے کی پتی (۲) تلوار، چاقو وغیرہ کا پھل۔

بلیڈر: BLADDER : (انگ) مذکر؛ (۱) پھکنا (۲) فٹ بال کے اندر پتلے ربڑ کا پھکنا (۳) مثانہ۔

بلیرڈ: BILLIARD : (انگ) مذکر؛ ایک ولایتی کھیل جو ایک مخصوص میز پر کھیلا جاتا ہے۔

بلیغ: (ع) خوش بیان، رسا، کامل، اعلا درجے کا کلام۔

بلیک: BLACK : (انگ)؛ کالا، سیاہ۔

بلیک آؤٹ: OUT —— : (انگ) مذکر: (۱) مکمل تاریکی ہوائی حملوں سے محفوظ رہنے کے لیے شہروں کو رات کے وقت تاریک رکھنا۔

بلیک لسٹ: LIST —— : (انگ) مؤنث: ناقابل اعتبار اشخاص کی فہرست۔

بلیک مارکیٹ: MARKET — : (انگ) مؤنث: کالا بازار، چور بازار۔

بلیک میل: MAIL —— : (انگ) مذکر؛ ناجائز دباؤ سے مقصد حاصل کرنا۔

بلیک ہول: HOLE —— : (انگ) مذکر؛ کال کوٹھری۔

بلینک ورس: BLANKVERSE : (انگ) مؤنث: شاعری کی ایک صنف؛ غیر مقفا نظم، نظم معرا۔

بلیہ: (ع)؛ بلا، دکھ، آزمایش۔

ب ـ م

بم: BOMB : (انگ) مذکر؛ گولا جس میں دھماکے کے ساتھ پھٹنے والا مادہ بھرا ہو۔

بم: مؤنث (مذکر)؛ (۱) لمبی لکڑی جسے گاڑی کے آگے لگا کر گھوڑا جوتتے ہیں؛ بگھی کا بانس (۲) چشمہ (۳) نل، شور (۴) شیو دیوتا کے پکارنے کی آواز (۵) وہ بجاری آواز (بم) خوشبو کی بو جا کے

وقت گال پھلا کر نکالی جاتی ہے (۲) نقارہ، دھونسا (۳) آتشگیر مادے کا گولا جو پھٹ کر تباہی پھیلاتا ہے (۴) راگ یا باجے کی آواز، اونچا سُر۔

—— بولنا: جے پکارنا۔

—— پولس: مذکر؛ وہ پاخانے جو عام لوگوں کے لیے بستیوں میں جا بہ جا بنائے جاتے ہیں؛ عام جائے ضرورت۔

—— پھُنچ مچانا: شور مُل کرنا، ہل چل ڈالنا، فساد برپا کرنا، ہنگامہ کرنا۔

بُمبا: پانی کا نل، چشمہ، نالا۔

بمبئی: مؤنث؛ ہندوستان کا ایک مشہور شہر۔

ب۔ن

بَن: (ہ) مذکر؛ جنگل، بیابان، صحرا۔

—— باس/باسی: جنگل میں بسنے والا، جلاوطن، راجہ رام چندر جی کا لقب؛

—— بِلاو: جنگلی بلا۔

—— بھانٹا: جنگلی بیگن۔

—— مانُس: گوریلا، انسان نما جنگلی جانور۔

بِن: (ع)؛ ابن، بیٹا۔

بِن: سوا، بجز، بغیر۔

بن آئے مرنا: بے موت آئے مرنا، عمر طبعی ختم ہونے سے پہلے مرنا، بے گناہ مارا جانا، ناحق آفت میں آنا، بے سبب کسی مصیبت میں پھنس جانا۔

بن بیاہا: مذکر؛ کنوارا۔

بِن داموں کا غُلام: وہ شخص جو بے معاوضہ خدمت کرے، بے حد مطیع، فرماں بردار۔

—— روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی: بے طلب اور بے تقاضا کوئی مطلب حاصل نہیں ہوتا۔

—— مانگے موتی ملیں، مانگے ملے نہ بھیک (مثل)؛ سوال کرنے سے بے عزتی کے سوا کچھ نہیں ملتا، وقار کے ساتھ کسی سے طلب نہ کریں تو خود بہت کچھ مل جاتا ہے یعنی سوال کرنا معیوب ہے

بُن: (ع)، مذکر؛ قہوہ۔

بُن: (ف)؛ جڑ، سرا۔

—— مُو: (اضافت کے ساتھ)؛ بال کی جڑ۔

بَنا: مذکر؛ نوشاہ، دولھا۔

بَنی: مؤنث؛ دُلھن۔

بِن/بِنا: (ہ) بغیر، سوائے، بِلا، الگ، جُدا۔

بِنا: (ع)؛ مؤنث؛ نیو، جڑ، بنیاد، اصل، ابتدا، وجہ، باعث آغاز۔

بِنائے دَعوٰی/دَعوا: مؤنث؛ (قانونی اصطلاح)؛ بِنائے مخاصمت دعوے کی وجہ، دعوے کا سبب۔

—— مُخاصمت: جھگڑے کا باعث، لڑائی، لڑائی کی بنیاد۔

بِناءً عَلَیہٖ: (ع)؛ اسی بنیاد پر، اسی وجہ سے، اسی باعث۔

بَن آنا: (ا) مطلب برآنا، مراد حاصل ہونا، کام درست ہونا، قسمت کھلنا (۲) سود مند ہونا، کارگر ہونا، بس چلنا، مناسب ہونا۔

بَن بیٹھنا: کوئی خاص وضع اختیار کرلینا، کوئی خاص انداز بنا لینا۔

بَن پڑنا: موقع ہاتھ آنا، معاملے کا رُوبہ راہ ہونا، مراد حاصل ہونا کامیابی حاصل ہونا، مجبور ہونا، سوچنا، سمجھنا۔

بَنا بنایا: تیار کیا ہوا، درست، یا ٹھیک۔

بَنا ٹھنا: (ا) چھیل چھبیلا، بانکا (۲) زیور اور لباس سے آراستہ۔

بَنا رہنا: زندہ سلامت رہنا، موجود رہنا، قایم رہنا، خوش وخرم رہنا، اقبال دولت میں ترقی ہونا، سرسبز رہنا، جاری رہنا۔

بنانا: (ا) آراستہ کرنا (۲) خفیف کرنا، ہجو ملیح کرنا، احمق بنانا (۳) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا (۴) تعمیر کرنا (۵) صاف کرنا (۶) ترمیم کرنا، چھیل کاٹ کر کے درست کرنا، اصلاح دینا، اصلاح کرنا (۷) ادب سکھانا (۸) ترتیب دینا (۹) موزوں کرنا، تیار کرنا۔

بناو: مذکر؛ (ا) زیبائش، آرائش (۲) دوستی، میل جول (۳) (عو) بناوٹ۔

—— چناو/بَناو سِنگار: سنگار، آرائش، زیبائش۔

بَنات: مؤنث؛ باتات کا مخفف؛ ایک خاص قسم کا کپڑا۔

بَنات: (ع)؛ (جمع بِنت کی)؛ بیٹیاں۔

بنات النعش: وہ سات ستارے جو ایک ساتھ آسمان پر شمال کی طرف نظر آتے ہیں۔

بَنادِر: (ف)؛ (جمع بندر کی)؛ بندرگاہیں۔

بناسپتی (بناس پتی)؛ (ا) جنگل کی پتیاں، گھاس، ساگ پات، (۲) ایک قسم کا ہیراجن میں زردی، سبزی مائل ہوتی ہے۔ (۳) وہ تیل یا گھی جو بیج یا نباتات سے تیار کیا جاتا ہے۔

بناکارن: (ہ)؛ بے سبب، بلا وجہ۔

بُناگوش: (ف) مؤنث، کان کی لو، کپیا۔

بَنان: (ر) مذکر؛ (جمع بنانہ کی)؛ انگلیوں کے سرے۔

بَناوَٹ: مؤنث؛ (ا) ساخت، وضع، ترکیب (۲) تصنع، تکلف، ظاہرداری، ظاہری نمائش (۳) جھوٹ، جعل سازی، دروغ گوئی، بات بنانا (۴) دست کاری، کاری گری، صنعت۔

بُناوَٹ: مؤنث؛ بننے کی وضع، بُننے کا کام، بُنتا۔

بَنّت: مؤنث؛ کپڑے کی لمبی پٹی پر نقرئی اور طلائی تاروں کا کام۔ ایک طرح کی توئی جس میں گوکھرو، سلما، ستارا لگا ہوتا ہے۔

—— کی چُنّی: بنّت میں ٹکے ہوئے شیشے کے زیرے۔

بِنْت: (ع) مؤنث؛ بیٹی، لڑکی۔

—— العِنَب: (ع) (بِنْتُ عِنَب)؛ انگوری شراب، شراب۔

بَنَج: مذکر؛ تجارت، خرید و فروخت، سوداگری، لین دین، بیوپار

بَنجارا: مذکر؛ (ا) سوداگر، بیوپاری (۲) ایک قسم کے خانہ بدوش لوگ (۳) ایک پہاڑی قوم۔

بَنجاری: مؤنث؛ (ا) بنجارے کی عورت (۲) (مجازاً) مضبوط، موٹا پلے دار، (۳) ایک قسم کا چھوٹا خیمہ۔

بَن جانا: (ا) اثر ہونا، مجبوری ہونا (۲) بلا میں پھنس جانا (۳) خوش نما ہو جانا، بارونق ہو جانا، بہتر ہو جانا، سنور جانا، (۴) نشان پڑ جانا (۵) خاص وضع اختیار کر لینا۔

بَنجَر: مؤنث؛ وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو؛ شور زمین۔

بینچ: BENCH؛ (رانگ) مؤنث؛ لکڑی کے لمبے لمبے تختے جس میں پائے لگے ہوں، (۲) ججوں کی جماعت

بَنْد: (ا) عضو، جوڑ (۲) پُشتہ (۳) قید (۴) کشتی کا داؤں پیچ، (۵) وہ چند اشعار جن کے بعد گرہ لگائی جاتی ہے۔

—— باندھنا: (ا) گرہ لگانا (۲) پشتہ باندھنا، مینڈھ بنانا (۳) انتظام کرنا، تدبیر کرنا (۴) جادو کرنا، پیش بندی کرنا، روک تھام کرنا۔ تہمت لگانا، منصوبہ بنانا۔

—— بَنْد: مذکر؛ (ا) جوڑ جوڑ، ہر عضو، ہر گرہ (۲) افسردہ، چُپ چُپ، خاموش۔

—— بَنْد جُدا کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پُرزے پُرزے کرنا، ہڈی پسلی توڑ دینا۔

—— بَنْد جکڑنا/جکڑ جانا: جوڑ جوڑ کا اینٹھنا، ہر جوڑ میں درد ہونا۔

—— بَنْد ڈھیلے کرنا: تھکا دینا، جوڑ جوڑ ہلا دینا، چولیں ہلا ڈالنا، خوب پیٹنا۔ گت بنانا۔

—— خانہ/بندی خانہ: مذکر؛ قید خانہ، جیل خانہ۔

—— رہنا: (ا) قید رہنا (۲) رکا رہنا (۳) چُپ رہنا، افسردہ رہنا، (۴) تعطیل رہنا۔

—— کرنا/کر دینا: (ا) پاٹنا، بھرنا، مقفل کرنا، بھیڑنا (۲) ہرا دینا چپ کر دینا، لاجواب کر دینا، کسی امر کا نہ ہونے دینا، کوئی نہ کوئی روک دینا، ختم کر دینا (۳) جادو منتر سے بے اثر کر دینا۔

—— وکشاد: انتظام، حل و عقد۔

—— ہَیضہ: وہ ہیضہ جس میں قے دست جاری نہیں ہوتے۔

بند/بندی: (ہ) مؤنث؛ (ا) نقطہ، صفر (۲) رنگین چھوٹی سی ٹکیا جو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں۔

بِندا: مذکر، وہ گول نشان جو ہندو پوجا پاٹ کے وقت پیشانی پر لگاتے ہیں۔

بُندا: مذکر؛ عورتوں کے کان کا زیور، آویزہ۔

بندر/باندر/باندرا: مذکر؛ مشہور جانور کا نام۔

—— بھبکی: مؤنث؛ بندر کی طرح دکھاوے کی دھمکی، ڈرانے کی شکل بنانا۔

—— کا پھوڑا/گھاؤ/بنا لینا: (جس طرح بندر اپنے زخم کو چھیڑ چھیڑ کر یا کھجا کھجا کر خشک نہیں ہونے دیتا، پھوڑے یا زخم کو چھیڑ چھیڑ کر خشک نہ ہونے دینا، کام جو کبھی تمام نہ ہو، وہ مصیبت جو ہمیشہ رہے۔

—— کو ملی ہلدی کی گانٹھ، پنساری بن بیٹھا: (مث)؛ چھچھورا۔

آدمی ذرا سی چیز پر بہت اتراتا ہے۔
—— کیا جانے ادرک کا سوادر/بھاؤ: (مثل)؛ معمولی آدمی اعلا درجے کی چیز کا لطف کیا جانے، جس بات کا مذاق نہ ہو اس سے دلچسپی نہیں ہوتی۔
—— کے ہاتھ آئینہ/بندر کے ہاتھ کا ناریل: (مثل)؛ اترانے والے کے ہاتھ کسی اچھی چیز کا آجانا، ایسی چیز کا ہاتھ آجانا جس کا صحیح استعمال معلوم نہ ہو۔
—— والا: بندر کا تماشا دکھانے والا، مداری۔
بَندَریا: (ا) بندر کی مادہ (۲) ایک قسم کی گھاس۔
بَندَر/بَندَرگاہ: (ف، مذکر؛ ا) وہ شہر یا تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے ہو (۲) جہازوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
بَندِش: (ف)؛ مؤنث؛ (ا) گرہ بندھن (۲) (اصطلاح شعر) شعر کے الفاظ کی ترکیب، عبارت کی ترکیب، لفظوں کا ربط، (۳) پیش بندی، تدبیر، سازش، روک ٹوک، حفظ ماتقدم، مناہی، الزام، تہمت (۴) خیال، تمہید، بناوٹ، گھڑنت، تکلف۔
بُندکی: مؤنث؛ چھوٹے چھوٹے نقطے، چیتی۔
بَندگان: (ف)؛ (جمع بندہ کی)؛ بندے۔
—— عالی: (اضافت کے ساتھ) (لفظی معنی ملازمانِ حضور) (تعظیماً) حضور، خود بہ دولت۔
بَندگی: (ا) سلام، تسلیم، آداب، (۲) رخصتی سلام (۳) احتراز اور اجتناب (۴) غلامی (۵) عبادت۔
—— بیچارگی: تابع داری میں کچھ اختیار نہیں رہتا، بے بسی۔
بندو: (ہ) مذکر؛ بوند، نقطہ۔
بَندوبَست: (ف، مذکر؛ انتظام، اہتمام، زمین کی مالگذاری کا انتظام۔
—— اِستمراری: زمین کا دائمی بندوبست جس میں کمی بیشی نہ ہو۔
—— سرسری: عارضی بندوبست۔
بندُوق: (ف، مؤنث؛ مشہور ہتھیار۔
—— بھرنا: بندوق چھوڑنے کے لیے تیار کرنا، چھرّے گولیاں بندوق کی نالی میں ڈالنا/بھرنا۔
—— سر ہونا: بندوق کا تیر ہونا۔
بندوقچی: بندوق والا، بندوق چلانے والا۔
بَندَہ: (ف، مذکر؛ غلام، نوکر، مطیع، تابع، (متکلم کے واسطے) (۲) عاجز، نیازمند، خاکسار (خودی دکھانے کے انداز میں)
—— آزاد: (بندۂ آزاد) مذہبی پابندیوں اور دنیاوی ضرورتوں سے بے پروا شخص، مرد قلندر، بے نیاز۔
—— بَشَر ہونا: سہو و خطا سے مرکب ہونا، خامیاں سرشت میں ہونا
—— بنالینا: مطیع کرلینا، گرویدہ کرلینا، غلام بنالینا، قابو میں کرلینا۔
—— بے دام/بے دِرَم/بے زر: (اضافت کے ساتھ) بے حد فرماں بردار، بہت مطیع، مفت کا غلام۔
—— پَروَر: (غلاموں کا پالنے والا)؛ حضور، حضرت، خداوند، ان داتا۔
—— درگاہ: (اضافت کے ساتھ) متکلم کے اظہار انکسار و عجز کا کلمہ، یعنی (آپ کا) نوکر، خادم، نیازمند۔
—— زر: (اضافت کے ساتھ) روپے کا غلام، لالچی، حریص۔
—— ناچیز/مخلص: (اضافت کے ساتھ) خاکسار، نیازمند، حقیر۔
—— نَواز: بندہ پرور، مالک، مختار، خادموں کی توقیر بڑھانے والے۔
بَندی: (ف، مؤنث؛ (ا) بندہ کا مؤنث (۲) قید، حراست، ممانعت، روک ٹوک، (ہ) مذکر؛ قیدی۔
—— خانہ: (ہ) جیل خانہ، قید خانہ۔
بِندی/بِندیا: (ہ) مؤنث؛ (ا) نقطہ، صفر (۲) ایک نشان جو ہندو مندل وغیرہ سے پیشانی پر لگاتے ہیں (۳) شیشے یا پلاسٹک کا ایک چھوٹا سا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔
بُندیا/بُوندی: مؤنث؛ ایک مٹھائی گول گول پانی کے قطروں کے شکل کی، بُوکنی
بَندھ: (ہ) مؤنث؛ بند، روک، پشتہ، حد، باندھنا۔
بَندھا: جکڑا ہوا، کسا ہوا، معمولی، مقررہ، لگا ہوا۔
—— ٹکا: معین، مقررہ۔
بَندھن: (ہ) مذکر؛ (ا) بند، بندش، پٹی (۲) چھپر کی بندش، (۳) گانٹھ، قید، مجبوری۔

بَنْدھنا: (ف) (۱) گرہ لگنا (۲) مضمون کا درست بیٹھنا، مقرر ہونا۔ (۳) وہ کپڑا جس میں کچھ باندھیں۔

بِندھنا: (۱) چھدنا (۲) سوراخ ہونا، پرویا جانا (۳) جذب ہونا، پیوست ہونا۔

بَنْدھنوار: (ہ) مذکر؛ خوشی کے موقعوں پر کسی ڈوری میں آم کے پتے یا جھنڈیاں باندھ کر سجاوٹ کرتے ہیں۔

بَنْدھو: (س) مذکر؛ دوست، رشتہ دار، قریبی ساتھی۔

بَنْدھوا: قیدی، اسیر، مطیع، پابند۔

بندھوانا: (ہ) گرفتار کرانا، قید کرانا، جکڑوانا، کسوانا (۲) چھوٹے سکے کو بڑے سکے میں بدلوانا۔

بَنْدھی: معمول کے مطابق، مقررہ۔

بَنْدھی ٹکی بات: دستور، قاعدہ، مقررہ بات، عادت۔

بَنْدھی مٹھی: (۱) چھپی بات، راز، پوشیدہ، خفیہ (۲) بے خوف، بے کھٹکے، چپ چاپ (۳) یک مُشت، اکٹھا۔

بَنْدھی لاکھ برابر: (مثل)؛ بھید چھپا رہنے سے اعتبار قائم رہتا ہے، اتفاق کی بڑی قوت ہے۔

بندھے ٹکے: (ہ) مقررہ، طے شدہ۔

بَنْڈا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) دُم کٹا، بے دُم کا۔

بَنْڈل: BUNDLE (انگ) مذکر؛ پوٹلی، پُلندا، گٹھڑی، بندھی ہوئی شے۔

بَنْڈی: مؤنث؛ ایک قسم کی صدری۔

بَنْڑا/بنرا: مذکر؛ دولھا، شادی کا گیت۔

بنڑی/بنڑی: مؤنث؛ دُلھن۔

بنس/وَنش: (ہ) مذکر؛ خاندان، اولاد۔

بَنْس: مذکر؛ بانس کا مخفف۔

لوچن: مذکر؛ بہ ہیئت چیز جو بانس کی گرہ میں پیدا ہوتی ہے تباشیر

بَنْسُری: (ہ) مؤنث؛ بانسری، نے، مُرلی۔

بَنْسی: (ہ) مؤنث؛ (۱) بانسری (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۳) ایک قسم کا گیہوں۔

بنس واڑی: مؤنث؛ وہ جگہ جہاں کثرت سے بانس ہوں۔

بَنَفشہ: (ف) مذکر؛ (۱) ایک مشہور بُوٹی کا نام (۲) نافرمان۔

بَنک: BANK (انگ) مذکر؛ وہ ادارہ جو مالیین دین کا کام کرتا ہے، صرّافی کی کوٹھی، اور جہاں امانتیں جمع کی جاتی ہیں۔

بَنکارنا: (۱) شور وغل کرنا (۲) پوشیدہ بات کا اعلان کرنا (۳) دین کی لینا، شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا۔

بنکڑی/بنگڑی: (ہ) ایک قسم کی بَل دار چوڑی، چوڑی

بَنکیت: بانگ کے فن کا ماہر، مُسلّح، لڑائی پر تیار۔

بانکا: ٹیڑھا ترچھا۔

بَنگ (بھنگ کا مفرس): مؤنث؛ بھنگ ایک نشہ آور بوٹی۔

بنگال/بنگالہ: ہندوستان کی ایک ریاست۔

بنگالی جادو: پُراثر اور تیز جادو۔

بنگالے کی مَینا: (مجازاً)؛ وہ ننھا بچہ جو خوب باتیں کرتا ہے۔

بنگاہ: (ف) مؤنث؛ جگہ، مکان، اسباب رکھنے کی جگہ۔

بنگلا: (انگ) مذکر؛ (۱) علاحدہ بنا ہوا احاطے والا مکان (۲) ایک قسم کا پان (۳) بنگالی زبان۔

بَنگلیا: چھپر کا چھوٹا مکان، چھوٹا بنگلا۔

بَننا: (۱) سنورنا، آراستہ ہونا (۲) خفیف ہونا، چُننا، اپنے آپ کو احمق ظاہر کرنا (۳) ایجاد ہونا، اختراع ہونا، نکلنا، درست ہونا۔ ممکن ہونا (۴) وجود میں آنا (۵) تیار ہونا، ہوجانا، ہوسکنا بھیس بدلنا، بناوہ ہونا، موافقت ہونا۔

ٹھننا: بناؤ کرنا، سنورنا۔

سنورنا: سنگار کرنا۔

بُننا: (۱) دھاگوں کا ترتیب سے لگا کر کپڑا تیار کرنا (۲) پلنگ چارپائی میں قاعدے سے بان لگانا (۳) کاڑھنا۔

بَنّو: مؤنث؛ بانو کا مخفف؛ (۱) خانم، بیگم (۲) بوا (۳) دُلھن، پیار سے چھوٹی لڑکی کو۔

بَنَوٹ: مؤنث، بناوٹ۔

بِنَوٹ: مؤنث؛ سپہ گری کے ایک فن کا نام۔

بِنولا: مذکر؛ کپاس کا بیج۔

بِنولی: چھوٹے اولے۔

بنولے کی لوٹ میں برچھی کا گھاؤ: (مثل) تھوڑے نفع میں

بہت تکلیف۔

بَنی : مؤنث ؛ (۱) دُلہن (۲) موافقت، میل جول (۳) خوش حال، خوشی۔

—— **بات** : مانی ہوئی بات، مسلّمہ بات۔

—— **بگڑی** : اچھی بُری، نیک وبد۔

بنی : (ع) مذکر ؛ (جمع ابن کی) ؛ بیٹے، بنی آدم، آدم کی اولاد، انسان۔

—— **اسرائیل** : (۱) اسرائیل یعنی حضرت یعقوبؑ کی اولاد (۲) یہودیوں کا لقب۔

—— **عَمّ** : چچیرے بھائی۔

—— **نوعِ انسان/بشر** : بنی آدم، انسانی برادری۔

بَنْیا : مذکر ؛ (۱) ہندوؤں کی ایک ذات، جنس بیچنے والا (۲) (مجازاً) سیدھا۔ سادی وضع کا (۳) (کنایتاً) تجارتی ذہن کا (۴) کنجوس، بخیل، کفایت شعار (۵) بودا۔

—— **بَقّال** : جنس پرچون بیچنے والا۔

بنیوں کی سی چال/—— کا سا چلن : سادی وضع، کفایت شعاری کی روش۔

بُنیاد : (ف) مؤنث ؛ (۱) جڑ، نیو، اصل، ابتدا (۲) حقیقت مقدور، طاقت، حوصلہ (۳) پونجی، سرمایہ۔

بَنْیان : مؤنث ؛ کرتے کی طرح آدھی آستین یا بغیر آستین کا لباس۔

بُنْیان : (ع) مؤنث ؛ نیو، بنیاد، عمارت (۲) خلقت۔

بَنْیٹ : بانا چلانے میں مشاق۔

بَنْیٹی : بانا چلانے کی مہارت۔

بَنْیٹی : مؤنث ؛ ایک قسم کی ورزش، بانس کے دونوں سروں پر کپڑے کی گیندیں یا مشعل باندھ کر اس تیزی سے پھراتے ہیں کہ چکر بندھ جاتا ہے۔

ب - و

بُو : (ع) ؛ ابو کا مخفف، باپ۔

—— **تُراب** : حضرت علی کی کنیت۔

—— **حنیفہ** : امام اعظم حضرت نعمان کی کنیت۔

بُوالعَجَب : (بُل عجب) ؛ تعجب والا، انوکھا، عجیب۔

بُوالفُضُول : (بُل فضول) ؛ بہت بکنے والا، گپی۔

بُوالہَوَس : (بُل ہوس) ؛ نہایت آرزومند، بہت ہوس رکھنے والا۔ خواہش نفسانی کا پابند۔

بُوالہَوَسی : (بُل ہوسی) ؛ ہوکا، بہت آرزو بے جا خواہشیں۔

بُو : (ف) مؤنث ؛ (۱) مہک، خوش بُو (۲) بدبو، سڑاند (۳) خبر، بھنک (۴) راز (۵) آن، شان (۶) علامت، نشانی (۷) طرز، ڈھنگ (۸) اثر۔

—— **باس** : مؤنث ؛ (۱) جسم یا پھول کی خوشبو، مہک، خوش بُو (۲) ڈھنگ، وضع، طریق، روش (۳) مشابہت، طرز، انداز (۴) عادت، خصلت (۵) سُراغ۔

—— **پانا** : سُن گُن پانا، خبر پانا۔

—— **پھوٹنا** : (۱) بو نکلنا (۲) (مجازاً) ؛ افشائے راز ہونا، مشہور ہونا۔

—— **جانا** : بو نکل جانا، بو مٹ جانا، اثر زایل ہو جانا۔

—— **دار** : (۱) بدبو دینے والا (۲) شکار کی بو پر لگا ہوا کُتّا۔ (۳) یمن کا خوشبودار چمڑہ۔

—— **سمانا** : کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا۔

—— **نکلنا** : (۱) بو چلی جانا، بو دفع ہونا، بو زایل ہونا، بو ظاہر ہونا (۲) راز کھلنا، (۳) اثر ظاہر ہونا۔

—— **ہونا** : تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا، کچھ اثر ہونا۔

بوئے طِفلی : لڑکپن کا اثر، لڑکپن کی عادتیں، بچپن کا انداز۔

بُوا : مؤنث ؛ بڑی بہن، پھوپھی، بزرگ عورت، دایہ، کھلائی، عزت والی عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ۔

بَواسیر : (ع) مؤنث ؛ ایک مرض جو پاخانے کی جگہ مسّوں کی شکل میں ہوتا ہے، اگر مسّوں سے خون آتا ہے تو خونی ورنہ بادی بَواسیر کہلاتی ہے۔

بِوائی : مؤنث ؛ ایڑی کے پھٹ جانے سے پڑنے والی درزیں۔

—— **پھٹنا** : (۱) ایڑی میں زخم پڑ جانا (۲) (مجازاً) ؛ تکلیف ہونا، مصیبت پڑنا۔

بُوبک : مذکر ؛ بوڑھا، بے وقوف، نادان، مسخرا۔

بُوبُو: مؤنث؛ بڑی بہن، گھر کی مالکہ، گھر کی وہ ملازمہ جس کی گھر میں عزت کی جاتی ہے۔

بُوائلر: BOILER : (انگ) مذکر؛ پانی کو گرم کرنے والی ٹنکی (۲) پانی کو بھاپ میں بدلنے والی ٹنکی (۳) گرم پانی کا ظرف جو چولھے کے ساتھ لگا ہوتا ہے (۴) مشینوں کے لیے استعمال ہونے والا وہ حصہ جس میں پانی گرم کیا جائے۔

بوتا: مذکر؛ (۱) قوت، طاقت، زور، قابو، بس (۲) حمایت، سہارا۔

بوتا: مذکر؛ درخت کا تنا (بُوٹا)۔

بوتام: (فرنچ)؛ (۱) بٹن (۲) لوہے، چاندی، سونے کی گھنڈی (۳) سلینگ۔

بُوتل: مؤنث؛ کانچ کا برتن، شیشہ۔

—— **کا نشہ**: (کنایتاً)؛ شراب کا نشہ۔

بوتہ: (ف) مذکر؛ (۱) سونا چاندی گلانے کی کٹھالی، اونٹ کا نر بچہ۔ (۲) وہ چھوٹا درخت جس کی شاخیں زمین تک لٹکتی ہوں، (۳) (مجازاً)؛ موٹا، بھدا۔

—— **خاک**: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) انسانی قالب، آدمی کا بدن۔

—— **بوتیما**: (ف)؛ بگلا۔

بُوتھ: BOOTH : (انگ)، مذکر؛ کریح وغیرہ کا عارضی سائبان۔

بُوٹ: BOOT : (انگ) مذکر؛ جوتا، پاپوش۔

بوٹ: BOAT : (انگ) مؤنث؛ ناؤ، کشتی، سفینہ۔

—— **بوٹ**: (ہ) مذکر؛ ایک قسم کا پردار کیڑا، گھاس کا ٹڈا۔

بوٹ/بوٹٹ: کچے چنے، چھلکوں سمیت بھنے ہوئے ہرے چنے۔

—— **پلاؤ**: کچے چنوں کا پلاؤ۔

بوٹ/بُوٹا: (۱) گوشت کا بڑا ٹکڑا، بڑی بوٹی (۲) شہتیر کا ٹکڑا۔

بُوٹا: مذکر؛ (۱) پھولوں کا چھوٹا درخت، جھاڑی (۲) پھول پتی جو کاغذ، لکڑی، شال، کمخواب وغیرہ پر بناتے ہیں۔

—— **ساقد**: چھوٹا، خوشنما قد، موزوں قد۔

بوٹی: مؤنث؛ (۱) چھوٹا پھول، چھوٹا بوٹا، چھوٹا پودا (۲) وہ جڑی بوٹی جس کی تلاش کیمیاگروں کو رہتی ہے (۳) بھنگ۔

بوٹی: مؤنث؛ (۱) گوشت کا چھوٹا ٹکڑا (۲) پرند کا وہ بچہ جس کے پَر نہ نکلے ہوں (۳) نہایت سُرخ۔

—— **بوٹی پھڑکنا**: (۱) بدن کے عضو عضو میں جنبش ہونا، بوٹی بوٹی تھرکنا، (۲) (مجازاً) نہایت شوخ چُلبُلا ہونا۔

—— **بوٹی کانپنا**: غصے یا خوف کی شدت سے جسم پر لرزنے کی کیفیت طاری ہونا۔

—— **بھڑنا**: دانتوں سے بدن کا گوشت کاٹ لینا، بُکّا بھرنا۔

بوٹیاں: جمع بوٹی کی۔

—— **اُڑانا**: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، خوب مارنا۔

—— **کاٹنا/کاٹ کاٹ کھانا**: نہایت غصہ ہونا بہت جھلّانا

بوجھ: مذکر؛ (۱) بار، وزن (۲) (کنایتاً): ذمہ داری۔

—— **اتارنا**: (۱) بار ہلکا کرنا، سُبک دوش کرنا ابری الذمہ کرنا۔ (۲) قرض ادا کرنا (۳) بے گار ٹالنا ٹلے پر وائی سے کام کرنا۔

—— **سر پر ہونا**: (۱) فکر ہونا، فکر میں مبتلا رہنا (۲) قرض ذمے ہونا (۳) کوئی ذمے داری متعلق ہونا۔

—— **سر سے اُترنا**: (۱) بوجھ ہلکا کرنا، کسی بار سے سبکدوش کرنا۔ قرض یا قرض ادا ہونا (۲) (کنایتاً): احسان سے سبکدوش ہونا

—— **سنبھالنا**: بار اٹھانا، کوئی ذمے داری اپنے سر لینا۔

بُوجھ: مؤنث؛ (۱) سمجھ فہم، فراست (۲) پہیلی کا حل۔

—— **بُجھکڑ**؛ (۱) ہوشیار، جہاندیدہ (۲) (طنزاً): نادان جو عقلمند بنے (۳) ایک فرضی احمق کا لقب جس سے بہت سی نادانی کی باتیں منسوب ہیں۔

—— **بُجھوّل**: مؤنث؛ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔

بُوجھا بُوجھی: مؤنث؛ لڑکوں کا ایک کھیل: چور کی آنکھ بند کی جاتی ہے وہ چھو کر دوسروں کا نام اٹکل سے بتاتا ہے۔

بوجھل: (۱) وزنی، بھاری، ثقیل (۲) لدا ہوا، بوجھ کے نیچے دبا ہوا۔

بُوجھنا: (۱) سمجھنا، پہچاننا، دریافت کر لینا (۲) پہیلی بتانا چیستاں حل کرنا۔

بوچا : مذکر؛ ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے تھے۔ ہوادار۔

بُوچا : مذکر؛ (۱) بے کانوں کا، چھوٹے چھوٹے کانوں کا (۲) کُتّا، (۳) (ننگا کا تابع ہوکر) دیکھو، ننگا بُوچا۔

بُوچَرْ : BUTCHER (انگ) مذکر؛ قصائی (قسائی) قصاب گوشت بیچنے والا۔

بَوچھار/بَوچھاڑ : مؤنث؛ (۱) مینہ کی وہ بوندیں جو ہوا کے ساتھ ترچھی گرتی ہیں۔ پانی کے چھینٹے جو ہوا سے کسی خاص رخ پر پڑیں۔ (۲) بھرمار، کثرت گولیوں کی/گالیوں کی/باتوں کی (لگنا یا گرنے کے ساتھ)۔

بَوچھار پڑنا : مینہ کی چھوٹی بوندوں کا کثرت سے گرنا، تیر/گولیوں یا کسی چیز کا کثرت سے گرنا (۲) ہر طرف سے لعن طعن ہونا، اعتراضات ہونا، لگاتار سوالات ہونا، کثرت سے گالیاں یا کوسنے پڑنا۔

بُود : (ف) مؤنث؛ وجود، ہستی، ترجیح۔

—— **وباش** : مؤنث؛ رہنا سہنا، سکونت، سکونت کی جگہ۔

بودا : مذکر؛ (۱) بزدل، کم زور، کم ہمت (۲) گلا ہوا، بوسیدہ۔

—— **پَن** : کم ہمتی، کم زوری، بزدلی۔

بَودھ : مذکر؛ ایک مذہب جس کے بانی گوتم بدھ تھے۔

(۵) مذکر؛ بدھ مذہب کا پیرو۔

—— **مَت** : گوتم بدھ کا مذہب۔

بَور/مَور : (۵) مذکر؛ آم کا پھول۔

بُور : (۵) مذکر؛ بھوکر، بھوسی، برادہ، چورا۔

—— **بُور** : پرزے پرزے، ٹکڑے ٹکڑے، ریزے ریزے۔ پاش پاش۔

—— **کا لڈو** : (۱) گیہوں کی بھوسی کے لڈو (۲) (مجازاً) دھوکے کی ٹٹی، بے کار کام، ظاہر میں اچھا اور باطن میں خراب۔

بور کے لڈو کھائے تو پچھتائے، نہ کھائے تو پچھتائے : (مثل) جس کام کا کرنا نہ کرنا برابر ہو۔

بور : مذکر؛ غوطہ، ڈبکی۔

بور : BORE (انگ) صفت؛ (۱) بیزار کرنے والا (۲) بندوق کی نالی کا قطر۔

—— **کرنا** : اُکتا دینا، بے زار کر دینا۔

—— **ہونا** : اُکتا جانا، کھل جانا، ناقابلِ برداشت۔

بُورا : مذکر؛ پاگل، سڑی، بادلا۔

بُورانا : پاگل ہونا، بولانا۔

بُورہا : (صفت) پاگل۔

بورا : مذکر؛ } ٹاٹ یا موٹے کپڑے کا بڑا تھیلا۔
بوری : مؤنث؛ }

بُورا : مذکر؛ (۱) باریک (سفوف)؛ شکر، کھانڈ (۲) چورا، زیرہ، برادہ۔

بُورانی : مؤنث؛ رائتا، دہی بینگن کا آمیزہ۔

بَورچی/باورچی : خانساماں، کھانا پکانے والا۔

—— **خانہ/باورچی خانہ** : رسوئی، کھانا پکانے کی جگہ۔

بُورڈ : BOARD (انگ)؛ مذکر؛ (۱) تختہ، اشتہار کا تختہ (۲) مجلس۔

بورڈنگ ہاؤس : BOARDING HOUSE (انگ) مذکر؛ ہوسٹل، دارالاقامہ۔

بُورژوا : BOURGEOISA (فرانسیسی)، مذکر؛ **بورژوازی** BOURGEOISIE (۱) متوسط طبقہ، شہری متوسط طبقہ (۲) (اشتراکی ادب کی ایک اصطلاح)؛ صاحبِ جائداد، تاجر، سرمایہ دار، سماجی قدر و منزلت رکھنے والے لوگ۔

بورنا : بھگونا، تر کرنا، ڈبونا۔

بُوریا : (ف) مذکر؛ چٹائی۔

—— **بدھنا** : (مجازاً) : غریب کے گھر کا کل سامان، غریب کی کائنات۔

بُوریت : (انگ)؛ اُکتاہٹ، بیزاری، بے چینی، بے کیفی۔

بُوڑھا : مذکر؛ بڑی عمر کا، سن رسیدہ۔

—— **بالا برابر** : (مقولہ) بوڑھے اور بچے دونوں خبر گیری کے محتاج ہیں۔ دونوں کی عقل یکساں ہوتی ہے۔

—— **پونگ** : مذکر؛ بے وقوف بوڑھا۔

—— **پھونس** : بہت بوڑھا، پیرِ فرتوت۔

—— **چوچلا** : مذکر؛ بوڑھے عزیز، بڑھاپے کا نخرا۔

—— چونڈا مُنڈوانا : بڑھاپے میں ذلیل کرانا۔
—— خرانٹ : بڑا تجربہ کار بوڑھا، بہت جہاندیدہ بوڑھا۔
—— کھپاٹ / کھپٹ : بوڑھا پھونس، بہت بوڑھا۔
—— گھاگ : بہت ہوشیار بوڑھا، جہاندیدہ۔
بوڑھی : (بوڑھا کا مؤنث) ؛ زیادہ عمر کی عورت۔
بوڑھی ڈھڈو : بوڑھی پھونس۔
—— گھوڑی لال لگام : (مثل) بڑھاپے میں جوانی کے سنگار۔
بوڑھے : (جمع بوڑھا کی) ؛ باپ دادا، زیادہ عمر کے لوگ۔
—— توتے پڑھانا : (کنایتاً) ؛ زیادہ عمر کے آدمی کو پڑھانا۔
—— توتے نہیں پڑھتے : (مثل) ؛ زیادہ عمر والوں کا پڑھنا دشوار ہے۔
—— مُنہ مُہاسے، لوگ چلے تماشے : (مثل) ؛ بڑھاپے میں جوانی کی جیسی ترنگیں دکھا کر لوگوں کے لیے تماشا بن جانا۔
بُوڑھا سہاگن رہنا : (عو) بڑھاپے تک سہاگ باقی رہنے کی دعا۔
بُوزنہ / بُوزینہ : (ف) مذکر ؛ بندر۔
بُوستان : (ف) ؛ مذکر ؛ (۱) باغ (۲) شیخ سعدی کی مشہور اور مقبول کتاب کا نام۔
بوس وکنار : (ف) مذکر ؛ چومنا چٹنا، بغل میں لینا، پیار کرنا، بوسہ بازی۔
بُوسہ : پیار، چومنا۔
—— بازی : چوما چاٹی، چومنا، ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔
—— بہ پیغام : (ف) ؛ امر محال، جو کام خود کیے بغیر نہ ہو سکے وہ کام دوسرے کے ذریعے لینے کا خیال خام۔
—— گاہ : وہ مقام جس کو چومیں۔
بُوسیدہ : پھٹا پرانا، سڑا، گلا۔
بوسیدگی : (ف) مؤنث ؛ پرانا پن، سڑا ہونا، کہنگی۔
بُوطیقا : (ع) مؤنث ؛ (۱) شعری تخلیقات کے تنقیدی جائزے پر ارسطو کی ایک کتاب (۲) اصول شاعری، فن شاعری، شعریات
بُوعزا : دیکھو بُغزا۔
—— نکالنا : لاٹھیوں اور لاتوں سے مار کر مضمحل کر دینا، پلیتھن نکالنا مارتے مارتے بھرکس نکال دینا۔
بُوق : (ع) مؤنث ؛ قرنا، بگل۔
بُوقلمُون : (ف) ؛ رنگا رنگ، تعجب انگیز، مختلف رنگوں کا، طرح طرح کا۔
بُوقلمُونی : نیرنگی، رنگا رنگی۔
بُوکھل : گھبرایا ہوا، وحشی، بدحواس۔
بوکھلا جانا : پریشان ہو جانا، دیوانہ ہو جانا۔
بوکھلانا : گھبرانا، بوکھلانا، بے تاب ہونا۔
بوکھلاہٹ : گھبراہٹ، پریشانی، اضطراب۔
بُوگی : BOGIE (انگ) ، مؤنث ؛ ریل گاڑی کا ایک مکمل ڈبا۔
بَول : (ع) مذکر ؛ پیشاب۔
—— پراز : (ف) ؛ پیشاب پاخانہ۔
بول : مذکر ؛ (۱) بات، کلمہ، حکم، طعنہ، طنز (۲) (اصطلاح موسیقی) گیت کا ٹکڑا، گیت کا مکھڑا۔
—— اُٹھنا : (۱) کہہ اٹھنا، کہنا، چلا پڑنا (۲) خوش نما ہو جانا (۳) خوش ذائقہ ہو جانا (۴) خوبیاں نمایاں ہو جانا، چمک اٹھنا۔
—— بالا : بات اونچی رہنا، عزت آبرو کی ترقی، کامیابی، شہرت۔
—— چال : مؤنث ؛ (۱) بات چیت، روزمرہ ؛ (۲) لب ولہجہ (۳) میل جول، ربط ضبط (۴) رفتار گفتار، تکرار بحث۔
—— جانا : (۱) ہار جانا (۲) ختم ہو جانا (۳) لوہا ماننا (۴) عاجز ہو جانا (۵) پرانا ہو جانا، بوسیدہ ہو جانا (۶) دیوالا نکل جانا (۷) برا بھلا کہہ جانا (۸) نقصان ہو جانا (۹) مر جانا۔
بولا چال : مونث ؛ بات چیت، گفت گو، روزمرہ۔
بولنا : کہنا، جواب دینا۔
بَولا دینا : گھبرا دینا، پریشان کر دینا، بدحواس کر دینا۔
بولٹ BOLT (انگ) ، مذکر ؛ پیچ، چٹخنی۔
بولنا چالنا : بات چیت کرنا۔
بولتی تصویر : ہو بہو اصل کے مطابق تصویر۔
بولی : (۱) زبان، گفت گو، بول چال (۲) جانوروں کی آواز (۳) نیلام

کی آواز۔
—— بڑھانا: نیلام میں بولی کے دام بڑھ کر لگانا۔
—— ٹھولی: مؤنث؛ (ٹھولی تالو مہل، زبان، بول چال۔
—— ٹھولی پھینکنا/کسنا/مارنا: آوازے کسنا، طعنہ زنی کرنا، مذاق اڑانا۔
بولیاں: مؤنث؛ (جمع بولی کی)؛ زبانیں۔
بوم: (ف) مذکر؛ (۱) الو، (۲) جگہ، مقام، زمین۔
—— خصلت: ویرانہ پسند، منحوس۔
بوٹا: (ہ) مذکر؛ جھگا، چھوٹے قد کا۔
بونا: زمین میں بیج چھڑکنا، ہل چلا کر کھیت میں بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا۔
بوند: مؤنث؛ (۱) قطرہ (۲) منی کا قطرہ۔
—— چرانا: حاملہ ہونا۔
—— کا چوکا گھڑے ڈھلکائے: (مثل)؛ موقع ہاتھ سے نکل جانے کے بعد کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
بوندا باندی: مؤنث؛ تھوڑی تھوڑی ہلکی بارش، ترشح۔
بوندی: مؤنث؛ (۱) چھوٹی بوند، پانی کا قطرہ، مینہ کا قطرہ (۲) کنار (۳) ایک قسم کی مٹھائی جو پانی کے قطرے کے مشابہ ہوتی ہے۔
بونڈی: مؤنث؛ (۱) کل جو کھلنے کے قریب ہو (۲) جوار کا بھٹا۔
بونس: BONUS (انگ) مذکر؛ منافع کا ایک حصہ جو کمپنی کی طرف سے ملازمین کو تنخواہ کے علاوہ دیا جاتا ہے۔
بوہرا: مسلمانوں کا ایک تاجر پیشہ طبقہ جو زیادہ تر گجرات اور بمبئی میں آباد ہیں۔
بوہنی: (ہ) دن کی پہلی بکری، وہ رقم جو صبح کو پہلے پہل ملے۔
بوئی: مؤنث؛ (۱)؛ ایک قسم کی گھاس (۲) وہ فرضی ہوا جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔
بویا نہ جوتا، اللہ نے دیا پوتا: (مثل)؛ بے محنت مشقت کوئی کام بن جانا، مفت میں کچھ حاصل ہو جانا۔

ب - ہ

بہ: (ہ) مذکر؛ ناک کان کے وہ سوراخ جس میں عورتیں زیور پہنتی ہیں۔
بہ: (ف)؛ صفت؛ بہتر، اچھا، عمدہ۔
بہا: (ف، مذکر و مؤنث؛ قیمت۔
بہا بہا پھرنا: (۱) سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا، (۲) کسی چیز کی کثرت اور زیادتی ہونا، (۳) مارا مارا پھرنا، ڈانواں ڈول پھرنا، (۴) نشے میں مخمور ہونا۔
بہادر: (ف)؛ دلیر، جواں مرد، جری، شجاع۔
بہار: (ف) مؤنث؛ (۱) پھولوں کے کھلنے کا زمانہ، درختوں کے سرسبز ہونے کا موسم (۲) شادابی، رونق، لطف، کیفیت (۳) تماشا تفریح (۴) ایک راگنی کا نام۔
—— بیچنا: پھل دار درختوں میں پھل آنا شروع ہوتے ہی سودا کر لینا، فصل بیچ ڈالنا۔
—— دکھانا: سماں دکھانا، کیفیت دکھانا۔
—— لوٹنا/بہاریں لوٹنا: خوب مزے اڑانا، خوب لطف حاصل کرنا، عیش کرنا۔
بہاراں: بہار۔
بہاری: بہار والی، بہار کی۔
بہارن: مذکر؛ جھاڑنے کا کپڑا، جھاڑن
بہارنا: جھاڑنا، صاف کرنا، جھاڑ دینا۔
بہانا: (۱) لنڈھانا، جاری کرنا، پانی کی رو میں ڈالنا (۲) خراب کرنا ضائع کرنا (۳) بہت سستا بیچنا، کم داموں میں لٹا دینا۔
بہانہ: (ف) مذکر؛ (۱) ٹال مٹول، عذر، حیلہ، دھوکا، دم، فریب (۲) وسیلہ، سبب۔
—— جو/طلب: حیلہ ڈھونڈنے والا، حیلہ گر، دھوکے باز۔
—— خور: مکار، چالاک۔
—— ساز: حیلہ بنانے والا، عذر گھڑنے والا۔
بہاؤ: پانی بہنا؛ پانی کا مسلسل چلتے رہنا، پانی کا جاری رہنا۔
بہائم: (ع) مذکر؛ (جمع بہیمہ کی)؛ چوپائے۔ جانور۔
بہبود: (ف) مؤنث؛ بھلائی، بہتری۔
بہت: زیادہ، کثرت سے، نہایت، کافی، بڑا، وسیع۔
—— اچھا: (۱) کلمۂ ایجاب، بہتر، مناسب (۲) نہایت عمدہ (۳) (غصے سے) دیکھا جائے گا، (۴) طنزاً: بہت خوب۔

—— بڑی عُمر ہونا: غائبانہ ذکر یا یاد کے موقع پر دفعتاً پہنچنا۔
—— بہتر/خوب: (ایجاب میں)! بہت اچھا، بہت مناسب۔
—— چل نکلنا: ہوشیار ہوجانا، حد سے بڑھ جانا، اترانا، گستاخ ہوجانا۔
—— خاصے: (طنزاً)! بہت معقول، بہت خوب، واہ وا۔
—— میٹھے میں کپڑے پڑتے ہیں: (مثل) زیادہ میل جول میں نتیجہ خراب نکلتا ہے۔
—— نکٹوں میں ایک ناک والا نکٹو: (مثل) (نکٹو: بدنام) احمق، بہت عیب داروں میں ایک بے عیب احمق بنتا ہے بدنام ہوتا ہے۔
—— نہُنہا کاتنا: بہت باریکی سے کام کرنا، بہت سوچ بچار سے کام کرنا۔
—— ہی بہت ہونا: بالکل نہ ہونا۔
بُہتات: مؤنث، کثرت، زیادتی، افراط۔
بُہتان: (ع) مذکر! کسی کی طرف کوئی جھوٹ بات منسوب کرنا۔ تہمت، افترا۔
—— اٹھانا/باندھنا/جوڑنا/دھرنا/رکھنا/لگانا: تہمت لگانا، الزام لگانا، عیب لگانا۔
بَہتّر: مذکر! (۱) ستر اور دو، ۷۲ (۲) بہت کثرت سے، بڑی تعداد۔
بِہتّر: (ف) اعلا درجے کا، عمدہ، افضل، بہت اچھا (کسی بات کے جواب میں) بہت اچھا، بہت خوب۔
بہتر پن: سب سے اچھا۔
بِہتری: مؤنث! بھلائی۔
بہتے دریا میں ہاتھ دھونا/بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا: کسی کی فیاضی یا دریا دلی سے فائدہ اٹھانا۔
بَہتیرا: بہت زیادہ، بہت سا، بے شمار، کثرت سے، بہت۔
بَہجت: (ع) مؤنث! تازگی، فرحت، خوشی، رونق۔
بہِ دانہ/بہی دانہ: مذکر! بہی کا بیج۔
بہرا: وہ شخص جس کے سننے کی قوت کم یا ختم ہوگئی ہو، گراں گوش، بے خبر، بے پروا۔
—— بادل/بھنڈ: (مزاحاً)! اونچا سننے والا، کم سننے والا۔
—— پتھر: پیدائشی بہرا، بالکل بہرا، جس کی قوت سامعہ بالکل زائل ہوگئی ہو۔
—— سُو گہرا: (مقولہ) بہرا بڑا چالاک ہوتا ہے۔
بہرام گور: (ف) مذکر! قدیم ایران کا بادشاہ، جسے گورِ جنگلی گدھے کے شکار کا شوق تھا۔
بہروپ/بہروپ: قسم قسم کی وضع، بھیس، سانگ، دھوکا، نقالی۔
—— بدلنا/بھرنا/لانا: بھیس بدلنا، سانگ بھرنا، نئی حالت میں نظر آنا، شعبدہ بازی کرنا، دھوکا دینا۔
بہروپیا: مذکر! رنگ برنگ بھیس بدلنے والا، دھوکے میں ڈالنے والا، مکار، فریبی۔
بَہرہ: (ف) مذکر! واقفیت، شعور، فائدہ، قسمت، نصیب، حوصلہ، حصہ۔
—— مند/ور/یاب: (ف)! کامیاب، خوش نصیب، بااقبال، فائدہ اٹھانے والا۔
بَہری: مؤنث! (۱) ایک شکاری پرندہ جو اکثر کبوتروں اور چھوٹے پرندوں کا شکار کرتا ہے (۲) نہ سننے والی عورت۔
بِہری: مؤنث! برابر کا حصہ، حصہ، چندہ۔
بِہزاد: (ف) مذکر! ایک مشہور قدیم ایرانی نقاش (آرٹسٹ)۔
بہشت: (ف) مذکر! مؤنث، جنت، فردوس، پُرفضا مقام، عیش و آرام کی جگہ۔
—— بریں: سب سے اعلا درجے کی بہشت۔
—— شدّاد: (اضافت کے ساتھ)! وہ بہشت جو شدّاد بادشاہ نے دعوئے خدائی کرکے بنائی تھی۔
بہشتا/بہشتی: مذکر! سقا، پانی بھرنے والا، پانی پلانے والا۔
بہشتی: جنتی، فردوس مکاں۔
—— اندھا دوزخی: (مقولہ)! بہرا برائی بھلائی نہ سننے کی وجہ سے نیک ہوتا ہے اور اندھے کی نیت بے خبری کی وجہ سے ڈانواں ڈول رہتی ہے۔
بہکا: بے عقل، بے وقوف۔
بہکانا: ورغلانا، دم دینا، سیدھے راستے سے ہٹانا، اغوا کرنا، بھٹکانا، سبز باغ دکھانا، فریب دینا، نشے میں بدمست کردینا۔
بہکنا: (۱) سیدھے راستے سے ہٹ جانا، راہ راست سے دور ہونا۔

قدم بہکنا (۲) نشے میں کچھ کا کچھ کہنا، اول فول بکنا (۳) بخار میں بکنا (۴) دھوکا کھانا (۵) نشانہ خطا کرنا (۶) پانو لڑکھڑانا۔ ڈگ مگانا (۷) حد سے بڑھ کر چلنا۔

بہکی ہوئی آواز: بے سُری آواز۔ قائم نہ رہنے والی آواز۔ وہ آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو۔

بہل/بہلی: مؤنث؛ بیلوں کی سواری گاڑی۔

بہلانا: (۱) دل خوش کرنا، تفریح کرنا، سیر تماشے میں دل لگانا (۲) دم دینا، جھوٹ موٹ تسلی دینا، ٹالنا، فریب دینا۔

بہلاؤ/بہلاوا: مذکر؛ تفریح، جس چیز سے دل بہلے۔

بہلیہ: مذکر؛ (۱) چمڑے کا دستانہ جسے شکاری پنجے پر چڑھا کر پرند کو ہاتھ پر بٹھاتے ہیں (۲) ایک قسم کا بٹوا، جس میں روپیا پیسا یا اہم کاغذات رکھتے ہیں۔

بہلی: مؤنث؛ بہل، ایک قسم کی بیل گاڑی۔

بہلیا: مذکر؛ پرندوں کا شکاری، تیر و کمان سے مسلح رہنے والے۔

بہم/باہم: (ف)؛ آپس میں۔ ساتھ۔

—— **پہنچنا**: ملنا، مہیا ہونا، دست یاب ہونا، حاصل ہونا۔

بہمن: (۱) ایران کا گیارہواں مہینہ (۲) ایک بوٹی۔

بہن: مؤنث؛ ہم شیرہ، خواہر۔

بہنا: (پیار سے)؛ بہن۔

بہناپا: مذکر؛ وہ رشتہ جو عورتیں آپس میں ایک دوسرے کو مُنہ بولی بہن بنانے میں جوڑتی ہیں۔

بہنا: (۱) جاری ہونا، رواں ہونا (۲) پانی کی رو میں چلا جانا (۳) مبتلا ہونا (۴) ضائع ہونا، بے جا صرف ہونا (۵) پھیل جانا، جگہ سے ہٹ جانا (۶) تتر بتر ہونا (۷) سستا بک جانا (۸) غارت ہونا۔

بہنا: بھنیا، بدّاف

بہنگم/بے ہنگم: بے ڈول، بے کینڈا، بد قطع۔

بہنگی: کاندھے پر رکھ کر بوجھ اٹھانے والی، ترازو جیسی ایک چیز۔

بہنوئی: مذکر؛ بہن کا شوہر۔

بہنی: دیکھو بوہنی۔

بہنیلی: مؤنث؛ منہ بولی بہن۔

بہو: مؤنث؛ (۱) بیٹے کی بیوی (۲) وہ لڑکی جو بیاہ کے لئے میں باہر سے بیاہ کے لانے والی لڑکی (۳) عزت والی عورت۔

—— **جی**: عزت دار عورت۔

بہوار: مذکر؛ لین دین، معاملت۔

بہوڑا: (عم) چالا۔ دلہن کا چوتھی کے بعد دوبارہ شوہر کے گھر آنے کی رسم۔

بہوڑے کا کھانا: وہ کھانا جو دلہن کے ساتھ شوہر کے گھر رخصتی کے وقت جاتا ہے۔

بہی: حساب لکھنے کی کتاب، روزنامچہ، کھاتا۔

—— **کھاتا**: لین دین کے حساب کی کتاب۔

بہی: (ف، مذکر؛ ایک پھل کا نام جو امرود سے مشابہ ہوتا ہے۔

بہیر: مؤنث؛ (۱) وہ غیر فوجی لوگ جو لشکر کے ساتھ بھیڑ کی صورت میں ہوتے ہیں (۲) لشکر کے بازار والے (۳) آدمیوں کی قطار، بھیڑ، مجمع (۴) فوج کا اسباب۔

بہیر بنگاہ/بھیڑ بھنگا: (۱) خیمہ، فوج کے ساتھ کے شاگرد پیشہ بقال وغیرہ (۲) برات کے ساتھ خدمت گذار (۳) لشکر کا ڈیرا خیمہ وغیرہ۔

بہیڑ: مؤنث؛ پہاڑی پرندوں کے غول (جھنڈ) کا پہاڑ سے آنا۔

بہیڑا: مذکر؛ ہلیلہ (ایک قسم کی بڑی ہڑ)۔

بہیلیا: چڑی مار، شکاریوں کی ایک خاص قسم۔

ب - ی

بی: (ف)؛ مؤنث؛ بی بی کا مخفف؛ عورتوں کے واسطے تعظیم یا محبت کا کلمہ، خطاب۔

—— **بی**: (ترکی)؛ مؤنث؛ (۱) بیگم، خاتون، خانم (۲) زوجہ، گھر والی (پیار سے)، بیٹی، لڑکی، شریف زادی، عفیفہ، بہن، ہمشیرہ، دلہن۔

—— **بنو**: مؤنث؛ عزت والی عورت۔

—— **بی خطا کرے باندی پکڑی جائے**: (مثل) بڑے کی خطا پر غریب پکڑا جائے، غلطی کرے کوئی پکڑا جائے کوئی۔

—— **بی کی جھاڑو پھرے**: (غ) (کوسنا)؛ مرے، تباہ ہو، برباد ہو۔

—— **بی نہ پیر، پہلے فتن فقیر**: (مثل)؛ وہ شخص جو سب سے پہلے اپنے حصے کی جلدی مچائے۔

اے : B.A. — (انگ) بچلر آف آرٹس کا مخفف ؛ گریجوئٹ۔

بے : حروف تہجی کے دوسرے حرف 'ب' کا نام، جمل کے حساب سے اس کے دو عدد مقرر ہیں۔

بے : (ف) نفی کا حرف، بجز، بدون، بلا۔

اٹکل : بے شعور، بے تمیز، بے جوڑ۔

ایمان : بے دین، بدنیت، بددیانت، جھوٹا، دغاباز، بے وفا، نمک حرام، انصاف نہ کرنے والا۔

آب : بے رونق۔

باق : حساب صاف، کوئی رقم دینے باقی نہ رہے۔

باک : نڈر، بے خوف، شریر۔

بال وپر : بے سروسامان، بے کس، عاجز۔

بدل : بے مثال، لاجواب۔

برگ ونوا : (مجازاً) بے کس، بے ساز وسامان، محتاج۔

بس : بے اختیار، بے چارہ، کم زور، مجبور، بے یار ومددگار، بے کسی۔

بلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے : (مقولہ) بے بلائے کسی کے ہاں نہیں جاتے، خصوصاً خودداری کے اظہار کے موقع پر۔

بہا : بیش قیمت۔

بہرہ : (ف) (۱) بے خبر، ناواقف (۲) مفلس، بدنصیب۔

پھاوے پڑنا : خوب اچھی طرح مار پڑنا۔

پر اُڑانا : بے جا تعریف کرنا، جھوٹ موٹ کی تعریف کرنا۔

پر کی اُڑانا : جھوٹی بے اصل بات کہنا، گپ اڑانا۔

پروا : بے فکر، بے خوف، غافل۔

پیرا : وہ جس کا اُستاد یا پیر نہ ہو۔

پیندی کا بدھنا : وہ بدھنا جس میں پیندی نہ ہو، (مجازاً) جس کے ارادے میں استقلال نہ ہو، مضمحل الیقین، ناقابل اعتبار۔

تماشا : (۱) مضطر بانہ (۲) بے دھڑک، بے تامل۔

ٹیکا : بے ڈول، ناموزوں، بے جوڑ۔

تکان : بے تکلف، بے حد۔

ٹھور ٹھکانے : آوارہ گرد، بے گھر، بے موقع، بے محل۔

ثبات : ناپائے دار، غیر مستقل۔

جان : مُردہ، پژمُردہ، مرجھایا ہوا، ضعیف، کمزور، نحیف۔

جرم : (ف) وہ جواہر (ہیرا) جس میں داغ دھبا نہ ہو۔

جہت : بے سبب، بلاوجہ۔

چارہ : (ف) (۱) بیچارا، بے بس، عاجز (۲) لاعلاج، مجبور، (۳) غریب، مفلس (۴) بدنصیب۔

چراغ : (ف) (مجازاً) اُجاڑ، ویران، خراب، برباد، تباہ۔

چگوں/بے چوں : (ف) بے مثل، لاجواب، وہ جس کی ذات تک عقل کی رسائی نہ ہو۔

چوں وچرا : (ف) بے عُذر، بے حُجت، بے دلیل۔

چُونی : مؤنث ؛ بے کلی۔

حال : خستہ خراب، تباہ، ضعیف، بیمار، مرنے کے قریب۔

حجاب : بے لحاظ، بے شرم، بے تکلف، کھلے خزانے۔

حد : (ف) ان گنت، بے شمار، بہت زیادہ، بے انتہا۔

حرمت کرنا : ذلیل کرنا، بے عزت کرنا، بُرا کام کرنا۔

حس : جو حرکت نہ کر سکے، سُن، بے خبر۔

حس وحرکت : سُن، بے جُنبش، حیران، ششدر، دھک دھک۔

حقیقت : ناچیز، بے وقعت، بے اصل، ذلیل، ناقابل التفات، بے اثر۔

حکم پتا نہیں ہلتا : (مقولہ) خدا کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔

حیا کی رَدّ بلا : (مقولہ) بے حیا کو عزت کی کچھ پروا نہیں ہوتی ہر جگہ جس طرح ہو سکے کام نکال لیتا ہے۔

حیائی کا برقع مُنہ پر ڈالنا/بے حیائی کا جامہ پہن لینا : (مثل) بے شرم ہو جانا، نہایت ڈھیٹ اور بے حیا ہو جانا، بے غیرتی اختیار کر لینا۔

خار : (ف) (۱) بغیر کانٹوں کا، بے خوف وخطر (۲) وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی نہ نکلی ہو نوعمر۔

خانماں : (ف) بے گھر کا، بے وطن۔

خبر : (ف) غافل، بے ہوش، دفعتاً، یکایک، ناعاقبت اندیش، بے شعور۔

—— خطرہ: نڈر، بے خوف۔
—— خوابی: نیند نہ آنا، نیند اڑ جانا۔
—— خود: آپے سے باہر، مست، سرشار، متوالا، مخمور، مدہوش۔
—— خودی: بے ہوشی، بدحواسی، حالتِ وجد، بے خبری کا عالم۔
—— خورو خواب/بے خواب وخور: (ف) (۱) بغیر کھائے سوئے (۲) (مجازاً) بغیر آرام کے۔
—— داغ: بغیر دھبے کا، پاک صاف، بے عیب، بے قصور، بے گناہ۔
—— دال کا بودم: مذکر؛ بوم، الو، سیدھا سادا۔
—— داموں کا غلام: مذکر؛ مفت کا غلام، فرماں بردار۔
—— دانہ: مذکر؛ (۱) وہ پھل جس میں بیج نہ ہو (۲) ایک قسم کا انار۔
—— دانے پانی: بغیر غذا اور پانی کے، بغیر کھائے پیے۔
—— دخل کرنا/ہونا: محروم کرنا، قبضہ نہ ہونا۔
—— دخلی: مؤنث؛ قبضہ نہ رہنا، بے تعلق ہونا۔
—— دردُ: بے رحم، ظالم، سنگ دل۔
—— دردقسائی (قصائی) کیا جانے پیر پرائی: (مثل)؛ سخت دل کو دوسرے کی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔
—— دریغ: بغیر افسوس کے، بے سوچے سمجھے، بلا تامل، کثرت سے
—— دست وپا: (۱) بے ہاتھ پاؤں کا، اپاہج (۲) عاجز، مجبور، بے اختیار۔
—— دل: بے جگر، بہادر، رنجیدہ، دل گیر، ناخوش، افسردہ۔
—— دم: بے جان، تھکا ہوا، خسہ۔
—— دہن: (۱) بے منہ کا، بے زبان، جو بات کرنے پر قادر نہ ہو، جو بہت کم بولے (۲) (مجازاً)، معشوق۔
—— دید/دیدہ: بے مروت، بے لحاظ، بے حیا، کٹھور، سنگ دل۔
—— دیکھے بھالے: بے سمجھے بوجھے، بغیر تحقیق کیے، بغیر آزمائش کیے۔
—— دین: بے مذہب، بے راہ، کافر۔
—— دھڑک: بے خوف وخطر، بے تامل، بے تحاشا، بے سوچے سمجھے۔
—— ڈھب: بے طور، بری طرح، بے محل، بہت ہوشیار، چالاک، شریر، سنگ دل، خطرناک
—— ڈھنگا: بے تکا، ناشائستہ، بے سلیقہ، ناموزوں۔
—— راہ: گم راہ، بدچلن، بدراہ، بداطوار، بے قاعدہ۔
—— راہ چلنا/بے راہ قدم اٹھ جانا: قاعدے کے خلاف کام ہونا، دستور کے خلاف عمل۔
—— رُخ ہونا/بے رُخی کرنا: بے مروت ہونا، روکھا بننا، ناراض ہونا۔
—— رُکھائی: (ف)؛ مؤنث؛ وہ چیز جس میں کوئی لطف نہ ہو۔
—— روئے لڑکا/بچہ بھی دودھ نہیں پاتا: (مثل)؛ بغیر کوشش کچھ نہیں ملتا۔
—— ریا: وہ شخص جس میں دکھاوا نہ ہو، مخلص۔
—— زبان: (۱) خاموش، کم بولنے والا، کم سخن، غریب، مسکین (۲) (کنایتاً) جانور۔
—— زرُ: مفلس، قلاش، جس کے پاس دام نہ ہوں۔
—— زوال: (ف)؛ جو گھٹنے والا نہ ہو، قایم، مستقل۔
—— ساختہ: (ف)؛ بے دھڑک۔ فی البدیہہ، بے تکلف، برجستہ۔
—— سدھ: بے ہوش، بے خبر۔
—— سرا: بے سردار، آوارہ، بے مالک، خراب۔
—— سُرا: جس کی آواز موسیقی کے قاعدوں کے مطابق نہ ہو۔
—— سرپاؤں کی بات: مہمل بات، لغو بات۔
—— سرو پا: بے ٹھکانے، بے بنیاد۔
—— سروسامان: (ف)، محتاج، مفلس، غریب۔
—— سود: رائگاں، بے فائدہ، بے نتیجہ۔
—— شمار: بے گنتی، بہت، افراط سے۔
—— شمہ وقہ: بہت زیادہ، بے احتیاطی سے۔
—— طرح: بے ڈھب، عقب کا، بڑے طریقے سے، حد سے زیادہ۔

—— غرض : بے طمع، بے پروا، جس کی کوئی حاجت وابستہ نہ ہو۔
—— غل وغش/بے غل وغش : بے تکلف، اناپ، شناپ، اندھا دھند، بے پروائی سے۔
—— غیرتی پر کمر باندھنا : بے شرم ہو جانا، بے حیائی پر آمادہ ہو جانا
—— غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا/بے غیرتی کا جامہ پہننا : بے غیرت بن جانا۔
—— فصل : (۱) بے وقت، بے رُت، موسم کے خلاف (۲) بغیر فاصلے کے، مسلسل۔
—— فصل کی بہار : وہ بہار جو موسم کے خلاف بے وقت ہو۔
—— فکرا : جسے کوئی فکر نہ ہو، بے پروا۔
—— کار : (۱) بے روزگار، بے مشغلہ (۲) بے قدر، ناچیز، ناقص، بے نتیجہ۔
—— کراں : بے حد، بے انتہا۔
—— کس : (۱) تنہا، بے یار و مددگار (۲) محتاج، غریب، عاجز۔
—— کل : بے چین، بے آرام، بے قرار۔
—— کم و کاست : (ف) پورا، ٹھیک، کامل۔
—— کیف و کم : ٹھیک ٹھیک۔
—— کینڈے : بدقطع، بھونڈا۔
—— گانگی : بے تعلقی، غیریت۔
—— گانہ : (بیگانہ) ؛ (۱) پرایا، غیر، دوسرے کا (۲) پردیسی۔ (۳) سبزۂ بیگانہ، سبزۂ خودرَو کے لیے۔
—— گانہ خُو : (ف)؛ غیر مانوس، جس کی سرشت میں میل ملاپ کی عادت نہ ہو۔
—— فیض : جس سے کوئی فیض نہ پہنچے، کنجوس، بخیل۔
—— قرار : بے کل، پریشان، بے چین، مضطرب۔
—— قلعی : بدقلعی، برتن یا مکان جس پر قلعی نہ ہوئی ہو۔
—— قیاس : (ف)؛ (۱) بے شمار، بے حساب، بے انتہا (۲) خیال سے باہر۔
بے گانگی : (ف) مؤنث ؛ (۱) پرایا پن، غیریت (۲) انجانا پن، اجنبیت۔

—— گانہ دار/بے گانہ وَش : بے گانہ خُو/اجنبی کی طرح۔
—— گانی کھتی پر جھینگر ناچے : (مثل) ؛ جو شخص دوسرے کی شخصیت اور حیثیت پر غرور کرے خود کچھ نہ ہو۔
—— گاہ : بے وقت۔
—— لاگ : کھرا، غیر جانب دار، صاف، بغیر کسی طرف داری کے۔
—— لاگ لپیٹ : صاف صاف، بغیر کسی جانب داری کے
—— لحاظ : (ف) گستاخ، بے ادب، بے شرم، بے حیا۔
—— لگام : مُنہ زور، منہ پھٹ، آزاد، بے روک۔
—— لگاؤ : (۱) الگ، جدا، محفوظ (۲) بغیر طرف داری کے۔
—— لوث : خالص، بے ملاوٹ، مُخلصانہ۔
—— لیے دیے : بغیر خرچ کیے، بغیر کچھ دیے۔
—— مار کی توبہ : کسی کا بغیر مار پیٹ کے واویلا مچانا، بلاوجہ رونا دھونا۔
—— مایہ : مفلس، بے زر، بے حقیقت۔
—— مُحابا : بے دھڑک، بے خوف، بے تکلف، بے حجاب۔
—— محل : بے ڈھب، بے وقت، بے جا۔
—— مُروّت : توتا چشم، وہ شخص جس کو کسی کا پاس لحاظ نہ ہو۔
—— مزہ : (۱) بے لطف، خراب، بدذائقہ (۲) ناساز، علیل (۳) رنجیدہ، ناخوش، کبیدہ خاطر۔
—— مَصْرَف : نکما، جو چیز کسی کام کی نہ ہو۔
—— مَعْنی/مَعْنا : مہمل، پوچ، بے فائدہ، بے اصل۔
—— مغز : (ف) (۱) کھوکھلا، خالی (۲) لچر۔
—— نام : (ف) گم نام، مجہول الاسم۔
—— نام و نشان : (ف) بے ٹھکانا، گم نام شخص جس کا کوئی پتا نہ ہو۔
—— مِقدار : (ف)؛ بے وقعت، بے وقار، بے قدر۔
—— موت مارنا : قبل از وقت مار ڈالنا، تباہ کرنا، صدمہ دینا۔
—— موسم : بے رُت، بے وقت۔
—— موقع : بے محل، نازیبا، بے وقت، نامناسب۔
—— مُہار : آزاد، بے روک۔

—— **نظیر**: (ف) بے مثال، لاثانی، بے بدل، لاجواب۔
—— **نُقطُ سنانا/بے نقط گالیاں دینا**: گالیاں دینا۔ بُری گالیاں دینا۔
—— **نمک**: (۱) بے مزہ، پھیکا، بغیر شوخی کا (۲) بے رونق۔
—— **ننگ و نامُوس/بے ننگ و نام**: بے شرم، بے حیا، بدچلن، بدوضع، آزاد۔
—— **نوا**: مذکر؛ (۱) بے کس، بے سامان (۲) مسلمانوں میں فقیروں کا ایک طبقہ جو مذہبی قیدوں سے آزاد رہتا ہے۔
—— **نوائی کرنا**: بے نوا فقیروں کا انداز اختیار کرنا۔
—— **نیاز**: (ف)؛ مستغنی، آزاد، بے پروا، جو کسی کا محتاج نہ ہو، خودسر۔
—— **نیلِ مرام**: (ع)؛ ناکام، نامراد۔
—— **وارثی ناؤ ڈالو اڈول**: (مثل)؛ لاوارثی چیز کی فکر کسی کو نہیں ہوتی، بغیر مالک کے سب کام خراب ہوتے ہیں۔
—— **واسطے**: (ف)؛ بے وسیلہ، بے ذریعہ، خواہ مخواہ، بے سبب، ناحق۔
—— **وقت کا آلاپ/بے وقت کا راگ/بے وقت کی شہنائی**: (۱) موسیقی میں ہر راگنی کا جو ایک وقت مقرر ہوتا ہے اس کے خلاف وقت کی راگنی (۲) (مجازاً) بے موقع بات یا جھگڑا۔
—— **وقوف**: نادان، احمق۔
—— **وقوف بنانا**: دھوکا دینا، کسی بات میں کم عقلی ثابت کرنا جھانسا دینا۔
—— **وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں**: (مقولہ)؛ بے وقوف کی کوئی خاص شناخت نہیں ہے وہ اپنی احمقانہ حرکات سے پہچانا جاتا ہے۔
—— **ہمہ وبا ہمہ**: (ف)؛ وہ شخص جو دنیا کے جھگڑوں اور مکروہات سے دور رہے اور مخلوقِ خدا سے میل جول بھی رکھے۔
—— **ہنگام/بے ہنگم**: بے ڈول، بھونڈا، بے موقع۔
—— **ہُوڈہ**: (ف)؛ (۱) ناحق، باطل (۲) لغو، خرافات، نکما، ناشائستہ، خراب، غیر مہذب، نامعقول (۳) بے سود (۴) ناجائز (۵) بے نتیجہ (۶) آوارہ۔
—— **ہُوڈہ پھرنا**: آوارہ پھرنا، مارا مارا پھرنا۔
—— **ہُوڈہ گو**: فضول بکنے والا، ناشائستہ بات کرنے والا۔
بَیا: مذکر؛ ایک چھوٹی سی چڑیا جو بہت ہوشیاری سے اپنا گھونسلا بناتی ہے۔
بِیا: (ہ) مذکر؛ بیج۔
بیابان: (ف)؛ مذکر؛ جنگل، صحرا، دشت، ویرانہ، اُوسر، اُجاڑ۔
—— **گرد/نوَرد**: (ف) جنگلوں میں پھرنے والا، جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔
بیاج: مذکر؛ سُود، منافع۔
—— **بٹّا**: نفع، نقصان۔
—— **بھرنا**: سُود ادا کرنا۔
بَیار: (ہ) مؤنث؛ ہوا۔
بیاض: (ع)، مؤنث؛ (۱) سفیدی (۲) وہ سادہ کتاب جس میں مختلف چیزیں، اشعار، نسخے، یادداشتیں لکھی جاتی ہیں۔ نوٹ بک، (۳) رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل۔
بیاکُل/ویاکُل: (ہ) بے چین، پریشان، گھبرایا ہوا۔
بیاکُلتا/ویاکُلتا: مؤنث؛ پریشانی، بے قراری، گھبراہٹ۔
بَیان: (ع)، مذکر؛ (۱) قول، مقولہ، تقریر، گفتگو (۲) اظہار، شہادت (۳) تفسیر (۴) تفصیل (۵) باب، مضمون، فصل، مقدمہ (۶) معاملہ (۷) ذکر (۸) کیفیت، حالت، رپورٹ، خبر، اطلاع، (۹) وہ علم جس میں تشبیہ، مجاز، استعارے، کنایے وغیرہ سے معنی کو کئی طریقے سے ادا کرتے ہیں (۱۰) ٹھیک بات کا اظہار۔
—— **بدلنا**: کہے ہوئے کے خلاف کہنا، اپنے پہلے بیان سے پھر جانا، اپنی بات پلٹ دینا۔
—— **دَعوا**: دعوے کا ثبوت، دعوے کی تفصیل۔
—— **سے باہر**: کیفیت کی تفصیل ظاہر کرنے کی قدرت نہ ہونا، حدِ انتہا سے بڑھی ہوئی بھلی یا بُری چیز جس کا اظہار کرنا دشوار ہو۔
—— **ضمنی**: وہ بیان جو اصل مطلب کے ضمن میں کیا جائے۔
—— **کرنا**: (۱) ظاہر کرنا (۲) گفتگو کرنا، کہنا (۳) بُرا بھلا کہنا (۴) سرگذشت دُہرانا (۵) (عو) بَین کرنا۔
بیانا: (ہ) مویشیوں کا بچہ دینا۔

بیانیہ: رُوداری خاصیت، تاثراتی اندازِ بیان۔
بیاہ: (ہ) مذکر: شادی۔
—— **پیچھے بڈھا/برات**: (مثل) موقع نکل جانے کے بعد کسی کام کی تدبیر سوچنا، بے وقت کام کرنا فضول ہے، عید پیچھے ٹر۔
—— **پیچھے تیل بھاری**: (مثل) بڑے خرچ کے بعد چھوٹا خرچ بھی بھاری معلوم ہوتا ہے، ناگوار گذرتا ہے۔
—— **رچنا**: شادی کی دھوم دھام ہونا۔
—— **کا جوڑا**: وہ کپڑے جو دولہا اور دلہن شادی کے موقع پر پہنتے ہیں۔
—— **نہیں کیا باراتیں تو دیکھی ہیں**: (مثل)؛ ایک کام خود نہیں کیا ہے تو دوسروں کو تو کرتے دیکھا ہے، کوئی کام خود نہیں کیا تو دیکھا ہوا تجربہ تو ہے۔
بیاہا: جس کا بیاہ ہوچکا ہو، شادی شدہ۔
بیاہتا: وہ عورت جو سماج کے دستور و رسوم کے مطابق بیاہی گئی ہو۔
بیاہنا/بیاہ کرنا: شادی کرنا۔
بیاہی بیٹی پڑوسن داخل: بیاہی بیٹی پر کچھ اختیار نہیں رہتا۔ بس ایسا تعلق رہ جاتا ہے، جیسے پڑوسی سے۔
بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے: (مقولہ)؛ لڑکی کا شادی کے بعد اپنے گھر رکھنا ایسا ہے جیسے ہاتھی پالنا۔
بیوپار: مذکر؛ تجارت، سوداگری، لین دین۔
بیوپاری: تاجر، سوداگر، جنس بیچنے والا۔
بیت: (ع) مذکر؛ گھر، مکان۔
—— **اقصیٰ**: (بیت اقصا): (ع) مذکر؛ بیت المقدس۔
—— **الحرام**: (بیت الحرام) مذکر؛ بیت الحرم، تعظیم کا گھر (اس میں لڑائی اور قتل حرام ہے)، بیت اللہ، خانۂ کعبہ۔
—— **الخلا**: (بیتُ الخلا) مذکر؛ پاخانہ، جائے ضرورت۔
—— **الشرف**: (بیتُ شرف): (ع) مذکر؛ اصطلاحِ نجوم میں اس برج کا نام جس میں سات سیاروں میں سے کسی کا شرف ہو۔
—— **العتیق**: (بیتُ عتیق) مذکر؛ بیتِ عتیق، قدیم گھر۔ مراد خانۂ کعبہ۔
—— **اللہ**: (بیتُ لہ) (ع) مذکر؛ خدا کا گھر، خانۂ کعبہ۔
—— **المال**: (بیتُ مال) (ع) مذکر؛ اسلامی خزانۂ عام، شاہی خزانہ، بے دعوا مال، لاوارث مال، خالصہ۔
—— **المقدس**: (بیتُ مقدس) مذکر؛ یہودیوں اور عیسائیوں کا قبلہ اور مسلمانوں کا قبلۂ اوّل۔
بیت: مؤنث؛ اصطلاحِ شاعری میں دو ملے ہوئے مصرعے جن کا وزن ایک اور مضمون مربوط ہو، شعر۔
—— **بازی/بیت بچی**: مؤنث، ایک کھیل جس میں ایک شعر کے جواب میں دوسرا شعر بعض قواعد کی پابندی کے ساتھ دیا جاتا ہے۔
بیتال/بیتال: مذکر؛ بھوت، پریت، دیو۔
بیتنا: گذرنا، تمام ہونا، ہوچکنا، تجربہ ہونا، کٹنا، ختم ہونا، مصیبت آنا، وارد ہونا، واقع ہونا۔
بیتی: مصیبت، آفت، ماجرا، گزری ہوئی، سرگذشت۔
بیٹ: BAT (انگ) مذکر؛ بلا، تھاپی۔
بیٹ: مؤنث؛ پرندوں کا فضلہ، پرندوں کا گوبر۔
بیٹا: (ا) حقیقی اولاد، اپنا لڑکا، (۲) مجازاً؛ اپنے سے چھوٹی عمر کے لڑکے لڑکی دونوں کے لیے یہ لفظ مستعمل ہے۔
—— **بنانا**: گود لینا، متبنّیٰ کرنا۔
—— **بن کے سب کھاتے ہیں (سب نے کھایا ہے**
—— **باپ بن کے نہیں کھاتے (کسی نے نہیں کھایا)**: (مثل)؛ خوشامد سے کچھ حاصل ہوسکتا ہے زبردستی نہیں ملتا چھوٹا بن کر مطلب نکل سکتا ہے بڑا بن کر نہیں۔
—— **بیٹی**: آل اولاد، بال بچے۔
بیٹری: BATTERY (انگ) مؤنث (۱) مصنوعی بجلی پیدا کرنے کا ذریعہ (۲) برقی ذخیرہ (۳) توپ خانہ۔
بیٹی: مؤنث؛ (۱) اپنی لڑکی، دختر (۲) مجازاً؛ پیار سے کسی لڑکی کو بھی کہتے ہیں۔
—— **اور ککڑی کی بیل برابر ہوتی ہے**: (مقولہ)؛ دونوں

بہت تیزی سے بڑھتی ہیں۔

—— دینا : بیٹی کی، کسی کے ساتھ شادی کرنا۔

—— ذات ہے : (مقولہ) ؛ عورت ہے باحیا ہے، شرم والی ہے مجبور اور نازک ہے۔

—— لینا : کسی کی لڑکی سے شادی کرنا۔

—— والے : بیٹی کے ماں باپ، عزیز، اقارب۔

بیٹے والے : لڑکے کے ماں باپ، عزیز، اقارب

بیٹھا : بیٹھا ہوا۔

—— بنیا کیا کرے، اِس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی

—— میں دھرے : (مثل) ؛ بے کار آدمی فضول بے ضرورت۔ اور بے نتیجہ کام کرتے ہیں۔

—— رہنا : آسرے پر رہنا، صبر کرنا، ٹھہرنا۔

—— کا بیٹھارہ جانا : (۱) نوزائد مرجانا (۲) سکتے میں آجانا۔ سناٹے میں آجانا، حیران رہ جانا۔

بَیٹھتے اُٹھتے : ہر وقت، ہر دم، ہر لحظہ، ہر حال میں۔

بیٹھنے کا سہارا : امن کی جگہ۔

بِیٹھن : مذکر : (۱) وہ کپڑا جس میں قیمتی کپڑے لپیٹ کر رکھتے ہیں (۲) وہ کپڑا جو دھوبی استری کرنے کے لیے میز پر بچھاتے ہیں (۳) وہ موٹا کاغذ جو کاغذ کے ریم کے چاروں طرف لپیٹتے ہیں۔ (۴) مجازاً ؛ نمونہ، بانگی۔

بَیٹھی ہوئی آواز : وہ آواز جو دشواری سے نکلے، دھیمی آواز۔ گلا پڑجانے سے جو ہلکی آواز نکلے۔

بیٹھے بٹھائے / بیٹھے بٹھلائے : خواہ مخواہ، یکایک، ناگہانی اچانک، ناحق، ناروا، بے وجہ، بے سبب۔

بیٹھے بٹھائے : اچانک، یکایک، ناگہاں، خواہ مخواہ، دفعتاً، فوراً۔

—— سوکھ جانا : بے حد انتظار کرنا، انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔

بیٹھے سے بیگار بھلی : بے کار رہنے سے بے اُجرت یا کم اُجرت کام بہتر ہے، کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہیے۔

بیٹھے رہو : چُپ رہو، تمھارا اس سے تعلق نہیں۔

بیج : (۱) تخم (۲) اصل، بنیاد (۳) نطفہ۔

—— بونا : (۱) زمین میں کاشت کی غرض سے تخم ڈالنا، (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا، موجد ہونا، باعث ہونا، سبب بننا۔

—— پڑنا : (۱) تخم پاشی ہونا، بنیاد پڑنا (۲) حمل رہنا نطفہ پڑنا

—— مارا جانا / بیج جاتا رہنا : (۱) ناپید ہونا۔ آگے کو کسی چیز کے پیدا ہونے کی امید نہ ہونا، (۲) نسل قطع ہوجانا۔

بیجک : مؤنث ؛ وہ مفصل یادداشت جس میں مال کی قیمت تعداد شرح محصول اور دیگر اخراجات درج ہوتے ہیں، علامت پونجی۔

بیٹھ جانا : (۱) بیٹھنا، جلوس کرنا (۲) گر جانا، منہدم ہوجانا (۳) دھنس جانا (۴) چاولوں کا دانہ دانہ علاحدہ نہ رہنا، گلگتھی ہوجانا (۵) کسی چیز کا کسی چیز میں ٹھیک سما جانا، درست ہونا، ٹھیک ہونا پیوست ہوجانا، دیوالا نکل جانا۔

بیٹھ رہنا : (۱) نوکری چھوڑ دینا، گھر بیٹھے رہنا، کوئی کام نہ کرنا، کام چھوڑ دینا، رنجیدہ ہوکر کام چھوڑ دینا (۲) چپ چاپ ہوجانا، صبر کرلینا، (۳) دیر لگانا (۴) ہار جانا، تھک جانا۔

بیٹھک —— : مؤنث : (۱) بیٹھنے کا انداز، نشست (۲) بیٹھنے کا کمرا۔ نشست گاہ (۳) ایک قسم کی ورزش، اٹھک بیٹھک۔

بیٹھکا : مذکر ؛ کمرا، نشست گاہ، ٹھہرنے کا مقام۔

بیٹھنا : (۱) نشست ہونا (۲) گرنا، منہدم ہونا (۳) پانی کا تہہ میں ٹھہرنا (۴) لاگت آنا، خرچ پڑنا (۵) قائم مقام ہونا (۶) سوار ہونا چڑھنا (۷) بے کار ہونا (۸) نشانے پر گولی یا تیر کا لگنا (۹) پیوست ہونا، جم جانا۔

—— اُٹھنا : نشست و برخاست، بے قراری۔

بیجھڑ / بیجھڑا : مذکر ؛ چنے اور جَو سے ملا ہوا اناج۔

بیچ : مذکر ؛ دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ، فرق، تفاوت، درمیان وسط، میانہ، آپس میں، باہم۔

—— اَدھڑ / اَدھڑ میں چھوڑ دینا : کام ناتمام چھوڑ دینا۔

—— بچاؤ کرنا : رفع دفع کرنا، صلح کرانا، دو جھگڑنے والوں میں صلح صفائی کرانا، تصفیہ کرنا، جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔

—— چوراہے میں / پر : کھلے بازار میں، منظر عام پر۔

—— کی بات : باہمی گفتگو، اپنے درمیان کا معاملہ۔
—— کھیت : ڈنکے کی چوٹ، علی الاعلان۔
—— میں آپڑنا : حکم ہونا، پنچ بننا۔
—— میں بول اٹھنا/بولنا : دخل دینا، دخل درمعقولات کرنا۔
—— میں پڑنا : ثالث ہونا، ضامن ہونا، وسیلہ بننا، صلح کرانا، دخل دینا۔
—— میں ڈالنا : (۱) پنچ بنانا، حکم بنانا، ثالث کرنا (۲) وسیلہ کرنا، ذریعہ بنانا۔
—— میں سان لینا : بے وجہ کسی کو جھگڑے میں شریک بنالینا، ملوث کرنا۔
—— میں قدم ہونا : واسطہ ہونا، حایل ہونا۔
—— میں کود پڑنا : پرائی بات میں ناحق دخل دینا، خواہ مخواہ کسی معاملے میں گھس پڑنا۔
—— والا/والے : وہ درمیانی شخص یا لوگ جن کے ذریعے کوئی معاملہ ٹھہرے۔

بیچوں بیچ : ٹھیک بیچ میں، بالکل وسط میں، نہ ادھر نہ ادھر۔

بیچلر : BACHELOR (انگ) مذکر؛ کنوارا، غیر شادی شدہ، ناکتخدا۔

بیچنا : فروخت کرنا۔
—— کھوچنا : (کھوچنا تابع مہمل) کاروبار کرنا، فروخت کرنا۔

بیچ کھانا : ضائع کرڈالنا، خرچ کرڈالنا۔

بیخ : مؤنث؛ جڑ، اصل، نیو، بنیاد۔
—— بنیاد/بیخ وبُن : مؤنث؛ جڑ، اصل نسل، حسب نسب خاندان کا سلسلہ۔
—— کنی : جڑ سے اکھاڑ دینا، استیصال کرنا، تباہ برباد کردینا، خاتمہ کردینا۔

بَید/وید : مذکر؛ طب، ویدک کا حکیم، طبیب۔
—— کرے بیدائی، چنگا کرے خُدائی : (مقولہ) ہر کام کی تدبیر ضروری ہے کامیابی خدا کے ہاتھ ہے۔

بید/وید : ہندوؤں کی مقدس مذہبی کتاب جس کے چار حصے ہیں پہلے دفتر کا نام رِگ وید، دوسرے کا سام وید، تیسرے کا یجُروید، چوتھے کا اتھروید ہے۔

بید/بیت : مذکر؛ ایک درخت جس کی شاخیں لچک دار ہوتی ہیں۔
—— کھانا : بید کی مار کھانا۔
—— مجنوں : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں نہایت جھکی ہوئی رہتی ہیں (مجنوں سے تشبیہ اس کی خمیدگی اور حالت افسردگی کے باعث دی گئی ہے)۔
—— مُشک : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا خوشبودار درخت جس کے پھولوں کا عرق کھینچا جاتا ہے۔

بیداد : مؤنث؛ ظلم وستم، جوروجفا، جبر۔
—— گر : ظالم، جفا کرنے والا۔

بیدار : (ف) جاگنے والا، ہوشیار۔
—— بَخت : خوش نصیب، بااقبال۔
—— دِل : (کنایتاً) عاقل، ہوشیار، زندہ دل، روشن ضمیر۔
—— مَغز : (ف) عالی دماغ، ہوشیار۔

بیداری : (ف) مؤنث؛ ہوشیاری، جاگنے کی حالت، شعور وآگاہی

بیدانت/ویدانت : مذکر؛ ہندو مذہب کا علم، فلسفہ، تصوف، ویدوں کا علم۔

بیدانتی : ویدانت جاننے والا۔

بیدک/ویدک : مؤنث؛ علم طب، علاج معالجہ۔

بیدھنا/بیندھنا : (۱) قابو میں لانے کے لیے جادو کرنا (۲) موتی میں سوراخ کرنا۔

بیڈمنٹن : BADMINTON (انگ) مذکر؛ ایک کھیل جو ٹینس کی طرح کھیلا جاتا ہے۔

بَیر : مذکر؛ (۱) دشمنی، عداوت (۲) ضد، مخالفت۔
—— باندھنا : عداوت پر تل جانا، مخالفت پر اڑنا، ضد باندھنا۔
—— پڑنا : عداوت ہوجانا، دشمنی ہونا یا کرنا۔
—— لینا/نکالنا : دشمن سے بدلا لینا، انتقام لینا۔

بَیرَن : مؤنث؛ دشمن عورت، سوکن۔

بیری : مذکر؛ دشمن، بدخواہ۔

بیر : مذکر؛ ایک پھل کا نام۔

بیر : (ف) مذکر؛ سورما، دلیر، بہادر، دیر۔

بیئر: BEER (انگ)؛ مؤنث؛ جو کی شراب۔

بیراگ: مذکر؛ دنیاوی لذتوں کا ترک، نفس کشی، خلوت نشینی۔ خواہش نفسانی کو مارنا، جوگ، (فقیری)۔

بیراگن: مؤنث: وہ فقیر عورت جو تارک دنیا ہو۔

بیراگی: مذکر؛ (۱) فقیر مرد جو تارک دنیا ہو، (۲) سادھوؤں کی وہ ٹیڑھی بانکی لکڑی جس پر بیراگی ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔

بیر بہوٹی / بہوٹی: (۱) ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے، (۲) (تشبیہ کی غرض سے) نہایت سرخ۔

بیرر / بیرا: BEARER (انگ) مذکر؛ (۱) گھر یا ہوٹل کا ملازم، بیراؔ (۲) خدمت گار (۳) نوکر۔

بیرسٹر: BARRISTER (انگ) مذکر؛ وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری ولایت سے حاصل کی ہو۔

بیرق، (ت): مؤنث؛ جھنڈا، عَلَم، جھنڈیاں، نشانی۔

بیرن: مذکر؛ بھائی۔

بیرنگ: BEARING بغیر ٹکٹ کا خط جس کا محصول مکتوب الیہ کو ادا کرنا پڑتا ہے۔

—— **آنا:** خالی آنا، بے نیل و مرام آنا، بغیر مقصد حاصل ہوئے آنا۔

بیروزہ: (۱) ایک قسم کا مادّہ جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے اس کو گندہ بیروزہ بھی کہتے ہیں (۲) صفت بغیر روزہ رکھے۔

بیرومیٹر: BAROMETER (انگ) مذکر؛ (۱) بادپیما، (۲) ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ۔

بیرون: (ف)؛ باہر، علاوہ۔

—— **جات:** شہر کے آس پاس کی بستیاں، دیہات، مضافات۔

بیری: ایک کانٹوں والا درخت جس کا پھل بیر کہلاتا ہے۔

بیڑ: مؤنث (۱) مینڈ، احاطہ (۲) وہ درخت جن پر قلمیں لگاتے ہیں۔

—— **بندی کرنا:** کھیت کی مینڈ بنانا۔

بیڑا: مذکر؛ ناؤ، کشتی، دریا پار کرنے کے مختلف ذریعے، بانس کا ٹھاٹھر۔ چمڑے کی مشک وغیرہ (۲) احاطہ، صحن، آنگن، (۳) قبیلہ (۴) جہاز، کشتیوں کا مجموعہ (۵) فوج، رسالہ، سپاہ وغیرہ۔

—— **پار لگانا / کرنا:** کشتی کنارے لگانا، جہاز سلامتی سے پار اتارنا۔ مشکل آسان کرنا، مصیبت سے نجات دلانا، آڑے وقت کام آنا، مراد بر لانا۔

—— **ڈوبنا / غرق ہونا:** کشتیاں ڈوبنا، کام بگڑنا، تباہ ہونا

بیڑے کی خیر: بیڑے کی سلامتی کی دعا۔

بیڑا: مذکر؛ (۱) بنا بنایا پان، گلوری (۲) وہ قسم جو تلوار کے قبضے میں لگاتے ہیں تاکہ غلاف یا میان سے تلوار خود نہ نکل پڑے۔

—— **اُٹھانا:** (۱) کسی مشکل کام کے انجام دینے کا ذمہ لینا (۲) ہمت کرنا۔ تہیہ کرنا۔

—— **چبانا:** (۱) پان چبانا (۲) نسبت یا منگنی کرنا، نسبت پکی کرنا۔

—— **چُننا:** شادی کی ایک رسم۔

—— **کھلانا:** پان کھلانا، منگنی کی ایک رسم۔

بیڑی: مؤنث؛ ایک جنگلی درخت کے پتے میں تمباکو بھر کر سگریٹ کی طرح بناتے ہیں اور اُسے پیتے ہیں۔

بیڑی: مؤنث؛ (۱) پان کی گلوری (۲) روپوں کی جُتّی۔

بیڑی: مؤنث؛ (۱) وہ کڑی یا زنجیر جو مجرم یا ہاتھی کے پاؤں میں اس لیے ڈالتے ہیں کہ وہ بھاگ نہ سکے، (۲) (مجازاً) نکاح اور شادی (۳) وہ ڈول یا ٹوکری جس سے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں۔ (۴) منت کا نیلا ڈورا یا چاندی سونے کا حلقہ، جو بچوں کے پاؤں میں ڈالا جاتا ہے (مجازاً): روک ٹوک۔

—— **پڑنا:** (۱) کڑا پڑنا، زنجیر پڑنا (۲) پابند ہونا، قید ہونا (۳) (کنایتاً): نکاح شادی ہونا (۴) بال بچوں میں پھنسنا۔

—— **پہنانا:** (۱) قید کرنا (۲) منت کے نیلے ڈورے یا چاندی کے کڑے بچوں کے پاؤں میں ڈالنا۔

—— **ڈالنا:** مجرم کے پاؤں میں کڑا ڈالنا۔

—— **کاٹنا:** کڑا کاٹ ڈالنا، آزاد کرنا، مصیبت سے نجات دلانا۔

—— **لگانا:** (۱) کھیتی میں پانی دینا، آب پاشی کرنا (۲) بیڑی پاؤں میں ڈالنا۔

بیزار: (ف) ناراض، ناخوش، خفا، ملول، نفرت کرنے والا۔
بیس: (ا) عدد ۲۰ (دس کا دُگنا)؛ (۲) بہتر، زیادہ۔
—— **بسوے:** (ا) پورا (۲) غالباً، یقیناً (۳) تمام گانو، تمام زمین تمام فصل۔
—— **ہنڈیوں کا مزہ چکھنا:** (مجازاً)؛ بہت جگہ نوکری کرنا۔
بیسوں/بیسیوں: بہت سے، بے شمار، اچھا، بہتر، زیادہ۔
بیساکھ: مذکر؛ ہندی کا دوسرا مہینہ جو اپریل مئی کے مطابق ہوتا ہے۔
بیساکھی: (ا) بیساکھ کے مہینے کی فصل (۲) تھونی، آڑ (۳) وہ لاٹھی جسے لنگڑے لولے بغل میں لگا کر چلنے میں سہارا لیتے ہیں، (۴) ہندوؤں اور سکھوں کا ایک تیوہار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو منایا جاتا ہے، (ہ) (بقالوں کی اصطلاح)، بے وقوف، احمق۔
بیستون: (ف)، مذکر؛ ایران کا وہ مشہور پہاڑ جہاں سے فرہاد شیریں کے محل تک نہر لانے میں لگا رہا اور جان بھی دے دی۔
بیسن: مذکر؛ چنے کا آٹا۔
بیسنی روٹی: مؤنث؛ چنے کے آٹے کی روٹی۔
بیسوا: مؤنث؛ کسبی، رنڈی، بدچلن عورت، شریر عورت۔
بیش: (ف)؛ زیادہ۔
—— **از بیش:** (ف) زیادہ سے زیادہ، بہت زیادہ۔
—— **باد:** (ف)؛ زیادتی ہو، برکت ہو۔
—— **بہا/قیمت:** (ف)؛ قیمتی، نفیس، بہت قیمت والا۔
—— **ترو:** (ف)؛ اکثر، بارہا۔
—— **وکم:** (ف)؛ تھوڑا بہت۔
بیشی: (ف)؛ زیادتی، معمول سے زیادہ، نفع، بالائی سود۔
بیشہ: (ف) مذکر؛ جنگل، بیابان۔
بیض: (ع)؛ دستخط، نشان، یا علامت، جو حکام فرمانوں پر کر دیتے ہیں۔
بیضا: (ع) روشن، سفید۔
بیضوی: (ع) انڈے کی شکل کا، وہ دائرہ جو انڈے کی شکل کا ہو۔

بیضہ: مذکر؛ انڈا، فوطہ، خصیہ۔
بیطار: (ع)، مذکر؛ جانوروں کا ڈاکٹر، چارپایوں کا علاج کرنے والا۔
بیع: (ع) (ا) خریدنا (۲) بیچنا۔
—— **نامہ:** مذکر؛ بیچنے کی دستاویز، تحریر۔
—— **وشرا:** مؤنث؛ خرید و فروخت۔
بیعانہ/بیانا: خرید و فروخت کی بات پکی کرنے کے لیے کچھ رقم پیشگی دینا، سائی۔
بیعت: (ع) مؤنث؛ (ا) فرماں برداری کا عہد و پیمان (۲) مرید ہونا
بیکا: ٹیڑھا، زخمی۔
بیک گراؤنڈ: BACK GROUND (انگ)؛ مذکر؛ پس منظر۔
بیکنٹھ: مذکر؛ بہشت۔
—— **باشی:** جنت آشیاں، جنت مکاں، آں جہانی۔
بیگ: BAG (انگ)، مذکر؛ تھیلا، کیسہ، بکس۔
بیگ: (ترکی)؛ امیر، سردار، مغلوں کا خطاب، مرزا۔
بیگار: مؤنث؛ بغیر اجرت کام لینا، کسی کام کے لیے زبردستی پکڑنا۔ وہ کام جو کسی سے بغیر مزدوری دیے لیا جائے۔
—— **ٹالنا:** بے توجہی سے کوئی کام کرنا، دفع الوقتی کرنا۔
بیگانگی: مؤنث؛ غیریت، اپنا نہ سمجھنا۔
بیگانہ: (ف)؛ غیر، اجنبی، پرایا۔
بیگم: (ترکی)، مؤنث؛ ملکہ، خاتون، امیرزادی، امیر کی بیوی۔
بیگمی: (ا) ایک قسم کے عمدہ چاول (۲) خاص قسم کا سفید عمدہ پان (۳) ایک قسم کا پنیر۔
بیگن/بینگن: ایک مشہور ترکاری، بادنجان، بجاٹا۔
بیگھا: زمین کا ایک ٹکڑا جو بیس بسوے کا ہوتا ہے، ایک سو بیس مربع فٹ زمین۔
بیل: مذکر؛ گائے کا نر، (مجازاً)؛ احمق، گنوار۔
—— **نہ کوا کوا دی گون، یہ تماشا دیکھے کون:** (مثل)؛ جیسے بولنا چاہیے، وہ نہ بولے دوسرا دخل در معقولات کرے جیسے شکایت ہو وہ تو نہ بولے جس سے شکایت ہو وہ الٹے شکایت کرے۔

www.beatyurdubooks.net

بیل: BELL (انگ) مؤنث؛ گھنٹی۔

بیل: مؤنث: (۱) وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر درخت، دیوار یا کسی سہارے سے دور تک پھیل جاتی ہیں (۲) وہ گل بوٹے، اور بیلیں جو کپڑوں پر کاڑھی جاتی ہیں، یا کاغذ پتھر پر بنائی جاتی ہیں (۳) ایک درخت کے پھل کا نام (۴) (مجازاً) نسل، آل عیال (۵) لوہے کا اوزار جس سے زمین کھودتے ہیں، پھاوڑا کدال۔

—— **بڑھنا:** (کنایتاً)؛ بال بچے زیادہ ہونا، کنبہ بڑھنا، ترقی ہونا۔

—— **بوٹا:** مذکر؛ نقش ونگار، پھولوں درختوں کی تصویریں۔

—— **پڑنا:** (عو)؛ اربابِ نشاط کو انعام ملنا، نچھاور کا روپیا میراسنوں یا ڈومنیوں کو دیا جانا۔

—— **چہ:** پھاوڑے کی قسم کا اوزار، چھوٹا پھاوڑا۔

—— **دار:** (ف) مذکر؛ (۱) پھاوڑا چلانے والا، جو زمین کھودنے کی مزدوری کرے، (۲) وہ شے جس میں لیس لگی ہو۔

—— **منڈھے چڑھنا:** شادی کا وقت آنا (۲) (کنایتاً)؛ کسی کام کا وقت آنا۔

بیلا: مذکر؛ (۱) وہ جنگل جو دریا کے کنارے ہو (۲) ایک قسم کا خوشبودار پھول۔ اور اس کا درخت (۳) ایک قسم کا باجا جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے (۴) وہ نقدی جو خوشی کے موقع پر بہ طور خیرات تقسیم کی جائے (۵) ناآزمودہ کار، خام کار، ڈھیلا مزدور (۶) (۵)؛ عرصہ، وقت، موسم۔

بیلٹ: BELT (انگ) مذکر؛ کمر کا پٹا۔

بیلن: مذکر؛ (۱) لکڑی کی گول بنی ہوئی چیز جس سے روٹی پوری وغیرہ بیلتے ہیں (۲) لوہے یا پتھر کے بڑے بڑے رولر جو سڑک پر پتھر روڑا دبانے، زمین ہموار کرنے کے کام میں لاتے ہیں۔

بیلنا: مذکر: (۱) بڑا بیلن (۲) گنے سے رس نکالنے کا کولہو (۳) روئی سے بنولے نکالنے کا آلہ (۴) روٹی یا پوری کو بیلن سے بڑھانا

بیلنس: BALANCE (انگ)؛ (۱) فاضلات (۲) بچت، (۳) ترازو، کانٹا، توازن۔

بیلون: BALCON (انگ)؛ مذکر؛ غبارہ۔

بیلی: نگہبان، حافظ۔

بیم: (ف) مذکر؛ ڈر، خوف، اندیشہ۔

بیمار: (ف): (۱) روگی، خستہ، علیل (۲) (کنایتاً)؛ عاشق۔

—— **پرسی:** مؤنث: بیمار کا حال پوچھنا، عیادت۔

بیماری: مؤنث؛ (۱) دکھ، عارضہ، مرض (۲) عادت، لت۔

—— **سے اٹھنا:** مؤنث؛ بیماری سے صحت پانا، اچھا ہونا۔

بیمہ: (ف)؛ ٹھیکا، ضمانت، جان یا مال کی حفاظت کی ضمانت۔

بَیْن: مذکر؛ (۱) نوحہ (۲) مُردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا رلانا۔

بَیْن: (ع)؛ بیچ، درمیان، فاصلہ، فرق۔

—— **السّطور:** (بَیْنُ سُطُور)، مذکر؛ (۱) وہ فاصلہ جو سطروں کے درمیان ہوتا ہے (۲) (کنایتاً)؛ وہ بات جو بات چیت میں کھل کر نہ کہی جائے مگر ضمناً مقصود ہو۔

—— **بَین:** بیچ کا، متوسط، درمیانی، ملا جلا۔

بَیِّن: (ع) مذکر؛ کھلا ہوا، ظاہر، آشکارا۔

بین: ستار یا طنبورہ کی وضع کا ایک باجہ جس کے دونوں طرف تونبے ہوتے ہیں۔

بینا: (۱) دیکھنے والا (۲) دانا، عقل مند، ہوشیار، صاحبِ بصیرت۔

بینائی: مؤنث؛ (۱) آنکھ کی روشنی (۲) دانائی، عقلمندی۔

بَیِّنات: (ع) (جمع بَیِّنہ کی)؛ (۱) روشن کرنے والی، سچے گواہ روشن دلیلیں (۲) ایک قسم کا ابجد کا حساب۔

بَیْنُ الاَقْوامی: (ع) صفت؛ (بَیْنُ اقوامی)؛ عالمی سطح کا۔ ملکوں کے درمیان، (انگ، اِنٹرنیشنل)۔

بینجنی/بَینگنی: اودا، سیاہ مایل بہ سرخی۔

بینچ/بنچ: BENCH (انگ)؛ دیکھو بنچ۔

بَیْنُ الرِّیاسَتی: (ع)؛ (بَیْنُ ریاستی)، ریاستی سطح کا، ریاستوں کے درمیان۔

بینڈھنا: (۱) موتی میں سوراخ کرنا (۲) چھید کرنا، سوراخ کرنا (۳) (مجازاً)؛ طعنے دینا۔

بینڈی: (ف) مؤنث؛ ٹکلی۔ بندی۔

بیئر: BEER (انگ)، مؤنث؛ ایک قسم کی ہلکی جَو سے بنائی ہوئی شراب۔

بیوروکریسی: BUREAUCRACY (انگ)، مؤنث؛ دفتر شاہی۔ ضرورت سے زیادہ ضابطے کی پابندی۔

بینڈ: BAND (انگ)، مذکر؛ انگریزی باجا۔ گروہ، جتھا۔

—— **ماسٹر:** MASTER —— باجا سکھانے والا، بینڈ باجے کا افسر۔

بینڈا: مذکر؛ (۱) ٹیڑھا، ترچھا، آڑا (۲) (مجازاً)؛ سخت مشکل، بے ڈھب (۳) دروازے کے پیچھے کی ترچھی لکڑی۔

بینڈی چال: ٹیڑھی چال، بُری وضع۔

بینش: (ف)؛ مؤنث؛ دیکھنا، دید، بینائی۔

بینک: BANK مذکر (۱) لین دین کا ادارہ (۲) ساہوکارا

بینندہ: (ف)؛ دانش مند، بینا، صاحب وقوف۔

بیں ہتھا: صفت، مذکر؛ وہ جو بائیں ہاتھ سے کام کرے۔ مؤنث کے لیے بیں ہتھی۔

بینی: مؤنث؛ (۱) ناک (۲) کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے بڑھا رہتا ہے (۳) کواڑ کے ایک پٹ کی وہ لمبی لکڑی جو کواڑ بند کرنے پر جھری نہ رہنے کے لیے لگا دیتے ہیں۔

بیوپار: مذکر؛ تجارت، لین، دین۔

بیوپاری: تاجر۔

بیوت: (جمع بیت کی)؛ گھر، مکان۔

بیوگ: (ف)؛ مذکر؛ جدائی، فراق۔

بیوگرافی: BIOGRAPHY (انگ)؛ مؤنث؛ سوانح عمری۔ سوانح حیات، تذکرہ، سرگذشت۔

بیوگنی: (ف) مؤنث؛ محبوب یا شوہر سے جدا عورت۔

بیوگی: مؤنث؛ رانڈ ہونا، بیوہ ہو جانا۔

بیوہ: رانڈ، جس کا شوہر مر جائے۔

بیونت: مؤنث؛ (۱) کاٹ، تراش، قطع برید (۲) حساب تقسیم (۳) موقع، ڈھب، کفایت شعاری کا قاعدہ۔

بیونتنا: کپڑے کی قطع و برید کرنا، ناپ لے کر کپڑا کاٹنا۔

بیوہار: مذکر؛ (۱) تجارت، لین دین، بیوپار، کام کاج (۲) ہمیشہ، معاملہ، واسطہ، تعلق (۳) قاعدہ، دستور، طریقہ، خط کتابت (۴) پیغام، نسبت کا تعلق۔

بیوی: مؤنث؛ زوجہ، جورو، گھر والی۔

—— **کا غلام:** زن مرید، بیوی کا تابع دار۔

بیہہ: کان یا ناک کا سوراخ۔

بیہڑ: مذکر؛ (۱) اونچی نیچی زمین (۲) جنگل، چراگاہ۔

بھ - ا

بھابی/بھابھی: مؤنث؛ بڑے بھائی کی بیوی، بھاوج۔

بھاپ: مؤنث؛ (۱) گرم انجارے۔ جو کھولتے ہوئے پانی سے نکلیں (۲) سردی کے موسم میں منہ سے جو دھواں سا انجرا نکلتا ہے اُسے بھی کہتے ہیں۔

بھانپنا/بھانپنا: (۱) تاڑ لینا، دلی مطلب سمجھ لینا، بھید کا اندازہ لگا لینا، (۲) جان لینا، پہچان لینا۔

بھات/بھتوا: مذکر؛ خشکا، پکے ہوئے چاول (۲) ایک رسم جو شادیوں میں ادا ہوتی ہے۔

بھاٹ: (۱) ایک جماعت جس کے لوگ اکثر تقریبوں میں امیر امرا کی بڑائی بیان کرتے ہیں اور انعام حاصل کرتے ہیں (۲) (مجازاً) خوشامدی۔

(۳) (۵)؛ مذکر؛ ایک قوم کا نام جو اکثر نسب نامے یاد رکھتی ہے۔

بھاٹا: (ع م) بیگن۔

بھادوں: مذکر؛ ہندی چھٹے مہینے کا نام۔

—— **کی بھرن:** بھادوں کے مہینے کی بارش، جس سے تالاب کھیت بھر جاتے ہیں۔

—— **کے ڈونگرے:** بھادوں کے مہینے کی تھوڑی تھوڑی بارش جو برس برس کر نکل جاتی ہے۔

بھار: مذکر؛ (ع م) بوجھ، بار۔

بھارت: مذکر؛ ہندوستان۔

بھاری: (۱) وزنی، بوجھل (۲) قابل ترجیح (۳) ثقیل، دیر ہضم، موٹا، جسیم، ضخیم، بہت، زیادہ، قیمتی۔

—— **آواز:** موٹی آواز جو پیدائشی بھدی ہو، پڑی ہوئی

آواز۔
—— بھرکم: موٹا تازہ، فربہ، عزت مرتبے والا، باوقار، بھلا مانس۔
—— بھتر: وزنی چیز، قابو سے باہر کام، سخت رکاوٹ۔
—— بھتر جوکھم کر چھوڑ دینا: کسی کام کو کٹھن پا کر چھوڑ دینا، مشکل کام نہ بن پڑے تو چھوڑ دینا، جو کام اپنے بس کا نہ ہو اُسے خوش اسلوبی سے ترک کر دینا۔
—— رات: لمبی رات، پہاڑ سی رات، کٹھن رات، فرقت کی رات۔
—— لگنا: دوبھر ہونا، ناگوار معلوم ہونا، بارِ خاطر ہونا۔
—— منزل: دور دراز سفر یا جگہ، مرحلہ۔
—— ہونا: (۱) وزنی ہونا (۲) سخت مشکل ہونا (۳) ناگوار ہونا۔ (۴) غالب ہونا، (۵) نامبارک ہونا، جن آسیب بلا کا اثر ہونا، گزر ہونا۔
بھاڑ: مذکر: بھڑ بھونجے کا چنے بھوننے کا چولھا، تنور، بھٹی۔
—— جھونکنا: (۱) گھاس، پھوس کوڑا کرکٹ ڈال کر بھاڑ کو گرم کرنا۔ (۲) بُری طرح زندگی بسر کرنا (۳) اوقات ضائع کرنا۔
—— سا بھُنّا: چٹ پٹ مارا جانا، کثرت سے قتل ہونا، موت کا بازار گرم ہونا۔
—— سے نکالا بھٹی میں جھونکا: (مثل): کم مصیبت سے نکال کر زیادہ مصیبت میں ڈال دینا۔
—— میں پڑے: (کوسنا) غارت ہو، چولھے میں جائے۔
—— میں جھونکنا/ ڈالنا: آگ میں ڈالنا، ضائع کرنا، پھینکنا جانے دینا، نام نہ لینا۔
بھاڑا: مذکر: کرایہ، مزدوری۔
بھاڑے کا ٹٹو: (۱) کرایے کا ٹٹو (۲) جو اجرت پر کام کرتا پھرے بغیر کچھ لیے کام نہ کرے، گشت لگاتا پھرے۔
بھاشا: مؤنث: زبان، بولی، ہندستان کی پرانی زبان۔
بھاشن: (۵) مذکر: تقریر، کلام، گفتگو، قول، کہنا، بولنا۔
بھاکا: مؤنث: (۱) بھاشا (۲) برج کی بولی۔
بھاگ: مذکر: قسمت، نصیب، حصہ، ٹکڑا۔
—— آنا: نصیب جاگنا، قسمت کا یاوری کرنا۔
—— پھوٹنا: نصیبا پھوٹنا، بدقسمت ہونا۔
—— جاگنا/ بھاگ کھلنا: قسمت کھلنا، نصیبا بے دار ہونا، مراد ملنا، عزت پانا۔
—— لگانا: (ہندی) (۱) تقسیم کرنا، حصے لگانا، (۲) دن پھیرنا۔ ترقی پر پہنچانا۔
بھاگنا: (۱) دوڑنا، چل دینا (۲) فرار ہونا، روپوش ہونا (۳) شکست کھانا (۴) نفرت کرنا، وحشت کھانا (۵) پرہیز کرنا، الگ رہنا دُور رہنا۔
بھاگا بھاگ/ بھاگم بھاگ: مؤنث: بھگدڑ، بھاگنے کی ہل چل، دوڑتے دوڑتے، جلدی سے، تیز تیز، جھپٹ کر۔
بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہی سہی/ بھاگتے کی لنگوٹی ہی سہی: (مثل): ہاتھ سے جاتی ہوئی چیز یا ڈوبتی رقم کا کوئی جزء ہی مل جائے تو وہی غنیمت ہے۔
بھاگتے راستہ نہ ملنا: جواب نہ بن پڑنا، گریز کرنے کا موقع نہ ملنا، بُری طرح زچ ہو جانا۔
بھاگتے کے آگے، مارتے کے پیچھے: پھسڈی، وہ بودا شخص جو اپنے آپ کو بہادر ظاہر کرے اور حقیقت میں بزدل ہو۔
بھاگ جانا: فرار ہو جانا، ہمت ہارنا، مقابلے میں نہ ٹھہرنا۔ شکست کھانا۔
بھاگ کھڑا ہونا: چل دینا، فرار ہو جانا۔
بھاگ نکلنا: پیچھا چھڑانا، بچ نکلنا، رہائی کی کوشش کرنا۔
بھاگڑ: مؤنث: گھبراہٹ، ہل چل، بھاگنے کا اضطراب، بدنظمی۔ (مچنا، پڑنا کے ساتھ)
بھاگوان: خوش قسمت، نصیبے والا/ والی، اقبال مند، دولت مند سخی، شریف، بھلا مانس۔
بھال: برچھی کا پھل، پیکان، تیر کی نوک۔
بھالا: مذکر: برچھا، نیزہ۔
بھالو: مذکر: ریچھ۔
بھانا: اچھا لگنا، دل کو بھلا معلوم ہونا، دل میں کھُبنا۔
بھانپنا/ بھانپ لینا: تاڑ لینا، سمجھ لینا، پہچان لینا، جانچ لینا۔

بھانت : طرح، طور، رنگ، قسم، طریقہ۔
—— **بھانت کا** : طرح طرح کا، مختلف قسم کا، گوناگوں۔
بھانج : وہ چھوٹی سی رقم جو رُپیا یا نوٹ بھنانے میں دینا پڑے۔
بھانجا : مذکر؛ بہن کا بیٹا۔
بھانجنا : (۱) بٹنا، بل دینا (۲) فرمے (چھپے ہوئے کاغذ کا) قاعدے سے تہ کرنا۔
بھانجواں رسّی : بٹی ہوئی بل دار رسّی۔
بھانجی : مؤنث؛ (۱) چغلی، روک، دراندازی، کسی کام میں اڑنگا لگانا، رخنہ ڈالنا، (۲) بہن کی بیٹی، بھانجی۔
—— **خور** : بھانجی مارنے والا، کسی کی بھلائی میں روک لگانے والا، بدبین۔
—— **مارنا** : چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا، خلل ڈالنا، رخنہ ڈالنا، بگاڑ پیدا کرنا، مُخل ہونا۔
بھانڈ : مذکر؛ نقال، وہ ناچنے والے جو محفلوں میں ناچتے گاتے اور مسخرے پن کی نقلیں کرتے ہیں (۲) ہلکے پیٹ کا، جو کسی کی بات کو ہر جگہ کہتا پھرے۔
—— **بھگتیے** : مذکر؛ نقالوں کا پیشہ کرنے والے۔
بھانڈا : مذکر؛ (۱) مٹی کا برتن، ہانڈی (۲) راز، بھید (۳) ملکیت، ساز و سامان۔
—— **پھوٹنا/پھوٹ جانا** : بھید کھل جانا، افشائے راز ہونا۔
—— **پھوڑ** : بھید ظاہر کرنے والا، چغل خور، پیٹ کا ہلکا۔
بھانگ/بھنگ : مؤنث؛ نشہ آور پتیاں۔
بھان متی : (۱) مداری، بازی گر، شعبدہ باز، ایک قسم کا عمل سفلی، (۲) وہ معاملہ جو سمجھ میں نہ آئے، حیرت انگیز معاملہ۔ (۳) (۵) مؤنث؛ شعبدہ باز عورت، بازی گرنی۔
—— **کا سُوانگ** : وہ تماشا جو بھان متی دکھاتے ہیں۔
—— **نے کنبہ جوڑا، کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا** : (مثل) واہی تباہی لوگوں کا مجمع، بے میل لوگوں کو اکٹھا کر لینا، مختلف مزاج و خیال اور نسل کے بے میل لوگوں کو اکٹھا کر لینا۔
بھانور/بھانوری : مؤنث؛ گردش، چکر، اردگرد پھرنا، ہندوؤں کی بیاہ کی رسم جس میں دولھا دلھن آگ کے چاروں طرف پھیرے لگاتے ہیں۔
بھانویں : نزدیک، اثر، خیال، توجہ، خبر۔
بھاؤ : مذکر؛ (۱) حالت، کیفیت، اصلی حالت، روپ (۲) ناز، انداز، اشارے (۳) قیمت، مول، نرخ (۴) سبھاؤ، عادت۔
—— **اُترنا** : قیمت گھٹنا، نرخ ارزاں ہونا، سستا ہونا۔
—— **بتانا** : (۱) ناچنے گانے میں آنکھوں اور اعضا کے اشارے سے گیت کے مضمون کا نقشہ دکھانا، راگ کے مضمون کی تصویر کھینچنا (۲) نرخ بتانا، قیمت بتانا۔
—— **بٹنا** : سودا چُک جانا، قیمت طے ہو جانا۔
—— **پڑ جانا** : کوئی نرخ مقرر ہو جانا، نرخ تسلیم کر لیا جانا، بھاؤ مان لیا جانا۔
—— **تاؤ** : مذکر؛ (تاؤ تاؤ بمعنی مول تول)۔
—— **کاٹنا/نکالنا** : نرخ مقرر کرنا۔
بھاوج : مؤنث؛ بھائی کی بیوی۔
بھاوُنا : (۵) مذکر؛ اندیشہ، خیال، فکر۔
بھائی : مذکر؛ ایک ماں یا باپ کے بیٹے، چچا ماموں کے بیٹے۔ (مجازاً)؛ قوم، وطن برادری کے افراد۔
—— **بند** : مذکر؛ ہم قوم، ہم مذہب، ساتھی، رشتہ دار، برادری کا فرد۔
—— **چارا** : سچی دوستی، اچھے تعلقات، باہم بھائیوں کا سا اچھا سلوک، باہم محبت اور اخلاص۔
بھائیں بھائیں کرنا : کسی جگہ پر ویرانہ برسنا، سنسان معلوم ہونا، سناٹا چھا جانا۔

بھ - ب

بھبڑ : مذکر؛ بازار میں خریداری کے لیے آدمیوں کا ہجوم، کثیر مجمع، شور و غل۔
بھبک : مؤنث؛ (۱) بہت گرم بھاپ (۲) تیز بدبو، شعلے کی بھڑک (۳) سڑنے کی بھبکراند۔
—— **اٹھنا** : (۱) بھڑکنا، نہایت گرم ہو جانا (۲) (مجازاً)؛ غصے میں آجانا۔

بھبکا / بھپکا : مذکر : (۱) عرق کھینچنے کا آلہ (۲) تیز بدبو کا جھونکا۔ (۳) لو، لپٹ۔

بھبکنا / بھبھکنا / بھپکنا : (۱) خوب کھولنا، بہت گرم ہو جانا۔ (۲) بھڑکنا، شعلہ اٹھنا، جھلسنا، آگ لگنا، غرانا، غصہ ہونا۔

بھبکی / بھپکی : مؤنث : گھڑکی، دھمکی، غصے کی شکل بنا کر ڈرانا۔

بھبھوت : مؤنث، مذکر : کنڈے کی راکھ جو جوگی سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں۔

—— رمانا : جوگ لینا، سنیاس لینا، سادھو بننا۔

بھبھوکا : مذکر : (۱) آگ کا شعلہ، شرارہ (۲) بہت سرخ، نہایت روشن، چمکنے والا، شوخ و طرار (۳) (کنایتاً) : معشوق، (۴) (مجازاً) غضب ناک، خشمگیں۔

—— نکلنا : غصے میں لال پیلا ہونا، آگ بگولا ہونا۔

بھبھوکے اٹھنا : نہایت تیز بخار ہو جانا، تن بدن میں آگ لگنا، بہت غصہ ہونا۔

بھ - پ

بھپارا : مذکر : جوش کی ہوئی دوا، جس سے بھاپ نکل رہی ہو۔

—— دینا : کسی جوش کی ہوئی چیز سے سینکنا، بھاپ دینا۔

بھپارے دینا : دلاسا دینا، دم جھانسا دینا، فریب دینا۔

—— میں آنا : فریب کھا جانا، جل میں آجانا۔

بھ - ت

بھتا : مذکر : (۱) خوراکی، سفر خرچ، زادراہ، تنخواہ کے علاوہ کوئی الاؤنس (۲) اُبلے ہوئے چاول، بھُسکا۔

بھتنا : مذکر : بھوت کی تصغیر، پلید روح، بدصورت، کالا بھجنگ، کیچڑ مٹی میں لتھڑا ہوا آدمی۔

بھتنی ہو کر چمٹنا / لپٹنا : سر ہو جانا، پیچھا نہ چھوڑنا۔

بھتنے کی چڈی : لڑکوں کا چڈی کٹنے کا ایک کھیل۔

بھتی : مؤنث : وہ کھانا، جو کسی کے ہاں موت ہو جانے تو تین دن یا تین وقت عزیز و اقارب ان کے ہاں بھیجتے ہیں۔

—— کھانا : کسی کا ماتم کرنا، کسی کی موت کا کھانا کھانا۔

—— کھلانا : (عو) قسم دینا، کوسنا۔

بھتیجا : مذکر : بھائی کا لڑکا۔

بھتیج بہو : مؤنث : بھتیجے کی بیوی۔

—— داماد : مذکر : بھتیجی کا خاوند۔

بھ - ٹ

بھٹ : مذکر : (۱) وہ غار اور گہرے گڑھے جن میں وحشی جانور رہتے ہیں، کھوہ (۲) بھٹی، چولھا، بھاڑ۔

—— پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹے کان : (مثل) : بھاڑ میں جائے ایسی قیمتی چیز بھی جس سے اذیت اور تکلیف پہنچے، وہ چیز خواہ کتنی ہی خوش نما اور قیمتی ہو، جس سے آزار پہنچے، اس کا دور ہو جانا بہتر ہے۔

بھٹا : مذکر : (۱) بھٹی جس میں اینٹیں یا چونا پکاتے ہیں (۲) چولہے کی جلی ہوئی مٹی۔

بھٹا : مذکر : جوار کی بالی، مکئی کی ککڑی، مکئی کی بال۔

—— سا اُڑا دینا : ایک مار میں سر اڑا دینا، ایک ہاتھ میں سر تن سے جدا کر دینا، صفائی کے ساتھ ایک وار میں کسی چیز کو کاٹ دینا۔

بھٹاچاریا : (ہ) مذکر : (۱) بہت بڑا عالم (۲) تنوجیا برہمنوں کا لقب (۳) بنگالی برہمنوں کی ایک شاخ۔

بھٹک : (۱) گمراہی (۲) آوارگی (۳) راستے سے دوری۔

بھٹکنا : (۱) گمراہ ہو جانا، ٹھیک راستے سے ہٹ جانا (۲) تلاش کرنا، سرگشتہ رہنا، ڈانواں ڈول رہنا۔

بھٹ کٹیا / کٹائی : مؤنث : کانٹوں والی ایک بوٹی۔

بھٹناگر : کائستھوں کا ایک فرقہ۔

بھٹنی : مؤنث : سر پستان، عورتوں کی چھاتی کی گھنڈی۔

بھٹنی : مؤنث : بھانڈوں کی سی تعریف، مدح سرائی، خوشامد، بھاٹ کا پیشہ۔

—— کرنا : خوشامد کرنا، جھوٹی تعریف کرنا۔

بھٹی : مؤنث : لوہاروں دھوبیوں وغیرہ کے چولھے، آتش دان، شراب خانہ، وہ جگہ جہاں شراب کھینچتے ہیں، پرزادہ، بڑا چولھا۔

—— چڑھانا : دھوبی کا میلے کپڑوں کو پانی میں صابن یا ریہہ لگا کر جوش دینا۔

بھٹیارا : مذکر؛ پکانے کا پیشہ کرنے والا، نان بائی، وہ شخص جو سرائے میں مکان کرایے پر چلاتا اور مسافروں کی خدمت کرتا ہے۔

بھٹیارپن : مذکر؛ کمینہ پن، باورچی گری۔

بھٹیارخانہ : مذکر؛ (۱) سرا، مسافروں کو ٹھہرانے کی جگہ (۲) (مجازاً) وہ جگہ جہاں شور وغل ہو، کمینوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

بھٹیارن/بھٹیاری : مؤنث؛ بھٹیارے کی جورو۔

بھ - ج

بھجاوٹ : وہ موٹا تختہ جسے شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام میں لاتے ہیں۔

بھجن : (ہ) مذکر؛ وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو، وہ گیت جس میں ہندوؤں کے دیوتاؤں کی مدح ہو، جپ، عبادت۔

بھجنگ : (۱) نہایت کالا (۲) کالا سانپ۔

بھجنگا : مذکر؛ (۱) ایک چھوٹا کالے رنگ کا پرندہ (۲) نہایت سیاہ۔

بھجنگے اڑنا : (کنایتاً) : بہت مصیبت ہونا، مفلس ہونا، جھوٹ خبریں اڑانا۔

بھجیا : مؤنث؛ (۱) پکا ہوا ساگ، مولی یا شلجم کے پکے ہوئے پتے (۲) چاول کی ایک قسم

بھ - چ

بھچا : تنگ، دبا ہوا پست، ایسی تنگ جگہ جس میں ہوا کم آتی ہو۔

بھچک رہ جانا/بھچکنا : ہکا بکا رہ جانا، حیران رہ جانا۔ پریشان ہو جانا۔

بھچنا/بھچ جانا : (۱) دبنا، پچکنا، سمٹنا (۲) مجبور ہونا (۳) شرمانا (۴) رکنا، گھٹا ہوا ہونا، دل تنگ ہونا۔

بھ - د

بھد : (۱) کسی نرم چیز پر گرنے کی آواز یا کسی موٹے آدمی یا اناج وغیرہ کی بھری بوری کے گرنے کی آواز (۲) کرکری، ذلت، بے وقعتی۔

بھدا : بہت موٹا، بدشکل، سست، کاہل، بدوضع چیز، ایسی چیز جس کی بناوٹ میں صفائی ستھرائی نہ ہو۔

بھداکٹ/بھداکا : بھد سے گرنے کی آواز، دھماکا۔

بھدرا : (۱) منحوس ساعت (۲) ابرو کا صفایا۔

—— کرنا : ہندوؤں کا کریا کرم کے واسطے یا یوں ہی کسی تیرتھ پر سر، بھوں، مونچھ، داڑھی کا منڈوا دینا۔

—— ہونا : (۱) چار ابرو کا صفایا (۲) بالکل لٹ جانا۔

بھدرک : مؤنث؛ (۱) مزا، خوبی؛ سلیقہ، شعور، استقلال مضبوطی، پائے داری۔

بھدلیل : (صفت) گنوار۔

بھدلیلا/بھدلیلی : (صفت) گنوارو۔

بھ - ر

بھر : پورا، برابر

—— پانا : (۱) کل رقم وصول ہونا، کوڑی کوڑی وصول ہونا، حاصل ہونا، پھل پانا، جیسا کرنا ویسا پانا، اپنے کیے کا مزا چکھنا۔ بھگت لینا (۲) (طنزاً) نکی کر کے برائی پانا، مایوس ہونا

—— پور : پورا تمام، کامل طور سے، اچھی طرح۔

—— پیٹ : اچھی طرح، جی بھر کے۔

—— جانا : (۱) سما جانا، پُر ہو جانا، لبریز ہو جانا (۲) کمی نہ رہنا (۳) سن جانا، لتھڑ جانا (۴) سیر ہو جانا (۵) ختم ہو جانا۔

—— دینا : (۱) پُر کرنا (۲) مالا مال کر دینا (۳) نقصان پورا کرنا۔ تلافی کرنا، بے باق کر دینا، رفو کرنا۔

—— لینا : پُر کر لینا، پورے پورے دام لینا، کل وصول کر لینا، آلودہ کر لینا۔

—— مار : مؤنث؛ کثرت، افراط، بہتات، ریل پیل۔

—— مُٹھی : مٹھی بھر کے، افراط سے، کثرت سے۔

—— مُنہ گالی دینا/مُنہ بھر کے گالی دینا : صاف صاف گالی دینا، نام لے کر گالی دینا۔

—— بھرا : لبریز، پُر، پورا۔
—— بیٹھنا / ہونا : غصّے میں ہونا، آزردہ خاطر ہونا، پھوٹ پڑنے کے قریب ہونا۔
بھرا بھرا : آباد، پُر رونق۔
—— گھر لگنا : گھر آباد معلوم ہونا، گھر بار رونق ہونا۔
—— پُرا : آباد، بارونق : کامیاب، خوش حال۔
—— دربار : مذکر : مجمع، جلسہ۔
—— گھر / بھرا بھرایا گھر : بال بچوں سے آباد گھر، ساز و سامان سے آراستہ گھر۔
—— ہونا : کسی چیز سے معمور ہونا۔ آزردہ ہونا، پُر ہونا، کثرت سے موجود ہونا۔
بھرّا : (۱) جھانسا، ترغیب، فریب، تحریک، ورغلانا (۲) گھومنے والی چیز کی آواز (۳) پرندوں کے ایک ساتھ اڑنے کی آواز (۴) تمالیشی تعریف۔
بھرّانا : جھنجھلانا، غصّہ ہونا۔
بھرّے پر چڑھانا : فریب میں پھانسنا۔
بھُرّا : بہت کالا، بہت سیاہ۔
بھرانا : (۱) پرندوں کا بچوں کی چونچ میں غذا (دانہ) دینا (۲) مادہ چوپائے کا گابھن کرانا، (۳) کسی چیز کو پر کرانا۔
بھراو : کسی خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے بھرتی کی چیز، وہ خس و خاشاک جو گڑھے بھرنے کے لیے ڈالی جاتی ہے، وہ چمڑے کے ٹکڑے ٹاٹ وغیرہ جو جوتے کے تلے میں بھرے جاتے ہیں۔
بھُربھُرا : مذکر : (۱) خستہ، پولا (۲) نرم، مایل۔
—— جانا : مایل ہونا، فریفتہ ہونا، شوق پیدا ہو جانا۔
بھُربھُرانا : (۱) کسی چیز پر کوئی سفوف چھڑکنا (۲) مایل ہونا، راغب ہونا، بکھرنا، خستہ ہونا۔
بھُربھُراہٹ : مؤنث : خستہ پن، خشکی۔
بھُربھُرانا : کسی قدر ورم ہونا، چہرہ تمتمانا۔
بھُربھُراہٹ : مؤنث : ہلکا سا ورم، تمتماہٹ، تمتمانے کی کیفیت
بھُربھُر جلنا : کسی چیز کا تیزی سے جلنا۔
بھرت : مذکر : (۱) راجا دشرتھ کے بیٹے اور رام چندر جی کے سوتیلے بھائی کا نام (۲) ایک مشہور راجا کا نام جس کے نام پر بھرت بار یا بھارت ورش (ہندستان) مشہور ہوا۔
بھرت : مؤنث : جست، تانبے اور سیسے سے مرکب ایک دھات۔
—— بھرنا : (۱) سوداگری کے مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا۔ (۲) ساور کولانا (۲) کمی پوری کرنا۔
بھرتیا : (۱) کانسے پیتل کے برتن بیچنے والا (۲) کسیرا، ٹھٹھیرا۔
بھُرتا / بھرتا : مذکر : (۱) ایک قسم کا پکوان، بعض ترکاریوں کو بھُل بھُلا کر یا اُبال کر کچھ مسالوں کے ساتھ پیس ڈالتے ہیں (۲) خوب کچلا ہوا۔
—— بنانا / کر دینا : (۱) بھرتا تیار کرنا (۲) (مجازاً) : مارتے مارتے کچومر نکال دینا، خوب پیٹ ڈالنا (۳) جلا دینا۔
بھرتی : مؤنث : (۱) حشو، زائد (۲) وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے (۳) داخلہ، اندراج، تکمیل۔
—— بھرنا : گودڑ وغیرہ ڈال کر کسی چیز کو بھر دینا، بری بھلی چیز سے کمی پوری کرنا، سوداگری کا مال بھرنا۔
—— کا شعر : معمولی شعر، وہ بے مزا شعر جو تعداد بڑھانے کے لیے کہا جائے۔
—— کا مال : سوداگری کا مال، وہ مال جو بہت قیمتی نہ ہو، معمولی مال۔
—— کرنا : کسی ادارے یا نظام میں شامل کرنا، کسی محکمے میں نوکر رکھنا۔
بھرشٹ : (۱) ناپاک، نجس، بے دین، ذلیل۔
بھُرکس : چورا، ریزہ۔
—— نکالنا : مارتے مارتے ہڈی پسلی توڑ ڈالنا، بے دم کر دینا۔
بھرم : مذکر : (۱) ساکھ، بھروسا، اعتبار (۲) گمان، شک، عیب، بھید۔ عزت، خیال، پندار۔
—— باندھنا : ساکھ جمانا، ہوا باندھنا، اعتبار قایم کرنا۔
—— بنا رکھنا / بنا رہنا : لوگوں کی نظروں میں معزز رہنا، آبرو بنائے رکھنا، ساکھ بنائے رکھنا۔
—— کی ٹٹی : وہ چیز جس سے آبرو بنی ہوئی ہو، اور کام چل رہا ہو، ساکھ کا سہارا۔
—— کھلنا / کھل جانا : عیب کھل جانا، بھید ظاہر ہو جانا، ساکھ

جاتی رہنا۔

بھرمانا : (ف) ؛ بھرم میں رکھنا، دھوکے میں رکھنا، جھوٹی امید دلانا۔

بھرن : مؤنث ؛ وہ زور شور کی بارش جو دم بھر میں جل تھل بھر دے

بھرنا : (ا) قرض چکانا، ادا کرنا، دینا، سلوک کرنا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔ کسی کی طرف سے کسی کا دل بگاڑنا، بہکانا، قلاف کر دینا (۳) آلودہ ہونا (۴) سمانا (۵) خسارہ اٹھانا (۶) تاوان دینا۔ تلافی کرنا (۷) نباہ کرنا، بدمزاج کے ساتھ عمر بسر کرنا۔

—— بھرنا : کسی کا خرچ برداشت کرنا، کفالت کرنا، مصیبت جھیلنا۔

بھرنی : مؤنث ؛ بانا، بنکروں کا آلہ، نال۔

بھروسا : مذکر ؛ آسرا، سہارا، آس، امید، اعتبار۔

بھری : مؤنث ؛ (ا) ایک وزن (۲) ایک قسم کی گھاس۔

—— برسات : عین برسات کا موسم، بارش کی شدت کا زمانہ۔

—— جوانی (کڑی/نئی جوانی) مانجھا ڈھیلا : (مثل) ؛ نوجوانی کی کم زوری، ڈھیلا ڈھالا پن، جوان آدمی میں پست ہمتی اور سستی ہونا۔

—— ڈاڑھی : گھنی ڈاڑھی جس میں کثرت سے بال ہوں کہیں جگہ خالی نہ ہو۔

—— گودی خالی ہونا : (کنایتاً) اولاد کا مرجانا۔

—— محفل میں/بھری مجلس میں : بھرے مجمع میں، بھرے جلسے میں۔ سب کے آگے، سب کے سامنے، سب کے روبرو۔

بھرے بیٹھے ہونا : خفگی یا غصے کی حالت میں ہونا، غضب ناک رہنا۔ غم گین ہونا، رو پڑنے کے قریب ہونا۔

بھرے بھرے : تیار، موٹے موٹے، موٹے تازے۔

بھرے رہنا : (ا) لبریز رہنا۔ جمع رہنا (۲) کبیدہ رہنا، ناخوش رہنا۔

بھرے کو بھرنا : کھاتے پیتے کے ساتھ سلوک کرنا، جس شخص کو حاجت نہ ہو اسے اور دینا۔

بھڑ : (آواز) ؛ مؤنث ؛ (ا) کسی چیز کے پھٹنے کی، توپ بندوق کی جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی، کواڑ کے پٹ ایک دم بند کرنے کی (۲) مسخرا۔

بھڑ : مؤنث ؛ ایک پردار کیڑا جس کے ڈنک مارنے سے جلن ہوتی ہے اور ورم آجاتا ہے۔

—— کا چھتا/بھڑوں کا چھتا : (ا) بھڑوں کا گھر (۲) فسادی۔

—— کے چھتے کو چھیڑنا : شریر یا فسادی کو چھیڑنا اور غصہ دلانا۔

—— کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا : بدآدمی کو چھیڑنا، خطرناک لوگوں سے معاملہ کرنا، بدمعاشوں سے پنگا لینے کی کوشش کرنا۔

بھڑاس : مؤنث ؛ دل کا بخار، دل کا غبار، دل کا کینہ، دلی عداوت غصہ جو دل میں بھرا ہوا ہو۔

—— نکالنا : کچھ کہہ کر یا رو کر دل کے رنج اور طبیعت کے غصے کو دور کرنا۔

بھڑانا : (ا) دو آدمیوں اور جماعتوں کو لڑا دینا (۲) عورت اور مرد کو برے کام کے لیے تیار کرنے کا کام (۳) قریب لانا، ملانا (۴) ٹکرانا (۵) مقابل کرنا مقابلہ کرا دینا (۶) لڑا دینا، لڑائی کرا دینا۔

بھڑبھڑیا : جو شخص ضبط نہ کر سکے، پیٹ کا ہلکا، فضول باتیں کرنے والا، جو منہ میں آئے بک جانے والا۔

بھڑبھونجا : مذکر ؛ (ا) بھاڑ جھونکنے والا، بھاڑ میں اناج بھوننے والا (۲) بدشکل، سیاہ فام، میلا کچیلا۔

بھڑک : مؤنث (ا) چمک دمک (۲) شدید پیاس (۳) نمود، رونق، جلوس و لوازم ظاہری (۴) جھجک، وحشت۔

—— اٹھنا : (ا) مشتعل ہونا (۲) آگ پکڑنا، آگ کا تیز ہونا روشن ہونا۔

—— جانا : رنجیدہ ہو جانا، برا مان جانا، اکڑ جانا، کسی بات کو مان کر اس سے ہٹ جانا۔

—— دار : بھڑکیلا، چٹکیلا، زرق برق۔

بھڑکانا : (ا) بہکانا، غصہ دلانا، برافروختہ کرنا (۲) چونکانا، وحشت دلانا، ڈرانا۔

بھڑکنا : (ا) وحشت کھانا، چوکنا ہونا (۲) گرم ہونا، جلنا (۳) رونق بڑھ جانا۔ چمک آجانا (۴) آگ کا شعلہ تیز ہونا، گرمی کا بڑھنا حرارت کا بڑھنا۔

بھڑنا : (ا) قریب ہونا، گتھنا، مقابل ہونا (۲) ٹکر کھانا، ٹکرا جانا (۳) دروازے کے پٹوں کا بند ہونا (۴) مباحثہ کرنا، کٹ حجتی کرنا۔

بھڑوا : وہ دلال جو غیر مردوں کو عورتوں سے اور عورتوں کو غیر مردوں سے ملائے (۲) وہ شخص جو طوائفوں کو ناچنے کے لیے لائے (۳) بطور گالی کے مستعمل ہے۔

بھ ۔ س

بھس : مذکر ؛ اناج کا چھلکا، بھوسی۔

—— اڑا دینا : بہت مارنا، تباہ کرنا۔

—— بھرنا / بھر دینا : (۱) کسی کھوکھلی چیز میں بھس بھر دینا۔ (۲) (مجازاً) ؛ خراب کر دینا، بگاڑ دینا۔

—— کے مول ملیدہ : (مثل) ؛ قیمتی چیز کوڑیوں کے مول، بہت سستا۔

—— کھا جانا : بے سمجھی کی باتیں کرنا، بہکی بہکی باتیں کرنا، بے تکی باتیں کرنا۔

—— ملانا : (مجازاً) ؛ خراب کر دینا۔

—— میں چنگاری (چنگی) ڈال جمالو دور (الگ) کھڑی : (مثل) ؛ لڑائی لگا کر معصوم بن کر تماشا دیکھنا، کوئی شوشہ چھوڑ کر لڑائی کرا دینا، اور خود چپ چاپ الگ تھلگ رہنا گویا ان کو کوئی واسطہ ہی نہیں۔

—— میں چنگاری (چنگی) ڈالنا : آگ لگانا، کوئی شوشہ چھوڑ کر فساد کرا دینا، لڑائی جھگڑا کرا دینا۔

—— ہونا : خستہ ہونا، کوٹا ہوا۔

بھسم : کوئی چیز جو کر جل کر خاک ہو جائے، جلی ہوئی چیز کی راکھ۔ بھبوت، کشتہ۔

—— کر دینا : (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) بالکل ہضم کر دینا۔

—— ہونا : (۱) جل کر راکھ ہو جانا، فنا ہو جانا (۲) ہضم ہو جانا (۳) حسد سے بے حد جلنا، غصے میں کڑھنا۔

بھسنڈ : صفت، موٹا، بھدا، بدصورت۔

بھک : (۱) تمباکو کے پتوں کا باریک چورا (۲) اڑ جانے والا مادہ۔ بارود کے اڑانے کی کیفیت اور آواز۔

—— سے اڑ جانا : بارود یا کسی آگ پکڑنے والی چیز کا دفعتاً اڑ جانا، صاف کٹ جانا۔

بھکاری : مذکر ؛ بھیک مانگنے والا، فقیر، گدا۔

بھگت / بھگتا : (۱) مذکر ؛ زاہد، پارسا، پرہیزگار (۲) مخلص، عقیدت مند (۳) عاشق الٰہی۔

بھگتی : مؤنث ؛ پرستش، پوجا، خلوص، ارادت (۲) عقیدہ۔ ایمان، زہد (۳) عشق حقیقی، خدا پرستی۔

بھگرانا : بڑی بدبو دینا۔

بھگراند / بھگراہند : مؤنث ؛ سڑے گلے اناج کی بدبو، ناگوار بدبو۔

بھگراندا / بھگراہندا : جس چیز سے بھگراند آتی ہو۔

بھگتا : (۱) مؤنث ؛ بھیک۔

بھگتو : (۱) مذکر ؛ بھکاری، سنیاسی۔

بھگ منگا : مذکر ؛ بھیک مانگنے والا، بھکاری، بھوکا، کنگال۔ مفلس، جو مانگنے میں حیا نہ کرے۔

بھگ موا : بھوک کا مارا، بہت بھوکا، فاقہ کش۔

بھگ مری : قحط، ایسا قحط کہ لوگ بغیر غذا مرنے لگیں۔

بھگنا / بھگ جانا : گھس جانا، کسی نوک دار چیز کا کسی دوسری چیز میں گھس جانا، چبھ جانا۔

بھگونسا : نگلنا، کھانا (تحقیر سے)۔

بھگیا : (۱) مؤنث ؛ بدشگونی کی بات، منحوس بات۔

بھگا : (۱) کم عقل، سیدھا، سادہ لوح (۲) چورا، برادہ۔

بھگانا : (۱) دوڑانا، سرپٹ لے جانا (۲) کسی عورت کو اغوا کرنا۔ کسی کو ورغلا کر لے جانا (۳) پسپا کرنا، ہرانا، دانت کھٹے کرنا منہ پھیر دینا۔

بھگا لے جانا : کسی کو دم دے کر لے جانا، فریب دے کر لے جانا۔ عورت یا نابالغ بچے کو اغوا کرنا، خفیہ طور پر اڑا لے جانا۔

بھگت : مذکر ؛ (۱) مقدس، پرہیزگار آدمی، گنڈے تعویذ کرنے والا عامل (۲) (طنزاً) ؛ بے غیرتی، گت، وضع، قطع۔

بھگتان : مذکر ؛ (۱) سزا، خمیازہ (۲) قرضے کی بے باقی۔

بھگتانا : (۱) ختم کرنا، انجام کو پہنچانا، تعمیل کرنا (۲) بے باق کرنا۔ ادا کرنا، مار ڈالنا، تعمیل کرنا، تقسیم کرنا۔

بھگت جانا : (۱) نجات پانا، ختم ہو جانا (۲) (مجازاً) ؛ قتل کیا جانا

معاملہ صاف ہونا، حساب صاف ہونا۔

بھگت لینا: (۱) برداشت کرلینا (۲) لڑنے مرنے کو آمادہ ہوجانا، (۳) حساب سمجھ لینا (۴) سزا جھیل لینا (بدلہ لینے کے لیے) (۵) دیکھ لینا۔

بھگتنا: پورا، انجام کو پہنچنا، ختم ہونا (۲) جھیلنا (۳) حساب بے باق ہونا، قرضہ ادا ہونا (۴) تاوان دینا (۵) نباہ کرنا۔

بھگدڑ / بھگدڑ: بھاگنے کی بل چل۔

بھگندڑ: مذکر؛ بواسیر، پاخانے کے مقام کے پاس کا پھوڑا۔

بھگوان: (۵) مذکر؛ رب، خدا۔

بھگو بھگو کے لگانا / بھگو کے لگانا: (۱) بھیگے جوتوں سے مارنا (۲) (مجازاً) لفریں کرنا، لعنت ملامت کرنا، سخت سست کہنا، ذلیل کرنا۔

بھگوت گیتا: (۵) مؤنث؛ ہندوؤں کی ایک مشہور مذہبی کتاب کا نام۔

بھگوتی: مؤنث؛ (۱) درگا دیوی (۲) بھوانی (۳) تلوار۔

بھگوڑا: بھگو، بھاگا ہوا۔

بھگونا: تر کرنا۔

بھلا: (۱) اچھا، خوب (۲) خوش نما، دل چسپ (۳) تندرست، چنگا۔ ٹھیک (۴) (کلمۂ تنبیہ) (۵) نیک، پاک دامن، شریف۔

—— **آدمی**: مذکر؛ (۱) شریف آدمی، عزت والا آدمی، نیک آدمی، (۲) (طنزاً)؛ خراب، نالایق، چالاک، بے ڈھب۔

—— **چنگا**: اچھا بھلا، تندرست، موٹا تازہ، صحیح سالم، اچھا خاصا

—— **برا کہنا / سنانا**: سخت سست کہنا، بدزبانی کرنا۔

—— **کرنا**: (۱) فائدہ پہنچانا، اچھا سلوک کرنا، مہربانی کرنا (۲) (طنزاً)، بددعا، برا کرنا، سزا دینا۔

—— **مانس**: (۱) شریف آدمی، معتبر آدمی، عزت والا آدمی، سادہ، نیک مزاج، اچھا انسان (۲) (طنزاً)؛ شریر، بدمعاش، بے وقوف۔

—— **نہ ہونا**: پورا نہ پڑنا، کسر رہ جانا، سیری نہ ہونا۔

—— **ہو**: (۱) دعا، خدا نیکی دے، ترقی دولت وصحت ہو (۲) (طنزاً)؛ برا ہو، خدا سزا دے، بدلا دے۔

بھلا دینا: (۱) یاد نہ رکھنا، فراموش کردینا (۲) خاک میں ملا دینا۔ غرور مٹا دینا۔

بھلانا: (۱) یاد نہ رکھنا، بھول جانا (۲) گمراہ کرنا، دھوکا دینا۔

بھلاوا: مذکر؛ دھوکا، فریب، دغا، مغالطہ۔

بھلاواں: مذکر؛ (۱) ایک پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے جس کا داغ نہیں چھوٹتا، (دھوبی اس سے کپڑوں پر نشان ڈالتے ہیں)؛ (۲) (مجازاً) کلنک کا ٹیکا، وہ بدنامی جو ہمیشہ رہے۔

بھلائی: مؤنث؛ نیکی، اچھائی، خوبی، بہتری، اچھا برتاؤ، نیک نامی۔

بھلائی رہنا: نیکی کی یادگار باقی رہنا، اچھائی امر ہونا۔

—— **لینا**: ثواب کمانا، اچھا نام پیدا کرنا، دعا لینا، تعریف کے قابل کام کرنا۔

بھل بھل / بھو بھل: مؤنث؛ چولہے کی گرم راکھ جس میں کچھ چنگاریاں بھی رہ جاتی ہیں۔

بھل بھلا جانا: گرم بالو یا راکھ میں بھن جانا۔

بھل بھلانا: گرم بالو یا بھو بھل میں بھوننا۔

بھلسانا / بھلسا دینا: جلانا، کوفت پہنچانا۔

بھلسا: جھلسنا، جلنا، بھرتا ہوجانا۔

بھلکڑ: بہت بھول جانے والا۔

بھل منساہٹ / بھل منساہٹ: مؤنث؛ (۱) شریفانہ برتاؤ، اچھے آدمیوں کے انداز و وضع، انسانیت، آدمیت (۲) (طنزاً)؛ شرارت۔

بھلی: اچھی، خوب۔

—— **چلائی / کہی**: خوب کہا، بے فائدہ ہے، بے ضرورت ہے بے وقعت۔

—— **ہونا**: (۱) اچھی ہونا (۲) بے مزا ہونا۔

بھلے: جمع بھلا کی؛ نیک، اچھے، خوبصورت۔

—— **آدمی کو ایک بات، بھلے گھوڑے کو ایک چابک**: (مثل)؛ سمجھ دار کو فہمائش کافی، عقل مند کو اشارہ کافی ہے۔

—— **دن آنا**: اقبال کا زمانہ آنا، عروج کے اچھے دن آنا۔

—— **مانس کی سب طرح خرابی ہے**: (مقولہ)؛ شریف آدمی کو ہر حالت میں دقتیں پیش آتی ہیں، سیدھے اور نیک آدمی کو سب برا بھلا کہہ لیتے ہیں۔

بھُنانا : (۱) نوٹ یا روپے کا تڑانا، ریزگاری لینا، سکّے کا خُرد اکرانا، (۲) اناج بریاں کرانا۔

بھِنّانا : (۱) پریشان ہونا (۲) طیش میں آنا، جھنجھلانا، (۳) دماغ چکر میں آنا، سر میں درد ہونا (۴) تنگ آنا، گھبرانا (۵) مچھروں اور مکھیوں کی آواز۔

بھِن بھِن : (۱) مکھیوں کے اڑنے کی آواز (۲) (ا) قسم قسم۔

بھِنبھِنا : مذکّر؛ ناک میں بولنے ـــ والا، ناک سے آواز نکالنے والا۔

ـــ ہَٹ : مکھیوں کی آواز۔

بھنبھوڑنا : درندے کا کاٹنا، چاروں طرف سے نوچ کھانا، جھنجھوڑنا۔

بھنبھیری : مؤنّث؛ (۱) ایک قسم کی ٹیڑی (۲) (مجازاً) تیز دوڑنے والا لڑکا۔

بھنڈار : مذکّر؛ گودام، اسٹور، ذخیرہ، ڈپو۔

بھنڈارا : مذکّر؛ (۱) فقیروں کی دعوت، خیراتخانہ (۲) کھوپڑی۔

بھنڈاری : بھنڈار کا رکھوالا، خالسامان، باورچی، رسوئیا۔

بھنڈسار/بھنڈسال : مؤنّث؛ غلّے کا گودام، کھتی۔

بھنڈی : مؤنّث؛ ایک مشہور ترکاری۔

بھنک/بھنکُ : مؤنّث؛ (۱) دھیمی آواز، ہلکی آواز (۲) اڑتی ہوئی خبر (۳) مکھیوں کی آواز۔

ـــ ملنا : اڑتی ہوئی خبر ملنا، کسی بات کی ذرا سی سن گُن مل جانا۔

بھنکار : مؤنّث؛ مکھیوں یا مچھروں کا جمگھٹا؛ مکھیوں، مچھروں کی آواز۔

بھنکنی صورت : گھناؤنی شکل، بدشکل، مکروہ صورت۔

بھنکنا : مکھیوں کا کسی چیز پر بیٹھنا، اُڑنا، جمع ہونا۔

بھنگ : مؤنّث؛ (۱) ایک نشہ کرنے والی پتّی (۲) بربادی، تباہی

ـــ کردینا : بگاڑنا، توڑنا، مسمار کرنا، مزا کرکرا کردینا، خراب کرنا برباد کردینا۔

ـــ کھانا : نشے میں ہونا، بدحواس ہونا۔

بھنگا/بھینگا : مذکّر؛ جس شخص کی آنکھوں میں کجی ہو، جو دیکھتے وقت پتلیاں کوّے کی طرف ٹیڑھی کرلیتا ہو، جسے ایک کے دو نظر آتے ہوں۔

بھُنگا : ایک بہت چھوٹا پربردار کیڑا۔

بھنگرا : ایک قسم کی بدبودار بوٹی جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔

بھنگڑ : بہت بھنگ پینے والا، اوّل جلوّل۔

ـــ خانہ : (۱) بھنگ پینے کی جگہ، عام بھنگ پینے والوں کے مجمع کی جگہ (۲) (مجازاً)، ایسی جگہ جہاں شور وغل، بدنظمی اور افراتفری ہو۔

بھنگڑا ناچ : ایک قسم کا عوامی ناچ، (پنجاب کا مخصوص ناچ)۔

بھنگن : مؤنّث؛ بھنگی کی بیوی، مہترانی۔

بھنگی : مہتر، حلال خور۔

بھُننا : (۱) گوشت ترکاری کا بریاں ہونا، تلنا (۲) کینہ، بغض یا غم سے جلنا (۳) تپنا، غصّہ ہونا، پھُنکنا (۴) روپے نوٹ کا خُردہ ہونا۔

بھنور : مذکّر؛ زور سے بہتے پانی میں جو گہرے ہوتے ہوئے دائرے یا چکر بنتے ہیں، گرداب۔

ـــ جال : مذکّر؛ دنیا، دنیا کے جھگڑے بکھیڑے۔

بھوانی : مؤنّث؛ (۱) درگا، پاربتی، شوجی کی اِستری (۲) چیچک۔

بھوبھل/بھوبل : مؤنّث؛ (۱) گرم راکھ (۲) بھوڑ، بالو، ریت۔

بھوت : مذکّر؛ (۱) پلید روح، خبیث روح (۲) (مجازاً)؛ آپے سے باہر غصّہ ور، شیطان، موذی، کالا، پٹنے والا، بدصورت، ڈراونا۔

ـــ اُتارنا : (۱) خبیث روح کو عمل سے دفع کرنا (۲) (کنایتاً)؛ غصّہ ٹھنڈا کرنا، غصّہ اُتارنا۔

بھوت آنا : خبیث روح کا مسلّط ہونا۔

بھوت بن کر چمٹنا : بُری طرح پیچھے پڑنا، کسی طرح پیچھا نہ چھوڑنا سر ہوجانا۔

بھوت بننا : (۱) نشے میں چُور ہونا (۲) کسی بات کے پیچھے پڑنا، اَڑ جانا (۳) مٹّی میں آلودہ ہونا (۴) ہمہ تن مصروف ہوجانا (۵) غصّے میں آپے سے باہر ہوجانا۔

بھوت بھی مارے بھاگتا ہے : (مَثَل)؛ مارے سب ڈرتے ہیں۔

بھوت پریت : خبیث روحیں۔

بھوت چڑھنا/سوار ہونا : (۱) دیوانہ ہونا (۲) (مجازاً)؛

سخت طیش اور غصہ آنا، کسی طرح نہ ماننا، جن چڑھنا، خبیث روح مسلط ہونا۔

بھوج : (ہ) مذکر؛ (۱) کھانا، دعوت (۲) ایک راجا کا نام۔

—— **پتر** : مذکر؛ ایک درخت کی چھال (جو پرانے زمانے میں کاغذ کی طرح استعمال ہوتی تھی، اب جنتر منتر لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔

بھوجن : کھانا، غذا۔

بھوجائی / بھوجی : مؤنث؛ بھابھی، بھاوج۔

بھوچکا : (۱) حیران (۲) خوف سے بدحواس ہونا۔

بھودان : (ہ) مذکر؛ زمین کی بخشش یا خیرات۔

بھور : مذکر، مؤنث؛ تڑکا، صبح، خاتمہ۔

—— **کر دینا** : خوب زدوکوب کرنا؛ بے حساب پیٹنا۔

—— **ہونا / ہو جانا** : (۱) صبح ہونا (۲) بالکل ختم ہو جانا، تمام ہو جانا آخر ہونا (۳) خوب پیٹنا۔

بھورا : مذکر؛ ہلکا سیاہ جس میں سرخی زردی مایل ہو۔

بھوری : ایک قسم کی روٹی جو کنڈوں کی گرم راکھ میں پکاتے ہیں۔

بھوڑ : مؤنث؛ ریتلی زمین۔

بھوسا : مذکر؛ بھس۔

بھوسی : اوپر کا چھلکا، خشکی۔

بھوسی بتانا : (۱) انکار کرنا (۲) ختم ہونے کا اعلان کرنا۔

بھوک : مؤنث؛ کھانے کی خواہش، اشتہا، چاہ، ضرورت۔ حاجت

—— **اڑنا** : بھوک جاتی رہنا، اشتہا ختم ہو جانا۔

—— **بھاگنا / بھاگ جانا** : کھانے کی پروا نہ رہنا۔

—— **پیاس** : مفلسی، تنگی، فاقہ کشی۔

—— **پیاس اڑا دینا** : کھانے پینے کی خواہش دور کر دینا۔

—— **کا توڑ** : بھوک کی شدت۔

—— **کی جھانجھ / جھلاہٹ** : وہ غصہ جو بھوک کی شدت کی وجہ سے آئے۔

—— **مر جانا** : بھوک جاتی رہنا۔

—— **ہونا** : (۱) کھانے کی خواہش ہونا (۲) کسی چیز کی خریداری یا حاصل کرنے کی خواہش ہونا۔

بھوکا : جسے بھوک لگی ہو، بغیر کھایا ہوا، فاقہ کش، کنگال، آرزومند

—— **بنگالی** : مفلس، مفلوک الحال۔

—— **لوٹا** : مفلس، محتاج، برے حالوں۔

—— **مرنا** : فاقہ کشی کرنا، تنگی سے گزر اوقات کرنا، مشکل سے گزر ہونا۔

—— **ننگا رکھنا** : تکلیف میں رکھنا، کھانے پینے کو حسب ضرورت نہ دینا

بھوکوں مرنا : فاقے پہ فاقے کرنا، فاقہ کشی کرنا، بھوک سے عاجز آنا۔

بھوکے شریف سے، پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہیے : (متول)؛ ایسی حالت میں دونوں حملہ کر دیتے ہیں کچھ کرنے سے نہیں چوکتے۔

بھوکنا، گھسیڑنا۔ کوئی نوک دار چیز کسی چیز میں گھسیڑنا، بھونکنا۔

بھوگ : مذکر؛ (۱) کھانا (۲) گالی (۳) حلوے کی طرح کا کھانا جسے ہندو دیوتاؤں پر چڑھاتے ہیں (۴) ایک بھجن (۵) ہم بستری (۶) خوشی، سکھ چین (۷) بھگتنا، سہنا۔

—— **بلاس / وِلاس** : عیش و عشرت، رنگ رلیاں۔

—— **پڑنا** : لعن طعن ہونا، گالیاں پڑنا۔

—— **دینا / سُنانا** : گالیاں سُنانا، بُرا بھلا کہنا، لعنت ملامت کرنا، الاہنا دینا، الزام دینا۔

—— **کرنا** : صحبت کرنا، ہم بستر ہونا۔

—— **کھانا** : برا بھلا سننا۔

—— **لگانا** : کھانا، کھانے کے لیے لگانا، دیوتاؤں کے سامنے کھانا چننا۔

بھوگنا : (۱) بھگتنا، جھیلنا، سہنا، مصیبت اٹھانا، (۲) مزا اٹھانا، حظ اٹھانا۔

بھوگی : مذکر؛ (۱) عاشق، آرام طلب (۲) زانی (۳) بھوجن والا۔

بھوگول : (ہ) مذکر؛ کرۂ ارض، دنیا، جغرافیہ۔

بھول : مؤنث؛ چوک، فراموشی، غلطی، قصور، شبہ۔

—— **بھٹک** : مؤنث؛ بھول چوک، گم راہی۔

—— بھُلیّاں : مؤنث ؛ ایک خاص قسم کی عمارت جس میں پیچیدہ راہیں ہوتی ہیں۔
—— پڑنا : سہو ہو جانا، غلطی ہونا، یاد سے اترنا۔
—— چوک : مؤنث ؛ غلطی، خطا، قصور، سہو۔
—— چوک، لین دین : حساب میں کوئی غلطی ہوگئی تو بعد میں لینا دینا ہو جائے گا۔
—— ڈالنا : جان کر غلط کر دینا۔
—— کر بات نہ کرنا : کمال بے توجہی ظاہر کرنا، بالکل بات نہ کرنا، بالکل التفات نہ کرنا۔
بھولنا : خیال نہ ہونا، یاد نہ رہنا، غلطی کرنا، چوکنا، بھٹکنا، راستہ گم کرنا، دھوکا کھانا، نازاں ہونا، غافل ہونا، بے خبر رہنا۔
—— چوکنا : سہو ہونا، فروگذاشت ہونا۔
بھولا : جس کی یاد نہ رہے، فراموش، گم شدہ، کھویا ہوا۔
—— بسرا/چوکا : راہ بھولا ہوا شخص، بھولی ہوئی چیز، ایسی چیز جس کی یاد نہ آتی ہو۔
—— بھٹکا : راستہ بھولے ہوئے، ڈانوا ڈول، راہ گم کیے ہوئے۔
—— ہونا : اترانا، مغرور ہونا، نازاں ہونا۔
بھولے بھٹکے : کبھی کبھار، گاہے ماہے، راستہ بھول کر، اتفاقیہ
بھولے سے بھی نام نہ لینا : کبھی یاد نہ کرنا، بالکل فراموش کر دینا، نام کو بھی نہ جاننا۔
بھولا : مذکر ؛ سیدھا سادہ، کم عقل، نادان، ناتجربہ کار، ناواقف
—— بھالا/بالا : سیدھا سادھا، نیک مزاج، بے کپٹ، معصوم۔
—— پن : مذکر ؛ سادگی، سادہ لوحی، نادانی، نرمی و ملائمت۔
بھولی باتیں : پیاری پیاری باتیں، سادہ لوحی والی باتیں۔
بھولی صورت : معصوم چہرہ، بے ریا صورت، وہ شکل جس سے سادگی ظاہر ہو۔
بھومکا : (ہ) مؤنث ؛ تمہید، دیباچہ، مقدمۂ کتاب۔
بھومی : مؤنث ؛ زمین۔
بھومیا : مذکر ؛ زمین دار، پرانا باشندہ (۲) پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آتے ہیں۔
بھون/بھوَن : مذکر ؛ گھر، مکان، منزل۔
بھوں : مؤنث ؛ ابرو۔
—— چڑھانا/بھوں میں بل ڈالنا : ناپسند کرنا، رد کر دینا، بیزاری ظاہر کرنا۔
بھویں تاننا/بھویں ٹیڑھی کرنا : غصہ دکھانا، قہر و جلال کا اظہار کرنا۔
بھوں بھوں رونا : اونچی آواز سے رونا۔
—— کرنا : (۱) بھونکنا، کتے کی طرح بولنا (۲) بے ہودہ بکنا۔
بھونپو : مذکر ؛ ایک قسم کا باجا، نرسنگھا، سائرن۔
بھونچال : مذکر ؛ زلزلہ۔
بھونڈو : اناڑی، نادان، بھولا، کم عقل، کندۂ ناتراش۔
بھونڈا/بھونڈاپن/بھونڈاپنا : بدہیئت، بدقطع، بدشکل، خراب، ناقص، بدتہذیب۔
بھونڈا نخرا : مذکر ؛ پھوہڑ ناز نخرا، شتر غمزہ۔
بھونڈی بات : بدتمیزی کی بات، انکھی بات، خراب بات۔
بھونڈی صورت : مؤنث ؛ بدشکل، بری صورت کا (۲) ناموزوں۔
بھون ڈالنا : گولیوں سے اڑا دینا، بندوق توپ سے بہت سے آدمیوں کو مار ڈالنا۔
بھون کھانا/بھون بھون کھانا : (ع و) (۱) کسی چیز کو بھون کر کھا جانا (۲) (مجازاً) ؛ دیکھنا، بھالنا، برتنا۔
بھون بھلس لینا : جیسا تیسا پکا لینا، غریبا مو پکا لینا۔
بھونرا : مذکر ؛ (۱) ایک سیاہ پردار کیڑا (۲) نہایت کالی چیز (۳) خوش خبر۔
—— سی آواز : باریک سُر کی خوب گونجنے والی آواز۔
بھونرے میں پلنا : لاڈ پیار سے پلنا، ناز و نعم سے پلنا۔
بھونری : مؤنث ؛ (۱) وہ بالوں کا چکر جو آدمی، گھوڑے یا کسی جانور کے جسم خواہ سر پر ہوتا ہے (۲) وہ بھنور کی شکل کا چکر جو بعض لوگوں کے گالوں پر ہنسنے میں پڑتا ہے یا ہمیشہ خفیف سا رہتا ہے۔ ہنسنے میں نمایاں ہو جاتا ہے، (۳) گھوڑے کا ایک قسم کا عیب (۴) وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جائے۔
بھونکنا : (۱) کتے کا بولنا، غل مچانا (۲) (مجازاً) ؛ (تحقیر سے) آدمی کا

بولنا، چیخنا، چلّانا۔

بھونُنا : (۱) بریان کرنا، تلنا، سوکھا سوکھا تلنا، ترکاری گوشت وغیرہ کو بریان کرنا، (۲) بندوق سے شکار کرنا یا بہت سے جانداروں کو مار ڈالنا (۳) (مجازاً)؛ دق کرنا، ستانا، جلانا۔

بھ۔ر۔ی

بھئی : بھائی کا مخفف؛ برابر والوں اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ

بھی : (حرفِ ربط)؛ اور، اتنے پر، اب، نیز، مزید۔

بھے : (ہ) مذکر؛ ڈر، خوف۔

بھیّا : مذکر؛ بھائی (چھوٹے کو پیار سے)؛ اپنایت سے غیروں کو بھی بھیّا کہا جاتا ہے۔

بھیانک : ڈراونا، خوف ناک، ہول ناک، وحشت زدہ۔ گھبرایا ہوا، پریشان، ویران، اداس۔

بھیتر : اندر، پوشیدہ، درمیان۔ میں۔

بھیتری مار : اندرونی چوٹ، چھپی ہوئی چوٹ۔

بھیجا : سر کے اندر کا گودا، مغز، دماغ۔

—— **پکانا** : (مجازاً)؛ بہت بکنا، بکنے کی تکلیف اٹھانا۔

—— **پک جانا** : بک بک سنتے سنتے دماغ پریشان ہونا، کسی کی بک بک سے عاجز آجانا، کسی کی بک بک سے سر دکھنے لگنا۔

—— **کھانا / کھاجانا** : بکواس سے دماغ کھاجانا، سمع خراشی کرنا۔

—— **کھائیں، سر سہلائیں** : (مثل)؛ نقصان پہنچائیں اور ظاہری ہمدردی دکھائیں۔

بھیجنا : روانہ کرنا۔

بھینچنا / بھینچنا : (۱) دبانا، سکیڑنا، دبوچنا، کچلنا، مسلنا (۲) دانتوں کا زور سے بند کرلینا (۳) کسی کو زور سے سینے سے چپٹا لینا (۴) جبڑا روکنا۔

بھید : مذکر؛ (۱) چھپی بات، دل کی بات، راز (۲) سراغ، پتا (۳) (ع م) چھیدے ہوئے موتی یا کانوں کے سوراخ (۴) (۵) پھوٹ۔ اختلاف۔

—— **پانا** : پتا لگنا، سراغ ملنا، چھپی ہوئی بات معلوم ہونا۔

—— **دینا / کھولنا** : دل کی بات بتانا، راز ظاہر کرنا۔

—— **لگانا / لینا** : سراغ لگانا، راز کا پتا لگانا، چھپی ہوئی بات معلوم کرنا، عندیہ لینا۔

بھیدی / بھیدیا : رازدار، ہم راز، جسے بھید معلوم ہو۔

بھیرُوں : مذکر؛ (۱) ایک راگ کا نام (۲) ہیبت، خوف ناک۔

—— **ناچنا** : (۱) رنگ صحبت بدل جانا، حالت پلٹنا (۲) ویرانہ پن برسنا (۳) لڑائی جھگڑا ہونا (۴) سکوت چھا جانا، (۵) مطلق کام نہ رہنا۔

بھیرویں : مؤنث؛ ایک راگنی جو صبح گائی جاتی ہے۔

—— **اُڑانا** : (۱) بھیرویں گانا (۲) (مجازاً)؛ خوشی منانا، خوشی کے گیت گانا۔

بھیڑ : مؤنث؛ (۱) مجمع، جمگھٹ، بہت سے لوگ (۲) آفت، مصیبت۔

—— **بھاڑ** : (بھاڑ تابع مہمل)، بڑا ہجوم، ازدحام، دھوم دھام۔

—— **بھڑکا** : مذکر؛ بھیڑ بھاڑ، بے پناہ ہجوم۔

—— **کرنا / لگانا** : مجمع کرنا، بہت سے لوگوں کا جمع ہوجانا۔ ٹھٹ لگنا۔

بھیڑ : (۱) بکری کی طرح بالوں والا ایک جانور، میمنا (۲) (مجازاً) غریب، مسکین، مال دار۔

—— **چال / بھیڑ یا چال** : مؤنث؛ دیکھا دیکھی، اندھا دھند، بغیر سوچے سمجھے۔

بھیڑ یا دھسان : (کنایتاً)؛ لوگوں کا کثرت سے ایک طرف بغیر سوچے سمجھے متوجہ ہوجانا، کورانہ تقلید، بے سمجھے بوجھے پیروی کرنا۔

بھیڑنا : باہم ملانا، دروازے کے کواڑ بند کرنا۔

بھیڑیا : مذکر؛ ایک درندہ، گرگ۔

—— **کھائے تو، نہ کھائے تو، منھ لال** : (مثل)؛ بدنام عیب کرے یا نہ کرے الزام ہمیشہ اُس کے سر آتا ہے۔

بھیس : مذکر؛ لباس، پوشاک، وضع قطع، سوانگ۔

—— **بدلنا** : وضع بدلنا، پہلی حیثیت بدلنا۔

—— **بنانا** : خاص وضع اختیار کرنا، کوئی روپ بھرنا۔

بھیک : مؤنث؛ خیرات، گداگری۔

—— **پر اوقات ہونا** : گدائی پر گذر ہونا، مانگے پر بسر ہونا۔

—— کا ٹکڑا : (۱) روٹی جو فقیر کو ملتی ہے، خیرات کا ٹکڑا (۲) (کنایتاً) وہ شخص جس کے باپ کا پتا نہ ہو، لفظ بے تحقیق۔

—— کا ٹھیکرا / کاسہ : مذکر؛ بھیک مانگنے کا برتن، کاسۂ گدائی کمائی کا ذریعہ۔

—— کے نوالوں کا مزا پڑنا : (مثل)؛ مانگ مانگ کر گذر اوقات کرنے کی عادت پڑنا۔

—— بلّی بتانا : ٹالنا، حیلہ کرنا، بہانہ کرنا، کام چور ہونا۔

—— رات : مؤنث ؛ آدھی رات، رات کا وہ حصہ جو بارہ بجے کے بعد ہوتا ہے۔ جس میں خنکی شروع ہو جاتی ہے۔

—— مسیں : وہ مونچھیں جو ابھی ابھی نکلنا شروع ہوئی ہوں۔ سبزۂ آغاز (پہلے پہل مونچھیں نکلنا)۔

بھیگتے بھاگتے : بھیگتے ہوئے۔

بھیگنا : تر ہونا، گیلا ہونا۔

بھیگی بلّی : مؤنث ؛ عاجز، ذلیل، بے وقعت، گربہ مسکین۔

بھیل : مذکر ؛ ہندستان کی ایک قدیم قوم۔

بھیلی : مؤنث ؛ گڑ کی چکتی، پاری۔

بھینا / بہنا : (بو) بہن۔

بھینٹ : مؤنث ؛ (۱) ملاقات، ملاپ، مٹ بھیڑ، لڑنا مقابلہ سامنا، بھڑنا، ٹکرانا، (۲) نذر، پیش کش، سوغات (۳) قربانی صدقہ، نذرانہ (۴) منہ بھرائی، رشوت۔

—— چڑھانا / دینا : قربانی کرنا، نذر دینا۔

—— لینا : نذر لینا، چڑھاوا لینا، مار ڈالنا، جان لینا۔

بھینچنا : دیکھو بھینچنا۔

بھینس : گائے سے کچھ بڑا کالے رنگ کا دودھ دینے والا جانور۔ مادۂ گاؤمیش (۲) (تحقیر سے)؛ موٹی عورت۔

—— کے آگے بین بجائے، بھینس کھڑی پگرائے : (مثل)؛ ناسمجھ کے سامنے دانائی کی باتیں بے کار ہیں، بے وقوف کے سامنے ہنر دکھانا فضول ہے۔

بھینسا : بھینس کا نر، (مجازاً) بہت موٹا، بھدا۔

بھینسیا داد : ایک قسم کا سخت داد جو خون کے فساد سے ہوتا ہے۔

—— لہسن : لہسن کی شکل کا ایک بڑا سرخ داغ جو اکثر گردن یا گال پر ہوتا ہے۔

بھینی : مؤنث ؛ ہلکی، خوش گوار، تیز کا مقابل۔

پ

پ : مؤنث ؛ اردو کا تیسرا حرف ، ہائے فارسی ، بہ حساب جمل (ابجد) دو عدد مانے گئے ہیں۔

پ۔ا

پا : (ف ا) ؛ مذکر ؛ پاؤں ، قدم۔

—— **انداز** : (ف) مذکر ؛ ربڑ ، چٹائی ، کپڑے ، لوہے یا مونج کا ٹکڑا جو دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنے کے لیے بچھا دیتے ہیں۔

—— **بجولاں** : (ف) ؛ (ا) پاؤں میں زنجیر پڑی ہوئی (۲) بیڑیاں پہنے ہوئے (۳) مقید (مجازاً) پابند۔

—— **بدستِ دگرے (دست بدست دگرے)** : (ف) (پاؤں ایک کے ہاتھ میں اور ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں) کشاں کشاں۔

—— **بَرکاب** : (ف) ؛ جانے کے لیے تیار ، چلنے پر آمادہ۔

—— **بَرَہنہ** : (ف) ننگے پاؤں۔

—— **بہ گِل** : (ف) ؛ (پاؤں دَل دَل میں) قیدی ، بے بس ، پھنسا ہوا پابند۔

—— **ترَیب** : (ف) مؤنث ؛ عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور ، خلخال

—— **سنگ / پائے سَنگ** : مذکر ؛ ترازو کے ایک پلّے کو دوسرے پلّے کے وزن کے برابر کرنے کے لیے ڈالا جانے والا وزن۔

—— **سَنگ بھی نہ ہونا** : بے حقیقت ہونا ، مقابلے میں کچھ نسبت نہ رکھنا۔

—— **شِکستہ** : چلنے پھرنے سے معذور۔

—— **کوب / پائے کوب** : (ا) زمین پر پاؤں دے دے مارنے والا (۲) (مجازاً) ناچنے والا۔

—— **مال / پائے مال** : (ف) (ا) پاؤں سے روندا ہوا ، تباہ ، برباد (۲) خراب ، خوار۔

—— **مال زمین** : فن شعر میں ان اشعار کو کہتے ہیں جن کی ردیف اور قافیوں میں کثرت سے اشعار کہے جا چکے ہوں کسی جدت کی گنجائش نہ ہو۔

—— **مَرد** : مستقل مزاج ، ثابت قدم۔

—— **مَردی / پائے مردی** : مؤنث ؛ بہادری ، مضبوطی ، زور ، طاقت ، ہمت۔

—— **یاب** : (ف) ؛ (ا) دریا کی اتھلی تھاہ جس میں آدمی پاؤں سے چل کر ایک کنارے سے دوسرے کنارے جا سکے (۲) کم گہرا گھاٹ۔

—— **بَند** : (ا) کسی بات پر قائم رہنے والا (۲) ماتحت (۳) مطیع (۴) عادت رکھنے والا (۵) گرفتار (۶) گھوڑے کی پچھاڑی باندھنے کی رسّی۔

—— **بوس / پائے بوس** : (ف) (ا) پاؤں چومنے والا ، قدم بوسی۔

—— **بوسی / پائے بوسی** : مؤنث ؛ (ا) پاؤں چومنا ، تعظیم ، تواضع (۲) (مجازاً) بڑوں سے ملنا (۳) قدم بوسی۔

پاپ : مذکر ؛ گناہ ، مصیبت ، آفت۔

—— **کاٹنا** : جھگڑا نپٹانا ، قرضہ چکانا ، نجات دینا۔

—— **کٹنا** : جھگڑا دور ہونا ، مصیبت ٹلنا۔

—— **کی پوٹ** : گناہ کی گٹھری۔

—— **کی ناؤ آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پرسوں ڈوبے اور ڈوبے** : (مثل) ؛ (ا) پاپ کا بدلا ایک نہ ایک دن ضرور ملتا ہے (۲) ظالم کو دیر سویر ضرور سزا ملتی ہے۔

پاپی : (ا) گناہ گار ، مجرم ، ظالم ، بے رحم (۲) (مجازاً) بخیل۔

پاپا : (ف) مذکر ، عیسائیوں کا پیشوا۔

—— PAPA (انگ)؛ مذکر؛ ابا، باپ، والد۔

پاپاخ: (ترکی) مؤنث؛ سیاہ دُنبے کی کھال کی لمبی ٹوپی۔

پاپڑ: مذکر؛ مُونگ یا ماش کی دال کی یا چاول کے آٹے کا مسالا ملی ہوئی پتلی سی چپاتی۔

—— **بیلنا**: (۱) بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا (۲) (کنایتاً)؛ تنگی سے اوقات بسر کرنا، مصیبت اٹھانا، (۳) سخت کام کرنا، نہایت محنت اٹھانا۔

پاپوش: (ف) مؤنث؛ جوتا، کفش، تحقیر کی چیز۔

—— **بھی نہ مارنا**: جوتی بھی نہ مارنا، کچھ بھی لحاظ نہ کرنا، نہایت بے وقعت سمجھنا۔

—— **پر مارنا/ —— کی نوک پر مارنا**: جوتی پر مارنا، ٹھکرانا، پروا نہ کرنا، خاطر میں نہ لانا۔

—— **جانے**: (تحقیر سے)؛ خبر نہیں۔

—— **سے/ —— کی نوک سے**: (۱) جوتی سے (۲) کچھ پروا نہیں (۳) بلا سے۔

—— **کے برابر سمجھنا**: جوتے کے برابر سمجھنا، نہایت ذلیل جاننا نہایت حقیر سمجھنا۔

—— **مارنا**: جوتی مارنا، کمال بے توجہی برتنا، حقارت سے ٹھکرا دینا۔

پاپولر: POPULAR (انگ)؛ مقبول، ہر دل عزیز۔

پاپیادہ: پیدل، پانو پانو چلتے ہوئے۔

پات: مذکر؛ (۱) پتا (۲) کان کا ایک زیور۔

پاتابہ/ پاتابہ: مذکر؛ موزے کے اوپر پہننے کی چیز۔

پاتال: مذکر۔ مؤنث؛ زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔

—— **کی خبر لانا**، بات کی تہ کو پہنچنا، دُور کی خبر لانا۔

پاتی: مؤنث؛ خط، چٹھی، پتا، پتی۔

پاتھنا: اُپلے تھوپنا، سانچے میں اینٹیں ڈھالنا۔

پاٹ: POT (انگ)؛ مذکر؛ پاخانہ کرنے کا برتن (آتشت)، (۲) برتن۔

پاٹ: مذکر؛ (۱) دریا کی چوڑائی (۲) کپڑے کا عرض (۳) چکی کا پتھر (۴) دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا پتھر یا پیڑا یا پاٹا (۵) کولھو کا وہ حصہ جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے (۶) پڑا۔ چوکی، تختہ (۷) اونچا سُر، آواز کی بلندی۔

—— **دار آواز**: بلند آواز، دُور تک جانے والی آواز۔

—— **دینا**: ڈھیر کر دینا، افراط سے کوئی چیز ڈال دینا، چھت چھانا۔

پاٹنا: (۱) ڈھانکنا، چھانا (۲) ریل پیل کرنا، مالا مال کر دینا (۳) گڑھے کو بھرنا، برابر کرنا۔

پاٹھ: مذکر؛ سبق، وظیفہ۔

—— **شالا**: مذکر؛ —— ؛ مدرسہ، مکتب، اسکول۔

پاٹھا: مذکر؛ (۱) ہاتھی کا نر بچہ (۲) (مجازاً)؛ فربہ، موٹا تازہ پہلوان

پاٹھک: مذکر؛ (۱) استاد، معلم (۲) برہمنوں کی ایک گوت۔

پاٹی والا: مذکر؛ ٹوکری اٹھانے والا مزدور، جھلی والا، حمال۔

پاجامہ/ پائے جامہ: مذکر؛ اِزار۔

—— **سے باہر ہونا/ ہو جانا**: بے انتہا خفا ہونا۔

—— **میں ڈال کر پہن لینا**: (عو)؛ بدلحاظ ہو جانا، ادب لحاظ نہ کرنا۔

پاجانا: (۱) سمجھ لینا، بات کی تہ کو پہنچ جانا (۲) حاصل ہو جانا، مل جانا۔

پاجی: لُچا، کمینہ، شریر۔

—— **پن/ پنا**: شرارت، کمینگی۔ بدذاتی۔

پاخانہ: مذکر؛ (۱) گُو، انسان کا فضلہ (۲) بیت الخلا، جائے ضرور، ٹٹی۔

—— **پھرنا**: ہگنا، ضرورت سے فارغ ہونا۔

—— **خطا ہونا**: (۱) گُو کا بے اختیار باہر نکل آنا، بے ارادہ فضلہ نکل آنا (۲) (کنایتاً)؛ خوف دہشت ہونا۔

—— **لگنا**: پاخانے کی ضرورت محسوس ہونا۔

پاد: مذکر؛ ریاح، گوز۔

—— **نا**: (۱) گوز مارنا (۲) (مجازاً)؛ جیں بولنا، ہمت ہارنا۔

پاداش: (ف)؛ مؤنث؛ بدلا، معاوضہ، جزا، سزا۔

پادری: عیسائی مذہب کا عالم اور پیشوا۔

پادشاہ/ پادشہ/ بادشاہ/ بادشہ: مذکر؛ کسی ملک کا مالک رئیس مملکت

پادشاہی: مؤنث، راج، سلطنت۔

پار: (ا) اُس طرف؛ دوسری طرف دریا کے کنارے (۲) حد (۳) دریا کے دوسری طرف کی آبادی (۴) انتہائی گہرائی۔

—— اُتارنا: (ا) دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچانا، دریا عبور کرانا، (۲) (مجازاً) انجام کو پہنچانا، کام بنا دینا، فارغ کر دینا۔

—— سال: گزرا ہوا برس، گذشتہ سال۔

—— کرنا: (ا) دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچنا، عبور کرنا (۲) چھوڑنا پھوڑنا (۳) پورا کرنا، انجام کو پہنچانا (۴) کسی چیز کا غائب کر دینا، یعنی چرا لینا۔

—— لگانا: پار اتارنا، انجام کو پہنچانا۔

—— لے جانا: سبقت لے جانا، بازی جیتنا۔

—— نکلنا/ہو جانا: ایک طرف سے دوسری طرف نکلنا۔

پارا: مذکر؛ (ا) ایک مشہور دھات، سیماب (۲) (مجازاً)؛ بے قرار بے چین، ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا، بھاری، ثقیل۔

—— بھرا ہونا: (کنایتاً)؛ بہت وزنی ہونا۔

—— پلانا: کسی چیز میں پارا سمو دینا، پارا جذب کر دینا، وزنی بنا دینا، سخت پتھر کر دینا۔

—— پینا: (مجازاً)؛ بھاری ہونا، وزنی ہونا۔

—— مارنا: پارے کا کشتہ بنانا، سیماب کشتہ کرنا، دواؤں سے پارے کو خاک بنا دینا۔

پاربتی/پاروتی: (ہ) مؤنث؛ شوجی کی بیوی۔

پارٹ: PART (انگ) مذکر؛ (ا) حصہ، جزو (۲) ڈرامے میں کسی ایکٹر کا کام (۳) کسی تحریک، ادارے، جماعت میں کوئی حصہ لینا یا شریک ہونا۔

پارٹی: PARTY (انگ) مؤنث؛ (ا) جماعت، گروپ، (۲) دعوت۔جلسہ، (۳) شادی، مقدمہ، یا معاہدہ کا فریق۔

پارٹیشن: PARTITION (انگ)؛ مذکر، (ا) بٹوارا، تقسیم، درمیانی دیوار (۲) کسی کمرے کو دو حصوں میں تقسیم کرنے والی دیوار یا پردہ۔

پارچہ: (ف) مذکر؛ کپڑا، پوشاک، دھجی، لتا، ریزہ، گوشت کا ٹکڑا۔

—— فروش: کپڑے بیچنے والا، بزاز۔

پارس: مذکر؛ (ا) ایران (۲) فارس (۳) ایک پتھر جس کے متعلق مشہور ہے کہ اگر اس سے لوہا چھو جائے تو سونا بن جائے، (۴) نہایت نفیس۔

پارسی: زردشت کا پیرو فرقہ، آتش پرست (۲) فارسی زبان۔

پارسا: (ف) پرہیزگار؛ خدا پرست، صالح، پاک دامن۔

پارسائی: پرہیزگاری۔

پارسل: PARCEL (انگ)؛ ڈھیر، پلندا، ڈاک یا ریل کے ذریعے بھیجا جانے والا بنڈل۔

پارس ناتھ: ہندوؤں کے ایک بت کا نام جس کی جوہری پوجا کرتے ہیں۔

پارک: PARK (انگ) مذکر؛ (ا) کھلا باغ، باغیچہ، وسیع سبزہ زار، (۲) موٹر گاڑیوں کے کھڑا کرنے کا میدان۔

پارکھ/پارکھی: (ہ) مذکر؛ پرکھنے والا، جانچنے والا۔

پارلیمانی: (ہند)؛ پارلیمنٹ سے متعلق، پارلیمنٹ کا۔

پارلیمنٹ: PARLIAMENT مجلس مقننہ (ہ) سنسد (لوک سبھا اور راجیہ سبھا)

پارلیمنٹری: PARLIAMENTARY (انگ)؛ پارلیمانی۔

پارنا: کاجل بنانے کے لیے چراغ پر کوئی برتن رکھ کر دھوئیں کی کالک جمع کرنا۔

پارہ: (ف) مذکر؛ ٹکڑا، ریزہ، جزو، حصہ۔

پارۂ جگر: (ا) جگر کا ٹکڑا (۲) (مجازاً)؛ بہت عزیز، کلیجے کا ٹکڑا۔

پاری: گڑ کا گول ٹکڑا، بھیلی۔

پاریتہ: (ف) پرانا، کہنہ، قدیم۔

پاڑا: مذکر؛ (ا) گائے بھینس کا بچہ (۲) گانو سے کچھ فاصلے پر بنے ہوئے جھونپڑے (۳) کھیت کی حد۔

پاڑھ/پاڑ: مؤنث؛ معماروں کے اونچی جگہ پر کام کرنے کے لیے بانس کی سیڑھیوں کی بیٹھک۔

پاس: (ا) قریب، نزدیک (۲) قبضے میں، تصرف میں، قابو میں۔

بیٹھنا: (ا) قریب بیٹھنا، پہلو میں بیٹھنا (۲) استاد کے پاس تعلیم پانا۔

—— بیٹھنے والا: مذکر؛ مصاحب، ساتھی، ہم نشین۔

—— پاس: برابر برابر، قریب قریب، تقریباً۔

—— پڑوس : مذکر؛ آس پاس، ہم سایہ، اِرد گرد، قُرب وجوار۔
—— پھٹکنا : قریب جانا۔
—— جانا : (۱) قریب جانا (۲) (کنایتاً)؛ ہم بستر ہونا۔
—— رکھنا : (۱) ساتھ رکھنا، تیار رکھنا (۲) مثل زوجہ کے رکھنا، قریب رکھنا۔
—— نہ کھڑے ہونا : دُور رہنا، مُتنفِر ہونا، ملنے سے پرہیز کرنا۔
پاس : (ف) (۱) طرف داری، لحاظ، مروّت، رورعایت (۲) پہر (۳) حراست (۴) انتظار۔
—— بان : مذکر؛ چوکی دار، دربان، محافظ۔
—— خاطِر : (اضافت کے ساتھ) مُرَوّت، لحاظ، خاطِر داشت، مزاج داری
—— داری : (ف) جانب داری، طرف داری، حمایت۔
—— شرع : (اضافت کے ساتھ)؛ شرع کا لحاظ، شرع کے حکم کی تعمیل۔
—— نمک : (اضافت کے ساتھ)؛ جس کا نمک کھایا ہے اس کا لحاظ وخیال رکھنا، وفاداری۔
—— کرنا : لحاظ کرنا، رعایت کرنا، طرف داری کرنا۔
پاس : PASS (انگ)؛ (۱) اجازت نامہ (۲) گھاٹی تنگ راستہ، درّہ (۳) امتحان میں کامیابی۔
—— ہونا : امتحان میں کامیاب ہونا، ترقی پانا، منظور ہونا۔
—— کرنا : (۱) کسی چیز کو آگے بڑھانا (۲) راستہ طے کرنا، راہ سے گزرنا۔
پاس بُک : PASS-BOOK (انگ) مؤنث؛ بینک کی کتاب۔
پاسا / پانسا : مذکر؛ چھ پہلو کا ٹکڑا جس پر عدد کے بجائے نقطے بنے ہوتے ہیں، جسے ہر کھلاڑی اپنی اپنی باری پر پھینکتا ہے۔
—— اُلٹا پڑنا : (۱) پانسا کھلاڑی کی موافقت میں نہ پڑنا جس سے کھلاڑی کی ہار ہو جائے (۲) (مجازاً)؛ کسی امر میں تدبیر کے خلاف بات ہونا، تدبیر کارگر نہ ہونا۔
—— اُلٹنا : پاسا پلٹنا، پاسا پٹ جانا، انقلاب ہونا۔
—— پلٹنا : (۱) بازی ہارنا (۲) زمانہ بدل جانا، انقلاب ہونا، تدبیر کے خلاف واقع ہونا۔
—— پھینکنا : (۱) قرعہ ڈالنا (۲) قسمت آزمانا۔
پاس پورٹ : PASS PORT پروانۂ راہ داری، اپنے ملک سے باہر جانے کا اجازت نامہ۔
پاستان : (ف)؛ پرانا، قدیم، گزرا ہوا، پیشتر کا۔
پاسُخ : (ف) مذکر؛ جواب۔
پاسنگ : ترازو کے پلڑوں کا تول ٹھیک کرنے کے لیے چھوٹا سا وزن
—— بھی نہیں : (محاورہ)؛ بے حقیقت ہے، مقابلے میں کچھ نسبت بھی نہیں رکھتا۔
پاسی : مذکر؛ (۱) چوکی دار، پہرہ دینے والا (۲) وہ رسّی جس سے گھوڑے کے پانو باندھتے ہیں (۳) (دہلی) بہلیا، چڑی مار (۴) ایک قوم جو تاڑی بیچنے کا کام کرتی ہے۔
پاشا : (ترکی)؛ بڑا سردار، ترکی سردار کا لقب۔
پاشاں : (۱) دُور دُور (۲) وہ تحریر جس میں حرف اور دائرے دور دور لکھے ہوں۔
پاش پاش : ریزے ریزے، ٹکڑے ٹکڑے۔
پاشنہ : (ف) مذکر؛ ایڑی۔
پاک : (ف)؛ (۱) صاف، طاہر، بے لوث، نیک، بے گناہ (۲) بے باق منقطع، محفوظ۔ بری، مباح، حلال (۳) نہایت آزاد، بے باک بے عیب۔
—— باز : (ف) (۱) بے گناہ، نیک، صاف دل، زاہد، ایماندار (۲) (کنایتاً) عاشق۔
—— بین : اچھی نظر سے دیکھنے والا، پاک نظر سے دیکھنے والا۔
—— پروردگار : خدائے تعالا۔
—— داماں / دامن : پارسا، عفت والا، عصمت دار۔
—— رائے / مَغز : صحیح عقل رکھنے والا، فہم رسا رکھنے والا، اچھی سوجھ بوجھ رکھنے والا۔
—— رہ / بے باک رہ : (مقولہ)؛ راست باز ایمان دار کو کوئی کھٹکا نہیں، بے خطا بے خوف رہتا ہے۔
—— زاد / سِرِشت : نیک طینت، نیک، اصل، اچھی طبیعت والا۔
—— صاف : اچھوتا، نیک نیت، بہت صاف ستھرا، صاف۔
—— کرنا : مذہبی شرائط کے مطابق گندگی دُور کرنا، صاف کرنا، چھان پھٹک کر غلّہ صاف کرنا، مَیل دُور کرنا، چُھننا، حساب ختم

کرنا۔ آنسو پوچھنا۔ ذبیحہ کی کھال یا آلائش نکال دینا۔
—— محبت: وہ دوستی جو خواہش نفسانی سے خالی ہو۔
—— نظر/نگاہ: نیک نیت، پاک بیں۔
—— ہونا: (۱) میل مٹی سے صاف ہونا (۲) حساب ختم ہونا (۳) نجاست دور ہونا۔ حیض ونفاس سے فراغت (۴) (کنایتاً) بدذمنی میں فرد ہونا۔
پاکٹ: POCKET (انگ)؛ جیب۔
—— بک BOOK —— (انگ)؛ جیبی سائز کی کتاب۔
—— مار: (مہذب) جیب کترا۔
پاکی: (ف) مؤنث؛ طہارت۔
پاکیزگی: (ف)؛ مؤنث؛ ستھرائی، صفائی، طہارت۔
پاکیزہ: ستھرا، پاک، صاف، خوبصورت، خوش اسلوب۔ بے عیب، بے جرم، بے داغ۔
—— صورت: حسین، خوبصورت۔
پاکھ: حصہ، پندرہ دن کی مدت، مہینے کے دو حصے، اجالے اور اندھیرے کے دن۔
پاکھا/پکھا: مذکر؛ پہلو، بازو، جانب، طرف، چھپر جو دیوار پر جھکا ہوتا ہے، سائے بان۔
پاکھر: مؤنث؛ (۱) ایک قسم کی لوہے کی پوشاک جو گھوڑے کو جنگ کے موقع پر پہناتے تھے (۲) ایک درخت کا نام (۳) ترپال، ٹاٹ کی پوشش۔
پاکھنڈ: مذکر؛ ڈھونگ، شرارت، جھگڑا، بکھیڑا۔
پاکھنڈی: ڈھونگی، جھگڑالو۔
پاگل: سڑی، دیوانہ، احمق، بے وقوف۔
—— پن: دیوانگی، خبط، نادانی۔
—— خانہ: مذکر؛ پاگلوں کو رکھنے کا سرکاری مکان جہاں ان کا علاج اور نگرانی ہوتی ہے۔
پاگلوں کے سر سینگ نہیں ہوتے: (مثل)؛ پاگلوں کی کوئی خاص ظاہری پہچان نہیں ہے، جو بے تکی حرکتیں کرے وہی پاگل ہے۔
پال: (۱) چھوٹا خیمہ یا سرکیوں وغیرہ کو خیمے کی طرح تان دیا جائے (۲) وہ پردہ جس سے ہوا بھر کے کشتی چلاتے ہیں (۳) وہ گھاس پھوس جس میں گدرائے پھل پکانے کے لیے دبائے جاتے ہیں۔ (۴) وہ پھل جو پکنے کے لیے گھاس پھوس میں ڈالے جائیں۔
—— ڈالنا/رکھنا/پڑنا: (۱) کچے پھلوں کو پکنے کے لیے پال میں رکھنا (۲) (کنایتاً) کسی چیز کو عرصے تک رکھ چھوڑنا۔
پالا: (۱) وہ اوس جو جاڑوں میں کبھی کبھی پڑتی ہے، اور نباتات کو برباد کر دیتی ہے، کہر (۲) بے حد سردی، سخت جاڑا (۳) اکھاڑا، کشتی کی جگہ (۴) مٹی یا کسی چیز کا وہ نشان جو کبڈی اور دوسرے کھیلوں میں حدِ فاصل کی طرح ڈال دیتے ہیں (۵) واسطہ، سروکار، سابقہ، جیت و فتح۔
—— پوسا: پرورش کیا ہوا۔
—— جمنا: زمین پر کہر کا جم جانا
—— جیتنا/مار لینا/ہاتھ رہنا: کھیل میں جیت ہو جانا۔
—— چھوڑ کے بھاگ جانا: مقابلے سے بھاگ جانا۔ مقابلے میں نہ ٹھہرنا۔
—— چھونا: (۱) جیتنا (۲) (کنایتاً)؛ بہت بلند کوئی کام کر لینا۔
—— ڈالنا: سابقہ ڈالنا، معاملہ پڑنا۔
—— گرم ہونا: چہل پہل ہونا، محفل میں رونق ہونا۔
—— گرنا: کہر پڑنا، برف پڑنا۔
—— مار جانا: کہر (پالے) کے گرنے سے نباتات کا برباد ہو جانا۔
پالے پڑنا: بس میں ہونا، اختیار میں ہونا، سر پڑنا، ذمے ہونا۔
پالے بندھنا: بیاہ ہونا، شادی ہو جانا۔
پالاگن/پالاگی: مؤنث، چرن چھونا، قدم بوسی، سلام، آداب تسلیم۔
پالتی: مؤنث؛ چار زانو بیٹھنے کا طریقہ۔
—— مار کر بیٹھنا: چار زانو بیٹھنا، آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
پالیسی: POLICY (انگ)، مؤنث (۱) حکمت عملی، مصلحت، تدبیر (۲) انتظام کا طریقہ، دور اندیشی (۳) چال، چالاکی (۴) بیمہ نامہ، بیمے کا کاغذ۔
پالش: POLISH (انگ)، مؤنث، صفائی، چلا، صیقل کرنے کا روغن، جوتوں پر چلا کرنے کا روغن۔

پالک : مؤنث؛ ایک قسم کا ساگ، اور اس کے بیج (۲) پرورش پالا ہوا۔

پالکی : رف، مؤنث؛ ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔ قنس، محفہ۔

—— نشین : مذکر؛ (کنایتاً)؛ بڑے رتبے والا امیر۔

پالن : (ر) مذکر؛ پالنا، پرورش، تعہل۔

—— ہار : پالنے والا، پرورش کرنے والا، پروردگار۔

پالنا : مذکر؛ (۱) پرورش کرنا، تربیت کرنا، خبرگیری کرنا (۲) نازونعم سے رکھنا (۳) برداشت کرنا، ذمے داری لینا (۴) بچوں کا جھولا ہنڈولا۔

—— پوسنا : (پوسنا تابع مہمل)؛ پرورش کرنا اور تربیت دینا۔

پالو / پالتو : پلا ہوا جانور۔

پالوُدہ / فالودہ : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا مرکب جس کو تخم ریحان، شربت، برف دودھ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں (۲) گولر کے لعاب کو جما کر بناتے ہیں، ایک خاص قسم کی گھاس ڈال کر بھی بناتے ہیں۔

پالی : مؤنث؛ (۱) پالتو مرغوں، تیتروں بٹیروں کی لڑائی جس کا لوگ تماشا دیکھتے ہیں (۲) باری (۳) مگدھ کی قدیم زبان۔ مگدھی۔

پالیٹکس : POLITICS (انگ)؛ مؤنث؛ سیاست راج نیتی۔

—— یا ہر ہونا : جانور کا میدان سے بھاگ جانا، مقابلے سے ہٹ جانا، ہار جانا۔

پامسٹ : PALMIST (انگ)، مذکر؛ جیوتشی، ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر آیندہ کا حال بتانے والا۔

پامسٹری : PALMISTRY (انگ)، مؤنث، جیوتش ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر تقدیر بتانے کا علم۔

پان : مذکر؛ (۱) برگ تنبول (۲) تاش کا ایک پتا۔

—— بنانا : پان کے پتے میں کتھا چونا لگانا، گلوری بنانا، بیڑا بنانا۔

—— پتا : (۱) گھر کے روزمرہ کے خرچ کی چیزیں (۲) (کنایتاً)؛ خبرگیری، مجلس شادی، بیوی کے پان دان کے خرچ کے نام سے کچھ ماہوار دینا۔

—— پھول / پھول پان : (۱) خاطر، مدارات (۲) نازک نازک بدن۔ (۳) برائی بھلائی، سرانجام کار۔

—— چبانا : پان کھانا۔

—— دان : مذکر؛ پٹاری جس میں پان اور اس کے لوازمات رکھے جاتے ہیں۔

—— دینا : (۱) پان کھلانا، پان سے تواضع کرنا (۲) (کنایتاً)؛ رخصت کرنا (پان دے کر)۔

—— کا بیڑا : پان کی گلوری۔

—— کالا کھا جمنا / لاکھی جمنا : پان کھانے سے ہونٹوں پر تہ بہ تہ سرخی جم جانا۔

—— کی پیک : پان چبانے والوں کا پان کا رس ملا ہوا سرخ تھوک۔

—— کی تحریر : پان کی ہلکی سی سرخی جو ہونٹوں پر نمودار ہو۔

—— کی لالی : پان کی گہری سرخی جو پان کھانے سے وقتی طور پر پیدا ہو جاتی ہے۔

—— کھلانا : پان دینا، منگنی کی رسم ادا کرنا۔

—— لگانا، پان بنانا۔

—— مرجانا : پان مرجھا جانا، خشک ہو جانا۔

پانا : (۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) معلوم کرنا تاڑ جانا، پہچاننا۔ (۳) کھوئی ہوئی چیز کا ملنا، پڑا پانا (۴) سہنا، بھگتنا (۵) سراغ لگانا، پکڑ لینا، کسی صفت میں برابر ہونا۔

پانچ : عدد ۵۔

—— اندری : حواس خمسہ۔

—— پنچ کہے کاج، ہارے جیتے نہ آوے لاج : (مقولہ)، جو کام صلاح مشورے سے ہوتا ہے اس میں ناکامی سے شرمندگی نہیں اٹھانی پڑتی۔

—— ہاتھ کی زبان ہونا : زبان دراز ہونا، گستاخانہ کلام کرنا۔

پانچواں کالم : مذکر؛ (۱) کسی جماعت میں مخالف گروہ کی طرف سے جاسوسی کرنے والا (۲) غدار گروہ کا ممبر۔

—— سوار : (سوار)؛ دیکھا دیکھی بڑا بننے کی کوشش کرنے والا، بڑوں کی ہم سری کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا۔

پانچوں/ پانچویں سواروں میں ہونا/نام لکھانا: خواہ مخواہ نام ور لوگوں میں اپنے آپ کو شامل کرنا، لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا۔

—— **ہونا**: بڑا ہوشیار ہونا، شریر ہونا، تیز و شوخ ہونا۔

پانچوں انگلیاں گھی میں/ پانچوں انگلیاں گھی میں چھٹا سر کڑھائی میں: (مثل)؛ ہر طرح مزے ہی مزے ہیں۔ بہت آرام میں ہیں، مختار کل ہیں۔

—— **انگلیاں برابر نہیں/ یکساں نہیں**: (مثل)؛ سب آدمی یکساں نہیں ہوتے، انسان مختلف طبیعت کے ہوتے ہیں۔

پانڈو: راجا پانڈو کی اولاد، خصوصاً وہ پانچ بیٹے جنہوں نے مہابھارت کی لڑائی میں بڑا نام پیدا کیا۔

پانڈو: مؤنث؛ ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی زمین، بارانی زمین۔

پانڈے: مذکر؛ پنڈت کا مخفف؛ برہمنوں کی ایک ذات، عالم، فاضل، ودّوان۔

—— **جی پچھتائیں گے، وہی چنے کی کھائیں گے**: (مثل)؛ ضدی کو اپنی ہٹ سے باز آنا پڑے گا۔

پالش: مؤنث؛ کھاد، میلا جو خشک کر کے کھیتوں میں ڈالا جاتا ہے

—— **پڑنا**: کھیتوں میں کھاد ڈالنا۔

—— **ہو جانا**: سڑ گل جانا، کھاد ہو جانا۔

پالسا: دیکھو پاسا۔

پالقصدی: (ف)؛ مغلیہ عہد کا ایک منصب۔

پانو/ پاؤں: (۱) پیر، ٹانگ، قدم (۲) جڑ، بنیاد۔

—— **اٹھا اٹھا کر آنا/ جانا/ چلنا**: تیز تیز جلد جلد چلنا/ جانا۔

—— **اٹھانا**: قدم بڑھانا، کسی سے علاحدہ ہو جانا، جھگڑے سے الگ ہونا۔

—— **اکھڑ جانا**: (کنایتاً)، بھاگ نکلنا، شکست پا جانا۔

—— **اکھڑے جانا**: ہمت ٹوٹی جانا، استقلال جاتا رہنا۔

—— **اڑانا**: خواہ مخواہ کسی معاملے میں دخل دینا، کسی کام میں پڑنا بیچ میں بولنا۔

—— **اکھڑ جانا/ اکھڑنا**: پانو کا جوڑ سے ہٹ جانا، ہمت پست ہو جانا، ڈگمگا جانا، شکست کھانا، ہار جانا۔

—— **آگے بڑھنا**: تیز چلنا، حد سے متجاوز ہونا۔

—— **باہر نکلنا**: (۱) بہت اِترانا، بے حد غرور کرنا (۲) بساط کے باہر قدم رکھنا، حد سے بڑھنا (۳) پردے دار کا گھر سے باہر نکلنا باہر پھرنے کی عادت ہو جانا۔

—— **بڑھانا**: قدم آگے رکھنا، جلد جلد چلنا، حد سے تجاوز کرنا۔ دخل بڑھانا، قبضہ بڑھانا۔

—— **بہکنا**: پانو اِدھر اُدھر پڑنا، لڑکھڑانا، لغزش ہونا۔

—— **بیچ میں ہونا**: ذمہ ہونا، ساجھا ہونا، شرکت ہونا، مداخلت ہونا۔

—— **بھاری ہونا**: (۱) حاملہ ہونا (۲) ہمت پست ہونا، رک رک کر چلنا، قدم جلد اٹھا نہ پانا۔

—— **بھر جانا**: پانو سُن ہو جانا، پانو سو جانا، تھک جانا، شل ہو جانا، پانو کسی چیز میں سَن جانا۔

—— **بھرنا/ چلنا/ ڈولنا**: بچے کا پیروں سے چلنے لگنا، پاپیادہ چلنا۔

—— **پر پانو رکھ کے بیٹھنا**: (۱) چین آرام سے بیٹھنا، بے فکری سے رہنا (۲) (مجازاً)؛ بعض لوگوں کے نزدیک نحوست کی علامت ہے، معطل اور بیکار رہنا۔

—— **پر پانو رکھنا**: نقشِ قدم پر چلنا، پیروی کرنا۔

—— **پر گرنا/ لوٹنا**: عاجزی کرنا، قدموں پر گرنا، تعظیم کرنا۔

—— **پڑ کے/ پڑ پڑ کے**: بہت عاجزی سے، پانو پر گر کے، گڑگڑا کے، قدموں پر سر رکھ کے۔

—— **پسارنا**: (۱) پانو پھیلانا (۲) ضد کرنا، مچلنا (۳) چین سے سونا۔

—— **پکڑنا/ لینا**: نہایت التجا کرنا، پانو چھونا، عزت کرنا۔ قدم چومنا، پناہ لینا، قدموں پر گرنا۔

—— **پیٹنا**: پانو دے مارنا، تڑپنا، تکلیف اٹھانا، کوشش کرنا، ہاتھ پانو مارنا۔

—— **پیچھے ہٹنا**: ثابت قدم نہ رہنا، بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا۔

پھونک پھونک کے رکھنا: (۱) بہت احتیاط سے چلنا، بہت سنبھل کے چلنا (۲) (مجازاً)؛ بہت احتیاط سے کام کرنا

(نوٹ:- اصل محاورہ " پھونک پھونک کے قدم رکھنا " ہے)۔

—— پھیلا کے سونا: بے فکری سے سونا، بےشبہ ہو کر سونا، بے کھٹکے سونا۔

—— پھیلانا: (۱) پاؤں لمبے کرنا (۲) ہٹ کرنا، فیل کرنا، چلنا (۳) رنگ لانا (۴) لالچ کرنا، زیادہ چاہنا۔

—— تلے سے زمین یا مٹی نکل جانا/سرک جانا: (مجازاً)؛ بدحواس ہوجانا، سخت مصیبت میں پڑ جانا، ہوش اڑ جانا۔

—— تلے کی چیونٹی: نہایت عاجز اور بے بس۔

—— تلے ملنا: بہت تنگ کرنا، بہت تکلیف دینا، پامال کرنا۔

—— توڑنا: (۱) بہت دوڑ دھوپ کرنا، چل پھر کر نہایت کوشش کرنا۔ (۲) تھکانا، دوڑانا، دق کرنا، حیران کرنا، ستانا۔

—— تھر تھرانا: (۱) پاؤں کانپنا (۲) (مجازاً) کسی بات سے خائف ہونا۔

—— ٹکانا: قیام کرنا، دم لینا، رکنا، ٹھہرنا۔

—— جمانا: کسی بات پر قائم ہوجانا، کسی جگہ استقلال سے ٹھہر جانا، لڑائی کے میدان میں ڈٹے رہنا۔

—— چومنا: (۱) پاؤں کو بوسہ دینا (۲) (مجازاً) بہت تعظیم کرنا۔

—— چھٹنا/چھوٹنا: (۱) کسی ذمے داری یا جھگڑے سے چھوٹنا۔ بری الذمہ ہونا (۲) حیض کا کثرت سے جاری ہونا۔

—— چھلنی ہونا: (۱) کنکر پتھر یا کانٹوں سے پاؤں میں سوراخ پڑ جانا (۲) (مجازاً) جھاڑ جھنکاڑ میں پھرنا، اور صحرا میں خاک چھاننا۔

—— درمیان ہونا: واسطہ ہونا، تعلق ہونا، ذمہ داری ہونا۔

—— دھرنا: (۱) قدم رکھنا، جانا، چلنا (۲) کسی معاملے کے بیچ میں پڑنا دخل دینا (۳) شروع کرنا، اختیار کرنا۔

—— دھلانا/دھونا: کوئی مہمان یا بزرگ سفر سے آئے تو عزت اور توقیر سے اس کے پاؤں دھونا، عزت و توقیر کرنا۔

—— دھو کے پینا: انتہائی محبت اور عزت کا اظہار کرنا، بے حد عقیدت و اطاعت ظاہر کرنا۔

—— ڈالنا: کوئی کام شروع کرنا، کسی کام میں دخل دینا۔

—— ڈگمگانا/ڈگنا: (۱) پاؤں لڑکھڑانا (۲) (مجازاً)؛ استقلال میں فرق آنا، ہمت میں پستی آنا، تھرتھرا ہونا۔

—— رکھنے کی جگہ/رکھنے کا ٹھکانا: ٹھہرنے کا ذرا سہارا، ٹکنے کی جگہ، ٹھور۔

—— زمین پر نہ ٹھہرنا/نہ رکھنا: (کنایتاً)؛ بہت مغرور ہونا۔ بہت اترانا، کسی بات پر ناز و فخر کرنا۔

—— زمین میں نہ لگنا: کہیں نہ ٹکنا، برابر چلتے رہنا۔

—— سکیڑنا/سمیٹنا: (۱) پاؤں کھینچنا (۲) (کنایتاً)؛ دنیاوی تعلقات ترک کرنا، کنارہ کشی کرنا۔

—— سُن ہوجانا/سو جانا: تھوڑی دیر کے لیے پاؤں کا سُن ہو جانا، بے حس ہوجانا، (وقتی طور پر)!

—— سے لگی سر میں بجھی: (عو) ایسی بات جس سے تن بدن میں آگ لگ جائے اور نہایت غصہ آجائے۔

—— کانپنا: پاؤں تھر تھرانا، ہمت پست ہوجانا۔

—— کی بیڑی: (۱) روک، قید، پابندی، ممانعت (۲) (مجازاً)؛ جورو، بال بچے۔ اہل و عیال، خانہ داری (۳) (کنایتاً)؛ بن بیاہی بیٹی۔

—— شل ہوجانا: تھک جانا۔

—— کا دھوون: (۱) پاؤں کا دھویا ہوا پانی (۲) حقیر، ناچیز، ذلیل۔

—— کی جوتی: (۱) پاپوش (۲) (مجازاً)؛ نہایت حقیر، ذلیل، بے وقعت۔

—— کی جوتی سر کو چڑھنا/لگنا: ادنا کا اعلا کی برابری کرنا۔

—— کی خاک ہونا: پاؤں کی مٹی کے برابر ہونا، بے وقعت ہونا۔

—— کی مہندی چھوٹ جانا/چھٹ جانا: ہرج ہونا، نقصان ہونا، کوئی خسارا ہوجانا۔

—— کی مہندی نہ گھس جاتی: (مقولہ)؛ (طنزاً)؛ آنے سے یا کوئی کام کرنے سے نقصان نہ ہوجاتا، بناؤ سنگار میں خرابی نہ آجاتی۔

—— کھل جانا: پاؤں میں چلنے پھرنے کی سکت آجانا، پابندی نہ رہنا، آنے جانے میں جھجک نہ رہنا۔

—— کھینچ لینا: (۱) علاحدگی اختیار کرنا، ذمے داری سے الگ کرلینا (۲) کوچہ گردی ترک کرنا، غرض نہ رکھنا۔

—— گردش میں ہونا: پاؤں میں چکر ہونا، پاؤں میں سنیچر ہونا، مارے مارے پھرنا۔

—— گن گن کے رکھنا: ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔
—— گور میں لٹکانا/لٹکائے بیٹھنا: مرنے کے دن قریب ہونا چراغِ سحری ہونا۔
—— گھسنا: (طنزاً)؛ بہت آتے جاتے تھکنے کی تکلیف کا اظہار کرنا۔
—— لرزنا/لڑکھڑانا: (۱) پاؤں کانپنا، ڈگمگانا (۲) استقلال میں فرق آنا۔
—— لگانا/مارنا: (لکھنؤ)؛ پیرنے میں پاؤں مارنا (دہلی) لات مارنا (۲) ٹھوکر لگانا، بے عزتی کرنا۔
—— لگنا/لاگنا: (ف ع م)؛ (۱) قدم لینا، پاؤں چھونا، تسلیم کرنا، (۲) پیروں پڑنا، بنتی کرنا، خوشامد کرنا۔
—— من بھر کا یا سو سو من کا یا ہزار من کا ہو جانا: (۱) پاؤں بھاری ہو جانا ایسا بھاری ہو جانا کہ اٹھنے چلنے میں دشواری ہو۔ (۲) (مجازاً) چل نہ پانا، ہلنا جلنا دشوار ہو جانا، حرکت نہ کر پانا۔
—— میدان سے نہ ہٹنا: جنگ میں ثابت قدم رہنا۔
—— میں جوتی نہ سر پر ٹوپی: (مجازاً)؛ مفلس، بدحواس، قلاش۔
—— میں سنیچر ہونا/سنیچر اُتر آنا: پاؤں میں چکر ہونا، مارے مارے پھرنا، پاؤں میں گردش ہونا۔
—— میں گھن چکر ہونا: مارے مارے پھرنے کی عادت ہونا، آوارہ پھرنا۔
—— نکالنا: (۱) چالاکی کرنا، چل نکلنا، سرکشی کرنا، خراب عادتوں کو ظاہر کرنا (۲) کسی معاملے سے تعلق اٹھا لینا (۳) باہر جانا۔
پانی: مذکر؛ (۱) آب، جل (۲) پسینہ، کسی چیز کا عرق (۳) ملمع (۴) (مجازاً)؛ شراب (۵) لطف۔
—— اُتر آنا: (۱) نزلے سے آنکھوں میں پانی اترنا (۲) بادی سے قوتوں میں پانی اترنا (۳) پانی اترنے کی بیماری۔
—— اتر جانا: (۱) باڑھ (سیلاب) کا گھٹنا، ختم ہو جانا (۲) موتی کی آب جاتی رہنا (۳) آئینے کا پارہ خراب ہو جانا (۴) بدلحاظ ہو جانا۔
—— انڈیلنا: (۱) کسی پانی والے برتن کو ٹیڑھا کر کے دوسرے برتن میں پانی لینا (۲) پانی سے پیٹ بھرنا۔
—— آنا: (۱) مینہہ آنا، پانی برسنا (۲) زخم سے پتلی رطوبت نکلنا (۳) ناک یا آنکھ سے پانی نکلنا۔
—— بجھانا: کسی دھات یا اینٹ کو خوب گرم کر کے پانی میں ڈالنا تاکہ پانی کی رطوبت جل جائے اور اس کی تاثیر مریض کے حق میں مفید ہو۔
—— برسنا: بارش ہونا۔
—— بہنا: (۱) پانی جاری ہونا (۲) (کنایتاً)؛ آنسو جاری ہونا، رطوبت خارج ہونا۔
—— بھرنا: (۱) کنویں سے پانی نکالنا، کسی چیز میں پانی لینا، پانی لانا (۲) پانی بھرنے کی خدمت کرنا، غلامی کرنا، عاجزی کرنا (۳) کسی کے مقابلے میں ہنر یا کمال میں عاجز آجانا۔
—— پانی کرنا: (۱) پگھلانا (۲) شرمندہ کرنا، عزت دلانا (۳) پتلا کرنا (۴) پسینے پسینے کرنا، تھکا دینا (۵) بار بار پانی مانگنا۔
—— پی پی کر دعا دینا: بہت دعائیں دینا، خوش ہو کر دعائیں دینا۔ بار بار دعا دینا۔
—— پی پی کر کوسنا: کوستے کوستے حلق خشک ہو جائے تو تر کر کے کوسنا، ہمیشہ کوستے رہنا۔
—— پی پی کے: بار بار، ہر گھڑی۔
—— پی کر ذات پوچھنا: (مجازاً)؛ بات ہو جانے کے بعد اس کی تحقیقات کرنا، کوئی کام کرنے کے بعد بے فائدہ پچھتانا۔
—— پینا: (۱) پانی جذب کرنا، پانی نوش کرنا (۲) (مجازاً)؛ بے جان چیزوں درخت، انجن وغیرہ کا پانی پینا، یعنی لینا۔
—— پھر جانا: (۱) بے وقعت ہونا، توقع اور آرزو میں ناکامی ہونا بے رونق ہونا، نقصان ہونا (۲) تانبے پیتل پر سونے کا پانی پھرنا، قلعی ہو جانا۔
—— پانی ہونا: شرمندہ ہونا۔
—— پر لکھا ہونا: نقش بر آب ہونا، بے ثبات ہونا۔
—— پڑنا: (۱) پانی برسنا (۲) چیچک سے اچھے ہونے پر نہلانا (۳) خراب ہونا، برباد ہونا۔
—— پھوٹنا: (۱) کسی رکاوٹ کو توڑ کر پانی کا نکلنا، زمین سے چشمہ نکلنا، (۲) پانی میں خوب اُبال آجانا، کھولنا، کھد بدا جانا۔

—— پھونکنا: (۱) کچھ پڑھ کر پانی پر دم کرنا (۲) حقے کا زیادہ پانی پھونک کر نکال دینا۔
—— پھیر دینا: محنت برباد کر دینا۔
—— پھیرنا: (۱) جلا کرنا، ملمع کرنا، تلوار پر آب چڑھانا (۲) تباہ کرنا، مٹا دینا۔
—— توڑنا: (۱) پانی گھٹانا (۲) پانی لے لینا، پانی کاٹنا، بند یا نہر سے پانی چھوڑنا، ملاح کا پانی چپو سے گھسیٹنا۔
—— ٹپکانا: پانی چوانا، پانی نچوڑنا، نزع کے وقت حلق میں پانی چوانا، قطرہ قطرہ پانی گرانا۔
—— ٹپکنا: پانی کا قطرہ قطرہ کر کے گرنا، گھر کی چھت کی خرابی سے پانی گرنا یعنی چھت کا ٹپکنا۔
—— ٹوٹ جانا: پانی کم ہو جانا، پانی کے چشمے (بھرنے) سے سلسلہ ٹوٹ جانا۔
—— چڑھانا: (۱) بہت سا پانی پی جانا (۲) چولہے پر رکھنا (۳) صیقل کرنا، جلا کرنا (۴) بلندی پر پانی لے جانا۔
—— چڑھنا: کنویں تالاب وغیرہ کا پانی اپنی حد سے اونچا ہو جانا سینچنا۔
—— چوانا: پانی ٹپکانا، چھوٹے چھوٹے پانی کے قطروں سے حلق تر کرنا، حالتِ نزع میں تھوڑا تھوڑا سا پانی حلق میں پہنچانا۔
—— چھاجوں برسنا: موسلا دھار مینہ برسنا۔
—— چھڑکنا: پانی کے چھینٹے دینا، کسی چیز پر اس طرح پانی ڈالنا کہ چھوٹی چھوٹی بوندوں کی شکل میں گرے، چھڑکاؤ کرنا۔
—— چھوڑنا: (۱) پانی دینا، پانی جاری کرنا (۲) پانی پینا ترک کر دینا (۳) پکتے وقت گوشت یا ترکاری کا پانی نکل کر اکٹھا ہو جانا۔
—— دکھانا: جانوروں کو پانی پلانا۔
—— دم کرنا: کوئی دعا پڑھ کر پانی پر پھونکنا۔
—— سر سے اونچا ہو جانا/گزر جانا: معاملے میں طوالت ہو جانا کسی امر کا انتہا کو پہنچ جانا، بربادی کے قریب پہنچ جانا۔
—— سمونا: گرم پانی میں سرد پانی ملا کر معتدل کرنا۔
—— کا بتاشا: جلد مٹنے والی ناپائے دار چیز۔
—— کا بلبلہ: (۱) حباب (۲) (مجازاً): انسان۔
—— کاٹنا: نہر سے پانی لینا (۲) پیرنے میں ہاتھوں سے کشتی چلانے میں بلیوں سے پانی ہٹانا، ایک نالی میں سے دوسری نالی میں پانی لینا۔
—— کر دینا: پتلا کر دینا، ملایم کر دینا (۲) آسان کر دینا، سہل کر دینا غصہ دھیما کرنا۔
—— کی دھونکنی لگنا: پانی کی پھڑک ہونا، سخت پیاس لگنا۔
—— کی لکیر: بودا، ناپائے دار، نقش بر آب۔
—— کے ریلے میں بہانا: (۱) پانی کی رو میں بہانا (۲) (مجازاً) ضائع کرنا، برباد کرنا، مفت کھونا، سستا بیچ ڈالنا۔
—— کے مول: (مجازاً): بہت سستا۔
—— کھڑا ہونا: پانی کا رکنا۔
—— کھلنا: مینہ کا تھمنا، بارش کا رکنا۔
—— گلے تک آجانا: (مجازاً): تباہی کے قریب پہنچ جانا، انتہا ہو جانا۔
—— لگنا: (۱) پانی کا موافق آنا، صحت مند ہونا (۲) پانی ناموافق ہونا مضر ہونا (۳) پانی سے دانتوں کو پینے یا کلی کرنے میں تکلیف ہونا۔
—— لینا: (۱) پانی پینا، پانی حاصل کرنا (۲) آب دست لینا، طہارت کرنا، استنجا کرنا۔
—— مرنا: (۱) (کنایتاً) نقصان ہونا، عیب ہونا (۲) پانی مکان یا دیوار میں جذب ہونا (۳) الزام آنا۔
—— منھ میں بھر آنا/بھر لانا: جی للچانا، کسی کھٹی چیز کو دیکھ کر منہ میں پانی آجانا، کسی چیز کے کھانے کی خواہش پیدا ہونا۔
—— میں آگ لگانا: (۱) ناممکن بات کرنا (۲) جہاں امن ہو وہاں لڑائی اور فساد کرا دینا۔
—— نہ بچنا: پیٹ کا ہلکا ہونا، راز کی بات ظاہر کر دینا۔
—— نہ مانگنا: چھٹ پٹ مر جانا کہ پانی مانگنے کا موقع بھی نہ ملے۔
—— نوڑا مر جانا۔
—— وانی: (وانی تابع مہمل): پانی وغیرہ۔

—— ہَوا ہُو جانا: پانی اکھڑے بن کر اڑ جانا، بارش کے آثار ظاہر ہو کر ہوا سے مطلع صاف ہو جانا۔
—— ہُو جانا: (۱) پتلا ہو جانا، پگھل جانا (۲) ملایم ہو جانا، نرم ہو جانا (۳) دھار کا کند ہو جانا (۴) ٹھنڈا ہو جانا، سرد پڑ جانا (۵) دشوار کام آسان ہو جانا، (۶) خراب ہو جانا۔
پاؤ: مذکر؛ چوتھائی، چوتھا حصّہ۔
—— بھر: ایک پاؤ کے برابر وزن۔
—— روٹی: ڈبل روٹی، نان پاؤ۔
پاؤڈر: POWDER (انگ)، مذکر؛ سفوف، غازہ۔
پاؤر: POWER (انگ) مذکر؛ قوت، طاقت، توانائی، اختیار، اقتدار۔
پاؤنڈ: POUND (انگ)؛ (۱) برطانوی سکّہ (۲) انگریزی وزن جو ۴۵۳۶ر۰ کلو کے برابر ہوتا ہے۔
پائپ: PIPE (انگ)، مؤنث؛ (۱) نَے (۲) نلکی، نالی (۳) تمباکو پینے کی نلکی۔
پائی: مؤنث؛ ایک آنے کا بارہواں حصّہ (اب یہ سکّہ نہیں چلتا ہے)
پائیریا: PYORRHOEA (انگ) مذکر؛ دانتوں کی ایک بیماری جس میں مسوڑھوں میں پیپ پڑ جاتا ہے۔
پائلٹ: PILOT (انگ)، مذکر؛ ہوا باز، جہاز چلانے والا۔
پائیں: (ف) مذکر؛ نیچے، پائینتی۔
—— باغ: مذکر؛ وہ باغیچہ جو مکان کی سطح سے نشیب میں ہو، خانہ باغ۔
پائینتی: مؤنث؛ (۱) چارپائی کے ادوائن کی طرف کا حصّہ (۲) پلنگ کا وہ حصّہ جس طرف پاؤں ہوتے ہیں۔
پائینچا: پائے جامے کے ایک طرف کا حصّہ جس میں ایک ٹانگ رہتی ہے۔
—— بھاری کرنا: آنا جانا چھوڑ دینا، ایک جگہ جم کر بیٹھ جانا۔ باہر نہ نکلنا، کسی فعل کے ترک کرنے کا عہد کرنا۔
—— کھولنا/گھرسنا: پائے جامے کے پائینچے کو نیفے میں اٹکانا تاکہ اونچا ہو جائے۔
پائینچے سے نکلی پڑتی ہے: (ع و) (مقول)؛ غصّے کے مارے آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔
پائے/پایا: (ف) پاؤں۔
—— بستہ/پابستہ: مقیّد، گرفتار۔
—— بند/پابند: مقیّد، مجبور، گرفتار۔
—— بوسی/پابوسی: قدم چومنا۔
—— تابہ: موزہ۔
—— تخت: (ف) مذکر؛ تخت گاہ، دارالسلطنت، راج دھانی
—— ثبات: ثابت قدمی، استقلال۔
—— خانہ: دیکھو پاخانہ۔
—— دار: مضبوط؛ دیرپا۔
—— دان: جوتے اُتارنے کی جگہ، گاڑی کی وہ جگہ جس پر پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔
—— رفتن نہ جائے ماندن: (مقول)؛ (ف)؛ نہ جانے کی طاقت نہ ٹھہرنے کی جگہ، دونوں صورتوں میں دشواری، مجبوری کی صورت، جب کچھ نہ بن پڑے۔
—— زیب: دیکھو پازیب۔
—— گاہ/پائے گہ: (ف) مؤنث؛ (۱) قدر، مرتبہ، منزلت۔ (۲) منصب، اجلاس، کچہری (۳) طویلہ۔
پایاں: (ف) مذکر؛ انتہا، آخری حد۔
پایل: مؤنث؛ (۱) وہ بچّہ جس کی پیدائش عام طریقے کے خلاف ہو۔ یعنی سر کے بجائے پہلے پاؤں نکلیں (۲) پاؤں کا زیور (۳) تیز چلنے والی متھنی۔ ہاتھی کی ایک تیز چال۔
پایندہ: (ف) صفت، ہمیشہ، قائم، اُستوار۔
پایہ: (ف)؛ (۱) نیو، عمارت کی بنیاد (۲) قدر، منزلت، رتبہ، درجہ (۳) پلنگ، تخت، کرسی، میز وغیرہ کا وہ ڈنڈا جس پر وہ قائم ہے۔
—— (پایہ) ثبوت کو پہنچنا: ثابت ہو جانا۔
—— شناس: مرتبہ شناس، قدر شناس، قدر دان۔
—— (پایہ) عرش ہلانا: (کنایتاً)؛ عرش تک دعا یا فریاد کا اثر پہنچنا۔

پ - ب

پبلشر: PUBLISHER (انگ)، مذکر؛ کتاب یا اخبار شائع کرنے والا، ناشر۔

پبلک: PUBLIC (انگ) مؤنث؛ عوام، جمہور جنتا۔

—— **پراسیکیوٹر:** PROSECUTER (انگ) مذکر؛ سرکاری وکیل، گورنمنٹ کی طرف سے کسی مقدمے کی پیروی کرنے والا۔

پبلک سروس کمیشن: PUBLIC SERVICE COMMISSION وہ بورڈ جو سرکاری ملازمت کے لیے امیدواروں کا انتخاب کرتا ہے۔

پبلک ورکس: PUBLIC WORKS امور عامّہ۔

—— **ڈیپارٹمنٹ** DEPARTMENT —— تعمیرات کا محکمہ۔

پ - پ

پیپرمنٹ: PEPPERMINT (انگ)؛ (ا) پودینہ، پودینے کا ست (۲) مٹھائی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جس میں پودینے کا ذائقہ ہوتا ہے۔

پپڑ: مذکر؛ دیوار کی کہگل کا وہ حصّہ جو پھول کر ابھر آئے اور اپنی جگہ چھوڑ دے۔

پپڑا: مذکر؛ اوپر کا پتلا چھلکا، پپڑی، چھال۔

پپڑانا/پپڑاجانا: پپڑی بندھنا۔ سوکھ جانا، خشک ہوجانا، ہونٹوں کا خشک ہونا۔

پپڑی: مؤنث؛ (ا) خشک پوست، سوکھے پرت، اوپر کی خشک تہ (۲) گیلی زمین جو خشک ہوکر جگہ جگہ پھٹ جاتی ہے (۳) کائی یا چکنی مٹی کی وہ پرت جو سوکھنے کے بعد اپنی سطح سے علاحدہ ہوجاتی ہے (۴) حلوہ سوہن کی ایک قسم۔

—— **آنا/بندھنا؛ پپڑاجانا:** پرت بننا، تہ جمنا۔

—— **پڑنا/جمنا:** ملائی آنا، پرت جمنا۔

پپڑیا گنتھا: صفت، سفید ہلکا عمدہ کتھا۔

پپلا: جس کے مُنہ میں دانت نہ ہوں، (صحیح پوپلا ہے)

پپوٹا: مذکر؛ وہ کھال جو آنکھ پر غلاف کی طرح ہوتی ہے جس کے سرے پر پلکیں ہوتی ہیں۔

—— **بھاری ہونا:** پپوٹے پر ورم ہونا۔

پپیّا: سیٹی بجانے کا کھلونا، سیٹی۔

پپیانا: زخم میں پیپ آنا۔

پپیتا: مذکر؛ ایک قسم کا پھل، ارنڈ خربوزہ۔

پپیہا: مذکر؛ (ا) ایک خوش آواز پرندہ جو برسات کے زمانے میں خوب بولتا ہے اور پی کہاں، کہتا معلوم ہوتا ہے (۲) ایک باجا جو لڑکے آم کی گٹھلی سے بنا لیتے ہیں۔

پ - ت

پت: (ا) مؤنث؛ عزت، آبرو۔

پت: صفرا، زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے۔

—— **ڈالنا:** زرد رنگ کی صفراوی قے کرنا۔

پتا: مذکر؛ ٹھکانا، ٹھور، نشان، سراغ، علامت۔

—— **چلنا:** سراغ ملنا۔

—— **دینا:** ٹھکانا بتانا، سراغ بتانا، نشان بتانا۔

—— **نہ ہونا:** غائب ہوجانا، نشان نہ ملنا، سراغ نہ چلنا۔

پتے کی/پتے کی بات: (ا) صحیح حقیقی بات (۲) اصل جڑ کی بات (۳) چبھتی ہوئی بات۔

پتے کی کہنا/سُنانا: چبھتی ہوئی بات کہنا، عیب کھولنا، راز فاش کرنا۔

پتّا: (ا) پان، برگ، ورق (۲) تاش کا پتا (۳) کان کا ایک زیور (۴) (مجازاً) ہلکا، سُبک، پتلا۔

—— **باندھنا:** زخم پر پتّا رکھنا۔

—— **بھی بے حکمِ خدا نہیں ہلتا:** (مثل)؛ کوئی کام خدا کے حکم کے بغیر نہیں ہوتا۔

—— **کھڑکا، بندہ سرکا/سٹکا:** (مثل)؛ ذرا سے خطرے پر بھی بچنے کی ترکیب کرنا، ذرا سے اشارے سے مطلب

تاڑ جانا۔ معمولی سے خوف و خطر کی جگہ سے بھاگ کھڑے ہونا۔
انتہائی چالاکی اور ہوشیاری دکھانا
—— کھڑکنا: (۱) دھیمی سی آواز ہونا، آہٹ ہونا، ہوا چلنے سے پتوں کا آواز دینا (۲) معمولی سا اندیشہ یا خطرہ ہونا۔
—— لگنا: پتا نمودار ہونا، کونپل پر پتے کا داغ پڑ جانا۔
—— نہ ہلنا: (کنایتاً) ہوا بند ہونا، حبس ہونا۔
پتا: (۵) مذکر: باپ۔ والد۔
پتّا: مذکر: (۱) ایک چھوٹا سا جسم کا اندرونی عضو جس میں مفرادی مادہ ہوتا ہے (۲) تحمل، تاب طاقت، حوصلہ، جگر، دل، ہمت (۳) غصہ، تیزی، جوش (۴) خواہشِ نفسانی، غیرت، شرم۔
پتا پانی کرنا: غصہ فرو کرنا، اعتماد دلا دینا۔
پتا لگانا: کسی کام میں جی لگانا۔
—— مارنا: (۱) غصے کا ضبط کرنا، تحمل کرنا، نفسیات اور حرص ہوا سے اپنے آپ کو بچانا (۲) اعتماد کا دلا دینا، تکلیف برداشت کرنا، صبر کرنا۔
پتال: دیکھو پاتال۔
—— کی خبر لانا: دیکھو پاتال کی خبر لانا۔
پتاور: خاص کی قسم کی لمبی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔
پت جھڑ: مؤنث: پتے جھڑنا۔ پتے جھڑنے کا موسم، موسم خزاں۔
پتر: مذکر: سونے چاندی کے لمبے پتلے پٹھے دار ٹکڑے، لوہے کے لمبے اور چوڑے ٹکڑے۔
پتر: مذکر: خط، چٹھی۔
پتر: (س) مذکر: بیٹا۔
پترا: مذکر: (۱) جنتری، وہ کاغذیا کتاب جس پر سال بھر نجوم کی رو سے جو احکام مرتب ہوتے ہیں وہ درج ہوتے ہیں (۲) دھات کا مستطیل ٹکڑا (۳) خول چڑھانے کا ورق۔
پتری: مؤنث: جنم پتری، زائچہ، خط، چٹھی۔
پتری: (۵) مؤنث: بیٹی۔
پتل: مؤنث: ڈھاک کے پتوں کی بنی ہوئی کھانا پروسنے کی تھالی۔
—— پر دُسنا: تل میں کھانا چننا، کھانا رکھنا۔
پتلا: باریک، مہین، دُبلا، پہننے والی چیز۔
—— حال: خراب حالت، غیر حال۔
پُتلا: مذکر: (۱) مورت، مجسمہ، بُت (۲) مجسم، سراسر (۳) مناکہ مہولا۔
—— خاک کا: (کنایتاً): انسان۔
—— گارنا: تسخیر کے لیے ایاب قسم کا ٹوٹکا۔
پتلون: مذکر، مؤنث: انگریزی وضع کا پائجامہ، پینٹ
پتلی: پتلا کی مؤنث: مہین، باریک۔
—— دال کھانے والا: (کنایتاً): کم زور، بودا، کم ہمت۔
پُتلی: مؤنث: (۱) گڑیا، مورت (۲) نازک مورت، حسین عورت، خوب صورت عورت۔
پُتلی بن کے رہ جانا: ساکت رہ جانا، بے حس و حرکت ہو کے رہ جانا۔
—— پھیر لینا: (کنایتاً): بے وفائی کرنا، بے مروتی کرنا۔
—— گھر: مل، مشینوں کا کارخانہ۔
—— میں دم پڑ جانا: نزع کی حالت میں ہونا۔
—— پتھرا جانا/پتھرانا: پتلیوں کا بے حس و حرکت ہونا۔ نزع کا وقت قریب ہونا۔
—— میں گھر کرنا: بہت پیارا ہو جانا، بہت عزیز ہو جانا۔
پتن: (۵) مذکر: گرنا، گراوٹ، زوال۔
پتنا: (۱) پچارا پھرنا، پوتا جانا (۲) مذکر: وہ کپڑا جس سے پچا پتے ہیں۔
پتنگ: مذکر: (۱) کنکوا (۲) پتنگا، پروانہ (پردار کیڑا)۔
—— بازی: مؤنث: کنکوا اڑانا، کنکوؤں کا کھیل۔
—— بڑھانا: پتنگ کو فضا میں بلند کرنا۔
—— ڈھا جانا: پتنگ کا بے قابو ہو کر گر جانا۔
—— ڈھا دینا: بڑھے ہوئے کنکوے کو گرا دینا۔
—— ملانا: لڑانے کے لیے ایک پتنگ کا دوسری پتنگ کی طرف جھکانا۔
پتنگا: مذکر: (۱) ایک پردار کیڑا، پروانہ (۲) وہ آگ کی چنگاری

جو ہوا میں اڑتی ہے، چراغ کا پھول، چنگاری۔

پتنگے لگانا: چھیڑنا، شرارت کرنا، جلانا۔

پتنگے لگنا: بہت ناگوار گزرنا، غصے سے بدن میں آگ لگنا۔

پتنی: (ہ) مؤنث: بیاہی ہوئی عورت، بیوی۔

پتوار: مؤنث: وہ لکڑی جس سے کشتی کو موڑتے ہیں، کھم، اڑوڑا۔

پتی: مؤنث: (۱) چھوٹا پتا، کوپل (۲) بھنگ (۳) شرکت، مشترکہ چیز کا حصہ، قلم کی نب (۴) لوئی (۵) دھات کا پتر۔

—— دار: حصے دار، شریک۔

پتی: مؤنث: ایک بیماری جو خون کے جوش سے پیدا ہوتی ہے۔

—— اُچھلنا/نکلنا: بدن پر دردوڑے پڑکر خارش ہونے لگنا۔

—— پتی کا پیدا ہونا۔

پتیانا: کسی امر کا باور کرنا، یقین کرنا، خاطر میں لانا، بھروسا کرنا، اعتبار کرنا۔ راضی ہونا۔

پتیل: (عو): باریک جھرجھرا مہین کپڑا، بہت باریک کپڑا۔

پتیلا: مذکر: بڑے منہ کا دیگچہ۔

پتیلی: مؤنث: بڑے منہ کی دیگچی۔

پتی ورتا: (ہ) شوہر پرست بیوی، وفاشعار بیوی، شوہر کی وفادار بیوی۔

پتھر: مذکر: (۱) سنگ (۲) اولا، ژالہ (۳) جواہر، ہیرا، لعل، زمرد یاقوت وغیرہ (۴) کٹر، بے رحم، سخت دل (۵) (مجازاً): سخت چیز، کڑی چیز (۶) بھاری، وزنی، ثقیل (۷) غبی، بے وقوف، کند ذہن (۸) دشوار کام (۹) ساکت، جامد، خاموش (۱۰) کنجوس، ممسک۔

—— برسنا: اولے پڑنا۔

—— بن جانا: سخت دل ہوجانا، بت بن جانا، سنگ دل ہوجانا۔

—— کا پگھلنا: سخت دل کا نرم پڑنا، نرم ہوجانا۔

—— کا جگر: (۱) نہایت سنگ دل (۲) جس میں برداشت کی بہت طاقت ہو۔

—— کا جگر پانی ہونا: سخت دل کو ترس آنا، سنگ دل کا پسیجنا۔

—— کا جواب پتھر: (مثل) سخت بات کا جواب سخت ہوتا ہے۔

—— کا چھاپا: لیتھوگراف کا وہ چھاپا جس میں کاپی پتھر پر جماکر چھاپی جائے۔

—— پانی ہوجانا: سخت دل پگھل جانا، سنگ دل کو رحم آجانا، کنجوس کا فیاض ہوجانا۔

—— میں جونک نہیں لگتی: (مثل): جس پر کوئی نصیحت کارگر نہیں ہوتی۔ کوئی بات اثر نہیں کرتی (۲) کنجوس کو رحم نہیں آتا، بخیل پیسا خرچ نہیں کرتا۔

—— پر لگانا: کسی چیز کی دھار پتھر پر تیز کرنا۔

—— پڑنا: (۱) پتھر برسائے جانا، سنگ باری ہونا، اولے پڑنا (۲) (مجازاً): آفت پڑنا، مصیبت آنا۔

—— پسیجنا: (۱) پتھر میں نمی آنا (۲) (کنایتاً): سخت دل والے کا نرم پڑنا، بخیل کا کچھ خرچ کرنے پر آمادہ ہونا۔

—— پھوڑا: مذکر: (۱) پتھر کاٹنے اور گھڑنے والا، سنگ تراش (۲) ہدہد۔

—— تلے دامن دینا: مصیبت میں پھنسنا، تکلیف میں مبتلا ہونا، بے بس ہوجانا۔

—— تلے سے ہاتھ نکلنا: مصیبت سے نجات پانا، زبردست کے پنجے سے رہائی پانا۔

—— تلے ہاتھ ہونا/دینا: (۱) بھاری بوجھ کے نیچے ہاتھ کا دب جانا، (۲) (مجازاً) مجبور ہونا، بے بس ہونا، زبردست کے قابو میں آجانا۔

—— چاٹنا: کسی دھار والی چیز کا پتھر پر رگڑنے سے تیز ہوجانا۔

—— چٹا: (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک قسم کا سانپ جو پتھر چاٹتا ہے۔

—— چٹانا: دھاردار چیز کا پتھر پر تیز کرنا، سان پر رکھنا۔

—— چھاتی/کلیجے پر دھرنا/رکھنا: صبر کرنا، برداشت کرنا، مصیبت جھیلنا۔

—— ڈھونا: (کنایتاً) سخت محنت کرنا، بہت محنت کا کام کرنا۔

—— زمین : مؤنث؛ زمین شعر کے ردیف قافیے مشکل ہونا۔
—— سا مارنا / پھینک مارنا / کھینچ مارنا : کڑوی بات کہنا، سختی سے جواب دینا، ناگوار انداز میں بات کرنا۔
—— سے سر پھوڑنا / مارنا : ناسمجھ کو سمجھانے کی مشقت اٹھانا، کم عقل کو تعلیم دینا۔
—— سے نصیب پھوٹنا : سنگ دل سے معاملت ہونا، بدقسمتی انتہا کو پہنچ جانا۔
—— کا دل موم ہو جانا : سخت دل انسان کا نرم دل ہو جانا، دل ملایم ہو جانا، ترس پیدا ہونا۔
—— کو / پر اثر کیا ہو : (مثل)؛ کم عقل پر کسی تعلیم یا فہمائش کا اثر نہیں ہوتا۔
—— کی تصویر بننا : خاموش ہو جانا، چپ ہو جانا، نقش بن جانا، حیرت ہونا۔
—— کی چھاتی : بڑا حوصلہ، بڑا دل، بڑا جگر، سخت جان۔
—— کی لکیر / لیکھ : (مجازاً)؛ پکی بات، مضبوط، نہ مٹنے والی چیز۔
—— مارنا : (۱) پتھر پھینک کر مارنا، دیوانے پن کی حرکتیں کرنا، (۲) (کنایتاً)؛ روکھے پن سے بولنا۔
—— مارے موت نہیں : (۱) (مثل)؛ نہایت سخت جان، (کنایتاً)؛ بے حیا، بے غیرت۔
—— موم کرنا : سخت چیز کو نرم کرنا، سخت دل کو نرم کر دینا۔
—— ہونا / ہو جانا : (۱) سخت ہو جانا، جم کر سخت ہو جانا (۲) دشوار ہونا، مشکل ہو جانا، بت بن جانا، بے حس ہو جانا، خاموش ہو جانا (۳) اندھا ہونا، بے کار، نکما ہونا۔

پتھرانا / پتھرا دینا : (۱) آنکھ کو پتھر کی طرح بے حس کر دینا، آنکھ کا نور جاتا رہنا (۲) پتھر بن جانا، سخت ہو جانا۔

پتھراو : پتھر پھینکنا، سنگ باری۔

پتھری : مؤنث؛ (۱) ایک قسم کا سخت مادہ جو شانے یا گردے وغیرہ میں مثل پتھر کے جم جاتا ہے (۲) پتھر کا چھوٹا ٹکڑا، سلی (۳) سنگ چقماق (۴) پرندوں کا سنگ دان (سنگ دانہ)۔

پتھریلا : پتھر کا، پتھر ملا ہوا۔

پٹھی : پیاز کی آنڈی۔

پ ا ٹ

پٹ : مذکر؛ (۱) کواڑ، دروازے کی جوڑی کا ایک حصہ (۲) آڑ، گھونگھٹ (۳) اوندھا، سرنگوں (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) فوراً، جلدی (۶) کپڑے کا عرض، پاٹ۔
—— بھیڑنا : کواڑ بند کرنا۔
—— پٹ بولنا : تراق پڑاق بولنا۔
—— پڑنا : (۱) خلاف ہونا، غیر مؤثر ہونا، تدبیر یا کسی حربے کا بے اثر ہونا، بے سود ہونا (۲) اوندھے منہ گرنا (۳) تلوار کا پہلو کے بل گرنا۔
—— سے بولنا : تڑاق سے کہہ دینا، بیچ میں بول اٹھنا۔
—— کھولنا : دروازہ کھولنا، کواڑ کھولنا۔

پٹ : مؤنث؛ شابہ، بو، آمیزش، چاشنی، خمیر۔

پٹا : فن سپہ گری کا ایک شعبہ، پھری گدکے کا کھیل۔

پٹے باز : پٹا کھیلنے والا، لکڑی کھیلنے والا۔

پٹے کے ہاتھ دکھانا / نکالنا : (۱) ہاتھوں کو پٹے بازوں کی طرح حرکت دینا، (۲) (مجازاً) جھوٹی دھمکی دینا، نمائشی دھاک بٹھانا۔

پٹا : مذکر؛ (۱) گلو بند، طوق (۲) اجارہ نامہ، ٹھیکہ نامہ، مالک زمین کی طرف سے زمین کو کام میں لانے کا اجازت نامہ (۳) پرتھا تختہ (۴) سر کے لمبے بال پٹے (۵) کمر میں باندھنے کا کپڑا، چپراس۔ پیٹی (۶) محل وغیرہ کی جوتی کے پٹے جن پر کام بنا ہو، (۷) دوپٹا اوڑھنا ایک عرض کا (۸) حق الخدمت، انعام، رواج، نیگ
—— اتارنا : چپراس چھین لینا، چپراسی کو ملازمت سے برخاست کر دینا۔
—— تڑانا : آزادی چاہنا، بھاگنے کا ارادہ کرنا، رسی یا زنجیر تڑانا، جانور کا پٹا توڑ کر نکل جانا۔
—— لکھوا لینا : قول و قرار کر لینا، معاہدہ کر لینا۔

پٹا پٹ گرنا / پڑنا : پھلوں یا کسی چیز کا لگاتار گرنا۔

پٹا پڑنا : کسی چیز کی بھرمار ہونا، کثرت سے ہونا

پٹاخ سے بولنا: تیزی سے بول اٹھنا، جو مُنھ میں آئے جلدی سے کہہ دینا، تڑاق پڑاق بولنا۔

پٹاخا/پٹاکا: مذکر؛ ایک قسم کی آتش بازی جس میں سے آواز نکلتی ہے۔

پٹارا: مذکر؛ بانس یا بید کا ڈھکن والا گول ٹوکرا۔

پٹاری: مؤنث؛ چھوٹی ٹوکری۔

—— میں بندر رکھنے کے لائق: (طنز و ہجو کے انداز میں)؛ عجیب و غریب نادر چیز۔

پٹاس: مذکر؛ ایک قسم کا کھار۔

پٹانا: (۱) معاملہ ٹھیک کرنا، سودا بنانا، جھگڑا فیصل کرنا، کسی کو ہم وار کر لینا (۲) وصول کرنا، بھنوانا (۳) پیٹنا (۴) چھٹ ڈلوانا۔

پٹ پٹانا: کسی چیز کو کھل بھل (گرم راکھ) میں بھون لینا۔

پٹ پٹانا: (عو)؛ حسرت کرنا، افسوس کرنا۔

پٹرول: PETROL (انگ)، مذکر؛ معدنی تیل جو موٹر کار یا ہوائی جہاز وغیرہ میں ایندھن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

—— پمپ: PUMP —— (انگ)؛ مذکر؛ وہ جگہ جہاں پٹرول فروخت ہوتا ہے اور پمپ کے ذریعے ٹینکوں میں بھرا جاتا ہے۔

پٹرولنگ: PATROLLING (انگ)؛ مؤنث؛ فوج یا پولیس کے سپاہیوں کی گشت۔ پہرہ۔

پٹرولیم: PETROLEUM (انگ)؛ مذکر؛ خام پٹرول جو مشینوں میں ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

پٹری بدلنا: (۱) راستا بدلنا (۲) گفتگو کا موضوع بدلنا (۳) وعدے سے پھر جانا (۴) (سیاست) کسی دوسری سیاسی جماعت میں شامل ہو جانا۔

پٹنا/پٹ جانا: (۱) پوشش ہونا، چھایا جانا (۲) ادا ہو جانا (۳) طے ہونا۔ قیمت چکنا (۴) بھرنا، اٹنا (۵) آب پاشی ہونا، (۶) کسی چیز کا کثرت سے ہونا۔

پٹنا: (۱) مار کھانا، تنبیہہ ہونا (۲) لوٹا جانا (۳) چوٹ کھانا، (۴) جھگڑا۔

پٹو: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا اونی کپڑا (۲) بارانی، برساتی۔

پٹوا: مذکر: (۱) ریشم کا کام کرنے والا، زری باف (۲) وہ جو مالا یا زیور میں ڈورے ڈالتا ہے۔

پٹواری: مذکر؛ گانو کی زمینوں وغیرہ کا حساب رکھنے والا، لیکھ پال۔

پٹی: مؤنث؛ (۱) حصہ، ٹکڑا (۲) گانو کا چھوٹا حصہ (۳) کاغذ یا کپڑے کی چوڑی لمبی دھجی (۴) ایک قسم کی شیرینی کی تلیں (۵) چارپائی یا پلنگ کا بازو (۶) ماتھے پر کسی چکنائی سے جو بال جماتے ہیں (۷) تختی، لوح (۸) سبق، ترغیب، فریب (۹) وہ کم چوڑا لمبا کپڑا جو زخموں پر باندھا جاتا ہے۔

—— پڑھانا: ورغلانا، بہکانا، پھسلانا، سمجھانا بجھانا تعلیم دینا۔

—— تلے کا: (۱) کم رتبہ، حقیر، ذلیل، بے وقعت (۲) مقرب، سب سے زیادہ پیارا۔

—— دار: گانو کا شرکت دار، گانو کی کچھ زمین کا مالک، جزوی زمین دار۔

—— نکالنا: عورتوں کا سر کے بالوں کی ایک خاص طرح سے آرایش کرنا۔

—— پٹے: سر کے خم کھائے ہوئے بال جن کو بعض مرد سر کی طرف کانوں تک لٹکاتے ہیں، کاکل۔

—— چھوڑنا: مردوں کا سر کے بالوں کو کانوں کے اوپر تک چھوڑنا۔

پٹیاں جمانا: سر کے دونوں طرف کے بالوں کو کسی لیس دار چیز سے جمانا۔

پٹیت: مذکر؛ پٹے باز پھری گدے سے کھیلنے والا۔

پٹیتی: (۱) پٹے کے فن میں مہارت (۲) دشمنی، عداوت۔

پٹیل: مذکر؛ گانو کا سردار، مقدم، چودھری۔

پٹیلا: (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک قسم کی چوڑے پیندے کی کشتی جس پر تختے بچھا دیے جاتے ہیں (۳) زمین ہم وار کرنے کا تختہ، پٹرا (۴) سل، چٹان۔

پٹیلنا: حاصل کرنا، کمانا، زبردستی لینا، زیر کرنا۔

پٹانا: مار کھلوانا، پٹوانا، ستانا، نقصان پہنچانا۔

پٹخارنا: پیٹنا، کوڑے لگانا، دھمکانا۔

پٹخنا : پٹکنا۔
پٹخنا/پٹخنی دینا : کسی کو زمین پر دے مارنا۔
پٹخنیا دینا : بار بار دے مارنا۔
—— کھانا : پچھاڑے کھانا، گرنا، گر گر کر سنبھلنا پھر گرنا۔
پٹڑا : مذکر؛ (۱) لکڑی کا تختہ، چھوٹے چھوٹے پایوں کی چھوٹی چوکی (۲) دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا تختہ، کھیت کی زمین ہموار کرنے کا تختہ۔
—— پھیرنا : کھیت کے ڈھیلوں کو پٹڑا چلا کر توڑنا اور اس کی زمین ہموار کرنا۔
—— کر دینا : ستیاناس کر دینا، برباد کر دینا، تباہ کر دینا۔
پٹر پٹر باتیں کرنا : بچوں کا صاف صاف باتیں کرنے لگنا۔
پٹڑی : مؤنث؛ (۱) تختی، چھوٹا سا تختہ (۲) پیدل چلنے کی چھوٹی سی سڑک، فٹ پاتھ، روش، (۳) سلیٹ (۴) چاندی تانبے کی تختی جس پر کوئی نقش یا تعویذ کھدوا کر گلے میں ڈالتے ہیں، (۵) سونے چاندی، یا لاکھ کی چوڑی چوڑی۔
پٹس : مؤنث؛ (۱) ماتم، کہرام (۲) زدوکوب۔
—— پڑنا/مچنا : (۱) ماتم ہونا، کہرام ہونا (۲) مار پڑنا۔
پٹسن : مذکر؛ سن کا پودا جس سے سن نکالتے ہیں۔
پٹکا : مذکر؛ (۱) پٹی، کمربند (۲) کمر پیچ
—— باندھنا : (۱) کمر باندھنا (۲) (کنایتاً)؛ کسی امر کا تہیہ کرنا، کسی امر پر مستعد ہونا۔
پٹکن : مؤنث؛ (۱) بے چینی، بے کلی (۲) دھکا (۳) گرنا سوجن کا کم ہونا۔
پٹکنا : (۱) کسی چیز کو کسی دوسری چیز پر دے مارنا (۲) ورم کم ہونا۔
پٹکنی : مؤنث؛ گرنا۔
پٹکی : مؤنث؛ صدمہ، ضرب۔
پٹکی : مؤنث؛ (۱) آفت، مصیبت، خدا کا قہر، ناگہانی موت (۲) گتھی (۳) داغ دھبا (۴) وہ بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے اکثر سالن یا ساگ میں ڈال دیتے ہیں۔
—— پڑنا : آفت آنا، غضب الٰہی نازل ہونا، صدمہ پہنچنا، موت آنا، ناگہانی موت آنا، غارت ہونا۔
پٹلا : مذکر؛ پشتارہ جس میں چیزیں باندھتے ہیں، پوٹلا۔
پٹلی : چھوٹا پٹلا، پوٹلی۔
پٹم ہو جانا : بالکل اندھا ہو جانا، چوپٹ ہو جانا، خراب ہو جانا۔
پٹن : (دہلی)؛ مؤنث : پٹس، ماتم، کہرام، رونا پیٹنا۔

پ - ٹھ

پٹھ : مذکر؛ (۱) مرغ کا مادہ بچہ، بڑا چوزہ (۲) بکری کا مادہ بچہ جوان بکری جو بیائی نہ ہو۔
پٹھ : گائے بکری وغیرہ کے سرین کا گوشت۔
پٹھا : مذکر؛ (۱) وہ گوشت کی باریک ڈور جس کے وسیلے سے بدن کے اعضا سکڑتے پھیلتے اور کھنچتے ہیں (۲) نوعمر، نوخیز، نوجوان (۳) پہلوانوں کی اصطلاح میں شاگرد (۴) انسان یا حیوان کا جوان بچہ۔
پٹھا : مذکر؛ (۱) چوپائے کے دم کی جگہ، جانور کا سرین (۲) گھوڑے کے سرین۔
پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا : (۱) وہ تیز گھوڑا جو بدن چھونے نہ دے، (۲) (کنایتاً)؛ پاس نہ پھٹکنے دینا، قریب نہ آنے دینا۔
پٹھان : مذکر؛ (۱) افغان، مسلمانوں کی چار ذاتوں میں سے ایک ذات (۲) افغانستان کے باشندے۔
—— کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت : (مثل)؛ تلون مزاجی؛ پٹھان کے مزاج اور موڈ کا کوئی بھروسا نہیں، کبھی بہت مہربان اور کبھی بہت سخت اور بدمزاج۔
پٹھو : مذکر؛ (۱) مددگار، معاون، ہر وقت ساتھ رہنے والا، پیچھے پیچھے رہنے والا (۲) کسی کا خاص جانب دار آدمی، خوشامدی۔
پٹھور : مرغی کا جوان بچہ جس نے انڈا دینا شروع نہ کیا ہو، (۲) بکری گائے۔ بھینس کا نوجوان پٹھا جس نے بچہ نہ دیا ہو، (۳) (مزاحاً)؛ دوشیزہ جوان عورت۔
پٹھے : (جمع پٹھا کی)؛ (۱) اعصاب (۲) مردوں کے سر کے دونوں طرف کے بال، کاکل (۳) نوجوان (۴) انگیا کی آستینوں کی

چوڑی گوٹ۔

پٹھیا: مونث؛ (۱) بکری یا گائے کی بے بیاہی مادہ (۲) جوان ان بیاہی لڑکی۔

پ - چ

پجاری: مذکر؛ پوجا کرنے والا، پوجنے والا، بتوں پر چڑھاوا لینے والا۔

پجاوا: مذکر؛ اینٹیں پکانے کا بھٹا، پزاوہ (پزاوہ)۔

پ - چ

پنج: مؤنث؛ (پانچ کا مخفف)، تعصب، طرفداری، پاس، سخن پیروی۔

پنج پر ہونا: طرف دار ہونا۔

—— درا: پانچ دروازوں کا مکان۔

—— کرنا/لینا: حمایت کرنا، جانب داری کرنا۔

—— لڑا/لڑی: عورتوں کا زیور، گلے کا ہار، جس کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں۔

—— محلا: پانچ منزل کا مکان۔

—— میل: پانچ قسم کی کوئی چیز، پانچ قسم کی، پانچ طرح کی ملی ہوئی مرتب (جیسے پنج میل مٹھائی یا دال وغیرہ)۔

پنجا بیٹھنا: ہضم کر لینا، غصب کرنا۔

پنجانا: (۱) غذا ہضم کر لینا (۲) (کنایتاً)؛ کسی کا مال مار لینا۔

پنجارا: مذکر: دم، دھوکا، فریب (۲) کوچی، برش (۳) چونا یا کسی اور رنگ والی چیز کی پتلی تہ، ہلکی رنگت۔

—— دینا: (۱) خوشامد کرنا (۲) رنگ یا روغن پھیرنا، چونا یا رنگ کی پتلی تہ پھیرنا (۳) فریب میں لانا (۴) اکسانا، ترغیب دینا۔

—— کرنا/پھیرنا: (۱) کوچی پھیرنا، سفیدی کرنا، ہلکا رنگ دینا۔ ہلکا ابھار کرنا، کپڑا پانی میں بھگو کر پکے فرش پر صفائی کی غرض سے پھیرنا (۲) ترغیب دینا، بہکانا، اکسانا، ڈلاسا دینا۔

پنجاس: مذکر؛ عدد ۵۰۔

پنجاسوں: کثرت سے، بہت سے۔

پنجپنجا: رطوبت سے بھرا ہوا، تری سے آلودہ، آدھ کچا کھانا جس کا پانی جذب نہ ہوا ہو۔

پنجپنجاہٹ: پنجپنجانے کی کیفیت، رطوبت بھری ہوئی

پنجرہ: مؤنث؛ (۱) میخ، کھونٹی (۲) لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو کسی درز کو بند کرنے کے لیے لگایا جائے (۳) روک، ٹوک، مزاحمت۔

—— اڑانا/لگانا: (۱) تختے کی درز میں لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا رکھنا۔ رخنہ ڈالنا (۲) (کنایتاً)؛ مزاحمت کرنا، مانع ہونا، رکاوٹ ڈالنا۔

—— ٹھونکنا: تکلیف دینا، صدمہ پہنچانا، مزاحمت کرنا۔

—— مارنا: بھانجی مارنا، رخنہ انداز ہونا، مزاحم ہونا، دشمنی کرنا۔

پنجک: مؤنث؛ کسی برتن یا کسی چیز میں چوٹ سے جو کجی آجائے یا گڑھا پڑ جائے۔

—— جانا: (۱) کسی چیز میں کسی صدمے چوٹ وغیرہ سے گڑھا پڑ جانا کجی آجانا۔ دب جانا (۲) مغلوب ہو جانا، ڈر جانا۔

پنجکارنا: تھپکنا، چمکارنا، پیار کرنا، تسلی دینا۔

پنجکاری: مؤنث؛ وہ کوکھلا آلہ جس میں سے ہوا کھینچ کر یا باہر کر کے رقیق چیزیں بھرتے اور نکالتے ہیں۔

پنجکانا: دبانا، بھینچنا، دھنسانا۔

پنجکنا: دبنا، دھنسنا، اندر بیٹھ جانا، سکڑنا، چوٹ کھا کر برتن کا دب جانا۔

پنج میل: (۵) مذکر؛ ملا جلا، پانچ قسم کی ملی جلی چیزیں۔

پنجنا: (۱) ہضم ہونا، نگلنا، تحلیل ہونا (۲) بہت کوشش کرنا، تکلیف اٹھانا، محنت کرنا، (۳) ہار ماننا، تھکنا (۴) سہارنا، کسی کا مال واپس نہ کرنا، کسی کی چیز اپنے پاس رہنا۔

پنجنا: دبنا، کچل جانا۔

پنجی: (۱) چپکا ہوا، سیا ہوا، جڑا ہوا، کوئی چیز دوسری چیز میں سما کر چسپاں ہو جائے (۲) مضبوط، پکا، پختہ (۳) جوڑ، پیوند (۴) سُر سے سُر ملا ہوا، ہم آواز۔

—— کاری: مؤنث؛ مرصع سازی، جڑاؤ کا کام، جواہر وغیرہ مختلف پتھروں کو ملا کر نصب کرنا، پیوند کاری، چوپڑ والا فرش،

اینٹ چونے کا مضبوط کام۔
—— کاری کرنا: اینٹ چونے کا مضبوط کام کرنا، نقاشی کا کام کرنا، مرصع کام کرنا۔
—— کرنا: ٹھونک کر ملانا، پیوست کرنا، مستحکم کرنا۔
—— ہونا: ملنا، پیوست ہونا، جوڑ مل جانا۔
پچی: کسی چیز کا چوٹ پا کر چوڑی ہو جانا، کسی صدمے سے گوشت کا دب جانا۔
پچیت: (۱) داؤ پیچ کرنے والا، کشتی لڑنے والا (۲) (مجازاً) چالاک۔ فریبی، ہوشیار۔
پچیتی: مؤنث؛ (۱) داؤ پیچ کا فن، فریب، مکاری، چالاکی، (۲) داؤ پیچ کا جاننے والا۔
پچیس: عدد ۲۵۔
پچیسی: مؤنث؛ چوسر کا ایک کھیل جس کی بساط کی چار پٹیاں پچیس پچیس خانوں کی بنی ہوئی ہوتی ہیں اور جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

پ - چھ

پچھاڑ: مؤنث؛ پیٹھ کے بل گر جانا۔
—— دینا: (۱) گرا دینا، چت کر دینا، ہرا دینا (۲) بیمار کر دینا، کم زور کر دینا (۳) (مجازاً) مار ڈالنا۔
—— کھانا/پچھاڑیں کھانا: پیٹھ کے بل گر کے لوٹنا، بے چینی سے اٹھتے جانا، پیٹھ کے بل گر کے لوٹنا۔
پچھاڑنا: (۱) گرا دینا، کشتی جیتنا، چت کر دینا (۲) عاجز کر دینا، ہرا دینا۔
پچھاڑی: (۱) چوپایوں کے پچھلے پاؤں کا حصہ (۲) وہ رسی جو کسی جانور خصوصاً گھوڑے کے پچھلے دونوں پاؤں میں باندھی جاتی ہے۔
پچھاڑیں کھانا: لوٹنا، تڑپنا، گر گر پڑنا۔
پچھاں: مذکر؛ پچھم، مغرب۔
پچھتانا: پشیمان ہونا، بعد کو افسوس ہونا۔
پچھتاوا: مذکر؛ حسرت، پشیمانی، افسوس۔
پچھڑنا: گرنا، چت ہونا، ہارنا، کسی سے زیر ہونا، زمین سے بیٹھ لگ جانا، بیمار پڑنا۔
پچھڑنا: پیچھے رہ جانا۔
پچھلا: (۱) پیچھے کا، آخر کا (۲) سحری، وہ کھانا جو رمضان میں اخیر شب میں کھاتے ہیں (۳) پڑھا ہوا، آموختہ (۴) رات کا اخیر حصہ۔
—— پہر: رات کے چار پہروں میں سے آخری پہر۔
—— کھانا: سحری۔ وہ کھانا جو رمضان میں آخری شب میں کھایا جاتا ہے۔
پچھلی رات: آدھی رات کے بعد کا وقت، رات کا آخری حصہ۔
پچھلے پاؤں پھرنا: (۱) الٹے پاؤں پھرنا، فوراً واپس ہو جانا (۲) شکست کھانا، ہار جانا۔
—— دن: گزرے ہوئے دن، گزرا ہوا زمانہ۔
پچھلا: مذکر؛ (۱) دُم گزا، دُم چھلا (۲) وہ بچہ جو ہمیشہ ماں کے ساتھ ساتھ لگا رہے (۳) وہ شخص جو کسی کا پیچھا نہ چھوڑے ساتھ ہی ساتھ رہے۔
پچھل پیری: (۱) مؤنث؛ ڈائن، چڑیل، جادوگرنی، منحوس
پچھ لگو: ساتھ ساتھ پھرنے والا، طفیلی۔
پچھم: مذکر؛ مغرب، مغربی مُلک۔
پچھنا: وہ اوزار جس سے بدن گود کر سینگی لگائی جاتی ہے۔
پچھنے دینا: (۱) پچھنے لگانا، گودنا (۲) طعنے دینا۔
—— لگانا: (۱) سینگی لگانا، کسی تیز اوزار سے جسم کو گود کر خون نکالنا (۲) طعنے دینا۔
پچھنا: پونچھا جانا، صاف کیا جانا۔
پچھوا/پچھوائی/پچھیاؤ: مؤنث؛ پچھم کی ہوا۔
پچھواڑا: مذکر؛ مکان کے پیچھے کا حصہ۔
پچھوڑ/پچھوڑن: مؤنث؛ وہ کوڑا کرکٹ جو غلے کی صفائی میں نکلتا ہے۔
پچھوڑنا: غلہ سوپ سے صاف کرنا۔

پ - خ

پخ: مؤنث؛ (۱) روک (۲) بک بک، شور غل (۳) جھگڑا، دِقت،

—— **پھیلانا** : (دہلی) فساد پھیلانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا، بکواس کرنا۔
—— **لگانا** : (۱) کسی کام میں روک پیدا کرنا (۲) جھگڑا پیچھے لگانا، (۳) شرط لگانا، قید لگانا۔
—— **نکالنا** : عیب نکالنا، نقص نکالنا، اعتراض کرنا۔
پکھال/پکھال : مؤنث ؛ پانی بھرنے کی بڑی مشک جو بیل پر لادی جاتی ہے۔
پکھٹ : مؤنث ؛ کھانے پکنے کا کام، پکنا۔
—— **ویز** : مؤنث ؛ (۱) ٹھیک ٹھاک، درستی، پختگی، (۲) پکانا ریندھنا۔
پکھتگی : مؤنث ؛ (۱) پکاپن، کھانے کا پک جانا یا گل جانا، پھل پک جانا، (۲) بلوغ (۳) استحکام، مضبوطی، پختہ کاری۔
پکھتہ : (۱) پکا ہوا، بھنا ہوا (۲) پکا، مستحکم، مضبوط (۳) چونے کی گچ کا اینٹوں کا چنا ہوا، پاے دار (۴) کامل، پورا، پوری عمر کا، بوڑھا (۵) طے شدہ (۶) تجربہ کار
—— **بات** : طے شدہ امر، ٹھیک بات، پکا معاملا
—— **کار** : کام میں مشاق، تجربہ کار۔
—— **مزاج** : مستقل مزاج۔

پ - د

پدا : مذکر ؛ (۱) ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا (۲) غلیل کا کپڑے یا نواڑ کا وہ حصہ جس میں غلہ رکھ کر پھینکتے ہیں (۳) ادنا، حقیر، ناچیز آدمی۔
پدانا : کھیل میں ہرانا، خوب دوڑانا، تھکانا، بھگانا، تنگ کرنا۔
پدر : (ف)؛ مذکر ؛ باپ، والد۔
پدرانہ : باپ جیسی، باپ کی طرح (شفقت وغیرہ)؛
پدری : (۱) باپ کی، باپ والی (۲) آبائی، موروثی۔
پدڑی/پدی : مؤنث ؛ (۱) پھدکی، ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام (۲) (مجازاً)؛ بے حقیقت، ناچیز، کم زور۔
پدم : مذکر ؛ (۱) شمار میں سو پنبل (۲) کنول، نیلوفر (۳) انسان کی انگلیوں کے جوڑوں یا پاؤں پر جو قدرتی گول چکر سا ہوتا ہے جسے اقبال کی نشانی سمجھا جاتا ہے (۴) ہاتھی کی کھال کے داغ (۵) گھوڑے کے پاؤں پر کے سفید دھبے۔
پدمنی : مؤنث ؛ ہندستان کی ایک مشہور رانی کا نام (۲) ہندستان کے قدیم دانشوروں نے عورتوں کی جو چار قسمیں کی ہیں ان میں سب سے پہلے درجے کی حسین عورت۔
پدنا : لازم، ہارنا، رگیدا جانا۔
پدوڑا : (۱) پادنے والا (۲) ڈرپوک، بزدل۔
پدی : مؤنث ؛ (۱) پدا کی مادہ، چھوٹا پرند (۲) حقیر اور ناچیز انسان۔
پدیاترا : (۵) مذکر ؛ (سیاسی اصطلاح) کسی خاص مقصد کے لیے پیدل سفر۔
پڈنگ : Pudding (انگ)، مؤنث ؛ ایک قسم کا انگریزی میٹھا پکوان (۲) لکڑی کے چھیدوں کو بند کرنے کا مسالا

پ - ر

پر : حرف ربط ؛ اوپر، سے، تک، لیکن۔
—— **پوتا** : پوتے کا بیٹا۔
—— **دادا** : دادا کا باپ۔
—— **نانا** : نانا کا باپ۔
—— **نواسا** : نواسے کا بیٹا۔
پر : (ف) مذکر ؛ (۱) پنکھ (۲) پتا (۳) قوت (۴) پرکار کے دونوں کانٹوں میں سے ایک (۵) تیر کے دونوں بازو۔
—— **آفشاں** : پر جھاڑتا ہوا، بے تاب، مضطرب، پریشان، پھڑپھڑاتا ہوا۔
—— **بال** : ایک بیماری جس میں پلکوں کے اندر ترچھے بال نکل آتے ہیں، پروال۔
—— **باندھنا** : (۱) پرند کے شہ پر ڈور سے باندھنا تاکہ اڑنے نہ پائے۔ (کنایتاً)؛ بے بس کرنا، عاجز کرنا۔
—— **پرزوں سے درست ہونا** : ساز و سامان سے ٹھیک ہونا، اسباب ضروری موجود ہونا۔
—— **پرزے جھڑنا** : ضعیف ہونا، سکت نہ رہنا، قوت زایل ہونا

—— پُرزے نکالنا: (کنایتاً)؛ اپنی چھپی ہوئی چالاکیاں دکھانا شروع کرنا، طبیعت کی تیزی دکھانا، شرارت پر آمادہ ہونا۔
—— تولنا: اڑنے کے لیے آمادہ ہونا، بھاگنے پر آمادہ ہونا۔
—— جلنا: گزرنا، ناممکن ہونا، نارسائی ہونا، مقام بلند تک باریابی محال ہونا۔
—— جھاڑنا: پرانے پر گرانا، گریز کرنا، پروں کو پھڑپھڑانا۔
—— قینچ کرنا: (۱) پر کترنا، پر کاٹنا (۲) بے بس کرنا۔
—— کاہ: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر: (۱) گھاس پھوس کا پتا (۲) (مجازاً)؛ بہت ہلکا، ناقابل توجہ۔
—— کٹنا: جی چھوٹنا، عاجز ہونا، ہمت نہ ہارنا۔
—— کٹی اُڑانا: گپ اڑانا، جھوٹ ولنا، بے بنیاد بات کرنا۔
—— لگانا: (۱) تیز رفتار کر دینا (۲) ترقی دینا، رونق بڑھانا۔
—— مارنا: (۱) اُڑنا، پروں سے مارنا (ضرب لگانا)؛ (۲) (مجازاً) کسی کام میں بہت کوشش کرنا، بے تابی ظاہر کرنا۔
—— نکالنا: (۱) قابلیت پیدا کرنا، بساط سے بڑھ کر حوصلہ کرنا (۲) شرارت کرنا، فتنہ سامانی کرنا۔
—— وبال: (۱) پرندے کے پر (۲) (مجازاً)؛ قوت۔

پُرُ: مذکر؛ چمڑے کا بڑا ڈول جس سے کنویں میں سے پانی کھینچتے ہیں۔

پُرائی: مؤنث؛ پُر کے ذریعے پانی نکالنا۔

پُرُ: (ف)؛ بھرا ہوا، بہت کامل۔
—— آب: (۱) پانی سے بھرا ہوا (۲) آنسوؤں سے بھرا ہوا۔
—— آشوب: فساد اور جھگڑوں سے بھرا ہوا، فتنہ انگیز۔
—— تکلف: بہت آراستہ، سادگی سے ہٹا ہوا۔
—— زور: قوت والا، زوردار، زور والا، قوی۔
—— سوز: درد بھری آواز، درد بھرا دل۔
—— فضا: بارونق، وسیع، کشادہ۔
—— فن: چالاک، ہوشیار۔
—— مغز: عمدہ مضمون سے بھرا ہوا۔
—— نم: تر، جس میں نمی ہو (پانی کی یا آنسوؤں کی)

پَرا: مذکر؛ قطار، سلسلہ، لشکر کی صف، گروہ، غول۔
—— باندھنا/ جمانا: صفیں جما کر کھڑا ہونا، سلسلہ وار کھڑا ہونا، صف باندھنا۔

پَرّا: مذکر؛ قینچی کا ایک پلڑا۔

پَرّا: محلہ، ٹولا، بستی۔

پَراپَرٹی: PROPERTY (انگ)؛ مؤنث؛ مال۔ جایداد، جاگیر، مقبوضہ، ملکیت۔

—— ڈیلر: DEALER —— (انگ)؛ مذکر؛ (۱) مکان کا دلال (۲) مکان کرایے پر دلانے والا (۳) مکان خرید و فروخت کرانے والا۔

پَرات: مؤنث؛ بڑی تھالی، بڑی پلیٹ، آٹا گوندھنے کا تھال۔

پَراٹھا: مذکر؛ ایک قسم کی روٹی جسے گھی یا چکنائی میں تل لیتے ہیں اور اس میں کئی تہیں ہوتی ہیں۔

پَراجِت: (ہ)؛ ہارا ہوا۔

پَراجے: (ہ)؛ مؤنث؛ ہار، شکست۔

پَراچین: (س) قدیم، پرانا۔

پرارتھنا: مؤنث؛ عرض، التجا، دعا، (عبادات)؛ مناجات۔

پرائشچت: (ہ) مذکر؛ کفارہ۔

پراکرت: (ہ) مؤنث؛ (۱) گھٹیا، ادنا درجے کی (۲) طبیعت قدرتی طور پر بنی ہوئی (۳) عوام کی بولی جو سنسکرت سے بگڑ کر بنی ہے۔

پراکرِت بھاشا: (ہ)؛ مؤنث؛ وہ بول چال کی زبان جو سنسکرت زبان سے بگڑ کر بنی تھی۔

پراگندگی: مؤنث؛ پریشانی، تردد، فکر۔

پراگندہ: منتشر، پریشان، متفرق۔
—— دل: پریشان، پریشان حال۔
—— روزی/ پراگندہ حال: (مقولہ)؛ مفلس کی حالت قابلِ اطمینان نہیں، مفلس پریشان حال رہتا ہے

پرامیسری نوٹ PROMISSORY NOTE (انگ)؛ مذکر؛ تمسک، وہ تحریر جو قرض ادا کرنے کے متعلق، رقم کے تعین اور اس کے ادا کرنے کی تاریخ کے بارے میں، وعدہ

کے طور پر قرض دار سے لکھائی جاتی ہے۔

پران: مذکر؛ روح، سانس، جان، دم۔

—— **چھٹانا**: پیچھا چھڑانا، جھگڑا ختم کرنا، جان چھڑانا۔

—— **چھوٹ جانا/نکل جانا**: مرجانا، جان نکل جانا، گھبرا جانا۔

—— **چھوڑ دینا**: ہمت ہار جانا، مرجانا

—— **کھانا/لینا**: مغز چاٹنا: تنگ اور دق کرنا، تھکا مارنا جان کھانا، جان لینا، مار ڈالنا۔

پُران: (ہ)؛ مذکر؛ (۱) پرانا، قدیم، سب سے پہلا (۲) ہندوؤں کی قدیم مذہبی اٹھارہ (۱۸) کتابیں۔

پُرانا: (۱) قدیم، دیرینہ، پارینہ (۲) اگلی وضع کا (۳) مستعمل، بوسیدہ بوڑھا، پیر؛ تجربے کار، ہوشیار۔

—— **خرانٹ**: بہت بوڑھا؛ تجربے کار، پرانا۔

—— **دھرانا**: (دھرانا تا لج لہل)؛ بے کار، نکما، پھٹا پرانا خراب۔

—— **فیشن**: قدیم وضع، پرانا انداز۔

پرانے چاول: (کنایتاً)؛ اچھے تجربے کار، سلیقے والے، جہاں دیدہ۔

—— **چاولوں میں مزہ ہوتا ہے**: (مثل)؛ بوڑھے تجربے کار کی باتیں اچھی ہوتی ہیں، پرانی چیز اچھی ہوتی ہے۔

—— **لوگ**: مذکر؛ (۱) بڑے بوڑھے، بڑی عمر کے آدمی آباواجداد تجربے کار (۲) پرانے نوکر، قدیم ملازم۔

—— **مُردے اکھاڑنا/اکھیڑنا**: بھولی بسری باتیں درمیان میں لانا، مدتوں کی شکایتوں کو زبان پر لانا، پچھلی باتوں کا ذکر کرکے خواہ مخواہ جھگڑا کھڑا کرنا، گڑے مُردے اُکھاڑنا۔

پرانی لکیر کا فقیر: پرانی رسم کا مقلد، پرانی وضع کا پابند، پرانی چال سے نہ ہٹنے والا۔

—— **لیکھ پر چلنا**: پرانی وضع کا پابند رہنا، پرانے ہی طریقے پر چلنا۔

—— **وقتوں کے لوگ**: قدیم زمانے کے لوگ، بہت بیتے ہوئے وقت کے اشخاص۔

پرانت: (ہ) مؤنث؛ صوبہ۔

پراویڈنٹ فنڈ: PROVIDENT FUND (انگ)؛ مذکر؛ (۱) امدادی سرمایہ (۲) وہ رقم جو تنخواہ سے کاٹ کر اور انتظامیہ سے ملی ہوئی رقم ملا کر ملازم کے حساب میں جمع کی جائے۔

پرائز: PRIZE (انگ)؛ مذکر؛ انعام، بخشش۔

پرائس: PRICE (انگ)؛ مؤنث، قیمت، مول، بھاؤ، دام۔

پرائمری: PRIMARY (انگ)؛ مذکر؛ ابتدائی، تحتانی، اوّل، اصل، بنیادی۔

پرائم منسٹر: PRIME MINISTER (انگ)؛ وزیراعظم، (ہ) پردھان منتری۔

پرائیویٹ: PRIVATE (انگ)؛ خانگی، نجی، ذاتی، شخصی، مخفی۔

—— **سکریٹری**: SECRETARY (انگ)؛ وہ عہدے دار جو اپنے افسر کے ذاتی اور دفتری معاملات پر توجہ دیتا ہو۔

پرایا: مذکر؛ غیر، اجنبی، بیگانہ۔

پرائی آگ میں پڑنا/کودنا/گرنا: دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔

—— **آنکھیں کام نہیں آتیں**: (مثل)؛ دوسرے کے سہارے کام درست نہیں ہوتا، غیر شخص اپنے کام نہیں آتا۔

—— **بات**: دوسرے کا معاملہ، غیر کی بات۔

پرائے برتے پر: دوسرے کے بھروسے پر

—— **بس میں پڑنا/ہونا**: دوسرے کے اختیار میں ہونا، مجبور ہونا، بے اختیار ہونا۔

—— **شگون اپنی ناک کٹانا**: دوسرے کو نقصان پہنچانے کے لیے اپنا کام خراب کرنا، دوسرے کو زک دینے کے لیے اپنے پر ضرب لگانا۔

—— **گھر کا ہونا**: لڑکی کا بیاہ ہو جانا۔

—— **مال پر دیدے لال**: (مثل)؛ دوسرے کی چیز پر بے حد غرور۔

——مال پرایا حسین: (مثل)؛ (۱) غیر کے مال کو اپنا تصور کرکے بزرگوں کی نیاز دلانا (۲) (مجازاً)؛ دوسروں کے مال پر شیخی مارنا، ناحق اترانا۔

پَرَب: (ہ) مذکر؛ (۱) تیوہار، تقریب (۲) باب، فصل، مقدمہ، (۳) ایک قسم کے ہیرے کا نگینہ۔

پربت: مذکر، پہاڑ۔

پَربَندھ: (ہ) مذکر؛ بندوبست، انتظام۔

پربین/پروین: اپنے فن کا کامل، ماہر۔

پربھات: (ہ) مؤنث، فجر، بھور، تڑکا، صبح۔

پربھو: (ہ) مذکر؛ بڑا، برتر، حاکم، خدا، مالک۔

پَرَت: مذکر؛ چھلکا، پپڑی، تہ، ورق۔

——دار: جس چیز پر تہ پر تہ ہو، کئی تہوں والا۔

——دَرپَرَت: پرت پر پرت، تہ پر تہ۔

پرتا: مذکر؛ اوسط۔

پرتاپ: (ہ)؛ مذکر؛ اقبال، شان، آن بان، جلال۔

پرتال: مؤنث؛ (۱) جانچ، پیمائش، جائزہ (۲) نظرثانی (۳) متواتر صدمہ۔

پرتالنا: جانچنا، پیمائش کرنا۔

پُرتگال: یورپ کے ایک ملک کا نام

پرتگیا: (ہ) مؤنث؛ اقرار، وعدہ، عہد۔

پَرتَلا: مذکر؛ تلوار کی پیٹی یا چوڑا تسمہ جسے تلوار لٹکانے کے لیے کندھے پر ڈالتے ہیں۔

پَرتَو: (ف) مذکر؛ روشنی، عکس، شعاع، جھلک۔

——افگن/فگن: شعاع ڈالنے والا۔

پَرتَوا: (عو)؛ چمک، عکس، صحبت کا اثر، فیض صحبت۔

پرتیکشا: (ہ) مؤنث؛ انتظار۔

پرتی نِدھی: (ہ) مذکر؛ نمایندہ۔

پَرتھم: (ہ) مذکر؛ پہلا، پہلے؛ اگلا؛ اوّل۔

پرتھوی: (ہ) مؤنث؛ زمین؛ دنیا۔

پرَجا: مؤنث؛ رعیت، رعایا، محکوم، جنتا، پبلک۔

پرجا نہیں تو راجا کہاں: (مقولہ)؛ رعایا نہیں تو راجا (حاکم) بھی نہیں۔

پرِچ: چھوٹی تشتری، چائے کے کپ کی تشتری۔

پرچار: (ہ) مذکر؛ شہرت، پھیلاؤ، پبلسٹی۔

پرچَم/پرچَمے: مذکر؛ پرزے۔

——اُڑجانا: پرزے پرزے ہونا۔

پُرچَک: مؤنث؛ (۱) چمکار، بچے کو اس کی خطا پر اُلٹا پیار کرنا ——حمایت، طرفداری، کمک، شہ (۲) اشارہ، اجازت، ایما۔

پَرچَم: مذکر؛ (۱) پھریرا (۲) جھنڈا، علم، نشان۔

——کُشائی: جھنڈے کا لہرانا۔

پرچُون: مذکر؛ متفرق سودا، آٹا، دال، نمک، مرچ وغیرہ۔

پرچُونی: مؤنث؛ متفرق چیزیں بیچنا۔

پَرچہ: مذکر؛ (۱) کاغذ کا ٹکڑا، پرزہ، چیتھڑا، اخبار، رقعہ، خط۔ ٹکڑا، (۲) خبر، پیام (۳) شاہی زمانے میں ہرکارے کی لائی ہوئی خبروں کو جس کاغذ پر لکھ کر سرکار میں بھیجا جاتا تھا، اُسے بھی پرچہ کہا جاتا تھا۔

——گزرنا: مخبری ہونا، حاکم کو کسی بات کی خبر پہنچانا، عرضی جانا۔

——نویس: مذکر؛ خبریں لکھنے والا، سرکار میں جاسوسی کرنے والا، مخبر، واقعہ نگار۔

پَرچھا: مذکر؛ (۱) جھگڑے فساد کا فیصلہ ہوجانا (۲) بُن کروں کی وہ نلی جس میں سوت لپیٹتے ہیں، سوت کی پھرکی (۳) بھیڑ کم ہونا، ہجوم کی کمی (۴) دیگ، بڑا دیگچہ۔

——کرنا: (۱) معاملہ طے کرنا، جھگڑا چکانا، فیصلہ کرنا (۲) ہجوم، بھیڑ بھاڑ کم کرنا، بھیڑ چھانٹ کے میدان صاف کرنا۔

پَرچھاواں/پَرچھاوَاں: مذکر؛ (عو) (۱) پرچھائیں، عکس، سایہ، (۲) (کنایتاً)؛ خو، خصلت (۳) آسیب کا خلل۔

——پڑنا: (۱) سایہ پڑنا، کسی کی صحبت کا اثر پڑنا، دوسرے کی وضع پر چلنا، یا تھوڑی سی مشابہت ہونا (۲) بھوت پریت کا اثر ہونا، آسیب کا خلل ہونا۔

پَرچھاوَنے سے دُور بھاگنا/بچنا: کسی کی صحبت سے نفرت کرنا، کسی سے ملنا ملانا گوارا نہ کرنا۔

پرچھائیں: مؤنث؛ پرچھاواں، سایہ، عکس۔

—— پڑنا : عکس پڑنا، سایہ پڑنا، صحبت کا اثر ہونا۔
—— ڈالنا : سایہ ڈالنا، ایسا ایسا کرنا۔
—— سے ڈرنا / بھاگنا : ملنے ملانے سے بہت بچنا، نفرت کرنا۔
—— نہ پانا : کھوج نہ پانا، پتہ نہ چلنا، نشان نہ پانا۔
پَرچھتی / پَرچھَتی : وہ کھپریل یا گھاس پوس کی چھوٹی سی چھت جو کچے مکانوں کی بالعموم باہر کی دیواروں پر حفاظت کے لیے ڈالتے ہیں۔
پَرخاش : (ف)؛ مؤنث؛ کینہ، غبار، رنج، عداوت۔
—— جُو : جھگڑالو۔
پَرَخچے : مذکر؛ پرزے، ٹکڑے۔
—— اُڑانا : (۱) پرزے پرزے کرنا، (۲) خوب مارنا پیٹنا۔
پرداخت : (ف) مؤنث؛ درستی، محافظت، خبرگیری، پرورش دست گیری۔
پَرداختہ : سنوارا ہوا، آراستہ کیا ہوا۔
پَردار : (ف)؛ مذکر و مؤنث؛ (۱) باریک کام جو تصویروں اور نقشوں سے گردکیا جاتا ہے (۲) ڈھنگ، خو، خصلت، طور، (۳) آراستگی، جِلا، تصویر کے خط و خال (۴) تمہید، شروع اُٹھان۔
پردہ : (۱) اوٹ، آڑ۔ چلمن (۲) گھونگھٹ، نقاب (۳) انگرکھے کا وہ گول حصہ جو سینہ پر رہتا ہے (۴) آہنگ؛ الاپ۔
—— اٹھانا / اٹھا دینا : (۱) گھونگھٹ اٹھا دینا، چلمن اٹھا دینا۔ حجاب دور کر دینا، بے تکلف ہو جانا (۲) راز کھول دینا بھید کھولنا، اصلیت ظاہر کرنا۔
—— اُلٹنی دینا : حجاب دُور کر دینا۔
—— پڑ جانا (عقل / سمجھ / آنکھ) پر : عقل زایل ہو جانا۔ اندھا ہو جانا، بے وقوف ہو جانا۔
—— پوش : عیب چھپانے والا، بھید چھپانے والا، رازدار۔
—— چاک ہونا : پردہ پھٹ جانا، بے پردگی ہو جانا، پردہ نہ رہ جانا۔
—— چھوڑنا : (۱) کسی سے اوٹ کرنے کے لیے بندھے ہوئے پردے کو کھول دینا، منہ کے سامنے پردہ ڈال لینا (۲) پردہ ترک کر دینا، بے پردہ ہو جانا۔
—— دار : دربان، رازدار، پردہ کرنے والا / والی، پردہ نشین۔
—— داری : رازداری، عیب پوشی۔
—— درمیاں ہونا : بیچ میں پردہ پڑا ہونا، بیچ میں حجاب ہونا
—— دری کرنا : راز فاش کرنا، عیب ظاہر کرنا۔
—— ڈھکنا / ڈھک جانا : (۱) عیب چھپا، اخفائے راز ہونا (۲) (کنایتاً)؛ موت آجانا، دنیا سے اٹھ جانا۔
—— رکھنا : (۱) عیب چھپا رکھنا، اخفائے راز رکھنا (۲) سامنے نہ ہونا، چھپنا۔
—— رہ جانا : بات رہ جانا، شرم رہ جانا، بے عزتی نہ ہونا یا بھرم رہ جانا۔
—— غیب : (اضافت کے ساتھ) ظاہر آثار سے ہٹ کر، کسی چھپی راہ سے۔
—— فاش کرنا : افشائے راز کرنا، عیب ظاہر کر دینا۔
—— کھلنا : بھید ظاہر ہونا، افشائے راز ہونا، حجاب دور ہونا۔
—— ناموس : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ عصمت کا پردہ، عفت کا پردہ، عزت کا خیال۔
—— نشین : وہ عورت جو پردے میں بیٹھے، خلوت نشین۔
پردے پردے میں : اندر ہی اندر، خفیہ، چھپے چوری، آڑ میں اُوٹ میں۔
—— کی بات : راز کی بات، خفیہ معاملہ۔
—— کی بُوبُو : (۱) پردہ نشین (۲) (طنزاً)؛ خراب عورت۔ بڑی پارسا بننے والی۔
—— کی دیوار : قدیم مکانوں میں باہر کے دروازے کے سامنے ایک دیوار اٹھا دی جاتی تھی، تاکہ اندر کے مکان کی اوٹ رہے۔
—— میں شکار کھیلنا : کسی پردے کا سہارا لے کر بُرے کام کرنا، در پردہ بُرے فعلوں میں مبتلا رہنا۔
پردیس / پَردیش : (۵) مذکر؛ (۱) ملک

کاایک حصہ، صوبہ، ریاست۔
(۲) بدیش، دوسرا ملک۔

پردیسی: مذکر؛ اجنبی، باہر کا، مسافر۔

پرُدھان: (ہ) مذکر: سردار، بڑا۔

پرُزّہ: (ف)؛ (۱) ٹکڑا کسی کل کا ٹکڑا (۲) رویاں جو ریشمی کپڑے اور ریشمینے پر مستعمل ہونے کے بعد ظاہر ہوتا ہے (۳) کاغذ کا ٹکڑا، رقعہ، چٹھی (۴) پرندوں کے زو بنگے۔

پرُزے اُڑانا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پارہ پارہ کرنا، خوب مارنا، پیٹنا۔

پرُس PURSE (انگ)؛ مؤنث؛ (۱) بٹوا، تھیلی کیسۂ زر (۲) (مجازاً)؛ روپیا پیسا، سرمایہ، عورتوں کا بیگ۔

پرُسا/پرسہ: (ف) مذکر؛ تعزیت، ماتم پرسی۔

—— دینا: ماتم پرسی کرنا۔

پرساد/پرشاد: (ہ) مذکر؛ دیوتا کا چڑھاوا، نذر، تبرک۔

پرسال: پارسال، گذشتہ سال۔

پرُسان: (ف)؛ پوچھنے والا، خبرگیران، دریافت کرنے والا۔

پرَستار: پوجنے والا، غلام، ملازم، کنیز، بے حد تعریف کرنے والا مداح۔

پرَستان: مذکر؛ (۱) پری، دیو کے رہنے کی جگہ، پریوں کا اکھاڑا (۲) (مجازاً)؛ خوبصورت عورتوں کا مجمع یا ان کے رہنے کی جگہ۔

پرَستاو: (ہ) مذکر؛ تجویز۔

پرَستش: (ف)، مؤنث؛ عبادت، پوجا، طاعت، توقیر تعظیم۔

پرُسش: (ف)؛ دریافت حال، خبرگیری، پوچھ گچھ، بازپرس مواخذہ، توجہ۔

پرُسکار पुरस्कार (ہ) مذکر؛ عزت، انعام، بدلا۔

پرسنل: PERSONAL (انگ)؛ شخصی، ذاتی، نجی۔

—— لا: LAW ——؛ عائلی قانون۔

—— سیکیورٹی SECURITY —— (انگ)، مؤنث، ذاتی حفاظت۔

پرَسوں: کل سے بعد کا دن خواہ آئندہ ہو یا گذرا ہوا، آج سے تیسرا دن گذشتہ یا آئندہ۔

پرُش: (ہ) مذکر؛ آدمی، مرد۔

پرَشرم: (ہ) مؤنث؛ محنت، کوشش۔

پرشنسا: (ہ) مؤنث؛ تعریف۔

پرَکار: (ف)؛ مؤنث و مذکر؛ لوہے پیتل کا دو شاخوں والا قلم جس سے دائرہ کھینچا جاتا ہے، (انگ)، کمپاس۔

پرَکاش: (ہ) مؤنث؛ روشنی، چمک، اُجالا۔

پرَکالہ: مذکر؛ (۱) ٹکڑا، حصہ (۲) چنگاری، شرارہ، شعلہ (۳) شیشے کے ٹکڑے۔

پرَکھ: مؤنث؛ پرکھے بھالے کی پہچان، تمیز۔

پرَکھائی: سکہ سونا چاندی جواہرات کی جانچ، جانچنے کی اُجرت

پرَکھنا: (۱) جانچ کرنا، شناخت کرنا، کھوٹا کھرا دیکھنا (۲) سونپنا نقدی سنبھلوانا، سپرد کرنا، (۳) آزمانا، تجربہ کرنا، امتحان کرنا، تمیز کرنا۔

پرَکھیا: پرکھنے کا ماہر، صراف، کھوٹے کھرے کی تمیز کرنے والا۔

پرُکھا: مذکر؛ بڑا، بوڑھا، باپ دادا، بزرگ، آباواجداد

پرگنہ: مذکر؛ تحصیل کا ایک حصہ۔

پرَلا: (دہلی)؛ دوسری طرف کا، اُس پار کی انتہائی حد کا۔

پرلے درجے کا/پرلے سرے کا: انتہائی درجے کا، بے حد، انتہا کا۔

پرَلوک: دوسری دنیا، آخرت۔

پرَلے: (ہ) مذکر؛ قیامت، حشر۔

پرَماتما: خدائے تعالا۔

پرَمپرا: (ہ) مؤنث؛ روایت، رسم و رواج۔

پرمِٹ: PERMIT (انگ)، مذکر؛ اجازت نامہ پروانہ۔

پرَمیشر/پرَمے شور: مذکر؛ خدائے تعالا۔

پرَن: (ف) مذکر؛ (۱) ثریا، پروین، برج ثور کے چند ستارے جن کو جھمکا کہتے ہیں (۲) طبلے کی گت۔

پرَنالا: مذکر؛ کوٹھے یا بالاخانے کی موری۔

پرَنالے بہا دینا: (۱) (مجازاً)؛ شدت سے رونا (۲) کسی چیز کی

کثرت کر دینا۔

پرنام: مذکر؛ بندگی، سلام، آداب۔

پرنانا: مذکر؛ نانا کا باپ۔

پرنٹر: PRINTER (انگ)، چھاپنے والا، طابع

پرنٹنگ: PRINTING (انگ)؛ مؤنث، چھپائی۔ طباعت، چھاپا۔

—— **پریس**. PRESS —— (انگ)؛ مذکر۔ چھاپہ خانہ، مطبع۔

پرند/پرَند: (ا) اڑنے والا جانور، پرندہ، طائر۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا: زبردست روک ٹوک، ایسی حفاظت کہ کوئی جا نہ سکے، کسی کا گزر نہ ہو۔

پرنس: PRINCE (انگ)، مذکر؛ شاہزادہ۔

پرنسپل: PRINCIPAL (انگ)؛ مذکر؛ (ا) کسی تعلیمی ادارے کا سربراہ (۲) خاص صدر، سردار۔

پرنیاں/پرنیاں: مذکر؛ دیبا، ایک قسم کا نہایت نفیس ریشمی۔

پروا: (ف) مؤنث؛ حاجت، خواہش، فکر، لحاظ۔

پروا/پریوا: مؤنث؛ چاند کے بڑھنے یا گھٹنے کا پہلا دن، یعنی چاند کی پہلی اور چودھویں تاریخ۔

پروا: مؤنث؛ (ا) پورب سے پچھم جو ہوا چلتی ہے (۲) چھوٹا محلہ، پورا، (پورا کی تصغیر)۔

پروار/پری وار: مذکر؛ خاندان، قبیلہ، گھرانا۔

پروار: (ف)؛ اڑان۔ پہنچ۔

—— **کرنا**: ناز کرنا، فخر کرنا، اڑنا۔

پروان: مذکر؛ بادبان کا ڈنڈا۔

—— **چڑھنا**: پھلنا، پھولنا، عمر طبعی کو پہنچنا، کمال کو پہنچنا جوان ہونا، بیاہ ہونا۔

پروانگی: (ف)، مؤنث؛ اجازت، حکم، فرمان۔

پروانہ: (ا) فرمان، حکم نامہ (۲) وہ چٹھی یا حکم جو مسافر کو راستے سے گزرنے کی اجازت کے لیے ہو (۳) پتنگا (۴) عاشق، شیفتہ۔

—— **تلاشی**: مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) خانہ تلاشی کا وارنٹ۔

—— **راہ داری**: (اضافت کے ساتھ) مسافر کے لیے راستے سے گزرنے کی سرکاری سند، پاس پورٹ۔

پروانہ: وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے۔

پروانہ جات: مذکر (جمع پروانہ کی)؛ تحریری احکامات۔

پروانہ ہونا: (مجازاً)؛ عاشق ہونا، جان دینا، مرنا، فریفتہ ہونا۔

پروائی: مؤنث؛ پروا ہوا، پورب کی طرف سے آنے والی ہوا

پروپرائٹر: PROPRIETOR (انگ)؛ مذکر؛ مالک

پروپیگنڈا: PROPAGANDA (انگ)؛ مذکر، چرچا، نشر و اشاعت، تشہیر، تبلیغ۔

پروتا: مذکر؛ پوتے کا بیٹا۔

پروٹسٹنٹ: PROTESTANT (انگ)؛ مذکر عیسائیوں کا ایک فرقہ، مارٹن لوتھر جس کا بانی تھا۔

پروجیکٹ: PROJECT (انگ)؛ مذکر؛ منصوبہ خاکہ

پروجیکٹر: PROJECTOR (انگ)؛ (ا) وہ مشین جس سے عکس بڑا کر کے پردے پر ڈالا جاتا ہے (۲) سینما کی مشین۔

پروڈکشن: PRODUCTION (انگ)؛ مذکر۔ پیداوار، تخلیق۔

پروڈیوسر: PRODUCER (انگ) مذکر؛ (ا) کوئی چیز بنانے والا، خالق، تخلیق کار (۲) (فلمی اصطلاح) فلم ساز فلم پروڈیوسر۔

پروردگار: (ف)، مذکر؛ پالنے والا، رب، خدا تعالا۔

پروردہ: (ا) پلا ہوا، تربیت یافتہ (۲) بسایا ہوا، دبایا ہوا۔

پرورش: (ا) پالنا (۲) تربیت، تعلیم (۳) مہربانی، عنایت

پروسا: (ا)؛ کھانے کا حصہ، بخرہ۔

پروسنا: کھانا چننا، کھانا لگانا۔

پروف: PROOF (انگ) مذکر؛ (ا) چھاپے کی کاپی جو تصحیح کے لیے بھیجی جاتی ہے، (۲) ثبوت۔

—— ریڈر: READER (انگ)؛ چھاپے کی کاپی کی تصحیح کرنے والا۔

پروفیسر: PROFESSOR (انگ)؛ کالج یا یونیورسٹی کے سب سے بڑے مرتبے کا استاد، مدرس اعلا۔

پروگرام: PROGRAMME (انگ) مذکر؛ (۱) لائحہ عمل، منصوبہ (۲) کارروائی کا خاکہ۔

پرول: مذکر؛ ایک ترکاری۔

پرولتاری: PROLETARIAN (۱)، (انگ) مذکر؛ مزدور طبقہ، عوامی، عام جنتا، محنت کش۔

پرونا: سوراخ دار چیز میں ڈورا یا تار ڈالنا، سوئی میں تاگا ڈالنا۔

پرونوٹ: PRONOTE (انگ)؛ روپیوں کے لین دین کا معتبر رقعہ قرض لینے کی دستاویز۔

پروہت: مذکر؛ خاندان کا پنڈت، گھر کا مقررہ پنڈت جو ہندو خاندان میں مذہبی رسمیں ادا کرتا ہے، برہمن۔

پرویز: (ف) مذکر؛ (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) مہذب (۴) نہایت اعلا (۵) سخاوت (۶) شان و شوکت (۷) خسرو ثانی شاہ ایران کا لقب۔

پرویش: (ہ) اندر جانا، داخل ہونا، داخلہ۔

پروین: (ف) مذکر؛ چھ چھوٹے ستارے جو آپس میں جھمکے کی طرح ملے ہوئے ہیں، عقد ثریا۔

پرہ: (ف) مذکر؛ دامن، کنارہ، برگ کاہ، جگی کا پاٹ، کنویں کی گراری۔

پرہیز: (ف) مذکر؛ مضر چیزوں سے بچنا، بیمار کا طبیب کی منع کی ہوئی چیزوں سے بچنا، احتراز، تقویٰ (تقوا)، پرہیز، حفاظت، اجتناب۔

—— لوٹنا: پرہیز موقوف ہونا۔

—— گار: صالح، متقی، بری باتوں سے بچنے والا۔

پرہیزی کھانا: بیمار کا کھانا۔

پری: مؤنث؛ (۱) عام خیال کے مطابق انسانوں سے علاحدہ ایک نسوانی مخلوق جو بہت خوبصورت عورت ہوتی ہے جس کے پر بھی ہوتے ہیں، (۲) مذکر؛ محبوب، معشوق، حسین۔

—— بن جانا: بہت خوبصورت ہونا، حسین ہونا۔

—— بند: (۱) ایک قسم کا زیور جس کو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں (۲) کشتی کے ایک پیچ کا نام۔

—— پیکر/چہرہ/رو/طلعت: نہایت خوبصورت پری کی طرح حسین۔

—— زاد: پریوں کی جنس کا پری کا بچہ، نہایت خوبصورت حسین، محبوب، معشوق۔

—— وش: پری کی طرح، بے انتہا خوبصورت۔

پرے: اس پار، اس طرف؛ دور، الگ، علاحدہ، فاصلے سے

—— ہٹانا: الگ ہٹانا، دور رکھنا، پاس نہ آنے دینا۔

—— پرے: (اظہار نفرت کے لیے)؛ دور دور، الگ الگ۔

—— ہٹ: دور ہو۔

پریت: مذکر؛ بھوت، آسیب، ناپاک روح، خبیث۔

پریت/پیت: محبت، الفت۔

پریتم: (ہ) پیارا، عاشق، محبوب۔

پریچیت: (ہ)؛ جانا ہوا، پہچانا ہوا، شناسا، متعارف۔

پریڈ: FARADE (انگ)؛ مؤنث؛ قواعد (فوجی)؛

پریس: FRESS (انگ) مذکر؛ (۱) چھاپے کی کل، مطبع (۲) صحافت، اخباری دنیا، اخباری حلقے۔

پریس نوٹ: PRESS NOTE (انگ) مذکر؛ (۱) اخباری بیان (۲) اشاعت کے لیے اخبار کو بھیجی جانے والی اطلاع۔

—— کانفرنس CONFERENCE —— (انگ) مؤنث؛ اخباری نمایندوں کے ساتھ جلسہ۔

—— ریلیز: RELEASE —— (انگ) مؤنث؛ اخبار کے لیے جاری کی گئی خبر۔

پریسی ڈنٹ: PRESIDENT (انگ)؛ صدر، صدر نشین۔ سبھاپتی۔

پریکٹس: PRACTICE (انگ)؛ مشغلہ، مشق۔

معمول، پیشہ۔

پریکٹیکل: PRACTICAL (انگ) عملی، باعمل۔

پریکشا: (ہ) امتحان۔

پریم: مذکر: پیار، محبت۔

پریم لتا: (ہ) مؤنث: ایک بیل کا نام، عشقِ پیچاں۔

پریمی: (ہ) مذکر: پیار کرنے والا، عاشق۔

پریمیئر شو: PREMIER SHOW (انگ) مذکر: کسی فلم یا ڈرامے کی پہلی بار نمائش۔

پریوار: (ہ) مذکر: خاندان، کنبہ۔

پَرِیوگ: (ہ) مذکر: استعمال، استعمال کرنا، برتنا۔

پریوی کونسل: (انگ) مؤنث: انگلستان کی سب سے بڑی عدالت۔

پ۔ڑ

پڑا/پاڑا: مذکر: بھینس یا گائے کا نر بچہ، بچھڑا۔

پٹڑا: مذکر: (۱) بڑی پڑیا (۲) ڈھول یا طبلے کا سوکھا چمڑا۔

پڑا پانا: کسی کھوئی ہوئی گری پڑی چیز کا ملنا، مفت کا مال۔ بے محنت کسی چیز کا ہاتھ لگنا۔

——— رہنا: بے حرکت رہنا، ایک حالت میں رہنا، لیٹے رہنا۔

——— گرا/گرا پڑا: مذکر: بیمار، مضمحل، بے حقیقت، ناچیز۔

——— ملنا: بغیر جستجو کوئی چیز حاصل ہو جانا۔

——— ہونا: (۱) کسی چیز کا بے احتیاطی سے رکھا ہونا (۲) آواز بیٹھ جانا۔

پڑاخا/پٹاخا/پڑاکا: (۱) ایک قسم کی آتش بازی جو چھوٹتے وقت آواز کرتی ہے (۲) بندوق یا رائفل کا گھوڑا۔

پڑاقے/پیراکے کی گوٹ: طرح طرح کی گوٹ، مختلف رنگوں کی گوٹ۔

پڑاو: مذکر: لشکر یا قافلوں کے اترنے کی جگہ، منزل۔

——— ڈالنا: رہ پڑنا، قیام کرنا۔

——— مارنا: (۱) چھاپا مارنا، لشکر یا قافلے کو لوٹنا (۲) (کنایتاً) مفت کا مال حاصل کرنا، بڑا کام کرنا۔

پڑا ہوا ہونا: خالی ہونا بے کار ہونا، غیر آباد ہونا۔

پڑ جانا: (۱) لیٹ جانا (۲) بیمار ہو جانا۔

پڑ رہنا: لیٹ رہنا، سو رہنا۔

پڑ مرنا: مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا، اس طرح رہنا کہ مر کر نکلنا۔

پڑنا: بیمار ہو جانا، بستر سے لگ جانا، لٹنا، گرنا۔

پڑ پڑانا/چڑ پڑانا: زبان میں مرچیں لگنا، زبان پر کسی چیز کی تیزی محسوس کرنا۔

پڑت: مؤنث: قیمت، بازاری نرخ، میزان۔

——— پھیلانا: (دہلی): لاگت کا اندازہ کرنا، حساب کا اندازہ کرنا، اندازہ ٹھہرانا۔

پڑتا: مذکر: (۱) حصۂ رسدی (۲) مالگذاری کی شرح (۳) پڑت

پڑتال/پرتال: جانچ، پیمائش، جائزہ، دیکھو: پرتال۔

پڑوا: بھینس کا نر بچہ۔

پڑیا: بھینس یا گائے کا مادہ بچہ۔

پڑیا: مؤنث: تھوڑی سی چیز جو چھوٹے سے کاغذ میں باندھی گئی ہو۔

پڑی بولی: (ہ) مؤنث: دلی کے قرب وجوار کی وہ بولی جو شورسینی اپ بھرنش سے ماخوذ تھی، بعد میں جب اس میں عربی و فارسی الفاظ شامل ہوئے تو وہ کھڑی بولی کے نام سے مشہور ہوئی۔

پڑی ہونا: (۱) فکر ہونا، دھن ہونا، خواہش ہونا (۲) باقی ہونا۔

پڑی ہوئی آواز: جو آواز گلے سے صاف نہ نکلے، بیٹھی ہوئی آواز۔

پڑے پڑے: (۱) لیٹے لیٹے (۲) بے کاری میں۔

پڑے جھک مارنے دینا: بکنے دینا۔

پڑے ہونا: بے قدری کی حالت میں موجود ہونا۔

پڑھا جن: مذکر: (۱) وہ پڑھا لکھا قابل جن جو سیانے کے قابو میں نہ آئے (۲) (مجازاً): شریر، چالاک، ہوشیار (۳) سنبطا، جنون، سودا۔

پڑھے جن کو شیشے میں اُتارنا: بڑے چالاک کو قابو میں لانا

پڑھا دینا: (۱) علم سکھا دینا (۲) کسی بات سے آگاہ کر دینا، بہکا دینا (۳) کسی کی طرف سے دل بگاڑ دینا، کچھ پڑھا دینا۔

پڑھا لکھا: لایق، ہوشیار، تعلیم یافتہ۔

پڑھانا: (۱) علم سکھانا، تعلیم دینا، سبق دینا، درس دینا (۲) کسی پرندے کو چند کلمات بولنا سکھا دینا (۳) پڑھ کر سنانے کے لیے اشارہ کرنا۔

پڑھائی: مؤنث؛ تعلیم گاہ یا مدرسے کی فیس، تعلیم دینے کا ڈھنگ نصابِ تعلیم، تعلیم کی اُجرت۔

پڑھ کر دَم کرنا: کچھ بول منتر کے یا پاک کلام کے پڑھ کر کسی پر پھونکنا یا پانی پر دَم کر دینا۔

پڑھَن: مؤنث؛ (عو)؛ پڑھنے کا انداز۔

پڑھنا: (۱) سیکھنا، تعلیم پانا، سبق لینا، وِرد کرنا (۲) پرندے کے چار بول سیکھ لینا۔

پڑھَنت: مؤنث؛ جادو، منتر، افسوں۔

پڑھنے بٹھانا/بٹھانا: بسم اللہ کی تقریب کرنا، پڑھنے کی ابتدا کرنا، (نوٹ: چار سال چار ماہ چار دن کی عمر میں بسم اللہ کی رسم ہوتی ہے۔)

پڑھوائی: پڑھانے کی اُجرت۔

پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو: (مقولہ)؛ توتے کے پڑھنے سے تلمیح، ناکارہ اور سُست ملازم کے لیے ہے چستی سے کام کرو ورنہ نوکری چھوڑ دو۔

پڑھی چھری: وہ چھری جو اَن پڑھ دیہاتی جانور ذبح کرنے کے بول مولوی سے اس پر پڑھوا کر رکھ لیتے ہیں اور اسی چھری سے جانور وقتِ ضرورت ذبح کرتے ہیں، دَم کی ہوئی چھری۔

پڑھی نہ قضا کی: جس نے کبھی نیکی نہ کی ہو اس سے نیکی چھوٹ جانے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، جو بالکل بے عمل ہو اس پر عمل چھوٹنے کا الزام نہیں آتا۔

پڑھیں فارسی بیچیں تیل، دیکھو قدرت کے یہ کھیل: (مثل)؛ بدقسمت ہنرمند، صاحبِ کمال ہو کر ادنا کام کرنا۔

پڑھے گھر کی بلّی بھی پڑھی: (مثل)؛ اچھے گھر کی ہر چیز اچھی ہوتی ہے۔ اچھوں کے جانور بھی تمیز دار اور اچھے ہوتے ہیں۔

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل: (مثل)، کم علم شیخی باز۔

پَڑھَن: مؤنث؛ ایک قسم کی مچھلی۔

پ۔ز۔ژ

پَزاوَہ/پَژاوَہ: (ف)، مذکر؛ اینٹوں کا بھٹا، بھٹی، آوا۔

پَزاوے کا پزاوہ کھنگڑ ہو جانا: پورا پزاوہ خراب ہو جانا، سب کا سب بگڑ جانا۔

پَزپیرا/پذیرا: (ف)؛ مقبول، منظور، قبول کرنے والا۔

پزیرائی/پذیرائی: قبولیت، منظوری، مہمان کا استقبال۔

پژمُردَہ: مرجھایا ہوا، افسردہ، رنجیدہ۔

خاطر: افسردہ دل، رنجیدہ۔

پژمُردگی: کملاہٹ، افسردگی۔

پ۔س

پس: (ف)، پیچھے، بعد، پھر، علاوہ۔

—— از ان کہ من نہ ماتم بچہ کار خواہی آمد: (مقولہ)؛ جب ہم نہ رہے پھر تم آئے تو کیا فائدہ؟ (شدید انتظار کی کیفیت)

—— اُفتادَہ: (ف)؛ (۱) جوڑ کر رکھا ہوا مال (۲) پرندوں کی بیٹ۔ چوپایوں کا فضلہ، گوبر وغیرہ۔

—— اَنداز: (ف)؛ جمع کیا ہوا مال، بچا ہوا مال، اندوختہ۔

—— پشت ڈالنا: (کنایتاً)؛ (اضافت کے ساتھ) بے پروائی کرنا۔

—— خُوردَہ: جھوٹا، آگے کا بچا ہوا، کھانے کے بعد جو بچ رہے۔

—— غیبت: عدم موجودگی میں، غیبت میں۔

—— مانْدَہ: پیچھے رہے ہوئے، وارث، پچھڑے ہوئے لوگ۔

—— مانْدَہ قوم : ہندستان کے وہ فرقے اور طبقے جو معاشی اور دیگر اعتبار سے اور قوموں سے پیچھے رہ گئے۔
—— مانْدَگان : (جمع پس ماندہ کی) ؛ (۱) پیچھے رہ جانے والے لوگ مُردے کے ورثا اور باقی رہ جانے والے عزیز، تھکے ہوئے۔
—— مَنظَر : (بیک گراؤنڈ) ؛ پچھلے وجوہ کا ظہور، پچھلا ماحول، پیچھے کا منظر۔
—— مُردَن / مَرگ : (اضافت کے ساتھ) ؛ مرنے کے بعد۔
—— وپیش : (ف) اسم مذکر ؛ (۱) آگا پیچھا، اونچ نیچ، سوچ بچار۔ برائی بھلائی (۲) لیت ولعل، حیلہ حوالہ (۳) دُھکّم پکڑ، دبدھا، اندیشہ، تشویش، شش وپنج۔
پسارنا : پھیلانا، کھولنا۔
پسانا : کسی چیز کو پانی میں اُبال کر اس کا زاید پانی نکال دینا، چاول یا کسی چیز کو اُبال کر پانی نتھارنا۔
پساو : اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی یا پسانے کے لیے جو پانی گرم کیا جائے۔
پساوَن : وہ پانی جو پسانے سے نکلے۔
پسائی : مؤنث : (۱) پیسنے کی مزدوری (۲) پیسے جانے کا عمل۔
پسپا ہونا : پیچھے ہٹنا، شکست کھانا، ہار جانا۔
پست : نشیب، نیچا۔
—— خیال : چھوٹے خیال کا۔
—— فطرت : کم ہمت، احمق۔
—— کرنا : نیچا دکھانا۔ مغلوب کرنا، تھکا دینا، ہلکان کرنا، بیحال کرنا۔
—— وبلند دہر : زمانے کا اونچ نیچ، نشیب وفراز۔
—— ہمّت : کم حوصلہ، بزدل، کم ہمت۔
پستی : نیچائی، نشیب، کمینہ پن۔
پستان : (ف) ؛ مؤنث ؛ چھاتی۔
پستک : (ہ) مؤنث ؛ کتاب۔
پستکالے / پستکالیہ : (ہ) لائبریری، کتب خانہ۔
پستول : PISTOL (انگ) مذکر، تپنچہ، ریوالور سے ملتا جلتا ایک اسلحہ۔
پستہ : مذکر ؛ ایک ہرے رنگ کے میوے کا نام۔
پستئی : (۱) پستے کے رنگ کا (۲) گہرے ہرے (سبز) رنگ کا۔
پسر : (ف) بیٹا، لڑکا۔
—— صُلبی : (اضافت کے ساتھ) ؛ سگا بیٹا۔
پسرنا : (۱) پھیلنا، دراز ہونا، لیٹنا، پڑنا (۲) بچوں کا ضد کرنا۔
پسلی : مؤنث ؛ طرف، پہلو، پہلو کی ہڈی۔
—— پھڑکنا / پھڑک اُٹھنا : (کنایتاً) ؛ خود بخود خبر ہو جانا معلوم ہو جانا۔
—— چلنا : بچوں کے سینہ کی بیماری۔
—— کا آزار : چھوٹے بچوں کی ایک بیماری۔
پسلیاں نکل آنا : بہت دُبلا ہو جانے سے پسلی کی ہڈیوں کا نظر آنا، بہت دُبلا ہو جانا۔
پس ماندہ : (ف) ؛ (۱) بچا ہوا، وارث (۲) پچھڑا ہوا، غیر ترقی یافتہ۔
پسنا / پس جانا : (۱) چکنا چور ہو جانا، آٹا ہو جانا، کچلا جانا، مسلا جانا (۲) مصیبت میں آنا، برباد ہونا، مٹ جانا۔
پسند : (ف) ؛ مؤنث ؛ چہیتا، مرغوب، مقبول، انتخاب۔
پسندیدہ : پسند کیا ہوا، مرغوب، مقبول۔
پسندا : ایک کھانا جس میں گوشت کے کچلے ہوئے پتلے ٹکڑے پکائے جاتے ہیں۔
پسنگا / پسنگھا : مذکر، پاسنگ۔
پسن ہاری : مؤنث ؛ آٹا پیسنے والی۔
پسوائی : پیسنے کی اُجرت۔
پسو : ایک قسم کا مہین پردار کیڑا جو مچھر کی طرح کاٹتا ہے۔
پسوج : مؤنث ؛ پہلی موٹی (کچی) سلائی جس کے بعد اصلی پکی سلائی ہوتی ہے۔
پسوجنا : کچی (موٹی) سلائی کرنا۔
پسیجنا : (۱) پسینا آنا، رطوبت ظاہر ہونا (۲) (کنایتاً) ؛ ترس کھانا نرم پڑنا، رحم کھانا، مہربان ہونا۔
پسینا : مذکر ؛ وہ رطوبت (تری) جو بدن کے مسامات سے نکلے۔

—— آنا/نکلنا: (۱) جسم سے تری کا خارج ہونا، عرق آنا (۲) (مجازاً)؛ شرمندگی۔
—— بہنا: بدن سے پسینا جاری ہونا۔
—— ٹپکنا: پسینے کے قطرے ٹپکنا۔
—— جھاڑنا: ماتھے کا پسینا انگلی سے پونچھ کر جھٹک دینا۔
—— چھوٹنا: (۱) کثرت سے پسینا نکلنا (۲) شرمندگی سے عرق عرق ہونا۔
—— ہرا ہونا: (دبی) (پہلوانوں کا محاورہ)؛ پسینا سوکھنا
پسینے پر پسینے آنا/پسینوں پر پسینے آنا: بہت پسینا نکلنا۔
—— پر لہو گرانا: کسی کے ساتھ انتہائی محبت جتانا، کسی پر جاں نثاری کا اظہار۔
—— پسینے کر ڈالنا: بے حد تھکا دینا۔
—— پسینے ہو جانا: (۱) بہت پسینا آنا (۲) (کنایتاً)؛ بہت شرمندہ ہونا۔
—— کی جگہ خون بہانا: (کنایتاً)؛ کسی کے لیے جان دینے میں بھی دریغ نہ کرنا، بے انتہا محبت دکھانا۔
—— کے شرائے/سرائے: پسینے کی دھاریں، بہت زیادہ پسینا نکلنا۔
پسیو: مذکر؛ چاولوں کی بیچ۔

پ-ش

پشاچ: (ہ) مذکر؛ (۱) غیر آریا قوم، ہندستان کے اصلی باشندے جنھیں آریا لوگ داس یا داسو، یا پشاچ کہتے تھے (۲) بھوت پریت، شیطان۔
پُشت: مؤنث؛ پیٹھ، پیچھا، پچھلا حصہ کسی چیز کا (۲) مدد، سہارا (۳) نسل۔
پُشا پُشت/پُشت ہا پُشت: کئی پشتوں سے، کئی نسل سے۔
پُشت بہ پُشت/پُشت در پُشت: باپ دادا سے، نسلاً بعد نسل۔
—— بہ دیوار رہنا: حیران رہ جانا۔
—— پر ہونا: امداد پر ہونا۔
—— پناہ: حامی، مددگار، معاون۔
—— تکیہ: وہ تکیہ جو مسند کے پیچھے ٹیک لگانے کے لیے رکھتے ہیں، گاؤ تکیہ۔
—— خار: (ف)؛ ایک چھوٹا سا ہاتھی دانت یا لوہے کا بنا ہوا پنجہ جو پیٹھ کھجانے کے کام آتا ہے۔
—— دست کاٹنا: غصے اور افسوس کی شدت کا اظہار۔
پُشتینی: وہ بات جو باپ دادا سے منسوب ہو، موروثی، خاندانی قدیمی۔
پُشتارہ: (ف)؛ مذکر؛ اس قدر بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا جا سکے بوجھ، گٹھری، گٹھا۔
پُشتک: (ف)؛ (۱) بچوں کا ایک کھیل (۲) گھوڑے کا دولتی پھینکنا۔
پُشتو: پٹھانوں (افغانوں) کی زبان، پختون۔
پُشتہ: (۱) مٹی کا ڈھالو ڈھیر جو دیوار کی مضبوطی اور سہارے کے لیے اس کی جڑ میں لگاتے ہیں (۲) وہ مینڈ یا دیوار جو پانی روکنے کے لیے نہر دریا وغیرہ کے کنارے پر بنا دیتے ہیں، بند (۳) کتاب کی جلد کا چمڑا یا کپڑا پیٹھے جوڑنے کے لیے۔
—— بندی: بند باندھنے کا کام، دیوار کو پشتے سے مضبوط بنانے کا کام۔
پُشتی: مؤنث؛ حمایت، تائید، سہارا، مدد۔
—— بان: (۱) حفاظت کرنے والا، مددگار، معاون (۲) وہ لکڑی جو کواڑوں اور تخت وغیرہ میں مضبوطی کے لیے لگا دیتے ہیں۔
—— لینا/پشتی پر ہونا: سہارا دینا، حمایت کرنا، ساتھ دینا۔
پشم: (۱) اون، بال، رواں (۲) زیر ناف کے بال (۳) بیکار، بے حقیقت چیز، بے وقعت انسان۔
—— اکھاڑنا: کسی قسم کا نقصان پہنچانا۔
—— برابر جاننا: بہت حقیر ذلیل سمجھنا۔

پشمینہ: اونی کپڑا، ایک خاص قسم کا اونی کپڑا (مالپدہ)۔
پشو: (ہ) مذکر؛ مویشی، جانور
پشواز: مؤنث؛ لہنگے کی طرح ایک گھیر دار پوشاک جو عورتیں پہنتی تھیں خاص طور سے ناچنے والی عورتیں ناچتے وقت استعمال کرتی تھیں۔
پشّہ/پیشہ: مذکر؛ (۱) مچھر (۲) تلوار کے قبضے کے پاس کی گھنڈی (۳) حقیر چیز، بے حقیقت چیز۔
پشیمان: (ف)؛ پچھتانے والا، افسوس کرنے والا، شرمندہ۔
پشیمانی: (ف) مؤنث؛ ندامت، پچھتاوا، شرمندگی۔

پ۔ک

پکّا: (۱) پکی ہوئی چیز (۲) مضبوط، پائے دار، مستحکم، مستقل (۳) پورا (۴) کامل، تجربہ کار، چالاک، ہوشیار، سچا (۵) مستند، بھروسے کے قابل۔
—— **بال**: وہ بال جو سفید ہو گیا ہو۔
—— **بھوت**: پورا سڑی، بڑا غصے والا۔
—— **پان**: (کنایتاً)؛ بہت ضعیف، سن رسیدہ، جس کے مرنے کے دن قریب ہوں۔
—— **پگھا**: مذکر؛ وہ رسّی جو بیلوں کے پانوؤں میں رکاوٹ کے لیے ڈال دی جاتی ہے، پچھاڑی۔
—— **پوڑھا**: مضبوط، مستقل، طے شدہ۔
—— **پھوڑا**: (۱) پکا یا ہوا پھوڑا، مواد بھرا ہوا پھوڑا (۲) (مجازاً) غم گین، ستم رسیدہ، پُر درد، آزردہ۔
—— **جن**: پڑھا جن، بڑا چالاک جن، ایسا جن جسے شیشے میں اتارنا بہت مشکل ہو۔
—— **چٹھا**: سالانہ حساب کا مکمل کاغذ۔
—— **رنگ**: (۱) قائم رہنے والا، دیر پا رنگ، جو کچا اور چھوٹ جانے والا رنگ نہ ہو (۲) (مجازاً)؛ کالا رنگ۔
—— **قول**: پکا وعدہ، پکی بات۔
—— **کاغذ**: اسٹامپ کا کاغذ، وہ دستاویز جو اسٹامپ پر لکھی جائے۔
—— **کرنا**: (۱) کسی کام کے لیے مستعد کر لینا، مضبوط کرنا (۲) سبق خوب یاد کر لینا (۳) چالاک کرنا، ہوشیار کرنا، مستحکم کرنا۔
—— **گانا**: وہ کلاسیکی گانا جو راگ راگنیوں میں باضابطہ گایا جائے۔
پکّی گوٹی: چوسر یا پچیسی کی وہ گوٹ جو سب گھروں میں پھر چکی ہو۔
پکا دینا: (۱) پکا کے تیار کرنا (۲) (مجازاً)؛ ستانا، تکلیف دینا، کلیجا پکا دینا۔
پکار: مؤنث (۱) آواز، ہانک (۲) فریاد، دُہائی (۳) غل شور (۴) مانگ، جستجو، تلاشی، اعلان، منادی (۵) فریقین مقدمہ اور گواہوں کو عدالت میں حاضر ہونے کے لیے آواز دیا جانا۔
—— **اُٹھنا**: آواز بلند ہونا، آواز دینا۔
—— **پڑنا**: شہرت ہونا، دھوم ہونا، تلاش ہونا، جستجو ہونا۔
—— **دینا**: آواز دینا، جتا دینا، آگاہ کر دینا، مشہور کر دینا۔
—— **کرنا**: غل کرنا، فریاد کرنا۔
—— **کے**: کھلم کھلا، علانیہ، ڈنکے کی چوٹ پر۔
—— **لگانا**: سودا بیچنے والے کا آواز دینا۔
پکارنا: (۱) بلند آواز سے کہنا، چلا کر کہنا (۲) بلانا، ہانک لینا، (۳) چلانا، غل مچانا (۴) خبر کرنا، آواز دینا (۵) رٹنا، یاد کرنا، بھیک کے لیے آواز لگانا، فریاد کرنا۔
پکارے کہنا: کھلم کھلا کہنا، علی الاعلان کہنا۔
پکانا: (۱) پھل کو پختہ کر دینا، زخم میں مواد ڈال دینا، آگ میں پختہ کرنا (۲) (کنایتاً) عاجز کرنا، رنج پہنچانا
—— **ریندھنا**: کھانا تیار کرنا، پکانا۔
پکا پکایا: بالکل تیار، بنا بنایا، ٹھیک، بے مشقت۔
پکائی/پکوائی: پکانے کی اجرت۔
پکچر: PICTURE (رانگ)؛ مؤنث؛ فلم، تصویر۔
—— **ہاؤس**: HOUSE ——— (رانگ)؛ مذکر؛ سینما گھر۔
پکڑ: مؤنث؛ (۱) گرفت، بات کی گرفت (۲) وہ چیز جس سے کسی چیز کو پکڑتے ہیں (۳) مواخذہ، باز پرس، اعتراض، نکتہ چینی۔

(۴) بحث، مباحثہ، مناظرہ، حجت، تکرار (۵) گرفتاری۔ حراست۔

—— بُلانا: زبردستی بُلانا، گرفتار کرا کے منگانا۔

—— پکڑنا: کسی بات پر اڑ جانا، بات کی گرفت کرنا۔

—— جانا: (۱) گرفتار کیا جانا، ماخوذ ہونا (۲) الزام آنا۔ پوشیدہ بات کھل جانا۔

—— دھکڑ: دارو گیر، گرفتاریاں۔

—— رکھنا: روک رکھنا۔

—— کرنا / پکڑ لڑنا: کشتی کرنا۔

پکڑنا: (۱) ہاتھ سے تھامنا، مٹھی میں لینا (۲) گرفتار کرنا، قابو میں لانا، (۳) اعتراض کرنا، ٹوکنا، گرفت کرنا، روکنا۔ ٹھہرانا، پالینا۔

پکنا: (۱) کھانے یا کسی اور چیز کا آگ پر پکنا، پخت و پز ہونا۔ (۲) پھل کا پختہ ہو جانا (۳) بالوں کا سفید ہونا۔

پکنک: PICNIC (انگ)؛ مؤنث؛ گھر کے باہر کسی پُرفضا مقام پر تفریح کے لیے جانا جس میں کھانا پینا بھی شامل ہو۔

پکوان: مذکر؛ کھانے پینے کی تلی ہوئی چیزیں۔

پکوائی / پکائی: مؤنث؛ کھانا پکانے کی اُجرت۔

پکوڑا: مذکر؛ بڑی پھلکی۔

—— سی ناک: پکوڑے کی طرح پھولی ہوئی (بدنما) ناک۔

پکوڑی: مؤنث؛ بیسن کی تلی ہوئی پھلکی۔

پکی: مؤنث؛ (۱) آگ پر پکی ہوئی چیز (۲) قدرتی طور پر پکی ہوئی چیز پھل وغیرہ۔

—— اینٹ: پکی ہوئی اینٹ، (کچی اینٹ کے خلاف)۔

—— بات: طے شدہ معاملہ، تجربے کی بات، ہوشیاری کی بات۔

—— بیری کے بیر کھانے والے: (مثل)؛ سُست، کم ہمت لوگ، بغیر محنت مشقت کے زندگی بسر کرنے والے، مفت کا کھانے والے۔

—— پکائی: پکی ہوئی، تیار۔

—— پکائی کھانا: بغیر محنت مشقت کے گزر اوقات کرنا، مفت کی کھانا۔

—— تول: جس تول میں کمی بیشی نہ ہو۔

—— زبان / بولی: شہر والوں کی صاف شستہ بولی۔ شہر کی فصیح اور شائستہ زبان۔

—— سِلائی: مضبوط سِلائی (کچی سِلائی کے خلاف) جو سلائی آسانی سے کھل نہ سکے۔

—— عمر: (دہلی) جوان عمر۔

—— کرلینا: کسی بات کا پختہ کرلینا، جانچ اطمینان کرلینا۔

—— کھیتی: تیار فصل۔

—— ہو جانا: بات طے ہو جانا، معاملہ یقینی ہو جانا، کوئی شبہ نہ رہ جانا۔

پکے آم کے ٹپکنے کا ڈر: (مثل)؛ سن رسیدہ آدمی کے ہر وقت مر جانے کا خطرہ۔

پکیٹنگ: (پکے ٹنگ) PICKETING (انگ)؛ مؤنث؛ (۱) کسی تحریک کے تحت لوگوں کو اپنے فرض کی انجام دہی سے روکنا، (۲) (۵) دھرنا۔

پکھا: بازو، پہلو، دیکھو: پاکھا۔

پکھال: مؤنث؛ بڑی مشک جسے بیل پر لاد کر پانی بھرتے ہیں۔

—— پیٹا / پیٹو: بڑے پیٹ والا، بہت کھانے والا۔

پکھاوج: مؤنث؛ ایک قسم کا ڈھولک۔

پکھاوجی: مذکر؛ پکھاوج بجانے والا۔

پکھراج: مذکر؛ جواہرات کی قسم جو زرد یا سفید رنگ کا ہوتا ہے۔

پکھری: (۵) مؤنث؛ پھول کی پتی، پنکھڑی۔

پکھوا: مذکر؛ پہلو، گود، شانہ۔

پکھوڑا: مذکر؛ کاندھے کی ہڈی، کاندھا، شانہ۔

پکھیرو: مذکر؛ پرندہ۔

پ۔گ

پگ: (۵) مذکر؛ پیر، قدم، پانو۔

پگاہ: مؤنث؛ صبح، تڑکا، سحر۔

پگ ڈنڈی: مؤنث؛ پیدل چلنے کا راستہ، کھیتوں کے تنگ راستے۔

پگرانا/پگرانا: جگالی کرنا، کسی کا مال ہضم کر جانا۔
پگڑ: مذکر؛ بہت بھاری پگڑی۔
پگڑی: مؤنث؛ سر سے باندھنے کا دوپٹہ، دستار، عمامہ (۲) نفر، آدمی (۳) (مجازاً)، عزت، آبرو کی جگہ (۴) مکان یا دکان کرایہ پر لیتے وقت وہ رقم جو کرایہ کے علاوہ لی جائے۔
—— اُتارنا: (۱) آبرو لینا، عزت بگاڑنا (۲) لوٹنا، ٹھگنا، قیمت زیادہ لینا، دغا سے مال لینا۔
—— اُتر جانا: بے عزت ہو جانا، بے عصمت ہو جانا۔
—— اٹکانا: کسی سے برابری کا دعویٰ کرنا، ہم سری کا دعویٰ کرنا۔
—— اٹکنا: مقابلہ ہونا، ہم سری ہونا۔
—— اُچھالنا: (کنایتاً)؛ عزت بگاڑنا، ذلیل کرنا، بدنام کرنا۔
—— اُچھلنا: (کنایتاً)؛ رسوائی ہونا۔ شیخی کرکری ہونا، ذلت ہونا۔
—— باندھنا: (۱) دستار باندھنا، دستار بندی کرنا (۲) قدیم مقام ہونا، خلیفہ بنا دینا، استاد بنا دینا، خلعت دینا، گدی پر بٹھانا، تخت نشین کرنا
—— بدلنا: بھائی چارہ کرنا، بھائی بنانا، دوستی کرنا۔
—— بندھنا: سرداری یا وراثت کی پگڑی سر پر رکھی جانا، وارث بنایا جانا، قائم مقام بنایا جانا، خلعت ملنا، عزت آبرو ملنا استاد کی جگہ ملنا۔
—— پھیر کر رکھنا: (۱) بات پھر جانا، قول سے منحرف ہو جانا، فساد کے ارادے سے آمادہ ہو بیٹھنا (۲) پگڑی ترچھی رکھنا۔ غرور یا بانکپن دکھانا۔
—— رکھنا: پگڑی سر پر پہنانا، عزت آبرو بچانا، عزت بنائے رکھنا۔
—— کی شرم رکھنا: آبرو رکھنا، پگڑی کا احترام باقی رکھنا۔
پگلا: مذکر؛ پاگل کی تصغیر، دیوانہ۔
پگلانا/پگھلانا: (۱) گلانا، پتلا کرنا، ملایم کرنا، نرم کرنا، (۲) رحم دلانا، راضی کرنا۔
پگلنا/پگھلنا: (۱) پتلا ہو جانا، نرم ہو جانا، گل جانا (۲) راضی ہونا۔
پگنا: توام بنانا، قوام لپیٹنا کسی چیز پر۔

پ۔ل

پل: مؤنث؛ پلک مارنے بھر کا وقفہ، لمحہ، دم بھر۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔
—— کٹنا: تھوڑا سا وقت بھی کٹنا، لمحہ بھر گزرنا۔
—— مارتے میں/پل کے پل مارتے: لمحے بھر میں، دم بھر میں۔
پل: (ف) مذکر؛ وہ تعمیر جو دریا، یا نالے کے اوپر سے جانے کے لیے بنائی جائے۔
—— باندھنا: (۱) نشیبی جگہ کو پاٹ کر اوپر سے گزرنے کا راستہ بنانا (۲) چیزوں کا ڈھیر لگا دینا، کسی چیز کی کثرت کرنا۔ (۳) متواتر کوئی کام کرنا (۴) مبالغہ کرنا۔
—— صراط: مذکر؛ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ راستہ جس پر سے قیامت کے دن اچھے برے سب گزریں گے۔
پلا: مذکر؛ (۱) فاصلہ، بُعد، مسافت (۲) چادر یا دوشالے کا آنچل، یا دامن، کپڑے کا کنارہ، کھونٹ (۳) لوٹی کا ایک بازو (۴) ترازو کا پلڑا (۵) دامن تیر (۶) مدد، حمایت۔ (۷) سر کا بوجھ (۸) جوڑی کا ایک کواڑ، پٹ (۹) قینچی کا ایک ٹکڑا۔
—— بھاری ہونا: وزن دار ہونا (۲) دولت مند ہونا (۳) طاقت یا اثر میں زیادہ ہونا (۴) تعلقاتِ دنیا میں مبتلا ہونا۔ (۵) عزت و توقیر ہونا (۶) بہت فاصلہ ہونا۔
—— پاک ہو جانا: فیصلہ ہو جانا، معاملے ہو جانا، قرض ادا ہو جانا۔
—— پکڑ لینا: دامن پکڑ لینا، آسرا لینا۔
—— جھکنا: وزنی ہونا، غلبہ ہونا۔
—— چھڑانا: (۱) پیچھا چھڑانا، رہائی حاصل کرنا (۲) (عو) عورتوں کو رونے سے باز رکھنا۔
—— کرنا: (۱) پیچھا کرنا (۲) دوڑ جانا، دوڑ تک پہنچنا (۳) (مجازاً) منہ ڈھانک کر رونا، مصیبت پر رونا، ماتم کرنا۔

پلا : مذکر؛ کتے کا بچہ (حقارت سے)؛ بچہ۔

پلا آنا : گھسے پڑنا، چڑھے آنا، قریب گھسے چلے آنا۔

پلاٹ : PLOT (انگ) مذکر؛ (۱) قطعۂ زمین (۲) ناول، افسانہ، ڈرامہ، نظم وغیرہ کا خاکہ (۳) سازش، ساز باز۔

پلاٹینم : PLATINUM (انگ)، ایک بہت قیمتی دھات۔

پلاس : مذکر؛ ایک اوزار کا نام، جس کو سُنار، لوہار، بڑھئی، بجلی کا کام کرنے والے، کسی چیز کو پکڑنے، کسنے یا نکالنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

پلاستر : PLASTER (انگ) مذکر؛ (۱) پلاسٹر، استرکاری (۲) ضماد، لیپ۔

—— اُڑا دینا : (مجازاً)؛ بہت مارنا، مارتے مارتے کھال اُڑا دینا۔

پلان : PLAN (انگ) مذکر؛ نقشا، خاکہ، تجویز، منصوبہ، تدبیر، طریقہ کار۔

پلانا : (۱) کوئی پتلی چیز حلق سے نیچے اتارنا، (۲) پتلی چیز جسم کے اندر حلق کے ذریعے داخل کرنا۔

پلانیٹیریم : PLANETARIUM (انگ)؛ مذکر؛ ستارہ گھر، مصنوعی آسمان (جس کے ذریعے فلکیات کی تعلیم دی جاتی ہے)۔

پلاؤ : انسان کا پالا ہوا جانور، جنگلی سدھا ہوا جانور۔

پُلاؤ : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا کھانا جو چاول میں گوشت ڈال کر پکاتے ہیں۔

—— کی رکابی کہیں نہیں گئی : عیش و فراغت میں کمی نہیں ہے۔

پلائی : (۱) دودھ پلانے والی، دائی (۲) وہ لڑکی جسے دودھ پلایا ہو، وہ لڑکی جس کی اتاگری کی ہو۔

پلائی ووڈ : PLYWOOD (انگ) مؤنث؛ پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی ہوئی تہہ دار یا پرت دار لکڑی۔

پل پڑنا / جانا : گھس پڑنا، حملہ آور ہونا۔

پل پس کر : پرورش پاکر۔

پلپلا : مذکر؛ ملایم، نرم، جس چیز میں سختی نہ ہو، وہ پھل خصوصاً آم جو چوٹ کھانے، اور دب جانے سے سڑنے کے قریب ہو۔

پلپلانا : دباکر نرم کرنا، ملایم کرنا۔

پُلپُلا : مذکر؛ (۱) کھوکھلا، پولا (۲) دباکر نرم کیا ہوا پھل (۳) نرم و نازک۔

پُلپُلانا / پلپلانا : (۱) منہ میں چوسنا، مسوڑھوں یا اگلے دانتوں سے دباکر نرم کرنا (۲) پھل دباکر نرم کرنا۔

پلتھی مارنا : مؤنث؛ چادر تو بیٹھنا، دونوں پاؤں سمیٹ کر کولھوں کے بل بیٹھنا۔

پلٹا : مذکر؛ (۱) انقلاب، چکر، گردش (۲) بدلا، انتقام (۳) وہ چمچہ جس سے پوری، کچوری پکنے میں الٹتے ہیں۔

—— کھانا / لینا } (۱) تبدیل ہونا، ایک حالت سے دوسری حالت
پلٹے کھانا / لینا } ہوجانا، الٹ پلٹ ہوجانا، بات کہہ کر اس سے پھر جانا (۲) ایک رخ سے دوسرے رخ ہوجانا، گھومنا، چکر کھانا۔

—— پلٹ آنا : واپس آنا، لوٹ آنا۔

—— پڑنا : (۱) ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ ہوجانا (۲) (کنایتاً)؛ دوسرے شخص پر عشق کا اظہار کرنے لگنا، جاتے جاتے لوٹ پڑنا۔

—— جانا : (۱) برگشتہ ہوجانا، دگرگوں ہوجانا، راہ سے پھر جانا، (۲) انکار کرنا، مکر جانا۔

—— کے نہ دیکھنا : خبر نہ لینا، متوجہ نہ ہونا۔

—— پلٹانا : پھرانا، لوٹانا، واپس کرنا، واپس لینا۔

پلٹس : POULTICE مؤنث؛ وہ لیپ کی پٹی جو پھوڑے کے مواد کو پکانے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

پلٹن : PLATOON (انگ) مؤنث؛ پیادہ فوج کا ہزار سپاہیوں کا ایک دستہ۔

—— لیس ہونا : فوج تیار ہونا۔

پلٹنا : (۱) اُلٹنا، رخ بدلنا، نیچے کا رخ اوپر اور اوپر کا رخ نیچے کردینا، (۲) پھیرنا، بدلنا، کچھ کا کچھ کردینا (۳) حالت بدلنا۔ گردش کرنا، واپس ہونا، لوٹنا، مکرنا

پلّڑ: مذکر؛ دوپلی ٹوپی کا ایک پلّا۔
پلڑا: مذکر؛ (۱) ترازو کا پلّا (۲) دوپلی ٹوپی کا ایک پلّا۔
پلک: مؤنث؛ آنکھ کے پپوٹے کے بال (۲) دم، لمحہ۔
—— بچھانا: تعظیم کرنا، توقیر کرنا۔
—— بھیگنا: پلک کا آنسوؤں سے تر ہونا۔
—— جھپکانا: (۱) پلک مارنا (۲) (کنایتاً)؛ ڈرنا، تھوڑی دیر کے لیے سونا۔
—— جھپکتے میں/جھپکانے میں: ذرا سی دیر میں، بہت جلد، فوراً۔
—— ٹانکنا: شکاری پرندوں یا لڑنے والے مرغوں کی پلکیں سی دینا۔ (ان جانوروں کی تربیت کا ایک طریقہ ہے)۔
—— چڑھنا: بے انتہا غصے یا رنج کی وجہ سے آنسو نہ نکلنا۔
—— دریا: بڑا دانا، نہایت سخی۔
—— سے اٹھانا: تعظیم سے کوئی چیز اٹھانا۔
—— سے پلک لگانا: سونے کے لیے آنکھ بند کرنا، آرام لینا۔
—— سے پلک لگنا: نیند آنا۔
—— سے زمین جھاڑنا: (کنایتاً)؛ بے حد اطاعت کرنا، انتہا درجہ کی خدمت گذاری کرنا۔
—— سے نمک چننا/اٹھانا: نمک اگر گر جائے تو توقیر و تعظیم کے ساتھ اُسے سمیٹنا (اہلِ ہنود نمک کو خدا کی بڑی نعمت سمجھ کر اس کی توقیر کرتے ہیں)۔
—— لگنا/لگ جانا: تھوڑی دیر کو سو جانا، جھپکی لینا۔
—— مارتے میں/مارنے میں: تھوڑی دیر میں، لحظہ بھر میں۔
—— مارنا: پلک کو حرکت دینا، آنکھ سے اشارہ کرنا۔
—— نواز: (عو): دم بھر میں قصور معاف کرنے والا، (خدا کی صفت)۔
—— ہلنا: پلک سے اشارہ ہونا۔
پلکیں کترنا: خوبصورت بچوں کی پلکیں کترنا (نظر بد سے بچانے کے لیے)۔

پلنا: مذکر؛ (۱) پالنے کا مخفف، بچے کا جھولا، گہوارہ (۲) لازم پرورش پانا، (۳) گرمی پاکر نرم ہوجانا۔
پلنا: (۱) کچلا جانا، تیل نکلنا، کولھو میں پسنا (۲) بہت محنت کرنا بہت کوشش کرنا (۳) (کنایتاً) لڑنے پر آمادہ ہونا۔ پل پڑنا، پل جانا۔
پلندا: مذکر؛ مُٹھا، گڈی، بنڈل۔
پلنگ: بڑی چارپائی۔
—— بیر بٹھاکر روٹی دینا: بغیر کوئی کام لیے، بغیر کسی معاوضے کے کھلانا پلانا، آرام سے رکھنا۔
—— پر بٹھانا: بہت آرام دینا، عزت کرنا، بڑا بنائے رکھنا خدمت نہ لینا۔
—— پوش: وہ کپڑا جو بستر کو میلا ہونے سے بچانے کے لیے پلنگ پر ڈالتے ہیں۔
—— توڑ، سست کاہل آدمی، وہ آدمی جو کچھ کام نہ کرے پلنگ پر بیٹھا کھائے۔
—— کولات مار کر کھڑا ہوجانا: (عو) عورت کا زچگی سے خیر و خوبی کے ساتھ فارغ ہوجانا اور چلنے پھرنے لگنا، بیماری سے شفا پانا۔
—— کے بان توڑنا: بے کار بیٹھے رہنا۔
پلنگڑی: چھوٹا پلنگ۔
پلنگ: (ف)، چیتا، شیر کی ایک قسم۔
پلو: مذکر؛ (۱) آنچل، دامن، کنارہ (۲) چوڑی گوٹ، چوڑا ٹھپا۔
—— دار: وہ لباس جس کے کناروں پر سونے چاندی کی لیس لگی ہو۔
پلوٹھا/پلونٹھا/پہلوٹا: سب سے پہلا بچہ۔
پلوٹھی کا لڑکا: جو بچہ سب سے پہلے پیدا ہوا ہو۔
پلول: (ہ) مذکر؛ ایک قسم کی ترکاری، پرول۔
پلہ: (ف)، مذکر؛ (۱) درجہ، مرتبہ (۲) ترازو کا پلا یا پلڑا۔
پلی: مؤنث؛ ایک قسم کا چمچہ، گھی یا تیل نکالنے کا آلہ۔
—— جوڑنا: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا، انتہائی خست سے مال جمع کرنا۔

پَلّی : مؤنث؛ چھوٹا گاتو، جیسے ترچناپلّی، لے پلّی۔
پُلّی/پُلیا : مؤنث؛ چھوٹا پُل۔
پَلّے : (۱) پاس، گرہ میں (۲) دیکھو؛ پلّا۔
—— **باندھنا/سے باندھنا** : (۱) آنچل میں باندھنا (۲) بات خوب یاد رکھنا۔ سبق لینا، دتے ڈالنا (۳) بیاہنا، بیاہ دینا۔
—— **بندھنا/سے بَنْدھنا** : گلے پڑنا، پیچھے پڑنا، منسوب ہونا، بیاہ ہونا۔
—— **پار ہونا** : ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا۔
—— **پر آنا** : زد پر آنا۔
—— **پر ہونا** : (۱) فاصلے پر ہونا (۲) حمایت پر ہونا، مددگار ہونا۔
—— **پڑنا** : (۱) ہاتھ لگنا، حصّے میں آنا، ملنا (۲) بس میں آنا، پنجے میں پھنسنا۔
—— **جھاڑ کر کھڑا ہو جانا** : الگ ہو جانا، پیچھا چھوڑ کر بے تعلق ہو جانا، سب بانٹ دینا، سب کچھ صرف کر دینا۔
—— **دار** : مذکّر؛ جو مزدور غلّہ یا بوجھ بورے میں اٹھاتا ہے۔ بوجھ اٹھانے والا مزدور۔
—— **دار آواز** : دور تک جانے والی آواز، بلند آواز۔
—— **سِرے کا** : انتہائی درجے کا۔
—— **ہونا** : گرہ میں ہونا، پاس دام ہونا۔
پَلیت/پَلید : (۱) ناپاک، گندہ (۲) جن، بھوت۔
پَلیتا/فلیتا : (اصل میں 'فتیلہ' ہے) (ع)؛ مذکّر؛ (۱) بٹی ہوئی روئی کی چراغ کی بتّی (۲) بٹا ہوا یا مروڑا ہوا کاغذ (۳) وہ مروڑا ہوا کاغذ جس پر جنتر منتر لکھے ہوتے ہیں جس کو بھوت پریت کے بھگانے کے لیے جلاتے ہیں (۴) وہ ڈوری جسے جلا کر ڈائنامیٹ یا بارود اڑاتے ہیں۔
—— **چاٹ جانا** : (۱) بارود کا آگ نہ پکڑنا، بندوق اور توپ کا نہ چلنا (۲) کڑھائی کے تیل کا بھڑک اٹھنا۔
—— **دینا/لگانا** : (۱) بتّی سے آگ سلگانا (۲) توڑا لگانا، بتّی دکھانا، آگ لگانا (۳) (طنزاً)؛ جلانا۔
پلیتھن : مذکّر؛ (۱) خشکی، وہ سوکھا آٹا جو پیڑوں میں لگا کر روٹی پکاتے ہیں، (۲) وہ پھوک جو دودھ نکالنے کے بعد رہ جائے۔
—— **پکانا** : (متروک)؛ پتلا حال کرنا، گرد جھاڑنا، کسی خرابی اور بگاڑ میں لگے رہنا۔
—— **نکالنا** : خوب مارنا پیٹنا، بھرکس نکال دینا، مار مار کر ادھ موا کر دینا۔
—— **نکل جانا/نکلنا** : بڑا نقصان ہو جانا، تباہ حال ہو جانا۔
پلیٹ : PLATE (انگ) مؤنث؛ (۱) رکابی، طباق، (۲) تختی (دھات یا لکڑی وغیرہ کی)۔
—— **فارم** : FORM —— (انگ) مذکّر؛ (۱) ریلوے اسٹیشن کا وہ حصّہ جس سے لگ کر ریل گاڑی آکر ٹھہرتی ہے (۲) وہ چبوترا یا اونچی جگہ جس پر سے مقرّر لکچر دیتے ہیں (۳) جس پر اداکار ناٹک دکھاتے ہیں، سٹیج۔
—— **فارم ٹکٹ** : TICKET —— (انگ) مذکّر؛ وہ ٹکٹ جو ریلوے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے قیمتاً ملتا ہے
پلید : (ف)؛ ناپاک، گندہ۔
پلیگ : PLAGUE (انگ) مذکّر؛ طاعون، ایک وبائی بیماری۔
پلے گراؤنڈ : PLAY GROUND (انگ) مذکّر؛ کھیل کود کا میدان۔
پلین : PLANE/PLAN (انگ) مذکّر؛ (۱) ہوائی جہاز (۲) سطح، (۳) سادہ، ہموار۔
پلیئر : PLAYER (انگ)؛ کھلاڑی۔

پ - م

پمپ : PUMP (انگ) مذکّر؛ پچکاری۔
پمفلٹ : PAM PHLET (انگ) مذکّر؛ کتابچہ، رسالہ۔

پ - ن

پَن : پان، پانی اور پانچ کا مخفف۔

—— بھتّا: پتلے پکے ہوئے چاول، اُبلے ہوئے چاول جس میں پانی رہ جاتا ہے۔
—— بھرا: پانی بھرنے والا مزدور۔
—— بھری/بھرن: پانی بھرنے والی عورت۔
—— چکّی: مؤنث؛ وہ چکّی جو پانی کے زور سے چلتی ہے۔
—— ڈبّا: پان رکھنے کا ڈبّا۔
—— ڈبّی: (۱) ایک قسم کی مرغابی (۲) آب دوز کشتی۔
—— سُورَہ: وہ کتابچہ جس میں قرآن کی پانچ سورتیں ہوتی ہیں، پنج سورہ۔
—— سیرا/سیری: (۱) پانچ سیر کا باٹ (۲) پانچ سیر کا دیگچہ۔
—— شاخہ/پنج شاخہ: پانچ شاخوں والا چراغ، ایک قسم کی مشعل۔
—— کُٹّی: ایک قسم کا چھوٹا ہاون زیادہ تر پیتل کا جس میں پان کوٹتے ہیں۔
—— گُڈّی: مؤنث؛ ایک قسم کا کنکوّا۔
—— گھٹ: (پانی [کا] گھاٹ کا مخفف)؛ مذکر، پانی بھرنے کی جگہ جو گھاٹ پر ہوتی ہے۔
—— وارثی: مذکر؛ پان بیچنے والا (۲) مؤنث؛ وہ جگہ جہاں پان پیدا ہوتے ہیں۔
—— ہیارا/پیھارا: پانی بھرنے والا۔
پِن: FIN (انگ) مؤنث؛ آلپین، بغیر سوراخ کی گھنڈی دار سوئی۔
پُن: (س) مذکر؛ خیرات، ثواب کا کام، نیک کام۔
پنّا: مذکر؛ (۱) ہرے رنگ کا جواہر کا نام (۲) املی یا بھُل بھُلائے ہوئے آم کا شربت (۳) کتاب کا ورق (۴) کسی دھات کا ورق (۵) جوتی کے اوپر کا چمڑا۔
پنالٹی: (پے نالٹی)؛ PENALTY (انگ) مؤنث؛ سزا، جرمانہ۔
پناہ: مؤنث؛ بچاؤ، حمایت، سہارا، حفاظت۔
—— بہ خُدا: خدا کی پناہ، خدا بچائے۔
—— گاہ: مؤنث؛ پناہ کی جگہ، محفوظ رہنے کی جگہ۔
—— گیر
پنبجلی: (پن، بج، لی)، مؤنث؛ پانی کے زور سے مشین چلا کر پیدا کی جانے والی بجلی، (ہائی ڈرو الیکٹری سٹی)
پُنبہ: مذکر، مؤنث؛ روئی، کپاس۔
—— بہ گوش/دَر گوش: غافل، بے خبر، بہرا۔
—— دَہَن/دَہان: کم بولنے والا، کم سخن۔
—— پینا: (ف) مذکر؛ شراب کی بوتل کے منہ کے اوپر وہ روئی جو کاگ کے طور پر لگاتے ہیں۔
پَنپنا: حالت سنبھلنا، بڑھنا، سرسبز ہونا، کم زوری دور ہونا۔ ترقی کرنا۔
پَنتھ: مذکر؛ فرقہ، مذہب، دین، ملّت، گروہ، طریق۔
پنج: (ف)؛ پانچ (۵)۔
—— اَرکان: (ف) مذکر؛ پانچ ارکان (اسلام کے بنیادی اصول)، (کلمۂ شہادت، نماز، روزہ، زکات، حج)۔
—— آیَت: وہ کم سے کم سورتیں جو فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں۔ (چاروں قل اور سورۂ فاتحہ)۔
—— تَنِ پاک: شیعوں کی اصطلاح میں پیغمبرِ خدا، حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ۔
—— رُوزَہ حَیات: دنیا کی چند روزہ زندگی، ناپائے دار زندگی۔
—— شَنبَہ: (ف) مذکر؛ جمعرات۔
—— عَیب: (ف) مذکر؛ گھوڑے کے پانچ عیب؛ منہ زور شب کور، کہنہ لنگ، عشری، کمری۔
—— عَیبِ شَرعی: مذکر؛ اصطلاحی معنی؛ (۱) چوری (۲) زنا (۳) قمار بازی (۴) شراب خوری (۵) دروغ گوئی۔
—— گانہ: پانچوں وقت کی نماز۔
—— گنج: (ف)؛ مذکر؛ (۱) (مجازاً)؛ حواس خمسہ (۲) پانچوں وقت کی نمازیں (۳) خسرو پرویز کا خزانہ۔
—— نوبَت: (۱) پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہ اور امرا کی ڈیوڑھیوں پر بجائی جاتی تھی (۲) پانچوں باجے جو شادی

میں بجائے جاتے ہیں (۳) (کنایتاً)؛ پانچوں وقت کی نماز۔
—— ہزاری : مغل شاہی کا ایک منصب۔
—— سورہ : دیکھو پن سورہ۔
پنجاب : مذکر؛ ہندستان کی ایک ریاست۔
پنجابی : (۱) پنجاب کا رہنے والا (۲) پنجابی زبان۔
پنجر : مذکر؛ ڈھانچ، ڈھانچہ، پسلی۔
پنجرہ : مذکر؛ (۱) تیلیوں یا سلاخوں سے بنا ہوا جانوروں کے رکھنے کے لیے ایسا گھر جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے لے جا سکیں، قفس (۲) (مجازاً)؛ قالب انسانی۔
پنجرے کی کھڑکی کھول دینا : (مجازاً)؛ آزاد کرنا، آزادی دینا۔
پنجہ : (ف) مذکر؛ (۱) پانچ سے منسوب (۲) ہاتھ یا پاؤں کی پانچوں انگلیاں مع ہتھیلی کے، مٹھی (۳) جوتے کا اگلا حصہ جس میں انگلیاں رہتی ہیں (۴) علم کا اوپر کا وہ حصہ جس میں پانچوں انگلیاں ہتھیلی کے ساتھ بنی ہوتی ہیں (۵) پاخانہ صاف کرنے کی لوہے کی بنی ہوئی خاص وضع کی چیز جسے مہتر استعمال کرتے ہیں۔
—— آفتاب/خورشید : (اضافت کے ساتھ) سورج کی کرنیں۔
—— پھیرنا : (۱) پنجہ مروڑنا (۲) (کنایتاً)؛ غلبہ حاصل کرنا، دبالینا۔
—— شانہ : مذکر؛ کنگھی کے دندانے۔
—— کرنا/لڑانا : پنجہ پنجے سے ملاکر زور آزمائی کرنا، پنجے سے مقابلہ کرنا۔
—— کش : پنجہ لڑانے والا۔
—— لے جانا : غالب آجانا، حریف کا پنجہ موڑ دینا۔
—— مارنا : چنگل مارنا، جھپٹا مارنا، قابو میں کرنا۔
—— مروڑنا : پنجہ پھیرنا۔
—— مریم : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ایک قسم کی گھاس جسے حضرت مریم نے حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کے موقع پر ہاتھ سے پکڑا تھا۔
—— موڑنا : پنجہ پھیرنا۔
پنجوں پر چلنا/پنجوں کے بل پر چلنا : (کنایتاً)؛ اترا کر چلنا، غرور کرنا، زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا/لپٹنا/چمٹنا : (۱) کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہونا، کوئی کام نہایت مستعدی سے انجام دینا کسی کے پیچھے پڑ جانا، کسی کو ہمیشہ سخت وسست کہتے رہنا۔
پنجے سے چھوٹنا : آزاد ہونا، چنگل سے چھوٹنا۔
پنجے گاڑنا/جمانا : کسی جگہ قبضہ کرنا، جم کر بیٹھ جانا، قابض ہوجانا۔
پنجے میں لانا/لینا : بس میں لانا، قابو میں لانا، جال میں پھنسانا۔
پنجیری : مؤنث؛ ایک قسم کی مٹھائی جو گھر میں روا، شکر میوہ وغیرہ ملاکر گھی میں بھون کر بنائی جاتی ہے۔
پنج : (۱) پانچ کا مخفف (۲) ثالث، حکم، قوم کا سردار، مشیر (۳) عام لوگ (۴) تانت۔
—— بلی کہیں تو بلی سہی : (مثل)؛ اکثریت جو کہے وہی بات ٹھیک ہے، خواہ بات دل کو لگے یا نہ لگے۔
—— تنتر : (سنسکرت)؛ مذکر؛ (۱) عقل کی باتیں، پانچ مشورے پنچ تنتر (۲) ایک کتاب کا نام، ہتوپدیش۔
—— شیل : (ف)؛ پانچ خوبیوں کا مجموعہ، ہندستان اور چین کے درمیان ہونے والا ایک سیاسی معاہدہ۔
—— لڑی : مؤنث؛ گلے کا ہار (زیور) جس میں پانچ لڑیاں ہوتی ہیں۔
—— مل خدا، خدا مل پنچ : (مثل)؛ اکثریت جس فیصلے پر اتفاق کرلے اس میں خدا کی مرضی شامل سمجھو اس لیے پنچ کا فیصلہ گویا خدا کا فیصلہ ہے۔
—— مل بیٹھے کاج، ہارے چیتے نہ آوے لاج : (مثل)؛ چار آدمیوں کے صلاح ومشورے سے جو کام ہو اس کا نتیجہ خواہ کچھ نکلے انسان رسوائی سے بچ جاتا ہے۔
پنچوں کا کہنا سر آنکھوں پر، مگر پرنالا وہیں رہے گا : (مثل)؛ ایسے ضدی کی بات جو اپنی ہٹ پر اڑا رہے۔

پَنچایَت : مؤنث ؛ (۱) گاؤں کے چنے ہوئے چند لوگوں کی مشاورتی کمیٹی، جو وہاں کے چھوٹے موٹے جھگڑے چکا دیتی ہے۔ ثالث، حَکم (۲) بھیڑ لگانا۔

—— بَدنا/جُوڑنا : معاملے کے فیصلے کے لیے پنچایت بلانا۔

—— نامَہ : مذکر ؛ پنچ کا فیصلہ۔

پَنچایَتی سالا : ہر شخص کا سالا (ایک قسم کا عوامی مزاحیہ کلمہ ہے)۔

پَنچمی : مؤنث ؛ چاند کی پانچویں تاریخ۔

پَنچھالا/پَنچھلا : (۱) ہر وقت ساتھ رہنے والا، وہ بچہ جو ہر وقت ماں کے پیچھے پیچھے رہتا ہے (۲) کنکوے کی دُم (۳) نوکر، خدمت گار مصاحب (۴) مزاحًا ؛ خوشامدی۔

پَنچھی : (ہ) مذکر ؛ پرندہ، پکھیرو۔

پَنْد : (ف) مؤنث ؛ نصیحت، نیک صلاح۔

پَنْدار : (ف) مذکر ؛ (۱) غرور، خود پسندی، نخوت (۲) خیال، تصور۔

پِنْڈ : مذکر ؛ (۱) جسم، بدن (۲) آٹے یا چاول کا گولا (۳) بھنڈا تھوا۔

—— پڑنا : (۱) پیچھے پڑنا (۲) حصّے میں آنا، سپردگی میں آنا۔

—— چھوٹنا : پیچھا چھوٹنا، رہائی پانا۔

—— چھوڑنا : پیچھا چھوڑنا، بچنا، بچانا۔

—— کھجور : تر کھجور، جو عام طور پر پنڈوں کی شکل میں آتی ہے۔

پَنڈا : مذکر ؛ پُروہت، برہمنوں کی ایک قوم، مندر کے رسوم ادا کرنے والا۔

پِنڈا : مذکر ؛ (۱) جسم، بدن (۲) گولا، گول چیز۔

—— اچھوتا ہونا : (عو) ؛ باعصمت ہونا۔

—— پھپکا ہونا : بدن گرم ہونا، خفیف حرارت ہونا۔

—— جلنا : زیادہ بخار ہونا۔

—— دُھونا : نہانا، جسم دھونا۔

—— غوطہ کر ڈالنا : (عو) ؛ بدن دھو ڈالنا۔

—— کورا ہونا : (عو) باعصمت ہونا، بے بیاہی ہونا۔

پِنڈارا : (۱) غارت گر، لٹیرا (۲) بنجاروں کی ایک قوم۔

پِنڈاری : पिनडारी (ہ) مذکر ؛ (۱) لٹیرا، راہ زن، ڈکیت (۲) راہ زنوں کی ایک قوم جو کالی کی پوجا کرتی تھی۔

پِنڈال : مذکر ؛ شامیانہ، منڈپ۔

پِنڈالو : مذکر ؛ رتالو، بڑی اَرُوی، بڑی گھوئیاں۔

پَنڈِت : مذکر ؛ ہندوؤں کے علوم کے فاضل، برہمن، گرو۔ استاد، عالم، مذہبی قانون جاننے والا۔

پِنڈلی : مؤنث ؛ گھٹنے اور ٹخنوں کے بیچ کا حصّہ۔

پِنڈول/پِنڈور : مؤنث ؛ ایک قسم کی سفید مٹی جو پوتنے کے کام آتی ہے۔

پِنڈولَم : PENDULUM (انگ) ؛ مذکر ؛ دیوار کی گھڑی کا لٹکن۔

پِنڈی : مؤنث ؛ (۱) پنڈلی (۲) رسّی کا گولا۔

پُنَرجَنم : (ہ) مذکر ؛ مرنے کے بعد دوسرے جسم میں پیدا ہونا۔

پِنس/فِنس : (انگ) مؤنث ؛ پالکی، پینس۔

پَنسال : مؤنث ؛ پیاؤ، پانی پلانے کی جگہ، وہ گز یا پٹی جس سے پانی کی گہرائی اور اتار چڑھاؤ معلوم ہوتا ہے۔

پِنسِل : PENCIL (انگ) مؤنث ؛ سیسہ یا کسی رنگ کا قلم جس میں روشنائی کی ضرورت نہیں ہوتی، سخت مادہ ہوتا ہے، جو روشنائی کا کام دیتا ہے۔

پِنشَن : PENSION (انگ) مؤنث ؛ (۱) ملازمت سے سبکدوشی کے بعد ملازم کو ملنے والا وظیفہ (۲) وظیفہ حسنِ خدمت۔

پِنشنر : PENSIONER (انگ) مذکر ؛ وظیفہ پانے والا سرکاری نوکری کی میعاد ختم ہو جانے پر پنشن پانے والا۔

پِنک : (ہ) مؤنث ؛ نشے کی غنودگی۔

پِنکچر : PUNCTURE (انگ) مذکر ؛ چھید، سوراخ۔

پِنکی : وہ شخص جو افیم کے نشے میں ہو، افیم کی پینک میں مبتلا۔

پَنکھ : مذکر ؛ بازو، پَر، بال۔

—— پسارنا: (ا) بازو پھیلانا، اڑنے کا ارادہ کرنا، پر تولنا۔ (۲) (کنایتاً)؛ لالچ کرنا، حرص کرنا۔

پنکھا: مذکر؛ وہ مشہور چیز جس کو حرکت دینے سے ہوا ملتی ہے (۲) بادکش۔

پنکھے لگ جانا: (ا) پنکھوں کا لٹکایا جانا (۲) (ع و) (کنایتاً)؛ دل دھڑکنا۔

پنکھڑی: پھول کی پتی، برگ گل۔

پنکھی: (ا) ایک قسم کی چڑیا (۲) ایک قسم کا پتنگا۔

پنکھیا: (ا) چھوٹا پتنگا، پروانہ (۲) مؤنث؛ چھوٹا پنکھا۔

پنگوڑا: مذکر؛ بچوں کا جھولا، ہنڈولا۔

پنگھٹ: (ہ) مؤنث؛ پانی بھرنے کی جگہ، گھاٹ۔

پنّا: (ا) رونی تومنا، دُھننا (۲) (کنایتاً)؛ بکھاننا، برا بھلا کہنا، کسی کے باپ دادا کا نام لے کر گالیاں دینا۔

پنواڑا/پوارا: مذکر؛ (ع و) لمبی چوڑی بات، طول طویل قصہ، داستان۔

پنواڑی: پان بیچنے والا۔

پنہاری/پنہارن: (ہ) مؤنث؛ پانی بھرنے والی۔

پنہاں: (ف) صفت، چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ۔

پنی: مؤنث؛ (ا) رانگ، چاندی یا پیتل کا ورق (۲) جوتیوں کا وہ حصہ جس پر کلابتوں کا کام کیا ہوا ہو۔

پنیا: (ا) پانی کا، پانی میں رہنے والا (۲) بدمزہ، پھیکا سیٹھا۔

—— سانپ: وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہے۔

—— سوپ: وہ تالاب جس میں سوتیں ہوں۔

—— کال: مذکر؛ جو قحط پانی کی زیادتی کی وجہ سے پڑے۔

پنیر: (ف)؛ مذکر؛ دودھ سے خاص ترکیب کے ساتھ ایک نمکین چیز بنائی جاتی ہے۔

—— پنیری جمانا: (ا) پنیر کی چکتیاں بنانا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا، کوئی ایسا کام شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکلیں۔

—— چٹانا: (دہلی)؛ لالچ دینا، خوشامد کرنا، رشوت دینا۔ مکھن لگانا۔

پنیر مایہ: وہ جما ہوا دودھ جو حیوانوں کے بچوں کے پیٹ میں ہوتا ہے (یہ دودھ وٹامن کا کام دیتا ہے)۔

پنیری: مؤنث؛ (ا) چھوٹے چھوٹے بوٹے، پھلوں کے چھوٹے چھوٹے پودے، نیز وہ کیاری، جس سے پودے اکھاڑ کر تمباکو یا گوبھی وغیرہ کی طرح دوسری جگہ لگاتے ہیں (۲) کھٹے کے اوپر کا گودا جو پھانکوں کے اوپر ہوتا ہے (۳) پنیر سے بنی ہوئی چیز۔

پنھانا/پہنانا: کپڑے پہنانا، زیور سے آراستہ کرنا۔

پنھتر بگاڑ دینا: حواس بگاڑ دینا، پریشان کر دینا۔

پنھیارا: پانی بھرنے والا۔

پ - و

پو: (ا) تڑکا، صبح کا اجالا، (۲) چوسر کھیلنے کی ایک اصطلاح (۳) سہیل۔

—— بارہ: مذکر؛ (ا) چوسر کے بارہ دانوں کی ایک پو کا حاصل (۲) (کنایتاً)؛ ہر طرح سے فائدہ، مزے۔

—— بارہ ہونا/بارے ہونا: (ا) جیت ہونا، فائدہ ہونا مال ہاتھ لگنا (۲) بن آنا (۳) مزے ہونا۔

—— پھٹنا/پھوٹنا: تڑکا ہو جانا، صبح ہو جانا۔

—— چھکا: جوا۔

—— چھکے اڑنا: عیش میں بسر ہونا۔

—— سیرا: پادسیر۔

—— قدمی چال: وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم (ڈگ) رکھے جائیں۔

پوا: مذکر؛ (ا) پادسیر، (۲) چوتھائی۔

پوارا: مذکر؛ لمبی چوڑی داستان، بہت طول طویل بات۔

پوال/پیال: مؤنث؛ سوکھی گھاس، بھوس، وہ سوکھی گھاس جو بیل یا دوسرے جانور کھاتے۔

پوائنٹ: POINT (رانگ) مذکر؛ نکتہ، نقطہ، نوک، نشان، امر، بات، اعتباریہ، دوڑ کا مقام، وہ نمبر

جو کھیل میں دیے جاتے ہیں۔

پوپ: POPE (انگ) مذکر: رومن کیتھولک کا سب سے بڑا پادری، پاپائے اعظم۔

پوپلا: مذکر؛ بے دانت کا۔

پوت / پوتھ: مؤنث؛ کانچ کے سوراخ والے چھوٹے چھوٹے موتی، شیشے کے دانے۔

—— پورا کرنا: کمی پورا کرنا۔

—— کا چھلا نہ ہونا: زیور کے قسم کی کوئی ادنا سی چیز بھی نہ ہونا۔

پوت: مذکر؛ بیٹا، فرزند۔

—— بہو / پوت بہو: پوتے کی جورو

—— کے پانو پالنے ہی میں معلوم ہوتے ہیں: (مثل)؛ انسان کے اچھے برے ہونے کے آثار کا اندازہ بچپن ہی میں ہوجاتا ہے۔

پوتوں پھلے: دعا۔ کثرت سے اولاد ہو، نسل بڑھے۔

پوتا: مذکر؛ (۱) بیٹے کا بیٹا، اولاد (۲) پچارے کا کپڑا، پچارا۔ پوتا مٹی (سفید مٹی)۔

—— پھیرنا: پچارا پھیرنا، پوتنا۔

پوتر: (ہ) پاک، صاف۔

پوترا: مذکر؛ وہ کپڑا یا ربر جو چھوٹے بچوں کی کمر کے نیچے بچھایا جاتا ہے تاکہ پیشاب، پاخانہ اسی پر گرے۔

پوتروں کا امیر / رئیس: پیدائشی امیر، خاندانی رئیس۔

—— کا دلدری: سدا کا کنگال، ہمیشہ کا غریب مفلس۔

پوتنا / پوتنا: (۱) کوچی، پوچا، وہ لتا جس سے سفیدی پھیرتے ہیں (۲) لیپنا، پوتا پھیرنا، سفیدی کرنا۔

—— پھیرنا: سفیدی کرنا، مٹی میں کپڑے کو لتھیڑ کر دیوار یا فرش پر پھیرنا۔

پوتھا: مذکر؛ بڑے حجم کی قلمی کتاب جس کے لمبے ورق علاحدہ علاحدہ لکھ کر بیچ میں سی دیے گئے ہوں۔

پوتھی: مؤنث؛ (۱) ہندوؤں کی مذہبی کتاب (۲) علم نجوم کی کتاب (۳) علم موسیقی کی کتاب (۴) بہی، کتاب (۵) لہسن کی گرہ، گانٹھ۔

پوٹ: مؤنث؛ (۱) گٹھری، بنڈل، انبار (۲) اخبار یا کتاب کے دو جڑے ہوئے صفحوں کے بیچ کی بے لکھی خالی جگہ (۳) افراط، کثرت (۴) مردے کے کفن کے اوپر کی چادر، کفن

پوٹا: مذکر؛ (۱) جانوروں کا معدہ (۲) (دہلی) حقیقت طاقت بساط، حوصلہ۔

—— تر ہونا: (۱) پیٹ بھر کھانا، شکم سیر ہونا (۲) (کنایتاً)؛ مال دار ہونا۔

پوٹاش: POTASH (انگ)، ایک کیمیائی مرکب۔

پوٹاشیم: POTASSIUM (انگ)، مذکر؛ ایک قسم کا چمک دار کیمیائی عنصر۔

پوٹلا: مذکر؛ بڑا بنڈل۔

پوٹلی: مونث؛ (۱) وہ کپڑے کی دھجی جس میں دوا باندھ کر بھگوتے یا لگاتے ہیں (۲) چھوٹی گٹھری۔

پوجا: مؤنث؛ مذکر، عبادت، پرستش۔

—— پاٹ: مونث؛ مذکر، عبادت، پرستش۔

پوجاری / پجاری: پوجا کرنے یا کرانے والا، پنڈت۔

پوجنا: پرستش کرنا، نذر کرنا، چڑھاوا چڑھانا۔

پوچ: مونث؛ خالی، بے مغز، کھوکھلا، مہمل، بے معنی۔

—— لچر: بے اصل، مہمل، بے معرف، سست، ضعیف۔

—— مغز: (کنایتاً)؛ احمق، فضول بکنے والا۔

پوچھ پاچھ / پوچھ تاچھ: مؤنث؛ تحقیقات، تفتیش، دریافت

پوچھا پاچھی: مؤنث؛ دریافت، تفتیش، تحقیقات۔

پوچھا جانا: باز پرس ہونا، جواب طلب کرنا۔

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے: (مثل)؛ محنت اور جستجو سے کام یابی ہو ہی جاتی ہے۔

پوچھ دینا: دعا سلام کہنا۔

پوچھ گچھ: مؤنث؛ پرسش، آو بھگت، قدر و منزلت، تحقیقات

پوچھنا: (۱) دریافت کرنا، معلوم کرنا، واقفیت حاصل کرنا، خیر و عافیت دریافت کرنا (۲) دعا سلام کہنا، حال دریافت کرنا۔ (۳) اجازت حاصل کرنا، صلاح لینا، مشورہ کرنا (۴) آو بھگت

توقیر، قدر و منزلت (۵) بلانا، طلب کرنا (۶) مدد کرنا۔

پُوچھنا یا چھنا : دریافت کرنا۔

—— **گچھنا** : (گچھنا تابع مہمل) پرسان ہونا، پرسش ہونا۔

پُوچھو دن کی بتائے رات کی / پُوچھو زمین کی کہے آسمان کی : (مثل) ؛ سوال کچھ جواب کچھ، اول جلول باتیں کرنا۔

پُوچھین : پیر ہاتھ کو صاف کرنے کا کپڑا، آہ سانی، دیکھو ؛ پونچھن۔

پُود : مؤنث ؛ ہرے ہرے وہ ننھے پودے جو ذرا بڑے ہو جانے پر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں (۲) نسل، پیڑھی۔

—— **جمانا** : (کنایتاً) ؛ بنیاد قائم کرنا، مطلب براری کی ترکیب۔

پُود : (ف) ؛ بانا، جس کو تانے میں ڈال کر کپڑا بنتے ہیں (اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا، تار پود کہتے ہیں)۔

پودا : مذکر ؛ بوٹا، چھوٹا درخت ۔

پُودار : مذکر ؛ فوطے دار کا بگڑا ہوا لفظ ہے (۱) فوطہ، تھیلی (عربی میں) (۲) محصول لینے والا، عہدہ دار (۳) خزانچی۔

پُودنا : مذکر ؛ ایک چھوٹا پرندہ (۲) بونا (۳) نہایت پستہ قد آدمی۔

پودینہ : (ف) مذکر ؛ ایک مشہور خوش بودار پودا۔

پودھا : مذکر ؛ چھوٹا درخت، نیا درخت (دیکھو پودا)۔

پوڈر : POWDER (انگ) ؛ مذکر ؛ (۱) سفوف بُرادا (۲) ایک خوشبودار سفوف جو چہرے اور جسم پر لگاتے ہیں۔

پُور / پُورا : محلہ، گانو، قصبہ، شہر (بالعموم کسی نسبت کے ساتھ)۔

پُور / پُورا : مؤنث، مذکر، (۱) ہاتھ کی انگلی میں جو تین جوڑ ہوتے ہیں ان میں سے ایک جوڑ (۲) گنے یا بانس میں ہر ٹکڑے کے بعد جو گرہ ہوتی ہے وہ ٹکڑا۔

پُور پُور : (۱) بند بند، جوڑ جوڑ (۲) جسم کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ۔

پُور : (ف) مذکر ؛ بیٹا۔

پُور : (۱) چنے یا ماش کی دال جو کچوری میں ڈالتے ہیں (۲) سیلاب۔

پُورا : تمام، کُل، سب ؛ تجربہ کار، کامل، لبالب۔

—— **اُترنا** : (۱) وزن میں ٹھیک ہونا (۲) جانچ اور آزمایش میں کامل نکلنا۔ کامیاب ہونا، منشاء کے مطابق ہونا، کام یا خاطر خواہ انجام پانا۔

—— **پڑنا** : (۱) کافی ہونا، کمی نہ پڑنا (۲) اچھی طرح گزر بسر ہونا فراغت سے گزرنا۔

—— **پُورا** : بالکل۔ ٹھیک، کامل۔

—— **ہاتھ پڑنا / مارنا** : پورا وار کرنا، پورا حملہ کرنا۔

—— **ہونا** : امید بر آنا، ارمان نکلنا، تلافی ہو جانا، تکمیل کو پہنچنا مقدار۔ آزمایش، امتحان میں ٹھیک اُترنا۔

پُورب : مذکر ؛ مشرق۔

پُوربی : مؤنث ؛ (۱) پورب سے منسوب (۲) پورب کی زبان۔

پُوربی زردا : ایک قسم کا لمبے پتے کا تمباکو۔

پُوربیا : مذکر ؛ پورب کا باشندہ۔

پُورتی : (ف) مؤنث ؛ بھرا ہوا، تمام، پورا، آخر، ختم، انجام۔

پُورٹ : PORT (انگ) ؛ مذکر ؛ بندرگاہ۔

پُورٹر : PORTER (انگ) ؛ مذکر ؛ مزدور، قلی، سامان اٹھانے والا۔

پُورٹ ٹرسٹ : PORTTRUST (انگ) ؛ مذکر ؛ (۱) بندرگاہ کی انتظامیہ (۲) بندرگاہوں کے انتظامی امور کا ادارہ۔

پُورٹریٹ : PORTRAIT (انگ) ؛ مذکر ؛ مکمل تصویر فوٹو، پینٹنگ، شبیہہ۔

پُورنا : (۱) بُھنا (۲) بھرنا (۳) روٹی میں چنے یا ماش کی دال ڈالنا۔

پُورنما / پُورن ماشی : (ف) مؤنث ؛ چاند کے اجالے پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔

پوروا / پُروا : (۱) پورب کا، مشرقی (۲) مشرق کی ہوا۔ (۳) چھوٹی بستی (۴) پور کی تصغیر (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

پوری : مؤنث ؛ چھوٹا پور (گنے کا)۔

پُوری : چھوٹی تلی ہوئی روٹی، (۲) پورا مکمل۔

—— **بات** : پورا مضمون، پورا مدعا، مکمل بات۔

پُورے دِن : نو مہینے، نواں مہینا۔
—— **لگنا** : حمل کا نواں مہینا لگنا۔
—— **دِنوں ہونا / پُورے دِنوں سے ہونا** : حمل کا نواں مہینا ختم ہونا، وضع حمل کے دن قریب ہونا۔
پُوڑا : مذکر؛ گُل گُلا۔
پُوزِش : مؤنث؛ معذرت۔
پُوزی : (ف) مؤنث : وہ تسمہ جو گھوڑے کے دہانے کے گرد رہتا ہے۔
پُوزِیٹِو (پوزے ٹو)؛ (انگ)؛ POSITIVE یقینی، حقیقی، فوٹو کا سیدھا رُخ، مُثبت۔
پوزیشن: POSITION (انگ)؛ مؤنث؛ مرتبہ، حیثیت، انداز، حالت۔
پُوس : مذکر؛ فصلی سن کا چوتھا مہینا جس میں جاڑے کی شدت ہوتی ہے۔
پوست : (ف) مذکر؛ (۱) جلد، کھال، چمڑی، بدن کا ظاہر حصہ (۲) خشخاش کی بونڈی (۳) چھلکا، بکّل۔
—— **اُستخواں باقی رہ جانا** : (۱) ہڈی چمڑا باقی رہ جانا، (۲) بہت دُبلا ہونا۔
—— **کَندَہ** : (ف)؛ کھلی بات، صاف صاف، علانیہ، بے لاگ۔
—— **کھینچنا** : کھال کھینچنا (پرانے زمانے میں کسی سخت جرم پر کھال کھنچوانے کی سزا دی جاتی تھی)۔
پُوستی : وہ کاغذ کا کھلونا جس کا پیندا بھاری ہوتا ہے، اُسے لٹاؤ، ٹیڑھا رکھو ہر صورت میں پیندے کے بل کھڑا ہو جاتا ہے۔
پُوستین : (ف) مذکر، مؤنث؛ بال دار چمڑے کا کوٹ، جانور کے کھال کا کُرتا، کھال کی پوشش۔
پُوسٹ : POST (انگ)؛ تعیّا، عہدہ۔
—— **آفِس** : OFFICE —— (انگ)، مذکر؛ ڈاک گھر، ڈاک خانہ۔
—— **کارڈ** : CARD —— (انگ) مذکر؛ (۱) وہ کارڈ جو ڈاک سے بھیجا جاتا ہے (۲) خط۔
—— **ماسٹر** : MASTER —— (انگ)؛ مذکر، ڈاک خانے کا افسر۔
—— **ماسٹر جنرل** MASTER GENERAL —— (انگ) مذکر؛ صوبے کے ڈاک خانوں کا ناظم اعلا۔
—— **مَین** : MAN —— (انگ)؛ ڈاکیا، چٹھی رساں خط بانٹنے والا۔
پوسٹر : POSTER (انگ) مذکر؛ وہ اشتہار جو سرِ راہ دیواروں پر چپکائے جاسکیں، دیواری اشتہار
پوسٹل : POSTAL (انگ)؛ (۱) ڈاک خانے سے متعلق (۲) ڈاک کا۔
—— **آرڈر** : ORDER —— (۱) نقد نامہ جو ڈاک گھر سے اجرا ہوتا ہے، (۲) محکمہ ڈاک کا نقد نامہ۔
پوسٹل گائڈ : (انگ)؛ ڈاک خانے سے متعلق معلومات اور قواعد کی کتاب۔
پوسٹ مارٹم : (انگ) مذکر؛ موت کے بعد جسم کی طبی جانچ۔
پوسٹیج : POSTAGE (انگ) مذکر؛ ڈاک خرچ، ڈاک محصول۔
پوشاک : مؤنث؛ پہننے کے کپڑے، لباس۔
پوشش : (ف)؛ (۱) لباس (پہننے کے کپڑے) (۲) اوپر ڈالنے کا کپڑا (عام طور پر اردو میں پوشاک صرف انسانوں کے لیے اور پوشش باقی حیوانوں اور چیزوں کے لیے استعمال کرتے ہیں)۔
پوشیدگی : (ف) مؤنث؛ ڈھکی چھپی بات یا چیز، پردہ، اخفا۔
پوشیدہ : (ف)؛ چھپا ہوا، خفیہ، پیٹھ پیچھے، (پردہ، مخفی، پنہاں۔
پوکنا : کسی چوپائے کا پتلا فضلہ، پاخانہ۔
پوکھر : مذکر؛ (۱) تالاب۔ ساگر (۲) پٹے بازی کی ایک اصطلاح۔
پول : پولا۔
پولا : مذکر؛ کھوکھلا، نرم، اندر سے خالی۔
پولا : مذکر؛ (۱) گھاس کا بنڈل (۲) چھپر کے پھوس کا گٹھا۔
پولی : مؤنث؛ چھوٹا پولا، مکئی جوار، باجرے کی گٹھیاں۔
پولاد / فولاد : مذکر؛ عمدہ لوہا، مضبوط، سخت۔

پُولٹری : POULTRY (انگ)؛ پالتو پرندے جیسے مرغی بطخ وغیرہ۔

—— **فارم** : FARM —— (انگ) مذکر؛ مرغی خانہ۔

پُولٹس : POULTICE (انگ) مؤنث؛ لیپ، ضماد۔

پولس / پُولیس : POLICE (انگ)؛ مؤنث؛ وہ سرکاری محکمہ جو شہری نظم ونسق اور علاقے میں امن وامان کی دیکھ بھال کرتا ہے۔

پولیس اسٹیشن STATION —— (انگ) مذکر: تھانا، کوتوالی۔

پولنگ بُوتھ : POLLING BOOTH (انگ)؛ الیکشن میں ووٹ دینے کی جگہ۔

پُولو : (انگ) مذکر؛ چوگان کی قسم کا ایک انگریزی کھیل۔

پولیٹیکل : POLITICAL (انگ)، سیاسی، راج نیتک۔

پَون : تین چوتھائی حصہ، ایک میں چوتھائی کی کمی۔

پَوَن : مؤنث؛ ہَوا، باد۔

پَونا : مذکر؛ (۱) تین چوتھائی (۲) ایک قسم کی کف گیر جس سے تلی ہوئی چیزیں نکالتے ہیں۔

پُونا / پُونے : (۱) ایک مشہور شہر (بمبئی کے قریب)؛ (۲) دھاگا پرونا۔

پُونجی : مؤنث؛ سرمایہ، جائے داد، بساط، حقیقت۔

—— **پتی** : سرمایہ دار، دولت مند۔

—— **واد** : سرمایہ داری۔

پُونچھ / پُوچھ : دُم۔

پُونچھلا : مصاحب، ہر وقت ساتھ رہنے والا۔

پُونچھن / پُوچھن : (۱) وہ کپڑا جس سے کھانے کا برتن پونچھا جائے۔ (۲) بچا کھچا برتن کی تہ میں لگا ہوا کھانا، سالن

پُونچھنا : جھاڑنا، صاف کرنا، آلایش سے پاک کرنا۔

پُونچھ پاچھ : (پانچھتا بع مہمل)، جھاڑ جھوڑ، صفائی، ستھرائی۔

پونڈ : POUND (انگ) مذکر؛ (۱) تقریباً آدھا کلو کے برابر وزن (۲) انگلستان کا سونے کا سکہ۔

پونڈا : مذکر؛ ایک خاص قسم کا موٹا گنا۔

پُون سلائی : مؤنث؛ وہ پتلی لکڑی جس پر روئی کی پونیاں کاتنے کے واسطے بناتے ہیں۔

پُونگا : مذکر؛ (۱) بانس، بانس کا پور (۲) نلی، پانو کی نلی۔ موٹا بانس جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے (۳) (مجازاً)؛ احمق۔ بے وقوف۔

پُونگی : مؤنث؛ باجا، ایک قسم کا سپیروں کا باجا۔

پُونوں : مؤنث؛ قمری ہندی مہینے کا آخر دن۔

پونی : مؤنث؛ لمبی ہوئی روئی کی چھوٹی ذرا سی موٹی سی بتی جسے چرخے میں لگا کر تار نکالتے ہیں۔

پوہنچا : مذکر؛ دیکھو، پہنچا، پہنچی۔

پوئی : مؤنث؛ گھوڑے کی میانہ چال، دُلکی چال۔

پوئیا : دُلکی چال۔

پوئیوں جانا : دُلکی جانا، میانہ چال چلنا۔

پویلین : PAVILION (انگ) مذکر؛ تماشائیوں کی خاطر کھیل دیکھنے کے واسطے لگا ہوا، شامیانہ، یا بنا ہوا بنگلہ (۲) بڑا خیمہ (۳) باغ میں بنی ہوئی بارہ دری۔

پُویہ : (ف) مذکر؛ دوڑنا، گھوڑے کی ایک چال کا نام۔

پ - ہ

پَہ : پتر کا مخفف؛ لیکن، مگر۔

پہاڑ : مذکر؛ کوہ۔ جبل (۲) (کنایتاً)؛ طول طویل، دراز (۳) ناگوار، کٹھن، اجیرن، مشکل۔

—— **اُٹھانا** : بڑا اہم کام کرنا۔

—— **ٹالنا** : (کنایتاً)؛ مصیبت دفع کرنا

—— **ٹل جانا** : (۱) (مجازاً)؛ پہاڑ ایسی مصیبت کا دفع ہونا۔ (۲) پہاڑ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

—— **ٹوٹنا / ٹوٹ پڑنا** : (کنایتاً)؛ سخت مصیبت آجانا، ناگہانی آفت آنا۔

—— دِن پڑا ہونا : دن کا بہت باقی رہنا۔
—— ڈھانا : بہت ظلم کرنا، بے حد ستم کرنا۔
—— زندگی : بڑی طول طویل ناگوار زندگی۔
—— سا دِن : بہت بڑا دن، ایسا دِن جس کا کاٹنا دشوار ہو۔
—— سی رات : بڑی مصیبت کی رات، بہت طول طویل رات۔
—— سے ٹکر لینا : زبردست سے مقابلہ کرنا۔
—— کاٹنا : دشوار کام کرنا۔ مشقت کا کام کرنا، سختی کے دن گزارنا۔
—— کی ڈانک : پہاڑوں کی لمبی قطار کا سلسلہ، سلسلۂ کوہ۔
—— کے پتھر ڈھونا : (کنایتاً) ؛ سخت محنت مشقت کرنا، جفاکشی کرنا۔
—— کے نیچے دَب جانا : مجبور ہوجانا، بے بس ہوجانا، مصیبت میں مبتلا ہوجانا۔
—— گرنا : اچانک مصیبت آجانا۔
—— گونج اُٹھنا : پہاڑ سے شور وغل کی آواز آنا۔
—— ہونا : دوبھر ہوجانا، کٹھن ہوجانا، دشوار ہوجانا۔

پہاڑی : مؤنث ؛ (۱) چھوٹا پہاڑ (۲) پہاڑ کا رہنے والا (۳) پہاڑی زبان۔
—— بکرا : مذکر ؛ ایک قسم کا بڑا بکرا جو پہاڑ پر ہوتا ہے۔
—— کوّا : مذکر ؛ بہت سیاہ، عام کوّوں سے کچھ نکلتا ہوا کوّا۔

پہاڑیا : (عم) پہاڑ کا رہنے والا۔

پہاڑا : مذکر : وہ ضرب دیے ہوئے عدد جن کے یاد کر لینے سے حساب میں آسانی ہوجاتی ہے۔

پہچان : مؤنث ؛ نشانی، علامت، شناخت، واقف کاری۔

پہچاننا : سمجھنا، اچھی طرح جاننا، شناخت کرنا، تمیز کرنا، معلوم کرنا۔

پہر : مذکر ؛ دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں سے آٹھواں حصہ۔
—— رات آنا / جانا : رات کا ایک پہر گزر جانا۔
—— کٹنا : پہر گزرنا، بسر ہونا۔

پہرا : مذکر ؛ (۱) حفاظت، چوکی (۲) سنتری، دربان۔ (۳) حراست، قید۔
—— اُٹھنا : پہرے چوکی کا موقوف ہونا۔
—— بٹھانا : حفاظت یا حراست کے واسطے پہرا مقرر کرنا۔
—— چوکی دینا : محافظت کرنا، پاسبانی کرنا۔

پہرے دار : مذکر ؛ چوکی دار، محافظ، دربان۔

پہرے میں دینا / پہرے میں رکھنا : حراست میں دینا قید کر دینا، بند کر دینا۔

پہل : (۱) مذکر ؛ دھنکی ہوئی روئی کا جمایا ہوا ٹکڑا، دھنکی ہوئی روئی کا گالا (۲) مؤنث ؛ کسی کام کی ابتدا، پیش قدمی۔ سبقت (۳) طرح، وضع۔

پہلا : مذکر ؛ (۱) اگلا (۲) پرانا (۳) ابتدائی (۴) اوّل نمبر کا، شروع کا۔

پہلو : (ف) مذکر ؛ (۱) پسلی، کوکھ، بازو (۲) جانب، طرف رُخ (۳) نگینہ، الماس، پھل (۴) طرز، طریقہ، انداز ڈھب، تدبیر (۵) بغل، آغوش، کنارا (۶) رمز، کنایہ (۷) قرب، پاس، پڑوس (۸) برابر، سامنے (۹) ترکیب حیلہ، بہانہ۔
—— آباد ہونا : پہلو گرم ہونا۔
—— بٹھانا : تدبیر کرنا۔
—— بچا جانا : کترا جانا، الگ ہوجانا، خوبی کے ساتھ علاحدگی اختیار کرنا۔
—— بدلنا : (۱) کروٹ بدلنا (۲) انداز بدلنا (۳) حیلہ کرنا۔ دوسرا طرز اختیار کرنا۔
—— بسانا : (۱) پڑوس آباد کرنا (۲) بغل میں لیٹنا (۳) قبر کے پہلو میں دفن ہونا۔
—— بستر سے نہ لگنا : بے چینی اور بے قراری رہنا۔
—— بہ پہلو چلنا : ساتھ ساتھ چلنا، برابر رہنا، پیچھے نہ رہ جانا۔
—— پر آنا : ڈھب پر آنا، انداز اختیار کرنا، کسی روش پر آنا۔
—— پھیرنا : روش بدلنا، طریقہ بدلنا۔
—— تہی کرنا : (معنی ؛ پہلو خالی کرنا) ؛ کمی کرنا، کوتاہی کرنا، چشم پوشی کرنا۔

—— چلنا : تدبیر کارگر ہونا۔
—— دار : (۱) کئی پہلو، اور کئی معنی والا، رمز والا، کنایہ والا، مشتبہ، مبہم، وہ بات جس کے کئی گوشے ہوں (۲) سہارے والی چیز۔
—— دَبا جانا : حال چھپا جانا۔
—— دَبانا : (۱) بازو دبانا (۲) دشمن کی فوج کے کسی حصے پر حملہ کر دینا، (۳) غالب آجانا، زیر کر دینا (۴) کسی پہلو کی طرف زور دینا (۵) (کنایتاً) : بہت قریب بیٹھنا۔
—— دَبتا : بات کم زور پڑنا، معاملہ کم زور ہونا۔
—— گرم کرنا : (کنایتاً) : ہم کنار ہونا، ہم بغل ہونا، پہلو میں پہنچ جانا۔
—— مارنا : برابری کرنا، ہم سری کرنا، انداز رکھنا۔
—— مِلنا : موقع ملنا، تدبیر ہاتھ آنا۔
—— میں بٹھانا : پاس بٹھانا، اپنے قریب بٹھانا۔
—— نکالنا : موقع نکالنا، بات پیدا کرنا، صورت نکالنا معنی نکالنا۔
—— نکل آنا : (۱) مطلب براری کا ڈھنگ نکل آنا، تدبیر ہاتھ آنا۔ حیلہ نکلنا، موقع نکلنا (۲) بات نکلنا، شبہہ پیدا ہونا رمز نکلنا۔

پہلوان : (ف) مذکر : (۱) توانا، دلاور، قوی جثہ، (۲) کشتی لڑنے والا۔
پہلوٹا / پہلونٹا / پلوٹھا / پلونٹھا : پہلی اولاد۔
پہلوی : (ف) ایران کی پرانی زبان۔
پہلی : پہلا کا مؤنث : ابتدائی، شروع کی۔
—— بسم اللہ غلط : (مثل) : ابتدا ہی سے کسی کام میں بگاڑ پیدا ہو جانا۔
—— منزل : (کنایتاً) : قبر۔
پہلے : آگے، اگلے زمانے میں، شروع میں، مقدم، اوّل۔
—— پہل : پہلی مرتبہ، اوّل اوّل، شروع شروع۔
—— تم پیچھے اور : (مقولہ) : سب سے پہلے تمہارا حق پھر دوسرے کا (تم کی جگہ مناسب موقع محل پر آپ، وہ، یہ)۔
—— گھر کے تو پیچھے باہر کے : اپنوں سے بچے تو غیروں کو دیا جائے۔
—— گھر میں چراغ تو پیچھے مسجد میں : (مثل) : پہلے گھر کی ضرورت پوری ہو تو پھر خیر، خیرات۔
—— لکھ پیچھے دے : بھول پڑے تو کاغذ سے لے : (مقولہ) : لین دین میں لکھ لینے سے بھول چوک نہیں ہوتی۔
—— مارے سو میری : (مثل) : جس کا وار پہلے ہو جائے وہی جیت میں رہتا ہے، جو سب سے پہلے کام کرتا ہے وہی کامیاب ہوتا ہے۔

پہن : (ف) : چوڑا، فراخ، کشادہ۔
پہنا : (ف) : چوڑا، فراخ۔
پہنائی : مؤنث : چوڑائی، وسعت، فراخی۔
پہنانا : لباس یا جوتے وغیرہ جسم پر پہنانا۔
پہناوا : مذکر : لباس پہننے کا ڈھنگ، کسی خطے یا جماعت کا خاص لباس۔
پہنچ : (۱) رسائی، دخل، باریابی، اختیار (۲) عقل کی رسائی فکر کی بلندی۔
پہنچا : مذکر : کلائی، دست بند۔
پہنچانا : لے جانا، ساتھ لے کر جانا، رخصت کر لے جانا۔
پہنچا ہوا : خدا رسیدہ، درویش کامل، برگزیدہ۔
پہنچنا : ایک جگہ سے دوسری جگہ تک جانا، وصول ہونا، حاصل ہونا (۲) ملنا، آجانا، وارد ہونا (۳) بات کی تہ سمجھنا۔ ہم سری کرنا، برابری کرنا۔
پہنچی : مؤنث : ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے۔
پہننا : (۱) کپڑا زیب تن کرنا (جیسے کرتا پہننا، ٹوپی پہننا)؛ جسم کے کسی حصہ پر کسی چیز کو استعمال کرنا (جیسے انگوٹھی پہننا۔ جوتا پہننا، ہار پہننا)۔
پہیا / پیا : مذکر : (۱) گول حلقے جن پر گاڑیاں چلتی ہیں۔ (۲) چکر۔
—— پھری ناک : بیٹھی ہوئی ناک۔
پہیلی : مؤنث : چیستان، گول مول بات۔

—— بجھانا / بجھوانا : مؤنث ؛ چیستان حل کرانا ، صاف صاف بات نہ کرنا ، ہیر پھیر سے کہنا۔
—— بوجھنا : پہیلی کا حل بتانا۔

پ - ی

پی : مذکر ؛ شوہر، معشوق ، محبوب۔
—— پی : مؤنث ؛ پپیہے کی آواز۔
—— کہاں : مؤنث ؛ پپیہے کی آواز سمجھی جاتی ہے۔
پیچھے : (۱) پیچھے (۲) پٹھا (۳) واسطے ، صدقے میں ، بدلے میں (۴) علامت ، نشان
—— دَر پیچھے / پیا پیچھے : لگاتار ، متواتر
پیا : مذکر ، دیکھو ؛ پی۔
—— جسے چاہے وہی سُہاگن : (مثل) ؛ عزت والا ، وقعت والا ، معتبر۔
پیادہ : (ف) مذکر ؛ (۱) جو پیدل چلے (۲) شطرنج کے ایک مہرے کا نام (۳) شاہی ہرکارہ ، چپراسی۔
پیادہ پا : پیدل۔
—— روی : مونث ؛ پیدل چلنا۔
پیار : مذکر ؛ محبت ، دوستی ، بوسہ ، لاڈ ، عشق۔
—— کا نام : وہ نام جو پیار سے رکھ لیتے ہیں ، خاص حلقوں تک محدود رہتا ہے۔
—— کرنا : (۱) چمکارنا (۲) چاہنا ، محبت کرنا (۳) بوسہ لینا۔
—— کی آنکھ / نظر : محبت بھری نظر ، پیار کی چتون۔
—— نکالنا : حسرت نکالنا ، ارمان نکالنا۔
پیارا : دوست ، محبوب ، لاڈلا ، عزیز ، یگانہ ، قریبی رشتے کا۔
پیارے : (جمع پیارا کی) ؛
پیاز (ف) مؤنث ؛ ایک مشہور جڑ جو کچی بھی کھائی جاتی ہے۔ اور مسالوں میں بھی پڑتی ہے ، پیاز کی آندی گھٹی۔
—— کے سے پرت اُتارنا : (۱) بہت باریک کرنا (۲) (مجازاً) ؛ بُرا بھلا کہنا۔
—— کے سے چھلکے اُدھیڑ کے رکھ دینا : بُری گت بنانا ، بُرا بھلا کہنا۔
پیازی : (ف) ؛ وہ چیز جس کا پیاز کا سا رنگ ہو ، ہلکا سرخ گلابی۔
پیاس : مؤنث ؛ (۱) پانی پینے کی خواہش (۲) (کنایتاً) ؛ تمنا ، آرزو۔
—— بُجھانا : تشنگی دور کرنا ، آرزو پوری کرنا۔
—— بھڑکنا : پیاس کی شدت ہونا۔
—— کا چٹکا : بار بار پیاس کی کیفیت۔
—— مارنا : پیاس کو روکنا ، تشنگی کو ضبط کرنا۔
—— مرجانا : پانی کی خواہش باقی نہ رہنا ، تشنگی خود رفع ہو جانا۔
پیاسا : مذکر ؛ (۱) جسے پیاس لگی ہو ، جسے پانی پینے کی حاجت ہو (۲) (مجازاً) مشتاق ، آرزومند۔
پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے ، کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا : (مثل) ؛ طالب ، مطلوب کے پاس جاتا ہے۔ مطلوب ، طالب کے پاس نہیں آتا۔
پیال / پُوال : مذکر ؛ دھان کا بھس۔
—— کے پانو : ناپائے دار ، (پیال پر پانو رکھیے تو دھنس جاتا ہے)۔
—— کے پانو کھڑے کرنا : اس کام پر آمادہ کرنا جس سے کوئی شخص ہمت ہار گیا ہو۔
پیالہ : (ف) مذکر ؛ کٹورا ، ظرف ، جام ، پیمانہ ، بھیک کا ٹھیکرا۔
—— اُٹھانا : فقیری اختیار کرنا ، گداگری اختیار کر لینا۔
—— بجانا : (دہلی) ، سقوں کا پانی پلانے کے لیے کٹورا بجانا۔
—— بھر جانا : (کنایتاً) ؛ دن پورے ہو جانا ، عمر تمام ہو جانا۔
—— چڑھانا : خوب شراب پینا۔
—— چھلک جانا : (کنایتاً) ؛ راز کھل جانا۔
پیالی : چھوٹا پیالہ۔
پیام : (ف) مذکر ؛ (۱) اپنی کوئی بات کسی تک پہنچانا خواہ تحریر سے یا کسی شخص کے ذریعے (۲) نسبت ، منگنی کی

بات چیت، خبر۔
—— اَجل : (اضافت کے ساتھ) ؛ موت ، انتقال ۔
—— بَرّ : (ف) مذکر ؛ پیام لے جانے والا، ایلچی، سفیر، قاصد
—— سَلام : مذکر ؛ زبانی بات چیت ، ملنا جلنا، خط یا کسی شخص کے ذریعے سوال جواب ۔
پیامی : پیام لے جانے والا ۔
پیانِسٹ : PIANIST (انگ) ؛ مذکر ؛ پیانو بجانے والا ۔
پیانو : PIANO (انگ) ؛ مذکر ؛ ایک قسم کا انگریزی باجا ۔
پیاو : مذکر ؛ سبیل ، وہ جگہ جہاں لوگوں کو پانی پلانے کا انتظام ہو
پیپ : مؤنث : زخم کا پیلا مواد ۔
—— پڑنا : (۱) زخم کا پکنا (۲) (مجازاً) ؛ روحی ایذا ہونا ۔
—— کلیجے میں ڈالنا : بہت رنج دینا ۔
پیپا : مذکر ؛ ڈھول کی طرح کا لکڑی یا ٹین کا برتن جو ایک طرف سے بند ہوتا ہے ، جس میں عام طور پر شراب ہوتی ہے ۔
پیپے خالی کرنا : کثرت سے شراب پینا ، پیپے میں جو چیز بھی ہو کثرت سے استعمال کر کے ختم کر دینا ۔
پیپر : PAPER (انگ) مذکر ؛ (۱) کاغذ ، اخبار (۲) امتحان کا پرچہ (۳) ہنڈی ۔
—— مِل : MILL —— (انگ) مذکر ؛ کاغذ سازی کا کارخانہ ۔
پیپر ویٹ : PAPERWEIGHT (انگ) ، (۱) کاغذ داب ، (۲) کاغذات کو دبا کر رکھنے کے لیے کانچ یا لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا ۔
پیپر مِنٹ : PEPPER-MINT (انگ) مذکر ؛ پودینے کا سَت ۔
پیپل : مذکر ؛ (۱) ہندستان کا ایک خاص بڑا سایہ دار درخت (۲) ایک دوا کا نام ۔
پیپلی : مؤنث ؛ پیپل کا پھل ۔

پیت : مؤنث ؛ محبت ، دوستی ۔
—— کی ریت نرالی : (مثل) : محبت کا انداز انوکھا ہے ۔
—— نہ جانے جات کُجات : (مثل) : محبت حسب نسب نہیں جانتی ، دل جس پر آجائے خواہ ذات کوئی ہو ۔
پَیتابا / پُیتاوا / پائے تابہ : مذکر ؛ (۱) وہ پتلا چمڑا جو جوتے میں رکھتے ہیں (۲) موزہ ، پاتابہ ۔
پَیترا : مذکر ؛ (۱) کشتی یا پٹے کے داؤ کے وقت کا انداز اور ٹھاٹ (۲) قدم کے نشان ۔
—— بدلنا : (۱) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے بموجب پانو کا آگے پیچھے رکھنا ۔ ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا (۲) فن سپہ گری دکھانا (۳) ناز و انداز سے چلنا (۴) کسی کی مخالفت میں تدبیریں بدلنا ۔
پیتل : ایک قسم کی مشہور پیلی دھات جو جست اور تانبے سے مل کر بنتی ہے ۔
پیتلی : پیتل کا ، پیتل کے رنگ کا ۔
پیٹ : مذکر ؛ (۱) شکم (۲) (کنایتاً) ؛ حمل (۳) گنجایش ، حوصلہ ظرف ، بھیتر ۔
—— اُپھرنا : پیٹ کا پھولنا ۔
—— باندھنا : (کنایتاً) ؛ خواہش سے کم کھانا ، فاقہ کرنا ۔
—— بُری بلا ہے : (مقولہ) ؛ پیٹ بڑی مصیبت ہے ۔ بھوک میں انسان سب کچھ کر ڈالتا ہے ۔
—— بڑھانا : دوسروں کے حصے پر دانت رکھنا ، ہوس بڑھانا ۔
—— بندھنا : دستوں کا بند ہو جانا ۔
—— بھرا : مذکر ؛ (۱) شکم سیر (۲) (کنایتاً) ؛ بے فکرا ۔ (۳) مال دار ، آزاد ۔
—— بھر جانا : (۱) جی بھر جانا (۲) اکتا جانا ۔
—— بھر کر : (۱) جی بھر کر ، خاطر خواہ (۲) بہت ۔
—— بھرنا : (۱) روکھا سوکھا کھا کر گزر کرنا (۲) آسودہ ہونا ، طبیعت بھرنا (۳) (کنایتاً) ؛ مال دار ہونا ، دولت مند ہونا ۔

—— بھرے رَذیلے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈرَیلے : (مقولہ) : ذلیل آدمی دولت مندی کی صورت میں، شریف مفلسی میں خطرناک ہوتے ہیں۔

—— کی باتیں / پیٹ بھرے کے گُن : بے پروائی کی باتیں شیخی یا تعلّی کی باتیں، غرور کی باتیں۔

—— پالنا : محنت مزدوری کرکے گزارا کرنا۔

—— پانی ہونا : (۱) دست آنا (۲) بہت پریشان ہونا۔

—— پر پتھر باندھنا : فاقے کی اذیت اٹھانا، بھوک دبانے کے لیے پیٹ پر پتھر باندھنا۔

—— پکڑنا : پریشانی اور اضطراب کی حالت ہونا۔

—— پورا کرنا : پیٹ پالنا۔

—— پونچھن / کھنچن : (عو) : وہ بچہ جس کے پیچھے کوئی اور بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔

—— پیٹنا : (۱) پیٹ بجانا (۲) (کنایتاً) بھوک سے بیتاب ہونا۔ بے صبری کرنا، ہوس کرنا (۳) پھڑپھڑانا۔

—— پیٹھ ایک ہو جانا : بھوک کی شدت سے پیٹ پیٹھ سے لگ جانا۔ دونوں ایک نظر آنا۔

—— پھاڑنا : (۱) تشکم چاک کرنا (۲) کسی کام میں جلدی کرنا۔ بے قراری دکھانا، (۳) ہوکا ہونا۔ بے صبری کرنا (۴) حسد کرنا نظر لگانا (۵) حصّہ لینے میں جلدی کرنا (۶) دل کا بھید ظاہر کرنا۔

—— پھُلانا : (۱) پیٹ کو سانس سے پھُلانا (۲) (عم) : حاملہ ہونا۔ (۳) (عو) : کھانے کے شوق میں تیار ہو کر بیٹھنا۔

—— پھولنا : (۱) پیٹ اُپھرنا، نفخ ہو جانا (۲) بے چین ہونا (۳) حمل سے ہونا۔

—— ٹھنڈا رہنا : دعا، اولاد کا زندہ رہنا، صاحب اولاد رہنا خوش رہنا۔

—— جاری ہونا : پتلے پتلے پانی سے دست آنا

—— جلنا : بہت بھوک لگنا، بخار معلوم ہونا۔

—— چپاتی ہونا : (۱) مارے بھوک کے پیٹ کا اندر دھنس جانا (۲) پیٹ ملائم ہونا۔

—— چلنا : زیادہ دست آنا۔

—— چوٹی : (عو) مؤنث : وہ عورت جس کا حمل پیٹ بڑا نہ ہونے کی وجہ سے جلد پہچانا نہ جا سکے، جس کو حمل ہو اور پیٹ زیادہ نہ بڑھے۔

—— چھٹنا : پیٹ کی موٹائی کم ہونا، پیٹ جھٹک جانا، عام موٹائی کم ہونا۔

—— چھوٹنا / چھُٹنا : دست جاری ہونا۔

—— ڈالنا : حمل گرانا۔

—— رکھانا : عورت کا مرد سے حاملہ ہونا یا مرد کا عورت کو حاملہ کر دینا۔

—— رہ جانا : حمل قرار پانا، حاملہ ہو جانا۔

—— سے پانو نکالنا / پیٹ سے باہر پانو نکالنا : (۱) ناشائستہ فعل کرنا (۲) بدی پر آنا (۳) خفیہ عیب یا ہنر ظاہر کرنا۔

—— سے ہونا : حاملہ ہونا۔

—— کا بچہ / لڑکا : وہ بچہ جو ابھی پیدا نہیں ہوا پیٹ میں ہے۔ سگا بچہ، حقیقی اولاد۔

—— کا پانی نہ ہلنا : (سواری میں) : گھوڑے سوار کا بے تکان بڑے آرام سے جانا، بالکل جنبش نہ ہونا۔

—— کا پُردہ : آنتوں کی جھلّی، اوجھڑی۔

—— کا پیٹھ سے لگ جانا : نہایت دُبلا ہو جانا۔

—— کاٹنا : کم کھا کر گزر کرنا، معمولی خوراک میں کمی کر دینا۔

—— کا ٹوٹا ہونا : فاقوں کا مارا ہونا، روٹیوں کا محتاج ہونا۔

—— کا دُکھ دینا : بھوکا مارنا، کھانے کو نہ دینا۔

—— کا دُکھیا : (۱) جسے پیٹ کا کوئی نہ کوئی آزار ہو (۲) (طنزاً) : بسیار خور بلانوش، نہایت مفلس، بھوکا۔

—— کا دھندا : پیٹ پالنے کا کام، روزی روزگار کی تدبیر محنت مزدوری۔

—— کا کپٹی : منافق، کینہ پرور۔

—— کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا، تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں : (مقولہ) : کپڑوں پر سب کی نظر پڑتی ہے سلیقے کے کپڑے پہننا چاہیے، کھانا چاہے جیسا بھی کھا لو کسی کی نظر میں

نہیں آتا۔

—— کا گہرا : رازدار، جو پیٹ کا ہلکا نہ ہو، جو بھید کو پیٹ میں رکھے ظاہر نہ کرے۔

—— کا ہلکا : جس کے پیٹ میں کوئی بات پچ نہ سکے، جو راز چھپا نہ سکے، جو بھید کی بات ظاہر کردے۔

—— کو لگنا : بھوک کا غلبہ ہونا، زور کی بھوک لگنا۔

—— کی آگ / آنچ : (۱) ماں کی ممتا (۲) بھوک (۳) اولاد، بال بچے۔

—— کی آگ بجھانا : بھوکے کو کھلانا، غریب کا پیٹ بھرنا، فقیر کو روٹی دینا۔

—— کی بات : دل کا بھید، راز۔

—— کے بال : وہ جنم بال جو بچے کے سر اور بدن پر ماں کے پیٹ ہی میں نکل آتے ہیں۔

—— کے گُن : اندرونی حال، چھپی ہوئی عادتیں۔

—— کھُل جانا : بھوک بڑھ جانا۔

—— گدرانا : حمل کی علامت ظاہر ہونا۔

—— گرانا : حمل گرانا۔

—— مسوسنا : بھوکا رہنا۔

—— میں انگارے بھرنا : حرام کا مال کھانا، یتیموں کا مال کھانا۔

—— میں آڑ ہونا : بچوں کو قبض کی وجہ سے پیٹ میں درد ہونا۔

—— میں آنت نہ منھ میں دانت : (مقولہ) : بوڑھا بھوس بہت ہی بوڑھا نہایت ضعیف و ناتواں۔

—— میں بل پڑنا : ہنسی کی شدت سے پیٹ میں شکن پڑنا۔ ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑنا۔

—— میں پالنا : فکر رکھنا، کوئی بات دل میں رکھنا۔

—— میں پانو ہونا : نہایت مکار ہونا، بہ ظاہر نیک معلوم ہو مگر اصل میں چھپا ہوا بد ہو۔

—— میں پڑا چارا، تو کودنے لگا بے چارا : (مثل) : کھایا تو طاقت آئی، مدد ملی تو شرارت کی۔

—— میں پیٹھنا / گھسنا : اپنے مطلب کے لیے کسی سے دوستی کرنا

—— میں ٹکڑا ڈالنا : کھانے پینے کی کفالت کرنا، روٹی دینا۔

—— میں چوہے دوڑنا : (کنایتاً) : زیادہ بھوک لگنا۔

—— میں چیونٹے کی گرہ ہونا : (عو) طنزاً : بہت کم خوراک ہونا۔ بے کھائے جینا، نزاکت کی وجہ سے کم خوراک ہونا۔

—— میں داڑھی ہونا : بچپن میں بوڑھوں کی سی باتیں کرنا۔

—— میں ڈالنا : بے رغبتی سے کھانا۔

—— میں سانس نہ سمانا : بے حد گھبراہٹ ظاہر کرنا۔

—— میں کھلبلی پڑنا / مچنا : پریشانی ہونا، گھبراہٹ ہونا اضطراب ہونا۔

—— میں گھسنا : مطلب کے لیے دوستی پیدا کرنا۔

—— میں گھوڑے دوڑنا : پیٹ میں گڑبڑ ہونا، قرار نہ ہونا۔

—— میں نہ سمانا / نہ پچنا : بھید نہ چھپا سکنا، راز نہ رکھ سکنا۔

—— میں ہول سمانا / پیٹ میں ہول سی اٹھنا : پریشان ہونا، بے حد گھبرانا۔

—— والی : مؤنث : حاملہ۔

پیٹا : (۱) جھول (۲) جوف (۳) کسی چیز کا وسط (۴) قابو، بس، حمایت (۵) تقریباً، دوران میں (۶) دریا کے بہنے کا راستہ دریا کا پاٹ (۷) حساب کی تفصیل جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۸) اوجھڑی (حیوانات کی)؛ (۹) کتاب کا متن مغز کے بیچ کا حصہ (۱۰) دور، گھیر۔

—— چھوڑنا : کنکوے کے ڈور کا جھول دینا۔

پیٹا : (عو) بے جا، نامناسب۔

—— پانی : مذکر : زور شور کا پانی۔

پیٹ پیٹ کر : (۱) بڑی مشکل سے، نہایت دقت سے (۲) مار مار کر۔

—— برسنا : بہت زیادہ بارش ہونا، بہت زور سے بارش ہونا۔

پیٹرن (پے۔ٹرن) : PATTERN (انگ)؛ مذکر : (۱) سرپرست، مربی، حامی (۲) نمونہ، مثال، طرز، انداز۔

پیٹنگ پیٹا / پیٹیا : مؤنث؛ (۱) کہرام، گریہ وزاری، نوحہ ماتم (۲) جھگڑا فساد۔

پیٹنا : (۱) مارنا، کوٹنا، چوٹ لگانا (۲) دکھڑا رونا (۳) کسی کا مرنا چاہنا۔ بُرا چاہنا (۴) حاصل کرلینا، کما لینا (۵) ماتم کرنا کسی کے غم میں سینہ کوبی کرنا (۶) گوٹ مارنا، مہرہ مارنا (شطرنج یا پچیسی میں)۔

پیٹنٹ : PATENT (انگ)؛ رجسٹری کرائی ہوئی ایجاد جس کو دوسرا نہ بنا سکے۔ مسلّم، مخصوص۔

پیٹو : بہت کھانے والا۔

پیٹی : مؤنث؛ (۱) بیلٹ (۲) وہ کپڑا جو بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کی کمر پر باندھا جاتا ہے (۳) ڈورا جو ایسے پائنچوں پر ندوں کی کمر میں باندھتے ہیں جنھیں ہاتھ پر بٹھایا جاتا ہے (۴) پٹکا، چمڑے کا چوڑا تسمہ، (۵) بکس، صندوقچہ۔

—— اُتارنا : سپاہی کا معطل ہونا۔

—— باندھنا : کمر کسنا، زچہ بچہ، پرندوں، کو پیٹی لگانا۔

پیٹھ : مؤنث؛ جسم کے پیچھے کا حصہ شانوں سے کمر تک۔

—— پر کا / پیٹھ کا : بعد کا وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو۔

—— پر کھانا : (کنایتاً)؛ بھاگتے ہوئے کسی چیز سے پیٹنا، سامنے نہ ٹھہر سکنا۔

—— پر ہاتھ پھیرنا : (۱) شفقت کرنا، پیار کرنا، چمکارنا (۲) حوصلہ بڑھانا، ہمت بڑھانا۔

—— پر ہونا : (۱) حمایت پر ہونا، مددگار ہونا (۲) ایک بچے کے بعد دوسرا بچہ پیدا ہونا۔

—— پیچھے : غیر حاضری میں، غیبت میں۔

—— بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں : (مَثَل)؛ پیچھے بُرا کہنے کا بُرا نہیں ماننا چاہیے۔

—— ڈال دینا : بے پروائی کرنا۔

—— پھیرنا : (۱) مُڑ کر بیٹھنا (۲) بے زاری کی وجہ سے ایک طرف سے دوسری جانب منہ کرلینا (۳) رخصت ہونا، جانا (۴) لڑائی سے بھاگنا، ہزیمت دکھانا۔

—— ٹھوکنا : (کنایتاً)؛ شاباشی دینا، حوصلہ بڑھانا، پیار کرنا۔

—— چارپائی سے لگ جانا : بیمار ہوجانا، صاحب فراش ہوجانا۔

—— دِکھانا : (۱) لڑائی سے بھاگ جانا، شکست کھانا (۲) روانہ ہونا، رخصت ہونا۔ سفر کو جانا۔

—— زمین کو / سے لگنا : دیکھو زمین سے پیٹھ لگنا۔

—— سیدھی کرنا : (کنایتاً)؛ آرام لینا۔ دیر تک پیٹھ جھکائے رکھنے کے بعد آرام لینا۔

—— کا : دیکھو، پیٹھ پر کا۔

—— کا کچا : پیٹھ کا نازک جانور جس کی سواری لینے سے پیٹھ جلد زخمی ہوجائے۔

—— لگ جانا / لگنا : (۱) لیٹے لیٹے پیٹھ میں گھاؤ پڑ جانا۔ زخم ہوجانا (۲) چت ہوجانا۔ کشتی میں مغلوب ہوجانا (۳) رگڑ سے جانور کی پیٹھ میں زخم پڑ جانا۔

پیٹھا : مذکر؛ کدو کی ایک قسم جس کی مٹھائی اور مربا بناتے ہیں۔

پیٹھنا : کسی چیز کا کسی چیز میں گھسنا، پیوست ہونا۔ جمنا، گڑنا، داخل ہونا۔

پیٹھنے والا : (۱) زبردستی گھسنے والا، مداخلت بے جا کرنے والا۔ (۲) غوطہ خور، غواص (۳) کنواں صاف کرنے والا۔

پیٹھی : مؤنث؛ مونگ ماش وغیرہ کی پسی ہوئی دال کی لگدی۔

پیجامہ : مذکر؛ دیکھو۔ پاجامہ۔

پی جانا : (۱) اتار جانا۔ نوش کرلینا (۲) (کنایتاً)؛ ٹال جانا۔ طرح دے جانا۔ خاموشی سے برداشت کرلینا۔

پیچ : مذکر؛ (۱) بَل، لپیٹ (۲) داؤ (۳) مروڑ۔ پیٹ کا درد۔ (۴) وہ چوڑیاں جو کسی کل وغیرہ میں کسی ہوتی ہیں (۵) چوڑیاں کسی ہوئی۔ کیل (۶) عقدہ، گتھی (۷) (کنایتاً)؛ دشواری، مُشکل (۸) (کنایتاً)؛ چال۔ فریب۔ دھوکا (۹) سوتوں کے لچھے، کنکوے کے پیچ۔ خلل۔

—— اٹھانا : (۱) رنج اور سختی اٹھانا (۲) ایک کنکوے کی ڈور دوسرے کنکوے کی ڈور سے علاحدہ کرلینا۔

—— پانچ / پاچ : مذکر؛ چالاکی۔ مکاری۔ فریب۔

—— پر چڑھانا : مخالف کو کشتی کے داؤ میں لانا۔ داؤ سے حریف

کو قابو میں کر لینا۔

—— پڑنا : (۱) الجھ جانا۔ مشکل میں پڑنا، دقت پیش آنا، ہرج ہونا خلل پڑنا (۲) تنگ بازوں کی اصطلاح میں پتنگ لڑانا۔

—— تاب : دیکھو؛ پیچ و تاب کھانا۔

—— چلنا : (۱) کشتی کے داؤں کا کارگر ہونا (۲) چال کامیاب ہونا تدبیر کارگر ہونا، فریب چل جانا۔

—— در پیچ : بڑا کٹھن۔ نہایت مشکل، پیچیدہ، الجھا ہوا۔

—— دینا : (۱) مروڑنا، بل دینا، لپیٹنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا دینا، جُل دینا۔

—— ڈالنا : (۱) فریب کا جال بچھانا، پیچیدگی بڑھانا (۲) مشکل میں ڈالنا، (۳) جھگڑا پیدا کر دینا، خلل ڈالنا (۴) پتنگ کاٹنے کے لیے ایک کی ڈور دوسرے میں ڈالنا (۵) پہلوان کے داؤں۔

—— کاٹنا : (۱) کنکوا کاٹنا (۲) کشتی میں داؤں کا توڑ کرنا۔

—— کھانا : (۱) غصے سے بے تاب ہونا، دل ہی دل میں غصہ ہونا۔ دل میں رنجیدہ ہونا (۲) بل کھانا، اینٹھنا۔

—— کھلنا : (۱) بل دور ہو جانا، لپیٹ چلی جانا (۲) پوشیدہ بات ظاہر ہو جانا۔

—— کھیلنا : داؤں کرنا گھات کرنا، چال چلنا، دغا دینا۔

—— لینا : پیچ لڑانا۔

—— میں لانا : فریب دینا، دھوکا دینا۔

—— و تاب کھانا : (۱) لپٹنا (۲) غضب ناک ہونا، بے قرار ہونا۔

—— و خم : (ف) مذکر؛ کجی، بل، پھیر۔

پیچ / پیچھ : مؤنث؛ چاولوں کا پسماندہ۔

پیچاں : بل کھائے ہوئے۔

پیچش : مؤنث؛ مروڑ، پیٹ میں درد ہو کر پاخانہ ہونے کی بیماری جس میں کبھی کبھی آنو اور خون بھی آتا ہے۔

پیچک : (۱) ریل، پکے سوت کی ٹکڑی (۲) چھوٹا تمنچا جس میں پیچ دار نال ہوتی ہے۔

پیچ کش : (ف)؛ وہ اوزار جس سے پیچ دار میخیں اکھاڑتے اور لگاتے ہیں، جس سے پیچ کھولتے ہیں۔ (انگ)؛ اسکرو ڈرائیور

پیچو : مذکر؛ (۱) زرد آلو، ایک قسم کا آڑو (۲) کریل کا کچا پھل۔

پیچوان : مذکر؛ حقے کی ایک قسم جس کی نے بہت لمبی ہوتی ہے جس کو پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں۔

پیچیدگی : (ف) مؤنث؛ (۱) مروڑ، بل (۲) الجھاؤ، دقت مشکل۔

پیچیدہ : (۱) لپٹا ہوا، الجھا ہوا (۲) (مجازاً)؛ وہ معاملہ جو غور و فکر سے معلوم ہو، بہت ٹیڑھا معاملہ یا راہ۔

پیچھا : مذکر؛ (۱) پچھلا حصہ۔ عقب (۲) غائبانہ، تعاقب، پیروی۔

—— بھاری ہونا : (۱) کسی کام کے آخر میں مشکل پیش آنا (۲) (کنایتاً)؛ بہت سے طرفدار ہونا۔

—— پکڑنا : (۱) کسی کے ساتھ برابر لگا رہنا، لگا لپٹا رہنا (۲) ستانا کسی کام کے پیچھے پڑ جانا۔ سر ہونا۔

—— چھوڑنا : مخلصی دینا، باز آنا، معاف کرنا۔ ترک کرنا، تعاقب چھوڑ دینا۔

—— دبائے چلا جانا : تعاقب کرنا۔

—— دکھانا : بھاگنا، پیٹھ دکھانا۔

—— کرنا : (۱) تعاقب کرنا، رگیدے چلے جانا (۲) سر ہونا، درپے ہونا (۳) ستانا، دق کرنا۔

—— لینا : پیچھے پڑ جانا، سر ہو جانا، دق کرنا، پریشان کرنا۔ پکڑنے کے لیے پیچھے دوڑنا، تعاقب کرنا۔ بار بار آنا۔

پیچھے : (۱) بعد میں؛ غیبت میں، عدم موجودگی میں (۲) پھر (۳) واسطے، برائے، باعث، سبب (۴) ہر ایک فی (۵) اخیر۔

—— پڑا رہنا : (۱) پشت کی طرف رہنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) پیچھے رہنا (۴) تضحیک اور رسوائی چاہنا (۵) سر ہونا۔ آڑے ہاتھوں لینا (۶) ستانا، دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا۔

—— چھوڑنا : (۱) مرنے کے بعد جائے داد یا وارث چھوڑنا (۲) ہم چشموں سے آگے نکل جانا۔

—— لپٹنا : پیچھے پڑنا۔
—— لگا دینا : مخالفت پر آمادہ کر دینا۔
—— ہو لینا : پیروی کرنا، تتبع کرنا۔
پیخانہ : مذکر : گو، آدمی کا فضلہ، بیت الخلا۔
—— خطا ہونا : (۱) بے ارادہ پیخانہ نکل جانا (۲) (مجازاً) ؛ بے حد ڈرنا۔
پیدا : (ف)؛ (۱) ظاہر، آشکارا (۲) دست یاب، میسر (۳) جنا ہوا (۴) کمائی، آمدنی، یافت، حاصل (۵) ایجاد، اختراع۔
—— کرنا : (۱) عالم وجود میں لانا، ظاہر کرنا، موجود کرنا (۲) جنانا، تولد کرنا (۳) معاش حاصل کرنا، کمانا (۴) حاصل کرنا، بہم پہنچانا (۵) ایجاد کرنا۔
—— وار : مؤنث و مذکر ؛ (۱) زراعت کا حاصل، تجارت وغیرہ کی آمدنی (۲) فصل۔
—— واری : پیدا ہونا۔
پیدائش : مؤنث ؛ (۱) خلقت، آفرینش (۲) نفع، آمدنی۔
پیدائیشی : خلقی، فطری، اصلی، جبلی۔
پیدل : مذکر ؛ (۱) پاپیادہ چلنے والا آدمی، پیادہ، پیادوں کی سپاہ، پیادوں کا لشکر (۲) شطرنج کا ایک مہرہ۔
پیڈ : PAID (انگ)؛ (۱) ادا کیا ہوا (۲) جس کا محصول ادا کر دیا گیا ہو۔
پیڈل : PEDAL (انگ)؛ مذکر؛ سائیکل کا پایدان جس پر پیر رکھ کر سائیکل چلائی جاتی ہے۔
پیر : مذکر ؛ (۱) پانو (۲) سراغ، نقش پا (۳) اناج صاف کرنے کی جگہ (۴) کھلیان (۵) انبار۔ غلہ جو صاف نہ کیا گیا ہو (۶) وہ جگہ جہاں بیل پر کھینچتے وقت بلندی سے نشیب میں جاتے ہیں۔
—— پھیلا کر سونا : بے فکری سے آرام کرنا۔
پیر : (ف)؛ (۱) بوڑھا، مسن (۲) ہادی، رہنما، مرشد (۳) (طنزاً) گرد گھنٹال، چالاک، مکار، اُستاد۔
پیران پیر : مذکر ؛ پیروں کے پیر، مراد حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ بڑے پیر۔
پیران کمی پرند مریدان می پرانند : (مثل)؛ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے پھرتے ہیں۔
پیرانہ سال/سر/سری : (ف)؛ مؤنث ؛ بڑھاپے کا زمانہ، حالت پیری، ایام پیری۔
پیر آپ ہی درماندہ، شفاعت کس کی کریں گے : (مثل)؛ جو خود محتاج ہو کسی نا چار کی کیا مدد کرے گا۔
پیر خرابات : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ (۱) صوفیوں کی اصطلاح : مرشد کامل جو شرعی قیود سے آزاد اور فنا فی اللہ ہو (۲) شراب خانے کا مالک۔
—— زادہ : مذکر ؛ مرشد کا بیٹا۔
—— زال/زن : بوڑھی عورت۔
—— طریقت : (اضافت کے ساتھ) صوفیوں کا مرشد۔
—— فرتوت : (اضافت کے ساتھ) بہت بوڑھا، بوڑھا پھوس۔
—— فلک : مذکر ؛ (اضافت کے ساتھ) آسمان۔
—— کرنا : مرشد بنانا۔
—— کنعاں : مذکر ؛ (اضافت کے ساتھ)؛ (کنایتاً) حضرت یوسفؑ کے والد حضرت یعقوبؑ۔
—— کی پیری سے کام، پیر کے فعلوں سے کیا کام : (مقولہ)؛ بزرگ کی بزرگی سے مطلب ہے اس کے افعال سے کوئی تعلق نہیں۔
—— مرد : بوڑھا آدمی۔
—— مغاں : (ف)، (اضافت کے ساتھ)؛ (۱) آتش پرستوں کا پیشوا (۲) شراب خانے کا مالک، ساقی (۳) (طنزاً)؛ گرد گھنٹال (۴) (تصوف میں) مرشد کامل، بزرگ۔
—— نابالغ : مذکر ؛ (اضافت کے ساتھ)؛ وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچوں کی سی باتیں اور حرکتیں کرے، بے وقوف بوڑھا۔
—— و مرشد : مذکر ؛ (۱) بزرگ، استاد (۲) چالاکی میں سبقت لے جانے والا، (۳) (تعظیماً)؛ بادشاہ اور رئیس۔
پیر : دوشنبہ، سوموار، اتوار کے بعد کا دن۔
پیڑا : قدم کا شگون، آنے کا شگون۔

پیرا : PARA (انگ) ؛ عبارت کا ایک ٹکڑا جس میں بات پوری ہو جائے۔

پیرا ٹروپ / ٹروپس : PARATROOP/S (انگ) ؛ مذکر ؛ ہوائی جہاز کے وہ جتھے جو پیراشوٹ کی مدد سے زمین پر اتارے جاتے ہیں، چھتری بردار فوج۔

پیرا ڈائز : PARADISE (انگ) مؤنث بہشت جنت، فردوس، سورگ۔

پیراستہ : (ف) ؛ کاٹ چھاٹ کر آراستہ کیا ہوا، سجایا ہوا، (آراستہ کے ساتھ مستعمل ہے)۔

پیراشوٹ : PARACHUTE (انگ) ؛ مذکر ؛ محافظ ہوائی چھتری، جس کے ذریعے ہوائی جہاز سے زمین پر محفوظ چھلانگ لگائی جاتی ہے۔

(پیراگراف) PARAGRAPH (انگ) ؛ مذکر، (۱) عبارت کا ایک مکمل ٹکڑا (۲) عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو (۳) پارہ۔

پیراہن / پیرہن : مذکر ؛ کپڑے۔ لباس۔

—— کاغذی : (اضافت کے ساتھ) ایران کے قدیم دستور کے مطابق مظلوم فریادِ ظلم کے لیے کاغذ کا لباس پہنتا تھا۔

پیرائی : مؤنث ؛ (۱) پیرنے کا ڈھنگ، شناوری کا طریقہ (۲) پیرنے کی جگہ جہاں پیرنا اچھی طرح آجائے (۳) پیرنا سکھانے کی اجرت۔

پیرایہ : (ف) مذکر ؛ طرز، روش، ڈھنگ۔

پیرکوا : مذکر ؛ وہ نرکل کی چونچی جسے مچھلی کے شکاری چھڑ کے سرے سے ذرا سا ہٹ کر باندھ دیتے ہیں اور وہ پانی پر تیرتی رہتی ہے۔

پیرنا : (۱) تیرنا، بہنا، رواں ہونا (۲) شناوری کرنا (۳) کسی فن سے پوری طرح واقف ہونا (۴) خنجر، چھری، تلوار وغیرہ کا جسم سے آر پار ہو جانا (جاندار کے لیے پیرنا، اور بے جان کے لیے تیرنا بولتے ہیں)۔

پیروڈی : PARODY (انگ) ؛ (مؤنث) ؛ (۱) کسی ادبی تخلیق کی مضحکہ خیز نقل (۲) مضحکہ انگیز تصرف۔

پیرول : PAROLE (انگ) مذکر ؛ (۱) عارضی رہائی۔ (۲) قیدیوں کو گھر جانے کی عارضی چھٹی۔

پیروں : پیدل، پاؤں پاؤں۔

پیری : مؤنث ؛ (۱) اناج کا ڈھیر (۲) غلہ جو بعد صاف کرنے کے رہ جائے (۳) پازیب، خلخال۔

پیری : (ف)، مؤنث ؛ (۱) بڑھاپا، ضعیفی (۲) مرید بنانے کا کام، ہدایت کا کام (۳) استادی چالاکی، عیاری۔

پیری و صد عیب : (مقولہ) ؛ بڑھاپے میں سو روگ لگ جاتے ہیں۔

پیڑ : مذکر ؛ درخت، پودا، بوٹا۔

پیڑا : (۱) گندھے ہوئے آٹے کی لوئی (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

—— توڑنا : لوئی بنانا۔

پیڑو : مذکر ؛ ناف سے نیچے کا حصہ۔

پیڑھا : مذکر (دہلی) ؛ کرسی نما کھٹولا۔

پیڑھی : مؤنث ؛ (۱) نسل، پشت (۲) چھوٹا کھٹولا۔

—— پٹنا : بزرگوں کو برا بھلا کہنا۔

—— در پیڑھی : پشت در پشت، نسلاً بعد نسل، قدامت سے، موروثی۔

پیڑھیوں سے : پشت ہا پشت سے، مدت سے۔

پیزار : (ف) مؤنث ؛ جوتی، کفش، پاپوش (۲) (کنایتاً) ؛ بے پروائی ظاہر کرنا۔

—— پر مارنا : پروا نہ کرنا، خاطر میں نہ لانا، حقیر جاننا۔

—— دکھانا : شوخی سے انکار کرنا، بے پروائی جتانا۔

—— کی نوک پر / سے : جوتی سے ؛ پاپوش سے، بلا سے۔

پیسا : مذکر ؛ (۱) نئے سکے کے جاری ہونے سے پہلے تین پائی کا سکہ تھا اب یہ ہندستان کا سب سے چھوٹا سکہ ہے، (۲) دولت، مال و زر، روپیا۔

—— اٹھانا : روپیا خرچ کرنا۔

—— اڑانا : فضول خرچی کرنا، روپیا برباد کرنا۔

—— پھونکنا : روپیا ضائع کرنا، بہت فضول خرچی کرنا۔

—— ٹھیکری کر دینا : (عو) ؛ بے دریغ خرچ کرنا، پیسے کو بے وقعت سمجھ کر صرف کرنا۔
—— جوڑنا : (عو) ؛ روپیا جمع کرنا، جزرسی کرنا، بخل کرنا۔
—— دُنیا سے اُڑ جانا : دولت کا ناپید ہو جانا۔
—— ڈبونا : روپیا خراب کرنا، ضائع کرنا۔
—— ڈوبنا : (۱) دولت تلف ہونا، نقصان ہونا، گھاٹا ہونا، (۲) قرضہ وصول نہ ہونا۔
—— کھانا : کسی کام کی تیاری میں روپیا صرف ہو جانا، کسی کام میں اندازے سے بہت زیادہ دام کھپ جانا۔
—— گانٹھ کا، بیٹا پیٹ کا : (مقولہ) ؛ دونوں کام آتے ہیں۔
—— ہاتھ کا میل ہے : (مثل) ؛ پیسا بے وقعت چیز ہے۔
پیسے کا میت : دولت کا یار، روپے کا دوست، زر پرست۔
پیس ڈالنا : (۱) ریزہ ریزہ کر ڈالنا (۲) (کنایتاً) ؛ رنج اور تکلیف پہنچا کر تباہ کر دینا۔
پیسنا : (۱) ریزہ ریزہ کرنا، سفوف کرنا، رگڑنا (۲) دکھ دینا۔ ستانا، برباد کرنا (۳) سخت محنت مصیبت اٹھانا، جی توڑ کر کام کرنا (۴) غلّے کی مقدار جو ایک مرتبہ پیسنے کے لیے دی جائے۔
پیسٹری : PASTRY (انگ) ؛ مؤنث ؛ ایک انگریزی مٹھائی، کیک نما مٹھائی۔
پیسنجر : PASSENGER (انگ) ؛ مسافر ؛ سفر کرنے والا۔
—— ٹرین : TRAIN —— (انگ) ؛ مؤنث ؛ مسافر گاڑی۔
پیسیفک اوشن : PACIFIC OCEAN (انگ) مذکر ؛ بحرالکاہل۔
پیش : (ف) ؛ (۱) اعراب میں سے ایک حرکت (ـُـ) ؛ ضمہ (۲) آگے، سامنے، پہلے، قبل، آیندہ (۳) انگرکھے وغیرہ کی اگلی کلی۔
—— (نماز) : نماز پڑھانے والا، پیش امام، جماعت سے نماز پڑھانے والا۔
—— از مرگ واویلا : (ف) ؛ (مثل) ؛ کسی چیز کے پیش آنے سے پہلے فکر کرنا، کسی وہم میں گرفتار ہونا، رنج و غم منانا۔
—— امام : باجماعت نماز کی امامت کرنے والا، نماز پڑھانے والا۔
—— آنا : (۱) سامنے آنا، ظہور میں آنا (۲) سلوک کرنا، برتاؤ کرنا۔
—— بَندی : مؤنث ؛ دور اندیشی، وقت سے پہلے کسی بات کی تدبیر۔
—— بین : (کنایتاً) ؛ عاقبت اندیش، دور اور آئندہ کی بات سوچنے والا، دانا، عقلمند۔
—— پا اُفتادہ : سامنے کی بات، بہت معمولی۔
—— پانا : بازی جیتنا، غالب آنا۔
—— پیش : آگے آگے۔
—— تر : آگے، پہلے، بہت پہلے۔
—— خدمت : خدمت گار، گھریلو ملازم۔
—— خیمہ : (ف) مذکر ؛ (۱) وہ خیمہ جو امرا کے خیموں سے پہلے لے جایا جاتا ہے اور نصب کیا جاتا ہے (۲) کسی کام کے شروع ہونے سے پہلے کی بات یا واقعہ (۳) پیادہ ملازم (۴) ہراول۔
—— دَستی : پہل کرنے والا، سبقت لے جانے والا۔ فایق۔
—— دستی کرنا : پہل کرنا، سبقت کرنا۔
—— رَفت : کسی امر کے آگے بڑھنے کا اندازہ، کسی کام کے آگے پہنچنے کا تخمینہ یا اثر، کارگر، ترقی۔
—— رَو : (ف) ؛ (۱) آگے چلنے والا، امام (۲) (مجازاً) ؛ خدمت گار۔
—— قبض : (ف) مؤنث ؛ مذکر ؛ کٹار، اسلحہ کی ایک قسم۔
—— قدمی : (ف) مؤنث ؛ سبقت، اگوائی۔
—— کار : (ف) مذکر ؛ مددگار، پیشی کا کارکن، ہیڈ کلرک، نائب، مسلِ خواں۔

—— کرنا : (۱) حاضر کرنا، موجود کرنا (۲) نذر کرنا، نذر دینا (۳) کوئی چیز، سامنے لانا۔ دینا۔

—— کش : (ف، مذکر) ؛ وہ چیز جو بہ طور نذر نیاز دی جائے، ہدیہ، تحفہ، خراج، محصول۔

—— گاہ : (ف، مؤنث) ؛ (۱) سامنے، ملاحظہ میں، روبہ رو، (۲) اجلاس، دربار (۳) بادشاہ کی بارگاہ، برتری۔

—— لے جانا : سبقت لے جانا، برتری حاصل کرنا۔

—— نظر/نگاہ : (ف) ؛ نگاہ کے سامنے، روبہ رو، بادشاہ سے ملنے والوں کے لیے نقیبوں کا اعلان "پیش نگاہ" یعنی نظر اِدھر اُدھر نہ رکھو سامنے رکھو۔)

پیشاب : (ف) مذکر ؛ (۱) موت، بول، قارورہ، (۲) نطفہ۔

—— خطا ہونا : (۱) پیشاب نکل جانا (۲) (مجازاً) بہت ڈرنا۔

—— سے چراغ جلتا ہے : (مثل) ؛ دھاک بیٹھی ہوئی ہے رُعب جما ہوا ہے، سکہ بیٹھا ہوا ہے۔

—— کرنا : (۱) موتنا (۲) بے حقیقت سمجھنا۔

—— کی دھار پر مارنا : بہت ذلیل سمجھنے کی جگہ۔

پیشانی : مؤنث ؛ (۱) ماتھا (۲) عنوان (۳) اوپر کا حصہ (۴) تقدیر، قسمت، (۵) سرنامہ، القاب، سرخی۔

—— پر شکن پڑنا : ملال ہونا، چہرے سے آثارِ رنج وملال ظاہر ہونا۔

—— پر لکھا ہونا : (۱) قسمت میں لکھا ہونا، نوشتۂ تقدیر ہونا (۲) اوپر ظاہر نہ ہونا۔

—— رگڑنا : بہت خوشامد کرنا، کمالِ اطاعت کرنا، فرماں برداری کرنا

—— کا خط/کی تحریر : نصیب، قسمت کا لکھا، امر شدنی

پیشگی : مؤنث ؛ (۱) کسی سلسلے میں کام ہونے یا چیز حاصل ہونے سے پہلے رقم دینا (۲) تنخواہ واجب ہونے سے پہلے دینا، (۳) دام مال لینے سے پہلے ادا کرنا۔

پیشوا : (ف) مذکر ؛ (۱) سردار، مقتدا، امام (۲) مرہٹوں کا مورثِ اعلا۔

پیشوائی : مؤنث ؛ (۱) استقبال، کسی کو لینے جانا (۲) رہ نمائی رہبری۔

پیشوار : (ف)؛ مؤنث ؛ دیکھو پیشواز۔

پیشہ : (ف) مذکر ؛ دھندا، روزگار، کام، کسب، شغل۔

—— ور : صاحبِ ہنر، عامل، اہلِ حرفہ، دکاندار، تاجر۔

پیشی : مؤنث ؛ (۱) حضوری، زیرِ نظر، زیرِ تجویز (۲) مقدمے کی سماعت کی تاریخ۔

—— کا محرر/منشی : پیش کار، مسل خواں، وہ سرکاری کارکن جو مقدمے کے کاغذات پیش کرے۔

پیشین : (ف) قدیم، پرانا، پرانے زمانے کا، اگلا۔

—— گوئی : آنے والے یا ہونے والے واقعے کی خبر دینا۔

پیغام : (۱) پیام، زبانی بات (۲) نسبت، منگنی کا سوال۔

—— بر : مذکر ؛ پیغام پہنچانے والا۔

—— بھیجنا : (۱) خبر بھیجنا، دوسرے کے ذریعے کوئی بات کہلانا (۲) نسبت کا پیام دینا۔

پیغامی/پیامی : پیغام سلام پہنچانے والا۔

پیغمبر/پیمبر : (ف) مذکر ؛ (۱) خدا کا حکم لانے والا، مُرسل نبی، (۲) قاصد، ایلچی، سفیر۔

پیغمبری : مؤنث ؛ رسالت، نبوت، خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت۔

—— وقت پڑنا : سخت مصیبت پڑنا، فاقے کرنا مفلس و بے یار و مددگار ہونا، آزمائشی وقت۔

پیک : (ف) مذکر ؛ (۱) قاصد، ہرکارہ (۲) جو بچہ منت اور ارمانوں سے پیدا ہو اُسے محرم میں پیک کا لباس پہناتے ہیں۔

پیک : PACK (انگ) ؛ کسی چیز کو سلیقے سے لپیٹنا یا باندھنا۔

پیک : مؤنث ؛ (۱) چبائے ہوئے پان کا رنگین تھوک (۲) بوتلوں میں تیل یا عرق ڈالنے کا آلہ (۳) کھیت کی تیار فصل۔

—— دان : اگال دان۔

پیکار : (ف) مؤنث ؛ لڑائی، جنگ۔

پیکار : پھیری کرکے بیچنے والا، ایجنٹ، دلاّل۔
پَیکان : (ف) مذکّر : تیر کی اَنی، برچھی یا نیزے کی نوک۔
پَیکانی : مؤنث : (۱) لعل، الماس، یاقوت کی ایک قسم (۲) ایک قسم کا نوسادر۔
پیکٹ : PACKET (انگ) مذکّر : چھوٹا پارسل۔ چھوٹا بنڈل۔ پلندا۔ سلیقے سے لپٹا یا بندھا ہوا سامان۔
پیکٹ : PACT (انگ) : مذکّر : چھوٹا پارسل، چھوٹا بنڈل، پلندا، سلیقے سے لپٹا یا بندھا ہوا سامان۔
پیکر : (ف) مذکّر و مؤنث : شکل صورت، کالبد، جثّہ، چہرہ۔
پیکر کشی : (ف) مؤنث : ادبی اصطلاح، صورت گری، کسی جذبے یا خیال کی تصویر لفظوں میں کھینچ دینا، امیجری۔
پے کمیشن : PAY COMMISSION (انگ) مؤنث : سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر نظرثانی کرنے والی کمیٹی۔
پیکھنا : مذکّر : (۱) دیکھنا، نظر کرنا (۲) ریس کرنا، حرص کرنا (۳) سیر و تماشا۔
پیگ : PEG (انگ) مذکّر : شراب کا جام (ایک مخصوص مقدار کا)؛
پیل / فیل : مذکّر : (۱) ہاتھی (۲) شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔
—— **بان** : مذکّر : مہاوت۔
—— **پا** : مذکّر : ایک بیماری جس میں پاؤں پھول کر بہت موٹا ہوجاتا ہے۔
—— **پایہ** : بڑا ستون، کھم۔
—— **تن** : بڑے جثّے کا، زور آور، قوی ہیکل۔
پیلا : زرد، زعفرانی۔
پیلس : PALACE (انگ) مذکّر : محل، ایوان، قصر۔
پیلنا : (۱) آگے پیچھے ہٹانا، ریلنا، ڈھکیلنا (۲) تیل نکالنا (۳) داخل کرنا، گھسیڑنا۔
پیلو : مذکّر : ایک درخت جس کی جڑوں اور شاخوں سے مسواک بناتے ہیں۔

پیمان : مذکّر : عہد، قول و قرار، اقرار۔
—— **توڑنا** : عہد شکنی کرنا، قول قرار قائم نہ رہنا۔
—— **شکن / گسل** : مذکّر : عہد توڑنے والا، عہد پر قائم نہ رہنے والا۔
—— **لینا** : عہد لینا۔
پیمانہ : (ف) مذکّر : (۱) گلاس، جام شراب (۲) سیال چیز ناپنے کا برتن۔
—— **بھر جانا / پُر ہونا / لبریز ہونا** : (۱) انتہا تک پہنچ جانا (۲) (کنایتاً) : عمر ختم ہوجانا، مرجانا۔
—— **بھر دینا** : (کنایتاً) : مار ڈالنا۔
—— **چھلکنا** : (۱) پیمانے سے پانی یا کسی اور چیز کا لبریز ہو کر گر پڑنا (۲) (کنایتاً) : کم ظرفی کی جگہ (۳) (آنکھوں کے لیے) آنسوؤں کا تار بندھنا۔
—— **کش / گسار** : (کنایتاً) : شراب خوار۔
پیمایش : (ف) مؤنث : ناپ، اندازہ، زمین کی ناپ، پیمایش کا علم۔
پیمبر / پیغمبر : مذکّر : دیکھو، پیغمبر۔
پیمک : مؤنث : کلابتوں کی بنی ہوئی پتلی لیس، سونے چاندی ریشم کے بٹے ہوئے تار۔
پے منٹ : PAYMENT (انگ) مذکّر : ادائیگی، ادائی۔
پینا : (۱) کوئی پتلی چیز حلق سے نیچے اتارنا (۲) پانی وغیرہ پینا، جذب کرنا۔ چوسنا، سوکھنا (۳) حقے کا دم لگانا۔
پینتالیس : چالیس اور پانچ، ۴۵۔
پینتیس : تیس اور پانچ، ۳۵۔
پینٹ : PAINT (انگ) مذکّر : رنگ، روغن۔
پینٹ کرنا : رنگ و روغن کرنا، نقش و نگار بنانا۔
پینٹر : PAINTER (انگ) : نقاش مصوّر۔ رنگ ساز۔
پینٹنگ : PAINTING (انگ) مؤنث : (۱) مصوری، نقاشی، رنگ سازی (۲) ہاتھ کی بنائی ہوئی رنگین

تصویر۔

پینٹھ : مؤنث ؛ اٹ، آٹھویں روز کا بازار۔

——— اَبھی لگی نہیں ہے، گٹھ کترے آموجود ہوئے : (مثل) ؛ معاملہ ابھی طے نہیں ہوا خود غرض آ گئے، ابھی کوئی انتظام نہیں ہوا، خود غرض اپنی فکر کرنے لگے۔

پینجبی : مؤنث ؛ (۱) خول دار حلقہ پانو میں ڈالنے کا (۲) بجتا ہوا کڑا جو کبوتروں کے پانو میں پہناتے ہیں (۳) گاڑی کی وہ لکڑی جو اس لیے لگائی جاتی ہے کہ دُھرا نکلنے نہ پائے۔

پیندا : مذکر ؛ برتن کے نیچے کا حصہ، تلا، تلی۔

پیندے کا ہلکا : (۱) پیندا ہلکا ہونا (۲) (مجازاً) ؛ بات کا کچا اوچھا، غیر مستقل مزاج، پیٹ کا ہلکا۔

——— کے بل بیٹھنا : (۱) ڈوبنا، غرق ہونا (۲) چوتڑ کے بل بیٹھنا۔ (۳) عاجز ہو جانا، ہار ماننا، تھک جانا (۴) دیوالا نکلنا (۵) سٹ پٹا جانا، گھبرا جانا، بدحواس ہو جانا۔

پینڈ : مؤنث ؛ درخت کی جڑ ان ریشوں کے ساتھ جو اس سے نکل کر چاروں طرف پھیلے ہوتے ہیں۔

پینڈنگ : PANDING / (انگ) ؛ التوا میں زیر غور، زیر سماعت۔

پینڈی : مؤنث ؛ ایک قسم کا لڈو۔

پینس : PENCE /(انگ) ؛ انگلستان کا ایک چھوٹا سکہ۔

پینس : مؤنث ؛ (۱) پالکی (۲) ناک کی ایک بیماری کا نام۔

پینسٹھ : ساٹھ اور پانچ، ۶۵۔

پینک : مؤنث ؛ افیم کی اونگھ، وہ غنودگی جو افیم یا پوست کے نشے سے ہوتی ہے۔

——— میں ہونا : (مجازاً) ؛ غافل ہونا، بے خبر ہونا۔

پینگ : مذکر ؛ (۱) جھولے کا لمبا جھونک، گہوارے کا ہوا میں آنا جانا (۲) جھولے کی رسی۔

——— بڑھانا : (۱) جھولے کے جھونکوں کو رفتہ رفتہ زیادہ لمبا کرنا (۲) (کنایتاً) ؛ زیادہ میل جول پیدا کرنا، بے تکلفی بڑھانا۔

——— چڑھانا : پینگ لینا۔

——— دینا : جھولے کو جھونک دینا، جھولا جھلانا۔

پینل : PANEL (انگ) مذکر ؛ (۱) ان لوگوں کی فہرست جو کسی بات کی تحقیق کریں، (۲) ارکانِ جیوری، اہلِ جیوری۔

پینی / پنس : (انگ) ؛ دیکھو ؛ پینس۔

پیوڑی : مؤنث ؛ زرد رنگ کی مٹی، پیلا رنگ۔

پیوست : (ف) ؛ جوڑ، ملاپ۔

——— کرنا : (۱) ملانا ؛ چپکا دینا (۲) مضبوط کرنا، مستحکم کر دینا۔ (۳) پلا دینا، جذب کر دینا، کھپا دینا۔

پیوستہ : (۱) لگاتار، متصل، مسلسل (۲) بیٹھا ہوا (۳) ہمیشہ مدام، ملا ہوا۔

پیوسی : مؤنث ؛ (۱) چوپائے کا وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے بعد تقریباً تین دن تک رہتا ہے، (۲) وہ جمی ہوئی میٹھی چیز جو پیوسی کے دودھ سے بنا لیتے ہیں۔

پیون : PEON (انگ) مذکر ؛ چپراسی، اردلی۔

——— بک : BOOK ——— (انگ) ؛ مؤنث ؛ رسید کی کتاب جس میں چپراسی خطوط یا کاغذات دینے کے بعد وصولی کے دستخط کرا لیتا ہے۔

پیوند : مذکر ؛ (۱) جوڑ (۲) الفاظ کی بندش (۳) میل، مناسبت

——— زمین ہونا / کرنا : (اضافت کے ساتھ) ؛ زمین میں دفن ہونا۔

——— لگانا : (۱) کسی ہم جنس درخت میں اس سے بہتر درخت کی شاخ لگانا، قلم لگانا (۲) پھٹے ہوئے کپڑے میں تھگلا لگانا۔

——— میں پیوند ملا جانا : رشتے میں برابر کا حسب نسب ہونا۔

پیوندی : قلم لگا ہوا، پیوند لگایا ہوا، پیوند والے درخت کا پھل۔

——— مونچھیں : مصنوعی مونچھیں۔

پیہم : (ف) ؛ لگاتار، متواتر، پے در پے۔

پیہو : مذکر ؛ پتو۔
پیہو پیہو : مؤنث ؛ پپیہے کے بولنے کی آواز۔
پے ئنگ گیسٹ : PAYING GUEST (انگ) ؛ وہ مہمان جو کسی کے یہاں اپنے رہنے اور کھانے پینے کا خرچ دے کر رہتا ہے۔
پیے دودھ اور کھائے مال : (مثل) ؛ (۱) کھانے والا، (عمدہ غذائیں) (۲) عیش و عشرت میں زندگی بسر کرنے والا۔
پیے ہونا : شراب کے نشے میں ہونا۔

پھ۔ا

پھاپا کٹنی / پھاپھا کٹنی : مؤنث ؛ چالاک کٹنی، مکار عورت، دلالہ۔
پھاٹک : مذکر ؛ احاطے یا محل وغیرہ کا بڑا دروازہ۔
پھاڑ کھانا : (۱) درندے کا کسی کو چیر کے کھا جانا (۲) (کنایتاً) ؛ جھلا کے غصے سے بات چیت کرنا، بات چیت میں غضب ناک انداز اختیار کرنا۔
پھاڑ کھانے کو دوڑنا : جھنجھلانا، بدمزاجی سے پیش آنا۔
پھاڑنا : (۱) چیرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) کسی رقیق چیز کا خاص ترکیب سے پانی جدا کرنا (۳) پھیلانا، جیسے مُنہ پھاڑنا۔
پھاگ : مذکر ؛ (۱) ہولی، ہولی کے کھیل تماشے (۲) عیش و عشرت۔
—— **کھیلنا** : (۱) ہولی کھیلنا، رنگ کھیلنا، ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا (۲) خوشیاں منانا۔
پھاگن : (ہ) ؛ مذکر ؛ فصلی سال کا چھٹا مہینا جو گرمی کی ابتدا کا زمانہ ہے۔
پھال : مؤنث ؛ (۱) وہ نوک جو تیر کے پیکان میں ہوتی ہے (۲) وہ لوہے کا نوک دار حصہ جو ہل میں لگاتے ہیں (۳) چھالیا کا بڑا ٹکڑا۔
پھالی : وہ نوک جو تیر کے پیکان میں ہوتی ہے۔
پھانا : مذکر ؛ (۱) وہ لکڑی جسے جوتا بنانے والے جوتے میں رکھ دیتے ہیں تاکہ کشادہ ہو جائے (۲) وہ لکڑی جسے لکڑی چیرنے والے چیری جانے والی لکڑی کے شگاف میں رکھ دیتے ہیں تاکہ آسانی سے چیری جا سکے۔
پھانڈ : مذکر ؛ (۱) چھلانگ (۲) پھندا جس سے ہاتھیوں اور دوسرے جانوروں کو پکڑتے ہیں۔
—— **لگانا / مارنا** : (۱) پھندے سے پکڑنا، جال بچھانا، پھندا لگانا (۲) (کنایتاً) ؛ دھوکا دینا، فریب دینا۔
پھاندنا : کودنا، جست لگانا، کسی چیز پر سے اُچک کر جانا۔
پھاندی : مؤنث ؛ گنوں کا گٹھا۔
پھانس : مؤنث ؛ (۱) لکڑی وغیرہ کا باریک ریشہ جو گوشت میں دھنس جائے، (۲) (مجازاً) ؛ روحانی تکلیف، خلش، کھٹکا، فکر۔
پھانس لانا : فریب دے کر لانا، دھوکا دے کر پکڑنا۔
—— **لینا** : قابو میں کر لینا۔
پھانسنا : (۱) گرفتار کرنا، جال میں پکڑنا، گھیرا (۲) (کنایتاً) ؛ فریب میں لانا، قابو میں لانا، الزام لگانا۔
پھانسی : مؤنث ؛ (۱) گلے کا پھندا، گلا گھونٹ کر مار ڈالنے کا پھندا۔ (۲) موت کی سزا جو پھندے کے ذریعے دی جاتی ہے۔
پھانک : مؤنث ؛ تاش، پھل کا تراشا ہوا ٹکڑا (نارنگی سنترے وغیرہ میں جو قدرتی ٹکڑے جڑے ہوتے ہیں۔)
پھانکنا : (۱) ہتھیلی میں سفوف یا چھوٹے دانے رکھ کر ایک بارگی مُنہ میں جھٹکے سے ڈالنا، جلد کھانا، بہت بہت سا کھانا۔ (۲) روپیا اٹھانا، دولت اڑانا۔
پھاوڑا : مذکر ؛ بیلچہ، کسی۔
—— **بجانا** : گھر کو ڈھانا، مکان کو پھاوڑوں سے مسمار کر دینا۔
پھاوڑی : مؤنث ؛ (۱) چھوٹا پھاوڑا (۲) جانوروں کی لید ہٹانے کا آلہ (۳) وہ لکڑی جس پر ڈنڑ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں۔
پھاہا : جس کپڑے پر دوا لگا کر زخم پر چپکائیں۔
—— **رکھنا** : مرہم لگے ہوئے کپڑے کو زخم پر چپکانا۔

پھ - ب

پھَبّ : مؤنث ؛ پھَبَن ۔
پھبتی : کسی پر چپکتی ہوئی بات ، چسپاں تشبیہہ (اس میں استہزا کا پہلو ہے)۔
—— **اڑانا / کسنا** : (۱) کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو اس پر بالکل صادق آئے ، (۲) ظرافت سے تشبیہہ دینا ، مذاق اڑانا ۔
—— **سوجھنا** : ٹھیک تشبیہہ خیال میں آنا ۔
پھبکنا / پھبکنا : (۱) اکھوے پھوٹنا (۲) ہوٹا تازہ ہونا (۳) کسی چیز کا خوب بڑھنا (۴) کثرت سے پھنسیاں نکل آنا ۔
پھبَن : مونث ؛ تناسب ، آرایش ، زیبایش ۔
پھبنا : زیب دینا ، موزوں ہونا ، موافق ہونا ، بھلا لگنا ۔

پھ - پ

پھپا / پھوپا / پھپّا : مذکر ؛ باپ کی بہن کا شوہر ۔
پھپّٹ : مذکر ؛ (۱) ضد ، کد (۲) مکر ، دغا (۳) فتنہ فساد ، غل شور ۔
—— **باز** : مکار ، فسادی ۔
—— **بائی** : (عو) مؤنث ؛ جھگڑالو عورت ، فسادن ۔
پھپّس : (۱) بھدا ، موٹا کھوکھلا آدمی (۲) وہ پھل جو دیکھنے میں اچھا ہو مگر کھوکھلا اور پلپلا ہو ۔
پھپسا : مذکر ؛ (۱) پھولا ہوا ، پولا (۲) پھپکا ، سیٹھا ۔
پھپک : درختوں کا جوش کے ساتھ بڑھنا ، عام بالیدگی ۔
پھپکنا : (۱) درخت کا بڑھنا (۲) کثرت سے پھنسیاں نکل آنا ۔
پھپھولا / پھپھولا : مذکر ؛ چھالا ، آبلہ ۔
پھپھولوں سے پھل جانا : کثرت سے آبلے پڑ جانا ۔
پھپھولے پڑنا : داغ پڑنا ، صدمہ ہونا ۔
—— **پھوٹنا** : (۱) چھالوں سے پانی نکل جانا (۲) (طنزاً) دلی آرزو پوری ہونا ، دشمنی نکلنا ۔
—— **پھپھوڑنا** : دل کا غبار نکالنا ، دل کی حسرت نکالنا ، غصہ نکالنا ۔
پھپھوندنا : پھپھوندی لگنا ۔
پھپھوندی : مؤنث ؛ وہ سفید تہہ جو رطوبت کی وجہ سے کسی چیز پر لگ جائے ۔
پھپھی / پھپّی / پھوپی : مؤنث ؛ باپ کی بہن ۔
پھپھیرا بھائی : مذکر ؛ پھوپی کا بیٹا ۔

پھ - ٹ

پھٹ : جلدی سے ، فوراً ، جھٹ ۔
—— **پڑنا** : (۱) بڑھ جانا (۲) زوروں پر ہونا ، شدت ہونا ، (۳) تڑک جانا ، ٹوٹ جانا ۔
—— **پھٹانا** : پھڑپھڑانا ، دوڑ دھوپ کرنا ، بے چین ہونا ۔
پھٹ : مؤنث ؛ پھٹکار ، تف ۔
—— **پھٹ** : تف تف ، (کلمۂ نفرین) ۔
—— **پھٹ کرنا** : برا بھلا کہنا ۔
پھٹ : تنہا ، فرد ۔
پھٹا : مذکر ؛ پھٹا ہوا ۔
—— **پرانا** : گلا ہوا ، خراب خستہ کپڑا ۔
—— **پڑنا** : (۱) گلا پڑنا (۲) درد سے سر یا آنکھوں کا برا حال ہونا ، زور میں ہونا ۔
—— **پیخانہ** : وہ پیخانہ جس میں پھٹکیاں ہوں ۔
پھٹا : بانس کا طول میں پھاڑا ہوا ٹکڑا
پھٹکا : مذکر ؛ (دہلی) ؛ (۱) لمحہ ، لحظہ (۲) ایک قسم کا پنجرا ۔
—— **نہ کھانا** : (عو) ؛ فوراً مرجانا ، دم بھر میں مرجانا ۔
پھٹکار : مؤنث ؛ ڈانٹ ڈپٹ ، جھڑکی ، سرزنش ۔
پھٹکارنا : (۱) چابک مارنا (۲) ملامت کرنا ، ڈانٹنا (۳) کمانا روپیا پیسا جیتنا ۔
پھٹکار : مؤنث ؛ لعنت ، بے رونقی ، ذلت و خواری ۔
—— **برسنا / پھٹکار منھ پر برسنا** : لعنت برسنا ، اداسی چھانا ، بے رونقی ظاہر ہونا ۔
پھٹکر : تنہا ، اکیلا ، طاق ، ٹھوک کے خلاف ، متفرق ۔
پھٹکری : مؤنث ؛ مشہور دوا کا نام ۔
پھٹکل : (۱) تنہا ، جدا (۲) متفرق (۳) ریزگاری ۔

پھٹکن : مؤنث ؛ پھپھوران ، جو غلہ پھٹکنے سے نکلے ، بھوسی۔
پھٹکنا : مذکر ؛ غلیل کا فیتہ جس میں غلہ رکھ کر چھوڑتے ہیں۔
پھٹکنا : (۱) سوپ سے غلہ صاف کرنا ، جھاڑنا (۲) سرسری طور پر آنا ، بھولے سے چلے آنا۔
پھٹکنے نہ پانا / پھٹکنے نہ دینا : آنے نہ پانا ، گھسنے نہ دینا۔
پھٹکی : مؤنث ؛ جھاکڑ کی لوکری ڈھکن کے ساتھ جس میں چڑی مار چڑیاں پکڑتے ہیں ، ایک قسم کا پنجرا (۲) وہ کھٹکا جو پھل والے درختوں کی حفاظت کے لیے باندھ دیتے ہیں جس کی آواز سے پرندے اُڑ جاتے ہیں۔
پھٹکی : مؤنث ؛ (۱) وہ گانٹھیں جو سفوف گھولنے میں پڑ جاتی ہیں (۲) وہ گانٹھیں جو پیلے پاخانے میں پڑ جاتی ہیں۔
پھٹنا : (۱) جاک ہونا ، ٹکڑے ہونا ، علاحدہ ہونا ، تڑقنا ، شگاف پڑنا ، شق ہونا ، ہٹنا ، نفرت ہونا (۲) گھوڑے کا باگ کے اشارے کے خلاف جانا۔
پھٹی پھٹی باتیں : مؤنث ؛ وہ باتیں جن سے ملال ظاہر ہو۔
پھٹی ہوئی آواز : جھرجھری تابوسے باہر کی آواز۔
پھٹے پھٹے دیدے : بڑے بڑے دیدے جو بُرے معلوم ہوں۔
پھٹے حال / پھٹے حالوں : مفلسی کی حالت میں خستہ حالی۔
پھٹے مُنھ / پھٹے مُنھ سے : کلمۂ تحقیر ، تُف ہے ، لعنت ہو۔
پھٹیچر : معمولی ، ادنا ، حقیر۔
پھٹیل : جانوروں کے جوڑے میں سے جو ایک رہ جائے۔

پھ - چ

پھچا پھچ : مؤنث ؛ دَل دَل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

پھ - د

پھدپھدانا : (۱) دانوں پھنسیوں کا بہت زیادہ نکل آنا۔ (۲) درخت میں کثرت سے شاخیں پھوٹنا (۳) بدن میں کثرت سے بال یا روئیں نکل آنا۔
پھدکنا : مؤنث ؛ (۱) اُچھلنا ، خوشی سے کودنا (۲) (مجازاً) ؛ بچہ یا پستہ قد آدمی (۳) نبض کا اُچھلنا۔
پھدکی : مؤنث ؛ ایک چھوٹی چڑیا کا نام۔
پھدکی مارنا : مؤنث ؛ جست بھرنا ، چھلانگ مارنا۔

پھ - ر

پھر : دوبارہ ، اس کے بعد ، تب تو ، ضرور۔
—— **آنا** : واپس آنا ، گشت لگا آنا۔
—— **بیٹھنا / جانا** : مخالف ہو جانا۔
—— **پڑنا** : غصّے میں کسی طرف لوٹ پڑنا ، متوجہ ہو جانا۔
—— **کون مرے کون جیے** : (مثل) ؛ آئندہ نہ جانے کیا ہو۔
—— **کے نہ دیکھنا** : (۱) بے زاری دکھانا (۲) پھر نہ آنا ، واپس نہ آنا۔
—— **نہ کہنا** : الزام نہ دینا ، شکوہ نہ کرنا۔
پھُر / پھُر پھُر : مؤنث ؛ اُڑنے کی آواز۔
—— **سے اُڑ جانا** : جلدی اُڑ جانا ، فوراً اڑ جانا۔
پھرّا : مذکر ؛ موٹی لکڑی کو چیرنے سے دونوں طرف کے نکلنے والے ناقص تختے۔
پھراٹا / فراٹا : پرندے کے اڑنے کی آواز ، دیکھو فراٹا۔
پھرانا : گھمانا ، گشت کرانا ، اِدھر اُدھر لے جانا۔
پھراؤ : جاکڑ ، وہ چیز جس کے واپس کرنے کا اقرار ہو۔
پھرائی : مؤنث ؛ (۱) واپس کرنے کا تاوان (۲) ٹہلائی ، گھمائی پھرت۔
پھیرنا : (۱) ایک طرف سے دوسری جانب مایل کرنا (۲) لوٹانا ، واپس کرنا۔
پھرّانا : (۱) کودجانا ، پھاند جانا (۲) جھنڈے کا پھریرا اڑنا ، (۳) پروں کو پھٹ پھٹانا۔
پھرت : مؤنث ؛ (۱) گھوڑے کی گردش (۲) ناچنے میں پھرتی سے پھر جانا ، (۳) چلت پھرت۔

پھُرتی : مؤنث ؛ جلدی، چستی، تیزی۔
—— کھیل جانا : جلدی کر جانا، چستی کرنا۔
پھُرتیلا : مذکر ؛ جلدی سے کام کرنے والا، تیز، چست، چالاک۔
پھِر جانا : لوٹ جانا، واپس ہو جانا، اکتا جانا، بے زار ہو جانا۔
پھَرسا : (۱) مذکر ؛ کدال، کلہاڑی، تیشہ۔
پھِرکی : (۱) چھوٹا سا پھرنے والا لٹو (۲) چمڑے کا ٹکڑا جس پر تکلا پھرتا ہے (۳) گول لکڑی جسے تارکش استعمال کرتے ہیں۔
پھِرنا : (۱) چکر کھانا۔ گھومنا، گردش میں آنا (۲) بدل جانا (۳) متوجہ ہونا (۴) گشت کرنا (۵) ٹیڑھا ہونا، لوٹنا۔
پھَرہرا / پھرارا / پھَریرا : مذکر ؛ (۱) تری یا رطوبت پہنچنے کے بعد خشک ہو جانے والا (۲) چھنکا ہوا (۳) جھنڈے کا اوپر کا کپڑا۔
پھُریری : مؤنث ؛ (۱) ایسی کیفیت کہ بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جائیں۔ جھرجھری (۲) تنکے پر روئی لپٹا ہوا عطر کا پھویا، (۳) (کنایتاً) ؛ امنگ، جوش۔
—— آنا / چھوٹنا : بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا، نفرت یا بے زاری کی وجہ سے جھرجھری آنا۔
—— لینا : (۱) کانپنا (۲) پرندے کا پر جھاڑنا (۳) کتے کا کان پھٹ پھٹانا (۴) (کنایتاً) ؛ چوکنا ہونا، تازہ دم ہونا۔

پھ ـ ڑ

پھَڑ : مؤنث ؛ جوا کھیلنے کی جگہ (۲) توپ رکھنے کی جگہ، توپ کی گاڑی (۳) گاڑی کے بم۔
—— پر رکھنا / لگانا : (۱) بازی لگانا، داؤ لگانا (۲) دکان کے چبوترے پر غلے کی ڈھیری لگانا۔
پھڑ پھڑانا : (۱) پھڑکنا، پروں کو پھٹ پھٹانا (۲) بے قرار ہونا، تڑپنا، بے چین ہونا۔
پھڑک : مؤنث ؛ (۱) بے قراری، بے چینی (۲) پٹھوں کی حرکت۔
—— اُٹھنا : خوشی سے بے تاب ہو جانا۔
پھڑکانا : زیب بدن کرنا (۲) تر سانا (۳) کبوتر کو دوسرے گھر جانے کی سزا دینا۔
پھڑکتا ہوا : چلبلا، شوخ، برجستہ۔
پھڑکنا : (۱) تڑپنا، لوٹنا، تلملانا (۲) کسی عضو کا حرکت کرنا (۳) خوشی سے بے تاب ہونا (۴) پرندے کا بے تاب ہو کر پھر پھڑانا (۵) بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
پھڑیا : مذکر ؛ (۱) وہ شخص جس کے مکان میں جوا ہوتا ہو (۲) جُل دینے والا (۳) متفرق اشیا بیچنے والا (۴) وہ بلی لکڑی جو جمی ہوئی روئی کے دونوں طرف رکھتے ہیں۔
پھُڑیا : مؤنث ؛ چھوٹا پھوڑا، پھنسی۔

پھ ـ س

پھُس پھُسا : مذکر ؛ (۱) ڈھیلا، نرم، ملائم (۲) بودا، کم زور۔
پھسڈی : پیچھے رہ جانے والا، ہارا ہوا، ناقص، ڈھیلا
پھسکڑ / پھسکڑا : خوب پھیل کر چار زانو بیٹھنا۔
—— مار کر بیٹھنا : خوب پھیل کر چار زانو بیٹھنا۔
پھُسلانا : (۱) دھوکا دے کر خوش کرنا (۲) بچے کی ناز برداری کرنا۔
پھِسلانا : رپٹانا، کھسکانا۔
پھُسلاوا : مذکر ؛ جھانسا، فریب۔
پھِسل پڑنا : (۱) پانو رپٹ کر گر پڑنا (۲) (مجازاً) ؛ کسی چیز پر مایل ہو جانا، ارادہ بدل دینا۔
پھِسل جانا : (۱) رپٹنا (۲) وعدے سے پھر جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔
پھِسلن : مؤنث ؛ لغزش، پانو پھسلنے کی جگہ، رپٹنے کی جگہ۔
پھِسلنا : (۱) رپٹنا، لڑھکنا (۲) چوکنا، بہکنا، گم راہ ہونا، (۳) (کنایتاً) ؛ مایل ہونا (۴) وہ چیز جس پر سے پھِسل

جائیں۔

پھسلنا پتھر: بڑا اور لمبا چکنا پتھر جس پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں۔

پھسینڈا: مذکر؛ (۱) گندہ، بساندا (۲) نامعقول۔

پھ۔ک

پھکا جانا: آگ، بخار یا گرمی سے جلا جانا۔

پھکڑ: مؤنث و مذکر؛ گالی گلوچ، فحش، ناشائستہ گفتگو۔

—— باز: فحش بکنے والا۔

—— لڑنا: گالی گلوچ کرنا، باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا۔

—— ہونا: بے ہودہ ہنسی مذاق ہونا، نہایت بے تکلفی ہونا۔

پھکنا/پھنکنا: (۱) جلنا، آگ لگنا؛ جلن ہونا (۲) (کنایتاً)؛ ناحق خرچ ہونا (۳) کشتہ ہوجانا (۴) حیوان کا مثانہ جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے۔

پھکنی/پھنکی: مؤنث؛ پھانکنے کی دوا۔

پھکنی: مؤنث؛ بانس یا لوہے کی نلکی۔

پھکیت: مذکر؛ لکڑی پھینکنے کے فن کا مشاق، پٹے باز۔

پھکیتی: مؤنث؛ پٹے بازی، پٹے کا فن۔

پھگوا: مذکر؛ ہولی کا انعام، ہولی، پھاگ۔

پھ۔ل

پھل: مذکر؛ (۱) میوہ، ثمر (۲) نتیجہ (۳) کسی دھار والی چیز کا کاٹنے کا حصہ (۴) فائدہ، نفع (۵) آل اولاد۔ (۶) عوض، انعام، اجر۔

—— اترنا: پھل تیار ہونا۔

—— آنا: پھل پیدا ہونا۔

—— بھوّل: لڑکوں کا ایک کھیل۔

—— پات: مذکر؛ میوہ، ترکاری۔

—— پانا: (۱) نتیجہ حاصل کرنا، صلہ پانا (۲) کیے کی سزا پانا (۳) بھلائی پانا (۴) اولاد ہونا۔

—— پھلاری: مؤنث؛ مختلف میوے، طرح طرح کی ترکاریاں۔

—— جانا: (۱) کثرت سے آبلے نکل آنا (۲) بارآور ہونا۔

—— چلنا: پھلوں کا بازار میں آنا شروع ہونا۔

—— کانیا کرنا: فصل کے نئے پھل کا نیاز یا بغیر نیاز پہلے پہل استعمال کرنا۔

—— لانا: نتیجہ ظاہر ہونا۔

پھلا پھولا: مذکر؛ (۱) آل اولاد روپے پیسے سے بھرا پُرا (۲) بارونق۔

پھلنا/پھل جانا: (۱) درخت کا بارآور ہونا، میوہ لگنا (۲) مبارک ہونا (۳) چیچک یا پھنسیوں یا دانوں کا بہ کثرت بدن پر نکل آنا (۴) خاندان بڑھنا، کثرت سے اولاد ہونا (۵) خوش نصیب ہونا، کامیاب ہونا۔

پھولنا/پھلنا پھولنا: (۱) صاحب اولاد ہونا سرسبز ہونا (۲) خوش و خرم ہونا۔

پھلا: مذکر؛ (۱) آنکھ کا ٹینٹ، کھیل (۲) وہ چیز جو پھول کی طرح پھول جائے۔

—— پڑنا: پھلی پڑ جانا، آنکھ میں ٹینٹ پڑ جانا۔

پھلی: مؤنث؛ آنکھ کا ٹینٹ۔

پھلانا: (۱) پھونک بھرنا، پھونک بھر کر کسی چیز کو تاننا (۲) موٹا کرنا (۳) خوشامد سے مغرور کرنا۔

پھلانگ: مؤنث؛ کلانچ، جست۔

پھلانگنا: کسی چیز کو اُچک جانا، پھاند جانا۔

پھل پھلا: ہلکا، کم ظرف، پھولا ہوا، پھس پھسا، اوچھا۔

پھلئی: مؤنث؛ پھولوں کے بکنے کی جگہ، پھولوں کا بازار۔

پھل جھڑی: مؤنث؛ (۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) (کنایتاً)؛ فساد کی بات (۳) لڑائی جھگڑا کرانے والی عورت۔

—— چھوڑنا: (کنایتاً)؛ فساد کی بات کہنا۔

پھلکا: مذکر؛ (۱) چھالا، پھپھولا (۲) دنگل، اکھاڑا (۳) پولی زمین، نرم زمین۔

پھلکا: مذکر؛ ایک قسم کی توے پر پکی ہوئی چھوٹی پتلی روٹی۔

پھل کاری : مؤنث ؛ (۱) گل بوٹے کا کام (۲) ایک قسم کا پھول دار کپڑا۔

پھلنگ / پھننگ / پھنگی : (۱) درخت کی چوٹی (۲) شاخ کی اَنی (۳) کوڑے کا پھندنا۔

پھلواری : مؤنث ؛ (۱) چھوٹا باغ جس میں پھول کے پودے لگے ہوں، (۲) (کنایتاً) ؛ آل اولاد، بال بچے۔

پھلوری : مؤنث ؛ بیسن کی چھوٹی پھلکی۔

پھلی : مؤنث ؛ لمبا سا پھل جس کے دوغلافی چھلکوں کے بیچ میں قطار سے کئی دانے ہوتے ہیں۔

پھلی : مؤنث ؛ (۱) آنکھ کا ٹینٹ (۲) ناک کا ایک زیور (۳) چاندی سونے کا پھول جو زیور میں لگایا جاتا ہے۔

پھلیل : خوش بودار تیل۔

پھلیندا : مذکر ؛ بڑی جامن۔

پھ - ن

پھن : مذکر ؛ (۱) ناگ کا سر (۲) ناگ جب اپنا سر پھیلائے۔

—— **پھنانا** : (۱) غصے سے سانپ کا پھنکارنا (۲) (مجازاً) ؛ غصہ کرنا، نہایت غضب ناک ہونا۔

پھندا : مذکر ؛ (۱) حلقہ، جال (۲) (کنایتاً) ؛ مصیبت، قید (۳) گتھی (۴) (کنایتاً) ؛ فریب، بس، قابو۔

—— **پڑنا / لگنا** : الجھنا، گرہ پڑ جانا، کھاتے وقت کسی چیز کا گلے میں اٹک جانا۔

—— **چھڑانا** : قید سے رہا کرنا، روک دور کرنا۔

—— **دینا** : پھندا لگانا، گرہ دینا۔

—— **ڈالنا** : الجھا دینا، بکھیڑا ڈالنا۔

—— **مارنا** : جال میں پھانسنا۔

پھندے سے چھٹنا : پھندے سے نکلنا، جال سے چھوٹنا جھگڑے سے نجات پانا۔

—— **میں پڑنا / پھنسنا** : (۱) دام میں گرفتار ہونا مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) فریب آجانا (۳) بس میں ہونا، قابو میں ہونا۔

میں لانا : فریب میں پھانسنا، دم دینا۔

پھندنا : مذکر ؛ دھاگے، ریشم یا کلابتوں کا گچھا یا پھول جو کوڑے کے سرے پر یا جھالر اور تسبیح وغیرہ کے سرے پر یا ٹوپی کے اوپر لگاتے ہیں۔

—— **سا** : ننھا سا، چھوٹے قد کا۔

پھندیت : مذکر ؛ (۱) وہ سدھا ہوا پرند یا چوپایہ جو اشارے پر بولتا ہے، اُس کے ہم جنس، آواز سے دھوکا کھا کر آتے اور جال میں پھنس جاتے ہیں (۲) ہاتھیوں کا شکار کرنے والا ہاتھی (۳) (مجازاً) ؛ وہ آدمی جو دوسروں کو اپنا ساتھی بنائے۔

پھنسا : مذکر ؛ گرفتاری، روک۔

پھنساوا : مذکر ؛ قید، دقت، الجھاؤ، ایسا مقام جہاں سے نکلنا مشکل ہو۔

پھنسنا : (۱) اٹکنا، الجھنا (۲) گرفتار ہونا (۳) (کنایتاً) ؛ آشنائی ہونا (۴) مقید ہونا، دوسرے کے قابو میں ہونا، بھچنا، رہنا۔

پھنکا : مذکر ؛ سفوف یا کوئی چیز ہتھیلی میں لے کر دفعتاً منہ میں ڈال لینا۔

پھنکار : مؤنث ؛ سانپ کی آواز۔

پھنکنا / پھکنا : گرنا، ضائع ہونا۔

پھنکی : مؤنث ؛ سفوف، یا کوئی خشک چیز، ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔

پھنگی : مؤنث ؛ (۱) ناک کی نوک (۲) شاخ، درخت کا آخری سرا، چوٹی۔

پھننگ : مؤنث ؛ (۱) درخت کی چوٹی، شاخ کی اَنی (۲) کوڑے کا سرا۔

پھنی : مؤنث ؛ (۱) لچکہ، گوٹا بُننے کا آلہ (۲) مذکر ؛ ایک قسم کا سانپ۔

پھ - و

پھوار / پھوہار : مؤنث ؛ بارش کی مہین مہین بوندیں۔

پھوارا : مذکر ؛ فوارہ۔

پھوپا / پھپّا : مذکر ؛ پھوپھی کا شوہر۔
پھوٹ : مؤنث ؛ نفاق ، نا اتفاقی (۲) کینہ (۳) تفرقہ (۴) وٹ پھوٹ (۵) مذکر ؛ ایک پھل۔
—— **آنا** : باہر نکل آنا ، نمودار ہونا۔
—— **بہنا** : (۱) پانی کا روک توڑ کر بہنا (۲) پھوڑا پھوٹ کر مواد بہنا (۳) (کنایتاً) ؛ بھید کھل جانا ، کینہ ظاہر ہو جانا۔
—— **پڑنا** : نفاق ہونا۔ اَن بَن ہونا ، دشمنی ہونا۔
—— **پھٹک** : مؤنث ؛ جدائی ، علاحدگی۔
—— **پھوٹ رونا / پھوٹ پھوٹ کے رونا / پھوٹ کے رونا** : خوب رونا ، بہت رونا۔
—— **پھوٹ کے نکلے** : بددعا ، کوڑھ کا مرض ہو۔
—— **کر نکلنا** : درخت کی شاخ نکلنا ، زمین سے کوئی چیز اُبھر کر نکلنا۔
—— **نکلنا** : جسم پر پھنسیاں ہو جانا ، مواد کا جسم پر ظاہر ہونا۔ کسی پتلی چیز کا زور سے نکلنا (مجازاً) : بھید کھل جانا۔
پھوٹا پڑنا : خود بہ خود ظاہر ہو جانا۔
—— **مقدر** : بگڑا نصیب ، بدقسمتی۔
پھوٹنا / پھوٹ جانا : (۱) ٹوٹ جانا (۲) کھلنا ، شگفتہ ہونا۔ (۳) راز مشہور ہونا (۴) رنگ نمایاں ہونا ، جھلکنا ، سر یا بازو کا زخمی ہونا ، آبلے یا پھوڑے میں سوراخ ہو جانا (۵) جذام ہو جانا (۶) سیاہی کا کاغذ کی تہہ توڑ کر نکل آنا (۷) شاخ ، پتے ، کونپل برآمد ہونا / نکلنا (۸) دوست سے جُدا ہو کر مخالف سے مل جانا (۹) ابھرنا ، نکلنا (۱۰) خوشبو پھیلنا۔
پھوٹی آنکھ : (تحقیر سے) ؛ آنکھ۔
—— **آنکھ کا تارا / دیدۂ** : نہایت عزیز بیٹا جو کئی بیٹوں میں سے زندہ بچا ہو۔
—— **آنکھ نہ بھانا** : ذرا بھی بھلا نہ معلوم ہونا۔
—— **آنکھوں سے نہ سوجھنا** : (طنزاً) ؛ کچھ معلوم نہ ہونا کچھ دکھائی نہ دینا۔
—— **تقدیر / قسمت** : بدنصیبی ، تقدیر کی خرابی۔
—— **کوڑی** : چھوٹی سے چھوٹی رقم ، کچھ بھی دام نہ ہونا۔
پھوٹے مُنھ سے : (تحقیر سے) ؛ خراب مُنھ سے ، بُرے مُنھ سے۔
پھوڑا : ایک قسم کا دنبل ، بڑی پھنسی۔
—— **بہنا** : پھوڑے سے مواد جاری ہونا۔
—— **بیٹھ جانا** : پھوڑا اچھا ہو جانا۔
—— **پکنا** : پھوڑے کا مواد زرد ہو جانا۔
—— **پھوٹنا** : پھوڑے سے آلایش نکلنا۔
—— **بیٹھنا** : پھوڑے میں ٹیس ہونا۔
پھوڑے کا مُنھ : پھوڑے کی وہ جگہ جہاں سے وہ پھوٹتا ہے۔
پھوڑنا : (۱) توڑنا ، ٹکڑے کرنا (۲) سر زخمی ہونا (۳) آنکھ اندھی کرنا (۴) راز عام کر دینا۔
پھوس : مذکر ؛ (۱) چھپر بنانے کی گھاس (۲) نہایت بوڑھا ضعیف (۳) ہلکا تمباکو جلد جل جانے والا۔
—— **کا تاپنا** : (۱) (کنایتاً) ؛ تھوڑی دیر آرام کرنا (۲) بے بنیاد کام کرنا (۳) کمینے سے فائدے کی امید رکھنا۔
—— **میں چنگاری ڈالنا** : (مجازاً) ؛ فساد بھڑکانا۔ اشتعال دلانا۔
پھوسڑا : مذکر ؛ (۱) ریشے ، لکڑی کاغذ وغیرہ کے ریشے کپڑے کے وہ ریشے جو دھاگے کی بٹ کھل جانے سے سرے پر نکل آتے ہیں (۲) (تحقیر سے) ؛ بچہ ، اولاد۔
پھوک : مذکر ؛ (۱) کسی ترکاری پھل وغیرہ کا اصل جوہر نکلا ہوا بے کار فضلہ (مثلاً) ؛ گنڈیری کا رس نکل جانے کے بعد پھوک رہ جاتا ہے ، (۲) بدذائقہ۔
پھوکٹ : مؤنث ؛ مفت ، بغیر خرچ کیے۔
پھوکل / پھُکّل : (۱) مفلس ، گھُگّل (۲) اندر سے خالی۔
پھول : مذکر ؛ (۱) گل (۲) کپڑے پر جو پھول بوٹے کے نقش بنائے جاتے ہیں (۳) تیجا ؛ مرنے کے تیسرے دن کا فاتحہ (۴) شراب دو آتشہ (۵) شرر ، پتنگا (۶) ایک سفید دھات کا نام (۷) (کنایتاً) ؛ ہلکا ، سبک (۸) ہندوؤں کے مُردوں کی ہڈیاں جل جانے کے بعد چن کر گنگا میں بہانے کے واسطے

بھیجتے ہیں (۹) برص کے سفید داغ (۱۰) وہ پان جو پھول کی شکل میں کترے جاتے ہیں۔

—— اُترنا: شاخوں سے پھول کا ٹوٹنا، جُدا ہونا، درخت سے پھولوں کا چُنا جانا۔

—— اٹھنا: سوم کا فاتحہ ہونا۔

—— آنا: (۱) درختوں میں پھول لگنا (۲) حیض آنا، عورت کا بالغ ہونا۔

—— آئے ہیں تو پھل بھی آئے گا: (مثل)؛ بے اولادوں کے ہاں اولاد بھی ہوگی۔

—— بُجھنا: شرارہ بُجھنا۔

—— بیٹھنا: اینٹھ جانا، ناراض ہونا، روٹھ جانا۔

—— پان/پان پھول: خاطر تواضع۔

—— پتی: مؤنث؛ نقش ونگار، بیل بوٹا، گل بوٹا۔

—— پڑنا: آگ پتنگا پڑنا، شرارہ پڑنا، آگ لگنا۔ سفید سفید دھبے پڑنا۔

—— پھولنا: کلی کا کھلنا۔

—— جانا: (۱) اِترا جانا (۲) درخت میں پھول آجانا (۳) (کنایتاً)؛ خفا ہوجانا۔

—— چھڑنا: (۱) پھول کا شاخ سے جُدا ہوکر گرنا (۲) شیریں کلامی کرنا (۳) چراغ یا آتش بازی کے شرارے نکلنا (۴) لوہے یا پتھر کی رگڑ سے چنگاریاں نکلنا۔

—— چڑھانا: بزرگوں کی قبروں یا بتوں پر پھول رکھنا۔

—— چُننا: (۱) گل چینی کرنا (۲) اہلِ ہنود کا جلائے ہوئے مُردے کی ہڈیاں اکٹھا کرنا۔

—— ڈالنا: (۱) آگ کی چنگاری ڈالنا (۲) کپڑے پر پھول پتی بنانا۔

—— سونگھ کے رہنا: (طنزاً)؛ بہت کم کھانا، برائے نام کھانا۔

—— کان میں رکھنا: پرانی وضع کی زیبائش کرنا۔

—— کا ہنسنا: پھولوں کا کھلنا۔

—— کترنا/گل کترنا: (۱) چراغ کا گل کترنا (۲) (کنایتاً)؛ انوکھا کام کرنا (۳) کاغذ اور کپڑے کا پھول کترنا۔

—— کڑھنا: کپڑے میں پھول بوٹے کڑھنا۔

—— کی جگہ ٹہنی کھڑی: (مثل)؛ زیادہ کرنے کی جگہ کمی کرنا۔

—— کی چھڑی بھی نہ لگانا/چھوانا: کبھی نہیں مارنا، ہاتھ نہیں لگانا، لاڈ پیار سے رکھنا۔

—— کے کپا ہوجانا/مُٹکا ہوجانا: بہت پھول جانا، بہت موٹا ہوجانا۔

—— گوبھی: پھول والی گوبھی۔

—— لانا/لدنا: درخت کا پھولوں سے لدنا، پھول لگنا۔

—— مرنا/مُرجھانا/کُملانا: پھول مرجھانا، پھولوں کی سُرخی ختم ہوجانا، پژمردہ ہوجانا۔

—— منھ سے جھڑنا/منھ سے پھول جھڑنا: شگفتہ میٹھی باتیں۔

—— والوں کی سیر: دلی کا ایک مشہور میلہ جو ہر برس ساون کے مہینے میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر ہوتا ہے۔

—— وہی جو مہیش/مہیسر چڑھے: (مثل)؛ (مہیش/مہیسر؛ ہندو دیوی) چیز وہی اچھی جسے اچھے لوگ پسند کریں۔

پھولوں کی سیج: پھولوں کا نرم وخوشبودار بچھونا، راحت وآرام کا بستر۔

—— میں تُلنا: (۱) (کنایتاً)؛ نہایت نازک بدن ہونا، نہایت سبک ہونا (۲) عزت وقدر ہونا۔

پھولوں: جمع پھول کی۔

—— کا دن: تیجے کا دن۔

—— گہنا: پھولوں کا بنا ہوا زیور۔

—— کی چادر: پھولوں کی وہ چادر جو بزرگوں کے مزاروں پر چڑھاتے ہیں۔

—— کی چھڑی: (۱) وہ چھڑی جس میں پھول لگا دیے جاتے ہیں (کنایتاً)؛ بہت ہلکی چھڑی (۲) وہ چھڑی جو چوتھی کھیلنے کے دن استعمال کی جاتی ہے۔

پھولا/پھلا: مذکر؛ (۱) پھپھولا۔ آبلہ (۲) روئی کا گالا (۳) کاجل

—— پھلا پھرنا / پھولا پھرنا : خوش خوش پھرنا، بے فکری سے اینٹھتے ہوئے پھرنا۔
—— پھلا رہنا : سرسبز و شاداب رہنا، خوش و خرم رہنا۔
—— لگنا : غصے یا رنج کی وجہ سے چپ ہو جانا، غصے میں خاموش بیٹھے رہنا۔
—— نہ سمانا / پھولے نہ سمانا : مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا، بہت خوش ہو جانا۔
پھولے پھلے / پھلے پھولے : دعا، سرسبز ہو، با اقبال ہو، صاحب اولاد ہو۔
پھولام : مذکر؛ ایک قسم کا پھول دار کپڑا۔
پھولنا : (۱) پھول کا کھلنا (۲) ہوا بھرنے سے کسی جوف دار چیز کا پھول جانا (۳) نازاں ہونا، خوش ہونا، تن جانا (۴) (کنایتاً)؛ غنا ہونا، موٹا ہونا۔
—— پھلنا : (۱) بارآور ہونا، درختوں کا سرسبز ہونا (۲) (کنایتاً)؛ خوش حال ہونا (۳) کامیاب ہونا، نفع ہونا، برکت ہونا۔
پھولس : پھوس۔
پھولسڑا : دیکھو؛ پھوسڑا۔
پھونک : (۱) مؤنث؛ دم، دعا، منتر (۲) مذکر؛ حقے کے کش (۳) ہلکا، ورق سا ہلکا۔
—— پھونک کے قدم / پانو رکھنا / دھرنا : (مجازاً)؛ کمال احتیاط سے چلنا، ترساں رہنا، بہت احتیاط سے کوئی کام کرنا۔
—— دینا : (۱) دم کر دینا (۲) پھونک مار دینا، جلا دینا، خاک سیاہ کر دینا، برباد کر دینا، مشہور کر دینا، پھیلا دینا (۴) بھر دینا۔
—— سرکنا : ڈرنا، خوف زدہ ہونا۔
—— مارنا : زور کے ساتھ منہ سے ہوا چھوڑنا، دعا دم کرنے چراغ بجھانے یا آگ سلگانے کے لیے پھونکنا۔
—— نکل جانا : دم نکل جانا، سانس نکل جانا۔
—— پھونکنا : (۱) پھونک مارنا، جلانا، آگ لگانا (۲) مردے کو آگ لگا دینا (۳) کشتہ کرنا (۴) بھڑکانا (۵) شہرت دینا، (۶) دل جلانا (۷) برباد کرنا، اڑانا، دولت پھونکنا، پیسا پھونکنا (۸) لگائی بجھائی کرنا۔
پھونکی / پھنکی چھری : بڑھی ہوئی چھری۔
پھوہا : (۱) روئی کا چھوٹا سا ٹکڑا جس کو عطر میں تر کرتے ہیں (۲) روئی کی وہ بتی جسے دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچوں کو دودھ چوساتے ہیں۔
پھوہار / پھوار : بارش کی ننھی ننھی بوندیں۔
پھوہڑ : بے سلیقہ، بے تمیز۔
پھوئیاں / پھنیاں : مؤنث؛ ننھی ننھی بوندیں۔
—— کا مال ہنس ہنس کھائے : (مثل)؛ بے وقوف کا مال خوشامدی خوب کھاتے ہیں۔
—— پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے : (مثل)؛ تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔
پھیپھوں پھیپھوں برسنا : مینہ کی ہلکی پھوار پڑنا۔

پھ - ی

پھیپھڑا : مذکر؛ وہ عضو جس سے سانس لیتے ہیں۔
پھیپھڑی / پپڑی : مؤنث؛ ہونٹوں کی خشکی، وہ خشک تہ جو ہونٹوں پر گرمی کی وجہ سے بن جاتی ہے۔
پھیٹا / پھینٹا : مذکر؛ پگڑی، دستار، عمامہ۔
پھینٹنا / پھیٹنا : کسی چیز میں پانی یا کوئی پتلی چیز ڈال کر لگاتار ملانا، گھینپا۔
پھینچنا : (۵) مذکر؛ دھونا، صاف کرنا (کپڑے وغیرہ)۔
پھیر : مذکر؛ (۱) گھماؤ، چکر، راستے کی کجی (۲) فرق، دوری، انقلاب (۳) پیچ، جال (۴) بکھیڑا، مشکل، تشویش (۵) دائرہ احاطہ (۶) اندازہ، تخمینہ۔
—— باندھنا : محدود کر دینا، سلسلہ ڈال دینا۔
—— بدل : مؤنث، مذکر؛ (۱) چیز بدل لینا، ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا (۲) انقلاب، تبدیلی۔
—— بندھنا : دور بندھنا۔

—— پڑنا : (۱) چکر پڑنا، تسلسل پڑنا، (۲) فرق ہونا، تفاوت ہونا۔

—— پھار : مؤنث : اُلٹ پُلٹ (۲) پیچ، فریب، چکر پھیرا پھیری۔

—— دینا : (۱) واپس کر دینا، لوٹا دینا (۲) سمت بدلنا، رخ بدلنا (۳) کسی پتلی چیز کا پُچارا کر دینا۔

—— کھانا : دُور کی راہ سے جانا، چکر کی راہ سے جانا۔

—— لینا : واپس لے لینا، لوٹا لینا، بچے کی پیدائش کے آثار ظاہر ہو کر اور چند روز تک بچہ پیدا نہ ہونا۔

—— میں آنا : (۱) چکر میں آنا، گردش میں آنا، نقصان ہو جانا۔ (۲) ناگہانی مصیبت میں پھنسنا۔

—— میں ڈالنا : چکر میں ڈالنا، گم راہ کرنا، مصیبت میں ڈالنا، بھٹکانا۔

پھیرا : مذکر : (۱) حلقہ، دائرہ (۲) گشت، دورہ (۳) طواف گھماؤ، موڑ، بھکاریوں اور فقیروں کا حسب معمول گشت (۴) آسیب کا خلل۔

—— پھیری / پھیرا پھاری : مؤنث : ہیرا پھیری۔

—— لگانا : (۱) چکر لگانا، گشت کرنا، چوکی دار کا گھر گھر پھرنا۔

پھیرنا : (۱) موڑنا، گھمانا، (۲) چکر دینا، پھرانا، گشت کرانا، (۳) لوٹانا، واپس کرنا، رخ بدلنا (۴) زبان بدلنا (۵) ناراض کرنا، بے زار کرنا (۶) جینا، پوتنا، قلعی کرنا۔

پھیری : گراگروں، فقیروں کا معمول کے مطابق گشت، خردہ فروشوں کا گشت لگانا۔

—— والا : خوانچے والا، بساطی۔

پھیرے : مذکر : (جمع پھیرا کی)؛ اہل ہنود کی شادی کی ایک اہم رسم، دولہا دلہن کو ہون کے گرد پھراتے ہیں۔

پھیکا : مذکر : (۱) بے نمک، نہ میٹھا نہ کھاری (۲) سیٹھا (۳) ہلکا (۴) بے رونق بدرنگ، اداس، ماند (۵) روکھا، کی خلق (۶) رنگت میں مدھم، کم شوخ۔

—— پڑ جانا : (۱) رنگ مدھم ہو جانا، شوخی جاتی رہنا، (۲) شرمندہ ہو جانا۔

—— پنڈا : مذکر : جسم پر جب خفیف بخار محسوس ہو، جسم میں ہلکی حرارت۔

—— شلغم : (مجازاً)؛ بدرنگ، جس شلغم میں سرخی بہت کم ہو۔

پھیکی گرمیوں کے چونچلے : بڑھاپے کے غمزے۔

—— ہنسی : وہ ہنسی جو بناوٹ سے ہو دل سے نہ ہو۔

—— ہونا : کسی چیز سے بیزار ہو جانا، جی اُچٹ جانا۔

پھیل جانا : جسامت میں بڑھ جانا، چوڑا ہو جانا، مشہور ہو جانا، رائج ہو جانا۔

—— کر بیٹھنا : فراغت سے بیٹھنا، کھل کر بیٹھنا۔

پھیلا پڑنا : بچھا جانا، گرا پڑنا، بے حد خواہش مند ہونا۔

پھیلانا : (۱) کھولنا، بڑھانا (۲) بچھانا، خوش کرنا (۳) دراز کرنا لمبا کرنا (۴) رسدی بانٹنا، تخمینہ کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔ (۵) شایع کرنا، رواج دینا (۶) بکھیرنا (۷) تکا لگانا۔

پھیلاوا : مذکر : درازی، طوالت۔

پھین / پھینا : مذکر : کف، جھاگ، وہ رطوبت جو منہ سے کف کی شکل میں نکلے۔

پھینکنا : (۱) ڈالنا، گرانا (۲) دے مارنا، پٹکنا (۳) اچھالنا۔ (۴) بکھیرنا، برباد کرنا۔

پھینک پھانک دینا : اِدھر اُدھر ڈال دینا، ڈھنگ سے کوئی چیز نہ رکھنا۔

—— دینا : (۱) بکھیر دینا (۲) اچھال دینا، گرا دینا، ڈال دینا (۳) ضایع کر دینا، تلف کر دینا۔

پھینی : میدے کے لچھے کی ٹکیاں جو دودھ میں بھگو کر شکر ڈال کر کھاتے ہیں۔

ت

ت : مونث ؛ اُردو حروفِ تہجی کا چوتھا حرف ، بہ حساب جمل (ابجد) چار سو عدد۔

ت ـــا

تا : لفظِ ربط ؛ تک ، انتہا ، نتیجہ ۔

ـــــ **اِمکان** : (ف) ؛ مقدور بھر۔

ـــــ **بہ حیات / بہ زیست** : (ف) ؛ جنم بھر ، عمر بھر۔

ـــــ **بہ کجا / تا کجا / تا بہ کے / تا کے** : (ف) ؛ کہاں تک ، کب تک۔

ـــــ **تریاق از عراق آورد شود مار گزیدہ مُردہ شود** : (مقولہ) ؛ (جب تک عراق سے تریاق آئے سانپ کاٹا مرجائے گا) ، بہت انتظار ، بہت دیر ہونا۔

ـــــ **تو بہ مَن می رسی ، مَن بہ خُدا می رَسَم** : (ف) ؛ مثل ، (جب تک تم مجھ تک پہنچو گے میں خدا کے پاس پہنچ جاؤں گا) ، بہت زیادہ انتظار کی صورت ، بہت دیر ہونا۔

ـــــ **چند** : (ف) ؛ کب تک ۔

ـــــ **حال** : اب تک ، اس وقت ۔

ـــــ **کہ** : اس لیے ، اس واسطے ، کیوں کہ ۔

ـــــ **مرد سخن نہ گفتہ باشد ، عیب و ہنرش نہفتہ باشد** : (مقولہ) (جب تک انسان بات نہیں کرتا اُس کی خوبی اور عیب ڈھکے رہتے ہیں) ، خاموش رہنے اور نہ بولنے والے انسان کی صلاحیت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔

ـــــ **نہ باشد چیزے کہ مردم نہ گویند چیزہا** : (مقولہ) ؛ جب تک کسی چھوٹی چیز کا وجود نہ ہو لوگ اُسے بڑی چیز نہیں بناتے) ، جب تک کوئی نہ کوئی بنیاد نہ ہو لوگ خواہ مخواہ بڑھا چڑھا کر نہیں بولتے ۔

ـــــ **وقتے کہ** : اس وقت تک ، جب تک ۔

ـــــ **ہَم** : تو بھی ، پھر بھی ، اس کے باوجود ۔

تاب : (ف) ؛ مونث ؛ (۱) طاقت ، قدرت ، مجال ، (۲) رونق ، چمک ، روشنی ، نور ، (۳) حرارت (۴) صبر ، تحمل ، برداشت

تاباں : (ف) ؛ روشن ، چمک دار ، نورانی ۔

تاب دار : (ف) تاباں ، روشن ، درخشاں ، (۲) خمیدہ پیچیدہ۔

ـــــ **دان** : روشن دان ، روزنِ دیوار ۔

تابستان : گرمی کا موسم ، گرمی ۔

تابش : (۱) گرمی ، حرارت ، (۲) چمک ، روشنی ، نور ۔

تاب ناک : روشن ، چمک دار ، پیچیدہ ، خم دار ۔

تابندہ : مذکر ، چمک دار ، روشن ، نورانی ۔

تاب نہ آنا : برداشت نہ ہونا ، تحمل نہ ہونا ، گھبرا جانا۔

ـــــ **وتواں / تاب و طاقت** : مذکر و مونث ؛ (۱) مجال ، قدرت ، ظرف ، حوصلہ ، (۲) صبر ، قرار ، برداشت ۔

تابڑ توڑ : لگاتار ، متواتر ، پیہم ، اُوپر تلے۔

تابع : (ع) ؛ فرماں بردار ، مطیع ، ماتحت ، پابند ، نوکر۔

ـــــ **دار** : مطیع ، فرماں بردار ۔

ـــــ **مہمل** : (ف) ، مذکر ؛ اُردو میں اصلی لفظ کے ساتھ کا زاید بے معنی لفظ ۔ جیسے پانی وانی ، روٹی ووٹی ۔

تابعی : (ع) وہ شخص جس نے اصحابِ رسول اللہ کو دیکھا ہو۔

تابعین : (ع) ؛ جمع تابعی کی ، مسلمانوں کا وہ گروہ جس نے ایک یا ایک سے زیادہ اصحابِ رسُول اللہ کو دیکھا ہو۔

تابوت : (ع) ؛ مذکر ، (۱) مُردے کا صندوق ، جنازہ ، (۲) ایک قسم

کا تعزیہ۔
—— اُٹھنا/نکلنا: (۱) جنازہ اُٹھنا، تعزیہ اُٹھنا۔
تابیدہ: بل کھایا ہوا، بٹا ہوا۔
تاپ: مونث؛ حرارت، بخار، گرمی۔
—— تلی: مونث؛ ورم، طحال۔
تاپنا: آگ سے سینکنا (ہاتھ پاؤں)۔
تاتا تھئی: مونث؛ رقاص کے تال پر آنے کے واسطے زبان اور ہتھیلی سے ادا کیا جانے والا کلمہ۔
تأثر: (ع) مذکر، (۱) اثر، (۲) نقش، (۳) نتیجہ۔
—— پذیری: (ع، ف)؛ اثر قبول کرنے کا عمل، قبولیت اثر۔
تاثیر (ع) مونث؛ (۱) اثر دینا، اثر قبول کرنا، نشان، (۲) نتیجہ، پھل، ثمرہ، اثر، خاصیت۔
—— کرنا: اثر کرنا، عمل کرنا، سرایت کرنا۔
تاج: (ع)، مذکر؛ شاہی ٹوپی، (۲) کلغی، پرند کی چوٹی، (۳) فقیروں کی خاص قسم کی ٹوپی، (۴) مکان کا چھجا، دیوار کی کنگنی، کسی دیوار یا مکان کے اوپر بنی ہوئی گنگی دار برجی۔
—— بختہ: وہ بادشاہ جس کا تاج چھن گیا ہو، تخت و تاج سے محروم کیا گیا بادشاہ۔
—— بخش: شہنشاہ، بڑا بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔
—— خروس: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر، (۱) مرغ کا کیس، کلغی، (۲) ایک قسم کا پھول۔
—— دار/ور: مذکر۔ صاحب تاج، بادشاہ، والیٔ ملک۔
—— رکھنا/پہننا: بادشاہ بننا۔
—— شمع: (اضافت کے ساتھ)؛ شمع کا شعلہ۔
تاجر: (ع)، مذکر، سوداگر، بیوپاری، تجارت کرنے والا۔
تاخت و تاراج کرنا: برباد کرنا، ستیاناس کرنا، تہس نہس کرنا۔
تاخیر: (ع) مونث، دیر، وقفہ، ڈھیل۔
تادیب: (ع) مونث؛ (۱) ادب سکھانا، ادب دینا، علم زبان سکھانا، (۲) تنبیہ، چشم نمائی۔
تار: مذکر، (۱) لوہے، پیتل، تانبے، سونے چاندی کا لمبا پتلا ٹکڑا، (۲) (مجازاً)؛ دھاگا، بال، (۳) اندھیرا، تاریک، (۴) سلسلہ، قطار، (۵) تانا بانا، (۶) ٹیلی گرام، (۷) چھلا، انگوٹھی۔
—— باراں/بارش: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، مینہہ کے پانی کا سلسلہ۔
—— باندھنا: سلسلہ باندھنا، لگاتار کام کیے جانا۔
—— برقی: بجلی کا تار، ٹیلی گراف۔
—— بندھنا: کسی کام کا پے در پے ہونا، (۲) کام لگاتار ہونا، (۳) قوام کا چیپ دار ہونا۔
—— تار: ٹکڑے ٹکڑے، ریزے ریزے (۲) بوسیدہ، بہت زیادہ پھٹا ہوا کپڑا۔
—— توڑ: کپڑے پر بنا ہوا سونے کا کام، کارچوبی کام۔
—— ٹوٹنا: سلسلہ ٹوٹنا، سانس بند ہو جانا، رخنہ پڑنا، چلتے کام میں حرج واقع ہونا۔
—— چڑھانا: ستاری کے تار لگانا، تار کھینچنا۔
—— دبکنا: سنہرے روپہلے تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لیے چڑھانا۔
—— عنکبوت: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ مذکر، مکڑی کا جالا۔
—— کش: (ف) مذکر، سونے چاندی کے تار بنانے والا
—— کشی: سونے چاندی کے تار کھینچنے کا کام اور پیشہ۔
—— گھر: ٹیلی گراف آفس، تار دینے کا دفتر۔
—— لگا نہ رکھنا: تسمہ لگا نہ چھوڑنا؛ کسر باقی نہ رکھنا۔
—— مسطر: مسطر میں لگایا ہوا دھاگا۔
—— نفس: (اضافت کے ساتھ)؛ (استعارۃ)؛ سانس کے آنے جانے سے مراد۔
—— نکالنا: (۱) بنے کپڑے میں سے کشیدہ کاری یا کسی اور کام کے لیے تار نکالنا، (۲) سوتیاں بٹنے میں باریک اور لمبی سوتیاں بنانا۔
—— نگہ: (ف) مذکر، (استعارہ)؛ لگا تار دیکھتے رہنا۔
—— پود: (ف) مذکر، تانا بانا۔
تارا: (ف)؛ (۱) ستارہ (۲) آنکھ کی پتلی، تیرا۔
—— ٹوٹنا: رات کو کسی تارے سے روشنی ٹوٹ کر گرنا۔
—— چمکنا: ترقی ہونا، عروج ہونا۔
—— ڈوبنا: ستارہ غروب ہونا۔
—— سی آنکھیں ہو جانا: آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا، آنکھوں کا میل

کیل بالکل صاف ہوجانا۔

تارا مَنڈل : مذکر، ستاروں کا حلقہ، ایک قسم کی آتشبازی۔

ـــــ ہوجانا : کسی چیز کا اس قدر بلند ہوجانا، اس قدر نیچے تہ میں چلا جانا یا اس قدر دُور ہوجانا کہ چھوٹی نظر آئے۔

تاروں بھری رات : مونث؛ ایسی رات جس میں آسمان صاف اور تارے چھٹکے ہوئے ہوں۔

ـــــ کی چھانو : (۱) تاروں کی روشنی، (۲) نور کے تڑکے، بہت سویرے، گجردم۔

ـــــ کی گرہ : (نجومیوں کی اصطلاح)؛ چند ستاروں کے ایک جگہ جمع ہوجانے کا اثر۔

تارے اُتارنا : (۱) تارے توڑلانا (۲) روشن کرنا، منور کرنا۔

ـــــ چھٹکنا : (۱) ستاروں کا نکل آنا، (۲) کنایتاً) رات شروع ہونا۔

ـــــ دکھانا : (۱) زچہ کی ایک رسم (۲) بدحواس کردینا (۳) کبوتر اُڑانے کی ایک خاص ترکیب۔

ـــــ دکھائی دینا : (۱) مصیبت پڑنا، چھکے چھوٹ جانا (۲) صدمہ دماغی یا ناتوانی کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے دکھائی دینا۔

ـــــ نکلنا : تارے نکلنا، ستاروں کا طلوع ہونا۔

ـــــ گننا : (۱) (کنایتاً)؛ نہایت پریشانی میں رات کاٹنا (۲) رات بھر جاگتے رہنا۔

ـــــ نظر آنا : (۱) (مجازاً)؛ حیرت زدہ ہونا، خوف زدہ ہوجانا۔

تاراج : (ف)، مذکر، لوٹ، بربادی، غارت گری۔

ـــــ گر، غارت گر۔

تارپیڈو TORPEDO ؛ (انگ)؛ مذکر، (۱) جہاز شکن آب دوز کشتی، (۲) ایک قسم کی سُرنگ، (۳) (مجازاً) کسی کام کی تخریب۔

تارپین : مذکر، گندے بیروزے کا تیل۔

تارک : (ع)؛ چھوڑنے والا، ترک کرنے والا۔

تارک الدُّنیا : دنیاوی تعلقات ترک کرنے والا، پرہیزگار، متقی۔

تارکول COALTAR ؛ (انگ)؛ مذکر، کولتار، ڈامر۔

تاریخ : (ع)؛ مونث؛ (۱) شمسی یا قمری مہینے کا دن (۲) گزرے ہوئے واقعات سے بحث کرنے کا فن، (۳) کسی واقعے کا ایسے لفظ یا عبارت میں ظاہر کرنا جس کے اعدادِ ابجد سے اُس کی تاریخ نکلے، (۴) گزرے واقعات کا تذکرہ۔

تاریخ ٹھہرنا : کسی کام کے لیے دن مقرر کرنا، شادی بیاہ کا دن ٹھہرنا۔

ـــــ وار : (۱) مسلسل تاریخوں کے ساتھ (۲) تاریخوں کے حوالے سے۔

تاریخی : تاریخ کی طرف منسوب، تاریخ کا جُز۔

تاریک : کالا، سیاہ، اندھیرا۔

ـــــ دل : (ف)؛ سیاہ دل، گناہ گار۔

تاریکی : (ف) مونث؛ اندھیرا، سیاہی، ظلمت۔

تاڑ : ایک لمبا درخت جس سے تاڑی نکالتے ہیں۔

تاڑنا : بھانپنا، جان لینا، سمجھ لینا۔

تاڑی : (۱) تاڑ کا نشہ آور رس، (۲) کٹار کا قبضہ، موٹھ۔

تازگی : مونث؛ (۱) نیاپن، (۲) سرسبزی، (۳) رونق۔

تازہ : نیا نیا۔ سرسبز، بارونق، جو باسی نہ ہو، (نیا)۔

ـــــ وُضو : وضو ہوتے ہوئے بھی وضو کرنا۔

ـــــ بات : مونث؛ نئی بات، انوکھی بات۔

ـــــ بَدَن : تیار، چُست، تندرست۔

ـــــ بہ تازہ : نیا نیا، نو بہ نو۔

ـــــ خیال : نئی بات، نیا خیال، نئی سوجھی ہوئی بات۔

ـــــ دَم : چُست، مستعد، جسے تکان نہ ہو، بھلا چنگا، توانا۔

ـــــ شگوفہ : مذکر، (۱) نئی کلی، (۲) نئی بات، انوکھی بات۔

ـــــ شگوفہ کھلنا / چھوڑنا : انوکھی بات ہونا، انوکھی بات کہنا۔

ـــــ فقرہ : نئی چال، فریب، دھوکا۔

ـــــ کار : (ف) نیا کام کرنے والا، عجیب۔

ـــــ کاری : (ف)؛ مونث؛ نیا بنانے کا کام، نیاپن بخشنے کا عمل۔

ـــــ کرنا : تازگی بخشنا، پژمردگی دور کرنا، یاد دلانا۔

ـــــ کھانا : آج ہی کا پکا ہوا کھانا، نیا پکا ہوا کھانا، جو باسی نہ ہوا ہو۔

ـــــ گل پھولنا / گل کھلنا : انوکھی بات ہونا، نیا معاملہ پیش آنا، نیا حادثہ واقع ہونا۔

ـــــ مشق : نو مشق۔

تازہ وارد : حال کا آیا ہوا۔

——ولایت : (۱) تو وارد، حال کا آیا ہوا، (۲) وہ شخص جو کسی دوسرے کی زبان نہ سمجھے، (۳) وحشی، نوگرفتار۔

تازی : (ف) مذکر، (۱) شکاری کتا، (۲) عرب کا گھوڑا۔

——بات : نئی بات، نیا معاملہ۔

——پر بس نہ چلا، ترکی کے کان اُمیٹھے : (مثل) ؛ زبردست بے قابو نہ پا کر کمزور کو ستانا۔

تازیانہ : (ف)، مذکر؛ کوڑا، چابک، قمچی۔

——ہونا : تنبیہ ہونا، تنبیہ کا سبب ہونا۔

تاس : (ف) مذکر، تسلا، بڑا تشت۔

تاسّف (ع) مذکر، پچھتاوا، افسوس، رنج، ملال، حسرت۔

تاسیس (ع) ؛ موئث ؛ (۱) بنیاد رکھنا، نیو رکھنا، (۲) علم قافیہ کی ایک اصطلاح)۔

تاش : (۱) گنجفہ، پتوں کا کھیل، (۲) ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا، زربفت، بادلا۔

تاشا/تاشہ : مذکر۔ ایک باجے کا نام جو گلے میں ڈال کر بجایا جاتا ہے۔

تافتان : ایک قسم کی موٹے کناروں کی ملائم خمیری روٹی۔

تافتہ : (ف) ؛ (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، (۲) روشن، منور (۳) گرم۔

تافی : موئث ؛ (۱) ایک قسم کی ٹوپی، (۲) مختلف رنگ کی آنکھوں والا گھوڑا۔

تاک : مذکر/موئث ؛ (۱) انگور کی بیل، (۲) ٹکٹکی، گھات، نشست، نشانہ، انتظار، اوقات کا لحاظ۔

——جھانک : موئث ؛ گھورا گھاری، نظربازی، چھپ چھپا کر دیکھنا۔

——رکھنا : (۱) گھات میں لگے رہنا، قابو ڈھونڈنا، (۲) پہلے سے پہچان رکھنا، پہلے سے دیکھ رکھنا، (۳) جانچ رکھنا، (۴) موقع تلاش کر رکھنا۔

——کر : سیدھ باندھ کر، موقع ڈھونڈھ کے۔

——لگانا : گھات لگانا، گھورنا، انتظار کرنا، تلاش میں رہنا، موقع تاکنا۔

——لگنا : ٹکٹکی باندھنا، نشانہ باندھنا۔

——لینا : خبر لینا، وقت پر پہنچانا، وقت پر پہنچا کرنا، نگرانی کرنا۔

تاک میں رہنا : کسی کو نظر میں رکھنا، موقع تاکنا، گھات میں رہنا۔

تاکنا : (۱) گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، (۲) خیال کرنا، پہلے سے جان رکھنا، (۳) چھپ کر دیکھنا، جھانکنا، (۴) تاڑنا، پہچاننا، (۵) نشانہ باندھنا، (۶) پسند کرنا، (۷) کسی چیز کی خواہش کرنا، تلاش کرنا۔

تاکید : (ع)، موئث ؛ (۱) اصرار، ہٹ (۲) تقاضا، کوشش، بار بار کہنا، زور دینا۔

——کرنا : زور ڈالنا، تقاضہ کرنا، سخت حکم دینا، اصرار سے کہنا۔

تاکیداً : (ع) ؛ نہایت اصرار سے، زور ڈال کر۔

تاگا : مذکر، دھاگا، ڈورا، سوت، تار۔

——ڈالنا : سوئی میں تاگا پرونا، تاگے ڈالنا، روئی دار یا دوہرے کپڑے میں دھاگا ڈالنا۔

تاگنا : دھاگا ڈالنا، تاگے ڈالنا، گوتھنا، سینا پرونا، کچی سلائی کرنا۔

تال : مذکر، (۱) تالاب، (۲) عینک کا ایک شیشہ (۳) موئث/مذکر، گانے بجانے کا وزن، (۴) تالی، (۵) موئث ؛ پہلوانوں کا خم ٹھونکنا۔

——بے تال ہونا : گانے میں سُر سے بے سُر ہونا، کوئی کام بے موقع بے محل ہونا۔

——پڑنا/دینا : گانے میں وزن اور سُر قائم رکھنے کے واسطے قاعدے سے تالی بجانا، سہارا دینا۔

——ٹھونکنا : خم ٹھونکنا۔

——سے بے تال ہونا : اصولِ نغمہ کے مقام سے اُکھڑ جانا، بے موقع تان لینا، سُر سے بے سُر ہو جانا۔

——مکھانا : ایک قسم کا بیج جو پانی کے کنارے اُگتا ہے اور دوا میں استعمال کیا جاتا ہے۔

——میل : مذکر۔ (۱) راہ و رسم، میل جول (۲) مناسبت، ربط۔

——میل کھانا : (۱) (موسیقی) تال کے سُر کے ساتھ مل جانا، (۲) میل جول ہونا، باہم اتفاق ہونا، موزوں ہونا، مناسبت ہونا۔

تالا : مذکر، قفل۔

——توڑنا : قفل توڑنے کا جُرم کرنا۔

——چڑھوانا : قفل لگوانا۔

تالاب : مذکر، تلاؤ، پوکھر، وہ جگہ جہاں پانی بہت زیادہ جمع ہوجائے۔

تالو : مذکر، (۱) منہ کے اندر کا اوپری حصہ (۲) دماغ کے اوپر کی سطح، چندیا۔

——— اُٹھانا : تالو کو دباکر درست اور با موقع کرنا۔

——— سے زبان لگانا : چُپ ہورہنا۔

——— سے زبان نہ لگنا : برابر باتیں کیے جانا، بکے جانا۔

——— لٹکنا : منہ کی بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے کچھ لٹک آنا۔

تالی : مونث ؛ (۱) کنجی، چابی، (۲) مونث، کف، ہتھیلی ہتھیلی پیٹنے کی آواز، دونوں ہاتھوں کے بجانے کی آواز :

——— ایک ہاتھ سے نہیں بجتی/تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے : (مثل) ؛ محبت یا لڑائی ایک طرف سے نہیں ہوتی۔

——— بجانا : ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مارکر آواز نکالنا، دستک دینا۔

——— بج جانا : (۱) رسوائی ہونا، بدنامی ہونا (۲) (کنایتاً) ؛ دوالا نکل جانا۔

——— پٹنا : رسوائی ہونا، بدنامی ہونا۔

——— پیٹنا : (مجازاً) (۱) ہنسی اُڑانا (۲) تضحیک کرنا، (۳) شاباشی دینا۔ تحسین کرنا، داد دینا۔

——— دینا/تالیاں دینا : (مجازاً) ؛ ذلیل کرنا، مضحکہ اُڑانا۔

تالیاں بجانا : (۱) خوشی منانا (۲) ذلیل کرنا (۳) رُسوا کرنا، ہنسی اُڑانا، مسخرا بنانا۔

تالیف : (ع) مونث (۱) مختلف کتابوں کے مضامین نئے پیرائے سے ترتیب دینا، (۲) باہم الفت ڈالنا، دوستی پیدا کرنا، دو دلوں کو ملانا۔

——— قُلُوب : (اضافت کے ساتھ) ؛ مونث ؛ دلوں کو ہاتھ میں لینا، دلجوئی کرنا۔

تام : (ع) پورا، تمام، کُل، کامل۔

تام جان/تام دان/تان جان : مذکر، ہوادار، ایک قسم کی پالکی۔

تام جھام : مذکر، ہوادار۔

تام چینی : مذکر۔ چینی چڑھا ہوا تانبا یا لوہا۔

تامر پتر : (س) مذکر، تانبے کا ورق۔

تامڑا : مذکر، (۱) کھوپڑی، گنجے کی کھوپڑی، (۲) تانبے کے رنگ کا، (۳) ایک قسم کا جواہر، یاقوت کی ادنا قسم۔

تامڑا نکل آنا : تانبے کے رنگ کا ہوجانا ؛ بدرنگ ہوجانا، بال اکھڑ کر کھوپڑی صاف ہوجانا، گنجا ہوجانا۔

تامل : مونث ؛ تامل ناڈو علاقے کی زبان کا نام۔

تامّل : (ع) مذکر، (۱) سوچ، فکر، اندیشہ، (۲) ڈھیل، دیر، توقف، (۳) شبہ، شک، تذبذب۔

تام لوٹ/تام لیٹ : مذکر، ٹین کا لوٹا، جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی۔ ٹین کا ڈونگا۔

تان : مونث ؛ (۱) گانے میں بلند آواز، (۲) لوہے کی سلاخ جو پلنگ، پالکی، ہوادار، ہودے وغیرہ کی مضبوطی کی غرض سے لگاتے ہیں۔

——— اُڑا لینا : کسی کے گانے کا ڈھنگ اختیار کرلینا۔

——— اُڑانا : گانا، الاپنا۔

——— بھرنا : گانے میں خوبصورت اور دلکش انداز سے بعض سُروں کو مکرر اور سہ کرر زبان سے نکالنا۔

——— پلٹا : مذکر ؛ (علم موسیقی کی اصطلاح) ؛ مختلف انداز سے تان لینا۔

——— توڑنا : (اصطلاح موسیقی) ؛ (۱) گیت کو سم پر ختم کرنا (۲) طعنے دینا۔ طعن کرنا، (۳) ختم کرنا، تان دینا، لٹکا دینا، (۴) اشتعال پیدا کرنا۔

——— ٹوٹنا : لازم، دیکھو تان توڑنا نمبر (۱)، (۲)، و (۳)۔

——— کی جان : (۱) سُریلی، رسیلی (۲) خلاصۂ مقصد، حاصل، مُدعا۔ مغزِ سخن۔

——— کی لینا : گانا، الاپنا۔

——— میں تتکیں اُڑانا : بہت اُونچی تان لینا۔

تانوں کے لچھے : مسلسل گانا۔

تان رس خان : مذکر، داروغۂ اربابِ نشاط۔

تان سین : مذکر، موسیقی کے ایک مشہور استاد کا نام۔

تان کے : خوب زور سے کھینچ کے۔

——— لینا : (۱) اوڑھ لینا، (۲) کھینچ لینا، سیدھا کرلینا، ٹھنڈ دینا۔

تانا : مذکر (۱) سوت کے تاگے جو کپڑا بُننے میں لمبائی کی طرف ہوں، (۲) چاندی سونے کو آگ میں رکھ کر اس کے خالص یا غیر خالص ہونے

کی جانچ کرنا، تاؤ دینا، تپانا، (۳) جانچنا، آزمانا، (۴) گرم کرنا، پگھلانا۔

تانا بانا : مذکر، (۱) وہ دھاگے جو کپڑا بُننے میں عرض وطول میں دیتے ہیں۔

ـــــ کرتے پھرنا : (کنایتاً) ؛ بار بار آنا جانا، آوارہ پھرنا، خواہ مخواہ چکر لگانا۔

ـــــ شاہ : دکن کے ایک نازک مزاج بادشاہ کا نام، لطافت پسند شخص۔

ـــــ شاہی ، آمریت، مطلق العنانیت۔

تانبا : مذکر، ایک دھات کا نام، (۲) گوشت کا ٹکڑا جو باز شاہین وغیرہ شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں، (۳) بغیر چربی کا گوشت۔

ـــــ سا : گلابی کم سُرخ۔

ـــــ سا آسمان ہوجانا : قحط کے آثار معلوم دینا۔

تانبے کا تار/چھلا نہیں : (ع) نہایت درجہ مفلس، وہ عورت جس کے پاس زیور بالکل نہ ہو۔

تان پورا/تان پُرا : مذکر، ایک قسم کا ہندستانی باجا۔

تانت : مونث؛ بھیڑ بکری کی وہ نس جو بٹ کر سُتلی سی بنائی جاتی ہے۔ (۲) سارنگی کا تار، (۳) آری پارچہ بافت۔

ـــــ باجی راگ بوجھا (پایا) : (مثل)، قرینے سے مطلب پہچان لینا، انداز سخن سے مطلب پر آگہی ہوجانا، باتوں سے دل کا حال معلوم ہوجانا۔

ـــــ سا : نہایت دُبلا، منحنی۔

تانتیا : دُبلا، پتلا، وہ جو لمبا اور دُبلا ہو۔

تانتا : مذکر، (۱) قطار، سلسلہ، (۲) مجمع، گروہ، سواریاں۔

ـــــ پُنوارا : مذکر، طول طویل داستان، شیطان کی آنت۔

تانترک : (ہ) مذکر، تنتر شاستر کا جاننے والا، سحر کرنے والا، جادوگر۔

تانترنی : مونث؛ تانت کی تصغیر (۲) (کنایتاً) نہایت دُبلا، منحنی۔

تانتوا : مذکر، آنت اُترنے کی بیماری، فتق۔

تانڈو : (ہ) مذکر، ناڈو (ا) نٹ راج شیوجی کا جلالی رقص، (۲) ایک ہندستانی رقص جس میں رقاصہ مردوں کے بھاؤ بتاتی ہے۔

تانسنا : (۱) چشم نمائی کرنا، دھمکانا، ڈانٹنا، گھڑکنا، (۲) جھوکا مارنا، خوراک سے کم کھانے کو دینا، (۳) بُرا کہنا، طعنے دینا۔

تانگا : مذکر۔ دو پہیے کی چھوٹی سواری گاڑی جس میں گھوڑا جتا ہوتا ہے۔

تاننا : (ہ) پھیلانا، بڑھانا، لمبے یا چوڑے کپڑے کو سر پر بطور قنات کھینچنا (جیسے چادر تاننا)، (۲) لٹکانا (۳) تار لگانا (۴) کسنا، جکڑنا، بھول دُور کرنا، (۵) مقدمہ دائر کرنا، (۶) (عم) قید کرنا، (۷) بھیجنا، روانہ کرنا، (۸) حربے کے واسطے اُٹھانا، جیسے برچھی تاننا، (۹) زور سے کھینچنا، (۱۰) جالا تاننا (مکڑی کا)، (۱۱) اُگسانا۔

تانے تشنے : مذکر، طعن وتشنیع، اُلاہنے۔

تانیث : (ع)؛ مونث؛ مونث کی علامت لگانا۔

ـــــ معنوی : (اضافت کے ساتھ) (ع)؛ مونث؛ (اصطلاح)؛ وہ اسم جس میں کوئی علامتِ تانیث نہ ہو مگر مونث استعمال ہوتا ہے۔

تاؤ : مذکر، (۱) حرارت (۲) تیزآنچ (۳) چرخ دینا (۴) غصہ، غضب، (۵) پیچ وتاب (۶) بَل مڑوڑ، خم۔

ـــــ آجانا : لوہے، تانبے وغیرہ کا آگ میں سُرخ ہوجانا، چرخ کھا جانا، (۲) جوش کھانا، (۳) غصہ آجانا، (۴) چاشنی کا پکنے پر آجانا۔

ـــــ بگڑنا : (۱) پکنے میں کسی چیز کا جوش خراب ہوجانا (۲) (مجازاً) موقع نکل جانا۔

ـــــ بَنْد : وہ دوا جس کے اثر سے چاندی سونے کا نقص تاؤ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو۔

ـــــ پَر ہونا : جوش میں ہونا۔

ـــــ پر تاؤ آنا : مذکر، بہت غصہ آنا۔

ـــــ پیچ : مذکر، پیچ وتاب، غم وغصہ۔

ـــــ دینا : گرم کرنا، آگ میں لال کرنا، پگھلانا۔

ـــــ کھانا : (۱) سُرخ ہوجانا، پگھل جانا، چرخ کھا جانا، جوش کھا جانا (۲) قوام یا چاشنی کا جل جانا، زیادہ پک جانا، (۳) اینٹھنا، پیچ وتاب ہونا، (۴) کسنے کا زیادہ آنچ کھا جانا، (۵) غصہ کھانا، غصہ کرنا، غصے کے مارے پیچ وتاب کھانا۔

ـــــ لگنا : (۱) آنچ لگنا، خوب گرم ہونا، (۲) زیادہ جل جانا۔

ـــــ میں آنا : جوش میں آنا۔

تاؤ : تختہ کاغذ کا؛ ورق۔

تاؤ : (ہ) مذکر، باپ کا بڑا بھائی، تایا۔

تاوا : مذکر، پکّا، گردش، کبوتروں کا مکان کے گرد اڑانا۔
——— دینا: کبوتروں کو چکر دینا۔
تاوان : (ف) ؛ مذکر؛ ڈنڈ، جرمانہ، بدلا۔
——— بھرنا: جرمانہ دینا۔
تاویل : (ع) ؛ مونث ؛ (۱) ظاہری مطلب سے کسی بات کو پھیر دینا۔ (۲) مذہبے جا، بچاؤ کی دلیل۔
تاہّل (ع) مذکر؛ بیوی بچے والا ہونا، شادی کرنا۔
تائی : مونث ؛ چچی، تایا کی بیوی۔
تائب : (ع) مذکر، توبہ کرنے والا۔
تائید : (ع) مونث ؛ (۱) مدد، حمایت، (۲) طرفداری۔
——— ایزدی : (اضافت کے ساتھ) خدا کی مدد۔
——— غیبی : (اضافت کے ساتھ)۔
——— کلام : (اضافت کے ساتھ) ؛ (مونث) ؛ بات کی پچ، سخن پروری۔
——— مزید : (ف) ؛ (اضافت کے ساتھ) ؛ زیادہ مدد۔
تایا : مذکر، چچا، باپ کا بڑا بھائی۔
تایا جانا : (۱) گرم کیا جانا، پگھلایا جانا، (۲) آزمایا جانا۔

ت ——— ب

تَب : (۱) پھر، بعدازاں، اس وقت، جب، اُس حالت میں۔
——— بھی : پھر بھی، اس پر بھی، تاہم۔
——— تک : اُس وقت تک۔
——— تو : پھر تو۔
——— ہی/تبھی : (۱) فوراً، اُسی وقت، جب ہی (۲) اِسی سبب سے، اِسی وجہ سے۔
تَپ : (ف) مونث ؛ بخار، حرارت، دیکھو تپ۔
تَبادِلہ : (ع) مذکر، (۱) بدلی (۲) معاوضہ، عوض، بدل۔
تَبادِلۂ خیالات : باہم دو یا زیادہ اشخاص کا اپنا اپنا خیال ظاہر کرنا۔
تَبار : (ف) مذکر، خاندان، گھرانا، نسل، اولاد۔
تِبارا : تیسری دفعہ، تیسری بار۔
تَبارَک : (ع) ؛ (۱) بڑا، بزرگ، عالی (۲) مونث، قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (۳) بعض مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم کا نام۔
تبارک کی روٹیاں : میدے کی میٹھی تنوری روٹیاں جو رسم تبارک میں خیرات کی جاتی ہیں۔
——— اللہ : (ع) ؛ (بزرگ ہے اللہ تعالیٰ) ؛ مدح میں تعجب کا کلمہ۔
تِباسی : تین روز کی رکھی ہوئی چیز۔
تَباشیر : (ف) ؛ (۱) جنس لوچن، (۲) (مجازاً) ؛ اوّل صبح کی روشنی۔
تباہ : (ف) ؛ (۱) خراب، ویران، اُجڑا ہوا، برباد، تباہ حال، خستہ حال، ذلیل حالت میں۔
——— کرنا : (۱) برباد کرنا، ویران کرنا، اُجاڑنا، (۲) کھانا، ضائع کرنا، رائیگاں کرنا، (۳) دیوالا نکالنا، لوٹ کھسوٹ کر مفلس بنانا، (۴) غرق کرنا، ڈبونا، (۵) بگاڑنا، ستیاناس کرنا۔
——— ہونا : (۱) برباد ہونا، خراب ہونا، (۲) لٹنا، غارت ہونا (۳) رائیگاں جانا، (۴) دیوالا نکلنا، مفلس ہونا، (۵) ڈوبنا، غرق ہونا، (۶) بگڑنا، ستیاناس ہونا، (۷) کنایتاً، مرمٹنا۔
تباہی : (ف) مونث ؛ (۱) خرابی، بربادی، ذلت، رسوائی، (۲) آفت، بلا، مصیبت۔
تَباہی زَدہ/تباہی کا مارا : دکھیا۔ آفت زدہ، مصیبت کا مارا۔
تَبائن : (ع) مذکر؛ فرق، جُدائی، ضد۔
تَبَحُّر : (ع) مذکر، بڑا عالم ہونا، علامہ ہونا، کسی ہنر میں کمال حاصل ہونا۔
تَبخال ۔ تَبخالہ : (ف) مذکر، چھالا جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں کے آس پاس نکل آتا ہے۔
تَبَختُر : (ع) ؛ مذکر، گھمنڈ، اِترانا، غرور۔
تبخیر : (ع) مونث ؛ (۱) بھک، (۲) بھاپ (۳) وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا معدہ خالی ہونے سے دماغ کی طرف چڑھتے اور جسم کو کسی قدر گرم کر دیتے ہیں، (۴) خفیف سی حرارت۔
تَبدُّل : (ع) مذکر؛ بدلنا، بدل۔
تبدیل : (ع) مونث ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا، نقلِ مکان، پلٹنا، بدلنا۔
——— آب و ہوا : (اضافت کے ساتھ) پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کے واسطے دوسری جگہ جانا۔

تبدیلِ ہیئت : بھیس بدلنا، صورت بدلنا۔

تبدیلی : مونث ؛ بدلا جانا، بدلی، ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا۔

تبَرّ : (ف) مذکر، (۱) ایک قسم کی کلہاڑی (۲) ایک ہتھیار۔

تبَرّا : (ع) ؛ مذکر ؛ بے زاری، نفرت، تنفر، وہ ناملایم الفاظ جو کسی مخالف کی نسبت بہ طورِ لعنت زبان پر لاتے ہیں، لعن طعن۔

——— بھیجنا/کرنا : بُرا بھلا کہنا، لعنت ملامت کرنا۔

تبَرّائی : مذکر، تبرا کرنے والا، وہ گروہ جو تبرا کرنا داخلِ مذہب خیال کرتا ہے۔

تبَرُّک : (ع) مذکر ؛ (۱) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو، (۲) تحفہ جو کسی بزرگ سے ملے (۳) کسی بزرگ کا اُترن یا کسی پیشوائے دین کے فاتحہ کی چیز۔

تبَرُّکاً : (ع) ؛ (۱) بہ طور تبرک، برکت لینے کے خیال سے ؛ (۲) (کنایتاً)

——— سمجھنا : (ع) یُمن و برکت کے لحاظ سے مبارک اور متبرک جان کر۔

تبَرُّکات : مذکر ؛ (۱) جمع تبرک کی ؛ (۲) وہ چیزیں جو بزرگانِ دین کی نشانیاں سمجھی جائیں، (۳) برکت حاصل کرنے کی چیزیں، بزرگوں کے آثار۔

تبَرید (ع) مونث ؛ (۱) ٹھنڈائی (۲) وہ شربت یا دوا جو تپ کے پہلے تین دن اور مسہل کے بعد اُس کی حرارت کے دُور کرنے اور دل کو قوت دینے کے لیے دی جاتی ہے، (۳) ٹھنڈی دوا۔

تبَسّم : (ع) مذکر، مسکراہٹ، ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھلیں۔

تبصِرہ : مذکر، (۱) تصریح، تفصیل، توضیح، (۲) کسی چیز یا تحریر پر اظہارِ رائے۔

تبَع : (ع) مذکر، پیروی کرنے والا، پیروی کرنے والے۔

——— تابعین : (ع) مذکر، وہ مسلمان جنھوں نے تابعین کو دیکھا۔

تبلیغ (ع) مونث ؛ پہنچانا، کسی کے پاس کچھ روانہ کرنا، خدا کا حکم پہنچانا، احکامِ شریعت پہنچانا۔

تبَنّیت : (ف بہ نی بت) (ع) مونث ؛ بیٹا بنانا، متبنّٰی (متبنّا) بنانا، لے پالک بنانا۔

تبَہ : (ف) ؛ (تباہ کا مخفف) ؛ خراب، اُجاڑ، تباہ۔

تبَہ کار : (ف) ؛ برباد، بدکار۔

ت ـــــ پ

تپ : مونث ؛ گرمی، حرارت، بخار۔

——— آنا : (۱) بخار آنا (۲) (کنایتاً) ؛ خائف ہونا، ترساں ہونا، ڈرنا۔

——— ٹوٹنا : بخار کا زور گھٹنا۔

——— چڑھ آنا/چڑھنا : بخار چڑھنا، بخار سے بدن کا جلنے لگنا، (۲) (کنایتاً) ؛ ترساں ہونا، لرزاں ہونا۔

تپَنچالہ : (ف) مذکر، دیکھو تمنچالہ۔

تپ دق : مونث ؛ تپ کہنہ، پُرانا بخار۔

تپ لرزہ : مونث ؛ وہ تپ جس کے ساتھ لرزہ بھی آتا ہے۔

تپ مُحرِقہ : مونث ؛ تپ دق۔

تپ نوبَت : مونث ؛ باری کا بخار۔

تپاس : مونث ؛ جوگ۔

تپاک : مذکر، آؤبھگت، خاطر مدارات، التفات، (۲) عشق، اخلاص، محبت، (۳) (مجازاً) بے پروائی، ظاہرداری۔

تپاکرنا : (کنایتاً) ؛ غم جھیلنا۔

تپاں : (ف) تڑپنے والا۔

تپانا : (۱) گرم کرنا (۲) تاؤ دینا، سونے چاندی وغیرہ کو آگ پر رکھ کر کرا کھوٹا دیکھنا، (۳) (کنایتاً) ؛ دکھ دینا۔

تپانچہ/تمانچا/طپانچہ : (ف) مذکر، تھپڑ (لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں ایک ڈانوں)

تپائی : مونث ؛ تین پایوں کی چوکی، چھوٹی چوکی۔

تپسیا : ——— (ف) ؛ مونث، ریاضت، عبادت۔

تپش : (ف) مونث ؛ (۱) اضطراب، بے قراری، (۲) شدت کی گرمی، آفتاب کی تمازت، (۳) سوزش، جلن۔

تپک : مونث ؛ جلن، رہ رہ کر اُٹھنے والا پھوڑے کا درد، ٹیس، لپک۔

تپکنا : زخم میں ٹیس ہونا، لپک ہونا۔

تپنچہ/تمنچا/طمنچہ : مذکر، بندوق کی قسم کا بہت چھوٹا ہتھیار، پستول، ریوالور۔

تَنَپنچہ باندھنا : تمنچا کمر میں لگانا۔
——— بھرنا : نلچے میں گولی بارود بھرنا۔
——— چلانا : تمنچا سر کرنا ، چھوڑنا۔
——— خالی کرنا / ——— سر کرنا : تمنچا چھوڑنا۔
——— داغنا : تمنچا چلانا۔
تَتّا : (۱) نہایت گرم ، جلتا ہوا ، (۲) تند ، تیز مزاج ، غضب ناک ، (۳) جری ، بہادر ، شجاع۔
——— پانی : تاؤ ، تنک مزاجی ، گرم مزاجی۔
——— تاؤ : جلد ، فوراً۔
——— تاولا : جلد باز ، تیز مزاج۔
——— توا : (۱) گرم توا ، (۲) (کنایتاً) وہ شخص جو بات بات پر لڑے ، لڑاکا ، جھگڑالو۔
——— ہونا : گرم ہونا ، غضبناک ہونا ، لال پیلا ہونا۔
تَتَبُّع : (ع) ؛ مذکر ، تقلید ، پیروی ، نقل ، پس۔
تَتَر بَتَر : پریشان ، الگ الگ ، بے ترتیب۔
تُتلاّ : مذکر ، جس کی زبان بولنے میں صاف نہ چلے۔
تُتلانا : صاف نہ بولنا ، بات کرنے میں حروف کا اُن کے مخارج کے موافق ادا نہ ہونا اور کچھ سے کچھ نکلنا۔
تِتلی : مونث ؛ (۱) ایک کیڑے کا نام جس کے پَر نہایت خوبصورت ہوتے ہیں ، (۲) ایک قسم کی گھاس۔
تَتِمّہ : (ع) ؛ مذکر ، (۱) بچا ہوا ، باقی ، اخیر ہر شے کا ، (۲) کتاب یا عبارت کا وہ حصہ جو اخیر میں اسی کتاب یا عبارت کی تکمیل کے لیے لگا دیتے ہیں ، ضمیمہ ، خاتمہ ، (۳) خط کا ضمیمہ۔
تتو تھمبو : مونث ؛ روک تھام ، دم دلاسا ، بیچ بچاؤ۔
تَتہرا : مذکر ، پانی گرم کرنے کا لوہے کا گھڑا۔
تتیا : مونث ؛ (۱) لال رنگ کی بھڑ ، (۲) سبز رنگ کی مرچ جو چھوٹی ہڑ کے برابر اور نہایت تیز ہوتی ہے ، (۳) تیز و چالاک ، ذہین ، ذکی۔
——— مرچ : مونث ؛ ایک قسم کی چھوٹی مرچ جو رنگ میں زرد اور نہایت تیز ہوتی ہے ، (۲) (کنایتاً) ؛ ذہین ، تیز ، چالاک۔

ت ـــــ ٹ ش

تَٹ : (ہ) ؛ مذکر ، ساحل ، سمندر یا دریا کا کنارا۔
تثلیث : (ع) مونث ؛ (۱) تین حصوں میں تقسیم کرنا ، (۲) عیسائی مذہب کے مطابق خدائے واحد کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ بیٹا اور رُوح القدس ، (۳) نجومیوں کی اصطلاح ؛ آسمان کا تیسرا حصہ۔
تَثنیہ : (ع) مذکر ، (۱) دُگنا ، دو کرنا ، (۲) وہ صیغہ جس میں دو سمجھے جائیں۔

ت ـــــ ج

تَج : مونث ؛ دارچینی ، ایک درخت کی چھال جو خوشبودار ہوتی ہے۔
——— دینا : (ہ) ؛ چھوڑ دینا ، ترک کرنا ، دست بردار ہونا۔
تجارب : (ع) ؛ مذکر ، جمع تجربہ کی۔
تجارت : مونث ؛ سوداگری ، خرید و فروخت ، بیوپار۔
تجارتی مال : مذکر ، سوداگری کا اسباب۔
تجاوز : (ع) بلا مذکر ، گزرنا ، حد سے گزرنا ، انحراف ، (۲) فرق ، تفاوت۔
تجاہُل (ع) ؛ مذکر ، (۱) جان بوجھ کر نادان بننا ، اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنا ، (۲) ٹالنا ، اغماض کرنا ، چشم پوشی کرنا۔
——— عارفانہ : (اضافت کے ساتھ) ؛ (ف) مذکر ، جان بوجھ کر انجان بننا ، (۲) علم بدیع کی ایک اصطلاح۔
تجدّد : (ع) مذکر ، نیا ہونا۔
——— اَمثال : (ع) مذکر ، (تصوف کی اصطلاح) ؛ اللہ تعالےٰ کے صفات کی وہ تجلی جس سے زندگی اور موت کا سلسلہ قائم ہے۔
تجدید : (ع) مونث ؛ نئے سرے سے کوئی کام کرنا ، نیا کرنا ، تازگی ، ایجاد ، اختراع۔
تجدید یّت : (ع) ؛ مونث ؛ نئے سرے سے شروع کرنا ، احیاء۔

تجربہ :(ع) مذکر، آزمایش، جانچ، امتحان۔
—— کار: (ف) واقف کار، ہوشیار، ماہر، جہاں دیدہ۔
—— گاہ: سائنس کے تجربہ کرنے کا کمرہ، معمل۔
تجربی (تج، ربی): (ع): (ا) جانچا ہوا، پرکھا ہوا، تجربہ کیا ہوا۔ (۲) آزمایشی۔
تجربیت: مونث: تجربے کی خاصیت۔
تجرد: (ع) مذکر، خلوت، عزلت، مجرد رہنا، (مجازاً) ترک دنیا۔ قطع علائق، بن بیاہا رہنا۔
تجرید: (ع) مونث: (ا) تنہائی، (۲) علاحدگی (۳) علم بیان کی ایک صنعت۔
تجزی: (ع) مونث: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجزیاتی: (ع): تجزیہ کیا ہوا، جائزہ لیا ہوا۔
تجزیہ: (ع): مذکر، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کسی چیز کو تقسیم کرنا۔
تجزیہ نفس: (ع) مذکر، (نفسیاتی اصطلاح) انسانی ذہن کا مطالعہ، دیکھو تحلیل نفسی۔
تجسس: (ع) مذکر، تلاش، جستجو، تحقیقات۔
تجسیم: (ع) مونث: مجسم ہونا، جسم بننے کا عمل۔
تجلا / تجلی: (ع) اول مذکر، دوسرا مونث: (ا) پردہ ہٹنا، آشکار ہونا۔ (۲) روشنی، چمک، نورالٰہی، (۳) جلوہ، جھلک۔
تجمل: (ع): مذکر، جمال کی آرایش، زیب وزینت، حسن، (۲) شان وشوکت، ٹھاٹ۔
تجنا / تج دینا: (ا) کسی کام کو ترک کر دینا، (۲) دانستہ کسی چیز کو ہاتھ سے گنوا دینا۔
تجنیس: (ع) مونث: (ا) ایک جنس ہونا، ہم جنس ہونا، (۲) صنائع لفظی کی ایک اصطلاح۔
—— اجناس: (ع) مونث: چیزوں کا ہم جنس ہونا۔
تجوری: (ہ) مونث: لوہے کی خاص قسم کی الماری جس میں زیورات اور قیمتی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔
تجوید: (ع) مونث: (ا) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا، (۲) علم قرأت۔
تجویز: (ع) مونث: (ا) رائے، تدبیر (۲) (قانون) فیصلہ، تصفیہ، (۳) (بندوبست) انتظام (۴) غور، فکر، تامل۔
—— ثانی: مونث: (قانون) نظر ثانی، فیصلے کی پڑتال۔
—— کرنا / تجویز نا: قرار دینا۔
تجہیز: (ع) مونث: مُردے کے کفن دفن کا انتظام۔
—— وتکفین: (ع) مونث: مُردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا۔
تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے: (مقولہ): قسم یا عہد، تجھ سے وفا نہ کرے تو کافر ہو۔
تچھ: (ہ): حقیر، ذلیل، نیچ، کمینہ۔

ت ـــــ ح

تحالف: (ع): مذکر، جمع تحفہ کی، سوغاتیں۔
تحت: (ع) مذکر: (ا) نیچے کا حصہ (۲) قبضہ، اختیار، تصرف، قابو، نیچے، زیر۔
—— البیان: بات کھول کر نہ بیان کرنا، مبہم بات۔
—— الثرا / الثری: (ع) مونث، مذکر، زمین کے سب سے نیچے کا طبقہ، زیر زمین
—— اللفظ: (ا) بغیر راگ یا خوش گلوئی کے شعر پڑھنا، (۲) جریدہ، تنہا۔
—— لہجہ: (ع) مذکر: (ا) دھیمی آواز (۲) ہلکا رنگ۔
تحت وتصرف میں لانا: قبضے میں لانا، قبضہ کرنا، صرف میں لانا، کام میں لانا۔
تحتانی: (ا) وہ حرف جس کے نیچے نقطہ ہو، (۲) ابتدائی مدارس، پرائمری اسکول۔
تحرک (ت حرک): (ع): مذکر، ہلنا، حرکت، اشتعال۔
تحری: (ع) مونث: (اصطلاح فقہ): قبلے کا رخ نہ معلوم ہونے پر خوب غور وفکر کے بعد اپنے خیال سے کسی سمت کو قبلہ جان کر اُدھر منہ کرنا۔
تحریر: (ع) مونث: (ا) لکھنا، دستاویز، تمسک، نوشتہ، وثیقہ، (۲) عبارت، مضمون لکھنے کا ڈھنگ، مضمون نگاری کا انداز: (۳) خط، رقعہ، خط وکتابت، (۴) ہلکی لکیر، ہلکا نقش، وہ باریک

خط جو مؤقلم سے نقوش اور تصاویر وغیرہ پر کھینچ دیتے ہیں، مطلق لکیر، سطق خط، (۵) گوٹے اطلس وغیرہ کی مغزی جو کپڑوں میں سنجاف کے نیچے لگاتے ہیں، (۶) اقلیدس، علم اشکال (۷) لکھنے کی اُجرت، لکھائی، (۸) لکھا ہوا نوشتہ، (۹) راگ کی آواز کا سلسلہ، گانے کی آواز گٹکری، (۱۰) سُرمے کی لکیر۔

تحریص : (ع) (۱) حرص دلانا، لالچ ترغیب، (۲) ورغلانا۔

تحریف : (ع) مونث؛ بدل کر کچھ کا کچھ کر دینا۔

تحریک : (ع) مونث؛ (اصطلاح)؛ ساکن کو متحرک کرنا، (۱) رغبت دلانا، اشتعال، (۲) سلسلہ جنبانی، کسی بات کی چھیڑ، شروع، (۳) نزلے کی شکایت، (۴) ہوا کا چلنا، (۵) کسی گروہ کا کسی چیز کے بدلنے ختم کرنے یا حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا، مظاہرا کرنا، (۶) کسی مقصد کو لے کر لوگوں کو ہم خیال بنانے کی مہم۔

—— **التوا** : مونث، (سیاست) کسی ادارے میں زیر بحث مسئلے کو ملتوی کرنے کی تجویز۔

تحریم : (ع) مونث؛ حرام کرنا، نماز کی نیت باندھتے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہنا، تکبیر تحریمہ۔

تحسین : (ع) مونث؛ تعریف، آفریں، واہ وا، مرحبا۔

—— **ناشناس** : (اضافت کے ساتھ) ناواقف کی واہ واہ یا داد۔

تحشیہ : (ع) مذکر، حاشیہ لکھنا، حاشیہ چڑھانا۔

تحصیل : (ع) مونث؛ (۱) حاصل کرنا، وصول کرنا، (۲) جمع کرنا، اکٹھا کرنا، (۳) علم سیکھنا، اکتساب، (۴) خراج، محصول، نفع، فائدہ (۵) تحصیل داری کچہری۔

—— **حاصل** : (اضافت کے ساتھ)؛ (۱) موجود چیز کی تلاش، (۲) بے سُود بات، بے فائدہ۔

—— **دار** : مذکر، وہ سرکاری عہدہ دار جو زمین کی مال گذاری اور محاصل وصول کرتا ہے، عدالتِ مال کا ایک عہدے دار۔

—— **کرنا/تحصیلنا** : حاصل کرنا، وصول کرنا (۲) جمع کرنا، اکٹھا کرنا، کمانا۔

تحفظ : (ع) مذکر، بچاؤ، حفاظت، احتیاط۔

تحفگی : (ف) مونث؛ عمدگی، خوبی، بہتری، بھلائی، نوعیت۔

تحفہ : (ع) مذکر، (۱) ہدیہ، سوغات (۲) نذر، پیش کش، انعام، عجیب و غریب، اچھا، نفیس۔

تحقیر : (ع) مونث؛ ذلیل کرنا، حقیر جاننا، بے قدری، بے حرمتی۔

تحقیق : (ع) مونث؛ حقیقت دریافت کرنا، پوچھ گچھ، جانچ، (۲) تصدیق پایۂ ثبوت کو پہنچنا، ریسرچ۔

تحقیقات : (ع) جمع تحقیق کی، مونث؛ جانچ پڑتال۔

تحقیقی : (ع) یقینی، تحقیق شدہ۔

تحکم : (ع) مذکر، زبردستی کی حکومت، دعوا، غلبہ، زبردستی، زورآوری۔

تحکیم : (ع) مونث؛ پنچ بنانا، حاکم بنانا۔

تحلیل : (ع) مونث؛ (۱) اجزا کا جدا ہونا، گھل جانا، لاغر ہو جانا (۲) علم مُعمّا کی ایک اصطلاح، (۳) مرجانا، تمام ہو جانا، دَم نکل جانا

تحمل : (ع) مذکر، برداشت، سہار، بُردباری، حلم۔

تحمید : (ع) مونث، تعریف، حمد۔

تحویل : مونث؛ (۱) سپردگی، حوالگی، (۲) امانت، (۳) سرمایہ، خزانہ، جمع، پونجی، ایک نام کی رقم کو دوسرے نام کی رقم میں لے جانا۔

—— **دار** : (ف)؛ مذکر، (۱) خزانچی، روکڑیا، خازن۔

تحیت/تحیۃ : (ع) مونث؛ سلام کرنا، سلام۔

تحیّر : (ع) اچنبھا، حیرت، تعجب۔

ت ـــــ خ

تخالف : (ع)؛ مذکر، مخالفت؛ باہم مخالف ہونا۔

تخت : مذکر؛ (۱) چوکی، بادشاہ کے بیٹھنے کی کرسی، (۲) دارالسلطنت، دارالخلافہ، (۳) کلاں تر، اعلا، (۴) بادشاہی، سلطنت۔

—— **بخت** : مذکر؛ راج، سُہاگ، عیش و آرام۔

—— **پر بٹھانا** : بادشاہ بنانا، عنانِ حکومت سپرد کرنا۔

—— **پڑھنا** : (۱) (طنزاً) پلنگ پر جانا، چارپائی پر چڑھنا، سونا، آرام کرنا، (۲) شادی ہونا، پلنگ پر عروس کا بیٹھنا۔

—— **چھوڑنا** : بادشاہی سے کنارہ کش ہونا، سلطنت چھوڑنا۔

—— **رواں** : (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، ہوادار، وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے، (۲) وہ تخت جس پر شادیوں میں لڑکے ناچتے ہیں۔

تختِ سلیمان/تختِ سلیمانی :(ف) مذکر، اضافت کے ساتھ، وہ تخت جس پر حضرت سلیمانؑ بیٹھ کر اُڑا کرتے تھے۔

ـــــ طاؤس/طاؤسی : (ف) مذکر، اضافت کے ساتھ، اس تخت کا نام جسے شاہ جہاں بادشاہ نے بنوایا تھا، اُس پر ایک مرصع مور پنکھ پھیلائے کھڑا تھا۔

ـــــ کا تختہ ہو جانا : تختِ شاہی کا ٹوٹ کر تختہ ہو جانا، بادشاہی جاتی رہنا، سلطنت تباہ ہو جانا۔

ـــــ کی رات : مونث ؛ بیاہ کی رات، شبِ زفاف۔

ـــــ گاہ : (ف) ؛ مونث ؛ دارالخلافت، حکومت کا صدر مقام۔

ـــــ نشیں : (ف) ؛ تختِ سلطنت پر بیٹھنے والا، بادشاہ۔

ـــــ نشینی : (ف) مونث ؛ تختِ سلطنت پر بیٹھنے کی رسم۔

ـــــ و تاج : (ف) ملک و سلطنت۔

ـــــ یا تختہ : (ف) مثل، کامیابی یا موت۔

تختہ :(ف) مذکر۔ (۱) پٹڑا، لکڑی کا چوڑا، چرا ہوا ٹکڑا (۲) لوح، تختی، (۳) کاغذ کا تاؤ، (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ایک ٹکڑا، (۵) چوکی، لمبی تپائی، (۶) ہموار چبوترا، (۷) قطعۂ زمین، زمین کا کوئی حصہ، (۸) وہ لکڑی کی تپائی جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں، (۹) بورڈ، اشتہار لگانے یا طلبا کو سکھانے کا سطح لکڑی کا ٹکڑا، تختۂ سیاہ، (۱۰) چمن، کیاری، کھیت، باغ کا چھوٹا سا ٹکڑا، (۱۱) تابوت۔ (۱۲) وہ کاغذ یا لکڑی کا مربع ٹکڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں۔

ـــــ اُلٹنا : آباد جگہ کا نہ و بالا ہو جانا، شہر کا اُجڑ جانا، (۲) آباد جگہ کو ویران کر دینا، تختہ اُلٹ دینا ؛ (حکومت کا) حکومت بدل دینا، حکومت تباہ کر دینا۔

ـــــ اوّل : (ف) (۱) (کنایتاً) لوحِ محفوظ، (۲) لکڑی کی تختی جس پر الف بے لکھنے کی مشق کرتے کراتے ہیں۔

ـــــ بند : (ف) (۱) حبس، قید (۲) محبوس، قیدی (۳) وہ لکڑی کے ٹکڑے اور کپڑے کی پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔

ـــــ بندی کرنا : (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا تختوں کی دیوار بنانا، (۲) کیاریوں کا بلقرینہ اور خوش اسلوب کرنا۔

ـــــ پُل : مذکر، کواڑ کی وضع کا لکڑی کے تختوں کا پُل جو قلعے کی خندق پر آنے جانے کے لیے بنا دیتے تھے، اسے جب چاہتے تھے کھینچ لیتے تھے۔

ـــــ پھولنا : کیاری میں پھولوں کا بکثرت آنا۔

ـــــ تابوت : (ف) مذکر، وہ صندوق یا تختہ جس پر مُردے کو لیجاتے ہیں۔

ـــــ تاراج ہونا : کسی مقام کا تباہ ہونا، ویران ہونا۔

ـــــ سیاہ : بچوں کو سکھانے کا بورڈ، بلیک بورڈ۔

ـــــ مشق : (ف) مذکر، (۱) لڑکوں کے مشق کرنے کی تختی، (۲) (مجازاً) وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔

تختہ ہو جانا : بدن کا اکڑ جانا، جکڑ جانا، سخت ہو جانا۔

تختے کے تختے سیاہ کرنا : ورقوں پر بہت کچھ لکھنا۔

تختی : مونث ؛ (۱) چھوٹا تختہ، (۲) لوح، جس پر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہیں، (۳) وہ لوح جس پر دعائیں اور نقوش کندہ کر کے گلے میں پہنتے ہیں، (۴) سینہ، کمر اور بازو (۵) چھب، جسم کا انداز، جسم کی وضع، (۶) حرفوں اور لفظوں کی مشق۔

تخریجہ : (ع) مذکر، (تاریخ گویوں کی اصطلاح) ؛ مادۂ تاریخ کی زیادتی کمی حرف، لفظ یا فقرے کے اعداد گھٹا کر ٹھیک کرنا۔

تخریب : (ع) مونث ؛ خرابی، ویرانی، تباہی، بربادی۔

تخریج : (ع) مونث ؛ نکالنا، خارج کرنا۔

تخصیص : (ع) مونث ؛ خصوصیت۔

تخفیف : (ع) مونث ؛ (۱) کمی، اختصار (۲) افاقہ، آرام۔

ـــــ تصدیع : (ع) (۱) صبح خراشی معاف (۲) ملاقات کے بعد رخصت ہونے کی اجازت کا کلمہ۔

ـــــ کا قلم جاری کرنا : تخفیف کا عام حکم جاری کرنا۔

ـــــ کرنا : کمی کرنا، گھٹانا، خرچ کم کرنا۔

ـــــ میں آنا : (ملازم کا) ؛ برخاست ہونا۔

تخلص : (ع) مذکر، ایک مختصر نام جس کو شاعر نظم میں اصلی نام کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

تخلّف : (ع) مذکر، وعدہ خلافی کرنا۔

تخلیق کار : (مذکر) ؛ (۱) پیدا کرنے والا، (۲) خالق، خدا (۳) مصنف، فن کار، (شاعر، افسانہ نگار، مصور وغیرہ)۔

تخلیقی ادب : (ع) مذکر، وہ ادب جو لکھنے والے کی ذہنی اپج کا نتیجہ ہو۔

تخلیقی عمل :(ع)؛ (۱) مذکر، پیدائشی مرحلہ، (۲) خیال یا جذبے کا وہ عمل جو کسی فن پارے کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔

تخلیہ : (ع)؛ (۱) مذکر، خلوت، تنہائی، (۲) خالی کردینا۔

تخم : (ف)؛ (۱) مذکر، بیج (۲) بیضہ، انڈا (۳) گٹھلی (۴) اولاد، نسل، نطفہ۔

—— **بد** : (ف)؛ بداصل، بدذات، حرامی۔

—— **پاشی** : (ف)؛ مونث؛ بیج چھڑکنا۔

—— **تاثیر صحبت اثر** : (مقولہ)؛ نطفے اور پاس بیٹھنے اٹھنے کا اثر ضرور ہوتا ہے

تخمہ : مذکر، بدہضمی یا ایک قسم کی قے جو بدہضمی کے باعث ہو۔

تخمی : بیج سے پیدا ہونے والا درخت یا پھل جو قلمی نہ ہو (آم کے لیے مستعمل ہے)

تخمیناً : (ع) (۱) اندازاً، اٹکل سے، قریب قریب، تقریباً، کم وبیش۔

تخمینہ : مذکر، اٹکل، قیاس، اندازہ، سرسری حساب۔

تخویف : (ع)؛ مونث؛ خوف دلانا، ڈر، دھمکی۔

تخیل : (ع)؛ مونث؛ خیال۔

تخیلاتیت : (ع) مونث؛ وہ طریق فکر جس میں تخیل سے زیادہ کام لیا گیا ہو، یا جس کی بنیاد تخیل پر ہو، تصوریت۔

تخیلہ : (ع) خیال کرنا۔

ت ـــــ د

تدابیر : (ع) مونث؛ (لکھنؤ)؛ مذکر، جمع تدبیر کی۔

تداخل : (ع)؛ (۱) ایک دوسرے میں داخل ہونا، (۲) مذکر، (اصطلاح طب) وہ بدہضمی جو مختلف چیزوں کے تلے اوپر کھانے سے ہوتی ہے۔

تداخل موسم : ایک موسم تقریباً ختم ہو دوسرا شروع۔

تدارک : (ع)؛ مذکر؛ روک تھام، انتظام، علاج، بدانتظامی دور کرنا، سرشش۔

تدبر : (ع) مذکر، عاقبت اندیشی، مآل کار پر غور کرنا، تدبیر کرنا۔

تدبیر : مونث؛ (۱) کسی کام کی ابتدا اور انتہا سوچنا (۲) علاج، چارہ، درمان، (۳) خیال، منصوبہ، فکر، اندیشہ، غور، تامل، (۴) کوشش (۵) تجویز۔

تدبیر پیش جانا : تدبیر کارگر ہونا، بااثر ہونا۔

—— **چلنا** : تدبیر کارگر ہونا۔

—— **کند بندہ، تقدیر کند خندہ** : (مثل)؛ انسان تدبیر کرتا ہے، قسمت ہنستی ہے۔

—— **لڑانا** : ترکیب نکالنا، منصوبہ لگانا۔

تدریج : (ع) مونث؛ درجہ بدرجہ، تھوڑا تھوڑا، آہستہ آہستہ۔

تدریجیت : (ع) مونث؛ درجہ بدرجہ ہونے کی خاصیت۔

تدریس : (ع)؛ مونث؛ درس دینا، تعلیم، پڑھائی۔

تدفین : (ع) مونث؛ دفن کرنا۔

تدقیق : (ع)؛ مونث؛ غور، فکر، باریک بات پیدا کرنا۔

تدوین : (ع)؛ مونث؛ جمع کرنا، مرتب کرنا۔

تدین : (ع)؛ مذکر، دین داری، دیانت داری۔

ت ـــــ ذ

تذبذب : (ع)؛ مذکر، شک وشبہ، تردد ہونا۔

تذکار : (ع)؛ مذکر، بیان۔

تذکرہ : (ع)؛ مذکر، مذکور، یادداشت، بیان، یادگار (۲) چرچا، افواہ، (۳) واقعات کی تاریخ، سرگذشت، سوانح عمری۔ (۴) وہ کتاب جس میں شعراء کا حال لکھا جائے۔

تذکرہ چلنا : ذکر ہونا۔

—— **چھیڑنا** : ذکر شروع کرنا۔

تذکیر (ع) مذکر، مونث؛ مذکر ہونا، مرد ہونا۔

تذلیل : (ع) مونث، کسی کو ذلیل کرنا، رسوا کرنا، خوار کرنا۔

ت ـــــ ر

تر

: (۱) نم، گیلا، بھیگا ہوا، (۲) تازہ، نیا، سبز، آب دار، (۳) ہرا، رسیلا، (۴) نرم، ملائم (۵) ڈھیلا، کشادہ، فراخ،

کھلا ہوا ، (۶) زیادہ ، افزوں ، بڑھا ہوا ، (۷) چکنا ، گھی ٹپکتا ہوا ، (۸) دولتمند ، مالدار ، خوش حال ، (۹) آودہ ، لتھڑا ہوا ، (۱۰) خوش ، عمدہ (۱۱) پُرلطف ۔

تَر بَتَر : (ف) ؛ (۱) شرابور (۲) گھی ٹپکتا ہوا ، پسینا ٹپکتا ہوا ، پانی ٹپکتا ہوا ۔

ـــــ دامن : (کنایتاً) ؛ رند ، مجرم ، بدکار ، گنہگار ۔

ـــــ دامنی : (ف) مونث ؛ گناہ گاری ، رندی ۔

ـــــ دماغ : (ف) ، عقل مند ، صاحب شعور ، مسرور ، مست ۔

ـــــ زبان : (ف) ؛ (۱) فصیح ، خوش بیان ، ترجمان ۔

ـــــ لُقمہ / تر نوالے / ترمال : مذکر ، (۱) عمدہ غذائیں ، اچھے کھانے ، (۲) (کنایتاً) بلا محنت حاصل کی ہوئی اچھی روزی ۔

ـــــ و تازہ : (ف) (۱) ڈال کا ٹوٹا وہ پھل جو ابھی اترا ہو ، (۲) با رونق ، آب دار ، سُرخ سفید ، (۳) سرسبز ، شاداب ، ہرا بھرا ۔

ـــــ و خشک زمانہ : مذکر ، دنیا کا نشیب و فراز ۔

ـــــ ہونا : بھیگ جانا ۔

تَری : (ف) مونث ؛ (۱) رطوبت ، سیل ، (۲) سمندر ۔

تُر : مذکر ، (۱) وہ لکڑی جس پر جُلاہے کپڑا بُن کر لپیٹتے ہیں ، (۲) وہ بیلن جس پر گوٹا کناری لپیٹا جاتا ہے ۔

تُراب : (ع) ؛ مونث ؛ مٹی ، زمین ، خاک ۔

تَراجِم : (ع) ، مذکر ، جمع ترجمہ کی ۔

تَرارا : مذکر ، (۱) گھوڑے کی جست ، کُلانچ ، چھلانگ (۲) تیزی ، چستی پھرتی ، ڈینگ ، شیخی ، گپ ، (۴) نشہ ، سُرور ، ترنگ ، (۵) تیز رفتاری ۔

تَرارا / ترارے بھرنا : (۱) دغدغہ مارنا ، تیز دوڑنا ، چھلانگیں مارنا ، (۲) قُلانچے بھرنا ، نہایت مشتاق ہونا ، جلدی کوئی کام کرنا ۔

ـــــ مارنا : ڈینگ مارنا ، گپ ہانکنا ، شیخی کرنا ، بڑائی کی لینا ۔

تَرازُو : (ف) مونث ؛ (۱) وزن کرنے کا آلہ ، (۲) بُرج میزان ۔

تَرازُوئے عَدل : (ف) ؛ مونث ؛ (۱) وہ ترازو جس کے دونوں پلے برابر ہوں کوئی اُونچا نیچا نہ ہو ، (۲) پُورا پُورا انصاف ۔

تَراسی : اسی اور تین ، ۸۳ ۔

تَراش : مونث ؛ (۱) کاٹ ، کٹاؤ ، کاٹ چھانٹ ، کتر بیونت ، (۲) کاٹنے کا ڈھنگ ، تراشنے کا انداز ، (۳) اختراع ، ایجاد ، (۴) قطع وضع ، آرایش ، آراستگی ، بناؤ سنگار ۔

تَراش خَراش : (ف) ؛ مونث ، قطع برید ، وضع طرق ، طرز انداز ، زیب و زینت ۔

ـــــ خَراش نکالنا : (۱) نیا انداز نکالنا ، نئی وضع نکالنا ، زیب و زینت کا نیا طریق نکالنا ۔

تَراشنا : (۱) کاٹنا ، کترنا ، چھانٹنا ، چھیلنا ، (۲) قطع کرنا ، قلم کرنا ، کاٹ کر صورت گھڑنا ، (۳) قاش اُتارنا ، (۴) مُونڈنا ، حجامت بنانا ۔

تَراشہ : (ف) مذکر ، (۱) چھیلن ، کترن ، کسی چیز کے تراشنے سے جو ٹکڑا یا چھلکا نکلے ، (۲) ایک فولادی اوزار جس سے سنگ تراش پتھر تراشتے ہیں ، (۳) کسی اخبار سے کوئی خاص مضمون یا چیز کا کاٹا ہوا ٹکڑا ۔

تَراضی : (ع) ؛ مونث ؛ باہم راضی ہونا ، خوش ہونا ۔

تَراضی طَرفَین : دونوں فریقوں کا راضی ہونا

تَراکیب : (ع) مونث ؛ مذکر ، جمع ترکیب کی ۔

تَرانا : پیرانا ، اُبھارنا ، ڈوبتے کو نکالنا ، گناہوں سے بچانا ۔

تَرانوے : نوے اور تین ، ۹۳ ۔

تَرانہ : (ف) مذکر ، (۱) نغمہ ، راگ ، (۲) ایک خاص قسم کا گیت ، ایک خاص لَے یا سُر ۔

تَرانہ پرداز / تَرانہ سَرا / تَرانہ زَن / تَرانہ سَنج / تَرانہ ریز / تَرانہ ساز : (ف) ترانہ گانے والا ، راگ گانے والا ۔

تَراوت / طَراوَت : (مونث) ؛ تازگی ، ٹھنڈک ۔

تَراوِش : (ف) ؛ مونث ؛ (۱) ٹپکاؤ (۲) اشارے کنایے یا انداز سے ظاہر ہونا ۔

ـــــ پانا : ظاہر ہونا ، جھلکنا ۔

ـــــ کرنا : اشارے کنایے یا انداز سے پایا جانا ۔

ـــــ ہونا : (۱) ٹپکنا ، ظاہر ہونا ، (۲) انداز سے پایا جانا ۔

تَراویح : (ع) جمع ترویحہ کی ؛ مونث ؛ (اصطلاح فقہ) نماز نفل کی وہ آٹھ یا بیس رکعتیں جو رمضان میں عشا کی نماز کے بعد اور وتر سے پہلے پڑھی جاتی ہیں ۔

تَراہا : مذکر ؛ وہ مقام جہاں تین راستے ملیں ۔

تراہ تراہ مچنا/تراہ تراہ پکارنا/تراہ تراہ ہونا: پانی اور ہر چیز کے قحط کی فریاد اور واویلا مچنا۔

ترائی: مونث؛ نم ناک زمین، وہ زمین جو دریا یا ندی کے قریب ہو، مرطوب زمین، چرنے کی جگہ۔

تُرُپ: مونث؛ مُوٹی۔

تُربَت: (ع) مونث؛ مزار، قبر۔

تُربُدّ: (ف)؛ مونث؛ ایک دست آور دوا۔

تربُوز: (ف) مذکر، ایک مشہور پھل جس کے اندر سے میٹھا اور سُرخ گودا نکلتا ہے۔

تربیَت: (ع) مونث؛ (۱) پرورش، پرداخت (۲) تعلیم، تادیب، تعلیم اخلاق وتہذیب۔

——پذیر: (ف) تربیت کے لایق۔

——کرنا: (۱) پالنا، پرورش کرنا، (۲) تعلیم کرنا، سکھانا۔

تربینی: مونث؛ (۱) وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں (۲) الہ آباد کا وہ مقام جہاں گنگا، جمنا، سرسوتی ملتی ہیں۔

تربھنگا: ترچھا، جُھکا ہوا۔

تُرُپ: (انگ)؛ (ٹروپ) TROOP؛ مذکر، اسّی سواروں کی جماعت، رسالہ کا آٹھواں حصّہ۔

تُرُپ: تاش کا خاص اہمیت کا پتّا۔

——کا پتّا: (مجازاً)؛ کوئی فیصلہ کن بات جو راز میں رکھی گئی ہو اور عین وقت پر کہی جائے۔

تُرپال: مذکر، رال چڑھایا ہوا ٹاٹ۔

تُرپانا: تَرپنا کا متعدی۔

تُرپائی کرنا: چھپی یا بخیہ کے اُوپر کی سیون۔

تُرپَن: مونث؛ ایک قسم کی سلائی جو اکثر کنارہ پر کوریں دبانے کے لیے کی جاتی ہے۔

تُرپنا: تُرپائی کرنا، دبا کر سینا، سیون پر ایک اور سلائی کرنا، کپڑے کے سِرے کو موڑ کر سینا۔

تِرپولیا: مذکر، سہ دری، تین بڑے در جو بازار کے شروع میں بنائے جاتے ہیں۔

ترپھلا: مذکر، ہڑ، بہیڑا، آنولہ (۲) مذکر؛ تین پھل کا چاقو۔

تُرت: شتاب، جلد، فوراً، ابھی، جھٹ پٹ۔

تُرتُرا: مذکر، تیز، چست، چالاک، بہت باتیں بنانے والا، چرب زبان۔

تَرتَراتا: مذکر، گھی میں ڈوبا ہوا، چرب، وہ کھانا جس سے گھی ٹپکتا ہو۔

تُرتُریا: (۱) تُرتُری، لمبا جگ (۲) طرّار، تیز، چالاک، (۳) چرب زبان، جلد باتیں کرنے والا، فرفر بولنے والا، باتونی۔

ترتیب: (ع) مونث؛ کسی مقررہ سلسلے سے رکھنا، ٹھکانے سے رکھنا، درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا، آراستگی، درستی، انتظام، تسلسل۔

——سے/ترتیب وار: قرینے سے، ڈھنگ سے، درجہ بدرجہ، سلسلے وار۔

ترتیل: (ع) مونث؛ قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کرنا، صاف صاف ٹھہر ٹھہر کے پڑھنا۔

ترجانا: (۱) پانی کے اُوپر آنا، (۲) نام آور ہونا، کسی فعل کی وجہ سے نیک نام ہونا، ثواب کا کام کر کے نجات حاصل کرنا، (۳) مالا مال ہو جانا (۴) رُتبۂ عالی پانا۔

ترجُمان: (۱) فصیح، تیز زبان، خوش تقریر، وہ شخص جو ایک زبان کا مطلب دُوسری زبان میں بتلائے، (۲) مذکر، مترجم، شارح، مُفسّر۔

ترجُمانی: (ف) مونث؛ کسی کے خیالات کا اپنے لفظوں میں اظہار کرنا۔

ترجُمہ: (ع) مذکر، ایک زبان سے دُوسری زبان میں بیان کیا ہُوا۔

ترجیح: (ع) مونث؛ فوقیت، فضیلت۔

——بلا مُرجّح: فضیلت دینا بغیر کسی سبب کے۔

ترجیع: (ع) مونث؛ مُصیبت میں اِنا للّٰہ وانا الیہ راجعون، کہنا، پھرنا، بازگشت، رجوع کرنا، کسی کی طرف متوجّہ ہونا۔

——بَنْد: (ف) مذکر؛ (اصطلاح شعرا) جب شاعر چند ایسے بند کہے جو بحر میں موافق اور قافیے میں مختلف ہوں، اور ہر بند کے بعد ایک اُسی وزن اور مختلف قافیے کی معیّن بیت اسی طرح بار بار لائے کہ یہ بیت ہر بند کی بیت آخر کے مضمون سے مربوط ہو۔

ترچھا: مذکر، (۱) ٹیڑھا، آڑا، ہینڈا، کج (۲) کنایتاً: ناخوش، غصّے سے بھرا ہُوا، (۳) مخالف، مُنحرف۔

——پَن: مذکر، ترچھا ہونا، بانکپن۔

ترچھائی: مونث، کسی چیز کی کجی۔

تِرچھی آنکھ/تِرچھی نظر/تِرچھی نگاہ: (ا) نظرِ قہر، نگاہِ غضب، (۲) نگاہِ ناز، معشوقانہ انداز سے دیکھنا، (۳) کن انکھیوں سے دیکھنا۔

تَرَحُّم: (ع) مذکر، رحم، مہربانی، ترس۔

تَرَخُّنا: خفگت ہوجانا، پھٹ جانا۔

تَرَخیص: (ع) مونث؛ رخصت، اجازت۔

تَرَدُّد: (ع) مذکر، اُدھیڑبُن، سوچ، فکر، تشویش، اندیشہ، پس وپیش۔

تَرَدُّدات: جمع تردُّد کی، مذکر، فکریں۔

تَردید: (ع) مونث؛ کسی بات کا رَد کرنا، کسی بات کا جواب دینا، پھیر دینا، جواب۔

تَرَس: (ف) مذکر، خوف۔

تَرسا: (ف) صفت، ڈرنے والا، خوف کھانے والا، (۲) نصرانی، آتش پرست۔

تَرساں: (ف) خوفزدہ، ڈرتا ہوا۔

____ آنا/تَرَس کھانا: رحم آنا، رحم کھانا۔

تَرسا تَرسا کے دینا: لُلچا لُلچا کر دینا، خواہش سے کم دینا، تھوڑا تھوڑا دینا۔

____ کے مارنا: پھڑکا پھڑکا کے مارنا، بڑی تکلیف سے مارنا۔

تَرَسْنا/ترس جانا: خواہش مند ہونا، کسی چیز کا بھوکا ہونا، ندیدہ ہونا۔ ایسی چیز کی امید باندھنا جو ہاتھ نہ آسکے، بہت مشتاق رہنا، پھڑکنا، بے چین ہونا۔

ترسانا مارنا: تڑپانا، بے چین کرنا۔

ترسانا: (ف) (ا) لُلچانا، خواہش دلانا (۲) امید وار رکھ کے نہ دینا، خواہش سے کم دینا، ضرورت کے موافق نہ دینا۔

تِرسَٹھ: ساٹھ اور تین، ۶۳، تریسٹھ۔

تِرسُول/تِرشُول: مذکر، (ا) ہندستان کا ایک قدیم ہتھیار، اُس میں تین شاخیں ہوتی ہیں، (۲) لوہے کا تین شاخہ نشان جسے بعض سادھو ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

____ کھینچنا: ترسول کا نشان پیشانی پر بنانا۔

ترسیل: (ع) مونث؛ (ا) روانہ کرنا، بھیجنا، ارسال کرنا، (۲) (ادبی اصطلاح) تعلیق کا وہ عمل جس سے اس کے مفہوم تک رسائی ہوسکے۔

تُرُش: (ف) (ا) کھٹا، (۲) ناخوش، ناراض، بے دماغ۔

____ اَبرُو/تُرش رُو: (ف) بدمزاج، بدخو، چڑچڑا۔

____ ہونا: (ا) کھٹا ہونا، (۲) رنجیدہ ہوجانا، برہم ہونا۔

تُرشی: (ف) مونث؛ (ا) کھٹاس، کھٹائی، (۲) ناخوشی، بدمزگی۔

تُرشا جانا: (عو) کھٹا ہوجانا، کھٹاس آجانا۔

تُرشائی: مونث؛ (عو) تُرشی، کھٹائی۔

تَرَشّح: (ع) مذکر، مونث؛ (ا) ننھی ننھی پھوار، تھوڑی بارش، (۲) ٹپکنا، جھلکنا، ظاہر، عیاں۔

تَرَشّح ہونا: (ا) ننھی ننھی پھوار پڑنا، (۲) ظاہر ہونا، پایا جانا۔

تَرشَن: مذکر، تراشہ، چھیلن، لکڑی کے چھیلنے سے جو کچھ نکلے۔

تَرشنا: چاقو یا چھری سے کٹنا، قلم ہونا۔

تَرشوانا: کٹوانا، قلم کرانا۔

تَرشیح: (ع) مونث؛ دیکھو۔ ترشیح۔

تَرصیع: (ع) مونث؛ (ا) نظم ونثر کی ایک صنعت، (۲) دو فقروں کے سب کلمات کا ایک دوسرے کے مقابل بالترتیب متحد الوزن ومتحد القوافی ہونا۔

____ کار: (ع، ف) نگینہ جڑنے والا، جوہری، فنکار۔

تَرغیب: (ع) مونث؛ رغبت دلانا، لالچ دلانا، شوق، فریفتگی، کسی کام کرنے پر آمادہ کرنا۔

تَرَفُّع: (ع) مذکر، (مجازاً) غرور، تکبّر۔

تَرَفُّہ: (ع) مذکر؛ دولت مندی، آسودگی۔

تَرَقّانا: شق کرنا۔

تَرَقّنا: پھٹنا، شق ہونا۔

تَرَقّی: مونث؛ بلندی، برتری، افزایش، زیادتی، اضافہ۔

____ پانا: عہدہ بڑھنا، درجہ بڑھنا۔

____ پذیر: بڑھنے والا۔

____ پکڑنا: زیادہ ہوجانا۔

____ خواہ: دعاگو، بھلائی چاہنے والا۔

____ دینا: تنخواہ بڑھانا، درجہ بڑھانا، مرتبہ بڑھانا۔

تَرقیم: (ع) مونث؛ لکھنا، تحریر کرنا۔

ترقیمہ (ترقی ما) : (ع) مذکر، کتاب کے خاتمے کے بعد لکھی گئی عبارت جس میں کاتب اور مصنف کا نام اور سن کتابت وغیرہ لکھا ہو۔

تَرَک : (ع) ؛ مذکر۔ بھول چوک، سہو، فروگذاشت، دست برداری (۲) مونث، (مجازاً) ؛ وہ لفظ یا عبارت، جو لکھنے سے رہ جائے۔ اور حاشیے پر لکھ دی جائے، وہ کلمہ جو صفحۂ اوّل کے آخر میں اور پھر صفحہ دوم کی پہلی سطر کی ابتدا میں لکھا جاتا ہے۔

——— **ادب** : مذکر، گستاخی، بدتہذیبی۔

——— **اَوْلےٰ** : اس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے۔

——— **حیوانات** : گوشت، مچھلی، وغیرہ جان دار چیزیں کھانا چھوڑ دینا، سبزی خور ہونا۔

——— **کرنا** : چھوڑ دینا۔

——— **موالات** : (ت) مذکر، (۱) عدم تعاون، (۲) احتجاج کے طور پر، بدیسی مال کے بائی کاٹ کی تحریک، (۳) (انگ)؛ بائی کاٹ۔

تُرک : (تُرکی) ؛ (۱) ترکستان کے باشندے (۲) وہ قوم جو خاص تاتار میں آباد ہے، (۳) (مجازاً) معشوق، (۴) سپاہی۔

تُرک تازی : (ف) مونث ؛ حملہ، تاخت، تاراج، لوٹ مار۔

تُرکستان : (ف) مذکر، ترکوں کا ملک۔

تُرکمان : (ف) مذکر، ترکوں کا ایک فرقہ۔

تَرکاری : مونث ؛ ساگ پات، سبزی۔

تَرکاری بنانا : ترکاری کو چھیل کاٹ کر پکانے کے لائق کرنا۔

تَرکش : (ف) مذکر، تیروں کے رکھنے کا خول، تیردان۔

تَرکم تَرکا : (مونث) ؛ آن بَن ؛ جُدائی، ملنا جلنا موقوف کر دینا۔

تَرکہ : (ع) مذکر، مُردے کی جایداد، مال، متروکہ، ورثہ۔

——— **بٹنا** : متوفی کی چیز بست، جائداد، مال واسباب وغیرہ کا حق داروں کو تقسیم ہونا۔

ترکۂ پدری : باپ کا چھوڑا ہوا مال۔

تُرکی : (ف) ؛ مونث ؛ (۱) ترکستان کی زبان، ترکوں کی بولی، (۲) مذکر، ترکستان کے کھیت سا گھوڑا، ایک قسم کا گھوڑا، (۳) مردانگی، (۴) (کنایتاً) ؛ غرور، سطوت، (۵) ترکستان کا باشندہ۔

تُرکی بہ تُرکی جواب دینا : جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا۔ کڑا جواب دینا۔

——— **تمام ہونا** : گھمنڈ جاتا رہنا، غرور ڈھنا، گھمنڈ نکلنا، خاتمہ ہونا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ ساری بہادری اور سپاہ گری نکل جانا۔

تَرکیب : (ع) (۱) کئی چیزوں کو ملا کر مرکب کرنا، بناوٹ، ساخت (۲) ڈھب، طور، ڈھنگ، تدبیر (۳) کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کا کوئی خاص طریقہ، (۴) (علم نحو کی ایک اصطلاح)۔

——— **بَنْد** : مذکر، نظم کی ایک صنف جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔

——— **دینا** : ملانا، بنانا، مختلف دوائیں ملا کر خاص مزاج پیدا کرنا۔

——— **سے چلنا** : کفایت شعاری سے گذر کرنا، ڈھنگ سے چلنا، ہوشیاری کے ساتھ کام کرنا۔

——— **کرنا** : (۱) مرکب کرنا، ملانا، (۲) تدبیر کرنا، صورت نکالنا، تجویز کرنا، (۳) ایک نحوی اصطلاح، (۴) بندوبست کرنا، انتظام کرنا۔

——— **نکلنا** : ڈھنگ نکلنا، وضع نکلنا۔

تَرکیب لوک : مذکر، (۱) آسمان، زمین، زمین کے نیچے کا طبقہ (۲) کل عالم۔

تُرَم : مذکر، تُرئی، منہ سے بجانے کا آلہ جس سے فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے۔

——— **کی سلامی** : سلامی جو بگل بجا کر دی جاتی ہے۔

تُرَم خاں : مذکر، (کنایتاً) ؛ شیخی باز، ڈینگ مارنے والا۔

تَرمِرے : مذکر، (۱) وہ چکنائی جو پانی کے اوپر متفرق ہو کے تیرتی ہے، (۲) (تشبیہاً) ؛ وہ ذرّے جو دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے نظر آتے ہیں۔

تَرمیم : (ع) مونث ؛ درستی، مرمت، اصلاح، (۲) (قانون) ترمیم پلی، تغیر، نظر ثانی۔

——— **وتَنسیخ** : (ع) مونث ؛ کاٹ چھانٹ، ردّوبدل۔

تَرنا : (۱) پانی کے اوپر آنا، (۲) کسی چیز کا تیرنا۔

تَرنت : (ہ) ؛ فوراً، جلد۔

تُرَنج : (ف) مذکر ؛ (۱) ایک قسم کا بڑا نیبو (۲) بڑا بوٹا جو دوشالے

چادر یا قبا پر ریشم یا کلابتوں سے کاڑھا جائے۔

تُرُنجبین : مونث ؛ ایک قسم کی شکر جو خراسان میں اکثر اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے۔

تَرَنگ : (ف) مونث ؛ ساز کے بجنے کی آواز۔

تَرَنگ : (ف) مونث ؛ (۱) لہر، موج، اُمنگ، جوشِ طبع، نشے کی حرکت، (۲) تھلی، لاف وگزاف۔

——آنا : جوش پیدا ہونا، حوصلہ ہونا۔

تَرَنُّم : (ع) مذکر، گانا، موسیقیت، آواز کا خوش گوار اُتار چڑھاؤ۔

تَرَوِیج : (ع) مونث، رواج، شہرت۔

——پانا : رواج پانا، شہرت پانا۔

تَرویدی : مذکر، وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں، برہمنوں کی ایک گوت۔

تَرّہ تَرّہ کرنا : فریاد کرنا۔

تُرّہی/تُری : مونث ؛ ایک قسم کا بگل۔

——نواز : تُرہی بجانے والا۔

تُرَئی : مونث ؛ (۱) ایک ترکاری کا نام، (۲) بگل۔

تری آواز مکّے اور مدینے : (دعا) تیری آواز مبارک اور مقبول ہو، تیری شہرت دُور دُور ہو۔

تِرِیا : مونث ؛ عورت۔

——چلتّر/چرِتّر : مذکر، عورتوں کی چال، عورتوں کے مکر وفریب، عورتوں کی چال بازی۔

——راج : مذکر، عورتوں کی حکومت، عورتوں کا زور۔

——ہٹ : عورتوں کی اَڑ، عورتوں کی ضد۔

تِریاق/تِریاک : مذکر، (۱) زہر مہرہ، زہر کا توڑ، (۲) (کنایتاً) افیم۔

تِری بِری : پریشان، منتشر، جُدا جُدا۔

تَریڑا : مذکر، پانی کا دھارا باندھ کر ڈالنا، دواؤں میں جوش کیا ہوا پانی کسی عضو پر دھار باندھ کر ڈالنا، (۲) کسی عضو نجاست آلود یا نجس کپڑے پر بعد ازالۂ نجاست زور سے پانی ڈالنا۔

تریڑنا : دھار باندھ کر پانی ڈالنا۔

ت ـــــ ڑ

تَڑ : مذکر، تھپڑ کی آواز، چٹاخ، صدمہ یا ضرب کی آواز۔

——سے : گستاخی سے، بے باکی سے، فوراً۔

تَڑاتَڑی : مونث ؛ (۱) جلدی، گھبراہٹ، بے کلی (۲) موت کی گرم بازاری، پے در پے مرنا۔

تَڑاپَڑ/تَڑپَڑ : جلد جلد، فوراً۔

تَڑاتَڑ : (ہ) مونث ؛ متواتر آواز، لگاتار مارنے کی آواز، لکڑی سے مارنے کی آواز، بڑی بڑی بوندوں کی آواز جو مسلسل برسنے سے پیدا ہوتی ہے، جوتیوں کی مار کی آواز، زور کا کڑاکا، پٹاخا۔

——جواب دینا : جلد جلد جواب دینا۔

تَڑاق : مونث ؛ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز، چٹاخ، جوتے یا تھپڑ مارنے کی آواز۔

——پَڑاق : (۱) جلد، فوراً، جلد جلد، پے در پے، متواتر، برابر، (۲) چُلبلا، شوخ مزاج، طرار (۳) ٹوٹنے کی آواز، چٹاخ پٹاخ، بے باکانہ گفتگو، سخت کلامی، پھرتی سے کوئی کام کرنا۔

——تڑاق : دیکھو، تڑاق پڑاق۔

——سے جواب دینا : بے سوچے سمجھے جواب دینا، جو منہ میں آئے کہہ دینا، بے تامل جواب دینا۔

تَڑاقا : مذکر، (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز، سنگینوں کی آواز، (۲) بوسے کی آواز، چٹاخا، (۳) تھپڑ کے دم لگانے کی آواز، کڑاکا، (۴) چٹخارا، ذائقے کی آواز، (۵) کسی چیز کا قحط، (۶) شدت کی گرمی، دھوپ کی شدت، پیاس کی شدت۔

——کھا جانا : کسی چیز کا یکایک چٹخ جانا، پھٹ جانا، آدمی کا اچانک بے ہوش ہو جانا۔

تَڑاقے بھرنا : زور شور سے اُڑنا، زور وشور سے پرند کا اُڑ جانا۔

—— کی دھوپ : بہت تیز دھوپ۔

—— کا : (۱) مزیدار، لذیذ، لذت کا، خوش ذائقہ، چٹپٹا۔

تَڑانا : (دہلی) ؛ ورم کے باعث جسم کا پھٹا پڑنا، زخم کا چرانا۔

تُڑانا : چھڑانا، علاحدہ کرنا، جُدا کرنا، توڑ ڈالنا، توڑ لینا، (۲) رُوپیا بھنانا، ریزگاری لینا، (۳) قیمت میں کمی کرانا۔

تُڑائی : مونث؛ پھل وغیرہ تُڑوانے کی اُجرت، روپیا خردہ کرانے کا بٹا۔

تڑپ : مونث، (۱) بے قراری، بے چینی، اضطراب، (۲) چمک دمک، (۳) وہ چمک دار چیز جو لمپ یا دیوار گیری میں اس غرض سے لگا دیتے ہیں کہ روشنی کا عکس تیز ہو جائے (۴) جست، کود پھاند، (۵) گرمی، گرماگرمی، شوخی، مضمون کی تڑپ، بجلی کا کوندنا، جلد جلد چمکنا، تلملاہٹ۔

——— اُٹھنا : بے چین ہو جانا۔

——— کر : بے قرار ہو کر، جلدی سے، پھرتی سے، کود کر، پھاند کر، تلملا کر، کسمسا کر۔

تڑپا دینا : بے قرار کر دینا، ہنسا دینا، لٹا دینا۔

تڑپانا : (۱) پھڑکانا، اضطراب میں ڈالنا، ترسانا، بے قرار کرنا، بے چین کرنا۔

تڑپتا ہُوا : مذکر، ایسا شعر یا فقرہ جو سننے والے کو بے قرار کر دے۔

تڑپ تڑ : (۱) کسی کے جواب میں بغیر توقف کیے کچھ کہنا، (۲) جلد جلد، فوراً۔

تڑپڑاہٹ : مونث، (۱) مرچ یا کسی چیز کی تیزی کا اثر جو زبان پر معلوم ہوتا ہے، (۲) بے قراری، بے چینی۔

تڑپڑی : مونث؛ بے چینی، اضطراب۔

تڑپن : مونث؛ تڑپ، بے چینی۔

تڑپنا : (۱) لوٹنا، تلملانا، بے تاب ہونا، بے قرار ہونا، بے چین ہونا، (۲) اس پرند کا بند توڑ کے اُڑ جانا جس کے بال و پر بندھے ہوں، (۳) فوراً کُود کر چلا نا جانا، جست کرنا، جست بھرنا، (۴) دل دھڑکنا، (۵) ہاتھ پانو دے مارنا، (۶) بے حد مشتاق ہونا، آرزومند ہونا، (۷) اُچھلنا۔

تڑ تڑاہٹ : مونث؛ (۱) پٹاخوں کی آواز، (۲) متواتر گولیاں چلنے کی آواز۔

تڑخ تڑخ نوڑ برسنا : (مزاحاً)؛ بدصورت، بدقطع ہونا۔

تڑخ کر بولنا : خفگی سے کسی بات کا جواب دینا، جھنجلا کر جواب دینا۔

تڑخنا / تڑقنا / تڑکنا : (۱) پھٹنا، شق ہونا، کسی خشک چیز کا پھٹنا، دانہ پڑنا، بال آنا، (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا، (۳) رنجیدہ ہو کر سخت کہنا، خفگی سے جواب دینا

تڑق کر جواب دینا : خفگی سے جواب دینا، جھنجلا کر بولنا۔

تڑکا : مذکر، بہت سویرا، صبح کا وقت، علی الصباح۔

ہونا : (۱) صبح ہونا، سویرا ہونا، (۲) صدمے سے آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا، (۳) خوب پٹنا، (۴) صفایا ہو جانا، دیوالا نکلنا، کچھ نہ رہنا۔

تڑکنا : تڑخنا، پھٹنا، شق ہو جانا۔

تڑی : (دہلی)؛ مونث؛ (۱) مار، ضرب، (۲) فریب، دھونس، دم، دھوکا، (۳) نقصان، خسارہ۔

تڑی دینا : دھونس دینا، دم دینا، بے وقوف بنانا، مار کی تالی، بجانا، احمق ٹھہرانا۔

تڑی میں آنا : دھوکا کھانا۔

تڑی بڑی : پریشان، منتشر، جُدا جُدا۔

تڑی پار : (۱) شہر بدر۔

تڑیڑا : مذکر، تریڑا۔

ت ـــــ ز

تُزک / توزک : (تُرکی) مذکر، (۱) قاعدہ، قانون، (۲) ترتیب، انتظام، ضابطہ، لشکر، ضابطہ مجلس (۳) وہ واقعہ جس کو بادشاہ نے خود لکھا ہو، (۴) شان و شوکت، جلوس۔

تزکیہ : (ع) مذکر، پاک کرنا، صاف کرنا، پاکی، صفائی۔

——— نفس : (اضافت کے ساتھ) روح کو پاک کرنا، روح کی صفائی

تزلزل : (ع) مذکر، ہلچل، کھل بلی، زلزلہ، جنبش، تہلکہ، گڑبڑ۔

تزویج : (ع) مونث؛ نکاح، بیاہ کرنا، زوجیت میں دینا۔

تزویر : (ع) مونث؛ مکر، فریب، حیلہ۔

تزئین : (ع) مونث؛ آراستگی، آرایش، زینت۔

ت ـــــ س

تِس : (ہ) مونث (۱) پیاس، تشنگی (۲) سخت خواہش، (۳) (اُردو) اسم اشارہ، یہ، اِس۔

تَس : (ہ) مذکر، ریشہ، جو اناج وغیرہ کے اُوپر سے اُترے اناج کا چھلکا۔

تِسالا : (عم)؛ تین برس کا۔

تَسامُح : (ع) مذکر، (۱) سہو، ایسا بیان کرنا جس سے کہنے والے کا مطلب صاف ظاہر نہ ہو۔

تَساہُل : (ع) مذکر، غفلت کرنا، آسان سمجھنا، سستی، غفلت۔

تسبیح : (ع) خدا کو پاکی سے یاد کرنا، مونث؛ (۱) (اصطلاح)؛ سبحان اللہ سبحان اللہ کہنا، (۲) وہ مالا جس میں مقررہ دانے ہوتے ہیں اور جس سے وظیفہ پڑھنے کی تعداد شمار کرتے ہیں (۳) (مجازاً) ورد، وظیفہ۔

ـــــ پڑھی جانا: بار بار نام لیا جانا۔

ـــــ پھیرنا: تسبیح پڑھنا۔

ـــــ خواں : (۱) تسبیح پھیرنے والا، (۲) وہ شخص جو اُجرت پر کسی کے لیے تسبیح پڑھے۔

ـــــ سلیمانی : (ف) ایک قسم کی سیاہ رنگ کے پتھر کی تسبیح۔

ـــــ فاطمہ : وہ تسبیح جو فاطمہؓ زہرا نمازِ فرض کے بعد پڑھا کرتی تھیں، جو عام طور پر پڑھی جاتی ہے۔

تِس پر/تِس پہ : باوجود اِس کے، پھر بھی، (اب متروک ہے)

تَسخیر : (ع) مونث؛ تابع کرنا، فرماں بردار بنانا، محاصرہ کرنا، گھیرنا، قابو میں لانا۔

تَسکین : (ع) مونث؛ (۱) دلاسا، ڈھارس، اطمینان، (۲) افاقہ، آرام۔

تَسلا : مذکر، تانبے یا پیتل وغیرہ کا تشت، پرات، (۲) (اصطلاح) لوہے کا وہ برتن جس میں مٹی ڈھوتے ہیں یا گارا مسالا دیتے ہیں۔

تَسلسُل : (ع)؛ (۱) پیوستہ ہونا، رواں ہونا، (منطق کی ایک اصطلاح) مذکر، (۲) سلسلہ بندی، کسی کام کا برابر ہوتے رہنا۔

تَسلُّط : (ع) مذکر؛ غلبہ، حکومت، قبضہ، دخل۔

تَسلّی : (ع) مونث؛ دلاسا۔

تَسلیم : (ع) مونث؛ (۱) سلام کرنا، بندگی، آداب، (۲) قبول، منظور، (۳) سپرد کرنا، سونپنا۔

ـــــ بجالانا : (۱) سلام کرنا، (۲) کسی کا دعویٰ باطل ہونا، غرور ٹوٹنے پر طنزاً کہتے ہیں "تسلیم بجالاتا ہوں"۔

ـــــ عرض ہے : سلام کرتا ہوں۔

ـــــ کرنا : (۱) ماننا، قبول کرنا، منظور کرنا، (۲) آداب بجالانا، بندگی کرنا، بڑے کو سلام کرنا۔

تسلیمات : مونث؛ (جمع تسلیم کی)؛ آداب، بندگی۔

تَسمہ : (ف) مذکر، چمڑے کا کم چوڑا لمبا ٹکڑا، فیتہ، پٹّا۔

ـــــ جمانا : تسمے سے مارنا۔

ـــــ کھینچنا : ایک خاص طریقے سے گلا گھونٹ کر مارنا، پھانسی دینا۔

ـــــ لگا رہنا : کسر باقی رہنا۔

ـــــ لگا نہ رکھنا : دو ٹوک کرنا، صاف دو ٹکڑے کر دینا، ذرا کسر نہ رکھنا۔

تَسمیہ : (ع) مذکر، (۱) نام رکھنا، (۲) (اصطلاحِ فقہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا۔

ـــــ خوانی : مونث؛ بسم اللہ کی تقریب، بچے کی چار سال چار ماہ چار دن کی عمر میں پڑھائی کرنے کا جلسہ۔

تَسنّن : (ع)، مذکر؛ (ایک راہ پر ہو جانا)، سُنّی عقیدے کا ہو جانا۔

تَسنیم : (ع) مونث؛ بہشت کی ایک نہر کا نام۔

تَسوید : (ع)؛ مونث؛ لکھنا، سیاہ کرنا، تحریر جو پہلے صاف نہ لکھی گئی ہو۔

تَسویہ : (ع)؛ مذکر، برابر کرنا۔ ٹھیک کرنا، سیدھا کرنا۔

تَسہیل : (ع) مونث؛ آسان کرنا، سہل کرنا۔

ت ـــــ ش

تَشابُہ : مذکر، مشابہت۔

ـــــ لگنا : کسی شے یا کسی عبارت کا ملتا جلتا ہونے کی وجہ سے

یکساں سمجھ لینا۔

تَشَبُّہ : (ع) مذکّر، مثل ہونا، مانند ہونا۔

تَشْبِیب : (ع)؛ مؤنث؛ (اصطلاح شاعری)؛ قصیدے میں تمہید کے طور پر فخریہ، بہاریہ، عشقیہ یا بے ثباتیِ عالم یا اپنی حرماں نصیبی کا بیان نہایت رنگینی کے ساتھ کرنا۔

تَشْبِیہ : (ع) مؤنث؛ ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرانا، کسی چیز کی کسی صفت کو دوسری چیز کی کسی بات کے مطابق ظاہر کرنا۔

تَشْت / طَشْت : (ف) مذکّر، تسلا، پرات، لگن، پاٹ۔

——— از بام ہونا : راز فاش ہونا، مشہور ہونا، مشتہر ہونا، ظاہر ہونا، آشکارا ہونا، بھانڈا پھوٹنا، بھید کھل جانا۔

——— چوکی : (۱) چوکی اور طشت جو زچہ خانے یا بیماروں کے بچانے میں رکھا جاتا ہے۔

تَشْتِ زر / تَشْتِ زرّیں : (ف) مذکّر، (مراد) آفتاب۔

تَشَتُّت : (ع) مذکّر، پریشانی، پراگندگی۔

تَشْتَری / طَشْتَری : مؤنث؛ چھوٹی رکابی، تھالی۔

تَشَخُّص : (ع)؛ مذکّر، ممتاز ہونا، امتیاز۔

تَشْخِیص : (ع) مؤنث؛ (۱) مقرر ہونا، متعیّن کرنا، ٹھہرانا، قرار دینا، (۲) مرض پہچاننا، جانچ، تحقیق۔

تَشَدُّد : (ع) مذکّر، سختی، زیادتی، جبر۔

تَشْدِید : (ع)؛ مؤنث؛ ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنے کی علامت، حروفِ تہجی کا اعراب (۵)۔

تَشَرُّع : مذکّر، شرع کی پابندی۔

تَشْرِیح : (ع) مؤنث؛ (۱) شرح، بخوبی بیان کرنا، تفصیل، (۲) جراحت، (۳) (طب)؛ بدن کے اندرونی و بیرونی اعضا کا مفصّل حال۔

تَشْرِیط : (ع) مؤنث؛ پابندی، قید، شرط لگانا۔

تَشْرِیف : کسی قابلِ عزت شخصیت کا بیٹھنا، اُٹھنا، آنا، جانا، ٹھہرنا، قیام کرنا کے معنی میں عزت و وقعت کے طور پر یہ لفظ مستعمل ہے، (۲) مؤنث؛ شرف، بزرگی، عزت۔ بزرگی کرنا، تعظیم کرنا، (۳) خلعت۔

تَشْرِیف آوری : مؤنث؛ آنا، کسی بزرگ کا آنا۔

——— ارزانی فرمانا : (لغوی معنی) بزرگی بخشنا، (اصطلاحی) کسی امیر یا بزرگ کا آنا۔

——— رکھنا : بیٹھنا، قیام کرنا، ٹھہرنا۔

——— فرمانا / تشریف فرما ہونا : تشریف لانا۔

——— لانا : آنا، قدم رنجہ فرمانا۔

——— لے جانا : رخصت ہونا، جاتا رہنا، باقی نہ رہنا۔

——— لے چلنا : کسی جگہ جانا۔

تَشَفِّی : (ع)؛ مؤنث؛ (۱) (لغوی معنی) شفا چاہنا، (۲) تسلّی، تسکین، ڈھارس، دل جمعی، سیری۔

تَشْکِیک (ع) مؤنث؛ شک، شبہ، کسی کو شک میں ڈالنا۔

تَشْکِیل : (ع) مؤنث؛ شکل بنانا۔

تَشْکِیلِیَّت : مؤنث؛ شکل بنانے یا بننے کا عمل، شکل پذیری۔

تِشنا : مذکّر، (ع) (تشنیع کا بگڑا ہوا) بدگوئی، لعنت، ملامت، طعنہ۔

——— دینا : طعنہ دینا، لعنت ملامت کرنا۔

تَشَنُّج : (ع) مذکّر، اینٹھن، جکڑ جانا، اکڑ جانا، اعصاب جسمانی کا کھنچنے لگنا۔

تِشْنَگان : (ف) جمع تشنہ کی۔

تِشْنَگی : (ف) (۱) پیاس، (۲) (کنایتاً) شدّتِ آرزو، شدّتِ شوق۔

تِشْنہ : پیاس، خواہش، حوصلہ، پیاسا، خواہش مند، مشتاق آرزومند۔

——— جگر / تشنہ دِل : (ف) بے حد مشتاق۔

——— خون : (ف) جانی دشمن، خون کا پیاسا۔

——— کام : (ف) پیاسا۔

——— کامی : مؤنث؛ ناکامی۔

——— کرنا : (۱) پیاسا کرنا، (۲) خواہش مند کرنا، (۳) کسی دھات میں قوتِ جاذبہ پیدا کرنا۔

تِشنہ لب : (ف) (۱) نہایت پیاسا، ایسا پیاسا جس کے ہونٹوں پر پپڑیاں جم جائیں (۲) (مجازاً) مایوس۔

تَشْنِیع : (ع) مونث ؛ لعن ، ملامت ، بُرا بھلا کہنا ۔
تَشَوُّش : مونث ؛ پریشانی ، گھبراہٹ ، سوچ ، تردد ، فکر
تَشْوِیق : (ع) مونث ؛ رغبت ، شوق ، اکسانا ، اُبھارنا ۔
تَشَہُّد : (ع) مذکر ، کلمۂ شہادت ۔
تَشْہِیر : (ع) مونث ؛ مشہور کرنا ، ڈھنڈورا پیٹنا ، منادی کرنا ۔
تَشَیُّع : شیعہ ہونا ۔

ت ـــــ ص

تَصَادُم : (ع) مذکر ، باہم ٹکرانا ، صدمہ دینا ، دھکا دینا ۔
تَصانِیف : (ع) ؛ جمع تصنیف کی ، مذکر ، مونث ؛ تصنیف کی ہوئی کتابیں ۔
تَصاوِیر : (ع) مذکر ، مونث ؛ جمع تصویر کی ۔
تَصْحِیح : (ع) مونث ؛ درستی ، صحیح کرنا ، غلطی دور کرنا ۔
تَصْحِیحہ : مذکر ، (ا) وہ ہجوم گھوڑوں کا جن میں سب گھوڑوں پر شاہی زمانے میں نشان دیے جاتے تھے ، (۲) رجسٹر جس میں دفتر کے ملازموں کی فہرست اور حلیہ لکھا رہتا ہے ۔
تَصْحِیف : (ع) مونث ؛ (ا) لکھنے میں غلطی کرنا ، (۲) کتابت کی غلطی ۔
تَصَدُّق : (ع) مذکر ، (ا) صدقہ دینا ، جانور ، زرِ نقد یا غلّہ کسی پر سے صدقے اُتارنا ، وارنا ، نثار کرنا ، قربانی ، (۲) صدقے ، نثار ، (۳) صدقہ ، خیرات (۴) طفیل ، بہ دولت ۔
ـــــ جانا : نثار ہونا ۔
ـــــ کے ماش : وہ کالے ماش جو صدقے کے لیے چوراہے پر رکھوا دیے جاتے ہیں ۔
تَصْدِیع / تَصْدِیعہ : (ع) مونث ؛ دردِ سر ، تکلیف ، دُکھ ۔
تَصْدِیق : مونث ؛ (ا) صداقت ، صحیح ہونے کی تائید ، (۲) علم منطق کی ایک اصطلاح ۔
تَصَرُّف : (ع) مذکر ، (ا) کسی غیر زبان کے لفظ میں کچھ کمی بیشی کرکے اپنی زبان میں استعمال کرنا ، (۲) دست اندازی ، قبضہ ، اختیار ، استعمال ، (۴) صَرف ، خرچ ، (۵) تبدّل ، تغیّر ، اپنی طرف سے کچھ بنانا ، کچھ کا کچھ کر دینا ۔
تَصَرُّفات : (ع) مذکر ، جمع تصرّف کی ۔
تَصَرُّفِ بے جا : مذکر ، ظن ، کسی ناجائز طریقے سے تصرّف میں لانا ، خورد بُرد کرنا ۔
ـــــ کرنا : (ا) خرچ کرنا ، غبن کرنا (۲) تبدیلی کرنا ۔
تَصْرِیح : (ع) مونث ؛ واضح طور پر بیان کرنا ۔ صراحت سے بیان کرنا ۔
تَصْرِیف : (ع) مونث ؛ (ا) مصدروں کی گردان ، گردانتا ، (۲) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھیرنا ۔
تَصْغِیر : (ا) تنخیف ، تقلیل ، چھوٹا کرنا ، (۲) قواعد نحو کی ایک اصطلاح ۔
تَصْفِیَہ : (ع) مذکر ، صفائی ، فیصلہ ، رفع تکرار ، صلح ، چکوتا ۔
تَصْمِیم : (ع) مونث ؛ مضبوطی (ارادے کی) ۔
تَصَنُّع : (ع) مذکر ، بناوٹ ، تکلّف ، محض نمود ، دکھاوا ، مکر ، دھوکا ، تلبیس ۔
تَصْنِیف : (ع) مونث ، کوئی کتاب لکھنا ، طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا ، (۲) لکھی ہوئی ، (۳) ایجاد ، بنایا ہوا ۔ تیار کیا ہوا ۔
تَصْنِیفات : جمع تصنیف کی ، مذکر ، مونث ۔
تَصْنِیف را مُصَنِّف نیکو کُند بیاں : (ف) مقولہ ، ترجمہ : (مصنف ہی اپنی تصنیف کو اچھی طرح سمجھا سکتا ہے) انسان اپنی بات آپ خود اچھی طرح بتا سکتا ہے ۔
تَصْنِیع : (ع) مونث ؛ بناوٹ ، کاری گری ، صناعی ، آرٹ ۔
تَصَوُّر : (ع) دھیان ، فکر ، خیال ، منصوبہ ، سوجھ (منطق کی ایک اصطلاح) کسی چیز کا بغیر حکم کے خیال کرنا ۔
ـــــ پرستی : (ف) مونث ؛ خیالی باتوں کو اہمیت دینے کا رجحان ، حقیقت سے روگردانی ۔
تَصَوُّرِیَّت : مونث ؛ عینیت ، مثالیت ۔
تَصَوُّف : (ع) مذکر ، (صوفیوں کی اصطلاح) دل سے نفسانی آلایشوں جسمانی خواہشوں کو دور کرکے اشیائے عالم کو خدا کا مظہر سمجھنا ۔

تَصْوِیر : (ع) مونث ؛ (۱) (لغوی معنی) صورت بنانا، صورت گری، (۲) صورت، شبیہ، روپ، نقش، نقشا، بُت (۳) نہایت خوب صورت، نہایت عمدہ، قابلِ تصویر۔

—— آنکھوں کے تلے پھرنا/تصویر آنکھوں میں پھرنا: ہر وقت کسی بات کا خیال رہنا، صورت آنکھوں کے سامنے آجانا۔

—— اُتارنا: تصویر کھینچنا۔ نقشہ بنانا۔

—— اُترنا: تصویر کھنچ جانا۔

—— بنا دینا: حیرت میں ڈال دینا، چُپ کر دینا، (حیرت سے)

—— بن جانا/تصویر ہو کر رہ جانا: (۱) متحیر ہو جانا، (۲) بُت بن جانا، خاموش ہو جانا۔

—— قالی/تصویر قالین: (۱) جو تصویر قالین پر بنائی جاتی ہے، (۲) (کنایتاً) خاموش۔

—— کھینچ دینا: پُورا نقشہ سامنے کر دینا، پُوری اصلیت ظاہر کر دینا۔

—— کھینچنا: شبیہ اُتارنا، نقشہ بنانا۔

ت ـــــ ض

تَضاد : (ع) مذکر، باہم ضد ہونا، آپس میں مخالف ہونا، ایک دُوسرے کا اُلٹ ہونا، (۲) (ایک صنعتِ سخن کا نام)۔

تَضارُب : (ع) ؛ تصادم، ٹکراؤ۔

تضحیک : (ع) مونث ؛ ہنسی اُڑانا، ذلت، رسوائی۔

تَضَرُّع : (ع) مونث ؛ گریہ وزاری، منت، سماجت، رگڑ گڑانا۔

تضمین : (ع) ؛ مونث ؛ (۱) ملانا، شامل کرنا، (۲) (اصطلاحِ شاعری) کسی مشہور مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں داخل کرنا۔ چسپاں کرنا، شعر پر مصرع لگانا، بند لگانا۔

تَضییع : (ع) مونث ؛ ضائع کرنا۔

—— اوقات : مونث، وقت گنوانا، وقت خراب کرنا۔

ت ـــــ ظ

تطابق : (ع) مذکر ؛ مطابقت، باہم مطابقت ہونا، مشابہت تشبیہ۔

تطاوُل : (ع) مذکر، دست درازی، ظلم۔

تَطْبِیق : (ع) مونث ؛ موافقت، مطابقت، برابر ہونا۔

تَطْوِیل : (ع) مونث ؛ دراز کرنا، لمبائی، طول دینا، لمبا کرنا۔

تَطْہِیر : (ع) مونث ؛ پاک کرنا، طہارت کرنا

تَظَلُّم : (ع) مذکر، ظلم سے فریاد کرنا، فریاد۔

ت ـــــ ع

تَعارُض : (ع) مذکر، کسی کے سامنے آنا، باہم جھگڑا کرنا، ایک دُوسرے کے مقابل ہونا۔

تَعارُف : (ع) مذکر، جان پہچان، واقفیت۔

—— کرانا : کسی سے ملاقات کرانا۔

تعاقُب : (ع) مذکر، پیچھے جانا، پیچھا کرنا، پیچھے دوڑنا۔

تَعالےٰ/تعالا : (ع) بلند، برتر، عالی مرتبہ، بزرگ۔

تعالےٰ اللہ : (ع) کلمہ تعجب و تحسین (ترجمہ : خدا بزرگ ہے)، سبحان اللہ، واہ واہ۔

تَعاوُن : (ع) مذکر، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَعَب : (ع) مذکر، تکلیف، سختی، محنت، مشقت۔

تَعَبُّد : (ع) مذکر، بندگی کرنا، عبادت کرنا۔

تَعْبِیر : (ع) مونث ؛ (۱) بیان کرنا، عبارت میں لانا، (۲) خواب کا تجزیہ۔

—— دینا : خواب کا مطلب بیان کرنا۔

—— کرنا : مراد لینا، مراد رکھنا۔

تَعَجُّب : (ع) مذکر، انوکھاپن، اچنبھا، حیرت۔

تَعْجِیل : (ع) مونث ؛ جلدی، عُجلت۔

تَعْداد : (ع) مونث ؛ گنتی، شمار، اندازہ، تخمینہ۔

تَعَدّی : (ع) مونث ؛ ظلم و ستم، زیادتی۔

تَعْدِیل : (ع) مونث ؛ کسی چیز کو دوسری چیز کے برابر کرنا، راست اور درست کرنا۔

—— اَرکان : (ف) مونث ؛ (اصطلاحِ فقہ) ؛ ارکانِ نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک ٹھیک ادا کرنا۔

تَعَرُّض : (ع) مذکر، روکنا، مزاحمت، روک ٹوک۔

تَعْرِیب : (ع) مونث؛ کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا، مُعرّب کرنا۔

تَعْرِیض : (ع) مونث؛ اعتراض۔

تَعْرِیف : (ع) مونث؛ واقفیت، شناسائی، پہچان، بیان، (۲) ثنا، مدح، توصیف، (۳) کسی کو کسی سے شناسا کرنا۔

تَعْرِیفُ المَجْہُول بِالمَجْہُول : کسی نامعلوم بات کو ایسے الفاظ میں بیان کرنا جو خود نامعلوم ہو۔

تعریف کرتے مُنہ سوکھنا : جیسی چاہیے ویسی تعریف نہ ہوسکنا، بہت زیادہ تعریف کرنا۔

تَعْزِیَت : (ع) مونث؛ ماتم پُرسی۔

ـــــ نامہ : (ف)؛ ماتم پُرسی کا خط۔

تَعْزِیر : (ع)؛ سزا۔

تَعْزِیرات : (جمع تعزیر کی)؛ مونث؛ سیاست، سزا، گوشمالی۔

ـــــ ہند : مونث؛ وہ سزائیں جو ہندوستان میں مقرر ہیں۔

تَعْزِیَہ : (ع) مذکر، امام حسنؓ اور امام حسینؓ کی ترتبوں کی نقل جو کاغذ اور بانس کے قبے کی شکل میں محرم میں بنائی جاتی ہے۔

ـــــ اُٹھانا : تعزیے کو امام باڑے یا تعزیہ خانہ سے گشت پھرانے یا دفن کے لیے لے جانا۔

ـــــ ٹھنڈا کرنا : تعزیہ دفن کرنا۔

ـــــ داری کرنا : تعزیہ رکھنا، تعزیہ بنانے اور شربت اور فاتحہ وغیرہ کا اہتمام کرنا۔

ـــــ سرانا : تعزیے کو دریا میں ڈال دینا۔

تَعَشُّق : (ع) مذکر، عاشقی، چاہ، پیار، شوق، اشتیاق، آرزو، تمنا۔

تَعَصُّب : (ع) مذکر، (۱) حمایت، پشتی، طرفداری، (۲) مذہبی رعایت (۳) بے جا حمایت، (۴) غلط طرفداری۔

تَعَطُّل : (ع) مذکر، بے کار ہونا، بے کاری، کام بند رہنا، بے حرکت۔

تَعْطِیل : (ع) مونث؛ بے کاری کا دن، چھٹی۔

تَعْظِیم : (ع) مونث؛ بزرگی، عظمت، عزت، حرمت، توقیر، قدر و منزلت، وقعت۔

ـــــ دینا : کسی کی آمد پر کھڑا ہو جانا، کھڑے ہو کر عزت کرنا، استقبال کر کے صدر میں بٹھانا۔

ـــــ کرنا : عزت کرنا، آداب بجالانا۔

تَعَفُّن : (ع) مذکر، سڑاند، بدبو، عفونت۔

ـــــ زار : (ع، ف)؛ گندی جگہ، بدبودار مقام۔

تَعْقِید : (ع) مونث؛ (۱) گرہ دینا، (۲) نشست الفاظ کا گنجلک یا بے ترتیب ہونا، (اصطلاح علم معانی)۔

تَعْقِیدِ لَفْظِی : قاعدے کے خلاف لفظوں کا آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں کسی قدر دقت ہو۔

ـــــ مَعْنَوِی : کسی خاص لفظ سے شاعر کی مُراد کچھ ہو اور محل استعمال میں وہ لفظ کچھ اور معنی دے، اُلجھا ہوا کلام۔

تَعَلُّق : (ع) مذکر، (۱) علاقہ، لگاؤ، مناسبت، (۲) ملازمت، خدمت، آشنائی۔

تَعَلُّقات : جمع تعلق کی۔

تَعَلُّقِ دُنیاوِی/دُنیوِی : دُنیا کی فکریں، گھر بار کی فکر۔

ـــــ خاطِر : (ف)، فکر، دل کی طرف لگاؤ ہونا، میلانِ طبع۔

تَعَلُّقدار : مذکر، تعلقے کا مالک۔

تَعَلُّقہ : مذکر، علاقہ، ملکیت، جاگیر۔

تَعَلُّم : (ع) مذکر، علم پڑھنا، سیکھنا۔

تَعَلّی : (ع) مونث؛ شیخی، ڈینگ، خودستائی۔

ـــــ پر آنا/تعلّی کی لینا : شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا۔

تَعْلِیق : (ع) مونث؛ (۱) کسی چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا، (۲) فٹ نوٹ۔

تَعْلِیل : (ع) مونث، (۱) وجہ بیان کرنا، سبب نکالنا، علت بتانا، (۲) (علم صرف کی ایک اصطلاح)۔

تَعْلِیم : مونث؛ (۱) سکھانا، تلقین، سیکھنا، ہدایت کی وہ باتیں جو پیر اپنے مُرید کو بتاتا ہے، (۲) ناچنے گانے کی مشق، (۳) گھوڑا سدھانا۔

تَعَمُّق : (ع) مذکر، غور کرنا، کسی چیز کی تہ تک پہنچنا، گہرائی میں جانا۔

تَعْمِیر : (ع) مونث؛ (۱) مرمت کرنا، نئے سرے سے مکان

بنانا، (۲) عمارت۔

تَعْمِیل : (ع) مونث ؛ عمل کرنا، عمل میں لانا، حکم بجانا، حکم پورا کرنا۔

تَعْمِیم : (ع) مونث ؛ عام کرنا، سب کو شامل کرنا، عمومیت۔

تَعْمِیَہ : (ع) مذکر، (تاریخ گویوں کی ایک اصطلاح) ؛ مادۂ تاریخ کی کمی کسی حرف یا لفظ یا فقرے کے اضافے سے پوری کرنا۔

تَعَوُّذ : (تَعَ وُذ)، (ع) مذکر، اعوذ باللہ کہنا۔

تَعْوِیذ : مذکر، (۱) وہ کاغذ جس میں اسمائے الٰہی یا کوئی دعا لکھی ہو اور خاص شکل میں تہ کرکے دیا گیا ہو، (۲) وہ نشان جو قبروں پر بنایا جاتا ہے۔

——— بخشنا : تعویذ دینا، تعویذ لکھنے کی اجازت دینا۔

——— لَحَدْ : قبر کے نال میں تعویذ کی مشابہ شکل۔

تَعْوِیق : (ع) مونث ؛ ڈھیل، دیر، لیت ولعل۔

تَعَیُّش : (ع) مذکر، عیش کرنا، عیش کا سامان مہیا کرنا۔

تَعَیُّن : (ع) مذکر، (۱) تقرر، مخصوص کرنا، معین کرنا، (۲) (اصطلاحاً تصوف) مطلق کے خلاف، ہستی، وجود۔

تَعَیُّنات : (جمع تعین کی) تشخصات وخصوصیات۔

تَعْیِنَاتی : مونث ؛ تقرر۔

تَعْیِین : (ع) مونث ؛ معین کرنا، مقرر کرنا، مخصوص کرنا۔

ت ——— غ

تَغَار : مذکر، (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲) گارا بنانے کا گڑھا۔

تَغَارِی : (ف) مونث ؛ آٹا گوندھنے کا مٹی کا برتن، چھوٹا کونڈا۔

تَغَافُل : (ع) مذکر۔ جان بوجھ کر غفلت کرنا، بے اتفاقی، کم توجہی، بے پروائی، سستی۔

——— پسند/تغافل پیشہ/تغافل شیوہ/تغافل شعار : بے پروائی کرنے والا۔

تَغَایُر : (ع) مذکر، فرق، باہم مغایر ہونا، ایک دوسرے سے ملتا جلتا نہ ہونا۔

تَغْذِیَہ : (ع) مذکر، غذا، غذا دینا، خوراک۔

تَغَزُّل : (ع) مذکر، غزل گوئی، غزل سے متعلق۔

تَغَلُّب : (ع) مذکر، غبن، خیانت، تصرف بیجا۔

تَغْلِیط : (ع) ؛ مونث ؛ غلطی سے منسوب کرنا، غلطی میں ڈالنا۔

تَغَنّا : (ع) ؛ مذکر ؛ تَغَنّا۔

——— بٹھانا/تغنا جمانا : بکّہ بٹھانا، رعب بٹھانا، حکم جتانا۔

تَغَیُّر : (ع) مذکر، تبدیل حالت، پلٹنا، انقلاب، بدلنا، پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانا۔

——— وتبدّل : ادل بدل۔

تَغَیُّرات : جمع تغیر کی، تبدیلیاں۔

تَغْیِیر : (ع) ؛ مونث ؛ بدل دینا۔

ت ——— ف

تُف : (ف) مذکر، مونث ؛ لعنت، ملامت، کلمۂ نفرین، (۲) تھوک، لعاب دہن۔

——— نہ کرنا : (کنایتاً) ؛ پروا نہ کرنا، معمولی طور سے بھی توجہ نہ کرنا۔

——— ہے تیری اوقات پر : تیرے طور طریقوں پر لعنت ہے۔

تَفَاخُر : (ع) مذکر، فخر جتانا، ڈینگ مارنا، اوروں سے اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔

تَفَارِیق : (ع) (جمع تفریق کی) ؛ مذکر، مونث ؛ جدائیاں، فرق، بدقعات، کئی دفعہ کرکے۔

تَفَاسِیر : (ع) ؛ مذکر، مونث ؛ جمع تفسیر کی۔

تَفَاصِیل : (ع) ؛ مذکر۔ مونث ؛ (جمع تفصیل کی)، تفصیلات۔

تَفَاعُل : (ع) ؛ مذکر، کام، عمل، حرکت۔

تَفَاوُت : (ع) مذکر، مونث ؛ فاصلہ، دوری، بُعد، فرق، جدائی۔

تَفَاؤُل : (ع) مذکر، فال لینا، شگون لینا۔

تَفْتَہ : (ف) (۱) (تافتہ کا مخفف) ؛ سوختہ، جلا بھنا، گداختہ، (۲) (کنایتاً) عاشق۔

——— جگر/تفتۂ دل : سوختہ جگر، دل جلا، عشق کی آگ کا جلا ہوا، عاشق، غم گین، اندوہناک۔

تفتیش : (ع) مونث ؛ چھان بین ، کوشش ، پولیس کی سرسری تحقیقات ۔

تفحص : (ع) مذکر ، (مجازاً) ، تلاش و جستجو ۔

تفرقہ / تفرقہ : (ع) مذکر ، (۱) فرق ، (۲) فاصلہ ، جدائی ، نااتفاقی ، نفاق ، پھوٹ ۔

ـــــ انداز / تفرقہ پرداز ، پھوٹ ڈالنے والا ۔

تفریح : (ع) مونث ؛ (۱) خوش طبعی ، چہل ، (۲) ہوا خوری ، سیر ، دل بہلانا ، (۳) تازگی ، طبیعت کی فرحت ۔

ـــــ طبع : مونث ، دل لگی ، ہنسی ، چہل ، کھلی بازی ، تفریحاً ۔ ہنسی سے ، دل لگی سے ، بطور خوش طبعی ۔

تفریط : (ع) مونث ؛ کسی کام میں کمی کرنا ، کوتاہی ۔

تفریق : (ع) مونث ؛ (۱) جدائی ، علاحدگی ، فرق (۲) کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانا ۔ ضابطہ ۔

تفسیر : (ع) مونث ؛ (۱) مغز سخن کو ظاہر کرنا ، (۲) تشریح (۳) قرآن شریف کی شرح ، آسمانی کتاب کی شرح ۔

ـــــ کرنا ، کھول کر بیان کرنا ، صراحت سے بیان کرنا ۔

تفصیل : (ع) مونث ؛ تشریح ، تصریح ، فہرست ، فرد ، کیفیت ۔

ـــــ وار : (ف) مفصل طریقے سے ۔

تفضیح : (ع) مونث ؛ فضیحت ، رسوائی ۔

تفضیل : (ع) مونث ؛ فضیلت دینا ، ترجیح ، فوقیت ۔

تفکر : (ع) مذکر ، سوچ ، فکر ، اندیشہ ۔

تفکرات : (ع) (جمع فکر کی) ؛ مذکر ، فکریں ۔

تفکیر : (ع) مونث ؛ سوچنا ، فکر کرنا ۔

تفنگ : (ف) ؛ مونث ، بندوق ۔

تفنن : (ع) ؛ مذکر ، چہل ، دل لگی ، شغل ، مشغلہ ۔

ـــــ طبع : (اضافت کے ساتھ) مذکر ، دل لگی ، ہنسی ، خوش طبعی ۔ بہ طور شغل ، مشغلے کے طور پر ۔

تفوق : (ع) ؛ مذکر ، برتری ، ترجیح ، فوقیت ۔

تفویض : (ع) ؛ مونث ؛ سپردگی ، تحویل ، حوالگی ۔

تفہیم : (ع) مذکر ، سمجھنا ، سمجھانا ۔

ت ـــــ ق

تقابل : (ع) مذکر ، مقابلہ ۔

تقابلی لسانیات : (ف) مونث ؛ مختلف زبانوں کے باہمی تعلقات کا مطالعہ ۔

ـــــ مطالعہ : (ف) مونث ؛ ایک ہی موضوع پر مختلف زبانوں یا ایک ہی زبان کی کتابوں کا جائزہ ۔

تقارب : (ع) ؛ مذکر ، (۱) پاس پاس ہونا ، (۲) علم عروض کی ایک بحر کا نام ۔

تقاریب : (ع) مونث ؛ جمع تقریب کی ۔

تقاریر : مذکر ، مونث ؛ جمع تقریر کی ۔

تقاضا : (ع) مذکر ، خواہش ، طلب ، بار بار مطالبہ ، تاکید ، تشدد ۔

ـــــ اُترنا : تقاضا پورا ہو جانا یا پورا کر دیا جانا ۔

ـــــ اُٹھانا : تقاضے کی برداشت کرنا ۔

تقاضائے سن / تقاضائے عمر / تقاضائے وقت : عمر کے مطابق کے موافق سن کی طبعی حالت کے مطابق ، وقت کی ضرورت کے مطابق ۔

تقاطر : (ع) مذکر ، پے در پے قطرے ٹپکنا ، بوندا باندی ۔

تقاوی : مونث ؛ کم حیثیت کاشتکاروں یا زمین داروں کو کھیتی باڑی کے کام کے لیے حکومت کی طرف سے قرض کے طور پر دیا جانے والا روپیہ ۔

تقبیل : (ع) مونث ؛ چومنا ۔

تقدس : (ع) مذکر ، پاکیزگی ۔

تقدم : (ع) مذکر ، آگے بڑھنا ، ترجیح ۔

تقدیر : (ع) مونث ؛ قسمت ، نصیب ، مقسوم ، بخت ۔

ـــــ آزمانا : قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ، بخت آزمائی کرنا ۔

ـــــ اُلٹنا : نصیب برگشتہ ہونا ۔

ـــــ بگڑنا : مقدر کا ناموافق ہونا ، ادبار ہونا ، بداقبالی ہونا ۔

ـــــ پر چھوڑنا : کسی معاملے میں تدبیر نہ کرنا ۔

ـــــ پلٹنا / تقدیر پھر جانا : (۱) بخت برگشتہ ہونا ، بداقبالی ہونا ۔

ادبار ہونا، (۲) دِن پھرنا، بھلے دن آنا۔
——— پھوٹ جانا: (۱) تقدیر کا بگڑنا، (۲) (کنایتاً) مقدمے یا معاملے کا برخلاف ہونا، (۳) (کنایتاً) بُری جگہ شادی ہونا۔
——— جاگنا / تقدیر چمکنا: بھلے دن آنا، بخت کا یاور ہونا۔
——— جواں ہونا: وقت کا موافق ہونا۔
——— سوجانا: بخت کا ناموافق ہونا۔
——— سے: اتفاقیہ، خوش قسمتی سے۔
——— سے زور نہیں چلتا: قسمت کا لکھا ہوکر رہے گا۔
——— سیدھی ہونا: بخت یاور ہونا، زمانہ موافق ہونا۔
——— کا بدا: مقدر میں، نوشتۂ ازلی، شُدنی اَمر۔
——— کا بَلی: قسمت کا پھیر، مقدر کا بگاڑ، مقدر کی بُرائی۔
——— کا دامن پکڑنا: اپنا کام تقدیر کے حوالے کرنا۔
——— کا سکندر: اچھے نصیب کا، بہت خوش اقبال۔
——— کا کھیل: قسمت کے کرشمے، قسمت کی باتیں۔
——— کا کھوٹا: بدنصیب، کم بخت۔
——— کا لکھا: تقدیر کا بدا، تقدیر کا نوحہ، ہونے والی بات۔
——— کا مُنہ پھیر لینا: بدبختی آجانا۔
——— کا ہیٹا: مذکر، بدنصیب۔
——— کو رونا: کم نصیبی کا شکوہ کرنا۔
——— کو سونپنا: کل کام تقدیر پر چھوڑ دینا، تقدیر پر شاکر ہوجانا
——— کھل جانا: تقدیر چمکنا۔
——— لڑنا: تقدیر کا موافق آجانا، قسمت کھل جانا، تقدیر کا یکساں ہونا۔
——— والا: خوش نصیب۔
تقدیری اَمر: مذکر؛ ہونے والی بات، وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو، شُدنی امر۔
تَقَدُّس: (ع) مونث؛ پاکیزگی۔
تَقَدُّم: (ع) مونث، پیش قدمی، پہل، برتری، ترجیح، فوقیت، پیش کرنا۔
تَقَرُّب: (ع) مذکر، نزدیکی، قربت۔
تَقَرُّر: (ع) مذکر، (۱) تعین، (۲) ملازم ہونا، ملازمت، نوکری، مقرر ہونا۔
تقریب: (ع) مونث؛ (۱) ذریعہ، باعث، سبب (۲) شادی، بیاہ، سالگرہ، عید، دیوالی، وغیرہ میں عزیزوں دوستوں کے جمع ہونے کا باعث، (۳) موقع محل، (۴) سفارش، ذکر، (۵) علمی، ادبی، ثقافتی اجتماع۔
تَقْرِیباً: (ع) تخمیناً، قریب قریب۔
تَقْرِیبات: (ع) مذکر، جمع تقریب کی۔
تقریر: (ع) مونث؛ (۱) بیان، ذکر، گفتگو، بات چیت، بحث، علمی یا عقلی تکرار، مباحثہ، حجت۔
——— کرنا: (۱) بیان کرنا، (۲) حجت کرنا۔
——— کا لچھا بندھ جانا: مسلسل ہونے کی وجہ سے بیان کی تصویر کھنچ جانا۔
——— کا شہد و شکر ہونا: بیان کا شیریں ہونا۔
تقریری: (ف) زبانی۔
تَقْرِیظ: (ع) مونث؛ کسی تالیف یا تصنیف کی نسبت رائے دینا، تنقید کرنا۔
تقسیم: (ع) مونث؛ (۱) بانٹ، بٹوارا، قسمت، (۲) حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹتے ہیں۔
تقصیر: (ع) مونث؛ کوتاہی، کمی، سہو، چوک، خطا، قصور۔
——— مُعاف: اپنی بات کے ناگوار ہونے کی پہلے ہی معذرت کرلینا۔
——— وار: (ف) مُلزم، گناہگار۔
تقطیر: (ع) مونث؛ قطرہ قطرہ ٹپکنا، قطرہ قطرہ ڈالنا، قطرہ قطرہ نکالنا۔
تقطیع: (ع) مونث؛ (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، (۲) الف، بے، تے کے وہ حصے جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھایا جاتا ہے، (۳) (ایک اصطلاح علم عروض)۔ شعر کا وزن کرنا۔
تقلید: (ع) مونث؛ (مجازاً) نقل، پیروی، کسی کے قدم بہ قدم چلنا۔
تقلیل: (ع) مونث؛ کم کرنا، تھوڑا کرنا۔

تَقْوا / تقویٰ : (ع) مذکر، پرہیزگاری، خدا کا خوف کرنا۔
تَقْوِیَت : (ع) مونث؛ (۱) طاقت، زور، پشتی، (۲) مدد، تسکین، تسلی۔
تَقْوِیم : (ع) مونث؛ جنتری، پترا، وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گرہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔
——— پار / تقویم پارینہ : (ف) مونث، (۱) پرانی جنتری (۲) (مجازاً) بے کار چیز، وہ چیز جو کار آمد نہ ہو، (۳) (کنایتاً) بوڑھی بیوی۔
تقی : (ع) مذکر، (۱) خدا سے ڈرنے والا، پرہیزگار، (۲) شیعوں کے بارہ اماموں میں سے نویں امام کا نام۔
تَقْیِید : مونث، (۱) تاکید۔ تنبیہہ۔ روک ٹوک، قید۔
تَقِیَّہ : (ع) مذکر، وہ راز جو دل میں رکھا جائے اور کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے، وہ کام جس کے کرنے کو دل نہ چاہتا ہو مگر کسی کے خوف سے کیا جائے، دل میں عداوت ہو لیکن بہ ظاہر دوستی ظاہر کی جائے۔

ت ——— ک

تَک : (۱) حرف انتہا، حد انحصار، (۲) بھی (۳) پاس، نزدیک۔
تَک : مونث؛ بڑی ترازو جس کو زمین پر نصب کرتے ہیں۔
تُک : مذکر۔ مونث؛ (۱) قافیہ، سجع (۲) وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے، زٹل۔
——— بندی : مونث؛ (۱) تک سے تک ملانا، زٹل قافیے ہانکنا، بکواس، (۲) (کنایتاً)؛ بے معنی اشعار۔
تِکّا : مذکر۔ (۱) گوشت کا ٹکڑا، پارچہ، گوشت کی لمبی بوٹی، پتلی بوٹی۔ لوتھڑا، (۲) تولہ شدہ۔
——— اُتارنا : نظر گزر کے لیے بچوں کے اوپر سے گوشت کو صدقے کر کے چیلوں کو کھلانا۔
——— بوٹی کرنا : (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، وھجی، (۲) (کنایتاً)، بانٹ لینا، تقسیم کر لینا۔
تِکّے لگانا : (۱) کباب لگانا، (۲) (کنایتاً) : چھیڑہ۔ مرچیں لگانا۔

تُکّا : مذکر، بان، تیر، ایک خاص قسم کا گھنڈی دار تیر، سیدھا۔
——— چلانا : اُٹکل پچو تیر چلانا۔
——— سا : مذکر، تیر سا سیدھا۔
——— سی داڑھی : وہ لمبی داڑھی جو ٹھڈی پر ہو۔
— کرنا : (۱) دیکھا کرنا (۲) موقع ڈھونڈا کرنا۔
تکالیف : (ع)؛ جمع تکلیف کی، مذکر، مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔
تکان : (ع) مونث؛ (۱) تھکاوٹ، سستی، کاہلی، کسل مندی، اعضا شکنی، ہچکولوں کا صدمہ، (۲) برچھی یا نیزے کو جھکا دینا۔
——— اُتارنا : سستی دور کرنا، تازہ دم ہونا۔
——— پہنچنا : صدمہ پہنچنا۔
——— چڑھنا : سستی آنا، تھکنا۔
تکبّر : (ع) مذکر، اپنی بڑائی ظاہر کرنا، غرور، گھمنڈ، نخوت۔
تکبیر (ع) مونث؛ اللہ اکبر کہنا، خدا کی بڑائی کرنا۔
تکبیر اُولےٰ : (ف) مونث؛ نماز کی پہلی تکبیر، تکبیر تحریمہ۔
تک تک : (ہ)؛ مونث، وہ آواز جو بیل کے ہانکنے کے وقت آگے چلانے کو نکالتے ہیں۔
تکثیر : (ع) مونث؛ زیادتی کرنا، افزونی۔
تکدّر : (ع) مذکر، دل پر میل آنا، تیرہ ہونا، کدورت ہونا۔
تکذیب : (ع) مونث، جھٹلانا۔
تکرار : (ع) مونث، (۱) دہرانا، بار بار کہنا، (۲) حجت، بحث، جھگڑا، لڑائی، لفظی نزاع۔
——— نکالنا : جھگڑا پیدا کرنا۔
تکراری : جھگڑالو، جھکی، حجتی، لڑاکا۔
تکریم : (ع) مونث؛ عزت، بزرگی، تعظیم، ادب، تسمگت، فاطر مدارات۔
تکڑا / تگڑا : مذکر، مضبوط، موٹا تازہ۔
تِکڑا : مذکر، وہ شعر جس پر ایک مصرع لگا کر تضمین کرتے ہیں۔ شش
تِکڑی : مونث؛ تین گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جاتے ہیں۔
تکفیر : (ع) مونث؛ کافر کہنا، کفر کا فتوا دینا، کافر ٹھہرانا۔

تکفین : (ع) مونث ؛ کفن دینا، کفن پہنانا، کفن میں لپیٹنا۔

تکل : مونث ، مذکر، دو کانپوں والا پتنگ ۔

_____ اُڑانا : تکل بڑھانا ۔

تکلا : مذکر، (۱) چرخے کی وہ آہنی سلائی جس پر کاتتے وقت گکڑی، بنتی جاتی ہے ، (۲) وہ آہنی سلائی جس سے پکوان نکالتے ہیں ۔

تکلے کا گھاؤ : چھوٹا سا زخم جو تکلے کی نوک سے ہو جاتا ہے ۔

_____ کے سے بل نکال دینا : کجی نکالنا ، خوب سیدھا بنانا ساری شرارت دُور کر دینا ، مار پیٹ کر کے ٹھیک کرنا ۔

تکلا : مذکر ۔ (پتنگ بازوں کی اصطلاح) ؛ وہ ڈور جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھا کرتے ہیں ۔

تکلف : (ع) مذکر ؛ (۱) اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا ، تکلیف اُٹھا کر کوئی کام کرنا ، (۲) کھٹکا ، ہچکچاہٹ ، تامل ، (۳) نمایش ، ظاہرداری ، بناوٹ ، (۴) وہ تکلیف جو حجاب ، پاس ، لحاظ کے وجہ سے ہوتی ہے ۔

_____ کرنا : آرایش کا ایسا ساز و سامان جس میں سادگی نہ ہو اور جس کا اہتمام تکلیف سے خالی نہ ہو ، (۲) غیرت برتنا ، شرم کرنا ، حجاب کرنا ۔

تکلفات : مذکر ، جمع تکلف کی ۔

_____ لایعنی : فضول بے کار تکلف ۔

تکلف برتنا : ظاہرداری برتنا ، غیر کا سا برتاؤ کرنا ۔

_____ برطرف : بے تکلف ، صاف صاف ، بلا تصنع ۔

_____ کا کھانا : مذکر ، قیمتی اور لذیذ کھانا ، امیرانہ کھانا ۔

_____ کا مکان : سجا ہوا مکان ۔

_____ کرنا : (لازم) ، ٹیپ ٹاپ کرنا ، آراستگی دکھانا ، آراستہ کرنا ، (۲) ، بناؤ کرنا ، شرم کرنا ، حجاب کرنا ۔

تکلم : (ع) مذکر ، بولنا ، بات کرنا ۔

تکلی : (ہ) مونث ؛ (۱) سوت کاتنے کی پھرکی ، (۲) چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت گکڑی بنتی جاتی ہے ۔

تکلیف : (ع) مونث ؛ دُکھ ، رنج ، مصیبت ، مفلسی ، دشواری ، دِقت ۔

تکلیف اُٹھانا : مصیبت برداشت کرنا ۔

_____ سہارنا : تکلیف اُٹھانا ۔

_____ دینا : (۱) دُکھ دینا ، ایذا دینا ، کسی کام کو کہنا ، کسی کام کی درخواست کرنا ، (۲) جس کے کرنے کو دل نہ چاہے ، کسی کام کی خاص تحریک کرنا ۔

_____ فرمانا : آموجود ہونا ، آنے کی زحمت برداشت کرنا ۔

_____ کرنا : قدم رنجہ فرمانا ، تشریف لانا ، آنے یا جانے کی زحمت برداشت کرنا ۔

تکملہ : (ع) مذکر ، جس سے شے کی تکمیل ہو جائے ، ضمیمہ ، تتمہ ۔

تکمہ : (ف) مذکر ، وہ حلقہ جس میں بٹن یا گھنڈی اٹکی رہتی ہے ۔ کاج ۔

تکمید : (ع) (اصطلاح طب) ، مونث ؛ گرم پوٹلی سے بدن سینکنا ۔

تکنا : (۱) دیکھنا ، ٹکٹکی باندھنا ، بغور دیکھنا ، (۲) آسرا رکھنا ، امید رکھنا ، انتظار کرنا ، راہ دیکھنا ، (۳) گھورا گھاری کرنا ، نیت بد سے دیکھنا ، نظر بازی کرنا ، (۴) لینے کا ارادہ رکھنا ، اُڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا ۔

تکنا / تکونیا : تین کونے والا ، سہ گوشہ ، مثلث ۔

تکنالوجی TECHNOLOGY ؛ (انگ) ؛ مونث ؛ صنعت و حرفت کا علم ۔

تکنیک : TECHNIQUE ؛ (انگ) مونث ؛ فن ، اصول فن ، طرز ادا ، طریق کار ، کاریگری ۔

تکوا : مذکر ، تکلا ۔

تکونا : ایک پکوان ، جس کو آلو ، قیمہ وغیرہ بھر کر تلتے ہیں ۔

تکوین : (ع) مونث ؛ عالم وجود میں لانا ، پیدا کرنا ۔

تکی لگانا : گھورنا ، دیر تک دیکھتے رہنا ، غور سے کسی کی طرف دیکھنا ۔

تکیہ : مذکر ، (۱) آرام کی جگہ ، (۲) سرہانے رکھنے کی چیز ، (۳) بھروسا ، اعتماد ، (۴) فقیر کے رہنے کی جگہ ، فقیر کا گھر ، (۵) گورستان ، قبرستان ۔

_____ بھرنا : تکیے میں روئی یا پر بھرنا ۔

تکیے دار : مذکر ، وہ فقیر جو گورستان میں رہے ، قبرستان کا رکھوالا ۔

تکیے کا کتا : وہ شخص جو دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا ہے۔
تکیہ کرنا : (۱) بھروسا کرنا، اعتماد کرنا، (۲) تکیہ لگانا، بیٹھ رہنا۔
تکیۂ کلام : مذکر: جس بات کی گفتگو کے بیچ بار بار کہنے کی عادت ہو، بات چیت میں کسی خاص لفظ سے موقع بے موقع سہارا لینے کی عادت۔
تکیہ لگانا : کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا
تکھڑی / تکڑی : مونث ؛ چھوٹی ترازو، ترازو کے پلے۔
تکھنٹا / تکھونٹا : دیکھو ٹکونا۔

ت ـــــ گ

تگاپو : مونث ؛ دوڑ دھوپ، جلدی سے آمد و رفت کرنا، سعی، کوشش، جستجو، بے فائدہ تردد۔
تگاور : (ف) مذکر، تیز رو گھوڑا۔
تگ و تاز : (ف) مونث ؛ دوڑ دھوپ، دوڑنا، بھاگنا۔
تگ و دو : (ف) مونث ؛ تلاش، جستجو، بھاگ دوڑ۔
تگڈم : مذکر۔ تین آدمیوں کا میل، تین چیزوں کا مل جانا۔
تگرگ / تگرگ : (ف) مذکر، اولا، پانی کے وہ منجمد چھوٹے ٹکڑے جو آسمان سے پتھر کی سی سخت گولیوں یا گولیوں کی طرح برسیں۔
تگنا : مذکر، بسہ چند، تین گنا۔
تگنی کا ناچ نچوانا : پریشان کرنا۔
تگنی : مونث، (۱) خمیدہ ہو کر کسی کے اوپر چڑھنا، چڈھی (کم عمر بچے بولتے ہیں)، آدمی کی سواری، (متروک)، (۲) تاش یا گنجفے کا وہ پتہ جس پر تین نشان ہوں۔

ت ـــــ ل

تل : مذکر ؛ (۱) تلے۔ نیچے کا حصہ۔ نشیب، (۲) ٹیلا، ریگ کا ٹیلا۔
ـــــ دھار اوپر دھار : شدت کی بارش۔
ـــــ دھار (موسل دھار) برسنا : زور و شور سے برسنا، بارش ہونا۔

تل : مذکر، (۱) ایک قسم کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے، (۲) وہ نقطۂ سیاہ جو جسم کے کسی مقام پر ہوتا ہے، (۳) وہ نقطۂ سیاہ جو دیدے کے اندر ہوتا ہے۔
ـــــ اوٹ پہاڑ اوٹ : (مثل) ؛ ذرا سے پردے میں کسی بڑی بھاری بات کا پوشیدہ ہونا، ظاہر میں مشکل، مگر آسان۔
ـــــ برابر : ذرا سا، رائی برابر، ذرہ۔
ـــــ بنانا / تل لگانا : کاجل کی بندی لگانا۔
ـــــ بھر : ذرا سا، خفیف۔
ـــــ بھر لہو، پہاڑ برابر محبت : اپنا دور کا رشتے دار بھی دوست سے زیادہ کام آتا ہے۔
ـــــ تل کا حساب : رتی رتی کا حساب۔
ـــــ پیلنا : تلوں کو کولھو میں ڈال کر تیل نکالنا۔
ـــــ چاٹنا : مسلمانوں میں دولھا کے وداع کے وقت کی ایک رسم۔
ـــــ چاولی : مونث ؛ چاول کے ساتھ تل ملے ہوئے۔
ـــــ چاولے بال : مذکر، سیاہ و سفید بال۔
ـــــ چاولی داڑھی : وہ داڑھی جس میں بال آدھے کالے آدھے سفید ہوں۔
ـــــ چٹا : مذکر، ایک قسم کا جھینگر جو گھروں کے کونوں میں اور موریوں میں رہتا ہے۔
ـــــ چور بجر چور : (مثل) ؛ جو تھوڑی چوری کرے گا وہ بہت بھی کرے گا۔
ـــــ دھرنے کی (رکھنے کی) جگہ نہیں رہنا : بالکل جگہ نہ ہونا، کوئی جگہ خالی نہ رہنا۔
تلشکری : مونث ؛ (۱) ایک قسم کی شیرینی کا نام جو تل اور شکر سے بنائی جاتی ہے، گزک، (۲) شادی کی ایک رسم : برات کے روز دلھن کی ہتھیلی پر تل اور شکر رکھ کر سات مرتبہ دولھا زبان سے چاٹتا ہے۔
تل کٹ / تل ٹھگا : گئے ہوئے تل میں شکر کوٹ کر ملائی ہوئی۔
ـــــ کی اوجھل (اوٹ) پہاڑ : (مثل) ؛ دیکھو تل اوٹ پہاڑ اوٹ
تلوں میں تیل نہ کہنا : (عو) سورج پر خاک ڈالنا۔
ـــــ میں سے تیل نکالنا : (۱) کفایت شعاری دکھانا، (۲) (کنایتاً) دستوری کے سبب زیادہ قیمت لگانا۔
تلا : مذکر، جوتی کے نیچے کا حصہ، پیندا۔

www.besturdubooks.net

تلا دینا : ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا۔
ـــــ لگانا : جوتے کے نیچے کے حصے میں چمڑا لگانا۔
تِلا/طِلا : (ف) سونا۔
تِلّا : مذکر، (۱) تارزرین، گوٹا، کناری دغیرہ، (۲) پگڑی کے دونوں جلائی سرے۔
تُلا : (۱) ترازو، تک، (۲) ساتواں راس، برج میزان۔
تُلا دان : مذکر، ایک قسم کی خیرات جس میں سونا، چاندی چاول یا بیش قیمت چیزیں اپنے برابر تول کر خیرات کرتے ہیں۔
ـــــ بیٹھنا : آمادہ ہونا، بالکل تیار بیٹھنا۔
تلا بیلی : مونث؛ بے قراری، اضطراب۔
تِلا دانی : تلے دانی، جڑدان کی وضع کی، دھاگا، سوئی، قینچی رکھنے کی خاص تھیلی۔
تلازُم : (ع) باہم لازم ہونا۔
تلازمہ : مذکر، کسی خاص مضمون کی رعایت سے الفاظ لانا۔
تلاش : مونث : کھوج، کوشش، جستجو، تحقیقات۔
ـــــ کرنا : ڈھونڈنا، کھوج کرنا، سُراغ لگانا۔
ـــــ مَعاش : اضافت کے ساتھ؛ روزی کی فکر، روزگار کی کوشش۔
تلاشی : (ف) مونث؛ (۱) ڈھونڈنے والا، (۲) متلاشی، (۳) جھاڑا، گم شدہ چیز کے لیے گھر بار کی دیکھ بھال۔
تلاطُم : (ع) مذکر، لہر، موج، پانی کی تھپیڑیں، جوش، ولولہ۔
تلافی : (ع) مونث؛ جو چیز ضائع ہوگئی ہو اس کا بدل، پاداش، مکافات۔
ـــــ مافات : مونث (اضافت کے ساتھ)؛ جو چیز یا بات جاتی رہی ہو اس کی کمی کو پورا کرنا، معاوضہ اس امر کا جو فوت ہوگیا ہو۔
تلامذہ/تلامیذ : (ع) مذکر، جمع تلمیذ کی، شاگرد۔
تلامُلی : مونث؛ اضطراب، بے چینی، بے کلی، بے قراری، گھبراہٹ، جلدی۔
تلاو : (ہم)، مذکر، تال، تالاب۔
تلاوا : مذکر؛ گاڑی کی وہ لکڑی جو دُھرے کے اوپر لگائی جاتی ہے۔

تِلاوت : (ع) مونث؛ قرآن پڑھنا۔
تُلا ہونا : (۱) جوش اور رغبت کے ساتھ آمادہ ہونا، (۲) کوئی کام کرنے کے لیے بالکل تیار رہنا۔
تلبیس : (ع) مونث؛ دھوکا، مکر، فریب، دغا۔
تلبیہ : (ع)؛ مذکر، حج میں اللّٰھم لبیک بار بار کہنا۔
تلپٹ : (۱) تباہ، خراب، گم، آنکھوں سے غائب، (۲) غائب غلا، گم ناپید، (۳) فراموش، (۴) کسی چیز کی گم شدگی۔
ـــــ کرنا : (۱) غائب کردینا، چھپا دینا، چرا لینا، (۲) ستیاناس کردینا، تباہ کرنا، اُجاڑنا، (۳) تلے اوپر کرنا، کھودنا، پامال کرنا۔
ـــــ ہونا : (۱) اُلٹ پلٹ ہونا، پامال ہونا، (۲) ضائع ہونا۔
تلتلی : مونث، دھار، پانی یا کسی اور پتلی چیز کی جو تھوڑی بلندی سے گرے، تریڑا۔
تلچھٹ : مونث، مذکر، تہ نشین گاد، وہ چیز جو پانی وغیرہ کے برتن میں نیچے بیٹھ جاتی ہے۔
تلخ : (ف) کڑوا، بدمزا، بدذائقہ، ناگوار، ناپسند، تند تیز۔
ـــــ اَبرُو : (ف) بددماغ۔
ـــــ بات : (۱) کڑوی بات، (۲) ناگوار بات۔
ـــــ زَبان : (ف)؛ وہ شخص جس کی باتیں کڑوی لگیں، بدزبان آدمی۔
ـــــ کلامی : (ف)؛ مونث؛ بدزبانی، تیزی سے گفتگو کرنا۔
ـــــ کرنا : کڑوا کرنا، بدمزہ کرنا، ناگوار کرنا۔
ـــــ گوئی : (ف) مونث؛ سخت زبانی
ـــــ وتُرش : (ف) (کنایتاً)؛ دنیا کی محنت ومشقت۔
تلخی : (ف) مونث؛ کڑواہٹ، (۲) شدت، سختی، تکرات۔
تلخیص : (ع) مونث؛ (۱) خلاصہ کرنا، خلاصہ، (۲) پاک صاف کرنا۔
تلذُّذ : (ع) مذکر، لذت؛ مزا حاصل کرنا، لطف۔
تلسی : ایک پودے کا نام۔
تلطُّف : (ع) مذکر، مہربانی، عنایت، کرم۔
تلغراف : (تل، غراف)؛ (معرب)؛ مذکر، دیکھو، ٹیلی گراف۔
تلف : (ع) مذکر، (۱) برباد، خراب، رائیگاں، ہلاک، فنا، (۲) گم، ضائع۔
تلفظ : (ع)؛ مذکر، (لفظ کا) منہ سے ادا کرنا، (۲) لہجہ۔

تلقین : (ع) مونث ؛ نصیحت ۔

تلک : تک ۔

تلک : مذکر، (۱) ٹیکا ، تشقہ ، (۲) ایک زیور کا نام ، (۳) شادی کے موقع پر ہونے والے داماد کو سلامی کے طور پر دی جانے والی رقم ۔

——— دھارنا / تلک دھارن کرنا : ٹیکا لگانا، قشقہ کھینچنا ۔

——— دھاری : مذکر، وہ شخص جو روز تلک لگائے ۔

——— کرنا : گدی نشین کرنا، تخت پر بٹھانا ، شادی کرنا ، بیاہ کرنا ، رخصت کرنا ، وداع کرنا ۔

تل کے ترازو : ترازو جس کے ایک پلے میں آدمی بٹھاتے ہیں اور دوسرے میں اس کے ہم وزن غلہ اور کوئی چیز خیرات کے لیے رکھتے ہیں ۔

——— بیٹھنا : ہم وزن ہوکر بیٹھنا ، ایسا سیدھا ہوکر بیٹھنا کہ کسی طرف جھکاؤ نہ ہو ۔

——— پڑنا : کسی کام پر متوجہ ہوجانا ، کسی کام پر شدت کے ساتھ جھک پڑنا ۔

تلتلی بندھنا : دھار بندھنا ۔

تلمذ : (ع) مذکر ، شاگرد ہونا ، شاگردی ۔

تلملانا / تلملانا : تڑپنا ، مضطرب ہونا ، کم روشن ہونا ۔

تلملاہٹ : مونث ، بے چینی ، تڑپ

تلمیح : (ع) مونث ؛ (علم بیان کی اصطلاح) ؛ شعر میں کسی قصے یا واقعے کی طرف اشارہ کرنا ۔

تلمیذ : (ع) مذکر ، شاگرد ، طالب علم ۔

تلنا : برتن میں گھی یا تیل گرم کرکے کچھ پکانا ۔

تلنا : (۱) وزن کیا جانا ، (۲) کسی کام پر آمادہ ہونا ، (۳) اندازہ ہونا ۔ آنکل ہونا ، جانچ ہونا ، (۴) چکی کے دندانوں کو کھردرا کرنا ۔

تلنگا : مذکر ، تلنگانے کا باشندہ ، ابتدائی عہد انگریزی کا سپاہی ۔

تلنگی : مونث ؛ تلنگانا کی زبان ، تیلگو ۔

تلوا : مذکر ، ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ ، پانو کے نیچے کا حصہ ۔ کف پا ۔

تلوا کھجانا / کھجلانا : سفر درپیش آنے کا شگون سمجھنا ۔

——— نہ ٹکنا / تلوا نہ لگنا : (ع) ایک جگہ پر جم کر نہ بیٹھنا ، ایک جگہ نہ ٹھہرنا ۔

تلوا : مذکر ۔ تل کے لڈو ۔

تلوار : مونث ؛ ج ، شمشیر ، سیف ۔

——— آزمانا : تلوار کی مار کا امتحان کرنا ۔

——— اپنی ہونا : تلوار پھینچی ہونا ۔

——— اٹھنا : تلوار علم ہونا ۔

——— اگلی پڑنا : تلوار نکلی پڑنا ، قتل پر آمادگی ہونا ۔

——— باندھنا : تلوار کمر میں لگانا ۔

——— پٹ پڑنا : تلوار کا اوندھا پڑنا ، تلوار کا وار خالی جانا ۔

——— پر ہاتھ رکھنا / تلوار پر ہاتھ دھرنا : (۱) تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ ڈالنا ، (۲) تلوار کی قسم کھانا ۔

——— بگڑنا : جنگ پر آمادہ ہونا ، کشت و خون کا سامان کرنا ۔

——— تولنا : (۱) تلوار کو ہاتھ میں جانچنا تاکہ پورا وار پڑے (۲) تلوار سنبھالنا ، شمشیر زنی کا ارادہ کرنا ۔

——— تیر جانا : تلوار کا کسی چیز کو کاٹ کر پار ہوجانا ۔

——— چمکانا : ننگی تلوار علم کرنا ۔

——— حمائل رکھنا : تلوار گردن میں لٹکی ہوئی رکھنا ۔

——— سونتنا : تلوار کھینچنا ، میان سے تلوار نکالنا ، قتل کا ارادہ کرنا ، وار کرنے میں تلوار کو اوپر سے نیچے تک کھینچ لانا ۔

——— سے پانی جدا نہیں ہوتا : (مثل) ؛ ایک خاندان کا خون باوجود نفاق اور علیحدگی کے جدا نہیں ہوسکتا ۔

——— کا بال : تلوار کی باریک دھار ، دم شمشیر ۔

——— کا پانی : (کنایتاً) ؛ تلوار کی آب داری ، تلوار کی تیزی ۔

——— کا پٹھا : تلوار کی چوڑی دھار ۔

——— کا پھل : قبضے کے علاوہ تلوار کا حصہ ۔

——— کا کند انہ : دھار گر جانے سے جو دانت پڑ جائیں ۔

——— کا دھنی : بڑا بہادر ، سورما ۔

——— کا دونوں باگوں سے کسنا : تلوار کو دہرا کرکے دونوں سروں کو ملانا ۔

——— کاری پڑنا : پورا کاٹ کرنا ، پوری طرح کارگر ہونا ۔

——— کا چومنا : تلوار چلانے والے کا پہلے قبضہ چوم کر تلوار چلانا ۔

——— کا کاٹ : تلوار کی تیزی ، کاٹ ڈالنے کی قوت ۔

www.besturdubooks.net

تلوار کا کھیت : میدانِ جنگ ، لڑائی کا میدان ۔
——— کا گھاٹ : جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے۔
——— کی دھار : تلوار کی تیزی ۔
——— کا گھاٹ سے پڑنا : تلوار کا اُس مقام سے پڑنا جہاں سے خم شروع ہوتا ہے ۔
——— کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا : (مثل) ناگوار بات کا اثر ہمیشہ قائم رہتا ہے۔
——— کا مینہ برسنا : کثرت سے تلوار چلانا ۔
——— کرنا : تلوار سے کسی کے ساتھ لڑنا ، تلوار مارنا ، شجاعت دکھانا۔
——— کھانا : تلوار کا وار سہنا ۔
——— کی آنچ : گرمی ، چمک ۔
——— کے گھاٹ اُتارنا : تلوار سے مار ڈالنا۔
——— کی موت : تلوار سے قتل ہونا ۔
——— کے ہاتھ : تلوار چلانے کے طریقے ۔
——— لیے پھرنا : (۱) خون کرنے پر آمادہ ہونا ، (۲) مارنے مرنے کی حد تک غضب ناک ہوجانا ۔
——— مارنا : تلوار کا وار کرنا ، شمشیر لگانا ۔
——— مارے ایک بار ، احسان مارے بار بار : (مثل) ؛ احسان کی شرمندگی بہت زیادہ ہوتی ہے ۔
——— میان سے لینا : تلوار سوتنا ، تلوار کھینچنا ، تلوار مارنے پر آمادہ ہونا۔
——— میان سے نکل پڑنا : قتل کرنے پر بیتاب ہونا ، نہایت خونخوار ہوجانا ۔
——— میان کرنا / تلوار میان میں کرنا : تلوار کو خلاف میں رکھنا ، قتل کے ارادے سے باز آنا ۔
——— میں بال آجانا : شکستگی کے آثار ظاہر ہونا ، تلوار میں نقص آجانا۔
تلواروں پر رکھ لینا : تلواروں سے حملہ کرنا۔
——— کی چھانو میں / تلواروں کے سائے میں : تلواروں کی حراست میں ، سخت حفاظت میں ۔
تلوان : قیمتی ، وزنی ۔
تلوّن : (ع) مذکر ، رنگ بدلنا ، رنگ کی تبدیلی ، ایک حالت پر نہ رہنا ، چھچھورا پن ۔
——— مزاج : (ف) وہ شخص جس کا مزاج یک سو نہ ہو ، غیر مستقل مزاج ۔
تلووں تلے ملنا / تلووں تلے پامال کرنا : روندنا ۔
——— سے آگ لگنا : جل جانا ، بھڑکنا ، غصہ ہونا ۔
——— سے آنکھیں ملنا : (۱) خوشامد یا پیار کرنا ، (۲) ناز معشوقانہ سے پامال کرنا ۔
——— سے لگنا : (۱) بے قرار ہونا ، (۲) فکرمند ہونا ، (۳) مضطرب ہونا ، (۴) دُکھی ہونا ۔
——— سے لگنا سر میں بجھنا / تلووں سے لگنا سر میں جا کے بجھنا : سر سے پاؤں تک غصے میں جلنا ، سرتاپا جلنا ، نہایت برافروختہ ہونا۔
——— سے ملنا : پیروں تلے ملنا ، پامال کرنا ، خاک میں ملانا ، پیسنا ، پیس ڈالنا ۔
تلوے چاٹنا : نہایت خوشامد کرنا ، لَلّو پتّو کرنا ۔
——— چھلنی ہونا : پھرتے پھرتے پاؤں کے نیچے کے حصے کا زخمی ہوجانا ، بہت دوڑ دھوپ کرنا۔
——— دھو دھو کے پینا : آنکھوں پر رکھنا ، بے حد قدردانی کرنا ۔ بہت اطاعت کرنا ۔
——— تلے آنکھیں ملنا : (ع) بے انتہا عداوت یا غصہ کی حالت میں آنکھیں نکلوا کر تلووں تلے ملنا ، (ایک قسم کی قدیم سزا کا دستور) ۔
——— سہلانا : (کنایتاً) چاپلوسی کرنا ، خوشامد کرنا ۔
تلی : پیندا ، پیندی ۔
تِلّی : مونث ؛ (۱) ایک اندرونی عضو کا نام ، طحال ، (۲) ایک قسم کا بیج جس کا تیل نکالتے ہیں ۔
تلے : نیچے ، پائیں ، زیر ۔
——— اُوپر : لگاتار ، پے در پے ، متواتر ، ایک چیز کے اُوپر دوسری چیز ۔
——— اُوپر کے : وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں ۔
——— اُوپر ہونا : درہم برہم ہونا ، تہ و بالا ہونا ۔
——— پڑنا : نیچے لیٹنا ، آگے پڑنا ، زمین پر سونا ۔
——— تلے دیکھنا : نیچی نظروں سے دیکھنا ، چھپ کر دیکھنا

تلے کی سانس تلے اوپر کی اوپر: انتہائی حیرت، سکتے کی سی کیفیت۔

____ کی دنیا/زمین اوپر ہونا: (کنایتاً)؛ انقلابِ عظیم ہونا۔

____ کی زمین اوپر کرنا: (کنایتاً) گھبرا دینا، پریشان کر دینا۔

تلیّا: (مونث)؛ (دم) چھوٹا تالاب، چھوٹا تلاو۔

تلیٹی: مونث؛ تلا، پیندا، تہ، نیچے کی زمین (۲) دامنِ کوہ، پکا فرش، تہ زمین، (۳) اطراف، نواحی، سواد۔

تِلے دانی: مذکر، قینچی، سوئی، پیچک وغیرہ رکھنے کی چھوٹے جزدان کی طرح کی چھوٹی تھیلی۔

ت ـــــ م

تُم: (ضمیرِ مخاطب)؛ جمع تُو کی۔

____ جانو: (۱) تمہیں واقف ہو، تمھیں ذمہ دار ہو، (۲) گویا۔

____ ڈال ڈال تو میں پات پات: (مثل)؛ تمہاری چالیں خوب سمجھتا ہوں، میں تم سے زیادہ چالاک ہوں۔

____ ہم کو بُلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے، ہمارے یہاں آؤ گے تو کیا لاؤ گے: (مثل)؛ ہر طرح اپنا مطلب نکالنے کی بات کرنا۔

تُمھارا: تم سے خصوصی نسبت رکھنے والا، آپ کا۔

____ سَر/تمھارا کلیجا: (۱) طعنے یا نفرت کے اظہار کا کلمہ، (۲) برابر والا یا چھوٹا کسی سے مزاج کے خلاف کوئی بات پوچھے یا کہے تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔

تُمھاری یہ راہ ہماری وہ راہ: کچھ پروا نہیں، اپنی اپنی راہ پر چلیے۔

تُم سے پھرے تو خُدا سے پھرے: (مقولہ)؛ ایک طرح کی سخت قسم، واثق عہد، تم سے برگشتہ ہونا خدا سے خلاف ہو جانے کے برابر ہے۔

____ کہیں میں کہیں: الگ الگ، ایک دوسرے سے دُوری۔

____ نے اُڑائیں، میں نے بھوں بھوں کھائیں: (مثل) ہم تمھارے بھی اُستاد ہیں، تمھاری چالاکی ہمارے ساتھ نہیں چل سکتی۔

____ نے کہا اور میں نے مان لیا: تمھاری بات کا مجھ کو اعتبار نہیں۔

تمھارے سَر کی قسم: بات کا یقین دلانا۔

____ مُنہ میں خاک: کسی کے حق میں بُرا چاہنے یا بُرا اندیشہ کرنے پر نفرت کا اظہار۔

____ مُنہ میں گھی شکر: خدا تمھارا کہنا راست لائے، تمہاری بات پوری ہو۔

تُم ہی تُم ہو: ہر جگہ تمہارا ہی دَور دَورہ ہے۔

تَماثُل: (ع) مذکر؛ مشابہ ہونا، ملتا جلتا۔

تَماچا/تماچہ/تمانچا: مذکر؛ (۱) تھپڑ، ہاتھ پھیلا کر مارنا، (۲) (پٹے بازوں کی ایک اصطلاح)۔

____ اُٹھانا: مارنے کا ارادہ کرنا۔

تمادی: مونث؛ (۱) وہ میعاد جس کے گزر جانے سے نالش کا اختیار نہ رہے، (۲) سماعتِ دعوے کی میعادِ معینہ کا نکل جانا، (۳) زمانہ گزر جانا۔

تَمازَت: مونث؛ گرمی، شدت کی گرمی۔

تَماشا: مذکر۔ (۱) دید، نظارا، (۲) کھیل: بازیچہ، (۳) ہنگامہ، جمع، ہجوم، بھیڑ (۴) نمایش، نمود، (۵) عجیب و غریب بات، (۶) سوانگ، کرتب، (۷) ہنسی، دل لگی، ٹھٹھول، مذاق، (۸) کیفیت، (۹) ہنگامہ۔

____ بَن جانا: ایسی حالت ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں، محو ہو جانا۔

____ خانم: مونث؛ مسخری عورت، بلّی عورت، انوکھی عورت۔

____ خانہ/تماشا کدہ/تماشا گاہ: (ف) مذکر، تماشے کی جگہ۔

____ بنانا: نقل کرنا، ہنسی اُڑانا۔

____ دکھانا: (۱) سیر دکھانا، لطف دکھانا، (۲) سزا دینا، مزہ چکھانا۔

____ کرنا: (۱) سوانگ کرنا، ناٹک کرنا، کرتب دکھانا (۲) کسی کا ٹھٹھا کرنا، احمق بنانا۔

____ گر: تماشا کرنے والا۔

____ ہونا: انوکھی بات ہونا، مزہ ہونا، لطف ہونا، مسخرہ ہونا۔

تماشائی: مذکر، تماشے کا دیکھنے والا، تماش بین۔

تماش بین: عیاش، اوباش، بدکار، تماشائی۔

تماش بینی: مونث؛ رنڈی بازی، بدکاری، آوارگی، تماشا دیکھنا۔

تماشے (۱) دیکھنے کی چیز، (۲) حیرت کے قابل معاملات۔
——— کا / تماشے کی: عجیب طرح کا، انوکھی۔
——— کی بات: ایسی بات جس سے جی خوش ہو، مزے کی بات۔
تماکو / تمباکو / تمبا کو: (۱) ایک قسم کا پودا جس کی کاشت کی جاتی ہے۔ (۲) تمباکو کے خشک پتے، (۳) مختلف مسالے ڈال کر پان میں کھائی جانے والی یا حقے میں پی جانے والی چیز۔
تمبو: مذکر، (۱) (عم) خیمہ (۲) (دکن) مونث؛ ایک قسم کی مشین۔
تمبولن: (ہ) مونث؛ پان بیچنے والی عورت۔
تمبولی: (ہ) مذکر، پان بیچنے والا مرد۔
تمام: (۱) پورا، کامل، (۲) کُل، سب (۳) اخیر، آخر، ختم، تیار، مطلق، محض، بالکل۔
——— کرنا: (۱) ختم کرنا، (۲) پورا کرنا، باقی نہ رکھنا، کچھ نہ چھوڑنا۔
——— وکمال: (ف) (۱) سب کا سب، کل، بالکل، یک لخت۔ (۲) کامل طور سے، پوری طرح سے۔
——— ہونا: (۱) پورا ہونا، انجام کو پہنچنا، آخر ہونا، ختم ہونا۔ (۲) مرجانا، (۳) بند ہو جانا، ہو چکنا، خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا۔
تمامی: (ف) مونث؛ (۱) آخر، انجام (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
تمبول: دیکھو تنبول۔
تمت: (ع) تمام ہوا۔
——— بالخیر: نیک انجام، اچھا خاتمہ۔
تمتع: (ع) مذکر، پھل پانا، فائدہ حاصل کرنا، فائدہ۔
تمتمانا: (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرے کا سرخ ہو جانا۔ (۲) (کنایتاً) غصے میں چہرہ سرخ ہو جانا۔
تمتماہٹ: مونث؛ (۱) چہرے کی سرخی جو تپ یا دھوپ کی شدت سے ہو، (۲) وہ چمک اور سرخی جو غصہ یا ورم کی وجہ سے پیدا ہو۔
تمثال: (ف) مونث (۱) پیکر، صورت، (۲) (مجازاً) فرمان شاہی۔
تمثیل: مونث؛ مثال، تشبیہ، نظیر، مشابہت۔
تمجید: (ع) مونث؛ (۱) بزرگ کرنا، (۲) (ادبی اصطلاح) تہذیب، پاکیزگی، لطافت، زندگی کے تجربے اور مشاہدے کو تہذیب و لطافت کے ساتھ پیش کرنا۔
تمدن: (ع) مذکر، طرز معاشرت، رہنے سہنے کا ڈھنگ۔
تمر: (ع) مونث؛ کھجور۔
تمر ہندی: مونث؛ املی، املی کا درخت، اور اس کا پھل۔
تمرد: (ع) مذکر، (۱) سرکشی، بغاوت، نافرمانی، گستاخی، (۲) ضد، ڈھٹائی، خودسری۔
تمرین: (ع) مونث؛ (۱) عادت ڈالنا، خوگر ہونا، (۲) مشق۔
تمسخر: (ع) مذکر، مسخرا پن، ٹھٹھول، ٹھٹھے بازی، مذاق اڑانا۔
تمسک: (ع) مذکر، (۱) پکڑ، گرفت، مضبوطی سے پکڑنا، (۲) اقرارنامہ، وہ نوشتہ جو قرض کی سند میں قرض لینے والا، قرض دینے والے کو لکھ دیتا ہے۔
تمغا: (ترکی)؛ مذکر، (۱) محصول، چنگی، سوداگری کے مال پر سرکار کی طرف سے لگائی جانے والی مہر، (۲) فرمان شاہی (۳) سند؛ جاگیر کی سند، معافی یا انعامی زمین، (۴) داغ، چرکا، نشان، (۵) علامت، (۶) سکہ، ٹھپا، (۷) ڈپلوما، کارگزاری یا انعام وغیرہ کا نشان جو زیب تن کرنے کو دیا جاتا ہے۔
——— بٹھانا: سکہ بٹھانا، رعب جمانا۔
تمکنت: (ع) مونث؛ (۱) غرور، گھمنڈ، تکبر، نخوت، نمود، تعلی، ٹیپ ٹاپ، شان و شوکت، دبدبہ، (۲) عزت، عزت جتانا، مرتبہ ظاہر کرنا، (۳) قدرت، اقتدار، زور حکومت۔
——— کرنا: اترانا، نخوت کرنا، تعلی کرنا، ناز کی لینا۔
تمکین: (ع) مونث؛ (۱) شان و شوکت، دبدبہ (۲) مرتبہ، وقار (۳) طاقت، بل، برداشت کی قوت۔
تملق: (ع) مذکر، خوشامد، چاپلوسی۔
تملیک: (ع)؛ مونث؛ کسی شے کا مالک کر دینا۔
——— نامہ: مذکر، مالک بنانے کی تحریر۔
تمن / تومان: (ترکی)؛ مذکر، (۱) ایک طلائی سکہ (۲) رسالہ، پلٹن، تو سواروں کا جتھا۔
——— باندھنا: فوج جمع کرنا۔

تمنچا / طمنچا / تپنچہ : مذکر، (۱) پستول (۲) (لشکری) بچکانا، چھوٹا سا، (۳) (مجازاً) تیز و طرار معشوق۔

تمنا : (ع)، خواہش، آرزو، شوق۔

تمنائیت : مونث؛ خواہش، آرزومندی کی حالت۔

تموج : (ع) مذکر، موجیں مارنا، لہریں اٹھنا، تلاطم۔

تموز : مذکر، موسم گرما، گرمی کی شدت۔

تمول : (ع) مذکر، دولت مندی، مال داری۔

تمہید : (ع) مونث؛ کسی مضمون کی اٹھان، کسی بات کی تقریب، دیباچہ، آغاز، مقدمہ۔

تمیز : (ف)، مونث؛ (۱) (ایک اصطلاح نحو) (۲) شناخت، پہچان جانچ، (۳) فرق، امتیاز، تفاوت، (۴) عقل، دانش، عقل سلیم، (۵) ادب، قاعدہ، اہلیت۔

ت ـــــ ن

تن : مذکر، جسم، بدن۔

تن آسان : (ف)، تن پرور، آرام طلب آدمی۔

بدن : مذکر، تمام بدن۔

بدن پھونک دینا : سارے بدن میں جلن پیدا کر دینا۔

بدن ڈھانک لینا : ستر پوشی کرنا۔

بدن کا ہوش نہ ہونا : ضروری چیزوں کی بھی خبر نہ ہونا۔

بدن کی خبر نہ رہنا : بے خبر ہو جانا، محو ہو جانا۔

بدن میں آگ لگنا / (پھنکنا) : بے حد غصہ آنا۔

بہ تقدیر : تدبیر ترک کر کے معاملہ تقدیر پر چھوڑ دینا۔

پرست : (ف)، بدن کا پالنے والا، وہ شخص جو ہمیشہ کھانے پینے اور بدن پالنے میں مصروف رہے، خود غرض۔

پروز : (ف)؛ خود غرض، آرام طلب۔

تن تازہ، قلندر راجا : تن پرور، بے فکرا۔

تنہا : (اضافت کے ساتھ)؛ اکیلا آدمی، اپنے دم سے۔

درست : بھلا چنگا، صحت مند، صحیح سالم۔

درستی ہزار نعمت ہے : (مقولہ)؛ تندرستی سب نعمتوں پر غالب ہے، تندرستی نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

دہی : (ف) مونث؛ (۱) سعی، کوشش (۲) محنت، جانفشانی۔

ڈھانکنا : ستر پوشی کرنا۔

اسکھی تو من سکھی : (مثل) پیٹ بھرنے سے دل ٹھکانے رہتا ہے۔

سے لگنا / تن کو لگنا : (۱) دل پر اثر کرنا، جی سے لگنا، فکر ہونا۔ (۲) جزو بدن ہونا، ہضم صحیح ہونا۔

گھلنا : لاغر ہونا، دبلا ہونا۔

من : مذکر، روح، قالب، جسم و جان۔

من ایک ہونا : دو قالب ایک جان ہونا، گہرا دوست ہونا۔

من بھر جانا : سیری ہو جانا، بہت خوشی ہونا۔

من سے : دل و جان سے۔

من کی سدھ بدھ نہ رہنا : بالکل بدحواس ہو جانا۔

من مارنا : (۱) جسمانی اور نفسانی خواہش کو مارنا، (۲) نہایت کوشش کرنا (۳) خاموش ہونا، ضبط کرنا، چپ رہنا۔

من وارنا : جان فدا کرنا۔

میں جان آنا : توانائی آنا، تازگی آنا، فرحت آنا، حواس درست ہونا۔

وتوش : (ف) مذکر، بدن، توانائی، قوت، بھاری جثہ۔

تن : مونث؛ گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔

تنا : مذکر، درخت کا جڑ سے شاخوں تک کا حصہ۔

تناشنی : مونث؛ آن بان، لڑائی پر آمادہ ہونا، کشیدگی۔

تنازع / تنازعہ : (ع) مذکر، (۱) باہم جھگڑا کرنا، جھگڑا، ڈنگا، (۲) رنجش، بغض، عداوت، نفاق۔

تناسب : (ع) مذکر، (۱) باہم نسبت رکھنا، مناسبت، باہمی تعلق، باہمی مطابقت، موافقت، (۲) علم حساب کی ایک اصطلاح۔

اعضا : (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، تمام اعضا کا اپنے اپنے انداز اور مواقع سے ایک دوسرے کے مناسب ہونا، موزوں اعضا۔

تَناسُبی اکثریّت : (ع) مونث ؛ نسبتی اکثریت ، کثرتِ آرا ۔
تَناسُخ : (ع) مذکر ، آواگون ، روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا ۔
تَناسُل : (ع) مذکر ، نسل بڑھانا ، اولاد پیدا کرنا ۔
تَناظُر : (ع) مذکر ، (ا) ایک دوسرے کو دیکھنا ، (۲) نظر میں آنے والے مناظر ، حدِ نظر ۔
تَنافُر : (ع) مذکر ، (ا) نفرت کرنا ، بھاگنا ، (۲) علمِ معانی کی ایک اصطلاح ۔
تَناقُض : (ع) ایک دوسرے کی ضد ہونا ۔
تَناوَر : (ف) (ا) قوی جثہ ، قوی ، مضبوط ، (۲) بڑے تنے والا درخت ۔
تَناوُل فرمانا/کرنا : (ع) مذکر ، کھانا کھانا ۔
تَنا ہونا : کھنچا ہونا ، اکڑا ہونا ، ضد پر ہونا ۔
تَناؤ : مذکر ، کھچاؤ ۔
تَنانا : جسم کا پھٹ پڑنا (ورم کی وجہ سے) ۔
تَنباکو : دیکھو تمباکو ، تمباکو ۔
تَنبو : مذکر ، دیکھو تمبو ۔
تَنبُور/طَنبُورہ/طَنبُور : (ف) ؛ مذکر ، ایک قسم کا ساز جو ستار جیسا ہوتا ہے ، (تمبورہ ، اردو) ۔
تَنبُول : (ف) ؛ مذکر (ا) پان (۲) نیوتا ، وہ باہمی لین دین جو شادی کے موقع پر کرتے ہیں ، (متروک) ۔
تَنبِیہ : (ع) مذکر ، دھمکی ، تنبیہہ ، آگاہی ، خبرداری ۔
تَنبِیانا/تَنبِیا جانا : (ا) برسات کی سوائے گوٹا کناری کا رنگ تانبے کے مانند ہو جانا ، (۲) تانبے کے رنگ کا ہو جانا ، (متروک)
تَنبِیلا : (ا) چہرے کا رنگ جو گرمی سے سُرخی مائل ہو جائے ، (۲) تانبے کا رنگ کا ، (۳) گندم گوں ۔
تنبیہہ : (ع) مونث ، آگاہی ، واقفیت ، خبرداری (۲) پند ، نصیحت ، عبرت ، (۳) تاکید ، حکماً ، پیغام دینا ، (۴) جھڑکی ، ملامت ، تہدید ، سزا ۔
تَن پھُن/تَن فُن : مونث ؛ غصہ اور غرور کا انداز ، جلی بھنی باتیں ، غصے میں بھری باتیں ۔
تَنتُنا/تَنتَنا : مذکر ، جھگڑا ، فساد ۔
تَنتَر : مذکر ، (ا) ایک شاستر کا نام ، (۲) منتر ، ٹونا ، ٹوٹکا ، جادو ۔
تَنتَنا/طنطنہ : مذکر ، (ا) کرّ و فر ، دبدبہ (۲) حکومت ، تحکم ، (۳) غصہ (۴) غرور ۔
—— پیٹنا : اِترانا ، ناک بھوں چڑھانا ۔
تَنتَنانا : غصے میں ہونا ۔
تَنتَنا ہَٹ : مونث ؛ (ا) مؤنث ، (۲) تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو ۔
تَنتَنی : مونث ؛ چھوٹا ستار ، سارنگی ، دوتارا ۔
تَن جانا : خفا ہو جانا ، اکڑ جانا ۔
تَنخواہ : (ف) ؛ مونث ؛ مشاہرہ ، روپیا جو نوکری کا معاوضہ ہو ۔
—— دار : تنخواہ پانے والا ، نوکر ۔
تُند : (ف) (ا) تیز ، (۲) بھلا ، غضب ناک ، (۳) سخت (۴) تلخ ، کڑوا ۔
—— خُو/تُند مزاج : (ف) ؛ جو معمولی باتوں میں ناخوش اور بد دماغ ہو ، تیز مزاج ۔
—— رفتار : (ف) تیز چلنے والا ۔
—— فہم : (ف) تیز فہم ، ذہین ۔
تُندی : (ف) مونث ؛ (ا) تیزی ، چرپراہٹ ، (۲) سختی ، خشونت ، (۳) غصہ ، بدمزاجی ۔
تَندور : (ا) مذکر ، تنور ، بھاڑ ، روٹی پکانے کا ایک بڑا ظرف جو زمین میں گاڑا جاتا ہے ۔
تُندیل : بڑے پیٹ والا ، فربہ ، تنومند ۔
تَنَزُّل : (ع) ؛ مذکر ، اُترنا ، درجہ کا کم ہونا ۔
تَنَزُّہ : (ع) ؛ مذکر ، (ا) عیب سے دور ہونا ، (۲) (مجازاً) خوشی ، بے غمی ۔
تَنزیب : مونث ؛ ایک قسم کے باریک کپڑے کا نام ۔
تَنزیل : (ع) ؛ مونث ؛ (ا) نازل کرنا ، نیچے اُترنا ، (۲) قرآن مجید ۔
تَنزیہ : (ع) ؛ صاف کرنا ، عیب سے پاک کرنا ۔
تَنسیخ : (ع) ؛ مونث ؛ انہدام ، منسوخ کرنا ، باطل کرنا ۔
تَنظیم : (ع) ؛ مونث ؛ تاگے میں موتی پرونا ، انتظام کرنا ، درست کرنا ، انتظام ۔

تَنَعُّم : (ع) ؛ مذکّر، نازونعمت سے زندگی بسر کرنا، امن چین سے زندگی بسر کرنا، نازونعمت۔

تَنَغُّص : (ع)؛ مذکّر، طبیعت کا مکدّر ہونا، غصّہ سے بھرا ہونا۔

تَنَفُّر : (ع)؛ مذکّر، نفرت، بےزاری۔

تَنَفُّس : (ع)؛ مذکّر، (۱) سانس لینا، دم لینا، ہانپنا، (۲) سانس کی بیماری، دَمہ۔

تَنقِیح : (ع)؛ مؤنث؛ (۱) کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا، خالص کرنا، (۲) تحقیق، تفتیش، کھوج، تفحّص، (۳) (قانون)، وہ سوال جو امور نزاعی طے کرنے کی غرض سے بناتے ہیں، (جمع تنقیحات)۔

ـــــ اُمُورِ تصفیۂ طلب : نزاعی اُمور کو دافع کرنا۔

تَنقِید : (ع) مؤنث؛ (۱) پرکھ، جانچ، ایسی جانچ جس سے اچھے بُرے کی تمیز ہوجائے، (۲) نکتہ چینی۔

تَنقِیص : (ع)؛ مؤنث؛ کم کرنا، نقصان، کمی، اعتراض۔ نقص نکالنا۔

تَنقِیہ : (ع) مذکّر، آنتوں کو صاف کرنا، صاف کرنا، مُلّاب لینا۔

تَنِک : (ا) (عم)؛ ذرا سا۔

تُنُک : (ف)، نحیف، کمزور، کم، تنگ، بے حقیقت۔

ـــــ جانا؛ بھڑک جانا، چڑچڑاپن دکھانا۔

ـــــ ظَرف : (ف)؛ اوچھا، کم حوصلہ، پیٹ کا ہلکا، جس کے پیٹ میں بات نہ پچے۔

ـــــ مزاج : (ف)؛ نازک مزاج، چڑچڑا۔

تِنکا : مذکّر۔ (۱) سوکھی گھاس کا چھوٹا ٹکڑا، (۲) کوڑا کرکٹ، (۳) (مجازاً) کوئی ذرا سی چیز، بہت ہلکا۔

ـــــ اُتارنا / تِنکا سر سے اُتارنا : (کنایتاً)؛ کسی پر خفیف احسان کرنا، تھوڑا سا احسان کرنا۔

ـــــ اِدھر اُدھر نہ ہونا : چھوٹے سے چھوٹی چیزوں میں بے ترتیبی نہ ہونا، ضائع نہ ہونا۔

ـــــ اُتارنے کا اِحسان ماننا : ذرا سے احسان کو بھی ماننا، معمولی مدد کے لیے بھی شکر گذار ہونا۔

ـــــ تِنکا : ہر ایک تنکا، ذرا ذرا۔

ـــــ دانتوں میں لینا / تِنکا دانتوں میں پکڑنا / تِنکا مُنہ میں لینا؛ (کنایتاً)؛ عاجزی کرنا، گڑگڑانا، جان بخشی چاہنا، امان مانگنا، پناہ مانگنا۔

ـــــ سا توڑنا : مختصر دوٹوک جواب دینا۔

ـــــ نہ رہنا : بالکل صفائی ہوجانا، ایسا لٹنا کہ کچھ نہ رہے، جھاڑو پھر جانا۔

ـــــ ہوجانا : (مجازاً)؛ نہایت دُبلا ہوجانا۔

تِنکے چُننا : بدحواس ہوجانا، دیوانہ ہوجانا۔

ـــــ کا احسان ماننا : ذرا سے احسان کا بھی شکر گذار ہونا۔

ـــــ کا سہارا : مذکّر، ذرا سی مدد، تھوڑی سی ڈھارس۔

ـــــ کو پہاڑ کر دکھانا : (ا) چھوٹی سی بات کو بڑی کر دکھانا، مبالغہ کرنا، (۲) ادنیٰ کو اعلا مرتبے پر پہنچا دینا۔

ـــــ کی اُوٹ (اوجھل) پہاڑ : (مثل)؛ ذرا سی بات میں کسی بڑی بات کا چھپا ہونا، مشکل اَمر کا ذرا سی تدبیر سے درست ہوجانا۔

تِنکنا : (ا) ناراض ہونا، بگڑنا، جھلّانا، (۲) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔

تَنکِیر : (ع)؛ مؤنث؛ (ا) اسم نکرہ بنانا، (۲) بُری حالت کرنا۔

تَنگ : (ف)؛ (ا) سکڑا ہوا، بھچا ہوا، (۲) غریب، مفلس، محتاج، مصیبت زدہ (۳) عاجز، (۴) طول، (۵) مشکل، دشوار، (۶) مذکّر، زین کسنے کا تسمہ۔

ـــــ آنا : عاجز آنا، مجبور ہونا، بے زار ہونا، تھک جانا۔

ـــــ چشم : (ف)؛ کم ظرف، پست ہمت، کمینہ، بخیل۔

ـــــ حال ہونا : مصیبت میں ہونا، اَفلاس میں مبتلا ہونا۔

ـــــ حوصلہ : (ف)؛ کم ظرف، کمینہ، اُوچھا۔

ـــــ دست : (ف)؛ مفلس، نادار۔

ـــــ دل : (ف)؛ بخیل، اوچھا، کم ظرف۔

ـــــ دہن : (ف)؛ غنچہ دہن، چھوٹے مُنہ کا (معشوق)۔

ـــــ رہنا : پریشان رہنا، تہی دست رہنا۔

ـــــ ظرف : (ف)؛ اوچھا، کم حوصلہ، پست ہمت۔

ـــــ کرنا : ستانا، دِق کرنا، عاجز کرنا، حیران کرنا، تکلیف دینا۔

تنگ نائے : (ف) ؛ مؤنث ؛ (۱) تنگ کوچہ ، تنگ جگہ ، (۲) (مجازاً) قبر، دنیا یا آدمی کا بدن۔

——— **ہاتھ ہونا** : مفلس ہونا، پیسا پاس نہ ہونا۔

تنگی : (ف) ؛ مؤنث ؛ (۱) کمی (۲) مفلسی ، محتاجی ، غریبی ، (۳) سختی، (۴) مشکل ، دقت ، دشواری ، (۵) کم ظرفی۔

——— **ترشی** : کفایت شعاری ، تکلیف کے ساتھ۔

——— **کرنا** : (۱) کوتاہی کرنا، (۲) کمی کرنا، کنجوسی کرنا، بزرسی کرنا، (۳) سختی کرنا، جبر کرنا (۴) کم ظرفی کرنا۔

تنگہ : (ف) ؛ مذکر، ایک پرانے زمانے کا سکہ۔

تننا : (۱) کھینچنا، کشیدہ ہونا، (۲) سیدھا ہوکر بیٹھنا، (۳) پھیلنا، دراز ہونا۔ (۴) پھولنا، بھر کر موٹا ہونا، (۵) اینٹھنا ، اکڑنا۔ سینہ ابھارنا ، دکھانا، (۶) کھڑا ہونا، گڑنا ، (۷) طول پکڑنا۔ (۸) گھمنڈ کرنا (۹) (کنایتاً) ؛ خفا ہونا، (۱۰) شکم سیر ہونا۔

تنور : (ع) ؛ روٹی پکانے کا چولھا ، تندور ، بھاڑ۔

——— **جھونکنا** : تنور گرم کرنا۔

——— **سے بچنے کے لیے بھاڑ میں گرے** : (مثل) ؛ تھوڑی سی مصیبت سے بچنے کے لیے بڑی مصیبت میں مبتلا ہونا

تنوع : (ع) مذکر، قسم قسم کا ہونا، گوناگوں

تنومند : (ف) ؛ قوی جسم ، ہٹا کٹا۔

تنویر : (ع) مؤنث ؛ روشنی ، چمک

تنوین : (ع) ؛ مؤنث ؛ کسی حرف پر دو زبر (ـً) یا دو زیر (ـٍ) یا دو پیش (ـٌ) لگانے سے نون کی آواز نکالنا۔

تنہا : (ف) (۱) اکیلا ، فرد، جدا ، جریدہ ، مجرد ، (۲) صرف ، فقط ، اپنے دم سے (۳) یکتا ، لاثانی ، بے نظیر، طاق۔

——— **خوری** : (ف) ؛ مؤنث ؛ اکیلے کھا لینا، اکیلے اکیلے کھانے کی عادت۔

تنہائی : (ف) ، مؤنث ؛ علاحدگی ، مفارقت ، اکیلا رہنا۔

تنی رہنا : جھگڑا رہنا ، ناخوشی رہنا۔

ت ——— و

تو : (۱) تب ، بس ، الحاصل ، حاصل کلام ، (۲) اس وقت ، پھر، اس حالت میں۔

تو بات ہے : تو لطف ہے ؛ خاص بات ہے ؛ تعریف کے لائق ہے۔

——— **بھی** : باوجود یکہ ، پھر بھی ، تاہم۔

——— **پھر** : جزا کے جملے پر آتا ہے۔

——— **سہی** : بالضرور ، یقینی ، شرطی ، (دھمکی دینے کا کلمہ ہے)۔

——— **کیا** : اس کلمے کے بعد نقصان ہوا ، حرج ہوا ، مضائقہ نہ ہوا۔

——— **کیا ہوا** : کچھ نہیں ہوا ، بے سود ہوا۔

تو : (ضمیر واحد غائب) ؛ حرف خطاب جو ادنا یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے۔

——— **تڑاق کرنا** : بدزبانی کرنا ، زبان درازی کرنا۔

——— **تکار** : مؤنث ؛ گالی گلوچ ، بدزبانی ، زبان درازی۔

——— **توں میں** : مؤنث ؛ گالی گلوچ ، زبان درازی ، جھگڑا ، ٹنٹا۔

——— **چل میں چل** : ہلچل مچنا ، کھلبلی پیدا ہونا۔

——— **ڈال ڈال میں پات پات** : دیکھو (تم ڈال ڈال تو میں پات پات)۔

——— **کیا ہے** : تیری ہستی کیا ہے۔

——— **مجھ کو میں تجھ کو** : (مثل) ، تو میرا ساتھ دے گا میں تیرا ساتھ دوں گا۔

——— **نے کہی میں نے مانی** : میں کسی طرح تمہارا کہنا باور نہ کروں گا۔

——— **ہو اور دنیا ہو** : تو ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے ، دنیا کا لطف تیرے ساتھ رہے۔

——— **ہی تو ہے** : جو کچھ ہے تو ہی ہے ، خدا تعالیٰ۔

توا : (۱) روٹی پکانے کا لوہے کا گول برتن ، (۲) حمام یا مقابے میں لگایا ہوا تانبے یا لوہے کا گول پتر۔

——— **سر سے باندھنا** : اپنے آپ کو مستعد کرنا ، مضبوط بنانا ، سر کی حفاظت کر کے لڑنے کو مستعد ہونا۔

——— **ہنسنا** : جلتے ہوئے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر پھول جھڑنا۔

تُوے کی بُوند : ناپائدار چیز، جلد فنا ہو جانے والی۔
تَوابع : (ع) جمع تابع کی : مذکر، پیچھے آنے والی چیزیں، پیرو۔
تَواتُر : (ع) مذکر، (۱) لگاتار، یکے بعد دیگرے، (۲) (مجازاً) کسی بات کا لوگوں کی زبان پر برابر ذکر آتے رہنا۔
تَوارُد : (ع) مذکر، ایک ہی مضمون کا دو آدمیوں کے ذہن میں آنا۔
تَواریخ : (ع) مونث ؛ (جمع تاریخ کی) ؛ مہینے کے دن (۲) سنوں کا علم، (۳) قصے، تذکرے، واقعات کا علم، حالاتِ قدیم۔
تَوازُن : (ع) مذکر، ہم وزن ہونا، ہم سری، وزن قائم رہنا، برابری۔
تَواضُع : (ع) مونث ؛ خاطر مدارات، آؤ بھگت۔
تَوافُق : (ع) مذکر ؛ یکجا ہونا، موافق ہونا، مطابقت ہونا۔
تَوالُد : (ع) مذکر، اولاد پیدا کرنا۔
ـــــ **وتناسُل** : مذکر ؛ اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا
تَوالی : (ع) مونث ؛ پے در پے، متواتر۔
تَوام : (ع) (۱) جڑواں، (۲) وہ بچہ جو دوسرے بچے کے ساتھ پیدا ہو۔
تَواں (اردو) **تُواں** : (ف) مونث ؛ طاقت، زور، بل، قوت، قدرت۔
تَوانا / تُوانا : (ف) ؛ طاقتور، تنومند، ہٹا کٹا۔
تَوانائی / تُوانائی : (ف) طاقتور، زور، بل، قدرت۔
تَوانگر / تُونگر : (ف) (۱) قدرت والا، (مجازاً)، (۲) مال دار، دولتمند۔
تَوانگری / تُونگری : (ف)، مونث ؛ دولت مندی۔
تُوبڑا : مذکر، (۱) گھوڑے کو دانہ کھلانے کا تھیلا، (۲) (تحقیر سے)، منہ۔
تَوبَہ / تُوبہ : مونث ؛ (۱) افسوس، پچھتاوا، ندامت، گناہ سے باز رہنے کا خدا کی جناب میں اقرار کرنا۔
ـــــ **بُلوا دینا** : دق کرنا، تنگ کرنا، پناہ منگوانا۔
ـــــ **بھلی** : دور رہنا بہتر، بچنا بہتر۔
ـــــ **تِلّا** : واویلا، آہ و فریاد، ہائے وائے۔
ـــــ **تُوبہ** : (۱) سخت نفرت کا اظہار، عبرت و تاسف کا اظہار، (۲) اپنے کلمۂ گستاخی یا بے تمیزی پر اظہارِ معذرت۔
ـــــ **تَوبہ کرنا** : (۱) زبان سے توبہ کا اظہار کرنا، (۲) ندامت و حقارت ظاہر کرنا، غرور یا کسی کی شان و تعظیم کے خلاف بات کہنے سے پہلے معذرت کرنا۔
ـــــ **توڑنا** : قول سے پھرنا، عہد سے پھرنا۔
ـــــ **شکن** : (ف) (۱) توبہ توڑنے والا، (۲) (مجازاً) معشوق، رند۔
ـــــ **کا دَر بند ہونا** : توبہ قبول ہونے کا وقت گزر جانا۔
ـــــ **کرکے کہنا** : (۱) خدا سے ڈر کے کہنا، خاک چاٹ کے کہنا۔ شیخی سے باز آکر کہنا، (۲) دعوے سے کہنا۔
ـــــ **کرنا** : گناہ کرنے سے باز آنا بے ہودہ باتوں سے اجتناب۔
توبۂ نصوحا : سچی توبہ۔
توبہ نوازنا : توبہ قبول کرنا۔
توبیخ : (ع) مونث ؛ ملامت، جھڑکی، طنز، سرزنش۔
توپ : (ترکی) ؛ (۱) گولہ چلانے کا آلہ، (۲) (مزاحاً)، بہت موٹا آدمی۔
ـــــ **پر رکھنا** : اڑا دینا۔
ـــــ **چی** : (ف)، مذکر، توپ چھوڑنے والا، گولندار، خلاصی۔
ـــــ **خانہ** : (ف) مذکر، (۱) توپوں کے رکھنے کا مقام، میگزین۔
ـــــ **دم کرنا** : کسی کو توپ سے اڑا دینا، غارت کرنا، تباہ کرنا۔
تُوپنا : (۱) بند کرنا، (۲) زمین میں گاڑنا، زمین میں دفن کرنا، دبانا، (۳) چھپانا۔
توت / شہتوت : (ف) ؛ مذکر، ایک قسم کا پھل۔
توتا / طوطا : مذکر، مشہور پرند، (۲) طفلِ خوش گفتار، پیار کا کلمہ۔
ـــــ **پالنا** : کسی پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرکے بیماری کو طول دینا، (۲) سوزاک یا آتشک کی بیماری لگا لینا، (۳) کوئی ایسا کام ہاتھ میں لینا جس سے اور کام بند ہو جائیں۔
ـــــ **چشم** : (مجازاً) ؛ بے مروت، بے وفا۔
توتلا : وہ آدمی جس کی زبان سے الفاظ صاف نہ نکلیں۔
ـــــ **پن** : مذکر، (۱) زبان موٹی ہونے کی بیماری، (۲) وہ عمر جس میں بچے صاف الفاظ نہیں بولتے۔
توتی / طوطی : (ف)، مذکر، ایک خوش آواز چڑیا۔
ـــــ **بولنا** : (۱) شہرۂ آفاق ہونا ؛ کسی ہنر یا کمال یا مرتبے یا

حسن وجمال وغیرہ میں دھاک ہونا، دُور دُورا ہونا، (۲) اقبال یاور ہونا، کسی بڑے کے دربار یا سرکار میں باوقعت ہونا، بااثر ہونا۔

توتی کا پڑھنا: توتی کا چہچہانا، توتی کا سخن سرائی کرنا۔

——— کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے: (مثل)؛ بڑے کارخانوں میں چھوٹوں کی کون سنتا ہے، بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے ادنا آدمی کی رائے کوئی نہیں پوچھتا۔

توتے پڑھانا: توتے کو بولنا سکھانا، ایسے شخص کو پڑھانا جو معنی سمجھنے پر قادر نہ ہو۔

——— کی طرح آنکھ بدل جانا/ توتے کی سی آنکھیں پھیرنا: یک لخت بے مروت ہونا، دفعتاً بے مروت ہوجانا۔

——— کی طرح پڑھنا/ یاد کرنا: بے سمجھے پڑھنا، بے سمجھے یاد کرنا۔

توتیا: (ف) مذکر، (۱) نیلا تھوتھا، (۲) سُرمے کا پتھر جس کو باریک پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں، سُرمہ۔

توتیا: مذکر، الزام۔

——— باندھنا: الزام لگانا۔

——— طوفان جوڑنا: توبے جوڑنا، بہتان لگانا۔

توجہ: (ع) مونث: (۱) رجوع، میل، رغبت، (۲) خیال، لحاظ، مہربانی، عنایت، شفقت۔

——— نامہ: مذکر۔ کسی خاص مسئلے پر دھیان دلانے والی درخواست۔

توجیہ: (ع) مونث؛ (۱) وجہ بیان کرنا، دلیل لانا، (۲) علم عروض کی ایک اصطلاح۔

توحش: (ع) مذکر، وحشت، نفرت۔

توحید: (ع) مونث؛ ایک ماننا، ایک جاننا، وحدانیت، یکتائی، خدا کے ایک ہونے پر یقین لانا۔

تودہ: (ف) مذکر، (۱) انبار، ڈھیر، (۲) وہ مٹی کا ٹیلا یا کچی دیوار جس پر تیر انداز تیر مارنے کی مشق کرتے ہیں، (۳) بہ کثرت۔ (۴) وہ مٹی کا ڈھیر جو حدودِ اراضی پر حد ظاہر کرنے کے لیے قائم کرتے ہیں۔

——— بندی: مونث؛ حدود بندی۔

——— طوفان: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، (۱) فسادی، فتنہ انگیز، (۲) بہت الزام۔

تور: (ترکی)؛ مذکر۔ پوشش جو میلنے یا پالکی پر ڈالتے ہیں، جھالر، ارہر، مارہر کی دال۔

تورہ: مذکر، (ع)؛ (۱) شرع، سُنّت؛ طریق، حکم شاہی، (۲) مختلف اقسام کے لذیذ کھانے جو خوانوں میں لگا کر بڑے تکلف کے ساتھ تقریبات میں تقسیم ہوتے ہیں، (۳) فرور، ناز، گھمنڈ، نمود (۴) عزت، رتبہ۔

——— بندی: مونث؛ شادی سے پیشتر گھر گھر تورہ تقسیم کرنے کی تقریب۔

——— پوش: مذکر، (۱) خوان پوش، (۲) وہ سرپوش جو توروں کے خوانوں پر بانس کا بنا ہوا ڈھانکا جاتا ہے۔

——— توڑنا: غرور کم کرنا، غرور مٹانا۔

——— جتانا: (طنزاً)؛ تخر اکرنا، غرور کرنا، شیخی کرنا، تعلّی کرنا، دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا، اپنی بزرگی دکھانا۔

تورے دار: معزز لوگ جن کو منجانب بادشاہ تقریب کا کھانا بھیجا جاتا ہے۔

توریت: مونث؛ وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر اُتری تھی۔

توڑ: مذکر، (۱) شکستگی، ٹوٹ پھوٹ، (۲) دریا کی روانی کا زور، بہاو کا زور، (۳) دہی کا پانی، دہی کا توڑ، (۴) جواب، رَد، (۵) ٹپّا، انتہا۔ گولی یا گولے کی مقدارِ مسافت، (۶) داؤ پیچ کا دفعیہ، (۷) چیز کی قیمت کا فیصلہ، مُچکوتا، (۸) تیر یا بندوق کی گولی کا نشانہ کے پار ہوجانا، توڑنے کی قوت، زور، طاقت، (۹) علاج، چارہ، دفعیہ۔

——— پڑ ہونا: (۱) ختم پر ہونا، (۲) زور پر ہونا۔

——— پھوڑ/ توڑ تاڑ: مونث؛ (۱) شکستگی، ٹوٹ پھوٹ، (۲) نیست و نابود کرنا، پامالی، خرابی، ویرانی، (۳) سازش، اغوا۔

——— جوڑ: مذکر؛ (۱) تراش خراش، (۲) تدبیر، سازش، فریب، (۳) مکاری، (۴) دو آدمیوں میں پھوٹ ڈلوا دینے یا جھگڑا کرا دینے کے ڈھنگ، (۵) کاٹ چھانٹ، (۶) الفاظ کی ترکیب کا ڈھنگ، (۷) چال۔

توڑ کرنا: (۱) قیمت کا فیصلہ کرنا، (۲) حساب صاف کرلینا، (۳) کشتی یا نیزے بازکے داؤ کا رد کرنا۔
____ کی صراحی: وہ صراحی جس کے حصے الگ الگ ہوجاتے ہیں۔
____ لینا: الگ کرلینا، اپنی طرف کرلینا، چھوڑنا توڑنا۔
توڑا: مذکر۔ (۱) کمی، قحط، قلت، (۲) رسّی کا ٹکڑا، (۳) بَیل کی لمبی لکڑی جس میں جُوا لگا دیا جاتا ہے، (۴) تھیلی، اشرفی یا روپیوں کی تھیلی، (۵) ایک قسم کی زنجیر طلا یا نقرہ کی، جس کو گلے یا ہاتھ یا پاؤں میں پہنتے ہیں، (۶) نقصان، خسارہ، ٹوٹا۔
____ مروڑی: مونث؛ توڑنا، مروڑنا، پھینا چھینٹی، ہاتھاپائی، کُتا، دُلنا۔
توڑے دار بندوق: مونث، وہ بندوق جو پلیتے کے ذریعے سے چھوڑی جائے۔
توڑانا: دیکھو تڑانا۔
توڑ کے نکل جانا: کسی ایسی چیز کا اس پار سے اُس پار ہوجانا جو رقیق نہ ہو۔
توڑنا: شکستہ کرنا، ٹکڑے کرنا، چکنا چُور کرنا، پاش پاش کرنا۔
____ مروڑنا: کُتا دُلنا، کسی شے کو بَل اور خم دینا، لوہے کے تار کو بَل دار کرنا۔
توس: (انگ: ٹوسٹ)، مذکر: ٹوسٹ؛ نان پاؤ کا ٹکڑا۔
____ دان: (۱) کارتوس رکھنے کا بکس جو سپاہیوں کی کمر سے بندھا رہتا ہے، (۲) توس رکھنے کا برتن۔
تَوَسُّط: (ع) مذکر، (۱) میانہ روی، اعتدال، درمیان، (۲) ذریعہ، وسیلہ۔
تَوَسُّل: (ع) مذکر، وسیلہ ڈھونڈنا، کسی کو بیچ میں ڈالنا، ذریعہ، سفارش، شفاعت۔
تَوسَن: (ف) شوخ اور سرکش گھوڑا۔
____ اڑنا: گھوڑے کا ترارے بھرنا۔
____ پھڑکنا: گھوڑا بھڑکنا۔
____ چمکنا/تَوسَن چھیڑنا: گھوڑے کو تیز کرنا۔
تَوسیع: (ع) مونث؛ وسعت، کشادگی، وسیع کرنا۔
توشدان: مذکر، وہ برتن جس میں سفر کے لیے کھانا رکھیں۔
توشک: (ترکی)؛ مونث؛ روئی دار بستر، گدّا۔
____ خانہ: (ف)؛ وہ کمرا جس میں امیروں کی پوشاک اور لباس رہتا ہے، پارچہ خانہ۔
تُوشَہ: (ف) مذکر، (۱) زادِ راہ، وہ کھانا جو مسافر اپنے ساتھ لے جائے، (۲) وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے اور قبرستان میں گورکن کو دیتے ہیں، (۳) کسی ولی یا بزرگ کے نام کا کھانا، (۴) راستے کا خرچ، سفر خرچ۔
____ عاقبت: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)، (۱) اعمالِ نیک، اچھے کام۔ وہ کام جو مرنے کے بعد کام آئیں، (۲) (مجازاً) معصوم بچے جو ماں باپ کے سامنے مرجائیں۔
توشے کی روٹی: مونث؛ نان وطوا جو میت کے ساتھ قبرستان لے جاتے ہیں اور خیرات کرتے ہیں۔
توشیح: مونث؛ علم بیان کی ایک صنعت کا نام، جس میں اشعار اس ترتیب سے لکھے جائیں، جن کے ہر مصرع کے پہلے حرف، ترتیب سے لکھے جانے پر کسی کا نام یا کوئی عبارت پیدا ہو۔
تَوصیف: (ع) مونث، تعریف، خوبی، وصف۔
تَوضیح: (ع) مونث؛ شرح، تشریح، وضاحت، کھول کے بیان کرنا۔
تَوَطُّن: (ع)؛ وطن اختیار کرنا، غیر جگہ کو وطن بنالینا۔
تَوطِیَہ: (ع)؛ مذکر (۱) مدعا کی تمہید (۲) شعر میں قافیے کی تکرار، (۳) الزام لگانا، تہمت باندھنا۔
تَوَغُّل: (ع) مذکر، کسی کام میں بہت لگا رہنا، دھن۔
توفان: مذکر، (۱) (ف) طوفان، شور و غوغا، دریا کی شورش، (۲) بہتان، الزام۔
توفیر: مونث؛ زیادتی، بہت۔
توفیق: (ع) مونث؛ (۱) خدا تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک سبب بہم پہنچانا، ہدایت، رہنمائی، خدا کا فضل، خدا کی مہربانی، (۲) طاقت، حوصلہ۔
____ خیر: (اضافت کے ساتھ)؛ نیک کام کی ہمت۔
____ ہونا: ہمت ہونا، ہدایت ہونا۔
تَوَقُّع: (ع) مونث؛ امید، بھروسا، آسرا۔

تَوَقُّف : (ع) مذکّر، دیر، وقفہ، ڈھیل۔
تَوقِیر : (ع) مونث؛ تعظیم وتکریم، وقعت، عظمت۔
تَوقِیع : (ع) مذکّر، فرمانِ شاہی، شاہی دستخط، جمع: توقیعات۔
تَوَکُّل : (ع) مذکّر، صرف خدا پر بھروسا رکھنا، خدا کی طرف توجہ کرنا۔
——— پر بیٹھنا: (ا) خدا پر بھروسا کرنا، اپنے سارے کام خدا پر چھوڑ دینا، (۲) بے کار بیٹھنا، خالی رہنا۔
تَوَکَّلتُ عَلَی اللہ : (ع)؛ (میں خدا کی مرضی پر راضی ہوا)؛ مذکّر؛ معاملے کو خدا پر چھوڑ کر صبر کرنا۔
تَول/تُول : مونث؛ (ا) وزن، مقررہ وزن، جانچ، اندازہ۔
——— لینا آزمالینا، آزمایش کرلینا۔
تَولنا : وزن کرنا، اندازہ کرنا، جانچنا، لیاقت اور قابلیت کا امتحان لینا۔
تولا : مذکّر، بارہ ماشے کا وزن۔
——— ماشا: (ا) وہ مریض یا نازک مزاج آدمی جو دم بھر میں کچھ کا کچھ دم بھر میں کچھ ہوجائے، (۲) بے ثبات، غیر مستقل مزاج۔
——— بھر کی آرسی نانی بولی فارسی : (مثل)؛ تھوڑا سا سلوک کرکے بہت سا احسان جتانا۔
تَوَلّا : (ع) مذکّر، محبت رکھنا۔
تَوَلّائی : مذکّر، محبت رکھنے والا، اہلِ تشیع کا وہ فرقہ جو تبرّا نہ کرے۔
تَوَلُّد: (ع)؛ مذکّر، پیدایش، پیدا ہونا۔
تولیا : مذکّر ومونث؛ ایک بڑا سا رومیں دار رومال، (انگ بٹاول)۔
تولیت : (ع)؛ مونث؛ (ا) کسی کو حاکم کرنا، سربراہی، (۲) انتظام، نگرانی۔
تولید: (ع)؛ مونث؛ (ا) جنانا، پیدا کرنا، (۲) پیداوار۔
تومڑی/تونبڑی: مونث؛ (ا) چھوٹا تونبا، سوکھے ہوئے تونبے کی چھاگل، کچکول، (۲) مٹی کی چھوٹی سی لالٹین جس پر جھلّی مڑھ کر چراغ جلاتے ہیں، (۳) مگر کی تھوتھنی، (۴) رسولی، بتوڑی، (۵) وہ باجا جو سپیرے سانپ نچاتے وقت بجاتے ہیں، سپیروں کی بین۔

تومنا: (ا) روئی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، روئی صاف کرنا، (۲) گڑے مُردے اکھیڑنا، عیب کھولنا۔
تونبا/تونبڑا: مذکّر، ایک قسم کا تلخ کدو جس کو اندر سے خالی کرکے فقیر کشکول چاگل وغیرہ بناتے یا ستار میں لگاتے ہیں۔
تُوند: مونث؛ بڑا پیٹ۔
تُوندل/توندیل/توندیلا: مذکّر، توند والا آدمی۔
توندی: مونث؛ ناف۔
تونس: مونث؛ شدت کی پیاس۔
تونسنا: آفتاب کی گرمی سے مضمحل ہوجانا، بے تاب ہوجانا، پیاس کا بڑھ جانا۔
تونگر: (ف) قدرت والا، دولت مند، مال دار۔
تَوَہُّم : (ع) مذکّر، وسواس، وہم، وہم میں پڑنا، گمان، شک، (جمع؛ توہمات)۔
توہین : (ع)؛ مونث؛ اہانت، ذلت، حقارت۔
——— عدالت : (اضافت کے ساتھ)؛ مونث؛ عدالت کی تحقیر، عدالت کی ہتک۔
تُوئی : مونث؛ ایک قسم کی کپڑے پر بنی ہوئی بیل جو عورتیں اکثر دوپٹوں اور رضائیوں وغیرہ پر لگاتی ہیں۔

ث ——— ۵

تہ : (ف)؛ مونث؛ (ا) نیچے، (۲) پیندی، (۳) تھاہ، انتہا، (۴) پرت، (۵) نکتہ، باریکی، رمز، (۶) تلچھٹ، دُرد، گاد، (۷) فرش، سطح، زمین، (۸) جھلک، تحریر، باریک اور پتلا ورق، (۹) قعرِ دریا، قعرِ چاہ، کسی گہری جگہ یا گہری چیز کا وہ مقام جہاں پانو یا ہاتھ قائم ہوں۔
——— بازار : مونث؛ بازار کی زمین۔
——— بازاری : مونث؛ وہ محصول جو تہ بازار میں دکان لگانے والوں سے لیا جاتا ہے۔
——— بہ تہ : (ف) ہر ایک تہ میں، ہر ایک پرت میں، ایک کے نیچے ایک، طبق در طبق۔

تہ بَنْد : (ف) مذکّر، لُنگی، تہمد۔
ـــــ پانا : اصل حقیقت دریافت کرلینا۔
ـــــ پوشی : (ف، مونث) ؛ زنانہ پاجامہ، وہ لہنگا جو عورتیں ساری کے نیچے ستر پوشی کے واسطے پہنتی ہیں، پیٹی کوٹ۔
ـــــ پیچ : (ف) ؛ مذکّر، پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔
ـــــ توڑنا : (ا) کچھ باقی نہ رکھنا، خوب کھانا، (۲) کنویں کا پانی نکال ڈالنا۔
ـــــ تیغ کرنا : (اضافت کے ساتھ) ؛ تلوار سے قتل کرنا۔
ـــــ ٹوٹنا : (کنایتاً) ؛ دوالا نکلنا۔
ـــــ جمانا : (ا) اوپر تلے رکھنا، (۲) کھانے پر کھانا۔
ـــــ خانہ : مذکّر، مکان کا وہ حصّہ جو زمین کے نیچے بنایا جائے۔
ـــــ دار : (ف) ؛ دقیق، مشکل، پیچدار، پہلودار، ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
ـــــ دَرْز : نیا کپڑا، وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔
ـــــ دل سے : (اضافت کے ساتھ) خلوص کے ساتھ، سچے دل سے۔
ـــــ دلی : مونث ؛ اطمینان۔
ـــــ دیگ/دیگی : مونث ؛ نیچے کا وہ کھانا جس میں روغن زیادہ ہوتا ہے، اکثر پلاؤ، زردہ وغیرہ چاولوں کے کھانے، کُرچن۔
ـــــ دینا : (ا) ہلکا رنگ دینا، (۲) کسی چیز کا تلے اوپر رکھنا۔ (۳) استر لگانا۔
ـــــ کرنا : (ا) قاعدے سے لپیٹنا (کپڑے کا) ؛ (۲) ترک کرنا، چھوڑنا۔
ـــــ کو پہنچنا : حقیقت کو پہنچنا، کسی بات کے مغز کو پہنچنا، اصل مطلب دریافت کرلینا، منشا کو پہنچنا۔
ـــــ کی بات : مونث ؛ گُر کی بات، اصل بات۔
ـــــ نشین : (ف) (ا) تہ پر بیٹھنے والا، (۲) مونث ؛ دُرد، تلچھٹ، (۳) دل میں جم جانے والا خیال، ذہن میں آجانے والی بات۔
ـــــ نکالنا : باریکی نکالنا، اصل بات کو پا جانا۔
ـــــ و بالا : (ف) ؛ زیر و زبر، اُلٹ پُلٹ۔

تہانا : تہ کرنا۔
تِہائی : مونث ؛ تیسرا حصّہ، ثُلث۔
تِہتّر : ستّر اور تین (۷۳)۔
تِہَتّک : (ع) ؛ مذکّر بے آبروئی، جھگڑا، فساد۔
تَہَجُّد : (ع) ؛ مونث ؛ (ا) رات کو جاگنا، (۲) (اصطلاح) ؛ نمازِ نفل جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
تَہَجّی : (ع) ؛ مونث ؛ ہجّے کرنا، مفرد حروف کا اعراب سے جوڑ کر تلفّظ نکالنا۔
تہ دھارا : (ف) ؛ مذکّر، پانی کی سطح کے نیچے چلنے والی لہر، موجِ تہ نشین۔
تَہدید : (ع) ؛ مونث، (ا) دھمکی، گھڑکی، سرزنش، تنبیہ، (۲) ڈرانا، دھمکانا۔
تَہذیب : (ع) مونث ؛ آراستگی، پاکیزگی، اصلاح، (۲) شایستگی، خوش اخلاقی۔
ـــــ اخلاق : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ درستی اخلاق، انسانیت، خوش اخلاقی۔
ـــــ یافتہ : تربیت یافتہ، تعلیم یافتہ، شایستہ، مُہذّب۔
تِہرا : مذکّر، (ا) چگنا، سہ چند، تین تہ کا، تین طرح کا۔
تِہرانا : تیسری دفعہ کوئی فعل کرنا، تیسری دفعہ کہنا۔
تِہری : مونث ؛ ایک قسم کا کھانا، چاول، آلو، یا بڑی کے ساتھ پکاتے ہیں، اور ہلدی کا رنگ دیتے ہیں۔
تَہس نَہس : تہ و بالا، تباہ و برباد، ناس، غارت۔
تَہلکہ : مذکّر ؛ (ا) شور و غوغا، کھل بلی، (۲) دہشت، خوف، (۳) غارت ہونا، تباہی۔
تَہلیل : (ع) مونث ؛ 'لا الٰہ الا اللہ' کہنا۔
تُہمَت : (ع) ؛ مونث ؛ گمانِ بد، بہتان، جھوٹا عیب، افترا، طوفان۔
ـــــ تراشنا/جوڑنا/دھرنا/دینا/رکھنا/لگانا : عیب لگانا، الزام دینا، بُرائی تھوپنا۔
ـــــ سر لگنا : الزام دے آنا۔
ـــــ کا گھر/تُہمت کی ٹٹی : (ا) عیب کی جگہ، بدنامی کا گھر، (۲)

وہ چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو، (۳) وہ شخص جو ہر ایک پر الزام دھرے۔

تہمتن : (ف) صفت ؛ (ا) بڑے جثے یا بدن کا آدمی، (۲) شجاع، دلیر، (۳) مذکر ؛ رستم کا لقب۔

تہمد : مذکر، دیکھو تہ بند۔

تہنیت : (ع) مونث ؛ مبارک باد دینا، مبارک باد لینا، مبارک باد۔

تہنید : (ع) مونث ؛ کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندوستانی بنالینا۔

تہور : (ع) مذکر، بے انتہا بہادری، شجاعت۔

تہی : (ف) خالی۔

ـــــ دست : (کنایتاً) ؛ مفلس، نادار، خالی ہاتھ

ـــــ دستی : (ف) مونث ؛ مفلسی۔

ـــــ مغز : (ف) (کنایتاً) ؛ احمق، بے خبر، سادہ۔

تہیہ : (ع) مذکر، آمادگی، تیاری، مستعدی، پکا ارادہ۔

ت ـــــ ی

تئیں : (ا) اپنے آپ کو، اپنے کو، خود کو، (۲) کو، لیے، واسطے۔

تیا : مذکر، (ا) تاش کا تین نشان والا پتا، تگی (۲) تین کی ضرب۔

ـــــ پانچا کرنا : (محاورہ) ؛ کسی چیز کے حصے کرنا، تقسیم کرنا، بانٹنا، نیچ ڈالنا۔

تیار : (ع) ؛ (ا) کام میں آنے کے قابل، (۲) مستعد، موجود، آمادہ، (۳) موٹا تازہ، فربہ۔

ـــــ کرنا : (ا) لیس کرنا، مہیا کرنا، درست کرنا، (۲) بہم پہنچانا، موجود کرنا، (۳) ہلانا، سدھانا، (۴) موٹا تازہ کرنا۔ (ف) کسنا، چار جامہ لگانا، جوتنا، گاڑی کو چلانے کے قابل بنانا۔

تیاری : مونث ؛ (ا) آمادگی، درستی، (۲) موجودگی، (۳) آراستگی، آرائش سامان، (۴) دھوم دھام، (۵) فربہی، موٹائی۔

تیاگ : (ہ) مذکر، جدائی، قطع تعلق، کنارہ کشی۔

ـــــ پتر : (ہ) مذکر ؛ استعفا۔

تیاگنا : چھوڑنا، ترک کرنا۔

تیاگی : (ا) چھوڑنے والا، ترک کرنے والا، (۲) سادھو، جوگی۔

تیپچی : مونث ؛ ایک قسم کی کچی سلائی، بخلاف بخیہ۔

ـــــ بھرنا : کچی سلائی سینا۔

تیتالیس/تینتالیس : چالیس اور تین، (۴۳)۔

تیتر : مذکر، ایک مشہور پرند۔

تیتری : مونث ؛ (ا) تیتر کی مادہ، (۲) ایک قسم کی بھنیری، تتلی۔

تی تی : (ف) ؛ مونث ؛ آواز جو مرغیوں کے بلانے کے لیے مخصوص ہے۔

تیتیس/تینتیس : تیس اور تین (۳۳)۔

تیج : مذکر۔ (ا) جوش، رعب داب، غصہ غضب، (۲) سورج کی کرن۔

تیج : مونث ؛ (ا) تیسری تاریخ، (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

ـــــ تہوار : (عو) ؛ ہر ایک تہوار۔

تیجا : مذکر۔ (ا) تیسرا، سوم، (۲) فاتحۂ سوم، مسلمانوں میں کسی کے مرنے کے تیسرے دن فاتحہ خوانی کی رسم۔

تیج پات : مذکر، تیزپات، ایک خوشبودار پتا۔

تیر : (ف) مذکر، (ا) ایک قسم کے آلے کا نام جو کمان میں رکھ کر چھوڑا جاتا ہے، (۲) شمسی چوتھا مہینا، ساون، شمسی مہینے کا تیرھواں دن، (۳) سیدھی لکڑی، (۴) عطارد، (۵) (کنایتاً) لعنہ تشنہ۔

ـــــ افگن : (ف) تیر پھینکنے والا۔

ـــــ انداز : (ف) ؛ تیر چلانے والا، ناوک فگن۔

ـــــ باراں : (ف) (اضافت کے ساتھ) ؛ کثرت سے تیروں کا چلنا

ـــــ بن کر کلیجے میں اترنا : تکلیف دہ ہونا، جگر خراش ہونا۔

ـــــ بلا : (ف) (اضافت کے ساتھ) ؛ بلا کا حملہ۔

ـــــ بہ ہدف ہونا : (ا) تیر کا نشانے پر لگنا، (۲) مطلب خاطر خواہ پورا ہونا، تدبیر کا پوری طرح بااثر ہونا۔

ـــــ بہک جانا : تیر کا نشانے سے الگ جانا۔

ـــــ بیٹھ جانا/تیر بیٹھنا : تیر کا نشانے پر بیٹھنا۔

ـــــ پار ہونا : تیر کا نشانے کو توڑ جانا۔

ـــــ پھینکنا : تیر چلانا۔

ـــــ ترازو ہونا : تیر کا آدھا باہر آدھا بھیتر ہونا۔

ـــــ تظلم : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، (کنایتاً) ؛ مظلوم کی آہ۔

تیر تکوں پر گذارا ہونا/گزران ہونا: بے اطمینانی سے بسر ہونا، دربدر پھر کر گذر ہونا، مشکل سے گزر ہونا۔
——— جوڑنا: چلانے کے لیے تیر کو کمان سے لگانا، نشانہ تاکنا۔
——— چھوٹنا: کمان سے تیر کا جدا ہونا۔
——— چلانا: (۱) تیر چھوڑنا، تیر پھینکنا، نشانہ مارنا، (۲) کوئی بڑا کام کرنا۔
——— خدنگ: (اضافت کے ساتھ) (ف) لکڑی کا بنایا ہوا تیر۔
——— دان: (ف) مذکر، تیر کش۔
——— ڈوب کے رہ جانا: تیر کا نشانے میں گھس کر رہ جانا۔
——— سر کرنا: تیر چلانا۔
——— قضا: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ قضا کا حملہ، اجل، موت۔
——— کا خطا کرنا: تیر کا نشانہ چوکنا، تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔
——— کش: مذکر، تیر دان۔
——— کلیجے کے پار ہونا: (مجازاً) بہت صدمہ پہنچنا، بہت ایذا ہونا، کسی بات کا بہت ناگوار ہونا۔
——— کھانا: تیر کا زخم کھانا۔
——— لگنا: (۱) تیر کا نشانے یا کسی چیز پر پہنچنا، نشانہ لگنا، (۲) بات ناگوار معلوم ہونا۔
——— نتھنوں میں دینا: (کنایتاً)؛ نہایت دق کرنا، جان عیق میں کرنا، ناک چنے چبوانا۔
——— سے چھدنا: تیروں سے سخت زخمی ہونا، چھلنی کی طرح تیروں کے بہت سے سوراخ پڑ جانا۔

تیروں کا مینہ برسانا: کثرت سے تیر چلانا۔

تیر ہوائی: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) (۱) وہ تیر جو ہوا کے رُخ چھوڑیں اور اس کا کوئی نشانہ معین نہ ہو، (۲) فضول، بے کار، بے معرفت۔

تیر: گزارا کرنا۔
——— کرنا: بسر کرنا، گزارا کرنا۔

تیرا: ضمیر مخاطب، واحد کلمہ خطاب۔
——— میرا کرنا: کسی چیز کی بابت جھگڑنا، غیریت کی باتیں کرنا۔
——— میرا منہ دیکھنا: دوسروں کا آسرا ڈھونڈنا۔

تیری میری: اپنے بیگانے کی۔

تیرا دینا: پانی کے اوپر بہا دینا۔

تیراک/تیراک: مذکر، شناور، تیرنا جاننے والا۔

تیراؤ پانی: تیرنے کے لائق پانی، گہرا پانی۔

تیرائی: مونث، شناوری۔

تیرتھ: (۱) مذکر، (۱) درشن، زیارت، (۲) گھاٹ، کنارہ (۳) پاک جگہ (۴) ہندوؤں کے وہ مقدس مقامات جو دریا کے کنارے واقع ہوں۔
——— جاترا/یاترا: مونث؛ ہندوؤں کا اپنی کسی زیارت گاہ کو جانا۔

تیر جانا: (۱) تیرنا، (۲) کسی دھار دار آلے کا جسم کے پار ہو جانا، (۳) اندر گھس جانا، بیٹھ جانا، (۴) نگاہ کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچنا، اس پار سے اُس پار ہو جانا، (۵) گولی کا جسم کے پار ہو جانا/گھس جانا۔

تیر حکمی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، (۱) وہ تیر جس کا نشانہ خطا نہ جائے۔ (۲) (مجازاً) وہ بات جس کا پورا ہونا یقینی ہو۔

تیرس: تیسرا برس، گزشتہ خواہ آیندہ۔

تیرگی: (ف) مونث؛ (۱) سیاہی، (۲) اندھیرا، دھندلاپن، (۳) کدورت، دل کی کدورت۔
——— بخت: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مونث؛ قسمت کی خرابی، بدقسمتی۔

تیرنا: (۱) شناوری کرنا، پیرنا، (۲) پانی کی سطح کے اوپر آجانا، (۳) کسی کام میں بخوبی مہارت رکھنا۔

تیرہ: (ف) اندھیرا، کالا، سیاہ۔
——— بخت/روز/روزگار: (ف) بدنصیب، بدبخت، بدقسمت۔
——— خاک داں: (ف) مذکر، دنیائے فانی۔
——— دل: سیاہ دل، کٹر، شقی القلب۔
——— وتار/تیرہ وتاریک: بہت اندھیرا، گھپ اندھیرا۔

تیرہ: دس اور تین، (۱۳)۔
——— تیزی: مذکر، عورتوں کے شمار کے مہینوں میں سے یہ صفر کے مہینے کا نام ہے؛ صفر کا مہینا۔

تیز : (ف) ؛ دھار دار، نوک دار، (۲) تلخ، چڑچڑا، (۳) جلد، شتاب، (۴) ذہین، ہوشیار، چالاک، (۵) غصیلا، غضب ناک، بدمزاج، (۶) شوخ، شریر، (۷) مضبوط، قوی، تیز رفتار، (۸) شدید، سخت، (۹) غالب، فوقیت رکھنے والا، (۱۰) گراں، مہنگا، (۱۱) سرگرم، مستعد، (۱۲) گرم، تتا، (۱۳) مقدار سے زیادہ، (۱۴) ڈور بین، باریک بین، (۱۵) غائر، غور کرنے والا، اندر بیٹھنے والی (نظر کی صفت) ؛ (۱۶) زخم میں کاٹ کرنے والا، (۱۷) بڑھا چڑھا۔

—— پرواز : تیزی سے اڑنے والا، جس کی اڑان میں تیزی ہو۔

—— دست : (ف) جلد جلد کام کرنے والا۔

—— دستی : (ف) مونث ؛ جلدی جلدی ہاتھ لگانا، چالاکی۔

—— رفتار : (ف) بہت جلد چلنے والا، چالاک۔

—— زبان : (ف) منہ پھٹ۔

—— طبع / تیز فہم : (ف) ذکی، وہ شخص جو جلد سمجھے۔

—— قلم : (ف) جلد لکھنے والا، زود نویس۔

—— کرنا : (۱) باڑھ رکھنا، (۲) تند کرنا، طاقت یا قوت بڑھانا، (۳) خفا کرنا، غصہ دلانا۔

—— گام / تیز گشت : تیز چلنے والا، تیز رفتار۔

—— مزاج : تند مزاج، زود رنج۔

—— ہونا : (۱) غصے ہونا، (۲) دھار دار ہونا، بُرّاں ہونا، (۳) خفا ہونا، بگڑنا۔

تیزاب : (ف) مذکر، ایک قسم کا کیمیاوی سیال مرکب جو نہایت ترش ہوتا ہے اور بدن کو جلا دیتا ہے۔

تیزی : مونث ؛ (۱) دھار دار ہونا، (۲) تندی، تلخی، کڑواہٹ، چڑچڑاہٹ، (۳) گرم مزاجی، بدمزاجی، (۴) پھرتی، جلدی، (۵) گرمی، حدت، تمازت، (۶) گرانی، مہنگا پن، (۷) لگنے والی دوا کا اثر۔

تیزی کا چاند : (ع) صفر کے مہینے کا چاند۔

—— کرنا : جلدی کرنا، چالاکی کرنا۔

تیس : ۳۰۔

—— دن : (کنایتاً) ؛ ہمیشہ، ہر روز۔

تیس مار خاں : مذکر، (طنزاً) ؛ بہادر آدمی۔

تیسوں دن : مذکر، آئے دن، مہینے بھر، ہر روز۔

—— کلام : (ع) مذکر، قرآن شریف۔

—— کلام اُٹھانا : (ع) قرآن اُٹھا کر قسم کھانا۔

تیسا : ویسا، اسی طرح کا۔

تیسرا : ثالث، تین سے نسبت رکھنے والا۔

—— آنکھوں میں ٹھیکرا : (مثل) ؛ مشورہ کرنے والوں کو اجنبی کا آنا ناگوار ہوتا ہے۔

—— پہر : دن کے دوپہر کے بعد والا پہر۔

تیسری : مونث ؛ (۱) تیسرے درجے کی، (۲) مہینے کی تیسری تاریخ، تیسری کا چاند۔

تیسرے فاقے (تیسرے دن) مُردار بھی حلال : (مثل) ؛ مجبوری کی حالت میں حلال حرام نہیں دیکھا جاتا۔

تیشہ : (ف) مذکر، پھاوڑا، کدال۔

—— زن : (ف) کدال چلانے والا۔

تیغ : (ف) مونث ؛ تلوار، شمشیر۔

—— بازی : (ف) (۱) تلوار سے بازی کرنا، تلوار چلانا، (۲) بانک پنا، تلوار پھیرنا۔

—— بردار : وہ جو ننگی تلوار لیے ہوئے سواری کے ساتھ چلے۔

—— بہ کف : (ف) تلوار چلانے پر آمادہ۔

—— بے پناہ : وہ تلوار جس سے کوئی نہ بچ سکے۔

—— دو دستی / تیغ دو رویے / تیغ دو دَم / تیغ دو دَمہ : دونوں طرف دھار والی۔

—— زنی : (ف) مونث ؛ تلوار چلانا۔

—— ساز / تیغ گر : تلوار بنانے والا۔

—— ستم : (اضافت کے ساتھ) ؛ (مجازاً) ؛ ظلم و ستم۔

—— مُحرّف : (ف) مونث ؛ (۱) خم دار تلوار جس کا زخم گہرا ہوتا ہے، (۲) تلوار جس کے لگاتے وقت ہاتھ کو ایک جانب خم کر لیتے ہیں تاکہ زخم گہرا ہو۔

—— ہندی / تیغ ہندی : (اضافت کے ساتھ) ؛ (ف) مونث ؛ ہندستان کی بنی ہوئی تلوار۔

ـــ وکفن باندھ کے جانا : قتل ہونے کے لیے تیار ہوکر جانا۔ موت کا سامان ساتھ لیے جانا۔

ـــ ہلالی : (اضافت کے ساتھ) وہ تلوار جو مثلِ ہلال ہو۔

تیغا : (ف) ؛ مذکر، تلوار۔

ـــ کرنا : (۱) محراب یا دروازے کو اینٹ پتھر سے چُن کر بند کردینا، (۲) کشتی کا ایک داؤں۔

تیقُّن : (ع) مذکر، بھروسا، یقین، اعتبار۔

تیکھا : مذکر، (۱) تیز مزاج، غصہ ور، (۲) گانے میں مدھم آواز۔ (۳) شوخ، شریر، چالاک، بانکا، معشوق، (۴) کڑوا۔

ـــ پَن : مذکر، شوخی، شرارت، کج ادائی، روکھاپن۔

تیکھی : مونث ؛ ترچھی، ٹیڑھی، بانکی، (۲) البیلی، رعنا، (۳) شوخ، شریر۔

ـــ چتون : (۱) معشوق کی ٹیڑھی نگاہ، (۲) ترچھی نظر۔

ـــ نظر : تیکھی نگاہ، تیکھی چتون۔

تیل : مذکر، ہر چیز کا روغن، چکنائی۔

ـــ پیلنا : کولھو سے تیل نکالنا۔

ـــ تلوں ہی سے نکلتا ہے : (مثل) ہر چیز کا خرچ اس کی آمدنی سے نکالا جاتا ہے۔

ـــ جل چکا : (مجازاً) ؛ عمر ختم ہونے کو آئی، ضعیفی آگئی۔

ـــ چڑھانا : ہندوؤں کی شادی کی ایک رسم ؛ مایوں بٹھانا۔

ـــ دیکھو تیل کی دھار دیکھو : (مثل) ؛ زمانے کی حالت دیکھو، دنیا کا رنگ دیکھو، ہر کام کو خوب دیکھ بھال کے کرنا چاہیے۔

ـــ ماش : (کنایتاً) ؛ صدقہ، تصدق۔

ـــ ماش اُتارنا / دکھانا : صدقہ اُتارنا۔

ـــ نکالنا : (۱) روغن نکالنا، تیل پیلنا، (۲) سخت محنت لینا، جان نکال لینا، پسینے پسینے کردینا، (۳) ست نکال لینا، طاقت کھینچ لینا، کمزور کردینا۔

تیلَن : تیلی کی بیوی، تیلی ذات کی عورت۔

تیلی : مذکر، (۱) تیل نکالنے والا اور بیچنے والا، (۲) (مجازاً) ؛ نہایت میلا آدمی، میلا چیکٹ آدمی۔

تَنبولی : مذکر، (۱) تیل اور پان بیچنے والی ذات کے لوگ، (۲) اَیرے غیرے، معمولی لوگ۔

تیلی کا بَیل : مذکر، (۱) کولھو کا بیل، (۲) (مجازاً) ؛ رات دن محنت کرنے والا آدمی۔

تیلیا : تیل کے رنگ کا، چکنائی لیے ہوئے، چکنا۔

ـــ سُرنگ : مذکر، سیاہی مائل سُرخ رنگ گھوڑا۔

ـــ سُہاگہ : ایک قسم کا سُہاگہ۔

ـــ گتّھا : مذکر، ایک قسم کا کتّھا۔

ـــ گیہُت : مذکر، دیکھو تیلیا سُرنگ۔

ـــ مَسان : مذکر : (۱) خبیث، خبیث روح، (۲) بہت کالا آدمی۔

تیمار دار : (ف) مذکر، مریض کی خبرگیری کرنے والا، غم خواری کرنے والا۔

ـــ داری : (ف) مونث ؛ غم خواری، ہمدردی، بیمار کی خدمت، علاج معالجہ۔

تیمّم : (ع) ؛ (مذہبی اصطلاح) وضو یا طہارت کے لیے کسی مجبوری کی وجہ سے پانی کے بجائے مقررہ طریقہ پر مٹی سے کام لینا۔

تیمُّن : (ع) مذکر، بابرکت ہونا، برکت لینا، برکت ہونا۔

تیمُور : (ت) ؛ مذکر، مغل خاندان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔

تین : عدد (۳)۔

ـــ چار : معدودے چند، تھوڑے، کچھ (لوگ)۔

ـــ پانچ کرنا / تین پانچ لانا : جھگڑا کرنا، تکرار کرنا، (۲) مکاری کرنا، دغابازی کرنا، فریب دینا، دھوکا دینا۔

ـــ تفرقہ : پریشان، تتر بتر۔

ـــ تلوک نظر آنا : بے حد پریشان ہونا۔

ـــ تیرہ : متفرق، پریشان، تتر بتر۔

ـــ حرف بھیجنا : لعنت بھیجنا، چھوڑنا، ترک کرنا۔

ـــ دن : چند روز، مدتِ ناپایدار۔

ـــ دن کی بادشاہی : (مجازاً) ؛ کتخدائی سے چوتھی تک کا زمانہ جس میں دولھا کو نوشاہ کہتے ہیں۔

ـــ دن گور میں بھی بھاری ہیں : مرکر بھی تین روز تک قبر کے حساب کتاب میں جان بے کل رہتی ہے۔

ـــ کانے : مذکر، (اصطلاح) ؛ ناکامی، نامرادی۔

ـــ گناہ خدا بھی بخشتا ہے : (مقولہ) ؛ کسی کا خطا سے معافی

چاہنے کا مادرانہ انداز۔

——— میں نہ تیرہ میں : (مثل) ؛ جس شخص کی کہیں پوچھ گچھ، عزت نہ ہو۔

تیندو : مذکر، ایک قسم کا درخت جس کے پتے سے بیڑی بنتی ہے۔

تیندوا : مذکر، ایک درندے کا نام، پلنگ، شیر کی ایک قسم۔

تیور : مذکر، (۱) بینائی، روشنی چشم، بصارت، نورِ نظر، (۲) نظر، چتون صورت اور نگاہ کا انداز، (۳) آنکھوں میں اندھیرا چھا جانا۔

——— آنا : (لکھنؤ) ؛ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا، تیرگی چھانا۔

——— بجھا دینا : (۱) غصہ فرو کر دینا، (۲) (عوام) مٹا دینا، غرور مٹا دینا۔

——— بدل جانا : (۱) اندازِ نگاہ بدل جانا، بے مروت ہو جانا، (۲) آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا، علامتِ مرگ ہونا۔

——— بدلنا : قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔

——— بُرے نظر آنا : نگاہِ بد معلوم ہونا۔

——— بگڑ جانا : (۱) آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا، علامتِ مرگ ظاہر ہونا، (۲) نظریں پھر جانا، پہلی سی نظر نہ رہنا، نگاہوں سے خفگی اور دشمنی ٹپکنا۔

——— پر بَل آنا : غصے کے آثار ظاہر ہونا۔

——— پر میل آنا : ناخوشی کی علامت ظاہر ہونا۔

——— پہچاننا : نظر پہچاننا، قیافے سے مزاج اور حالت کی شناخت کرنا۔

——— تاڑ جانا : نگاہ سے نیکی یا بدی کے ارادے کو پہچان جانا۔

——— جلنا : (۱) نظر کی تیزی میں فرق آجانا، آنکھ کی روشنی میں کمی آجانا، (۲) کسی چمکتی ہوئی چیز کی تاب نہ لانا، چکا چوند لگنا۔

——— دیکھنا : صورت یا نگاہ سے مزاج کی حالت کا اندازہ لگانا، طبیعت کا رنگ دیکھنا۔

——— میلے ہونا : نگاہ سے ناگواری کا اثر ظاہر ہونا۔

تیورانا : آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔

تیورس / تیورس سال : مذکر، گزرا ہوا تیسرا برس، پچھلے برس سے پہلا برس۔

تیوری : (۱) ماتھے کی سلوٹیں یا بَل، (۲) اندازِ نگاہ۔

تیوری بدلنا : نگاہ کا انداز بدلنا۔

——— پیٹی : (عو) مونث ؛ مغرور عورت۔

——— چڑھانا : پیشانی پر بَل ڈالنا، جبیں بہ جبیں ہونا۔

——— میں بَل پڑنا : بھوں چڑھنا، آزردگی اور خفگی کی علامت ظاہر ہونا۔

تیوہار : مذکر، جشن، خوشی کا دن، جیسے عید، ہولی دیوالی وغیرہ۔

تیہا : (عم) مذکر، (۱) تیزی، حرارت، جوش، (۲) غصہ، غضب۔

تیہو : (دن) مذکر، ایک قسم کا پرندہ، لوا۔

تیئیس : بیس اور تین، (۲۳)۔

ٹھ ——— ا ——— ی

تھاپ : مونث ؛ (۱) تھپڑ، تماچا، تھپکی، (۲) طبلے کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے، ڈھولک کی آواز۔

——— پڑنا / لگنا : طبلہ بجانے والے کا ہاتھ طبلے پر قاعدے سے پڑنا۔

——— مارنا : (۱) شیر کا تھپڑ مارنا، (۲) پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا۔

تھاپا : مذکر، (۱) چوپائے کے پانو کا نشان، (۲) ہاتھ کا وہ پورا نشان جو ہندی مل کر دیواروں پر یا وداع کے وقت ہندوؤں میں سمدھی کی کمر پر لگاتے ہیں۔

تھاپنا : (۱) گوبر پاتھنا، اُپلے بنانا، (۲) مورتی کی پوجا کرنا۔

تھاپی : مونث ؛ تھپکی، تھاپنے کی آواز، (۲) کمہار کا اوزار جس سے برتن گھڑتا ہے، (۳) گیند کھیلنے کا بلا۔

تھال : مذکر۔ پیتل یا کانسے وغیرہ کا خوان، شیرینی کا خوان، بڑی تھالی، بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا۔

تھالا : درخت کے گرد کا کم گہرا گڑھا جو پانی دینے کے واسطے بناتے ہیں۔

تھالی : مونث ؛ چھوٹا تھال۔

——— بجانا : (۱) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا (۲) بچہ پیدا ہونے پر تھالی یا توا بجانا

——— جوڑ : مذکر، پیالہ اور سرپوش موافق پیالے کے اور نیچے کی

تشتری جس میں پیالہ رکھا ہو اس مجموعے کو تھالی جوڑ کہتے ہیں۔

تھالی کا بینگن : (مثل)؛ غیر مستقل مزاج، وہ شخص جو کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف۔

تھامنا : (۱) روکنا (۲) ہاتھ سے پکڑنا (۳) ٹھہرانا، کھڑا کرنا، (۴) سنبھالنا، آسرا دینا، مدد کرنا۔

تھان : مذکر، گھوڑا، ہاتھی یا چوپایوں کے باندھنے کی جگہ، (۲) کپڑے کی مقررہ لمبائی کا ٹکڑا، (۳) کپڑے گوٹے، چمڑے کی معینہ مقدار، اڈا، (۴) عدد، سکے کا عدد، (۵) نسل، کھیت۔

——— کا ٹٹرا: وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے، (۲) (مجازاً) اپنے گھر پر دلیر ہونے والا آدمی، گلی کا کتا۔

——— کا کچا: گھوڑا جو ہر ایک سے جگہ سے چھوٹ کر اپنے تھان پر آ ٹھہرے۔

——— میں آنا: گھوڑے کا خاک میں لوٹنا۔

تھانا : مذکر، (۱) پولس کی چوکی، کوتوالی، (۲) بانسوں کا ڈھیر۔

——— بٹھانا: پہرا بٹھانا، چوکی بٹھانا۔

تھانے دار : مذکر، پولس کا انسپکٹر۔

تھانگ : مونث؛ (۱) چوروں کا گھر، (۲) پتا، کھوج، سراغ، (۳) سازش، بھید، (۴) چوروں کی کمین گاہ۔

——— لگانا: (۱) چوری کا پتا لگانا، (۲) چوروں کو پناہ دینا اور اس کے صلے میں چوری کا مال لینا۔

تھانگی : وہ شخص جو چوروں کا شریک ہو کر ان کی مدد کرے۔

تھاہ : مونث؛ (۱) دریا، سمندر یا کنویں یا تالاب کی تہ کی زمین، گہرائی، تلا، تہ، (۲) پتا، ٹھکانا، (۳) انتہا، انجام، (۴) منشا، عندیہ۔

تھپیڑ : مذکر، (۱) تمانچا، لپڑ، (۲) تیز ہوا کا جھونکا، (۳) پنجہ، چنگل۔

تھپیڑی : مونث؛ تالی۔

——— بجانا/پیٹنا: (کنایتاً)؛ بے عزت کرنا۔

——— بجنا: بے عزتی ہونا، بدنامی ہونا۔

تھپک : تھپکی دینا۔

——— تھپک کے رکھنا: تھام تھام کے رکھنا، روک تھام کرنا، دم دلاسا دے کر روکنا، باز رکھنا۔

——— تھپک کے سلانا: تھپکی دے کے سلانا۔

تھپکنا : (۱) بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا، (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا، (۳) غصہ دھیما کرنا، کسی بات کی روک تھام کرنا۔

تھپکی : (۱) تھپ تھپانا، (۲) کشتی اور بانک کا داؤ۔

تھپنا : (۱) مٹی کا لیس ہونا، (۲) کسی گاڑھی چیز کا تھوپا جانا، (۳) الزام لگنا، زمے لگ جانا، ثابت ہونا۔

تھپیڑا : مذکر، (۱) تمانچا، (۲) تیز ہوا کا جھونکا، (۳) وہ برتن جس پر آٹے کی لوئی بڑھاتے ہیں۔

تھتھکار : مونث؛ تھو تھو، نفرت، لعنت، تھوکنے کی آواز۔

تھتکارا : مذکر، (۱) تھو تھو کرنے کے قابل، نام نہ لینے کے قابل، (۲) نالائق، مردود۔

تھتکار دینا : دھتکار دینا، حقارت سے نکال دینا۔

تھتکارنا : (۱) تھو تھو کرنا، نفرت کرنا، لعنت بھیجنا، کسی بری چیز یا بات کے اثر سے بچنے کے لیے تھوکنے کی آواز نکالنا، جھوٹی قسم یا سہو کے بعد تھو تھو کرنا، نفرت ظاہر کرنا۔

تھتکاری : مونث؛ (۱) زنجیر، بیڑی، (۲) چڑیل، ڈائن، (۳) چھپکلی۔

تھتھانا : منہ بنانا، خفگی یا خوشی یا غصہ ظاہر کرنے کے لیے۔

تھرانا : کانپنا، ڈرنا، لرزنا۔

تھراہٹ : مونث؛ کپکپاہٹ، کپکپی۔

تھرتھرانا : کانپنا، لرزنا۔

تھرتھراہٹ : مونث؛ لرزہ، کپکپی، جنبش۔

تھرتھر کانپنا : جسم کا بہت کپکپانا، سردی یا خوف یا بخار سے ہلنا۔

تھرتھری : مونث؛ (۱) کپکپی، لرزہ، تھرتھراہٹ، (۲) جاڑے کا بخار، جوڑی لرزہ۔

——— چھوٹنا: (۱) کپکپانا، کانپنا، (۲) تھرتھرانا۔

تھرڈ کلاس : THIRD-CLASS؛ (انگ)؛ مذکر، تیسرا درجا، گھٹیا، ادنا قسم کا۔

——— گریڈ: GRADE——؛ (انگ) تیسرے درجے کا، نچلا، بے وقعت۔

تھرکنا : مٹکنا، ناچنا، جسم کے حصوں کا متحرک ہونا، پھڑکنا۔

تھرماس: THERMOS ؛ (انگ) ؛ مذکر، کسی چیز کو ایک ہی درجۂ حرارت پر قائم رکھنے والی بوتل۔

تھرمامیٹر THERMO METER ؛ (انگ)؛ مذکر، حرارت معلوم کرنے کا آلہ، آلۂ مقیاس الحرارت۔

تھرنا: پانی کی تہ میں گرد و غبار بیٹھ جانا، میل کچیل سے پانی کا صاف ہونا۔

تھُڑدِلا: صفت: تنگ دل، کم ظرف، کم حوصلہ، بزدل، ڈرپوک۔

تھُڑدِلا: صفت: کم حوصلہ، پست ہمت۔

تھڑی: مونث؛ (۱) (کلمۂ نفرین)؛ لعنت، زدت، تُف، (۲) بے عزتی، بدنامی، (۳) کمی، قلت، توڑا۔

——— تھڑی: بدنامی، رسوائی، فضیحت۔

——— تھڑی کرنا: لعنت ملامت کرنا، نفرین کرنا، بُرا کہنا۔

تھکا: مذکر، ماندہ، عاجز، سست۔

——— اونٹ سرائے کو دیکھتا ہے/تکتا ہے: (مثل) ناچار آدمی سہارا تکتا ہے، مصیبت میں مبتلا کلو خلاصی چاہتا ہے۔

——— بیل: (مجازاً)؛ سست آدمی، کام چور، مجہول آدمی، حیلہ جو۔

——— ماندہ: تھکا تھکایا، تھکا ہارا۔

تھکانا: (۱) ہرا دینا، (۲) رق کرنا، حیران کرنا۔

تھکاوا: مذکر، تھکن۔

تھکاوٹ: مونث؛ تھکن۔

تھکّا: مذکر، (۱) کوئی جمی ہوئی چیز، (۲) لوندا، چاندی سونا جو پگھل کر منجمد ہوگیا ہو، (۳) جما ہوا دہی، (۴) اٹم، ڈھیر، اٹالا۔

تھکّا فضیحتی/تھکّا فضیتی: مونث؛ لعن طعن، رسوائی۔

تھُک تھکانا: نظر بد سے بچے کو یا کسی بُری بیماری کے نام لینے پر ٹوٹکے کے طور پر تھو تھو کرنا۔

تھک کر چُور ہوجانا: نہایت شل ہوجانا، بہت تنگ جانا۔

——— کے بیٹھ رہنا: عاجز ہوکر بیٹھ رہنا۔

تھکم تھکا، مونث؛ باہم تکرار، لڑائی بھڑائی۔

تھکن: ماندگی، تکان۔

تھکوانا: (کنایتاً)؛ ذلیل کرانا، بے عزت کرانا۔

تھکیل: مونث؛ وہ عورت جو قابلِ نفرت ہو۔

تھگلی: مونث؛ (۱) پیوند، جوڑ، ٹکلی، کپڑے کا ٹکڑا، (۲) ذرا سی جگہ یا مکان، جھونپڑا۔

——— لگانا: کپڑے میں پیوند لگانا، جوڑ لگانا، (کنایتاً)؛ کہیں رسائی کرنا، کسی مقام کی خبر لانا۔

تھل: مذکر، (۱) جگہ، مقام، مضبوط زمین، خشک زمین، (۲) ریگستان، بالو کی زمین، (۳) شیر کے رہنے کا مقام، (۴) ایک کا مدار گول پگڑی جس کو پوشاک میں جہاں چاہیں ٹانک لیں، مُقیش کے گول پھول۔

——— بیڑا: مذکر (۱) ٹھہرانے کی جگہ، (۲) کسی چیز کا سراغ، کسی شخص کا مسکن اور ذریعۂ روزگار۔

——— بیڑے سے رکھ دینا: مناسب موقعے سے رکھ دینا۔

——— بیڑا نہ لگنا: ٹھکانا نہ لگنا، سہارا نہ ملنا، پتا نہ ملنا، سُراغ نہ ملنا۔

——— سے بیٹھنا: آرام سے بیٹھنا، اطمینان سے بیٹھنا، ٹھور ٹھکانے سے بیٹھنا۔

——— تھل: ڈھیلا، نرم، پچپچا، موٹا، پھپھس۔

——— تھلا: مذکر، نرم نرم گوشت، ہلتا ہوا گوشت، پچپچی چیز۔

——— تھلانا: مٹاپے کے مارے جسم کا ہلنا، مٹی ریگ یا کسی دوسری چیز کا پانی کی رطوبت کی وجہ سے ہلنا۔

تھلّوا: (۱) مذکر، کٹورا، مٹی کا پیالا۔

تھلّیا: (۱) مونث؛ تھالی، رکابی۔

تھلّیاں دھرنا/تھلّیاں رکھنا: دانت نکلنے سے پہلے بچے کے مسوڑوں کا پھولنا یا اُبھرنا۔

تھم: مذکر، (۱) ستون، کھمبا، (۲) درخت کا تنا۔

——— ہوجانا: پانی بہت پھول جانا۔

تھما دینا: حوالے کر دینا۔

——— رہنا: رُکا رہنا، قائم رہنا۔

تھمانا: (۱) روکنا، باز رکھنا، ٹھہرانا، اٹکانا، (۲) (عو)؛ دینا، پکڑانا۔

تھمنا : (۱) رُکنا ، بند ہونا ، (۲) ٹھہرنا ، وقفہ کرنا ، (۳) خاموش رہنا ، چُپ ہو جانا ۔

تھن : مذکّر ، گائے بکری بھینس کی پستان ۔

ـــــ ٹوٹا / تھن ٹٹا : وہ بچّہ جس نے پُوری میعاد تک ماں کا دُودھ نہ پیا ہو ۔

ـــــ تلے کا دُودھ : خالص تازہ دُوہا ہوا دُودھ ۔

تھو : مونث ؛ (۱) تھوکنے کی آواز ، تُف ، تھوک ، (۲) بُرا ، کلمۂ نفریں ، قابلِ نفرت ۔

ـــــ تھو : (۱) بار بار تھوکنے کی آواز ، (۲) کلمۂ نفریں ، نہایت نفرت ظاہر کرنا ، خُدا نہ کرے ، خُدا بچائے ۔

ـــــ تھو کرنا : نفرت کرنا ، نفریں کرنا ، تھوکنا ۔

تھوا : مذکّر ، (۱) مٹی کا بنایا ہوا تودہ ، (۲) (تحقیراً) نکما آدمی ۔

تھوبڑا : (تحقیراً) ؛ مُنہ ، تھوتھنی ۔

ـــــ سُجانا : مُنہ پھُلانا ، رُوٹھنا ، خفا ہونا ، مُنہ بنانا ۔

تھوپ تھاپ کر دینا : رفع دفع کر دینا ، مٹا دینا ، دبا دینا ۔

تھوپ دینا : الزام لگا دینا ، کسی چیز پر کوئی دوسری چیز لگا دینا ۔

تھوپنا : (۱) ڈھیری لگانا ، اکٹھا کرنا ، (۲) گنواروں کی طرح توے پر ڈال کر روٹی پکانا ، (۳) لیپنا ، لیسنا ، (۴) کسی گاڑھی چیز کی موٹی موٹی تہ لگانا ، کسی کے ذمّے ڈالنا ۔

تھوتنا : مذکّر ، مُنہ ، حیوان کا مُنہ ، (حقارت سے) آدمی کا مُنہ ۔

تھوتنی / تھوتھنی : مونث ؛ (۱) گھوڑے یا اُونٹ کا مُنہ ، (۲) ریچھ یا سور کا مُنہ ، (۳) (تحقیر سے) ؛ آدمی کا مُنہ (۴) چوپایہ جانوروں کا چہرہ ۔

ـــــ پھُلانا : تیوری چڑھانا ، مُنہ بنانا ، ناراض ہونا ، خفا ہونا ۔

تھوتھا : مذکّر ، (۱) اندر سے خالی ، بے مغز ، (۲) کُند ، بے نوک کا ، (۳) دُم کٹا سانپ ، (۴) مہمل ، بے کار ، لغو ۔

ـــــ چنا باجے گھنا : (مثل) ؛ کم ظرف اور نالائق شیخی مارتے ہیں ۔

تھوتھی بات : مونث ، مہمل بات ، بے معنی بات ، لغو ، بیہودہ بات ۔

تھوتھے تیروں سے اُڑانا : کُند تیروں سے اُڑانا ، سخت سزا دینا ، کُند چھری سے حلال کرنا ۔

تھورنا : (تحقیر سے) کھانا ، نگلنا ۔

تھوڑا : مذکّر ، کم ، کچھ ، خفیف ، ادنا ، ذرا سا ۔

تھوڑا بہت : کسی قدر ۔

ـــــ تھوڑا ہونا : خفیف ہونا ، شرمندہ ہونا ۔

ـــــ جاننا / تھوڑا سمجھنا : کم سمجھنا ، بے وقعت سمجھنا ۔

ـــــ نہ سمجھنا / تھوڑا نہ جاننا : چالاک سمجھنا ۔

ـــــ کریں غازی میاں بہت کریں دفالی : (مثل) خوشامدی جھوٹی تعریفیں کیا کرتے ہیں ۔

تھوڑے پانی کا بُلبلا : (مجازاً) ؛ کم ظرف ، اوچھا ۔

تھوک : مذکّر ، (۱) ڈھیر ، انبار ، (۲) اکٹھا ، یکمشت ، (۳) روکڑا ، نقدی جمع ، (۴) حصّہ ، پتّی ، (۵) جماعت ، گروہ ، جتھا ، (۶) وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں ، (۷) مقدار ، تعداد ، اندازہ ، (۸) پٹّا ، سند ، (۹) آبادی کا بڑا حصّہ جس میں کئی پٹّیاں ہوتی ہیں ۔

ـــــ بندی : مونث ؛ پیمایش کر کے حد باندھنا ، حد بندی ۔

ـــــ دار : کسی گروہ کا سردار ، سرگروہ (۲) پٹے دار (۳) اکٹھا بیچنے والا ۔

ـــــ فروش : اکٹھا بیچنے والا ، یکمشت مال فروخت کرنے والا ۔ (انگ) ہول سیلر ۔

تھوک : مذکّر ، (۱) مُنہ کا لعاب ، (۲) تُف ۔

ـــــ اُچھالنا / تھوک بلونا : بے ہودہ بکنا ، ناحق حجت کرنا ۔

ـــــ کے چاٹنا : حقارت سے کسی بات یا چیز کا انکار کرنا اور پھر اُسے تسلیم کرنا ۔

ـــــ لگانا : ذلیل کرنا ، ہرا دینا ۔

ـــــ لگا کر رکھنا : سینت کر رکھنا ، بڑی حفاظت سے رکھنا ، جوڑ جوڑ کر رکھنا ، کنجوسی سے جمع کرنا ۔

ـــــ کر چھوڑنا : ذلیل کر کے چھوڑنا ، رُسوا کر کے چھوڑنا ۔

ـــــ میں تھوتھو نہیں سنتے : (مثل) ؛ جہاں زیادہ خرچ کی ضرورت ہے تھوڑے سے کام نہیں چلتا ۔

تھوکنا : (۱) لُعاب دہن نکالنا ، تھوک پھینکنا ، (۲) (کنایتاً) ؛ قائل کرنا ، بُرا بھلا کہنا ، لعنت ملامت کرنا ۔

تھونی : مونث ؛ تھم ، کھم ، وہ لکڑی جو چھپر کے نیچے بہ طور ستون لگا دیتے ہیں ۔

تھوہڑ: مذکر، ایک قسم کا کانٹے والا زہریلا درخت (جس میں سے دودھ نکلتا ہے)۔

تھہی: مونث؛ (۱) تلے اوپر رکھی ہوئی روٹیاں یا پان، (۲) تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے لادی۔

تھیاسوفی: THEOSOPHY؛ (انگ)؛ مونث؛ یہ عقیدہ کہ ہر شخص بلاواسطہ خدا کی معرفت روحانی وجدان سے حاصل کرسکتا ہے۔

تھیالوجی: THEOLOGY؛ (انگ)؛ مونث؛ علم دین، دینیات، مذہبیات۔

تھیٹر: THEATRE؛ (انگ)؛ مذکر، تماشا گاہ، ناچ گھر، ناٹک۔

تھیٹریکل کمپنی: THEATRICAL COMPANY؛ (انگ)؛ مونث؛ ناٹک کمپنی۔

تھیلا: مذکر، بڑی تھیلی۔

تھیلی: مونث؛ (۱) چھوٹا تھیلا، (۲) توڑا۔

—— **بردار**: روپیوں کی تھیلی اٹھانے والا۔

تھینکس: THANKS؛ (انگ)؛ مذکر، شکریہ، بہت سے شکریے۔

تھینک یو: THANK YOU؛ (انگ) مذکر، آپ کا شکریہ۔

تھیوا: مذکر، انگوٹھی کا نگینہ۔

—— **کھودنا**: نگینے پر کچھ کندہ کرنا۔

تھیوری: THEORY؛ (انگ)؛ مونث؛ نظریہ، اصولی مسئلہ، قیاس خیالی۔

مختلف زبانوں کی بول چال کی

مشہور و مقبول کتابیں

عربی اردو بول چال	۳۰/-	۲۲/۵۰	فرانسیسی اردو بول چال
انگریزی اردو بول چال	۱۴/-	۱۲/۵۰	جرمن اردو بول چال
فارسی اردو بول چال	۳۰/-	۱۲/-	ترکی انگلش اردو بول چال
عربی انگلش اردو بول چال	۲۴/-	۱۵/-	ہندی اردو بول چال
انگلش اردو پشتو فارسی بول چال	۱۳/-	۱۳/۵۰	گورمکھی اردو بول چال
عربی بول چال کی آسان کتاب	۱۶/-	۱۴/-	پنجابی اردو بول چال
انگریزی بول چال کی آسان کتاب	۱۴/-	۱۲/-	کشمیری اردو بول چال
پشتو بول چال کی آسان کتاب	۱۶/-	۲۰/-	سندھی اردو بول چال
مکالمات روزمرہ اردو انگلش فارسی	۱۲/-	۱۶/-	پشتو اردو بول چال (بڑی)
روسی اردو بول چال	۴۰/-	۶/-	پاکٹ انگلش اردو بول چال

ناشر: ملک بک ڈپو ◉ اردو بازار لاہور

فون: ۷۲۳۱۳۸۸

ٹ

ٹ : مؤنث ؛ حروفِ تہجی کا ایک حرف ، تائے ہندی ، حساب جمل (ابجد) میں چار سو عدد۔

ٹ۔ا

ٹاپ : مؤنث ؛ (۱) گھوڑے کی سُم کا حلقہ ، گھوڑے کے پانو کی ضرب ، وہ آواز جو گھوڑے کے چلتے یا دوڑتے وقت زمین پر سُم پڑنے سے نکلتی ہے (۲) مچھلیاں پکڑنے کا جال (۳) پلنگ کے پائے کی چول (۴) فرشی حقے کا آخری چوڑا حصہ (۵) مگدر کا آخری موٹا حصہ (۶) چوب جس سے بڑا ڈھول بجاتے ہیں۔

—— **دار** : آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا ، موٹے سرے کا۔

ٹاپا : مذکر ؛ (۱) مرغ اور مرغیوں کے بند کرنے کا بانس یا لکڑی کا دربا (۲) لکڑیوں کو باندھ کر بنائی ہوئی کشتی۔

—— **توڑ نکل جانا** : (کنایتاً) ؛ صاف نکل جانا۔

ٹاپا ٹوئی کرنا : (۱) ڈھونڈنا ، چھان مارنا (۲) ٹپکتے مکان کی مرمت کرنا۔

ٹاپتا پھرنا : بھٹکتا پھرنا ، مارا مارا پھرنا ، حیران پھرنا۔

—— **رہ جانا** : (۱) کسی چیز کی آرزو یا انتظار میں رہ جانا ، کسی چیز پر قابو نہ چلنے کے باعث دل مار کر رہ جانا (۲) افسوس کرنا۔

ٹاپنا : (۱) دانے کا وقت ہونے پر گھوڑے کا پانو زمین پر مارنا ، دانہ گھاس طلب کرنا (۲) حیران و پریشان ہونا (کسی چیز کی تلاش میں)

ٹاپس : TOPS (انگ) ؛ مذکر ؛ (۱) زیور جو عورتیں کان میں پہنتی ہیں (۲) بُندے

ٹاپو : مذکر ؛ جزیرہ ، وہ خشک زمین جو چاروں طرف پانی سے گھری ہو۔

ٹاٹ : مذکر ؛ سَن کا بنا ہوا کپڑا۔

—— **اُلٹنا** : (۱) دیوالیا ہونے کی علامت ظاہر ہونا (۲) دیوالا نکلنا یا دیوالیا ہونا۔

—— **باف** : زردوز ، کپڑے پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والے۔

—— **بافی جوتا** : مذکر ؛ کامدار جوتا ، وہ جوتا جس پر کلابتو کا کام ہوتا ہو۔

—— **میں مونج کا بخیہ** : (مثل) جیسی چیز ویسا ہی اس کا دیگر سامان ، پیوند میں پیوند کی جگہ۔

ٹارچ : TORCH (انگ) مؤنث ؛ مشعل ، مشعل جس میں بیٹری یا سیل (CELL) استعمال ہوتے ہیں۔

ٹارگیٹ : TARGET (انگ) ؛ مذکر ؛ نشانہ ہدف

ٹافی : TOFFEE (انگ) مؤنث ؛ ایک قسم کی مٹھائی

ٹاکیز : TALKIES (انگ) ، مؤنث ؛ سینما گھر۔ بولتی فلم۔

ٹال : مؤنث ؛ (۱) لکڑی بانس یا گھاس وغیرہ کا ڈھیر ، انبار ، تودہ (۲) لکڑیوں کی دکان ، بھُس کی دکان ، (۳) ایک قسم کا گھنگھرو جو گائے ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں ، ٹالی (۴) لیت ولعل ، ٹالم ٹول ، بہانہ۔

—— **ٹول / ٹال مٹول** : مؤنث ؛ بہانہ ، حیلہ حوالہ۔

—— **جانا** : درگزر کرنا ، طرح دینا ، ٹالنا۔

ٹالا بالا : مذکر ؛ حیلہ حوالہ بہانہ۔
—— (ٹالے بالے) بتانا/ٹالا بالا (ٹالے بالے) دینا: ٹالنا
ٹالا دینا، جھانسا دینا۔
ٹالم ٹول کرنا: (۱) حیلہ حوالہ کرنا (۲) دیر لگانا۔
ٹالنا: دفع کرنا، ہٹانا، سرکانا، ملتوی کرنا، حیلہ حوالہ کرنا۔
ٹالے سے نہ ٹلنا: کسی طرح سے نہ اٹھنا، جگہ سے جنبش نہ کرنا۔
ٹامک ٹوئیے مارنا: اٹکل پر چلنا، اندازے پر چلنا۔
ٹاٹ: مؤنث ؛ آدمی کی کھوپڑی، چندیا۔
—— پر اِک بال نہ رہنا: (کنایتاً) مفلس ہوجانا۔
—— گنجی کردینا: جوتے مار مار کر کھوپڑی کے بال اڑا دینا۔
ٹانٹھا: مذکر ؛ توانا، موٹا، مسٹنڈا، دبنگ۔
ٹانچنا: (۱) پھانسنا، جل میں لینا (۲) وصول کرنا۔
ٹانڈھ: مؤنث ؛ چان۔
ٹانسِل: TONSIL (انگ) مذکر ؛ گلے کے اندر کے غدود۔
ٹانِک: TONIC (انگ) مؤنث ؛ (۱) طاقت بڑھانے والی دوا (۲) مقوی۔
ٹانک: مذکر ؛ جواہرات تولنے کا ایک وزن۔
—— رکھنا/ٹانک لینا: یادداشت کے لیے لکھ لینا۔
ٹانکا: (۱) سیون، سلائی، سوئی تاگے کا ایک دفعہ کپڑے سے نکلنا۔ زخم کا بخیہ کرنا (۲) دھات جوڑنے کا مسالا (۳) جوڑا اور پیوند زیور اور برتن کا (۴) کپڑے کا پیوند یا جوڑ۔
—— بھرنا: (۱) سینا، زخم سینا، پھٹا پرانا کپڑا سینا (۲) (کنایتاً)؛ عیب پوشی کرنا، مصیبت میں تسلی دینا۔
—— ٹوٹنا: سیون اُدھڑ جانا، زخم کی سیون ٹوٹ جانا۔
—— جھالنا: کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا۔
—— دینا: (۱) سینا (۲) دھات کو مسالے سے جوڑنا۔
—— کاٹ لینا: ٹانکے کی قیمت کاٹ کر زیور کے دام دینا۔
—— کھانا: ٹانکا لگنا۔
—— لگانا: (۱) زخم یا کپڑے کا سینا (۲) ٹوٹے ہوئے برتنوں یا زیوروں میں جوڑ لگانا (۳) پرند کی آنکھیں سی دینا۔
—— مارنا/ٹانکے مارنا: موٹی سلائی کردینا، سینا۔
ٹانکنا: (۱) سینا، ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا کپڑے میں موتی یا بنت یا لچکا سوئی تاگے سے لگانا، (۲) جوڑنا، چسپاں کرنا، جھالنا (۳) نتھی کرنا، شامل کرنا (۴) یادداشت لکھنا، درج کرنا، لکھنا۔
ٹانکے اُدھڑ جانا: (۱) بخیہ ادھڑنا، سلائی ٹوٹ جانا (۲) (کنایتاً) حقیقت کھلنا، قدر عافیت معلوم ہونا (۳) غریب ہوجانا۔
—— (ٹانکا) ادھیڑنا: (۱) سیون کھولنا (۲) (کنایتاً)؛ حقیقت کھولنا، قلعی کھولنا، عاجز کرنا، ہرانا۔
—— ٹوٹنا: کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹ جانا۔
—— ڈھیلے ہوجانا: (کنایتاً)؛ بدحواس ہونا، ارادے میں سستی ہونا، ضعف آنا۔
—— کا کچا: (۱) وہ سینے والا جس کے ہاتھ کی سیون جلد اُدھڑ جائے (۲) وہ زیور جس میں کمزور ٹانکا لگا ہو۔
—— کھلنا: (۱) سیون ادھڑنا (۲) راز فاش ہونا۔
—— مارنا: موٹی سیون سینا، اوپری سلائی کرنا، جلدی جلدی سینا۔
ٹانکی: مؤنث ؛ (۱) سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام، رُخانی چھینی (۲) تربوز یا خربوزے کی تراش جس سے پختگی کی کیفیت معلوم ہو (۳) سوراخ، چھید، (۴) ایک قسم کا پھوڑا، آتشک یا سوزاک کا زخم (۵) دندانہ، دانتا (۶) لکڑی یا لوہے کا برتن، ٹنکی۔
—— بُجنا: (کنایتاً)؛ سنگ تراشی کا کام ہونا، عمارت کا چنا جانا، مکان کا ڈھایا جانا۔
—— لگانا: خربوزے یا تربوز کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا نکال کر اس کی پختگی کو دیکھنا، سوراخ کرنا۔
ٹانگ: مؤنث ؛ ران کی جڑ سے پاؤں کے نیچے تک کا حصہ۔
—— اڑانا: (۱) پاؤں پھنسانا (۲) مزاحم ہونا، بیچ میں دخل دینا،

پیچ میں بولنا (۲) حریف کو ٹانگ کے ذریعے دے مارنا، ٹانگ پکڑ کے چت کر دینا۔

—— برابر : چھوٹا سا۔

—— پھنسنا : (۱) کسی کام میں تعلق ہونا، حصّہ ہونا، شرکت ہونا (۲) پابند ہونا، مجبور ہونا۔

—— تلے سے نکالنا / ٹانگ کے نیچے سے نکالنا : کسی کو مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا، نیچا دکھانا، مطیع کرنا، ہرانا۔

—— تلے سے نکل جانا : ہار ماننا۔

—— توڑ کے بیٹھنا : دم کے بیٹھنا، اِدھر اُدھر آنا جانا بند کر دینا۔

—— توڑنا : (کنایتاً) (۱) بے کار کرنا، معطل کر دینا (۲) خراب کرنا، بگاڑنا۔

—— دینا : لٹکا دینا (۲) پھانسی دینا، سولی دینا۔

—— سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا : اپنے پاس سے سرکنے نہ دینا، بٹھا رکھنا۔

—— لگانا : ٹانگ کا بیچ کرنا۔

—— لینا : (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کاٹنا، کاٹنے کو دوڑنا کتے کی طرح کاٹنا (۳) سر ہونا، پیچھے پڑنا۔

—— مارنا : ٹانگ کا بیچ کرنا، اڑنگا لگانا۔

ٹانگیں پسار کے سونا : بے فکر ہو کے سونا۔

—— توڑنا : خوب دوڑانا، حیران کرنا، پریشان کرنا۔

—— ٹوٹنا : تھک جانا، تھک کر چور ہو جانا۔

—— رہ جانا : (۱) تھک جانا، ماند ہو جانا (۲) بیماری سے ٹانگیں بیکار ہو جانا، ٹانگوں کا سوکھ جانا۔

ٹانگنا : (۱) لٹکانا، آویزاں کرنا (۲) (کنایتاً) پھانسی دینا۔

ٹاور : TOWER (انگ) مذکر؛ مینار، بُرج، لاٹ۔

ٹاول : TOWEL تولیا۔

ٹاؤن : TOWN (انگ) مذکر؛ چھوٹا شہر۔

—— ہال : HALL —— (انگ) مذکر؛ شہر کی عام مجلس گاہ، شہر کا سرکاری ہال۔

ٹائپ : TYPE (انگ) مذکر؛ (۱) سیسے کے ڈھلے ہوئے حروف (۲) قسم، وضع۔

—— بکس : BOX —— (انگ) مذکر؛ وہ صندوق جس میں مہروں کے حروف وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔

—— رائٹر : TYPE WRITER —— (انگ) مذکر؛ وہ مشین جس پر ٹائپ کرتے ہیں۔

ٹائپسٹ : TYPIST ٹائپ کرنے والا۔

ٹائٹل : TITLE (انگ) مذکر؛ (۱) خطاب، لقب (۲) سرورق (۳) عنوان، سرخی (۴) فلم کا نام۔

—— پیج PAGE —— (انگ) مذکر؛ کتاب کا سرورق لوح کا صفحہ۔

ٹائر : TYRE (انگ) پہیوں پر چڑھانے کا سخت ربر کا خول۔

ٹائل : TILE (انگ) مذکر؛ فرش میں لگانے کا خوش نما پتھر، یا چینی کا ٹکڑا۔

ٹائم : TIME (انگ) مذکر؛ وقت، ساعت، زمانہ، مدّت۔

—— پیس : PIECE —— (انگ) مؤنث؛ گھڑی جو میز پر رکھی جاتی ہے۔

—— ٹیبل : TABLE —— (انگ) مذکر؛ نقشۂ اوقات، نظام الاوقات۔

ٹائی : TIE (انگ) مؤنث؛ (۱) باندھنا (۲) وہ فیتہ جو فیشن کے طور پر گلے میں باندھا جاتا ہے (۳) بندھن نگائی (۴) رشتہ، رابطہ۔

ٹائیفائیڈ : TYPHOID (انگ) مذکر؛ میعادی بخار۔

ٹائیں ٹائیں فِش : (مثل) زبانی جمع خرچ، بہت کچھ اور نتیجہ کچھ نہیں۔

ٹ۔ ب

ٹب : TUB (انگ) مذکر؛ (۱) گہرا بڑا برتن (۲) ناند (۳) وہ برتن جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں۔

ٹ - پ

ٹپ : مذکر؛ (۱) ہوادار بگھی وغیرہ کا سائبان (جو دھوپ یا مینہہ کے وقت کھولتے ہیں) (۲) مؤنث؛ ٹپکنے کی آواز بوند گرنے کی آواز۔

—— **ٹپ آنسو گرنا** : آنسوؤں کی قطار بندھنا۔

—— **سے بول اٹھنا** : بے پوچھے جھٹ بول اٹھنا۔

ٹپ : TIP (انگ) مؤنث؛ (۱) سرا، نوک (۲) بخشش

ٹپّا : مذکر؛ (۱) بندوق کی گولی جانے کی حد (۲) گانے کی ایک قسم (۳) دور دور کا بخیہ، موٹی سیون (۴) ایک قسم کا کُک کانٹا (۵) پھاند (۶) پرگنے کا ایک حصہ ۷/۴ (دکن) ڈاک خانہ۔

—— **بھرنا / ٹپّا ڈالنا** : موٹی سلائی کرنا، دور دور بخیہ کرنا، کچی سلائی کرنا۔

—— **مارنا** : (۱) ٹپّا ڈالنا (۲) (کنایتاً) ؛ بے ڈھنگے پن سے پڑھنا۔

—— **کھانا** : (۱) گولی یا گیند وغیرہ کا ٹکرانا (۲) اُچھلنا، انکار کرنا۔

ٹپّے گانا : (کنایتاً) ؛ بیکار بیٹھا رہنا، کچھ نہ کہنا۔

—— **ٹوپے مارنا** : ڈھونڈنا، تلاش کرنا، اندھوں کی طرح کسی چیز کو ٹٹولتے پھرنا۔

ٹپّس : مؤنث؛ ذرا سا تعلق، کسی قدر وسیلہ، علاقہ۔

—— **جانا / ٹپّس لگانا / ٹپّس لڑانا** : بنیاد ڈالنا، تعلق پیدا کرنا، مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا۔

ٹپک : مؤنث؛ پانی کے قطرے گرنے کی آواز۔

—— **پڑنا** : (۱) (کنایتاً) ؛ مائل ہو جانا، گرویدہ ہو جانا، فریفتہ ہو جانا (۲) حیض آجانا (۳) پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا (۴) بوند گر پڑنا (۵) کود پڑنا (۶) ضبط نہ ہو سکنا (۷) پھسل پڑنا (۸) دفعتاً آجانا۔

ٹپکا : مذکر؛ (۱) پانی کے قطروں کا پیہم ٹپکنا، آنسوؤں کا پیہم ٹپکنا (۲) آم جو پختہ ہو کر از خود شاخ سے گر پڑے (۳) چھت سے پانی کا ٹپکنا۔

—— **ٹپکی لگ جانا / ٹپکا ٹپکی شروع ہونا** : (۱) بوندا باندی ہونے لگنا (۲) پھلوں کا پک کر گرنے لگنا (۳) اکا دکا گاہک کا دکاندار کے یہاں آنا (۴) ایک آدھ آدمی کا روز مرنے لگنا۔

—— **پڑنا** : کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کے باعث ضبط نہ ہو سکنا، ظاہر ہوئے جانا، نکلا پڑنا (۲) گرا پڑنا، مائل ہونے لگنا (۳) خواہشِ نفسانی کے زور سے بیقرار ہونا، بے چین ہونا۔

—— **ٹپکنا / ٹپکا لگنا** : (۱) رسنا، پیہم چھت سے پانی کی بوندیں گرنا۔ ٹپکنا (۲) آموں کا متواتر درختوں سے گرنا، پک پک گرنا (۳) جھڑی لگنا (۴) آنسوؤں کا پیہم گرنا۔

ٹپکانا : (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا، بوند بوند گرنا (۲) عرق نکالنا، نچوڑنا (۳) گرا دینا۔

ٹپکنا : (۱) قطرہ قطرہ گرنا، رسنا، چونا، چھنّا، عرق نکلنا، نچڑنا (۲) پکے پھل کا گرنا، پھل کا پک کر زمین پر گرنا (۳) کسی امر کے آثار کا ظاہر ہونا (۴) کسی طرف مائل ہونا، رجوع ہونا، پھسلنا (۵) جنگ میں زخمی ہو کر زمین پر گرنا (۶) پھوڑے کا پک کر بہنا پھوٹنا۔

ٹپکے کا ڈر : (کنایتاً) ؛ آفت آنے کا خوف۔

ٹ - ٹ

ٹٹپونجیا : (۱) تھوڑی پونجی والا (۲) کم مایہ، چھوٹا سوداگر۔

ٹٹھارنا : وہ آواز نکالنا جو گھوڑے یا گدھے کے چلانے کے لیے منھ سے نکالتے ہیں۔

ٹٹھاری : مؤنث؛ ٹٹھارنے کی آواز۔

ٹٹّر : مذکر؛ بانس کی بڑی ٹٹی۔

ٹٹّرو لوٹّل : (مجازاً) ؛ تنہا، اکیلا، تن تنہا۔

ٹٹکارنا : ٹٹھارنا، ایڑ لگانا۔

ٹٹکاری : مؤنث؛ (۱) ٹٹھاری (۲) زبانی جمع خرچ، جھوٹ موٹ کی کارگزاری (۳) اشارہ، سیٹی، آواز۔

—— **پر لگنا** : اشارے پر لگنا، سیٹی یا آواز پر چلا آنا (۲) آطر

پرہلنا، بل جانا، مانوس ہوجانا، مطیع ہوجانا۔

ٹٹو : مذکر؛ (۱) چھوٹے قد کا گھوڑا (۲) قابو، بس، زور، طاقت۔

ٹٹوا : مذکر؛ ٹٹو کی تصغیر، ضعیف، حقیر، دُبلا ٹٹو۔

ٹٹوانی : مؤنث؛ ٹٹو کی مادہ، چھوٹے قد کی گھوڑی۔

ٹٹول : مؤنث؛ (۱) ہاتھ سے چھو کر محسوس کرنا (۲) تجسس، تلاش

—— **دیکھنا** : (۱) ڈھونڈ لینا، تلاش کرلینا (۲) آزما لینا، امتحان کرلینا۔

ٹٹولنا : (۱) کسی چیز کا بے دیکھے ہوئے ڈھونڈنا، ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا، ہاتھ پھیرنا، چھونا (۲) عندیہ لینا، خفیہ طور پر دریافت کرنا (۳) آزمانا، امتحان کرنا، پرکھنا۔

ٹٹی : مؤنث؛ (۱) بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا چھوٹا سا ٹٹا (۲) آڑ، اوٹ، پردہ، حجاب (۳) پاخانہ، جائے ضرور (۴) آرائش، جو بیاہ شادیوں میں تخت رواں پر لے جاتے ہیں (۵) وہ چھدرا چھپر جس پر انگور کے بیل چڑھاتے ہیں (۶) شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے سامنے رکھتے ہیں (۷) بانس کی ٹھاٹھر جس پر چراغ رکھ کر روشن کرتے ہیں (۸) خس کی ٹٹی (۹) آتش بازی کی دیوار جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں (۱۰) باغ کے کنارے یا چمن کے کنارے مہندی وغیرہ کے درخت جو پردے کے لیے لگا دیتے ہیں، داڑھی۔

—— **کترنا** : مہندی کی ٹٹی کتر کے برابر کرنا۔

—— **کی آڑ / اوٹ / اوجھل شکار کھیلنا / کرنا** : در پردہ عیب کرنا۔ چھپ کر وہ کام کرنا جس کے علانیہ کرنے میں رسوائی کا اندیشہ ہو۔ کسی اچھی چیز کو بہانہ یا آڑ بنا کر عیب کرنا۔

—— **لگانا / بندھنا** : (۱) بھیڑ کرنا، ہجوم کرنا (۲) آڑ کرنا اوٹ کرنا (۳) ٹٹی کھڑی کرنا۔

ٹٹیری : مؤنث؛ (۱) ایک پرند کا نام (۲) (کنایتاً)؛ بہت لاغر آدمی۔

—— **سے آسمان نہیں تھمتا** : (مثل)؛ اپنے حوصلہ و قوت سے زیادہ کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہونا۔

ٹ۔چ

ٹچ : TOUCH (انگ)؛ (۱) چھونا مس، مس کرنا، (۲) انداز، رنگ (۳) نوک پلک درست کرنا۔

ٹچا : مذکر؛ (۱) اوچھا، چھچھورا، کم حوصلہ (۲) لُچا، کمینہ، بے ہودہ۔

ٹ۔خ

ٹخر ٹخر : بڑھیوں کی سی چال، آہستگی کی چال۔

ٹخنا : مذکر؛ گٹا، ایڑی سے اوپر، اٹھی ہوئی ہڈی۔

ٹ۔ڈ

ٹڈا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا، بوٹ (۲) (کنایتاً)؛ دبلا پتلا آدمی۔

ٹڈی : مؤنث؛ ٹیری، ایک قسم کا پردار کیڑا جو کھیتی کو نقصان پہنچاتا ہے۔

—— **دل** : مذکر؛ (۱) ٹڈیوں کا بڑا گروہ جو اکثر کھیت کے کھیت صاف کر دیتا ہے (۲) (کنایتاً)؛ نہایت بھیڑ بھاڑ، خلقت کا ہجوم، کثیر تعداد۔

ٹ۔ر

ٹر : مؤنث؛ (۱) مینڈک کی آواز (۲) پوچ بات، بے ہودہ بات (۳) ہٹ، ضد، شیخی، بڑائی (۴) عید کے دوسرے دن کا میلہ (۵) مذکر؛ ٹیری قسم کا بگلا۔

—— **ٹر** : مؤنث؛ (۱) بک بک، جھک جھک، کائیں کائیں گستاخی (۲) مینڈک کی آواز۔

ٹرّا : مذکر؛ (۱) بدمزاج، شریر، سرکش، سخت کلام (۲) سرکش گھوڑا۔

—— **پن** : مذکر؛ اکھڑپن، بدمزاجی۔

ٹرّانا : سخت کلامی کرنا، بڑبڑانا، گستاخی کرنا۔

ٹرّا : مذکر؛ دانہ، بارود کا دانہ، چھوٹا سنگ ریزہ، چھوٹا کنکر سپاری کا چھوٹا ٹکڑا۔

—— اناج : باجرا، موٹھ، جوار وغیرہ۔

ٹرافی : TROPHY (انگ) مؤنث ؛ (۱) کسی مقابلے میں جیتنے کی نشانی (۲) کپ یا شیلڈ جو کسی کھیل میں جیتنے والے کھلاڑی یا ٹیم کو ملے، (۳) فتح کی یادگار۔

ٹرالی : TROLLEY (انگ) مؤنث؛ (۱) ٹھیلا، ٹھیلا گاڑی پہیوں دار چھوٹی گاڑی (۲) کسی سہارے سے کھینچی جانے والی گاڑی۔

ٹرام : TRAM (انگ) مؤنث ؛ بجلی کی مدد سے پٹریوں پر چلنے والی ایک قسم کی گاڑی۔

—— وے : WAY —— لوہے کی پٹری جس پر ٹرام چلتی ہے۔

ٹرانسپورٹ : (ٹرانس پورٹ TRANSPORT انگ) مذکر ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، نقل وحمل

ٹرانسسٹر : TRANSISTOR (انگ) مذکر؛ چھوٹا سفری ریڈیو۔

ٹرانس فارمر : TRANSFOR-MER (انگ) مذکر؛

ٹرانسفر : TRANSFER (انگ) ؛ تبدیلی، تبادلہ منتقل ہونا، بدلنا۔

—— سرٹیفکیٹ : CERTIFICATE —— (انگ) ؛ تبادلے کی سند جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کے لیے دی جاتی ہے۔

ٹرانسلیٹر : بجلی کی رَو کو تبدیل کرنے والا آلہ۔

ٹرانسلیٹر : TRANSLATOR (انگ) ؛ مترجم ترجمہ کرنے والا۔

ٹرانسلیشن : TRANSLATION (انگ) مذکر ؛ ترجمہ۔

ٹرانسمیٹر : TRANSMITTER پیغام نشر کرنے والا آلہ۔

ٹرائسکل : TRICYCLE (انگ) مؤنث ؛ بچوں کی تین پہیوں کی چھوٹی سائیکل۔

ٹرائل : TRIAL (انگ) مذکر ؛ آزمائش، امتحان تجربہ، عدالتی تحقیقات۔

ٹرٹرہنگا : ٹیڑھا، بانکا، ترچھا۔

ٹرپ : TRIP (انگ) ؛ مختصر تفریحی سفر، سیر، چکر پھیرا۔

ٹرخانا : (۱) ٹرکانا (۲) بے دلی سے کوئی کام کرنا (۳) بہانہ کرنا، کسی کو ٹال کر بھگا دینا۔

ٹرسٹ : TRUST (انگ) مذکر ؛ (۱) بھروسہ، اعتماد (۲) کسی کی نگرانی میں دی ہوئی جائداد، تولیت (۳) وقف۔

ٹرسٹی : TRUSTEE (انگ) مذکر ؛ جس کے سپرد کسی ادارے کا انتظام ہو، متولی۔

ٹرک : TRUCK (انگ) مذکر ؛ مال بردار، موٹر گاڑی۔

ٹرک : TRICK (انگ) مؤنث ؛ ہاتھ کی صفائی دھوکا، چال، فریب۔

ٹرمپ : TRUMP (انگ) مذکر ؛ تُرپ، ترپ کا پتا، تاش کے کھیل میں۔

ٹرمینس : TERMINUS (انگ) مذکر ؛ خاتمہ اخیر، سرا، منزلِ مقصود، تنہا، کسی ریلوے لائن کا آخری اسٹیشن۔

ٹرنک : TRUNK (انگ) مذکر ؛ لوہے کا بکس۔

—— کال : CALL —— (انگ) مذکر ؛ کسی دوسرے شہر یا مقام کے آدمی سے ٹیلی فون پر بات چیت کرنا۔

ٹروپ : TROOP (انگ) مذکر ؛ جماعت، رسالہ فوج (جمع میں)

ٹرے : TRAY (انگ) ؛ چھوٹی سینی، کشتی۔

ٹریبونل : TRIBUNAL (انگ) مذکر ؛ (۱) خصوصی عدالت جو کئی ججوں پر مشتمل ہوتا ہے، (۲) عدالت کی جگہ۔

ٹریٹی : TREATY (انگ) مذکر ؛ قول وقرار، عہد

ٹریجڈی : TRAGEDY (انگ) مؤنث ؛ المیہ، حزنیہ، وہ ناول، ڈرامہ، افسانہ، یا کہانی جس کا خاتمہ رنج و

غم پر ہو۔

پیمان، صلح نامہ، قرارداد، معاہدہ۔

ٹریڈ: TRADE (انگ)؛ کاروبار، تجارت۔

—— مارک: MARK —— (انگ) مذکر؛ تجارتی نشان مارکہ، سوداگری کا خاص مقررہ نشان، تاجروں کی

—— یونین: UNION —— (انگ) مؤنث؛ مزدوروں کے حقوق کا تحفظ کرنے والی انجمن، انجمن اتحاد مزدوراں۔

ٹریژری: TREASURY (انگ) مؤنث؛ خزانہ محکمہ خزانہ۔

—— بنچ: BUNCH —— اسمبلی؛ پارلیمان میں حکمران حلقہ۔

ٹریفک: TRAFFIC (انگ) مؤنث؛ آمدورفت (مسافروں، راہ گیروں اور گاڑیوں کی)

ٹریکٹر: TRACTOR (انگ) مذکر؛ (۱) مشینی ہل (۲) سامان ڈھونے والی گاڑی۔

ٹریلر: TRAILER (انگ) مذکر؛ (فلمی اصطلاح) تمہیدی فلم، فلم کا نمونہ۔

ٹرین: TRAIN (انگ) مذکر؛ (۱) ریل گاڑی، ریل گاڑی کے ڈبوں کی قطار (۲) سلسلہ۔

ٹریننگ: TRAINING (انگ) مؤنث؛ تربیت مشق، ریاضت۔

—— کالج: COLLEGE —— (انگ) مذکر؛ وہ ادارہ جہاں اساتذہ کو طریقۂ تعلیم کی تربیت دی جاتی ہے تربیت۔

ٹیڑھ مونہا / ٹیڑھ منہا: مذکر؛ ٹیڑھے منہ کا۔

ٹ۔س

ٹیسٹ: TEST (انگ) امتحان، جانچ، تجربہ آزمائش۔

ٹیسٹی مونیل: TESTIMONIAL (انگ) مذکر؛ سرٹیفکیٹ، سند، صداقت نامہ۔

ٹسر: مؤنث؛ کچا ریشم، ایک قسم کا ادنا درجے کا ریشم۔

ٹسر مسر: مؤنث؛ ہچر مچر، ڈھیل، وقفہ، توقف۔

ٹسر ٹسر رونا: لگاتار رونا، ٹھنکنا۔

ٹس سے مس نہ ہونا: (۱) ذرا نہ پسیجنا، جنبش نہ کھانا، ذرا نہ سرکنا۔ بالکل متحرک نہ ہونا، متاثر نہ ہونا (۲) کسی چیز کا حرارت پہنچنے کے باوجود نہ گلنا، گداز نہ ہونا۔

ٹسک: مؤنث؛ کسک، ٹیس، درد، ٹسکانا، سرکانا، ہلانا۔

ٹسکنا: (ع م) (۱) ہلنا، سرکنا، جنبش کرنا (۲) درد معلوم ہونا، ہوئیں اٹھنا (۳) کسی چیز کے اثر سے متاثر ہونا (۴) گلنا، گداز ہونا۔

ٹسکنا: رونا، ٹھسکنا، ٹسوے بہانا۔

ٹسوے بہانا: جھوٹ موٹ رونا، دکھاوے کا رونا رونا۔

ٹ۔ف۔ک

ٹفن: TIFFIN (انگ) مذکر؛ دوپہر کا کھانا۔

—— بکس: BOX —— (انگ) مذکر؛ توشہ دان کھانا لے جانے کا ڈبا۔

ٹک: (۱) ذرا کچھ (۲) ذرا سی دیر۔

ٹکا: مذکر؛ (۱) دو پیسے (۲) دو پیسے والا سکہ (۳) روپیہ، نقدی ٹکے۔

—— بھر: (۱) دو تولے۔ دو پیسے بھر (۲) ذرا سا، کسی قدر۔

—— پاس نہیں: کوڑی پاس نہیں، مفلس، غریب۔

—— سا جواب دینا: صاف جواب دینا، مطلق انکار کر دینا۔

—— سا دم / ٹکا سی جان: تن تنہا۔

—— گانٹھ میں ہونا: (ع م) (کنایتاً) پیسہ ہونا، دولت مند ہونا

ٹکانا: (۱) سہارا لینا، بوجھ اتارنا، روکنا، ٹھہرانا، کسی چیز کو کسی چیز کے سہارے رکھنا (۲) مکان یا سرا میں جگہ دینا، ٹھہرانا، مارنا، لگانا۔

ٹکاؤ: مذکر؛ دیرپا، پایدار، مضبوط۔

ٹِکاؤ : مذکر؛ ٹھہراؤ، قیام، قرار، ٹھکانا، استقلال۔
ٹکائی : مؤنث؛ ٹانکنے کی اُجرت، ٹانکنا۔
ٹِکٹ : TICKET (انگ) مذکر؛ دفتی یا کاغذ کا مستطیل ٹکڑا جو کسی چیز کے دام یا کرایہ لے کر بطور رسید دیا جائے اور جس دکھانے پر ریل گاڑی وغیرہ میں سوار ہوا جا سکے، (۲) ڈاک کا اسٹامپ (۳) اجازت نامہ (۴) پاس، پاسپورٹ لیبل بیج (۵) تاگوں کا پتہ، (۶) الکشن میں کھڑے ہونے کا اجازت نامہ۔
ٹِکٹکی : مؤنث؛ (۱) تاک، آنکھیں انتظار میں کھلی رکھنا، کسی ایک طرف حیرت سے دیکھتے رہنا، گھورنا، نظر، نظارہ۔
—— باندھنا : برابر دیکھے جانا، پلک نہ جھپکانا، گھورنا غور سے دیکھنا، آنکھیں لڑانا۔
ٹِکٹی : مؤنث؛ دو تین لکڑیاں جس میں مجرم کو باندھ کر بید مارتے ہیں (۲) لکڑی یا لوہے کا ڈھانچہ جس میں مجرم کو باندھ کر بید لگائے جاتے ہیں۔
ٹکّر : مؤنث؛ (۱) دھکا، صدمہ، ٹھوکر، چیزوں کا لڑ جانا، ٹھیس (۲) پیشانی پر پیشانی مارنا (۳) (کنایتاً) مقابل، برابر، ہمسر (۴) نقصان، ضرر، ٹوٹا۔
—— اٹھانا / ٹکّر جھیلنا : (۱) نقصان یا مصیبت جھیلنا، برداشت کرنا (۲) اپنے سے بڑے کا سامنا کرنا۔
—— کھانا : لڑھانا، مٹ بھیڑ ہو جانا۔
ٹکرانا : (۱) باہم دھکا کھانا، ٹھیس لگنا (۲) صدمہ اٹھانا، نقصان اٹھانا (۳) چوٹ لگنا (۴) بھڑنا، لڑنا (۵) ہمسر ہونا، مقابل ہونا، ہم پلہ ہونا۔
ٹکّر لڑانا : اپنی پیشانی کو دوسرے کی پیشانی پر مارنا۔
ٹکّر لگانا : (۱) کسی سخت چیز پر پیشانی مارنا (۲) پیشانی پر پیشانی مارنا۔
—— لینا : (۱) مقابلہ کرنا، ہم سری کرنا (۲) لڑائی کے ہتھیاروں سے باہم ٹکر مارنا۔
—— مارنا : (۱) ٹکر لگانا (۲) کوشش کرنا، سعی کرنا، تندہی کرنا (۳) سر سے لڑنا، مستک بازی کرنا (۴) مقابلہ کرنا۔
ٹکریں مارنا : جلدی جلدی اور بے توجہی سے سجدے کرنا، دکھاوے کی نمازیں پڑھنا۔
ٹکراتا پھرنا : تلاش کرتے پھرنا، ڈھونڈتے پھرنا، ڈانواڈول پھرنا۔
ٹکرانا : (۱) ٹکر لگنا، لڑ جانا، بھڑ جانا (۲) کسی چیز سے سر مارنا، ٹکر لگانا (۳) ڈھونڈنا، تلاش کرنا (۴) بیکار مارے مارے پھرنا (۵) (اندھیرے میں یا اندھیری جگہ میں) ڈھونڈنا ٹٹولنا (۶) پیشانی کا پیشانی پر مارنا، پیشانی کا لکڑی پتھر یا کسی سخت چیز پر مارنا۔
ٹِکڑ : مذکر؛ (۱) موٹی روٹی (۲) ہاتھیوں کے کھانے کی روٹی۔
ٹکڑا : مذکر؛ (۱) حصہ، جز، پرزہ، پھانک، پرچہ، ریزہ (۲) روٹی کا نوالہ، لقمہ (۳) روٹی، رزق، روزی۔
—— توڑ جواب دینا / ٹکڑا سا جواب دینا : صاف جواب دینا، دو ٹوک جواب دینا، بے مروّت ہو کر جواب دینا۔
—— دینا : (۱) روٹی کا ٹکڑا دینا (۲) رزق دینا، روٹی دینا، وظیفہ دینا۔
—— سا توڑ کے ہاتھ میں دے دینا / ٹکڑا توڑ کے ماتھ پر رکھ دینا : صاف جواب دینا، دو ٹوک جواب دینا۔
—— مانگنا : بھیک مانگنا، گدائی کرنا۔
—— میسّر نہ آنا : روزی نہ ملنا۔
—— نہ توڑنا : (۱) لقمہ نہ توڑنا، بالکل نہ توڑنا (۲) کسی چیز کی شرکت کے بغیر کوئی کام نہ کرنا۔
ٹکڑوں پر پڑنا : پرائی روٹی پر پڑنا، دوسرے کے سہارے رہنا، مفت کی روٹیاں کھانا۔
ٹکڑے : سوکھی روٹی یا نان پاؤ یا شیرمال کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دودھ اور گھی میں شکر کے ساتھ پکائی ہوئی میٹھی غذا۔
—— اڑنا : اعضا کا پارہ پارہ کرنا، کاغذ یا لباس کا پارہ پارہ کرنا یا کھل اڑنا
—— توڑنا : (کنایتاً) کسی کے دسترخوان پر ہمیشہ کھانا۔
—— ٹکڑے کرنا : پرزے پرزے کرنا، پاش پاش کرنا۔
—— مانگ کر پیٹ پالنا : بھیک مانگ کر بسر اوقات کرنا۔

ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم : (مقولہ)؛ حیرت و استعجاب سے کسی امر کو دیکھ کر دم نہ مارنا، خاموش رہ جانا۔

—— **دیکھنا** : شوق کی نگاہ سے دیکھنا، حسرت سے دیکھنا۔

ٹکڑ گدا : دروازے دروازے بھیک مانگنے والا، فقیر۔

ٹکڑی : مؤنث؛ (۱) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا، کبوتروں کا پرا۔ پرندوں کا غول (۲) گروہ، جتھا، زمرہ (۳) کپڑے کا تھان۔

—— **دار** : مذکر؛ ٹکڑی کا افسر۔

ٹکس : (انگ) مذکر؛ محصول، چنگی۔

ٹکسال : مؤنث؛ سکے بنانے کا کارخانہ۔

—— **باہر** : (۱) وہ روپیا پیسا جو ٹکسال میں نہ بنا ہو، یا جو ٹکسال کے سکے سے خارج ہو، غیر معتبر، غیر مروج، غیر مستند، متروک (۲) وہ شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی معتبر استاد کا شاگرد یا پیرو نہ ہو (۳) وہ محاورہ جو اہلِ زبان بولتے ہوں (۴) بداصل، بدنژاد۔

—— **چڑھنا** : (۱) کھرا کھوٹا، پرکھا جانا، ٹکسال میں پرکھنے پر رائج ہونا (۲) رسوائی میں کوئی کسر باقی نہ رہنا، بدنام ہونا (۳) کسی فن یا ہنر میں کامل پایا جانا، سندی ہونا۔

ٹکسالی : مذکر؛ (۱) کھرا، اصل، درست، آزمودہ، جانچا ہوا (۲) رائج، مانا ہوا، مستند۔

—— **بات** : مؤنث؛ پکی بات، جمی ہوئی بات، کھری بات۔

—— **بولی / ٹکسالی زبان** : مؤنث؛ زبانِ فصیح، مستند زبان

—— **دکان** : سچی نامی دکان۔

ٹکسٹ : TEXT (انگ) مذکر؛ متن، مصنف کے اصل الفاظ، کتاب کی اصل عبارت۔

—— **بک** : BOOK —— (انگ) مؤنث؛ نصابی کتاب، درسی کتاب۔

ٹکلی : مؤنث؛ (۱) ماتھے کا زیور، ستارہ (۲) (کنایتاً)؛ چھوٹی سی روٹی۔

ٹکنا : (۱) سیا جانا، ٹانکا جانا، پرویا جانا (۲) کُند ریتی (سوہن) کا تیز ہونا (سناروں کی اصطلاح)۔

ٹکنا : (۱) ٹھہرنا، رکنا (۲) اُترنا، فروکش ہونا، قیام کرنا، (۳) رکنا، صبر کرنا، تحمل کرنا۔

ٹکنالوجی : TECHNOLOGY (انگ) مؤنث؛ (۱) صنعتی فنون سے متعلق علم (۲) فنی مہارت، پیشہ ورانہ مہارت۔

ٹکنیکل : TECHNICAL (انگ)؛ صنعت و حرفت کے متعلق، فنی، صنعتی۔

ٹکنی کلر : TECHNI-COLOUR (انگ)؛ رنگ برنگی۔

ٹکور : مؤنث؛ (۱) ضرب، چوٹ، ہلکا دھکا، ٹھیس (۲) پوٹلی میں بھوسی یا ریت گرم کر کے سینکنا، تکمید (۳) نوبت کی آواز، نقارے کی آواز۔

ٹکورنا : سینکنا، پوٹلی سے سینکنا۔

ٹکورا : مذکر؛ ڈنکا، نوبت کی آواز، ڈھول کی آواز۔

ٹکی : مؤنث؛ ٹکیا، چھوٹی روٹی۔

ٹکے : جمع ٹکا کی۔

—— **ٹکے بکنا** : دو پیسے میں بکنا، بہت کم قیمت ہونا۔

—— **سے گننا / ٹکے گننے لگنا** : (۱) حقے کا خوف کڑا کے یا آواز کے ساتھ بولنے لگنا (۲) سردی کے مارے دانت سے دانت بجنے لگنا، خوب جاڑا معلوم ہونا (۳) فرفر پڑھنے لگنا فراٹے بھرنا۔

—— **ٹکے کے آدمی** : کم حیثیت آدمی۔

—— **سیدھے کرنا** : کچھ وصول کرنا، روپیا کمانا

—— **سیر مارے مارے پھرنا** : بے وقعت ہونا۔

—— **کی اوقات** : کم حیثیت، ادنا درجے کا۔

—— **کی ٹلیل نو ٹکے ہشکائی** : (مثل) تھوڑے فایدے کے لیے بہت خرچ میں پڑجانا۔

ٹکیا : مؤنث؛ (۱) چھوٹی روٹی (۲) چکتی، قرص (۳) تمباکو کی گولی جو چلم میں بھر کر پیتے ہیں (۴) پٹڑی، گدی (۵) (عو) چندیا، ماتھا، پیشانی کے اوپر کا حصہ۔

—— **چوٹی** : مؤنث؛ (عو)؛ رذیل، بددیانت عورت۔

—— **چور** : چھوٹی موٹی چیزیں چرانے والا، لٹیا چور۔

ٹ۔ل

ٹلٹلانا : (۱) دستوں کے باعث آواز نکلنا، آواز سے دست آنا (۲) بک بک کرنا۔

ٹلنا : (۱) جگہ سے ہٹنا، بے جگہ ہونا (۲) دور ہوجانا (۳) حیلے بہانے سے اِدھر اُدھر ہوجانا (۴) گزرنا (وقت) ہٹنا۔

ٹلے نویسی : مؤنث؛ بے کار پھرنا، بے سود کام کرنا۔

ٹ۔م

ٹما : ٹھگنا آدمی، کم رو آدمی، دُبلا پتلا آدمی۔

ٹماٹر : TOMATO (انگ) مذکر؛ ایک گول سرخ رنگ کی ترکاری، ولایتی بینگن۔

ٹماک/ٹماخ : (عو)؛ عورتوں کی نمود، غرور، کروفر، نخوت بناؤ سنگار، ٹھسا۔

ٹمبر مرچنٹ : TIMBER MERCHANT (انگ)، مذکر؛ عمارتی لکڑی کا سوداگر۔

ٹمپریچر : TEMPERATURE (انگ) مذکر؛ بخار، حرارت، درجۂ حرارت، تپش۔

ٹم ٹم : TUM TUM (انگ) مؤنث؛ دو پہیے کی سواری گاڑی جس میں گھوڑا جتا ہوتا ہے اور سائبان نہیں ہوتا ہے۔

ٹمٹمانا : (۱) کم کم روشنی دینا، جھلملانا، ستاروں کی سی روشنی دینا۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا (۲) (مجازاً)؛ کوئی دم کی زندگی ہونا، مرنے کے قریب ہونا۔

ٹ۔ن

ٹن : مؤنث؛ (۱) گھنٹے یا کسی دھات کے بنے برتن کی آواز جھنکار (۲) خود پسندی، بدمزاجی، شیخی۔

—— TON (انگ) مذکر؛ (۳) ۲۸ من کا وزن، ۲۲۴ پونڈ کا وزن، دس کوئنٹل یا ایک ہزار کلوگرام۔

ٹن : (انگ)؛ ٹین سفید رنگ کی ایک ملائم دھات کا نام

ٹُنا : مذکر؛ وہ لکڑی جو ہل کی پیندی میں ہوتی ہے۔

ٹنٹا : مذکر؛ جھگڑا، تکرار، ردّوکد۔

ٹنٹے باز : جھگڑالو، فسادی۔

ٹنٹا : (دہلی) مذکر؛ ٹنڈا، بے ہاتھ کا آدمی، ہاتھ کٹا آدمی، ایک ہاتھ کا آدمی۔

ٹیچ : (۱) مستعد، تیار، آمادہ، لیس (۲) چنچل، سنگ دل۔

ٹنڈ : مذکر؛ (۱) کٹا ہوا ہاتھ (۲) موٹی لکڑی جس میں شاخیں نہ ہوں۔

ٹنڈا : (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) صفت (طنزاً)؛ موٹا ٹھگنا آدمی۔

ٹینڈر : TENDER (انگ) مذکر؛ ٹھیکہ کی درخواست، نرخ کی تفصیل۔

ٹنڈی : مؤنث؛ (۱) ناف، بازو، ڈنٹر (۲) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو۔

ٹنڈیاں : مؤنث؛ آدمی کے دونوں بازو۔

—— **باندھنا/ٹنڈیاں کسنا** : مُشکیں باندھنا، ہاتھ یا بازو جکڑنا۔

—— **کھینچنا** : مُشکیں بندھنا، پکڑا جانا، گرفتار ہونا، بندھنا

ٹنکار : مؤنث؛ جھنکار، تانت کی آواز، غلیل کی آواز۔

ٹنکارنا : (۱) بجانا، آواز نکالنا، جھنکارنا (۲) کمان کی تانت کھینچ کر آواز نکالنا (۳) چینی یا مٹی کے ظرف کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا۔

ٹنکچر : TINCTURE (انگ) مؤنث؛ عرق، رقیق دوا، دوا کا محلول۔

ٹنگار : مؤنث؛ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹنگارنا : نوک یا چونچ مارنا، تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹنگڑی : ٹانگ کی تصغیر۔

—— **پر اڑانا** : ٹانگ کے داؤں سے گرانا، ٹانگ مار کے گرانا۔

ٹنگنا : لٹکنا، آویزاں ہونا۔

ٹ - و

ٹوائلٹ: TOILET (انگ)؛ (۱) سنگار کرنا۔ سنگار میز (۲) سج دھج (۳) بال بنانا (۴) جائے ضرورت بیت الخلا۔

ٹوپ: مذکر؛ (۱) بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھک جاتے ہیں۔ (۲) روئی دار ٹوپی جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں (۳) غلاف پوشش (۴) انگشتانہ۔

ٹوپی: مؤنث؛ (۱) کلاہ (۲) بندوق کا پٹاخا (۳) وہ تھیلی جو شکاری جانور کے مُنہ پر چڑھا دیتے ہیں (۴) خشخشہ (۵) پھل کے اوپر کا خول۔

—— اتارنا / ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا: بے عزتی کرنا۔

—— اچھالنا: (۱) وجد کرنا، خوشی کرنا، اظہار مسرت کرنا (۲) پگڑی اچھالنا، بے عزتی کرنا۔

—— اوڑھنا / ٹوپی دینا: ٹوپی سر پر رکھنا۔

—— بدلنا: کسی کو بھائی بنانا، بھائی چارہ کرنا۔

—— بدل بھائی: مذکر؛ وہ دوست جسے ٹوپی بدل کر بھائی بنایا ہو۔

—— دار بندوق: مؤنث؛ وہ بندوق جو پٹاخے کے وسیلے سے چلے، توڑے دار کے خلاف۔

—— والا: مذکر؛ (۱) (کنایتاً)؛ معشوق (۲) فرنگی، انگریز (متروک)۔

ٹوٹ: شکستگی۔

—— پڑنا: (۱) حملہ کرنا، دھاوا کرنا (۲) پل پڑنا نہایت خواہش ظاہر کرنا۔ کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا بہت سے آدمیوں کا دفعتاً آجانا (۳) کام میں ہمہ تن مصروف ہوجانا (۴) آفت، مصیبت، قیامت، مصیبت نازل ہونا اک بارگی آجانا (۵) گر پڑنا۔

—— پھوٹ: شکستگی چورا (۲) چھانٹ، ریزہ، ریزگی۔

—— ٹوٹ کے برسنا: شدت سے مینہ برسنا۔

—— کر: (۱) نہایت شدت سے کثرت سے، بڑی کوشش سے (۲) کسی ایک طرف سے قطع تعلق کرکے۔

—— کر گرنا: ہجوم کرکے حملہ کرنا، چاروں طرف سے گرنا، ہمہ تن متوجہ ہوکر کسی کام کے سر ہونا۔

ٹوٹا: مذکر؛ (۱) نقصان، خسارہ، تجارت کا نقصان، آمدنی کی کمی (۲) توڑا (۳) معاوضہ۔

ٹوٹا: مذکر؛ (۱) شکستہ، پھوٹا ہوا، مرمت طلب (۲) مضمحل خستہ، تھکا ماندہ۔

—— پھوٹا: مذکر؛ ناقص، معمولی، شکستہ۔

ٹوٹکا: مذکر؛ جادو، ٹونا، ٹنکا، جنتر منتر۔

—— کرنے آنا: (کنایتاً)؛ جلدی آکر چلا جانا، کھڑے کھڑے آنا۔

—— ہونا: (۱) جادو ہونا، ٹونا ہونا (۲) کسی بات کا جلدی سے ہوجانا۔

ٹوٹل: TOTAL (انگ) مذکر؛ میزان۔

ٹوٹنا: (۱) ٹکڑے ہونا، شکستہ ہونا (۲) کسی پر ہجوم کرنا، مل کر حملہ کرنا (۳) گرنا، جھکنا، زور شور سے مایل ہونا (۴) علاحدہ ہونا، جدا ہونا، اکھڑنا (۵) گواہ کا فریق مخالف سے مل جانا گواہ کا جرح میں بگڑ جانا (۶) کم ہونا، تہ نکل آنا (۷) پھوٹنا، نہر نالی کے اندر سے باہر نکل آنا (۸) توڑا ہونا، کمی ہونا (۹) کمزور ہونا، ناتواں ہونا، مضمحل ہونا، طاقت نہ رہنا (۱۰) مفلس ہونا، تنگ دست ہونا (۱۱) اعضا شکنی ہونا، جوڑوں میں درد ہونا (۱۲) پھل اترنا (۱۳) بقایا میں پڑنا (۱۴) واقع ہونا، وارد ہونا (۱۵) تباہ ہونا، برباد ہونا (۱۶) پھٹنا، (۱۷) زیر بار ہونا (۱۸) کم قیمت ہونا جنس کا (۱۹) ہجوم ہونا (۲۰) کسی کی رفاقت سے علاحدگی اختیار کرنا (۲۱) روزہ یا وضو کا فاسد ہونا۔

—— پھوٹنا: شکستہ ہونا، سالم نہ رہنا۔

ٹوٹے پڑنا: (۱) ایک پر ایک کا گرنا (۲) بوجھ کے مارے جھک جانا۔

ٹوڈی: TODDY (انگ)؛ خوشامدی۔

—— بچہ: (۱) خوشامدی، کاسہ لیس، ذلیل۔

ٹُور : TOUR (انگ) مذکر ؛ دورہ ، سفر، سیاحت تفریحی سفر، گشت ۔

ٹُورا : مذکر ؛ (۱) بدوضع (۲) ٹھنگنا ، بونا (۳) پرند کا کمزور اور لاغر بچہ (۴) ایک بٹیر جیسے چھوٹے پرند کا نام۔

ٹُورسٹ : TOURIST (انگ) مذکر ؛ سیّاح، سیر و سفر کرنے والا۔

ٹورنامنٹ : TOURNAMENT (انگ) مذکر ؛ کھیلوں کا عام مقابلہ ۔

ٹُوڑا : مذکر ؛ لکڑی کا ٹکڑا جو چھجّے میں لگایا جاتا ہے۔

ٹوک : مؤنث ؛ (۱) نظرگزر (۲) مزاحمت ، ممانعت ۔

—— لگنا : نظر ہو جانا۔

—— میں آنا : نظر لگنا۔

ٹوکرا : مذکر ؛ (۱) جھابا ، بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنایا ہوا ظرف (۲) بوجھ (۳) چھوٹی سی ایک قسم کی کشتی ، ڈونگا۔

ٹوکروں اترنا : بہت پھلوں کا درخت سے گرنا ، درخت سے بکثرت پھلوں کا ٹوٹنا۔

ٹوکری ڈھونا : قلی کا کام کرنا ، مزدوری کرنا۔

ٹوکم ٹاکا : مذکر ؛ لڑائی جھگڑے کی بات چیت ، روک ٹوک ۔

ٹوکن : TOKEN (انگ) مذکر ؛ نشانی ، علامت ، یادگار ، تحفہ۔

ٹوکنا : مذکر ؛ (۱) روکنا ، تعرّض کرنا ، مزاحمت کرنا (۲) پوچھنا دریافت کرنا (۳) ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کے لیے پیغام دینا (۴) نظر لگانا ، حسد کرنا (۵) مقروض سے قرض کا تقاضا کرنا (۶) غلطی بتانا۔

ٹوکی : (عو) ؛ انگیا کی کٹوریوں کا اوپر کا حصّہ ۔

ٹول : TOLL (انگ) مذکر ؛ چنگی ، محصولِ سڑک وغیرہ۔

—— کلکٹر : COLLECTOR —— (انگ) مذکر ؛ محصول وصول کرنے والا۔

ٹولا : (ہ) مذکر ؛ (۱) چھوٹا محلّہ (۲) سنگ ریزہ ، روڑا (۳) بڑی کوڑی ۔

ٹوٹل : مؤنث ؛ ایک قسم کا سرخ کپڑا ، شال باف ۔

ٹولی : مؤنث ؛ (۱) چند آدمیوں کا گروہ (۲) پتھر کی سِل ، بھاری پتھر۔

ٹوم : مؤنث ؛ (عو) ؛ (۱) گہنا پاتا ، زیور ، سنگار (۲) خوبصورت عورت (۳) سونے کی چڑیا ، مال دار عورت ، چالاک اور ہوشیار آدمی ، چلتا پرزا (۴) کبوتروں کی جھنڈی ۔

—— ٹام : (عو) مؤنث ؛ گہنا پاتا ، اِکّا دُکّا ، کوئی کوئی ، چند۔

—— چھلّا : (عو) مذکر ؛ چھوٹا موٹا گہنا ، ادنا قسم کا زیور۔

ٹوم لینا : (ہ) ؛ چھپا لینا ، لباس میں چھپا لینا۔

ٹونا : مذکر ؛ جادو منتر۔

ٹونے ٹوٹکے : گنڈے تعویذ ، جھاڑ پھونک ۔

ٹونٹ : (ہ) مؤنث ؛ چونچ۔

ٹونٹا : مذکر ؛ بانس کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

ٹونٹی : مؤنث ؛ لوٹے یا بدھنے وغیرہ کی نلی۔

ٹونگا ٹانگی : مؤنث ؛ ٹونگنا۔

ٹونگنا : تھوڑا تھوڑا کھانا ، ایک ایک دانہ اٹھا اٹھا کر کھانا ۔

ٹوہ : مؤنث ؛ کھوج ، تجسّس ۔

—— لگانا : کھوج لگانا ، خبر لگانا ، پتا لگانا ، سراغ لگانا۔

—— لینا : پتا لگانا ، عندیہ دریافت کرنا۔

—— میں رہنا : تلاش میں رہنا ، عیب جوئی کے درپے رہنا۔

ٹوہا ٹوئی : مؤنث ؛ چھان بین ، دیکھ بھال ، تلاش ، ٹٹول ۔

ٹوہیا : مذکر ؛ تلاش کرنے والا ، جاسوس ، وہ شخص جو کسی امر کی تلاش میں رہے۔

ٹویاں : (ا) ایک قسم کا چھوٹا توتا (۲) ننھا سا ، پست قد ، بونا۔

ٹ - ہ

ٹہل : مؤنث ؛ گشت ، چہل قدمی ۔

ٹہلا دینا : (ا) غائب کر دینا (۲) ٹالنا ہٹانا ، دفع کرنا (۳) موقوف کرنا ، خارج کرنا ۔

ٹہل جانا : (ا) کہیں سے چلا جانا (۲) مر جانا۔

ٹہلنا : (۱) آہستہ آہستہ پھرنا، گشت لگانا (۲) علاحدہ ہونا۔ جدا ہونا، چلا جانا (۳) مرنا (۴) سیر کرنا، ہوا کھانا۔ تفریح کے واسطے پھرنا۔

ٹہلوا : مذکر؛ خادم، خدمت گار۔

ٹہنا : مذکر؛ درخت کی موٹی اور بڑی شاخ۔

ٹہنی : مؤنث؛ (۱) چھوٹی شاخ، ڈالی (۲) کنول یا گلاس لگانے کی آہنی شاخ۔

ٹہوکا : مذکر؛ اشارہ انگلی یا بازو کا خفیف اشارہ۔

—— **دینا** : ہاتھ یا پاؤں سے دھکا دینا، ٹھیلنا (۲) آگاہ کرنا ہوشیار کرنا، جگانا، بیدار کرنا۔

ٹ۔ی

ٹی : TEA (انگ)؛ چائے۔

—— **پارٹی** : PARTY —— (انگ) مذکر؛ دعوتِ عصرانہ، چائے نوشی۔

ٹیبل : TABLE (انگ) مذکر؛ (۱) میز، مسطح چوکی یا تختہ۔ فہرست، جدول (۳) دسترخوان۔

—— **کلاتھ** : CLOTH —— (انگ) مذکر؛ میز کا کپڑا، میز پوش۔

—— **کور** : COVER —— (انگ) مذکر؛ میز پوش۔

—— **لیمپ** : LAMP —— (انگ) مذکر؛ میز پر رکھا ہوا لیمپ۔

ٹیبلٹ : TABLET (انگ) مؤنث؛ دوا کی گولی ٹکیا، قرص۔

ٹیاں : مونث؛ ایک قسم کی چھوٹی کوڑی۔

—— **سی جان** : (عو) اکیلا دم۔

ٹیپ : مؤنث؛ (۱) چپت، دھول (۲) تمسک (۳) اونچا سُر، الاپ (۴) مُسدّس کی تیسری بیت، مُخمّس مثلث وغیرہ کی اخیر بیت، بند، گرہ (۵) فوج کا دستہ (۶) ایک زیور کا نام جسے عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۷) چوٹی کا عمدہ منتخب، چیدہ، اعلا (۸) پکی عمارت کی جڑائی کی درزیں برابر کر دینا۔

ٹیپ : TAPE (انگ) مذکر؛ (۱) فیتا، ڈوری (۲) پیمایش یا ناپ کا فیتا (۳) وہ فیتا جس پر آواز ریکارڈ کی جاتی ہے۔

ٹیپ ٹاپ : مؤنث؛ آرائش، زیب و زینت۔

ٹیپ ریکارڈر : TAPE RECORDER (انگ) مذکر؛ فیتے پر آواز ریکارڈ کرنے والی مشین۔

ٹیپنا : (۱) دبانا، بھینچنا (۲) لکھ لینا، ٹانک لینا، یادداشت میں درج کر لینا (۳) آلاپنا (۵) روپیا وصول کرنا، روپیا جیب میں رکھنا۔

ٹیچر : TEACHER (انگ) مذکر؛ سکھانے یا پڑھانے والا استاد، معلّم۔

ٹیرف : TARIFF (انگ) مذکر؛ (۱) مال کے محصول کی فہرست، چنگی کی فہرست (۲) محصول نامہ (۳) چنگی اور محصول کا قانون۔

ٹیڑی : مؤنث؛ ٹیڈی

—— **دل** : ٹیڈی دل۔

ٹیڑھ : کجی، خم، اینٹھ، شرارت، سرکشی، جہالت۔

—— **کی لینا** : شرارت کرنا، سرکشی کرنا، اینٹھنا، فیل لانا۔

—— **نکال دینا** : (۱) کجی دور کرنا، اتنا مارنا پیٹنا کہ شرارت بھول جائے۔

ٹیڑھا : مذکر؛ (۱) خم دار، جھکا ہوا (۲) پھرا ہوا، برخلاف مخالف (۳) اُجڈ، اودھی سمجھ کا (۴) خفا، ناراض (۵) شریر۔

—— **بانکا** : چھیلا، طرح دار، وضع دار، سپاہی وضع، اکھڑ

—— **پن** : مذکر؛ کجی، شرارت، مخالفت۔

—— **سمجھنا** : الٹا سمجھنا، کسی بات کے الٹے معنی لگا لینا۔

—— **سوال** : پیچیدہ مسئلہ، مشکل مسئلہ۔

—— **نظر آنا** : ناراض معلوم ہونا، بگڑا ہوا دکھائی دینا

—— **وقت** : بُرا وقت، مصیبت کا وقت۔

—— ہونا : (۱) کج ہونا (۲) (کنایتاً) ؛ خفا ہونا ، بگڑنا ، اینٹھنا اکڑنا۔

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا / ٹیڑھی آنکھیں کرنا : ترچھی نظر سے دیکھنا۔ غصہ سے دیکھنا ، مخالفانہ نظر ڈالنا ، ناراض ہونا ، بے مروتی کرنا ، بری نظر سے دیکھنا۔

—— ترچھی سنانا : بُرا بھلا کہنا۔

—— سیدھی : مؤنث ؛ کڑی اور نرم باتیں۔

کھیر : (مثل) ؛ مشکل کام ، دشوار کام۔

—— نگاہ / ٹیڑھی نظر : ترچھی نگاہ ، قہر کی نگاہ۔

ٹیڑھے : آزردہ ، برہم۔

—— تار کا جوتا : چاندی سونے کے خمیدہ تاروں کا جوتا۔

ٹیس : مؤنث ؛ (۱) رہ رہ کر درد اٹھنا (۲) جز وبندی ، کتاب کی سلائی۔

ٹیسٹ : TASTE (انگ) مذکر ؛ (۱) مزہ ، ذائقہ نمونہ ، پسندیدگی (۲) شوق ، مذاق ، ذوق۔

ٹیسنا : درد کرنا ، میٹھا میٹھا درد ہونا۔

ٹیسو : مذکر ؛ (۱) ڈھاک کا پھول ، ڈھاک کا درخت (۲) وہ مٹی کا پتلا جس کو لڑکے دسہرے کے زمانے میں گھر گھر شب کے وقت لیے پھرتے ہیں (۳) ٹیسو کے گیت۔

ٹیک : ٹھونی ، کھمبا (۲) پشتی سہارا (۳) کسی چیز کو کسی پر سیدھا کھڑا کرنا۔

ٹیکا : مذکر ؛ (۱) قشقہ ، تلک ، صندل یا سیندور وغیرہ کا (۲) بچوں کو بد نظر سے بچانے کے لیے پیشانی پر نیل یا سُرمہ کا نشان (۳) ولی عہد ، گدی کا وارث (۴) ایک زیور کا نام (۵) چیچک کا احتیاطی ٹیکہ (۶) خصوصیت کا نشان (۷) گدی پر بٹھانے کی رسم (۸) وہ نشان جو ہندوؤں میں سفر یا یاترا میں جاتے وقت لگاتے ہیں (۹) زیور جو گھوڑے کے ماتھے پر پہناتے ہیں۔

—— کرنا : (ہندو) سگائی کرنا ، منگنی کرنا۔

ٹیکرا : مذکر ؛ ٹیلا۔

ٹیکس : TAX (انگ) مذکر ؛ (۱) محصول ، لگان (۲) جرمانہ ، تاوان۔

ٹیکسٹائل : TAXTILE (انگ) مذکر ؛ بُنا ہوا کپڑا ، پارچہ۔

—— آرٹ : فنِ پارچہ بافی۔

—— مل : MILL —— (انگ) مذکر ؛ کپڑا بننے کا کارخانہ

ٹیکسی : TAXI —— (انگ) مؤنث ؛ کرائے پر چلنے والی موٹر۔

ٹیکن : مؤنث ؛ اڑوار۔

ٹیکنا : (۱) رکھنا ، سہارا دینا (۲) (قمار باز) داؤں پر لگانا۔

ٹیکنی شین : TECHNICIAN (انگ) مذکر ؛ کسی فن کا ماہر۔

—— کل : ٹیکنی کل —— (انگ) ؛ (صفت) فنی ، کسی خاص فن یا علم کے متعلق ، صنعت و حرفت کا۔

—— کلر : COLOUR —— (انگ) مذکر ؛ رنگین فلم جس میں مختلف رنگ الگ الگ بیک وقت نظر آئیں۔

ٹیلا : مذکر ؛ اونچا مقام ، اونچی زمین ، زمین کا بلند پشتہ۔

ٹیلر : TAILOR (انگ) مذکر ؛ درزی ، خیاط

ٹیلرنگ شاپ TAILORING SHOP (انگ) مؤنث ؛ درزی کی دکان۔

ٹیلسکوپ : TELESCOPE (انگ) مذکر ؛ دوربین۔

ٹیلی پرنٹر : TELE PRINTER (انگ) مذکر ؛ تار بھیجنے کی مشین جس کے ذریعہ ایک مقام سے بھیجا ہوا پیغام دوسرے مقام کی مشین پر خود بخود ٹائپ ہو جاتا ہے ، لاسلکی ٹائپ رائٹر۔

ٹیلی پیتھی : TELE PATHY (انگ) مؤنث ؛ اشراق کسی مادی واسطے کے بغیر ایک دل کا اثر دوسرے دل پر ڈالنا۔

ٹیلیفون : TELEPHONE (انگ) مذکر وہ برقی آلہ ، جس کے ذریعہ دور دراز مقام پر ایک دوسرے سے بات کرنا

ٹیلیگراف: TELEGRAPH (انگ) مذکر؛ (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ برقی لہروں کے ذریعہ پیام، خبریں یا اشارات بھیجنا۔

ٹیلیگرام: TELEGRAM (انگ) مذکر؛ (۱) برقیہ تار برقی، تار، پیام یا خبر جو بذریعہ تار برقی بھیجا جائے۔

ٹیلی ویژن: TELEVISION (انگ)؛ مذکر (۱) ریڈیو کی ایک تعلیم یافتہ شکل جس میں آواز کے ساتھ شکل بھی دکھائی دیتی ہے (۲) لاسلکی کے ذریعہ دور دراز کی چیزوں کا مشاہدہ

ٹیم: TEAM (انگ) مؤنث؛ مل کر کام کرنے والوں کی یا کھیلنے والوں کی جماعت، گروپ، جتھا، ٹولی۔

—— اسپرٹ: SPIRIT —— (انگ) مؤنث؛ مل جل کر کام کرنے والوں کا جذبہ، یک جہتی۔

ٹیم: چراغ کی بتی کا وہ حصہ جو جل کر سیاہ ہو جائے، چراغ کی بتی کا شعلہ۔

ٹیم ٹام: نمائش، آرائش، زینت۔

ٹیمپل: TEMPLE (انگ) مذکر؛ مندر۔

ٹین: دیکھو ٹن۔

ٹیں: مؤنث؛ توتے کی آواز۔

—— ٹیں: مؤنث؛ (۱) توتے کی متواتر آواز (۲) مہمل بات بے ہودہ بات، بے ہودہ بکنے والے کی صدا۔

—— ٹیں کرنا: (تحقیر سے) توتے کی طرح بولنا، بڑبڑانا، بکنا۔

—— ہو جانا: (تحقیر سے) توتے کی طرح مر جانا، مر کر رہ جانا۔ مر جانا۔

ٹینٹ: مذکر؛ (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا ابھرا ہوا دانہ (۳) روئی کا پھل۔

ٹینٹ: TENT (انگ) مذکر؛ خیمہ، شامیانہ چھولداری۔

ٹینٹوا: مذکر؛ گلا، حلق، حلقوم۔

—— دبانا: گلا گھونٹنا، عاجز کرنا، گردن دبانا، سخت تقاضا کرنا۔

—— لینا: گلا دبانا۔

ٹینڈر: TENDER (انگ) مذکر؛ ٹھیکے کا تخمینہ ایک تحریری درخواست جس میں کسی خاص کام کو پورا کرنے کی ذمہ داری لی جائے۔

ٹینس: TENNIS (انگ) مذکر؛ گیند بلے کا ایک مشہور کھیل۔

ٹینک: TANK (انگ) مذکر؛ (۱) ٹنکی، حوض تالاب (۲) توپ بردار جنگی گاڑی۔

ٹینی: دیسی مرغیوں کی نسل، دوغلی مرغیاں یا مرغ۔

ٹیوب: TUBE (انگ) مذکر؛ (۱) نلی، نلکی (۲) وہ سلینڈر جو اندر سے کھوکھلا ہو، (۳) موٹر یا سائیکل کا ٹیوب۔

—— ویل: WELL —— (انگ) مذکر؛ ایسا کنواں جس میں سے پائپ کے ذریعہ پانی نکالا جاتا ہو، نل کنواں۔

ٹیوٹر: TUTOR (انگ) مذکر؛ (۱) آتالیق، استاد، معلم (۲) بچوں کو گھر پر تعلیم دینے والا معلم۔

ٹیوشن: TUITION (انگ) معلمی، آتالیقی۔

ٹھ۔ا

ٹھا: مؤنث؛ (۱) جگہ، مکان، مقام (۲) مدھم آواز، متوسط آواز۔

ٹھاٹ / ٹھاٹھ: مذکر؛ (۱) بانس کا چوکھٹا، ڈھانچہ (۲) فیشن ڈھنگ، طریقہ، ناز و انداز (۳) آرائش، تجمل، زیب و زینت (۴) لکڑی پھینکنے والوں کا لکڑی پھینکتے وقت خاص طریقہ سے کھڑا ہو جانا۔ پینترا (۵) جلوس، سامان، سواری دھوم دھام (۶) ستار کی کھونٹی کا درست کرنا (۷) مرغ کا مرغ سے لڑنے کو بڑھتے وقت کا انداز (۸) ساز و سامان، تکلف۔

—— باٹ سے رہنا: شان و شوکت سے رہنا، آن بان سے رہنا

باندھنا: (۱) ٹھاٹر باندھنا، ٹٹی باندھنا (۲) پٹے بازوں کا چوب بازی کے قاعدہ سے کھڑا ہونا، شان و شوکت دکھانا۔

—— پڑا رہ جانا : سب سامان دنیا میں رہ جانا۔
—— پھیلانا : کسی امر کی درستی کا سامان جمع کرنا۔
—— کرنا : (۱) مستی میں کبوتروں کا پر مارنا (۲) تیاری کرنا۔ آراستگی کرنا، آرائش کرنا (۳) عیش و آرام سے رہنا۔
—— مار کے اٹھنا : مرغ کا پر جھاڑ کے اڑنے کے واسطے اٹھنا۔
—— مارنا : پرند خصوصاً کبوتر کا پرواز کے وقت بال و پر مارنا۔
ٹھاٹر : مذکر : (۱) ڈھانچ، ٹٹی (۲) کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا چال، کبوتر خانہ، چڑیا خانہ (۳) خوشی کے موقع پر روشنی کرنے کی ٹٹی۔
—— بندی : مؤنث : روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا۔
ٹھاکر : (۵) مذکر : (۱) دیوتا، ایشور (۲) دیوتا کی مورت (۳) مالک، سردار، زمیندار (۴) راجپوت، چھتری (۵) ایک عزت کا لفظ (۶) دولت مند، مالدار۔
—— باری / دوارا : مذکر : مندر، وہ مکان جس میں رام چندر جی یا کرشن جی کی مورت ہو۔
—— سیوا : مؤنث : (۱) دیوتا کی پرستش، دیوتا کی خدمت (۲) وہ جاگیر جو مندر کے واسطے وقف ہو۔
ٹھالنا : (۱) ٹھونسنا، کھاپ کھر بھرنا، خوب بھرنا، ٹھسا ٹھس بھرنا (۲) داخل کرنا، گھسیڑنا۔
ٹھانا : (۱) پکا ارادہ کرنا، منصوبہ باندھنا (۲) قرار دینا، نیت کر لینا۔
ٹھانو : (۵) مؤنث : جگہ۔

ٹھ - پ

ٹھپا : مذکر : (۱) نقش، سکہ، ابھرا ہوا نقش، مُہر (۲) نقش کرنے کا آلہ، سانچہ (۳) ایک قسم کا چوڑا منقش بادلے کا بنا ہوا گوٹا، لیس۔
—— لگانا : سکہ لگانا، نقش کرنا۔
ٹھپ کر دینا / ہو جانا : رک جانا، بند ہو جانا، جمود یا تعطل کا شکار ہو جانا۔

ٹھ - ٹ

ٹھٹ / ٹھٹھ : مذکر : ہجوم، بھیڑ۔
—— کے ٹھٹھ لگنا : بہت زیادہ بھیڑ لگنا۔
ٹھٹا / ٹھٹھا : مذکر : (۱) قہقہہ، وہ ہنسی جو بلند آواز سے ہو (۲) نہایت سہل۔
—— اڑانا : ہنسی اڑانا۔
—— کرنا : ہنسنا، چہل کرنا، تمسخر کرنا۔
—— لگانا / مارنا : (۱) قہقہہ مارنا (۲) (کنایتاً) : تمسخر کرنا
ٹھٹھے باز : ٹھٹول کرنے والا مسخرا۔
—— بازی : مؤنث : (۱) مزاح (۲) (کنایتاً) : معمولی بات۔
—— میں اڑانا : تمسخر کرنا، تضحیک کرنا، ہنسی میں اڑانا۔
ٹھٹھر / ٹھٹھر : مؤنث : ٹھنڈ، کپکپی۔
ٹھٹھرنا / ٹھٹھرنا : (۱) سردی سے اینٹھنا، لرزنا، سردی کی شدت سے بے انتہا کانپنا (۲) درخت پودے یا انسان وغیرہ کا پڑھنے سے رہ جانا، قوت نامیہ کا زایل ہو جانا۔
ٹھٹھری : مؤنث : بانس کا فریم، بانس کا ڈھانچا۔
ٹھٹھک : مؤنث : ٹھٹکنا۔
ٹھٹھکنا : (۱) چلتے چلتے رک جانا، حیرت یا خوف سے (۲) رکنا ٹھہرنا (۳) الگ ہو کر رہ جانا۔
ٹھٹول : مؤنث : ہنسی، ظرافت، مذاق۔
ٹھٹولی : مؤنث : ظرافت، خوش طبعی، چھیڑ، چھیڑ خانی۔
ٹھٹولیاں کرنا : تمسخر کرنا۔
ٹھٹیرا : مذکر : (۱) پیتل کانسے تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا، کسیرا (۲) جوار باجرے کی لکڑی۔
ٹھٹیرے مارنا : (محاورہ) : بابل عورتوں کا خیال ہے کہ منگل کے دن ٹھٹیرے کی مار سے آدمی دبلا ہو جاتا ہے۔
—— ٹھٹیرے بدلائی : (مثل) : دو ہم پیشہ یا دو ہم فن کا رکا آپس میں مباحثہ جنگ کرنا۔

ٹھ - ڈ

ٹھڈّا : مذکّر ؛ (۱) کنکوّے کی بیچ کی موٹی تیلی (۲) ریڑھ کی ہڈّی۔
—— **ٹوٹی** : مؤنّث ؛ کمر ٹوٹی، کبڑی، وہ عورت جس کی کمر جھک گئی ہو۔
ٹھڈّی : مؤنّث ؛ (۱) ٹھوڑی (۲) بُھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلایا خستہ نہ ہوا ہو۔
—— **پکڑنا/میں ہاتھ دینا** : خوشامد کرنا ؛ منّت سماجت کرنا۔
—— **کا گڑھا** : چاہ ذَقن۔
—— **کے نیچے ہاتھ رکھنا** : حیرت اور استعجاب ظاہر کرنا۔
—— **پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا** : (کنایتاً) ؛ فکرمند ہونا، غم گین ہونا۔

ٹھ - ر

ٹھِر : مؤنّث ؛ ٹھنڈ، پالا، نہایت سردی، خنکی جس سے ہاتھ پاؤں بے قابو ہو جائیں۔
ٹھِرنا : سردی کی تکلیف برداشت کرنا، سردی کا اثر ہو جانا۔
ٹھرّا : مذکّر ؛ (۱) گھر میں بنائی ہوئی خراب شراب (۲) انگیا کے بند، انگیا کی تنی (۳) وہ اینٹ جو اچھی طرح پکّی نہ ہو (۴) ایک قسم کا گنوارو جوتا۔

ٹھ - س

ٹھَس : (۱) ٹھوس، پرمغز (۲) نکمّا اور سُست آدمی (۳) کودن، گُند ذہن (۴) روپیا جس میں جھنکار نہ ہو (۵) پتنگ کے اوپر نیچے کے کنّے جب برابر نہ ہوں۔
—— **پن** : مذکّر ؛ بھدّا پن۔
ٹھسّا : مذکّر ؛ (۱) غرور، دماغ، گھمنڈ (۲) ٹھاٹھ، زیب وزینت خاص انداز (۳) نقش، ٹھپّا، چھاپا، سانچا۔
ٹھساٹھس : صفت، کھچا کھچ، خوب بھرا ہوا، ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا۔
ٹھُسا دینا : زیادہ کھلا دینا۔
ٹھَسّاک : مؤنّث ؛ (۱) بھڑک، شان وشوکت، دھوم دھام (۲) ناز وانداز، خرام معشوقانہ، خوش خرامی (۳) کھانسی کی آواز (۴) ضرب۔
ٹھُسکا : مذکّر ؛ کھانسی کی آواز، تھوڑی تھوڑی کھانسی۔
ٹھُسکنا : (۱) مٹّی کے برتن میں ٹھیس لگنے سے دراز پڑ جانا (۲) گرا دینا، دے مارنا۔
ٹھُسکنا : بچّوں کا بے آواز رونا۔
ٹھُسنا : بہتے پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا، خوب ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔
ٹھُسنا : ایک چیز کا دوسری چیز میں بہ مشکل سمانا۔
ٹھُسوانا : بھروانا۔

ٹھ - ک

ٹھکانا : مذکّر ؛ (۱) گھر، منزل، مقام (۲) پتا، نشان، سراغ (۳) اعتبار، بھروسہ (۴) جائے قرار، مرکز (۵) موقع، (۶) حد، انتہا۔
—— **ڈھونڈنا** : (۱) جگہ تلاش کرنا، گھر ڈھونڈنا، رہنے کا مکان تجویز کرنا، (۲) نوکری تلاش کرنا۔
—— **کرنا** : (۱) جگہ کرنا، ٹھہرانا، رہنا (۲) گھر بسانا، بیاہنا، انتظام کرنا، بندوبست کرنا۔
—— **لگانا** : پتا لگانا، سراغ لگانا۔
ٹھکانے سے لگانا : مناسب موقع پر پہنچانا، سب ٹھیک ٹھاک کر دینا۔
ٹھکانے کا آدمی : بھلا مانس، اچھے طور طریق کا آدمی۔
—— **کی آواز** : ٹھیک ٹھیک سروں پر پہنچنے والی آواز جو ادھر اُدھر نہ بھٹکے۔
—— **کی بات** : معقول بات، ٹھیک بات۔
—— **لگانا** : (۱) منزلِ مقصود تک پہنچانا، کامیاب کرنا (۲) مار ڈالنا (۳) اڑا دینا۔ خرچ کر دینا، اٹھا ڈالنا، صرف کر دینا (۴) کسی کام کو پورا کر دینا، انجام پر پہنچانا، رائیگاں نہ کرنا (۵) گھر بسا دینا، بیاہ کر دینا (۶) موقع پر خرچ کرنا (۷) نوکری لگا دینا، کام سے لگا دینا۔

ٹھکرا : مذکر؛ ٹھیکرا۔
ٹھکرانا : (۱) ٹھوکر مارنا، روندنا، ذلیل اور خوار جان کر لات مارنا (۲) (کنایتاً)؛ ترک کرنا۔
ٹھکرایا جانا : ٹھوکر سے مارا جانا، تحقیر اور ذلت سے نکالا جانا
ٹھکرائن : مؤنث؛ (۱) ٹھکرائن ٹھاکر کی بیوی (۲) رادھا یا سیتا جی وغیرہ کی مورت۔
ٹھکرائی : مؤنث؛ (۱) سرداری، حکومت، راج (۲) امیری، دولت مندی (۳) خدائی۔
ٹھکری : مؤنث؛ چھوٹا ٹھیکرا۔
ٹھکنا : (۱) گڑنا، اندر گھسنا (۲) پٹنا، سزا پانا (۳) پچھڑنا کشتی کھانا (۴) مغلوب ہونا، شکست کھانا (۵) نقصان اٹھانا (۶) قید خانہ میں جانا، بیڑیاں پڑنا، کاٹھ میں دیا جانا (۷) (عم) داخل ہونا، پڑنا، دائر ہونا۔

ٹھ۔گ

ٹھگ : مذکر؛ (۱) ٹھگنے والا، دغاباز، وہ شخص جو فریب دے کر کسی سے کچھ لے لے (۲) مسافروں کو لوٹنے والا۔
ٹھگائی : مؤنث؛ رہزنی، فریب، دھوکا۔
ٹھگ بدیا : مؤنث؛ علم قزاقی، مکاری، دغابازی، چال، فریب کی باتیں۔
ٹھگا جانا : دھوکا کھانا، جُل کھانا۔
ٹھگ لانا : مؤس لانا، دھوکا دے کر لے آنا، چرا لانا، راہ مار کر لانا۔
ٹھگ لینا : دھوکا دے دینا، غریب یا بھولے آدمی کو دم دے کر کچھ لے لینا، چھل لینا، جُل دے کر لے لینا۔
ٹھگنا : (۱) لوٹنا (۲) فریب دینا، دغا دینا، فریب دے کر کچھ لے لینا۔
ٹھگی : مؤنث؛ (۱) قزاقی (۲) ٹھگ کا پیشہ۔

ٹھ۔ل

ٹھلوا : مذکر، بے کار، بے شغل۔
ٹھلیا : مؤنث؛ مٹی کا چھوٹا گھڑا۔

ٹھ۔م

ٹھمری : مؤنث؛ ایک قسم کا گیت یا راگ۔
—— اڑانا : ٹھمری گانا۔
ٹھمک : مؤنث؛ ناچنے کی چال، ناز و انداز کی رفتار۔
—— ٹھمک : مٹک مٹک کر، خرام ناز سے، آہستہ آہستہ چال سے
—— چال : مذکر؛ رفتار معشوقانہ، خرام ناز۔
ٹھمکا : مذکر؛ چھوٹا، پستہ قد، ٹھنگنا۔
ٹھمکنا : ناز و انداز سے چلنا، مٹک مٹک کر چلنا۔
ٹھمکی : مؤنث؛ (۱) جھٹکا، ہلکا سا جھٹکا، کنکوے کی ڈور کو جھٹکا دینا، (۲) پستہ قدی، ناٹے قدکی۔

ٹھ۔ن

ٹھنٹھ : مذکر؛ (۱) سوکھا ہوا درخت یا گدا جس کے پتے اور ڈالیاں گر پڑی ہوں (۲) ہاتھ کٹا ہوا، پہنچا یا کلائی۔
ٹھنٹھنانا : (۱) گھنٹی بجانا، ٹھن ٹھن کرنا (۲) دندنانا، کسی جگہ موجود ہو کر مزے اڑانا (۳) کھنکھنا، بجنا۔
ٹھنڈ : (۵) مؤنث؛ سردی، خنکی۔
—— پڑنا : خنکی ہو جانا۔
ٹھنڈا : مذکر؛ (۱) سرد، خنک (۲) وہ جو شوخ طبع اور چالاک نہ ہو (۳) کم شہوت (۴) سست، کاہل (۵) متحمل، بردبار (۶) بے نفس، رحم دل۔
—— برف : بہت سرد۔
—— پڑنا / پڑ جانا : (۱) سرد ہو جانا (۲) مر جانا (۳) سست اور بے رونق ہونا (۴) غصہ دھیما ہونا۔
—— رکھنا : خوش رکھنا، آرام سے رکھنا۔
—— رہنا : خوش رہنا، آسودہ رہنا، آرام سے رہنا بے رونق رہنا۔
—— کرنا : (۱) سرد کرنا، خنک کرنا (۲) بجھانا (۳) غصہ دھیما کرنا (۴) (عو) توڑنا (چوڑیاں وغیرہ) (۵) دفن کرنا، ڈالنا

(تعزیے کے لیے) (۶) مار ڈالنا۔

—— گرم نہ دیکھنا: (مجازاً) ناتجربہ کار ہونا۔

—— لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے: (مثل)؛ جیسے مزاج کا آدمی تیز مزاج پر غالب آجاتا ہے۔

—— ملمع: مذکر؛ وہ ملمع جو تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جائے۔

—— ہونا: (۱) سرد ہونا (۲) کسی چیز کی گرمی نکل جانا (۳) دل مرنا، ڈوب جانا، غرق ہونا (۴) خوش ہونا، آرام پانا، سکہ پانا (۵) گرم مقام سے نکل کر سرد مقام میں دم لینا۔ تھک جانے کے بعد ستانا، تازہ دم ہونا۔

ٹھنڈائی: مؤنث؛ (۱) تبرید، وہ دوا جو گرمی دفع کرے۔ (۲) بھنگ،

ٹھنڈک: مؤنث؛ (۱) سردی، خنکی (۲) خوشی، راحت، آرام چین، تسلی۔

—— پڑنا: (۱) جلن دور ہونا، چین آنا (۲) (طنزاً) مقصد حاصل ہونا، مراد بر آنا (۳) کسی فساد یا فتنہ وغیرہ کا کم ہونا (۴) غصہ رفع ہونا، دشمنی جاتی رہنا (۵) تسلی ہونا، صبر ہونا، اطمینان ہونا۔

ٹھنڈی: مؤنث؛ (۱) سرد، خنک (۲) خوش و خرم بامراد (۳) بے رونق۔

—— سانس: مؤنث؛ آہ سرد۔

—— گرمیاں: مؤنث؛ اوپری محبت، ظاہری اختلاط، بے مزہ شوخیاں۔

—— مار: اندرونی سزا۔

—— مٹی: مؤنث: کم بڑھنے اور نہ پھیکنے والا جسم، دیر میں جوان ہونے والا جوان۔

ٹھنڈیاں: مؤنث؛ چیچک کے دانے۔

—— کی باگ مڑنا: چیچک کے دانوں کا مُرجھانا۔

ٹھنڈے پیٹوں: (عو) بخوشی، خوشی سے، آرام سے، بے لڑے جھگڑے سیدھے سیدھے۔

—— ٹھنڈے: (۱) علی الصباح، سویرے (۲) (طنزاً) آرام سے، خوشی خوشی، خیریت سے

—— ٹھنڈے جانا / ٹھنڈے چلنا: (۱) سویرے اور ٹھنڈ کے وقت جانا (۲) آرام سے جانا (۳) (طنزاً) خوشی خوشی جانا جان سلامت لے کر جانا، رخصت ہونا، دفع ہونا۔

—— لوہے بھی کہیں پٹنے سے ڈھیلے پڑے ہیں: (مثل)؛ زیادہ عمر ہو جانے کے بعد بچوں کی اصلاح نہیں ہو پاتی۔

ٹھنکنا / ٹھِنکنا: (۱) ناز سے رونا، بچوں کی طرح بلکنا، ریں ریں کرنا (۲) ضد کرنا، بچے کا لاڈ سے رونا، بچوں کا بغیر گریہ آواز نکالنا۔

ٹھنگنا: مذکر؛ پستہ قد، بونا۔

ٹھنگیر: مؤنث؛ (۱) گزک، بطور شغل کسی خشک چیز کا ایک ایک کر کے کھانا (۲) ریوڑیوں کی ٹھنگیر۔

ٹھنّنا: (۱) دل میں پکا ارادہ ہونا (۲) ان بن ہونا (۳) قرار پانا۔

ٹھ۔ و

ٹھو: (عم) صفت، عدد (جیسے ایک ٹھو، دو ٹھو)۔

ٹھوٹ: (۱) بے مغز، بے وقوف (۲) جاہل، ان پڑھ۔

ٹھور: مؤنث؛ (۱) جگہ، ٹھکانا (۲) سراغ، کھوج۔

—— بے ٹھور: موقع بے موقع، جا بے جا، نازک جگہ۔

—— ٹھکانا: مذکر؛ جائے قرار، مسکن، رہنے کی جگہ۔

ٹھوڑی: مؤنث؛ ٹھڈی، زنخداں۔

—— تارا: مذکر؛ وہ تل جو کسی حسین کی ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی ہو۔

ٹھوس: پر مغز، بھاری، بوجھل، سخت۔

ٹھوک بجا کے: (۱) اچھی طرح دیکھ بھال کے کھرا کھوٹا، ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے، جانچ کے، اطمینان کر کے، سوچ سمجھ کے (۲) علانیہ، کھلے خزانے۔

ٹھوکر: مؤنث؛ (۱) جو چوٹ پنجے میں کسی سخت چیز سے لگے یا قصداً پشتِ پا یا نوکِ پا سے کسی چیز کو ماریں (۲) گھوڑے کی ٹھوکر۔

—— اٹھانا : صدمہ اُٹھانا ۔ نقصان اٹھانا ۔
—— پر ٹھوکر اٹھانا : متواتر صدمے اٹھانا ، نقصان پر نقصان اٹھانا ۔
- پر ٹھوکر لگنا : نقصان پر نقصان ہونا ، تکلیف پر تکلیف پہنچنا ۔
—— پر مارنا : (کنایتاً) ؛ حقیر سمجھنا ، ذلیل سمجھنا ۔
ٹھوکر کھانا : کسی چیز کی ٹکر پاؤں میں لگنا ، پاؤں میں کسی سخت چیز کی چوٹ لگنا ۔ الجھنا ۔ الجھ کے گر پڑنا ، صدمہ اٹھانا ، نقصان اٹھانا ، بھولنا ، چوکنا ، دھوکا کھانا ۔
—— لگانا : (۱) لات مارنا ، ٹھکرانا (۲) ایڑ مارنا (۳) کچھ نہ سمجھنا بہت حقیر سمجھنا ۔
—— لینا : (۱) الجھ کے گرنا (۲) لغزش کھانا ۔
—— مارنا : (۱) لات مارنا ، ٹھیس لگانا ، ٹھوکا دینا (۲) کسی چیز کو ترک کرنا ، قبول نکرنا ۔
ٹھوکریں چلنا : پاؤں کی ضربیں لگنا ۔
—— کھانا : (۱) لاتیں کھانا (۲) پامال ہونا (۳) مارا مارا پھرنا ۔ (۴) سختیاں جھیلنا (۵) طعنے سہنا (۶) غلطیاں کرنا ۔
—— کھلانا / ٹھوکریں کھلوانا : (کنایتاً) ؛ ذلیل کرانا ، دربدر پھرانا ۔
ٹھوکنا / ٹھونکنا : (۱) گاڑنا (۲) کوٹنا (۳) زدوکوب کرنا لات مکے سے مارنا (۴) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا (۵) عرضی دینا ، نالش کرنا (۶) جڑنا ، لگانا ۔
ٹھونٹھ : ڈنڈا ، درخت کا تنا جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں خشک درخت جس میں پتے نہ ہوں ۔
ٹھونٹھا : مذکر ؛ (۱) لانبی خشک لکڑی (۲) حقہ کی سیدھی نے ۔
ٹھونس ٹھانس : مؤنث ؛ کسی چیز کا کسی چیز میں دبا کر ٹھونس دینا ۔
ٹھونسنا : (۱) دبا کر بھرنا ، خوب زور کے ساتھ بھرنا (۲) گھسیڑنا (۳) (تحقیر سے) کھانا ، نگلنا (۴) زبردستی کھلانا ۔
ٹھونگ / ٹھونگا : مؤنث ؛ (۱) چونچ ، کوے کی چونچ (۲) بیچ کی انگلی کو دہرا کرنا ۔

ٹھ - ہ

ٹھہرانا : (لکھنؤ) دیکھو ٹھیرانا ۔
ٹھہراؤ : (لکھنؤ) دیکھو ٹھیراؤ ۔
ٹھہرا ہونا : (لکھنؤ) قرار پانا ۔
ٹھہرنا : (لکھنؤ) دیکھو ٹھیرنا ۔

ٹھ - ی

ٹھیا : مذکر ؛ (۱) حد ، توڑہ (۲) جگہ ، گدی ، دوکان دار کے بیٹھنے کی جگہ ۔
ٹھیٹ / ٹھیٹھ : (۱) خالص ، اصلی (۲) وہ زبان جس میں کسی اور زبان کی آمیزش نہ ہو ۔
ٹھیرانا : (۱) روکنا ، تھامنا (۲) ٹھانا ، منصوبہ باندھنا (۳) مجمد کرنا ، قائم کرنا (۴) مکان میں اتارنا (۵) تجویز کرنا (۶) قیمت چکانا ، بھاؤ تاؤ کرنا ، نرخ مقرر کرنا (۷) قرارداد کرنا ۔
ٹھیراؤ : مذکر ؛ (۱) قیام ، ٹھہرنا (۲) وقفہ (۳) قرارداد ۔
ٹھیرنا : (۱) رکنا ، قیام کرنا ، کھڑا رہنا (۲) ثابت قدم رہنا (۳) طے ہونا ، قرار پانا (۴) جمنا ، بیٹھ جانا (۵) فروکش ہونا ۔ اترنا (۶) تاریخ مقرر ہونا (۷) قرار پانا (۸) طبیعت کا بحال ہونا (۹) گواہ کا اپنے اظہار میں قائم رہنا (۱۰) نوبت آنا (۱۱) غم کھانا ، صبر کرنا (۱۲) تہ نشیں ہونا ، نیچے بیٹھنا ، تہ پر پہنچنا ۔
ٹھیس : مؤنث ؛ خفیف صدمہ ، جو شیشہ یا دکھتے ہوئے عضو کو کسی سخت چیز کی ٹکر سے پہنچے ۔
ٹھیک : مؤنث ؛ (۱) اڑوار ، ٹیک ، ڈاٹ (۲) تلا ، تلی ، پیندی ۔ جوتے کی ایڑی (۳) تلوار کی تہ ، نال (۴) لکڑی اور غلے کا انبار (۵) وہ چیز جس سے لکڑی یا آتش بازی کے انار یا پھولوں کے گملے کے سوراخ بند کرتے ہیں ۔
—— نکل جانا : (۱) پیندی ٹوٹ جانا (۲) (مجازاً) ؛ گھبرا جانا سٹ پٹا جانا ۔
ٹھیک : (۱) درست ، صحیح ، بجا ، موزوں (۲) ہو بہو ،

جوں کا توں (۳) پورا پورا (۴) جیسا چاہیے، (۵) مناسب۔

—— آنا : (۱) موزوں ہونا، کپڑے یا جوتے وغیرہ کا جسم کے مطابق ہونا (۲) عین وقت اور عین موقع پر آنا۔

—— بنانا : سزا دینا، تنبیہ کرنا، درست کرنا، کسی کام کے لائق کرنا، ذلیل و خوار کرنا۔

—— ٹھاک : (۱) ہر طرح سے درست لیس، تیار، چست، موزوں (۲) مذکر؛ ٹھور ٹھکانا، (۳) سہارا، نوکری، روزگار (۴) طے شدہ۔

—— ٹھاک کرنا : (۱) درست کرنا (۲) ٹھہرانا، پختہ کرنا (۳) انتظام کرنا۔

—— ٹھور : مناسب جگہ۔

—— ٹھیک : (صفت) سچ سچ بے کم و کاست، بعینہٖ، ہوبہو۔

ٹھیکا : مذکر؛ (۱) اجارہ (دینا لینا کے ساتھ) (۲) نشست گاہ ٹھہرنے کی جگہ۔

—— بجانا : طبلہ یا ڈھولک اس طرح بجانا کہ گانے والے کی آواز کو سہارا ملے۔

—— بھرنا : گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔

—— لینا : (کنایتاً)؛ ذمہ لینا۔

—— دار : مذکر؛ اجارہ دار، وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو۔

ٹھیکرا : مذکر؛ (۱) گلی ظرف کا ٹکڑا (۲) ناریل کی سخت پوست (۳) (تحقیراً) ظرف، مسی و ظرف کہنہ وغیرہ (۴) لانکسار یا تحقیر سے) مکان جائداد۔

—— پھوڑنا : تہمت لگانا، الزام دینا۔

ٹھیکری : مؤنث؛ (۱) ٹھیکرا کی تصغیر (۲) مٹی کا توا، مٹی کا وہ ظرف جس میں آگ رکھتے ہیں۔

—— کرنا : (عو)؛ روپیا، پیسا بے قدری سے صرف کرنا، کثرت سے اٹھانا، بے دریغ صرف کرنا۔

—— کی مانگ : پیدائشی رشتہ، بچہ پیدا ہونے پر رشتے کی مانگ ہو جانا۔

ٹھیکی : مؤنث؛ (۱) وہ چیز جس کے سہارے بوجھ اٹھانے والے بوجھ رکھ کر دم لیتے ہیں (۲) غلہ رکھنے کی جگہ، غلے کا انبار (۳) وہ جگہ جہاں لکڑی بیچنے والے لکڑی جمع کرتے ہیں، لکڑی کا انبار، پتاور کا انبار (۴) اڑواڑ۔

—— لگانا : (۱) بوجھ سر سے اتار کر دم لینا، چلتے چلتے تھک کر دم لینا (۲) انبار لگانا۔

ٹھیکیاں لینا : دم لینا، تھوڑا چل کے ٹھہر جانا۔

ٹھیکیں : مؤنث؛ وہ بال جو مرد اپنے رخساروں پر رکھتے اور مونچھوں سے ملاتے ہیں۔

ٹھیلا : مذکر؛ (۱) دھکا (۲) ریلا (۳) ایک قسم کی ہاتھ سے دھکیل کر مال و اسباب ڈھونے والی گاڑی۔

ٹھیلنا : کہنی مارنا، ٹھوکا دینا، کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹا دینا، پیچھے ڈھکیلنا، ریلنا۔

ٹھیسنا : مذکر؛ طعن و تشنیع۔

ٹھینٹ / ٹھینی / ٹھینٹھی : کان کا جمع ہوا میل۔

ٹھینگا : مذکر (۱) انگوٹھا (۲) لاٹھی، سونٹا۔

—— دکھانا : (۱) ہاتھ کا انگوٹھا ٹیڑھا کر کے دکھانا (۲) (کنایتاً) صاف انکار کرنا، چڑانا، چھیڑنا۔

ٹھینگے سے : بلا سے، کچھ پروا نہیں۔

ث

مؤنث ؛ اردو کے حروف تہجی کا ایک حرف۔ حسابِ جمل (ابجد) میں اس کے عدد پانچ سو ہیں۔

ث۔ا

ثابت : (ع) قائم، مستقل، برقرار، مضبوط، پایدار، مستحکم (۲) صداقت کو پہنچا ہوا، تصدیق شدہ، مستند (۳) وہ ستارا جو گردش نہ کرے۔

ثاقب : (ع) روشن، چمکتا ہوا۔

ثالث : (ع) مذکر ؛ (۱) تیسرا (۲) پنچ۔

ثالث نامہ : مذکر ؛ (قانون) پنچ کا فیصلہ۔

ثالثی : مؤنث ؛ پنچایت۔

ثانی : (ع) ؛ (۱) دوسرا (۲) مذکر ؛ نظیر، مانند، مقابل۔

ثانیاً : (ع) دوبارہ، مکرر۔

ثانیہ : (ع) مذکر ؛ پل، منٹ۔

ث۔ب

ثبات : (ع) مذکر، قرار، قیام، پایداری، استقلال، مضبوطی۔

رائے : (اضافت کے ساتھ) رائے کی مضبوطی۔

ثبت : (ع) ؛ (۱) لکھنا، تحریر کرنا (۲) نقش کرنا (۳) لکھا ہوا ہونا۔

ثبوت : (ع) مذکر ؛ دلیل، صداقت، تحقیق (۲) گواہی سے کسی بات کی تصدیق۔

ث۔ر

ثروت : (ع) مؤنث ؛ (۱) مال کی کثرت، دولت، تونگری (۲) حشمت، اختیار، حکومت۔

ثریا : (ع) مذکر ؛ پروین، وہ چھ بہت چھوٹے ستارے جو ایک دوسرے سے ملے ہوتے ہیں۔

ث۔ق

ثقات : (ع) مذکر ؛ جمع ثقہ کی، پرہیزگار لوگ۔

ثقالت : (ع) مؤنث ؛ گرانی، بوجھ، وزن، بھاری پن۔

ثقاہت : مؤنث ؛ ثقہ ہونا۔

ثقل : (ع) مذکر ؛ گرانی۔

سماعت : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ کم سننا، اونچا سننا، گراں گوشی۔

ثقلین : (ع) مذکر ؛ (۱) دونوں جہاں (۲) انسان اور جن۔ (۳) حضرت محمدؐ اور آپ کے اہلِ بیت۔

ثقہ : (ع) مذکر ؛ معتبر آدمی، معتمد آدمی جس کے قول و فعل پر اعتماد ہو۔

بدمعاش : مذکر ؛ پرہیزگاروں کی سی شکل بنانے والا بدمعاش۔

ثقیل : (ع) ؛ (۱) بھاری، وزنی، گراں، بوجھل (۲) دیرہضم

ناقابلِ ہضم۔

ث۔ل

ثُلاثی : (ع) مذکّر؛ تیسرا حصّہ، ایک تہائی ⅓

ث۔م

ثُمّ باللہ : (ع) تاکید قسم کی۔

ثمر : (ع) مذکّر؛ (۱) پھل، میوہ (۲) نیک نتیجہ۔

ثمرہ : (ع) مذکّر؛ (۱) نتیجہ، حاصل، انجام (۲) بدلہ، عوض۔

ثمن : (ع) مذکّر؛ قیمت، مول۔

ثمین : (ع) (۱) قیمتی (۲) آٹھواں حصّہ۔

ث۔ن

ثنا : (ع) مونث؛ مدح، تعریف، ستائش، حمد و نعت۔

ـــ خواں/ثناگر/ثناگستر/ثناگو : (ف)؛ تعریف کرنے والا، مدّاح۔

ثنویت : (ثن، دی، یَت) (ع) مؤنث؛ دو ہونا، دوئی، کسی دو ذات یا شے کا ملنا۔

ث۔و

ثواب : (ع) مذکّر؛ بدلہ، اجرت، نیک عوض، نیک کام کی جزا۔


ـــ بخشنا : (۱) کارِ خیر کا صلہ مرے ہوئے کو دینا (۲) فاتحے درود کا ثواب مرے ہوئے کو پہنچانا۔

ـــ کمانا : نیکی حاصل کرنا، بھلائی حاصل کرنا، نیک کام کرنا۔

ـــ لوٹنا : ثواب کمانا۔

ثوابت : (ع) مذکّر؛ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔

ثور : (ع) مذکّر؛ (۱) بیل (۲) دوسرا برج آسمان کا جو گائے بیل کی شکل کا ہے۔



ج

ج: مذکر، مونث ؛ حروفِ تہجی کا ایک حرف، حسابِ جمل (ابجد) میں اس کے تین عدد ہیں۔

ج-ا

جا: (ف، مؤنث ؛ (۱) جگہ، مقام (۲) موقع۔
—— **بہ جا:** (ف) ؛ ہر جگہ، جگہ جگہ۔
—— **بے جا:** (ف) ؛ موقع بے موقع، بُرا بھلا۔
—— **بے جا کہنا:** بُرا بھلا کہنا۔
—— **سے:** موقع کی بات، سچ، مناسب۔
—— **ضرور:** مذکر ؛ (۱) بیت الخلا (۲) پیمانہ۔
—— **ضرور میں پانی نہ رکھواؤں:** (حقارت سے) ؛ پیمانے میں پانی رکھنے کی خدمت کے بھی لائق نہ سمجھنا، سخت ناپسند ہونا۔
—— **نشین:** (ف) مذکر ؛ قائم مقام، نائب۔
—— **نماز:** (ف) مؤنث ؛ نماز پڑھنے کا فرش، مصلّا۔
جا: جانا سے امر کا صیغہ۔
—— **بھڑنا:** سامنا کرنا، مقابلہ کرنا۔
—— **پڑنا:** یک بارگی کہیں پہنچ جانا، ناگہاں کہیں جانے کا اتفاق ہونا۔
دھمکنا: پہنچ جانا، جا پہنچنا۔
—— **لینا:** گرفتار کرنا، پیچھے سے بڑھ کر کسی کو جا پکڑنا۔
ملنا: جا کر مل جانا، سازش کر لینا۔
—— **نکلنا:** اتفاقاً کہیں جا پہنچنا، بے ارادہ کہیں پہنچ جانا۔
جابِر: (ع) ؛ جبر کرنے والا، ظالم۔
جاپ: (ہ) مؤنث ؛ کسی منتر یا دیوتاؤں کے نام کو دل ہی دل میں بار بار دہرانا، وظیفہ۔
جاتا رہنا: (۱) غائب ہو جانا، بالکل دور ہو جانا، باقی نہ رہنا، گم ہو جانا (۲) مر جانا۔
جاترا: مؤنث ؛ (۱) تیرتھ کو جانا (۲) سفر، کوچ، روانگی۔
جاتری: تیرتھ کو جانے والا۔
جاتی: (ہ) مؤنث ؛ ذات، قوم، مذہب، فرقہ۔
جاتے جاتے: (۱) رفتہ رفتہ (۲) جاتے ہوئے، رخصت ہوتے ہوئے۔
جاٹ: ہندوؤں میں ایک ذات کا نام۔
—— **مرا تب جانیے جب تیرھویں ہو جائے:** (مثل) سخت خوار آدمی کو معدوم ہو جائے پھر بھی اس کی شرارت کا اندیشہ رہتا ہے۔
جاٹھ: مذکر ؛ کولھو کا دھرا جس میں گنا وغیرہ پیلتے ہیں۔
جاجَم / جازَم: ترکی مونث ؛ چھپا ہوا فرش، ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے وغیرہ چھاپ کر فرش بناتے ہیں۔
جادُو: (ف) مذکر ؛ سحر، منتر، افسوں۔
—— **اتارنا:** جادو کا اثر دور کرنا۔
—— **بیان:** (ف) وہ شخص جس کا کلام دل پر اثر کرے۔
—— **جگانا:** جادو کو تازہ کرنا، سحر کو عمل میں لانا۔
—— **چلانا:** سحر کرنا، موٹھ چلانا۔
—— **چلنا:** (۱) سحر کا کارگر ہونا (۲) (مجازاً) ؛ بات کا اثر کرنا۔
—— **کا پتلا:** (۱) جس پر جادو چلانا ہو اس کی صورت کا آٹے کا پتلا بنانا اور اس پر منتر پڑھنا (۲) (کنایتاً) ؛ معشوق۔

____ کی مُوٹھ : جادو کا منتر۔
____ گر : (ف، مذکر) ؛ ساحر، ٹونا کرنے والا۔
____ گری : (ف، مؤنث) ؛ ساحری، سحر سازی۔
____ نظر / نفس / نگاہ : (ف) (کنایتاً) ؛ معشوق۔
____ وہ جو سر پہ چڑھ کر بولے : (مثل) ؛ تدبیر وہی جو کارگر ہو اور جس کا اقرار سامنے والے کو منھ سے کرنا پڑے۔
جادَہ : (ع، مذکر) ؛ پگ ڈنڈی، وہ سیدھی راہ جو جنگل میں لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتی ہے۔ راستہ۔
____ مستقیم : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) ؛ سیدھی راہ، راہِ حق
جاذِب : (ع) جذب کرنے والا، کھینچنے والا، خشک کرنے والا۔ (اینک بلاٹنگ پیپر)
جار : (ع، مذکر) ؛ (۱) پڑوسی، ہم سایہ (۲) زیر یا کسرہ دینے والا۔
جار : JAR (انگ، مذکر) ؛ مرتبان۔
جارُوب : (ف، مؤنث) ؛ جھاڑو۔
____ کَش : (ف، مذکر) ؛ جھاڑو دینے والا، خاک روب۔
جاری : (ع) ؛ رواں، بہتا ہوا، نافذ۔
____ ہونا : (۱) رواں ہونا، بہنا (۲) مسلسل عمل (۳) نافذ ہونا (۴) ڈگری پر عمل درآمد کی کاروائی ہونا۔
جارِیَہ : (ع، مؤنث) ؛ لونڈی، باندی۔
جاڑا : (مذکر) ؛ سردی، سردی کا موسم۔
____ چڑھنا : (۱) سردی لگنا، تپ و لرزہ کا اثر ہونا (۲) کانپنا ڈرنا۔
____ کھانا : سردی کھانا، سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔
جاڑے : (مذکر) ؛ جاڑوں کی فصل۔
____ کی تپ چڑھنا : (۱) تپ و لرزہ آنا (۲) (کنایتاً) ؛ ڈر سے کانپنا۔
____ کی چاندنی : بے لطف چاندنی۔
جاسُوس : (ع، مذکر) ؛ مُخبِر، بھیدی، خفیہ۔
جاسوسی : (مؤنث) ؛ مخبری، خفیہ گری۔
____ لینا : سُن گن لینا۔

جافری / جَعفری : ٹھاٹھر، ٹٹی، لوہے یا لکڑی کی جالی۔
جاکَڑ : (مذکر) ؛ ناپسند ہونے کی صورت میں واپسی کی شرط پر کسی چیز کی خریداری۔
____ بہی : (مؤنث) ؛ جاکڑ (شرطی بکری) لکھنے کا کھاتہ۔
جاکھن : (مؤنث) ؛ لکڑی جس پر کنویں میں اینٹوں کی بنیاد ہو۔
جاگ : (مؤنث) ؛ شب بیداری۔
____ اُٹھنا / پڑنا / جانا : سوتے سے اٹھ بیٹھنا، بیدار ہو جانا۔ چونک پڑنا۔
جاگتی جوت : (مؤنث) ؛ زندہ کرامات، معجزانہ قوت۔
جاگنا : (۱) نیند سے اٹھنا، نیند اچٹنا، (۲) (کنایتاً) ہوشیار ہونا۔ متنبہ ہونا۔
جاگرن : (ہ) (مؤنث) ؛ رات کو جاگ کر عبادت کرنا، رت جگا۔
جاگے گا سو پائے گا، سوئے گا سو کھوئے گا : (مثل) ؛ ہوشیاری سے کامیابی، غفلت اور کاہلی میں ناکامی ہے۔
جاگیر : (ف، مؤنث) ؛ (۱) بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے معافی کی زمین (۲) معافی۔
جال : (ف، مذکر) ؛ (۱) پیلو کا درخت (۲) دام، پھندا (۳) مکر فریب، شعبدہ (۴) حلقہ دار، سوراخ دار چیز۔
____ بچھانا / پھیلانا : (۱) دام پھیلانا (۲) مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا :
____ پھینکنا : (۱) دریا میں جال پھینکنا (۲) فریب کی چال چلنا، دھوکا دینے کے واسطے کاروائی کرنا۔
____ تاننا : (کنایتاً) ؛ مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔
____ دار : پھندے دار، حلقہ دار، جالی کا۔
____ ڈالنا : (۱) جال بچھانا (۲) فریبی کاروائی کرنا (۳) جال دریا میں ڈالنا۔
____ مارنا : (۱) جال کے ذریعے سے جانور کو پکڑنا (۲) فریب دینا چال کرنا، کسی کو فریب میں لانا۔
____ میں آنا : (۱) کسی جانور کا جال میں گرفتار ہو جانا (۲) دھوکے میں آجانا۔
____ میں پھنسنا : (۱) فریب میں لانا، پٹی پڑھانا (۲) جال میں

شکار پکڑنا (۳) دقت میں ڈالنا، مصیبت میں ڈالنا۔

جالا : مذکر؛ (۱) مکڑی کا اپنے لعاب سے تانے بانے سے بنایا ہوا شکار کا جال (۲) وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھوں میں پڑجاتی ہے۔ آنکھوں کی ایک بیماری۔

جالی : مؤنث؛ (۱) سوراخوں والا کپڑا (۲) کشیدہ، خانے دار کڑھا ہوا کپڑا (۳) رسّی کا بنا ہوا جالی دار تھیلا یا تھیلی (۴) حیوانات کے اوجھ پر کی چربی دار جھلی (۵) وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۶) مونچھیوں کے منہ پر باندھنے کا چھینکا (۷) جعلی، فریبی، دغاباز؛ بنایا ہوا، اصل کے خلاف، مصنوعی (۸) پتھر یا لکڑی کا آرپار خانے دار لقروں اور عمارتوں میں لگانے کا ٹکڑا (۹) پتھر یا لوہے کا سوراخ دار ٹکڑا جیسے کھڑکی یا موری میں لگایا جاتا ہے (۱۰) حلقہ (۱۱) لٹو پھرانے کا ڈورا (۱۲) جھنجری۔

—— کاڑھنا / نکالنا : جالی کا کام کرنا۔ کپڑے پر کچھ کام بنانا، کشیدہ کاڑھنا۔

—— لوٹ مذکر؛ ایک قسم کا باریک خانے دار انگریزی کپڑا۔

جالیا : فریبی، چال باز۔

جالینوس : مذکر؛ یونان کا ایک مشہور حکیم۔

جام : JAM (انگ) مذکر؛ شکر میں پکائی ہوئی پھلوں کی پسی

جام : (ف) مذکر؛ ساغر، شراب پینے کا پیالہ۔

—— پیما : (ف)؛ شراب خور

—— جم / جمشید / جہاں نما : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ جمشید بادشاہ کا روایتی پیالہ جس سے دنیا کا حال معلوم ہوجاتا تھا۔

—— چڑھانا : شراب کا پیالہ پینا۔

—— چلنا : شراب کا دور چلنا۔

—— لب ریز ہونا : قریب مرگ ہونا۔

جامِد : (ع) (۱) جما ہوا، پتھر (۲) ایک نحوی اصطلاح۔

جامدانی : ایک قسم کا کڑھا ہوا پھول دار کپڑا۔

جامِع : (ع)؛ جمع کرنے والا، شامل، حاوی، کل، تمام۔

—— مسجد : مؤنث؛ وہ بڑی مسجد جس میں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔

جامعیّت : (ع) مؤنث؛ جامع ہونا، سب طرح کی خوبیاں۔

جامُن / جامُن : مؤنث؛ (۱) ایک آدھے رنگ کا پھل اور اس کے درخت کا نام (۲) وہ دہی یا چھاچھ جس کے وسیلے سے اور دہی جماتے ہیں۔

جامہ : (ف) مذکر؛ (۱) کپڑا (۲) لباس، قبا، پیراہن (۳) وہ خاص قسم کا لباس جو نوشاہ کو پہناتے ہیں۔

جامۂ احرام : (ف) مذکر؛ وہ لباس یا کپڑا جس کو حج کرنے والا مقررہ مقامات سے پہن لیتا ہے۔

جامہ پہن لینا : (کنایتاً) ہمہ تن کسی کا مدّاح ہونا، کسی کا طرف دار ہونا۔

—— زیب : وہ شخص جس پر ہر قسم کا لباس اچھا معلوم ہو۔

جامے سے باہر ہوجانا : (۱) (کنایتاً)؛ آپے سے باہر ہوجانا۔ (خوشی یا غصّے سے) (۲) (کنایتاً)؛ بہت اترانا۔

—— سے نکلا پڑنا : نہایت اترانا۔

—— سے نکل جانا : اپنے جامے سے باہر ہوجانا۔

—— میں پھولا نہ سمانا : (۱) نہایت خوش ہونا، فرطِ خوشی سے آپے میں نہ رہنا (۲) نہایت اترانا۔

—— میں ہونا : اپنے حواس میں رہنا

—— وار : مؤنث؛ ایک قسم کی پھول دار چھینٹ یا اوڑنی پھول دار چادر۔

جان : مؤنث؛ پہچان، واقفیت، آگاہی۔

—— بوجھ کر : سوچ سمجھ کر، عمداً، دیدہ و دانستہ۔

—— پہچان : (۱) مؤنث؛ واقفیت، صاحب سلامت، شناسائی (۲) مذکر؛ واقف کار، ملاقاتی۔

—— کرانا جان بننا : کسی چیز سے واقف ہوکر نا واقف بننا۔

—— لینا : پہچان لینا، معلوم کرلینا۔

—— نہ پہچان بڑی خالہ سلام : (مثل)؛ بغیر تعلقات کے گرم جوشی ظاہر کرنے والا، کسی سے بے جا خصوصیت ظاہر کرنا جس میں اپنی بڑائی مقصود ہو۔

جان : (ف) مؤنث؛ (۱) روح، زندگی (۲) بل، زور، ہمت۔ (۳) لب لباب، اصل (۴) تعظیم اور پیار کا کلمہ (۵) طاقت،

مَجال (ع) مذکر؛ (کنایتاً) معشوق۔
جاناں/جانانہ : (ف)؛ محبوب، پیارا۔
جان آنا/جان آجانا : طاقت آجانا، پنپ جانا، تازگی حاصل ہونا، تسلی ہونا۔
جان اٹکنا : دم نکلتے نکلتے کہیں رک جانا۔
—— اُلجھنا : جان کا مصیبت میں پڑنا۔
—— باز : (ف)؛ دلیر، بڑا محنتی۔
—— بچانا : (۱) کسی کو مرنے سے بچانا، مصیبت سے بچانا (۲) (اپنی کے ساتھ) بھاگ جانا، پیچھا چھڑانا۔
—— بچنا : جان سلامت رہنا۔
—— بچی اور لاکھوں پائے : (مثل)؛ جیتا رہنا ہی غنیمت اور بڑی دولت ہے۔
—— بخش : (ف)؛ تازگی بخشنے والا۔
—— بخشی : (ف) مؤنث؛ معافی، درگزر۔
—— بحق ہونا : مرجانا۔
—— بر : (ف)، (کنایتاً)؛ صحیح سلامت، محفوظ۔
—— بر ہونا : سلامت بچنا۔
—— برلب ہونا : مرنے کے قریب ہونا۔
جان بوجھ کے : قصداً، دیدہ ودانستہ۔
—— بیچنا : (کنایتاً)؛ کسی لالچ میں وہ کام کرنا جس سے جان کا ڈر ہو۔
—— بے کل ہونا : دل بے چین ہونا، بے قراری ہونا۔
—— پانا : (۱) تروتازہ ہونا، پنپ جانا (۲) (کنایتاً)؛ قوت پانا، حوصلہ پانا۔
—— پر آبنانا : جان پر آفت ہونا، ایسی تکلیف ہونا جس سے جان کو صدمہ ہو۔
—— پر بجلی پڑے/گرے : (بددعا)؛ مصیبت آئے، ناگہانی آفت پڑے۔
—— پر بنانا/بن جانا : جان خطرے میں پڑنا، مصیبت واقع ہونا۔
—— جوکھم آنا : جان پر مصیبت آنا۔
—— پر ٹوٹنا : بڑی مصیبت آجانا۔
—— پر کھیلنا/کھیل جانا : ایسے کام کی جرأت کرنا جس میں ہلاکت کا خوف ہو۔
—— پر نوبت آنا : جان پر بننا۔
—— پڑنا : (۱) انڈے یا بچے میں جان پڑنا (۲) تازگی حاصل ہونا (۳) جی کو فرحت ہونا، کلیجا ٹھنڈا ہونا (۴) بیماری سے پنپنا، کمزوری دور ہونا (۵) رونق آجانا۔
—— پڑی ہونا : کسی بات کی فکر ہونا، کسی طرف خیال لگا ہونا۔
—— پھڑکنا : بے تابی ہونا۔
—— پھنسانا : جان عذاب میں ڈالنا۔
—— توڑنا : بہت کوشش کرنا۔
—— جاں : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) (۱) روح اعظم (۲) (کنایتاً)؛ بہت پیارا، معشوق۔
—— چھپانا : حیلہ ڈھونڈنا، بہانہ کرنا۔
—— چھڑانا : پیچھا چھڑانا۔
—— چھڑکنا : مرنا، فریفتہ ہونا۔
—— چھوڑنا : (۱) پیچھا چھوڑنا (۲) ہمت ہارنا۔
—— چھوٹنا : جھگڑے سے چھوٹنا۔
—— دار : ذی روح، زوردار، مضبوط، تیز، امیر، دولت مند۔
—— جانا : (۱) مرجانا (۲) واقف ہوجانا (۳) گھبرا جانا۔
—— جائے کہ رہے : کچھ ہی مصیبت کیوں نہ آئے، کیسا ہی نقصان کیوں نہ ہو۔
—— جلانا : جی جلانا، رنج دینا، بے حد غصہ دلانا۔
—— جلنا : دکھ ہونا، ایذا ہونا، رنج ہونا۔
—— جوکھوں/جوکھم : مؤنث؛ اندیشہ، خوف، ڈر، مصیبت۔
—— جوکھم میں ڈالنا : جان خطرے میں ڈالنا۔
—— جہاں : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً)؛ معشوق۔
—— چرانا : کام سے بھاگنا، کام سے پہلو تہی کرنا۔
—— چلی جانا : بہت بے چین ہونا۔
—— ستاں : (ف)؛ جان لینے والا۔
—— شور : (ف)؛ جان جلانے والا، تکلیف دینے والا۔

—— سَن سے ہو جانا : سہم جانا، ڈر جانا۔
—— سوکھنا : (۱) دل کڑھنا، بُرا معلوم ہونا (۲) بہت خوف معلوم ہونا۔
—— سولی پر ہونا : جان خطرے میں ہونا، کسی بات کا دھڑکا ہونا۔
—— دُوبھر ہونا : زندگی سے بیزار ہونا، زندگی اجیرن ہونا۔
—— دُھک دُھکی میں آٹکنا : جان دھڑکن میں ہونا۔
—— دینا : (۱) مرجانا (۲) نہایت بخل کرنا (۳) خودکشی کرنا۔
—— سے بیزار ہونا / جان سے تنگ ہونا : موت کا خواہاں ہونا، زندگی سے سیر ہونا۔
—— سے جانا : مرجانا۔
—— سے دُور : جو بُری بات کہی یا سنائی جارہی ہے اس کا روئے سخن جس کی طرف ہے خدا اس کو محفوظ رکھے۔
—— سے زیادہ : بہت عزیز، بہت پیارا۔
—— سے گزرنا : جان سے جانا
—— سے ہاتھ اٹھانا / جان سے ہاتھ دھونا : زندگی سے مایوس ہونا، مرنے پر آمادہ ہوجانا۔
—— فشانی : (ف) مؤنث ؛ بڑی محنت۔
—— کا ٹکڑا : مذکر ؛ آرام دل، معشوق، جگر کا پارہ۔
—— کا جنجال : نہایت ناگوار، دوبھر۔
—— کا روگ : وہ بیماری جس سے ہلاکت کا خطرہ ہو، زندگی کو بے لطف کر دینے والا۔
—— کا خواہاں ہونا : جان لینے کی فکر میں ہونا۔
—— کا ڈر ہونا / کھٹکا ہونا : ہلاکت کا اندیشہ ہونا۔
—— کا صدقہ مال : جہاں روپیا خرچ کر کے جان خطرے سے بچ سکے روپیا خرچ کرنا چاہیے، جان بچانے کے لیے مال قربان کر دینا چاہیے۔
—— کا عذاب : وہ جس سے جان پر مصیبت ہو، جان کا جنجال
—— کاہ : (ف) ؛ جان گھلانے والا، محنت مشقت کا کام۔
—— کا لاگو ہونا : (۱) قتل کرنے کے درپے ہونا (۲) کسی کے پیچھے پڑجانا۔
—— کا لیوا : جان کا دشمن۔
—— کام آنا : کسی خدمت میں جان جانا۔
—— کنی : مؤنث ؛ نزع، موت کے وقت سانس اُکھڑنا، عذاب
—— کو آجانا : بے انتہا غصہ ہونا۔
—— کو جان نہ سمجھنا : نہایت محنت اور مشقت کرنا، جان کو عزیز نہ رکھنا۔
—— کو رونا / جان کو کلیجا : بد دعا دینا، کسی بدخواہ یا دشمن سے تکلیف اٹھا کر اسے کوسنا، صبر کر بیٹھنا۔
—— کھپانا : فکر کرنا، بہت مشقت اٹھانا۔
—— کھنچنا : جان نکلی جانا۔
—— کھونا : جان دینا، رنج وغم کرنا۔
—— کی امان : مؤنث ؛ معافی، رہائی، عفو۔
—— کے برابر رکھنا : نہایت عزیز رکھنا۔
—— کی جان گئی، ایمان کا ایمان گیا : (مقولہ) ؛ ہر طریقے سے نقصان ہی نقصان ہوا، دین کے رہے نہ دنیا کے۔
—— کی خیر : جان کی سلامتی۔
—— کی خیرات مال : دیکھو، جان کا صدقہ مال۔
—— کی طرح رکھنا : جان کے برابر عزیز رکھنا۔
—— کے لالے پڑنا : جینے کی امید نہ رکھنا۔
—— گداز : (ف) ؛ جان گھلانے والا، جان لیوا۔
—— گداز آواز : وہ آواز جس میں درد بھرا ہو کہ سننے والوں کا اس سے دل دُکھے۔
—— گزار : (ف) ؛ جان گھٹانے والا۔
—— گسل : (ف) ؛ جان گھلانا، فکر کرنا، تردد کرنا۔
—— گھل جانا : فکر یا تردد سے جان کا مضمحل ہونا، جان کوفت میں ہونا۔
—— گنوانا : جان کھونا۔
—— لبوں پر آنا : قریب مرگ ہونا، عالم نزع میں ہونا۔
—— لڑا دینا : (کنایتاً) ؛ دل وجان سے کوشش کرنا، جان دینے پر مستعد ہونا۔
—— لہرانا : طبیعت کا مائل ہونا۔

—— لینا : (۱) ہلاک کرنا (۲) (کنایتاً) ؛ تنگ کرنا ، عاجز کرنا ، دق کرنا (۳) تاڑ لینا ، پہچان لینا ۔
—— لیوا : جان لینے والا ، دشمنِ جان ، تکلیف دہ ۔
—— مار کر کام کرنا : دل توڑ کر کام کرنا ۔
—— مارنا : (۱) نہایت کوشش کرنا (۲) دِق کرنا ، اَذِیّت پہنچانا ۔
—— من : (ف) ؛ (اضافت کے ساتھ) ، میری جان ، عزیز ، اپنی جان کی طرح پیارا ۔
—— میں جان آنا / میں جان پڑنا : اطمینان ہونا ، طبیعت میں تازگی آنا ۔
—— نثار : جان فدا کرنے والا ، جاں باز ۔
—— نثاری : مؤنث ؛ جاں بازی ، جان قربان کرنا ، جفاکشی ۔
—— نِکلنا : (۱) جسم سے روح کا جدا ہونا (۲) (کنایتاً) ؛ فریفتہ ہونا (۳) ہمت ہارنا ، ناکارہ ہونا (۴) گھبرا جانا ، مضطرب ہو جانا ۔
—— نواز : (۱) مہربان (۲) معشوق ۔
—— نہ بچنا : (۱) موت آ جانا ، مر جانا (۲) چھٹکارا نہ ہونا ، مَفَر نہ ہونا ۔
—— نہ ہونا : سکت نہ ہونا ، قُوّت نہ ہونا ۔
—— وارنا : جان قربان کرنا ۔
—— ہار : جان دینے والا ، جان پر کھیلنے والا ، عاشق ۔
—— ہلاک کرنا : کسی معاملے میں بہت فکر کرنا ، تردّد کرنا ۔
—— ہلکان کرنا : تھکا ماندا ، بہت کام لینا ، مصیبت جھیلنا ، تکلیف دینا ، دِق کرنا ۔
—— ہوا ہونا : جان نکل جانا ۔
—— جان ہونٹوں پر آتا / ہونا : جان لبوں پر ہونا ۔
—— ہے تو جہان ہے / جان ہے تو سب کچھ : (مثل) جیتے جی کا سب لطف ہے ، اپنے دم تک دنیا کا لطف ہے ۔

جانی : (۱) پیارا (۲) معشوق ۔
—— دشمن : جان کا دشمن ، سخت دشمن ، کٹر دشمن ۔
—— دوست : دلی دوست ۔

جانا : (۱) سدھارنا ، رخصت ہونا ، چلنا (۲) گزرنا ، ٹلنا ، ہونا ۔ (۳) چھوٹنا ، جدا ہونا ، علاحدہ ہونا (۴) داخل ہونا ، پہنچنا ، گھسنا (۵) دُور ہونا ، دفع ہونا (۶) ضائع ہونا ، کھویا جانا ، چوری جانا (۷) گرنا ، اُترنا (۸) مرنا (۹) خیال کرنا ، پرواکرنا ، قیاس کرنا (۱۰) سرکنا (۱۱) ٹوٹ جانا ۔
—— بوجھا : مذکر ؛ جس سے اچھی طرح واقفیت ہو ۔
جانے دینا : (۱) جانے کی اجازت دینا (۲) پروا نہ کرنا (۳) معاف کرنا (۴) بات کو بھول جانا ۔
جانب : (ع) طَرَف ، سَمْت ، پہلو ، رُخ ۔
—— دار : طرف دار ، حامی ۔
جانبین : مذکر ؛ دونوں طرف ، فریقین ، طرفین ۔
جانچ : مؤنث ، آزمائش ، امتحان ، آنک ۔
جانچنا : پرکھنا ، آنکنا ، تخمینہ کرنا ، حساب کی پڑتال کرنا ، پہچاننا ، تشخیص کرنا ، تاڑنا ۔
جانگ / جانگھ : مؤنث ؛ ران
جانگیا / جانگھیا : مؤنث ؛ — نیکر ، چڈی جو رانوں تک ہو ۔
جانگلو : گنوار ، جنگلی ، اُجڈ ، بے وقوف ۔
جاننا : (۱) آگاہ ہونا ، آشنا ہونا ، پہچاننا ، تمیز کرنا معلوم کرنا (۲) قائل ہونا (۳) ذمہ دار ہونا (۴) ماننا (۵) سمجھنا ۔
—— بوجھنا : واقف ہونا ۔
جانور : (ف) مذکر ؛ (۱) حیوان ، ذی روح ، کیڑا مکوڑا (۲) چوپایہ چرند ، درندہ (۳) پرندہ (۴) گھوڑا (۵) وحشی ، غیر مانوس (۶) احمق ، بے وقوف ۔
جانے : خبر نہیں ، کیا معلوم ۔
جاوتری / جوتری : مؤنث ؛ جائفل کا پھول ۔
جاوداں / جاوید : (ف) ہمیشہ ، سدا ۔
جاودانی : (ف) مؤنث ؛ ہمیشگی ، ہمیشہ ۔
جاہ : (ف) مذکر مؤنث ؛ (۱) رتبہ ، مرتبہ (۲) شرف ، قدر ، بزرگی ، شان ۔
—— وجلال : (ف) مذکر ؛ شان و شوکت ۔

—— وحشم : (ف) مذکر ؛ شان وشوکت، ٹھاٹ۔
—— ومنصب/جاہ ومنزلت : (ف) ؛ قدر ومنزلت، رتبہ بزرگی، شان۔
جاہل : (ع) مذکر ؛ (۱) ناخواندہ، بے علم (۲) وحشی۔
جاہلیت : (ع) مؤنث ؛ (۱) جاہل ہونا (۲) وہ زمانہ جو اسلام سے پہلے تھا، ایام جاہلیت۔
جاہی/جوہی : مؤنث ؛ ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول۔
جائز : (ع) (۱) بجا، درست، مناسب، روا (۲) مباح، مطابق شرع، قانون کے موافق۔
—— رکھنا : ماننا، تسلیم کرنا منظور کرنا، روا رکھنا۔
جائزہ : (ع) مذکر ؛ جانچ، مقابلہ، حاضری، شمار، سرسری امتحان جانچ کی علامت۔
—— دینا : حساب کتاب دینا، جانچ کرانا۔
—— دیکھ لینا : جانچ لینا، آزمائش کرلینا۔
—— لینا : پڑتالنا، جانچنا، حاضری لینا۔
جاے : (ف) مؤنث ؛ جگہ، گنجائش۔
—— تنگ ست مزد ماں بسیار : (ف) (مثل) ؛ چیز تھوڑی اور چاہنے والے بہت۔
—— دم زدن : مؤنث ؛ دم مارنے کا موقع، گلہ شکوہ کی جگہ۔
—— ضرور : مذکر ؛ پیخانہ۔
جائی : (ہ) مؤنث ؛ لڑکی، بیٹی۔
جاے پھل/جایقل : مذکر ؛ جوز۔
جایداد : مؤنث ؛ (۱) ملکیت، مال اسباب، جاگیر، پونجی، اثاثہ مایہ، چیز بست (۲) پیداوار، کھڑی ہوئی فصل۔
—— آبائی : باپ دادا کی جاگیر، جدی وراثت۔
—— مکفولہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ وہ جایداد جو ضمانت میں رہن کردی جائے۔
—— منقولہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ وہ جایداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکیں، مال واسباب زیور وغیرہ۔
—— غیر منقولہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ وہ جایداد جس کی نقل وحرکت نہ ہوسکے، زمین گانو مکان وغیرہ

ج-ب

جب : جس وقت، جوں جوں۔
—— اوڑھ لی لوئی، تو کیا کرے گا کوئی : (مثل) بے حیا کو کسی کا خیال نہیں ہوتا۔
—— تک/تلک : جس وقت تک
—— تک بچہ روتا نہیں، ماں دودھ نہیں دیتی : (مثل) بے طلب کو کچھ نہیں ملتا۔
—— تک جینا تب تک سینا : (مثل) عمر بھر مزدوری کرنا اور کھانا۔
—— تک سانس تب تک آس : (مثل) ؛ زندگی کے ساتھ امید قائم ہے۔
—— تک دم ہے، تب تک غم ہے : (مقولہ) ؛ غم اور فکر جان کے ساتھ ہیں۔
—— تک جان میں جان ہے : جب تک زندگی ہے۔
—— کہیں جاکے : بڑی دقت سے۔
—— نہ تب : (۱) وقت بے وقت، وقتاً فوقتاً (۲) غیر محدود زمانہ (۳) اکثر، ہمیشہ۔
جبھی : جب ہی کا مخفف۔
—— تو : اسی لیے۔
جبّار : (ع) ؛ (۱) جبر کرنے والا (۲) زبردست، بزرگ۔ (۳) خدائے تعالیٰ کا نام۔
جبر : (ع) مذکر ؛ (۱) دباؤ، جور وجفا (۲) علم حساب کی ایک قسم۔
جبراً : (ع) ؛ زبردستی، مجبور کرکے۔
—— قہراً : چاروناچار، مجبوری سے۔
جبر اٹھانا : سختی جھیلنا، دکھ سہنا۔
جبر وتعدی : مؤنث ؛ ظلم وستم، زبردستی۔
جبر ومقابلہ : (ع) مذکر ؛ حساب کے ایک علم کا نام، الجبرا۔
جبروت : (ع) ؛ (۱) عظمت، کبریائی (۲) (اصطلاح صوفیہ)

عالم عظمت وجلال، اسمائے صفاتِ الٰہی و مرتبۂ وحدت۔
جبروتی: مؤنث؛ بزرگی کی شان، کبریائی۔
جبروزبردم: (ع) مذکر؛ (۱) جبریت، عقیدۂ جبر (۲) یہ عقیدہ کہ انسان کا ارادہ خارجی قوتوں کا پابند ہے۔
جبرئیل/جبریل: مذکر؛ ایک فرشتے کا نام جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے رسولوں کو وحی و احکام پہنچایا کرتے تھے۔
جبریہ: مذکر؛ ایک اسلامی فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ بندے کو اعمال و افعال میں کچھ اختیار نہیں وہ بالکل مجبور ہے۔
جبڑا: مذکر؛ کلاّ، منہ کے اوپر اور نیچے کا حصّہ۔
جبل: (ع) مذکر؛ پہاڑ۔
جبلّت: (ع) مؤنث؛ خلقت، اصل طبیعت (نفسیات کی اصطلاح) پیدائشی فطرت۔
جبلّی: خلقی، پیدائشی، قدرتی، اصلی۔
جبن: (ع) مذکر؛ (۱) نامردی، بزدلی، کم ہمتی (۲) دودھ پھاڑ کر نکالا ہوا سفید مادّہ۔
جبّہ: (ع) مذکر؛ پیراہن، کرتے کی صورت کا ایک خاص قسم کا لباس۔
جبہہ: (ع) مذکر؛ ماتھا، پیشانی۔
—— **سائی**: (ف) مؤنث؛ ماتھا رگڑنا، منت سماجت کرنا۔
جبیں: (ع) مؤنث؛ ماتھا، پیشانی۔
—— **سا/فرسا**: (ف)؛ ماتھا رگڑنے والا، منت سماجت کرنے والا۔

ج۔پ

جپ: مؤنث؛ پوجا پاٹ کرنا، منتر، کسی کا نام بار بار لینا، کسی کا ذکر بار بار کرنا، رٹنا۔
—— **کرانا**: کسی مطلب یا مراد یا بیمار کی تندرستی کے واسطے منتر پڑھوانا، پوجا پاٹ کرانا۔
جپا کرنا: (۱) بار بار پڑھنا (۲) مالا پھیرنا۔
جپنا: مالا پھیرنا، خدا کا نام لینا، رٹنا، بار بار کہنا۔

ج۔ت

جتانا: (۱) خبردار کرنا، ہوشیار کرنا، بتانا (۲) فہمائش کرنا۔ (۳) یاد دلانا (۴) اشارہ کرنا۔
جتائی: مؤنث؛ کھیت کا جوتنا۔
جتاؤ: جوتنے کے قابل زمین۔
جتن: مذکر؛ ڈھنگ، کوشش، تدبیر۔
جتنا: جتنی، جتنے، اسمائے موصول ہیں ان میں شرط کے معنی بھی پائے جاتے ہیں۔
—— **چھانو، اتنا ہی کرکرا**: (مثل)؛ زیادہ دھم سے زیادہ نقص نکلتے ہیں۔ زیادہ تحقیقات سے زیادہ عیب کھلتے ہیں۔
—— **چھوٹا اتنا ہی کھوٹا**: بہت کھوٹا۔
—— **زمین کے اوپر، اتنا زمین کے نیچے**: (مثل)؛ مفسد فتنہ انگیز، جتنا نظر آرہا ہے اس سے دونا چالاک ہے۔
—— **گڑھ ڈالو اتنا ہی میٹھا**: (مثل)؛ جتنا روپیہ خرچ کروگے اسی قدر چیز عمدہ ہوگی، جیسا خرچ کروگے ویسا ہی کام درست ہوگا۔
جتنی چادر دیکھیے، اتنے ہی پانو پھیلایئے: (مثل)؛ حیثیت کے مطابق کام کرنا چاہیے۔
جتنے منھ اتنی باتیں: (مثل)؛ کسی سے کسی کا اتفاق نہ ہونا، کئی لوگوں کا الگ الگ رائیں دینا۔
جتنا: (۱) گھوڑے یا بیل کا ہل یا گاڑی میں لگنا (۲) کسی کام میں بہت مشغول ہونا (۳) کھیت کا جوتا جانا۔
جتیانا: جوتیاں مارنا۔
جتھا: مذکر؛ گروہ، جماعت۔
—— **باندھنا**: جماعت بنانا، متفق ہونا، ایکا کرنا۔

ج۔ٹ

جٹ: مذکر؛ (۱) جفت، جگہ، لاٹ (۲) دو متحد یا متفق آدمی یا کوئی چیز (۳) ہم سر، ثانی (۴) اتفاق۔
جٹا: مؤنث؛ (۱) آپس میں الجھے ہوئے سر کے بال، جوڑا (۲) رہتا

بڑی رسّی (۳) برگد کی داڑھی۔
—— دھاری : (۱) لمبے لمبے بال والا سادھو (۲) مذکر ؛ سانپ جس کے سر پر بال ہوتے ہیں (۳) مذکر ؛ زعفران۔
جٹایو : (ہ) مذکر ؛ ایک پرندے کا نام جس کا حال رامائن میں درج ہے۔
جٹنا/جٹ جانا : (۱) بھڑنا، گتھنا، ملنا، پیوند ہونا (۲) سازش کرنا (۳) چمٹنا، لپٹنا (۴) سَر ہونا (۵) کسی کام میں مستعدی سے لگ جانا۔
جٹھانی : مونث ؛ جیٹھ کی بیوی۔
جُٹھ دینا : جھوٹی باتیں کرنا۔

ج - ث

جُثّہ : (ع) مذکر ؛ بدن، جسم۔

ج - ج

جج : JUDGE (انگ) مذکر ؛ فیصلہ کرنے والا مُنصِف
ججمنٹ : JUDGEMENT (انگ) فیصلہ، اندازہ

ج - چ

جچا تُلا : مذکر ؛ ٹھیک، درست، نپا تُلا
جانچنا : (۱) آزمایا جانا، امتحان ہونا (۲) قیمت کا اندازہ ہونا (۳) وقعت ہونا (۴) ثابت ہونا، یقین کو پہنچنا۔

ج - ح

جحیم : (ع) مذکر ؛ دوزخ۔

ج - د

جَدّ : (ع) ؛ باپ دادا۔
—— امجد : (اضافت کے ساتھ) (ع) ؛ (۱) بزرگ، دادا، (۲) (کنایتاً) حضرت آدمؑ۔
جَدّہ : (ع) مونث ؛ باپ کی ماں، دادی، نانی (۲) (ع) مذکر ؛ عرب میں بحیرۂ قلزم کے کنارے ایک مشہور شہر کا نام۔
جدّی : (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) آبائی، موروثی، باپ دادا کی۔
جِدّ : (ع) مونث ؛ کوشش، دوڑ دھوپ۔
جِدّ و جہد : مونث ؛ کوشش، محنت، مشقت۔
جُدا : (ف) مذکر ؛ الگ، علاحدہ۔
—— جُدا : الگ الگ، فرداً فرداً۔
—— کرنا : (۱) الگ کرنا، علاحدہ کرنا (۲) کاٹنا (۳) توڑنا (۴) نفاق ڈالنا (۵) بیچ ڈالنا (۶) چھڑانا۔
—— گانہ : (ف) ؛ الگ الگ، مُنفَرِد
—— ہونا : (۱) الگ ہونا، علاحدہ ہونا (۲) ٹوٹنا (۳) کٹنا۔
جُدائی : (ف) مونث ؛ علاحدگی، تفرقہ۔
جُدی : مونث ؛ علاحدہ۔
جدال : (ع) مونث ؛ لڑائی، جنگ۔
جَدَل : (ع) مونث ؛ دشمنی، لڑائی۔
جِدّت : (ع) مونث ؛ تازگی، تازہ پن۔ نیا پن۔
جَدَلیاتی مادّیت : (ف) مونث ؛ (۱) (اشتمالی اصطلاح) زندہ رہنے کے لیے جدّ و جہد کا رجحان (۲) اقتصادی جدّ و جہد (۳) منطقی مادّہ پرستی۔
جَدَلیّت : (ف) مونث ؛ مقابلہ، کشمکش، جدّ و جہد۔
جَدوار : مونث ؛ نرسبی، ایک زہر دور کرنے والی جڑ۔
جَدْوَل : (ع) مونث ؛ (۱) صفحے پر سُرخ یا سیاہ کھنچے ہوئے خط (۲) صفحے کے چاروں طرف کے خطوط (۳) حاشیہ کے خطوط۔
جَدی : (ع) مذکر ؛ آسمان کا ایک بُرج۔
جَدید : (ع) (۱) نیا، تازہ، حال کا (۲) نئے تقاضوں کے مطابق حالات کو پیش کرنے والا (جیسے جدید شاعر، جدید ادیب، جدید آرٹسٹ وغیرہ)۔
جَدیدیّت : (ع) مونث ؛ نئے تقاضوں کے مطابق حالات کو ادب میں پیش کرنا، ادب میں نئے طریقے سے سوچنے اور لکھنے کا انداز، نیا پن، تازہ پن۔
جدھر : جہاں، جس جگہ۔

—— تدھر : جہاں تہاں ، یہاں وہاں۔
—— جلتا دیکھیں اُدھر تاپیں : (مثل) ؛ جہاں فائدے کی امید ہو وہاں دوڑیں ، چالاک۔
—— رَبّ اُدھر سب : (مثل) ؛ جس پر اللہ کی مہربانی ہوتی ہے اس کے طرف دار سب لوگ ہوتے ہیں۔
—— سینگ سمایا : جس طرف جانے کا موقع ملا۔

ج ۔ ذ

جُذام : (ع) مذکر ؛ کوڑھ
جُذامی : کوڑھی۔
جَذب : (ع) مذکر ؛ (۱) کھنچاؤ ، کشش ، چوسنا (۲) مَجذوب ، فقیروں کی مخصوص حالت۔
—— کرنا : (۱) چوسنا ، کھینچنا (۲) مائل کرنا ، اپنی طرف کھینچنا۔
—— مقناطیسی : مذکر ؛ مقناطیسی کشش۔
—— ہونا : سوکھنا ، پیوست ہونا ، کھنچنا ، کشش ہونا۔
جَذبہ : (ع) مذکر ؛ (۱) دل کا جوش (۲) کشش ، ولولہ۔ (۳) غصہ۔
جذبات انگیز : (ع) صفت ، جذبات کو بھڑکانے والا۔
جَذر : (ع) مذکر ؛ علم حساب کی ایک اصطلاح۔

ج ۔ ر

جَرّ : (ع) مذکر ؛ (۱) کشش ، کھنچاؤ (۲) زیر۔
—— ثقیل : (اضافت کے ساتھ) ؛ (ع) مذکر ؛ (۱) وہ علم جس کے ذریعے سے بھاری بوجھ بہ آسانی اٹھالیں (۲) بہت کٹھن کام۔
جُرّاب : مؤنث ؛ موزہ۔
جُرأت : مؤنث ؛ دلیری ، چستی۔
جَرّاح : (ع) مذکر ؛ زخم چیر پھاڑ کرنے والا۔
جَرّاحَت : مؤنث ؛ زخم ، گھاؤ۔
جَرّاحی : مؤنث ، زخم کا علاج کرنے کا پیشہ ، ڈاکٹری ، چیر پھاڑ آپریشن۔
جَرّار : (ع) ؛ (۱) بڑا بھاری لشکر (۲) (اردو) بہادر ، سورما۔
جَرائم : (ع) مذکر ؛ بہت سے گناہ ، خطائیں۔
جَرائم پیشہ : غیر قانونی کام کرنے والا۔ عادی مجرم۔
جَرح : (ع) (مذکر و مؤنث) ؛ ردّوقدح ، گواہ کی صداقت جانچنے کے لیے کیے جانے والے سوالات۔
جَرَس : مذکر ؛ (۱) گھنٹا جو قافلے والے کوچ کے وقت بجاتے ہیں (۲) گھنٹا۔
جُرعہ : مذکر ؛ گھونٹ ، ایک گھونٹ بھر پینا۔
جَرگہ : (ترکی) مذکر ؛ گروہ ، فرقہ ، قبیلہ۔
جُرم : (ع) مذکر ؛ گناہ ، قصور ، خطا۔
جُرمانہ : (ف) مذکر ؛ جرم کی پاداش میں جو روپیا وغیرہ لیا جائے مالی سزا۔
جِرم : (ع) مذکر ؛ (جمع اجرام) (۱) جسم ، دھڑ ، بدن (۲) فلکیات ، معدنیات اور جمادات کی اصطلاح (جیسے : جرم کوہ ، جرم قمر ، جرم شمس ، جرم خاک) (۳) نگینے کا جسمانی عیب۔
جرمن سلور : GERMAN SILVER (انگ) مذکر ؛ ایک سفید اور چمکیلی دھات۔
جرنل : JOURNAL (انگ) مذکر ؛ رسالہ ، جریدہ
جرنلزم : JOURNALISM (انگ) مؤنث ؛ صحافت اخبار نویسی
جرنلسٹ : JOURNALIST (انگ) مذکر ؛ صحافی اخبار نویس۔
جُروا : (عم) مؤنث ؛ جورو کی تصغیر ، بیوی ، عورت۔
جَری : (ع) دلیر ، دلاور ، بہادر۔
جَریان / جِریان : (ع) مذکر ؛ (۱) پانی کا رواں ہونا ، بہاؤ ، روانی (۲) ایک مرض کا نام۔
جَریب : مؤنث ؛ (۱) زمین ناپنے کا ایک خاص پیمانہ جو پچپن گز کا ہوتا ہے (۲) عصا ، چوب دستی ، لاٹھی (۳) بادشاہوں کے چوب داروں کے پاس چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی۔
—— ڈالنا : جریب کے وسیلے سے زمین کی پیمائش کرنا۔

جریدہ : (ا) گورنمنٹ کا اخبار، گزٹ (۲) تنہا۔

ج۔ڑ

جڑ : مؤنث ؛ (ا) درخت کا زمین کا اندر والا حصہ، بیخ (۲) بنیاد۔

—— **اُکھیڑنا** : مٹانا، نیست نابود کرنا۔

—— **بنیاد سے** : جڑ سے، بالکل۔

—— **پکڑنا** : جمنا، مضبوط ہونا۔

—— **پیڑ / جڑ مُول** : مذکر ؛ اوپر سے نیچے تک پورا، بیخ و بنیاد۔

—— **پیڑ سے اکھاڑنا / جڑ پیڑ سے کھود کر پھینکنا** : بیخ و بنیاد سے اکھاڑنا، نیست نابود کرنا، اجاڑ دینا۔

—— **جمانا** : بنیاد ڈالنا، پنپور کھنا، ٹھہرانا، قائم کرنا۔

—— **سے بیر پتوں سے یاری** : (مثل) ؛ بزرگوں سے دشمنی اور ان کی اولاد سے دوستی۔

—— **سے اُکھاڑنا / اُکھیڑنا** : (ا) درخت کو جڑ سمیت زمین سے الگ کرنا۔ (۲) (مجازاً) ناپید کرنا۔

—— **کاٹنا** : (کنایتاً) ؛ بنیاد کو ختم کرنا، نیست نابود کرنا۔

جڑاؤ : مرصع ؛ جواہرات سے جڑا ہوا۔

جڑاؤ / جڑاؤ : مؤنث ؛ جاڑے کے کپڑے، گرم کپڑے

جڑائی : مؤنث ؛ (ا) جڑوانے کی مزدوری (جواہرات وغیرہ) (۲) جواہرات کا جڑ دانا۔

جُڑائی : کسی چیز کے جوڑنے کی مزدوری، جوڑنا۔

جڑانا : (ا) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا، پکی کرنا (۲) وصل کرنا، جوڑ ملانا (۳) لکڑی یا ہاتھ سے مارنا (۴) چغلی کھانا، کان بھرنا، شکایت کرنا (۵) نالش کرنا، عرضی دینا، دعوا کرنا۔

جُڑنا : (ا) پیوند ہونا، ملنا (۲) پیوست ہونا، چپکنا (۳) شامل ہونا (۴) جُفت ہونا (۵) جمع ہونا، اکٹھا ہونا (۶) میسّر ہونا حاصل ہونا، ہاتھ لگنا (۷) جُتنا، گاڑی وغیرہ میں بیلوں کا لگنا

جُڑواں : (ا) ایک ماں سے ساتھ ساتھ پیدا ہونے والے دو بچے (۲) آپس میں ملی ہوئی دو چیزیں، توأم۔

جڑی : مؤنث ؛ (ا) رد کھڑی ؛ کسی درخت کی جڑ والی دوا، سانپ کے کاٹے پر زہر مہرہ کا کام دینے والی ایک قسم کی جڑ۔

جڑی بوٹی : مؤنث ؛ دوا دارو، دوا کے کام آنے والے جڑ پتے وغیرہ۔

جڑیّا : مذکر : زیور میں جواہرات جڑنے والا۔

جڑیلا / جڑ پیٹھا : مذکر ؛ وہ مولی یا شلغم جس میں جڑیں نکل کر سختی آگئی ہو۔

ج۔ز

جُز : (ف) ؛ (ا) غیر، سوائے، بجز (۲) سولہ صفحوں کا مجموعہ، (۳) پارہ، ٹکڑا۔

جزا : (ع) مؤنث ؛ بدلہ، صلہ، نیکی کا عوض۔

جزاک اللہ : (ع) ؛ (ا) خدا تجھے (نیک) صلہ دے (۲) شاباش مرحبا، صد رحمت۔

جزائر : (ع) مذکر ؛ جمع جزیرہ کی۔

جز بز ہونا : کبیدہ خاطر ہونا، آزردہ ہونا، ناک بھوں چڑھانا، ترش رو ہونا، غصہ کرنا۔

جزر : (ع) مذکر ؛ سمندر کے پانی کا اتار۔

—— **ومد** : (ع) مذکر ؛ جوار بھاٹا، سمندر کے پانی کا گھٹاؤ بڑھاؤ۔

جزع فزع : (ع) مؤنث ؛ گریہ وزاری، رونا پیٹنا۔

جزم : (ع) ؛ (ا) مضبوط، پکا مصمم (۲) حرف کا ساکن کرنا نیز وہ علامت جو حرف ساکن پر اس شکل (د) کی لکھی جاتی ہے۔

جزو : (ف) مذکر ؛ (ا) ریزہ، پارہ (۲) ۱۶ صفحوں کا مجموعہ۔

جزو بدن ہونا : (اضافت کے ساتھ) ؛ کسی چیز کا بہ خوبی ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جانا۔

—— **بندی / جزو بندی** : مؤنث ؛ کتاب کے اجزا کو ڈور سے سینا، جز جز کر کے سینا، تہ بندی، کتاب کی باہمی سلائی۔

—— **دان / جزو دان** : مذکر ؛ بستہ، تھیلی، جس میں کتاب رکھی جائے

—— **رس / جزو رس** : کفایت شعار، کنجوس۔

—— **رسی / جزو رسی** : مؤنث ؛ بخل، کنجوسی۔

—— کُل : (ا) بالکل، سرتاسر، تمام (۲) تھوڑا بہت۔
—— لاینفک : (لا، ین، فک) کبھی جدا نہ ہونے والا حصہ۔
جُزْوِی : خال خال، ہزار میں ایک، تھوڑا۔
جُزْوِیات : مذکر؛ فروعات، افراد، حصے، چھوٹے چھوٹے امور۔
جُزْو : (ع) (جمع اجزاء) مذکر؛ ٹکڑا، کتاب کے آٹھ ورق۔
جُزْئی : مؤنث؛ منطق کی اصطلاح۔
جَزِیرَہ : (ع) مذکر؛ وہ قطعہ خشکی جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہو۔ ٹاپو۔
جَزِیرہ نُما : (ف) مذکر؛ وہ خشکی کا قطعہ جو تین طرف پانی سے گھرا ہو۔
جِزْیَہ / جَزْیَہ : (ع) مذکر؛ خراج، محصول، اسلامی سلطنت کا وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں کی حفاظت کے لیے لگایا جائے۔

ج۔س

جَس : مذکر؛ (ا) گُن، ذاتی جوہر (۲) اثر، تاثیر (۳) برکت۔
جِس : وہ، جو، اُس۔
—— بَرتَن / ہانڈی میں کھائے، اُسی میں چھید کرے : (مثل)؛ جس سے فائدہ اٹھائیں اُسی کو نقصان پہنچائیں۔ نمک حرام۔
—— پر : تو بھی، بعد ازاں۔
—— تِس : ہر ایک، یگانہ بے گانہ، بُرا بھلا، ہر قسم کا۔
—— رکابی میں کھا، اُسی میں چھید کر : (مثل) جس سے فائدہ اٹھائیں اسی کو نقصان پہنچائیں۔
—— طرح ہو سکے : ہر طرح، ہر طریق سے۔
—— کا کھانا، اُسی پر غرّانا : (مثل)، جس سے فائدہ اسی سے جھگڑا۔
—— کا کھائیے، اُسی کا گائیے : (مثل)؛ جس سے فائدہ ہو اُس کی تعریف و خوشامد کی جاتی ہے۔
—— کی نہ پھٹی بوائی، وہ کیا جانے پیر پرائی : (مثل)؛ جس کو بذات خود تکلیف نہیں ہوئی وہ دوسرے کی تکلیف کو کیا سمجھے گا۔
—— کی لاٹھی اُس کی بھینس : (مثل)؛ زبردست کی جیت ہوتی ہے۔
—— کے ہاتھ ڈوئی، اسی کا سب کوئی : (مثل)؛ (عو) جس کے اختیار میں فائدہ ہوتا ہے اسی کے سب خیر خواہ ہوتے ہیں۔
—— نے بیٹی دی اُس نے کیا اٹھا رکھا : (مقولہ)؛ اولاد سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں وہ دے دی تو سب کچھ دے دیا
—— نے کی شرم، اس کے پھوٹے کرم : (مثل) (عم) طنزاً؛ بے شرم کی مذمت ہے۔
—— ہانڈی میں کھائیں، اسی میں چھید کریں : (مثل)؛ (عم)؛ جس سے فائدہ حاصل کرے اسی کو نقصان پہنچائے۔
جسے پیا / پی چاہے وُہی سُہاگن : (مثل) (عم)؛ جسے مالک چاہے وہی سب سے اچھا ہے۔
جَسارَت : (ع) مؤنث؛ دلیری، مردانگی، گستاخانہ جرات، بے باکی۔
جَسامَت : (ع) مؤنث؛ مُٹائی، کسی چیز کا حجم۔
جَسْت : مذکر؛ (ا) ایک دھات کا نام (۲) کود پھاند، زقند۔
—— وخیز : (ف) مؤنث؛ اچھل کود، چال کی شوخی۔
جُستجُو : (ف) مؤنث؛ تلاش، ڈھونڈنا۔
جَستہ جَستہ : (ف)؛ کم کم، کہیں کہیں سے۔
جَسٹِس : JUSTICE (انگ) مذکر؛ (ا) جج، منصف (۲) عدالت عالیہ کے جج کا رتبہ (۳) انصاف، عدل۔
جَسَد : (ع)؛ مذکر؛ تن، بدن۔
جِسْم : (ع)؛ (جمع اجسام) مذکر؛ بدن، تن، جو شے طول عرض اور گہرائی رکھتی ہے۔
جِسمانی : (ع)؛ (ا) بدنی، جسم سے متعلق (۲) مادی
جِسمیات (جِس، می، یات) : (ع) مذکر؛ غذا سے جسم بنانے والا جزو۔
جَسُولَنی : مؤنث؛ لیسولنی، لیسادل کی تانیث، چوب دار نی۔ وہ عورتیں جو شاہی محل میں خبر پہنچاتی تھیں۔
جَسِیم : (ع)؛ موٹا، بڑے جسم کا۔

ج۔ش

جَشن : (ف) مذکر؛ خوشی کی محفل، خوشی، عیش، خوشی کا دن۔

—— **منانا** : خوشی منانا۔

ج۔ع

جَعد : (ع) مؤنث؛ چوٹی، گھونگھر والے بال، چونڈا۔

جَعفری/جافری : مؤنث؛ (۱) ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول۔ (مجازاً) مطلق زرد (۲) ٹھاٹھ، ٹٹی، لکڑی یا لوہے کی جالی (۳) کھرا سونا (۴) حضرت جعفرؓ سے منسوب۔

جَعل : (ع) مذکر؛ (۱) بدلنا، بنانا، تبدیل (۲) نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعوا کرنا (۳) مکر، فریب، دھوکا۔

—— **بنانا/کرنا** : جھوٹا کاغذ بنانا، جھوٹے دستخط یا مُہر بنانا۔

—— **ساز** : مذکر؛ دھوکے باز۔

—— **سازی** : مؤنث؛ مکر، فریب، جعلی کاغذ بنانا۔

جَعلی : (ع)؛ مصنوعی، وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق بنالیا ہو۔

جَعلیا : دھوکے باز، فریبی، مکار، دغاباز۔

ج۔غ

جُغادری : (۱) بوڑھا خُرانٹ، جہاں دیدہ (۲) مکار۔

جُغرافیہ/جُغرافیا : مذکر؛ وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم کا بیان کیا جائے۔

جُغرافیائی سیاست : مؤنث؛ (سیاسی اصطلاح) کسی دوسرے ملک کے سیاسی نظام پر اثر انداز ہونا۔

ج۔ف

جَفا : (ف) مؤنث؛ ستم، ظلم، زیادتی۔

—— **پیشہ/جو/کار/گستر** : (ف)؛ (۱) ظالم، ستم گار (۲) (کنایتاً)؛ معشوق۔

—— **کش** : محنتی، ظلم سہنے والا، مشقت اٹھانے والا۔

—— **کفا** : مؤنث؛ جور و ظلم، سختی و مصیبت۔

جُفت : (ف) مذکر؛ (۱) جوڑا، وہ عدد جو دو پر پورا پورا تقسیم ہو جائے (۲) ہم سر، ہم پایہ، ثانی، مقابل، (۳) جوتی کا جوڑا۔

—— **سازی** : (ف)، مؤنث؛ (۱) مجیرا بجانا (۲) جوتا بنانے کا پیشہ۔

جُفتہ : (ف) مذکر؛ (۱) شکن، سلوٹ (۲) بال جو اکثر جواہرات میں ہوتا ہے (۳) داغ، دھبا۔

جُفتے پڑنا : (۱) کپڑے کے تاگے جا بجا سے سمٹ کر ایک میں مل جانا۔ (۲) (دلی)؛ عزت میں فرق آنا، سبکی ہونا، حقیر ہونا۔

جُفتی : (ف)؛ نر و مادہ کا باہم ملنا۔

—— **کھانا/کرنا** : جانوروں کے نر و مادہ کا باہم ملنا۔

جَفر : (ع) مذکر؛ ایک علم کا نام جس کے ذریعے سے غیب کے احوال دریافت کرتے ہیں۔

ج۔ک

جکڑ بند : (۱) کسا ہوا، تنا ہوا، مضبوط اور تنگ بندھا ہوا (۲) مذکر؛ گٹھیا، وجع مفاصل (۳) روک۔

جکڑ جانا : اینٹھنا، اکڑنا۔

جکڑنا : (۱) کھینچ کر باندھنا، کسنا (۲) مشکیں باندھنا۔

ج۔گ

جگ : مذکر؛ (۱) دنیا (۲) مخلوق، خلقت، لوگ۔

—— **بیتی** : دنیا جہان کی سرگذشت۔

—— **کی ماں، جہاں کی خالا** : (مثل)؛ گھر گھر پھرنے والی عورت۔

—— **ہنسائی** : مؤنث؛ رسوائی، بدنامی۔

جگ : JUG (انگ) مذکر؛ پانی رکھنے کا ایک برتن۔

جُگ : مذکر؛ (۱) اہل ہند کے مجوزہ چار زمانوں میں سے ہر ایک زمانہ (۲) مدت، عمر، عرصہ، قرن (۳) پیڑھی، پشت (۴) ہمیشہ سدا (۵) ڈورا جو گوٹا بننے والا یا جلاہا تاروں کے جدا رکھنے

کی غرض سے تانے میں ڈال دیتا ہے۔
—— پھوڑنا / توڑنا
—— لوٹنا اور نرو ماری گئی : (مثل) ؛ چوسر کے قاعدے کے مطابق جب تک دو گوٹیں ایک خانے میں رہتی ہیں ان کو مار نہیں سکتے۔ نفاق کی مذمت، اتفاق نہ رہنے سے شیرازہ ابتر ہوجاتا ہے۔
—— جُگ : ہمیشہ، سدا، مُدام۔
—— جُگ جیو : (دعا) ؛ بڑی عمر ہو۔
—— جُگ جیا کر، دودھ بتاشے پیا کر : (دعا) ؛ دنیا میں ہمیشہ خوش رہو۔
جُگادری : (۱) پرانا گھاگ (۲) بہت پرانا اور قدآور (خصوصاً) بندر۔
جُگالی : مؤنث ؛ پاگر، حیوانات کا اپنے چارے کو معدے سے نکال کر منہ میں چبانا۔
جُگالنا : مجگالی کرنا۔
جگانا : (۱) اٹھانا، نیند سے اٹھانا ؛ بیدار کرنا (۲) خبردار کرنا ہوشیار کرنا (۳) پھیکے حرف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا (۴) بیدار رکھنا، سونے نہ دینا، خواب سے باز رکھنا۔
جگت : (۱) مؤنث ؛ دنیا، عالم (۲) مؤنث ؛ کنوئیں کی مینڈ۔
—— آشنا : لوگوں سے زیادہ میل جول رکھنے والا۔
—— استاد : اپنے فن میں طاق، استادِ زمانہ۔
—— گرو : (۱) مذکر، ہندو جگت کا گرو (۲) برہما اور شیوجی کا نام۔
جُگت : مؤنث ؛ (۱) چترائی، کاری گری (۲) جوڑ توڑ، تدبیر سازش (۳) لطیفہ، ذومعنیین بات، تلازمہ، چالاکی، تیزی۔
—— باز : لطیفہ گو، بذلہ سنج۔
—— بازی : لطیفہ گوئی۔
—— رنگ / باز : لطیفہ گو، بذلہ سنج۔
—— لڑنا : ایسے جملے بولنا جس میں کسی طرح کی رعایت لفظی پائی جائے۔
—— لگانا : توڑ جوڑ بٹھانا، تدبیر لڑانا، موقع نکالنا۔
—— ملانا : مطلب گانٹھنا۔
جُگ جُگانا : چمکنا، جھلکنا۔
—— جگا ہٹ : مؤنث ؛ چمک دمک، جھلک۔
جگر : (ف، مذکر ؛ (۱) کلیجا، کلیجی (۲) (مجازاً) ؛ حوصلہ، رنج، غصہ، تاب وطاقت (۳) دل، جان (۴) جوہر، لبِ لباب (۵) بیٹا، پیارا، دلارا۔
—— آب ہونا : (کنایتاً) ؛ سخت اذیت ہونا۔
—— اُچھلنا : (کنایتاً) ؛ جگر پر صدمہ ہونا، خوف طاری ہونا۔
—— افگار / فگار : (ف) ؛ شکستہ دل۔
—— بند : (ف) ؛ (۱) مجموعہ، جگر پھیپھڑے اور دل کا (۲) مذکر (مجازاً) ؛ فرزند، بہت پیارا۔
—— پانا : حوصلہ ہونا۔
—— پانی ہونا : (۱) ہمت ٹوٹ جانا (۲) بہت صدمہ ہونا۔
—— پاش پاش ہونا : رنج وغم سے کلیجے کے ٹکڑے ہونا۔
—— پر پتھر رکھ لینا : دل کڑا کر لینا، ضبط کر لینا، صبر کر لینا۔
—— پر چھریاں چلنا : نہایت بے چین ہونا، بہت پریشان ہونا۔
—— پر مُوگری پڑنا : بہت زیادہ صدمہ ہونا۔
—— پر ہاتھ رکھنا : بے قراری کی حالت میں کلیجا تھام لینا۔
—— پک جانا : بہت اذیت پہنچنا۔
—— پھُنکنا / جلنا : بہت رنج ہونا۔
—— تفتہ : (ف) ؛ جگر بھُنا ہوا، غم گین، رنجیدہ۔
—— تھام کے بیٹھ جانا : نہایت بے تاب ہونا۔
—— ٹکڑے ہونا : کلیجا پاش پاش ہونا (رنج یا صدمے یا کسی چیز کی تیزی سے)۔
—— جلنا : غصہ آنا، افسوس ہونا۔
—— جگر دِگر دِگر : (مثل) ؛ اپنا، اپنا ہی ہے، غیر، غیر ہی ہے۔

—— چاک ہونا : بہت زیادہ صدمہ ہونا۔
—— خراش : (ف) ؛ تکلیف دینے والا، بہت اذیت پہنچانے والا۔ جگر پر اثر کرنے والا۔
—— خون کر دینا : بہت صدمہ پہنچا دینا۔
—— دو ٹکڑے ہونا : بہت زیادہ صدمہ ہونا۔
—— دوز : (ف) ؛ دل میں اثر کرنے والا، دل توڑ دینے والا۔
—— دہلنا : کانپنا، خوف کرنا۔
—— دیکھنا : حوصلہ دینا۔
—— رکھنا : حوصلہ رکھنا۔
—— سراہنا : تاب و تمکن کی تعریف کرنا۔
—— سوز : (ف) ؛ جگر جلانے والا، ہم درد،
—— سے دھواں اٹھنا : سخت صدمہ ہونا۔
—— شق ہونا : جگر کا پھٹ جانا، بے حد صدمہ پہنچنا۔
—— کانپ جانا : خوف طاری ہونا۔
—— کاوی : (ف) مؤنث ؛ محنت، جاں فشانی۔
—— کباب ہونا : غم و غصہ کھانا۔
—— کرنا : حوصلہ کرنا۔
—— کے ٹکڑے ہونا : جگر پاش پاش ہونا، بہت صدمہ پہنچنا۔
—— کی چوٹ : (۱) صدمہ جانکاہ (۲) (مجازاً) ؛ اولاد کا غم
—— گوشہ : (ف) ؛ عزیز اولاد۔
—— لہو کرنا : ہمت توڑ دینا، صدمہ پہنچانا۔
—— لہو ہونا : ہمت ٹوٹ جانا، صدمہ ہونا۔
—— مسوس لینا : صدمے کی شدت میں جگر تھام لینا۔
—— منھ کو آنا : بے حد ایذا ہونا، صدمہ ہونا۔
—— میں چٹکیاں لینا : ایذا دینا، تکلیف پہنچانا۔
—— ناسور ہونا : جگر پر ایسا صدمہ ہونا جو کبھی کم نہ ہو۔
—— ہل جانا : صدمہ ہونا، ڈر جانا۔
—— ہونا : حوصلہ ہونا۔

جگری : (۱) اندرونی (۲) دلی، دل و جگر سے نسبت رکھنے والا، صادق، سچا، گہرا۔

—— **داغ** : مذکر ؛ (۱) داغ دل، لاعلاج صدمہ یا رنج، لاعلاج مصیبت (۲) جرم جو کسی جواہر میں ہو۔
—— **جگرا** : مذکر ؛ ہمت، حوصلہ۔
—— دوست : مذکر ؛ گہرا دوست۔

جگ مگ جگ مگ کرنا : بہت چمکنا۔
—— مگانا : چمکنا۔
—— مگاہٹ : مؤنث ؛ چمک دمک، چھلک۔

جگن : (ع) مذکر ؛ بے داری۔

جگنا : (ع م) ؛ جاگنا۔

جگنو : مذکر ؛ (۱) ایک مشہور کیڑا جو رات میں چمکتا ہے (۲) گلے کے ایک زیور کا نام۔

جگہ : مؤنث ؛ (۱) مقام، موقع (۲) گنجائش (۳) خدمت نوکری۔

جگہ : ہر ایک جگہ، ہر جگہ۔
—— خالی کرنا : بیٹھنے کو جگہ دینا، اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
—— دینا : ٹھہرانا، بٹھانا، نوکری دینا، زمین دینا۔
—— رہنا : گنجائش رہنا۔
—— سے : درست، ٹھیک، بجا، قابل تسلیم، موقع سے حسب موقع، برمحل۔
—— سے ہلنا : اپنے مقام سے دوسرے مقام پر جانا۔
—— ہلنا : بیٹھنے کا موقع ہونا، نوکری ملنا۔

جگہڑ : مؤنث، جاگ۔

ج۔ل

جل : مذکر ؛ پانی۔

جَلپان : مذکر ؛ ناشتہ، تھوڑا سا کھانا پینا۔
—— **ترنگ** : مؤنث ؛ ایک باجے کا نام جو چھوٹے بڑے پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے۔
—— **تھل** : بارش کی کثرت سے زمین کا پانی سے ڈھک جانا۔
—— **جوگنی** : مؤنث : (دہلی، عو) ؛ (۱) جونک (۲) چپل (۳) چڑیل (۴) بدمزاج۔
—— **کاگ** : مذکر ؛ آبی کوا۔
—— **مانس** : مذکر ؛ آبی آدمی، ایک قسم کا چھوٹا جانور۔
جَلّ : (ع) بزرگ، خدا۔
—— **تو جلال تو، عزّ و کمال تو، آئی بلا کو ٹال تو** : (عو) کسی آفت مصیبت کو دفع کرنے کی خدا سے دعا۔
—— **جلالہٗ** : (ع) ؛ بڑی ہے عظمت اور بزرگی اس (خدا) کی۔
جُلّ : مذکر ؛ فریب، دھوکا، جھانسا۔
—— **باز** : فریبی۔
—— **میں آنا** : دھوکا میں آنا۔
جَلا : (ع) ؛ دیس سے باہر نکال دینا۔
—— **وطن / جلا وطن** : شہر بدر کرنا، وہ شخص جو دیس سے نکالا گیا ہو۔
جِلا : (ع) مؤنث ؛ چمک، روشنی، صیقل۔
—— **دینا / کرنا** : چمکانا، اجالنا، آب دینا، صیقل کرنا، آئینے کی چمک کو ترکیب سے ترقی دینا۔
—— **کار / ساز** : (ف) ؛ مذکر ؛ صیقل گر، اجالنے والا۔
جُلاب : مذکر ؛ دست آور دوا، مسہل، (لینا، دینا کے ساتھ)
—— **لگ جانا** : خوف سے، دست آنے لگنا۔
جلا بھنا : غصے میں بھرا ہونا، رنجیدہ۔
—— **تن / جلے تن** : (۱) بدمزاج، جلا، وہ شخص جو کسی کی بات کا متحمل نہ ہو سکے (۲) حاسد، رشک کرنے والا۔
جلا جلا کر مارنا / جلا جلا کر خاک کرنا : غم میں گھلانا، رشک دلا کر مارنا، بہت ستانا۔
جلاپا : مذکر ؛ (۱) رنج، جلن، ملال (۲) رشک، حسد، سوکن کی جلن، بغض، عداوت۔
جلاجل : (ع) مذکر ؛ جھانجھ یا تال جو دونوں ہاتھوں میں ایک ایک لے کر بجاتے ہیں۔ دائرہ۔
جلاد : (ع) مذکر ؛ (۱) دُرّہ مارنے والا، تلوار مارنے والا، بادشاہ کے حکم سے قتل کرنے والا (۲) ظالم، بے رحم، تُند مزاج (۳) (کنایتاً) ؛ معشوق۔
جلال : (ع) مذکر ؛ (۱) بزرگی (۲) شان، شوکت (۳) رعب، داب (۴) غصہ، تیزی، سختی۔
جلالت : (ع) مؤنث ؛ بزرگی، عظمت۔
جلالی : (ع) ؛ (۱) جلال سے نسبت رکھنے والا (۲) وہ دعا یا عمل یا نقش جس میں خدا کی شانِ قہاری ظاہر ہونے کی خواہش ہو (۳) خوف ناک، غضب ناک۔
جلالیہ : مذکر ؛ سید جلال الدین بخاری کا ماننے والا فقیر۔
جلانا : (۱) آگ لگانا، آگ سلگانا (۲) (کنایتاً) بھڑکانا، غصہ دلانا، چھیڑنا، دق کرنا، ستانا، آزردہ کرنا۔
جل اٹھنا : یکایک جلنے لگنا، دفعتاً جلنے لگنا۔
—— **بجھنا** : (۱) جل کر خاک ہو جانا، جل کر تمام ہونا (۲) نہایت رنجیدہ ہونا۔
—— **بلانا** : غصہ کرنا۔
—— **جانا** : دیکھو جلنا۔
جلانا / جل کر کوئلا ہو جانا : (کنایتاً) ؛ بے حد غصہ ہونا۔
جل کر کباب ہو جانا : نہایت ناخوش ہونا۔
جل مرنا : رشک و حسد میں جل کر کباب ہونا، کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا۔
جلن : مؤنث ؛ (۱) سوزش، تپش، تپک (۲) (کنایتاً) ؛ حسد رشک، کینہ، دشمنی، غصہ۔
جلنا : (۱) آگ لگنا، سلگنا، روشن ہونا، مشتعل ہونا، جھلسنا، بھننا داغ لگنا (۲) خاکستر ہو جانا، راکھ ہو جانا، سوختہ ہو جانا (۳) حسد کرنا، رشک کرنا (۴) سوزش ہونا جلن ہونا تپکنا (۵) مرچ یا کسی تیز چیز سے زبان کا جھل جھلانا (۶)

دل آزردہ ہو جانا، رنج اٹھانا، غم کھانا، شکستہ دل ہونا رنج و غم میں گھلنا (۷)، (کنایتاً)؛ نہایت ناراض ہونا (۸) پالے یا جاڑے سے درخت کا مرجھا جانا یا خشک ہونا۔

—— بھُننا : جلنا، آزردہ ہونا۔

—— بلنا : جلنا۔

جلے پانو کی بلی : (کنایتاً)؛ جگہ جگہ پھرنے والی عورت، گھر گھر پھرنے والی عورت۔

—— پر لون / نمک چھڑکنا : ستائے کو ستانا، رنج پر رنج دینا۔

—— پھپھولے پھوڑنا : شکایت آمیز باتوں سے دل کا غبار نکالنا۔ عداوت نکالنا۔

جلی کٹی : مؤنث؛ رشک و حسد کی گفتگو، طعن و طنز کی بات چیت۔

—— رکھنا : اَن بَن رکھنا، دشمنی رکھنا۔

—— کرنا / پر آنا : طعن و طنز کی بات چیت کرنا۔

جلے کو جلانا : رنجیدہ کو اور رنج دینا، مصیبت زدہ پر اور مصیبت ڈالنا۔

جلانا : (۱) زندہ کرنا، تازگی بخشنا (۲) دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اصلی حالت پر لے آنا۔

جُلاہا : مذکر؛ (۱) کپڑے بننے والا، بنکر (۲) پانی کے ایک کیڑے کا نام۔

جلب منفعت : (ف) مذکر؛ نفع حاصل کرنا، فائدہ اٹھانا۔

جلد : فوراً، بلا توقف۔

—— باز : (ف)؛ جلدی کرنے والا، بے موقع عجلت کرنے والا۔

جلدی : (ف)؛ (۱) تیزی، گرمی (۲) مؤنث، عجلت، پھرتی، گھبراہٹ (۳) فوراً۔

—— کا مارا : جلد باز۔

—— کا کام شیطان کا : (مثل)؛ انسان کو کام سہولت سے کرنا چاہیے، جلدی سے کام بگڑ جاتا ہے۔

—— مچانا : جلدی کرنا۔

جِلد : مؤنث؛ (۱) کھال، چمڑا، پوست (۲) کتاب کا پٹھا، (۳) کتاب، کتاب کا حصہ،

—— ساز / جلد گر : (ف)؛ مذکر؛ کتاب کی جلد بنانے والا۔

—— باندھنا : کتاب کی جزبندی اور سلائی کرنا۔

جلسہ : (ع) مذکر؛ (۱) نشست (۲) ملاقات (۳) محفل، مجلس، انجمن (۴) مجمع جم گھٹا وہ محفلِ رقص و سرود، ناچ رنگ

جلق : مذکر مؤنث؛ مشت زنی کر کے منی گرانا۔

جلو : (ترکی) مؤنث؛ (۱) باگ، لگام (۲) وہ کوتل گھوڑا جو سوار کے ساتھ صرف زینت کے لیے خالی لے جاتے ہیں۔ (۳) سواری کے ساتھ کا ٹھاٹھ جیسے باجا گاجا، بھیڑ بھاڑ اہالی موالی وغیرہ (۴) ہم راہی۔

—— دار : (ف)؛ گھوڑے کی باگ پکڑ کے ہم راہ چلنے والا شخص

—— خانہ : (ف) مذکر؛ صحن جو سلاطین و امرا کے درِ دولت کے سامنے ہوتا ہے۔

—— ریز : (ف)؛ ہلکی باگ سے گھوڑا دوڑائے ہوئے۔

جلوت : (ع)، مؤنث؛ مجمع، لوگوں کا جمع رہنا، ظاہر ہونا۔ باہر، سب کے سامنے۔

جلوس : (ع)؛ (۱) بیٹھنا (۲) (مجازاً)؛ تخت نشینی (۳) شاہانہ حشم، امیروں اور بادشاہوں کی سواری (۴) ساز و سامان کر و فر۔

جلوہ : (ع) مذکر؛ (۱) کسی خاص طرز سے اپنے تئیں ظاہر کرنا، اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا، نمودار ہونا، نظارہ، دیدار، سامنے آنا (۲) (ف)؛ تجلی، نور (۳) (ف)؛ خرام، معشوق (۴) وداع کے روز دولھا دلہن کو آمنے سامنے بٹھا کر آرسی مصحف دکھانا، آرسی مصحف۔

—— دکھانا : (۱) سج دھج دکھانا، دیدار کرانا (۲) نظر آنا، رعیاں ہونا، ظاہر ہونا۔

—— گر ہونا : ظاہر ہونا، نمودار ہونا، رونق بخش ہونا۔

جلی : (ع)؛ (۱) روشن، آشکارا، ظاہر (۲) پرکار، موٹا لکھا ہوا، موٹے یا بڑے حروف۔

جلیبا : مذکر؛ (۱) شہتوت، توت (۲) بڑی جلیبی۔

جَلیبی : مؤنث ؛ ایک قسم کی مٹھائی۔
جَلیری : مؤنث ؛ لوہاروں کی ناند جس میں لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔
جلیس : (ع) مذکر ؛ ہم نشین ، مصاحب ، ساتھی۔
جلیل : (ع) ؛ بزرگ ، بڑا۔
جلیل القدر : (ع) ؛ بڑے مرتبے والا ، معزز ، والا قدر۔

ج۔م

جم : (ف) ، مذکر ؛ (۱) بڑا بادشاہ ، جمشید بادشاہ ایران (۲) (۵) موت کا فرشتہ۔
—— **بیٹھنا** : (۱) جم جانا ، پیوست ہوجانا (۲) چپک جانا (۳) سخت ہوجانا (۴) رنگت قائم ہوجانا۔
—— **جاہ** : (ف) ؛ جمشید بادشاہ کے رتبے والا ، بڑا سخی۔
جم ہوجانا : (۵) ؛ پیچھا نہ چھوڑنا ، بھوت کی طرح لپٹنا۔
جماجتھا : مؤنث ؛ پونجی ، سرمایہ ، جمع۔
جمادات : (ع) مذکر ؛ حیوانات ، نباتات کے علاوہ اور بے جان قدرتی اشیاء ، جمع جماد کی۔
جمادی الاولا / جمادی الاوّل : (ع) مذکر ؛ ہجری سال کا پانچواں مہینا۔
جمادی الاخرا / جمادی الثانی : (ع) مذکر ؛ ہجری سال کا چھٹا مہینا۔
جمار : (ع) مذکر ؛ سنگ ریزے۔
جماع : (ع) مذکر ؛ ہم بستری۔
جماعت : (ع) مؤنث ؛ (۱) گروہ ، آدمیوں کا جتھا (۲) ہجوم (۳) فریق ، فرقہ (۴) ٹولی (۵) سلسلہ (۶) درجہ (اسکول کا) (۷) نمازیوں کی قطار یعنی نماز جماعت۔
—— **سے کرامات ہے** : (مثل) ؛ اتفاق کی بہ دولت سب مشکلیں حل ہوجاتی ہیں۔
جماعتی انتشار : مذکر ؛ سماجی افراتفری ، طبقاتی بے چینی۔
جمال : (ع) مذکر ؛ حسن و خوبی ، خوب صورتی ، دیدار۔
جمالی : (ع) ؛ (۱) شان رحمت کی تجلی ، منسوب بہ جمال الٰہی (۲) وہ اسم جو جلالی نہ ہو۔
جمال گوٹا : مذکر ؛ ایک دست لانے والے پھل کا نام۔
جمالیات : (ع) مذکر ؛ حسن شناسی ، فنون لطیفہ کا علم۔
جمالیت : (ع) مؤنث ؛ خوبصورتی ، حسن۔
جمانا : (۱) منجمد کرنا ، بستہ کرنا (۲) قائم کرنا ، ٹھہرانا (۳) ترتیب سے لگانا ، ڈھنگ سے رکھنا (۴) چسپاں کرنا ، جوڑنا ، پیوست کرنا (۵) آمادہ کرنا (۶) رکھنا ، دھرنا (۷) اکٹھا کرنا ، جوڑنا ، بستہ کرنا (۸) لگانا شروع کرنا (۹) ٹھانا (۱۰) مضبوط کرنا (۱۱) ذہن نشین کرنا (۱۲) چنائی پر نئی چنائی کرنا (۱۳) ڈھیر لگانا (۱۴) مستی لگانا (۱۵) مارنا (جیسے پھینٹا جمانا)۔
جماو : مذکر ؛ (۱) جمنے کی صلاحیت ، بستگی ، انجماد (۲) بھیڑ (۳) قیام ، ٹھہراؤ۔
جما ہوا : کھڑا ہوا ، غیر متحرک۔
جماہی / جمہائی : مؤنث ؛ کاہلی کثرتِ بیداری یا سستی سے منہ کھول کر سانس لینے کا انداز۔
جم جم : (۱) سدا ، ہمیشہ (۲) خدا مبارک کرے ، خدا کرے ضرور۔
—— **سے** : (۱) جم جم (۲) (طنزاً) ماشاءاللہ۔
—— **جیو** : (دعا) سدا جیو۔
—— **سلامت رہیں** : دعا ؛ ہمیشہ خوش و خرم رہیں۔
جمشید : ایک مشہور بادشاہ کا نام۔
جمدھر : مذکر ؛ (۱) ایک قسم خنجر ، چھری (۲) ایک طرح کا بادامی کاغذ (۳) ایک قسم کا رنگین کنکوا۔
جمع : (ع) ، مؤنث ؛ (۱) کل ، تمام ، مجموع (۲) گروہ ، جماعت مجمع (۳) میزان ، جوڑ (۴) اصل ، سرمایہ ، دولت ، مال ، زرِ نقد (۵) لاگت (۶) حاصل پیداوار (۷) بہی کے صفحے کا وہ حصہ جس میں آمدنی کی رقم لکھی جاتی ہے۔
جمع الجمع : (ع) ؛ مؤنث ؛ جمع کی جمع۔
—— **جمع خاطر** : (عو) اطمینان ، تسلی ، تشفی۔
—— **بندی** : مؤنث ؛ فرد لگان کی نکاسی ، تقسیم جمع۔
جمعدار : (ف) مذکر ؛ (۱) جماعت کا افسر ، سپاہیوں کا سردار جس کے

ماتحت چند سپاہی ہوں (۲) سقّہ، بھشتی (۳) صفائی کرنے والا

—— داری: مؤنث؛ عہدہ جمع دار کا۔

—— کرنا: (۱) اکٹھا کرنا، بٹورنا، ایک جگہ کرنا، ذخیرہ کرنا۔ (۲) میزان دینا (۳) وصول کرنا (۴) حوالے کرنا (۵) فرد حساب میں وصول لکھنا۔

جُمعرات: مؤنث: پنج شنبہ۔

جُمعہ: (ع)؛ ایک دن کا نام، نماز جمعہ۔

—— آٹھ دِن: (مثل)؛ چند روز۔

—— کا نکاح ہفتے کی طلاق: (مثل)؛ نکاح کے بعد بہت جلد طلاق ہو جانا، میل ہونے کے بعد بہت جلد پھوٹ پڑ جانا۔

جَمعیّت: (ع) مؤنث؛ (۱) آدمیوں کا گروہ، اکٹھا ہونا، گروہ (۲) مجمع، فوج

—— خاطِر: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مؤنث؛ تسلی، تشفی دل جمعی۔

جَمّ غفیر: مذکر؛ انبوہ کثیر، بڑا مجمع۔

جَم گھٹ: مذکر؛ (۱) بھیڑ، انبوہ (۲) بڑی دیوالی کی آخری رات۔

—— کا دِن: دیوالی کی صبح۔

جَم گھٹا: مذکر؛ مجمع۔

جُملہ: (ع)؛ مذکر؛ حرف ابجد کے اعداد کا حساب جس سے مادّہ تاریخ نکالتے ہیں (۲) اونٹ، شتر، ناقہ۔

جَمَل: (ع) اونٹ، شتر، ناقہ (اردو میں تنہا مستعمل نہیں)۔

جملگی: (ف) مؤنث؛ تمام، سب، کل، میزان۔

جُملہ: (ع)؛ (۱) تمام، سب (۲) کلموں کا مجموعہ، فقرہ، کلام۔

—— مُعترضہ: (اضافت کے ساتھ) دو جملوں کے بیچ میں ایک غیر ضروری فقرہ بولنا، درمیانی بات۔

جمن / جمنا: مؤنث؛ جمنا دریا کا نام۔

جمنا: (۱) منجمد ہونا (۲) بیج کا اگنا (۳) جڑ پکڑنا، مضبوط ہونا (۴) کسی جگہ بہت دیر تک بیٹھنا (۵) مستقل ہونا، قایم ہونا، ٹھہرنا (۶) پیدا ہونا (۷) ٹھیک آنا، چسپاں ہونا (۸) تہ میں بیٹھنا (۹) لگنا، پڑنا (۱۰) اطمینان ہونا، یقین ہونا (۱۱) رُک جانا، کھڑا ہو جانا (۱۲) دل پر اثر ہونا، موثر ہونا۔

جِمناز یَم: GYMNASIUM (انگ) مذکر؛ ورزش گاہ، اکھاڑا۔

جِمناسٹِک: GYMNASTIC (انگ) مؤنث؛ خاص قسم کی کسرت

جُمود: (ع) مذکر؛ بھولی، بے دلی، بے حسی، تھس ہونا، جم جانے والی کیفیت۔ ٹھہراؤ، بے حرکتی۔

جمو گا: مذکر؛ مرگی، بچوں کی ایک بیماری کا نام۔

جمہور: تمام، سب۔

جمہوریت: (ع) مؤنث؛ وہ نظام حکومت جو عوام کے نمائندے چلاتے ہیں۔

جمہوری: وہ سلطنت جس میں عام لوگوں کے چنے ہوئے آدمی شریک حکومت ہوں۔

جمیع: (ع)؛ کل، سب، تمام۔

جمیل: (ع) مذکر؛ خوب صورت، حسین۔

جمیلہ: (ع) مؤنث؛ حسینہ، شکیلہ، خوبصورت عورت۔

ج۔ن

جن: مذکر؛ شخص، آدمی۔

جنا: (ع) مذکر؛ (۱) آدمی، شخص، متنفس، مرد (۲) جنا ہوا۔

جنی: (ع) مؤنث؛ عورت، چھوکری، باندی، لڑکی۔

جِن: (ع)؛ (۱) ایک مخلوق جس کے بارے میں عقیدہ ہے کہ آگ سے پیدا کی گئی ہے (۲) (کنایتاً)؛ غصہ، غضب (۳) مضبوط، مستقل مزاج، ثابت قدم (۴) فتنہ (۵) غیر معمولی کام انجام دینے والا۔

جنات: مذکر؛ جمع جن کی۔

جن اُتارنا: (۱) جن دفع کرنا (۲) (کنایتاً)؛ غصہ دور کرنا۔

—— جھاڑنا: آسیب دفع کرنے کا منتر پڑھنا۔

—— چڑھنا: (۱) آسیب کا خلل ہونا (۲) (کنایتاً)؛ شدت سے غصہ آنا، جھلانا (۳) (کنایتاً)؛ خبط ہونا، سودا ہونا۔

—— سوار رہنا: خبط رہنا، دھن رہنا۔

—— شیشے میں اُتارنا: (۱) جن کو قابو میں کرنا (۲) (مجازاً)؛ شریر یا فتنہ کو قابو میں کرنا۔

—— کا سایہ: جن کا اثر۔

جِنّی : (ع)، تسخیرِ جن کا عمل رکھنے والا، سیانا، عامل۔
—— رِجنائی خط : اچھی طرح نہ پڑھا جانے والا خط۔
جنیہ : (ع) مؤنث ؛ جن کی عورت۔
جَناب : (ع) ؛ (ا) مؤنث ؛ درگاہ، آستانہ (۲) مذکر ؛ حضرت قبلہ، حضور، آپ۔
جَنابَت : مؤنث ؛ ناپاکی، آلودگی، نجاست۔
جُنُب : (ع) ؛ (ا) ناپاک آدمی (۲) مذکر ؛ پہلو۔
جَنازہ : (ع) مذکر ؛ مردے کی لاش، مردے کا تابوت۔
جَنازے کی نماز : مسلمان کی میت پر پڑھی جانے والی نماز۔
جَنازہ نِکلے : (عو) ؛ بددعا، مرے، مرجائے۔
جناں : (ع) ؛ جنت کی جمع، مذکر ؛ بہشت۔
جَنانا / جَنوانا : پیدا کرانا، بچہ پیٹ سے نکالنا۔
جَنائی : مؤنث ؛ (ا) جانے والی عورت، دائی، قابلہ (۲) جنانے کی اجرت۔
جُنباں : (ف) ؛ جنبش دینے والا، جنبش کرنے والا۔
جُنبِش : (ف) مؤنث ؛ حرکت، گردش، ہلنا جلنا۔
جَنبہ : مذکر ؛ حمایت۔
—— داری : مؤنث ؛ طرف داری، حمایت۔
جَنّت : (ع) ؛ بہشت، بہشت کا باغ۔
جَنّات : (ع) مذکر ؛ جمع جنّت کی۔
جَنّتُ المَاوا : (ع) ؛ مسلمانوں کے رہنے کی جگہ، بہشت، مؤنث ؛ جنت۔
جَنّت شدّاد : مؤنث ؛ وہ باغ جو شدّاد نے تیار کرایا تھا۔
جَنّت کی ہوا آنا : خوش گوار ہوا کے جھونکے آنا۔
—— نصیب : مرحوم۔
جَنّتی : (ا) بہشت کا رہنے والا، بہشت میں جانے والا (۲) سیدھا سادھا، بھولا بھالا۔
جَنتا : (ہ) مؤنث ؛ لوگوں کی جماعت، پبلک۔ عوام۔
جَنتر : (سنسکرت) مذکر ؛ (ا) آلہ، اوزار، ایک قسم کا باجا (۲) افسوں، ٹوٹکا، منتر (۳) عرق اور روغن نکالنے کا ایک برتن
—— مَنتر : مذکر ؛ (ا) شعبدہ بازی (۲) افسوں (۳) مکاری (۴) رصدگاہ۔
جَنتری : (ا) شعبدہ باز، جادوگر، فریبی (۲) مؤنث ؛ تقویم، جس میں منجم ستاروں کی گردش تاریخ سنہ درج کرتے ہیں (۳) ایک اوزار کا نام جس میں تار کو ڈال کر باریک یا لمبا کرتے ہیں
—— میں کھینچنا : (ا) تار کو جنتری کے ذریعہ سے پتلا یا لمبا کرنا تار بڑھانا (۲) (کنایتاً) ؛ ٹیڑھے آدمی کو سیدھا کرنا، شریر کو درست کرنا۔
جنٹل مین : GENTLEMAN (انگ) مذکر ؛ شریف آدمی، بھلا مانس۔
جَنجال : مذکر ؛ آفت، مشکل، بکھیڑا۔
—— میں پڑنا / جَنجال میں پھنسنا : بکھیڑے میں پڑنا، مصیبت میں مبتلا ہونا۔
جِنجر : GINGER (انگ) مذکر ؛ (ا) ادرک کے مربے کا شربت (۲) ادرک، سونٹھ۔
جَنجنا : امتحان میں آنا، تخمینہ ہونا۔
جَنڈری : مؤنث ؛ (عو) جان کی تصغیر۔
—— پر قیامت توڑنا / جنڈری پر ستم توڑنا : (عو) ؛ بے حد ستم کرنا، ظلم کرنا۔
—— کا وبال پڑنا : (عو) ؛ جان کا صبر پڑنا۔
—— گنوانا : (عو) ؛ جان نثار کرنا۔
جِنرل : GENERAL (انگ) مذکر ؛ (ا) فوج کا ایک اونچا عہدہ (۲) صفت، عام۔
—— پوسٹ آفس POST OFFICE (انگ) مذکر ؛ بڑا ڈاک گھر، صدر ڈاک خانہ۔
—— مَرچنٹ : MERCHANT (انگ) ؛ (ا) روزمرّہ کی ضروریات کی چیزوں کا بیوپاری، (۲) عام ضروریات کی چیزوں کا بیوپاری۔
جِنریٹر : GENERATOR (انگ) مذکر ؛ (ا) پیدا کرنے والا (۲) گیس، بجلی وغیرہ پیدا کرنے والی مشین۔

جِنس : مذکر، مؤنث ؛ (۱) چیز، اسباب، سودا، مال، سوداگری (۲) نوع، صنف، قسم، جماعت (۳) اناج، پیداوار، (۴) زیور۔

—— **خانہ** : مذکر ؛ گودام۔

—— **وار** : (۱) قسم وار، تفصیل وار (۲) کاشت کی ہوئی جنسوں کے متعلق تحصیل میں داخل کیا ہوا پٹواری کا نقشہ۔

—— **زدگی** : شہوت پرستی۔

—— **زدہ** : شہوت پرست جنسی مریض۔

جِنسیات : عورت مرد کے جسمانی تعلقات کا علم۔

جِنسیت : ع، مؤنث ؛ (۱) ہم جنس ہونا، ایک میل ہونا، یک ساں ہونا (۲) جنسی تعلقات۔

جَنکشن : JUNCTION (انگ) مذکر ؛ وہ مقام جہاں کئی راستے یا ریلوے لائن آکر ملتی ہوں۔

جَنگ : (ف) مؤنث ؛ (۱) لڑائی، معرکہ (۲) عداوت، کینہ، بَیر۔

—— **آزمودہ** : (ف) ؛ لڑائی میں آزمایا ہوا۔

—— **جُو** : (ف) ؛ لڑاکا، لڑنے والا۔

—— **زرگری** : (ف) مؤنث ؛ سازشی لڑائی، مصنوعی لڑائی، دوسرے کو دھوکا دینے کے لیے آپس میں جنگ کرنا۔

—— **سر کرنا** : لڑائی فتح کرنا

—— **کرنا** : لڑنا جھگڑنا

—— **وجدل** : مؤنث ؛ لڑائی، دنگا، فساد۔

جنگی : مذکر ؛ (۱) فوجی (۲) شجاع، بہادر۔

—— **بیڑا** : مذکر ؛ سامان جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز، بحری فوج۔

—— **پرنالہ** : مذکر ؛ دھار دور گرنے والا نالہ۔

جُنگ : مذکر ؛ (۱) منشا، پشتارہ، بڑی بیاض (۲) ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں (۳) مؤنث ؛ جوش وخروش، محویت

جن گان / جن گننا : (ہ) مذکر ؛ مردم شماری

جنگ بندی : مؤنث ؛ (۱) جاری جنگ کو روکنا (۲) دو حریفوں کو حالتِ جنگ سے نکالنا۔

جُنگل : (ف) مذکر ؛ (۱) جھاڑی، بَن، نخلستان (۲) صحرا، بیابان، میدان (۳) بنجر، افتادہ زمین، ویران جگہ (۴) چراگاہ، چوپایوں کے چرنے کی جگہ (۵) شکارگاہ (۶) خودرو درختوں کے کثرت سے ہونے کی جگہ۔

—— **میں مُنگل ہونا** : ویرانے میں رونق ہونا، ویرانے میں عیش وعشرت کا سامان مہیا ہونا۔

—— **میں مور ناچا کس نے دیکھا** : (مثل) ؛ پردیس میں کسی بڑے کام کرنے کا لطف جسے گھر والے نہیں دیکھ سکتے، اپنی دولت غیر جگہ پردیس میں صرف کرنا۔

—— **ہو جانا** : (۱) بستی کا ویران ہو جانا (۲) کثرت سے خودرو درختوں کا نکل آنا۔

جنگلی : (۱) وحشی (۲) خودرو، قدرتی اگا ہوا (۳) گنوار، اُجڈ ناشائستہ، جاہل، بے تمیز۔

جُنگلا : مذکر ؛ (۱) جنگل (۲) ویرانہ، غیر آباد جگہ (۳) لکڑی کی کھپچیوں یا لوہے کی سلاخوں کا وہ فریم جو دروازے یا کھڑکی کے طور پر لگایا جاتا ہے (۴) مختلف رنگوں کے بیل بوٹے (۵) ایک قسم کا پھولدار کپڑا (۶) گھاس اگا ہوا غیر آباد مکان۔

جنگی جہاز : مذکر ؛ لڑائی کا جہاز، بہت بڑا جہاز۔

جَنم : مذکر ؛ (۱) پیدائش (۲) زندگی، حیات (۳) عادت، خصلت۔

—— **اَشٹمی** : مؤنث ؛ کرشن جی کا جنم دن

—— **اَندھا** : مذکر ؛ پیدائشی اندھا۔

—— **باولا** : مذکر ؛ خلقی دیوانہ، جنم کا پگلا۔

—— **بھوم / جنم استھان** : مذکر ؛ پیدائش کی جگہ، وطن۔

—— **پتّرا** : مذکر ؛ جنم پتری، زائچہ۔

—— **پتّری** : مؤنث ؛ زائچہ، تقویم، لگن، بچوں کی پیدائش کے وقت ستاروں کے حساب کے بموجب تمام عمر کے حوادث واحوال کے ساتھ لکھا جانے والا کاغذ۔

—— **پتّا** : مذکر ؛ عمر بھر کا اقرار نامہ۔

—— **جلا / جنم جلی** : (ع) (۱) پیدائشی بدنصیب، منحوس (۲) مصیبت زدہ۔

—— جَنَم : ہمیشہ، سدا۔
—— دِن : مذکر؛ پیدائش کا روز، سال گرہ کا دن۔
—— دُھونا : (کنایتاً)؛ گناہ کرنا، غیر مذہب اختیار کر لینا۔
—— رُوگی : ہمیشہ بیمار رہنے والا۔
—— کُنڈلی : مؤنث؛ چھوٹی جنم پتری، چھوٹا زایچہ۔
—— لینا : ہندوؤں کے عقائد کے مطابق دوبارہ کسی اور قالب میں پیدا ہونا۔
—— میں تھوکنا : ذات کی بنیاد پر لعنت ملامت کرنا، نام دھرنا عیب لگانا۔
جَنمی : پیدائشی، ذاتی۔
جَننا : بچہ دینا۔
جَنواسا : مذکر؛ دلہن کے گھر میں دولھا اور بارات کے ٹھہرنے کی جگہ۔
جَنوب / جُنوب : (ع، مذکر؛ شمال کا نقیض، دکھن۔
جَنوری : JANUARY مذکر؛ انگریزی سال کا پہلا مہینا۔
جُنون : (ف) مذکر؛ (۱) دیوانگی، خبط، کمال رغبت کے ساتھ کسی چیز کی دھن (۲) (کنایتاً)؛ غصہ (۳) (اصطلاح شعرا)؛ عشق۔
—— اچھلنا : جنون کے مرض کا عود کرنا، خبط ہونا، کسی چیز کی کمال دھن ہونا۔
—— چڑھنا : پاگل ہونا، دیوانہ ہونا، غصہ آنا۔
جُنونی : (۱) پاگل (۲) غصہ ور، سنکی۔
جَنیا / جَنیاں : (ع م)؛ جان کی تصغیر، معشوقہ، بہت پیاری۔
جَنین : (ع) مذکر؛ پیٹ کا بچہ، وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو۔
جَنیو : مذکر؛ زنار، برہمنوں کا گلے میں بدھی کی طرح ڈالا ہوا تاگا۔
—— کا ہاتھ : پٹے بازوں اور تلوار چلانے والوں کی اصطلاح میں حریف پر تلوار کا آڑا ہاتھ مارنا۔

ج - و

جَو : (ف) مذکر؛ (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) مقدار قلیل، ذرا۔
—— جَو : ذرا ذرا، رتی رتی۔
—— جوارا : جو ملا ہوا اناج، بھڑا۔
جَوئیں : (ف)؛ جو سے بنائی ہوئی۔
جو : حرف صلہ؛ (۱) جو شخص، جو چیز (۲) حرف شرط؛ اگر، بشرطیکہ (۳) جس وقت (۴) چوں کہ (۵) جس سبب سے (۶) جو کوئی (۷) ناگاہ (۸) جس قدر۔
—— آگ کھائے گا، انگارے اگلے گا : (مثل)؛ جو برا کام کرے گا اس کو برا نتیجہ بھگتنا پڑے گا۔
—— بُندھ گیا سو موتی : (مثل)؛ جو بن گیا وہی اچھا۔
—— بوؤ گے وہی کاٹو گے : (مثل)؛ جو کرو گے اسی کا پھل پاؤ گے۔
—— جاگے سو پائے : (مثل)؛ ہوشیار رہنے والے کو فائدہ ہوتا ہے۔
—— جُو : ہر کوئی، ہر شخص۔
—— جُو کچھ : جتنی قسم کے۔
—— دل میں ہے وہی زبان پر / جو دل میں ہے وہی مُنھ پر : ظاہر و باطن یک ساں ہے۔
—— سر اٹھا کر چلے گا ٹھوکر کھائے گا : (مثل)؛ جو غرور کرے گا ذلیل ہوگا۔
—— گرجتے ہیں برستے نہیں : (مثل)؛ جو بہت باتیں بنائے اور کام نہ کرے، جو بے حد غصہ کرے لیکن عملاً کچھ نہ کرے۔
—— ہانڈی میں ہوگا وہی ڈوئی میں نکلے گا : (مثل)؛ جو دل میں ہوتا ہے وہی منہ پر آتا ہے۔
—— ہُو : جو کچھ ہو۔ کچھ ہی ہو، جس قدر ہو، جتنا ہو۔
—— ہُو ہُو ہُو : جو کچھ بھی ہو کچھ ہی کیوں نہ ہو۔
جَوا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کی پتی جو کشیدہ یا کار چوب وغیرہ پر کاڑھتے ہیں (۲) لہسن کی پوتھی کا ہر ایک حصہ۔
—— کھار : مذکر؛ ایک دوا کے کام کا نمک۔
—— مِرچ : مؤنث؛ چھوٹی مرچ جو سے ملتی جلتی۔
—— ہَرڑ : مؤنث؛ چھوٹی ہڑ، سیاہ ہڑ (جو نہایت چھوٹی ہوتی ہے)۔

جُوَا : مذکر؛ گاڑی یا ہل چلانے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جانے والی لکڑی۔

—— **ڈال دینا** : (کنایتاً)؛ تھک جانا، ہمت ہار جانا۔

جُوا : قمار، شرط بازی، ہار جیت کا کھیل۔

—— **کھیلنا** : قمار بازی کرنا، داؤ لگانا۔

جَواب : مذکر؛ (۱) خط کا جواب، پیغام کا جواب (۲) مقابل جوڑ (۳) تردید، ردّ کلام (۴) بدلا (۵) موتونی (۶) جوڑا (۷) نامنظوری، کسی بات کا جواب (۸) سلام کا جواب۔

جَوابُ الجَواب : (ع) مذکر؛ جواب کا جواب۔

—— **باصَواب** : مذکر؛ مناسب اور عمدہ جواب، ٹھیک جواب۔

—— **پانا** : (۱) نوکری سے موقوف ہونا (۲) سزا پانا (۳) سوال کا جواب ملنا، خط کا جواب پانا (۴) انکار ہونا۔

—— **پڑھنا** : سوز خوانوں کی اصطلاح میں مرثیے کے اوّل مصرع کا دہرانا۔

—— **تُرکی بہ تُرکی** : (ف)؛ کڑا جواب، جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب۔

—— **تَنگ نہ دینا** : بات نہ کرنا، ناراض ہونا۔

—— **تلخ** : (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ کڑوا جواب، سخت جواب۔

—— **جاہلاں باشد خموشی** : (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ (مقولہ) جو عقل مند ہوتے ہیں وہ جاہلوں کے منہ نہیں لگتے بلکہ خاموش رہتے ہیں۔

—— **دَعوٰی** : دعوے کا قانونی جواب۔

—— **دِہ/دہی** : (ف)؛ ذمہ دار، جس سے جواب طلب کیا جائے۔

—— **دے جانا** : عاجز ہو جانا، بے کار ہو جانا۔

—— **دے دینا** : بالکل انکار کر دینا، موقوف کر دینا۔

—— **دینا** : (۱) خط کا جواب دینا (۲) تردید کرنا، بات رد کرنا (۳) نوکری سے موقوف کرنا، برطرف کرنا (۴) چھوڑنا، ترک کرنا (۵) گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا (۶) کسی کام سے انکار کرنا کہ ہم سے نہ ہو سکے گا (۷) دوسرے کی بات سن کر آپ بھی کچھ کہنا (۸) مقابلے میں کچھ کہنا (۹) بے کار ہو جانا۔

—— **سَوال** : مذکر؛ بحث، حجت، دلیل۔

—— **سَوال کرنا** : بحثنا، جھگڑنا۔

—— **طلب** : قابلِ بازپُرس، قابلِ دریافت۔

—— **طلب کرنا** : بازپُرس کرنا، مواخذہ کرنا، وجہ دریافت کرنا۔

—— **ملنا** : (۱) انکار ہونا، موقوف ہونا، برطرف ہونا (۲) بدلہ ملنا

—— **نہ آنا** : جواب دیتے نہ بن پڑنا۔

—— **نامہ** : مذکر؛ وہ کپڑا جس پر مسلمان کلمہ لکھ کر مردے کے کفن میں دفن کے وقت رکھ دیتے ہیں۔

—— **ندارَد** : جواب نہ ملنا۔

—— **نہ رکھنا/نہ ہونا** : بے مثل ہونا۔

—— **ہونا** : (۱) جوڑ ہونا، ہم سر ہونا، مقابل ہونا (۲) انکار ہونا (۳) تردید (۴) ترک تعلق ہونا (۵) برطرف ہونا، علاحدہ ہونا، نوکری چھوٹنا (۶) بدل ہونا، معاوضہ ہونا۔

جَوابی : مذکر؛ (۱) سوز خوانوں میں مرثیے کا پہلا مصرع ہر بند کے ختم ہونے پر پڑھنے والا شخص (۲) مقابل، نظیر (۳) فریق ثانی طرف ثانی (۴) جھگڑنے والا، جواب سوال کرنے والا (۵) جواب طلب جیسے؛ جوابی کارڈ، جوابی تار۔

جَوّاد : (ع)؛ (۱) بہت بخشش کرنے والا، خدائے تعالیٰ (۲) سخی۔

جَوّار : (ع)؛ (۱) بہت بخشش کرنے والا، خدائے تعالیٰ (۲) سخی۔

جُوار : (ع) مذکر؛ ہم سائگی، پڑوس۔

جُوار : مؤنث؛ ایک قسم کا غلّہ۔

جُوار : سمندر کا اُتار۔

—— **بھاٹا** : مذکر؛ سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ، جزر و مدّ۔

جَوارِح : (ع)؛ مذکر؛ آدمی کے ہاتھ پاؤں زبان اور دیگر اعضا۔

جَوارِش : مؤنث؛ ایک مرکب خوش ذائقہ دوا کا نام۔

جَواری : مؤنث؛ آواز گھٹانے بڑھانے کے لیے ستار یا طنبورے کے اوپر بندھا ہوا ڈورا۔

جُوَاری : مذکر؛ جوا کھیلنے والا۔

ـــــ ڈھنڈاری : لُچّا، شہدا، بدمعاش۔
جَوَاز : (ع، مذکر) روا، جائز ہونا، درست ہونا۔
جَواسا/جوالنسا : مذکر؛ ایک خاردار پودا (گرمیوں میں ٹھنڈک کے لیے جس کی ٹٹی لگاتے ہیں اور اس پر پانی چھڑکتے ہیں)۔
جُوالا : (ہ) مؤنث؛ شعلہ، لپٹ، آنچ، چمک۔
ـــــ مُکھی : (ہ) مؤنث؛ آتش فشاں پہاڑ۔
جَوَامِع : (ع) مذکر؛ جمع جامعہ کی۔
جَوَامِعُ الْکَلِم : (ع) لفظ تھوڑے اور مطلب بہت نکلنے والا کلام۔
جَوَان : (ف)؛ (۱) نوعمر (۲) مضبوط، قوی (۳) نیا (۴) بہادر (۵) سیانا (۶) سپاہی (۷) لڑکا۔
ـــــ بَخت : (ف)؛ اقبال مند، خوش نصیب۔
ـــــ جہان : خوب جوان، پوری جوانی پر۔
ـــــ صالح : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا۔ نیک چلن، پرہیزگار۔
ـــــ مرد : (ف)؛ (۱) دلیر (۲) عالی ہمت۔
ـــــ مَرگ/جوانا مَرگ : (ف)؛ جوان مرنے والا، عالم شباب میں مرجانے والا۔
جَوَانی : (ف، مؤنث)؛ شباب۔
ـــــ اُتَر جانا : جوانی ڈھلنا۔
ـــــ چڑھنا : شباب کا زوروں پر ہونا، مستی میں آنا۔
ـــــ خاک کرنا : جوانی مٹا دینا۔
ـــــ دِیوانی/جوانی دِوانی : مقولہ؛ جوانی کا عالم دیوانگی سے کم نہیں، جوانی میں کچھ اونچ نیچ نہیں سوجھتا۔
ـــــ ڈھلنا : شباب اترنا، جوانی کا زوال پذیر ہونا، عمر سے اترنا۔
ـــــ سے پھل پائے : (دعا) جوانی کا چین پائے۔
ـــــ کا سُکھ دیکھے : (دعا)؛ جوانی کا سکھ نصیب ہو۔
ـــــ کے دِن : جوانی کا زمانہ۔
ـــــ کی نیند : مؤنث؛ زیادہ اور بے خبری کے ساتھ سونا، زیادہ اور گہری نیند۔
جَوَانِب : (ع) مذکر؛ جمع جانب کی؛ اطراف۔
جَوَاہِر : (ع) مذکر؛ جمع جوہر کی، قیمتی پتھر۔
جَوَاہِرَات : مذکر؛ جوہر کی جمع الجمع۔
جَوَاہِر جَڑنا : (۱) جواہر کا موقعے موقعے سے کسی چیز میں نصب کرنا (۲) (کنایتاً)؛ حرفوں کا بہت خوب صورت لکھا ہونا۔
ـــــ میں تولنا : (کنایتاً) بہت قدر و قیمت کرنا۔
ـــــ نگار : (ف)؛ (۱) مرصع، جڑاؤ (۲) خوش خط۔
جُوَائنٹ : JOINT (انگ) مذکر؛ (۱) جوڑ (۲) معاون (۳) ایک دوسرے سے ملا ہوا۔
ـــــ سِکرٹری : SECRETARY (انگ) مددگار معتمد۔
جُوبلی : JUBILEE (انگ، مؤنث) جشن مسرت، سالگرہ پر منائی جانے والی خوشی کی تقریب۔
جُوبَن : مذکر؛ (۱) عورت کی چھاتی، اٹھتی جوانی، چڑھتی جوانی (۲) خوبصورتی، حسن و جمال (۳) عالم، حالت، کیفیت (۴) بہار رونق (۵) شادابی، طراوٹ، تازگی۔
ـــــ اُبھرنا : جوانی پر آنا۔
ـــــ اُٹھنا/اُمنگنا : بہار آنا، رونق آنا۔
ـــــ برسنا : رونق چھا جانا۔
ـــــ پر آنا : (۱) جوانی پر آنا، بہار پر آنا (۲) کھلنا، زیبا ہونا (۳) کمال حسن پر ہونا۔
ـــــ ٹپکنا : جوانی کا ظاہر ہونا، حسن کا نمایاں ہونا۔
ـــــ چمکانا : جوبن دکھانا، جوبن کا ابھار دکھانا۔
ـــــ ڈھلنا/جوبن سے ڈھلنا : حسن کا زوال ہونا، جوانی ڈھلنا۔
ـــــ کا : مذکر؛ بہار کا، لطف کا، لذیذ، خوب صورت، پیارا، رسیلا۔
ـــــ کا ماتا : جوانی میں مست۔
ـــــ کی ماتی : بدمست، مستی میں بھری ہوئی۔

—— کے دِن : مذکر؛ رونق کا زمانہ، شباب کا زمانہ۔
جُوت : مؤنث؛ (۱) آنکھ کی روشنی (۲) رونق (۳) روشنی، چمک۔
—— جگانا : چراغ روشن کرنا۔
جُوت : (۱) تردّد، کاشت، کھیتی باڑی (۲) جوتی ہوئی زمین (۳) مذکر؛ بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا اٹھا رہتا ہے (۴) مذکر؛ گھوڑا گاڑی کے ساز کا تسمہ (۵) مؤنث؛ ترازو میں پلّے باندھنے کی ڈوری۔
—— دینا : (۱) گھوڑے یا بیل کا گاڑی میں لگا دینا (۲) (مجازاً) کسی کام میں لگا دینا۔
جُوتا : مذکر؛ (۱) کاشت کار، کسان (۲) دیوار کی حدّ فاصل، دیوار کی کوئی جانب۔
جُوتا : مذکر؛ پاپوش۔
—— اچھلنا / چلنا : بدتہذیبی کی لڑائی ہونا، جوتی پیزار ہونا۔
—— برسنا : خوب جوتیاں پڑنا، جوتے لگنا۔
—— چھپانا : شادی کی ایک رسم دلہن کی رخصتی یا چوتھی کے موقع پر سالیوں کا نوشاہ کے جوتے کو چھپانے کی ایک رسم جو بغیر نیگ لیے دیا نہیں جاتا۔
—— دینا : (۱) پہننے کے لیے جوتی کا جوڑا دینا (۲) جوتا مارنا، بے عزتی کرنا۔
—— سر پر لوٹنا : شدت سے پڑنا۔
—— لگنا : (کنایتاً)؛ خسارہ ہونا، نقصان ہونا۔
—— مارنا : (۱) (کنایتاً)؛ ملامت کرنا، بُرا بھلا کہنا (۲) احسان کرکے شرمندہ کرنا۔
جوتے سے آنا / جوتے سے خبر لینا : جوتا لگانا، جوتا مارنا۔
—— کا یار : مذکر؛ زبردست کا دوست۔
—— کاری : مؤنث؛ مارپیٹ، جوتیوں سے خبر لینا۔
جوتی : مؤنث؛ پیزار، پاپوش۔
—— اُچھلنا : جوتی چلنا، رسوائی ہونا۔
—— پر جوتی چڑھنا : جوتی پر جوتی آجانا، سفر کا شگون۔
—— پر رکھ کر روٹی دینا : حقارت سے روٹی دینا، حقارت سے نان ونفقہ دینا۔
—— پر مارنا / جوتی کی نوک پر مارنا : ناچیز سمجھنا، ذلیل حقیر سمجھنا۔
—— پہنانا : جوتی خرید کر دینا، دوسرے شخص کے پاؤں میں جوتی ڈالنا۔
—— پیزار : مؤنث؛ مارپیٹ، لڑائی دنگا، جھگڑا۔
—— پیزار ہونا / جوتم پیزار ہونا : (۱) مارپیٹ ہونا (۲) بحث مباحثہ ہونا۔ تھکا فضیحتی ہونا
—— چھپائی : مؤنث؛ چوتھی کے موقع پر دولھا کا جوتا چھپا کر سالیوں کا نیگ لینا۔
—— خور : پٹنے کی عادت والا شخص، بے غیرت۔
—— کو کیا غرض : (عو) حقارت سے، بے زاری کا اظہار۔
—— کی اَنی : جوتی کی نوک۔
—— کے برابر نہ سمجھنا : بہت حقیر سمجھنا، ذرا خاطر میں نہ لانا۔
—— کے تلے سے ناک کاٹ لینا : خوب ذلیل کرنا۔
جوتیاں اٹھانا : کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا، ذلیل خدمت کرنا۔
—— بغل میں دبانا / مارنا : جوتیوں کو بغل میں چھپانا، جوتیوں کو آہٹ نہ ہونے کی غرض سے اتار کر بھاگ جانا، سٹک جانا دبک کر نکل جانا۔
—— توڑنا : فضول کوشش کرنا، بے فائدہ دوڑنا۔
—— چٹخاتے پھرنا : خاک چھانتے پھرنا، مارے مارے پھرنا۔
—— سر پر رکھنا : (۱) خوشامد کرنا (۲) ٹہل جانا۔
—— سیدھی کرنا : (۱) کمال عقیدت سے جوتیوں کو سیدھا کرنا، عزت کرنا (۲) ذلیل خدمت اختیار کرنا۔
—— کھانا : (۱) جوتیوں سے پٹنا، طعنے سہنا، بُرا بھلا سننا، (۲) (کنایتاً)؛ نہایت ذلیل وخوار ہونا۔
—— گانٹھنا : جوتیوں کی مرمت کرنا، حقیر پیشہ کرنا، ذلیل کام کرنا۔
—— مارنا : جوتیوں سے مارنا، ذلیل کرنا، رسوا کرنا، برا بھلا کہنا
جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا : بڑی گستاخی اور ڈھٹائی

سے کسی سچی بات سے انکار کرنا، زبردستی جھٹلانا، آنکھوں میں خاک ڈالنا۔

—— کا صَدقہ: جوتیوں کے طفیل سے، آپ کی بدولت، (انکسار کا کلمہ احسان ماننے کے اظہار میں)۔

—— میں دال بٹنا: آپس میں پھوٹ پڑنا، لڑائی جھگڑا ہونا۔

جوتری: مؤنث؛ جالیفل کا پھل۔

جوتش: مؤنث؛ علم نجوم، گرہ اور نچھتر جاننے کا شاستر۔

جوتشی: نجومی، ہیئت داں، منجم۔

جوتنا: (۱) بیلوں کو گاڑی میں لگانا، بگھی میں گھوڑے کا جوتنا، جوا رکھنا، ساز ڈالنا (۲) ساتھ لگانا، مصروف کرنا (۳) ہل چلانا (۴) تردد کرنا (۵) کاشت کرنا۔

—— بونا: زمین میں ہل چلانا اور بیج بونا۔

جوتی: جوے کی روک کے واسطے بیل کی گردن میں باندھنے والی رسی۔

جوجو: مذکر؛ (۱) ایک فرضی نام جس سے بچوں کو ڈرایا جاتا ہے (۲) (کنایتاً)؛ ہیبت ناک شکل اور مہیب شے۔

جوجھنا: (۱) لڑنا، کارزار میں مصروف ہونا (۲) لڑائی میں مارا جانا۔

جود: (ع) مذکر؛ بخشش، سخاوت۔

جودت: (ع) مؤنث؛ تیز فہمی، ذہن کی تیزی۔

جودھا: (ہ) مذکر؛ بہادر، شجاع۔

جوڈیشیل JUDICIAL (انگ)؛ عدالتی۔

—— کمشنر COMMISSIONER —— (انگ) مذکر؛ عدالتی کمشنر (ایک عہدہ)

جور: (ع) مذکر؛ ظلم، ستم۔

—— اُستاد بہ زمہر پدر: (ف) (مقولہ)؛ استاد کی تنبیہ باپ کی محبت سے بہتر ہے۔

جورو: مؤنث؛ زوجہ، بیوی۔

—— کا مُرید / مزدور: مذکر؛ زن مُرید۔

—— نہ جانا اللہ میاں سے ناتا: (مثل)؛ بغیر شادی شدہ شخص جس کا کوئی نہ ہو۔

جوڑ: مذکر مؤنث؛ (۱) گانٹھ، گرہ (۲) ٹانکا (۳) شماروں کا میل تقدیر کی بات (۴) میزان، کل تعداد (۵) داؤ پیچ (۶) تہمت (۷) مثبت (۸) وہ ظروف جو ہم رنگ اور ہم سلسلہ ہوں (۹) ایک قسم کی جلتی (۱۰) افترا (۱۱) تال میل (۱۲) سیون (۱۳) ایک قسم کے چھلے (۱۴) پہلوان کا مقابل (۱۵) ہم سر، برابر کا (۱۶) اعضا کا جوڑ (بند) (۱۷) پیوند (۱۸) مرثیہ خوانوں کی جماعت۔

—— باز: مُفتری، چالاک۔

—— باندھنا: (۱) کشتی کے واسطے برابر کے پہلوانوں کو مقرر کرنا (۲) جوڑ لگانا، کسی کام پر دو آدمیوں کو مقرر کرنا۔

—— بٹھانا: (۱) چوں بٹھانا، جوڑ ملانا (۲) وصل کرنا (۳) حساب کی میزان ٹھیک کرنا۔

—— بَدنا: دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے انتخاب کرنا۔

—— بَند: مذکر؛ بندش، جوڑ، عضو۔

—— توڑ: مذکر؛ دیکھو؛ توڑ جوڑ، کاٹ، تکڑم۔

—— جُوڑ: ہر ایک عضو۔

—— جُوڑ شرارت بھری ہونا: بڑا شریر ہونا۔

—— چلنا: چال چلنا، تدبیر کارگر ہونا۔

—— دار: جوڑا ہوا، پیوند لگا ہوا۔

—— کا: برابر کا، مقابل۔

—— کا توڑ: مذکر؛ جیسی جو چیز ہو اس کے مناسب دوسری اسی قسم کی چیز۔

—— کرنا: فریب دینا، چالاکی کرنا، حرفت کرنا۔

—— کو جوڑ ملنا: جیسے کو تیسا ملنا۔

—— گانٹھنا: چالاکی سے کوئی کارروائی کرنا، پیوند لگانا۔

—— جوڑ کے دھرنا: کنجوسی سے روپیا جمع کرنا، روپیا جمع کر کے ایک جگہ رکھنا۔

—— جوڑ کے مرجانا / جوڑ جوڑ مرجانا: بڑی کنجوسی سے روپیا جمع کرنا اور اس کا مزہ اٹھائے بغیر مرجانا۔

جوڑا: مذکر؛ (۱) ہر چیز کا جفت (۲) نظیر، برابر کا (۳) ہم خوبی،

ساتھی (۴) پوری پوشاک (۵) (کنایتاً)؛ جوتے (۶) خلعت (۷) وہ جوڑا جو دلہن کے واسطے بھیجا جاتا ہے (۸) دوسرا ثانی (۹) نر مادہ پرندوں کا (۱۰) موزے کا جوڑا (۱۱) چوڑیوں کا جوڑ

—— اُٹھانا : جوتا اٹھانا۔

—— بڑھانا : پوشاک اتارنا، کپڑے اتار کر رکھنا۔

—— بنانا : (۱) کھوٹ چاندی یا کھوٹا سونا بنانا (۲) پوری پوشاک تیار کرنا (۳) جوتا بننا (۴) چوڑیاں بنانا۔

—— پہننا : (۱) پوری پوشاک پہننا (۲) جوتی پہننا۔

—— کھانا : نر مادہ کا ملنا، جفتی کھانا۔

—— لگانا : نر مادہ کو ملانا۔

جوڑا : مذکر؛ (۱) سر کے بال جن کو عورتیں یک جا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لیتی ہیں (۲) مونج کی بٹی ہوئی رسی، پانی کے گھڑے کے نیچے رکھنے کی اینڈوی (۳) بلبل کی چوٹی (۴) پگڑی کا پچھلا حصہ۔

جوڑنا : (۱) ملانا، پیوند لگانا (۲) اکٹھا کرنا، جمع کرنا (۳) میزان دینا (۴) حساب لگانا (۵) روپیہ بچا کر رکھنا (۶) گروہ بنانا۔ (۷) شامل کرنا، نتھی کرنا (۸) دھرنا، لگانا (۹) ٹوٹی ہوئی چیز کو ملانا۔

جوڑی : (۱) مجرا، تال، وہ مجرے جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۲) طبلوں کی جوڑی (۳) برابر کے دو شخص یا دو چیزیں (۴) دو گھوڑوں کی گاڑی

—— دار : مذکر؛ ساتھی، پہرے چوکی کے دو مقررہ شخص۔

—— ہانکنا : (۱) دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا (۲) دو بیویاں رکھنا (ظرافت سے)۔

—— ہلانا : مگدر ہلانا۔

جوڑی : مؤنث؛ تپ، لرزہ۔

—— چڑھنا : (کنایتاً)؛ خوف معلوم ہونا۔

جوز : (ع) مذکر؛ جائفل

جوزا : (ع) مذکر؛ دو جڑواں لڑکوں کی شکل کی ایک آسمانی برج کا نام۔

جوس : JUICE (انگ) مذکر؛ عرق، رس۔

جوش : (ف) مذکر؛ (۱) اُبال (۲) ہیجان (۳) ولولہ، شورش، دھن (۴) جرارت، تیزی (۵) زیادتی، زور (۶) شہوت (۷) غضب (۸) تعصب مذہبی، دینی جوش (۹) دیوانگی (۱۰) سرگرمی، گرم جوشی (۱۱) شوق، جلال، بہت زیادہ محبت الٰہی۔

—— آنا : (۱) اُبال آجانا (۲) غصہ آجانا (۳) کسی امر کا شوق ہونا ولولہ ہونا (۴) طغیانی آنا۔

—— پر آنا : اُمنڈنا۔

—— پر ہونا : زوروں پر ہونا۔

—— وخروش : (ف) مذکر؛ غل غپاڑا، غل شور، گونج، گرج غصہ۔

—— خون : (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ پدری و مادری محبت برادرانہ جوش، خون میں حرارت کی زیادتی۔

—— دہن : (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ منہ آنا، منہ میں چھالے پڑنا۔

—— دینا : اُبالنا۔

—— کھانا / مارنا : اُبلنا، کھولنا، زیادتی ہونا۔

—— میں آنا : (۱) اُبلنا، کھدبدانا، بلبلے اٹھنا (۲) طغیانی پر آنا، (۳) جوش آنا (۴) ولولہ اٹھنا (۵) غصے میں بھرنا۔

—— میں لانا : غصہ دلانا، بھڑکانا، اکسانا۔

جوشاندہ : (ف) مذکر؛ پانی یا عرق میں جوش دی ہوئی دوا

جوشش : (ف) مذکر؛ ابال، ہیجان، شورش۔

جوشن : (ف) مذکر؛ (۱) ایک قسم کا جنگی لباس (۲) ایک قسم کا بازو کا زیور۔

جوشی : برہمنوں کا ایک طبقہ۔

جوع : (ع) مؤنث؛ بھوک

جوع البقر : (ع) مؤنث؛ ایک قسم کی بیماری جس میں زیادہ کھانے کے باوجود بھوک معلوم ہوتی رہتی ہے، کھانے کا ہوکا۔

جَوف : (ع) مذکر؛ شکم، پیٹ، کھوکھلاپن، کسی چیز کے اندر کی طرف جو خالی ہو، گڑھا، شگاف۔

جوق : (ترکی) مذکر مؤنث، گروہ۔

—— دَر جوق : گروہ گروہ، بہت بہت سے۔

جوکھم : مؤنث؛ (۱) خطرہ، اندیشہ، ڈر (۲) (قیمتی اشیا مثلاً) زر و جواہر، روپیا پیسا، گہنا پاتا (۳) بیمہ (۴) نقصان، خسارہ (۵) بلا، مصیبت، شامت۔

جوکھنا : تولنا، جانچنا، امتحان کرنا، کسنا۔

جوکھوں اُٹھانا : جوکھم اٹھانا، نقصان برداشت کرنا، خسارہ اٹھانا۔

—— کا کام : (دہلی) مذکر؛ خوف و اندیشہ کا کام، نقصان و ضرر کا کام۔

—— میں پڑنا : (دہلی)؛ خطرے میں پڑنا، اندیشے میں پڑنا، آفت میں پڑنا۔

جوگ : مذکر؛ (۱) ستاروں کا ملاپ، قرآن (۲) نیک ساعت (۳) ریاضت، درویشی (۴) کفارہ (۵) موقع، ساعت۔

—— سادھنا/لینا : جوگی بننا، دنیا کو چھوڑنا، حبسِ دم کرنا۔

جوگن : مؤنث؛ جوگی کی تانیث۔

جوگی : مذکر؛ (۱) ہندو فقیر (۲) جادوگر۔

—— کس کے میت : (مثل)؛ فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے۔

—— جوگی لڑیں کپڑوں کا نقصان : (مثل)؛ بڑوں کی تکرار میں چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

—— ہو جانا : فقیر ہو جانا۔

جوگیا : (۱) سرخی مائل رنگ، گیروا رنگ (۲) ایک قسم کی قمری

جولان : مذکر؛ (۱) کدانا، دوڑانا، گھوڑا دوڑانا (۲) کاوا دینا۔

—— گاہ : مؤنث؛ گھوڑ دوڑ کی جگہ، میدان۔

جولانی : (ف) مؤنث؛ (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) تیزی، تیز رفتاری چستی، پھرتی (۳) امنگ، ولولہ، جوش، جوانی، تیزی طبع، طبیعت کی روانی، تیز فہمی۔

جولانیوں پر آنا/ہونا : زوروں پر آنا، جوش میں آنا، ولولے میں بھرنا، تیزی میں آنا۔

—— پر رہنا : زوروں پر رہنا، جوش میں رہنا، غل شور میں مصروف رہنا۔

جولاں : (ف)، مؤنث؛ بیڑی، مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی زنجیر۔

جولائی : JULY (انگ) مذکر؛ عیسوی سال کا ساتواں مہینہ

جون : مؤنث؛ (ع م)؛ (۱) جنم، پیدائش (۲) زمانہ، عرصہ (۳) وضع، صورت، بھیس۔

—— بدلنا/پلٹنا : ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا قالب بدلنا، صورت بدلنا۔

جون : JUNE (انگ) مذکر؛ عیسوی سال کا چھٹا مہینہ

جوں : حرفِ تشبیہ، مانند، مثل۔

—— توں/جوں توں کر کے : کسی نہ کسی طرح، جس طرح ہو سکے، بڑی مشکل سے۔

—— جوں : جس قدر، جہاں تک، جب تک، جیسے جیسے۔

—— کا توں : ہو بہو، سارا، پورا، بجنسہٖ۔

—— ہی : جس وقت، فوراً، جیسے ہی۔

جوں : مؤنث؛ وہ کیڑے جو بالوں میں میل کے سبب سے پڑ جاتے ہیں۔

—— پڑنا : جوؤں کا پیدا ہو جانا۔

—— کی چال : نہایت سست چال، بہت آہستہ رفتار۔

جوؤں کے مارے گدڑی نہیں چھوڑی جاتی : (مثل)؛ ادنا تکلیف کی وجہ سے بڑا مطلب کھو دیتے۔

جوں دکھانا : کسی سے سر کے جوں نکلوانا۔

—— مارنا : (کنایتاً)؛ سست ہو کر بیٹھ رہنا۔

جونا : مذکر؛ (۱) پان یا گھاس کا مٹھا جس سے برتن مانجتے ہیں۔ (۲) لکڑیوں یا گھاس کا گٹھا باندھنے والی گھاس کی رسی۔

جُونک : مؤنث ؛ پانی کا ایک کیڑا جو فاسد خون چوس کر نکالنے کے واسطے جسم پر لگا دیتے ہیں۔

—— ہُوکر لپٹنا : اس طرح لپٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو، کسی کام کے سر ہو جانا۔

—— پتھر میں لگنا : بے مروّت کنجوس یا اور ایسے ہی اوصاف کے کڑے آدمی سے کسی کام کا نکلنا۔

جُونی : مؤنث ؛ ترازو کی لکڑی اور پلّوں میں باندھنے والی رسّی۔

جُونیئر : JUNIOR (انگ) ؛ چھوٹا، کم رتبہ کا، ادنیٰ، نابالغ

جوہَر : مذکر ؛ (۱) قیمتی پتھر جیسے ؛ لال زمرّد ہیرا وغیرہ (۲) اصل شے، خلاصہ، لُبّ لُباب (۳) منطق کی ایک اصطلاح (۴) تلوار کی آب و تاب (۵) خاصیت - عمدگی، خوبی، (۶) ہنر، لیاقت، استعداد (۷) حقیقت (۸) چالاکی، کارستانی (۹) آئینہ کی آب و تاب (۱۰) کسی چیز کا پُوڑ (۱۱) وہ لکیریں جو اچھی لکڑی میں نمایاں ہوتی ہیں۔

—— اُڑانا/جوہَر کا اُڑانا : خاص ترکیب سے کسی چیز کے اجزائے لطیف کو علاحدہ کرنا۔

—— دار : (ف) ؛ (۱) صاحب جوہر (۲) عمدہ جوہر رکھنے والی لکڑی تلوار وغیرہ۔

—— دکھانا : (۱) اپنا کمال دکھانا، ہنر دکھانا (۲) (طنزاً) ؛ کسی کم ظرف کا اپنی اصالت اور بد ذاتی پر اُتر آنا۔

—— فَرد : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر ؛ (۱) جوہر یکتا، یکتائے زمانہ (۲) بے مثل۔

—— کرنا : (۵) اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالنا (متروک)۔

—— کھُلنا : (۱) اصلیت معلوم ہونا، برائی بھلائی معلوم ہونا ہنر ظاہر ہونا (۲) (طنزاً) ؛ عیب ظاہر ہونا (۳) لیاقت اور استعداد کا حال دریافت ہو جانا

—— کھولنا : ہنر ظاہر کرنا، خوبی ظاہر کرنا، حقیقت ظاہر کرنا عیب ظاہر کرنا۔

—— لطیف : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر ؛ پاکیزہ جوہر

—— نکالنا : (۱) ست نکالنا (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔

جوہری : مذکر ؛ (۱) جواہرات کا سوداگر، جواہر فروش (۲) (مجازاً) پرکھنے والا، ہنر شناس۔

—— توانائی : آہنی طاقت۔

جوہَڑ : مذکر ؛ جھیل، برساتی تالاب۔

جوہی : مؤنث ؛ (۱) ایک قسم کی چمیلی (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

جوئے : (ف) مؤنث ؛ نہر، ندی۔

—— بار : (ف) ؛ وہ مقام جہاں نہریں بہت ہوں، وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے بنی ہو۔

—— شیر : (ف) مذکر ؛ (اضافت کے ساتھ) وہ دودھ کی نہر جو فرہاد نے شیریں کے حکم سے پہاڑ سے شہر تک نکالی تھی۔

—— شیر لانا : بہت دشوار کام کرنا۔

جویا/جُویاں : (ف) مذکر ؛ تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا جستجو کرنے والا۔

جویندہ : (ف) ؛ ڈھونڈنے والا۔

—— پابندہ : (ف) (مقولہ) ؛ جو ڈھونڈتا ہے وہ پاتا ہے۔

ج - ہ

جِہات : (ع) مذکر مؤنث ؛ جمع جہت کی، سمت، طرف۔

جِہاد : (ع) مذکر ؛ (۱) کسی سچائی کی خاطر لڑنا، اس سے لڑنا جو فرائض مذہبی میں مزاحم ہو (۲) کسی اچھے کام کے لیے بڑے پیمانے پر کوشش کرنا۔

—— اکبر : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر ؛ (کنایتاً) نفس کشی کڑی ریاضت، زُہد۔

جَہاز : مذکر ؛ (۱) اسباب تجارت لادنے اور بحری سفر کرنے کی بہت بڑی دخانی کشتی (۲) بہت بڑا، نہایت فراخ۔

—— کا جہاز : بہت لمبا چوڑا، نہایت وسیع۔

—— کا لنگر گرنا : جہاز کا ٹھہر جانا۔

جَہازی : مذکر ؛ جہاز سے کسی قسم کی نسبت رکھنے والا، خلاصی، ملازم سافر وغیرہ۔

جَہالت/جِہالت : (ع) مؤنث ؛ ناواقفیت، بے علمی، بے وقوفی، اُجڈپن

جہاں : (ف) مذکر ؛ دنیا، دنیا کے لوگ، عالم۔

—— آفریں : (ف ا) ؛ جہاں کا پیدا کرنے والا ، خدا۔
—— آنکھوں میں اندھیر ہونا : کچھ سجھائی نہ دینا ، مصیبت میں مبتلا ہونا۔
—— پاک کرنا : دنیا سے کسی ناگوار شے یا موذی کو ختم کرنا۔
—— پناہ : (ف ، مذکر) ؛ (مجازاً) ؛ بادشاہ ، سلطان ، وہ حاکم جس کی پناہ میں دنیا ہو۔
—— تنگ ہونا : دنیا میں رہنا ناگوار ہونا۔
—— دار : (ف ا) ؛ بادشاہ۔
—— دیدہ : (ف) ؛ تجربہ کار ، آزمودہ کار۔
—— سے اٹھنا / جہاں سے جانا / جہاں سے گزرنا : مرجانا۔
—— سے ہاتھ اٹھانا : دنیا کو ترک کرنا۔
—— گزرُ : مذکر ؛ سیاح ، سفر کرنے والا۔
—— گیری : مؤنث ؛ (ا) ہاتھ کے ایک جڑاؤ زیور کا نام ، کان میں ڈالنے کا چھوٹا حلقہ (۲) لاکھ یا کانچ کی چوڑی (۳) حکمرانی جہاں گیر بادشاہ سے منسوب۔
جہانیاں : (ف) ، مذکر ؛ دنیا کے لوگ ، خلق اللہ۔
—— جہاں گشت : ساری دنیا میں گشت لگانے والا ، ایک بزرگ کا لقب۔
جہاں : حرفِ شرط ، یہ اسم موصول بھی ہے (ا) جس جگہ ، جس مقام پر (۲) جس وقت ، جس گھڑی۔
—— تک : جب تک ، حتی الامکان۔
—— تہاں : ہر جگہ ، ہر کہیں ، جگہ جگہ۔
—— جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا : (مثل) ؛ بدنصیب کی قسمت ہر جگہ ساتھ رہتی ہے۔
—— جہاں : جگہ جگہ ، جا بہ جا ، جس جس جگہ۔
—— چار برتن ہوتے ہیں کھنکتے بھی ہیں : (مثل) ؛ جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں وہاں تکرار بھی ہوتی ہے۔
—— دیکھے تو اپرات ، وہاں گاوے ساری رات : (مثل) غرض مند اپنے فائدے کو دیکھتا ہے۔
—— روکھ نہیں وہاں ارنڈ ہی روکھ : (مثل) ؛ جہاں عمدہ چیز نہیں وہاں معمولی چیز اچھی گنی جاتی ہے۔
—— ستیاناس وہاں ساڑھے ستیاناس : (مثل) ؛ جب بربادی ہوئی کم و بیش کی کیا پروا۔
—— کا نسا وہاں بجلی : (مثل) ؛ جہاں مال ہوتا ہے وہاں چور آتے ہیں۔
—— کہیں : جس جگہ ، جس مقام پر۔
—— کی تہاں : (ا) کہیں کی کہیں ، بے جگہ ، بے موقع (۲) اسی جگہ ، اسی مقام پر ، وہیں کی وہیں۔
—— گڑ ہوگا وہاں مکھی بھی ضرور ہے : (مثل) ؛ جہاں فائدہ ہوتا ہے وہاں لوگ جمع ہوتے ہیں۔
—— گڑھا ہوتا ہے وہیں پانی مرتا ہے : (مثل) ؛ جہاں نقص ہوتا ہے لوگوں کی توجہ اسی کی طرف ہوتی ہے
—— گل ہوگا وہاں خار بھی ہے : (مثل) ؛ راحت کے ساتھ تکلیف اور خوشی کے ساتھ رنج ہے۔
—— مرغا نہ ہوگا اذان نہ ہوگی / جہاں مرغ نہیں بولتا —— صبح نہیں ہوتی / جہاں ملا نہ ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا؟ (مثل) ؛ کوئی کام کسی پر موقوف نہیں رہتا ہو ہی جاتا ہے۔
—— نشیب ہوگا وہیں پانی مرے گا : (مثل) ؛ دیکھو ، جہاں گڑھا ہوتا ہے
جہت : (ع) (جمع جہات کی) ، مؤنث ؛ (ا) طرف ، سمت (۲) وجہ
جہد : (ع) ، مؤنث ؛ کوشش ، مشقت ، دوڑ دھوپ۔
جہل / جہل : مذکر ؛ نادانی ، ناواقفیت ، جہالت۔
جہلا : (ع) ؛ جمع جاہل کی ، جاہل لوگ ، نادان۔
جہلِ مرکب : مذکر ؛ ایک مرض نفسانی جس میں انسان باوجود عدم علم اپنے آپ کو واقف (عالم) سمجھتا ہے اور اپنے متعلق عالم ہونے کا یقین رکھتا ہے ، گویا دو جہلوں (عدم علم اور ناواقفیت سے جاعدم علم) میں مبتلا ہونا جہل مرکب ہے۔
جہلی : اجڈ ، سفیہ ، کمینہ۔
جہنم / جہنم : (ع) ، مذکر ؛ دوزخ۔
—— میں پڑے / جہنم میں جائے : (بددعا) ؛ نہایت نفرت اور بیزاری کا اظہار۔
جہنمی : دوزخی ، دوزخ کے کام کرنے والا۔
جہول : (ع) ؛ بڑا نادان۔

جَہیز: مذکر؛ لڑکیوں کو شادی میں مایکے والوں کا دیا ہوا اسباب وغیرہ۔

——میں آنا: ماں باپ کے گھر سے آنا، وہ چیز جس پر اپنا دعوا ہو۔

جَہیزُو: جہیز میں دینے کے لایق، جہیز میں دیا ہوا۔

ج۔ر

جَئی: مؤنث؛ ایک قسم کا چھوٹا جَو۔

ج۔ی

جی: (۱) حرب ایجاب، ہاں (۲) جناب (۳) درست ہے، بجا ہے (۴) (طنزاً)؛ ضرور، بے شک (۵) اسم کے آخر میں لگانے اور برابر والوں سے بھی کہنے کا تعظیمی کلمہ۔

—— ہاں: (جواباً طنز کرنا)؛ ہاں، بے شک۔

جی: (۱) مذکر؛ جان، روح (۲) زیست، زندگی، (۳) دل، طبیعت خواہش (۴) ذات، خود، آپ، نفس، شخصیت (۵) جرأت دلیری، مردانگی۔

—— آنا: دل آنا، محبت ہونا۔

—— اُٹھا لینا: بے زار ہو جانا دل اُٹھانا۔

—— اُٹھنا: جان پڑ جانا، زندہ ہو جانا، سیر و تماشے یا کسی کام کے واسطے دل چلنا۔

—— اُچاٹ ہو جانا: جی نہ لگنا، طبیعت ہٹ جانا۔

—— اُڑا جانا: دل کا درہم برہم ہو جانا، دل کا گھبرانا۔

—— اُکتا جانا: دل کا بے زار ہو جانا، کسی کام پر طبیعت نہ لگنا۔

—— اُلٹ جانا: پاگل ہو جانا۔

—— اُلجھنا/اُلٹنا: دل گھبرانا۔

—— اندر سے بیٹھا جانا: طبیعت کا گرا جانا۔

—— اوپر تلے ہونا: گھبرانا، متلی ہونا۔

—— باغ باغ ہونا: جی خوش ہو جانا۔

—— بٹنا: دل بہلنا، دھیان بٹنا، خیال بٹنا۔

—— بجھانا: افسردہ کر دینا، ہمت توڑ دینا۔

—— بچنا: جان سلامت رہنا۔

—— بہ حال ہونا: طبیعت درست ہونا۔

—— برا کرنا: (۱) ناخوش کرنا، رنجیدہ کرنا (۲) رعم اتے کرنا، (۳) برا ماننا۔

—— بڑھانا: حوصلہ بڑھانا۔

—— بکھرنا: (۱) (عم)؛ متلی ہونا (۲) دل کا پریشان ہونا۔

—— بند ہونا: دل رکنا، کبیدہ ہونا۔

—— بھاری کرنا: (عو)؛ غم گین ہونا، رنجیدہ ہونا، رونا دھونا

—— بھٹکنا: دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا، مشتاق ہونا، آرزومند ہونا، طبیعت کو یک سوئی نہ ہونا، طبیعت کا بہکنا۔

—— بھر آنا: رونا، دل اُمنڈ آنا، آنسو بھر آنا، مصیبت دیکھ کر یا کسی کی یاد آکر دل کا دردمند ہونا۔

—— بھر بھرانا: رغبت ہونا، مائل ہونا، جی چاہنا، دل میں اُمنگ آنا۔

—— بھر بھر آنا: بار بار رونا سا ہونا، دل میں نہایت درد پیدا ہونا، رقت آنا، آنسو بھر آنا۔

—— بھر کر: سیر ہو کر، حسب خواہش، بہ خوبی۔

—— بہلانا: دل خوش کرنا۔

—— بیٹھا جانا: دل گرا جانا، دل کا نڈھال ہونا۔

—— پانی کرنا: (۱) کمال زحمت اٹھانا (۲) دل ملائم کرنا۔ دل موم کرنا۔

—— پر بن جانا: صدمہ ہونا۔

—— پر کھیلنا: جان خطرے میں ڈالنا، جان پر کھیلنا، خودکشی کرنا۔

—— پڑا ہونا: کسی بات کی دل کو فکر ہونا، کسی کا دھیان ہونا۔

—— پڑنا: جان پڑنا، روح پڑنا، بچے میں روح آنا۔

—— پکا دینا: (عو) بہت ایذا دینا، دِق کرنا، رنج دینا۔

—— پکڑا جانا: دل میں شبہہ پڑنا، ماتھا ٹھنکنا۔

—— پگلنا/پگھلنا : میلان خاطر ہونا، دل آنا۔
—— پھٹ جانا : دل بے زار ہوجانا، دل میں فرق آجانا، محبت نہ رہنا، ناراض ہوجانا۔
—— پھر جانا : دل بے زار ہوجانا، اُکتا جانا، نفرت ہوجانا۔
—— پھسلنا : دل آنا، عشق ہونا، دل مائل ہونا۔
—— پھیکا ہونا : دل کا کسی چیز سے ہٹ جانا، متنفر ہوجانا۔
—— تڑسنا : دل کا مشتاق ہونا، آرزومند ہونا۔
—— تلے اُوپر ہونا : جی گھبرانا، قے ہونا۔
—— ٹوٹ جانا : شکستہ خاطر ہونا، بے دل ہونا۔
—— ٹھنڈا ہونا : (۱) اطمینان ہونا، خاطر جمع ہونا (۲) دل کی ہوس نکلنا۔
—— جان سے فدا ہونا/قربان ہونا/نثار ہونا : دل سے والہ وشیدا ہونا، دل جان سے تصدق ہونا۔
—— جلانا : (۱) ناگوار حرکت یا بے جا بات سے کسی کو بدمزہ کرنا (۲) دل میں آگ لگانا، غصہ دلانا۔ (۳) حسد دلانا (۴) چھیڑنا۔
—— نکال لینا : اچھا اچھا چھانٹ لینا۔
—— چُرانا : چشم پوشی کرنا، کسی کام سے بچتے پھرنا، حیلہ ڈھونڈنا، بہانہ کرنا۔
—— چلا : (۱) دلیر، من چلا (۲) سخی، بلند حوصلہ (۳) دیوانہ، مجنوں
—— چلا جانا : دل کا بیٹھا جانا، طبیعت نڈھال ہوئی جانا۔
—— چلانا : رغبت کرنا، خواہش کرنا، جرات کرنا، ہمت کرنا۔
—— چل جانا : دیوانہ ہوجانا۔
—— چلنا : خواہش ہونا، رغبت ہونا، دل میں آنا، ارادہ ہونا۔
—— چھڑانا : کسی کی ہمت توڑ دینا۔
—— چھوٹنا : (۱) بد دل ہونا، نا امید ہونا، ہمت ٹوٹنا، (۲) ہار جانا، تھکنا۔
—— دار : من چلا، بہادر، سخت، مضبوط۔
—— دکھانا : رنج وآزار پہنچانا، ستانا، صدمہ پہنچانا۔
—— دوڑنا : ارادہ ہونا، میلان طبع ہونا۔
—— دھڑکنا : (۱) دل کا کانپنا، اختلاج قلب ہونا، خوف ہونا اندیشہ ہونا (۲) دل کڑھنا۔
—— دھکڑ بکڑ کرنا : اندیشہ لگا ہونا، تردد ہونا، ہچکچانا۔
—— دھک دھک کرنا/ہونا : خوف طاری ہونا، جی دہلنا، جی ڈرنا، دل دھڑکنا۔
—— دینا : پیار کرنا، محبت کرنا، جان دینا۔
—— ڈالنا : روح پھونکنا، زندگی بخشنا۔
—— ڈوبنا : غشی طاری ہونا، دل بے قابو ہونا، ناتوانی ہونا۔
—— ڈھیا جانا : دل کا سست اور مضمحل ہونا، غش چلا آنا، دل قابو میں نہ رہنا۔
—— ڈھونڈنا : دل کا کسی کی تلاش میں ہونا، دل کا مشتاق ہونا
—— رُکنا : دم گھبرانا، دل نہ ملنا، آزردہ ہوجانا۔
—— رکھنا/رکھ لینا : دل داری کرنا، پاس خاطر کرنا، خوش کرنا۔ آرزو پوری کرنا، تسلی دینا، دلاسا دینا، دل بہلانا۔
—— سائیں سائیں کرنا : غشی کے آثار ظاہر ہونا، جی سن سنانا۔
—— سن سنا جانا : (۱) ضعف وناطاقتی کے باعث طبیعت نڈھال ہونا، رعب یا خوف سے دل بیٹھنا (۲) ہمت ٹوٹ جانا۔
—— سے اُتر جانا : بے قدر ہوجانا، قابل نفرت ہوجانا، نظروں سے گر جانا۔
—— سے بے زار ہونا : زندگی سے تنگ ہونا۔
—— سے جانا : جان سے گزر جانا، مرجانا۔
—— سے جی ملنا : دو آدمیوں میں دوستی اور اتفاق ہوجانا۔
—— سے گزر جانا : جان سے جانا۔
—— سے گرمنا : اپنی طرف سے بات بنانا۔
—— غش ہونا : کسی پر فریفتہ ہونا۔
—— کا بخار نکالنا : دل کی بھڑاس نکالنا، رونے یا غصہ ہونے سے دل کا اندرونی رنج دفع کرنا، غصہ نکالنا۔
—— کا جنجال : جی کا روگ۔

—— کا دشمن : جان کا دشمن۔
—— کا زیان : ہلاکت کا اندیشہ۔
—— کا غبار : مذکر؛ دل کا ملال و کدورت، خاطر، جی کا کہنا، دل میں خود بہ خود کوئی بات آنا۔
—— کرنا : (۱) جرات کرنا، دلیری کرنا، ہمت کرنا (۲) کسی چیز کو جی چاہنا، کسی چیز کو دل چلنا۔
—— کڑا کرنا : ہمت کرنا، دل مضبوط کرنا
—— کڑھانا : (۱) دل رنجیدہ کرنا، دل میلا کرنا، رنج دینا، (۲) رنجیدہ ہونا، غم کرنا، افسوس کرنا۔
—— کڑھنا : متاسف ہونا، دل میں درد ہونا، ہم دردی کے باعث رنج ہونا۔
—— کو روگ لگانا : جی کو خواہ مخواہ فکر و تردد میں ڈالنا، دل کو کسی علت میں مبتلا کرنا۔
—— کو لگنا : بات کا دل پر اثر کرنا۔
—— کھپانا : دل توڑ کر کام کرنا، جاں فشانی کرنا۔
—— کھٹا ہونا : بے زار ہونا، متنفر ہونا۔
—— کھرا کھوٹا ہونا : نیت میں فرق آنا۔
—— کھلنا : شرم و حجاب دور ہونا، بے دھڑک ہونا، بے باک ہونا۔
—— کھونا : جان دینا۔
—— کھول کر : (۱) بے دریغ، فیاضی سے، سیر چشمی سے، افراط سے (۲) خاطر خواہ، بہ خوبی۔
—— کی امان پانا / مانگنا : شاہی آداب کے مطابق کوئی کڑی بات کہنے سے پہلے جان کی امان چاہنا۔
—— کی جی میں رہنا : دل کی خواہش دل ہی میں رہنا، دل کی آرزو نہ نکلنا۔
—— کی لگی : دُھن، فکر، عشق کی آگ۔
—— گرا جانا : دل کا بیٹھا جانا، طبیعت میں سستی ہونا۔
—— گنوانا : (۱) عاشق ہونا، محبت کرنا (۲) مرجانا۔
—— گھبرانا : پریشان ہونا، دل کا بیٹھا جانا۔
—— لبھانا : دل پھسلانا، اپنی طرف مائل کرلینا۔
—— لڑا دینا / لڑانا : جان و دل سے دریغ نہ رکھنا، ساری توجہ مصروف کردینا، جان کھپا دینا۔
—— لرزنا : دل کانپنا، دل پر خوف چھا جانا، رعب غالب ہوجانا۔
—— لگانا : (۱) دل کا متوجہ کرنا، توجہ سے کام کرنا (۲) عاشق ہونا، کسی کی طرف دل مائل کرنا (۳) عشق کرنا (۴) جی بہلانا۔
—— لگا ہونا : کسی بات کی فکر ہونا۔
—— لگنا : (۱) جی بہلنا (۲) کسی کام کی طرف طبیعت کا مشغول ہونا دل چسپی ہونا (۳) عاشق ہوجانا۔
—— لہرانا : جی للچانا۔
—— لے کر بھاگنا : جان بچا کر بھاگنا۔
—— جی مارنا : خواہش ضبط کرنا۔
—— متلانا : (۱) قے آتی معلوم ہونا (۲) (کنایتاً) ؛ دل بے زار ہونا۔
—— مٹی ہوجانا : اُمنگ نہ رہنا، حوصلہ نہ رہنا، طبیعت کا پست ہوجانا۔
—— مرجانا : دل کا افسردہ ہوجانا، دل کا مرجھا ہوجانا۔
—— میں آنا : (۱) کسی بات کا خیال دل میں آنا (۲) جی چاہنا، دل چاہنا۔
—— میں بات پھرنا : بار بار کسی امر کا خیال آنا۔
—— میں بس رہنا : ہر وقت کوئی خیال جی میں رہنا۔
—— میں بیٹھنا : دل میں اثر کرنا، دل پر نقش ہوجانا۔
—— میں پھرنا : بار بار دھیان آنا۔
—— میں پیٹھنا : دل میں گھسنا، دل میں کھبنا، دل میں اثر کرنا، دل میں چبھنا۔
—— میں ٹھاننا : دل میں پکا ارادہ کرنا (کسی امر کا)۔
—— میں جاہ ہونا : جی میں جگہ ہونا۔
—— میں جی آنا : تسلی ہونا، تسکینِ خاطر ہونا، تشفی ہونا۔
—— میں جی ڈالنا : کسی کے دل کو اپنا سا بنانا، یقین دلانا۔
—— میں ڈالنا : دل میں اتارنا، دل میں خیال پیدا کرنا۔

—— میں رکھنا : (۱) کسی بات کا خفیہ رکھنا (۲) بغض رکھنا، عداوت رکھنا (۳) ارادہ رکھنا، یاد رکھنا۔

—— میں کھپ جانا : نہایت پسند آنا، دل پر پورا اثر ہونا۔

—— میں گننا : دل میں منصوبہ کرنا۔

—— میں گھر کرنا : دیکھو : جی میں بیٹھنا۔

—— میں لگنا : دل پر اثر کرنا۔

—— میں مزے لینا : خیال میں لطف اٹھانا۔

—— نکلنا : (۱) نکلنا، مرنا (۲) عاشق ہونا (۳) نہایت خوف ہونا بہت ڈر لگنا، جی ہارنا، کسی کام سے ہمت ہارنا۔

—— میں ہاتھ رکھنا : خوش رکھنا، دل میلا نہ ہونے دینا، دل قابو میں رکھنا۔

—— میں ہاتھ لینا : (کنایتاً) : تسلی دینا، خوش رکھنا، دل میلا نہ ہونے دینا۔

—— ہلنا : دل کا خوف یا ترس یا ترحم سے کانپنا۔

—— ہوا ہونا : دم نکلنا، جان نکلنا۔

—— ہونٹوں پر آنا : نزع کی حالت ہونا۔

—— ہی جی میں باتیں کرنا : دل ہی دل میں خیال پکانا، آپ ہی آپ باتیں کرنا۔

جے : مؤنث : (ہ) : (۱) فتح، نصرت، جیت (۲) خوشی، سلامتی (۳) ترقی (۴) شاباش (ہ) زندہ باد۔

جے : صفت : جس قدر، جتنے۔

جیا : مذکر : (ہ) (۱) جی کی تصغیر (۲) مؤنث، دایہ، کھلائی، دودھ پلائی (۳) بڑی بہن۔

جیب : (ع) مذکر : (۱) گریبان (۲) مؤنث : کیسہ، پاکٹ

—— خاص : (اضافت کے ساتھ) مذکر : خزانہ، صرف ذاتی خرچ کا خزانہ۔

—— خرچ : مذکر : بالائی خرچ، وہ رقم جو روزمرہ کے خرچ کے لیے رکھی جائے۔

—— کترا : مذکر : پاکٹ مار، جیب کتر کر مال نکال لینے والا، بدمعاش۔

—— گھڑی : مؤنث : چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے۔

جیبہ : مؤنث : زبان۔

—— چلنا : زبان چلنا، منہ چلنا، کھایا جانا۔

جیبھی : مؤنث : زبان صاف کرنے کا آلہ، لگام کا ایک حصہ۔

جیت : مؤنث : (۱) فتح، کامیابی (۲) نفع، فائدہ، بیشی (۳) غلبہ فوقیت، برتری۔

جیتنا : فتح کرنا، غالب آنا۔

جیتا : مذکر : (۱) زندہ (۲) جان دار (۳) زیادہ، بیش۔

—— جاگتا : مذکر : زندہ، سلامت، صحیح، تندرست۔

—— جھوٹ : کھلا جھوٹ، سرتاپا جھوٹ۔

—— چمڑا : جیتا گوشت، جان دار گوشت۔

—— چنوانا : پرانے زمانے کی سخت سزا، زندہ آدمی کو دیوار میں چنوا دینا۔

—— رہنا : زندہ رہنا، سلامت رہنا۔

—— لہو : جسم سے نکلا ہوا تازہ خون، تازہ خون۔

—— ناخن : نہ کاٹنے کے قابل ناخن، کچا ناخن۔

جیتے جی : زندگی بھر، عمر بھر

—— جی مرجانا : (کنایتاً) : تباہ ہونا، برباد ہوجانا، حالتِ زندگی میں موت کا مزہ چکھنا۔

—— جی کے سب ہیں : (مقولہ) : سب زندگی بھر ہی ساتھ دیتے ہیں۔

جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی : (مثل)، دیدہ و دانستہ بے ایمانی گوارا نہیں کی جاتی۔

جیٹھ : مذکر : (۱) خاوند کا بڑا بھائی (۲) ایک ہندی مہینے کا نام (۳) روٹیوں کی تھئی (۴) اوپر تلے رکھے ہوئے برتن۔

جیٹھانی : (ہ) مؤنث : شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جیجا : مذکر : (ہ) بہن کا خاوند۔

جی جی : مؤنث : (ہ) (۱) بہن، ہمشیرہ، خواہر (۲) پستان۔

جید / جیّد : (اردو) : (ع) : خوب، کھرا، نیک، عمدہ، طاقت ور زبردست، بھاری۔

جیسا : اسم موصول، جس قسم کا۔

تَیسا: حس طرح کا جس قسم کا۔
—— چاہیے: (۱) جیسا چاہو (۲) قابلِ تعریف، بہ خوبی، قرار واقعی۔
—— دیس وَیسا بھیس: (مثل)؛ جہاں رہیں وہیں کی وضع اختیار کرنا چاہیے۔
—— راجا وَیسی پرجا: (مثل)؛ جیسا حکم راں ہوتا ہے ویسی ہی رعایا ہوتی ہے۔
—— سُوتا وَیسا دھارا: (مثل)؛ جیسی اصل ویسی فرع۔
—— کیا ویسا پایا: افعال کا نتیجہ بھگتنا۔
—— کرنا وَیسا بھرنا / جیسا کرنا وَیسا پانا: کیے کا پھل پانا۔
—— مُنھ ویسا تھپڑ: (مثل)؛ جو شخص جس لائق ہو اس سے ویسا ہی سلوک بھی ہوتا ہے، جیسا سوال ویسا جواب۔
جیسے بنے: جس طرح ممکن ہو، جس طرح ہو سکے۔
—— کا تیسا: بعینہٖ، جوں کا توں، ہُو بہ ہُو۔
—— کنتھا گھر رہے ویسے رہے پدیس: (مثل)؛ نکما آدمی جس کا گھر میں اور باہر رہنا برابر ہو۔
—— کو تیسا: جو جتنا بُرا ہو اتنا ہی بُرا اسے بھلا جاتا ہے۔
جیسی روح ویسے فرشتے: (مثل)؛ ناقص کو ناقص ہی چیز ملتی ہے، اچھے کو اچھی۔
—— ذات ویسی بات: (مثل)؛ جس حیثیت کا آدمی ہوگا ویسی ہی روش رکھے گا۔
—— کہی ویسی سُنی: خراب بات کا جواب خراب ہی ہوگا۔
—— کی تیسی: بعینہٖ، جوں کی توں۔
جیش: مذکر؛ جمع جیوش، لشکر۔
جیغہ: (ترکی) مذکر؛ پگڑی پر باندھا جانے والا ایک مرصع زیور، کلغی۔
جے کار: فتح کی آواز، نعرہ۔
جیکٹ: JACKET (انگ) مؤنث؛ صدری، کتاب کی جلد پر چڑھا ہوا کاغذ، کتاب کی چولی۔
جیوگرافی: GEOGRAPHY (انگ) مؤنث؛ جغرافیہ
جیل / جیل خانہ: JAIL (انگ) مذکر؛ قید خانہ۔
جیلر: JAILOR (انگ) مذکر؛ جیل کا داروغہ۔
جیلی: JELLY (انگ) مؤنث؛ رُب، پھلوں کے رس کا ایک قسم کا مرکب۔
جین: مذکر؛ سراوگیوں کے مذہب کا نام جو مہاویر کے پیرو ہیں اور ویدوں کو نہیں مانتے، جین مت کا ماننے والا۔
جینی: مذکر؛ سراوگی۔
جے مالا: जैमाला (ہ)؛ مذکر؛ (۱) وہ ہار جو فاتح کو پہنایا جاتا ہے (۲) وہ ہار جو سوئمبر کے وقت لڑکی اپنے پسندیدہ شخص کے گلے میں ڈالتی ہے۔
جیومیٹری: GEOMETRY (انگ) مؤنث؛ علم ہندسہ
جینا: زندہ رہنا، زندگی بسر کرنا۔
جینے سے تنگ آنا / ہونا: زندگی سے بے زار ہونا۔
—— کے لالے پڑنا: جینے کی آس نہ رہنا۔
جینتی: (ہ) مؤنث؛ کسی بزرگ کے یوم پیدائش پر منائی جانے والی خوشی، سال گرہ۔
جینس: (رجی نی اَس) GENIUS (انگ)؛ (۱) غیر معمولی ذہن، (۲) عبقری۔
جیو: مذکر؛ (ہ) (۱) زندگی (۲) روح (۳) معشوق۔
—— آتما: مؤنث؛ جان، روح (ہندوؤں میں ایشور کے سوا کل جان دار)۔
جیوتش: (ہ) مذکر؛ وہ علم جس سے سیاروں کا حال جانا جاتا ہے۔ علم نجوم، علم ہیئت۔
جیوتی: (ہ) مؤنث؛ اُجالا، روشنی۔
جیوتشی: (ہ) مذکر؛ علم نجوم کا ماہر، نجومی، منجم، ہیئت داں۔
جیوٹ: (۱) کڑا، سخت جان، بہادر، دلیر (۲) مؤنث؛ بہادری، شجاعت۔
—— کرنا: ہمت کرنا۔
جیوری: JURY (انگ) مؤنث؛ وہ پنچ جو کسی جج کو فیصلے میں رائے دیں۔
جیوڑا: مذکر؛ جی کی تصغیر؛ (۱) جی، دل (۲) معشوق، دل بر۔

—— جانا : مرجانا۔
—— دَہل جانا : ڈر جانا۔
جیول : JEWEL (انگ) مذکر؛ جواہرات، قیمتی پتھر، ہیرا۔
—— باکس : BOX —— (انگ) مذکر؛ زیورات اور جواہرات رکھنے کا بکس۔
جیولر : JEWELLER (انگ) مذکر؛ جوہری۔
جیولری : JEWELLERY (انگ) مذکر؛ جواہرات، زیورات۔
جیولوجی : GEOLOGY (انگ) مؤنث؛ علم طبقات الارض۔
جیولوجیکل : GEOLOGICAL (انگ)؛ علم طبقات الارض سے متعلق
جیون : مذکر؛ زندگی، وجود۔
جیوں : مانند۔
جیون گان जीवन ज्ञान (ہ) مذکر؛ زندگی کا گیت نغمۂ حیات۔

جھ۔ا

جھابا : مذکر؛ (جھاؤ یا جھاکڑ) (ارہر کی خشک لکڑی) سے بنی ہوئی تنگ منہ کی ٹوکری جس میں آم وغیرہ اور دیگر سامان رکھتے ہیں۔ (۲) دیکھو جھوا۔
جھابر : مؤنث؛ دلدل، وہ زمین جہاں دل دل ہو، نشیبی زمین جہاں پانی جمع ہو جائے۔
جھاپڑ : (ہ) مذکر؛ تھپڑ۔ تمانچا۔
جھاڑ : مذکر؛ (۱) درخت، کانٹوں کے درخت (۲) جھربیری کا سوکھا ہوا درخت (۳) بلور یا آبگینہ یا لوہے پیتل کا درخت کی شکل کا فانوس (۴) ایک قسم کی آتش بازی (۵) پنج شاخہ (۶) چھینکیں لانے والی تیزبوٹی (۷) مصنوعی بیل بوٹے جھاڑی کی شکل کے (۸) جھاڑنا دردسر یا تلی وغیرہ کا۔
—— باقی : مؤنث؛ بالکل بے باق، بچا کھچا۔
—— بسانا : جھگڑا مول لینا۔
—— بوٹے : بیل بوٹے۔
—— پونچھ : مؤنث؛ صفائی۔
—— پونچھ برابر کرنا : خرچ کر ڈالنا، کھا پی ڈالنا۔
—— پھونک : مؤنث؛ منتر، جادو دور کرنے کی دعا۔
—— جھنکار : مذکر؛ نہایت گھنے اور خاردار پودے اور جھاڑیاں، کوڑا کرکٹ
—— دینا : (۱) صاف کرنا (۲) (ایک ہاتھ) مار دینا (۳) ڈانٹ دینا۔
جھاڑے چھوٹا، پہاڑ میں اٹکا : (مثل)؛ ایک مشکل سے نکل کر اس سے زیادہ مشکل میں پھنس جانا۔
—— کا ازار بند : مذکر؛ بڑے بڑے پھندنے والا ازار بند۔
—— کا کانٹا : (کنایتاً)؛ پیچھا نہ چھوڑنے والا شخص۔
—— کے پر نکالنا : کثرت سے پر نکالنا۔
—— لینا : (۱) صاف کر لینا (۲) برتن سے کسی خشک چیز کا بغیر کچھ باقی رکھے لے لینا (۳) آسانی سے وصول کرنا۔
—— ہو کر لپٹنا : اس طرح لپٹنا کہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔
جھاڑا : مذکر؛ (۱) تلاش (۲) کوڑا کرکٹ، پاخانہ۔
—— پھونکی : مؤنث؛ جھاڑ پھونک۔
جھاڑن : مذکر؛ (۱) جھاڑنے کا کپڑا (۲) جھاڑنے سے نکلی ہوئی چیز (۳) مؤنث؛ چھینٹ
—— پونچھن : مذکر؛ (۱) جھاڑنے پونچھنے سے نکلی ہوئی چیز (۲) آخری بچت۔
جھاڑنا : (۱) صاف کرنا، گرد و غبار صاف کرنا، جھاڑو دینا (۲) درخت سے پتے پھول یا پھل گرانا (۳) پھٹکنا (۴) مارنا (تلوار کا ہاتھ) (۵) کنگھی کرنا (۶) پھونکنا، آسیب بیماری یا سانپ بچھو کا زہر اترنے کے لیے دعا یا منتر دم کرنا (۷) آگ نکالنا، (۸) پر گرانا (۹) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔
—— جھٹکنا : (۱) جھاڑو بہارو دینا، گرد و غبار صاف کرنا (۲) جو کچھ کسی کے پاس ہے اس سے لے لینا۔
جھاڑو : مؤنث؛ جاروب، جھاڑنے بہانے کی چیز۔
—— پھر جانا : صفایا ہو جانا، کچھ باقی نہ رہنا، بربادی ہونا۔

—— پھیر دینا : (۱) صفایا کرنا ، باقی نہ رکھنا (۲) اُجاڑنا ، تباہ کرنا ، برباد کرنا ۔

—— تارا : مذکر ؛ دُم دار ستارا ۔

—— دَبانا : آندھی روکنے کا ٹوٹکا ۔

—— دینا : (۱) جھاڑو سے جھاڑنا ، صفائی کرنا (۲) چُرا چھپا کے کسی کا مال و اسباب لے کر گھر صاف کر دینا (۳) سب چٹ کر جانا رکابی یا تھال خالی کر دینا (۴) نحوست سے کسی کو تباہ و برباد کر دینا ۔

—— کی تیلی : مؤنث ؛ جھاڑو کی سینک ۔

—— ہو کر لپٹنا : پیچھے پڑ جانا ، سر ہو جانا ۔

جھاڑی : مؤنث ؛ (۱) چھوٹے درخت (۲) جھڑ بیری کے درخت (۳) بَن ، جنگل ، خاردار درختوں کی جگہ ۔

جھاگ : مذکر ؛ کف ، پھین ۔

—— لانا : کف لانا ، غصّے کے مارے منہ سے تھوک اڑانا ۔

جھال : مؤنث ؛ (۱) تیزی ، جلن جیسے مرچ کی جھال (۲) ٹانکا ، دھات کا جوڑ (۳) بڑی اور چوڑی لوکری (۴) موج ، ترنگ ، (۵) آگ

—— جَل : حسد ، غصّہ ۔

جھالا : مذکر ؛ (۱) برس کر جلد ختم ہو جانے والی بہت زور شور کی بارش (۲) عورتوں کے کانوں کا ایک زیور ۔

جھالر : مؤنث ؛ (۱) حاشیہ ، کنارہ ، پلّا (۲) چُنے ہوئے کپڑے کے گرد لگائی ہوئی چیز ۔

—— دار : جھالر لگی ہوئی چیز ۔

جھالرا : مذکر ؛ بڑی باؤلی ۔

جھالنا : (۱) ٹانکا لگانا ، برتن جوڑنا ، زیور کو مسالے سے جوڑ لگانا (۲) پانی یا شراب وغیرہ کو شورے یا برف سے ٹھنڈا کرنا ۔

جھام : مذکر ؛ ایک قسم کا بڑا پھاوڑا ۔

جھامر : مذکر ؛ سُوتیاں اور تکوے تیز کرنے کی سِلّی ۔

جھانپ : مؤنث ؛ (۱) بانس کا بڑا خوان پوش ، بانس کا ٹوکرا (۲) جوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سائے بان (۳) مؤنث ؛ چھت پاٹنے کا لکڑی کا چوڑا اور باریک تختہ (۴) پردہ ، حجاب (۵) گچھی کا ٹب ۔

جھانپنا : ڈھانکنا ، غلاف چڑھانا ، چھپانا ۔

جھانجن : مونث ؛ پایل ، ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔

جھانجھین : مؤنث ؛ ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔

جھانجھ : مؤنث ؛ (۱) غصّہ (۲) تیزی ، تندی (۳) کسی چیز کی بے حد خواہش جیسے تمباکو کی جھانجھ (۴) بھوک سے جھنجھلانا ۔

—— پلانا : تکرار کرنا ، جھگڑا ، لڑنا ۔

جھانجھ : مذکر ؛ ایک قسم کا بڑا مجیرا ۔

جھانسا : مذکر ؛ دھوکا ، حیلہ ، بُتّا ، جُل ۔

—— بتانا / دینا : جُل دینا ، بُتّا دینا ، دھوکا دینا ۔

جھانسیا : مذکر ؛ دم باز ، فریبی ۔

جھانسے میں آنا : دھوکے میں آنا ، دم میں آنا ۔

جھانک تاک / تاک جھانک : مؤنث ، (۱) چوری چھپے دیکھنا (۲) خیال ، غور ، تدبیر ۔

جھانکنا : (۱) چھپ کر دیکھنا ، کھڑکی یا دروازے سے منہ نکال کر دیکھنا

جھانکی : مؤنث ، (۱) دید ، نظارہ ، نمائش ، سوانگ ، تماشا (۲) سوراخ ، رخنہ ۔

جھانکڑ : مذکر ؛ (۱) خاردار درخت ، جھاڑی ، درخت کا کئی شاخوں والا خشک ٹکڑا (۲) (کنایتاً) ، دُبلا ، کمزور ، لاغر ۔

جھانواں : مذکر ؛ پانوؤں یا بدن کا میل اتارنے کی کھُردری اینٹ یا پتھر کی بنی ہوئی چیز ۔

جھانولی : مؤنث ؛ (۱) آنکھ کا اشارہ (۲) چمکا ۔

—— باز : مذکر ؛ نخرے باز ۔

—— دینا : آنکھ کی جھپکی دینا ، آنکھ سے اشارہ کرنا ۔

جھائیں جھائیں : مؤنث ؛ تکرار ، حجت ۔

جھائیں مائیں : مؤنث ؛ بچّوں کا ایک کھیل ۔

جھائیں : مؤنث ؛ (۱) عکس ، سایہ ، وہ عکس جو شیشے یا کسی اور چمک دار چیز کے سورج کے مقابل کرنے سے پڑے (۲) چہرے کے سیاہ دھبّے (۳) وہ نشان جو آئینے کی قلعی اتر جانے سے نمایاں ہوتے ہیں (۴) چاند کے دھبّے (۵) سیاہی کے دھبے ۔

جھائیاں پڑ جانا : دھبّے پڑ جانا ۔

جھائیں جھپّا : مذکر ؛ جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا ، دھوکا ، دم - فریب -
جھاؤ : مذکر ؛ ایک قسم کا درخت -
جھبّا : مذکر ؛ گچھا ، سیاہ ابریشم کا پھندنا -
جھبڑا / جھبرا : مذکر ؛ (۱) بڑے بالوں کا کتا (۲) بڑے بالوں والا -
جھپ : جلد ، فوراً -
جھپا جھپ : جلدی جلدی -
جھپ جھالیا : (۱) (مذاق میں) فریبی (۲) دغاباز -
—— **جھپا / جھپ کھانا** : کنکوے کا اُلٹ کر گر پڑنا -
جھپاک : جلد -
جھپان / جھپّان : مذکر ؛ (۱) ایک قسم کی پالکی (۲) سستی (۳) مریض کا آنکھیں بند کیے پڑے رہنے کی کیفیت -
جھپّانا : پتنگ کا اُلٹ جانا ، جھپ کھانا -
جھپانا : شرمندہ کرنا -
جھپٹ : مؤنث ؛ جلدی کا حملہ ، کچھ لینے کی غرض سے جلدی دوڑنا -
—— **جانا** : بہت جلد جانا ، دوڑ کر جانا ، تیز جانا -
—— **لینا** : دوڑ کر پکڑ لینا ، ہاتھ سے چھین لینا ، اُچک لینا -
—— **میں آجانا** : بھاگتے ہوئے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر گر پڑنا -
جھپٹّا : مذکر ؛ چیل یا شیر وغیرہ کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو پنجوں میں لے جانا ، چھین لینا ، اُچک لینا -
جھپٹانا : جلدی سے دوڑانا ، جلدی سے روانہ کرنا ؛ آدمی کو کسی کام کے واسطے تیز چلانا -
جھپٹنا : (۱) حملہ کرنا ، کسی پر دوڑنا (۲) دوڑنا جلد جانا ، لپکنا ، (۳) چھیننا ، زبردستی یا جلدی سے اک بارگی لے لینا ، اچک لینا درمیان سے لے لینا -
جھپک : مؤنث ؛ (۱) شرم ، حجاب (۲) آنکھ مارنا (۳) چمک (۴) پلک کا ہلنا (۵) چستی
—— **آنا / جھپکی آنا** : نیند کے غلبے سے آنکھ بند ہونا -
—— **جانا** : آنکھ بند ہو جانا (نیند سے) -
—— **دکھانا** : ذرا دیر کے لیے صورت دکھانا -
جھپکا : مذکر ؛ جلدی ، عجلت -
جھپکانا : (۱) کسی کو شرمندہ کرنا ، محجوب کرنا (۲) آنکھ بند کرنا -
جھپکنا : (۱) آنکھ بند ہونا (۲) شرمندہ ہونا ، جھپنا ، خوف کھانا ، ڈرنا -
جھپکی : (۱) نیند ، غنودگی (۲) ذرا کی ذرا صورت دکھانا ذرا سی دیر کو آنا -
—— **لینا** : تھوڑا سو رہنا -
جھپیٹ : مؤنث ؛ (۱) دوڑ ، تاخت (۲) دھکا ، صدمہ (۳) سایہ جن و پری کا -
—— **کھانا** : ہلکی چوٹ کھانا ، دھکا لگنا -
—— **میں آنا** : دوڑتے ہوئے ٹھوکر کھانا ، دھکا لگنا ، صدمہ پہنچنا دھکے سے گرنا -
جھپیٹا : مذکر ؛ (۱) سایۂ آسیب ، جن پری کا اثر ، جادو کا اثر (۲) جھپیٹ -
جھپیٹے میں آنا : (۱) بھوت پریت کا سایہ ہو جانا (۲) کسی چیز کی ضرب لگ جانا ، صدمہ پہنچ جانا -
—— **میں لانا** : قابو میں لانا -

جھ - ٹ

جھٹ : فوراً ، دفعتاً -
—— **پٹ** : بہت جلد -
جھٹال دینا : تھوڑا سا کھا لینا -
—— **لینا** : (منھ کے ساتھ) ؛ چکھ لینا -
جھٹالنا : جھوٹا بنانا ، چکھنا ، کچھ کھا کے چھوڑ دینا -
جھٹ پٹا : مذکر ؛ سرِ شام یا صبح تڑکے کی تاریکی -
جھٹک : مؤنث ؛ جھٹکنا -
جھٹکا : مذکر ؛ (۱) دھکا ، ٹکر (۲) مصیبت ، آفت ، حادثہ (۳) حیوانات کو ذبح کرنا (سکھوں کے طریقے سے) -
—— **اُٹھانا** : صدمہ اُٹھانا ، خسارہ اُٹھانا -
جھٹکا پڑنا : کسی چیز کے تکان کا کسی کو صدمہ پہنچنا -
—— **دینا** : (۱) جھٹکنا ، کسی چیز کو پکڑ کر زور سے ہلانا (۲) صدمہ

پہنچانا (۲) حیوان کا سکھوں کے طریقے سے ذبح کرنا۔
—— کھانا: صدمہ اُٹھانا، مصیبت اُٹھانا۔
جھٹک جانا: دُبلا ہوجانا۔
—— لینا: چھین لینا۔
جھٹکنا: (۱) جھاڑنا، کپڑے وغیرہ کو زور سے جنبش دینا (۲) رد کر دینا (۳) چھیننا، ہاتھ مارنا (۴) اپنا ہاتھ دوسرے کے ہاتھ سے جھٹکا دے کر جدا کرنا (۵) دُبلا ہونا۔
جھٹلانا: جھوٹا ثابت کرنا۔
جھجّر: مذکر؛ صراحی سے ملتا جلتا مٹی کا ایک برتن۔
جھجّری: مؤنث؛ چھوٹا جھجّر۔
جھجک: مؤنث؛ (۱) بھڑک، خوف، شرم (۲) کسی چمک دار چیز کی چمک سے آنکھوں کا بند ہوجانا۔
جھجھکانا: خوف دلانا
جھجھکنا: خوف کرنا، ڈرنا، چونکنا، شرم کرنا، حیران کرنا۔
جھجکی: مؤنث؛ ڈر، خوف۔
جھجکارنا: آنکھ دکھانا، گھرکنا۔
جھجھک: مؤنث؛ (۱) بھڑک، چمک، وحشت (۲) خوف و خطر، اندیشہ، ڈر۔
—— نکلنا: خوف کا دور ہونا، مانوس ہونا، اُنس پکڑنا۔
جھجھکنا: (۱) چونکنا، وحشت کرنا، بھڑکنا (۲) ڈرنا، خوف کھانا۔

جھ۔ر

جھرّ: مؤنث؛ کپڑے یا کاغذ کے دفعتاً پھٹنے کی آواز۔
جھرّانا: مذکر؛ کاغذ یا کپڑا پھاڑنے کی آواز۔
جھربیر / جھربیری: مؤنث؛ جنگلی بیر کا درخت۔
جھربیری کا کانٹا: (کنایتاً) الجھنے والا آدمی، جھاڑ ہو کر لپٹنے والا آدمی۔
—— کے کانٹے کی طرح لپٹنا: پیچھے پڑ جانا۔
جھرجھرا: تاصلے سے تار والا بہت باریک کپڑا۔
جھرجھری آواز: ناصاف آواز، جو برابر نہ نکلے۔
جھرجھری: مؤنث؛ بخار کے ساتھ یک بارگی کپکپی سی آنا۔ لرزہ کپکپی۔
جھرمٹ / جھرمٹ: مذکر؛ (۱) بھیڑ، حلقہ (۲) گروہ عورتوں کا حلقہ۔
جھرنا: مذکر؛ (۱) آبشار، اوپر سے گرنے والی پانی کی چادر (۲) ایک قسم کی بڑی چھنّی (۳) حلوائیوں کی سوراخ دار کف گیر، پانی صاف کرنے کی چھنّی۔
جھرنا: ٹپکنا، چونا، جاری ہونا۔
جھروکا: مذکر؛ کھڑکی، دریچہ، روشن دان۔
جھری: مؤنث؛ (۱) درز، شگاف (۲) ادھر ادھر سے رِس کر پانی جمع ہوجانے والا گڑھا۔
جھرّی: مؤنث؛ شکن، بڑھاپے سے چہرے اور بدن پر پڑ جانے والی سلوٹ۔
جھرّیاں پڑنا: شکن پڑنا، سلوٹیں پڑنا۔

جھ۔ڑ

جھڑ: مؤنث؛ (۱) متواتر بارش (۲) قفل کا کھٹکا (۳) آنسوؤں کی جھڑی (۴) مسلسل باتیں، گالیوں کا سلسلہ۔
—— پکنا: (۱) پک کر جھڑ جانا (۲) (کنایتاً) بوڑھا ہو کر ناکارہ ہوجانا۔
جھڑا: بالکل، تمام۔
—— جھڑ: مسلسل، لگاتار، بہ کثرت، کوئی کام جلدی کرنا۔
—— جھڑ تلوار مارنا: لگاتار تلوار مارنا۔
—— جھڑ روپیا برسنا: کثرت سے آمدنی ہونا، اسباب کا خوب بکنا۔
جھڑاک / جھڑاکا: مذکر؛ کسی کام کا جلدی کرنا، جلد، فوراً۔
جھڑپ: مؤنث؛ (۱) معمولی لڑائی، جھگڑا (۲) ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچنا (۳) تندی، جوش

غصہ (۴) شعلہ۔
—— ہونا: (۱) باہم تکرار ہوجانا (۲) مُرغوں کا آپس میں لڑجانا۔
جَھڑپانا: (۱) پرندوں کا لڑانا (۲) دو آدمیوں کا باہم لڑا دینا۔
جَھڑپنا: (۱) پرندوں کا آپس میں لڑنا (۲) لڑنا، جھگڑنا۔
جَھڑجَھڑانا: جھنجھوڑنا، ہلانا، پھٹ پھٹانا (۲) دھمکانا۔ لتاڑنا۔
جَھڑجَھڑاہَٹ: مؤنث؛ پھٹ پھٹانا۔
جَھڑک: مؤنث؛ جھڑکنا۔
جَھڑکا جَھڑکی: مؤنث؛ باہم ایک دوسرے کو جھڑکنا۔
جَھڑکنا: گھرکنا، ڈانٹنا۔
جَھڑکی: مؤنث؛ گھرکی، دھمکی۔
—— دینا: سرزنش کرنا، گھرکی دینا۔
جَھڑکیاں پڑنا: دھتکار پڑنا، لتاڑ ہونا۔
جَھڑنا: (۱) کسی چیز کا کسی چیز سے گرنا، ٹپکنا (۲) کوڑا کرکٹ صاف ہونا، جھاڑو دیا جانا۔
جَھڑوتا: مذکر؛ آخر فصل میں شاخ میں لگا ہوا پھل۔
جَھڑوتے کی بَٹیا: آخر فصل تک شاخ میں رہنے والا خربوزے کا پھل۔
جَھڑی: مؤنث؛ (۱) بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ متواتر برسنے والا مینہ (۲) آنسوؤں کی قطار۔

جھ۔ک

جَھک: (۱) صاف، اُجلا (۲) چمک دار (۳) مؤنث؛ بک بک، جوش، دیوانگی، جنون۔
—— مارنا: بے ہودہ بکنا، بے ہودگی کرنا، جھوٹ بولنا۔ باتیں بنانا۔
جَھکّاڑ: بڑا جھگڑنے والا۔
جَھکّی: بہت بکنے والا، ضدی، مجنوں۔
جَھکا جَھک: چمکیلا، خوب سفید۔
جَھکانا: پھرانا، دکھانا۔
جَھکائی: مؤنث؛ مغالطہ۔
جَھکانا: حیران کرنا، ستانا، ہیرا پھیری کرنا، رُلانا۔
جَھکانا: بیڑھا کرنا، سرنگوں کرنا۔
جُھکاؤ: مذکر؛ (۱) خمیدگی، خم (۲) رُجحان۔
جُھکاوٹ: مؤنث؛ خمیدگی۔
جُھک پڑنا: کسی سمت مائل ہونا، کسی طرف متوجہ ہونا
—— کرسلام کرنا: (۱) نہایت ادب سے سلام کرنا (۲) طنزاً؛ شرارت میں استاد ماننا، طعنہ و طنز سے سلام کرنا۔
جُھک کر مِلنا: عجز و انکسار سے ملنا۔
جَھک جَھک: مؤنث؛ جھگڑا، تکرار، بک بک۔
جَھکَڑ: مذکر؛ (۱) تند ہوا (۲) جھک (۳) آندھی۔
جُھکنا: (۱) خمیدہ ہونا، نیچا ہونا (۲) عاجزی سے ملنا (۳) آنکھیں بند ہوجانا (۴) مصروف ہونا، مشغول ہونا (۵) مائل ہونا، کسی کام کی طرف متوجہ ہونا (۶) آگ میں گر پڑنا (۷) وزن میں مقدار سے زائد ہونا، تول میں پلا جُھکنا۔
جَھکوُر: مذکر؛ (۱) نقصان، ضرر (۲) شامت، آفت، بلا (۳) ہوا کا تیز جھونکا۔
جَھکوُڑا: مذکر؛ (۱) تیز ہوا کا جھونکا (۲) کنارے کی چیزوں کو حرکت دینے والی پانی کی لہر۔
جَھکوُلا: مذکر؛ (۱) لہر، ترنگ، موج، پانی کا زور سے آنا (۲) غوطہ، ڈبکی لگانا (۳) صدمہ۔
جَھکوُلنا: پانی کا ہلانا جُلانا، غوطہ لگانا، ڈبکی مارنا، دھونا، پانی ڈالنا، صاف کرنا۔
جَھکوُلے دینا: (۱) ادھر ادھر پھرانا (۲) غوطے دینا۔
جَھکوُلے کھانا: (۱) غوطے کھانا، پانی میں کبھی ڈوبنا کبھی اُبھرنا، ڈوبنا، اُچھلنا (۲) زمانے کا گرم و سرد آزمانا۔
جَھکوُلے لینا: غوطے کھانا، ڈبکی لگانا۔

جھ۔گ

جھگڑا: مذکر؛ دنگا، فساد، بحث۔
—— اُٹھانا: جھگڑے کی ابتدا کرنا۔
—— پاک ہونا/جھگڑا چکنا: (۱) جھگڑا دور ہونا (۲) (مجازاً) مرجانا، تعلقات دنیوی سے چھوٹ جانا، کسی امر کا بہ خیر و خوبی تمام ہونا۔
—— پڑنا: فساد ہونا۔
—— کرنا: (۱) فساد کھڑا کرنا، لڑنا (۲) مزاحمت کرنا، دعوے دار بننا، مقدمہ لڑانا۔
—— کھڑا کرنا: فساد کھڑا کرنا۔
—— مٹ جانا: رفعِ فساد ہونا، معاملہ طے ہونا۔
—— مول لینا: جھگڑے میں پڑنا۔
—— نکالنا: فساد کی بات پیدا کرنا، جھمیلا کرنا۔
جھگڑے کی باتیں تین، زن، زر، زمین: (مقولہ) زن، زر، زمین کی ابتدا میں 'ز' ہے یہ تینوں 'ز' فساد کی جڑ ہیں۔
جھگڑنا: فساد کرنا، تکرار کرنا، ضد کرنا، زیادہ مانگنا۔
جھگڑے بھرا: بڑے جھگڑے کا، وہ چیز جس میں طوالت ہو۔
جھگڑالو: جھگڑے والا، جھگی، فسادی، شریر۔
جھگڑالن: جھگڑالو عورت۔

جھ۔ل

جھل: مؤنث؛ (۱) غصہ، خفگی (۲) رشک، حسد، بدخواہی۔
جھلا: مذکر؛ چڑچڑا، جھٹ خفا ہو جانے والا (۲) بڑا لوکرا۔
جھلے باز: چالاک، فریبی۔
جھلا جھل: چاندی سونے کی چمک دمک۔
جھلانا: غصہ ہونا، جلنا، جلن ہونا، کسی بات کا دیر تک صدمہ رہنا۔
جھلانا: (۱) جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا، ہلانا (۲) ٹال مٹول کرنا، کسی کام میں ڈھیل ڈالنا، کام اٹکائے رکھنا۔
جھل جھل: پتنگ کی دم۔
جھل جھلاہٹ: مؤنث؛ (۱) چمک، دمک، تمتماہٹ (۲) نمک مرچ یا کسی چیز سے زبان میں محسوس ہونے والی سوزش۔
جھل جھلانا: (۱) چڑچڑانا، سوزش کرنا، جلنا (۲) دیر تک صدمہ رہنا، (۳) چمکنا، دمکنا۔
جھل دینا: ہوا دینا، رومال جھلنا۔
جھلسا: مذکر؛ (۱) لو کا، لُکٹا، شعلہ (۲) جلا ہوا، لو کا لگا ہوا (۳) نگوڑا (۴) کسی قدر جل جانا، آگ سے جلنا جھلسا دینا۔
—— لگانا: لو کا لگانا، جلانا، آگ دینا۔
جھلسنا: (۱) جلنا، جھلنا، آگ لگنا (۲) جلانا، آگ لگانا، پھونکنا (کنایتاً) (۳) کچھ دے کر راضی کرنا، رشوت دینا، ناراضی سے دینا، چٹانا (۴) (کنایتاً) بہ حالتِ ناراضی رخصت کرنا، بیاہنا، گھر سے نکالنا (۵) غصہ ہونا۔
جھلک: مؤنث؛ (۱) روشنی، چمک، چمک دمک (۲) پرتو، عکس (کنایتاً) صورت (۳) پانی کا دور سے نظر آنا (۴) اثر (۵) تھوڑی مشابہت۔
—— دکھانا: لمحہ بھر کے لیے صورت دکھانا۔
جھلکنا: (۱) کچھ کچھ چمکنا، کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا، عکس ظاہر ہونا (۲) پانی کی چمک دور سے نظر آنا (۳) نمایاں، ظاہر ہونا۔
جھلکی: مؤنث؛ جھلک۔
—— دکھانا: جلوہ دکھانا، عکس دکھانا، تجلی دکھانا۔
جھلم: مؤنث؛ جنگ میں منہ پر ڈال لینے کی ایک زرہ کی طرح کی نقاب۔
جھلمل: مؤنث؛ جگمگاہٹ، پانی پر چراغوں کے عکس پڑنے کی کیفیت، ستاروں کی کم کم چمک۔
جھلملانا: چراغ یا ستارے کا کم کم چمکنا۔

جھلّی : مؤنث ؛ (۱) چلمن، چک (۲) سیخ گاڑی یا کوٹھیوں کے دروازوں میں لگانے والا جھری دار کواڑ یا کھڑکی (۳) کان کے ایک زیور کا نام (۴) دھیمی دھیمی روشنی۔

جھلنا : (۱) پنکھا ہلانا، پنکھا کرنا (۲) ٹانکا لگانا جیسے برتن کا جھلنا زیور کا جھلنا وغیرہ (۳) برف یا شورے میں بلایا جانا، برف میں ٹھنڈا کرنا، شورے میں لگانا۔

جھلنگا : مذکر ؛ (۱) ٹوٹی پھوٹی چارپائی، ایسی جھولا چارپائی جس کے بان ٹوٹ ٹوٹ کر لٹک گئے ہوں (۲) لاغر، دبلا۔

جھلّی : مؤنث ؛ (۱) پیٹ کے اندر کا باریک چمڑا (۲) آنکھ کا جالا (۳) انسان اور حیوان کا باریک پوست (۴) باریک، پتلا۔

جھلّی : چھوٹی ٹوکری۔

جھما جھم : مؤنث ؛ (۱) زور سے مینہ برسنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کی چمک دمک (۳) چمکنے والا لباس۔

جھماکا : مذکر ؛ (۱) دھڑاکا، دھماکا (۲) مینہ کا بھاری چھینٹا، (۳) چمک۔

جھم جھم : مذکر ؛ (۱) مینہ کے برسنے کی آواز (۲) چمکیلا۔

—— ہونا : جگ مگ جگ مگ ہونا، چمکنا۔

جھمک : مؤنث ؛ جھلک، چمک، رونق۔

جھمکا : معشوق کا دیدار، آب و تاب۔

جھمکانا : چمکانا، شان و شوکت دکھانا۔

جھمکا : مذکر ؛ (۱) گچھا، آسمان پر ایک ساتھ نظر آنے والے سات ستارے (۲) کانوں کے ایک زیور کا نام۔

جھمکڑا : مذکر ؛ (۱) کروفر، تجمل (۲) خوب صورتی، جلوہ۔

جھمکنا : چمکنا، جھلکنا۔

جھمیل : مؤنث ؛ دیر، اٹکاؤ، بکھیڑا۔

جھمیلا : مذکر ؛ جھگڑا، بکھیڑا۔

جھنج : مؤنث ؛ تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز، جھنکار، تلوار کے گرنے کی آواز۔

جھنا : دور دور بنا ہوا کپڑا۔

جھنانا : (۱) کسی عضو کے بے حس و بے حرکت ہونے کی کیفیت پیدا ہونا (۲) (کنایتاً) غصہ ہونا، ناخوش ہونا۔

جھنجلانا / جھنجھلانا : غصہ کرنا، خفا ہونا، چیڑ چیڑانا، پیچ و تاب کھانا۔

جھنجھلاہٹ : مؤنث ؛ غصہ۔

جھنجھوڑنا / جھنجھوڑنا : (۱) پیدا کرنا، ہوشیار کرنا، کسی کو جگانے کے لیے ہاتھ پاؤں پکڑ کے خوب ہلانا (۲) نوچنا کھسوٹنا (۳) (کنایتاً) لعنت ملامت کرنا۔

جھنجھٹ : مذکر ؛ جھگڑا، فساد، بکھیڑا۔

—— لانا : جھگڑا کرنا، فساد کرنا، تکرار کرنا۔

جھنجھٹیا : لڑاکا، جھگڑالو، فسادی۔

جھنجھری : مؤنث ؛ (۱) سوراخ دار توا یا آہنی جالی جو چولھے میں راکھ چھن چھن کر گرنے کے لیے لگاتے ہیں، (۲) جالی (۳) مساجد اور قبروں پر اٹھائی جانے والی سوراخ دار دیوار۔

—— دار : سوراخ والا۔

جھنجھنا : مذکر ؛ بچوں کا ایک کھلونا۔

جھنجھنانا : سن سنانا۔

جھنجھناہٹ / جھنجھنی : مؤنث ؛ سن سناہٹ۔

جھنجھی : مؤنث ؛ (۱) ٹوٹی کوڑی، آر پار سوراخ والی کوڑی (۲) جھنجھنیا (۳) اوپر کا حصہ گھسی ہوئی قمار بازوں کی کوڑی۔

جھنجھی کوڑی : پھوٹی کوڑی۔

—— کوڑی نہیں ہونا : بالکل مفلس ہونا۔

جھنڈ : مذکر ؛ (۱) جانوروں یا پرندوں کا غول (۲) ایک جگہ پر قریب قریب اُگے ہوئے بہت سے درخت (۳) گھاس کا پولا، بنڈل (۴) کھڑے ہوئے بڑے بڑے بال، انسان کے سر کے الجھے ہوئے بکثرت بال۔

—— کے جھنڈ : مذکر ؛ غول کے غول، پرّے کے پرّے۔

جھنڈا : مذکر ؛ نشان، علم۔

—— اُڑانا : جھنڈا بلند کرنا۔
—— گاڑنا : کسی مقام پر اپنا عمل دخل ہونا، مسخر کرنا۔
جھنڈے پر چڑھانا : بدنام کرنا، شہرت دینا۔
—— چڑھنا : رُسوا ہونا، کسی امر کا مشتہر ہونا۔
—— تلے کی دوستی : چندروزہ دوستی، اتفاقی دوستی، راستے کی جان پہچان۔
جھنڈی : مؤنث : جھنڈا کی تانیث، بہت چھوٹا جھنڈا۔
جھنڈولا : سر پر پیٹ کے بالوں والا نوزائیدہ بچہ۔
جھنڈولیا : حلقہ کیے ہوئے بال، گھونگھر والے بال۔
جھنڈولے بال : سر کے حلقہ کیے ہوئے بکثرت بال۔
جھنڈی : مؤنث : (۱) وہ کھونٹی جو پودوں کے کاٹ لینے کے بعد کھڑی رہ جاتی ہے (۲) گنے کی جڑ، مکئی یا جوار وغیرہ کے درخت کی جڑ (۳) کنڈے میں پڑا ہوا قلابہ، چلمن اور پردہ باندھنے کا قلابہ۔
جھنک : مؤنث : (۱) گھنگھرو وغیرہ کی آواز، جھنکار (۲) گھوڑے کے پانو کا ایک مرض۔
جھنکار : مؤنث : ظروف چینی وشیشہ وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز، کانسے کے برتن کی آواز، تلوار، پازیب یا چھاگل کی آواز، زنجیر وغیرہ کی آواز۔
جھنکاڑ : مذکر : بے پتیوں کا درخت۔
جھنکار : مؤنث : چیخ، مور کی آواز، نوبت کی آواز۔
جھنکارنا : مور یا جھینگر کا بولنا۔

جھ - و

جھوا : مذکر : بڑا نوکرا (جو جھاؤ کی شاخوں سے بناتے ہیں)۔
جھوپڑا : دیکھو جھونپڑا۔
جھوٹ : مذکر : واقعے کے خلاف، دروغ، دھوکا، بہانہ، مکر فریب، کھوٹ۔
—— اُڑانا : جھوٹی بات مشہور کرنا۔
—— بنانا : تہمت رکھنا، تہمت لینا، خلاف بات گھڑنا۔
جھوٹ سچ : مذکر : کسی قدر غلط اور کسی قدر صحیح ملا جلا بیان۔
—— سچ لگانا : غلط بیانی کرنا، جھوٹی سچی باتیں کرکے کان بھرنا، الزام لگانا، تہمت لگانا۔
—— کا پتلا : مذکر : بہت جھوٹ بولنے والا، جھوٹ کا بنا ہوا۔
—— کا پُل باندھنا : بے حد جھوٹ بولنا، جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔
—— کو سچ کر دکھانا : ایسا کام کر دکھانا جس کی پہلے کچھ اصل نہ رہی ہو۔
—— کی پوٹ : (۱) سراسر جھوٹ، بالکل غلط (۲) سراسر جھوٹا۔
—— کے پانو نہیں ہوتے : (مثل) : جھوٹ بہت جلد کھل جاتا ہے۔
—— کی ناؤ نہیں چلتی : (مثل) : جھوٹ سے کام نہیں چلتا۔ جھوٹ کو فروغ نہیں ہوتا۔
—— موٹ : (مؤنث تابع مہمل) : مذاق سے، ہنسی سے۔
جھوٹا : (۱) دروغ گو (۲) مکار، دھوکے باز (۳) کھوٹا (۴) اصل کے خلاف، نقلی ومصنوعی (۵) منہ لگا کر کھایا یا پیا ہوا برتن (۶) کسی کا کھایا ہوا کھانا یا پیا ہوا پانی یا کوئی اور شے۔
—— بنانا : دروغ گو ٹھہرانا، تکذیب کرنا۔
—— پڑنا : (۱) دروغ گو ٹھہرنا، وعدہ خلاف ہونا (۲) کسی اوزار کا ناقص ہوجانا، بے کار ہوجانا (۳) بدن کے عضو کا بے کار ہوجانا۔
—— جوڑا : چوڑیوں یا لباس یا جوتے کا جھوٹا کام بنا ہوا جوڑا۔
—— کاغذ : مذکر : جعلی دستاویز۔
—— کام : مذکر : کھوٹے مسالے سے بنایا ہوا زردوزی وغیرہ کا کام۔
—— لپاٹ : (عم) مذکر : گپی، لپاڑیا۔
جھوٹن / جھوٹن جھاٹن / جھوٹن کوٹن : مذکر : پس خوردہ بچا ہوا کھانا۔
جھوٹوں : بناوٹ اور سخن سازی، ظاہر داری۔
جھوٹوں بات نہ پوچھنا : دنیا سازی بھی نہ کرنا، ظاہری مدارات بھی نہ کرنا، اوپری دل سے بھی متوجہ نہ ہونا۔
—— منہ نہ چھونا : نام کو نہ پوچھنا، ذرا پرسان حال نہ ہونا۔

—— بھی نہ پوچھنا : ظاہری مدارات بھی نہ کرنا۔
جھوٹی زبان دینا : جھوٹا وعدہ کرنا۔
—— سچی اُڑانا / ہانکنا : جھوٹی خبر مشہور کرنا، جھوٹی تہمتیں لگانا۔
جھوٹے حد تک پہنچا دینا / جھوٹے کو گھر پہنچا دینا : جھوٹے کو قائل کرنا، اس سے اس کا جھوٹ منوا لینا۔
—— کے منہ میں گُو : (مقولہ) ؛ سلسلہ کلام میں اپنی صفائی کے واسطے یہ بول کہنا۔
جھوٹ کے آگے سچّا رُومرے : (مقولہ) ؛ جھوٹے کے مقابلے میں سچّے کی بات نہیں چلتی۔ جھوٹا قائل نہیں ہوتا۔
—— مُنھ : ظاہرداری سے، دکھاوے کے لیے۔
جھوٹی مہندی : مؤنث ؛ اتری ہوئی مہندی، استعمال کی ہوئی مہندی۔
جھوٹے ہاتھ سے کتا نہیں مارتا : نہایت بخیل اور کنجوس۔
جھوجھا : مذکر ؛ معدہ۔
جھوجھڑے لٹکنا : سلائی میں زیادہ جھول پڑنا۔
جھوڑ : مؤنث ؛ لڑائی، جھگڑا، تکرار، غصّے کی باتیں۔
جھوک : مؤنث ؛ (۱) خمیدگی، دھکّا، ہچکولا، ریلا، لچک (۲) پینگ، غفلت (۳) ہر وزنی چیز کا بوجھ (۴) ترازو کے ایک پلّے کا جھکنا (۵) تول۔
—— دینا : خرچ کر ڈالنا، لگا دینا، جھولے کا پینگ دینا۔
—— سنبھالنا : ہچکولے کو سہارنا، کسی لمبی چھڑی یا بانس کی لچک کو روکنا، نقصان برداشت کرنا۔
—— مارنا : کم تولنے کے واسطے ترازو کی ڈنڈی کو انگلیوں سے جھکا دینا، ڈنڈی مارنا، کم تولنا۔
جھوکا : مذکر ؛ (۱) ہوا کا ریلا، ٹکر (۲) نیند کا شدید جھونکا، نیند کے باعث سر کا جھک جھک جانا (۳) تیز ہوا (۴) کسی شے کی جنبش (۵) جھولے کا پینگ۔
جھوکنا : (۱) ڈالنا، پھینکنا، کوڑا کرکٹ یا بھس وغیرہ بھاڑ میں یا تنور میں ڈالنا، تنور گرم کرنا، بھاڑ گرم کرنا (۲) برباد کرنا، اُڑانا، صرف کرنا (۳) بے پروائی سے پلّے باندھنا، بُری جگہ شادی کر دینا (۴) ہلاکت میں ڈالنا، خطرے میں ڈالنا۔
جھول : مذکر ؛ (۱) ڈھیلاپن، الٹان یا حیوان کے پوست کی شکن، کپڑے کی شکن (۲) جھٹکا ہاتھی کی رفتار کا (۳) ملمع، گلٹ (۴) جانوروں کا ایک دفعہ کئی بچّے یا ایک بچّہ جننا (۵) پینگ کی ڈور کا پورا تنا ہوا نہ ہونا، کسی چیز کا پورا تنا ہوا ہونا (۶) سیے ہوئے کپڑے کی شکن جو جسم پر مطابق نہ ہونے کے باعث پڑ جاتی ہے۔
—— جھال : مذکر : جھگڑا، ڈھیل ڈھال، دیر وقفہ۔
—— دار باتیں : چالاکی، فریبی، گول باتیں۔
—— ڈالنا : (۱) شکن ڈالنا (۲) بچّہ جننا۔
جھول : مؤنث ؛ (۱) ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (۲) بیلوں یا کتوں کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (۳) بدنما ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔
جھولا : مذکر ؛ (۱) ایک قسم کا ڈھیلا تھیلا (۲) رعشہ، فالج (۳) ہاتھ کا اشارہ (۴) گیہوں کو نقصان پہنچانے والی سرد ہوا (۵) کسی چیز کی ناہمواری (۶) بہت ڈھیلا۔
—— مارا جانا : (۱) فالج ہو جانا، جسم کا ڈھیلا پڑ جانا (۲) سُست ہو جانا، بے کار ہو جانا۔
جھولا : مذکر ؛ درخت وغیرہ میں رسّی باندھ کر جھولنے کے قابل بنانا۔
—— جھولنا : جھولے پر بیٹھ کر جنبش کرنا۔
—— ڈالنا : جھولنے کے واسطے درخت وغیرہ میں رسّی باندھنا۔
جھولنا : مذکر ؛ (۱) فقیروں کی مانگی ہوئی روٹی اور آٹا رکھنے کی تھیلی (۲) کوکھ کا گوشت۔
جھولنا : (۱) جھولے پر بیٹھ کر پینگ لینا (۲) لٹکنا، آویزاں ہونا (۳) کسی جھوٹے وعدوں پر مدّت تک کسی چیز کا امیدوار رہنا (۴) ایک ہی کام میں انکار رہنا۔
جھولی : مؤنث ؛ (۱) چاروں کونے باندھ کر گداگروں کا گلے میں لٹکانے کا کپڑا (۲) خورجی، چھوٹی تھیلی (۳) کسی چیز کے

لینے کے لیے پھیلائی ہوئی دامن کی گودی (۴) محرم میں بچوں کے گلے میں ڈالنے کی سبز رنگ کی تھیلی۔

جھوم جھوم کر: لہرا لہرا کر، ہل ہل کر، ہچکولے لے کر، خوب زور سے، گھر گھر کر۔

جھومر: مذکر؛ (۱) ماتھے کے ایک زیور کا نام (۲) عورتوں کا ایک قسم کا ناچ جس میں عورتیں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں (۳) ایک قسم کا گیت (۴) چند آدمیوں یا چند چیزوں کا مجمع۔

—— کا چاند: جھومر (زیور) میں لگا ہوا چاند۔

جھومنا: (۱) ہلنا (۲) نیچے اوپر سر ہلانا، سر اور تمام بدن کو جنبش دینا۔ (۳) لٹکنا، آویزاں ہونا (۴) اونگھنا (۵) (کنایتاً) اکڑنا (۶) جمع ہونا بادلوں کا (۷) لڑکھڑانا، ڈگمگانا (۸) ہاتھی کی چال چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔

جھونپڑا: مذکر؛ چھپر کا گھر، پھوس کا گھر۔

—— ڈالنا: چھپر کا مکان بنانا، چھپر ڈال کر رہنا۔

جھونپڑی: مؤنث؛ چھوٹا جھونپڑا۔

جھونپڑ پٹی: (۵) مؤنث؛ جھونپڑیوں پر مشتمل بستی۔

جھونٹڑے: مذکر؛ ریشے، پھوسڑے۔

جھونٹا/جھوٹا: مذکر؛ (۱) پینگ، جھولے کی جنبش (۲) عورت کے سر کے بال۔

جھونٹم جھانٹا: لڑائی میں ایک کا دوسرے کے سر کے بال پکڑ کر کھینچنا اور مارنا۔

جھونٹے: مذکر؛ عورتوں کے سر کے بال۔

جھونٹے پکڑنا: حقارت سے سر کے بال پکڑنا، بال نوچنا۔

—— کھسوٹنا: سر کے بال نوچنا۔

جھونک: مذکر؛ (۱) پرند کا گھونسلا (۲) بے کا گھونسلا

جھونک: دیکھو جھوک۔

جھونکا: مذکر؛ جھوکا۔

جھونکم/جھونک: (۱) کسی چیز کا کسی چیز میں کثرت سے بار بار ڈالنا (۲) (کنایتاً) روپیا اڑانا، بہت خرچ کرنا۔

جھونکے آنا: (۱) غلبۂ نیند کے باعث سر کا بار بار جھکنا (۲) ہوا کے تھپیڑے لگنا۔

جھونکے چلنا: تیز ہوا کا چلنا۔

—— کھانا: لغزش کرنا۔

—— لینا: جھونک لینا۔

جھونکنا: (۱) بیل کا سینگ مارنا (۲) (کنایتاً) دھمکی دینا

جھونکنا: دیکھو جھوکنا۔

جھ-ی

جھیپ/جھینپ: (۵) مؤنث؛ خفت، شرمندگی خجالت۔

—— مٹانا: خفت مٹانا، شرمندگی دور کرنا۔

جھینپنا: شرمانا، آنکھیں چرانا، خجل ہونا۔

جھینپو: شرمانے والا، کم زور ارادے والا۔

جھیل: مؤنث؛ پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے محیط ہو۔

جھیلنا: برداشت کرنا، سہنا، سنبھالنا۔

جھیلنی: مؤنث؛ ایک قسم کا لڑی دار زیور، کانوں یا ناک کے زیور کے بوجھ کو سہارا دینے والا۔

—— دینا: بچہ پیدا ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے بخشش دینا۔

جھینکنا: (۱) رونا، گریہ وزاری کرنا (۲) دکھڑا بیان کرنا، مصیبت دہرانا، شکایت کرنا (۳) افسوس کرنا، پچھتانا، غم کرنا، رنج کرنا (۴) ماتم کرنا۔ پیٹنا (۵) مذکر؛ گلہ، شکوہ، گریہ۔

جھینگا: مؤنث؛ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

جھینگر: مذکر؛ ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو دیواروں پر رہتا ہے اور کپڑے کو چاٹ جاتا ہے۔

—— کا چاٹ جانا: جھینگر کا کوئی چیز کھا جانا۔

—— لگنا: جھینگر کا کپڑے یا کتابوں کو چاٹ جانا۔

چ

چ - ا

چ : اُردو حروفِ تہجی کا ایک حرف، حساب جمل (ابجد) میں اس کے عدد بھی جیم کی طرح تین ہیں۔

چاب : مؤنث؛ کسی عزیز کی سفر سے واپسی پر تل، چاول، شکر کا تحفہ بھیجنے کی رسم۔

چابنا : چبانا۔

چابُک : (ف) (۱) کوڑا، تازیانہ، (۲) چُست، چالاک، تیز، پھرتیلا۔

—— دَست : (ف)؛ ہاتھ کے کام میں تیز اور چالاک شخص، مشاق۔

—— دَستی : چالاکی، ہوشیاری۔

—— سَوار : (ف) مذکر، (۱) گھوڑا پھیرنے والا، گھوڑے کی تربیت کرنے والا، (۲) گھوڑے کا اچھا سوار۔

—— سواری : (ف) مؤنث؛ گھوڑے پھیرنے کا ہنر یا پیشہ۔

چابکی : (ف) مؤنث؛ جلدی، چالاکی۔

چابی : مؤنث؛ کنجی۔

چاپ : مؤنث (۱) پانو کی آہٹ، (۲) کمان۔

چاپلوس : خوشامدی۔

چاپلوسی : (ف) مؤنث؛ خوشامد، بے جا تعریف۔

چاٹ : مؤنث؛ (۱) کسی چٹنی اور مزیدار چیز کے چاٹنے کا مزا، ذائقہ، کوئی مزے کی چیز اور کسی چیز کا مزا، (۲) عادت، لپکا۔

—— پر لگانا : کسی کو کسی بُری لت پر لگانا۔

—— جانا : زبان سے سب چاٹ چاٹ کے کھا جانا، صاف کر دینا۔

—— دینا : لالچ دینا۔

—— لگنا : مزا پڑنا، چسکا پڑنا۔

چاٹنا : زبان سے پونچھنا۔

چاچا : (ع) مذکر؛ چچا، باپ کا بھائی۔

چادر : (ف) (۱) بڑا اور چوڑا کپڑا، (۲) پھولوں کی چادر، (۳) پانی کی چوڑی دھار، (۴) کسی درخت کے چوڑے چوڑے پتر، (۵) شالی چادر۔

—— اُتارنا : عورت کو بے پردہ کرنا، عزت اُتارنا۔

—— تان کر سونا : (کنایتاً) بے کھٹکے رہنا، اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔

—— تھوڑی پانو پھیلائے بہت : (مثل) آمدنی کم خرچ زیادہ۔

چادر

—— چڑھانا : کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا۔

—— دیکھ کر پانو پھیلانا : بساط کے موافق گزر اوقات کرنا۔

—— ڈالنا / چادر اُڑھانا : (۱) (کنایتاً) بیوہ کے ساتھ شادی کرنا۔ (۲) ہندوؤں میں ایک قسم کا بیاہ۔

—— سے باہر پانو پھیلانا : اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا۔

—— ہلانا : (۱) لڑائی کی حالت میں مغلوب سپاہ کے پناہ چاہنے کی علامت، لوگوں کو کسی مطلب کے لیے جمع کرنے کا طریقہ۔

چادَرا : مذکر۔ بڑا اور چوڑا دوپاٹ کا کپڑا، بڑی چادر۔

چار : (ف)؛ عدد ۴، (کنایتاً) چند۔

—— آدمی : مذکر۔ دو چار بھلے مانس۔

—— آئینہ : (ف) مذکر، سینے اور پشت کے گرد لگانے والی ایک قسم کی زرہ۔

—— اَبرو کا صفایا : بھویں، مونچھیں، سر اور داڑھی کے بال مُنڈوانا۔

—— اَنگل کا پیرچہ / چار اَنگل کا پُرزہ : چھوٹا سا پرچہ، رُقعہ، خط۔

—— اُنگلیاں اٹھانا : سلام کا اشارہ کرنا۔

—— اُنگلیاں سر پر نہ رکھنا : سلام تک نہ کرنا، سلام کے لیے ہاتھ بھی نہ اُٹھانا۔

—— باغ : مذکر، چاروں گوشوں پر گل بوٹے بنے ہوئے شالی رومال۔

—— بالش / چار بالشت : (ف) مذکر (۱) مسند، بادشاہت کا تخت، (۲) (مجازاً) عناصرِ اربعہ اور دنیا۔

—— برسا میں زیادہ دیکھی ہیں : زیادہ تجربہ کار ہونا۔

—— سند : مذکر، (۱) پشت کی چاروں طرفین یعنی اوپر نیچے، دائیں بائیں، (۲) ہر ایک جوڑ، ہر ایک عضو۔

—— بیسی : اسّی۔

—— پانچ لانا / چار پانچ کرنا : حیلہ، حجت کرنا، فیل لانا۔ بدذاتی کرنا، شرارت کرنا۔

—— پایہ : (ف) مذکر، چوپایہ۔

—— پائی : مؤنث؛ (۱) چھوٹا پلنگ، (۲) پلنگڑی۔

—— پائی پر پڑنا : بیمار ہونا، صاحبِ فراش ہونا۔

—— پائی سے پیٹھ لگ جانا : بیمار ہو کر اُٹھنے کے قابل نہ رہنا

چار

—— پائی والا : مذکر ؛ (کنایتاً) کھٹمل۔
—— پیسے پاس ہونا : صاحب دولت ہونا، آسودہ حال ہونا۔
—— پیسے کے لیے : تھوڑی مقدار کے واسطے۔
—— تار : مذکر ؛ چار جوڑے، چار کپڑے، چار گہنے، چار زیور۔
—— تال : مذکر ؛ چوتالہ، طبلہ بجانے میں ایک تال کا نام۔
—— تخم : (ف) مذکر ؛ تخم ریحاں، اسبغول، بالنگو اور خرفہ سے مراد۔
—— تگ : (ف) چار قدم۔
—— ٹوک : مذکر ؛ چار ٹکڑے والا، چار پھانک۔
—— جامہ : مذکر ؛ (۱) زین، وہ پوشش جسے گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں، (۲) (کنایتاً) وہ شخص جو ننگی ندھے ہوئے ہو اور کل بدن برہنہ ہو۔
—— چاند لگانا : مرتبہ اور عزت بڑھانا، آنکھوں پر بٹھانا، کسی چیز میں بہت خوبی پیدا کر دینا۔
—— چاند لگنا : رونق اور زیبائش بڑھ جانا، زیادہ خوبی پیدا ہو جانا۔
—— چشم : (ف) منتظر، بے مروت، بے وفا۔
—— چوٹ کی مار : (۱) ہاتھ پاؤں، لکڑی اور کوڑے کی مار (کنایتاً)، ضرب شدید، خوب مارنا۔
—— حرف بھیجنا : لعنت کرنا۔
—— دانت : مذکر ؛ جوان گھوڑے، بکرے وغیرہ چوپائے۔
—— دانگ : مذکر ؛ کل، تمام۔
—— دِن : چند روز، تھوڑے دن۔
—— دِن چاندنی، چار دن اندھیاری : (مثل) ؛ عروج و زوال، سعادت و نحوست ساتھ ساتھ ہیں۔
—— دن کی چاندنی : عیش چند روزہ، چند دن کی دولت، ثروت و حسن ناپائیدار، چند دن کی ہر فانی چیز۔
—— دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ : (مثل) ؛ تھوڑے دن قدر رہتی ہے، چند روز عیش ہے پھر وہی تکلیف۔
—— دیواری : مونث ؛ فصیل، احاطہ، مکان کے چاروں طرف کھنچی ہوئی دیوار۔
—— زانو بیٹھنا : آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
—— سَو بیس : فریبی، دھوکا دینے والا، نمبری بدمعاش۔
—— شنبہ : (ف) مذکر ؛ بدھ۔
—— طرف : ہر جانب، چار سو۔
—— عنصر : (ف) مذکر ؛ (قدیم نظریے کے مطابق) وہ چاروں اصلی جوہر جن سے موجودات کی ظاہری صورت عیاں ہوئی۔ یعنی آگ، پانی، مٹی، ہوا۔
—— قدم : بہت نزدیک، تھوڑے فاصلے پر۔
—— قدم آگے چلنا : پیچھے نہ رہنا، غالب رہنا۔
—— قل : قرآن شریف کے اخیر سیپارے کی چار سورتیں۔
—— کانے آنا / چار کانے پڑنا : (اصطلاح چوسر) داؤں کا حسب مراد نہ پڑنا۔
—— کھونٹ میں : چار طرف تمام دنیا میں۔
—— کے کاندھے : بعد مرگ جنازے میں جانے کا کنایہ (مذاق و تمسخر)، پالکی یا پینس کی سواری۔
—— کی مرضی : چند آدمیوں کی خوشی۔
—— کے کان آواز پڑنا : کسی کی بات کی خبر لوگوں کو ہونا۔
—— مغز : (ف) مذکر ؛ اخروٹ، (اطبا کی اصطلاح) ؛ مغز خربزہ، مغز تربوز، مغز خیارین۔ مغز کدو۔
—— میں ہانڈی پک جانا : بات کا مشہور ہو جانا، راز کا افشا ہو جانا۔
—— ہاتھ : (مجازاً) (۱) اونچا ہونا، (بلند مرتبہ ہونا، مرتبے میں زیادہ بڑھا ہوا ہونا۔
—— ہاتھ (چار چار ہاتھ) اُچھلنا : نہایت مضطرب ہونا، بہت دھڑکن ہونا۔
—— ہاتھ پاؤں ہونا : تندرست و توانا ہونا۔
—— ہاتھ کی زبان ہونا : بہت زبان دراز ہونا۔
—— یار : (ف) رسول اللہ کے چار مشہور صحابی یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ،
—— یاری : مذکر ؛ کلمہ کا روپیا، چوکھونٹا روپیا، اکبر اور جہانگیر کے وقت کا روپیا۔

چاروں چول برابر ہے : (۱) بالکل مربع ہے چوکور ہے (۲) بڑا موٹا

تازہ ہے۔
چاروں چولوں سے ٹھیک کر لینا: مغالطے کو پوری طرح درست کر لینا۔
چاروں خانے / شانے چیت: اچھی طرح پچھڑ جانا، کشتی میں حریف کا پشت کے بل گرنا۔
چاروں مت: علم موسیقی کے چار بڑے ارکان۔
چارا: (۱) گرا ہوا چوپایوں کی غذا گھاس، چری وغیرہ، (۲) مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹے میں لگانے والی چیز۔
چاروناچار: (ف) مجبوری سے۔
چارہ: (ف) مذکر، (۱) علاج تدبیر، (۲) مدد، درستی، سرانجام۔
——جوئی: (ف) مونث؛ فریاد، نالش، استغاثہ۔
——ساز: (ف) کام بنانے والا، کام درست کرنے والا، خدا تعالیٰ، معالج۔
——سازی / چارہ گری: (ف) مونث؛ علاج معالجہ، یاری، مدد، معاونت۔
——گر: (ف) مذکر، طبیب، معالج، اصحاب تدبیر۔
چارٹ: CHART (انگ)؛ مذکر، نقشہ، جدول۔
چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ: CHARTERED ACCOUNTANT (انگ)؛ سند یافتہ، محاسب۔
چارج: CHARGE (انگ)؛ مذکر، تحویل، حوالگی، ذمہ داری، الزام، قیمت، لاگت، تفویض۔
——شیٹ: SHEET (انگ)؛ مونث؛ الزامات کی فہرست، فرد جرم۔
چارج کرنا: (۱) بیٹری کو دوبارہ قابل استعمال بنانا، (۲) جرمانہ لگانا، قیمت لگانا۔
چارکول: CHAR COAL (انگ)؛ مذکر، لکڑی کا کوئلہ۔
چاشت: (ف) مذکر، مونث؛ (۱) پہر دن چڑھے، چوتھائی دن گزرنے کا وقت، سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۲) صبح کا کھانا۔
چاشنی: (ف) (۱) چکھنے کے لائق کوئی چیز، مزہ، کسی قدر شیریں و ترش، مونث؛ نمونہ۔ (۲) مزہ، ذائقہ۔ (۳) شیرہ، قوام۔ (۴) تھوڑی سی آمیزش، (۵) چکھنے کے قابل چیز، بہ قدر ذائقہ کوئی چیز، (۶) سونے یا چاندی کا کس، کسوٹی پر سونے کی اصلیت کا امتحان، (۷) ذرا سی شیرینی، قدرے حلاوت۔
چاشنی چکھنا: مزا چکھنا، لذت دیکھنا۔
——دار: کھٹ مٹھا۔
——گیر: (ف) مذکر، باورچی، بکاول۔
چاق: (ترکی) تروتازہ، صحیح و تندرست، چالاک۔
——وچوبند: (۱) توانا، زور آور، موٹا تازہ، (۲) تندرست بھلا چنگا، (۳) چست، پھرتیلا۔
چاقو / چاکو: (ترکی) چھری، قلم تراش۔
چاک: (۱) پھٹا ہوا، چیرا ہوا، (۲) مذکر؛ آستین یا دامن وغیرہ کا کھلا ہوا حصہ، آستین کی درز بکلائی کی طرف۔
چاک کا ہنسنا: شگاف کا کھلنا۔
چاک: (ہ) مذکر؛ (۱) کمہار کا پہیا (۲) کنویں کی چرخی (۳) پہیا۔
چاک کی طرح پھرنا: چرخ کی طرح گردش کرنا، گھومنا، چکر کھانا۔
چاک: CHALK (انگ)؛ مونث؛ کھریا۔
چاکر: (ف) مذکر، نوکر، ملازم، خادم، خدمت گار۔
چاکری: (ف) مونث؛ ملازمت، نوکری، خدمت گاری۔
——میں آکری (سستی) کیا: (مقولہ) نوکری میں سستی نہیں چاہیے۔
چاکسو: (ف) مذکر، ایک قسم کے کالے بیج جن سے آشوب چشم کا علاج کیا جاتا ہے۔
چاکلیٹ: CHOCOLATE (انگ)؛ مذکر، ایک قسم کی مٹھائی۔
چاکی: مونث؛ لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح چکی۔
چال: (بمبئی) چھوٹے چھوٹے رہائشی کمروں کا سلسلہ جن میں مختلف کرایہ دار مشترک نل اور پاخانہ وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔
چال: مونث؛ (۱) رفتار، حرکت، طرز، (۲) روش، طور، طریق، (۳) عادت، (۴) مہروں کے چلنے کا منصوبہ، (۵) دم، فریب، (۶) گھات، (۷) ایک قسم کی مچھلی، (۸) گھڑی کی رفتار۔
——اڑانا: انداز کی نقل کرنا، تقلید کرنا۔
——باز: چالیا، چالاک، فریبی۔
——چلن: مذکر، طور طریقہ، رنگ ڈھنگ، طریق معاشرت۔
——چلنا: (۱) دم دینا، (۲) چوسر یا شطرنج میں مہروں اور نردوں کا گھر بدلنا، اٹھانا، چالاکی کرنا۔
——خوکنا: تدبیر غلط ہو جانا، تدبیر میں سہو کرنا۔

چال دکھانا : گھوڑے کا قدم دکھانا، رفتار دکھانا۔
—— ڈھال : موئث؛ طرز، روش، انداز۔
—— سوجھنا : تدبیر خیال میں آنا۔
—— سیکھنا : کسی کی وضع اختیار کرنا، چال کرنا؛ فریب کرنا، شرارت کرنا، چالاکی کرنا، داؤں کرنا۔
—— سے نہ چوکنا : دھوکا دینے سے باز نہ آنا۔
—— میں آنا : دھوکے میں آنا۔
چالیں چلنا : جُل دینا، فریب دینا۔
چالیا : (۱) چالباز، فریبی، (۲) شرارت کرنے والا بچہ۔
چالا : مذکر، (۱) روانگی، رخصتی، کوچ، (۲) نئی دُلہن کا سُسرال سے شادی کے بعد اوّل، چار مرتبہ میکے جانا، (شادی کے بعد چار چالے ہوتے ہیں) (۳) روانگی کی مہورت، سفر کرنے کی اچھی ساعت۔
چالاک : (ف) (۱) کام کرنے میں چُست، تیز، (۲) تیز رفتار، زود رَو، (۳) مکّار۔
چالان : مذکر، (۱) بیک، بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست، (۲) رسید، (۳) مُلزم کو سرکاری ملازموں کے ساتھ مجسٹریٹ کے وہاں بھیجنا، (۴) راہ داری کا پروانہ، (۵) ایک محکمہ سے دوسرے محکمے کو روانگی۔
چالی (مونث) (۱) بانس کی تیلیوں کا ٹھاٹھر، (۲) زین، (۳) شریر چالیا، (۴) (دیکھو چال)
چالیس : عدد ۴۰۔
—— سیر : مذکر، (قدیم وزن) ایک مَن
—— سیرا اُوت : صفت؛ پورا احمق، نہایت بے وقوف۔
چالیسا : مذکر، (۱) چالیس برس کی عمر کا آدمی، (۲) وہ پہلوان جس نے چالیس آدمیوں کو پچھاڑا ہو، چالیس آدمیوں سے مقابلہ کرنے یا چالیس آدمیوں کو مار ڈالنے والا آدمی، (۳) ۱۸۴۰ء کا مشہور قحط، (۴) چہلم کا فاتحہ۔
چالیسواں : مذکر، (دیکھو چہلم۔
چام : مذکر، چمڑا، کھال۔
—— پیارا نہیں کام پیارا ہے : (مثل)؛ صورت عزیز نہیں ہوتی، خدمت سے وقعت اور محبت ہوتی ہے۔
—— کے دام چلانا : نہایت رُعب داب اور حکومت سے کام لینا، جوتے کے زور سے کام لینا، جبراً کام لینا۔
چانپ : مونث؛ (۱) بندوق کے کُندے کو نال سے جوڑا رکھنے والا پُرزہ، (۲) مصنوعی دانتوں کی کمانی۔
چانٹا : تھپّڑ، دھول۔
—— رسید کرنا : تھپّڑ مارنا۔
چاند : مذکر؛ (۱) ماہتاب، (۲) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول، ڈھال کی پھلی، (۳) جانوروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا، (۴) ایک ہلال نما زیور کا نام، (۵) چاند ماری کے واسطے لگایا جانے والا گول نشان، (۶) چاند، (۷) شالی رومال پر بنی ہوئی چاند کی شکل، (۸) مونث؛ کھوپڑی، چندیا۔
—— بھر : پورا مہینہ
—— بھر جانا : مہینہ ختم ہو جانا۔
—— پر خاک نہیں پڑتی : (مثل) کسی بے عیب کو عیب لگانے سے عیب نہیں لگتا، بھلے بُرے نہیں ہو سکتے، اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا۔
—— پر خاک ڈالو تو اپنے منہ پر پڑے : (مثل)؛ آسمان پر تھوکا اپنے ہی مُنہ پر آتا ہے، کسی بلند مرتبہ کی توہین سے اپنی ہی عزت جاتی ہے۔
—— ٹیکا : مذکر، پیشانی کا ایک زیور۔
—— چڑھنا : (۱) چاند کا اونچا ہونا، (۲) مہینہ پورا ہونا، (۳) اوّل روز کا چاند دکھائی دینا، (۴) مہینے کی تنخواہ چڑھنا۔ مہینہ چڑھنا، (۵) ایام حیض کا ٹل جانا، حمل ٹھہرنے کی علامت ظاہر ہونا۔
—— چڑھے کُل عالم دیکھے : (مثل) ظاہر بات کسی سے مخفی نہیں رہتی۔
—— ڈوبنا : چاند کا غروب ہونا۔
—— رات : مونث؛ جس رات کو ہلال نمودار ہو۔
—— سا مکھڑا / چاند سی صورت / چاند سا مُنھ : نہایت خوبصورت۔
—— سُورج : (۱) عورتوں کی چوٹیوں کا ایک زیور، (۲) ٹوپی میں ٹکے سلمے کے چاند سورج۔
—— کا ٹکڑا : (مجازاً)، (۱) ماں کا چھوٹا بچہ، (۲) (کنایتاً)،

خوبصورت اور حسین آدمی۔
چاند کا کنڈل بیٹھنا : ماہ کا ہالہ نشین ہونا، چاند کا اپنے گرد ہالہ بنانا۔
——— کا کھیت کرنا : چاند کا افق سے نکلنا۔
——— کو گہن لگنا / چاند گہن میں آنا : (کنایتاً) (۱) حسن کو عیب لگنا، (۲) خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا، (۳) بہت سی خوبیوں کے ہوتے ایک آدھ عیب بھی ہونا۔
——— گہنا جانا / چاند گرہن / چاند گہن : چاند میں گہن لگنا۔
——— گہن سے چھٹنا : چاند کا گہن سے صاف ہو جانا۔
——— ماری : مونث، نشانہ بازی کی مشق۔
——— محاق میں ہونا : (محاق : چاند کا گھٹنا) قمری مہینے کے آخری تین روز، جن میں شب کو چاند بالکل گھٹ جاتا ہے۔
چاند ناہو جانا (۱) روشنی نمودار ہونا، دن نکل آنا، (۲) دماغی صدمہ سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا، (۳) ایسی چوری ہونا کہ کچھ باقی نہ رہے، (۴) رونق ہو جانا، زیبائش ہو جانا۔
چاندنی کا مار جانا : (۱) چاندنی کا اثر ہو جانا، (۲) فالج ہو جانا۔
چاند ہونا : نئے چاند کا دکھائی دینا، رویتِ ہلال ہونا۔
چاندنی : مونث؛ (۱) چاند کی روشنی، مہتاب، (۲) سفید فرش جو دری پر بچھاتے ہیں، (۳) ایک پھول کا نام۔
——— اترنا : چاندنی کا بلندی سے سرک کر پستی کی طرف آنا۔
——— پڑنا : چاند کی روشنی کا عکس پڑنا۔
——— چوک : مذکر؛ دہلی کے ایک مشہور اور بارونق بازار کا نام۔
——— چھپنا : چاندنی کا غائب ہو جانا۔
——— چھٹکنا / چاندنی چٹکنا : چاند کی روشنی کا پھیلنا۔
——— ڈھلنا : چاندنی کی ترقی مٹ جانا، زوال پر آجانا۔
——— کا اثر ہونا : (کنایتاً) زخم کا اچھا نہ ہونا، زخم کا ہرا رہنا۔
——— کا پھول : ایک قسم کا سفید پھول۔
——— کا کھیت کرنا : چاندنی کا خوب پھیل جانا، چاندنی چھٹکنا۔
——— کھلنا : ماہ کا نور افشاں ہونا، چاندنی پھیلنا۔
——— کو سونپنا : زخم خوردہ یا جسے چاندنی سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو اس کے لیے ایک خاص ٹوٹکا کرنا۔
چاند کھجلانا : پٹنے کو جی چاہنا۔
چاند گنجی ہونا : (کنایتاً) (۱) سر پر بال نہ رہنا، (۲) بے انتہا مار پڑنا۔
چاندہ : مذکر؛ زاویے ناپنے والا پیمانہ۔
چاندی : مونث؛ (۱) مشہور و سفید دھات، (۲) (کنایتاً) مال و دولت۔ (۳) (کنایتاً) کامیابی، فائدہ، کام کا درست ہونا۔
——— بننا : کامیابی ہو جانا، کام درست ہو جانا، بہت نفع ہونا۔
——— سونے کے پھول : چاندی اور سونے کے پھول بنوا کر بادشاہوں یا دولھا دلھن کے سر پر نثار کرتے ہیں۔
——— کا پہرا : مذکر، اقبال مندی کا زمانہ، دولت مندی کا زمانہ۔
——— کا پیر : مبارک قدم، جس کا آنا مبارک ہو۔
——— کا تار : مذکر؛ (تحقیر سے) چاندی کا زیور۔
——— کا ورق : چاندی کا بہت باریک پتر۔
——— کی جوتی : (کنایتاً) رشوت۔
——— ہونا : (۱) جل کر راکھ ہو جانا، (۲) کامیابی ہونا، بن آنا، فائدہ ہونا۔
چانڈو : مذکر، چنڈو۔
چانس : CHANCE (انگ) مذکر، موقع، اتفاق، قسمت، وقت۔
چانسلر : ——— یونیورسٹی کا افسرِ اعلا، امیر جامعہ (ہ)، کل پتی۔
چانک : مذکر؛ (۱) وہ کاٹھ کی تھاپی جس پر حروف کھدے ہوتے ہیں اور اسی سے کھلیان پر ٹھپا لگا دیتے ہیں، (۲) ٹھپا، مہر۔
چاو : مذکر، ارمان، شوق، آرزو، ناز، نخرا، لاڈ۔
——— چوچلا : مذکر؛ ناز، نخرا، لاڈ پیار۔
——— نکالنا : ارمان نکالنا، امنگ پوری کرنا۔
——— میں آنا : مزے میں آنا، بہت خوش ہونا۔
چاول : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا غلہ، (۲) وہ دانے یا گری جو کسی نباتات یا غلہ سے نکالا جائے، (۳) رتی کا آٹھواں حصہ۔
——— چبوانا : جس شخص پر چوری کا شبہ ہو، کچے چاولوں پر کچھ پڑھ کر چبوانا۔ یہ مشہور ہے کہ ایسے چاول چبانے سے چور خون تھوکتا ہے۔
چاہ : (ف) مذکر؛ کنواں۔
——— بابل : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وہ کنواں جس میں ہاروت و ماروت (فرشتے) بند ہیں۔
——— ذقن / چاہ زنخداں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛

ٹھوڑی کا گڑھا۔

چاہ زیر کا : (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) مکر و فریب۔

—— کن : (ف) ظالم، مکار۔

—— کن را چاہ در پیش : (ف) (مثل) جو دوسروں کے واسطے خرابی کی تدبیر کرتا ہے خود اسی آفت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

—— مُقنع / چاہ مُخشب / چہ مُخشب : مذکر، حکیم ابن مقنع کا وہ کنواں جس سے مصنوعی چاند نکلا کرتا تھا۔

چاہی : بارانی کے خلاف، وہ زمین جس کو کنویں سے سینچا جائے۔

چاہ : (۱) خواہش، (۲) اشتیاق، آرزو، (۳) دوستی، محبت، عشق۔

چاہت : مونث، محبت، پیار، الفت۔

چاہنا : (۱) خواہش کرنا، طلب کرنا، (۲) پیار کرنا، محبت کرنا (۳) قصد کرنا، ارادہ کرنا۔

چاہے اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جائے : کیسا ہی انقلاب عظیم ہو۔

چاہیتا / چہیتا : مذکر، لاڈلا، محبوب، وہ شخص جو بہت پیارا ہو، بہت محبوب۔

چاؤش : (ف) مذکر، نقیب، چوبدار۔

چاؤں چاؤں : مونث، شور و غل۔

—— کر کے پیچھے پڑنا : غل شور مچا کے درپے ہو جانا۔

چائیں چائیں : مونث، بے ہودہ شور و غل۔

چائیں مائیں : لڑکوں کا ایک کھیل۔

چائے : (ف) مونث، ایک قسم کی پتی جسے جوش دے کر پیتے ہیں۔

—— پانی : مذکر، ہلکی ضیافت۔

—— دان : (ف) مذکر، وہ ظرف جس میں چائے پکا کر رکھتے ہیں کیتلی۔

چ - پ

چبا چبا کر باتیں کرنا : (۱) صاف صاف بات نہ کرنا، (۲) گفتگو میں غرور کا انداز پایا جانا۔

چبا جانا : کھا جانا، سخت غصہ کو دانتوں سے کچل ڈالنا۔

چبا ڈالنا : کاٹ کھانا۔

چبانا : دانتوں سے پیسنا، دانتوں سے کچلنا۔

چبڑ چبڑ : (ہ) مونث، بک بک۔

—— باتیں کرنا : بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا۔

چبلا : مذکر، (عو) چھچھورا، بے تمیز، طفلانہ شرارتیں کرنے والا۔

—— پن : چھچھورا پن، طفل مزاجی۔

چبوترا : مذکر، (۱) چوترا، مربع یا مستطیل اونچی بیٹھنے اٹھنے کی جگہ، (۲) کوتوالی، بڑا تھانہ۔

چبوترے چڑھانا : کوتوالی (چبوترے) پر لے جانا، کوتوالی تک معاملے کو پہنچانا۔

چبینا : (ہ) مذکر، بھنا ہوا اناج۔

چبینی : مونث، (۱) چبینا، (۲) ہندوؤں کی بارات کی مٹھائی، (۳) بھنا ہوا غلہ۔

چبھونا : کسی نوک دار چیز کا سبھوکنا، پیوست کرنا۔

چبھتی بات : چبھے یا بھید کی بات۔

—— کہنا / چبھتی ہوئی کہنا : ایسی بات کہنا جو دوسروں کو ناگوار ہو۔

چبھن : کھٹک، درد۔

چبھنا / چبھ جانا : (۱) پیوست ہو جانا، نوکدار شے کا بھک جانا / بھکنا، (۲) مجازاً، ناگوار ہونا، دل پر اثر کرنا، کھپ جانا۔

چپ : (۱) بائیں طرف، الٹے ہاتھ کی طرف، (۲) بایاں، الٹا۔ (۳) دورنگا، دو رنگ کا، (۴) مذکر، بایاں ہاتھ، (۵) مونث، پانو کی آواز، چاپ۔

چپ و راست : (ف) مذکر، دائیں بائیں، اِدھر اُدھر۔

چُپ : مونث، خاموشی، سکوت، خاموش، وہ شخص جو منہ سے نہ بولے۔

—— چاپ : (۱) خاموش اور ساکت، (۲) خاموشی۔

—— چُپ : (۱) خاموش، کم گو، (۲) چُپ کرنے کی تاکید۔

—— چُپاتے : خاموشی سے، خفیہ طور پر۔

—— سادھنا : خاموشی اختیار کرنا، چپ رہنا۔

—— سُن ہونا : بالکل خاموش ہونا، سناٹے میں آجانا۔

—— چُپکا : (۱) چپ، خاموش، بھولا، (۲) عیار، فریبی۔

—— کرنا : (۱) خاموش کرنا، بولنے سے روکنا، (۲) چپ ہونا، خاموش ہونا۔

—— کی داد خدا دیتا ہے : (مثل) صبر کا پھل خدا سے ملتا ہے۔

چُپکے سے کہنا : بہت آہستہ سے کہنا۔

چُپ گُپ : خاموش، کم گو۔

چُپ گپ کے لڈو کھائے ہیں : کسی شخص کا بالکل خاموش رہنا

اور بات کا جواب نہ دینا۔
چُپ لگانا: سکوت اختیار کرنا۔
—— لگ جانا: سکوت ہو جانا۔
—— باندھنا: (۱) خاموشی اختیار کرنا، ساکت ہونا، دم بند ہونا، (۲) جواب نہ بن پڑنا، نہ بول سکنا۔
—— ہو جانا: خاموش ہو جانا، جواب نہ بن سکنا۔
چُپتی: مونث: خاموشی، چپ۔
چُپّا: مذکر: چار انگل جگہ، چار بالشت چوڑی جگہ، ذرا سی جگہ۔
—— بھر: ذرا سی جگہ۔
—— چپا: ذرا ذرا، کو بکو، کوچہ بہ کوچہ۔
چپا: مذکر: کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
چپاتی: پتلی روٹی۔
—— بڑھانا: آٹے کی لوئی کو مٹھی سے چوٹ دے کر بڑھانا۔
—— سا پیٹ: بھوک کے باعث پیٹ سے لگا ہوا بہت نرم اور ملائم پیٹ۔
چپانا: (۱) شرمندہ کرنا، شرمانا، شرم دلانا۔
چپ جانا: شرمندہ ہو جانا۔
چپت: ہتھیلی پھیلا کر کسی کے سر پر مارنا، دھول۔
—— رسید کرنا: تھپڑ مارنا۔
—— گاہ: مونث: گدی، چانٹے کی جگہ۔
—— لگانا/چپت مارنا: تھپڑ مارنا، چانٹا جڑنا۔
چپٹا/چپٹھا/بکرا، چوڑا چکلا (۲) دبا ہوا، بیٹھی ہوئی ناک والا شخص
چپٹی/چپٹھی: مونث: (۱) چوڑی، چکلی، دبی ہوئی، بیٹھی ہوئی، (۲) طبقی زنی
—— لڑنا/چپٹی کھیلنا: طبقی زنی کرنا، عورتوں کا ہم جنسی فعل۔
چپٹانا: (۱) لپٹا لینا، (۲) چپکا دینا۔
چپچپا: لیس دار۔
چپچپانا: چپکنا، لس دار ہونا۔
چپچپاہٹ: مونث: چیپ، لس۔
چپّر/چپک: (۱) ایک قسم کی ابابیل، (۲) دجاجا، دُبلا، لاغر۔
—— سا منہ نکل آنا: منہ کا سست جانا، بہت دبلا ہو جانا۔
چپڑاس: (ف) مونث: (۱) سپاہی ہونے کا بلا، (۲) کرتے کے مونڈھے کی چوڑی دھجی، (۳) چوڑی گوٹ، (۴) کشتی کا ایک داؤ۔
چپراسی: مذکر: سپاہی، پیادہ، چپراس ڈالا ہوا ملازم۔
چپڑا: مونث: (۱) صاف کی ہوئی لاکھ، عمدہ لاکھ، (۲) صاف میدان۔
—— کر دینا: بالکل تباہ کر دینا۔
چپڑا: مذکر: ہمیشہ کیچڑ بھری آنکھوں والا شخص۔
چپڑ خندی: مونث: بازاری عورت، ہرزہ گرد۔
چپڑ غٹو: (۱) گرفتار، اسیر، (۲) غٹ پٹ، گتھم گتھا، فریفتہ۔
چپڑ قناتی/چپڑ قناتیا: خوشامدی، کمینہ۔
چپڑنا: (۵) چکنانا، روٹی پر گھی لگانا، تھوڑا روغن ملنا۔ بدن پر یا کسی اور چیز پر۔
چپڑی اور دو دو: اچھی بھی اور بہت سی، کامیابی اور عمدگی کے ساتھ، اچھی اور زیادہ ملنا مشکل۔
—— چکنی: چاپلوسی اور خوشامد۔
—— روٹی: گھی یا تیل چپڑی ہوئی روٹی۔
چپس: CHIPS: (انگ) مذکر: تلی ہوئی شانیں یا چکتیاں۔
چپقلش: (ترک) (۱) انبوہ، ہجوم، (۲) تلوار کی لڑائی، مونث: (۳) لڑائی جھگڑا، تکرار، (۴) جگہ کی تنگی، انبوہ بھیڑ، (۵) کشمکش۔
چپک: مونث: لس۔
—— ہونا: میٹھا میٹھا درد ہونا۔
چپکانا: (۵) کسی لس دار چیز سے جوڑنا، چسپاں کرنا، نوکری سے لگانا، کسی کام میں اٹکا دینا، تعلق پیدا کر دینا۔
چپک جانا: (۱) لپٹ جانا، (۲) کنایتاً: آشنائی ہو جانا۔
چپکنا: (۱) جڑنا، چسپاں ہونا، (۲) الجھنا، پھنسنا، آشنائی ہونا، (۳) روزگار لگنا، نوکر ہونا۔
چپکن: (ف) مونث: پرانے وضع کی ایک قسم کی قبا۔
—— چنوانا: چپکن کی آستینوں پر چوڑیاں ڈلوانا۔
چپکی: مونث: خاموشی، سکوت۔
چپل: مونث: ایک قسم کی سلیپر۔
چپن: مذکر: سرپوش، ہانڈی کا ڈھکن۔
چپنی: مونث: (۱) ہانڈی کا مٹی کا سرپوش، (۲) گھٹنے کی ہڈی۔
—— بھر پانی میں ڈوب مرنا: غیرت اور شرم والی بات۔

چٹنی چاٹ گزران کرنا: نہایت قناعت اور صبر سے گزارا کرنا۔
جو مل جائے اُس میں کام نکالنا۔
چٹپٹا: (ص) شرمندہ ہونا، جھینپنا۔
چٹپو: مذکر، ناؤ چلانے کا ڈنڈا، چپّو۔
چٹپٹا: مذکر، دھپ، چانٹا۔
چٹی چمپی: مونث، آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا، اعضا کی مالش۔
——— کرنا: دبانا، مالش کرنا۔
چٹی: (ص) مونث، چھوٹا چپٹا، کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔
چٹی: (ص) مونث، خاموشی۔
چٹیٹ: مونث، (۱) خفیف چوٹ، جھپٹ، زد۔ (۲) دھکا، صدمہ، جھڑپ، (۳) بلائے ناگہانی، آفت ناگہانی، (۴) ٹوٹا، نقصان۔
چٹ: پشت کے بل، سینہ کے رُخ۔
——— پٹ: مونث، ایک قسم کی شرط، ایک قسم کی قرعہ اندازی۔
——— پڑنا: پیٹھ کے بل لیٹنا۔
——— کرنا: (کشتی کی اصطلاح)، پچھاڑنا، پیٹھ کے بل گرانا، جیتنا، بازی لینا، ہرانا۔
——— ہونا: (۱) پچھڑنا، پشت کے بل لیٹ جانا، (۲) مرجانا، جان سے جاتا رہنا، (۳) نشے میں بیہوش ہو جانا۔
چتا: مونث، مُردے کو جلانے کے لیے لکڑیوں کا ڈھیر۔
——— چُننا: مُردہ جلانے کے واسطے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا۔
——— میں بیٹھنا: ستی ہونے کے واسطے مُردے کی چتا کے ڈھیر میں جلنے کو بیٹھنا۔
چتانا: (۱) خبردار کرنا، اطلاع دینا، (۲) نصیحت کرنا، خوف دلانا۔
چت چور: مذکر، دل چرانے والا، دلربا، محبوب۔
چتر: (ت) مذکر (۱) سر کے چھوٹے چھوٹے بال، (۲) بادشاہوں کے سروں پر لگانے کی ایک خاص قسم کی چھتری۔
چتر: (ص)، چالاک، ہوشیار، تیز۔
چترائی: مونث، تیزی، ہوشیاری، دانائی۔
چتر: (ہ) مونث، تصویر، نقش و نگار۔
——— شالا: (ہ) مذکر، تصویر خانہ، اسٹوڈیو۔
——— کار: (ہ) مذکر، مصور، نقاش۔
چتر کاری: (ہ) مونث، نقاشی، مصوری۔
——— کلا: (ہ) مونث، فنِ مصوری۔
چترنگ: (ص)، مذکر، (۱) چار رنگ کی فوج، ہاتھی، گھوڑے، رتھ اور سوار پیادوں کی فوج، (۲) شطرنج کا قدیمی نام، (۳) ایک قسم کا گیت۔
چترویدی: چاروں وید پڑھا ہوا برہمن۔
چت کبرا: (ص) مذکر، سفید اور کالے رنگ کا داغ دار، ابلق۔
چتکبرا: داغ دار، دھبے والا، کالے اور سفید رنگ کے دھبوں والا۔
چتون: (ص) مونث، نظر، نگاہ، نگاہ کا انداز۔
——— بنانا: تیوری چڑھانا، چشم قہر آلود سے دیکھنا، غصے کی نظر ڈالنا۔
——— پر میل آنا: (کنایتاً) ناگوار ہونا۔
——— پھرنا: نگاہ کا قہر آلود ہونا۔
چتی: (۱) چھوٹا دھبا، داغ، بندی، (۲) ایک قسم کا سانپ اور ایک قسم کی کوڑی جس پر چتیاں پڑی ہوں۔
——— پڑنا: (۱) روٹی سینکنا، روٹی پر پک جانے کی علامت ظاہر ہونا۔ (۲) لال لال بُندکیاں پڑ جانا۔
——— دار: داغ دار، بُندکیوں والا۔
چتھا: مذکر، دوسروں کا تختۂ مشق، بار بار شکست خوردہ۔
——— بنانا: کسی کی بُرائی کر کے ذلیل کرنا، فضیحت کرنا۔
چتھاڑ: مونث، ذلت، خواری۔
چتھاڑنا: (۱) ذلیل کرنا، رسوا کرنا، فضیحت کرنا، بُرائی بیان کر کے فضیحت کرنا، (۲) پھاڑنا، دھجی دھجی کرنا۔
چتھڑا/چیتھڑا: مذکر، پرانے کپڑے کا ٹکڑا، گودڑ، دھجی۔
چیتھڑے اُڑنا/چیتھڑے کرنا: پُرزے پُرزے کرنا۔
چیتھڑے لگانا: پیوند پر پیوند لگانا، پھٹے کپڑے پہنے پھرنا، گودڑیا فقیر بنا پھرنا۔
چیتھڑے لگنا: غریبی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔
چتھڑیا پیر: (۱) پھٹے پرانے کپڑے ڈالی ہوئی شاخ والا درخت، (۲) پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوا شخص، بہت مفلس۔

چ ۔ ط

چٹ : (ا) فوراً، اسی وقت، (۲) جسم پر آتشک کے مادّے کے نشان، (۳) سخت چیز کے دفعۃً ٹوٹنے کی آواز۔

ـــــ پٹ : (صفت)؛ بہت جلد، یک بیک۔

ـــــ ہوجانا : ناگہانی موت ہوجانا، فوراً مرجانا۔

ـــــ چٹ : (ا) انگلیوں کے چٹخنے یا کالے دانے کے جلنے کی آواز، (۲) چوڑیوں کے ٹوٹنے کی آواز۔

ـــــ چٹ بلائیں لینا / چٹر چٹر بلائیں لینا : دونوں ہاتھوں سے انگلیوں کو متواتر چٹخا کر بلائیں لینا۔

ـــــ کر جانا : (ا) سب کا سب کھا جانا یا پی جانا، (۲) ہضم کر جانا، مار لینا۔

ـــــ منگنی پٹ بیاہ : (مثل)؛ کسی فوری تجویز کا نتیجہ بہت جلد ظاہر ہونا، کسی کام کا جلدی سے ہوجانا۔

چٹ : مونث ؛ (ا) کپڑے یا کاغذ کی لمبی کم چوڑی دھجی، (۲) کاغذ کا پرچہ، کتابوں یا دوا کی شیشیوں پر لگی ہوئی چٹھی، (۳) ورزش کرنے والوں کی لنگوٹ کی پیٹی۔

چٹا : مذکر؛ (ا) اینٹوں کا ڈھیر، (۲) چیلا، شاگرد، پاٹ شالا کا طالب علم، (۳) کم مشقی سے ذلیل یا کمان کے قبضہ پر پڑنے والا غلہ، (۴) الزام۔

چٹا : مذکر؛ اُجلا، گورا، سفید، (۲) روپیا، چاندی کا سکہ۔

چٹاپٹی : مونث ؛ (ا) مار مار، دھڑا دھڑی (۲) موت پر موت۔

ـــــ پڑنا : کثرت سے موتیں ہونا۔

ـــــ کی گوٹ : مختلف رنگ کی گوٹ، مختلف رنگ کا حاشیہ۔

چٹاخ / چٹاک : مونث ؛ لکڑی کے ٹوٹنے یا انگلی کے چٹخنے کی آواز۔

چٹاخ پٹاخ : تڑاق پڑاق، تڑاتڑ۔

چٹاخا / چٹاکا : مذکر، لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے کی آواز، (۲) شدت، کثرت، (۳) فاحشہ بدکار عورت، (۴) دھپ، تھپڑ۔

چٹان / چٹّان : مونث ؛ (ا) پتھر کی بڑی سل، بہت بڑا اور چوڑا پتھر، (۲) پتھریلی زمین۔

چٹانا : (ا) بچے یا بیمار کو کوئی گاڑھی چیز ذرا ذرا کر کے کھلانا، (۲) کھلانا، رشوت دینا، (۳) کسی دھار دار چیز کے لیے پتھر پر رگڑ کے دھار دینا۔

چٹائی : مونث ؛ بوریا، گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔

چٹ پٹ : (ع م) مونث ؛ متفرق خرچ، چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ ـــ متفرقات، (ع) (۲) تجربہ کار عورتوں کی بچوں کے لیے کم قیمت دوائیں۔

ـــــ ہوجانا : (ع) متفرق کاموں میں خرچ ہوجانا، صرف ہوجانا۔

چٹ پٹا / چٹ پٹا : مذکر ؛ خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا، مزیدار۔

چٹخارا : مذکر ؛ خوش ذائقہ چیز کے مزہ لینے سے زبان اور تالو سے نکلی ہوئی آواز۔

چٹخارا بھرنا / چٹخارے بھرنا : کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا، زبان چاٹنا، ہونٹ چاٹنا۔

چٹخارنا : زبان اور تالو سے آواز نکالنا۔

چٹخانا / چٹکانا : (ا) انگلیوں یا کسی چیز کی چٹاچٹ آواز نکالنا، (۲) تڑقانا، توڑنا۔

چٹخ جانا : (ا) فوراً جدا ہوجانا، چلا جانا، (۲) بگڑ جانا، اَن بن ہوجانا، دوستی نہ رہنا، (۳) درز پڑنا۔

چٹخنا : (ا) آزردہ ہونا، آپس میں ملال ہونا، (۲) جل کھل کے بات کرنا، (۳) شق ہوجانا۔

چٹخنا : (عمل) چاٹنا، تھپڑ، دھول (لگانا کے ساتھ)

چٹخنی / چٹکنی : مونث ؛ (ا) دروازے کے روکنے کی چھوٹی سی اڑانے والی چیز، (۲) وہ کل جو پنجرے میں پرند پکڑنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

چٹر پٹر : متفرق، تھوڑا سا۔

چٹک : مونث ؛ (ا) ٹوٹنے کی آواز، چٹ، (۲) پھرتی، جلدی، تیزی، (۳) چمک، دمک، بھڑک، (۴) رنگ کی تیزی (۵) دھوپ کی تیزی۔

ـــــ جانا : تڑق جانا، بال پڑ جانا۔

ـــــ مٹک : مونث ؛ غرور، نخوت، ناز نخرا، کرّ و فر۔

چٹکا : مذکر ؛ (ا) چاٹ، مزہ، چٹخارا، زبان کا چسکا (۲) پیاس کی شدت۔

چٹکلا : مذکر ؛ (ا) لطیفہ، دلچسپ فقرہ، (۲) چھوٹی سی پرتاثیر دوا، (۳) نادر، عجیب چیز۔

ـــــ چھوڑنا : کوئی عجیب بات گڑھ کر بیان کرنا، گپ اڑانا، ہنسی کرنا، شگوفہ چھوڑنا۔

چٹکنا : (ا) تڑقنا، پٹخنا، (۲) رنگ اڑانا، (۳) (کنایتاً) ناراض ہو کر بات کرنا، جھنجھلانا۔ (۴) کلی کا کھلنا، (۵) سخت چیز پر گر کے اچھل کر دور جانا، (۶) چھوٹ جانا۔

چٹکنا : (۱) سانپ کا کاٹنا، ڈسنا، (۲) اوپر اوپر سے توڑنا، ساگ یا پھول توڑنا۔

چٹکی : مونث، (۱) ہاتھ کے انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے گوشت کا مسلنا، (۲) مٹھی بھر آٹا، مٹھی بھر چیز، (۳) گوٹے اور لچکے کو موڑ کر کنگورے دار بنانا۔ گوکھرو، چٹکی سے موڑی ہوئی ڈھنک، (۴) کٹار دار گلبدن، خجری (رسشروع)، (۵) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے زور سے ملا کر جدا کرنے کی آواز، (۶) کپڑا چھاپنے کا طریقہ۔ (۷) پانو کا ایک زیور جو انگوٹھوں میں پہنا جاتا ہے، چوڑے چھلے، (۸) سفوف جو انگوٹھے اور اس کے پاس والی انگلی سے اٹھائیں، (۹) دوا کا سفوف، چورن، (۱۰) پوشاک وغیرہ کی مڑوڑ، (۱۱) گرفت۔

—— بجانا : انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا۔

—— بجاتے میں : فوراً، آن کی آن میں۔

—— بھر : تھوڑا سا۔

—— بھر میں : ذرا دیر میں، لحظہ بھر میں۔

—— بھرنا : (۱) انگوٹھے اور انگلی سے گوشت مسلنا، (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا، طعنہ دینا۔

—— پر اڑا دینا : جل دینا۔

—— چٹکی : تھوڑا تھوڑا۔

—— کاٹنا : چٹکی لینا۔

—— لگانا : (بزاز)، کپڑوں کو انگلیوں سے پھاڑنا نیا کپڑا تھان سے کاٹنا۔

—— لینا : (۱) طعنہ دینا، چھیڑنا، چبھتی ہوئی بات کہنا، (۲) کسی فعل سے روکنے کے لیے چٹکی لے کر اشارہ کرنا۔

چٹکیوں میں کام کرنا : بہت جلد کوئی کام کرنا۔

چٹکی میں ہونا : قبضے میں ہونا۔

چٹکیلا : (۱) چمک دار، بھڑکیلا، شوخ رنگ، (۲) خوش ذائقہ چٹ پٹا، خوب نمک مرچ پڑا ہوا۔

چٹکیلی دھوپ : مونث، گرم اور تیز دھوپ۔

چٹنی : مونث، ذائقے کے لیے چکھنے یا ذرا ذرا چاٹنے کی چیز۔

—— کر ڈالنا : (۱) پیس ڈالنا، (۲) (کنایتاً) تباہ کر دینا۔

چٹوا : مذکر، بچوں کا ایک کھلونا۔

چٹورا : مذکر، لذیذ کھانوں کا دلدادہ، کھاؤ، کھاپی کر اڑا دینے والا۔

—— پن/چٹورپن : مذکر، زبان کا مزہ، اڑاؤ پن، چٹوروں کی سی عادت۔

چٹی : (رعو) مونث، (۱) جرمانہ، تاوان، (۲) ٹوٹا، خسارہ (متروک)، (۳) لکڑی کی پٹی دار کھڑاؤں۔

—— بھرنا : (رعو) تاوان دینا، نقصان اٹھانا۔

—— وھرنا : (رعو) ڈنڈ ڈالنا، تاوان بھرنا، (۲) چٹی سے مارنا۔

چٹے : الزام۔

—— بٹے : مذکر، (۱) چھوٹے بچوں کے کھلونے، (۲) مداری کے تماشے میں ہاتھ کی صفائی دکھانے کی چھوٹی چھوٹی گولیاں گولے۔

—— لڑانا : لگائی بجھائی کرنا۔

چٹیا : مونث، (۱) چوٹی کی تصغیر (تحقیر سے)، (۲) چونڈا، جوڑا، (۳) وہ سر کے چند بال جو ہندو مذہبی علامت کے طور پر رکھتے ہیں۔

چٹیانا : زخم دینا، چوٹ کھا جانا، زخمی کرنا، گھائل کرنا، کچلنا۔

چٹیل/چٹیل میدان : بغیر درخت اور جھاڑی والا میدان صاف میدان

چٹیل/چٹیلا : (۱) چوٹ کھایا ہوا، زخم کھایا ہوا، صدمہ پہنچا ہوا، (۲) چوٹ کھایا ہوا پھل۔

چٹھا : مذکر، بدن کی جلد کا داغ۔

چٹھے مٹھے : مذکر، عمدہ لذیذ کھانے، مٹھائیاں۔

چٹھے مٹھے/مٹھوں کا مزا پڑنا : لذیذ کھانوں کی چاٹ پڑنا۔

چٹھا : (ھ) مذکر، (۱) چندے یا روزنامچے کی کتاب، (۲) فہرست تنخواہ، (۳) روزمرہ یا ماہ بہ ماہ کسی کام کی اجرت یا تنخواہ، (۴) کچا حساب۔

چٹھا بانٹنا : تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔

—— باندھنا : جمع خرچ کی فہرست تیار کرنا، لین دین اور موجودہ اسباب کی فہرست بنانا، اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا۔

چٹھی : مونث، (۱) خط، (۲) سند، پرچہ، رقعہ، (۳) چٹ، کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا، (۴) ہنڈی، چک۔

—— پڑنا : کسی چیز پر قیمت لگا کر قرعہ پڑنا۔

—— ڈالنا : لاٹری ڈالنا، لاٹری یا قرعہ بازی میں شریک ہونا۔

—— رساں : مذکر، ڈاکیا۔

—— کرنا : کسی کے نام ہنڈی کرنا، ہنڈی لکھنا۔

چٹی : مونث، چھوٹے بچوں کی زبان میں مٹھائی، شیرینی۔

چچا : مذکر؛ باپ کا بھائی۔
—— بنا کے / چھوڑنا : معقول سزا دے کے چھوڑنا، خوب بدلہ لے کے اور ٹھیک بنا کے دم لینا۔
—— زاد بھائی : مذکر؛ چچا کا بیٹا۔
چچڑی : کمنی، ایک قسم کے کیڑے کا نام جو اکثر کتے، بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے۔
—— ہو کر چمٹنا / لپٹنا : پیچھا نہ چھوڑنا، ہمہ تن مصروف ہونا۔
چچکارنا : پیار کرنا، پچکارنا۔
چچکاری : مونث؛ پیار کی آواز۔
چچوڑنا : (عو) چوسنا (۱) بچے کا چھاتیوں کو چوسنا، (۲) ہڈی کو چوسنا۔
چچی : مونث؛ چچا کی بیوی۔
چچیرا : مذکر؛ چچا کے رشتے کا۔
چچینڈا : مذکر؛ ککڑی کی شکل کی ایک لمبی ترکاری کا نام۔
چخ : مونث؛ جھگڑا، تکرار، قضیہ و فساد۔
—— چخ : مونث؛ (۱) لفظی تکرار، جھک جھک، (۲) لڑائی کے پٹیروں کے بولنے کی آواز۔
—— چخے : (عو) (کلمۂ نفرت)؛ چل دور ہو، پرے ہٹ، باتیں نہ بنا، (تنہا مستعمل نہیں، چل کے ساتھ بولا جاتا تھا)۔
چدر : مونث؛ چادر کا مخفف۔
چدریا : مونث؛ چادر کی تصغیر۔
چڈا / چڈھا : مذکر؛ ران کے اوپر کا جوڑ، بن ران۔
چڈا / چڑا : چڑیا کا نر، گوریا کا نر۔
چڈھا : مذکر؛ دیکھو چڈا۔
چڈھی : مونث؛ پیٹھ کی سواری۔
—— چڑھانا : کسی کو پیٹھ پر سوار کرنا۔
—— دینا : پیٹھ کی سواری دینا۔
—— لینا : پیٹھ کی سواری لینا۔

چ - ر

چرّ : (ہ) مونث؛ (۱) کپڑا پھٹنے کی آواز، (۲) دریا میں ریت جمی ہوئی جگہ۔
چرّ مرّ : مونث؛ نئے جوتے کی آواز جو چلنے میں ہوتی ہے۔
چرمرّ : سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ کر چورا چورا ہو جانا۔
چرّاٹا : مذکر؛ کاغذ یا کپڑے کے پھٹنے کی آواز۔
چراغ / چراغ : (ف) (۱) وہ کٹی جس میں تیل اور بتی
—— ڈال کر روشن کریں، (۲) لیمپ، شمع، بتی، (۳) (مجازاً) بیٹا، (۴) (کنایتاً) رونق، روشنی۔
—— اکسانا : چراغ کی بتی اونچی کرنا۔
—— بجھانا / بڑھانا / خاموش کرنا : چراغ گل کرنا، چراغ ٹھنڈا کرنا۔
—— ٹمٹمانا : چراغ کا ذرا ذرا روشنی دینا۔
—— ٹھنڈا کرنا : چراغ بجھانا، چراغ گل کرنا۔
—— جلانا : چراغ روشن کرنا۔
—— جلنا : (۱) چراغ روشن ہونا، (۲) (کنایتاً) فروغ پانا، رونق ہونا۔
—— جلے : سرِ شام، جھٹ پٹے کے وقت۔
—— دان : (ف) مذکر؛ چراغ رکھنے کی ایک چیز، ڈیوٹ۔
—— دکھانا : روشنی دکھانا، راستے میں روشنی کرنا۔
—— رخصت ہونا : چراغ بجھنا، چراغ خاموش ہونا۔
—— روشن کرنا : چراغ جلانا۔
—— روشن مرادِ حاصل : تمنا سے بامراد، خانہ آباد۔
—— سحر : (اضافت کے ساتھ) : (۱) چراغِ صبح (۲) (مجازاً) ناپائیدار، قریب الزوال۔
—— سحری : (اضافت کے ساتھ) (ف) چراغِ صبح (کنایتاً) قریبِ مرگ، تھوڑے دن کا دنیا میں مہمان۔
—— سے پھول جھڑنا : چراغ کا شرارہ افشاں ہونا، چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا۔
—— سے چراغ جلتا ہے : (مثل) : ایک سے دوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے۔
—— کا ہنسنا : (عو) (۱) چراغ سے پھول جھڑنا، چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا (۲) خوشی کا شگون۔
—— گل پگڑی غائب : (مثل) آنکھ بچی اور مال اڑا لینا، ذرا سی غفلت پا کر مال اڑا لینا۔

چراغ چراغ گل ہونا: (۱) چراغ بجھنا، (۲) (کنایتاً) کسی کے مقابلے میں بے رونق ہو جانا، (۳) خاندان کا نیست و نابود ہو جانا، ملیامیٹ ہو جانا۔

—— لے کر ڈھونڈنا: بہت محنت اور تجسس سے تلاش کرنا، کسی کی نہایت جستجو کرنا۔

—— میں بتی پڑنا: شام کا وقت ہونا، چراغ جلنا، چراغ روشن ہونا۔

—— میں بتی پڑی لاڈو میری سیج چڑھی: (مثل) سرِ شام سونے کی تیاری کرنا، بہت سونے والا۔

—— ہو جانا: روشن ہو جانا۔

چراغاں: (ف) مذکر، روشنی، بہت سے چراغوں کا جلنا، جشن۔

چراغی: مونث، نذرانہ، بھینٹ، خیرات، مجاوروں کا حقِ خدمت۔

—— چڑھانا: (۱) بھینٹ چڑھانا، (۲) فاتحہ دلاتے وقت کچھ نقدی، چراغ کے نیچے رکھ دینا۔

چراغ بتی کرنا: روشنی کا سامان کرنا، روشنی کرنا۔

—— کا وقت: مذکر، شام کا وقت۔

—— بجھانا/چراغ بڑھانا: چراغ ٹھنڈا کرنا۔

—— پا ہونا: (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا، (۲) اکھڑنا، نہ جمنا، کھڑا نہ رہنا، (۳) خفا ہونا۔

—— تلے اندھیرا: (مثل)، منصف حاکم کے قرب میں ظلم ہونا، روشن دلوں سے بے خبری واقع ہونا (۲) (کنایتاً) اوروں کو فائدہ پہنچے اور اپنے محروم رہیں

—— تہ دامن: (اضافت کے ساتھ)، (۱) ہوا سے بچانے کے لیے دامن کی آڑ میں لیا ہوا چراغ، (۲) (استعارہ) نقاب پڑا ہوا حسین چہرہ۔

چراکارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی: (ف) مقولہ، عقلمند کو ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس کا نتیجہ ندامت ہو۔

چراگاہ/چراگہ: (مونث)، جانوروں کے چرنے کی جگہ، سبزہ زار۔

چرانا: (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر سبزہ کھلانا، (۲) فریب دینا، دھوکا دینا، احمق بنانا، اُلو بنانا۔

چرائی: (۱) مویشیوں کو گھاس کھلانے کے واسطے جنگل بھیجنا، (۲) چرانے کی اُجرت، چروائی۔

چرّانا: خشک زخم کا درد کرنا، دوا خشک ہو جانے سے زخم کا درد کرنا۔

چُرانا: (۱) چوری کرنا، (۲) چھپانا، بچانا، اغماض کرنا۔

چراند/چراہند: مونث، چمڑے، بال، روغن وغیرہ کے جلنے کی بدبو۔

چرائیتا: (ھ) مذکر، ایک کڑوی بوٹی کا نام۔

چُرب: (۱) فربہ، موٹا، لحیم شحیم، (۲) چکنا، (۳) غالب، تیز، زیادہ۔

—— دست: (ف) چالاک، دست کار۔

—— زبان: (ف) (۱) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا خوشامدی، (۲) شیریں کلام۔

—— غذا: لذیذ غذا، زیادہ چکنائی والی غذا۔

—— کر لینا: تھوڑی سی چکنائی میں بھون لینا۔

—— ہو جانا: (۱) ہوشیار ہو جانا، (۲) بھن جانا، تیز ہو جانا۔

چُربہ: (ف) مذکر، (۱) روغنی کاغذ، موم جامہ، (۲) خاکا، کاغذ یا پوست آہو کو چرب کر کے کسی نقش یا تصویر پر رکھ کر ہو بہو اس کی نقل اُتارنا۔

—— اُتارنا: (۱) ہو بہو نقل اُتارنا، خاکہ اُتارنا، کسی نقش یا تصویر پر باریک کاغذ رکھ کر اس کی ہو بہو نقل کرنا، (۲) (کنایتاً) انداز اُڑانا، کسی کا ڈھنگ سیکھنا۔

چُربی: (ف) (۱) جسم کی چکنائی، (۲) روغن، چکنائی۔

چُربیانا: موٹا ہونا، فربہ ہونا۔

چُرپُرا: مذکر، تیز، تند، چٹ پٹا، گرم۔

چرپرانا: تیزی کرنا، مرچیں لگنا۔

چرپراہٹ: مونث، تیزی، جلن، سوزش۔

چُرٹ: (انگ)، مذکر، سگار۔

چرتر/چلتر: مذکر، چھل بٹے، چالبازی، عورتوں کا مکر و فریب۔

چرچ: CHURCH (انگ، مذکر) گرجا، عیسائیوں کی عبادت گاہ۔

چرچا: مذکر، ذکر، تذکرہ، صلاح، گفتگو، شہرت، تعریف۔

—— پھیلنا: کسی بات کا شایع ہونا۔

—— کرنا: ذکر کرنا، تذکرہ کرنا۔

—— ہونا: افواہ ہونا، شہرہ ہونا، بات پھیلنا، بُرائی کے ساتھ ذکر ہونا۔

چرچیتا: مذکر، بھونا ہوا اناج۔

چرچٹا : مذکر، ایک خاردار پودا۔
چرچرانا : (۱) درد کرنا، جلن پڑنا، (۲) چٹکنا۔
چرچراہٹ : مونث، چرچرانے کا عمل، تنک مزاجی۔
چرخ : (ف) مذکر (۱) آسمان (۲) پھرنے والا پہیا، (۳) کنویں کے اوپر کی چرخی، (۴) ایک قسم کا باز، (۵) گردش، چکر، (۶) تانبے کے برتن کو صاف کرنے کا آلہ۔
—— آبنوس : (اضافت کے ساتھ)، (ف) پہلا آسمان۔
—— انداز : (ف) کمان دار، تیر انداز۔
—— بریں : (اضافت کے ساتھ) نواں آسمان۔
—— چڑھانا : (۱) ظرف وغیرہ کو خراد پر چڑھانا، (۲) سان چڑھانا، سان پر رکھنا۔
چرخ چوں : مونث، (۱) بیل گاڑی یا کنویں کی رہٹ وغیرہ کے چلنے کی آواز (۲) (مجازاً) دھیمی آواز، آہستہ چال۔
—— زریں : (اضافت کے ساتھ)، (ف)، چوتھا آسمان جس پر آفتاب ہے۔
—— سے مہتاب توڑ لانا : (کنایتاً)، کمال چالاکی کرنا۔
—— کھانا / چرخ مارنا : گردش کرنا، گھومنا، (۲) تاؤ کھانا، دھات کا پگھل کر پانی ہو جانا۔
—— میں آنا : چکر کھانا، پھرنا، گردش کرنا۔
چرخاب (چرخ آب) : (ف)، مذکر، پانی کے زور سے چلنے والی چرخی۔
چرخہ : (ف)، مذکر (۱) سوت کاتنے کی دستی مشین، (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) (کنایتاً)، بہت بوڑھا مرد یا عورت، پیر فرتوت، ڈھانچ، (۴) (کنایتاً)، پرانی کمزور گاڑی۔
—— پونی کرنا : چرخہ کاتنا، چرخہ کات کر گذر کرنا۔
—— کاتنا : سوت کاتنا، چرخے کے ذریعے سے تاگا بنانا، چرخے کا کام کرنا۔
—— ہو جانا : ضعیف ہو جانا، انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔
چرخے کی مال : (۱) چرخے کا ڈورا، (۲) (کنایتاً) دبلا کمزور، (۳) در بدر پھرنے والا۔
چرخی : (ف)، گردش کرنے والی چیز، (مونث) اہروئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ (۲) ایک قسم کی گھومنے والی آتش بازی، (۳) پانی کھینچنے کا پہیہ (۴) پھرکی (۵) ٹور (۶) بادلہ لپیٹنے کا آلہ۔
چرس : مذکر، چمڑے کا بڑا ڈول، (۲) ایک قسم کی نشہ آور پتی۔
چرسی / چرسیا : چرس پینے والا۔
چرسا : (بمعنی پوست) مذکر، بھینس گائے یا بیل کا کمایا ہوا چمڑا۔
—— بھر زمین : مونث، (۱) بھینس یا گائے کے بیٹھنے کے قابل زمین، (۲) تھوڑی سی زمین۔
چرس : مونث، شکن، سلوٹ، بٹ، عجمری۔
چرغ : (ف)، مذکر، (۱) تیندوا، (۲) ایک شکاری پرند۔
چرغم چرغم کرنا : چخ چخ کرنا، بک بک کرنا، کسر پھسر کرنا۔
چرغینا : مذکر، کمینہ آدمی، سفلہ آدمی۔
چرک : (ف)، مذکر، پیپ، میل، غلاظت، زنگ۔
چرکا : مذکر، (۱) تلوار وغیرہ کا ہلکا زخم، (۲) کسی آہنی چیز کو گرم کر کے اس سے جلانا، (۳) نقصان، ٹوٹا۔
—— دینا / چرکا لگانا : (۱) زخم دینا، (۲) داغ دینا، (۳) نقصان پہنچانا، ایذا دینا۔
—— کھانا : (۱) خفیف زخم لگنا، (۲) نقصان برداشت کرنا، (۳) دھوکا کھانا۔
—— چرکٹا : مذکر، (۱) چارہ کاٹنے والا، (۲) ہاتھی کا چارہ لانے والا، فیل بانوں کا پیش خدمت (۳) کمینہ۔
چرکٹ : (ف) مذکر، دبلا پتلا، سوکھا، سہما آدمی۔
چرکنا : ذرا سا پاخانہ نکلنا، ذرا سا اگنا۔
چرکنا : (تحقیر سے) (۱) بولنا، چہچہانا، (۲) گپ شپ ہانکنا۔
چرکین : (ف)، صفت، میلا، غلیظ، (۲) اردو زبان کے ایک شاعر کا تخلص۔
چرم : (ف)، مذکر، چمڑا، کھال، پوست۔
چرمی : چمڑے کا بنا ہوا۔
چرن : مذکر، (۱) قدم، پاؤں، (۲) پاپوش، (۳) رکن، ستون۔
—— لینا / چرن چھونا : قدم لینا، پیروں پڑنا، قدم کو ہاتھ لگانا۔

چرنا: (۱) گھاس کھانا، چگنا، پرورش پانا، کھانا، (۲) مذکر، گھٹنا، شیکر کی طرح چھوٹا اور اونچا پاجامہ۔
چرنا: پھٹنا، لکڑی کا دو ٹکڑے ہو جانا۔
چرواؤ: مذکر، درز، شگاف، لکڑی چرنے سے پڑا ہوا نشان۔
چرائی: مونث، چیرنے کی اُجرت۔
چرند: مذکر، چرندہ، گھاس چرنے والا جانور۔
چرندہ/چرنده: گھاس چرنے والا، حیوان، چوپایہ۔
چرندم چورندم: مذکر، کھانے پینے کا مشغلہ۔
چرنی: مونث، جانوروں کو دانہ کھلانے کا ٹوکرا۔
چرنے: مذکر، چرنے، کرم، بچوں کے پیٹ میں پیدا ہو جانے والے کیڑے۔
——لگنا: (کنایتاً) بہت ناگوار گذرنا۔
چروا یا: مذکر، گڈریا، چرانے والا۔
چروںجی: مونث، ایک مشہور میوہ جو بیج کی صورت میں ہوتا ہے۔
چرہی: مونث، چارپایوں کو پانی پلانے کا حوض۔
چری: مونث، (۱) کربی، کڑبی، جوار، باجرے وغیرہ کے ہرے درخت (۲) چرنا، جانوروں کا گھاس چرنا، (۳) (کنایتاً) علاوہ مقررہ کھانے کے بعد کچھ اور کھانا (انسان کے لیے)

چ - ڑ

چڑ: مونث، چٹخنے کی آواز، لکڑی وغیرہ کے پھٹنے کی آواز، چٹ۔
چڑ/چڑھ: مونث، بُری لگنے والی بات۔
——نکالنا: چھیڑ نکالنا، غصہ دلانا، کوئی ناگوار لگنے والی بات یا فقرہ بار بار کہنا۔
چڑانا/چڑھانا: نفرت دلانا، وق کرنا، بنانا، مذاق اڑانا
چڑا: مذکر، (۱) نرگوریا، (۲) ایک قسم کا کنکوا۔
چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا: بک بک کرنا، بڑبڑانا، بکواس لگانا۔
چڑچڑا: بدمزاج، بگڑے مزاج والا۔
چڑچڑانا: (۱) بدمزاجی کرنا، (۲) جلتے ہوئے روغن پر پانی پڑنے سے آواز نکلنا۔
چڑچڑاہٹ: بدخوئی، چڑچڑاپن۔
چڑوے: مذکر، کُٹے اور بھنے ہوئے چاول۔
چڑی مار: مذکر، پرند پکڑنے والا، صیاد۔
——ٹولا: مذکر، طرح طرح کے جانور رکھنے کا بازار، چڑیاروں کے رہنے کا ٹھکانا۔
چڑیا: مونث (۱) چڑا کا مونث، (۲) پرند (۳) (عو) چوبلا، (۴) انگیا کے دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سلائی (۵) نیفہ میں ازار بند ڈالنے کی جگہ۔
——خانہ: مذکر، چڑیا گھر، (انگ) زُو (zoo)۔
——کا/والا: مذکر، (گالی) احمق۔
——کا دودھ: عنقا چیز، ناممکن بات۔
——نوچن: مذکر، بٹکا بوٹی، عذاب، تکلیف، اُلجھن۔
چڑیل: مونث، (۱) ڈائن، بھتنی، پلید عورت، خبیث عورت، (۲) میلی کچیلی عورت، (۳) بہت بدصورت۔
چڑھ آنا: حملہ کرنا۔
——جانا: چڑھائی کرنا۔
چڑھا اُپری: مونث، لاگ ڈانٹ۔
——جانا: پورا پی جانا۔
——دینا: (۱) مغرور کر دینا، عزت دینا، مرتبہ بلند کر دینا۔ (۲) لگا دینا، (۳) گراں کرنا، (۴) سوار کر دینا۔
چڑھانا: (۱) نیچے سے اوپر لے جانا، (۲) لادنا، سوار کرانا، (۳) پینا، نوش کرنا، اُتارنا، شراب یا پانی کو بالکل پی جانا، (۴) بلند کرنا، اونچا کرنا، (۵) اُکسانا۔
چڑھاؤ: مذکر، (۱) طغیانی، جوش، (۲) بلندی، راستے کی اونچائی
——چڑھائی (۳) ترقی، عروج، زیادتی، (۴) دریا سے پانی آنے کا رُخ۔
چڑھاوا: (۱) نذر و نیاز، بھینٹ، (۲) منگنی یا برات کے موقع پر دلہن کو دولھا والوں کا دیا ہوا زیور، (۳) بڑھاوا، دم۔
چڑھاؤ اُتار: پانی کی طغیانی اور کمی، کسی کیفیت میں کمی یا زیادتی۔
چڑھاوے بڑھاوے دینا: تعریف کر کے آسمان پر چڑھانا۔
چڑھائی: مونث، (۱) بلندی، اونچائی، زمین کی بلند جانب (۲) حملہ دھاوا، یورش، (۳) لشکر کشی۔
چڑھ بننا: بن آنا، حسبِ مراد ہونا۔
چڑھتا: بڑھتا، ترقی کرتا ہوا، عروج کرتا ہوا، زوروں پر آتا ہوا۔

جوش پر آیا ہوا۔
چڑھتے اُترتے: کسی قدر کم و بیش۔
چڑھتی جوانی: آغازِ شباب۔
چڑھتے چاند: مہینے کا ابتدائی حصہ۔
چڑھنا: (۱) پستی سے بلندی پر جانا، نیچے سے اوپر جانا، (۲) چوٹی پر جانا۔ اُٹھنا، ابھرنا (۳) بڑھنا، ترقی کرنا، (۴) اڑنا، (۵) دریا کے پانی کا زیادہ ہو جانا، (۶) حملہ کرنا، (۷) مہنگا کرنا، (۸) آواز کا بلند ہونا، (۹) کسا جانا، تننا، (۱۰) آستین چڑھانا، (۱۱) پھانسی پر چڑھنا، (۱۲) گھوڑے پر سوار ہونا، (۱۳) فتنہ ہو جانا، (۱۴) دِن چڑھنا، (۱۵) درج ہونا، چہرا ہونا، لکھا جانا، (۱۶) نشہ کا سر یا دماغ پر اثر کرنا، (۱۷) چولھے پر پکنے کو رکھا جانا، (۱۸) عدالت کچہری چڑھنا مر ۱۹ نرکا نادہ پر چڑھنا۔
چڑھ مار گولر پچے: (مثل) پورا فائدہ حاصل ہے مطلب حاصل ہے۔
چڑھی بارگاہ: مونث؛ عروجِ کامل، بہت بلند مرتبہ۔
چڑھی گنگا اُترنا: (کنایتاً)؛ بڑا کام کرنا۔
چڑھے چاک چاہے سُوا تار لو: (مثل)؛ کام جاری ہے اس وقت جو کام چاہو کرو، حکومت کے وقت سب کچھ ہو سکتا ہے۔
چڑھی ہونا: (۱) غرور کا نشہ ہونا، (۲) کسی بات کا دل میں جم جانا۔
چڑھیت: مذکر؛ سوار، سواری لینے والا، چڑھنے والا، دوسرے کا نوکر، بارگیر۔
چُسانا: چچوڑوانا، چُسوا چُسوا کر پلانا۔
چسپاں: (ف) (۱) چپکا ہوا، (۲) موزوں، ٹھیک، زیبا۔
کرنا: چپکانا، لگانا۔
چسپیدگی: (ف) چپک، چپکنا۔
چُست: (ف) (۱) چالاک، پھرتیلا، (۲) تنگ، کھچا ہوا۔ (۳) ٹھیک، موزوں، (۴) مضبوط۔
چُستی: (ف) مونث؛ (۱) چالاکی، پھرتی، تیزی، (۲) تنگی (۳) مضبوطی، (۴) دلیری۔
چُستہ: (ف) مذکر؛ بکری کے بچہ کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے۔
چسٹر: CHESTER (انگ)؛ مذکر؛ بڑا کوٹ جو سردیوں میں استعمال ہوتا ہے
چُسس جانا: (۱) پھٹ جانا (انگیا کا) سُسک جانا، (۲) سُکڑ جانا، بہت لاغر ہو جانا۔
چُسکا: مونث؛ (۱) میٹھا میٹھا درد، خفیف درد، (۲) گونٹنا کی باریک تحریر
چسکا: مذکر؛ (۱) چاٹ، چٹورپن، (۲) عادت، لت، (۳) ذوق۔
چسکی: مونث؛ (۱) گھونٹ، کش، (۲) گھلی ہوئی افیون کا گھونٹ۔
چُسنا: مذکر؛ (۱) چوسنے کا کھلونا، (۲) طاقت کا زائل ہو جانا۔
چُسنی/چوسنی: مونث؛ بچوں کے چوسنے کا کھلونا، (۲) دودھ پلانے کی شیشی۔
چشتی: (ف) صفت؛ (۱) چشت کا باشندہ (رج ش) (۲) صوفیا کا ایک مشہور سلسلہ جو خواجہ معین الدین چشتیؒ سے چلتا ہے۔
چشتک: (ف) مونث؛ زیادتی، افزونی، خاصے سے بچا ہوا زائد کھانا۔
چشم: (ف) مونث؛ (۱) آنکھ، دیدہ۔
ـــــ بد دُور: (اضافت کے ساتھ)؛ نظرِ بد دُور، نظرِ بد نہ لگے۔
ـــــ براہ: (ف) منتظر۔
ـــــ بُلبُل: مذکر؛ ایک قسم کا کپڑا۔
ـــــ بیمار: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مونث؛ نشیلی آنکھ۔
ـــــ پُر آب: (اضافت کے ساتھ)؛ آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔
ـــــ پوشی: (ف) مونث؛ دیکھ کر ٹال جانا، درگزر کرنا۔
ـــــ واشت: (ف) مونث؛ توقع، امید۔
ـــــ زخم: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ نظرِ بد کے اثر سے پہنچنے والا نقصان، نظرِ بد کا آزار۔
ـــــ زَدَن: پلک مارنا، لمحہ بھر۔
ـــــ خون آلود: قہر و غضب کی سُرخ آنکھ۔
ـــــ نم: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ آنسوؤں سے بھیگی ہوئی آنکھ۔
ـــــ نمائی (ف)، مونث؛ تنبیہ، جھڑکی۔
ـــــ نیم باز/چشمِ نیم خواب: (ف) مونث؛ ادھ کھلی آنکھ۔ نیچی اور جھکی ہوئی آنکھ۔
ـــــ و چراغ: (کنایتاً)؛ نورِ چشم، بیٹا، نہایت عزیز، بہت پیارا۔
ـــــ ما روشن دلِ ما شاد: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ (مقولہ)؛

ہمیں بہت خوشی سے منظور ہے۔

چشمک : مونث، (۱) اشارۂ چشم، (۲) شکر رنجی، رنجش، رکاؤ۔

چشمک زن : آنکھ سے اشارہ کرنے والا، طعن کرنے والا۔

چشمہ : (ف) مذکر، (۱) پانی کا سوتا، (۲) سوئی کا ناکا، (۳) عینک۔

ـــــ حیواں/چشمۂ خضر : (اضافت کے ساتھ) مذکر، آبِ حیات، (۲) (تشبیہ) معشوق کا منہ۔

ـــــ زار/چشمہ ساز : بہت سے چشموں والی جگہ۔

ـــــ سلسبیل : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر، بہشت کی ایک نہر۔

چُغا/چوغہ : (ترکی)؛ مذکر، عبا۔ جبّہ۔

چغتائی/چغتائی : چغتا بن چنگیز خاں کی نسل سے مغلوں کا ایک خاندان۔

چُغد/چُغدُ : (ف) مذکر، (۱) الّو کی ایک قسم (۲) (کنایتاً) بیوقوف احمق

چُغل : (ف) مذکر، گئی چلم میں رکھنے کا کنکر، وہ کنکر جس کو رکھ کر تمباکو رکھا جائے۔

ـــــ خور : مذکر، پیٹھ پیچھے برائی کرنے والا، غمّاز، لُترا، نمّام۔

ـــــ خوری : مونث، غمّازی، لُتراپن۔

چغلی : مونث، پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا، اِدھر کی اُدھر لگانا۔

کھانا : برائی کرنا، غیبت کرنا، غمّازی کرنا۔

چق/چک : (ترکی)؛ مونث، چلمن۔

چُقّر : (ترکی)، مذکر، چشمہ، پانی بھرا ہوا گڑھا۔

چقماق/چقمق : (ترکی) وہ پتھر جس کے رگڑنے سے آگ نکلتی ہے۔

ـــــ جھاڑنا : چقماق سے آگ نکالنا۔

چُقندر : (ف) مذکر، ایک قسم کی شلجم کی طرح سُرخ ترکاری۔

ـــــ سا : بہت سُرخ، لال انگارا، موٹا تازہ۔

چ۔ک

چک : مذکر، تقسیم کیا ہوا قطعۂ زمین۔

ـــــ بندی : مونث، زمین کی حد بندی۔

ـــــ پھیریاں دینا : گھمانا، چکر دینا۔

ـــــ تراشی : زمین کے الگ الگ قطعات کرنا۔

چک : (ف) مونث، اعصاب کے بے جا ہونے سے کمر کا درد (۲) (انگ) کسی ملک سے نقد رقم حاصل کرنے کی تحریر، ہنڈی کی نقد ملنے کا پرچہ

چک آجانا/آنا : پٹھوں کے اِدھر اُدھر ہو جانے سے درد کمر ہونا۔

چُکّا : مذکر، گول چیز، مربع اینٹ یا پتھر کا کچا چبوترہ۔

ـــــ دَہی : مذکر، جما ہوا دہی۔

ـــــ باندھنا : اینٹوں یا پتھروں کا مستطیل ڈھیر لگانا۔

چکاچوندھ : مونث، (۱) تیز روشنی کی وجہ سے آنکھ کا جھپکنا۔ (۲) تعجب، حیرت۔

ـــــ آنا/لگنا : آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا، تابِ نظارہ نہ لانا۔

چکارا : (ہ) مذکر، (۱) ایک قسم کا چھوٹا، نہایت چالاک اور تیز ہرن (۲) چھوٹی سارنگی ایک قسم کا دوتارا۔

چکاری : مذکر، (۱) شکاری چاقو (۲) مچھر کی طرح ایک کیڑا۔

چُکانا : (۱) قیمت ٹھہرانا۔ مول کرنا، نرخ قرار دینا، بھاؤ کرنا، (۲) فیصلہ کرنا، (۳) بھگتانا۔ بیباق کرنا، ختم کرنا، پورا کرنا۔

چُکائی : مونث، چُکانے کا کام، طے کرنا، فیصل کرنا۔

چکاوک : (ف) مذکر، چنڈول، ایک خوش آواز پرندہ۔

چکپھیری : مونث، چکر باندھ کر پھرنا، دائرہ میں گردش کرنا، بچوں کا ایک کھیل

چکتا : مذکر، (۱) گول نشان، گول دھبا، (۲) کاٹے کا نشان، دانتوں کا نشان، (۳) لال خواہ نیلے داغ کا دھبہ (۴) گوشت کا ٹکڑا۔

چکتا کرنا : (ہ) قرض ادا کرنا، حساب بیباق کرنا۔

چکّت مارنا : منہ سے بوٹی بھر لینا، دانتوں سے کاٹ کھانا، منہ مارنا، دانت مارنا۔

چکتی : مونث، (۱) ٹکیا، گردہ، گول چیز، (۲) دنبہ کی چوڑی دم (۳) صابن کا چوڑا ٹکڑا، (۴) چمڑے کا گول ٹکڑا، (۵) کاسۂ سر۔

چکٹ : نہایت میلا، میلا کچیلا۔

چکٹنا : (۱) چکنا ہو کر چپچپانے لگنا، (۲) میلا ہونا، کثیف ہونا۔

چُکٹا/چکٹی : مذکر؛ مونث؛ مٹھا، مٹھی۔

چکچکا : روشن، چمک دار۔

چکچکی : مونث، (۱) جوگیوں کے بجانے کی دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی، (۲) ایک قسم کا خنجر۔

چُک دڑھیا: ٹھڈی کے نیچے چھدری داڑھی والا آدمی۔
چکر: مذکر، (۱) حلقہ، دائرہ، (۲) پہیا، احاطہ، (۳) بھنور، (۴) گول سڑک، (۵) سر کا گھومنا، گردش، (۶) کگر پر دھار والا ایک گول ہتھیار، (۷) حیرت (۸) انگیا کا بنگلہ۔
—— آنا: سر پھرنا، غش آنا۔
—— باندھنا: (۱) جلد جلد گردش کر کے دائرہ کی شکل پیدا کر دینا، (۲) حلقہ در حلقہ ہونا، پیچ در پیچ ہونا۔
—— دینا: دور کے راستے لے جانا، (۲) پھیر دینا، (۳) پریشان کرنا، (۴) گھوڑے کو پھیرنا۔
—— کاٹنا: چکر مارنا۔
—— کرنا: پھیرے کرنا، پھرنا۔
—— کھانا: (۱) گردش کرنا، پھرنا، گھومنا، (۲) آوارہ پھرنا، مارے مارے پھرنا (۳) تیورانا، سر پھرنا۔
—— لگانا: گرد پھرنا، گشت کرنا، گھومنا، پھرنا۔
—— مارنا: بار بار آنا جانا، گردش کرنا، پھیر کھانا۔
—— میں ڈالنا: (۱) مصیبت اور سختی میں مبتلا کرنا، (۲) حواس باختہ کرنا، (۳) راستہ بھلانا۔
چکر ادینا: پریشان کرنا۔
چکرانا: (۱) چکر کھانا، (۲) گھبرانا، (۳) غش کھانا۔
چکر گھنی: مونث، (۱) گردش، بے فائدہ اور بے جا گردش، (۲) بچوں کا ایک کھلونا۔
چکر مکر: مذکر، دغا، فریب، بہانہ، دم، جھانسا، کسی کام میں دل نہ لگنا
—— لگانا: (۱) حیلہ حوالہ کرنا، (۲) ٹلنا، جنبش کرنا۔
چکس: مذکر، پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی، بلیل کا اڈا۔
چکلا: مذکر، (۱) چوڑا، (۲) ہلکی چکنی، (۳) چکنی کا پاٹ، روٹیاں بیلنے کا گول چکنا پتھر، (۴) لکڑی کا گول تختہ، (۵) جاگیر، علاقہ، صوبہ، ملک کا حصہ، (۶) رنڈیوں کا محلہ۔
—— بندی: مونث، حد بندی۔
—— پار/چکلائی: مذکر، چوڑائی۔
چکلے دار: مذکر، (۱) صوبیدار، جاگیردار، پرگنے یا علاقے کا حاکم (۲) بھڑوا، کسبیوں کے محلے کا داروغہ۔
چکلس: مونث، ہنسی، دل لگی، دلچسپی، مذاق، تفریح۔
چکما: مذکر، (۱) فریب، (۲) ضرر، نقصان، (۳) ایک قسم کا کھیل
—— چلنا (چل جانا): داؤں چلنا، فریب کی چال چلنا۔
—— دینا: (۱) دھوکا دینا، فریب دینا، نقصان پہنچانا، (۲) حریف کو مغالطہ دینا۔
—— کھانا: حریف سے دھوکا کھانا، فریب میں آجانا۔
چکمک/چکماک: (ترکی)، مونث، دیکھو چقماق۔
چکن: مونث، ایک قسم کا کشیدہ، سوزن کاری، سوئی کا کام، بیل بوٹے کا کپڑا۔
—— دوز: (ف) مذکر، کپڑے پر چکن بنانے والا۔
چکنا: مذکر، (۱) چرب، تیلیا، (۲) روغنی، (۳) چربی دار، موٹا، (۴) پھسلنے والا، (۵) صاف ستھرا، (۶) بے حیا، بے غیرت۔
—— چپڑا: خوش پوش، خوش لباس۔
—— دیکھ پھسل پڑے: (مثل) دولت دیکھ کے ریجھ گئے۔ خوبصورت دیکھ کے لوٹ ہو گئے۔
چکن: CHICKEN (انگ)، مذکر، مرغ، چوزہ۔
—— بریانی: BIRYANI (ہند)، مونث، مرغ کی بریانی۔
—— سوپ: SOUP (انگ)، مذکر، چوزے یا مرغ کی یخنی۔
چکنا گھڑا: مذکر، (مجازاً) بے حیا، بے غیرت، بے شرم، کسی بات کا اثر نہ لینا
—— بوند پڑی ڈھل گیا: (مثل) بے غیرت پر لعنت ملامت کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔
چکنا منہ پیٹ خالی: (مثل) منہ پر رونق اور پیٹ خالی ظاہری ٹیم ٹام۔
—— منہ سب چاٹتے (چومتے) ہیں: (مثل) خوش حال کی سب جگہ خاطر ہوتی ہے۔
چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی: (مثل) بے غیرت شرمندہ نہیں ہوتا۔
چکنانا: کسی چیز پر روغن لگا کر چکنا کرنا۔
چکناوٹ/چکناہٹ: مونث، چکنائی، صفائی، چمک، خوبصورتی۔
چکنائی: مونث، چربی، تیل، گھی، روغن۔
چکنی: (۱) روغنی (۲) پھسلنی، لیس دار (۳) ایک قسم کی چھالیا، ڈلی۔
—— باتیں/چکنی چپڑی باتیں: مونث، خوشامد کی باتیں، دل فریب باتیں، خوش آیند گفتگو۔

چکنی ڈلی : مونث؛ ایک قسم کی چھالیا۔
—— مٹی : لیپنے کے کام آنے والی مٹی۔
چکنیا : بانکا چھیل چھبیلا۔
چکنا چور ہونا : ریزہ ریزہ ہو جانا۔
چکو : مذکر؛ (عا) چاقو کا مخفف، چھوٹا چاقو۔
چکوا : مذکر؛ کھٹیک، بکری کا گوشت بیچنے والا، بکر قصاب۔
چکوا/چکوی : سُرخاب کا جوڑا۔
چکوتا : ایک جلدی مرض، اِکوتا۔
چکوتا : مذکر؛ فیصلہ، نرخ کا تصفیہ، بے باقی۔
چکوترا : بڑی نارنگی کی طرح کا ایک پھل۔
چکور : تیتر کی قسم کا ایک خوشنما پرند، چاند کا عاشق پرندہ۔
چکی : مؤنث؛ (۱) ڈور ڈال کر پھرانے والا لکڑی کا گول کھلونا، (۲) گول، مدور۔
—— آڑو : مذکر؛ ایک پھل کا نام، گول آڑو۔
چکی : مونث؛ (۱) آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ، (۲) گھٹنے کی ہڈی، چپنی۔
—— پیسنا : (۱) چکی چلانا، آٹا پیسنا، (۲) کسی کام کو عرصے تک کیے جانا۔
—— چلنا : غلہ پیسنا، چکی کا گردش کرنا۔
—— دھانا : چکی کو گودنا، چکی کو گھرڑا کرنا۔
—— کا پاٹ : مذکر؛ چکی کے دو حصّوں میں سے ایک حصّہ۔
—— کا کھونٹا : چکی چلانے کا ڈنڈا۔
—— کی مانی/چکی کی کیل : مونث؛ چکی پھرنے کی کیل۔
چکیدہ : (ف) ٹپکا ہوا۔
چکھا دینا : (۱) کھلا دینا، (۲) سزا دینا۔
چکھا چکھی کرنا : تھوڑا سا چکھ لینا، ذرا سا کھا لینا۔
چکھ جانا : (۱) نوش کر جانا، (۲) (کنایتاً) مال خورد برد کر جانا۔
چکھ ڈالنا : کھا ڈالنا، بالکل کھا جانا، روپیا اُڑا دینا۔
چکھنا : (۱) مزا لینا، چاشنی دیکھنا، ذرا سا کھانا، (۲) لذت اُٹھانا، ذائقہ دیکھنا۔
چکھوتیاں : مونث؛ لذیذ کھانے، چٹورا پن۔
چگنا : پرندہ کا دانہ چُن چُن کر کھانا۔

چگو/چگی : صرف ٹھوڑی کے نیچے لمبے لمبے بال والی داڑھی۔
چگونگی : (ف) مونث؛ کیفیت، خاصیت، اصلیت۔
چگونہ : کسی طرح، کسی صورت یا شکل میں۔

چ ـ ل

چل : ہٹ دُور ہو۔
—— بہ چل ہونا / چل بہ چل پڑنا : (۱) بے جگہ بے موقع ہونا، (۲) غلطی ہونا۔ چوک ہونا۔ (۳) علاحدگی ہونا۔ حرکت ہونا، (۴) بے چل ہونا، بدانتظامی ہونا۔
—— بسنا : مر جانا۔
—— پڑنا : (۱) روانہ ہونا، (۲) شروع ہونا، کہنے لگنا، (۳) چلنے لگنا، رواں ہونا۔
—— پھر : (۱) چالاکی، (۲) گردش، (۳) تلوار کی گردش۔
—— جانا : (۱) پھٹ جانا، (۲) بسر ہونا، گذر جانا، (۳) لڑائی ہو جانا، (۴) کارگر ہونا، (۵) کام دینا۔
—— چلاؤ : مذکر؛ رواروی، کوچ، سفر۔
—— دینا : رفو چکر ہو جانا۔
—— نکلنا : (۱) جاری ہو جانا، (۲) روانہ ہو جانا، (۳) پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جانا، کسی کام کا بوجھ برداشت کرنے کے قابل ہو جانا، (۴) اپنی حیثیت سے بڑھ جانا، اترا جانا، تیز ہو جانا، چالاک ہو جانا، (۵) بے تکلف ہو جانا، گستاخ ہو جانا، (۶) سبقت لے جانا، آگے بڑھ جانا، (۷) ترقی کر جانا۔
—— نہ سکوں مرا کُدن نام : (عو)؛ (مثل) (کُدن، کودنے والا) طاقت سے زیادہ دعوا کرنے والا۔
—— ہَوا بن/چل ہَوا ہو : رخصت ہو، ہوا کھا، چلتا پھرتا نظر آ۔
چل : مونث؛ (۱) خارش، کھجلی، (۲) شہوت، (۳) انسان کے ہاتھ پاؤں کا قرار نہ پکڑنا اور حرکت کرتے رہنا، بے چینی۔
—— اٹھنا : (۱) کھجلی ہونا، (۲) شہوت کا غلبہ ہونا، (۳) چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا۔
—— مٹانا : خارشت دُور کرنا، خواہش مٹانا۔
چلّا : مذکر؛ (۱) کمان کی تانت کے ایک سرے کا چھلّا، (۲) میدے

میں شکر ملا کر خمیر کر کے گھی میں تلی ہوئی روٹی، (۳) مرچ مسالے کے ساتھ روٹی کی وضع کا تلا ہوا انڈا۔

چلاچلی: مونث: (۱) روانگی، سفر کرنا، تہیہ اور شور، (۲) موت کی گرم بازاری۔

چلانا: (۱) ہانکنا، روانہ کرنا، (۲) جاری کرنا، بہانا، (۳) کاروبار جاری کرنا، کسی کام کو رونق دینا، (۴) بندوبست کرنا، انتظام کر کے کسی کام کو جاری رکھنا، کام نکالنا، (۵) گھسیٹنا، (۶) حرکت دینا، (۷) مسکانا، پھاڑنا، کپڑے کے تاروں کو جدا کر دینا، (۸) پھیلانا، یاد گار رکھنا۔ (۹) سپرد کر دینا، (۱۰) کھوٹا سکہ چلانا، (۱۱) نکالنا۔

چلانا: (۱) چیخنا، (۲) رونا، فریاد کرنا، (۳) غصہ کرنا، غضب میں ہونا۔

چلاہٹ: مونث، شور و غل، چیخ۔

چلاؤ: مذکر، بے گوشت کا پلاؤ، گھی ڈالا چاول۔

چل بلا: (ف) چلبلہ، چنچلانہ بیٹھنے والا، شوخ چالاک۔

——پن / چلبلاہٹ: مذکر، مونث، بے قراری، شوخی، چنچل پن، زندہ دلی۔

چل پاسہ: (ف) مونث، چمپکلی۔

چلتا: (۱) بہتا ہوا، جاری، (۲) مروج، (۳) ہوشیار (۴) بھاگتا ہوا، (۵) پُراثر۔

——پُرزہ: مذکر، بڑا چالاک، متفنی آدمی۔

—— کرنا: (۱) روانہ کرنا، (۲) ہلاک کرنا، (۳) کارروائی کے قابل کرنا، (۴) کسی کام کا نکال دینا، (۵) تیز کرنا، دھار رکھنا۔

——ہوا: (۱) کارگر، پُراثر، کامیاب، (۲) چالاک، ہوشیار۔

چلتے پھرتے نظر آنا: مطلب حاصل کر کے سٹک جانا، بھاگ کھڑے ہونا۔

چلتے ہاتھ: کام کرنے کی طاقت ہونا۔

چلتے ہوا سے لڑنا: نہایت بدمزاج ہونا، بات بات پر لڑنا، خواہ مخواہ لڑائی کرنا۔

چلتی پھرتی چھاؤں (دھوپ): چند روزہ عروج، دنیا کی دولت ناپائدار ہے۔

چلتی دکان: خوب بکری والی دکان۔

چلتی کا نام گاڑی بیٹھے کا نام اوکھلی: (مثل)، جب تک کام چلتا رہے اُس وقت تک اطمینان ہے۔

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا: کسی جاری اور رواں کام میں رکاوٹ پیدا کرنا۔

چلتی ہوئی بات: سرسری بات۔

چلت پھرت: مونث، پھرتی، چستی، چالاکی۔

چلتر: مکر و فریب۔

چلچلاتی دھوپ: مونث، جلتی ہوئی دھوپ، بہت تیز دھوپ۔

چلچلانا: (۱) چیل بولنا، (۲) (کنایتاً) بے فائدہ شور و غوغا کرنا۔

چلچلانا: کھجلانا۔

چلڑ: مذکر، جوں، زیادہ گندے کپڑوں میں پڑنے والی جوں۔

چلغوزہ: (ف) مذکر، ایک قسم کا میوہ۔

چلک: مونث، چمک دمک، روشنی۔

چلکا: چاندی کا سکہ، روپیہ۔

چلکنا: چمکنا، ریت کا چمکنا، روشن ہونا۔

چلم: مونث، حقے پر آگ اور تمباکو رکھ کر پینے کا برتن۔

——بردار: (مذکر) حقہ پلانے والا ملازم، بھنڈے بردار۔

——تمباکو: مذکر، تھوڑا سا تمباکو۔

——چٹ: چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا، حقے کا کتیا۔

چلموں پر آگ رکھنا: (۱) چلمیں بھرنا، حقہ پلانے کی خدمت، (۲) (کنایتاً) غلامی کرنا۔

چلمچی: (ترکی) مونث، طشت، سلفچی، سیلابچی، ہاتھ منہ دھونے کا برتن۔

چلمن چھوڑنا: مونث، چلمن کا پردہ ڈالنا۔

چلمن: مونث، چک، تیلیوں کا بنا ہوا پردہ۔

چلن: مذکر، (۱) چال، رفتار، وضع، روش، (۲) دستور، رسم و رواج، (۳) سکہ، سیم و زر کا رواج۔

——بگڑنا: سلامت روی میں فرق آنا۔

—— سے چلنا: کفایت شعاری سے گزر کرنا، وضع داری کے تقاضا بسر کرنا۔

—— ہونا: سکے کا رواج ہونا، کسی چیز کا رواج پا جانا۔

چلنا: (۱) کسی چیز کا حرکت کرنا، (۲) روانہ ہونا، (۳) سکہ کا رواج پانا، (۴) سفر کرنا، (۵) جاری ہونا، بہنا، (۶) ترقی ہونا، رونق ہونا، (۷) دنیا سے جانا، مرنا، (۸) بندوق یا توپ چھوٹنا، (۹) تیر و تیغ و خنجر وغیرہ کا رواں ہونا، (۱۰) پائدار ہونا، (۱۱) رسائی ہونا، بس ہونا۔

—— پھرنا: ٹہلنا، پھرنا۔

چلنے لگنا: (۱) جانے کا قصد کرنا، (۲) روزگار میں ترقی ہونا، کام چلنے لگنا، (۳) تلوار یا لاٹھی سے مار پیٹ شروع ہونا۔

چلّو: مذکر؛ ہتھیلی اور انگلیوں کو ملا کر کٹوری کی طرح کی شکل بنانا۔

____ بھر: چلّو کی مقدار، تھوڑا سا۔

____ بھر پانی میں ڈوب مرنا: (مثل) غیرت والے آدمی کے مرنے کے لیے چلّو بھر پانی کافی ہے۔

____ میں اُلّو ہونا: ذرا سی تُند نشہ آور چیز میں مدہوش ہونا۔

چلّوؤں لہو بڑھنا: نہایت خوشی حاصل ہونا۔

____ لہو پینا: (کنایتاً) خوب ستانا، خوب پیٹنا کی جگہ۔

____ لہو خشک ہونا: (کنایتاً) بڑا صدمہ ہونا۔

____ رونا: (کنایتاً) بڑا صدمہ ہونا، زار و قطار رونا۔

چلّو میں سمندر نہیں سماتا: (مثل) چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔

چلوا/چلّڑ: مونث؛ (۱) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی، (۲) ایک قسم کی میلے کپڑوں میں پیدا ہونے والی جوں۔

چلوانس: مونث، (۱) چلاہٹ، (۲) بچے کی مرض اُمّ الصبیان میں چلاہٹ۔

چلّہ: مذکر؛ (۱) چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی، چالیس روز کا عمل، (۳) وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو، (۴) وہ کلاوہ یا ڈورہ یا بند جو حصولِ مدعا کے لیے کسی ولی یا شہید کے مزار پر مقدس درخت یا عَلَم یا تعزیہ پر عوام باندھا کرتے ہیں، (۵) زچہ کا چالیسویں دن کا نہان۔ (۶) چالیس دن کا جاڑا۔

____ چڑھنا: کمان کی تانت کے آخری سرے کا حلقہ یا چھلّا چڑھانا۔ چلّہ باندھنا۔

____ کھولنا: منت کا ڈورا کھولنا۔

____ کھینچنا: (۱) چالیس روز تک گوشہ میں بیٹھ کر کوئی عمل یا وظیفہ پڑھنا، گوشہ نشین ہونا، (۲) کمان سے چلّا اُتارنا۔

چلّے کی سردی/چلّے کے جاڑے: پوس ماگھ کی سردی، سخت سردی۔

چلھڑ/چلّڑ/چلوا: مونث؛ میلے کپڑوں کی جوں۔

چلیپا: (ف) (۱) عیسائیوں کی صلیب، (۲) علامتِ مثبت۔

چ۔م

چماچم کرنا: خوب چمکنا۔

چم خم: مذکر؛ چمک دمک، پیچ و خم۔

چمار: مذکر؛ موچی۔ چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا۔

____ چودس: (ہ) اسم مؤنث (۱) چماروں کی عید۔

چماری: (ہ) اسم مؤنث۔ چمار کی جورو کنول گٹے کا وہ پھول جس کے اندر کا ریزہ اپنی اصلی رنگت سے گرا ہوا بدرنگ ہو جاتا ہے۔

چُمبک/چُمک: مذکر؛ مقناطیس؛

چمبن: (ہ) مذکر، بوسہ، چومنا۔

چمپا: (ف) (چنپا) (پھول) مونث؛ ایک مست خوشبودار پھول کا درخت۔

____ کلی: مونث؛ گلے کا ایک زیور۔

چمپئی: سونے یا چمپا کی سی رنگت کا۔

چمپت: (لا)؛ چھپا ہوا، غائب۔

____ ہو جانا: بھاگ جانا، فرار ہو جانا۔

چمپو: مونث؛ بڑی کشتی۔

چمپئن: CHAMPION؛ (انگ) مذکر؛ میر میدان، رستم، بہادر، کسی کھیل میں سب سے سبقت لے جانے والا۔

چمتکار: (ہ) مذکر؛ تماشا، تعجب، حیرت، کرامت۔

چمٹا: مذکر؛ دست پناہ، آگ کریدنے کا آلہ۔

چمٹی: مونث؛ چھوٹا چمٹا۔

چمٹا لینا: گلے سے لپٹا لینا۔

چمٹانا: (۱) چسپاں کرنا، چپکانا، (۲) چھپے لگانا، (۳) لپٹانا۔

چمٹنا: (۱) چپکنا، چسپاں ہونا، (۲) سر ہونا، پیچھے پڑنا، (۳) گتھنا، لپٹنا۔

چمچھڑ: مشکل سے جدا ہونے والا شخص، پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

چمچمانا: چمکنا۔

چمچماہٹ: مونث؛ چمک؛

چمچہ/چمچا: (ترکی) مذکر؛ سالن یا رقیق چیز نکالنے کا آلہ، ڈوئی۔

چمچی: مونث؛ چھوٹا چمچا، کتھا چونا لگانے کا ایک چھوٹا سا چمچا۔

چمر: مذکر؛ چمار کا مخفف۔

چمر بڑھی : مونث؛ جاڑوں میں بارش کے دن۔
—— بگلی: مونث؛ ایک قسم کا چھوٹا بگلا۔
چمرخ : مونث؛ سکلا پھرنے کی پتلی سی چیز، لاغر، کمزور۔
چمرس : مذکر؛ جوتی کے چمڑے سے پڑنے والا زخم۔
چمر گدھ : ایک قسم کا بڑا گدھ جو مردار کھاتا ہے۔
چمڑا : مذکر؛ (۱) کھال، پوست، جلد، (۲) سخت نہ گلنے کے قابل۔
چمڑے کی زبان : بھول چوک کرنے والی زبان۔
چمڑے کے ہاتھ : (تحقیر اور مزاح)؛ انسان کے ہاتھ۔
چمڑی : مونث؛ (۱) کھال پوست۔
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے : (مثل)؛ وہ بخیل جو پیسے دینے کے بجائے جسمانی تکلیف بھگتنے کو ترجیح دے۔
چمک : (ف) مونث؛ (۱) روشنی، جھلک، بھڑک (۲) دل کی کسک۔
—— اٹھنا : غصہ ہو جانا، بھڑک اٹھنا۔
—— چاندنی : مونث؛ (کنایتاً) آوارہ عورتوں کی طرح بنی ٹھنی رہنے والی عورت۔
—— دار : چمکیلا، درخشاں۔
—— دمک : مونث؛ جھلک، آرائش، سجاوٹ۔
چمکارنا : پیار کرنا، دلاسا دینا۔
چمکاری دینا : دور سے کسی کو پیار کرنا۔
چمکانا : (۱) چمک دار بنانا، (۲) بھڑکانا، برافروختہ کرنا، (۳) گھوڑا دوڑانا۔ گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا (۴) عملاً حرکتوں سے تمسخر کرنا (۵) رونق بڑھا دینا، (۶) تیز کر دینا۔
چمکنا : (۱) روشنی دینا، کوندنا (۲) (کنایتاً) نام پانا، صاحب شان و شوکت ہونا، (۳) جھلکنا، جگمگانا، (۴) بھڑکنا، (۵) عروج پکڑنا، طلوع ہونا۔
چمکی : مونث؛ وہ ستارے جو سلمہ اور رنگ میں پرو کر ٹانکتے ہیں۔
چمگادڑ : مونث، رات کو اڑنے والا ایک پرندہ۔
چمل / چملی : اول مذکر، دوم مونث؛ فقیر اور غریب لوگوں کے کھانا پانی رکھنے کا چھوٹا برتن۔
چمن : (ف) مذکر، (۱) باغ، گلزار، باغ کے ٹکڑے، (۲) (مجازاً) نہایت آباد شہر۔
—— آرا / چمن پیرا / چمن طراز : (ف) باغبان۔

چمنی : CHIMNEY. (انگ) فانوس، دودان، بھٹی یا انجن سے دھواں یا بھاپ نکلنے کا راستا، لوہے یا شیشے کی بنی ہوئی نال۔
چمونا : مذکر؛ (۱) استرہ صاف کرنے کا چمڑا، (۲) بے وقوف۔
چموٹی : مونث؛ قیدیوں کے پانو کو زنجیر کی رگڑ سے بچانے والا چمڑا۔
چمورانی : مونث؛ ایک قسم کا کھیل۔
چمیگوئیاں / (چہ می گوئیاں) : مونث؛ گپ شپ، شوخیاں۔

چ۔ن

چنا : مذکر؛ مشہور اناج، نخود۔
چنے سے بھن رہنا : آدمیوں کا چٹ پٹ مرنا۔
چنے چبا لو یا شہنائی بجا لو : (مثل)، دو کام ساتھ نہیں ہو سکتے۔
چنا اور چغل منھ لگا برا : (مقولہ) چنے کی ٹھینگر اور چغل خور کی باتوں میں بڑا مزا آتا ہے۔
چنے کا مارا مرنا : (دہلی) ذرا سی چوٹ سے مرنا۔
چنار : (ف) مذکر؛ (۱) چوڑے پتوں والا ایک مشہور درخت (۲) (کنایتاً) معشوق کی ہتھیلی، (۳) مہندی لگانے کا ایک طریقہ جس میں عورتیں ہاتھوں اور پانوؤں پر نقش و نگار کرتی ہیں۔
چنا منا : صفت، مذکر، بہت چھوٹا۔
چناں چنیں : (ف) مونث؛ (۱) ایسا ویسا، اس طرح اس طرح (۲) عیب جو، عیب، (۳) بحث، بحثا بحثی، تکرار۔
—— کرنا : باریکیاں چھانٹنا، بحث تکرار کرنا، نقص نکالنا۔
چنان چہ : جیسا کہ، اس طرح۔
چناؤ : مذکر؛ (۱) ترتیب، (۲) دیوار کی اینٹوں کا برابر رکھنا، لکڑیوں کا برابر رکھنا، (۳) انتخاب۔
چناوٹ : مونث؛ کپڑے کا چننا، اینٹ کا چننا، لکڑی کا چننا۔
چنا ہوا : مذکر، منتخب، چنیدہ، چیدہ۔
چنائی : مونث؛ تعمیر، عمارت، عمارت کی بناوٹ اور ساخت، چننے کی مزدوری۔
چناؤ نشان : مذکر، الیکشن لڑنے والوں کا انتخابی نشان۔
چنبر : (ف) (۱) سر پوش، گرودہ، گھیرا (۲) آسمان کا دور، (۳) ہلم پر ڈھانکنے کا سوراخ دار سر پوش، (۴) گردن کی ہنسلی۔

چنبل : (۱) کاسۂ گدائی، بھیک کا پیالہ، (۲) چلم کا سر پوش، (۳) ایک مشہور ندی۔
چنبلی : مونث : ایک قسم کا چوڑا پیالا۔
چنبیلی : (مونث) ایک مشہور خوشبودار پھول۔
چُنٹ/چُنٹ : مونث : سلوٹ، پگڑی کی شکن۔
چنتا : (ہ) مونث : ڈر، خوف، فکر، خطرہ، اندیشہ، سوچ، پریشانی۔
چُنٹ : (ہ) (۱) چالاک، (۲) بخیل۔
چُنچُل : شوخ۔ شوخ مزاج، چنچلانہ بیٹھنے والا، چلبلا، شریر۔
چنچنا : مذکر : بدمزاج، چڑچڑا، باریک آواز والا مرد۔
چنچنانا : ٹھنکنا، چیں چیں کرنا، رونا، بدمزاجی کرنا، بگڑنا۔ چنچنی آواز نکالنا۔
چُنچُنے : مذکر : بچوں کے پیٹ کے کرم۔
—— لگنا : ناگوار گزرنا، مرچیں لگنا۔
چند : (ف) (۱) کس قدر، کتنے (۲) کچھ، (۳) چاند کا مخفف۔
چنداں : (ف) اس قدر، اتنی دیر، کچھ۔
چند روزہ : عارضی، فانی، ناپائیدار، بے ثبات۔
چندے آفتاب چندے ماہتاب : چمک دمک میں چاند اور سورج کی طرح۔
چنداماموں : مذکر : چاند (بچے کہتے ہیں)
چندر : مذکر : (۱) چاند، (۲) مور کی دُم کے چاند۔
—— بنسی : مذکر : ایک مشہور خاندان جو خود کو چاند دیوتا کی اولاد کہتا ہے اور جس میں کورو پانڈو ہوتے ہیں۔
—— گرہن : مذکر : چاند گرہن۔
—— لوک : مذکر : (ہندو عقیدہ) عالم عقبیٰ جس میں جنت دوزخ ہیں۔
—— ما : (ہ) مذکر : چاند۔
—— مُکھی : (ہ) مونث : چاند جیسی شکل والی عورت، ماہ رو۔
—— ہار : (ہ) مذکر : ایک قسم کی مالا۔
چندرا : مذکر : بغیر بالوں کی کھوپڑی والا شخص۔
چندرانا : (۱) جھٹلانا، (۲) جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا، تجاہل عارفانہ کرنا۔
چندن : مذکر : صندل، صندل کی لکڑی۔
—— ہار : مذکر : چاند بنا ہوا گلے کا زیور، شاہانا۔
چندوا : مذکر : (۱) ٹوپی کے اوپر کا حصہ (۲) گردہ (۳) چھوٹا سا
چندہ : (ف) مذکر : کسی کام کے لیے لوگوں سے لیکر جمع کیا ہوا روپیا۔
چُندی/چندی : مونث : ذرا ذرا معنی در معنی سمجھانا۔
چندیا : مونث : (چاند بمعنی کھوپڑی کی تصغیر) (۱) سر کھوپڑی، (۲) چھوٹی سی روٹی۔
—— پر بال نہ چھوڑنا : (کنایتاً) (۱) لوٹ لوٹ کے کھا جانا، مفلس کر دینا، (۲) بے انتہا مارنا۔
—— مُونڈنا : (۱) سر مونڈنا، (۲) لوٹ کر کھانا، (۳) عورت کو سر مونڈنے کی سزا دینا۔
چُن دینا : (۱) ترتیب دینا، (۲) انتخاب کر دینا۔
چُن ڈالنا : نکال ڈالنا۔
چُندھا : مذکر : چھوٹی آنکھوں والا، کم نظر۔
چندھی آنکھیں/چندھے دیدے : پورے طور پر نہ کھل سکنے والی حلقی طور پر چھوٹی آنکھیں۔
چنڈال : (۱) کمینہ (۲) بدنصیب، منحوس (۳) کنجوس۔
—— بال : مذکر : (۱) ماتھے کا منحوس ایک بڑا بال، (۲) موئے زہار۔
—— چوکڑی : مونث : مفسدوں کا گروہ۔
چنڈاول : مذکر : (۱) لشکر کی آخری فوج، (۲) سنتری، پہرے والا، پاسبان۔
چنڈو : مذکر : چانڈو، ایک قسم کا نشہ۔
چنڈو باز : مذکر : (۱) چنڈو کا نشہ کرنے والا۔ (۲) چنڈو پینے والا، (۳) (کنایتاً) زور رنگ کا آدمی، بے سر پیر کی باتیں کرنے والا
چنڈوُل : (۱) ایک خوش آواز چڑیا، (۲) بیہودہ آدمی، (۳) مٹی کا ایک کھلونا، (۴) ایک قسم کی زنانہ پالکی۔
چُنری : مونث : رنگ برنگ دوپٹا۔
چُنک/چُنگ/چُنگنگ : مونث : (۱) ایک قسم کی بٹیر، (۲) کمر کی چک، کمر کا جھٹکا، (۳) پیشاب اور زخم کی سوزش۔
چُنگ : مذکر : مونث : (۱) روشنی رکھا ہوا غبارہ نما کنکوا، (۲) ستار کی قسم کا ایک باجا۔
—— نواز : (ف) چنگ بجانے والا۔
چنگا : اچھا، تندرست۔

چنگا بنانا: (طنزاً) حیران کرنا، عاجز کرنا، سزا دینا۔
——ہونا: تندرست ہونا۔
چنگاری: مونث (۱) آگ کا پھول، شرارہ، (۲) (کنایتاً) رنجش والی بات۔
——جھڑنا: آگ کے پھول جھڑنا۔
——چھوڑنا: فتنہ انگیزی کرنا، آگ لگانا، لڑائی کرانا۔
——ڈالنا: آگ لگانا، فساد کرانا، جھگڑا اٹھانا۔
چنگاریاں چھوٹنا: (۱) آگ کے شرارے نکلنا، آگ کی پٹیں اٹھنا، (۲) بہت جلال ظاہر ہونا۔
چنگال: مذکر، درندہ جانوروں اور شکاری پرندوں کا پنجہ۔
چنگل / چنگل: (ف) مذکر، (۱) آدمی یا جانور کا پنجہ، (۲) مٹھی، (۳) پنجے کی گرفت (۴) انگلیوں کا خمیدہ ہو کر کسی شے کا پکڑنا۔
——میں آجانا: قابو میں آجانا۔
چنگنا: مذکر، (۱) خانگی مرغ کا چھوٹا بچہ (۲) ناراض ہونا، خفا ہونا۔
چنگی: مونث، (۱) چٹکی بھر، چنگل بھر، (۲) باہر سے آنے والے مال پر شہری محصول، ٹیکس۔
چنگی: مونث، تھوڑی آگ، آگ کا شرارہ، چنگاری۔
چنگیر: مونث، (۱) پھول رکھنے کا برتن، پھولوں کی ٹوکری، (۲) خوان کا سرپوش۔
چنگیری: مونث، (۱) روٹیوں کی ٹوکری (۲) ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری۔
چنگھاڑ: مونث، (۱) نالہ و فریاد کی بلند آواز، (۲) ہاتھی کی آواز۔
——مارنا: مہیب آواز نکالنا، ہاتھی یا دیو کا چیخنا۔
چنگھاڑنا: (۱) ہاتھی کا چیخ مارنا، (۲) مور کا بولنا۔
چنگھوٹیاں: مونث، ٹیڑھے حروف لکھنا، بچوں یا نو سکھیا کا۔
چننا: (۱) انتخاب کرنا، چھانٹنا، پسند کرنا، اخذ کرنا، (۲) دیوار بنانا، رَدّہ رکھنا، (۳) ترتیب دینا، (۴) کپڑے میں چنٹ ڈالنا۔
چنندہ / چنیدہ: عمدہ، چوٹی کا، اچھے سے اچھا، منتخب۔
چننگ: مونث، دیکھو چنک۔
چنوانا: بنوانا، اکٹھا کرنا، سمٹوانا۔
چنوتی: (ف) مونث، للکار، چیلنج۔
چنوٹی: مونث، پان کھانے والوں کی چونے کی ڈبیا۔
چنور: مذکر، مکھیاں اڑانے کا بالوں کا گچھا۔
چنی: سرخ چھوٹا سانگ، رتی، دیا قوت۔
چنیا بط: ایک قسم کی چھوٹی بط۔
چنیا گونڈ: مذکر، ڈھاک کا گوند۔
چنینپ: (ف) ایسا، ایسی بات۔

چ - و

چو: مذکر، چار (مرکبات میں مستعمل ہے)۔
——بارا: مذکر، (۱) کوٹھا، مکان کے اوپر کا چار دروازوں والا کمرا یا چار کھڑکیوں والا کمرہ، (۲) صحن۔
——بائی: مونث، چاروں طرف چلنے والی ہوا۔
——بچا: مذکر، دیکھو چہ بچہ۔
——بغلا: مذکر، مچھ، انگرکھے، اچکن وغیرہ کے بغل کے نیچے کا حصہ۔
——بندی: مونث، (۱) نعلبندی، (۲) خراج۔
——بندی جکڑنا / چوبندی کسنا: (کنایتاً) مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا۔
——بولا: مذکر، چار مصرعوں کا گیت۔
——بیس: بیس اور چار، ۲۴۔
——بیسا: مذکر، (۱) چوبیس گانو کا پرگنہ، (۲) ایک قسم کا نقش۔
——پال: مونث، بیٹھک، نشست گاہ، گانو کا پنچایتی مکان۔
——پائی / چوپئی: مونث، رباعی، چار مصرعوں کی نظم۔
——پایہ: مذکر، چار پایوں والا جانور، حیوان مطلق۔
——پٹ: (۱) چاروں دروازے کھلے ہوئے، کھلا ہوا، فراخ، کشادہ، (۲) کورا، جاہل مطلق، (۳) ویران، برباد، تباہ، خراب، (۴) پیٹ کے بل گرنا، چاروں خانے چت گرنا۔
——پٹ کرنا: خراب کرنا، برباد کرنا۔
——پٹ: مونث، (۱) چوسر، (۲) چوسر کھیلنے کا کپڑا۔
——پٹ کا بازار: چار راہوں والا بازار۔
——پڑا: مذکر، کوٹھوں کے دو چار زینوں کے بعد بنا ہوا مرتفع زینہ۔
——پہل: (۱) چار پہلو کی، مربع، چار پہلو، (۲) مونث، چوڑی مٹھی

چَو پہلا: مذکر؛ ایک قسم کا ڈولا، محافہ۔
—— پھلا: مذکر؛ چار پھل کا چاقو۔
—— پہیا: (۱) چار پہیوں کی گاڑی، (۲) ایک قسم کی گاڑی۔
—— تارا: مذکر؛ (۱) چار تار کا بُنا ہوا کپڑا، (۲) ایک قسم کے باجے کا نام۔
—— تالا: مذکر؛ طبلہ بجانے کا ایک طریقہ۔
—— ترا: چبوترا۔
—— تھ: مونث؛ (۱) چوتھا حصہ، (۲) ہندی مہینے کی چوتھی تاریخ، (۳) ایک قسم کا خراج جو مرہٹے لیتے تھے۔
—— تھا: مذکر؛ چہارم۔
—— تھی: مونث؛ بیاہ کی ایک رسم جو شادی کے بعد ادا کی جاتی ہے۔
—— تھی کا جوڑا: مذکر؛ وہ بھاری جوڑا جو دلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔
—— تھی کھیلنا: داماد کا چوتھی کے روز دلہن کے گھر سالیوں وغیرہ کو پھولوں کی چھڑیوں، بیدوں وغیرہ سے لطف رکھیل مارنا، ہنسی خوشی منانا۔
—— تھے یا پانچویں: کبھی کبھی۔
—— حدی: مونث؛ چاروں حدیں، گھیر۔
—— دَہ: دس اور چار ۱۴۔
—— دَہ طبق: سات طبقے زمین اور سات طبقے آسمان کے۔
—— دَہ طبق روشن ہونا: عقل اور فراست بڑھ جانا۔
—— دھویں کا چاند: مذکر؛ (۱) ماہِ کامل، بدر، (۲) (کنایتاً)؛ نہایت خوبصورت۔
—— رَاسی: (۱) اسی اور چار ۸۴۔ (۲) گھنگھرو، بیلوں کی گردن کا گھنگھروں کا ہار، (۳) ایک قسم کا زیور، جھانجن۔
—— رانوے: نوے اور چار ۹۴۔
—— راہا: مذکر؛ چار طرف کے راستے ملنے کی جگہ۔
—— راہے پر: (کنایتاً)؛ سب کے سامنے، کھلم کھلا، سرِ بازار۔
—— رَس: ہموار، مربع، چوکور۔
—— رنگ کاٹنا: تلوار کے ایک ہاتھ سے چار ٹکڑے کرنا، تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

چَو سٹھ/چونسٹھ: ساٹھ اور چار ۶۴۔
—— کڑی: مونث؛ (۱) ہرن کی قلانچ، (۲) ایک قسم کی چار چیزوں کا مجموعہ، (۳) رسّی کے چار تاروں سے پلنگ بُننا، (۴) گھی میں جُتے چار گھوڑے، (۵) ایک قسم کا زیور۔
—— کڑی بھرنا: ہرن یا گھوڑے کا اُچھلنا کُودنا، قلانچیں مارنا۔
—— کڑی بھولنا: (۱) ہرن کا جست لگانا بھول جانا، (۲) (کنایتاً) گھبرا جانا تیزی جاتی رہنا۔
—— کُس: (۱) خبردار، چوکنا، اپنے کام میں ہوشیار، (۲) تول میں پورا، ٹھیک۔
—— کُسی: مونث؛ ہوشیاری، نگہبانی۔
—— کُنّا: مذکر؛ ہوشیار، خبردار، باخبر۔
—— کور: مربع، چوگوشہ، چورَس۔
—— کھٹا: مذکر (۱) آئینہ کا گھر، فریم، (۲) کنویں کی منڈیر پر ڈالی جانے والی لکڑی۔
—— کھُونٹ: مذکر؛ (۱) چاروں طرف، (۲) دنیا، ہر طرف۔
—— کھُونٹا: مذکر؛ چہار گوشہ۔
—— گُلا: مذکر؛ چار پنکھڑی والا پھول۔
—— گُنا: چہار چند، چار چند۔
—— گوشیا: مونث؛ چار گوشے کی ٹوپی، مذکر؛ ترکی گھوڑا۔
—— ماس/چوماسا: مذکر؛ برسات کے چار مہینے۔
—— مُک/چومُکھ: مونث؛ (آٹے یا دھات کا) چار بتی کا چراغ۔
—— مُکھ جلانا: منت، صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا۔
—— مُکھا: مذکر؛ (۱) چار منھ کا، (۲) چار بتی کا چراغ۔ (۳) پٹے کا ایک ہاتھ۔
—— مُکھا لڑنا: (۱) حریف سے چاروں طرف لڑنا، (۲) کنایتاً کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا۔
—— مُکھی: مونث؛ (۱) ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام، (۲) ایک درخت کے بیج کا نام۔
—— میخا کرنا: مجرم کو لٹا کر اس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں چار میخوں میں باندھ کر سزا دینا۔
—— ہتر: ستر اور چار ۷۴۔

چوہٹا : مذکر؛ چوک، چاروں طرف راستوں والا بازار، چار دکانوں والی جگہ۔

چو : ف حرف شرط۔

ـــــ کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی : (ف) مثل؛ انصاف اور ایمان کی جگہ سے ناانصافی ہو تو ایمانداری کہاں رہ جاتی ہے۔

چوا : مذکر؛ (۱) تراشیوں سے بنی ہوئی ایک چیز، (۲) ارگجا، خوشبو کی چیز، (۳) پانی کی سوت (۴) بھیگی دال کا چھلکا۔

چوالیس : چالیس اور چار ۴۴۔

چوانا : ٹپکانا۔

چواؤ : (۱) رساؤ، ٹپکاؤ، (۲) نکتہ چینی، بات کی پکڑ۔

چوب : مونث؛ (۱) لکڑی (۲) کسی صدمے سے آنکھ میں آئی ہوئی سرخی، (۳) شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی، (۴) باجا بجانے کی لکڑی۔

ـــــ چینی : (ف) مونث؛ ایک مشہور مفرد دوا۔

ـــــ دار : (ف) مذکر؛ رئیسوں کے محل کا دربان۔

ـــــ دستی : (ف) ہاتھ کی لکڑی، عصا، لاٹھی۔

چوبا : (۱) بلی، تھونی، (۲) ایک قسم کے میٹھے میوے دار چاول، (۳) شکرانہ۔

ـــــ چکھنا : (۱) تورہ چکھنا، (۲) سات سہاگنوں کے ساتھ زچہ کا چکھنا۔

چوبہ : (۱) لاٹھی، (۲) میخ، کھونٹا، لوہے کی کیل۔

چوبے : (۱) چاروں ویدوں کا عالم برہمن، (۲) متھرا کے برہمنوں کی ایک قسم۔

ـــــ گئے تھے چھبے ہونے دوبے ہو آئے : (مثل)؛ ترقی کے بجائے تنزل ہونا۔

چونٹڑ : مذکر؛ کوّا، پٹھار، سرین۔

ـــــ بجانا : (کنایتاً)؛ خوش ہونا، تالیاں بجانا۔

ـــــ پیٹنا / چوتر پیٹ لینا : (۱) (کنایتاً)؛ افسوس کرنا، (۲) نہایت خوش ہونا۔

ـــــ دکھانا : پیٹھ دکھانا، بے شرمی سے بھاگنا۔

چونتروں پر پیاز کترنا : (کنایتاً)؛ سامنے دھوکا دینا، روبرو فریب دینا۔

چوٹ : مونث؛ (۱) مار، ضرب، (۲) صدمہ، دکھ، تکلیف، (۳) وار، حملہ، (۴) (کنایتاً) طعن، طنز، (۵) صدمہ، عشق و محبت کا، (۶) خواہش، آرزو، (۷) جوڑ، مقابل، (۸) داؤں گھات، چال، پیچ، (۹) نقصان، ضرر۔

چوٹ آنا : ضرب آنا، صدمہ پہنچنا۔

ـــــ اُبھرنا : لگی ہوئی ضرب کا ظاہر ہونا، از سر نو پیدا ہونا، درد کا دوبارہ ظاہر ہونا۔

ـــــ بچانا : ضرب خالی دینا، حریف کی ضرب کو اپنے اوپر نہ آنے دینا۔

ـــــ پڑنا : (۱) ضرب پہنچنا، صدمہ پہنچنا، (۲) عکس پڑنا۔

ـــــ پھیٹ / چوٹ چپیٹ : مونث؛ ضرب اور صدمہ۔

ـــــ چلنا : (۱) وار کرنا، حملہ کرنا، (۲) دو شخصوں کا باہم ایک دوسرے پر طنز طعن کرنا، (۳) دو حریفوں کا باہم جنگ کرنا۔

ـــــ کرنا : (۱) منہ مارنا، کاٹنا، ڈسنا، ضرب پہنچانا، (۲) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔ (۳) داؤں کرنا، دھوکا دینا، (۴) طعنہ دینا، طنز کرنا۔

ـــــ کھانا : زخمی ہونا، صدمہ اٹھانا۔

ـــــ لگنا : (۱) ضرب لگنا، ضرب کا اثر ہونا، (۲) (کنایتاً)؛ عشق ہونا، (۳) پھالش لگنا، کھٹکا لگنا۔

چوٹٹا : مذکر؛ چور، اٹھائی گیرا۔

چوٹٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی : (مثل)؛ خائن کے سپرد امانت اور دیانت کا کام ہونا۔

چوٹی : (۱) عام بالوں سے ابھرے ہوئے کچھ سر کے بال، (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے سر کے بال، (۳) بہ طور نذر بچوں کے سر پر چند چھوڑے ہوئے بال، (۴) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ، پہاڑ کی بلندی، (۵) پرندوں کے سر پر ابھرے چند پر، کلغی۔

ـــــ دبنا : (کنایتاً)؛ مغلوب ہونا، مجبوری ہونا۔

ـــــ رکھنا : (۱) منت کے بال سر پر چھوڑنا، (۲) ہندوؤں کا مذہبی خیال سے چند بال سر پر رکھنا۔

ـــــ کا : عمدہ، اول درجے کا، چیدہ، چھٹا ہوا۔

ـــــ کترنا : (کنایتاً)؛ زیر کرنا، عاجز کرنا۔

ـــــ کرنا : بال گوندھنا، بال سنوارنا۔

ـــــ گوندھنا : چوٹی کرنا۔

ـــــ والا : مذکر؛ (کنایتاً)؛ بھتنا، بھوت، سایہ، بلا۔

ـــــ ہاتھ میں ہونا : (کنایتاً)؛ قابو اور اختیار میں ہونا۔

چوٹی کانفرنس : مونث؛ (سیاسی اصطلاح)؛ مختلف ممالک کے سربراہوں کی کانفرنس۔

چوچلا/چونچلا : مذکر؛ (۱) ناز نخرہ، (۲) ناز کی باتیں (بچوں کی)
——بگھارنا/چوچلا کرنا : (۱) ناز کرنا، نخرہ کرنا، (۲) محبت جتانا۔
چوچی : مونث؛ پستان۔
چودہ : دس اور چار ۱۴۔
چودھر : مونث؛ بادشاہی زمانے کا ایک عہدہ،
چودھرات : مونث؛ چودھری کا عہدہ، سرداری۔
چودھری : مذکر؛ (۱) سرغنہ، نمبردار، مقدم، گانو کا سردار۔
چور : (۱) چوٹ مار، دُزدہ، (۲) ناسور، زخم کے اندر کا اچھا ہونے سے باقی رہ جانے والا حصہ، (۳) خفیہ، پوشیدہ، سوراخ، (۴) دُزدِ حنا، مہندی نہ لگنے سے رہ جانے والی سفیدی، (۵) شمع کا ایک طرف سے گھل جانا، (۶) بدگمانی، بدظنی، بُرائی، (۷) اندیشہ، خوف، خطر، (۸) پوشیدہ، خفیہ در پردہ، (۹) زبان پر نہ آنے والی اور دل میں چھپی ہوئی بات۔
چور بازار : مذکر؛ چوری کے مال بکنے کا بازار۔
——بدن : مذکر؛ مٹائی چھپا لینے والا جسم۔
——بن کر آنا : چھپ کر آنا۔
——پر مور پڑنا : ٹھگوں کو ٹھگنا، بدمعاش سے بدمعاشی کرنا، چور کے گھر میں چوری کرنا۔
——پڑنا : (۱) چوروں کا کسی کے گھر میں اُترنا، (۲) ناسور پڑنا، (۳) مہندی لگانے سے کچھ جگہ چھوٹ جانا۔
——پہرا : مذکر؛ خفیہ پہرا، پوشیدہ پاسبانی۔
——پیٹ (عو) حمل نہ ظاہر ہونے والا پیٹ۔
——چکار : مذکر؛ چورا، اُچکا، چور۔
——چوری سے گیا تو کیا، ہیرا پھیری سے گیا : (مثل) عیب چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے، بُری عادت نہیں جاتی۔
——خانہ : مذکر؛ (۱) صندوقچہ کا پوشیدہ خانہ، (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ، (۳) خلوت خانہ، خلوت گاہ۔
——دروازہ : مذکر؛ گھر کا چھپا راستہ۔
——زمین : مونث؛ دلدل۔
——سے کہے چوری کر شاہ سے کہے تیرا گھر لُٹا : (مثل) وہ
——سے کہیں مُوس شاہ سے کہیں جاگ } شخص جو خود ہی نقصان کرے اور خود ہی ہمدردی جتائے۔
چور کا بھائی گرہ کٹ : (مثل) عیب دار کی طرف داری کرنے والا۔
——کا شاہد چراغ : (مثل) بھید کھول دینے والا۔
——کچہری : مونث؛ پوشیدہ طور سے بدمعاشوں اور چوروں کی سُراغ رسانی کرنے کا محکمہ، خفیہ پولیس، (محکمہ ٹھگی)۔
——کھڑکی : مونث؛ پوشیدہ دریچہ۔
——کلی : پاجامہ کی میانی۔
——کی داڑھی میں تنکا : (مثل) عام طعنے اور کنایے کو اپنی طرف گمان کرنا۔
——محل : مذکر؛ بیاہتا بی بی کے سوا ایک اور بیوی۔
——کے گھر مور/چور کے گھر گرہ کٹ : (مثل) چالاک کو دغا دینے والا۔ چور کے گھر چوری ہونا۔
——کے پیر دو پانو کہاں : (مثل) مجرم کو استقلال نہیں ہوتا۔ چور ذرا سا کھٹکا پاکر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔
چوری : مونث؛ (۱) سرقہ، دُزدی، (۲) پردہ۔
——اور سینہ زوری/چوری منہ زوری/چوری سرزوری : (مثل) اپنے قصور پر نادم نہ ہو کر اُلٹے دھمکانا، عیب کر کے آنکھیں دکھانا۔
——چوری : چھپے چھپے، در پردہ۔
——چھپے : در پردہ، خفیہ۔
——کا گڑ میٹھا : (مثل) مفت کا مال پیارا ہوتا ہے۔
چوُر : مذکر؛ چورا، ریزہ ریزہ، سرشار۔
——ہو جانا/چور چور ہو جانا : کسی شے کا ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا۔
چوُرا : مذکر؛ بُرادا، ریزہ۔
——کرنا : ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پیسنا، کوٹنا، ریزہ ریزہ کرنا۔
چورن : مذکر؛ (۱) بدہضمی کے علاج کا ایک قسم کا سفوف، (۲) چٹکی، پھنکی، (۳) چورا، سفوف۔
چوڑا : مذکر؛ چکلا، فراخ، کشادہ۔
چوڑان : مذکر؛ چوڑائی، عرض۔
چوڑانا : پھیلانا، فراخ کرنا، کشادہ کرنا۔
چوڑاو : مذکر؛ پاٹ، وسعت۔

چوڑائی: مونث؛ چوڑان۔
چوڑا ہو جانا: (دلی، عو) (کنایتاً) برباد ہو جانا، تباہ ہو جانا۔
چوڑا: مذکر؛ (۱) لاکھ کی بڑی چوڑی، (۲) چوڑی۔
چوڑی: مونث بر؛ لاکھ، کانچ یا سونا چاندی کے عورتوں کے ہاتھ میں پہننے کے حلقے، (۲) کسی پرزے کے پیچ۔
___ دار/چوڑیوں دار: ٹخنوں پر سلوٹیں پڑا ہوا تنگ مہری کا پاجامہ۔
چوڑیاں بڑھانا: چوڑیاں اتارنا، چوڑیاں اتار کر رکھنا۔
___ پہنانا: (۱) کسی کے ہاتھ میں چوڑیاں ڈالنا، (۲) (کنایتاً) بیوہ عورت کے ساتھ شادی کرنا۔
___ پہننا: (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا، (۲) (کنایتاً) بزدلی اختیار کرنا، (۳) عورت کا دوسری شادی کرنا۔
___ ٹھنڈی کرنا: چوڑیاں توڑنا، بیوہ ہونے پر سہاگ کی علامت چوڑیاں توڑ دینا۔
___ ٹھنڈی ہونا: چوڑیاں ٹوٹنا، کسی صدمہ یا ضرب سے چوڑیوں کا ٹوٹ جانا۔
چوڑھا: مذکر؛ کمینہ رذیل۔
چوزہ: (ف) مذکر، (۱) مرغی کا بچہ، پٹھا، پٹھہ، (۲) (کنایتاً) نوعمر خوردسال آدمی، جوان لڑکی۔
چوسا: مذکر؛ سوہن، وہ آلہ جس سے برادہ کرتے ہیں۔
چوسر: مونث؛ (۱) ایک قسم کی پچیسی کا کھیل، (۲) گوٹیں رکھنے کی بساط۔
چوسنا: (۱) چھوڑنا، جذب کرنا، سوکھنا، بچے کا دودھ پینا، (۲) نچوڑنا، عرق نکال لینا، (۳) ہونٹوں سے بغیر دانت لگے دبا کر کسی شے کا مزہ لینا۔
چوسنی: مونث؛ چسنی۔
چوک: مذکر؛ (۱) مربع، مربع میدان، (۲) وسیع صحن، آنگن، انگنائی، (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں۔
چوک: (۱) ایک قسم کا کھٹا ساگ، (۲) عرق لیموں سے بنی ہوئی ایک کھٹی چیز، (۳) ترش، نہایت کھٹا۔
چوک: مونث؛ بھول، خطا، سہو، قصور۔
چوکنا: (۱) بھولنا، غلطی کرنا، (۲) باز آنا۔
چوکا: مذکر؛ (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی، (۲) سنگ مرمر کی مربع سل مربع پتھر، (۳) ہندوؤں کے گھروں میں کھانے کا مقام، (۴) باہم پیوستہ اور برابر کی چار کھسان چیزیں، (۵) ایک قسم کا برتن، (۶) ایک جگہ برابر بچھائے ہوئے چار مربع تخت، (۷) چار لپٹے ہوئے رومال، (۸) مونث، بڑی مربع اینٹ۔
چوکا برتن کرنا: چوکا لپنے اور اس کے گرد کی مربع زمین کو صاف کر کے لیپنا اور برتن مانجنا۔
چوکا/چوک: ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام۔
چوکس: (ف) ہوشیار، چوکنا۔
چوکر/چوکھر: مذکر؛ گیہوں کی بھوسی۔
چوکی: مونث؛ (۱) چھوٹا تخت، کرسی، (۲) پہرا، پاسبانی، حراست، (۳) اسٹیشن، پڑاؤ، (۴) گلے کا ایک زیور، (۵) خدمت نوکری، (۶) توپ خانوں کا گروہ، ٹولی، (۷) باورچیوں رکاب داروں کا گروہ، (۸) نوبت بجانے والوں کے نوبت بجانے کا وقت۔
___ بٹھانا: پہرا بٹھانا، نگہبانی کرنا۔
___ بھرنا: (۱) باری باری سے پہرا دینا، (۲) دیوی دیوتا کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا، (۳) اولیاء اللہ یا شہیدوں کے مزار پر نوچندی جمعرات کو جا کر عقدہ کشائی چاہنا، نیاز دلوانا۔
___ پر جانا: پیغام نہ جانا۔
___ دینا: (۱) پہرا دینا، نگہبانی کرنا، (۲) کرسی دینا، کرسی پر بٹھانا۔
___ دار: مذکر؛ پاسبان، نگہبان۔
___ دارا: مذکر؛ حق پاسبانی، چوکیداروں کا ٹیکس۔
___ داری: مونث؛ (۱) پاسبانی، نگہبانی، حفاظت، (۲) حق پاسبانی، (۳) حفاظت کا کام، چوکیداری کا کام۔
چوکیا سہاگا: مذکر؛ ایک قسم کا عمدہ سہاگا۔
چوکھا: مذکر؛ خالص، کھرا، بے میل، (۲) اچھا، پسندیدہ۔
چوکھٹ: مونث؛ آستانہ۔
___ بازو: دروازے کی چاروں سمت کی لکڑیاں۔
___ نہ جھانکنا: کبھی دروازے پر نہ آنا۔
چوگا: مذکر؛ پرندوں کی غذا، دانہ۔
___ بدلنا: دانہ بدلی کرنا، خوراک بدلنا۔

چوگان: مذکر، (۱) گیند کا بلا، (۲) گلی کا ڈنڈا، وہ ڈنڈا جو سر کی طرف سے کج ہوتا ہے (۳) چوب نقارہ، (۴) ایک قسم کا گیند کا کھیل۔

چوُل: مونث، (۱) ایک لکڑی میں داخل کیا جانے والا دوسری لکڑی کا سرا، (۲) لکڑی کا سوراخ جس میں دوسری لکڑی داخل کی جائے (۳) دروازے کے پٹ کے اوپر نیچے کے گول مھید۔

—— بیٹھ جانا: متفق ہو جانا۔

چوُلیں ڈھیلی کرنا: (کنایتاً)؛ مار مار کے مضمحل کر دینا۔

—— ڈھیلی ہو جانا: (کنایتاً) (۱) زیادہ کام کرنے یا زیادہ دوڑنے سے مضمحل ہو جانا، (۲) سست ہو جانا، تھک جانا، اعضا شل ڈھیلے ہو جانا۔

چُولا: مذکر، (۱) جسم، قالب، (۲) دلھن کو برات کے روز پہنانے کی پوشاک، (۳) چولی، انگرکھے کا بالائی حصہ۔

—— بدلنا: قالب بدلنا، ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔

—— چھوڑنا: قالب چھوڑنا، مر جانا۔

چولائی: مونث، ایک قسم کا ساگ۔

چوُلہا: مذکر، دیگ دان، کھانا پکانے کے لیے آگ جلانے کی مشہور چیز۔

—— پھونکنا: (حقارت یا غصہ سے) اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا، آگ جلانا۔

چولھے آگ نہ گھڑے پانی: (مثل) مفلس، قلاش۔

چوُلھے کی تیری توے کی میری: (مثل) اچھا اپنے لیے اور برا دوسرے کے لیے۔

—— میں پڑے / چوُلھے میں جائے: (ع) خاک میں ملے اجڑ جائے۔

چُولی: مونث، (۱) انگرکھے کے دامن کا اوپری حصہ، اوپر کے دھڑ کا کپڑا، (۲) انگیا۔

—— نکل جانا: چولی کا مسک جانا۔

—— دامن کا ساتھ: (مثل) لازم و ملزوم، دو ایسی چیزیں جو ایک دوسرے سے جدا نہ ہو سکیں۔

—— مسکنا: چولی کا زور پڑنے سے چاک ہو جانا۔

چوُما چاٹی: مونث، بوس و کنار۔

چوُم چاٹ کے چھوڑنا: (۱) اپنے قابو سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے خیال سے باز آنا، سلام کرنا، ہاتھ اٹھانا، (۲) کام نکال کر چھوڑنا۔

چوُمتے ہی گال کاٹا: (مثل) ابتدا کرتے ہی نقصان پہنچایا۔

چوُمنا: (۱) بوسہ لینا، پیار کرنا، (۲) کسی بزرگ کے مزار کو ادب سے منہ لگانا، (۳) ادب سے تعظیم دینا۔

—— چاٹنا: (۱) چوما چاٹی کرنا، پیار کرنا، (۲) خوشامد، درآمد کرنا، للو پتو کرنا، (۳) تعظیم کرنا۔

چوُمکھ: (ا) چاروں طرف سے، ہر ایک سمت سے۔

چوُن: مونث، آٹا۔

—— ہو جانا: (کنایتاً) گل جانا، آٹا ہو جانا۔

چوُن کا: مذکر، آٹے کا بنا ہوا، کمزور۔

—— کر ڈالنا: پیس ڈالنا، آٹا کر دینا۔

—— حاکم بھی برا ہوتا ہے: (مقولہ) اونا قسم کا حاکم بھی خطرناک ہوتا ہے۔

—— کی سوت بری: (مثل) گھٹیا سوت بری ہوتی ہے۔

چوُں: (ف) (۱) مانند، اگر، (۲) تکرار، ضد۔

—— کہ: (ف) حرف شرط، کیونکہ، اس لیے۔

—— نہ کرنا: انکار نہ کرنا، ضد نہ کرنا۔

—— وچرا: (ف) (۱) کیوں، کس واسطے، (۲) تکرار، حجت۔

—— چوُں: (۱) چڑیوں کے بولنے کی آواز، (۲) بیل گاڑی چلنے کی آواز، (۳) مذکر، ایک کھلونے کا نام۔

چوَن: پچاس اور چار ۵۴۔

چوُنا: (۱) پانی رسنا، رسنا، ٹپکنا، گرنا، (۲) مذکر، کنکر، ہڈی، پتھر، سیپ، کوڑی وغیرہ کے جلانے سے حاصل ہونے والا سفید مادہ، (۳) کھٹاس، تیزی، تند۔

—— چونا ہونا: کپڑے یا لکڑی کا پرانا ہو کر پارہ پارہ ہو جانا۔

—— پھرنا: چونے کی قلعی ہونا۔

—— لگانا: (۱) پان میں چونا لگانا، (۲) (کنایتاً) زک دینا، مغلوب کرنا، ذلیل و خفیف کرنا، چکمہ دینا۔

چونپ: مونث، (۱) شوق، دل کی رغبت خواہش، (۲) بڑھاوا، (۳) دانتوں میں لگی ہوئی سونے کی کیل، (۴) ضد، ہٹ، عداوت۔

—— دینا: بڑھاوا دینا، کسی کام پر آمادہ کرنا۔

چونتیس: تیس اور چار ۳۴۔

چونٹی: مونث، چیونٹی۔

چونچ: مونث؛ (۱) پرندے کا منہ (۲) نوک، سرا، چرب، باتوں کی طرّاری۔

___ بند کرنا / چونچ سنبھالنا: زبان روکنا، بدزبانی نہ کرنا۔

___ مارنا: (۱) ٹھونگ مارنا، (۲) بے ہودہ بکنا۔

چونچال: ہوشیار، مستعد، چست۔

چوندھ: مونث؛ آنکھوں کے سامنے اندھیرا ہو جانا، خیرگی۔

چوندھیانا: (۱) آنکھوں کا چمک دار چیز دیکھ کر خیرہ ہو جانا، (۲) حیرت زدہ ہونا، (۳) گھبرا جانا۔

چونڈا: (عو) مذکر؛ (۱) سر، (۲) عورتوں کا سر کے بال یکجا کر کے سر پر باندھ لینا۔

چونر: مونث؛ رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ، چنری۔

چونری / چندری: مونث؛ (۱) مورچھل، (۲) دیکھو چونر۔

چونسٹھ: ساٹھ اور چار ۶۴۔

چونک: مونث؛ دہشت، بھڑک، جھجھک۔

چونکانا: ہوشیار کرنا، جگانا۔

چونک اٹھنا: (۱) دفعتاً گھبرا کر جاگ اٹھنا، سوتے سوتے اچھل پڑنا، (۲) چوکنا ہو جانا، (۳) متعجب ہو جانا۔

چونک پڑنا: یکایک نیند سے بیدار ہونا، غفلت سے ہوشیار ہونا۔

چونکنا: (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا، (۲) بھڑکنا، (۳) غفلت سے ہوشیار ہونا، جاگنا، بیدار ہونا، چوکنا ہونا، (۴) گھبرانا، حیرت ہونا۔

چونگا / چونگلا: مذکر؛ (۱) بانس کا وہ کھوکھلا ٹکڑا جس میں کاغذات رکھتے ہیں، (۲) پلاسٹک اور ٹین کا بھی چونگلا بناتے ہیں۔

چونگی: کاغذ یا پان کا خول جس میں پان کی گلوری لپیٹ کر رکھتے ہیں۔

چوٹی: مونث؛ دال کا دلا ہوا موٹا موٹا آٹا۔

___ بھوسی کھا کر گذر کرنا: تنگی سے اوقات بسر کرنا۔

___ بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ: (مثل)؛ ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگے، لیاقت سے بڑھ کر دعوا کرنا۔

چوتھی: مونث؛ روپے کا چوتھا حصہ، چار آنے، (متروک)

چوہا: مذکر؛ (۱) مشہور جانور موش، (۲) ناک کا سوکھا ہوا میل۔

چوہے دان: مذکر؛ چوہے پکڑنے کا پنجرا۔

چوہے دنتی / دنتیاں: مونث؛ عورتوں کے ہاتھ کا ایک زیور۔

چوہے کا بل ڈھونڈتے پھرنا: امن کی جگہ تلاش کرنا، بھاگنے کا راستہ نہ ملنا۔

چوہے کا بچہ بھی نہ ہونا: بالکل بے اولاد ہونا۔

چوہے مار: مذکر؛ چوہے مارنے والا ایک پرند۔

چوہیا: مونث؛ چوہے کی مادہ۔

چوہان: مذکر؛ راجپوتوں کی ایک ذات۔

چوہڑا / چوہڑا: مذکر؛ (۱) وہ بھنگی جو مردہ جانور اٹھاتے ہیں۔ (۲) چمار۔

چویا: مذکر؛ (۱) دریا کے پاس پانی جھر جھر کر ٹھہر جانے والا گڑھا، (۲) بھیگی دال کا چھلکا۔

چ - ہ

چہ: (ف) مذکر؛ چاہ کا مخفف، (۱) کنواں، گڑھا، (۲) پل کے دونوں سرے۔

___ بچہ: (ف) مذکر؛ مال و دولت رکھنے کا چھوٹا گڑھا، (۲) چھوٹا حوض۔

چہ: (ف) حرف استفہام، کیا، بہت، کیونکہ۔

___ خوش: (کلمہ طنز) کیا خوب، واہ واہ کیا کہنا۔

___ داند بوزنہ لذات ادرک: (ف) (مثل) ناقدر شناس۔ اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا۔

___ معنی: (کلمہ استفہام) کیا باعث، کیوں، کیا وجہ، کیا سبب کس لیے۔

___ معنی دارد: (ف) کیا سبب ہے؟ کیا وجہ؟۔ کیا باعث ہے۔

چہا: مذکر؛ ایک قسم کا چھوٹا پرند۔

چہار: (ف) چار۔

___ چند: (ف) چوگنا۔

___ سو: چار سو، چاروں طرف۔

___ شنبہ: (ف) مذکر؛ چار شنبہ، بدھ۔

چہارم: (ف) چوتھا، چوتھائی۔

چہاڑ / چہار: مذکر؛ (۱) دریا کا کنارا، (۲) پتھر یا ڈھیلے کا بڑا ٹکڑا۔

چہچہا : مذکر؛ خوش آوازی، خوش الحانی، پرندوں کا شوق میں آکر بولنا۔
چہچہوں میں گذرنا : عیش و عشرت میں بسر ہونا۔
چہچہانا : پرندوں کا گانا، خوش آوازی سے باتیں کرنا۔
چہچہاہٹ : مونث؛ نغمہ سرائی، نواسنجی۔
چہچہی : نہایت شوخ اور سرخ رنگ۔
چہچہا رنگ : سرخ شوخ رنگ۔
چہرہ : (ف) مذکر؛ (۱) صورت، منھ، (۲) سامنے کا رُخ، (۳) حلیہ، ملازموں کے خط و خال جو دفتر میں لکھے جائیں، (۴) چہرہ کا مصنوعی نقشہ۔
—— اُتر جانا : افسردہ ہونا، چہرہ بے رونق ہو جانا۔
—— بحال ہونا : بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا۔
—— بگاڑنا : بدصورت بنا دینا، صورت مسخ کر دینا، بہت مارنا کہ شکل پہچانی نہ جائے۔
—— بنانا : منہ بنانا، منہ چڑھانا۔
—— بھبھو کا ہونا : منہ سرخ ہونا۔
—— پر تلوار کھانا : بہادری دکھانا، تلوار سے منہ نہ پھیرنا۔
—— پرداز / چہرہ کشا : (ف) مصور، صورت دکھانے والا۔
—— پر مہتاب چھٹنا / چہرے پر ہوائیاں اُڑنا : ہکا بکا ہو جانا۔
—— پھیکا ہونا : چہرہ بے رونق ہونا۔
—— تمتمانا : چہرہ کا گرمی یا غصہ سے سرخ ہو جانا۔
—— چمکنا : چہرے پر رونق اور جلال معلوم ہونا۔
—— دار / چہرہ شاہی : سرکاری سکہ (جس پر بادشاہ وقت کا چہرہ بنا ہوا ہو۔)
—— زرد ہونا : چہرے کا رنگ پیلا ہو جانا، (۲) رنج، مصیبت، تکلیف یا خوف ہونا، (۳) غیرت یا نقاہت ہونا۔
—— سفید ہونا : ضعف سے چہرہ کا رنگ سفیدی مائل ہو جانا۔
—— سے نقاب اُٹھانا : منہ کھولنا، راز فاش کرنا۔
—— مہرہ : مذکر؛ صورت، شکل، خط و خال۔
چہرے پر تلوار کھانا : بہادری دکھانا۔
—— کا رنگ بدلنا : چہرے کے رنگ کا خوف یا غصہ وغیرہ سے متغیر ہونا۔
چہکا : (دہلی) مذکر؛ (۱) چھتوں یا صحن خانہ کا اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش، (۲) داغ، چرکا، لوکا، جھلسنا۔
—— دینا / چہکا لگانا : آگ سے جلا دینا، لوکا لگا دینا۔
—— لگنا : آگ سے بدن کا جل جانا۔
چہکار : (۱) مونث؛ چڑیوں کا راگ، پرندوں کا نغمہ۔
چہکارنا / چہکنا : چہچہانا، چہچہا کرنا۔
چہکنا : چہچہانا، نواسنجی کرنا، خوش الحانی کرنا۔
چہل : چالیس، ۴۰۔
—— ابدال : (ف) (۱) مسلمانوں کے عقیدے میں دنیا کو سنبھالے رکھنے والے چالیس ولیوں کا گروہ، (۲) دہکتے ہوئے انگاروں پر لوٹتے لوٹتے آگ بجھا دینے والے درویشوں کا ایک گروہ۔
—— قدمی : مونث؛ (۱) ٹہلنا، (۲) ہوا کھانا، تفریح طبع کے واسطے ٹہلنا۔
—— کاف : مونث؛ چالیس کاف والی دعا۔
—— حدیث : چالیس منتخب حدیثیں۔
چہل : مونث؛ ہنسی، خوش مزاجی۔
—— باز : ظریف، خوش مزاج
چہلا : مذکر؛ (۱) کیچڑ کی زمین، وہ زمین جو پانی اور دلدل سے پُر ہو، (۲) (کنایتاً) گیلا۔
چہلے کی بھینس : (کنایتاً)؛ موٹا بھدا آدمی، مجہول آدمی۔
چہل پہل : مونث؛ (۱) رونق، آبادی، (۲) خوشی، خرمی، زندہ دلی، مزاح، خوش طبعی، ہنسی۔
چہلم : (۱) چالیسواں، چالیس سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) مُردے کے چالیسویں دن کی رسم۔
چہیتا : مذکر؛ پیارا، محبوب، عزیز۔

چ ۔ ی

چیاں : مذکر؛ املی کا بیج۔
—— سا : بہت چھوٹا سا۔
چیپ : مونث؛ (۱) دانت، پتھر یا لکڑی سے ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

(۲) مذکر؛ لاسا، چپکنے والی چیز، پکتے ہوئے آموں وغیرہ سے نکلنے والی نس دار رطوبت۔

چیپ دار: لس دار، چپکتا ہوا۔

چیپ: CHEAP (انگ) ارزاں، سستا، گھٹیا، معمولی۔

چیپڑ: مذکر؛ آنکھ کی کیچڑ۔

——— بہنا: آنکھوں سے میل کا نکلنا۔

چیپنی: مونث؛ (۱) کاغذ کی چپکائی ہوئی دھجی، (۲) پتنگ، کتابت کی کاپی میں لگا ہوا کاغذ کا پیوند۔

چیت: مذکر؛ فصلی سال کا پہلا مہینہ۔

چیتی: (۱) چیت کے مہینے کی بہار (۲) چیت کے مہینے میں گائے جانے والے گیت۔

چیتا: (۱) مذکر، ذہن، حافظہ (۲) بتوہ (چیتا) جو شادی کے دن دولہا کو نکاح کے بعد دلہن کے گھر دیا جاتا ہے جس میں ناریل، بادام، کشمش وغیرہ میوہ ہوتا ہے۔

چیتا: مذکر؛ شیر کی قسم کا جسم پر چتیوں والا خونخوار درندہ۔

چیتے کی کمر: (کنایتاً) معشوق کی باریک کمر۔

چیتل: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا چتیوں والا ہرن، (۲) ایک قسم کا سانپ۔

چیتنا: (۱) ہوشیار ہونا، متنبہ ہونا، ہوش میں آنا، (۲) یاد کرنا، خیال کرنا، (۳) چونک اٹھنا، (۴) تیز ہونا چراغ کا۔

چیتنا: خواہش کرنا، چاہنا۔

چیتھڑا: مذکر؛ کپڑے کا ٹکڑا، لتا۔

چیٹک: مونث؛ شوق، دھن۔

چیٹی: مونث؛ چیونٹی۔

چیچڑی: کلنی؛ وہ کیڑے جو بکری، گائے، اور کتے کے بدن میں پڑ جاتے ہیں۔

چیچک: مونث؛ (۱) سیتلا، (۲) ایک مرض جو جسم پر داغ چھوڑتا ہے۔

——— رو: چہرے پر چیچک کے نشان والا آدمی۔

چیخ: مونث؛ (۱) زور کی آواز، غل، چلاہٹ، درد کی آواز، پکارنے کی آواز۔

——— اٹھنا: چلانا۔

چیخ مارنا: زور سے آواز نکالنا۔

چیخنا: چلانا، غل مچانا، شور کرنا، پکارنا، فریاد کرنا۔

چیدہ: منتخب، چنا ہوا، چھانٹا ہوا، عمدہ۔

——— چیدہ: اچھے اچھے، عمدہ، منتخب۔

چیئر: CHAIR (انگ) مونث؛ (۱) کرسی، (۲) یونیورسٹی میں ایک خاص تعلیمی عہدہ۔

چیر: مونث؛ (۱) شگاف، زخم، درز، (۲) دھجی، کترن، کپڑے کی بتی۔

——— آنا: شگاف ہو جانا۔

——— جانا: زخم آجانا، شق ہو جانا۔

——— پھاڑ: مونث؛ کاٹ چھانٹ، جراحی عمل۔

چیرا: مذکر؛ (۱) پھوڑے کا شگاف، (۲) (کنایتاً) عورتوں کی دوشیزگی۔ (۳) ایک قسم کی منقش پگڑی۔

——— اُتارنا/توڑنا: (۱) ازالہ بکارت کرنا، (۲) بے عزت کرنا۔

——— دینا/لگانا: شگاف دینا، زخم لگانا، نشتر مارنا۔

——— بند: دوشیزہ اور باکرہ عورت۔

——— چیرے والا: (۱) پگڑی باندھنے والا، (۲) حکیم، طبیب، معالج۔

چیرٹ ایبل: CHARITABLE (انگ) خیراتی، امدادی۔

چیرمین: CHAIRMAN (انگ) مذکر؛ کسی کمیٹی یا جلسے کا منتخب صدر، میر مجلس۔

چیرنا: (۱) پھاڑنا، ٹکڑے کرنا، شگاف دینا، شق کرنا، (۲) تراشنا، کاٹنا، (جیسے تختے چیرنا)

چیرو چار بگھار و پانچ: (مثل) (تحقیر سے) موٹا تازہ۔

چیرہ: (ف) (۱) غالب ہونا، غلبہ پانا، (۲) دوشیزگی۔

——— بند: رنگین اور منقش پگڑی باندھنے والا۔

——— دست: (ف)؛ زور آور، زبردست۔

——— دستی: مونث؛ زبردستی، قوت، طاقت۔

چیری: CHERRY (انگ) مذکر؛ ایک قسم کا میوہ، ایک انگریزی پھل، شاہ دانہ۔

چیریٹی شو: CHARITY SHOW (انگ) مذکر؛ کسی امدادی فنڈ کے لیے دکھلائے جانے والے پروگرام۔

چیڑ: مذکر؛ ایک درخت؛ دیودار۔

چیز: (ف) مونث؛ (۱) شے، اسباب، جنس، (۲) زیور، جواہر، گہنا پاتا، (۳) گیت، راگ، ٹھمری، غزل وغیرہ، (۴) حقیقت مال، (۵) بچوں کو دی جانے والی مٹھائی۔

—— اُڑ جانا: غائب ہو جانا، کھو جانا۔

—— بَست: مونث؛ اسباب، اثاثہ، اثاثہ۔

چیزی/چیجی: مونث؛ (بچوں کے لیے) مٹھائی، شیرینی۔

چیستاں: (ف) مونث؛ پہیلی۔

چیشٹا: (ہ) مونث؛ کوشش، جدوجہد۔

چیف: CHIEF (انگ)؛ صدر، سردار، افسر، بڑا، خاص، اصل۔

—— جسٹس: JUSTICE (انگ)؛ مذکر؛ ہائی کورٹ کا سب سے بڑا جج، قاضی القضاۃ؛

—— انجینیر: ENGINEER (انگ)، مذکر؛ انجینیروں کا افسرِ اعلیٰ، صدر انجینیر۔

—— کورٹ: COURT (انگ) مذکر؛ عدالتِ عالیہ، بڑی عدالت۔

چیک: CHEQUE (انگ)؛ مذکر؛ ہُنڈی، بینک سے رقم نکالنے کا حکم نامہ۔

چیکٹ: مذکر؛ (۱) چراغ کی گاد، تیل کی گاد تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہو جانے والی مٹی، (۲) چکنا، سیاہ۔

چیک کرنا: CHECK جانچ پڑتال کرنا، تنقیح کرنا، تعرض کرنا، روکنا۔

چیکنگ: CHECKING (انگ) مونث؛ جانچ پڑتال، محاسبہ، تنقیح۔

چیل: مونث؛ ایک پرند کا نام۔

—— انڈا چھوڑتی ہے: (مثل)؛ بے انتہا گرمی ہونا۔

—— جھپٹّا: جھپنا جھپٹی۔

—— کرنا: جھپنا جھپٹی کرنا، دفعتاً کسی چیز پر چیلوں کی طرح گرنا۔

چیل چلھور: بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

—— کا پٹھا: مذکر؛ (۱) چیل کا بچہ، (۲) احمق، بے وقوف۔

—— کے گھونسلے میں ماس کہاں: (مثل)، فضول خرچ ہمیشہ خالی ہاتھ رہتا ہے۔

چیلا: مذکر؛ جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا، لکڑی کا کندا۔

چیلا: مذکر؛ (۱) بندہ، غلام، (۲) شاگرد، (۳) مُرید، پیرو، (۴) خدمتی، خدمتگار، درویشوں کی خدمت کرنے والا، (۵) بندۂ خاص، (۶) شاہی غلام، راجا کے خدمتی۔

—— ہونا: مُرید ہونا، پیرو بننا، سادھو کا شاگرد بننا۔

—— چاپڑ: شاگرد، مُرید، معتقد۔

چیلنج: CHALLENGE (انگ)؛ مذکر؛ دعوا، للکار (دعوتِ جنگ، اعتراض۔

—— کرنا: مقابلے کے لیے للکارنا، عذر کرنا، دعوا کرنا۔

چیلھڑ: مذکر؛ چلوا، چلھڑ، کپڑوں میں پڑ جانے والی جوں۔

چیمبر: CHAMBER (انگ) مذکر؛ ایوان، کوٹھری، ہال، کمرہ۔

—— آف کامرس: OF COMMERCE —— (انگ) مذکر؛ ایوانِ تجارت، مجلسِ تجار۔

چیمپئن: CHAMPION (انگ) کھیل میں سب سے بہتر لے جانیوالا میدان

چین: مذکر؛ راحت، آرام، اطمینان، قرار۔

—— اُڑانا: چین کرنا۔

—— آنا: قرار آنا۔

—— پانا: آرام پانا۔

—— پڑنا: کل پڑنا، اطمینان ہونا، ٹھنڈک پڑنا۔

—— سے: آرام سے، بے فکری سے، بے غل وغش۔

—— کرنا: مزے اڑانا، عیش کرنا، گلچھرّے اُڑانا۔

—— لینا: دم لینا، سستانا۔

چیں: (ف) مونث؛ شکن، بل، سلوٹ، جھری۔

—— بہ جبیں ہونا/چیں بر جبیں ہونا/چیں بہ ابرو ہونا: تیوری پر بل ڈالنا، ترش رو ہونا۔

چیں: مونث؛ چڑیا کی آواز۔

—— بُلا دینا: ہرا دینا، عاجز کر دینا۔

—— بولنا/چیں بول جانا: ہار ماننا، مات کھانا، عاجز آنا۔

—— ماننا: چیں بول جانا، ہار مان لینا۔

—— چپڑ کرنا: جھگڑا کرنا، تکرار کرنا۔

—— چیں: مونث؛ (۱) چوں چوں، غل شور، (۲) لفظی تکرار، لفظی بحث، (۳) چڑیا کے بچے کی آواز۔

چیں چیں کرنا: غل مچانا، رونا، تکرار کرنا۔
چین: CHAIN؛ (انگ) مونث: زنجیر، لڑی، سلسلہ، گلے کا ایک زیور، پاؤں کا ایک زیور۔
چینا: مونث: ایک قسم کے چھوٹے غلے کا نام۔
چینٹا: بڑی چیونٹی، چیونٹا۔
چینٹی: مونث: چیونٹی۔
چینج CHANGE؛ (انگ)؛ مذکر: (۱) ریزگاری، خوردہ۔ (۲) تبدیلی، انقلاب۔
چینچ: مذکر: کبوتروں کو کھلانے کا چھوٹا دانا۔
چیں چپڑ کرنا: مذکر: تکرار کرنا، محبت کرنا۔
چینچلا: مذکر: (۱) پر نہ نکلا ہوا پرندہ کا بچہ، (۲) ابھا ہوا سوت، ٹوٹی ہوئی لکڑی۔
چینڈی: گاڑی کے دھرے پر چڑھانے والے چمڑے کے گول ٹکڑے۔
چینگی پوٹے: مذکر: (۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے، (۲) (کنایتاً) بال بچے۔
چینل: CHANNEL؛ (انگ)؛ مونث: کھاڑی، خلیج، رودبار، بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالا۔
چینہ دال: (ف) مذکر: مرغ کا پوٹا۔
چینی: مونث: (۱) سفید دانے دار شکر، (۲) مذکر: چین کا رہنے والا، چین سے منسوب (۳) ملک چین کی زبان (۴) چین کے ملک کی ایک قسم کی روغن دار مٹی۔
چیونٹا: مذکر: چینٹا۔
چیونٹی: مونث: چینٹی۔
——— کی آواز عرش تک: (مثل) غریب کی آہ با اثر ہوتی ہے۔
——— کو پر لگے: چیونٹی کے پر نکلے: (مثل) شامت کے دن یا موت کا وقت قریب آنا۔
چیونٹیاں لگنا: گرمی کی شدت، بدن میں ایک قسم کی سوزش ہونا۔
چیونٹیوں بھرا کباب: مذکر: (۱) جھگڑے کی چیز، (۲) مصیبت کا گھر۔
چیونگم: CHEWING GUM؛ (انگ)؛ مذکر: ایک ذائقہ دار میٹھا گوند جو دیر تک منہ میں چبایا جاتا ہے۔

چھ

چھ — ا

چھاپ: مونث: مہر، ٹھپا، نشان، علامت۔
——— لگانا: مہر لگانا، ٹھپا لگانا۔
چھاپا: مذکر: (۱) مہر، ٹھپا، (۲) چھاپنے کی مشین، (۳) چھپا ہوا، (۴) تجارتی نشان، (۵) نذر کے کھانے کے طباق پر یا گھر کی دیوار پر محنک کے وقت صندل سے دینے کا نشان، (۶) نقشہ، صورت، تصویر، (۷) سانچا ڈھالنے کا ظرف (۸) کھلیان پر ٹھپہ لگانے کا آلہ (۹) (کنایتاً) دو شخصوں یا دو چیزوں کا صورت اور انداز وغیرہ میں مشابہت رکھنا۔
——— مار: مذکر: (فوجی اصطلاح) فوج کا وہ دستہ جو کسی جنگی روایتوں کے بغیر لڑتا ہے۔
——— مارنا: (۱) شب خوں، رات کو دشمن کی فوج پر چڑھ کر قتل عام کرنا (۲) پولیس کا اچانک پہنچ کر گرفتار کرنا، یا تلاشی لینا۔
چھاپے خانہ: مذکر: پریس، مطبع۔
چھاپنا: (۱) مہر لگانا، نقش کرنا، ٹھپا اٹھانا، (۲) طبع کرنا، نشان کرنا، (۳) شائع کرنا، پھیلانا، مشہور کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا۔
چھاپے لگانا: بیاہ کی رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشان سے آراستہ کرنا۔
چھپر: مذکر: (۱) پھوس کا سائبان، کھپریل یا پھوس کی چھت (۲) بوجھ، بھار، بار، (۳) (کنایتاً) بڑی داڑھی، (۴) اڑنے والے کبوتروں کا سودا سو کا غول۔
چھاتا: مذکر: (۱) بڑی چھتری، (۲) چوڑا سینہ۔
چھاتم چھاتی: مذکر: (۱) سینے کو سینے سے کوٹنا، (۲) ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ سے ہوا میں ملنا۔
چھاتی: مونث: (۱) سینہ، صدر، پستان، (۲) جرأت، حوصلہ، استقلال، مضبوطی۔
——— ابھار کر چلنا: (کنایتاً) اترا کے چلنا۔
——— امنڈ آنا: دل بھر آنا، غم کے باعث رلائی آنا۔

چھاتی بڑھ جانا: (کنایتاً) خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔
—— بھر آنا: (۱) (کنایتاً) غمگین ہونا، (خوش محبت) سے (۲) چھاتی کا پُرگوشت ہو جانا، چھاتی اُبھر آنا، (۳) رحم آنا، دل کڑھنا (۴) چھاتی میں دودھ بھر آنا، مادری محبت کے باعث دودھ آنا۔
—— بیٹھ جانا: کھانسی یا زکام سے آواز کا بھاری پڑ جانا۔
—— پتھر بن جانا/—— کر لینا/—— ہونا/—— ہو جانا: دل سخت ہو جانا، رحم نہ رہنا۔
—— پر بال ہو جانا: عالی حوصلہ ہونا۔
—— پر پتھر رکھ لینا/—— دھر لینا: دل سخت کر لینا، صبر کر لینا، ضبط کرنا، چپ ہو رہنا، تکلیف سہنا۔
—— پر پھرنا: ہر وقت سینہ پر پھرنا، ہر وقت یاد آنا۔
—— پر چڑھ کر ڈھائی/—— نو چلو لہو پینا: سخت سزا دینا، جان سے مار ڈالنا۔
—— پر چڑھنا: (۱) پچھاڑ کر سینے پر سوار ہونا، (۲) ہر وقت سامنے موجود رہنا۔
—— پر دھر کر لے جانا: مال و دولت اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔
—— پر سانپ پھر جانا/—— لوٹنا: (۱) رشک آنا، (۲) حسرت ہونا، ملال ہونا، صدمہ پہنچنا۔
—— پر سل دھرنا: بوجھ رکھنا، دل پر بڑا صدمہ گذرنا۔
—— پر کالا پہاڑ ہونا: (کنایتاً) بہت ناگوار ہونا۔
—— پر مونگ دلنا/—— کودوں دلنا: کسی کے سامنے ایسا کوئی بُرا فعل کرنا جو اس کو بہت ناگوار ہو۔
—— پر ہاتھ دھر دیکھو: انصاف کرنا، اپنا سا حال دوسرے کا بھی جاننا۔
—— پر ہاتھ رکھنا: دل جوئی کرنا۔
—— پک جانا: (کنایتاً) تکلیف سہتے سہتے عاجز آنا، ناک میں دم آجانا۔
—— پکڑ کر رہ جانا: دل مسوس کر رہ جانا، دل ہی دل میں افسوس کر کے بیٹھ رہنا، کسی رنج پر اُف نہ کرنا۔
—— پھٹنا: (۱) سینہ کا پھٹ جانا، (۲) (کنایتاً) دل پر بہت بڑا صدمہ گذرنا، دل بے قابو ہونا، (۳) رشک ہونا، حسد کرنا۔
چھاتی پھٹی جانا: بے حد صدمہ ہونا، رنج ہونا۔
—— پیٹنا: (۱) سینہ کوبی کرنا، سینہ زنی کرنا، (۲) ماتم کرنا، رونا پیٹنا (۳) غصہ ظاہر کرنا، غصہ میں سینہ پیٹنا، (۴) رشک و حسد ظاہر کرنا۔
—— تلے رکھنا: حفاظت سے رکھنا۔
—— ٹھنڈی کرنا: (۱) دل خوش کرنا، سکھ دینا، تسلی دینا، (۲) اپنی دشمنی نکال کر خوش ہونا، ارمان نکالنا۔
—— ٹھونکنا: (عو) (کنایتاً) اطمینان کرنا، دل مضبوط کرنا۔
—— جلانا: (۱) دق کرنا، ستانا، (۲) رشک دلانا۔
—— چھدنا/—— چھن جانا/—— چھنی ہونا: صدموں کی وجہ سے سینہ کا داغ داغ ہونا، سینہ کا پاش پاش ہو جانا۔
—— دبانا: (کنایتاً) بچے کا دودھ پینا۔
—— دھڑکنا: (۱) دل کانپنا، (۲) خوف چھانا، (۳) دل پر صدمہ گذرنا۔
—— دینا: بچے کو دودھ پلانا۔
—— سراہنا: کسی کے صبر، تحمل، ہمت، جرأت وغیرہ کی تعریف کرنا۔
—— سے پتھر ٹلنا: (کنایتاً) (۱) دل کا بوجھ دور ہونا، (۲) بیٹی کا بیاہا جانا۔
—— سے لگا کر رکھنا: بہت پیار سے پاس رکھنا، حفاظت سے رکھنا۔
—— کا پھوڑا: مذکر، وبالِ جان، اپنی طبیعت کے مخالف آدمی۔
—— کا جم: مذکر، (۱) موت کا فرشتہ، (۲) ناگوار خاطر، بارِ خاطر، (۳) وہ ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے، ہر وقت چھاتی پر موجود رہنے والا، ڈھیٹ۔
—— کرنا: قبائحی دکھانا۔
—— سے لگانا: (۱) بہت محبت سے کسی کو گلے لگانا، (۲) تسلی دینا، چمکارنا۔
—— کا پتھر/—— کا پہاڑ: (۱) ناگوارِ خاطر، (۲) جوان بن بیاہی یا رانڈ بیٹی، (۳) آدمی پر غم، قرض اور ہر قسم کا بار جو ٹالے نہ ٹلے یا جس کا ٹلنا مشکل ہو۔
—— کوٹنا: (۱) ماتم کرنا، (۲) کسی کی دولت پر جلنا۔

چھاتی کی سِل: چھاتی کا پتھر۔
___ کے کواڑ: مذکر؛ سینہ کے دائیں بائیں طرف کے پہلو۔
___ کے کواڑ کھلنا: (۱) سینہ پھٹ جانا، (۲) ایک دفعہ ہی چیخ نکلنا، زور کی آواز نکلنا، چیخ پڑنا۔
___ گز بھر کی ہو جانا: خوش ہو جانا، اولاد کی اطاعت و فرمانبرداری سے خوش ہونا۔
___ مسوسنا: (۱) افسوس کرنا، دل پکڑ کر رہ جانا، صدمہ اٹھانا (۲) صدمہ دینا، دل دکھانا، رنج دینا۔
___ نکال کر چلنا: اکڑ کر چلنا۔
چھاتیاں چڑھنا: (دودھ کی افراط سے) چھاتیوں کا پھول جانا۔
___ نکلنا: عورت کے سینے کا ظاہر ہونا۔
چھاج: مذکر؛ سوپ، غلہ پھٹکنے کی ایک چیز
___ میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا: (۱) اُلٹا کام کرنا، کسی کو رسوا کرنا، (۲) بات کا بتنگڑ بنانا۔
چھاجوں برسنا: کثرت سے بارش ہونا۔
___ پانی پڑ گیا: (۱) بہت سا مینہ برس گیا، (۲) نہایت شرمندگی اٹھانا پڑی۔
چھاچھ: مونث؛ (۱) مٹھا، (۲) وہ ترش سفید دودھ جو گھی گرم کرنے کے بعد نیچے بیٹھ جاتا ہے۔
چھاگل: مونث؛ (۱) چھوٹی سی مشک، (۲) پانو کا زیور۔
چھال: مونث؛ بکل، درخت کے اوپر کا چھلکا۔
چھالا: مذکر؛ (۱) آبلہ، پھپھولا، (۲) تلوار کے لوہے یا شیشے پر کا داغ۔
___ پڑنا/ چھالا ہونا: آبلہ کا نمودار ہونا، پھپھولا پڑنا۔
چھالیا: مونث؛ سپاری، ڈلی۔
چھان: مونث؛ کسی چیز کی تحقیقات۔
___ بین/ چھان بنان/ چھان پھٹک: مونث؛ بحقیق اچھی طرح کی دیکھ بھال۔
___ ڈالنا/ چھان مارنا: (۱) ڈھونڈ ڈالنا، بہت تلاش اور جستجو کرنا، (۲) چھلنی کر دینا۔
چھانا: (۱) سایہ کرنا، چھت بنانا، (۲) پھیلنا، بادلوں کا ہجوم (۳) دکنا یتا، غم چھانا۔
چھاؤں: مونث؛ (۱) سایہ، پرچھائیں، (۲) دکنا یتا، خفیف اثر۔
چھانٹ: مونث؛ (۱) چھپڑے (۲) کترن (۳) انتخاب (۴) کتر بیونت۔
چھانٹن: مونث؛ وہ چیز جو چھانٹنے کے بعد بچ رہے، کترن
چھانٹنا: مونث؛ (۱) چننا، انتخاب کرنا، چند چیزوں میں سے الگ کرنا، (۲) پسند کرنا، (۳) شاخ کا کاٹنا، (۴) سر کے بال کترنا، (۵) کپڑوں کی قطع و برید کرنا، (۶) صاف کرنا، (۷) مختصر کرنا، (۸) گوشت کے ٹکڑے کرنا، (۹) چرب زبانی کرنا، (۱۰) کم کر دینا، (۱۱) میلے کپڑے پتھر پر پٹک پٹک کر دھونا۔
چھاننا: (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا، (۲) صاف کرنا، نتھارنا، (۳) جانچنا، پرکھنا، (۴) دیکھ بھال ڈالنا۔
چھاؤ: مونث؛ (۱) سایہ، چھاں، (۲) دو چیزوں یا دو شخصوں میں مشابہت (۳) پرتو، پرچھاواں، کرن۔
چھاونی: مونث؛ (۱) چھاؤں کرنے کی چیز، خس پوش، کھپریل مکانات (۲) کیمپ، سپاہیوں کی بارکیں۔
___ چھانا/ چھاونی ڈالنا: (۱) خس پوش کرنا مکانوں کا، (۲) (کنا یتاً) ڈیرے ڈالنا، کسی جگہ رہ جانا۔
چھایا: (۱) مونث: چھاؤں، سایہ، عکس۔

چھ۔ ب

چھب: مونث؛ (۱) آرایش، زیب و زینت، (۲) ناز و انداز، (۳) خوب صورتی، مناسب اعضا، اعضا کی بناوٹ، انداز جسم۔
___ تختی: مونث؛ سینے اور جسم کی خوب صورتی، گات اور جسامت کی خوش وضعی۔
___ گٹھری میں اور صورت طباق میں: (مثل) عزت عمدہ پوشاک سے اور رنگ روپ عمدہ غذا سے ہوتا ہے۔
چھبڑا: مذکر؛ ٹوکرا، چھبیا۔
چھبندا: ایک زہریلا کیڑا جس کا کاٹا جلد مر جاتا ہے۔

چھبیلا : مذکر؛ خوش وضع، رنگیلا، جامہ زیب۔

چھ۔پ

چھپا / چُھپیا : مذکر؛ پوشیدہ، مخفی۔
—— رُستم : مذکر؛ (۱) لوگوں میں ظاہر نہ ہونے والا اپنے ہنر اور فن میں کامل شخص، پوشیدہ، کامل فن، (۲) چُھپ بدمعاش، چھپا بدذات، ظاہر میں غریب اور درپردہ نہایت شریر شخص، بڑا بھاری شریر۔
—— رکھنا : پنہاں رکھنا۔
چھپانا : (۱) پوشیدہ کرنا مخفی کرنا، ڈھانکنا، (۲) پردہ کرنا۔
چُھپاکا : مذکر؛ (۱) پانی کی مُنہ پر ڈالنے کی آواز، (۲) چھینٹا۔
چھپائی : مونث؛ (۱) چھاپنے کا کام، (۲) چھاپنے کی اُجرت۔
چھپٹی : مونث؛ (۱) لکڑی کی چھپلن، (۲) (کنایتاً) دُبلا، لاغر، پتلا۔
چھپر پر تو پھوس بھی نہیں : بڑا کنگال ہونا۔
چھپر پر رکھنا / چھپر پر رہنے دینا : الگ کرنا، خاطر میں نہ لانا۔
—— پھاڑ کر دینا : بے وسیلے رزق پہنچانا، (اس جگہ سے دلانا جہاں سے اُمید نہ ہو۔)
—— ٹوٹ پڑنا : یکایک مصیبت آجانا۔
—— رکھنا : (کنایتاً) بارِ احسان رکھنا، بڑا بھاری احسان کرنا، (۲) بوجھ رکھنا، الزام رکھنا۔
چھپر کھٹ : مذکر؛ وہ پلنگ جس کے اوپر چھتری اور پوشش ہو، چھتری دار پلنگ۔
چھپکا : مذکر؛ (۱) پانی کا بڑا چھینٹا، چھینٹا، تریڑا، (۲) جھومر کی طرح بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکایا جانے والا زیور، (۳) پگھلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا، (۴) کنڈی میں لگا ہوا لوہے کا پتر۔
چھپکلی : مونث؛ (۱) چپلپاسہ، ایک رینگنے والا جانور، جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے، (۲) (کنایتاً) دُبلی پتلی عورت۔
چھپنا : طبع ہونا، مُہر لگنا، نقش و نگار بننا، عکس اُترنا۔
چھپنا / چُھپنا : (۱) پوشیدہ ہونا، پنہاں ہونا، مخفی ہونا، (۲) آنکھ بچانا، دُبکنا، (۳) ڈوبنا، غائب ہونا۔ (۴) دیوار وغیرہ پر مٹی چڑھنا، لیپا جانا، سُفیدی، (۵) پردہ کرنا، اُوٹ کرنا۔
چھ / چھے : ۶ کا عدد۔
—— ماہی : مونث؛ مرنے کے بعد چھٹے مہینے کا فاتحہ اور کھانا۔
—— پانچ کرنا : (۱) شش و پنج میں ہونا، (۲) شرارت کرنا، باتیں بنانا۔
چھبیس : بیس اور چھ (۲۶)
چھپن : پچاس اور چھ (۵۶)
چھتیس : تیس اور چھ (۳۶)
چھہتر / چھیاسٹھ : ساٹھ اور چھ (۶۶)
چھہتر : ستر اور چھ (۷۶)
چھیاسی : اسی اور چھ (۸۶)
چھیالیس : چالیس اور چھ (۴۶)
چھیانوے : نوّے اور چھ (۹۶)

چھ۔ت

چھت : مونث؛ (۱) پٹاؤ، سائبان، (۲) کوٹھا، (۳) (مجازاً) چھت گیری۔
چھتیں اُڑنا : (کنایتاً) تحسین و آفرین کا گرم جوشی سے شور و غل۔
چھت پٹنا : چھت پڑنا۔
چھت ٹپکنا / چھت چُونا : چھت سے پانی ٹپکنا۔
—— گیری : مونث؛ چھت کے نیچے لگایا ہوا کپڑا۔
چھتنا : مذکر؛ (۱) کچھ دُور تک پٹا ہوا راستہ، (۲) محال (مہال) شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کے رہنے کا گھر۔ (۳) گھاس کا پھیلاؤ۔
چھتنارا : کثرت سے شاخوں اور پتوں والا درخت۔
چھتر : مذکر؛ (۱) بڑا چھاتا، چتر، بادشاہ کے سر کی چھتری، (۲) شلیمانہ نگیرا، (۳) (کنایتاً) پناہ گاہ، مامن۔
—— پتی : (کنایتاً) راجا، بادشاہ۔
چھترانا : بکھیرنا۔
چھتری : مونث؛ (۱) چھوٹا چھاتا، (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا

ایک ٹھٹھر، (۳) ایک قسم کا گنبد دار محل، (۴) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹھر، (۵) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال۔

چھتری: ہندوؤں کی ایک قوم کا نام۔

چھتہرا: مذکر: ناپاک۔

چھتیانا: بندوق کی شست باندھنا۔

چھتیسا/چھتیسا: مذکر: مکار، عیار۔

چھتیساپن: مذکر، عیاری، مکاری، چالاکی۔

چھ - ٹ

چھٹ: بجز، سوا، حرف استثناء۔

___ بھتے: ادنا درجے کے لوگ، نیچ۔

چھٹا/چھٹا ہوا/چھٹیل: بڑا بدمعاش۔

چھٹانک: مونث (۱) وزن، سیر کا سولھواں حصہ، (۲) پانچ تولہ۔

چھٹپن/چھٹپنا: مذکر: بچپن، لڑکپن۔

چھٹکا: مذکر: چھوٹا۔

چھٹکا: مذکر: فینس کا رنگین اور منقش پردا۔

چھٹکارا: مذکر: رہائی، فرصت، مہلت۔

چھٹکانا: پراگندہ کرنا، پھیلانا۔

چھٹکنا: (۱) بکھرنا، پراگندہ ہونا، پھیلنا، منتشر ہونا، (۲) تارے چمکنا، روشن ہونا، چمکنا، (۳) فوطہ یا بیضہ کا جھٹکا کھا کر بڑھ جانا، (۴) زہر کا اثر پھیلنا، (۵) اعضاء کا سست اور مضمحل ہونا۔

چھٹنا: (۱) صاف ہونا، مواد نکلنا، (۲) دُبلا ہونا، گھٹنا، (۳) چُنا جانا، (۴) قلم ہونا، ترشنا، (۵) جُدا ہونا۔

چھُٹنا: (۱) رہا ہونا، (۲) برطرف ہونا، موقوف ہونا، (۳) باقی رہنا، (۴) ڈھیلا پڑنا، سست ہونا، (۵) نکلنا، جاری ہونا، جلنا، (۶) دَغنا، سر ہونا، (۷) علاحدہ ہونا جدا ہونا، (۸) چپکی ہوئی چیز کا کھلنا، (۹) نجات پانا، بچنا، (۱۰) شے مرہونہ کا رہن سے چھوٹنا۔

چھٹوانا: رہا کرانا، جاری کرانا، جُدا کرانا۔

چھٹی: بچہ پیدا ہونے کے چھ روز کے بعد کی رسم۔

___ کا دُودھ یاد آنا: مصیبت میں آرام اور عیش گزشتہ کا یاد آنا، نہایت مصیبت میں گھبرا جانا۔

___ کا دُودھ نکلنا/چھٹی کا کھایا پیا نکلنا: گزشتہ آرام و راحت کی کسر نکلنا۔

___ کا کھانا: چھٹے روز زچہ کا عمدہ کھانا

___ کے پُوت ترڑے اب تک نہیں سُوکھے: (مثل) ہنوز ناتجربہ کار ہے، بچہ ہے۔

___ نہانا: بچہ ہونے کے چھ روز بعد کا غسل کرنا۔

چھٹی: مونث: (۱) تعطیل، اجازت، (۲) موقوفی، برطرفی، (۳) نقالوں کے چھوٹے چھوٹے لطیفے، (۴) چھٹکارا۔

___ دینا: (۱) رخصت دینا، اجازت دینا، (۲) برطرف کرنا، (۳) طالب علم کو مکتب سے چھوڑنا، یا تعطیل دینا۔

___ ملنا: (۱) فراغت پانا، رخصت ملنا، (۲) موقوف ہونا، برخاست ہونا، تعطیل ملنا۔

چھٹے چھماہے: کبھی کبھی، شاذ و نادر۔

چھ - ج ، چھ - چ

چھجا: مذکر: آگے بڑھا ہوا چھت کا حصہ، برآمدہ۔

چھچھڑا: مذکر: گوشت کا پتلا اور بے کار حصہ۔

چھچھکارنا: کتا پیچھے دوڑانا، سیٹی بجانا۔

چھچھلا: مذکر: (۱) اتھلا، (۲) کم گہرا۔

چھچھلی: مونث: کم گہری طشتری۔

چھچھلنا: کسی چیز کا کسی چیز پر سے چھوتے ہوئے جلد گذر جانا۔

چھچھلتی ہوئی: مونث: (۱) وہ چیز جو کسی چیز پر سے اوپری اوپر گذر جائے، (۲) وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔

چھچھورا: مذکر: پیٹ کا ہلکا، کم ظرف، غیر شائستہ۔

___ پن/چھچھورپن: مذکر: ہلکا پن، سفلہ پن، کمینہ پن۔

چھچھوندر: مونث: (۱) چوہے کے برابر ایک قسم کا بدبودار جانور، (۲) ایک قسم کی آتش بازی، (۳) کنایتاً: اِدھر اُدھر پھرنے اور لڑانے والی عورت۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل : (مثل) اچھی چیز بُرے کو زیب نہیں دیتی۔

چھ - د

چُھدا : مذکر؛ (۱) الزام، تہمت، (۲) گلہ، شکوہ۔
——— اُتارنا : (۱) گلہ مٹانا، شکوہ مٹانا، (۲) الزام دُور کرنا، (۳) اوپری دل سے کوئی کام کرنا، بوجھ اُتارنا۔
——— دھرنا / چُھدا رکھنا : الزام دینا، بُہتان دینا۔
چھدام : مونث؛ دمڑی، (ایک پُرانا سکّہ جواب متروک ہے)
چُھدرا : مذکر؛ جھرجھرا، چھیدنار، (۲) دُور دُور فرق سے۔
——— کر چلنا : ٹانگیں کھول کر چلنا۔
چھدنا : سوراخ دار ہونا، (۲) چُبھنا، (۳) مجروح ہونا۔

چھ - ر

چَھرّا : مذکر؛ (۱) بندوق کی چھوٹی چھوٹی گولیاں، سنگ ریزہ، (۲) گھنگھرو وغیرہ میں ڈالے ہوئے سنگ ریزے، (۳) (کنایتاً) طعن وطنز کی بوچھار۔
——— چلنا : (۱) (کنایتاً) سنگ ریزوں کی بوچھار ہونا، (۲) گالیوں کا متواتر پڑنا، (۳) بترا کرنا۔
چُھرا : مذکر؛ بڑا چاقو۔
چُھری : مونث؛ بند نہ ہونے والا لمبا چاقو، چھوٹا چُھرا۔
——— پھیرنا : (۱) ذبح کرنا، (۲) (کنایتاً) تکلیف دینا، آزار پہنچانا، رنج دینا، ظلم کرنا۔
——— تلے دم لینا : نہایت تکلیف میں صبر کرنا، ٹھہرنا، تامل کرنا۔
——— تیز رہنا : ظلم وستم کرنے کے لیے تیار رہنا، مارنے کو مستعد رہنا۔
——— تیز ہونا : (۱) چُھری پر باڑھ رکھی جانا، (۲) ظلم وستم پر آمادگی ہونا۔
——— چلنا : چُھریوں سے مار کٹائی ہونا، لڑائی ہونا، اَن بَن ہونا، رنج پہنچنا۔
——— دکھانا : قتل کرنے کی دھمکی دینا۔
چُھری کٹاری ہونا : مونث؛ (۱) لڑائی جھگڑا ہونا، (۲) بحث وتکرار ہونا۔
——— مارنا : (۱) چُھری بھونکنا، گھائل کرنا، (۲) (کنایتاً) بُری بات کہنا، ناگوار بات کہنا۔
چُھریاں بھونکنا : (کنایتاً) نہایت تکلیف پہنچانا۔
چھَریرا : مذکر؛ دُبلا، پتلا، ہلکا پھلکا، دُبلا، لانبا مرد۔

چھ - ڑ

چَھڑ : مونث؛ (۱) پتلا اور لمبا بانس، نیزہ، (۲) عَلَم کی چوب، نیزے کی چوب، (۳) کبوتروں کو پکڑنے یا مچھلی کا شکار کرنے کا پھندا لگا ہوا پتلا لانبا بانس (۴) بنسی۔
چَھڑا : (۱) تنہا، اکیلا، (۲) مذکر؛ بانڈ کا زیور۔
چُھڑانا : (۱) رہا کرانا، (۲) ایک کو دوسرے سے الگ کرنا، (۳) نوکری سے علاحدہ کرنا، (۴) نجات دینا، (۵) بخشنا، معاف کرنا، (۶) بندوق چلانا، آتش بازی کا چھوڑنا، توپ سر کرنا، (۷) بچانا، محفوظ رکھنا، (۸) واگزاشت کرنا۔
چھڑائی : مونث؛ (۱) جرمانہ، چُھڑائی کی اُجرت، (۲) کنکوا بڑھانے کے لیے دوسرے کے ہاتھ سے چُھڑوانا۔
چھڑکاؤ : مذکر؛ پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا، آب پاشی۔
چھڑکنا : (۱) پانی کی چھینٹیں پھینکنا، (۲) تصدّق کرنا، (۳) تھوڑا تھوڑا ڈالنا، جیسے رنگ چھڑکنا، سفوف چھڑکنا۔
چھَڑنا : غلہ اس طرح کوٹنا کہ اُس کا پوست اُتر جائے اور غلہ سالم رہے۔
چھڑنا : (۱) شروع ہونا، (۲) بجنا۔
چُھڑوانا : چھیڑ خانی کرانا۔
چھڑی : مونث؛ (۱) پتلی لکڑی، بید، (۲) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی، (۳) گوکھرو اور چنبیلی وغیرہ کو سیدھا تانکنا، (۴) کسی بزرگ کے نام کی بنائی ہوئی جھنڈی، (۵) گل فروشوں کی پھول اور پتے لپٹی ہوئی سیدھی شاخ، (۶) تنہا، اکیلی۔

چھڑیوں کا میلہ : مذکر؛ کسی بزرگ کی چھڑیوں کے نام سے لگنے والا میلہ۔
چھڑے : مذکر؛ پانو کا زیور۔
—— چھٹانک : بالکل اکیلے سبک اور تنہا تنِ تنہا۔
چھڑیلا : مذکر؛ ایک خوشبودار بوٹی۔

چھ - ک

چھکا : مذکر؛ (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا، (۲) گنجفہ یا تاش کا چھ علامتوں یا نقطوں والا پتہ۔
چھک جانا : (۱) سیر ہونا، آسودہ ہوجانا۔
چھکا چھک : مونث؛ (۱) سیر، آسودہ، (۲) نشے میں چور۔
چھکانا : پیٹ بھرنا، سیر کرانا، شراب پلا کے آسودہ کرنا۔
چھکڑا : (۱) اسباب لادنے کی بڑی گاڑی، (۲) انجر پنجر ڈھیلے ہوجانے والی چیز، ازکار رفتہ چیز۔
—— ہوجانا : کسی سواری کا تیز نہ چل سکنا، نکما ہوجانا، بے کار ہوجانا۔
چھکے چھوٹنا : (۱) گھبرا جانا، (۲) (کنایتاً) حواس باختہ ہونا۔
چھکے پنجے بھول جانا : کوئی تدبیر نہ بن پڑنا، ہوش و حواس جاتے رہنا۔

چھ - ل

چھل : مونث؛ (۱) دیوار کا گرا ہوا ٹکڑا، دیوار کی گری ہوئی چند اینٹیں، (۲) مذکر؛ مکر، فریب۔
—— بٹار چھل بٹے : مذکر؛ فریب، مکر، دم۔
—— بل کرنا : (۱) فریب حیلہ کرنا، (۲) شوخی، چالاکی دکھانا۔
—— کرنا : دھوکا دینا، حیلہ کرنا۔
چھلا : مذکر؛ (۱) حلقہ، قلابہ، کڑا، (۲) ہاتھ پانو کی انگلیوں میں پہنا جانے والا دھات کا حلقہ، (۳) کلابتوں یا ریشم کے گول گول ڈالے ہوئے نشان، (۴) ایک طرف پختہ اور دوسری طرف کچی گھر کی دیوار۔
—— پڑنا : پانی کا آچھو ہوجانا۔
—— دھو کر اٹھانا : منت کا چھلا پاک کر کے رکھنا۔
چھلا چھبیلا : مذکر؛ شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل۔
چھلے کا شگن : محبت جتانے کے لیے معشوق کا چھلا لال کر کے اپنے جسم پر لگایا ہوا داغ۔
چھلانگ : جست، چوکڑی، قلانچ۔
چھلاوا : مذکر؛ (۱) چھل دینے والا، (۲) (اصطلاحی) آسیب، غول بیابانی، (۳) (کنایتاً) شوخ طرار معشوق۔
—— سا پھرنا : شوخی دکھانا۔
چھلّب دار : (۱) دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گانے والے ایک قسم کے ڈوم، (۲) آگ پر لوٹنے والا سید احمد کبیر کے مریدوں کا گروہ۔
چھل پلانا : (دہلی) بازار میں کھڑے ہو کر پیاسوں کو کٹورے بجا بجا کر پانی پلانا۔
چھلچھلانا : (۱) پانی چھوڑنا، (۲) پیشاب کرنے کی آواز، (۳) اترانا۔
چھلک : مونث؛ پانی کا لبالب ہو کر گرنا۔
چھلکانا : لبریز چیز کو لبالب بھر کر گرا دینا۔
چھلکنا : (۱) رقیق چیز کا لبالب ہو کر بہنا، (۲) (کنایتاً) تھوڑی سی جاہ و حشمت پر غرور کرنا، نخوت و غرور کی باتیں زبان پر لانا۔
چھلنا : (۱) فریب دینا، جل دینا، (۲) مذکر؛ بڑی چھلنی۔
چھلنا : کسی چیز کا پوست اتر جانا، چمڑا اکھڑ جانا، کھال ادھڑ جانا۔
چھلنی : مذکر؛ چھاننے کا آلہ، کسی چیز کے چھاننے کا سوراخ دار برتن۔
—— میں ڈال چھاج میں اڑانا : رسوا کرنا، بات کا بتنگڑ بنانا ذرا سی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا۔
—— کیا بولے جس میں بہتر سو (سو) چھید : (مثل) جس میں خود عیب ہوں وہ دوسروں کی نکتہ چینی کیا کرے۔
—— ہوجانا : (کنایتاً) (۱) سوراخ سوراخ ہوجانا، (۲) چھت یا کسی چیز کا چھلنی کی طرح سوراخ دار ہوجانا۔
چھلی چھلیا : مونث؛ لڑکوں کا ایک کھیل۔
چھلیا : (۱) مذکر؛ فریبی، مکار۔

چھ م — چھ - ن

چھما : (۱) مونث؛ معافی، رحم۔
چھنا : مذکر؛ بڑی چھنی۔

چھن : (ا) مذکر؛ لمحہ، لحظہ، پل۔
چھَننا : (ا) کسی چیز کا چھلنی سے نکلنا، چھانا جانا، (۲) تیروں یا گولیوں سے بدن کا چھید جانا، (۳) سوراخ سوراخ ہونا، چھید ہونا، (۴) لڑائی ہونا، بگاڑ ہونا، (۵) صاف ہونا تحقیقات یا بحث مباحثہ ہو کر کسی امر کا طے ہونا، (۶) شمع یا آفتاب وغیرہ کی روشنی باہر نکلنا۔
چھنال : مونث؛ بدکار عورت، فاحشہ، بدذات عورت، (۲) شوخ، بیباک، بے حیا۔
چھَنٹاؤ : مذکر؛ چھَنٹن، چھانٹ، تراش۔
چھنٹنا / چھٹنا : (ا) صاف ہونا، (۲) کم ہونا، (۳) چُنا جانا۔
چھنٹیل : اچھا حصہ نکالنے کے بعد باقی بچی ہوئی خراب چیز۔
چھَنڈ : مذکر؛ (ا) مکر، فریب، دَجل، (۲) مونث؛ نظم، (۳) (ھ) علم عروض، بیت، گانے کی تال۔
ـــــ بَنڈ : مذکر؛ فریب، چالاکی، عیاری۔
چھنکارنا : دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا، شیر گرم ہونا۔
چھنکنا : ناک صاف کرنا۔
چھَنگا : مذکر؛ چھ انگلیوں والا آدمی۔
چھُنگلی / چھِنگلیا : مونث؛ ہاتھ یا پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔
چھِننا : زبردستی لے لیا جانا۔
چھَنی : مونث؛ صافی، چھاننے کا مہین کپڑا یا کوئی سوراخ دار برتن۔

چھ - و

چھُو : مونث؛ کچھ پڑھ کر پھونکنے کی آواز، جادو، افسوں منتر دم۔
ـــــ چھا : مونث؛ (ا) چھو، (۲) مذکر؛ خالی نچڑا ہوا، (۳) کمینہ۔
ـــــ کرنا : دم کرنا، دُعا پڑھ کر پھونکنا۔
ـــــ مَنتر : مذکر؛ جادو یا افسوں پڑھ کر پھونکنا۔
ـــــ منتر ہو جانا : غائب ہو جانا، ختم ہو جانا، دفع ہو جانا۔
چھُوارا / چھُہارا : مذکر؛ خرما، سوکھی کھجور۔
ـــــ بیر : مذکر؛ سرخ اور شیریں لمبا بیر۔
چھُوانا : چھت پر کھپریل لگوانا، چھپر ڈلوانا۔
چھُوانا : لگانا، مس کرنا۔
چھوپ چھاپ : مونث؛ دیوار کی مرمت کرنا۔
چھُوپا : مذکر؛ ترمتی سے دیوار کا سوراخ بند کرنا۔
چھوپنا : لیپنا، ترمتی سے سوراخ بند کرنا۔
چھُوت : مونث؛ ناپاک آدمی کا سایہ (۲) ناپاکی، نجاست، (۳) نجس۔
ـــــ جھاڑنا : نجس آدمی کا سایہ دفع کرنا۔
چھُوت : مذکر؛ گوبر، گندگی۔
چھُوٹ : (ا) رہائی، آزادی، (۲) فرصت، چھٹکارا، (۳) تخفیف، قیمت میں کمی۔ (۴) (پٹیت، پچکسیت یا بکیت کی اصطلاح) مقابلے میں حریف کو اجازت ہو کہ جہاں موقع پائے بے قاعدہ وار کرے، (۵) بے تکلفانہ مزاح، مذاق، گالی گلوچ، پھکڑ، (۶) طلاق، (۷) پرتو، عکس، چمک۔
ـــــ پڑنا : کسی چیز کا کسی چیز پر عکس پڑنا۔
ـــــ لڑنا : (ا) لکڑی کا فن جس میں ایک شخص متعدد لکڑی پھینکنے والوں سے مقابلہ کرتا ہے، (۲) باہم کھلی کھلی گالیاں دینا۔
چھوٹا : مذکر؛ (ا) اوچھا، تنگ، (۲) قد میں کم، عمر میں کم، (۳) کمینہ (۴) کم، (۵) ادنا۔
ـــــ چلا : مذکر؛ ذبح کو دیا جانے والا دسواں، بیسواں اور مہینے کا غسل۔
ـــــ کپڑا : مذکر؛ انگیا۔
ـــــ گھر بڑا اسمد دھیانا : (مثل) نام بڑا اور حیثیت کچھ نہیں۔
ـــــ مُنہ بڑی بات : (مثل) بڑوں کی عیب گیری، کم رتبہ اور بے حقیقت کا اپنے حوصلے سے زیادہ دعوا۔
چھُوٹتے ہی : فوراً، بلا تامل، جھٹ سے۔
چھُوٹنا : کھلنا، رسی تڑانا، بچنا۔
چھوٹے گانو سے ناتہ کیا : (مثل) جس سے کچھ تعلق نہ رہا ہو اس سے کوئی علاقہ نہیں۔
چھُوٹی : چھوٹا کا مونث۔
ـــــ اُمت : مونث؛ نیچ قوم، فرومایہ، ذلیل آدمی۔
ـــــ بات : مونث؛ خفیف معاملہ۔
چھُوٹے بڑے : امیر غریب، اعلا، ادنا، بچے اور بوڑھے۔
چھُوٹے دل کا : پست ہمت، کم حوصلہ۔

چھوٹی کھونٹی کا (گھوڑے اور آدمی) پست قد، کم درجہ، کم حیثیت۔
چھوچک / چھوچھک: مونث؛ — زچہ خانہ کی رسم چھٹی کے دن نانی بچے کے لیے کپڑے، کھلونے، جھولا اور دوسرا سامان لاتی ہے اسے "چھوچھک" کہتے ہیں۔
چھوچھو: (۱) دایہ، کھلائی، لڑکیوں کی خدمت کے واسطے ملازمہ، امیروں کے بچوں کی پرورش کرنے والی عورت، (۲) ساتھ ساتھ کھیل کر بڑی ہونے والی ہم عمر لونڈی۔
چھور: (۱) مذکر؛ کنارا۔
چھورا: مذکر؛ چھوکرا، لڑکا۔
چھوڑانا: چھوڑنا کا متعدی۔
چھوڑنا: (۱) نجات دینا، (۲) بخشنا، معاف کرنا، (۳) بندوق چلانا، (۴) بچانا محفوظ رکھنا، (۵) واگذاشت کرنا، (۶) استعفا دینا، نوکری سے علاحدگی اختیار کرنا، (۷) طلاق دینا، (۸) ہجرت کرنا، (۹) جھٹکنا، (۱۰) علاحدہ کرنا، (۱۱) مکان خالی کرنا، (۱۲) لڑھکانا، (۱۳) جاری کرنا، پانی بہانا، (۱۴) رہا کر دینا، آزاد کر دینا، (۱۵) بچنبہ باقی رکھنا، (۱۶) ہاتھ سے ڈال دینا کسی شے پر، (۱۷) ترک کرنا، (۱۸) درگزر کرنا، تنبیہ و سزا سے، (۱۹) کسی چیز کے لینے یا کوئی بات کہنے سے باز آنا، (۲۰) شکاری جانور کو دوسرے جانور پر چھیڑنا۔
چھوکرا: مذکر؛ (۱) لڑکا، (۲) غلام، چیلا، (۳) نادان، ناتجربہ کار۔
چھول داری: مونث؛ چھوٹا خیمہ، (سپاہیوں یا ملازموں کے رہنے کا) (ملانگ) ٹینٹ۔
چھونا: مس کرنا، ہاتھ لگانا۔
چھونہ جانا: بالکل نہ ہونا، کورا ہونا۔
چھونچھا: مذکر؛ (۱) ہر خالی چیز، (۲) مفلس، تہی دست۔
چھونچھی: مونث؛ نرگل کی نلی۔
چھونک: مذکر؛ بگھار، داغ۔
چھونکنا: بگھارنا۔ گھی داغ کرنا۔
چھوئی موئی: مونث؛ (۱) لاجونتی، ایک قسم کی بوٹی کے پتے جو ہاتھ لگانے یا سایہ پڑنے سے مرجھا جاتے ہیں، پھر تھوڑی دیر میں ٹھیک ہو جاتے ہیں، (۲) (کنایتاً) نہایت نازک مزاج۔

چھ - ی

چھیپ: (۱) جمائین، دھبا، داغ، برص، (۲) مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی (۳) زین کا تسمہ۔
چھیپی: (۱) کپڑا چھاپنے والا، (۲) کپڑا بندھی ہوئی چھڑی۔
چھیچ: مونث؛ کمی، نقصان، کسی چیز کے بار بار بولنے، اٹھانے رکھنے، سوکھنے، سکھانے سے ہونے والی۔
چھیجنا: (۱) کم ہونا، گھٹنا، زوال ہونا، (۲) مرنا، جان سے جانا۔
چھیچھالیدر: پریشانی، مصیبت۔
چھیچھڑا / چھیچھڑا: گوشت کا ناکارہ اور ردی حصہ۔
چھید: مذکر؛ (۱) سوراخ، (۲) گڑھا، بل۔
——ڈالنا: (۱) کسی چیز میں سوراخ کرنا، (۲) (کنایتاً) طعن طنز کی باتیں کرنا۔
——کرنا / چھیدنا: سوراخ کرنا۔
چھیڑ: مونث؛ چھیڑ خانی، دل لگی، (۲) آزار دہی، (۳) اشتعال دلانا، (۴) ابتدائے فساد۔
——چھاڑ: مونث؛ (۱) ہنسی مذاق، نوک جھونک، (۲) تحریک ابتدار فساد کی۔
——خانی: مونث؛ دل لگی، ٹھٹھا، کاوش، اشتعال طبع۔
——نکالنا: چڑ نکالنا، طعنہ زنی کرنا۔
چھیڑنا: (۱) چھونا، ہاتھ لگانا، مس کرنا، (۲) گدگدانا، گدگدی کرنا، (۳) ستانا، کسی بات کی ابتدا کر کے کسی کو آزردہ کرنا، بھڑکانا، رنجیدہ کرنا، اشتعال دلانا، (۴) ایڑ دینا، گھوڑا تیز کرنے کے لیے گھوڑا دوڑانا، (۵) مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا، (۶) تذکرہ کرنا، ابتدا کرنا، (۷) جتانا، آگاہ کرنا، (۸) گھوڑے پر نشتر لگانا، (۹) ساز بجانے کی ابتدا کرنا، (۱۰) کوئی راگ شروع کرنا۔
چھیل: مذکر؛ بانک پن، البیلا پن، رنگیلا پن۔
——چھبیلا: مذکر؛ کپڑے رنگنے کی خوشبودار گھاس۔
——چھکنیا: (ع) مذکر؛ بانکا، ترچھا، رنگیلا۔
چھیلا: مذکر؛ مونث؛ اچھا لباس پہن کر بنا ٹھنا رہنے والا۔
چھیلن: مونث؛ تراشا، جو کچھ چھیلنے سے نکلے۔

چھیلنا : (ا) پوست اُتارنا، کھرچنا، (۲) خراش کرنا، (۳) کھجلی کرنا۔

چھینا جھپٹی / چھین جھپٹ / چھینا چھانی : مونث؛ جلدی اور چالاکی سے کوئی چیز کسی سے لے لینا، کسی کے ہاتھ سے کچھ لے کر بھاگنا۔

چھین چھان لینا : چھین لینا۔

چھینٹ : مونث؛ (ا) بوند، کسی رقیق چیز کا قطرہ، (۲) رنگین چھپا ہوا کپڑا، (۳) داغ، دھبا، (۴) (کنایتاً) مشابہت، شباہت۔

چھینٹا : مذکر؛ (ا) پانی یا عرق کا ہاتھ سے اُچھال کر کسی پر مارنا، (۲) ہلکی بارش، (۳) فریب، دھوکا، (۴) مذاق، چانڈو کا ایک دم، (۵) طعنہ۔

—— پڑنا : ہلکی سی بارش ہونا۔

—— دینا : (ا) پانی کے چھینٹے دینا، (۲) چیچک مرجھانے کے بعد غسل صحت دینا، (۳) فریب دینا، دم دینا، (۴) لالچ دینا، طمع دینا۔

—— مارنا : (ا) پانی یا رنگ وغیرہ کا چھینٹا دینا، (۲) (مجازاً) سرد کرنا، تسکین دینا۔

چھینٹوں میں آنا : دم میں آنا، فقروں میں آنا، دھوکا کھانا۔

چھینٹے چلنا : (ا) دو شخصوں کا باہم منہ پر پانی اُچھالنا، (۲) (کنایتاً) لعنے دیے جانا۔

چھینٹے دینا : (ا) فریب دینا، باتیں بنانا، (۲) آمادہ کرنا، اشتعال دینا، اُکسانا۔

—— کسنا : طنز کرنا، طنزیہ فقرے کسنا۔

—— لڑنا : (ا) دو آدمیوں کا پانی کے چھینٹے ایک دوسرے پر ڈالنا، (۲) (کنایتاً) روبرو سوال و جواب کرنا، باہم مقابلہ کرنا۔

چھینک : مونث؛ ناک سے سردی یا کھجلی کی وجہ سے نکلنے والی آواز۔

—— مارنا : چھینک دینا۔

—— ہونا : شگون بد ہونا۔

چھینکتے ہی ناک کٹی : سر منڈاتے ہی اولے پڑے، ابتدا ہی بگڑی۔

چھینکا : مذکر (ا) کھانا وغیرہ رکھنے کے واسطے چھت میں لٹکانے والی لٹکن، (۲) چوپایوں کے منہ پر لگانے والی جالی۔

چھیننا : چھین لینا، کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز زبردستی لے لینا۔

چھینی : مونث؛ ٹانکی، لوہا یا پتھر کاٹنے کا اوزار،

ح

ح : اُردو حروفِ تہجی کا ایک حرف، حائے حطی، حائے مہملہ، حائے غیر منقوطہ حسابِ جمل (ابجد) میں اس کے آٹھ عدد ہیں۔

ح - ا

حاتم : (ع) مذکر، عرب کے قبیلہ طے کے ایک نہایت سخی سردار کا نام حاتم طائی، (۲) (کنایتاً) بڑا سخی، فیاض۔

—— کی گور پر لات مارنا : (کنایتاً) حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا، بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانے پر طنزاً کہنا۔

حاجب : (ع) مذکر؛ (ا) دربان، چوب دار، (۲) پردہ۔

حاجت : (ع) مونث؛ (ا) خواہش، ضرورت، (۲) آرزو، اُمید، مراد۔

—— بر آنا : مراد پوری ہونا۔

—— خواہ : (ف)؛ سائل، محتاج، مانگنے والا۔

—— رفع کرنا : (ا) کسی کا کوئی کام نکالنا، (۲) پاخانے جانا۔

—— روا : (ف) حاجت پوری کرنے والا۔

حاجتی : مونث؛ (ا) بیماروں کا چارپائی پر پڑے پڑے پیشاب کرنے کا ظرف، (۲) ضرورت مند، مراد خواہ۔

حاجی : مذکر؛ حج کرنے والا، حج کر کے آیا ہوا شخص۔

حاجی الحرمین : مذکر؛ حج کر کے اور مسجد نبوی کی زیارت کر کے آنے والا شخص۔

حادث : (ع)، نیا، زوال قبول کرنے والا، فنا ہونے والا، (۲) ایک اصطلاح فلسفہ۔

حادثہ : مذکر؛ واقعہ، مصیبت، زمانے کی گردش۔

حاذق : (ع)، ماہر، کامل، استاد، (حکیم کی صفت)۔

حارہ : گرم، گرمی کرنے والا۔
حارث : (ع) کھیتی باڑی کرنے والا۔
حارِج : (ع) روکنے والا، مزاحمت کرنے والا۔
حارّہ : (ع) صفت؛ گرم۔
حاسد : (ع) مذکر؛ حسد کرنے والا، بدخواہ، کسی کی نعمت چھن جانے کی تمنا کرنے والا۔
حاسّہ : (ع) مذکر؛ جس کرنے کی قوت کا نام، قوتِ احساس۔
حاشا : (ع) مونث؛ ہرگز نہیں، انکار بطور قسم۔
حاش للہ / حاشا ثم حاشا / حاشا و کلّا : (ع) (لفظی معنی پاک ہے خدا اس بات سے) ہرگز نہیں۔ (حاش للہ میں ایک شائبہ قسم کا بھی پایا جاتا ہے)۔
حاشیہ : (ع) مذکر؛ (۱) کنارہ، گوٹ، (۲) کور، لب۔ (۳) کتاب یا ورق کے چاروں طرف کا کنارہ، کپڑے کا کنارہ، لکھے ہوئے صفحہ کا چاروں طرف کا کنارہ، (۴) کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جانے والی شرح یا یادداشت، نوٹ، فٹ نوٹ، (۵) شرح کی شرح، (۶) شالی، رومال یا قالین وغیرہ کے گرداگرد کناروں پر بنے ہوئے بیل بوٹے۔
چڑھانا : (۱) گوٹ لگانا، نئے سرے سے سنجاف لگانا، (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا، (۳) اپنی طرف سے کسی بات میں اضافہ کرکے بیان کرنا۔
چھوڑنا : کنارہ چھوڑنا، چاروں طرف سے کاغذ چھوڑ کر لکھنا۔ فٹ نوٹ کی جگہ چھوڑنا۔
ــــ کا گواہ : کسی دستاویز کے حاشیے پر اپنا نام درج کرنے والا گواہ۔
ــــ لکھنا : (۱) حاشیہ چڑھانا، (۲) سبقت لے جانا، اضافہ کرنا۔
ــــ نشین : (ف) پاس بیٹھنے والے امیر کے مصاحب۔
حاصل : (ع) مذکر؛ (۱) کسی چیز کا بقیہ، (۲) آمدنی، پیداوار، منافع، (۳) نتیجہ، مطلب، خلاصہ۔
تفریق : مذکر؛ وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے۔
تقسیم : مذکر؛ خارج قسمت۔
ــــ جمع : مذکر؛ میزان، مجموعہ۔
ــــ ضرب : مذکر؛ ضرب دینے سے حاصل ہونے والا عدد۔
ــــ کرنا : (۱) بہم پہنچانا، پانا، (۲) کمانا، پیدا کرنا، (۳) جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔
ــــ کلام : بات کا نتیجہ، الغرض۔
ــــ مصدر : ایک اصطلاح نحو۔
ــــ ہونا : (۱) وصول ہونا، (۲) بہم پہنچنا، ہاتھ لگنا، (۳) فائدہ ہونا، مطلب نکلنا۔
ــــ نہ حصول : بے فائدہ، بے کار۔
حاضر : (ع) موجود، آمادہ، سامنے۔
حاضرات : مونث؛ (۱) جن، بھوت، بُری روحوں کے جمع کرنے کا جلسہ، (۲) حاضر عورتیں۔
حاضران / حاضرین : جمع حاضر کی۔
حاضر باش : (ف) مذکر؛ موجود رہنے والا، بروقت حاضر رہنے والا ملازم۔
ــــ جواب : (ف) وہ شخص جو فوراً موزوں اور مناسب جواب دے۔
ــــ میں حجت نہیں : جو موجود ہو بلا حجت و تکرار حاضر کر دینا۔
ــــ و ناظر : موجود اور دیکھنے والا، خدائے تعالا۔
ــــ ہونا : آموجود ہونا، آنا، پیش ہونا، سامنے ہونا۔
حاضری : (ف) (۱) حاضر، صبح کا ناشتہ، (۲) مونث؛ موجودگی (۳) مُردے کے وارثوں کو بعد دفن میت بھیجا جانے والا کھانا یا روپیہ (توشہ) (۴) حلوہ، شیرمال، کباب وغیرہ جس پر شہدائے کربلا حضرت عباس کا فاتحہ دیتے ہیں۔
ــــ دینا : (۱) اپنے آنے کی اطلاع دینا، حاضر ہونا، (۲) شیرمال وحلوا وغیرہ پر مُردے کی نیاز دلا کر غریبوں میں تقسیم کرنا، شہدائے کربلا حضرت عباس کی فاتحہ دلانا۔
ــــ لینا : گنتی کرنا، نام پکارنا۔
حاطہ / احاطہ : مذکر؛ دیواروں سے گھری ہوئی آراضی۔
حافظ : (ع) مذکر؛ (۱) نگہبان، حفاظت کرنے والا، (۲) قرآن

زبانی یاد کرنے والا شخص۔
حافظِ حقیقی : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ اصلی نگہبان، خدائے تعالا۔
حافظہ : مذکر؛ یاد رکھنے کی قوت۔
حاکم : (ع) (ا) حکم کرنے والا، ملک کا والی، سردار (۲) فرماں روا۔
—— بالا/اعلا : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) خدا، خداوند تعالا، (۲) افسرِ اعلا۔
—— چوں کا بھی بُرا : (مثل) ادنا حاکم سے بھی ڈرنا چاہیے۔
—— کے تین اور شحنہ کے نو : (مثل) حاکم کے اہل کار اس سے زیادہ رعیت کو لوٹتے ہیں۔
حال : (جمع؛ احوال) مذکر؛ (۱) زمانۂ موجودہ (۲) حالت کیفیت (۳) حیثیت، طور طریق، اسلوب (۴) مشائخ کا وجد، راگ سننے کے وقت، صوفیانہ کلام سن کر اہلِ دل پر طاری ہونے والی بے خودی، (۵) ابھی، فی الحال۔
—— نہ ہونا : سکت نہ ہونا، طاقت نہ ہونا۔
—— آنا : راگ سن کر وجد کی کیفیت طاری ہونا۔
—— آئینہ ہونا : حال ظاہر ہونا۔
—— بے حال ہونا : حالت غیر ہونا، خراب خستہ ہونا۔
—— پتلا ہونا : بُرا حال ہونا۔ حالت خراب ہونا۔
—— پر رونا آنا : کسی کی خراب حالت سے دل کڑھنا، رحم آنا، ترس آنا۔
—— سے بے حال ہو جانا : اچھی حالت سے بُری حالت ہو جانا، حیثیت بگڑ جانا۔
—— غیر ہونا : حالت خراب ہونا۔
—— قال : مذکر؛ (۱) حالت اور بیان، (۲) بے خودی۔
—— کا نہ قال کا، رُوئی ٹچمچا دال کا (مثل) نکما آدمی، بے کار و بے مصرف آدمی۔
—— کرنا : کسی حالت کو پہنچانا۔
—— کھُل جانا : (۱) آگاہی ہونا، بھید ظاہر ہو جانا، (۲) گت بن جانا، سزا کو پہنچنا۔
—— کھیلنا/رلانا : وجد لانا، راگ سن کر موحق کرنا، لوٹنا لوٹانا پھرنا۔
حال کٹا ہونا : (عو) حالت خراب ہونا۔
حالا : (ع)؛ ابھی، اسی وقت۔
حالانکہ : (ف)؛ باوجودیکہ۔
حالات : (ع) مذکر؛ جمع حالت کی۔
حالت : (ع) مونث؛ (۱) کیفیت (۲) گت، درجہ (۳) دم، جان، طاقت (۴) وجد۔
—— غیر ہونا : حالت تباہ ہونا۔
—— نزع : (اضافت کے ساتھ) جاں کنی کا عالم، دم توڑنے کی کیفیت۔
حالی : (ا) موجودہ، وقتی، (۲) مذکر؛ سکۂ رائج الوقت۔
حالیہ : (ع) (ا) ابھی، اس وقت، فوراً، (۲) اب کا، حال کا، موجودہ۔
حالی موالی : مذکر؛ ہم نشین، ساتھی۔
حامد : (ع) تعریف کرنے والا، حمد کرنے والا۔
حامض : (ع) ترش، کھٹا۔
حامل : (ع)؛ بوجھ اٹھانے والا، کسی چیز کا لے جانے والا۔
—— متن : (اضافت کے ساتھ) اصل مع شرح۔
—— وحی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (ا) وحی پہنچانے والا، (۲) (کنایتاً) حضرت جبرئیلؑ۔
حاملہ : مونث؛ پیٹ میں بچہ والی عورت۔
حامی : (ع) مذکر؛ حمایتی، مددگار۔
—— کار : (اضافت کے ساتھ) گرم جوشی سے حمایت کرنے والا۔
حاوی : (ع) (ا) گھیرنے والا، احاطہ کرنے والا، (۲) غالب، قابو پانے والا۔
حائل : (ع) بیچ میں آنے والا، مانع، آڑ، روک۔

ح - ب

حَب : مونث؛ گولی، دانہ، بیج۔
حُب : مونث؛ (ا) اُلفت، اُنس، محبت، (۲) دوستی، (۳) شوق، آرزو۔
—— الوطن : (ع) مونث؛ وطن کی محبت۔
—— کا عمل : وہ دعا یا عمل جو باہم محبت پیدا کرے۔
حباب/حُباب : (ع) مذکر؛ پانی کا بلبلہ

A 26 (ج)

حباب آسا: بُلبلے کی طرح، ناپائیدار، فانی۔
ـــــ سا: (ا) باریک، (۲) ذرا سا۔
حبالہ: (ع) مذکر؛ پھندا، جالی، رسّی۔
حبالۂ عقد: نکاح کا پھندا، شادی، بیاہ۔
حَبَّذا: (ع) مونث؛ کلمۂ تحسین و آفرین۔
حَبْس: مذکر؛ (ا) بند، قید، (۲) قیدخانہ، (۳) گھٹن انقباض۔
ـــــ بے جا/ناجائز: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ زبردستی کسی شخص کو غیر قانونی طور سے مکان وغیرہ میں بند کر دینا۔
ـــــ دَم: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) (ذمہ، (۲) دم رُکنا۔ ہندو فقیروں کا سانس روکنے کا عمل۔
ـــــ دَوام: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ساری عمر کی قید۔
ـــــ دوام بہ عبور دریائے شُور: سزاءً ہمیشہ کے لیے کالے پانی بھیج کر وہیں رکھنا۔
ـــــ ہونا: ہوا کا بند ہو جانا۔
حَبْسیات: (ع) مونث؛ قید سے نسبت رکھنے والی چیز۔
حَبَش / حَبَشہ: (ع) مذکر؛ حبشیوں کا ملک، زنجبار، سوڈان افریقہ وغیرہ۔
حَبْشَن: (ا) حبش کی رہنے والی عورت، (۲) کالی کلوٹی عورت۔
حَبْشی: (ع) مذکر؛ باشندۂ حبش (۲) سیاہ، کالا کلوٹا۔
ـــــ حلوا: مذکر؛ ایک قسم کا سیاہ حلوا۔
حبل: (ع) مونث؛ رسّی، رگ۔
حَبْلُ المتین: (ع) مونث؛ مضبوط رسّی، محکم وسیلہ۔
ـــــ الورید: (ع) مونث؛ شہ رگ، بے انتہا قرب سے مُراد ہے۔
حَبُوب: مذکر؛ جمع حُب کی گولیاں۔
حَبّہ: (ع) مذکر؛ (ا) دانہ، غلے کا دانہ، (۲) رتی، ذرا ذرا۔
ـــــ بھر: رتی بھر، ذرا سا۔
ـــــ حبّہ وصول پانا: کوڑی کوڑی وصول پا لینا، کچھ باقی نہ رہنا۔
حبیب: (ع) مذکر؛ دوست، یار، معشوق۔
حَبیبِ خدا: خدا کا پیارا، مُراد، رسولِ خُدا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

ح۔ت ۔ ح ۔ ج

حَتّٰی / حتّا: (ع)؛ یہاں تک، اس قدر، جب تک، جہاں تک، جس قدر۔
ـــــ الامکان / حتّی المقدور / حتّی الوسع: جہاں تک ہو سکے، جس قدر ممکن ہو۔
حَتمی: پکا، مستقل، مضبوط۔
ـــــ اپیل: مونث؛ آخری درخواست۔
حَجّ: (ع) مذکر؛ وقتِ مقررہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا اور خاص ارکان بجا لانا۔
ـــــ اکبر: (اضافت کے ساتھ)؛ بہت بڑا حج، بڑے ثواب کا حج۔
حجاب: (ع) مذکر؛ (ا) پردہ، اوٹ، (۲) حیا، شرم، لحاظ۔
ـــــ اُٹھنا: (ا) پردہ اُٹھنا، روک نہ رہنا، (۲) بے شرم ہو جانا۔
ـــــ آنا: لحاظ آنا، شرم آنا۔
ـــــ ٹوٹنا: شرم دُور ہونا۔
حُجّاج: (ع) مذکر؛ جمع حاج (حج کرنے والا) کی، حاجی لوگ۔
حَجّام: (ع) مذکر؛ پچھنے لگانے والا شخص، نائی، (انگ؛ باربر)
حَجامت: (ع) مونث؛ (ا) سر مونڈنا، (۲) صفائی، درستی)
ـــــ بنانا: (ا) سر مونڈنا، (۲) (کنایتاً) لوٹنا، ٹھگنا۔
حَجْب: (ع)؛ مذکر؛ ورثے سے محروم کرنا۔
حُجّت: (ع) مونث؛ (ا) دلیل، (۲) تکرار، جھگڑا۔
ـــــ قاطِع: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ دوسروں کی دلیل کو کاٹ کرنے والی دلیل، کافی دلیل، مضبوط حجت۔
ـــــ گویا: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ دلیلِ ناطق، قوی سند۔
ـــــ مُوَجّہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ کافی دلیل، محکم سند۔
حُجّتی: تکرار کرنے والا، جھگڑالو۔
حَجَر: (ع)، جمع حجار، مذکر؛ پتھر۔

حَجَرِ اَسْوَدْ : (اضافت کے ساتھ) (ع) مذکر؛ کعبے کی دیوار پر ایک گوشے میں لگا ہوا سنگِ سیاہ۔
—— الیَہُود : (حَجَرُ یَہُوْد) (ع) مذکر؛ دوا کے کام آنے والا ایک قسم کا پتھر۔
حُجْرَہ : (ع) مذکر؛ کوٹھری، مسجد کی کوٹھری، عبادت کرنے کا خلوت خانہ۔
حَجَرِیْ عَہد : مذکر؛ (۱) پتھر کا زمانہ، انسانی تہذیب کا قدیم ترین زمانہ، (۲) انسانی تہذیب کا وہ دور جب انسان پہاڑوں کے غاروں میں رہا کرتا تھا اور پتھر کے اوزار استعمال کرتا تھا اور دھات سے واقفیت نہیں تھی۔
حَجْلَہ : (ع) مذکر؛ دلہن کا چھپر کھٹ، پردۂ عروس۔
حَجْم : (ع) مذکر؛ جسامت، جثہ، موٹائی۔

ح - د

حَدّ / حَدْ : مونث؛ (۱) کنارہ، افق (۲) انتہا (۳) اقلیدس کے مقررہ اصول۔ (۴) شریعتِ اسلامی کے موافق سزا، (۵) مقررہ مقام، روانہ ہونے کی جگہ، (۶) احاطہ، باڑا۔
—— باندھنا : سرحد مقرر کرنا۔
—— بندھنا : حد بندی ہونا۔
—— بلوغ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بالغ ہونے کا زمانہ۔
—— بلوغ کو پہنچنا : (اضافت کے ساتھ) جوان ہونا، بالغ ہونا۔
—— سے باہر ہونا : بہت زیادہ ہونا، بہ کثرت ہونا۔
—— سے بڑھ چلنا : تجاوز کرنا۔
—— سے بڑھ کر / سے زیادہ / سے سوا : بے انتہا، بہت زیادہ، نہایت۔
—— فاصل : (اضافت کے ساتھ) دو چیزوں کے بیچ میں آکر ایک دوسرے سے جدا کر دینے والی چیز۔
—— کرنا : ایسی بات کرنا کہ اس کے آگے ناممکن ہو۔
—— نہایت : (اضافت کے ساتھ) درجۂ کمال، نہایت انتہا۔
حَدَاثَت : (ع) مونث؛ نیا پن، نوجوانی، ہر چیز کا شروع۔
حَدّاد : (ع) مذکر؛ (۱) لوہار، (۲) جیل کا داروغہ۔
حد بندی : مونث؛ حد مقرر کرنا، محدود کرنا۔
حِدَّت : (ع) مونث؛ (۱) تیزی، (۲) گرمی۔
حَدَث : (ع) مذکر؛ وضو ٹوٹ جانا، (علم فقہ کی اصطلاح)
حَدَقَہ : (ع) مذکر؛ کاسۂ چشم۔
حدوث : (ع) مذکر؛ قدیم کی ضد، پیدائش، وجود میں آنا۔
حدود : (ع) جمع حد کی؛ مذکر؛ مونث؛
—— اَرْبَعہ : (اضافت کے ساتھ) چاروں سمتیں، مشرق، مغرب، شمال، جنوب۔
—— شرعی : (اضافت کے ساتھ) شرعی سزائیں۔
حدیث : (ع) (۱) لغوی: چیز، بات، نئی چیز، (۲) اصطلاح اسلامی) جو کچھ جناب رسول خداؐ نے اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا یا خود کیا، یا جو فعل آپ کے سامنے ہوا ہو اور آپؐ نے اس سے منع نہیں کیا، رسولِ مقبولؐ کے قول اور ان کے فعل کی خبر، (۳) بیان، ذکر، حکایت۔
—— سمجھنا : بالکل سچ سمجھنا، کسی کی بات کو دل میں باور کرنا۔
—— صحیح : معتبر حدیث؛ وہ حدیث، جس کے راوی بے انتہا دین دار اور معتبر ہوں۔
حَدید : (ع) مذکر؛ لوہا۔
حَدیدیّت : (ع) مونث؛ سختی، لوہے کی ایسی سختی۔
حدیقہ : (ع) مذکر؛ چار دیواری کا باغ۔

ح - ذ - ح - ر

حِذاقت / حَذاقت : (ع) مونث؛ نپرکی، دانائی، مہارت، حکمت۔
حذر : (ع) مذکر؛ پرہیز، بچاؤ۔
حَذف : (ع) مذکر؛ دور کرنا، کم کرنا، نکالنا، لفظ سے کسی حرف یا عبارت سے کسی لفظ کا گرا دینا۔
حُرّ : (ع) مذکر؛ آزاد، کسی کا غلام نہ ہونا۔
حِرا : مکے کا غارِ حِرا، جس میں حضرت محمدؐ پر پہلی وحی نازل ہوئی۔
حَرارَت : (ع) مونث؛ (۱) گرمی، حدت، (۲) (کنایتاً) غصہ، (۳) تبخیر، خفیف تپ۔

حرارت آنا: (۱) (کنایتاً) غصہ آنا، طیش آنا، (۲) گرمی پیدا ہونا۔
(۳) خفیف بخار آنا۔
—— دین: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ مذہبی جوش۔
—— غریزی: (ع) (مونث) اصلی حرارت، وہ حرارت جس پر آدمی کی زیست کا مدار ہے۔
حَرارَہ: (ع) مذکر؛ جوش، گرمی، غصہ کا غلبہ، تیزی۔
حِراست: (ع) مونث؛ (۱) نگہبانی، سپردگی، (۲) حوالات نظر بندی۔
حَرّاف/حَرّافہ: (۱) شوخ دیدہ، عیار، عورت۔ (۲) معشوق سے مراد، (۳) تیز چالاک۔
حَرام: (ع) (۱) حرمت والا، عظمت والا، بزرگ، (۲) ناروا۔ ناشایستہ، (۳) ناجائز خلافِ شرع، (۴) ناپاک، نجس، پلید، (۵) مذکر؛ افعال بد، زنا، بدکاری۔
—— چالیس گھر لے کر ڈوبتا ہے: (مثل) بدکاری کا اثر دور دور پہنچتا ہے۔
—— خور: مذکر؛ (۱) مردار خور، رشوت خور، (۲) مفت خور، نمک حرام، بے مروت، بے وفا۔
—— زادہ: (ف) مذکر؛ (۱) ولد الزنا، (۲) شریر، بدذات۔
—— زادے کی رسّی دراز ہے: (مثل) بدمعاش بہت زندہ رہتا ہے۔
—— کار: مذکر؛ زانی، بدکار۔
—— کا مال: ناجائز دولت، رشوت یا حرام کی کمائی، مالِ مفت۔
—— کر دینا: ترک کر دینا، تلخ کر دینا، بدمزہ کر دینا، ناگوار کر دینا۔
—— مَغز: (ف) مذکر، ریڑھ کی ہڈی، یا پشت کے مہروں کا گودا۔
—— مَوت مرنا: خودکشی کرنا، زہر یا کسی اور مہلک چیز سے اپنی جان دینا۔
—— ہونا: (۱) ناجائز ہونا، منع ہونا (۲) دشوار ہونا، (۳) نفرت اور سرزنش کے قابل ہونا۔
حَرب: (ع) جمع حُروب، (مونث) کارزار، لڑائی۔
حَربہ: مذکر؛ (۱) لڑائی کا ہتھیار، (۲) حملہ، لڑائی، وار۔
حَربی: (ع) دارُالحرب کا رہنے والا۔
(۲) جست، جھپٹا۔
—— کرنا: حملہ کرنا، چوٹ کرنا۔
حربے ضربے: (عو) ہر گھڑی، گھڑی گھڑی، بار بار۔
حَرَج: مذکر؛ (۱) تنگی، سختی، (۲) نقصان، ضرر، تضیع اوقات، دیر، کمی، وقفہ۔
—— مَرَج: خلط ملط، بگاڑ، فساد، اضطراب۔
حِرز: (ع) مذکر؛ (۱) پناہ گاہ، (۲) تعویذ، جنتر۔
حِرص: (ع) مونث؛ (۱) طمع، لالچ، (۲) خواہش، ہوس، رغبت۔
—— کرنا: دیکھا دیکھی لالچ کرنا، طمع کرنا۔
حِرصا حرصی: دیکھا دیکھی، اوروں کو دیکھ کر خود بھی وہی کام کرنے لگنا۔
حَرف: (ع) مذکر؛ (۱) حروفِ تہجی، (۲) بات، سخن، کلمہ، لفظ۔
(۳) نقص، عیب، طنز، (۴) علمِ صرف کی ایک اصطلاح۔
—— آشنا: (ف) جو حرف پڑھ سکے، نوآموز، مبتدی۔
—— آنا: (۱) کچھ لکھنا پڑھنا آنا، حرف شناسی ہونا (۲) الزام آنا، عیب لگنا۔
—— بہ حَرف/حرفاً حرفاً: لفظ بہ لفظ، ایک ایک حرف۔
—— پکڑنا: (عو) غلطی پکڑنا، ٹوکنا، نکتہ چینی کرنا۔
—— شناس: ابجد خواں۔
—— علت: تین مصوتے، حرف یہ الف، واؤ، یے۔
—— گیر: (ف) نکتہ چیں، عیب بیان کرنے والا۔
—— لانا: الزام لگانا۔
—— مطلب: (اضافت کے ساتھ) مطلب کی بات۔
—— وحکایت: مونث؛ بات چیت، گلہ شکوہ۔
حرفوں کا بنا ہوا: چالاک، شاطر۔
حِرفت/حِرفہ: مونث؛ (۱) کسب، پیشہ، (۲) ہنر، علم۔
(۳) چالاکی، عیاری، مکاری۔
—— باز: چالاک، عیار، مکار۔

حَرکات : مذکر، مونث؛ جمع حرکت کی۔
ثلاثہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) تین حرکتیں، زبر، زیر، پیش۔ (ـَ ـِ ـُ)
ـــــ وسکنات : (۱) اُٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا (۲) (ع) عادات واطوار۔
حَرکَت : مونث؛ (۱) جُنبش، گردش، (۲) تڑپ، اضطراب، (۳) اعراب کی علامتیں : زبر، زیر، پیش، (۴) کام، فعل، کردار، عمل، (۵) ناپسندیدہ بات، (۶) قصور، جُرم، (۷) کُنا : کھوٹ، (۸) نقصان، ضرر، (۹) سفر، آمد ورفت۔
ـــــ کرنا : (۱) ہلنا، جُنبش کرنا، چلنا، (۲) کوئی برا کام کرنا، (۳) حرج کرنا، نقصان کرنا، وقفہ کرنا، (۴) اپنی شان کے خلاف کوئی کام کرنا۔
ـــــ مُذبُوحی : (اضافت کے ساتھ) (ف) لفظی ترجمہ: ذبح کیے جانور کی حرکت، مونث؛ بہت تھوڑی اور بے سُود حرکت۔
ـــــ میں بَرَکَت : (مثل) کام کرنے سے برکت اور فائدہ ہوتا ہے۔
ـــــ ہونا : (۱) ہلنا، جنبش ہونا، (۲) قصور ہونا، خطا ہونا۔ (۳) دیر ہونا، عرصہ لگنا، (۴) حربہ ہونا۔
حَرَکی : (ع) متحرک، حرکت کرتا ہوا۔
حَرَم : (ع) (۱) احاطہ، خانۂ کعبہ اور اس کے چاروں طرف کا علاقہ، (۲) زنان خانہ، امرا کے گھر کی بیگمات، (۳) مونث، منکوحہ، (۴) گھر میں ڈالی ہوئی خادمہ۔
ـــــ زدگی : مونث؛ شرارت، فتنہ انگیزی۔
ـــــ سَرا : (ف) مذکر؛ زنان خانہ، زنانہ مکان۔
حَرَمَین شریفَین : (۱) کعبہ (جو مکۂ معظمہ میں ہے) اور مسجدِ نبویؐ (جو مدینۂ منورہ میں ہے) (۲) (مجازاً) مکۂ معظمہ اور مدینہ منورہ۔
حِرماں : (ع) مذکر؛ محروم رہنا، مایوسی، نا اُمیدی۔
حُرمَت : (ع) مونث؛ (۱) عزت، عظمت، بڑائی، آبرو، (۲) مذہب کی رُو سے حرام ہونا۔
ـــــ اُتارنا : آبرو لینا۔
ـــــ لینا : آبرو لینا۔
حُروف : (ع) مذکر؛ جمع حرف کی۔
ـــــ تہجی / ہجا : (اضافت کے ساتھ) الف، بے وغیرہ۔
ـــــ مُعجمہ : نقطے والے حرف۔
ـــــ مہملہ : بے نقطہ حروف۔
حُرّہ : (ع) مونث؛ آزاد عورت۔
حُرّیت : (ع) مونث؛ آزادی، کسی کا غلام نہ ہونا۔
حَریر : (ع) مذکر؛ ریشم، ریشمی کپڑا۔
حریری : (۱) ریشمی، ریشم کا، (۲) باریک، پتلا، مہین، (۳) دُبلا پتلا آدمی، نحیف آدمی۔
حریرہ : (ع) مذکر؛ ایک قوت دینے والی میٹھی پینے کی چیز، جو گاڑھی ہوتی ہے۔
حَریریّت : (ع) مونث؛ نرمی، ملائمیت، ریشم کی طرح نرمی۔
حَریص : (۱) لالچی، (۲) حاسد، حسد کرنے والا، (۳) ہیٹو، (۴) دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے والا، (معنی نمبر ۳ میں مستعمل نہیں ہے)
حَریف : مذکر؛ (۱) ہم پیشہ، (۲) دشمن، بدخواہ، (۳) چالاک، ہوشیار، (۴) مدِّ مقابل، ہم نبرد، ہم سر۔
حَریق : (ع) صفت؛ (۱) جلی ہوئی چیز، سوختہ، (۲) آنچ، شعلہ۔
حَریم : (ع) مذکر؛ (۱) گھر کے چاروں طرف کی دیوار (۲) خانۂ کعبہ کی بیرونی دیوار، (۳) مطلق گھر، مکان۔

ح - ز

حِزب : (ع) مذکر؛ (۱) ورد کا حصہ، (۲) گروہ، حصہ، جماعت۔
ـــــ اختلاف / مخالف : مذکر؛ برسرِ اقتدار پارٹی کی مخالف پارٹی، اختلاف رکھنے والی جماعت، اپوزیشن۔
حَزم : (ع) مذکر؛ احتیاط، ہوشیاری۔
حُزن : (ع) مذکر؛ غم واندوہ، رنج وملال۔
حُزنیہ : (ع) (۱) المیہ، ٹریجڈی، (۲) ڈرامے کی ایک صنف۔
حَزین : (ع) غمگین۔
ـــــ آواز : مونث؛ دردناک آواز، غمگین آواز۔

ح - س

حِس : (ع) مونث ؛ پانچ حواس میں سے کسی حس کے ذریعے جاننا۔

حِسِّ مشترک : (ع) مونث ؛ عام عقل۔

حساب : (ع) مذکر ؛ (۱) گنتی، شمار، میزان، جوڑ، (۲) علم ریاضی، (۳) نرخ، بھاؤ، (۴) قاعدہ، ڈھنگ، طور طرح، معاملہ، (۵) لین دین، (۶) رائے، سمجھ۔

—— بے باق کرنا / پاک کرنا : حساب چکانا، لین دین کا فیصلہ کرنا، قرضہ ادا کرنا۔

—— پوچھنا : حساب لینا۔

—— جوجو، بخشش سوسو : (مثل) معاملے میں کوڑی کوڑی کا حساب ہونا چاہیے، حساب میں ذرا سا بھی فرق نہ ہونا چاہیے۔

—— جوڑنا : میزان دینا۔

—— دوستاں در دل : (ف) (مقولہ) آپس کا حساب فقط دل ہی دل میں سمجھ لیا جاتا ہے، دوستوں کے سلوک کا رسمی حساب نہیں ہوتا۔

—— دینا : حساب سمجھانا، حساب سپرد کرنا۔

—— رکھنا : (۱) لین دین رکھنا، (۲) درج فہرست کرنا، دفتر میں درج کرنا، (۳) آشنائی رکھنا، ربط رکھنا۔

—— سے : حسابوں، نزدیک۔

—— سے باہر : بے شمار، بے انتہا۔

—— کتاب : مذکر ؛ (۱) لین دین، (۲) ربط ضبط، میل ملاپ۔

—— لگانا : (۱) حساب پھیلانا، شمار کرنا، پٹرت پھیلانا، (۲) (عم) آشنائی کرنا، ربط پیدا کرنا۔

—— لینا : جمع خرچ سمجھنا، جائزہ لینا۔

—— ہو جانا : (کنایتاً) برخاست ہو جانا۔

حسابی : (۱) حساب داں، ماہر، (۲) حساب کی بات، قاعدے کی بات۔

حُسّاد : (ع) مذکر ؛ جمع حاسد کی، حسد کرنے والے۔

حَسّاس : زیادہ محسوس کرنے والا۔

حُسام : (ع) مونث ؛ تیز تلوار۔

حَسّان : (ع) مذکر ؛ (۱) بہت اچھا، (۲) بڑا عقلمند، (۳) مداحِ رسول ابن ثابت انصاری کا نام۔

حَسَب : (ع) بہ موجب، موافق، مطابق۔

—— الحکم : حکم کے مطابق۔

—— توفیق : (اضافت کے ساتھ) حیثیت کے مطابق۔

—— حال : حال کے مطابق، موقع کے مناسب

—— دل خواہ : دلی خواہش کے مطابق۔

—— ذیل : نیچے دیے ہوئے کے بموجب۔

—— ضابطہ : قانون قاعدے کے موافق۔

—— معمول : دستور کے بموجب۔

—— مقدور : حیثیت کے موافق۔

—— منشاء : ارادے اور خواہش کے مطابق۔

حَسَب : (ع) مذکر ؛ نسل، سلسلہ، خاندان، ماں کی طرف کا سلسلہ۔

—— نَسَب : مذکر ؛ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔

حَسَد : (ع) مذکر ؛ کینہ، جلن، بدخواہی، کسی کا زوال چاہنا۔

حَسْرَت : مونث ؛ (۱) افسوس، تاسف، کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس، پشیمانی، (۲) آرزو، شوق، ہوس۔

—— ٹپکنا / برسنا : حسرت ظاہر ہونا۔

حَسَن : (ع) (۱) نیک، خوب صورت، اچھا، خوب، (۲) حضرت علیؓ کے بڑے صاحب زادے کا نام۔

حَسَنات : (ع) مذکر ؛ جمع حسنہ کی، نیکیاں۔

حَسَنہ : (ع) نیکی، بھلائی۔

حَسَنی : (ع) منسوب حضرت امام حسنؓ سے، سیدوں کا گروہ، حضرت امام حسنؓ کی اولاد۔

حُسن : (ع) مذکر ؛ جمع محاسن ؛ (۱) خوبی، بہتری، بھلائی، (۲) خوش نمائی، خوب صورتی، تناسب اعضاء، (۳) بہار جوبن۔

حُسنِ اتفاق: مذکر؛ اچھا محل، بہتر موقع۔
—— **تدبیر**: مونث؛ خوش، تدبیری۔
—— **تعلیل/التعلیل**: (ف) مذکر؛ ایک صنعت کا نام شاعر کا کسی چیز کی ایسی علت (وجہ) پیش کرنا جو اصل میں اس کی علت نہ ہو۔
—— **خُداداد**: (اضافت کے ساتھ ہ ن) مذکر؛ قدرتی خوبصورتی، اصلی حُسن
حُسن ڈھلنا: خوبصورتی میں زوال آنا۔
—— **ساختہ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بناوٹی خوبصورتی، آرائشی حُسن۔
—— **طلب**: مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) کسی شے کو اشارے اور کنایے سے مانگنا۔
—— **ظن**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ اچھا گمان، نیک گمان۔
—— **کاری**: (ف) مونث؛ حسین بنانا۔ حُسن پیدا کرنا۔
—— **گلوسوز/حسنِ صبیح**: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ (گلوسوز کنایہ اُس چیز سے ہے جو بہت شیریں ہو) مذکر؛ نہایت دلچسپ حُسن
—— **گندم گوں**: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ گندمی رنگ کا حُسن، یعنی گیہوں کی سی رنگت۔
—— **محفل**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ حقہ، پیچ وان۔
—— **مطلع**: (اضافت کے ساتھ)، مذکر؛ (عروض) غزل یا قصیدے کے مطلع کے بعد کا شعر، دوسرا شعر یا دوسری بیت
—— **ملیح/نمکین**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ حُسن جس میں ملاحت (صلاحیت) ہو۔
—— **یوسفؑ**: (اضافت کے ساتھ) بے حد خوبصورت، حضرت یوسفؑ کا حُسن۔
حُسود: (ع) مذکر؛ جمع حاسد کی؛ بدخواہ، بڑا حسد کرنے والا۔
حِسّی: (ع) حواس اور احساسات سے متعلق۔
—— **پیکر**: (ع) (ف) مذکر؛ (نفسیاتی اصطلاح) تصورات و محسوسات کی شکل، لاشعور کی زبان۔

حِسّی تبادلات: (ع) ایک ہی قسم کی چیزیں جو احساسات سے تعلق رکھتی ہوں۔
حِسّیاتی: (ع) حس رکھنے والی، محسوس کی جانے والی۔
حِسّیاتی شعور: (ع) مذکر؛ محسوس کرنے کی صلاحیت۔
حِسّیّت: (ع) مونث؛ (۱) حِس، اِحساس، آگاہی، ادراک، (۲) کسی شے کو محسوس کرنے کی قوت۔
حِسّیہ: (حِسّی، یا) (ع) مونث؛ احساس سے تعلق رکھنے والی۔
حُسَین: حضرت امام حُسینؓ کا نام۔
حُسَند: مذکر؛ چاندی کی زنجیر لگی ہوئی نقرئی چھلے جن کے درمیان ایک چاندی کی زنجیر ہوتی ہے، عشرۂ محرم میں بچوں کے ہاتھوں میں پہناتے ہیں، (اہل تشیع کی رسم)
حسینی بُلبُل: بُلبُل کی خاص قسم۔
حَسِین: (ع) حُسن والا، خوب صورت، اچھا۔

ح۔ ش

حَشر: (ع)، مذکر؛ (۱) قیامت، روزِ حساب، (۲) شور و غل، غوغا، فتنہ، آفت۔
—— **برپا کرنا**: اودھم مچانا، کہرام مچانا، آفت ڈھانا۔
—— **توڑنا**: آفت ڈھانا، نہایت خفا ہونا، اودھم مچانا۔
—— **کے وعدے پر دینا**: ایسا قرض دینا جس کے وصول ہونے کی کبھی اُمید نہ ہو۔
—— **میں اُٹھنا**: اسلامی عقیدے کے مطابق قیامت کے روز مُردوں کا زندہ ہو کر اُٹھنا۔
—— **ہونا**: (۱) قیامت ہونا، آفت ٹوٹنا، کہرام مچنا، غل شور ہونا (۲) نتیجہ ہونا، (۳) (کسی کے ساتھ) قیامت میں اُس کے مثل برتاو ہونا۔
حشرات: (ع) مذکر؛ جمع: حشرہ؛ (۱) چھوٹے چھوٹے کیڑے، (۲) مونث؛ غل، شور، غوغا، ہنگامہ مصیبت، خوف۔
—— **الارض**: (ع)، مذکر؛ کیڑے مکوڑے، برساتی کیڑے، زمین کے موذی کیڑے۔

حَشْفَہ : (ع) مذکر؛ سرِ ذکر، عضوِ تناسل کی سپاری۔
حَشَم : (ع) مذکر؛ نوکر چاکر، نوکروں کی بھیڑ، سپاہی وغیرہ۔
ـــــ خَدَم : مذکر؛ نوکر چاکر۔
حَشْمَت : (ع) مونث: (۱) نوکر چاکر، خدمت گاروں اور خادموں کا انبوہ، (۲) بزرگی، مرتبہ، عظمت، (۳) دبدبہ شان و شوکت، (۴) سامانِ لشکر، اسباب، فوج، سواری، جلوس، ساز و سامان وغیرہ۔
حَشْو : (ع)، مذکر؛ بے ہودہ سخن، زائد کلام، بے ضرورت، زیادتی۔

ح۔ص

حِصار : (ع)، مذکر؛ (۱) احاطہ، گھیرا، چار دیواری، شہر پناہ، (۲) قلعہ۔
ـــــ باندھنا : (۱) حلقہ باندھنا، حلقہ آدمیوں کی جماعت کا ہو یا دیوار کا یا از روے قاعدۂ عملیات صرف خط وغیرہ کا ہو، (۲) چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا، چار دیواری کھڑی کرنا۔
حِصاری : (ف) قلعہ بند۔
حَصر : (ع) مذکر؛ گھیرنا، کسی چیز کا احاطہ کرنا، منحصر کرنا۔
حِصَص : (ع)، مذکر؛ جمع حصہ کی۔
حِصْن : (ع) مذکر؛ قلعہ، جائے پناہ۔
ـــــ حِصین : مونث؛ (۱) ایک مشہور کتاب کا نام، (۲) مضبوط قلعہ، مستحکم پناہ گاہ۔
حُصول : (ع) مذکر؛ حاصل، فائدہ، حاصل ہونا۔
حِصّہ : (ع)، مذکر؛ (۱) بانٹ، تقسیم، (۲) بخرہ (۳) درجہ، کمرا، (۴) جزء، (۵) علاقہ، صیغہ، سررشتہ، (۶) مخصوص شے۔
ـــــ بَخرہ : مذکر؛ (۱) کھانے پینے کی چیز کا حصہ، (۲) میل ملاپ، آپس کے کھانے پینے کا لینا دینا۔
ـــــ دار : (۱) کسی جائیداد میں کسی جز کا شریک، (۲) شریک ساتھی۔
حِصّہ رَسَدی / رَسَدی : جتنا جتنا حصے میں آئے، تقسیم کے موافق بانٹ کے موافق۔
ـــــ لگانا : (۱) تقسیم کرنا، بانٹنا، (۲) ڈھیریاں لگانا۔
حِصّے میں آنا : از روے تقسیم کوئی منقسم شے ملنا۔
حَصیر : (ع) مذکر؛ بوریا، چٹائی۔

ح۔ض

حَضَر : (ع) مذکر؛ سفر کے خلاف ایک جگہ کا قیام، ایک جگہ مقیم رہنا۔
حَضَرات : (ع) مذکر؛ جمع حضرت کی۔
حَضْرَت : (ع)، مذکر؛ (۱) نزدیکی، درگاہ، روبہ رو، قرب، (۲) جناب، حضور، قبلہ، بزرگوں وغیرہ کی نسبت بولا جانے والا تعظیم اور عزت کا لقب، (۳) رسولِ مقبول محمد سے مراد، (۴) شریر، بدذات، چالاک، چلتے ہوئے، ذات شریف، بے ڈھب۔
ـــــ سلامت : مذکر؛ جناب عالی، قبلہ، میاں، یار، دوست۔
حُضُور : (ع)، مذکر؛ (۱) حاضری، موجودگی، حاضرباشی، (۲) جناب، حضرت، جناب عالی، خداوند، قبلہ، (۳) دربار، مجلس، اجلاس، (۴) روبہ رو، سامنے، (۵) عزت کا لقب۔
ـــــ اقدس : (اضافت کے ساتھ) (۱) روبہ رو خدمت میں، (۲) جناب، حضور میں، (۳) حاکم یا کسی بزرگ کے سامنے رو بہ رو، بر سرِ اجلاس، (۴) خدمت میں، درگاہ میں۔
ـــــ والا : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ جناب عالی، حضورِ اقدس۔
حُضُوری : (ع)، مونث؛ (۱) حاضری، قربت، نزدیکی، (۲) بادشاہی دربار یا اجلاس۔

ح۔ط، ح۔ظ

حَطیم : (ع)، مذکر؛ خانہ کعبہ میں پتھروں سے گھرا ہوا وہ حصہ جو عہدِ نبوی میں تعمیر ہونے سے رہ گیا۔
حَظ : (ع)، مذکر؛ عیش، خوشی، انبساط، لطف، مزہ اٹھانا کے ساتھ۔

حظِ نفسانی : حیوانی خواہش۔

ح۔ف

حُفّاظ : (ع) مذکر؛ جمع حافظ کی۔

حِفاظت : مونث : (۱) نگرانی، بانی، (۲) بچاؤ، سلامتی

——**خود اختیاری** : (اضافت کے ساتھ) ؛ مونث؛ دوسروں کے ضرر سے بچنے کے لیے اپنی حفاظت۔

حِفظ : (ع) مذکر؛ (۱) ازبر، زبانی یاد، برزبان، (۲) حفاظت، محافظت، (۳) پاس لحاظ، ادب۔

——**اَمن** : مذکر؛ امن قائم رکھنا۔

——**پڑھنا** : بے دیکھے پڑھنا۔

——**صحت / حفظانِ صحت** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ تندرستی کی محافظت، صحت کا قیام اور بچاؤ۔

——**کرنا** : یاد کرنا، ازبر کرنا۔

——**ماتقدّم** : (اضافت کے ساتھ)، (ع) مذکر؛ پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنا، وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے۔

——**مراتب** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ادب کا پاس، مرتبہ کا لحاظ درجے کی رعایت۔

حف نظر : چشم بددور، نظر بد نہ لگے۔

حفیظ : (ع) مذکر (۱) حفاظت کرنے والا، نگہبان، (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

ح۔ق

حَق : (ع) مذکر؛ (۱) سچ، سچائی، (۲) خدائے تعالیٰ، (۳) لائق واجب، سزاوار، درست، بجا، ٹھیک، (۴) شان، نسبت، بابت، لیے، واسطے، (۵) فرض، ذمے داری، (۶) دعوا، استحقاق، (۷) صلہ، بدلا، معاوضہ، (۸) حصہ، (۹) مزدوری، (۱۰) انعام، نیگ۔

——**آشنا** : راست گو، خدا پرست آدمی۔

——**ادا کرنا** : (۱) فرض ادا کرنا، (۲) نوکری یا خدمت یا کوئی کام جیسا چاہیے ویسا کرنا۔

حَقُ السّعی / حَقُ المحنت : محنت کی اُجرت، کوشش کی فیس۔

——**اللہ، پاک ذات اللہ** : خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے۔

——**العباد** : (ع) مذکر؛ بندوں کا حق۔

——**النظر** : (ع) مذکر؛ کھانے میں سے تھوڑا سا نکال کر الگ رکھ دینا۔

——**الیقین** : اصطلاحِ تصوف؛ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کو دل کی آنکھ سے دیکھنا۔

حَق پرست : (ف)، مذکر؛ خدا پرست، سچا آدمی، انصاف پسند۔

——**پذیر** : (ف) سچی بات قبول کر لینے والا۔

——**پہنچنا** : استحقاق ہونا، حق ہونا۔

——**تعالیٰ** : (مذکر)؛ خدائے بزرگ، خدائے بلند۔

——**تلفی** : مونث؛ حق مارنا۔

——**حق کرنا** : (۱) خدا کا نام لینا، توبہ کرنا، (۲) انصاف کرنا۔

——**حیران رہنا** : ہکا بکا ہو جانا، حواس بجا نہ رہنا۔

——**دار** : حق رکھنے والا۔

——**رحینِ حیات** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ زندگی بھر کا حق۔

——**دار اُمیدوار** : کسی چیز میں حصہ پانے کا مستحق اور امیدوار۔

——**رسی** : مونث؛ انصاف ملنا، عدل ملنا۔

——**سِتّرہ** : قمری کی بولی۔

——**سیر** : (ف)؛ نیک سیرت۔

حَقِ شفع : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ملحق، جائیداد کے خریدنے کا استحقاق۔

حَق شناس : قدردان، جوہر شناس، منصف۔

——**کو پہنچنا** : انصاف کو پہنچنا، انصاف پانا، سچ کو دریافت کرنا۔

——**گردن پر ہونا** : کسی کے ذمے قرض کا ہونا۔

——**گو** : (ف)؛ سچ بولنے والا، انصاف کی بات کہنے والا۔

——**لینا** : ورثہ یا محنتانہ یا واجبی حصہ پانا۔

——**مُرجح** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ غالب حق۔

حق میں کانٹے بونا: کسی کے واسطے بُرائی کرنا۔
ـــــ ناحق: ناحق، بے سبب، خواہ مخواہ، یوں ہی۔
ـــــ ناشناس: ناشکر گذار۔
ـــــ نمک ادا کرنا: (اضافت کے ساتھ) نمک خواری اور ملازمت کا فرض ادا کرنا۔
حُقُوق: (ع) مذکر؛ جمع حق کی، فرائض۔
حَقّا: (ف) حق ہے، درست ہے، قسم خدا کی۔
حَقّانی: (ف) حق کی طرف منسوب۔
حقّانیت: مونث؛ خدا کی طرف منسوب ہونا، سچائی، راستی، صداقت۔
حَقارت/حِقارت: (ع) مونث؛ خفت، سُبکی، اہانت، ذلت۔
حقارت کی نظر سے دیکھنا/حقارت سے دیکھنا: خاطر میں نہ لانا، ذلیل سمجھنا۔
حقایق: (ع) مذکر، جمع حقیقت کی۔
ـــــ سفلیہ: (ع) مذکر؛ (تصوف کی اصطلاح) انسان کی ایک کثیف خصوصیت۔
ـــــ شناس: (ف) اشیاء کی حقیقتیں پہچاننے والا۔
ـــــ علویہ: (ع) مذکر؛ (تصوف کی اصطلاح) انسان کامل کی ایک لطیف خصوصیت، اُلوہی صفت۔
حقِ خودارادیت: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (ا) اپنی پسند کی حکومت قائم کرنے کا عوامی حق، (۲) منتخب کرنے کا حق، ووٹ دینے کا حق۔
حُقنہ: (ع) مذکر؛ پچکاری، کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پیخانہ آنے کے واسطے پاخانے کی جگہ پر دی جائے۔
حُقّہ: (ع) مذکر؛ (ا) تمباکو پینے کا ایک طریقہ، (۲) ڈبا، جواہرات رکھنے کی ڈبیا۔
ـــــ باز: (ف)، مذکر؛ (ا) بھان متی، بازی گر، مداری، (۲) بہت حقہ پینے والا۔
ـــــ بجانا: حُقہ پینا، کثرت سے حُقہ پینا، حقہ بُلانا۔
ـــــ بردار: حُقہ اٹھانے والا، حُقہ ساتھ لے کر چلنے والا، حُقہ بھرنے والا۔
حُقّہ بُلانا: پیتے وقت حقے کی آواز دینا۔
ـــــ بھرنا: چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا، حقے پر آگ رکھنا۔
ـــــ پانی بند کرنا: (کنایتاً) ذات سے خارج کرنا، برادری سے نکال دینا۔
ـــــ پانی پلانا: (کنایتاً) آؤ بھگت کرنا، خاطر مدارات کرنا۔
ـــــ پینا: حقے سے کش لگانا۔
ـــــ تازہ کرنا: حقے کا پانی بدلنا اور نیچے وغیرہ کو تر کرنا۔
حَقیقت: (ع) مونث؛ (ا) حق، حق داری، ملکیت، (۲) جائیداد۔
حقیر: (ع) (ا) چھوٹا، ادنا۔ (۲) دُبلا، لاغر۔ (۳) ذلیل، خوار، خفیف، سُبک۔ اوچھا۔
ـــــ جاننا: ذلیل سمجھنا، کمینہ جاننا، بے قدر سمجھنا۔
حقیقت: (ع)؛ (ا) اصل، ماہیت، کسی شے کی ذات، مجاز کے خلاف، کسی لفظ کا اصلی و حقیقی معنی میں استعمال کرنا، (۲) اصل، جڑ، (۳) کیفیت، حالت، ماجرا، صداقت، (۴) بساط، حیثیت۔
ـــــ کھُل جانا: (ا) اصل حال کھُل جانا، پوشیدہ امر کا ظاہر ہو جانا، (۲) (کنایتاً، طنز سے) مزہ آجانا، کیفیت معلوم ہو جانا۔
ـــــ معلوم ہونا: (ا) اصل حال یا راز معلوم ہونا، (۲) (کنایتاً) بُرے اعمال کی سزا ملنا۔
ـــــ میں: واقع میں، دراصل، اصل۔
ـــــ نہ ہونا: بے حقیقت ہونا، اصلیت نہ ہونا۔
حقیقتاً: واقعی، حقیقت میں۔
حقیقی: (ع) (ا) اصلی، جو بناوٹی نہ ہو، (۲) سگا اپنا۔
حقیقت پَرَست: واقعیت پسند۔
ـــــ خاکیہ (حَقی، قت، خاکی، یا) (ع، ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (تصوف کی اصطلاح) انسان۔
ـــــ ناریہ (حَقی۔ قت۔ نا۔ ری۔ یا) (ع) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (تصوف کی اصطلاح) شیطان۔
ـــــ مطلق: (اضافت کے ساتھ) قطعی حقیقت، مکمل حقیقت، خدا۔

ح ۔ ک

حک : (ع) مذکر؛ (۱) چھیلنا، دُور کرنا، کسی چیز کو دوسری چیز سے کھُرچنا، (۲) مجازاً؛ اصلاح دینا۔

حَکّاک : (ع) مذکر، حرف کھودنے والا، مُہر کن، نگینہ ساز۔

حُکّام : (ع)؛ مذکر؛ حاکم کی جمع۔

حکایت : (ع) مونث؛ جمع حکایات؛ کہانی، قصہ، داستان، بات۔

حکایتی : مُحتی، بات بات پر بحث کرنے والا۔

حکایتیں کرنا: مغت کی حجتیں کرنا، دلیلیں چھانٹنا۔

حکایتاً : (ع) بر سبیلِ تذکرہ، بہ طورِ ذکر۔

حَکَم : دو شخصوں کے جھگڑے میں انصاف و فیصلے کا حکم دینے والا، ثالث۔

حِکَم : (ع) جمع حکمت کی۔

حُکم : (ع) مذکر؛ (۱) فرمان، ارشاد، (۲) فتوا، شرعی فیصلہ، (۳) منطق کی ایک اصطلاح، (۴) حکومت، سرداری، (۵) اجازت، پروانگی، (۶) فیصلہ، جھگڑے کا فیصلہ (۷) جبر، سختی، سیاست، (۸) تاش کا وہ پتا جس پر کالے رنگ کا پان بنا ہوتا ہے۔

—— آخیر : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ آخری فیصلہ — قطعی حکم۔

—— امتناعی : (اضافت کے ساتھ)؛ ممانعت کا حکم، کسی فعل سے باز رکھنے کا حکم، (انگ: کرفیو آرڈر)

—— اَنداز : (ف) مذکر؛ کہہ کر نشانہ لگانے والا، نشانہ خطا نہ کرنے والا، کامل تیر انداز۔

—— بجالانا : تعمیلِ ارشاد کرنا، کہا ماننا۔

—— بردار : فرماں بردار، حکم ماننے والا، نمک حلال۔

—— برداری : مونث؛ فرماں برداری، اطاعت، تابعداری۔

—— بیٹھنا : حکومت ہونا۔

—— حاکم / مرگِ مفاجات : (اضافت کے ساتھ) (ف)، مقولہ، جس طرح مرگِ مفاجات سے چارہ نہیں اسی طرح حاکم کا حکم چار و ناچار ماننا پڑتا ہے۔

حُکم چلانا : حکم دینا، حکومت کرنا، سختی کرنا، جبر کرنا۔

—— چلنا : حکم جاری ہونا۔

—— دینا : (۱) ارشاد فرمانا، (۲) فتوا دینا، (۳) فیصلہ کرنا، (۴) اشتہار دینا، (۵) اجازت دینا۔

—— ران : (ف)؛ حاکم، بادشاہ، فرماں روا۔

—— رَوا : (ف) حکم ران۔

—— قطعی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ آخری حکم۔

—— کرنا : (۱) حکم دینا، فرمانا، ارشاد کرنا، (۲) اجازت دینا، (۳) سختی کرنا، جبر کرنا۔

—— گشتی : (اضافت کے ساتھ)، مذکر؛ سب جگہ پھرایا جانے والا حکم، اکثر جگہ بھیجا جانے والا حکم۔

—— لگانا / لگا دینا : پختہ رائے ظاہر کرنا، فیصلہ کرنا۔

—— مطلق : (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر؛ (۱) قطعی، (۲) عام حکم۔

—— ناطق : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ قطعی حکم۔

—— نامہ : (ف) مذکر؛ پروانہ، فرمان، جج کا لکھا ہوا حکم۔

حُکمی : (۱) بے چوک، بے خطا، ٹھیک، نشانے پر، (۲) مدام، ہمیشہ، (۳) شرطی، ضروری، فرضی، (۴) فرماں بردار، محکوم۔

—— بندہ : مذکر؛ فرماں بردار بندہ۔

—— دَوا : مونث؛ فوراً اثر کرنے والی، مجرب دوا۔

حُکما : (ع) مذکر؛ جمع حکیم کی۔

حِکمت : (ع) (۱) عقل، دانش، دانائی، درست، گفتاری، درست کرداری، (۲) طبابت۔

—— چلنا : (کنایتاً) (۱) چالاکی کا کارگر ہونا، (۲) گون، ڈھنگ، مطلب، (۳) عقل، دانائی، (۴) علاج معالجہ، طبابت۔

—— سے : احتیاط سے، عاقبت اندیشی سے، دانائی سے، ہوشیاری سے، ترکیب سے، تدبیر سے۔

—— عملی : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ تدبیر، چالاکی، ہوشیاری، مصلحت، دور اندیشی، توڑ جوڑ۔

—— کرنا : (۱) طبابت کرنا، علاج معالجہ کرنا، (۲) دانائی کرنا، تدبیر کرنا۔

—— مَدَنی : (ف) مونث شہری انتظام کے قوانین۔

حِکْمَتی : (ا) فلسفی، فیلسوف، (۲) چالاک، ہوشیار۔
حُکُومت : (ع) مونث؛ (ا) فرماں روائی، حکم رانی، سلطنت، (۲) سختی، جبر، زبردستی، (۳) اختیار، بس۔
ـــــ جتانا : تیزی اور تندی دکھانا، رتبہ دکھانا، جبر کرنا، سختی کرنا۔
ـــــ جمہُوری : (اضافت کے ساتھ)، مونث؛ وہ حکومت جس کے نمائندوں کو عوام نے منتخب کیا ہو۔
ـــــ شخصی : (اضافت کے ساتھ) وہ اعلا حکومت جو ایک شخص کے ہاتھ میں ہو۔
ـــــ کرنا : (ا) راج کرنا، فرماں روائی کرنا، (۲) دبانا، زور دکھانا، سختی کرنا۔
حَکِیم : (ع) مذکر؛ (ا) دانا، عقل مند، ہوشیار، (۲) علم حکمت جاننے والا، (۳) طبیب۔

ح - ل

حَل : (ع)، مذکر؛ (ا) کھولنا، مشکل چیز کو آسان کر دینا اُترنا، حلال ہونا، جائز ہونا، سلجھاؤ، مشکل کام آسان کرنا، (۲) گھلنا، ملنا، پسنا، گھٹائی، پسائی، (۳) عملِ سوال۔
ـــــ کاری : مونث؛ سونے چاندی کو محلول کر کے پھول پتی یا دیگر نقوش بنانا۔
حل کرنا : (ا) سلجھانا، آسان کرنا، (۲) اجزا علاحدہ کرنا، (۳) پیسنا، ملانا، (۴) حساب کا سوال نکالنا، معمّا یا پہیلی بوجھنا۔
حَل وعقد : (ف) مذکر؛ کھولنا، باندھنا، اُدھیڑبُن۔
حَلّاج : (ع) مذکر؛ دُھنیا۔
حَلال : (ع) مذکر؛ (ا) جائز، روا، درست، (۲) ذبح۔
ـــــ خور : مذکر؛ (مجازاً) خاکروب، مہتر، بھنگی۔
ـــــ کرنا : (ا) جانور ذبح کرنا، شرعی طریقے سے ذبح کرنا، (۲) کاٹنا، (۳) مارنا، کوٹنا، پیٹنا، بہت تکلیف دینا، قتل کرنا، (۴) کسی امر کے ارتکاب یا کسی چیز کے کھانے پینے کو جائز کر دینا۔
حلال کر کے کھانا : محنت کر کے کھانا۔
ـــــ میں برکت، حرام میں برکت : (مثل)؛ اُلٹی بات، زمانے کی نیرنگی۔
حَلاوَت : (ع) مونث؛ (ا) مٹھاس، شیرینی، پکے پھل کی مٹھاس۔ (۲) لذت، مزہ، ذائقہ، (۳) راحت، آرام، سکھ چین
ـــــ پانا : مزہ پانا۔
حِلّت : (ع) مونث؛ (ا) حلال ہونا، (۲) روا ہونا۔
حلف : (ع) مذکر؛ قسم، عہد و پیمان۔
ـــــ اُٹھانا : قسم کھانا۔
ـــــ دروغی : مونث؛ جھوٹی قسم کھانا۔
ـــــ نامہ : مذکر؛ لکھا ہوا حلفی بیان۔
حلفاً : از روے قسم، قسمیہ۔
حَلق : (ع) مذکر؛ (ا) گلا، (۲) مُنہ، زبان۔
ـــــ بند کرنا : کسی کو خاموش کرنا، بولنے نہ دینا۔
ـــــ بیٹھ جانا : آواز کا بھاری ہو جانا۔
ـــــ پر چھری پھیرنا : (کنایتاً) جبر کرنا، ستم کرنا۔
ـــــ تک بھرنا : بھوک سے زیادہ کھانا پینا۔
ـــــ خشک ہو جانا : گلا سوکھنا۔
ـــــ دبانا : گلا دبانا، بولنے سے زبردستی روکنا۔
ـــــ سے اُترنا : (ا) گلے سے اُترنا، (۲) (کنایتاً) گوارا ہونا۔
ـــــ سے نکلی حلق میں پڑی : (مثل)، بات منہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔
ـــــ کا دربان : مذکر؛ (ا) (کنایتاً) وہ شخص جو کھانے پینے کا مانع ہو، (۲) بولنے سے روکنے والا، ہر بات پر ٹوکنے والا۔
ـــــ میں پانی چُوانا : نزع کے وقت حلق میں پانی ٹپکانا۔
ـــــ میں نوالہ پھنسنا / اٹکنا : (ا) گلے سے نوالے یا پانی کا نہ اُترنا، (۲) (کنایتاً) کھاتے وقت کسی کی یاد آنا۔
حَلْقُوم : (ع) مذکر؛ حلق گلو سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا۔
حَلقہ : (ع) مذکر؛ (ا) ہر چیز مدوّر بہ شکلِ دائرہ، (۲) پہیا، (۳) (مجازاً) مجمع، مجلس، مجلس کا دورہ، (۴) حلقۂ در، (۵) کڑا، لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کُنڈا، (۶) گھنڈی کا گھر،

(۶) علاقہ، ضلع، احاطہ حدِ حکومت، (۸) گھیرا (۹) صوفیوں کا حلقہ۔
حلقہ باندھنا: چاروں طرف سے گھیر لینا، گھیرا ڈالنا، دائرہ بنانا
حصار باندھنا۔
——بہ گوش: (ف) مذکر؛ غلام، مطیع، فرماں بردار۔
——ڈالنا / کرنا: گھیرا ڈالنا، حصار باندھنا، گھیرا کرنا، گھیرنا۔
حِلْم: (ع) مذکر؛ (۱) بردباری، (۲) برداشت، تحمل۔
حَلْوا: (ف)، مذکر؛ (۱) گھی، شکر، روا اور بیسن وغیرہ سے بنی ہوئی میٹھی غذا، (۲) (کنایتاً) تر چیز، ملائم چیز۔
——خوردن را روٗ سے باید: (مثل)؛ عزت حاصل کرنے کے واسطے لیاقت چاہیے۔
——سمجھنا: ناچیز سمجھنا، کمزور سمجھنا، کسی کام کو آسان سمجھنا۔
——سوہن: مذکر؛ ایک قسم کی مشہور مٹھائی، (حلوا)۔
——نکل جانا: پلیتھن نکل جانا، شفقت اور محنت سے پتلا حال ہو جانا۔
حَلْوائے بیدُود / حَلْوائے بے دُود: (ف)؛ (۱) شیریں میوے، (۲) (کنایتاً) ملائم اور لذیذ چیز۔
حَلْوائی: (ع) مذکر؛ مٹھائی بیچنے اور بنانے والا
حَلْوائی کی دُکان، دادا جی کا فاتحہ: (مثل)، پرائے مال کو اپنا سمجھ کر صرف میں لانا یا غیر کا مال بے دریغ صرف کرنا، گرہ کا کچھ خرچ نہیں ہوتا۔
حَلْوے سے مانڈے سے کام: (مثل)؛ اپنا بھلا چاہنا، کوئی مرے یا جیے۔
حَلوائے مِقْراضی: (ف)، مذکر؛ ایک قسم کا حلوا جس میں بہت باریک میوہ کتر کے ڈالتے ہیں۔
حَلْوان: مذکر؛ (۱) بھیڑ یا بکری کا بچہ جو صرف دودھ پیتا ہو۔ (۲) ملائم گوشت، نرم گوشت جو جلد گل جائے۔
حُلول: (ع) مذکر؛ ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح سما جانا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے۔
حُلّہ: (ع)، مذکر؛ (۱) جامہ، جبہ، یمن کی پوشاک چادر، (۲) بہشتی لباس۔

حَلِیف: (ع)، مذکر؛ جمع حُلَفا؛ باہم معاہدہ کرنے والوں کے ہر دو فریق کو حلیف کہتے ہیں۔
حَلِیم: (ع)، (۱) بردبار، متحمل مزاج، (۲) (ف) مذکر؛ ایک قسم کا کھانا، کھچڑا۔
حُلیہ: (ع) مذکر؛ (۱) صورت، سراپا، آرایش، (۲) زیور، گہنا، (۳) خلعت، عنایتی پوشاک۔
——بگاڑ دینا: بُری حالت کر دینا۔ اتنا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔
——ہونا: چہرہ لکھا جانا، نام لکھا جانا۔

ح - م

حِمار: (ع)، مذکر؛ گدھا۔
حِماقت: (ع)، مونث؛ نادانی، بے وقوفی۔
حَمّال: (ع) مذکر؛ بوجھ اُٹھانے والا، مزدور۔
حَمّام: (ع) مذکر؛ نہانے کی جگہ، غسل خانہ
——کرنا: نہانا، غسل کرنا۔
——کی لنگی: (کنایتاً) ہر شخص کے استعمال کی چیز۔
——میں سب ننگے: (مثل)، ایسا فعل جس میں اکثر آدمی مبتلا ہوں۔
حَمائل: (ع)، مونث؛ (۱) گلے میں ترچھا پرتلا ڈالنا، پرتلا، گلے میں ڈالنے کی چیز، (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں ڈال سکیں
——کرنا: گلے میں لٹکانا۔
حمایت: (ع)، مونث (۱) طرف داری، مدد، (۲) نگہ بانی۔
——کرنا، مدد کرنا، طرف داری کرنا، حمایتی، طرفدار، معاون، مددگار۔
حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے: (مثل) حمایت سے حوصلہ بلند ہو جاتا ہے۔
حَمْد: (ع)، مونث؛ خدا کی تعریف، خدا کی بزرگی اور عظمت بیان کرنا۔
حُمْق: مذکر؛ نادانی، بے وقوفی۔
حَمْل / حَمَل: (ع) مذکر؛ (۱) بوجھ، بار، (۲) عورت کے پیٹ میں جو بچہ ہو۔

حمل رہنا: عورت کے پیٹ میں بچہ رہ جانا۔
——— **اسقاط ہونا / حمل گرنا / گرانا**: حمل ضائع کرنا۔ حمل ضائع ہونا۔
حملہ: (ع) مذکر؛ (۱) چڑھائی، دھاوا، (۲) چوٹ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔
——— **آور**: چڑھ کر آنے والا، حملہ کرنے والا
حمیّت: (ع) مونث؛ غیرت، شرم، ننگ۔
حمید: (ع) مذکر؛ خوب، تعریف کی ہوئی شے۔
حمیم: (ع) مذکر؛ (۱) گرم، (۲) دوست، رشتہ دار۔

ح ۔ ن

حنا: مونث؛ مہندی۔
——— **بند**: (ف) مذکر؛ وہ کاغذ جس میں مہندی کی پڑیا باندھتے ہیں
——— **بندی**: (ف) مونث؛ دلہن کے ہاتھوں میں مہندی لگانے کی ایک رسم جو ساچق سے ایک روز پہلے عمل میں آتی ہے۔
——— **کا چور**: مہندی لگنے سے بچ رہنے والی جگہ۔
حنائی: (ف) مونث؛ زردی لیے ہوئے سُرخ رنگ، مہندی کے رنگ کا، مہندی لگا ہوا۔
حنجرہ: (ع) مذکر؛ نرخرہ، حلق، گلا۔
حنظل: (ع) مذکر؛ اندرائن کا پھل۔
حنفی: (ع) صفت؛ (۱) صادق، سچا، (۲) امام ابوحنیفہؒ کے پیرو۔
حنوط: (ع) مذکر؛ چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو غسل دینے کے بعد مُردے کے ملتے ہیں۔
حنیف: (ع) صفت (۱) حضرت ابراہیم کے دین کا ماننے والا، (۲) پکا مسلمان، (۳) دین میں سچا۔

ح ۔ و

حوّا: (ع) مونث؛ باوا آدم کی بیوی، سب آدمیوں کی ماں۔
حوادث: (ع) مذکر؛ جمع حادثہ کی، مصیبتیں، تکلیفیں۔
حواری: (ع) (۱) حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب، (۲) (مجازاً) معاون، مدد دینے والا، ولی، دوست۔
حواس: (ع) مذکر؛ جمع حاسّہ کی، (۱) حِس کی قوت، (۲) ہوش، اوسان، عقل، سمجھ، فہم۔
——— **باختہ**: ہکا بکا، گھبرایا ہوا، خبط الحواس، بے اوسان۔
——— **خمسہ**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پانچوں حواسِ ظاہری۔
——— **میں آکر بات کرنا**: کوئی بے موقع بے تکی بات نہ کرنا۔
حوالات: مونث؛ (۱) حراست، نظر بندی، قید، نگرانی، (۲) وہ مکان جس میں مجرم تا تحقیقات مقدمہ نظر بند رکھے جائیں۔
حوالہ: مذکر؛ (۱) سپردگی، تحویل (۲) پتا، نشان، مثال۔
حوالے کرنا: سپرد کرنا، دینا۔
حوالی: مذکر؛ نواح، گرد و پیش۔
——— **شہر**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ شہر کا نواح، شہر کے گرداگرد کی زمین۔
——— **موالی**: مذکر؛ ساتھی، دوست، ہم راہی۔
حوائج: (ع) مذکر؛ جمع حاجت کی۔
——— **ضروری**: ضروری حاجتیں (زیادہ تر پیشاب پاخانہ)۔
حوت: (ع) مونث؛ (۱) بڑی مچھلی، (۲) مذکر؛ آسمان کا بارھواں برج۔
حور: (ع) مونث؛ (۱) بہشتی عورت، (۲) نہایت خوبصورت، شکیلہ، جمیلہ، پری تمثال، (۳) (کنایتاً) معشوق۔
——— **عین**: (اضافت کے ساتھ) (ع) مونث؛ سفید رنگ سیاہ بال اور بڑی آنکھوں والی عورت۔
حوصلہ: (ع) مذکر؛ تمدد، جرأت، دلیری، ہمت۔
——— **تنگ ہونا**: ہمت پست ہونا۔
——— **نکالنا**: ارمان پورا کرنا۔
حوض: (ع) مذکر؛ (۱) پانی جمع کرنے کی جگہ جو زمین میں بنائی جائے، (۲) متن، حاشیے کے اندر کا میدان، (۳) شالی، چادر، قالین وغیرہ۔
——— **کوثر**: وہ حوضِ مربع جو ہر ایک طرف سے دس دس گز ہو (شرعاً اس کا پانی پاک ہے)
——— **بھرے فوارہ چھوٹے**: (مثل) آمدنی ہو تو خرچ بھی ہو۔

حَوضَہ : (ف) مذکر، ہودج، ہاتھی کی عماری۔
حَوَل دار : مذکر؛ وہ افسر سپاہی جس کی ماتحتی میں کچھ سپاہی ہوں۔
حَوَنَق : دیکھو، ہبنق / ہَوَنق۔
حویلی : مونث ؛ چار دیواری کا مکان، محل سرا، بڑا اور پختہ مکان، عالیشان مکان۔

ح - ی

حَیّ : (ع)، زندہ۔
حَیا : (ع) مونث، شرم، حجاب، غیرت۔
—— دار : غیرت مند، لحاظ والا۔
حَیات : (ع) مونث ؛ زندگی، جان۔
—— مستعار : (اضافت کے ساتھ) مونث، چند روزہ زندگی عمرِ فانی، مانگی ہوئی زندگی۔
حَیاتیات (حَیا۔تی۔یات) (ع)، مذکر؛ (۱) حیوانات اور نباتات کی بناوٹ اور زندگی کے متعلق علم، (۲) سائنس کی ایک شاخ، علمِ حیات۔
حیاتیاتی : (ع) مونث ؛ (۱) زندگی سے بھرپور، (۲) (اصطلاح) علم حیات سے متعلق۔
—— عَمَل : وہ علم جو زندگی سے بھرپور ہو۔
حَیاتین : (ع) مونث ؛ غذا کا ایک انتہائی اہم جزو، (انگ) وٹامن)
حَیثیَت : مونث (۱) وضع، اسلوب، طرز، طور، طریق، ڈھنگ، (۲) حقیقت، لیاقت، قابلیت، استعداد، (۳) حوصلہ ظرف، (۴) مالیت، ملکیت (۵) مقدور، بساط، (۶) عزت، آبرو۔
—— عُرفی : (اضافت کے ساتھ) مونث، ظاہری عزت، بنی ہوئی عزت مانی ہوئی عزت ساکھ اعتبار۔
حَیدَر : (ع)، مذکر؛ (شیر) حضرت علیؓ کا لقب۔
حیران : (ع) (۱) ہکا بکا، دنگ، سرگشتہ، بھٹکنے والا، پریشان خراب۔
حیرانی : مونث ؛ حیرت، پریشانی، تعب۔
حیرت : (ع) مونث ؛ اچنبھا، تعجب۔
حیرت افزا : (ف) حیرت بڑھانے والا۔
—— زَدہ : (ف) بھونچکا۔
حیرتی : (ف) محو، سرشار۔
حیرتِ محمود : (ع) مونث ؛ (تصوف کی اصطلاح) تصوف کا ایک مقام جہاں کچھ خاص واردات و کیفیات کے اسرار کھلتے ہیں، حیرت مذموم کے دور ہو جانے پر سرشاری کا احساس۔
—— مَذمُوم : (ع) مونث ؛ (تصوف کی اصطلاح) تصوف کا ایک مقام جہاں کچھ واردات و کیفیات سمجھ میں نہ آنے پر حیرت اور بے چینی کا احساس ہوتا ہے۔
حَیص بیص : (ع) مونث ؛ سمجھا سمجھی، ردّ و بدل، تکرار۔
حیض : (ع) مذکر؛ عورتوں کو ہر مہینے آنے والا خون، ماہواری۔
—— کا لَتّا : مذکر (۱) وہ کپڑا جس سے حیض والی عورتیں خونِ حیض پاک کر کے پھینک دیتی ہیں، (۲) (کنایتاً) وہ شخص جو نہایت ذلیل اور حقیر ہو اور کوئی اس کو اپنی صحبت میں جگہ نہ دے۔
حَیطہ : (ع) مذکر؛ احاطہ، چار دیواری۔
حیف : مذکر؛ دریغ، افسوس۔
حِیَل : (ع)، مذکر؛ جمع حیلہ کی۔
حِیلہ : (ع) مذکر؛ (۱) بہانہ، مکر، فریب، (۲) (کنایتاً) روزگار، کام، نوکری۔
—— باز / گر / ساز : (ف)، مکار، فریبی، دغاباز۔
—— حَوالہ : مذکر؛ ٹال مٹول۔
—— کرنا : (۱) بہانہ کرنا، فریب کرنا، (۲) روزگار کرنا، پیشہ کرنا۔
حیلے رِزق، بہانے موت : (مثل) رزق اور موت کے لیے معمولی سبب یا بہانہ درکار ہے۔
حِین : (ع) مذکر؛ وقت، ہنگام، زمانہ، عرصہ۔
—— حیات : جیتے جی، تمام عمر، عمر بھر۔
حیوان : (ع) مذکر؛ (۱) ذی روح، جانور، (۲) نادان، بے وقوف، وحشی۔
—— مطلق : (اضافت کے ساتھ) جانور، بے سلیقہ۔
—— ناطق : (اضافت کے ساتھ) بولنے والا جانور، آدمی، انسان۔

حیوانی: (ع) (۱) حیوان سے منسوب، انسانی کا ضد (۲) نفسانی، شہوانی۔
حیوانیات: (ع) (مونث) جانوروں کی تاریخ، جسم کی ساخت اور عادات و اطوار کا علم، (انگ: زولوجی ZOOLOGY)۔
حیوانیت: (ع) (مونث) (۱) زمیدگی، وحشت، (۲) بے شرمی، بے حیائی، (۳) نادانی، بے وقوفی۔

ملک کی معروف مصنفہ اور خاتون صحافی
کی شبانہ روز کاوشوں کا حاصل

فرہنگِ
صحافت و
ابلاغیات

صحافت کے طلبہ
اساتذہ اور شعبۂ صحافت سے منسلک
خواتین و حضرات کے لیے اپنے موضوع پر
اردو میں اولین و بہترین کتاب

تکمیل کے آخری مراحل میں

ناشر: ملک بک ڈپو اردو بازار، لاہور

خ

خ : حروفِ تہجی کا ایک حرف، خائے معجمہ، خائے منقوطہ، حسابِ جمل (ابجد) میں اس کے چھ سو عدد ہیں۔

خ۔ا

خاتَم : (ع) مونث؛ (۱) انگوٹھی، (۲) مُہر۔

خاتِم : (ع) مذکر؛ ختم کرنے والا، انجام کو پہنچانے والا۔

خاتَمُ الانبیا : (خاتِ مُل، اَمُ، بیا) (ع) مذکر؛ سلسلۂ نبوت کا آخری نبی۔ اخیر پیغمبر (آں حضرت محمدؐ سے مراد ہے)

خاتمِ سلیماں : (ف)، حضرتِ سلیمانؑ کی انگوٹھی جس کے اثر سے تمام مخلوق ان کے تابع تھی۔

خاتِمہ : (ع)، مذکر؛ (۱) انجام، عاقبت، اخیر نتیجہ، (۲) (مجازاً) انتقالِ موت، (۳) کتاب کے خاتمے پر لکھی ہوئی عبارت، کتاب کا آخری حصہ، کسی چیز کا آخری حصہ۔

ـــــ بالخیر : (ا) انجام بخیر، اخیر وقت، ایمان کی سلامتی اور دین داری کے ساتھ گزرنے کی دُعا، (۲) مَر جانا۔

ـــــ بہ خیر ہونا : انجام بخیر ہونا۔

خاتون : مونث؛ شریف عورتوں کا لقب۔ بیگم۔

ـــــ جنّت : (ف) مونث؛ (اضافت کے ساتھ) جنت کی شہزادی پیغمبرِ اسلامؐ کی صاحب زادی حضرت بی بی فاطمہؓ کا لقب۔

خادِم : (ع)، مذکر؛ (۱) خدمت کرنے والا، نوکر، خدمتگار، (۲) مجاور۔

ـــــ درگاہ : (ع) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) مجاور۔ درگاہ یا عبادت گاہ کا خدمت گار۔

خار : مذکر؛ (۱) کانٹا، پھانس، (۲) مرغ کے ٹخنے کے اوپر کا کانٹا، (۳) حسد، جلن، کھٹک، رشک، (۴) داڑھی کے بال، داڑھی، (۵) ناگوار، دوبھر۔

خار بست/بند : (ف)، مذکر؛ کانٹوں کی باڑھ۔

ـــــ پُشت : (ف) مذکر؛ (۱) ایک قسم کا کانٹے دار جانور جو اکثر جنگلوں میں رہتا ہے، سیاہی، (۲) پیٹھ کھجانے کا آہنی پنجہ۔

ـــــ دار : (صفت)؛ کانٹے دار۔

خارستان : (ف)، مذکر؛ کثرت سے کانٹوں والی جگہ۔

خار کھانا : حسد کرنا، رشک کرنا۔

ـــــ گزرنا/لگنا/معلوم ہونا/ہونا : ناگوار گزرنا، بُرا لگنا۔

ـــــ مُغیلاں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ ببول کا کانٹا۔

ـــــ نکالنا : عداوت پوری کرنا۔

ـــــ وخس/خاشاک : (ف) مذکر؛ کوڑا کرکٹ۔

خارا : (ف) مذکر؛ سخت پتھر، نیلا پتھر۔

ـــــ شِکن : پتھر توڑ دینے والا۔

ـــــ شگاف : (ف)؛ پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔

خارج : (ع)، باہر، الگ، نکلا ہوا، چھوڑا ہوا، علاحدہ، خارجاً، خارجی طریقے سے، بالا بالا۔

ـــــ از آہنگ : (ف) بے سُرا۔

ـــــ از بحث : فضول بات، بحث سے الگ۔

ـــــ از عقل : احمق، گاودی۔

ـــــ قسمت : حساب میں تقسیم کا حاصل۔

ـــــ کرنا : (ا) نکالنا، باہر کرنا، جدا کرنا، علاحدہ کرنا، (۲) مقدمہ نامنظور کرنا، درخواست نامنظور کرنا۔

خارجہ : (ع) مذکر؛ (۱) باہر کا، خارجی، (۲) اسکول سے خارج ہونے کا پرانہ۔

خارجی : (ا) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو اہلِ بیت کا مخالف ہے، (۲) (ع) صفت؛ بیرونی، باہری، ظاہری۔

خارجیّت : مونث؛ (ادبی اصطلاح) ظاہری کیفیت، غیر ذاتی مشاہدوں کا اظہار۔

خارش/خارِشت : (ف) مونث؛ (ا) کھجلی، (۲) کھجلی کی بیماری، ایک سوداوی مرض۔

خارِشتی : کھجلی والا۔

ـــــ کُتیا مخمل کی جھول : (مثل)؛ کوئی بدشکل آدمی عمدہ لباس پہنے جو اس پر زیب نہ دے۔

خارقِ عادات : (ف) (۱) عادت اور نیچر کو توڑنے والا، (۲) (کنایتاً) انبیاء کے معجزے، اولیاء کے کرامات۔
خازن : (ع) مذکر؛ (۱) خزانچی (۲) جمع کرنے والا (۳) نگہبان۔
خاشاک : (ف)، مذکر؛ کوڑا کرکٹ۔
خاشع : (ع) عاجزی کرنے والا۔
خاص : (ع) (۱) مخصوص، نیچ کا، ذاتی، اپنا، (۲) صرف، فقط، (۳) عمدہ، منتخب، چیدہ (۴) ٹھیک ٹھیک، (۵) منظورِ نظر، مرغوب، مقبول، پیارا۔
—— **بازار** : مذکر؛ امرا اور بادشاہوں کے محل کے سامنے کا بازار۔
—— **بردار** : مذکر؛ (۱) بادشاہ یا امیروں کی سواری کے آگے آگے کاندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلنے والے سپاہی، (۲) بندوقچی، سپاہی۔
—— **تراش** : (ف) مذکر؛ بادشاہ اور امیروں کا حجام۔
—— **لوگ** : مذکر؛ ذی عزت اور رئیس آدمی، چیدہ چیدہ اشخاص۔
—— **دان** : مذکر؛ پان کی گلوریوں کے رکھنے کا ظرف۔
—— **گی/خاصگی** : (ف) مذکر؛ (۱) کسی امیر یا بادشاہ کا مصاحب، خزانچی، (۲) لونڈی، کسی رئیس کی مدخولہ کنیز، (۳) نفیس چیز۔
—— **محل** : مذکر؛ بادشاہ کی پہلی بیگم، بڑا محل۔
—— **نویس** : مذکر؛ پرائیویٹ سکریٹری، ذاتی منشی، حج کا منشی۔
—— **وعام** : چھوٹے بڑے، امیر و غریب، تمام، سب۔
خاصان : (ف) جمع خاص کی، مذکر؛ خاص لوگ۔
خاصی : (۱) اچھی، عمدہ، بھلی، (۲) بیچ کی راس، بری نہ بھلی، متوسط درجے کی۔
خاصیت : مونث؛ (۱) طبیعت، اثر، خصلت، عادت، (۲) وصف۔
خاصا : مذکر؛ (۱) امرا اور سلاطین کا کھانا، (۲) امرا اور سلاطین کی سواری کا گھوڑا، (۳) ایک قسم کا کپڑا، (۴) موزوں، مناسب، سڈول، خوب۔
—— **چننا** : دسترخوان پر مختلف قسم کے کھانے ترتیب سے رکھنا۔
خاصے رہنا : خوب اچھے رہنا۔
خاصّہ : (ع) مذکر؛ (۱) کسی شے کے لیے مخصوص بات، وہ خوبی جو ایک ہی شے میں پائی جائے، (۲) خاصیت۔
خاصہ : مذکر؛ (مجازاً) امرا اور سلاطین کا کھانا، بادشاہ اور امرا کی سواری کا گھوڑا۔
خاضع : (ع) عاجزی کرنے والا۔
خاطر : (ع) (۱) جو کچھ دل میں گزرے، دل، (۲) جگر، کلیجا (مشرک) (۳) دھیان، خیال، (۴) مرضی، خوشی، مروت، لحاظ (۵) مدارات، تواضع، آؤ بھگت، (۶) طبیعت، مزاج، (۷) لیے، واسطے، غرض سے (۸) طرف داری، پاس داری۔
—— **تلے آنا** : خاطر میں آنا، باوقعت ہونا۔
—— **توڑنا** : دل شکنی کرنا۔
—— **جمع** : مونث؛ دل کی تسکین، اطمینان۔
—— **خواہ** : (ف) مرغوب، دل پسند، طبیعت کے موافق، خواہش کے مطابق۔
—— **داری** : مونث؛ آؤ بھگت، تواضع، مدارات۔
—— **رکھنا** : لحاظ رکھنا، پاس کرنا۔
—— **عاطر** : (اضافت کے ساتھ) (ف) پاکیزہ طبیعت۔
—— **کرنا** : (۱) آؤ بھگت کرنا، مدارات کرنا، (۲) خوشی کرنا، مرضی کے موافق کرنا، کہا ماننا، دل جوئی کرنا۔
—— **نشین** : (ف) دل میں بیٹھی ہوئی بات۔
—— **میں نہ آنا** : (۱) خیال میں نہ آنا، نظر میں نہ چڑھنا، (۲) بے وقعت ہونا، (۳) دل سے نہ گزرنا، (۴) ارادہ نہ ہونا، قصد نہ ہونا۔
—— **میں نہ لانا** : خیال نہ کرنا، توجہ نہ کرنا، پروا نہ کرنا۔
—— **نشان ہونا** : (۱) خاطر نشین ہونا، بات کا دل میں بیٹھ جانا، (۲) اطمینان ہونا، تسلی قلب ہونا۔
خاطی : (ع) جان بوجھ کر غلطی کرنے والا۔
خاقان : (ترکی) مذکر؛ سلطان، بڑا بادشاہ (پہلے چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب تھا)۔
خاک : (ف) مونث؛ (۱) مٹی، گرد، (۲) راکھ، بھبھوت، خاکستر (۳) زمین (۴) ہیچ، بے وقعت (۵) کچھ نہیں، بالکل نہیں (زجر)۔
—— **آلودہ** : (ف) خاک سے چھپا ہوا، خاک بھرا ہوا۔
—— **اڑانے پھرنا** : تباہ و برباد، خراب، خستہ پھرنا، مارا مارا پھرنا۔
—— **اڑانا** : (۱) دھول اڑانا، گرد اڑانا، (۲) میت کے سوگ میں گرد اڑانا، (۳) جستجو میں تباہ ہونا، آوارہ ہونا، تلاش و جستجو میں مشقت کرنا (۴) کسی کو تباہ کرنا، برباد کرنا، رسوا کرنا۔

خاک اُڑنا: (ا) دھول اُڑنا۔ گرد اُڑنا، (۲) رُسوا ہونا، بدنامی ہونا (۳) تباہ ہونا، برباد ہونا، کچھ نہ رہنا۔

—— انداز: (ف) مذکر، چولھے کی خاک نکالنے کا برتن۔

—— بَرسنا: بے رونق ہونا۔

—— بَسَر: (کنایتاً) محتاج، آوارہ، آفت زدہ، پریشان حال، تباہ و برباد۔

—— پا: (ف) (اضافت کے ساتھ) (ا) پاؤں کے نیچے کی مٹی، (۲) (مجازاً) عاجز، مسکین۔

—— پاؤں سے نہ لگنے دینا: بہت تیز جانا، زمین پر پاؤں نہ رکھنا، ناز کرنا۔

—— پتھر: کچھ بھی نہیں، ہیچ۔

—— پڑنا: (ا) خاک اُڑ کر کسی شے پر آنا، (۲) (کنایتاً) کسی معاملے کا دب جانا۔

—— پڑے: (بددعا) مٹ جائے۔

—— پھانکنا: (ا) آوارہ پھرنا، سرگرداں رہنا، (۲) (کنایتاً) جھوٹ بولنا، بہتان لینا۔

—— تُودہ: (ف) مذکر، تیراندازی کی مشق کے لیے بنایا ہوا خاک کا تودہ۔ لڑکوں کا کھیل۔

—— تُودہ بنا دینا: الزام یا ملامت کا نشانہ بنانا۔

—— جھڑ جانا: (ا) خاک دور ہو جانا، (۲) (کنایتاً) زدوکوب کا اثر نہ ہونا، بے حیا ہو جانا۔

—— چاٹ کر بات کرنا: عاجزی اور انکساری سے کچھ کہنا دعوے کی بات عاجزی کے ساتھ ظاہر کرنا۔

—— چاٹنا: (ا) (کنایتاً) عاجزی کرنا، انکساری کرنا، (۲) خاک کو لب اور زبان سے مُنہ میں لینا، گانے بجانے والے لوگوں کا استاد کا نام ادب سے لینے میں خاک چاٹ کر اپنا کان پکڑ لینا۔

—— چھاننا: (ا) (کنایتاً) خوب ڈھونڈنا، بہت تلاش کرنا، (۲) آوارہ پھرنا، سرگرداں پھرنا۔

—— دان: (ف) مونث: (ا) مٹی اور کوڑا پھینکنے کی جگہ، (۲) (مجازاً) دُنیا۔

—— ڈالنا: (کنایتاً) عیب پوشی کرنا، (۲) رفع دفع کرنا، لعنت بھیجنا، چھوڑنا، ترک کرنا۔

—— روب: (ف) مذکر، جھاڑو دینے والا، (۲) بھنگی۔

—— زاد: (ف) (مجازاً) انسان۔

—— سار/خاکسار: (ف) مذکر، غریب، حقیر، غرور نہ رکھنے والا۔

—— ساری: انکسار، عجز، عاجزی۔

—— سر پر اُڑانا/ڈالنا: ماتم کرنا، رونا پیٹنا

—— سے پاک کرنا: ادنا مرتبے سے اعلا مرتبے پر پہنچانا۔

—— سیاہ کرنا: (ا) جلا کر خاک کرنا، (۲) (کنایتاً) برباد کرنا۔

—— شفا: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث: (ا) شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی خاک، (۲) (کنایتاً) کربلا کے مدفن کی خاک، مدینہ منورہ کی خاک۔

—— کا پُتلا: مذکر، آدمی، انسان۔

—— کا پیوند ہونا: زمین میں دفن ہونا، خاک میں ملنا، مرنا۔

—— کے برابر کر دینا: تباہ کرنا، برباد کرنا۔

—— چاٹ کے کان پکڑنا: غرور کی بات کہہ کے عاجزی کرنا۔

—— کر دینا: جلا کر راکھ کرنا، اُجاڑنا، تباہ کرنا۔

—— لے ڈالنا: اپنے مطلب کے واسطے بار بار کسی کے دروازے پر جانا۔

—— ملا: مذکر، خانہ خراب، خاکسار، تباہ حال۔

—— میں خاک ملانا: نام و نشان مٹانا، مار ڈالنا۔

—— میں سُلانا: قتل کر کے زمین میں دفن کرنا۔

—— میں ملانا: (کنایتاً) تباہ کرنا، برباد کرنا، ناپید کرنا، رائگاں کرنا۔ ضائع کرنا۔

—— نائے: (ف) مونث: دو بڑے حصّوں کو ملانے والا تنگ قطعہ

—— نشین: (ف) متواضع، منکسر، خلیق، خاکسار۔

—— نہیں: کچھ نہیں، ذرا نہیں، بالکل نہیں، خراب ہے۔

—— دھوں میں ملنا: برباد ہو جانا، مٹ جانا، فنا ہو جانا۔

—— ہاتھ نہ آنا: کچھ نہ ملنا۔

—— ہونا: (ا) گل کر مٹی ہو جانا، بوسیدہ ہو جانا، میت کا بوسیدہ ہو کر مٹی ہو جانا، (۲) جل کر راکھ ہو جانا، سوختہ

ہو جانا، رشک و حسد سے جل جانا۔
- ہونا: کچھ نہیں ہونا بالکل نہیں ہونا۔
خاکا / خاکہ: (ف) مذکر: (۱) ڈھانچا، (۲) تصویر وغیرہ بنانے کا کچا نقشہ۔
—— اُتارنا: کچا نقشہ بنانا، مسودہ کرنا، حدود وغیرہ کے خطوط کا نشان ڈالنا۔
—— اُڑانا: (۱) کسی کی روش و انداز اپنے میں پیدا کرنا، (۲) رُسوا کرنا، بدنام کرنا، نام نکالنا۔
—— اُڑنا: رُسوائی ہونا، مضحکہ ہونا۔
—— بنانا / کرنا: کچا نقشہ تیار کرنا، پنسل سے تصویر کا نقشہ بنانا۔
خاکِستر: (ف) مونث: جلی ہوئی چیز کی راکھ۔
خاکسی: (ف) مونث: خوب کلاں، ایک باریک تخم خوبنجار کی دوا ہے۔
خاکی: (۱) خاک کی پیدائش (۲) خاک کے رنگ کا مٹیالا، (۳) مذکر: ایک قسم کا چھوٹے پیکاں کا تیر۔
—— انڈا: (۱) وہ انڈا جو مرغی جفتی کے بغیر خاک میں لوٹ کر دے، (۲) حرامی، حرام کا۔
—— نہاد: (ف) بڑا خلیق، نرم دل، اور متواضع شخص۔
خاگینہ: (ف) مذکر: انڈے کو پیاز اور مسالوں کے ساتھ ٹکڑے ٹکڑے کر کے پکانا۔
خال: (ع) مذکر: (۱) جسم کا قدرتی سیاہ تل، (۲) کاجل کا وہ نشان جو خراب نظر سے بچنے کی غرض سے کم سن بچے کے چہرے پر لگاتے ہیں
—— خال: اِکا دُکا، بعض بعض، بہت کم۔
خالا: مونث: ماں کی بہن۔
—— جی کا گھر نہیں: (کنایتاً) آسان کام نہیں، معمولی بات نہیں۔
—— زاد بھائی: مذکر: خالا کا بیٹا۔
خالو: مذکر: خالہ کا خاوند۔
خالص: (ع) سادہ، اصلی، بے میل، کھرا۔
خالصہ: مونث: (۱) سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو۔ (۲) سکھ، عزت دار، سردار۔
خالصے لگنا: ضبط ہونا، ضائع ہونا، برباد ہونا۔
خالق: (ع) مذکر: پیدا کرنے والا، خدا کا نام۔
خالی: (ع) (۱) بے بھرا، کھوکھلا، تہی۔ (۲) صرف، محض (۳) اکیلا، تنہا (۴) بیکار، نکما (۵) بیروزگار، معطل (۶) سونا (۷) مذکر: (عو) ذی قعدہ، چاند کا گیارھواں مہینا۔ (۸) غیر معمور، غیر آباد، (۹) فارغ، بے مشغلہ۔
—— پھرنا: محروم واپس ہونا، کچھ نہ پانا، واپس ہونا۔
—— پیٹ کٹاری مارنا: بھوک کی حالت میں لڑنا۔
—— جانا: (۱) نشانے پر نہ بیٹھنا، حربے کا بیکار جانا، بندوق کا خطا کرنا، گولی نہ لگنا، (۲) بے نتیجہ ہونا (۳) نامزد ہونا۔
—— خولی: خالی۔
—— دینا: حریف کی ضرب یا وار بچانا۔
—— سے بے گار بھلی: بے کار بیٹھنے سے کسی کام کا مصروف کرنا اچھا ہوتا ہے۔
—— کا چاند / مہینہ: (عو) ذی قعدہ جسے عورتیں منحوس مہینا سمجھتی ہیں، عربی سال کا گیارھواں مہینہ۔
—— کرنا: (۱) اُنڈیلنا، نکالنا، تہی کرنا، (۲) بندوق چھوڑنا، (۳) مکان سے قبضہ یا اسباب اٹھا لینا۔
—— ہاتھ: (۱) مفلس، نادار، تہی دست، بغیر تحفہ لیے، (۲) محروم، (۳) بے ہتھیار۔
خام: (ف): (۱) کچا، کچا چمڑا (۲) خالص، کھرا (۳) بودا، کمزور (۴) ناتجربہ کار، (۵) بند، سربستہ (۶) باطل۔
—— پارہ: مونث: مکار عورت، رنڈی)
—— خیال / طبع: (ف) بے ہودہ اور فاسد خیالات کا آدمی۔
—— خیالی / طبعی: (ف) مونث: گمان غلط، غلط خیال، جھوٹا خیال، وہم۔
—— رائے / کار: (ف) کم عقل، نادان، ناآزمودہ کار۔
خامی: (ف) مونث: نقص، کمی، ناتجربہ کاری۔
—— کرنا: کوتاہی کرنا۔

خام مواد : (ف) مذکر؛ (۱) کچا سامان، (۲) (ادب میں) کسی فن پارہ کی تخلیق میں کام آنے والے مواد جیسے: واقعہ، تجربہ، مشاہدہ وغیرہ۔

خاموش/خامش : (ف) چُپ، ساکت۔

—— کرنا : (۱) ساکت کرنا (۲) خاموش کرنا، (چراغ) گل کرنا۔

خاموشی/خامشی : مونث؛ سکوت۔

خامہ : (ف) مذکر؛ قلم۔

—— فرسائی : (ف) مونث؛ لکھنا۔

—— مُو : (ف) مذکر؛ مُو قلم۔

خان : مذکر؛ ہر ایک سردار، رئیس اور امیر کا لقب، پٹھانوں کا لقب۔

—— بہادر/خان صاحب : انگریزی گورنمنٹ کی طرف سے دیا جانے والا عزت کا خطاب۔

—— خاناں : مذکر؛ سردار، عہدِ مغلیہ میں سپہ سالار کا لقب، (اب بیرم خاں اور اس کے بیٹے عبدالرحیم خاں مراد ہیں)

خاندان : (ف) مذکر؛ (۱) گھرانا، (۲) نسل، قبیلہ۔

خاندانی : (ف) نسبی، عمدہ نسل کا، قدیم رئیس۔

خانساماں : (ف) مذکر؛ (۱) گھر کا سامان کرنے والا، داروغہ، (۲) کھانا پکانے اور کھلانے والا، خدمتگار، میز لگانے والا۔

خانقاہ/خانقہ : مونث؛ درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔

خانگی : (ف) (۱) متعلق بہ خانہ، گھریلو، گھر کا (۲) نجی کا، ذاتی خاص اپنا، (۳) مونث؛ آموختہ (پڑھنے کے ساتھ) (۴) مونث؛ وہ زانی عورت جو چھپے ڈھکے کسب کرے علانیہ بازار میں نہ بیٹھے۔

—— جھگڑا : مذکر؛ خاندانی جھگڑا، آپس کا جھگڑا، آپس کی تکرار۔

خانم : (ف) مونث؛ (۱) اعلا خاندانی عورتوں کا لقب، امیرزادی، بیگم، بیوی (۲) خان کی عورت۔

خانماں : (ف) مذکر؛ گھر کا اسباب، اثاث البیت، اثالا۔

—— خراب : (ف)؛ تباہ، برباد، سرگشتہ۔

خانوادہ : (ف) مذکر؛ خاندان، مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے اُن کو توسّل ہو، فقرا کا سلسلہ۔

خانہ : (ف) مذکر؛ (۱) مکان، حویلی (۲) مرغیوں یا کبوتروں کے رہنے کا ڈربا، کابک، آشیانہ، گھونسلا (۳) صندوقچے کے اندر کا گھر، (۴) شطرنج یا چوسر وغیرہ کا وہ مربع نشان جس میں مُہرہ بٹھاتے ہیں، مُہرے کا گھر (۵) کسی چیز کے رکھنے کا ڈبا، آئینے کا خانہ وغیرہ (۶) جال دار چیز میں خالی چھوڑی ہوئی جگہ، (۷) انگوٹھی میں نگینہ رکھنے کی جگہ، (۸) نقش کا خانہ۔

—— آباد دولت زیادہ : دُعا، دولت افزوں، گھر معمور، تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش۔

—— باغ : مذکر؛ مکان کی چار دیواری کے اندر کا باغ۔

—— بہ دوش/بر دوش : (ف)؛ آوارہ، پریشان، گھر کو ساتھ لیے پھرنے والا، وہ جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو۔

—— برانداز : (ف) (۱) گھر بار اجاڑ دینے والا (۲) (کنایتاً) معشوق۔

—— بربادی : مونث؛ گھر کی تباہی۔

—— پُری : مونث؛ نقشا بھرنا، سرکاری مقررہ نقشوں کو پُر کرنا برائے نام کام کرنا یا شریک ہونا۔

—— تلاشی : مونث؛ گھر کی تلاشی۔

—— جنگی : (ف) مونث؛ گھریلو جھگڑے آپس کا فساد۔

—— خدا : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ عبادت گاہ، مسجد۔

—— خراب : (ف)؛ آوارہ گرد، ہرجائی، بدوضع برباد و تباہ، خانہ ویرانی، بربادی۔

—— داری : مونث؛ گھر بار کا کام کاج۔

—— داماد : (ف) مذکر؛ داماد جو سسر کے گھر مقیم ہو جائے۔

—— زاد : (ف) مذکر (۱) نوکروں اور غلاموں لونڈیوں کی اولاد (۲) (کنایتاً) جو کسی کے گھر پیدا ہوا ہو، (۳) (کنایتاً) قدیمی ملازم۔

—— ساز : گھر کا بنا ہوا، چوری سے گھر میں بنی ہوئی شراب۔

—— نشین : (ف) (۱) گھر بیٹھنے والا، گوشہ نشین (۲) بیکار، جھٹل۔

خانے خانے : در بے در بے، مرغیوں یا کبوتروں کو بند کرنے کے لیے پکارنا۔

خاور : (ف) مذکر؛ (۱) مشرق، پورب، (۲) آفتاب۔

خاوند : مذکر؛ آقا، مالک، شوہر۔

خاوندی : مونث؛ بندہ نوازی، بندہ پروری، مہربانی، عنایت، مالک ہونا؛ (اُردو میں بکسر واؤ مستعمل ہے)

خائف : (ع) مذکر؛ ترساں، ڈرنے والا۔

خائن :(ع) مذکر؛ بددیانت، خیانت کرنے والا۔
خایہ : (ف) مذکر؛ (۱) مرغ کا انڈا (۲) خصیہ، فوطہ۔
ـــــ **بردار** : (ف)، مذکر؛ خوشامدی، چاپلوس۔

خ۔ب

خباثت :(مونث؛ (۱) ناپاکی، گندگی، گندا پن (۲) بدباطنی، شرارت۔
خبائث : (ع) گندگیاں۔
خبث : (ع)، مذکر؛ پلیدی، گندگی، بدباطنی، شرارت۔
خبیث : (ع) (۱) گندہ، ناپاک، شریر، بدباطن (۲) بھوت۔
خبث الحدید (خَبَثُ۔ ثَل۔ حدید) :(ع) لوہے کا میل۔
خبر :(ع) مونث؛ (۱) آگاہی، واقفیت، اطلاع (۲) پیغام، (۳) افواہ، شہرت (۴) حدیثِ نبوی (۵) پتا، نشان، سُراغ (۶) ہوش اوسان، سمجھ، عقل، سُدھ بُدھ، (۷) حال (۸) کسی امر یا معاملے کی واقفیت، (۹) حال کی اطلاع
ـــــ **پر خبر دینا** : متواتر اطلاع دینا۔
ـــــ **پوچھنا** : حال دریافت کرنا۔
ـــــ **پھیلانا** : خبر کی اشاعت کرنا
ـــــ **دار** :(ف) (۱) واقف، جاننے والا (۲) تنبیہہ کسی کو کسی امر سے روکنا (۳) واقف کار، آگاہ (۴) ہوشیار، چوکنا۔
ـــــ **رساں** : مذکر؛ پیغام بر، نامہ بر۔
ـــــ **گرم ہونا** : کسی بات کا بہت مشہور ہونا۔
ـــــ **گزرنا** : اطلاع ہونا۔
ـــــ **گیر** : (ف) مذکر؛ (۱) سپاہی، جاسوس (۲) نگہبان، محافظ نگرانی کرنے والا (۳) دست گیر، معاون۔
ـــــ **لینا** : (۱) دست گیری کرنا، مدد کرنا (۲) پوچھنا، حال دریافت کرنا، (۳) نظر رکھنا، نگرانی کرنا، (۴) کسی سے انتقام لینا، آزار دینا، آڑے ہاتھوں لینا، لعنت ملامت کرنا، قائل معقول کرنا (۵) حالت پر غور کرنا (۶) وار کرنا (۷) اثر کرنا، اثر ڈالنا۔
ـــــ **نہ ہونا** : (۱) اطلاع نہ ہونا، واقف نہ ہونا (۲) خاموش رہنا (۳) پروا نہ کرنا، خیال نہ کرنا، توجہ نہ کرنا (۴) ہوش نہ آنا۔
خبط :(ع) مذکر؛ جنون، دیوانگی، سودا۔
ـــــ **سوار ہونا** : بے ہودہ خیال دل میں سمانا۔
خبطی :خواس باختہ، بدحواس، بے وقوف۔
خبیر :(ع) جاننے والا، دانا، واقف، خدائے تعالا کا نام۔

خ۔ت

خُتنک رُختکا : مذکر؛ انگوٹھا، ٹھینگا۔
ختم : (ع) مذکر؛ (۱) اخیر، انجام، انتہا، تمام، مکمل (۲) قرآن شریف کے تمام ہونے کی رسم (۳) فاتحہ، قل، نذر، نیاز، (۴) خاتم۔
ـــــ **خواجگاں** : مذکر؛ ایک قسم کا خاص طریقے کا عمل جس کا ثواب خواجگانِ چشت کو بخشتے ہیں۔
ـــــ **ہونا** : (۱) کسی ہنر یا عیب میں بے مثل ہونا، (۲) ہوچکنا، تمام ہونا، انجام کو پہنچنا، (۳) فاتحہ ہونا، نیاز ہونا (۴) قرآن شریف ختم ہونا۔
خَتنہ : مذکر؛ مسلمانوں کی ایک سُنت جس میں بچے کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے۔

خ۔ج۔خ۔چ

خجالت : شرمندگی، حیا، ندامت۔
خجستہ :(ف) مبارک، مسعود، میمون۔
خجل : مونث؛ شرمندہ۔
خجلت زدہ : (ف) شرمندہ۔
خچر : مذکر؛ وہ جانور جو گدھے اور گھوڑے کے میل سے پیدا ہو۔

خ۔د

خد : (ع)، مذکر؛ چہرہ، رخسار، گال۔
خدا : (ف)، مذکر؛ اللہ، خداوند، مالک، صاحب،
ـــــ **اٹھالے** : اللہ موت دے۔
ـــــ **پر تکیہ ہونا** : خدا کا سہارا ہونا۔
ـــــ **پر چھوڑ دینا** : دُنیاوی تدبیریں ترک کرکے خدا کی مرضی پر چھوڑ دینا، خدا پر توکل رکھنا۔

خُدا پر نظر کرنا: خدا پر بھروسا کرنا۔
—— پرست: (ف) زاہد، عابد، خدا کو پوجنے والا، حق پرست۔
—— پناہ میں رکھے: خدا بچائے۔
—— ترس: (ف) خدا سے ڈرنے والا۔
—— جواب دے: خدا سزا دے۔
—— چاہے: انشاء اللہ تعالا، خدا کی مرضی ہو۔
—— حافظ: (ف) دعا کا کلمہ، مذکر؛ خدا کی حفاظت میں، فی امان اللہ، اللہ نگہ بان۔
—— خدا کرکے: بہ مشکل، بہ دقت۔
—— خدا کرنا: توبہ کرنا، خدا سے ڈرنا، باز آنا، ترک کرنا، عبادت کرنا۔
—— داد: (ف) وہ چیز جو خدا نے بخشی ہو اور اس میں دوسرے کا دخل نہ ہو، اللہ کی طرف سے۔
—— درمیان میں ہونا: تائید غیبی ہونا (کسی مشکل کام کے انجام میں)۔
—— دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کے دیتا ہے: (مثل) خدا کی مہربانی کسی سامان پر موقوف نہیں۔
—— دیتا ہے تو نہیں پوچھتا، تو کون ہے: (مثل) خدا کے یہاں دینے وقت بڑے چھوٹے کی تحقیقات نہیں ہوتی۔
—— را: (ف) برائے خدا، خدا کے واسطے۔
—— رکھنا: اپنا بھی خدا ہونا، سچ کہنا، حق شناسی اور خوف خدا رکھنا۔
—— ساز: (ف) خدا کا بنایا ہوا، اتفاقی۔
—— سمجھے: (عم) خدا اس کی سزا دے، خدا کے غضب میں گرفتار ہو، خدا بدلا لے۔
—— سے پھرنا: (کنایتاً) کافر ہونا۔
—— سے لڑنا: مرضی الٰہی سے مقابلہ کرنا۔
—— سے لو لگی ہونا: (۱) خدا کا آسرا ہونا، (۲) (کنایتاً) قریب مرگ ہونا۔
—— سے ملانا: خدا رسیدہ بنانا، خدا سے سرخرو کرانا۔
—— شاہد ہے: اللہ گواہ ہے۔ (قسم)۔
خُدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے: (مثل) خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے کے موافق دیتا ہے۔
—— شناس: (ف) پارسا۔
—— کا دیا سر پر/سر آنکھوں پر: (مثل) مشیت الٰہی میں مجبوری کا اظہار، توکل، صبر۔
—— کا سخی: خدا کی راہ میں جان و مال صرف کرنے والا۔
—— کا غضب ہونا/کا قہر ہونا: قہر الٰہی ہونا، آفات ارضی و سماوی کا نازل ہونا۔
—— کا قائل ہونا: خدا کے قادر مطلق ہونے کا عقیدہ رکھنا۔
—— کا گھر: (۱) کعبۃ اللہ، مسجد، (۲) مجازاً) دل۔
—— کا کارخانہ: انتظام عالم۔
—— کا نام لے کر: بسم اللہ کہہ کے، اللہ پر بھروسا کرکے۔
—— کا نور: (۱) خدا کی تجلی، (۲) (کنایتاً) داڑھی، (۳) نہایت حسین انسان۔
—— کو ایک دن منہ دکھانا ہے: ایک دن مرنا ہے اور خدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔
—— کو دیکھا نہیں تو عقل سے پہچانا: (مثل) صرف دیکھنے ہی سے نہیں بلکہ عقل سے بھی بہت کچھ سمجھ میں آجاتا ہے۔
—— کو سونپا: (۱) خدا حافظ، خدا نگہ بان کہنا۔
—— کو یاد کرنا: مصیبت میں خدا کو پکارنا۔
—— کی باتیں ہیں: محل تعجب ہے، اللہ کی شان ہے۔
—— کی باتیں خدا ہی جانے: خدا کے بھید کسی انسان کو معلوم نہیں۔
—— کے پاس جانا: (کنایتاً) مرجانا۔
—— کی پناہ: اللہ بچائے۔
—— کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری: (مثل) علانیہ ڈھٹائی کسی برے فعل کے کرنے پر ڈھٹائی سے کہنا۔
—— کی دین: موروث، خدا کا عطیہ، اللہ کی بخشش۔
—— کی ذات کا تکیہ: خدا کا بھروسا۔
—— کی راہ کا سودا: خدا واسطے کو کام کردینا، ثواب کا کام۔
—— کی سنوار: (عو) شائستہ بددعا، خدا برباد کردے۔
—— کی شان/قدرت: کسی کا اپنی حیثیت کے خلاف

بات کرنے پر تحقیر، (۲) تعجب کا اظہار۔

خُدا کے کام : خدا کی قدرت۔

___ کے گھر جانا : مرجانا۔

___ کے گھر سے پھرنا : خدا کے یہاں سے پھرنا، مرتے مرتے بچنا، جینے سے مایوسی۔

___ کی لاٹھی میں آواز نہیں : (مثل) خدا ظلم کی سزا اس طرح دیتا ہے جس کا وہم بھی نہ ہو۔

___ کی مار : خدا کا غضب (بد دعا)۔

___ گنج پہنچ جانا : (مزاحاً) مرجانا۔

___ گنجے کو ناخن نہ دے : (مثل) خدا کم حوصلہ اور کمینے کو اختیار نہ دے۔

___ گواہ / گواہ ہے : خدا کی قسم۔

___ لگتی : سچی بات، انصاف کی بات (کہنا کے ساتھ)

___ لگتی کوئی نہیں کہتا، منہ دیکھی سب کہتے ہیں : حق بات کوئی نہیں کہتا، خوشامد کی سب کہتے ہیں۔

___ لگی / لگتی کہنا : انصاف کی بات کہنا۔

___ مارے یا چھوڑے : ہر چہ باداباد، کچھ ہی ہو۔

___ معلوم : خدا جانے (لاعلمی کا اظہار)

___ مغفرت کرے : خدا بخشے۔

___ مہربان تو جگ مہربان / خدا مہربان تو کُل مہربان : (مثل) خدا کی عنایت ہو تو سب خیر خواہ بن جاتے ہیں، جدھر رب ادھر سب۔

___ ناترس : (ف) خدا سے نہ ڈرنے والا۔

___ نہ کردہ / خدا نخواستہ / خدا نہ کرے : نوج، مبادا، ایسا نہ ہو۔

___ واسطے : بے سبب، ناحق۔

___ واسطے کا بَیر : مونث، ناحق کی دشمنی، بے جا عداوت۔

___ ہی ہے / خدا ہے : مشکل ہے، امید نہیں، شاید ہی۔

___ یاد آنا : (۱) بہت بڑی مصیبت میں گرفتار ہو کر خدا کی یاد آنا (۲) (کنایتاً) خدا کی قدرت نظر آنا (حیرت سے)۔

خُدّام : (ع) مذکر، ملازمین، خدمت گار۔

خُداوَند / خداوندگار : (ف) مذکر، صاحب، آقا، مالک۔

خُدائی خِدمت گار : (ف) ہندوستان کی جدوجہد آزادی کے زمانے میں قائم ہونیوالی قبایلی پٹھانوں کی ایک سیاسی تنظیم جو اہنسا پر یقین رکھتی تھی۔

خُدائی : (ف) مونث، (۱) صاحبی، خداوندی، خدا کی شان، (۲) دنیا، جہان، (۳) خلق اللہ۔

___ خَراب : (۱) آوارہ، آوارہ گرد، خانہ خراب (۲) خراب خستہ، ذلیل و رسوا۔

___ خُوار : دنیا میں بھر میں ذلیل۔

___ خوار گدھے سوار : پریشان، آوارہ پھرنے والا۔

___ رات : مونث، برکت جگانے کی رات جس میں عورتیں گلگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرتی ہیں۔

___ کا دعوا کرنا : بڑا غرور کرنا۔

___ کا جھوٹا : زمانے بھر کا جھوٹا، فریبی، دغاباز۔

___ کا روگ : بڑا روگ، دنیا بھر کا روگ۔

___ کا مارا : مذکر، تباہ و برباد، دنیا بھر کا بدنام۔

___ کرنا : (کنایتاً) بغیر کسی روک ٹوک کے حکومت کرنا۔

خُدایگاں : (ف) مذکر، بڑا بادشاہ، خداوند۔

خدشہ : مذکر، فکر، اندیشہ، ڈر۔

خَدع : (ع) مذکر، فریب دینا، دغا دینا۔

خَدَم : (ع) مذکر، جمع خادم کی، نوکر چاکر۔

خدمات : (ع) مذکر و مونث، جمع خدمت کی، کارگزاریاں۔

خدمَت : (ع) مونث، (۱) نوکری چاکری، (۲) کار متعلقہ، کام کاج، (۳) سامنے، روبرو، پاس۔

___ سے عظمت : (مقولہ) خدمت سے بڑائی ملتی ہے محنت و مشقت سے کامیابی ہوا کرتی ہے۔

___ کرنا : سیوا کرنا، نوکری بجا لانا۔

___ گار : (ف) مذکر، خادم، خدمتی، نوکر چاکر۔

___ گزار : (ف) مذکر، خدمت کرنے والا، کارگزار، ملازم۔

___ لینا : کسی سے کام لینا۔

خدمتی : (ف) (۱) تحفہ، پیش کش، نذرانہ (۲) نوکر چاکر۔

خَدَنگ : (ف) مذکر، ایک قسم کا چھوٹا تیر، مطلق تیر۔

خَدیجہ : مونث، حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی پہلی بیوی کا نام۔

خَدیو : (ف) مذکر، (۱) خداوند، مصر کے بادشاہ کا لقب، (۲) (مجازاً) مطلق بادشاہ۔

خُذ ما صفا ودَع ما کدر: (ع) مقولہ؛ جو بات اچھی ہو اُسے اختیار کرو جو خراب ہو اُسے چھوڑ دو۔

خ۔ر

خرّ: مذکر؛ گدھا۔

—— بے دم: (اضافت کے ساتھ)؛ بے وقوف۔

—— دجّال: (اضافت کے ساتھ)، مذکر؛ دجّال کی سواری کا گدھا۔

—— دماغ: مغرور، متکبّر۔

—— گوش: (ف)، مذکر؛ بلی کے برابر ایک تیز رفتار جانور۔

—— مست/مستا: (۱) احمق، نادان، (۲) متوالا، جوانی کے نشے میں بدمست۔

خراب: (۱) ویران، تباہ، برباد، (۲) ضائع، اکارت، (۳) بُرا، ناقابلِ استعمال، نکما، (۴) رُسوا، ذلیل (۵) آوارہ پریشان۔

—— کرنا: (۱) بگاڑنا، برباد کرنا، (۲) پریشان کرنا (۳) زنا کرنا۔

—— ہونا: برباد ہونا، اجڑنا، بگڑنا، پریشان ہونا، آوارہ ہونا۔

—— حال: پریشان احوال، خستہ حالت۔

—— خستہ: (۱) آوارہ، پریشان آدمی، (۲) چیز جو بگڑ گئی ہو۔

خرابی کا دِہاڑا: خرابی کا سامان، خرابی کے لچھن۔

خرابات: (ف) مونث؛ بُت خانہ، شراب خانہ، قمار خانہ۔

خرابائی: (ف) مذکر؛ شراب خوار، جُواری۔

خرابہ: (ف)، مذکر؛ ویران مکان، ویرانہ، کھنڈر۔

خرّاٹا: مذکر؛ وہ آواز جو اکثر سوتے وقت نرخرے سے نکلتی ہے، خرخر۔

خرّاٹے بھرنا/لینا: بے خبر ہو کر سونا، سوتے میں خرخر کرنا۔

خراج/خراج: (ع) مذکر؛ زمین کا محصول، باج۔

—— گزار: مذکر؛ (۱) خراج دینے والا، (۲) ماتحت بادشاہ یا رئیس۔

—— **خرّاد/خراد**: مذکر؛ (۱) وہ آلہ جس سے لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے اور گول یا چکنا بناتے ہیں، (۲) تیز، شوخ۔

خراد پر چڑھنا: (۱) لکڑی کے پایوں وغیرہ کا خراد پر چڑھ کر ہموار اور درست ہونا، (۲) (کنایتاً) انسان کا تعلیم و تربیت پاکر شایستہ ہونا، منجھ جانا۔

—— پر چڑھنا/اُترنا: درست ہونا، سنورنا، ٹکسال ہونا، تجربہ کار ہونا، زمانے کا گرم و سرد دیکھنا، نشیب و فراز آزمانا۔

خرادنا: خراد پر چڑھا کر لکڑی کو درست کرنا۔

خرّادی: مذکر؛ خرادنے والا، کاریگر جو لکڑی کو ہموار کرتا ہے۔

خراش: (ف)، مذکر؛ مونث؛ رگڑ، چھیلن، کھلی۔

خراط: دیکھو خراد۔

—— اتارنا: درست کرنا، بنانا، آراستہ کرنا۔

خراطین: مذکر؛ کیچوا۔

خرافات: (ع) بے ہودہ کلام، بیہودہ باتیں، یاوہ گوئی۔

خرام: (ف)؛ ناز و انداز کی چال، رفتارِ ناز۔

خراماں: (ف)؛ ٹہک کر چلنے والا، ٹہلنے والا، ناز کی چال چلتا ہوا۔

—— خراماں: آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔

خرّانٹ: بہت تجربہ کار، بہت بوڑھا آدمی۔

خربُوزہ/خربُزہ: مذکر؛ ایک بڑے خوشبودار شیریں پھل کا نام۔

—— پھری پر گرے تو خربُزے کا ضرر اور خربزے پر گرے تو خربزہ کا ضرر: (مثل) کم زور کی ہر طرح شامت ہے۔

خربُزے کو دیکھ کر خربزہ رنگ پکڑتا ہے: (مثل) آدمی کو دیکھ کر آدمی ڈھنگ اختیار کرتا ہے، صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے۔

خُرجی: مونث؛ جھولی، جھولا، بیگ، زنبیل، وہ تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب کے واسطے باندھ دیتے ہیں۔

خرچ: مذکر؛ روپیا، زر، صرف کرنے کی چیز، صَرف۔

—— اٹھانا: صرف برداشت کرنا۔

—— بالائی: دیکھو: بالائی خرچ۔

—— بردار: مذکر؛ وہ نوکر جو تمام خرچ اُٹھائے، داروغہ دفتر کا سودا خریدنے والا۔

—— چلنا: مصارف برداشت ہونا، گزر بسر ہونا۔

—— خانہ داری: مونث؛ گھر کا خرچ۔

خرچ دینا: (۱) صرف کے واسطے پیشگی دینا، (۲) روزینہ تقسیم کرنا، مزدوری دینا۔
ـــــ سے سمندر خالی ہوجاتا ہے: (مثل) خرچ کرنے سے دولت کتنی ہی زیادہ ہو صرف ہوجاتی ہے۔
ـــــ میں ڈالنا: کسی رقم کو مصارف میں درج کرنا۔
خرچنا: صرف کرنا، خرچ کرنا۔
خرچہ: مذکر: (۱) مقدمہ کا خرچ، (۲) لاگت، صرف۔
خرخر: مونث: خراٹے کی آواز۔
خرخرانا: زور سے خراٹے لینا۔
خرخرہ: مونث: بلی کی آواز جو اکثر از خود نکلتی ہے۔
خرخشہ: (ف) مذکر: خلجان، خاطر پریشانی، جھگڑا، بکھیڑا۔
خرد: (ف) مونث: عقل، دانائی۔
ـــــ مند: (ف) دانش مند، دانا۔
ـــــ مندی: (ف) مونث: دانائی، دانش مندی۔
خُرد: (ف)، چھوٹا، کم عمر، کم قدر، کم جثہ۔
ـــــ بین: مونث: دیکھنے کا وہ آلہ جو چھوٹی چھوٹی اور باریک چیز کو بڑا دکھاتا ہے۔
ـــــ سال: (ف) کم عمر، کم سن۔
خُردی: (ف) مونث: چھوٹاپا، چھوٹا ہونا۔
خُردہ فروش: (ا) صرّاف، (۲) پھٹکر بیچنے والا۔
خُرداد: (ف) مذکر: ایران کے شمسی مہینوں میں سے تیسرے مہینے کا نام دیکھو آذر۔
خُردل: (ف) مونث: رائی۔
خُردہ: (ف) مذکر: (ا) ٹکڑا، پارچہ، جز (۲) چھٹن، جھرن (۳) ریزگاری روپے کے چھوٹے حصے (۴) بیع، فروخت۔
ـــــ بین: (ف) مذکر: عیب جو، نکتہ چین، باریک بین۔
ـــــ بینی: (ف) عیب جوئی، نکتہ چینی۔
ـــــ فروش: (ف) مذکر: بساطی، پھیری، گھوم پھر کر بیچنے والا، پھٹکر چیزیں بیچنے والا۔
ـــــ فروشی: مونث: پھٹکر بیچنا۔
ـــــ کرنا: (ا) روپیہ بھنانا، روپیہ یا پیسا تڑوانا، (۲) بیچنا فروخت کرنا، بیع کرنا۔

خُردہ گیر: (ف) مذکر: عیب جو، نکتہ چیں۔
ـــــ گیری: (ف) مونث: عیب جوئی، نکتہ چینی۔
خُرس: (ف) مذکر: ریچھ۔
خُرسند: (ف) خوش، شادمان۔
خُرسندی: (ف) خوشی، شادمانی، رضامندی۔
خُرشید/خورشید: (ف) مذکر: روشن آفتاب۔
ـــــ پیکر/سیما/طلعت/عذار/لقا: معشوق۔
ـــــ لب بام: (ف) (کنایتاً) آخر عمر، آفتاب لب بام۔
خُرطوم: (ع) مونث: ہاتھی کی سونڈ
خُرفہ: (ف) مذکر: ایک مشہور ساگ۔
خَرق: (ع) مذکر: پھاڑنا۔
ـــــ عادت: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر: (کنایتاً) کرامات اولیاء۔
خِرقہ: (ع) مذکر: پرانا جامہ، پیوند لگا ہوا کپڑا، گدڑی، درویشوں کا لباس، بزرگوں کا لباس۔
ـــــ پہننا: سجادہ نشین ہونا، کسی بزرگ کا خلیفہ بننا۔
ـــــ پوش: (ف) مذکر: درویش، صوفی۔
خَرگاہ/خَرگہ: (ف) مونث: بڑا خیمہ، سلاطین اور امراء کا خیمہ۔
خُرّم: (ف) (ا) شادمان، خوش (۲) شاداب، سرسبز، تر و تازہ۔
خرما: (ف) مذکر: (ا) چھوہارا، کھجور، (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔
خرمن: (ف) مذکر: کھلیان، انبار، وہ غلے کا ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔
ـــــ ہستی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر: زندگی کا کھلیان، حیات، زیست
خرمہرہ: (ف) مذکر: کوڑی۔
خروار: (ف) مذکر: بار خر، ایک گدھے کا بوجھ، ایک وزن، نو من سے زیادہ بڑا ڈھیر۔
خُروج: (ع) (ا) برآمد، باہر نکلنا (۲) حملہ شورش، فتنہ (۳) باغی ہونا۔
ـــــ کرنا: بغاوت کرنا، نکلنا، فوج کشی کرنا۔
خُروس: (ف) مذکر: گھر کا پلا ہوا مرغ۔
خُروش: (ف) مذکر: شور، غل، غوغا، رونے کی آواز، فریاد۔
خرید: (ف) مونث: (ا) خریداری (۲) خریدی ہوئی، مول لی ہوئی۔
ـــــ و فروخت: (ف) مونث: لین دین، لینا بیچنا، خریدنا۔

خریدار: (ف) مذکر؛ (۱) گاہک، مول لینے والا، (۲) خواہاں، طلبگار۔
—— کی نگاہ: قیمت کی بابت خریدار کا اندازہ۔
خریدنا: مول لینا۔
خریطہ: (ع) مذکر؛ (۱) تھیلی، کیسہ، (۲) وہ لفافہ جس میں رئیسوں یا امیروں کے نام شقہ جائے۔ (۳) سرکاری حکم جو رؤسا کے نام جائے۔
خریف: (ع) مونث؛ وہ فصل جس میں جوار، مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے، اساڑھ سے کاتک تک کا زمانہ۔

خ۔ز

خزاں / خزاں: (ف) مونث؛ (۱) پت جھڑ، فصل خریف، وہ موسم جس میں درخت کے پتے جھڑ کر گرتے ہیں، (۲) بے رونقی، زوال۔
—— آنا: (۱) خزاں کا موسم آنا، (۲) بے رونقی کا ظہور ہونا، زوال آنا، (۳) حسن نہ رہنا۔
—— دیدہ / رسیدہ: (ف) بے رونق۔
خزانچی: (ف) مذکر؛ تحویل دار، خزانہ رکھنے والا۔
خزانہ: (ع) مذکر؛ (۱) وہ جگہ جہاں روپیا جمع رہے (۲) ذخیرہ، گودام، کھتا (۳) (ف) پانی کا ذخیرہ رکھنے کی جگہ، (۴) (مجازاً) روپیا، مال، دولت، نقدی، (۵) (ف) بندوق اور تفنگ کی وہ جگہ جہاں بارود رہتی ہے، کوٹھی۔
خزانۂ عامرہ: (ع) مذکر؛ بھرا ہوا خزانہ۔
خزائن: (ع) مذکر؛ جمع خزانہ کی۔
خزف: (ع) مونث؛ ٹھیکری، ٹھیکرا۔
خزینہ: (ف) مذکر؛ خزانہ، مخزن۔

خ۔س

خس: (ف) مذکر؛ مونث؛ (۱) سوکھی گھاس، کوڑا کرکٹ، پھوس، خاشاک، (۲) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
—— پوش: (ف) وہ چیز جس کو سوکھی گھاس سے چھپا دیا ہو۔
—— خانہ: (ف) مذکر؛ وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے گرمی کے موسم میں امیر لوگ بنایا کرتے ہیں۔
خس وخاشاک: مذکر؛ کوڑا کرکٹ۔
—— کم جہاں پاک: (ف) (مثل) کسی نالائق یا بے کار شخص کا نہ رہنا یا مر جانا ہی بہتر ہے۔
خسارہ: مذکر؛ ٹوٹکا، نقصان، زیان۔
خسامت / خساست: (ع) مونث؛ بخل، کنجوسی، کمینگی۔
خست: (مونث) بخل، کمینہ پن۔
خساندہ: (ف) مذکر؛ پانی میں بھگو کر بغیر پکائے نتھار کر پینے کی دوا۔
خستگی: (ف) مونث؛ (۱) شکستگی، شکستہ حال (۲) بھربھراہٹ، (۳) مفلسی، افلاس، ناداری تنگ دستی (۱) تھکاوٹ، تھکن۔
خستہ: (ف) (۱) زخمی، بیمار، مفلس، (۲) گٹھلی خرمے اور آلوچے وغیرہ کی (۳) شکستہ (۴) رنجیدہ تھکا ہوا (۵) بھربھرا، کڑکڑا (۶) خراب، بدحال، پریشان، ذلیل (۷) نادار، تنگدست (۸) مذکر؛ خوبانی اور بادام کی گری۔
—— جگر / حال / خاطر / دل / رواں: (ف) شکستہ دل، آزردہ دل، پریشان، ناخوش۔
خسر: (ف) مذکر؛ سسر، شوہر یا بیوی کا باپ۔
خسران: (ع) مذکر؛ نقصان، زیاں۔
خسرو: (ف) (۱) ایران کے کیانی خاندان کا بہت بڑا بادشاہ کسرا۔ (مجازاً) بادشاہ، صاحب شوکت۔
—— پرویز: نوشیرواں کا پوتا جو شیریں کا عاشق تھا۔
خسروانہ / خسروانی: (ف) شاہانہ۔
خسروی: (ف) (۱) بادشاہی، خسرو سے منسوب (۲) ایک قسم کی شراب۔
خسرہ: مذکر؛ گانو کے کھیتوں کی فہرست۔
—— آبادی: مذکر؛ قابضوں کے نام کے ساتھ مکانات کی فہرست۔
—— / کھسرا: ایک قسم کی چھوٹی چیچک۔
خسک: (ف) مذکر؛ گوکھرو، ایک دوا کا نام۔
خسوف: (ع) مذکر؛ (۱) چاند گہن، (۲) زمین میں دھنسنا۔
خسیس: (ع) (۱) کمینہ، فرومایا (۲) بخیل۔

خ۔ش

خشت: (ف) مونث؛ اینٹ۔
—— باری: اینٹ برسانا، کنکر پتھر پھینک کر مارنا۔

خشخاش/خشخش : (ف) مونث؛ پوست کے دانے، پوست کا درخت۔
—— کے دانے برابر: بہت چھوٹا، کچھ بھی نہیں۔
خشک : (ف) (۱) سوکھا (۲) روکھا، کج خلق، وہ آدمی جو دل لگی مذاق سے متنفر ہو (۳) وہ جس سے فائدہ نہ اٹھا سکیں (۴) بے لطف بے مزہ (۵) بے مغز، نا سمجھ، خشک دماغ۔
—— تنخواہ: بغیر روٹی کے صرف نقد تنخواہ۔
—— روٹی: سالن بغیر روٹی، روکھی روٹی۔
—— دماغی/مغزی: (ف) مونث، دیوانگی، جنون، گاودی پن۔
—— سالی: (ف) مونث، (۱) اکال، قحط (۲) وہ موسم جس میں حسب معمول بارش نہ ہو۔
—— وتر: (ف)، برا بھلا، خوب وزشت۔
—— ہونا: (۱) سوکھنا (۲) مرجھانا، جھڑنا۔
—— خشکیدہ: خشک، سوکھا۔
خشکی: (ف) (۱) سوکھا پن (۲) زمین، (۳) روکھا پن، (۴) اکال، قحط (۵) پلیتھن (۶) وہ میل جو سر میں پیدا ہو جاتا ہے۔
خشکہ: (ف) مذکر؛ ابالے ہوئے چاول، بھات۔
—— اور بریزہ اگرچہ گندہ لیکن ایجاد بندہ: (مثل) ہٹ دھرمی کرنا، اپنی بات کی پچ رکھنے کے لیے بے تکی بات پر اڑا رہنا۔
—— کھاؤ: بے جا خواہش نہ کرو، جاؤ رخصت ہو۔
—— کھاؤ پنیر کے ساتھ: اپنا راستہ لو، رخصت ہو، چمپت ہو۔
خشم: (ف) مذکر؛ غصہ، خفگی۔
خشمگیں: (ف) غصہ ور، غضب ناک۔
خشمناک: (ف) غصے سے بھرا ہوا۔
خشوع: (ع) مذکر؛ عاجزی، فروتنی، گڑگڑانا۔
خشوع: (ع) مذکر؛ دلنواز گفتگو۔

خ۔ص

خصائص: (ع) مذکر؛ خاصیتیں، عادتیں۔
خصلت: (ع) مذکر؛ جمع: خصائل؛ خو، عادت۔
خصم: مذکر؛ دشمن، بدخواہ، حریف، مخالف، مقابل۔
خصم: شوہر۔
خصوص: (ع) مذکر؛ خاص ہونا، خصوصیت، خاص، خاص کر۔
خصوصاً: خاص کر۔
خصوصیات: (ع) مذکر؛ جمع خصوصیت کی۔
خصوصیت: (ع) مونث؛ (۱) خاص (۲) خاص بات، (۳) ذاتی تعلق، میل ملاپ، ربط ضبط، دوستی، اخلاص۔
خصومات: (ع) مذکر؛ جمع خصومت کی۔
خصومت: (ع) مونث؛ (۱) دشمنی (۲) جھگڑا، فساد، عناد۔
خصی: (ع) مذکر؛ (۱) خصیے نکالا ہوا جانور، آختہ، (۲) نامرد، زنانہ۔
—— پرنالہ: مذکر؛ وہ پرنالہ جس کا پانی دیوار سے لگتا ہوا باہر گرے۔
خصیہ: (ع) مذکر؛ فوطہ، خایہ۔
خصیے سہلانا: (مجازاً) خوشامد کرنا۔

خ۔ض

خضاب: (ع) مذکر؛ (۱) عموماً ہر ایک رنگ، خصوصاً وسمہ مہندی اور تیل کا رنگ (۲) سفوف یا عرق جس کے استعمال سے بال سیاہ ہو جائیں۔
—— کرنا/لگانا: وسمہ لگانا، بال سیاہ کرنا۔
خضر/خضر: (ع) مذکر؛ (۱) ایک مشہور پیغمبر کا نام جن کی نسبت مشہور ہے کہ انھوں نے آب حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے (۲) (کنایتاً) رہنما، رہبر۔
—— راہ: (ف) (اضافت کے ساتھ) رہ نما، رہبر۔
خضوع: (ف) مذکر؛ عاجزی کرنا، گڑگڑانا۔

خ۔ط

خط: مذکر؛ (۱) لکیر، نشان (۲) (ف)، چٹھی، نامہ، مکتوب (۳) (ف)، بنا سبز جو انسان کے چہرے میں لبوں سے شروع کر رخساروں

کے گرد ظاہر ہوتا ہے، (۴) لکیر جس میں صرف لمبائی ہو چوڑائی نہ ہو، ہاتھ کا لکھا ہوا، سوادِ خط، اندازِ تحریر۔

خطِ آزادی: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ رہائی کی سند۔

—— **آنا**: سبزہ آغاز ہونا، رُخسار پر داڑھی کا نمودار ہونا۔

—— **اُڑانا**: دیکھو اُڑانا۔

—— **استوا**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ فرضی دائرہ جو زمین کے بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی جانب کھینچا ہوا مانا گیا ہے۔

—— **اُفق**: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ دائرہ افق۔

—— **بنانا**: حجامت بنانا۔

—— **بَن جانا**: (۱) حجامت بن جانا، (۲) نشان بن جانا۔

—— **بندگی**: (ف) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) خطِ غلامی۔

—— **بنوانا**: اصلاح بنوانا، حجامت کروانا۔

—— **بھر آنا**: سبزہ آغاز ہونا، داڑھی نکلنا شروع ہونا۔

—— **پرکار**: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ وہ خط جو پرکار سے کھینچا جائے۔ دائرہ۔

—— **پیشانی / جبیں / سرنوشت**: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ نوشتۂ تقدیر۔

—— **تراش**: مذکر؛ حجام، نائی۔

—— **ترشنا**: خط بننا۔

—— **تقدیر**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ تقدیر کا نوشتہ، قسمت کا لکھا۔

—— **توامان / توام**: (ف) مذکر؛ خط کی ایک قسم جس میں ایک خاص ترکیب سے موٹے موٹے سفید حروف نمایاں ہوتے ہیں۔

—— **حامل**: (ع) مذکر؛ (ریاضی کی اصطلاح) فرضی خط جس کا طول اور سمت معین ہو، مقام معین نہ ہو۔

—— **تیغ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ تلوار کا زخم۔

—— **جدی**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ایک اصطلاح فلکیات۔

—— **چلیپا**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ صلیب نما خط

—— **حصار**: (ف) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) وہ دائرہ جو عامل اپنے یا کسی اور کے گرد بھوت پریت کے آسیب سے بچنے کے واسطے کھینچتے ہیں۔

—— **دار**: دھاری دار۔

—— **رکھوانا**: خط بڑھنے دینا۔

—— **رواں**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وہ خط جو بے تکلف پڑھا جائے۔

—— **ریحاں / گل زار**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ ابن مقلہ نے جو چھ خط ایجاد کیے تھے اُن میں سے ایک خط کا نام جس میں حروف سے پھول بوٹے بنائے جاتے ہیں۔

—— **سبز**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خطِ سیاہ، چہرے پر تازہ اور نکلا ہوا خط، سبزہ آغاز۔

—— **سُرمہ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وہ خط جو سُرمے سے آنکھ میں بن جاتا ہے۔

—— **شعاع**: (اضافت کے ساتھ) ف، مذکر؛ آفتاب کی کرنیں۔

—— **شکستہ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ نستعلیق کے خلاف گھسیٹ کر لکھا گیا خط۔

—— **عمودی**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سیدھا خط۔

—— **غبار**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ نستعلیق تحریر کا ایک انداز جس میں جلی حروف کے درمیان باریک باریک نقطے لگائے جاتے ہیں۔

—— **غلامی لکھ دینا**: غلامی کا اقرار نامہ لکھ دینا۔

—— **کتابت**: مونث؛ مراسلت۔

—— **کش**: (۱) وہ سودا جو بیچنے والے کو پھر واپس نہ ہو سکے، جاکڑ کی ضد (۲) ف مونث؛ وہ آرا جس سے بڑھئی لکڑی کاٹنے کے لیے نشان بناتے ہیں۔

—— **کھینچنا**: (۱) محو کرنا، مٹا دینا، (۲) لکیر کھینچنا، قلم زد کرنا۔ (۳) نشان کرنا۔

—— **کی پیشانی**: وہ جگہ جو خط کے اوپر سادہ چھوڑ دی جاتی ہے۔

—— **متوازی**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ایک دوسرے کے مقابل وہ دو لکیریں جو آپس میں نہ مل سکیں۔

—— **محور**: (اضافت کے ساتھ) (ف) زمین کا وہ فرضی خط جس کے گرد زمین روزانہ گردش کرتی ہے جو چوبیس گھنٹے میں پوری ہوتی ہے۔

خط مستقیم : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سیدھا خط۔
ـــــ مُشکیں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خطِ سبز۔
ـــــ منحنی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ٹیڑھی سی لکیر۔
ـــــ نستعلیق : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور نستعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے۔
ـــــ نسخ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (ا) چھے خطوں میں سے ایک خوش نما عربی خط جس کی خوبی کے آگے اس سے پیشتر کے خطوں کو منسوخ کر دیا گیا تھا۔
ـــــ نسخ پھیرنا : قلم زد کر دینا۔
ـــــ نکلنا : سبزہ نمودار ہونا (نوجوانوں کے چہرے پر)
خطوطِ وحدانی ہر ہلالی : مذکر؛ بریکٹ ( )
خطی : (ع) (ا) خط کی طرف منسوب (۲) لکیر کی طرح سیدھا، (۳) ایک قسم کا نیزہ، (۴) قلمی یا ہاتھ سے لکھی ہوئی کتاب۔
خطا : (ا) بھول، چوک، گناہ، قصور، غلطی، سہو (۲) مذکر؛ ہرکستان اور چین کے مابین ایک ملک کا نام۔
ـــــ کار/گر : (ف) گنہ گار۔
ـــــ وار : (ف) قصوروار، گنہ گار، مجرم۔
ـــــ ہونا : بھول ہونا، غلطی ہونا، سہو ہونا، قصور ہونا، جرم ہونا، (۲) بے ارادہ بول براز نکل جانا۔
خطائے بزرگاں گرفتن خطاست : (ف) (مقولہ) بزرگوں پر اعتراض کرنا بڑی بے ادبی ہے۔
خِطاب : (ع) مذکر؛ (ا) کسی کے روبرو ہو کر کلام کرنا کلام، گفتگو (۲) تعریفی لقب، عزت کا توصیفی نام (۳) (طنزاً) برا نام رکھنا۔
خُطبہ : وہ تعریف یا حمد و نعت خواہ وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے، عید کا خطبہ، جمعہ کا خطبہ۔
خَطَر : (ع) مذکر؛ ہلاکت کے قریب ہونا، خوف، اندیشہ، آفت، ضرر، دشواری۔
ـــــ ناک : (ف) خوفناک۔
خطرہ : (ع) مذکر؛ دل کا اندیشہ، کھٹکا، خوف، ڈر۔
خطرے میں ڈالنا : جوکھوں میں ڈالنا، ہلاکت میں ڈالنا، آفت میں پھنسانا۔
خطرے میں نہ لانا : خاطر میں نہ لانا، حقیر سمجھنا، کچھ نہ سمجھنا، وقعت نہ جاننا۔
خطی : (ع) مونث؛ گل خیرو۔
خِطہ : (ع) (ا) زمین کا ٹکڑا، حصہ زمین کا گھرا ہوا حصہ (۲) مذکر؛ ملک کا قطعہ، بڑا شہر، ملک، سرزمین، قطعہ۔
خَطیب : (ع) مذکر؛ (جمع خطبہ)؛ (ا) خطبہ پڑھنے والا، (۲) بکچر دینے والا۔
خَطیر : (ع) بڑا، کثیر، بہت۔

خ۔ف

خَفا : (ف) غضب ناک، ناخوش، برہم، ناراض، آزردہ۔
ـــــ ہونا : ناراض ہونا، غصہ ہونا۔
خِفا : (ع) مونث؛ (ا) پوشیدگی، (۲) پوشیدہ ہونا۔
خُفّاش : (ع) مذکر؛ چمگادڑ۔
خِفّت : (ع) مونث؛ (ا) سبکی، ہلکاپن، اوچھاپن (۲) ذلت، شرم، خجالت۔
خَفقان : (ع) مذکر؛ (ا) دل کا دھڑکنا، ایک بیماری کا نام جس میں دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے، (۲) گھبراہٹ، مالیخولیا، باطل خیالات، توہمات، وحشت ہونا۔
خفقانی : گھبرایا ہوا، خفقان میں مبتلا۔
خفگی / : (ف) مونث؛ آزردگی، ناراضی، ناخوشی، غصہ۔
خفی : (ع) (ا) باریک خط، مہین خط (۲) پوشیدہ، مخفی۔
خفیف : (ا) ہلکا، سبک (۲) ذلیل، رسوا، حقیر (۳) بے قدر، بے حقیقت، (۴) کم، تھوڑا (۵) نادم، شرمندہ (۶) مونث؛ عروض کی ایک بحر کا نام۔
خفیفہ عدالت : مونث؛ وہ عدالت جس میں زر نقد کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔
خفیہ : پوشیدہ، در پردہ۔
ـــــ پولیس : مذکر؛ وہ پولیس کا محکمہ جس کا کام در پردہ خبر لگانے کا ہے۔
ـــــ نویس : مذکر؛ جاسوس، مخبر، خبر نویس۔

خ۔ل

خَلا : (ع) مذکر؛ (۱) خالی جوف، خلو، خالی جگہ، (۲) زمین کے اوپر کا وہ حصہ جہاں ہوا ختم ہو جاتی ہے۔

—— **باز** : مذکر؛ خلائی جہاز چلانے والا۔

—— **ملا** : مذکر؛ میل جول، خلط ملط، ربط ضبط۔

خلاص : (ع) مذکر؛ آزاد، چھوٹا ہوا۔

—— **ہونا** : (۱) (کنایتاً) بچہ جننا، (۲) انزال ہونا، (۳) ملازمت کا چھوٹ جانا۔

خُلاصہ : (ع) مذکر؛ چُنا ہوا، چھانٹا ہوا، مختصر، منتخب، (۲) حاصلِ کلام، الحاصل، لبِ لباب۔

خَلاصی : (ف) مونث؛ نجات، چھٹکارا، رہائی۔

خلاّصی : (۱) خیمہ کھڑا کرنے والے (۲) توپ خانے، ریل یا جہاز پر کام کرنے والے مزدور۔

خِلاف : (ع) (۱) اُلٹا، ناسازگار، ناموافق، برعکس، برخلاف، نقیض (۲) مذکر؛ چھوٹ (۳) اختلاف (۴) مخالف۔

—— **بیانی** : مونث؛ جھوٹ بیان کرنا، دروغ گوئی۔

—— **دستور** : (اضافت کے ساتھ) رواج کے خلاف، معمول کے خلاف۔

—— **طبع** : (اضافت کے ساتھ) طبیعت کے برعکس، مزاج کے خلاف۔

—— **عقل** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سمجھ کے خلاف، دانش مندی کے برعکس۔

—— **قیاس** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ناممکن۔

—— **کہنا** : جھوٹ بولنا، طبیعت کے ناموافق بات کہنا۔

—— **ورزی** : مونث؛ خلاف کرنا، قانون یا قاعدہ توڑنا۔

—— **وَضع** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ طریقے اور عادت کے برعکس۔

—— **وَضعِ فِطری** : (مذکر؛ لواطت۔

—— **ہونا** : مخالف ہونا، برعکس ہونا، کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا۔

خلافت : (ع) مونث؛ نیابت، خلیفہ کا عہدہ، جانشینی، مشائخ بادشاہ یا نبی کی جانشینی۔

خلاّق : (ع) بہت پیدا کرنے والا، خدائے تعالا۔

خلاّقانہ : (ع) پیدا کرنے کی صفت، تخلیقی طور پر۔

—— **اَدَب** : (ع) مذکر؛ تخلیقی ادب۔

خلال : (ع) مذکر؛ مونث؛ دانت کُریدنے کا تنکا، دانت صاف کرنے تنکا۔

—— **دینا** : گنجفہ کی بازی میں حریف کو ہرا دینا۔

—— **کرنا** : دانت کُریدنا، تنکے سے دانتوں کی ریخیں صاف کرنا۔

خلائق : (ع) مونث، جمع خلق کی، خلقت، مخلوقات۔

خُلّت : (ع) مونث؛ دوستی، محبت۔

خُلجان : (ع) مذکر؛ تردد، خلش، فکر، اندیشہ۔

خلخال : (ع) مونث؛ پازیب، پیروں میں پہننے کا ایک زیور۔

خلخل / خلخلا : (ع) ڈھیلا، ڈھالا۔

خُلد : (ع) مذکر؛ بہشت۔

—— **بریں** : (اضافت کے ساتھ) فردوسِ اعلا۔

—— **آشیاں** : (اضافت کے ساتھ) (۱) بہشت میں سکونت رکھنے والا، (۲) تعظیماً) بڑے لوگ یا بزرگ جو مر جائیں، مرحوم۔

خَلِش : (ف) مونث؛ کھٹک، رنجش، بُغض۔

خِلط : (ع) مذکر؛ (طب) چار خلطوں میں سے ایک (صفرا، سودا، خوں، بلغم۔)

—— **مُبحَث** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بے فائدہ، الجھاؤ، ایک بحث میں دوسری بحث۔

خَلط مَلط : گڈمڈ، درہم برہم۔

خُلع : (ع) مذکر؛ مسلمان عورت کا مہر معاف کر کے یا مال دے کر طلاق لینا۔

خِلعَت : (ع) مذکر؛ (۱) لباس، جوڑا، کپڑا جو انعام میں بادشاہوں یا حکومتوں کی طرف سے دیا جائے، (۲) (ف) وہ نشان جو خوش نویس استاد شاگرد کے عمدہ اور باقاعدہ حرف پر بنا دیتے ہیں۔

خَلَف : (ع) مذکر؛ فرزند سعید، جانشین۔

خَلفُ الرَّشید / خَلفُ الصِّدق : مذکر؛ (سچا بیٹا)، مطیع فرماں بردار بیٹا۔

خُلفا : (ع) مذکر؛ جمع خلیفہ کی۔

خُلفائے راشدین : (ہدایت والے خلیفہ) رسول اللہ کے

چاروں خلفا مُراد ہیں۔

خَلْفِ وعدہ : مذکر؛ خلافِ وعدہ، وعدے کے خلاف کرنا۔

خَلْق : (ع) مونث؛ دنیا کے لوگ، پیدا کیا ہوا، مخلوق۔

—— سے اُٹھ جانا : مَر جانا۔

خُلق : (ع)؛ عادت، خصلت، مروت، خوش مزاجی، ملنساری۔

—— محمدی : (اضافت کے ساتھ) (ضرب المثل) پیغمبرِ اسلام کا اخلاق، بے مثل اخلاق۔

خِلْقَت : (ع) مونث؛ (۱) آفرینش، پیدائش، فطرت، سرشت۔ (۲) مخلوق، لوگ۔

خِلقی : پیدائشی۔

خَلَل : (ع) مذکر؛ (۱) فتور، بگاڑ، (۲) بدہضمی، پیٹ کا بگاڑ (۳) جن پری یا آسیب کا اثر، (۴) بیماری، دُکھ، روگ۔

—— اَنداز : (ف) خلل ڈالنے والا، فتور ڈالنے والا۔

—— دِماغ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ مالیخولیا، سودا، دیوانگی۔

خُلو : (ع) مذکر؛ خالی ہونا۔

خَلْوَت/خِلوت : مونث؛ (۱) تنہائی، علاحدگی، (۲) مکان کا غیر سے خالی ہونا، (۳) خالی جگہ، تنہائی کی جگہ، (۴) خواب گاہ، سونے کا کمرہ، (۵) پوشیدگی۔

—— خانہ/سرا/گاہ : پہلا؛ مذکر؛ دوسرا تیسرا مونث، تنہائی میں بیٹھنے کا مقام۔

—— صحیح/صحیحہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (۱) تنہا ہونا (۲) (اصطلاحِ فقہ) خاوند جو رو کا ہم بستری کے لیے ایسی جگہ اکٹھا ہونا جہاں کوئی اور نہ ہو۔

—— کرنا : (۱) مکان کو غیر سے خالی کرنا، تنہا ہونا، (۲) عورت سے صحبت کرنا۔

—— گزین/نشین : (ف) تنہائی میں بیٹھنے والا۔

خُلُود : (ع) مذکر؛ ہمیشگی۔

خُلوص : (ع) مذکر؛ سچی دوستی، وفاداری، سچائی، صفائی۔

—— نیت : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ پاک نیتی، خالص نیت، سچائی کے ساتھ۔

خَلیا ساس : مونث؛ ساس کی بہن۔

—— سُسرا : مذکر؛ خلیا ساس کا شوہر۔

خلیتا : مذکر؛ تھیلی، لمبا کرتا۔

خَلیج : (ع) مونث؛ پانی کا وہ حصہ جو تین طرف خشکی سے محیط اور ایک طرف سمندر سے ملا ہوا ہو، کھاڑی۔

خَلیرا بھائی : (عم) مذکر؛ خالا کا بیٹا، خالا کی اولاد۔

خلیفہ : مذکر؛ (۱) نایب، کسی کی جگہ اس کی وفات کے بعد مقرر ہونے والا، قائم مقام، پیغمبر کا نائب (۲) استاد کا نائب، سب لڑکوں سے زیادہ پڑھا ہوا لڑکا، استاد کا بیٹا، استاد کی بیٹی (۳) (عم) نائی، درزی وغیرہ۔

خلیق : (ع) اچھے اخلاق سے پیش آنے والا، صاحبِ خُلق، خوش خُلق۔

خلیل : (ع) سچا، دوست۔

خلیلُ اللہ : (ع) مذکر؛ (خدا کا دوست) حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔

خلیل خاں نے فاختہ ماری : (مثل) اونا کام پر بہت اترانے والا۔

—— خاں فاختہ اُڑا گئے / چکے : بہت اِترا چکے، اب اِترانے کے لیے کچھ رہا ہی نہیں۔

خُلیہ : (ع) مذکر؛ خانہ، (انگ) سل (CELL)

خ ـ م

خم : (ف) مذکر؛ (۱) ترچھاپن، کجی، پیچ و تاب، (۲) بازو۔

—— ٹھوکنا : (۱) کشتی کے وقت بازو پر اس طرح ہاتھوں کو مارنا کہ آواز نکلے، (۲) (کنایتاً) کسی کام میں کسی سے مقابلہ کرنا۔

—— دار : (ف) ٹیڑھا، ترچھا، کج، پیچ دار۔

—— وچم (ف) چم بمعنی خم؛ مذکر؛ ناز، خرام ناز، خرام معشوق، اترانا۔

—— خمیدہ : (ف) ٹیڑھا، جھکا ہوا۔

خُم : (ف) مذکر؛ شراب کا مٹکا، بڑی ہانڈی۔

—— خانہ/کدہ : (ف) مذکر؛ شراب خانہ۔

—— گردوں : مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) آسمان۔

خُمار : (ع) مذکر؛ نشہ اترنے کی کیفیت، ہاتھ پاؤں ٹوٹنے لگنا (۲) نیند نہ آنے کا اثر جو آنکھوں پر کم سونے یا نہ سونے سے ہوتا ہے۔

خُمار آلودہ : (ف) منوالا، نشے میں چور، مخمور۔
——— **توڑنا** : نشے کے اُتار کی تکلیف رفع کرنا۔
خُماسی : (ع) مونث؛ پنج حرفی لفظ۔
خَمر : (ع) مونث؛ شراب۔
خُمس : (ع) (ا) پانچ پنج (۲) (ع) پانچواں حصہ (۳) مذکر؛ (فقہ) مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ جو غربا اور لاوارثوں کے لیے مقرر کیا جائے۔
خُمسہ : (ع) (ا) پانچ سے نسبت رکھنے والا، (۲) مذکر؛ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک بند ہو، (۳) پانچ منظوم رسالوں کا مجموعہ۔
خمول : (ع) مذکر؛ گمنام ہونا، گمنامی۔
خمیازہ : (ف) مذکر؛ (ا) انگڑائی، غلبۂ خواب میں ہاتھوں کو اونچا کر کے بدن تاننا (۲) مکافات، بدلا، (۳) تکلیف پشیمانی، افسوس۔
——— **اٹھانا/بھرنا/بھگتنا** : (ا) نقصان اُٹھانا، ضرر اُٹھانا (۲) پاداش جھیلنا، قصور کی سزا بھگتنا، (۳) تکلیف اُٹھانا، (۴) صدمہ مندہ ہونا، ذلیل ہونا۔
——— **کھینچنا** : رنج اُٹھانا، پشیمان ہونا۔
خمیر : مذکر؛ (ا) گندھے ہوئے آٹے کو ترش کر کے پھلا لینا۔ (۲) سرشت۔ (۳) مٹی، جسم کی مٹی۔
——— **اُٹھنا** : خمیر تیار ہونا، جوش میں آنا، خمیری آٹے کا روٹی پکانے کے قابل تیار ہونا۔
——— **بگڑنا** : سرشت میں فرق آنا، ترکیب میں تفاوت ہو جانا۔
——— **کھٹا ہونا** : خمیر بگڑ جانا، خمیر کا زیادہ ترشی پر آجانا۔
خمیرہ : مذکر؛ خمیر اُٹھا کر تیار کیا ہوا، شکر یا مصری میں پکائی ہوئی دوا (۲) ایک قسم کا خوشبودار پینے یا کھانے کا تمباکو۔
خمیری : مونث؛ خمیر والی روٹی۔

خ۔ن

خنازیر : (ع) مذکر؛ جمع خنزیر کی، گلے میں گلٹیاں اُبھرنے کی بیماری، کنٹھ مالا، (بیماری)
خناس : (ع) مذکر؛ (ا) سرکش دیو، شیطان رجیم، بُری روح۔ (۲) وسوسہ ڈالنے اور بہکانے والا شریر (۳) بخیل۔
خُناق : (ع) مذکر، گلے کی ایک خطرناک بیماری، جس میں حلق کے غدود بڑھ جاتے ہیں۔
خُنثیٰ / خُنثا : (ع) مذکر؛ وہ آدمی جو مردانہ اور زنانہ دونوں مخصوص علامتیں کامل یا ناقص رکھتا ہو، ہجڑا۔
خَنجر : (ف) مذکر؛ ایک مشہور ہتھیار، ایک قسم کا چھرا، کٹار۔
——— **اٹھانا** : خنجر ہاتھ میں لینا، عَلَم کرنا۔
——— **پھیرنا** : خنجر چلانا (ذبح کرنے کو)
——— **تیز کرنا** : آمادۂ قتل ہونا۔
——— **چلنا** : گلے پر خنجر کا رواں ہونا (ذبح کرنے کو)
——— **کھینچنا** : میان سے خنجر باہر کرنا (وار کرنے کے لیے)
خَنجَری / خَنجُری : مونث؛ (ا) چھوٹی دف، ڈفلی، (۲) گلبدن اور مشروع کی آرایشی لکیریں۔
خنداں : (ف) ہنستا ہوا، خوش۔
خندق : (جمع خنادق) مونث؛ کھائی، گڑھا، کھوہ۔
خندہ : (ف) مذکر؛ ہنسی۔
خندۂ برق : (ف) (کنایتاً) بجلی کا کوندا۔
——— **پیشانی / رُو** : (بغیر اضافت) (ف) ہنس مکھ۔
——— **زیر لبی** : (ف) (بااضافت کے ساتھ) تبسم، مسکرانا۔
——— **صبح** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مجازاً؛ طلوع صبح۔
——— **غنچہ** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کلی کا کھلنا۔
خُندی : مونث؛ (عو) (ا) بے حیا، بے غیرت (۲) قحبہ، فاحشہ۔
خنزیر : (ع) مذکر؛ جنگلی سور، سُور۔
خُنصر : (ع) مونث؛ چھنگلیا۔
خُنک : (ف) سرد، ٹھنڈا۔
خُنکی : مونث؛ سردی، ٹھنڈ، برودت۔
خُنگا : مذکر، موٹا تازہ، ہٹا کٹا، قوی ہیکل، (قلیل الاستعمال)
خُنیا : (ف) مذکر؛ (ا) راگ، نغمہ سرود (۲) مونث؛ ڈومنی، میراثن۔
——— **گر** : گویا، مُطرب۔

خ۔و

خو : (ف) مونث؛ عادت، خصلت، سرشت۔

خُو بُو: مونث؛ عادت، خصلت، رنگ ڈھنگ۔
—— گر: (ف) عادی۔
—— ڈالنا: بری عادت پڑنا۔
خواب: (ف) (ا) وہ ما جرا یا منظر جو انسان نیند میں دیکھے، رؤیا
سُپنا (۲) نیند، سونا (۳) خیال، تصور، وہم، گمان۔
—— آلودہ: (ف) نیند میں بھرا ہوا۔
—— پریشاں: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وحشت ناک خواب، بے آرامی کی نیند۔
—— خرگوش: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خواب غفلت تغافل، بے خبری، سستی۔
—— شیریں: (اضافت کے ساتھ) (ف) راحت کی نیند۔
—— خیال ہونا: وہم ہونا، بے اصل ہونا، مہمل منصوبہ ہونا۔
—— کی باتیں: (کنایتاً) بے اصل باتیں، خیالی باتیں۔
—— گاہ: (ف) مونث؛ سونے کا کمرا، خلوت گاہ۔
—— میں نہ دیکھنا: کبھی میسر نہ ہونا۔
—— و خور تلخ ہونا: تکلیف یا فکر سے کھانا پینا ناگوار ہونا، نیند نہ آنا۔
—— و خیال: مذکر؛ (ا) بے اصل باتیں جو خیال میں گزریں یا خواب میں نظر آئیں (۲) (کنایتاً) امر محال۔
—— ہو جانا: محض وہمی ہو جانا، خیال سے جاتا رہنا۔
خواتین: مونث؛ جمع خاتون کی، شریف عورتیں۔
خواجگاں: (ف) مذکر؛ جمع خواجہ کی۔
خواجہ: (ف) مذکر؛ (ا) سردار آقا، مالک (۲) توران میں سادات کا لقب، ہندستان میں وہ شخص جس کی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو۔
—— تاش: (ف) مذکر؛ ایک آقا کے نوکر اور غلام (ایک دوسرے کے خواجہ تاش ہوں گے)
—— سرا: (ف) مذکر؛ (ا) وہ غلام جو نامرد ہو اور زنانے میں کام کرتا ہو، ہجڑا، نامردہ (۲) مخنث۔
—— معین الدین کا چاند/مہینا: مذکر؛ (ع) چھٹا قمری مہینا جمادی الآخر (اب عورتیں خواجہ معین الدین کا چاند یا مہینا بولتی ہیں)
خوار: (ف) (ا) آوارہ، سرگرداں، پریشان (۲) ذلیل، رسوا، بے اعتبار۔
خواری: ذلت، رسوائی، پریشانی، تباہی۔
خوارج: (ع) مذکر؛ جمع خارجہ اور خارجی کی، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کا مخالف ہے۔
خوارق: (ع) مذکر؛ جمع خارق کی؛ معجزے، کرامات، قانون قدرت کے خلاف کسی امر کا واقع ہونا۔
خواست گار: (ف)، مذکر؛ امیدوار، طلب گار۔
خواست گاری: (ف) مونث؛ (ا) درخواست، خواہش، تمنا (۲) نسبت کی درخواست، پیغام شادی۔
خواص: (ا) مذکر؛ عوام کا مقابل، خاص لوگ (۲) خاصیتیں (۳) مونث؛ امیروں کی لونڈیاں اور خدمتگار سہیلی، کنیز مخولہ (بہ طور مفرد) (۴) ہم صحبت، جلیس، مصاحب۔ (۵) مذکر؛ اثر، تاثیر، کیفیت۔
خواصیں: مونث؛ وہ ملازمہ یا مصاحب عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہتی ہیں، سہیلیاں، ہم جولیاں۔
خواصی: مونث؛ (ا) خدمتگاری، ملازمت، (۲) مصاحبت، ہم نشینی (۳) عماری کی پچھلی بیٹھک۔
—— میں بیٹھنا: کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔
خوان: (ف) مذکر؛ (ا) سینی، کشتی، چنگیر، طباق، تھال، تشت (۲) دسترخوان۔
—— پوش: (ف) مذکر؛ خوان ڈھکنے کا کپڑا۔
—— چہ: (ف) مذکر؛ (ا) چھوٹا خوان، تھال، سینی، لکڑی کی کشتی جس پر نقاشی کی ہو (۲) مٹی کی رکابی جس میں فرنی جمائی جاتی ہے (۳) مختلف پکی ہوئی چیزیں رکھ کر بیچنے کا برتن۔
—— چہ اٹھانا: خوانچہ لگانا، تھال میں لگا کر بیچتے پھرنا۔
—— کرم/یغما: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ عام لنگر۔
—— لگا لینا: خوان میں کھانے یا مٹھائی کے حصے رکھ لینا۔
—— نعمت: (اضافت کے ساتھ) لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان۔
خواندگی: (ف) مونث؛ پڑھنا، پڑھائی۔
خواندہ: (ف) (ا) پڑھا ہوا، پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ (۲) بلایا ہوا، طلبیدہ۔
خواتین: مذکر؛ جمع خاتون کی۔
خواہ: (ف) یا۔

خواہ نخواہ/خواہ مخواہ امجبوری سے، ناچار، بیکار، طوعاً و کرہاً۔
خواہی نخواہی : خواہ مخواہ۔
خواہاں : (ف) مذکر؛ چاہنے والا، طالب، خواہش مند۔
خواہر : (ف) مونث؛ بہن۔
خواہش : (ف) مذکر؛ (۱) آرزو، تمنا، ارمان، چاہ (۲) غرض (۳) مطلب، مقصد، مدعا، مراد۔
خوب : (ف) (۱) اچھا، عمدہ (۲) خوب صورت (۳) نفیس (۴) زیبا، پسندیدہ، (۵) ہردل عزیز۔
—— **آؤ بھگت کرنا** : (۱) تعظیم تواضع کرنا، (۲) (کنایتاً) بے حد ذلیل کرنا۔
—— **پاپڑ بیلنا** : بڑی محنت کرنا، رنج اٹھانا، بیماری اٹھانا۔
—— **ٹھوک بجانا** : اطمینان کرنا، دیکھ بھال لینا۔
—— **رو** : (ف) (۱) خوب صورت (۲) شکیل (۳) معشوق۔
—— **سر مونڈنا** : (کنایتاً) خوب لوٹنا۔
—— **گہری چھننا** : بے انتہا ربط ضبط ہونا، گاڑھی دوستی ہونا۔
—— **سمجھنا** : (طنزاً) کچھ نہ سمجھنا۔
—— **سوجھنا** : اچھی تدبیر کرنا، اچھی تدبیر سمجھ میں آنا۔
—— **نام پیدا کرنا** : (۱) نیک شہرت حاصل کرنا، (۲) (طنزاً) خوب بدنام ہونا۔
—— **صورت** : (ف) حسین۔
—— **صورتی** : مونث؛ حسن، جمال۔
—— **کرنا** : (۱) اچھی بات کرنا، اچھا کرنا (۲) (طنزاً) برا کرنا۔
—— **گرز جھاڑی** : (کنایتاً) خوب مارا۔
—— **خوبی** : (ف) مونث؛ بھلائی، لطف، بڑائی، جوہر۔
خوبانی : (ف)، مونث؛ زرد آلو، ایک پھل۔
خوجا : (۱) گجرات کی ایک تاجر قوم، آغا خان کے پیرو، (۲) مذکر؛ ہیجڑا، زنانہ، زنخا۔
خوخیانا : (۱) بھبکی دینا، چیخنا (۲) (مجازاً) خفا ہونا۔
خود : (ف) مذکر؛ لوہے کی ٹوپی۔
خود : (۱) آپ، بہ ذات خود۔
—— **آرائی** : (ف) مونث؛ اپنے تئیں بنانا، سنوارنا۔
خود آگہی : (ف) مونث؛ اپنی پہچان، اپنے آپ کو جاننا، خودشناسی۔
—— **اعتمادی** : مونث؛ اپنے آپ پر بھروسا، اپنی ذات پر اعتماد۔
—— **بہ خود** : (ف) از خود، آپ ہی آپ۔
—— **بہ دولت** : حضور، عالی جناب، آپ، بہ ذاتِ خاص۔
—— **بین** : (ف) مغرور، خود پسند۔
—— **بینی** : (ف) مونث؛ غرور، تکبر۔
—— **پرست** : (ف) مغرور، متکبر۔
—— **پسند** : (ف) اپنی بات کو فوقیت دینے والا، سرکش، خود رائے
—— **تنقیدی** : (خُد۔تن۔قی۔دی) مونث؛ اپنے کام کی جانچ اپنی خامیوں اور کمزوریوں سے آگاہی، خود احتسابی۔
—— **جاذبیت** : (مفرس) مونث؛ (۱) اپنی ذات میں کشش محسوس کرنا، (۲) خود میں کشش محسوس کرنا (۳) نرگسیت۔
—— **داری** : (ف) مونث؛ ضبط، اپنے تئیں حرکات لغو سے محفوظ رکھنا، اپنی عزتِ نفس کا خیال رکھنا۔
—— **رائے** : (ف) اپنی رائے پر چلنے والا، کسی کی نہ ماننے والا، خود مختار۔
—— **رفتہ/از خود رفتہ** : آپے سے باہر، بے خود، بے خبر۔
—— **رفتگی** : مونث؛ بے خودی، مدہوشی، بے خبری۔
—— **رو** : (ف) (۱) وہ درخت جو بغیر بوئے نکل آئے، (۲) بے قاعدہ۔
—— **ستائی** : مونث؛ آپ اپنی تعریف، اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔
—— **سر** : (ف) سرکش، خود رائے۔
—— **سے** : از خود بے بلائے۔
—— **غرض** : (ف) مطلبی، اپنے مطلب کا آشنا۔
—— **را فضیحت دیگراں را نصیحت** : (مقولہ) آپ تو برا کام کرے اور دوسروں کو منع کرے۔
—— **کاشت** : مونث؛ وہ زمین جسے مالک خود بوئے جوتے۔
—— **کام** : (ف) خود غرض۔
—— **کردہ را علاجے نیست** : (ف) (مقولہ) اپنے کیے کا علاج نہیں، اپنی غلطی کی تلافی مشکل ہے۔
—— **کشائی** : (ف) مونث؛ خود کو ظاہر کرنا، اپنا تعارف۔
—— **کشی** : (ف) مونث؛ اپنے تئیں آپ مار ڈالنا۔

خودکوزہ، وخودکوزہ گر وخودگل کوزہ : سب کچھ خود کرنیوالا سب کچھ خود ہی۔
خود مختار (ا) آزاد، خودرائے، خودسر (۲) بااختیار، ذی اختیار۔
—— **نما** : (ف) مغرور، متکبر۔
—— **نمائی** : بناؤ، سنگار۔
خودی : (ف) مونث؛ (۱) خودمختاری، انانیت، خودسری، خودرائی، (۲) خودغرضی، (۳) غرور، نخوت، تکبر؛
—— **میں نہ رہنا** : آپے میں نہ رہنا۔
خور : (ف) مذکر؛ (۱) آفتاب (۲) تھوڑا سا کھانا، قوت لایموت۔
—— **وپوش** : مذکر؛ کھانا، پہننا، گزراوقات کا سامان۔
—— **داد** : (ف) ایران میں ایک شمسی مہینے کا نام جو اساڑھ سے ملتا ہوا ہے، دیکھو، آذر۔
خورد ونوش : (ف) مذکر؛ کھانا پینا، دانہ پانی۔
خوراک : (ف) مونث؛ (۱) کھانا، غذا، (۲) روزینہ، (۳) چارا، جانوروں کی خاص غذا، (۴) بھتا، سفرخرچ، رسد۔
خوراکی : مونث؛ (عم) (۱) روزینہ وظیفہ (۲) کھانے پینے کی چیز (۳) بہت زیادہ کھانے والا، پیٹو۔
خورد : (ف) مذکر؛ (۱) طعام (۲) صفت، چھوٹا۔
—— **بُرد** : مونث؛ بے جا تصرف۔
—— **بُرد کرنا** : غبن کرنا، کھاجانا۔
خوردنی : (ف) مونث؛ کھانے کی چیز، خورش، کھانا۔
خوردہ : (ف) مذکر؛ ٹکڑا، ریزہ۔
—— **کاری** : (ف) مونث؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا، روپیہ بھنانا، فروخت کرنا (۲) اصطلاحاً چھوٹے چھوٹے کام کرنا۔
خورش : (ف) مونث؛ کھانا، طعام، خوراک
خورشید : (ف) مذکر؛ خورشید، سورج۔
خوش : (ف)؛ شاد، خورسند، خرم (۲) چنگا، تندرست، راضی، (۳) تروتازہ، شاداب، سرسبز (۴) مقدور، بامراد (۵) عمدہ، اچھا۔
خوشا : بہت خوش۔
خوش اسلوب : خوش وضع، خوش طرز، خوش قطع۔
—— **اقبال** : اقبال مند، خوش نصیب۔
—— **الحان** : (ف) اچھی آواز والا، خوش گلو۔
—— **آئند آواز** : مونث؛ کانوں کو بھلی معلوم ہونے والی آواز۔
—— **انتظامی** : مونث؛ عمدہ بندوبست، خوش نظمی۔
—— **اوقات** : عزت والا، جس کا وقت اچھا کٹ رہا ہو۔
—— **باش** : (ف) (۱) آزاد، بے فکر (۲) وہ شخص جو دوسری جگہ اقامت اختیار کرے۔
—— **بُو** : (ف) مونث؛ (۱) اچھی بُو دینے والا، (۲) اچھی بُو، (۳) خوشبودار شے، عطریات۔
—— **بُوئی** : (ف) مونث؛ خوشبودار ہونا، (۲) عطریات۔
—— **بیان** : (ف) اچھی بات کرنے والا، شیریں گفتار۔
—— **پوشاک / پوش / لباس** : عمدہ پوشاک پہننے والا، سفید پوش۔
—— **تقریر** : (ف) شیریں زبان، شیریں کلام۔
—— **چشم** : (کنایتاً) محبوب۔
—— **حال** : (ف) اچھے حال والا، شاداں، مال دار۔
—— **خبری** : مونث؛ مژدہ، نوید، خبر خوش۔
—— **خرام / رفتار** : (ف) (۱) (کنایتاً) محبوب، معشوق، (۲) آہستہ آہستہ چلنے والا، بانکی چال والا۔
—— **خرامی** : مونث؛ دل پسند رفتار۔
—— **خط** : (ف) (۱) جوان، نوخط (۲) عمدہ لکھا ہوا (۳) خوش نویس، عمدہ لکھنے والا۔
—— **خُلق** : صاحب اخلاق، بامروت۔
—— **خوراک** : (۱) عمدہ اور لطیف کھانا کھانے والا، لذیذ کھانا کھانے والا، (۲) بہت کھانے والا۔
—— **خیال** : (ف) اچھے خیالات کا آدمی، عالی خیال۔
—— **دامن** : مونث؛ بیوی کی ماں، ساس۔
—— **رفتار** : (ف) خوش خرام، سبک رفتار، نازک خرام۔
—— **رنگ** : (ف) اچھا اور چٹکیلا رنگ، شوخ رنگ۔
—— **طالع** : (ف) نیک بخت۔
—— **طبع** : اچھے مزاج کا، ظریف، ٹھٹے باز۔
—— **عنان** : (ف) خوش رفتار گھوڑا، مطیع اور فرماں بردار گھوڑا۔

فعلی: مونث، چہیل۔
قد: (صفت) خوش اندام، خوش قامت۔
قسمت: (صفت) اچھی قسمت والا۔
قسمتی: (ا) تقدیر کی خوبی، (۲) (طنزاً) قسمت کی گردش بدنصیبی۔
کرنا: (ا) راضی کرنا، مسرور کرنا، (۲) تسلی دینا، تسکین دینا۔
گام: (ف) خوش رفتار، قدم باز گھوڑا۔
گپ: خوش گفتار، چرب زبان۔
گپیاں: مزاح اور تفریح کی باتیں۔
گزراں: اچھی طرح گذر اوقات کرنے والا، مزے سے زندگی بسر کرنے والا۔
گفتار/خوش گو: (ف) خوش بیان۔
گلو: (ف) خوش الحان۔
گوار: (ف) خوش ذائقہ، مزے دار، دل پسند چیز جو اچھی لگے
منظر: (ف) خوب صورت، دیکھنے میں جو بھلا لگے۔
مذاق: (ف) اچھے ذوق والا، بامذاق۔
نما: (ف) موزوں، دلچسپ، خوش منظر، زیبا۔
نودی: مونث، رضاجوئی، خوشی۔
نویس: (ا) عمدہ لکھنے والا، (۲) خوش خط، خوش رقم۔
نہاد: (ف) نیک طینت۔
نیت: دیانت دار، متدین۔
وخرم: (ف) شاد، شادماں۔
وقت: (ف) خوش حال، پُرمسرت۔
وقت ہونا: اچھا وقت گزرنا، کسی کے تھا وقت صرف کرکے مسرور ہونا۔
وقتی: مونث، خوشی، شادمانی، خوشحالی، آرام، چین، خوش نصیبی۔
خوشی: مونث، (ا) سرور، انبساط، نشاط، شادی۔ (۲) خوش خوش۔
خوشی/خوشی سے: انتہائی اشتیاق کے ساتھ، بہ سروچشم رضامندی سے، مشتاقانہ۔
سے کھلے جانا: انتہائی شادمانی کے باعث، بے وجہ متبسم ہونا۔
خوشی کرنا/منانا: خوش ہونا، شادی منانا۔
خوشامد: (ف) چاپلوسی، للوپتو، جھوٹی تعریف۔
درآمد: مونث، چاپلوسی، خوشامد۔
خوشامد سے آمد ہے: (مثل) چاپلوسی سے نفع ہوتا ہے۔
خوشامدی: للوپتو کرنے والا، خوشامد کرنے والا۔
خوشہ: (ف) مذکر: گچھا، اناج کی بالی۔
چیں: (ف) (ا) وہ شخص جو کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے خوشے چن لیتا ہے، (۲) فیض حاصل کرنے والا۔
خوض: (ع) مذکر: فکر، سوچ۔
خوف: (ع) مذکر: ڈر، اندیشہ، ہول۔
کھانا: ڈرنا۔
ناک: (ف) بھیانک، ڈراؤنا۔
خوک: (ف) مذکر: سؤر۔
خوگیہ: (ف) مذکر: زین کے نیچے کا کپڑا، گدیلا، گدا، نمدا۔
کی بھرتی: (ا) خراب چیزیں (۲) بے کار، نکمے آدمی۔
خول: مذکر: (ا) چھلکا (۲) اوپر کا غلاف، (۳) میان (۴) کیپ سول۔
دار: وہ چیز جس میں بیچ کا حصہ خالی ہو۔
خولنجان: (ف) مونث: پان کی جڑ، (ایک دوا کا نام)
خون/خوں: (ف) مذکر: (ا) لہو (۲) قتل، خوں ریزی، کشت و خون۔
آلودہ: (ف) خون میں بھرا ہوا، لہولہان۔
آنکھوں میں اترنا: نہایت غضب ناک ہونا، بے حد غصہ آنا۔
اچھلنا: قتل کی شہرت ہونا (اب متروک ہے)
بار: (نون غنہ) (ف) خون برسانے والا۔
بگڑنا: (ا) خون خراب ہو جانا (۲) کوڑھ یا جذام ہو جانا۔
بہا: (نون غنہ) (ف) (ا) خون کا بدلا، خون کی قیمت (۲) مذکر: دیت، فقہ: وہ نقدی جو مقتول کے وارث بہ عوض خون لیں۔
بہانا: قتل کرنا، خون روا کرنا، خون گرانا، خون نکالنا۔
پانی ایک کرنا: خون کو پانی کی طرح بہانا۔
پانی ہونا: بے حد تکلیف پہنچنا۔
پینا: (ا) خون چوسنا، لہو نوش کرنا (۲) مارنا، ذبح کرنا، قتل کرنا (۳) (کنایتاً) ستانا، دق کرنا۔

خون تھوکنا: (۱) کسی صدمے یا مرض سے لہو کی قے کرنا، (۲) (کنایتاً) بہت صدمہ برداشت کرنا۔

—— جگر: (اضافت کے ساتھ) (ف)، (۱) (کنایتاً) غم، غصہ، اندوہ (۲) سخت محنت، کاوش، عرق ریزی۔

—— جگر پینا: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) غم و غصہ ضبط کرنا۔

—— جگر کھانا: (اضافت کے ساتھ) کوئی کام کمالِ محنت اور جاں کاہی سے کرنا، رنج اُٹھانا۔

—— چاٹنا: (تلوار کے لیے) خون آلودہ ہونا۔

—— چٹانا: تلوار یا چھری لہو میں بھرنا۔

—— چھپنا: قتل کا پوشیدہ رہنا۔

—— چھلک آنا: زیادہ غصہ یا خوشی سے چہرے پر خون کی سُرخی چھلکنے لگنا، دھماکے یا چوٹ لگنے سے جسم کے کسی حصّے کا سُرخ ہو جانا۔

—— خرابا/خون خچّر: مذکر: کشت و خون، خوں ریزی۔

—— خشک ہونا: (کنایتاً) ڈر جانا، سہم جانا، چپ ہو جانا، خوف یا رنج سے دُبلا ہو جانا۔

—— خوار: (نونِ غنہ) (ف) مذکر: لہو پینے والا، ظالم، ستم گر، جلاد، غصّے میں بھرا ہوا۔

—— دامن سے نہ چھوٹنا: (کنایتاً) قتل کرنے کا الزام قائم رہنا۔

—— دِل: (اضافت کے ساتھ) (ف) خونِ جگر۔

—— دِل پینا: (اضافت کے ساتھ) اندر ہی اندر غم کھانا، نہایت افسوس کرنا، پیچ و تاب کھانا۔

—— دوڑنا: خون کا حرکت کرنا۔

—— رُلانا: انتہا سے زیادہ رُلانا، خون کے آنسوؤں سے رُلانا۔

—— رونا: اتنا رونا کہ آنسوؤں کی جگہ خون نکلے، حد سے زیادہ رنج و غم کرنا۔

—— ریز: (نونِ غنہ) (ف) خون بہانے والا۔

—— ریزی: (ف) کشت و خون۔

—— سر چڑھنا/سر پر سوار ہونا/سوار ہونا: کسی کے مارنے اور قتل کرنے پر آمادہ ہونا، خونی کا کسی کی زندگی کے پیچھے پڑنا۔

—— سر پر لینا: قتل کا گناہ اپنے سر لینا۔

—— سفید ہونا: سنگدل ہو جانا، بے رحم ہو جانا، محبت جاتی رہنا۔

—— سُوکھ جانا: (۱) جسم میں خون کا خشک ہو جانا، (۲) (کنایتاً) خوف زدہ ہو جانا، فکر سے پریشان ہو جانا۔

—— کا پیاسا: مذکر: جانی دشمن، تشنۂ خون، جان کا خواہاں۔

—— کا جوش: وہ محبت جو خون کے میل سے عزیزوں کے ساتھ ہوتی ہے۔

—— کا دریا بہانا: بہت خوں ریزی کرنا۔

—— کا دورہ: مذکر: خون کا چکر، خون کا جسم میں گردش کرنا، دورانِ خون۔

—— کا عوض: (۱) خون کا بدلا۔ (۲) قصاص۔

—— کا مینہ برسنا: (کنایتاً) بہت خوں ریزی ہونا۔

—— کی بُو آنا: دشمنی کی علامت ظاہر ہونا۔

—— کی چادر: خون جو چوڑائی میں پھیل کر نکلے۔

—— کے گھونٹ پینا: غم اور غصّے کو برداشت کرنا۔

—— کے نالے بہنا: (کنایتاً) بہت خوں ریزی ہونا۔

—— گردن پر سوار ہونا: کسی کے قتل پر آمادہ ہونا، خون کرنے پر تُل جانا۔

—— گردن پر ہونا: کسی کے قتل کا گناہ سر پر ہونا۔

—— گرفتہ: (نونِ غنہ) (ف) مذکر: اجل رسیدہ، قابلِ قتل۔

—— لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا: (مثل) ادنا عمل سے بڑے درجے کا طالب ہونا۔

—— لینا: فصد کھولنا۔

—— مُنہ کو لگ جانا: مزہ پڑ جانا۔

—— میں نہانا: سر سے پاؤں تک کثرت سے خون نکلنا، بے حد خون جسم سے بہنا۔

—— ناب/خون نابہ: (ف) مذکر: (۱) (مجازاً) خون کے آنسو، پانی ملا ہوا خون (۲) لال، سُرخ، خونِ خالص (۳) وہ خون جو غم یا مشقت میں آنسو ہو کر یا پسینہ بن کر ٹپکے۔

—— ناحق: (اضافت کے ساتھ) ناجائز قتل۔

—— ہلکا ہونا: کسی کا خون نکلتا نہ دیکھ سکنا، خون نکلتا دیکھ کر گھبرا جانا۔

خونی : (ف) جس نے خون کیا ہو، قاتل، سفاک، خوں ریز، جلاد، ظالم۔
خونیں : خون آلودہ، سُرخ، لال، خون سے نسبت رکھنے والا۔
—— جگر : (کنایتاً) عاشق۔
خویش : (ف) (۱) خود، آپ، (۲) قریب کا، اپنا، رشتے کا، رشتہ دار (۳) داماد۔

خ۔ہ

خہے : (ف) کلمۂ تحسین۔

خ۔ی

خیاباں : (ف) مذکر؛ راستہ جو باغ کے بیچ میں ہوتا ہے۔
خیار : (ع) مذکر؛ کھیرا، ککڑی۔
خیارین : (ع) مذکر؛ کھیرا اور ککڑی (دونوں)۔
خیاط : (ع) مذکر؛ درزی، کپڑے سینے والا (انگ) ٹیلر۔
خیال/رخیال : (ع) مذکر؛ (۱) تصور، وہ صورت جو آدمی بے داری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے (۲) فکر، اندیشہ، دھیان (۳) غور، خوض (۴) سمجھ، رائے، تجویز (۵) منشا، ارادہ، منصوبہ، (۶) توجہ، التفات (۷) پاس، لحاظ (۸) وہم، گمان، قیاس (۹) ایک راگ کا نام۔
خیالات : مذکر؛ جمع خیال کی۔
خیال آنا : کچھ یاد آنا۔
—— باطل : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ جھوٹا خیال، غلط خیال
—— باندھنا : تصور کرنا، منصوبہ باندھنا۔
—— بندھنا : تصور بندھنا، کسی بات کا برابر خیال رہنا۔
—— بندی : مونث؛ خیال کا سلسلہ، خیالی تصویر۔
—— پر چڑھنا : یاد آنا، کسی بات کا یاد رہنا، ذہن نشین ہونا۔ ہر وقت خیال میں رہنا۔
—— پڑنا : خیال ہونا، یاد آنا۔
—— پکانا : طمع کرنا، توقع رکھنا۔
—— خام : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بے ہودہ خیال، بے فائدہ خیال، امید موہوم۔
خیال سے باہر : سمجھ سے دور، تصور سے باہر، دور از خیال۔
—— فاسد : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بُرا خیال، فتنہ برپا کرنے والا خیال، بے ہودہ خیال۔
—— کرنا : (۱) سوچنا، (۲) تصور کرنا، قیاس کرنا، دھیان کرنا منصوبہ باندھنا، (۳) تجویز کرنا (۴) پروا کرنا، لحاظ کرنا، رعایت کرنا، توجہ کرنا، (۵) غور کرنا۔
—— مٹنا : یاد جاتی رہنا۔
—— محال : (اضافت کے ساتھ) (ف) وہ منصوبہ جس کا وجود میں آنا ناممکن ہو۔
—— میں آنا : کسی امر کا سمجھ میں آنا۔
—— میں نہ لانا : لحاظ نہ کرنا، کچھ پروا نہ کرنا، خوف نہ کرنا، وقعت نہ کرنا۔
—— نہ رکھنا : یاد نہ رکھنا، فراموش کرنا، توجہ نہ کرنا، لحاظ نہ کرنا، دھیان نہ رکھنا۔
—— نہ رہنا : یاد نہ رہنا، دھیان نہ رہنا، بھولنا، فراموش ہونا۔
خیالی : وہمی، قیاسی، ظنی۔
—— پلاؤ پکانا : بے جا تصورات ذہن میں قائم کرنا، اُن باتوں کا جن کی کوئی اصلیت نہ ہو۔
خیانت : (ع) مونث؛ (۱) دغا (۲) غبن، امانت میں چوری، بے ایمانی، بددیانتی چوری۔
—— مجرمانہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بددیانتی سے مال کا تصرف کرنا۔
خیر : (ع) مونث؛ (۱) نیکی، بھلائی، بہتری (۲) برکت (۳) اچھا معلوم ہونا (۴) (طنزاً) ٹھیک، بجا، درست (۵) سلامتی، تندرستی، عافیت۔
خَیرُ الْاُمُورِ اَوسَطُھا : (ع) (مقولہ) : ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے۔
خیر اندیش : (ف) مذکر؛ خیر خواہ، وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہتا رہے۔
—— باد کہنا : کسی چیز کا چھوڑنا، ترک کرنا، رخصت کرنا، رخصت ہونا۔
—— باشد : خیر تو ہے، سب ٹھیک ہے؟
—— برکت : مونث؛ (عو)؛ برکت۔

خَیر خبر: مونث؛ خیریت۔

—— **خبر پوچھنا**: (عو) خیر و عافیت دریافت کرنا، حال دریافت کرنا۔

—— **چاہنا**: عافیت چاہنا، بھلائی چاہنا۔

—— **خواہ**: (ف) مذکر؛ بہی خواہ۔

—— **سَلّا**: (عو) مونث؛ خیر و عافیت۔

—— **سے**: (ا) خیر و عافیت کے ساتھ (۲) (طنزاً) ماشا اللہ۔

—— **سے کٹنا/سے گزرنا**: سلامتی سے بسر ہونا

—— **گزرنا/ہونا**: آفت سے بچنا، ناگہانی صدمے سے محفوظ رہنا۔

—— **مانگنا**: (ا) سلامتی چاہنا، امن چاہنا، بھلائی چاہنا (۲) توبہ کرنا، خدا سے ڈرنا (۳) فال بد سے پناہ مانگنا۔

—— **مقدم کرنا**: کسی کے آنے پر خوشگواری کا اظہار کرنا، استقبال کرنا

—— **منانا**: بھلائی چاہنا، عافیت چاہنا، سلامتی چاہنا۔

—— **وعافیت**: مونث؛ خیریت، تندرستی۔

خَیرات: (ع) مونث؛ جمع خیر کی، (ا) نیکیاں، بھلائیاں، (۲) تصدق، صدقہ۔

—— **خانہ**: (ف) مذکر؛ محتاج خانہ، لنگر خانہ۔

—— **دینا**: للہ دینا، خدا کی راہ پر دینا، صدقہ دینا

خیراتی: (ف) خیرات سے منسوب۔

خیرگی: (ف) مونث؛ تیرگی، چکاچوند، آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔

خیرہ: (ف) (ا) تاریک (۲) بے حیا، بے باک۔

—— **چشم**: (ف) شوخ چشم، بے حیا۔

—— **سر**: (ف) آوارہ گرد، بے باک، سرکش۔

—— **سری**: مونث؛ آوارگی، بے باکی، سرکشی۔

خَیر سگالی: (ف) مونث؛ خیر خواہی، نیک خواہشات، بھلائی کا خیال

خیرو: (ف) مذکر؛ خطمی (ایک مفرد دوا کا نام)

خیریت: (ع) مونث؛ (ا) نیکی، بھلائی (۲) تندرستی، سلامتی، عافیت صحت۔

خیز: (ف) (ا) اٹھ (۲) کودنا (۳) فارسی کا ایک لاحقہ جو فارسی لفظوں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے، جیسے مردم خیز، آفت خیز وغیرہ۔

خیفا: (ع) مونث؛ اصطلاح علم بدیع؛ شعر یا نظم میں ایک لفظ منقوطہ اور دوسرا غیر منقوطہ لانا۔

خیل: مذکر؛ گروہ، قبیلہ، خاندان۔

خیلا: (عو) لغو، بے ہودہ، بھوہڑ، احمق، بے وقوف۔

—— **پائینچا**: (عو) مونث؛ وہ عورت جسے اپنی سُدھ نہ ہو، پھوہڑ عورت۔

—— **پن/خیلاپنا**: (عو) مذکر؛ بدسلیقگی، بے وقوفی۔

خیلے: (ف) بہت زیادہ۔

خیمہ: مذکر؛ ڈیرا، تنبو۔

—— **استادہ ہونا**: خیمہ کھڑا ہونا

د

د: مذکر؛ مونث؛ حروف تہجی کا ایک حرف، دال مہملہ، دال غیر منقوطہ، حساب جمل (ابجد) میں چار عدد۔

د۔ا

داب: مونث؛ (ا) دباؤ، بوجھ، زور، (۲) چھاپنے والی مشین میں کاغذ کا ایک رُخ سے ایک مرتبہ چھپنا۔

داب: (ع) مذکر؛ (ا) طور، طریقہ، ڈھنگ (۲) آداب (۳) رعب، دبدبہ۔

—— **بٹھانا**: رعب بٹھانا، بے جا حکومت کرنا۔

—— **بیٹھانا**: زبردستی قبضہ کر لینا۔

—— **بیٹھ جانا**: رعب قائم ہو جانا، سکہ بیٹھ جانا۔

—— دبنا : (۱) دفن کرنا، زمین میں دبا دینا (۲) چھپا دینا۔
—— مخفی کر دینا۔
—— رکھنا : (۱) روپیا مار لینا، (۲) کوئی چیز روک رکھنا۔
—— لینا : (۱) دبوچ لینا، بھینچ لینا، قابو میں لے آنا، (۲) زیر کرنا مغلوب کرنا، مجبور کرنا، عاجز کرنا، (۳) غصب کر لینا۔

دابنا : (۱) دبانا، (۲) جسم دبانا، (۳) گاڑنا، دفن کرنا (۴) بھینچنا۔ دبوچنا۔ (۵) روکنا۔

داتا : مذکر: (۱) دینے والا، سخی، فیاض، (۲) خدا، (۳) (کنایتاً) درویش، فقیر، سائیں۔
—— دے بھنڈاری کا پیٹ پھولے : (مثل) کوئی دے کوئی جلے۔

داخل : (ع) (۱) اندر آنے والا، اندرونی، پہنچنے والا، (۲) گھسا ہوا، شامل، (۳) مانند، مثل۔
—— بحسنات ہونا : کسی کارِ خیر میں شرکت کر کے ثواب حاصل کرنا۔
—— خارج : مذکر: ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام سرکاری دفتر میں چڑھنا، پہلے شخص کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا۔
—— دفتر : (اضافت کے ساتھ) شاملِ مسل، نامنظور، متقدمہ یا درخواست خارج ہونا۔
—— کرنا : (۱) اندر کرنا (۲) شامل کرنا، ملانا (۳) سپرد کرنا، سونپنا، حوالہ کرنا، (۴) نام لکھوانا، درج کرانا (۵) نام لکھنا، رجسٹر پر چڑھانا (۶) بھرتی کرنا، نوکر رکھنا۔
—— کنندہ : (ف) داخل کرنے والا۔

داخلہ : مذکر: (۱) سپردگی، حوالگی (۲) تحریر بطور رسید، (۳) باریابی، گزر، دخل (۴) داخل کرنے کی فیس، سپردگی کی اُجرت۔

داخلی : مونث: (۱) باریابی، کسی مقدس جگہ یا مقبرہ میں داخل ہونے کا دن (۲) مشمولہ، ملحقہ، شامل، داخل

داخلیت : (ع) مونث: (۱) اندرونیت (۲) (ادبی اصطلاح) شخصی تجربات و مشاہدات کا فنی اظہار۔

داد : مذکر: پھنسیوں کے چھتے، جلدی کھجلی کے چھتے۔

داد : (ف) مونث: (۱) انصاف، عدل، (۲) عطا، بخشش، (۳) فریاد، نالش (۴) آفریں، واہ واہ (۵) سزا، پاداش۔

دادرے داد : مونث: فریاد۔
—— پانا : انصاف کو پہنچنا، تحسین حاصل کرنا۔
—— چاہنا : (۱) انصاف کا خواہاں ہونا، (۲) تحسین چاہنا، تعریف چاہنا۔
—— خواہ : فریادی، مستغیث۔
—— خواہی : (ف) مونث: استغاثہ، نالش، فریاد، دعوا
—— دِہی : مونث: (۱) انصاف کرنا، فریاد سننا، داد دینا (۲) فریاد رسی کرنا (۳) کسی کے ہنر یا کمال کی تعریف کرنا۔
—— رَس : فریاد سننے والا۔
—— ستد : (ف) مونث: لین، دین۔
—— سخن : (ف) (اضافت کے ساتھ) بات یا سخن کی تعریف۔
—— طلب : (ف) داد چاہنے والا، ہنر یا کمال کی تعریف کا خواہاں
—— فریاد : مونث: عدل، انصاف، واویلا، استغاثہ، نالش۔
—— فریاد کرنا : غل مچانا، واویلا کرنا، ظلم یا بے انصافی سے چلّانا، دُہائی دینا۔
—— کو پہنچنا : (۱) فریاد رسی کرنا، (۲) ہنر یا کمال کی تعریف پر خوش ہونا، صلہ ملنا، واہ واہ ہونا۔
—— گر / دادگستر : (ف) منصف، عادل، خدائے تعالیٰ داد دینے والا۔
—— نہ فریاد : اندھیر، کسی کی دادرسی نہ فریاد رسی۔

دادا : مذکر: (۱) باپ کا باپ (۲) گرو، استاد (۳) (خنڈا)۔
—— مریں گے جب بیل بٹیں گے : (مثل) کسی معاملے میں تاخیر ظاہر کرنے کے لیے دادا کے مرنے کے بعد جائداد کی تقسیم ہوگی۔

دادھیال / دَدھیال / دَدیال : مذکر: مونث، دادا کا گھر، دادا کا خاندان۔

دادو دہش: ایک مشہور فقیر داد کی پیروی کرنے والے۔
دادنی: (ف) (ا) وہ چیز جو دینے کے لائق ہو، (۲) کسی چیز کے لیے پیشگی روپیا دینا۔
دار: مونث؛ سولی، مجرم کی جان لینے کی میخ کی طرح گاڑی ہوئی نوک دار لکڑی، پھانسی۔
——بَست: (ف) مونث؛ بیل چڑھانے کا ٹھاٹھر۔
——پر کھینچنا/ دار پر رکھنا: سولی چڑھانا، پھانسی دینا۔
دارچینی: (ف) مونث؛ ایک درخت کی خوشبودار چھال۔
دارِ فلفل: (ف) مونث؛ مرچ۔
دار و گیر: (ف) مونث؛ پکڑ دھکڑ، مواخذہ، پرسش۔
دار و مدار: (ف) مذکر؛ انحصار، ٹھہراؤ۔
دار: (ع) مذکر؛ گھر، محلہ، جگہ، مقام۔
دَارُالآخِرَۃ: آخرت، موت کے بعد کی دنیا۔
دَارُالاسلام: مذکر؛ (ایک فقہی اصطلاح) جہاں اسلامی قوانین پر روک ٹوک نہ ہو۔
دَارُالاَمان/ دارالامن: مذکر؛ امن کا گھر، وہ جگہ جہاں لڑائی جھگڑا، فساد نہ ہو۔
دَارُالبَقاء: مذکر؛ ہمیشہ رہنے کا گھر، عالم آخرت۔
دارُالبَوار: مذکر؛ (کنایتاً) دوزخ، خرابی کا گھر۔
دارُالجزاء: مذکر؛ عالم آخرت، عقبا۔
دارالحَرب: مذکر؛ (ایک فقہی اصطلاح) مسلمانوں کو قوانین اسلامی بجالانے سے روکنے اور منع کرنے والا ملک۔
دارالحکومت/ دارُالخِلافَہ/ دَارُالسَّلطَنَت: مذکر؛ پایۂ تخت۔
دارالسَّلام: مذکر؛ سلامتی کا گھر، بہشت۔
دارالشِّفا: مذکر؛ اسپتال، شفاخانہ۔
دارالضَّرب: مذکر؛ ٹکسال، سکے ڈھالنے کی جگہ۔
دارالعلم: مذکر؛ تعلیم گاہ۔
دارالعمل: مذکر؛ عمل کرنے کی جگہ، دنیا۔
دارُالفَنا: مذکر؛ (۱) مٹ جانے والا گھر (۲) (کنایتاً) دنیا۔
دارالقرار: مذکر؛ (۱) راحت کی جگہ (۲) (کنایتاً) بہشت، جنت۔
دارالقضاء: مذکر؛ قاضیوں کی کچہری، اجلاس، عدالت۔
دارُالمِحَن: (ع) مذکر؛ رنج و غم کا گھر، (مراد دنیا)۔
دارُالمکافات/ دارِ مکافات: مذکر؛ (۱) بدلہ ملنے کی جگہ، (۲) (کنایتاً) دنیا۔
دارالیتامیٰ: (ع) مذکر؛ یتیم خانہ، یتیموں کے رہنے کی جگہ۔
دارین: مذکر؛ دونوں جہاں، دنیا اور عقبا۔
دارانی: مونث؛ توپ کھینچنے کی رسی،
دارائی: (ف) مونث؛ (۱) حکومت، (۲) خدائی، (۳) بادشاہی۔
دارُو: (ف) مونث؛ (۱) دوا، درماں، علاج، تدبیر، معالجہ، (۲) بارود، (۳) شراب۔
دارُوغہ: مذکر؛ (۱) محافظ، نگراں، کوتوال، پولس انسپکٹر، تھانہ دار (۲) ملازموں کا افسر۔
——توپ خانہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ توپ خانہ کا افسر، میر آتش۔
داروغائی: مونث؛ محافظت، نگہبانی، انتظام حکومت، افسری، سرداری۔
داڑھ/ ڈاڑھ: مونث؛ غذا چبانے کے پچھلے دانت۔
داس: مذکر؛ (۱) غلام، چاکر، خادم۔
داسا: مذکر؛ (۱) کڑیوں یا ستونوں کے نیچے کا پتھر، (۲) خنجر، (۳) لکڑی یا پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا۔
داستاں: (ف) مونث؛ قصہ، کہانی، طویل قصہ، سرگزشت۔
——گو: (ف) پیشہ ور قصہ خواں۔
داستانہ/ دَستانہ: (ف) مذکر؛ ایک قسم کی ہاتھ کی پوشش۔
داشت: مونث؛ نگرانی، خبر گیری۔
داشتہ: مونث؛ بے نکاحی عورت۔
داشتہ آید بکار، گرچہ باشد سرمہ: (مقولہ) معمولی سے معمولی رکھی ہوئی چیز وقت پر کام آ ہی جاتی ہے۔
داعی: (ع) (۱) دعا کرنے والا (۲) بلانے والا (انگ) کنوینر۔
——اجل کو لبیک کہنا: (۱) مرجانا (۲) موت کا استقبال کرنا۔
داعیہ/ داعیۃ: مذکر؛ مونث؛ (۱) اجارہ، زور، دعوا، (۲) خواہش۔

داغ : (ف) مذکر: (۱) دھبا، نشان (۲) جلنے کا نشان، (۳) رنج، غم، عیب، الزام، کلنک کا ٹیکا، (۵) زخم کا نشان (۶) صدمہ (۷) (کنایتاً) رشک وحسد (۸) پھل کے گل جانے سے پڑنے والا نشان۔

—— ابھرنا : (کنایتاً) صدمہ تازہ ہونا۔

—— اُٹھانا : رنج اٹھانا، صدمۂ عظیم برداشت کرنا۔

—— بیل ڈالنا : (۱) عمارت کی بنیاد کھودنے کے لیے زمین پر نشانات لگانا، (۲) کسی کام کی بنیاد ڈالنا، آغاز کرنا۔

—— پڑنا : نشان پڑنا، دھبا پڑنا۔

—— تازہ ہونا : بھولے ہوئے صدمے کا یاد آجانا، زخم ہرا ہونا۔

—— جگر : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، (۱) زخم جگر، زخم دل، (۲) (کنایتاً) اولاد کے مرنے کا غم۔

—— دل : (اضافت کے ساتھ) کسی غم کا روحانی صدمہ۔

—— دینا : (۱) رنج دینا، صدمہ دینا (۲) جلانا، جھلسا دینا، کوئی چیز گرم کرکے اس سے جسم پر نشان ڈال دینا۔ (۳) زخم کو جلانا۔ نقصان پہنچانا (۴) شکایت کرنا، چغلی کھانا۔

—— کرنا / داغ دینا : گھی گرم کرنا، کڑکڑانا، بگھارنا۔

—— لگانا : (۱) جلانا۔ (۲) (کنایتاً) عیب لگانا، بدنام کرنا۔

داغنا : (۱) لوہے، سونے، چاندی کی کوئی چیز آگ میں گرم کرکے بدن پر لگانا (۲) بارود میں آگ دینا، توپ، بندوق، گولا چھوڑنا (۳) آتش بازی چھوڑنا۔

داغ ہوکر نکلنا : جل کر شاباں ہونا، پھوٹ کر نکلنا۔

—— ہونا : (۱) بگھارا جانا، (۲) (کنایتاً) رنج ہونا، صدمہ ہونا، رشک ہونا، (۳) جل کر زخمی ہونا۔

داغی : (۱) داغ دار، دھبے دار، جلایا ہوا (۲) معیوب، عیب دار (۳) سزایاب، سزایافتہ، (۴) مجرم۔

دافع : (ع) (۱) دفع کرنے والا، ہٹانے والا، (۲) دفع کرنے والی قوت۔

دال : (ع) دلالت کرنے والا، راہ دکھانے والا۔

دال : مونث : (۱) دلے ہوئے چنے، مونگ، اردو وغیرہ، (۲) کھرنڈ۔

—— بندھنا : (۱) کھرنڈ بندھنا، چیچک کے آبلوں پر کھرنڈ بندھنا، انگور بندھنا، (۲) آتشی شیشہ کا عکس پڑنا، شعاع کا جمع ہونا۔

—— جوتیوں میں بٹنا : لڑائی ہونا، نااتفاقی ہونا، خانگی جھگڑا ہونا۔

—— جھڑنا : پرند کے بچوں کا جوان ہونا۔

—— دَلیا : مذکر : (۱) غریبوں کا کھانا (۲) ماحضر، روکھی سوکھی۔

—— روٹی : مونث : روزی، رزق، غریبانہ خوراک۔

—— روٹی پیٹ بھر کے کھانا : خوش حال ہونا۔

—— روٹی سے خوش / دال روٹی سے آسودہ : کھاتا پیتا، آسودہ حال۔

—— روٹی کر دینا : (کنایتاً) ہر وقت استعمال کرکے بے وقعت کر دینا۔

—— نے، عین ہونا : دفع ہونا۔

—— گلنا : (۱) دال کا پک جانا، (۲) کسی جگہ دخل ہونا۔

—— موٹ / دال موٹھ : مونث : مسالے ملی ہوئی ایک مزیدار موٹھ کی دال میں نمک مرچ اور دوسرے نمکین کھانے والی چیزیں۔

—— میں کالا ہونا / دال میں کچھ کالا ہونا : کچھ نہ کچھ خرابی ہونا، کچھ شبہ ہونا، شک ہونا۔

—— نہ گلنا : دخل نہ ہونا، رسائی نہ ہونا، کامیابی نہ ہونا۔

دالان : مذکر : بڑا اور لمبا کمرہ جس میں محراب دار دروازے ہوتے ہیں۔

—— در دالان : مذکر : دُہرا دالان، آگے پیچھے دو برابر کے محراب دار دروازے والے کمرے۔

دام : مذکر : (۱) دمڑی، چھدام، کوڑی (۲) قیمت، مول، نرخ، بھاؤ، (۳) نقدی۔

—— بھرنا : تاوان دینا۔

—— پٹ جانا : قیمت طے ہونا۔

—— چکانا : (۱) نرخ کرنا، بھاؤ ٹھہرانا، قیمت طے کرنا (۲) قیمت ادا کرنا۔

دام درم: کوڑی کوڑی، حبہ حبہ۔
—— **دینا:** قیمت ادا کرنا۔
—— **کھرے کرنا:** چیز بیچ کر نقدی کر لینا۔
—— **لگانا:** (۱) قیمت لگانا، (۲) قیمت آنکنا۔
دام: جال، پھندا۔
—— **بچھانا:** (۱) جال بچھانا، (۱) دغا کرنا۔
—— **میں پھنسنا:** گرفتار ہونا، جال میں پھنسنا۔
دامے درمے قدمے سخنے: روپے پیسے ہاتھ پاؤں سے یا زبانی امداد، ہر طرح امداد۔
دام: (ع) ہمیشہ رہے۔
—— **اقبالہٗ:** اس کا اقبال ہمیشہ رہے۔
—— **ظلہٗ:** (اس کا سایۂ عاطفت ہمیشہ برقرار رہے۔) بزرگوں کے لیے القاب۔
—— **لطفہٗ:** (اس کی مہربانی ہمیشہ رہے) برابر والے کے القاب۔
—— **ملکہٗ:** (اس کی سلطنت ہمیشہ برقرار رہے) بادشاہوں کے القاب۔
داماد: (ف) مذکر؛ (۱) لغوی معنی نیا دولھا، (۲) (اصطلاحی) بیٹی کا شوہر۔
دامادی: (ف) مونث؛ شادی، کتخدائی۔
دامال: (ف) مذکر؛ دیکھو دامن۔
دامن: (ف) مذکر؛ (۱) آنچل، انگرکھے یا قبا کا نیچے لٹکنے والا حصہ، (۲) کسی چیز کا کنارہ، حاشیہ، (۳) پہاڑ کے نیچے کی زمین (۴) حرف کے دائرے۔
—— **اٹک جانا:** (کنایتاً) پھنس جانا، گرفتار ہو جانا۔
—— **اٹھانا:** دامن سمیٹنا، آنچل اونچا کرنا۔
—— **الجھنا:** (۱) دامن کا کسی چیز میں پھنس جانا (۲) (کنایتاً) کسی جھگڑے میں پھنس جانا، پابند ہو جانا۔
—— **بچانا:** (کنایتاً) بے لوث رہنا، علاحدگی اختیار کرنا۔ سلامت روی اختیار کرنا۔
—— **بندی:** مونث؛ شادی بیاہ۔
—— **پر دھبا رہنا:** کسی کے سر الزام رہنا۔
دامن پکڑنا: (۱) تقاضا کرنا، مانگنا، رکاوٹ ڈالنا، (۲) سہارا لینا، کسی کی پناہ میں آنا۔
—— **پھیلانا:** (۱) گودی پھیلانا، آنچل پھیلانا، (۲) (کنایتاً) کچھ مانگنا، التجا کرنا۔
—— **پھیلنا:** (کنایتاً) سوال کرنا، کچھ طلب کرنا۔
—— **تر ہونا:** گنہگار ہونا۔
—— **تلے چھپانا/ دامن تلے ڈھانکنا:** (۱) پناہ میں لینا، اپنی حمایت میں لینا، (۲) عیب پوشی کرنا، (۳) پرورش کرنا، پالنا، حفاظت کرنا۔
—— **تھام لینا:** روک لینا، پکڑ لینا، سہارا لینا۔
—— **تیغ:** (اضافت کے ساتھ) تلوار کے کنارے کا حصہ۔
—— **جھاڑنا:** (۱) دامن کا گرد و غبار جھاڑنا، (۲) (کنایتاً) تعلقات سے آزاد ہونا، (۳) خالی ہاتھ ہونا۔
—— **جھٹکنا:** (۱) جھٹکا دے کر دامن چھڑا لینا، (۲) الگ ہو جانا (۳) نفرت کرنے، بیزار ہونے کا کنایہ۔
—— **چھٹنا/ دامن چھوٹنا:** علاحدگی ہونا۔
—— **دار:** (ف) چوڑا چکلا، بڑا چوڑا زخم۔
—— **دولت:** (اضافت کے ساتھ) بادشاہ یا حکومت کا سہارا۔
—— **سمیٹنا/ دامن سنبھالنا:** (۱) دامن کو ہاتھ سے ایک جا کرنا (۲) (کنایتاً) علاحدگی اختیار کرنا۔
—— **سے منہ چھپانا/ دامن سے منہ ڈھانکنا:** (کنایتاً) حجاب کرنا، شرمندہ ہونا۔
—— **شب:** (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ رات کا آخری حصہ۔
—— **کوہ:** (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ پہاڑ کے نیچے کا حصہ۔
—— **کی ہوا دینا:** دامن کو حرکت دے کر پنکھے کا کام لینا۔
—— **گیر:** (ف) دامن پکڑنے والا، مزاحم، حمایت چاہنے والا، مستغیث۔
—— **محشر/ دامن قیامت:** (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ قیامت کا میدان۔
—— **مریم:** (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) عصمت، پاکیزگی۔

دامن مژگاں: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پلک کا آخری حصہ۔
—— **مقصود**: (اضافت کے ساتھ) مقصود کا دامن سے استعارہ۔
—— **میں چھپانا**: (کنایتاً) پناہ دینا۔
—— **میں لہو ڈھکنا**: کسی قاتل پر اثباتِ خون ہونا، خون سے دامن کا آلودہ ہونا۔
دامنی: (ف) مونث؛ (۱) گھوڑے کے پچھلے پر ڈالنے والا چوڑا کپڑا، زین پوش، (۲) ایک پاٹ کی باریک چادر، (۳) اوڑھنی۔
دان: (ا) مذکر؛ خیرات، صدقہ، جہیز، بخشش، سخاوت۔
—— **پُن**: مذکر؛ خیر خیرات، صدقہ۔
—— **دہیز/دان جہیز**: مذکر؛ جہیز۔
—— **لینا**: خیرات لینا۔
دانی: (ا) مذکر؛ فیاض، سخی، دینے والا۔
داں: (ف) ظرف (مرکبات میں) (۱) گھر، جگہ، مکان، خانہ، جیسے قلم دان، آتش دان وغیرہ، (۲) جاننے والا۔
دانا: (ف) سمجھدار، عقلمند، دانش مند، ہوشیار۔
—— **بینا**: ہوشیار اور عاقل، کار آموزدہ، تجربہ کار۔
دانائی: (ف) مونث؛ سمجھ، عقل، دانش۔
دانت: مذکر؛ (۱) دنداں، دندانے (۲) کھانے کی چیزیں چبانے کے لیے مسوڑھوں کی جڑوں میں لگے ہوئے سخت دندانے، (۳) (کنایتاً) کسی چیز کی طرف رغبت اور میلان۔
—— **بٹھا دینا**: (کنایتاً) عاجز کر دینا، پست کر دینا۔
—— **بجنا**: (۱) دانت کڑکڑانا، (۲) (مجازاً) بہت سردی ہونا۔
—— **براق ہونا**: بہت صاف اور سفید ہونا۔
—— **بنوانا**: مصنوعی دانت لگوانا۔
—— **بھینچنا**: (۱) دانت دبانا، (۲) (مجازاً) غصے میں آنا۔
—— **بیٹھنا/دانت بیٹھ جانا**: دانتوں کا جکڑ جانا۔
—— **پیسنا**: (کنایتاً) نہایت غصہ ہونا، جھلانا، کسی کو اذیت دینے کا ارادہ کرنا، غصہ دکھانا۔
—— **تلے اُنگلی دبانا**: افسوس کرنا، تعجب کرنا، حیرت میں ہونا۔
—— **تلے ہونٹ دبانا**: (کنایتاً) غصہ ہونا۔
—— **توڑنا**: (کنایتاً) عاجز کرنا، کام کا نہ رکھنا، مغلوب کرنا۔
—— **تھے تو چنے نہ تھے، چنے ہوئے تو دانت نہیں**: (مثل) بے وقت مراد حاصل ہونا۔
—— **تیز کرنا**: ایذا رسانی کا قصد کرنا، لالچ کرنا، حرص کرنا۔
—— **دِکھانا**: (۱) بے حیائی کے ساتھ ہنسنا، جواب بن نہ پڑے تو ہنس دینا، جھینپ مٹانا (۲) غصے کا اظہار کرنا۔
—— **رکھنا**: (۱) (کنایتاً) کسی چیز کا خواہش مند ہونا (۲) بدلا لینے کو آمادہ رہنا، عوض لینے کا ارادہ رکھنا۔
—— **سلسلانا**: دانت میں خفیف کھجلی ہو کر درد ہونا۔
—— **سے دانت بجنا**: (۱) دانتوں کا حرکت میں آنا (۲) (مجازاً) شدت کی سردی ہونا، تپ و لرزہ ہونا۔
—— **سے زبان کاٹنا**: (کنایتاً) کہہ کر پچھتانا۔
—— **کاٹی روٹی**: پکی دوستی، بے حد دوستی۔
—— **کٹکٹانا/کچکچانا**: (کنایتاً) بے انتہا خفا ہونا، غصہ کی حالت میں دانت پیسنا۔
—— **کرانا**: سوتے میں دانتوں سے آواز نکالنا۔
—— **کریدنے کو تنکا نہ رہنا**: (کنایتاً) چوری سے گھر کی صفائی ہو جانا، سب سامان پر جھاڑو پھر جانا۔
—— **کھٹے کرنا**: (کنایتاً) ہمت توڑنا، عاجز کرنا، زبردست شکست دینا۔
—— **کھلنا**: (کنایتاً) ہنسی آنا۔
—— **کھولنا**: (کنایتاً) بے تکلف ہنسی سے دانت نمایاں کرنا، دانت کھول کر ہنسنا۔
—— **لگانا**: (۱) منہ مارنا، دانت کا زخم پہنچانا، (۲) دانت چھوانا، (۳) لالچ کرنا، تاک لگائے رکھنا۔
—— **نکال دینا**: (۱) شرمندہ ہو کر ہنس دینا، عجز ظاہر کرنا بیہودہ طرح سے ہنسنا، (۲) اُدھڑ جانا، ٹانکے کھل جانا، پھوٹ نکل آنا۔ (۳) (کنایتاً) گھبرا جانا، سٹپٹا جانا، (۴) دانت توڑ دینا۔
—— **نکوسنا**: غصے یا عاجزی سے درندے کا دانتوں کو نکالنا۔
—— **ہونا**: (۱) بہت خواہش ہونا، (۲) گھات ہونا، گھات لگنا (۳) عداوت ہونا، دشمنی ہونا، درپے تذلیل ہونا۔

دانتوں اٹھانا: دانتوں سے پکڑ کر لے لینا، نہایت قدر کے ساتھ اٹھانا۔
—— اُنگلی کاٹنا: افسوس کرنا، تاسّف کرنا، متعجب ہونا۔
—— پسینا آنا: مشکل کام سے عاجز آنا، چیں بول جانا، بہت تھک جانا۔
—— سے زمین پکڑنا: مضبوط گرفت کرنا، نہایت مضبوطی سے پکڑنا، جگہ سے جنبش نہ کرنا۔
—— سے کوڑی اُٹھانے والا: (کنایتاً) بڑا کنجوس۔
—— کا چوکا: اگلے چار دانتوں کی لڑی۔
—— کے تلے اُنگلی دینا: حیران ہونا۔
—— میں اُنگلی دینا / دانتوں میں اُنگلی دبانا: (۱) حیرت یا افسوس ظاہر کرنا، (۲) حیرت کا اظہار کرنا، (۳) کسی سے باز رکھنا۔
—— میں تنکا لینا: (کنایتاً) عاجزی کرنا، جان کی پناہ چاہنا، امان چاہنا۔
—— میں زبان کی طرح ہونا: دشمنوں میں رہ کر سلامت رہنا، دشمنوں کے بیچ گھرا ہونا۔

دانتا: مذکر؛ دندانہ، خار (کنگھی یا آرے یا پہیہ کا)

—— کِلکِل: مونث؛ (۱) جھگڑے فساد کی باتیں، (۲) خانہ جنگی، (۳) جھگڑا تکرار۔

دانتے پڑجانا: دُندانے پڑجانا، دھار گر جانا۔

دانتی: مونث؛ بتیسی، دانتوں کا چوکا (۲) درانتی، گھاس کاٹنے کا آلہ، سنبسیا۔

دانتی لگنا: جبڑا بند ہونا، دانت بھنچ جانا، بے ہوش ہوجانا۔

داند: (۱) شریر لڑکوں کی کودبھاند، (۲) مطلق ظلم، رعایا اور غریبوں پر سپاہیوں کا ظلم۔

دانڈا / ڈانڈا: ملک کی سرحد، زمین کی حد۔

دانست: (ف) مونث؛ سمجھ، رائے، واقفیت، شناخت۔

دانستہ: (ف) جان بوجھ کر، سمجھ بوجھ کر۔

دانش: (ف) مونث؛ عقل، دانائی، سمجھ بوجھ۔

—— مند: (ف) عقلمند، ہوشیار۔
—— مندی: (ف) مونث؛ دانائی، عقلمندی۔
—— وَر: دانش مند، صاحب علم و فراست، پروفیسر۔

دانش وری: مونث؛ عقل مندی، دانائی، حکمت۔

دانگ: (ف) مذکر؛ (۱) چھ رتی کا وزن، (۲) سمت، جانب، (۳) کسی چیز کا چھٹا حصہ؛ (۴) ٹکڑا، حصہ۔

دانندہ: (ف) جاننے والا، ماہر۔

داؤ: مذکر؛ (۱) کسی کھیل کی چال (۲) چال بازی، فریب (۳) جانوروں کے لیے درختوں کے پتے اور شاخیں کاٹنے کا آلہ، (۴) نوبت، باری چلنا۔

داؤنری: مونث؛ غلہ مانڈتے وقت بیل باندھنے کی رسّی۔

دانہ: (ف) مذکر؛ (۱) اناج، غلہ، (۲) بیج، تخم، (۳) انگور وغیرہ کا پھل، (۴) چھوٹی پھنسی، (۵) چھوٹے اور گول کنکر۔

—— بدلنا: پرندوں کا آپس میں ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانا کھلانا۔
—— بھرانا: پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں دانہ دینا۔
—— پانی: مذکر؛ (۱) رزق، آب و دانہ، آب و خورش (۲) (مجازاً) قسمت، نصیب۔
—— پانی اٹھنا: رزق کا ختم ہونا، مرجانا۔
—— پانی حرام ہونا: کھانا پینا، بالکل موقوف ہونا۔
—— مُنکا: مذکر؛ بگڑے پڑے دانے، ایک آدھ دانہ۔
—— ڈالنا: (۱) پرندوں کے لیے دانہ ڈالنا (۲) (کنایتاً) دھوکا بازی کرنا، فریب دینا۔
—— نہ گھاس کھریرا تین تین بار: (مثل) نمائشی خاطر داری کرنا۔
—— نہ گھاس گھوڑے تیری آس: (مثل) دینا دلانا کچھ نہیں مفت میں کام لینا۔

دانوں میں پھل جانا: پھنسیاں کثرت سے نکل آنا۔

دانے پر لگانا: (۱) اجنبی کبوتر کو دانہ دکھا کر رام کرنا (۲) (کنایتاً) کچھ لالچ دے کر مانوس کرنا۔

—— دار: (ف) گول گول تڑے پڑی ہوئی چیز۔
—— دانے پر مُہر ہوتی ہے: (مثل) جو رزق جس کے مقدر کا ہوا سی کو ملتا ہے۔

دانے دانے کو محتاج ہونا: بالکل مفلس ہونا۔
—— کا اُڑ کر پہنچنا: قسمت کا رزق کسی نہ کسی طرح مل کر رہتا ہے۔
—— کے ساتھ گھُن بھی پس جانا: (مثل) اصل کے ساتھ اوروں کو بھی نقصان پہنچ جانا۔
دانیال: مذکر؛ ایک مشہور پیغمبر کا نام، (۲) رزق۔
داور: (ف) منصف، حاکم، عادل، خدا۔
—— محشر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ قیامت کے دن انصاف کرنے والا: یعنی خدا تعالیٰ۔
داوری: (ف) مونث؛ حکومت، انصاف، منصفی۔
داہنا: مذکر؛ سیدھا۔
داہنی آنکھ پھڑکنا: (عو) شگونِ نیک۔
دائر: (ع) (۱) پھرنے والا، دورہ کرنے والا (۲) (قانون) زیرِ تجویز، درپیش۔
دائر سائر: (مجازاً) جاری، مشہور، بااثر، نافذ، دخیل۔
دائرہ: (ع) مذکر؛ (۱) چکر؛ حلقہ، دور، محیط (۲) مجلس (۳) اقلیدس کی ایک اصطلاح (۴) خانقاہ، ڈیرا، اڈہ، محلہ (۵) ایک باجے کا نام، چنگ، (۶) حرفوں کی گولائی۔
دائم: (ع) ہمیشہ، سدا۔
—— الحبس: عمر بھر کا قیدی، زندگی بھر کی قید۔
—— المرض / دائم المریض: جنم روگی، سدا کا بیمار۔
دائماً: ہمیشہ، ہر وقت۔
دائمی: ہمیشہ کا دوامی۔
داؤد: (ع) حضرت داؤد، ایک خوش الحان پیغمبر کا نام۔
داؤدی: مذکر؛ ایک پھول، گل داؤدی۔
داؤں: مذکر؛ (۱) ہنسیا، ایک قوس نما چھرا (۲) باری، نوبت، (۳) گھات، موقع، قابو، بس، (۴) جُل، حیلہ دھوکا، (۵) کشتی کا پیچ (۶) پانسہ۔
—— پر رکھنا / داؤں پر لگانا: بازی پر لگانا، شرط پر رکھنا۔
داؤں پیچ: مذکر؛ (۱) مکر و فریب، چال (۲) کُشتی یا بازی کے ڈھنگ، کشتی کے بند
—— چلنا: فریبی کارروائی کرنا، کشتی کا پیچ کرنا۔
—— دینا / داؤں کرنا: (۱) دم دینا، فریب دینا، دھوکا دینا، ٹھگنا، (۲) موقع دینا۔
—— گھات: مونث؛ تاک، گھات، پیچ، خفیہ تدبیر۔
—— لگانا: (۱) گھات لگانا، موقع دیکھنا، قابو پانا (۲) بازی لگانا، شرط بدنا، شرط لگانا۔
—— میں آنا: داؤں میں پھنس جانا، فریب سے قابو میں آنا۔
دائی: (مونث) (۱) دایہ، جنانے کا پیشہ کرنے والی (۲) انّا، دودھ پلانے والی۔
—— جنائی: مونث؛ قابلہ، دایہ۔
—— سے پیٹ چھپانا: رازداروں سے عیب چھپانا۔
—— کھلائی: مونث؛ ننھے بچوں کو کھلانے بہلانے والی، دایہ۔
—— کے آگے پیٹ کا پردا / دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا: (مثل) رازداروں سے راز یا عیب نہیں چھپتا۔
دائیں: داہنی طرف، سیدھے ہاتھ کی طرف، راست۔
—— بائیں: اِدھر اُدھر، چپ و راست۔
دایاں: (ع) داہنا۔
دایہ: (ف) مونث؛ دائی، انّا، کھلانے والی۔
—— گیری: (ف) مونث؛ دائی کا پیشہ، دایہ کا کام۔

د - ب

دُب: (ع) مذکر؛ ریچھ۔
—— اصغر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) چھوٹا ریچھ (۲) (علم نجوم) قطب تارے کے قریب چند ستاروں کا جُھرمٹ جنھیں باہم ملانے سے چھوٹے ریچھ کی شکل بن جاتی ہے۔
—— اکبر: (اضافت کے ساتھ) مذکر (۱) بڑا ریچھ (۲) قطب تارے کی سیدھ پر واقع ہونے والے سات ستارے جنھیں ایک ساتھ ملانے سے بڑے ریچھ کی شکل بن جاتی ہے۔
دَبا بیٹھنا: (۱) قبضہ کر لینا، زبردستی مال مار لینا (۲) دبوچ لینا۔

دَبا جانا : مغلوب ہوا جانا۔
ـــــ ڈالنا : (۱) کچل ڈالنا (۲) کسی بات کو چھپا دینا۔
ـــــ رہنا : کسی چیز کی آڑ میں چھپا رہنا۔
ـــــ کر : جبر سے، حکومت سے۔
ـــــ لینا : (۱) مغلوب کر لینا (۲) مال مار لینا، (۳) دبوچ لینا۔
ـــــ ہوا بنیا پورا تولے : (مثل) جب آدمی پر دباؤ پڑتا ہے تو حق ادا کرتا ہے۔
دبازت : مونث؛ موٹائی۔ دل دار ہونا۔
دبّاغ : مذکر؛ چمڑا رنگنے والا، چمڑا پکانے والا۔
دباغت : مونث؛ چمڑے کا پکانا، درست کرنا، پاک کرنا۔
دَبّا لگانا : (۱) درخت کی شاخ کی قلم لگانا، (۲) گھات، کمین (۳) غوطہ لگانا، ڈبکی لگانا۔
دبانا : (۱) گاڑنا، دفن کرنا، زمین دوز کرنا (۲) بیج بونا، بیج زمین کے اندر رہنا، (۳) زبردستی قبضہ کرنا، پرایا حق مارنا (۴) بھینچنا، دبوچنا، (۵) عاجز کرنا، تنگ کرنا، مغلوب کرنا، زیر کرنا (۶) زور ڈالنا؛ دباؤ ڈالنا۔ (۷) چپ کرنا، (۸) ٹھونسنا (۹) چھپانا، (۱۰) کمی کرانا۔
دباؤ : مذکر؛ (۱) بوجھ، غلبہ، زور (۲) خوف، دہشت، (۳) سختی، جبر، (۴) رعب داب (۵) زور، حکومت (۶) لحاظ، خیال۔
ـــــ پڑنا/دباؤ ڈالنا : مذکر؛ (۱) بوجھ پڑنا، زور ڈالنا، (۲) خوف ہونا، دہشت ہونا، (۳) جبر کرنا، سختی کرنا، (۴) رعب داب پڑنا، (۵) زور ڈالنا، (۶) لحاظ، خیال کرنا۔
ـــــ ماننا : خوف ماننا، ڈر ماننا۔
دباؤ : اُلار کا مقابل۔
دَب جانا : (۱) مغلوب ہو جانا (۲) کسی چیز کے نیچے آجانا، کسی کے رُعب میں آجانا۔
دَبدَبہ : مذکر؛ کر و فر، رعب و داب، شان و شوکت۔
دُبدھا : (۸) مونث؛ گمان، شک، پس و پیش، تذبذب، شبہ۔
دَبستاں : (ف) مذکر؛ (۱) مکتب، مدرسہ، (۲) کتب خیال، اسکول۔
دَبکانا : چھپانا، کپڑے میں چھپانا۔
دَبکائی : مونث؛ تارکشوں کی اُجرت، تار دبکنے کا کام۔
دبک بیٹھنا : چھپ بیٹھنا، روپوش ہونا۔
دبک جانا : ڈر کر چھپ جانا۔
ـــــ رہنا : سکڑ کے چھپ جانا۔
دبکنا : (۱) چھپنا، پوشیدہ ہونا، (۲) ڈر کر چھپنا۔ (۳) چاندی سونے کے تار و کپڑے کوٹ کے چوڑا کرنا۔
دبکی لگانا : چھپنا، غائب ہونا، گھات لگانا، گھات میں بیٹھنا۔
دَبکیا : مذکر؛ تار دبکنے والا۔
دُبلا : پتلا، کمزور، کم گوشت۔
ـــــ پا/دُبلاپن : مذکر؛ لاغری، کمزوری۔
ـــــ پتلا : مذکر؛ چھریرا، ہلکے بدن کا، ہلکا پھلکا۔
دُبلے کو ماریں شاہ مدار : (مثل) زبردست زیردست ہی کو ستاتا ہے۔
دُبنا : (۱) بوجھ کے نیچے آنا، (۲) دفن ہونا، گڑنا، (۳) چھپنا، پوشیدہ ہونا (۴) زیر ہونا، مغلوب ہونا، رُعب یا خوف کھانا (۵) سکڑنا، سمیٹنا (۶) ہٹنا، بچنا۔ راستہ دینا (۷) رُکنا (۸) عجز و انکسار کرنا، لحاظ کرنا، (۹) پسنا، بچھنا، (۱۰) شرمانا (۱۱) نیچے آنا، اندر آنا، (۱۲) فرو ہونا، اُبھرنے نہ پانا، رفع ہونا۔
دبی آگ کریدنا : (کنایتاً) پرانے فساد کو تازہ کرنا۔
دبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے : (مثل) دبنے پر زبردست اپنے زیردست کا حکم بجالاتا ہے۔
دَبی چوٹیں اُبھرنا : پرانے فتنوں کا تازہ ہونا، پرانے دُکھ تازہ ہونا۔
دبے پانو : (۱) آہستہ آہستہ، آہٹ کے بغیر، (۲) چوری سے۔
دبے پر چیونٹی بھی کاٹتی ہے : (مثل) تنگ آکر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے۔

دبی دبائی باتیں: گزری ہوئی بات، بھولی بسری بات۔
دبے دبائے جھگڑے: پرانے جھگڑے، رفع دفع جھگڑے۔
دبی زبان سے کچھ کہنا / دبی آواز سے کچھ کہنا: (کنایتاً) ڈرتے ڈرتے کچھ کہنا، لحاظ سے صاف صاف نہ کہنا۔
دبے مردے اُکھاڑنا: پرانے قصے یا پرانے گلے شکوے دہرانا، گڑے مُردے اُکھاڑنا۔
دبنگ / دبنگا: مذکر؛ (۱) مستنڈا، ہٹا کٹا، (۲) چست چالاک، قوی، تنومند، سخت دل آدمی، زبردست۔
دبوچنا: بھینچنا، کسی کو ایسا قابو میں کرنا کہ چھوٹ نہ سکے۔
دبیر: مذکر؛ (۱) کاتب، منشی، انشا پرداز، مضمون نگار، محاسب (۲) ایک مشہور مرثیہ گو شاعر کا تخلص۔
دبیرِ فلک: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (کنایتاً) عطارد، سیارہ۔
دَبِیز: (ف) موٹا، گاڑھا، سنگین، دل دار۔
دَبیل: لوگوں سے دبنے والا، زیردست، مغلوب۔

د - ت

دُت: مونث؛ کلمۂ حقارت (۱) کتے کو بھگانے کی آواز (۲) دور ہو الگ ہو۔
——کار: مونث؛ لعنت، ملامت، جھڑکی۔
——کارنا: (۱) کتے کو بھگانا (۲) (کنایتاً) جھڑکنا، حقارت سے نکال دینا، لعنت ملامت کرنا۔
دَتون: (س) مسواک۔

د - ج

دجّال: (ع) مذکر؛ مسلمانوں کے عقائد کے مطابق قیامت سے کچھ پہلے ایک کانا شخص جھوٹا مسیح بن کر خدا ہونے کا دعوا کرے گا۔
دچھنا / دَکشنا: (ہ) مونث؛ تحفہ، نذرانہ، انعام۔

د - خ

دُخان / دُخّان: (ع) مذکر؛ (۱) دھواں، بھاپ، بخار (۲) زمین اور پہاڑ سے اُبلنے والے بخارات، زمین کے آتشیں بخارات۔
دُخانی: بھاپ یا دھویں کے زور سے چلنے والی چیز۔
——جہاز: (ف) مذکر؛ بھاپ سے چلنے والا جہاز۔
دُخت / دُختر: مونث؛ بیٹی، لڑکی۔
دُخترِ انگور / دُخترِ زر / دُخترِ رز / دُخترِ عِنَب / دُخترِ تاک: (ف) مونث؛ (کنایتاً) انگوری شراب، شراب سُرخ۔
دَخل: مذکر؛ (۱) رسائی (۲) قبضہ (۳) امکان (۴) مجال، (۵) دست اندازی، مزاحمت (۶) مہارت، شُدبُد واقفیت۔
——پانا: گذر ہونا، رسائی ہونا، باریاب ہونا۔
——در معقولات: مذکر؛ کسی معاملے میں خواہ مخواہ دخل دینا ٹھیک بات میں مداخلت کرنا، بیچ میں بولنا۔
——دہانی: (قانون) قبضہ دلانا، قابض کرنا۔
——دینا: (۱) بیچ میں پڑنا، بیچ میں بولنا، دست اندازی کرنا، سدِ راہ ہونا (۲) قبضہ دینا۔
——یابی: (ف) مونث؛ (۱) باریابی، گزر، رسائی (۲) قبضہ، تصرف۔
دُخول: (ع) مذکر؛ گھسنا، اندر جانا۔
دَخیل: مذکر؛ (۱) دخل دینے والا، باریاب، (۲) قابض، متصرف، (۳) عروض کی ایک اصطلاح۔
——کار: کاروبار میں دخل دینے والا، سرپرادہ کار، مصاحب شریک رائے۔

د - د

دَدا: کھلائی، بچوں کو پالنے اور رکھنے والی ملازمہ۔
دَدوڑا: مذکر؛ جسم کی جلد پر کسی وجہ سے اُبھر آنے والے چھوٹے دانے۔
دَدیا خسر / دَدیا سسر / دَدیا سسرا: مذکر؛ بیوی کا دادا، شوہر کا دادا۔
دَدیا ساس: بیوی کی دادی۔
دُدھار: مونث؛ دودھ دینے والی، گائے، بھینس، بکری۔
دودھیال: دادھیال، دادا کے گھرانے والے۔

دُدھیل / دُدھیلن : دودھ دینے والے جانور، دودھارو۔
ـــــ گائے کی دو لاتیں بھی بھلی : (مثل) جس سے نفع پہنچتا ہو اس کی سختی بھی ناگوار نہیں ہوتی۔

د - ر

دُر : مذکر؛ (۱) نرخ، قیمت، بھاؤ، (۲) مونث؛ قدر، منزلت۔
دَر (ف) مذکر؛ (۱) دروازہ، دہلیز، (انگ) (۲) مین۔
ـــــ آمد : مونث؛ اندر آنا، باہر سے ملک میں آنے والا مال۔
ـــــ آمد برآمد : مونث؛ آمد و رفت، آنا جانا، اندر آنے اور باہر جانے والا مال، (تجارتی اصطلاح) دیکھو امپورٹ، اکسپورٹ۔
ـــــ آنا : (۱) کسی چیز میں کسی چیز کا داخل ہونا، (۲) کسی کے گھر میں زبردستی گھس آنا، (۳) کسی معاملے میں پڑنا۔
ـــــ انداز : (ف) مذکر؛ دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا، لگائی بجھائی کرنے والا، بدگو۔
ـــــ باب / درباره : (ف) بابت، نسبت، سبب، معاملہ۔
ـــــ بان : (ف) مذکر؛ چوکیدار۔
ـــــ بدر : (ف) مارے مارے پھرنا، آوارہ، سرگشتہ۔
ـــــ بست / در و بست : (ف) بالکل تمام، انتظام۔
ـــــ بندی : (ف) مونث؛ کارکنوں کے مطالبات تسلیم نہ کرنے کی خاطر کارخانہ یا دفتر بند کر دینا، تالا بندی، (انگ) لاک آؤٹ۔
ـــــ پر پڑنا : (کنایتاً) بے کسی کی حالت میں کسی کی پناہ لینا۔
ـــــ پردہ : (۱) غائبانہ، پیٹھ پیچھے (۲) خفیہ، پوشیدہ اشارے، کنایے سے۔
ـــــ پے : پیچھے، گھات میں، خواہاں۔
ـــــ پے ہونا : پیچھا کرنا، سراغ لگانے کی گھات میں ہونا، سر ہونا۔
ـــــ پیش : (ف) موجودہ، آگے، سامنے، روبرو۔
ـــــ پیش ہونا : سامنے ہونا، پیش ہونا۔
ـــــ در خواست : مونث؛ عرضی، سوال، آرزو، تمنا، التماس، گزارش۔
ـــــ خور : (۱) لائق، سزاوار، قابل (۲) دخل رسائی۔
ـــــ در : در بدر۔
ـــــ در ٹھوکریں کھلوانا : مارا مارا پھرنا۔
ـــــ دولت : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ معزز شخص کا مکان، بادشاہ یا رئیس کا مکان۔
ـــــ عمل کوش ہر چہ خواہی پوش : (ف) اعمال اچھے چاہئیں، لباس کیسا ہی ہو۔
ـــــ کار : ضروری، مطلوب۔
ـــــ کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست : (ف) (مثل) نیک کام میں دیر نہ کرنی چاہیے۔
ـــــ کنار : ایک طرف، علاوہ، علاحدہ۔
ـــــ گزر : مونث؛ معافی، چشم پوشی، معافی دینا۔
ـــــ گزرے : چھوڑ دیا، ترک کیا، باز آئے۔
ـــــ گزر کرنا : طرح دینا، کسی فعل کے ارتکاب سے باز آنا۔
ـــــ ماہہ : مذکر؛ ماہانہ، تنخواہ، مشاہرہ۔
ـــــ میان : (ف) مذکر؛ بیچ، وسط، اندر، مابین۔
ـــــ میان دینا : بیچ میں ڈالنا، ضامن دینا۔
ـــــ میان لانا : شامل کرنا، پیش کرنا۔
ـــــ میانی : بیچ کا، متوسط، اندرونی۔
ـــــ و دیوار سے باتیں کرنا : دیوانہ کی طرح آپ ہی آپ بکنا۔
دریافت : (ف) مونث، پہچان، جانچ، تحقیق، ٹوہ، تفتیش۔
دُر : مذکر (۱) موتی، جواہر (۲) کان میں پہننے کا زیور۔
ـــــ افشاں : (ف) (۱) موتی بکھیرنے والا، (۲) (کنایتاً) خوش بیان۔
ـــــ بار : موتی برسانے والا۔
ـــــ خوش آب : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) نہایت آبدار موتی (۲) (کنایتاً) عمدہ شعر، عمدہ مضمون۔
ـــــ شہوار : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بادشاہوں

کے قابل موتی، بہت بڑا موتی۔
دُرِ ناسُفتہ : (ف) مذکر؛ (۱) بغیر سوراخ کا موتی (۲) (مجازاً) کنواری عورت۔
ـــــ نایاب : (اضافت کے ساتھ) (۱) بے مثال موتی (۲) (کنایتاً) فرزند۔
ـــــ نجف : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) ایک قسم جس میں بال نظر آتے ہیں، (۲) (کنایتاً) شریف، نجیب۔
ـــــ یتیم : دریک دانہ : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر: بڑا آب دار موتی، بیش بہا موتی۔
دِرا : (ف) مذکر؛ جرس، گھنٹہ۔
دَراز / دَراڑ : مونث؛ درز، شگاف، رخنہ۔
دراز : (انگ) مونث؛ میز یا الماری کا باہر کھینچا جا سکنے والا خانہ۔
دَراز : (ف) لانبا، طویل۔
ـــــ دستی : (ف) مونث؛ ظلم، زیادتی، بے انصافی۔
ـــــ گوش : (ف) (۱) بڑے بڑے کانوں والا (۲) گدھا، خر۔
ـــــ کرنا : پھیلانا۔
ـــــ ہونا: لیٹنا، سونا، پانو پھیلانا۔
درازی : (ف) مونث؛ لمبائی، طوالت، بڑا ہونا۔
دَراک : (ع) (۱) درک رکھنے والا، (۲) بات کی تھاہ لانے والا۔ خوب سمجھنے والا، ذہین۔
دَراکی : (ع) مونث؛ سمجھ، سمجھنے کی صلاحیت، قوت، فہم، ادراک۔
دَراں : (ف) پھاڑنے والا۔
دَرانا : بے دھڑک، بے خوف وخطر۔
دَرانتی : مونث؛ چھوٹی ہنسیا، فصل کاٹنے کا ہلال نما اوزار۔
دُرانی : پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
دَراوِڑ : (ن) ہندوستان کے قدیم باشندے۔
درایت : (ع) مونث؛ عقل، دانش۔
دربا : مذکر؛ ڈھابلی، ڈربا۔
دربار : (ف) مذکر؛ (۱) آستانہ، بارگاہ، (۲) امیروں، بادشاہوں کی مجلس، (۳) شاہی عدالت، کچہری۔
ـــــ باندھنا : (دہلی) رشوت دے کر کام نکالنا۔
ـــــ خاص : (اضافت کے ساتھ) بادشاہ کا دربار، وزیروں کا دربار، وہ دربار جس میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو۔
ـــــ داری : مونث؛ حاضر باشی، کسی کے یہاں خوشامد کے لیے حاضر ہونا۔
ـــــ عام : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ حاکم، بادشاہ کا کھلے دربار میں امیروں اُمرا کا سلام لینا، عدالت کرنا، اجلاس کرنا، مصاحبت کرنا۔
ـــــ لگنا : (۱) ملازموں اور مجرائی لوگوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا، (۲) مجمع ہونا، بھیڑ لگنا۔
ـــــ معمور ہونا : مجلس اُمرا وسلاطین کا حاضرین سے بھر جانا۔
درباری : (ف) (۱) دربار سے منسوب، دربار سے نسبت رکھنے والا، (۲) وہ لوگ جن کو دربار میں جگہ ملے، (۳) ندیم، مصاحب، ہم نشین، خواص۔
دُربِیوَہار : (ہ) مذکر؛ بدسلوکی، بدمعاملگی، بدعنوانی۔
دَرپَن : (ہ) مذکر؛ آئینہ۔
درپنی : (ہ) مونث؛ شیشہ، چھوٹا آئینہ۔
درج کرنا : لکھنا، رجسٹر میں چڑھانا، فہرست میں داخل کرنا۔
دُرج : صندوقچہ، ڈبا، زیور یا جواہر رکھنے کا ڈبا۔
دَرجَن : (انگ) مذکر؛ بارہ کا مجموعہ، بارہ، ایک جنس کی بارہ چیزیں۔
دَرجَنوں : جمع کثیر تعداد۔
درجہ : مذکر؛ (۱) مرتبہ، رُتبہ (۲) ایک اصطلاح علم ہیئت ونجوم کی (۳) سیڑھی کا پائدان (۴) عہدہ، منصب، (۵) منزل، بہشت کی منزل (۶) کمرہ، کوٹھری (۷) منٹ ثانیہ، دقیقہ، (۸) جماعت، کلاس، زمرہ (۹) گت، حالت، کیفیت، (۱۰) عزت، وقار۔

درجہ بدرجہ: آہستہ آہستہ، رفتہ رفتہ، علی قدر مراتب۔
____ توڑنا: تنزل کرنا۔
____ ملنا: مرتبہ حاصل ہونا۔
دَرخت: (ف) مذکر؛ پیڑ۔
دَرخشاں / دُرخشاں: (ف) چمکتا ہوا۔
دُرخشندہ: (ف) مذکر؛ تاباں، چمکنے والا۔
دَرد: (ف) مذکر؛ (۱) دُکھ تکلیف، (۲) دریغ، افسوس (۳) ہُوک، ٹیس، چمک، (۴) رحم، ترس (۵) سوز و گداز۔
____ آشنا: (ف) درد سے واقف، ہمدرد۔
____ آمیز: (ف) دردناک۔
____ آنا: رحم آنا۔ ترس آنا۔
____ بٹانا: دکھ درد میں شریک ہونا، ہمدردی کرنا۔
____ زہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بچہ پیدا ہونے کا درد۔
____ سَر: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) سر کا درد۔ (۲) (کنایتاً) رنج، محنت، مصیبت، بکھیڑا۔
____ سَر خریدنا / مول لینا: (کنایتاً) جھگڑے میں پڑنا، کسی محنت و تکلیف کو اپنے ذمے لینا۔
____ سَری: تکلیف، مشکل، دقت، زحمت۔
____ لگنا: درد ہونا، بچہ جننے کا درد شروع ہونا۔
____ مند: (ف) ترس کرنے والا، غم خوار، رحم دل۔
____ ناک: درد اور غم سے بھرا ہوا۔
دُرد: (ف) مونث؛ تلچھٹ، گاد۔
____ آشام: شراب کی تلچھٹ پینے والا۔
دُردَرا: مذکر؛ موٹا، پسا، یا کٹا ہوا، دَلا ہوا۔
دردراہٹ: مونث؛ نیم کوفتہ ہونے کی حالت۔
دُردَری: مونث؛ تیز، باڑھ، دھاردار۔
دُردَسا / دُردَشا: (۱) مونث؛ بدنامی، خرابی، گت، بُری حالت۔
دُرز: (ف) مونث؛ چھری، شگاف، دراز (دیھودراز)
دُرزَن: مونث؛ درزی کی بیوی، کپڑا سینے کا پیشہ کرنے والی عورت۔
دَرزی: (ف) مذکر؛ کپڑا سینے والا۔
درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں: (مثل) انسان کی حالت یکساں نہیں رہتی، اس کو اونا کام سے شرم نہیں کرنا چاہیے۔
دَرس: (ع) مذکر؛ (۱) سبق، (۲) وعظ، پند۔
____ تدریس: (ع) مونث؛ پڑھنا، پڑھانا۔
دُرست: (ف) (۱) ٹھیک، صحیح، بجا (۲) موزوں، جچتا، (۳) پورا، سالم (۴) تن درست، (۵) مہذب (۶) ٹھیک، صحیح۔
____ بنانا: ٹھیک کرنا، گوشمالی کر کے درست کرنا۔
____ کرنا: (۱) ٹھیک بنانا، (۲) سُدھارنا، سنوارنا (۳) ادب دینا (۴) گوشمالی کرنا، تادیب کرنا۔
دُرشت: (ف) (۱) سخت، کھردرا، (۲) تُند و تیز۔
____ مزاج: تُند مزاج۔
دُرشتی: (ف) مونث؛ سختی، ناہمواری، بدخلقی۔
دَرشن: (ہ) مذکر؛ نظارا، دیدار، زیارت۔
دَرشنی ہُنڈی: مونث؛ فوراً روپیا مل جانے والی ہُنڈی، ہاتھ کے ہاتھ روپیا مل جانے والی ہُنڈی۔
دِرشیہ: (ہ) مذکر؛ منظر۔
دَرفشِ کاویان / درفش کاویانی: (ف) مذکر؛ شاہانِ ایران کے خاندان کیانی کا جھنڈا، پھریرا۔
دَرک: (ع)؛ مذکر؛ (۱) دریافت، واقفیت، عقل، سمجھ (۲) دخل، تمیز، مداخلت۔
دَرکنار: ترقنا، پھٹنا، بال پڑنا۔
درگاہ / درگہ: مونث؛ (۱) چوکھٹ، آستانہ، (۲) خدا کا دربار (۳) دربارِ شاہی (۴) خانقاہ، کسی بزرگ کا مزار، روضہ۔
دُرگت: مونث؛ بُری گت، پتلا حال۔
دِرَم: مذکر؛ (۱) بعض عرب ملکوں کے سکے کا نام (۲) دو ماشے اور ڈیڑھ رتی کا وزن۔
دَرمان: (ف) مذکر؛ بیمار کا علاج، چارہ، دوا دارو۔

درماندگی: (ف) مونث؛ (۱) مجبوری (۲) عاجزی۔
درماندہ: (ف) عاجز، مجبور، بے کس۔
دُرمٹ: مذکر؛ کنکر کوٹنے کا دھاتی مسطح آلہ۔
دَرندہ: (ف) مذکر؛ پھاڑ کھانے والا جانور۔
دَرنگ: (ف) مونث؛ دیر، توقف۔
دَروازہ: (ف) مذکر؛ پھاٹک، دَر، پٹ، کواڑ۔
—— بھیڑنا: بغیر کنڈی چڑھائے دروازے کے پٹ بند کرنا۔
—— چُننا: دروازے میں اینٹیں چُن کر بند کر دینا۔
دروازے پر ہاتھی جھولنا: دولت مند ہونا، بہت مال دار ہونا۔
—— جھولنا
دروازے کی مٹی لے ڈالنا: (کنایتاً) پھیرے کرنا، بار بار آنا۔ سخت تقاضا کرنا۔
دروبست: (ف) مذکر؛ (۱) کٹائی، بندھائی، انتظام (۲) (ادبی اصطلاح) جوڑ، ربط، ترتیب و تہذیب بندش۔
دُرود: (ف) مذکر؛ مونث؛ صلوات، برکت و رحمت (پیغمبرؐ کے واسطے)۔
—— بھیجنا: کسی خوب صورت شے کو دیکھ کر خدا کو یاد کرنا، خوشبو سونگھ کر درود پڑھنا، تعریف کرنا، تحسین کرنا، اظہار مسرت کرنا، پیغمبرؐ کی تعریف کرنا۔
—— پڑھنا: (کنایتاً) تعریف کرنا۔
—— پڑھنے کے قابل: نہایت نفیس، تعریف کے قابل۔
دروغ: (ف) مذکر؛ جھوٹ، بہتان۔
—— بیانی: مونث؛ جھوٹ بولنا۔
—— حلفی: مونث؛ جھوٹی قسم۔
—— گو: (ف) جھوٹا، کاذب۔
—— گو را حافظہ نباشد: (ف) جھوٹے کو یاد نہیں رہتا، کچھ کا کچھ کہنے لگتا ہے۔
—— گویم بر روئے تو: (ف) (مقولہ) حقیقت جاننے والے کے سامنے جھوٹ بولنا، صریح جھوٹ۔
دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز: (ف) (مقولہ) (جس جھوٹ سے فساد رُک جائے وہ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہے) صلح صفائی کرنے کے لیے جھوٹ جائز ہے
دَرون: (ف) مذکر؛ دل، باطن۔
دَرون بینی: (ف) مونث؛ اپنے آپ کو سمجھنا، اپنے اندر ڈوب کر اپنا جائزہ لینا۔
دَرویش: (ف) مذکر؛ (۱) فقیر، بھکاری (۲) مسکین غریب (۳) خدا رسیدہ، سادہ مزاج۔
دَرویشی: (ف) مونث؛ فقیری، گدائی۔
دَرّہ / دَرہ: (ف) مذکر؛ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ، گھاٹی۔
دُرّہ: مذکر؛ چمڑے کا چابک، چمڑے کا تسمہ۔
دَرہم: (ف) تتر بتر، گڑبڑ، الٹ پلٹ، تہ و بالا۔
—— برہم: (ف) (۱) تتر بتر، (۲) خفا، ناراض۔
دِرہم: (ع) سکہ، درم۔
دَری: مونث؛ (۱) موٹے سوتی کپڑے کا فرش، شطرنجی کی ایک قسم، (۲) قدیم فارسی زبان کی ایک قسم جو بہت فصیح ہے۔
دَریا: (ف) مذکر؛ ندی، پانی کی وہ بڑی اور چوڑی دھار۔ جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی سمندر میں جا ملے۔
اُترنا: دریا کا پانی کم ہونا، دریا کی طغیانی کم ہونا۔
—— اُمنڈنا: دریا کا جوش میں آنا۔
—— بار: (ف) (۱) صاحب فیض، سخی، جواں مردی (۲) بہت برسنے والی بارش۔
—— بُرد: مونث؛ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی یا کٹ گئی ہو۔
—— بُرد کر دینا: (۱) ڈبو دینا، دریا میں غرق کر دینا، (۲) (کنایتاً) مٹا دینا۔
—— پر جانا اور پیاسا آنا: بدقسمت، جہاں سے سب کو فیض ہو وہاں سے محرومی۔
—— دِل: (ف) (کنایتاً) سخی، فیاض۔

دریا کوزے میں بند کرنا: (۱) کسی بڑے مضمون کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا (۲) کسی بڑی شے کو کسی چھوٹی چیز اس طرح تبدیل کرنا کہ اس بڑی شے کی بڑائی میں کوئی فرق نہ آئے۔

—— میں رہنا اور مگرمچھ سے بَیر: (مثل) جہاں رہیں وہیں کے مختار اور زبردست لوگوں سے عداوت رکھنا جس افسر کی ماتحتی میں رہے اس سے بگاڑ رکھے۔

—— میں عریضہ دینا / ڈالنا: فرقۂ شیعہ میں ایک رائج رسم، بارھویں امامؑ کے نام عریضہ لکھ کر دریا، یا کنویں میں ڈالنا۔

دَریائے شور: مذکر؛ کالا پانی، سمندر۔

دریائی آدمی: (۱) جل مانس، آدمی کی صورت کا بحری جانور، (۲) دریا میں رہنے والا آدمی۔

—— گھوڑا: دریا میں رہنے والا گھوڑے کی شکل کا جانور۔

دریافت: پتا چلنا یا چلانا، تحقیق۔

دَریبہ: مذکر، پانوں کا بازار، پنواڑیوں کا محلہ۔

دریتی: چھوٹی چکّی جس میں دانہ دَلتے ہیں۔

دَریچہ: (ف) مذکر؛ کھڑکی، چھوٹا دروازہ۔

دریدہ: (ف) پھٹا ہوا۔

—— دَہن: (ف) منہ پھٹ، بدزبان، زبان دراز۔

—— دہنی: (ف) مونث؛ بدزبانی۔

دَریسی کرنا: زمین کو ہموار کرنا، برابر کرنا۔

دَریغ: (ف) مذکر؛ (۱) افسوس، (۲) بُخل، تامل، (۳) مضائقہ۔

دریغا: وائے افسوس۔

دریوزہ گری: (ف) بھیک مانگنا، گدائی۔

د۔ڑ

دڑاڑ: مونث؛ دیکھو دراڑ۔

دَڑبا: مذکر؛ کبوتروں یا مرغیوں کا گھر، کابک۔

—— کھول دینا: کسی بات کی آزادی دینا، کسی کام کا بے روک ٹوک کرنا۔

دڑبے دڑبے کرنا: مرغیوں کو خانے خانے کہہ کے ڈربے میں لے جانا۔

دَڑدکنا: فقیر کا بولنا، چنگھاڑنا، سانڈ کا بولنا۔

دَڑمُنڈا: مذکر؛ داڑھی منڈانے والا۔

دڑیسا: مذکر؛ زور کا مینہہ، دریا کے بہاؤ کا زور۔

دَڑھیل / دَڑھیالا: مذکر؛ بڑی داڑھی والا۔

دُزد: (ف) مذکر؛ چور۔

—— حِنا: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ ہاتھوں پر مہندی لگانے کے بعد بچ جانے والی جگہ (سفیدی)

دزدیدہ نظر: (ف) کن انکھیوں سے دیکھنے والے کو کہتے ہیں۔

د۔س

دَس: (۱) عدد (۱۰)، (۲) کنایتاً) چند، تھوڑے۔

—— آئے دس گئے: (مقولہ) آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہے۔

—— باتیں سُنانا: بُرا بھلا کہنا، سخت سُست کہنا۔

—— کے دو کہنا: زیادہ تعداد کو بہت کم ظاہر کرنا۔

—— کی لاٹھی ایک کا بوجھ: (مثل) سب مل کر سلوک کریں تو ایک کی حاجت رفع ہو جاتی ہے۔

—— گز کی زبان ہونا / —— ہاتھ کی زبان ہونا: بہت زیادہ زبان دراز ہونا۔

دَسواں: مذکر؛ میت کا دسویں دن کا فاتحہ، دسواں دن، دسواں حصّہ۔

دَسا / دَشا: (ف) مونث؛ حال، حالت۔

دَساتیر: (ف) مونث؛ پارسیوں کی مذہبی کتاب کا نام۔

دِساور: (ف) مونث؛ (۱) پرایا دیس (۲) وہ جگہ جہاں پر ایک چیز بہ افراط فروخت کے واسطے جمع ہو، (۳) باہر کا تجارتی مال۔

—— چڑھنا: (۱) باہر سے کسی چیز کی مانگ ہونا، (۲) کنایتاً) گرانی ہونا۔

دِساوری: مذکر؛ باہر جانے والا تجارتی مال، (۲) ایک قسم کا عمدہ پان

دَسپنا/دَست پناہ: مذکر؛ چٹا۔
دست: (ف) مذکر؛ (۱) ہاتھ، پنجا، (۲) اصطلاح طب) پاخانہ بار بار آنا، پتلا پاخانہ، اِسہال، (۳) چوپایہ کے اگلے پانو۔
—— آور: دست لانے والی دوا، مُسہل، جلاب۔
—— افسوس ملنا: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) پچھتانا، افسوس کرنا۔
—— انداز: خلل انداز، مزاحم، ہاتھ ڈالنا۔
—— بدست: (ف) ہاتھوں ہاتھ، جلد۔
—— برد: (ف) مونث؛ غبن، خیانت، تصرفِ بے جا۔
—— بردار: (ف) باز آنے والا، چھوڑنے والا۔
—— بستہ: (ف) ہاتھ باندھ کر، ہاتھ جوڑ کر، نہایت اطاعت کے ساتھ۔
—— بند: (ف) مذکر، کلائی پر باندھنے کا زیور۔
—— بوس ہونا: (۱) ہاتھ چومنا، (۲) (کنایتاً) ملاقات کرنا۔
—— بہ دعا ہونا: دُعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا، دعا مانگنا۔
—— پاک: مذکر؛ رومال، کھانا کھا کر ہاتھ پونچھنے کا کپڑا۔
—— پناہ: مذکر؛ دسپنا، چٹا۔
—— تاسف مَلنا: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) افسوس کرنا۔
—— خط/دَستخط: مذکر؛ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا، اپنے نام کی علامت یا نشانی۔
—— خود دہان خود گرنہ خورد زیانِ خود: (اضافت کے ساتھ) (ف) (مثل) اختیار کے باوجود کوتاہی اپنا نقصان کرنا ہے، اپنی مدد آپ کرنا۔
—— درانداز: (ف) (۱) بے باک، نڈر (۲) مار بیٹھنے کی عادت رکھنے والا۔
—— درازی: مونث؛ (۱) بے باکی، (۲) مار پیٹ (۳) مداخلت بے جا، زیادتی۔
—— راست: (۱) سیدھا ہاتھ (۲) کنایتاً حامی، مددگار۔
دست رَس: (ف) پہنچ، رسائی، قدرت، طاقت، بساط، مقدور، حیثیت۔
—— شفا حاصل ہونا: (اضافت کے ساتھ) طبیب کے ہاتھ میں صحت بخشنے والی تاثیر ہونا۔
—— شفقت: (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) مہربانی، شفقت۔
—— غیب: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ کسی ظاہری ذریعہ کے بغیر ہونے والی آمدنی۔
—— قدرت: (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) طاقت بس، قدرت، قابو، اختیار۔
—— کار: (ف) مذکر؛ (۱) ہاتھ کا کاریگر، ہنرمندی، (۲) ہاتھ کے کام سے بنی ہوئی شے۔
—— کاری: (ف) مونث؛ کاری گری، ہاتھ کا کام۔
—— کش: کسی امر سے اپنا تعلق توڑ لینا، باز رہنا، الگ ہو جانا۔
—— کھینچنا/ہاتھ کھینچنا: باز آنا، بے تعلق ہو جانا۔
—— گاہ/دست گہ: (ف) مونث؛ قدرت، طاقت، مہارت، مقدور۔
—— گرداں: زبانی لین دین، ہاتھ کے ہاتھ لوٹانے والا اُدھار، بغیر تحریر کے قرضہ۔
—— گیر: (ف) مددگار۔
—— لگنا: اسہال جاری ہونا، متواتر دست آنا۔
—— نگر: محتاج، حاجت مند۔
—— و گریباں ہونا: (کنایتاً) غٹ پٹ ہونا، نہایت قریب ہونا، چمٹ جانا، لڑنا، گتھ جانا، گتھم گتھا ہونا۔
—— یاب ہونا: حاصل ہونا، وصول ہونا، میسّر ہونا۔
دُستار: (ف) مونث؛ پگڑی، عمامہ۔
—— بدل: پگڑی بدل بھائی۔
—— فضیلت: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ تحصیل علم سے فراغت کے بعد عربی مدارس میں باندھی جانے والی پگڑی۔
دُستانہ: مذکر؛ (۱) ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا کپڑا (۲) لڑائی میں

پہنے جانے والے لوہے کے کہنیوں تک دستانے (۳) بڑی کرچ کا قبضہ، تلوار کا قبضہ۔

دستاویز: مونث؛ سند، نوشتہ، کسی چیز کا تحریری ثبوت، قبالہ، تمسک۔

دسترخوان: مذکر؛ کھانا کھانے کے لیے بچھایا جانے والا کپڑا۔

——— **بڑھانا**: کھانا کھا چکنے پر دسترخوان کا اٹھا لینا۔

——— **کرنا**: بزرگانِ دین کی نذر و نیاز کرنا، شہدائے کربلا کے فاتحے کا کھانا کھلانا۔

——— **کی بلی**: (۱) کھانا کھانے کے وقت آموجود ہونے والی بلی، (۲) (کنایتاً) کام چور، نوالہ حاضر آدمی۔

——— **کی مکھی**: (کنایتاً) ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والے۔

دستک: (ف) مونث؛ (۱) تالی، ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) محصول (۳) پروانہ راہداری، بکاس کی چٹھی (۴) مہری کاغذ جو حاکم کے حکم سے لکھا جائے۔

——— **آنا**: قرقی آنا۔

——— **دینا**: (۱) تالی بجانا، کنڈی کھڑکھڑانا، پکارنا، بلانا، (۲) آیاتِ قرآنی پڑھ کر تالی بجانا۔

دستور: (ف) مذکر؛ (۱) رسم، رواج، معمول، طرز، روشن، عادت، ڈھنگ، قاعدہ، (۲) فیس، کمیشن۔

دستورالعمل: مذکر؛ قانون، قاعدہ۔

دستہ: (ف) مذکر؛ (۱) کسی چیز میں پکڑنے کے لیے لگایا جانے والا ڈنڈا، (۲) آدمیوں کا گروہ، فوج کا ایک حصہ، گارد۔ (۳) گل دستہ (۴) سنجاف، حاشیہ، توئی (۵) کاغذ کے ۲۴ تختوں کا بنڈل ایک دستہ کہلاتا ہے، رِم کا بیسواں حصہ، (۶) کھرل کا موسل۔

دستی: (ف) مونث؛ (۱) مشعل، فلیتہ، (۲) کشتی کا ایک داؤں۔ (۳) ہاتھ کا رومال۔

دسمبر: (انگ) مذکر؛ عیسوی سال کا بارھواں مہینہ۔

دسمبری تحریک: مونث؛ انیسویں صدی میں روس کی ایک انقلابی ادبی تحریک۔

دسہرہ: (ہ) مذکر؛ (۱) جیٹھ کے مہینے کی دسویں تاریخ کو ہندوؤں کا گنگا اشنان (۲) اسوج کے مہینے کی دسویں تاریخ کا بڑا بھاری تہوار، (۳) رام چندر جی کی راون پر فتح حاصل کرنے کا دن۔

د۔س

دِشا: (ہ) مونث؛ طرف، جانب، سمت۔

دَشا: (ہ) مونث؛ حالت۔

دشت: (ف) مذکر؛ جنگل، صحرا، بیابان، میدان۔

——— **ایمن**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ کوہ طور کی وادی۔

——— **پیمائی/دشت نوردی/گردی**: (ف) مونث؛ جنگل میں مارا مارا پھرنا، صحرانوردی۔

دُشت/دُشٹ: (ہ) بُرا، خراب، چنڈال، شریر، بدذات، ظالم، بدکار، کھوٹا۔

دُشمن: مذکر؛ (۱) مخالف، بدخواہ، (۲) حریف، رقیب۔

——— **اگر قوی است نگہباں قوی تر ست**: (ف) (مقولہ) دشمن اگر زبردست ہے تو بچانے والا خدا اس سے زیادہ زبردست ہے) کوئی پروا نہیں، کوئی فکر کی بات نہیں۔

دُشمنوں کی جان کو رونا: (۱) (کنایتاً) دشمنوں کے ہاتھوں تکلیف اٹھانا، برباد ہونا، (۲) دشمنوں کی شکایت کرنا۔

——— **کے کان بہرے**: (ع) عورتیں خدانخواستہ کی جگہ بولتی ہیں۔

دُشنام: (ف) مونث؛ مذکر؛ (۱) گالی گلوچ (۲) (۵) مذکر؛ برا نام۔

دشنہ: (ف) مذکر؛ کٹاری۔

دشوار: (ف) کٹھن، دوبھر، مشکل۔

——— **گزار**: کٹھن اور مشکل راستہ۔

دُشواری: دقت، مشکل، سختی۔

د۔ع

دُعا: (ع) خدا سے مانگنا، آرزو کرنا۔

دُعاگو: (ف) دعا کرنے والا،
—— **لینا**: بھلائی لینا، کسی کو خدمت کر کے خوش کرنا۔
—— **مانگنا**: خدا سے بھلائی چاہنا، خدا سے التجا کرنا، مراد مانگنا حاجت چاہنا۔
—— **مستجاب ہونا**: دُعا قبول ہونا۔
دُعائے جوش: (ف) جنگ میں حفاظت کی خاص دُعا۔
—— **ہلال**: مونث: نیا چاند دیکھ کر پڑھی جانے والی دعا۔
دعوات: (جمع دُعا کی) دعائیں۔
دعوا: (ع) مذکر: (۱) درخواست، خواہش، مطالبہ، مانگ (۲) استغاثہ، نالش، حق، استحقاق (۳) غرور (۴) ڈینگ۔
—— **اُٹھنا**: دعوے کا جواب ہونا۔
دعوے دار: مذکر: (۱) مدعی، حق جتانے والا (۲) دعوا کرنے والا۔
دعوا کرنا: (۱) مطالبہ کرنا، نالش کرنا، استغاثہ کرنا، (۲) غیر واقع خوبی کا اپنی نسبت گمان کرنا۔
دَعوَت: (ع) مونث: (۱) کھانے کے واسطے بُلانا، (۲) طلبی (۳) کسی عمل کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا۔
—— **سمرقند**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث: شان و شوکت کی دعوت، تکلف کا کھانا۔
—— **شیراز**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث: بے تکلفی کی دعوت۔
—— **ولیمہ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث: مسلمانوں میں دولھا کے گھر (رخصتی کے بعد کی) ضیافت۔

د۔غ

دَغا: (ف) مونث: مکاری، دم بازی، بے ایمانی۔
دَغدَغا: مذکر: (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل، کنول (۲) روشن، چمکتا ہوا، دہکتا ہوا (۳) (مجازاً) خطرہ، تردد اندیشہ۔
دَغدَغہ: مذکر: ڈر، دھڑکا، اندیشہ۔
دَغَل: (ف) مذکر: (۱) حیلہ، مکر، فریب (۲) کھوٹا، چاندی، سونا۔
دَغَل فَصَل: مذکر: چالاکی، فریب، مکاری۔
دَغنا: (۱) چھوٹنا، سر ہونا، بندوق یا توپ کا چلنا۔
(۲) چرکا لگنا، کسی چیز کو گرم کر کے نشان دیا جانا۔
دَغیلا: (۱) دھبہ دار، داغ دار (۲) دھبے والا، چوٹ لگا ہوا پھل سڑا ہوا پھل (۳) عیب دار۔

د۔ف

دَف: (ع) مذکر: (۱) ڈفلی (۲) (۱) جوش، چڑھاؤ، زور، غصہ، پتا۔
دفالی: دف بجانے کا پیشہ کرنے والا۔
دفاتر: مذکر: جمع دفتر کی۔
دَفاع: (ع) مذکر: بچاؤ، مدافعت کرنا، دفع کرنا، ٹالنا۔
دَفاعی پوزیشن: (انگ+ع) مونث: بچاؤ کی حالت۔
دَفتر: (ع) مذکر: (۱) کاغذوں کی کتاب، کچہری کاغذوں کا مجموعہ، کسی محکمے کے کاغذات، حساب کتاب کے کاغذات (۲) آفس (۳) (کنایتاً) طومار، بڑا بھاری خط، (۴) طول طویل کہانی، طویل قصہ یا رپورٹ۔
—— **چڑھانا**: (کنایتاً) مشہور ہونا، شہرت دینا۔
—— **گاؤ خورد ہونا**: دفتر کا نیست و نابود ہونا، کارخانہ درہم برہم ہونا۔
دفتری: (۱) دفتری درست کرنے والا، (۲) جلد ساز، جلد بنانے والا، (بائنڈر)
دفتی: مونث: (۱) کاغذ رکھنے کا پٹھا، کتاب کا پٹھا، (۲) خوش نویسوں اور نقاشوں کے کاغذات رکھنے کا فائل۔
دفع: (ع) مذکر: دور کرنا، ہٹانا۔
دفع الوقتی (دَفعُ الوَقتی): مونث: وقت ٹالنا،

وقت گزاری، حیلہ حوالہ کرنا۔
—— دَخل کرنا: اعتراض کا جواب دینا۔
—— کرنا: ہٹانا، دور کرنا، زائل کرنا۔
دفعتًا: (ع) یکایک، یک بارگی، اچانک، فوراً، ناگہاں۔
دفعہ: مونث؛ (۱) باری، نوبت، (۲) قانون کا فقرہ، نمبر، مضمون۔
دفعات: جمع دفع کی۔
دفعہ دار: مذکر؛ جماعت کا افسر، سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار۔
دفعیہ: مذکر؛ علاج، تدبیر، روک، دفع کرنے کی تدبیر توڑ۔
دَفن: (ع) مذکر؛ زمین میں چھپانا، گاڑنا، تجہیز و تکفین۔
دَفنانا: مردے کا دفن کرنا۔
دفینہ: (ع) مذکر؛ گڑا ہوا خزانہ، چھپا ہوا خزانہ، گڑا ہوا مال، دیا ہوا مال۔

د۔ق

دِق: (ع) مونث؛ (۱) پرانا بخار، (۲) ہر وقت کا اندرونی بخار، (۳) تنگ، عاجز، ناراض، آزردہ، ناخوش۔
دَقائق: (ع) مذکر؛ جمع دقیقہ کی، باریکیاں، نکتے، مے۔
دِقت: (ع) مونث؛ (۱) مشکل، دشواری (۲) تنگی۔
—— پسند: (ف) مشکل پسند۔
—— طلب: دشوار۔
دَقیانوس: ایک بادشاہ کا نام جو اصحاب کہف کے زمانے میں تھا، بہت پرانا۔
دَقیانوسی: (کنایتًا) پرانے زمانے کا، فرسودہ روش۔
دَقیانوسیت: پرانے خیالات کی پیروی، فرسودگی، رجعت پرستی، قدامت پرستی، دیکھو دقیانوسی۔
دقیق: (ع) باریک، نازک، کٹھن۔
دقیقہ: (ع) مذکر؛ (۱) باریکی، نکتہ، (۲) (اصطلاح اہل نجوم) منٹ۔
—— باقی نہ چھوڑنا: کسر اٹھا نہ رکھنا۔
—— رس / دقیقہ شناس: (ف) زود فہم، باریک بین، تیز طبع۔

د۔ک

دُکان: مونث؛ سودا بیچنے کی جگہ۔
—— اُٹھانا: (۱) دکان کا اسباب اٹھانا، دکان بند کرنا، دکان چھوڑنا (۲) دکان کرایہ پر دینا۔
—— بڑھانا: دکان بند کرنا۔
—— جمانا: (۱) دکان قائم کرنا، (۲) (کنایتًا) خود نمائی کرنا۔
—— چلنا: خوب بکری ہونا، گرم بازاری ہونا، خریداری ہونا۔
—— داری کی باتیں کرنا: کاروبار سے متعلق باتیں کرنا۔
—— لگانا: (۱) دکان کھولنا، (۲) (کنایتًا) چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا۔ چیزوں کو پھیلا دینا۔
دَکشنا: (ع) مونث؛ خیرات، دان۔
دَکن: دکھن، جنوب۔
دُکھ: مذکر؛ (۱) درد، تکلیف، (۲) رنج، عذاب (۳) مرض، بیماری (۴) مصیبت، آفت۔
—— اُٹھانا: تکلیف اٹھانا، ایذا پانا۔
—— بٹانا: شریک غم ہونا، شریک رنج ہونا، غمخواری کرنا۔
—— بھرا: رنجیدہ، غمگین۔
—— بھریں بی فاختہ اور کوے میوے انڈے کھائیں: (مثل) تکلیف کوئی اٹھائے اور لطف کوئی حاصل کرے۔
دُکھتی کہنا: ناگوار بات کہنا۔
—— رگ: کسی کی چھپی کمزوری۔
دکھ دائی: ستم گار۔

دردِ : آفت، مصیبت۔
ـــ رونا : (کنایتاً) مصیبت بیان کرنا، گلہ شکوہ زبان پر لانا۔
ـــ سکھ : مذکر؛ رنج وراحت، غم، شادی۔
ـــ کی پوٹ : سرتاپا دکھ، دائم المرض۔
دُکھی : مصیبت زدہ، رنجیدہ، بیمار، روگی۔
دُکھیا : مونث؛ دردمند عورت۔
دُکھیارا : مذکر؛ دردرسیدہ، مصیبت زدہ، آفت کا مارا۔
دِکھانا : پیش کرنا، روبرو کرنا۔
دکھانے کے دانت : نمائشی باتیں۔
دِکھاؤ : مذکر؛ دوسری چیز کا نظر آنا، سامنا ہونا۔
دِکھاوا : مذکر؛ (۱) بناوٹ، ظاہری ٹیم ٹام، (۲) ظاہرداری نمود، نمایش۔
دِکھاوٹی : مونث؛ نمایشی۔
دِکھائی دینا : (۱) نظر آنا، سجھائی دینا (۲) احتمال قوی ہونا۔
دُکھانا : ستانا، صدمہ پہنچانا، درد پیدا کرنا۔
دُکھتی : (ع) ضعف تکلیف دینے والی۔
دُکھڑا : مذکر؛ (۱) رنج وغم کا بیان، درد بھری کہانی (۲) روگ، مرض، بیماری (۳) محنت، مزدوری، (۴) گلہ، شکوہ۔
ـــ رونا : (کنایتاً) مصیبت بیان کرنا۔
دکھلانا : متعدی، دکھانا (اس جگہ دکھانا فصیح ہے)
دَکھن / دَکن : مذکر؛ جنوب۔
دُکھنی مرچ : مونث؛ سفید گول مرچ۔
دُکھنا : درد ہونا، درد کرنا۔
دُکھیارا : (ع) مذکر؛ مصیبت زدہ۔

د - گ

دُگانہ : (ف) مذکر؛ (۱) جڑواں یا دہری چیز (۲) نماز کی دو رکعت، شکرانہ کی دو رکعت،
دُگدّھا : مونث؛ دُبدھا، تذبذب، پس وپیش۔
ـــ میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام : (مثل) تذبذب میں کامیابی نہیں ہوتی، بیک وقت کاموں میں جی ڈالنے سے دونوں خراب ہوجاتے ہیں۔
دُگدُگی / دُھکدُکی / دُھکدُگی : مونث؛ (۱) سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا، حلقوم (۲) گلے کا ایک زیور، (۳) سینے کی ہڈی۔
ـــ پر دَم ہونا / ـــ میں دَم ہونا } سینے میں دم ہونا، نزع کا عالم ہونا۔
دِگر : (ف) دوسرا، دیگر۔
ـــ گُوں : اٹ-سٹگوں، بدلا ہوا، متغیر۔
ـــ گُوں ہونا : رنگ بدلنا، تغیر وتبدل ہونا، تہ وبالا ہونا۔
دَگلا : مذکر؛ بادہ، روئی دار انگرکھا۔
دُگنا : مذکر؛ دُونا، دوچند، دہرا۔

د - ل

دَل : مذکر؛ (۱) جسامت، مُٹائی (۲) فوج، لشکر، انبوہ، جھنڈ، جماعت۔
ـــ بادل : (۱) بہت سی فوج، (۲) مذکر؛ درباری خیمہ، بڑا خیمہ۔
ـــ دار : صفت، موٹا، دبیز۔
دِل : (ف) مذکر؛ (۱) انسانی سینے میں سب سے اہم عضو، قلب۔ (۲) کلیجہ، جگر، حوصلہ (۳) سخاوت، فیاضی، (۴) ہمت، شجاعت، دلیری، جرأت (۵) باطن اندرونی، اندر والا (۶) توجہ، رُخ، عندیہ (۷) (کنایتاً) رغبت خواہش، ہوا وہوس (۹) دل کا کعبہ سے بھی استعارہ کرتے ہیں۔
ـــ آب آب ہونا : (کنایتاً) دل کا نرم ہونا۔
ـــ آرائے / دِل آرا : (ف) (۱) دل کو آراستہ کرنے والا، (۲) (کنایتاً) معشوق۔
ـــ آرام : (ف) (۱) دل کو آرام دینے والا، (۲) (کنایتاً) پیارا، محبوب، معشوق۔
ـــ آرائی : (ف) مونث؛ دل رُبائی، دل میں سما جانا۔
ـــ آزار : (ف) دل دُکھانے والا، ایذا پہنچانے والا۔
ـــ آزاری : (ف) مونث؛ ظلم وستم، ایذا رسانی، آزار دہی۔
ـــ آزُردہ : (ف) افسردہ خاطر، رنجیدہ، ناخوش، ناراض۔
ـــ آنا / دِل آجانا : عاشق ہونا، مائل ہونا۔
ـــ آئینہ : (کنایتاً) دل پر نیک وبد کا حال خود بخود ظاہر ہوجانا۔

دِل آویز : مرغوب، دل لُبھانے والی چیز۔
—— آویزی : (ف) موثث، دل لبھانا۔
—— اٹکانا : دل پھنسانا، عشق کرنا، دل لگانا۔
—— اُٹھ جانا } برداشتہ خاطر ہونا، جی اُچٹ جانا، جی
—— اُٹھنا } نہ لگنا۔
—— اُچاٹ ہونا : جی اُکتانا، دل برداشتہ ہونا، جی نہ لگنا، دل بے زار ہونا، اُکتانا۔
—— اُچٹ جانا : دل گھبرا جانا۔
—— افروز : (ف) دل کا روشن کرنے والا
—— افگار : غمگین، رنجیدہ۔
—— الٹنا : (۱) دیوانہ ہونا، پاگل ہونا، سودائی ہونا (۲) دل گھبرانا، خفقان ہونا۔
—— اُمنڈ آنا : دل بھر آنا، رونے کے قریب آنا، رقت آنا۔
—— باغ باغ ہونا : دل کا بے حد خوش ہونا۔
—— بٹھا دینا : ہمت توڑ دینا۔
—— بجھنا : (۱) اُمنگ جاتی رہنا (۲) (کنایتاً) دل افسردہ ہونا، ہمت کا پست ہوجانا۔
—— بر : معشوق، محبوب، پیارا۔
—— بُرا کرنا : رنجیدہ ہونا۔
—— بُرا ہونا : دل ناراض ہونا، جی کھٹا ہونا۔
—— برداشتہ ہونا : طبیعت کا ہٹ جانا۔
—— بڑھانا : ہمت بڑھانا، دلیر کرنا، تعریف یا حوصلے سے حوصلہ بلند کرنا۔
—— بستگی : (ف) موثث، دل کا علاقہ، دل لگنا، بی بہلا
—— بستہ : (کنایتاً) عاشق
—— بکھرنا : افسردہ خاطر ہونا۔
—— بند : دل کا ٹکڑا، (بہت پیارا دوست، محبوب، اولاد)
—— بھاری کرنا : (عو) رنج کرنا، غم کرنا۔
—— بھٹکنا : دل ٹھکانے نہ ہونا، دل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا۔
—— بھینچنا : دل سکڑنا، دل کا ڈرنا، ہچکچانا۔
—— بھر آنا : آنکھوں میں آنسو بھر آنا، رنج ہونا۔
—— پارہ پارہ ہونا
—— پاش پاش ہونا } (کنایتاً) روحانی صدمہ ہونا۔
—— پر پتھر رکھ لینا : (۱) دل سخت کرلینا، (۲) صبر کرلینا۔
—— پر چھریاں چلنا : (کنایتاً) اندرونی صدمہ پہنچنا۔
—— پر داغ ہونا : دل پر غم سے صدمہ ہونا۔
—— پر رکھنا : کسی اہم کام کا ارادہ کرلینا۔
—— پر سانپ لوٹنا : (۱) (کنایتاً) رنج و صدمہ گزرنا (۲) رشک و حسد ہونا۔ جلنا۔
—— پر قفل لگانا : راز دل پنہاں رکھنا۔
—— پر کھب جانا : محبت کا دل پر اثر کرجانا۔
—— پر کھیلنا : دل کی ہلاکت کا اندیشہ مول لینا۔
—— پر گھونسہ پڑنا : اچانک کسی بات کا صدمہ ہونا۔
—— پر لکھ لینا : دل پر نقش کرلینا، خوب یاد رکھنا، دل میں جم جانا۔
—— پر مُہر کردینا : دل کو مسخ کردینا کہ دل پر اثر قبول کرنے کی صلاحیت مفقود ہوجائے۔
—— پر میل نہ لانا : خیال نہ کرنا، دل پر رنج نہ لانا، مکدر نہ ہونا۔
—— پر ہاتھ رکھنا : تسلی دینا، تسکین دینا۔
—— پر ہاتھ رکھے پھرنا : بے تابانہ پھرنا، مضطر پھرنا، دل پکڑے پھرنا، بے چین پھرنا۔
—— پذیر : (ف) دل پسند، مرغوب۔
—— پسنا : دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا۔
—— پسند : (ف) مرغوب، پسندیدہ۔
—— پسیجنا : (۱) لازم، کسی کے حال پر رحم کھانا، رحم آنا (۲) (کنایتاً) سخاوت پر آمادہ ہونا، سلوک کرنا۔
—— پکانا : چھیڑنا، تنگ کرنا، عاجز کرنا، دل جلانا۔
—— پک جانا : صدمے یا سخت کلامیوں سے دل اُکتا جانا۔
—— پکڑ کر اٹھنا : بے قرار ہوکر اُٹھنا۔
—— پکڑ کر (تھام کر) بیٹھ جانا : (کنایتاً) دل کو مسوس کر رہ جانا، ہائے کہہ کر بیٹھ جانا، صدمے کے مارے بول نہ سکنا۔
—— پھٹنا / پھٹ جانا : دل بیزار ہوجانا، طبیعت کا متنفر

ہونا طبیعت ہٹ جانا۔
—— پھڑک جانا } دل کا خوش ہو جانا، خوشی سے بے تاب
—— پھڑکنا } ہو جانا۔
—— پھسلنا: دل کا بے اختیار مائل ہونا۔
—— پھُنکا جانا: دل میں جلن ہونا۔
—— تازہ ہونا: دل میں فرحت ہونا، دل خوش ہونا۔
—— تڑپنا: دل کا مضطر ہونا، اشتیاق سے بے تاب ہونا۔
—— تلے اوپر ہونا: دل گھبرانا، مضطرب ہونا۔
—— تنگ: ملول، ناخوش۔
—— توڑنا: (۱) خاطر شکنی کرنا، مایوس کرنا، (۲) دل کو کسی چیز سے بے تعلق کر لینا۔
—— تہ و بالا ہونا: دل کا بے قرار ہونا۔
—— تھوڑا ہونا: (۱) ہمت ٹوٹ جانا، (۲) حوصلہ کم ہونا۔
—— ٹٹولنا: مرضی دریافت کرنا۔
—— ٹھہرنا: دل کو تسکین ہونا، اضطراب دفع ہونا۔
—— ٹھکانے لگنا/ہونا: (۱) دل ٹھہرنا، اطمینان ہونا (۲) یکسوئی خاطر ہونا۔
—— ٹھنڈا ہونا: تسکین ہونا، خاطر جمع ہونا۔
—— جلا: (کنایتاً) عاشق، فریفتہ۔
—— جمعی: (ف) مونث، بے فکری، اطمینان، تسلی، ڈھارس۔
—— جمنا: جی لگنا، توجہ ہونا، کسی کام میں جی نہ اُکتانا۔
—— جو: (ف) پیارا۔
—— جوئی کرنا: تسلی دینا، تالیف قلوب کرنا، دلداری کرنا۔
—— چسپ: دل بھانے والا، خوب صورت، خوش نما۔
—— چلا: (۱) بہادر، جری، نڈر، جواں مرد، من چلا (۲) فیاض، سخی، (۳) ذی ہمت، (۴) دیوانہ، باولا۔
—— چھوٹ جانا: (کنایتاً) ہمت ٹوٹ جانا۔
—— چیر کر دکھانا: (کنایتاً) رازِ دل ظاہر کرنا۔
—— خراش: (ف) دل چھیل دینے والا، جانکاہ۔
—— خواہ: مرضی کے مطابق، مرغوب، خاطر خواہ، پسندیدہ۔
—— خون ہونا: (کنایتاً) غم اور غصہ میں مبتلا ہونا۔
—— دار: (ف) صفت: (۱) تسلی دینے والا (۲) دلبر، محبوب، معشوق۔
—— داری: تسلی، تسکین، تشفی، ہمدردی، وفاداری۔
—— دو نیم ہونا: (کنایتاً) دل پر صدمہ پہنچنا، دل کے ٹکڑے ہو جانا۔
—— دھڑکنا: (۱) دل کا دھڑکنا معمول سے زیادہ ہو جانا (۲) (کنایتاً) (خوف و اضطراب سے) طرح طرح کے وسوسے پیدا ہونا۔
—— دھک دھک کرنا: دل دھڑکنا۔
—— دھک سے ہو جانا: دل پر اچانک چوٹ لگنا۔
—— دھکڑ پکڑ کرنا: دل کا پس و پیش کرنا۔
—— دھکڑ پکڑ ہونا: دل کا ہچکچانا، خوف کھانا۔
—— دہلنا: خوف کھانا، دھڑکنا۔
—— دہی: (ف) دلاسا، تشفی، تسلی، دل جوئی۔
—— دینا: (کنایتاً) فریفتہ ہونا، عاشق ہونا۔
—— دریا ہونا: (کنایتاً) فیاض ہونا، سخی ہونا۔
—— ڈانوا ڈول ہونا: دل کا بے اختیار ہونا، دل پر قابو نہ ہونا۔
—— ڈوبنا/دل ڈوبا جانا: غشی طاری ہونا، ضعف یا تواتر سے دل گھبرا جانا۔
—— رُبا: دل بھانے والا، مطبوع خاطر، معشوق، دلبر۔
—— رُبائی: (ف) مونث: دلبری، معشوقیت، محبوبیت۔
—— رکھنا: دل داری کرنا، بات مان لینا، آرزو پوری کرنا، اُمید بر لانا، تسلی دینا، حوصلہ رکھنا۔
—— رُندھنا: (کنایتاً) غمگین ہونا
—— روشن ہونا: (نورِ عرفان سے) دل کا منور ہونا۔
—— ستاں: (ف) دل رُبا، دل کش۔
—— سرد ہو جانا: ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔
—— سُلگنا: (کنایتاً) دل میں سوز و گداز ہونا۔
—— سنبھلنا: مضطرب دل کو قرار آنا۔
—— سوز: (۱) دردمند، ہمدرد، غمخوار، (۲) دردانگیز، رقت انگیز، دل گداز۔
—— سوزی: (ف) مونث: دردمندی، ہمدردی، غمخواری، خیر خواہی۔
—— سے اُترنا } ناپسند ہونا، توجہ نہ رہنا، نظروں سے گرنا،
—— سے گرنا } حقیر ہونا۔
—— سے باتیں کرنا: دل ہی دل میں سوچتے رہنا، دل کو مخاطب کر کے کچھ کہنا۔

—— سے بخار نکلنا : دل کی کدورت دفع ہونا۔
—— سے دِل اٹکنا : آپس میں تعلق ہوجانا، محبت ہوجانا۔
—— سے دِل کو راہ ہونا : (مثل) دونوں طرف محبت ہونا۔
—— سے دُور کرنا : دل سے نکال ڈالنا۔
—— سے کانٹا نکالنا / نکلنا } دل کی خلش جاتی رہنا۔
—— سے گرنا : بے وقعت ہوجانا۔
—— سے لگی ہونا : دل کو کسی امر کا انتہائی خیال ہونا، فکر ہونا، دُھن ہونا۔
—— سے نکلنا : (کنایتاً) خلوص اور سچائی کے ساتھ کوئی بات کہنا۔
—— سیاہ ہوجانا : خدا سے نہ ڈرنا، ظالم ہوجانا۔
—— سیر ہونا : کسی چیز سے دل کا بھر جانا۔
—— شکستہ : (۱) رنجیدہ، آزردہ، افسردہ (۲) (کنایتاً) عاشق۔
—— شکنی : دل توڑنا۔
—— صاف ہونا : دل سے کدورت و ملال کا رفع ہوجانا۔
—— غنی ہونا : دل کا تونگر ہونا۔
—— فریب : (ف) دل کو اچھا لگنے والا، دل کو لبھانے والا من موہن۔
—— فگار : دل ریش محزوں، زخمی دل، غمزدہ۔
—— کا ارمان نکالنا : دل کا حوصلہ پورا کرنا۔
—— کا بادشاہ : (کنایتاً) خودمختار، آزاد۔
—— کا بخار / غبار : دل کی کدورت، ملال خاطر۔
—— کا ٹکڑا : (مع) بہت پیارا، لختِ جگر۔
—— کا کنول کھلنا : شگفتہ خاطر ہونا۔
—— کا کھوٹا : دل کا بُرا۔
—— کالہری / موجی } من مانی کرنے والا، آزاد، خوش مزاج۔
—— کرنا : ہمت کرنا، جرأت کرنا، قیامی کرنا، بہادری کرنا۔
—— کُڑھانا : (کنایتاً) غم کرنا، افسوس کرنا۔
—— کش : (ف) دل لبھانے والا، دل پسند، خوش نما، پسندیدہ، مرغوب طبع۔
—— کُشا : (ف) روشن، کھلا ہوا، وسیع، فراخ، دل شگفتہ کرنے والا، فرحت افزا۔
—— کو (میں) پنکھے لگنا : } دل کا بے حد بے چین ہونا۔
—— ہونا : }
—— کو لگنا : (۱) دل پر اثر کرنا، (۲) (کنایتاً) دل کو خواہش ہونا، دل پر چوٹ ہونا۔
—— کو لو لگنا : محبت ہوجانا، دُھن ہوجانا۔
—— کھٹا میٹھا ہونا : (مع) (کنایتاً) کمالِ رغبت ہونا، جی للچانا۔
—— کھٹا ہونا : حوصلہ پست ہونا، دل اُچاٹ ہونا۔
—— کی بھڑاس : دل کا غبار (نکالنا، نکلنا کے ساتھ)
—— کی پھانس : دل کی تکلیف یا رنج، دل کی خلش۔
—— کے پھپھولے (جلے پھپھولے) پھوڑنا / توڑنا } (۱) دردِ دل ظاہر کرنا، جلی کٹی باتیں کرنا (۲) (کنایتاً) طعنہ دینا، غصہ نکالنا، بدلہ لینا، زہر اُگلنا، بُرا بھلا کہہ کر اپنا دل ٹھنڈا کرنا، حسرت نکالنا۔
—— کی چوٹ : دل کا صدمہ۔
—— کی حسرت نکالنا : جی کی خواہش پوری کرنا۔
—— کی دل میں رہ جانا : حسرت رہ جانا، ارمان رہ جانا۔
—— کی طرح رکھنا : (کنایتاً) عزیز رکھنا۔
—— کی کلی کھلنا : (کنایتاً) آرزو پوری ہونا۔
—— کی گرہ / دل کی گانٹھ / دل کی گتھی : دلی رنجش۔
—— کی لاگ / دل کی لگن : موئث : (کنایتاً) محبت، عاشقی۔
—— کی لگی : دل کی چوٹ۔
—— گداز : (ف) دل کو نرم کرنے والا۔
—— گردہ : (ف) تاب و طاقت، جرأت، صبر، برداشت۔
—— گرفتگی : (ف) دل کا غمگین ہونا۔
—— گیر : (ف) مغموم، اندوہگین، اُداس۔
—— لٹو ہونا : (کنایتاً) دل فریفتہ ہونا۔
—— لگا رہنا : فکر رہنا۔
—— لگانا : (۱) عشق کرنا، محبت کرنا، (۲) کسی کام پر دل کو متوجہ کرنا۔
—— لگنا / لگ جانا } (۱) جی بہلنا، (۲) عشق ہونا، (۳) الفت ہونا۔

—— لگی : (ا) ہنسی مذاق، چہل، معمولی بات، آسان بات، (۲) لگاؤ، محبت، دوستی، آشنائی، (۳) دل چسپی، مشغلہ۔
—— لگی باز : ظریف، ٹھٹھول، خوش طبع، مسخرا۔
—— لوٹ ہونا : دل کا فریفتہ ہونا۔
—— لہرانا : (ا) دل میں اُمنگ پیدا کرنا، دل خوش کرنا، (۲) دل میں اُمنگ پیدا ہونا۔
—— لہو ہو جانا : (کنایتاً) دل پر بہت بڑا صدمہ ہو جانا۔
—— لینا : (ا) کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا، عاشق بنا لینا (۲) عندیہ لینا، منشا دریافت کرنا۔
—— مارنا : (کنایتاً) باوجود خواہش کے کسی چیز سے صبر کرنا۔
—— مٹھی میں لینا : (کنایتاً) کسی کے دل پر پورا قابو حاصل کرنا۔
—— مرحوم : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دل، کھویا ہوا دل، بے آرزو دل۔
—— ملا : مذکر : (عو) بہناپا (وہ باہمی رشتہ جو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں)۔
—— ملانا : راہ و رسم پیدا کرنا، میل جول پیدا کرنا۔
—— موم ہونا : دل کا نرم ہونا، ترس آنا۔
—— موہ لینا : کسی کے دل کو قابو میں کر لینا۔
—— میلا ہونا : (کنایتاً) دل میں کدورت ہونا۔
—— میں آنا : خیال گزرنا۔
—— میں اُترنا : دل میں سما جانا۔
—— میں بَل رکھنا : بغض و عداوت رکھنا۔
—— میں بیٹھ جانا : ذہن نشین ہو جانا۔
—— میں جگہ کرنا : دل میں گھر کرنا، محبت پیدا کرنا۔
—— میں جگہ ہونا : محبت ہونا، عزیز ہونا۔
—— میں چبھ جانا : (کنایتاً) پسند آنا، کسی بات کا دل پر اثر کر جانا۔
—— میں چٹکیاں لینا : (کنایتاً) (ا) طعنے دینا (۲) درپردہ آزار پہنچانا، دل پر اثر کرنا، (۳) دل میں شوق پیدا کرنا، اُبھارنا۔
—— میں چور ہونا : بدگمانی ہونا۔
—— میں دل ڈالنا : (عو) دوسرے کا اپنا سا دل بنانا، کسی کے دل پر اپنے دل کا اثر ڈالنا، اپنے دل کی بات کا دوسرے کے دل کو یقین دلانا۔
—— میں ڈالنا : کسی بات کا دل میں پیدا کرنا۔
—— میں راہ پیدا کرنا : دل میں کسی کی محبت پیدا کرنا۔
—— میں راہ کرنا : کسی کے دل میں رسائی پیدا کرنا۔
—— میں راہ ہونا : کسی کی محبت ہونا۔
—— میں رکھنا : (ا) پوشیدہ رکھنا، ظاہر نہ کرنا، مخفی رکھنا (۲) کینہ رکھنا، کپٹ رکھنا (۳) دل میں خیال رکھنا۔
—— میں سمائی ہونا : کسی بات کا دل میں پختہ ارادہ ہونا۔
—— میں سمجھنا : غور کرنا، جی میں سمجھنا۔
—— میں کٹنا : دل میں شرمندہ ہونا۔
—— میں کُھبنا : دل میں اثر کرنا۔
—— میں گُدگُدی ہونا : شوخی یا شرارت سے دل میں کوئی خواہش پیدا ہونا۔
—— میں گھر کرنا : (ا) دل میں رسائی پیدا کرنا (۲) خصوصیت پیدا کرنا، اخلاص بہم پہنچانا، ربط بڑھانا، دوست بنانا، ہمدرد و غم خوار بنانا۔
—— میں گھونسا لگنا : دل پر اچانک کوئی صدمہ ہونا۔
—— میں ناسور کر دینا / ڈالنا : دل کو ایسا صدمہ پہنچانا جو کبھی دفع نہ ہو۔
—— میں ہُوک اُٹھنا : دل میں درد پیدا ہونا۔
—— میں ہول سمانا : دل میں گھبراہٹ سمانا، دل میں خوف سمانا۔
—— نشین ہونا : دل میں جمنا، دل میں بیٹھنا، دل میں نقش ہونا۔
—— نواز : (ف) دل کو تسلی دینے والا، دوست۔
—— نوازی : تسلی، مہربانی۔
—— والا : سخی، فیاض، بہادر، دلیر، جری، باہمت، حوصلہ والا
—— وجان : (کنایتاً) پیارا۔
—— و دماغ نہ ہونا : توجہ نہ ہونا، التفات نہ ہونا۔
—— ہاتھ بھر (ہاتھوں) بڑھنا : دل کا قوی ہونا، ہمت بڑھنا، حوصلہ بڑھنا۔
—— ہاتھ میں رکھنا : کسی کو خوش رکھنا، راضی رکھنا، قابو میں

رکھنا، تسلی دیتے رہنا۔
—— ہاتھ میں لینا: (کنایتاً) اپنا مطیع بنانا، فرماں بردار بنانا، تسلی دینا۔
—— ہٹ جانا: دل کا بے زار ہو جانا، نفرت ہو جانا۔
—— ہرا ہونا: دل کا تازہ ہونا۔
—— ہل جانا/دل ہلنا: (۱) دل پر صدمہ ہونا، (۲) جی میں رحم پیدا ہونا۔
—— ہی دل میں: اندر ہی اندر، دل کے اندر، چپکے چپکے۔
دِلی: (۱) خالص (۲) روحانی۔
—— دِماغ: مذکر؛ اندرونی دشمنی۔
دَلِت: (ہ) روندا ہوا، کچلا ہوا، پھٹا ہوا۔
دَلِدّر: مذکر؛ (۱) افلاس، محتاجی، تنگ دستی، (۲) نحوست تنگ حالی، (۳) منحس چیز، منحوس۔
—— نکالنا: ہندوؤں میں دیوالی کی ایک رسم، گھر کو صاف کرنا، پرانے چراغ کو ہٹا کر نئے رکھنا۔
دُلدُل: (ع) مذکر؛ مونث: حضرت علیؓ کی سواری کا خچر۔ (۲) امام حسینؓ کے گھوڑے ذوالجناح کی شبیہہ۔
دَلدَل: مونث: کیچڑ، چہلا۔
—— میں پھنسنا: (۱) کیچڑ میں پھنسنا (۲) (کنایتاً) مشکل میں پڑنا، ذلت میں پڑنا۔
دلق: (ع) مونث: گدڑی، پشمینہ کا لباس، وہ لباس جو اکثر درویش اور صوفی پہنتے ہیں۔
—— پوش: مذکر؛ گدڑی پہننے والا، درویش، صوفی۔
دُلکی: مونث: گھوڑے کی تیز چال، پویہ رفتار۔
دَلمہ/دولمہ: (ف) مذکر؛ ایک قسم کا سالن، بیگن اور گاجر یا انگور کے پتوں میں چاول اور قیمہ لپیٹ کر پکایا ہوا پکوان۔
دَلنا: (۱) موٹا موٹا پیسنا، دردرا کرنا، دال بنانا، تخم یا غلے کو چکی سے نصف نصف کرنا (۲) (کنایتاً) کسی کو تباہ کرنا، برباد کرنا۔
دَلو: (ع) مذکر؛ (۱) ڈول (۲) (اصطلاح) آسمان کا گیارھواں برج۔
دَلّو کا دُوس سِیرا: ہر بات میں بے جا دخل دینے والا۔
دِلہا: مذکر؛ کواڑ کے چوکھٹے میں لگا ہوا نیچے کا بڑا تختہ۔
دُلھن: مونث: (۱) عروس، زوجہ، (۲) پیاری، عزیزہ۔ (۳) بہت آراستہ۔
دِلّی: مونث: دہلی، ہندوستان کا پایۂ تخت، راجدھانی دہلی سلطنت۔
—— دکھانا: چھوٹے سے بچے کی بغلوں میں ہاتھ دیکر سر سے اونچا اٹھانا۔
—— دُور ہے: منزلِ مقصود دور ہے۔
—— میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کیے: (مثل) نالایق ہی رہا اچھی جگہ رہ کر بھی لیاقت نہیں پیدا کی۔
—— والی: دِلّی کی وضع کا، دلّی کا۔
دَلیا: مذکر؛ (۱) موٹے دلے ہوئے گیہوں (۲) دلا ہوا اناج، موٹا پسا ہوا غلہ۔
دَلیتی: مونث: دیکھو دریتی۔
دلیر: (ف) نڈر، بے خوف، جری، بہادر، چالاک۔
دلیل: (ع) مونث: حجت، وجہ، ثبوت۔
دلیل: (انگ) ڈرل، فوجی سپاہی یا پولیس کی سزا کی ایک قسم۔
—— بولنا: کھڑا رہنے یا ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا دینا۔

د - لا

دُلار: (ہ) مذکر؛ لاڈ، پیار۔
دُلارا: (ہ) مذکر؛ پیارا، لاڈلا، عزیز۔
دُلاری: (ہ) مونث؛ پیاری، لاڈلی۔
دِلاسا: مذکر؛ تسلی و تشفی، تسکین۔
دَلّال: مذکر؛ (۱) آڑھتیا، سودا کرنے والا، بیچنے والا اور خریدنے والے میں واسطہ کا دینے والا۔ (۲) بھڑوا، کٹنا۔
دَلّالہ: مونث: کٹنی عورت۔
دلّالی: مونث: آڑھت، مال بکوانے کی اُجرت، دلّالی کا پیشہ۔
دلالت: (ع) مونث: (۱) نشان، علامت، (۲) پتا، سُراغ۔ (۳) دلیل، ثبوت (۴) منطق کی ایک اصطلاح (۵) (عو) رعب، عظمت، شان و شوکت، (۶) اطلاق بولا جانا، عائد ہونا۔
دَلّان: (عم) دیکھو دالان۔
دلانا: (۱) دلوانا، عنایت کرنا۔ (۲) پیدا کرنا۔

دلاور : (ف) بہادر، شجاع، جواں مرد۔
دلاوری : (ف) مونث؛ (ا) شجاعت، بہادری، جواں مردی، (۲) جرأت، دلیری۔
دَلائل : (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع دلیل کی۔
دُلائی : مونث؛ دوہر، رضائی۔

د - م

دَم : مذکر؛ (ا) سانس، نفس، (۲) افسوں، منتر، دعا کے لفظ یا جادو کے انچھر، (۳) دھوکا، فریب، مکر (۴) تلوار کی دھار، (۵) روح، جان (۶) ذات، نفس، (۷) حقے کا دھواں، حقے کا کش، (۸) لمحہ، پل، منٹ، لحظہ، وقت، (۹) (کنایتاً) طاقت، قوت۔
—— آخر ہو جانا : مر جانا۔
—— آنکھوں میں ہونا : نزع کا عالم ہونا۔
—— اٹکنا : سانس کا سینے میں رُکنا، سانس کا نزع کے وقت آنکھوں یا سینے میں ٹھہر رہنا۔
—— اُکھڑنا : سانس الٹنا، سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
—— اُلٹنا : (ا) دم گھبرانا، سانس رکنا، (۲) نزع کے وقت سانس کا اکھڑنے لگنا۔
—— باز : (ف) مذکر؛ فریبی، دھوکے باز، مکار، (۲) حیلہ ساز حیلہ گر، (۳) حقے کا دم لگانے والا۔
—— باقی نہ ہونا : (ا) سانس باقی نہ رہنا (۲) (کنایتاً) حوصلہ نہ رہنا۔
—— بہ خود : (ف) خاموش، ساکت، چپ۔
—— بہ دم : (ف) گھڑی گھڑی، ہر وقت، برابر، ہر لحظہ۔
—— بند ہونا : (ا) (کنایتاً) خاموش ہونا، چپ رہنا، خوف یا دہشت کے مارے بات نہ کر سکنا، (۲) دم رکنا، سانس رُکنا (۳) جی گھبرانا۔
—— بَولانا : جی گھبرانا، وحشت ہونا۔
—— بھر : ذرا دیر، لمحہ بھر، پل بھر۔
—— بھرانا : (ا) پہلوانوں کا شاگردوں کے ساتھ زور کر کے ان کو تھکانا، (۲) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا۔
—— بھرنا : (ا) سانس پھولنا، سانس چڑھنا، تھکنا، ہارنا، (۲) (کنایتاً) محبت کا دعوا کرنا، کسی کو ہر وقت یاد کرنا، کسی کی ہر وقت ثنا و صفت کرنا، (۳) بھروسا کرنا، کسی کا آسرا پکڑنا۔
—— پُخت : (ف) مذکر؛ (ا) دیگ کی بھاپ روک کر پکایا ہوا کھانا، قیمہ کا مُنہ خام کر کے پکائی ہوئی چیز، مُرغ کے پیٹ میں رکھ کر پکائی ہوئی چیز، (۲) ایک قسم کا پلاؤ۔
—— پُختہ ہو کر رہ جانا : (کنایتاً) ناخوش ہو کر چپ ہو جانا۔
—— پر آنا : کھانے کا تیاری پر آنا، بھاپ میں گلنے کے قریب آنا۔
—— پر بن جانا / دم پر بننا : (کنایتاً) جان پر آ بننا، ہلاکت کے قریب پہنچنا۔
—— پر چڑھانا : دھوکا دینا، فریب میں لانا۔
—— پر چھوڑ دینا : کھانے کو کوئلوں کی دھیمی آنچ پر چھوڑ دینا۔
—— پھولنا : سانس چڑھنا، سانس نہ سمانا۔
—— پھونکنا : روح ڈالنا، سانس ڈالنا، جسم میں جان ڈالنا۔
—— توڑنا : جاں کنی ہونا، سانس اکھڑنا، مرنا، جان دینا۔
—— ٹوٹنا : (ا) سانس اکھڑنا، مرنا، (۲) پیراک کا سانس پر قادر نہ ہونا، سانس کا رک جانا، دم کا بھر جانا۔
—— چُرانا : (ا) اپنے تئیں مردہ ظاہر کرنے کے لیے سانس روک لینا، حبس دم کرنا (۲) ٹالنا، پہلوتہی کرنا، کسی کا کام کرنے سے بھاگنا، جان چُرانا۔
—— چڑھنا : ہانپنا، خلاف معمول سانس کا جلدی جلدی چلنا۔
—— خشک ہونا : خوف کھانا، رُعب غالب ہونا، خوف سے دم فنا ہونا۔
—— خم : مذکر؛ (ا) تاب و طاقت، زور و قوت، مضبوطی (۲) تلوار اور خنجر کی دھار اور لچک (۳) اوسان، حواس، ہوش۔
—— دار : (ا) جان دار، مضبوط، (۲) باڑھ دار، دھار دار، (۳) لچک دار۔
—— دَاعیہ : مذکر؛ دعوے، حوصلہ، ارادہ، اقتضا۔
—— درود نہ ہونا : ذرا طاقت نہ ہونا، قریب مرگ ہونا۔
—— دلاسا : مذکر؛ چکنی چپڑی باتیں، تسلی۔
—— دُھگدُگی میں ہونا : نزع کا عالم ہونا۔
—— دینا : (ا) فریب دینا، بہکانا، دھوکا دینا، دم میں لانا، (۲) مر جانا، جان کا نکل جانا، (۳) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا (۴) پلاؤ پکانا یا دال پکانا، بھاپ پر چھوڑنا (۵) تلوار کو خم کر کے اصیل

ہونے کی جانچ کرنا، (۶) کسی پکی ہوئی خول دار چیز میں منہ کی ہوا پہنچا کر پھلانا۔

—— رُکنا: (۱) دم گھٹنا، سانس کا گرفتہ ہونا، ضیق النفس کا عارضہ ہونا، (۲) دل گھبرانا، جی گھبرانا، دم الٹنا، تنگ آنا، عاجز آنا۔

—— سادھنا: حبس دم کرنا، سانس ضبط کرنا، سکوت اختیار کرنا، حرکت نہ کرنا۔

—— ساز: مذکر: (۱) ہمدم، رازدار، دوست (۲) گانے یا نفیری وغیرہ میں آس دینے والا۔

—— سوکھا: ڈرنا، دم خشک ہونا۔

—— شماری: مونث: مرتے وقت کی سانسیں گننا، مرنے میں چند سانسیں رہ جانا۔

—— عیسا / دمِ عیسوی: (اضافت کے ساتھ) حضرت عیسیٰ کی پھونک سے مردہ زندہ ہو جانا، حضرت عیسیٰ کا معجزہ صحت بخش جان ڈالنے والا۔

—— غنیمت ہونا: متبرک ہونا، قابلِ قدر ہونا۔

—— فنا ہونا: (۱) جان نکلنا، جان جانا (۲) ڈرنا، خوف کھانا، رعب غالب ہونا۔

—— قدم: مذکر: حیات، زندگی، سلامتی، ہستی، وجود۔

—— قدم سے لگا رہنا: وابستہ رہنا، ساتھ نہ چھوڑنا۔

—— قدم کی خیر: (دعائے فقیر) جان و مال کی سلامتی۔

—— کا دمامہ ہے: (مثل) دم کے ساتھ دنیا کی رونق ہے۔

—— کا دھاگا: (استعارہ) سانس سے۔

—— کرنا: منتر یا دعا پڑھ کر پھونکنا۔

—— کش: گانے بجانے میں دوسرے کی آواز ملانے والا۔

—— کھانا: کھانے کی دیگ یا دیگچی کو کوئلوں کی دھیمی آنچ پر چھوڑنا۔

—— لگانا: کش کھینچنا، حقہ پینا، حقے کا گھونٹ لینا، چرس اڑانا۔

—— لینا: (۱) سانس لینا، (۲) آرام لینا، تھوڑی دیر کام کر کے ستانا، توقف کرنا، قیام کرنا، (۳) ماننا، باز آنا، چپکا رہنا۔

—— مارنا / دم بھرنا: شیخی مارنا، دعوا کرنا۔

—— میں آنا: دھوکے میں آنا۔

—— میں دم آنا: پژمردگی دور ہونا، اطمینان حاصل ہونا۔

—— نکلنا: جان نکلنا، روح نکلنا، مرنا (۲) نزع میں ہونا، اخیر سانس لینا۔ (۳) نہایت فریفتہ ہونا۔ (۴) خوف غالب ہونا۔

—— واپسیں / دم پسیں: (اضافت کے ساتھ) آخری دم، آخری سانس۔

—— ہونا: (۱) دم پختہ ہونا، (۲) حوصلہ ہونا، ہمت ہونا۔

—— ہونٹوں پر آنا: نزع کا عالم ہونا۔

دم: (ع) مذکر: (۱) خون، لہو، (۲) جان، روح، زندگی، حیات۔

دَمُ الاخوین: مونث: ایک قسم کے سرخ گوند کا نام جو دَوا میں استعمال ہوتا ہے۔

دَموی: خون کی زیادتی سے پیدا ہونے والی بیماری۔

دموی مزاج: جس شخص کے مزاج میں خون کی خلط غالب ہو۔

دُم: مونث: (۱) پونچھ، دنبالہ (۲) پچھلا حصہ، (۳) پیرو، پیچھے لگنے والا۔

—— چھلّا: مذکر: دنبالہ، دم گزا، ساتھ ساتھ لگا رہنے والا۔

—— چی: مونث: گھوڑے کی دم کے نیچے رکھا جانے والا ساز کا تسمہ۔

—— دار تارا: مذکر: ایک تارا جس کو جھاڑو بھی کہتے ہیں۔

—— دبا کر بھاگنا: دب کر بھاگنا، ڈر کے مارے بھاگنا، چل دینا، پیٹھ دکھانا۔

—— کے پیچھے پھرنا / ساتھ ساتھ لگا پھرنا، پیچھے پیچھے پھرنا، —— کے ساتھ پھرنا / ساتھ ساتھ رہنا۔

—— گزار: (۱) پچھلا، چھوٹی کنکیا میں لگانے کی دھجی (۲) بکری، بکرے کے دم کا گوشت (۳) (کنایتاً) ہر وقت ساتھ رہنے والا۔

—— میں گھسنا: خوشامد میں رہنا، پیچھے لگا رہنا۔

—— میں سُمدا (رسّا) باندھنا: (۱) بچوں کو شرارت سے روکنا۔ (۲) (کنایتاً) مضحکۂ اطفال بنانا۔

—— ہلانا: (۱) کتے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا (۲) خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا۔

دَما دَم: (ف) پے در پے، متواتر۔

دِماغ / دَماغ: مذکر: (۱) مغز، بھیجا، سر کا گودا (۲) (کنایتاً) غرور، تکبر، گھمنڈ (۳) سمجھ، عقل، دانائی، فہم (۴) تاب، برداشت، (۵) ہوش و حواس، اوسان۔

—— آسمان پر ہونا: مغرور ہونا، اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا، خیالات اونچے ہونا۔

دماغ اُڑنا: سخت بدلو آنا۔
——— جھڑنا: (کنایتاً) غرور دور ہونا۔
——— چرخ پر چڑھ جانا: (کنایتاً) غرور ہو جانا۔
——— چل جانا: (کنایتاً) اِترا جانا، سڑی ہو جانا۔
——— دار: مغرور، متکبر۔
——— روشن: مذکر؛ ناس، ہلاس۔
——— سوزی: دماغی محنت۔
——— عرش پر ہونا: بے حد غرور ہونا، اونچے خیالات رکھنا۔
——— کرنا: (کنایتاً) اترانا، غرور کرنا، تمکنت کرنا، خاطر میں نہ لانا۔
——— نہ ملنا: نہایت متکبر ہونا، غرور سے کسی کی طرف متوجہ نہ ہونا
——— نہ ہونا: برداشت نہ ہونا۔
——— ہونا: غرور ہونا، تمکنت ہونا۔
دِماغی: (ا) دماغ سے نسبت رکھنے والا، (۲) مغرور، دماغ دار۔
دَمامہ: (ف) مذکر؛ (ا) نقارہ (۲) (عو) رونق، چہل پہل۔
دَمدمہ: (ف) مذکر؛ مصنوعی قلعہ، مورچہ، دھس، لڑائی کے وقت تھیلوں میں خاک بھر کر بنایا ہوا قلعہ۔
——— باندھنا: مورچہ بندی کرنا۔
دمڑی: مونث؛ (ا) پرانے پیسے کا چوتھا حصہ، چھدام (۲) چوتھا حصہ، چوتھائی۔
——— کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی } (مثل) اصل قیمت کم اور
——— کی بلبل ٹکا ہشکائی } خرچ زیادہ، وہ چیز جس پر قیمت سے زیادہ دوسرا خرچ بیٹھے۔
——— کے تین تین: (کنایتاً) نہایت ارزاں، کوڑیوں کے مول۔
——— کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں: (مثل) ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔
——— کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی: (مثل) کسی قدر نقصان ہوا مگر تجربہ حاصل ہو گیا۔
——— نہ جائے پر چمڑی جائے: (مثل) بڑا بخیل ہے، ایذا سہتا ہے لیکن کوڑی خرچ نہیں کرتا۔
دَمک: مونث؛ چمک، درخشندگی، تمتماہٹ، چہرے یا سونے کی چمک۔
دَمکنا: چمکنا، جھلکنا، درخشاں ہونا، تاباں ہونا۔
دُمَل: دُنبل، بغیر مُنہ کا پھوڑا۔
دُمَن: مونث؛ نل کی معشوقہ جو ہندوستان کے ایک راجہ کی بیٹی تھی۔
دَمہ: مذکر؛ سانس کا روگ ضیق النفس۔

د۔ن

دَن: مونث؛ (ا) توپ، بندوق چھوٹنے کی آواز، (۲) تڑاق۔
——— سے: تڑاق سے۔
دَنا دَن: توپ بندوق کی متواتر آواز، چوٹ یا ضرب کی پے در پے آواز۔
دِن: مذکر؛ (ا) روز، (۲) زمانہ، دَور، وقت، (۳) موسم، رُت، (۴) ساعت، تاریخ۔
——— آنا: (ا) موسم آنا، رُت آنا، (۲) وقت آنا، وقت مقررہ کا آنا۔ (۳) ایام حیض آنا، (۴) دِن چڑھنا۔ (۵) موت آنا۔
——— بھرنا: مصیبت کے دن پورے کرنا، مصیبت میں بسر کرنا، عمر کے دن پورے کرنا۔
——— بھلے آنا: اچھا زمانہ آنا، خوش اقبالی کا زمانہ آنا۔
——— پہاڑ سا کٹنا: بڑی دِقت سے دِن گذرنا، بمشکل دن تمام ہونا۔
——— پھرنا: اقبال کے دن آنا، مصیبت کا زمانہ کٹ جانا، بُری حالت سے اچھی حالت ہو جانا۔
——— تیر کرنا: زندگی بسر کرنا، عمر بسر کرنا۔
——— چڑھنا: (ا) (کنایتاً) آفتاب کا بلند ہونا، (۲) (عو) دیر لگنا، زمانہ گذرنا (عموماً حیض) (۳) حساب سے کسی دن کا زیادہ ہونا۔
——— چڑھے: خوب دھوپ پھیل جانے کے بعد، جس وقت دن اچھی طرح نکل آئے۔
——— دُونا رات چوگنا: کسی کام میں بہت ترقی ہونا۔
——— دہاڑے / دن دوپہر: دِن میں، سب کے سامنے، کھلے خزانے، علانیہ۔
——— دوپہرے: دن دہاڑے۔

دِن دیکھنا: بُری نوبت تک پہنچنا، روزِ بد کا سامنا ہونا۔
ـــــ دیکھا نہ رات: وقت بے وقت کا لحاظ کیے بغیر۔
ـــــ رات: شب و روز، ہر وقت۔
ـــــ رات سُولی پر گزرنا: ہر وقت بے چین رہنا۔
ـــــ رہے: وہ وقت جب تھوڑا دن باقی ہو، شام، دن کا آخری حصّہ۔
ـــــ سیدھے ہونا: اقبال یاور ہونا۔
ـــــ کاٹنا: مصیبت سے زندگی بسر کرنا، زمانہ بسر کرنا، دن گذارنا۔
ـــــ کو تارے دکھانا: دماغی صدمہ پہنچانا جس سے آنکھوں کے سامنے ترمرے سے آجائیں۔
ـــــ کو تارے نظر آنا: (۱) نظر بہت تیز ہونا، (۲) دن میں تاریکی ہونا (۳) (کنایتاً) بے انتہا پریشان ہونا، بدحواس ہونا۔
ـــــ کو دِن اور رات کو رات نہ جاننا / سمجھنا: کسی کام میں رات یا دن کی پروا نہ کرنا، آرام سے کام نہ رکھنا، خوب محنت مشقت کرنا۔
ـــــ کی پوچھی رات کی بتائی: بے تکا جواب دینا۔
ـــــ گننا: (کنایتاً) سخت انتظار کرنا۔
ـــــ گیا کہ رات: (مثل) ہر وقت موقع حاصل ہے۔
ـــــ لگنا: اترانا، گھمنڈ ہونا، نخوت و غرور پیدا ہونا۔
دِنوں سے اُتر جانا: (عو) عمر سے ڈھلنا، جوانی کا گزرنا۔
دَنا: (۱) موٹا، مضبوط، دراز، بڑا، نڈر۔
ـــــ پیل: قوی ہیکل، زبردست۔
ـــــ سیٹھ: مذکر؛ بڑا سیٹھ (طنزاً) مغرور۔
دِنایت: (ع) مونث؛ کمینہ پن، حقیر ہونا۔
دُنبال / دُنبالہ: مذکر؛ (۱) پچھلا حصّہ، پیچھے (۲) چارپایہ کی دُم، (۳) آنکھ کا کویا، آنکھ کے کوئے سے آگے تک بڑھی ہوئی سُرمہ کی لکیر، (۴) کشتی یا جہاز کا پچھلا حصّہ۔
دُنبال دار: گچھے دار، دُم دار۔
دُنبل / دُمّل: (ف) مذکر؛ پھوڑا، دل دار پھوڑا بغیر منہ کا پھوڑا۔
دُنبہ: (ف) مذکر؛ ایک قسم کا مینڈھا۔
دَنت: مذکر؛ دانت کا مخفف۔
ـــــ کھودنی: مونث؛ خلال۔
دَنتیلا: مذکر، (۱) بڑے دانتوں کا ہاتھی، بڑے دانت والا آدمی۔ (۲) زمانہ دار۔
دُنْد: مذکر؛ مونث؛ (۱) بڑا نقارہ، دھونسا، (۲) غل شور (۳) اندھیر، ظلم و ستم۔
ـــــ مچانا: (۱) شور و غل مچانا، (۲) اندھیر کرنا، ظلم ڈھانا۔
دَندان: (ف) مذکر؛ دانت۔
ـــــ ساز: مصنوعی دانت بنانے والا۔
ـــــ شکن جواب: مذکر؛ خاموش کر دینے والا جواب، ایسا جواب جس کا جواب نہ بن پڑے۔
ـــــ نما: (ف) نمایاں، ظاہر، آشکارا۔
دندانہ: (ف) مذکر؛ (۱) آرے کا خار، دانتا چھری یا تلوار وغیرہ کی دھار میں جو دانت پڑ جائیں، (۲) دانتوں کے مشابہ چیز (۳) ہر چیز کا کنگرہ (۴) کنگھی کے دونوں جانب کے دندانے۔
دندانا: خوشی منانا، مزہ اُڑانا، عیش کرنا۔
دَنڈ: مذکر؛ (۱) ڈنڈ، جرمانہ، تاوان (۲) بازو۔
دُنکا: مذکر؛ اناج کا دانہ، (دانہ کے ساتھ مستعمل ہے)
دنگ: (ف) حیران، ہکا بکا۔
دَنگا: مذکر؛ (۱) لڑائی، جھگڑا، فساد، فتنہ (۲) ہنگامہ، بغاوت، شرارت۔
دَنگئی: لڑاکا، جنگجو، شریر، فسادی۔
دنگل: مذکر؛ (۱) کشتی (۲) کشتی لڑنے کی جگہ، اکھاڑا (۳) بھیڑ، مجمع، انبوہ۔
ـــــ میں اُترنا: اکھاڑے یا مجمع میں کشتی لڑنے کے لیے اترنا۔
دِنوندھا / دِنوندھی: رتوندھا کا نقیض، دن کو کم دکھائی دینے کا مرض۔
دَنی: (ع) سفلہ، کمینہ، رذیل۔
دُنیا: (ع) مونث؛ (۱) جہان، عالم، دہر (۲) دُنیا کے لوگ۔
ـــــ آنکھوں میں اندھیر ہو جانا: کچھ سجھائی نہ دینا، رنج و غم میں ڈوب جانا۔
ـــــ پہ امید قائم: (مثل) انسان امید کے سہارے زندگی بسر کرتا ہے۔
ـــــ بھر کے آخور: مونث؛ نہایت نکمی، ناقص چیز۔
ـــــ بھر کی باتیں: مونث؛ فضول باتیں۔

دُنیا بھر کے جتن : مذکر؛ سب طرح کی تدبیریں۔
—— پرست : (ف) دُنیادار۔
—— جہان : مذکر؛ تمام عالم۔
—— چھاننا : بے حد جستجو کرنا۔
—— دار : تعلقاتِ دُنیوی میں گھرا ہوا آدمی، چالاک آدمی۔ ظاہری اخلاق کا آدمی۔
—— سازی : مونث؛ بناوٹ، نمایش، اوپری دل سے کچھ کرنا۔
—— سے اُٹھ جانا / دُنیا سے جانا / دنیا سے چلنا / مرجانا، سے سدھارنا / دنیا سے کوچ کرنا / دنیا سے گذرنا / ناپید ہوجانا۔
—— سے دل اٹھانا : تارک الدُّنیا ہونا۔
—— سے دل سرد ہوجانا : دُنیا کی باتوں سے طبیعت کی اُمنگ جاتی رہنا۔
—— غرض کی ہے : (مقولہ) مطلب نکل جانے کے بعد کوئی کسی کو نہیں پوچھتا۔
—— کا کہنا : سب لوگوں کا کہنا۔
—— کی ٹھوکریں کھانا : مارا مارا پھرنا۔
—— کے عیب : ہر قسم کے بُرے عیب۔
—— کے کتّے : (کنایتاً) دُنیا کے طلبگار۔
—— کی ہوا لگنا : دُنیا کا اثر ہونا، دنیاوی خواہشوں کا ہونا، دُنیا کا مزہ پڑنا، دُنیا میں آنا۔
—— مردہ پرست ہے : (مثل) اکثر آدمی مرے ہوئے کی بے جا تعریف کیا کرتے ہیں۔
—— ومافیہا : دُنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔
—— ومافیہا کی خبر نہیں : کسی چیز کا ہوش نہیں۔
دُنیاوی / دُنیوی : (ع) صفت؛ دُنیا سے منسوب، دنیا کا۔
دُنیائے دوروزہ : (ف) مذکر؛ فنا ہوجانے والی دُنیا۔
دنیائے دَنی / دوں : (ف) مونث؛ کمینی دُنیا۔

د - و

دو : (ا) ایک اور ایک کا مجموعہ، جفت، جوڑا، (۲) چند۔ (۳) (کنایتاً) الگ، جُدا، غیر۔
—— آب / دوآبہ : مذکر؛ دو دریا کے بیچ کی زمین۔
—— آتشہ : شراب یا عرق جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو، تند، تیز۔
—— آتشہ پلانا : (کنایتاً) بھرتے پر چڑھانا، خوب اشتعال دینا۔
—— آشیانہ : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا دُہرے درجے کا تنبو، دو کمروں کا ڈیرا۔
—— آنسو گرانا / دو آنسو بہانا : تھوڑا سا رونا۔
—— اُنگلیاں ماتھے پر رکھنا : (کنایتاً) (عن) سلام کرنا۔
—— اَنّی : مونث؛ پُرانا آٹھ پیسے کا سکّہ، دو آنے۔
—— ایک / دو اِک : چند، دو چار، دو تین۔
—— باتیں / دو دو باتیں : تھوڑی سی بات چیت۔
—— بارہ : دوسری مرتبہ، دوسری دفعہ، مکرر۔
—— بالا : دُونا، دوچند، دُگنا، دُگنی۔
—— بول : مذکر؛ (ا) دو لفظ، (۲) نہایت مختصر۔ (۳) (کنایتاً) نکاح کا خطبہ۔
بھاشی : (ہ) مذکر؛ دو زبان جاننے والا، مترجم، ترجمان۔
—— بینی : (ف) مونث؛ ایک چیز کو دو دیکھنا۔
—— پارہ : (ف) دو ٹوک، پھٹا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے۔
—— پائے کا تعویذ / دو پائے کا نقش : (عاملوں کی اصطلاح) ایک مثلث نقش کا نام۔
—— پٹا : مذکر؛ (ا) دوپاٹ کی چادر، (۲) عورتوں کی ایک قسم کی اوڑھنی (۳) مردوں کی کمر میں باندھنے کی چادر۔
—— پٹا تان کے سونا : بے فکری سے سونا، گھوڑے بیچ کے سونا۔
—— پٹا چننا : دوپٹے میں چُنتیں ڈالنا۔
—— پشتہ : دُور رُخا، دو طرفہ، دونوں رُخ چھپا ہوا۔
—— پلڑی : مونث؛ ایک قسم کی ٹوپی۔
—— پلکا : مذکر؛ (ا) انگوٹھی بنانے کا ایک قسم کا پتھر، (۲) ایک قسم کا نگینہ، (۳) ایک قسم کا پتنگ (۴) ایک قسم کا کبوتر۔

— پَلی : مونث؛ دو پلڑی۔
پہر/دوپہریا : مونث؛ دن کے بارہ بجے کا وقت، آفتاب کے خطِ نصف النہار پر ہونے کا وقت۔
— پہریا : مذکر؛ ایک قسم کا دوپہر کو کھلنے والا پھول۔
— پیازہ : (ف) مذکر؛ وہ سالن جس میں دو دفعہ پیاز ڈالتے ہیں اور ترکاری نہیں ڈالتے۔
— پیکر : (ا) آسمان میں جڑواں لڑکوں کی شکل کا تیسرا بُرج، (۲) تلوار کی صفت۔
— تا : (ف) خمیدہ، منحنی، کبڑا، ٹیڑھا، دُہرا۔
— تارا : مذکر؛ ایک قسم کی دو تار کی چھوٹی سارنگی۔
— تائی : مونث؛ قبا کے نیچے پہنا جانے والا کُرتا۔
— تہی : مونث؛ ایک قسم کا کپڑا (جو بستر کی طرح دوہرا بچھایا جاتا ہے)۔
— تین : چند۔
— ٹکریں مارنا : جلدی جلدی نماز پڑھ لینا۔
— ٹوک بات : صاف صاف بات، وہ بات جو لگی لپٹی نہ ہو۔ قولِ فیصل۔
— ٹوک جواب دینا : صاف انکار کرنا، صاف جواب دینا مختصر جواب دینا۔
— ٹوک ہونا : دوستی القط ہونا، فیصلہ ہونا۔
جہاں/دوعالم/دوسرائے/دوگیتی : مذکر؛ دُنیا اور عالمِ آخرت۔
— جہاں سے کھو دینا : بے کار کر دینا، کسی کام کا نہ رکھنا دین کا نہ دُنیا کے کام کا رکھنا۔
— جی سے ہونا : (عو) حاملہ ہونا، پیٹ سے ہونا۔
— چار : چند، دو ایک، دو تین۔
— چار ہونا : آمنا سامنا ہونا، ملاقات ہونا۔
— چَر : (ہ) (عم) مونث؛ دو مکانوں کی آپس میں ملی ہوئی دو دیواریں۔
چشمی (ھ) دو آنکھوں کی ھ، یہ ھ اب ہندی حروف کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے جیسے بھا، جھا، چھا وغیرہ۔

— چُلّو میں بہک جانا : (کنایتاً) تھوڑی سی شراب پی کر بہک جانا۔
— چند : دُونا، دُگنا، دُہرا، ڈبل۔
— چنداں : دوچند۔
— چوبہ : مذکر؛ دو چوب کا خیمہ۔
— حرف : مذکر؛ تھوڑا سا۔
— حرف بھیجنا (کنایتاً) لعنت بھیجنا، لعنت کرنا۔
— حرفی : نہایت مختصر۔
— رستہ : دونوں طرف۔
— دل راضی تو کیا کرے گا قاضی : (مثل) فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دیتا، دو شخص متفق ہوں تو تیسرا نقصان نہیں پہنچا سکتا۔
— دو چونچیں : (ا) دو دو نوکیں (۲) ہلکی سی زبانی جھڑپیں۔
— دو مُنہ آنا : (دہلی) آوازے کسنا۔
— دو نوکیں ہونا : باہم تھوڑی سی سخت کلامی ہونا۔
— دو ہاتھ ہو جانا : لڑائی ہو جانا۔
— دھارا : مذکر؛ (ا) دُہری باڑھ کا خنجر، دہری باڑھ کی تلوار (۲) دریا کی دو شاخوں میں بٹنے یا ملنے والی جگہ۔
— دن کی چاندنی : حسنِ چند روزہ، دولتِ بے ثبات، چند روزہ اقبال۔
— دِلہ : (ف) متفکر، سراسیمہ، شکی، وہمی، وسواسی۔
— دِلی : مونث؛ تذبذب۔
— دَم : دُہری دھار کی تلوار۔
— دن کا مہمان : مہمانِ چند روزہ، عارضی، فانی، ناپائیدار۔
دوراہا : مذکر؛ دو راستوں کے ملنے کی جگہ، راستے کی دو شاخیں پھوٹنے کی جگہ۔
— رُخا : مذکر؛ (ا) دو رُویہ (۲) دو رنگا منافق، دونوں طرف ہو رہنے والا شخص۔
رُخی (تصویر) مونث؛ دونوں رُخ نظر پڑنے والی تصویر۔

— رَسا: مذکر؛ خمیرہ ملا ہوا تمباکو، دو قسم کا ملا ہوا تمباکو۔
— رَستہ: دو رُویہ۔
— رنگی: مونث، دوئی، مغائرت، بے گانگی، مکاری،
— رُو: دو رُخ کا۔
— روزہ: (کنایتاً) تھوڑی مدت۔
— رُویہ: (ا) دو رُخا، دو رنگا، (۲) دو طرفہ، دونوں جانب سے (۳) منافق
— زانو: گھٹنوں کے بل۔
— زانو بیٹھنا: گھٹنوں کے بل بیٹھنا، مؤدبانہ بیٹھنا۔
— سار ہونا: تیر کا پیوست ہونا، تیر یا نیزے کا بدن کے پار ہو جانا۔
— ساہی: دو فصلی، دو فصلیں اُگانے والی زمین۔
— سُخنے: ایسے چٹکلے جن کے دو جواب ہوں۔
— سَرا: دونوں جہاں۔
— سر ملوا دینا: نکاح بیاہ کروا دینا۔
— سوتی: مونث؛ دوہرے سوت کا بُنا ہوا، ایک قسم کا کپڑا۔
— سے تین بھلے: (مقولہ) تیسرے شخص سے مدد زیادہ ہو گی۔
— شاخہ: (ف) مذکر؛ (ا) دو شاخوں کی لکڑی، (۲) دو شاخوں کا درخت (۳) شمع دان۔
— شالہ: مذکر؛ قیمتی چادر، جوڑا، دو شالوں کا جوڑا۔
— شالے میں لپیٹ کر لگانا: (کنایتاً) در پردہ ذلیل کرنا، عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا۔
— شنبہ: پیر، اتوار کے بعد والا دن۔
— طرفہ/ دو طرفی: دو رُویہ، دونوں طرف، دونوں جانب۔
— عالم: (ف) مذکر؛ دو جہاں۔
— عملہ/ دو عملے: مذکر؛ دو شخصوں کی حکومت، دو آدمیوں کی ملکیت والا مکان یا کوئی دوسری شے۔
— عملی: مونث؛ کمزور حکومت، بد انتظامی۔
— غزلہ: مذکر؛ ایک بحر ردیف قافیے میں دو غزلیں۔
— فصلہ: مذکر؛ (ا) دو فصلوں والا درخت، (۲) (کنایتاً) یکسوئی نہ رکھنے والا، ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
— فصلی: مونث؛ (ا) فصل میں دو بار پھل دینے والا درخت۔ (۲) سال میں دو بار بوئی جانے والی زمین۔
— فصلی باتیں: (ا) ایسی باتیں جن میں دو پہلو نکلتے ہوں، (۲) ایسی باتیں جن کا ظاہر کچھ ہو اور باطن کچھ۔
— قلم کرنا: دو ٹکڑے کرنا۔
— کوڑی کا آدمی: نہایت بے وقعت آدمی۔
— گانہ: دُگانہ، (ا) دو رکعت نماز (۲) عید کی نماز۔
— گز زمین: (کنایتاً) قبر کی زمین۔
— گونہ: دو قسم کا، دو طرح کا۔
— گھڑی: تھوڑی دیر۔
— لتی مارنا/ دولتی پھینکنا: چوپائے کا پچھلی ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا۔
— لگانا: (کنایتاً) دو جوتے مارنا۔
— مُلّا میں مرغی حرام } (مثل) دو ہم دعوا اور ہم پیشہ
— مُردار } آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے۔
دو آدمیوں کی بحث و تکرار سے اصل مطلب فوت ہو جاتا ہے۔
— مُنہا/ دو مُنہی/ دو مُوہی: دو منہ کا سانپ۔
— میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا: (مثل) اجنبی آدمی مخل صحبت ہوتا ہے۔
— نالی: مونث؛ دو نالی والی بندوق۔
— نوالے: دو لقمے، تھوڑی سی خوراک۔
— ورقی: مونث؛ (ا) دو ورق کی کتاب، چھوٹی سی کتاب۔ (۲) فرج، قبل۔
— ورقی کا سبق پڑھنا: جماع کرنا، عیاشی کرنا۔
— وقت ملنا/ دونوں وقت ملنا: شام ہونا، جھٹ پٹا ہونا۔
— وقتہ: دونوں وقت۔
— ہا/ دوہرا: مذکر؛ چوپائی، ہندی نظم کی بیت۔

دوری: مونث، دو سمجھنا، شرکت، غیریت۔
——ڈالنا: لڑائی کرا دینا، بگاڑ کرا دینا، اَن بَن کرا دینا۔
——کا پردہ اُٹھ جانا: غیریت مٹ جانا۔
دونوں آنکھیں برابر ہیں: (مقولہ) دو فریقوں میں کسی کی ترجیح کی کوئی وجہ نہیں۔
——پلّے برابر ہونا: کسی کی طرف کمی بیشی نہ ہونا۔
دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا: (کنایتاً) سزا دینا، ٹھیک بنانا۔
دونوں دین سے گئے پانڈے حلوا نہ ملا مانڈی (مانڈے): (مثل) کہیں ٹھکانہ نہیں رہا، ہر طرح نقصان ہوا۔
——وقت ملنا: رات اور دن کا ملنا، شام کا وقت ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔
——ہاتھ سے تالی بجتی ہے: (مقولہ) دونوں طرف سے بے اعتدالی ہوا کرتی ہے، سلوک ایک طرف سے نہیں ہوتا۔
——ہاتھ سے سلام کرنا: (۱) نہایت تعظیم کرنا (۲) بیزاری اور دست برداری ظاہر کرنا۔
نیم: (ف) دو ٹکڑے، دو پارہ۔
دوا: مونث؛ دارو، درماں، علاج، معالجہ۔
——اُلمسک: ایک مقوی قلب معجون کا نام۔
——خانہ: مذکر؛ شفاخانہ، دوا ملنے کی جگہ۔
——دارُو/دوا درمن: علاج، معالجہ، تیمارداری۔
——راس آنا/——ہونا: دوا کا موافق ہونا۔
——کو نہ ملنا/دوا کے لیے نہ ملنا/دوا کے لیے میسّر نہ ہونا: کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا، ذرا نہ ملنا۔
دوائی: مونث؛ علاج، دوا۔
دَوابّ: (ع) (جمع دابّہ کی) مذکر؛ چوپائے، حیوان، مویشی۔
دَوات: (ع) مونث؛ روشنائی رکھنے کا ظرف۔
دُوادشی: مونث؛ اجالے پاکھ کی بارھویں تاریخ۔
دوا دَوش/دوا دوی: مونث؛ دوڑ دھوپ، سعی، کوشش۔
دَوّار: (ع) بہت گردش کرنے والا، دورہ کرنے والا۔
دُوار/دُوارہ: مذکر؛ (۱) دروازہ (۲) آستانہ، مقام، چوکھٹ۔
دوازدہ امام: بارہ امام: حضرت علیؓ سے لے کر امام مہدی تک۔
——مقام: موسیقی کے بارہ مقام۔
دِوال: (عو) صفت، دینے والا۔
دُوال: (ف) مونث: رکاب کا تسمہ، نقارہ بجانے کا موٹا تسمہ۔
دِوالا: مذکر: (۱) ادائے قرض کی ناقابلیت، (۲) خسارہ، ٹوٹا۔
——نکالنا/دِوالا نکال دینا: (۱) ساہوکاروں کا اپنے نادار ہونے کا اعلان کرنا، (۲) قرض ادا کرنے کی صلاحیت نہ ہونے کا اعلان کرنا، (۳) زیر بار کرنا۔
——نکلنا/دوالا نکل جانا: (کنایتاً) مطلق نقصان ہونا۔
دِوالیا: مذکر، ٹٹ پونجیا، نادار، مفلس، دِوالا نکل جانے سے کاروبار بند کرنے والا شخص۔
دِوالی/دیپاولی/دیوالی: مونث؛ ہندوؤں کا ایک مشہور تیوہار جس میں لچھمی کی پوجا کرتے ہیں اور کثرت سے چراغ جلاتے ہیں۔
دِوالیں: (عو) مونث؛ انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے۔
دَوام: (ع) مذکر؛ (۱) ہمیشہ رہنا، (۲) ہمیشہ، مُدام۔
دَوامی: مذکر؛ زمین کا انتظام جو سرکار کی طرف سے ہمیشہ کے واسطے ایک ہی دفعہ کر دیا جائے۔
دَواں: دوڑتا ہوا، بھاگتا ہوا، حیران، سرگرداں۔
دِوانہ: مذکر؛ دیوانہ، پاگل۔
دَواوین: (ع) مذکر؛ جمع دیوان کی۔
دُوب: مونث؛ ایک قسم کی باریک نرم اور عمدہ گھاس۔
دُوبدُو: (ف) مقابل، آمنے سامنے۔
——ہونا: (۱) مقابل ہونا، (۲) آمنے سامنے ہو کر لڑائی لڑنا۔
دُوبھر: (صفت) (۱) مشکل، دشوار، (۲) ناگوار، (۳) بوجھ۔
دوت: (ہ) مذکر؛ قاصد، سفیر، ایلچی۔
دُوج: (ہ) مونث؛ (۱) ہر پاکھ کی دوسری تاریخ، (۲) (ہ) مذکر؛ قمری مہینے کا دوسرا اور سترھواں دن۔

دُودُو : (ف) مذکر؛ دھواں، بھاپ۔
—— جگر/دودِل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) آہ۔
دُودِلی : (ف) مونث؛ (۱) دُبدھا، گومگو کی کیفیت، تذبذب (۲) الجھن، بے یقینی۔
دُودمال : (ف) مذکر؛ خاندان، قبیلہ، کنبہ۔
دُودی : (ع) (اصطلاح طب) نبض کی ایک قسم کی چال، دم نکلنے کے وقت نبض کی حرکت۔
دُودھ : مذکر؛ (۱) شیر، (۲) درخت یا کسی چیز کا گاڑھا سفید عرق۔
—— اُترنا : چھاتیوں میں دودھ بھر آنا، گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں میں آجانا۔
—— اُگلنا : بچے کا دودھ ڈالنا۔
—— اور چھاچھ دونوں سفید ہوتے ہیں : (مثل) صرف ظاہری حالت کا اعتبار نہیں، تمیز کرنے والا چاہیئے۔
—— بخشنا : دودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔
—— بڑھانا : بچے کا دودھ چھڑانا۔
—— بڑھائی : مونث؛ بچے کو دودھ پینے سے روک دینے کی تقریب۔
—— بھری کٹوریاں : مونث؛ دودھ بھری چھاتیاں۔
—— پلائی : مونث؛ (۱) دودھ پینے کی رقم (۲) دایہ، (۳) ساچق کے روز دولھا کو دُلھن کے گھر سے ملنے والی نقدی۔
—— پوت : مذکر؛ دھن دولت، آل اولاد۔
—— پھاڑنا : دودھ کے اجزا جدا کرنا کسی دوا کے ذریعے دودھ کا پانی الگ کر دینا۔
—— پھٹنا : دُودھ سے پانی اور اُس کی دُہنیت کا علاحدہ ہو جانا۔
—— چڑا جانا/دودھ چڑھا جانا : گائے، بھینس یا بکری کا دودھ چھپا لینا، دُہتے وقت تھنوں میں سے دودھ اوپر کو چڑھا لینا۔
—— چھٹانا/دودھ چھوڑانا : دُودھ بڑھانا، بچے کو دودھ پلانا بند کرنا۔
—— دُوہنا : جانور کا دودھ نکالنا، دودھ کی دھار نکالنا۔
—— دیا مینگنیوں بھرا : (مثل) کوئی اچھی چیز ملے اور اس میں کوئی عیب ہو۔
—— ڈالنا : بچے کا دودھ پی کر اُگل دینا۔
—— سا : (کنایتاً) نہایت سفید۔
—— کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے : (مثل) کسی چیز سے نقصان اُٹھایا ہوا آدمی بے ضرر شے بھی ڈرتا رہتا ہے۔
—— کا دُودھ پانی کا پانی : (مثل) پورا پورا انصاف، ٹھیک انصاف۔
—— کا سا اُبال : جلد فرو ہو جانے والا جوش۔
—— کی بُو منہ سے آنا : بچپن باقی رہنا، ناسمجھ اور نادان ہونا۔
—— کے دانت : شیر خوارگی کے زمانے کے ملائم دانت۔
—— کے دانت نہ ٹوٹنا : کم عمر اور صغیر سن ہونا، نادان بچہ ہونا۔
—— کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا : مستحق ہونے کے باوجود خارج اور بے دخل کر دینا، بالکل بے دخل اور بے تعلق کر دینا۔
—— ملیدہ کھانا : (کنایتاً) عمدہ اور نرم کھانا کھانا۔
—— مُوت کرنا : (عو) بچے کی پرورش اور خدمت کرنا۔ گُو مُوت کرنا۔
—— میں مکھی کسی نے نہ چکھی : (مثل) نالائق کو کوئی پسند نہیں کرتا۔
دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو : (دعائیہ کلمہ) دولت اور اولاد سے خوش رہو، صاحب اولاد رہو، مال و دولت کی فراوانی ہو۔
دُودھیا : (۱) دودھ کا، (۲) سفید، (۳) دودھ والا، (۴) مذکر؛ ایک قسم کا پتھر (۵) ایک قسم نرم سوہن حلوا (۶) مونث؛ دودھ میں ملی ہوئی بھنگ۔
—— پھل : سفید گودے کا پھل۔
—— سنگھاڑا : کچا، ہرا، سبز نرم سنگھاڑا۔

دُودھیا کتھا: سفیدی مائل کتھا، کان پوری کتھا۔
دودھیل: دودھ دینے والا جانور۔
دَور: (ع) مذکر؛ (۱) گرداگرد پھرنا، چرخ، گردش، چکر (۲) فلسفہ کی ایک اصطلاح (۳) چال، رفتار، روش (۴) حاشیہ، کنارہ، حلقہ، گروہ، گھیرا (۵) باری، نوبت (۶) چاروں طرف، اردگرد، گرداگرد، (۷) عرصہ زمانہ، مدت (۸) زمانہ کا الٹ پھیر، انقلاب، تغیر، تبدل، (۹) حکومت کا زمانہ (۱۰) قرآن کا نہ بھولنے کی غرض سے پڑھنا (۱۱) ایک اصطلاح نجوم (۱۲) گھر (۱۳) حاضرین جلسہ میں ساغر کا گردش کرنا، (۱۴) پھیلاؤ۔
—— آخر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ اخیر زمانہ۔
—— دَورا: مذکر؛ اقبال، حکومت، رواج، عروج۔
—— آنا: (۱) ساغر شراب کا گردش کرتے کرتے باری آنا۔ (۲) باری آنا، (۳) عہد آنا۔
—— وتسلسل: مذکر؛ دور کا سلسلہ بیہم جاری رہنا۔
—— چلنا: ساغر کا باری باری سے ہر ایک کے سامنے آنا۔
—— دُور ہونا/—— دورہ ہونا: (۱) چڑھی بارگاہ ہونا، (۲) کسی چیز کا رواج عام ہونا، مانگ ہونا، وقعت ہونا۔
—— کرنا: دو شخصوں کا باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن سنانا، قرآن کا آموختہ پڑھنا۔
دُور: (ف) (۱) فاصلے پر، بعید، (۲) (۸) جدا، علاحدہ الگ، پرے (۳) دشوار۔
—— اندیش: (ف) دُور بین، انجام بین۔
—— اندیشی: مونث؛ عاقبت اندیشی، عقل مندی، دانائی۔
—— باش: (ف) (۱) دور رہ، الگ رہ (۲) بادشاہ کی سواری کو لے کر چلنے کا دوشاخہ، نیزہ، ادب سے راستہ صاف کرنے کی علامت۔
—— بین: (ف) مونث؛ (۱) دور کی چیز دیکھنے کا آلہ، (۲) دُور اندیش، فاصلے کی چیز دیکھنے والے۔
—— پار: (عو) (کلمۂ نفرت) خدا نہ کرے، نصیب اعدا، توبہ۔
—— دراز: (ف) (۱) کالے کوسوں، بہت فاصلے پر (۲) بعید از قیاس۔
دَفان ہونا/کرنا: غائب ہونا، علاحدہ کرنا، دُور کرنا۔
—— دُور رہنا: چھٹے چھٹے رہنا، ہٹے رہنا۔
—— رَس: دُور تک پہنچنے والا، بلند خیال۔
—— کھینچنا: کشیدہ رہنا، الگ رہنا، نخوت اور غرور کرنا۔
—— کی بات: مونث؛ نکتہ، باریکی۔
کے ڈھول سُہانے (مثل) دُور کی سُنی ہوئی کی آواز سُہانی } بات اچھی معلوم ہوتی ہے، کسی چیز کی تعریف سننے اور دیکھنے میں بہتر نہ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔
—— کرنا: (۱) الگ کرنا، دفع کرنا، القط کرنا، کاٹنا، جدا کرنا، خارج کرنا، (۲) درگزر کرنا، بازار آنا (۳) غائب کرنا، آنکھوں سے علاحدہ کرنا (۴) جواب دینا، نوکری سے برطرف کرنا، برخاست کرنا (۵) رد کرنا، کاٹنا، منسوخ کرنا (۶) بیچنا، فروخت کرنا، پاس نہ رکھنا۔
—— کی سوجھنا: باریک بات خیال میں آنا، دور بین و دور اندیش ہونا۔
—— کی صاحب سلامت رکھنا: الگ الگ رہنا، میل جول نہ بڑھانا۔
—— کی کوڑی لانا: باریک بینی کرنا، دُور کی بات سوچنا۔
—— کی ہانکنا: شیخی مارنا، لیاقت سے بڑھ کر دعوا کرنا۔
—— ہی سے سلام کرنا: بے زاری ظاہر کرنا۔
دوران: مذکر؛ (۱) زمانہ، وقت (۲) عمر، گردش، چکر، دورہ، انقلاب۔
—— خالص: مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) زمان حقیقی۔
—— خون: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خون کی گردش۔
—— سر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سر گھومنا، سر کا چکر۔
دَورہ: مذکر؛ (۱) گردش، چکر، (۲) باری، نوبت کسی مرض کی (۳) گشت، حکام یا افسروں کا اپنے علاقے کو دیکھنے کا سفر (۴) شراب کا دور۔

دَورہ کرنا: چکر لگانا، گشت کرنا، حکام کا اپنے ضلع اور علاقہ کے دیکھنے کے واسطے گشت کرنا۔

دَوری: مونث؛ چھوٹی ٹوکری۔

دوڑ: مونث؛ (۱) دھاوا، تاخت، چڑھائی، مجرم کو گرفتار کرنے کے لیے بھیجے جانے والے سرکاری لوگ (۲) پہنچ، رسائی، (۳) کوشش۔

دَوڑا دوڑی: مونث؛ بھاگم بھاگ، دوڑ دھوپ۔

دوڑانا: (۱) بھگانا، لپکانا، جلدی جلدی چلانا، (۲) جلد قاصد روانہ کرنا، (۳) محنت کرانا، بھگانا، مشقت لینا، حیران کرانا، پھرانا۔

دَوڑ چلے نہ گر پڑے: (مثل) آدمی حدِ اعتدال سے بڑھ کر کوئی کام کرے تو ناکام ہوتا ہے۔

—— **دھوپ**: مونث؛ سعی، کوشش، محنت و مشقت۔

دوڑنا: (۱) بھاگنا، لپکنا، (۲) جلدی چلنا (۳) پھیلنا، بچھنا، (۴) محنت و سعی کرنا، سردی کرنا (۵) حیران کرنا، پھرنا۔

دُوزخ: (ف) مذکر؛ (۱) جہنم، تحت الثری میں گنہ گاروں کی سزا کے لیے بنائے ہوئے سات طبقے، (۲) (کنایتاً) آدمی کا پیٹ۔

—— **کا گندا**: (۱) دوزخ میں جلنے والی لکڑی، (۲) (کنایتاً) بڑا گنہ گار۔

دُوس: دیکھو دوش۔

دوست: مذکر؛ (۱) یار، آشنا، خیر خواہ (۲) محبوب۔

—— **آں باشد کہ گیرد دستِ دوست در پریشاں حالی و درماندگی**: (ف) (مقولہ) عزیز اور دوست وہی ہے جو کسی مشکل میں دستگیری اور امداد کرے۔

دوستانہ: (ف) مذکر؛ (۱) یاری، دوستی، محبت، یارانہ، (۲) محبت سے۔

—— **دار**: خیر خواہ، دل سوز، ہمراز۔

دوست داری: خیر خواہی، دل سوزی، دوستی۔

—— **رکھنا**: کسی چیز کو بہت عزیز رکھنا۔

دوستی: (ف) مونث؛ یارانہ، دوستانہ، پیار، محبت آشنائی۔

دوسرا: مذکر؛ (۱) دوم، ثانی، اور دیگر (۲) اجنبی غیر، (۳) مقابل، برابر کا۔

دوسرے تیسرے: کبھی کبھی۔

دوش: (۱) مذکر؛ قصور، گناہ، جرم، بھول، خطا، چوک، الزام۔

دُوشی: مذکر؛ قصوروار، مجرم، گناہگار۔

دُوش: (ف) مذکر؛ (۱) کندھا (۲) گزری ہوئی رات۔

—— **بہ دوش**: (ف) (۱) کاندھے سے کاندھا ملا کر (۲) (کنایتاً) اتفاق کے ساتھ، شرکت میں۔

دوشیزگی: (ف) مونث؛ کنوارا پن، بکارت۔

دوشیزہ: (ف) مونث؛ کنواری۔

دوشینہ: (ف) گزشتہ شب کا۔

دُورغ: (ف) مذکر؛ مونث؛ دہی، مٹھا (۲) رائتا۔

دُوغلا: مذکر؛ دونسلی، وہ جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں، کم اصل، کمینہ، کم ذات۔

دُوغلی بات: گول بات۔

دُوکان: دیکھو دُکان۔

دوکھ لگانا/ دوکھنا: (۱) بُرے کام سے منع کرنا، (۲) اعتراض کرنا، عیب لگانا، (۳) بات کاٹنا۔

دَوَل: مذکر؛ جمع دولت کی۔

دُولاب: مذکر؛ چرخ، رہٹ۔

دَولا مَولا: (۱) نیک، سیدھا، بھولا، (۲) بڑی ہمت والا، سخی۔

دولت: (ع) مونث؛ (۱) بخت، اقبال، نصیبا، ظفر، فتح مندی (۲) دھن، مال، زرِ نقد (۳) طاقت، حکومت، سلطنت (۴) (کنایتاً) اولاد، بیٹا، بیٹی (۵) بدولت، طفیل، (۶) دامنِ دولت، (۷) نعمت۔

—— **بے دار**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ (کنایتاً) وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں۔

—— **خانہ/ دولت سرا/ دولت کدہ**: (ف) محل سرا،

دوسرے کا گھر (تعظیماً)

دولت خداداد: (اضافت کے ساتھ) خدا کی دی ہوئی نعمت، کوشش کے بغیر حاصل کی ہوئی نعمت۔

—— کونین / دولتِ دارین: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ دونوں عالم کی نعمت۔

—— گڑی ہونا: روپے پیسے کی کان ہونا۔

—— لُٹے کوئلوں پر مُہر: (مثل) بجا خرچ کے لیے کفایت شعاری کی جائے اور بے جا خرچ کی پروا نہ ہو۔

دولت مند: (ف) مالدار، امیر۔

دولہا: مذکر؛ نوشاہ، شوہر۔

—— بھائی: مذکر؛ سالیاں بہنوئی کو کہتی ہیں۔

دولہن: دُلہن، عروس، دولہا کی بیوی۔

دوم / دومیں: (ف) دوسرا، دیگر، ثانی۔

دَوں: مونث؛ (ا) آگ، شعلہ، لَو، جنگلوں کی پتا در میں لگائی جانے والی آگ، (۲) پیاس، تشنگی، (۳) گرمی، حدت، حرارت (۴) سوزش، جلن (۵) جوش، ولولہ، شہوت۔

دَوں: مونث؛ (ا) لاف گزاف، شیخی، ڈینگ (۲) الاپ گانے میں آواز کا دوچند کرنا، اونچے سُر کی آواز۔

—— پر آنا: (ا) ڈینگ کی لینا، شیخی مارنا (۲) گانے میں آواز کا دوچند کرنا۔

—— کی اُڑانا: ڈینگ مارنا، خودستائی کرنا۔

—— پرست / دوں نواز: (ف) کمینے کی پرورش یا قدر کرنے والا، سفلہ پرور۔

دُوں: (ف) صف؛ حقیر، کمینہ، ذلیل۔

—— ہمّت: کم ہمت، پست ہمت۔

دَونا: مذکر؛ (ا) پتوں کا پیالہ (۲) دونوں میں رکھی ہوئی نیاز کی شیرینی۔

—— چڑھانا: پھول اور شیرینی کا دونا مزار وغیرہ پر چڑھانا۔

دُونا: مذکر؛ (ا) دُگنا، دوچند، دوبالا، (۲) دُہرا، ڈبل۔

دَونا مَروا: مذکر؛ ایک قسم کی خوشبو، گھاس، تلسی۔

دونگڑا: برسات کے شروع میں زور سے ہونے والی بارش۔

—— گرنا: تھوڑے وقفے میں زوردار بارش ہونا۔

دوہا: (۱) مذکر؛ (ا) ہندی صنفِ سخن، (۲) دو مصرعوں کا ہندی شعر جو مطلع کی شکل کا ہوتا ہے، بیت، فرد۔

دُوہائی: مونث؛ (ا) فریاد، دادخواہی، استغاثہ، (۲) پناہ، بچاؤ، امن خواہی، (۳) قسم، واسطہ، حلفت، سوگند، (۴) منادی، اعلان۔

تہائی کرنا / دوہائی مچانا: امداد کے لیے فریاد کرنا۔

دُوہنا: (۱) مذکر؛ دودھ نکالنا، دودھ نچوڑنا۔

دُوہنی: مونث؛ دودھ دوہنے کا برتن۔

د - ہ

دَہ: (ف) دس، عدد۔

—— چند: دس گنا، دس حصے۔

—— دَر دَہ: (ف) دس گز لانبا، دس گز چوڑا (حوض)

—— یک: مذکر؛ دسواں حصہ، $\frac{1}{10}$ خراج۔

دِہ / دیہہ: مذکر؛ (ا) قریہ، موضع۔

دِہات / دیہات: مذکر؛ جمع دہ کی۔

دِہاتی / دیہاتی: گنوار، گانو کا رہنے والا۔

دہاڑا: مذکر؛ (ا) درجہ، حال، گت (۲) درگت، بُرا لکھا، بُرا درجہ

دہاڑنا: شیر کا بولنا، غرّانا، گونجنا (۲) غل مچانا، چلّانا، شور کرنا، بچوں کا تیز آواز سے رونا۔

دہانہ: (ف) مذکر؛ (ا) منہ، دہن، (۲) روزن، سوراخ، زخم کا شگاف۔

دہانہ فرنگ: (ف) مذکر؛ ایک قسم کا سبز رنگ پتھر۔

دَہانہ: (ف) (ا) مُنہ، دہن (۲) دریا کے گرنے کا مقام۔ (۳) مشک کا منہ (۴) موری (۵) سرکش، شریر گھوڑوں کو لگائی جانے والی خاردار لگام۔

دَہائی: مونث؛ دس کا عدد، دسواں حصہ۔

دَہ بیٹھنا: (عو) (ا) صبر کرنا (۲) کسی بات کا دب جانا۔

دَہ جانا / ڈھ جانا: گر جانا۔

دَہر: مذکر؛ زمانہ، وقت، سماں۔

دہریا: دہری، زمانے کو قدیم جاننے والا، خدا کو نہ ماننے والا، مادہ پرست، منکر، لامذہب۔

دُہرا : مذکر، (۱) دوچند (۲) دُہرا بدن، (۳) دوتہ کا کپڑا، (۴) (عم) سپاری کا ٹکڑا۔
—— بدن : موٹا بدن۔
—— تہرا : دوچند، سہ چند۔
—— دُہرا : (عو) دو دو۔
دُہرانا : (۱) دوتہ کرنا، دُہرا لپیٹنا، (۲) کوئی کام دوسری مرتبہ کرنا، اعادہ کرنا، دوبارہ کہنا، کسی کی بات کو نقل کرنا (۳) دور کرنا، کسی عبارت کو بار بار پڑھنا، (۴) سینا۔
دُہراؤ : مذکر؛ اعادہ۔
دُہری آواز : اکہری آواز کی ضد، دُھرپتیوں کی آواز۔
—— بات : مونث؛ دو پہلو والی بات۔
دَہر دَہر جلنا / دھڑ دھڑ جلنا : کسی چیز کا آگ لگ جانے سے شعلہ زن ہونا۔
دَہریت : (ع) مونث؛ خدا کے وجود سے انکار، مادہ پرستی۔
دِہش : (ف) مونث؛ بخشش، (اُردو میں دار کے ساتھ مستعمل ہے)
دہشت : (ف) مونث؛ ڈر، خوف۔
—— انگیز : (ف) ڈراؤنا، ہیبت ناک، بھیانک۔
—— پسند : (سیاسی اصطلاح) حصولِ مقصد کے لیے قتل و خوں ریزی میں یقین رکھنے والا (د) ہنسا وادی۔
—— زدہ : (ف) ڈرا ہوا، سہما ہوا۔
—— ناک : (ف) دہشت انگیز، دہشت سے بھرا ہوا۔
دَہقاں : مذکر؛ گنوار، رہائی۔
دَہقانی : (۱) (دیہاتی، اُجڈ (۲) مذکر؛ گنوار، دہقان۔
دَہقانیت : مونث؛ گنوارپن۔
دَہکانا : سلگانا، جلانا۔
دَہکنا : (۱) آگ کا بھڑکنا، آگ کا روشن ہونا، بھڑکنا۔ (۲) بدن کا خوب گرم ہونا۔
دَہل : مونث؛ تردد، گھبراہٹ، ڈر۔
دَہلنا : (۱) ڈرنا، خوف کھانا (۲) زمین کا جنبش میں آنا۔
دُہل : مذکر؛ ڈھول۔
دَہلا : مذکر؛ تاش کا دس نشان والا پتہ۔
دہلی : (۱) مونث؛ دہلیز، چوکھٹ، آستانہ۔
دِہلی : مونث؛ ہندوستان کا دارالسلطنت، راجدھانی، شہر دِلّی۔
—— کا کوتوال : (کنایتاً) مغرور، نازک مزاج۔
دہلوی : دہلی کا باشندہ۔
دہلیز : (ف) مونث؛ چوکھٹ۔
—— چومنا : (کنایتاً) قدم بوس ہونا۔
—— کا کُتّا : مذکر؛ (۱) دروازے پر بیٹھا رہنے والا کتا (۲) (مجازاً) مفت خورا۔
—— کی مٹی لے ڈالنا : (کنایتاً) کثرت سے آنا، متواتر گھر پر آکر تقاضا کرنا، بہت سے پھیرے کرنا، پھیرے پہ پھیرے کرنا۔
—— نانگھنا / دہلیز لانگنا / دہلیز اُلانگنا : (عم) دروازے سے باہر قدم رکھنا، ایک گھر سے دوسرے گھر جانا۔
—— نہ جھانکنا : (۱) دروازے تک نہ جانا، (۲) پردے میں رہنا۔
دَہم : (ف) (۱) دسواں حصہ، دسواں نمبر (۲) محرم کی دسویں تاریخ۔
دہن : مذکر؛ دہانا کا مخفف، منہ۔
—— زخم : (ف) اضافت کے ساتھ) زخم کا شگاف۔
—— زخم کا بھرنا : (اضافت کے ساتھ) شگاف زخم کے بڑھنے کا بھرنے سے استعارہ۔
—— سگ بہ لقمہ دوختہ بہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) (مثل) کسی شخص کو اس کی ایذا سے بچنے کے لیے کچھ دے ڈالنا۔
—— فرنگ / دہنہ فرنگ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ دہانۂ فرنگ، ایک قسم کا پتھر۔
دُہن : (ع) مذکر؛ روغن۔
دَہنا : داہنا، سیدھا۔

دُہنی: مونث، دودھ رکھنے یا دُہنے کا برتن۔
دُہنیت: (ع) مونث، روغن، چکنائی، چربی، چکناہٹ۔
دَہی: مذکر، خاص طریقے سے جما ہوا دودھ، مٹھا۔
—— بڑے: مذکر، ایک قسم کا کھانا، دہی میں بڑے ڈالا ہوا مرکب۔
—— دہی کرنا: (عو) کسی امر پوشیدہ کا جابجا اظہار کرتے پھرنا۔
—— مچھلی: (عو) کسی کے ارادۂ سفر پر شگون نیک کے لیے یہ کلمہ مکرر کہنا، (ایک رسم)
دَہے: (۱) محرم کے دس دن (۲) مرثیہ یا بین کی ایک قسم جس کو دیہاتی عورتیں لَے کے ساتھ پڑھتی ہیں۔
دَہیز: مذکر، جہیز۔
دُہینڈی: مونث، دودھ دوہنے کی ہانڈی۔

د ۔ ی

دَے: (ف) مذکر، ایران کے شمسی مہینوں میں دسویں مہینے کا نام (دیکھو آذر)
دِے: دینا سے امر کا صیغہ۔
—— دینا: دے ڈالنا، کسی کے حوالے کرنا، بخشنا۔
دِیا: دینا کا ماضی مطلق، دیا ہوا، بخشا ہوا، عطا کیا ہوا۔
—— کھانا: (کنایتاً) کسی کی مدد سے بسر اوقات کرنا۔
دَیا: (ہ) مونث، مہربانی، بخشش، رحم دلی۔
دَیالو: (ہ) بخشش کرنے والا، سخی، رحم دل، مہربان۔
دِیا: (ہ) مذکر، چراغ، لیمپ۔
—— بتی کرنا: چراغ جلانا، چراغ روشن کرنا۔
—— سلائی: مونث، (۱) ماچس، دیا یا آگ جلانے کی تیلی۔ (۲) (کنایتاً) لڑائی کی آگ لگانے والی عورت۔
—— لیا: مذکر، خدا کی راہ پر دیا ہوا، بھلائی۔
—— لیا آڑے آنا: خیر خیرات کا کام آنا۔
—— لیا آگے آنا: خیر خیرات کا ناگہانی آفت میں ڈھال بن جانا۔
دیے کا چراغ نہیں بڑھتا: (مثل) جود و بخشش سے ہمیشہ یادگار باقی رہتی ہے۔
دِیے کی روشنی محشر تلک ہے: (مثل) خیرات کرنے والے کا نام ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔
دِیار: (ع) مذکر، (مجازاً) ملک، شہر۔
دیانت: (ع) مونث، ایمانداری، راستی، صدق، امانت۔
—— دار: (ف) ایماندار، سچا، راست باز، صادق، امین۔
دِیبا: (ف) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
دیباچہ / دیباچہ: (ف) مذکر، مقدمہ کتاب، تمہید۔
دیبی: (ہ) مونث، ملکہ، رانی، بھوانی، دیوی۔
—— کھیلنا: دیبی کا سر پر آنا، مجنونانہ حرکتیں کرنا۔
دیپ: مذکر، (۱) جزیرہ، ٹاپو، بر اعظم۔
دیپک: مذکر، (۱) آگ لگا دینے والا ایک راگ، (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔
دیپ مالا: (ہ) مذکر، چراغوں کی قطار، چراغاں، دیوالی۔
دِیت: (ع) مونث، خوں بہا۔
دیجور: (ع) تاریک۔
دید: (ف) مونث، دیدار، نظارہ، نگاہ، نظر۔
—— بازی: مونث، آنکھیں لڑانا۔
—— بان: (ف) مذکر، (۱) وہ سوراخ جس سے قلعہ کے لوگ دیکھتے ہیں۔ (۲) پاسبان، اونچی جگہ پر بیٹھ کر اطلاعات بہم پہنچانے والا نگہبان۔
—— شنید: کسی سے واقفیت۔
—— نہ شنیدہ / دیدہ نہ شنیدہ: عجیب، دیکھی نہ سنی۔
دیدنی: دیکھنے کے قابل، تماشا، نظارے کے قابل۔
دید و باز دید: (ف) مونث، ملاقات، ایک کا دوسرے کی ملاقات کے لیے جانا۔
دید و شنید: مونث، دیکھنا، سننا، سرسری ملاقات۔
دیدار: (ف) مذکر، جلوہ، نظارہ، صورت، چہرہ۔
—— دیکھنا: صورت دیکھنا۔

دیدار رُو: دیکھنے کے قابل، شکیل، وجیہہ صورت شکل کا اچھا۔
دیدہ: (ف) مذکر؛ (۱) آنکھ، آنکھ کا ڈھیلا (۲) دلیری جرأت، بیباکی۔
——بازی: (ف) مونث؛ نظربازی۔
——بڑا ہونا: ڈھیٹ ہونا، شوخ ہونا۔
——بیٹھ جانا: دیدہ کا دھنس جانا، روشنی جاتی رہنا۔
——پھٹا ہونا: (کنایتاً) نڈر ہونا، بیباک ہونا۔
——دلیل: (عو) شوخ چشم، بیباک، بے شرم، نڈر۔
——دیکھنا: حوصلہ دیکھنا، جرأت دیکھنا۔
——ریزی: مونث؛ آنکھوں پر زور ڈالنے والا باریک کام، کسی کام میں نہایت غور کرنا۔
——ودانستہ: (ف) قصداً، عمداً، جان بوجھ کر۔
——وَر: (ف) صاحب نظر، ہوش مند، بینا، دانا۔
——ہَوائی ہونا: (کنایتاً) اِدھر اُدھر تماشا دیکھتے پھرنے کا شوق ہونا۔
دیدوں پھوٹی: (عو) مونث؛ (تحقیر و تذلیل سے) اندھی۔
——سے کاجل چُرانا: (عو) بڑی صفائی سے چوری کرنا۔ آنکھوں آنکھوں میں چوری کرنا۔
——میں چربی چھانا: (عو) نشیب و فراز نہ سوجھنا، اچھے برے کی تمیز نہ رہنا۔
دیدے اُلٹ جانا: (کنایتاً) نزع کا عالم ہونا۔
—— بدلنا: (کنایتاً) بے مُرخی اختیار کرنا، بے مروّت ہونا۔
——پٹم ہوجانا / دیدے پٹم ہونا: اندھا ہوجانا بصارت نہ رہنا۔
——پھٹے ہونا: کسی چیز کا نگاہ میں نہ سمانا۔
——تلوؤں سے مَلنا: (کنایتاً) بے انتہا خوشامد کرنا۔
——گھٹنوں کے آگے آئے: (عو) (بددعا) اندھا ہوجائے، لنگڑا ہو جائے۔
—— نکالنا: (۱) خشمگیں آنکھوں سے دیکھنا، غضبناک نظروں سے دیکھنا، آنکھیں نیلی پیلی کرنا، غصّہ کرنا (۲) آنکھ کے ڈھیلے کو اس کی جگہ سے باہر نکالنا۔
دَیر: (ف) مذکر؛ بُت کدہ، بُت خانہ۔
دِیر: (ف) مونث؛ وقفہ، عرصہ، توقف، مدت۔
——آشنا: (ف) دیر میں بے تکلف ہونے والا شخص۔
——آید درست آید: (ف) (مقولہ) جو کام دیر میں سوچ سمجھ کر ہوتا ہے وہ ٹھیک ہوتا ہے۔
——پا: (ف) پائیدار، مستحکم، مضبوط۔
——سویر: مونث؛ کچھ دیر پہلے یا کچھ دیر بعد میں۔
——ہونا: توقف ہونا، عرصہ ہونا، وقت گزارنا، دیر کرنا۔
دیری: مونث؛ دیر۔
دیرین / دیرینہ: (ف) کہنہ، پُرانا۔
دیرینہ سال: (ف) کہن سال، پُرانا۔
دیس: مذکر؛ (۱) ملک، ولایت، صوبہ، (۲) وطن (۳) ایک راگ کا نام۔
——بدیس پھرنا: سیر و سیاحت کرنا، شہر بہ شہر پھرنا، مارا مارا پھرنا۔
——نکالا دینا: جلاوطن کرنا، شہر بدر کرنا۔
دیسی: (۱) وطنی، وطن کا، ملک کا شہر کا (۲) وہ چیز جو وطن میں پیدا ہو۔
دیسیا: مذکر؛ برسی، مُردے کا ہر سال ہونے والا فاتحہ۔
دیش: (ہ) مذکر؛ ملک، وطن۔
——بھگت: (ہ) مذکر؛ محبِ وطن۔
دیشی: (ہ) مذکر؛ ملکی، ملک کا، ہم وطن۔
دیکھ: دیکھنا کا اَمر۔
——بھال: مونث؛ (۱) تلاش، جستجو، کسی چیز کو غور سے دیکھنا (۲) تیمارداری، نگرانی، آگاہی۔
—— کر: (۱) واقف اور آگاہ ہو کر، جان بوجھ کر (۲) سوچ سمجھ کر۔
دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ: (مثل) موقع محل نہیں دیکھا، جا بے جا نہیں دیکھا۔
دیکھا بھالا: مذکر؛ آزمودہ، تجربہ کیا ہوا۔

دیکھا بھالی : مونث؛ (۱) تلاش، جستجو (۲) دیدہ بازی، نظارہ، کسی چیز کو غور سے دیکھنا، دیکھ ریکھ۔

ـــــ دیکھی : مونث؛ کسی کام کو کرتے دیکھ کر آپ بھی ویسا کرنے لگنا۔

ـــــ نہ بھالا : جان نہ پہچان، دیدہ نہ شنید۔

ـــــ نہ بھالا، صدقے گئی خالہ : (ع و) (مثل) بے دیکھے بھالے کسی کی تعریف کرنے والا۔

ـــــ نہ سُنا : (۱) لاثانی، بے نظیر، ظرفہ، انوکھا (۲) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا۔

دیکھ لینا : (۱) آزمائش کرنا (۲) سمجھ لینا، بدلا لینا۔

دیکھنا : معائنہ کرنا، نظر کرنا، نظر ڈالنا، ملاحظہ کرنا (۲) خیال رکھنا، نظر رکھنا، (۳) خیال کرنا، غور کرنا، (۴) تلاش کرنا، ڈھونڈنا (۵) مشاہدہ کرنا، آزمانا، امتحان کرنا، پرکھنا، جانچنا، (۶) خبردار ہونا ہوشیار ہونا، لحاظ کرنا، خیال کرنا، (۸) سوچنا، سمجھنا، سمجھ بوجھ کے کوئی کام کرنا (۹) پانا (۱۰) آگاہ کرنا (۱۱) خیال رکھنا (۱۲) بدلا لینا، (۱۳) برداشت کرنا (۱۴) فرق کرنا، تمیز کرنا (۱۵) کتابتاً، پڑھنا، مطالعہ کرنا۔

ـــــ بھالنا : (۱) غور کر کے دیکھنا، (۲) تلاش کرنا۔

دیکھنے جانا : ملاقات کرنے جانا، بیمار کی عیادت کے لیے جانا۔

ـــــ کو : برائے نام۔

ـــــ والا : صحبت یافتہ، فیض یافتہ، معتقد، مرید۔

دیکھیے اونٹ کس کل کروٹ بیٹھے : دیکھیے انجام کیا ہو۔

دیگ : (ف) مونث؛ کھانا پکانے کا بڑا سا ظرف۔

ـــــ چہ : (ف) مذکر؛ دیگ کی تصغیر، چھوٹی دیگ۔

ـــــ چی : (ف) مونث؛ پتیلی۔

ـــــ دان : (ف) مذکر؛ چولھا۔

دیگیں کھنکھنا : دیگیں پکنا، دیگیں چڑھنا، بہت سی دیگوں کی آواز نکلنا۔

دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے : (مثل) بڑی مقدار میں سے تھوڑا سا حصہ بھی بہت ہے۔

دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں : (مثل) ایک ـــــ میں سے ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں، اسے سب کی جانچ ہو جاتی ہے۔

دیگر : (ف) دوسرا، اور۔

دیمک : (ف) مونث؛ ایک قسم کا مشہور سفید چیونٹی کی شکل کا کیڑا جو لکڑی اور کتابوں کو چاٹ کر خاک کر دیتا ہے۔

ـــــ کا چاٹنا / لگنا : دیمک کا کھا جانا۔

دَین : (ع) مذکر؛ قرض، اُدھار۔

ـــــ مہر : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ مہر کا قرضہ۔

دین : (ع) مذکر؛ (۱) مذہب (۲) عاقبت، آخرت، دوسرا جہاں، عقبا۔ (۳) مشرب۔

ـــــ پناہ : (ف) حامیِ دین، دین کا معاون۔

ـــــ دار : (ف) فرائض مذہبی پورا کرنے والا، پابندِ شرع۔

ـــــ دُنیا سے جانا : دونوں جہان کے فائدے سے محروم ہونا۔

دینیات : (ع) مونث؛ دین سے تعلق رکھنے والے مسائل کا علم اور اس سے متعلق کتابیں۔

دِین : مونث؛ بخشش، داد و دہش، عنایت۔

ـــــ دار : مقروض۔

ـــــ لین : مذکر؛ داد ستد، لین دین۔

دینا : (۱) بخشنا، عطا کرنا، مرحمت کرنا (۲) حوالہ کرنا، سونپنا (۳) جدا کرنا، بیچنا، فروخت کرنا (۴) مقرر کرنا، معین کرنا (۵) نذر کرنا، پیش کرنا، ہدیہ دینا (۶) بچے دینا، جننا (۷) ادا کرنا، بے باق کرنا، چکانا (۸) بند کرنا (۹) قرض۔

ـــــ دِلانا : داد و دہش۔

ـــــ نہ لینا : ناحق، بے فائدہ۔

دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں : (مقولہ) خدا ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے۔

دِینار : (ع) مذکر؛ (۱) ملک عرب کا ایک سکہ، (۲) ایک شربت کا نام۔

دینارِ سُرخ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ اشرفی، سونے کا سکّہ،

دیو : (ف) (ا) سرکش، متمرّد، بعض فرقوں کا معبود۔ (۲) مذکر؛ بھوت، پریت، شیطان، خناس، (۳) (مجازاً) قوی ہیکل مرد، پہلوان، نہایت لمبا تڑنگا، موٹا تازہ آدمی۔

—— بند: ایک قسم کی کشتی کا پیچ۔

—— دار: مذکر؛ چیڑ کا درخت۔

—— کا سایہ: بَلا، عفریت کا آسیب۔

دیونی : مونث؛ دیو کی بیوی۔

دیو : (ا) مذکر؛ دیوتا، بزرگ، مقدس، پاک برہمنوں کا عرف، قابلِ پرستش۔

دیوار (ف) مونث؛ (ا) مٹی یا اینٹوں کی دیوار (۲) اوٹ پردہ، ٹٹی۔ (۳) (کنایتاً) نابینا (۴) متیر (۵) انگیا کی دیوار، ٹوپی کی دیوار۔

—— اُٹھنا: (ا) دیوار کا تعمیر ہونا، (۲) (کنایتاً) حجاب ہونا (۳) جُدائی ہوجانا، اختلاف ہونا۔

—— بَن جانا: (کنایتاً) بے حس و حرکت ہوجانا۔

—— بیٹھ جانا: دیوار کا دھنس جانا، منہدم ہوجانا۔

—— پہقہ: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ایک روایتی دیوار

—— جس کی نسبت مشہور ہے کہ جو کوئی اس دیوار کے اوپر سے دوسری طرف دیکھتا ہے تو ہنستے ہنستے مرجاتا ہے۔

—— کے بھی کان ہوتے ہیں: (مثل) بے حد احتیاط سے گفتگو کرو، بھید کے چھپانے میں بہت کوشش کرنا چاہیے، مخالف دیوار کی پشت سے بھی کان لگا کر دوسروں کی باتیں سنتے ہیں۔

—— کی چوٹی: دیوار کا سرا۔

—— گیری: مونث؛ (ا) دیواروں پر خوش نمائی کے لیے لگایا ہوا کپڑا (۲) دیوار میں لگانے کا لیمپ۔

—— میں چُنا جانا: پرانے زمانے میں باغیوں کو دیوار میں زندہ چُنوا دینے کی سزا۔

دیوالی : (ع) مونث؛ دیکھو دوالی۔

دیوان : مذکر؛ (ا) دربار شاہی، عدالت کچہری (۲) وزیر، وزرا سلطنت، وزیر مال، محکمہ مال کا بڑا افسر (۳) مقام دربار، مقام اجلاس، آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ، بادشاہوں کی نشست گاہ (۴) کسی شاعر کی غزلوں کا مجموعہ۔

—— اعلا: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وزیر اعظم (قدیم)

—— خاص: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ دربارِ خاص، اجلاس خاص لوگوں کا دربار، شاہی خلوت خانہ۔

—— خالصہ: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سلطانی مہر کا محافظ وہ شخص جس کے پاس شاہی مہر رہے، معتمد الدولہ۔

—— خانہ: مذکر؛ (ا) مردانہ نشست گاہ (۲) ملاقات کا کمرا، بیٹھک (۳) اہلِ دفتر کے بیٹھنے کا مقام۔

—— عام: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ دربار عام، بڑے دربار یا عام دربار کا مکان۔

دیوان پَن : (ع) مذکر؛ (ا) دیوانہ پن، جنون، سودا، وحشت (۲) نادانی، بے وقوفی۔

دیوانہ/ دوانہ : مذکر؛ (ا) مجنوں، پاگل، سڑی، (۲) عاشق وارفتہ۔ (۳) خبطی۔

—— بکارِ خویش ہشیار: (ف) (مثل) دیوانہ کی دیوانگی پر نہ جاؤ اپنے معاملے میں بات ہوشیاری کی کہتا ہے۔

—— پن: مذکر؛ دیوانگی۔

دیوانی : مونث؛ (ا) پگلی، سڑن، باؤلی، خبطی، عورت (۲) جائیداد کے مقدمے کا فیصلہ کرنے والی عدالت (۳) (کنایتاً) عاشق عورت۔

—— ہانڈی: (ع) مونث؛ مختلف ترکاریاں ڈال کر پکائی ہوئی ہانڈی۔

—— باتیں کرنا: اوّل فوّل بکنا۔

دیُوبانی : (ع) مونث؛ خدائی آواز، صدائے لاہوتی، ندائے غیب۔

دیُو بیلا : (ع) مونث؛ (ا) رات کے آخری اور دن کے پہلے لمحوں کے ملاپ کا وقت (۲) خدا کے قرب کا لمحہ۔

دیوتا: (اصطلاح اہلِ ہنود) مذکر؛ (۱) فرشتہ، اوتار، بزرگ، مقدس (۲) بھولا بھالا، سادہ لوح، (۳) (طنزاً) مکار، شریر، متقشی (۴) سانپ، ناگ۔

دیوٹ: مذکر؛ (۱) چراغ دان، شمع دان (۲) (کنایتاً) کالا آدمی، کالا کلوٹا۔

دَیّوث: (ع) مذکر؛ (۱) بے حمیت، بے عزت، بے حیا، بے شرم (۲) اپنی بیوی کے افعال قبیحہ سے چشم پوشی کرنے والا۔

دِیوداسی: (ہ) مونث؛ مندر کی رقاصہ، مندر کی خدمت کے لیے وقف لڑکی۔

دیور: مذکر؛ خاوند کا چھوٹا بھائی۔

دیوزاد: (۱) دیو کی اولاد، (۲) قوی، ہیکل۔

دیو کا دیو: نہایت موٹا، لحیم شحیم۔

دیورانی: مونث؛ دیور کی بیوی، خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔

دیوکنیا: (ہ) مونث دیوتاؤں کی بیٹی، دیوی۔

دیوَل: (ھ) مذکر؛ چھوٹا مندر۔

دیولا: (ہ) مذکر؛ دیا سلائی کا چھوٹا چراغ۔

دیولوک: (ہ) مذکر؛ دیوتاؤں کی دنیا، عالمِ جاودانی۔

دیومالا: (ہ) مونث؛ (۱) دیوی دیوتاؤں کی کہانیاں (۲) اساطیر، علم الاصنام۔

دیوناگری: مونث؛ ناگری زبان، ہندی حروف۔

دیوہرا: (ہ) مذکر؛ بت خانہ۔

دِیہہ: (ہ) مذکر؛ تن، جسم، بدن۔

دیہی: (ف) صفت؛ دیہہ سے منسوب، گاؤں کی، دیہاتی مصافاتی۔

دَیہیم: (ف) مذکر؛ شاہی تاج۔

د-ھا

دھا: مذکر؛ (۱) لے، سر، آہنگ (۲) چھٹا سر۔

دھات: مونث؛ (۱) پگھلنے کی صلاحیت رکھنے والا کانی جوہر جیسے رانگ، تانبا، چاندی، سونا، سیسہ، جست، ٹین وغیرہ (۲) پیشاب کے ساتھ خارج ہوا لاسفید مادہ۔

دھار: (ہ) مونث؛ بہاؤ، لہر۔

دھار: مونث؛ (۱) لکیر، خط (۲) کسی رقیق چیز کا تریرا (۳) باڑھ تلوار اور خنجر وغیرہ کی (۴) دریا کا بیچ جہاں پانی زور سے بہتا ہے۔

___ باندھنا: سحر یا جادو کے زور سے دھار کو کند کر دینا، نکما کر دینا۔

___ بند ہو جانا: دھار کند ہو جانا۔

___ بیٹھ جانا: دھار کا کند ہو جانا۔

___ پر مارنا: (کنایتاً) خاطر میں نہ لانا، حقیر جاننا، خیال میں نہ لانا، محض بے حقیقت ناچیز اور نالائق سمجھنا۔

دھار چڑھانا: گنگا یا جمنا پر منت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا۔

___ چھوٹنا: زور سے دھار نکلنا۔

___ دار: باڑھ دار، تیز۔

___ رکھنا: تیز کرنا، باڑھ رکھنا۔

___ گرنا: کند ہونا، دانتے پڑنا، دھار نہ رہنا۔

___ لینا: تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پینا، منہ میں دودھ کی دھار لینا۔

___ لگانا/مارنا: پیشاب کرنا، موتنا۔

___ نکالنا: دودھ دوہنا، دودھ نکالنا۔

دھارا: مذکر؛ (۱) دریا کی وسط کی روانی، (۲) مونث؛ (۲) موج، لہر، بہاؤ، سوتا۔

دھارنا: کسی عضو پر گرم پانی کا تریرا ڈالنا۔

دھاری: مونث، لکیر، خط، سیدھا خط۔

___ دار: وہ چیز جس پر خط پڑا ہو۔

دھاڑ: مونث؛ ایک گروہ کا اکٹھا ہو کر حملہ کرنا، لوٹنا (اردو میں تنہا مستعمل نہیں، مار دھاڑ کی ترکیب کے سوا مستعمل ہے)

___ کی دھار: (دہلی) گروہ کے گروہ۔

دھاڑیں مارنا/مار کر رونا: چلانا، چیخنا، واویلا کرنا،

زار زار رونا۔

دھاک : مونث؛ (۱) رُعب (۲) دھوم (۳) ڈر، خوف دہشت۔

——باندھنا/بٹھانا: رُعب بٹھانا۔

——بیٹھ جانا: رُعب بیٹھ جانا۔

——جمانا: رُعب قائم کرنا۔

دَھاگا: مذکر؛ (۱) تاگا (۲) فریب، دھوکا، جھانسا دینا۔

——ڈالنا: دھاگا پرونا، سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

دھامن: مونث (۱) ایک قسم کا لمبا ساٹ (۲) کمان اور غلیل وغیرہ بنانے کا ایک قسم کا بانس (۳) ایک قسم کی عمدہ گھاس۔

دھان: مذکر (۱) چھلکوں سمیت چاول (۲) چاولوں کا پودا۔

——پان: دُبلا، پتلا، لاغر، نازک اندام۔

دھانی: (۱) ہلکا سبز رنگ (۲) زمین دھان بونے کے قابل (۳) ایک قسم کا چاول۔

دھاندلی: مونث؛ امر واجبی کو چھپانا۔

دھانس: مونث؛ چھینکیں لانے والی سوکھی تمباکو یا تیز مرچ کی بُو۔

دھانسنا: (۱) زمین میں دھنسا دینا، (۲) گھوڑے کا کھانسنا (۳) ڈرانا، دھمکانا۔

دھانک: مذکر؛ کمان دار تیر انداز، تیر اور کمان سے مسلح چوکیدار، (۲) ایک پہاڑی قوم کا نام۔

دھانگڑ: مذکر؛ کنویں اور تالاب کھودنے کا کام کرنے والی ایک برادری کا نام۔

دھاوا: مذکر؛ چڑھائی، بڑا حملہ۔

——بول دینا: حملہ کر دینا۔

——کرنا: چڑھائی کرنا، یورش کرنا، حملہ کرنا، چڑھ کر جانا۔

——مارنا: بڑا لمبا سفر طے کرنا، دور تک یورش کرنا۔

دھاوَت: (۱) مذکر؛ شہدوں کا سرگروہ۔

دَھائیں: دھاں، توپ کی آواز، دھوں۔

——دَھائیں: مونث؛ بندوقوں، توپوں کی متواتر آواز۔

——دھائیں کرنا: چائیں چائیں کرنا، شور مچانا، اپنا راگ گانا۔

دھبّا: مذکر؛ (۱) داغ، نشان، ٹیکا (۲) (کنایتاً) عیب، بے جا تہمت۔

——پڑنا: داغ لگنا، نشان پڑنا۔

——لگنا: (۱) داغ لگنا، کسی چیز کا داغی ہو جانا (۲) عیب لگنا، عیب دار ہونا۔

دَھبُلا: مذکر؛ عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند، لہنگا، بے قطع ڈھیلا پاجامہ۔

دَھپ: مونث؛ تھپڑ، دھول۔

دَھت: مونث؛ (۱) لت، عادت، خراب عادت، دھن۔

——پڑنا/لگنا: عادت پڑنا، لت لگنا۔

دَھتیا: عادی۔

دُھت: (۱) نشہ میں چور (۲) دُت (دور ہو)

دَھتا: مذکر؛ ٹال مٹول، دُھتکار (۲) مکر، فریب، دھوکا۔

——بتانا: ٹالنا، رفو چکر کرنا، چھوڑنا، ترک کرنا، علاحدہ کرنا، نکال دینا۔

——دینا: دھوکا دینا، جُل دینا، فریب دینا۔

دُھتکار: مونث؛ لعنت ملامت۔

——بتانا: ذلیل کر کے ترک کرنا۔

دُھتکارنا: نکالنا، لعنت، ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔

دھتورا: مذکر؛ کانٹوں بھرا زہریلا پھل۔

دھتوریا: مذکر؛ مسافروں کو دھتورا کھلا کر لوٹنے والوں کا ایک گروہ۔

دُھتیا: مونث؛ چھوٹی دھوتی۔

دَھج: مونث؛ (۱) طرز، روش، انداز، (۲) وضع۔

——بدلنا: (۱) صورت بدلنا، لباس بدلنا، طرز بدلنا (۲) (پٹے بازی میں) ٹھاٹھ بدلنا۔

——بنانا: کوئی وضع بنانا، نئی وضع پیدا کرنا۔

دھجیلا: مذکر؛ خوش اندام، وضع دار، سجیلا، جامہ زیب۔

دھجّی: مونث؛ کاغذ یا کپڑے کی لانبی پٹی، کترن، کم عرض والی کترن۔

ـــــ ہوجانا: کمزور اور لاغر ہوجانا، بیماری کے باعث زرد یا سفید رنگ نکل آنا۔
دھجیاں اُڑانا: (لباس۔ کپڑے، کاغذ کے) پارہ پارہ کرنا، پاش پاش کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) (کنایتاً) ذلیل کرنا، رسوا کرنا، خوب خبر لینا، شرمندہ کرنا، نکتہ چینی کرنا، اعتراض کرنا۔
ـــــ اُڑنا: (۱) (لباس، کپڑے، کاغذ کے) پارہ پارہ ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، پُرزے پُرزے ہونا (۲) برائی بیان ہونا، رسوائی ہونا۔
ـــــ بکھیر دینا: ادھیڑ دینا، منتشر کر دینا، افشائے راز کرنا، توہین کرنا۔
ـــــ کرنا: پُرزے پُرزے کرنا۔
ـــــ لگانا/دھجیاں تن پر لگانا: (کنایتاً) پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔
ـــــ لگنا: غریبی یا مفلسی کے باعث کپڑے پھٹ جانا نہایت غریب اور مفلوک الحال ہوجانا۔
ـــــ لینا: لکنوٹ (کنایتاً) (۱) شرمندہ ہونا، (۲) جامہ و لباس کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دُھچکا: (مذکر) (۱) ہچکولا، صدمہ، دھکا، جھٹکا، (۲) (کنایتاً) نقصان۔
دھدھک: مونث، جلتی ہوئی آگ کا شعلہ۔

دھ - ر

دَھر: حرف اختصاص، اُردو میں انحصار کے معنی دیتا ہے۔
ـــــ پکڑ: مونث، گرفتاری۔
ـــــ پکڑنا: ماخوذ کرلینا، پھانس لینا، جلدی سے پکڑ لینا۔
ـــــ چھوڑنا: رکھ لینا۔
ـــــ دبانا: مغلوب کرلینا، دبوچ لینا۔
ـــــ دھر کے پیسنا: زور کرکے پیسنا۔
دَھر دھمکنا: (۱) (دفعتاً آجانا) جا پہنچنا (۲) (کنایتاً) خواہ مخواہ کوئی فعل کرنا۔
ـــــ رکھنا: رکھ چھوڑنا، چھپا رکھنا، پکڑ رکھنا، تھام لینا، روک لینا۔
ـــــ کے کسنا: سخت پکڑنا۔
ـــــ کے مروڑنا: زور کرکے مروڑنا۔
ـــــ گھسیٹنا: زور سے گھسیٹنا۔
ـــــ لپکنا: سب کام چھوڑ چھاڑ کے لپکنا۔
ـــــ لینا: (۱) رکھ لینا (۲) (کنایتاً) متواتر حملہ کرنا، (۳) لعنت ملامت کرنا، قائل معقول کرنا۔
دُھر: مذکر (۱) مسافت کی انتہائی دوری (۲) اختتام منزل مقصود تک پہنچانے کا سیدھا راستہ۔
ـــــ اُدھر: سرے سے انجام تک۔
ـــــ سے: ابتدا سے جڑ سے بنیاد سے۔
ـــــ سے۔ دُھر تک: ابتدا سے انتہا تک۔
ـــــ کا: اعلیٰ درجہ کا، چوٹی کا۔
دُھرا: مذکر، (۱) محور، حد (۲) لوہے کی وہ سلاخ جس پر گاڑی کا پہیا پھرتا ہے۔
دھرا/دھرے جانا: پکڑا جانا (کنایتاً) کسی آفت میں مبتلا ہونا۔
دھرا جائے/دھری جائے نہ اٹھائی جائے: بہت پیچ دار، قبول کی جاسکے نہ رد کی جاسکے۔
ـــــ دُھنکا: مذکر، رکھا رکھایا، بچا کھچا۔
ـــــ رہنا/دھری رہنا: (۱) بے کار ہونا، معطل ہونا۔ بے سود ہونا (۲) رکھا رہنا۔
دِھرانا: دھمکی دینا، ڈرانے والی بات کسی کو ڈرانا۔
دُھرپت/دُھرپد (ہ) مونث، ہندوستانی گانے کا ایک قدیم طرز۔
دَھرتی (ہ) مونث، زمین، دنیا، جہان۔
ـــــ کا پھول: (۱) کنکرمنا (۲) مینڈک (۳) کنایتاً، (نو دولت)۔
دَھرکار: مذکر، نرکل چیر کر اس سے مختلف چیزیں بنانے والا کاریگر۔

دھرم : مذکر؛ (۱) ایمان، عقیدہ، انصاف (۲) قاعدہ دستور، (۳) مذہب، ملت۔
—— بگاڑنا : دین کھونا، ایمان کھونا۔
—— سالا/شالا : مذکر؛ مسافرخانہ، خانقاہ۔
—— شاستر : مذکر؛ اہلِ ہنود کا مذہبی قانون، فقہ۔
—— لگتی کہنا : ایمان سے کہنا۔
دھرماتما : مذکر؛ دھرم والا، عابد، فیاض، سخی۔
دھرن : (عو) مونث؛ ناف، نلا، بچہ دان۔
دھرنا : (۱) رکھنا (۲) قائم کرنا، ٹکانا، بٹھانا، جمانا، جگہ قرار دینا (۳) سپرد کرنا، تحویل کرنا، ودیعت کرنا (۴) گروی رکھنا، رہن رکھنا، ضمانت میں دینا، امانت رکھنا (۵) پکڑنا، قبضہ کرنا (۶) ڈھئی دستک۔
—— دینا : جم کر بیٹھنا، قرض خواہ کی طرح جم جانا، دستک دینا۔
دھرے دھرے : رکھے رکھے۔
دھروا دینا : (۱) کسی کو گرفتار کروا دینا (۲) رکھوا دینا۔
دھرونا : ہندو لڑکی کی دوسری شادی۔
دھرونا/دھڑوڑ : مونث، امانت، تحویل۔
دھرے اڑانا : (۱) مار پیٹ کرنا، دُرّے لگانا، چابک مارنا، (۲) ذلیل کرنا، رسوا کرنا۔
دھڑ : مذکر؛ (۱) جسم بے سر، بدن، جسم (۲) مونث گرنے کی آواز۔
—— رہ جانا : فالج ہو جانا، جسم کا حرکت نہ کر سکنا۔
—— میں ڈالنا : (دہلی) پیٹ میں ڈالنا۔
دھڑا : مذکر؛ (۱) وزن، بوجھ، (۲) پاسنگ برابر کرنے کا وزن، (۳) دھڑی۔
—— اٹھانا : تولنا، وزن کرنا۔
—— باندھنا : (کنایتاً) کسی کو بغیر پیچھے سے ملزم ٹھہرانا، تہمت لگانا، پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔
—— کرنا : ترازو کے دونوں پلوں کو کسی چیز کے وزن کے برابر کرنا۔
دھڑا دھڑی بکنا : کثرت سے فروخت ہونا۔
دھڑا دھڑ : مونث؛ (۱) مکانوں کے گرنے کی آواز، (۲) پتھروں کے گرنے کی آواز (۳) کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز، (۴) پے در پے متواتر۔
دھڑا دھڑی کا ماتم : زوردار، سخت، سینہ کوبی کا ماتم۔
—— دھڑ جلنا : بہت تیزی سے جلنا، شعلہ دیتے ہوئے جلنا۔
دھڑ سے گرنا : کسی بھاری چیز کا بلندی سے زور کے ساتھ گرنا۔
دھڑاکا : مذکر؛ دھماکا۔
دھڑاکے سے : (عم) پھرتی سے، جلدی سے۔
دھڑام : کسی بھاری چیز کے زور سے گرنے کی آواز۔
—— سے گرنا : زور سے گرنا۔
دھڑک : مونث؛ تڑپ، بے قراری، ڈر۔
دھڑکا : مذکر؛ خوف، اندیشہ، کھٹکا۔
—— لگا رہنا : خوف غالب رہنا، کھٹکا رہنا۔
—— دینا : دہلا دینا۔
دھڑکن : مونث؛ (۱) تڑپ، بے قراری (۲) دل کا ہول، اختلاج قلب۔
دھڑکنا : (۱) تڑپنا بے قرار ہونا، دل کا اچھلنا (۲) دہلنا، خوف کھانا، اندیشہ کرنا، ڈرنا۔
دھڑلے سے : علانیہ، بے باکانہ۔
—— کی لڑائی : زور شور کی لڑائی۔
دھڑنگ/دھڑنگا : (ھ) ننگا، ننگ دھڑنگ، ننگا دھڑنگا (ننگ کے ساتھ مستعمل ہے۔)
دھڑی : مونث؛ مستی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں یا جماتی ہیں۔
—— اڑ جانا : مستی کی تہ کا زائل ہو جانا۔
—— جمانا/لگانا : ہونٹوں پر مستی کی تہ جمانا۔
—— دھڑی کر کے لوٹنا : بالکل تاراج کرنا، جھاڑو پھیرنا۔ تمام مال و متاع لوٹ لینا، تنکا نہ چھوڑنا۔
—— دھڑیوں : بہ کثرت، بہ افراط۔
دھس : مذکر؛ قلعہ، پشتہ، قلعہ کے گرد کا پشتہ یا وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں۔

دُھسّا : مذکر، موٹی اونی چادر۔
دَھسانا : (۱) کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا، (۲) بھرنا، ٹھونسنا گھسیڑنا۔
دَھسک : مونث؛ کھانسی، خفیف کھانسی۔
——— جانا : صدمہ پاکر دیوار کا پھٹ جانا۔
دَھسکنا : (۱) دھکا دینا (۲) بیٹھ جانا۔
دَھسنا / دَھنسنا : (۱) پھنسنا، دلدل میں گھسنا، ڈوبنا، داخل ہونا، زمین کا اندر کی طرف بیٹھ جانا (۲) گھس جانا۔
دَھک : مونث؛ (۱) چھوٹی جوں، لیکھ (۲) صفت؛ حیران۔
——— سے رہ جانا : حیران رہ جانا۔
——— سے ہو جانا : حیرت میں رہ جانا، ناگہانی صدمے یا خوف سے بھونچکا رہ جانا۔
دَھکّا : (۱) ہاتھ کے یا شانے کے ریلے سے پہنچنے والا صدمہ، (۲) ضرر، ٹوٹا، (۳) آفت، بلا، حادثہ۔
——— پڑنا : صدمہ پہنچنا۔
——— پیل : مونث؛ دھکم دھکا، ریلا پیلی۔
——— پیلی کرنا : ریلنا، ڈھکیلنا۔
——— دینا : ہچکولا دینا، ڈھکیلنا، صدمہ پہنچانا۔
——— کھانا : صدمہ اٹھانا، نقصان اٹھانا، آوارہ پھرنا۔
——— لگنا : (۱) صدمہ پہنچنا، نقصان ہونا، (۲) (کنایتاً) نقصان پہنچنا۔
دھکم دھکا : مذکر؛ بھیڑ میں آپس کی ریل پیل۔
دَھکے کھاتے پھرنا : (کنایتاً) مارا مارا پھرنا۔
دھک دھک : مونث؛ بے قراری کلیجے یا دل کی۔
——— کرنا : دل دھڑکنا، تڑپنا، بے قرار ہونا۔
دھکّار : (۱) مونث؛ پھٹکار، لعنت، ملامت۔
دُھکدھکی / دُھکدُگی : مونث؛ (۱) گلے کا ایک زیور (۲) سینے کی ہڈی۔
——— میں دم ہونا : نزع کا عالم ہونا۔
دُھکڑ پکڑ : مونث؛ (۱) دھڑکن، بے قراری، اضطراب گھبراہٹ، (۲) دُبدھا، پس وپیش (۳) اندیشہ وبیم، خوف ورجا۔

دھکیانا : دھکا دینا، پیچھے سے ڈھکیلنا، ریلنا، ٹھیلنا۔
دُھگدگی : مونث؛ دُگدگی۔
دھگڑا : (۱) مذکر؛ شوہر، بدکار عورت کا یار آشنا۔
دُھلانا : کپڑوں یا کسی چیز کا دھو کر صاف کرانا۔
——— دُھلائی دُھلوائی : کپڑے دھونے کی اُجرت، دھلوائی۔
دُھلے دُھلائے : (۱) دھوئے ہوئے (۲) پاک صاف۔
دُھلینڈی : مونث؛ ہولی کا دوسرا دن (جب دھول اُڑاتے اور رنگ کھیلتے ہیں)
دَھل دَھل : زیادہ بہنے والی پتلی شے، خصوصاً خون، پیشاب۔
دھما چوکڑی : (۱) مونث؛ اُچھل کود، ہنگامہ دھینگا مُشتی، بچوں کا کودنا۔
——— مچانا : اودھم مچانا، ہنگامہ برپا کرنا۔
دَھماکو : (۱) دھماکے والا، سنگین، ہنگامہ خیز۔
دَھمال : مونث؛ (۱) کود پھاند، اُچھل کود، قلندر فقیروں کا کودنا (۲) شور غل دھما چوکڑی (۳) ایک قسم کا راگ (۴) دھلینڈی کے دن کا گیت
——— کرنا : قلندروں کے ایک خاص وضع کے ساتھ کودنا دھما چوکڑی مچانا، غل شور کرنا، درویشوں کا آگ میں کودنا۔
——— کھیلنا : قلندرانہ اُچھل کود کرنا، اچھلنا کودنا۔
دَھمالیہ : مذکر؛ دھمال کرنے والا فقیر، آگ میں کودنے والا فقیر۔
دَھمک : مونث؛ (۱) پاؤں کی آواز، آہٹ، صدمہ سخت آواز سے دماغ کو پہنچنے والا صدمہ، (۲) خفیف دردِ سر۔
دَھمکانا : ڈرانا، خوف دِلانا، ڈانٹنا، سرزنش کرنا، گھرکنا، تہدید کرنا۔
دَھمکنا : (۱) دردِ سر ہونا (۲) کوئی چیز کوٹنا۔
دَھمکی : مونث؛ گھرکی، خوف، تہدید۔
——— دینا : ڈرانا، تہدید کرنا، خوف دِلانا۔
دھمکی میں آنا : ڈر جانا، خوف مان جانا۔

دھ - ن

دَھن: مذکر؛ (۱) مال، دولت، جائداد (۲) بخت، نصیب طالع، (۳) برج، قوس۔

——بھاگ: (۱) خوش قسمتی، (۲) (طنزاً) بدقسمتی۔

——جُڑنا: دولت جمع کرنا۔

——دَولت چلتی پھرتی چھاؤں ہے: (مثل) مال و دولت کا کوئی بھروسہ نہیں کبھی ایک کے پاس کبھی دوسرے کے پاس۔

دَھنی: (۱) مال دار، خوش نصیب، (۲) کسی فن میں پوری دستگاہ رکھنے والا، (۳) (ہندو) مذکر؛ خاوند، مالک۔

دَھنیہ ہے: (۱) آفریں ہے، (۲) طنزاً، یہ کیا کیا؟

دُھن: (۱) راگ کی آواز، لَے، (۲) خیال دھیان، جو برابر سلسلہ وار رہے (۳) شوق اشتیاق، لَو، سرگرمی (۴) لَت، دُھت، (۵) گانے کی طرز۔

——باندھنا: تصور باندھنا، خیال جمانا، لَو لگانا۔

——بندھنا: کسی اَمر کا خیال مستقل بندھا رہنا، تصور جمنا۔

——سمانا: خیال بندھنا۔

——لگنا: دھیان لگنا، کسی خیال میں محو ہونا۔

دَھنا: (عم) دیکھو دھرنا۔

——دینا: کسی کے دروازے پر تقاضے کے واسطے جم کر بیٹھنا موجود رہنا۔

——سیٹھ: (۱) نہایت دولت مند، دَھنی، مال دار (۲) (کنایتاً) مفسد، سرکش، سرزور۔

دُھنا / دُھنیا: مذکر؛ نداف؛ روئی دُھنکنے والا۔

دَھناسَری: مونث (۱) مالکوس، راگ کی ایک راگنی (۲) کشتی کا ایک داؤں۔

دَھنتر: (۱) دولت مند، مالدار، امیر (۲) زبردست، سرکش۔

دُھند: (۱) کہر، غبار (۲) اندھیرا (۳) کم نظر آنا۔

——لا: (۱) تاریک جیسا، (۲) بے نور غیر شفاف، گدلا۔

(۳) ماند، کم چمک۔

دُھندلا دکھائی دینا: صاف نظر نہ آنا، کم نظر آنا۔

دَھندا: (۱) کام کاج، کاروبار، (۲) مشغولیت، مصروفیت، (۳) پیشہ، ہُنر۔

دَھندلانا: دھاندلی کرنا۔

دُھندلکا: مذکر؛ علی الصباح (جب کچھ تاریکی باقی ہو) نور کا تڑکا۔

دَھنسنا: دھسنا، زمین میں گھس جانا۔

دَھنک: مونث؛ (۱) پتلا گوٹا، (۲) قوس قزح۔ وہ کمان کی شکل جو برسات میں آسمان پر مختلف رنگوں میں نظر آتی ہے (۳) ایک قسم کی اوڑھنی۔

دَھن کُٹی: مونث؛ دھان کوٹنے کا آلہ، دھانوں کی اوکھلی (۲) ایک چھوٹا کیڑا، (۳) (کنایتاً) وہ جس پر ہر وقت مار پڑتی رہتی ہے۔

——کرنا: (۱) دھان چھڑنا، دھانوں کو کوٹ کر چاول نکالنا (۲) خوب زدوکوب کرنا، خوب پیٹنا۔

دُھنکنا: (۱) روئی دُھننا (۲) (کنایتاً) خوب مارنا پیٹنا۔

دُھنکوائی: مونث؛ دھنکنے کی اُجرت۔

——دھنکی: مونث؛ روئی دُھنکنے کی کمان، روئی صاف کرنے کا آلہ۔

دُھنکیا / دُھنیا: مذکر؛ روئی دُھنکنے والا۔

دُھننا: (۱) روئی صاف کرنا، دھنکنا (۲) مارنا پیٹنا (۳) سرزنش کرنا، تنبیہ کرنا، (۴) پکنا، دے مارنا۔

دَھنی: مونث؛ شہتیر، کڑی۔

دَھنیا: مذکر؛ کشنیز، ایک خوشبودار پودا جس کے خشک بیج اور پتیاں گوشت کے مسالے میں ڈالی جاتی ہیں۔

دُھنیا: مذکر؛ (۵) روئی دُھنکنے والا، نداف۔

دَھنیہ واد: (۵) مذکر؛ شکر گذاری، شکریہ۔

دھ - و

دُھواں: کسی چیز کے جلانے سے اوپر اُٹھنے والی کالی گیس۔

——نا: کھانے میں دھوئیں کی بو آنا (۲) دھویں کی

سیاہی کسی جگہ جم جانا۔
دُھواں اُٹھنا: (۱) دھواں نکلنا، دھواں بند ہونا، (۲) (کنایتاً) آہ نکلنا۔
——جانا: (۱) کھانے میں دھوئیں کی بو آجانا (۲) چھت یا کسی چیز کا دھوئیں کی وجہ سے سیاہ ہوجانا۔
——دھار: (۱) دُھواں بھرا ہوا (۲) بہت کالا، (۳) جوش سے بھرا ہوا، پرجوش۔
——دھار برسنا: بارش زور سے ہونا، دھڑلے سے برسنا۔
——دینا: کسی چیز کا جلنے سے دُھواں پیدا کرنا۔
——گھٹنا: دھوئیں کا کسی بند جگہ میں جمع ہوجانا۔
دُھوئیں اُڑانا: (کنایتاً) برباد کرنا، تباہ کرنا۔
——بکھرنا: (دہلی) گھبرا اُٹھنا، خراب خستہ ہوجانا۔
——کے بادل اُڑانا: بے بنیاد اور بے سروپا باتیں بیان کرنا۔
دُھواں ہوجانا: بھاپ بن کر اُڑ جانا۔
دھوب: مذکر؛ دُھلائی، شوب۔
دھوبن: مونث کا نام (۱) دھوبی کا مونث؛ کپڑے دھونے والی، (۲) ایک چڑیا۔
دھوبی: مذکر؛ کپڑا دھونے والا۔
——پاٹ: مذکر؛ کشتی کے ایک پیچ کا نام (۲) کپڑے دھونے کا پتھر، یا تختہ۔
دھوبی سے بس نہ چلے گدھے کے کان مروڑے/نوچے: (مثل) زبردست سے زور نہ چلا تو کمزور کو دبا لیا۔
——کا کُتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا: (مثل) محض نکما اور بے کار آدمی، وہ آدمی جو کسی مصرف کا نہ ہو۔
دھوپ: مونث؛ سورج کی روشنی (۲) پوجا میں جلائی جانے والی خوشبو۔
——اُترنا: دھوپ پھیلنا، دھوپ آنا، دھوپ کا کسی بلند مقام سے نیچے آنا۔
——پڑنا: تیز دھوپ ہونا، نہایت گرمی ہونا۔
دھوپ چڑھنا: (۱) دن پڑھنا (۲) سورج نکلنا، (۳) کسی بلند مقام پر دھوپ کا چڑھنا۔
——چڑھے: دن چڑھے۔
——چھاؤں: مونث؛ ایک قسم کا ریشمی کپڑا، برے اور اچھے دن
——چھپنا: قریب شام یا بدلی سے دھوپ کا غائب ہوجانا۔
——چھوڑنا: دھوپ پڑنے دینا، دھوپ کی روشنی پڑنے میں حائل نہ ہونا۔
——دان/دانی: (دہلی) مونث؛ آگ ڈال کر خوشبودار چیزیں جلانے کا برتن، عودداں۔
——دکھانا/دینا: دھوپ میں سکھانا، کسی چیز کو دھوپ میں رکھنا۔
——کھانا: دھوپ میں بیٹھنا، دھوپ میں رہنا، کسی چیز کو دھوپ لگنا۔
——کھلنا: دھوپ کا پھیلنا۔
——گھڑی: مونث؛ دھوپ کے گھٹنے بڑھنے سے وقت معلوم کرنے کا آلہ۔
——لگنا: دھوپ کا اثر ہونا، دھوپ پڑنا۔
——لینا: دھوپ کا اثر لینا، دھوپ کھانا۔
——میں بال (سر، چونڈا) سفید کرنا: (کنایتاً) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا، طویل عمر پاکے ناتجربہ کار رہنا۔
——میں کنڈا ہونا: تیز دھوپ میں دیر تک رہنا۔
——نکلنا: (۱) سورج نکلنا (۲) (کنایتاً) روشنی پھیل جانا۔
دھوتو: مذکر؛ بھونپو، بگل، تُرہی، ترسنگا۔
دھوتی: مونث؛ تہبند، دُھبلا، کمر سے لے کر ٹانگوں تک کا خاص لباس۔
——بند: مذکر؛ دھوتی باندھنے والا۔
دَھور/دَھنور: مذکر؛ ایک قسم کی فاختہ۔
دھورا: مذکر؛ وہ پسی ہوئی دوائیں جو کسی درد کی جگہ گرم گرم خشک ملی جائیں۔
دھوکا: مذکر؛ (۱) فریب، حیلہ، مکر، دغا، (۲) غلط فہمی، مغالطہ، (۳) سراب۔

دھوکا اُٹھانا: دھوکا کھانا۔
——— دھڑی: مونث، مغالطہ، چھل، بٹا، مکر، فریب۔
——— کھانا: فریب میں آنا، غلطی میں پڑنا، چوکنا، خطا کرنا۔
——— ہونا: (۱) مغالطہ ہونا، شبہ ہونا، (۲) غلطی ہونا، سہو ہونا، دَم میں آنا، نقلی یا مصنوعی معاملے پر اصلیت کا گمان ہونا۔
دھوکے باز: فریبی، دغاباز۔
——— کی ٹٹی: مونث (۱) شکار کو دھوکا دینے والی ٹٹی (۲) بودی چیز، نازک چیز، (۳) (کنایتاً) فریب میں لانے والی چیز، مغالطہ میں لانے والی چیز۔
——— میں رکھنا: جھوٹی اُمید رکھنا، جھوٹا وعدہ کرنا، دم دینا، مغالطہ دینا۔
دَھول: مونث: (۱) چانٹا، تھپڑ سر پر مارنا دھپ، (۲) نقصان، خسارہ۔
——— جڑنا: تھپڑ مارنا۔
——— دَھپّا: مذکر: آپس میں ایک دوسرے کے سر پر تھپڑ مارنا۔
——— کھانا: چانٹا کھانا، خسارہ برداشت کرنا،
——— لگانا/مارنا: دھپ مارنا۔
——— لگنا: (۱) چانٹا لگنا (۲) خسارہ ہونا، ٹوٹا ہونا، نقصان ہونا۔
دھُول: مونث: گرد، خاک، راکھ، خاکستر۔
——— اُڑا دینا: (کنایتاً) مٹا دینا۔
——— اُڑانا: (متعدی) (۱) گرد اُڑانا، (۲) رُسوا کرنا، بدنام کرنا، (۳) آوارہ پھرنا، خراب خستہ پھرنا (۴) کوشش کرنا۔
——— اُڑنا: (لازم) (۱) خاک اُڑنا، گرد اُڑنا (۲) بدنامی ہونا، رسوائی ہونا، (۳) برباد ہونا، تباہی مچنا۔
——— جھاڑنا: (۱) خاک جھاڑنا (۲) کنایتاً: پیٹنا، زدوکوب کرنا۔
——— جھڑنا: گرد دور ہونا، گت بننا، سزا ملنا۔
——— چاٹنا: زمین پر گر جانا، ذلیل ہونا، شکست اٹھانا۔
——— کی رسّی: (کنایتاً) بے اصل، بے ثبات۔

دھول کی رسّیاں بٹنا/دھول سے رسّیاں بٹنا: ناممکن بات کی کوشش کرنا، مبالغہ کرنا۔
دھوم: (۱) مونث: شور وغل، ہنگامہ، غل غپاڑا (۲) آواز، غلغلہ، شہرت، دھاک (۳) افواہ، خبر (۴) (عو) ایک قسم کا چکن کا کام، کُرتی۔
——— اُٹھانا: شور مچانا۔
——— اٹھنا: دھوم مچنا، دھوم ہونا۔
——— اُڑانا: مشہور کرنا، شہرت کر دینا۔
——— پڑنا: چرچا ہونا، شہرت ہونا۔
——— دھام: مونث: (۱) شان وشوکت، بھیڑ بھاڑ، (۲) زور شور، ریل پیل، (۳) غل شور، آوازہ، شہرہ، ہنگامہ آرائی۔
——— دَھڑکا: مذکر: ہنگامہ، شور، غلغلہ۔
——— ڈالنا: ہنگامہ برپا کرنا، غل مچانا، شور مچانا۔
——— کرنا: ہنگامہ برپا کرنا، شہرت دینا۔
——— مچانا: (۱) غل شور کرنا، غل مچانا، ہنگامہ برپا کرنا، چلّانا، (۲) دُہائی دینا، فریاد کرنا، واویلا مچانا (۳) جلدی کرنا۔
دھومک دَھیّا: (عو) مونث: غل شور، واویلا، ہنگامہ۔
دُھونا: (۱) پانی سے صاف کرنا (۲) دور کرنا، (۳) زائل کرنا۔
دُھونتال: مونث (عو): کام میں چالاک، جلد کام کرنے والی۔
دَھونس: مونث: (۱) دھمکی (۲) جھانسا، دَم (۳) پٹّی، فریب، دھوکا۔
——— پٹّی: مونث: دم، جھانسا، دم دلاسا۔
——— دینا: دھمکی دینا۔
——— میں آنا: دھمکی میں آجانا۔
دھونسیا: مذکر: دم باز، مکّار، فریبی۔
دَھونسا: مذکر: بڑا نقارہ،
——— کھانا: شامت آنا۔ سر پھرنا۔
دَھونک/دَھونکن: مونث: دل کی گرمی سے پیاس کی شدت۔
دُھونکنا: دھونکنی سے پھونکنا، کسی چیز سے ہَوا دے کر

آگ تیز کرنا۔
دھونکنی: مونث؛ مشک کی طرح چمڑے کی ایک چیز جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں۔
___لگنا: سانس چڑھنا، دم پھولنا، ہانپنا۔
دھونی: مونث؛ (۱) کسی چیز کا آگ میں جلنے کا دھواں، (۲) کسی چیز کو جلا کر بھارا لینا (۳) سادھوؤں کی آگ کا ڈھیر، (۴) بخور۔
___جگانا: (ہندو) آگ جلانا، سنیاسیوں کا آگ کے سامنے بیٹھ کر تپ کرنا، دھونی رمانا۔
___دینا: بخور دینا، دھونی دینا۔
___رمانا: (۱) کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح بیٹھنا، (کنایتاً) جاگزیں ہونا، کسی کا کسی جگہ بیٹھ رہنا۔
___لگا کر بیٹھنا: (کنایتاً) کسی پر اعتماد کر کے بیٹھنا۔
___لگانا: دھونی رمانا۔
___لینا: بخور لینا، دھواں لینا۔
دھوون: مذکر؛ کسی چیز کا دھویا ہوا پانی۔
دھوئی / دھلائی: (ع) دھوئی ہوئی، پاک۔
___دھلائی آنکھ: بے حیا، بے مروت، برائی کرنے میں ڈھیٹ۔
___ہوئی زبان / دھوئی دھلائی زبان: پاک کی ہوئی زبان۔
دھویا جانا: (کنایتاً) بے شرم ہو جانا، بے باک ہو جانا۔
دھویا دھایا: (کنایتاً) مذکر؛ (۱) بے عزت، بے شرم، سادہ لوح، صاف (۲) عیب سے بری۔
دھویا دیدہ: بے لحاظ، بے شرم، بے مروت۔

دھ - ی

دھیان: مذکر؛ خیال، تصور، توجہ، مراقبہ، لحاظ، التفات۔
___آنا: یاد آنا، خیال آنا۔
___بٹانا: اور طرف توجہ کرنا، تصور کا دوسری طرف لگانا۔
___بٹنا: ایک طرف سے دوسری طرف توجہ ہونا، خیال بٹنا۔
دھیان بندھنا: خیال بندھنا، تصور ہونا، کسی کا خیال آنا۔
___پر چڑھنا: کسی بات کا بخوبی خیال میں آجانا۔
___پھر جانا: طبیعت کا پھر جانا۔
___دوڑانا: خیال دوڑانا، سب پہلوؤں پر نظر کرنا۔
___دینا: توجہ کرنا۔
___رہنا: خیال رہنا، توجہ رہنا۔
___سے اُترنا: خیال سے اُترنا، یاد نہ رہنا، بھول جانا سہو ہونا۔
___لگانا: کسی کام میں فکر و اندیشہ کرنا۔
___کرنا: توجہ کرنا، سوچنا، سمجھنا، فکر کرنا۔
___لڑانا: خیال کو کسی خاص طرف متوجہ کرنا، غور کرنا، فکر کرنا۔
___لڑنا: دھیان کی رسائی ہونا۔
___میں آنا: خیال میں آنا، ذہن پر چڑھنا، باوقعت ہونا۔
___میں ہونا: خیال میں ہونا۔
دھیانی: (ہندو) خدا سے لَو لگانے والا، صاحبِ تصور۔
دھیرا: دھیما، متحمل، نرم، ملائم، صابر۔
دھیرج: (ع) مذکر؛ صبر، استقلال، مضبوطی، تحمل، ہمت، ثابت قدمی۔
دھیرے دھیرے: آہستہ آہستہ۔
دھیلا / اَدھیلا: مذکر؛ (۱) پرانا، آدھا پیسہ (جو اَب رائج نہیں) (۲) دلالوں کی اصطلاح، ۵۰ روپے۔
دھیما: مذکر؛ (۱) کم آہستہ، نرم، سست، خفیف، ہلکا، مدھم۔
___پڑنا: ٹھنڈا ہونا، نرم ہونا، غصہ فرو ہونا۔
___کرنا: زور گھٹانا، نرم کرنا، سست کرنا، غصہ فرو کرنا، ٹھنڈا کرنا۔
دھیمی آواز: نرم اور نیچی آواز۔
دھینگ: (ہ) قوی، مضبوط، مستند۔
___دھونگڑی کرنا: (دہلی) زبردستی کرنا، زور آوری کرنا۔

دھینگا دھینگی بمر دھانگی : مونث ؛ زبردستی ، دست درازی بہ معاملگی ۔
ـــــ مشتی : مونث ؛ (۱) گھونسے کی لڑائی (۲) ہاتھا پائی

زور آوری ۔
دھیوت : مذکر ؛ سات سروں میں سے چھٹے سُر کا نام ۔

ڈ

ڈ : مذکر؛ اُردو حروفِ تہجی کا ایک حرف، حساب جمل (ابجد) میں چار عدد ہیں۔

ڈ۔ا

ڈاب : مونث؛ (۱) بان بٹنے والی گھاس (۲) پرتلا، چمڑے کا کمر بند، (۳) مذکر؛ کچا ناریل۔

ڈابر : مونث؛ (۱) جھیل، چھوٹا تالاب، (۲) نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے۔

ڈاٹ : مونث؛ (۱) کاگ، بوتل کا مُنہ بند کرنے کی چیز (۲) محراب کے بیچ کا پتھر، محراب۔

——— **لگانا** : (۱) روکنا، بند کرنا، (۲) محراب بنانا۔

ڈاٹنا : (۱) روکنا، بند کرنا، ڈاٹ بند کرنا (۲) ٹھونسنا، (۳) (دہلی) زیب بدن کرنا۔

ڈاج : DODGE (انگ) چال، حیلہ، داؤ پیچ، استادی، حکمت۔

——— **دینا** : دھوکا دینا، فریب دینا۔

ڈار : مونث؛ جنگلی جانوروں کا جھنڈ، پرندوں کا پرا، ہرنوں کی قطار۔

ڈارک رُوم : DARK ROOM (انگ)، مذکر؛ تاریک کمرہ، جو فوٹو گرافی کے کام میں لایا جاتا ہے۔

ڈارلنگ : DARLING (انگ)، (مخاطب کرنے کا طریقہ) پیارا، عزیز، چہیتا، لاڈلا۔

ڈاڑھ : مونث؛ پچھلے دانت، غذا چبانے والے دانت۔

——— **گرم کرنا** : (کنایتاً) (۱) کچھ کھانا، (۲) (مجازاً) رشوت لینا۔

ڈاڑھ نہ لگانا : بے چبائے نگل جانا۔

ڈاڑھا : مذکر؛ بڑی ڈاڑھی۔

ڈاڑھی : مونث؛ (۱) ٹھوڑی اور گالوں کے بال (۲) برگد کے ریشے (۳) بھٹے کے ریشے۔

——— **پر ہاتھ پھیرنا** : (اشارتاً) مستعد ہونا، تیار ہونا۔

——— **پھٹکارنا** : ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ سے جھٹکنا۔

——— **پیٹ میں ہونا** : دیکھو، پیٹ میں ڈاڑھی۔

——— **پیشاب سے مُنڈوانا** : (کنایتاً) ذلیل اور قائل ہونا۔

——— **چھوڑنا** : ڈاڑھی بڑھانا۔

——— **خُدا کا نور ہے** : (مقولہ) ڈاڑھی متبرک ہے۔

——— **سفید ہونا** : (کنایتاً) ڈاڑھی کے بال سفید ہونا، بڑھاپا آنا۔

——— **کا ایک ایک بال گرنا** : (دہلی) عزت بگاڑنا، ڈاڑھی نوچنا۔

——— **مونڈنا** : ڈاڑھی کا اُسترے سے صاف کرنا۔

ڈاک : مونث؛ (۱) پوسٹ، (۲) خط، اخبار پیکٹ وغیرہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجے جائیں (۳) گھوڑوں کی چوکی، پالکی کی چوکی، جا بجا مسلسل سواری کا انتظام، (۴) لگاتار آمد و رفت کا سلسلہ، خبر لانے، لے جانے کے لیے آدمیوں کے سلسلے کا انتظام۔

——— **آنا** : (۱) خطوط وغیرہ آنا (۲) کسی چیز کا مسلسل آنا۔

——— **بٹھانا** : (کنایتاً) (۱) قاصد پر قاصد روانہ کرنا، تقاضے پر تقاضا بھیجنا، پے در پے پیام بھیجنا (۲) چوکی بٹھانا۔

——— **بنگلہ** : مذکر؛ سرکاری مسافر خانہ۔

——— **چوکی** : مونث؛ ایک ہرکارے کا دوسرے ہرکارے کو ڈاک دینے کی جگہ، ڈاک کے گھوڑے بدلنے کی جگہ۔

——— **خانہ** : مذکر؛ پوسٹ آفس، ڈاک گھر۔

——— **کا گھوڑا** : (۱) ڈاک لے جانے والا گھوڑا (۲) (کنایتاً) تیز رفتار آدمی (۳) بہت دوڑنے سے بے کار ہونے والا گھوڑا۔

ڈاک کا ہرکارہ: خبر لانے لے جانے والا، پوسٹ مین، چٹھی رساں۔
ـــــ گاڑی: مونث، میل ٹرین۔
ـــــ لگنا: (۱) خبروں کا لگاتار آنا جانا، آدمی پر آدمی آنا۔ (۲) متواتر قے ہونا (۳) بار بار پیاس معلوم ہونا۔
ڈاکیا: چٹھی رساں، ہرکارہ، پوسٹ مین۔
ڈاکا: مذکر؛ ڈاکوؤں کا حملہ۔
ـــــ پڑنا: ڈاکوؤں کا حملہ کرنا۔
ـــــ ڈالنا / مارنا: لوٹنا، غارت گری کرنا۔
ڈاکو: لٹیرا۔
ڈاکٹر: DOCTOR (انگ) (۱) علم طب کا ماہر، معالج، طبیب (۲) یونیورسٹی کی اعلاترین ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کیا ہوا (۳) عالم فاضل۔
ڈاکٹری: (۱) پیشۂ طب، طبابت، حکمت، طبی سائنس کی تعلیم
ڈاکٹریٹ: DOCTORATE (انگ) مذکر؛ کسی تحقیقی مقالے پر حاصل ہونے والی ایک اعلا علمی سند۔ پی۔ایچ۔ڈی۔
ڈائن: (دہی) مونث؛ بہت سا کھانے والی۔
ڈاکنا: (عورتے کرنا، استفراغ کرنا۔ اوکنا۔
ڈاکنی: (۱) مونث؛ (۱) ڈائن، چڑیل (۲) (کنایتاً) زبان دراز عورت۔
ڈاکومنٹ: DOCUMENT (انگ) مذکر؛ دستاویز، تحریر، نوشتہ۔
ڈاکیومنٹری فلم: DOCUMENTRY FILM (انگ) مونث؛ دستاویزی فلم۔
ڈاگما: DOGMA (انگ)، مذکر؛ کٹر اصول پرستی، اصول میں شدت برتنا۔
ڈال: مونث؛ (۱) ٹہنی، شاخ (۲) آب پاشی کا ٹوکرا یا ڈول (۳) تلوار کا پھل، بے قبضہ کی تلوار (۴) نشیب سے بلندی پر ٹوکری سے پانی لے جانا۔ (۵) ڈالنا سے امر کا صیغہ۔
ـــــ جانا: پھینک جانا، چھوڑ جانا۔
ـــــ دینا: (۱) پھینک دینا، گرا دینا (۲) (کنایتاً) مبتلا کر دینا، (۳) بے پروائی سے رکھ دینا۔
ڈال ڈال پات پات: دیکھو، تم ڈال ڈال... (الخ)
ـــــ کا پکا: درخت کا پکا پھل۔
ـــــ کا ٹوٹا: (۱) تازہ پھل، عمدہ پھل (۲) (استعارتاً) احمق، انوکھا۔
ـــــ والا: (کنایتاً) بندر۔
ڈالا: مذکر؛ (۱) درخت کی بڑی اور موٹی شاخ، (۲) شادی کے وقت دلھن کے کپڑے جو اسے ماں کے گھر سے ملتے ہیں۔
ڈالر: DOLLAR (انگ) مذکر؛ بعض ملکوں اور خصوصاً امریکا میں رائج سکہ۔
ڈالنا: (۱) گرانا، پھینکنا (۲) رکھنا (۳) اندر ڈالنا (۴) قے کرنا، (۵) اندر کرنا، داخل کرنا (۶) شامل کرنا (۷) حمل گرانا (۸) پرونا (۹) اوڑھنا، پہننا (۱۰) انڈا لینا۔
ڈالی: مونث؛ ٹہنی، درخت کی چھوٹی ڈال۔
ـــــ لگانا: پھول پھل یا ترکاری کی ٹوکری بطور نذرانہ دینا۔
ڈانٹ: مونث؛ دھمکی، جھڑکی۔
ـــــ بتانا: گھڑکنا، دھمکانا۔
ـــــ دینا: گھڑک دینا۔
ـــــ ڈپٹ: مونث؛ دھمکی، ڈرانا۔
ڈانٹنا: دھمکانا، ڈرانا، خفا ہونا۔
ڈانڈ / ڈنڈ: (۱) تاوان (۲) ناؤ کھینے کا بانس (۳) مونث؛ بغیر چمڑے کا گدگدا (۴) ریڑھ کی ہڈی (۵) کھیت کی حد، (۶) خشک زمین (۷) اونچا کھیت جس میں پانی نہ جا سکے۔
ـــــ بھرنا: تاوان ادا کرنا، جرمانہ دینا۔
ڈانڈا: مذکر؛ ملک کی حد، سرحد۔
ـــــ دبانا: سرحد پر قبضہ کرنا۔
ـــــ لینا: تاوان لینا، عوض لینا۔
ـــــ ملانا: سرحد ملا دینا، قریب کر دینا۔
ـــــ مینڈا ملا ہونا: سرحد ملی ہوئی ہونا، زمین سے زمین ملی ہوئی۔

ڈانڈا مینڈی: مونث؛ دشمنی، عداوت۔
ڈانڈے مینڈے کی تکرار: سرحدی جھگڑا۔
ڈانڈی: (۱) مذکر؛ ملاح، کھینے والا، (۲) مونث؛ ایک قسم کی پہاڑی سواری۔
ڈانس: مذکر؛ ایک قسم کا بڑا مچھر؛
ڈانس: DANCE (انگ) مذکر؛ ناچ، رقص۔
ڈانسر: DANCER (انگ) مذکر مونث؛ ناچنے والا یا والی۔
ڈانسنگ پارٹی: DANCING PARTY (انگ) مونث؛ ناچ گانا پیش کرنے والے فنکاروں کی جماعت۔
ڈانک: مونث؛ مذکر؛ نگینے کے نیچے چمک بڑھانے کے لیے رکھا جانے والا سہرا یا روپہلا ورق۔
——جڑنا: ڈانک کا نگینے میں رکھنا۔
ڈانگ: مونث؛ پہاڑ کی اونچی چوٹی، سب سے اونچی پہاڑی۔
ڈانگر: (۱) دبلا، لاغر، ضعیف، (۲) مذکر؛ چوپایہ مویشی۔
ڈانواڈول: (۱) آوارہ، خراب خستہ، پریشان خاطر، (۲) ڈھل مل یقین (۳) ڈگمگاتا ہوا۔
——پھرنا: آوارہ پھرنا۔
ڈانواں ڈولی: مونث؛ سرگشتگی، پریشانی۔
ڈاہ: مونث؛ حسد، رشک، دشمنی۔
ڈائجسٹ: DIGEST (انگ) مذکر؛ (۱) تلخیص معیاری مطبوعہ مضامین کی تلخیص کا مجموعہ (۲) قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ (۳) ہضم کرنا۔
ڈائرکٹ: DIRECT (انگ) سیدھا، براہ راست، فوراً، مستقیم۔
ڈائرکٹر: DIRECTOR (انگ) مذکر؛ (۱) کسی محکمہ یا شعبہ کا ناظم، اعلا حاکم، نگراں، منتظم (۲) ہدایت کار۔
ڈائرکٹری: DIRECTORY (انگ) مونث؛ سرنامہ جات کا مجموعہ، کتاب، ہدایت، دستور العمل۔
ڈائری: DIARY (انگ) مونث؛ روزنامچہ، یادداشت۔
ڈائس: DIAS (انگ) مذکر؛ چبوترا، شہ نشین۔
ڈائل: DIAL (انگ) مذکر؛ (۱) حلقہ، چکر، (۲) گھڑی یا کسی پیمائشی آلے کی وہ سطح جس پر ہندسے لکھے ہوتے ہیں، (۳) ٹیلیفون کا وہ چکر جس پر ایک سے صفر تک اعداد لکھے ہوتے ہیں۔
ڈائلاگ: DIALOGUE (انگ) مذکر؛ مکالمہ۔
ڈائمنڈ: DIAMOND (انگ) مذکر؛ ہیرا۔
جوبلی: ساٹھویں سال کا جشن۔
ڈائی میکر: DIE MAKER (انگ) مذکر؛ ٹھپا بنانے والا، ٹھپا ساز، دھات کی مہر بنانے والا۔
ڈائن: مونث؛ (۱) جادوگرنی جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اپنے بچوں کو آپ کھا جاتی ہے (۲) بدشکل عورت۔
——بھی دس گھر کو چھوڑ کے کھاتی ہے: (مثل) ظالم کو بھی پڑوسیوں کا خیال ہوتا ہے۔
——کو بچہ سونپنا: بچہ دشمن کے حوالے کرنا۔
ڈائنامائٹ: DYNAMITE (انگ) مذکر؛ دھماکے کے ساتھ پھٹنے والا مادہ۔
ڈائننگ روم/ہال: DINING ROOM/HALL (انگ) مذکر؛ کھانا کھانے کا بڑا کمرہ۔

ڈ ـ ب

ڈب: مونث؛ (۱) جیب (۲) گردن (۳) کپے بنانے کا چمڑا (۴) مذکر؛ قابو، قبضہ۔
ڈب: DUB (انگ) (فلمی اصطلاح) کسی فلم کی اصل زبان کی جگہ، دوسری زبان کی ریکارڈنگ۔
ڈبا: مذکر؛ مختلف چیزیں رکھنے کے لیے دفتی، ٹین، پلاسٹک وغیرہ کا بنا ہوا گول، چوکور، مستطیل شکل کا ایک چھوٹا ظرف۔
ڈبا: مذکر؛ (۱) (دلی) بڑی دیا (۲) بچوں کی پسلی چلنے کی بیماری۔
ڈباؤ: مذکر؛ آدمی کے قد سے زیادہ گہرا پانی۔
ڈبڈبانا: آنکھ میں آنسو بھر آنا۔

ڈبرا: مذکر؛ (۱) پانی جمع ہونے کی جگہ، خون جمع ہونے کی جگہ، پانی بھرا ہوا چھوٹا گڑھا (۲) لہو کا تھکا۔

ڈبکا: مذکر؛ (۱) کنویں کا بالکل تازہ پانی (۲) خوف خطر، اندیشہ۔

ڈُبکی: مونث؛ غوطہ۔

ڈبل: (انگ) مذکر؛ دُگنا، دوچند، دُہرا، موٹا۔

——روٹی: مونث؛ نان پاؤ۔

——کوچ/مارچ: مذکر؛ دُگنی منزلیں طے کرنا، جلد جلد جانا۔

——کراس: CROSS ——(انگ) دغابازی، مکاری، فریب، مکر، دوغلاپن۔

ڈبّو: مذکر؛ لوہے کا بڑا چمچہ۔

ڈبونا: (۱) غوطہ دینا، غرق کرنا، بھگونا (۲) (مجازاً) بگاڑنا، خراب کرنا، خاک میں ملانا۔

ڈبّی: مونث؛ (۱) چھوٹی ڈبیا (۲) تیل ڈال کر اور بتّی لگا کر چراغ کی طرح جلائی جانے والی کپی۔

ڈبیٹ: DEBATE (انگ) مونث؛ مباحثہ، تکرار، بحث۔

ڈ۔پ

ڈپارٹمنٹ: DEPARTMENT (انگ) مذکر؛ محکمہ، شعبہ سررشتہ۔

ڈپازٹ: DEPOSIT (انگ) مونث؛ امانت، جمع، امانت رکھنا۔ بطور بیعانہ ادا کرنا، پیشگی۔

ڈپٹ: مونث؛ (۱) گھوڑے کی دوڑ، تیز رفتاری (۲) حملہ (۳) دھمکی، ڈانٹ۔

ڈپٹنا: (۱) دوڑنا (۲) دھمکانا، ملامت کرنا (۳) کسی پر حملہ کرنا۔

ڈپٹی: DEPUTY (انگ) مذکر؛ نائب وکیل، قائم مقام۔

ڈپلوما: DIPLOMA (انگ) مذکر؛ سند، دستاویز، منشور، کسی تعلیمی یا تربیتی نصاب کی تکمیل پر ملنے والی سند۔

——ہولڈر: HOLDER ——(انگ) مذکر؛ سند یافتہ، ڈپلوما رکھنے والا۔

ڈپلومیٹ: DIPLOMAT (انگ) مذکر؛ ارکن سفارت کا ماہر، (۲) حکمتِ عملی کا ماہر، موقع شناس۔

ڈپلومیٹک: DIPLOMATIC (انگ) سفارتی، بین الاقوامی تعلقات کے متعلق۔

ڈپلومیسی: DIPLOMACY (انگ) مونث؛ فن سفارت، جوڑ توڑ، حکمتِ عملی، تدبر، موقع شناسی۔

ڈپلیکیٹ: DUPLICATE (انگ) مذکر؛ نقل، مثنّٰی۔

ڈپو: DEPOT (انگ) گودام، ذخیرہ، کوٹھی، کارخانہ، تجارت گاہ۔

ڈپوٹیشن: DEPUTATION (انگ) (۱) نمایندوں کی جماعت، (۲) وکالت، نیابت (۳) وفد۔

ڈ۔ٹ

ڈٹ جانا: (۱) جم کر بیٹھ جانا (۲) مقابلے میں جم جانا۔

——کر کھانا: خوب سیر ہو کر کھانا۔

ڈٹھ بند: ڈیٹھ بند، جادوگر، مداری، نظر بندی کا تماشا کرنے والا۔

ڈ۔ر

ڈر: مذکر؛ خوف، اندیشہ، خطرہ۔

ڈرانا: دھمکانا، خوف دلانا۔

ڈراوا: (دہلی) مذکر؛ دھمکی، خوف، دہشت۔

——دکھاوا: دھمکی دینا۔

ڈراونا: بھیانک، خوفناک۔

ڈرپوک/ڈرپوکنا: بزدل، بودا۔

ڈرتے ڈرتے: دہشت زدہ ہو کر، خائف ہو کر۔

ڈر ٹوٹ جانا: جھجک جاتی رہنا، خوف مٹ جانا۔
——کھو دینا: دل سے خوف نکال دینا۔
——لگنا: خوف معلوم ہونا۔
ڈرنا: خوف کھانا۔
ڈر نکل جانا: خوف جاتا رہنا۔
ڈرونا: مذکر؛ ڈراؤنا۔
ڈراپ سین: DROPSCENE (انگ) مذکر؛ ڈرامے کا آخری منظر، اختتامیہ۔
ڈرافٹ: (انگ) مذکر؛ (۱) ہنڈی (۲) مسودہ (۳) خاکہ۔
ڈرافٹس مین: DRAFTSMAN (انگ) مذکر؛ نقشہ نویس۔
ڈرام: DRAM (انگ) مذکر؛ ایک انگریزی وزن جو تقریباً دو ماشے کا ہوتا ہے۔
ڈراما: DRAMA (انگ) مذکر؛ سوانگ، ناٹک تماشا، تمثیل۔
ڈرامائی (مہتد)/ڈرامیٹک: DRAMATIC (انگ) ناگہانی، عجیب و غریب، اچانک، حیرت انگیز، تمثیلی۔
ڈرائی کلینگ: DRYCLEANING (انگ) مونث؛ خشک دھلائی جو پٹرول اور دوسری ادویات سے ہوتی ہے۔
ڈرائنگ: DRAWING (انگ) مذکر؛ نقشہ کشی، نقاشی، خاکہ کھینچنا، تصویر اتارنا، نقشہ، خاکہ، تصویر۔
——روم/ہال: ROOM/HAAL —(انگ) مذکر؛ ملاقات کا کمرہ، دیوان خانہ۔
ڈرائیور: DRIVER (انگ) مذکر؛ گاڑی چلانے والا، شوفر، کوچ بان۔
ڈربا: دیکھو ڈبا۔
ڈربی: DERBY (انگ) گھوڑوں کی ایک مخصوص سالانہ دوڑ (ریس) کا نام۔
ڈرگسٹ: DRUGIST (انگ) مذکر؛ دوا فروش، عطار، دوا ساز۔
ڈرل: DRILL (انگ) مونث؛ ورزش، کسرت، مشق، فوجی تربیت، قواعد۔
ڈرل ماسٹر: DRILL MASTER (انگ) مذکر؛ قواعد سکھانے والا (ورزش سے متعلق)۔
ڈرم: DRUM (انگ) مذکر؛ ڈھول، ڈھولک، نقارہ طبل، کنستر۔
ڈرنکس: DRINKS (انگ) مذکر؛ مشروبات پینے کی چیزیں
ڈریرے: مذکر؛ زور کا پینہ۔
ڈریس: DRESS (انگ) مذکر؛ لباس، پوشاک۔
ڈریسر: DRESSER (انگ) مذکر؛ (۱) زخموں کو مرہم پٹی کرنے والا (۲) پوشاک پہنانے یا بال سنوارنے والا۔
ڈریس سرکل: DRESS CIRCLE (انگ) مونث، تھیٹر یا ناٹک میں پہلی گیلری۔
ڈریسنگ: DRESSING (انگ) مونث؛ (۱) آراستگی (۲) مرہم پٹی۔
——ٹیبل: TABLE —(انگ) مذکر؛ سنگھار میز۔
——روم: ROOM —(انگ) مذکر؛ کپڑے پہننے کا کمرا۔

ڈ ـ ڑ

ڈڑھیا لا/ڈڑھیل: مذکر؛ (طنزاً) بڑی ڈاڑھی والا۔

ڈ ـ ز

ڈزائن: DESIGN (انگ) مذکر؛ نقشہ، خاکہ، نمونہ۔
ڈزن: DOZEN (انگ) مذکر؛ درجن، بارہ چیزیں۔

ڈ ـ س

ڈس: (دہلی) مونث؛ ترازو کی ڈوری جس میں دونوں پلے باندھے جاتے ہیں۔
ڈسپلن: DISCIPLINE (انگ) نظم و ضبط، آداب۔
ڈسپنسری: DISPENSARY (انگ) مونث؛ شفاخانہ، دواخانہ، مطب۔
ڈسپیچ: DESPATCH (انگ) روانہ کرنا، ہرکارہ، روانگی، ارسال۔

ڈسٹر: DUSTER (انگ) مذکر؛ جھاڑن، صفائی، نمدہ لگا ہوا لکڑی کا وہ ٹکڑا جس سے بلیک بورڈ صاف کیا جاتا ہے۔

ڈسٹرکٹ: DISTRICT (انگ) مذکر؛ ضلع۔ حلقہ۔

ڈسٹری بیوٹر: DISTRIBUTOR (انگ) (۱) بانٹنے والا (۲) تقسیم کنندہ۔

ڈسٹ کور: DUST COVER (انگ) مذکر؛ کتاب کا گرد پوش۔

ڈسچارج: DISCHARGE (انگ) مذکر؛ اخراج، علامدگی، برطرفی، رہائی۔ انجام دہی۔ تعمیل۔

ڈسکاؤنٹ: DISCOUNT (انگ) مذکر؛ بٹا، چھوٹ، کمیشن کٹوتی، مجرائی، منہائی۔

ڈسمس: DISMISS (انگ) خارج، معطل، برطرف، موقوف۔

ڈسمل: DECIMAL (انگ) دسواں حصہ، اعشاریہ، عشری۔

ڈسنا: سانپ کا کاٹنا۔

ڈش: DISH (انگ) مونث؛ (۱) قاب، ڈونگا (۲) کسی خاص قسم کا کھانا (۳) پیالہ، کٹورا، ڈونگے کی شکل کا برتن۔

ڈ۔ف

ڈف: مذکر؛ دف۔

ڈفالچی/ڈفالی: ڈفلی بجانے والا۔

ڈفلی: مونث؛ چھوٹا دف۔

ڈفر: DUFFER (انگ) مذکر؛ نالائق، بے کار یا بہت بے وقوف شخص۔

ڈ۔ک

ڈک: DECK (انگ) مذکر؛ سمندری جہاز کا عرشہ۔

ڈک (دہلی): مذکر؛ مکا، گھونسا۔

ڈکیانا (دہلی): مکے مارنا، گھونسے مارنا۔

ڈکار: مونث؛ معدے کی ہوا جو منہ سے نکلتی ہے۔

ڈکار جانا: (کنایتاً) ہضم کر جانا، خیانت کر جانا، مار لینا۔

ـــــ لینا: (۱) معدے کی ہوا کو منہ سے خارج کرنا (۲) (عو) (کنایتاً) مال مار لینا، ہڑپ کر لینا۔

ـــــ نا: (۱) شیر کا بولنا (۲) (دلی) خیانت کرنا۔

ـــــ نہ لینا: (کنایتاً) خبر نہ ہونا، پتا نہ لگنے دینا۔

ڈکٹافون: DICTA PHONE (انگ) مذکر؛ وہ آلہ جس میں آواز محفوظ رہے اور اس سے بعد میں ٹائپ کی جا سکے۔

ڈکٹیٹر: DICTATOR (انگ) مذکر؛ (۱) حاکم مطلق، فرمانروا، مختار کل، آمر۔

ـــــ شپ: SHIP ـــــ (انگ) مونث؛ آمریت، وہ نظام حکومت جس میں اقتدار صرف ایک شخص کے ہاتھ میں رہتا ہے۔

ڈکٹیشن: DICTATION (انگ) مذکر؛ (۱) املا (۲) حکم، (۳) فرمان۔

ڈکشن: DICTION (انگ) مذکر؛ الفاظ کا انتخاب اور صحیح استعمال، بندش، طرز تحریر، آہنگ۔

ڈکشنری: DICTIONARY (انگ) مونث؛ لغت، فرہنگ، قاموس۔

ڈکلیریشن: DECLARATION (انگ) (۱) اعلان، شرائط اشتہار، محضر (۲) (قانون) اقرار نامہ، عرضی، دعوا۔

ڈکوسنا: (دہلی) (تحقیر سے) پینا، نگلنا۔

ڈکیت: مذکر؛ ڈاکو۔

ڈکیتی: مونث؛ رہزنی، قزاقی۔

ڈ۔گ

ڈگ: مذکر؛ قدم چلنے میں دو قدم کے بیچ کا فاصلہ۔

ڈگا: مذکر؛ لمبے اور لمبے پاؤں کا گھوڑا۔

ڈگڈگا کے پانی پینا: بڑے بڑے گھونٹوں سے پانی پینا، ایک دم میں بہت سا پانی پینا۔

ڈگڈگی: مونث؛ مداریوں اور بندر والوں کا چھوٹا سا باجا۔

ڈگر: مونث؛ راستہ، سڑک، راہ۔
ڈگر ڈگر کرنا: کمزوری سے کانپنے لگنا۔
ڈگری: DEGREE (انگ) مونث؛ (۱) یونیورسٹی کی سند، (۲) مرتبہ، درجہ، حیثیت، منزل، مرحلہ۔
ڈگری: DEGREE (انگ) مونث؛ حکم، عدالت کا فیصلہ، حکم حاصل کرنا (روپے زمین جائیداد یا کسی اور حق کا)
ڈگری اجمالی: مونث؛ مشترک ڈگری۔
ڈگری اقبالی: مونث؛ اقبال جرم کرنے پر دی ہوئی ڈگری
دار: جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو۔
ڈگمگانا: کانپنا، ہلنا، جنبش کرنا۔ لڑکھڑانا، ضعف سے کھڑا نہ رہ سکنا۔
ڈگمگاہٹ: مونث؛ ڈگمگانا۔
ڈگن: مونث؛ مچھلی کا شکار کرنے کی چھڑی۔
ڈگنا: جگہ سے بے جگہ ہونا، ہلنا، سرکنا، ہٹنا، لغزش کرنا۔
ڈگی: مونث؛ (۱) (کنایتاً) ڈھنڈورا، اعلان (۲) منادی کا چھوٹا نقارہ۔

ڈ ل

ڈل: (۱) دستا، گروہ (۲) بہت روپیا، دولت (۳) کشمیر کی ایک مشہور جھیل کا نام۔
ڈل: DULL (انگ) کند، سست، کند، احمق۔
ڈلا: مذکر؛ (۱) بڑا ٹکڑا (۲) ڈھیلا (۳) بڑی ڈلیا۔
ڈلانا: (۱) ہلانا (۲) پھرانا، حیران کرنا، (۳) ہچکولے دینا۔
ڈلک: مونث؛ (۱) چمک دمک، سونے اور کندن کی چمک، (۲) صاف شفاف چیز میں ناہموار۔
ڈلی: مونث؛ (۱) سپاری، چھالیا، (۲) مصری کا ٹکڑا مٹھائی کا ٹکڑا۔
ڈلیا: مونث؛ چھوٹی ٹوکری۔

ڈ م

ڈمرو: مذکر؛ ایک قسم کی ڈگڈگی۔
ڈمی: DUMMY (انگ) مونث، نقلی، ثانی، مثنیٰ۔
ڈنٹھل: مذکر؛ (۱) کسی پودے کی وہ شاخ جس میں پھول آتا ہے (۲) ٹہنی، (۳) پھول کا وہ حصہ جس میں پنکھڑیاں جمی رہتی ہیں۔
ڈنڈ: مذکر؛ (۱) بازو (۲) تاوان سزا، مجرمانہ (۳) ایک قسم کی ورزش، ڈنڑ۔
——پیلنا/کرنا/نکالنا: ڈنڈ کی ورزش کرنا۔
——وٹالنا: تاوان ڈالنا، تاوان عاید کرنا۔
ڈنڈ: مذکر، خشک درخت کا تنہ جس میں شاخیں نہ ہوں۔
ڈنڈا: مذکر؛ (۱) سونٹا (۲) زینے یا سیڑھی کی لکڑی (۳) گدکا، (۴) جھنڈے کی لکڑی (۵) خیمے کی لکڑی، مسہری کی لکڑی۔
——ڈولی کرنا: (دہلی) دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں باندھ کر ڈولی کی طرح اٹھانا۔
——کھینچنا: دیوار کھینچنا، حد مقرر کرنا۔
ڈنڈے بجاتے پھرنا: (کنایتاً) آوارہ پھرنا، اوقات ضائع کرنا، بیکار مارے مارے پھرنا۔
ڈنڈوت: مونث؛ تسلیم، بندوں کے سلام کرنے کا طریقہ۔
ڈنڈی: مونث؛ (۱) دستہ، قبضہ، (۲) ترازو کی لکڑی، (۳) ہرسنگھار کے پھول کی پیلی ڈنڈی، (۴) پھول کا ڈنٹھل۔
——مارنا: کم تولنا، چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی مارنا۔
ڈنر: DINNER (انگ) مذکر؛ (۱) کھانے کی دعوت، (۲) رات کا کھانا۔
ڈنٹر: ڈنڈ، ایک قسم کی ورزش۔
ڈنک: مذکر؛ (۱) زہریلا کانٹا، نیش، (۲) جونک کے کاٹنے کا نشان۔
——مارنا: (۱) بھڑ یا بچھو وغیرہ کا کاٹنا (۲) (کنایتاً) کسی کو آزار پہنچانا۔
ڈنکا: مذکر؛ (۱) نقارہ، (۲) (مجازاً) شہرت، عروج۔

ڈنکا بجانا: (۱) نقارہ بجانا، ڈھول بجانا۔ (۲) حکومت کرنا، راج کرنا، رعب بٹھانا، (۳) (کنایتاً) شہرت دینا۔

——بجنا: شہرت پانا۔

——ڈالنا: مُرغ باز سے مُرغ لڑانا، مُرغ کی بازی بدنا، مُرغ کا چونچ مارنا۔

——ہونا: ڈنکے کا بجنا۔

ڈنکے کی چوٹ: علی الاعلان، کھلم کھلا۔

ڈنکارنا: بنکارنا، چیخنا، خفا ہونا۔

ڈنکنی: مونث؛ (۱) ایک قسم کی عورت (۲) (دہلی) ڈائن (۳) (کنایتاً) لڑاکا عورت۔

ڈُنگیا: مونث؛ چھوٹا ڈونگا، چھوٹی ناؤ۔

ڈُوا: مذکر؛ لکڑی کا بڑا چمچا۔

ڈُوب: مذکر؛ (۱) ایک بار قلم کو سیاہی میں تر کرنا، غوطہ، (۲) کپڑے کو رنگ یا پانی میں ڈبونا۔

——دینا/ڈوبنا: (۱) قلم کو سیاہی میں ڈبونا (۲) کپڑے کو رنگ میں ڈبونا۔ (۳) دور دور بخیہ کرنا۔

ڈُوبا: مذکر؛ نیچی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے۔

——نام اُچھالنا: گئی ہوئی آبرو دوبارہ حاصل کرنا۔

——ہونا: کسی خیال یا فکر میں محو ہونا۔

ڈوبتے اُچھلتے: بہ مشکل۔

——کو تنکے کا سہارا بہت ہے: (مثل) مصیبت میں تھوڑی مدد بھی بہت ہے۔

ڈوبتی ہوئی ناؤ کو تر الینا: (کنایتاً) بگڑی ہوئی حالت کو سنبھال لینا۔

ڈُوب جانا: (۱) غرق ہو جانا (۲) چھپ جانا (۳) روپے کا ضائع ہو جانا، (۴) برباد ہونا، نام وری میں فرق آنا، (۵) کسی خیال یا فکر میں محو ہو جانا۔

——مرنا: پانی میں غرق ہو کر مر جانا (غیرت یا مایوسی سے) پانی میں خودکشی کرنا۔

ڈوبنا: (۱) غرق ہونا، (۲) چھپنا، غروب ہونا (۳) ضائع ہو جانا، قرض وصول نہ ہونا، (۴) تباہ ہونا، برباد ہونا (۵) کسی چیز کا گھس جانا کامل طور سے (۶) پسینے میں غرق ہونا، بھیگنا، (۷) بُری جگہ یا بُرے خاندان سے پالا پڑنا، (۸) کسی خیال میں محو ہونا، (۹) نشے میں چور ہونا۔

ڈُوبی ہوئی آسامی: قرض دار ایسا نادار ہو جائے کہ اُس سے قرض وصول ہونے کی امید نہ رہے۔

ڈوپٹا: دیکھو، دوپٹا۔

ڈوڈا: مذکر؛ (۱) وہ چیز جس کے اندر پھل کے بیج ثابت ہوتے ہیں (۲) ثابت کو کنار۔

ڈُور: مونث؛ (۱) سوت کی باریک رسّی، سُتلی (۲) بٹا ہوا تاگا، مچھلی کے شکار کا تاگا۔

——پر لگانا: ڈھب پر لگانا، ملانا، سدھانا۔

——پر بانجھا دینا/کو مانجھا دینا: مانجھے سے ڈور کو سونتنا۔

——سُلجھانا: اُلجھی ہوئی ڈور کی گرہیں اور پھندے نکال ڈالنا۔

ڈورا: مذکر؛ (۱) دھاگا، بٹا ہوا دھاگا، (۲) خط، لکیر، (۳) آنکھ کی رگیں، (۴) آنکھوں کی رگوں کی سُرخی (حالت سُرور یا خمار یا خواب سے بیدار ہونے کی صورت میں) (۵) تلوار کی باڑھ، (۶) ڈنڈی لگا ہوا کٹورا جس سے باورچی پانی نکالتے ہیں یا گھی ڈالتے ہیں، (۷) (باورچیوں کی اصطلاح) گرم گھی کو پکے ہوئے چاولوں میں ڈالنا، (۸) (کنایتاً) کسی کو بہ نظرِ محبت دیکھنا، (۹) مسلّم کو کنار، پوست (۱۰) (کنایتاً) سُرمے کی سلائی سے آنکھوں میں کھینچا ہوا خط، (۱۱) گردن، بازو، ران اور کمر کی ناپ کا ڈورا، (۱۲) رقاصوں کی اصطلاح، رقص میں ناچنے والو کی گردن کی جُنبش، (۱۳) (کنایہ) معشوق کی نازک گردن کی جنبش، (۱۴) جال، دام، فریب، (۱۵) کبابوں کو فتوں میں باندھا ہوا ڈورا۔

——ڈالنا: (۱) ڈورا پرونا (۲) (کنایتاً) محبت کے جال میں پھنسانا، رجھانا۔

ڈُورے چھوٹنا: آنکھوں کی رگوں کا گلابی ہونا، نیند یا نشے

کے بعد کی کیفیت۔
ڈورے چھوڑنا: (۱) تاگے ڈالنا، (۲) کاجل یا سُرمے کی لکیر آنکھ کے کوے سے باہر تک کھینچنا۔
——**ڈالنا**: رُوئی دار کپڑے میں تاگے ڈالنا، (۲) (کنایتاً) محبت کی باتیں کرکے اپنی طرف مائل کرنا (۳) چڑیا مینا کا مسلسل چہچہانا، (۴) (کنایتاً) سرگوشی کرنا (۵) فریب کا جال بچھانا۔
——**کترنا / کاٹنا**: ڈلی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا (سروتے سے)۔
ڈورُو: مذکر؛ ایک قسم کا باجا، ڈگڈگی، بھنگیوں کا باجا۔
ڈوری: مونث؛ (۱) پتلی رسّی (۲) مُلائی اُتارنے یا دودھ ڈالنے کا کٹورا (۳) وہ فیتہ جس سے کاغذات باندھتے ہیں۔
——**ڈھیلی چھوڑنا**: کسی کی نگہ بانی سے غافل ہوجانا، نگرانی کم کردینا، دباؤ کم رکھنا۔
ڈوریا: مذکر؛ ایک قسم کا دھاری دار باریک کپڑا۔
ڈوکر / ڈوکرا: مذکر، بہت بوڑھا۔
ڈوکری: مونث؛ بڑھیا۔
ڈول: مذکر؛ (۱) ڈھنگ، وضع، صورت، خصلت (۲) ڈھانچا (۳) طرح۔
——**پر لانا**: راہ پر لانا، ڈھب پر لانا۔
——**ڈالنا**: (۱) بنیاد قائم کرنا، انتظام کرنا، (۲) (کنایتاً) تعلق پیدا کرنا۔
ڈول: مذکر؛ کنویں سے پانی نکالنے کا برتن
——**پھالنا**: ڈول ڈالنا۔
ڈولچی: مونث، چھوٹا ڈول، (انگ) مگ۔
ڈولا: مذکر؛ ایک قسم کی زنانی سواری۔
——**دینا**: (کنایتاً) روپیہ لینے کے لیے امیر کو بیٹی دینا (بغیر شادی کے)
——**لینا**: ڈولے کی رسم ادا کرکے کسی کو بیوی بنانا۔
ڈولنا: مذکر؛ (۱) چلنا، حرکت کرنا، لینا (۲) مارا مارا پھرنا۔
ڈولی: مونث؛ ایک قسم کی زنانی سواری جس کو دو کہار لے کر چلتے ہیں۔
ڈولی اُترنا: ڈولی کی سواری اترنا۔
——**اُلٹی پھرنا**: ڈولی کو مع سواری کے واپس کرنا۔
——**لگانا**: ڈولی کو سواری کے لیے ڈیوڑھی میں رکھنا۔
——**نہ کہار نہ بی بیٹھی ہیں تیار**: (مثل) سامان کچھ نہیں اور ارادے بڑے بڑے۔
ڈوم: مذکر؛ (۱) میراثی، گانے کا پیشہ کرنے والا مرد (۲) ایک قوم کا نام۔
——**پنا**: مذکر؛ ڈوم کا پیشہ۔ بے جا خوشامد۔
——**کا گلا عطار کا شیشہ**: (مثل) دونوں یکساں ہیں، گلے میں ہر قسم کا نغمہ نکلتا ہے اور شیشے میں سے ہر قسم کے شربت یا عرق نکلتے ہیں۔
ڈومنی: میراثن، گانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔
ڈومینو تھیوری: مذکر؛ DOMINO THEORY (انگ) (سیاسی اصطلاح) خفیہ پالیسی۔
ڈونڈ: مذکر؛ ایک سینگ کا بیل، ٹوٹے یا مڑے سینگ کا بیل۔
ڈونڈا: گائے یا بیل جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا یا مڑا ہوا ہو۔
ڈونگا: مذکر؛ (۱) کسی برتن سے پانی نکالنے کا ڈنڈی دار برتن وہ برتن جس میں شوربہ وغیرہ نکال کر دسترخوان چنتے ہیں (۲) ایک خاص قسم کی رکابی، (۳) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔
ڈونگی: مونث؛ (۱) ایک قسم کی چھوٹی ناؤ جو بڑی کشتی یا جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے (۲) چھوٹا ڈونگا۔
ڈونگیا: مونث، دیکھو ڈونگیا۔
ڈونگر: مذکر؛ اونچی زمین، پہاڑ، پہاڑی مُلک۔
ڈویژن: DIVISION (انگ) مذکر؛ (۱) تقسیم، تفریق قسمت، بٹوارہ، (۲) علاقہ، حدِ فاصل، حصّہ، فوج کا حصّہ، باب فعل۔
ڈویژنل: DIVISIONAL (انگ) (۱) متعلق بہ تقسیم، قسمت واری یا قسمت سے متعلق، (۲) حصّہ یا علاقہ سے متعلق۔

علاقہ داری، سرحد کا، فوجی ڈویژن کا۔

ڈَہر: مذکر؛ (۱) برساتی پانی کا تالاب، (۲) نشیبی زمین (۳) جہاز یا کشتی کا پیندا، (۴) کُسُم کا زرد رنگ۔

ڈَہنکانا: ترسانا، کوئی چیز کسی کے سامنے کرکے ہٹانا، دینے کا انداز بھاکر کسی کو کوئی چیز دکھانا، لینے پر آئے تو نہ دینا۔

ڈَہکنا: ترسنا۔

ڈَہنا: (۱) ڈہ جانا، منہدم ہوجانا، (۲) غرور جاتا رہنا، دعوا باطل ہوجانا۔

ڈی۔ایس۔پی: D.S.P. (انگ) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس۔

ڈیڈ لیٹر آفس: DEAD LETTER OFFICE (انگ) ڈاک خانہ کا وہ دفتر جس میں لاوارث چٹھیاں کھول کر کاتب کے پاس بھیج دی جاتی ہیں۔

ڈِیٹھ: مونث؛ نظر، نگاہ۔

——بند: مذکر؛ جادوگر، نظربندی کا کھیل دکھانے والا۔

——بندی: مونث؛ نظربندی، جادوگری۔

ڈِٹیکٹو: DETECTIVE (انگ) مذکر، خفیہ پولیس، جاسوس، سراغ رساں۔

ڈیڈی: DADDY (انگ) مذکر؛ (ابّا) باپ

ڈیر: DEAR (انگ) عزیز، پیارا، شفیق۔

ڈیرا: مذکر؛ (۱) خیمہ (۲) عارضی مکان، عارضی قیامگاہ، (۳) گھر، مکان، بڑی حویلیوں میں ایک چھوٹا مکان (۴) زمین دار کا دیہاتی مکان۔

——ہونا: ٹھہرنا، قیام ہونا۔

ڈیرے پڑنا: ڈیرے کھڑے ہونا، ٹھہر جانا، قیام ہونا

——دار رَوال: خوش حال کسی، مال دار طوائف۔

——ڈالنا: کسی جگہ قیام کرنا، ٹھہر جانا۔

ڈیری فارم: DAIRY FARM (انگ) (۱) دودھ گھر (۲) وہ جگہ جہاں دودھ دینے والے مویشی رکھے جاتے ہیں اور دودھ، دہی، مکھن وغیرہ فروخت ہوتا ہے۔

ڈیڑھ: مذکر؛ ایک اور آدھا۔

——اینٹ کی مسجد بنانا: الگ ہوجانا، سب سے الگ رائے قائم کرنا، سب کی رائے سے اختلاف کرنا، سب لوگوں سے الگ چھوٹا سا کام کرکے دل کی ہوس نکالنا۔

——چلّو: تھوڑا سا پانی۔

——گز کی زبان: بہت زبان دراز، زبان درازی کا کنایہ۔

ڈیسک: (انگ) مذکر؛ لکھنے کی میز، ایک قسم کی چھوٹی سی میز جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں۔

ڈیش: DASH (انگ) مذکر (۱) ٹکر، ٹکرانا، دھکا دینا، متصادم ہونا، (۲) وقفہ، یا جملہ معترضہ ظاہر کرنے کا نشان (اس طرح ——)

—— یا چھوٹے حروف یا الفاظ ظاہر کرنے کا نشان (اس طرح ---)

ڈیگریڈ: DEGRADE (انگ) مرتبہ یا درجہ کم کرنا۔

ڈیل: مذکر؛ (۱) جسم، جثہ، کاٹھی، تمام قد، (۲) جسامت (۳) وہ سختی جو پانو کی انگلیوں میں جوتے کی رگڑ سے ہوجائے۔

——ڈول: مذکر؛ جان دار کے قدوقامت کا انداز۔

ڈیلر: DEALER (انگ) مذکر؛ بیوپاری، سوداگر، (۲) کاروباری (۳) تاش بانٹنے والا۔

ڈیلنگ: DEALING (انگ) مونث؛ (۱) کاروبار، تجارت لین دین (۲) برتاؤ، سلوک (۳) تاش کے پتے بانٹنا۔

ڈیلی: DAILY (انگ) روزانہ، یومیہ، روزنامہ (اخبار وغیرہ)

ڈیلیگیٹ: DELEGATE (انگ) مذکر، نائب، وکیل، نمایندہ، ایلچی، سفیر، مندوب، ممبر

ڈیلی گیشن: (انگ) مذکر (وفد) نمایندوں کی جماعت۔

ڈیلی میل: DAILY MAIL (انگ) روزانہ کی ڈاک۔

ڈیلیوری: DELIVERY (انگ) مونث؛ (۱) تقسیم خطوط (۲) پیدائش، ولادت، وضع حمل۔

ڈیمارج: DEMARRAGE (انگ) ریل یا جہاز سے (بیرمیں) مال لادنے کا کام۔

ڈیمانڈ: DEMAND (انگ) مذکر؛ مطالبہ، تقاضا، مانگ، طلب۔

ڈیمانسٹریشن: DEMONSTRATION (انگ) (۱) مظاہرہ جلسۂ عام میں اظہار رائے، اظہار جذبات وغیرہ کا (۲) تعلیم بذریعہ مثال و تجربہ۔

ڈیمائی: DEMY (انگ) مونث، کاغذ کا ایک سائز (۱۷½ × ۲۲½)

ڈیمڑا: مذکر؛ (عو) اندرونی پھوڑا۔

ڈیم فول: DAM FOOL (صفت) (گالی کے طور پر) پاجی، احمق، گدھا، نالائق۔

ڈیموکریٹک: DEMOCRATIC (انگ) جمہوری۔

ڈیموکریسی: DEMOCRACY (انگ) مونث، جمہوریت۔

ڈیمی آفشل: DEMYOFFICIAL (انگ) نیم سرکاری، اس کا مختصر (D.O.) ہے۔

ڈیمج: DAMAGE (انگ) مذکر؛ نقصان، خسارہ، زیان ضرر۔

ڈین: DEAN (انگ) یونیورسٹی کے کسی شعبۂ تعلیم کا سربراہ یا منتظم اعلیٰ۔

ڈینٹسٹ: DENTIST (انگ) دانت بنانے والا، دانتوں کا ڈاکٹر، دندان ساز۔

ڈینٹل: DENTAL (انگ) مذکر، دانتوں سے متعلق دندان سازی سے متعلق۔

ڈینٹل ہاسپٹل: (انگ) دانتوں کا اسپتال۔

ڈینگ: مونث، شیخی، تعلّی۔

—— کی آڑانا/کی لینا/مارنا/ہانکنا: غرور کرنا، اترانا، شیخی بگھارنا۔

ڈینگیا: شیخی مارنے والا۔

ڈیو: DUE (انگ) (۱) واجب الادا (۲) لازم، ضروری (۳) درست۔

ڈیوٹی: DUTY (انگ) مونث (۱) خدمت، فرض منصبی، (۲) خدمت کی انجام دہی، (۳) محصول، جنگی۔

ڈیوڑھا کرنا: (دہلی) (مہاجنوں کی اصطلاح) حساب بند کرنا۔

ڈیوڑھی: مونث؛ (۱) صحن کا پٹا ہوا دروازہ (۲) دہلیز، آستانہ، درگاہ (۳) بروٹھا، مکان کا وہ حصہ جو بیرونی دروازے سے ملحق ہو۔

—— بند ہونا: باریابی بند ہونا، رئیسوں کے یہاں کی آمد و رفت بند ہونا۔

—— دار: مذکر؛ دربان۔

ڈیوک: DUKE (انگ) مذکر؛ نواب انگلستان کا سب سے بڑے درجے کا امیر یا جاگیردار۔

ڈیہہ: مذکر؛ بلند جگہ، جو مکانات گر جانے سے ٹیلے کی صورت میں ہو گئی ہو۔

ڈ - ھ

ڈھابا: مذکر، مرغیوں کے بند کرنے کا ٹاٹ۔

ڈھابلی: مونث؛ کبوتروں کے رہنے کا ڈربا۔

ڈھا دینا: منہدم کر دینا۔ دیکھو ڈھانا۔

ڈھاپنا/ڈھانپنا: پوشیدہ کرنا کسی چیز سے، کسی چیز کو چھپانے کی نیت سے اس پر کپڑا ڈالنا، یا برتن ڈھکنا۔

ڈھاٹا: مذکر؛ (۱) کپڑے کی پٹی جسے منہ کے گرد اگرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں، (۲) وہ کپڑا جس سے مُردے کا منہ باندھ دیتے ہیں۔

ڈھائی: مونث؛ وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی جگہ دیتے ہیں۔

ڈھارس: مونث؛ سہارا، ہمت، استقلال، آسرا، مدد۔

ڈھاڑی: مذکر؛ ڈوم، میراثی۔

ڈھاک: مذکر؛ ایک درخت کا نام۔

—— کے تین پات: (مثل) (۱) مفلس، نادار (۲) اپنی ضد اور ہٹ کا پورا آدمی، اپنی بات پر اڑا رہنے والا۔

ڈھال: مونث (۱) سپر (۲) مذکر؛ نشیب، پستی، (۳) صفت ڈھالو، ڈھلوان، نشیبی۔

ڈھالو/ڈھالوان: ایک طرف کو نشیب اور پستی رکھنے والا، سلامی دار۔

ڈھالنا: (۱) کسی ٹھوس شے کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا (۲) فروخت

کرنا، (۳) کسی پر طنز کرنا (۴) عائد کرنا۔
ڈھانا: (۱) گرانا، منہدم کرنا، (۲) برباد کرنا، مٹانا (۳) برپا کرنا۔
ڈھانپنا: ڈھانکنا، چھپانا۔
ڈھانچا / ڈھانچہ: مذکر؛ (۱) بغیر بنا پلنگ، بے بُنی کرسی، (۲) خاکہ، قالب۔
ڈھانچا: (۱) مذکر؛ بے گوشت پوست کا جسم، پنجر۔
ڈھانکنا: (۱) کسی چیز پر کوئی دوسری چیز رکھ دینا، پوشش ڈالنا (۲) اوڑھنا، (۳) چھپانا۔
ڈھائی: (۱) اڑھائی (۲) مونث؛ بچوں کا ایک کھیل۔
——دن کی بادشاہت کرنا: (۱) نوشہ بننا (۲) چند روزہ حکومت کرنا۔
——گھڑی کی موت آئے: (عو) (بددعا) اچانک موت آئے۔
——گھڑی کی آنا: جھٹ پٹ مر جانا،
——چھونا: (کنایتاً) آتے ہی چلا جانا۔
ڈھب: مذکر؛ (۱) ڈھنگ، طور، طریقہ، روش، اسلوب، (۲) لپکا، عادت (۳) پسند۔
——بننا: موقع ہاتھ آنا۔
——پر چڑھانا / پر لگانا: دم میں لانا، قابو میں لانا۔
——پر چڑھنا: قابو میں آنا۔
——ڈالنا: (۱) عادت ڈالنا (۲) موقع نکالنا
——ڈھب قلیہ / شوربا: پتلا رقیق، پتلا اور بہت سے شوربے کا بدمزہ سالن۔
——سے: مناسب طریقے سے۔
——کی چیز: پسند کے قابل۔
——لگ جانا: موقع مل جانا۔
ڈھبڈبانا: پیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ڈھبری: مونث؛ پیچ کے اوپر کٹنے کا لوہا۔
ڈھپ: مذکر؛ دف۔
ڈھپالی: ڈفالی۔
ڈھٹ: موٹا سنگین کپڑا۔
ڈھٹائی: مونث؛ بے شرمی، بے حیائی، شوخی۔
ڈھٹ بندی: مونث؛ نظر بندی۔
ڈھٹینگڑا / ڈھٹینگڑ: (عو) موٹا تازہ آدمی، سنڈا مسٹنڈا۔
ڈھچر: مذکر؛ (۱) ڈھانچ (۲) کسی چیز کی درستی کا سامان۔
ڈھڈو: مونث؛ (عم) (۱) بڑھیا عورت (۲) ایک قسم کی چڑیا (۳) بے شرم عورت۔
ڈھرا: مذکر؛ (۱) عام راستہ (۲) مجازاً روش، قدیم، ڈھنگ۔
——لگا ہونا: عام راستہ بنا ہونا۔
ڈھرے پر چلانا: ایک خاص روش پر چلا جانا۔
ڈھکنا: (۱) چھپانا، ڈھک لینا، ڈھانک لینا، (۲) مذکر؛ سرپوش۔
ڈھکنی: مونث؛ چھوٹا سرپوش۔
ڈھکوس: مونث؛ تشنگی، پیاس۔
ڈھکوسنا: (عو) بہت کھانا۔
ڈھکوسلا: مذکر؛ بے قرینہ بات، چوچلا، مہمل بات، لغو کام۔
ڈھکیل دینا / ڈھکیلنا / ڈھکیلنا: (۱) پیچھے سے ریلنا (۲) کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا (۳) دھکا دے کر ہٹا دینا۔
ڈھلان: مذکر؛ دیکھو ڈھال۔
ڈھلاؤ، کھنچاؤ: اُتار چڑھاؤ (ستار یا کمان کا)
ڈھلائی / ڈھلوائی: مونث؛ ڈھلوانے کی اُجرت۔
ڈھلا ہوا: (۱) جو بے ساختہ ہو، آورد سے پاک، لطیف مضمون (۲) پلپلا (۳) سانچے میں ڈھلا ہوا۔
ڈھلت: مونث؛ سانچے میں ڈھلی چیز کی بناوٹ۔
ڈھلتی / چلتی پھرتی چھاؤں: مونث؛ (مجازاً) دولت، حکومت جو حالت سدا یکساں نہ رہے۔
——چھاؤں: (کنایتاً) ہر لحظہ زائل ہونے والی چیز۔
ڈھلر: صفت؛ ڈھیلا، ڈھالا۔
ڈھلکا: مذکر؛ (۱) آنکھوں سے بہنے کی بیماری (۲) مرنے کے قریب آنکھوں سے جو پانی جاری ہوتا ہے۔
——لگنا: آنکھ سے پانی جاری رہنا۔
ڈھلکانا: (۱) بہانا، (۲) لڑھکانا۔
ڈھلکنا: (۱) بہنا، ٹپکنا (۲) نیچے سرک آنا (۳) کسی گول چیز کا غلطاں ہونا، لڑھکنا، جھک جانا، مائل ہونا۔

ڈھلمانا: لڑکھڑانا، جنبش کرنا، متذبذب ہونا۔
ڈھلمل یقین: متذبذب، ضعیف الاعتقاد، ڈانوا ڈول ایمان کا کچا
ڈھلنا: (۱) سانچے میں ڈھلنا (۲) گزر جانا (۳) پلپلا ہونا، گل جانا، (۴) بہنا، رواں ہونا (۵) گھٹنا، اترنا (۶) حسن و جمال کا زوال پذیر ہونا (۷) لٹک پڑنا (۸) مضمون یا شعر کا بے ساختگی سے نظم ہو جانا (۹) شراب کا گلاس میں ڈالا جانا (۱۰) نیچے کی طرف سرک جانا (۱۱) ختم کے قریب آنا، زوال پر آنا دن یا رات کا (۱۲) سن سے اتر جانا۔
ڈھلنا: (۱) ڈھویا جانا (۲) مائل ہونا، کسی طرف جھکنا (۳) (کنایتاً) کسی کا کسی کی طرف متوجہ ہو جانا۔
ڈھلواں: پھسلنے والا، ترچھا۔
ڈھلوانا: سانچے میں بنوانا۔
ڈھلوانا: اسباب اٹھوانا، بوجھ اٹھوا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔
ڈھلیا: (صفت) ڈھالنے والا۔
ڈھلیت: مذکر: (۱) ڈھال باندھنے والا، وہ شخص جو سلاح بند ہو، (۲) سانچے میں ڈھالنے والا (۳) گانو کا چوکیدار۔

ڈھ۔ن

ڈھنڈنا: (عم) تلاش ہونا، دیکھو ڈھونڈنا۔
ڈھنڈیا پڑنا/مچنا: تلاش ہونا، جستجو ہونا۔
ڈھنڈورا: (۱) منادی کا ڈھول (۲) منادی، اعلان، تشہیر۔
ـــــ پٹنا/پٹ جانا: (۱) منادی کرنا، تشہیر کرنا (۲) راز کھل جانا، شہرت ہو جانا۔
ـــــ پیٹنا: منادی کا ڈھول بجانا (۲) (کنایتاً) کسی امر کا اعلان کرنا، جا بہ جا کہتے پھرنا۔
ـــــ شہر میں، لڑکا بغل میں: (مثل) جب کوئی چیز پاس ہو اور دور ڈھونڈیں۔
ڈھنڈورچی/ڈھنڈوریا: منادی کرنے والا۔
ڈھنڈیا: (عو) مونث: تلاش، ڈھونڈنا۔
ڈھنکنا: بند ہونا، بند کرنا۔
ڈھنگ: مذکر: (۱) روش، طریقہ (۲) چال چلن، رویہ (۳) طرز، قطع، وضع (۴) سیرت، عادت (۵) ہنر سلیقہ۔
ڈھنگ اڑانا: انداز کی نقل کرنا، سیکھنا۔
ـــــ ڈالنا: بنیاد ڈالنا، کسی کام کی ابتدا کرنا۔
ڈھنگڑا: (عو) جوان، قوی بازو۔
ڈھور: (۵) مذکر: گائے وغیرہ چوپایہ جانور۔
ڈھول: مذکر: طبل، دُہل۔
ـــــ بجانا: (کنایتاً) شہرت دینا۔
ـــــ ڈھمکا/دھمکا: (دہلی) مذکر: (۱) دھوم دھڑکا بیاہ گانا (۲) بہت سامان، بہت اسباب۔
ـــــ کے اندر پول: (مثل) ظاہری نمائش بہت اور اصلیت کچھ نہیں
ڈھولا: مذکر: (۱) کھیتوں اور زمین کی سرحد کا نشان (۲) قالب، طاق اور گنبد کا (۳) (عو) بے وقوف، احمق۔
ڈھولک/ڈھولکی: مونث: چھوٹا ڈھول،
ڈھولکیا: ڈھول بجانے والا۔
ڈھولنا: مذکر: (۱) ڈھول کی شکل کا سونے چاندی کا زیور (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن جو ڈھولنے میں رکھا جاتا ہے۔
ڈھولی: مونث: دو سو پانوں کا مٹھا۔
ڈھونا: (۱) بوجھ اٹھانا۔ بوجھ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، (۲) اٹھا لے جانا، چوری سے لے جانا۔
ڈھونڈ: مونث: تلاش۔
ـــــ پھرنا: تلاش کر کے ناکام پھرنا۔
ـــــ ڈھانڈ: مونث: سراغ، کھوج، تلاش۔
ـــــ مارنا: بہت تلاش کرنا۔
ـــــ نا/ڈھونڈھنا: سراغ لگانا، تلاش کرنا، کھوج لگانا۔
ـــــ نکالنا: سراغ لگا لینا۔
ڈھونڈے نہ پانا: تلاش کے باوجود نہ پانا۔
ڈھونگ: مذکر: فریب، دغا، مصنوعی باتیں۔
ـــــ باندھنا: ظاہری عزت یا ٹیپ ٹاپ بنانا۔
ڈھہنا: دیوار یا مکان کا گرنا۔
ڈھئی: مونث: ایک جگہ جم جانا، کسی جگہ بیٹھ کر پھر وہاں سے نہ اٹھنا۔
ـــــ دینا: جم کر بیٹھنا، مقصد پورا ہونے سے پہلے نہ اٹھنا۔

ڈھی: (۱) دریا کا اونچا کنارا (۲) گرے ہوئے پرانے مکانات کا ڈھیر۔

ڈھیا: مذکر؛ مونث؛ (۱) اڑھائی سیر کا باٹ (۲) ایک قسم کا لڑکوں کا کھیل۔

ڈھے پڑنا: گر پڑنا، زبردستی اتر پڑنا، رہ پڑنا۔

—— **جانا**: عمارت منہدم ہو جانا۔

ڈھیٹ / ڈھیٹھ: بے باک، بے شرم، بے حیا، سرکش، کسی کا کہا نہ ماننے والا۔

ڈھیر: مذکر؛ (۱) انبار (۲) کثرت سے (۳) (کنایتاً) قبر، فقیر کا مزار (۴) تودہ۔

—— **سا**: بہت سا۔

—— **کرنا**: (۱) جمع کرنا (۲) (کنایتاً) مار ڈالنا (۳) خاک کا تودہ بنانا۔

—— **لگا دینا**: انبار کرنا۔

—— **ہو جانا**: (۱) (کنایتاً) تھک جانا (۲) عمارت کا ٹوٹ پھوٹ کے گر پڑنا، (۳) مر جانا۔

ڈھیرا: مذکر؛ (۱) جس کی آنکھ ٹیڑھی ہو، (۲) ایک کو دو دیکھنا۔

—— **دیدہ**: مذکر؛ ڈھیری آنکھ۔

ڈھیری: مونث؛ چھوٹا سا انبار، روپے غلے وغیرہ کے چھوٹے انبار۔

ڈھیکلی / ڈھینکلی: (۱) غلے کو کوٹنے کا لوہا (۲) سوئیاں بنانے کا پیچ، (۳) لمبی لکڑی ایک طرف ڈول دوسری طرف پتھر رکھ کر پانی نکالنے کا آلہ۔

ڈھیل: مونث؛ (۱) دیر، وقفہ (۲) سستی، کاہلی، مہلت، فرصت، (۳) جھول (۴) پتنگ کی ڈور چھوڑ کر اسے بڑھانا۔

—— **دینا**: (۱) مہلت دینا (۲) کنکوے کو ڈور پلانا (۳) بے پروائی کرنا۔

—— **کرنا**: پہلو تہی کرنا، وقت گزارنا۔

ڈھیلا: (۱) جو چست نہ ہو (۲) نامرد (۳) (کنایتاً) سست، کاہل آدمی۔

—— **بنانا**: کڑاپن دور کرنا، سیدھا بنانا۔

—— **پاجامہ**: مذکر؛ غرارے دار پائے جامہ۔

—— **پڑ جانا / ہو جانا**: (۱) چست نہ رہنا، تنگ نہ رہنا، (۲) نرم پڑ جانا، غصہ کم ہو جانا، کڑاپن نہ رہنا (۳) سست ہو جانا، کم زور ہو جانا (۴) نامرد ہو جانا۔

—— **پن**: مذکر؛ فراخی، کشادگی، سستی، کاہلی، نامردی۔

—— **پیچ**: مذکر؛ (۱) سر کے بال ابرو کے اوپر گندھے ہوئے (۲) پگڑی کا پیچ جو بھوؤں پر پڑا ہو۔

—— **ڈھالا**: مذکر؛ بہت ڈھیلا۔

—— **ڈھالا**: کشادہ، فراخ۔

—— **کرنا**: تنگی اور چستی دور کرنا، سست کرنا، مضمحل کرنا۔

ڈھیلا: مذکر؛ (۱) مٹی کا بڑا ٹکڑا (۲) آنکھ کی پلکوں کے اندر کا پورا حصہ (۳) سونے چاندی یا گڑ وغیرہ ڈلا۔

—— **چلانا / ڈھیلے مارنا**: ڈھیلوں سے مارنا۔

—— **لینا**: استنجے کے لیے ڈھیلا لینا۔

ڈھیلے پتھرانا: آنکھوں کے دیدوں کا بے حس و حرکت ہو جانا روشنی جاتی رہنا۔

—— **لگانا**: ڈھیلے مارنا۔

ڈھیلوں سے مقدر پھوڑنا: بدقسمتی کا کنایہ۔

ڈھینڈا: مذکر؛ (۱) توند، بڑا پیٹ (۲) عورتوں کا حمل۔

—— **پھلانا**: حمل رکھوانا، حاملہ ہونا۔

—— **پھولنا**: حمل رہنا۔

ڈھینڈس: مذکر؛ (۱) گول کدو (۲) (مجازاً) خصیہ، خایہ، (۳) (عو) بیٹھے رہنے والے چھوٹے تندرست بچے جو چلنا پھرنا دیر میں سیکھتے ہیں۔

ڈھینکا: مذکر؛ (۱) کو لھو کی لکڑی (۲) سارس۔

—— **ڈھینکی**: کسی کی ضد سے کوئی کام کرنا۔

ڈھینکلی: مونث؛ (۱) پانی نکالنے کی لمبی لکڑی جس کے ایک سرے پر پتھر، دوسرے پر ڈول ہو (۲) آڑی سیون (۳) دھان کوٹنے کا آلہ (۴) قلابازی۔

ڈھینکی: مونث؛ (۱) دھن کی (۲) آڑی سیون

ڈھینگر: ضعیف، لاغر۔

ذ

ذ: حروف تہجی کا ایک حرف، جمل (ابجد) کے حساب سے اس کے ۷۰۰ عدد ہیں۔

ذ ـ ا

ذابح: (ع) مذکر؛ حلال کرنے والا، ذبح کرنے والا۔
ذات: (ع) مونث؛ (۱) کسی چیز کی حقیقت، ماہیت (۲) فرد (۳) قوم (۴) حیثیت، وقعت (۵) عزت، آبرو۔
ذات الجنب: (ع) مذکر؛ پسلی کا درد۔
ـــ الصدر: (ع) سینے کا ورم، سینے کا درد۔
ذات باہر: ذات سے نکالا ہوا۔
ـــ پات: (پات: تابع مہمل)؛ ذات، قومیت۔
ـــ پات نہ پوچھے کوئے، ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے: (مقولہ) جو شخص محنت اور ریاضت کرتا ہے مقبول ہوتا ہے اور اس کی ذات کوئی نہیں پوچھتا ہے۔
ـــ پر جانا: کسی سے اپنی قوم کے مشہور برے اعمال کا سرزد ہونا۔
ـــ رات: (مونث) حسب و نسب۔
ـــ شریف (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) چالاک، مفسد۔
ـــ کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے: (مثل) شریف کا پیوند شریف میں ہوتا ہے۔
ـــ میں بٹا لگانا/میں دھبا لگانا: غیر ذات میں رشتہ کرنا۔
ـــ میں بٹا لگنا: نسل میں عیب لگنا۔
ـــ میں ملانا: برادری میں شامل کرنا۔
ذاتی: (ا) اصلی، حقیقی (۲) اپنا، نجی کا۔
ـــ جوہر: وہ خوبی جو کسی شخص کی ذات میں موجود ہو۔
ذاکر: (ع) (ا) ذکر کرنے والا (۲) عبادت کے طور پر اللہ کا ذکر کرنے والا (۳) وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر اہل بیت کا ذکر کرے
ذال: (ع) مذکر؛ ایک حرف کا نام (ذ)
ذائقہ: (ع) مذکر؛ زبان کی حس، چکھنے کی قوت (۲) مزہ، ـــ لذت، (۳) لطف، چسکا۔
ـــ چکھانا: (۱) مزہ چکھانا (۲) (کنایتاً) سزا دینا۔
ـــ دار: لذیذ، خوش مزہ۔

ذ ـ ب

ذبح: (ع) مذکر؛ گلا کاٹنا، گلے پر چھری پھیرنا، شرعی طور پر حلال کرنا۔
ذبیحہ: (ع) مذکر؛ قربانی کا جانور، شرعی طور پر حلال کیا ہوا جانور۔
ذبیح/ذبیح اللہ: (ع) مذکر؛ حضرت اسماعیلؑ کا لقب۔

ذ ـ خ

ذخار: موجیں مارنا، (اس کا صحیح املا زخار ہے۔)
ذخیرہ: (ع) مذکر، (جمع: ذخائر؛ (۱) خزانہ (۲) گودام، (۳) جمع پونجی۔

ذ ـ ر

ذرا: مذکر؛ (۱) تھوڑا، بہت کم، (۲) تھوڑا وقت (۳) کچھ کسی قدر (۴) بالکل (۵) تھوڑی دیر کے لیے۔
ـــ ذرا: تھوڑا تھوڑا، رتی رتی۔
ـــ سا: تھوڑا سا، چھوٹا۔
ـــ سا منہ نکل آنا: چہرہ اتر جانا خوف یا بیماری سے۔
ـــ سی بات ہونا: آسان کام ہونا۔
ـــ سی جان: چھوٹا سا۔
ـــ ظہور/ذری ظہور: تھوڑا بہت، کسی قدر، کچھ۔
ـــ عقل کے ناخن لو: بے وقوفی کی باتیں نہ کرو۔
ـــ کی ذرا/ذری کی ذری: تھوڑی دیر کے واسطے، لمحہ بھر کے واسطے۔
ـــ منہ دھو رکھو: تم اس چیز کے لائق نہیں۔
ـــ منہ سنبھال کے: (بطور دھمکی کے) گفتگو احتیاط سے کرو، بے تمیزی سے بچ کے۔
ـــ میں: ذرا سی دیر میں، ذرا سی بات میں، لمحہ بھر میں۔
ـــ ہوش میں آؤ: ذرا سمجھو، ہوش کی باتیں کرو۔
ذری: (مونث کے لیے)؛ ذرا۔

ذرّہ : (ع) مذکر؛ جمع = ذرات (۱) وہ چھوٹے چھوٹے خاکی اجزاء جو آفتاب کی شعاع میں نظر آتے ہیں (۲) بالو کا چمک دار ذرہ (۳) قلیل، تھوڑا (۴) ٹکڑا، ریزہ۔

—— **بھر** : ذرا سا۔

—— **بے مقدار** : صفت (اضافت کے ساتھ) بے وقعت۔

—— **پرور** : (ف) ناچیز کی قدر کرنے والا، آفتاب کی ایک صفت۔

—— **ذرّہ ذرّہ** : تفصیل کے ساتھ۔

ذرّے بھر کی چیز : چھوٹی سی چیز۔

—— **کو آفتاب بنانا** : ناچیز کو اعلیٰ درجے پر پہنچانا

ذرّیت : (ع) مونث؛ جمع = ذریات؛ نسل، بال بچے، آل اولاد۔

ذریعہ : (ع) مذکر؛ (۱) وسیلہ، (۲) طفیل۔

ذ۔ق

ذقن : (ع) مذکر؛ ٹھوڑی۔

ذ۔ک

ذکا : (ع) مونث؛ ذہانت، تیزی طبع۔

ذکاوت : (ع) مونث، ذہن کی تیزی۔

ذکر : (ع) (۱) آوازہ، ثنا، زبان سے یاد کرنا، بیان (۲) چرچا، تذکرہ (۳) خدا کا نام لینا زبان اور دل سے

—— **جمیل** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، نیکی کے ساتھ تذکرہ۔

—— **چھیڑنا** : کسی بات کے بیان کرنے کی ابتدا کرنا، بات چیت شروع کرنا۔

—— **خیر** : بھلائی کے ساتھ تذکرہ یا یاد۔

—— **مذکور** : مذکر؛ تذکرہ، بات چیت، گفتگو۔

—— **آنا / چلنا / نکلنا / ہونا** : کسی چیز کا تذکرہ ہونا۔

—— **کرنا** : (۱) تذکرہ کرنا، (۲) (کنایتاً) یادِ الٰہی کرنا۔

ذکر العیش نصف العیش : (ع) (مقولہ) عیش و عشرت کی بات چیت میں بھی آدھے عیش کا مزہ آتا ہے۔

ذکی : (ع) مذکر؛ ذہین، ہوشیار، تیز فہم۔

ذ۔ل

ذلالت : (ع) مونث؛ خوار کرنا، ذلیل کرنا۔

ذلت : (ع) مونث؛ خواری، رسوائی، ہتک، توہین۔

—— **اٹھانا** : ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا۔

—— **دینا** : شرمندہ کرنا، خفیف کرنا۔

—— **ہونا** : رسوائی ہونا، تحقیر ہونا، شرمندگی ہونا۔

ذلیل : (۱) خوار (۲) کمینہ، سفلہ (۳) بے عزت (۴) رسوا بدنام (۵) سُبک۔

—— **کرنا** : شرمندہ کرنا، رسوا کرنا، بدنام کرنا۔

—— **ہونا** : خفیف ہونا، رسوا ہونا۔

ذ۔م

ذم : مونث؛ مذمت، برائی، ہجو۔

ذمّہ : (ع) مذکر؛ (۱) عہد، پیماں (۲) ضمانت، کفالت، متعلق (۳) امانت، سپردگی (۴) جواب دہی، مواخذہ۔

—— **دار / ذمہ وار** : جواب دہ، ضامن، کفیل۔

—— **داری** : مونث؛ ضمانت، کفالت، جواب دہی۔

ذمّی : (ع) اسلامی سلطنت کی حفاظت میں غیر مسلم رعایا۔

ذمیمہ : (ع) مونث؛ بُری، خراب۔

ذ۔ن۔و

ذنب : (ع) مذکر؛ (جمع = ذنوب)؛ گناہ۔

ذو : (ع) خداوند، صاحب، مالک، آقا۔

—— **بحرین** : (ع) دو بحروں میں پڑھی جا سکنے والی نظم۔

—— **الاحترام** : (ع) مرتبے والا، عزت کیے جانے کے قابل۔

—— **الجناح** : (ع) مذکر؛ حضرت امام حسینؓ کے گھوڑے کا نام

—— **اضعافِ اقل** : (ع) مذکر؛ ریاضی کی ایک اصطلاح۔

—— **الجلال** : (ع) صاحبِ جلال، عزت والا، دبدبے والا (خدا کا نام)

—— **الجلال والاکرام** : (ع) خدائے تعالا جو بزرگی اور عزت والا ہے۔

ذوالفقار : (ع) (ا) حضرت علیؓ کی تلوار (جو رسول اللہؐ نے انہیں عطا فرمائی تھی) (۲) تلوار۔

—— **القرنین** : (ع، مذکر؛ ا) سکندر بادشاہ کا لقب (۲) ایک دوسرا ذوالقرنین بادشاہ جس کا قرآن میں ذکر ہے۔

—— **معنیٰ** : (ع) (ا) بامعنی (۲) دو معنی والا، پہلودار بات۔

—— **المن/ذوالمنن** : (ع) احسان اور بخشش کرنے والا خدائے تعالیٰ۔

—— **النورین** : (ع، مذکر؛ دو نور والا، حضرت عثمانؓ کا لقب (ان کے نکاح میں آں حضرتؐ کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے رہیں)

—— **النون** : (ع) حضرت یونسؑ کا لقب۔

ذوی الارحام : مذکر، وہ کل رشتہ دار جو وراثت کے حقدار نہ ہوں۔

—— **الفرائض** : (ع) مذکر؛ شرعی وارثان (وارث)

—— **القربا** : (ع، مذکر؛ ایک خاندان کے ہم جدی لوگ۔

ذوق : (ع، مذکر؛ (ا) لطف، حظ، شوق (۲) مذاق سلیم۔ (۳) اردو کے مشہور شاعر شیخ ابراہیم کا تخلص۔

—— **افزا/فزا** : (ف) ذوق بڑھانے والا۔

—— **سے** : شوق سے، مزے سے۔

ذ۔ ہ

ذہانت : مونث؛ ذہن کی تیزی۔

ذہب : (ع، مذکر؛ سونا۔

ذہن : (ع، مذکر؛ (ا) دانائی (۲) سمجھ کی قوت۔

—— **اترنا** : دھیان سے اترنا، بھول جانا۔

—— **کو کندی ہونا** : (دہلی) ذہن کند ہونا۔

—— **کھلنا** : عقل کا تیز ہو جانا۔

—— **کند ہونا** : غبی ہونا۔

—— **لڑانا** : غور کرنا۔

—— **میں بیٹھنا** : کسی بات کا سمجھ میں آنا۔

—— **نشین کرنا** : سمجھانا، تشفی کر دینا۔

ذہین : (ع) تیز ذہن والا۔

ذہول : (ع) مذکر؛ بھول جانا، غفلت، کوئی بات ذہن سے اتر جانا۔

ذ۔ ی

ذی : (ع) صاحب، خداوند، مالک۔

—— **اختیار** : صاحب حکومت، حکومت والا۔

—— **استعداد** : لائق، قابل، مالدار۔

—— **الحجہ** : (ع) مذکر؛ عربی بارھواں قمری مہینا۔

—— **جاہ** : صاحب جاہ۔

—— **حرمت** : عزت دار۔

—— **حس** : جان دار (جس کو حس باقی ہو)

—— **رتبہ** : صاحب منصب، عہدہ دار، رتبہ والا۔

—— **روح** : جان دار۔

—— **قعد** : (ع) عربی گیارھواں قمری مہینا۔

ذیل : (ع) مذکر؛ (ا) نیچے دیے ہوئے (۲) علاقہ، حلقہ (۳) گروہ (۴) واسطہ، آڑ۔

—— **دار** : مذکر؛ چند گانو یا قصبوں کا سرکاری عہدہ دار۔

ر

ر : حروف تہجی کا ایک حرف، راے مہملہ، رائے غیر منقوطہ؛ راے قرشت حساب جمل (ابجد) میں اس کے دو سو عدد ہیں۔

راب : مؤنث؛ پتلا گڑ۔

رابڑی : مؤنث؛ شکر ملا ہوا گاڑھا دودھ۔

رابطہ : مذکر؛ (۱) میل ملاپ، تعلق (۲) قرابت، رشتہ۔

—— کار : (ف) ؛ انتظامیہ اور کارکن یا پبلک کے درمیان رابطہ قائم کرنے والا۔

رابع : (ع)؛ چوتھا۔

رابعہ : (ع)؛ مؤنث؛ چوتھی۔

—— بصری : بصرے کی ایک خاتون کا نام جو بڑی پرہیزگار تھیں۔

رابی : مؤنث؛ چمڑے کو کاٹنے اور چھیل کر صاف کرنے کا اوزار۔

رات : مؤنث؛ شب۔

—— آنکھوں میں کاٹنا : دیکھو، آنکھوں میں۔

—— آنا/بہت آنا : رات گزرنا، رات کا زیادہ وقت ہو جانا۔

راتا رات : (عو: رات بھر

رات لیس کر : شب کو قیام کر کے۔

—— لمبے کا رستا : جس رستے کے طے کرنے میں ایک رات بیچ میں رہنا پڑے، چار پہر کا راستا۔

—— بولنا : رات کا سناٹا ہونا۔

—— بھاری ہونا : تکلیف اور مصیبت کی رات ہونا۔

—— بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی : (مثل)؛ محنت بہت ہو اور فائدہ کم ہو۔

—— بھیگنا : رات کا سرد ہونا، ابتدائی حصہ شب کا گزر کر ٹھنڈی ہو جانا

—— پڑی ہے : بہت رات باقی ہے۔

—— پہاڑ ہونا : رات بہت بڑی ہونا کہ کاٹے نہ کٹے۔

—— تھوڑی سوانگ بہت/تھوڑی کہانی بڑی : (مثل) وقت تھوڑا ہے اور کام بہت۔

—— تیر کرنا : تکلیف میں رات بسر کرنا۔

—— چلنا : رات رخصت ہونا، رات گزرنا۔

—— دن : مذکر؛ آٹھوں پہر، شب و روز

—— ڈھلنا : رات کا زوال پر آنا۔

—— رہنا : رات باقی رہنا۔

—— رہے/رہے سے : ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو۔

—— زیادہ آنا : رات کا بڑا حصہ گزرنا

—— کاٹنا : رات بسر کرنا۔

—— کی رات : صرف ایک رات۔

—— کی نیت حرام : (مثل) رات کو کوئی بات طے کرنا عورتوں کے خیال میں منحوس ہوتا ہے۔

—— گزرنا/گزر جانا : رات کٹنا، رات کٹ جانا۔

—— گئے : زیادہ رات گزرنے کے بعد۔

—— گئی بات گئی : (مثل)؛ موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہوتا ہے۔

—— ماں کا پیٹ : (مثل) رات کے عیب چھپے رہتے ہیں

کو سب آرام پاتے ہیں۔
—— نہ پکڑنا : رات تک زندہ نہ رہنا۔
—— والا : (کنایتاً) ؛ (۱) اُلّو ، (۲) ہیضہ ، (۳) چاند۔
راتوں رات : رات بھر میں ، تمام شب میں۔
راتب : مذکر (۱) کتے بلی کی خوراک (۲) معمول کے مطابق گھوڑے کا دانہ۔
—— باندھنا : کسی بات کا معمول مقرر کر لینا۔
—— خور : وظیفہ خوار۔
—— لگانا : کتے بلی کا راتب مقرر کرنا۔
راٹھور : مذکر ؛ راج پوتوں کی ایک گوت۔
راج : مذکر ؛ (۱) بادشاہت (۲) ریاست (۳) حکومت ، دور دورہ (۴) معمار
—— ادھیکاری : (۵) مذکر ؛ سرکاری عہدیدار۔
—— بنسی : (۱) شاہی خاندان کا آدمی (۲) (کنایتاً) مذکر ؛ سانپ ، (۳) ایک راج پوت قوم۔
—— بھنگ ہونا : سلطنت پر زوال آنا۔
—— بھون : (۱) مذکر ؛ (۱) شاہی محل (۲) گورنر کی رہائش گاہ۔
—— پاٹ : مذکر ؛ (۱) حکومت ، سلطنت (۲) بادشاہی عورت کا سہاگ۔
—— پوت : مذکر ؛ (۱) شاہ زادہ (۲) چھتری۔
—— تلک : مؤنث ؛ گدی نشینی کی رسم ، تاج پوشی۔
—— دُلارا : مذکر ؛ ناز پروردہ ، نہایت پیارا۔
—— دھانی : مؤنث ؛ دارالسلطنت ، دارالحکومت۔
—— رُوگ : (۱) مُہلک بیماری دِق (۲) کوڑھ ، (۳) (کنایتاً) ؛ طول طویل مقدمہ ، (۴) (مجازاً) عشق۔
—— سُہاگ قائم رہنا : (عو) دعا ؛ سُہاگ باقی رہنا۔
—— کرنا : (۱) بادشاہی کرنا (۲) (کنایتاً) خوش ہونا ، عیش سے زندگی بسر کرنا۔
—— کمار : مذکر ؛ راجا کا بیٹا ، شہزادہ۔
—— گدی : مؤنث ؛ شاہی تخت۔
—— گرو : (۵) مذکر ؛ شاہی آداب ، درباری عالم۔
—— گیری : مؤنث ؛ معمار کا کام۔
—— لُٹ جانا : (کنایتاً) ؛ شوہر کا مر جانا۔
—— مزدور : مذکر ؛ معمار اور قلی۔
—— نیتی : (۵) مؤنث ؛ سیاست۔
—— ہنس : مذکر ؛ قاز : سرخ چونچ اور پیر والی ایک قسم کی بطخ۔
راجا : مذکر ؛ (۱) بادشاہ ، فرماں روا ، (۲) سخی ، فیاض (۳) بھولا بھالا (۴) (کنایتاً) امیر ، دولت مند۔
—— جوگی کس کے میت : (مقولہ) بادشاہ اور بھکاری کسی کے دوست نہیں ہوتے۔
—— راج پر جا سکھی : (مقولہ) ؛ جہاں کا حاکم اچھا ہوگا وہاں کی رعایا آرام سے رہے گی۔
—— رکھے رانی کھاوے : (مثل) ؛ کمانا کوئی ہے اور اڑانا کوئی ہے۔
—— روٹھے گا اپنی نگری لے گا : (مثل) آقا بہت کرے گا موقوف کر دے گا کسی کے روٹھ جانے کی پرواہ نہیں۔
—— کا پُرچانا اور سانپ کا کھلانا برابر ہے : (مثل) ؛ بادشاہوں کی صحبت میں بڑا خطرہ ہے۔
—— کے گھر آئی رانی کہلائی : (مثل) ؛ غریب آدمی کی بیٹی کسی امیر کے گھر بیاہ کر بڑی کہلاتی ہے۔
—— کے گھر موتیوں کا کال : (مثل) ؛ جس لیاقت کا آدمی ہو اس کے پاس ویسا ہی سامان نہ ہو زیادہ ہونے کی جگہ کمی واقع ہو جانا۔
—— اِندر کا اکھاڑا : مذکر ؛ (کنایتاً) ؛ خوب صورت عورتوں کا مجمع۔
راجح : (ع) ؛ فائق ، غالب ، ترجیح دیا ہوا۔
راجع : (ع) صفت ، پھرنے والا ، رجوع کرنے والا۔
راحت : (ع) مؤنث ؛ آسایش ، آرام۔
—— پرست : (ف) ؛ خوشی اور آرام چاہنے والا۔

—— جان : (اضافت کے ساتھ) (ف) دل خوش کرنے والا۔
راحِل : (ع) کوچ کرنے والا۔
راحلہ : (ع) مذکر؛ سواری کا جانور۔
رادھا : مؤنث؛ کرشن جی کی ایک محبوب گوپی کا نام۔
—— نگری : مذکر؛ ایک قسم کا ریشمی کپڑا، رادھانگر میں بنا ہوا۔
راڑ : مؤنث، (۱) جھگڑا فساد (۲) بچوں کا کسی چیز کے لیے ضد کرنا، مچلنا۔
—— بڑھانا : (دہلی ہندو) قصہ بڑھانا، جھگڑا بڑھانا۔
راڑیا : (۱) ضدی بچہ (۲) ضدی فقیر۔
راز : (ف) مذکر؛ بھید، پوشیدہ بات۔
—— دار/داں : (ف) بھید جاننے والا۔
—— داری : (ف) مؤنث؛ بھید چھپانا۔
—— روشن کرنا : راز فاش کرنا۔
—— سربستہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ چھپا ہوا بھید۔
—— فاش کرنا : پوشیدہ بات ظاہر کرنا۔
—— ونیاز : مذکر؛ لطف و محبت کے رمز و کنائے۔
رازق : (ع)؛ رزق دینے والا، پروردگار، روزی رساں۔
رازقہ : مذکر؛ رزق، روزی۔
راس : (ع) مذکر؛ (۱) سر، سردار (۲) اصل (۳) مذکر؛ (اصطلاح جغرافیہ) خشکی کا وہ پتلا قطعہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو، (۴) (اقلیدس) زاویے کی نوک،
—— راس الجدی : (ع) مذکر؛ جس نقطے پر سورج کے پہنچنے سے جاڑا شروع ہو جاتا ہے۔
راس السرطان : (ع) مذکر؛ جس نقطے پر سورج کے پہنچنے سے گرمی شروع ہوتی ہے۔
—— المال : (ع) مذکر؛ سرمایۂ تجارت، اصل پونجی۔
راس : (ف) مذکر؛ (۱) یہ لفظ بوجھ اٹھانے اور دودھ دینے والے جانوروں کی تعداد گننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (۲) راست کا مخفف (۳) مبارک (۴) سازگار (۵) دایاں۔
راس : (۵) (۱) رسّی، انبار، آسمان کا ہر برج، مؤنث (۲) طالع (۳) باگ ڈور، بڑی لگام (۴) بے صاف کیے ہوئے اناج کا ڈھیر (۵) کھیل، ناچ، تماشا، راس لیلا۔
—— آنا : سزاوار ہونا، موافق آنا،
—— بٹھانا : گود لینا، متبنّا کرنا۔
—— دھاری : مذکر؛ ناچنے والے لڑکے جو کرشن جی اور ان کی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرتے ہیں۔
—— لانا : مبارک کرنا، پورا کرنا۔
—— لیلا : مؤنث؛ کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کا کھیل۔
—— ملنا : دو شخصوں کے طالع کا یک ساں ہونا، موافقت ہونا
—— نشین : گود لیا ہوا لڑکا۔
راست : (ف) درست، ٹھیک، سازگار، صحیح (۲) سیدھا (۳) بائیں کا مقابل۔
—— آنا : صحیح ہونا، سازگار ہونا، ٹھیک بننا۔
—— باز : (ف)؛ سچّا، دیانت دار۔
—— بازی : (ف) مؤنث؛ ایمان داری، دیانت داری سچائی
راست : (ف) صاف گو، سچّا۔
—— لانا : سازگار کرنا، مبارک کرنا، حسب منشا کرنا۔
—— مزاج : (ف) نیک مزاج۔
—— معاملہ : (ف) وہ شخص جس کی معاملت صاف اور سچّی ہو۔
راستی : (ف) مؤنث؛ سچائی، دیانت داری۔
—— پر ہونا : سیدھا ہونا، موافق ہونا، سچائی پر ہونا۔
—— سے : (عو) نرمی سے، ایمانداری سے، انصاف سے۔
راستہ : (ف) مذکر؛ (۱) جادہ، سڑک (۲) رسم قاعدہ (۳) طریقہ، ڈھنگ، (دیکھو راہ)۔
—— دکھانا : (۱) انتظار کرانا (۲) راہ بتانا۔
—— دیکھنا : (کنایتاً) انتظار کرنا۔

—— سیدھا ہونا : راستہ میں پھیر نہ ہونا
—— نابو : جاؤ چلے جاؤ۔
—— نکالنا : تدبیر نکالنا، تلاش کرنا۔
راسخ : (ع) مذکر؛ مضبوط، پختہ، پائدار۔
—— الاعتقاد/العقیدہ : (ع) مذکر؛ پختہ عقیدے والا۔
راشٹرپتی : (ہ) صدر، صدر مملکت۔
راشد : (ع) ہدایت پانے والا۔
راشن : RATION (انگ) مذکر؛ خوراک، رسد۔
—— ڈپو : DEPOT —— (انگ) مذکر؛ راشن کی دوکان۔
—— کارڈ : CARD —— (انگ) وہ کارڈ جس پر راشن کی دوکان اور خریدار کا نام و پتہ درج ہو۔
راشی : رشوت لینے والا، (عربی میں اس کے معنی رشوت دینے والا ہے، رشوت لینے والا مُرتشی کہلاتا ہے)
راضی : (ع) (۱) خوش، شاد (۲) رضامند (۳) توکل کرنے والا، شاکر (۴) متفق، مطمئن (۵) آمادہ، خواہش مند
—— بہ رضا : خدا کے حکم پر رضامند۔
—— بنانا : (عم) ٹھیک بنانا، مارنا پیٹنا، درست کرنا۔
—— راضی : رضامندی سے، خوشی سے۔
—— نامہ : مذکر؛ باہمی فیصلے کی تحریر۔
راعی : (ع) (۱) گلہ بان، چارپایوں کا چرانے والا، (۲) (کنایتاً) بادشاہ۔
راغ : (ف) مذکر؛ سبزہ زار، پہاڑ کے نیچے کا میدان۔
راغب : (ع) رغبت کرنے والا، خواہش مند، مائل۔
رافت : (ع) مؤنث؛ مہربانی۔
رافضی : (جمع روافض) (ع) مذکر؛ وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے۔ شیعوں کے ایک فرقہ کا نام۔
رافع : (ع) (۱) حرف کو پیش دینے والا (۲) بلند کرنے والا، خدا۔
راقم : (ع) لکھنے والا۔
راقم الحروف : اِس تحریر کا لکھنے والا، اِس مضمون کا لکھنے والا۔
راکب : (ع) (۱) اونٹ سوار (۲) سوار۔
راکڑ : مؤنث؛ کم درجے کی زمین، صرف خریف کے کام آنے والی زمین۔
راکشس : (ہ) مذکر؛ بھوت، شیطان، دیو۔
راکھ : مؤنث؛ مٹی، خاک، بھبھوت، کسی جلی ہوئی چیز کی خاک۔
—— ہوجانا : جل کر خاکستر ہوجانا۔
راکھی : (ہ) مؤنث؛ رنگین سوت کا ڈورا جسے (ہندو) بہن ایک خاص تہوار (رکشا بندھن) پر اپنے بھائی کی کلائی میں باندھتی ہے۔
راگ : مذکر؛ گانے کا طریقہ، گیت، نغمہ، وہ آواز جو کئی سُروں سے مُرکب ہو کر نکلے، گانا، سُر۔
—— پُورنا : لمبی چوڑی کہانی چھیڑنا۔
—— رَنگ : مذکر؛ (کنایتاً) عیش و عشرت، کھیل تماشا، گانا بجانا۔
—— گانا/الاپنا : (۱) گیت گانا، نغمہ شروع کرنا (۲) (کنایتاً) رام کہانی کہنا (۳) بلند آواز سے رونا، بچوں کا رُون رُوں کرنا۔
—— لانا : جھگڑا نکالنا، فیل لانا، بگڑنا، لڑنے کو تیار ہونا، بے موقع آزردہ ہونا۔
—— مالا : مؤنث؛ (۱) راگ کے اصولوں کی کتاب، (۲) (مجازاً) طول طویل داستان۔
راگ راگنی : مؤنث؛ ہر راگ کا کوئی شعبہ، کوئی شاخ سُر، تان، آہنگ۔
رال : مؤنث (۱) چیر کا گوند، (۲) لُعاب، تھوک۔
—— اُڑانا : رال کو آگ ذریعہ سے مثل بارود اڑانا
—— بہنا : لُعاب دہن کا مُنہ سے جاری ہونا۔
—— ٹپکنا : (۱) مُنہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) (کنایتاً) جی چاہنا

بہت راغب ہونا، کسی چیز پر فریفتہ ہونا، بہت خواہش مند ہونا۔

رام : (ف) مُطیع، فرماں بردار۔

—— کرنا : مُطیع کرنا۔

—— ہونا : مُطیع ہونا، فرماں بردار ہونا۔

رام : (ہ) (۱) پرمیشر، پروردگار (۲) پرسرام، وِشنُو اور رام چندر جی کا خطاب۔

—— دانہ : مذکر؛ ایک بیج کا نام ہے جس کی مالا بناتے ہیں۔

—— دہائی : خُدا کی قسم، خُدا کی پناہ۔

—— رام : (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام (۲) صاحب سلامت جان پہچان، واقفیت (۳) توبہ توبہ۔

—— رام جپنا پرایا مال اپنا : (مثل) ظاہر میں پارسا باطن میں خودغرض، بدنیت۔

—— رس : مذکر؛ نمک۔

—— رنگی : شراب۔

—— کلی : مؤنث؛ ایک راگنی کا نام۔

—— کہانی : مؤنث؛ (۱) رام چندر جی کی کہانی (۲) (کنایتاً) بڑی اور طولانی داستان، مصیبت کا قصّہ۔

—— لیلا : مؤنث؛ دسہرے کا میلا، رام چندر جی کی فتح یابی کی نقل۔

—— نومی : مؤنث؛ رام چندر جی کی پیدائش کا دِن، ہندوؤں کا ایک تہوار۔

رامائن : مؤنث؛ جو رزمیہ نظم بالمیک نے سنسکرت اور تلسی داس نے ہندی میں رام چندر جی کے حالات میں لکھی ہے۔

رامش : (ف) مؤنث؛ (۱) آرام، خوشی (۲) گانا، سُروں کا میل، نغمۂ مسرت۔

رامشگر : (ف) مطرب، گویّا، ڈوم۔

ران : (ف) مؤنث؛ جانگھ، زانو۔

—— اُکھڑنا : سوار کی ران کا گھوڑے کی پیٹھ پر اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

—— سے ران باندھنا : (کنایتاً)؛ دور نہ ہونے دینا۔

رانا : مذکر؛ (۱) راجا، راج پُوت راجا کے بیٹے کا خطاب، (۲) اودے پور کے راجاؤں کا لقب،

رانجھا : مذکر؛ پنجاب کے ایک مشہور قصّے کا ہیرو جو ہیر کا عاشق تھا۔

راندنا : (۱) نکال دینا (۲) اپنے سے دُور کر دینا۔

—— راندھنا : چرخا چلانا۔

راندہ : (ف) مردود، نکالا ہوا۔

راندۂ درگاہ : (ف) درگاہِ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا ہوا، مردود، شیطان۔

راندھنا/ رندھنا : (۱) پکانا، اُبالنا، (۲) چلانا، چھیڑنا۔

رانڈ : مؤنث؛ (۱) بیوہ (۲) کلمۂ طنز و تحقیر۔

—— کا سانڈ : (کنایتاً) بے پروا، آزاد طبع۔

رانڈا : مذکر (۱) بنجر زمین، افتادہ زمین (۲) جس کی عورت مرگئی ہو، (معنی نمبر ۲ میں رنڈوا مستعمل ہے)۔

رانگ/ رانگا : مذکر؛ سبز پتے کا عرق (۲) قلعی، ایک قسم کی نرم دھات۔

—— بھریا/ رنگ بھریا : رانگ کا زیور اور کھلونے بنانے والا۔

—— ہو جانا : (کنایتاً) (۱) نرم ہو جانا، پگھل جانا (۲) غصّہ دور ہو جانا، راضی ہو جانا (۳) کم قیمت ہو جانا۔

رانگ نمبر : (WRONG NUMBER) (رانگ) مذکر؛ غلط نمبر (ٹیلی فون کے لیے)

رانی : مؤنث؛ (۱) ہندو عورتوں کا معزز خطاب (۲) راجا کی بیوی۔

—— روٹھے گی اپنا سُہاگ لے گی یا کسی کا بھاگ لے گی : (مثل)؛ کسی عورت کے روٹھ جانے کی کچھ پروا نہیں۔

—— کو رانا پیارا، کاگ کو کاگا پیارا : (مثل) ہر شخص کو اپنا ہم جنس پیارا ہوتا ہے، ہر ایک کو اپنا بچّہ پیارا ہوتا ہے۔

راو : مذکر ؛ (۱) راجا کا بیٹا (۲) ایک قدیم سرکاری خطاب۔

—— بہادُر / رائے بہادُر : ایک خطاب جو انگریز سرکار کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا۔

—— چاو : مذکر ؛ اخلاص، لاڈ پیار، ناز نخرا، خوشی۔

راوَت : مذکر ؛ بہادر، سُورما، ایک ہندوستانی قوم۔

راوَن : مذکر ؛ رامائن کی کہانی میں لنکا کے مشہور راجا کا نام

راونڈ : ROUND (انگ) (۱) گول (۲) گشت، دور (۳) بندوق یا مشین گن کی باڑ۔

راوی : (ع) مذکر ؛ روایت کرنے والا۔

راہ : مؤنث ؛ (۱) راستہ (۲) ڈھب، غرض مطلب (۳) سازش، ربط، رسائی، میل جول، دوستی، آشنائی (۴) خبر، آگاہی، واقفیت، (۵) طریقہ، ڈھنگ (۶) موقع، محل (۷) تدبیر (۸) راہ راست (۹) (عو۔ دہلی) لیے، واسطے، (۱۰) (کنایتاً) (عو) حیلہ بہانہ۔

—— باریک ہونا : راہ تنگ ہونا۔

—— بتانا : (۱) راستے کا پتہ دینا (۲) ہدایت کرنا، رہنمائی کرنا، تدبیر بتانا (۳) رخصت کرنا، ٹالنا، اپنے سامنے سے ہٹا دینا (۴) نکال دینا، موقوف کر دینا (۵) دھوکا دینا (۶) ڈھنگ سکھانا کسی بات کا۔

—— بَر : (ف) رستہ بتانے والا، ہدایت کرنے والا، رہ نُما، سردار۔

—— بھٹکنا : ایک راہ بھول کر دوسری راہ چلا جانا۔

—— بھُولنا : (۱) راہ گم کرنا (۲) (کنایتاً) اتفاقاً بہت دن کے بعد کہیں چلا جانا۔

—— پانا : گنجایش پانا، موقع پانا۔

—— پر آنا : (۱) سیدھے رستے پر آنا، (۲) (کنایتاً) ٹھیک ہونا، اصلاح قبول کرنا، نیک بننا (۳) (کنایتاً) گمراہ کا راہ راست پر آنا، بدافعال کا نیک کردار ہو جانا

—— پر لانا / پر لے آنا : (۱) ڈھب پر لانا (۲) نیک بنانا، رہ بری کرنا (۳) اپنے ڈھب کا بنانا۔

—— پر لگانا : اپنے موافق بنا لینا۔

—— پوچھنا : راستے کا پتہ دریافت کرنا۔

—— پیدا کرنا : (کنایتاً) دوستی یا ملاقات پیدا کرنا، ربط بڑھانا، کسی کام میں مہارت حاصل کرنا۔

—— پیما : (ف) راہ رَو۔

—— تکنا : انتظار کرنا۔

—— جاری ہونا : رستے پر آمد و رفت ہونا۔

—— چلتا : (۱) راہ گیر (۲) (کنایتاً) وہ شخص جس سے شناسائی اور تعارف نہ ہو۔

—— چلتوں سے لڑنا : خواہ مخواہ ہر شخص سے لڑنا۔ بے سبب لڑنا۔

—— چلنا : (۱) راستے پر چلنا (۲) ڈھنگ اختیار کرنا۔

—— خُدا : (اضافت کے ساتھ) (۱) لِلّٰلہ (۲) خُدا کے واسطے، خُدا کے پانے کا ذریعہ، سچا اور نیک راستہ

—— خَرچ : سفر خرچ،

—— دار : (ف) (۱) راہ کا نگہبان (۲) راستے کا محصول لینے والا۔

—— داری : (ف) مؤنث ؛ راہ کا محصول۔

—— داری کا پَروانہ : مذکر ؛ راہ سے گزرنے کی تحریری اجازت۔

—— دِکھانا : (۱) راستہ بتانا (۲) (کنایتاً) انتظار کرانا۔

—— دینا : (۱) رہ گزر کا راستہ چھوڑنا (۲) (استعارے، فال میں) اجازت ملنا کسی فعل کی۔

—— ڈالنا : ڈھنگ ڈالنا، عادت اختیار کرنا۔

—— راست : (ف) مؤنث ؛ صحیح راہ، سیدھا راستہ۔

—— چلنا : (۱) سیدھے راستے پر چلنا (۲) کسی شخص کے چال چلن کی پیروی کرنا (۳) متوسط طریقہ اختیار کرنا۔

—— رَوِش : مؤنث ؛ چال چلن۔
—— روکنا : راستہ بند کرنا ، مزاحم ہونا۔
—— رِیت : (ع) مؤنث ؛ (۱) انداز (۲) رسم ورواج ، میل جول۔
—— زَن : (ف) لیٹرا ، ڈاکو۔
—— زَنی : (ف) مؤنث ، لوٹنا ، گم راہ کرنا ، ڈاکا ڈالنا۔
—— سُجھانا : تدبیر بتانا ، راہ دکھانا۔
—— سے : رسم ورواج کے مطابق ، سیدھی طرح ، قاعدے سے۔
—— سے بے راہ ہونا : (۱) سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا ، (۲) بد وضع ہو جانا ، اوباش ہو جانا ، حد سے بڑھ جانا۔
—— سے چلنا : وضع داری کی زندگی بسر کرنا ، مناسب برتاؤ کرنا۔
—— سیدھی لگنا : سیدھا رستہ چلا جانا۔
—— قطع کرنا : راہ طے کرنا۔
—— کا پیچ / کا پھیر : راہ کی کجی۔
—— کاٹنا : (۱) ایک راہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنا (۲) راہ چلنے میں مانع ہونا (کسی شخص کا یا کسی چیز کا) (۳) راہ چلتے کے آگے نکل جانا (۴) مسافت طے کرنا۔
—— کترا کے نکل جانا : ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے نکل جانا۔
—— کڑی ہونا : راستہ دشوار گزار ہونا ، مشکلیں پیش آنا۔
—— کھلنا : بندش موقوف ہونا ، پابندی موقوف ہونا۔
—— کھوٹی کرنا : (۱) چلنے میں دیر لگانا ، راستے میں روکنا (۲) (کنایتاً) ؛ ہوتے ہوئے کام کو روکنا ، خلل انداز ہونا۔
—— کھوٹی ہونا : منزل طے ہونے میں دیر لگنا ، راہ چلنے اور سفر کرنے سے باز رہنا۔
—— گیر : (ف) ، مذکر ، مسافر ، رستہ چلنے والے۔
—— لگ : راہ لے۔
—— لینا : (۱) روانہ ہونا ، رستہ پکڑنا (۲) اپنا کام کرنا۔
—— مارنا : (۱) رہ زنی کرنا ، راستہ لوٹنا (۲) چلتے ہوئے کام میں رکاوٹ پیدا کرنا ، (۳) تباہ کرنا ، برباد کرنا۔
—— مُلک عدم لینا : (اضافت کے ساتھ) ؛ مرجانا۔
—— ملنا : منزل مقصود نظر آنا۔
—— میں آنکھیں بچھانا : (کنایتاً) خوب تواضع کرنا۔
—— میں بچھ جانا : (کنایتاً) بہت انکساری کرنا ، کسر نفسی دکھانا۔
—— میں پھیر ہونا : راہ میں کجی ہونا۔
—— میں رہ جانا : ساتھ چھوڑ دینا۔
—— میں قدم مارنا : راہ چلنا۔
—— میں کانٹے بچھانا : (کنایتاً) راستہ دشوار گزار کر دینا (کسی رکاوٹ سے)۔
—— میں لینا : منزل مقصود پر پہنچنے سے پہلے کسی سے مل جانا ، کسی سے ملاقات کرنا ، پیشوائی کرنا۔
—— ناپنا : (کنایتاً) کھڑے کھڑے آنا ، ذرا دیر کے لیے آنا۔
—— نجات : (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث ؛ بخشش کا ذریعہ ، نجات کا ذریعہ۔
—— نکالنا : (۱) راستہ نکالنا ، سڑک نکالنا (۲) وسیلہ پیدا کرنا ، حصولِ مقصد کا ذریعہ پیدا کرنا ، تجویز نکالنا ، صورت نکالنا۔
—— نُما / رَہ نُما : (ف) ، ہادی ، رہبر۔
—— نَوَرد / رَہ نَوَرد : (ف) ، راستہ چلنے والا۔
—— وار / رہ وار : (ف) ، مذکر ؛ گھوڑا۔
—— ورَبط / ورَسم : مذکر ؛ مؤنث ؛ صاحب سلامت ، میل جول ، ربط ضبط۔
راہی : (ف) ، راہ چلنے والا ، مسافر۔
راہب : (ع) ، مذکر (۱) عیسائیوں کا پادری (۲) دنیا کو ترک کر دینے والا۔
راہن : (ع) ، رہن کرنے والا۔
رائتا : مذکر ؛ (۱) بورانی (۲) ایک قسم کی پتلی کھانے

کی چیز، جو دہی میں اُبالے ہوئے کدّو یا کگڑی کو ڈال بناتے ہیں۔

—— بنانا/کرنا: (کنایتاً) بھرتہ کرنا، مار کر پتلا حال کرنا۔

رائٹ: RIGHT (انگ)؛ صحیح، اچھا، ٹھیک، درست مناسب، سیدھا۔

رائٹر: WRITER (انگ) مذکر؛ (۱) لکھنے والا (۲) محرّر (۳) ادیب، (۴) مضمون نگار۔

رائٹنگ پیڈ: WRITING PAD (انگ) مذکر؛ خط لکھنے کے کاغذوں کی گدّی۔

رائج: (ع) رواں، جاری، عام، رسمی، دستور کے موافق۔

رائج الوقت: جو رواج کے مطابق جاری ہو۔

—— کرنا: رواج دینا، جاری کرنا۔

رائحہ: (ع) مذکر؛ خوشبو۔

رائفل: RIFLE (انگ)، دور مار بندوق جس میں کارتوس کی نکاسی کے لیے خودکار چرخی بھی لگی ہوتی ہے۔

رائل: ROYAL (انگ) مؤنث؛ شاہی، بادشاہوں کے لائق۔

رائگاں: (ف) ضائع، لاحاصل۔

رائی: مؤنث؛ ایک قسم کی سرسوں،

—— برابر: بہت تھوڑی مقدار۔

—— بھر ناتا اور گاڑی بھر آشنائی: (مثل)؛ تھوڑا رشتہ بھی بہت سی ملاقات پر فوقیت رکھتا ہے۔

—— سے پربت ہو جانا: نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا۔

رائے: (ع) مؤنث؛ (جمع آرا)؛ تدبیر، تجویز، قیاس، مشورہ، خیال

—— دینا: صلاح دینا، مشورہ دینا۔

—— زن: (ف)؛ وہ شخص جس سے مشورہ لیں۔

—— زنی: (ف) مؤنث؛ کسی امر کی نسبت خیال ظاہر کرنا۔

—— شماری: مؤنث؛ رائے دینا (انگ)؛ ووٹنگ۔

—— عامہ: (ع) مؤنث؛ عوام کی رائے، عوامی تجویز۔

رائے: مذکر؛ (۱) راجا، سردار (۲) خطاب، جو انگریز گورنمنٹ کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا۔

—— رایان: صوبے کے دیوان کا ماتحت افسر جس کے سپرد شاہی آرامنی ہوتی ہے۔

—— بیل: مؤنث؛ ایک قسم کی چمیلی کے پھول اور اس کی بیل۔

رایت: (ع) مذکر؛ (جمع۔ رایات)؛ لشکر کا علم۔

رَبّ: (ع) مذکر؛ خدائے تعالا، صاحب، آقا، پالنے والا۔

رَبُّ العالمین: (ع) مذکر؛ دنیا کا پالنے والا، کل عالم کا پالنے والا۔

رَبُّ النوع: (ع) مذکر؛ مخلوقات کی پرورش اور حفاظت کرنے والے، فرشتے ہر شعبۂ زندگی کا فرشتہ۔

رَبُّ الارباب: (ع) مذکر؛ تمام پرورش کرنے والوں کا پروردگار۔

رَبِّ یَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیر: (ع) (ترجمہ؛ اے رب آسان کر اور اچھی طرح ختم کو پہنچا) مسلمان بچوں کے کتاب شروع کرنے کی دعا۔

رَبّانی: (ع) رب کی طرف منسوب، اللہ سے تعلق رکھنے والا۔

رُب: (ع) مذکر؛ انار بہی یا انگور کا پکا ہوا گاڑھا عرق۔

رَبّا: مذکر؛ ایک قسم کا چھکڑا۔

رِبا: مذکر؛ سود۔

رِباخور: (ف)؛ سود لینے والا۔

رَباب: (ع) مذکر؛ (۱) ایک قسم کی سارنگی۔

رَباط: (ع) مؤنث؛ مسافرخانہ۔

رُباعی: (ع) مؤنث؛ (جمع۔ رُباعیات)، ایک صنف نظم۔ جس میں چار مصرعے خاص بحر میں ہوتے ہیں اور پہلے، دوسرے چوتھے مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے۔

رَبانا: مذکر؛ ایک قسم کی دف، جس کو ڑقالی بجاتے ہیں۔

رَبانیت: خدائی، خداوندی، پروردگاری۔

رَبڑا: مذکر؛ پانی کے بہاؤ سے ہونے والی کیچڑ۔

رَبڑ: مؤنث؛ دور کا سفر، بے فائدہ طے کرنا، ایسی محنت جس کا کوئی حاصل نہ ہو۔

—— پڑنا: بے فائدہ تھکنا، چکر کھانا۔
—— مارنا: بلا مقصد کسی جگہ جاکر پھر آنا۔
رَبَر: RUBBER (انگ)، مذکر؛ (۱) ربڑ، ایک درخت کے دودھ سے تیار شدہ لچک دار مادّہ جس سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں (۲) تاش کے کھیل برج کا خاتمہ، یا کرکٹ کے تین ٹسٹ کھیلوں کا سلسلہ۔
رَبط: (ع) مذکر؛ (۱) تعلق، لگاؤ، علاقہ (۲) میل ملاپ (۳) مشق، مہارت (۴) نسبت۔
—— ضبط: مذکر؛ آمدورفت، میل ملاپ، راہ رسم۔
—— ہونا: تعلق ہونا، دوستی ہونا، عادت ہونا، مشق ہونا۔
—— رُبع: (ع) مذکر؛ چوتھائی، ¼۔
—— مسکوں: مذکر؛ دُنیا کا چوتھائی حصّہ جو خشکی پر ہے، اور آباد شمار کیا جاتا ہے۔
ربُودگی: (ف) مؤنث؛ بیمار کو ہونے والی غفلت، غشی۔
رَبیب: (ع) مذکر؛ وہ بیٹا جو پہلے خاوند سے ہو۔
رَبیبہ: (ع) مؤنث؛ وہ بیٹی جو پہلے خاوند سے ہو۔
رَبیع: (ع) مؤنث؛ موسم بہار (فصل خریف کی نقیض)۔
ربیعُ الاوّل: (ع) مذکر؛ ہجری سال کا تیسرا مہینا۔
ربیعُ الآخر: (ع) مذکر؛ ربیع الثانی کا مہینا، ہجری سال کا چوتھا مہینا۔
رَپَٹ: مؤنث؛ (۱) پھسلان (۲) رُکاوٹ۔
—— پڑے کی ہر گنگا: (مثل)؛ اتفاقی طور پر خواہش کا پورا ہو جانا۔
رپٹانا: (۱) پھسلانا، (۲) دوڑانا۔
رَپٹن: مؤنث؛ پھسلن۔
رَپٹنا: پھسلنا۔
رپورٹ / رَپَٹ / رِپوٹ: REPORT (انگ)؛ مؤنث؛ اطلاع۔ آگاہی، خبر، تجویز، روداد۔ کسی معاملہ کے متعلق تحریری اطلاع۔
رپورٹ کرنا: (۱) کسی واقعہ کے متعلق باضابطہ بیان دینا یا اطلاع دینا (۲) حاضری یا واپسی کی اطلاع دینا۔
رِپورٹر: REPORTER (انگ) مذکر؛ نامہ نگار، اطلاع کرنے والا، خبر رساں۔
رُت: مؤنث؛ موسم، فصل۔
—— آنا: فصل آنا، زمانہ آنا۔
—— بدلنا / پھرنا: موسم کا تبدیل ہونا۔
رَتا: مذکر؛ کیڑا جو گیہوں اور جَو کے پودوں کو لگ جاتا ہے
رَتالو: مذکر؛ اردی کے مانند ایک جڑ۔
رُتبہ: (ع) مذکر؛ (۱) پایہ (۲) درجہ، مرتبہ، عہدہ، حُرمت۔
رَت جگا: مذکر (۱) خدائی رات، ایک قسم کی خوشی کی نیاز (۲) شب بیداری۔
—— ماننا: مُراد پوری ہونے پر رت جگا کرنے کی منت ماننا۔
رَتن: (ہ) مذکر؛ قیمتی پتھر، جواہر۔
رِتنا: (۱) سوہن سے ریتا جانا (۲) سارنگی بجنا۔
رِتوانا: سوہن سے صاف کرانا۔
رَتنار: (ہ) گلابی، کتیلی، خوب صورت (آنکھ)
رَتوندھا: (دلی) مذکر / **رتوندھی:** (لکھنؤ) مؤنث؛ آنکھ کی ایک بیماری جس سے رات کو دکھائی نہیں دیتا۔
رِتوندھیا: جس کو رتوندھی آتی ہو۔
رَتی: مؤنث؛ (۱) ماشے کا آٹھواں حصّہ (۲) گھنگچی بھر مقدار (۳) قسمت، تقدیر۔
—— بھر: ذرا سا۔
—— بھر نا تا گاڑی بھر آشنائی: (مثل)، دور کی قرابت بہت سی دوستی سے بہتر ہے۔
—— رتی: ذرا ذرا۔
—— ریزہ: (کنایتاً)؛ مفصّل۔
—— سامنے آنا: (عو، دہلی) اقبال سامنے آنا۔
رتیلا: مذکر؛ ریت ملا ہوا۔
رَتھ: مذکر؛ ایک قسم کی گاڑی جس پر برجی بنی ہوتی تھی، اور

جو پرانے زمانے میں راجا استعمال کرتے تھے۔

رَٹ: مؤنث؛ کسی بات کا بار بار کہے جانا۔

رَٹنا: (ا) دُہرانا، بار بار کہنا (۲) کسی ذکر کا بار بار کرنا (۳) مذکر؛ تکرار، مسلسل، طلب۔

رَٹ رہنا: چپتے رہنا۔

—— **لگنا**: بار بار کہے جانا۔

—— **لگانا**: چپا کرنا۔

رے۔ج

رَج: مؤنث؛ (ا) دریا کا ریتا (۲) بالو، ریت (۳) حیض کے ایام (۴) دَل دَل، (۵) پھولوں کا ریزہ۔

رِجا: (عربی میں رجاء) مؤنث؛ (ا) امید، آس (۲) خوف۔

رَجا بُجا: (عو) مذکر؛ آباد، بھرا پُرا۔

رِجال: (رَجُل کی جمع) مذکر؛ لوگ۔

رِجالُ الغیب: (ع) مذکر؛ مردانِ غیب۔

رَجائیّت: (ع) مؤنث؛ رَجا (امید) سے منسوب، پُرامید ہونے کی کیفیت۔

رَجب: (ع) مذکر؛ سال ہجری کا ساتواں قمری مہینہ۔

رُجحان: (ع) مذکر؛ میلان، توجہ، رذہنی جھکاؤ۔

رَجز: (ع) مؤنث؛ (ا) میدان جنگ میں عرب قومی شرافت اور اپنی بڑائی کے بیان میں جو اشعار پڑھتے تھے (۲) عروض کی ایک بحر کا نام۔

رَجسٹر: REGISTER (انگ) مذکر؛ دفتری کتاب کا بہی کھاتا، روزنامچہ، فہرست۔

رَجسٹرار: REGISTRAR (انگ) مذکر؛ فرد نویس، سررشتہ دار، مُسجّل۔

رَجسٹرڈ: REGISTERED (انگ) رجسٹری کیا ہوا، محفوظ کیا ہوا، درج فہرست کیا ہوا۔

رَجسٹری: REGISTRY (ا) دستاویز کا محکمہ رجسٹر میں اندراج ہونا، (کنایتاً) مکمل ہونا (۲) محکمۂ ڈاک کے رجسٹر میں محصول ادا کر کے درج کرانا (۳) اندراج، داخلہ، درج فہرست۔

—— **شدہ**: (ا) وہ خط یا پیکٹ جس کی رجسٹری ڈاک خانہ میں کرائی گئی ہو (۲) تجارتی نشان، زمین وغیرہ کا رجسٹر میں درج ہونا (۳) (کنایتاً) مضبوط، مستحکم۔

رَجعت: (ع) مؤنث؛ (ا) واپسی، لوٹنا (۲) عورت کو طلاق کے بعد زوجیت میں لانا (۳) جنون، سودا، کسی جلالی عمل میں غلطی ہو جانے سے پاگل ہو جانا (۴) فضول بکنا، بے ہودہ بکنا۔

—— **پسند**: (ع۔ف) پرانے عقیدوں اور روایتوں کا پیرو، لکیر کا فقیر۔

—— **پسندی**: (ع۔ف) مؤنث؛ قدامت پرستی، پرانے خیالات کی پیروی، روایت پسندی۔

—— **قہقری**: (اضافت کے ساتھ)؛ مؤنث؛ (ا) اُلٹے قدموں پھرنا، مُنہ سامنے رکھ کر پیٹھ کی جانب سرکتے ہوئے چلنا، اُلٹے پاؤں چلنا (۲) پرانی روایت کو دوبارہ اختیار کر لینا۔

رِجلے خجلے: (لکھنؤ) مذکر؛ کمینے، (مترذک)

رَجماً بالغیب: (ع) بغیر سوچے سمجھے، اٹکل سے۔

رِجمنٹ: REGIMENT (انگ) مؤنث؛ (ا) دستہ (۲) جمعیت (۳) لشکر، پلٹن، فوج (۴) فوج کا ایک حصہ۔

رَجنا: (عو) سیر ہونا۔

رجواڑا: راجاؤں کا مُلک، راجا کی عمل داری۔

رُجوع: (ع) مذکر؛ لوٹنا، جُھکنا، مائل ہونا۔

—— **قلب**: (اضافت کے ساتھ) دلی توجہ

—— **کرنا**: (ا) معالجہ کرنا (کسی طبیب سے) پلٹ جانا (کسی طرف) (۳) دائر کرنا، پیش کرنا، عدالت میں لانا۔

رُجولت / رُجولیّت: (عو) مؤنث؛ مردمی، قوتِ باہ۔

رجھانا: خوش کرنا، لبھانا، فریفتہ کرنا۔

رجھنا / ریجھنا: خوش ہونا، مائل ہونا۔

رُچ: مؤنث؛ خواہش، رغبت،

رُچنا: (۱) خواہش مند ہونا، لذت پانا (۲) دِل لگاؤ ہونا (۳) شادیانہ، شادی کے گیت گانے کا انعام۔

رَچانا: (۱) مُقرر کرنا، پھیلانا (۲) مہندی سے رنگین کرنا، خوش بودار کرنا۔

رَچاوٹ: مؤنث: رچنا۔

رُچتا پچتا: مؤنث: خوش گوار اور ہضم ہونے والی چیز، (۲) مؤنث کے لیے، رچتی پچتی۔

رَچ کر کھانا: رغبت سے کھانا۔

رَچاو: (۵) مذکر: رَچ بس جانے والی کیفیت گھُل مِل جانا، ہم آہنگی، امتزاج۔

رَچنا: (۱) کھانا ہضم ہونا (۲) ایک شے کی بُو کا دوسری شے میں سرایت کر جانا (۳) کبوتر خانہ میں جانا (۴) مہندی کا ہاتھ پاؤں میں رنگ لانا (۵) شادی کا پھیلنا، شادی بیاہ کا سامان مُہیّا کرنا (۶) جزوِ بدن ہونا۔

رَچنی مہندی: اچھا رنگ دینے والی مہندی۔

رَح / رَحْ: رحمۃُ اللہ علیہ کا مُخفّف، خُدا کی اُس پر رحمت ہو۔

رَحل: (ع) مؤنث: لکڑی کا بنا ہوا ایک شکنجہ جس پر قرآن رکھ کر پڑھتے ہیں۔

رِحلت: (ع) مؤنث: کُوچ، موت، انتقال۔

رَحِم / رَحْم: مذکر: (۱) بچہ داں (۲) چاولوں کا شکر ڈال کر بنایا ہوا وہ کچا حلوہ، جسے اللہ کے واسطے خوشی کی تقریب میں عورتیں بناتی ہیں۔

رَحم: (ع) مذکر: مہربانی، ترس۔

—— آنا: ترس آنا۔

—— دِل: مہربان، رقیق القلب۔

—— کھانا: ترس کھانا۔

رَحمت: (ع) مؤنث: (۱) مہربانی، کرم (۲) مجازاً: بارش (۳) درود، سلام (۴) کلمۂ تحسین و آفرین۔

—— برسنا: کثرت سے رحمت کا نازل ہونا۔

رَحمتُ لِلعالمین: (ع) (لفظی معنی) تمام عالموں کے لیے رحمت (کنایتاً) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

رَحمٰن: (ع) نہایت رحم والا، خُدا، رحم کرنے والا، بخشایندہ۔

رَحیق: (ع) مؤنث: شراب خالص۔

رَحیم: (ع) بہت مہربان۔

ر۔ خ

رُخ: (ف) مذکر: (۱) شطرنج کے ایک مہرے کا نام (۲) ایک فرضی بڑا پرندہ (۳) طرف، جانب، سمت (۴) میل، رُجحان، توجہ (۵) سامنا۔

—— بدلنا: (۱) بے مروّت ہو جانا، رکھائی کرنا (۲) اندازِ تقریر بدلنا (۳) کم توجہی کرنا، کشیدہ ہونا (۴) سمت بدلنا، مُنھ پھیرنا۔

—— پانا: متوجہ پانا۔

—— پھرنا: (۱) کشیدہ ہونا، بے اعتنائی ہونا (۲) سمت بدل جانا۔

—— چھوٹنا: ہمت پست ہونا۔

—— دے کر بات نہ کرنا: توجہ سے بات نہ کرنا۔

—— دیکھنا: توجہ دیکھنا۔

—— کرنا: (۱) مُنھ کرنا، پھرنا (۲) توجہ کرنا (۳) ارادہ کرنا (۴) کسی طرف جانا، کسی طرف متوجہ ہونا۔

رَخت: (ف) مذکر: اسباب، اثاثہ، لباس۔

رُخسار / رُخسارہ: (ف) مذکر: گال۔

رَخش: (ف) مذکر: (۱) گھوڑا (۲) روشنی۔

رَخشاں: (ف) چمکنے والا۔

رَخشندگی: (ف) مؤنث: چمک۔

رُخصت: (ع) مؤنث: (۱) چھٹی، مُہلت (۲) اجازت (۳) روانہ ہونا (۴) برطرفی، وداع (۵) خُدا کی طرف سے بندے کو کسی کام میں تخفیف کی اجازت۔

—— اتفاقی: (اضافت کے ساتھ) کسی ناگہانی ضرورت کی چھٹی

رُخصتانہ : مذکر؛ (۱) کسی رئیس کے ہاں سے رخصت کے وقت کا عطیہ، انعام رخصت، خلعتِ رخصت۔
—— دینا : اجازت دینا، چھٹی دینا۔
—— رعایتی : (اضافت کے ساتھ) وہ رخصت جو ہر ملازم کو سال بھر میں مقررہ مدت کی ملتی ہے۔
—— طلب : (ف) جانے کی اجازت چاہنے والا۔
—— کرنا : (۱) مسافر کو روانہ کرنا (۲) لڑکی کو شوہر کے گھر بھیجنا (۳) برطرف کرنا (۴) (کنایتاً) ٹالنا۔
—— لینا : (۱) اجازت لینا (۲) چھٹی لینا۔
—— ملنا : (۱) اجازت ملنا (۲) چھٹی ملنا (۳) موقوف ہونا۔
—— ہونا : (۱) وداع ہونا (۲) (کنایتاً) مرجانا۔
رُخصتی : مؤنث (۱) دلہن کی میکے سے روانگی (۲) وہ روپیا جو دولہا کو وداع ہوتے وقت دیا جائے، سلامی۔
رَخنہ : (ف) مذکر؛ (۱) سوراخ، روزن (۲) مزاحمت خلل، فساد
—— انداز : (ف) خلل ڈالنے والا۔
—— اندازی : مؤنث؛ خلل ڈالنا، بھانجی مارنا۔
—— بندی : (ف) مؤنث؛ سوراخ بند کرنا، فتنہ وفساد روکنا۔
—— پڑنا : خلل پڑنا۔
—— ڈالنا : خلل انداز ہونا۔
—— کھلنا : سوراخ کھلنا۔
—— نکالنا : (کنایتاً) عیب نکالنا، نکتہ چینی کرنا، حیلہ حوالہ کرنا، عذر کرنا کسی کام میں۔
—— نکلنا : نقص ظاہر ہونا۔

ر-د

رَد : مذکر۔ مؤنث؛ (۱) نہ ماننا، پھیر دینا، واپس کرنا۔ (۲) تردید (۳) جھٹلانا (۴) باطل۔
رَدِّ خلق : صفت، مردود۔
رَدِّ دعوت : مؤنث؛ دعوت نامنظور کرنا۔
—— کردینا : (۱) ہرا دینا، مات کردینا (۲) انکار کردینا۔
رَدِّ عمل : (ع) مذکر؛ جوابی عمل، الٹا اثر، مخالف اثر۔ (انگ)؛ ری ایکشن۔
رَدّ وبَدل : مذکر، مؤنث؛ (۱) اُلٹ پلٹ، پھیرنا، بدلنا۔ واپس کرنا، دفع کرنا (۲) تکرار، حجت (۳) جنگ میں حملہ کرنا اور توڑ کرنا (۴) تبدیلی۔
—— وقدح : مؤنث؛ بحث اور تکرار میں ٹیڑھی باتیں بحث تکرار حجت۔
—— وکد : مؤنث؛ حجت، مباحثہ
—— ہونا : (۱) غلط ثابت ہونا، منسوخ ہونا، ٹوٹنا (۲) دفع ہونا، باطل ہونا (۳) مقابلے میں پست ہوجانا۔
ردّا : مذکر؛ اینٹ پر اینٹ رکھنا یا مٹی کی ایک تہ پر دوسری تہ رکھنا۔ ہر تہ ایک ردّا ہے۔
—— جمانا : الزام رکھنا۔
—— رکھنا : (۱) ایک تہ کے بعد دوسری تہ رکھنا چنائی پر چنائی کرنا (۲) ایک دفعہ کھاکر دوسری دفعہ کھانا۔ (۳) (کنایتاً) الزام رکھنا۔
ردا : (ع) مؤنث؛ چادر۔
رَدّی/کھنڈلا : مذکر؛ حقیر، نکما، خراب۔
رَدی/ردّی : (ع) بگڑا ہوا، ناقص، خراب، نکما، ناکارہ
—— کردینا : بیکار کردینا۔
رَدیف : (مؤنث؛ (۱) وہ لفظ یا الفاظ جو غزل یا قصیدے یا ابیات کے آخر میں قافیے کے بعد بار بار آئیں (۲) پیچھے کی فوج (۳) جو گھوڑے یا اونٹ پر کسی کے پیچھے بیٹھے،
—— چمکنا : ردیف کا لطف دینا۔
—— وار : ابجد کے حساب سے رکھا ہوا، حروف تہجی کے کی ترتیب سے۔

ر-ذ-ز

رِذالا/رَذالا : (ع، مذکر؛ (مجازاً) کمینہ، کم ذات۔
رِذالپن : مذکر؛ کمینہ پن، سفلہ پن۔
رِذالا/رِذالے کی جُوڑو کو سدا طلاق : (مثل)؛ کم ظرف کی دوستی کا کبھی اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔ کمینے اور سفلے کو اپنے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا۔
—— کے ناخن ہوئے : (مثل) معمولی آدمی صاحبِ اختیار ہوگیا۔
رَذیل : (ع) سفلہ، کمینہ، کم ذات۔
رَز : (ف) (۱) رنگ کرنے والا، رنگریز (۲) انگور۔
رَزّاق : (عا) مذکر؛ رزق دینے والا، خدائے تعالا۔
رَزّاقی : مؤنث؛ رزق رسانی۔
رِزق : مذکر؛ روزی، خوراک، کھانا۔
—— اُتارنا : رزق پیدا کرنا۔
—— اُترنا : از خود سامانِ رزق پیدا ہوجانا، غیب سے ملنا۔
—— پہنچنا : کھانا ملنا قدرتِ الٰہی سے۔
رِزق کا کیڑا : (۱) اناج کھانے والا، (۲) (کنایتاً)؛ انسان۔
رِزرَوڈ : RESERVED (انگ) (۱) مخصوص، جس کو دوسرے لوگ استعمال نہ کرسکیں (۲) کم ملنے جلنے والا، محتاط رکھ رکھاؤ والا (۳) کم سخن، کم آمیز۔
رِزَلٹ : RESULT (انگ) مذکر؛ نتیجہ، امتحان کا نتیجہ، انجام، حاصل۔
رَزم : (ف) مؤنث؛ جنگ، معرکہ۔
—— گاہ : (ف) مؤنث؛ میدان جنگ۔
رَزمیہ : (ف) رزم سے نسبت رکھنے والا۔
رِزولیوشن : RESOLUTION (انگ) مذکر؛ تجویز، قرارداد۔

ر-س

رَس : مذکر (۱) شیرہ، عرق، دودھ (۲) گنے کا شیرہ (۳) جوہر، سَت (۴) لوچ (۵) دھات کا کشتہ (۶) منی نطفہ (۷) آواز کی نرمی۔ آواز کی شیرینی (۸) نشیلاپن،
—— اُترنا : گھوڑے کے سُم سے مواد کا پانی نکلنا۔
—— بٹا : مذکر؛ رسّی بٹنے والا، رسّن ساز۔
—— بھری : (۵) مؤنث؛ خمار آلود، نشیلی (آنکھ)
—— بھَری : مکوہ سے بڑے دانتوں والا پھل (انگریزی۔ راسپ بیری) سے اردو بنا ہوا۔
—— بھری آواز : شیریں آواز۔
—— پڑنا : اناج میں دودھ پیدا ہونا۔
—— چوس لینا : جوہر نکال لینا، چوس لینا۔
رَس جَس : (۵) مذکر، تراوٹ، شادابی، تروتازگی، لذت واثر۔
—— کی باتیں : میٹھی میٹھی باتیں، لگاوٹ کی باتیں۔
—— گھولنا : (کنایتاً) شیریں کلامی کرنا۔
—— لینا : رس چوسنا۔
—— میں بس ملا دینا : خوشی میں رنج پیدا کر دینا۔
رِس : مؤنث؛ غضب، غصّہ، ہٹ، ضد۔
رِسانا : (ہندو) خفا ہونا، ناراض ہونا۔
رَسا : (ف) کسی چیز تک پہنچنے والا، دُور جانے والا۔
رَسائی : (ف) رسائی، پہنچ، باریابی، دخل، مہارت۔
—— پانا : باریاب ہونا۔
—— پیدا کرنا : رسوخ حاصل کرنا۔
رَسّا : مذکر؛ بڑی اور موٹی رسّی۔
رِسالت : (ع) مؤنث؛ پیغمبری، پیغامبری، سفارت۔
—— مآب : حضرت محمد رسول اللہ صلعم۔
رِسالدار : مذکر؛ سواروں کے دستے کا افسر۔
رِسالہ : (ع) مذکر (۱) چھوٹی کتاب، پمفلٹ، مختلف حضرات کے مضامین کا مقررہ وقت پر شائع ہونے والا مجموعہ۔

(۳) کئی سو سواروں کا دستہ۔
—— داری: رسالہ دار کا عہدہ، رسالے کی افسری۔
رَساں/رسان: (۱) آہستگی، نرمی (۲) (ف) پہنچانے والا۔
رَساوَل: مؤنث؛ گنے کے رس کی کھیر۔
رَسائل: (ع) مذکر؛ (جمع رسالہ کی)۔
رَسایَن: مؤنث؛ (۱) دھات کا کشتہ (۲) (عو) آہستگی (۳) کیمیا۔
رُستخیز: (ف) مؤنث؛ (۱) (کنایتاً) قیامت، ہنگامہ (۲) (کنایتاً) سخت جنگ۔
رستگار: (ف)؛ نجات پانے والا، رہائی پانے والا۔
رَستگاری: (ف) مؤنث؛ رہائی۔
رُستم: (ف) (۱) ایران کا مشہور پہلوان (۲) بڑا بہادر، زبردست، شجاع۔
—— خاں/کا سالا: (طنزاً)؛ شیخی باز، اترانے والا۔
—— کی دھاک: رستم کا رعب اور ہیبت۔
—— کی گُرز برلات مارنا: (کنایتاً) بہادری کا جھوٹا دعوا کرنا۔
—— ہونا: (مجازاً) بڑا بہادر ہونا۔
رُستمی: (ف) مؤنث؛ بہادری۔
—— دِکھانا: بہادری دکھانا۔
رَستہ: (ف) مذکر؛ راستہ (دیکھو راہ)
—— بھکانا/بُھلانا: گم راہ کرنا۔
—— دکھائی دینا: تدبیر سوجھنا۔
—— دیکھنا: انتظار کرنا؛ تدبیر سوجھنا۔
—— کاٹ کے جانا/چلنا: کترا کے جانا، رستہ بچا کر چلنا۔
—— کترانا: راستہ کاٹ کر جانا۔
رستے لگانا/لگا دینا: رستے پر ڈالنا، راہ سے لگانا۔ طریق بتانا۔
رِستوراں: (فرانسیسی) RESTAURANT چائے خانہ، وہ جگہ جہاں صرف کھانے پینے کا انتظام ہو۔
رِسٹ واچ: WRISTWATCH (انگ) مؤنث؛ ہاتھ کی گھڑی۔
رَسَد: مؤنث؛ (۱) (ف) حصہ، قیمت (۲) جنس، غلہ (۳) ذخیرہ جو قافلے یا لشکر کے ہم راہ ہو، سامانِ لشکر۔
—— پہنچانا: سامانِ خوراک فوج یا لشکر میں پہنچانا۔
رَسَدی: حصے کے مطابق۔
رُسُل: (ع) مذکر؛ جمع، رسول کی۔
رَسم: (ع) مؤنث، مذکر؛ (۱) دستور، رواج (۲) میل جول (۳) روش عادت، طور، طریق (۴) ایک کھیل کا نام (متروک)
—— اُٹھانا: عادت اور رواج کے خلاف کرنا۔
—— خط/رَسم الخط: (ع) مذکر؛ کسی زبان کو لکھنے کا طریقہ، املا۔
—— وراہ: ڈھنگ، دستور، ربط ضبط، میل جول، برتاؤ۔
—— وراہ پڑ جانا/ہو جانا: ربط ضبط ہو جانا۔
—— ورواج: مذکر؛ دستور، قاعدہ، ریت، رسم۔
رَسمی: رسم سے منسوب، عام، معمولی، متوسط درجے کا رواجی جس کا رواج ہو۔
رَسمیات: مؤنث، مذکر؛ رسمیں۔
رَسمسا: مذکر؛ تر، کسی قسم کے پانی سے ہوا پسینے سے ہو۔
رَسمسانا: (ہ) تر ہونا، رس یا پانی سے بھر جانا۔
رَسَن: (ف) مؤنث؛ رسی۔
—— باز: (ف) نٹ۔ رسیوں پر تماشا دکھانے والا۔
رِسنا: (۱) ٹپکنا، چُونا (۲) خفا ہونا، ناراض ہونا۔
رُسوا: (ف) ذلیل، خوار۔ بدنام۔
—— کرنا: عیب کو فاش کرنا۔
رُسوائی: (ف) مؤنث؛ بدنامی، بے عزتی۔
رَسوت: مؤنث؛ ایک تلخ دوا کا نام۔
رُسوخ: (ع) مذکر؛ (۱) رسائی، ربط ضبط (۲) اعتماد، اعتبار۔
رَسُول: (ع) مذکر؛ (جمع رُسُل) (۱) خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر، جو کتاب الٰہی بھی لائے (۲) قاصد، نامہ بر۔

رَسُولُ اللہ: (ع) مذکر؛ خُدا کا رسول۔
—— شاہی: مذکر؛ ایک قسم کے آزاد فقیر۔
رَسُولی: مؤنث؛ ایک قسم کی بتوڑی، ایک قسم کا بے آزار پھوڑا، جگہ کا نام
رُسُوم: (ع، مذکر، مؤنث؛ (جمع، رسم کی) (۱) شادی بیاہ کی رسمیں (۲) سرکاری خرچہ، سرکاری حق، کورٹ فیس کا خرچہ، اسٹامپ کی فیس، چندہ یا محصول، (۳) مذکر؛ قاعدے، دستور، طریقے۔
رَسُوئی: مؤنث؛ (ھ) (۱) کھانا، کھانے اور پکانے کی جگہ باورچی خانہ۔
رَسُوئیا: کھانا پکانے والا۔
رَسّی: مؤنث؛ (۱) موٹی ڈور (۲) (عو) (کنایتاً) سانپ (۳) سوفٹ کا لمبا پیمانہ (۴) (کنایتاً) عمر، زندگی۔
—— بٹنا: (۱) رسّی کو بل دینا (۲) (کنایتاً) حیلہ بنانا۔
—— تڑانا: تیزی سے دوڑنا، بگٹٹ دوڑنا (جہاں کوئی چیز روک اور آڑ نہ ہو سکے)، آزادی حاصل کرنا۔
—— جل گئی بل نہیں کھلا/جل گئی اینٹھن نہیں گئی/جل گئی بل نہیں گیا: (مثل) دولت اور عزت جاتی رہی غرور اور سرکشی نہ گئی۔
—— دراز کرنا: (کنایتاً) مہلت دینا، اغماض کرنا، عمر زیادہ کرنا۔
—— دراز ہونا: (۱) رسّی کا طویل ہونا، لمبا ہونا، (۲) (مجازاً) مہلت ملنا، ڈھیل ہونا، عمر زیادہ ہونا، زندگی بڑھ جانا (۳) انتہا نہ ہونا۔
—— ڈھیلی چھوڑنا: (۱) لگام ڈھیلی چھوڑنا، (۲) آزادی دینا نگرانی کم کرنا۔
—— کا سانپ بنانا: بے اصل بات کو بڑا کر کے دکھانا۔
—— کوتاہ ہونا: (کنایتاً) عمر کم ہونا۔
رَسّیاں تڑانا: (کنایتاً) آزادی کا خواہش مند ہونا۔
رَسِیا: (ہ) شوقین، رنگیلا، طرح دار، دلچسپی رکھنے والا۔
رَسِید: مؤنث؛ (۱) پہنچنا کسی چیز کا (۲) کسی چیز کے پہنچنے کی تحریری اطلاع۔
—— کرنا: (کنایتاً) لگانا، مارنا (تھپڑ، لات وغیرہ سے)۔
رَسِیدہ: (۱) (میوہ اور پھل) پختگی کی حد پر پہنچا ہوا (۲) کمال پر پہنچا ہوا (۳) کامل۔
—— بود بلائے ولے بخیر گذشت: (ف) مقولہ؛ کسی کا آئی ہوئی مصیبت ناگہانی سے بچ جانا۔
رَسِیلا: مذکر؛ (۱) عرق دار، رس دار، شاداب (۲) بانکا خوش وضع، خوش طبع۔
—— پن: رسیلا ہونا۔
—— رسیلی آنکھ: مؤنث؛ پیار کی آنکھ، مخمور آنکھ لگاوٹ بھری آنکھ۔
—— آواز/بولی: مؤنث؛ دلوں میں اثر کرنے والی آواز۔
رِسیور: RECEIVER (انگ) (۱) چونگا (۲) ٹیلی فون کا سننے اور بولنے کا آلہ، (۳) عدالت کی طرف سے مقرر کیا ہوا ولی۔

رش

رَش: RUSH (انگ) مذکر؛ بھیڑ، ہجوم، انبوہ۔
رِشتہ: (ف) مذکر؛ (۱) تاگا (۲) قرابت (۳) ایک مرض کا نام (۴) لڑی، نظم۔
رِشتۂ بریا: (ف) پانو میں ڈورا بندھا ہوا۔
رشتۂ جاں: (ف) مذکر؛ (کنایتاً) سانس چلنے کا سلسلہ۔
—— جوڑنا: نکاح کرنا، شادی کرنا، نسب کا سلسلہ ملانا۔
—— دار: (ف) قرابتی، ناتے دار، بھائی بند۔
—— داری: مؤنث؛ قرابت، ناتا۔
رِشتۂ شمع: (ف) مذکر؛ چراغ کی بتی۔
رشتہ کرنا: نسبت کرنا، تعلق پیدا کرنا، بیاہ کرنا۔
—— ناتا: مذکر؛ قرابت، میل جول۔
رَشحہ: (ع) مذکر؛ ٹپکنا، پانی کا کسی جگہ سے ٹپکنا۔

رُشد : (ع) مذکر؛ (۱) ہوش سنبھالنا (۲) ہدایت پانا۔
رَشک : (ف) (۱) حسد، جلن (۲) غیرت (۳) کسی کی اچھی صفت یا ترقی دیکھ کر، اس کے حاصل کرنے کی تمنا یا خواہش۔
—— آنا : کسی کے عروج و ترقی پر ملال ہونا۔
—— سے جلنا : کسی کو بڑھتے ہوئے دیکھ کر کڑھنا۔
—— کھانا : رشک کرنا۔
رِشوَت : (ع) مؤنث؛ ناجائز نذرانہ۔
—— خوار/خور : (ف) رشوت لینے والا۔
—— ستانی : (ف) رشوت لینا۔
رِشی : (ہ) مذکر؛ مُنی، عابد، زاہد، خدا پرست۔
رَشید : (ع) (۱) ہدایت یافتہ (۲) تعلیم یافتہ؛ تربیت یافتہ (۳) خدائے تعالا کا نام۔
رَصَدگاہ : (ف) مؤنث؛ اجرام سماوی کے مشاہدے اور ان کے بارے میں معلومات جمع کرنے کی جگہ۔
رضؓ : رضی اللہ عنہ کا مخفف۔
رِضا/رَضا : (ع) مؤنث؛ خوش نودی (۲) اجازت، رضامندی (۳) رخصت، چھٹی۔
—— بہ قضا : خدا کی مرضی پر راضی ہونا۔
—— پانا : اجازت پانا۔
—— کار : مذکر؛ والنٹیر، اپنی مرضی سے خدمت خلق کی ذمہ داری لینے والا۔
—— مَند : (ف) خوش نودی، راضی۔
مَندی : (ف) مؤنث؛ منظوری، خوش نودی۔
—— وَرغبت سے : آپ سے، اپنی خوشی سے، اپنی خواہش سے۔
رِضاعت : (ع) مؤنث؛ دودھ پلانا بچوں کو۔
رِضاعی بھائی : مذکر؛ دودھ شریک بھائی۔
—— بہن : مؤنث؛ دودھ شریک بہن، (ایک عورت کا دودھ پینے والے بھائی بہن)
رَضائی/رزائی : سردی سے بچنے کے لیے کپڑے کے دو پلّوں کے بیچ میں روئی ڈالی ہوئی اوڑھنے کی چوڑی چھوٹا اور کم روئی والا لحاف۔
رِضوان : (ع) مذکر (۱) بہشت کے داروغہ کا نام (۲) رضامندی، خوشنودی۔
—— اللہ علیہ : اللہ اس سے راضی ہو۔
رَضوی/رضویّہ : (ع) امام علی موسیٰ رضا سے منسوب۔
رضی اللہ عنہٗ : خدا اس (اُن) سے راضی ہو۔
رَضِینا بِقضا : (ع) ہم حکم خدا پر راضی ہوئے۔
رَطب : (ع) مذکر؛ تر۔
—— ویابس : (ع) (۱) تر و خشک (۲) بُرا بھلا، نیک و بد۔
رَطبُ اللِّسان : (ع) تر زبان، مدّاح۔
رُطَب : (ع) مذکر؛ ترخرما، ایک قسم کی کھجور۔
رَطل : (ع) مذکر؛ (۱) اٹھائیس تولے ساڑھے چار ماشے (تقریباً ایک پونڈ کا وزن) (۲) شراب کا پیمانہ، جام شراب۔
—— گراں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بڑا پیمانہ۔
رَطوبت : مؤنث؛ تری۔
—— اصلیہ : مؤنث؛ اعضائے جسم کی خلقی تری۔

ر۔ع۔غ

رَعایا/رِعایا : (ع) مؤنث؛ رعیت، پرجا۔
رِعایت : (ع) مؤنث؛ (۱) لحاظ، خیال، مناسبت (۲) مہربانی، توجہ، طرف داری (۳) کمی، تخفیف۔
رِعایتی : (۱) جس کی طرف داری کی جائے (۲) سفارشی۔
—— رُخصت : مؤنث؛ وہ چھٹی جس میں تنخواہ نہ وضع کی جائے۔
رُعب : (ع) مذکر؛ خوف۔ دبدبہ، شان و شوکت، دھاک۔
—— باندھنا/بٹھانا : دھاک بٹھانا۔
—— دَاب : مذکر؛ دھاک، ہیبت۔
—— دار : خوفناک، ڈراونا۔
—— ماننا : خوف میں آجانا، دہشت میں آجانا۔
رَعد : (ع) مذکر؛ ایک ابر کا دوسرے ابر سے ٹکر کھانے کی آواز، گرج، بجلی کی کڑک۔
رَعشہ : (ع) مذکر؛ تھرتھراہٹ، کپکپی، ہاتھ پاؤں میں کپکپی۔

ایک بیماری کا نام۔
—— اندام : (ف) رعشہ میں مبتلا شخص۔
—— دار آواز : مؤنث ؛ تھرتھراتی ہوئی آواز۔
رَعنا : (ع) زیبا۔ خوش نما۔
رَعنائی : (ف) مؤنث ؛ (۱) خود آرائی (۲) زیبائی، خوبصورتی
رُعونت : مؤنث ؛ تکبر، غرور۔
رَعیت : (ع) مؤنث ؛ (۱) رعایا، پرجا (۲) اسامی، کاشت کار۔
رَغبت : (ع) مؤنث ؛ خواہش، میل، رجحان
—— آنا : رجحان ہونا، میلان ہونا۔
—— کی آنکھ سے دیکھنا : پسند کرنا۔
رَغم : (ع) مذکر ؛ (۱) نفرت، حقارت، تحقیر (۲) مجازاً کسی کے برخلاف کام کرنا۔
رَف : ROUGH (انگ) مذکر ؛ کھردرا، اُجڈ ناہموار، رواروی اور تیزی میں کیا ہوا کام جو نظر کا محتاج ہو۔
—— کاپی : COPY —— (انگ) مؤنث ؛ وہ کاپی جو بطور مسودہ کے ہو (۲) سرسری نقل کیا ہوا۔
رِفارمر : REFORMER (انگ) اصلاح کرنے والا، لیڈر، مصلح۔
رفاقت : (ع) مؤنث ؛ (۱) ساتھ، ہم راہی (۲) میل جول۔ اتحاد، وفاداری۔
رِفاہ : (ع) مؤنث ؛ خیر خواہی، آرام، تن آسانی، نیکی، بھلائی۔ بہبودی۔
—— عام / خلائق : مؤنث ؛ عام لوگوں کی بہبودی۔
رِفاہیت : بہبود، لوگوں کا فائدہ۔
رَفتار : (ف) مؤنث ؛ (۱) چال (۲) روش، انداز۔
—— اُڑانا : چال کی نقل کرنا، وضع کی نقل کرنا۔
—— وگفتار : مؤنث ؛ طور طریق، چال چلن۔
رَفتگان : (ف) جمع رفتہ کی، گزرے ہوئے، مرے ہوئے لوگ۔
رَفتگی : (ف) مؤنث ؛ (۱) بے خودی (۲) روانگی۔
رَفتنی : (ف۔صف) ؛ جانے والا، عارضی۔
رَفتہ : (ف۔صفت) (۱) بیخود، عاشق (۲) گیا ہوا، گزرا ہوا۔
—— رفتہ : (ف) آہستہ آہستہ، بتدریج۔
رفت وگزشت : گیا گزرا۔
رَفرف : (ع) مذکر ؛ وہ سواری جس پر رسول اللہؐ سفر معراج میں سوار ہوئے تھے۔
رَفض : (ع) مذکر ؛ سردار کو چھوڑنا، رافضی ہونا (اردو میں رفض مستعمل ہے)۔
رَفع : (ع) مذکر ؛ (۱) بلند کرنا (۲) نکالنا، دور کرنا۔
—— حاجت : (اضافت کے ساتھ) پیشاب پاخانہ کرنا۔
—— دفع کرنا : دور کرنا، ہٹانا، جانے دینا، معاف کرنا جھگڑا مٹانا۔
—— شر/فساد : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ شر دور کرنا، فساد دور کرنا۔
—— یدین : (ع) مذکر ؛ (۱) نماز میں ہر قیام اور رکوع پر دونوں ہاتھ اٹھانا (۲) دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔
رِفعت : (ع) مؤنث ؛ بلندی، اونچائی، مرتبے کی بلندی۔
رِفق : (ع) (مؤنث) ؛ نرمی۔
رُفقا : (ع) جمع، رفیق (۱) ساتھی (۲) دوست، مددگار (۳) خیر خواہ، صاحب، ہم نشین۔
رَفو : مذکر ؛ پھٹے ہوئے کپڑے میں تاگے بھرنا، تاگوں سے پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا۔
—— چکر ہونا : چل دینا، بھاگ جانا۔
—— کاری : مؤنث ؛ رفو کرنا، پھٹے ہوئے کپڑے کو سینا۔
—— کھلنا : رفو کے تاگے کا ٹوٹ جانا۔
—— گر : (ف) مذکر ؛ رفو کرنے والا۔
رَفیدہ : مذکر ؛ (۱) تنور میں روٹی لگانے کی بھوسا بھری ہوئی گول گدی (۲) گول اور بدوضع پگڑی۔
رَفیع : (ع) بلند۔
—— الشان : بڑے مرتبے والا۔

رَفیق : (ع) ہم سفر، ہم راہی، ساتھی۔

ر۔ق

رَقابَت : (ع، مؤنث؛ (۱) محبت میں حریف ہونا (۲) چشمک، دشمنی جو بہ وجہ کسی معاملت کی شرکت کے ہو۔

—— کی آگ : مؤنث؛ رقابت کی جلن۔

رَقّاص : (ع، مذکر؛ (۱) ناچنے والا (۲) (سائنس) دیوار کی گھڑی کا لٹکتا ہوا پنڈولم۔

—— فلک : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) ستارہ زہرہ۔

رَقّاصہ : مؤنث؛ ناچنے والی۔

رَقّاقت : مؤنث؛ باریکی، لطافت۔

رَقبہ : (ف) مذکر؛ زمین یا کسی مسطح کے عرض اور طول کو ضرب دینے سے جو پیمائش حاصل ہو (۲) مجموعی طور پر گھری ہوئی سطح۔

رِقّت : (ع، مؤنث؛ (۱) پتلا ہونا (۲) رونا آنا، دل بھر آنا۔

رَقص : (ع، مذکر؛ ناچ، اصولِ موسیقی کے موافق تھرکنا

—— بسمل : (اضافت کے ساتھ) (ف)، مذکر؛ (کنایتاً) تڑپنا، ہاتھ پاؤں مارنا، ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔

—— کرنا : (۱) ناچنا (۲) (کنایتاً) خوشی ظاہر کرنا، خوشی منانا۔

—— وسرود : (ف) مذکر؛ ناچ رنگ، گانا بجانا۔

—— وغنا : ناچ گانا۔

رَقّاص : (ف) رقص کرتا ہوا۔

رُقعَہ : (ع) مذکر؛ (۱) چھوٹا خط (۲) نسبت کے پیام کا خط (۳) کسی تقریب یا شادی کا دعوت نامہ (۴) پیوند، تھگلی۔

رُقعات : (ع) مذکر؛ جمع رُقعہ کی، خطوط کا مجموعہ۔

رَقم : (ع) مؤنث؛ (۱) روپے کے وہ نشان یا ہندسے جو عربی الفاظ کا اختصار کرکے بنائے گئے ہیں (مثلاً عشرہ (دس) سے ر (۲) روپیا پیسا لکھنے کا ہندسہ (۳) کل تعداد (۴) قسم، جنس، ڈھنگ، طور، طریق (۵) مال، دولت، قیمتی چیز (۶) لکھا ہوا۔

—— زن / سنج / طراز / راقمہ / راقم الحروف : لکھنے والا محرر۔

—— سائر / سوائے : مؤنث؛ ابواب، لگان کے علاوہ کی آمدنی، دریاؤں نالوں تالابوں سے مچھلی یا سنگھاڑے وغیرہ سے۔

—— کرنا : لکھنا، تحریر کرنا۔

—— وار : تفصیل وار۔

—— ہونا : لکھا جانا۔

رَقیب : (ع) مذکر؛ (۱) حریف، ہم پیشہ، دشمن، دیکھو رقابت (۲) نگہبان۔

رَقیق : (ع) (۱) پتلا (۲) نرم، ملائم۔

رَقیمہ : (ع) مذکر؛ خط، رُقعہ۔

رَقیمۂ نیاز / وِداد : (خط کے آخر میں)، بجائے نیازمند،

ر۔ک

رَکاب : مؤنث؛ (۱) گھوڑے پر سوار ہونے کا زین میں لٹکا ہوا آہنی حلقہ (۲) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا۔ (۳) لمبا ساہشت پہل پیالہ (۴) اس لفظ کو کہتے ہیں جو ورق کے دوسرے صفحے کے نیچے اور صفحہ اوّل کے ابتدا میں لکھا جاتا ہے تاکہ ترک مل جائے۔

—— تھامنا : کسی کی رکاب پکڑے رہنا۔

—— دار : (ف) مذکر؛ (۱) اعلا درجے کا کھانا پکانے والا باورچی، (۲) رکاب پکڑ کر گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر (۳) بادشاہوں کی سواری کے ساتھ کھانا لے کر چلنے والا ملازم۔

—— دُوال : مؤنث؛ رکاب میں لگا ہوا تسمہ۔

—— سعادت : (اضافت کے ساتھ) مؤنث؛ بادشاہ یا رئیس کے گھوڑے کے ہم راہ۔

—— میں : ہم راہ

—— میں پانو رکھنا : (کنایتاً) گھوڑے پر سوار ہونا۔
رَکابی : (ف) مؤنث ؛ تھالی، تشتری، چھوٹا طباق، پلیٹ۔
—— سا مُنھ : چوڑا چکلا مُنھ، بدہیت مُنھ۔
—— مذہب : جدھر کھانے کو ملے اُدھر ہو جانے والا، ڈھل مُل یقین۔
رِکارڈنگ : RECORDING (انگ) مذکر ؛ (۱) صدابندی (۲) گانے سکالے یا کسی تقریر کو ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ محفوظ کر لینا۔
رکاکت : (ع) مؤنث ؛ سُستی، بے عزتی، سفلہ پن۔
رُکاوٹ/رُکاوٹ : مذکر ؛ (۱) روک، توقف (۲) مزاحمت (۳) رنجش، آزردگی۔
رَکشابندھن : مؤنث (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) راکھی کا تہوار۔
رَکعت : (ع) مؤنث ؛ (جمع رکعات) نماز کا اس قدر حصّہ جس میں ایک رکوع دو سجدے آجائیں۔
رُکن : مذکر ؛ (جمع ۔ ارکان) (۱) ستون (۲) سربراہ کار، کارندہ (۳) ضروری جزو، عروض کی ایک اصطلاح۔
—— رکین : (ف) مضبوط رکن، بڑا رکن۔
—— یمانی : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر ؛ کعبہ شریف کے رکنوں میں سے ایک رُکن کا نام۔
—— رُکنا : (۱) ٹھہرنا، دم لینا (۲) کسی امر سے باز رہنا (۳) کشیدہ ہونا، کھنچنا (۴) کسی چیز کا آہستہ آہستہ کسی چیز سے نکلنا (۵) پس وپیش کرنا (۶) بند ہونا، مسدود ہونا (۷) ادھورا رہنا، ناتمام رہنا۔
رُکوع : (ع) مذکر ؛ مقررہ طریقے پر نماز میں جھک کر گھٹنوں پر ہاتھ رکھنا۔
رَکیک : (ع) ناچیز، ادنا درجے کا، گھٹیا، پست اخلاقی معیار کا۔
رکھا رکھایا : (۱) باسی (۲) رکھا ہوا، جمع کیا ہوا
رکھا رہنا : (۱) کسی مقام سے رکھی ہوئی چیز کا نہ اٹھایا جانا (۲) بے کار ہو جانا، بے اثر ہونا، کچھ کام نہ آنا۔
رَکھنا : (۱) دھرنا، لٹکانا (۲) بچانا، خبرداری کرنا (۳) جمع کرنا اکٹھا کرنا، قبضے میں رکھنا، پاس رکھنا، (۴) عاید کرنا، (۵) دفن کرنا، قبر میں اتارنا (۶) رہن رکھنا (۷) لگا دینا (۸) لانا، پیش کرنا (۹) ڈالنا، مدخولہ بنانا، صحبت کرنا (۱۰) دبا لینا، قابض ہو جانا (۱۱) روکنا، ٹھہرانا (۱۲) قیمت مقرر کرنا (۱۳) بھرتی کرنا (۱۴) بھینٹ چڑھانا نذر کرنا (۱۵) ٹالنا (۱۶) سپرد کرنا (۱۷) شرط پر لگانا (۱۸) کسی ظرف میں کوئی چیز ڈالنا (۱۹) پرورش کرنا، پالنا (۲۰) قبول کرنا (۲۱) کرنا (۲۲) (کنایتاً) تصرف میں لانا (۲۳) چرانا، خیانت کرنا (۲۴) (کنایتاً) ترک کرنا۔
رُکھائی : مؤنث ؛ بڑھئی کا ایک اوزار۔
رُکھائی : مؤنث ؛ بے التفاتی، بے پروائی، بے مروتی، رُوکھاپن
—— کی لینا : بدمزاجی ظاہر کرنا، بے پروائی کرنا۔
رَکھ پَت، رَکھاپَت : (ہ) (مثل) جو اوروں کی عزت کرتا ہے لوگ اُس کی عزت کرتے ہیں، عزت کرو عزت پاؤ۔
رَکھ چھوڑنا : جمع رکھنا۔
رَکھ دینا : ہار مان کر ہتھیار ڈال دینا۔
رکھ رکھاو : مذکر ؛ (۱) دیکھ بھال، خاطرداری، خاطرداری کا برتاؤ، وضع داری (۲) خبرگیری، نگہداشت۔
رَکھوالا : مذکر ؛ محافظ، نگہبان۔
رَکھوالی : (۱) محافظت کرنا (۲) محافظت کی اُجرت۔
—— کرنا : محافظت کرنا۔
رکھوالینا/رکھوانا : (۱) چھین لینا (۲) واپس لینا۔
رِکھونچا/رِکھوچا : مونگ یا ماش کی دھوئی ہوئی دال جس کو ابال لیتے ہیں اور ٹکڑے کر کے پکا کر کھاتے ہیں۔

رگ

رَگ : مؤنث ؛ (۱) جسم کی وہ نلکی جس میں خون رہتا ہے (۲) پٹھا (۳) پھول یا پتے کا ریشہ (۴) آنکھوں کا ڈورا، (۵) اصل، ذات، نسل (۶) تار، تاگا، دھاگا، (۷)

(کنایتاً) : دودھ پلانے والی کا اثر۔
—— اُترنا : (۱) ضد دور کرنا ، غصہ فرو ہونا (۲) آنت کا فوطے میں اُترنا۔
—— پٹھے سے واقف ہونا : اصل نسل اور عادت سے واقف ہونا ، ذات بنیاد سے آگاہ ہونا۔
—— پھڑکنا : (۱) رگ میں حرکت ہونا (۲) (کنایتاً) ہونے والی بات سے آگاہ ہوجانا۔
—— جاں : (ف) (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ تمام رگوں میں خون پہنچانے والی ، شہ رگ۔
—— چڑھنا : کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
—— چڑھی ہونا : برہم ہونا۔
—— دبنا : (کنایتاً) قابو ہونا ، دباؤ ہونا ، کمزور پڑنا۔
—— رگ سے واقف ہونا : ہر ایک جز سے واقف ہونا۔
—— رگ میں کوٹ کے بھرا ہونا : کسی صفت کا کامل طور پر کسی میں ہونا۔
—— زن : (ف) فصد کھولنے والا۔
—— کا منہ کھل جانا : فصد کھلوانے میں خون زیادہ آنا۔
—— کھڑی ہونا : رگ پر ورم آجانا۔
—— گردن : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ رگ جاں۔
—— غیرت : مؤنث ؛ (کنایتاً) حمیت کا جوش ، غیرت کا جوش۔
—— وپٹے : مذکر ؛ رگ پٹھا ، (کنایتاً) سارا بدن۔
—— وپٹے سے واقف ہونا : رگ رگ سے واقف ہونا۔ اصلیت سے واقف ہونا۔
—— وپٹے میں دوڑ جانا : ہر ہر رگ میں اثر کر جانا ، سرایت کر جانا۔
—— وریشہ : (۱) رگ وپٹھا (۲) اصل نسل ، خو بو۔ (۳) (کنایتاً) حسب ونسب ،
رگی/رگیلا : مذکر ؛ (۱) ضدی ، ہٹیلا ، سرکش ، مفسد (۲) اُبھرے ہوئے تاروں کا کپڑا (۳) موٹی رگوں کا پالتو حشرات۔
رگیں مرنا : رگوں کی قوت جاتی رہنا۔
—— نکل آنا : (کنایتاً) ؛ بہت دُبلا ہونا۔
رگڑ : مؤنث ؛ (۱) خفیف زخم (۲) دو چیزوں کی باہمی رگڑ کا نشان۔
—— دینا : گھس دینا۔
—— کھانا : رگڑ لگنا ، گھسا لگنا ، ٹکرانا۔
رگڑا : مذکر ؛ (۱) تراش ، کسی چیز سے کسی چیز کا مل کر گھس جانا (۲) بھنگ گھوٹنا (۳) پیسنا (۴) (کنایتاً) سخت گیری ، جھگڑا۔
—— بٹانا : زمین پر گرا کر گھسا دینا۔
—— جھگڑا : مذکر ؛ فساد ، بحث ، تکرار ، لڑائی بھڑائی۔
—— دینا : کسی چیز کو دوسری چیز پر رگڑنا۔
رگڑنا : (۱) گھسنا (۲) صاف کرنا ، مانجنا (۳) چھیلنا ، رندہ کرنا۔ (۴) گھوٹنا (۵) حیران کرنا ، ستانا (۶) آہستہ آہستہ ملنا ، کسی چیز کا کسی چیز پر گھسنا ،
رگید رگاد کر : گھیر گھار کر ، مار پیٹ کر۔
رگیدنا : گھیر کر بھگانا ، پیچھا کرنا۔

ر ـ ل

رُلا ملا : مذکر ؛ ملا جلا۔
رُل مِل جانا : مخلوط ہوجانا ، کمال اتحاد ہوجانا۔
رُلانا : کسی کو کوئی صدمہ پہنچا کر رُلانا ، یا رُلا دینا۔
رُلنا : خاک میں مل جانا ، تباہ ہونا۔
رُلوانا : (۱) رُلانا ، بے انتہا پریشان کرنا ، رونے پر مجبور کرنا۔

ر ـ م

رَم : (ف) مذکر ؛ وحشت ، گریز ، نفرت۔
—— بھول جانا : چوکڑی بھول جانا۔
—— خوردہ / زدہ / کردہ / دیدہ : (ف) بھاگا ہوا ، وحشت زدہ۔

رَم : RUM (انگ) مؤنث؛ ایک قسم کی شراب۔
رِم/ریم : REAM کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔
رَمّال : (ع) مذکر؛ علم رمل کا جاننے والا، جوتشی، نجومی۔
رُمّان : (ع) مذکر؛ انار۔
رَمانا : (۱) سما دینا (۲) اختیار کرنا (۳) گھمانا پھرانا، گم کرنا۔
رَمبھانا : (د ۵) گائے بھینس کا بولنا۔
رَمتا : گھومنے والا۔
——جوگی/فقیر : مارا مارا پھرنے والا، کہیں نہ ٹھہرنے والا۔
رِم جھم : مؤنث، پانی برسنے کی آواز۔
——مینہ برسنا : زور سے مینہ برسنا
رَمز : مؤنث؛ (جمع رموز) (۱) اشارہ، لب آنکھ ابرو یا کسی اور طرح (۲) ایما، اشارہ، کنایہ (۳) پیچ دار بات (۴) راز (۵) نکتہ باریکی (۶) نوک جھونک (۷) طعنے (۸) علامت نشان (۹) مخفی بات، پوشیدہ بات (۱۰) معاملہ بان (۱۱) پہلو داریات (۱۲) مغز سخن، مراد، منشا۔
——پھینکنا : طعنہ دینا، اشارتاً کسی کو برا کہنا۔
——چلنا : اشارہ کنایہ ہونا، آوازے کسے جانا۔
——شناس : (ف) اشارہ پہچاننے والا۔
رَمزیت : (ف) مؤنث؛ تہہ داری، اشاریت، ایمائیت۔
رَمزیہ : (ع) (۱) رمز سے منسوب (۲) اشارتی،
رَمضان/رَمضان : (ع) مذکر؛ نواں قمری مہینا جس میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں۔
رَمق : (ع) مؤنث؛ (مجازاً) ہر ایک تھوڑی سی چیز، بہت کم، ذرا سا۔
رَمقے : تھوڑی سی۔
رَمل : (ع) مذکر؛ (۱) نجوم، جیوتش (۲) علم عروض کی ایک بحر۔
رَمنا : (ہ) (۱) پھرنا، گھومنا، سیر کرنا (۲) بسنا، سمانا (۳) کہیں کا کہیں چلا جانا، بھٹک جانا (۴) رہ پڑنا، چھاونی چھانا (۵) مذکر؛ چراگاہ، وہ جگہ جہاں جانوروں کی بہت آمدورفت رہے، شکارگاہ وحشی جانوروں کو سیر و شکار کے واسطے چھوڑ دینے کی جگہ (۶) مذکر؛ گھومنے پھرنے کی جگہ، پارک۔
رموز : (ع) مذکر؛ مؤنث؛ (جمع رمز کی)
رموز مملکت خویشی خسرواں دانند : (مثل)؛ اپنے ملک کی بہتری کے بھید بادشاہ ہی جانتے ہیں۔
رموزیں چھانٹنا : نوک جھوک کی باتیں کرنا۔
رَمی جمار : (ع) جمار (جمع جمرہ کی)؛ چھوٹی ٹکریاں، مؤنث؛ حاجیوں کا منیٰ کے مقام میں ایک خاص جگہ پر کنکریاں مارنا۔
رَمیدگی : (ف) مؤنث؛ وحشت، تنفر۔
رَمیدہ : (ف) رم کیے ہوئے، بھاگا ہوا، وحشی۔

ر۔ن

رَن : مذکر؛ (۱) جنگ عظیم (۲) میدان جنگ، مقتل۔
—— باس : (سنسکرت) مذکر؛ راجا کا زنان خانہ۔
—— بَن : مذکر؛ جنگل، بیابان۔
—— بولنا : میدان جنگ سے آواز نکلنا (قدیم زبان)۔
—— پر چڑھنا : جنگ میں شریک ہونا، جنگ کرنا۔
—— پڑنا : جنگ عظیم ہونا، بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔
—— گھن : مذکر؛ قتل عام۔
—— ہلا دینا/ہلنا : میدان جنگ میں لرزہ پڑ جانا۔
رَن : RUN (انگ) مذکر؛ دوڑ جھپٹ، کرکٹ کے کھیل کی ایک بار کی دوڑ۔
—— آوٹ : OUT —— (انگ)؛ کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک دوڑتے ہوئے آوٹ ہونا
رَنج : (ف) مذکر؛ (۱) دکھ، درد (۲) ملال، سوگ، آزردگی (۳) افسوس، پچھتاوا۔
—— آنا : ملال ہونا۔
—— اٹھانا : صدمہ برداشت کرنا۔
—— پالنا : رنج مول لینا، ہمیشہ رنجیدہ رہنا۔

—— پہنچانا: اذیت دینا، ملول کرنا۔
—— پہنچنا: صدمہ ہونا، ملال ہونا۔
—— دیکھنا: تکلیف برداشت کرنا، رنج سہنا۔
—— سہنا: رنج برداشت کرنا۔
—— کھانا: (کنایتاً) رنج برداشت کرنا۔
—— کھینچنا: صدمہ برداشت کرنا۔
—— مٹنا: تکلیف دور ہونا۔
—— مول لینا: خواہ مخواہ اپنے سر کوئی دکھ لینا۔
—— ومحن: (ف) مذکر؛ دکھ، مصیبت۔
—— ہونا: (۱) غم ہونا، افسوس ہونا، آزردگی ہونا، (۲) اَن بَن ہونا۔

رَنجش: (ف) مؤنث؛ اَن بن، بگاڑ، ناخوشی۔
رَنجور: (ف) بیمار، افسردہ۔
رَنجیدگی: (ف) مؤنث؛ غم، رنجش۔
رَنجیدہ: (ف) غم گیں، خفا، اُداس، بے زار، ناخوش۔
—— خاطر: (ف) ناراض، ناخوش

رَنجک: مؤنث؛ بارود (بندوق یا آتش بازی میں آگ لگانے کے لیے)۔
—— اُڑانا: بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا۔
—— چاٹ جانا: بارود جل جانا اور بندوق یا آتش بازی کا نہ چلنا۔

رَن چنڈی: (ہ) مؤنث؛ جنگ کی دیوی، دُرگا دیوی۔
رَنّد: مذکر؛ بندوق سے غنیم پر فیر کرنے والا قلعے کی دیوار کا سوراخ۔
رِنّد: (ف) مذکر؛ آزاد، بے قید۔
—— مذہب / مشرب: (ف) آزاد وضع، بدوضع۔
رِندانہ: (ف) رِند کی طرح کا۔
رِندی: (ف) مؤنث؛ رندوں کا کام، مذہب کے معاملے میں آزاد خیالی، شہدپن، بدکاری۔
رَنّدنا: (ف) صاف کیا جانا، رندہ کیا جانا۔

رَنّدَہ: (ف) مذکر؛ لکڑی صاف اور ہموار کرنے کا بڑھئی کا اوزار۔
رُنّدنا: لازم۔ پامال ہونا، روندا جانا، کچلا جانا۔
رُنّدھنا: (۱) پامال ہونا، پسنا (۲) غمگین ہونا۔
رَنّدھیر: (ہندی صفت) بہادر، شجاع، دلیر۔
رَنّڈ: (س) ارنڈ کا درخت۔
رَنّڈاپا: مذکر؛ بیوگی، خاوند کے مرنے کے بعد کا زمانہ۔
—— کاٹنا: بیوگی کا زمانہ بسر کرنا۔
رنڈسالا: مذکر؛ شوہر کے ماتم میں بیوہ عورت کو بیوگی کا لباس پہنائے جانے کی رسم۔
رَنّڈوا: مذکر؛ جس کی بیوی مرگئی ہو۔
رَنّڈیا: بیوہ عورت۔
رُنّڈمُنّڈ: (ر ہ) (صفت) (۱) چار آبرو کا صفایا کیے ہوئے (۲) بے شاخوں اور پتوں کا صرف تنہ۔
رَنّڈی: مؤنث؛ (۱) عورت (۲) کسبی، زنِ بازاری (۳) ناچنے گانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔
—— باز: تماش بین، عیاش۔
—— بازی: مؤنث؛ (۱) تماش بینی (۲) زناکاری، عیاشی۔

رُنکھا / رُنکھی / رُنکا / رُنکی / رونکھا: (دہلی۔ صفت) روانا، روانسی۔
رَنگ: (ف) (۱) سبز، سرخ، زرد، سیاہ وغیرہ (۲) مکر و حیلہ (۳) عیب (۴) روشن، آئین (۵) خوشی و تندرستی (۶) رونق (۷) مذکر؛ رنگت، روپ (۸) طرز، انداز، (۹) ناچ، راگ، گانا، کھیل کود، (۱۰) حال، احوال، کیفیت (۱۱) بہار، رونق، خوب صورتی (۱۲) سماں (۱۳) مانند، نظیر، (۱۴) روغن، وارنش (۱۵) خوش حالی لطف، مزہ (۱۶) دستور، رسم، قاعدہ (۱۷) تماشا، سیر (۱۸) ہنسی، مذاق، چہل (۱۹) ہم سر، جوڑ (۲۰) شغل (۲۱) خمار، نشہ، قوت (۲۲) برتاؤ۔
—— آب دار ہونا: چمکیلا ہونا۔
—— آمیزی: مؤنث؛ نقاشی، مصوری، عبارت آرائی۔

—— آنا: رنگ چڑھنا، رونق آنا، پھیکا پن جاتا رہنا۔
—— اُترنا: رنگ جاتا رہنا، روغن جاتا رہنا، چہرے کا مُتغیر ہوجانا۔
—— اُچھالنا/پھینکنا: رنگ ڈالنا۔
—— اُداس ہونا: رنگ کا آب دار نہ ہونا، رنگ کا پھیکا ہونا۔
—— اُڑانا: رنگ زائل کرنا، اپنے فروغ یا شوخی سے دوسرے کو بے رنگ کرنا، طرز اُڑانا، طرز سیکھ لینا، انداز اُڑانا۔
—— اُڑجانا/اُڑنا/جاتا رہنا: (۱) رنگ پھیکا پڑنا (۲) (کنایتاً) چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
—— اُکھڑنا: (۱) بے رونقی ہونا، بے رونق ہوجانا، حال خراب ہوجانا، اثر جاتا رہنا (۲) (کنایتاً) بے رنگی اور بے رونقی۔
—— اَور ہونا: دوسرا انداز ہونا۔
—— باندھنا: سماں باندھنا۔
—— بَدل جانا: (۱) کسی چیز کے رنگ کا متغیر ہونا (۲) روش تبدیل ہوجانا، وضع بدل جانا (۳) انقلاب ہونا۔
—— بِرنگ کا: طرح طرح کا، مختلف رنگوں کا۔
—— بگڑنا: (۱) رنگ کا خراب ہونا، بے رونق ہونا، بدرنگ ہونا (۲) حالت متغیر ہونا، پتلا حال ہونا۔
—— بَندھنا: (۱) کسی جگہ رونق پکڑنا، زیبا ہونا، (۲) سماں بندھنا۔
—— بھرنا: نقشے یا تصویر میں موقعے موقعے سے رنگ آمیزی کرنا۔
—— بھنگ کرنا: لطف بگاڑنا۔
—— بے رنگ ہونا: کسی عالم یا حالت کا خراب ہوجانا۔
—— پاشی: مونث: رنگ کھیلنے کی رسم۔
—— پتلا ہونا: حال سے بے حال ہونا۔
—— پختہ ہونا: پکا ہونا رنگ کا۔
—— پر آنا: (۱) بہار پر آنا (۲) زوروں پر ہونا، رونق پکڑنا۔
—— پر ہونا: بہار پر ہونا، رونق پر ہونا۔
—— پکا ہونا: رنگ کا پختہ اور مستقل ہونا۔
—— پکڑنا: (۱) رنگین ہونا، رنگ چڑھنا (۲) (کنایتاً) رونق پکڑنا، بارونق ہونا۔
—— پھر جانا: کسی چیز پر رنگ کا لگایا جانا۔
—— پھوٹنا: رنگ کا ایک طرف سے دوسری طرف ظاہر ہونا۔
—— پھیرنا: رنگین کرنا، وارنش کرنا۔
—— پھیکا پڑنا: رنگ مدھم ہونا، رونق کم ہونا۔
—— پھیکا ہونا: رنگ اداس ہونا، بے لطف ہونا۔
—— پیدا کرنا: طبیعت یا مزاج کے اعتبار سے کوئی ڈھنگ اختیار کرنا۔
—— ٹپکنا: رنگ کا تراوش کرنا کسی خاص حالت میں، خاص حالت ظاہر ہونا۔
—— ٹھہرنا: رنگ کا پائے دار ہونا، نہ اُڑنا۔
—— جَل جانا: رنگ کا سیاہ ہونا، چہرے پر تیرگی چھا جانا۔
—— جمانا: (۱) بنیاد ڈالنا، اثر ڈالنا (۲) رونق دینا، (۳) رسوخ پیدا کرنا۔
—— جمنا: (۱) رنگ آنا، رنگ قائم ہونا (۲) اعتبار پیدا ہونا، کسی کا کسی جگہ کچھ فروغ ہونا (۳) نظروں میں بھلا معلوم ہونا (۴) بنیاد پڑنا، رسائی پیدا ہونا۔
—— چڑھانا: (۱) رنگ نکالنے کے واسطے کسم کے پھولوں کو بھگو کر چُوانا (۲) رنگنا، رنگین کرنا (۳) وارنش کرنا، روغن کرنا، مخمور کرنا (۵) سماں باندھنا (۶) اپنا سا بنانا، (۷) معرفت یا خداشناسی کا مزہ ڈالنا۔
—— چمکانا: رنگ کی رونق اور آب و تاب بڑھانا، جلا کرنا صیقل کرنا۔
—— چمکنا: (۱) نکھرنا، رنگ کی آب و تاب بڑھ جانا (۲) شہرت زیادہ ہونا، عزت زیادہ ہونا۔

—— چُوکھا آنا : گہرا آنا۔
—— چُونا : رنگ ٹپکنا۔
—— چھا جانا : رنگ کا کسی مقام پر محیط ہو جانا۔
—— چھُٹھا ہونا : رنگ شوخ ہونا۔
—— دِکھانا : (۱) کیفیت دکھانا، لُطف دکھانا، حالت دکھانا (۲) طرز دکھانا (۳) اثر ظاہر کرنا۔
—— دِگرگوں کرنا : خراب کیفیت پیدا کرنا۔
—— دیکھنا : (۱) کیفیت یا حالت کا مُشاہدہ کرنا (۲) سیر دیکھنا، بہار دیکھنا (۳) نتیجے پر نظر ڈالنا (۴) ہوا دیکھنا رُخ دیکھنا (۵) حال، احوال یا اثر دیکھنا۔
—— دینا : (۱) رنگینی ظاہر کرنا (۲) لُطف دینا، مزہ دینا۔ (۳) بات بنا دینا، چلا کر دینا۔
—— ڈھنگ : مذکر، (۱) چال چلن، برتاؤ، عادت (۲) حالت، کیفیت۔
—— ڈھنگ مِلنا : انداز اور وضع کا مشابہ ہونا (کسی سے)
—— رَچانا : (۱) شادی رچانا، کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا کرنا (۲) رنگین بنانا۔
—— رَسیا : رنگیلا، عیاش۔
—— رَلیاں : مؤنث، ہنسی، چہل، عیش و نشاط، مزہ لطف۔
—— رَنگ کا : طرح طرح کا، مختلف رنگ کا، مختلف وضع کا۔
—— رُوپ / رُوغن : مذکر (۱) چمک دمک (۲) چہرہ مُہرہ۔
—— رُوپ پانا : صورت دار ہونا، خوش وضع ہونا۔
—— رُوپ نِکالنا : رنگ روغن نکالنا، بہار پر آنا، چمک دمک بہم پہنچانا۔
—— زرد ہونا : رنگ پیلا پڑنا، بیماری کا ضعف ظاہر ہونا۔
—— ساز : مذکر، میز، کواڑ کرسی پر رنگ کرنے والا، وارنش کرنے والا۔
—— سُرخ ہونا : گلابی رنگ ہونا، فرط خوشی ظاہر ہونا۔
—— سَفید پڑنا : چہرے کی سُرخی جاتی رہنا، فکر یا خوف ظاہر ہونا، تھکاوٹ، صدمے یا تکلیف کا اثر معلوم ہونا۔

رَنگ شالا : [illegible] (۵) مذکر، کھیل کود کا مکان اسٹیج، رقص و سرود کا مقام، تماشا گاہ۔
—— شکستہ : (اضافت کے ساتھ) رف، اُڑا ہوا رنگ مُنہ پر ہوائیاں اڑنے لگنا۔
—— شوخ ہونا : رنگ کا گہرا اور چمک دار ہونا۔
—— فق ہونا : رنگ اڑنا، صدمے خوف حیرت یا شرم سے، چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔
—— کاٹنا : کھاریا ترشی سے رنگ اڑنا۔
—— کٹنا : (۱) رنگ اڑنا، رنگ زائل ہونا، ترشی سے رنگین کپڑے کی رنگت زائل ہونا (۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا متغیر ہونا۔
—— کچا ہونا : رنگ کا ناپائے دار ہونا، رنگ کا اڑ جانا۔
—— کرنا : (۱) رنگ چڑھانا، رنگ پھیرنا، رنگنا، (۲) خوشی منانا۔
—— کُندن ہو جانا : رنگ سُنہرا ہو جانا۔
—— کھُلنا : (۱) کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا موزوں اور نمایاں ہونا، رنگ کا زیب دینا (۲) سیاہی مائل رنگ کا سفیدی مائل ہونا۔
—— کھیلنا : آپس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا۔
—— لانا : (۱) رنگ پکڑنا، رنگین ہونا، اچھا دکھائی دینا، (۲) فیل لانا، جھگڑا کرنا، تکرار کرنا (۳) بدی کرنا، بُرائی کرنا، تماشا دکھانا، اثر دکھانا، مزہ چکھانا (۴) مختلف وضع سے اپنے تئیں ظاہر کرنا (۵) خُبثِ باطن ظاہر کرنا، شورش برپا کرنا، فساد پر آمادہ ہونا (۶) مکر پھیلانا، فریب دینا۔
—— لینا : (۱) رنگنا (۲) کسی کو اپنے ڈھنگ پر بنا لینا۔
—— مارنا : بزُدلی مارنا، جیتنا، بازی لے جانا۔
—— ماند ہونا : رنگ پھیکا ہونا۔
—— مِلنا : (۱) کسی چیز کے رنگ کا بے رونق ہو جانا (۲) (کنایتاً) اثر جاتا رہنا، وقعت جاتی رہنا۔
—— مٹی ہونا : آب و تاب نہ رہنا۔

—— محل : مذکر ؛ رؤسا کے عیش منانے کا مکان۔
—— ملنا : طرز ملنا ، رنگت کا مشابہ ہونا۔
—— میں بھنگ : خوشی میں بے لطفی۔
—— میں ڈوبنا : (۱) رنگ میں شرابور ہونا، عیش ونشاط کا جوش ہونا (۲) کسی کے طرز پر ہونا۔
—— نکالنا : (۱) خوش نما ہوجانا، خوب صورت ہوجانا۔ (۲) طرز نکالنا (۳) کسی دوسری چیز سے رنگ پیدا کرنا۔
—— نکھرنا : رنگ کا صاف ہونا،
—— وبو : (ف) مذکر ؛ (کنایتاً) کرّ وفر، شان وشوکت رونق۔
—— وروغن : مذکر ؛ دھنیت لیے ہوئے رنگینی اور چمک
—— ہونا : انداز ہونا ، طرز ہونا۔
—— ہے : کیا کہنا کی جگہ، تعریف کرنے کے لیے۔
رِنگ : RING (انگ) مذکر ؛ (۱) چھلا (۲) حلقہ انگوٹھی ، مشین کی چوڑی۔
—— لیڈر : LEADER —— (انگ) مذکر ؛ سرکردہ، سرغنہ
—— ماسٹر : MASTER —— (انگ) مذکر ؛ سرکس میں جانوروں کے سدھانے کا استاد۔
رنگا رنگ : رنگ برنگ ، مختلف رنگوں کا، طرح طرح کا۔
—— ہونا : طرح طرح کا رنگین ہونا۔
رنگا کے آنا : (مو) کوئی خصوصیت رکھنا۔
رنگا ہوا : (۱) رنگ کیا ہوا (۲) (کنایتاً) عارف کامل ہونا۔
—— سیار : (کنایتاً) ظاہر اچھا اور باطن خراب۔
رنگت : مؤنث ؛ (۱) چہرے کا رنگ ، کپڑے کے اوپر کا رنگ (۲) روپ (۳) حالت ، کیفیت۔
—— اُتارنا : رنگت کی نقل کرنا۔
—— آنا : رنگ پکڑنا ، رنگ چڑھنا۔
—— اُڑجانا : رنگ اڑجانا۔
—— بدلنا : رنگ بدلنا۔
—— چھوٹنا : رنگ اڑنا۔
—— سفید ہونا : (۱) رنگ سفید ہونا (۲) چہرے کا رنگ سفید ہونا ، پریشانی اور اضطراب ظاہر ہونا۔
—— غیر ہونا : شرم یا ندامت سے چہرے کا رنگ بدل جانا
—— کھلنا : چہرے کے رنگ کا بارونق ہوجانا۔
—— لانا : رنگ ظاہر کرنا۔
—— نکلنا : چہرے کا رنگ نمایاں ہونا۔
رنگترا : مذکر ؛ سنگترا ، سنترا ، ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی۔
رنگروٹ : (انگ) مذکر ؛ نیا سپاہی، نیا بھرتی کیا ہوا۔
رنگریز : کپڑے رنگنے والا۔
رنگن : مذکر ؛ سبز پتے کا عرق۔
رنگنا : (۱) رنگ چڑھانا ، رنگین کرنا (کسی چیز کو) (۲) (مجازاً) بنانا۔
رنگوائی : مؤنث ؛ رنگائی ، رنگنے کی اُجرت۔
رنگیلا : مذکر ؛ بانکا ، چھیلا ، چھیل چھبیلا۔
رنگین : (ف) (۱) رنگ دار (۲) رنگیلا (۳) خوش طبع، زندہ دل (۴) آراستہ (۵) رنگ برنگ، گوناگوں (۶) سوہا سُرخ (۷) دِل پسند، خوش آیند۔
—— اَدا : (ف) طرح دار۔
—— زبان : (ف) شوخ زبان۔
—— سُخنی : (ف) مؤنث ؛ خوش بیانی۔
—— مزاج : (ف) خوش طبع ، ہنس مکھ ، زندہ دل۔
رنگینی : (ف) مؤنث ؛ رنگین ہونا ، کلام میں شوخی ہونا۔
—— سُخن : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ کلام کا رنگین ہونا۔
رنگینیت : (عم) مؤنث ؛ دیکھو رنگینی۔
رنواس : (ہ) مذکر ؛ راج محل۔

ر-و

رَو : (ف) مؤنث ؛ (۱) پانی کا بہاؤ ، دھارا ، (۲) جوش ولولہ (۳) بھیڑ ، انبوہ (۴) دُھن ، خیال۔
رُو / روے : (ف) مذکر ؛ (۱) چہرہ ، مُنھ (مجازاً) رُخسار

(۲) مؤنث : سبب، وجہ، باعث، بنیاد (۳) (کنایتاً) : سطح، بساط، تختہ (۴) توجہ، میلان۔

—— بہ راہ : (ف) اصلاح کیا ہوا، درست۔

—— بہ رُو : (ف) مقابل، سامنے، آگے (آنا، کرنا، لانا ہونا کے ساتھ)۔

—— بہ صحت : (ف) صحت کی طرف مائل۔

—— بَقفا : (ف) سر جھکائے ہوئے۔

—— پاک : (ف) مذکر : رومال۔

—— پوشی : (ف) مؤنث : غائب رہنا۔

—— دار/ رُوئیداد : (ف) مؤنث : (۱) ماجرا، احوال، کیفیت، سرگزشت (۲) عدالت یا جلسے کی کارروائی۔

—— دار : وجیہہ۔ شکیل۔

—— داری : (ف) مؤنث : وجاہت، لحاظ، پاس۔

—— دَر رُو : (دہلی) منہ پر، علانیہ، کسی کے رو بہ رو۔

—— رعایت : مؤنث : طرف داری، لحاظ

—— سیاہ/ سیہ : (ف) (۱) کالے منہ کا (۲) (کنایتاً) گنہ گار ذلیل، کم بخت (۳) آسمان کی صفت

—— سیاہی : (ف) مؤنث : (کنایتاً) ذلت، رُسوائی، بدنامی۔

—— شناس : (ف) جان پہچان، واقف کار۔

—— شناسی : (ف) مؤنث : واقف کاری، صاحب سلامت

—— کار : مؤنث : مکان کا اگلا حصہ، سامنے کا حصہ۔

—— کش : (ف) مقابل، حریف۔

—— گرداں : مذکر : (۱) بے داغ (۲) کپڑا جس کا رُو اور پشت یک ساں ہو (۳) منہ پھیرنے والا، ناراض ناخوش، منحرف۔

—— گرداں کرنا : رُخ پلٹنا، نیچے کا رُخ اُوپر کرنا، اُلٹ دینا، پلٹ دینا۔

—— نمائی : مؤنث : وہ نقد رقم جو دولھا کے رشتے دار دُلہن کا منہ دیکھ کر دیتے ہیں (۲) نذر، منہ دکھائی۔

—— یش ببیں وحالش مپرس : (ف) مقولہ : صورت سے حال ظاہر ہے "صورت سوال" کی جگہ مستعمل ہے۔

رُوئے زمین : زمین کی سطح۔

—— سُخن : (ف) مذکر : خطاب، اشارہ۔

رو : رونا سے امر کا صیغہ

رُوالنّسا ہو جانا : ناراض ہو جانا، رونے کے قریب ہونا۔

رو بیٹھنا : ناامید ہونا، کھو بیٹھنا، ضائع کر دینا۔

—— پڑنا : رونے لگنا۔

—— پیٹ کر بیٹھ رہنا : صبر کر لینا۔

—— دینا : رونا، عاجز ہونا، دب جانا، ہمت ہار جانا۔ اپنی دفعہ بگڑنے لگنا، خفا ہونے لگنا، ہار ماننا، برداشت نہ کر سکنا۔

—— رُوکے : نہایت دقت سے، بہ مشکل۔

—— روکے کاٹنا : مصیبت کے ساتھ گزارنا، بہ مشکل اوقات بسر کرنا۔

—— کے دل خالی کرنا : رو کر دل کی بھڑاس نکالنا۔

—— کر اُٹھنا/ کے اُٹھنا : نہایت رنج و یاس میں رو دینا اور اُٹھ کھڑے ہونا۔

رونا دُھونا : رونا۔

رُونی پیشانی : رونی صورت۔

—— صُورت : (کنایتاً) ہر وقت رنجیدہ اور ملول رہنے والا، رونی صورت والا۔

رُوتے پھرنا : دُکھڑا کہتے پھرنا، فریاد کرنا۔

—— ہی جنم گزرنا : تمام عمر روتے کٹنا۔

رَوا : مذکر : (۱) سوجی (۲) بارود کا دانہ (۳) چاندی یا سونے کا ذرہ (۴) ریت کا ذرہ (۵) مصری یا گھی وغیرہ کا دانہ، (۶) چھرا جو پازیب میں آواز کے واسطے ڈالتے ہیں

رَوے دار : دانے دار۔ خستہ۔

رَوا : (ف) : جائز، مباح۔

—— دار : (ف) کسی فعل کا مباح اور جائز رکھنے والا۔

—— داری : مؤنث : کسی فعل کا رعایت سے جائز رکھنا۔

—— ہونا : کام چلنا، کام کا درست ہونا، جائز ہونا۔

رَواج : (ع) مذکر : عام دستور، معمول، چلن۔

رَواجی : رسمی، معمولی۔
رَوارَوی : مؤنث؛ جلدی، بھاگم بھاگ، سرسری۔
رُوا سا/رُوانسا : مذکر؛ رونے کے قریب، ناراض رنجیدہ۔
رِواق/رَواق : (ع) مذکر؛ مکان کا چھجا، سائے بان۔ محل، ایوان۔
رِواقیت : (ع) مؤنث؛ (۱) قدیم یونان کا ایک مکتب فکر جس میں خیر حیات کا مقصد تھا اور ترک لذات پر زور دیتے تھے (۲) ترکِ لذات، رُہبانیت۔
رَواں : (۱) جاری، بہتا ہوا پانی، چلنے والا (۲) نفسِ ناطقہ، جان، روح (۳) تیز (۴) منجا ہوا، مشق پر چڑھا ہوا، (۵) موجودہ، فی الحال۔
—— پڑھنا : بغیر ہجے لگائے پڑھنا، بغیر معانی عبارت پڑھنا۔
—— دَواں : دوڑ کر، خراب خستہ۔
—— دَواں پھرنا : (عو) مارا مارا پھرنا، آوارہ پھرنا۔
—— کرنا : (۱) جاری کرنا (۲) صاف کرنا، مشق کرنا (۳) تیز کرنا، باڑھ رکھنا (۴) چلانا، پھیرنا۔
رُوآں : مذکر؛ (۱) رونگٹا، مسامات کے باریک بال، (۲) پشمینے کے چھوٹے چھوٹے ریشے (۳) ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک کانٹا (۴) پرندوں کے بچوں کے باریک بال۔
—— بَدلنا : جانوروں کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا۔
—— رُوآں : ہر ایک رونگٹا۔
—— رُوآں کانپنا : نہایت خوف سے جسم کے ہر بال کا کانپنا۔
رَوانگی : مؤنث؛ بھیجنا، روانہ ہونا، ارسال، چالان۔
روانہ کرنا : بھیجنا، رخصت کرنا۔
—— ہوجانا : مرجانا، انتقال کرنا،
رَوانی : (ف) مؤنث؛ بہاؤ، تیزی۔
رِوایات : مذکر، مؤنث؛ (جمع روایت کی)۔
روایت : (ع) مؤنث؛ (۱) کسی کی بات کی نقل، کسی کی بات (۲) بیان، اظہار، ذکر، حکایت۔
راوایتی : جس کی روایت قائم ہوچکی ہو۔
رُوباہ/رُوبَہ : (ف) مؤنث؛ (۱) لومڑی (۲) (کنایتاً) بزدل، مکار۔
—— بازی/رُوباہی : (ف) مؤنث؛ مکاری، فریب دہی، فریبی فطرت۔
رُوبکار : (ف) مذکر؛ تحریری حکم، پروانہ۔
رُوبکاری : مؤنث؛ مقدمے کی پیشی، مقدمے کی سماعت۔
رُوبوٹ : ROBOT (چیک) مذکر؛ (۱) کل پرزوں سے بنا ہوا مصنوعی آدمی جو بعض حرکتیں انسانوں کی طرح کرتا ہے، (۲) مشینی آدمی (۳) مصنوعی آدمی۔
رُوپ : مذکر؛ (۱) صورت، شکل، بھیس، وضع، ڈھنگ (۲) حسن، آب وتاب (۳) جلوہ، تجلی (۴) تصویر (۵) سوانگ (۶) چاندی، روپا کا مخفف (۷) طرز۔
—— بَدلنا : بھیس بدلنا، صورت بدلنا۔
—— بگاڑنا : بدصورت کرنا، بے رونق کرنا۔
—— بنانا/بھرنا : اپنی اصلی صورت کے خلاف دوسری شکل میں نمایاں ہونا، صورت اور وضع کا بدلنا۔
—— پر ہونا : رونق پر ہونا۔
—— دکھانا : صورت دکھانا۔
—— رکھنا : آب وتاب رکھنا۔
—— لانا : مختلف وضع میں ظاہر ہونا۔
—— نکالنا : نکھرنا، چمکنا، آب وتاب ظاہر ہونا۔
—— نکلنا : رنگ وروغن، آب وتاب، چمک دمک ظاہر ہونا۔
رُوپا : (عو) مؤنث؛ (۱) چھچھوندر (۲) چاندی، چاندی کی طرح سفید۔
رُوپَلی : مؤنث؛ (تحقیر سے) روپیا۔
رُوپ وَتی : (ہ) مؤنث؛ خوب صورت (عورت)
رُوپہلا : مذکر؛ چاندی کے رنگ کا۔

رُوپے: (مال اور جمع روپیا کی۔

—— کو روپیا نہ سمجھنا: روپے کی قدر نہ کرنا، روپے کی حقیقت نہ جاننا۔

—— گاڑنا: روپیا جمع کرنا۔

—— والا: مال دار، دولت مند۔

رُوپیا/رُپیا: مذکر؛ (سنے) سو پیسوں کا سکہ۔

—— اُٹھانا: دولت خرچ کرنا۔

—— اُڑانا: دولت ضایع کرنا، اسراف کرنا۔

—— بُھنانا/تُڑوانا/خُردہ کرنا: روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا۔

—— پڑنا: روپیا دیا جانا۔

—— پیسا: مذکر؛ دھن دولت۔

—— ٹھیکری کرنا/کنکری کر دینا: روپے کو ٹھیکری کی طرح بے پروائی سے اُڑانا، بے دریغ روپیا صرف کرنا۔

—— جوڑنا: دولت جمع کرنا۔

—— کو روپیا نہ سمجھنا: روپے کی حقیقت نہ جاننا، بے دردی سے خرچ کرنا۔

—— ہاتھ کا مَیل ہے: روپیا کو کم وقعت سمجھنا اور اس کے حصول کو آسان جاننا۔

رُوتی پیشانی/صورت: ہر وقت رنجیدہ اور ملول رہنے والا۔

روٹ: مذکر؛ بڑی روٹی، موٹی روٹی، ہاتھی کی خوراک کی روٹی

—— بوٹ: نیاز کے لیے پکائی گئی بڑی روٹی، اور پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔

رُوٹ: ROUTE (انگ) مذکر؛ راستہ، راہ۔

رُوٹی: مؤنث؛ (۱) نان (۲) مسلمان مُردے کے چہلم کا کھانا (۳) غذا، رزق۔

—— اڑجانا: رزق ناپید ہونا۔

—— بنانا: روٹی پکانا، رسوئی کرنا۔

—— چپڑنا: روٹی پر روغن لگانا۔

—— دال: (کنایتاً) نان نفقہ، معمولی غذا:

—— دال سے خوش: (کنایتاً)؛ آسودہ، کسی کا محتاج نہیں۔

—— دینا: (۱) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا (۲) کھانا کھلانا، پرورش کرنا۔

—— ڈالنا: روٹی پکانے کے لیے توے پر ڈالنا۔

—— سے لگنا: کہیں سے کسی کا روزمرہ رزق مقرر ہو جانا۔

—— کا مارا: مذکر؛ بھوکا، کنگال، فاقہ زدہ۔

—— کپڑا: نان ونفقہ، کھانے اور کپڑے کا خرچ۔

—— کپڑے کی خبر لینا: خوراک اور پوشاک کی خبر گیری کرنا۔

—— کمانا: رزق حاصل کرنا۔

—— کو رونا: رزق نہ ملنے کا افسوس ہونا، رزق کی تلاش میں پھرنا۔

—— والا: نان بائی، روٹی پکانے والا، روٹی بیچنے والا۔

—— وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو: جس قدر جلد ممکن ہو سکے چلے آؤ۔

—— روٹیاں توڑنا: (کنایتاً)؛ مفت کی روٹیاں کھانا، دوسرے کے سر کھانا۔

رُوٹیاں لگنا: (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) (کنایتاً) شامت آنا، مار پڑنا (۳) سابقہ حیثیت کو بھول جانا، اِترانا۔

روٹیوں پر پڑنا: دوسرے کی روٹیوں پر گزر کرنا۔

—— کا مارا: مذکر؛ بھوکا، کنگال، قحط زدہ۔

رُوٹھنا: مذکر؛ خفا، ناراض۔

—— راٹھی: مؤنث؛ خفگی، رنجیدگی، شکر رنجی۔

رُوٹھنا: (۱) خفا ہونا، بگڑنا، آزردہ ہونا (۲) چھوٹے کا بڑے سے آزردہ ہونا۔

رُوٹھے پیچھے: (دہلی) روٹھنے پر، روٹھنے کے بعد۔

رُوجی/رُوجیاں: مؤنث؛ پرندوں کے پروں میں پیدا ہونے والے کیڑے۔

رُوح : (ع) مؤنث؛ (۱) جان (۲) (علمِ طب) دل سے پیدا ہونے والی لطیف بھاپ (۳) ست، جوہر (۴) دِل اندرونی خواہش، نیّت۔

—— آنا : روح پڑ جانا۔

—— اٹکنا : دم اٹکنا۔

—— افزا / پرور : (ف) فرحت بخشنے والا، تازگی بخشنے والا۔

—— القدس : (رُوحُل قُدُس) (ع) مذکر؛ جبرئیلؑ۔

—— الامین : (رُوحُل امین) (ع) مذکر؛ جبرئیلؑ کا لقب۔

—— اللہ : (رُوحُل لہ) (ع) مذکر؛ حضرت عیسیٰؑ کا لقب۔

—— بھاگنا : متنفر ہونا۔

—— بھٹکنا : (۱) روح کا مشتاق ہونا، کسی سے ملنے یا کسی چیز کے دیکھنے کو بہت جی چاہنا (۲) جان کا جسم سے نکلنے کے بعد گم راہ ہونا۔

—— پرواز کرنا : جان نکلنا۔

—— پڑنا : جسم میں جان پڑنا۔

—— پھڑکنا : (۱) روح کا بے تاب ہونا (۲) نہایت تفریح ہونا۔

—— پگھل جانا / تحلیل ہو جانا : قوت جاتی رہنا۔

—— پھونکنا : جان ڈالنا۔

—— تازہ کرنا : خوش کرنا۔

—— تحلیل کرنا : قوت سلب کرنا۔

—— ترسنا : روح کا خواہش مند ہونا، کسی چیز کے لیے بہت بے تابی ظاہر کرنا۔

—— تڑپنا : روح کا بے قرار ہونا۔

—— تھرّانا : خوف یا رعب سے جان نکل جانا۔

—— خوش ہونا : میت کی روح کا محظوظ ہونا (زندوں کی نذر نیاز اور کارِ خیر سے)۔

—— دوڑنا : (کنایتاً) کسی چیز کا طلب گار ہونا، خواہش مند ہونا۔

—— ڈالنا : جان ڈالنا۔

—— رواں بہ اضافت کے ساتھ مؤنث؛ (۱) جاننے والی روح (۲) اصل چیز، وہ شخص جس کی ذات پر کسی کام کا دار و مدار ہو۔

—— قبض کرنا : موت کے فرشتے کا روح نکالنا۔

—— قبض ہونا : (کنایتاً) بہت خوف ہونا، ڈر لگنا۔

—— کانپنا : خوف سے جان کا لرزنا۔

—— کھچنا : جان نکلنا۔

—— کھینچنا : عطر کھینچنا، ست نکالنا۔

—— گھبرانا : بہت زیادہ گھبراہٹ ہونا۔

—— نکالنا : (۱) ست نکالنا، جوہر نکالنا (۲) مار ڈالنا، روح قبض کرنا۔

—— ہوا ہونا : (کنایتاً) خوف زدہ ہونا۔

رُوحانی : (ع) روح سے نسبت رکھنے والا، غیر جسمانی، پاک صاف، مقدّس۔

—— رُوحانیت : مؤنث؛ روحی قوت۔

—— روحی فداک : (ع) میری روح تجھ پر فدا ہو، خوشی کے اظہار کے لیے کہا جانے والا کلمہ۔

رُود : (ف) مذکر؛ ندی، نہر، نالا۔

—— بار : (ف) (۱) جس مقام پر بہت سی نہریں جاری ہوں (۲) بڑی نہر۔

روڈ : ROAD (انگ) مؤنث؛ سڑک، راستہ۔

رُوڑا : مذکر؛ (۱) اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا (۲) قدیم باشندہ۔

—— اٹکانا : روک پیدا کرنا، رخنہ ڈالنا۔

رُوڑی : مؤنث، کنکر پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

رُوڑھا : مذکر؛ (۱) کھُردرا، وہ چیز جس میں لوچ اور نرمی نہ ہو، ناہموار (۲) وہ بچے جن کی صورت پر بھولا پن پایا جائے۔

—— پن : مذکر؛ کھردرا پن۔

رُوڑھی باتیں : خشک باتیں جن میں شوخی نہ ہو، بوڑھوں کی سی باتیں۔

روز : مذکر؛ دِن، وقت، زمانہ (۲) ہر روز، اَے دِن، ہمیشہ (۳) روزینہ (۴) انگ ROSE گلاب کا پھول۔

—— افزوں : (ف) روز بڑھنے والی چیز۔
رُوزانہ : (ف) (۱) روزینہ (۲) ہر روز، ہمیشہ۔
—— بَد دکھانا : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) مصیبت میں ڈالنا۔
—— بروز : (ف) مسلسل، پے در پے۔
—— جزا : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) اعمال کے بدلا ملنے کا دن، قیامت کا دن۔
—— قیامت/حساب/حشر : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) قیامت کا دن۔
—— روز : ہر روز۔
—— روشن : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) دن دھاڑے صبح۔
—— سیاہ/سیہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر) مصیبت کا دن، ادبار اور بدا قبالی کا زمانہ۔
—— سیہ لانا : آفت میں ڈالنا، مصیبت میں مبتلا کرنا۔
—— شمار : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) روز قیامت۔
—— قیام/قیامت : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) قیامت کا دن۔
—— کا قصہ : ہر گھڑی کا جھگڑا۔
—— کنواں کھودنا، روز پانی پینا : (کنایتاً) روز کمانا اور کھانا۔
—— گار : (ف، مذکر) (۱) زمانہ، جہاں، دنیا (۲) نوکری چاکری، پیشہ، شغل
—— گار کرنا : کوئی پیشہ یا تجارت کرنا، نوکری کرنا۔
—— محشر : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر) روز قیامت۔
—— مرّہ : (۱) ہر روز، بلا ناغہ (۲) محاورات، وترتیب الفاظ مطابق اہل زبان، بول چال، اہل زبان۔
—— نامہ : (ف، مذکر) (۱) روزنامچہ، ہر روز کا حال یا حساب لکھنے کا قاعدہ (۲) اخبار (۳) پٹواری کا روزنامچہ (۴) پولیس کی روزانہ کی رپورٹ۔
—— نحست : (اضافت کے ساتھ) (ف) مخلوقات کی پیدائش کا پہلا دن۔
—— وشب : (ف) مذکر) رات دن۔
روزن : (ف۔ مذکر) (۱) چھید، سوراخ، شگاف (۲) روشن دان۔
رُوزہ : (ف، مذکر) (۱) صبح صادق سے لے کر شام تک کھانے پینے سے پرہیز کرنا (۲) فاقہ۔
—— اُچلنا/چڑھنا : روزے میں جھنجھلا کر باتیں کرنا۔
—— اِفطار کرنا : روزہ کھولنا۔
—— بہلانا : کسی مشغلے میں روزے کا وقت کاٹنا۔
روزے پر روزہ رکھنا : فاقے پر فاقہ کرنا۔
—— توڑنا : ایسا کام کرنا جس سے روزہ باقی نہ رہے۔
—— چڑھنا/چمکنا : روزہ اُچلنا۔
—— چھڑانے گئے تھے، نماز گلے پڑی : (مثل) ایک آفت سے بچنے کی فکر میں دوسری آفت سر پر پڑے۔ مثل یوں بھی بولی جاتی ہے۔ رگئے تھے روزہ بخشوانے الٹے گلے پڑی نماز۔
روزہ خوار/خور : (ف) رمضان کے مہینے میں روزہ نہ رکھنے والا مسلمان۔
—— دار : (ف) روزہ رکھنے والا۔
روزے سے ہونا : روزے دار ہونا۔
—— روزہ کشائی : (مؤنث) (۱) (دہلی) افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب۔
—— کھانا : ماہ صیام میں روزہ چھوڑ دینا۔
—— کھولنا : (۱) روزہ افطار کرنا (۲) (کنایتاً) عہد توڑنا۔
روزۂ مریم : (ف) (۱) حضرت مریم کا حضرت عیسیٰ کی پیدائش کے روز کا روزہ اور ترک کلام (۲) (کنایتاً) خاموشی۔
روزے خور : رمضان میں روزے نہ رکھنے والا۔
روزی : (ف) مؤنث) (۱) رزق، حصہ، نصیب (۲) روزگار، ملازمت۔
—— پر گردش آنا : ملازمت چھوٹ جانا۔
—— جاری رکھنا : رزق کا سلسلہ قائم رکھنا۔
—— دینا : رزق بہم پہنچانا۔
—— رساں : (ف) رزق دینے والا، پروردگار۔

—— کرنا : (عو) (لکھنؤ) دینا، نصیب کرنا۔
—— کھلنا : رزق کا ذریعہ پیدا ہونا۔
—— کی مار : رزق کی تکلیف۔
روزینہ : (ف) روزمرہ کا خرچ، یومیہ، وظیفہ، پنشن، تنخواہ، مزدوری، اُجرت۔
رُوستائی : (ف) مذکر؛ گانو کا رہنے والا، دہقان۔
رُوسٹ : ROAST (انگ) اُبلے ہوئے اور بھُنے ہوئے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔
رَوِش : (ف) مؤنث؛ (۱) طور، طریق، تراش خراش، ڈھنگ، وضع (۲) باغ کی پٹڑی۔
—— بگڑنا : وضع بگڑنا، انداز بگڑنا۔
رُوشن : (ف) (۱) چمکتا ہوا، صاف (۲) کشادہ، ظاہر، عیاں، واضح۔
—— تاب : (ف) بہت چمکنے والا۔
—— جبیں : (ف) (کنایتاً) خوب صورت۔
—— چوکی : مؤنث؛ ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی
—— دان : (ف) مذکر؛ دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا روزن۔
—— دِل : (ف) عقل مند، زود فہم، عارف۔
—— دِماغ : (۱) عالی دماغ (۲) مذکر؛ ناس، ہلاس۔
—— سَواد : (ف) خوش نویس۔
—— ضمیر : (ف) روشن دِل، عقل مند، اللہ والا۔
—— کرنا : (۱) جلانا (چراغ) (۲) چمکانا (۳) ظاہر کرنا۔
—— گہر : (ف) نیک طینت، شریف۔
—— نِہاد : (ف) نیک اصل، نیک طینت۔
—— ہونا : ظاہر ہوجانا، کھل جانا، نتیجہ نکل آنا۔
روشنائی : (ف) مؤنث؛ لکھنے کی سیاہی، چھاپنے کی سیاہی۔
—— اُٹھانا : روشنائی جذب کرنا۔
رَوشنی : (ف) مؤنث؛ (۱) نور، چمک دمک (۲) (کنایتاً) رونق، آبادی (۳) نورِ چشم۔
—— اُداس ہونا : روشنی دھیمی ہونا، روشنی پھیکی پڑنا۔
—— پڑنا : چمک پڑنا، کسی چھپی ہوئی بات کا ظاہر ہونا۔
—— دِکھانا : شمع دکھانا۔
—— ڈالنا : (۱) چمک ڈالنا (۲) کسی مخفی امر کو واضح کرنا۔
—— طبع : (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث؛ ذہانت، طباعی۔
—— گل ہونا : چراغ یا شمع کا گل ہونا، بجھ جانا۔
رَوضہ : (جمع روض و ریاض) مذکر؛ (۱) باغ (۲) گنبد والا، مقبرہ۔
—— خواں : (ف) منبر پر بیٹھ کر معرکۂ کربلا اور مصائب اہلِ بیتؑ کا ذکر کرنے والا۔
—— خوانی : مؤنث؛ اہلِ بیت کے مصائب اور واقعۂ کربلا کا پڑھنا۔
روضۂ رضواں : (ف) مذکر؛ (کنایتاً)؛ بہشت۔
روغن : (ف) مذکر؛ (۱) تیل، گھی (۲) دارنش، لک (۳) چمک دمک، آب و تاب۔
—— اُڑجانا : پالش جاتی رہنا۔ روغن والی چمک جاتی رہنا، چہرے سے شباب کی چمک جاتی رہنا۔
—— پانی میں ڈالنا : پانی میں تیل ڈالنا، بارش بند کرنے کا ٹوٹکا کرنا۔
—— پھیرنا : پالش کرنا، چمکانا۔
—— تلخ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کڑوا تیل۔
—— چڑھانا : چمک دار کرنا، چلا دینا، ظاہری حالت اُجلی کر دینا۔
—— دار : روغن چڑھا ہوا ظرف۔
—— زرد : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ گھی۔
—— سیاہ : (ایضاً) مذکر؛ لالٹین میں جلانے کا تیل مٹی کا تیل۔
—— فروش : (ف) تیل بیچنے والا۔
—— قاز ملنا : (اضافت کے ساتھ) (۱) خوشامد کرنا، (کنایتاً) چکنی چپڑی باتیں بنا کر دم دینا، مکھن لگانا۔
—— کھینچنا : (لازم) تیل نکالنا۔

—— گر : رف، تیلی۔
روغنی : رف، (۱) گھی ڈال کر گوندھے ہوآٹے کی روٹی۔ (۲) وارنش کیا ہوا، پالش کیا ہوا (۳) (لکھنؤ) مذکر، لڑائی کا مُرغ (متروک)۔
—— روٹی : مؤنث، گھی کے ساتھ گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی
رُوک : مؤنث، آڑ، احاطہ بندی، بند، ممانعت، مزاحمت، اٹکاؤ۔
—— تھام : مؤنث، (۱) انسداد، کوئی معاملہ بڑھنے سے روکنے کی تدبیر بیماری نہ بڑھنے کی تدبیر (۲) روک ٹوک
—— ٹوک : مؤنث، ممانعت، مزاحمت، پوچھ گچھ۔
—— رکھنا : ٹھہرالینا، باز رکھنا، پکڑ رکھنا، کسی چیز کا دینا یا بیچنا، مُلتوی رکھنا۔
—— رُوک کے : ٹھہر ٹھہرا کے، احتیاط سے۔
روکنا : (۱) باز رکھنا (کسی فعل سے) منع کرنا (۲) کسی خیال سے باز رکھنا (۳) راستہ بند کرنا (۴) ٹکانا، ٹھہرانا (۵) منع کرنا، بات کا کاٹنا (۶) پردہ کرنا، احاطہ کرنا (۷) نہ دینا، بچاؤ کرنا، وار بچانا (۸) قبضہ کرنا (۹) زیر میں دینا (۱۰) بجھانا (۱۱) حفاظت کرنا (۱۲) چھیڑنا، ہنسی کرنا (۱۳) ساکن کرنا، حرکت نہ کرنے دینا (۱۴) مقرر کرنا، نسبت کرنا، (۱۵) معاملہ قابو سے نہ جانے دینا (۱۶) سنبھالنا (۱۷) گھیر لینا (۱۸) پردہ ڈالنا، چھپانا (۱۹) حریف کی ضرب کو کسی چیز پر لینا۔
رُوکڑ : مؤنث، (۱) روپیا پیسا، نقد، دھن دولت (۲) تحویل نقد روپیا۔
—— بکری : مؤنث، نقد فروخت۔
—— بہی : مؤنث، نقدی کے حساب کی کتاب۔
رُوکڑیا : (ہندو) مذکر، خزانچی، تحویل دار۔
روکھا : مذکر، (۱) خشک، سوکھا (۲) سادہ (۳) بے کیف، بے مزہ (۴) پھیکا سالن (نمک کے بغیر) (۵) اکھڑ، ترش رو، ناخوش (۶) بدخلق، بُرے اخلاق کا (۷) بے گھی کا (۸) وہ چیز جو کسی چیز کے بغیر تنہا کھائی جائے۔
—— پھیکا : مذکر، (کنایتاً) آزردہ، بدمزہ۔
—— جواب : صاف جواب، کسی کام سے صاف انکار۔
—— سوکھا : صفت، بے مزہ، خراب، بے سالن کا۔
—— سوکھا کھا کر گزارہ کرنا : تنگ دستی کی حالت میں بسر کرنا۔
—— کھانا : صرف روٹی کھانا۔
—— ہونا : بدمزاج ہونا، کج خلق ہونا، اکھڑ ہونا، بے رُخ ہونا، خفا ہونا۔
رُوکھی باتیں : رنجش کی باتیں۔
رُوکھی سوکھی : مؤنث، بری اور خراب غذا، معمولی غذا۔
رُوگ : مذکر، (۱) دُکھ درد، بیماری، مرض (۲) (کنایتاً) وبال جنجال، خلاف طبع چیز (۳) جھگڑا، فتنہ، فساد (۴) مشکل دقت، تکلیف (۵) عیب، نقص (۶) عذاب جاں، سوہانِ روح۔
—— آنا : جانوروں میں بیماری پھیلنا۔
—— بسانا : (عوام) اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا (۲) دشمن بنا لینا (۳) بُری عادت ڈال لینا۔
—— پالنا : روگ بسانا (۱) کوئی مرض پیچھے لگا لینا (کنایتاً) (۲) جھگڑا پیچھے لگا لینا۔
—— پیدا ہونا : آزار پیدا ہونا۔
—— راج : مذکر، دیکھو راج روگ۔
—— کاٹنا : جھگڑا چکانا، تفسیر پاک کرنا، دُکھ دینے والی چیز کو دفع کرنا۔
—— کا گھر کی جڑ : بیماری کا سبب
—— لانا : فیل لانا، جھگڑا کرنا۔
—— لگانا : (۱) کوئی مرض پیچھے لگا لینا (۲) کوئی ناپسندیدہ امر اختیار کرنا۔
—— لگنا : (۱) کسی بیماری کا سر ہو جانا (۲) جھگڑا پیچھے پڑنا (۳) لت پڑنا، عادت ہونا۔
روگی / روگیلا : صفت، مُستقل بیمار رہنے والا، دائم المرض (۲) جھگڑالو (۳) کوڑھی۔

رول : ROLL (انگ) مذکر ؛ ناموں کی ترتیب دار فہرست۔

رُول : ROLE (انگ) مذکر، کردار، پارٹ۔

رُول : RULE (انگ) مذکر ؛ (۱) قاعدہ، ضابطہ، دستور (۲) لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔

رُولر : ROLLER (انگ) بیلن، سڑک کو ہموار بنانے والا انجن۔

رُول نمبر : ROLL NUMEER (انگ) مذکر ؛ ناموں کی فہرست کا ترتیبی عدد۔

رُولنا : (ا) پھٹکنا، جُدا کرنا، چھانٹنا (۲) جمع کرنا، گوہر اور جواہر کو خاک سے اٹھانا (۳) فائدہ حاصل کرنا (۴) صاف کرنا، ہموار کرنا، رندہ کرنا (۵) چُن لینا۔

رُوم : (ہ) مذکر ؛ رُواں۔

رُوم : ROOM (انگ) مذکر ؛ کمرا۔

رُومال : (ف) مذکر ؛ (۱) مُنھ پوچھنے کا کپڑا (۲) وہ سُتا ہوا اونی یا سُوتی کپڑا جو تکونا اوڑھا جائے۔

—— اوڑھنا : شانے رومال کا کندھے یا سر پر ڈالنا۔

—— پر رُومال بھگونا : (کنایتاً) اس قدر رونا کہ رومال تر ہوجائیں۔

—— جھلنا : مکھیاں اڑانے یا ہوا دینے کے لیے رُومال ہلانا۔

رُومالی : مؤنث ؛ اُوڑھنی، لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا۔ (۲) میانی کا کپڑا (۳) لنگوٹ (۴) گلوبند (۵) وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں (۶) مُگدر کی ایک قسم کی ورزش۔

—— سوئیاں : مؤنث ؛ بہت باریک سوئیاں۔

رُومانٹک : ROMANTIC (انگ) ؛ رومانی۔

رُومانیت : مؤنث ؛ تخیل پرستی۔

رُومٹا : (عو۔ دہلی) بدن کا رونگٹا۔

رُومن : ROMAN (انگ) (۱) روم کا رہنے والا۔ (۲) انگریزی رسم خط۔

رُومن کیتھولک : ROMANCATHOLIC (انگ) رومی کلیسا کا پیرو، عیسائیوں کا ایک فرقہ۔

رَونا : (ہ) مذکر ؛ (۱) گھنگھرو یا جھانجھ کے اندر کے دانے، (۲) بیاہ کے بعد بیوی کو اپنے گھر لانا (۳) بیاہ کے بعد تیسری مرتبہ بیوی کو گھر میں لانا۔

رَونّا : مذکر ؛ (عو) (۱) عورتوں کا کام کاج کرنے والا، دروازے کا حاضر باش ملازم (۲) مال کی تعداد لانے والے کا نام، چیز کا نام اور محصول درج کیا ہوا کاغذ (۳) پروانۂ راہ داری۔

رُونا : (۱) آنسو بہانا (۲) شکایت کرنا، گلہ کرنا، چیخنا (۳) غم کرنا، سوگ کرنا (۴) واویلا کرنا، فریاد کرنا، فغاں کرنا، (۵) افسوس کرنا، کڑھنا (۶) ذکر پھیلانا، افواہ ہونا (۷) پچھتانا (۸) صدمہ اٹھانا (۹) دکھ بیان کرنا (۱۰) رونے کی شکل بنانا (۱۱) (کنایتاً) بُری طرح پڑھنا، بدآوازی سے بولنا، کلام کو بگاڑ کر پڑھنا (۱۲) مذکر ؛ شکوہ، گلہ، صدمہ (۱۳) مذکر ؛ گریہ وزاری، ماتم نوحہ، افسوس، رنج، (۱۴) مذکر ؛ بات بات پر رونے والا، وہ بچہ جو بہت روتا ہو۔

—— آنا : دل بھر آنا، افسوس ہونا۔

—— بند کرنا : اشک باری موقوف کرنا۔

—— پڑنا : ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔

—— پیٹنا : (۱) گریہ وزاری کرنا، ماتم، کہرام، (۲) ماتم کرنا۔

—— چلا آنا : رونا آنا۔

—— دھونا : مذکر ؛ بہت رونا۔

—— رُلانا : رونا دھونا، خود رونا اور دوسرے کو رُلانا۔

—— رُونا : دُکھڑا بیان کرنا، شکوہ کرنا۔

رُونی صُورت : رُونی شکل، غم گین صُورت،

رُونے پر آنا : رونے پر آمادہ ہونا۔

—— کا تار بندھنا : برابر روئے جانا۔

رونے کا تار توڑنا : رونا موقوف کرنا۔

—— کی جگہ : رونے کا مقام، افسوس کرنے کا مقام۔
روئے دینا : رو کر اظہار غم کرنا، خوشی کا اظہار کرنا،
رَوند : انگریزی راؤنڈ ROUND کا بگڑا ہوا، سپاہیوں یا چوکیداروں کا گشت، رات کا گشت۔
رَوند ڈالنا : پامال کرنا، تلوؤں کے نیچے مسل ڈالنا۔
رَوندن : پامال کر دینا، پامالی، تلوؤں کے نیچے کچلا جانا۔
—— میں آنا : پامال ہونا، روندا جانا۔
روندنا : پامال کرنا، پاؤں سے کچلنا۔
رَوں رَوں : مؤنث : سارنگی کی آواز (۲) بچے کی رونے کی آواز۔
رَونق : (ع، مؤنث : (۱) چمک، زیبائش، خوبی (۲) تازگی طراوت (۳) آبادی، چہل پہل، بہار، لطف، کیفیت۔
—— آجانا : آب و تاب پیدا ہو جانا، چمک ظاہر ہو جانا۔
—— اَفروز : (ف) رونق بڑھانے والا۔
—— افروز ہونا : (مجازاً) تشریف لانا، کسی بڑے آدمی کا آنا۔
—— اَفزا / فزا : (ف) رونق بڑھانے والا۔
—— بازار : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) مشہور۔
—— دار : (ف) پُر لطف، پُر بہار، آراستہ، آب دار۔
—— محفل : (اضافت کے ساتھ) (۱) (دہلی) مذکر : (کنایتاً) : حقہ (۲) محفل کی بہار۔
رُونگٹا : مذکر : مسامات کے باریک بال، پشمینے کے چھوٹے چھوٹے ریشے، داڑھی مونچھ کے آغاز کے مہین بال۔
—— رُونگٹا دُعا دینا : سراپا دعا بن جانا، بے حد شکر گزار ہونا۔
—— میلا ہونا : صدمہ پہنچنا۔
رُونگٹے کھڑے ہونا : (۱) بدن کے رونیں کھڑے ہونا، (۲) (کنایتاً) ڈرنا، کانپنا۔
—— نکلنا : رونیں نمودار ہونا۔
روہانسا : مذکر : آنکھوں میں آنسو بھر لانے والا۔
رُوہَت : مؤنث : نرمی، تازگی، چہرے کی رونق۔
—— پھر جانا : چہرے پر نرمی اور تازگی آجانا۔
رُوہَٹا : مذکر : روئی کا بازار۔
رُوہَڑ : مذکر : (۱) مونا دھاگا (۲) (کنایتاً) بدصورت آدمی، بھدا، (۳) پریس کی مشین وغیرہ پونچھنے کا کپڑا۔
رُوہو : مذکر : ایک قسم کی مچھلی۔
رُوئی : مؤنث : (۱) پنبہ صاف کی ہوئی کپاس (۲) ملائم، نرم
—— تُومنا : روئی کو تار تار کرنا انگلیوں سے۔
—— دُھنا / دُھنکنا : روئی کو تانت سے صاف کرنا، روئیں جدا جدا کرنا۔
—— کا پہل : دھنکی ہوئی روئی کا کسی قدر چوڑا کیا ہوا حصہ۔
—— کا گالا : (۱) دھنکی ہوئی کچھ اکٹھا روئی، (۲) نہایت ہلکی اور سبک چیز۔
—— کی طرح تُوم ڈالنا : (محاورہ) ایک ایک عیب ظاہر کرنا، دھجیاں اڑا ڈالنا۔
—— کی طرح دُھنا : (کنایتاً) پُرزے پُرزے اڑانا، خوب مارنا، خوب پیٹنا۔
رویدگی : (ف) نباتات کا نمو، اُگنا۔
رویں : مذکر : رویاں، جمع رویاں کی۔
—— دار : رویں والا۔
—— کھڑے ہونا : رونگٹے کھڑے ہونا۔
رویں تن : (ف) مذکر : (۱) کسی صنعت دھات سا بنا ہوا بدن (۲) اسفندیار کا لقب (۳) تیغ و تبر کا اثر نہ لینے والا۔
رَوی : (ع) مذکر : (اصطلاح علم قافیہ) وہ اصلی حرف جس پر قافیہ کا دار و مدار ہو۔
رُویا : (ع) مذکر : جو کچھ خواب میں دیکھا جائے، خواب۔
رُویائے صادقہ : مذکر : سچا خواب۔
رُویاں : مذکر : دیکھو رواں۔
—— میلا ہونا : صدمہ پہنچنا، رنج ہونا، ملال ہونا۔
رُویت : (ع) مؤنث : دیدار، صورت نظر آنا، نظارہ۔
—— ہلال : (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث : نئے مہینا کے

چاند کا نظر آنا۔
رَوَیّہ : مذکر؛ طریقہ، دستور، وضع، چال چلن، برتاؤ

ر - ہ

رَہ : (ف) مؤنث؛ راہ کا مخفف۔
—— **گزری** : راہ پر گزرنے والا۔
—— **نُما** : (ف) ہادی، راہ دکھانے والا۔
—— **نَورد/رَو** : راہ نورد، راستہ چلنے والا۔
—— **وار** : (ا) گھوڑا (۲) اچھا گھوڑا۔
رِہا : (ف) (ا) چھوٹا ہوا، نجات پائے ہوئے (۲) (قانون) وہ ملزم جو کافی ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا جائے۔
رِہائی : (ف) مؤنث؛ خلاصی، نجات، فراغت، معافی۔
رَہا جانا : چھوٹا جانا۔
رَہا سَہا : مذکر؛ (ا) بچا کھچا (۲) رشتے ناتے کا، حامی، مددگار۔
رہا نہ جانا : برداشت نہ ہونا۔
رِہایش : مؤنث؛ (ا) قیام، بود باش، سکونت، گنجایش (۲) ضبط، برداشت۔
رُہبان : (ع) (جمع راہب کی) مذکر؛ قوم نصارا کا زاہد۔
رَہبانیت : (ع) مؤنث؛ دنیا کی لذتوں کو ترک کر کے پرہیزگاری اختیار کرنا، ترک دنیا۔
رَہ پڑنا : قیام پذیر ہونا۔
رَہَٹ : مذکر؛ (ا) کنویں سے پانی نکالنے کا چرخ؛ (۲) ہنڈولا۔
رَہٹا : مذکر؛ چرخا۔
رَہٹی : مؤنث؛ (ا) چھوٹا رہٹ (۲) کچھ معمول باندھنا۔
—— **باندھنا** : (ع) معمول مقرر کرنا۔
—— **چلانا** : (ا) قسط پر دینا، ایک رقم بدفعات ادا کرنا، (۲) چرخی چلانا

رَہ جانا : (ا) ٹھہر جانا، رہ پڑنا (۲) رُک جانا، تامل کرنا، (۳) باقی رہنا (۴) کسی کام سے باز رہنا (۵) ناتمام رہنا (۶) ناکام ہونا (۷) کسی ایک مقام سے دوسرے مقام تک نہ جا سکنا (۸) چوکنا، خطا کرنا، کسی کام میں کمی کرنا (۹) ہار جانا (۱۰) عاجز ہونا (۱۱) شل ہو جانا (۱۲) قرار پانا، پیٹ رہ جانا (۱۳) عالم حیرت ہو جانا۔
رَہ تو سہی : کھڑا رہ، صبر کر، تھم جا (دھمکی)۔
رَہ رَہ کر : ٹھہر ٹھہر کے، بار بار، گھڑی گھڑی، سوچ سوچ کر
رَہڑو : مذکر؛ (ا) ایک قسم کا چھکڑا، بہل (۲) بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی۔
رَہَس : (سنسکرت) مذکر؛ (ا) خوشی، دل لگی، دل بہلانے کی بات یا چیز (۲) کھیل کود (۳) ایک قسم کا ناچ جس میں شری کرشن اور گوپیوں کی نقل کی جاتی ہے۔
رَہن/رِہن : مذکر؛ گرو، مال یا زمین کا گرو رکھنا۔
—— **نامہ** : مذکر؛ رہن کی دستاویز۔
رَہین : (ع) گروی رکھی ہوئی شے، مرہون۔
رَہنا : (ا) ٹھہرنا، بسنا، قیام کرنا (۲) چھوٹنا، باقی بچنا (۳) پائے دار، دیرپا ہونا (۴) برقرار رہنا، ایک سا ں زندگی بسر کرنا (۵) کھڑا رہنا، قائم رہنا (۶) بے حس و حرکت ہو جانا (۷) باز رہنا (۸) بسر ہونا، گزر ہونا، (۹) گنا جانا، حساب میں آنا (۱۰) ملتوی ہونا (۱۱) باقی رہنا ادا نہ ہونا (۱۲) عورت کا مرد کے پاس رہنا (۱۳) طے پانا (۱۴) تھمنا، صبر کرنا (۱۵) کوئی کام لازمی طور پر کرنا، (۱۶) مبتلا رہنا (۱۷) رُک رہنا، ٹھہر جانا (۱۸) نصیب نہ ہونا۔
—— **سَہنا** : گزر بسر کرنا۔
رَہنے بھی دو : بات جتانے کی ضرورت نہیں، باتیں نہ بناؤ۔
—— **دینا** : (ا) رکھ چھوڑنا (۲) پیچھا چھوڑنا (۳) ہاتھ نہ لگانا۔ (۴) جانے دینا۔

رہے نام اللہ کا : (مقولہ) خدا کے سوا سب فانی ہے۔ کسی کے مرنے کی خبر سن کر کہتے ہیں۔

رہیں جھونپڑوں میں، خواب دیکھیں محلوں کا : (مثل) مفلسی کی زندگی میں امیرانہ ٹھاٹ باٹ کے منصوبے بنانا۔

رُوسا : (ع) مذکر؛ (جمع رئیس کی) (۱) سردار (۲) امیر لوگ

رؤف : (ع) بہت شفقت کرنے والا، مذکر؛ خدائے تعالا کا نام۔

رَئیس : (ع) مذکر؛ سردار، فرماں روا۔

رَئیس البَدَن : (ع) مذکر؛ تمام جسم کا سردار۔

رَئیس بالِاختیار : گورنمنٹ سے مالی اور ملکی اختیارات والا رئیس۔

—— خود مختار : ملکی و مالی انتظامات میں خود اختیار رکھنے والا۔

—— زادہ : مذکر؛ رئیس کا بیٹا۔

رے

رے : حرف ندا (تنہا مستعمل نہیں ہے)۔

ریا : مؤنث؛ دورنگی، ظاہر داری، دنیا سازی۔

—— کار : (ف) ظاہر داری کرنے والا، مکار، زمانہ ساز۔

—— کاری : (ف) مؤنث؛ مکاری، فریب۔

ریائی : ریاکار، مکر سے بھرا ہوا۔

ریاح : (ع) مذکر، مؤنث؛ (جمع ریح کی) ہوا۔

ریاحین : (ع) مذکر؛ (جمع ریحان کی) (۱) خوش بودار پھول (۲) (مجازاً) مطلق پھول۔

ریاست : (ع) مؤنث؛ (۱) سرداری، افسری (۲) راج، عمل داری۔

—— بے سیاست نہیں ہوتی : (مقولہ) حکومت کے لیے انتظام اور رعب و داب ہونا ضروری ہے۔

ریاض : مذکر؛ (۱) باغ (۲) محنت، مشقت۔

ریاضت : مؤنث؛ (۱) زہد، نفس کشی (۲) محنت مشقت؛ (۳) مشق، مہارت (۴) ورزش (۵) مزدوری، پیشہ وری، دیدہ ریزی۔

ریاضی : (ع) مؤنث؛ (۱) ایک علم جس میں ہندسہ، علم حساب، علم نجوم، علم موسیقی، علم جبر و مقابلہ، علم جبر اثقال شامل ہیں (۲) ریاضت کرنے والا۔

—— داں : (ف) علم ریاضی جاننے والا۔

ری ایکشن : REACTION (انگ) مذکر؛ ردعمل، نتیجہ، جوابی کاروائی۔

ریب : (ع) مذکر؛ شک و شبہ (جیسے لاریب)

ری پبلک : REPUBLIC (انگ) مؤنث؛ جمہوریہ، جمہوری سلطنت، پرجا تنتر۔

ریت : مؤنث؛ بالو، ریگ۔

—— آنا : پیشاب میں ریت نکلنا۔

—— کے ذرّے گننا : (کنایتاً) فضول کام کرنا۔

—— کی موجیں : ریت کے تودے جو تیز ہوا چلنے سے بن جاتے ہیں۔

ریتَل / ریتلی : وہ زمین جس میں ریت زیادہ ہو۔

ریتا : مذکر؛ ریت کی زمین، سراب، دور سے پانی نظر آنے والی ریگ۔

ریتیلا : (ہ) بھوڑ کا، کرکرا۔

ریت : مؤنث؛ رسم و رواج، دستور، طور۔

—— رَسم / رُسوم : مذکر؛ شادی کی خاص رسمیں۔

ریتنا : (۱) ریتی سے گھسنا، ریزہ ریزہ کرنا (۲) صاف کرنا رندہ کرنا (۳) ریگ مال کرنا (۴) رگڑنا، گھسنے لگانا، (۵) (سارنگی کے لیے) بجانا۔

ریتی : مؤنث؛ (۱) سوہن، ریتنے کا اوزار (۲) ریتیلی زمین ریگ۔

ریتی کال : (ہ) مذکر؛ ہندی کی عشقیہ شاعری کا ایک دور۔

ریٹ : RATE (انگ) مذکر؛ نرخ، بھاؤ، شرح

ریٹائر : RETIRE (انگ) (۱) سبکدوش

ہونا (۲) علاحدہ ہونا (۳) آرام کرنا۔

ریٹھا: (ا) مذکر؛ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام۔

ریٹائرمنٹ: RETIREMENT (انگ) علاحدگی، سبک دوشی۔

ری ٹیک: RETAKE (انگ) مذکر؛ (فلمی اصطلاح) کسی منظر کی دوبارہ فلم بندی۔

ریٹیل: RETAIL (انگ) تھوڑا تھوڑا بیچنا، پھٹکر۔

ریجی منٹ: REGIMENT (انگ) مؤنث؛ پلٹن، رسالہ، فوج کا ایک حصّہ۔

ریجھ: مؤنث؛ طبیعت کی پسندیدگی۔

ریجھنا: مائل ہونا، راغب ہونا، فریفتہ ہونا، لٹو ہونا، نہایت پسند کرنا، خوش ہونا۔

ریجھ: مذکر؛ بچاؤ۔

ریح: (ع) مؤنث؛ (ا) ہوا، باد (۲) باد۔

ریحی: (ع) صفت؛ ریح سے منسوب۔

ریحان: (ع) مذکر؛ (ا) ایک خوشبودار پودے اور اس کے بیج کا نام؛ نازبو (۲) سبزہ، ہر ایک خوشبودار گھاس۔ گل سُرخ کے سوا سب پھول، (۳) (مجازاً) شراب (۴) ایک قسم کے خط کا نام

ریخ: مؤنث؛ (ا) لکیر، دانتوں میں مسّی منجن یا پانوں کے رنگ کا نشان (۲) چول، بنیاد، جڑ، طاقت، توانائی۔

ریخیں: مؤنث؛ دانتوں کی جڑوں میں یا دانتوں کے بیچ میں مسّی منجن اور پان کے رنگ کی کریاہ دھاریاں۔

ریختہ: (ف)؛ (ا) قالب میں ڈھال کر بنائی جانے والی چیز (۲) دو یا زیادہ زبانوں سے مخلوط کلام، بے تکلف سمجھ میں آجانے والے معانی (۳) زبان اردو (۴) استرکاری کا مسالا، پختہ عمارت

ریختی: مؤنث؛ وہ اشعار جو عورتوں کی زبان میں کہے جائیں۔

ریڈ: RED (انگ) سُرخ، لال۔

ریڈ انڈین: REDINDIAN (انگ) مذکر؛ شمالی امریکا کے قدیم اور اصلی باشندے۔

ریڈر: READER (انگ) (ا) زباندانی کی درسی کتاب (۲) یونیورسٹی کے استادوں کا ایک اعلا عہدہ (۳) پڑھنے والا۔

ریڈ کراس: REDCROSS (انگ) مذکر؛ صلیب احمر

—— **سوسائٹی**: SOCIETY —— (انگ) (ا) صلیب احمر سوسائٹی (۲) انسانیت کے نام پر بلاتفریق مذہب و قومیت خصوصاً طبی امداد پہنچانے والی ایک بین الاقوامی انجمن۔

ریڈنگ روم: READING ROOM (انگ) مذکر؛ دارالمطالعہ۔

ریڈیائی: مؤنث؛ ریڈیو کا، ریڈیو سے متعلق (ڈراما، فیچر، وغیرہ)

ریڈیکل: (رے ڈی کل) RADICAL (انگ) انتہا پسند۔

—— **ازم**: ISM —— انتہا پسندی، انتہا پسند نظریہ۔

ریڈیم: RADIUM (انگ) مذکر؛ ایک تابکار عنصر کا نام۔

ریڈی میڈ: READY MADE (انگ) بنا بنایا سلا سلایا۔

ریڈیو: RADIO (انگ) مذکر؛ لاسلکی، بلا تار کے برقی پیغام وصول کرنے اور نشر کرنے والا آلہ۔

ریڑھ: (ہ) مؤنث؛ پیٹھ کی درمیانی ہڈی۔

—— **پیٹنا**: (ہ) مؤنث؛ (دہلی) پرانی وضع اختیار کرنا، لکیر پیٹنا۔

ریڑھیں لٹکنا: غریبوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر لٹکنا۔

ریزر: RAZOR (انگ) مذکر؛ اُسترا۔

ریزہ کرنا: توتے یا مینا کے بچوں کا بولنے سے پیش تر چیں چیں

کرنا، پرندوں کا چہچہانا۔

ریزش: مؤنث؛ (ا) ناک سے پانی بہنے کا مرض، زکام، نزلہ (۲) گرنا، جھڑنا۔

ریزگاری: مؤنث؛ خوردہ، روپیے کے حصے۔

ریزگی: (ع) مؤنث؛ (ا) ریزگاری (۲) چھٹن، کترن، کھرچن۔

ریزہ: (ف) مؤنث؛ (ا) بہت چھوٹی چیز (۲) کودک، بچہ (۳) مذکر؛ پرزہ، پارچہ (۴) ریشمی کپڑے کا تھان (۵) نوچی، نوعمر (۶) عمدہ اور سڈول صندوق (۷) ٹکڑا۔

ریزۂ قلم: (ف) مذکر؛ قلم کا تراشا۔

ریزہ ریزہ کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

ریزیڈنٹ: RESIDENT (انگ) (ا) رہنے والا، مقیم، باشندہ، (۲) آزادی سے قبل گورنر جنرل کا ایجنٹ جو دیسی ریاستوں میں متعین ہوتا تھا۔

ریزیڈنسی: RESIDENCY (انگ) مؤنث؛ ریزیڈنٹ کے رہنے کا مقام۔

ریس: مؤنث؛ برابری، رشک، حرص، ہوس۔

ریس: RACE (انگ) مؤنث؛ دوڑ مثلاً گھوڑ دوڑ کا مقابلہ)

—— **کورس**: COURCE —— (انگ) مذکر؛ گھوڑ دوڑ کا میدان۔

ریسٹ ہاؤس: REST HOUSE (انگ) مذکر؛ آرام گاہ (۵) دوشرام گرہ)

ریسرچ: RESEARCH (انگ) تحقیق۔

—— **اسکالر/فیلو**: SCHOLAR/FELLOW —— (انگ) تحقیق کرنے والا طالب علم۔

ریسلنگ: WRESTLING (انگ) مؤنث؛ کشتی، کشتی لڑانا، لڑنا۔

ریسمان: (ف) مؤنث؛ رسّی، ڈوری۔

ریش: (ف) مؤنث؛ داڑھی۔

ریش ہائیل: (ف) بڑی اور لمبی داڑھی والا۔

ریش بابا: (ف) مذکر؛ انگور کی ایک قسم۔

—— **بچہ**: (ف) مذکر؛ ٹھوڑی کے اوپر کے بال۔

—— **خند**: (ف) مذکر؛ (کنایتاً) تمسخر کرنا، تمسخر لی ہوئی ہنسی۔

—— **قاضی**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث؛ شراب چھاننے کا کپڑا، شراب کی صافی۔

—— **مرسل**: (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث؛ لٹکنے والی داڑھی۔

ریشم: (ا) ابریشم کا مخفف) مذکر؛ (ا) ریشم کے کیڑے کے پیٹ سے پیدا ہونے والا تار (۲) نخ۔

ریشمی: ریشم کا بنا ہوا۔

ریشہ: (ف) مذکر؛ (ا) درختوں کی رگیں (۲) پھونسڑا (۳) پٹھوں یا گوشت وغیرہ کا تار۔

—— **دار**: وہ چیز جس میں پھونسڑے ہوں۔

—— **دوانی**: (ف) مؤنث؛ شرارتیں کرنا، فساد کرنا، ڈالنا۔

—— **خطمی ہوجانا**: (کنایتاً) مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا، کسی پر ریجھنا، چاپلوسی کرنا، بچھا جانا۔

ریفارم: REFORM (انگ) مذکر؛ اصلاح۔

ریفارمر: REFORMER (انگ) مصلح، اصلاح کرنے والا۔

ریفارمیشن: REFORMATION (انگ) مؤنث؛ (اصلاح)

ریفری: REFEREE (انگ) مذکر؛ پنچ، حکم (کھیلوں کا)

ریفریجریٹر: REFRIGERATOR (انگ) مذکر؛ وہ الماری جس میں بجلی کے ذریعہ چیزیں ٹھنڈی رہتی ہیں۔

ریفریشمنٹ: REFRESHMENT (انگ) مذکر؛ ہلکا ناشتہ۔

—— **روم**: ROOM —— (انگ) مذکر؛ ناشتہ گھر ہوٹل۔

ریفل: REFILL (انگ) مذکر؛ (ا) خشک روشنائی کی نلکی جو بال پین میں استعمال ہوتی ہے (۲)

دوبارہ بھرنا۔

ریفیوجی: REFUGEE (انگ) مذکر؛ مہاجر، شرنارتھی

ریکارڈ: RECORD (انگ) مذکر؛ (۱) محفوظ کی ہوئی تحریر (۲) متعلقہ فہرست (۳) دفتری کاغذات، (۴) متعلقہ کاغذات مؤنث؛ مقدمہ کی مسل۔

——— **توڑنا:** پچھلے کارناموں سے بہتر کارنامہ انجام دینا نئی مثال قائم کرنا۔

——— **روم:** ROOM ——— (انگ) مذکر؛ تاریخی دستاویز یا سرکاری کاغذات محفوظ رکھنے کا کمرہ، محافظ خانہ۔

——— **قایم کرنا:** کسی میدان یا شعبہ میں بہترین کارنامہ انجام دینا، مثال قایم کرنا۔

ریکیٹ RACKET (انگ) مذکر؛ (۱) بیڈمنٹن یا ٹینس کا بلا (۲) چال بازوں کا گروہ۔

ریکھا: (ہ) مؤنث (۱) لکیر، تحریر، نشانِ خط (۲) قسمت کا لکھا ہوا، تقدیر؛ نصیب۔

ریگ: (ف) مؤنث؛ (۱) ریت، بالو (۲) وہ ریگ جو گردے میں پیدا ہو جاتی ہے۔

ریگستان: (ف) مذکر؛ ریتیلا میدان۔

ریگ مال: مذکر؛ دھات کو صاف کرنے کا شیشے کا بُرادہ لگا ہوا کاغذ۔

——— **ماہی:** (ف) مؤنث؛ سنسقور، مچھلی سے مشابہ ایک جاندار۔

——— **رَواں:** (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث؛ چمکتی ہوئی ریت جو پانی کی طرح بہتی ہوئی نظر آتی ہے۔

ریگولیشن: REGULATION (انگ) مذکر؛ قاعدہ، ضابطہ۔

ریل: REEL (انگ) مؤنث؛ پیچک، چرخی۔

ریل: RAIL (انگ) مؤنث؛ (۱) لوہے کی متوازی پٹریاں (۲) ریل گاڑی (۳) ٹرین۔

ریلا: مذکر؛ (۱) سیلاب (۲) دھکا، (۳) دھار (۴) مجمع کی ریل پیل، بڑھتی ہوئی بھیڑ کا دباؤ۔

ریل پیل: مؤنث؛ (۱) دھکم دھکا (۲) بہتات، کثرت۔

ریلم ریلا: (۱) باہم ایک دوسرے کو ڈھکیلنا (۲) کسی چیز کا افراط سے آنا۔

ریلنا: ریلا دینا، دھکا دینا، پیچھے ہٹانا۔

ریلوے: RAILWAY (انگ) مذکر؛ (۱) ریل کا محکمہ (۲) ریل کی سڑک۔

ریلیز: RELEASE (انگ) اجرا۔ شروعات۔

ریلیف: RELIEF (انگ) مؤنث؛ (۱) ہنگامی امداد، بروقت امداد۔

ریم: (ف) مؤنث؛ پیپ۔

ریمارک: REMARK (انگ) مذکر؛ رائے۔ تبصرہ۔

ریمانڈ: REMAND (انگ) مذکر؛ قانونی اصطلاح پولس کی، مزید تفتیش تک حوالات میں رکھنا۔

ریمائنڈر: REMINDER (انگ) مذکر؛ یادداشت، یاددہانی۔

ریمیا: (ف) مؤنث؛ ایک علم ہے جس کے عمل سے آدمی جہاں چاہے وہاں جا سکتا ہے۔

رَین: (ہ) مؤنث؛ رات۔

رَین بسیرا: (ہ) مذکر؛ رات گزارنے کی جگہ، گھر، مکان۔

رینٹ: RENT (انگ) مذکر؛ کرایہ (مکان وغیرہ کا)

رینٹ: (عم) ناک کا گاڑھا غلیظ پانی۔

رَینڈھا پھیلانا: (عو) جھگڑا برپا کرنا، جھگڑے کو طول دینا۔

رینڈھنا: پکانا، اُبالنا، کھانا تیار کرنا۔

رینڈی: مؤنث؛ ارنڈ کا بیج

ریں ریں: مؤنث؛ بچوں کے رونے کی آواز (۲) مسلسل آواز (۳) سارنگی کی آواز۔

رین کوٹ : RAINCOAT (انگ) مذکر ؛ برساتی۔

رینکنا : (لازم) گدھے کا بولنا۔

رینگنا : آہستہ آہستہ چلنا، جوں کی چال چلنا۔

رینگنی : (ا) مؤنث ؛ ایک درد کا نام جس کو عرقُ النساء کہتے ہیں۔

رینی : مؤنث ؛ (ا) کسُم کو کپڑے میں رکھ کر پانی سے رنگ چڑھانے کا عمل، (۲) قلعے کی چھوٹی دیوار۔

—— ٹپکنا : کسُم سے رنگ ٹپکنا۔

—— چڑھانا : بھیگے ہوئے کسُم کو رنگ نکالنے کے لیے کپڑے میں رکھ کر نکالنا۔

ریوالوَر : REVOLVER (انگ) مذکر ؛ کئی فیر کرنے والا پستول۔

ریوڑ : مذکر ؛ بھیڑوں اور بکریوں کا غول۔

ریوڑی : مؤنث ؛ ایک قسم کی تل کی مٹھائی جو گتوں پر تل جما کر بناتے ہیں۔

ریوڑیاں سی بٹ جانا : (کنایتاً) ؛ فوراً خرچ ہو جانا۔

ریویو : REVIEW (انگ) مذکر ؛ تبصرہ، تنقید۔

ریہہ / رے : مؤنث ؛ ایک قسم کی کھاری مٹی۔

ریہرسل : REHEARSAL (انگ) مذکر ؛ (ا) اداکاری اور مکالمے کی مشق (۲) ڈرامے کی مکمل تفصیلات کے ساتھ مشق۔

ریہرسل : مذکر ؛ ریہہ والی، بنجر آراضی۔

ریہو : مؤنث ؛ (عو) (ا) روہو (۲) ایک قسم کی مچھلی کا نام

ز

ز : (زے) مؤنث ؛ حروف تہجی کا ایک حرف، حساب جمل (ابجد) میں اس کے سات عدد ہیں۔

زادبوم : (ف) مؤنث ؛ جائے پیدائش، وطن۔

—— **راہ/سفر** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث ؛ توشۂ راہ، راہ کا خرچ

—— **عُقبا** : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ آخرت میں کام آنے والے نیک عمل۔

زادہ : (ف) صفت ؛ جنا ہوا، زائیدہ۔

زار : CZAR (انگ) مذکر ؛ قدیم روس کے شہنشاہ کا لقب۔

زار : (ف) ؛ (۱) ضعیف (۲) کال (۳) کسی شے کی کثرت (۴) رنج وغم (۵) (کنایتاً) فریفتہ۔

—— **زار رونا** : زار و قطار رونا، بہت رونا۔

—— **ونزار** : (ف) دُبلا پتلا، ضعیف، ناتواں۔

زاری : (ف) مؤنث ؛ (۱) گریہ، رونا پیٹنا (۲) اظہار عاجزی وبیکسی۔

زارینہ : CZARINA (انگ) مؤنث ؛ (قدیم) روس کی ملکہ کا خطاب۔

زاغ : (ف) مذکر ؛ کوّا۔

زال : (ف) (۱) بوڑھا، سفید بالوں والا (۲) مذکر ؛ رستم کے باپ کا نام۔

زال دُنیا : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ (کنایتاً) دنیا جس کی صحیح عمر کسی کو معلوم نہیں۔

زانو : (ف) مذکر ؛ جانگھ، گھٹنا، ران، پہلو۔

—— **بدلنا** : نشست میں زانو بدلنا۔

—— **بہ زانو** : زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا۔

—— **پوش** : کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لینے کا کپڑا۔ (انگ : نیپکن)

—— **پر سر جھکانا** : (کنایتاً) ؛ فکر اور غور میں مبتلا ہونا، سوچ بچار میں پڑ جانا۔

—— **پر سر رکھنا** : (کنایتاً) ، شرمندہ ہونا، فکرمند ہونا۔

—— **پر سر ہونا** : (کنایتاً) فکرمند ہونا۔

—— **پر ہاتھ مارنا** : (کنایتاً) تعجب کرنا۔

—— **پیٹنا** : حالت رنج والم کا ظاہر کرنا۔

—— **تہ کرنا** : باادب بیٹھنا، مؤدب بیٹھنا۔

—— **جمانا** : پٹڑی جمانا، گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔

—— **توڑنا** : ادب سے بیٹھنا۔

—— **تولنا** : (دہلی) زانو بدلنا۔

زانی : (ع) مذکر ؛ زنا کار مرد۔

زانیہ : (ع) مؤنث ؛ زنا کار عورت۔

زاویہ : (ع) مذکر ؛ (۱) کونا، گوشہ (۲) (اقلیدس کی ایک اصطلاح) دو خطِ مستقیم کے ایک نقطہ پر ملنے سے جو کونا پیدا ہو اُسے زاویہ کہتے ہیں۔

زاہد : (ع) دنیا اور مال وجاہ سے رغبت نہ رکھنے والا۔

—— **خشک** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر ؛ عشقِ الٰہی کی دولت سے بے بہرہ عابد۔

زائچہ : (ف) مذکر ؛ (۱) بچے کی پیدائش کے وقت بنایا ہوا نجومیوں کا نقشہ (۲) رَمل کی شکلیں، کنڈلی۔

زائد : (ع) ؛ زیادہ، فضول، بڑھا ہوا، بچا ہوا۔

زائر: (ع) زیارت کرنے والا، زیارت کو جانے والا۔
زائل: (ع) دور ہونے والا۔
زائیدہ: (ف) پیدا کیا ہوا، جنا ہوا۔

ز-ب

زبان: (ف)، مؤنث: (۱) جیبھ (۲) بول چال، روزمرہ (۳) بیان کرنے کا انداز (۴) اقرار، وعدہ۔
—— آب کوثر سے دھوئی ہونا / دھلی ہونا: (کنایتاً) زبان کا پاکیزہ ہونا۔
—— آلودہ ہونا: (کنایتاً): زبان پر کسی بات کا آنا۔
—— آنا: بولی آنا، اندازِ بیان سیکھنا۔
—— آور: (ف) (کنایتاً) شاعر، فصیح، خوش بیان۔
—— اُلٹنا: زبان بدلنا، کہے سے مکر جانا۔
—— اُلجھنا: زبان لڑکھڑانا، ادائے مطلب پر زبان کا قادر نہ ہونا۔
—— اُولا ہونا: زبان اکڑ جانا۔
—— بَدلنا / پلٹنا / پھیرنا: مکرنا، اقرار سے پھرنا، عہد توڑنا کوئی بات کہہ کے اس کا انکار کرنا۔
—— بڑھنا: بدزبانی بڑھنا۔
—— بگاڑنا: (کنایتاً) زبان خراب کرنا، بے ہودہ الفاظ زبان پر لانا۔
—— بگڑنا: (۱) زبان خراب ہونا (۲) (کنایتاً) گالی گلوچ کی عادت ہونا۔
—— بند کرنا: (۱) بات نہ کرنے دینا، خاموش کر دینا (۲) جادو یا تعویذ کے زور سے اپنے خلاف کہنے پر کسی کی زبان نہ چلنے دینا (۳) خاموش ہو جانا۔
—— بند ہونا: (۱) بولنے یا بات کرنے سے عاجز ہونا۔ خاموش ہونا (۲) قوتِ گویائی کا سلب ہو جانا، زبان اینٹھ جانا، (۳) جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا۔
—— بندی: (ف) مؤنث: خاموشی، سکوت، خاموش کرنا، حکومت کی طرف سے مجمع میں تقریر کی اجازت نہ ہونا۔
—— پر: اقرار پر، وعدہ پر۔
—— پر آنا: (۱) بات کہی جانا (۲) بے سمجھے بوجھے کہنا۔
—— پر چڑھنا: حفظ ہونا، ازبر ہونا، وردِ زبان ہونا۔ بولنے کی مشق ہونا۔
—— پر حرف نہ لانا: زبان سے شکوہ نہ کرنا۔
—— پر دھرا ہونا: زبان پر موجود ہونا، کسی بات کا بغیر فکر و تامل کے یاد ہونا۔ خوب یاد ہونا۔
—— پر سر دینا: عہد پورا کرنے میں دریغ نہ کرنا۔
—— پر کانٹے پڑنا: زبان خشک ہو جانا۔
—— پر لانا: منہ سے کہنا، بیان کرنا۔
—— پڑ مہر ہونا: زبان بند ہونا، کچھ نہ بولنا۔
—— پکڑنا: بات کہنے سے روکنا، بات کاٹنا، بیچ میں بول پڑنا۔ بات کی گرفت کرنا، نکتہ چینی۔
—— پلٹنا: زبان بدلنا۔
—— پھوٹنا: (کنایتاً) بولنا۔
—— پھرنا / کھلنا: زبان کا حرکت کرنا۔
—— پھیرنا: زبان بدلنا۔
—— تالو سے لگنا: زبان کا گنگ کرنا۔
—— تڑاق پڑاق چلانا / تڑتڑ چلانا: بے باکی سے جلد جلد بولنا۔
—— تک آنا / لانا: کہا جانا، کچھ کہنا۔
—— تھامنا: چپ رہنا، زبان روکنا۔
—— تیغ سے جواب دینا: (اضافت کے ساتھ) تلوار مارنا۔
—— ٹوٹنا: بچے کی زبان کا صاف ہونا، صحیح بولنے کا ربط پڑنا۔
—— چاٹنا: مزیدار چیز کھا کر دیر تک مزا لیتے رہنا۔
—— چار ہاتھ کی ہونا: زبان درازی ہونا۔
—— چرب ہونا: زبان تیز ہونا۔
—— چلانا: (۱) زبان کو حرکت دینا (۲) (کنایتاً) بدزبانی کرنا بدتمیزی کے کلمات کہنا۔

—— چلنا: (۱) زبان کا جلد جلد حرکت کرنا، جلد جلد باتیں کرنا (۲) کھانا نوش کرنا (۳) بے ہودہ گوئی کرنا، گالیاں بکنا (۴) بولنا، بات کرنا۔

—— حال سے کہنا: (اضافت کے ساتھ) موجودہ حالت سے ظاہر کرنا، حالت سے بے کہے ظاہر کرنا۔

—— خامہ: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مؤنث؛ قلم کے شگاف والا سرا، نب۔

—— خراب کرنا: زبان سے بے ہودہ الفاظ نکالنا۔

—— خشک ہونا: (۱) زبان سوکھنا (۲) (کنایتاً) بہت باتیں کرنا۔

—— خلق نقارۂ خدا: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مثل؛ جو بات خلقت کی زبان پر جاری ہوتی ہے وہ اکثر سچ نکلتی ہے۔

—— دابنا: (۱) بولنے یا بات کرنے سے روکنا، منع کرنا۔ کہتے کہتے رک جانا۔

—— داب کے کہنا/ دبا کے کہنا: چپکے سے کہنا، دبی زبان سے کہنا، آہستگی سے کہنا۔

—— داں: کسی زبان کا ماہر۔

—— دانی: (ف) علم زبان، کسی زبان کی بخوبی واقفیت اور اس کے کمال تک رسائی۔

—— دانتوں تلے دابنا/ دانتوں میں دابنا: (۱) (کنایتاً) حیرت کرنا، افسوس کرنا (۲) کچھ کہہ کے پچھتانا۔

—— دراز: (ف) گستاخ، منہ پھٹ۔

—— دراز کرنا: زبان کھولنا، بات بڑھا کر بیان کرنا۔

—— درازی: (ف) مؤنث؛ گستاخی، بدزبانی۔

—— دے کے پلٹنا: کہہ کے پلٹنا، اقرار کر کے انکار کرنا۔

—— دینا: عہد کرنا، وعدہ کرنا۔

—— زد: (ف) مشہور، معروف۔

—— زد ہونا: مشہور ہونا، ہر ایک کی زبان پر ہونا۔

—— سے بیٹا بیٹی پرائے ہوتے ہیں: (مثل) انسان کو زبان کا بڑا پاس رکھنا چاہیے۔

—— سے نکالنا: بیان کرنا، تلفظ کرنا، کہنا۔

—— شمع: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر؛ شمع کی لو۔ شمع کا گل۔

—— شیریں ملک گیری، زبان میٹھی ملک بانکا: (مثل) شیریں زبانی سے دنیا مطیع و مسخر ہو جاتی ہے۔ اور بدزبانی سے سب بیزار ہو جاتے ہیں۔

—— فرفر چلنا: جلد جلد زبان کا چلنا۔

—— قلم ہونا: زبان کٹ جانا۔

—— قینچی سی چلنا/ قینچی کی طرح چلنا: (کنایتاً) تیزی سے گفتگو کرنا، فرفر زبان چلنا، لگاتار بولے جانا۔

—— کا پھوہڑ: بدزبان، زبان دراز، پھوہڑی زبان والا

—— کا چٹکارا/ چٹخارا/ چسکا/ مزہ: چٹورپن، مزے دار چیزیں کھانے کی عادت۔

—— کا چٹورا: لذیذ کھانوں کا عادی، رسیا۔

—— کا گل افشانی کرنا: (کنایتاً) شیریں سخنی کرنا۔

—— کا میٹھا: (۱) شیریں کلام (۲) منافق، کھوٹا۔

—— کھولنا: (۱) برا بھلا کہنا (۲) کچھ کہنا (۳) گویائی عطا کرنا (۴) گویائی کی قوت حاصل ہونا (۵) عیب نکالنا، زبان درازی کرنا (۶) گلہ کرنا، شکوہ کرنا، اُف کرنا (۷) کلام کو طول دینا۔

—— زبان کے آگے خندق نہیں: (مثل) کوئی کسی کی زبان نہیں بند کر سکتا۔

—— کے آگے کھائی خندق برابر ہے: (مثل) جو منہ میں آیا بک دیا۔

—— کے چٹخارے لینا: خوش ذائقہ چیزیں کھا کر زبان کو چٹخارنا۔

—— کیلنا: افسوں یا منتر سے کسی کا منہ بند کرنا۔

—— گدی سے کھینچنا: پرانے زمانے کی عبرت خیز سزا۔

—— لڑانا: (کنایتاً) زبان درازی کرنا، زبان سے زبان لڑانا۔

—— لڑکھڑانا: زبان کا لغزش کرنا، لکنت کرنا۔

—— منہ میں رکھنا: گویائی کی قدرت رکھنا۔

—— میں بھدرک نہ ہونا: کبھی کچھ کہنا، کبھی کچھ کہنا، ایک بات پر قائم نہ رہنا۔
—— میں کانٹے پڑنا: پیاس کی زیادتی سے زبان کا خشک ہو کر کھردرا ہو جانا۔
—— میں کھجلی ہونا: (عو) تکرار کرنے کو جی چاہنا، کچھ کہنے کو جی چاہنا۔
—— ہارنا: وعدہ کرنا، عہد کرنا۔
—— ہکلانا: زبان کا بولنے میں لکنت کرنا۔
زبانی: (۱) منہ کی کہی ہوئی (۲) سُنی سُنائی (۳) ظاہری، منہ دیکھے کی، بناوٹ کی (۴) حفظ، ازبر۔
—— باتیں: بغیر عمل کے محض باتیں ہی باتیں۔
—— جمع خرچ: خیالی پلاؤ، خیالی باتیں بنانا، کچھ کر کے نہ دکھانا۔
—— وعدہ: وہ وعدہ جو زبان سے کیا جائے۔
زبانہ: (ف) مذکر؛ (۱) شعلہ، لَو، آگ کی لپٹ (۲) (اُردو) وہ چھوٹا سا زبان کی شکل کا حصہ جو کُنڈی کے بیچ میں ہوتا ہے
زُبدہ: (ع) چیدہ، برگزیدہ، منتخب۔
زَبَر: (ف) مذکر؛ (۱) فتحہ (۲) طاقت ور، زور آور، بوجھل، گراں۔
—— ہونا: غالب ہونا، طاقت یا رعب میں زیادہ ہونا
—— دست: (ف) غالب، طاقت ور، قوی، جابر، ظالم۔
—— دست کا بٹھینگا سر پر: (مثل) غالب سے زور نہیں چلتا، اُس کی بات ماننی پڑتی ہے۔
—— دست کے بیسوں بسوے: (مثل) قوی ہمیشہ غالب رہتا ہے، سب کچھ اسی کا ہو جاتا ہے۔
—— دست مارے اور رونے نہ دے: (مثل) کوئی شخص اپنی قوت کے بل پر زبردستی کر کے شکوہ نہ کرنے دے۔
—— جد: (ع) مذکر؛ ایک قسم کا زمرد، پنا۔
زَبور: (ع) مؤنث؛ آسمانی کتاب جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی۔
زبوں: (ف)؛ خراب، تباہ (۲) (عو) نحس، منحوس (۳) عاجز، ذلیل و خوار۔

ز۔پ

زِپ: ZIP رانگ، مؤنث؛ ایک طرح کی زنجیر جو کپڑے یا چمڑے کے دو حصّوں کو جوڑنے اور کسنے کے کام آتی ہے۔

ز۔ٹ

زٹل: مؤنث؛ لغو اور بے ہودہ بات، بے معنی بات، بڑ، جھک بے اصل۔
—— قافیے: بے تکی باتیں، بے اصل باتیں۔
زٹلی: گپ ہانکنے والا۔
زٹلیا: پوچ باتیں کرنے والا، بے معنی طول طویل قصّے بیان کرنے والا۔

ز۔ج

زُجاج: (ع) مذکر؛ کانچ، آبگینہ۔
زجر: (ع) مؤنث؛ سرزنش، جھڑکی، دھمکی
—— و توبیخ: مؤنث؛ ڈانٹ ڈپٹ۔

ز۔چ

زچ: صفت؛ (۱) عاجز، تنگ (۲) مؤنث؛ شطرنج کی ایک اصطلاح۔
زچہ/زچّہ: (ف) مؤنث: وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو۔
—— خانہ: بچہ پیدا ہونے کی جگہ۔

ز۔ح

زحاف: (ع) مذکر؛ عروض کی ایک اصطلاح۔
زُحَل: (ع) مذکر؛ ایک نحس ستارے کا نام، سنیچر۔
زحمت: (ع) مؤنث؛ کلفت، تکلیف، محنت، مشقت۔

زخ

زَخّار: (ع) پانی سے بہت بھرا ہوا، موجیں مارتا ہوا، لہریں لیتا ہوا، (سمندر، دریا وغیرہ کے لیے مستعمل ہے)

زَخم: (ف) مذکر؛ (۱) گھاؤ (۲) (کنایتاً) نقصان، خسارہ۔

—— بھر چلنا: زخم کے کھرنڈ بندھنے کا آغاز ہونا۔

—— بھرنا: گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا۔

—— پر مشک چھڑکنا: (۱) زخم تازہ کرنا (۲) (کنایتاً) ایذا دینا، ستائے ہوئے کو ستانا۔

—— پر نمک چھڑکنا: (کنایتاً) دکھ میں دکھ دینا، رنج زیادہ کرنا۔

—— پکنا: زخم میں پیپ پڑ جانا۔

—— تازہ ہونا: نیا صدمہ ہونا، نیا زخم لگنا۔

—— چرانا: زخم میں خشکی سے درد ہونا۔

—— خندان: (اضافت کے ساتھ) (ف)، مذکر؛ (کنایتاً) بغیر سیا ہوا زخم، کھلا ہوا زخم۔

—— دار: (ف) مجروح۔

—— دامن دار: (ف) مذکر؛ بڑا زخم۔

—— دینا: گھایل کرنا، صدمہ پہنچانا، ضرر پہنچانا، آزار دینا۔

—— کا انگور: زخم میں کھرنڈ بننے لگنا۔

—— کا چور: زخم کا باہر سے خشک ہونا اور اندر سے کچا ہونا۔

—— کا رونا: (کنایتاً) زخم سے پانی نکلنا۔

—— کاری: (ف) (اضافت کے ساتھ) مہلک زخم۔

—— کا مسکرانا / کا ہنسنا: (کنایتاً) زخم کے ٹانکے ٹوٹ جانے سے زخم کا بڑھ جانا، کھل جانا۔

—— کا منھ: دہانِ زخم۔

—— ہرا کرنا: گھاؤ کو تازہ کرنا، صدمہ پہنچانا، گذشتہ رنج یاد دلانا۔

زخمی: (ف)؛ (۱) خستہ، مجروح، چوٹ کھایا ہوا، (۲) (مجازاً) عاشق۔

زَخمہ: (ف) مذکر؛ (۱) ساز بجانے کا انگشتانہ، آلہ، مضراب (۲) نقارے کی چوب۔

زَخود رفتگی: آپے سے باہر ہونا، کھویا کھویا رہنا۔

زَخود فراموش: آپے سے باہر، اپنے حواس میں نہ ہونا۔

ز-د

زَد: (ف) مؤنث؛ (۱) نشانہ، ضرب (۲) چوٹ، صدمہ (۳) نشانے کا سامنا (۴) نقصان، ضرر۔

—— پر چڑھنا: نشانے پر ہونا۔

—— پڑنا: نقصان ہونا، خسارہ ہونا۔

—— و کوب: (ف) مؤنث؛ مار پیٹ۔

ز-ر

زَر: (ف)، مذکر؛ (۱) سونا، طلا، روپیہ، پیسہ، دولت (۲) پھول کے اندر کا زرد زیرہ۔

زرِ اَصل: (اضافت کے ساتھ) سرمایہ، اصل پونجی۔

—— اَفشاں / فشاں: (ف)؛ (۱) سونے کے ورق کے ریزے چھڑکا ہوا کاغذ (۲) روپیہ عطا کرنا (۳) چمکدار۔

—— اَفشانی: مؤنث؛ بخشش، روپیہ عطا کرنا، سونے کے ورق کے ریزے چھڑکنا۔

—— اَکسیر: (اضافت کے ساتھ)، (ف)؛ سونے کی اکسیر۔

—— باف: (ف)؛ زربفت بنانے والا (۲) مذکر؛ تاروں کا بنا ہوا کمخواب۔

—— بافت / بافتہ: (ف) مذکر؛ زربفت، زری کا کپڑا۔

—— بالائی: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ رقم جو علاوہ تنخواہ کے ملے۔ (رشوت)

—— بفت: (ف)، مؤنث؛ بادلہ اور ریشم سے تیار کیا ہوا کپڑا۔

—— بل نہ زور بل: مقولہ؛ نہ روپیہ ہے نہ بدن میں طاقت

—— پَرَسْت : لالچی، بخیل۔
—— تار : (ف) سونے کے تاروں سے بنی ہوئی چیز۔
—— جَعْفَرِیْ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خالص سونا۔
—— خالِص : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ خالص سونا۔
—— خَرِید : (ف) روپیا دے کر خریدا ہوا۔
—— خِیز : وہ زمین جو منافع دینے والی ہو، شاداب سیراب۔
—— دار : (ف) مال دار۔
—— دُوز : (ف) (ا) زری کا کاریگر (۲) زری کا کام کی ہوئی چیز۔
—— دُوزی : (ف) مؤنث؛ سلمے ستارے اور کلابتوں کا کام۔
—— رَہن : (اضافت کے ساتھ)، مذکر؛ وہ روپیا جس کے عوض جائیداد مکفول ہو۔
—— رِیز : (ف) زرخیز۔
—— سُرخ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ اشرفی، طلا۔
—— سَفِید : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ روپیا، چاندی۔
—— ثَمَن : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ روپیا جو قیمت میں ملے۔
—— ضامِنی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ضمانت کا روپیا۔
—— طِلا : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ زرخالص۔
—— کَش : (ف) سونے چاندی کے تاروں سے کلابتو کو بنانے والا۔ چاندی کے تاروں سے بُنا ہوا کپڑا۔
—— کُوب : (ف)؛ (ا) سونے چاندی کے ورق بنانے والا (۲) سونے کے پتر لگی ہوئی چیز۔
—— کُوبی : (ف) مؤنث؛ چاندی سونے کے ورق بنانا۔
—— گَر : (ف) مذکر؛ سُنار، سونے چاندی کا زیور بنانے والا۔
—— گَری : (ف) مؤنث؛ سُناری کا پیشہ۔
—— گُل : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ پھول کے اندر کا زیرہ۔
—— نَقد : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ نقد روپیا، روکڑ۔
—— ناب : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (ا) خالص سونا، (۲) (کنایتاً) آفتاب
—— نِگار : (ف)؛ سنہرا کام کی ہوئی چیز۔
زَرا / ذَرا : تھوڑا۔
زَراعَت : (ع)؛ کھیتی، کھیتی کرنا، کاشت کاری۔
—— پیشہ : کاشت کاری کا پیشہ کرنے والا۔
زَرتُشت / زَردُشت : (ف) مذکر؛ ایران کے شاہ گشتاسپ کے زمانے کے ایک مشہور حکیم کا نام جسے آتش پرست پیغمبر مانتے ہیں۔
زَرد : (ف)؛ پیلا، سنہرا۔
زَرد آلُو : (ف) مذکر؛ خوبانی۔
—— روئی : (ف)، مؤنث؛ شرمندگی، خجالت، خوف۔
زَردَہ : (ف)، مذکر؛ (ا) زرد رنگ کے میٹھے چاول مزعفر (۲) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۳) زرد کوڑی۔
—— بھَسکنا : (دہلی) دم بدم خشک تمباکو کھانا۔
زَردِی : مؤنث؛ (ا) پیلاپن، پیلا رنگ (۲) انڈے کے اندر کا پیلا حصہ (۳) پھول کے اندر کا زیرہ۔
زَرق بَرق : (ف)؛ (ا) (کنایتاً) طمطراق، کرّ و فر (۲) شان و شوکت (۳) بھڑکیلا، چمک دار۔ ——
زَرِ مُبادَلَہ : مذکر؛ بدلے کی رقم، تبادلۂ زر (انگ : فارن ایکسچینج)
زِرہ : (ف) مؤنث؛ فولاد کے حلقوں سے بُنا ہوا کُرتے کی طرح کا لباس۔
—— پوش : زرہ پہنا ہوا شخص۔
زَری : مؤنث؛ سونے کے تار، چاندی کے سُنہرا ملمع کیے ہوئے تار، کلابتوں کا بُنا ہوا کپڑا، گوٹا، کناری وغیرہ۔
—— باف : سونے کے تار بنانے والا، سنہری لیس بنانے والا۔
زَرّیں : (ف)؛ (ا) سلمے ستارے کا کام کی ہوئی چیز،

سنہرا (کنایتاً) بیش قیمت۔
——— کُلاہ: (ف)؛ (۱) سنہری ٹوپی والا شخص (۲) (مجازاً) آفتاب۔

ز۔ش

زِشت: (ف)؛ بُرا، بدشکل، بدنُما۔
——— خُو: (ف) بدخصلت۔
——— خوئی: (ف) مؤنث؛ خصلت کا خراب ہونا۔
——— رُو: (ف) بدصورت۔

ز۔ع

زَعفران: (ع) مؤنث؛ ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول، کیسر۔
——— زار: (ف) وہ جگہ جہاں زعفران کثرت سے ہو۔
زَعفرانی: زعفران کے رنگ کا، زرد۔
زَعفران کا کھیت: (کنایتاً) ایسا مقام جہاں خود بہ خود جوشِ مسرت سے ہنسی آئے۔
زُعم: مذکر؛ (۱) گمان، ظن (۲) غرور۔

ز۔غ

زَغَن: (ف) مؤنث؛ (۱) چیل (۲) زغند کا مخفف۔
زَغَند/زَقَند: (ف) مؤنث؛ چوکڑی، کود، پھاند۔

ز۔ف

زِفاف: (ع) مذکر؛ دولھا دلھن کی ہم بستری۔
زَفیر: مؤنث؛ سیٹی، مُنھ میں انگلی رکھ کر نکالی جانے والی آواز۔
——— دینا: سیٹی دینا، سیٹی بجا کر بُلانا۔
زَفیلنا: سیٹی بجانا، سیٹی دینا۔

ز۔ق

زَقَند: دیکھو زغند۔
زقوم: (ع) مذکر؛ تھوہڑ۔

ز۔ک

زَک: مؤنث؛ (۱) سُبکی، خفت، ذلت، شرمندگی (۲) ہار، ہزیمت، شکست (۳) نقصان، خسارہ۔
——— اُٹھانا/پانا/کھانا: خفت اُٹھانا، ہار ماننا، نقصان اٹھانا۔
——— دینا: ہرانا، شرمندہ کرنا، خفیف کرنا، نقصان پہنچانا۔
زُکام: (ع) مذکر؛ سردی کی بیماری، ناک سے ریزش بہنا۔
——— بگڑنا: نزلہ بند ہو جانا۔
زَکاوَت: پاکیزگی، دیکھو زکاوت۔
زَکَریّا: (ع) مذکر؛ ایک پیغمبر کا نام۔
زَکوٰۃ/زَکات: (ع) مؤنث؛ (۱) صدقہ، خیرات (۲) ارکانِ اسلام کا چوتھا رُکن (۳) نصاب سے زیادہ سال بھر رہنے والے مال کا چالیسواں حصہ راہِ خدا میں دینا، (۴) (عاملوں کی اصطلاح) کسی اِسم یا دُعا کا مُعیّنہ تعداد میں عاملوں کے مقرر کردہ قیود کے ساتھ پڑھنا۔
زَکی: (ع) فسادات سے پاک، نیک، پاکیزہ۔

ز۔ل

زُلال: (ع) مذکر؛ صاف پانی، شیریں پانی، سرد پانی نتھرا ہوا صاف پانی۔
زَلزَلہ: (ع) مذکر؛ (۱) زمین کا کانپنا، بھونچال (۲) (مجازاً) کھلبلی۔
——— پیما: مذکر؛ زلزلہ سے آگاہ کرنے والا آلہ۔
زُلف: (ف)، مؤنث؛ کاکل، گیسو، گندھے ہوئے سر کے بال

زُلفیں چھوڑنا: ایسی زلفیں بڑھانا کہ لٹکتی رہیں۔
زَلّہ: (ع، مذکر) آگے کا بچا ہوا کھانا۔
—— رُبا: (ف،) (کنایتاً) خوشہ چیں، فائدہ اٹھانے والا فیض حاصل کرنے والا۔
زُلیخا: (ع، مؤنث) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہوگئی تھی۔

زم

زِمام: (ع، مؤنث) باگ، نکیل۔ لگام۔
زَمان: (ف، ع، مذکر) روزگار، وقت، زمانہ۔
زَمانہ: (ف، مذکر) (۱) روزگار، وقت (۲) عرصہ، مدت، میعاد (۳) رُت، موسم، فصل (۴) عہد، راج، حکومت (۵) دَور دَورا (۶) جُگ، قِرَن (۷) دَور (۸) دنیا، عالم (۹) (مجازاً) خلائق، مخلوق، دنیا کے لوگ۔
—— اُلٹ پُلٹ ہونا: زمانہ زیر و زبر ہونا۔
—— ایک رَنگ پر نہیں رہتا: مقولہ: کسی کی حالت یکساں نہیں رہتی۔
—— بَاتُو نہ سَازَد تُو بَا زمانہ بِسَاز: (ف، مقولہ) اگر زمانہ ساتھ نہیں دیتا تو زمانے کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو بدل دینا چاہیے۔
—— بَرتنا: (کنایتاً) تجربہ کار ہونا۔
—— بھر: تمام دنیا، سارا جہاں۔
زمانۂ جاہلیت: مذکر: عرب میں اسلام سے پیشتر کا وقت۔
—— چھاننا: بے حد جستجو کرنا۔
—— دیکھنا: (کنایتاً) تجربہ کار ہونا۔
—— زِیر و زَبر ہونا / تہ و بالا ہونا: (کنایتاً) بڑا انقلاب ہونا۔
—— سَاز: (ف،) خود غرض، ظاہرداری برتنے والا۔ خوشامدی۔
—— سے اُڑ جانا: ناپید ہو جانا۔
—— کی گردش: انقلاب زمانہ۔
—— گزر جانا: عرصہ ہونا۔
—— نازک ہونا: عزت آبرو سنبھالنا دشوار ہونا۔
—— نظر میں اندھیر ہونا: پریشانی میں کچھ نہ سوجھنا۔
—— کا لہو سفید ہونا: آپس میں محبت نہ رہنا۔
—— کا ورق اُلٹ جانا: زمانہ بدل جانا، زمانے کا درہم برہم ہو جانا۔
—— کی ہوا کھانا: (کنایتاً) زندہ رہنا۔
زمانیاں: (ف،) زمانے کے لوگ۔
زمانی تعیّن: (ف، مذکر) (تاریخ کی اصطلاح) مختلف عہد کی درجہ بندی۔
زُمُرّد / زَمُرّد: (ف،) مذکر: ایک سبز رنگ کا پتھر۔
زُمُرّدیں: (ف) سبز، ہرا۔
زُمرہ: (ع) مذکر: آدمیوں کی جماعت، گروہ،
زَمزَم: (ع) مذکر: بیت اللہ کے کنویں کا نام، اُس کنویں کا پانی۔
زَمزَمی: مؤنث: آب زمزم رکھنے کا ایک خاص برتن (۲) مذکر: آب زمزم دینے والا شخص۔
زَمزَمہ: مذکر: نغمہ۔
—— پرداز / خواں / سنج: (ف،) راگ گانے والا۔
زَمزَمے کا لچھا: (موسیقی) گویوں کی نغمے میں پیچ دار آواز
زمستان: (ف) مذکر: موسم سرما، جاڑوں کا موسم۔
زَمَن: (ع،) روزگار، وقت، زمانہ۔
زَمہَریر: (ع، مذکر) کرّہ ہوا کا نہایت سرد طبقہ۔
زمین: (ف، مؤنث) (۱) خاکی کرہ، ارض، پرتھوی (۲) غزل کی ردیف، قافیہ اور وزن (۳) سطح زمین (۴) ہر عطر کا مادہ (۵) کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح (۶) زمین کا ٹکڑا۔
—— آسمان ایک کرنا: (کنایتاً) جھان مارنا، نہایت کوشش کرنا۔
—— آسمان جھکانا: در بہ در پھرانا (۲) (کنایتاً) دیوانہ بنانا۔

—— آسمان کا فرق : بڑا فرق۔
—— آسمان کے قلابے ملانا : نہایت مبالغہ کرنا، لاف زنی کرنا۔
—— آسمان ملانا : بے حد مبالغہ کرنا۔
—— اُٹھنا : (۱) آراضی کا بیٹھکے یا کرایے پر دیا جانا (۲) زمین کا بویا جوتا جانا۔
—— اُفتادہ : (ف) گری پڑی زمین، بن بوئی زمین۔
—— بلند ہونا : غزل کی بحر کا سخت ہونا، دشوار ہونا۔
—— بیٹھنا : زمین کا دھنس جانا۔
—— پامال ہونا : کسی ردیف، بحر اور قافیہ میں کثرت سے غزلیں ہونا۔
—— پانو کے نیچے سے نکل جانا / پانو کے نیچے نہیں تھمنا /
—— پانو کے نیچے نہ ٹھہرنا : بُرا وقت آنا، بُرا زمانہ آنا۔ کوئی ساتھی نہ ہونا۔
—— پر پانو نہ رکھنا : مغرور ہوجانا، اپنے آپ کو بہت سمجھنا۔
—— پر قدم نہ رکھنا : زمین پر پانو نہ رکھنا۔
—— پست ہونا : غزل میں بحر ردیف قافیہ کا مبتذل ہونا۔
—— پھٹ جائے اور میں سما جاؤں : (مثل) نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہوجانے کی صورت، ناگہانی موت آجائے۔
—— ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے : مقولہ : (کنایتاً) (۱) ایسی مصیبت جو کسی طرح نہ رُکے (۲) ایسا شخص جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کرے (۳) ایسا حکم جس کی تعمیل لازمی ہو۔
—— ٹھنڈی ہونا : ردیف قافیہ کا چست نہ ہونا۔
—— دار : مذکر : مالک آراضی۔
—— دکھانا : (۱) پٹکنا، گرا دینا، دے مارنا (۲) نیچا دکھانا پچھاڑنا۔
—— دوز : (ف) زمین میں دھنسا ہوا، زمین میں چھپا ہوا۔
—— دیکھنا : (کنایتاً) (۱) قے کرنا، استفراغ کرنا (۲) نیچا دیکھنا، شرمندگی اُٹھانا (۳) (کنایتاً) زمین میں دفن ہونا۔
—— سخت آسماں دُور : (ف) (مثل) بے بسی کا مقام۔
—— سر پر اُٹھا لینا : بہت شور و غل کرنا۔
—— سست ہونا : ردیف قافیہ اور وزن شگفتہ نہ ہونا۔
—— سے پیٹھ لگنا : (کنایتاً) قرار پانا، بے قراری دور ہونا بے چین نہ رہنا۔
—— شعر : (اضافت کے ساتھ) (ف) مؤنث : غزل کی ردیف بحر، اور اُس کا قافیہ۔
—— شگفتہ ہونا : ردیف، بحر، قافیے کا موزوں و مناسب ہونا۔
—— طرح کرنا : ردیف، بحر اور قافیے کا متعین کرنا۔
—— غیر مزروعہ : مؤنث : افتادہ زمین، بغیر کاشت کی ہوئی زمین۔
زمین قند : مذکر : ایک قسم کی ترکاری۔
زمین کا پانو تلے سے سرک جانا / کا پانو تلے سے نکل
—— جانا / کا پانو کے نیچے نہ ٹھہرنا : (۱) حواس ٹھکانے نہ رہنا، سراسیمہ ہوجانا (۲) بے یار و مددگار ہوجانا۔
—— کا پیوند کرنا : فنا کرنا، دفنانا۔
—— کا پیوند ہونا : (۱) نیست و نابود ہوجانا (۲) مرجانا دفن ہونا۔
—— کا تختہ اُلٹ جانا / کا طبق اُلٹ جانا : (کنایتاً) انقلاب عظیم ہوجانا۔
—— گاگز : (کنایتاً) مارا مارا پھرنے والا، ہمیشہ سیر و سیاحت میں رہنے والا۔
—— کا نہ آسمان کا : نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا، نہ دین کا نہ دنیا کا۔
—— کی پوچھنا آسمان کی کہنا : سوال کچھ جواب کچھ۔
—— کی طنابیں کھینچ جانا : مسافت کم ہونا۔
—— گرم ہونا : بحر، ردیف، قافیے کا چست ہونا۔

—— وزماں : تمام زمانہ۔

ز ۔ ن

زَنْ : مؤنث ؛ (ف) ؛ عورت (۲) زوجہ۔
—— مدخولہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ، داشتہ۔
—— مُرید : (ف) مذکر ؛ بیوی کا غلام۔
—— منکوحہ : (اضافت کے ساتھ) مؤنث ؛ نکاح والی عورت۔
زِنا : (ع) مذکر ؛ حرام ، بدکاری۔
—— بالجبر : (بِلْ جَبْر) مذکر ؛ زبردستی حرام کرنا۔
—— کار : (ف) زنا کرنے والا ؛ بدکار۔
زَناٹا : مذکر ؛ (۱) سن سناہٹ ، سائیں سائیں ، کسی ٹھوس چیز کے زور سے پھینکنے کی آواز (۲) بہت تیزی کرنا۔
زَناخ : مؤنث ؛ مرغ یا کبوتر وغیرہ کے پینے کی دو شاخہ ہڈی۔
زَناخی : مؤنث ؛ (اوباش عورتوں کی اصطلاح) ؛ سہیلی۔ گوئیاں ، نگوڑی۔
زُنّار : (ع) مذکر و مؤنث ؛ جنیو۔
—— بَند / دار : (ف) برہمن ، زنار باندھنے والا۔
زَنّاٹَن : تیزی سے۔
زنا شوئی : (ف) مؤنث ؛ مباشرت ، زن و شوہر کے تعلقات۔
زنانہ : مذکر ؛ (۱) زنخا ، ہیجڑا (۲) پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان (۳) پردہ دار عورتیں (۴) پردہ (۵) نامرد ، ڈھیلا
زنان مَنشی : وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے۔
زَنانی : (۱) عورت (۲) زن سے منسوب۔
زَنبور : مذکر ؛ (۱) بھڑ ، شہد کی مکھی (۲) سنسی کی طرح گول منہ کا ایک آلہ۔
زَنبیل : (زَمبیل) (ف) مؤنث ؛ ٹوکری ، جھولی ، کاسۂ گدائی
زَنجبیل : (ع) مؤنث ؛ سونٹھ۔

زَنجیر : (ف) مؤنث ؛ (۱) کنڈی (۲) بیڑی (۳) لوہے کی حلقہ دار کڑیاں ، سلسلہ (۴) فیل کے ساتھ تعداد بتانے کا کلمہ (مثلاً دس زنجیر فیل بمعنی دس عدد فیل)۔
—— تڑانا : (۱) (کنایتاً) آزادی یا رہائی کی خواہش میں بے تاب ہونا (۲) بہت جوش میں بھرا ہونا ، بہت غصے میں بھرا ہونا۔
—— دینا : کنڈی چڑھانا۔
—— عرش کھڑکانا : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دعا کی قبولیت حاصل کرنا ، خدائے تعالا سے مراد حاصل کرنا۔
—— کی جھنکار : زنجیر کی آواز۔
زَنجیرہ : (ف) مذکر ؛ (۱) زنجیر کی شکل کا بٹا ہوا ڈورا (۲) کپڑے یا کسی اور چیز پر حلقہ دار سلسلہ ، لہریا ، کنٹھا۔
—— بَندی : مؤنث ؛ (کنایتاً) ایک چیز کا دوسری چیز کے واسطے لازم ہونا۔
زَنخا : (ف) مذکر ؛ (۱) عورتوں کی سی چال ڈھال والا (۲) زنانہ مرد ، بزدل ، ہیجڑا۔
زَنخدان : (ف) مؤنث ؛ ٹھوڑی۔
زِندان : (ف) مذکر ؛ قید خانہ ، جیل۔
زِندانی : (ف) ؛ قیدی۔
زِندگانی : دیکھو زندگی۔
زِندگی : (ف) مؤنث ؛ حیات ، عمر۔
—— دُوبھر ہونا : زندگی وبال ہونا۔
—— سے ہاتھ اُٹھانا : زندگی سے مایوس ہونا ، مرنے پر آمادہ ہونا۔
—— سے ہاتھ دھونا : مرگ پر آمادہ ہونا ، زندگی سے مایوس ہونا۔
—— مُستعار : (اضافت کے ساتھ) چند دن کی زندگی ، عاریتاً مانگی ہوئی زندگی۔
زِندہ : (ف) ؛ (۱) جیتا ، ذی حس (۲) (آگ کے لیے) مشتعل ، سلگنے والی (۳) تر و تازہ ، سرسبز ، شاداب۔
—— باد : (ف) ؛ دعا ، نعرہ (زندہ رہو)

—— بَاش : (ف۔ دُعا) (۱) سلامت رہو (۲) شاباش۔ مرحبا۔
—— دَرگور : (ف) ؛ بے حد ایذا اور تکلیف میں مبتلا۔
—— دِل : (ف) ؛ خوش طبع، خوش مزاج، ظریف۔
—— ہُونا : کسی دھات کے کشتے کا اپنی اصلی حالت پر آجانا۔
زِندِیق : کافر، بے دین۔
زَنادِقہ : (جمع زندیق کی) ؛ بے دین، کافر۔
زَن زَن : تیزی سے۔
زِنک : ZINC (انگ، مذکر) ؛ جست، ایک قسم کی دھات۔
زِنکوگرافی ZINCOGRAPHY (انگ، مؤنث) ؛ جست کی تختیوں پر چھاپنے کا کام۔
زَنگ : (ف) مذکر ؛ (۱) لوہے کا میل (۲) گھنٹی (۳) کدورت۔
—— آلود/آلودہ/خوردہ : (ف) ، مورچہ لگا ہونا۔
—— کا کھا جانا : مورچے سے لوہے کا بوسیدہ اور ناکارہ ہوجانا۔
زَنگی : (ف) ، ملک زنگ کا باشندہ، حبشی۔
—— ہَڑ : مؤنث ؛ کالی ہڑ، چھوٹی ہڑ۔
زَنگار : (ف) ، مذکر ؛ تانبے کا کساؤ، نیلا تھوتھا۔
—— کا چھاہا : زخم کی آلایش کاٹ کر نکال دینے والا چھاہا۔
زَنگاری : (ف) ، زنگار کے رنگ کا، سبز، ہرا۔
زَنگُوْل : (ف) مذکر ؛ گھنٹا، جرس۔
زِنہار/زِینہار : (ف) ؛ (کلمہ تاکید اور تنبیہ کا) (۱) ہرگز۔ (۲) نفی کی تاکید کے لیے (۳) کبھی اثبات کی تاکید کے لیے بھی آتا ہے۔

ز-و

زُو : ZOO (انگ) مذکر ؛ چڑیا گھر۔
زُوّار/زَوّار : (ع) ؛ (جمع زائر کی) ؛ زیارت کرنے والے
زَوال : (ع) مذکر ؛ (۱) کمی، گھٹاؤ، اُتار، تنزل (۲) بلندی اور عروج کا جانا۔
—— کا وقت : آفتاب کا خطِ نصف النہار سے ہٹنے کا وقت دوپہر کے بعد کا وقت۔
—— پذیر : (ف) ؛ فنا ہونے والا، انحطاط پذیر۔
زَوائد : (ع) ، مذکر ؛ فضول، خارج از بحث باتیں۔
زَوج : (ع) ، مذکر ؛ (۱) جُفت، جوڑا، عورت اور مرد کے جوڑے (۲) شوہر، خاوند (۳) وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے۔
زَوجہ : مؤنث ؛ جورو، بیوی۔
زَوجۂ مُطلّقہ : مؤنث ؛ طلاق دی ہوئی عورت۔
—— مَنکُوحہ : مؤنث ؛ بیاہی ہوئی عورت۔
زَوجیت میں لانا : عقد کرنا، نکاح کرنا۔
زَوجَین : مذکر ؛ (زوج کا تثنیہ) ؛ زن و شوہر۔
زُود : (ف) ، شتاب، جلد۔
—— آشنا : (ف) ، بہت جلد گھُل مِل جانے والا، جلد یار بن جانے والا۔
—— پَشیمان : (ف) ؛ بہت جلد پچھتانے والا۔
—— رَس/فہم : (ف) ؛ تیز فہم۔
—— رنج : (ف) ؛ جلد خفا ہوجانے والا۔
—— نَویس : (ف) ؛ تیز لکھنے والا۔
زُور : (ع) ، مذکر ؛ دغا، فریب، مکر۔
زور : (ف) ، مذکر ؛ (۱) قوت، توانائی (۲) قابو، اختیار، بس (۳) بہت (۴) بے ڈھب، عجیب و غریب، انوکھا (۵) خوب، اچھا، عمدہ (۶) زبردستی (۷) کوشش سعی، جدوجہد (۸) (شطرنج) ایک مہرے یا پیادے کو دوسرے مہرے یا پیادے کا سہارا (۹) سہارا، حمایت۔
—— آزمانا : طاقت آزمانا، طاقت دکھانا، زور دکھانا
—— آور : (ف) ، قوی، بہادر۔
—— آوری : (ف) ، مؤنث ؛ (۱) طاقت، توانائی (۲) زبردستی۔
زُورا زُوری : مؤنث ؛ زبردستی۔
زُورِ بازُو : (ف) ، مذکر ؛ اپنی ذاتی قوت۔

زُورَبل : (ع) مذکر؛ قوت۔
—— پڑنا : (۱) بوجھ پڑنا ، دباؤ پڑنا (۲) طاقت صرف ہونا ، زیادہ محنت پڑنا (۳) مجبور کیا جانا ، دبایا جانا۔
—— پکڑنا : قوت حاصل کرنا۔
—— تُوڑنا : زور مٹانا ، گھمنڈ مٹانا ، قوت زائل کرنا۔
—— چلنا : بس چلنا ، قابو چلنا۔
—— دار : (ف)؛ (۱) قوی (۲) جوش میں بھرا ہوا۔
—— دینا : (۱) (اصطلاح) شطرنج کے مہرے کو کسی دوسرے مہرے کا سہارا دینا (۲) قوت دینا ، زور بڑھانا۔
—— ڈالنا : (۱) دبانا ، مجبور کرنا ، تنگ کرنا (۲) دباؤ ڈالنا ، کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا۔
زُورشُور : تیزی و تندہی ، چڑھاؤ ، شدت ، جوش و خروش
زورشور سے : بڑی طاقت سے ، جوش و خروش سے شان و شوکت سے۔
—— ضابطہ : (ع) مذکر ؛ جبر ، زبردستی۔
—— طبع / طبیعت : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر مضمون پیدا کرنے کی قوت۔
—— ظُلم : (ع) مذکر ؛ سختی ، زیادتی۔
—— قلم : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ تحریر کا زور۔
—— کرنا : (۱) طاقت آزمانا (۲) کوشش کرنا (۳) دو پہلوانوں کا باہم لڑنا (۴) بڑھنا ، ترقی پر ہونا۔
—— نہ چلنا : قابو نہ چلنا۔
زُورَق : (ف) مؤنث ؛ (۱) چھوٹی کشتی (۲) کشتی نما ٹوپی (زورقی)
زُوف : تف لعنت ، لعن طعن۔
—— زاف کرنا : لعنت ملامت کرنا۔
زولوجی : ZOOLOGY (انگ) مؤنث ؛ علم حیوانات۔
زولوجیکل پارک ZOOLOGICAL PARK (انگ) مذکر ؛ دیکھو زو۔
زون : ZONE (انگ) مذکر ؛ پٹی ، علاقہ ، خطہ ، منطقہ۔
زونل : ZONAL (انگ) (۱) منطقوں کا ، منطقوں میں بٹا ہوا ، (۲) علاقہ وار۔

ز - ہ

زِہ : (ف)؛ (۱) جُتنا (۲) دامن ، آستین اور گریبان کے کنارے کنارے ٹانکنے کی ڈوری ، فیتہ (۳) مؤنث ؛ کمان کا چلّہ۔
زِہ گیر : (ف) مذکر ؛ چلّے کی گرفت کے لیے سینگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگوٹھی کی مثل ایک شے۔
زِہار : (ف) مؤنث ؛ شرم گاہ۔
زُہد : (ع) مذکر ؛ تقویٰ ، پرہیزگاری ، دنیاوی چیزوں سے بے رغبت ہونا۔
زَہر : (ف) مذکر ؛ (۱) سم ، بس (۲) (کنایتاً) خشم ، غضب (۳) (مجازاً) تلخ ، کڑوا (۴) ناگوار ، بُرا (۵) مُہلک ، قاتل ، مُضِر (۶) آزار رساں۔
—— آلود / آلودہ : (ف) زہریلا ، زہر کا بجھا ہوا۔
—— آب : مذکر ؛ (۱) زہر آلود پانی (۲) (کنایتاً) غم و غصہ (۳) (کنایتاً) پرعتاب۔
—— اُگلنا : (۱) (کنایتاً) فتنہ اُٹھانا ، فتنہ انگیز باتیں کہنا جلی کٹی کہنا ، قہر و غضب کا اظہار کرنا (۲) زہر منہ سے نکالنا (۳) دشمنی نکالنا ، بدلہ لینا (۴) لگائی بجھائی کرنا۔
—— باد : (ف) مذکر ؛ ایک مرض جس میں پھوڑے پھنسی کا زہر جسم بھر میں پھیل جاتا ہے۔
—— بونا : (کنایتاً) بُرائی کرنا ، بُرائی یا فساد کی بنیاد ڈالنا۔
—— بھری آنکھ : شوخ آنکھ ، غصّہ بھری ہوئی نظر
—— بھری باتیں : فتنہ و فساد کی باتیں۔
—— خندہ : (ف) مذکر ؛ ناگواری اور شرمندگی والی ہنسی۔
—— دار : زہریلا۔
—— کی پُڑیا / چھری / گانٹھ : (کنایتاً) مُفسد ، شریر ،

فتنہ انگیز۔
—— کے گھونٹ : بہت ناگوار، تلخ۔
—— لگنا : بُرا لگنا، بے حد ناگوار گزرنا۔
—— مار : زہر کا اثر دور کرنے والی چیز۔
—— مار کرنا : مجبوراً کھانا، ناپسند چیز کھا لینا، جی نہ چاہنے پر بھی کھا لینا۔
—— معلوم ہونا : ناگوار ہونا۔
—— ملا دینا : زہر گھول دینا، فتنہ و فساد کی باتوں سے کسی بات کو ناگوار کر دینا۔
—— مُہرہ : (ف)، مذکر؛ زہر جذب کر لینے والا ایک قسم کا پتھر۔
—— مُہرۂ خطائی : (ف) شہر خطا کا نہایت عمدہ اور خوش رنگ زہر مُہرہ۔
—— میں بجھانا : تلوار یا چھری کی دھار کو زہر آلود پانی میں بجھانا۔
—— ہلاہل : (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر؛ قاتل زہر، مہلک زہر۔
زہریلا : زہردار، فتنہ انگیز۔
زہرا : (ع) حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
زہرہ : (ف، مذکر؛ (۱) پتا، ایک اندرونی عضو کا نام (۲) (کنایتاً) دلیری، شجاعت۔
—— آب ہونا / پانی ہونا : (کنایتاً) خوف زدہ ہونا، حوصلہ پست ہونا۔
زہرہ : (ع) مؤنث؛ ایک ستارے کا نام، جو تیسرے آسمان پر ہے۔
—— جبیں : (ف) معشوق، ماہ پیکر، خوبصورت۔
زہے : (ف) کلمۂ تحسین و آفریں۔
—— نصیب : خوش اقبال۔ اچھے نصیب۔

ز۔ی

زیاد : (ف) زیادہ کا مخفف۔
زیادت : (ع) مؤنث؛ (۱) ایک اصطلاح نحو (۲) زیادتی بڑھانا، اضافہ کرنا۔
زیادتی : مؤنث؛ (۱) کثرت، افراط (۲) جبر، ظلم، زبردستی۔
زیادہ : افزوں، فاضل
—— تر : بہت زیادہ، بیشتر۔
—— حد ادب : زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے۔
زیارت : (ع) مؤنث؛ کسی متبرک مقام یا چیز یا آدمی کا دیکھنا (۲) کسی بزرگ کا مقبرہ (۳) سلام (پڑھنا کے ساتھ)
—— گاہ : (ف) مؤنث؛ درگاہ، آستانہ، متبرک مقام۔
زیاں : (ف) مذکر؛ نقصان، خسارہ۔
زیب : (ف) مؤنث؛ زینت، آرایش، خوش نمائی، رونق۔
—— تن کرنا : کسی چیز کو پہننا، جسم پر لگانا۔
—— دینا : موزوں ہونا، خوش نما ہونا، رونق کا باعث ہونا۔
—— و زینت : مؤنث؛ آراستگی، بناؤ سنگار۔
زیبا : (ف) زیب دینے والا، موزوں، خوش نما۔
زیبائش : (ف) مؤنث؛ آرایش، زینت، خوش نمائی۔
زیبائی : (ف) خوبی، خوش نمائی۔
زیبرا : ZEBRA (انگ) مذکر؛ (۱) گورخر، ایک چوپایہ۔ (۲) گھوڑے کے مانند ایک جانور جس پر سیاہ اور سفید دھاریاں ہوتی ہیں۔
زیتون : (ع) مذکر؛ ایک مشہور درخت جس کے روغن (تیل) کو زیت کہتے ہیں۔
زیٹ : مؤنث؛ یاوہ گوئی، گپ، فضول کی باتیں۔
زیٹیا : یاوہ گو، زیٹ ہانکنے والا۔
زیر : (ف) مؤنث؛ مدھم آواز، دھیمی آواز، نیچا سُر۔
زیر و بم : (ف) مذکر؛ نیچا اونچا سُر۔
زیر : (ف) مذکر؛ (۱) کسرہ (۲) نیچے (۳) کم زور، کم طاقت۔
—— انداز : (ف) مذکر؛ حقے کے نیچے بچھانے کا کپڑا یا چمڑا۔

—— بار : بوجھ میں دبا ہوا، مقروض۔
—— بار کرنا : کسی قسم کا بار کسی کی ذات پر عاید کرنا۔
—— باری : مؤنث (۱) قرضے میں مبتلا ہونا (۲) پریشانی جو زیادہ مصارف کی وجہ سے ہو۔
—— بند : (ف) مذکر؛ گھوڑے کا تنگ۔
—— پائی : مؤنث؛ ایک قسم کی زنانی جوتی، سلیپر۔
—— تجویز : (ف)، (ع) (قانونی اصطلاح) زیر حکم، زیر فیصلہ، غور طلب، کسی معاملہ پر غور ہونا۔
—— جامہ : (ف) مذکر؛ گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالنے والا کپڑا چار جامے کے نیچے کا کپڑا۔
—— حراست : (اضافت کے ساتھ) جو حوالات میں ہو۔
—— دست : (ف)؛ ماتحت، عاجز، مغلوب، کم زور، کم طاقت۔
—— سایہ : (ف) (۱) حمایت میں، پناہ میں، ہم سایے میں (۲) قریب، پاس۔
—— سماعت : (ع، ف) (قانونی اصطلاح) وہ مقدمہ جس پر عدالتی کارروائی چل رہی ہو۔
—— کرنا : مغلوب کرنا، فتح کرنا، پچھاڑنا۔
—— لب : (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ (کنایتاً) آہستہ۔
—— مشق : (ف) (۱) مشق کے کاغذات کے نیچے رکھنے کا چمڑا یا وصلی (۲) ہاتھ پر چڑھا ہوا، رواں۔
—— نظر رکھنا : (اضافت کے ساتھ) (۱) حراست میں رکھنا (۲) نگاہ کے نیچے رکھنا، بار بار دیکھتے رہنا۔
زیر نگیں : (اضافت کے ساتھ)؛ تصرف میں، حکومت میں، مطیع و مسخر۔

—— و بالا : (ف) مذکر؛ نیچے اوپر۔
—— و زبر : (ف) (۱) کسرہ و فتحہ (۲) تہ و بالا، الٹ پلٹ، تباہ، درہم برہم۔
زیریں : (ف)؛ نیچے کا، پائیں۔
زیرک : (ف)؛ دانا، دانش مند۔
زیرکی : (ف) مؤنث؛ عقل مندی، دانائی۔
زیرگی : (رزی-رگی) (ف) مؤنث؛ پھولوں میں بیج کی پیدائش کا عمل۔
زیرو : ZERO (انگ) مذکر؛ صفر۔
زیرہ : (ف) مذکر؛ (۱) ایک خوشبو دار باریک بیج، (۲) زیرگل۔
زیست : (ف) مؤنث؛ زندگی، حیات۔
زین : (ع) مؤنث؛ آراستہ کرنا۔
زین : (ف) مذکر؛ چار جامہ۔
—— پوش : (ف) مذکر؛ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔
زینت : (ع) مؤنث؛ زیب۔
زین خاں : مذکر؛ عورتوں کا ایک فرضی جن۔
زین زیٹ : مؤنث؛ (کنایتاً) یاوہ گوئی، بیہودہ بکواس۔
زینہ : (ف) مذکر؛ سیڑھی۔
زینے کے ڈنڈے : قدم رکھ کر سیڑھی پر چڑھنے کے ڈنڈے
زینہار : (ف) زنہار، ہرگز۔
زیور : (ف) مذکر؛ (۱) گہنا، پاتا (۲) پھولوں کا زیور (۳) (کنایتاً) زیب و زینت۔
—— بڑھانا : زیور اتار ڈالنا۔
—— میں لدا رہنا : بہت سا زیور پہنے رہنا۔

ژ

ژ . (ژے) ؛ اردو حروف تہجی کا ایک حرف حساب جمل (ابجد) میں اس کے سات عدد ہیں۔

ژاژ : (ف) ؛ بے ہودہ گو۔

ژاژخائی : (ف) مؤنث ؛ بے ہودہ گوئی۔

ژالہ : (ف) مذکر ؛ اولا۔

—— **باری** : (ف) مؤنث ؛ اولے پڑنا۔

—— **زدگی** : اولوں سے چوٹ کھانا۔

ژرف : (ف) گہرا اور عمیق۔

—— **بینی** : (ف) مؤنث ؛ معاملہ کی تہ میں اتر جانے والی صفت

—— **نگاہی** : (ف) مؤنث ؛ وسیع النظری ، گہری نظر۔

ژند : (ف) ؛ (۱) زرتشت کے زمانہ کی زبان (۲) زرتشت کی ایک کتاب کا نام ، آتش پرست جسے آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں۔

ژولیدہ : (ف) ؛ درہم برہم ، پریشان۔

—— **مو** : (ف) ؛ (۱) بکھرے ہوئے بال (۲) بکھرے یا الجھے ہوئے بالوں والا۔

ژیان : (ف) صفت ، خشم ناک ، تند خو ، غضب ناک۔

س

س : مذکر۔ اردو حروف تہجی کا ایک حرف، سین مہملہ، سین غیر منقوطہ، حساب جمل (ابجد) میں اس کے ساٹھ عدد ہیں۔

س ـــ ا

سا : (ف) (حرف تشبیہ)؛ (۱) مثل، مانند (۲) گویا، (۳) مذکر؛ پہلے سُر سے نکلنے والی آواز، (موسیقی کے سرگم میں)۔

سائبر / سانبھر : مذکر۔ (۱) بارہ سنگا، (۲) ہرن یا بارہ سنگے کی کھال کا چمڑا، (۳) نقب زنی کا آلہ۔

سابع : (ع) مذکر؛ ساتواں، ساتواں حصّہ؛ ہرا۔

سابق : (ع)؛ اگلا، پہلا، سبقت لے جانے والا۔

ـــ الذکر : (سابِقُ ذِکر) : (ع)؛ جس کا ذکر پہلے ہو چکا، متذکرۂ بالا، مذکورۂ بالا۔

سابقاً : (ع)؛ پہلے، اوّل دفعہ، قبل ازیں۔

سابق دستور : قدیم دستور کے مطابق۔

سابقہ : مذکر (۱) واسطہ، معاملہ، (۲) جان پہچان، (۳) اصطلاح قواعد؛ وہ لفظ جو بعض لفظوں کے پیشتر آکر ایک مرکب لفظ بناتا ہے مثلاً گل ریز میں لفظ گل

سابقہ پڑنا : معاملہ پڑنا، کام پڑنا، واقفیت ہونا۔

سابقین : (ع)؛ مذکر، اگلے زمانے کے لوگ، پرانے آدمی۔

سابو دانہ : مذکر، ساگو دانہ، ایک قسم کی خوراک۔

سات : عدد سات۔ ، ـــ معہ

ـــ اَقلیم : ہفت اقلیم، پوری دنیا۔

ـــ پارچے کا خلعت : بادشاہوں کی طرف سے دیا جانے والا بڑا خلعت۔

سات پانچ کرنا : (۱) جھگڑا نکالنا، حجت کرنا، تکرار کرنا، (۲) عذر کرنا، حیلہ کرنا۔

ـــ پردے : (۱) آنکھ کے سات پردے، (۲) سات آسمان، (۳) ساز کے سات پردے۔

ـــ پردے لگنا : (عو)؛ (طنزاً)؛ بے پردہ عورت کا ذرا خوش حال ہو کر پردے کا خاص اہتمام کرنا۔

ـــ پردوں / قفلوں میں رکھنا : بہت حفاظت کرنا، بہت احتیاط سے رکھنا۔

ـــ پُشت : موئث؛ (۱) سات پیڑھی، (۲) (کنایتاً) تمام خاندان، تمام نسل۔

ـــ پُشت کی ناک کٹنا : پورے خاندان کی آبرو جانا۔

ـــ پھیرے : مذکر (۱) ہندو دولہا دلہن کی شادی کے وقت سات پھیروں کی رسم، (۲) (کنایتاً) ہندوؤں کی شادی۔

ـــ پیڑھی : موئث؛ سات پُشت۔

ـــ تووں سے منہ کالا کرنا / توؤں کی سیاہی سے منہ کالا کرنا : (عو) بہت ذلیل کرنا، بے انتہا نفرت کرنا۔

ـــ خط : مذکر؛ خوش نویسوں کے سات مشہور خط : (۱) ثلث، (۲) محقق، (۳) توقیع، (۴) ریحان، (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) تعلیق۔

ـــ دریا : سات سمندر۔

ـــ دریا درمیان : (عو)؛ نوح، خدا نہ کرے۔

ـــ سُر : مذکر۔ علم موسیقی کے ساتوں سُر (سا، رے، گا، ما، پا، دھا۔ نی)۔

ـــ سمندر : مذکر، (مجازاً) (۱) دنیا کے کل بحر اعظم (۲) ایک قسم کا لڑکوں کا کھیل۔

سات سمندر پار: بہت دور۔
—— **سنگار**: مذکر، عورتوں کی سات آرایشیں۔
—— **سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی**: (مثل) نشرت سے گناہ کرکے توبہ پر آمادہ ہونا۔
—— **سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا / سہاگنوں کو کھلانا**: سات زندہ خاوند والیوں سے شگون نیک کی غرض سے بیاہ کا جوڑا سلوانا / انھیں منت کا کھانا کھلانا۔
—— **سہیلیوں کا جھمکا**: مذکر، پروین، عقد ثریا۔
—— **قرآن درمیان**: (عو)؛ نوح۔ خدا نہ کرے۔
ساتویں آسمان پر مزاج ہونا: (عو) (کنایتاً) بہت اِترانا، بڑا گھمنڈ کرنا۔
ساتر: (ع) مذکر، چھپانے والا۔
ساتھ: مذکر۔ (۱) ہم راہ (۲) ہم راہی، رفاقت، شرکت، ساجھا، میل ملاپ
—— **کا کھیلا**: مذکر، بچپن کا دوست
—— **لے کر ڈوبنا**: (کنایتاً) کسی کو تباہی میں اپنے ساتھ شریک کرنا۔
—— **والا**: (۱) ہم راہی، (۲) سازندہ۔
ساتھی: (۱) ہم راہی، مددگار، رفیق، (۲) ایک ساتھ
—— **سنگتی**: مذکر، ہم راہی، رفیق۔
ساٹا: (ہ)؛ مذکر (۱) عوض، معاوضہ، (۲) ہنڈی کا باہمی لین دین۔
ساٹن: مذکر، اطلس، ایک قسم کا دبیز ریشمی کپڑا۔
ساٹھ: ۶۰۔ ے۔
ساٹھا: مذکر۔ ساٹھ برس کا آدمی۔
—— **پاٹھا**: بڑی عمر میں اچھی صحت والا، ساٹھ برس کی عمر میں جوانی کے آثار والا۔
—— **پاٹھا بیسی کھیسی**: (مقولہ)؛ ساٹھ برس تک مرد جوان رہتا ہے اور بیس سال کی عورت عمر سے ڈھل جاتی ہے۔
ساج: مذکر، (۱) کشتیاں بنانے کی لکڑی (۲) تلواروں کو صیقل کرنے کا پتھر۔
ساجد: (ع)؛ مذکر، سر جھکانے والا، سجدہ کرنے والا۔
ساجن: (ہ) مذکر: پیارا، محبوب، شوہر۔
ساجنا: (ہ) (۱) سجنا، سجانا، (۲) محبوب۔
ساجھا: مذکر۔ شرکت، کسی کام میں شریک ہونا۔
ساجھی: شریک، حصے دار۔
ساجھے کی ہانڈی چوراہے پر پھوٹتی ہے: (مثل) حصے داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہوتا ہے۔
ساچق: (تُرکی)؛ مونث: بَری، رسم حنا بندی، شادی کی ایک رسم، مہندی کی رسم۔
ساحر: (ع)، جادوگر۔
ساحری: مونث: جادوگری۔
ساحل: (ع) مذکر، دریا یا سمندر کا کنارہ۔
ساخت: (ف) مونث؛ (۱) بناوٹ، ترکیب، (۲) بنائی ہوئی بات، فریب۔
ساختگی: (ف) بناوٹ۔
ساختہ: (ف) مصنوعی، جھوٹا، نقلی، بنایا ہوا۔
—— **پرداختہ**: بنایا ہوا، سنوارا ہوا۔
سادات: (ع) جمع سید کی، مذکر، (۱) سید کی قوم، (۲) حضرت علیؓ کی اولاد بطن حضرت فاطمہؓ سے۔
سادس: (ع) مذکر، چھٹا، ششم۔
سادگی: (ف)، مونث؛ (۱) صفائی، (۲) بے تکلفی، راست بازی، صاف دلی، (۳) سادہ لوحی، بھولاپن، بے ہنری۔
سادہ: (ف) مذکر، (۱) بے ریش (۲) صاف، بغیر لکھا ہوا، (۳) بغیر آرایش زیبایش کی چیز، (۴) بے ہنر، بے سلیقہ، بھولا بھلا، (۵) خالص، بے میل، (۶) صاف دل، بے تکلف، (۷) بے نقش و نگار، (۸) بے وقوف، (۹) خالی۔
—— **پُرکار**: (ف) مذکر، (کنایتاً) شوخ و عیار معشوق۔
—— **دِل**: (ف) صاف دِل، بھولا۔
—— **دِلی**: (ف) مونث؛ بھولاپن، بے وقوفی، صاف دلی۔
—— **رُخ / رُو / عِذار**: (ف)؛ (کنایتاً) جوان بے ریش، معشوق۔
—— **کار**: سُنار، سونے چاندی کا زیور بنانے والا۔
—— **لوح**: (ف) بے وقوف، بھولا بھالا،
—— **مزاج**: بے تکلف، بے بناوٹ مزاج والا، صاف دِل۔
سادی: مونث؛ (۱) بھولی بھالی، بے تکلف، نادان، کوری، صاف، بے نقش و نگار، (۲) وہ پتنگ کی ڈور جس پر مانجھا نہ ہو۔
—— **خو**: (کنایتاً) معمولی عادت۔
سادیت: (سا۔ دی۔ یَت)؛ مونث؛ (نفسیاتی اصطلاح) دوسروں

دوسروں کو اذیت پہنچا کر لذت حاصل کرنے کی فطرت، دیکھو، (انگ)؛ SADISM

سادھ: (ہ) مذکر، پارسا، پرہیزگار۔

سادھن: (ہ) مذکر، کوشش، تدبیر، ذریعہ، سبب، (ہ) اپاتے۔

سادھنا: (۱) سنبھالنا، روکنا، تھامنا (۲) اختیار کرنا، (۳) مشق کرنا۔ (۴) بلانا، مانوس کرنا، (۵) روکنا (سانس)۔

سادھنی: (ہ) مونث؛ وہ آلہ جو نجاروں اور معماروں کے پاس رہتا ہے، گُنیا۔

سادھو: مذکر؛ (۱) پارسا، پرہیزگار، صاف دل، (۲) جوگی، بیراگی۔

——— بچہ: (کنایتاً)؛ مکار، فریبی۔

سار: (ف) اونٹ۔

——— بان: (ف)، مذکر، شتربان، اونٹ چلانے والا۔

سار: (ہ) وزن، قیمت، گُن۔

سارا: خالص، پورا، کُل، تمام

——— دھن جاتا دیکھیے تو آدھا دیجیے بانٹ: (مثل) جب کُل اسباب کا نقصان ہوتے دیکھیے تو کُل کا خیال چھوڑ کر جتنا ہاتھ لگے اسی پر قناعت کرنا چاہیے۔

——— کھیل تقدیر کا ہے: (مقولہ)؛ نوشتۂ تقدیر پورا ہو کر رہتا ہے۔

——— گھر سر پر اٹھا لینا: بہت شور وغُل مچانا۔

ساری خدائی: کُل مخلوقات۔

——— خدائی ایک طرف، جورو کا بھائی ایک طرف: (مثل)؛ یہ زن مریدوں کا وصف ہے۔

——— خدائی کا جھوٹا: بہت جھوٹ بولنے والا۔

——— دیگ میں ایک ہی چاول ٹٹولتے ہیں: (مثل) جُز سے کُل کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔

——— رات میائی اور ایک ہی بچہ بیائی: محنت بہت اور فائدہ کم۔

——— زُلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا عورت تھی یا مرد: (مثل) سب سُن کر مطلب نہ سمجھنا، بات سمجھنے کی مطلق صلاحیت نہ ہونا۔

——— عمر بھاڑ ہی جھونکا: (مثل)؛ ساری عمر ایسے کاموں میں ضایع کی جن سے کچھ فائدہ نہیں ہوا۔

سارے دِن اوٹنی اوٹنی اور رات کو چرخا پونی: (مثل)؛ وقت پر کام نہ کرے اور بے وقت کام کرے۔

——— شہر میں اونٹ بدنام: (مثل) جو شخص بدنام ہو جاتا ہے سب الزام اسی کے سر آتے ہیں۔

سارجنٹ: SERGEANT؛ (انگ)؛ فوجی محکمہ پولیس کا ایک عہدہ دار، حوالدار۔

سارَس: مذکر، قاز۔ لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ

سارق: (ع) مذکر، چور۔

سارنگ: (ہ) مذکر، (۱) دیپک کی ایک راگنی کا نام، (۲) شہد کی بڑی مکھی، (۳) بادل، گھٹا۔ (۴) مور کی آواز، جھنکار (۵) پپیہا۔

——— کا چھتا چھیڑنا: (کنایتاً)؛ کسی کو چھیڑ کر اپنے سر بلا لینا۔

سارنگی: مونث؛ ایک قسم کے باجے کا نام۔

——— کا لہرا: سارنگی کی ایک گت،

سارنگیا: سارنگی بجانے والا۔

ساری/سوری: SORRY؛ (انگ) اظہارِ معذرت یا افسوس کا کلمہ۔

ساری: (ع)؛ سرایت کرنے والا

ساری: مونث؛ ایک قسم کی لمبی دھوتی جسے اکثر عورتیں آدھی باندھتی آدھی اوڑھتی ہیں، ساڑی۔

ساڑھو: (ہ) مذکر، سالی کا خاوند، ہم زلف۔

ساڑھی: (ہ) فصل ربیع جس میں گیہوں، چنا، مٹر، ارہر وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں۔

ساز: (ف) مذکر، (۱) سامان، اسباب (۲) باجے، مزامیر، (۳) جنگ کے ہتھیار، سامانِ جنگ (۴) میل جول، سازش، ربط ضبط، وہ میل جول جو کسی کی مخالفت میں ہو، (۵) دوستی، سرانجام، (۶) سازگار، موافق، (۷) مثل، مانند، تناسب، تال میل، (۸) موافقت میل، ملاپ، (۹) ناچنے کا سامان (۱۰) صدری کے اوپر کا فیتہ، گھنڈیاں وغیرہ، (۱۱) بندوق کا سامان (۱۲) گھوڑے کا ساز، زین (۱۳) گاڑی اور اِکے کا ساز (۱۴) کوتل گھوڑے کو آراستہ کرنے کا زیور۔

——— باز: مذکر، سازش، میل ملاپ۔

——— چھیڑنا: ساز بجانا شروع کرنا۔

——— کا پردہ: مقررہ آواز دینے والا، ساز کی ترکیب مجموعی کا کوئی جُز۔

سازش: ف، مونث؛ کسی کے خلاف گٹھ جوڑ۔
سازشی: (۱) سازش کرنے والا (۲) فریبی۔
سازگار: (ف) مبارک، موافق، لائق۔
سازندہ: مذکر، سارنگیا، طبلچی، ساز بجانے والا۔
ساس: SAUCE (انگ)؛ مذکر، پتلی چٹنی، شوربا۔
——**پان**: PAN (انگ)؛ کرچھا، چھوٹی کٹاہی جس میں دستہ لگا ہوتا ہے۔
ساس: مونث؛ جورو یا خاوند کی ماں۔
——**کے آگے بہو کی بُرائی**: (مثل)؛ کسی کی تعریف اس کے دشمن کے سامنے کوئی قدر نہیں رکھتی، دوست کی بُرائی دوست کے آگے بے جا ہے۔
ساسانی: (ف) مذکر، شاہانِ ایران کا ایک خاندان۔
ساسنا: (ہ)؛ جرمانہ کرنا، دھمکی دینا۔
ساطع: (ع)؛ بلند (جمع سواطع)
ساطور: (ع) مذکر، بڑا چھرا، خنجر۔
ساعت: (ع) مذکر، مونث، (۱) گھنٹا، ڈھائی گھڑی، لحظہ، لمحہ، پل، (۲) معین وقت۔
——**دیکھنا**: کوئی کام کرنے کے لیے اچھا بُرا وقت دیکھنا، سعد و نحس دیکھنا۔
ساعد: (ع) مذکر، مونث، ہاتھ کی کلائی، ہاتھ کا پہونچے سے کہنی تک کا حصہ۔
——**سیمیں**: چاندی کی سی کلائی، سفید کلائی۔
ساعی: (ع)، کوشش کرنے والا، دوڑ دھوپ کرنے والا۔
ساغر: (ف)۔ مذکر، شراب کا پیالہ۔
——**جم**: (اضافت کے ساتھ)، (ف) جامِ جمشید، جامِ جم
——**چلنا**: شراب کا دور چلنا۔
——**چھلکنا**: (۱) ساغر کا لبریز ہو کر چھلکنا (۲) (کنایتاً) ختم ہو جانا۔
——**کش**: (ف)؛ شراب خوار
سافل: (ع)؛ مذکر، نیچے والا، زیر۔
ساق: (ع) مونث؛ (۱) پنڈلی، (۲) درخت کا تنہ، ڈنڈی، ساگ پات کا ڈنٹھل۔
——**بلورین**: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مونث؛ بلور جیسی پنڈلی۔
——**گوری پنڈلی**۔
——**عرش**: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مونث، عرش کا پایہ۔
ساقط: (ع) گرانے والا، گرا ہوا، متروک۔
——**کرنا**: (۱) (حمل کے لیے) گرانا، نکالنا، (۲) بحر یا وزن سے گرانا (۳) نامنظور کر دینا۔
ساقن: حقہ اور بھنگ پلانے والی بازاری عورت۔
ساقی: (ع) مذکر، (۱) پانی پلانے والا، شراب پلانے والا، (۲) حقہ پلانے والا (۳) (کنایتاً) معشوق۔
——**اَزَل**: (ف) (اضافت کے ساتھ)؛ (کنایتاً)؛ خدائے تعالا۔
——**کوثر**: (ف) (اضافت کے ساتھ)، مذکر، (مراد) حضرت رسالت پناہ صلعم۔
ساکا: (ہ) ہندستانی دیہاتیوں کے پرکھوں کی بہادری کی منظوم داستانیں۔
ساکت: (ع) بے حس و حرکت، خاموش، چُپ۔
ساکٹ: SOCKET (انگ)؛ مذکر، کسی چیز کا خانہ یا گھر۔
ساکن: (ع) (۱) باشندہ، رہنے والا (۲) جزم والا حرف (۳) غیر متحرک
ساکھ: مونث؛ (۱) بھرم، اعتبار، عزت، آبرو، نیک نامی (۲) آن بان
——**جانا**: عزت جانا، اعتبار جانا۔
ساکھا: (ہ) مذکر، (۱) ایک دل ہونا، کسی کام پر چند آدمیوں کا متفق ہونا، یک دلی، اتفاق، (۲) لڑائی، (۳) ساکھ۔
ساکھو: مذکر، ایک درخت کا نام جس کی لکڑی مضبوط اور پائدار ہوتی ہے۔
ساگ: مذکر، سبزی۔
——**پات**: مونث؛ بقولات، ترکاری۔
ساگر: (س) مذکر، سمندر، بحر۔
ساگو: SAGO (انگ)؛ مذکر، ایک درخت کا نام جس کے پھل سے ساگو دانہ نکالتے ہیں۔
ساگو دانہ / سابو دانہ: مذکر، ایک قسم کے کھانے کی دانے دار غذا، سابو دانہ ساگو کے پھل سے نکالے ہوئے دانے۔
ساگون / ساگوان: مونث؛ ایک قسم کی عمارتی اور اعلا قسم کی لکڑی۔
سال: مذکر، (۱) ایک درخت کا نام (۲) تختے کا چھید، سوراخ، (۳) کانٹا، (۴) ایک قسم کی مچھلی، (۵) گیدڑ، سیار۔

سال: (ف) مذکر، برس

——— **آیندہ**: (اضافت کے ساتھ)، آنے والا سال۔

——— **الٰہی**: (اضافت کے ساتھ)، اکبر بادشاہ کی تخت نشینی سے شروع ہونے والا سال۔

——— **بہ سال**: (ف) ہر سال، سالانہ۔

——— **بھاری ہونا**: (اہل نجوم کی اصطلاح)، سال کا منحوس ہونا، سال کا تکلیف سے بسر ہونا۔

——— **بھر میں سخی سوم برابر ہو جاتے ہیں**: (مقولہ) سخی کا مال بجا اور سوم کا بے جا خرچ ہو جانے سے دونوں سال میں برابر ہو جاتے ہیں۔

——— **پلٹنا**: سال پورا ہونا، دوسرا سال شروع ہونا۔

——— **پیوستہ**: (اضافت کے ساتھ)، تیور س سال۔

——— **جلالی**: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) سالِ شمسی، جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی طرف منسوب سال۔

——— **خوردہ**: (ف)؛ پرانا، کہنہ۔

——— **رومی**: سکندر کے عہد کا سال۔

——— **شمسی**: مذکر، سورج کی چال کے حساب سے گنا جانے والا سال، حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شروع ہونے والا سال، (۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ½ ۴۷ سکنڈ کا۔

——— **عیسوی**: سالِ شمسی، حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شروع ہونے والا سال۔

——— **فصلی**: مذکر، فصلوں کے اعتبار سے شمار کیا جانے والا سال۔

——— **قمری**: مذکر، چاند کی چال پر شمار کیا جانے والا سال۔

——— **کبیسہ**: (اضافت کے ساتھ)؛ ہر تین سال کے اندر آنے والا تیرہ مہینوں کا برس، لونڈ کا برس۔

——— **ساکا**: راجا سالباہن کا راجا بکرماجیت پر فتح پانے کا سال۔

——— **سمبت بکرمی**: راجا بکرماجیت سے منسوب سال۔

——— **گرہ**: (ف) مونث؛ عمر کے ہر نئے سال شروع ہونے کی تاریخ۔

——— **ہجری**: رسول اللہؐ کا مکے سے مدینے ہجرت کرنے کا قمری سال۔

سالیانہ: (عمل)، وہ رقم جو سالانہ کسی کو ملے، وظیفہ۔

سالا: مذکر، (۱) بیوی کا بھائی، (۲) (بہ طور) گالی بھی۔

سالار: (ف) مذکر، سردار، افسر۔

سالٹ: SALT (انگ)؛ مذکر، نمک۔

سالِک: (ع) (۱) راہ چلنے والا، (۲) (اصطلاح صوفیاء) تقرب خدائے تعالا کا طالب اور عقلِ معاش رکھنے والا شخص۔

سالِم: (ع)؛ (۱) صحیح سلامت۔ تندرست، (۲) محفوظ، (۳) کامل، ثابت، پورا، (۴) ایک اصطلاح عروض۔

سالمیّت: مونث؛ پورا ہونا، کلیت۔

سالَن: مذکر، شوربے والی پکی ہوئی ترکاری یا گوشت۔

سالنا: (۱) لکڑی میں چھید کرنا، کاٹنا، چوں بنانا، (۲) (کنایتاً) تکلیف دینا۔

سالوتری: مذکر، جانوروں کا علاج معالجہ کرنے والا۔

سالوس: (ف) (۱) اپنی ظاہری وضع سے لوگوں کو دھوکا دینے والا، (۲) مکر و فریب، دھوکا۔

سالویشن آرمی: SALVATIONARMY (انگ)؛ مونث، عیسائیوں کی ایک تبلیغی جماعت جسے ملکتہ فوج بھی کہتے ہیں۔

سالی: مونث؛ بیوی کی بہن

سالیسٹر (سالی سٹر): SOLICITOR (انگ)؛ قانونی مشیر۔

سام: (ع) مذکر، (۱) نوحؑ کا بڑا بیٹا، (۲) رستم کا دادا۔

سامان: (ف) مذکر، (۱) اسباب، چیز، بست، (۲) ہتھیار، اوزار، مالا، (۳) بندوبست، درستی، اصلاح، (۴) ہوش، (۵) آثار، علامت۔

——— **بندھا**: بندوبست ہونا، تیاری ہونا، کسی چیز کے مہیا ہونے کے آثار ظاہر ہونا۔

——— **کرنا**: کسی چیز کی درستی کے اسباب مہیا کرنا، تیاری کرنا۔

——— **میں آنا**: (دھلی)؛ آپے میں آنا، ہوش میں آنا، عقدہ فرو ہونا، قبضے میں آنا۔

سامُدرِک: مونث؛ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر انسان کی قسمت بتانے کا علم، فراست اللہ۔

سامراج: (۵) مذکر، وہ ملک جس کے ماتحت بہت سے ملک ہوں، شہنشاہیت نوآبادیات اور ماتحت سلطنتیں رکھنے کی پالیسی۔

سامری: (ع) مذکر، حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل کو گمراہ کرنے والا جادوگر۔

——— **فن**: مذکر، (کنایتاً) جادوگر۔

سامع: (ع)؛ سننے والا۔

سامعہ: (ع) مونث: سُننے کی قوت۔

سامعین: (ع) جمع سامع کی، مذکر، سُننے والے۔

سامنا: مذکر، (۱) مقابلہ، لڑائی، جنگ، (۲) آگاہ (۳) روبرو، (۴) ملاقات، برابری، گستاخی۔

—— کرانا: کسی امر کی تصدیق کے لیے ایک کا دوسرے کے سامنے پیش کرنا۔

—— کرنا: (۱) کسی کے روبرو ہونا، (۲) (کنایتاً) مقابلہ کرنا، مقابلے پر آنا، لڑنا، (۳) تکرار کرنا، مباحثہ کرنا۔

—— ہونا: (۱) آنکھیں چار ہونا، ملاقات ہونا، (۲) مقابلہ ہونا، (۳) بے پردگی ہونا۔

سامنت: سامन्त: (ہ) مذکر، جاگیردار۔

—— کال: काल: (ہ) مذکر، جاگیرداروں کا عہد۔

سامنے: (۱) روبرو، مقابل، (۲) موجودگی میں (۳) سیدھ میں (۴) بالمواجہ۔

—— آنا: (۱) مقابل ہونا (۲) روبرو ہونا، منہ دکھانا، (۳) پیش آنا۔

—— کرنا: (۱) روبرو کرنا، پیش کرنا، دکھانا، (۲) مقابل کرنا۔

—— کی بات: روبرو کا ذکر، (۲) موجودگی کا حال (۳) جیتے جی کی بات۔

—— کی چوٹ: آگے کی چوٹ، کھلی ہوئی چوٹ، وہ طعن وطنز جو کھلم کھلا ہو۔

—— ہونا: (۱) روبرو ہونا، مستورات کا کسی سے پردہ نہ کرنا (۲) گستاخی سے پیش آنا، (۳) دعوتِ جنگ دینا، لڑنے کو تیار ہونا۔

سامی: (ع) بلند، عالی، (۲) (ہ) مونث، زرخیز اور قابلِ زراعت زمین۔

سان: (ف) مونث، (۱) باڑھ رکھنے کا پتھر (۲) دھار باڑھ (۳) جنگلی بط کی ایک قسم، (۴) ذبح کیے ہوئے جانور کے کباب بنانے والے اعضا، (۵) (ع) دہلی، مذکر، سناٹا۔

—— پر چڑھنا: دھار تیز کرنا۔

—— چڑھانا: (۱) باڑھ دینا، (۲) (کنایتاً) تیز کرنا۔

سانبھر: (۱) مذکر، بڑے ہرن کی ایک قسم، (۲) سانبھر جھیل سے نکلنے والا نمک۔

سانپ: مذکر، مار، ناگ۔

—— اور چور دبے پر چوٹ کرتے ہیں: (مقولہ)؛ یعنی دونوں مایوسی کی حالت میں حملہ کرتے ہیں۔

—— بچھو سمجھنا: (کنایتاً)؛ موذی سمجھنا، باعث ایذا سمجھنا۔

—— چھاتی پر پھرنا: رشک آنا، ملال ہونا، صدمہ پہنچنا۔

—— سا لوٹنا: بہت بے تابی ہونا، بہت حسد کرنا

—— سا لہرانا: (۱) سانپ کی طرح جنبش کرنا، (۲) کنایتاً، صدمہ ہونا، رشک ہونا، اضطراب ہونا۔

—— سے کھیلنا: (کنایتاً) خطرناک انسان سے ربط پیدا کرنا۔

—— کا بچہ سنپولیا: دشمن کا بچہ بھی خطرناک ہوتا ہے۔

—— کا پچھولا: سانپ کا چھالا، سانپ کے منہ کا زہریلا آبلہ۔

—— کا پھوڑا: ایک قسم کا دنبل۔

—— کا راستہ کاٹنا: شگون بد۔

—— کا سونگھ جانا: (۱) سانپ کا ڈس جانا، (۲) (کنایتاً)، دم بخود ہو جانا، خاموش ہو جانا۔

—— کا کاٹا پانی نہیں مانگتا: (مقولہ) سانپ کا کاٹا بہت جلد مر جاتا ہے۔

—— کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے: (مثل) سخت مصیبت زدہ معمولی بات سے بھی ڈرتا ہے۔

—— کا کھیلنا: سانپ کے کاٹے ہوئے کا منتر کے زور سے باتیں کرنا۔

—— کا مُن: سانپ کا دل، وہ مشہور چیز جو سانپ مستی میں اگلتا ہے، پھر نگل لیتا ہے۔

—— کی سی کینچلی جھاڑنا: نکھرنا، صاف اور ستھرا بننا، بیماری سے صحت پانا۔

—— کے کاٹے کی لہر: مارگزیدہ کا بھی کبھی کبھی جنبش میں آنا۔

—— کی لکیر: سانپ کے چلنے کا نشان جو زمین پر پڑتا ہے۔

—— کیلنا: کسی دعا یا افسوں کے اثر سے سانپ کو کاٹنے سے باز رکھنا۔

—— کے منہ میں چھچھوندر نکلے تو اندھا اُگلے تو کوڑھی: (مثل) ایسا فعل جس کو کر کے چھوڑنا دشوار ہو۔

—— مرے نہ لاٹھی ٹوٹے: (مثل) برائی بھی ختم ہو جائے اور کوئی نقصان بھی نہ پہنچے، حکمت اور ہوشیاری سے کام نکالنا۔

—— نکل گیا لکیر پیٹا کرو: (مثل)؛ کسی بات کا علاج وقت پر نہ کرنے میں غفلت کرنا اور جب وقت گزر جائے اس کی تدبیر میں فضول کوشش کرنا، مطلب ہاتھ سے جاتا رہا اب افسوس سے کیا فائدہ۔

سانپن: مونث: ناگن، سانپ کی مادہ، بعض آدمیوں کی پشت پر اور گھوڑے کی ایال کے نیچے ایک لمبے بالوں کی لکیر یا بھونری۔

سانٹ / سانٹھ: مونث: گرہ پڑی ہوئی رسی، گرہ، گتھی (۲) سازش۔
——— **گانٹھ**: مونث: سازش (دھلی) آنٹ سانٹ۔ دشمنی۔
——— **لینا**: (عم) کسی شخص کو اپنی طرف کرلینا، مخالف کے آدمی کو توڑلینا۔
سانٹا: مذکر، (۱) بیل ہانکنے کے لیے چمڑے کا تسمہ بندھی ہوئی لکڑی، چابک (۲) آنکس۔
سانٹھا: (عم) (۱) دھاگے میں جوڑ لگانا (۲) موافق کرلینا۔
سانجھ: (۵): مونث: شام، سورج ڈوبنے کا وقت۔
سانچ: (۵) مذکر، سچ، صحیح۔
——— **کو آنچ نہیں / کو آنچ کیا**: (مثل) سچ بولنے میں ضرر نہیں۔
سانچی بات سعداللہ کہے، سب کے مَن سے اُترا رہے: (عمل) (مثل) سچی بات کہنے والے سے سب ناخوش ہوتے ہیں۔
سانچا: مذکر، (۱) قالب، (۲) ڈھانچا۔
سانچے میں ڈھالنا: (۱) قالب میں ڈھال کر بنانا، کسی چیز کے قوام یا مادّے کو قالب میں ڈھال کر جمانا، (۲) (کنایتاً) سڈول اور خوبصورت بنانا۔
سانحہ: (ع) مذکر، ظاہر ہونے والا، پیش آنے والا، حادثہ۔
سانڈ: مذکر، (۱) بیل، (۲) گائے کو گابھن کرنے والا مخصوص بیل، (۳) دیوتا کے نام پر چھوڑ دیا جانے والا بے روک ٹوک پھرنے والا بیل، (۴) خصیہ دار، (۵) موٹا تازہ (۶) (کنایتاً) عیاش۔
سانڈا: مذکر، گوہ کی قسم کا ایک جانور۔
سانڈے کی اولاد: بہت کم خوراک۔
——— **کا تیل بیچنا**: قوت حوانیہ کو اشتعال دلانے والی باتیں کرنا۔
سانڈنی: مونث: تیز رفتار سواری کی اونٹنی۔
——— **سوار**: (۱) ناقہ سوار (۲) مجازاً: نامہ بر، پیغام بر، قاصد۔
سانس: مذکر۔ مونث: (۱) نفس، پھونک (۲) بھاپ، (۳) ہوا نکلنے کی جگہ، شگاف۔
——— **اُٹرنا**: دم رُکنا، دم اٹکنا، سانس رُک رُک کر نکلنا۔
——— **اُکھڑنا**: سانس کی آمد و رفت کا سلسلہ ٹوٹ جانا، نزع کی حالت پیدا ہوجانا۔
——— **بھرنا / بھر جانا / پھولنا / چڑھنا**: (۱) اوپر کا دم لینا (۲) ہانپنا۔
——— **ٹوٹنا**: سانس کے چلنے میں فرق آنا۔
——— **چُرانا**: سانس کھینچ کر روک لینا، مُردہ بن جانا۔
——— **ذکار نہ لینا**: مال ہضم کرجانے کے آثار ظاہر نہ ہونے دینا۔
——— **کا روگ**: دَمہ۔
——— **کا شمار ہونا**: نزع کا وقت ہونا۔
——— **کھینچنا**: زور سے سانس لینا، عذر کرنا، شکوہ کرنا۔
——— **گننا**: دم شماری کرنا، نزع کے وقت سانس کی آمد و رفت دیکھنا۔
——— **نہ نکلنا**: سانس نہ لینا، اُف نہ کرنا، برداشت کرنا۔
سانسا: مذکر، (۱) فکر، اندیشہ، خوف، خطرہ، (۲) سوچ بچار۔
سانسی: مذکر، خانہ بدوش، جرائم پیشہ قبیلہ۔
سانک: (۵) مذکر، برچھی، نیزہ، بھالا، آنکس۔
سانگ: مذکر، (۱) ایک نوک دار آلہ جس سے کنواں کھودتے ہیں، (۲) ہاتھی کا ایک آنکس۔
سانگ / سُوانگ: مذکر (۱) بھیس، کسی کی نقل بنانا، بھیس بدلنا (۲) کھیل تماشا، راس لیلا (۳) ٹھٹھکہ، تمسخر، مزاح، (۴) کرتب (۵) فریب، شعبدہ۔
——— **کرنا**: تماشا کرنا، کھیل کرنا، (۲) روپ بھرنا، (۳) مسخرا پن کرنا، راگ لانا۔
——— **لانا**: کھیل کرنا، جھگڑا نکالنا (۲) روپ بھرنا۔
سانگی: مذکر، (۱) سوانگ بھرنے والا (۲) گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ، گاڑی کا جُوا۔
سان گمان: مذکر، وہم و خیال۔
ساننا: مذکر، (۱) گوندھنا، مَسلنا، مَلنا، (۲) بھر لینا، آلودہ کرلینا، (۳) شریک کرلینا، پھانسنا، شریک حال کرنا، شریک جرم کرنا۔
سانولا: مذکر، (۱) سیاہی مائل رنگ، نمکین، (۲) سبزہ رنگ آدمی۔
——— **سلونا**: (کنایتاً) سلونا۔
سانولی صورت: نمکین صورت۔
سانی: مونث: (۱) کھل ملا ہوا بھوسا (۲) دہل۔ کھیتی باڑی اور باغ کا کام کرنے والا کاشت کار۔
ساوتھ: SOUTH (انگ) مذکر، دکھن، جنوب۔
ساودھان: (۵) ہوشیار، خبردار۔
ساون: مذکر، ایک ہندی مہینہ۔
——— **بھادوں**: (۱) وہ مکان جس میں چاروں طرف باریک باریک

جالیاں لگی ہوتی ہیں اور دیکھنے سے موسلا دھار بارش کا سماں معلوم ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) دہلی، دھوپ چھاؤں۔

ساون بھادوں ہلنا / سے بھادوں ہلنا : (۱) ساون کے مہینے کا تمام ہو کر بھادوں کا شروع ہونا (۲) (مجازاً) بہت بارش ہونا۔

ـــــ کی جھڑی : شدت کی بارش جو ساون میں ہوتی ہے۔

ـــــ کے اندھے کو ہرا ہرا سوجھے : (مثل) ہر شخص اپنے حال کے موافق سب کی حالت خیال کرتا ہے۔

ـــــ ہرے نہ بھادوں سوکھے : (مثل) جس شخص کا حال ہمیشہ یکساں رہتا ہو۔

ساونی : مونث؛ (۱) فصل خریف (۲) ساون کے مہینے میں کھلنے والا ایک قسم کا پھول (۳) ساون کے مہینے میں دولھا کے گھر سے دلہن کے گھر بھیجا جانے والا جھولا۔ مٹھائی، آم، ترکاری اور میوے۔ (۴) ساون کی پورن ماشی (۵) ساون کے گیت۔

ساونت : (۵) (مذکر) دلیر، بہادر، شجاع، سورما۔

ساہ : (۵) (مذکر) (۱) تاجر، مہاجن، ساہوکار (۲) دکاندار (۳) صراف، (۴) مال دار، (۵) عزت دار (۶) بھلا مانس، شریف (۷) کھرا، دیانتدار۔

ـــــ جوگ پنڈی : حال کو روپیا مل جانے والی ہنڈی۔

ساہا : مذکر۔ (دہلی) (۱) ہندوؤں کی شادی کے دن، سہاگ، لگن (۲) وقت، سماں (۳) کھیتی کاٹنے کا وقت۔

ساہس : (۵) مذکر، ہمت، دلیری، مردانگی۔

ساہو : (۵) خیر خواہ، دوست، سچا۔

ـــــ کُتا : پیٹھ پر بے بال کا کتا۔

ـــــ کار : مذکر (۱) مہاجن تاجر (۲) سودے پر روپے قرض دینے والا۔

ـــــ کارا : مذکر، لین دین کی جگہ بصرآفہ۔

ساہی : مونث؛ تمام جسم پر کانٹے والا ایک جانور۔

سائڈ : SIDE (انگ) (۱) طرف، جانب، رُخ (۲) پہلو، حاشیہ، سرا، کنارا۔

سائر / سایر : (ع) (۱) پھرنے والا، گردش کرنے والا (۲) تمام، کُل (۳) مونث، چھگلی۔

ـــــ خرچ : مذکر، متفرقات خرچ، عارضی اور غیر معمولی خرچ، دفتر کا متفرق خرچ۔

سائر دائر : (ع) (۱) پھرنے والا، اور گردش کرنے والا، (۲) (مجازاً) جاری اور مشہور۔

سائرن : SIREN (انگ) مذکر، خبردار یا ہوشیار کرنے کا بھونپو، بلند آواز پیدا کرنے والا آلہ۔

سائفن : SIPHON (انگ)۔ مذکر، خم دار نلی۔

سائیکل : CYCLE (انگ)؛ مونث؛ (۱) دو یا تین پہیوں کی گاڑی جو پیر سے چلائی جاتی ہے (۲) بائیسکل۔

سائل : (ع) (۱) پوچھنے والا، سوال کرنے والا (۲) چاہنے والا (۳) جاری ہونے والا، (۴) فقیر، بھکاری (۵) عرضی دینے والا، درخواست دینے والا۔

سائن بورڈ : SIGN-BOARD (انگ)؛ نام کا بورڈ، دکانوں پر نام کا لگایا جانے والا تختہ۔

سائنٹسٹ : SCIENTIST (انگ)؛ سائنس داں۔

سائنٹفک (سائن ٹی فک) SCIENTIFIC (انگ)؛ سائنسی، سائنس سے متعلق، علمی۔

سائنس : SCIENCE (انگ)؛ مونث؛ کسی چیز کا جاننا، علم، علوم طبعی، حکمت، کسی مضمون کا مجموعی علم۔

ـــــ داں : مذکر، سائنس جاننے والا۔

سائی : مونث؛ (۱) بیعانہ، کسی مالی طے شدہ معاملے میں بات پکی کرنے کے لیے کچھ رقم بطور علامت پیشگی دینا، (۲) وہ روپیا جو ناچنے گانے سے پہلے مطربوں کو بطور پیشگی دیا جائے۔

سائیس / سئیس : مذکر، گھوڑے کی خدمت کرنے والا۔

سائیسی : مونث؛ گھوڑے کی خدمت کا کام یا پیشہ۔

ـــــ علم دریاو : (مثل) ہر علم و ہنر میں خاص راز ہوتے ہیں، معمولی فن کی اہمیت ظاہر کرنا۔

سائیں : مذکر، (۱) درویش، خدا شناس، (۲) گدا، بھکاری (۳) (۵) خدا، مالک، آقا، شوہر، (۴) ایک قسم کے کمبل پوش فقیر۔

سائیں سائیں : مونث؛ ہوا چلنے کی آواز۔

ـــــ کرنا : (۱) جسم میں سن سناہٹ ہونا، ضعف سے جسم کا گرا پڑنا، (۲) جنگل میں ہوا چلنے سے درختوں کے پتوں کی آواز، (۳) عموماً ویران برسنا، وحشت برسنا۔

سایا : (پرتگالی)؛ مذکر، عیسوں کی گھیر دار پوشاک، گون، پٹی کوٹ، لہنگا۔

سایبان: (ف، مذکر، مکان خیمے وغیرہ کے آگے کا چھپر، مکان کی آڑ کا نیم گیرا۔

سایہ: (ف، مذکر، (۱) چھانو، پرچھائیں، پرتو، (۲) مجازاً: حمایت، مدد، (۳) جن، بھوت پریت، (۴) صحبت کا اثر، ظلِ عاطفت (۵) منعور کا تصویر میں سایے کی طرح پیدا کی ہوئی سیاہی یا تیرگی۔

——— اُترنا: (۱) (کنایتاً) جن پری کا اثر زائل ہونا، (۲) پرچھائیں کا اوپر سے نیچے آنا۔

——— اٹھنا: مربی، سرپرست کا مر جانا۔

——— بن کر ساتھ رہنا: (کنایتاً): کبھی جدا نہ ہونا۔

——— پڑنا: (۱) کسی چیز کا سایہ زمین وغیرہ پر پڑنا، (۲) پرچھاواں پڑنا،

——— صحبت کا اثر ہونا، کسی کی خو بو حاصل کرنا۔

ڈالنا: (کنایتاً) اثر ڈالنا، فیضِ صحبت سے مستفید کرنا۔

——— ڈھلنا: (۱) چھٹ پٹے کا وقت ہونا (۲) سایہ اُتر جانا، زوال کا وقت ہونا۔

——— رہنا: (۱) چھانو رہنا، (۲) سر پر کسی بزرگ کا قائم رہنا۔

——— ہونا: (۱) صحبت کا اثر ہونا، (۲) حمایت ہونا، مہربانی ہونا، (۳) آسیب زدہ ہونا۔

——— بالِ ہُما: (ف، مذکر، ہُما کے پروں کے سایے کا اثر (کہا جاتا ہے کہ جس شخص پر ہُما کا سایہ پڑ جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔)

——— تیغ میں نیند آنا: خطرے کی حالت میں نیند آنا۔

سایے سے بھاگنا / سے بھڑکنا / وحشت ہونا: کسی چیز سے انتہا کی وحشت ہونا، ڈر ہونا۔

س — ب

سب: (ا) سارا۔ کل، تمام، (۲) ہر ایک، ہر طرح کا، ہر قسم کا (۳) پورا۔ کامل (۴) عام، مشترک، (۵) بالکل، سراسر، (۶) عام لوگ۔

——— ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں: (مثل) سب ایک ہی سے ہیں۔

——— دن چنگے، تہوار کے دن ننگے: (مثل): جو شخص وقت پر عمدہ پوشاک نہ ہونے سے شرمندگی اٹھائے۔

——— دن خدا کے ہیں: (مقولہ): سعادت و نحوست کسی دن پر موقوف نہیں۔

——— دھان باہیں پسیری: (مثل) سب سے یکساں برتاؤ ہونا، جہاں بُرے، بھلے، اچھے بُرے کی تمیز نہ کی جائے۔

سب سے بھلی چُپ: (مثل) خاموشی سب سے بہتر چیز ہے۔

——— سے ٹوٹ کر اُسی کے ہو رہنا: (مقولہ): سب سے جُدا ہو کر بس خدا ہی کے بن جانا۔

——— کچھ ہو ہُوا کر: (مقولہ) سب معاملے ہو کر، کارروائی ختم ہونے کے بعد۔

——— کو ایک آنکھ دیکھنا: (مقولہ) سب کو ایک نظر دیکھنا، سب کو یکساں سمجھنا، کسی کے ساتھ خصوصیت یا طرفداری نہ کرنا۔

——— کو ایک لاٹھی سے ہانکنا: (مثل): ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا بغیر تمیز درجے اور مرتبے یا حیثیت کے۔

——— کے داتا رام: (مثل): خدا سب کا رزاق ہے۔

——— گُنوں پُورا: لایق، ہوشیار، تمام خوبیوں سے بھرا ہوا۔

سبھی: سب ہی کا مخفف۔

سبا: ملکِ یمن کے ایک شہر کا نام، جس کی ملکہ بلقیس کو حضرت سلیمانؑ نے مع تخت کے طلب کیا اور ان سے نکاح کر لیا۔

سَبّابہ: (ع) مونث: کلمے کی انگلی، انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔

سُباس: (ف) مونث: خوش بُو، عطر۔

سِباق: (ع) مذکر: علم حساب کی مہارت (سیاق کے ساتھ مستعمل ہے)

سَب آرڈینیٹ: SUB-ORDINATE (انگ): ماتحت

سَب آفس: SUB-OFFICE (انگ): مذکر، ماتحت دفتر، بڑے دفتر کی شاخ۔

سَب اِنسپکٹر: SUB-INSPECTOR (انگ) نائب انسپکٹر، تھانے دار۔

سبب: مذکر (۱) ایک اصطلاحِ علمِ عروض، (۲) اصطلاحِ حُکما، وسیلہ، وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو، (۳) باعث، وجہ، (۴) حجت، دلیل، (۵) ذریعہ، وسیلہ، واسطہ۔

سَبْت: (ع) مذکر، سنیچر کا دن۔

سَبجکٹ: SUBJECT (انگ): مذکر، مضمون، موضوع۔

سُبحان: (ع) پاک، خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔

سُبحان اللہ: (۱) پاک ہے اللہ، (۲) تعجب کا کلمہ (۳) تحسین و آفریں کا کلمہ، (۴) فرطِ لذت یا خوشی کا کلمہ۔

سُبحان تیری قدرت: (۱) کالے تیتر کی بولی (۲) مقامِ تعجب اور تعفیک پر بولنے کا کلمہ۔

سُبحانی: خدائے تعالا سے منسوب۔

سُبحہ: (ع) مذکر، مونث: تسبیح کے دانے، تسبیح۔

——— سُبحہ / گرداں: (ف): تسبیح پڑھنے والا۔

سَیَّد: (ف) مونث؛ (۱) نوکرا، نوکری (۲) ڈالی نذر کی۔

سَب ڈویژن: SUB-DIVISION (انگ)؛ (۱) ضلع کا ایک حصہ۔ (۲) ذیلی علاقہ۔

سَبُز: (ف)؛ ہرا، کچا، تازہ، شاداب۔

سَبزانِ چَمَن: (ف) مذکر، باغ کے درخت۔

سَبز باغ دِکھانا: (کنایتاً) فریب دینا، دھوکا دینا۔

—— **پَری**: (۱) ایک پری کا نام (۲) (کنایتاً) شراب (۳) ہر خوبصورت سبز چیز۔

—— **پوش**: (ف) (۱) سبز لباس والا (۲) (کنایتاً) زاہد، ماتمی

—— **فام**: (ف)؛ (۱) سبز رنگ (۲) (کنایتاً) معشوق۔

—— **قَدَم**: (ف)؛ دلدر، بدبخت، منحوس۔

سَبزَہ: (ف)، مذکر (۱) روئیدگی، نباتات (۲) نیل کنٹھ، (۳) زمرد، پنا، (۴) ایک قسم کا آم، (۵) ایک قسم کا خربوزہ (۶) کان کا ایک سبز رنگ کا زیور، (۷) (کنایتاً) پلک، (۸) سبزی مائل بہ سیاہی رنگ گھوڑا، (۹) داڑھی مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے چہرے پر نمایاں ہونے والی سبزی جسے 'خط' کہتے ہیں۔

—— **آغاز**: نوخیز، نوجوان، خط نکلنے کا آغاز۔

—— **اُگنا**: گھاس جمنا، سبزے کا پیدا ہونا، نکلنا۔

سَبزہ بیگانہ: (ف)، مذکر، خودرَو سبزہ، آپ اُگنے والی ہریالی۔

—— **خط**: (ف)، مذکر، رُخساروں پر بالوں کے اُگنے سے نمودار ہونے والی سبزی۔

—— **خوابیدہ**: (ف) (اضافت کے ساتھ)، مذکر، کسی قدر خمیدہ سبزہ۔

سبزہ رنگ: (ف) (۱) کنایتاً، گندمی رنگ، (۲) کنایتاً، معشوق۔

—— **رَوندنا**: (دہلی)؛ سبز گھاس پر پھرنا، نباتات کو پامال کرنا، آخری چہارشنبہ کی ایک رسم۔

سبزۂ نوخیز: (ف)، مذکر، نیا اُگا ہوا سبزہ۔

سَبزی: (ف)، مونث؛ (۱) سبزے سے منسوب، سبز رنگت، (۲) ساگ پات، ترکاریاں، (۳) بھنگ، (۴) اصیل تلوار کے جوہر کی رنگت۔

—— **مَنڈی**: مونث؛ سبز ترکاریاں تازے میوے بکنے کی جگہ۔

سَبسکرائبر: SUBSCRIBER؛ (انگ)؛ چندہ دینے والا، خریدار۔

سِبط: (ع)؛ (۱) اولاد بیٹے یا بیٹی کی (۲) قبیلہ، نسل، خاندان۔

سِبطَین: (ع)؛ رسول اللہ صلعم کے دونوں نواسے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ۔

سَبع: (ع)؛ سات۔ ۷۔

—— **سَیّارہ/سَبعۂ سَیّارہ**: (اضافت کے ساتھ) (ع) مذکر، سات سیارے، سات سیارے۔

—— **المثانی**: مونث؛ (کنایتاً)؛ سورۂ فاتحہ (جس میں مع بسم اللہ سات آیتیں ہیں۔ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر دوگانہ میں دو بار پڑھی جاتی ہیں۔ یا اس کا نزول دو مرتبہ ہوا، ایک مرتبہ مکہ میں اور ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں۔

سَبق: (ع) مذکر، (۱) کتاب کا وہ حصہ جو یکے بعد دیگرے آگے پڑھایا جائے۔ (۲) پند، نصیحت، سزا۔

—— **پڑھانا**: (۱) تعلیم دینا۔ درس دینا۔ (۲) (کنایتاً)؛ پٹی پڑھانا۔ بہکانا۔

—— **لینا**: (۱) سبق لینا (۲) کچھ سیکھنا، عبرت حاصل کرنا۔

سَبقَت: (ع)، مونث؛ (۱) کسی سے آگے بڑھنا۔ بڑائی۔ بزرگی۔ ترجیح۔ (۲) برتری۔ پیش قدمی۔ فوقیت۔ پہل۔

سُبک/سَبُک: (۱) ہلکا، خفیف۔ (۲) نازک (۳) تیز، سُست، چالاک، (۴) (کنایتاً)؛ بے عزت (ہ)، بے تعلق۔

—— **بار/بال/جاں**: (ف۔ (۱) ہلکے بوجھ والا۔ (۲) (کنایتاً)، فارغ البال۔ مجرد، اکیلا۔ ہلکا پھلکا۔

—— **خیز**: (ف) چست وچالاک۔ تیز رفتار۔

—— **دَست**: (ف)، ہاتھ کے کاموں میں جلدی کرنے والا، تیز دست۔

—— **دوش**: (ف)، جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو، آزاد، مجرد۔ بے تعلق۔ فارغ، بری الذمہ۔ فرصت پانے والا۔

—— **رَو/رفتار**: (ف) تیز رفتار۔

—— **رُوح**: (ف)، جسم کی لطافت، لطیف طبع۔

—— **سار**: (ف) ہلکا۔ بے وقار، کم قیمت۔

—— **سَر**: (ف)، کمینہ، اوچھا، کم حوصلہ، احمق۔

—— **سَیر**: (ف)، تیز رفتار۔

—— **عنان**: (ف)، تیز جانے والا۔ (ہر کارہ یا گھوڑا)

—— **گام**: (ف)، تیز رفتار۔

سُبک مزاج: (ف) غیر مستقل مزاج، متلون مزاج، نازک مزاج
——— ہونا: (۱) ہلکا ہونا، فارغ ہونا، بری الذمہ ہونا، (۲) بے وقعت ہونا، ناقص ہونا، (۳) خفیف ہونا، حقیر ہونا۔
سُبکی: (ف) مونث: (۱) ہلکاپن (۲) خفیف، ذلت، رسوائی۔
سُبکنا: (ہ) سسکی بھرنا۔
سُبکی: (ہ) مونث: ہچکی، رونے وقت اوپر کی سانس جھٹکے کے ساتھ لینا۔
سُبکیاں لینا/بھرنا: رونے میں ہچکیاں لینا۔
سُبُل: (ع) مذکر، جمع سبیل کی، روشن راہیں۔
سُبو/سُبُو: (ف) مذکر، گھڑا، مٹکا، ٹھلیا۔
سَبوتاژ: (ف) مذکر، (قانونی اور معاشرتی اصطلاح): توڑ پھوڑ، تخریبی کارروائی، دیکھو: (انگ) SABOTAGE
سَبُوس: (ف) مونث: بھوسی، چوکر۔
سب وشتم: (ع) مذکر، گالی گلوچ، گالی دینا، بُرا بھلا کہنا۔
سُبْتیا: مذکر۔ (ع): (۱) فرصت، چھٹی، (۲) اطمینان، انتظام
سبیل: (ع): (۱) رستہ، طریقہ، وسیلہ، سبب، تدبیر (۲) پانی دودھ یا شربت تقسیم کرنے کی جگہ۔
——— پلانا: پانی یا شربت کسی کے نام پر پلانا، بیشتر حضرت امام حسین کے نام پر پلانا۔
——— رکھنا: کسی جگہ پانی اور آب خورے مسافروں کے پینے کے لیے رکھنا
سُبھ/شُبھ: (ہ) مبارک، مسعود۔
——— گھڑی: مونث: نیک ساعت، مبارک وقت
——— لگن ہونا: دو نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا، ہندو شادی کا ایک رسم
سبھا: (ہ) مذکر، مجلس، جماعت، کمیٹی۔
سبھاپتی: (ہ) مذکر، میر مجلس، صدر۔
سُبھاگی: (س): خوش قسمت، بھاگوان۔
سُبھاو: (ہ) مذکر: (۱) عادت، خو، خصلت، فطرت، (۲) ڈھنگ، قاعدہ
سَبھیتا: (ہ) مونث: تہذیب، تمدن۔

س - پ

سپّا: (ہ) مذکر، تپس، ڈھب، ڈھنگ۔
——— لڑانا: تپس جمانا، ڈھنگ ڈالنا۔
——— لگانا/مارنا: (دلی): پھندا لگانا، نشانہ لگانا، جال ڈالنا۔
سپاٹ: (۱) برابر، ہموار، (۲) صاف، سادہ، (۳) یک ساں، مسطح۔
سپاٹا: مذکر (۱) دوڑ جھپٹ، (۲) سیر تماشا۔
——— بھرنا: (۱) چھلانگ مارنا، اڑ جانا، (۲) جلد جلد پڑھنا۔
سپارس: (ف) مونث: سفارش۔
سپارہ: (ف) (سی پارہ کا مخفف): کتاب کا جز، حصہ۔ پارہ۔
سپاری: (ع م) مونث: (۱) ڈلی، چھالیا، (۲) سر ڈگر۔
سپاس: (ف) مذکر، تعریف، شکر گزاری۔
——— گزاری: (ف) مونث: اظہار احسان مندی کرنا، شکریہ ادا کرنا۔
——— نامہ: (ف) مذکر: ایڈریس، تحریری شکریہ۔
سپاہ: (ف): مونث: فوج۔ لشکر۔
سپاہی: مذکر: لشکری، فوجی آدمی، پیادہ۔
سپر: مونث: (۱) ڈھال، پھری، (۲) مجازاً: آڑ، پناہ، حفاظت، روکنا۔
——— انداختہ: (ف ×کرنا) عاجز
——— اندازی: (ف) مونث: ہتھیار ڈال دینا۔
سپرد/سپُرد: (ف) کسی کے قبضے میں دیا ہوا، سونپنا۔
——— کرنا: (۱) سونپنا، حفاظت میں دینا، (۲) قبضے میں دینا، امانت رکھنا۔ حوالے کرنا (۳) حراست میں دینا۔
سپُردگی: (ف) مونث: (۱) تحویل، تفویض (۲) حوالات، حراست۔
سُپرنٹنڈنٹ: SUPRINTENDENT: دفتر کے کسی شعبے کا نگراں افسر، سربراہ کار منتظم (کسی دفتر کا) ناظر، مہتمم۔
سُپروائی زر: SUPERVISER: (انگ): داروغہ، مہتمم، نگراں۔
سُپریم: SUPREME: (انگ): اعلاء سب سے بڑا، اعلا درجے کا، اعلا اختیار یا اقتدار رکھنے والا۔
——— کورٹ: COURT ——— (انگ) مذکر، ملک کی سب سے بڑی عدالت، صدر عدالت۔
سپٹر سپٹر: مونث: بے تمیزی کے کھانے کی آواز، کتے کے کھانے کی آواز۔ جوتیاں چٹخاتے ہوئے چلنے کی آواز۔
سپٹرنا: (ع م) تمام ہو جانا۔
سپستان: (ف) مذکر، لہسوڑا، لسوڑا۔
سپلائی: SUPPLY: (انگ): بہم رسانی۔ مہیا کرنا، بہم پہنچانا، فراہمی، رسد

سپلیمنٹ: (سپلی، منٹ)؛ SUPPLEMENT : (انگ)، مذکر ضمیمہ، تتمہ (کسی اخبار کا)

سپنا/سپنا: مذکر، خواب۔

سپند: مذکر، کالے دانے، نظر اُتارنے کے لیے اور چیزوں کے ساتھ رکھے جانے والے اسپند۔

سپوت: مذکر (۱) سعادت مند بیٹا، (۲) (طنزاً) نالایق بیٹا

سپوتوں کے کپوت اور کپوتوں کے سپوت: (مثل)؛ بُروں کی نیک اور نیکوں کی بُری اولاد ہوتی ہے۔

سپولا/سپولیا: مذکر، سانپ کا نکلا ہوا بچہ۔

سپہ: (ف)؛ سپاہ کا مخفف؛ فوج۔

——— **دار**: (ف) لشکر کا سردار۔

——— **سالار**: (ف) مذکر، فوج کا بڑا افسر۔

——— **گری**: سپاہی کا پیشہ، فوجی۔

سپہر: (ف، مذکر، آسمان۔

——— **بریں**: (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر، (کنایتاً)؛ نواں آسمان سب سے آخری آسمان۔

سپید/سفید: (ف) (۱) گورا، (۲) کورا، سادا، بے لکھا، (۳) خوف یا ضعف سے رنگ اُڑا ہوا، خوف زدہ۔

——— **پڑ جانا**: چہرے کا رنگ اُڑ جانا، خوف۔ یا غم سے خون خشک ہو جانا۔

——— **وسیاہ عالم**، (ف)؛ (کنایتاً)؛ بُرائی بھلائی، نشیب و فراز، ترقی و تنزل۔

——— **وسیاہ کا اختیار**: کامل اختیار، بنانے بگاڑنے کا اختیار

سپیدہ: (ف)؛ مذکر، (۱) صبح صادق کی روشنی، (۲) ایک قسم کی دوا۔

سپیدۂ صبح: (ف)؛ مذکر، طلوع آفتاب سے پہلے کی سفیدی۔

سپیدی/سفیدی: (ف) مونث؛ (۱) بیاض، صباحت، (۲) روشنی نور، صبح کی روشنی، (۳) قلعی، پتھر کا پھُکا ہوا چونا، سنگ مرمر کا چونا، (۴) ہفتہ مرغ کے اندر کا سپید حصہ۔

——— **پھیرنا/کرنا**: دیوار یا مکان وغیرہ پر چونا پھیرنا۔

سپیرا: مذکر، سانپ پالنے والا، سانپ کھلانے والا، سانپ کے تماشے دکھلانے والا۔

سپھل: (ف) کامیاب۔

س-ت

ست: مذکر، (۱) زور، بل، طاقت، (۲) دوا کا جوہر، روح، (۳) سات کا مخفف (۴) ایمان، دھرم، سچ، (۵) لُبِ لباب۔

——— **بچن**: (ف) مذکر، سچا مقولہ، سچی بات۔

——— **جُگ**: سچ اور ایمان داری والا دنیا کا پہلا قرن۔

——— **چڑھنا**: (۱) ستی ہونے کو جی چاہنا، مرنے پر مستعد ہونا، (۲) ولولہ پیدا ہونا۔

——— **خصمی**: (عو) مونث؛ (۱) یکے بعد دیگرے بہت سے خصم کی ہوئی عورت (۲) (کنایتاً) : وہ جائے داد جو کسی کی ملکیت نہ ہو اور اس پر ہر شخص کو اختیار ہو۔

——— **کھنڈا**: (۱) سات منزل کا مکان، (۲) مذکر، ایک قسم کے لڑکوں کا کھیل۔

——— **لڑا**: مذکر، (۱) سات لڑی کا رسّا، (۲) ایک زیور۔

——— **مانسا/وانسا**: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ، حاملہ عورت کی ایک رسم کا نام، جو پہلے حمل کی ساتویں مہینہ برتی جاتی ہے۔

——— **نجا**: مذکر، (۱) سات قسم کا بھُنا ہوا غلّہ، سات قسم کا ملا ہوا اناج، سات اناج ملا کر پکایا ہوا شُلہ (۲) (مجازاً) ملا جُلا، گڈمڈ، دو غلہ، مخلوط النسل۔

ستا: مذکر، (۱) تاش کا سات نقطے (علامتیں) والا پتا، (۲) پچیسی کی سات کوڑیوں کا چت گرنا۔

ستار: (ع) مذکر، (۱) خدائے تعالا کا نام، (۲) پردہ پوش، عیب ڈھانکنے والا۔

ستار: (ف) مذکر، ایک باجے کا نام۔

ستاری: مونث؛ چھوٹا ستار۔

ستاریا: ستار باز۔

ستارہ: (ف) مذکر، (۱) تارا، (۲) طالع، قسمت، تقدیر، اقبال، (۳) گھوڑوں کی پیشانی کا سفید نشان، (۴) ایک قسم کی آتش بازی، (۵) گول گول چمک دار ٹکڑوں کی افشاں (۶) ایک گلے کا زیور۔

——— **اچھا ہونا**: مقدر اچھا ہونا، اقبال کا زمانہ۔

——— **اوج پر ہونا**: اقبال مند ہونا، بلند طالع ہونا۔

——— **برگشتہ ہونا**: طالع کا خلاف ہونا، بداقبالی کا زمانہ ہونا۔

——— **بھاری ہونا**: نجوم کی رو سے منحوس ہونا۔

ستارہ ٹوٹنا: ستارے کا اپنی جگہ سے تیزی کے ساتھ دوسری طرف جانا، شہاب ثاقب
——— جھلملانا: رات ختم ہونے کی علامت ظاہر ہونا۔
——— چمکنا: ستارے کا روشن ہونا، اقبال یاور ہونا۔
——— داں/شناس: (ف) نجومی، ستاروں کا علم جاننے والا۔
——— دُم دار/دُنبالہ دار: (ف) دُم والا ستارہ، جھاڑو تارا۔
——— شناس: (ف) نجومی۔
ستارۂ صبح: (ف) زہرہ۔
——— گردش میں آنا: (کنایتاً) بُرے دن آنا۔
——— ملنا: راس ملنا، مزاج اور طبیعت موافق ہونا۔
سُتاری: مونث؛ چاروں کے جوتا سینے کے ایک اوزار کا نام۔
ستانا: (۱) تکلیف دینا، رنج دینا، (۲) حیران کرنا، پیچھے پڑنا
ستانوے: نوے اور سات، ۹۷۔
ستاون: پچاس اور سات، ۵۷۔
ستائیس: بیس اور سات، ۲۷۔
ستایش: (ف) مونث؛ سراہنا، تعریف، حمد وثنا۔
——— گر: (ف)؛ سراہنے والا، تعریف کرنے والا۔
ستّر: ستر اور سات، ۷۷۔
ستّ جانا: (عو)؛ دُبلا ہو جانا، (مُنہ یا چہرے کے ساتھ)
سَتر: (ع)؛ مذکر (۱) چھپانا، (۲) عورت یا مرد کے شرعاً چھپانے کے وہ مقامات جس کا پردہ واجب ہے، اور جسے کھولنے سے شرم آتی ہے۔
——— پوشی: (مونث، اف) ستر چھپانا۔
——— عورت: (اضافت کے ساتھ) (ع) مذکر؛ چھپانا، عورت مرد کے شرعاً
ستّر: (۱) ۷۰۔ (۲) کثرت، بہتیرے سیکڑوں؛ چھپانے کے مقامات، مقام مخصوص۔
——— چوہے کھا کے بلّی حج کو چلی: (مثل) عمر بھر اخلاقی جرم میں بسر کر کے تائب ہے۔
ستّرا بہتّرا/ستّرا بہتّرا: (م) مذکر، (کنایتاً) بہت بوڑھا، ستر بہتر سال کی عمر کا آدمی۔
سترہ: دس اور سات، ۱۷۔
سترھویں: مونث؛ (۱) سترہ تاریخ، (۲) ہندوؤں میں مرنے کے سترہ روز بعد کی رسم، (۳) حضرت نظام الدین اولیا کا عرس سترہ شوال (۴) حضرت امیر خسرو کا عرس سترہ ربیع الآخر، (چھوٹی سترھویں)؛
سُتلی: مونث، سُن کی باریک ڈوری۔
ستم: (ف، مذکر) (۱) ظلم۔ بے انصافی، (۲) غضب، قیامت، (۳) اندھیر۔
——— ایجاد: (۱) کسی نئے ظلم کی بنیاد ڈالنے والا ظالم، بڑا ظالم، (۲) (کنایتاً) معشوق۔
——— جوتنا: (عو)؛ ستم برپا کرنا۔
——— دیدہ/رسیدہ/زدہ/کش: (اف) مظلوم۔
——— ڈھانا: (۱) ظلم کرنا، نہایت تشدد کرنا، (۲) غضب کرنا، کوئی نرالی زیادتی کرنا۔
——— شعار: (اف) (۱) ظلم کرنے کا عادی، (۲) (مجازاً) معشوق۔
——— ظریف: (اف)؛ ظرافت کے پردے میں ظلم کرنے والا، شوخی اور شرارت ملی ہوئی ظرافت کرنے والا۔
——— کش: (اف) مظلوم۔
——— گار/گر: (اف) ظالم، مردم آزار
——— ہونا: (۱) ظلم ہونا۔ تشدد ہونا، سختی ہونا، غضب ہونا، بُرا ہونا۔ (۲) آفت نازل ہونا، (۳) افسوس ہونا، غم ہونا، (۴) انوکھا آدمی ہونا۔ نہایت چالاک ہونا، کسی فن میں یکتا ہونا، کسی فن یا چالاکی میں یکتائے روزگار ہونا۔
ستمبر: SEPTEMBER؛ (انگ)؛ مذکر، عیسوی سال کا نواں مہینہ۔
سُتنا: (۱) صاف ہونا، کھینچنا، سمٹنا، (۲) (کنایتاً)؛ پتلا پڑنا، دُبلا ہو جانا، (۳) نوچا جانا۔
ستّو: بھُنے ہوئے اناج کا آٹا، بیش تر بھُنے جَو کا آٹا۔
——— باندھ کے پیچھے پڑنا: (کنایتاً)؛ کسی کام میں دل لگا کے مسلسل محنت کرنا، پوری تیاری سے کسی کام کے درپے ہونا، سر ہو جانا۔
ستُواں: سُتی ہوئی، پتلی، نازک۔
ستودہ: (ف)، سراہا ہوا، تعریف کیا گیا، نیک۔
——— کار: (اف) نیک، نیک خصلت۔
ستون: (اف) مذکر، (۱) کھمبا، پل پایہ، (۲) رکن، منارہ۔
ستی ونتی: مونث؛ پاک دامن۔
ستی: انتہائی محبت کی وجہ سے اپنے خاوند کی لاش کے ہمراہ جل مرنے والی عورت۔
——— ہونا: عورت کا اپنے شوہر کی لاش کے ساتھ جل کر مر جانا۔
ستیاگرہ: (ہ) (س) مونث، خاموش مقابلہ، پُرامن

مظاہرہ، کسی اصول کی صداقت ثابت کرنے کے لیے پُرامن مظاہرہ۔
سَتیاناس: مذکر، ناس، تباہی۔
سَتیاناسی: مونث: ایک بہت کانٹوں والا درخت، (۲) اجاڑ کرنے والا، برباد کرنے والا۔
ستیز/سَتیزہ: (ف) مذکر، لڑائی جھگڑا۔
ستیزہ کار: (ف) لڑنے والا، جنگی آدمی۔
ستھرا: مذکر، پاک، صاف، نفیس۔
ستھرائی: مونث: صفائی، نفاست، خوش سلیقگی، طبیعت کی صفائی۔
ـــــ پھیرنا: (۱) جھاڑو دینا، (۲) (کنایتاً) برباد کرنا، لوٹ کر لے جانا۔
ستھراؤ: مذکر، (۱) مقتولوں کا ڈھیر، قتل عام، (۲) بہت سے مکانوں اور عمارتوں کا گر پڑنا۔
ـــــ ہو جانا: (۱) کشتوں کا ڈھیر لگ جانا، (۲) بہت سی عمارتوں کا ڈھے جانا۔
ستھنا: (ہ) مذکر، پائے جامہ۔

س ـــ ٹ

سَٹ: (دہلی) مونث: (۱) سازش (۲) تدبیر، ڈھب۔
سِٹ: SET: (انگ): مذکر، (۱) ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والی چند موزوں چیزوں کا مجموعہ، (۲) اسٹیج یا اسٹوڈیو کے اندر ڈرامے وغیرہ کا منظر (منقش پردے اور دیگر لوازم)، (۳) (صفت) قائم، مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا۔
سَٹا بَٹا: مذکر، سازش، مکر، فریب۔
سَٹے بَٹے لڑانا: سازشی کارروائی کرنا، سازش کرنا۔
سَٹاسَٹ: مونث: لگاتار کوڑے یا چھڑی مارنے کی آواز۔
سَٹانا: (ن، ف، ع) لانا، بھڑانا، جوڑنا، چسپاں کرنا۔
سَٹپٹانا جانا/سَٹپٹانا: (۱) حیران ہونا، کسی امر میں گھبرانا، چھکے چھوٹنا، اوسان جاتے رہنا، (۲) جواب نہ بن پڑنا۔
سَٹر پَٹر: مونث: خفیف کام، چھوٹا موٹا کام، متفرق کام، واہی تباہی۔
ـــــ کرنا: (ع و) چھوٹا موٹا کام کرنا، بے کار پھرنا۔
سَٹ سَٹ: مونث: سٹاسٹ، جلد جلد۔
سَٹک: مونث: (۱) پتلی لچک دار چھڑی (۲) پتلا سانپ (۳) چھوٹا پیچواں۔
سُٹکانا: (۱) چھپا کر غائب کر دینا (۲) (کنایتاً) مارنا۔
سَٹک جانا/سَٹکنا: کھسک جانا، بھاگ جانا، چپکے سے چلا جانا، روپوش ہو جانا۔
سَٹکنی: مونث، دروازے کی بلّی، چٹخنی۔
سَٹلا: بے ہودہ، کم حیثیت۔
سَٹلو/سَٹلی: مونث: بے ہودہ عورت، بے سلیقہ عورت۔
سَٹنا: (ہ) (۱) گٹھنا، سازش کرنا، (۲) مل جانا، چپکنا، جڑنا۔
سُٹہٹی: (عم)؛ مونث: بازار، آدمیوں کا مجمع۔
سِٹی: CITY: (انگ)؛ مذکر: شہر۔
سِٹی زن: CITIZEN: (انگ)؛ (۱) شہری شہر کا باشندہ، (۲) شہری حقوق رکھنے والا۔
سِٹّی: مونث: حواس، اوسان۔
ـــــ بھولنا/گم ہونا: اوسان جاتے رہنا، سٹپٹا جانا۔
سَٹھ: (۱) ساٹھ کا مخفف، (۲) جاہل، بے وقوف۔
سٹھیا جانا/سَٹھیانا: ساٹھ برس کے اوپر کا ہو جانا، اور عقل جاتی رہنا۔
سِٹھانی: مونث: سیٹھ کی عورت۔
سِٹھنی: (ع) مونث: بیاہ میں سمدھنوں کو دی جانے والی گالی۔
سَٹھورا/سَٹھورا: مذکر، زچہ کو کھلائے جانے والا ایک قسم کا حریرہ جس میں روا کے ساتھ سونٹھ اور میوہ ڈال کر بناتے ہیں۔

س ـــ ج

سج: مونث: آرایش، نمایش، انداز۔
ـــــ دھج: مونث، بناؤ سنگار، آراستگی، انداز۔
سَجادہ: (ع) (۱) مُصلّا، (۲) درویشوں یا بزرگانِ دین کی مسند۔
ـــــ نشین: (ف) کسی بزرگ کی گدی پر بیٹھنے والا، کسی بزرگ کا خلیفہ۔
سَجانا: (۱) ترتیب سے لگانا، (۲) آراستہ کرنا۔
سَجاوَٹ: مونث: آراستگی، بناؤ، زیبایش۔
سَجدہ: (ع) مذکر، (۱) زمین پر سر رکھنا، خدا کے سامنے سر جھکانا، (۲) قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام۔
ـــــ سہو: (ف) مذکر، نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہونے پر

غلطی کی تلافی کے لیے کیے جانے والے دو سجدے۔

سَجْدۂ شکر: (ف) مذکر؛ خدا کا شکر بذریعہ سجدہ ادا کرنا۔

ـــــ شکر بجالانا / شکر ادا کرنا: خدا کے لیے شکر گزاری کا اظہار کرنا۔

سجع: (ع) مذکر؛ (ایک اصطلاح علم بدیع) (۱) دو جملوں کے آخری الفاظ کا ہم قافیہ ہونا، (۲) وہ مصرع جس کے ظاہری معنی بھی ٹھیک ہوں اور کسی شخص کا نام بھی آجاتے۔

سجل: مونث؛ (۱) عمدہ، نفیس، درست، (۲) مہر کیا ہوا کاغذ یا سند، دستاویز۔

سَجَن: (ہ) مذکر، شریف۔

سَجنا: (۱) زیب دینا۔ موزوں ہونا، آراستہ ہونا، مرتب ہونا (۲) موزوں کرنا۔ زیب تن کرنا، آراستہ کرنا۔

سُجُود: (ع) مذکر، سجدہ کرنا، سجدہ۔

سجی: مونث؛ ایک قسم کا کپڑے دھونے کا کھار۔

سجیلا: مذکر؛ آراستہ پیراستہ، بنا ٹھنا، بانکا۔

سُجھانا: آگاہ کرنا، جتانا، کھولنا، ظاہر کرنا، دکھانا۔

سُجھائی دینا: نظر آنا، ثابت ہونا، خیال میں گزرنا۔

س ـــ چ

سچ: مذکر، (۱) واقعی بات، راست، حق، درست (۲) راستی، صداقت، (۳) بجا، درست، البتہ، واقعی، ہاں۔

ـــــ بولنا / کہنا: واقعی بات کہنا، جھوٹ نہ بولنا۔

ـــــ مچ: (۱۱) فی الحقیقت، واقعی، (۲) ہو بہو۔

سچا: (۱) سچ بولنے والا، راست گو، صادق، (۲) وفادار، (۳) بے میل، کھرا، (۴) اصل معدنی جوہر، (۵) نہایت مضبوط، (۶) بے کھوٹ، خالص، (۷) ایمان دار، (۸) مخلص، بے کپٹ، بے ریا۔

ـــــ بیوہار: سچا کاروبار، ٹھیک ٹھیک معاملہ، کھرا کھرا حساب۔

ـــــ پن: مذکر، راست بازی، دیانت داری، وفاداری، راست گوئی۔

ـــــ جوڑا: (۱) کھرا کام دار جوتا، (۲) چوڑیوں کا کھرا جوڑا۔

ـــــ گانا: اصل موسیقی کے مطابق گانا گانا۔

سچائی: مونث؛ (۱) راستی، صداقت، دیانت، (۲) اصلی ہونا۔

سچی: (دہلی) مونث؛ (۱) راست باز، (۲) راست (۳) کھری، خالص، بے میل۔

سچی قاب: زہر کے اثر سے ٹوٹ جانے والی چینی کی رکابی۔

سچے مرگئے جھوٹوں کو تپ بھی نہیں آئی: (مثل) جھوٹے کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔

س ـــ ح

سحاب: (ع) مذکر، ابر، بادل۔

سَحَر: (ع) مونث؛ (۱) طلوعِ فجر سے پہلے کا وقت، (۲) سحر گہی۔

ـــــ خند: (ف) صبح کی طرح ہنستا ہوا، خوش۔

ـــــ خیز: (ف) صبح سویرے سو کر اٹھنے والا۔

ـــــ خیزیا: چور، اچکا۔

ـــــ گہی / سحری: (ف) مونث؛ سحری، صبح کا وقت، روزے میں صبح کا کھانا۔

ـــــ ہو جانا: (کنایتاً) خاتمہ ہو جانا۔

سِحر: (ع) مذکر، جادو، ٹونا، طلسم۔

ـــــ آمیز: (ف) مرعوب۔

ـــــ بیاں: (ف)؛ فصیح و بلیغ، خوش تقریر۔

ـــــ حلال: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) کلام فصیح و موزوں۔

ـــــ سامری: (ف) مذکر (اضافت کے ساتھ) وہ جادو جو سامری کو معلوم تھا، جس کے ذریعے اس نے گوسالہ بنایا تھا جو بولتا تھا۔

س ـــ خ

سخا / سخاوت: (ع) مونث؛ سخی ہونا، فیاضی، بخشش۔

سخت: (ف) (۱) کڑا۔ (۲) مضبوط، بے رحم (۳) بہت بڑا (۴) تنگی کرنے والا۔ (۵) بہت، (۶) سنگ دل، (۷) (دہلی) تیزی۔

ـــــ جان: (ف) (۱) جس کی جان مشکل سے نکلے، (۲) (کنایتاً) بے حیائی سے زندہ رہنے والا، (۳) جفاکش۔

ـــــ دل: (ف)؛ (کنایتاً)؛ بے مہر، سنگ دل۔

ـــــ زمین: (۱) کڑی زمین، مضبوط محکم زمین، (۲) غزل کے مشکل ردیف اور قافیے۔

ـــــ سست کہنا: برا بھلا کہنا، جھڑکنا، لعنت ملامت کرنا۔

ـــــ کلامی: مونث؛ بدزبانی، گستاخی۔

ـــــ گوئی: مونث؛ بدزبانی۔

ـــــ گھڑی: منحوس وقت، مشکل کا وقت۔

سخت گیر: (ف) ؛ سختی کرنے والا، ظالم۔

سختی: (ف، مونث)؛ (۱) کڑاپن، (۲) مضبوطی، (۳) استقلال، (۴) دشواری، دقت، (۵) بے رحمی، سنگ دلی (۶) بدمزاجی، اکھڑپن (۷) ظلم، زیادتی، سخت گیری، (۸) سخت تاکید، (۹) تندی، تیزی (۱۰) تنبیہ، ڈانٹ، (۱۱) عسرت، تنگی، افلاس۔

ـــــ کی گِرہ آنا: (دہلی) مصیبت کا زمانہ آنا۔

سُخن: (ف) مذکر، (۱) کلام، بات چیت، (۲) قول، عہد، (۳) اعتراض، (۴) شعر، نظم، (۵) مقولہ۔

ـــــ آرا: (ف)؛ (کنایتاً)؛ اچھی گفتگو کرنے والا، فصیح۔

ـــــ آفریں: (ف)؛ (کنایتاً)؛ شاعر کامل۔

ـــــ پَرداز: (ف)؛ (کنایتاً)؛ شاعر۔

ـــــ پَرْوَر: (ف)؛ عمدہ گفتگو کرنے والا، اپنی بات کی پچ کرنے والا۔

ـــــ پَرْوَری: (ف) بات کی پچ کرنا۔

ـــــ تکیہ: مذکر، تکیہ کلام۔

ـــــ چیں: (ف) مذکر، (۱) اِدھر اُدھر کہنے والا، (۲) لُترا، (۳) عیب نکالنے والا، چغلی خور۔

ـــــ داں/سَر/سَنج/وَر: (ف) مذکر، شاعر فصیح، خوش بیان۔

ـــــ رَس: (ف) بات کی تہہ کو پہنچنے والا، (کنایتاً) شاعر۔

ـــــ ساز: (ف) باتیں بنانے والا، چرب زبان، جوڑ توڑ کرنے والا۔

ـــــ سَرسَبز ہونا: گفتگو میں غلبہ پانا، بات چیت میں کامیاب ہونا۔

ـــــ شناس: (ف) بات کی تہہ کو پہنچنے والا، قدردانِ سخن۔

ـــــ طراز: (ف) (کنایتاً)؛ شاعر۔

ـــــ فہم: (ف)؛ (۱) دانا، عاقل، (۲) شعر سمجھنے والا، (۳) بات سمجھنے والا، (۴) (کنایتاً) شاعر۔

ـــــ کوتاہ: (ف)، القصہ، قصہ کوتاہ، مختصر یہ۔

ـــــ گرم: (اضافت کے ساتھ)، (ف، مذکر) رنگین بات۔

ـــــ گستری: (ف، مونث)؛ بات کو پھیلا کر اچھے پیرایے میں کہنا، شعر کہنا۔

ـــــ گو: (ف) شاعر، خوش بیان۔

ـــــ گوئی مشکل نہیں سخن فہمی مشکل ہے: (مقولہ)؛ شعر کہنا آسان ہے، شعر سمجھنا مشکل ہے۔

ـــــ مرداں جان دارد: (ف) (مقولہ)؛ مردوں کا قول پکا ہوتا ہے۔

سَخی: (ع) فیاض۔

ـــــ داتا: بڑا فیاض۔

ـــــ سے سوم بھلا جو تُرت دے جواب: (مثل)؛ انتظار میں رکھنے سے انکار بہتر ہے۔

ـــــ کا بیٹا پار ہے: (مقولہ) سخی کی مشکل آسان ہے۔

سَخیف: (ع)؛ بے ہودہ، ہلکا۔ (س۔د)

سَد: (ع) مذکر، (۱) روکنا، (۲) مونث؛ دیوار۔

سَدِّ باب: (ف) مذکر، کسی بات کی قطعی روک۔

ـــــ راہ/رَہ: (ف)؛ راستہ روکنے والا، مزاحم۔

ـــــ رَمَق: (ف)؛ (کنایتاً) تھوڑی سی چیز، تھوڑی۔

ـــــ روئیں/سکندر/یاجوج: (ف)؛ مونث؛ (۱) کانسے کی دیوارِ چین (۲) (کنایتاً) بہت مضبوط اور پائے دار۔

سَدا: (ہ) ہمیشہ۔

ـــــ بَرت: مذکر، لنگر، دائمی خیرات۔

ـــــ بہار: (۱) ہمیشہ سرسبز رہنے والا، (۲) ہمیشہ سبز رہنے والی گھاس، (۳) وہ پھول جو کسی فصل سے مخصوص نہ ہو اور ہر موسم (فصل) میں پھولے۔

ـــــ رہے نام اللہ کا: اس عالم کی سب چیزیں فانی ہیں۔

ـــــ سُہاگ/سُہاگن: (۱) شوہر دار عورتوں کی طرح رنگین لباس اور چوڑیاں پہننے والے ایک قسم کے فقیر، (۲) ایک قسم کا پھول۔

ـــــ سُہاگُن: مونث؛ (۱) ایک قسم کی چڑیا کا نام، (۲) (کنایتاً) کسبی، قحبہ، (۳) (دہلی) سدا سہاگ۔

ـــــ کا روگی: ہمیشہ بیمار رہنے والا۔

ـــــ کسی کی نہیں رہی: (مثل) ہمیشہ کسی کا زمانہ موافق نہیں رہا۔

ـــــ گلاب: مذکر، بارھوں مہینے پھولنے والا ایک قسم کا سُرخ گلاب۔

ـــــ ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں: (مثل) فریب ہمیشہ نہیں چلتا۔

سُدبُد: (ہ) سُدھ بُدھ، سوجھ سمجھ۔

سِدرَۃُ المُنتَہیٰ: (سِدرَتُ المُنتَہیٰ)؛ (ع) مذکر، ساتویں آسمان پر بیری کا بہت بلند درخت، مقامِ جبریلؑ۔

سُدّہ: (ع)؛ آنتوں میں گرہ کی شکل کا سخت غلیظ مادہ۔

سُدی: مونث؛ ہندی مہینے کا دوسرا پاکھ اترتے چاند کا وقت۔

سُدیش: (س) مذکر، ملک، وطن۔

سُدیشی: ملک کا، وطن کا۔
سِدھ: (ا) ٹھیک، بجا، مکمل۔
—— کرنا: (۱) منتر یا جادو میں کمال حاصل کرنا، (۲) پورا کرنا (۳) پاک کرنا، (۴) بنیاد ڈالنا، (۵) کامیابی حاصل کرنا۔
سُدھ: (ا) مونث، (۱) یادداشت، (۲) خبر، آگاہی، ہوش، (۳) علم، واقفیت، دھیان (۴) ہوشیاری، چوکسی (۵) توجہ، غور، التفات (۶) فکر، تدبیر۔
—— بُدھ: (ا) مونث، عقل و شعور، سمجھ بوجھ۔
—— بُدھ رکھنا: خیال رکھنا، یاد رکھنا، نگرانی رکھنا۔
—— لینا: خبر لینا، خبر گیری رکھنا۔
—— نہ ہونا: خیال نہ ہونا، دھیان نہ ہونا۔
سَدھا: مذکر، صفت، مانوس کیا گیا۔
—— سَدھایا: مذکر، سدھا سدھایا ہوا جانور۔
سُدھا: ( )؛ (ا) مونث، اَمرت، آبِ حیات۔
سِدھارنا: (۱) جانا، رخصت ہونا، روانہ ہونا، (۲) (کنایتاً) دنیا سے رخصت ہونا، مرجانا۔
سُدھارنا: (۱) سنوارنا، درست کرنا، (۲) ٹھیک بنانا، سنا دینا، (۳) آراستہ بنانا۔
سَدھانا: (ا) مذکر، جانوروں کو سکھانا، تعلیم کرنا، مانوس کرنا، بلانا، گھوڑے کو قدم باز بنانا، سکھانا، تربیت دینا۔
سِدھانت: (ا) مذکر، اصول، مدلل بات۔
سُدھرنا: (ا) سنورنا، درست ہونا، ٹھیک ہونا، راستی پر آنا، مرتب ہونا، تیار ہونا۔
سُڈول / سڈول: خوش وضع، زیبا۔

س ـــــ ر، ڑ، ز

سَر: (ف) مذکر، (۱) کھوپڑی (۲) گردن تک کا سر کا حصہ۔ (۳) فی کس (۴) کسی چیز کا بالائی حصہ، چوٹی، (۵) عنوان، پیشانی، (۶) کسی چیز کی جانب، سرانجام، (۷) میل، خواہش، (۸) اوّل، شروع، ابتدا، (۹) مرادف سامان کا، (۱۰) ذمہ (۱۱) کسی چیز کا کنارہ، (۱۲) مذکر، خیال، دھن، (۱۳) لکڑی پھینکنے والوں کی ایک اصطلاح، (۱۴) سوز خوانوں کی اصطلاح سوز خوانوں کا سردار، (۱۵) سورہ، عشق، (۱۶) باغ، (۱۷) سردار۔
—— آغاز: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، عنوان، جلی قلم کی لکھی پیشانی۔
—— آمد: (ف) سردار، بزرگ دیدہ۔
—— آنا: (۱) بھوت پریت کا اثر سر پر ظاہر ہونا، (۲) سر پر وار کرنا، سر کی چوٹ چلنا۔
—— آنکھوں پر: بہ سر و چشم منظور، شوق سے۔
—— آنکھوں پر بٹھانا: کمال عزت اور قدر دانی کرنا۔
—— آنکھوں پر رکھنا: بے حد تعظیم کرنا۔
—— اُٹھا کر چلنا: (کنایتاً) غرور کرنا، اترانا، فخر کرنا۔
—— اُٹھانا: (۱) جھکی ہوئی گردن اُٹھانا، گردن سیدھی کرنا، (۲) دھوم مچانا، شور و غل کرنا، (۳) سر کو ہٹانا (۴) (کنایتاً) فتنہ برپا کرنا، شور و شر کرنا، (۵) سرکشی کرنا، بغاوت کرنا، (۶) اترانا، غرور کرنا، (۷) مقابل ہونا، مُنہ سامنے کرنا۔
—— اُٹھانے کی فرصت نہیں: ذرا بھی فرصت نہیں۔
—— اجلاس: (اضافت کے ساتھ) بھری کچہری میں، حاکم کے روبرو، بھرے جلسے میں۔
—— افراز: (ف) مذکر، سربلند، متکبر۔
—— افگندہ: (ف) (۱) سر نیچے ڈالے ہوئے (۲) (کنایتاً) خجل، شرمسار، پریشان۔
—— اُکسانا: سر اٹھانا، سر ہلانا، سرکشی کرنا۔
—— انجام: (ف) مذکر، انجام کار، تکمیل، انتظام، بندوبست۔
—— انگشت: (ف) مذکر، انگلی کے اوپر کا حصہ۔
—— باز: (ف) جان پر کھیلنے والا، بہادر۔
—— بازار: (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) علی الاعلان، مجمع میں، بھرے بازار میں۔
—— بازار بیچ لینا: (کنایتاً) کسی کا بالکل مطیع ہونا، اور دوسرے شخص کا مختار کامل ہونا۔
—— بالیں: (اضافت کے ساتھ) مذکر، سرہانے۔
—— برآوردہ: افسر، سردار۔
—— براہ / برراہ کار: (ف) مذکر، منتظم، مہتمم۔
—— براہی: (ف) مونث، اہتمام، انتظام۔
—— بڑا سردار کا، پیر بڑا گنوار کا: (مقولہ) (ظاہری معنی میں)
—— بہ زانو: (۱) زانو پر سر رکھ کر بیٹھنا (۲) (کنایتاً) نادم، متفکر۔
—— پا: (ف) مذکر، (۱) سر سے پاؤں تک، (۲) سراپا، (۳) سر اور پاؤں، (۴) (کنایتاً) بہت، کثیر، (۵) (کنایتاً) بہت زیادہ، (۶) (کنایتاً) بہت کم، (۷) (کنایتاً) بہت جلد، (۸) (کنایتاً) بہت دیر، (۹) (کنایتاً) بہت دور، (۱۰) (کنایتاً) بہت نزدیک، (۱۱) (کنایتاً) بہت بڑا، (۱۲) (کنایتاً) بہت چھوٹا، (۱۳) (کنایتاً) بہت اچھا، (۱۴) (کنایتاً) بہت برا، (۱۵) (کنایتاً) بہت خوبصورت، (۱۶) (کنایتاً) بہت بدصورت، (۱۷) (کنایتاً) بہت بدنما، (۱۸) (کنایتاً) بہت بدشکل، (۱۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۲۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۲۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۲۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۲۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۲۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۲۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۲۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۲۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۲۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۲۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۳۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۳۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۳۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۳۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۳۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۳۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۳۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۳۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۳۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۳۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۴۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۴۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۴۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۴۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۴۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۴۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۴۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۴۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۴۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۴۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۵۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۵۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۵۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۵۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۵۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۵۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۵۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۵۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۵۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۵۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۶۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۶۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۶۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۶۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۶۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۶۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۶۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۶۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۶۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۶۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۷۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۷۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۷۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۷۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۷۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۷۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۷۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۷۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۷۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۷۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۸۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۸۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۸۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۸۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۸۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۸۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۸۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۸۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۸۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۸۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۹۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۹۱) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۹۲) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۹۳) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۹۴) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۹۵) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۹۶) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۹۷) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۹۸) (کنایتاً) بہت بدتہذیب، (۹۹) (کنایتاً) بہت بدتمیز، (۱۰۰) (کنایتاً) بہت بدتہذیب۔

سَربَستہ: (ف)؛ (۱) مخفی، پوشیدہ۔ چھپا ہوا، (۲) مُغلّق، دشوار، (۳) ملفوف، بے چیدہ، (۴) ناکشادہ۔

——— **بہ سَر**: (ف)، (۱) برابر، مساوی، یکساں، (۲) (کنایتاً) تمام۔

——— **بہ صَحرا**: (ف) دیوانہ وار۔

——— **بہ کَف**: (ف) جان دینے پر تیار۔

——— **بہ گریباں**: (ف) فکر اور اندیشے میں مبتلا، نادم، شرمندہ۔

——— **بُلند**: (ف) معزز، ممتاز، عالی مرتبہ۔

——— **بُند**: (ف)، (۱) عورتوں کے سر پر بندھی ہوئی پٹی، (۲) سربمُہر۔

——— **بہ مُہر**: مُہر کیا ہوا، بند۔

——— **بھاری ہونا**: سر کا نزلے یا کسی وجہ سے گرانی محسوس کرنا۔

——— **پا تو پر دھرنا**: پاؤں پر سر رکھنا، خوشامد کرنا، عاجزی کرنا۔

——— **پا تو نہ ہونا**: شعور ٹھکانا نہ ہونا، مہمل ہونا، ابتر ہونا۔

——— **پٹخنا / پٹکنا**: سر دے دے مارنا، تلملانا، (۲) واپس کرنا، اُلٹا پھیرنا (۳) بے سود کوشش کرنا، کسی کام میں بہت کوشش کرنا، (۴) منت سماجت کرنا، (۵) افسوس کرنا، ہاتھ ملنا۔ (۶) جھنجھلانا، خفا ہونا۔

——— **پر آبے چلنا**: دل آزاری ہونا، اذیت پہنچنا۔

——— **پر آنکھیں نہ ہونا**: (کنایتاً) بے عقل ہونا۔

——— **پر اُٹھانا / پر اٹھالینا**: بہت شور وغل کرنا۔

——— **پر اَجل / قضا / موت کھیلنا**: موت سر پر سوار ہونا، شامت آنا، کم بختی آنا۔

——— **پر بال ہونا**: (کنایتاً) مجال ہونا، سہنے کی طاقت ہونا۔

——— **پر بٹھانا**: بہت تعظیم تکریم سے پاس بٹھانا، بہت اعزاز واکرام کرنا۔

——— **پر بلا نازل ہونا**: سر پر مصیبت نازل ہونا، سر پر مصیبت آنا۔

——— **پر بوجھ پڑنا**: کسی کا ممنون ہونا، فکر مند ہونا، ذمے داری پڑنا، بار پڑنا۔

——— **پر بولنا**: منتر کے زور سے سانپ کے کاٹے ہوئے سے باتیں کرنا۔

——— **پر بھوت سوار ہونا**: (کنایتاً)، کمال غصہ ہونا، پاگل ہونا، بدحواس ہونا۔

——— **پر پانو رکھ کر اُڑ جانا / بھاگ جانا**: (کنایتاً)، بہت جلد بھاگ جانا، گھبرا کر جلدی سے بھاگ کھڑے ہونا۔

——— **سر پر ٹیکا ہونا**: (۱) کسی قسم کی ناموری کا تاج ہونا، (۲) عزت پانا، (۳) کسی کام کا کسی شخص پر منحصر ہونا۔

——— **پر جن چڑھنا**: (۱) بھوت پریت کا سر پر آنا، (۲) (کنایتاً) سر پر غصہ سوار ہونا، ضد یا ہٹ پر قائم ہونا، (۳) (کنایتاً) خبط ہونا۔

——— **پر خاک اُڑانا / پر خاک ڈالنا**: (کنایتاً) ماتم کرنا، نوحہ کرنا۔

——— **پر خون چڑھنا / سوار ہونا**: قاتل کے چہرے سے آثار خون ظاہر ہونے لگنا، قاتل کی حرکتوں سے خونی ہونے کا شبہ ہونے لگنا، قاتل کی باتوں سے خون اور قتل کا پتا چلنا۔

——— **پر دستِ شفقت رکھنا**: (کنایتاً) پناہ میں لینا۔

——— **پر زمین اٹھالینا**: آفت برپا کر دینا، ہنگامہ کھڑا کر دینا۔

——— **پر سایہ ہونا**: (کنایتاً) والی وارث کا زندہ رہنا، کسی سرپرست کا زندہ رہنا، کسی بزرگ کا زندہ رہنا۔

——— **پَرَستُ**: مربی، مددگار۔

——— **پَرستی**: (ف) موئث: ولایت، نگرانی۔

——— **پر سوار رہنا**: مسلط رہنا، ساتھ نہ چھوڑنا۔

——— **پر سود اچڑھنا**: کسی چیز کی دُھن ہونا، خبط ہونا۔

——— **پر شیطان چڑھنا / سوار ہونا**: (۱) (کنایتاً)، غصہ چڑھنا، ہٹ ہونا، (۲) بُرے کام کی طرف رغبت ہونا، (۳) بہت شرارت پر آمادہ ہونا۔

——— **پر قدم لینا**: (کنایتاً) بہت تعظیم کرنا۔

——— **پر قرآن اٹھانا**: (ع) قرآن کی قسم کھانا۔

——— **پر کفن باندھنا**: (کنایتاً) ہر وقت مرنے پر مستعد رہنا۔

——— **پر کوئی نہ ہونا**: کوئی مددگار اور مربی نہ ہونا۔

——— **پر کھیلنا**: (۱) سر پر آنا، قریب ہونا، (۲) جان پر کھیلنا، (۳) پریوں یا بھوت جن کا سر پر آکر باتیں کرنا۔

——— **پر نہ رہنا**: (کنایتاً) کسی مربی یا بڑے بوڑھے کا نہ رہنا، کسی مددگار کا نہ رہنا۔ سامنے موجود نہ رہنا۔

——— **پر ہاتھ دھرنا / رکھنا**: (۱) سرپرست بننا، اپنی حمایت میں لینا، (۲) (کنایتاً) کسی کے سر کی قسم کھانا، (۳) کسی کی دلجوئی کرنا (۴) (کنایتاً) سلام کرنا۔

——— **پکڑنا**: (۱) تسلی دینا، مدد دینا، سہارا دینا، (۲) سر کو بوجھل بنانا، سر کو جکڑ لینا۔

——— **پنچ**: مذکر: پنچوں کا سردار۔

سَرپوش (ف) مذکر، (۱) ڈھکنا، ڈھکن، (۲) خوان ڈھانکنے کا کپڑا۔

سَرپھٹول: مونث، (۱) سر پھوڑنا، باہم لڑنا، (۲) کنایتاً، لڑائی جھگڑا۔

سَر پھرا ہونا: خبط ہونا، جنون ہونا۔

سَرپیچ: (ف) مذکر، پگڑی، پگڑی کے اوپر کا چھوٹا کپڑا، پگڑی میں باندھنے کا ایک قسم کا زیور۔

سَر پیر نہ ہونا: مہمل ہونا، ابتدا اور انتہا نہ ہونا۔

سَرتاب: (ف)، سرکش، نافرمان۔

سَرتاپا: (ف)، سر سے پاؤں تک، اول سے آخر تک، بالکل۔

سَرتاج: (ف) مذکر (۱) مقنع، (۲) تاجِ سر، آقا، مالک۔

سَرتاسر: (ف) سر بہ سر، بالکل، تمام۔

سَر تسلیم جھکانا / سَر تسلیم خم کرنا: (اضافت کے ساتھ) فرماں برداری کرنا، راضی بہ رضا ہونا۔

سَر تھام کے بیٹھ جانا: سر پکڑ کے بیٹھ جانا، بے بس ہو جانا، کوئی چارہ کار سجھائی نہ دینا۔

سَر تھوپنا: کسی کے ذمے کرنا۔

سَر جائے بات میں فرق نہ آئے: (مقولہ) قول پورا کرنا چاہیے اگرچہ جان پر بن جائے۔

سَر جوڑ کے بیٹھنا: صلاح مشورے کے لیے پاس پاس بیٹھنا، باہمی بات چیت سے کوئی رائے قائم کرنا۔

سَر جوڑنا: (۱) سر ملانا، (۲) کنایتاً، جمع ہونا، اکٹھا ہونا، اتفاق ہونا، ایکا ہونا، (۳) باہم سازش کرنا، کسی کے خلاف صلاح و مشورہ کرنا۔

سَر جوش: (ف)، (۱) پہلی مرتبہ جوش دیا ہوا شوربا، (۲) مجازاً، خلاصہ، منتخب، عمدہ۔

سَر جھاڑ مُنہ پہاڑ: (۱) بھیانک صورت، دیوانہ وار، وحشیانہ، (۲) عورت کا بناؤ سنگار نہ کرنا۔

سَر جھکانا: (۱) سر نیچا کرنا، سجدہ کرنا، انکسار کرنا، (۲) شرم یا غیرت سے گردن نیچی کرنا، (۳) ماننا، تسلیم کرنا، اطاعت کرنا، حکم ماننا، پشیماں ہونا۔

سَر چڑھانا: (۱) سر پر عزت کے ساتھ رکھنا، (۲) مصاحب بنانا، مُنہ لگانا، یار بنانا، (۳) گستاخ بنانا، بے ادب بنانا، (۴) سر قربان کرنا، سر نذر کرنا۔

سَر چڑھ کے بولنا: بھوت پریت کی شکل میں نمایاں ہونا، (۲) آپ سے آپ ظاہر ہو جانا، چھپائے نہ چھپنا۔

سَر چشمہ: (ف) مذکر، چشمہ نکلنے کی جگہ، چشمے کا پانی نکلنے کی جگہ، کسی چیز کے آغاز کی جگہ۔

سَر حد: (مونث)، انتہا، کنارہ، حدِ فاصل۔

سَر حشر / سَر محشر: (اضافت کے ساتھ)، عین محشر میں۔

سَر حلقہ: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر، جماعت کا سردار۔

سَر خط: (ف) مذکر، (۱) قبالہ، کرایہ نامہ، (۲) ملکیت کی سند۔

سَر خوشی: (ف) مونث، نشہ، شراب کا سرور، خوش حالی۔

سَر خیل: (ف) مذکر، سرگروہ، سرغنہ۔

سَر درگریباں: شرمندہ، شرمسار۔

سَر دست: (اضافت کے ساتھ) (ف)، اس وقت، ابھی، (۲) فوراً۔

سَر دینا: (۱) سر قربان کرنا، جان پر کھیلنا، (۲) سر اندر رکھنا۔

سَر ڈھانکنا: (۱) کوئی کپڑا سر پر ڈالنا، (۲) ازالۂ بکر کرنا۔

سَر رشتہ / سِر رشتہ: مذکر، (۱) دفتر، محکمہ، کچہری، (۲) دستور، رواج، معمول (۳) تدبیر، چارہ۔

سَر رشتہ دار: مذکر، سرِ دفتر، میر منشی، دفتر کا افسر۔

سَر زمین: (ف) مونث، ملک، ولایت، اقلیم۔

سَرزنش (ف) مؤنث، ملامت، برا بھلا کہنا۔

سَرزوری: (ف) مونث، سرکشی، مگرائپن، دھینگا مشتی۔

سَرسبز: (ف)، (۱) (کنایتاً) زندہ، تر و تازہ، عیش میں مصروف، مال دار، کامیاب (۲) ہرا بھرا (۳) خوش و خرم، بھرا پُرا، آباد، (۴) غالب۔

سَرسَر ہونا: کسی کام کی درستی، اور سرانجام کا کسی شخص پر موقوف ہونا، کسی پر کسی کام کا دار و مدار ہونا، کسی مہم میں کامیاب ہونا۔

سَرسہلانا: (۱) سر پر ہاتھ پھیرنا (۲) للّو پتّو کرنا، تعریف کرنا، خوشامد کرنا۔

سَرسہلاتے بھیجا کھاتے: دوست بن کر نقصان پہنچانا، دوستی کے پردے میں دشمنی کرنا۔

سَر سے بیگار ٹالنا: (کنایتاً) بے دلی سے کام کرنا۔

سَر سے تنکا اتارنے کا احسان ماننا: تھوڑے سے احسان کا بھی شکر گزار ہونا۔

سَر سے سایہ اٹھنا: کسی بزرگ یا مددگار کا فوت ہو جانا۔

سَر سے کفن باندھنا: مرنے کے لیے تیار ہونا، آمادہ ہونا۔

سَر سے کھیلنا: جن، پری یا بھوت کے اثر سے سر کو جنبش دینا، آسیب زدہ کا سر کا ہلا ہلا کر کچھ کہنا، مار گزیدہ کا منتر کے اثر سے سر ہلا کر بولنا۔

سَر سے گزرنا: (۱) جان سے گزرنا، ہلاک ہوجانا، زندگی سے دست بردار ہوجانا، (۲) سر سے اوپر ہوجانا، ڈوب پانی ہوجانا، (۳) (کنایتاً) کسی معاملہ کا انتہا پر پہنچ جانا۔

—— سے مارنا: (۱) ناخوش ہوکر کوئی چیز کسی کو واپس کرنا، (۲) سر پر مارنا، اٹھا کر پھینک دینا، (۳) کراہت کے ساتھ سپرد کرنا، بے دلی سے کوئی چیز دینا۔ بے فائدہ دقتے ڈالنا، (۴) سر سے لگانا، سر سے ٹکرانا۔

—— سینگ ہونا/میں سینگ ہونا: کوئی خاص علامت ہونا۔

—— شار: (ف) (۱) وہ چیز جو سر سے چھلکے، (۲) (کنایتاً) بہت، لبریز، لبالب، نشے میں چور، مست، بے خود۔

—— غزل: (ف) مذکر، (۱) غزل کا مطلع (۲) دیوان میں عمدہ اور اعلا غزل۔

—— غنہ: (ف) مذکر، سرگروہ۔

—— فراز کرنا/فرمانا: (۱) عزت دینا، درجہ بڑھانا، ترقی دینا، (۲) کسی کے مکان پر کسی معزز کا جانا، تشریف لانا۔

—— فرازی: (مونث) (۱) جاہ کی بلندی، مرتبے کی بلندی۔

—— فروشی: (ف) مونث: (کنایتاً) جاں بازی، دلیری، شجاعت۔

—— کا بوجھ اترنا: (۱) کسی امر سے فارغ ہونا، سبک دوش ہونا (۲) کنایتاً کسی کے تقاضے سے سبک بار ہونا، وعدہ ایفا کرکے سبک بار ہونا۔

—— کُچلنا: (۱) سر کسی چیز سے مل ڈالنا (۲) (کنایتاً) اصل قوت زائل کر دینا۔

—— کُردگی: (ف) مونث: سرداری۔

—— کرنا: (۱) فتح کرنا (۲) چھوڑنا، چلانا، فیر کرنا، (۳) سر اندر گھسیڑنا (۴) ہولی گلے مڑھنا، زبردستی دینا، (۵) دقتے کرنا، ذمہ دار بنانا، (۶) بھڑانا، لڑوا دینا۔ (۷) (ہندو، عو) چوٹی گوندھنا، سر گوندھنا۔

—— کش: (ف) باغی، نافرمان، ترا، جو کسی سے نہ دبے۔

—— کوبی: مونث: سر کچلنا، تادیب، گوش مالی، سزا۔

—— کھانا: (کنایتاً) غل مچانا، ستانا، بک بک کرکے پریشان کرنا۔

—— کھپانا/کھپی کرنا: (۱) کسی کام میں بہت فکر کرنا (۲) بک بک کرنا۔

—— کھجانا: (کنایتاً)، شامت آنا، مار کھانے کو جی چاہنا۔

—— کے بَل: (۱) سر کے سہارے، سر کے بل جانا، چلنا، (۲) ادب اور تعظیم کے ساتھ جانا، چلنا۔

—— گرانی: (ف) مونث: (۱) خمار، سر کا بھاری ہونا، (۲) کشیدگی، خفگی۔ (۳) (مجازاً) افسوس، افسردگی۔

سَر گرداں: (ف) (۱) سراسیمہ، حیران، پریشان، (۲) قربان، صدقے۔

—— گرم: (ف) مستعد، چالاک، محنتی۔

—— گرمی: (ف) مونث: (۱) تیزی، گرم جوشی، (۲) مستعدی، چالاکی، (۳) کوشش بلیغ۔

—— گروہ: (ف) مذکر، سردار و رئیس جماعت۔

—— گریبان میں ڈالنا: (۱) (کنایتاً) متفکر ہونا، (۲) شرمندہ ہونا۔

—— گزشت: (ف) مونث: گزرا ہوا حال، واقعہ، حادثہ، ماجرا۔

—— گشتگی: (ف) مونث: (۱) حیرانی، پریشانی، آوارگی، (۲) آفت، مصیبت، نحوست۔

—— گوشی: (ف) مونث: (۱) کانا پھوسی، کان میں آہستہ آہستہ بات کہنا (۲) (کنایتاً) غیبت، چغلی، بدی۔

—— گوندھنا: عورتوں کے سر کے بالوں میں گوندھنا، چوٹی کرنا۔

—— لشکر: (اضافت کے ساتھ) فوج کا سردار۔

—— لوح: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، کتاب کا نقش و نگار والا پہلا صفحہ

—— مارتے پھرنا: سر ٹکراتے پھرنا، سرگرداں۔

—— مارنا: (۱) سر مغز زن کرنا، سمجھانا، (۲) چیخنا، چلانا، دق ہونا، حیران ہونا، (۳) سر دے دے مارنا، (۴) (کنایتاً) بہت کوشش کرنا، (۵) خفگی سے واپس کرنا، (۶) کسی کام میں بہت سی تدبیریں کرنا، جان لڑانا، (۷) دقتے ڈالنا۔

—— مست: (ف) متوالا، نشے میں چور۔

—— مشق: (ف) مذکر، روبرو رکھ کر مشق کرنے کے لیے لکھی ہوئی عبارت۔

—— مُنڈاتے ہی اولے پڑے: (مثل): کسی کام کے شروع ہوتے ہی خرابی واقع ہونا۔

—— مو: (اضافت کے ساتھ) (ف): بال کی نوک کے برابر رتی بھر، جتنا بھر، ذرا سا۔

—— مونڈنا: (۱) سر کے بال اُتارنا، (۲) (کنایتاً) ٹھگنا، لوٹنا۔

—— میلا ہونا: (عو) حیض سے ہونا۔

—— میں بال ہونا: مار کھانے کی طاقت ہونا، جھیلنے کی طاقت ہونا۔

—— میں خاک ڈالنا: ماتم کرنا، رونا پیٹنا۔

—— میں خناس سمانا: (کنایتاً) بہت غرور ہونا۔

—— میں سودا ہونا: کسی بات کی دھن بندھنا، خبط ہونا۔

—— میں ہوا بھرنا: دھن سمانا۔

سرنام: مشہور، نامی، ممتاز۔
——نامہ: (ف) مذکر، خط کی پیشانی پر لکھا ہوا پتا وغیرہ
——نالے: (ف) مونث، نفیری، بگل۔
——نگوں: (ف) اوندھے منہ، سر کے بل، (۲) شرمندہ، خجل۔
——نوانا: (م) سر جھکانا، عاجزی کرنا، سر تسلیم خم کرنا۔
——نوشت: (ف) مونث، خط پیشانی، تقدیر، حکم ازلی۔
——نہ اُٹھانے دینا: (۱) دم بھر کی مہلت نہ دینا (۲) سرکشی کا موقع نہ دینا، ابھرنے نہ دینا، (۳) بولنے بات کرنے کی فرصت نہ دینا۔
——نہیں یا سَرو ہی نہیں: (مقولہ) حتی الوسع اپنے حق کو ضائع نہ ہونے دیں گے۔
——نے: (ف) مونث، مہنال۔
——نیچا کرنا: (۱) شرمندہ کرنا، (۲) (کنایتاً) اداس ہونا (۳) سرنگوں کرنا، سر جھکائے رکھنا۔
——ہاتھ پر رکھنا / ہتھیلی پر دھرنا / رکھنا: (کنایتاً) قتل ہونے پر آمادہ ہونا۔
——وَرق: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، کتاب کا پہلا ورق۔
——وساماں: (ف) مذکر، اسباب، سامان۔
سروکار: (ف) مذکر، علاقہ، لگاؤ، غرض، مطلب۔
سر ہونا: (۱) پیچھے پڑنا، درپے ہونا، (۲) چمٹنا، گلے کا ہار ہونا (۳) نہایت مصروف ہونا، (۴) ذمے پڑنا، تھپنا، گلے پڑنا، (۵) حجت کرنا، لڑنا، جھگڑنا، (۶) تہمت لگانا، الزام لگنا، (۷) مہم فتح ہونا، (۸) کھلنا، بل کھلنا، (۹) شروع ہونا۔
سروں پر ٹھالی پھرنا: (کنایتاً) بڑا مجمع ہونا، بھیڑ ہونا۔
سَر: SIR (انگ)؛ (۱) (خطاب کرنے کا کلمہ) صاحب، جناب، جناب والا، (۲) ایک انگریزی معزز خطاب۔
سِر: (ع) مذکر، بھید، راز۔
سِرّ اَلسِّرّ: (ع) راز ازل، روز میثاق کا راز۔
سِرّ خفی: پوشیدہ راز۔
سِرّ و عَلَن: (ف) پوشیدہ اور کھلم کھلا۔
سُر: (ا) مذکر، تان، آواز، راگ۔
سُر: مذکر، (۱) بڑی نرمکھی، (۲) ناک سے سانس نکلنے کی آواز، (۳) آواز، تان، راگ۔ موسیقی میں آواز کے اتار چڑھاؤ کا ایک درجہ۔
سُر گھٹنا بڑھنا: سُر کی آواز کا گھٹنا بڑھنا۔
——ملانا / جمانا: آواز ملانا، ساز کا سُر کے موافق کرنا۔
——ملنا: آواز ملنا، تال ملنا، تال میل ہونا۔
سَرا: (ف) سرائے۔
——پردہ: (ف) مذکر، بارگاہ شاہی، خیمے کے گرد اگرد لگا دی جانے والی اونچی قنات، خیمہ، شاہی خیمہ۔
——چہ: (ف) مذکر، چھوٹا خیمہ، چھوٹا مکان، قنات سے گھری چھوٹی جگہ۔
سِرا: مذکر، کنارہ، ابتدا، آغاز، انتہا، اوّل، آخر۔
سِرے پر: کنارے پر۔
——سے: شروع سے کنارے سے۔
——سے دُہرانا: ابتدا سے سب باتیں مکرر کہنا۔
سَراب: (ف) مذکر، مونث: (۱) وہ ریتلی زمین جو چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکا دیتی ہے، (۲) دھوکا ہی دھوکا۔
سَراپ: (ا) مذکر، لعنت، بددعا۔
سَراپا: (ف) مذکر، (۱) سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف والی نظم (۲) از سر تا پا، تمام، سب، بالکل، (۳) مذکر، پورا خلعت۔
سَراٹا: مذکر، تیز ہوا کی آواز۔
سِراج: (ع) مذکر، چراغ، آفتاب۔
سَرادھ: مذکر، ہندوؤں میں مرے ہوئے بزرگوں کی یادگار میں کھانا دینے کی رسم۔
سَراسَر: (ف) اس سرے سے اُس سرے تک، تمام، بالکل۔
سَراسَری / سَرسَری: رواروی، کوئی کام بے توجہی سے کرنا، رواروی میں کوئی کام کرنا۔
سَراسَری: مونث، پیشانی کا ایک زیور۔
سراسیمگی: (ف) مونث، پریشانی، اضطراب۔
سراسیمہ: (ف) حیران، پریشان، مضطرب، گھبرایا ہوا۔
سُراغ: (ترکی) مذکر، کھوج، نشان، ٹھکانا۔
——چلنا: کھوج ملنا، پتا ملنا۔
——رساں: مذکر، پتا لگانے والا، تلاش کرنے والا، جاسوس۔
——رسانی: مونث، تلاش، جستجو، پتا معلوم کرنا۔

سُراگائے: مونث: تبت، تاتار، کوہ ہمالے میں پائی جانے والی گائے۔ جس کی دم کے چنور بنائے جاتے ہیں۔
سِراانا: متبرک چیزوں کو دریا میں بہانا، دفن کرنا، ٹھنڈا کرنا۔
سِراوگی: مذکر، جین مت کا پیرو۔
سَراوَن: مذکر، کھیت کی مٹی ہموار کرنے کا آلہ، پٹرا۔
سَراہنا: مونث، تعریف کرنا، حوصلہ افزائی کرنا۔
سِرایت/سَرایت: (ع) مونث: گھسنا، بیٹھنا، رچنا، تاثیر کرنا، جذب ہونا، نفوذ۔
سَرَب: (ف) مذکر، سیسہ۔
سَرَپَٹ: مونث: (۱) گھوڑے کی ایک قسم کی تیز دوڑ، (۲) (کنایتاً) تیز پڑھنا، تیز لکھنا۔
سَرپھوکا: مذکر، ایک قسم کی مصفی خون گھاس۔
سُرَت: (ا) مونث: فکر، خیال، یاد، ہوش۔
سُرتا: مذکر، (۱) ہوشیار، چالاک، عقل مندی، چوکنا، (۲) ذہین (۳) وہ گول پتھر جس پر ہندو صندل گھس کر لگاتے ہیں۔
سُرتی: (ہ) مونث: (۱) تمباکو کا برادہ (۲) دانائی، ذہانت۔
سرٹیفکیٹ: (سرٹی فکٹ): CERTIFICATE: (انگ) سند، صداقت نامہ۔
سَرج: SERGE: (انگ، مذکر، اڑی بنائی کا گرم کپڑا، ایک قسم کا اونی کپڑا۔
سَرجَری: SURGERY: (انگ) مونث: جراحی، فن جراحت۔
سَرجن: SURGEON: (انگ) آپریشن کرنے والا ڈاکٹر، جراح۔
سرچ لائیٹ: SEARCH LIGHT: (انگ) مونث: کسی دور کی چیز کو دیکھنے کے لیے بہت تیز اور بڑی روشنی۔
سرحد: (ف) مونث: کنارہ، انتہا، حد فاصل۔
سُرخ: (۱) لال، چنچھا، (۲) مونث: گنگھی، رتی (ماشے کا آٹھواں حصہ)
ـــــ بادہ: مذکر، ایک جلدی مرض کا نام۔
ـــــ رو: (ف) (۱) لال چہرے والا (۲) کامیاب، خوش، عزت آبرو حاصل کرنے والا (۳) یا آبرو۔
ـــــ رو کرنا: عزت دینا۔
ـــــ رو ہونا: کسی کے یہاں عزت پانا۔
ـــــ وسفید: (۱) (کنایتاً) سونا چاندی (۲) (کنایتاً) سفیدی کے ساتھ سرخی ملی ہوئی چہرے کی رنگت۔
ـــــ وسفید ہونا: گوری رنگت پر سرخی نمایاں ہونا۔
سرخ ہونا: (۱) لال ہونا، (۲) میوے کا پک جانا، (۳) غصے میں لال ہونا۔
سُرخا: مذکر، (۱) ایک قسم کے گھوڑے کا رنگ، (۲) ایک قسم کا کبوتر، (۳) (عا) شراب۔
سرخاب: (ف) مذکر، ایک آبی پرند کا نام۔
ـــــ کا پَر لگا ہونا: (مقولہ) کسی شخص میں کوئی نئی یا انوکھی بات ہونا۔
ـــــ کا پَر ہونا: انوکھی بات ہونا، خاص جوہر ہونا، فوقیت ہونا، ترجیح ہونا۔
سُرخی: (ف) مونث: (۱) لال رنگت (۲) سرخ روشنائی (۳) آدھ پکی اینٹ کی راکھ، (۴) (کنایتاً) عنوان، ہیڈنگ۔
ـــــ قائم کرنا: عنوان قائم کرنا۔
سَرد: (ف) (۱) ٹھنڈا، بے جان، (۲) ناخوش، بے مزہ، (۳) بے رونق (۴) پھیکا، (۵) (کنایتاً) ٹھنڈی آہ۔
ـــــ بازاری: مونث: بازار سرد ہونا، کسی چیز کی مانگ نہ رہنا، کسی چیز کی پرسش نہ ہونا۔
ـــــ گرم: مذکر، نشیب و فراز، اونچ نیچ۔
ـــــ گرم جھیلنا: انقلاب زمانہ کا تجربہ کرنا۔
ـــــ مہر: (ف) بے رحم، بے مروت۔
ـــــ ہو جانا: (۱) ٹھنڈا ہو جانا، گرمی دفع ہو جانا، (۲) مر جانا، (۳) متحیر ہو جانا، دم بخود ہو جانا۔
سردی: (ف) (۱) ٹھنڈ، خنکی، (۲) جاڑے کا موسم، (۳) (دہلی) زکام، سردی کی تپ، لرزے کے ساتھ تپ۔
ـــــ پڑنا: جاڑا پڑنا، ٹھنڈ ہونا۔
ـــــ چڑھنا: جوڑی چڑھنا۔
ـــــ کھانا: جاڑے کا اثر ہونا، جاڑے کی تکلیف برداشت کرنا۔
ـــــ گرمی سے بچانا: گرم و سرد موسم یا ہوا سے محفوظ رکھنا۔
ـــــ ہونا: زکام ہونا، ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔
سرداب/سردابہ: (۱) تہ خانہ، (۲) وہ قبر جو پہلے سے کھود کر خالی پاٹ دیتے ہیں۔
سردار: (ف) مذکر، سرغنہ، افسر۔

سرداری: (ف) مونث: افسری، حکومت۔
سَروَں: مذکر، چوکھٹ کے اوپر کا پٹاؤ، چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی جس میں کواڑ کی اوپر والی چول رہتی ہے۔
سردہ: (ف) مذکر، ایک قسم کا شیریں خربوزہ جس کا گودا اندر سے سبز رنگ کا ہوتا ہے۔
سرزد ہونا: واقع ہونا، ظہور میں آنا۔
سِرس/سِرسا: مذکر، ایک درخت کا نام۔
سَرسام: (ف) مذکر، ایک ہذیانی مرض کا نام، جس میں انسان کے دماغ میں ورم ہوجاتا ہے۔
سَرسُتی/سَرسُوَتی: مونث: (۱) ایک دریا کا نام، (۲) زبان، راگ، علم وہنر کی دیوی کا نام، (۳) ایک راگنی کا نام۔
سَرسَر: مونث، (۱) سائیں سائیں کی آواز، (۲) تیز چلتی ہوئی چیز۔
سَرسَرانا: (۱) جوں یا چیونٹی وغیرہ کا بدن پر آہستہ آہستہ چلتے معلوم ہونا، (۲) ہوا کا لہرانا، ہوا کا سائیں سائیں کرنا، (۳) کسی رقیق چیز کے جوش ہوتے وقت پانی کا آواز دینا، پکنے کی آواز دینا، (۴) پودوں یا درختوں میں جان پڑنا، رونق آنا، روپ آنا، (۵) ہلکی ہلکی سانس آنا۔ ہلکی ہلکی ہوا آنا، (۶) ہوا سے درختوں کے پتوں کا رگڑ کھا کے آواز دینا۔
سُرسُرانا: سردی سے کانپنا، سردی کے مارے کانپتے ہوئے سُرسُر کی آواز نکالنا۔
سَرسَراہٹ: مونث: (۱) سانپ کے چلنے یا کسی کیڑے کے رینگنے کی آواز، رسّی کے گھسٹنے کی آواز، (۲) پکنے میں پانی کے بولنے کی آواز (۳) جنبش، خیزی۔
سَرسَری: (ف) (۱) سراسری (۲) مجمل طور پر، جلدی سے، بے سوچے سمجھے۔ بے پروائی سے، بے فکری (۳) عدالت خفیفہ (۴) عورتوں کی ہر لفظ سے پہلے سین (س) بڑھا کر راز کی زبان بنالینا، (اب متروک ہے۔
اختیارات: مذکر۔ تحقیقات سے پہلے حکم دینے کے اختیارات۔
سُرسُری: مونث: (۱) اناج میں لگ جانے والا سرخ کیڑا (۲) آتش بازی کی چھچھوندر، (۳) سرسراہٹ۔
سَرسُوَتی: مونث: علم وراگ وہنر کی دیوی۔

سَرسوں: (ف) مونث: رائی کی قسم کا ایک بیج۔
پھولنا: (کنایتاً)، زردی کا عالم نظر آنا، سرسوں کے پھولوں کا پھولنا۔
سِرشت/سَرشت: (ف) خمیر، طبیعت، خو، مزاج۔
سَرِشتہ/سَررِشتہ: (۱) دفتر، محکمہ، کچہری، (۲) دستور، رواج، طریقہ۔
دار: سر دفتر، میر منشی۔
داری: سَرِشتہ دار کا عہدہ، میر منشی۔
سِرشک/سَرشک: مذکر، قطرہ، آنسو۔
باراں: (اضافت کے ساتھ) (ف) مینہ کے قطرے۔
سَرطان: (ع) مذکر، (۱) مکڑی یا بچھو سے مشابہ ایک آبی کیڑا (۲) آسمان کے چوتھے بُرج کا نام (۳) ایک خطرناک پھوڑا، (کینسر)
سُرعَت: (ع) مونث: جلدی، تیزی، پھرتی۔
سرغنہ: (ف) مذکر، (۱) بڑا، بزرگ، (۲) مفسدوں کا سردار۔
سَرف: (ع) مذکر، فضول خرچ، بے ہودہ خرچ، زائد خرچ۔
سُرفہ: (ف) مذکر، کھانسی۔
سَرقہ: (ع) مذکر، (۱) چوری ڈکیتی، (۲) دوسرے کے مضمون یا شعر کو اپنے کلام میں شامل کرلینا۔
سرکار: مونث: (۱) حکومت، سلطنت، گورنمنٹ (۲) بادشاہی عدالت (۳) (کنایتاً) کسی رئیس کی ریاست، (۴) سردار، آقا، حضور، عالی جناب (۵) (کنایتاً) معشوق (۶) (کنایتاً) تعظیم سے، گھر، گھر کا مالک۔
دربار: بادشاہ کی کچہری۔
دربار چڑھنا/کرنا: (محاورہ)، کچہری میں نالش کرنا، دعوے دار ہونا۔
سرکاری: (ف) (۱) سرکار سے منسوب، سرکار کا منصبی، (۲) شاہی، حاکمانہ، (۳) آقا کا۔
کاغذ: مذکر، اسٹامپ کا کاغذ، پرامسری نوٹ۔
کام: مذکر، آفس کا کام، دفتر کا کام۔ (حکومت سے) متعلق۔
سرکانا: (۱) ہٹانا، ایک طرف کرنا، الگ کرنا، کھسکانا، (۲) کسی کام کی تاریخ بدلنا، ملتوی کرنا، (۳) غائب کردینا، چھپا دینا، (۴) اُڑا دینا، چپکے سے دوسرے کا مال کسی کو دے دینا (۵) رشوت دینا۔
سرکٹ: (CIRCUIT) (انگ) مذکر، (۱) چکر، دور۔

سرکٹ ہاؤس: CIRCUIT HOUSE (انگ)؛ مذکر، دورے پر جانے والے حکام کے قیام کرنے کی عمارت۔

سَرکَس: CIRCUS (انگ)؛ مذکر، (۱) جسمانی کرتب دکھانے والی ٹولی، (۲) وہ تماشا جس میں سدھائے ہوئے جانوروں کے کرتب دکھائے جاتے ہیں۔

سَرکِل: CIRCLE (انگ)؛ مذکر، حلقہ، دائرہ، احاطہ، چکر، گھیرا۔

سَرکُلر: CIRCULAR (انگ)؛ مذکر (۱) گول، چکر دار، دائرہ نما، (۲) گشتی مراسلہ، اعلان، اشتہار۔

سرکنا/سرک جانا: پیچھے ہٹنا، ایک طرف ہو جانا، الگ کرنا، کھسکانا، اُڑا دینا۔

سَرکَنڈا: مذکر، سینٹھا، نرگل۔

سِرکَنگبین/سکنجبین: (ف)، مؤنث، سرکے کا شربت۔

سِرکہ/سِرکا: (ف) مذکر، گُڑ، گنے اور انگور وغیرہ کا خمیر اُٹھا ہوا شیرہ۔

سِرکی: مونث، سوپ، پال وغیرہ بنانے کی ایک قسم کی گھاس کی تیلی۔

سُرگ باشی؟ جنت میں رہنے والا، خُلد نشین، آں جہانی، مرحوم۔

سرگم: مونث، راگ کے ساتوں سروں کا مجموعہ۔

سَرگہی: (ع)، سحری، روزہ رکھنے کے لیے رات کے آخری حصہ میں کھایا جانے والا کھانا۔

سَرَل: (ہ) مذکر، سیدھا، سادہ، آسان۔

سَرما: (ف) مذکر، جاڑا، سردی کا موسم۔

سَرمایہ: (ف) مذکر (۱) پونجی، دولت، اصل زر، (۲) وہ اشیاء جو دولت کی پیداوار میں مدد دے سکیں۔

سرمایہ دار: (ف) مال دار، صاحبِ ثروت، پونجی پتی۔

سرمایہ داری: (۱) دولت مندی، مالداری، (۲) سرمایہ دارانہ نظام۔

سُرمہ: (ف) مذکر (۱) انجنا آنکھوں میں لگانے کی مہین پسی چیز، (۲) نہایت باریک۔

سُرمہ آواز: (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً)، آواز بند کر دینے والا، سرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جانا۔

سُرمہ بنانا: (۱) سرمہ تیار کرنا، (۲) (کنایتاً)، بہت باریک کرنا۔

——— پھیلنا: لگاتے ہوئے سرمے کا اپنی جگہ سے بڑھ جانا۔

سُرمہ چشم: (ف) (اضافت کے ساتھ)، (کنایتاً)، پیارا، عزیز۔

سرمہ دانی: مونث، سرمہ رکھنے کا ظرف۔

سرمہ دنبالہ دار: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ)، آنکھ کے کوے سے کپیا کی طرف بڑھا ہوا سُرمے کا خط۔

سُرمۂ سلیمان/سلیمانی: دنیا کی چھپی ہوئی چیزیں دکھانے کی تدبیر والا سُرمہ۔

سُرمہ کرنا: نہایت باریک کرنا۔

——— کھانا: (کنایتاً)، خاموشی اختیار کرنا۔

سُرمگیں/سُرمگین: (ف)، سرمہ لگی ہوئی، سرمہ آلود۔

سُرمے کا قلم: مذکر، پنسل۔

سُرمئی: سرمے کا رنگ کا۔

سَرَن: ؟ (س)، مونث، پناہ۔

سُرنا: (ف)، مونث، نفیری۔

سرنج: SYRINGE (انگ)، مونث، پچکاری۔

سُرنگ: (۱) مونث، (۱) نقب، زمین دوز راستہ، پہاڑ وغیرہ اُڑانے کی زمین کے اندر کی بارود بھری نالی، (۲) لال، سرخ، (۳) مذکر تیلیا یا لاکھی رنگ کا گھوڑا، (۴) اچھے رنگ کا خوش رنگ۔

——— لگانا: (۱) سوراخ کرنا، نقب لگانا، (۲) (کنایتاً)، خبر لگانا، اندر ہی اندر کھوج لگانا، (۳) (کنایتاً)، جڑ کھودنا، بنیاد کھوکھلی کرنا، بیخ کنی کرنا۔

سُرنگی/سُرنگیا: (ہ)، سرنگ لگانے والا، سراغ رساں۔

سَرُو: (ف)، مذکر، ایک مشہور درخت کا نام۔

سَرُو آزاد: (اضافت کے ساتھ)، (ف)، سیدھا اور اونچا ہمیشہ سرسبز رہنے والا، سرو کی ایک قسم۔

——— بالا: (ف) (۱) سرو قامت (۲) (کنایتاً)، محبوب۔

——— چمن/خراماں/رواں/سمن اندام/قامت/گل اندام: (اضافت کے ساتھ)، (کنایتاً)، محبوب، معشوق۔

——— رعنا: (اضافت کے ساتھ) (ف) (۱) سرو خوش نما و آراستہ، (۲) (کنایتاً)، معشوق۔

——— چراغاں: (اضافت کے ساتھ)، مذکر، لکڑی کے ٹکڑوں سے سرو کی شکل بنا کر اس کی شاخوں پر چراغ روشن کیا ہوا مصنوعی سرو۔

——— سہی: (ف) (۱) دو سیدھی اوپر کو گئی ہوئی شاخوں والا سرو،

(۲) (مجازاً) محبوب۔

سَرُو قد: (۱) سرو جیسے سیدھے قد والا، خوش قامت، (۲) (کنایتاً) معشوق۔

—— **اٹھنا**: تعظیم کے لیے کھڑے ہو جانا۔

—— **تعظیم دینا**: سیدھے کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔

—— **ناز**: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ)؛ (۱) ہر طرف جھکی ہوئی شاخوں والا سرو، (۲) (کنایتاً) محبوب۔

سِرُوا: مذکر، پلنگ کے سرہانے اور پائینتی کی پٹیاں۔

سَرواہا: مذکر، (۱) سروسامان، (۲) وارث۔

سَرُوپ: (ا) مذکر، روپ، شکل وشباہت، خوب صورتی۔

سَرُوتا: مذکر، چھالیا کترنے کا اوزار، گٹھریاں کاٹنے کا اوزار۔

سُرود: (ف) مذکر، گیت، نغمہ، راگ۔

سَرود: ایک قسم کا باجا۔

سَرُور: (ف) مذکر، سردار، افسر۔

سَرورِ کائنات: (سردارِ عالم)؛ مذکر، آں حضرت صلعم سے مراد۔

سُرُور: (ع) مذکر، (۱) خوشی، فرحت، (۲) خفیف سا نشہ، خمار۔

—— **جمنا/ہونا**: خمار چڑھنا، آنکھوں میں سرخی جھلکنا۔

سَروِس: (SERVICE)؛ (انگ) مونث، نوکری، ملازمت، خدمت، خدمت گاری، کام، انتظام۔

—— **بک**: (BOOK ——)؛ (انگ) مونث، وہ کتاب جس میں ملازمین کی مدت خدمت اور ان کے چال چلن کی بابت لکھا جاتا ہے۔

سروش: (ف) مذکر، فرشتہ جبرئیل، فرشتہ غیب کی آواز، الہام۔

—— **غیب**: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، ہاتف، غیب، آسمانی آواز۔

سرونٹ: (SERVANT)؛ (انگ) مذکر، نوکر، خدمت گار، ملازم۔

—— **کوارٹر**: (QUARTER/S ——)؛ (انگ)؛ کسی بڑے مکان کے احاطے میں ملازمین کے لیے رہنے کے کمرے۔

سَرُوَر: (ا) مذکر، تالاب، جھیل، ہمالیہ میں واقع ایک بڑی جھیل کا نام۔

سروہی: (۱) مارواڑ میں کوہ آبو کے پاس کا ایک مشہور قصبہ، (۲) مونث، ایک قسم کا خنجر، ایک قسم کی دو دھاری تلوار۔

سروے: (SURVEY)؛ (انگ)؛ مذکر، پیمائش، جائزہ، معائنہ۔

سَرہانا: مذکر، سر رکھنے کی جگہ، تکیہ رکھ کے لیٹنے کا رُخ۔

سَرہج/سَلُہج: مونث، سالے کی جورو۔

سَرہنگ: (ف) مذکر، (۱) فوج کا سردار، پہلوان، سپاہی، (۲) دل چلا۔

سِری: مونث، مذبوح جانور کا سر۔

—— **پائے**: مذکر، کلے پائے۔

—— **پھل**: مذکر، ناریل۔

سِری/سِرِی: (۱) لچھمی کا نام، دولت اور اقبال کی دیبی، (۲) ایک عزت کا خطاب، جناب۔

سری راگ: مذکر، راگ کی ایک قسم۔

—— **کشن/کرشن**: مذکر، کنہیا جی کا لقب۔

سِرے: (اصل ع) پیچھے، فی کس، (۲) پہلے ہی، اوّل (۳) انتہائی حد پر۔

سِرِیَت: (ع) مونث، (۱) سِر سے منسوب، باطنیت، (۲) فلسفہ ویدانت جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث کی جاتی ہے۔

سَرِیتی: (مونث) لاشعوری تصور، ماورائی حقیقت، دیکھو: (انگ) SURETY

سریر/سَریر: (ا) مذکر، بدن، جسم۔

سریر: (ع) مذکر، تخت، مسند، شاہی گدی۔

سریش/سریش: (ف) مذکر، ایک قسم کی چپکنے والی چیز۔

سَریع: (ع) (۱) جلدی کرنے والا، تیز، (۲) مونث، عروض کی ایک بحر کا نام۔

—— **الاِلتہاب**: (ع) جلد آگ پکڑ لینے والا۔

—— **التاثیر**: (ع) جلد اثر کرنے والا، زود اثر۔

—— **الفہم**: (ع)؛ زود فہم، جلدی سمجھنے والا۔

—— **الہضم**: (ع)؛ جلد ہضم ہو جانے والا۔

سُریلا: مذکر، خوش گلو، خوش آواز، رسیلے والا۔

—— **گلا**: مذکر، نغمہ سرائی سے مناسبت رکھنے والا گلا، سب سُر ٹھیک ٹھیک ادا کرنے والا گلا۔

سریلی: مونث، سُر میں ڈوبی ہوئی، تال سُر کے موافق۔

سُرِیلِسٹ: (سُرِی لِسٹ)؛ (SURREALIST)؛ (انگ)؛ ماورائی حقیقتوں کو ماننے والا۔

سُرین: (ف) مذکر، چوتڑ، پٹھا۔

سِسر: (ا) مونث، جنون، دیوانگی، بادلاپن۔

—— **ہلا/ہلّا**: مذکر، اتھل جلول۔

سڑا : مذکر، گلا ہوا، بوسیدہ۔
——— گلا: مذکر، بدبودار، گلا ہوا۔
سڑنا :(۱) بدبودار ہونا، گل جانا، خمیر اٹھنا، (۲) (کنایتاً) مدت تک پڑا رہنا، (۳) بگڑنا، خراب ہونا، کام کا نہ رہنا۔
سڑا : مذکر، دیوانہ، پاگل، احمق۔
——— باولا : پاگل، دیوانہ، مجنوں۔
سڑاسڑ: برابر، لگاتار، سٹاسٹ، کوڑے یا قمچی کے متواتر مارنے کی آواز، کسی لچک دار چیز کے مارنے کی آواز۔
سڑاک : مونث: (۱) جلد، فوراً، تیزی سے (۲) قمچی یا چابک مارنے کی آواز۔
سڑاند/سڑاہند : مونث: بدبو، تعفن۔
سڑپ/سڑپ: مونث: کسی پتلی چیز کے پینے یا جلد جلد کھانے کی آواز۔
سڑنا/سڑپنا: کش کھینچنا، چوسنا، پینا۔
سڑسڑ/سڑسڑ/سڑسڑ : مونث: حقہ پینے کی آواز، حقے کی آواز۔
سڑسے: جلدی سے۔
سڑک : مونث، روڈ، راستہ، شارع عام، شاہ راہ۔
——— آہنی: لوہے کی سڑک، ریل کی سڑک (پٹری)۔
سڑکنا: (۱) گل جانا، ہپ کر جانا، (۲) ناک کا گاڑھا پانی اوپر کی طرف کھینچنا۔ (۳) ناس لینا، (۴) ناک میں پانی دوا یا ناس پہنچانا، (۵) تلوار میان سے سوتنا، (۶) (کنایتاً) پانی کی طرح پی جانا۔
سڑکن: مونث: دیوانی عورت، بے وقوف عورت۔
سڑی: مذکر، مونث، پاگل، احمق، دیوانہ۔
——— سلطان/——— سودائی: دیوانہ اور مجنوں۔
سڑی بسانڈی باتیں: (عو) نکمی باتیں، ناگوار باتیں، بیہودہ باتیں۔
سزا: (ف) مونث: (۱) لائق، سزاوار، موافق، (۲) عوض، بدلا، جزا، (۳) تاوان، جرمانہ، قید۔
——— پانا: بدی کا عوض پانا، دکھ پانا، جرمانہ یا قید بھگتنا۔
——— دینا: قید کرنا، جرمانہ کرنا، مارنا پیٹنا، گوشمالی کرنا، بدی کا بدلا دینا۔
——— کا مزا چکھنا: سزا کی تکلیف سہنا، سزا کو پہنچنا کے کی سزا پانا۔
——— وار: (ف) لائق، مناسب، مستحق، قابل، زیبا، مبارک، مسعود۔
——— وار ہونا: موافق ہونا، مبارک ہونا، مسعود ہونا۔
——— یاب/یافتہ: (ف): سزا پایا ہوا انسان
سساند/سساہند: مونث: مچھلی کی سی بدبو۔
سست: (ف) (۱) ناتواں، کمزور۔ (۲) کاہل، مجہول، (۳) کم شہوت (۴) اداس، آزردہ، افسردہ (۵) دھیما (۶) مضمحل، نڈھال، (۷) ہکا بکا رہنا۔
——— اعتقاد: کمزور عقیدے والا۔ ضعیف الاعتقاد۔
——— پیماں: (ف) وعدے کا کچا۔ عہد شکن، سست رائے۔ بے عقل۔ بے وقوف۔ نادان۔
——— ہونا: (۱) کاہل ہونا۔ مجہول ہونا۔ (۲) اداس ہونا۔ غم گین ہونا۔ (۳) کم شہوت ہونا۔ (۴) کم رفتار ہونا۔
سستا: مذکر۔ کم دام، ارزاں، کم قیمت۔
——— چھوٹنا: (۱) کم قیمت پر بکنا۔ (۲) بلا دفع ہونا۔ (۳) آسانی سے کسی معاملے سے نبٹ جانا۔
——— سمار سماں: مذکر۔ سستائی کا زمانہ۔ ارزاں کا وقت۔
سستانا/سستالینا: آرام لینا۔ دم لینا۔ تازہ دم ہونا۔
سستی: (ف) مونث: (۱) کاہلی، ڈھیلاپن، الکسی، کنسل (۲) نامردی۔
——— اتارنا/توڑنا: (کنایتاً) انگڑائی لینا۔
سسٹر: SISTER: (انگ) مونث: (۱) بہن، ہمشیرہ۔ (۲) (مجازاً) اسپتال کی نرس (۳) عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنے والی راہبہ کا خطاب۔
سسٹم: SYSTEM (انگ) مذکر۔ اصول، طریقہ۔ رواج۔ طرز۔ نظام۔
سسر/سسرا: مذکر۔ (۱) خسر، بیوی کا باپ۔ خاوند کا باپ۔ (۲) ایک قسم کی گالی۔
سسری: مونث: (۱) ساس، (۲) ایک قسم کی گالی۔
سسرال: مونث: (۱) ساس یا سسر کا گھر۔ (۲) خاوند یا بیوی کی طرف کا کنبہ۔ (۳) غم، قید خانہ۔
——— کا کتا: (کنایتاً) خسر کی روٹیوں پر پڑا رہنے والا داماد۔
سسکارنا: کتے کو کسی پر دوڑانا۔
سسکاری: مونث: (۱) سسکی (۲) کتے کو جھپٹانے یا لپکانے کی آواز۔
سسکارنا: بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا۔ بچے کو پیشاب کرانا۔
سسکتی: مونث: روتی۔ بسورتی۔ منہ بناتی۔
——— پھنکتی: مونث: کنجوس عورت۔
سسک سسک کر دم نکلنا: تھوڑا تھوڑا کر کے بڑی تکلیف

کے ساتھ دم نکلنا۔
سسکنا: ذرا ذرا سانس لینا، مرنے کے قریب ہونا۔
سسکی: مونث؛ (۱) آہ سرد، کسی تکلیف کے باعث زبان بھینچ کر آواز نکالنا (۲) بیم سانس لے لے کر رونا۔
——— **بھرنا/لینا/سسکیاں بھرنا**: چپکے چپکے آہ آہ کرنا، بیم سانس لے لے کر رونا۔
سشن: SESSION انگ؛ مذکر؛ نشست، اجلاس (۲) عدالت فوجداری
——— **جج**: JUDGE ——— انگ؛ مذکر؛ سنگین مقدمات فوجداری کا فیصلہ کرنے والا جج۔
سطح: (ع) (۱) ہر چیز کا بالائی حصہ، (۲) (علم ہندسہ کی اصطلاح) وہ چیز جس میں عرض وطول ہو مگر عمق نہ ہو۔
——— **آب**: (اضافت کے ساتھ) (اف)؛ مونث، پانی کا بالائی حصہ، پانی کی چادر۔
——— **زمین**: (اضافت کے ساتھ) اف، مونث، روئے زمین۔
——— **مستوی**: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (علم ہندسہ کی اصطلاح) ہم وار سطح۔
سطحیت: مونث؛ اوپری پن، عمومیت، اکہرا پن، اوچھا پن۔
سطر: (ع) مونث؛ (۱) خط کھینچنا، لکھنا، (۲) کسی چیز کی صف، قطار، (۳) کتاب کی سطر، لکیر، (۴) حرفوں اور لفظوں کی قطار۔
——— **بندی**: (ف) مونث؛ اس طرح لکھنا کہ اگر اوپر یا نیچے خط کھینچیں تو حرفوں کے دائرے یا مرکز یا کشش میں نہ کٹیں۔
سطوت: (ع) مونث؛ دبدبہ، قہر۔
سعادت: (ع) مونث؛ خوش قسمتی، اقبال مندی، نیکی، بھلائی۔
——— **دارین**: دونوں جہاں کی بھلائی۔
——— **مند/ور**: (اف) نیک بخت، مطیع، وفادار، خدمت گزار۔
——— **مندی**: (اف) مونث؛ نیک بختی، اطاعت۔
سعد: (ع) (۱) نیک، مبارک، (۲) چاند کی بیسویں منزل کا نام۔
——— **اکبر**: (اضافت کے ساتھ) (ع) (۱) مذکر، ستارہ مشتری۔
سعدین: (ع) (سعد کا تثنیہ)؛ مذکر، زہرہ ومشتری۔
سعی: (ع) مونث؛ (۱) صفا مروہ پہاڑوں کے درمیان دوڑنا (۲) کوشش، دوڑ دھوپ، (۳) سفارش۔
سعی لاحاصل/نامشکور: (اضافت کے ساتھ) (اف، مونث)؛ بے نتیجہ کوشش۔
سعید: (ع) نیک، نیک بخت، مبارک۔
سفارت: (ع) مونث؛ (۱) ایلچی گری، پیغام بری، (۲) ایک حکومت کی طرف سے دوسری حکومت کے پاس گفتگو یا فیصلہ کرنے کے لیے بھیجا جانے والا نمائندہ یا گروہ۔
سفارش: (اف) مونث؛ بھلائی کا کلمہ کہنا۔
——— **نامہ**: سفارشی خط۔
سفارشی: جس کی سفارش کی گئی ہو۔
——— **ٹٹو**: مذکر، (طنزاً)؛ سفارش کی بنا پر ملازم رکھا ہوا شخص۔
سفاک: (ع) خوں ریز، بے رحم، ظالم۔
سفال: (ع) مٹی کا برتن، ٹھیکری۔
سفالی/سفالین: (اف) مٹی کا، گلی۔
سفاہت: (ع) مونث؛ کمینہ پن، بے وقوفی۔
سفر: (ع) مذکر؛ (۱) مسافرت، ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا (۲) روانگی، کوچ
——— **آخرت**: (اضافت کے ساتھ) (ع) مذکر، مر جانا۔
——— **اور سفر میں ایک نقطے کا فرق ہے**: (مث) یعنی سفر میں بڑی تکلیف ہوتی ہے۔
——— **خرچ**: مذکر، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا خرچ۔
——— **کرنا**: (۱) سیاحت کرنا، (۲) روانہ ہونا، کوچ کرنا (۳) مرنا، رحلت کرنا۔
——— **نامہ**: (اف) سفر کے حالات اور سرگزشت۔
——— **وسیلۂ ظفر**: (مقولہ) سفر کرنے سے فلاح ہوتی ہے۔
سفری: (اف) مسافر (۲) سفر سے منسوب۔
سفیر مینا: (انگ) مونث؛ سرنگ لگانے اور کھودنے کا کام کرنے والی پلٹن۔
سفرہ: (ع) مذکر، دسترخوان، توشہ دان۔
سفری: مونث؛ (عم) امرود۔
سفلہ: کمینہ، اوچھا، نالائق۔
——— **پرور**: کمینوں کو منہ لگانے والا۔
——— **پن**: مذکر، کمینگی، نالائقی۔
سفلی: (ع) پستی سے منسوب، نیچے کا حصہ۔
——— **عمل**: بدروحوں یا شیطان سے مدد لیے ہوئے منتر کا جادو۔

سِفنا: (ع) مذکر، مچھلی یا نہنگ کی کھال پر کے سخت گول گول ٹکڑے۔
سَفوف: (ع) مذکر، پسی گئی ہوئی چیز، پھنکی
سَفید: (ف) سپید، سپیدہ، سپیدی۔
——— پڑ جانا: چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا، خون خشک ہو جانا۔
——— پوش: سفید کپڑے پہننے والا، بھلا مانس، متوسط طبقے کا آدمی۔
——— وسیاہ کا اختیار ہونا: (کنایتاً) مختار کل ہونا۔
——— ہونا: (۱) گورا ہونا، (۲) (کنایتاً) خوف یا غم سے چہرے کی رنگت سفید ہو جانا، (۳) بالوں کا سفید ہونا، بڑھاپا آجانا۔
سفیدہ: ایک قسم کا خوش ذائقہ آم، (۲) آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جانے والا پھٹکے ہوئے جست کا پھول۔
سَفیر: (ع) مذکر، ایلچی، قاصد۔
سَفینہ: (ع) مذکر، (۱) کشتی، (۲) طولانی بیاض، یادداشت کی بیاض۔
——— نوح: حضرت نوحؑ کی کشتی۔
سَفیہ: (ع) کم عقل، بے وقوف، کمینہ۔

س ——— ق، ک

سَقّا: (ع) مذکر، پانی پلانے اور پانی بھرنے کا پیشہ کرنے والا۔
سقّے کی بادشاہی: (کنایتاً) تھوڑے دن کی حکومت۔
سقابہ/سَقاوہ: مذکر، پانی کا خزانہ، پانی رہنے کا مقام، پانی کا چھوٹا سا حوض۔
سَقَر: (ع) (۱) مذکر، دوزخ۔
سُقراط/سقراط: مذکر، یونان کے ایک مشہور فلسفی کا نام۔
سَقف: (ع) مونث، مکان کی چھت۔
——— کج مدار: (ف) (اضافت کے ساتھ)، (کنایتاً) آسمان۔
——— لاجوَرد/مینا: (اضافت کے ساتھ ف) مونث (کنایتاً) آسمان۔
سَقم: (ع) مذکر، عیب، نقص، خرابی۔
——— نکالنا: عیب نکالنا، نقص نکالنا۔
سُقمونیا: مونث، ایک قسم کا گوند۔
سَقَنقور: مونث، ایک قسم کی مچھلی، ریگ ماہی۔
سُقوط: (ع) مذکر، (۱) گر پڑنا (۲) خطا کرنا، (۳) کسی حرف کا وزن یا بحر کے خلاف ہونا، (۴) بھوک جاتی رہنا۔
سُقیم: (ع) (۱) بیمار (۲) خراب۔
سَقیم الحال: (ع) ناتواں، کمزور، مریض۔
سکار: (ہ) مذکر، (۱) صبح کا تڑکا، (۲) پل کا وصول ہونا۔
سَکارا: مذکر، ہنڈی سکارنے کی فیس۔
سَکارنا: ہنڈی کا روپیا ادا کرنا۔
سُکّان: (ع) مذکر، (جمع ساکن کی) (۱) باشندے (۲) کشتی کا پچھلا حصہ۔
——— سادات: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مذکر، فرشتے۔
سَکت: مونث، دم، طاقت، قوت، توانائی۔
سَکتہ: مذکر، (۱) آدمی کی حس وحرکت زایل ہو جانے اور بے ہوشی طاری ہو جانے والی ایک بیماری، علم عروض کی ایک اصطلاح، وزن کا پورا نہ ہونا، شعر کا ناموزوں ہونا۔
——— ہونا: (۱) سکتے کی بے ہوشی ہونا (۲) شعر کا کسی لفظ کی کمی بیشی سے ناموزوں ہونا، حیرت ہونا۔
سکتے کا عالم: حیرت، حیرت کا مقام، خاموشی کا عالم۔
سُکر: (ع) مذکر، نشہ، مستی، شراب کی مستی۔
سُکّر/شکروار: (ع) مذکر، (۱) زہرہ، ایک ستارے کا نام (۲) جمعہ کا دن
سَکَرات: (ع)، مونث، جان کنی کی تکلیف، نزع کا عالم۔
سکریٹری: SECRETARY (انگ)، معتمد، مددگار، پیش کار، ناظم، منتظم، (ہ) پچیو۔
سکریٹری ایٹ/سکریٹریٹ: SECRETARIAT (انگ) مذکر، (۱) سکریٹری کا دفتر (۲) کسی صوبے کا حاطلانہ محکمے کا صدر دفتر (ہ) پچیوالیہ۔
سکڑ دادا: مذکر، دادا کے دادا۔
——— نانا: نانا کے نانا۔
سُکڑنا: (۱) سمٹنا، بھینچنا، ٹھٹھرنا، اینٹھنا، (۲) شکن پڑنا، جھٹنے پڑنا۔
سَکینہ/سکسینا: کائستھوں کی ایک ذات/گوت۔
سکنا: (ہ) (فعل ناقص مرکبات میں مستعمل ہے) لائق ہونا، قابل ہونا، ممکن ہونا جیسے آسکنا، کھا سکنا۔
سِکنا: آگ پر تپایا جانا، گرم ہونا۔
سَکنات: (ع) مذکر، سکون، ٹھہرنا۔
سکنجبین: دیکھو سرنگبین۔
سِکندر: (۱) یونان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام، (۲) (کنایتاً) خوش نصیب۔
سکندری کھانا: گھوڑے کا ٹھوکر کھا کر سر کے بل گرنا۔
سکنڈ: SECOND (انگ)، منٹ کا ساٹھواں حصہ۔

سُکنہ: (ع) مونث؛ سکونت کی جگہ، گھر۔
سُکنی: مونث؛ مکانات کی جائے داد۔
سُکوت: (ع) مذکر؛ خاموشی، چُپ رہنا۔
——— کرنا: ٹھہرنا۔ خاموش ہو جانا۔
سِکورہ/سکورہ: مذکر مٹی کا پیالہ۔
سِکوری: مونث؛ مٹی کی پیالی۔
سِکوڑ: مونث؛ (۱) سمیٹ کر یک جا ہونا جسم کی کھال یا کسی چیز کا، (۲) اکنایتاً کسی سے کسی کی علاحدگی۔
سِکوڑنا: سکیڑنا، ہاتھ یا پاؤں سمیٹ لینا۔
سُکون: (ع) مذکر؛ (۱) آرام۔ قیام، ٹھہراؤ، (۲) جزم، حرف ساکن کی مقررہ علامت۔
سُکونت: مونث؛ بود و باش، قیام۔
——— پذیر ہونا: بود و باش اختیار کرنا، رہ پڑنا۔
سکونیت: (سکو۔نی یَت) (ع) مذکر؛ سکون کی کیفیت۔ حالتِ سکون۔ فلسفے کی اصطلاح، افلاطون کا فلسفۂ زمان۔
سِکہ: (ف) مذکر؛ (۱) ٹھپّا، (۲) سرکار کی طرف سے جاری کیا ہوا روپیا پیسا۔ (۳) طرز، روش، قاعدہ، دستور العمل، (۴) مہر شاہی، (۵) حکم حکومت تحکم، رعب و داب۔
——— بٹھانا/بٹھلانا: حکومت جمانا، رعب داب قائم کرنا۔
——— بنانا: سکہ ڈھالنا، چوری سے کوئی سکہ تیار کرنا، جعلی روپیا پیسا بنانا۔
——— بیٹھنا: رعب بیٹھنا، حکومت قائم ہونا۔
——— پڑنا: (۱) سکے پر نام کھودا جانا، (۲) اکنایتاً رعب بیٹھنا۔
——— جاری ہونا: (۱) کسی والیِ ملک کا روپیا ملک میں رائج ہونا، (۲) رعب داب بیٹھنا۔
سِکہ سحالی: مذکر؛ (۱) قدیم ریاست نظام دکن کا سکہ، (۲) سکہ رائج الوقت۔
سِکہ رائج الوقت: وہ سکہ جو حال میں چلتا ہو، رائج سکہ۔
سِکہ قلب: (ف) مذکر؛ کھوٹا سکہ، جھوٹا سکہ۔
سِکہر: (ف) مذکر؛ کھانا وغیرہ رکھنے کے لیے چھت میں لٹکائی جانے والی جالی یا ٹوکن، چھینکا۔
سِکھ: مذکر؛ گرو نانک کا پیرو۔
سُکھ: (ف) راحت، آرام، چین، تندرستی۔
سُکھ پانا: (ف) آرام پانا۔
سُکھی: (ف) سُکھ پانے والا، خوش، آسودہ۔
سِکھا شاہی: مونث؛ سکھوں کی عمل داری۔
سِکھانا/سکھلانا: تعلیم دینا، پڑھانا، (۲) سدھانا، ڈھب پر لگا دینا، ہلانا۔
——— پڑھانا: (۱) تعلیم اور تربیت دینا، (۲) ورغلانا، بہکانا۔
سُکھانا/سُکھلانا: (۱) خشک کرنا، تری دور کرنا، رطوبت جذب کرنا، (۲) اکنایتاً کسی کو دیر تک بٹھائے رکھنا۔
سِکھائے میں آنا: کسی کے کہنے میں آنا۔
سِکھایا پڑھایا: مذکر؛ (۱) تعلیم و تربیت دیا ہوا، (۲) بہکایا ہوا۔
سُکھ پال: مذکر؛ ایک قسم کی پالکی، (جس میں امیروں کی عورتیں سوار ہوتی تھیں)
سُکھ دَرشَن: مونث؛ ایک بوٹی کا نام۔
سِکھی: مونث؛ (۱) سہیلی، (۲) سدا سہاگ فقیروں کا گروہ، جو زنانہ لباس پہنتا ہے، (۳) ایک قسم کی پہیلی، جس میں ایک بات کہہ کر مکر جاتے ہیں، کہہ مکری۔

س ——— گ

سگ: (ف) مذکر؛ کتا۔
——— اصحابِ کہف: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (اصحابِ کہف کا کتا)، قطمیر۔
——— باش برادر خرد مباش: (ف) (مقولہ)؛ چھوٹے کو بڑے کی اطاعت و فرمان برداری کرنی پڑتی ہے۔
——— تازی: (اضافت کے ساتھ) (ف)؛ مذکر؛ شکاری کتا۔
——— دُنیا: (اضافت کے ساتھ) (ف، مذکر)؛ اکنایتاً؛ دنیا کا طالب، لالچی۔
——— زرد برادرِ شغال: (اضافت کے ساتھ) (ف، مثل)؛ وہ خراب شخص جو خرابی میں دوسروں کے مانند ہو۔
——— جھور بہ از برزرِ دور: (اضافت کے ساتھ) (ف، مثل)، جو شخص روبہ رو رہتا ہو وہ کیسا ہی ادنا کیوں نہ ہو اس کی رعایت کرنا پڑتی ہے۔
سَگا: مذکر؛ حقیقی، ایک ماں باپ کا۔
سِگار: CIGAR (انگ) مذکر؛ خشک تمباکو کی کاغذ میں لپٹی موٹی بیڑی چرٹ۔

سگائی: مونث، منگنی، نسبت۔

سگریٹ: CIGARETTE (انگ)، مشہور پینے کی کاغذ میں تمباکو بھری چیز۔

——— لائٹر LIGHTER ——— (انگ)؛ مذکر، سگریٹ سلگانے کی چھوٹی سی ڈبی۔

سُگندھ/سُگندھ: (ا) خوشبو، مہک۔

سگنل: SIGNAL (انگ) مذکر، موٹر، ریل گاڑی وغیرہ آنے جانے کی اطلاع دینے والا آلہ/علامت/نشان۔ اشارہ۔

سُگھڑ: (ا) عورتوں کے لیے، سلیقہ مند، باتمیز، ہوشیار۔

سُگھڑاپا: سلیقہ، تمیز۔

سگھڑپن: سلیقہ مندی، ہوشیاری، خوش سلیقگی۔

س ـــ ل

سِل: (ع) مونث، منہ سے خون آنے والی ایک بیماری۔

سِل: (ا) مونث، (۱) مسالا پیسنے کا پتھر (۲) چٹان، پتھر۔

——— بٹا: مذکر، سِل اور باٹ۔

سِلاجیت: مذکر۔ ایک پتھر سے نکلنے والا سیاہ رنگ کا پتلا مادہ جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

سِلاح: (ع) مذکر، ہتھیار، اوزار، آلات جنگ۔

——— خانہ: (ف) مذکر، ہتھیار رکھنے کا اسٹور۔

——— شور/دار: (ف)، بہادر سپاہی، ہتھیار بند، میگزین کا داروغہ۔

سلاخ: مونث، لوہے چاندی یا سونے کا پتلا گول لمبا ٹکڑا۔

سلاست: (ع) مونث، (۱) روانی، ہم واری، نرمی، ملائمت (۲) کلام کا ثقیل لفظوں سے پاک ہونا، آسانی سے پڑھا جانا، سادگی، صفائی۔

——— زبان: (اضافت کے ساتھ)، (ف) مونث، نرم کلامی، شیریں گفتاری، سلیس اور رواں عبارت۔

سلاسِل: (ع) مونث، (۱) زنجیر، بیڑی (۲) سلسلے۔

سلاطین: (ع) مذکر، (جمع سلطان کی)، شہزادے، پہلے بادشاہوں کی اولاد، شاہی خاندان کے بھائی بند، بادشاہ۔

سَلام: (ع) مذکر، (۱) تسلیم، بندگی، کورنش، آداب (۲) رخصت، (۳) معافی خواہی، بازآنا، (۴) خاتمۂ نماز کا سلام (۵) معرکۂ کربلا کے ذکر کے ساتھ ایک قسم کی مدحیہ نظم، (۶) (کنایتاً) الزام دینے اور قایل کرنے کا سلام، (۷) بٹے کا سلام، (۸) میلاد کی مجلس میں کھڑی ہوکر پڑھی جانے والی نظم۔

سلام پھیرنا: نماز ختم کرنا۔

——— پیام/پیغام: مذکر، (۱) گفت وشنید، بات چیت، (۲) منگنی کی نسبت، ذکر اذکار۔

——— روستائی بے غرض نیست: (اضافت کے ساتھ) (ف) (مثل) خوشخص کسی غرض سے بار بار آکر سلام کرے۔

——— شوق: (اضافت کے ساتھ)، اشتیاق ملاقات کا سلام۔

——— عَلَیک: (ع) مونث، (تجھ کو سلام، تو سلامت رہے)؛ (۱) بندگی، تسلیم، (۲) صاحب، سلامت، شناسائی۔

سلامُ علیکم/السّلامُ علیکُم: (ع) (تم پر سلامتی ہو، تم سلامت رہو) مسلمانوں کا سلام۔

سلام کرائی: مونث، دلہن کے رشتے داروں کا دولہا کو رخصتی کے وقت نقدی یا زیور دینا۔

——— کرنا: (۱) آداب بجالانا، (۲) (کنایتاً) ترک کرنا، چھوڑنا، (۳) کسی کی استادی بڑائی چالاکی یا ہنرمندی کا قایل ہوجانا، (۴) رخصت ہونا، خیرباد کرنا، (۵) (طنزاً) الزام دینے کے لیے سلام کرنا۔

——— کرنے والا: امیدوار۔

——— لینا: سلام کا جواب دینا۔

——— نیاز: (اضافت کے ساتھ)، عاجزی کا سلام، خردی کا سلام۔

سَلامَت: (ع) (۱) محفوظ، آفت اور صدمات سے محفوظ، صحیح، تندرست، زندہ (۲) پورا، کامل، ثابت، صحیح سالم (۳) بخیر و عافیت، تندرستی کے ساتھ (۴) مبارک۔

——— رَوی: (ف)، مونث، میانہ چال چلنا، کفایت سے گزارا کرنا۔

——— رہنا: (۱) صحیح سالم رہنا، (۲) برقرار رہنا، ثابت رہنا، کمی یا نقصان نہ ہونا، محفوظ رہنا۔

سلامتی: مونث، (۱) حفاظت، بچاؤ، (۲) خیریت، عافیت (۳) صحت، تندرستی، آرام (۴) زندگی، حیات، موجودگی۔

——— پڑھنا: (عو)، جن کلمات میں خدا کے ازل سے ابد تک ہونے کا اقرار ہو وہ کلماتِ دعا پڑھنا۔

سَلامَتی سے: (عو) (۱) خدا کے فضل سے (۲) (طنزاً) ماشاء اللہ۔
——— کا جام پینا: جام صحت پینا۔
——— میں: (عو) صدقے میں، موجودگی میں، طفیل میں۔
سلامی: (ف) مونث (۱) دولھا اور دولھن کو دیا جانے والا روپیا، (۲) ہتھیاروں کو اٹھا کر سلام کرنا، (۳) بادشاہوں یا معززین کی تعظیم کے لیے چند بار توپوں کا چھوٹنا، (۴) نذرانہ، (۵) ڈھال، ڈھلواں، (۶) مجرئی سلام کہنے والا، (۷) جھکنے والا۔
——— اتارنا: کسی بادشاہ یا حاکم اعلا کے آنے پر توپوں کے ذریعے سے اظہار تعظیم کرنا۔
سُلانا/سُلا دینا: (۱) نیند میں ڈالنا، (۲) بچے کو تھپک تھپک کر سُلانا (۳) زہر کھلا کر مار ڈالنا۔ گلا گھونٹ دینا، (۴) قبر میں، دفن کرنا۔
سَلائی: (۱) سرمہ لگانے کی گول پتلی سلاخ، (۲) پتلی سلاخ، گوٹا بُننے کا کانٹا، لکڑی کے اندر رکھنے کی پتلی سینک، (۳) دیا سلائی، (۴) وہ آلہ جس سے مشاطہ زلف بناتی ہے۔
——— پھیرنا: (۱) عرم سلائی کے ذریعے سے اندھا کرنا، نابینا کرنا، (۲) کسی زخم میں سلائی گمانا، آنکھ میں سلائی گھمانا، سُرمہ لگانا۔
سِلائی: مونث: (۱) سینے کی اجرت، سینے کا کام، (۲) ٹانکا، سیون۔
سَلب: (ع) مذکر، دور کرنا، جذب کرنا، طاقت سلب کرنا، (۲) چھین لینا، (۳) نفی کرنا۔
سِلپ: SLIP (انگ) مونث، (۱) پھسلنا، بھول چوک، لغزش، سہو، (۲) کاغذ کی پٹی، تماشہ کاغذ کا لمبا پُرزہ، کاغذ کی چٹ۔
سِل پٹ: (ف) (۱) صاف، ہموار، (۲) نقوش مٹے ہوئے، (۳) بے نور، اندھا۔
سُلجھانا: (۱) کھولنا، وا کرنا، جدا کرنا، (۲) باریک اور پیچیدہ معاملات کا فیصلہ کرنا، توضیح کرنا، تفریح کرنا، حل کرنا۔
سُلجھاؤ/سُلجھاوا: مذکر، فیصلہ، عقدکشائی، توضیح، وضاحت۔
سُلجھنا: (۱) الجھی ہوئی ڈور، تاگے یا بالوں کا کھل جانا، (۲) کنایتاً جھگڑے کا فیصل ہونا (۳) حل ہونا، گول بات کی تفریح ہونا۔
سُلجھی ہوئی تقریر: صاف تقریر، مرتب تقریر۔
سِلاح: (ع) مذکر، آلۂ حرب، اوزار، ہتھیار۔
——— پوش/بند: ہتھیار بند، مُسلح۔
سِلح شور: دیکھو سلاح شور۔
سَلخ: (ع) (۱) قمری مہینے کا آخری دن، چاند رات۔
سَلسُ البَول: (سَل سُل بَول) (ع) مذکر، ایک قسم کی مثانے کی بیماری جس میں پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر بار بار نکلتا ہے۔
سَلسَبیل: (ع) مونث، بہشت کی ایک نہر کا نام۔
سَلسَلا: (عو) مذکر، گوشت پلاؤ وغیرہ یا کسی اور پکی ہوئی چیز میں پکنے کے بعد رہ جانے والا پانی۔
سَلسَلانا: (۱) خفیف کھجلی ہونا، (۲) رینگنا، کیڑے کا پیٹ کے بَل چلنا، (۳) خفیف پسینا آنا، (۴) پکی ہوئی چیز میں رطوبت نمایاں ہونا۔
سَلسَلاہَٹ: مونث: (۱) خارش، کھجلی، (۲) تھوڑا پسینا نکلنا، (۳) زخم سے رطوبت نکلنا، (۴) پکے ہوئے گوشت یا ترکاری وغیرہ کی رطوبت، تری۔
سِلسِلَہ: (ع) مذکر، زنجیر، بیڑی۔
سِلسِلہ: (ف) مذکر، (۱) قطار، لڑی، (۲) خاندان، نسل، پیران طریقت کا شجرہ، کرسی نامہ، (۳) ترتیب، درستی، (۴) تعلق، واسطہ، ملازمت کا تعلق۔
سلسلہ جُنبِیاں: (ف) تحریک کرنے والا۔
سِلسِلہ سُخن: (ف) مذکر، بیان کا سلسلہ۔
——— کوہ: (ف) (۱) مذکر، پہاڑوں کا سلسلہ۔
——— ملنا: تعلق ظاہر ہونا، واسطہ ظاہر ہونا، خاندانی تعلق ہونا، بیعت کا شجرہ ملنا۔
——— وار: ترتیب وار، مرتبے کے مطابق، درجے کے موافق، مسلسل۔
——— ہونا: تعلق ہونا۔
سُلطان: (ع) مذکر، بادشاہ۔
——— جی: حضرت نظام الدین اولیا کا لقب۔
سَلطَنَت: مونث، بادشاہت، حکومت، دور دورہ، عمل داری۔
سَلَف: (ع) (۱) گزشتہ، اگلا، پہلے کا، (۲) اگلے زمانے والے، آبا و اجداد۔
——— سے: ابتدا سے، اوّل زمانے سے، سابق سے۔
سُلفا: مذکر، صرف خالص تمباکو سے بھری ہوئی چلم کا حُقّہ،
——— اُڑانا: (۱) سُلفا بھر کے پینا، دَم لگانا، کش لگانا، (۲) خاک سیاہ کر دینا، برباد کر دینا، (۳) چرس پینا، چرس کا دَم لگانا۔
——— کرنا/کر ڈالنا: (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) (۱) صرف کر ڈالنا، اُڑا دینا
——— ہو جانا: (م) مارے غصّے کے جل کر خاک ہو جانا۔

سلفچی: مونث، چلمچی، تشت، ہاتھ دھونے کا برتن۔
سلفر: SULPHUR، (انگ.)، مذکر، گندھک، کبریت۔
سلک: SILK، (انگ.)، مذکر، ریشم، ریشمی کپڑا۔
سلک: (ع.) مونث، (۱) ہار، موتیوں کی لڑی (۲) رشتہ، دھاگا، رشتۂ مروارید، (۳) ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا، نظم، سلسلہ، قطار۔
—— گوہر/گہر/لآلی: (اضافت کے ساتھ) (اف.) مونث، (۱) مروارید کی لڑی (۲) کنایتاً، دانتوں کی لڑی۔
سلگ: (عو۔دہلی)، لگاتار، برابر، اِس سرے سے اُس سرے تک، (۲) پورا، کامل، سالم۔
سُلگانا: (۱) آگ روشن کرنا، جلانا، آگ پھونکنا، آگ بھڑکانا (۲) (کنایتاً) ترغیب دینا، فساد کی بنیاد ڈالنا، (۳) (کنایتاً) رنج دینا۔
سلما: مذکر، لباس وغیرہ میں لگانے والے چاندی سونے کے بٹے اور بل دیے ہوئے تار۔
سلنا: لکڑی میں چھید کرنا، چول بٹھانا۔
سِلنا: (لازم) سیا جانا۔
سلنڈر: CYLINDER (انگ.) (۱) نلکا، بیلن (مختلف کلوں اور چھاپنے کا) (۲) رولر جیسی ایک چیز جو اندر سے ٹھوس یا کھوکھلی ہوتی ہے۔
سلو: (SLOW) (انگ.) سُست رفتار، مدھم۔
سلوتری: مذکر، گھوڑوں کی بیماری کا علاج کرنے والا۔
سِلوٹ: مونث، شکن، بل، کپڑے کی شکن، جھری۔
سِلوَر: (SILVER)، (انگ.)، مونث، چاندی، چاندجیسی۔
سلور جبلی: JUBILEE ——— (انگ.)، مونث، پچیس سالہ جشن، جشنِ سیمیں۔
سُلوک: (ع.) مذکر، (۱) (اصطلاحِ تصوف)، حق تعالا کا قرب چاہنا، تلاشِ حق (۲) برتاؤ، عمل، رویہ، (۳) بھلائی، نیکی، خیر خواہی (۴) مال، اعانت۔
—— سے پیش آنا: محبت پیار، اخلاص کا برتاؤ کرنا، پرسانِ حال ہونا۔
—— سے رہنا: مل کر رہنا، ملاپ رکھنا۔
—— کرنا: (۱) بھلائی کا برتاؤ کرنا، نیکی کرنا، (۲) روپے سے خیر گیری کرنا (۳) ملنا، ملاپ کرنا، صلح کرنا۔
سلونا: (۱) نمکین، نمک لگا ہوا، (۲) خوش رنگ، سانولا، گندمی رنگ۔
سلونو: ہندوؤں کا ایک تہوار جو ساون میں ہوتا ہے، جس میں بہنیں بھائی کے ہاتھ میں راکھی باندھتی ہیں، رکشا بندھن۔
سلی: مونث، (۱) استرا، چاقو، چھری وغیرہ تیز کرنے کا پتھر کا چھوٹا ٹکڑا (۲) درخت کے تنے کا تختہ، مونا تختہ، (۳) مرغابی۔
سلیپر: SLEEPER، (انگ.)، مذکر، ریلوے لائن کے نیچے بچھانے کا تختہ۔
سلیپر: مونث، بے ایڑی کی جوتی۔
سلیٹ: SLATE (انگ.) مونث، پتھر کی تختی جس پر بچے لکھتے ہیں۔
سلیس: (ع.) آسان، رواں، ہموار، وہ عبارت جس میں مشکل الفاظ نہ ہوں۔
سلیقہ: (ع.) مذکر، (۱) تمیز، شعور، سگھڑپن، (۲) ہنر، دست کاری، جوہر، لیاقت، (۳) سنجیدگی، تہذیب۔
—— دار/شعار/مند: (اف.) تمیز دار، نیک سرشت۔
سلیقے کی گفتگو: محبت کی گفتگو، اخلاق کی گفتگو۔
سلیقۂ مجلس: مذکر، نشست و برخاست کا طریقہ، لوگوں کے ساتھ برتاؤ کی قابلیت۔
سلیکشن: SELECTION، (انگ.)، مذکر، انتخاب، پسند۔
سلیم: (ع.) (۱) حلیم، بُردبار، (۲) صحیح، درست۔
سلیم الطبع: (ع.) نرم دل، دانش مند، دُور اندیش۔
سلیم شاہی: ایک قسم کی خوبصورت، کمزور دِلی والی جوتی۔
سلیمان: (ع.) مذکر، ایک مشہور پیغمبر جن کے قبضے میں جن و انس دونوں تھے۔
سلیمانی: حضرت سلیمانؑ سے منسوب۔
سلیمانی: مذکر، (۱) ایک قسم کا دورنگا پتھر، (۲) ایک قسم کا چورن ——— سلیمانی نمک، (۳) ایک قسم کا سفید خرما۔

س ——— م

سم: مذکر، (۱) آواز، تال، سُر، (۲) (اصطلاح موسیقی میں مقررہ چوٹوں پر آواز کے موزوں ہونے کو تال اور آخر ضرب کے وزن کے ساتھ برابر ہونے کو سم کہتے ہیں۔)
—— ہو کے رہ جانا: (کنایتاً) کچھ نہ بولنا، گُم صُم ہو جانا۔
سم: (ع.) مذکر، زہر قاتل۔

سَمُّ الفار: (ع) مونث؛ سنکھیا۔
سَمیّات: مذکر، زہر کی چیزیں، زہریلی چیزیں۔
سَمیّت: مونث؛ زہریلاپن، زہر کا اثر۔
سُم: (ف) مذکر، گھوڑے یا چوپائے کے جُڑے ہوئے کُھر۔
سُما: مذکر، آسمان۔
سماوی: (۱) آسمان کی طرف منسوب، (۲) بالائی، اوپر کی، غیبی، آسمانی۔
سَما/سَماں: (دہلی، سما، لکھنؤ، سماں)؛ (۱) وقت، زمانہ، دَور (۲) موقع، محل، (۳) رُت، مَوسم، فصل، سال، (۴) برس، سمبت، (۵) کیفیت، عالم، حالت، بہار، رونق، آرایش، زیبایش، (۶) تماشا، نظارہ، سیر، (۷) راگ رنگ کا مزا۔
سماں باندھنا: رنگ جمانا، لطف پیدا کرنا، پورا پورا نقشا کھینچ دینا۔
____ بندھنا: راگ یا ناچ کی کیفیت سے اہلِ محفل کا محو ہو جانا، رنگ جمنا۔
____ چھانا: کسی کیفیت کا طاری ہونا۔
سَماج: مونث؛ سبھا، انجمن، معاشرہ، سوسائٹی۔
سَماجَت: (ف)؛ مونث؛ خوشامد، عاجزی۔
سماچار: (ہ) مونث؛ خبر، حال۔
____ پَتر: (ہ) مذکر، اخبار۔
سمادھ/سمادھی: (سنسکرت) مونث؛ ہندو سنیاسی جوگی کی قبر، مزار، مقبرہ۔
سماع: (ع) مذکر، راگ سُننا۔
سماعَت: (ع) مونث؛ سُننا، سُننے کی قوت۔
____ کرنا: (۱) سُننا، توجہ کرنا، التفات کرنا، (۲) حاکم کا کسی مقدمے میں کارروائی کرنا۔
____ میں فرق آنا/ہونا: کم سنائی دینا۔
____ یک طرفہ: (اضافت کے ساتھ) ایک فریق کی حاضری پر مقدمے کی سماعت، یک طرفہ ڈگری۔
سَماعی: (ع) (۱) سُنا ہوا، سُننے پر موقوف بات، (۲) (اصطلاحِ علم صرف) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے بہ موجب نہ بنا ہو، صرف اہلِ زبان سے سُنا گیا ہو۔
سَماق: (ع) مذکر؛ ایک قسم کا سفید اور نرم پتھر۔
سَمان: (ہ) مذکر، برابر، موافق، مانند۔
سَمان: (ہ) مذکر؛ عزت۔
سمانا: (۱) گنجایش پانا (کسی چیز کا کسی چیز میں)، پورا آنا، ٹھیک آنا،
(۲) اندر بیٹھنا، (۳) گھر کرنا، بسنا، مدِ نظر ہونا، (۴) رچنا، بسنا، (۵) پسند آنا۔
سَماپت: (ہ) پورا، تمام، ختم، انجام۔
سماور/سَماوار: (ف)، مذکر، پیندے میں چولھا لگا ہوا پانی گرم کرنے کا برتن۔
سمائی: (۱) گنجایش، وسعت، (۲) حوصلہ، طاقت، برداشت، تحمل، (۳) کھپت، (۴) رسائی، پہنچ، داخلہ، شرکت۔
سَمبَت: مذکر، ہندی سال، راجا بکرماجیت کا جاری کیا ہوا سال۔
سَمبَندھ: (ہ) مذکر، تعلق، رشتہ، لگاؤ۔
سَمپادَک: (ہ) مذکر، مُرتّب، اڈیٹر، مدیر۔
سَمپَتّی: (ہ) مونث، دھن، دولت، جائے داد۔
سَمپُٹ: (س) مذکر، مُہوّسوں کا دوائیں بند کرکے نرم نرم آنچ پر رکھنے کا برتن۔
سَمپٹی: مونث؛ پوجا کا چندن رکھنے کی تانبے کی کٹوری۔
سمپوزیم: (سم پوزی، اُم)؛ SYMPOSIUM (انگ) مذکر، کسی موضوع پر مختلف خیال کے لوگوں کا تبادلۂ خیال۔
سَمت/سمت: (ع) مونث؛ طرف، جانب، رُخ۔
سَمتُ الرّاس: (ع)؛ مذکر؛ سر کے اوپر کی طرف۔
سمٹ/سِمٹن: مونث؛ شکن۔
____ آنا: اکٹھا ہو جانا، یک جا ہو جانا، سُکڑ جانا۔
سَمٹنا: (۱) سُکڑنا، (۲) کام کا گٹھ جانا، ترتیب میں آجانا، ٹھیک ہو جانا، (۳) اکٹھا ہو جانا، (۴) چند چیزوں یا چند آدمیوں کا یک جا ہو جانا، (۵) سرک جانا، سُکڑ کر۔
سمجھ: مونث؛ عقل، رائے، دانست۔
____ آنا: (۱) ہوشیار ہونا، سیانا ہونا، (۲) عقل آنا، آنکھیں کھلنا۔
____ اوندھی ہونا: اُلٹی سمجھ ہونا۔
____ پر پتھر پڑنا: عقل خبط ہو جانا، کوئی بے وقوفی کا کام کرنا یا کبھی کی بات کہنا، بات کا مطلب نہ سمجھنا۔
____ کا پھیر: نا سمجھی۔
____ میں آنا: خیال میں آنا، ذہن نشین ہونا۔
____ بوجھ: مونث؛ فہم و فراست۔

سمجھ بوجھ کر: (۱) دیدہ و دانستہ، (۲) سوچ سمجھ کر۔
سمجھ بوجھ لینا: (کنایتاً) حساب کتاب کر لینا، کمی بیشی پوری کر لینا۔
سمجھ دار: (۱) سیانا، ہوشیار، (۲) عقل مند، تجربے کار۔
سمجھانا: (۱) ذہن نشین کرنا، (۲) مطلع کرنا، آگاہ کرنا، (۳) فہمایش کرنا، نصیحت کرنا، (۴) شرح کرنا، تصریح کرنا، حل کرنا، (۵) حساب کتاب دکھانا، حساب دینا، (۶) خبر لینا، ٹھیک بنانا، (۷) منوانا، تسلیم کرانا، (۸) کان کھولنا، تنبیہ کرنا، دھمکانا، ڈرانا۔
——— **بجھانا**: تشبیب و فراز سمجھانا، فہمایش کرنا۔
سمجھنا: (۱) جاننا، واقف ہونا، عقل میں آنا، (۲) سیکھنا، حاصل کرنا، معلوم کرنا، (۳) خیال کرنا، کوئی بات ذہن میں لانا، (۴) دل میں ٹھہرانا، ٹھاننا، قرار دینا، (۵) بھگتنا، لینا، (۶) عوض لینا، بدلہ لینا، (۷) ذہن نشین ہونا، ذہن پر چڑھنا، (۸) مارنا، پیٹنا، سزا دینا، باز پرس کرنا، (۹) ماننا، تسلیم کرنا، قبول کرنا، (۱۰) ہوشیار ہونا، مستعد ہونا، (۱۱) سوچنا، فکر کرنا، (۱۲) معنی سمجھنا، مطلب سمجھنا۔
سمجھنے والے کی موت ہے: (مقولہ) دانش مند کو بڑی دقتوں کا سامنا ہوتا ہے۔
سمجھوتا: تصفیہ، آپس میں سمجھ کر کوئی فیصلہ کرنا۔
سمدھن: مونث، دولہا دلہن کی ماؤں کا باہمی رشتہ۔
سمدھی: مذکر، دولہا دلہن کے باپ کا باہمی رشتہ، بیٹے یا بیٹی کا خسر۔
سمدھیانا: مذکر، بیٹے یا بیٹی کی سسرال۔
سمراٹ: مذکر، (ہ) شہنشاہ۔
سمرن: (ہ) مونث، (۱) (کنایتاً) ورد، وظیفہ، یاد، (۲) مالا، تسبیح، (۳) ایک قسم کا بازو کا زیور۔
سمرنی: (ہ) مونث، چھوٹی سی مالا۔
سمسیا: (ہ) مذکر، مسئلہ۔
سمشان: (ہ) مونث، مرگھٹ۔
سمع: (ع) مذکر۔ مونث، کان، سماعت۔
——— **خراشی کرنا**: بک بک کے دماغ پریشان کرنا۔
سمک: (ع) مونث، (۱) مچھلی، زیر زمین مچھلی، (۲) (کنایتاً) سب سے نیچا طبقہ۔
سمن: (ع) مونث، چمیلی، (چنبیلی)۔
——— **اندام / بر / رو / سیما / عذار**: (ف) (کنایتاً) معشوق کی صفات میں مستعمل ہیں۔
سمن: SUMMON (انگ)، مذکر، بلاوا، طلبی کا حکم نامہ، حاضری کا حکم
سمند: (ف) مذکر، (۱) سیاہ ابال دم اور زانو والا گھوڑا ——— (۲) گھوڑا
سمند ناز کو اک اور تازیانہ ہوا: (مثل) شوخی اور شرارت کے لیے حیلہ ہاتھ آگیا۔
سمندر: (ف) مذکر، چوہے کی شکل کا آگ میں پیدا ہونے والا ایک جانور، جب وہ آگ سے نکلتا ہے تو فوراً مر جاتا ہے۔
سمندر: (ہ) مذکر، بحر، دریائے اعظم۔
——— **بلونا**: بڑے سمندر کو چھان مارنا، نہایت تلاش کرنا۔
——— **پھل**: مذکر، ایک قسم کا پھل۔
——— **پھین**: سمندر کے کناروں پر جم کر خشک ہو جانے والا کف۔
——— **سوکھ**: مذکر، (۱) ایک دوا کا نام، (۲) بہت پینے والا۔
——— **کھار**: مذکر، سنکھیا، ہڑتال۔
——— **کے پار**: (کنایتاً) بہت دور۔
سمندری: بحری، سمندر سے منسوب۔
سمنک: مونث، تخمیوں کا اندرونی حصہ جو اُبال کر نکالا جاتا ہے۔
سموچا: پورا، کامل، سارا۔
سمور: (ع) مذکر، ایک نہایت باریک پشم والے جانور اور اس کی کھال کا نام۔
سموسا: (ف) مذکر، (۱) سنبوسہ، قیمہ ترکاری وغیرہ بھر کر پکایا جانے والا تکونی شکل کا پکوان، (۲) چوکور کپڑے یا رومال کو سہ گوشہ بنا لینا۔
سموم: (ع) مونث، گرم ہوا جو قاتل ہو، زہریلی لو، (۲) مذکر، سم کی جمع، زہر۔
سمونا: (۱) بلانا، (۲) ٹھنڈے اور گرم پانی کو ملا کر معتدل کرنا، (۳) دو مختلف چیزوں کو ملا کر اعتدال پر لانا۔
سموئیا ہوا: (۱) نیم گرم، شیر گرم، (۲) دوغلا، مخلوط النسل۔
سمے: (ہ) مذکر، وقت، فرصت، موقع۔
سمیت: ساتھ، ہمراہ، اکٹھا۔
سمیت: مونث، زہر، بلاپن، زہرناکی۔
سمیٹ لینا: (۱) سمٹنا، (۲) الزام میں شریک کرنا، الزام لگانا۔

سمیٹنا: (۱) فراہم کرنا، اکٹھا کرنا، (۲) تنگ کرانا، سکیڑنا، سنبھالنا، (۳) انجام کو پہنچانا۔

سمیع: (ع) مذکر، بہت سننے والا، خدائے تعالا کا نام۔

س ـــــ ن

سَن: مونث: (۱) رسّی بنانے کی ایک جھاڑ، (۲) کسی چیز کے زور سے گزر جانے کی آواز۔

سن/سنہ: (ع) مذکر، سال۔

ـــــ جلوس: (اضافت کے ساتھ) مذکر، کسی بادشاہ کی تخت نشینی کا سال۔

سِن: (ع) مذکر، عمر، عمر کی مقدار۔

ـــــ بلوغ/تمیز/شعور: (اضافت کے ساتھ) مذکر، سمجھ کی عمر، جوانی کی عمر۔

ـــــ تمیز کو پہنچنا: بالغ ہونا، سیانا ہونا۔

ـــــ رسیدہ: (ف) بوڑھا۔

ـــــ رشد: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، سن تمیز۔

ـــــ ڈھل جانا/سن سے اتر جانا: شباب کے زمانے کا زوال پر آجانا۔

سُن: (۱) بے حس و حرکت عضو، (۲) خاموش، چپ چاپ، حیران، (۳) حرف تنبیہ جو دھمکانے اور خبردار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

سُنا: (ع) مونث: ایک پودے کا نام جس کی پتی جلاب میں استعمال ہوتی ہے۔

سُنا بیٹھنا: بُرا بھلا کہہ بیٹھنا۔

ـــــ دینا: (۱) کہہ دینا، مطلع کر دینا۔

ـــــ نہیں جاتا: سُننے کی تاب نہ ہونا۔

سناتن: (ف) مذکر، پرانا، ابتدائی، قدیمی۔

ـــــ دھرم: (ف) مذکر، قدیم ہندو مذہب جو مورتی پوجا کا قائل ہے۔

سناٹا: مذکر، (۱) دریا کے چڑھاؤ کا شور، (۲) زور کی ہوا چلنے کا شور، (۳) پرند وغیرہ کے زور سے اڑنے کی آواز، (۴) بادو باراں کا شور غل، (۵) صدائے وحشت، (۶) حیرت، سکتے کا عالم، (۷) ہُو کا عالم ہر طرف چھائی ہوئی خاموشی، (۸) مکان کا آدمیوں سے خالی ہونا، کسی جگہ سے کسی جاندار کی آواز نہ آنا۔

سناٹا پڑنا: خاموش نہ ہونا، ویرانہ پن ہونا، خل شور نہ ہونا۔

سناٹے کا مینہ: زور شور کی بارش۔

ـــــ کی ہوا: زور کی ہوا۔

ـــــ میں آنا: حیرت میں ہو جانا، ڈر جانا۔

ـــــ میں رہ جانا: حیرت میں ہو جانا۔

سُنار: مذکر، گہنا بنانے والا۔

سُناری: مونث: پیشۂ زرگری۔

سناسی/سنیاسی: تارک الدنیا، ہندو فقیروں کا ایک پنتھ۔

سِناں: (ف) مونث، تیر کی نوک، بھالا، نیزے کے اوپر کا حصہ۔

سناٹا: (ع م)، بے فکر ہو کر سونا، سائیں سائیں کی آواز دینا۔

سُنانا: (۱) کان میں ڈالنا، کہنا، (۲) آگاہ کرنا، جتانا، (۳) گالیاں دینا، بُرا بھلا کہنا، (۴) آواز کسنا، طعنہ دینا، (۵) سنانا قرآن، قرآن شریف لوگوں کے سامنے یا تراویح میں پڑھنا، (۶) کسی کے رُو بہ رُو گانا، کسی کے رُو بہ رُو پڑھنا۔

سُنائی/سُنوائی: مونث: (۱) فریاد رسی، سماعت، باریابی، رسائی، (۲) بے موقع بات۔

سُنبُل: (ف) مذکر: ایک خوش بو دار گھاس، بال چھڑ، سُنبل الطیب۔

سُنبُلہ: (ع): مذکر، (۱) گیہوں یا جَو کی بالی، (۲) آسمان کے چھٹے برج کا نام۔

سُنبوسہ: (ف) سموسا۔

سنبھالا: مذکر: مرنے والے کا موت سے پیش تر کا افاقہ۔

ـــــ لینا: مرتے آدمی کا کسی قدر ہوش میں آجانا، کچھ دیر کے لیے بالکل سنبھل جانا پھر مر جانا۔

سنبھالنا: (۱) تھامنا، پکڑنا، روکنا، سہارا دینا، دست گیری کرنا، (۲) نادرست چیز کو درست کرنا، (۳) گرنے نہ دینا، (۴) باز رکھنا، قابو میں رکھنا، (۵) اٹھانا، سمیٹنا، (۶) مرض بڑھنے نہ دینا، (۷) تولنا، وار کرنے کو اٹھانا، (۸) اٹھانا، ہاتھ میں اٹھانا، (۹) گننا، شمار کرنا، (۱۰) اہتمام کرنا۔

سنبھالو: (ف) مذکر، ایک درخت کا نام۔

سنبھل کر: (۱) ہوشیار ہو کر، ہوشیاری سے، خبردار ہو کر، (۲) اصلاح قول کر کے، درست ہو کر۔

سنبھل سنبھل کر: بن بن کر، تکلف سے، ٹھہر ٹھہر کے، دم لے کے۔

سنبھلنا : (۱) تھمنا، رکنا، گرنے سے بچنا، ٹھہرنا، ٹکنا، (۲) خبردار ہونا، چوکس ہونا، (۳) افاقہ ہونا، آرام ہونا، (۴) پنپنا، تازہ ہونا، رونق پکڑنا، (۵) درست ہونا، بگڑنے خراب ہونے سے بچنا، (۶) چلن درست ہونا، (۷) پھسلنے سے بچنا، (۸) خراب حالت سے افاقہ ہونا، (۹) دم لینا، سستانا، ہوش میں آنا، (۱۰) اصلاح قبول کرنا، (۱۱) بگڑی ہوئی حالت یا چیز کا درست ہوجانا، (۱۲) برُدبار ہونا۔ اٹھنا، (۱۳) ہوشیار ہونا، مستعد ہونا، آمادہ ہونا، (۱۴) عبرت پکڑنا، متنبہ ہونا، (۱۵) بچنا، محفوظ ہونا۔

سنبھلنے نہ دینا : فرصت نہ دینا، مہلت نہ دینا، دم نہ لینے دینا۔

سنپولا/سنپولیا : مذکر، سنپولا، سانپ کا بچہ۔

سنت : (۱) مذکر، بزرگ، درویش، خدارسیدہ۔

سُنّت : (ع) مونث : (۱) طور، طریق، (۲) اصطلاح محدثین، قول فعل اور تقریر رسول اللہ صلعم کی یا اُن کے اصحاب اور تابعین کی، (۳) راہ، روش، دستور، (۴) فقہ، وہ طریقہ جس پر پیغمبر اسلامؐ اور صحابہ کرام نے عمل کیا ہو، (۵) ختنہ، (۶) نماز کی وہ رکعتیں جو فرض نہیں ہیں اور جن کو رسولؐ اللہ نے اکثر پڑھا ہے۔

سنتان : (۱) مونث، بال بچے، اولاد۔

سنترا : مذکر، سنگترا، نارنگی، رنگترا

سنتری : SENTRY : (انگ) مذکر، پہرا دینے والا، سپاہی، پاسباں، چوکی دار۔

سنتوش/سنتوکھ : (۱) مذکر، صبر، تسلی، اطمینان، قناعت۔

سنٹر : CENTRE : (انگ) مذکر، (۱) مرکز، (۲) درمیان، درمیانی نقطہ، (۳) اجتماع کی جگہ۔

سنٹرل : CENTRAL : (انگ) مرکزی، درمیانی، وسطی۔

——— **جیل** : JAIL ——— : (انگ) مذکر، مرکزی جیل، بڑا جیل یا قید خانہ۔

سنٹی : مونث، پتلی شاخ، ٹہنی، چھڑی۔

سنٹی گریڈ : CENTIGRADE : (انگ) مذکر، حرارت پیما جس میں سو درجے ہوں۔

سنجاف : مونث، چوڑی اور آڑی گوٹ، کپڑے کا حاشیہ۔

سنجوگ : مذکر، (۱) دوستی، ملاقات، میل ملاپ، (۲) قران السعدین، (۳) دو آدمیوں کی ملاقات۔

سنجیدگی : (ف) مونث، وقعت، متانت، وزن دار ہونا ——— باوقعت ہونا۔

سنجیدہ : (ف) : (۱) موزوں، جچا ہوا، تُلا ہوا، (۲) فہمیدہ، متین، مہذب۔ (۳) جانچ کر نشانہ لگانے والا، قادر انداز۔

سنجھا : (ہ) مونث، شام۔

——— **بتی کرنا** : شام کا چراغ جلانا۔

——— **پھولنا** : شفق پھولنا۔

سنجھلا : مذکر، منجھلے سے چھوٹا، تیسرا بیٹا۔

سنچائی : مونث، (۱) سینچنا، (۲) سینچنے کی اُجرت۔

سنچری : CENTURY : (انگ) مونث، (۱) سو سال، ایک صدی، (۲) (کرکٹ کی اصطلاح)، سَوَرن۔

سند : (ع) مذکر، مونث، (۱) ثبوت، نظیر، دلیل، تمثیل، (۲) کارگزاری کا پروانہ، سرٹی فکیٹ، (۳) وثوق، اعتبار، (۴) تمسک، قبالہ، (۵) اجازت نامہ، (۶) قابل اعتماد، معتمد، معتبر۔

——— **پکڑنا** : دلیل میں پیش کرنا۔

——— **لانا** : مثال لانا، ثبوت میں پیش کرنا، دوسرے کا قول یا فعل تائید میں پیش کرنا۔

——— **یافتہ** : کوئی ڈگری حاصل کیا ہوا شخص۔

سندان : (ف) وہ لوہے کا ٹکڑا جس پر لوہا رکھ کر ہتھوڑے سے کوٹتے ہیں، نہائی۔

سُندر : (ہ) مذکر، خوب صورت، حسین۔

سُندرتا : (ہ) مونث، خوب صورتی، حُسن۔

سُندری : (ہ) مونث، (۱) خوب صورت عورت، (۲) ستار کا ایک پرزہ جس سے سُر ملاتے ہیں اور تار چڑھاؤ کرتے ہیں۔

سندور : دیکھو سیندور۔

سندیسا : (ہ) مذکر، پیغام، خبر۔

سندیہہ : (ہ) مذکر، شک، گھبراہٹ، غم، گمان، اندیشہ۔

سندھ : مذکر، (۱) سمندر، دریا، (۲) دریائے سندھ، (۳) پاکستان کے ایک صوبے کا نام، (۴) بھیروں راگ کی ایک راگنی۔

سندھیا : (ہ) مونث، (۱) شام، مغرب، (۲) برہمن، چھتری اور ویش کا

روزانہ نیمؔ ، (زوال ظہر اور غروب آفتاب کے وقت پڑھی جانے والی دعا۔

سندھیا کال : (ا) غروب آفتاب کا وقت۔

سنڈ : (ا) سانڈ کا مخفف، فربہ، موٹا، (اردو میں تنہا مستعمل نہیں ہے)

___ مسنڈ/سنڈا مسنڈا : بہت موٹا، موٹا تازہ۔

سنڈا : قوی ہیکل، زور آور۔

سنڈاس : مذکر، سوراخ والا پاخانہ جس کا بول وبراز نیچے کھڈا رہین میں گرے اور مہتر مکان سے باہر نکالے۔

سنڈے : (SUNDAY)؛ (انگ) مذکر، اتوار، یک شنبہ۔

___ اڈیشن : (EDITION ___)؛ (انگ)؛ اخبار کی خصوصی اشاعت جو اتوار کو شائع ہو۔

سنڈیکیٹ : (SYNDICATE)؛ (انگ)؛ مونث؛ (۱) مشترکہ مقصد کے تحت قائم کی ہوئی سیاسی یا تجارتی تنظیم، (۲) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی (کیمبرج)۔

سنسار : مذکر، عالم، دنیا۔

سنسان : (۱) ویران، اُجاڑ، ویرانہ، غیر آباد جگہ، (۲) مہیب، خوفناک، بھیانک، (۳) اُداسی چھائی ہوئی جگہ۔

سنسر : (CENSOR)؛ (انگ)؛ مذکر، عیب جو، حرف گیر، نکتہ چیں، محتسب، نکتہ چینی کرنے والا، کانٹ چھانٹ کرنے والا۔

___ بورڈ (BOARD ___)؛ (انگ)؛ سرکاری طور پر خبروں، تماشوں، کتابوں یا فوجی معلومات کو غیر اخلاقی، باغیانہ یا نامناسب قرار دینے والا ادارہ۔

سنسکار : (ا) مذکر، مذہبی رسومات۔

سنسکرت : مونث؛ آریوں کی اصل زبان۔

سن سن : مونث؛ (۱) ہوا کی آواز، سن سناہٹ، (۲) تلوار چلنے کی آواز۔

سنسنانا : (۱) جھن جھنانا، ضعف اور سستی کی کیفیت پیدا ہو جانا، (۲) اکتاہٹ، خوف زدہ ہونا، سناٹے میں آجانا، (۳) کسی چیز کا زناٹے سے جانا، (۴) خاص آواز (کھولنے وغیرہ) کی نکلنا۔

سنسناہٹ : مونث؛ (۱) سرسراہٹ، (۲) مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے سے نکلنے والی یا گوشت وغیرہ پکنے کی آواز، (۳) ضعف اور سستی کی دماغ میں محسوس ہونے والی آواز، (۴) ہوا کے تیز چلنے کی آواز۔

سنسی : سنار اور لوہار کے ایک اوزار کا نام، جس سے گرم چیز پکڑ کر آگ سے نکالتے ہیں، اسی سے تھام کر چوٹ لگاتے ہیں۔

سن سے : جلدی سے، زناٹے سے۔

___ جی ہو جانا/سے طبیعت ہو جانا : ناگہانی بات سے صدمۂ روحی پہنچنا۔

___ نکل جانا : جلدی سے نکل جانا، زناٹے سے جانا، آواز کے ساتھ نکلنا۔

سنک : مونث؛ (۱) خبط، جنون، (۲) خفیف ہوا چلنا۔

سنکار دینا/سنکارنا : (۱) آنکھ مارنا، اشارہ کرنا، (۲) اکسانا، پیچھے لگا دینا۔

سنکٹ : (ا) مذکر، مصیبت، آفت، خطرہ۔

سنکر : مذکر؛ (لکھنؤ) میوہ فروش۔

سنکرانت : مونث؛ (۱) سورج کے ایک برج سے دوسرے بُرج میں جانے کا دن، (۲) پہلی تاریخ (۳) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

سنکلپ : (ا) مذکر، خیر خیرات، وقف۔

سنکنا : ہوا کا سرسرانا، خفیف ہوا چلنا۔

سنکونا : (CINCONA)؛ (انگ)؛ مونث؛ ایک قسم کی کونین۔

سنکھ : مذکر؛ (۱) ناقوس، بجانے والی بڑی کوڑی، (۲) سو پدم کی تعداد، سو لاکھ کروڑ۔

سنکھنی : مونث؛ وہ عورت جس کا قد اور بال لمبے اور جسم اوسط درجے کا ہو۔

سنکھیا : مونث؛ (۱) سم الفار، (۲) اکنایٹا، ہر قاتل چیز۔

سنگ : (ف) مذکر، پتھر۔

___ اسود : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ کعبے کی دیوار میں لگا ہوا کالا پتھر۔

___ تربت : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ مُردے کے نام کی قبر پر لگی ہوئی تختی، لوحِ مزار۔

___ جراحت : (اضافت کے ساتھ)؛ مونث؛ دوا میں کام آنے والا ایک قسم کا پتھر۔

___ خارا/خارہ : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) ایک قسم کا سخت پتھر۔

___ دانہ : (ف) مذکر، پرندہ کا پوٹا جس میں اکثر کنکر بھی نکلا کرتے ہیں۔

سنگ دِل: (ف) کنایتاً، بے رحم، جفاکار۔
——— راہ: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر؛ کنایتاً؛ راستے کی رکاوٹ، سدِّراہ، مانع، مزاحم۔
——— ریزہ: (ف) مذکر؛ کنکر۔
——— سار: (ف) مذکر، پتھراؤ کرنا، پتھر مار کر مار ڈالنا، ایک قسم کی شرعی سزا۔
——— ساز: مذکر: چھاپنے کی پتھر یا پلیٹ کی تصحیح کرنے والا۔ مصلحِ سنگ۔
——— سُرخ: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر، ایک قسم کا سرخ نرم پتھر۔
——— سُرمہ: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر، سُرمہ بنانے کا پتھر۔
——— سلیمانی: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، سلیمانی نگ۔ سیاہ و سفید پتھر۔
——— شجری: مذکر، عقیق شجری، درختوں کے نقش بنے ہوتے پتھر۔
——— لَرزاں: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر۔ لچک دار چیز کی طرح ہلانے سے ہلنے والا پتھر۔
——— لوح: (اضافت کے ساتھ) مذکر، نام وغیرہ لکھا ہوا قبر کے سرہانے کا پتھر۔
——— ماہی: (ف) مذکر، مچھلی کے سر میں سے نکلا ہوا سخت اور سفید پتھر۔
——— مثانہ: (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر؛ پتھری، آدمی کے مثانے کے کنکر پتھر۔
——— مَرمَر: مذکر، ایک قسم کا عمدہ سفید پتھر۔
——— مزار: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ مذکر، سنگِ تربت، سنگِ لوح۔
——— مقصود: (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا پتھر۔
——— موسا: (ف) (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا سیاہ پتھر۔
——— نشاں: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ منزل کا فاصلہ بتانے کے لیے نصب کیے جانے والے پتھر۔
——— نیشپ: (ف) مذکر، ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر۔
سنگ: (ف)؛ (۱) ساتھ، رفاقت، (۲) ہم راہی۔
سنگاتی: رفیق، ساتھی۔
سنگار: مذکر، آرایش، زیور لباس کنگھی چوٹی سے آرایش، زیب و زینت، آراستگی۔
——— دان: مذکر؛ سامان آرایش، رکھنے کا صندوقچہ یا پٹاری۔
——— کرنا: بننا، سنورنا، کنگھی چوٹی کرنا۔

سنگاسن: (ف) تخت۔
سنگِ آستاں/آستانہ: (ف) مذکر، گھر کی دہلیز۔
سنگ آمد و سخت آمد: (ف)، مثل؛ کوئی مشکل کام چار و ناچار کرنا ہی پڑے۔
سنگت: مونث؛ (۱) طوائف کے ساتھ کے لوگ، سازندے، (۲) مرثیہ خواں اور گویے کے ساتھ آواز ملانے والا، (۳) گویے کے سازندے، (۴) ہم صحبت، ہم جلیس۔
سنگترا: مذکر، ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی، سنترا۔
سنگ تراش: (ف) مذکر، پتھر کاٹنے والا، پتھر کا کام بنانے والا۔
سنگر: (ف) مذکر، جنگ میں بچاؤ کی دیوار، کانٹوں کی باڑھ، دُمدمہ، مورچا، کھائی، خندق۔
سنگر: SINGER (انگ) مذکر، مونث؛ گانے والا، موسیقار، کپڑے سینے کی مشین اور اس کے ایجاد کرنے والے کا نام۔
سنگر ہنی: (ف) مونث؛ بدہضمی، دستوں کا آنا، دستوں کی بیماری۔
سنگل SINGLE (انگ)؛ ایک، واحد، تنہا۔
سنگلاخ: (ف) مونث؛ (۱) پہاڑی زمین، پتھریلی زمین، (۲) مشکل، دشوار۔
سنگم: (ف) مذکر، دو چیزوں یا دو آدمیوں کا میل، دو راستے یا دو دریا ملنے کی جگہ۔
سُن گُن: (مونث)؛ خفیہ خبر، بھید، اڑتی خبر، ناقابل اعتبار خبر، درپردہ کسی کا راز سننا، راز کی بات چھپ کر سُننا۔
سنگوٹی: مونث؛ (۱) بیلوں کے سینگوں پر چڑھانے کا خول، (۲) گائے یا ہرن کا چھوٹا سا سینگ۔
سنگیت: (ف) مذکر؛ موسیقی۔
سنگین: (ف) (۱) پتھر کا بنا ہوا، پتھر کی عمارت، (۲) بھاری، مضبوط، سخت، دیرپا، (۳) مونث؛ ایک قسم کا ہتھیار۔ (۴) وبیز۔
سنگینی: مونث؛ مضبوطی، سختی، گرانی، ٹھوس پن۔ گاڑھائن۔
سنگھ: (ف) مذکر، (۱) شیر، (۲) سکھوں، چھتریوں، راجپوتوں کا عام خطاب؛ (۳) آسمان کا پانچواں بُرج اَسَد۔
سنگھاڑا: مذکر، (۱) پانی میں پیدا ہونے والا ایک کانٹے دار پھل، (۲) سموسے کی طرح لپٹا ہوا رومال، (۳) مثلث کی شکل۔
——— مچھلی: مونث؛ ایک قسم کی کانٹے والی مچھلی۔

سنگھاسن: مذکر، شاہی تخت۔
سنگٹھن: (ا) مذکر، (۱) میل، ملاپ، ساتھ، (۲) جماعت تنظیم۔
سمکھ: روبرو، مقابل۔
سُنّن: (ع) مذکر، جمع سنت کی۔
سُنّنا: اکودہ ہونا، دھیان لگنا۔
سُننا: (۱) کانوں سے آواز معلوم کرنا، (۲) توجہ کرنا، غور کرنا، فریاد کو پہنچنا، (۳) بُرا بھلا سُننا، (۴) کسی کا گانا سننا، (۵) ماننا۔
سُننے میں آنا: گوش گزار ہونا۔
سنوار: مونث؛ (۱) سجاوٹ، درستی، اصلاح، (۲) (دعو) پھٹکار، لعنت، (ترکیب کے ساتھ)؛
سنوارنا: (۱) درست کرنا، اصلاح دینا، (۲) ترتیب سے لگانا، سلیقے سے لگانا، (۳) آراستہ کرنا، (۴) مہذب بنانا، راہ پر لانا۔
سنون: (ع) مذکر، منجن۔
سنہ: دیکھو سن۔
عیسوی: شمسی سال کا حساب حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے کیا جاتا ہے۔
ہجری: قمری سال جو حضرت محمدؐ کا مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا۔
سُنہرا: مذکر، سونے کے رنگ کا زرّین۔
سُنہری: مونث؛ (۱) وہ چیز جو سونے کے رنگ کی ہو، (۲) طلائی رنگ کی۔
سُنّی: (ع) مذکر، اہل سنت والجماعت۔
سنیاس: (ا) مذکر، چھوڑنا، دنیا کے تعلقات کو ترک کرنا، رہبانیت۔
سنیاسی: (ا) مذکر، جوگی، راہب، تارک دنیا، ہندو فقیروں کا ایک گروہ۔
سُنی اَن سُنی کرنا: سُن کر ٹال دینا۔
سُنی سُنائی: سُنی ہوئی بات، بادِ ہوائی۔
سُنی سنائی بات: ناقابل اعتبار بات، سماعی بات، افواہ۔
سنیچر: (۱) ایک نہایت سست رفتار منحوس سیارے کا نام، زحل، (۲) شنبہ، ہفتہ، (۳) (کنایتاً) نحوست، ادبار، بدنصیبی۔
آنا: نحوست آنا، ادبار آنا، زحل ستارے کا طالع میں آنا۔
اُترنا: (کنایتاً) نحوست دور ہونا۔

سنین: (ع) (جمع سنہ کی)؛ مذکر، سال۔

س ـــ و

سَو: (۱) پانچ بیسی، ۱۰۰، (۲) کثرت، بہت۔
ـــ بات کی ایک بات: عمدہ بات، قولِ فیصل۔
ـــ باتیں سُنانا: (کنایتاً)؛ لعنت ملامت کرنا، بُرا بھلا کہنا، کثرت سے لعنت ملامت کرنا۔
ـــ برسوے: غالباً، یقیناً۔
ـــ حیلے ہزار بہانے: (کنایتاً)؛ بہت تدبیریں۔
ـــ دن چور کے ایک دن شاہ کا: (مثل)؛ چور ایک نہ ایک دن پکڑا جائے گا، جھوٹے کا جھوٹ، فریبی کا فریب اور چور کی چوری پکڑا جانا یقینی ہے۔
ـــ سنار کی ایک لوہار کی / دن سنار کی ایک دن لوہار کی: (مثل)؛ زبردست کی کوشش زبردست کے آگے محض بے فائدہ ہے۔ کم زور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کے برابر ہوتی ہے۔
ـــ سونام دھرنا: بہت بُرا بھلا کہنا، نکتہ چینی کرنا۔
سُو: (کبھی اسم اشارہ، کبھی ضمیر، کبھی خبر کے لیے)؛ وہ کی جگہ۔
سُو: (ف) مونث؛ سمت، طرف، جانب۔
سَوا: ایک اور اس کا چوتھائی حصہ، ۱¼۔
ـــ نیزے پر آفتاب آنا: (۱) مسلمانوں کے عقیدے میں قیامت کا دن، (۲) (کنایتاً)؛ شدت کی گرمی پڑنا، نہایت مصیبت کا وقت آنا۔
سِوا: (ع) (۱) علاوہ، بجز، بغیر، (۲) زیادہ بڑھ کر۔
سُوا: مذکر، بڑی سوئی۔
سواحل: (ع)؛ مذکر، (جمع ساحل کی) سمندر، دریا کا کنارہ
سَواد: (ع) مذکر، (۱) سیاہی، رنگ کی سیاہی، (۲) دل کا سیاہ نقطہ، مضافات
ـــ اعظم: (اضافت کے ساتھ)؛ (ف) مذکر، (۱) عموماً، ہر بڑا شہر، خصوصاً مکہ معظمہ، (۲) بڑا گروہ۔
سَواد: (ا) مذکر، ذائقہ، مزہ، لذت۔
ـــ پڑنا: مزہ پڑنا، عادت پڑنا۔
سَوار: (ف)؛ مذکر، (۱) کسی سواری پر بیٹھنے والا، (۲) چڑھنے والا، سواری پر

بیٹھا ہوا، (۲) گھوڑے کا سوار، رسالے کا ملازم۔

سوار: مونث؛ گھاس، پانی میں اگنے والی گھاس۔

سُوارت: اچھے کام میں آنا۔

____ کرنا: استعمال میں لانا، کامیاب کرنا، سود مند کرنا۔

سَوَارِی: (ف) مرکب (۱) سوار ہونے کی چیز (یکا، گاڑی، پنیس، پالکی وغیرہ، (۲) جلوس (۳) سوار شخص (۴) تعزیے کا جلوس۔

____ کُشتا/گانٹھنا: کشتی میں دبا بیٹھنا، آسن تلے دبانا۔

سَوَارِیاں: مونث (۱) پردہ نشین عورتیں، (۲) سوار ہونے والے۔

سُوَاگت: (ا) مذکر، استقبال، پیش وائی۔

سُوال/سَوال: (ع)، مذکر، (۱) درخواست، التماس، طلب، (۲) استفسار، پرسش، (۳) التجا، آرزو، (۴) عرض معروض، (۵) استغاثہ، (۶) گزارش، (۷) عرض داشت، (۸) بھیک مانگنا، (۹) امتحاناً کوئی بات پوچھنا، (۱۰) مسئلہ۔

____ از آسمان جواب از ریسماں: (ف)، (مثل)، الٹا سیدھا جواب دینا، سوال کچھ جواب کچھ۔

____ بنانا: امتحان کے لیے سوالات تیار کرنا۔

____ پورا ہونا: مانگی ہوئی چیز کا ملنا۔

____ حل کرنا: مسئلہ حل کرنا، کسی مشکل امر کی تشریح کرنا۔

____ کرنا: (۱) مانگنا، طلب کرنا، چاہنا، (۲) درخواست کرنا، پوچھنا، (۳) استفسار کرنا، دریافت کرنا، (۴) جانچ کی غرض سے کوئی بات پوچھنا، (۵) التجا کرنا، منت کرنا۔

سوالات: (ع)، مذکر، جمع سوال کی، بہت سے سوال۔

سوامی: (ہ) مذکر، آقا، مالک، شوہر، گرو، جوگی، حضرت، میاں۔

سوانا/سوانہ: (ہ) مذکر، سرحد، کنارہ، مینڈھ، کھیت یا گانو کی حد۔

سوانح: (ع)، مذکر، مونث، (سانحہ کی جمع)، (۱) روئے داد، واقعات، (۲) حادثات۔

____ عمری: مذکر، مونث، سرگذشت، کسی شخص کی زندگی کا حال۔

____ نگار: (ف)، واقعہ نگار، اخبار نویس، سوانح لکھنے والا۔

سُوانگ: سانگ، نقل، بہروپ، بھیس بدلنا۔

سُوانگیا: شعبدہ گر، بھیس بدل کر تماشا دکھانے والا بہروپیا۔

سُوائی: مونث، سوا حصہ زیادہ۔

سُوائی: (۱) مٹی اور ریت ملی ہوئی زمین، جو چاول کے علاوہ دوسرے غلوں کی کاشت کے قابل ہو، (۲) مونث، وہ غلہ جو کاشتکاروں کو بیج کے واسطے اس شرط پر دیا جائے کہ غلہ کٹنے پر من کا سوا من دینا ہوگا۔

سوائے: (ع) (حرف استثنا)، ہوا، علاوہ۔

سوایا: (۱) ایک اور اس کا چوتھائی، (۱¼)، (۲) زیادہ۔

سوبھا/شوبھا: (ہ) مونث، آرایش، آراستگی، زیبایش۔

سُوپ: SOAP (انگ)، مذکر، صابن۔

سُوپ: SOUP (انگ)، مذکر، شوربا، یخنی۔

سُوپ: (۱) اناج پھٹکنے کی ٹوکری، (۲) پانی سینچنے کا ٹوکرا۔

____ تو سوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتّر چھید: (مثل)، کسی بُرے آدمی کا دخل در معقولات دینا، عیب دار آدمی کا دوسروں پر نکتہ چینی کرنا۔

سوپرواٹزر: (سُپر وائی زر)، SUPERVISOR (انگ)، نگراں، ناظم۔

سوت/سوتن/سوکن: پہلی بیوی کے بعد لائی جانے والی بیوی، ایک خاوند کی دو عورتوں کا باہمی رشتہ۔

____ بھلی سوتیلا بُرا: (مثل)، سوت کی بہ نسبت اس کی اولاد زیادہ دشمنی کرتی ہے۔

____ چوٹن کی بھی بُری: (مثل)، سوکن کیسی ہی ناچیز ہو تاہم بُری۔

سوت: (ہ) مونث، پانی نکلنے کی جگہ، پانی کا چشمہ، نکاس، نکلنے کی جگہ۔

____ پھوٹنا/نکلنا/جاری ہونا: چشمہ پھوٹنا، پانی کا چشمہ جاری ہونا۔

سوت: مذکر۔ (۱) تاگا۔ کچے دھاگے کا تار، (۲) (معماروں کی اصطلاح) سیدھ دیکھنے کا ڈورا، (۳) ریشہ، بیل والی ترکاریوں میں باریک تار، (۴) بعض جواہرات، مثلاً ہُسنیا پر کا خط، لہسنیا کا اندرونی جوہر۔

____ اُٹیرنا: چرخی یا اٹیرن پر سوت چڑھانا۔

____ نہ کپاس، کولی سے لٹھم لٹھا: (مثل)، جس امر میں سان گمان بھی نہ ہو اس خواہ مخواہ کج بحثی اور جھگڑا کرنا۔

سوتی: سوت کا بنا ہوا۔

سُوتا : مذکر۔ سُوت، کسی دریا یا تالاب سے نکل کر بہنے والی پانی کی شاخ۔
ـــــ جاگنا: سُوت کا تیزی سے جاری ہونا، سُوت کا بند ہونے کے بعد پھر سے جاری ہونا۔
سوتے بہانا: (کنایتاً) کثرت سے پانی یا آنسو بہانا۔
سَوتا یا: مذکر۔ دو سوکنوں کا باہمی رشک وحسد، دشمنی۔
سَوتیا ڈاہ: مونث، ایک سُوت کا دوسری سُوت کے ساتھ رشک وحسد۔
سوتا سُنسار جاگتا پروردگار: (مجازاً)، سُنسان رات۔
سوتنا/سوتنا: (۱) ہاتھ کا کسی چیز یا عضو پر ہر بار اوپر سے نیچے پھیرنا (۲) مانجھا چڑھانا، کلپ چڑھانا، (۳) کھسوٹنا، (۴) اچنا۔ صاف کرنا، (۵) تلوار میان سے کھینچنا، (۶) چوسنا، جذب کرنا۔ کھینچ لینا۔
سُوتنتر: (ف)، آزاد۔
سوتواں/سُتواں: سُتی ہوئی، پتلی، نازک۔
ـــــ ناک: پتلی اور خوب صورت ناک۔
سُوتی بھڑیں جگانا/بھڑ جگانا: پرانے جھگڑے تازہ کرنا۔
سوتے جاگتے: ہر وقت، ہر حالت میں۔
سوتے کا منہ کتا چاٹے: (مثل) سوتے آدمی کو کسی بات کی خبر نہیں ہوتی۔
ـــــ مُردے جگانا: قیامت برپا کرنا، شور وشر کرنا، ہنگامہ کرنا۔
ـــــ نصیب جاگنا: اقبال یاور ہونا، بخت خفتہ بیدار ہونا۔
سوتیلا: مذکر۔ سوت سے پیدا ہونے والا بیٹا، وہ بھائی جو سگی ماں سے پیدا نہ ہو، وہ باپ جو غیر حقیقی ہو۔
سوٹ: SUIT (انگ)، مذکر، (۱) ایک ہی رنگ اور کپڑے کا کوٹ پتلون۔ (۲) زنانہ جوڑا، (۳) کسی مکان یا ہوٹل کا ایک مکمل حصہ۔ (۴) مقدمہ، نالش۔
سوٹ کیس: SUIT CASE (انگ)، مذکر، چمڑے یا ربڑ گرین کا جدید طرز کا بکس۔
سوٹڈ بوٹڈ: SUITED BOOTED (انگ)، مذکر، سوٹ بوٹ پہنے ہوئے، انگریزی وضع کا۔
سوٹنگ: SUITING (انگ)، مذکر، سوٹ کا کپڑا۔
سوجا: مذکر، (۱) بڑی سوئی، (۲) برما۔
سوجا پھولا: مذکر، (کنایتاً)، منہ پھلائے، خفا خفا۔
سوجن: مونث، ورم، آماس۔
سوجنا: (۱) ورم ہو جانا، (۲) (کنایتاً) غصے یا بدمزاجی سے منہ پھولنا۔
سوجی: (۱) مونث، گیہوں کے مغز کا دَر دَرا آٹا، رَوا۔
سوجھ: مونث، (۱) نظر، بینائی، (۲) سوجھ بوجھ۔
ـــــ بوجھ: مونث، عقل وفہم، دور اندیشی۔
سوجھتا نہیں: (۱) نظر نہیں آتا، دکھائی نہیں دیتا، (۲) (کنایتاً) سمجھ میں نہیں آتا۔
سوجھنا: (۱) نظر آنا، دکھائی دینا، (۲) کوئی بات خیال میں آنا، ذہن میں آنا، سمجھ میں آنا، (۳) تمیز ہونا، (۴) دُھن ہونا (۵) آثار معلوم ہونا (۶) مشغلہ ہونا، (۷) فکر پڑنا۔
سوچ: مذکر، (۱) فکر، خیال، (۲) تردد، تذبذب۔
ـــــ بچار: مذکر، فکر وتامل۔
سوچنا: غور کرنا۔ دھیان کرنا، خیال کرنا، عاقبت اندیشی کرنا۔
سوخت: (ف)، مونث، جلن۔
سوخت کرنا: جلانا، ضبط کرنا، مدار دکرنا۔
سوختہ: (ف)، (۱) جلا ہوا، جھلسا ہوا، (۲) (کنایتاً) عاشق، افسردہ، پژمردہ، (۳) جلد آگ پکڑنے والا کوئلہ یا اُپلا، (۴) مذکر، بارود میں رنگا ہوا کپڑا، (۵) (اردو)، مذکر، جاذب، بلاٹنگ پیپر۔
سوختی: مونث، خفت، سُبکی، رنج، ملال۔
سود: (ف)، مذکر، (۱) بیاج، (۲) نفع، فائدہ، (۳) بہتری، بھلائی، نتیجہ، ثمرہ۔
ـــــ بٹا: مذکر، نفع نقصان۔
ـــــ در سود لینا: جب سود نہ ادا ہو تو سود کی رقم اصل میں شامل کر کے اس پر بھی سود لینا۔
سود مند: (ف) فائدہ دینے والا، مفید۔
سودا: مذکر، (۱) چاروں اخلاط میں سے ایک سیاہ خلط کا نام، (۲) خبط، جنون، دیوانگی، (۳) (کنایتاً) عشق، فریفتگی، (۴) خرید وفروخت کا معاملہ، معاملہ، بیوپار، (۵) بازار سے خریدی ہوئی چیز، (۶) خیال، دُھن۔
ـــــ زدہ: (ف)، سودائی، دیوانہ۔
ـــــ سلف: مذکر، کھانے پینے کی چیزیں، بازار سے خریدی جانے والی چیزیں۔

سوداگر : (ف) مذکر، تاجر، بیوپاری۔
سوداگری : (ف) مذکر، (۱) تجارت، بیوپار، (۲) تجارتی۔
سوداوی : (ع) (۱) سودا سے منسوب، (۲) جس میں مخلط سودا غالب ہو۔
—— **مزاج** : (ف) جس کے مزاج میں مخلط سودا اور مخلطوں سے زیادہ ہو، خلقانی مزاج، جنونی مزاج۔
سودائی : (ف) (۱) دیوانہ، خبطی، (۲) (کنایتاً) عاشق۔
سودائے خام : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، خیال خام۔
سُودیش : (ا) مذکر، اپنا دیس۔
سُودیشی : دیسی، ملکی۔
سوڈا : SODA (انگ) سوڈا، سوڈیم کا کھار، کھاری پانی، دیکھو 'سوڈا واٹر'۔
—— **واٹر** : SODA WATER (انگ) مذکر، وہ پانی جس میں کاربولک ایسڈ گیس حل کیا ہوا ہو۔
—— **کا جوش** : (مجازاً) فوری جوش۔
سُور : مونث (۱) بچہ خانہ، (۲) بچہ جننے کے بعد سے غسل کرنے تک کا زمانہ، (۳) ایک قسم کی مچھلی۔
سُور : (ا) مذکر، (۱) بہادر آدمی، دلیر، (۲) نابینا۔
—— **داس** : ایک ہندی کے عظیم شاعر کا نام جو نابینا تھے۔
سُورما/سُورمان : مذکر، بہادر۔ جری۔
سُور : (ا) مذکر، (۱) ایک جانور، خوک، (۲) (مجازاً) ایک گالی ہے، عتاب قہر و غضب اور غصے کا۔
سوراخ : (ف) مذکر، چھید، رخنہ۔
سورت : (ع) مونث، قرآن مجید کے ایک سو چودہ حصوں میں سے ہر ایک حصہ۔
سورج : مذکر، آفتاب، خورشید۔
—— **منسی** : مذکر، راجپوتوں کا ایک فرقہ۔
—— **خاک ڈالنے سے چھپ نہیں سکتا** : (مث) ظاہر بات چھپائے نہیں چھپ سکتی۔
—— **کو چراغ دکھانا** : دانا کو دانائی کی بات بتانا، فعل عبث کرنا۔
—— **گرہن/گہن** : مذکر، چاند کو زمین اور آفتاب کے درمیان حائل ہو کر آفتاب کی روشنی کو زمین تک نہ آنے دینا، اس وقت پورا سورج یا اس کا کچھ حصہ تاریک نظر آتا ہے۔
سورج مکھی : مونث (۱) سورج کے ساتھ اپنا رُخ بدلتے رہنے والا ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول، (۲) مور کی کھلی دم کی طرح ایک قسم کی چھوٹی سی پنکھیا، (۳) ایک قسم آتش بازی۔
سُورگ : (ا) مذکر، بہشت، جنت۔
—— **واسی/باسی** : جنت آشیاں، مرحوم۔
سورنجان : (ف) مونث، ایک دوا کا نام ہے۔
سورہ : مذکر، قرآن کی سورت۔
سوز : (ف) مذکر، (۱) سوزش، جلن، کوفت، درد، دُکھ، (۲) مرثیہ خوانی کا ایک طرز، وہ اشعار جو مرثیہ خواں لَے کے ساتھ پڑھتے ہیں۔
سوزاک : مذکر، ایک بُری بیماری جس میں پیشاب بہت سوزش کے ساتھ آتا ہے۔
سوزاں/سوزناک/سوزندہ : (ف) جلانے والا۔
سوزخواں : موسیقی کی ایک خاص طرز پر مرثیہ پڑھنے والا۔
سوزش : (ف) مونث، جلن۔
سوزن : (ف) مونث، سوئی۔
—— **ساعت** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث، گھڑی کی سوئی۔
—— **عیسیٰ** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث، حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے دامن میں الجھی ہوئی سوئی۔
—— **کاری** : مونث، سوئی کا کام۔
سوزنی : (ف) مونث، سوئی کا باریک کام کیا ہوا دُھرایا روئی بھرا ہوا کپڑا۔ سوئی کا باریک کام کیا ہوا فرش۔
سوزوگداز : مذکر، رقت طاری کرنے والی کیفیت۔
سوس : (ع) مونث، مُلہٹی، ایک دوائی کا نام۔
سوس : (ف) سونسار کا مخفف، گوہ۔
—— **مار** : (ف) مونث، ایک صحرائی جانور کا نام۔
سوسائٹی : SOCIETY (انگ) مونث، (۱) سماج، معاشرہ، اجتماعی زندگی۔ (۲) تہذیبی ادارہ یا انجمن۔
سوسن : (ف) مونث، ایک قسم کا نیلا پھول، شعرا اس پھول کو زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سوسنی : (ف) (۱) آسمانی رنگ کا گھوڑا (۲) نیلگوں، آسمانی۔

سوسو کرنا: جاڑے کے مارے کانپنا۔
سوسی: (ا) مونث؛ ایک قسم کا رنگین دھاری دار کپڑا۔
سوشل: SOCIAL (انگ)؛ مذکر، معاشرتی، اجتماعی، سماجی، معاشرتی روابط رکھنے والا، سوسائٹی میں مل جل کر رہنے والا۔
—— **ریفارم**: REFORM ——— (انگ)؛ مذکر، قومی اور معاشرتی اصلاح، سماجی اصلاح۔
سوشلزم: (SOCIALISM) (انگ)؛ مذکر، اشتراکیت۔
سوشلسٹ: (SOCIALIST) (انگ)؛ مذکر، اشتراکیت کے اصول پر عمل کرنے والا، اشتراکی۔
سوغات: (ت)؛ مونث؛ (۱) تحفہ، ہدیہ، (۲) انوکھی چیز۔
سوفار: (ف)؛ مذکر، کمان میں تیر بٹھانے کا گھر، تیر کی چٹکی، (۲) سوئی کا ناکا۔
سوفسطائی: مذکر، حکماء کا ایک وہمی گروہ۔
سوقی: سوق سے منسوب، بازاری۔
سوقیانہ: صفت، بازاریوں کا، عوام کا۔
سوک/سوکر: مذکر، (۱) ستارۂ زہرہ، (۲) جمعہ۔
سوکن: (ا)؛ مونث؛ دیکھو، سوت۔
سوکنا: (ا)؛ جذب کرلینا، سوکھنا۔
سوکھا: مذکر، (۱) خشک (۲) دُبلا پتلا، (۳) روکھا، پھیکا، (۴) قحط، قحط سال، (۵) خشک تمباکو (۶) بھنگ (۷) بچوں کی ایک بیماری۔
—— **پڑنا**: قحط پڑنا۔
—— **جواب دینا**: صاف انکار کرنا، خشک جواب دینا۔
—— **ٹہا**: مذکر، دُبلا پتلا، لاغر، نحیف، چُپ چُپ، خوف زدہ۔
سوکھنا: (۱) خشک ہونا، بے رطوبت ہونا، (۲) (کنایتاً) دُبلا ہونا (۳) سکڑنا (۴) (کنایتاً) انتظار کی تکلیف برداشت کرنا۔
سوکھنا: جذب کرنا، چوسنا۔
سوکھے ٹکڑے: (۱) روٹی کے خشک ٹکڑے (۲) (کنایتاً) غریبوں کی غذا۔
—— **دھانوں پر پانی پڑنا/سوکھے دھانوں پانی پڑنا**: مایوسی کی حالت میں مراد حاصل ہونا، مراد بر آنا۔
سوکھی الفن: (ع)؛ مونث؛ (کنایتاً) دُبلی پتلی عورت۔
—— **تنخواہ**: خشک تنخواہ، جس میں اور کوئی بالائی آمدنی نہ ہو۔
سوکھی کھانسی: مونث؛ بغیر بلغم کی کھانسی۔
کھجلی: مونث؛ خشک خارشت۔
سوگ: (ہ)؛ مذکر، فکر، غم، دکھ، افسوس، ماتم۔
—— **اٹھانا/سوگ بڑھانا**: سوگ اُتارنا، سوگ رکھنا، غم اور ماتم کی حالت قائم رکھنا۔
سوگند: (ہ) مونث؛ قسم، عہد۔
سوگوار: (ف)؛ غمگین، مغموم، ماتمی، ماتم کرنے والا، مصیبت زدہ، آفت زدہ۔
سوگی: (ف)؛ غم گین، ماتم میں مبتلا۔
سول: CIVIL (انگ)؛ (۱) ملکی، شہری، اجتماعی، انتظامی، دیوانی، غیر فوجی، (۲) مہذب، صاحب اخلاق، شائستہ۔
—— **جج**: JUDGE ——— (انگ)؛ مذکر، عدالت دیوانی کا منصف۔
—— **سرجن**: SURGEON (انگ)؛ سرکاری دواخانے کا بڑا ڈاکٹر جو ہر ضلع میں عام اسپتالوں کا نگراں ہوتا ہے۔
—— **سروس**: SERVICE (انگ)؛ (۱) غیر فوجی خدمات سول ملازمت میں جو فوجی ملازمت کے برعکس ہو، (۲) اعلا ملازمت۔
—— **کوڈ**: CODE (انگ)؛ مذکر، دیوانی قوانین کا دستور العمل۔
—— **کورٹ**: COURT (انگ)؛ مذکر، عدالت دیوانی جس میں مالیات کے مقدمے ہوتے ہیں۔
—— **لا**: LAW (انگ)؛ مذکر، عدالت دیوانی کا قانون۔
—— **لائن**: LINE (انگ)؛ مونث؛ شہر کا وہ حصہ جہاں سرکاری ملازمین کے مکانات ہوں۔
—— **میرج**: MARRIAGE (انگ)؛ مونث؛ قانونی شادی جو عدالت میں طے پاتی ہے۔
—— **نافرمانی**: مونث؛ عوامی سطح پر سرکاری قانون کی خلاف ورزی۔
—— **وار**: WAR (انگ)؛ مونث، خانہ جنگی۔
سویلین: CIVILIAN (انگ)؛ غیر فوجی، غیر فوجی محکمے کا ملازم، انتظامی صیغے کا ملازم۔
سوئل: (ہ) مذکر، (۱) کانٹا، (۲) پیٹ کا درد، (۳) مونث؛ برچھی کی نوک۔

سُول: SOLE ؛ (انگ)؛ مذکر، (۱) جوتے کا تلا، (۲) تلوا، (۳) تنہا، واحد، بلاشرکت غیرے۔

ـــــ ایجنٹ: AGENT ـــــ ؛ (انگ)؛ واحد نمائندہ، کسی تجارتی مال کا تنہا ایجنٹ۔

سولجر: SOLDIER ؛ (انگ)؛ مذکر، سپاہی، فوج کا ملازم۔

سولہ: (ا)، دس اور چھ، ۱۶۔

ـــــ سنگار: عورتوں کے سولہ قسم کے سنگار، عورتوں کی مکمل آرائش

سوَل: مونث، (۱) پھانسی، (۲) (مجازاً) مصیبت، ہلاکت۔

ـــــ پر بسر ہونا: (کنایتاً)؛ اضطراب اور بے چینی میں بسر ہونا۔

ـــــ پر نیند آتی ہے: نیند مصیبت کی جگہ بھی آئے بغیر نہیں رہتی۔ نیند پر کسی کا قابو نہیں ہے۔

ـــــ پر جان ہونا: عذاب میں جان ہونا، سخت مصیبت میں مبتلا ہونا۔

ـــــ پر چڑھانا: پھانسی پر چڑھانا، (۱) نہایت تکلیف دینا، اذیت پہنچانا۔

سوم: (ا)، بخیل، کنجوس۔

سُوم: (ف)، (۱) تیسرا، (۲) (اردو) مرنے کا تیجا، (معنی نمبر ۲ میں سُتم مستعمل ہے)

سوم رس: (ا)، مذکر، (۱) ایک قسم کا نشہ آور مشروب (۲) بھنگ کا رس۔ (۳) (ہندو عقیدہ) دیوتاؤں کے پینے کے شراب۔

سومنات: (ف)، مذکر، گجرات کا مشہور بت خانہ۔

سوموار: مذکر، پیر، دوشنبہ۔

سوں: (ع)، قسم، عہد، حلف۔

سوَن: (ا)، مونث، ثقل۔ دم۔

ـــــ کھینچنا: خاموشی اختیار کرنا، خبر نہ ہونا، ٹال دینا۔

سونا: مذکر، طلا، ایک قیمتی پیلی دھات، جس کے زیور بنتے ہیں۔

ـــــ چاندی: مال و دولت، روپیا پیسا۔

ـــــ چڑھانا: سونے کا ملمع کرنا۔

ـــــ کسنا: سونے کی جانچ کرنا۔

ـــــ مکھی: مونث، ایک قسم کی دوا میں کام آنے والا پتھر۔

سونے کا پانی: (۱) سونے سے بھاؤ دیا ہوا پانی، (۲) سونے کا ملمع۔

ـــــ کا توڑا: زنجیر طلائی، سونے کی زنجیر۔

ـــــ ڈلا: سونے کا ڈھیلا، سونے کا مونا ٹکڑا۔

ـــــ کا گھر مٹی ہو جانا: بنا بنایا گھر تباہ ہو جانا۔

ـــــ کا نوالا: (کنایتاً)؛ عمدہ، قیمتی غذا، نعمت۔

ـــــ کی چڑیا: (۱) (کنایتاً)، مالدار، دولت مند، (۲) بیش قیمت چیز، نایاب، نادر چیز۔

ـــــ کی چڑیا ہاتھ آنا / لگنا / ملنا: کسی مال دار احمق کا قابو میں آنا، قیمتی شے حاصل ہونا۔

ـــــ کے کانٹے میں تولنا: ٹھیک ٹھیک وزن کیا جانا۔ بہت مرغوب ہونا۔

ـــــ میں سہاگا: (کنایتاً)؛ زینت اور چلا بڑھانے کا باعث۔

سونا: (ف)؛ نیند آجانا، آرام کرنا، قیلولہ کرنا۔

سُونا: مذکر، اجاڑ، ویران، سنسان، خالی۔

سونپنا: (۱) سپرد کرنا، حوالے کرنا، (۲) امانت کی طرح رکھنا، (۳) مردے کو ایک مقررہ مدت تک زمین میں دفن کرنا۔

سُونٹا: مذکر، ڈنڈا، بلم، جریب، عصا۔

سونٹھ: مونث؛ سوکھی ادرک۔

ـــــ کی ناس لینا: (کنایتاً)؛ خبر نہ ہونا، خاموشی اختیار کرنا، برداشت کرنا، تحمل کرنا۔

سُوندنا: (۱) کوئی چیز بھر جانا، (۲) تر مٹی یا کیچڑ وغیرہ کا کسی چیز میں بھر لینا، (۳) (کنایتاً)؛ شامل کر لینا، (۴) گوشت میں مسالا اچھی طرح ملانا۔

سُوندھا: (۱) کوری ہنڈی یا کورے برتن کی خوشبو رکھنے والا، (۲) بال دھونے کا ایک مرکب خوشبو کا مسالا۔

ـــــ پن: سوندھی، سوندھی خوشبو۔

سوندھاوٹ / سوندھاہٹ: مونث؛ سوندھی بو، باس، خوش بو۔

سوَندھنا: (۱) کپڑے کو دھونے کے واسطے ملنا گرگٹنا، (۲) کسی مٹی کے ظرف کو ریہ یا آٹے سے ملنا، (۳) سوندنا۔

سوُنڈ: ہاتھی کی لمبی ناک۔

سونف: مونث؛ بادیاں، ایک مشہور دوا کا نام۔

سونگھنا: (ف)، ناک سے بو، باس معلوم کرنا، مہک معلوم کرنا۔

سونگھنے کو بھی نہیں: بالکل ناپید ہے، بالکل نہیں ہے۔

سونلانا / سنولانا: دھوپ سے چہرے کا رنگ سیاہ ہو جانا، سانولا ہو جانا، کالا ہو جانا۔

سوویٹ : SOVIET ؛ روسی، مونث؛ (۱) وہ کونسل جسے کسی چھوٹے حلقے کے مزدور اور سپاہی منتخب کرتے ہیں، (۲) صوبے کی کونسل جسے یہ کونسلیں منتخب کرتی ہیں، (۳) روسی پارلیمنٹ۔

ـــــ یونین : UNION ـــــ) ؛ مونث؛ وفاقی ریاست جس میں روس اور دوسری سولہ خود مختار ریاستیں شامل ہیں۔

سوہا : مذکر، (۱) لال، سُرخ، تیز سُرخ رنگ، (۲) بھیرویں راگ کی ایک قسم۔

سوہا : (ا) وہ چیز جو جلا کر خاک کر دی گئی ہو۔

سوہان : (اف)؛ مذکر، ریتی، لکڑی یا لوہا وغیرہ صاف کرنے کا خاردار آلہ۔

ـــــ روح : (اضافت کے ساتھ)، (اف)؛ جان کو آزار دینے والا، ناگوارِ خاطر۔

سُوہن : (ف) مذکر، سوہان کا محقف، دیکھو سوہان۔

سوہنا : (ا) زیب دینا، بھلا معلوم ہونا، زیب تن ہونا۔

سوہنی : مونث؛ (۱) ایک راگنی کا نام، (۲) خوب صورت۔

سوء : (ع) مذکر، (۱) بدی، خرابی کی طرف مزاج کی تبدیلی، بیماری، (۲) مونث، خرابی، ابتری۔

سوئے اتفاق : مذکر، موقع کی خرابی۔

ـــــ ادب : مذکر، بے ادبی، گستاخی۔

ـــــ ظن: مذکر، (اضافت کے ساتھ)؛ بدگمانی، بُرا خیال۔

ـــــ ہضم/ہضمی : (ع) مذکر، بدہضمی، پیٹ کی خرابی۔

سوئی : مونث؛ کپڑا سینے کی چیز، سوزن، (۲) ترازو کا کانٹا، (۳) گھڑی کا کانٹا، کپاس، اور قبلہ نما کی سوئی، (۴) اوّل اوّل نکلنے والا اناج یا کسی اور چیز کا ریشہ۔

ـــــ کانا کا : سوئی کا سوراخ۔

ـــــ کے ناکے سے اونٹ نکالنا : کنایتاً، ناممکن بات کر دکھانا۔

سوئچ : SWITCH ؛ (۱) بجلی کا بٹن جس کے دبانے سے برقی رَو کا سلسلہ جوڑا یا توڑا جاتا ہے۔

سوئچ بورڈ : BOARD ـــــ) ؛ (انگ)؛ مذکر، دیوار میں نصب لکڑی کا وہ تختہ جس پر لاٹو کے کھٹکے، بٹن، پلگ وغیرہ لگاتے ہیں۔

سوئمنگ : SWIMING ؛ (انگ)؛ مونث، پیراکی، تیرنا۔

ـــــ پول : POOL ـــــ) ؛ (انگ)؛ مذکر، پیراکی کا مصنوعی تالاب، تالاب، دریا یا سمندر کا وہ حصّہ جہاں پیراکی کی مشق کی جاتی ہے۔

سویا : مذکر، (۱) ایک خوشبودار ساگ، (۲) خوابیدہ سویا ہوا۔

سویاں/سوئیں : گیہوں کے میدے کو گوندھ کر نکالے ہوئے تار جس کو خشک کر کے دودھ اور شکر ملا کر پکاتے ہیں، پھر کھاتے ہیں۔

سویت : (ع) (سَوی، یت)؛ مونث؛ (۱) برابری، مساوات، (۲) اعتدال۔

سویٹر : SWEATER ؛ (انگ)؛ مذکر، موٹی اونی بنیان۔

سویدا : (ع) مذکر، وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔

سویر : (ا) اوّل، پہلے، (تنہا مستعمل نہیں ہے)

سویرا/سویرے : مذکر، (۱) صبح تڑکا، (۲) اوّل وقت۔

سویکار : (ا) قبول کرنا، ماننا، رضامندی، منظور، قبول۔

سویمبر : (ا) مذکر، (ہندو عقیدہ) وہ تقریب یا رسم جس میں لڑکی اپنا شوہر خود منتخب کرتی ہے۔

س ـــــ ہ

سہ : (ف)؛ تین، ۳۔

ـــــ پہر : مونث؛ تیسرے پہر کا وقت۔

ـــــ پہلو : (۱) تین پہلو کا، (۲) مذکر، ایک قسم کا تیر۔

ـــــ چند : (ف)؛ تگنا۔

ـــــ حدّہ : مذکر، جہاں دو سے زیادہ محالوں کا اتصال ہو، پتھر یا چونے وغیرہ سے تیار کیا ہوا مربع نما چبوترہ یا ستون۔

ـــــ درہ : مذکر، تین دروازوں کا دالان، تین محراب دار دروازے۔

ـــــ دری : مونث؛ تین دروازوں کا چھوٹا کمرہ۔

ـــــ شنبہ : (ف) مذکر، منگل۔

ـــــ فصلہ : سال میں تین بار پھل دینے والا درخت۔

ـــــ کرّر : (ف) (تبارہ، تیسری دفعہ۔

ـــــ ماہی : (ف)؛ (۱) سال کا چوتھا حصّہ، ہر تیسرا مہینہ، (۲) مونث، ہر تیسرے مہینے ملنے والی رقم، (۳) تین ماہ میں ایک بار شائع ہونے والا جریدہ، تین مہینے کے بعد ہونے والا امتحان۔

سُہا : (ف) مذکر، ایک چھوٹے ستارے کا نام۔
سُہاتا : (ا) مذکر، مرغوب، دل پسند، پیارا۔
سُہار : مونث، (عو)؛ برداشت، تحمل، سہنا۔
سہارا : مذکر، (۱) مدد، آسرا، بھروسا، تکیہ، ٹیک، (۲) امید، توقع، (۳) اطمینان، تقویت، توانائی، قوت۔
——— ڈھونڈنا : آسرا تلاش کرنا، وسیلہ ڈھونڈنا، قوت ڈھونڈنا، مدد ڈھونڈنا۔
——— کرنا : (۱) وسیلہ کرنا، ذریعہ کرنا، (۲) (کنایتاً)؛ نوکر رکھوانا، (۳) گزر اوقات کا اطمینان کر لینا۔
سُہارنا : (۱) رنج اور تکلیف برداشت کرنا، سہنا برداشت کرنا، (۲) (عو)؛ تھامنا، روکنا۔
سُہاگ : مذکر، (۱) خاوند کی حیات کا زمانہ، (۲) شادی میں گائے جانے والے گیت، (۳) پیار، محبت، ناز و نیاز، سہاگنوں کے پہننے کے تمام خوشی کے زیور اور چیزیں، (۴) ایک مشہور عطر کا نام۔
——— اُتارنا : جب عورت رانڈ ہو جائے اس کی نتھ اتار کر چوڑیاں توڑنا، رنڈسالا پہنانا۔
——— اُترنا : سہاگ کی چیزیں اتارنا، بیوہ ہونا۔
——— پٹارا/پٹاری : مذکر، (ہندو۔عو)؛ زیورات کا ڈبا۔
——— پُڑا : مذکر، خوشبو کی چیزیں رکھ کر دلہن کے لیے بھیجا جانے والا کاغذ کا خوشنما پُڑا۔
——— تارا : (ا) مذکر؛ سہاگ بندی۔
——— رات : مونث، دولہا دلہن کی اوّل شب۔
سُہاگا : (ا) مذکر، (۱) ایک دوا کا نام، (۲) کھیت کی مٹی کے ڈھیلے توڑنے کا لکڑی کا آلہ۔
سُہاگن : مونث؛ خاوند والی عورت۔
سُہال : مذکر، ایک قسم کی خستہ اور روغنی تلی ہوئی روٹی۔
سُہالگ : (ا) (ع)؛ مونث؛ ہندوؤں کے بیاہ کا زمانہ۔
سہام : (جمع سہم کی)؛ (۱) حصّے، ٹکڑے، (۲) تیر، ناوک۔
سُہانا : مذکر، (۱) مرغوب، دل پسند، موزوں، مناسب، معقول، اچھا معلوم ہونا، خوب صورت، لائق، (۲) بھانا، پسند آنا، (۳) زیب دینا، موزوں ہونا۔
——— وقت : دل کو خوش کرنے والا وقت، طبیعت میں تازگی پیدا کرنے والا وقت۔
سُہاؤل : (ا)، مذکر، دیواروں اور عمارتوں کی سیدھ دیکھنے کا معمار کا آلہ۔
سہایتا : (ا) مونث؛ مدد، سہارا۔
سَہایک : (ا) مذکر، مددگار۔
سہج : مذکر، (ا) سہل، آسان، آہستہ۔
سہرا : مذکر، (۱) دولہا دلہن کے سر سے باندھنے والی پھولوں کی لڑیاں، (۲) سہرا باندھنے کی تقریب میں کہی جانے والی نظم، (۳) وہ پھولوں کے ہار جو مزار کے طاقچوں پر لٹکا دیتے ہیں۔
——— بندھائی : مونث، سہرا باندھنے کا نیگ۔
——— چڑھانا : لوحِ مزار پر سہرا لٹکانا، فوج کے نشان یا تعزیوں کے علم پر سہرا لٹکانا۔
سہرے کے پھول کھلنا : (کنایتاً)؛ بیاہ کا وقت آنا۔
سہرانا/سیرانا : (ا) مقدّس چیز کو دریا میں بہانا۔
سہرنا : (ا)؛ کانپنا، تھرتھرانا، لرزنا۔
سہروردیہ : (اف)؛ شہاب الدین سہروردیؒ کی طرف منسوب صوفیوں کا ایک گروہ۔
سہل : آسان، سادہ۔
سہلانا : (۱) جسم پر آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا، گدگدانا، (۲) خوشامد کرنا، چاپلوسی کرنا، (۳) تھپکنا، پچکارنا۔
سَہم : (اف)، مذکر، خوف، ترس، ڈر۔
سہما : مذکر، خوف زدہ، ڈرا ہوا، چُپ۔
سہم جانا : ڈر جانا، ہیبت چھا جانا۔
سہمنا : ڈرنا، ہیبت زدہ ہونا، خوف کھانا۔
سَہَن : (ا)، مذکر، سہنا، برداشت، صبر۔
سَہنا : (۱) صبر کرنا، برداشت کرنا، جھیلنا۔
سَہو : (ع)، مذکر، بھول چوک، خطا، غلطی، فراموشی۔
——— قلم : (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، قلم سے کچھ کا کچھ نکل جانا۔
——— کتابت : (اضافت کے ساتھ)؛ مذکر، لکھنے کی غلطی۔
سَہواً : (ع) بھولے سے، غفلت سے، بلا ارادہ۔

سہولت : مونث، نرمی، آسانی۔

سہی : مذکر، مونث، (۱) صحیح، درست، بجا، (۲) فرض کرلو، تسلیم کرلو، مان لو، (۳) شرط کے لیے، (۴) تکمیل فعل کے لیے، (۵) تسلی خاطر کے لیے، (۶) سلسلہ قائم رکھنے کے لیے، (۷) بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے۔

سہی : (ف) راست، سیدھا، موزوں۔

ـــــ بالا/قامت/قد : (ف)، (کنایتاً)؛ معشوق۔

سہیل : (ع)، مذکر، ایک ستارے کا نام۔

سہیلی : مونث، ساتھ رہنے والی، مصاحب، ہم جولی لڑکی، خواص سکھی۔

سہیم : (ع)، شریک، حصہ دار، ساتھی، رفیق۔

سیتیں : (ع) مذکر، سائیس۔

سی : مونث، (۱) چٹکی لینے یا کسی چیز کے کاٹ کھانے یا تکلیف یا مرچ کی جلن سے منہ سے نکلنے والی آواز، (۲) مانند، مثل، (۳) کثرت ظاہر کرنے کے لیے۔

سی : (ف) تیس، ۳۰۔

ـــــ پارہ : (ف) مذکر، قرآن شریف کا ہر ایک تیسواں حصہ، سیپارہ۔

ـــــ دانہ : (ف)، مونث؛ ۳۳ دانوں کی تسبیح۔

ـــــ مُرغ : (ف)، مذکر، ایک پرند کا نام۔

سے : (۱) ابتدا کے لیے، (۲) ربطِ کلام کے لیے، (۳) سبب یا علت کے لیے، (۴) وسیلے ذریعے۔

سے : سو، مرکبات میں اعداد کے بعد آتا ہے۔

سیئات : (ع)، مذکر، (جمع سیئہ کی)؛ بُرائیاں، گناہ، معاصی۔

سیّاح : (ع)، سیر سفر کرنے والا، سیاحت کرنے والا، مسافر۔

سیاحت : (ع)، مونث، سیر، سفر۔

سیادت : (ع)، مونث، (۱) بزرگی، سرداری، (۲) امانت، سلطنت، حکومت، (۳) قوم سادات، سید ہونا۔

سیّار : (ع)، (۱) گردش کرنے والا ستارہ، (۲) تیز چلنے والا، سیر کرنے والے، بہت پھرنے والا۔

سیار : مذکر، گیدڑ، ایک جانور کا نام۔

سیّارات : (ع)، مذکر، (جمع سیارہ کی)، حرکت کرنے والے ستارے، سیارے۔

سیّارہ : مذکر، گردش کرنے والا ستارہ۔

سیاست : (ع)، مونث، (۱) ملک کی حفاظت اور نگہبانی، جزا اور سزا کی تنبیہہ، انتظام، (۲) رعب داب، قہر وغضب، سختی، خوف، دہشت، سخت گیری، (۳) دھمکی، مار پیٹ، گوشمالی۔

سیاسی : ملکی معاملات کے متعلق، ملکی انتظام کے متعلق۔

سیاق : مذکر، (۱) مضمون کا ربط، طرز، ڈھنگ، قرینہ۔

سیّال : (ع)، بہنے والا، رواں، پتلا، رقیق، (۲) اپنی شکل بدل سکنے والی چیز۔

سیّاں : مذکر، (ع)، شوہر، مالک۔

ـــــ بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا : مذکر، جان پہچان یا دوست کے صاحب اختیار ہونے سے ڈر جاتا رہتا ہے۔

سیان : مذکر، دانائی، ہوشیاری، چالاکی۔

ـــــ پت/پن : مونث، مذکر، ہوشیاری، دانائی، چالاکی۔

سیانا : مذکر، (۱) دانا، سمجھ دار، (۲) ہوشیار، عیار، چالاک، (۳) بالغ، سن تمیز کو پہنچا ہوا، (۴) بچھل، (۵) عامل، بھوت، پریت اتارنے والا، گنڈا تعویذ کرنے والا۔

ـــــ کوا گو کھاتا ہے : (مثل) زیادہ چالاکی کرنے والا آدمی بیہودہ غلطی کر جاتا ہے۔

سیاہ/سیہ : (ف)، (۱) کالا، (۲) نحس، شوم، بد۔

ـــــ بادام : (کنایتاً)؛ محبوب کی آنکھ۔

ـــــ باطن : (ف)؛ بدباطن، مکار، منافق۔

ـــــ بخت : (ف)؛ بدنصیب۔

ـــــ بختی : (ف)، مونث؛ کم نصیبی۔

ـــــ پوش : (ف)، (کنایتاً)؛ ماتمی، سوگوار۔

ـــــ چشم : (ف)، (کنایتاً)؛ بے مروت، بے وفا۔

ـــــ خانہ/سیہ خانہ : (ف)، مذکر، اجاڑ گھر، خانہ ویران۔

ـــــ دانہ/سیہ دانہ : (ف)، مذکر، کالے تل۔

ـــــ درون/دل/سیہ دل : (ف)، (کنایتاً)؛ بے مروت، بے وفا، سنگ دل۔

ـــــ رو/سیہ رو : (ف)، (۱) کالا کلوٹا، (۲) (کنایتاً)؛ ذلیل، رسوا، خوار۔

ـــــ زبان : وہ شخص جس کی بددعا جلد اثر کر جائے۔

ـــــ سفید کرنا : مختار کل ہونا، جو چاہنا کرنا۔

سیاہہ : (ف) مذکر۔ (اہل دفتر کی اصلاح) ہر روز نقدی یا اجناس درج کرانے کا کچا روزنامچہ۔

سیاہی : (ف) مونث : (۱) کالک ، (۲) روشنائی ۔ (۳) تاریکی، اندھیرا، تیرگی، (۴) کاجل، (۵) داغ، دھبا، (۶) (کنایتاً) عیب، نقص۔

——— سوکھ : مذکر، جاذب۔

سیب / سیو : (ف) مذکر۔ ایک مشہور پھل کا نام۔

سیپ : مونث : (۱) صدف۔ ایک قسم کا دریائی کیڑا جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں، اور جس کو جلا کر چونا بناتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کی پتلی گٹھلی کا آم، جو سب سے پہلے ٹپکتا ہے۔

سیپارہ : (ف)، مذکر، قرآن شریف کے تیس پاروں میں سے کوئی ایک حصہ۔

سی پورٹ : SEAPORT (انگ) مذکر۔ بندرگاہ۔

سپت : مونث : ہتھیلی اور پاتو کے نیچے سے نکلنے والا پسینہ (اب نہیں بولتے ہیں۔)

سپتا : مونث : رام چندر جی کی بیوی کا نام۔

——— پھل : (ہ) مذکر۔ (۱) شریفہ۔ ایک پھل، (۲) گول کدو۔

سپتلا : مونث : چیچک۔

——— منہ داغ : چیچک رو، منہ پر چیچک کے نشان والا شخص۔

سپتل پاٹی : ایک قسم کی چٹائی جو چکنی ہوتی ہے۔

سیٹ : SEAT : مونث : نشست، جھک، ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ۔

سیٹی : مونث : (۱) منہ کو گول بنا کر نکالنے والی مہین آواز، (۲) کبوتر اڑاتے وقت منہ کے اندر دو انگلیاں رکھ کر نکالنے والی آواز، (۳) منہ میں رکھ کر بجانے کا چھوٹا آلہ۔

سیٹھ : مذکر۔ (۱) دولت مند، مہاجن، کوٹھی والا، ثروت فروش، (۲) ایک عزت کا خطاب یا کلمہ۔

سیٹھا : مذکر، بے مزہ، پھیکا، بے نمک مرچ۔

سیج : مونث : بستر، بچھونا، پلنگ، چارپائی، (۲) بستر پر تازے پھولوں کا فرش۔

——— بند : مذکر۔ پلنگ کے فرش کو چاروں طرف سے باندھنے کی ڈوریاں، پلنگ کی ڈوریاں۔

——— چڑھنا : (کنایتاً) مرد اور عورت کا ہم بستر ہونا۔

سیخ : (ف) مونث، لوہے کی وہ لانبی اور گول سینک جس پر کباب لگاتے ہیں۔

——— پا ہونا : گھوڑے کا اڑیل ہونا۔

سیخچہ : (ف) مذکر۔ چھوٹی سیخ، لوہے کی چھوٹی سلاخ صاف کرنے کی لوہے کی چھڑ۔

سیخ کے کباب (لکھنؤ) / **سیخا کباب** (دہلی) : وہ کباب جو سیخ پر بھون کر بناتے جاتیں۔

سید : (ع) مذکر۔ (۱) امام، پیشوا، سردار، (۲) حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔

سیدھ : مونث : (۱) سیدھا پن، راستی، سادگی، (۲) شست، نشانہ، سامنے کی طرف۔

سیدھا : مذکر، (۱) براہ راست، بخط مستقیم، (۲) بھولا، (۳) غریب، مسکین، (۴) ٹھیک، درست، باقاعدہ، (۵) آسان، سہل، (۶) موافق، مہربان، (۷) سامنے۔ مقابل، (۸) کچی خوراک۔

——— بننا : (۱) درست ہونا، کجی نکلنا، (۲) راہ پر آجانا، ٹھیک ہو جانا، (۳) جان بوجھ کر اپنے آپ کو ناواقف ظاہر کرنا۔

——— جواب دینا : (۱) (کنایتاً) انکار کرنا، (۲) ایسا جواب دینا جس میں پیچیدگی نہ ہو۔

——— راستہ : آسان طریقہ، آسان رستہ۔

——— سادا / سادھا : مذکر، بھولا بھالا، سادہ مزاج شخص۔

——— کرنا : (۱) راہ راست پر لانا، کجی دور کرنا، (۲) وار کرنے کے لیے بندوق چھتیانا، نشانہ لگانے کے لیے تیر یا بندوق کا رُخ کرنا، (۳) (کنایتاً) مار پیٹ کر ٹھیک کرنا۔

——— گھر خدا کا : (مثل) بے غیرت آدمی، کسی با اختیار کے پاس بار بار دوڑ دوڑ کر جانے والا، کسی کو بار بار تکلیف دینے والا۔

سیدھی آنکھوں بات نہ کرنا : (دہلی)، بگڑ کر بات کرنا۔ (لکھنؤ میں) سیدھے منہ بات نہ کرنا۔

——— انگلیوں گھی نہیں نکلتا : (مثل) ملامت اور نرمی سے ہر ایک کام نہیں نکلتا۔

——— باتوں کا الٹا جواب : ملامت کی باتوں کا ٹیڑھا جواب۔

——— چال چلنا : سلامت روی اختیار کرنا، اچھا طریق اختیار کرنا۔

سیر :(ع) مونث : (۱) تفریح، پھرنا، گشت، ہوا خوری (۲) تماشا، کیفیت، نظارہ (۳) مزہ، لطف، بہار، (۴) کتاب کا دیکھنا (۵) ہنسی مذاق، پھرنا، گردش کرنا۔

——سپاٹا کرنا : مذکر، سیر کرتے پھرنا، تماشا دیکھنے کسی مقام پر جانا۔

سیر گاہ : (ف) مونث، تماشا گاہ، سیر دیکھنے کی جگہ۔ فضا کا مقام۔

——وشکار : مذکر، جا بجا پھرنا اور شکار کھیلنا۔

سیر :(ف) (۱) آسودہ، چھکا ہوا، پیٹ بھرا۔ (۲) مستغنی، بے نیاز، (۳) بیزار، متنفر۔

——چشم : (ف) (۱) آسودہ بے پروا، قانع، صابر (۲) سخی، حوصلے والا، غنی۔

——چشمی : (ف) مونث، آسودگی، استغنا۔

——حاصل : (ف) زرخیز، شاداب، سرسبز، اچھی پیداوار کی آراضی۔

——ہونا : (۱) پھلنا، آسودہ ہونا، پیٹ بھرنا، نیت بھرنا، (۲) بیزار ہونا دل پھر جانا، مستغنی ہونا، بے پروا ہونا۔

سِیَر : (ع) (جمع سیرت کی) : مونث، (۱) خصلتیں، عادتیں، (۲) علم تاریخ، گزرے ہوئے لوگوں کے حال کا بیان۔

سیر : (ہ) مذکر، سولہ چھٹانک کا وزن۔

——کے واسطے سوا سیر موجود ہے : (مثل) زبردست کی سرکوبی کے لیے اس سے زیادہ زبردست موجود ہے۔

——میں پسیری کا دھوکا : (مثل) چھوٹی رقم میں سے بڑے حصہ کا غبن۔

سیر : مونث، زمین دار کی خود کاشت اراضی۔

سیراب :(ف) پانی سے بھرا ہوا، تر و تازہ، شاداب، لبریز، (کرنا، ہونا کے ساتھ)

سیرت : (ع) مونث، خصلت، عادت، طریقہ، ہیئت، اخلاق۔

سیریز : SERIES (انگ) مذکر، سلسلہ، قطار، ترتیب وار۔

سیریل نمبر : SERIAL NUMBER (انگ) مذکر، نمبر شمار، ترتیب وار گنتی۔

سیڑھی : مونث، زینہ، درجہ۔

سیزن : SEASON (انگ) مذکر، رُت موسم، فصل، سماں، مناسب وقت، صحیح موقع، میعاد۔

——ٹکٹ : TICKET —— بس یا ریلوے کے سفر یا کسی کھیل یا جرمی اجتماع میں داخلے کے لیے ایک مدت کا ٹکٹ۔

سیس پھول : مذکر، سر کے ایک زیور کا نام۔

——ناگ : (ہ) مذکر، ناگوں کا بادشاہ۔

سیسا : مذکر، ایک دھات کا نام۔

——پلانا : (کنایتاً) کسی چیز کو مضبوط کر دینا، کسی چیز کو وزنی کر دینا۔

سیشر : مذکر، نرہ، کمان کی وہ ڈور جس میں تیر رکھ کر پھینکتے ہیں۔

سیشن : SESSION (انگ) مذکر، (۱) سال، مدرسہ یا کالج کا تعلیمی سال، (۲) عدالت فوجداری کا اجلاس۔ (۳) قانون ساز اداروں کے جلسوں کی مدت، انعقاد، بیٹھک، اجلاس، جلسہ نشست

——جج : JUDGE —— (انگ) : عدالت فوجداری کا جج۔

سیف : (ع) تلوار۔

——زبان : (ف) تیز زبان، پُر اثر بات کرنے والا شخص۔

سیف : SAFE (انگ) مذکر، (۱) تجوری، آہنی الماری، (۲) محفوظ، سلامت۔

——ڈپازٹ والٹ : DEPOSIT VAULT —— (انگ) مذکر۔ وہ محفوظ آہنی الماری جو بینک میں کرایہ پر مہیا کی جاتی ہے اور جس میں قیمتی اشیاء رکھی جاتی ہیں، بینک کی تجوری۔

سیفہ : (ف) مذکر، جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا اوزار۔

سیفی : مونث، (۱) کسی دشمن کے دفعیہ کے واسطے خاص ترکیب پڑھا جانے والا اسم جلالی، (۲) ایک جلالی دعا کا نام۔

——الٹ جانا : اسم جلالی کا خود پڑھنے والے کے حق میں بربادی کا باعث ہونا۔

سیک/سینک : مونث، (۱) گرمی، تپش، (۲) سینکنے کا عمل۔

——پہنچنا : گرمی کا اثر سینکنے سے پہنچنا۔

سیکریٹ : SECRET (انگ) مذکر، بھید، راز، خفیہ بات، پوشیدہ۔

سیکڑا : (ہ) مذکر، (۱) ایک سو، (۲) فی صدی۔

سیکڑوں : (جمع سیکڑا) : کثرت ظاہر کرنے کے لیے۔

سیکس : SEX (انگ) مذکر، جنس، ذات، جنسی جذبہ۔

——اپیل : APPEAL —— (انگ) مونث : جنسی کشش۔

سیکشن : SECTION (انگ) مذکر، (۱) حصہ، ٹکڑا، شعبہ، قطعہ، (۲) دفعہ (قانون کی اصطلاح)؛ (۳) باب، فصل۔

سیکنا / سینکنا : (۱) آگ پر گرم کرنا، گرم پانی کا تڑیڑا دینا، (۲) روٹی سینکنا، (۳) انگاروں پر لال کرنا (۴) بھوننا جیسے کباب سینکنا۔

سیکنڈ : SECOND (انگ) مذکر: (۱) دوسرا، دوسرے درجے کا، (۲) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ (۳) (کنایتاً) لحظہ، لمحہ، پل۔

سیکنڈری SECONDARY (انگ) مونث: (۱) ثانوی، دوسرا درجہ، (۲) دوسرے درجے کی تعلیم، یعنی پرائمری کے بعد سے میٹرک تک: ثانوی تعلیم، (۳) ضمنی، تابع۔

سیکنڈ ہینڈ : (SECONDHAND) (انگ) مذکر، (۱) برتا ہوا، (۲) استعمال کیا ہوا۔

سیکولر : SECULAR (انگ) مذکر، غیر مذہبی، غیر دینی۔

ـــــ ازم : ISM ـــــ) (انگ) مذکر، تمام مذاہب کے یکساں احترام کا نظریہ، (۵) سرو دھرم سمبھاؤ۔

سیکیورٹی : SECURITY (انگ) مونث، (۱) بچاؤ، حفاظت، سلامتی، (۲) ضمانت، ضامن، کفیل، (۳) اطمینان، سکون۔

سیکھنا: تعلیم پانا، حاصل کرنا، پڑھنا، (۲) تجربہ حاصل کرنا، عبرت پکڑنا۔

سیگریٹ: CIGARETTE (انگ) مونث: پینے کے لیے کاغذ میں لپٹا ہوا تمباکو، سگریٹ۔

سَیل : مذکر۔ مونث: پانی کی رَو، طغیانی، موج، لہر۔

سیل : SEAL (انگ) مونث، ٹھپا، مُہر۔

سیل : SALE (انگ) مذکر: (۱) بکری، فروخت (۲) رعایتی فروخت نیلام۔

سیل / سیلن : مونث: (۱) تری، رطوبت، (۲) شرم، حیا، مُروّت، حجاب، لحاظ، (۳) ایک قسم کی مچھلی۔

سیل کا کونڈا : (عو): مذکر، لڑکوں کی مَسیں بھیگنے کی نیاز۔

سیلا : (ہ) مذکر، (۱) تُر، گیلا، بھیگا ہوا، (۲) ٹھنڈا، خنک (۳) کھیت کٹنے کے بعد رہ جانے والا اناج۔

سیلا: مذکر: (۱) ریشمی چادر (۲) سر پہ باندھنے کا ریشمی عمامہ (۳) ایک قسم کا ابلا ہوا چاول۔

سیلاب : (ف) مذکر، پانی کی رَو، طغیانی۔ پانی کا چڑھاؤ۔

ـــــ چی : (مکھنؤ): مونث: ہاتھ مُنہ دھونے کا لشت، سلفچی۔

سیلان : (ع) مذکر، پانی یا خون کا جاری ہونا۔

سیلانی : سیر کا شوقین، مارا مارا پھرنے والا، ایک جگہ نہ ٹکنے والا، سیر تماشے میں مصروف رہنے والا۔

سیل بند : (۱) مہر لگا کر بند کیا ہوا، (۲) سرکاری طور پر مہر لگائی ہوئی، (دوکان، مکان، یا پبلک جائداد)

سیلس ٹیکس: SALES TAX (انگ) مذکر، بکری ٹیکس، وہ ٹیکس جو خرید و فروخت کے وقت لگایا جاتا ہے۔

سیلس مین: SALESMAN (انگ) مذکر، بیچنے والا۔

سیلف رسپکٹ : SELF RESPECT (انگ) مونث، عزت نفس، خودداری۔

ـــــ گورنمنٹ : GOVERNMENT ـــــ) (انگ) مونث: حکومت، خود اختیاری، خود انتظامی۔

سیل کھڑی : مونث: سنگ جراحت، ایک قسم کا دواؤں میں کام آنے والا نرم پتھر۔

سیلن : سیل، نمی، تری۔

سیلنا : نم ہونا، گیلا ہونا، کسی چیز کا نم ناک ہونا۔

سیلوٹ : SALUTE (انگ) مذکر، (۱) سلامی، سلام (خاص طور سے فوجی طریقے کا سلام)، (۲) سلام، آداب، تسلیم، کورنش۔

سیلون : SALOON (انگ) مذکر: (۱) دیوان خانہ (۲) ملاقات یا تقریب کا بڑا کمرہ، (۳) اوّل درجے کے مسافروں کا کمرہ۔

سیلی : مونث: (۱) بالوں یا دھاگوں کی سیاہ ڈوری، فقیر یا حسین لوگوں کی آرائشی ڈوری، (۲) انسان کے پیٹ اور سینے کے بالوں کی سیدھی لمبی لکیر۔

سیم : (ف) ایک قسم کی ترکاری۔

سیم : (ف) مونث: چاندی۔

ـــــ اندام / بر / تن / ذقن : (ف): (۱) گورا، چٹا، حسین، خوبصورت (۲) (کنایتاً) معشوق۔

سیما : (ہ) مونث: (۱) حد، سرحد، (۲) (ف) مذکر، ماتھا، پیشانی، (۳) (ف) چہرہ، مُنہ۔

سیماب : (ف): مذکر (۱) پارہ، (۲) (کنایتاً): بے قرار، مضطرب۔

ـــــ آگ پر ہونا : (کنایتاً): سیماب کی طرح بے قرار ہونا ـــــ بے تاب ہونا۔

سیماب کی خاصیت رکھنا: ایک جگہ قرار نہ پکڑنا۔
____ مارنا: پارہ کو کشتہ کرنا۔
سیمرغ: ایک بہت بڑے پرندے کا نام۔
سیمنار: (سے۔منار)؛ SEMINAR ؛ (انگ) مذکر، کسی موضوع کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کرنے کی مجلس، مذاکرہ۔
سیمنٹ: CEMENT ؛ (انگ)؛ مونث، پتھر یا اینٹ یا فرش وغیرہ کو جوڑنے کا مسالہ۔
سیمیا: (ع) مونث، علم طلسم جس کے ذریعے سے روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کر سکتے ہیں، اور اشیائے موہوم جن کا حقیقت میں وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا سکتے ہیں۔
سیمیں: (ف)؛ سیم سے منسوب، چاندی۔
____ بدن / تن / رُخ / عذار / عارض: (ف) معشوق کی صفات میں مستعمل ہے۔
سین: SCENE ؛ (انگ)؛ مذکر، (۱) تماشا، منظر، نظارہ، (۲) ڈرامے کا ایک منظر یا حصہ (۳) تھیٹر کا پردہ، (۴) (ع) مذکر؛ حرف کا نام (س)۔
سینا: (ع) مذکر، (۱) شام کے ملک میں ایک پہاڑ ہے جس کو طور سینا اور طور سینین کہتے ہیں، اسی پہاڑی پر حضرت موسیٰ تجلی ربانی ہوئی تھی، اور خدائے تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف بھی یہیں حاصل ہوا تھا۔
سینا: (ف) (۱) ٹانکا بھرنا، دوخت کرنا، رفو کرنا؛ (۲) مذکر، (ع)؛ سیون، سلائی۔
____ پرونا: مذکر، سلائی کا کام، سینے سلانے کی چیزیں اور کام۔
سینا: پرندوں کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھنا۔
سینا: (ف) مونث؛ فوج، لشکر۔
____ پتی: (ف) مذکر، سپہ سالار۔
سینبھل: (ف) مذکر، ایک بڑے کانٹے دار درخت کا نام۔
سینت: (ع م) (۱) مفت، بلاقیمت، (۲) بے وجہ۔
سینتالیس: چالیس اور سات، ۴۷، معہ۔
سینت رکھنا: (۱) حفاظت سے رکھنا، (۲) ملتوی رکھنا، کسی دوسرے وقت کے واسطے اٹھا رکھنا۔
سینتنا: (۱) حفاظت سے رکھنا، جوڑنا، جمع کرنا، علاحدہ کر کے رکھنا، ملتوی رکھنا، (۲) (عو) پاخانہ صاف کرنا۔
سینتیس: تیس اور سات، ۳۷، معہ۔
سینٹ: SCENT ؛ (انگ) مذکر، خوشبو، عطر۔
سینٹھا: مذکر، ایک قسم کی پتاور۔
سینچنا: کھیت میں پانی دینا، درختوں یا غوں میں پانی دینا۔
سیندور: مذکر، ایک سُرخ رنگ کی دھات کا سفوف جسے اکثر ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں، سہاگ کی علامت۔
سیندھ: مونث، (۱) ایک قسم کی کچری جسے موندی بھی کہتے ہیں، (۲) نقب، وہ سوراخ جو دیوار یا چھت میں چوری کے واسطے کیا جائے۔
____ کٹ جانا: نقب کے ذریعے سے مال کا نکل جانا۔
سیندھا: مذکر، (۱) پہاڑی نمک، (۲) (لکھنؤ) ایک رنگ کا کبوتر۔
سیندھی: مونث، کھجور کے درخت کا رس جس کے پینے سے سرور ہوتا ہے۔
سینک / سیک: مونث، (۱) جھاڑ کی تیلی، (۲) تنور کا گز، (۳) خلال، (۴) ناک کان کے چھید میں لگانے کا تنکا۔
سینگ: (۱) چوپایوں کی سر کی شاخ، (۲) ام ٹھینگا، (۳) خاص علامت
____ سمانا: گزر دیکھنا، موقع پانا، پناہ ملنا۔
____ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا: بڑے عمر کے آدمی کا چھوٹوں کی صحبت میں شریک ہونا، بڑا ہو کر چھوٹوں کی سی باتیں کرنا۔
____ نکلنا: (۱) کسی جانور کے جوان ہونے کی علامت، نمایاں ہونا، (۲) (کنایتاً) پاگل ہو جانا۔
سینگڑا: مذکر، (۱) بارود رکھنے کا سینگ، (۲) سینگ کا بنا ہوا باجا جو منہ سے بگل کی طرح بجتا ہے۔
سینگڑی: مونث، بیول کی پھلی۔
سینگی: مونث، (۱) پچھنے لگانے کا سینگ، (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
سینما: CINEMA ؛ (انگ)؛ مذکر، (۱) وہ عمارت جہاں فلم دکھائی جائے، (۲) فلم۔
____ اسکوپ: SCOPE ____ ؛ (انگ)؛ (فلمی اصطلاح) جو فلم عام فلموں کے مقابلے میں بڑے پردے پر دکھائی جائے۔
سینہ: (ف) مذکر، (۱) چھاتی، کوڑی سے لے کر گردن تک کا حصہ (۲)

حیوانات کا دست والا اگلا دھڑ۔

سینہ افگار : (ف)، (۱) رنجیدہ، غم گین، (۲) کنایتاً، عاشق۔

——— **بند** : مذکر، (۱) انگیا (۲) گھوڑے کی پیٹی، (۳) بچوں کی رال سے کپڑے بچانے کے لیے سینے پر کا کپڑا، (۴) ایک سرمائی پوشش، (۵) کفنی کے نیچے کا کپڑا۔

——— **بہ سینہ** : (ف)، (۱) سلسلے وار سینوں میں پشت در پشت چلی آنے والی خاندانی بات یا راز۔

——— **چاک** : (ف) کنایتاً، غم گین، عاشق۔

——— **ریش** : (ف) سینے پر زخم ڈالنے والا۔

——— **زنی** : (ف)، مونث، چھاتی پیٹنا، ماتم کرنا۔

——— **زوری** : (ف)، کنایتاً، مونث، زبردستی، سختی، سرکشی۔

——— **سپر ہونا** : آفت اور بلاؤں کا نشانہ بننا، مقام خوف و خطر میں مردانہ وار کھڑا ہونا، جنگ میں پیٹھ نہ دکھانا۔

——— **شق ہونا** : روحی صدمہ ہونا۔

——— **فگار** : (ف) رنجیدہ، غم گین۔

——— **کاوی** : (ف)، مونث، سخت کوشش، نہایت مشقت۔

——— **کوبی** : (ف)، مونث، سینہ زنی۔

——— **کوٹنا** : چھاتی پیٹنا، ماتم کرنا۔

سینے پر پتھر رکھنا/سل دھرنا/سل رکھنا : چھاتی پر پتھر رکھنا، صبر کرنا بے قراری اور اضطراب، ضبط کرنا۔

——— **پر سانپ لوٹنا** : چھاتی پر سانپ لوٹنا، دلی صدمہ ہونا۔

——— **پر ہاتھ دھرنا/پر ہاتھ رکھنا** : دل کو تسلی دینا، اضطراب خاطر کو روکنا۔

——— **سے لگانا** : چھاتی سے لگانا، پیار کرنا، تسلی دینا۔

سینی : (ف)، مونث، لوہے، پیتل تانبے یا ٹین کی رکابی۔

سینیٹ : SENATE ؛ (انگ) مونث، مجلس قانون ساز کا اعلا ایوان یا شعبہ۔

سینی ٹوریم : SANATORIUM ؛ (انگ)، (۱) صحت افزا مقام (۲) وہ جگہ یا مکان جہاں مریضوں کو رکھا جاتا ہے، (۳) دارالصحت۔

سینک : (ف)، مذکر، فوجی، سپاہی۔

سینئر : SENIOR ؛ (انگ)، بڑا، اعلا، بزرگ، سابق، عمر، عہدہ، ملازمت، کی مدت کے اعتبار سے بڑا۔

سیو : (ف)، مذکر، (۱) (دہلی)، سیب، (۲) (اردو)، ایک قسم کا میٹھا اور نمکین پکوان۔

سیوا : (ف)، مونث، خدمت، پرستش۔

سیوتی : مونث، ایک قسم کا سفید پھول، نسترن۔

سیورا : مٹی کا اندر سے کچا بظاہر پکا ہوا برتن، (۲) کنایتاً، وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

سیوک : مذکر، (۱) نوکر چاکر، غلام، (۲) پجاری، (۳) مرید، چیلا، (۴) خدمت گار۔

سیون : مونث، سلائی، ٹانکا۔

——— **سٹھانا** : ابھری ہوئی سیون کو دبا دینا۔

سیونگ اکاؤنٹ : SAVING ACCOUNT ؛ (انگ)، مذکر، (۱) بچت کھاتا (۲) بینک یا ڈاک خانے میں بچت جمع کرنے کا کھاتا۔

——— **بنک** : BANK ——— ؛ بچت کا روپیہ رکھنے والا ادارہ۔

سیہ/سیہی : دیکھو ساہی۔

سیہ : (ف)، سیاہ کا مخفف۔

——— **کاسہ** : (ف)، (۱) کنایتاً، بخیل، (۲) آسمان کی صفت۔

——— **کدہ** : (ف)، ویران مکان، غریب خانہ، (انکسار سے) اپنا مکان۔

ش

ش : مذکر؛ اُردو حروفِ تہجی کا ایک حرف، شین معجمہ۔ شین منقوطہ حسابِ جمل (ابجد) میں اس کے تین سو عدد ہیں۔

شاب : (ع) مذکر؛ جوان۔

شاباش : (ف)؛ شاد باش کا (مخفف) مونث؛ کلمۂ تحسین و آفرین، مرحبا، واہ وا، کیا کہنا۔

شاباشی : مونث؛ تحسین و آفرین، پیٹھ ٹھوکنا۔

شاپ : (ا) مذکر؛ بددعا۔

شاپ : SHOP ؛ (انگ) مذکر؛ دُکان، کارخانہ۔

ـــــ کیپر : SHOPKEEPER ؛ (انگ) مذکر؛ دُکان دار۔

شاپنگ : SHOPPING ؛ (انگ) مونث؛ (۱) خریداری (۲) سودا خریدنے کے لیے بازار میں جانا (۳) روزمرہ ضروریات کی خریداری۔

شاٹ : SHOT ؛ (انگ) مذکر؛ (۱) فائر، نشانہ (۲) کوئی بین منظر یا اس کے کسی حصّہ کو ایک ہی وقت میں فلمانا۔ (۳) فٹ بال کو ٹھوکر مارنا۔

شاخ : (ف) (نمبر ۱ تا ۴) فارسی ہے) مونث؛ (۱) ٹہنی، ڈال یا (۲) جانوروں کے سینگ، (۳) بڑی نہر سے نکلی ہوئی چھوٹی نہر، (۴) پارا، ٹکڑا، قاش، پھانک، (۵) حصّہ، جُز، (۶) عیب، نقص، (۷) کمان کی لکڑی (۸) کسی چیز کی نسبت جو کسی کی طرف کی جائے۔ (۹) پخ، جھگڑا (۱۰) انوکھی بات، ہُنر، خوبی، عمدگی (۱۱) ایک قسم کا پکوان، شاخیں (۱۲) نسل، اولاد۔

ـــــ آہو : (اضافت کے ساتھ) (۱) ہرن کا سینگ، (۲) (کنایتاً) انوکھی بات۔

شاخچہ : (ف) مذکر؛ (۱) چھوٹی شاخ (۲) (کنایتاً) تہمت، افترا۔

ـــــ بندی : (ف) مونث؛ (۱) درخت میں قلم لگانا، (۲) تہمت لگانا۔

شاخ دار : ٹہنی والا، سینگ والا۔

شاخ در شاخ : (۱) دور تک، (۲) اُلجھا ہوا، پیچ در پیچ۔

ـــــ دریا : (اضافت کے ساتھ) دریا کے دھارے سے جُدا ہو کر بہنے والا حصّہ۔

ـــــ زعفران : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) انوکھا نادر، عجیب

ـــــ سار : وہ جگہ جہاں شاخوں والے درخت کثرت سے ہوں۔

ـــــ لگانا : (۱) ٹہنی لگانا، قلم لگانا، (۲) کسی کام کے ساتھ کوئی اور کام متعلق کرنا۔ کسی کی طرف مزید بات کی نسبت کرنا (۳) پخ لگانا۔

شاخسانہ / شاخشانہ : مذکر، (۱) حُجت، تکرار، جھگڑا، بحث، دلیل، (۲) رخنہ، عیب (۳) بدگمانی (۴) ڈھکوسلا، دم، فریب (۵) حیلہ، خود نمائی (۶) بات کے پہلو۔

ـــــ کھڑا کرنا : جھگڑا نکالنا، رخنہ ڈالنا، فتنہ برپا کرنا۔

شاخ لگنا : (۱) ٹہنی لگنا، (۲) کوئی مزید بات ہونا، عیب ہونا، (۳) کوئی تکلف یا عمدگی کی وجہ کسی چیز میں خصوصیت سے موجود ہونا۔

ـــــ نبات : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ مصری کے کوزے میں آبخورہ بناتے وقت لگائی جانے والی لکڑی۔

ـــــ نکالنا : (۱) سینگ نکالنا، (۲) ٹہنی نکالنا (۳) (کنایتاً) عیب نکالنا، نکتہ چینی کرنا (۴) (کنایتاً) تخ نکالنا (۵) نئی بات پیدا کرنا، انداز نکالنا۔

شاخیں لگانا : (۱) سینگیاں لگانا (۲) قلمیں لگانا، درخت کی ٹہنیاں بُونا۔

شاد : (ف) خوش، خرّم۔

ـــــ باش : (ف) کلمۂ تحسین و آفرین، خوش رہو، شاباش۔

شاد باید زیستن، ناشاد باید زیستن : (مقولہ) زندگی سے بیزاری، ہر حال میں زندگی گزارنا ہے۔

شاداں: (ف) خوش حال، خوش وقت۔
شادماں: (ف) خوش وخرم۔
شادی: (ف) (۱) خوشی، (۲) جشن، عید، تہوار، (۳) خوشی کی تقریب، بیاہ، (۴) (عو) ولادت، بچہ پیدا ہونے کی خوشی۔
—— **خانہ آبادی**: (مقولہ) بیاہ کرنے سے گھر آباد ہو جاتا ہے۔
—— **مرگ**: (اضافت کے ساتھ) (ف) (۱) افراط خوشی سے ہونے والی موت (۲) خوشی کی زیادتی سے مرنے والا شخص۔
شادیانہ: (ف، مذکر) (۱) خوشی کا باجا، شادی میں بجائی جانے والی نوبت (۲) خوشی کے گیت (۳) مبارک باد۔
شاداب: (ف) تر و تازہ، سرسبز، سیراب، ہرا بھرا۔
شاذ: (ع) کم، نادر، انوکھا (۲) خلاف قاعدہ لفظ یا ترکیب (۳) کبھی کبھی، اتفاقاً، گاہے گاہے۔
—— **ونادر**: کبھی کبھی، گاہے گاہے، اتفاق سے۔
شارب: (ع) پینے والا۔
شارٹ ہینڈ: SHORT HAND (انگ) مذکر؛ مختصر نویسی۔
شارح: (ع) مذکر، شرح کرنے والا، شرح لکھنے والا، مُحشّی
شارع: (ع) مونث؛ بڑی راہ، سڑک، مذکر: (۱) شریعت بنانے والا، صاحب شرع۔
—— **اسلام**: مذکر، پیغمبر اسلام سے مراد ہے۔
—— **عام**: مونث؛ عام راستہ، شاہراہ۔
شارک: SHARK انگ، مونث؛ ایک خوفناک سمندری مچھلی جو آدمیوں کو بھی کھا جاتی ہے۔
—— **اسکن**: (SKIN ——) (انگ) مذکر، (۱) شارک کی کھال (۲) (مجازاً) نہایت چکنے قسم کا کپڑا۔
شاستر: (س) مذکر؛ قانون، ضابطہ، ہندوؤں کی مذہبی کتاب جو کسی مُنی یا رشی نے لکھی ہو۔
شاستری: (ہ) مذکر؛ شاستر جاننے والا پنڈت، عالم وفاضل۔
شاطر: (ع) کبھی پر بار نہ ہونے والا شخص (۲) چور، گرہ کاٹنے والا، چوری میں مشاق (۳) شطرنج باز (۴) چالاک، عیار۔
شاعر: (ع) مذکر؛ شعر کہنے والا۔
—— **اعظم**: (اضافت کے ساتھ) بڑا شاعر۔
شاعری کرنا: (۱) بیان میں مبالغہ کرنا، (۲) شعر گوئی کرنا۔
شاغل: (ع) مصروف، مُنہمک، کسی شغل میں مشغول (۲) خدا کا ذکر کرنے والا (۳) شُغل کرنے والا۔
شافع: (ع) مذکر؛ شفاعت کرنے والا، سفارش کرنے والا۔
—— **روز جزا**/—— **محشر**: (اضافت کے ساتھ) مراد جناب رسول خدا صلعم سے۔
شافعی: (ع) مذکر؛ (۱) اہل سُنّت کے چار اماموں میں سے ایک امام کی کُنیت، (۲) امام شافعیؒ کا پیرو، (۳) امام شافعیؒ کی طرف منسوب۔
شافہ: مذکر؛ کسی دوا میں لت کر کے زخم کے اندر رکھی جانے والی بتی۔ پیخانہ لانے کے لیے پیخانہ کے مقام پر رکھی جانے والی گلیسرین کی بتی۔
شافی: (ع) (۱) شفا دینے والا (۲) تسکین دینے والا۔
—— **مُطلق**/—— **حقیقی**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ اصلی صحت دینے والا، خدا تعالیٰ۔
شاق: (ع) دشوار، مشکل، ناگوار، دُوبھر۔
—— **گزرنا**: ناگوار معلوم ہونا، بُرا لگنا، دوبھر ہونا۔
شاقہ: حصّہ، مونث؛ دشوار، مشکل، سخت۔
شاک: SHOCK (انگ) مذکر؛ (۱) جھٹکا، دھکا، چوٹ (۲) ذہنی یا قلبی صدمہ (۳) بجلی کا جھٹکا۔
شاکر: (ع) (۱) شکر کرنے والا، شکر گزار، (۲) صبر کرنے والا۔
—— **کو شکر مُوذی کو ٹکر**: (مثل) شاکر کو خدا کی طرف سے نعمتیں ملتی ہیں، اور موذی کو تکلیفیں پہنچتی ہیں۔
شاکی: (ع) (صفت) شکایت کرنے والا، گِلہ کرنے والا۔
شاگرد: (ف) مذکر؛ استاد سے سیکھنے والا، طالب علم۔
—— **پیشہ**: نوکر چاکر، خدمت گار اور اوپر کا کام کاج کرنے والے۔
—— **رشید**: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ہدایت یافتہ اور لائق شاگرد۔
شاگردی کرنا: تعلیم پانا، کسی سے کام سیکھنا۔
شال: مونث؛ اونی یا ریشمی چادر۔
—— **باف**: مونث؛ ایک طرح کا سُرخ ریشمی کپڑا۔
—— **دوز**: شال پر بیل بوٹے بنانے والا، شال پر کام کرنے والا۔

شالی: ف، شال سے منسوب۔
شام: مونث، (۱) کسی دھات یا ہاتھی دانت کا بنا ہوا خول یا چھلا، (۲) مذکر، شری کرشن جی کا لقب (۳) پیارا، محبوب، معشوق۔
___ کلیان: (ا) مذکر، شام کو گایا جانے والا ایک راگ۔
شام: (ا) سیاہ، نیلا رنگ۔
شام: ف، مونث (۱) سورج ڈوبنے کا وقت (۲) رات کا ابتدائی حصہ (۳) مذکر، عرب کا ایک ملک۔
___ آباد: (اضافت کے ساتھ) مونث، ہمیشہ رہنے والی شام۔
___ اودھ: (اضافت کے ساتھ) اودھ کی پسندیدہ مشہور شام۔
___ پھولنا: شفق پھولنا، شام کے وقت مغرب سے سرخی کا نمودار ہونا۔
___ جوانی: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آخری جوانی۔
___ غریب / غریباں: (اضافت کے ساتھ) مونث، بے وطن مسافروں کی وحشت ناک شام، مصیبت کی شام، مفلسی کی شام۔
___ کا بھولا صبح کو آئے: (مثل) دیکھو صبح کا بھولا۔
___ کی پوچھنا سحر کی کہنا: بے تکا جواب دینا۔
___ گاہ: (ف) شام کا وقت۔
___ گھات: پٹے بازوں کی ایک اصطلاح۔
___ وپگاہ: ہر وقت، شام و صبح۔
___ وسحر کرنا: (کنایتاً) حیلہ و حوالہ کرنا، ٹالنا۔
شاما: مونث، ایک سیاہ رنگ کی خوش الحان چڑیا۔
شامت: (ع) مونث، بدنصیبی، برائی، آفت۔
___ اعمال: (اضافت کے ساتھ) مونث، کیے کی سزا، گناہوں کی سزا، اعمال کی کم بختی۔
___ زدہ: بدنصیب، کم بختی کا مارا۔
___ سر پر کھیلنا / ___ سوار ہونا: (ع) شامت آنا، برے دن آنا۔
___ کا مارا: مذکر، خراب حال، خستہ حال۔
___ کی مار: نصیبوں کی خرابی، کمال بدنصیبی، کم بختی۔
شامتی: بدنصیب، کم بختی کا مارا۔
شامل: (ع) ملا ہوا، ساتھ، اکٹھا، شریک۔
شاملات: (جمع) ساجھا، حصے داری، بہت سے لوگوں میں مشترک ملکیت یا جائداد۔
شاملاتی: (صفت) مشترکہ۔
شامل حال: (۱) شریک حال (۲) باہم مل کر، ساجھے میں۔
___ مسل: (اضافت کے ساتھ) مقدمے کے کاغذات کے ساتھ نتھی۔
شامہ: (ع) مذکر، سونگھنے کی قوت۔
شامیانہ: (ترکی) مذکر، نمگیرہ، ایک قسم کا خیمہ، کپڑے کا سائبان۔
شامی کباب: مذکر، گول ٹکیہ والے کباب۔
شان: (ع) مونث، (۱) شوکت، عظمت، مرتبہ، دبدبہ، (۲) حق، نسبت، (۳) موقع (۴) عزت، شرف، توقیر، (۵) قدرت، طاقت، (۶) آن، انداز، طرز، وضع، صورت، شکل۔
___ بڑھنا: عزت بڑھنا، وقعت بڑھنا۔
___ جانا: رتبہ گھٹنا، عزت میں فرق آنا۔
___ خدا: (اضافت کے ساتھ) مونث، خدا کی عجیب قدرت۔
___ خط: (اضافت کے ساتھ) مونث، تحریر کا انداز۔
___ دار: (۱) باعظمت، ذی رتبہ، عالی شان، بلند، (۲) خوش نما (۳) دھوم دھام کا۔
___ دکھانا / ___ دکھلانا: (۱) عظمت دکھانا، قدرت دکھانا (۲) انداز دکھانا۔
___ شوکت: (۱) رعب داب، (۲) ٹھاٹ، احتشام۔
___ عبودیت: (اضافت کے ساتھ) بندگی کی شان، راضی بہ رضائے الٰہی رہنا۔
___ گمان: دیکھو سان گمان۔
___ میں جھٹے آنا / ___ پڑنا: (کنایتاً) کسی کو کسی چیز سے ننگ و عار کرنا۔
___ میں بٹا آنا: عزت میں فرق آنا، شان گھٹنا۔
___ نزول: (ع) مونث، کسی آیت قرآنی کے اترنے کا موقع۔
شانت: (ا) ٹھہرا ہوا، پُرسکون، مطمئن۔
شانتی: (ا) مونث، چین، سکھ، اطمینان، امن۔
___ نکیتن: (ا) مونث، (۱) سکون گاہ، امن گاہ (۲) مغربی بنگال میں رابندر ناتھ ٹیگور کی قائم کی ہوئی ایک درس گاہ۔
شانہ: ف، مذکر، (۱) کنگھی، (۲) کاندھا، مونڈھے کی ہڈی، (۳) شانے پر رہنے والے کرتے، انگرکھے وغیرہ کا حصہ۔

شانہ اُتر جانا : شانے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
ـــــ بین : فال نکالنے والا۔
ـــــ پھڑکنا : کاندھے کا پھڑکنا، دوست کی ملاقات کا شگون۔
شانے سے شانہ چھلنا : (۱) ہجوم کی وجہ سے کاندھے سے کاندھا رگڑنا (۲) (کنایتاً) بڑا ہجوم ہونا، جمع ہونا۔
شاوَر SHOWER (انگ) مذکر: بوچھار، غسل خانہ کا فوارہ۔
شاہ : مذکر: (۱) آقا، مالک، بادشاہ (۲) فقیروں کا لقب (۳) نوشاہ، دولہا (۴) بڑا، عظیم (۵) دوسروں سے ممتاز (۶) تاش اور شطرنج کا مہرہ
شاہانہ/شہانہ : (ف) (۱) سلطانی، بادشاہوں کے موافق، بادشاہوں کے مانند، نفیس (۲) چوڑیوں کا جوڑا۔
شاہ باز/شہباز : (ف) مذکر: بڑا باز جس سے بادشاہ شکار کرتے تھے۔
شاہ بالا/شہ بالا : مذکر: برات میں عمدہ لباس پہنا کر دولھا کے پیچھے بٹھائے جانے والا کمسن قریبی رشتے دار بچہ۔
ـــــ بیت : (ف) مونث: قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر۔
ـــــ پَر/شہپر : مذکر۔ پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پَر
ـــــ پسند : مونث: ایک قسم کی پکی ہوئی دال۔
ـــــ تُرہ/شہتُرہ : (ف) مذکر: ایک قسم کا دوائی کا ساگ۔
ـــــ تیر/شہتیر : (ف) مذکر: بڑی کڑی، بڑی موٹی دھنی۔
ـــــ جی/ـــــ صاحب : بڑے درجے کے درویشوں کا لقب۔
ـــــ چھڑا : لکھنؤ کے ایک مشہور فقیر کا نام۔
ـــــ خاوَر : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر: (کنایتاً) آفتاب۔
ـــــ دَرا/شہدرہ : مذکر: شاہی جھروکوں، محل یا قلعے کے نیچے کی آبادی۔
ـــــ رَاہ : (ف) مونث: بڑا راستہ، شارعِ عام۔
ـــــ رَگ/شہ رگ : (ف) مونث: رگِ جان۔
ـــــ زادہ/شہزادہ : مذکر: بادشاہ کا بیٹا، (۲) پیارا بیٹا۔
ـــــ زادی/شہزادی : مونث: بادشاہ کی بیٹی۔
ـــــ عباسؑ کا علَم ٹوٹے : (بددعا) حضرت عباسؑ کے علَم کی مار پڑے، تباہ ہو، برباد ہو۔
ـــــ گام/شہ گام : (ف) مذکر: ایک قسم کی گھوڑے کی چال، تیز قدم۔
ـــــ لاٹھے : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
شاہ نولاک : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) رسول اللہ صلعم۔
ـــــ مَردان : (اضافت کے ساتھ) حضرت علیؑ کا لقب۔
شاہنشاہ/شہنشاہ : (ف) مذکر: شاہوں شاہاں کا مخفف، بڑا بادشاہ، جس کے تحت کئی بادشاہ ہوں۔
شاہ نشین/شہ نشین : (ف) مونث: بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ، (۲) دالان کے اندر کا اونچا دالان۔
ـــــ وَار/شہوار : (ف) بادشاہوں کے لائق، نہایت عمدہ، نفیس چیز، بیش قیمت۔
شاہی : (ف) (۱) بادشاہی، شاہانہ (۲) بادشاہت، حکومت۔
شاہِد : (۱) گواہ (۲) خوب صورت معشوق، محبوب۔
ـــــ باز : (ف) معشوقوں سے ربط ضبط رکھنے والا۔
ـــــ بازار : (اضافت کے ساتھ) معشوق۔ طوائف۔
ـــــ لَم یَزَل : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) خدا تعالیٰ۔
شاہین : (ف) مذکر: ایک شکاری پرند، (۲) دونوں پلّے لٹکانے کی ترازو کی سیدھی لکڑی۔
شائبہ : (ع) مذکر: آمیزش، آلودگی۔
شائع : (ع) (۱) فاش، آشکارا۔ (۲) چھاپ کر مشتہر کیا ہوا۔
ـــــ کرنا : مشتہر کرنا، اشتہار دینا، چھاپ کر مشتہر کرنا۔
شائق : (ع) (۱) شوق میں لانے والے، اپنا فریضہ بنانے والا، (۲) (کنایتاً) معشوق، (۳) مشتاق، آرزومند، طلب گار، چاہنے والا۔
شائقین : مذکر: جمع شائق کی۔
شایاں : (ف) لائق، سزاوار، مناسب، موزوں۔
شاید : (ف) کسی بات کے ہونے نہ ہونے میں شک ظاہر کرنے کا لفظ، مگر، غالباً، ممکن کی جگہ۔
وشاید : دیکھو باید وشاید
شائستگی : (ف) مونث: لیاقت، تہذیب، متانت، مروت، آدمیت، بھلمنسی۔
شائستہ (ف) (۱) لائق، سزاوار (۲) اہل، معقول، تعلیم یافتہ، متین، مہذب خوش خلق (۳) تربیت یافتہ (۴) سیدھا جو شرارت نہ کرے۔
شائگاں : (ف) (۱) صفت: بادشاہوں کے لائق چیز، (۲) بے گار کسی کے حکم سے اُجرت کے بغیر کیے جانے والا کام (۳) قافیہ کا ایک عیب۔

ش ــ ب

شَب : مونث؛ (ف) رات۔

ــــ **اَسْرٰی** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ شبِ معراج۔

ــــ **اَفروز** : (ف) مذکر؛ (۱) رات کا روشن کرنے والا (۲) کنایتاً چاند (۳) جگنو۔

شَبانگاہ : (ف) ؛ رات کے وقت۔

شَبانہ رُوز : (ف) مذکر؛ شب و روز، ہر وقت۔

شب باش ہونا : رات کو رہنا۔ شب کو ہم صحبت ہونے کے واسطے رہنا۔

شب بخیر : (ف) (کلمۂ دعائیہ) رات خیر سے گزرے، صبح ارادہ پورا ہو۔

ــــ **بَرات** : (اضافت و بغیر اضافت) (ف) مونث؛ ماہ شعبان کی پندرہویں رات، مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب اس میں رزق کی تقسیم اور عمر کے حساب کا کام کیا جاتا ہے، خوشی کی رات۔

ــــ **بیدار** : رات بھر جاگنے والا، رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا، تہجد گزار۔

ــــ **تاب** : (ف) رات کو چمکنے والا، گوہر آبدار۔

ــــ **تار / ــــ تاریک** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ اندھیری رات۔

ــــ **چراغ** : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا رات کو چراغ کے مانند چمکنے والا کیڑا۔

ــــ **خوابی** : مونث؛ رات کو پہن کر سونے کے کپڑے۔

ــــ **خُون** : (ف) مذکر؛ رات کا حملہ، چھاپہ، رات کے وقت بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا۔

ــــ **خیز** : (ف) (۱) رات کو اٹھنے والا، شب بیدار (۲) آہ کی صفت میں مستعمل ہے یعنی وہ آہ جو رات کو کی جائے۔

ــــ **دَیجُور** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ اندھیری رات۔

ــــ **دیز** : (ف) مذکر؛ کالے رنگ کا گھوڑا، مشکی گھوڑا۔

ــــ **دیگ** : مونث؛ رات بھر مدھم آنچ پر پکا ہوا ایک قسم کا کھانا۔

ــــ **رَنگ** : (ف) مذکر؛ مشکی رنگ کا گھوڑا۔

ــــ **رَو** : (۱) رات کو چلنے والا (۲) (کنایتاً) چور (۳) کوتوال۔

ــــ **زُفاف** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ تخت کی رات۔ دولہا دلہن کی پہلی رات۔

ــــ **زِندہ دار** : رات بھر جاگنے والا۔

ــــ **شہادت** : (اضافت کے ساتھ) محرم کی نویں رات، حضرت امام حسینؓ کی شہادت کی رات۔

شَبِ ظُلمات : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ بہت تاریک رات۔

ــــ **قَدر** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ مسلمانوں کے عقائد کے مطابق ایک نہایت متبرک رات، ماہ رمضان کی ستائیسویں شب۔

ــــ **کُور** : (ف) مذکر؛ رات کو نظر سے نہ دیکھ سکنے والا شخص۔

ــــ **کُوری** : (ف) مونث؛ رات کو نہ دکھائی دینے والی بیماری، رتوندی۔

ــــ **گزیدہ** : رات میں تکلیف گزارنے والا، جس کی رات تکلیف میں گزری ہو۔

ــــ **گوں** : (ف) کالا، سیاہ۔

ــــ **ماہ / ــــ ماہتاب / ــــ مہتاب** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ چاندنی رات۔

ــــ **معراج** : (اضافت کے ساتھ) معراج کی رات ۲۶ و ۲۷ ر ۱ رجب کی درمیانی رات۔

ــــ **یکدا** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ اندھیری رات جو کاٹے نہ کٹے۔

شَبینہ : (ف) مذکر؛ (۱) رات کا باسی (۲) حافظ کا رمضان کی کسی ایک رات میں پورا قرآن شریف تراویح میں ختم کرنا۔

شَباب : (ع) مذکر؛ (۱) جوانی (۲) عروج کا زمانہ، ترقی کا زمانہ۔

شَبان : (ف) مذکر؛ پہرہ دار، گڈریا۔

شباہَت : مونث؛ (۱) مشابہت صورت یا سیرت کی مطابقت، (۲) رونق، روپ۔

شَبَد : (ف) مذکر؛ لفظ۔

شَبَّر : (۱) حضرت ہارونؑ کے بڑے صاحبزادے کا نام (۲) پیغمبر خداؐ کے بڑے نواسے حضرت امام حسنؓ کا لقب۔

شبنم : (ف) مونث؛ (۱) اوس (۲) ایک قسم کا سفید اور نہایت باریک کپڑا۔

ــــ **کارُونا** : (کنایتاً) شبنم گرنا۔

شَبنَمی : مونث؛ (۱) اوس سے بچنے کے واسطے مسہری یا پلنگ پر تان دیا جانے والا کپڑا، (۲) مسہری۔

شَبُّو : رات کو خوش بو دینے والا پھول۔

شَبیہ : (ع) مذکر؛ مثل، مانند، تصویر، ڈھانچہ۔

شُبہَہ : (ع) پوشیدہ، مشتبہ۔

شُبہات : مذکر؛ جمع شبہ کی؛ شک، گمان، احتمال، دھوکا۔

شُبہ کرنا: بدگمانی کرنا، شک کرنا۔
شبیر: (۱) حضرت ہارونؑ کے چھوٹے صاحبزادے کا نام، (۲) حضرت امام حسینؓ کا لقب۔
شبیہ: (ع، مونث؛ (۱) مشابہ، مثال، ہم شکل (۲) تصویر (۳) شباہت۔

ش ــ پ

شپ: (ف، مونث؛ قمچی مارنے کی آواز، تلوار مارنے کی آواز۔
ــــ **شپ/شپاشپ**: (۱) جلد جلد، چھپ چھپ (۲) متواتر تیر چلانے کی آواز، متواتر تلوار چلانے کی آواز۔
شپاشپ: (ف، مونث؛ (۱) پیکان تیر کی پیہم آواز (۲) جلد جلد کوئی کام کرنا، (۳) چٹر چٹر چاٹنے کی آواز (۴) پانی کے چھپکے یا پانی میں گھسنے کی آواز (۵) پے در پے قمچی یا بید یا تلوار مارنے کی آواز، کسی لچک دار چیز کے پیہم مارنے کی آواز۔
شپ: SHIP (انگ)؛ مونث؛ جہاز، کشتی، دُخانی جہاز۔
شپّا: مذکر؛ ٹپس۔
شپّر/شپّر: (ف، مذکر؛ چمگادڑ۔
شتاب: (ف، جلد، جھٹ پٹ، بلاتوقف۔
شتاباں: (ف، تیزی کرتا ہوا، جلد باز، دوڑنے والا۔
شتابی: مونث (۱) جلدی، تیزی (۲) اضطراب، گھبراہٹ۔
شتابا: مذکر؛ بارُود (بارود) جلانے کا فیتہ۔
شتابدی: (ہ، مونث؛ ایک سو سال، صدی۔
شتاہ: (ع، مونث؛ بدوضع عورت۔
شتاہی: مونث؛ بے حیائی، شوخی۔
شتر: (ف، مذکر؛ اونٹ۔
شترپان: (ف، مذکر؛ اونٹ ہانکنے والا، اونٹ والا۔
ــــ **بے مہار**: (اضافت کے ساتھ) (۱) بے نکیل کا اونٹ، (۲) (کنایتاً) آزاد، نڈر، (۳) آوارہ۔
ــــ **غمزہ**: (ف، مذکر؛ (۱) مکر، فریب، چالاکی، شرارت، (۲) (کنایتاً) ناز بے جا، نخرا۔
ــــ **غمزے اُٹھانا**: ناز بے جا برداشت کرنا۔
ــــ **کینہ**: (ف، مذکر؛ (۱) ہمیشہ کینہ اور کپٹ رکھنے والا شخص (۲) دلی عداوت، دلی دشمنی۔
شتر گاؤ: (ف، مذکر، ایک چوپائے کا نام۔
ــــ **گربہ**: (ف، مذکر؛ (۱) دو ناموافق چیزیں، بے تکا میل، (۲) شعراء کی ایک اصطلاح۔
ــــ **مُرغ**: (ف، مذکر؛ اونٹ سے مشابہ ایک پرند کا نام۔
ــــ **نال**: مونث؛ اونٹ کی پیٹھ پر لادی جانے والی ایک قسم کی چھوٹی توپ۔
شترو: (ہ، دشمن۔
شتم: (ع، مذکر؛ گالی دینا، گالی۔
شٹ اَپ: SHUT UP (انگ)؛ (۱) بس چُپ رہو، خاموش ہو جاؤ۔
شٹر: SHUTTER؛ (انگ، مذکر؛ (۱) فولادی چادر کا فولڈنگ دروازہ (۲) دروازے۔
شٹل کاک: SHUTTLE COCK؛ (انگ، مذکر؛ بید یا بانس کی کھیلنے کا پردار گیند۔

ش ــ ج

شجاع/شجاع/شجاع: (ع، دلیر، بہادر، جری۔
شجاعت/شجاعت: (ع، مونث؛ بہادری، دلیری۔
شجر: (ع، مذکر؛ درخت، جس میں تنہ ہو۔
ــــ **طور/ــــ کلیم**: (ف، (اضافت کے ساتھ) وادی ایمن میں کوہ طور کے پاس کا وہ درخت جس پر حضرت موسیٰؑ کو تجلی ہوئی تھی۔
ــــ **کاری**: (ف، مونث؛ (۱) بڑی تعداد میں درخت اُگانا، (۲) درخت اُگانے کا کام۔
شجرہ/شجرہ: (ع، مذکر؛ (۱) نسبت نامہ (۲) مشائخ کی طرف سے اپنے پیروں کے نام اور سلسلہ لکھ کر مُرید کو دیا جانے والا کاغذ۔

ش ــ ح

شحم: (ع، مونث، چربی۔
شحنہ/شحنہ: مذکر، (۱) محافظ شہر، کوتوال (۲) چوکیدار۔
شحیم: (ع، موٹا۔

ش خ

شخص : (ع) مذکر، (۱) آدمی، بشر (۲) فرد۔
ـــــ ثالث : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ دو فریقوں میں فیصلہ کرنے والا، سرپنچ۔
شخصی : (ع) کسی آدمی سے متعلق، ذاتی۔
شخصیت : مونث؛ (۱) انسانیت، آدمیت، (۲) شرافت، اصالت (۳) عزت، حرمت۔
ـــــ بگھارنا / ـــــ جتانا : شیخی مارنا، ڈینگ مارنا، اترانا۔

ش د

شد : (ف) مونث؛ کسی کام کی ابتدا، آغاز۔
شدا : (ع م) (ف) مذکر؛ (۱) علم، نشان، (۲) وہ علم جو تعزیوں کے ساتھ ہوتے ہیں۔
شداد : خدائی کا دعوا کرنے والا قوم عاد کا ایک بادشاہ۔
شدائد : (ع) مذکر؛ تکلیفیں، سختیاں۔
شدبد : مونث؛ پڑھنے لکھنے کا تھوڑا سا ملکہ۔
شدت : مونث؛ (۱) سختی، تکلیف، تنگی، زبردستی، جبر، (۲) زور، قوت (۳) زیادتی، کثرت، ترقی، غلبہ (۴) تیزی، جوش۔
ـــــ کرنا : ظلم کرنا، زبردستی کرنا، کسی بات میں سختی کرنا۔
شدنی : (ف) مونث؛ ہونے والی بات۔
شدنی امر : ہونے والی بات، اتفاقیہ بات۔
شدومد : (ع) مونث؛ (۱) شان و شوکت، تکلف، دھوم دھام (۲) شدت، زور۔
شدہ شدہ : رفتہ رفتہ، آہستہ آہستہ، درجہ بہ درجہ، ہوتے ہوتے۔
شدید : (ع) (۱) سخت، مشکل، کٹھن (۲) بہت زور کا، بہت زیادہ۔
شدھ : (ہ) صاف، پاک، درست، خالص۔
شدھی : (ہ) مونث؛ صفائی، پاکیزگی، خالصیت۔
شذرہ : (ع) مذکر؛ (جمع شذرات) (۱) پراگندہ، منتشر، بکھری ہوئی چیز (۲) اخبار میں ایڈیٹر کا کسی واقعہ پر مختصر تبصرہ۔

ش ر

شر : مذکر، مونث؛ بدی، شرارت، برائی، جھگڑا، فساد، خرابی۔
ـــــ انگیز : (ف) شریر، مفسد۔ شرارتی۔
شرّی : جھگڑالو، فسادی، بد۔
شراب : (ع) مونث؛ نشہ پیدا کرنے والا عرق، مے، دارو۔
ـــــ چلنا : کسی جلسے میں چند آدمیوں کا بیٹھ کر کچھ عرصے تک شراب پینا، (۲) شراب کا پیالہ ایک کے پاس سے دوسرے تک اور دوسرے کے پاس سے تیسرے تک جانا۔
ـــــ خانہ : (ف) مذکر؛ (۱) شراب پینے اور بکنے کی جگہ (۲) شراب بننے کی جگہ۔
ـــــ بندی : مونث؛ شراب پینے اور بیچنے پر قانونی پابندی۔
ـــــ خوار : (ف) مذکر؛ مے خوار، بادہ نوش۔
ـــــ خوار ہمیشہ خوار : (مثل) شراب خوار ہمیشہ مفلس و تباہ رہتا ہے اور ذلت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔
ـــــ دو آتشہ : (اضافت کے ساتھ) دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب، تیز شراب۔
ـــــ شیراز : (اضافت کے ساتھ) شیراز کی بنی ہوئی ایک قسم کی انگوری شراب۔
ـــــ طہور / شرابا طہورا : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بہشت کی پاک و صاف شراب۔
ـــــ مقطر : (اضافت کے ساتھ) پٹکائی ہوئی تیز شراب۔
شرابی : شراب پینے والا۔
شرابور : تربتر، بہت بھیگا۔
شراٹا : مذکر۔ (۱) زناٹا۔ ہوا کا سناٹا، زور سے مینہ برسنے کی آواز (۲) خون یا پانی کی دھار زور سے نکلنا۔
شرار : (ع)؛ جمع شرارہ کی، مذکر؛ آگ کی چنگاری۔
شرارت : (ع) مونث؛ (۱) بدی، ایذا رسانی، برائی، خرابی، بدنیتی، (۲) شوخی، بے باکی، بدزبانی۔
شرارہ : (ع) مذکر؛ آگ کا پتنگا، چنگاری۔
ـــــ خیز : شرارتے پیدا کرنے والا۔
شرافت : (ع) مونث؛ بھلمنسی، بزرگی، اصالت۔
شراکت : مونث؛ ساجھا، حصے داری۔
شرائط : (ع) مذکر؛ مونث؛ شرطیں، قیدیں۔
شرائع : (ع)، جمع شریعت کی، مذکر، دہلی مونث۔

شرائین : (ع) (جمع شریان کی) موٹی، تمام جسم میں خون پہنچانے والی رگیں
شرب : (ع) مذکر؛ پینا۔
شرب الیہود : (کنایتاً) چھپ کر شراب پینا۔
شربت : (ع) مذکر؛ (۱) شکر، مصری، یا قند میں پکا ہوا عرق (۲) شکر گھولا ہوا پانی۔
——— انارین : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ انار ترش اور شیریں کا شربت۔
——— پلانا : (۱) نکاح سے پیشتر یا بعد براتیوں کو شربت پلانا، (۲) (۵) بات ٹھہرانا، منگنی کرنا۔ نسبت کرنا۔
——— پلائی : موٹی؛ سانچق یا برات کے روز دولھا والوں کا شربت پُنی کر تھال میں ڈالی ہوئی نقدی۔
——— دیدار : (اضافت کے ساتھ) دیدار کا شربت سے استعارہ۔
——— دینار : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ایک قسم کا مرکب شربت۔
——— کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا / ——— ——— کر دینا : بہت سادگی سے شادی کر دینا۔
——— کے سے گھونٹ پینا : (۱) کسی کڑوی چیز کو مزے لے کر پینا۔ (۲) (کنایتاً) کسی تلخ بات کو خوشی سے برداشت کرنا۔
——— مرگ : (اضافت کے ساتھ) (ف) کنایتاً؛ موت۔
شربتی : (ف) مذکر؛ (۱) زرد آلو، (۲) ایک قسم کا شربت کے رنگ سے مشابہ رنگ (۳) عقیق، (۴) ایک قسم کا نگینہ۔ (۵) میٹھا نیبو، (۶) بڑا فالسہ، شکری فالسہ (۷) رسیلا، رس دار (۸) موٹی؛ ایک نہایت باریک اور نفیس کپڑا۔
شرٹ SHIRT (انگ) : موٹی؛ قمیض، کرتا۔
شرح : (ع) موٹی؛ (۱) بیان، اظہار، کھول کر کہنا (۲) تفسیر، تشریح، (۳) نرخ، در، قیمت، مول، بھاؤ۔
شرر : (ع) مذکر؛ آگ کی چنگاری۔
——— بار / ——— فشاں : چنگاریاں برسانے والا، شرر اُڑانے والا۔
شرط : (ع) موٹی؛ (۱) قول و قرار، وہ چیز جس پر کچھ منحصر ہو، (۲) بازی (۳) قاعدہ۔
——— باندھ کے سونا / ——— بدھ کے سونا : بہت سونا۔
شرطی : (۱) قرار کر کے، مشروط، کسی شرط پر (۲) (ع) ضرور، بے شک۔
شرطیہ : (ع) مذکر؛ ایک اصطلاح منطق (۲) از روئے شرط، ضرور،
شرع : (ع) موٹی؛ آئین مذہب، قانونِ محمدی۔
——— پر چلنا : دینِ اسلام اور اس کے قانون پر عامل ہونا۔
——— تُرکہ : موٹی؛ قانون، شریعت۔
——— تورے والی : (طنزاً) (عو) پابند شریعت عورت۔
——— میں رخنہ ڈالنا / ——— ——— نکالنا : مذہب میں کوئی نئی بات داخل کر کے خلل انداز ہونا، مذہبی امور میں جھگڑا نکالنا۔
——— میں شرم کیا : (مثل) مذہبی بات صاف کہہ دینے میں کچھ لحاظ نہیں کرنا چاہیے۔
شرعاً : (ع) از روئے شرع، قانونِ اسلام کے موافق۔
——— و عرفاً : (ع) قاعدے قانون اور رواج کی رُو سے۔
شرعی : (ع) شرع کے مطابق (۱) قانونِ اسلام کے موافق (۲) شرع پر چلنے والا۔
——— پیجامہ : مذکر؛ ٹخنوں سے اونچا پیجامہ۔
شرف : (ع) مذکر؛ (۱) بزرگی، ترجیح، فوقیت، خوبی، بھلائی (۲) کسی سیارے کا اپنے اصلی بُرج میں آنا (۳) عزت، افتخار۔
شرفا : (ع) مذکر؛ جمع شریف کی؛ شائستہ اور مہذب لوگ، اچھی اصل و نسل رکھنے والے، نیک خو۔
شرق : (ع) مذکر؛ سورج نکلنے کی جگہ، مشرق، پورب۔
شرک : (ع) مذکر؛ خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو شریک کرنا۔
——— جلی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ شرکِ ظاہری اور صریح۔
——— خفی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پوشیدہ شرک۔
شرکا : (ع) مذکر؛ جمع شریک کی؛ شریک ہونے والا۔
شرکت : موٹی؛ (۱) شامل ہونا، ساجھا، ہم راہی۔
شرم : (ف) موٹی؛ (۱) حیا، عزت، ندامت (۲) عزت، حرمت، لحاظ (۳) خیال لحاظ، پاس۔
——— آلود : (ف) شرم گیں، شرمندہ۔
شرما شرمی : (۱) شرم و لحاظ کے دباؤ میں، مروت کے باعث، حجاب کے باعث (۲) باہم شرم و لحاظ۔
شرمانا : شرمندہ ہونا، نادم ہونا۔
شرما حضوری : موٹی؛ سامنے کا لحاظ و آنکھ کی شرم مُنہ دیکھے کی مُروت۔
شرم سار : (ف) شرمندہ۔

شرم سے پانی پانی ہونا : شرمندگی سے پسینے پسینے ہونا، نہایت شرمندہ ہونا۔

____ سے ڈوب مرنا : غیرت کے مارے پانی میں ڈوب کر جان دینا بے حد شرمندہ ہونا۔

____ سے گڑ جانا : نہایت شرمندہ ہونا، ایسی شرم آئے کہ زمین میں دفن ہونے اور منہ چھپانے کو جی چاہنا۔

____ سے منہ نہ دکھانا : مارے غیرت کے روپوش ہونا۔

____ گاہ : (ف) مونث، شرم سے چھپائے رکھنے والے مخصوص عضو، اندام نہانی۔

____ گیں / ناک : (ف) خجل، شرمندہ۔

شرمندگی : مونث، شرمندہ ہونا، ندامت، غیرت۔

شرمندہ : (ف) (۱) نادم (۲) ممنون، احسان مند۔

شرمیلا : مذکر، شرم کرنے والا، حیادار۔

شرنارتھی : (ہ) مہاجر، پناہ گزیں۔

شروا : (ع) مذکر، شوربا۔

شرور : (ع) جمع شر کی، برائیاں۔

شروط : (ع) جمع شرط کی، عہد، پیماں، قرار۔

شروع : (ع) مذکر، آغاز، ابتدا، اٹھان۔

____ کرنا : (۱) آغاز کرنا (۲) بنیاد ڈالنا، نیو رکھنا، پنا رکھنا۔

____ سے آخر تک : ابتدا سے انتہا تک۔

شریاں : (ع) مونث، رگ جو دہ جس میں اور چھوٹی رگوں کی نسبت خون زیادہ ہوتا ہے۔

شریر : (ع) بدذات، عیب دار، شوخ، بے باک۔

شریر : (ہ) مذکر، جسم، تن، بدن۔

شریعت : (ع) مونث، دینی قانون، اسلامی قانون۔

شریف : (ع) صفت، (۱) بڑے رتبے کا، عالی خاندان، اونچے گھرانے کا (۲) بھلا مانس، بزرگ (۳) پاک، مقدس، تعظیم کا کلمہ۔

____ زادہ : مذکر، شریف کا بیٹا۔

شریفا : مذکر، ایک شیریں پھل کا نام، سیتا پھل۔

شریک : (ع) (۱) شامل، ملا ہوا، ملحق (۲) ساتھی، مددگار، رفیق (۳) ہم سر برابر کا۔

____ حال : (اضافت کے ساتھ) دکھ درد میں ساتھ دینے والا۔

ش ـــ س

شست : (ف) (۱) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) مضراب (۳) ہدف، نشانہ، سیدھ (۴) درزی اور تیر اندازوں کے انگلی میں پہننے کا پرزہ۔

____ باندھنا / ____ لگانا : سیدھ باندھنا، نشانہ درست کرنا۔

شستگی : (ف) مونث : (۱) الفاظ کی سلاست (۲) صفائی۔

شست و شو : (ف) مونث، نہانا دھونا، دھو کر صاف کرنا۔

شستہ : (ف) دھویا ہوا، پاک صاف، مانجا ہوا، صیقل کیا ہوا۔

____ و رفتہ : (ف) منجھی ہوئی، پاک صاف تقریر یا گفتگو۔

ش ـــ ش

شش : (ف) ۶، چھے۔

____ جہت : (ف) مونث (۱) پورب، پچھم، اتر، دکھن، اوپر، نیچے۔ (۲) کنایتاً، تمام عالم، اطراف عالم، شش سو، شش طرف۔

____ دانگ : تمام، کل چیز، تمام دنیا۔

____ روز : (ف) مذکر، دنیا کی پیدائش کے چھ دن۔

شش عید کے روزے : مذکر، چھے روزے، عید رمضان کے بعد کے چھے روزے۔

ششم : (ف) چھٹا حصہ ½، چھٹی چیز۔

شش ماہی : مونث، نصف سال۔

____ و پنج : مذکر، اُدھیڑ بُن، فکر و اندیشہ، گھبراہٹ، تامل، حیرانی۔

____ میں پڑنا : اُدھیڑ بُن میں مبتلا ہونا، فکر میں پڑنا۔

ششدر : (ف) حیران، پریشان، عاجز، متحیر۔

ششکار / ششکاری : مونث، شش کہہ کہہ کے کتے کو کسی شکار پر دوڑانا۔

ش ـــ ط

شطاح : (ع) مذکر، شریعت کے خلاف کلمات زبان پر لانا، واصلان الٰہی کا بے اختیاری کی حالت میں کوئی خلاف شرع کلمہ زبان پر لانا۔ (جیسے منصور کا انا الحق کہنا)

شَطْرَنْج : مونث، ایک کھیل کا نام۔
شَطْرَنْجی : (ف) (۱) شطرنج باز، (۲) ایک قسم کا دبیز سوتی فرش۔

ش ـ ع

شِعار : (ع) مذکر؛ طور، طریقہ، چال۔
شُعاع : (ع) مونث؛ کرن، چاند، سورج، تلوار وغیرہ کسی روشن چیز کی چمک کا عکس۔
شعائر : (ع) مذکر؛ قربانیاں اور عبادت جیسے شعائر حج۔
شُعب : (ع) مذکر؛ بڑا قبیلہ، جمع شعوب۔
شَعْبان : (ع) مذکر؛ مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینہ۔
شَعْبَدہ : مذکر۔ مکر و فن چالاکی سے جادو کا کھیل، منظر بندی دھوکا، فریب۔
ـــــ باز : (ف) مذکر؛ تعجب انگیز کرتب دکھانے والا بازی گر، جھان کتی، چالاک، دھوکے باز۔
شُعْبہ : (ع) مذکر؛ ٹکڑا، حصہ، شاخ۔
شِعر : (ع) مذکر؛ نظم، بیت۔
ـــــ تر : (اضافت کے ساتھ) پُر لطف، بامزا شعر۔
ـــــ خشک : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ بے خوبی کا، بے مزا شعر۔
ـــــ ڈھل جانا : شعر کا بے ساختگی کے ساتھ موزوں ہو جانا۔
ـــــ فہمی عالم بالا معلوم شُد : (ف) (طنزاً) سخن فہمی کا حال معلوم ہو گیا۔
ـــــ گو : (ف) شعر کہنے والا، شاعر۔
ـــــ لڑنا : کسی شاعر کے شعر کا مضمون دوسرے شاعر کے مضمون کے مطابق ہونا۔
ـــــ و سخن : مذکر؛ شاعری کا مذاق، شاعری۔
شُعَراء : (ع) مذکر؛ (جمع شاعر) شعر کہنے والے۔
شِعْریات : مونث؛ شاعری سے متعلق علم، علم شعر۔
شِعْریت : مونث؛ شعری خاصیت، شعر کا حُسن، شعر کی روح، رعنائی، دل کشی، جاذبیت۔
شُعْشُعہ : (ع) مذکر؛ چمک، آفتاب کی روشنی۔
شُعْلہ : (ع) مذکر؛ روشنی، آگ کی لپٹ، لَو، آنچ۔
شُعْلۂ آواز : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (کنایتاً) پُر سوز، دلوں میں اثر کرنے والی آواز۔
ـــــ آہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ آہ کی گرمی، آہ۔
ـــــ افشاں / ـــــ فشاں / ـــــ بار : (ف) شعلہ برسانے والی۔
ـــــ تاک : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ انگور کی شراب۔
ـــــ جوالہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) گرد گرد پھرنے والا شعلہ، (۲) جلتی ہوئی بتی کا چکر، (۳) معشوق۔
ـــــ خُو : (ف) تیز مزاج، غضب ناک، بدمزاج معشوق۔
ـــــ رُخ : (ف) (کنایتاً) معشوق۔
ـــــ رُخسار / ـــــ رُو / ـــــ عذار : (ف) (کنایتاً) حسین معشوق۔
ـــــ زا : (ف) شعلہ دینے والا۔
ـــــ زبان : (ف) تیز زبان۔
ـــــ زن : (ف) شعلہ نکالنے والے چیز، وہ چیز جس سے شعلے نکلیں۔
شُعُور : (ع) مذکر؛ (۱) دانائی (۲) سلیقہ، واقفیت، پہچان، تمیز۔
ـــــ آنا : سلیقہ آنا۔
ـــــ دار : تمیز دار، ہنر مند۔
شُعَیب : (ع) مذکر؛ ایک مشہور پیغمبر، حضرت موسیٰؑ کے خسر۔

ش ـ غ

شَغال : (ف) مذکر؛ گیدڑ۔
شَغَب : (ع) مذکر؛ شور و غل۔
شَغَف : (ع) مذکر؛ بہت محبت، بے انتہا رغبت، بے حد دلچسپی۔
شُغل : (ع) مذکر؛ (۱) کام، دھندا (۲) پیشہ، مشغلہ، (۳) خدا کا دھیان (۴) تفریح، طبع۔
ـــــ کرنا : (۱) اپنے آپ کو کسی کام میں مشغول کرنا، (۲) (کنایتاً) کھانے پینے، حقہ نوش کرنے کے لیے مستعمل ہے۔

ش ـ ف

شِفا / شَفا : (ع) مونث؛ صحت، تن درستی۔
ـــــ پانا : بیماری سے صحت حاصل کرنا۔
ـــــ خانہ : مذکر؛ اسپتال۔

شَفَاعَت : (ع) مونث ، سفارش ، گناہوں کی معافی کی سفارش ۔
شَفَاف : (ع) نہایت صاف جس میں آرپار نظر آئے ۔
شَفَافی : (ع) مونث ، کھلا ہوا ، آرپار نظر آنے والا ، عیاں ۔
شَفتالُو : (ف) مذکر ، ایک قسم کا بڑا آڑو ، (پھل)
شَفتَل : (عو) مونث ، بے ہودہ ، نالائق ، بدکار عورت ۔
شِفٹ SHIFT (انگ) مونث ، (۱) باری ، مزدوروں کی بدل چوکی ، باری باری سے بدلنا ، (۲) تبدیل ، تبادلہ ، بدلنا ۔
شُفعَہ : (ع) مذکر ، گھر یا زمین کا ہم سائگی سے حاصل ہونے والا حق ۔
شَفَق : (ع) مونث ، غروب آفتاب کے بعد ظاہر ہونے والی سرخی ،
___ پھولنا / ___ کھلنا : شفق کا نمودار ہونا ۔
___ کا ٹکڑا : (کنایتاً) نہایت حسین ۔
شَفَقی : سرخ رنگ والا ، شفق کے رنگ والا ۔
شَفَقَت : (ع) مونث ، مہربانی ، غم خواری ، رحم ۔
___ کرنا : مہربانی کرنا ۔
شَفیع : (ع) مذکر ، (۱) دوسرے کی شفاعت چاہنے والا ، شفاعت کرنے والا (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا ۔
___ اُلاُمَم : (شفیع اُل اُمَم) (ع) مذکر ، اُمت کی شفاعت کرنے والا ، پیغمبر اسلامؐ کا لقب ۔
___ مُحشَر : اضافت کے ساتھ ، (۱) حشر میں شفاعت کرنے والا (۲) (کنایتاً) آں حضرت محمدؐ ۔
شَفیعًا : ایک خاص قسم کا خط ۔
شَفیق : (ع) مہربان ، غم خوار ، پیارا ، ہم درد ۔

ش ــ ق

شَق : (ع) پھٹا ہوا ، شگاف پڑا ہوا ۔
___ اُلقَمَر : (ع) (شَقُّ قَمَر) مذکر ، چاند کا شق ہو جانا ، رسول اللہ کا ایک معجزہ ۔
شِق : (ع) مونث ، (۱) آدھا ، ٹکڑا ، حصہ (۲) طرف ، جانب ۔ (۳) قسم ، صنف ۔
___ نکالنا : شبہ کرنا ، جھگڑا نکالنا ۔
___ نکلنا : جھگڑا نکلنا ، کسی بات کی شاخ نکلنا ۔
شَقاوَت : (ع) سنگ دلی ، قسی القلبی ، بدبختی ۔
شُقّہ : مذکر ، (۱) فرمان شاہی (۲) پھریرا ۔
شَقی : (ع) سنگ دل ، بدبخت ، بدنصیب ۔
شَقیقَہ : (ع) آدھے سر کا درد ۔

ش ــ ک

شَک : (ع) مذکر ، شبہ ، گمان ۔
___ آنا : شبہ پڑنا ۔
___ رفع کرنا / ___ نکالنا / ___ مٹانا : شبہ دور کرنا ۔
شکی : ڈانواں ڈول ، شبہ کرنے والا ۔
شِکار : مذکر ، (۱) جنگلی جانوروں کو مارنا ، (۲) مارا ہوا جانور ، (۳) شکار کیا جانے والا جانور (۴) (مجازاً) مطیع ، مغلوب (۵) سونے کی چڑیا ، (۶) مفت کا مال ، (۷) (کنایتاً) وکیلوں کا مؤکل ۔
___ بند : مذکر ، شکار کا سامان لٹکانے والا تسمہ ۔
___ کرنا : (۱) کسی جانور یا حیوان کا شکار کرنے کے طریقے سے پکڑنا یا مارنا ، (۲) (کنایتاً) قابو میں لانا ، پھندے میں پھنسانا (۳) (کنایتاً) فریفتہ کرنا ، مطیع کرنا ، مغلوب کرنا ۔ (۴) قریب سے لوٹنا ۔
___ کھیلنا : جانوروں کو مارنا ، جانوروں کو پکڑنا ۔
___ کی ٹٹی : (۱) شکاری کے ساتھ رہنے والی چھوٹی سی ٹٹی (۲) دھوکا فریب
___ کے وقت کُتیا ہمگاسی : (مثل) کام کے وقت حیلہ بہانہ کرنے والا ، عین وقت پر ٹل جانے والا ۔
___ گاہ : (ف) مونث ، شکار کھیلنے کا مقام ، رَمنا ۔
___ ہاتھ آنا / ___ لگنا : (۱) شکار کا جانور ہاتھ آنا (۲) (مجہول) کوئی شخص ہاتھ آنا ، مفت دستیاب ہونا ۔
___ ہونا : (۱) کسی جانور کا مارا جانا ، یا شکار میں پکڑا جانا ، (۲) جال میں پھنسنا ، قابو میں آنا (۳) عاشق ہونا ، مفتوں ہونا ۔
شِکاری : (ف) مذکر ، (۱) شکار کرنے والا ، عیاد ، (۲) شکار سے نسبت رکھنے والا ، شکار کا کام دینے والا (۳) شکار کیا ہوا جانور ۔
___ جانور : مذکر ، شکار کرنے والا جانور ۔
شِکارا : مذکر ، ایک قسم کی چھوٹی کشتی (عموماً کشمیر کی جھیلوں میں استعمال ہوتی ہے)

شکایت : (ع، مونث) ۱۔ گلہ، شکوہ ۲۔ دکھ، مرض، تکلیف، ۳۔ برائی بدی، دکھڑا، غیبت۔

——— میرے سر پر / ——— سر آنکھوں پر: شائستہ طریقہ پر شکایت تسلیم کرنا۔

——— ہونا : ۱۔ گلہ ہونا ۲۔ برائی بیان کی جانا ۳۔ کسی مرض کا لاحق ہونا۔

شکتی : (ہ) مونث؛ طاقت، اہلیت۔

شکر / شکّر : (ف، مونث؛ چینی، کھانڈ، بورا۔

——— پارہ : مذکر؛ ایک قسم کی مٹھائی۔

——— تری : مونث؛ سفید شکر۔

——— خند / ——— خندہ : (ف، مذکر؛ مسکرانا، تبسم۔

——— خورا : مذکر؛ ۱۔ ایک پرند کا نام ۲۔ (کنایتاً) نعمت کا خوگر، ترمال کھانے والا۔

——— خورے کو خدا شکر دیتا ہے : (مثل) خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے کے مطابق دیتا ہے۔

——— خورے کو شکر، موذی کو ٹکر : (مثل) اچھے کو نیک نتیجہ اور برے کو سزا ملتی ہے۔

——— رنجی : مونث؛ خفیف رنجش، ہلکی بدمزگی۔

——— ریز : (ف) فصیح و شیریں کلام، خوش طبع آدمی۔

——— سفید : (ف) مونث؛ شکر تری۔

——— سے منہ بھرنا : کسی خوش خبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا، شیرینی کھلانا، منہ میٹھا کرانا۔

——— شکن : (ف) شیریں سخن۔

——— فروش : (کنایتاً) شیریں سخن۔

——— قند / ——— کند : مونث؛ زمین کے اندر پیدا ہونے والی ایک قسم کی میٹھی ترکاری کی جڑ۔

——— لب : ۱۔ شیریں بیاں ۲۔ (کنایتاً) معشوق۔

شکریات : (شکریہ۔ ات) (ف، مونث؛ خدا میں شکر کی مختلف قسمیں۔

شکر : (ع، مذکر؛ شکریہ ادا کرنا ۲۔ احسان ماننا۔

شکرانہ : (ف) کسی محسن کے احسان کا ذکر کرنا، شکریہ۔

——— ادا کرنا : شکر گزاری کرنا۔

——— شکوہ رہ جانا : نیکی اور بدی کی یادگار باقی رہ جانا۔

شکر صد شکر : شکر کی تاکید، بہت بہت شکریہ۔

شکرِ نعمت : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ مہربانی اور عنایت کا شکر۔

شکریہ : مذکر؛ کسی کے احسان کا تعریف کے ساتھ اظہار۔

شکرانہ : مذکر؛ شکر اور گھی ڈالا ہوا خشکہ۔

شکرم : (انگ) مونث؛ ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی۔

شکرہ : (ف) مذکر؛ باز کی قسم کا ایک شکاری پرند۔

——— پالنا : (مجازاً) بار اپنے سر لینا۔

شکری : (ف) مونث؛ ایک قسم کا نہایت شیریں اور بڑا فالسا۔

شکست : (ف) مونث؛ ۱۔ ٹوٹ پھوٹ، شکستگی ۲۔ ہار، ہزیمت۔

——— توبہ : (اضافت کے ساتھ) توبہ توڑنا، توبہ ٹوٹنا۔

——— ریخت / ——— وریخت : مونث؛ ٹوٹ پھوٹ، نقصان، ہرجانہ

——— فاش : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بے شبہ، کھلی ہوئی شکست، بھاری شکست۔

شکستگی : (ف) مونث؛ ٹوٹ پھوٹ، خستگی۔

——— وریخت : (ف) مونث؛ ٹوٹ پھوٹ گری پڑی پامال۔

شکستہ : (ف) مونث ۱۔ ٹوٹا ہوا، کسی قدر باریک ہوا، گرا ہوا ۲۔ بے رونق، خراب ۳۔ بے قاعدہ گھسیٹ کر لکھا جانے والا خط۔

——— بال / ——— بازو : (ف) بے قوت، بے کس۔

——— پا : (ف) چلنے سے معذور، بے بس۔

——— حال : (ف) محتاج، بے چارہ، پریشان،

——— حالی : مونث؛ خستہ حالی، پریشانی، محتاجی۔

——— خاطر / ——— دل : (ف) غم گین، رنجیدہ۔

شکل : (ع) مونث؛ ۱۔ صورت چہرہ، بھیس ۲۔ مانند، مشابہ، مثل۔ ۳۔ وضع، رنگ، ڈھنگ، انداز ۴۔ طور، طریق ۵۔ نوع، قسم، ۶۔ نقشہ، ڈھانچہ ۷۔ ہیکل، مورت ۸۔ موقع، تدبیر ۹۔ حالت، گت ۱۰۔ بناوٹ ۱۱۔ اقلیدس کے نقش۔

——— بگاڑنا : ۱۔ صورت بگاڑنا، چہرے کو بدروپ کرنا ۲۔ (کنایتاً) مار پیٹ کر بدصورت کر دینا۔

——— بنانا : ۱۔ خاکہ کھینچنا، نقشہ بنانا ۲۔ نقل کرنا، کسی صورت کا اختیار کرنا ۳۔ وضع بنانا، انداز بنانا ۴۔ چہرہ بگاڑنا، منہ بنانا۔

شکل چڑیلوں کی مزاج (دماغ) پریوں کا: بدصورت آدمی کا غرور اور نزاکت دکھانا۔

___ میں کیا لال لگے ہیں؟: (مثل) کون سی ایسی بڑی خوبی ہے

___ نکلنا: موقع ہاتھ آنا، تدبیر ہو جانا، صورت کا خوش نما معلوم ہونا۔

___ وشباہت: (ف) مونث؛ صورت، رنگ ڈھنگ۔

___ وشمائل: (ف) مونث؛ صورت اور سیرت، خوب صورتی۔

شِکَم: مذکر؛ پیٹ، بطن۔

___ پرور/___ پرست: خود غرض، پیٹ پالنے والا۔

___ سیر: پیٹ بھرا، آسودہ۔

شِکمی: (ف) (۱) مادر زاد، پیدائشی، (۲) مج کا اندرونی، (۳) (اہل دفتر کی اصطلاح) وہ کاشت کار جو اپنی آراضی کو اصل کاشتکار سے لے کر جوتے بوتے۔

شِکَن: (ف) مذکر، مونث؛ جھول، پیچ، جُھنّہ۔

___ در شِکَن: (ف) پیچ دار۔

شِکنجہ: (ف) مذکر؛ (۱) مجرموں کو سخت سزا دینے کا آلہ، (۲) جلد ساز دل کا کتابیں دبا کر کاٹنے کا ایک پیچ دار اوزار، (۳) (کنایتاً) عذاب، دُکھ، ایذا، (۴) رولر دبانے کی ایک کل، (۵) کولھو پیلنے کا آلہ۔

___ میں کھینچنا: سخت سزا دینا، ہر طرف سے جکڑ دینا، نہایت تنگ کرنا، اذیت پہنچانا۔

شُکُور: (ع) (۱) بہت شکر کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا نام۔

شُکُوک: (ع) مذکر؛ جمع شک کی۔

شِکوہ: (ف) مونث؛ دبدبہ، شان، رُعب۔

شِکوہ: مذکر؛ گلہ، شکایت۔

شکیب/شکیبائی: (ف) صبر تحمل، بردباری۔

شکیل: صورت دار، خوب صورت، خوش وضع۔

شکیلہ: مونث؛ خوب صورت عورت۔

ش ـ گ

شِگاف: (ف) مذکر (۱) چیرا، درز، جھری (۲) جھری رکھنے والا۔

___ پڑنا: پھٹ جانا۔

شِگفت: (ف) مونث؛ (۱) تفریح (۲) شگفتہ، خوش۔

شِگفتگی: (ف) مونث؛ (۱) پھول کا کھلنا، (۲) خوشی، فرحت، سرسبزی، شادابی۔

شِگفتہ/شگُفتہ: (۱) کھلا ہوا، پھولا ہوا، (۲) خوش (۳) (کنایتاً) فرحت دینے والا۔

___ بحر/___ زمین: مونث؛ (مجازاً) اشعار میں دل بستگی اور طبیعت میں روانی پیدا کرنے والی بحر۔

___ پیشانی: ہنس مکھ، خندہ پیشانی۔

___ خاطر: خوش مزاج، بشاش۔

___ دل/___ طبع/___ مزاج: خوش مزاج۔

___ رو: ہنس مکھ، خندہ پیشانی

شگُن: (ف) شگُون کا مخفف؛ مذکر؛ (۱) فال، مبارک اور مسعود ساعت دیکھنا، (۲) نیگ، نذرانہ۔

___ کرنا: (۱) کسی کام کو اچھے وقت میں شروع کرنا، (۲) ابتدا کرنا، پہل کرنا۔

___ ہونا: کسی کام کا اچھی گھڑی شروع ہونا۔

شگنیا/شگونیا: مذکر؛ رمّال، نجومی، فال کھولنے والا۔

شگُوفہ: (۱) بغیر کھلا ہوا پھول، کلی، (۲) عجیب، انوکھی بات (۳) طُرّہ۔

___ پھوٹنا: (۱) کلی پھوٹنا (۲) (کنایتاً) عجیب و غریب بات ظاہر ہونا (۳) فتنہ برپا ہونا۔

___ چھوڑنا: (کنایتاً) کوئی فتنہ انگیز اور تعجب خیز بات کہنا، الگ تھلگ رہ کر فساد برپا کرنے والی بات کرنا۔

___ کاری: (ف) مونث؛ گل کاری۔

___ کھلانا: (۱) پھول کھلانا، بہار دکھانا (۲) انوکھی بات پیش کرنا، (۳) (کنایتاً) فتنہ اٹھانا۔

___ ہاتھ آنا: ہنسی اور تفریح کا موقع ملنا۔

شگُون: فال، مبارک ساعت دیکھنا، کسی بات سے نیک و بد کا فال نکالنا۔

ش ـ ل

شَل: (ع) تھکا ماندہ، تھک کر چور، وہ جس کے ہاتھ پیر رہ گئے ہوں

___ ہو جانا: کام سے تھک جانا، تھک کر چور ہو جانا۔

شَل : SHELL (انگ) (۱) بم کا گولہ (۲) گھونگا، سیپی، صدف۔
شِلا : (ہ) مونث : سل، پتھر، چٹان۔
ـــــ لیکھ : (ہ) کتبہ، سنگی تحریر۔
شِلپی/شِلپ کار : (ہ، مذکر) : کاری گر، ہنرمند، صناع۔
شِلغم/شَلغم : مذکر : ایک ترکاری کا نام۔
شِلغمی آنکھیں : (ہ) مونث : بڑی بڑی آنکھیں۔
شِلنگ : مونث : جست، تڑپ، زغند، چھلانگ۔
ـــــ بھرنا : چھلانگ بھرنا، اونچا اُچھلنا۔
شِلنگ : SHILLING (انگ) مذکر : انگلستان کا ایک سکہ۔ پونڈ کا بیسواں حصّہ (½ پونڈ)
شِلنگا : مذکر : دور دور کا ٹانکا۔
شِلنگے بھرنا/ـــ مارنا : سلائی میں دور دور ٹانکے لگانا۔
شِلوار/شَلوار : مونث : ازار، پجامہ۔
شِلوکا : مذکر : ایک قسم کا چھوٹا آستین کا کرتک کرتا۔
شُلہ/شُولہ : (ف) مذکر : (۱) ایک قسم کا کھانا (۲) پتلی کھچڑی۔

ش م

شَمائل : (ع) مونث : کسی کی خرابی پر خوش ہونا، خندہ زنی۔
شُمار : (ف) مذکر : گنتی، تعداد (۲) (کنایتاً) شامل کرنا کسی زمرے میں۔
ـــــ دانے : تسبیح کے پھندنے میں ہر سیکڑہ پر حساب کے لیے لگائے جانے والے دانے۔
ـــــ سے باہر : افراط سے بے حساب۔
شِمال : (ع) اُتر۔
شِمالی : شمال سے منسوب، اُتر کا۔
شَمائل : (ع) مذکر : (۱) صورت، وضع (۲) عادتیں، خصلتیں۔
شَمامہ : (ع) مونث : کسی چیز کی خوش بو۔
شِمر : (ع) مذکر : (۱) یزید کے ایک سپہ سالار کا نام (۲) (کنایتاً) مُردود، شقی، ظالم۔
شمس : (ع) مذکر : سورج۔
شَمشہ : (ف) مذکر : (۱) تسبیح کا چھوٹا پھندنا (۲) کلس کا سنہرا قرص۔
شَمسی : (ع) مونث : شمس سے منسوب، سورج سے متعلق۔
شَمشاد : (ف) مذکر : سرو کی قسم کا ایک خوش قد درخت۔
شَمشو کرنا : (عو) چاول یا دال میں پانی ڈال ڈال کر تہ میں بیٹھے ہوئے کنکر چننا۔
شَمشیر : (ف) مونث : تلوار۔
ـــــ برہنہ/ـــــ بکف : (ف) (کنایتاً) لڑنے مرنے پر تیار۔
ـــــ کا کھیت : بہت سے کشتوں کی لاشوں والا میدانِ جنگ۔
ـــــ کھینچنا : مارنے کے لیے تلوار کا نکالا جانا۔
ـــــ ہلالی : (ف) مونث : ایک قسم کی ٹیڑھی تلوار۔
شَمع : (ع) مونث : موم کی بتی، چربی کی بتی۔
ـــــ ایمن : (اضافت کے ساتھ) (ف) تجلّی نورِ حق کی جو موسیٰؑ کو وادیٔ ایمن میں ایک درخت پر نظر آئی تھی۔
ـــــ بالین : (ف) مونث : قبر کے سرہانے روشن کی جانے والی شمع۔
ـــــ بڑھانا : شمع گل کرنا۔
ـــــ چڑھانا : کسی مزار پر شمع چڑھانے کی منّت ماننا اور مُراد پوری ہونے پر شمع جلانا۔
ـــــ خاموش ہوجانا : شمع کا گل ہوجانا۔
ـــــ دان : (ف) مذکر : وہ چیز جس پر رکھ کر موم بتی جلائی جاتی ہے۔
ـــــ ڈھالنا : پگھلی ہوئی چربی یا پگھلا ہوا موم قالب میں ڈال کر شمع کی صورت میں جمالینا۔
ـــــ رُو : (۱) نورانی چہرے والا (۲) (کنایتاً) معشوق۔
ـــــ سحری : (اضافت کے ساتھ) مونث : سحر کا چراغ، عنقریب فنا ہونے والا۔
ـــــ عالم تاب : (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) آفتاب۔
ـــــ کا آنسو : شمع کا موم پگھل کر قطرے ٹپکنا۔
ـــــ کا چوُر : شمع میں ایک طرف گھل جانے سے پڑنے والا رخنہ۔
ـــــ کا رو پُشت برابر ہے : (مثل) صاف باطن، آگے پیچھے یکساں ہوتے ہیں۔
ـــــ کُشتہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث : بجھی ہوئی شمع۔
ـــــ محفل : (اضافت کے ساتھ) (۱) محفل کی رونق بڑھانے والا شخص (۲) (کنایتاً) معشوق۔
ـــــ مزار : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث : مزار پر جلائی جانے والی شمع۔

شمعی: (ف) مذکر؛ سبز رنگ، مائل بہ سیاہی، نیلیا رنگ۔
شملہ: (ع) مذکر؛ سر پر باندھنے کی شال، ایک خاص قسم کی دستار، طرّہ، عمامہ کا سرا یا چوٹی۔
شملہ بہ مقدارِ علم: (مثل) جتنا علم ہو اسی کی مناسبت سے دعوا زیبا ہے۔
شمول: (ع) مذکر؛ شامل ہونا۔
شمولیت: (ع) مونث؛ شرکت، شامل ہونا۔
شمہ/شمّہ: (ع) مذکر؛ تھوڑا، مقدارِ قلیل۔
شمیم: (ع) مونث؛ خوشبودار ہوا۔

ش ن

شنا: (ف) مونث؛ پیرنا، پانی میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ـــــور: (ف) پیرنے والا۔
شناخت: (ف) مونث؛ پہچان، تمیز، واقفیت، شناسائی۔
شناختی کارڈ: پہچان کا کارڈ۔
شناسا: (ف) پہچاننے والا، پرکھنے والا (۲) جان پہچان۔
شناسائی: (ف) مونث؛ جان پہچان، واقفیت، صاحب سلامت۔
شناعت: (ع) مونث؛ بدی، برائی۔
شنبہ: (ف) مذکر؛ ہفتہ، سنیچر۔
شنجرف/شنگرف: (ف) مذکر؛ ایک سُرخ رنگ کی دھات جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے۔
شنگرفی: شنگرف کے رنگ کا سُرخ۔
شنکھ/سنکھ: (ہ) مذکر؛ ایک قسم کی بہت بڑی سیپ، ناقوس۔
شنگ: (ف)؛ مجازاً شوخ، ظریف، معشوق۔
شنوائی: (ف) مونث؛ سماعت، توجہ، التفات۔
شنیدہ: (ف) سُنا ہوا۔
ـــــ کے بود مانند دیدہ: (مقولہ) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلے میں نہیں کی جا سکتی۔
شنیع: (ع) مذکر؛ برا، بد، خراب۔
شو/شیو: (ہ) مذکر؛ ہندوؤں کے تین سب سے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک۔
شو راتری: (ہ) مونث؛ ہندوؤں کا ایک بڑا تیوہار۔
شوالا: (ہ) مذکر؛ مہادیو کا استھان، شوجی کا مندر۔
شو: SHOW (انگ) مذکر؛ تماشا، نمائش، نظارہ، ظاہرداری، دکھاوا، ٹیپ ٹاپ، ٹھاٹ، بھڑک دار۔
شوال: (ع) مذکر؛ مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ، عیدالفطر کا مہینہ۔
شواہد: (ع) مذکر؛ (جمع شاہد کی) مثالیں، گواہ، ثبوت۔
شوب: مذکر؛ دھوئے جانے کا فعل، دُھلائی۔
ـــــ پڑنا/ـــــ کھانا: کپڑے کا ایک مرتبہ دھویا جانا۔
شوبزنس: SHOW BUSINESS (انگ) مذکر؛ تفریحی پروگرام کا پیشہ۔
شوبوائے: SHOW BOY (انگ) مذکر؛ (۱) حقیقت سے دور (۲) وہ شخص جسے دوسرے اس طرح پیش کریں جو وہ حقیقت میں نہ ہو۔
شوبھا: (ہ) مونث؛ زینت، رونق، چمک۔
شوٹ: SHOOT (انگ) گولی مارنا، بندوق چلانا۔
ـــــ کرنا: گولی مار کر ہلاک کرنا۔
شوٹنگ: SHOOTING (انگ) مونث؛ (۱) بندوق بازی (۲) فلم بندی، کسی سین یا منظر کو فلمانا؛ (۳) کیمرے سے تصویریں لینا۔
شوخ: (ف) طرّار، بے باک؛ (۲) دل لگی باز، ظریف (۳) شریر، گستاخ (۴) (کنایتاً) معشوق (۵) چمکیلا، تیز (۶) بڈر۔
ـــــ چشم/ـــــ دیدہ: ڈھیٹ، بے حیا، بے شرم۔
ـــــ چشمی: (ف) مونث؛ بے حیائی، بے باکی، گستاخی، شرارت۔
ـــــ طبع/ـــــ طبیعت: (ف) (کنایتاً) تیز مزاج، بے باک (۲) خوش طبع۔
شوخی: مونث؛ (۱) چلبلاپن (۲) شرارت، ظرافت (۳) بے قراری، اضطراب (۴) بے ادبی، گستاخی (۵) رنگ کی تیزی، چمک۔
شودر: (س) مذکر؛ ہندوؤں کی چوتھی ذات۔
شور: (ف) مذکر؛ غل غوغا، (۲) شہرت، دھوم (۳) کھاری نمک (۴) عشق، جنون، ولولہ (۵) کھاری، کھاریا شورے کے سبب ناقابلِ کاشت زمین (۶) نجس، ناپاک (۷) خفگی سے چلانا۔

شُوربُور : شرابور، تربتر۔
——— **زمین** : کھاری زمین۔
——— **محشر** : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بہت شور وغل۔
——— **نشور** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) شور قیامت، (۲) (کنایتاً) بہت شور۔
——— **وشر** : (ف، مذکر؛ فتنہ وفساد، لڑائی دنگا، ہنگامہ، بلوہ۔
——— **وشغب** : مذکر؛ غل، شور۔
——— **وشین** : غل، شور۔
شوریت : مونث؛ کھاری پن۔
شوری : (ع) مذکر؛ مشورہ۔
شوربا/شوروا : (ف) مذکر؛ (۱) پتلا سالن، پکے ہوئے گوشت کا پانی، (۲) رقیق چیز کے لیے بھی مستعمل ہے۔
شوربخت : (ف) بدنصیب۔
شورش : (ف) مونث؛ شور وغوغا، فتنہ وفساد، آشفتگی، پریشانی، بلوہ، ہنگامہ۔
——— **برپا کرنا** : ہنگامہ برپا کرنا، بغاوت کرنا، سرکشی کرنا۔
شوروم : SHOW ROOM (انگ) مذکر؛ (دکانوں میں مال سے) آراستہ کمرہ۔
شورہ : (ف) مذکر؛ (۱) پانی ٹھنڈا کرنے اور آتش بازی بنانے میں کام آنے والا ایک قسم کا کھار، (۲) ایک گھاس کا نام۔
——— **پشت** : سرکش، نافرمان، لڑاکا، جھگڑالو۔
شورے میں جھالنا/——— میں جھلنا : پانی کی صراحی کو نمک اور شورہ ملے ہوئے پانی میں ڈال ڈال کر ٹھنڈا کرنا۔
شوریدگی : (۱) پریشانی (۲) دیوانگی جنون (۳) عشق محبت۔
شوریدہ : (ف) (۱) حیران، پریشان (۲) (مجازاً) دیوانہ، عاشق۔
——— **حال** : پریشان حال، دیوانہ، سرگشتہ۔
——— **خاطر** : (ف) پریشان خاطر، پریشان حال۔
——— **دماغ/——— مزاج/——— سر** : (ف) (کنایتاً) دیوانہ، سودائی۔
شوشہ : (ف) مذکر؛ (۱) ہائے ہوز کی علامت (۲) بعض حرفوں کے سرے کا دندانہ (۳) فتنہ انگیز بات، انوکھی بات، چٹکلا۔
شوشہ چھوڑنا : (۱) فساد انگیز بات کہنا، انوکھی بات کہنا (۲) شوخی کرنا، شرارت کرنا۔
شوفر : CHAUFFEUR (انگ) مذکر؛ موٹر ڈرائیور، موٹر چلانے والا۔
شوق : (ع) مذکر؛ (۱) خواہش، آرزو، تمنا، اشتیاق، (۲) رغبت، طبیعت کا میلان (۳) شغل، کام، مشغولی (۴) جوش سرگرمی، (۵) چاٹ، چسکا، اُمنگ، (۶) دُھن، ترنگ۔
——— **چرانا** : شوق بڑھنا۔
شوقین : (۱) خواہش مند، مشتاق، شوق رکھنے والا، خوگر لیتا، (۲) چھیلا، رنگیلا (۳) عیاش، تماش بین۔
شوقیہ : (۱) اشتیاق سے بھرا ہوا، (۲) دل بہلانے کے لیے، رغبت سے، شوق سے۔
شوکت : (ع) مونث؛ (۱) قوت، دبدبہ، رُعب داب، جاہ وجلال (۲) مرتبہ، شان وشکوہ۔
شوکیس : SHOW CASE (انگ) مذکر؛ شیشے کی وہ الماری جس میں نمائشی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔
شوگر : SUGER (انگ) مونث؛ کھانڈ، شکر، چینی۔
شولا : (دہلی) دیکھو شُلہ۔
شوم : منحوس، کنجوس، بخیل۔
شومی : مونث؛ بدبختی، نحوست۔
——— **بخت/——— طالع/——— تقدیر** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ نحوست، بدنصیبی۔
شوں شاں : (ع) مونث؛ عزور، ڈینگ۔
شوہر : (ف) مذکر؛ خاوند، خصم

ش ہ

شہ : مونث؛ (۱) شاہ کا مخفف، بادشاہ (۲) ڈھیل، آہستہ آہستہ کسی کو ڈور پلانا (۳) اصطلاح کشت شطرنج (۴) مدد، حمایت، پُرچک، ترغیب، بہکانا۔
——— **باز** (ف) مذکر؛ عام باز سے کچھ بڑا شکاری پرندہ، بڑا باز۔

شہ بالا/شاہ بالا : برات میں سواری پر دولھا کے آگے یا پیچھے بٹھایا جانے والا بچہ۔

ـــــ بچانا : (اصطلاح شطرنج) بادشاہ کا شہ کے مقام سے ہٹ جانا۔ یا کوئی اور مہرہ اردب دینا۔

ـــــ پانا : اشارہ پانا، بہکانے یا ورغلانے میں آنا۔

ـــــ پر : پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر۔

ـــــ توت : (ف) مذکر: ایک پھل اور اس کے درخت کا نام۔

ـــــ تیر : مذکر: بڑی کڑی۔

ـــــ دینا : (۱) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا، (۲) پتنگ کو ڈھیل دینا، ڈور چھوڑنا (۳) (کنایتاً) ترغیب دینا، بہکانا، بھڑکانا۔

ـــــ رُخی : (کنایتاً) سامنے کی چوٹ۔

ـــــ رگ (ف) مونث: شاہ رگ۔

ـــــ زادہ/ـــــ زادی : بادشاہ کا بیٹا، بیٹی۔

ـــــ زور : (ف) مذکر: بہت طاقت ور، زور آور، زبردست۔

ـــــ سوار : (ف) مذکر: گھوڑے کی سواری کا ماہر۔

ـــــ سوار ہی گرتا ہے : مثل، مشاق ہی دھوکا کھاتا ہے۔

ـــــ گام/شاہ گام : گھوڑے کی خاص قسم کی چال، تیز قدم۔

ـــــ لولاک : (اضافت کے ساتھ) مذکر: (کنایتاً) آنحضرت صلعم۔

ـــــ نا/ـــــ نائی : (ف) مونث: نفیری، موسیقی

ـــــ نشین/شاہ نشیں : مکان میں نشست کا اونچا چبوترہ، مکان کا صدر حصہ۔

شہی : (ف) مونث: بادشاہی۔

شہاب : (ف) نہایت سرخ رنگ جو کسم کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

شہاب : (ع) مذکر: (۱) چمکتا ہوا ستارہ (۲) وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا ہوا دکھائی دیتا ہے (۳) شعلہ۔

ـــــ ثاقب : (اضافت کے ساتھ) مذکر: رات کو ٹوٹنے والا چمکتا ستارہ

شہابہ : مذکر: اگیا بیتال۔

شہادت : (ع) مونث: (۱) گواہی، اظہار (۲) راہ خدا میں شہید ہونا، (۳) خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول مقبولؐ کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا (۴) کلمۂ شہادت (۵) ذبح، قتل۔

شہادت نامہ : مذکر: حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے حال کی کتاب۔ (۲) کلمۂ شہادت لکھ کر مُردے کے کفن میں رکھا جانے والا کپڑا۔

شہامت : (ع) مونث: دلیری، بہادری، شجاعت۔

شہانہ : (ف) (۱) شاہانہ کا مخفف، (۲) سُرخ رنگ کی خاص قسم کی چوڑیاں (۳) شادی کا جوڑا (۴) ایک قسم کا شادی کا گیت، ایک قسم کی گت۔

ـــــ جوڑا : مذکر: دولھا کا سُرخ جوڑا، سُرخ پوشاک۔

شہانی مہندی : گہرے رنگ کی مہندی۔

شہد : (ع) مذکر: (۱) مہال کی مکھیوں کا جمع کیا ہوا میٹھا شیرہ، (۲) نہایت شیریں۔

ـــــ کی چھری : (۱) میٹھی چھری، (۲) (کنایتاً) زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔

ـــــ کی مکھی : (۱) وہ مکھی جو شہد جمع کرتی ہے، اور چھتا بناتی ہے (۲) (کنایتاً) لالچی، حریص، پیچھا نہ چھوڑنے والا شخص۔

شہدا : (ع) مذکر: جمع شہید کی، خدا کی راہ میں قتل کیے ہوئے لوگ۔

شہدا : بدچلن، بدمعاش، بازاری آدمی (۲) ایک فرقہ ننگے سر ننگے پاؤں رہنے والا، کالی گلوچ میں مشہور۔

ـــــ پن/ـــــ پنا : مذکر: بدمعاشی، دھول دھپا۔

شہر : مذکر: بڑی آبادی۔

ـــــ آشوب : (ف) مذکر: وہ نظم جس میں کسی شہر کی پریشانی اور گردش آسمانی وغیرہ کا ذکر ہو۔

ـــــ بدر : جلاوطن۔

ـــــ پناہ : مونث: شہر کی چار دیواری۔

ـــــ خبرا : مذکر: تمام شہر کی خبر رکھنے والا، گھر گھر کی خبر رکھنے والا۔

ـــــ خموشاں : (اضافت کے ساتھ) مذکر: گورستان، قبرستان۔

ـــــ گرد/ـــــ گشت : مذکر: شہر میں گشت کرنے والا، پتردل۔

ـــــ میں اونٹ بدنام : (مثل) کسی عیب کے باعث بدنام شخص، مشہور آدمی کی شامت آتی ہے۔

ـــــ یار : مذکر: (۱) ہم عصر بادشاہوں میں سب سے بڑا بادشاہ (۲) مطلق بادشاہ۔

شہری : (ف) شہر کا رہنے والا، شہر سے منسوب، شہر کا باشندہ۔

شہریت : کسی ملک کا باشندہ ہونے کا حق۔

شہر : (ع) مہینہ۔
شہرت : (ع) مونث؛ (۱) افواہ، چرچا (۲) نیک نامی، (۳) رسوائی، بدنامی۔
——اُڑنا : شہرت پھیلنا، چرچا ہونا۔
——افزا : شہرت بڑھانے والا۔
——پانا : مشہور ہونا، نام حاصل کرنا۔
——پیدا کرنا : نام پیدا کرنا، مشہور ہو جانا۔
شہرہ (ع) مذکر : آوازہ، دھوم دھام، چرچا۔
——آفاق / ——انام : (اضافت کے ساتھ)؛ (ف)؛ تمام عالم میں مشہور۔
شہلا : (ع) (۱) ایک قسم کی سیاہ پھول والی نرگس، (۲) (کنایتاً) بڑی بڑی آنکھ (۳) وہ عورت جس کی آنکھیں سیاہی لیے ہوئے بھوری یا سیاہی مائل بہ سرخی ہوں۔
شہنشاہ : شاہنشاہ، بہت بڑا بادشاہ۔
شہوانیات : (ع) خواہش نفسانی سے تعلق رکھنے والی باتیں۔
شہوت : (ف) مونث؛ جماع کی خواہش، نفسانی خواہش۔
——انگیز : (ف) خواہش نفسانی ابھارنے والا۔
شہود : (ع) جمع شاہد کی؛ مذکر؛ (اصطلاح تصوف) سالک کو تمام موجودات میں جلوہ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آنے لگنا۔
شہودی : شہود سے نسبت رکھنے والا۔
شہور : (ع) جمع شہر کی۔ مذکر، مہینے۔
شہید : (ع) (۱) ناحق مارا جانے والا شخص خدا کی راہ میں مارا جانے والا، (۲) مقتول، مذبوح (۳) فدا، قربان، عاشق۔
——کربلا : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ حضرت امام حسینؓ سے مراد۔
——مرد : (۱) از روئے شرائط اسلام شہادت پانے والا۔ (۲) (کنایتاً) گھوڑا۔

ش ی

شے : (ع) مونث؛ (۱) چیز (۲) نایاب چیز (۳) (دہلی) برکت، زیادتی، افزونی۔
——لطیف کی قلت : (کنایتاً) کم عقل۔
——متنازعہ : مونث؛ جھگڑے والی شے۔
شیاطین : (ع) مذکر؛ جمع شیطان کی۔
شیاطین الانس : (ع) مذکر؛ شیطان کی طرح بہکانے والا آدمی۔
شیاف : (ع) مذکر؛ شیافہ، پاخانے کی جگہ اجابت لانے کے لیے رکھی جانے والی دوا لگی ہوئی بتی۔
شیب : (ع) مذکر؛ بڑھاپا۔
شیخ : (ع) مذکر؛ (۱) بوڑھا آدمی (۲) پیر، مرشد، بزرگ (۳) مذہبی علوم میں فایق (۴) سرگروہ، پیشوا۔ (۵) خانقاہ کا سردار، سجادہ نشین۔ (۶) مسلمانوں کی چار ذاتوں (شیخ، سید، مغل، پٹھان) میں سے ایک ذات۔
شیخ الاسلام : (ع) مذکر؛ مسلمانوں کا سب سے بڑا پیشوائے دین۔
——الرئیس : (ع) مذکر؛ بوعلی سینا کا لقب۔
——الشیوخ : (ع) مذکر؛ تمام عالموں اور فاضلوں کا سرگروہ، پیر مشائخ۔
شیخ چلی : مذکر؛ (۱) ایک فرضی احمق (۲) مسخرا، واہی تباہی ڈینگیں مارنے والا
شیخڑا : مذکر؛ (تحقیر سے) شیخ کا لڑکا۔
شیخ سدو : مذکر؛ جاہل عورتوں کا فرضی والی، جن۔
شیخوخت : (ع) مونث؛ بڑھاپا، سردار ہونا۔
شیخ و شباب : مذکر؛ بوڑھے اور جوان۔
شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر : شیخوں کی ڈینگ اور پٹھانوں کی عجلت مشہور ہے۔
شیخی : مونث؛ بڑائی، گھمنڈ، ڈینگ۔
——باز / ——خوار : مذکر؛ گھمنڈی، ڈینگ کی لینے والا دور کی ہانکنے والا۔
——بگھارنا : ڈینگ مارنا، خودستائی کرنا، اترانا۔
شیدا / شیدائی : (ف) دیوانہ، عاشق، مدہوش، عشق میں ڈوبا ہوا۔
شیدی : (ف) مذکر؛ حبشیوں کا لقب۔
شیڈ : SHADE (انگ) مذکر؛ (۱) سایہ (۲) تصویر کا سیاہ حصہ۔
شیڈ : SHED سائبان۔
شیئر : SHARE (انگ) مذکر؛ ساجھا، تقسیم (کسی تجارتی کمپنی کا) حصہ۔
——ہولڈر : HOLDER ——(انگ) ساجھی، حصہ دار، شریک۔
شیر : (ف) مذکر؛ دودھ۔
——برنج : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ چاولوں کی کھیر۔

شیرخشت : مونث، ایک دست آور دوا۔
ـــــ خوار/ـــــ خور : (ف) دودھ پیتا بچہ۔
ـــــ گرم : (ف) نیم گرم، معمولی گرم۔
ـــــ مادر : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ماں کا دودھ، (۲) مباح، حلال۔
ـــــ مال : (ف، مونث) ایک قسم کی تنور میں پکائی جانے والی میدے کی خمیری روغنی روٹی، جس کے پکانے میں دودھ کا چھینٹا دیتے ہیں۔
ـــــ وشکر ہونا : آپس میں مل جل جانا، باہم اختلاط ہونا، خوب اتفاق ہونا۔
شیر : (ف) مذکر؛ (۱) باگھ (۲) (کنایتاً) بہادر آدمی، دلیر (۳) شیر کے مُنہ کی طرح بنا ہوا پرنالہ۔
شیرآبی : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ گرمچھ، نہنگ۔
ـــــ انداز/ـــــ افگن : (کنایتاً) شجاع، دلیر۔
ـــــ ببر : ایال والا بھورا بڑا شیر۔
ـــــ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں : (مثل) عدل اور انصاف کا راج بڑے چھوٹے دونوں کے ساتھ برابر کا برتاؤ ہوتا ہے، کسی کی رعایت نہیں ہوتی۔
ـــــ خدا : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ حضرت علیؓ کا لقب۔
ـــــ دہاں : مذکر (۱) شیر کے منہ سے مشابہ حوضوں پر نالوں وغیرہ کے دانوں پر بنی شکل (۲) ایک قسم کا عصا (۳) ایک قسم کی بندوق۔
ـــــ ژیاں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (۱) درندہ شیر، (۲) (کنایتاً) بہادر۔
ـــــ قالی/ـــــ قالین : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) قالین پر بنی ہوئی شیر کی تصویر (۲) (کنایتاً) ہیچ، نمائشی، بے وقعت
ـــــ کرنا : (۱) دلیر کرنا، (۲) زیادہ کرنا، تیز کرنا، (۳) اکسانا، آگے بڑھانا۔
ـــــ کی خالا : مونث؛ دلی۔
ـــــ کے مُنہ سے شکار لینا : (کنایتاً) زبردست سے کوئی چیز چھین لینا۔
ـــــ ماہی : (ف، مونث) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔
ـــــ مرد : (ف) (کنایتاً) دلیر، شجاع مرد۔
ـــــ نیستان : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بڑا بہادر، بڑا جری۔
ـــــ ہونا : (کنایتاً) کسی کا دلیر ہونا (۲) تیز ہونا، زیادہ ہونا،

شیروں کے مُنہ چڑھنا/لگنا : بہادروں کے مقابل آنا۔
شیرازہ : (ف) مذکر؛ (۱) کتاب کی جزبندی کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگایا جانے والا فیتہ، کتاب اور پٹھوں پر کی سلائی؛ (۲) (کنایتاً) انتظام، سلسلہ، بندش۔
ـــــ بکھرنا/ـــــ ٹوٹنا/ـــــ کھلنا : ٹانکا ٹوٹنا، انتظام اور ترتیب قائم نہ رہنا، ابتر ہو جانا۔
شیرازی : (ف، مذکر) (۱) شیراز کی طرف منسوب (۲) ایک قسم کا گولہ کبوتر۔
شیرہ : (ف) مذکر؛ (۱) قوام، چاشنی (۲) پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ (۳) شراب۔
ـــــ انگور : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ انگوری شراب۔
شیرف : SHERIEF (انگ) مذکر؛ شہر کا ممتاز شہری جسے حکومت نامزد کرتی ہے۔
شیریں : (ف) (۱) میٹھا (۲) عزیز پیارا (۳) نرم، خوش گوار (۴) فرہاد کی معشوقہ، خسرو پرویز کی بیوی کا نام۔
ـــــ ادا : (ف) دل پسند اداؤں والا۔
ـــــ زبان/ـــــ بیاں/ـــــ سخن/ـــــ کلام/ـــــ نفس/ـــــ مقال : (ف) خوش گفتار، فصیح۔
ـــــ شمائل : (ف) خوش خلقی۔
ـــــ لب : (ف) شیریں کلام۔
شیرینی : (ف، مونث) مٹھائی، حلاوت۔
شیشم : مذکر؛ ایک درخت کا نام۔
شیش محل : مذکر، چاروں طرف شیشہ لگا ہوا مکان۔
شیشہ : مذکر؛ (۱) کانچ (۲) بوتل، قرابہ (۳) آئینہ، آرسی۔
ـــــ باز : (ف، مذکر) (۱) شعبدہ باز (۲) ناچتے وقت شیشہ کو ہر ایک عضو بدن پر رکھ کر تماشا کرنے والا ایک گروہ۔
ـــــ دکھائی : مونث، عید، بقرعید کے موقع پر آئینہ دکھانے کے صلے میں نائی کو دیا جانے والا انعام۔
ـــــ دل : (اضافت کے ساتھ) (دل کی نزاکت کا استعارہ) نازک مزاج۔
ـــــ ساعت : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ الو گھڑی۔
ـــــ اُتارنا : قالو میں (الل) مسوّخ کرنا، غصہ دھیما کرنا،

شیطان : (ع، مذکر؛ (۱) ابلیس، عزازیل (۲) شوخ، بدذات، شریر، (۳) فتنہ انگیز، فسادی، گمراہ کرنے والا، بہکانے والا (۴) بدخواہ، لڑائی کرا دینے والا (۵) جھگڑا، فساد۔

_____ اُتر نا : (۱) غصہ دور ہونا (۲) شرارت رفع ہونا۔

_____ اُٹھانا : (دہلی) بہتان لگانا، جھگڑا کرنا، شور وغل مچانا، ہنگامہ برپا کرنا۔

_____ چڑھنا / _____ سوار ہونا : غصہ چڑھنا، بدی پر آنا، ضد چڑھنا۔

_____ سے زیادہ مشہور : (۱) نہایت بدنام (۲) (مزاحاً) نہایت مشہور۔

_____ کی آنت : بہت لانبی چیز، طول طویل بات یا قصہ۔

_____ کی خالا : مونث، (کنایتاً) لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت۔

_____ کی ڈور : مکڑی کے جالے کا راستہ میں تنا ہوا لمبا تار۔

_____ کے کان بہرے : کسی خبر بد کے سننے کے وقت یا کسی کا ذکر یا ذکر مرگ آجانے کے وقت کہا جانے والا کلمہ۔

_____ کے کان کاٹنا، نہایت شریر، مفسد، فسادی ہونا۔

_____ نے لڑکوں سے پناہ مانگی ہے : (مقولہ) لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔

_____ ہر جگہ موجود ہے : (مثل) بُرے افعال کے واسطے ہر جگہ سامان موجود ہے۔

شیطانی وسوسہ : مذکر؛ بدی کا وہم، خیال۔

شیعہ : حضرت علیؓ اور ان کی اولاد کا دوست دار گروہ یا شخص۔

شیعی : شیعہ کی طرف منسوب۔

شیفتہ : (ف) فریفتہ۔

شیلڈ : SHIELD (انگ) مذکر؛ (۱) ڈھال، سپر، روک (۲) انعام کی شیلڈ۔

شیلف : SHELF (انگ) مذکر؛ الماری، کتاب دان۔

شیم : (ع) جمع شیمہ کی؛ مذکر؛ عادتیں، خصلتیں۔

شیمپین : SHAMPAIGNE (انگ) مونث؛ ایک قسم کی شراب۔

شین : مذکر؛ حروف تہجی کا ایک حرف۔

شین قاف درست نہ ہونا : زبان کا تلفظ صحیح نہ ہونا۔

شیو : SHAVE (انگ) حجامت، اصلاح خط، موتراشی، داڑھی بنانا۔

شیوا : (ف) فصیح وبلیغ۔

_____ زبان / بیان : (ف) فصیح، بلیغ، تیز زبان آدمی۔

شیوخ : (ع) جمع شیخ کی؛ بوڑھے، اساتذہ، مشائخ۔

شیوع : (ع) مذکر؛ (۱) ظاہر ہونا، آشکارا ہونا (۲) اشاعت ہونا، شایع ہونا، جاری ہونا۔

شیون : (ف) مذکر؛ (۱) نوحہ، آواز ماتم، (۲) مجازاً؛ نالہ وفریاد۔

شیوہ : (ف) مذکر؛ طور طریق، انداز، دستور، ڈھنگ۔

ص

صاد : مذکر و مؤنث، صاد نہلہ یا غیر منقوطہ حساب جمل (ابجد) میں نوے عدد۔

صابر : (ع) مذکر، صبر کرنے والا، متحمل، بردبار۔

صابن : مذکر، صابون کا بگاڑا ہوا، دیکھو صابون

صابون : (ع) مذکر، کپڑا صاف کرنے اور ہاتھ منہ دھونے کی ایک مرکب چیز۔

——— سامنہ میں گھلنا / صابون سا منہ ہونا، منہ کا مزا بیٹھا ہونا

صابونی : (ف) مؤنث، ایک قسم کی مٹھائی۔

صاحب/صاحبؔ : (ع) (۱) مالک، آقا، حاکم، (۲) والا جیسے صاحب علم (۳) کلہ تعظیم، (۴) معشوق (۵) جناب، حضور، (۶) یار، دوست ساتھی

صاحبُ الغرضِ مجنونٌ : (مقولہ) غرض والا، اپنے مطلب کے لیے دیوانہ ہوتا ہے، موقع محل نہیں دیکھتا۔

صاحب خانہ : گھر کا مالک، میزبان۔

——— دِل : (اضافت کے ساتھ) عارف، خدا شناس، پرہیزگار، دانش مند، دانا۔

——— ذوق : (اضافت کے ساتھ) (۱) بامذاق، شوقین، عاشق مزاج (۲) کامل، خدارسیدہ۔

صاحب

——— زادہ : مذکر، (۱) امیرزادہ، عزت دار کا بیٹا، (۲) بیٹا، فرزند (۳) کنایتاً) ناتجربہ کار نوجوان۔

——— زبان : (اضافت کے ساتھ) زبان کا ماہر، زبان داں۔

——— سجادہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر، سجادہ نشین۔

——— سلامت : مؤنث، بندگی اور سلام باہمی طور پر کرنا (۲) رسمی ملاقات، روشناسی، (۳) جان پہچان۔

——— عالم : دہلی کے شہزادوں کا لقب۔

——— فراش : بستر سے نہ اٹھ سکنے والا بیمار۔

——— صاحبقران : اقبال مند، وہ شخص جس کی ولادت کے وقت زحل اور مشتری دونوں ستارے ایک برج میں ہوں، امیر تیمور کا لقب۔

——— قرانِ ثانی : (اضافت کے ساتھ) شاہ جہاں بادشاہ دہلی کا لقب

——— قیافہ : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) عقل والا سمجھ دار۔

صاحبک : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) پیغمبر خدا صلعم۔

صاحبقدور : (اضافت کے ساتھ) مال دار۔

——— نسبت : (اضافت کے ساتھ) خدارسیدہ کامل۔

——— نظر : (اضافت کے ساتھ) دانا، دوراندیش۔

——— ولایت : (اضافت کے ساتھ) ولی اللہ، خدا کا دوست۔

صاحبان : جمع صاحب کی، شرفا، خداوندان۔

صاحبو : کلمہ، خطاب، حضرات، اے حاضرینِ جلسہ۔

صاحبی : (ف) مؤنث، حکومت، سلطنت، عہدہ دورہ، عروج، عزت۔

صاد : (ع) مذکر، ایک حرف کا نام، (ص) (۲) قرآن شریف کی ایک صورت کا نام۔

——— چشم : (ف) مذکر، صاد کو آنکھ سے تشبیہہ۔

——— کرنا : (۱) صحیح کی علامت ڈالنا (۲) کسی چیز کی خوبی تسلیم کرنا، (۳) دستخط کرنا۔

——— ہونا۔ منظور ہونا، پسند ہونا۔

صادِر : (ع) جاری کیا گیا، نافذ۔

ـــــ کرنا : جاری کرنا، کوئی حکم یا قانون پاس کرنا۔
ـــــ وارد : (ف) مذکر، آیا گیا، مہمان، مسافر۔
ـــــ ہونا : نافذ ہونا، جاری ہونا (۲) پہنچنا۔
صادق : (ع) (۱) سچا، (۲) معنی کا کسی دوسری چیز پر درست آجانا، ٹھیک، درست، چسپاں، (۳) ظاہر، آشکارا (۴) خالص۔
ـــــ صادق القول : (ع) مذکر، بات کا پکا، وفادار
آنا : ٹھیک ہونا، درست ہونا، موزوں ہونا۔
صارفین : (ع) (۱) خرچ کرنے والے، استعمال کرنے والے (واحد) صارف (انگ) : کنزیومر۔
(۲) عام اشیا کو مصرف میں لانے والے۔
صاعقہ : (ع) مذکر، مونث، زمین پر گرنے والی بجلی۔
صاعقہ افگنی : (ف) مونث، (شاعری) بجلی گرانا۔ بجلی گرانے کی ادا۔
صاف : (ع) (۱) بے میل، خالص، (۲) کورا، بے داغ، اجلا، (۳) پاک، (۴) سہل، سلیس۔ (۵) ہموار، برابر، (۶) ہو بہو، (۷) بے کپٹ، بے کینہ، (۸) بالکل، قطعی، (۹) واضح، تنقیح (۱۰) چنا ہوا، چھنا ہوا، (۱۱) تصفیہ کیا ہوا، مانجا ہوا، (۱۲) درست، ٹھیک، یقینی، (۱۳) بے غبار، بے کدورت۔
(۱۴) علی الاعلان، (۱۵) ظاہر، صریح، (۱۶) بے شک
ـــــ باطن : صاف دل، بے کینہ۔
ـــــ بچنا : کچھ ضرر یا صدمہ نہ پہنچنا۔
مکڑا توڑ کے جواب دینا : سختی سے جواب دینا
ـــــ دل / ـــ ضمیر / ـــ طبع / ـــ طینت : بے ریا، بے کپٹ، بے کینہ۔
ـــــ دیدہ : بے غیرت، ڈھیٹ۔
ـــــ صاف سنانا : بے نقط سنانا، گالیاں دینا، کھری کھری کہنا۔
ـــــ کرنا / ـــ کر دینا : (۱) دھونا، چھاننا، میل کچیل نکالنا کوڑا کرکٹ نکالنا، (۲) مسودے کو ٹھیک کر کے لکھنا، (۳) جھاڑو دینا، بہارنا۔ (۴) بالکل چٹ کر جانا، کھا جانا، پی جانا (۵) بالکل غارت کرنا، تاخت و تاراج کرنا، (۶) مشق کرنا، (۷) روانی بہم پہنچانا (۸) آلایش نکالنا، (۹) قتل کرنا۔
ـــــ میدان پانا : تنہا پانا۔
ـــــ ہونا : (۱) بہار آجانا (۲) دل میں بغض یا کدورت نہ رہنا (۳) میل کچیل دور ہونا (۴) منہدم ہونا، گر پڑنا، (۵) رواں ہونا، (۶) قتل عام ہونا۔ (۷) جنگل کاٹا جانا، (۸) بال مونڈے جانا (۹) مسودے کی نقل ہونا، (۱۰) ختم ہو جانا۔
صافا : مذکر، (۱) سر سے باندھنے کا ڈوپٹا، (۲) (دہلی) شکاری جانور کو بھوکا رکھنا۔
صافی : (ع) مونث، (۱) باورچی خانے کے برتن وغیرہ صاف کرنے اور کپڑنے کا کپڑا، (۲) چھاننے کا کپڑا، (۳) بے ریا۔
صالح : (ع) مذکر، (۱) نیکوکار، نیک بخت، (۲) قوم ثمود کے ایک پیغمبر کا نام۔
صالحات : (ع) مونث، (۱) جمع صالحہ کی (۲) اچھے کام۔
صالحہ : (ع) مونث، نیک بخت عورت، پاک دامن بی بی۔
صامت : (ع) خاموش، چپ چاپ۔
صانع : (ع) مذکر، (۱) دیکھو صناع، (۲) پیدا کرنے والا۔
ـــــ حقیقی / ـــ قدرت / ـــ مطلق : (ف) مذکر، خدا تعالیٰ۔
صائب : (ع) رسا، ٹھیک۔
ـــــ صائم : (ع) مذکر، روزہ دار۔
صائم الدہر : (صائم دھر) : (ع) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

صبا : (ع) مونث ، ہوا۔
—— خرام/ رَو : (ف) (کنایتاً) تیز رو گھوڑا۔
صباح : (ع) سویر، تڑکا، سحر، صبح۔
صَباحت : (ع) مونث، خوب روئی، گورا پن۔
صَبّاغ : (ع) مذکر، کپڑا رنگنے والا، رنگ ریز۔
صبح : (ع) مونث، فجر، سویرا، تڑکا۔
—— اَلَست : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث، یوم میثاق کی صبح۔
—— اَزَل : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث، مخلوق کی پیدائش اول کا وقت، آغاز، وہ وقت جس کی ابتدا نہ ہو۔
—— اُمید/۔ مُراد : (اضافت کے ساتھ) مونث، خوشی کی صبح، عیش کی صبح۔
—— بَنارَس : (اضافت کے ساتھ) مونث، بنارس میں صبح کے وقت گھاٹ پر حسینوں کے نہانے کا منظر انتہائی دل کش ہوتا ہے اس لیے بولتے ہیں۔
—— پیری : (اضافت کے ساتھ) مونث، (کنایتاً) بڑھاپا بڑھاپے کی ابتدا۔
صُبح خیز : (ف) (کنایتاً) زاہد، عابد، صبح سویرے اٹھنے والا۔
—— خیزا/۔ خیزیا : مذکر، بہت سویرے جاگنے والا (۲) چور، گرہ کٹ۔
—— دم/۔ گاہ : (ف) مذکر، گجردم، منہ اندھیرے
—— رستخیز : (اضافت کے ساتھ) مونث، قیامت۔
—— سویرے : علی الصباح، تڑکے۔
—— کا بھولا ہوا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے : (مثل) اگر آدمی بُرے کاموں سے مُتنبہ ہو کر توبہ کرے تو غنیمت ہے، انسان خرابی اٹھا کر بھی سنبھل جائے تو بہتر ہے۔
—— کا تارہ/۔ کا ستارہ : ستارۂ زہرہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے۔
—— کاذب : (اضافت کے ساتھ) صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر کے بعد سپیدۂ صبح نمودار ہوتا ہے۔
—— کاسپیدہ : پو پھٹنے کے وقت رات کی تیرگی کا مائل بہ سپیدی ہونا۔
—— کر دینا : رات گزار دینا، رات کاٹنا، (۲) تڑکا کر دینا۔
صُبح کی پَو پھٹنا : صبح صادق ہونا، سیاہی میں سے سفیدی نکلنا۔
—— گاہ : (ف) علی الصباح، صبح کا وقت۔
—— گاہی : (ف) صبح والا۔
—— مَحشَر/۔ حَشر : (اضافت کے ساتھ) مونث، روز قیامت۔
—— و شام بتانا : حیلہ حوالہ کرنا، ٹالنا۔
صَبر : (ع) مذکر، (۱) برداشت، تحمل، (۲) توقف (۳) کسی صدمے یا حادثے پر خاموشی اختیار کرنا، (۴) نفس کو روکنا (۵) تامل، (۶) تسلی، اطمینان۔
—— ایوبؑ : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) بے انتہا صبر۔
—— پڑنا : مظلوم کی آہ کا اثر پڑنا، خدا کی مار پڑنا۔
—— جمیل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، وہ صبر جس پر ثواب ملتا ہے۔
—— سمیٹنا : بہتان کا وبال اپنے ذمے لینا، ناحق تہمت لگانا۔
—— کر کے بیٹھ رہنا : مایوس ہو کر بیٹھ رہنا۔
—— کرنا : (۱) ناامید ہو جانا، مایوس ہو جانا (۲) برداشت کرنا، تامل کرنا (۳) قناعت کرنا، اکتفا کرنا۔

صَبُر :
—— کی سِل : صبر کا سِل سے استعارہ۔
—— نہ ہونا : کسی خواہش کا ضبط نہ ہونا۔
—— شکر کرنا : کسی مصیبت یا بلا سے ناگہانی پر چیخ دینا تکلیف اور مصیبت میں خدا کا شکر بجا لانا۔
صِبر : (ع) مذکر، ایلوا، ایک دوا کا نام۔
صِبغَتُ اللہ : (ع) مذکر، قدرتی رنگ، دین کا رنگ (۲) خدائی قانون۔
صَبُوحی : (ف) مونث، صبح کو پی جانے والی شراب۔
—— کش : (ف) (کنایتاً) بادہ کش، شرابی۔
صَبی : (ع) مذکر، دودھ پیتا بچہ، لڑکا۔
صَبیّہ : (ع) مونث، دودھ پیتی بچی، لڑکی، دختر۔
صَبیح : (ع) گورا چٹا، ملیح کا مقابل۔

ص - ح

صحابہ : (ع) (جمع صاحب کی) مذکر، اصحاب رسولؐ۔
صحابی : (ع) مذکر، وہ شخص جو اسلام کی حالت میں پیغمبر خدا اعلم کی صحبت میں رہا اور عقیدۃً اسلام پر وفات پائی، (مونث کے لئے صحابیہ)۔
صِحاح : (ع) مونث، جمع صحیح کی۔
—— سِتّہ : (ع) مونث، صحیح حدیثوں کی چھ مشہور اور مستند کتابیں، (۱) بخاری (۲) مسلم (۳) ترمذی، (۴) ابوداؤد (۵) ابن ماجہ (۶) نسائی۔
صحّاب : (ع) مذکر، کتاب کی جلد بنانے والا، جلد ساز۔
صَحافَت : (ع) مونث، اخبار نویسی۔
صَحافی : (ع) مذکر، اخبار نویس۔
صحائف : (ع) مذکر، جمع صحیفہ کی، کتابیں، رسالے
صُحبَت : (ع) مونث، (۱) ساتھ، رفاقت، (۲) دوستی ربط ضبط۔ (۳) جلسہ، مجلس، (۴) ہم نشینی، کسی کے ساتھ نشست برخاست، (۵) ہم بستری خلوت جماع۔
—— اٹھانا : کسی کی صحبت میں رہ کر کچھ سیکھنا، پاس رہنا
—— یافتہ : صحبت سے فیض اٹھائے ہوئے، تعلیم یافتہ، شائستہ۔

صحت : (ع) مونث، (۱) تن درستی، (۲) عیب سے پاک ہونا، درستی، (۳) تصحیح کرنا، عیب سے پاک کرنا۔
—— بخش : شفا دینے والا، مفید۔
—— نامہ : مذکر، کتابوں کا غلط نامہ۔
صحرا : (ع) مذکر، جنگل، بیابان۔
صحرائے اعظم : (ع) مذکر، افریقہ کا بڑا صحرا، جو تین ہزار میل لمبا، ایک ہزار میل چوڑا ہے۔
صحرا گرد/صحرا نورد : (ف) جنگلوں میں پھرنے والا، مسافر۔
صحرائے قدسی : (ف) مذکر، مقام لاہوت۔
صحرائے محشر : (ف) مذکر، میدان قیامت۔
صحرائی : (ف) جنگلی، بیابانی۔
صُحُف : (ع) مذکر، جمع صحیفہ کی۔
صَحن : (ع) مذکر، (۱) آنگن، (۲) رقبہ۔
—— چمن : (اضافت کے ساتھ) مذکر، باغ کا تختہ۔
صحنچی : مونث، دالان کے پہلو والا چھوٹا کوٹھری نما حجرہ جس میں لکڑی کا دروازہ نہیں ہوتا ہے۔
صُحنَک : (ف) مونث، (۱) رکابی، چھوٹا طباق، (۲) حضرت فاطمہؓ کی نیاز، اور اس کی نیاز کے کھانے کو بھی صحنک کہتے ہیں۔
—— سے اٹھ جانا : (کنایتاً) پاک دامن نہ رہنا۔
صَحو : مذکر، ہشیار ہونا، مستی کے عالم سے نکلنا۔
صحیح : (ع) (۱) تندرست، (۲) پورا، کامل، سالم، (۳) ٹھیک، درست بجا۔
صَحیحُ النَسَب (صحی حُن نسب) : (ع) شریف، بے عیب نسب والا۔
—— سالم : (۱) جوں کا توں، پورا اور کامل، (۲) زندہ اور سلامت۔
—— سلامت : زندہ آفات سے محفوظ۔
—— کرنا : (۱) اصلاح دینا، درست کر دینا، (۲) تصدیق

کرنا، دستخط کرنا، (۳) درج حساب کرنا، لکھ لینا، (۴) طبق مارنا، لگانا (۵) (علم کھرے کرنا، (۶) (عو) گواہی شاہدی سے پکا کرنا، تحقیق کرنا۔

گئے سلامت آئے: (عو/محل) (طنزاً) جیسے گئے تھے ویسے ہی چلے آئے نہ کچھ کمایا نہ صرف کیا جیسے یہاں تھے تھے ویسے ہی باہر رہے۔

صحیفہ: (ع) مذکر، کتاب، رسالہ، (۲) نامہ، خط

—— صحیفۂ آسمانی: وہ کتاب جو خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہو۔

—— صدر: (ف) (۱) سو، (۲) توراد کی کثرت کے واسطے۔

—— برگ: مذکر، گیندا۔

—— پا: (ف) مذکر، کھن کھجورا۔

—— چراغ: (ف) مذکر، روشنی کا چوبی یا خشتی ستون جس میں چراغ جلائے جاتے ہیں۔

ص۔ د۔ ر

صدہا: (ف) سیکڑوں، بہت سے۔

صدی: (ف) مونث، سو برس کا زمانہ (۲) سیکڑہ

صدا: (ع) مونث، (۱) آواز، آہٹ، (۲) درویش کے مانگنے کی آواز۔

—— دینا: (۱) فقیر کو آواز لگانا، (۲) بلانے کے لئے آواز دینا، آواز دینا کسی چیز کا۔

—— کرنا/لگانا: فقیر کا بھیک مانگنا، سوال کرنا، فقیر کا آواز لگانا۔

صدارت: (ع) مونث، صدر نشین ہونا۔

صداع: (ع) مذکر، دردِ سر۔

صداقت: (ع) مونث، (۱) راست بازی، خلوص، سچائی، کھرا پن۔ (۲) تصدیق، ثبوت۔

—— کیش: (ف) راستی کا مسلک رکھنے والا۔

صدر: (ع) مذکر، (۱) انسان کا سینہ (۲) مکان کا صحن، سامنے کا رخ، (۳) اعلا مقام، اعلا جگہ۔ (۴) امیر یا میرِ مجلس، چیرمین، (۵) دارالخلافہ، ہیڈ کوارٹر، (۶) علم عروض میں شعر کا پہلا لفظ، (۷) فوج کے رہنے کا مقام، (۸) ملک کا سربراہ۔

—— اعظم: مذکر (اضافت کے ساتھ) دیوانِ اعلیٰ، وزیرِ اعظم۔

صدر

بازار: مذکر، چھاؤنی کا بڑا بازار۔

جمہوریہ: مذکر (اضافت کے ساتھ) جمہوری ریاست کا سربراہ۔

—— مجلس: مذکر (اضافت کے ساتھ) پریسیڈنٹ۔

—— مقام: مذکر، ہیڈ کوارٹر، دارالخلافہ۔

—— مملکت: مذکر (اضافت کے ساتھ) کسی ریاست یا حکومت کا سربراہ پریسیڈنٹ۔

—— نشین: مذکر، میرِ مجلس۔

—— ہر جا کہ نشیند صدر ست: (ف) (مقولہ) لائق آدمی، امیر آدمی، جہاں بیٹھ جائے وہیں قدر و منزلت پائے گا۔

صدری: مونث، ایک قسم کی مرزئی۔

صدف: (ع) مونث، سیپی۔

صدق: (ع) مذکر، سچائی، خلوص۔

—— مقال: مذکر، سچ بولنا، سچائی۔

—— نیت: (اضافت کے ساتھ) مذکر، خلوصِ نیت۔

صدقہ: (ع) مذکر، (۱) خیرات، سر پر سے اتاری ہوئی چیزیں، (۲) (مجازاً) فدا، قربانی۔ (۳) طفیل، بدولت۔

—— اتارنا: کسی چیز کو کسی کے گرد پھرا کر تصدق کرنا۔

صدقۂ جاریہ: (اضافت کے ساتھ) مذکر، ہمیشہ لوگوں کو فیض پہنچانے والی خیرات۔

—— دیا رد بلا: (مثل) خیرات دینے سے بلا رد ہوتی ہے

صدقۂ فطر: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، عیدِ رمضان کا صدقہ۔

صَدقے جانا : نثار ہونا۔
—— کا چراغ : کسی پر سے اُتار کر چوراہے پر رکھا جانے والا چراغ۔
—— کا کوّا : (۱) صدقے میں چھوڑا جانے والا کوّا۔ (۲) (کنایتاً) کالا کلوٹا آدمی۔
—— کرنا : قربان کرنا، نثار کرنا۔
—— کی گڑیا : (۱) بنا سنوار کر چوراہے پر رکھی جانے والی گڑیا، (۲) (ظرافتاً یا طنزاً) بدحیثیت لڑکی یا عورت کا آرائش کرنا۔
—— کے ماش : صحت یابی یا سفر سے واپسی پر صدقہ کیے جانے والے تیل اور ماش۔
—— میں چھوٹنا : (۱) کسی طفیل میں رہائی پانا، (۲) (دوسرے) کے واسطے رہائی پانا۔
صَدمہ : (ع) مذکر (۱) دھکا، ٹکر، ٹھیس، (۲) چوٹ، ضرب، (۳) رنج و غم کی چوٹ (۴) نقصان، ضرر۔
—— پہنچانا : (۱) رنج دینا، دکھ دینا، (۲) آسیب پہنچانا ضرب لگانا (۳) نقصان پہنچانا۔
صَدمۂ جاں کاہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر، جان لیوا صدمہ
—— سہنا : صدمہ اٹھانا، صدمہ کھینچنا، صدمہ برداشت کرنا۔
گزرنا۔ : رنج ہونا، مصیبت پڑنا۔
—— صُدور : مذکر، (۱) صادر ہونا، پہنچنا، (۲) جاری ہونا، نافذ ہونا۔
صَدیق : (ع) دوست، دوستاں، (مفرد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے)
صِدّیق : (ع) نہایت سچّا، (۲) رسول خدا کے خلیفۂ اول حضرت ابو بکرؓ کا لقب، (۳) حضرت یوسفؑ کا لقب۔
صِدّیقہ : مونث، (۱) حضرت عائشہؓ کا لقب۔ (۲) حضرت مریمؑ کا لقب۔
صَراحت : (ع) مونث، وضاحت، تشریح، آشکارا ہونا۔

صَراحتاً : (ع) کھلم کھلا، صاف طور پر۔
صُراحی : (ف) مونث، (۱) شراب یا پانی رکھنے کا ایک خاص قسم کا ظرف (۲) لمبا اور خوش نما۔
—— دار : صراحی کی شکل کا، صراحی نما۔
صِراط : (ع) مونث، (۱) راستہ، (۲) اہل اسلام کے عقائد کے موافق ایک پل جو دوزخ پر قائم ہوگا، وہ بال (اردو میں اسے پل صراط بھی کہتے ہیں)۔
—— مستقیم : (اضافت کے ساتھ) (ف) راہ راست، سیدھا راستہ۔
صَرّاف : (ع) مذکر، (۱) سونا چاندی پرکھنے والا، روپیا پرکھنے والا، (۲) نقدی یا زیور یا پیسوں وغیرہ کا لین دین کرنے والا (۳) پرکھنے والا۔
—— کے سے ٹکے : اُس سودے یا مال کی نسبت بولتے ہیں جو پڑا رہے اور جب چاہیں اس کو بیچ لیں، (۲) (کنایتاً) تھوڑے نفع کا سودا۔
صَرّافا/صَرّافہ : مذکر، (۱) صرافی کا پیشہ (۲) صرّافوں کا بازار، (۳) بنک، کوٹھی۔
صَرّافی : مونث، (۱) روپے پیسے کا بیوپار، (۲) روپیا یا اشرفی کی خوردہ کرائی۔
صَرصَر : (ع) مونث، باد شدید، آندھی۔
صَرَع : (ع) مونث، مرگی، ایک بیماری کا نام۔
صَرف : (ع) مونث، ایک علم کا نام جس سے کلموں کی شناخت اور اول بدل معلوم ہو (۲) صیغوں کی گردان، (۳) مشغول، مصروف، (۴) مذکر، (۴) خرچ کرنا، (۵) بسر۔
—— و نحو : مونث، گرامر، قواعد۔
صَرفی : علم صرف جاننے والا۔
صِرف : (ع) تنہا، اکیلا، فقط۔
صَرفہ : (ع) مذکر، (۱) کفایت شعاری، بخل، (۲) افسوس، دریغ، (۳) خرچ، بے جا خرچ، فضول خرچ۔
صَریح : (ع) ظاہر، آشکارا، صاف۔
صَریحاً : (ع) کھلم کھلا۔

صَرِیْر : (ع) مونث، قلم چلنے کی آواز۔

ص ع غ ف

صَعب : (ع) سخت، دشوار، ناگوار۔
صَعوبت : مونث، دشواری، دقت، مصیبت، تکلیف۔
صُعود : (ع) مذکر، اوپر چڑھنا۔
ـــــ و نزول : اُتار چڑھاؤ۔
صِغار : (ع) مذکر، چھوٹے لڑکے، چھوٹی لڑکیاں۔
صِغر : (ع) مذکر، چھوٹا پن، چُھٹائی۔
ـــــ سِنی : خرد سالی، نابالغی۔
صُغرا : (ع) مونث (۱) منطقیوں کی ایک اصطلاح۔ (۲) حضرت امام حسینؓ کی ایک بیٹی کا لقب۔
صَغیر : (ع) (۱) چھوٹا، اونا، (۲) علم عروض میں ایک بحر کا نام۔
ـــــ سِن : کم عمر، خردسال۔
صَغیرہ : (ع) مونث، (۱) چھوٹی، (۲) چھوٹا گناہ۔
صَغیر و کبیر : مذکر، خرد و بزرگ، چھوٹے بڑے۔
صَف : (ع) مونث، (۱) قطار، فرش، (۲) بوریا چٹائی، (۳) نمازی جس میں سب برابر اور ایک خط پر کھڑے ہوں (جمع صفوف)۔
ـــــ آرائی : (ف) مونث، میدانِ جنگ میں پرابندی۔
ـــــ اُلٹ جانا : لڑائی میں صف کا تتر بتر ہو جانا۔
ـــــ بچھنا : (کنایتاً) ماتم ہونا، کثرت سے آدمیوں کا زمین پر گر جانا۔
ـــــ بستہ : (ف) پڑا جائے ہوئے، قطار باندھے ہوئے
ـــــ بندی : مونث، صفیں قائم کرنا، صفیں جمانا۔
صفدر : (ف) (۱) لشکر کی صف پھاڑنے والا، (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔
صَف : روشن کرنا، (کنایتاً) چراغ جلانا۔
ـــــ شکن : (ف) صف توڑنے والا، بہادر۔
ـــــ کشی : (ف) مونث، میدانِ جنگ میں صف آراستہ کرنا۔
ـــــ ماتم : (اضافت کے ساتھ) مونث، وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے بیٹھیں۔
ـــــ محشر : (اضافت کے ساتھ) مونث، میدانِ حشر میں آدمیوں کی قطار۔
صَفا : (ع) مونث، (۱) صفائی، درستی، پاکیزگی، صاف ہونا جلا، (۲) بے لاگ، بے رعایت، (۳) مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔
ـــــ چٹ کرنا : بالکل مونڈ ڈالنا، صاف کر دینا۔
ـــــ کہنا : (عو) بے لاگ، کھری کہنا، لگی لپٹی نہ رکھنا۔
ـــــ مشرب : (ف) صاف طینت، صاف دل۔
ـــــ صِفات : (ع) (جمع صفت کی) بامذکر، مونث، اوصاف، خوبیاں۔
ـــــ حسنہ : (اضافت کے ساتھ) اچھی صفتیں۔
ـــــ ذاتی : (اضافت کے ساتھ) کسی انسان کی ذات میں پائی جانے والی خوبیاں۔
صِفاتی : صفات سے منسوب، عارضی۔
صَفاً صَفا : ویران، برباد۔
صَفّار : (ع) مذکر، ٹھٹھیرا۔
صفائی : مونث، (۱) صاف ہونا، چھاڑ پونچھ، ہمواری، (۲) سادگی، (۳) چکناہٹ، گھٹائی، (۴) برتیت، بے جُرمی، (۵) گواہی، ملزم کی تائید میں، (۶) صلح، ملاپ، (۷) کھرا پن، صداقت، راستی، دیانت، (۸) حساب کی بے باقی، چکوتا، چکتا، (۹) بے شرمی، بے حیائی، (۱۰) کاٹ چھانٹ، قلع قمع، (۱۱) بربادی، تباہی، (۱۲) جلا، (۱۳) خاتمہ، بالکل نہ رہنا، (۱۴) نیک نیتی، دل کا صاف ہونا، (۱۵) پھرتی، چالاکی، (۱۶) میل کچیل اور غلاظت کا نکال ڈالنا، (۱۷) میل کچیل کا خارج ہو جانا۔
ـــــ کر دینا : (۱) جھاڑ پونچھ دینا، صاف کر دینا، جھاڑ دینا۔ (۲) بے باق کر دینا، ٹھکانا کر دینا، (۳) ٹھکانے لگا دینا، مار دینا، (۴) کھا ڈالنا، اُڑا دینا، برباد کر دینا، خرچ کر ڈالنا، (۵) منہدم کر دینا،

B 41 (ج)

کر دینا
اُجاڑ دینا (۲) قتل کر ڈالنا، کوئی زندہ نہ چھوڑنا۔ (۳) چُکا دینا، فیصل کر دینا۔

صفایا بولنا : صفایا کرنا۔

صفایا کرنا : نیست و نابود کرنا، مٹا دینا۔

صِفَت : (ع/مونث) (۱) خوبی، خاصیت، تعریف، (۲) مانند، مشابہ، مثل، (۳) ایک اصطلاحی حرف وغیرہ۔

ـــــ مُشبّہ : (اضافت کے ساتھ) (ع) وہ صفت جس میں وصفی معنی ہمیشگی کے واسطے پائے جائیں۔

صَفْحہ : (ع) مذکر، ورق کا ایک طرف کا رُخ۔

صَفْحۂ ہستی : (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) (مجازاً) دُنیا۔

ـــــ سے اُٹھنا : دُنیا سے گزرنا، مرنا۔

ـــــ سے نام و نشان مٹا دینا : بالکل ناپید کر دینا، دنیا کے پردے سے ناپید کر دینا۔

صَفَر : (ع) مذکر، مسلمانوں کے دوسرے قمری مہینے کا نام۔

صِفر : (ع) مذکر، نقطہ، نقطے کا نشان۔

صَفْرا : (ع) مذکر، پت، ایک خلط کا نام۔

ـــــ شکن : (ف) صفرا زائل کرنے والا، حرارت زائل کرنے والا۔

ـــــ وی : صفرا سے متعلق، منسوب بہ صفرا۔

صفراوی مزاج : زیادہ خلط صفرا رکھنے والا مزاج۔

صَفوَت/صِفوَت/صُفُوَت : (ع/مونث) (۱) برگزیدگی (۲) خالص، برگزیدہ۔

صَفَوی : (ع) مذکر، ایران کے ایک شاہی خاندان کا نام

صَفِی : (ع) برگزیدہ، دوست خالص۔

صَفِیُّ اللہ : (مراد) حضرت آدمؑ، اللہ کا خاص دوست۔

صَفِیر : (ع/مونث) سیٹی، پرند کی آواز۔

صَقَلی گر/صَیقَل گر : (ع/مذکر) صیقل کرنے والا، برتنوں پر قلعی کرنے والا۔

صَلا : مونث، دعوت عام کرنا، ضیافت کے واسطے آواز دینا

ـــــ نہ شُد بلا شُد : (مثل) مُنہ لگانا ہی بُرا ہوا۔

صَلائے عام : (ف) مونث، عام دعوت۔

صَلابَت : (ع/مونث) (۱) سختی جو عضلہ یا جگر کے مقام پر ہوتی ہے، (۲) رائے کی سختی، بے جا سختی۔

صَلاح : (ع) مونث، (۱) اچھائی، نیکی، بھلائی، (۲) مشورہ (۳) رائے، تجویز، (۴) ارادہ، منشاء، منصوبہ، (۵) مناسب، موزوں۔

ـــــ اَندیش : (ف) خیر اندیش۔

ـــــ بتانا : رائے دینا، تدبیر بتانا۔

ـــــ کار : (ف) (۱) زاہد، متقی، (۲) شریک مشورہ، مشورہ دینے والا، (۳) اضافت کے ساتھ) کام کی درستی۔

ـــــ وَقت : (اضافت کے ساتھ) قرینِ مصلحت مقتضائے وقت۔

صَلاحِیَت : (ع/مونث) (۱) لیاقت، قابلیت، استعداد، (۲) آہستگی، نرمی۔

ـــــ پر آنا : درستی پر آنا، راہ پر آنا۔

صُلب : (ع) مذکر، نسل، نطفہ۔

صُلبی : سگا، حقیقی۔

صُلح : (ع/مونث) باہمی موافقت، ملاپ، (۲) تصفیۂ باہمی۔

ـــــ کُل : (۱) کسی کے ساتھ دشمنی نہ رکھنا، سب کے ساتھ آشتی سے الگ رہنے والا۔

ـــــ نامہ : مذکر، راضی نامہ۔

صُلحا : (ع) مذکر، (جمع صالح کی)

صَلِّ علےٰ : (ع) صلِّ علےٰ محمدؐ کا مخفف (محمد صلعم پر درود بھیج) مونث، واہ وا، سبحان اللہ، کیا کہنا، شاباش۔ زیادہ ثنا خوانی کے موقع پر۔

صَلعَم : (ع) صلے اللہ علیہ وسلم کا مخفف۔

صَلَوات/صَلَوات : (ع) جمع صلوٰۃ کی) مونث، (۱) درود خدا کی رحمت، (۲) (اردو) کسی چیز یا کسی فعل سے

دست بردار ہونا، باز آنا، بے زار ہونا، (۳) گالی، دشنام۔

صَلْوَاتیں سُنانا : بُرا بھلا کہنا، گالیاں دینا۔

صَلٰوۃ / صَلات : مونث، نماز، دعا، خدا کی رحمت۔

صَلٰوۃُ التَّسبیح : مونث، ایک قسم کی نفل نماز۔

صَلٰوۃُ الخوف : مونث، خوف کے عالم کی نماز، جو لڑائی کے میدان میں پڑھی جاتی ہے۔

صِلہ : (ع) مذکر، (۱) انعام، عطا، بخشش، (۲) بدلہ، عوض۔

صِلۂ رَحم : (اضافت کے ساتھ) مذکر، خویش و اقربا سے محبت کا برتاؤ رکھنا۔

صَلیب : (ع) مونث، (۱) سول، (۲) نشانِ چلیپا + (۳) عیسائیوں کا مقدس نشان، (۴) دار۔

(ص۔م، ن، و)

صُمٌّ بُکمٌ : (بالکل خاموش، صامت و ساکن، وہ شخص جو کسی بات کا جواب نہ دے سکے، بہرا گونگا۔

صَمَد : (ع) (۱) بےنیاز جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اس کے محتاج ہوں، (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔

صَمَدیّت : (ع) مونث، بے نیازی، بزرگی۔

صَمْصَام : (ع) مونث، (۱) کاٹنے والی تلوار، تیز تلوار (۲) (مجازاً) مطلق تلوار۔

صَمغ : (ع) مذکر، گوند۔

صَمیم : (ع) خالص، سچا۔

صَنادید : (ع) (جمع صندید کی) مذکر، بزرگ لوگ، سردار

صَنّاع : (ع) کاریگر، نہایت ہنر مند۔

صَناعَت : مونث، پیشہ، ہنر، دست کاری۔

صَنائعِ بدائع : مذکر، وہ صناعی اور ہنر مندی ہو کلام میں ہو۔

صَندَل : مذکر، ایک خوشبودار لکڑی۔

ــــ رگڑنا : صندل کی لکڑی پتھر پر پانی کے سہارے سے رگڑنا۔

ــــ کا پھایا : گھسے ہوئے صندل میں تر کر کے شوذش قلب مٹانے کے لیے دل پر درد سر دور کرنے کے لیے سر پر رکھا جانے والا کپڑا۔

ــــ کا چھاپا : منقش چوری ہونے پر مسجد میں صندل کا لگایا ہوا چھاپا، مکان کی دیواروں یا طعام نذر کے ظروف پر بنائے ہوئے نشانات۔

صَندَلی : (۱) صندل کے رنگ کا، صندل کی لکڑی کا۔ (۲) مونث، چوکی، کرسی، (۳) ایک خاص قسم کی اونچی تپائی جس پر چڑھ کر سفیدی وغیرہ مکانوں پر پھیرتے ہیں۔

صَندُوق : مذکر، (۱) بکس، اسباب رکھنے کا ظرف، (۲) مُردے رکھنے کا بکس۔

صَندُوقچہ : (ف) مذکر، صندوق کا تصغیر، صندوقچی سے بڑا اور صندوق سے چھوٹا بکس۔

صَندُوقچی : مونث، چھوٹا صندوقچہ، صندوقچہ کی وضع کا

صَنعَت : مونث، (اصطلاح) کلام میں لفظاً یا معناً کوئی خاص زیبائش پیدا کر دینا، (۲) پیشہ، ہنر،

ــــ (دست کاری، ہنر مندی، کاریگری۔

ــــ گر : (ف) پیشہ ور، کاریگر۔

ــــ گری : (ف) مونث، کاریگری۔

صَنعَتی اِنقلاب : (ف) مذکر، وہ انقلاب جو مشینوں کی ایجاد سے یورپ میں آیا تھا۔

صِنف : (ع) مونث، نوع، جنس، قسم۔

صَنَم : (ع) مذکر، (۱) بُت (۲) (مجازاً) معشوق۔

ــــ خانہ / کدہ : (ف) بُت خانہ۔

صَنوبر : (ع) مذکر، ایک پہاڑی درخت کا نام، ایک قسم کا سرو۔

ــــ خرام، ۔ قدر، ۔ قامت : (کنایتاً) معشوق۔

صَواب : (ع) مذکر، درست، درستی، نیکی۔

ــــ اندیش : معقول بات سوچنے والا، بہتری کی رائے سوچنے والا۔

ــــ دید : (ف) مونث، صلاح، تجویز، مصلحت۔

صُوبہ : مذکر، ملک کا متعدد ضلعوں پر مشتمل ایک حصہ، ریاست، (ہندی) پردیش۔

ـــــ داری : مونث، (۱) صوبے کی حکومت (۲) صوبے دار کا عہدہ۔

صَوْت : (ع) مونث، آواز، صدا۔

صَوتیات : (ع) مونث، (لسانی اصطلاح)، علم آواز، آواز شناسی، لفظوں کی ادائیگی سے پیدا ہونے والی آوازوں کا علم، علم الاصوات۔

صُوَر : جمع صورت کی۔

صُوْر : (ع) مذکر، نرسنگا، تُرئی، (۲) قیامت کے روز حضرت اسرافیل کا پھونکا جانے والا صور۔

صُورت : (ع) (۱) پیکر، شکل، (۲) تصویر، (۳) گت حالت، کیفیت، (۴) طرح، وضع، طور، ڈھنگ، (۵) تدبیر، تجویز، موقع، محل، (۶) مانند، مثل، (۷) انداز، قرینہ، آثار، (۸) وضع، لباس، بھیس، رُوپ، (۹) بُت، (۱۰) آثار، علامت، نشان، (۱۱) شغل، مشغلہ۔

ـــــ آشنا : (ف) جان پہچان، روشناس۔

ـــــ باندھنا : (۱) منظر دکھانا، سماں باندھنا، کوئی واقعہ یا حال اس طرح بیان کرنا کہ اس کا سماں آنکھوں کے سامنے پھر جائے۔

ـــــ بیس حالش میرس : (ف) (مقولہ) چہرے مہرے سے حالت ظاہر ہے کچھ کہنے سننے کی ضرورت نہیں۔

ـــــ بگاڑنا : بدصورت کرنا، بدشکل کرنا۔

ـــــ بنانا : (۱) شکل بنانا، تصویر بنانا، (۲) بھیس یا وضع اختیار کرنا، (۳) منہ چڑانا، (۴) خاکہ ڈالنا۔

ـــــ پر پھٹکار برسنا : صورت کا بے حد بے رونق ہونا۔

ـــــ پر جھاڑو پھرے : (بد دعا) نیست و نابود ہو، غارت ہو۔

ـــــ پر جھاڑو پھیرنا : مارے نفرت کے صورت نہ دیکھنا نام نہ لینا۔

ـــــ پرست : (ف) ظاہر پرست۔

بگڑنا : (شکل اختیار کرنا، کام کا ٹھیک ہو جانا۔

ـــــ جسمیہ : (ع) مونث، ہیئت، پیکر، ڈانگ، فارم

ـــــ چڑیلوں کی مزاج پریوں کا : (مثل) بدشکل معذور جو ناز ک مزاجی دکھائے۔

ـــــ حال : (اضافت کے ساتھ) مونث، موجودہ حالات۔

حرام : (ف) ظاہر کا اچھا اور باطن کا خراب۔

ـــــ ساز : مصور۔

ـــــ سوال ہونا : صورت سے حاجت مندی ظاہر ہونا۔

ـــــ گری : صورت بنانا، نقاشی۔

ـــــ نظر آنا : (۱) دکھائی دینا، (۲) مواقع ملنا۔

ـــــ نہ شکل بھاڑ سے نکل : (عو) (مثل) بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً بولتی ہیں۔

صورتِ نوعیہ : (ع) مونث، خصوصیات کی نوعیت، خاص قسم کی خصوصیات

صوری : (صفت) معنوی کا منہ، ظاہری۔

صوف : (ع) مذکر، (۱) قلم کا ریشہ، (۲) دوات میں ڈالا جانے والا کپڑا، (۳) گوٹا بُننے کا بانا، اون، پشم، (۴) زخم میں بھرا جانے والا کپڑا

صوفی : (ع) مذکر، پشم پوش، اون کپڑا پہننے والا۔ غیر حق سے دل صاف کرنے والا، روشن۔

ـــــ صافی : (ف) مذکر، کامل صوفی، پارسا۔

صُوفیانہ : صوفی سے منسوب، سادہ، بے چمک۔

صَوْلت : (ع) مونث، رعب، ہیبت۔

صوم : (ع) مذکر، روزہ۔

ـــــ مریم : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا دن بھر بات نہ کرنے کا روزہ، منسوب حضرت مریم سے۔

ـــــ وصال : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، دن بھر

روزہ رکھ کر شام کو بھی روزہ افطار نہ کرنا اور روزے پر روزہ رکھنا۔

—— وَصَلُوٰۃ : مونث، روزہ۔ نماز۔

صِیام : (ع) مذکر، جمع صوم کی، روزے۔

صَومَعَہ : (ع) مذکر، گرجا۔

صَہبا : (ع) مونث، شراب سرخ۔

صَیّاد : (ع) مذکر، (۱) شکاری، چڑی مار، ماہی گیر (کنایتاً) معشوق۔

صِیانَت : (ع) مونث، حفاظت۔

صَیْد : (ع) مذکر، (۱) شکار کیا جانے والا جانور، (۲) مونث، پتنگ بازی یا کبوتر بازی، بٹیر بازی کی جنگ۔

—— اَفگن / ـر۔ اَفگنندہ : شکار کرنے والا، شکاری۔

صَیْدی : مذکر، کبوتر بازی، پتنگ بازی، بٹیر بازی میں ایک دوسرے کا مقابل، حریف، مقابل دشمن،

—— صِیغہ : مذکر، (اصطلاح صرف) کلمے کی وہ ہیئت جو اس کو حروف کی تقدیم و تاخیر اور حرکات سکنات کی وجہ سے عارض ہوتی ہے، فعل کی گردان کی صورت (۲) شیعوں کا نکاح، (۳) سررشتہ محکمہ

—— پڑھانا : (اہل تشیع) نکاح پڑھانا، ایجاب و قبول کرانا۔

صَیْقَل : (ع) مذکر، مونث، جلا، صفائی۔

—— گر : (ف) جلا کرنے والا، ہتھیار صاف کرنے والا، سان پر چڑھانے والا۔

صَیہُونی : ۱۔ یہودی۔

۲۔ یہودیوں کی ایک عالمی تحریک کا پیرو۔

ض

ض۔ ا

ضاد : مذکر، ضاد معجمہ، ضاد منقوطہ، حساب جمل (ابجد) میں اس کے ۸۰۰ عدد۔

ضابِط : (ع) متحمل، بردبار۔

ضابطہ : مذکر، قاعدہ، دستور العمل۔

—— بُرتنا : دستور رواج کے مطابق کارروائی کرنا۔ قانون پر چلنا۔

ضاحِک : (ع) ہنسنے والا۔

ضارِب : (ع) مارنے والا۔

ضامِن : (ع) مذکر، (۱) کفیل، ذمہ دار، بیچ میں پڑنے والا، کسی کی ضمانت دینے والا (۲) لکڑی کی مضبوطی کے لیے حلقے کی دونوں طرف کی نے کے درمیان کی باندھی ہوئی بچتر (۳) دودھ جمانے کی ترشی۔

(۴) وہ چیز جس کے بغیر دوسری چیز نہ ٹھہر سکے۔

—— دار : (عم) وہ شخص جو ضمانت پیش کرے۔

—— دینا : کسی کو اپنا کفیل یا ذمہ دار بنا کے پیش کرنا۔

—— ہونا : ذمہ دار بننا، کفیل ہونا۔

ضامِنی : مونث، ذمہ داری، کفالت، ضمانت، سپردگی۔

ضائع : (ع) اکارت، غارت، رائیگاں، بے فائدہ۔

—— جانا : (۱) تلف ہونا (۲) رائیگاں جانا (۳) مر جانا

—— کرنا : برباد کرنا، تلف کرنا۔

—— ہونا : (۱) اکارت ہونا، تلف ہونا، بے فائدہ صرف ہونا، (۲) مرنا، فوت ہونا۔

(ض۔ ب)

ضَبط : (ع) مذکر، جوش کی روک، تحمل، برداشت، (۲) انتظام، بندوبست۔

—— کرنا : (۱) روکنا، جایداد کا فرق کرنا، (۲) جوش روکنا، تلخ بات کا جواب نہ دینا، غصہ نہ کرنا، آنسو نہ گرنے دینا، درد کے موقع پر اُف نہ کرنا، نالہ وفریاد نہ کرنا (۳) غصہ کو روکنا۔

ضبطی : مونث، قرقی، چھین لینا۔

میں آجانا : مال یا جایداد کا فرق ہو جانا، چھن جانا

(ض۔ح۔خ)

ضحیٰ/ضحا : (ع) دوپہر، دن چڑھے۔

ضحاک : (ع) (۱) بہت ہنسنے والا، (۲) ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام۔

ضخامت : (ع) مونث، جسامت، حجم، لمبائی چوڑائی اور موٹائی۔

ضخیم : (ع) بڑا حجم رکھنے والا۔

(ض۔د)

ضد : مونث، (۱) مخالف، خلاف، برعکس (۲) کینہ، دشمنی، مخالفت، (۳) ہٹ، سینہ زوری، اصرار۔

—— رکھنا : کینہ رکھنا، مخالفت رکھنا، نیز رکھنا۔ (۲) کسی کے اصرار وہٹ کو رد نہ کرنا۔

—— کرنا : (۱) اصرار کرنا، ہٹ کرنا، (۲) تکرار کرنا، جھگڑنا۔

ضدم ضدا : (عو) مونث، ایک کے دوسرے کے خلاف ہونا۔

ضدی : (عو) مونث، ہٹیل، اڑیل، ہٹ کرنے والی عورت۔

ضدی : (۱) ضد کرنے والا، ہٹی۔

ضدین : (ع) مذکر، ایک دوسرے کی مخالف دو چیزیں

(ض۔ر)

ضرار : (ع) مونث، مسجد ضرار، مدینے میں وہ مسجد جو منافقوں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ستانے کے لیے تیار کی تھی، خدا تعالیٰ نے اس کے گرا دینے کا حکم فرمایا۔

—— ضرب : (ع) مونث، (۱) مار، صدمہ، چوٹ، (۲) ٹھپا، مہر، (۳) شمشیر کی چوٹ، کسی آلے کی چوٹ، (۴) علم حساب کی ایک اصطلاح، (۵) ضرر نقصان، (۶) دل کی زبان سے اللہ اللہ کرنا، (۷) بیان، (۸) اصطلاح علم عروض میں بیت کا آخری رکن۔

—— آنا : چوٹ آنا، دھکا لگنا۔

چلیپا : (اضافت کے ساتھ) ایک خاص قسم کی آڑی ضرب

ضرب المثل : مونث، کہاوت۔

—— ہونا : مشہور ہونا، کہاوت کی طرح مشہور ہونا۔

ضرب پڑنا : (۱) ہتھیار یا لاٹھی کی چوٹ پڑنا، (۲) آفت آنا، ناگہانی صدمہ پہنچنا۔

—— خفیف : (اضافت کے ساتھ) مونث ہلکی چوٹ، ہلکی ضرب

—— شدید : (اضافت کے ساتھ) مونث، سخت چوٹ، مہلک ضرب، سخت نقصان۔

—— ضربیں لگانا : (اصطلاح صوفیوں کی) اللہ کا نام اس طرح لینا کہ دل پر چوٹ لگے۔

—— مرکب : مونث، ایک قسم کی ضرب (اصطلاح علم حساب)

—— مفرد : (اضافت کے ساتھ) مونث، سادہ ضرب ضرب غیر مرکب۔

—— وقسمت : ضرب اور تقسیم۔

ضربات : (ع) مذکر، جمع ضربت کی۔

ضربت : (ع) مونث، چوٹ، زد۔

ضرر : (ع) مذکر، زیان، نقصان۔

—— رساں : نقصان پہنچانے والا، مضر۔

ضرغام : (ع) مذکر، شیر، درندہ۔

فلک : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، برج اسد۔

ضرور : (ع) ضرورت کا مخفف، (۱) ناگزیر، واجب، لازم، فرض، (۲) (طنزاً) بے شک، ہرگز نہیں۔

ضرور

ـــ ضرور/ بالضَّرُور : تاکید ضرور کی۔
ضَرورَت : (ع) مونث، کمی، حاجت، احتیاج۔
ـــ کے وقت گدھے کو باپ بناتے ہیں : (مثل) ناچاری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے، ناچاری کے وقت اونا لوگوں کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔
ـــ مَنْد : حاجت مند، مفلس۔
ضَرورِیُ الاظہار : (ضروری اُل اظہار) جس کا ظاہر کرنا لازمی ہے۔
ضَرُوریات : مذکر، جمع ضروری کی، کسی کام کے لیے لازم چیزیں یا افعال۔
ضریح : (ع) مونث، (۱) ایک قسم کا تعزیہ (مُربّع کوٹھی کے انداز کا)، (۲) قبر پر لگائی جانے والی سہری۔ (ض۔ع۔م، و، ے)
ضَعف : (ع) مذکر، سستی، ناتوانی، کمزوری۔
ـــ بَصارت/ ـ بَصَر : (اضافت کے ساتھ) مذکر، آنکھوں کی روشنی کم ہونا۔
ضَعیف : (ع) سست، کمزور، بوڑھا۔
ـــ ضعیفُ الاعتقاد (ضعیفُل اعتقاد) : سست اعتقاد، وہ شخص جس کے اعتقاد کا بھروسا نہ ہو۔
ضَعیفُ البُنیان (ضعیفُل بُنیان) : جس کی بنیاد کمزور ہو۔ (مجازاً) انسان۔
ضَعیفی : مونث، کمزوری، بڑھاپا۔
ضَغطہ/ ضُغطہ : (ع) مذکر، سختی، مشقت، تنگ گشمکش۔
ضَلالَت : (ع) مونث، گمراہی، کج راہی۔
ضِلع : (ع) مذکر، (۱) خط، لکیر (۲) صوبے یا ریاست کا حصہ، جزو (۳) ذومعنی بات، جگت، رعایتِ لفظی (۴) پہلو۔
ـــ جگت : مونث، رعایتِ لفظی کے ساتھ پہلودار بات
ضم/ ضَمّہ : (ع) مذکر، (۱) ملانا، شامل کرنا۔ (۲) پیش (و)
ضِماد : (ع) مذکر، لیپ، دوا کو پانی یا کسی دقیق شے میں ملا کر بدن پر لگانا۔

ضَمانَت : (ع) مونث، ذمہ داری، کفالت۔
ـــ کرنا۔ ضامنی دینا، ضامن ہونا۔
ضَمانَتی : ضامن، کفیل، ذمہ دار۔
ضَمائِر : (ع) مذکر، مونث، جمع ضمیر کی۔
ضِمن : (ع) مذکر، (۱) اندرون، اندر، شمول، شرکت (۲) (قانون) باب، فصل، دفعہ، مضمون، فقرہ۔
ضِمناً : اشارتاً، کنایتاً، در پردہ۔
ضَمّہ : (ع) مذکر، دیکھو ضم۔
ضَمیر : (ع) مونث، (۱) دل، (۲) راز، بھید، (۳) وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو۔
ـــ آگاہ/ ـ داں : (ف) دل کے حال کا واقف، پوشیدہ راز دا جاننے والا۔
ـــ پھیرنا/ ـ راجع ہونا : جس اسم کی جگہ ضمیر آئی ہے اُس اسم کی طرف ضمیر سے اشارہ ہونا۔
ضَمیمہ : (ع) مذکر، وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگا دیں۔ تتمہ، تکملہ، اضافہ۔
ضَو : (ع) مونث، روشنی، آفتاب کی روشنی۔
ـــ ریز/ ـ فگن : روشنی پھیکنے والا۔
ـــ فشاں : (ف) منوّر، روشن۔
ضَوابِط : (ع) جمع ضابطہ کی، مذکر، قواعد، قوانین۔
ضِیا : (ع) مونث، (۱) آفتاب کی روشنی، (۲) رونق۔
ـــ بار/ ـ فشاں : روشنی پھیلانے والا۔
ـــ پاش/ ـ گستر : (ف) روشنی پھیلانے والا۔
ـــ ضیافَت : (ع) مونث، مہمانی، دعوت۔
ـــ ضَیغَم : (ع) مذکر، (۱) پھاڑنے والا شیر۔ (۲) (کنایتاً) جری، بہادر۔
ضِیق : (ع) مونث، (۱) تنگی، مکان کی تنگی، (۲) دقت، دشواری
ضِیقُ النَّفَس (ضیقُن نفَس) : مذکر، سانس کا تنگی سے آنا جانا، دمے کی بیماری۔
ـــ میں آنا/ ـ ہونا : تنگ ہونا، عاجز ہونا، گھبرانا۔
ـــ میں جان ہونا : بے حد پریشان ہونا۔

ط

طوے : مونث، طائے حطی، طائے مہملہ، غیر منقوطہ، حساب جمل (ابجد) میں اس کے نو عدد مقرر ہیں۔

طاب : (ع) (صف)، (۱) خوش بودار (۲) عمدہ، خوش گوار، نفیس (۳) دل پسند (۴) صاف ستھرا۔

—— **ثراہ** : اس کی قبر خوشبودار ہو، یعنی اس کی روح کو سکون اور خوشی نصیب ہو۔

طابع : (ع)، مذکر، چھاپنے والا (انگ : پرنٹر)

طابہ/طیبہ : مدینہ منورہ کے نام۔

طارق : (ع) مذکر، (۱) رات کو ظاہر ہونے والا، رات کا مسافر (۲) وہ ستارہ جو صبح کو نکلتا ہے۔ (قلیل الاستعمال)

طارم : مذکر، لکڑی کا گھر، بالاخانہ، کوٹھا۔

اَطفر : (اضافت کے ساتھ) (ف)، مذکر آسمان۔

طاری : (ع)، چھا جانے والا، غالب ہونے والا۔

—— **ہونا** : چھانا، کسی کیفیت کا غالب ہونا۔

طاس/تاس : مذکر، (۱) بڑا تھال (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

طاعت : (ع) مونث، فرماں برداری، بندگی۔

طاعن : (ع)، طعنہ دینے والا۔

طاعون : (ع) مذکر، ایک مشہور متعدی مرض کا نام۔

طاغی : (ع)، سرکش، مالک کا نافرمان۔

طاق : (ع) مذکر، (۱) دیوار کی محراب دار ڈاٹ۔ (۲) جو جفت نہ ہو (۳) فرد، لاثانی (۴) مکان کے دیواروں میں چیزیں رکھنے کے لیے بنائی ہوئی جگہیں

—— **اَبرو** : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) ابرو کا طاق سے استعارہ۔

—— **بھرنا** : مسجد یا کسی بزرگ کے مزار کے طاق میں پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا۔

—— **پر رکھنا** : (کنایتاً) الگ کرنا، کسی کام کا خیال چھوڑ دینا، بھول جانا۔

—— **پر رکھنا رہنا** : بے کار ہونا، بے اثر ہونا، نکما اور ناکارہ ہو جانا۔

طاقچہ : (ف) مذکر، چھوٹا طاق۔

—— **فراموش/فراموشی** : (اضافت کے ساتھ) جس جگہ کوئی چیز رکھ کر بھول جائیں۔

—— **کرنا** : یکتا کرنا۔

—— **نسیاں** : (اضافت کے ساتھ) (ف)، مذکر، نسیاں کا طاق سے استعارہ۔

طاق وجفت : (ف)، مذکر، ایک قسم کا جوا۔

طاق ہونا : (۱) ماہر ہونا، یکتا ہونا (۲) جاتا رہنا۔ زائل ہونا۔

طاقت : (ع) مونث، (۱) توانائی، زور، بل (۲) مجال، حوصلہ، بساط، ظرف، (۳) مقدور مقدرت، (۴) سلطنت، حکومت۔

—— **آزمائی** : مونث، زور آزمائی، زور لگانا۔

—— **سلب ہونا** : طاقت جاتی رہنا۔

—— **کا جواب دینا** : طاقت نہ رہنا۔

—— **مہماں نداشت خانہ بہ ہماں گزاشت** : (مقولہ) کسی کے یہاں کوئی مہمان آئے اور صاحب خانہ مہمان داری کے موقع سے ٹل جائے۔

—— **ور** : زور آور، توانا، پہلوان۔

طاقہ : (ف) مذکر، اونی یا ریشمی کپڑے کا تھان۔

طاقی : (ف) مونث، ایک قسم کی طاق نما لمبی ٹوپی۔ (۲) بھینگا، اَحول، (۳) وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو۔

طال اللہ عمرہٗ : (دعا) خدا عمر دراز کرے۔

طالب : (ع) خواست گار، طلب کرنے والا، ڈھونڈنے والا، مشتاق۔

طالبات ؛ علم حاصل کرنے والی لڑکیاں (جمع طالبہ کی)
—— **علم** ؛ علم سیکھنے والا۔
طالبِ دمطلوب ؛ محبّ و محبوب، نکلنے والا (۲) بخت، نصیبا، قسمت۔
—— **آزما** ؛ نصیب آزمانے والا۔
—— **بے دار** ؛ (اضافت کے ساتھ) مذکر (۱) خوش قسمتی، (۲) (کنایتاً) معشوق۔
—— **جاگنا / ۔ چمکنا** ؛ (کنایتاً) قسمت کھلنا، نصیبا جاگنا
—— **خوابیدہ** ؛ (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، سویا ہوا نصیبا، بدقسمتی۔
—— **شناس** ؛ نجومی، قسمت کا حال بتانے والا۔
—— **کرنا** ؛ قسمت کا موافق ہونا، کسی کی قسمت سے۔
—— **مند / ۔ ور** (ف) صاحب نصیب، بختاور۔
طالوت ؛ (ع) مذکر، بنی اسرائیل کے ایک سردار کا نام
طامات ؛ مونث، (۱) بڑبڑ کار صوفیوں کے لاف و گزاف (۲) گپ بازی۔
طامع ؛ (ع) لالچی، حریص۔
طاہر ؛ (ع) پاک، صاف۔
طائر ؛ (ع) مذکر، اڑنے والا، پرند۔
—— **بسمل** ؛ نیم جان پرندہ، آدھا ذبح کیا ہوا پرندہ۔
—— **رنگ** ؛ (اضافت کے ساتھ) رنگ کا طائر سے استعارہ۔
—— **روح** ؛ (اضافت کے ساتھ) روح کا طائر سے استعارہ
—— **سدرہ / ۔ عرش / ۔ قدس / قدسی** ؛ (اضافت کے ساتھ) مذکر، (کنایتاً) جبرئیلؑ۔
—— **قبلہ نما** ؛ (اضافت کے ساتھ) مذکر، قبلے کا رُخ بتانے والی مقناطیسی سوئی۔
طائرانہ ؛ (ع) صف، پرندے کی طرح، پرندے کی مانند۔
—— **نگاہ ڈالنا** ۔ سرسری طور پر دیکھنا، اچٹتی نگاہ ڈالنا
طائفہ ؛ (ع) مذکر (۱) گروہ، فرقہ، قوم، جماعت۔ (۲) طوائف، رقاصہ اور اس کے ساتھی ناچنے والوں کا گروہ۔

طاؤس ؛ (ع) مذکر (۱) مور (۲) مور کی شکل کا ایک ساز۔
—— **کا کوکنا** ؛ مور کا چلانا، بولنا۔
—— **کی مستی** ؛ تھوڑی دیر رہنے والی مستی۔
طاؤسی ؛ طاؤس کے رنگ کا۔
رقص ؛ مذکر، مور کے ناچ سے مشابہ ایک قسم کا ناچ
طائی / طے ؛ (ع) مذکر، عرب کے ایک سخی قبیلے کا نام، جس میں حاتم طائی کو سخاوت میں بہت زیادہ شہرت حاصل ہے۔

(ط۔ب)

طب ؛ (ع) مونث، حکمت، یونانی علاج معالجے کا علم۔
—— **جسمانی** ؛ (اضافت کے ساتھ) مونث، جسم کے متعلق امراض کے تشخیص و معالجہ کرنے کا علم۔
—— **روحانی** ؛ (اضافت کے ساتھ) مونث، روح کی بیماریوں کا علاج کرنے کا علم، علم اخلاق۔
طبابت ۔ ؛ (ع) مونث، علاج کرنا، ڈاکٹری۔
طبیب ؛ (ع) بدن کا علاج کرنے والا، ڈاکٹر، حکیم۔
—— **حاذق** ؛ (ف) مذکر، عقلمند اور تجربہ کار حکیم۔
طباخ ؛ (ع) مذکر، باورچی۔
طباشیر / تباشیر ؛ مونث، جنس لوچن۔
طبا طبا / طبا طبائی ؛ مذکر، حضرت اسماعیل بن ابراہیم بن حسنؑ بن علیؓ کے سلسلے کے سادات۔
طبّاع ؛ (ع) ذکی، تیز طبیعت۔
طباعی ؛ مونث، ذہانت، طبیعت کی تیزی۔
طباعت ؛ (ع) مونث، چھپائی، (انگ: پرنٹنگ)
طباق ؛ (ترکی) مذکر، بڑی رکابی، تھالا، تھالی۔
—— **سا منہ** ؛ چوڑا چکلا گول چہرہ۔
طباقی کتا ؛ (عو) دہلی، مفت خورا، دوسرے شخص کی روٹیاں توڑنے والا، طفیلیا۔

طَبَائع : (ع)، مذکر، مونث، جمع طبیعت کی۔
طَبخ : (ع) مذکر، پکنا۔
طَبع : (ع)، مونث، (۱) خصلت، مزاج، طبیعت، فطرت (۲) چھاپنا۔
—— آزمائی : مونث، امتحان، طبیعت کی جودت اور رسائی کا۔
—— رسا/رواں : (اضافت کے ساتھ) مونث تیز طبیعت تیز ذہن۔
—— زاد : (ف)، طبیعت سے نکالا ہوا، اپنی ایجاد یا اختراع۔
—— کرنا : چھاپنا، شائع کرنا۔
طَبعی : (ع)، طبیعت سے منسوب، قدرتی، ذاتی، نیچرل۔
طَبَق : (ع)، مذکر، (۱) موافق، مطابق (۲) تھالی، بڑی رکابی (۳) چپٹی، (۴) طبقہ، تختہ، (۵) درجہ، منزل۔
—— اُلٹ جانا : (۱) کسی خاندان میں زوال آنا، (۲) طبقہ الٹ جانا۔
—— طَبَقات : (ع) جمع طبقہ کی، مذکر، طبقے۔
—— الأرض : (طب قائل ارض) زمین کے طبقے، زمین کی تہیں۔
طَبَقہ : درجہ، منزل، تختہ۔
—— اُلٹ جانا : کسی ملک یا ولایت کا تہ و بالا ہو جانا، تہس نہس ہو جانا۔
طبقاتی کشمکش (طب قاتی کش مکش) مونث، (اشتمال اصطلاح) سماج کی اقتصادی ناہمواری کی وجہ سے مختلف طبقوں میں بے چینی۔
طَبَل/طَبْل : (ع)، مذکر، بڑا ڈھول۔
—— جنگ : (اضافت کے ساتھ) جنگ کا طبل، نقارہ۔
—— کا ہاتھی : (دہلی) جلوس کا وہ ہاتھی جس پر نقارہ رکھا ہوا ہو۔
طَبلچی/طَبلیا : مذکر، طبلہ بجانے والے۔
طَبلہ : (ف) مذکر، (۱) ڈبا، صندوقچی (۲) ایک خاص قسم کی ایک رخی ڈھولک۔
—— پر تھاپ پڑنا : طبلہ بجنا۔
طَبیعَت : (ع) مونث، (۱) مزاج، خاصیت، (۲) خصلت، عادت، طینت۔
—— آنا/۔ آجانا : (۱) (کنایتاً) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، راغب ہونا، (۲) دل کا آمادہ ہونا، مائل ہونا۔
—— اُتھل پتھل ہونا : (محاورہ) طبیعت بے قرار ہونا۔
—— اُچٹنا/۔ اُچاٹ ہونا : دل بے زار ہونا، اکتا جانا۔
—— باغ و بہار ہونا : طبیعت خوش ہونا، طبیعت کا رنگین ہونا۔
—— بحال ہونا : افاقہ ہونا، تندرستی ہونا، طبیعت کا خوش ہونا۔
—— پر بوجھ/زور ڈالنا : (کنایتاً) غور و فکر کرنا۔
—— پر رکھ لینا : مصمم ارادہ کر لینا۔
—— پر گرانی آنا/۔ پر گرانی ہونا : (کنایتاً) ناگوار ہونا
—— پھیکی ہونا : (۱) بیمار ہونا، (۲) اُمنگ باقی نہ رہنا۔
—— ٹھہر جانا/۔ ٹھہرنا : تسکین ہونا، تسلی ہونا، افاقہ ہونا۔
—— ٹھکانے ہونا : طبیعت اک سو ہونا۔
—— ثانیہ : (اضافت کے ساتھ) مونث، دوسری طبیعت (کنایتاً) عادت، مزاج کا انداز پیدا کر لینے والی عادت۔
—— حاضر ہونا : طبیعت کا کسی کام کی طرف مائل ہونا۔
—— دار : شوخ، ذہین، ہوشیار، زود فہم۔
—— رُندھنا : طبیعت افسردہ ہونا۔
—— رنگ پر آنا : طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا۔
—— رواں ہونا : طبیعت میں تیزی ہونا، کسی کام میں نہ رُکنا۔
—— سنبھلنا : بیمار کی طبیعت درستی پر آنا۔
—— کا رنگ : طبیعت کا انداز۔
—— کا قبول کرنا : طبیعت کا موافق ہونا، کسی بات کا پسند کرنا۔

طَبیعَت :
—— کا لہرانا/۔ کا لہریں لینا طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا۔
—— ہونا : (عو) رغبت ہونا، جی چاہنا۔
—— کا مائل کرنا : جی مُتلانا۔
—— گدگدانا : طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا۔
—— کرانا : طبیعت پر زور ڈالنا۔
طبیعی : حکمت کے ایک فن کا نام، جس میں اجسام کے تغیر و تبدل اور اُن کی خاصیت کا حال درج ہو۔
طپاں/تپاں : (ف) تڑپنے والا۔
طپانچہ : مذکر، (۱) چھپّر، (۲) تیز ہوا کا جھونکا
طپش/تپش : مونث، (۱) گرمی کی شدّت، تمازت جلن، (۲) (مجازاً) جوش، غصہ۔
طحال : (ع) مونث، تلی۔
طرّار : (ع) (۱) تیز زبان، چالاک، شوخ (۲) جیلگر۔
طرارا : مذکر، چوکڑی، کلانچ۔
—— بھرنا : کلانچیں مارنا، بھاگنا۔
طرارے بھرنا : (۱) فرفر پڑھنا، (۲) سرپٹ دوڑنا، تیز بھاگنا۔
طَراوَت : (ع) مونث، (۱) تازگی، (۲) ٹھنڈک، خنکی (۳) تری، رطوبت، تراوٹ۔
—— آنا : ٹھنڈک پیدا ہونا۔
—— بخشنا : تازگی دینا، فرحت دینا۔
طَرَب : (ع) مونث، خوشی، خوشی، انبساط۔
—— انگیز/۔ خیز/۔ سنج/۔ فزا : نشاط بڑھانے والا۔ فرحت بخشنے والا۔
طرب گاہ (طربگاہ) : خوشی کا مقام، عیش کی جگہ۔
طَرح : مونث، (۱) تفریق نکالنا، (۲) بنیاد، جڑ (۳) وضع، انداز، طرز، (۴) حالت، کیفیت قسم، (۵) مانند، (۶) وہ مصرع جو غزل کہنے کے لیے ردیف قافیہ بحر بنانے کو مقرر کیا جائے۔
—— اُڑانا : کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا، ہو بہو نقل کرنا۔
—— پر پڑھنا : طرح پر غزل پڑھنا، طرحی غزل پڑھنا۔
—— دار/۔ وضع دار، خوب صورت، بانکا، نازو انداز والا۔
—— دے جانا : ٹالنا، چشم پوشی کرنا، درگزر کرنا۔ پروائی کرنا۔
—— ڈالنا : بنیاد ڈالنا، تدبیر کرنا۔
طَرحی غزل : مونث، طرح میں کہی ہوئی غزل۔
طَرز : (ع) مذکر، مونث، (۱) روش، انداز، ڈھنگ، طریقہ، (۲) خو، خصلت۔
—— اُڑانا : انداز سیکھنا، کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا۔ کسی کی وضع کی نقل کرنا۔
—— تحریر : عبارت لکھنے کا ڈھنگ۔
طَرَف : (ع) مونث، (۱) کنارہ، (۲) جانب، عوض۔ رُخ، سمت، (۳) پاس، لحاظ، پاسداری، پخ۔
—— اوّل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (قانون) مُدّعی مستغیث۔
—— ثانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (قانون) فریق مخالف مدعا علیہ۔
—— دار : ساتھی، مددگار، پاسداری کرنے والا۔
طَرفَین : مذکر، دونوں طرف، دونوں جانب، مدعی و مدعا علیہ۔
طَرفگی : (ف) مونث، نرالا پن۔
طُرفہ : (ع) (۱) نیا، عجیب، انوکھا، نادر، (۲) عجیب بات۔
—— تماشا : مذکر، عجیب و غریب تماشا۔
—— ماجرا : انوکھا واقعہ، تعجب کی بات۔
طَرفۃُ العَین (طَرفِ فتحِ عین) (ع) لمحہ بھر، دم بھر، ذرا سی دیر۔

طُرّہ : (ع، مذکر، ا) لٹ، زلف، کاکل، سر کے بل کھائے ہوئے بال، سر کے بالوں کی لٹ، (۲) مُقیش کے تاروں کا گچھا، (۳) ٹوپی کا پھندنا، (۴) جانور کے سر کی چوٹی، (۵) پھندنا، گچھا، (۶) انوکھی بات، بھلائی، خوبی، (۷) ایک قسم کا سُرخ و زرد پھول، (۸) انوکھا، عجیب

—— پینا : بھنگ پینا۔

—— جانا : (محاورہ) رُعب جانا، تحکّم کرنا۔

طُرّۂ دستار : (اضافت کے ساتھ) مذکر، پگڑی کا پھندنا۔

طُرّۂ گُل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دستار میں لگانے کا پھولوں کا گچھا۔

—— لگانا : اضافہ کرنا۔

—— ہونا : اصل سے بڑھ کر ہونا، نائق ہونا، انوکھا ہونا، زیادہ ہونا، بڑھ کر ہونا۔

طریف : (ع) جمع طُرُف کی، مذکر، (۱) مذہب، رواج، شریعت، دستور، (۲) طرز، روش، ڈھنگ۔

طَریقَت : (ع، مونث، (۱) اصطلاحِ تصوف) تزکیۂ باطن، (۲) صوفیہ کا وہ طریقہ جس سے روحانی کمال حاصل ہوتا ہے۔

طَریقہ : (ع) مذکر، (۱) طرز، روش، (۲) قاعدہ، ترکیب، (۳) وضع، مذہب۔

—— بتانا : کسی کام کے کرنے کا ڈھنگ بتانا، ترکیب بتانا قاعدہ بتانا۔

—— برتنا : کسی دستور یا قاعدے پر چلنا، برتاؤ کرنا۔

طَشت / تشت : مذکر، ٹلا، تھال، لگن، ہاتھ دھونے کا ظرف۔

—— اَز بام : (ف) صریح، آشکارا، مشہور، بدنام۔

طَشتری : ا پرچ، چھوٹی پلیٹ۔

—— لگھنا : امراض وغیرہ کے لیے عامل کا چینی کی تشتری پر زعفران سے دعائیں لکھنا۔

طَعام : (ع) مذکر، کھانا۔

طُعم / طَعُم : مذکر، ذائقہ، مزہ۔

طُعمہ : مذکر، (۱) نقمہ، نوالا، (۲) خورش، رزق، (۳) شکاری پرندوں کا کھانا۔

طَعن : (ع) مذکر، مونث، طعن کرنا، ملامت، —— تشنیع، طنز، عیب گیری۔

—— تشنیع : مونث، طعنہ، طنز، آوازہ۔

—— کرنا : آوازہ کسنا۔

طَعنہ تشنہ : (طعن تشنیع) مذکر، لعنت ملامت، بُرا بھلا۔

طَعنہ زن : (ف) طعنہ مارنے والا۔

طعنے تشنے دینا / طعنے دینا، سنانا : برا بھلا کہنا، بُرا بھلا۔

طُغرا : (ترکی) مذکر، (۱) پیچیدہ خط میں نام یا القاب مہروں پر نام کندہ کرانے کا خط، (۲) (کنایتاً) نشان، علامت۔

—— کش / نویس : (ف) طُغرا بنانے والا۔

طُغرائے بدنامی : بدنامی کا نشان۔

طُغرائے ندامت : ندامت کا نشان۔

طُغرل / طغرل : (ترکی) مذکر، خاندان سلجوقی میں سے پہلے بادشاہ کا نام۔

طُغیان : (ع) مذکر، (۱) زیادتی، ظلم، (۲) حد سے گزر جانا (۳) (مجازاً) سرکشی، پانی کا موجیں مارنا، خون کا جوش کرنا۔

طُغیانی : مونث، سیلاب، دریا کا چڑھنا۔

—— پر آنا : سمندر یا دریا میں پانی بڑھنا۔

(ط۔ف)

طِفل : (ع) مذکر، لڑکا، بچہ، شیر خوار۔

طِفلانِ چمن : (ف، مذکر، (کنایتاً) باغ کا سبزہ اور پھولوں کی کلیاں۔
طِفلِ اَشک : (ف) مذکر، (مراد) آنسو۔
طِفلِ دبستاں : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر (۱) وہ شخص جو کسی کے آگے کچھ رتبہ نہ رکھتا ہو، نوآموز، ناتجربہ کار، (۲) مکتب میں پڑھنے والا چھوٹا بچہ۔
—— **مکتب** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر طفلِ دبستاں، ناتجربہ کار۔
طِفلی : مونث، لڑکپن، نادانی۔ کمسنی۔
طُفولیّت : (ع) مونث، لڑکپن، طفلی۔
طُفَیل : (ع) مذکر، واسطہ، ذریعہ، وسیلہ، تصدق
طُفَیلی : بے بلائے کسی کے ساتھ دعوت میں چلا جانے والا۔
طُفَیلیا : مذکر، خوشامدی، طفیلی۔

(ط۔ل)

طِلا : (ع) مذکر (۱) پتلی دوا جو عضو پر مالش کریں (کرنا کے ساتھ) (۲) سونا، ملمع، گلٹ۔
—— **دوز** : (ف) جس چیز پر طلائی کام ہو، سونے کا کام کی ہوئی چیز۔
—— **ساز** : (ف) کیمیاگر۔
—— **کار، باف** : طلا سے نقش و نگار بنائی ہوئی چیز۔
—— **کاری** : مونث، سونے کا کام بنانا، سونے کا کام بنانے کا پیشہ کرنا، (۲) سونے کا کام
—— **کوب** : (ف) (۱) زرکوب (۲) سونے کا ورق بنانے والے لوگ۔
طلائے اَحمر : (ع) مذکر، عمدہ سونا، کندن۔
—— **دست اَفشار** : لا خسرو پرویز کے خزانے کا بیش قیمت مثل موم کے سونا۔
—— **اب** : (ف) مذکر، زرِ خالص، خالص سونا،
طِلائی : (ع) (۱) سونے کا، سنہرا، (۲) زرد رنگ۔ (۳) آفتاب کی صفت میں مستعمل ہے۔
طُلّاب : (ع) مذکر، جمع طالب کی، طالب علم، مبتدی۔
طَلاق : (ع) مونث، عورت کا قیدِ نکاح سے آزاد ہونا۔
—— **بائن** : (اضافت کے ساتھ) مونث، قطعی طلاق تین مرتبہ کی طلاق۔
—— **خُلع** : (اضافت کے ساتھ) مونث، عورت کا مرد سے طلاق لینا۔
—— **رَجعی** : (اضافت کے ساتھ) مونث، وہ طلاق جس کی مدت عدت میں خاوند عورت کو بے جدید نکاح کیے بیوی بنا سکتا ہے۔
—— **کِنایہ** : (اضافت کے ساتھ) اشارتاً دی ہوئی طلاق۔
—— **مغلّظ** : (اضافت کے ساتھ) (ع) قطعی طلاق جس کے بعد بیوی کو لوٹا نہیں سکتے۔
طلاقن : (دہلی) مونث، طلاق دی ہوئی عورت۔
طلاق نامہ : مذکر، طلاق دینے کی تحریر۔
طَلاقت : (ع) مونث، تیز زبانی، چرب زبانی۔
طَلایہ : مذکر، (۱) رات کو حفاظت کرنے والی فوج۔ (۲) سپاہیوں کا رات کا گشت (ایک راؤنڈ)۔
—— **پھرنا** : فوجی گروہ کا شب کو گشت کرنا۔
طَلَب : (ع) مونث، (۱) تلاش، جستجو، (۲) آرزو۔ مانگ۔ (۳) خواہش، لت، دھت۔ (۴) بلاوا، طلبی، (۵) تنخواہ۔
—— **بجھانا، مٹانا** : خواہش دفع کرنا، آرزو پوری کرنا۔
—— **گار** : (ف) خواہش مند، جویاں۔
—— **نامہ** : مذکر، سمن، حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ۔

طلبی : مونث، بُلاوا۔
طلب ورشد : (ع) مونث، بازار میں اشیا کی مانگ اور فراہمی
طلبہ : (ع) (طالب کی جمع) مذکر، طالب علم، شاگرد۔
طلسم مذکر، (۱) جادو کا عجیب و غریب تماشا، مہیب شکل، (۲) بھان متی کا تماشا، جادو۔
—— باندھنا : انوکھی بات کرنا، تعجب انگیز اور حیرت خیز امر ظہور میں لانا۔
—— بَنْد : (ف) سحر یا منتر اور طلسم کے اثر میں مبتلا۔
—— ٹوٹنا (۱) بندھے ہوئے طلسم کا غالب تر افسوں یا اسم سے شکست ہونا، (۲) (کنایتًا) پردہ فاش ہو جانا۔
طلسمات : جمع طلسم کی، مذکر، حیرت میں ڈالنے والا منظر۔
طلسماتی : آفت کا، جادو کا۔
طلسمی : جادو کا، آفت۔
طلعت : (ع) مونث، صورت
طلوع : (ع) مذکر، کسی ستارے کا نکلنا، بلند ہونا، نکلنا۔
طلیعہ : (ع) مذکر، وہ لشکر جو فوج کے آگے آگے دشمن کے اُترنے کی جگہ اور دیگر امور دریافت کرنے کو جایا کرتا ہے، شہر اور لشکر کی مخالفت کرنے والا سپاہ۔
طماع : (ع) لالچی، بہت بڑا لالچی۔
طمانچا/تماچا/طماچہ/طپانچہ : مذکر، (۱) تھپڑ، تماچا، (۲) تھپڑا (۳) چپاتی بڑھانے کے لئے ہاتھ کی تھپکی۔
—— جڑنا/سہی کرنا/لگانا/مارنا/کھینچ مارنا تھپڑ لگانا، طمانچا مارنا۔
طمانیت/طمأنیت : (ع) مونث، اطمینان، دل جمعی

طمطراق : (ف) مذکر، کروفر، شان و تجمل، دھوم دھام، (۲) غرور، ڈینگ۔
طمع : (ع) مونث، لالچ، حرص، چاہ،
—— خام : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث، پوری نہ ہو سکنے والی تمنا۔
طناب : (ع) مونث، خیمے کی رسّی۔
—— اَصَل : (اضافت کے ساتھ) مونث، امید کی رسّی، اُمید کا نہ ٹوٹنا۔
عُمر : (اضافت کے ساتھ) مونث، عمر کی درازی۔
طناب میں کھینچنا : (کنایتًا) دوری کم ہونا، فاصلہ نہ رہنا۔
طنّاز : (ع) (۱) رمز کنایہ میں بات کہنے والا، (۲) ناز سے چلنے والا، شوخ، بے باک۔ (۳) (کنایتًا) معشوق۔
طنبور/طنبورہ : (ع) مذکر، ایک باجا، تنبور۔
—— نواز : (ف) طنبور بجانے والا۔
طنز : (ع) مونث، طعنہ، چوٹ، آوازہ۔
—— آمیز : (ف) طعنہ ملی ہوئی بات۔
طنزاً : (ع) طعنہ سے۔
طنز کسنا : آوازہ کسنا، طعنہ مارنا۔
طنطنہ : (ع) مذکر، (۱) کروفر، رعب داب، دبدبہ، (۲) غصہ، بدمزاجی۔ (۳) فرور، تکبر، گھمنڈ۔ (۴) آن بان، تمکنت۔
—— دکھانا : (ع) حکم جتانا، اترانا، کروفر دکھانا۔

(ط۔و)

طواف : (ع) مذکر، (۱) کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) خانہ کعبہ کے گرد پھرنا۔
طوالت : (ع) مونث، (۱) درازی، لمبائی (۲) زیادتی۔
طوائف : (ع) (جمع طائفہ کی) مونث، ناچنے گانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔

طوائف الملوکی : مونث ؛ بدانتظامی، بدنظمی، انتشار۔
طوبیٰ / طوبا : (ع) مذکر، بہشت کا ایک درخت۔
—— قامت / قد : (ف) (کنایتاً) محبوب،
طور : (ع) مذکر، طرز، ڈھنگ، روش۔
—— پے طور ہونا : (۱) حالت غیر ہونا (۲) حالت دگرگوں ہونا (۳) مرنے کے قریب ہونا (۴) بچپن بگڑنا، حالت ابتر ہونا (۵) موقع بے موقع ہونا۔
—— طریق : مذکر، وضع، چال چلن، رویہ، برتاؤ۔
طور / طور سینا : (ع) مذکر، کوہ طور، سینا، وہ پہاڑ جس پر حضرت موسیٰؑ نے تجلی دیکھی تھی۔
طوس / توس : مذکر (۱) خراسان کے ایک شہر کا نام مشہور، (۲) ایک قسم کا اونی ملا گم دل دار کپڑا۔
طوسی : (۱) طوس کا، طوس کا باشندہ (۲) ایک رنگ کا نام۔
طوطا / توتا : ایک مشہور پرندہ۔
طوطی : مذکر، مونث، ایک مشہور پرندہ۔
طوطیا : دیکھو توتیا۔
طوطیہ : مذکر، تمہید۔
طوع : مونث، رغبت، رضامندی، خوش نودی خاطر۔
طوعاً : رضامندی سے۔
—— وکرہاً : (ع) چاروناچار، جبراً قہراً۔
طوف : (ع) مذکر، طواف کرنا، گرد پھرنا۔
—— حرم / کعبہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر، کعبے کا طواف۔
طوفان : (ع) مذکر، (۱) سیلاب، طغیانی (۲) باد شدید، آندھی (۳) کمال، نہایت (۴) (عو) تہمت، بہتان، الزام (۵) غل، شور، فساد، ہنگامہ، جھگڑا (۶) واویلا، کہرام، (۷) قہر، غضب، آفت (۸) شدت کی بارش۔
—— آنا : سیلاب آنا، شدت سے پانی برسنا، شدت سے ہوا چلنا، تیز آندھی چلنا۔
—— اٹھانا : (۱) کسی پر تہمت لگانا (۲) فتنہ برپا کرنا، ہنگامہ مچانا، غل شور کرنا، واویلا کرنا۔

طوفان :
—— بے تمیزی : (اضافت کے ساتھ / بے عقلی کی باتوں کا مجموعہ۔
—— جوڑنا : (عو) جھوٹا الزام لگانا۔
—— ڈھانا : غضب کرنا۔
—— زا : (ف) سیلاب لانے والا۔
—— مچانا : شور و غل کرنا۔
طوفانی : (۱) طوفان سے منسوب (۲) جھوٹا، مفتری، شریر، بنادی، آفت کا پرکالا۔
طوق : (ع) مذکر، (۱) گلے میں پہننے کا ایک زیور، (۲) مجرموں یا دیوانوں کے گلے میں ڈالا جانے والا بھاری حلقہ (۳) کبوتر فاختہ وغیرہ پرندوں کے گلے کا قدرتی سیاہ گول نشان، (۴) منت کا گنڈا یا چاندی کا حلقہ، ہنسلی۔
—— بڑھانا : (عو) منت کا طوق ادا کرنا۔
—— لعنت : (اضافت کے ساتھ) ف مذکر، لعنت کا ٹوکرا۔
طول : (ع) مذکر، (۱) درازی، (۲) لمبائی (۳) طویل۔
—— البلد (طول بلد) : (ع) مذکر، کسی مقام کا طول میں فاصلہ، خط نصف النہار سے لے کر اس مقام تک۔
—— امل : (اضافت کے ساتھ) ف : حرص دنیا، امید کی طوالت۔
—— پکڑنا : بڑھ جانا، طوالت ہو جانا۔
—— دینا : (۱) بڑھانا، دراز کرنا، عرصہ لگانا (۲) کسی مختصر بات یا معاملے کو بڑھانا۔
—— طویل : بہت لمبا۔
—— عمرہ : (چھوٹوں کے لیے) خدا عمر دراز کرے۔
—— عمل : (اضافت کے ساتھ) عمل کی طوالت۔
—— کلام : (اضافت کے ساتھ) مذکر، زیادہ گوئی۔
—— کھینچنا : دیر لگنا، مدت لگنا۔

طَولاً : (ع) لمبائی میں، درازی میں۔
طولانی : بہت لمبا، دراز۔
طومار : (ع) مذکر، (۱) کاغذوں کا مُٹھا، (۲) جھوٹی باتیں، مبالغہ آمیز بیان یا تحریر (۳) اٹالا، ڈھیر۔
—— باندھنا : جھوٹی بات بڑھا کر بیان کرنا۔ جھوٹ کا پل باندھنا۔
طویل : (ع) (۱) دراز، لمبا (۲) مونث، علم عروض میں ایک بحر کا نام۔
طَویلہ : (ع) مذکر، گھوڑوں کا تھان، اصطبل
طویلے کی بلا بندر کے سر : (مثل) ایک کی آفت دوسرے کے سر، قصور کسی کا اور کوئی مارا جائے
طٰہٰ : (ع)، مونث، قرآن پاک کی ایک صورت کا نام۔
طَہارت : (ع) مونث، (۱) پاکی، صفائی، (۲) وضو۔ (۳) استنجا، آب دست، (۴) غسل۔
طُہر : (ع)، مذکر، حیض سے پاک ہونا، وہ ایام جس میں حیض نہ ہو۔
طَہور : (ع) پاک کرنے والا، پاک۔
طَے : (ع) مذکر، (۱) یمن کے ایک قبیلے کا نام، (۲) قطع مسافت، (۳) فیصلہ، بے باقی، چکوتا، (۴) کوتاہ، مختصر، (۵) ختم کرنا، تمام کرنا۔ پورا کرنا، انجام کو پہونچنا۔
—— کرنا : (۱) لپیٹنا، موڑنا، تہ کرنا، (۲) ختم کرنا، فیصلہ کرنا، نزاع کا رفع دفع کرنا، (۳) قطع مسافت کرنا، (۴) بے باق کرنا۔
طیّار : (ع)، (۱) بہت اڑنے والا (۲) (مجازاً) آمادہ، مستعد، (۳) تیز فہم (۴) حضرت جعفرؓ (ابن ابی طالب) کا لقب۔
طیّارہ : (ع) مذکر، ایک قسم کا فوجی غبارہ، (۲) ہوائی جہاز۔
طیب : (ع) مونث، خوشی، رضامندی۔
طیّب / طَیِّب : پاک، حلال، لذیذ۔
طَیّبات : مونث، پاک عورتیں، پاک چیزیں۔
طیبہ : (ع) مذکر، مدینے کا نام
طَیِّبہ : مونث، پاک۔
طَیر : (ع) مذکر، پرند۔
طَیش : (ع) مذکر، غصہ، قہر، جوش، غضب۔
—— آنا : غصہ آنا۔
—— کھانا : غم و غصہ برداشت کرنا۔
طَیلسان : مونث، اہل عرب کی کاندھوں پر ڈالنے والی چادر۔
طینت : (ع) مونث، سرشت، خو، عادت۔ (انگ : نیچر)
طُیور : (ع) مذکر، جمع طائر کی، پرندے۔

ظ

مونث، ظوے، ظائے معجمہ، ظائے منقوطہ، حساب جمل (ابجد) میں نو سو عدد ہیں۔

(ظ۔ا)

ظالم : (ع)، (۱) ظلم کرنے والا (۲) سنگ دل، (۳) (کنایتاً) معشوق۔
ظالمانہ : ظلم سے بھرا ہوا۔
ظالم کی بیل نہیں بڑھتی : ظالم کی اولاد نہیں بڑھتی۔
کی رسی دراز ہے : (مثل) ظالم کی عمر زیادہ ہوتی ہے ظالم کو مہلت ملتی ہے۔
ظاہر : (ع) (۱) خدا کا نام (۲) کھلی ہوئی بات، صاف صاف معاملہ،

(۳) کھلا ہوا، صاف، عیاں، واضح (۴) صورت، اوپری حال (۵) (کنایتاً) نمائش، دکھاوا۔

ظاہر : ظاہر میں۔

ظاہر باطن ایک سا ہونا/۔ باطن یکساں ہونا۔ دل اور زبان کا موافق ہونا۔

—— بنائے رکھنا : ظاہر آراستہ رکھنا۔

—— بیں : ظاہر دیکھنے والا۔

—— پرست : ظاہری باتوں پر عمل کرنے والا، ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا، دُنیا دار۔

—— داری : جھوٹ، دکھاوٹ کی باتیں، اوپری باتیں۔

—— داری برتنا : دکھاوے کی باتیں کرنا، تکلف برتنا، نمود کرنا۔

—— رحمان کا باطن شیطان کا : (مثل) ظاہر اچھا۔ باطن بُرا۔

—— **ظہور** : ظاہری طور سے ظاہر ہیں، کھلم کھلا، صاف صاف

—— کرنا : (۱) دکھانا، افشا کرنا (۲) تشریح کرنا، وضاحت کرنا، (۳) بتاوٹ سے دکھانا، (۴) اشارے سے نمایاں کرنا۔

—— کی دنیا ہے : (مثل) دکھاوٹ کی دنیا ہے، جس کا دکھلاوا اچھا ہے سب اس کی طرف دار ہیں۔

—— ہونا : واضح ہونا، کھل جانا، مشتہر ہونا، شہرت پانا۔

ظاہری : (۱) دکھاوے کا، ظاہری برتاؤ (۲) کھلا ہوا، بدیہی، ظاہری صورت۔

ظاہریت : (ظاہری۔یت/) : (ع) مونث، (تصوف کی اصطلاح) دنیا پر یقین رکھنے کا مسلک۔

(ظ۔ر۔ف)

ظرافت : (ع) مونث، دل لگی، خوش طبعی، تمسخر۔

—— کا پتلا : بڑا ظریف۔

—— کا پہلو : دل لگی کا انداز۔

—— کی پوٹ : ظرافت کا مجموعہ۔

ظرف : (ع) مذکر، (۱) برتن، (۲) حوصلہ، (۳) گنجائش، سمجھ۔

ظرف :

—— پیدا کرنا : حوصلہ پیدا کرنا۔

—— دیکھنا : حوصلہ دیکھنا۔

—— عالی ہونا : حوصلہ بڑا ہونا۔

—— لبریز ہونا : عمر آخر ہونا۔

ظرفیت : (ع) مونث، ظرف ہونا۔

ظروف : (ع) مذکر، جمع ظرف کی، برتن۔

ظریف : (ع) خوش طبع آدمی دل لگی باز، ہنسی دل لگی کرنے والا، لطیفہ گو۔

—— طبع /۔ مزاج : (ف) خوش مزاج، ہنس مکھ۔

ظفر : (ع) مونث، فتح، کامیابی۔

—— جنگ : مذکر، ایک قسم کا فوجی خطاب۔

—— یاب : (ف) فتح پانے والا۔

(ظ۔ل)

ظل : (ع) مذکر، سایہ۔

—— اللہ/۔ الٰہی/۔ حق/۔ خدا/۔ سبحانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر (۱) خدا کا سایہ (۲) (مجازاً) بادشاہ۔

—— حمایت : (اضافت کے ساتھ) مذکر، حمایت کی پناہ۔

—— ہُما : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ہُما کا سایہ (مشہور ہے کہ جس پر ہما کا سایہ پھر جائے وہ بادشاہ بن جاتا ہے)۔

ظلم : (ع) مذکر، (۱) بے انصافی، زبردستی، اذیت، مصیبت، (۲) کمزور کو ستانا۔

—— اُٹھانا : جور سہنا۔

—— ایجاد کرنا : ستم پیدا کرنا۔

—— پالنا : ظلم کا پرورش کرنا، ستم کو عزیز رکھنا۔

—— پیشہ : (ف) ظلم کرنے کا عادی، دل دُکھانے کا خوگر،

ظُلم : ـــ توڑنا / ـ ڈھانا : سختی کرنا، بہت ظلم کرنا، آفت ڈھانا، قیامت برپا کرنا۔
ـــ دیکھنا : ظلم اٹھانا۔
ـــ رسیدہ : (ف) مظلوم، وہ جس پر ظلم ہوا ہو۔
ـــ کا پھل / ـ کا ثمر : ظلم کا نتیجہ۔
ظُلمی : (صفت) ظالم، ستمگر۔
ظُلمات : (ع) مونث، (۱) وہ تاریکی جو سکندر کو آب حیواں میں ملی تھی، (۲) اندھیرے، تاریکیاں۔
ظُلمت : (ع) مونث، تاریکی، اندھیرا، سیاہی۔
ـــ آباد / ـ سَرا / ـ کدہ / ـ خانہ : (ف) مذکر، (۱) مقام تاریک، (۲) (مجازاً) دُنیا۔
ظَلوم : سخت ظلم کرنے والا۔

ظ ـ ن

ظن : (ع) مذکر، گمان، خیال، رائے۔
ـــ باطل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، گمان بے اصل۔
ـــ بد : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بُرا گمان۔
ـــ غالب : (اضافت کے ساتھ) مذکر، گمان غلط، گمانِ بے ہودہ۔
ـــ ظنّی : (ع) (صفت) قیاسی۔

ظ ـ ہ

ظِہار : (ع) مذکر، فقہ کی اصطلاح میں مرد کا اپنی عورت کو ماں بہن یا اُن عورتوں سے تشبیہ دینا جو شرعاً اس پر حرام ہیں۔
ظُہر : (ع) مذکر، (۱) دوپہر ڈھلے کا وقت، تیسرا پہر (۲) (مونث) مسلمانوں کی دوسری نماز کا نام۔
ظُہرَین : (ع) (تثنیہ ظہر کا) مونث، مسلمانوں کی دو نمازیں یعنی ظہر اور عصر جو ملا کر پڑھی جاتی ہیں۔
ظُہرانہ : (ع) مذکر، دوپہر کے کھانے کی دعوت (انگ، لنچ)
ظِہری : پشت پر لکھا ہوا۔
ظہور : (ع) مذکر، ظاہر، نمایش، دکھاوا۔
ـــ بنائے دَعوا : بنائے مخاصمت پیدا ہونا
ـــ پانا : ظاہر ہونا، وجود میں آنا۔
ـــ میں آنا : کسی امر کا ظاہر ہونا۔
ـــ ہونا : ظاہر ہونا۔
ظہورا : (ع۔عو) مذکر، رونق۔
ظہیر : مددگار، دوست۔

ع

ع : مذکر، عین مہملہ، عین غیر منقوطہ، حساب جُمّل (ابجد) میں ستر عدد ہیں، (۱) رکوعِ قرآن اشارہ (۲) مصرع کا اشارہ (۳) علیہ السلام کا مخفف۔

عابد : (ع) مذکر، عبادت کرنے والا، زاہد، پرہیزگار۔

عاج : (ع) مذکر، ہاتھی دانت۔

عاجز : (ع) (۱) کمزور، ناتواں (۲) بے بس، مجبور (۳) غریب، مسکین

—— آنا : تنگ آنا، مایوس ہونا، پریشان ہونا۔

—— کرنا : تنگ کرنا، مجبور کرنا، زبر کرنا۔

—— نوازی : (ف) مونث، بے کس کی امداد۔

عاجزی : مونث، عجز، انکسار، منت، سماجت، مجبوری

عاجل : (ع) جلد باز، جلد۔

عاد : (ع) مونث، (۱) ایک قوم کا نام جس کے پیغمبر حضرت ہودؑ تھے۔ مذکر (۲) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کر دے۔

—— اعظم : (اضافت کے ساتھ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کر دے۔

عادات : (ع) جمع عادت کی، مذکر، مونث۔

عادت : (ع) مونث، (۱) خو، خصلت، (۲) رسم، ریت، دستور، قاعدہ (۳) طَلَب، کسی چیز کی لت (۴) طبیعت، خاصیت (۵) طور طریقہ۔

عادتاً : (ع) عادت سے، عادت کے طور پر۔

عادل : (ع) منصف، انصاف کرنے والا۔

عادی : خوگر، کسی بات کی عادت پڑ جانا۔

عار : (ع) مونث، (۱) غیرت، شرم، لاج، ننگ، (۲) عیب، بُرائی۔

عارض : (ع) مذکر، (۱) گال، رخسار (۲) (ف) پیش آنیوالا، لاحق ہونے والا۔

عارض :

—— سیمیں : (اضافت کے ساتھ) چاندی کی طرح گال، نہایت خوب صورت چہرہ۔

—— ہونا : ظاہر ہونا، پیدا ہونا، لاحق ہونا۔

عارضہ : (ع) مذکر، مرض، روگ۔

عارضی : (ع) چند روزہ، اتفاقیہ، غیر مستقل۔

عارضیت : مونث، عارضی پن، چند روزگی، غیر مستقل صورت۔

عارف : (ع) (۱) پہچاننے والا (۲) خداشناس، صاحب معرفت ولی۔

عارف باللہ : خداشناس۔

عارفانہ : عارف سے منسوب، عارف کی طرح۔

عاری : (ع) ننگا، خالی، (۲) مجبور، معذور، (۳) زرہ وغیرہ (۴) سادہ نثر

عاری آجانا / ہو جانا : تنگ آجانا، تھک جانا، عاجز آجانا۔

عاریت : (ع) مونث، اُدھار قرض۔

عاریتاً / عاریتی : مونث، بطورِ قرض، چند روز کے لئے، عارضی۔

عازم : (ع) قصد کرنے والا، ارادہ کرنے والا۔

عاشر : (ع) دسواں، شمار میں دسواں حصہ۔

عاشق : (ع) (۱) چاہنے والا فریفتہ (۲) بہت پسند کرنیوالا قائل۔

—— مزاج : (۱) زندہ دل، خوش طبع، رنگیلا (۲) حسن پرست۔

عاشقانہ : (ف) (۱) عاشقوں کا سا (۲) عشق کے مضمون کا۔

عاشقی : مونث، عشق ہونا، محبت، محبوبیت۔

—— خالاجی کا گھر نہیں : (مثل) عاشقی کرنا آسان کام نہیں، مشقت کا کام کرنا آسان نہیں ہے۔

عاشور / عاشورہ : (ع) مذکر (۱) ماہ محرم کی دسویں تاریخ (۲) حضرت امام حسین رضؓ کی شہادت کا دن (۳) محرم کے پہلے دس دن۔

—— **کا دن** : دسویں محرم۔

عاصی : (ع) گنہگار، نافرمان۔

عاطِر : (ع) (۱) خوشبو (۲) (مجازاً) پاکیزہ، نفیس۔

عاطِفَت : (ع) مونث، مہربانی، شفقت۔

عافیت : (ع) مونث (۱) سلامتی، آرام (۲) نیکی، خیریت۔

—— **تنگ کرنا** : آسایش میں خلل ڈالنا، عیش تلخ کرنا۔

—— **تنگ ہونا** : زچ ہونا تنگ ہونا۔

عاق : (ع) نافرمان، سرکش، ماں باپ کا حکم نہ ماننے والا

—— **کرنا** : فرزندی سے الگ کرنا۔

—— **نامہ** : مذکر، فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز۔

عاقِبَت : (ع) مونث (۱) خاتمہ، انجام، نتیجہ (۲) آخرت عقبیٰ۔ (۳) آخر کار، بالآخر (۴) زمانہ آیندہ۔ (۵) قیامت کا دن۔

—— **اَندیش** : (ف) دور اندیش، انجام بیں، ہوشیار

—— **بخشوانا** : خدا سے مغفرت کرنا۔

—— **بخیر ہونا** : انجام اچھا ہونا۔

—— **کا توشہ** : (مُراد) اعمالِ نیک سے۔

—— **کے بور یے سمیٹنا** : (کنایتاً) بہت بوڑھا ہوکر مرنا۔

—— **گندی کرنا** : عاقبت بگاڑنا۔

عاقبتی جوڑا : (عو) مُردے کے ثواب کے لئے خیرات کرنے کا جوڑا۔

عاقِل : (ع) مذکر، عقل مند، دانا۔

عاکِف : (ع) اعتکاف کرنے والا۔

عالَم : (ع) خدا تعالیٰ کے سوا سب چیزیں، انواعِ مخلوقات (۲) جہان، زمانہ، دُنیا (۳) صورت، گت (۴) طور، طریق، ڈھنگ (۵) کیفیت، لطف، (۶) بہار، روپ، رونق، (۷) مانند، نظیر۔

عالَمِ اب : (اضافت کے ساتھ / ف) مذکر، جہاں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آئے۔

—— **آرا** : دنیا کو آراستہ کرنے والا۔

—— **آشنا** : جگت آشنا۔

—— **آنکھوں میں اندھیرا ہونا** : بے حد رنج و غم ہونا۔

—— **اَرْواح** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، روحوں کا جہان۔

—— **اسباب** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، (مجازاً) دُنیا۔

—— **افروز / ـنَاب** : عالم کو روشن کرنے والا۔ سورج کی صفت۔

—— **اَمر** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (تصوف کی اصطلاح) ملائکہ۔

—— **بالا** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، فرشتوں کا عالَم۔

—— **بَدَل جانا** : انقلاب عظیم ہو جانا۔

—— **برزخ** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، مرنے کے بعد سے قیامت تک کا درمیانی زمانہ۔

عالَم پناہ : (۱) جہاں پناہ، وہ شخص جس کے پاس مخلوق کو امن ملے (۲) (کنایتاً) بادشاہ۔

—— **تصویر** : (اضافت کے ساتھ) (ف) سکوت اور حیرت کا منظر۔

—— **تہ و بالا کرنا** : اندھیر مچانا۔

—— **جاوید** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالمِ آخرت

—— **جَبَرُوت** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (تصوف کی اصطلاح) صفاتِ خدا کا مرتبہ۔

—— **خاک** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دنیا۔

—— **دکھانا** : (۱) انداز دکھانا (۲) بہار دکھانا (۳) کیفیت دکھانا۔

عالَم :
—— دوست : جگت آشنا۔
—— رویا : (اضافت کے ساتھ) مذکر، خواب کا عالم، خواب کی حالت۔
—— سِفلی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دنیا۔
—— سوز : (ف) عالم کو جلا دینے والا۔
—— شہود : (اضافت کے ساتھ) ایک اصطلاح تصوف) وہ عالم جس میں سب چیزیں نظر آئیں۔
—— صُغریٰ / ۔ صُغرا / ۔ صَغیر : (اضافت کے ساتھ) دا وسے انسان اور جسم انسان سے۔
—— عُلوی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (تصوف کی اصطلاح) دنیا کے علاوہ عالم۔
عالَمِ غَیب : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دوسرا جہاں، ہم سے پوشیدہ جہاں۔
—— فانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، فنا ہونے والا۔ جہان دنیائے فانی۔
—— قُدس : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بہشت۔
—— کَون : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالم موجودات دنیا۔
—— کون و فساد : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دنیا، عالم فانی۔
—— گیر : (ا) تمام دنیا میں پھیلا ہوا، (۲) جہاں کو فتح کرنے والا۔
—— لاہوت : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالم ذات الٰہی، سالک کے فنا فی اللہ ہونے کا مقام۔
—— مِثال : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک عالم ہے لطیف تر بہ نسبت اس عالم اجسام کے جو چیز کہ اس عالم میں نظر آتی ہے، اُس کی نظیر اُس عالم میں پائی جاتی ہے۔
—— مَعقول : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالم ذہنی،
—— معنی : (اضافت کے ساتھ) مذکر وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے، کنایہ ہے ذات و صفات و اسمائے الٰہی سے۔
—— مَلکوت : (اضافت کے ساتھ) مذکر، فرشتوں کا عالم۔
عالَم میں مشہور ہونا : شہرۂ آفاق ہونا، تمام دنیا میں مشہور ہونا۔
—— میں نشر ہونا : (ا) بدنام ہونا، رُسوا ہونا۔
—— ناسوت : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دنیائے فانی۔
—— نظر آنا : کیفیت معلوم ہونا۔
—— وجود : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالم ہستی، زندگی کا عالم۔
—— ہیولانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عالم اجسام
عالَمیاں : مذکر، جمع عالمی کی، عالم کے رہنے والے، دنیا کے لوگ۔
عالِم : (ع) جاننے والا (۲) صاحب علم، پڑھا لکھا فاضل۔
عالِمُ الغَیب : (عالِمُ الغیب) (ع) مذکر، غیب کی بات جاننے والا خدا تعالیٰ۔
عالی : (ع) بلند، بلند رُتبہ۔
—— تبار : (ف) عالی خاندان۔
—— جاہ / ۔ جناب / ۔ حضرت ۔ درگاہ / ۔
—— مرتبت / ۔ گہر / ۔ مقام / ۔ وقار ۔
بلند مرتبہ، رئیسوں کے لقب۔
—— خاندان : اونچے گھرانے کا۔
—— دماغ : بڑے دماغ والا، عقل مند۔
عالی شان : (ا) بڑی شان والا، اعلیٰ مرتبہ کا۔ (۲) شان دار۔
—— ظرف : بڑے ظرف کا، بلند حوصلہ۔
—— قدر / ۔ مرتبہ / ۔ مکان : بڑے مرتبے والا۔
—— ہمت : (ف) بڑی ہمت والا، بلند نظر، فیاض۔

—— وقار : (ف) مالی مرتبہ۔
عالیہ : (ع) مالی کا مونث، بڑی، بلند۔
عام : (ع) (۱) پھیلا ہوا، مشہور (۲) کل، تمام سب لوگ (۳) رواجی، رسمی، (۴) بازاری، ادنا، کم قدر، (۵) معمولی۔
—— پسند : سب لوگوں کی پسند، جسے سب پسند کریں۔
—— فہم : سب کی سمجھ میں آنے والا، سہل، آسان۔
—— کر دینا : (۱) سب کے واسطے وقف کر دینا جو چاہے فائدہ اٹھائے۔
—— میں : علانیہ، کھلم کھلا۔
عامۃ : (ع) عام، کل۔
عامی : مذکر، جاہل آدمی۔
عامیانہ : (ف) جاہلوں کا، عوام کی،
عامر : (ع) مذکر، آباد، آباد کرنے والا۔
عامرہ : (ع) مذکر، بھرا ہوا، معمور۔
عامل : مذکر، (۱) ہاتھ سے کام کرنے والا، کارکن (۲) حاکم، شاہی عہدے دار، تحصیل دار (۳) سیانا، جنات بالصوت پر عمل جاننے والا، تعویذ منتر کرنے والا (۴) عمل کرنے والا۔
عائد : (ع) عود کرنے والا، الٹ کر آنے والا۔
ہونا : ذمے پڑنا۔
عائلی : (ع) (صف) شادی بیاہ کے متعلق، ازدواجی

(ع۔ب)

عبا/عبا : (ع) مونث، ایک عربی پوشاک کا نام۔
عباد : (ع) جمع عبد کی، مذکر، خدا کے بندے، غلام۔
عبّاد : (ع) جمع عابد کی، عبادت کرنے والے۔
عبادت : (ع) مونث، خدا کی پرستش، نماز۔
عبارت : (ع) مونث، بیان، مضمون، دعا، تحریر۔
—— آرائی : مونث، مضمون کو سنوار کر لکھنا، مضمون کی رنگینی۔
عباس : (ع) (۱) شیر درندہ (۲) رنگ سیاہ، نیلاہٹ لئے ہوئے سُرخ رنگ (۳) حضرت پیغمبر خدا کے چچا کا نام
عباسی : (۱) حضرت عباس رضؓ سے منسوب (۲) ایک پودا اور اُس کے پھول کا نام۔
عبث : (ع) (۱) فضول، بے کار (۲) ناحق، بے وجہ۔
عبد : (ع) مذکر، بندہ، غلام۔
عبدیت : (ع) مونث، غلامی، بندگی
عبرانی / عبری : (ع) (۱) مونث (۱) اہل کنعان کو زبان (۲) مذکر، یہودی۔
عبرت : مونث، نصیحت، خوف، تنبیہ۔
—— انگیز : خوف دلانے اور نصیحت پکڑنے والی بات۔
—— پکڑنا۔ حاصل کرنا : نصیحت حاصل کرنا۔
عبقری : (ع) مذکر، بہت عقل مند، (انگ) جینیس
عبقریت : (عبقری آت) (ع) مونث، اعلا نفاست۔ غیر معمولی ذہانت۔
عبودیت : (ع) مونث، بندگی، اطاعت۔
عبور : (ع) مذکر، (۱) پانی سے گزرنا، راہ پر گزرنا (۲) مشکل پر حاوی ہونا، مہارت۔
—— دریائے شور کرنا : کالے پانی (جزائر انڈمان) بھیج دینا۔ (۲) عمر قید کی سزا۔
عبوری دور : (ف) مذکر، دورِ تغیر، بدلتے ہوئے حالات کا زمانہ۔
عبہر : (ع) مونث، ایک قسم کی نرگس جو اندر سے زرد ہوتی ہے۔
عبید : (ع) بہت سے غلام۔
عبیدہ : (ع) تصغیر عبد کی۔ چھوٹا غلام۔
عبیر : (ع) مذکر، کپڑوں پر چھڑکنے کا ایک قسم کا خوشبودار مالا۔

(ع۔ت۔ج۔م)

عتاب : (ع) مذکر، غصہ، غضب۔

عِتاب :
—— نامہ : خفگی کا خط۔
—— وخطاب میں آنا : خفگی میں آنا، جھڑکیاں کھانا
عَتَبات : (ع) جمع عتبہ کی، مذکر و مونث۔
عَتَبہ : (ع) (۱) آستانہ، دہلیز (۲) (مجازاً) مقدس درگاہ
عِترَت : (ع) مونث، قریبی رشتے دار، بیٹے، بیٹیاں وغیرہ۔
اِطہار : (ف) مذکر، پاک اولاد، (مراد آلِ نبی)۔
عَتیق : (ع) (۱) پرانا، کہنہ، (۲) آزاد (۳) برگزیدہ۔
عجائب : (ع) مذکر، جمع عجیب کی، تعجب انگیز، تعجب انگیز چیزیں۔
عجائبُ المخلوقات : (ع) عجائبِ مخلوقات) مخلوقات میں حیرت انگیز چیز۔
عجائب خانہ / گھر : مذکر، نادر و انوکھی چیزیں رکھنے والی عمارت۔
عجائب وغرائب : مذکر، انوکھی اور عجیب چیزیں۔
عجائبات : مذکر، جمع عجائب کی۔
عجیب : (ع) (۱) انوکھا، نادر (۲) طرفہ، نیا اچنبھے میں ڈالنے والا، (۳) تعجب، (۴) دور، بعید۔
—— چیز : (۱) انوکھی چیز (۲) (طنزاً) بے اٹکل (۳) ناسمجھ بے عقل۔
عُجب : (ع) مذکر، غرور، تکبر، خود بینی۔
عجز / عجز : (ع) مذکر (۱) عاجزی، ناچاری (۲) انکسار فروتنی، گڑگڑانا، منت سماجت۔
—— ہونا۔ کسی کام کے کرنے پر قادر نہ ہونا۔
عجلت / عجلت : (ع) مونث، جلدی، پھرتی، تیزی
عجم : (ع) (۱) عرب کے سوا ملک، (۲) غیر عرب لوگ (۳) گونگا۔
عجمی : (ع) مذکر، عجم کا رہنے والا، عجم سے منسوب۔
عجوبہ / عجوبہ : (ع) مذکر، عجیب چیز، انوکھی چیز۔

عجوز / عجوزہ : (ع) مونث، بڑھیا، بوڑھی عورت۔
عجیب : (ع) انوکھا، طرفہ، حیرت انگیز، تعجب انگیز۔
—— حال ہونا۔ بُرا حال ہونا۔
—— الخلقت : پیدائشی حیرت انگیز، انوکھی شکل کا۔
—— وغریب : انوکھا، نادر۔

(ع۔ د)

عدالت : (ع) مونث، (۱) گواہی کے قابل ہونا، (۲) عادل ہونا (۳) انصاف (۴) انصاف کی کچہری۔
عدالت خفیفہ : (اضافت کے ساتھ) مونث، چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کرنے والی عدالت
—— دیوانی : (اضافت کے ساتھ) مونث، جائداد یا حق کے معاملات کا تصفیہ کرنے والی عدالت۔
—— سیشن : مونث، وہ فوجداری کی کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ ہو۔
—— عالیہ : مونث، (اضافت کے ساتھ) بہت بڑی عدالت ہائی کورٹ۔
—— فوجداری : (اضافت کے ساتھ) مونث، مار پیٹ قتل چوری وغیرہ کے مقدمات کے فیصلے کی عدالت۔
—— کے کُتّے : مذکر، رشوت لینے والے ملازمانِ عدالت۔
—— ماتحت : (اضافت کے ساتھ) مونث، وہ کچہری جو کسی بڑے حاکم کے ماتحت ہو۔
—— مجاز : (اضافت کے ساتھ) مونث، مقدمہ کی سماعت کا کامل اختیار رکھنے والی عدالت۔
—— دافعۂ اولے : (اضافت کے ساتھ) مونث، مقدمہ کی ابتدائی تحقیقات اور فیصلے کی عدالت۔
—— ثانی : (اضافت کے ساتھ) مونث، عدالت ابتدا کی اپیل دائر کرنے کی عدالت۔

عَداوت : (ع) مونث، دشمنی، بغض، کینہ۔
—— **قلبی** : (اضافت کے ساتھ) مونث، پوشیدہ کینہ یا بغض۔
عَداوت نکالنا : دشمنی کا بدلہ لینا۔
عِدّت : (ع) مونث، (اصطلاح فقہ) بے شوہر عورتوں کا وہ زمانہ جس میں دوسرا خاوند کرنا جائز نہیں۔
—— **میں بیٹھنا** : عدت کی میعاد گزارنا، مسلمان بیوہ عورت کا عدت میں رہنا۔
عَدَد : (ع) مذکر، (۱) گنتی، شمار، اکائی یا اکائیوں کا مجموعہ (۲) ہندسہ، رقم۔
عَدَس : (ع) مونث، مسور۔
عَدْل : (ع) مذکر، انصاف۔
—— **پَروَر۔گُستر** : (ف) انصاف کرنے والا داد دینے والا۔
—— **گُستری** : (ف) مونث، انصاف، عدالت۔
عَدَم : (ع) مذکر، نیستی، نہ ہونا۔
آباد : مرنے کے بعد انسان کے جانے کی جگہ۔
—— **کی راہ لینا** : مرجانا۔
—— **مُطابِقَت** : مونث، کسی امر کا دوسرے سے مطابق نہ ہونا۔
—— **وجود برابر ہے** : ہونا نہ ہونا یکساں ہے۔ نکمّا ہے، بے کار ہے۔
—— **تعاون** : (ع) مذکر، (۱) کسی کام میں تعاون نہ کرنا، (۲) (انگ) نان کوآپریشن۔
عَدَن : (ع) مذکر، (۱) ایک شہر اور ایک علاقہ کا نام۔ (جنوبی عرب میں) (۲) بہشت
عَدو : (ع) مذکر، (۱) دشمن، مخالف (۲) رقیب، معشوق کا دوسرا عاشق۔
عُدول : (ع) مذکر، (۱) روگردانی کرنا، منہ پھیرنا۔
—— **حُکمی** : مونث، نافرمانی، سرکشی۔
عَدیل : (ع) برابر، نظیر۔

عَدیم : (ع) وہ چیز جو معدوم ہو، ناپید ہو۔
عَدیمُ الفُرصت : (عدیمُل فرصت) وہ جس کو مطلق فرصت نہ ہو۔
عَدیمُ المِثال : (عدیمُل مثال) بے مثل۔
عدیمُ الوجود : (عدیمل وجود) نایاب، کم یاب۔

(ع۔ذ)

عذاب : (ع) مذکر (۱) بداعمالیوں کی سزا، گناہ کی سزا، (۲) اذیت، دکھ (۳) دقت، دشواری، جھگڑا، بکھیڑا (۴) روگ، علت (۵) تکلیف دینے والا، ایذا دینے والا۔
—— **ثواب** : مذکر، برائی بھلائی۔
—— **جاں** : (اضافت کے ساتھ) جان کا وبال، جی کا وبال۔
—— **فِشار** : (اضافت کے ساتھ) فشارِ قبر کا عذاب قبر سکڑنے کا عذاب
—— **کا نازل ہونا** : خدا کا قہر نازل ہونا۔
عذاب ہونا : سخت تکلیف ہونا۔
عِذار : (ع) مذکر، رخسار، گال
عَذبُ البَیان : (عذبُل بیان) (ع) شیریں کلام
عُذر : (ع) مذکر، (۱) حیلہ، بہانہ (۲) حجت، دلیل، اعتراض گرفت (۳) انکار، معذرت۔
—— **آوَر** : عذر لانے والا، عذر کرنے والا، معافی مانگنے والا
—— **باقی نہ رکھنا** : کسی حجت دلیل اور اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔
—— **بدتر از گناہ / گناہ بدتر از گناہ** : (ف) (مثل) بے ہودہ عذر کیے ہوئے گناہ سے بھی خراب ہے۔
—— **بے جا** : (اضافت کے ساتھ) لغو اور بے ہودہ عذر
—— **پذیر** : (ف) عذر قبول کرنے والا۔

عذر :
—— خواہ ر۔ ساز ر۔ سنج : (ف) عذر کرنے والا
—— دار : معترض، دعوے دار۔
—— داری : مونث، اعتراض، دعوا، بحث دلیل۔
—— درمیان لانا : عذر پیش کرنا۔
—— لنگ : (اضافت کے ساتھ) عذر، پوچ عذر
—— معذرت : مونث، منت سماجت۔
—— نیوش : (ف) عذر سننے والا۔
عذرا : (ع) مونث، کنواری دوشیزہ (۲) وحی کی معشوقہ کا نام، (۳) حضرت مریم اور حضرت فاطمہ زہرا رض کا لقب۔

(ع۔ز)

عراق : (ع) ایک عرب ملک کا نام (۲) ایرانی موسیقی کے ایک راگ کا نام جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں۔
عراقی : عراق کا گھوڑا۔
عرب : (ع) مذکر، (۱) ایشیا کا مشہور جزیرہ نما (۲) اہل عرب شہر کا باشندہ۔
عربستان : (ف) مذکر، عرب کا ملک۔
عربی : (ع) (۱) عرب سے منسوب (۲) مذکر، عرب کا گھوڑا (۳) عرب کا باشندہ (۴) مونث، عرب کی زبان۔
عربدہ : (ع) مذکر، بدخوئی، جنگ جوئی، فتنہ۔
—— جو : (ف) (۱) جنگ جو، (۲) (کنایتاً) فریبی، بازی گر، خوشامدی۔
عروس : (ع) مذکر، کسی کامل بزرگ کا سالانہ فاتحہ۔
عرش : (ع) مذکر، تخت، چھت، خدائے تعالیٰ کا عرش
—— آشیاں : (کنایتاً) مرحوم۔
—— اعظم : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، خدا تعالیٰ کا عرش۔
—— اکبر : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آدمی کا دل، قلب۔
عرشِ بریں / مُعلّا : (اضافت کے ساتھ) عرشِ اعظم۔
—— پایہ ر۔ وقار : عالی مرتبہ۔
—— پر پہنچنا : (کنایتاً) بہت رفیع القدر اور رفیع الشان ہونا۔
—— پر جھولنا : (کنایتاً) بڑے رتبے پر ہونا۔
—— پر چڑھانا : بڑی قدر کرنا۔ بڑی تعریف کرنا، خوشامد کر کے مغرور بنانا۔
—— پر دماغ پہنچنا ر۔ پر دماغ ہونا : بڑا مغرور ہونا۔
—— پناہ : (ف) عالی مرتبہ۔
—— پیما ر۔ رس : (ف) عرش پر پہنچنے والا۔ مقبول۔
—— ثانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، عرش کی کرسی
—— سے اُتارنا : وہ کام کرنا جو کسی سے نہ ہو سکے۔
—— سے فرش تک ر۔ سے باتا بہ فرش : آسمان سے زمین تک، اوپر سے نیچے تک۔
—— کا تارا : (کنایتاً) بہت عالی مرتبہ۔
—— عرش کی زنجیر کھینچنا ر۔ کی زنجیر ہلانا : کنایہ ہے دعا کی رسائی اور قبولیت کا۔
—— کے تارے توڑنا : (کنایتاً) (۱) عجیب کام کرنا، ناممکن کام کرنا، بڑا کام کرنا۔ (۲) بے حد عیاری و چالاکی کرنا۔
—— کا ٹوٹا : عجیب انوکھا۔
—— ہل جانا : (کنایتاً) خدا کو رحم آجانا۔
عُرشی : (ف) مذکر، مقرب فرشتہ۔
عرشیاں : (ف) مذکر، اللہ کے مقرب فرشتے، حاملانِ عرش

عَرَشہ : مذکر۔ جہاز کی چھت، (انگ) ڈیک

عَرصہ : (ع) مذکر، (۱) دیر، تاخیر، توقف، (۲) زمانہ، اثنا، وقفہ، (۳) میدان (۴) فاصلہ۔

—— **تنگ ہونا** : (۱) وقت کم ہونا، خیال کا میدان کوتاہ ہونا (۲) (کنایتاً) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ عاجز ہونا، ناچار ہونا۔

عَرصۂ دراز : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بڑا وقفہ۔

—— **زیست تنگ ہونا** : (اضافت کے ساتھ) زندگی کا وقت بہت تھوڑا ہونا۔

عَرصۂ حشر / ۔ محشر / ۔ قیامت : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، میدانِ قیامت۔

عَرض : (ع) مذکر، (ایک اصطلاح) وہ چیز جو اپنی ذات سے قائم نہ ہو، بلکہ دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو۔

عَرض : (ع) مذکر، (۱) لمبائی کی ضد، چوڑائی، مونث (۲) درخواست بیان، التماس، گذارش۔

عَرضُ البلد : (جغرافیہ کی ایک اصطلاح) مذکر، وہ فرضی خطوط جو خطِ استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں

عَرض بیگی : (ترکی) مذکر، بادشاہ کے حضور میں لوگوں کی درخواستیں پیش کرنے والا۔

—— **حال** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (۱) حال بیان کرنا، (۲) عرض داشت، عرض۔

عَرض داشت : مونث، عرض، تحریری درخواست۔

—— **مَعروض** : مونث، درخواست، گذارش۔

—— **وطول** : مذکر، چوڑائی لمبائی۔

عرضی نویس : مذکر، عرضی یا تمسک وغیرہ لکھنے کا پیشہ کرنے والا۔

عُرف : (ع) مذکر، مشہور نام، عام نام۔

عُرفی : (ع) عرف سے منسوب، رسمی، معمولی، ظاہری، مشہور۔

عُرفا : (ع) مذکر، جمع عارف کی، اہل اللہ۔

عَرفات : (ع) مذکر، مکے کا ایک بڑا میدان، جہاں حاجی حج کے دن آکر ٹھہرتے اور دعاؤں سے ساتھ لبیک پکارتے ہیں۔

عِرفان : (ع) مذکر، خدا شناسی، حق تعالیٰ کی معرفت

عَرفہ / عَرفہ : (ع) مذکر، (۱) ماہِ ذی الحجہ کا نواں دن۔ جس روز مسلمان حج کرتے ہیں اور میدانِ عرفات میں جمع ہوکر احکامِ حج بجا لاتے ہیں (۲) عید بقرعید اور شب برات سے ایک روز پہلے کا دن۔

عَرق : (ع) مذکر، (۱) پسینا (۲) کشید کے ذریعے سے نکالا ہوا پانی، دواؤں کے بھاپ سے بنایا ہوا پانی، (۳) کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی، شیرہ۔

عَرقِ النِفعال : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دو دفعہ کا کھینچا ہوا عرق۔

عَرق ریز : مونث، پسینا لانے والی سخت محنت بے حد محنت، جاں فشانی۔

—— **ریزی** : (ف) کسی کام میں بہت کوشش کرنا، سرمندہ ہونا۔

—— **عَرق ہونا** : پسینے پسینے ہونا۔

—— **کھینچنا** : بخارات کے ذریعے سے کسی چیز کا پانی کشید کرنا۔

—— **گُل** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، گلاب کا عرق۔

—— **گیر** : (ف) مذکر، وہ آلہ جس کے ذریعے سے دواؤں کا عرق کشید کرتے ہیں

عِرق : (ع) مونث، رگ

عِرق النسا : (ع) مذکر، ایک بیماری جس کا درد چڑھتوں سے اُٹھ کر گھٹنوں تک پہنچتا ہے۔

عُروج : (ع) مذکر، چڑھنا، بلند ہونا۔

—— **ماہ** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، چاند کی پہلی تاریخ سے چودھویں تاریخ تک کا زمانہ

ـــــ پر ہونا : اقبال یاور ہونا۔
عَروس : (ع) دُلہن۔
عَروسانِ باغ / ۔ چمن : (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) پھول اور باغ کے نئے پودے۔
عَروسی : (ف) مونث، شادی، نکاح۔
عَروض : (ع) مذکر، ایک مشہور علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد اور بحروں کے ارکان اور زحافات کا ذکر ہوتا ہے۔
عُروض : (ع) ظاہر ہونا، عارض ہونا۔
عُروق : (ع) مذکر، (۱) جمع عرق کی، رگیں، نسیں (۲) نچوڑا ہوا پانی، رس۔
عُریاں : (ع) برہنہ۔
عُریانی : (ف) مونث، عریاں ہونا، برہنگی۔
عَریض : (ع) چوڑا، چکلا۔
عَریضہ : (ع) (عرض کیا گیا) مذکر، (۱) چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جانے والا خط۔
عِزّ : (ع) مذکر، رُتبہ۔
عِزّ و جاہ : شان، عزت اور مرتبہ۔
عَزا : (ع) مونث، ماتم، ماتم پرسی۔
ـــــ دار : (ف) ماتمی، میت کا ماتم کرنے والا۔
ـــــ خانہ : (ف) مذکر، (۱) ماتم خانہ (۲) مرثیے پڑھے جانے یا تعزیے رکھے جانے کی جگہ۔
عُزّیٰ / عُزّا : مذکر، (۱) عرب کے ایک مشہور بُت کا نام (۲) ایام جاہلیت میں بتوں کی طرح پوجا جانے والا ایک درخت
عَزازیل : (ع) مذکر، شیطان کا نام، ابلیس۔
عَزائم : (ع) عزیمت کی جمع، مذکر، ارادے۔
عِزّت : (ع) مونث، شان، آبرو، بڑائی۔
ـــــ اتارنا / بگاڑنا / ۔ کھونا / لینا : آبرو اُتارنا۔
ـــــ دار : صاحبِ عزت، باعزت
ـــــ ریزی کرنا : آبرو ریزی کرنا۔ آبرو بگاڑنا۔

عِزت :
ـــــ میں بٹا لگنا / ۔ میں فرق آنا : آبرو میں بٹا لگنا۔
عِزرائیل : مذکر، ملک الموت، جان نکالنے والا فرشتہ
عَزل : (ع) مذکر، معزولی، موقوفی۔
عَزل و نصب : مذکر، موقوفی بحالی، ترقی و تنزل۔ اُدل بدل کرنا۔
عُزلت : (ع) مونث، گوشہ نشینی، تنہائی۔
ـــــ دوست / ۔ گزیں۔ (ف) (۱) گوشہ نشیں۔ (۲) (کنایتاً) عابد، مرتاض۔
عَزم : (ع) مذکر، قصد، ارادہ۔
عَزم بالجزم : (ف) پکا ارادہ، مصمم قصد۔
عَزّ و جلّ : (ع) (غالب ہو اور بزرگ ہو) ہمیشہ بزرگ رہنے والا، خدا تعالیٰ کی صفت۔
عَزیز : (ع) (۱) محبوب، پیارا (۲) رشتے دار، قربت قریبہ رکھنے والا، (۳) مصر کے وزیر کا لقب (۴) مرغوب، دل پسند۔
عَزیز القدر (عزیز ل قدر) چھوٹے بھائی، رشتے دار کو لکھنے کا القاب، قابل قدر، عزیز۔
عَزیز الوجود : (عزیز ل وجود) (ع) کم یاب۔
عزیز جاننا : کسی چیز کی قدر و منزلت کرنا، چاہنا، محبت رکھنا، پیارا سمجھنا۔
ـــــ داری : مونث، رشتے داری، یگانگت۔
ـــــ ہونا : پیارا ہونا۔
عَزیمت : (ع) مونث، (۱) قصد (۲) افسوں، منتر، موکلوں کو طلب کرنے کا عمل۔

(ع۔ س۔ ش)

عَساکِر : (ع) مذکر، جمع عسکر، فوجیں۔
عُسر : (ع) مذکر تنگی، عسرت غریبی۔

عُسرت : (ع) مونث، تنگ، دشواری، مُفلسی۔
عَسکر : مذکر، لشکر۔
عَسکری : (صفت) فوجی، سپاہی۔
عَسکریت : (ع) مونث، فوجی برتری کا رُجحان، فوجی دباؤ۔
عَسل : (ع) مذکر، شہد۔
عَسیر : (ع) دشوار، مشکل۔
عِشا : (ع) مونث، رات کی نماز جو مغرب کی نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے سونے وقت کی نماز۔
عُشاق : (ع) مذکر (۱) جمع عاشق کی (۲) ایران کی موسیقی کے ایک راگ کا نام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے۔
عِشائیہ : (ع) مونث، رات کا کھانا۔
عَشبہ : (ع) مذکر، ایک بوٹی کا نام۔
عُشر : (ع) دس (۱۰)
عُشر : دسواں حصہ (۱/۱۰)
عُشرات : (ع) جمع عشرہ کی، مذکر، دہائیاں۔
عُشرِ عُشیر : کسی چیز کے (سو میں حصہ کا دسواں حصہ (۱/۱۰ کا ۱/۱۰) سواں حصہ (۱/۱۰۰) (کنایتاً) بہت قلیل، ذرا سا۔
عَشرہ : (ع) (۱) دس (۲) مذکر، مہینے کا دسواں دن (۳) محرم کی دسویں تاریخ (۴) محرم کے اول دس روز۔
ـــــ مُبشّرہ : (اضافت کے ساتھ) وہ دس صحابی جن کے جنتی ہونے کی بشارت اللہ کے رسول نے دی۔
عِشرت : (ع) مونث، عیش و نشاط۔
عَش عَش : دیکھو اَش اش۔
عِشق : (ع) مذکر، (۱) کسی شے کے ساتھ حد سے بڑھ کر محبت کرنا، (۲) رحمت، آفرینش کی جگہ۔
ـــــ اللہ / مَولا : مذکر، آزاد فقیروں کا سلام، اس کا جواب مدد اللہ ہے)
عِشق باز : (ف) حُسن پرست، عاشق مزاج، عیاش۔
پیچاں / ۔ پیچہ : (ف) مذکر، ایک پھول دار بیل کا نام۔
حقیقی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، محبتِ الٰہی۔
کا آزار : عشق کا بیماری کی طرح لاحق ہونا۔
گرمانا : محبت میں جوش پیدا ہونا۔
مجازی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، دنیاوی معشوق کا عشق۔
عِشوہ : (ع) مذکر، غمزہ، کرشمہ، ناز و ادا۔
پَرواز / ۔ ساز / ۔ کار / ۔ گر : (ف) ناز و ادا کرنے والا، فریبی (کنایتاً) معشوق۔
عَصا : (ع) مذکر، لاٹھی، چھڑی۔
بردار : مذکر، چوب دار۔
عَصائے پیر / ۔ پیری : مذکر، (مجازاً) بوڑھے کا (کا، بڑھاپے کا سہارا۔
عَصائے موسیٰ (موسا) / عَصائے موسوی : حضرت موسیٰ کا عصا جو ساحروں کے مقابلے میں سانپ بن جاتا تھا۔
عُصارہ : (ع) مذکر، نچوڑا ہوا پانی، شیرہ۔
عَصَب : (ع) مذکر، جمع اعصاب کی، پٹھا۔
عَصَبات : (ع) جمع عصبہ کی، مذکر، باپ کی طرف کے مرد رشتے دار۔
عَصَبہ : (ع) مذکر، باپ کی طرف کا مرد رشتے دار۔
عَصَبیّت : (ع) مونث، طرف داری، قرابت، مضبوط پاس داری۔
عَصرانہ : (ع) مذکر، شام کے ناشتہ کی دعوت۔
عَصریّت : (ع) مونث، (۱) دورِ حاضر کا شعور (۲) اپنے عہد سے آگاہی (کسی تخلیق پر) اپنے عہد کا اظہار۔
عَصر : (ع) مذکر، (۱) زمانہ، روزگار (۲) دن کا اخیر حصہ (۳) مونث، نمازِ عصر۔

عِصمت : (ع) مونث، اپنے تئیں گناہ سے بچانا، پاکدامنی
—— بی بی از لیے چادر می : (ف) (مثل) کسی کا نیک کام مجبوری سے کرنا۔
—— پر حرف آنا : پاکدامنی پر حرف آنا۔
عِصیاں : (ع) مذکر، گناہ۔
عُضو / عَضو : (ع) مذکر، بدن کا کوئی حصہ / عضو۔
—— تناسل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ذکر،
عطا : (ع) مونث، بخشش دینا، سخاوت، فیض۔
—— پاش خطا پوش : (ف) (کنایتاً) خدا تعالیٰ جو بندوں کے گناہوں کی پروا نہیں کرتا اور مہربانیاں کرتا رہتا ہے۔
عَطائے تُو بہ لقائے تُو : (ف) (مثل) دی ہوئی چیز کی ناپسندی کا طنزاً اظہار
یعنی آپ کی چیز آپ ہی کو مبارک رہے۔
مجھ کو لینا منظور نہیں۔
عَطائی : دیکھو ابالی۔
عَطایا : (ع) مذکر، جمع عطیہ کی، بخشش۔
عَطّار : (ع) (۱) عطر بیچنے والا (۲) مذکر، دوا فروش۔
عُطارِد : (ع) مذکر، دوسرے آسمان کا ایک سیارہ، دبیر فلک منشی فلک۔
عِطر : (ع) مذکر، (۱) خوش بو (۲) جوہر، خلاصہ، لب لباب (۳) خوش بودار چیز کا جوہر۔
—— اَفشاں / بیز : (ف) خوشبو پھیلانے والا۔
—— دان : (ف) مذکر، عطر کی شیشیاں رکھنے کی ایک خاص وضع کی صندوقچی۔
—— ریز : نہایت خوشبودار۔
—— فروش : (ف) مذکر گندھی، عطر بیچنے والا۔
—— کا پھویا : عطر میں تر کی ہوئی روئی۔
—— کھینچنا : (۱) کسی خوشبودار چیز کا تیل کشید کے ذریعے نکالنا (۲) ست نکالنا، خلاصہ کرنا۔
کی سینک : عطر میں ڈوبی ہوئی روئی لپیٹ کر خریدار کو دیا جانے والا تنکا۔
—— میں بسانا : (کنایتاً) خوشبودار کرنا۔
عِطریات : (ع) جمع عطر کی، مذکر، خوش بودار چیزیں۔
عِطریت : مونث، عطر کی خوشبو رکھنا۔
عَطش : (ع) مونث، پیاس، تشنگی۔
عَطف : (ع) مذکر، پھیرنا، علم نحو کی ایک اصطلاح)
عَطوفت : (ع) مونث، مہربانی۔
عَطیّہ : (ع) مذکر، بخشش، انعام میں دی ہوئی چیز
عِظام / عُظام : (ع) مذکر، بزرگ، کلاں۔
عَظمیٰ / عُظمیٰ : (ع) مونث، بڑی بزرگ عورت۔
عَظَمت / عَظمت : (ع) مونث، بڑائی، برتری۔
عَظیم : (ع) بڑا، کلاں، گرگ،
عَظیم الجثہ : (عربیل جثہ) بڑے جثے کا، بڑے قد و قامت کا
عَظیم الشان (عزیمش شان) (ع) بڑا، بڑے مرتبے کا، بلند۔

(ع۔ف۔ق۔ک)

عِفّت : (ع) مونث، پرہیزگاری، پارسائی، پاکدامنی
—— مآب : (ف) عفیفہ، پارسا۔
—— میں خلل ڈالنا : بے حرمت کرنا، زنا کرنا۔
عِفریت : (ع) مذکر، دیو، بھوت۔
عَف عَف : (ع) مونث، کتے کی آواز،
عَفو : (ع) مذکر، معافی، درگزر، بخشش۔
عَفونت : (ع) مونث، بدبو، سڑاند۔
عَفی اللہ عنہ : (ع) دعا، (خدا اس کے گناہ معاف کرے) اپنے نام کے بعد (یکسانے لکھا جاتا ہے)
عَفیفہ : (ع) مونث، پارسا عورت۔
عُقاب : (ع) مذکر، (۱) ایک طاقت ور اور بلند پرواز

شکاری پرند (۲) (کیمیاگروں کی اصطلاح) نوسادر۔
عِقاب : (ع) مذکر، عذاب۔
عقائد : (ع) مذکر، جمع عقیدہ کی، مذہبی اصول ماننا۔
عَقِب : (ع) کسی کے پیچھے پیچھے آنا۔ پیچھے۔
عُقبا / عُقبیٰ : (ع) مونث، آخرت، دوسرا جہاں۔
—— بخیر ہونا : عالم آخرت میں اچھا برتاؤ ہونا۔
—— بنانا : عاقبت سنوارنا۔
عَقد : (ع) مذکر، (۱) نکاح (۲) قول و قرار۔
—— اَنامل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، انگلیوں پر شمار کرنا۔
—— پَروِیں : (اضافت کے ساتھ) ثریا، چھے ستاروں کا جھمکا۔
—— ثُرَیّا : (اضافت کے ساتھ) ستارۂ پروین۔
عَقدِ سیماب : (اضافت کے ساتھ) (۱) (اصطلاح کیمیا) مذکر، سیماب کی گولی (۲) سیماب کی گولی باندھنا۔
—— نِکاح : (اضافت کے ساتھ) (اصطلاح فقہ) مذکر، نکاح۔
عُقدہ : (ع) مذکر، (۱) گرہ، گتھی (۲) (کنایتاً) مشکل بات، پیچیدہ مسئلہ (۳) (مجازاً) بکھیڑا، پیچ، (۴) بھید راز، دل کی بات۔
حل کرنا / حل ہونا : پیچیدہ مسئلہ سمجھ میں آجانا
عُقدۂ دِل کھلنا : (اضافت کے ساتھ) دل میں شگفتگی پیدا ہونا۔
عُقدہ کشائی : (ف) مونث، دقت دور کرنا، مشکل حل کرنا۔
عُقدۂ لاینحل / لاحل : (اضافت کے ساتھ) مذکر، وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو۔
—— مُشکل : (اضافت کے ساتھ) مذکر مشکل گتھی، پیچیدہ بات۔
عَقرَب : (ع) مذکر، (۱) بچھو، (۲) آسمان کے ایک برج کا نام، (۳) (کنایتاً) جھگڑالو، مُفید۔
عَقل : (ع) مونث، فہم، ادراک، سمجھ۔
عُقلا : (ع) جمع عاقل کی، عقل مند لوگ۔
عَقلاً : اٹکل سے، عقل کی رو سے۔
عَقل آرائی : مونث، عقل دوڑانا
—— اوّل : (اضافت کے ساتھ) (۱) حکما کی اصطلاح میں پہلا فرشتہ (۲) (کنایتاً) جبریل (۳) رسول خدا صلعم کا نور (۴) عرش اعظم۔
عَقل اوندھی ہونا : بے عقل ہونا، مت الٹی ہونا۔
—— بڑی کہ بھینس : (م) (مثل) (مزاحاً) بے تکی بات۔
—— پر پتھر پڑنا / پر پردہ پڑنا : عقل جاتی رہنا۔
—— چرخ ہونا / چرخ میں ہونا : سمجھ میں نہ آنا، تعجب ہونا، حیرت ہونا۔
—— چرنے جانا : ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔
—— چکر کھانا : حیران ہونا، پریشان ہونا۔
—— داڑھ / کی داڑھ : مونث، انسان کے جوان ہوتے کے قریب نکلنے والی داڑھ۔
—— رَفو چکر ہونا : بڑھاپے کے باعث کم عقل ہوجانا
—— سلیم : (اضافت کے ساتھ) مونث، رائے صائب پوری عقل۔
—— شَشدَر ہونا : عقل حیران ہونا۔
—— کا اَندھا : مذکر، سمجھ، بے وقوف۔
—— کا پُتلا : مجسم عقل، نہایت عقل مند۔
—— کُل : (اضافت کے ساتھ) وہ مشیر جس کے بغیر کوئی کام نہ کرسکیں، ناک کا بال۔
عَقل کی پڑیا : (عوام) عقل مند۔
—— کے پیچھے ڈنڈا لیے پھرنا : بے عقلی کے کام یا بات کرنا۔
—— کے ناخن لینا : (کنایتاً) ہوش میں آنا، سمجھ کر بات کرنا۔
—— گدی میں ہونا : بے وقوف ہونا، کم عقل ہونا۔

عقلِ مجرّد : (اضافت کے ساتھ) مونث، عقول عشرہ میں سے ایک۔
عقل مند : (ف) خردمند، دانا، ہوشیار۔
—— **کی دُم** : (طنزاً) عقل مند کا پیرو، بے وقوف۔
عقل گدّا لگانا : اٹکل سے بات کہنا۔
عُقول : (ع) مذکر، جمع عقل کی۔
عقولِ عشرہ : (اضافت کے ساتھ) حکماء کے مفروضہ دس فرشتے جنھوں نے ساری کائنات پیدا کی۔
عَقیل : (ع) مذکر، عاقل، عقل مند، ذکی، دانا۔
عَقلیّت : (ع) مونث، معقولیت پسندی۔
—— **پرستی** : (۱) ہر کام عقل کے ماتحت کرنے کا رجحان، (۲) عقل کی اولیت پر اعتقاد۔
عُقوبت : (ع) مونث، عذاب، سزا، سختی، مصیبت۔
عَقیدت : (ع) مونث، اعتقاد، ارادت مندی۔
عقیدت مند : (ف) معتقد۔
عقیدہ : (ع) مذکر، (۱) اعتبار، بھروسا، (۲) مذہبی اصول کو ماننا۔
—— **ہونا** : بھروسا ہونا، اعتقاد ہونا۔
عقیق : مذکر، ایک سرخ رنگ کا بیش قیمت پتھر۔
عَقیقُ البحر : (ع) مذکر، مونگا۔
—— **جگری** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا قیمتی عقیق
—— **شجری** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا عقیق جس پر درخت کی شکل نمایاں ہو۔
—— **ناب** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، مجازاً (۱) لب معشوق (۲) اشک خونیں (۳) شراب انگوری۔
—— **یمنی** : ایک اعلیٰ قسم کا عقیق۔
عقیقہ : (ع) مسلمان بچوں کے سر مونڈنے، بیٹے کے واسطے دو بکرے، بیٹی کے لیے ایک بکرا ذبح کرنے اور نام رکھنے کی تقریب۔
عقیمہ : (ع) مونث، بانجھ عورت، وہ عورت جس کے بال بچہ نہ ہو

عکس : (ع) مذکر، (۱) پرتو، سایہ، پرچھائیں، (۲) اُلٹا، (۳) عداوت، ضد (۴) فوٹو۔
—— **اُتارنا** : ہو بہو نقشہ بنانا، عکسی تصویر کھینچنا۔
—— **پڑنا** : سایہ پڑنا (کسی چیز کا)
—— **ڈالنا** : پرتو ڈالنا۔
عکس لینا : کسی تصویر یا تحریر کا ہو بہو نقشہ لینا۔
عکسی : عکس سے منسوب۔
عکس بین : (عکس بین) (ع) (ف) مذکر، شیشے کے رنگین ٹکڑوں سے بنایا گیا ایک کھلونا جسے پھرانے سے مختلف شکلوں سے بدلتے ہوئے عکس نظر آتے ہیں، (۲) منظر نما۔

(ع۔ل)

عَلا : (ع) بلند مرتبہ۔
عَلاشانہ : جس کی شان بلند ہے (مراد) خدا۔
عَلٰے : (ع) اوپر۔
عَلَے الاتصال : (عَلَلُ اتصال) (ع) متواتر، لگاتار، پے در پے۔
عَلَے الاجمال : (عَلَلُ اجمال) (ع) مجمل طور سے، بالاشتراک، مختصر طور پر۔
عَلَے الاطلاق : (عَلَلُ اطلاق) (ع) مطلق۔ بے قید۔
عَلَے الاعلان : (عَلَلُ اعلان) کھلم کھلا، علانیہ۔
عَلَے التواتر : (عَلَلُ تواترٌ) (ع) پے در پے۔
عَلَے الحساب : (عَلَلِ حساب) چالو حساب میں، بلا حساب پیشگی۔
عَلَے الخصوص : (علل خصوص) (ع) خصوصاً، خاص کر۔
عَلَے الدّوام : (عَلَلِ دوام) (ع) ہمیشہ۔
عَلَے الرَّغم (ع) برخلاف۔
عَلَے الصّباح : (عَلَلِ صباح) (ع) بہت سویرے تڑکے
عَلَے العموم : (عَلَلِ عموم) (ع) عموماً، عام طور پر۔

علےٰ حالہ : (ع) بدستور، اپنی پچھلی حالت پر۔
عَلاحِدگی : مونث، جُدائی، تنہائی، خلوت۔
—— پسندی : (ف) مونث، (۱) الگ تھلگ رہنے کا رُجحان (۲) تنہائی پسندی (۳) سماج بیزاری۔ دنیا سے کنارہ کش ہونے کا رجحان۔
علاحِدہ : (ع) (۱) الگ، جُدا (۲) تنہائی میں
—— کرنا : (۱) الگ کرنا، جدا کرنا (۲) برطرف کرنا۔ موقوف کرنا۔ (۳) انتخاب کرنا، چھانٹنا۔
علےٰ قدرِ مراتب : حیثیت یا مرتبے کے موافق۔
—— ہٰذا القیاس : (علا ہاذل قیاس) (ع) اسی طرح، اسی قیاس۔
علاّقی : (ع) صفت سوتیلا۔ سوتیلی۔
عِلاج : (ع) مذکر، (۱) معالجہ، بیمار کی دوا دارو کرنا (۲) چارہ تدبیر، رفعیہ، (۳) سزا۔
—— کرنا : (۱) معالجہ کرنا، تدبیر کرنا، (۲) (جنگڑا) سزا دینا، ٹھیک بنانا۔
—— وِلاج : (ع) (ولاج تابع مہمل) علاج۔
عِلاقہ : (ع) (۱) پھندنا، تلوار یا زیور کا ڈورا، رکاب کا تسمہ، حلقہ، طُرّۂ دستار (۲) دو چیزوں میں مناسبت (۳) مذکر، تعلق، لگاؤ، ربط ضبط (۴) سروکار، نسبت واسطہ، (۵) صوبہ، احاطہ، قلمرو، عملداری، سرحد، (۶) تعلقہ، زمین داری، جاے داد، ریاست، (۷) نوکری کا تعلق۔
—— دار : مذکر، (۱) رشتے دار، قرابتی (۲) تعلق دار، علاقے کا مالک۔
عِلاقۂ دستار : (اضافت کے ساتھ) مذکر، پگڑی کا طُرّہ یا شملہ۔
عَلالَت : مونث، بیماری، روگ۔
عَلاّمُ الغُیوب : (طائل غیوب) (ع) چھپی ہوئی باتوں کا جاننے والا (خدا تعالےٰ)

عَلامَت : (ع) مونث، (۱) نشان (۲) آثار (۳) پہچان (۴) کسی ادارے کی مہر یا کوئی اور نشانی۔
عَلامتی شاعری : مونث، وہ شاعری جس میں بعض خاص الفاظ کے استعمال سے نئے مفاہیم پیدا کیے جائیں۔
ہڑتال : (مونث) نمونے کی ہڑتال، وہ ہڑتال جو کسی دوسری بڑی ہڑتال کی حمایت میں کی جائے۔
عَلاّمہ : (ع) مذکر، (۱) نہایت دانا، عالم اور فاضل مرد (۲) نہایت چالاک، مکار مرد، (۳) مونث، نہایت چالاک عیار عورت، بے باک شوخ چشم عورت۔
عَلانیہ : (ع) ظاہر، کھلم کھلا، کھلے خزانے، ڈنکے کی چوٹ کہنا : ڈنکے کی چوٹ پر کہنا، کھلم کھلا کہنا۔
عَلاوہ : ماسوا، زیادہ اور بھی۔
از بس کہ۔ بر بس : باوجودیکہ، مزید برآں، اس کے سوا۔
عَلائق : (ع) جمع علاقہ کی، تعلقات، بکھیڑے۔
عَلامِہ : (ع) مذکر نشانیاں علامت، سمبل۔
عِلّت : (ع) مونث، (۱) بیماری (۲) وجہ، سبب (۳) جھگڑا، بکھیڑا (۴) خراب، ناکارہ چیز، کوڑا کرکٹ (۵) لت، بُری عادت (۶) تہمت، بے جرم، گناہ۔
—— اُبنہ : (اضافت کے ساتھ) مونث، مفہولیت کی لت، غلام کرانے کی عادت۔
—— تامّہ : (اضافت کے ساتھ) مونث، پورا سبب، سبب کامل۔
—— صُوری/صُوریہ : (اضافت کے ساتھ) مونث چیز کی ظاہری صورت۔
—— عالی/۔غائیت : (اضافت کے ساتھ) چیز بنانے مقصود اصلی منفعا، ماحصل، نتیجہ۔
—— فاعلی/۔فاعلیّہ : (اضافت کے ساتھ) مونث، کسی شے کا بنانے والا۔

ـــــ مادّی/۔ مادّیہ: (اضافت کے ساتھ) مونث، جس مادے سے بنے۔
ـــــ سے خالی نہ ہونا: عیب دار ہونا، جھگڑالو ہونا۔
ـــــ لگا لینا: (۱) کسی چیز کی لت لگا لینا، عادت ڈال لینا، خوگر بن جانا، (۲) اپنے پیچھے بکھیڑا لگا لینا، عذاب مول لے لینا۔
عِلّتِ مَتابِعْ: (اضافت کے ساتھ) مونث، علت آبنہ۔
عِلّتُ العِلَل: (ع) مونث، (۱) تمام اسباب کا سبب (۲) تمام حرکات کا محرک۔
عَلَم: (ع) مذکر، (۱) جھنڈا، نشان، (۲) اسم خاص (۳) شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا۔
ـــــ اٹھنا: شہدائے کربلا کی یاد میں شدون کا نکلنا۔
ـــــ بَردار: (۱) فوجی جھنڈا لے کر چلنے والا شخص، (۲) (کنایتاً) حضرت عباسؑ۔
ـــــ بلند کرنا: شہرت حاصل کرنا۔
ـــــ ٹوٹے: (عو) کوسنا، حضرت عباسؑ کی مار پڑے۔
ـــــ دار: (ف) مذکر، علم بردار، علم اٹھانے والا۔
ـــــ کرنا: تلوار میان سے نکالنا، بلند کرنا، اونچا کرنا، کھڑا کرنا۔
عِلْم: (ع) مذکر، (۱) جاننا، آگاہی، واقفیت (۲) کسی خاص فن کی ماہیت (۳) جادو منتر، ٹوٹکا۔ (۴) عمل تسخیر۔
عِلْمُ اکتسابی: مذکر، وہ علم جو حاصل کیا ہوا ہو۔
عِلْمُ الآثار: (ع) مذکر، قدیم چیزوں کا علم (انگ آرکیالوجی)
عِلْمُ الأصْنام: (ع) مذکر، (۱) دیویوں دیوتاؤں سے متعلق علم۔ دیومالائی علم، علم اساطیر۔ (۲) قدیم مورتیوں کا علم۔
عِلْمُ الأقْوام: (ع) مذکر، قوموں کی تہذیب وتمدن کی تاریخ کا علم۔
عِلْمُ اللِّسان: (ع/مذکر) لسانیات، زبانوں کا علم۔

عِلْمُ الیَقین: (ع/مذکر) یقین کی تین قسمیں ہیں۔
(۱) عِلْمُ الیَقین: یقینی امر کا اُس کی کیفیت اور ماہیت کے ساتھ جان لینا۔
(۲) عَیْنُ الیَقین: یقینی امر کا مشاہدہ کر لینا، آنکھوں سے بھی دیکھ لینا۔
(۳) حَقُّ الیَقین: یقینی چیز کا خود تجربہ کرنا۔
عِلْمِ اَدَب: (اضافت کے ساتھ) مذکر، زبان، بیان کا علم۔
ـــــ دین: (اضافت کے ساتھ) مذکر، مذہب کے متعلق معلومات کا علم۔
ـــــ کلام/۔ بیان: (اضافت کے ساتھ) مذکر، علم عقائد یعنی منقول کو عقلی دلائل سے ثابت کرنا۔
ـــــ لَدُنّی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، وہ علم جو بغیر استاد کے محض فیضِ روحانی اور فضلِ الٰہی سے حاصل ہو۔
ـــــ مَجْلِس: (اضافت کے ساتھ) مذکر، محفل میں نشست برخاست اور برتاؤ کا قاعدہ۔
ـــــ مُوسیقی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، گانے بجانے کا علم، علم سرود۔
ـــــ وَہبی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، خداداد علم، فطری علم۔
عِلْمِیَّت/عِلْمِیَت: مونث، علم ہونا۔
ـــــ بگھارنا: موقع بے موقع اپنا صاحب علم ہونا، ظاہر کرنا۔
عُلَما: (ع) مذکر، جمع عالم کی، جاننے والے، اہل علم۔
عُلُوّ: (ع) مذکر، بلندی۔
عُلُوم: (ع) مذکر، جمع علم کی۔
ـــــ رَسمی: (اضافت کے ساتھ) رائج علوم۔
ـــــ مُتعارِفہ: مذکر، بدیہی اصول، مانی ہوئی صداقتیں۔
ـــــ مُروّجہ: (اضافت کے ساتھ) مذکر، موجودہ رائج علوم
ـــــ مَشرِقی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، مشرقی ممالک کے رائج علوم۔

علوم :
—— مغربی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، مغربی ممالک کے رائج علوم۔
عَلَوِی : (ع) حضرت علیؓ کی اولاد۔
عُلوی : (۱) آسمانی (۲) مذکر، آسمانی موکلوں فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعے کیا جانے والا عمل۔
عَلی : (ع) مذکر، (۱) خدا تعالیٰ کا نام (۲) خلیفۂ چہارم کا نام۔
عَلی بند : مذکر، (۱) ایک زیور (۲) کشتی کے ایک پیچ کا نام
—— **دھتا** : بہت اونچا، قد آور۔
—— **نول** : مذکر، مسلمان پٹھے بازوں کا گروہ۔
عُلیا : (ع) (مونث کے لئے) اعلیٰ بزرگ۔
عَلَیک سَلَنک : مونث، معمولی ملاقات، صاحب سلامت
عَلَیک السَّلام : (ع) تجھ پر سلام ہو، سلام کا جواب
علیل : (ع) بیمار، کمزور، ناساز۔
عَلیم : (ع) دانا، خدائے تعالیٰ کا نام، جاننے والا۔
عَلَیہ : (ع) اوپر اس کے۔
عَلَیہ الرَّحمۃ دعا، اس پر خدا کی رحمت ہو۔
—— **السَّلام / علیہ التَّسلیم** : (ع) دعا، اس پر سلام ہو
—— **الصَّلوٰۃ** : (ع) دعا، اس پر خدا کی رحمت ہو۔
علیہم السَّلام : (ع) دعا، ان سب پر خدائے تعالیٰ کا سلام ہو۔
عَلَیہم الرِّضوان : (ع) ان سب پر خدا کی رضامندی ہو
علیین : (ع) مذکر، بہشت کا نام۔

ع۔م۔

عَمّ : (ع) مذکر، چچا، باپ کا بھائی۔
عَمّہ : مونث، باپ کی بہن، پھوپھی۔
عَمّو : مذکر، چچا۔
عَم زاد : چچا زاد۔
—— **زادہ** : چچا زاد بھائی۔
عَمّوی : میرا چچا۔
عِمارَت : (ع) مونث، تعمیر شدہ مکان، مکان۔
—— **کھڑی ہونا** : مکان بن جانا، تیار ہو جانا۔
عَماری : (ف) مونث، ہاتھی کا ہودہ۔
عُمّال : (ع) جمع عامل کی، مذکر، سرکاری کارگزار، روپیہ وصول کرنے والے عہدے دار، پرگنوں کے حاکم۔
عِمامہ : (ع) مذکر، دستار، پگڑی۔
(اتارنا (۱) عمامہ چھین نا، لے لینا (۲) دکنایتاً) رسوا کرنا، بے آبرو کرنا۔
عُمّان : (ع) مذکر، ایک عرب علاقے کا نام۔
عُمائد : (ع) مذکر، قوم کے سردار، معزز لوگ۔
عَمَد : (ع) مذکر، قصد، ارادہ۔
عَمداً : جان بوجھ کے، قصداً، دانستہ :
عَمدگی : مونث، خوبی، بھلائی، فضیلت، بزرگ، جوہر وصف
عُمدہ : (ع) (۱) پسندیدہ، منتخب (۲) نفیس، تحفہ، اعلیٰ درجے کا (۳) رئیس، صاحب ثروت، ذی مرتبہ، سردار
عُمَر : (ع) مذکر، جناب رسول خدا کے دوسرے خلیفہ کا نام۔
عُمر : (ع) مونث، (۱) سن وسال (۲) فرصہ، مدت (۳) زمانہ
—— **اَبَد** : (اضافت کے ساتھ) مونث، عمر جاوید، ہمیشگی کی عمر۔
—— **بسر ہونا** : زندگی کٹنا۔
—— **بہ پایاں رسید** : عمر کی انتہا پر پہنچا ہوا۔
عُمر بھا : مذکر، عمر بھر کا ٹھیکا، ہمیشہ جیتے رہنے کا قرار نامہ۔
—— **پیچ روزہ** / — **دو روزہ** : (اضافت کے ساتھ) چند روز کی عمر۔
—— **تیر کرنا** : عمر کے دن پورے کرنا، برے حالوں زندگی بسر کرنا۔
—— **جاوید** / — **جاوداں** : (اضافت کے ساتھ) ہمیشہ زندہ رہنا۔

— رسیدہ : بڑی عمر کا، بڈھا۔
— رواں : (اضافت کے ساتھ) جاری عمر جو ہر وقت و ہر لحظہ رواں رہتی ہے۔
— سے اُتر جانا : (کنایتاً) جوانی سے ڈھل جانا۔
— طبعی : (اضافت کے ساتھ) مدت، اصلی عمر، قدرتی عمر۔
— کے دن بھرنا۔ کے دن پورے کرنا۔ کے دن کاٹنا : بری بھلی طرح عمر کاٹ لینا۔
— نوح ع : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بہت بڑی عمر
عِمران : حضرت موسیٰ ع کے والد کا نام۔
عِمرانیات : (ع) مذکر، علم تمدن۔
عَمرو (عَمْر) (ع) مذکر، عام اشخاص، تمثیلی نام۔ فلاں فلاں سے مُراد۔
— کی زنبیل : (۱) عمرو نام کے ایک شخص کی جھول۔ جس میں سب کچھ سما جاتا تھا۔ اور پھر بھی جگہ باقی رہتی تھی۔ (۲) (مجازاً) ایسا ظرف جس میں تمام ضروریات سما جائیں۔
عُمرہ : (ع) مذکر، مسلمانوں کی مکے میں ایک خاص عبادت کا نام۔
عُمق : (ع) مذکر، گہرائی، کنواں، حوض یا دریا کی گہرائی۔
عَمَل : (ع) مذکر (۱) کام (۲) تعمیل، کارروائی، (۳) مشق، عادت، معمول، (۴) فائدہ، قاعدے کا برتاؤ، (۵) اثر تاثیر (۶) نشہ، نشے کا اثر (۷) فلک کی حد، حکومت، عہدہ (۸) قبضہ (۹) منتر، افسوں، اسم جلالی، — علوی یا سفلی (۱۰) شیانہ، پچکاری۔
— اٹھا لینا : قبضہ اٹھا لینا، حکومت اٹھا لینا،
— بیٹھ جانا : پورا پورا قبضہ ہو جانا، حکومت جمنا۔
— پڑھنا : کسی منتر دُعا یا افسوں کا بطور وظیفہ پڑھنا
— چراحی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، چیر پھاڑ۔
— چلنا : عمل کا کارگر ہونا۔

عَمَل :
— داری : (ہونث) حکومت، ریاست، سلطنت
— دَخل کرنا : قبضہ کرنا۔
— دَرآمد : مذکر، ضابطہ، کارروائی، تعمیل۔
— دَرآمد ہونا : عمل میں آنا، کارروائی ہونا۔
— کرنا : (۱) کسی بات پر کاربند ہونا، تعمیل کرنا، بات جاننا، کسی بات پر چلنا، بجا لانا، برتنا، برتاؤ کرنا (۲) اثر کرنا (۳) کسی اسم یا دُعا کا کسی خاص غرض کے لیے پڑھنا (۴) قبضہ کرنا۔
عَمَلی : (ع) عمل سے منسوب، معمولی، روزمرہ کے استعمال کی
عَملہ : (ع) مذکر (۱) کارکن لوگ، اہلکار، دفتر کے ملازم (۲) مکان کا مکینہ۔
— دَخلہ : مذکر، قبضہ و تصرف۔
عَمُود : (ع) مذکر (۱) ستون (۲) علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ خطِ مستقیم جو دوسرے خطِ مستقیم پر قائم ہو کر دو زاویے متصلہ برابر کے پیدا کرے (۳) گروز۔
عُموم : (ع) مذکر، عام ہونا، بے قید ہونا۔
عُموماً : (ع) عام طور پر، بیشتر، اکثر
عَمیق : (ع) گہرا۔
عَمیم : (ع) مذکر، عام، سب پر حاوی۔

(ع۔ن)

عُناب : (ع) مذکر، ایک سُرخ میوے کا نام۔
عُنابی : (ع) مذکر (۱) سُرخ مائل بہ سیاہی رنگ۔ (۲) صفت، عُناب کے مانند سُرخ۔
عِناد : (ع) مذکر، دشمنی، بَیر۔
عَنادِل : (ع) مذکر، جمع عندلیب کی، بُلبل۔
عَناصِر : (ع) مذکر، جمع عُنصر کی۔
— اَربعہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر، چاروں عنصر، آب، باد، آتش، خاک۔

عناں : (ع) مونث، لگام، باگ۔
ـــ تاب : (ف) اشارے پر چلنے والا گھوڑا
ـــ گسستہ : (ف) (۱) لگام توڑا ہوا (۲) (کنایتاً) بہت تیز گھوڑا۔
ـــ گیر : باگ پکڑ لینے والا، چلنے سے روک دینے والا۔
عنایات : (ع) مونث، جمع عنایت کی۔
عنایت : (ع) مونث، (۱) مہربانی (۲) ہدیہ، تحفہ (۳) توجہ، التفات۔
ـــ فرما : دوست، مہربانی کرنے والا۔
ـــ کرنا : (۱) مہربانی کرنا (۲) احسان کرنا (۳) دینا عطا کرنا (۴) توجہ کرنا۔
ـــ کی نظر ہونا : نگاہ لطف ہونا۔
عنب : (ع) مذکر، انگور۔
عنبر : (ع) مذکر، ایک مشہور خوشبو کا نام، جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے۔
ـــ آبود / ـ بار : (ف) (کنایتاً) خوشبودار۔
ـــ آفشاں / ـ بیز : (ف) خوشبو دینے والا۔
عنبرین : (ف) عنبر کی سی خوشبو دینے والا۔
عنبری : مذکر، (۱) ایک رنگ کا کبوتر (۲) ایک قسم کا خربوزہ (۳) ایک قسم کا سیب بھی ہوتا ہے۔
عند : (ع) نزدیک۔
عند اللہ : (ع) اللہ کے نزدیک۔
عند الاحتیاج : (عند ل احتیاج) ضرورت کے وقت۔
عند الضرورت : (عند ض ضرورت) ضرورت پڑنے پر۔
عند الطلب : (عند ل طلب) طلب کرنے پر، مانگنے پر۔
عند الملاقات : (عند ل ملاقات) ملاقات کے وقت۔
عند الناس : (عند ن ناس) لوگوں کے نزدیک۔
عندلیب : (ع) مونث، بلبل۔
عندیہ : مذکر، رائے، منشا، منصوبہ۔
عنصر : (ع) مذکر، اصل، بنیاد، (اصطلاح) پانی، آگ، ہوا، مٹی۔

عنصری گھروندا : (کنایتاً) جسم انسانی۔
عنفوان : (ع) مذکر، جوانی کا اول، ہر شے کا اول، جوانی کا آغاز۔
عنقا / عنقا : (ع) (۱) نایاب، بے نظیر (۲) محدوم، ناپید۔
عنقا ہونا : ناپید ہونا، محدوم ہونا، نایاب ہونا۔
عنکبوت : (ع) مونث، مکڑی۔
عنوان : مذکر، (۱) سبیل، طرح، طور، ڈھنگ (۲) تمہید (۳) سکہ نامہ۔
عنین : (ع) مذکر، نامرد، جو عورت کے کام کا نہ ہو۔
عوارض : (ع) جمع عارضہ کی، مذکر، (۱) پیش آنے والی چیزیں، (۲) مرض، دکھ، بیماریاں۔
عوارض جسمانی : بدن کی بیماریاں۔
عواطف : جمع عاطفت کی، مذکر، مونث، مہربانیاں
عواقب : (ع) جمع عاقبت کی، مذکر، وہ چیزیں جو دوسری چیز کے پیچھے آئیں، کام کے انجام، نتائج۔
عوام : (ع) مذکر، عام لوگ۔
عوام الناس : (ع) مذکر، (۱) تمام لوگ (۲) عام لوگ، بازاری آدمی، جاہل۔
عوام کالانعام : (عوام کل انعام) مقولہ، عام لوگ جو مثل چوپایوں کے ہیں، عام لوگ جن کی کوئی اہمیت نہیں۔
عوامل : (ع) جمع عامل کی، عمل کرنے والے۔
عوج بن عوق / ـ بن عنق : (ع) مذکر، ایک عظیم الجثہ طویل القامت شخص کا نام۔
جو حضرت آدم کے وقت میں پیدا ہوا اور حضرت موسیٰ کے زمانہ تک زندہ رہا۔
عود : (ع) مذکر، لوٹنا، پھرنا، واپسی، مراجعت۔
عود کرنا : لوٹ آنا، اعادہ کرنا، پھر آجانا۔
عود : (ع) مذکر، ایک سیاہ رنگ کی لکڑی جس کا دھواں خوشبودار ہوتا اور یہ لکڑی پانی میں ڈوب جاتی ہے (۵) اگر۔
عود بلاؤ : مذکر، دیکھو اود بلاؤ۔

عورت : (ع) (۱) زن، استری (۲) زوجہ، بیوی (۳) آدمی کے جسم کا وہ حصّہ جس کا کھولنا باعث شرم ہے، (۴) ناف سے گھٹنے تک انسان کے جسم کا حصّہ۔

—— **ذات** : عورت کی جنس، عورتوں کا طبقہ

عِوَض : (ع) مذکر، (۱) بدلا، معاوضہ (۲) بجائے۔

—— **مُعاوَضہ** : اداں بدلا۔

—— **گلہ مَدار د** : (ف) (مقولہ) جس چیز کا بدلا ہو سکتا ہے اُس کی شکایت کیا۔

عَوْن : (ع) مونث، مدد۔

عَہد : (ع) مذکر، (۱) وقت، زمانہ، (۲) سلطنت کا زمانہ، (۳) حکومت کا زمانہ (۴) قول قرار، قسم (۵) وعدہ۔

—— **باندھنا** : عہد کرنا۔

—— **شکن** / **گسیل** : وعدہ خلاف، قول پہ قائم نہ رہنے والا۔

—— **عتیق** : (اضافت کے ساتھ) مونث، (۱) تاریخ سے پہلے کا زمانہ (۲) قدیمت۔

—— **واثق** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، مضبوط عہد۔

عہد و پیماں : مذکر، قول قرار، قسمیں۔

ٹوٹ جانا : قول و قرار کا قائم نہ رہنا۔

عُہدہ : (ع) مذکر، (۱) منصب، مرتبہ، سرکاری منصب (۲) ذمہ (۳) درجہ۔

—— **بَر آہونا** : فرض ادا کرنا، ذمّے داری سے سبکدوش ہونا۔

عُہدے دار : مذکر، افسری رتبہ۔

عُہدے سے باہر آنا : کسی کام کی ذمّے داری کو پورا کر کے اُس سے سبکدوش ہونا۔

(ع۔ ی)

عِیادَت : (ع) مونث، بیماری کی خبر پوچھنا۔

عِیاذاً باللہ : (ع) خدا کی پناہ، معاذاللہ۔

عیار : (ع) مذکر، (۱) کھرا کھوٹا پرکھنے، (۲) سونا تولنے کا کانٹا۔

عَیّار : (ع) (۱) چالاک، ہوشیار، (۲) مکار فریبی۔

عَیّاری : (ف) مونث، چالاکی، فریب۔

عیّاش / (ع) نفس پرست، تماش بین، اوباش، رنڈی باز۔

عِیال / **عَیال** : مذکر، زن و فرزند، بال بچے۔

دار : مذکر، بال بچے والا، کنبے والا۔

—— **دار ی میں پھنسنا** : خانہ داری کے جھگڑے کھیڑے میں مبتلا ہونا۔ بال بچوں میں گرفتار ہونا۔

عَیاں : (ع) ظاہر، کھلا ہوا۔

—— **راچہ بَیاں** : (ف) (مقولہ) جو بات ظاہر ہے۔ کہنے سننے کی محتاج نہیں۔

—— **کرنا** : ظاہر کرنا۔

عَیب : (ع) مذکر، برائی، خرابی، نقص

—— **اُچھالنا** : شہرت دینے کے لئے عیب بیان کرنا۔

—— **بگھاننا** : (ہم) راز فاش کرنا۔

—— **بیں** / **تراش** / **جُو** : عیب تلاش کرنے والا۔

—— **پوش** : عیب چھپانے والا۔

—— **تھُپ جانا** : الزام کا چسپاں ہونا، عیب لگ جانا

—— **دار** : (ف) عیب والا، شریر خصوصاً گھوڑا۔

—— **سے بَری ہونا** / **پاک ہونا** : بے عیب ہونا۔ الزام سے بری ہونا۔

—— **کرنا** : حرام کرنا، زنا کرنا، برائی کرنا۔

—— **کرنے کو ہُنر چاہیئے** : (مقولہ) عیب کرنے کا بھی سلیقہ چاہیئے، ہنرمندی کے ساتھ کاروبد میں بھی چندان رسوائی نہیں ہوتی۔

—— **گیری** : مونث، عیب جوئی۔

لگانا : (۱) تہمت لگانا (۲) کسی چیز میں کوئی بُرائی، عیب یا نقص پیدا کر دینا، سقم دکھانا۔

عیب و ثواب : مذکر، بُرائی بھلائی۔

عیب و ہنر کھلنا : اچھائی بُرائی ظاہر ہونا۔

عیبی : (۱) ناقص (۲) شریر، بدذات (۳) کوئی بُرائی کرنے والا

عید : (ع) (جو بار بار آئے) مونث، (۱) مسلمانوں کے جشن کا دن جو یکم شوال کو ہوتا ہے (۲) (اُردو) خوشی، مراد پر آنا۔

عیدالاضحیٰ / الاضحیٰ : (ع) مونث، بقرعید، مسلمانوں کا وہ تہوار جو دس ذی الحجہ کو ہوتا ہے اور جس میں قربانی کی جاتی ہے۔

— **الفطر** : ماہ رمضان کے بعد کی عید جو پہلی شوال کو ہوتی ہے

— **غدیر / غدیرِ خم** : مونث، حضرت علیؓ کی عظمت کے اعتراف کے لیے ۱۸ ذی الحجہ کو شیعوں کا منایا جانے والا جشن۔

— **قرباں** : (اضافت کے ساتھ) مونث، عیدالاضحیٰ۔

— **کا چاند** : (۱) شوال کا مہینہ (۲) (کنایتاً) وہ جس کو عرصے کے بعد دیکھیں، جو کبھی کبھی نظر آئے۔

— **کا دُوگانہ** : عید پر پڑھی جانے والی دو رکعت نماز

— **کے پیچھے ٹر** : (مثل) موقع اور محل نکل جانے کے بعد کوئی کام کرنا، بے محل کوئی کام کرنا۔

— **کے پیچھے چاند مبارک** : (دہلی) (مثل) تہوار کے بعد مبارکباد دینا۔ موقع نکل جانے کے بعد کسی بات کا ذکر کرنا۔

عیدگاہ : (ف) مونث، عید کی نماز پڑھنے کی جگہ۔

— **منانا** : خوشی کرنا، عید کا تہوار کرنا، جشن کرنا۔

— **مولود** : مونث، ربیع الاول کی بارہویں تاریخ کو ولادتِ آنحضرتؐ کا جشن۔

عیدی : (ف) مونث، (۱) عید کا انعام (۲) عید پر بڑوں کی طرف سے چھوٹوں کو دی جانے والی رقم۔

عیدین : (ع) عیدالفطر، وعیدالاضحیٰ۔

عیسیٰ / عیسا : مذکر، ایک مشہور پیغمبر کا نام۔

عیسیٰ دوراں : (اضافت کے ساتھ) کامل طبیب۔

— **مریمؑ** : (اضافت کے ساتھ) حضرت عیسیٰ، حضرت مریم کے بیٹے۔

عیسائی : نصرانی، حضرت عیسیٰؑ کے پیرو اور ان کے ماننے والے۔

عیسوی : (۱) مسیحی، حضرت عیسیٰؑ سے منسوب (۲) حضرت عیسیٰ کی ولادت سے شروع ہونے والا سنہ۔

عیش : (ع) مذکر، خوشی، آرام، آسایش۔

— **آرام حرام کرنا** : آسایش اور آرام کی پروا نہ کرنا، آرام و راحت تج دینا۔

— **تلخ کرنا / منغض کرنا** : عیش و آرام میں خلل انداز ہونا

— **کا بندہ** : نفس پرست عیاش۔

عیش کرنا : خوشی اور چین کرنا۔

عین : (ع) (۱) آنکھ، چشم (۲) پانی کا چشمہ (۳) ہر چیز کی ذات، جوہر حقیقت (۴) ایک حرف کا نام (۵) ٹھیک، (۶) خاص، (۷) بجنسہٖ

عین الیقین : (عینُل یقین) دیکھو علم الیقین۔

عین صواب : (ع) بالکل ٹھیک، نہایت درست۔

— **عین** : (۱) ہم شکل، ہم صورت، قریب قریب مشابہت (۲) احول بھینگا، (۳) آنکھ میں پھلی والا شخص۔

— **مرضی** : مونث، اصل مرضی، ذاتی رضامندی۔

— **مقصود** : اصل مقصد۔

— **عینی** : (ع) ہو بہو، بعینہٖ۔

عینی : (ع) (صفت) دیکھی ہوئی (۲) سگا (جیسے برادرِ عینی)

عینیت : مونث، (۱) ایک افلاطونی فلسفہ، (۲) کسی بھی شے میں حسن کی اولیت کو تسلیم کرنے کا فلسفہ، مثالیت، تصوریت (۳) اصل ذات ہونا، اصل حقیقت ہونا۔

عینک : (ف) آنکھ کا چشمہ۔

غ

غین ؛ مذکر، غین معجمہ، غین منقوطہ۔
حساب جمل (ابجد) میں ایک ہزار عدد ہیں۔

غار ؛ (ع) مذکر، (۱) گڑھا، پہاڑ کی کھوہ (۲) گھاؤ، کاری زخم

غارت ؛ (ع) مونث، (۱) لوٹ کھسوٹ، دشمن پر لوٹ مار۔
—— **کرنا** ؛ (۱) تباہ کرنا، برباد کرنا، (۲) اجاڑنا، منہدم کرنا، (۳) (مو) نیست و نابود کرنا (۴) خراب کرنا، بگاڑنا
—— **گر** ؛ لٹیرا، راہزن۔
—— **ہوش** ؛ (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) حسین طرحدار۔
—— **ہونا** ؛ (۱) تباہ ہونا، اُجڑ جانا، منہدم ہونا، تلف ہونا، اکارت جانا، نیست و نابود ہونا، (۲) (مو) دفع ہونا، جانا۔

غازہ ؛ (ف) مذکر، ایک قسم کا خوشبودار سفوف، پوڈر۔

غازی ؛ (ع) مذکر، (۱) کافروں سے لڑنے والا (۲) مسلمان بادشاہوں کا خطاب (۳) (کنایتاً) گھوڑا۔

—— **مرد** ؛ مذکر، (۱) بہادر آدمی (۲) (کنایتاً) گھوڑا۔

غازیاں ؛ مشہور بزرگ سالار مسعود غازی کا خطاب۔

غاشیہ ؛ (ع) (غاشیت، چھپانے والی) مذکر، (مجازاً) چارجامے کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔
—— **بردار، بردوش** ؛ مطیع، فرمانبردار، سائیس، خادم۔

غاصب ؛ (ع) زبردستی کسی کا حق چھین لینے والا۔

غافل ؛ (ع) (۱) بے خبر، (۲) غفلت کرنے والا، بے پروا۔

غالب ؛ (ع) (۱) زبردست، (۲) جیتنے والا، فتح یاب، (۳) سبقت لے جانے والا، خالق، (۴) اکثر۔

غالباً ؛ ایسے شک کے لئے کہا جانے والا کلمہ جو یقین کے قریب ہو۔

غالی ؛ (ع) (۱) حد سے گزرنے والا (۲) ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو خدا مانتا ہے۔

غالیچہ ؛ (ف) مذکر، چھوٹا اونی قالین۔

غامض ؛ مشکل کلام۔

غائب ؛ (ع) غیر حاضر، پوشیدہ، مخفی، چھپا ہوا۔

غائبانہ ؛ (ف) پیٹھ پیچھے، غیر حاضری میں، غیر موجودگی میں

غائب غلّہ ؛ بالکل غائب۔

غائر ؛ (ع) گہرا وسیع۔

غائت ؛ (ع) مونث، (۱) غرض، مطلب (۲) انجام، انتہا۔

غائتہ الامر ؛ (غایتُ امر) (ع) انجام کار، آخرکار۔

غائت درجہ ؛ اخیر درجہ، انتہائی۔

(غ۔ب۔پ۔ت۔ٹ۔م)

غبار ؛ (ع) مذکر، (۱) گرد، دھول، گرد ملی ہوئی ہوا۔
(۲) (مجازاً) ملال، کدورت، معمولی رنج۔
—— **آلود۔ آلودہ** ؛ گرد میں بھرا ہوا، گرد آلودہ۔
—— **بیٹھنا** ؛ اُڑی ہوئی گرد کا بیٹھ جانا۔
—— **خاطر** ؛ (اضافت کے ساتھ) مذکر، دل کا رنج، کدورتِ خاطر۔
—— **رکھنا** ؛ کدورت رکھنا، رنج رکھنا۔
—— **ہونا** ؛ (۱) آسمان پر گرد ہونا، (۲) دو شخصوں کی آپس میں رنجیدگی ہونا، (۳) آنکھوں سے کم نظر آنا۔

غبارا ؛ مذکر (۱) ایک قسم کا ہوائی جہاز، (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

غبغب ؛ (ع) مذکر، موٹے ناز سے آدمی کی ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غبن ؛ (ع) مذکر، خیانت، خرد برد۔

غبی ؛ (ع) کند ذہن۔

غپ۔ گپ ؛ مونث، (۱) جھوٹ، شیخی کی بات (۲) جلدی سے حلق وغیرہ میں اُتر جانے کی آواز۔
—— **شپ** ؛ مونث، بے کار باتیں، اِدھر اُدھر کی باتیں بے ہودہ اور لغو باتیں۔

غپّی : بے بنیاد باتیں کرنے والا، جھوٹا، ڈینگ مارنے والا۔
غپاغپ : (ف) (۱) متواتر، پے در پے (۲) کسی چیز کی ملایم چیز کے متواتر اندر آنے جانے کی آواز۔
غمبر بُودر غت ربود : ملا جُلا، گڑبڑ، گنڈمڈ، خراب۔
غٹ : (۱) لوگوں کا ہجوم، ازدحام، غول، جتھا (۲) مونث، نگلنے یا حلق میں اُترنے کی آواز۔
غٹاغٹ : متواتر پینے کی آواز۔
غٹ پٹ ہو جانا : مونث، آواز جو پانی یا کسی دقیق چیز کے پینے میں انسان کے گلے سے نکلتی ہے۔
—— پی جانا / چڑھا جانا : بغیر گھونٹ لیے جلد جلد پی جانا (پانی یا کسی دقیق شے کا)
غٹرغوں / غٹ غوں : (دہلی) مونث، کبوتر کے بولنے اور گلہ بجنے کی آواز۔
غٹک جانا : نکل جانا، پل جانا۔
غچ : مونث، (۱) تلوار، چاقو وغیرہ کے گوشت میں گھسنے کی آواز (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
غچاغچ : مونث (۱) تلواروں کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز (۲) کیچڑ میں گھسنے یا دلدل میں پاؤں رکھ رکھ کر نکالنے کی آواز، (۳) آوازِ اجتماع۔
غچّا : مذکر، دھوکا فریب۔
—— کھانا : دھوکا کھانا۔

(غ۔ذ۔ر)

غدّار : (ع) (۱) مُفسِد، باغی، نمک حرام (۲) بہت وسیع (۳) ملک کا دشمن، ملک کے دشمنوں سے مل جانے والا۔
غدر : (ع) مذکر، بغاوت، ہنگامہ، بلوہ
—— کرنا / مچانا : شور غل کرنا، بدانتظامی کرنا، لوٹ مچانا، سرکشی کرنا۔
غدّود : (ع) مذکر، گلٹی۔
غدیر : مذکر، (۱) تالاب، (۲) نشیب جس میں برسات کا پانی جمع ہو۔
—— خُم : مکّے اور مدینے کے درمیان راستے میں ایک موضع کا نام۔
غذا : (ع) مونث، کھانا، خوراک،
لگنا : غذا کا بدن پر اثر کرنا، غذا جزوِ بدن بننا۔
غذائیت : (ع) (ف) مونث، (۱) کسی چیز میں غذا کا عنصر پایا جانا (۲) غذا ہونے کی حالت۔
غرّا / غرّہ : (ع) (۱) مشہور، چند (۲) (اردو) غرور، گھمنڈ۔
غرّا / غرّہ : (۱) چاند رات، قمری مہینے کا پہلا دن، پہلی تاریخ، (۲) فاقہ۔
غرابت : (ع) مونث، (۱) انوکھا پن (۲) تحریر میں نامانوس الفاظ کا استعمال۔
غرارہ : مذکر، (۱) حلق میں پانی ڈالکر غرغر آواز نکال کر کلی کرنا، غرغرہ کرنے کی دوا، (۲) ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ۔
غرّال : (ف) غصّے سے چیخنے والا، ڈراونی آواز نکالنے والا
غرّانا : (۱) غصہ کی آواز نکالنا (۲) شیر یا بلی کا غصے میں آکر بولنا (۳) (مجازاً) غصے میں کچھ کہنا (۴) (کنایتاً) کفرانِ نعمت کرنا۔
غرائب : (ع) مذکر، جمع غریب (بمعنی نادر) کی، عجائب، نوادر۔
غرب : (ع) مذکر، سورج ڈوبنے کی جگہ (۲) مغرب، پچھم۔
غربی : (ع) پچھم کا۔
غربا : (ع) جمع غریب کی (بمعنی مسافر) مذکر، مسلمین، تہی دست
غربال : مونث، چھلنی،
غربت : (ع) مونث (۱) مسافرت، سفر، پردیس (۲) مفلسی، تنگ دستی (۳) فروتنی، بھولاپن۔
—— دیدہ / زدہ : وہ شخص جو اپنے شہر اور دولہن سے دور ہو۔

غَرَض : (ع) مونث، (۱) مقصد، حاجت، ارادہ، خواہش، مطلب، (۲) پروا، ضرورت (۳) قصہ مختصر، حاصل کلام

آشنا : خودغرض۔

—— **اٹکنا / ۔اٹکی ہونا** : حاجت ہونا، پروا ہونا، کسی سے کسی کا کام اٹکنا۔

—— **یاولار۔ کا باولا** : مذکر، حاجت مند، مطلب کا غلام۔

—— **کا آشنا / کا دوست / کا یار** : مطلبی دوست۔

—— **کے لیے گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے** : (مثل) حاجت مند کو ذلیل ترین کام کرنا پڑتا ہے۔

—— **مند** : (ف) حاجت مند، خواہش مند۔

غَرْغَرہ : (ع) مذکر، (۱) دریچہ، کھڑکی، جھروکا، (۲) خلوت، تنہائی۔

غُرّے کی بات : (عو) پوشیدہ بات۔

غَرق : (ع) (۱) ڈوبا ہوا، غریق (۲) نہایت معروف محو (۳) نشے میں چور ہونا۔

—— **ہونا** : (۱) ڈوبنا، پانی میں سمانا (۲) نہایت معروف ہونا، محو ہونا (۳) نشے میں چور ہونا۔

غَرقاب : (ف / ا) گہرا پانی، ڈباؤ پانی (۲) پانی میں ڈوبا ہوا۔ (۳) نہایت مشغول (۴) نشہ میں چور (۵) نیند میں متوالا

غرق : مونث، (۱) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین (۲) سیلاب (۳) ایک قسم کی کم عرض لنگوٹ، اونچی لنگی، (۴) (ع) صفت ایک قسم کا عود۔

غروب : (ع) مذکر، چاند سورج کا چھپنا، ڈوبنا۔

—— **غُرور** : (ع) مذکر، تکبر، گھمنڈ۔

—— **آنا** : تکبر ہو جانا۔

—— **ڈھے جانا** : تکبر اور نخوت کا زائل ہو جانا۔

غَرّہ : (ع) مذکر، غرور، گھمنڈ، ناز۔

—— **توڑنا** : کسی کے غرور کو زک دے کر زائل کرنا۔

—— **ہونا** : ناز ہونا، گھمنڈ ہونا، فخر ہونا۔

غُرّے ڈپٹے : مذکر، دھمکی، ڈرانا۔

غریب : (ع) (۱) نادر، عجیب، انوکھا (۲) مسکین، عاجز، بے زبان (۳) مفلس، نادار (۴) سیدھا سادھا، وہ جو شریر نہ ہو (۵) مسافر، اجنبی، پردیسی۔

غریبا مئو : (عو) غریبوں کا سا، روکھا سوکھا۔

غریب الدیار / غریب الوطن : مذکر، مسافر، پردیسی، بے گھر، غریب۔

—— **پرور / ۔نواز** : بے کس کی پرورش کرنے والا۔

—— **خانہ** : مذکر، (انکسار سے) اپنا مکان۔

—— **غربا** : مذکر، محتاج، ننگے بھوکے۔

غریبی : مونث، (۱) مفلسی، بے زری (۲) عاجزی (۳) سادگی (۴) بے وطن ہونا۔

غریق : (ع) ڈوبا ہوا شخص۔

—— **رحمت** : خدا تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا، مغفور، مرحوم

غٹراپ : پان میں غوطہ یا ڈبکی لگانے کی آواز۔

غٹراپ (سے) : جلد، پھرتی سے۔

غٹرپ : مونث، (۱) ڈوبنے کی آواز، کسی چیز کی دفعتاً (اندر داخل ہونے کی آواز، (۲) کسی چیز کے فوراً نگل جانے کی آواز۔

—— **شٹرپ** : جلدی کھا جانا، جلد جلد باتیں کرنا۔

غزا : (ع) مونث، دین کے دشمن کے ساتھ جنگ کرنا۔ مذہبی جنگ۔

غزال : (ع) مذکر، ہرن۔

—— **چشم** : (اضافت کے ساتھ) بڑی بڑی آنکھوں والا۔

—— **ختن / ۔شہری** : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) معشوق۔

غزالہ : (ع) ہرن کا مادہ بچہ۔

غزالی : (ع) منسوب، قریہ غزالہ سے امام محمد غزالی کی پیدائش کی جگہ۔

غزل : (ع) مونث، (۱) عورتوں سے باتیں کرنا، (۲) وہ اشعار جس میں حسن وعشق، وصال فراق، ذوق اشتیاق، جنون یاس وغیرہ کی باتیں جو عشق سے متعلق ہیں کہی جائیں۔

—— **بنانا** : غزل پر اصلاح دینا۔

—— **پرواز** : (ف) غزل گو شاعر۔

—— **پھیکی پڑجانا / ٹھنڈی ہونا** : غزل سست ہو جانا۔

—— **چمکانا** : غزل کو اصلاح دے کر اعلا درجہ پر پہنچانا۔

—— **کی زمین** : غزل کی طرح۔

—— **گو، طراز، سرا، خواں** : (کنایتاً) غزل پڑھنے والا غزل سننے والا۔

غزلیات : (ع) مونث، جمع غزل کی۔

غزوہ : (ع) مذکر، وہ جہاد جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود شریک ہوتے رہے۔

(غ۔س۔ش)

غسال : (ع) مذکر مردوں کو غسل دینے والا۔

غسل : مذکر، (۱) تمام بدن کو دھونا، نہانا۔

—— **خانہ** : مذکر، حمام، نہانے کی جگہ۔

—— **صحت** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بیماری سے صحت پاکر نہانا۔

—— **کی حاجت ہونا** : بدن کا ناپاک ہو جانا، نہانے کی حاجت ہونا، احتلام ہونا۔

غشی : مونث، بے ہوشی۔

غش : (ع) مونث، (۱) کدورت (۲) آمیزش، کھوٹاپن (۳) تشویش جیسے بے غل وغش۔

(غ۔ص۔ض)

غصب : (ع) مذکر، زبردستی لینا، خیانت مجرمانہ۔

غصبی : صفت، غصب کیا ہوا مال۔

غصہ : (ع) مذکر، (مجازاً) خفگی۔

—— **آنا** : غضب آنا، تیہا آنا۔

—— **اتارنا** : خفا کسی پر ہونا اور سرزنش کسی اور کو کرنا

—— **بخار نکالنا**۔

—— **بہت، زور تھوڑا، مار کھانے کی نشانی** : (مثل) کمزور کا غصہ اس کی ذلت کا موجب ہے۔

—— **پی جانا** : جوش غضب کو روکنا۔

—— **تھوک دینا / تھوک ڈالنا** : خفگی سے باز آنا، جانے دینا۔

—— **سے بھوت ہو جانا** : بے حد خشمناک ہونا۔

—— **میں بوٹیاں کاٹنا** : (کنایتاً) بے حد افروختہ ہونا

—— **نکالنا** : دل کا بخار نکالنا، غصہ اتارنا، بدلہ لے کر ٹھنڈا کرنا۔

—— **ور** : بدمزاج، جلد غصہ ہو جانے والا۔

غصیل / غصیلا : بدمزاج، مغلوب الغضب، غصہ ور۔

غضب : (ع) مذکر، (۱) قہر، غصہ۔ (۲) آفت، بلا، مصیبت (۳) بہت بری بات، بہت بے جا بات، (۴) اندھیرا زبردستی، سختی، ظلم، (۵) ستم۔ (۶) بڑھ چڑھ کے، (۷) مبالغہ کے لئے (۸) بااثر، کارگر، (۹) آفت کا پرکالہ فتنہ وفساد پیدا کرنے والا (۱۰) نہایت دشوار ونا گوار (۱۱) ناراض، خفا، رنجیدہ، (۱۲) عجیب انوکھا (۱۳) خوبی میں یکتا، بے حد حسین۔ (۱۴) ضرر رساں، مضر، بہت برا۔

—— **آلودہ** : (ف) غصے میں بھرا ہوا۔

—— **الٰہی** : مذکر، (۱) خدا کا قہر (۲) (عو) بد دعا خدا کا غضب ٹوٹے۔

—— جوتنا : (عو) ہنگامہ مچانا۔
—— ڈھانا : (۱) آفت برپا کرنا، بہت ظلم کرنا، سختی کرنا، (۲) کوئی انوکھی بات کرنا، عجیب کام کرنا۔
—— کا بجھا ہوا : قہر میں ڈوبا ہوا۔
—— کا بنا ہوا : (عو) آفت کا پرکالہ، بڑا شریر۔
—— کرنا : (۱) برا کرنا، دوسرے حق میں یا اپنے حق میں کچھ برا کرنا، کوئی بے جا نامناسب فعل کرنا، (۲) حیرت انگیز کام کرنا، عجیب و غریب فعل کرنا (۳) ظلم ڈھانا، آفت برپا کرنا۔
—— میں جان پڑنا : کسی آفت اور بلا میں مبتلا ہونا، جھگڑے میں پھنسنا۔
—— نازل ہونا : (۱) کسی پر کوئی آفت آنا، مصیبت آنا (۲) خفگی ہونا، عتاب ہونا۔
—— ناک : غصہ میں بھرا۔
—— ہونا : خفا ہونا، غصہ ہونا (۲) کام خراب ہونا خرابی و نقصان کا موجب امر واقع ہونا، (۳) تعریف میں مبالغہ کے لیے)۔
غضبی : ظالم، غصہ ور۔
غضنفر : (ع) مذکر، شیر، (کنایتاً) جری بہادر۔

(غ۔ف)

غفار : (ع) معاف کرنے والا، بخشنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔
غفران : (ع) مذکر، گناہوں سے درگذر، آمرزش۔
—— مآب : مغفور مرحوم۔
غفلت : (ع) مونث، (۱) چوک، بھول، بے خبری۔ (۲) غشی، بے ہوشی، (۳) اونگھ، نیند۔
—— پیشہ/۔ کار/۔ زدہ/۔ شعار : (ف) نہایت غافل اور بے خبر۔
—— کا پردہ : کسی کا کسی بے پروائی اور بھول کا حائل ہونا بے خبر ہونا بنانا۔
غفور : (ع) معاف کرنے والا، خطا بخشنے والا، خدا تعالیٰ کا نام۔
غفور الرحیم : (ع) بخشنے اور رحم کرنے والا (دونوں لفظ خدائے تعالیٰ کے اسمائے صفاتی ہیں)۔
غفیر : (ع) اتنی بڑی جماعت کہ جہاں تک نظر کام کرے وہیں نظر پڑے، (تنہا مستعمل نہیں ہے۔ مثلاً جمِ غفیر بمعنی بڑا مجمع۔
غل : (ف) مذکر (۱) ہنگامہ، شور، غوغا، (۲) فریاد، (۳) دھوم۔
—— شور/۔ غپاڑا : مذکر، شور و غوغا۔
غلاظت : (ع) مونث، (۱) نجاست، ناپاکی، گندگی (۲) گاڑھا پن۔
غلاف : (ع) مذکر، (۱) تلوار کی میان (۲) تکیے یا بکس کے اوپر کا کپڑا (۳) جزدان (۴) کعبے کی پوشش (۵) خول۔
کعبہ : کعبہ پر چڑھایا جانے والا غلاف۔
غلافی آنکھ : مونث، بڑی جھکی ہوئی، پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھ۔
غلام : (ع) مذکر، (۱) زرخرید لڑکا جو بے تنخواہ گھر کا کام کاج کرے (۲) بندۂ زرخرید۔ (۳) (عجز و انکسار سے) نیازمند، عقیدت مند، ملازم، نمک خور (۴) مطیع، فرمانبردار۔ (۵) تاش کے ایک پتے کا نام۔
—— بنانا/۔ بنا لینا : مطیع کر لینا۔
—— گردش : (ف) مونث، کوٹھی یا محل کے چاروں طرف کا برآمدہ۔
غلامی : (ف) مونث، (۱) بندگی، غلام ہونا، (۲) اطاعت، فرماں برداری۔
—— میں قبول کرنا : (۱) (کنایتاً) داماد بنانا، (۲) ملازم رکھنا۔
غلبہ/غلبہ : (ع) مذکر (۱) زیادتی (۲) حملہ، ہجوم، (۳) جیت سبقت، ترجیح۔

—— پانا : فتح پانا، غالب ہونا۔
غَلَط : (ع) غیر صحیح، نادرست، (۲) خلاف واقع، لغو۔
غَلَطُ العام / غَلَطِ عام : مذکر، وہ عام غلطی جس کو فصحا نے جائز سمجھ لیا ہو فصیح ہے،
غَلَطُ العام فصیح : (ع) مقولہ، وہ غلطی جس کو فصحا نے جائز سمجھ لیا ہو فصیح ہے۔
غَلَطُ العوام / غَلَطِ عوام : مذکر، وہ غلطی جو عوام اور بازاری اپنی جہالت کی وجہ سے کرتے ہیں اور جس کو فصحا صحیح نہیں مانتے۔
—— غَلَط انداز : نگاہ یا تیر جو نشانے پر نہ لگے۔
—— بَیانی : مونث، خلاف واقعہ بات بیان کرنا۔
—— ٹھہرانا : غلط ثابت کرنا، نادرست قرار دینا۔ رد کرنا، جھوٹا ٹھہرانا۔
—— دَر غَلَط : کسی غلطی کا کسی دوسری غلطی پر مبنی ہونا
—— بَلَط : (سکلط تابع مہمل) گڑبڑ، غلط۔
—— فہمی : (ف) مونث، نا سمجھی، کج فہمی۔
—— کاری : مونث، بداعمالی، بدوضعی۔
—— گوئی : (ف) مونث، غلط بیانی۔
—— نامہ : مذکر، فہرست اغلاط، صحت نامہ۔
غَلَطی : مونث، بھول چوک نادرستی، خلاف بیانی، نا سمجھی۔
غَلَطیاں نکالنا : اعتراض کرنا، نقص ظاہر کرنا۔
غلطاں : (ف) لوٹتا ہوا، لڑھکتا ہوا، لوٹنے والا تڑپنے والا۔
—— پیچاں : فکر میں پریشان، متفکر۔
غَلَطہ : مذکر، (۱) ایک قسم کا موٹا کپڑا (۲) تلوار رکھنے کا چمڑے کا نیام، غلاف شمشیر، (۳) معماروں کی اصطلاح) ایک قسم کی محراب دار چنائی۔
غِلَظ / غِلَظت : (ع) پہلا مذکر، دوسرا مونث، گاڑھا پن، گندگی۔
غلغلہ : (ف) مذکر، (۱) شور، غوغا، (۲) شہرہ، دھوم،

غَلَک : (ف) مونث، وہ ظرف جس میں بکری محصول یا نذر وغیرہ کی آمدن ڈالتے رہتے ہیں، (۲) وہ سوراخ جو بچے اپنی جمع علاحدہ جوڑنے کے واسطے دیوار یا زمین میں بنا لیتے ہیں۔
—— میں دھرنا : جمع کرنا، جیب میں رکھنا، اپنے پاس رکھنا۔
غِلماں : (ع) جمع غلام کی، مذکر، امرد، نوعمر لڑکے۔ وہ مخلوق جو امردوں کی صورت میں اہل جنت کی خدمت کے واسطے ہوگی۔
غُلمٹا : مذکر (۱) (عم / غلام زادہ (۲) تاش کے ایک پتے کا نام جس کو غلام بھی کہتے ہیں۔
غُلو / غُلُو : (ع) مذکر (۱) (اصطلاح معانی) ایسا مبالغہ جو عقلاً اور عادتاً محال ہو (۲) شدت، بے حد اصرار، کسی خیال میں بے حد مشغول۔
غِل و غِش : (ع) کدورت و کینہ۔
غُلوَلہ : (ف) مذکر، (۱) گول، گلہ (۲) شکار کے جانوروں کا مجمع۔
غَلّہ : (ف) مذکر، (۱) اناج۔ (۲) بکری رکھنے کا صندوقچہ (۳) دن بھر کی بکری۔
غُلّہ : مذکر، غلیل میں رکھ کر چلائی جانے والی گولیاں۔
غلیظ : (ع) مذکر، (۱) گاڑھا، کثیف، موٹا، دبیز، (۲) ناپاک چیز، گوبر، میلا۔
غُلیل : مونث، وہ دو شاخ کی کمان جس کے ذریعہ سے گلہ پھینکتے ہیں۔

(غ۔م)

غم : (ع) مذکر، (۱) رنج، ملال، الم، سوگ، ماتم، افسوس، (۲) فکر، پروا۔
—— آلودہ : (ف) غمناک، ہر وقت غم میں رہنے والا۔
—— انگیز : غم پیدا کرنے والا۔

غم :

—— پالنا : کلیجہ اپنے سر لینا۔

—— خوار : (ف) (۱) ہمدرد، دکھ درد کا شریک، (۲) متحمل، بردبار، برداشت، سہارا۔

—— دوست : (ف) رنج و غم کو دوست رکھنے والا۔

—— دیدہ / رسیدہ / زدہ : مصیبت زدہ، غمگین۔

—— غلط ہونا : جی بہلنا، کسی غمگین کی طبیعت کا کسی مشغلے میں بہل جانا۔

—— کا پتلا / سراپا غم / غم کا پہاڑ : (کنایتاً) غم کی مصیبت

—— کدہ : (ف) مذکر، غم کا گھر، مصیبت کا گھر۔

—— کش : (ف) غمگین، رنج برداشت کرنے والا۔

—— گین : رنجیدہ، اداس۔

—— ناک : (ف) رنجیدہ، اداس، مایوس۔

—— نداری بزنجیر : (ف) (مثل) جب کوئی خوامخواہ کوئی ایسا کام کرے جس میں فکر و تردد کرنا پڑے۔ (جس کو کوئی غم نہ ہو وہ بکری خریدے)

غمی / غمیں : (ف) (۱) غمگین، (۲) موت، غمی ہو جانا، موت ہو جانا۔

غماز : (ع) (۱) چغل خور، (۲) آنکھ سے اشارہ کرنے والا طعنہ کرنے والا۔

غمزہ : (ع) مذکر، (۱) چشم و ابرو کا اشارہ (۲) ناز، نخرہ معشوقانہ ادا۔

غنا : (ع) موث، (۱) دولت مندی (۲) بے پروائی، بے نیازی

غناء : (ع) مذکر، نغمہ، راگ، گیت۔

غنائم : (ع) غنیمت کی، مذکر، لوٹ کا مال، مال غنیمت۔

غنائیت : (ع) موث، ترنم، موسیقیت۔

غنچہ : (ف) مذکر، (۱) کلی، بے کھلا پھول (۲) گلجان۔ (۳) جھرمٹ، ایک جگہ بیٹھے ہوئے چند آدمی کا مجمع، (۴) (مجازاً) معشوق کا دہن۔

—— پیشانی : (ف) بد دماغی اور غصہ کی حالت کا پیشانی سے ظاہر ہونا (متروک)

غنچہ :

—— پیکاں / تیر : (اضافت کے ساتھ) مذکر، تیر کا پھل۔

—— پٹکنا : کلی کا کھلنا۔

—— دہن / دہاں / لب : (ف) (۱) چھوٹے سے منہ کا (۲) (کنایتاً) معشوق۔

—— صبح کھلکھلانا (کنایتاً) صبح ہونا۔

—— کا مسکرانا : (کنایتاً) کلی کا کھلنا۔

—— ناشگفتہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر، (۱) بند کلی، (۲) (کنایتاً) دوشیزہ، کنواری۔

غنڈا : مذکر، لچا، شہدا، دیکھو گنڈا۔

غنغنا / غنغنا : مذکر، ناک میں بولنے والا۔

غنغنانا / گنگنانا : (۱) ناک میں بولنے والا، ناک میں بات کرنا، (۲) ناک میں گانا، (۳) آہستہ آہستہ دھیمے سروں میں کچھ گانا یا شعر پڑھنا۔

غنودگی : (ف) موث، اونگھ، نیند، خمار۔

غنہ : (ع) مذکر، وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے۔

غنی : (ع) (۱) دولت مند (۲) بے پروا، بے نیاز، کودد (۳) خدائے تعالیٰ کا نام، (۴) تیسرے خلیفہ حضرت عثمان کے نام کا جزو، (حضرت عثمان غنیؓ)

غنیم : (۱) مذکر، (۱) لوٹنے والا (۲) (مجازاً) دشمن، حریف

غنیمت : (ع) موث، (۱) لوٹ کا مال، وہ مال جو دشمن سے چھین لیں، وہ مال جو بے محنت ہاتھ آئے (۲) قدر کے قابل۔

—— جاننا : بہتر جاننا، قدر کرنا، قابل قدر سمجھنا۔

—— ہونا : قابل قدر ہونا، قابل شکر ہونا۔

(غ۔ و)

غواص : (ع) مذکر، (۱) غوطہ لگانے والا، (۲) (اصطلاح کیمیا) کسی دھات کے اندر سرایت کر جانے والا۔

غوابض : (ع) جمع غامضہ کی، مذکر، چھپی ہوئی باتیں، نکتے، باریک معنی۔

غوث : (ع) (۱) فریادرس، (۲) (اصطلاح تصوف) قطب، اہل اسلام میں ولایت کے ایک درجے کا نام۔

غوث الاعظم / غوث الثقلین : شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب۔

غور : (ع) مذکر، مونث، (۱) فکر، تامل، (۲) خبرگیری، پرورش، رکھ رکھاو۔

ـــــ پرداخت : مونث، خبرگیری، پرورش، رکھ رکھاو

ـــــ طلب : سوچنے فکر کرنے کے قابل۔

ـــــ کرنا : (۱) فکر کرنا، دھیان کرنا، (۲) توجہ کرنا، متوجہ ہونا، (۳) علاج معالجہ کرنا، خبرگیری۔

غوری : (ف) مونث، غور کا باشندہ (۲) ایک قسم کی غور سے آنے والی چینی کی رکابی جو زور پڑنے سے ٹوٹ جاتی تھی، (۳) تانبے کی کنگر سے دار رکابی۔

غوطہ : مذکر، (۱) اڑتے ہوئے کنکوے کا اوپر سے نیچے کی طرف آنا (۲) سکوت کا عالم، نشہ، بے ہوشی، (۳) پینے کی شدت۔

غوطہ : مذکر، (۱) ڈبکی، پانی میں ڈوبنا یا ڈبونا۔

ـــــ خور : مذکر (۱) ڈبکی لگانے والا، (۲) ایک آبی پرند، جل کوا۔

ـــــ زن : غوطہ مارنے والا۔

ـــــ کھانا : (۱) ڈوبنا، غرق ہونا، (۲) بھولنا، بھٹکنا، بیچ میں چھوڑ جانا، (۳) جل میں آنا، دھوکا کھانا۔

ـــــ لگانا : (۱) ڈبکی لگانا (۲) پوشیدہ رہنا، غائب رہنا (۳) کسی خیال میں ڈوبنا، محو ہونا۔

ـــــ مارنا : (۱) ڈبکی مارنا (۲) غائب رہنا، ناغہ کرنا (۳) کسی معاملہ میں بہت غور کرنا۔

غوطے میں ہونا : فکر میں محو ہونا۔

غوغا : (ع) مذکر، شور، غل غپاڑا، ہلڑ۔

غوغائی : (ف) شور کرنے والا (۲) ایک قسم کے پرند کا نام جس کو دومنی بھی کہتے ہیں، (۳) واہی، بے ہودہ، بے سلیقہ، جھوٹا، دروغ گو۔

غول : مذکر، (۱) انبوہ، بھیڑ، گروہ، جمعیت (۲) چھلاوا، اگیا بیتال بھوت پریت۔

ـــــ بیابان / ـــ بیابانی : (اضافت کے ساتھ) (ف) نہ کر بالبھوت پریت، چھلاوا، (۲) (کنایتاً) وحشی، جاہل۔

غوں غاں : مونث، دودھ پیتے بچوں کے بولنے کی آواز شیر خوار بچوں کی بات چیت۔

(غ۔ی)

غیاب : (ع) مذکر غیر موجودگی۔

غیاث : (ع) مونث، (۱) فریاد (۲) فریادرس (۳) فریادرسی۔

غیب : (ع) مذکر، غیر موجودگی، مخفی، نہاں۔

ـــــ داں : (ف) پوشیدہ حال جاننے والا۔

ـــــ کی خبر : آئندہ واقعات کی خبر۔

غیبت / غیبت : (ع) مونث (۱) پیچھے، غیر موجودگی، غیر حاضری (۳) بدگوئی، پیٹھ پیچھے برائی۔

غیر : (ع) (۱) اجنبی، بیگانہ، (۲) (مجازاً) رقیب (۳) (دوسرا (۴)) نفس کے معنی میں (۵) سوا، بجز۔ (۶) دگرگوں۔

ـــــ آباد : (۱) ویران، اجاڑ (۲) افتادہ، پرتی زمین۔

ـــــ اختیاری : مجبوری کی، بے اختیاری کی۔

ـــــ حاضر : غائب، غیر حاضری، موجود نہ ہونا۔

ـــــ فانی : فنا نہ ہونے والا، نہ مٹنے والا۔

ـــــ متناہی : بے انتہا، جس کی انتہا نہ ہو۔

ـــــ مردف : (ع) بغیر ردیف کے اشعار۔

ـــــ مرئی : (ع) دکھائی نہ دینے والا، موجود مگر لطافت کے سبب چھپا اور دکھائی نہ جانے والا۔

غیر :
— مزروعہ : وہ زمین جو جوتی نہ گئی ہو۔
— منقوط : وہ حرف جو لکھنے میں آئے بولنے میں نہ آئے۔
— ممکن : دشوار۔ محال۔
منقولہ : مونث، وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر نہ لے جا سکیں۔
— منکوحہ : وہ عورت جس سے نکاح نہ ہوا ہو، بن بیاہی عورت۔
— واجب : ناناسب، بے جا۔
غیریت / غیریّت : (ع) مونث، بے گانگی، مغایرت۔

غیرت : (ع) مونث (۱) رشک (۲) شرم، حیا، ندامت۔
— سے کٹ جانا : غیرت سے شرمندہ ہو جانا۔
— ماہ : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) معشوق۔
— مند : صفت، غیرت والا، صاحب غیرت۔
— **غیظ** : (ع) مذکر، شدید غصہ، قہر۔
غیظ و غضب : مذکر، بے حد غصہ۔
غین : مذکر، ایک حرفِ تہجی کا نام، (ع)
ہونا : نشے میں چور ہونا۔
غیور : (ع) بہت غیرت کرنے والا۔ بہت رشک کرنے والا۔

طب ڈیلو ○ چوک آرزو بازار — لاہور ۲

دنیائے طب کی ایک نادر روزگار کتاب

لغاتُ الادویہ

پیش کش ڈاکٹر خورشید احمد خان یوسفی

ایک نادر و نایاب تحفہ قیمت صرف 90 روپے

عرصۂ دراز کے بعد شائع کر کے اب پھر علمِ طب کے شائقین کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے

ف

فے : مونث، اردو حروفِ تہجی کا ایک حرف، حسابِ جمل (ابجد) میں اسّی عدد ہیں۔

فاتح : (ع) مذکر، فتح کرنے والا، کھولنے والا۔

فاتحہ : مونث، (۱) سورۂ الحمد، (۲) کسی مردے کی روح کو ثواب پہونچانے کی غرض سے سورۂ فاتحہ اور قل ہو اللہ پڑھنا، آخر میں درود پڑھ کے اُس کا ثواب کسی کی روح کو بخشنا۔

—— پڑھنا / دینا / دلانا : (۱) نیاز دینا (۲) (کنایتاً) مایوس ہو جانا، امید منقطع کرنا۔

—— نہ درود کھا گئے مردود : (مثل) کسی سے کا عبث ضائع ہونا۔

—— نہ درود کھانے کو موجود : (مثل) بے محنت و مشقت مزدوری مانگنا۔

—— نہ درود مرگیا مردود : شریر اور بدمزاج کی موت پر بولتے ہیں۔

فاتر : (ع) صفت، سست، کمزور، ضعیف۔

فاترُ العقل (فاترُل عقل) : (ع)، جس کی عقل میں فتور آگیا ہو۔ پاگل۔

فاجر : (ع) مذکر، بدکار، بدکار مرد۔

فاحش : (ع) (مجازاً) شرمناک، بھاری، قبیح۔

فاحشہ : (ع) مونث، بدکار عورت، قحبہ۔

فاختہ : (ع) مونث، کبوتر کی قسم کے ایک پرند کا نام۔

—— اڑانا : (دلی) گل چھرّے اڑانا، عیش کرنا، مزے اڑانا

فاختئی : مذکر، ایک قسم کا خاکی رنگ۔

فاخر : (ع) مذکر، (۱) فخر کرنے والا، نازاں، (۲) قیمتی، عمدہ، نادر، بیش قیمت۔

فادر : FATHER : (انگ) مذکر، (۱) باپ (۲) پادری۔

فارَخطی / فارِغ خطی : (۱) طلاق نامہ، (۲) بے تعلقی کی تحریر جو میاں بیوی کے درمیان ہو، طلاق نامہ۔

فارس : (ع) مذکر، گھوڑے کا سوار، شہ سوار۔

فارسی : (ف) مونث، (۱) ملک فارس کی زبان، (۲) فارس کا رہنے والا۔

فارِغ بالی / فارِغ البالی (فارَغُل بالی) : (ف) مونث، خوش حالی، بے فکری، آسودگی

فارم : FARM : (انگ) مذکر، (۱) کھیت، کاشت، (۲) وہ احاطہ جہاں جانور پالے جائیں۔

فارم : FORM : (انگ) مذکر، (۱) صورت، شکل، ظاہری صورت، ہیئت (۲) چھپا ہوا کاغذ برائے خانہ پُری۔

فارمُولا : FORMULA : (انگ) قاعدہ، نسخہ، طریقہ۔

فارمیسی : PHARMACY : (انگ) (۱) دواسازی (۲) دواخانہ۔

فارن : FORELGN : (انگ) مذکر، بدیسی، بیرونی، غیر۔

—— آفس : OFFICE : (انگ) مذکر، دفتر امورِ خارجہ۔

—— ڈیپارٹمنٹ : DEPARTMENT : (انگ) محکمہ خارجہ۔

—— منسٹر : MINISTER : (انگ) مذکر، وزیر خارجہ۔

—— ایکسچینج : EXCHANGE : —— زر مبادلہ۔

فارُوق : (ع) (۱) حق و باطل میں فرق کرنے والا، (۲) مذکر، خلیفۂ دوم حضرت عمرؓ کا لقب۔ (۳) ایک ترباق کا نام، (۴) سونے چاندی کا کھرا کھوٹا پرکھنے کے تیزاب کا نام، تیزابِ فاروق۔

فارُوقی : فاروق سے منسوب۔

فارینر : FOREIGNER غیر ملکی، غیر ملک کا باشندہ۔

فاسٹ : FAST انگ، مذکر، (۱) تیز، تیز رفتار

—— کلر : COLOUR (انگ) مذکر، تیز رنگ، گہرا رنگ، پکا رنگ۔

فاسخ : (ع) فسخ کرنے والا، تباہ کرنے والا، کسی ارادے کا پلٹ دینے والا۔

فاسِد : (ع) مذکر، (۱) خراب کرنے والا، (۲) بُرا خراب۔

فاسِق : (ع) مذکر، بدکار، زانی، گنہگار۔

فاش : (ف) ظاہر، آشکارا۔

—— غلطی : صریح غلطی، کھلی غلطی۔

فاشِیَّت : مونث : (۱) تشدد، پسندانہ آفریت۔ (۲) خود مختار اور ظالم حکمرانوں کا اقتدار۔ (۳) (انگ) فاشزم

فاصِل : (ع) جُدا کرنے والا، فرق کرنے والا۔

فاصلہ : (ع) مذکر، دُوری، مسافت، میدان۔

فاضِل : (ع) (۱) افزوں، زیادہ، حساب سے زیادہ (۲) (کنایتاً) فضول، زاید، بے کار، (۳) عالم، صاحبِ فضیلت۔

فاضِل اَجَل : (ف) بہت بڑا فاضِل۔

فاضِل باقی نکالنا : آمدنی اور خرچ کا حساب کرکے کمی بیشی نکالنا۔

فاضِلات : (ف) مونث، فاضِل رقم۔

فاعتَبِرُوا یا اُولِی الاَبصار : (ع) (۱) سمجھ والو عبرت حاصل کرو، (۲) عبرت کے لیے مستعمل ہے۔

فاعِل : (ع) مذکر، (۱) کام کرنے والا، (۲) (اصطلاحِ نحو) فاعِل وہ ہے جس سے فعل سرزد ہو، (۳) اغلام کرنے والا

—— حقیقی : (اضافت کے ساتھ) مذکر خدائے تعالیٰ۔

فاقہ : (ع) مذکر، بھوکا رہنا۔

—— مستی : مونث، افلاس میں مگن رہنا، بے فکری سے سرکرنا، مفلسی میں رنگ رلیاں۔

فاقوں کا ٹوٹا مارا : مذکر، وہ جو فاقے کرتے کرتے دُبلا ہو گیا ہو، نہایت بھوکا۔

فال : (ع) مونث، شگون۔

طغرا : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث، وہ فال جس میں قرآن مجید کے کسی صفحے کے ابتدا میں بسم اللہ یا خدا کا نام نکل آئے، (یہ بہت مبارک فال ہے)

—— گو / ۔ گیر : (ہل) (ف) فال دیکھنے والا۔

—— نامہ : مذکر، شگون بتانے کی کتاب۔

—— گوش : (ہل) مونث، راہ چلتوں کی باتوں پر کان رکھنا اور اس سے اپنے مطلب کے موافق آوازِ غیب سمجھ کر شگون لینا۔

فالتو : ضرورت سے زاید، فضول، بڑھتی، بے کار، کچرا۔

فالج : (ع) مذکر، اعصاب کے سُن پڑ جانے یا ڈھیلے ہو جانے کے باعث بدن کے کسی حصہ کا بے کار ہو جانا۔

—— گرنا : فالج کا مریض ہو جانا۔

فالسَہ : مذکر، ایک قسم کا اودے رنگ کا بہت چھوٹا پھل۔

فالسائی / فالسئی : مذکر، فالسے کے رنگ کا اودا رنگ

فالودہ : (ف) مذکر، پکا اور جما ہوا فالسا شربت

فالسہ : مونث، خربوزوں کا کھیت، کھیرے، ککڑی، تربوز کا کھیت۔

فام : (ف) رنگ، شبیہہ، مانند۔

فانوس : (ف) مذکر، ایک قسم کی بڑی قندیل۔

—— خیالی / ۔ گردانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا کاغذی فانوس جس میں

B 44(ب)

ہاتھی گھوڑے وغیرہ کاغذ کے بنا کر اس طرح رکھ دیتے ہیں کہ وہ ہوا سے خود بخود گردش کرتے ہیں۔

فانی : (ع) فنا ہونے والا،

فاؤنٹین پین FOUNTAIN PEN (انگ) مذکر، وہ قلم جس میں روشنائی بھر کر لکھا جاتا ہے۔

فاؤنڈر FOUNDER : (انگ) مذکر، بنیاد رکھنے والا بانی۔

فاؤنڈیشن FOUNDATION : (انگ) مونث، نیو، بنیاد۔

فائدہ : (ع) مذکر، (۱) نتیجہ، حاصل، (۲) وصف، خوبی۔ اثر، (۳) نفع، محاصل، آمدنی، (۴) غرض، مطلب واسطہ۔ (۵) بھلائی، (۶) افاقہ، آرام، (۷) بہتری بھلائی۔

فائد مند : مفید، سود مند، کارگر۔

فائر FIRE : (انگ) مونث، (۱) آگ، (۲) گولی چلانا۔

فائر انجن —— ENGIN : آگ بجھانے والا انجن

فائر بریگیڈ FIREBRIGADE : آگ بجھانے والی جماعت اور مشین۔

فائر کرنا : مذکر، گولی چلانا (بندوق، پستول یا ریوالور سے)

فائرنگ FIRING : (انگ) مونث، مسلسل گولیاں چلنا، فائر ہونا، (بندوق، مشین گن وغیرہ سے۔)

فائرمین FIREMAN : (انگ) مذکر، (۱) انجن کا کام کرنے والا، (۲) ریل کے انجن میں کوئلہ جھونکنے والا۔

فائز : (ع) پہنچنے والا، کامیاب۔

فائز المرام (فائز مرام) : (ع) مراد پانے والا۔ مقصود تک پہنچ جانے والا۔

فائق : اعلیٰ، بڑھا ہوا، ممتاز، سب سے بڑھ کر۔

فائل FILE : (انگ) مونث، مسل کسی خاص مسئلہ سے متعلق کاغذ۔

فائن FINE : (انگ) (۱) خبر نامہ، (۲) بہت اچھا، عمدہ، نازک،

فائن آرٹ ART —— : (انگ) فنون لطیفہ

فائنانس FINANCE (انگ) مذکر، (۱) مالیات، (۲) روپیہ لگانا، سرمایہ لگانا،

فائنل FINAL (انگ) آخر، آخری۔

(ف۔ب)

فبہا : (ع) یہی اصل مراد ہے، یہی ہم چاہتے ہیں۔

فتاح : (ع) خدا تعالیٰ کا نام جو اپنی مخلوق پر رحمت کے دروازے کھولتا ہے اور سب پر حاکم ہے۔

فتال : (ع) (۱) فتنہ اٹھانے والا، (۲) (کنایتاً) چشم محبوب

فتاویٰ : (ع) جمع فتوا کی، مذکر، فتووں کا مجموعہ۔

فتح : (ع) مونث، جیت۔ ظفر۔

فتح الباب (فت حل باب) : (ع) مذکر، ابتدا، آغاز۔

فتح یاب : (ف) مونث، کشائش، آسودگی۔

فتح نکار/نقارہ : لڑائی فتح کرنے کے بعد بجایا جانے والا نقارہ۔

فتح مند/یاب : جیتنے والا، ظفر یاب۔

فتحیہ : (ع) مذکر، زبر۔

فتراک : (ف) مذکر، مونث، زین کے دائیں بائیں جانب ضروری سامان باندھنے کے واسطے لگے ہوئے چمڑے کے تسمے۔

فتق/فتق : (ع) مذکر، فوطوں کے ایک مرض کا نام۔

فتن : (ع) مذکر، جمع فتنہ کی۔

فتنہ : (ع) مذکر (۱) ہنگامہ، فساد، بھگڑا، بغاوت، (۲) ایک قسم کے مطر کا نام (۳) نہایت شریر، شوخ۔

فتنہ :
—— انداز / انگیز / پرواز / جو : فسادی، جھگڑا کھڑا کر دینے والا۔
—— برپا ہونا : فتنہ اٹھانا۔
—— جاگنا : فتنہ بیدار ہونا۔
—— جہاں / دوراں / روزگار / عالم : (اضافت کے ساتھ) (مجازاً) معشوق۔
—— زا / سنج / سگال : (۱) فسادی (۲) (کنایتاً) معشوق۔
—— گر : (ف) (۱) فسادی (۲) (کنایتاً) معشوق (۳) آسمان کی صفت۔
فتنی : مونث، (۱) مفسد، چالاک (۲) عیار عورت (۳) جھگڑالو، لڑاکا۔
فتوی / فتوا : (ع) مذکر، شرع کا حکم، مفتی کا فیصلہ کسی مسئلے کے متعلق۔
—— دینا : شرعی حکم بیان کرنا، کسی فعل کو جائز یا ناجائز قرار دینا۔
فتوت : (ع) مونث، شجاعت، مردت، سخاوت۔
فتوح : جمع فتح کی، (ع) مذکر، مونث، (۱) فتحیں (۲) (کنایتاً) (۳) (کنایتاً) بالائی یافت (۴) کشائش۔
فتوحات : (ع) مونث، جمع فتوح کی۔
فتوحی : (ف) مونث، بے آستینوں کی مرزئی جو کمر تک ہوتی ہے۔
فتور : (ع) مذکر، (۱) (مجازاً) کمزوری، خرابی (۲) بشارت فساد (۳) خلل، رخنہ۔
—— ڈالنا : خلل انداز ہونا، رخنہ ڈالنا۔
فتیل سوز : مذکر، روشنی کا چونکھا ظرف جو پیتل یا لوہے کا ہوتا ہے۔
فتیلہ : مذکر، (۱) موٹی بتی، چراغ کی بتی، بٹی ہوئی روئی، مشعل (۲) وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں (۳) توپ یا بندوق کا نوڑا (۴) وہ بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں وغیرہ میں رکھ اوپر سے سی دیتے ہیں (۵) بیمار یا مصیبت زدہ کے سامنے جلانے والی تعویذ کی بتی۔
—— سوز : (ف) مذکر، شمع دان۔
فتین : چالاک، عیار، فتنہ گر۔
فٹ : FIT (انگ) مذکر، (۱) ٹھیک، درست، موزوں، لائق (۲) بے ہوشی کا دورہ۔
فٹ FOOT : (انگ) مذکر، بارہ انچ کا پیمانہ، گز کا تہائی حصہ۔
—— بال —— BALL : (انگ) مذکر، پیروں سے کھیلا جانے والا بڑا گیند۔
—— بورڈ —— BOARD : (انگ) مذکر، (۱) پائدان (۲) کسی گاڑی پر پاؤں رکھ کر چڑھنے کا تختہ۔
—— پاتھ —— PATH : (انگ) مذکر، پگڈنڈی، بڑی سڑک کے دونوں طرف پیدل چلنے والوں کا راستہ۔
—— نوٹ —— NOTE : (انگ) مذکر، حاشیے کی تحریر، تشریحی عبارت جو صفحے کے نیچے لکھتے ہیں۔
فٹر FITTER : (انگ) مذکر، مشین کے پرزوں کو جوڑنے والا، مستری۔
فٹن PHAETON : (انگ) مونث، ایک قسم کی چوپہیہ گاڑی جسے گھوڑے کے ذریعے چلاتے ہیں۔

(ف۔ج۔ح۔خ۔د)

فجر : (ع) مونث، (۱) صبح، گجردم (۲) نماز صبح۔
فجور : (ع) مذکر، گنہ گاری، بدکاری، بدچلنی۔

فحش : (ع) مذکر، بے ہودہ بات، قابلِ شرم بات، بے حیائی کی باتیں۔

—— بکنا : بے حیائی کی باتیں کرنا۔

فحشیات : (۱) کلام گلوچ، بھکڑپن، بدگوئی، جمع فحش کی۔ (۲) وہ ادب جس کی بنیاد عریانیت پر ہو۔

فحوا : (ع) مذکر، طرز، ڈھنگ، انداز۔

فخر : (ع) مذکر، بزرگی، شرف، ناز، شیخی، گھمنڈ۔

—— کشور : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آں حضرتؐ

—— خاندان : (اضافت کے ساتھ) مذکر، وہ شخص جس کی ذات سے خاندان کو عزت حاصل ہو۔

فدا : (ع) عاشق، فریفتہ۔

ہونا : (۱) قربان ہونا، جان دینا (۲) عاشق ہونا۔

فدائی : (ف) جاں نثار، عاشق۔

فدوی : بندۂ عاجز، خاکسار، کمترین۔

فدیہ : (ع) مذکر، (۱) صدقہ، کفارہ (۲) وہ مال یا روپیہ جو کسی قیدی کے عوض دیا جائے، (۳) دیت، جان کا معاوضہ (۴) صدقۂ فطر۔

(ف ۔ ر)

فر : (ف) مذکر، (۱) بھڑک، شان شوکت (۲) دبدبہ، رعب داب، (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کرّ و فر)

فر : اُڑنے کی آواز، پھُر۔

سے : پھُر سے، جلدی سے۔

فرات / فرات : (ع) مونث، کوفہ (عراق) کے پاس ایک نہر کا نام۔

فراٹا : مذکر، (۱) ہوا میں کسی چیز کے اڑنے کی آواز، (۲) سُرعت سے بولنا، دوڑنا، (۳) ہوا کا تیز جھونکا۔

فراٹے بھرنا / لینا : (۱) جلد جلد پڑھنا، بے اٹکے پڑھنا بے تکان پڑھنا، (۲) نہایت تیزی سے دوڑنا، تیزی سے اڑنا، اچھلنا یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا۔

فراخ : (ف) وسیع، کشادہ، چوڑا۔

—— چشمی : مونث، عالی ہمتی، حوصلہ بلند ہونا۔

—— دست : (ف) دولت مند، مال دار۔

—— حوصلہ : (ف) (۱) بلند ہمتی (۲) (کنایتاً) بردبار، باوقار

فراخی : (ف) مونث، (۱) کشادگی، چوڑائی، وسعت، پھیلاؤ (۲) آسودگی، خوش حالی۔

فرار / فرار : (ع) مذکر، بھاگنا۔

—— کرنا : بھاگ جانا۔

—— ہونا : بھاگنا، غائب ہونا، چھپ جانا۔

فراری : مفرور، بھاگا ہوا۔

فراریت : (ع) مونث، (۱) بے عملی کا رجحان، گریز (۲) ذمے داریوں اور پابندیوں سے بھاگنے کی کوشش۔

فراز : (ف) اونچائی، بلندی۔

فراست : (ع) مونث، دانائی۔

فراش : (ع) مذکر، (۱) فرش بچھانے والا، جھاڑو دینے والا (۲) وہ شخص جس کے ذمے جنموں کا گاڑنا اور کھڑا کرنا ہو

—— خانہ : مذکر، ڈیرا، خیمہ اور فرش فروش کا سامان رکھنے کا مکان۔

فراشی پنکھا : (دہلی) مذکر، بڑا پنکھا جو مکان کی چھت پر لٹکایا جاتا ہے اور تمام فرش پر ہوا پہنچاتا ہو

—— سلام : مذکر، وہ سلام جس کے جھکنے میں فرش تک سر لے جانا پڑے، نہایت ادب اور تعظیم کا سلام، فرشی سلام۔

فراغ : (ع) مذکر، نجات، فراغت، آسودگی۔

—— بالی : (ف) مونث، بے فکری سے زندگی بسر کرنا۔ آسودگی۔

—— خاطر / دل : مذکر، تسلی، بے فکری، آسودگی۔

فراغت : (ع) مونث، (۱) چھٹکارا، نجات، خلاصی، فرصت (۲) راحت۔

—— جانا : (دہلی ہندو) جائے ضرور جانا، بیت الخلا جانا۔

—— ہونا : فارغ ہونا، فرصت ہونا۔

فِراق : (ع) مذکر، (۱) جدائی، علاحدگی، (۲) (عو) فکر، خیال، دھن، تاک (۳) محبوب سے علاحدہ رہنے کا زمانہ۔

فراک : FROCK (انگ) مذکر، ایک قسم کا عورتوں کا لباس۔

فراموش : (ف) (۱) یاد سے اترا ہوا (۲) جڑ والی پھل، (۳) ایک کھیل (یاد فراموش)۔

فراموش کاری : (ف) مونث، بھولنے کی عادت، بھول۔

فراموشی / فراموشی : (ف) مونث، بھول چوک۔

فرامین : (ف) مذکر، جمع فرمان کی۔

فرانسیس : مذکر، ملک فرانس کے باشندے۔

فرانسیسی : (۱) فرانس کا باشندہ (۲) فرانس کے ملک کی زبان۔

فراواں / فراوال : (ف) بہت، بہ کثرت۔

فراوانی : (ف) مونث، کثرت، افراط، زیادتی۔

فراہم : (ف) اکٹھا، جمع۔

فراہمی : (ف) مونث، جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

فرائض : (ع) مذکر (۱) جمع فریضہ کی (۲) وہ کام جن کا کرنا ضروری (۳) تقسیم میراث کا علم۔

پنج گانہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر (۱) پانچوں وقت کی نمازیں (۲) اسلام کے پانچ ارکان۔

تعلیمی : (اضافت کے ساتھ) وہ امور جن کا کرنا عہدے کی رو سے ضروری ہو۔

فربہ / فربہ : (ف) موٹا۔

اندام : (ف) موٹے جسم کا۔

فربہی : (ف) مونث، موٹاپا، مٹاپا۔

فرتوت : (ف) بہت بوڑھا جس کی عقل زائل ہوگئی ہو۔

فرج : (ع) مونث، عورت کا اندام نہانی۔

فرج (ع) کشادگی، دو چیزوں کی بیچ کی کشادگی، رخنہ شگاف، دراڑ۔

فرح : (ع) مونث، خوشی، فرحت۔

فرحاں : (ف) خوش، شادان۔

فرحت : مونث، خوشی، شادمانی۔

افزا : خوشی بڑھانے والا، تازگی بخش۔

بخش : خوشی دینے والا۔

فرخ : (ف) مبارک، زیبا۔

تبار : (ف) عالی خاندان، اچھے گھرانے کا۔

قدم : جس کا آنا مبارک ہو۔

نہاد : نیک نہاد، نیک طبیعت۔

فرخندہ بخت : (ف) مبارک۔

بخت : خوش نصیب۔

رائے : نیک تدبیر، دانش مند۔

طالع / فال : خوش نصیب۔

فرد : (ع) (تنہا، طاق) مونث (۱) بیت، ایک شعر (۲) محرر کے حساب کتاب، لکھنے کا کاغذ، رجسٹر (۳) زنانی (رضائی) کا ابرہ، چادر، شال، (۴) مذکر، ایک شخص تن واحد، متنفس۔ (۵) یکتا، بے مثل۔

فرداً فرداً : (ع) جدا جدا، الگ الگ۔

باطل : (اضافت کے ساتھ) مونث، (۱) نکمی اور بیکار فرد (۲) (مجازاً) ردی، بے کار چیز۔

باقیات : مونث، بقایا حساب کی فرد۔

بشر : (اضافت کے ساتھ) شخص واحد، نفس۔

پہرصادکرنا : دعوت کی فہرست پر اپنے نام کے آگے اطلاع پانے کا صاد (ھ) بنانا۔

حساب : حساب کا چیٹھا۔

فرد : ایک ایک، علاحدہ علاحدہ۔

فردا : (ف) (۱) کل آنے والا دن (۲) (مجازاً) قیامت کا دن

فردوس : (ع) مذکر، بہشت، بہشت کا طبقہ اعلا۔

بریں : (اضافت کے ساتھ) مذکر، فردوس کا اعلا طبقہ

مکانی : مرحوم، جنتی۔

فردی بوٹی : مونث، چھوٹی چھوٹی بوٹیاں جو رنگ برنگ (رضائی) کی فرد پر یا اور کسی کپڑے پر ایک دوسرے کے قریب بناتے ہیں۔

فرزانگی : (ف) مونث، دانائی، عقلمندی۔
فرزانہ : (ف) دانا، عقلمند۔
فرزند : (ف) مذکر، بیٹا، عزیز ترین اولاد۔
—— **ارجمند** : مذکر، ہونہار بیٹا، لائق بیٹا
—— **بنانا** : گود لینا، متبنّا کرنا۔
—— **خلف** : لائق بیٹا، مطیع بیٹا۔
فرزندی میں لینا : (۱) بیٹا بنانا، (۲) داماد بنانا۔
فرزیں : (ف) مذکر، شطرنج کا وزیر۔
بنانا : (اصطلاح شطرنج) پیادے کو فرزیں کے درجے پر پہنچانا۔
فرس : (ع) مذکر، (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے۔
فرستادہ : (ف) بھیجا ہوا، قاصد، ایلچی۔
فرستہ : (ف) مذکر، فرستادہ، رسول۔
فرسٹ FIRST (انگ)، پہلا، اول درجے کا، یکم۔
—— **ایڈ** AID —— (انگ) ڈاکٹر کے آنے سے پہلے پہنچائی جانے والی ابتدائی طبی امداد۔
—— **کلاس** CLASS —— : (انگ) مذکر، (۱) پہلا درجہ (۲) اول درجے کا۔
گریڈ GRADE (انگ) مذکر (۱) درجہ اول کا۔ (۲) پہلے درجے کا۔
فرسخ / فرسنگ : (ف) مذکر، کوس، تین میل کی مسافت
فرسودہ : (ف) گھسا ہوا، کہنہ، مستعمل، گیا گزرا۔
فرش : (ع) مذکر، (۱) بچھونا، بچھانے کی چیز، (۲) وہ زمین جس پر اینٹیں بچھا دی گئی ہوں۔ چونے سے پکی کی ہوئی زمین، (۳) (مجازاً) سطح زمین)
—— **خاک** : (اضافت کے ساتھ) راہ میں بچھا ہوا۔ بے حد عاجزی و خاکساری کا اظہار۔
—— **زمین کرنا** : پیوند زمین کرنا۔
—— **سے عرش تک** : زمین سے آسمان تک۔

فرش :
—— **فروش** : مذکر، بچھونا وغیرہ۔
—— **کرنا** : (۱) بچھونا کرنا، بچھانا، (۲) چونے یا اینٹوں وغیرہ کو بچھا کر سطح یکساں کرنا، (۳) مار کر بچھا دینا، مار کر زمین پر گرا دینا۔
—— **گل** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، پھولوں کی سیج۔
فرشی : (۱) فرش کا، فرش سے متعلق، (۲) ایک قسم کا بڑا اور چوڑے پیندے کا حقہ۔
—— **پنکھا** بڑا پنکھا۔
—— **جوتا** : مذکر، فرش پر پہننے کا جوتا۔
—— **حقہ** : چوڑے پیندے کا حقہ۔
—— **سلام** : بہت جھک کر کیا جانے والا سلام۔
فرشتگاں : (ف) مذکر، جمع فرشتے کی۔
فرشتہ / فرشتہ : (ف) مذکر، (۱) ملک، خدا کی نورانی مخلوق، (۲) پاک، مقدس، بھولا بھالا۔
—— **پر نہیں مارتا** : نہایت روک ٹوک ہے، کوئی جا نہیں سکتا۔
—— **خصال / خصلت / خو** : (ف) نہایت مقدس، پاک، بھولا بھالا۔
فرشتوں کو خبر نہ ہونا۔ (۱) کسی کو مطلق خبر نہ ہونا (۲) بالکل بے خبر ہونا، ناواقف ہونا۔
فرشتوں کی دال نہیں گلتی : کسی کی رسائی نہیں۔
—— **کے پر جلتے ہیں** : کسی جگہ رعب جلال یا خوف کی وجہ سے کسی کو جانے کی تاب نہ ہونا، مجال نہ ہونا، حوصلہ نہ ہونا کی جگہ۔
فرصت : (ع) مونث، (۱) موقع، مہلت، چھٹکارا، چھٹی فراغت، (۲) اطمینان۔
—— **چاہنا** : مہلت چاہنا، موقع چاہنا۔
—— **ہونا** : (۱) فراغت ہونا، (۲) موقع ملنا، مہلت ہونا۔

فَرض : (ع) مذکر، خدا کے حکم سے واجب کیا ہوا کام، (۲) ضروری لازمی، ضروری کام، (۳) مانا ہوا، تسلیم کیا ہوا (۴) ذمہ داری، بار، ثبوت (۵) وہ نماز کی رکعتیں جن کا پڑھنا لازم ہے، (۶) (کنایتاً) (عو) نکاح۔

—— **ادا کرنا** : (۱) خدا کا حکم بجا لانا، (۲) اپنے اوپر جو کچھ واجب ہے اس کو بجا لانا۔

—— **پڑھنا** : نماز کی فرض رکعتوں کا پڑھنا۔

—— **عین** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، ہر ایک کا ذاتی فرض۔

—— **کرنا** : ماننا، تسلیم کرنا، قبول کرنا، کسی بات کو بلا ثبوت ماننا۔

—— **کفایہ** : وہ فرض جو جماعت میں کسی ایک کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے۔

—— **محال** : (اضافت کے ساتھ) ناممکن القیاس، ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا دشوار اور محال ہو۔

فرضی : خیالی، قیاسی، بے اصل، مصنوعی۔

فرضیت : (ع) مونث فرض ہونا۔

فرط : (ع) مذکر، زیادتی، افراط، کثرت۔

فرع : (ع) مونث، (۱) شاخ، ٹہنی، (۲) کسی چیز کا چھوٹا جزو، ضمنی بات۔

فرعی : جو اصلی نہ ہو، جزوی۔

فرعون : (ع) مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب (۲) (مجازاً) متکبر، سرکش، مغرور۔

—— **بے سامان** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بے مقدرت نکمنڈی آدمی، بے سروسامان مفلوک الحال آدمی، مفلس، متکبر۔

فرعونی / فرعونیت : مونث، سرکشی، مغرور۔

فرغل / فرگل : مذکر، مونث، لمبا کوٹ، روئی دار لبادہ، روئی دار جوبہ

فرفر : (ف) (۱) جلد جلد، شتاب، بے روک، تیز، (۲) بے روک پڑھنا لکھنا دوڑنا، کاٹنا۔

فرفری : مونث، مصنوعی زبان اوروں سے بات پوشیدہ رکھنے کے لیے ہر حرف کے بعد فر اضافہ کر دیتے ہیں (متروک)

فرق : (ع) مذکر، (۱) جدائی، علاحدگی (۲) فاصلہ، دوری (۳) اختلاف (۴) سر کے بالوں کی مانگ (۵) سر (۶) تمیز، شناخت (۷) گانگی، غیریت (۸) خلل کی

—— **آجانا / آنا** : (۱) پہلی سی بات نہ رہنا (۲) اختلاف ہو جانا، صفائی نہ رہنا (۳) اصلیت میں اختلاف ہو جانا (۴) خلل واقع ہونا (۵) کدورت آجانا۔

فرقان : (ع) مذکر، (۱) اصطلاح کلام اللہ، حق و باطل میں فرق کرنے والا۔

فرقت : (ع) مونث، جدائی، علاحدگی، ہجر۔

فرقدان / فرقدین : (ع) مذکر، شام سے صبح تک ظاہر رہنے اور کبھی نہ چھپنے والے قطب شمال کے دو ستارے۔

فرقہ : (ع) مذکر، جماعت، گروہ، قوم،

فرقہ پروری : اپنے فرقہ کی بے جا طرف داری۔

فرقہ وارانہ ذہنیت : گروہ بندی کی ذہنیت، عصبیت، بے جا مذہبی جانبداری۔

فرلانگ : FURLONG (انگ) (۱) ۲۲ گز کا فاصلہ، (۲) ایک میل کا آٹھواں حصہ

فرم : FIRM (انگ) مونث، تجارتی ادارہ، کمپنی۔

فرما : مذکر، پروف، وہ کاغذ جو جانچنے کے لیے پہلے چھاپتے ہیں۔

—— **موڑنا** : چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب کے لیے موڑنا۔

فرمان : (ف) مذکر، بادشاہی حکم، حکم، پروانہ،

—— **بردار** ۔ **پذیر** : (ف) (۱) تابع، مطیع، (۲) نوکر، ملازم۔

—— **دہ / گزار** ۔ **روا** : (ف) حاکم، بادشاہ، رئیس خود مختار،

فرمانا : (۱) حکم دینا، کہنا، ارشاد کرنا، (۲) بیان کرنا۔
فرمایش : (ف) مونث، بطور حکم کچھ مانگنا یا کوئی کام لینا، حکم، فرمان۔
فرمایشی : (۱) حکم کے موافق، فرمایش کی ہوئی، کہہ کے منگوائی ہوئی، بنوائی ہوئی، حکم کے مطابق، (۲) (مجازاً) عمدہ، نفیس، (۳) (کنایتاً) جوتوں کی مار، مغلظ گالیاں۔
فرمایشی سنانا : فحش گالیاں دینا۔
—— قہقہہ لگانا : کسی کی حماقت پر زور دار قہقہہ لگانا۔
فرمایشات : مونث، جمع فرمایش کی۔
فرمودہ : (ف) کہا ہوا، حکم۔
فرنٹ FRONT : (انگ)، مذکر، (۱) محاذ، مورچہ (۲) باغی، سرکش، منحرف (۳) سامنا، مقابل کا حصہ۔
فرنٹ ہوجانا : بگڑ جانا، باغی ہو جانا۔ (۲) رنجیدہ ہو جانا، ناراض ہوجانا۔
فرنٹیئر FRONTIER : (انگ)، مونث، سرحد۔
فرنچ FRENCH : (انگ) مذکر، مونث، فرانسیسی، فرانس کی زبان۔
فرنگ : (ف) (۱) براعظم یورپ، ملک نصارا۔
فرنگی : (ف) یورپین، یورپ کا باشندہ۔
فرنگن : (ف) مونث، چاولوں کی کھیر :
فرنٹیئر : (فرنی چر) FRONTIER (انگ) مکان کے آرائشی ساز و سامان میز کرسی وغیرہ۔
فرو : (ف) نیچے، زیر۔
—— تن : عاجز، تواضع کرنے والا۔
—— تنی : (ف) مونث، عاجزی، تواضع۔
—— کرنا : (۱) بجھانا، مٹانا، (۲) آگ بجھانا، (۳) دبانا، کم کرنا۔

فرو : کش ہونا : ٹھہرنا، اترنا، قیام کرنا۔
—— گزاشت : (ف) مونث، چھوڑنا، بھول، تقصیر، غفلت۔
—— ماندہ : (ف) عاجز، مفلس، تھکا ہوا، کمزور،
—— مایگان : (ف) کمینے لوگ، نالایق۔
—— مایہ : (ف) بداصل، بے عقل، کمینہ۔
فروخت : (ف) مونث، بکری۔
فرودگاہ : (ف) مونث، اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ،
فروزدین : (ف) مذکر، ایک ایرانی مہینے کا نام، پارسیوں کے پہلے مہینے کا نام۔
فروری FEBRUARY : (انگ) مونث، عیسوی سال کا دوسرا مہینہ۔
فروشندہ : (ف) بیچنے والا۔
فروع : (ع) مذکر، جمع فرع کی، شاخیں، ڈالیاں۔
فروغ / فروغ : (ع) مذکر، (۱) روشنی، چمک (۲) سرافرازی، رونق، (۳) سبقت، ترجیح۔
—— پانا : نام و نمود حاصل کرنا، رونق پانا۔
فرہاد : (ف) مذکر، فارس کا مشہور سنگ تراش، شیریں کا عاشق۔
فرہنگ : (ف) مونث، (۱) کتاب لغت (۲) دانائی، دانش، عقل، سمجھ،
فری FREE : (انگ)، مذکر، مونث، (۱) آزاد، (۲) معاف (۳) بے روک ٹوک (۴) ٹیکس وغیرہ سے مستثنا۔
فری اسٹائل FREE-STYLE بلاپابندی بے اصول، وہ جیسے فری اسٹائل کشتی جس میں لڑنے والوں پر کوئی پابندی نہیں ہوتی۔ وہ جس طرح چاہیں مقابل کو شکست دے سکتے ہیں
فری پورٹ FREE PORT : (انگ) مونث، آزاد بندرگاہ، وہ بندرگاہ

جہاں سے سامان لانے اور لے جانے پر کوئی پابندی یا ٹیکس نہ ہو۔

فری شپ FREE-SHIP : (انگ) مونث، طلبہ سے فیس نہ لی جانے کی سہولت۔

فری پاس FREE PASS (انگ) مذکر، (۱) بس ٹرین وغیرہ میں بے کرایہ سفر کرنے کا اجازت نامہ (۲) سینما، تھیٹر وغیرہ میں بلا ٹکٹ داخلے کی سند۔

فری میسن سوسائٹی FREEMASON SOCIETY (انگ)، مونث، (۱) خفیہ انجمن جس کے ارکان ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور برادرانہ خلوص رکھتے ہیں، (۲) یورپ کی ایک خفیہ تحریک جس کے ممبر ایک باہمی خفیہ معاہدے کے پابند ہوتے ہیں۔

فریاد : (ف) مونث، (۱) مدد مانگنے کے لئے شور کرنا، دہائی، (۲) ظلم، زیادتی کی شکایت، (۳) نالش، استغاثہ۔

—— رس : دادگر، دادرس، کسی کی شکایت اور فریاد کو دور کرنے والا۔

—— خواہ/فریادی : دہائی دینے والا، دادخواہ۔

فریب/فریب : (ع) (۱) مشوہ، ناز، مکر، (۲) حیلہ، دھوکا۔

—— دہی : مونث، دغابازی، فریب دینا۔

فریبی/فریبیا : دغاباز، مکار، فریب دینے والا۔

فرید : بے مثل، یکتا۔

—— بوٹی : مونث، ایک نہایت سرد لیدار بوٹی، ایک قسم کی پانی جما دینے والی بوٹی۔

—— شکر گنج : بابا شیخ فرید الدین رح کا لقب۔

فریدوں : (ف) مذکر، فارس کے ایک مشہور دانش مند بادشاہ کا نام۔

فریش : فراست والا، دانا۔

فریضہ : (ع) مذکر، (۱) خدا کا حکم، بندوں پر خدا کا واجب کیا ہوا، (۲) نماز۔

فریفتہ : (۱) فریب میں آیا ہوا، (مجازاً) عاشق، دلدادہ، (۲) محو۔

فریق : (ع) مذکر، (۱) مجمع، گروہ، جماعت، (۲) مدعی مدعا علیہ۔

فریقین : (ع) مذکر، دونوں مقابل شخص یا گروہ طرفین مدعی و مدعا علیہ۔

فریکچر FRACTURE : (انگ) مذکر، جوڑ، ہڈی کا ٹوٹ جانا۔

فریم FRAME : (انگ)، مذکر، چوکھٹا، ڈھانچا، سانچا۔

فرینڈ FRIEND : (انگ)، مذکر، دوست،

—— شپ SHIP —— (انگ)، مونث، دوستی۔

فزکس PHYSICS : (انگ)، مونث، علم، طبعیات۔

فزوں : (ف) افزوں، زیادہ۔

فزونی : (ف) مونث، زیادتی۔

فزیالوجی PHYSIOLOGY : (انگ) مونث، (۱) جسم کے مختلف حصوں کی تشریح کا علم، (۲) علم تشریح الابدان

فزیشن PHYSICIAN : (انگ)، مذکر، معالج، ڈاکٹر۔

(ف۔س۔م)

فساد : (ع) مذکر، (۱) خلل، بگاڑ، (۲) عذر، بلوہ، بکھیڑا، جھگڑا، ہنگامہ۔

فسادی : جھگڑالو، شریر، مفسد۔

فسانہ : (ع) مذکر، افسانہ، قصہ، کہانی۔

فسخ : (ع) مذکر، (۱) ارادہ بدل دینا (۲) نکاح باطل کرنا، کسی معاہدے کا باطل کرنا۔

فسطائیت : مونث، دیکھو، فاشیت۔

فسق : (ع) مذکر، قربانی، حکم عدولی، بدکاری۔

فسق و فجور : (ف) مذکر، بدکاری، بدچلنی۔

فسوں : مذکر، افسوں، جادو، سحر۔

—— **تاثیر** : جادو کا اثر رکھنے والا۔

فش : (۱) ویسیج، پوچ (۲) (انگ) مچھلی FISH

فشار : (ف) مذکر، (۱) دبانا بھینچنا (۲) قبر کا مُردے کو بھینچنا۔

—— **بگڑ جانا** : حالت خراب ہو جانا، گھبرا جانا۔

—— **کرنا** : (کنایتاً) برا بھلا کہنا، گالیاں دے کر گھبرا دینا۔

—— **ہونا** : دبوچا جانا، خوب سا دبایا جانا۔

فشردہ : (ف) مذکر، (۱) عرق، رس (۲) نچوڑا ہوا، عرق نکالا ہوا۔

(ف۔ص)

فصاحت : (ع) مونث (۱) خوش بیانی، خوش کلامی۔ (۲) اصطلاح علم معانی کلام میں ایسے الفاظ ہونا جن کو اہل زبان بولتے ہیں، جس میں انوکھی ترکیبیں ثقیل، بھدے، غیر مانوس، متعلق، خلاف محاورہ الفاظ و ترکیبات نہ ہوں۔

فصاد : (ع) مذکر، فصد کھولنے والا، نشتر لگانے والا، جرّاح۔

فصد : (ع) مونث، خون نکالنا رگ سے۔

فصل : (ع) مونث (۱) موسم، رُت (۲) باب، کتاب کا حصّہ، (۳) دو چیزوں کے بیچ کا حجاب (۴) فرق، فیصلہ (۵) پیداوار۔

—— **آنا** : موسم آنا، پھول آنا، پھل آنا۔

—— **استادہ** : (اضافت کے ساتھ) کھڑی کھیتی، کھیت میں وہ فصل جو ابھی کٹی نہ ہو۔

—— **بہار** : (اضافت کے ساتھ) مونث، بہار کا موسم

—— **خریف** : (اضافت کے ساتھ) مونث، ہندی سال کے پہلے چھے مہینے (موسم خزاں) جن میں جوار، باجرا، مونگ، موٹھ، دھان وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں۔

—— **ربیع** : (اضافت کے ساتھ) مونث، ہندی سال کے دوسرے چھے مہینے (فصل بہار) جن میں گیہوں، چنا، مسور، وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔

—— **گل** : (اضافت کے ساتھ) مونث، فصل بہار،

فصلی : فصل کی طرف منسوب، موسم کا، رُت کا۔

—— **میوہ** : مذکر، کسی خاص موسم میں پیدا ہونے والا پھل۔

فصیح : (ع) خوش بیان، شیریں کلام، فصاحت سے کلام کرنے والا۔

فصیل : (ع) مونث، (۱) شہر کی چار دیواری (۲) چار دیواری دیوار۔

فضا / فضا : (ع) مونث، (۱) زمین کی فراخی، کھلا میدان جگہ کی وسعت (۲) بہار، رونق، کیفیت۔

فضائل : (ع) مذکر، جمع فضیلت کی۔

فضل : (ع) (۱) زیادتی (۲) بخشش، عطا۔

—— **الٰہی / خدا** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، خدا کی مہربانی۔

—— **خدا شامل حال ہونا** : کسی کے حال پر خدا کی مہربانی ہونا۔

—— **کرنا** : (۱) رحم کرنا، مہربانی کرنا (۲) (کنایتاً) شفا بخشنا آرام دینا۔

—— **مولا** : (فقراء کی دعا) خدا خوش رکھے خدا کی مہربانی۔

فضلا : (ع) مذکر، جمع فاضل کی، علما۔

فضلات : (ع) مذکر، جمع فضلہ کی۔

فضلہ : (ع) مذکر، (۱) جھوٹن، جھوٹا کھانا (۲) بھوک، (۳) نجاست، پلیدی، بول براز۔

فضول : (ع) (۱) بے فائدہ، بے کار، نکما (۲) فالتو، (۳) زیادہ

خرچ : (ف) بے موقع اور بے جا خرچ کرنے والا۔

گو : (ف) بات بڑھا کر بیان کرنے والا، باتونی، بکی۔

فضولی : بے ہودہ آدمی، زیادہ گو، غیر ضروری کام کرنے والا شخص
فضیحتا / فضیحتی : (عو) مذکر، فضیحت، بھگدڑ، رسوائی، ذلت، ذلیل کرنا۔
فضیحتا اڑانا : (عو) فضیحت کرنا، رسوا کرنا۔
فضیحت : (ع) مونث، رسوائی، ذلت، بدنامی۔
—— **کرنا** : (۱) رسوا کرنا، بدنام کرنا (۲) (کنایتاً) جھڑکنا، برا بھلا کہنا۔
فضیلت : (ع) مونث، بزرگی، بڑائی، برتری۔
فطانت : (ع) مونث، دانائی، ہوشیاری، غیر معمولی ذہانت۔
فطر : (ع) مذکر، روزہ کھولنا۔
فطرت : (ع) مونث، (۱) آفرینش، قدرت (۲) خمیر طینت (۳) دانائی، ہوشیاری (۴) مکر، فریب، شرارت، چالاکی (۵) (عو) سازش، ساٹھ گانٹھ۔
فطری : (۱) طبعی، قدرتی، خلقی (۲) شوخ، چالاک، نخرہ پرداز۔
فطرہ : (ع) مذکر، عید رمضان کا صدقہ، صدقۂ فطر۔
فطری : (ع) فطرت سے منسوب، ذاتی، پیدائشی۔
فطنت : (ع) مونث، عقل مندی، دانش مندی، فطانت
فطین : (ع) (۱) تیز، ذہین، دانا، زیرک (۲) چالاک، شریر (اردو میں طائے مشدد کے ساتھ فطین۔)
فعل (ع) مذکر، (۱) کام (۲) اصطلاح علم صرف) وہ کلمہ جو معنی مستقل رکھتا ہو اور جس میں تینوں زمانوں میں ماضی، حال، مستقبل میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے (۳) عمل (۴) بے جا حرکت، کھچن (۵) برا کام
—— **شنیع** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، شرم ناک کام، بڑی حرکت،
فعالیت : (فع۔ ما۔ لی۔ یت) مونث، (۱) سرگرمی، مستعدی (۲) سرگرم ہونا، باعمل ہونا، متحرک ہونا
فعلیت : (فع۔ لی۔ یت) (ع) مونث (۱) عمل کی خاصیت (۲) عملیت۔

فغاں : (ف) مونث، شور، دہائی، فریاد، نالہ،
فغفور : مذکر، (۱) چین کے ایک مشہور بادشاہ کا نام (۲) چین کے ہر بادشاہ کا لقب۔
فغفور ہونا : (لکھنؤ) ہوا ہونا، رفو چکر ہونا۔
فق : چہرے کی رنگت کا تغیر، ہکا بکا، متعجب، حیران، پریشان۔
فقدان : (ع) مذکر (۱) نہ ہونا (۲) ناپید ہونا۔
فقر : (ع) مذکر، درویشی، محتاجی، تنگی۔
—— **فاقہ** : مذکر، تنگی، ترشی۔
فقرا : (ع) مذکر، جمع فقیر کی۔
فقرہ : مذکر، (۱) جملے کا کوئی حصہ، جملہ (۲) فریب کی بات (۳) بے اصل بات۔
فقرے باز : چالیا، عیار، دھوکے باز،
فقرہ جڑنا / چست کرنا : آوازہ کسنا، دل سے گھڑ کر کوئی بات کہہ دینا۔
—— **چلنا** : چٹکلا چھوڑنا، چال چلنا۔
—— **کھل جانا** : چالاکی ظاہر ہو جانا۔
فقرے تراشنا : ٹھونک یا انوکھی بات گھڑی جانا۔
فقط : (ع) مذکر، (۱) تمام شد (۲) صرف، تنہا، بس۔
فقہ : (ع) مونث، (۱) شرعی احکام اور مسائل کا علم، علم دین (۲) دانائی، سمجھ،
فقہا : (ع) مذکر، جمع فقیہہ کی۔
فقہی : (ع) فقہ سے منسوب
فقیر : (ع) مذکر، (۱) مفلس، محتاج (۲) درویش، خدا پرست (۳) (انکسار سے) خاکسار، بندۂ ناچیز (۴) (کنایتاً) عاشق (۵) بھکاری، بھیک مانگنے والا۔
—— **اپنی کملی ہی میں مست ہے** : (مثل) غریب تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔
—— **بننا** : (۱) محرم میں بچوں کو سبز کپڑے پہنا کر منت پوری کرنا (۲) محتاج ہونا، مفلس ہونا، فقیری اختیار کرنا۔

فقیری : ـــــ کو کمبل ہی دوشالا ہے : (مثل) غریب آدمی کو تھوڑی ہی پونجی بہت ہوتی ہے ـــــ کی جھولی میں سب کچھ : (مثل) فقیر کے اختیار میں خدائی ہے۔

فقیری لٹکا : مذکر، سہل نسخہ، سہل علاج،

فقیہ : علم فقہ کا عالم۔

فکِ اضافت : (اضافت کے ساتھ) مذکر، اضافت کی علامت، (کسرہ) چھوڑ دینا، مثلاً صاحب دل میں ب کے کسرے کو چھوڑ کر جزم دیتے ہیں۔

فِکر : (ع) مذکر، مونث، (۱) اندیشہ، تردد، دغدغہ، احتمال، (۲) دھیان، (۳) غم، رنج، (۴) غور تامل، مضمون آفرینی کا غور، نظم یا نثر میں۔ سُخن : (۲) تدبیر (۱)، پروا، حاجت۔

ـــــ سخن : (اضافت کے ساتھ) مونث، شعر کہنے کے واسطے غور و تامل کرنا۔

ـــــ فردا : (اضافت کے ساتھ) مونث، آئندہ کی فکر۔

ـــــ ہر کس بقدر ہمت اوست : (ف) (مقولہ) ہر شخص کا خیال اُس کے حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔

فُلاپ ہونا : ناکامی، تجارتی حیثیت سے کتاب یا قلم کی ناکامی۔

فَلاح : (ع) مونث، نجات، بھلائی، سلامتی۔

ـــــ دارین : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث، دنیا اور عقبا کی بھلائی۔

فَلاخن / فلاسنگ : (ف) مذکر، گوپھن، وہ رسی کی بنی ہوئی ایک خاص وضع کی چیز جس میں پتھر یا ڈھیلا رکھ کر پھینکتے ہیں۔

فُل اسکیپ : (انگ)، ایک مقررہ بڑے سائز کا کاغذ۔

فِلاسَفَر PHILOSOPHER : (انگ) مذکر، فلسفی، دانش ور۔

فَلاسِفہ : (یونانی) (۱) جمع فلسفی کی، حکما۔ (۲) ایک معجون کا نام۔

فِلاسَفی PHILOSOPHY : (انگ) مذکر، علم فلسفہ، حکمت۔

فلاطُون : افلاطون، مشہور یونانی حکیم۔

فَلاکَت : مونث، مفلسی، ناداری۔

زَدہ : شامت زدہ، مفلس۔

فلالین FLANNEL : (ہندی) مذکر، ایک قسم کا گرم کپڑا۔

فُلان : مونث، آدم نہاد۔

فلاں / فُلاں : (ع) مذکر، (۱) شخص غیر معلوم۔ (۲) چیز، شخص، امر کے واسطے جو ذہن میں ہو لیکن اُس کو زبان سے نہ کہیں۔

فُلانہ / فلانہ : مذکر، (۱) فلاں شخص، کوئی شخص، وہ شخص، (۲) وہ بات، وہ معاملہ۔

فلائنگ بوٹ FLYING BOAT : (انگ) مونث، (۱) فضا میں اڑنے والی کشتی (۲) ہوائی کشتی جو سمندر میں تیرتی بھی ہے اور ہوا میں اُڑتی بھی ہے۔

فلٹ ہیٹ FELT HAT : (انگ)، مذکر، ایک قسم کی انگریزی وضع کی چھجے دار ٹوپی۔

فَلس : (ع) مذکر، (۱) پیسا (۲) سِفنا۔

ماہی : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، مچھلی کا سِفنا۔

فَلسَفہ : (یونانی) مذکر، (۱) حکمت، دانائی، علم حکمت (۲) استدلال، حجت کا انداز۔

فلسَفی : فلسفہ جاننے والا، فلسفے سے منسوب۔

فلسفیانہ : فلسفے سے متعلق۔

فلش FLUSH (انگ) ایک قسم کا جوا جو تاش سے کھیلا جاتا ہے۔

سسٹم SYSTEM —— (انگ) مذکر، بیت الخلاء کی حفاظت کو پانی کے تیز بہاؤ کے ساتھ نالی کے ذریعہ خارج کرنے کا طریقہ۔

فلخل : مونث، مرچ۔

فلک : (ع) مذکر، آسمان۔

—— **اساس** : (استعارۃً) جامع استحکام و رفعت۔

—— **فلک اعظم / فلک الافلاک** : مذکر، فواں آسمان۔

—— **بارگاہ** : عالی مرتبہ۔

—— **پروازی۔ پیما / تاز** : (۱) عرش پر پہنچنے والا۔ (۲) مقبول (آہ کے لیے)

—— **پیر** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، آسمان۔

—— **ٹوٹ پڑنا** : قہر خدا نازل ہونا۔

—— **زدہ** : (ف) مفلس، محتاج، مصیبت کا مارا ہوا۔

—— **سیر** : (ف) مونث، (۱) تیز رو گھوڑا (۲) بھنگ۔

—— **قدر۔ پایہ۔ سرپرا۔ رفعت۔ مرتبہ** : عالی رتبہ آدمی۔

فلکیات : (مونث) فلک سے متعلق چیزیں، علم الافلاک۔

فلکی راستہ : (مذکر) چاند سورج اور دوسرے سیاروں کی گزرگاہ۔

فلم : FILM (انگ) مونث، (۱) سلولائیڈ کی وہ جوسینما گرافی اور فوٹوگرافی میں استعمال ہوتا ہے (۲) پکچر، تصویر۔

—— **اسٹار** STAR —— (انگ) مذکر، بڑا فلمی اداکار یا اداکارہ۔

—— **بندی** : مونث، شوٹنگ، فلم بنانا۔

—— **پروڈیوسر** PRODUCER (انگ) مذکر، فلم بنانے والا، فلم ساز۔

—— **ساز** : فلم بنانے والا، پروڈیوسر۔

فلم لائن LINE —— (انگ) مونث، فلمی پیشہ، فلمی دنیا سے تعلق رکھنے والا کاروبار۔

—— **فلو** FLU (انگ) مذکر، انفلوانزا کا مخفف۔

—— **فلور** FLOOR (انگ) مذکر، فرش، کمرے کی نچلی سطح۔

—— **شو** SHOW —— (انگ) ہوٹل یا کلب میں رات کے کھانے کے بعد اسٹیج پر رقص و سرور کا پروگرام۔

فلیتا / فتیلہ : مذکر، بتی، پلیتہ۔

—— **جلانا** : (۱) بتی روشن کرنا (۲) آسیب زدہ کے سامنے فلیتہ جلانا۔

فلیٹ FLAT (انگ) مذکر، کسی عمارت کی منزل پر چند کمروں کا رہائشی مقام۔

فلیش لائٹ FLASH LIGHT (انگ) مذکر، فلیش گن سے پھینکی جانے والی روشنی کا جھماکا یا تیز روشنی جو عام طور پر فوٹو لیتے وقت استعمال ہوتی ہے۔

فم / فمم : (ع) مذکر، منہ، دہن۔

—— **رحم** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بچے دانی کا منہ۔

—— **معدہ** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، معدے کا منہ کوڑی۔

فن : مذکر، (۱) ہنر، جوہر، دست کاری (۲) مکر، فریب، حیلہ (۳) علم کی شاخ۔

—— **تشریح** : (اضافت کے ساتھ) مذکر، اعضائے حیوانی کی دریافت کا علم۔

فنا : مونث، (۱) نیستی، ہلاک ہونا، نیست و نابود ہونا (۲) معدوم، ناپید (۳) اصطلاح تصوف) حدوث و قدم کے تفرقے اور تمیز کا زائل ہو جانا۔

—— **فی الشیخ** : تصوف میں ایک مرتبے کا نام جس میں

مرید ہر وقت اپنے مرشد کے دھیان میں ڈوبا رہتا ہے۔
—— فی اللہ : خدا تعالیٰ کی حقیقت اور معرفت میں ڈوب جانے کا طریقہ۔
فنائیت (فنا۔ئی۔یت) (ع مؤنث) (۱) فنا ہو جانے کی خاصیت (۲) (تصوف کی اصطلاح) فقر کا ایک اعلیٰ مقام خدا کی حقیقت و معرفت میں غرق ہو جانا، فنا فی اللہ کا درجہ۔
فنجان : مونث، چائے، قہوہ وغیرہ پینے کی چھوٹی پیالی۔
فنڈق : (ع) مونث، (۱) میوے کا نام جو نہایت سرخ اور چھوٹے بیر کے برابر ہوتا ہے (۲) (کنایتاً) مہندی لگی ہوئی انگلیوں کا سرا۔
فنڈ FUND (انگ) مذکر، (۱) جمع سرمایہ، راس المال (۲) کسی خاص مقصد کے لیے جمع کیا ہوا سرمایہ۔
فنس : پنش، پالکی (ع م) پینس۔
فنگر پرنٹ FINGER PRINT (انگ) مذکر، کسی شخص کی شناخت کے لیے انگلیوں کا نشان، فنون : (ع) مذکر، جمع فن کی۔
فواحش : (ع) جمع فاحشہ کی، (۱) بدکار عورتیں، (۲) برے کام
فواد : (ع) مذکر، قلب، دل، جان،
فوارہ : (ع) مذکر، پچکاری، پانی کو اوپر پھینکنے کا آلہ،
فواکہہ : (ع) مذکر، جمع فاکہہ کی، میوے۔
فوائد : (ع) مذکر، جمع فائدہ کی۔
فوت : (ع) نیست معدوم۔
—— ہونا (۱) (۱) مرنا، جہان سے گزرنا (۲) جاتا رہنا۔
فوتی فراری : (اہل دفتر کی اصطلاح) مونث، مرنے یا بھاگ جانے کی رپورٹ۔
فوٹو PHOTO : (انگ) مذکر، عکسی تصویر۔

فوٹو :
—— گراف GRAPH —— (انگ) مذکر، (۱) عکسی تصویر (۲) فوٹو لینا یا تصویر کھینچنا۔
—— گرافر GRAPHER —— (انگ) مونث، مذکر تصویر کھینچنے والا۔
—— گرافی GRAPHY —— (انگ) مونث، تصویر کھینچنے کا فن۔
فوج : (ع) مونث، گروہ، آدمیوں کا قبیلہ، لشکر، جنگلی آدمیوں کی جماعت۔
—— دار : (ف) مذکر، (۱) سپہ سالار، فوج کا افسر۔ (۲) وہ شخص جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے، فیل بان (۳) کوتوال۔
—— داری : مونث، لڑائی، جھگڑا، مار پیٹ۔
—— کا نشان : فوج کا جھنڈا۔
—— کشی : (ف) مونث، چڑھائی، دھاوا، حملہ۔
—— کی آگاڑی آندھی کی پچھاڑی : (مثل) فوج کا اگلا حصہ اور آندھی کا پچھلا حصہ زور شور کا ہوتا ہے
فوجی : فوج سے متعلق، لشکری، جنگی۔
فوراً : جلدی، اسی وقت، جھٹ پٹ۔
فوری : (صفت) حال کی، مجلت کی۔
فورٹ : FORT (انگ) قلعہ۔
فورڈ FORD (انگ) مذکر، (۱) امریکا کا ایک مشہور کروڑپتی خاندان۔
(۲) وہ موٹر کاریں جو فورڈ کے کارخانے میں بنتی ہیں۔
فورمین FORE MAN (انگ) مذکر، (۱) مزدوروں کا داروغہ یا نگران۔
فوز : (ع) مذکر، کامیابی، مطلب کو پہنچنا۔
عظیم : (اضافت کے ساتھ) مذکر، بڑی کامیابی۔
فوطہ : (ف) مذکر، (۱) خصیہ (۲) خراج محصول، روپیہ جو رعایا خزانے میں داخل کرے۔

فوطہ :
— **دار/ پوت دار** : مذکر، خزانچی، تحویل دار۔
فوق : (ع) مذکر (۱) اوپر، بلند (۲) ترجیح، بڑائی، برتری
فوقانی : اوپر کا، اوپر نقطے دیا ہوا۔
فوق البیان : (ع) کسی بات کو حقیقت سے زیادہ بیان کرنا، مبالغہ آرائی، بلند آہنگی۔
— **البھڑک** : (ع) چمکیلا، زرق برق۔
— **العادت** : (ع) طبیعت سے بڑھ کر، حد سے زیادہ۔
— **فطری** : (ع) مذکر (۱) فطرت کے معمول سے اوپر، (۲) برتر و بالا۔
— **لے جانا** : سبقت لے جانا، بڑھ جانا۔
فوقیت : مونث، ترجیح، بہتری، شرف۔
فولاد : مذکر (۱) ایک قسم کا نہایت سخت جوہر دار لوہا، (۲) بہت سخت، کڑا، مضبوط۔
فولادی : (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) بہت سخت، بہت مضبوط
فولڈنگ FOLDING : (انگ) تہہ دار۔
فولس کیپ FOOL SCAP : (انگ) مذکر، پرانے زمانے میں انگریزی دربار کے مسخروں کی ٹوپی جو ایک خاص سائز (۱۳½ × ۱۰½) کی ہوتی تھی (۲) ۱۷×۱۳½ کا سائز کا کاغذ جو بگڑ کر فل اسکیپ کہلاتا ہے۔ (۳) سترہویں صدی میں بعض خاص قسم کے کاغذ کا کارخانہ یا مارکہ۔
فون : مونث، سانس کی پھنکار۔
فون : (انگ) ٹیلی فون کا مخفف۔
فونوگراف PHONOGRAPH. : (انگ) مذکر، آواز ریکارڈ کرنے کی مشین، صدا بند مشین۔

(ف۔ہ)

فہرست : (ف) مونث، چیزوں کی تفصیل، وہ کاغذ جس میں کسی امر یا کسی چیز کی تفصیل لکھی ہو، فرد، سیاہہ۔
فہم : (ع) مذکر، سمجھ، عقل، دانائی۔
فہمائش : مونث، ہدایت سمجھانا، متنبہ کرنا، آگاہ کرنا۔
فہمیدہ : سمجھ دار، ہوشیار، عقیل
فہیم : (ع) دانا، سمجھ دار۔
فی : (ع) (۱) میں، ہر ایک کے لئے اور ہر چیز کے لیے، (۲) نقص، کمی، غلطی، عیب، کھوٹ۔
— **الاصل** : اصل میں۔
— **البدیہہ** : بے سوچے، فوراً، برجستہ۔
— **الجملہ** : (ف) کسی قدر۔
— **الحال** : اسی وقت، سر دست، ابھی۔
— **الحقیقت** : بے شک، سچ مچ، اصل میں۔
— **الفور** : (ع) فوراً
— **النار ہونا** : جہنم واصل ہونا، دور ہونا۔
— **الواقع/الواقعی** : اصل میں، حقیقتاً۔
— **الوقت** : فوراً، اسی وقت۔
— **امان اللہ** : خدا کی امان اور حفاظت میں، خدا حافظ
— **زمانہ** : ہمارے زمانے میں، آج کل، ان دنوں۔
— **سبیل اللہ** : خدا کی راہ میں، وقف۔
— **مابین** : دونوں کے بیچ میں، دونوں میں، درمیان۔
— **نفسہٖ** : اپنی ذات میں۔
— **فیاض** : (ع) بڑا سخی، دریا دل۔
فیتا : (پرتگالی) مذکر (۱) نواڑ کی پٹی (۲) پیمائش کرنے کی پٹی (۳) ریشمی یا سوتی کپڑے کی پٹی۔
فیثاغورس : ایک نامی گرامی حکیم کا نام۔
فیچر فلم FEATURE FILM : (انگ) مونث مختصر فلم، معلوماتی فلم۔
فیڈ آؤٹ FADE OUT : (انگ) (فلم اصطلاح) بتدریج غائب ہونا۔
فیئر پرائز شاپ FAIR PRICE SHOP : (انگ) مونث، واجبی قیمت کی دکان۔

فیروز ؛ (ع) (۱) کام یاب (۲) (مجازاً) مبارک۔
بخت ر۔ **مند** ؛ (ف) خوش نصیب، کامیاب۔
فیروزہ ؛ (ف) مذکر، ایک قسم کا سبز رنگ کا، نیلگوں یا آسمانی رنگ کا قیمتی جواہر۔
فیروزی ؛ (۱) فیروزے کے رنگ کا، نیلگوں (۲) ایک رنگ کا نام۔
فیرنی ؛ مونث، دیکھو فرنی۔
فیس FEE (S) ؛ (انگ) مونث، وہ رقم جو محنتانہ، اجرت یا معاوضہ کے طور پر دی جائے۔ جیسے کنسلٹیشن فیس، ڈاکٹر اور وکیل کی فیس۔
فیشن FASHION ؛ (انگ) مذکر، وضع، تراش خراش، طور طریقہ، ڈھنگ
ـــ ایبل ABLE ـــ ؛ (انگ) مذکر، فیشن والا۔
فیصل ہونا ؛ تصفیہ ہونا، طے ہونا، بے باق ہونا۔
فیصلہ ؛ مذکر، (۱) تصفیہ (۲) خاتمہ۔
فیض ر (ع) مذکر، فائدہ، نفع، بھلائی۔
بخش ر۔ **رساں** ؛ فائدہ پہنچانے والا۔
گستر ؛ بہت فیض پہنچانے والا۔
یاب ؛ فیض حاصل کرنے والا۔
فیضان ؛ (ع) مذکر، فیض پہنچانا، نفع پہنچانا۔
فیکٹری FACTORY ؛ (انگ) مونث کارخانہ۔
فیکلٹی FACULTY ؛ (انگ) مونث، شعبہ
فیل ؛ مذکر، (۱) ہاتھی (۲) شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔
ـــ بان ؛ (ف) مذکر، مہاوت۔
ـــ پا ؛ (ف) مذکر، ایک مرض کا نام جس سے پاؤں ہاتھی کے پاؤں کے مانند سوج جاتے ہیں۔
ـــ پایہ ؛ مذکر، ستون، پیل پایہ۔
فیلڈ مارشل FIELD MARSHAL ؛ (انگ) مذکر، (۱) فوج کا سب سے بڑا عہدہ (۲) سپہ سالار۔
فیلڈنگ FIELDING ؛ (انگ) مونث، کرکٹ کے میدان میں نظم و ضبط کے ساتھ کھیلنا۔
فیلسوف ؛ مذکر (۱) دانا (۲) فریبی، بد باطن چال باز۔
فیلسوفی ؛ مونث، مکاری، عیاری، چالاکی، شرارت۔
فیملی FAMILY ؛ (انگ) مونث، گھرانا خاندان۔
ـــ پلاننگ PLANNING ـــ ؛ (انگ) مونث خاندانی منصوبہ بندی۔
فینسی FANCY ؛ (انگ) مونث، بھڑک دار، زرق برق، نفیس۔
ـــ ڈریس DRESS ـــ ؛ (انگ) بہروپ کا لباس۔

فیل ؛
فیل FAIL ؛ (انگ) مذکر، ناکام۔
پھرنا ؛ (دہلی) (عو) مکاری کرنا، دھوکا دینا۔
مچانا ؛ شرارت کرنا، شور مچانا۔

ق

قاف: مذکر؛ حساب جمل (ابجد) میں اس کے سو عدد ہیں۔

ق ۔ ا

قا: مونث؛ کوے کی آواز۔

قاآن: (ت) مذکر؛ (ا) شہنشاہِ چین کا لقب، (۲) ترکستان کے بادشاہ کا لقب (۳) (مجازاً) جلیل القدر بادشاہ، عادل سخی اور عادل بادشاہ۔

قاب: (ت) مونث؛ چینی کی بڑی رکابی۔

قابض: (ع) (ا) قبضہ کرنے والا، دخیل (۲) نکالنے والا (۳) (طب) قبض پیدا کرنے والی غذا یا دوا

ـــــ **اَرْواح:** (اضافت کے ساتھ) روحوں کا جسم سے جدا کرنے والا، قضا کا فرشتہ۔

قابل: (ع) (ا) پسندیدہ (۲) سزاوار، اہل (۳) ہوشیار، تجربہ کار، استعداد رکھنے والا، حیثیت رکھنے والا (۴) عالم، فاضل (۵) لایق۔

ـــــ **سماعت:** (اضافت کے ساتھ) (مقدمہ) وہ مقدمہ جو ازروئے قانون کسی عدالت کے حدودِ اختیار میں ہو، سننے کے لایق۔

ـــــ **مواخذہ:** (اضافت کے ساتھ) باز پرس کا سزاوار۔

قابلہ: (ع) (ا) قابل کا مونث (۲) بچہ جنانے والی عورت، دائی۔

قابلیت: (ع) مونث؛ (ا) لیاقت، استعداد، سلیقہ، مناسبت (۲) مادہ۔

قابو: (ترکی) مذکر؛ موقع، بس، اختیار۔

ـــــ **پانا:** قدرت پانا، موقع پانا، اختیار پانا۔

ـــــ **میں آنا:** بس میں آنا، زیر ہونا، کسی کا کسی کے اختیار میں آجانا۔

قابوجی: (ترکی) مذکر؛ (ا) دربان (۲) (عو) کلمۂ تحقیر) سفلہ، کمینہ، مُفسد، بدذات۔

قابیل: (سُریانی) مذکر؛ حضرت آدمؑ کے بڑے بیٹے ہابیل کے بھائی کا نام۔

قاتل: (ع) (ا) قتل کرنے والا، (۲) ہلاک کرنے والا مہلک۔ (۳) مذکر؛ (کنایتاً) معشوق۔

قاچاقی: اسمگلر، غیر قانونی طور پر درآمد برآمد کرنے والا سوداگر۔

قادِر: (ع) (ا) قدرت والا، اختیار والا، زور آور (۲) قابو رکھنے والا۔

ـــــ **مطلق / علی الاطلاق:** (ع) (اضافت کے ساتھ) (ا) کل پر قدرت رکھنے والا (۲) (کنایتاً) خدا تعالیٰ۔

قادری: مذکر؛ صوفیہ کا ایک گروہ جو شیخ عبدالقادر جیلانی کے مسلک کا پابند ہے۔

قارورہ: (ع) مذکر؛ (ا) شیشہ، شیشی، ایک قسم کی شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھلاتے ہیں (۲) مجازاً) پیشاب۔

ـــــ **ملنا:** موافقت ہونا، کمال اتحاد ہونا۔

قارون: (ع) مذکر؛ بنی اسرائیل کے ایک بہت مالدار شخص کا نام جس کے خزانوں کی کنجیاں چالیس خچروں پر لدتی تھیں (۲) (مجازاً) بخیل مال دار۔

ـــــ **کا خزانہ:** (کنایتاً) بہت بڑا خزانہ، بے انتہا دولت۔

قاری: (ع) مذکر؛ (ا) پڑھنے والا (۲) حروف کے مخارج کے موافق قرآن شریف پڑھنے والا، علم قرأت سے واقف۔

قاز: (ت) مونث؛ ایک پرند کا نام، راج ہنس۔

قاسِم: (ع) مذکر؛ تقسیم کرنے والا۔

قاش: (ت) مونث؛ پھل کا لمبائی میں تراشا ہوا ٹکڑا، پھانک۔

ـــــ **قاش ہونا:** ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

قاصد: (ع) مذکر؛ (ا) قصد کرنے والا (۲) ایلچی، نامہ بر، پیغام لے جانے والا۔

قاصر: (ع) کوتاہی کرنے والا مجبور۔

ـــــ **ہونا:** معذور ہونا مجبور ہونا، فرض ادا کرنے میں کوتاہی کرنا۔

قاضی: (ع) مذکر؛ (ا) مسلمان جج جو شرع کی رُو سے فیصلہ کرے (۲) نکاح پڑھانے والا (۳) (کنایتاً) ذمہ دار شخص۔

قاضیُ الحاجات: (ع) حاجت روا کرنے والا، (مجازاً) خدائے تعالا۔

ـــــ **القضات:** مذکر؛ قاضیوں کا افسر۔

قاضی جی کیوں دُبلے شہر کے اندیشے سے: (مثل) ناحق اور بے موقع فکر کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

ـــــ **قدوہ:** (ا) ایک کثیر الاولاد بزرگ کا نام (۲) قدوائیوں کے مورث اعلیٰ۔

ـــــ **کا پیادہ:** (ا) سرکاری سپاہی، کچہری کا سپاہی (۲) (کنایتاً) وہ شخص جس سے لوگ ڈریں۔

قاضی کے گھر کے چوہے بھی سیانے: (مث) سیانے لوگوں کے چھوٹے بھی سیانے ہوتے ہیں، حاکم یا امیر کے گھر کا اَدْنا آدمی بھی چالاک ہوشیار ہوتا ہے۔

قاطبتہً: (ع) تمام، سرتاسر، بالکل۔

قاطع: (ع) (۱) کاٹنے والا (۲) لاجواب کرنے والا۔

قاعِدہ: (ع) مذکر؛ (۱) اصول، بنیاد (۲) دستور، ریت، آئین (۳) طرز، ڈھنگ، عادت، خصلت (۴) وہ کتاب جس میں حروف تہجی اور اُن کے مرکبات درج ہوتے ہیں، پڑھائی کی ابتدائی کتاب (۵) ترتیب، اسلوب، قرینہ۔

——کلیہ: (ف) (اضافت کے ساتھ) عام قاعدہ، اصول۔

قاف: (ع) مذکر؛ حروف تہجی کا ایک حرف (ق) (۲) ایشیائے کوچک کے شمال میں بحیرۂ کیسپین اور بحر اسود کے مابین واقع ایک پہاڑ کا نام۔

——تاقاف: (ف) تمام جہاں سے مراد۔

—— کی پریاں: (کنایتاً) حسین عورتیں۔

قافِلہ: (ع) مذکر؛ مسافروں کا گروہ، سوداگروں کا گروہ۔

—— سالار: (ف) مذکر؛ قافلہ کا سردار۔

قافیہ: (ع) مذکر؛ وہ ہم وزن الفاظ جو اشعار کے آخر میں چند مخصوص قیدوں کے ساتھ لائے جائیں۔

—— بندی: مونث؛ تُک بندی۔

—— پیمائی: مونث؛ اشعار کی گنتی بڑھانے کے واسطے متعدد قافیوں کو شعر میں باندھنا۔

—— تنگ کرنا: پریشان کرنا، عاجز کرنا، دِق کرنا۔

—— تنگ ہونا: زچ ہونا، لاجواب ہونا، حیران ہونا، عاجز ہونا۔

—— شایگاں: (ف) مذکر؛ وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔

—— معمولہ: (اضافت کے ساتھ) قافیہ کو جزو ردیف سے ملا کر قافیہ کرنا۔

—— مِلانا: (۱) تُک سے تُک مِلانا (۲) (کنایتاً) رازدار بننا، یارانہ کرنا۔

قاق: (ت) ناتواں، دُبلا پتلا، سوکھا ہوا آدمی۔

قاقم: (ت) مذکر؛ ایک قسم کے نیولے کی کھال جس سے پوستین بناتے ہیں۔

قال: مذکر؛ مباحثہ، گفتگو، بات۔

قال مقال: مونث؛ قیل وقال، حجت۔

—— وقیل/قول وقال: مونث؛ حجت، بحث۔

قالب: مذکر؛ (۱) کالبد، سانچہ (۲) چھینٹ چھاپنے کا چھاپہ، (۳) تن، بدن۔

—— بدلنا: دوسرا جسم اختیار کرنا۔

—— پر چڑھانا: جوتی یا ٹوپی کو قالب پر چڑھانا۔

—— تہی کرنا/خالی کرنا: (۱) رُوح کا جسم کو خالی کرنا (۲) (کنایتاً) مرجانا۔

—— میں ڈھالنا: سانچے میں ڈھالنا۔

قالی/قالین: (ت) مذکر؛ ایک قسم کا بچھونا، غالیچہ۔

قامت: (ع) مونث؛ مذکر؛ (۱) قد، ڈیل (۲) وقت آغاز نماز کا مقررہ اعلان، (۳) جسم۔

قامُوس: (ع) مذکر؛ (۱) بحر، سمندر (۲) عربی کا ایک مشہور لُغت۔

قامُوسیت: مونث؛ علمیت، زبان میں مشکل الفاظ استعمال کرنا۔

قانع: (ع) قناعت کرنے والا، تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون: (مذکر) (۱) قاعدہ، دستور، ضابطہ (۲) ایک مشہور رومی باجے کا نام، (۳) شیخ بوعلی سینا کی مشہور طب کی کتاب۔

—— بگھارنا/چھانٹنا: بے ضرورت تکرار اور حجت کرنا۔

—— گو: مذکر؛ (۱) وہ محرر جس کے پاس تمام ضلع یا علاقہ کی زمینوں کا حساب کتاب رہے۔

قانونی: (۱) قانون بنانے والا، قانون جاننے والا (۲) قانون سے منسوب (۳) حجتی، جھگڑالو۔

قانونیات: (ع) مونث؛ علم قانون۔

قاہر: (ع) مذکر؛ قہر کرنے والا، غالب، زبردست۔

قاہرہ: (ع) مونث؛ (۱) غالب، زبردست (۲) مصر کی راجدھانی کا نام

قائد: (ع) مذکر؛ (۱) فوج کا سردار، حاکم (۲) اندھے کی لاٹھی پکڑ کر اس کو راستے پر لے جانے والا (۳) رہنما، لیڈر۔

قائل: (ع) مان جانے والا، لاجواب ہونے والا، تسلیم کرنے والا۔

قائم: (ع) (۱) کھڑا ہونے والا، کھڑا ہوا (۲) برقرار۔

—— اللیل (قائمُ لَیل): (ع) عبادت کے واسطے رات بھر جاگنے والا۔

قائم بالذات (قائمُ بِذّات) :(ع) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو۔
—— بالغیر (قائمُ بِالغیر) : وہ جو دوسرے کے سہارے پر قائم رہے۔
—— مقام : دوسرے کی جگہ کام کرنے والا، عوضی۔
—— ہونا : (۱) کھڑا ہونا، اٹھنا (۲) برقرار ہونا، مستقل ہونا۔ (۳) بنیاد پڑنا، (۴) دھات کا آگ پر ٹھہر جانا اور مقدار میں نہ گھٹنا، (۵) حد مقرر ہونا (۶) ٹکنا، رہنا۔
قائمہ : (ع) مذکر؛ (اصطلاح اقلیدس) ۹۰ درجہ کا زاویہ۔

ق ۔ ب

قبا : (ع) مونث؛ ایک خاص قسم کا لمبا کوٹ یا چغہ۔
قباحت : (ع) مونث؛ برائی، نقص، عیب۔
قبالہ : (ع) مذکر؛ (اصطلاح کے معنی) ضامنی نامہ، مکان یا جاگیر وغیرہ کا وہ کاغذ جس سے ملکیت ثابت ہو، مکان کا بیعنامہ۔
—— نویس : مذکر؛ وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنے کا ہو۔
قبائح : (ع) مذکر؛ جمع قبیحہ کی۔
قبائل : (ع) جمع قبیلہ کی؛ مذکر؛ (۱) جماعتیں، فرقے، (۲) بال بچے، گھر کے لوگ۔
قُبح : (ع) مذکر؛ (۱) برائی عیب (۲) حُسن کا نقیض۔
قبر : (ع) مونث؛ تربت، مُردے کو دفن کرنے کا گڑھا۔
—— تک ساتھ جانا : زندگی تک باقی رہنا، مرنے تک نہ چھوٹنا۔
قبرستان : مذکر؛ مُردوں کے دفن ہونے کی جگہ۔
قبر کا مُنہ جھانک آنا : (کنایتاً) مرمر کر بچنا، خدا کے گھر سے پھرنا۔
—— کھود کر لانا : (دہلی) جہاں سے بھی ممکن ہو تلاش کر کے لانا۔
—— کے مُردے اُکھاڑنا / اُکھیڑنا : (۱) مُردوں کا ذکر کرنا، مُردوں کے عیوب ظاہر کرنا (۲) (کنایتاً) پُرانے جھگڑے نکالنا، سوئے ہوئے فتنے جگانا۔
—— میں پانو لٹکائے بیٹھنا : موت کے دن قریب آنا، آخر عمر پر پہنچ جانا۔
—— میں پیٹھ نہ لگنا / کمر نہ لگنا : (کنایتاً) مرکر بھی چین نہ آنا۔
قبر میں تین دن بھاری : مسلمانوں کے خیال کے مطابق قبر میں مُردے کے حساب کتاب کے تین دن۔
—— میں ساتھ لے جانا : (عو) قبر میں بھی یاد رکھنا، قبر تک بھولنا۔
—— میں کیڑے پڑیں : (عو) کوسنا۔
قبض : (ع) مذکر؛ (۱) ایک اصطلاح علم عروض (۲) قابو، بس، تحت دخل، (۳) اڑ، معدے کی گرفتگی جس سے اجابت نہ ہو یا بہت کم ہو، (۴) (اصطلاحِ تصوف) دل کی گرفتگی۔
—— الوصول (قبضُ وصول) : مذکر؛ تنخواہ وصول کرنے والے ملازموں کے دستخط کا رجسٹر، رسید کا رجسٹر۔
—— و بسط : اصطلاحِ علم تصوف، دل کا خدا کی یاد کی طرف کبھی متوجہ ہونا، کبھی نہ ہونا۔
قبضہ : (ع) مذکر؛ (۱) دخل، مداخلت، تصرف، (۲) مُٹھ، دستہ (۳) قابو، اختیار، (۴) وہ لوہے کا ٹکڑا جس سے کواڑ یا صندوق وغیرہ کے دو حصوں کو ملا ہوا رکھتے ہیں، (۵) موٹے آدمی کا بازو۔
قبطی : مذکر؛ فرعون کے ساتھی جو ملک مصر کے باشندے تھے۔
قبل : (ع) پہلے، آگے، پیشتر، اوّل۔
—— از مرگ واویلا : (مثل) مصیبت آنے سے پہلے فریاد اور غل مچانا۔
قُبل : (ع) مونث؛ عورت کا اندام نہانی۔
قبلہ : (ع) مذکر؛ (۱) کعبہ، نماز پڑھنے کی سمت، (۲) کلمۂ تعظیم، حضور، جناب (۳) (طنزاً) بڑا چالاک۔
—— اَنام : (اضافت کے ساتھ) (تعظیماً) سب کا واجب التعظیم۔
—— حاجت / حاجات : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کلمۂ تعظیم سب کی حاجتیں رفع کرنے والا، مراد بر لانے والا۔
—— رُو : کسی شخص یا چیز کا قبلہ کی طرف مُنہ، قبلہ کی سمت۔
—— عالم : (اضافت کے ساتھ) کلمۂ تعظیم۔
—— گاہ : (مجازاً) (۱) پدر بزرگوار (۲) بزرگ، حامی۔
—— نما : (ف) مذکر؛ قبلے کا رُخ معلوم کرنے والے ایک آلے کا نام۔
—— و کعبہ : کلمۂ تعظیم و تکریم۔

قُبُور: (ع) جمع قبر کی، مذکر، مونث؛ گھوڑے کی کاٹھی میں پستول رکھنے کے لیے بنا ہوا چمڑے کا خانہ۔

قَبُول: (ع) مذکر؛ تسلیم، منظور، پسند۔

—— صورت: خوبصورت، حسین۔

—— عام: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ عام پسندیدگی، ہر شخص کو پسند آنا۔

قَبُولنا: (ا) اقرار کرنا، اقبال کرنا (۲) منظور کرنا، پسند کرنا۔

قَبُولی: (ف) مونث؛ چنے کی دال اور چاول ملا کر پکائی ہوئی ایک قسم کی کھچڑی۔

قَبُولیت: مونث؛ (ا) دُعا کا قبول ہونا (۲) مقبول ہونا، پسندیدگی، پسندیدہ ہونا۔

قُبّہ: (ع) گنبد، گنبد کی شکل کی کوئی چیز۔

قَبیح: (ع) مذکر؛ بدصورت، نازیبا، (۲) معیوب، قابلِ شرم۔

قَبیل: (ع) مونث؛ نوع، جنس، قسم۔

قَبیلہ: (ع) مذکر؛ گروہ (۱) ایک دادا کی اولاد، خاندان نسبی فرقہ، (۲) مونث؛ جورو۔

قَتل: (ع) مذکر؛ خون کرنا، جان سے مار ڈالنا۔

—— عام: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ عام خون ریزی، بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا۔

—— عَمد: مذکر؛ (قانون) دیدہ و دانستہ ہلاک کرنا۔

—— گاہ/گہ: مونث؛ قتل کرنے کی جگہ۔

قَتّال: بہت کارزار کرنے والا، بہت قتل کرنے والا۔

قِتال: (ع) مونث؛ (ا) ہتھیاروں کی لڑائی، خوں ریزی، جنگ۔

قِتلہ: مذکر؛ قاش، پھانک، کسی کھانے کی چیز کا ترشا ہوا ٹکڑا۔

قُتّی: (ت) مونث؛ انگور کی پٹاری۔

قَتیل: (ع) مقتول، شہید۔

قَحبہ: (ع) مونث بڑا، فاحشہ، بدکار عورت (۲) (کنایتاً) دُنیا۔

قَحط: (ع) مذکر؛ (ا) کال، خشک سالی (۲) (مجازاً) کسی چیز کی کمیابی، نایابی۔

قَحطُ الرِّجال: (تفخیر رجال، ع) مذکر؛ بھلے مانسوں کا نہ پایا جانا۔

قحط زدہ/کا مارا: بھوکا، کنگلا۔

—— سالی: مونث؛ خشک سالی۔

قَد: (ع) مذکر؛ قامت، جسم کی لمبائی۔

—— آدم: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ آدمی کے قد کے برابر۔

—— آور: لمبے قد کا۔

—— نکلنا: بچے کا دراز قد ہونا۔

—— وقامت: مذکر؛ جسامت۔

قَدامَت: (ع) مونث؛ کہنہ ہونا، ہمیشگی، پرانا پن، قدیم ہونا۔

—— پرستی: مونث؛ پرانے طور و طریق کی پیروی۔

—— پسند: (ا) تجویز فن اور اصلاحوں کا مخالف (۲) (سیاسی اصطلاح) ملک میں رائج پالیسی اور مروجہ اصول و قانون کے تسلسل و تحفظ کا حامی (۳) (سماجی اصطلاح) پرانی روایتوں اور رسموں کا پیرو (۴) (ادبی اصطلاح) ادب کی قدیم اور کلاسیکی خصوصیات کو سب کچھ ماننے والا۔

قَدَح: (ع) مذکر؛ بڑا پیالہ، مطلق پیالہ۔

—— آشام/پیما/خوار/کش/نوش: شراب خوار، شرابی۔

قَدح: (ع) مدح کی ضد، عیب گوئی، نکتہ چینی، تردید۔

قدر: (ع) مونث؛ (ا) تقدیرِ الٰہی، فرمان، حکم، (۲) مقدار اندازہ ظاہر کرنے کے لیے۔

—— انداز: (ف) تیر پھینکنے والا جس کا نشانہ خطا نہ کرے۔

قَدر: (ع) مونث؛ (ا) عزت، بزرگی، توقیر، درجہ، مرتبہ، (۲) اندازہ، مقدار، برابر، یکساں۔

—— جوہر شاہ داند یا بداند جوہری: (ف) ترجمہ، جواہر کی قدر بادشاہ جانتا ہے یا جوہری، اہلِ کمال کے قدرداں خاص لوگ ہوتے ہیں۔

—— عافیت: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ اطمینان سے زندگی بسر کرنے کا لطف۔

—— عافیت کھلنا: (کنایتاً) مزہ چکھنا (طنزاً)

—— نعمت بعد زوال: (اضافت کے ساتھ) (مقولہ) اچھی حالت جب نہیں رہتی اس وقت اس کی قدر ہوتی ہے۔

قدرے: (ف) تھوڑا سا، قلیل۔

قدرے قلیل : تھوڑا سا۔
قدرت : (ع) مونث ؛ (۱) طاقت، زور، مجال (۲) حوصلہ اختیار، دسترس (۳) خدا تعالیٰ کی شان، خدا تعالیٰ کی صفت اور طاقت۔
ـــــ کا کھلونا : (کنایتاً) پیدائشی خوب صورت۔
قدرتی : خلقی، اصلی، قدرت سے منسوب۔
قدریہ : مذکر ؛ ایک فرقہ کا نام، جو قضا و قدر کا منکر اور جبر کا قائل ہے۔
قُدُس / قُدّوس : (ع) (۱) پاک (۲) پاکیزگی، (۳) مقدس متبرک (جبریلؑ کا نام) (۴) بیت المقدس۔
قُدِّس سرہٗ / قدّس اللہ سرّہُ العزیز : (ع) (۱) پاک ہوا بھید اس کا (۲) مقدس مرے ہوئے بزرگوں کے نام کے بعد بجائے رحمۃ اللہ علیہ کے مستعمل ہے۔
قُدسی : (۱) پاک، پاکیزہ (۲) (مجازاً) فرشتہ۔
قدسیاں : (ف) (کنایتاً) فرشتے، صلحا، اولیاء اللہ، روحانیاں۔
قَدغن : (ت) مذکر ؛ مونث ؛ تاکید، روک ٹوک، مناہی۔
قَدَم : (ع) مذکر ؛ (۱) پانو (۲) فاصلہ، دونوں پانو کا نشان (۳) آنا، گھوڑے یا زوجہ یا کسی کے آنے کا شگون (۴) (مجازاً) ذات، دم، موجودگی (۵) گھوڑوں کی ایک قسم کی رفتار۔
ـــــ باز : (گھوڑا) خوش رفتار، تیز رفتار۔
ـــــ باقدم / بہ قدم : قدم بہ قدم کسی کی پیروی کرتے ہوئے ساتھ ساتھ۔
ـــــ بوس ہونا : (۱) تعظیماً پانو چومنا (۲) (کنایتاً) کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔
ـــــ بیچ میں ہونا : دخل ہونا، واسطہ ہونا۔
ـــــ پکڑنا : (۱) تعظیماً بزرگوں کے پانو چومنا (۲) کسی جگہ کا اپنی دلچسپی کے باعث چلنے والے کو ٹھہرا لینا۔
ـــــ چہ : مذکر ؛ کھڈی کا پایا جس پر پانو رکھ کے بیٹھتے ہیں۔
ـــــ چومنا : (۱) پانو بوسی (۲) کامل ماننا (۳) (طنزاً) شریر اور فتنہ انگیز تسلیم کرنا۔
ـــــ درویشاں ردِ بلا : (مقولہ) بابرکت آدمی کے آنے سے بلا رد ہو جاتی ہے۔
قدم گیر : (ع، ف) پانو پکڑنے والا، چلنے میں رکاوٹ ڈالنے والا۔
ـــــ رنجہ فرمانا / رنجہ کرنا : (تعظیماً) تشریف لانا۔
ـــــ زمین پر نہ رکھنا : (کنایتاً) بے حد مغرور ہونا۔
ـــــ لگنا : (۱) قدموں کا بوسہ دینا (۲) کسی کے زیر سایہ رہنا، (۳) کسی کی پناہ یا حفاظت میں رہنا۔
ـــــ لینا : (۱) تعظیماً پانو چھونا، تعظیم کرنا (۲) دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا (۳) (کنایتاً) منت سماجت کرنا (۴) استقبال کرنا (۵) (طنزاً) بدی شرارت وغیرہ کا بانی تسلیم کرنا۔
ـــــ تلے آنکھیں بچھانا / کے نیچے آنکھیں بچھانا : بے حد خلوص برتنا، بہت عزت کرنا۔
ـــــ لگی بلا : (دہلی) مونث ؛ ساتھ رہنے والی آفت، بلائے سخت۔
قِدَم : (ع) مذکر ؛ ہمیشگی، (خدا کی صفت) قدامت۔
قُدَماء : (ع) مذکر ؛ جمع قدیم کی۔
قُدّوس : (ع) مذکر ؛ (۱) پاک، مبارک (۲) خدا تعالیٰ کا نام۔
قُدُوم : (ع) مذکر ؛ آنا تشریف لانا۔
ـــــ میمنت لزوم : مذکر ؛ ایسا آنا جس سے برکت ہو۔
قدوہ / قِدوہ : پیشوا، مرشد۔
قدیر : (ع) صاحب قدرت، خدائے تعالیٰ کا نام۔
قدیم : (ع) (۱) ہمیشہ کا ازلی جس کی کوئی ابتدا نہ ہو (۲) اگلے زمانے کا (۳) آبائی، موروثی۔
قدیمی : پرانا۔

ق۔ر

قرابادین : (ت) مذکر ؛ دواؤں کا لغت۔
قرابت : (ع) مونث ؛ رشتہ داری، یگانگت، رشتہ۔
ـــــ دار : مذکر ؛ رشتہ دار۔
قرابتی : رشتہ کا یگانہ۔
قرابہ : (ف) مذکر ؛ عرق رکھنے کی شیشے کی بڑی بوتل۔
قرابین : (ت) مونث ؛ ایک قسم کی چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق۔
قرأت : (ع) مونث ؛ (۱) علم تجوید (۲) قرآن کا عرب کے خاص

نیچے میں پڑھنا۔

قرار : (ع) مذکر؛ (۱) چین، سکون، اطمینان، قیام (۲) اقرار، عہد۔

—— داد : مذکر، مونث؛ (۱) عہد پیمان (۲) تجویز، فیصلہ۔

قرأقر : (ع) مذکر؛ پیٹ کے بولنے کی آواز۔

قِران : (ع) مذکر؛ (اصطلاح علم نجوم) آفتاب کے علاوہ کوئی سے دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔

قِران السَّعدَین / قِرانُ سَعدَین : (ع) مذکر؛ (۱) دو اچھے ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا (۲) (مجازاً) دو اچھے آدمیوں کا جمع ہونا (۳) ساعتِ سعید۔

قُرآن : (ع) مذکر؛ لغوی معنی پڑھنا (اصطلاحی) کلام اللہ۔

—— درمیان دینا : (عو) قرآن مجید کا واسطہ دینا، قرآن کی قسم کھا کر عہد کرنا۔

—— کا جامہ پہن کر آنا : سرتاپا راست بازی اور صداقت کا لباس پہننا، یقین دلانے کے لیے درجہ کی تدبیر کرنا، پارسا بننا۔

—— کی ہَوا دینا : بیمار کو صحت کے لیے قرآن کی ہوا دینا۔

—— ہدیہ کرنا : (ادباً) قرآن شریف کا فروخت کرنا۔

قراوَل : (ہ ت) مذکر؛ (۱) بندوقچی (۲) چند سرداروں کا مجموعہ جو فوج کے آگے بڑھ کر کئی کئی کوس تک دشمن کی فوج اور گردوپیش کے حالات کی خبر رکھتا ہے۔

قُرّاء : (ع) مذکر؛ جمع قاری کی؛ بہت سے قرآن پڑھنے والے لوگ۔

قِرأَت : (ع) مونث؛ پڑھنا۔

قِرائن : (ع) مذکر؛ جمع قرینہ کی۔

قُرب : (ع) مذکر؛ نزدیکی، مرتبہ، منزلت۔

—— رُوحانی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ دلی نزدیکی، باطنی نزدیکی۔

—— وجُوار : مذکر؛ گردونواح، آس پاس۔

قِربان : (ع) مذکر؛ (۱) وہ شمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے (۲) قربان ہونا، صدقے۔ جانا نچھاور ہونا۔

قُربانی : مونث؛ (۱) ذبح (۲) وہ جانور جو خدا کی راہ میں ذبح کیا جائے۔

قُربانی کرنا : بقرعید میں جانور کا ذبح کرنا۔

قُربت : (ع) مونث؛ نزدیکی، قرب۔

—— کرنا : صحبت کرنا۔

قرّۃُ العَین (قُرّتُ عَین) : (ع) آنکھ کی ٹھنڈک، مراد اولاد سے۔

قَرح : (ع) مذکر؛ پیپ پڑا ہوا زخم۔

قُرَیشی : (ع) قریشی، قریش سے نسبت رکھنے والا۔

قُرص : (ع) مذکر؛ (۱) ٹکیا، کافور کی ٹکیا، کسی دوا کی گول ٹکیا۔ (۲) آفتاب کا گردہ (۳) ساچق میں بھیجی جانے والی ایک قسم کی شکر کی بنی ہوئی سبز رنگ کی ٹکیا

قَرض : (ع) مذکر؛ اُدھار، مستعار، مانگا ہوا۔

—— حَسَنہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بلا سود اور بلا میعاد قرض۔

—— خواہ : قرض چاہنے والا۔

—— دار : قرض لینے والا۔

قرضہ : قرض، اُدھار۔

قِرطاس : (ع) مذکر؛ کاغذ۔

—— اَبیض : (اضافت کے ساتھ) (۱) سفید کاغذ (۲) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شایع کی جاتی ہے۔

قِرعَ اَنبیق / قرم بیق : مذکر؛ عرق کھینچنے کا ایک آلہ۔

قُرعہ : (ع) مذکر؛ پانسا۔

—— اندازی : (ف) مونث؛ پانسا پھینکنا۔

—— فال بنامِ منِ دیوانہ زدند : (اضافت کے ساتھ) (مثل) (فال کا قرعہ مجھ دیوانے کے نام نکلا ہے) جس کے ذمے کوئی کام پڑے وہ اپنی نسبت کہتا ہے۔

قُرق : (ترکی) مذکر؛ (۱) ضبطی (۲) روک، بندش۔

—— اَمین : مذکر؛ ناظر عدالت جو قرقی کرتا ہے۔

قُرقی : مونث؛ (۱) مال اسباب، منقولہ وغیر منقولہ کا ضبط ہونا، یا سرکاری قبضے میں آکر ڈگری دار کو دلایا جانا (۲) روک ٹوک۔

—— قبل فیصلہ : مونث؛ قرقی جو فیصلے سے پیشتر ہوتی ہے کہ

مدعا علیہ اپنے مال کو علاحدہ نہ کرے۔
قرقرا : مذکر؛ ایک قسم کا پرند۔
قرم : قرمساق کا مخفف۔
قرمساق : مذکر؛ بھڑوا، پاجی، کمینہ۔
قرمزی : (ف) مذکر؛ سُرخ، لال رنگ۔
قرن : (ع) مذکر؛ (مجازاً) (ا) زمانہ، دراز (۲) یمن کے ایک قبیلہ کا نام۔
قرنا : (ف) مونث؛ سینگ کا بگل، تُرہی۔
قرنطینہ : QUARANTINE کا معرب، مذکر؛ مسافروں یا وبائی بیماری کے علاقوں کے بیماروں کو جبراً علاحدہ رکھنے کی میعاد۔
قرنفل : مونث؛ لونگ۔
قرولی : (ترکی) مونث؛ شکاری چاقو، ایک قسم کی چھری جس کو کمر میں باندھتے ہیں۔
قرولیاں کرنا : (دہلی) فنون سپہ گری دکھانا۔
قرون : (ع) مذکر؛ جمع قرن کی؛ عرصہ ہائے دراز۔
قریب : (ع) پاس، نزدیک (۲) نزدیک کا رشتہ دار (۳) تقریباً، لگ بھگ (۴) عروض میں ایک بحر کا نام۔
قریب الاختتام (قریبُ الختام، قریبُ ختم) : ختم ہونے کے قریب۔
قریب الفہم : جلد سمجھ میں آنے والا۔
ـــــ المرگ : مرنے کے قریب، کوئی دم کا مہمان۔
قریش : (ع) قرش کی تصغیر؛ مذکر؛ عرب کے ایک مشہور قبیلہ کا نام جو عزت، شرافت، فصاحت میں تمام قبیلوں پر فوقیت رکھتا ہے۔
قریشی : (ع) قبیلہ قریش کا، قریش سے منسوب۔
قریشیہ / کروشیا : مونث؛ ایک قسم کی لوہے یا پلاسٹک کی بلی سلائی جس سے موزے بنیائن سوئٹر وغیرہ بنے جاتے ہیں۔
قرین : (ع) (ا) پاس، نزدیک، ملا ہوا (۲) ملحق (۳) مثل، مانند، (۴) ہمنشیں، مصاحب۔
ـــــ عقل / قیاس : (اضافت کے ساتھ) وہ بات جس کو عقل قبول کرے۔
قرینہ : (ع) مذکر؛ (ا) مناسبت جو دو چیزوں میں ہو، قیاس اندازہ، (۲) ڈھنگ، وضع، صورت، شکل (۳) سلیقہ، سجاوٹ، ترتیب۔
قرینے کی بات : موقع کی بات، مناسب بات۔
قریہ : (ع) مذکر؛ گاؤں۔
ـــــ جات : (ف) جمع قریہ کی۔

ق - ز

قزاق : (ت) مذکر؛ راہ زن، ڈاکو، لٹیرا۔
ـــــ اجل : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) ملک الموت۔
قزل ارسلاں : (ترکی) خاندان سلجوق کے ایک بادشاہ کا نام۔
قزلباش / قزلباش : (ت) مذکر؛ (ا) شاہ اسماعیل صفوی نے اپنی فوج کے لیے سرخ ٹوپی بارہ گوشے کی بنوائی تھی، اس وجہ سے ان کے لشکریوں کا نام قزلباش ہو گیا پھر اُن کی اولاد کو بھی قزلباش کہنے لگے۔ (۲) (مجازاً) سپاہی۔

ق - س - ش

قسام : (ع) تقسیم کرنے والا، بخشنے والا۔
ـــــ ازل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) خدائے تعالا۔
قساوت : (ع) مونث؛ سنگ دلی۔
قسائی : قصائی : مذکر؛ (ا) مسلمان گوشت فروش، (مجازاً) بے رحم، سنگ دل، ظالم۔
ـــــ کے کھونٹے بندھنا : ظالم کے پالے پڑنا۔
ـــــ کے کھونٹے سے بکری بندھنا : (کنایتاً) (ا) بے رحم بدمزاج آدمی کے ساتھ لڑکی بیاہ دینا (۲) کسی غریب کو خوفناک جگہ پر ڈال دینا۔
قسط : (ع) مونث؛ (ا) حصہ، ٹکڑا (۲) وہ روپیا جو تھوڑا تھوڑا کر کے حسب قرارداد دیا جائے (۳) مال گذاری کا وہ حصہ جو وقت معینہ پر دیا جائے (۴) وہ میعاد جو روپیا بہ اقساط

دینے کے واسطے مقرر کی جائے۔
قسط باندھنا: کل کا کوئی جز کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اقرار کرنا۔
قَسَم: (ع) سوگند، حلف۔
قَسَماً قسمی: مونث؛ باہمی، عہد و پیمان۔
قسم کھانا: (ا) حلف اٹھانا (۲) کسی کام کے ترک کرنے کا عہد کرنا، (۳) کسی کام کے لیے قسم کھا کر اپنے کو پابند کرنا۔
قسمیہ: (ع) مذکر؛ وہ جملہ جس میں قسم کا ذکر ہو، قسم کھا کر
قِسْم: (ع) مونث؛ (ا) نوع: طرح (۲) وضع، ڈھنگ۔
ـــــ دار: جنس دار، قسم کے اعتبار سے۔
قِسمت: (ع) مونث؛ (ا) تقدیر، نصیب، مقدر، (۲) تقسیم (۳) صوبہ، احاطہ (۴) نوشتۂ تقدیر۔
ـــــ بدلنا: (ا) تقدیر برگشتہ ہونا (۲) اقبال کا زمانہ آنا۔
ـــــ پلٹنا / پھرنا: (ا) تقدیر برگشتہ ہونا، قسمت بگڑنا، (۲) دن پھرنا، اقبال یاور ہونا۔
ـــــ پھوٹ جانا: (ا) برے دن آنا (۲) (کنایتاً) بیوہ ہو جانا، (۳) بری جورو یا برے خاوند سے پالا پڑنا۔
ـــــ رسا ہونا: تقدیر یاور ہونا۔
ـــــ کا بدا: نوشتۂ تقدیر، قسمت کا لکھا۔
ـــــ کا ٹکڑا / کا دانہ: قسمت کا لکھا ہوا رزق۔
ـــــ کا دھنی: تقدیر والا، خوش اقبال۔
ـــــ کا سکندر: بڑا خوش نصیب، سکندر طالع۔
ـــــ کا لکھا پورا ہونا: مصیبت پیش آنا، شامت آنا، قسمت پھوٹنا۔
ـــــ کا ہیٹا: مذکر؛ بدنصیب۔
ـــــ کا کھلنا: (ا) نصیب یاور ہونا، دن پھرنا (۲) (کنایتاً) شادی ہونا، بر ملنا۔
ـــــ کا لڑنا: نصیب یاور ہونا۔
قِسیُّ القلب (قَسِیُّ القَلْب): (ع) سخت دل۔
قِسّیس: (ع) مذکر؛ دانش مند، نصاریٰ کا عالم دین۔
قسیم: (ع) تقسیم کرنے والا، بانٹنے والا۔
قشر: (ع) مذکر؛ چھلکا، درخت یا میوے کا پوست۔
قشقہ: (ف) مذکر؛ ٹیکا، تلک۔

ق۔ص

قَصّاب: (ع) (ا) گوشت کاٹنے والا، گوشت بیچنے والا، (۲) ظالم، بے درد۔
قَصابا: مذکر؛ عورتوں کا سر پہ باندھنے کا رومال۔
قِصاص: (ع) مذکر؛ خون کا عوض لینا، خون کا بدلہ، جزا، مکافات۔
قَصائِد: (ع) مذکر؛ جمع قصیدہ کی۔
قَصَبات: (ع) مذکر؛ جمع قصبہ کی۔
قصبہ: (ع) مذکر؛ شہر سے چھوٹی اور گاؤں سے بڑی آبادی۔
قَصْد: (ع) مذکر؛ ارادہ، نیت، مطلب۔
قَصداً: جان بوجھ کر، عَمداً۔
قَصْر: (ع) مذکر (ا) محل، (۲) کمی، (۳) مونث؛ فرض نماز کا مسافرت کی حالت میں چار رکعتوں کی جگہ دو رکعتیں پڑھنا، (یہ نمازِ قصر کہلاتی ہے)
قِصَص: (ع) جمع قصہ کی۔
قصُور: (ع) مذکر؛ (ا) خطا، بھول، چوک، کمی (۲) قصر بمعنی محل کی جمع۔
ـــــ وار: خطاوار، قابل الزام۔
قِصّہ: (ع) مذکر؛ (ا) کہانی، داستان، حکایت (۲) بیان، تذکرہ، (۳) لڑائی، جھگڑا، حجت، تکرار۔
ـــــ آخر ہونا: قصہ تمام ہونا، جھگڑا ختم ہونا۔
ـــــ اُٹھنا / پڑنا: ہنگامہ و فساد برپا ہونا۔
ـــــ بڑھانا: (ا) قصہ کو طول دینا (۲) (کنایتاً) بات بڑھانا، جھگڑے کو طول دینا۔
ـــــ بکھیڑا: مذکر؛ فتنہ و فساد۔
ـــــ پاک کرنا: (ا) جھگڑا طے کرنا، (۲) قرضہ بے باق کرنا، (۳) (کنایتاً) مار ڈالنا۔
ـــــ خواں: مذکر؛ داستان گو، قصہ سنانے والا۔
ـــــ فیصل کرنا / کوتاہ کرنا: (ا) جھگڑا چکانا (۲) (کنایتاً)

کا تمام کرنا۔
قصہ کوتاہ / مختصر: الغرض، الحاصل۔
ـــــ کہانی: افسانہ، بے کار باتیں۔
قصیدہ: (ع) مذکر؛ (اصطلاح) اُن اشعار کا نام جن میں کسی کی ہجو، مدح یا وعظ و نصیحت یا تعریف بہار، یا شکایت روزگار وغیرہ مضامین بیان کیے جائیں، قصیدے کے پہلے دونوں مصرعوں اور ہر شعر کے دوسرے مصرع میں قافیہ ہونا ضروری ہے۔
قصیر: (ع) ٹھنگنا، پست قد، کوتاہ۔

ق ـ ض

قضا: (ع) مونث؛ (۱) حکم خدا، مشیتِ الٰہی (۲) وہ فرض عبادت جس کا وقت گزر گیا ہو، (۳) موت؛ اَجل۔
ـــــ ادا کرنا: فرض یا واجب نماز وقت گزرنے کے بعد پڑھنا۔
ـــــ را: خدا کی مشیت سے، یکایک، اتفاق سے۔
ـــــ سر پر کھیلنا: (کنایتاً) شامت آنا، موت کا وقت قریب آنا، مصیبت سر پر منڈلانا۔
ـــــ کرنا: (۱) مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا کرنا۔ (۲) مر جانا، فوت ہو جانا۔
ـــــ و قدر: تقدیر الٰہی، خدا کی رضا۔
قضائے الٰہی: اتفاقاً۔
ـــــ الٰہی سے مرنا: اپنی موت مرنا، عمر طبعی پر پہنچ کر مرنا۔
ـــــ حاجت: مونث؛ پاخانہ پھرنا، بول و براز سے فراغت حاصل کرنا۔
ـــــ عمری: مونث؛ وہ نماز جو ہر وقت کے فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ حسب قرار دادِ وقت، نماز قضا شدہ کے عوض پڑھتے رہتے ہیں۔
ـــــ کار: اتفاقاً۔
ـــــ مُبرم: مونث؛ نہ ٹلنے والا حکم، وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔
ـــــ معلق: وہ موت جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔
قضات: (ع) مذکر؛ جمع قاضی کی۔
قضایا: (ع) مذکر؛ جمع قضیہ کی، (۱) عبارت کے جملے (۲) جھگڑے (۳) مطالب (۴) احکام (۵) خبریں۔ (۶) اُلجھے ہوئے مسائل۔
قضیب: (ع) مذکر؛ درخت کی شاخ، ہاتھ کی چھڑی (۲) (مجازاً) آدمی کا عضوِ تناسُل۔
قضیہ: (ع) (۱) حکم، فرمان، خبر (۲) (اصطلاح منطق) جملہ خبریہ۔
ـــــ پاک کرنا: قصہ پاک کرنا۔
ـــــ زمین بر سر زمین: (اضافت کے ساتھ) (مقولہ) جس مقام کا جھگڑا ہو اُسی مقام پر ملے ہونا چاہیے۔

ق ـ ط

قطُ: (ع) مذکر؛ قلم کی نوک کاٹنا۔
ـــــ زن / گیر: مذکر؛ وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کی چپٹی چیز جس پر قلم کی نوک رکھ کر کاٹتے ہیں۔
قطار: (ع) مونث؛ (۱) صف، ترتیب، سلسلہ، پرا، (۲) شمار۔
قطامہ: (ع) مونث؛ فاحشہ، قحبہ۔
قُطب: (ع) مذکر؛ (۱) وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف نظر آتا ہے، قطب تارا، (۲) (اصطلاح) وہ ولی اللہ جس پر دُنیا کے انتظام اور نگہ بانی کا مدار ہو، (۳) دہلی کے قریب کا قصبہ مہرولی (۴) زمین کے دونوں سرے (۵) سالارِ قوم، جس پر کسی کام کا مدار ہو (۶) کیل جس پر چکی گھومتی ہو، (۷) افضل، عمدہ، برگزیدہ، (۸) (اصطلاح علم جغرافیہ) کُرۂ ارض کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے، زمین محور۔
ـــــ از جا نہ جُنبید: (مقولہ) وہ شخص جو اپنے مقام سے نہ ہٹتا ہو، یا کم حرکت کرتا ہو۔
ـــــ نُما: مذکر؛ قطبوں کی سمت بتانے والا آلہ۔
قطبی: (ع) (۱) قطب سے منسوب، (۲) یاقوت یا زمرد کا چھوٹا نگینہ۔

قُطبین : (ع) قُطب کا تثنیہ ، مذکر؛ محور کے دونوں سرے جس پر زمین گھومتی ہے۔

قُطر : (ع) مذکر؛ وہ خطِ مستقیم جو دائرہ کے مرکز پر گزر کے اُس کے دو برابر حصّے کرے اور محیط تک چلا جائے۔

قَطرہ : (ع) مذکر؛ (ا) پانی کی بوند، رقیق شے کی بوند (۲) ذرا سی رقیق چیز۔

قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے : (مثل) تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔

قطع : (ع) مونث؛ (ا) تراش، بیونت (۲) طور، طریق، انداز، (۳) وضع۔

—— **تعلق** : مذکر؛ کچھ علاقہ نہ رکھنا، کچھ غرض نہ رکھنا، چھوڑنا۔

—— **سخن / کلام** : مذکر؛ بات کاٹنا۔

—— **کرنا** : (ا) کاٹنا، تراشنا، بیونتنا (۲) چھوڑنا (۳) بیچ سے بات کاٹنا، رد کرنا۔

—— **نظر** : اس کے سوا، اس پر بھی، تاہم۔

—— **وبُرید** : مونث؛ کاٹ چھانٹ، تراش خراش۔

—— **ہونا** : (ا) ترشنا، بیونتا جانا، کپڑے کا چھانٹا جانا۔ (۲) بسر ہونا، گذرنا، (۳) ختم ہو جانا۔

قطعاً : (ع) ہرگز، اصلاً، یقینی۔

قطعات / قطعات : جمع قطعہ کی۔

قِطعہ / قطعہ : مذکر؛ ٹکڑا آراضی کا جزو، حصّہ (۲) پُرزہ، پرچہ، (۳) دو بیتوں یا اس سے زیادہ ابیات جو مضمون کے اعتبار سے ایک دوسرے سے متعلق ہوں، (۴) خوش نویسوں کا لکھا ہوا قطعہ۔

—— **بند** : مذکر؛ وہ بیتیں جن کے معانی بغیر دوسری بیت کے ملائے مکمل نہ ہوں۔

قطعیٔ : (ع) (ا) اخیر، ناطق، کامل (۲) یقینی، بے شبہ (۳) اِنقطاع، (۴) مکمل، بالکل۔

قطعیت : مونث، دوٹوک، فیصلہ کُن انداز۔

قِطمیر : (ع) مذکر؛ اصحاب کہف کے کُتے کا نام۔

ق ۔ ع

قعدہ : (ع) مذکر؛ بیٹھنا، نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا۔

قعر : (ع) مذکر؛ بڑا گڑھا۔

—— **مذلّت** : مذکر؛ (کنایتاً) انتہائی ذلّت۔

قعود : (ع) مذکر؛ قعدہ۔

ق ۔ ف

قفا : (ع) مونث؛ پیچھے۔

قفس : مذکر؛ (ا) پنجرا، جال، پھندا، (۲) (مجازاً) قالبِ خاکی، (۳) (عو) قید خانہ۔

—— **عنصری** : (اضافت کے ساتھ) جسم، بدنِ انسانی۔

قفل / قفل : (ع) مذکر؛ تالا۔

—— **ابجد** : (اضافت کے ساتھ) حروف کی ترتیب سے بند ہونے اور کھلنے والا تالا۔

—— **جھوٹا ہونا** : قفل کا ایسا ناقص ہونا کہ تھوڑے سے اشارے سے بغیر کنجی کے کھل جائے۔

—— **دہن ہونا** : کنایہ ہے خوشی سے۔

قفلی / قفلی : مونث؛ ڈھکنے دار ظرف (۲) پیچ دار ظرف جو ایک دوسرے میں پھنس جاتا ہے، (۳) شیر برنج کی دو پیالیاں ایک دوسری پر رکھی ہوئیں (۴) نمش کا پیالہ (۵) پہلوانوں کا پیچ، (۶) (کنایتاً)

—— **پڑ جانا** : پتنگ لڑانے میں ایک سرے کی ڈور میں ایسے پیچ پڑ جانا جن کا چھوٹنا مشکل ہو۔

—— **جمانا** : شربت یا دودھ وغیرہ قفلی میں رکھ کر جمانا۔

—— **کرنا** : درندوں کا دانتوں کو بند کرنا اس طرح کہ پھر نہ کھولیں۔

—— **لگ جانا** : دو چیزوں میں ایسا پیچ پڑ جانا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو۔

قُقنُس : (یونانی) مذکر؛ ایک نہایت خوش رنگ اور خوش آواز پرندے کا نام۔

ق ۔ ل

قُل : (ع) مذکر؛ (ا) فاتحہ، درویشوں کے سالانہ فاتحہ کا دن،

(۲) (کنایتاً) خاتمہ، کام تمام ہونا، جان نکل جانا۔

قُل اَعوذیہ : مذکر؛ خیر خیرات، نیاز، فاتحہ پر زندگی بسر کرنے والا۔

—— کرنا : (۱) کام تمام کرنا (۲) (کنایتاً) انتظار کرتے کرتے تھکا دینا۔

—— ھُوَاللہ : مونث؛ سورۂ اخلاص۔

—— ہونا : فاتحہ ہونا، عُرس ہونا۔

قُلّاب / قُلّابہ : (ع) (۱) مچھلی پکڑنے کا خم دار آہنی کانٹا، (۲) حلقہ، کڑی۔

قلابازی کھانا : سر نیچے پاؤں اوپر کر کے اپنے تئیں اُلٹا کر دینا۔

قَلّاچ / قَلّاچ : (دہلی) قلّاش، مُفلس۔

قِلادہ : (ع) مذکر؛ پٹا۔

قلّاش : (ت) مفلس، بے غیرت۔

قُلاقَند : مذکر، مونث؛ ایک قسم کی مٹھائی۔

قُلانچ : مونث؛ چوکڑی، خرگوش یا ہرن کی زغند، جست، اُچھل کود۔

قلانچیں بھرنا / لگانا / مارنا : چوکڑیاں بھرنا، بہت اُچکنا کودنا۔

قَلب : (ع) (۱) کھوٹی چاندی یا سونا، (۲) دِل (۳) فوج کا درمیانی حِصّہ، (۴) کھوٹا سِکّہ (۵) اُلٹا ہوا، (۶) واژگوں، اَوندھا۔

قَلبی : (۱) دِلی (۲) کھوٹا، جعلی (۳) اُلٹا کیا ہوا۔

قُلوب : (ع) جمع قلب کی بمعنی دِل۔

قِلّت : مونث؛ کمی، کم یابی۔

قُلّتین : (ع) قِلّت کا تثنیہ؛ مذکر؛ (۱) پانی کے ایسے دو ظرف جن میں دس دس مَن پانی آجائے، بیس مَن پانی کی مقدار (۲) ناپاک، نَجِس (۳) (کنایتاً) کسبی، فاحشہ۔

—— کرنا : (دہلی، پانی کے لیے) ناپاک کرنا، نجس کرنا، گھنگولنا، ہاتھ ڈالنا۔

قُلزُم : (ع) مذکر؛ (۱) وہ سمندر جو عرب اور مصر کے مابین واقع ہے (۲) نہایت گہرا سمندر۔

قلع قمع : (ع) مذکر؛ اُکھاڑ پچھاڑ، توڑ پھوڑ، مسمار کرنا۔

قَلعَہ : (ع) مذکر؛ وہ سنگین اور محفوظ عمارت جس میں فوج رہتی ہے، گڑھی، حِصار۔

—— بَند : قلعہ میں پناہ لینے والا۔

قَلعی : (ع) مونث؛ (۱) رانگا (۲) سفیدی، مکانوں پر پھیرنے کا چُونا (۳) ملمع، گِلٹ۔

—— اُتارنا / رگڑنا / اُتر جانا / اُڑ جانا : قلعی جاتی رہنا، رانگ کا ملمع اُتر جانا۔

—— کھُل جانا : (۱) مُلمع اُتر جانا، قلعی اُڑ کر برتن کی اصلی حالت دکھائی دینے لگنا، (۲) (کنایتاً) پوشیدہ عیب ظاہر ہو جانا، چھپی بات ظاہر ہو جانا (۳) اصلیت ظاہر ہو جانا، حقیقت معلوم ہو جانا (۴) شیخی کرکری ہونا، دعوا ٹوٹنا۔

—— کھولنا : پردہ فاش کرنا، پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔

—— گر : مذکر؛ برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا۔

قَلَق : (ع) مذکر؛ (۱) بیتابی (۲) رنج، الم (۳) حسرت، پچھتاوا۔

قِلقاری : مونث؛ بے زبان (شیر خوار) بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو۔

قلقاریاں مارنا : بے زبان بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا۔

قُلقُل : مذکر؛ مونث؛ صراحی سے شراب یا پانی نکلنے کی آواز۔

قَلَم : مذکر؛ (۱) لکھنے کا قلم، خامہ (۲) (اصطلاح تصوف) عقل اوّل (۳) بُریدہ، تراشیدہ (۴) مونث؛ ہری شاخ یا ٹہنی جو زمین میں لگاتے ہیں (۵) کنپٹیوں کے اوپر تراشے ہوئے چھوٹے چھوٹے بال (۶) مذکر؛ تصویر بنانے یا رنگ بھرنے کا بالوں کا بُرش (۷) مونث؛ شیشے یا بلور کا تراشا ہوا لمبا ٹکڑا (۸) کسی چیز کا لمبا ٹکڑا (۹) پتلی اور لانبی چھوٹی شیشی (۱۰) گائے بکری کی پنڈلی کی ہڈی (۱۱) مذکر؛ (کنایتاً) حکم۔

—— انداز : لکھنے میں چھوڑ جانا، نہ لکھنا۔

—— برداشتہ لکھنا : بے سوچے جلدی جلدی لکھنا۔

—— بنانا : (۱) قلم کو تراش کر لکھنے کے قابل کرنا (۲) کنپٹی کے اوپر کے بالوں کو اُسترے سے ٹھیک کرنا (۳) ایک خاص قسم کی سِلائی کرنا۔

—— بند : (۱) لکھا ہوا، مرقومہ (۲) شمار کیا ہوا (۳) درج رجسٹر۔

—— بند کرنا : لکھنا، یادداشت میں لکھنا، درج کرنا۔

قلم تراش: مونث، مذکر؛ قلم بنانے کا چاقو، پتلے پھل کا چاقو۔
—— توڑ دینا: (کنایتاً) بے نظیر نظم یا نثر لکھنا کہ کوئی مقابل میں قلم نہ اٹھا سکے، کوئی ایسا کام قلم سے کرنا جس کا مثل کوئی نہ کر سکے۔
—— دان: مذکر؛ قلم دوات چاقو رکھنے کا چھوٹا بکس۔
—— دان دینا: (کنایتاً) عہدہ دینا، وزیر بنا لینا، پرائیویٹ سکریٹری بنانا۔
—— رانی: (ع، ف) قلم چلانے والا، قلم کا بادشاہ، قلمکار، ادیب۔
—— رانی: (ع، ف) مونث؛ قلم کی حکومت، لکھنا۔
—— رَو: مونث؛ ملک، سلطنت۔
—— سُرب/سُرمہ: مذکر؛ پنسل۔
—— کار: (ا) رنگ بھرنے والا، نقاش (۲) نقش و نگار بنا ہوا ایک قسم کا بافتہ، (۳) مُہر کن (۴) منشی، محرر۔
—— کرنا: دو ٹکڑے کرنا، کاٹ ڈالنا، چھانٹنا۔
—— لگانا: پودے میں سے شاخ کاٹ کر اور جگہ لگانا۔
—— مُو: مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) بالوں کا قلم، تصویر بنانے یا رنگ بھرنے کا برش، مُوقلم۔
قلمی: (ا) ایک قسم کی چادر جس پر سیدھی دھاریاں ہوتی ہیں (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا جو مطبوعہ نہ ہو (۳) قلم سے نسبت رکھنے والا، قلم کے مانند لانبا (۴) آم کا درخت جس میں قلم لگائی گئی ہو۔
—— آم: مذکر؛ پیوندی آم۔
—— شورہ: مذکر؛ صاف کیا ہوا شورہ جس کی قلمیں بن جاتی ہیں۔
قلماقنی: (ت) مونث؛ اردا بیگنی، وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح ہو کر شاہی محلوں میں سپاہیوں کی طرح پہرہ دیتی تھی۔
قلنج/قولنج: ایک بیماری کا نام، آنتوں میں شدید درد۔
قلندر: مذکر؛ (ا) (اصطلاح) وہ شخص جو روحانی ترقی یہاں تک کر گیا ہو کہ اپنے وجود اور دنیا کے تمام تعلقات سے بے خبر ہو کر ہمہ تن خدا کی ذات کی طرف متوجہ ہو، (۲) رند، آزادہ (۳) خیمہ کا آنکڑا یا قلابہ۔
قلندری: مونث؛ (ا) قلندر سے منسوب (۲) قلندر کا پیشہ، قلندر کا کام۔
قلوب: (ع) مذکر؛ جمع قلب کی، دل۔
قلہ: (ع) مذکر؛ (ا) بڑا سبو (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) گھوڑے کا ایک رنگ جو زردی مائل ہوتا ہے۔
قلی: (ت) مذکر؛ (ا) غلام (۲) مزدور، بوجھ اٹھانے والا، (۳) (مجازاً) محنتی
قلیاں: مذکر؛ حقہ، گڑگڑی، پیچوان۔
قلیل: (ع) (ا) کم، تھوڑا، (۲) چھوٹا۔
قلیہ: مذکر؛ (ا) سادہ شوربہ دار گوشت (۲) ترکاری پڑے ہوئے اور ہلدی ملا کر پکایا ہوا گوشت۔

ق۔م

قم: (ع) (اُٹھ کھڑا ہو) جی اُٹھ۔
—— باذن اللہ: (ع) (خدا کے حکم سے جی اُٹھ) حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ، جو مُردے کو یہ کلمہ کہہ کر زندہ کرتے تھے۔
—— باذنی: (ع) میرے حکم سے جی اُٹھ۔
قمار: (ع) مذکر؛ جُوا، ہر بازی جس میں شرط ہو۔
—— باز: جُواری، شرط لگا کر بازی بدنے والا۔
قمار یا: چالاک، عیار۔
قماش: مذکر؛ (ا) طرح، وضع، ڈھنگ، قسم، نوع، جنس (۲) مونث؛ گنجفے کی ایک بازی کا نام (۳) ریشم کا کیڑا۔
قمچی: (ت) مونث؛ پتلی چھڑی جو جھک جاتی ہے۔
قمر: (ع) مذکر؛ (ا) چاند تیسری تاریخ سے آخر مہینے تک کا چاند (۲) (اصطلاح علم کیمیا) مونث؛ چاندی۔
—— پیکر/شمائل/طلعت/وش: (ف) حسین، خوبصورت۔
—— محاق میں آنا: چاند کا قمری مہینے کی آخری تین راتوں میں ناپید ہونا۔
قمری: (ع) قمر سے منسوب، وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے موافق ہوتے ہیں۔
قمرین: (ع) قمر کا تثنیہ، مذکر؛ سورج اور چاند سے مُراد۔
قمری: (ع) مونث؛ (ا) فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرند،

(۲) ایک بھیک مانگنے والی قوم کی عورتوں کا نام، (۳) (کنایتاً) عاشق۔

قمقمہ : (ع) مذکر؛ (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (۲) چھت میں لٹکانے کا شیشہ، مختلف رنگوں کا گولا، (۳) لاکھ یا پلاسٹک کا گولا جس میں ابیر گلال یا رنگ بھرتے اور ہولی میں ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔

قمیص / قمیض : (ع) مذکر؛ مونث؛ ایک قسم کا کُرتا اور کالر لگا ہوا بے کلی کا کُرتا۔

ق۔ن

قنات : (ترکی) مونث؛ خیمے کے چاروں طرف لگانے کا پردہ۔

قناعت : (ع) مونث؛ تھوڑے پر راضی ہونا، زیادہ طلبی اور حرص سے بچا رہنا۔

قند : مذکر (۱) شکر کا پکا کر جمایا ہوا گاڑھا شیرہ (۲) ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی (۳) سُرخ پکے رنگ کا پکڑا (۴) نہایت شیریں۔

—— **پارسی** : (اضافت کے ساتھ) (۱) ایک قسم کا نہایت لذیذ قند مصری (۲) (مجازاً) فارسی زبان۔

—— **مکرر / دوبارہ** : دوبارہ صاف کیا ہوا قند، مذکر؛ (اصطلاحی) وہ عمدہ بات جو دوبارہ کی جائے، عمدہ کلام پھر کہنا۔

قندیل / قندیل : مونث؛ (۱) ایک قسم کا شیشے کا ظرف جس میں بتی روشن کرتے ہیں، ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں، (۲) کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس۔

—— **چرخ** : (ف) مونث؛ (اضافت کے ساتھ)، (کنایتاً) چاند اور سورج۔

ق۔و

قوا : (ع) مذکر؛ جمع قوت کی۔

قوائے حیوانی : (ف) مذکر؛ دل سے متعلق قوتیں۔

قوائے طبعی : مذکر؛ جگر سے متعلق قوتیں۔

—— **نفسانی** : مذکر؛ دماغ سے متعلق قوتیں [(۱) باصرہ، (۲) سامعہ (۳) متفکرہ (۴) واہمہ (۵) حافظہ]۔

قواعد : (ع) جمع قاعدہ کی؛ مذکر؛ (۱) دستور، قاعدے (۲) قانون، اصول، گُر، دستور العمل (۳) مونث؛ صرف و نحو (۴) جنگی سپاہ کے لڑائی پر کام کرنے کے قاعدے، سپاہیوں کی ورزش۔

قوافی : (ع) مذکر؛ جمع قافیہ کی۔

قوال : (ع) صوفیانہ اور حقانی چیزیں گانے والا۔

قوالی : مونث؛ صوفیانہ اور حقانی چیزوں کا گانا، قوال کا پیشہ۔

قوانین : (ع) مذکر؛ جمع قانون کی۔

قوت : (ع) مذکر؛ خوراک، خورش، روزی۔

—— **بسری** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بُرا بھلا کھا کر زندگی بسر کرنا۔

—— **لایموت** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ اس قدر خوراک جو زندگی قائم رکھنے کے لیے ضروری ہو۔

قوت : (ع) مونث؛ (۱) طاقت، زور، مجال (۲) بل، سہارا، مدد (۳) سلطنت، ریاست، (۴) حس۔

—— **ارادی** : مونث؛ ارادے کی طاقت، مضبوط ارادہ۔

—— **بازو** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (۱) بازو کی قوت، (۲) مذکر؛ (کنایتاً) چھوٹا بھائی۔

—— **باصرہ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ رنگوں اور صورتوں کی تمیز کرنے کی قوت۔

—— **باہ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ شہوت، جماع کی قوت۔

—— **جسمانی** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ جسمی طاقت۔

—— **حافظہ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ یادداشت کی قوت۔

—— **دافعہ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ہٹانے اور دفع کرنے کی قوت، خارج کرنے والی قوت۔

—— **ذائقہ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ چیزوں کا مزہ بتانے والی قوت۔

قُوتِ سامعہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ آوازوں کی تمیز کرنے والی قوت۔
—— شامّہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ سونگھنے کی قوت۔
—— لامسہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ چھونے اور مس کرنے کی قوت۔
—— ماسکہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ غذا کو معدے میں محفوظ رکھنے کی قوت۔
—— مُتخیّلہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ محسوس چیزوں کی صورتوں کو ذہن میں محفوظ رکھنے کی قوت۔
—— مُتصرّفہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بعض صورتوں کو بعض معانی کے ساتھ نسبت دینے والی قوت، تصرّف کرنے والی قوت۔
—— مُدرِکہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت، سمجھ۔
—— ممیّزہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی قوت۔
—— ہاضمہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ کھانا ہضم کرنے کی قوت۔
قُور : (ع) مونث (۱) ناخن کی کور (۲) کپڑوں کے حاشیے پر لگانے کا فیتہ (۳) خاصے کا ہاتھی۔
قورمہ : (ت) مذکر؛ گھی میں بھنا ہوا گوشت جس میں لہدی اور شوربہ نہیں ڈالتے۔
قَوس : (ع) مونث؛ (۱) کمان (۲) کسی عبارت کی دونوں طرف کی کمانیں (بریکٹ) (۳) آسمان کے نویں بُرج کا نام۔
قوس السّما (قوسِ سما) : (ع) مونث؛ مراد آدھا آسمان۔
قوسِ قزح : (ع) مونث؛ دھنک۔
قوسی : (ع) محراب دار۔
قَولُ : (ع) مذکر؛ (۱) کہنا (۲) بات، کہاوت، مقولہ، (۳) اقرار، عہد، (۴) ایک قسم کا راگ۔
—— پر مٹھی کھلنا : اقرار یا عہد پر رضامند ہونا۔
—— فیصل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ محاکمہ قطعی اور آخری فیصلہ۔
—— قرار : مذکر؛ عہد و پیماں۔
—— کا چھلّا : یادداشت کے واسطے یار احباب کا دیا جانے والا چھلّا۔

قولِ مُحال : (ع) مذکر؛ (ادبی اصطلاح) ایسی بات جو بظاہر سرسری لیکن حقیقتاً گہرے معنی رکھتی ہو۔
—— مردانِ جاں دارد : (اضافت کے ساتھ) (مثل) شریفوں کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے۔
—— وفعل : مذکر؛ گفتار و کردار، طور طریق، رنگ ڈھنگ۔
—— ہارنا : عہد کرنا، کچھ عہد کر کے اس کا پابند ہو جانا۔
قولنج : (ع) مذکر؛ پسلی کے نیچے کا درد۔
قَوم : (ع) مونث؛ (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) فرقہ، خاندان (۳) ذات، نسل، (۴) ایک تہذیب و تمدن سے تعلق رکھنے والے لوگ۔
قومی : قوم سے منسوب۔
قومیت : مونث؛ نسل، قوم ہونا، کسی قوم سے تعلق رکھنا۔
قومیانا : مذکر؛ سرکاری طور پر کسی جائداد یا کاروبار کو قومی ملکیت بنا لینا۔
قَوم پرست : اپنی قوم کو دیگر اقوام سے برتر سمجھنے والا، اپنی قوم کا خیر خواہ۔

قومہ : (ع) مذکر؛ نماز میں رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔
قَوی : (ع) (۱) توانا، زور آور (۲) مضبوط، مستحکم۔
—— بازو : طاقت ور، قوت والا۔
—— جُثّہ : موٹا تازہ، ہٹا کٹا، مضبوط جسم کا۔
—— ہیکل : (ف) قوی جثّہ۔

ق - ہ

قہّار : (ع) (۱) بڑا قہر کرنے والا (۲) غلبہ حاصل کرنے والا، زبردست (فوج کے لیے) (۳) زور دار (دریا کے لیے) (۴) زبردست یا غلبہ رکھنے والا، خدائے تعالیٰ کا نام۔
قہر : (ع) مذکر؛ (۱) غلبہ، زبردستی (۲) غصّہ، خشم، (۳) جوش، جذبہ، ولولہ (۴) دشوار کام، روگ، مصیبت، بلائے جاں (۵) ابلا، آفت شامت (۶) ظلم (۷) آفت کا پرکالہ، چالاک، فسادی (۸) بُرا، نامناسب، بہت تیز (۹) عجیب، انوکھا۔

قہرِ درویش بر جانِ درویش : (مثل) غریب آدمی غصہ کرے گا تو کسی کا کیا لے گا صرف اپنی جان کھوئے گا۔

—— **قیامت ہونا** : بے حد شوخ ہونا، فسادی ہونا۔

قہرمان : (ع) (کہرمان کا معرب) (۱) کارفرما (۲) قہر و جلال والا (۳) حاکم، سربراہ، بادشاہ (۴) وکیل، خزانچی۔

قہقری : (ع) الٹے پاؤں چلنے والا، پیچھے کی طرف چلنے والا۔

قہقہہ : (ع) مذکر؛ کھلکھلا کر ہنسنا، زور کی ہنسی۔

قہوہ : (ع) مذکر؛ ایک قسم کے بیج کا نام جسے بھون کر پیستے اور پانی میں چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں۔

ق۔ی

قَے : (ع) مونث؛ استفراغ، مثلی (۲) وہ چیز جو اُبکائی میں گرے۔

قیادت : (ع) مونث؛ (۱) رہبری، (۲) سرداری، سرکردگی۔

قیاس : (ع) مذکر؛ تصور، جانچ، اندازہ، اٹکل، گمان۔

—— **سے باہر** : بے شمار، بے حد، سمجھ سے باہر۔

—— **کُن زگلستانِ من بہارِ مرا** : (مثل) ابتدائی حالت سے آئندہ حالت کا اندازہ ہوتا ہے۔

—— **مَعَ الفارِق** : (ع) مذکر؛ قیاس کرنا ایک چیز کا دوسری چیز پر بغیر اس کے کہ دونوں میں کچھ مناسبت ہو۔

قیاسی : خیالی، وہمی، ذہنی، اٹکل پچو۔

قیاصرہ : (ع) مذکر؛ جمع قیصر کی؛ شاہانِ روم۔

قیافہ : (ع) مذکر؛ (۱) ایک علم کا نام جس میں ہاتھ پاؤں، چہرے وغیرہ کے خط و خال سے بھلا بُرا شگون لیتے اور علامات کے مطابق اقوال و افعال و احوال سے بحث کرتے ہیں، (۲) صورت، شکل، چہرہ۔

—— **داں/شناس** : علم قیافہ سے واقف۔

قیام : (ع) مذکر؛ (۱) کھڑا ہونا، نماز میں کھڑا ہونا (۲) ٹھہراؤ، سکونت، (۳) پائداری، استقلال۔

—— **پذیر** : (۱) دیرپا، (۲) فروکش، مقیم۔

قیامت : (ع) (۱) قائم ہونا، (۲) سب کے مرنے اور فنا ہونے کا دن، وہ دن جب مُردے زندہ ہوں گے، روزِ محشر، (۳) (کنایتاً) مدت دراز، ہمیشہ (۴) غضب، آفت، مصیبت، (۵) انوکھی بات، امرِ عجیب، (۶) اندھیر، ظلم، ناانصافی، (۷) حد درجہ، بکثرت (۸) بے حد شوخ، چُلبُلا (۹) فتنہ انگیز، فسادی، (۱۰) مشکل، دُشوار، کٹھن (۱۱) بُرا، مُضر، ضرر رساں (۱۲) غضب ناک، آگ بگولہ، خشم ناک۔

قیامت بپا کرنا/برپا کرنا : (۱) فتنہ اُٹھانا (۲) مصیبت ڈالنا، آفت لانا، (۳) اُودھم مچانا، شور غل کرنا (۴) (کنایتاً) غضب ڈھانا، بہت غصہ کرنا۔

—— **پیشہ/خرام** : (ف) محبوب کی تعریف میں بولتے ہیں۔

—— **توڑنا** : (۱) بے حد غصہ ہونا (۲) بہت ظلم کرنا، ستانا۔

—— **کا آنا** : (کنایتاً) آنے میں بہت دیر لگنا۔

—— **کا دامن** : (کنایتاً) بہت وسیع۔

—— **کی گھڑی** : کٹھن گھڑی، مصیبت کا وقت۔

—— **کے بوریے سمیٹنا** : (دہلی) (کنایتاً) عرصہ دراز تک زندہ رہنا۔

قید : مذکر؛ مونث؛ (۱) بند، اسیری (۲) روک، شرط، پابندی۔

—— **تنہائی** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ تنہا رہنے کی سزا، جس میں قیدی کو الگ کوٹھری میں تنہا رکھا جاتا ہے۔

—— **خانہ** : (ف) مذکر؛ جیل خانہ۔

—— **سخت** : (اضافت کے ساتھ) مشقت کی قید۔

—— **فرنگ** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (کنایتاً) ایسی قید جس سے چھوٹنا مشکل ہو۔

—— **قفس** : (اضافت کے ساتھ) پنجرے کی قید۔

—— **محض** : (اضافت کے ساتھ) اسیر، مقید، گرفتار، پابند، سادہ قید، بلا مشقت کی قید۔

قیدی : اسیر، مقید، گرفتار، پابند۔

قیر : (ع) مذکر؛ (۱) کشتیوں اور جہازوں پر لگانے کا ایک قسم کا سیاہ روغن، (۲) مطلق سیاہ۔

—— **گوں** : سیاہ فام۔

قیراط : (ع) مذکر؛ درہم کے بارھویں حصہ کے برابر ایک وزن۔

قیروطی : (یونانی، مونث؛ (۱) موم، روغن (۲) ایک قسم کا مرہم۔

قیس : (ع، مذکر؛ مجنونِ عامری کا نام، لیلا کا عاشق۔

قیصر : مذکر؛ (۱) شاہانِ روم کا لقب (۲) سلطان، شاہنشاہ۔

——— ہند : (اضافت کے ساتھ) ملکہ وکٹوریہ کا خطاب، ایڈورڈ ہفتم کا خطاب۔

قیف : (ت، مذکر؛ مونث؛ ایک ظرف کا نام جس کا منہ اوپر سے کھلا ہوا اور نیچے ایک نلی لگی ہوتی ہے اُس کے ذریعہ سے رقیق چیز بوتلوں میں بہ آسانی بھری جاتی ہے۔ کیپ

قیل وقال : (۱) گفتگو، بات چیت، تذکرہ (۲) حجت، تکرار، مباحثہ۔

قیلولہ : (ع) مذکر؛ دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد ذرا دیر آرام کرنا۔

قیمت : (ع) مونث؛ (۱) مول، دام، سُرخ (۲) قدر، مرتبہ۔

قیمتی : بیش بہا، عمدہ، نفیس، قابلِ قدر۔

قیمہ : (ف) مذکر؛ ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔

——— کرنا : کسی چیز کو مانند گوشت وغیرہ کے ریزہ ریزہ کرنا۔

قینچا : مذکر؛ باغبانوں کی بڑی قینچی۔

قینچی : (ت، مونث؛ (۱) کترنی، مقراض (۲) مکانوں کے گرد لگائی جانے والی لوہے کی سلاخیں (۳) آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹر رکھتے ہیں

——— باندھنا : (پہلوان) حریف کو اپنی دونوں ٹانگوں میں جکڑ کر مجبور کر دینا (۲) گھوڑے کو دونوں رانوں میں دبانا۔

——— سی زبان چلنا / کی طرح زبان چلنا : جلد جلد باتیں کرنا، تیز تیز باتیں کرنا، فرفر زبان چلانا۔

قیود : (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع قید کی، شرطیں، پابندیاں۔

قیوم : (ع) مذکر؛ کاموں کا سنبھالنے والا، خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

طلباء، مترجمین اور عام قارئین کیلئے

ہماری مفید کتابیں

فرہنگ عصریہ
— اُردو سے فارسی، مختصر و مستند لغت
مرتبہ: حافظ نذر احمد صاحب، پرنسپل اورینٹل کالج لاہور

فرہنگ فارسیہ
فارسی زبان کے قدیم و جدید الفاظ و ترکیبات، محاورات اور اصطلاحات کا جدید ترین، جامع اور مستند لغت (زیرِ تصنیف)
— فارسی سے انگلش و انگلش و فارسی

فرہنگ عامریہ
جس میں تقریباً ۲۵۰۰۰ سے زائد قدیم و جدید الفاظ کے معانی درج ہیں۔
— عربی سے اُردو لغت

القاموس الفریدی
لغتِ قرآنی اپنی نوعیت کی واحد کتاب جس میں قرآن مجید کے عربی کے ۳۰۰۰ سے زائد مشکل الفاظ اور ان کے معانی درج ہیں
— اُردو سے عربی لغت

القاموس الجدید
تقریباً ۴۰۰۰۰ اردو الفاظ کے معانی جدید عربی زبان میں درج ہیں جو آج کل عرب ممالک میں بولی اور لکھی جاتی ہے۔

ان کے علاوہ ہمارے ہاں انگلش سے فارسی، انگلش سے عربی، عربی سے انگلش، پشتو سے انگلش، انگلش سے پشتو، اردو سے انگلش، انگلش سے اردو، جرمن، اردو، فرانسیسی، اردو اور دیگر زبانوں کی ڈکشنریاں اور دنیا بھر کی کتب بھی دستیاب ہیں۔

ملک بک فاؤنڈیشن چوک اُردو بازار لاہور

ک

کاف: (ع) مذکر؛ (۱) حرف تہجی، کاف تازی، کاف عربی کاف کلمن (۲) حساب جمل (ابجد) میں بیس عدد ہیں۔

ک۔ا

کا: اضافت کی علامت۔

کابس: مونث؛ مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی۔

کابک: (ف) مونث؛ کبوتروں کا در باجو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں۔

کابل: افغانستان کی راجدھانی۔

——میں کیا گدھے نہیں ہوتے: جہاں اچھے ہوتے ہیں، وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں۔

کابلی: مذکر؛ کابل کا باشندہ، ایک قسم کا کبوتر۔

——چنار مٹر: سفید رنگ کا بڑا چنا یا مٹر۔

کابوس: (ع) مذکر؛ (۱) خواب میں ڈر جانے کی کیفیت (۲) گھٹن، خوف، دہشت (کا احساس)

کابین: (ف) مذکر؛ مہر حق زوجیت، وہ روپیہ جو شوہر نکاح کے وقت اپنی بیوی کو دینا منظور کرتا ہے۔

——نامہ: مذکر؛ مہر کی دستاویز۔

کابینہ: (ف) مونث؛ وزیروں کی جماعت (انگ، کیبنٹ)۔

کاپی: COPY (انگ) مونث؛ (۱) نوٹ بک (۲) نقل، (۳) نسخہ، (۴) مسودہ۔

——رائٹ: RIGHT —(انگ)، مذکر؛ حق طباعت، حق اشاعت۔

——رائٹر: WRITER —(انگ)، مذکر؛ ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں پر اشتہارات لکھنے اور ترجمہ کرنے والا۔

——کرنا: نقل کرنا۔

——نویس: کاتب، نقل نویس۔

کاتا: (۱) کاتا ہوا، (۲) تاگا، سوت، تار۔

——اور لے دوڑی: (مثل) (عو) ہمیشہ ہر کام میں جلدی کرنے والی عورت۔

کاتب: (ع) مذکر؛ (۱) کتابت کرنے والا (۲) نقل نویس، کاپی نویس۔

——ازلی: (ف) مذکر؛ مراد اللہ تعالیٰ۔

——وحی: مراد کاتب قرآن (یعنی رسولِ خدا پر جو وحی نازل ہوتی تھی اس کو لکھنے والے۔)

کاتبِ اعمال: (ف) مذکر؛ اعمال لکھنے والا فرشتہ۔

——تقدیر/قدرت: (کنایتاً) اللہ تعالیٰ۔

کاتک: مذکر؛ ساتواں ہندی مہینہ۔

——کی کتیا: (کنایتاً) فاحشہ عورت۔

کاتنا: چرخے پر روئی کے ذریعے سوت بنانا۔

کاٹ: مونث؛ (۱) تیزی، بُرش (۲) گھاؤ، چرکا، زخم۔ (۳) دفعیہ (۴) تراش (۵) روانی (۶) دشمنی، بَیر (۷) بُرائی، بدی۔

——پھانس: مونث: (۱) عیاری، چالاکی (۲) اجرت یا حق میں کمی بیشی (۳) چغل خوری۔

——چھانٹ: مونث؛ (۱) کتر بیونت (۲) تراش خراش (۳) حساب میں کمی بیشی (۴) ترمیم۔

——کرنا: (۱) توڑنا، تردید کرنا، جواب دینا، (۲) تراشنا، کاٹنا۔

——کھانا: (۱) ڈسنا، منہ مارنا، ڈنک مارنا (۲) دانتوں سے کاٹنا (۳) چرکے چرکے پن کا مظاہرہ کرنا۔

——کھانے کو دوڑنا: تلخی اور تند مزاجی سے پیش آنا۔

کاٹنا: (۱) تراشنا، پھانک اُتارنا (۲) کترنا، قینچی یا چاقو سے کاٹنا (۳) گھاؤ ڈالنا، زخم کرنا (۴) دانتوں سے کاٹنا، (۵) ڈسنا، ڈنک مارنا، (۶) الگ کرنا، (۷) بسر کرنا، مجبوری سے گزارنا (۸) بھگتنا (۹) طے کرنا (۱۰) منہا کرنا، وضع کرنا (۱۱) منسوخ کرنا، رد کرنا (۱۲) بیچ میں بولنا (۱۳) تردید کرنا، رد کرنا (۱۴) جسم میں چبھنا (۱۵) تراش کی بازی میں) پتے چھانٹنا۔

کاٹا: صفت؛ کاٹا ہوا، ڈسا ہوا، ڈنک مارا ہوا۔

کاٹو: کاٹنا کا امر۔

——تو لہو نہیں: خوف یا صدمے کی انتہائی حالت۔

کاٹے بڑھے نام تلوار کا۔ لڑے فوج نام سردار کا: (مثل) کام کسی کا نام کسی کا، چھوٹوں کی کارگزاری پر بڑوں کا نام ہونا۔

—— کا منتر نہیں: (کنایتاً) ایسا فریب جس کا توڑ نہ ہو، ایسا نقصان جس کی تلافی نہ ہو۔

—— کے ٹالے ٹلے: کڑا وقت۔ مصیبت۔

—— نہ کٹنا: دوبھر ہونا، کٹھن ہونا، سخت گزرنا۔

کاٹیج: COTTAGE (انگ، مذکر؛ جھونپڑا، گھر، چھوٹا سا بنگلہ۔

کاٹھ: مذکر؛ (۱) لکڑی (۲) ایک قسم کا شکنجہ جس میں سزا کے طور پر مجرم کے پیر پھانس دیے جاتے ہیں۔

—— چڑھانا: تنگی میں بسر کرنا، روکھی سوکھی روٹی سے گزارا کرنا۔

—— کا اُلّو: نہایت بے وقوف۔

—— کباڑ: (ہ) مذکر؛ گھر کا ٹوٹا پھوٹا سامان۔

—— کی تلوار: لکڑی کی تلوار، مصنوعی رعب داب۔

—— کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی: ہر بار دھوکا دینا ممکن نہیں، ناپائیدار شے کا بار بار اعتبار نہیں ہوتا۔

—— میں پانو دینا: مصیبت کو گلے لگانا، دشواریوں میں پڑنا۔

—— ہو جانا: (۱) بے حس و حرکت ہو جانا (۲) سخت ہو جانا۔

کاٹھی: مونث؛ (۱) گھوڑے کے زین کے نیچے کی لکڑی (۲) تلوار کی نیام، غلاف، (۳) جسم کی ساخت۔

—— گر: تلوار کا غلاف بنانے والا۔

—— انڈسٹری: INDUSTRY ' ا —— (انگ، مونث؛ گھریلو صنعت۔

کاج: مذکر؛ (۱) بٹن لگانے کا سوراخ (۲) (عو) کاج۔ (تنہا مستعمل نہیں، کام کاج بولا جاتا ہے)

کاجل: مذکر؛ چراغ کے دھوئیں سے بنائی ایک چیز جو آنکھوں میں لگاتے ہیں۔

—— پارنا: کاجل اکٹھا کرنا، کاجل بنانا۔

—— دینا: آنکھوں میں کاجل لگانا۔

—— کا تیل: مصنوعی تیل جو عام طور پر بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے رخسار یا پیشانی پر بناتے ہیں۔

—— کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگھار: بدصورت آدمی کے بناؤ سنگھار پر طنز۔

—— کی کوٹھری: (۱) بدنامی کی جگہ، عیب لگنے کا مقام (۲) وہ مقام جہاں اکٹھا کاجل پارا جائے۔

کاچھا: (ہ) مذکر؛ جانگیا، لنگوٹ۔ کچھی

کاچھن: مونث؛ کاچھی کی عورت، مندو، کنجڑن، مالن۔

کاچھنا: (ہ) (۱) خشخاش کی پونڈی میں سے افیون نکالنا (۲) عطر یا چکنائی کا پانی سے نکالنا (۳) باندھنا۔

کاچھی: مذکر؛ (دہلی) ہندو کنجڑا، مالی کی ایک قوم۔

کاخ: (ف) مذکر؛ بلند عمارت، محل۔

کادا: (ہ) مذکر؛ کیچڑ، مٹی۔

کاذِب: (ع) جھوٹا، دروغ گو۔

کار: (ف) مذکر؛ (۱) کام، شغل، دھندا (۲) ہنر، پیشہ (۳) زراعت، کھیتی باڑی (۴) (عو) کوئی بڑی شادی یا تقریب۔

—— آزمودہ: تجربہ کار۔

—— آگاہ: (ف) کام سے واقف، ہوشیار۔

—— آمد: (ف) کام آنے والا، فائدہ مند، ضروری۔

—— بار: مذکر؛ کام کاج، بیوپار، لین دین۔

—— باری: مذکر؛ بیوپاری، تاجر۔

—— بَرآری: کام نکالنا، کارروائی۔

—— بند: (ف) تعمیل کرنے والا، فرماں بردار۔

—— پرداز: (ف) مذکر؛ کارکن، منتظم، گماشتہ۔

—— ثواب: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ثواب کا کام بھلائی اور نیکی کا کام۔

—— چوب: (ف) زردوزی، کشیدہ کاری، مکیش یا کشیدے کا کام کرنے والا۔

—— چوبی: مونث؛ زردوزی، کشیدہ کاری۔

—— خانہ: (ف) مذکر؛ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام (انگ)؛ WORKSHOP

—— خانہ پھیلانا: (۱) چیزوں کو بے ترتیبی سے رکھنا،

کاچھ : مونث؛ (۱) دھوتی کا پچھلا حصّہ (۲) لباس، بھیس، روپ، (۳) زانو کے اوپر کا حصّہ، جانگ۔

—— کچھنا : (ہ) روپ بھرنا، پوشاک بدلنا۔

—— کھولنا : (ہ) (۱) ننگا ہونا، بے شرم ہونا (۲) جماع کرنا، (۳) کاروبار شروع کرنا۔

کارخانہ دار : مذکر؛ کارخانے کا مالک۔

—— خیر : مذکر؛ بھلائی کا کام (۲) نیک کام۔

—— دار : (ف) مذکر؛ عہدہ دار، عامل۔

—— داں : (ف) کام جاننے والا، تجربہ کار۔

—— دانی : (ف) مونث؛ کام جاننا، معاملہ فہمی۔

—— دیدہ : (ف) تجربہ کار۔

—— روائی : مونث (ہ) کام چلنا (۲) تدبیر، انتظام، بندوبست۔

—— روائی کرنا : (۱) عمل کرنا، تدبیر کرنا (۲) کام چلانا، کام نکالنا۔

—— زار : (ف) مونث؛ لڑائی، مقابلہ۔

—— ساز : (ف) مذکر؛ کام بنانے والا، مراد خدائے تعالا

—— سازی : (ف) مونث؛ کام بنانا، ہنرمندی۔

—— سنج : (ف) عقل مند، دانا، صاحب لیاقت۔

—— شناس : (ف) کام جاننے والا، تجربہ کار۔

—— فرما : (ف) کام بتانے والا، حکم کرنے والا، حاکم، بادشاہ، اُستاد

—— کردگی : (ف) مونث؛ کارگزاری۔

—— کردہ : (ف) کیا ہوا کام، تجربہ کار۔

—— کُن : (ف) کام کرنے والا کارندہ، منیجر۔

—— گاہ : (ف) مونث؛ چیزیں بنانے کا مقام، کارخانہ۔

—— گر : (ف) (۱) کام کرنے والا، (۲) مفید، موثر۔

—— گزار : (ف) کام کرنے والا، نوکر، کارندہ۔

—— گزاری : (ف) مونث؛ (۱) ادائے فرض، خدمت گزاری، فرماں برداری (۲) مستعدی، ہوشیاری۔

—— نامہ : (ف) مذکر؛ (۱) حیرت انگیز کام یا واقعہ (۲) کارگزاری کی سند۔

—— نمایاں : (ف) (۱) اضافت کے ساتھ، مذکر؛ بڑا کام، اہم کام۔

کار : CAR (انگ) مونث؛ موٹر گاڑی۔

کاربن پیپر : CARBON PAPER (انگ) مذکر؛ کاربن کاغذ۔

—— کاپی : COPY —— (انگ) مونث؛ وہ نقل جو کاربن کاغذ کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ مثنی۔

—— ڈائی آکسائڈ : DIOXIDE —— (انگ) مونث؛ ایک گیس کا نام جو کاربن اور آکسیجن سے مل کر بنتی ہے۔

کارپوریشن : CORPORATION (انگ) مونث؛ (۱) جماعت (۲) کوئی مخصوص کام کرنے والا ادارہ۔

کارتوس : ( ) (انگ) مذکر؛ گولی بارود سے بھرا ہوا نلکا یا ٹوٹنا جسے بندوق میں بھر کر چلاتے ہیں۔

کارٹون : CARTOON (انگ) مذکر؛ مضحکہ خیز تصویر یا خاکہ، ہجویہ تصویر، خاکہ اُڑانے والی تصویر، کسی سیاسی یا ملکی مسئلے کی خامی کو مزاحیہ انداز میں ظاہر کرنے والی تصویر۔

کارڈ : CARD (انگ) مذکر؛ (۱) موٹے کاغذ کا ٹکڑا، کارڈ۔ دفتی، پٹھا (۲) تاش کے پتے۔

—— بورڈ : BOARD —— (انگ) مذکر؛ گتا، موٹے کاغذ کا سخت تختہ، پٹھا، دفتی۔

کارستانی : مونث؛ چالاکی، سازش، ہوشیاری، شرارت۔

کارک : CORK (انگ) مذکر؛ کاگ، بوتل کی ڈاٹ۔

کاران : (ہ) مذکر؛ سبب، وجہ، باعث۔

کارندہ : (ف) مذکر؛ کام کرنے والا، کارکن، مختار، گماشتہ۔

کارنس CORNICE (انگ) مونث؛ دیوار کی کنگر، منڈیر۔

کارن فلور : CORN FLOUR (انگ) مذکر، چاول یا جوار کا آٹا۔

کارواں : (ف) مذکر؛ قافلہ۔

—— سالار : (ف) قافلے کا سردار۔

—— سرائے : (ف) مونث؛ قافلہ اُترنے اور قیام کرنے کی جگہ۔

کارونر : CORONER (انگ) مذکر؛ ایک عہدہ دار جو شکوک اور غیر طبعی موت کے اسباب کی تفتیش کرتا ہے۔

کاری : (ف) کارگر، اثر دار، گہرا، پورا پورا۔

—— گر : (ف) مذکر؛ ہنرمند، دستکار، کام والا، ہوشیار۔

ـــــ گری: (ف) مونث؛ ہنرمندی، دست کاری، استادی، ہوشیاری۔
کاریالے: (ہ) مذکر؛ دفتر کا کام کرنے کی جگہ۔
کاریز: (ف) مونث؛ کھیت میں پانی دینے کی نالی۔
کاڑھا: مذکر؛ (۱) جوشاندہ (۲) وہ گرم دوائیں جو زہر باد کے اخراج کے لیے جوش دے کر زچہ کو پلاتے ہیں۔
کاڑھنا: (ہ) (۱) نکالنا، باہر کرنا (۲) کشیدہ بنانا۔
کاسب: کسب کرنے والا۔
کاسٹ: CAST (انگ) مونث؛ (فلم ڈراما) کسی ڈرامے یا فلم میں کام کرنے والوں کی فہرست۔
کاسد: کھوٹا، ناقص، بے قدر، وہ جس کا رواج نہ ہو۔
کاسر: (ع) توڑنے والا۔
کاسنی: (ف) مونث؛ ایک دوا کا نام۔
ـــــ رنگ: مذکر؛ سرخی مائل، نیلا (رنگ)
کاسہ: (ف) مذکر؛ پیالہ، کٹورہ۔
ـــــ باز: (ف) بازی گر، (کنایتاً) مکار، حیلہ گر۔
ـــــ چشم: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ آنکھوں کا حلقہ۔
ـــــ سر: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کھوپڑی۔
ـــــ گدائی: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بھیک کا پیالہ۔
ـــــ گر: مٹی کے برتن بنانے والا، کمہار۔
ـــــ لیس: (ف) (۱) خوشامدی (۲) لالچی، لوبھی (۳) (کنایتاً) فقیر، گدا۔
کاش/کاش کہ: (ف) (۱) افسوس اور تمنا کے کلمے، حسرت خواہش، آرزو کے موقع پر بولتے ہیں۔
کاشانہ: (ف) (۱) مکان (۲) آشیانہ، گھونسلا، (۳) رئیسوں کا گھر۔
کاشت: (ف) مونث؛ کھیتی، بوائی۔
ـــــ کار: (ف) مذکر؛ کسان، کھیتی کرنے والا
ـــــ کاری: (ف) مونث؛ کھیتی باڑی، زراعت۔
کاشف: (ع) کھولنے والا، ظاہر کرنے والا۔
کاشی: مونث؛ بنارس، وارانسی۔
کاظم: (ع) غصہ پی جانے والا۔
کاغذ: (ع) مذکر؛ (۱) پیپر، قرطاس، وہ چیز جس پر لکھتے ہیں (۲) پرزہ، رقعہ، تحریر (۳) اخبار، (۴) ہنڈی۔
ـــــ پتر: مذکر؛ دستاویز، خط، چٹھی۔
ـــــ کی ناؤ: (کنایتاً) ناپائے دار چیز۔
ـــــ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی: ناپائے دار شے کے وجود کا کچھ اعتبار نہیں۔
ـــــ کی ناؤ بہانا: بے فائدہ کام کرنا، ناپائیدار کام کرنا۔
ـــــ کے گھوڑے دوڑانا/کاغذی گھوڑے دوڑانا: جابہ جا خطوط بھیجنا، خط و کتابت کرنا۔
ـــــ گیر: (ف) مذکر؛ کاغذ لگا ہوا روشندان تاکہ روشنی بدستور رہے۔
ـــــ لکھانا: دستاویز لکھانا۔
ـــــ لکھنا/لکھ دینا: دستاویز کر دینا، ہبہ کر دینا۔
ـــــ نکلنا: (کنایتاً) موت کا حکم جاری ہونا۔
کاغذی: مذکر؛ کاغذ والا، کاغذ کا بنا ہوا۔
ـــــ بادام: مذکر؛ باریک چھلکے والا بادام۔
ـــــ پیرہن: (ف) (۱) کاغذ کا لباس جو پرانے زمانے میں ایران میں فریادی لوگ پہن کر دربار میں جاتے تھے اور بادشاہ سے انصاف چاہتے تھے۔ (۲) عاجزی، بے چارگی۔
کافر: (ع) مذکر؛ (۱) خدا کو نہ ماننے والا (۲) (کنایتاً) شوخ، ظالم، بے رحم (۳) (کنایتاً) معشوق، پیارا (۴) ناشکرا (۵) منکر۔
ـــــ کتابی: (ف) مذکر؛ جو شخص اہلِ کتاب میں سے دینِ محمدیؐ کا منکر ہو۔
ـــــ نعمت: (اضافت کے ساتھ) ناشکرا۔
کافور: (ع) مذکر؛ کپور، ایک خوشبودار سفید کڑوا مادہ جو کھلے میں اور آگ پر اڑ جاتا ہے۔
ـــــ ہو جانا: بھاگ جانا، غایب ہو جانا۔
کافوری: (۱) کافور کا (۲) کافور کے رنگ کا، کافور ملا ہوا۔
کافہ: (ع) سب، کل، تمام۔
ـــــ انام: (ع) مذکر؛ آدمیوں کا گروہ، سب لوگ۔

—— اَنامی : (ف، ع) اجتماعی، ہمہ شخصی۔
کافی : COFFEE (انگ) مونث؛ قہوہ، کافی۔
—— ہاؤس : HOUSE —— (انگ) مذکر؛ قہوہ خانہ، چھوٹا ریستوران۔
کافی : (ع) (۱) کفایت کرنے والا (۲) بس، بہت، وافر، کام نکل جانے کے قابل (۳) ایک قسم کی راگنی۔
—— وافی : (ع) بھرپور، بخوبی۔
کاک : (ف) مذکر؛ روغنی ٹکیا، بسکٹ۔
کاکا : (ہ) مذکر؛ باپ کا چھوٹا بھائی، چچا۔
کاکی : (ہ) مونث؛ چچی۔
کاکاتُوا : مذکر؛ ایک قسم کا سفید اور بڑا توتا جس کے سر پر سُرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔
کاکڑا : ایک قسم کا ہرن جس کے سینگ مُڑے ہوتے ہیں۔
—— سینگی : (ہ) مونث؛ ایک قسم کی پھلی جو دوا کے کام آتی ہے۔
کاکُل : (ف) مونث؛ سر کے بڑے بڑے بالوں کی لٹ، زُلف۔
—— پیچاں : (ف) بل کھائے ہوئے بال، خمدار زلفیں۔
—— شمع : (ف) مونث؛ (کنایتاً) شمع کا دھواں، چراغ کی لو۔
کاکن : مونث؛ بیٹیروں کو کھلایا جانے والا ایک قسم کا چھوٹا غلہ، ٹنگنی
کاگ / کاگا : (ہ) مذکر؛ کوّا۔
کاگ : مذکر؛ شیشی اور بوتل کی ڈاٹ۔
کال : (ہ) مذکر؛ موت، وقت، زمانہ، موسم، قحط، کمی، قلت، کالا کا مخفف
—— پڑنا : (۱) قحط ہونا (۲) خشک سالی ہونا۔
—— کا مارا : قحط زدہ، بھوکا، کنگال۔
—— کوٹھری : مونث (۱) اندھیری کوٹھری (۲) (کنایتاً) پیٹ (۳) قید تنہائی۔
کال : CALL (انگ) مذکر (۱) بلاوا، طلبی، فون آنا یا کرنا۔
—— بیل : BELL —— (انگ) مونث؛ اطلاعی گھنٹی۔
—— گرل : GIRL (انگ) مونث؛ جسم فروش لڑکی۔
کالا : مذکر؛ (۱) سیاہ، سیاہ فام (۲) سیاہ سانپ۔
—— بھٹ : (۱) بھٹی کی طرح سیاہ (۲) بہت زیادہ کالا۔
—— بھجنگ : نہایت کالا۔
—— پانی : مذکر؛ (۱) جزائر انڈمن جہاں عمر قید کی سزا پانے والا بھیجے جاتے تھے (۲) عمر قید۔
—— پن : مذکر؛ سیاہی۔
—— پہاڑ : مذکر؛ (مجازاً) (۱) ہاتھی (۲) ایک قسم کے آم کا نام (۳) (کنایتاً) مصیبت، آفت۔
کالا دانہ : مذکر؛ رائی، سپند۔
—— کلوٹا : مذکر؛ نہایت کالا۔
—— کوّا کھایا ہے : لمبی عمر پائی ہے۔
—— نمک : (۱) سیاہ رنگ کا نمک (۲) ایک قسم کا چاول۔
کالی : مونث؛ (۱) سیاہ (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام۔
—— آندھی : مونث؛ وہ آندھی جس کی گرد سے اندھیرا چھا جائے۔
—— بَلا : مونث؛ (۱) بھتنی، چڑیل (۲) سخت، مصیبت۔
—— جمعرات : مونث؛ (۱) فرضی دن، وہ دن جس کا کوئی وجود نہ ہو (۲) جھوٹا وعدہ۔
—— دیوی : (ہ) مونث؛ (۱) ہندوؤں کی ایک دیوی (۲) کالکا (۳) (کنایتاً) افیون۔
—— زیری : مونث؛ ایک قسم کا سیاہ زیرہ۔
—— ماتا : (ہ) مونث؛ ایک قسم کی چیچک جس کے دانے سیاہ ہوتے ہیں
—— کھانسی : مونث؛ بچوں کی ایک تکلیف دہ کھانسی۔
—— گھٹا : مونث؛ (۱) سیاہ بادل، برسنے والا بادل (۲) (کنایتاً) لمبی سیاہ زلفیں۔
—— مرچ : مونث؛ گول مرچ، سیاہ مرچ۔
—— ہَڑ : مونث؛ چھوٹی ہڑ۔
کالے پانی بھیجنا : ایسی جگہ پہنچا دینا جہاں سے واپسی ممکن نہ ہو۔
—— کا کاٹا پانی نہیں مانگتا / کالے کے کاٹے کا منتر نہیں : فریبی اور حیلہ گر کی دغا سے بچنے کی کوئی صورت نہیں ہوتی۔
—— کا منتر : سانپ کو قابو میں کرنے کا منتر۔
—— کوسوں : بہت دور۔
—— کے آگے چراغ نہیں جلتا : دشمن زبردست سے آگے کمزور کی نہیں چلتی۔
—— کے مُنہ میں اُنگلی دینا : سانپ کے مُنہ میں اُنگلی ڈالنا خطرناک کام کرنا ہے۔

کالیا: کالے رنگ کا آدمی۔
کالا: (ف، مذکر) اسباب، پونجی۔
کالبُد: (ف) ڈھانچا، بدن (۲) قالب، سانچا (۳) جوتے کے اندر پھنسانے والا لکڑی کا فرمہ۔
کالبُوت: مذکر؛ دیکھو کالبُد۔
کالج: COLLEGE (انگ) مذکر؛ (۱) ہائی اسکول کے بعد کی تعلیم کی درسگاہ (۲) بڑا مدرسہ، مدرسۃ العلوم۔
کالر: COLLAR (انگ) مذکر؛ قمیض کے گلے پر لگی ہوئی چوڑی پٹی۔
کالرا: CHOLERA (انگ) مذکر؛ ہیضہ۔
کالعَدَم: (ع) (۱) نہ ہونے کے برابر، جس کا وجود نہ ہونا پیدا (۲) ختم، غائب (۳) بے حقیقت۔
کالک: (۱) سیاہی (۲) (کنایتاً) کلنک کا ٹیکہ، رُسوائی۔
—— لگانا: (۱) سیاہی کا دھبا لگانا (۲) (کنایتاً) رُسوا کرنا۔
—— لگنا: سیاہی کا دھبا لگنا، رُسوا ہونا، ذلیل ہونا۔
کالم: COLUMN (انگ) مذکر؛ (۱) خانہ، مضمون (۲) اخبار کے صفحے کا ایک حصّہ۔
—— نویس: مذکر؛ (۱) اخبار کا کوئی مخصوص حصّہ لکھنے والا (۲) اخبار میں مخصوص اور مستقل مضامین لکھنے والا۔
کالونی: COLONY (انگ) مونث؛ نئی بستی، نوآبادی، ماتحت ملک
کام: (۱) مذکر؛ چاہ، خواہش، آرزو، ہوس، شہوت۔
کام: (ف) مذکر؛ (۱) مراد، غرض، مقصد، مطلب (۲) فعل و عمل (۳) مزدوری، محنت، مشقت، (۴) تالو، (۵) شغل، دھندا (۶) پیشہ، حرفہ (۷) بیوپار، لین، دین، پیشے کا کام (۸) تعلق، سروکار (۹) روزگار، نوکری، خدمت (۱۰) ندد وزی، کارچوبی، کشیدہ کاری، نقاشی وغیرہ (۱۱) ہوشیاری (۱۲) کارگزاری (۱۳) حاجت، ضرورت۔
—— آپڑنا: غرض اٹکنا۔
—— آخر کرنا: مار ڈالنا۔
—— آخر ہو جانا: مرجانا۔
—— آنا: (۱) کارآمد ہونا (۲) مددگار ہونا، آڑے آنا، سہارا دینا (۳) جنگ میں مارا جانا (۴) صَرف ہونا، خرچ ہونا، (۵) استعمال میں آنا، برتا جانا۔
—— بنا لینا: مطلب حاصل کر لینا۔
—— بن جانا: کام درست ہونا، مطلب پورا ہونا، کامیابی حاصل ہونا۔
کام پڑنا: پالا پڑنا، تعلق ہونا۔
—— تمام کرنا: (۱) کام ختم کرنا (۲) مار ڈالنا، ہلاک کرنا۔
—— جوئی: (ف) مونث؛ مطلب حاصل کرنا۔
—— چلانا: (۱) وقت سے کام نکالنا (۲) مطلب پورا کرنا۔
—— چوپٹ ہونا: کام خراب ہونا۔
—— چور: کام سے بچنے والا، کاہل، نکما۔
—— چور نوالے حاضر: نکما اور خود غرض آدمی۔
—— دار: (مذکر) (۱) کارکن، منتظم، کسی امیر کا خرید و فروخت کرنے والا ملازم (۲) وہ جوتی یا لباس جس پر زردوزی کا کام کیا ہو۔
—— دانی: مونث؛ سونے چاندی کے تاروں کا کام کیا ہوا کپڑا۔
—— دھندا: مذکر؛ کاروبار، کام کاج۔
—— دیو: (ف) مذکر؛ خواہشِ نفسانی کا دیوتا۔
—— راں: (ف) کامیاب، خوش نصیب۔
—— رانی: (ف) کامیابی، خوش نصیبی۔
—— رکھنا: مطلب رکھنا، غرض رکھنا۔
—— روا: (ف) جس کا مقصد حاصل ہو چکا ہو، کامیاب۔
—— روائی: (ف) مونث؛ کامیابی۔
—— سے جانا: نکما ہو جانا، بے کار ہو جانا، استعمال کے قابل نہ رہنا۔
—— سے کام ہونا/رکھنا: اپنی غرض سے غرض رکھنا۔ اپنی غرض سے غرض ہونا۔
—— سے لگنا: کام میں مصروف ہونا۔
—— کا: کارآمد۔
—— کاج: مذکر؛ گھر کا کام، کاروبار۔
—— کا نہ رکھنا: بے کار کر دینا۔
—— کا نہ کاج کا دشمن اناج کا: (عورت) کاہل، نکما۔

ـــــ کر جانا : اثر دکھا جانا۔
ـــــ کرے سپاہی نام ہو سردار کا : کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔
ـــــ کو کام سکھاتا ہے : کام کرنے سے کام خود بخود آتا چلا جاتا ہے۔
کام گار : (ف) خوش نصیب۔
ـــــ میں کام نکالنا : کام بڑھاتے جانا۔
ـــــ نکالنا : مطلب پورا کرنا۔
ـــــ یاب : فتح یاب، کامران۔
ـــــ یابی : (ف) مونث؛ فتح یابی، مطلب پورا ہونا۔
کامارکوما : CUMA (انگ) مذکر؛ وقفے کا ایک نشان جو اُردو میں اُلٹے پیش (ـ) کی مانند ہوتا ہے اور جملے کے مختلف حصّوں کے درمیان آتا ہے۔
کامَرس : COMERCE (انگ) مذکر؛ (ا) اصولِ تجارت وغیرہ سے متعلق علم (۲) تجارت، سوداگری۔
کامریڈ : COMRADE (انگ) مذکر؛ ساتھی، رفیق، ہمدم (ایک دوسرے کو مخاطب کرنے کی اشتراکی اصطلاح)
کامگار : (ف) مذکر؛ (ا) خوش نصیب، کامیاب، اقبال مند، (۲) (۵) کام کرنے والا، مزدور، محنت کش۔
کامِل : (ع) مذکر؛ (ا) پورا، مکمل، تمام (۲) ماہر، فن کا اُستاد بڑا عالم (۳) عارف، خدا رسیدہ۔
کامِلُ العیار / کامل عیار : (ف) (ا) کھرا، پکا (۲) وفادار۔
کامنا : (۵) مونث؛ تمنا، آرزو، خواہش۔
کامن ویلتھ : COMMON WEALTH (انگ) مذکر؛ دولتِ مشترکہ۔
کامنی : مونث؛ (ا) ایک خوشبودار پھول (۲) نازک اور خوب صورت عورت۔
کامود : مذکر؛ مالکوس، راگ کی ایک قسم۔
کامونی / کمونی : مونث؛ ایک قسم کی معجون جس میں زیرہ ملایا جاتا ہے۔
کامیڈی : COMEDY (انگ) مذکر؛ (ا) طربیہ (۲) وہ ڈراما جس میں طنز و مزاح شامل ہو (۳) مزاحیہ کہانی یا ناول جس کا انجام خوش گوار ہو۔

کان : (ف) مونث؛ (ا) وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھات، جواہرات وغیرہ نکالتے ہیں (۲) چشمہ (۳) منبع۔
ـــــ کَن : (ف) کان کھودنے والا۔
کان : مذکر؛ (ا) سننے کا عضو، سننے کی قوت (۲) مجازاً، توجہ (۳) ستار اور طنبورہ وغیرہ کی کھونٹی۔
کان اُڑانا : شور و غل سے پریشان کر دینا۔
ـــــ اُونچے کرنا : کان کھڑے کرنا، چوکنا ہونا۔
ـــــ اینٹھنا : گوشمالی کرنا۔
ـــــ بجنا : بغیر کسی آواز کے کوئی بات سُنائی دینا۔
ـــــ بھر جانا : جی اُکتا جانا۔
ـــــ بھر دینا : بدگمانی پیدا کرنا۔
ـــــ بھرنا : بدگوئی کرنا، لگائی بجھائی کرنا۔
ـــــ پر جوں نہیں رینگنا : بے خبر ہونا، بے پروا ہونا۔
ـــــ پر ہاتھ رکھنا : صاف صاف مکر جانا، لاعلمی ظاہر کرنا۔
ـــــ پکڑ کے اُٹھا دینا : جبراً نکال دینا، ذلیل کر کے بھگا دینا۔
ـــــ پکڑنا : تنبیہ کرنا، توبہ کرنا، باز رہنا، چھوڑ دینا۔
ـــــ پھڑپھڑانا : (ا) کُتّے کا دونوں کانوں کا ہلانا، (۲) (کنایتاً) مستعد ہونا۔
ـــــ تک پہنچنا : سُننے میں آنا، خبر کا سُنا جانا۔
ـــــ دبا کر چلانا : چپ چاپ چلا جانا۔
ـــــ کاٹنا : (ا) کسی سے کسی معاملے میں آگے بڑھ جانا، (۲) سبقت لے جانا (۳) چالاکی میں سبقت لے جانا۔
ـــــ کا کچا : دوسروں کی لگائی بجھائی میں آ جانے والا، جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو۔
ـــــ کترنا : (ا) کان کاٹنا (۲) ایسی چالاکی دکھانا جس سے دوسرے زچ ہو جائیں، (۳) ہوشیاری دکھانا۔
ـــــ کھانا : (ا) بک بک کرنا، (۲) فضول باتوں سے پریشان کرنا۔
ـــــ کھڑے رکھنا : ہوشیار رہنا۔
ـــــ کھڑے کرنا : چوکنا ہونا۔
ـــــ کھلے رکھنا : ہوشیار رہنا، چوکنا رہنا۔
ـــــ کھول دینا : جتا دینا، آگاہ کر دینا۔

—— کی مچھلی : کان کا ایک زیور۔
—— کے پتے : کان کا ایک زیور۔
—— کے پردے اُڑا دینا / پھاڑنا : بہت شور کرنا۔
—— کے پردے پھٹ جانا : شور وغل سے کانوں کو تکلیف پہنچانا۔
کان گنگ ہونا : ہر وقت بھنبھناہٹ کی آواز محسوس کرنا۔
—— گنہگار ہونا : اتفاقاً کوئی بُری بات سُن لینا۔
—— گونگے ہونا : بہرا ہونا۔
—— لینا : تنبیہہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔
—— مانوس ہونا : جانی پہچانی آواز۔
—— مَیلیا : مذکر؛ کان کا میل صاف کرنے والا۔
—— میں بات کہنا : کوئی راز کی بات کہنا۔
—— میں پھونکنا : (۱) بہکانا، بُرائی کرنا (۲) بے جا تعریف کر کے مغرور کرنا۔
—— میں بھنک پڑنا : سُن گن ملنا، کسی بات سے آگاہ ہونا۔
—— میں تیل ڈال لینا : کچھ نہ سُننا، لاپروائی برتنا۔
—— میں ڈھول بجانا : (کنایتاً) شور غل کرنا، کان کے پاس چلّانا۔
—— میں رُوئی دینا : (کنایتاً) کوئی بات نہ سننا، غافل ہو جانا۔
—— نہ ہلانا : اعتراض نہ کرنا، چُپ ہو جانا۔
کانوں پر ہاتھ دھرنا / رکھنا : (۱) صاف انکار کر جانا (۲) انجان بننا (۳) نفرت کرنا، پناہ مانگنا۔
—— کان خبر نہ ہونا : کسی کو معلوم نہ ہونا، کسی کو پتا نہ چلنا۔
—— کی لَویں پھرنا : (۱) نزع کی حالت میں ہونا (۲) اذیت سے دوچار ہونا۔
—— میں انگلیاں دینا : نہ سُننا۔
—— میں تیل ڈال کے بیٹھنا : (کنایتاً) بے تعلق ہونا۔
—— میں ٹھینٹھیاں دینا : (کنایتاً) کچھ نہ سُننا۔
—— میں رُوئی ٹھونس لینا : جان بوجھ کر کوئی بات نہ سننا۔
—— میں گُونجنا : کسی سُنی ہوئی بات یا آواز کا بار بار سُنائی دینا۔

کانا : مذکر؛ (۱) ایک آنکھ کا (۲) وہ پھل جس میں کیڑے لگ گئے ہوں (۳) ترچھا، ٹیڑھا، بے ڈھنگا (۴) (ف) بے وقوف)
—— باتی : (عو) کان میں باتیں کرنا، کانا پھوسی۔
کانا پردہ : دکھاوے کا پردہ۔
—— پھوسی : مونث؛ (۱) چپکے چپکے کی جانے والی بات، کھسر پھسر، سرگوشی (۲) خفیہ مشورہ۔
کانپ : مونث؛ (۱) پتنگ کی مڑی ہوئی پتلی قمچی جو کمان کی شکل کی ہوتی ہے (۲) کمانی (۳) نہایت سفید عمدہ چونا (۴) کانپنا سے امر کا صیغہ، (۵) دریا کے نشیبی علاقوں میں پڑنے والی کانپ۔
—— اُٹھنا : لرز جانا، بدن کپکپا جانا، خوف سے تھرا جانا۔
کانپنا / ہلنا (۱) لرزنا، تھرتھرانا (۲) (کنایتاً) خوف کھانا۔
کانٹا : مذکر؛ (۱) خار (۲) ترازو (۳) ترازو کے دستے کی سوئی (۴) مچھلی پکڑنے کا ٹیڑھا نوک دار کانٹا (۵) کنویں سے گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار (۶) پنجہ نما چمچہ، (۷) مہمیز (۸) مچھلی کے گوشت کی ہڈی (۹) ہک، آنکڑا (۱۰) چبھن کھٹکا (۱۱) انتہائی دبلا لاغر (۱۲) ناپسندیدہ شخص دشمن (۱۳) گھڑی کی سوئی (۱۴) نر پرندوں کے پاؤں کا خار (۱۵) پرندوں کی ایک مہلک بیماری (۱۶) پیاس کی شدت سے پیدا ہونے والی زبان کی دراڑ
(۱۷) حساب جانچنے کا ایک طریقہ (۱۸) قوام کا تار، (۱۹) روک، اٹکاؤ۔
—— چبھونا : تکلیف دینا۔
—— داغنا : گرم لوہے سے پرندوں کے بدگوشت کو جلانا۔
—— سا : نہایت دُبلا۔
—— سا کھٹکنا : بُرا لگنا، ناپسند ہونا۔
—— کھانا : (۱) مچھلی کا پھنس جانا (۲) (کنایتاً) دھوکا کھانا۔
—— لگنا : (۱) کانٹا چبھنا (۲) پرندوں کو کانٹے کی بیماری لگنا۔ (۳) خوب شراب پی لینے سے مرنے کے قریب پہنچنا۔
—— مارنا : (۱) مرغوں کا لڑتے وقت ایک دوسرے کو خار مارنا حملہ کرنا (۲) کم تولنا، ڈنڈی مارنا۔
—— ہو جانا : سوکھ کے لاغر ہو جانا، بہت دُبلا ہونا۔

کانٹوں بھرا / بھری: وہ چیز جو مشکلوں اور پریشانیوں سے پُر ہو۔
——— پر بسر کرنا: انتہائی دشوار اور تکلیف دہ زندگی گزارنا۔
——— میں کھینچنا: بہت تکلیف دینا، اذیت پہنچانا۔
کانٹوں پر / میں گھسیٹنا: شرمندہ کرنا۔
——— پر لوٹنا: (کنایتاً) بے چین رہنا، بے حد تکلیف اٹھانا۔
——— میں اُلجھنا: مشکل میں پھنسنا۔
کانٹے بچھانا: مشکلیں پیدا کرنا۔
——— بونا: اپنے یا کسی کے حق میں بُرائی کرنا، کوئی ایسا کام کر ڈالنا جس کا نتیجہ بہتر نکلنے کی امید نہ ہو۔
——— پر کی اُوس: نہ ٹھہرنے والی چیز، ناپائیدار چیز، بے کار چیز۔
——— پڑنا: پیاس کے مارے زبان یا حلق کا خشک ہو جانا۔
——— کی تُول: بہت ٹھیک، ذرا کم نہ زیادہ۔
——— میں تُلنا: سونے یا چاندی کے مول بکنا۔
کانٹی: (ہ) مونث؛ (۱) روئی کا کوڑا (۲) چھوٹا ٹاٹ (۳) سانپ کے کپڑنے کی لکڑی، (۴) بیڑی۔
کانجی: (۱) ایک قسم کا کھٹا پانی، (۲) گاجروں کے اچار کا پانی (۳) چاولوں کی پیچ، مانڈ۔
——— ہاؤس: CATCHING HOUSE (انگ) مذکر؛ سرکاری باڑا، وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی بند کیے جاتے ہیں۔
کانچ: مونث؛ (۱) بغیر صاف کیا ہوا شیشہ (۲) ایک بیماری کا نام۔
——— نکال دینا: (عم) (کنایتاً) بہت مارنا، عاجز کرنا، کسی کو نقصان پہنچانا۔
——— نکلنا: (عم) (۱) پاخانہ پھرتے وقت مقعد کا باہر نکل آنا، (۲) (کنایتاً) نقصان اٹھانا۔
کاندھا: مذکر؛ کندھا، شانہ۔
——— بدلنا: کسی بوجھ کو ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر رکھنا۔
——— دینا: (۱) جنازے کو کندھے پر رکھنا، (۲) سہارا دینا، مدد دینا۔
کاندھوں کے فرشتے: کراماً کاتبین۔
کاندھی دے جانا / کاندھیاں دینا: (۱) ٹال جانا، بہانے کرنا (۲) گھوڑے کا ایک عیب کہ سوار کو گرانے کے لیے گردن آگے کی طرف جھکا کر پشت مارتا اور پیٹھ سے جھٹکا دیتا ہے۔
کانڈل: مذکر؛ سرسوں کا ساگ۔
کانڈلی: مونث؛ ایک قسم کا ساگ جس کے بیج ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں، خرفہ۔
کانڑا: (دہلی) مذکر؛ (۱) کانا (۲) سرکنڈا (۳) ایک راگنی کا نام (۴) ایک قسم کی پتنگ۔
کانس: مونث؛ (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس (۲) ایک قسم کا پیتل۔
کانسا: مذکر؛ پیتل اور تانبا ملی ہوئی ایک دھات۔
کانسٹیبل: CONSTABLE (انگ)؛ مذکر؛ پولیس کا سپاہی۔
کانسٹی ٹیوشن: CONSTITUTION (انگ) مذکر؛ (۱) دستور قانون، آئین حکومت (۲) بناوٹ، ساخت۔
کانفرنس: CONFERENCE (انگ) مونث؛ (۱) صلاح و مشورے کی کمیٹی (۲) مجلس، مشاورت کا جلسہ (۳) کسی خاص موضوع پر بہت سے لوگوں کا ایک جگہ جمع ہو کر گفتگو کرنا۔
کانفیڈنشیل: CONFIDENTIAL (انگ) مذکر؛ خفیہ، رازدارانہ، بہ صیغۂ راز۔
کانکھنا: (۱) کراہنا، آہیں بھرنا، سسکنا (۲) پیخانہ پھرتے یا کسی بوجھ اٹھانے کے وقت ایک قسم کی آواز کا منہ سے نکلنا۔
کانگریس: CONGRESS (انگ) مونث؛ سبھا، مجلس، جماعت۔
کانگڑی: مونث؛ تیلیاں منڈھی ہوئی مٹی کی انگیٹھی، کشمیری اسے گلے میں لٹکاتے ہیں۔
کانون: (ف) مذکر؛ انگیٹھی۔
کانووکیشن: (کان وُوکیشن) CONVOCATION (انگ) مذکر؛ یونیورسٹی کا جلسۂ تقسیم اسناد۔
کانی: مونث؛ ایک آنکھ کی۔
——— کوڑی: (۱) پھوٹی کوڑی (۲) (کنایتاً) بے کار چیز خراب مال۔
کاوا: مذکر؛ گھوڑ سواری کا ایک فن (کنایتاً) چکر۔

—— دینا: (ا) گھوڑے کو چکر دینا (۲) بہانا کرنا (۳) ٹال مٹول کرنا۔
—— کھانا: لڑائی میں ایک مرغ کا دوسرے سے زبردست چوٹ کھانا۔
—— لگانا: چکر کاٹنا، چاروں طرف پھرنا۔
کاؤاک: (ف) کھوکھلا، خالی، بے ڈول۔
کاوش: (ف) مونث، (ا) کھوج، تلاش (۲) دشمنی، رنج کد، (۳) (اردو) بیر، جلن، حسد۔
کاؤ: (ف) مونث؛ (ا) کھودنے والا، کھوج لگانے والا (۲) کھودنا، آزمائش، تلاش، محنت، دکھ، تکلیف۔
—— کاؤ: (ف) مونث؛ (ا) کھوج، تلاش، کوشش، جلن (۲) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا (۳) آواز۔
کاؤں کاؤں: مونث: (ا) کوے کی آواز (۲) (کنایتاً) آدمیوں کا شور وغل۔
کاہ: (ف) مونث؛ (ا) تنکا، گھاس (۲) گھاٹا۔
—— کشاں/کہکشاں: (ف) مونث؛ (ا) چھوٹے چھوٹے ستاروں کا لمبا سلسلہ (۲) ستاروں کا راستہ۔
کاہی: مذکر؛ سیاہی لیے ہوئے، ہلکا سبز رنگ۔
کاہش: (ف) مونث، گھٹاؤ، زوال، کمی۔
—— اُٹھانا: تکلیف برداشت کرنا، نقصان اُٹھانا۔
—— جاں: (اضافت کے ساتھ) ف، مونث؛ جان لیوا صدمہ۔
کاہل: (ع) سُست، کام چور۔
کاہلی: (ف) مونث؛ سستی۔
کاہن: غیب کی خبریں بتانے والا، فال نکالنے والا۔
کاہو: (ف) مذکر؛ ایک دوا کا نام۔
کاہے: (ہ) (عم) کیوں، کس لیے۔
کاہیدگی: (ف) مونث؛ گھٹاؤ، کمزوری، دُبلاپن۔
کاہیدہ: (ف) (ا) گھٹا ہوا، دُبلا، کمزور (۲) (کنایتاً) عاشق۔
کاہل: (ہ) مذکر؛ ایک دوا کا نام، ایک خاردار پودا جس کے پھل اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں۔
کائی: (ہ) مونث؛ (ا) ایک قسم کی سبزی جو اکثر ٹھہرے ہوئے پانی پر جم جاتی ہے (۲) ایک قسم کی پھپھوندی جو نمی کی وجہ سے دیواروں اور پتھروں پر جم جاتی ہے۔
—— سی پھٹ جانا: تتر بتر ہو جانا، مجمع کا منتشر ہو جانا۔
کایا: مونث: جسم، شکل، ماہیت۔
—— بڑی کہ مایا: جان سے بہتر مال نہیں۔
—— پلٹ: مونث؛ بالکل بدل جانا، حیرت انگیز تبدیلی
کائستھ/کایتھ: ہندوؤں کی ایک ذات کا نام۔
کائنات: (ع) مونث؛ (ا) دنیا (۲) مخلوقات، موجودات (۳) پونجی (۴) اصل حقیقت، بساط۔
—— عالم: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ دنیا کی مخلوقات۔
کائیر: (ہ) بزدل، ڈرپوک۔

ک - ب

کب: (ا) کس وقت، کس روز، کس زمانے میں (۲) کیوں کر، کس طرح (۳) کہاں (۴) سوالیہ انکار۔
—— کا: (ا) کس زمانے کا (۲) بہت دیر سے، مدت ہوئی۔
کُب: مذکر؛ (ا) ٹیڑھ، کج، انسان کی پیٹھ کی کجی، (۲) جھکاؤ، خم (۳) اونٹ یا سانڈ وغیرہ کے اوپر کا اُبھرا ہوا حصہ، کوہان۔
کباب: (ع) (ا) سیخ پر بھنے ہوئے مسالہ دار گوشت کے ٹکڑے (۲) سیخ پر بھنا ہوا قیمہ، قیمے کی تلی ہوئی ٹکیا (۳) (کنایتاً) جلا ہوا۔
—— چینی: مونث؛ ایک دوا کا نام۔
—— حسینی: ایک قسم کے کباب کا نام۔
—— دارائی: ایک قسم کے کباب کا نام۔
—— شامی: ایک قسم کے کباب کا نام، شامی کباب۔
—— کرنا: (کنایتاً) جلانا، تکلیف دینا۔
—— ہونا: جلنا، کڑھنا، غصہ کرنا۔
کبابہ: (ف) مذکر؛ ایک دوا کا نام۔
کبار: (ع) مذکر؛ جمع کبیر کی، بڑے آدمی، بزرگ آدمی۔
کباڑ: (ہ) مذکر؛ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔
کباڑی/کباڑیا: مذکر؛ پرانا اسباب اور مستعمل چیزیں خرید فروخت والا
کبائر: (ع) مذکر؛ جمع کبیرہ کی، بڑے گناہ۔
کبت: (ہ) مذکر؛ شعر، شاعری۔

کبد : (ع) مذکر؛ جگر۔
کبڈی : مونث؛ لڑکوں کا ایک کھیل۔
——— کھیلتے پھرنا : مارا مارا پھرنا۔ آوارہ گردی کرنا
کبر : (۱) بڑھاپا، پیری (۲) تکبر، گھمنڈ۔
کبر سن : بوڑھا، بڑھاپا، عمر رسیدہ۔
کبریا : مذکر؛ اللہ تعالیٰ کا نام۔
کبریائی : اونچا درجہ، بزرگی۔
کبرا : مذکر؛ (۱) سیاہ و سفید (۲) چتکبرا، ابلق۔
کبریت : (ع) مونث؛ گندھک۔
——— احمر : (اضافت کے ساتھ) (۱) لال گندھک (۲) (مجازاً) کم یاب، معدوم۔
کبڑا : مذکر؛ ٹیڑھی پیٹھ والا، کمر جھکا۔
——— پن : مذکر؛ خمیدگی۔
کبڑن : مونث؛ ترکاری بیچنے والی عورت، کنجڑن۔
کبڑیا : مذکر؛ ترکاری بیچنے والا۔
کبک : (ف) مذکر؛ چکور۔
——— دری / کہساری : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ پہاڑی چکور
کبوتر : (ف) مذکر؛ ایک مشہور پرندہ۔
——— اڑانا : کبوتر بازی کرنا۔
——— باز : (ف) مذکر؛ کبوتروں کا کھلاڑی، کبوتر اڑانے والا۔
——— بازی : (ف) مونث؛ کبوتر اڑانے کا کھیل۔
——— خانہ : (ف) مذکر؛ (۱) دربا (۲) (کنایتاً) تنگ جگہ۔
——— کا گو بننا : کبوتر کا مست ہو کر بولنا۔
کبوتری : مونث؛ (۱) مادہ کبوتر (۲) (کنایتاً) ناچنے والی دیہاتی عورت (۳) بلی دبلی خوبصورت عورت (کنایتاً)۔
کبود : (ف) مذکر؛ نیلا، نیلگوں، آسمانی۔
کبودیت : (ف) مونث؛ نیلاپن۔
کبیدگی : (ف) مونث؛ رنجیدگی۔
کبیدہ : (ف) رنجیدہ، ملول، غمگین۔
——— خاطر : رنجیدہ دل، آزردہ خاطر۔
کبیر : (ع) مذکر؛ (۱) بڑا بزرگ (۲) (۵) ہندی کا ایک مشہور صوفی شاعر۔
——— پنتھی : کبیر کے پیرو۔
کبیرہ : (ع) مونث؛ بڑی۔ جمع کبائر۔ (دیکھو گناہ کبیرہ۔
کبیسہ : (ع) مذکر؛ بونہ کا مہینہ شمسی اور قمری سال کا فرق دور کرنے کے لیے تیسرے سال ایک مہینہ کا اضافہ۔
کبھو : کبھی (اب مستعمل نہیں ہے)۔
کبھی : (۱) کسی وقت، کسی گھڑی (۲) اتفاقاً (۳) کسی زمانے میں (۴) سوالیہ انکار (۵) ہرگز، بالکل۔
——— تو لا کبھی ماشا : پل میں تولے پل میں ماشا: دم میں کچھ دم میں کچھ غیر مستقل مزاج۔
——— کے دن بڑے کبھی کی رائیں : ہمیشہ ایک سی حالت نہیں رہتی
——— زمین پر کبھی آسمان پر : بہت جلد غصے میں آجانے والا، زود رنج، جذباتی۔
——— کا : کب کا، بہت دیر کا، مدت کا۔
——— کبھار : کبھی کبھی۔
——— گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر : ہمیشہ ایک سی حالت نہیں رہتی، تبدیلی لازمی ہے۔
——— گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں : برے دن ہمیشہ نہیں رہتے
——— نہ کبھی : کبھی نہ کسی دن، کسی نہ کسی وقت۔
——— نہیں : ہرگز نہیں۔

ک - پ

کپ : (CUP) (انگ) مذکر؛ پیالہ، کوزہ، جام۔
کپا : مذکر؛ (۱) چمڑے کا پھولا ہوا چھوٹے منہ کا برتن جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں (۲) موٹا، فربہ (۳) پھولا ہوا۔
——— ہو جانا : (۱) پھول جانا، سوج جانا (۲) موٹا ہو جانا (۳) (کنایتاً) خفا ہو جانا، غصے سے منہ پھلا لینا۔
کپاری : گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لیے اس کے منہ پر باندھی جانے والی رسی۔
کپاس : مونث؛ بغیر صاف کی ہوئی روئی، روئی کا درخت، روئی جس میں سے بیج نہ علاحدہ کیا گیا ہو۔
کپاسی : مذکر؛ ایک قسم کا ہلکا زرد رنگ۔
کپٹ : مونث؛ (۱) چھل، فریب، دھوکا (۲) کینہ (۳) عداوت

دشمنی۔
کپٹی : کپٹ رکھنے والا۔
کپڑ : کپڑا کا مخفف۔
—— **چھن** : مونث؛ کپڑے کا چھنا ہوا، باریک چھنا ہوا۔
کپڑ پھول / دھول : مذکر؛ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
—— **کوٹ** : (دہلی) مذکر؛ ڈیرا خیمہ، تنبو۔
—— **گند** : مونث؛ کپڑا جلنے کی بو۔
کپڑا : مذکر؛ (۱) پارچہ، بستر (۲) لباس، پوشاک۔
—— **چل جانا** : کپڑے کا پھٹ جانا، کپڑے کا مسک جانا۔
—— **لتا** : (غو) کپڑا۔
کپڑے آنا : (غو) ماہواری آنا جیسی آنا، کپڑوں سے ہونا۔
—— **اُتار لینا** : لوٹ لینا، ننگا کر دینا۔
—— **بسانا** : پوشاک میں عطر یا خوشبو لگانا۔
—— **پھاڑ کے نکل جانا** : پاگل ہو جانا۔
کپڑوَنی : مونث؛ گل حکمت (۲) کپڑ چھن، کپڑے میں چھاننا۔
کپکپانا : کانپنا، تھرتھرانا۔
کپکپاہٹ / کپکپی : (ہ) مونث؛ تھرتھری، لرزہ، گھبراہٹ۔
کپوت : مذکر؛ نالائق اولاد، نالائق بیٹا۔
کپور : مذکر؛ کافور۔
—— **کچری** : مونث؛ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
کپوری : مذکر؛ ایک قسم کا پان۔
کپورا : مذکر؛ خصیہ (بھیڑ، بکرے، مینڈھے کا۔)
کپی : مونث؛ (۱) چھوٹا کپا، (۲) چھوٹی چرمی شیشی (۳) بارود رکھنے کا برتن (۴) مشینوں میں تیل ڈالنے کا برتن۔

ک۔ت

کتا : چوڑے پھل کی دودھاری تلوار۔
کُتا : مذکر؛ (۱) ایک مشہور جانور، سگ (۲) (مجازاً) غلام، فرماں بردار (۳) پاجی، کمینہ، ذلیل۔
—— **بھی بیٹھتا ہے تو دُم ہلا کر بیٹھتا ہے** : اپنے گھر یا اٹھنے بیٹھنے کی جگہ کو گندا رکھنے والوں کی نسبت صفائی کی تاکید کے لیے بولتے ہیں۔
کتاب : (ع) مونث؛ (۱) لکھے ہوئے ورقوں کا مجموعہ (۲) (۵) پستک۔
—— **آسمانی** : (ف) مونث؛ وہ کتاب جو اللہ نے کسی پیغمبر پر اتاری (مثلاً توریت، زبور، انجیل اور قرآن)۔
—— **اللہ** : (ع) مونث؛ اللہ کی کتاب، قرآن۔
کتاب دیکھنا : کتاب پڑھنا۔
—— **کا کیڑا** : بہت پڑھنے والا، مطالعے میں غرق رہنے والا۔
—— **مقدس** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ پاک کتاب، خدا کی اُتاری ہوئی کتاب۔
کتابت : (ع) مونث؛ (۱) لکھائی، کاپی نویسی (۲) نامہ، خط۔
کِتابہ : (ع) مذکر؛ (۱) قبر کی لوح (۲) پتھر یا دیوار پر لکھی ہوئی یا کھدی ہوئی عبارت، مکتوب۔
کتابی : (۱) کتاب والی، کتاب کی، کتاب جیسی (۲) لکھی ہوئی۔
—— **چہرہ** : لمبوترا چہرہ، کسی قدر لانبا چہرہ۔
کِتابیات : (ع) مونث؛ (۱) کتابوں کے متعلق علم کسی مصنف کی تصنیفات کی مکمل فہرست (۲) کسی کتاب یا مقالے کے آخر میں حوالہ جات کی تفصیلی فہرست۔
کتارا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا گنا (۲) الی کا پھل (۳) کٹار، خنجر۔
کتان / کتّان : (ف) مونث؛ (۱) السی (۲) مذکر؛ ایک قسم کا باریک کپڑا جو شاعروں کے خیال سے چاندنی میں پھٹ جاتا ہے (۳) (دکنایتاً) پھٹا ہوا، چاک۔
کتائی : مونث؛ سوت کاتنا، کاتنے کی اُجرت۔
کُتُب : (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع کتاب کی۔
—— **خانہ** : (ع۔ف) مذکر (۱) کتاب گھر، کتاب کی دکان، (۲) لائبریری۔
—— **فروش** : (ع۔ف) مذکر؛ کتابیں بیچنے والا۔
کتبہ : (ع) مذکر؛ دیکھو کتابہ۔
کتخدا : (ف) مذکر؛ دیکھو، کدخدا۔
کتخدائی : (ف) مونث؛ کدخدائی، شادی، بیاہ۔
کتر : مذکر؛ کپڑے کی کترن، دھجی۔
کتر بیونت : (۱) کاٹ چھانٹ (۲) تراش خراش (۳) قطع برید (۴) کمی بیشی، بچت، کفایت شعاری (۵) سوچ، فکر، توڑ، جوڑ۔

کترانا : (۱) ٹیڑھا چلنا، (۲) بچنا، کنارہ کرنا (۳) ایک راہ چھوڑ کر دوسری راہ سے جانا، راستہ بدل دینا۔

کَتَرنی : (ا) مونث؛ قینچی، ایک تیز دھار اوزار۔

کَتَرن : مونث؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، دھجی، کترا ہوا کپڑا۔

کَترنا : (۱) تراشنا، قطع کرنا، کاٹنا، چھانٹنا، (۲) سروتے سے ڈلی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔

کُترنا : دانتوں سے کاٹنا (چڑیوں اور چوہوں کے لیے استعمال ہوتا ہے)

کَتَروانا : چھنٹوانا، ترشوانا۔

کَتَروائی : مونث؛ کتروانے کی اُجرت۔

کَتلا : مذکر؛ قتلا، پھانک، ٹکڑا۔

کَتمان : (ع) مذکر؛ چھپانا، پوشیدگی، پردہ۔

کَتنا : کاتا جانا۔

کَتوانا : کسی سے سوت کاتنے کا کام لینا۔

کَتنی : مونث؛ کاتنے کا سامان رکھنے کا برتن۔

کتنا : (۱) کس قدر، کس تعداد میں، کہاں تک (۲) چاہے، جس قدر۔

کتنے پانی میں ہے : کتنا گہرا، کہاں تک حوصلہ ہے کتنی قوت ہے۔

کُتنا : (ا) اندازہ ہونا۔

کُتوانا : کسی سے اندازہ کرانا۔

کُتی : مونث؛ سناروں کا ایک اوزار (۲) ایک قسم کی تلوار، نیچہ۔

کُتے : جمع کُتا کی۔

—— **چھڑوانا** : کُتوں کا شکار پر دوڑانا۔

—— **خَصی / خَصّی** : ذلیل کام، بے عزتی کا کام، جھگڑے کا کام۔

—— **کارونا** : نحوست، بدشگونی۔

—— **کا کفن** : (کنایتاً) نہایت گھٹیا کپڑا۔

—— **کو گھی نہیں پچتا** : بُروں کو اچھی صحبت پسند نہیں۔

—— **کی موت مرنا** : ذلیل حالت میں مرنا، حرام موت مرنا۔

—— **کی نیند** : (کنایتاً) کھٹکے کی نیند، ہلکی نیند۔

—— **کی ہَڑک** : ایک بیماری جو کتے کے کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے جس میں بہتے پانی اور جلتی آگ سے خوف محسوس ہوتا ہے اور آدمی کتے کی طرح بھونکنے اور کاٹنے لگتا ہے۔

—— **لوٹتے ہیں** : دیرانہ ہے۔

کُتیا : مونث؛ (۱) کتے کی مادہ۔ کتی۔
غصے کی حالت میں عورت کے لیے بولا جانے والا لفظ۔

—— **کا پلّا** : (کنایتاً) حرام زادہ، ذلیل۔

کتیرا : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا گوند۔

کتھا : (ا) مونث؛ (۱) کہانی (۲) بیان (۳) ہندوؤں کی مذہبی کہانی۔

—— **بٹھانا** : دھارمک کہانیاں سننے کے لیے پنڈت مقرر کرنا۔

کتّھا : مذکر؛ پان کے ساتھ کھائی جانے والی ایک چیز، ایک پودے کا ست۔

کتھری : (ا) مونث؛ غریبوں کا اوڑھنا بچھونا، گدڑی، بستر۔

کتھک / کتھک : (ا) مذکر؛ (۱) داستان گو، (۲) شمالی ہند کا نمائندہ کلاسیکی رقص (۳) گویوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ۔

ک ۔ ٹ

کٹ : کٹنا کا امر (مرکب استعمال ہوتا ہے)۔

—— **جانا** : (۱) دو ٹکڑے ہو جانا، ترش جانا (۲) رحم لگ جانا، خراش آجانا (۳) الگ ہو جانا، جدا ہو جانا (۴) (کنایتاً) شرمندہ ہونا، (۵) گزر جانا، بسر ہو جانا (۶) مارا جانا (۷) فاصلہ طے ہو جانا، (۸) وضع ہو جانا، منہا ہو جانا (۹) خارج ہو جانا۔

—— **حُجّت** : خواہ مخواہ حجت کرنے والا۔

—— **حجتی** : مونث؛ بے جا حجت۔

—— **جانا** : بُری طرح شرمندہ ہونا۔

—— **کھنا** : کاٹ کھانے والا، منہ مارنے والا، چوٹ کرنے والا۔

—— **مَرنا** : (۱) آپس میں لڑ مرنا (کنایتاً) شرمندہ ہونا۔

—— **مُلّا** : دیکھو کٹھ مُلّا۔

کُٹ : مونث؛ (۱) کٹا ہوا (۲) دانت سے کھٹکنے کی آواز، ڈور یا چھالیہ کو دانتوں سے کاٹنے کی آواز، (۳) ناخن سے دانت بجانے کی آواز (۴) بچوں میں دوستی ختم کرنے کی علامت۔

—— **کرنا** : (۱) ناخن سے دانت بجانا (۲) دوستی ترک کرنا۔

کٹا : (۱) الگ، جدا، ٹکڑے، نامکمل۔
—— جانا : شرمندہ ہونا، خفیف ہونا۔
—— چھنی : مونث؛ (عم) (۱) لڑائی بھڑائی، مارپیٹ (۲) بیر، دشمنی۔
کٹا : (۱) پکا، مضبوط (بٹا کے ساتھ) (۲) (پنجاب) بھینس کا بچہ۔
کٹا : مذکر؛ پر کٹا کبوتر۔
—— دینا : پر کٹے کبوتر سے دوسرے کبوتر پھنسانا۔
کٹار : (مذکر؛ مونث)؛ (۱) چوڑے پھل والا خنجر، نیمچہ، پیش قبض (۲) نیولے جیسا ایک خونخوار جانور۔
کٹاری : مونث؛ چھوٹا خنجر۔
—— دار : آڑی دھاریوں کا۔
کٹانا : کٹوانا۔
کٹاؤ : مذکر؛ (۱) کٹائی (۲) تراش خراش (۳) گل کاری۔
کٹائی : مونث؛ (۱) کوٹنا (۲) کوٹنے کی اجرت۔
کٹائی : مونث؛ (۱) فصل کٹنا (۲) کٹوانے کی اجرت۔
—— کرنا : فصل کاٹنا۔
کٹ پیس CUTPIECE (انگ) مذکر؛ (۱) کٹے ہوئے ٹکڑے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) تھان بنانے کے بعد کپڑے کے بچے ہوئے ٹکڑے۔
کٹنی کٹتی باتیں : (دہلی) جلی کٹی باتیں، طعن وتشنیع کی بات چیت
کٹر : (عر) سخت، پکا، سنگ دل، بیدرد، بے وفا، بے مروت۔
کٹڑا : مذکر؛ چھوٹا محلہ، احاطہ، چوک، منڈی، چھوٹا سا بازار۔
کٹ کٹ : (مونث) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔
کٹڑا : مذکر؛ (۱) بھینس کا نر بچہ؛ (۲) کاٹھ کا کوٹنڈا۔
کٹکٹانا : دانتوں کو آپس میں رگڑنا، دانت پیسنا، غصہ کرنا۔
کٹکی : مونث؛ (۱) ایک کڑوی دوا (۲) ڈالس (۳) (دہلی) ڈور پر دانت کا لگایا ہوا نشان۔
کٹ گلاس : CUTGLASS (انگ) مذکر؛ نقشی شیشہ۔
کٹم / کٹمب : مذکر؛ خاندان، کنبہ، مہمان۔
کٹنا : (۱) تراشنا، قتل ہونا، زخم لگنا (۲) دور ہونا، بچھڑنا، الگ ہونا، ختم ہونا (۳) (کنایتاً) ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا (۴) گزرنا، بسر ہونا، طے ہونا، (۵) رنگ اڑنا، (۶) وضع ہونا، منہا ہونا (جیسے تنخواہ کٹنا) (۷) فصل کٹنا (۸) کترانا۔
کٹنا : بھڑوا، طوائف کا دلال، دیوث۔
کٹنا پا : مذکر؛ دلالی، دیوثی، کمینہ پن۔
کٹنی : دلالہ، ناگہ، چالاک مکار عورت۔
کٹنا : (۱) کوٹا جانا (قیمہ وغیرہ) (۲) پٹنا، مار کھانا (۳) چھت کا موگری سے کوٹا جانا۔
کٹوانا : کسی سے کاٹنے کا کام لینا۔
کٹوائی : مونث؛ کاٹنے کی اجرت۔
کٹوانا : کسی سے کوٹنے کا کام لینا۔
کٹوتی : مونث؛ (۱) منہائی، مجرائی، کمیشن (۲) کٹائی، تراش۔
کٹورا : مذکر؛ پیالا۔
—— بجانا : (دہلی) سقے کا پانی پلانے کے لیے لوگوں کو متوجہ کرنا۔
—— بجنا / کھنکنا : (کنایتاً) رونق ہونا، چہل پہل ہونا، شہر کا آباد ہونا۔
—— پھرانا / دوڑانا : کٹورے کو منتر یا کسی عمل کے ذریعہ چکر دے کر چور کا پتا چلانا۔
—— سی آنکھیں : بڑی بڑی گول گول آنکھیں۔
کٹوردان : مذکر؛ ڈھکنے والا پیتل کا برتن۔
کٹوری : مونث؛ (۱) چھوٹا کٹورا (۲) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں (۳) تلوار کی موٹھ۔
کٹول : (س) مذکر؛ (۱) ایک درخت کا نام (۲) چنڈال۔
کٹہرا : مذکر؛ (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا (۲) درندوں کے رکھنے کا لکڑی یا لوہے کا پنجرا۔
کٹی : مونث؛ (۱) سادھوؤں اور درویشوں کی جھونپڑی (۲) باریک کی ہوئی چیز (۳) مونث؛ (دہلی) گنڈاسے سے کٹا ہوا چارا، سانی۔
کٹیا : (۱) مونث؛ چھوٹی جھونپڑی۔
کٹی : مونث؛ (۱) باریک کٹا ہوا چارہ (۲) سانی (۳) پانی میں گلایا ہوا کاغذ (۴) پر کٹا

——— کرنا: (ا) دوستی ختم کرنا (۲) رشتہ توڑنا (۳) ٹکڑے کرنا۔
کٹیا: مونث؛ (ا) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) چھوٹا ہک، کانٹا کی تصغیر
کٹیّا: مونث؛ دیکھو بھٹ کٹیّا۔
کٹے پر نمک چھڑکنا: (ا) (کنایتاً) دُکھ پر دُکھ پہنچانا، (۲) تکلیف میں تکلیف دینا۔
کٹی آنگلی پر پیشاب نہیں کرتا: (ع) ذرا بھی ہمدردی نہیں کرتا۔
کٹی چھنی: مونث؛ نوک جھونک، بیر، عداوت۔
کٹیلا: مذکر؛ (ا) کانٹے دار (۲) ایک خاردار گھاس کا نام (۳) (کنایتاً) دل میں کھبنے والا، نکیلا، تیز، (۴) چالاک، بہادر۔
کٹیلی آنکھ: شوخی بھری ہوئی آنکھ۔
کٹھ: کاٹھ کا مخفف؛
——— پُتلی: مونث؛ (ا) کاٹھ کی گڑیا (۲) (کنایتاً) دبلی پتلی عورت (۳) دوسروں کے اشاروں پر چلنے والا بے بس۔
——— کا ناچ: کاٹھ کی گڑیوں کا تماشا جو انگلیوں پر بندھے تاروں کے اشارے سے دکھاتے ہیں۔
——— مُلّا: مذکر؛ جاہل مولوی، دقیانوسی، متعصب، کم پڑھا ہوا ملّا۔
کٹھار: مونث؛ ذخیرہ، غلے کا گودام۔
کٹھالی: مونث؛ (ا) چاندی سونا گلانے کی پیالی (۲) وہ پتھر کا گڑھا جس میں دھان کوٹتے ہیں۔
——— کرنا: (ا) سونے چاندی کو گلانا (۲) ہندوؤں کا مردے کو جلانا (۳) کھوکھلا کرنا، گڑھا ڈال دینا۔
کٹھڑا: مذکر؛ (ا) لکڑی کی نانڈ (۲) بھینس کا نر بچہ (۳) دیکھو کٹرا۔
کٹھل / کٹہل: مذکر؛ ایک بہت بڑے پھل کا نام جس کا چھلکا کانٹے دار ہوتا ہے۔
کٹھلا: مذکر؛ (ا) (ع م) گلے کا ایک زیور، ہنسلی، (۲) (کنایتاً) دوسرے کے ساتھ رہنے والا (۳) معشوق و عاشق۔
کٹھلا: مذکر؛ (ا) اناج کا گودام (۲) چونا پکانے کی بھٹی (۳) کان کی تہ۔
کٹھن: (ا) سخت، مشکل، دشوار۔

کٹھنائی: (ا) مونث؛ دشواری۔
کٹھوتی: مونث؛ کاٹھ کا برتن، لکڑی کا بنا ہوا برتن۔
کٹھور: (ا) سخت، کڑا، سنگ دل (۲) بے رحم۔
کٹھیا: (ا) سخت، کڑا (۲) (مونث) بھینس کا مادہ بچہ، (۳) سخت چھلکے والا بادام (۴) ایک قسم کا گیہوں۔
کٹھیا: مونث؛ غلہ رکھنے کا مٹی کا گودام، کوٹھی۔

ک ۔ ث

کثافت: (ع) (ا) میلاپن، گاڑھاپن (۲) نجاست، گندگی۔
کثرت: (ع) مونث؛ (ا) زیادتی، بہتات، افراط (۲) (مجازاً) علائق دنیاوی (۳) (مجازاً) ہجوم، بھیڑ۔
——— رائے: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ کسی بات کے حق میں بہت سے آدمیوں کی متفقہ رائے۔
کثیر: (ع) بہت زیادہ۔
——— الاضلاع: (ع) بہت سے ضلعوں کی شکل والا۔
——— العلائق: (ع) کثرت سے تعلقات رکھنے والا۔
——— العیال / الاولاد: (ع) بہت سے بچوں والا۔
——— المعنیٰ: (ع) وہ لفظ جس کے بہت سے معنیٰ ہوں۔
کثیف: (ع) صفت، غلیظ، میلا، کچیلا۔
——— الطبع: (ع) مذکر؛ میلا آدمی، گندا، اگھوری، وہ شخص جو پاک صاف نہ رہے۔

ک ۔ ج

کج: (ف) ٹیڑھا، خم۔
——— ادا: (ف) بے وفا، بے مروت، بدخلق۔
——— ادائی: (ف) مونث (ا) بے مروتی، بے وفائی، بدخلقی (۲) (مجازاً) برائی، دشمنی، عداوت۔
——— بحث: (ف) الٹی سیدھی بحث کرنے والا۔
——— بحثی: (ف) مونث؛ بیہودہ تکرار، نامعقول گفتگو۔
——— خلق: (ف) اکھڑ، بدمزاج، بدخلق، بدسرشت۔
——— خلقی: (ف) مونث؛ اکھڑپن، بدخوئی۔

——— رائے: (ف) بے تکی رائے دینے والا۔
——— رفتار/رَو: (ف) ٹیڑھی چال چلنے والا۔
——— رَوی: (ف) مونث؛ ٹیڑھی چال چلنا۔
——— سرشت/طبع/مزاج/نہاد: (ف) بداخلاق، بدطینت، بدخو۔
کج فہم: (ف) اُلٹی سمجھ کا، ناسمجھ۔
——— کُلاہ: (ف) (ا) ٹیڑھی ٹوپی پہننے والا (۲) بانکا ترچھا (۳) (کنایتاً) معشوق۔
——— مج: (ف) جسے بات کرنے کا سلیقہ نہ ہو۔
——— مج زبان: (ف) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے، جس کی زبان گفتگو کرنے میں اچھی طرح نہ چلے۔
——— مَریز: (ف) انکار جس میں اقرار چھپا ہو۔
——— نظر: (ف) ٹیڑھی نظر والا۔
کجی: (ف) مونث؛ ٹیڑھاپن، خمیدگی۔
کُجا: (ف) کہاں، کس جگہ؟۔
کجات: (ہ) بیچ قوم کا کمینہ۔
کجاوہ: (ف) مذکر؛ اونٹ کی کاٹھی، محمل، جس پر دو شخص ایک دوسرے کے مقابل بیٹھتے ہیں۔
کجری: مونث؛ ہولی میں گایا جانے والا ایک لوک گیت۔
کجک: (ف) مذکر؛ مونث؛ ہاتھی کا آنکس۔
کجکول/کچکول: (ف) مذکر؛ کشکول؛ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا۔
کجلا: مذکر؛ کاجل کی تصغیر۔
کجلانا: (ا) آگ کا بجھنے لگنا، (۲) تاریک ہونا، دھندلا ہو جانا۔
کجلوٹی: مونث؛ کاجل رکھنے کی ڈبیا۔
کجلی بن: (ہ) مذکر؛ ہاتھیوں کے رہنے کا جنگل۔

ک - چ

کَچ: کچا کا مخفف۔
——— پیندیا: کم زور، پیٹ کا ہلکا، بات کا کچا۔
——— دِلا: مذکر؛ بودے دل کا آدمی، ڈرپوک۔
——— دِلی: مونث؛ (ا) ڈرپوک عورت (۲) بزدلی۔
کچ: مونث؛ عورتوں کی چھاتی، پستان۔
کچوں کا اُبھار: عورتوں کے سینے کا اُبھار۔
کچا: مذکر؛ (ا) بن پکا، خام (۲) اَدھ گلا (۳) کچی اینٹوں یا مٹی کا بنا ہوا مکان (۴) بودا، ناپائے دار (۵) کمزور، نرم، ملائم (۶) وقت سے پہلے پیدا ہو جانے والا بچہ (۷) ناتجربہ کار (۸) اُتر جانے والا رنگ (۹) غیر سرکاری کاغذ۔
کچا بچہ: مذکر؛ ادھورا بچہ۔
——— پکا: (ا) کچھ کچا، کچھ پکا، جیسا تیسا، (۲) مذبذب (۳) نیم پختہ (۴) وہ تعمیر جس میں کہیں چونے اور کہیں اینٹ گارے کی چنائی ہو۔
——— پکا کرنا: (ا) آدھ بھنا کرنا (۲) (عو) کسی بات پر کچھ آمادہ کرنا۔
——— پکا ہونا: گومگو میں پڑنا، مذبذب ہونا۔
——— پن: مذکر؛ ناتجربہ کاری، خامی۔
——— چٹھا: مذکر؛ صحیح صحیح حال، کل کیفیت۔
——— ساتھ: ننھے ننھے بال بچوں کا کنبہ۔
——— سونا: بغیر صاف کیا ہوا سونا۔
——— سیر: مذکر؛ اسی روپے سے کم وزن کا سیر۔
——— سیر پینا: (ا) کچا دودھ پینا (۲) (کنایتاً) ماں کا دودھ پینا۔
——— کاغذ: مذکر؛ وہ کاغذ یا دستاویز جس میں اسٹامپ نہ لگا ہو۔
——— کھا جانا: انتہائی غصے کا اظہار کرنا۔
——— ہونا: (ا) ہمت ہارنا، شرمندہ ہونا (۲) کھسیانا ہونا (۳) کچی سلائی ہونا (۴) ناتجربہ کار ہونا، کمزور ہونا۔
کچالو: مذکر؛ (ا) ایک قسم کی ترکاری (۲) امرود یا ابلے ہوئے آلو یا ابلی ہوئی اروئی کے قتلے جن پر نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر کھاتے ہیں۔
کچا پُنڈ: تلی یا پکی ہوئی چیز کے کچا رہ جانے کی بو، کچا مسالا رہ جانے کی بو۔
کچ بچ: (ا) بچوں کی کثرت (۲) رات دن کا جھگڑا۔
کچ پچ: (ا) کیچڑ میں چلنے کی آواز (۲) (کنایتاً) کیچڑ، دل دل۔

کچر، بچر، کچڑ گھان: مونث؛ کیچ بیچ۔
کچر پچر ہونا: (۱) دل دل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا (۲) لت پت ہونا (۳) کیچڑ ہونا، دل دل ہونا۔
کچر کچر: مونث؛ (۱) کچے پھل کے چبانے کی آواز، آدھ کچا گوشت کھانے کی آواز (۲) بک بک۔
کچری: مونث؛ ایک پھل کا نام۔
کچ کچ، کچ کچ: مونث؛ بک بک، بحث، جھگڑا، تکرار۔
کچکچاہٹ: مونث؛ دانتوں کے پیسنے کی حالت، زور سے دانت بھینچنا۔
کچکچانا: بہت زیادہ ہونا، کثرت سے ہونا۔
کچکچانا: (۱) غصے سے دانت پیسنا (۲) بالوں کا یک بارگی نکل آنا (۳) بہت سے کیڑے یا پودوں کا زمین سے ایک ساتھ نکل آنا۔
کچلا: مذکر؛ ایک زہریلا پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
——جانا: (۱) مسلا جانا، روندا جانا (۲) مارا جانا، پیٹا جانا۔
——کر دینا: پیس ڈالنا، قیمہ کرنا۔
——نکالنا: مار مار کر حلیہ بگاڑ دینا۔
کچل جانا: (۱) کسی وزنی چیز سے دب جانا، پس جانا، روندا جانا (۲) زیر بار ہو جانا۔
——ڈالنا: مسل ڈالنا، پیس ڈالنا، بھرکس نکال دینا، روند ڈالنا
کچلی: مونث؛ اگلے دانتوں سے ملا ہوا نوکیلا دانت۔
کچنال: مونث؛ ایک درخت اور اس کی کلی۔
کچن: KITCHEN (انگ) مذکر؛ باورچی خانہ، رسوئی گھر۔
کچور: مذکر؛ ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اس کی جڑ جو دواؤں میں پڑتی ہے۔
کچوری: مونث؛ ماش کی دال بھری ہوئی پوری۔
——سے گال: پھولے پھولے گال۔
کچوکا: مذکر؛ (۱) کسی نوک دار چیز سے بھونکنا (۲) (کنایتاً) طعنے دینا۔
کچومر: مذکر؛ ایک قسم کا اچار جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں۔
——نکالنا: (۱) خوب کچلنا، بھرکس نکالنا، خوب پیٹنا (۲) توڑ پھوڑ کر حیثیت بگاڑ دینا (۳) (کنایتاً) تباہ کر دینا۔
کچونا: چبھونا، بھونکنا، گھونپنا۔
کچہری: مونث؛ اجلاس، عدالت۔
——چڑھنا: (عو) عدالت تک جانا، مقدمہ کرنا، نالش کرنا۔
کچہری کرنا: عدالت میں مقدموں کا فیصلہ کرنا، اجلاس کرنا۔
——لگانا: (۱) اجلاس کرنا (۲) (مجازاً) بھیڑ لگانا، شور کرنا۔
کچی: مونث؛ کچا کی تانیث۔
——اسامی: عارضی جگہ، عارضی نوکری۔
——اینٹ: مونث؛ وہ اینٹ جسے پزاوے میں پکایا نہ گیا ہو۔
——بہی: مونث؛ وہ بہی جس میں رقم کے کم و بیش کرنے کا اختیار ہو۔
——بولی: دیہاتی بولی۔
——پیشی: مونث؛ (قانونی اصطلاح) (۱) پہلی پیشی (۲) اپیل کی پہلی شنوائی۔
——ٹوٹنا: کم عمری میں کنوارپن دور ہونا۔
——چاندی: مونث؛ کھری چاندی۔
——دلیل: مونث؛ کمزور دلیل۔
——زبان: کچی بولی، دیہاتی بولی۔
——عمر: مونث؛ ناسمجھی کی عمر۔
——کرنا: کوتاہی کرنا، لاپرواہی برتنا۔
——کلی: مونث؛ (۱) منہ بند کلی (۲) (کنایتاً) کنواری دوشیزہ، نابالغہ لڑکی۔
——کلی ٹوٹنا: (کنایتاً) (۱) چھوٹی عمر میں مرجانا (۲) کم عمری میں کنوارپن دور ہونا۔
——کلی توڑنا: (کنایتاً) نابالغ لڑکی کے ساتھ ہم بستری کرنا۔
——گولیاں کھیلنا: (کنایتاً) نادان ہونا، ناتجربہ کار ہونا۔
——لکڑی جدھر موڑو مڑ جاتی ہے: بچپن میں ہر طرح سے تعلیم و تربیت دی جا سکتی ہے۔
——لکڑی کو سیدھا کرنا: (کنایتاً) کم عمر بچے کو اچھی تعلیم دینا۔
——نیند: مونث؛ نیند جو اچھی طرح بھری نہ ہو، ہلکی نیند۔
کچے بچے: مذکر؛ آل اولاد، اولاد کی کثرت۔

—— پہلے دن : مذکر: (۱) حمل کے چوتھے یا پانچویں مہینہ تک کا زمانہ (۲) برسات کا آخری زمانہ۔
—— دن : مذکر، عورتوں کے حمل کا زمانہ۔
—— دھاگے میں بندھنا : (کنایتاً) فرماں بردار ہونا۔
کُچیا : مونث؛ کان کی لَو۔
—— جانا : ہمت ٹوٹ جانا، جھینپ جانا۔
کچھ : (۱) کسی قدر، تھوڑا (۲) بعض، چند (۳) اور کوئی بات اور کوئی امر (۴) بالکل، مطلق کی جگہ۔
—— تم سمجھے کچھ ہم سمجھے : دو آدمیوں کا ایک دوسرے کے دل کی باتیں سمجھ لینا، ایک دوسرے کا مدعا سمجھ لینا۔
—— تم نے سُنا : حیرت کے اظہار کے لیے۔
—— تو ہے : کوئی خاص رانہ ہے، کوئی وجہ ہے۔
—— خرچ نہیں ہوتا : کوئی نقصان نہیں ہوتا۔
—— دال میں کالا ہے : کوئی سبب ضرور ہے، کچھ نہ کچھ عیب ضرور ہے۔
—— دور نہیں : کیا عجب، کیا بھروسا، ایسا ہی ہو۔ بعید نہیں۔
—— راہ پر آنا : نیم راضی ہونا۔
—— سے کچھ ہو جانا : بڑی تبدیلی آجانا۔
—— کا کچھ : غلط ملط، اصل کے بالکل خلاف۔
—— کا کچھ سمجھنا : اُلٹا سمجھنا۔
—— کا کچھ کہنا : جھوٹا بیان دینا، توقع کے خلاف کہنا۔
—— کان میں پھونکنا : کانا پھوسی کرنا، کسی کی بُرائی کرنا۔
—— کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا : سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کیا جائے۔
—— کر دینا : (کنایتاً) (عم) جادو کر دینا۔
—— کھا لینا : (کنایتاً) زہر کھا لینا۔
—— کہہ بیٹھنا : کوئی ناگوار بات کہنا، گالی دے بیٹھنا۔
—— کھو کے سیکھنا : نقصان سے تجربہ حاصل کرنا، ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا۔
—— کھیل نہیں : آسان کام نہیں
—— گرہ میں ہونا : کچھ رقم ہونا۔
—— لوہار کھوٹا کچھ لُہار : (مثل) دونوں کی غلطی، دونوں کی خامی
—— ملا دینا : زہر ملا دینا۔
—— مُنہ سے سُننا : بُرا بھلا سُنانا۔
—— مُنہ سے نکالنا : زبان سے کچھ کہنا، بُرا بھلا کہنا۔
—— نہ اُکھاڑ سکنا : کوئی بس نہ چل سکنا، قابو نہ چل سکنا۔
کچھ نہ چلنا : بس نہ چلنا، زور نہ چلنا۔
کچھار : مذکر؛ دریا کے آس پاس کی زمین، تَرائی (۲) شیر کے رہنے کی جگہ۔
کچھنی : (۲) مونث؛ جانگھیا، گھُنّا، مذکر؛ کچھنا۔
کچھوا : مذکر؛ ایک دریائی جانور کا نام جس کے پشت کی ہڈی چھتر کی طرح سخت ہوتی ہے، مونث؛ کچھوی۔
کچھیانا : مذکر؛ وہ کھیت جس میں ساگ یا ترکاریاں بوئی جاتی ہیں۔

ک - ح

کحّال : (ع) مذکر؛ (۱) آنکھوں کا علاج کرنے والا، (۲) سُرمہ بنانے والا (۳) آنکھوں میں سُرمہ لگانے والا۔
کُحل : (ع) مذکر؛ سُرمہ۔
کُحلُ الجواہر : (ع) مذکر؛ جواہرات پیس کر بنایا ہوا سُرمہ، وہ سرمہ جس میں جواہرات ملے ہوں۔
کحیل : (ع) سرمئی، جس کی آنکھوں میں سُرمہ لگا ہو۔

ک - د

کَدْ : (ف) گھر، خانہ۔
—— خُدا : مذکر؛ گھر والا، دولھا (کتخدا بھی مستعمل ہے)
—— خُدائی : (ف) مونث؛ نکاح، شادی، عروسی۔
کَد : (ع) مونث؛ (۱) اصرار، ہٹ، ضد، پیچ (۲) سعی، کوشش (۳) سختی، تکلیف۔
کَدارا : مذکر؛ دیپک، راگ کی راگنی کا نام۔
کُدال : مذکر؛ مونث؛ زمین کھودنے کا ایک نوک دار اوزار۔
کُدالی : مونث؛ چھوٹی کُدال۔

کدام: (ف) کون، کون سا۔
کدانا: اچھلوانا، چھلانگ لگوانا، کسی سے کودنے کا کام لینا۔
کُدَر: مذکر، ذلیل، کمینے لوگ۔
کُدکڑے لگانا / کُدکے مارنا: کودتے پھرنا، اچھلنا، کودنا، خوب کھیلنا کودنا۔
کُدکنا: اچھلنا، کودنا، پھاندنا۔
کَدَم: مذکر؛ (ا) ایک سایہ دار درخت کا نام (۲) ایک قسم کی گھاس۔
کدو / کدّو: (ا) شراب کا پیالہ، شراب کی بوتل یا صراحی (۲) طنبورہ (۳) (کنایتاً) کھوپڑی (۴) (مذکر) ایک قسم کی ترکاری۔
—— دانہ: (ف، مذکر؛ (ا) پیٹ کا ایک قسم کا کیڑا (۲) ایک بیماری جس میں تمام جسم پر کدو کے بیج جیسی پھنسیاں نکل آتی ہے۔
—— کش: (ف) مذکر، کدو کھرچنے والا آلہ۔
کُدوانا: (ف) کُدانا۔
کدورت: (ع) مونث؛ (ا) گدلاپن، غبار آلود ہونا (۲) دل کا غبار (۳) (مجازاً) ملال، رنجش، کمینہ۔
—— آنا: دل پر میل آنا، رنج آنا۔
کدوکاوش: (ف) مونث، کوشش، کھوج، تلاش۔
کدہ: (ف) گھر، خانہ (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے آتشکدہ، مے کدہ، دولت کدہ)۔
کِدھر: کہاں، کس طرف۔
—— آیا کدھر گیا: آنے جانے کی کچھ بھی خبر نہ ہوئی۔
—— سے: کس جانب سے، کس مقام سے۔

ک ـ ڈ

کُڈھب: بے ڈھب، بے موقع۔
کُڈھنگ / کُڈھنگا: (ف) بے ڈھنگا، بدنما، بداخلاق، وحشی۔

ک ـ ذ

کذا: (ع) ویسا، اُس طرح، اور اِس طرح۔
کَذّاب: (ع) مذکر، بڑا جھوٹا، دروغ گو۔
کِذب: (ع) مذکر؛ جھوٹ۔

ک ـ ر

کَر: (ف) بہرا۔
کَر: کرنا کا امر۔
—— بیٹھنا: (ا) کسی امر کو بے سوچے سمجھے اختیار کر لینا (۲) غلطی سے جلدی میں کوئی کام کر بیٹھنا۔
—— تو ڈر نہ کر تو کبھی ڈر / کر تو کر نہیں تو خدا کے غضب سے ڈر: (مثل) خدا سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے، کسی بے گناہ پر کوئی الزام آجائے تو بولتے ہیں)
—— گذرنا: (ا) عہدہ پر جما رہنا (۲) کسی دشوار کام کو کر کے چھوڑنا۔
کَر: (ف) مذکر؛ (ا) ہاتھ (۲) مونث، محصول، چنگی (۳) مال گزاری، ٹیکس، خراج (۴) ڈنڈ، جرمانہ، تاوان۔
—— باندھنا: (ف) (ا) ٹیکس لگانا (۲) کسی بات کا ہمیشہ کے واسطے معمول بنا لینا۔
کَرّا: کرارا، سخت، کڑا۔
کرات: (ع) مکرر، سہ کرر، بار بار، اکثر، کئی مرتبہ۔
کرّار: (ع) بار بار حملہ کرنے والا، بھگا دینے والا، حضرت علیؓ کا لقب۔
کرارا: مذکر؛ (ا) سخت، کڑا (۲) مضبوط، تگڑا (۳) کرکرا، خستہ، (۴) دلیر، جری (۵) مزیدار۔
کَراڑا: مذکر؛ دریا کا بلند کنارہ، دریا کے کنارے کا ٹیلا، ساحل۔
کِرام: (ع) مذکر، بزرگ، معزز، بخشنے والا، سخی لوگ۔
کرامات: (ع) مونث؛ (ا) جو بات خلاف عادت کسی ولی سے ظاہر ہو (۲) کرشمہ، حیرت انگیز بات (۳) عمدگی، خوبی، بڑائی، عظمت (۴) بڑی چیز، سرمایہ، دولت۔

کرامانی: کرامت دکھانے والا، صاحب کرشمہ۔
کرامت: مونث: (۱) بڑائی، بزرگی، عظمت (۲) عنایت، مہربانی بخشش (۳) ولی کا خرق عادت کام (۴) تعجب انگیز بات، کرشمہ، چمتکار (۵) خوبی، عمدگی، انوکھاپن۔
کرامت نامہ: بڑے کا خط، عنایت نامہ۔
____ دکھانا: عجیب کام کرنا، کرشمہ دکھانا، چمتکار دکھانا، بزرگی دکھانا۔
کِرامًا کاتبین: (ع) (ا) بزرگ لکھنے والے (۲) (اصطلاحًا) وہ دو فرشتے جو انسان کے اچھے اور برے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔
کرّاں: (ف) مذکر؛ کنارہ، انتہا۔
کرانا: کوئی کام دوسرے سے لینا، کروانا۔
کرانا: مذکر؛ مصالح کی مختلف قسمیں پرچون۔
کرانتی کار: (ہ) انقلابی۔
کرانچی: اسباب لادنے کی گاڑی۔
کراہ: مونث؛ وہ آواز جو درد یا تکلیف کے سبب نکلے۔
کراہنا: آہ آہ کرنا، درد سے بیتاب ہونا۔
کراہت: (ع) مونث؛ گھن، نفرت، بے زاری۔
کراہتًا: (ع) کراہت سے۔
کراہیت (کراہِیَت): (ع) (عم) مونث؛ دیکھو کراہت۔
کِرایہ: (ف) مذکر؛ بھاڑا، کسی چیز کی اُجرت۔
____ پر چلانا: بھاڑے پر دینا۔
____ پر دینا: بھاڑے پر دینا۔
____ چڑھ جانا: کرایہ ادا نہ ہونا۔
____ دار: مذکر؛ کرائے کے مکان میں رہنے والا۔
____ دار اُترنا: (ا) کسی مکان میں کرایہ دار کا آکر رہنا، (۲) (مجازًا) حاملہ ہونا۔
____ کرنا: (ا) بھاڑا ٹھہرانا (۲) بھاڑے پر لینا۔
____ کی گاڑی: وہ گاڑی جو کرایہ پر چلتی ہے۔
____ لینا: کرایہ وصول کرنا۔
کَرْب: (ع) مذکر؛ دکھ، اضطراب، بے چینی، غم، رنج درد، درد کی اذیت، ذہنی اذیت۔
کَرْبَتْ: (ع) مونث؛ کَرْب۔
کَرْبَلا: (ع) مونث؛ عراق میں ایک جگہ کا نام جہاں حضرت امام حسینؓ نے شہادت پائی (۲) تعزیوں کے دفن کرنے کی جگہ (۳) (کنایتًا) وہ مقام جہاں پانی میسر نہ ہو (۴) (رعو) کمی، قحط۔
کربی: مونث؛ جوار یا باجرے کے اناج نکالے ہوئے پودے جو کاٹ کر مویشیوں کو کھلاتے ہیں۔
کِرپا: (ہ) مونث؛ مہربانی، عنایت، نوازش۔
کِرپان: (ہ) مونث؛ تلوار۔
کَرْپُٹ: مکار، بہانے باز۔
کَرْپُٹی: (ف) مکاری، بہانے بازی۔
کُرتا: (ف) مذکر؛ قمیض، پیراہن، وہ قمیض جس میں کالر اور کف نہ ہو۔
کُرتی: مونث؛ (ا) بے آستینوں کا اونچا کرتا جسے عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں (۲) فوجی وردی کی جاکٹ۔
کرتا دھرتا: مذکر؛ (ا) کرنے والا، پیدا کرنے والا (۲) مالک مختار (۳) خالق (۴) تجربہ کار، واقف کار۔
کرتار: (ہ) مذکر؛ خالق، پیدا کرنے والا۔
کرتب: مذکر؛ (ا) کام، ہنر (۲) چالاکی (۳) شعبدہ بازی عجیب وغریب کام۔
____ دکھانا: ہنر دکھانا، کمال دکھانا، شعبدہ دکھانا۔
کرتوت: مذکر؛ (ا) کام، برے کام (۲) جادو، ٹونا (اکثر جمع کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے) (۳) (طنزًا) نام وری یا شہرت کا کام۔
کر جانا: کسی دھار دار چیز کی دھار لپٹ جانا۔
کرتگ: مذکر؛ کام کرنے کا زمانہ، موجودہ زمانہ۔
کرپچ: مونث؛ (ا) ایک قسم کی لمبی تلوار (۲) ریزہ، ٹکڑا۔
کرچیں: ہڈی یا شیشہ یا چینی کے چھوٹے چھوٹے ریزے۔
کرچھا: مذکر؛ لوہے یا پیتل کا بڑا چمچہ نما برتن جس سے گھی وغیرہ داغ کرتے ہیں۔
کرچھی: مونث؛ کرچھا کی تانیث، گھی داغ کرنے کا لوہے یا پیتل کا برتن۔

کرچھل : (عم) مونث : کرچھا۔
کرخت : (ف) کڑا، سخت، درشت۔
کرختگی : (ف) مونث : کڑاپن، سختی، درشتی۔
کردا : مذکر : بٹا، کٹوتی نئی پرانی چیزوں کی بدلوائی کے فرق کی رقم۔
کردار : (ف، مذکر) (۱) طرز، انداز، طور طریق، قاعدہ (۲) کام، شغل، فعل (۳) چلن، خصلت، عادت۔
کردگار : (ف) مذکر : خدا، خالق، کرتار۔
کردنی : (ف) (۱) کرنے کے لائق (۲) کرنی، اعمال۔
ـــــ خویش آمدنی پیش : (ف، مثل) (۱) اپنا کیا اپنے ہی آگے آتا ہے (۲) برے کام کا برا نتیجہ۔
کردہ : (ف) کیا ہوا، آزمایا ہوا، عمل میں لایا ہوا۔
کردھنی : (۱) عورتوں کی کمر کا زیور، ایک قسم کی زنجیر جیسے بچوں کی کمر میں باندھتے ہیں (۲) لنگوٹ اٹکانے کا ڈورا۔
کرستان : مذکر : (انگ) کرسچین، عیسائی۔
کرسچین : CHRISTIAN (انگ) مذکر : عیسائی مذہب کا ماننے والا۔
کرسمس : CHRISTMAS (انگ) مذکر : (۱) حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کا دن، ۲۵ دسمبر (۲) بڑا دن۔
کرسی : مونث : (۱) پلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور چورا۔
کرسی : (ع) مونث : (۱) چوکی، تخت، مسند، گدی، ایک خاص وضع کی بیٹھنے کی چیز (۲) آٹھواں آسمان (۳) حرفوں اور دائروں کی مناسب ترتیب (۴) مکان کی سطح (۵) پیڑھی، پشت، خاندان (۶) زینہ، درجہ۔
ـــــ دینا : (۱) عزت کرنا (۲) عمارت کو سطح زمین سے بلند بنانا۔
ـــــ زر : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث : سورج۔
ـــــ کا احمق : کرسی (جگہ) یہاں کے لوگ احمق کہے جاتے ہیں
ـــــ نامہ : مذکر : نسب نامہ، خاندانی تجرہ۔
ـــــ نشین : (۱) کرسی پر بیٹھنے کے درجہ تک پہنچنے والا (۲) عزت اور کامیابی حاصل کرنے والا۔
کرشمہ / کرشمہ / کرشمہ : (ف) مذکر : (۱) آنکھ کا اشارہ، ناز، غمزہ، ادا (۲) انوکھی بات، شعبدہ (۳) نشان، علامت، نمونہ (۴) چال، حرفت۔
ـــــ دکھانا : ناز دکھانا، انوکھی بات ظاہر کرنا، عجیب کام کرنا۔
کرشی : (ع) مونث : کھیتی، کاشت، کسانی (انگ) (ایگری کلچر)۔
کرشن : کنھیا جی کا نام۔
کرشن لیلا : (ع) مونث : کرشن جی کے کھیل تماشے۔
کرفیو : CURFEW (انگ) مذکر : خانہ بندی کا حکم یا وقت، حکم امتناع، جو عام طور سے فسادات کے دوران نافذ کیا جاتا ہے۔
کرک : (ع) مذکر : (۱) کیکڑا (۲) برج سرطان۔
کرکٹ : مذکر : گھاس پھوس، کوڑا۔
کرکٹ : CRICKET (انگ) مذکر : گیند بلے کا کھیل۔
کرکر : (ع) مونث : ریت یا کنکر وغیرہ کا دانت کے نیچے پسنے کی آواز۔
کرکرا : مذکر : (۱) ریتیلا، خاک آمیز، کھسکھسا (۲) (کنایتاً) ناقص۔
ـــــ پن : (ع) مذکر : کرکرا ہونا، کرکرا ہونے کی حالت۔
ـــــ ہٹ : (ع) مونث : کرکراپن۔
ـــــ کر دینا : عیش، مزہ، لطف وغیرہ خراب کر دینا، بگاڑ دینا۔
کرکرا : مذکر : خستہ، بھربھرا، کرارا۔
کرکری : مونث : (۱) خاک ملی ہوئی چیز، کنکر ملی چیز (۲) ہیٹی ذلت، خواری (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
ـــــ خانہ : مذکر : گھر کا وہ حصہ جہاں کاٹھ کباڑ رکھتے ہیں۔
کرکری : (۱) مروڑ، پیچش (۲) گھوڑے کی ایک بیماری (۳) دیکھو کرکرا۔
ـــــ اٹھنا : (۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا (۳) (عم) شامت آنا۔
کرگا : مذکر : کپڑا بننے کا کارخانہ، کپڑا بننے والوں کے کپڑا بننے کی جگہ۔
کرگدن : (ف) مذکر : گینڈا، ہاتھی کے مانند ایک جانور کا نام جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔

کُرگس : (ف) مذکر؛ گدھ۔
کَرَم : (ع) مذکر؛ (۱) ہمت، بہادری، جواں مردی (۲) سخاوت، بخشش (۳) (مجازاً) عنایت، مہربانی۔
—— بخشی : مونث؛ مہربانی، عنایت۔
کَرَم پَرور/گستر : (ف) مہربانی کرنے والا، دوست۔
—— پیشہ : (ف) بہادر، جواں مرد۔
—— فرما : (ف) مہربانی کرنے والا، مہربان۔
—— فرمانا : تشریف لانا، مہربانی کرنا۔
کَرَم : (ہ) مذکر؛ قسمت، نصیب، کام، فعل۔
—— بھوگ : مذکر؛ پہلے جنم کے کیے ہوئے کام کا پھل۔
—— پھوٹنا : (۱) تقدیر خراب ہونا، بُرے دن آنا (۲) (کنایتاً) بیوہ ہونا، بُری جگہ شادی ہونا۔
—— پھوٹر : بدنصیب۔
—— کی ریکھا نہیں مٹتی : (مثل) تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا۔
کَرَم کُوں رونا : قسمت کو رونا، افسوس کرنا۔
کَرَم چاری : (ہ) مذکر؛ کارپرداز، کارکن۔
کِرَم : مذکر؛ کیڑا۔
—— پیلہ : (ف) مذکر؛ ریشم کا کیڑا۔
—— خوردہ : (ف) پرانا، بوسیدہ۔
—— شب افروز/شب تاب/شب چراغ : (ف) مذکر؛ جگنو۔
کِرمک : کرم کی تصغیر۔
—— شب تاب : (ف) مذکر؛ جگنو۔
کُرم کُرم : مونث؛ کسی کُرکُری یا بھربھری چیز کے چبانے کی آواز۔
کَرَم کَلا : مذکر؛ ایک قسم کی ترکاری۔
کَرَم مُل : مذکر؛ کانوں کے نیچے کا ورم۔
کُرمی : مذکر؛ ہندوؤں کی ایک ذات۔
کَرَن : کان۔
—— پھول : عورتوں کے کان کا ایک زیور۔
کِرَن : مونث؛ (۱) چاند یا سورج کی شعاع (۲) گوٹے کا ریزہ، سنہرا تار جو کپڑوں پر ٹانکتے ہیں۔

کُرنا : (ف) مونث؛ بگل، نفیری۔
کِرنا : چھری، چاقو وغیرہ کی دھار خراب ہونا، کُند ہونا۔
کَرنٹ : CURRENT (انگ) مذکر؛ رَو، بہاؤ، دھار۔
کَرَنجا : مذکر؛ نیلی آنکھ والا، مونث؛ کرنجی۔
کرنجوا : مذکر؛ (۱) ایک خاکی رنگ کا پھل اور اس کا درخت، (۲) خاکی رنگ (۳) ایک قسم کی آتش بازی۔
کُرنڈ : مذکر؛ ایک قسم کے مسالے سے بنا ہوا پتھر، جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے۔
کَرنسی : CURRENCY (انگ) مونث؛ سکہ رائج الوقت۔
کَرنَل : COLONEL (انگ) مذکر؛ فوج کا ایک اعلا افسر۔
کَرنی : مونث؛ (۱) کام، کرتوت، فعل (۲) راج مزدوروں کے ایک اوزار کا نام۔
کَرَوا : (ہ) مذکر؛ مٹی کا ٹونٹی والا برتن، بندھنا، چھوٹا گھڑا
کَروانا : کوئی کام درست کرانا، کام بنوانا، کام لینا۔
کَروبی : (ع) مذکر؛ مقرب فرشتہ۔
کَروبیاں : مذکر؛ مقرب فرشتے۔
کَروٹ : مونث؛ (۱) پہلو، ایک طرف (۲) جانب، طرف (۳) طرح، طور، ڈھنگ (۴) (کنایتاً) انقلاب۔
کَروٹ نہ لینا : (کنایتاً) (۱) خبر نہ ہونا، واپس نہ پھرنا، سفر سے واپس آنے کا ارادہ نہ کرنا (۲) بے خبر سونا۔
کروٹوں میں رات کاٹنا : بے قراری میں بسر کرنا۔
کروٹیں بدلنا : (مجازاً) بستر پر بے قرار رہنا، بے چینی سے بار بار پہلو بدلنا۔
کَرودھ : (ہ) مذکر؛ غصہ، خفگی۔
کرودھی : غصہ ور، تند مزاج۔
کَروڑ : سو لاکھ (کثرت تعداد ظاہر کرنے کے لیے)
—— پتی : (ہ) دولت مند، ساہوکار۔
—— روپے کی بات : قیمتی بات، اہم بات۔
کَروڑوں : بے شمار، کروڑ کی جمع۔
کَروفر : (ف) مذکر؛ ٹھاٹھ، شان و شوکت، رعب داب۔
کَروندا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا کھٹا پھل اور اس کا درخت (۲)

(کنایتاً) کان کے پاس کی گلٹی۔

کُرُوی : (ع) گول، دائرہ نما، کرہ کی شکل کا۔

کُرّہ : (ف) مذکر؛ گول چیز، گولا۔

کُرّۂ ارض/زمین : (ف) مذکر؛ زمین کا گولا، تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے۔

کُرّۂ باد/ہوا : ہوا کا حصہ جو زمین کے چاروں طرف ایک مخصوص بلندی تک ہے۔

کُرِہا : (ع) کراہت سے، ناگواری سے (اردو میں طوعاً کرہاً کی ترکیب کے ساتھ مستعمل ہے)

کُرکُری : مونث؛ کرکری، خستہ۔

کِریا : (ع) مونث؛ (ا) تجہیز و تکفین (۲) مذہبی رسوم (۳) قسم، حلف۔

——بگاڑنا: مٹی پلید کرنا، ذلیل کرنا، رسوا کرنا۔

——کرم کرنا: مردے کی مذہبی رسوم ادا کرنا، مردے کے جلانے اور کفنانے کی رسمیں ادا کرنا۔

——کھانا: قسم کھانا۔

کُریال : مونث؛ (ا) پرندوں کا خوش ہو کر اپنے پروں کو کھجانا۔ (۲) (عم) امن، آرام، بے فکری۔

——میں آنا: پرندوں کا خوش ہو کر پھڑپھڑانا، خوش ہونا۔

——میں غلہ لگنا: عین مزے میں کھنڈت ہونا، رنگ میں بھنگ ڈالنا۔

کریپ : CREPE (انگ) مذکر؛ ایک قسم کا کپڑا۔

کُریت : مونث؛ (ہ) بُری رسم، بُرا دستور۔

کُریدنا : مونث؛ کھوج، چھان بین، تلاش، جستجو۔

کُریدنا : (ا) کھرچنا، خالی کرنا، نکالنا (۲) خلال کرنا (۳) آگ کو تلے اوپر کرنا۔

کُریدنی : مونث؛ (ا) کھرچنے کا آلہ (۲) خلال (۳) کان کھجانے کا آلہ (۴) کھٹکا، خلش۔

کریڈٹ : CREDIT (انگ) مذکر؛ (ا) ساکھ، بھروسا اعتبار (۲) اُدھار، قرض۔

کریز : (ف) مونث؛ پرانے پروں کا گرنا۔

——کرنا: پرندوں کا پرانے پر جھاڑنا۔

——کھانا: پرندوں کا پر جھاڑتے وقت پرواز نہ کرنا۔

——میں آنا: پرندوں کا پر جھاڑنے لگنا۔

کریلا : مذکر؛ ایک قسم کی کڑوی ترکاری، ایک قسم کا آم جو کریلے کی شکل کا ہوتا ہے۔

کریم : (ع) (ا) مہربان، بخشنے والا، بزرگ، سخی، (۲) خدا کا ایک صفاتی نام (۳) جواں مرد، بامروّت۔

——النفس: (ع) نیک دل، نیک مزاج، مہربان۔

کریمی : مونث؛ فیاضی، مہربانی، بزرگی۔

کریم : CREAM (انگ) مونث؛ (ا) بالائی، ملائی (۲) چہرے پر لگائی جانے والی ایک قسم کی چکنی چیز۔

کرین : CRANE (انگ) مذکر؛ وزنی اشیا اٹھانے والی ایک مشین، جرثقیل۔

کریہہ : (ع) مکروہ، بُرا، گھناؤنا۔

——الصوت: (ع) سننے میں بُرا، بُری آواز

——منظر: بدصورت، بدنما۔

ک - ڑ

کِڑ : مذکر؛ کیڑے کا مخفف، کرم۔

——کھایا: (ا) کیڑوں کا کھایا ہوا، کرم خوردہ، بوسیدہ، پرانا، (۲) (حقارتاً) چیچک رو، سیتلا، منہ داغ۔

کڑا : مذکر؛ (ا) سخت گیر، بے رحم (۲) تند، تیز، (۳) کٹھن، دشوار، مشکل (۴) کنڈا، سکھوں کے پہننے کا لوہے کا حلقہ، چھلا (۵) ایک قسم کا عورتوں کے پانو کا زیور۔ (۶) لداؤ کی عمارت، گول ڈاٹ۔

——پن: مذکر؛ (ا) سختی، مضبوطی، کرارا پن، تندی، تیزی، تیز مزاجی (۲) دلیری، شجاعت۔

——تاؤ: (کنایتاً) غصے کی انتہا۔

——کرنا: (ا) سخت کرنا (۲) بھاؤ چڑھانا (۳) مضبوط کرنا۔ (۴) چست کرنا، کسنا (۵) ہمت بڑھانا، دلیر کرنا۔

——کوس: دو میل سے کچھ زیادہ فاصلہ۔

—— لگانا: لداو کا مکان بنانا، لداو ڈالنا۔
—— ہونا: (۱) سخت ہونا، کٹھن ہونا (۲) گراں ہونا، بھاؤ تیز ہونا (۳) تند مزاج ہونا۔
کڑاکا: مذکر؛ (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) دھماکے کی آواز (۳) سختی، شدت، فاقہ۔
کڑاگذرنا: فاقہ ہونا، بھوکا رہنا۔
کڑاہی: مونث؛ ایک پھیلے ہوئے آہنی برتن کا نام، جس میں پکوان تلتے ہیں۔
کڑک: مونث؛ (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے یا چٹخنے کی آواز (۲) بجلی کی آواز (۳) سخت اور بھیانک آواز (۴) گھوڑے کی تیز چال (۵) کمان کے کھینچنے کی آواز۔
—— بانکا: مذکر؛ (دہلی) وہ بانکا جوان جس کی آواز سے لوگ ڈر جائیں۔ کڑیل جوان، بانکا تیز چھا جوان۔
—— بجلی: مونث (۱) توڑے دار بندوق (۲) توپ (۳) (کنایتاً) رعب داب کی عورت۔
—— دوڑنا: (دہلی) سرپٹ جانا، پو پہ جانا۔
کڑکنا: گرجنا، غصے سے چیخنا۔
کڑک: مونث؛ وہ مرغی جو انڈے دینا بند کر دے۔
کڑکا: مذکر؛ (۱) کڑاکا، بجلی کا شور (۲) آوازہ (۳) رجز، میدان جنگ میں ہمت بڑھانے والے گیت (۴) زور سے بولنا۔
کڑکڑ: مونث؛ (۱) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔
کڑکڑ: مونث؛ دانتوں کے رگڑ کی آواز۔
کڑکڑ: (۱) مونث؛ مرغیوں کے ہنکانے کی آواز۔
کڑکڑا: مذکر؛ سخت، کڑوا، مضبوط۔
—— تا: (جاڑے کے لیے) شدت کا۔
—— نا: (۱) گھی یا تیل کے گرم کرنے سے آواز نکلنا (۲) بگھارنا۔
کڑکڑانا: (۱) انڈے دیتے وقت مرغی کا بولنا (۲) (کنایتاً) بڑبڑانا مجرا بھلا کہنا، دبی زبان سے حجت یا تکرار کرنا۔
کڑک ناتھ: (۵) مذکر؛ ایک قسم کا پالو بڑا سیاہ مرغ۔
کڑکیت: مذکر؛ (۱) بادشاہ کی سواری کے آگے آواز لگانے والا نقیب (۲) میدان جنگ میں آواز لگانے والا۔
کڑنگا: مذکر؛ (۱) سخت گو، سخت کلام (۲) طاقت ور، مضبوط، توانا۔
کڑوا: مذکر؛ (۱) تلخ، بدمزہ، ناگوار (۲) تیز، تند (۳) جھلا (۴) بدمزاج، تندخو (۵) خفا، ناخوش۔
—— پن: مذکر؛ تلخی، بدمزاجی، تیزی، تندی۔
—— بیل: چالاک، پھرتیلا، تیز چلنے والا۔
—— تیل: مذکر؛ سرسوں کا تیل۔
—— زہر: بہت کڑوا۔
—— کریلا: (مجازاً) نہایت بدمزاج۔
—— کریلا نیم چڑھا: (مثل) وہ بدمزاج جو کسی وجہ سے زیادہ بدمزاج ہو جائے۔
—— کسیلا: تلخ اور ناگوار۔
—— نا: کڑوا ہونا۔
—— ہٹ: مونث؛ تلخی، تیزی۔
—— ہونا: (۱) تلخ ہونا (۲) (کنایتاً) ناراض ہونا، رنجیدہ ہونا۔
کڑوی: مونث؛ تلخ، تیز، ناگوار۔
—— بات: ناگوار بات، تلخ بات۔
—— روٹی / کھچڑی: وہ کھانا جو مُردے کے گھر والوں کو دوسرے عزیز کم سے کم ایک دن اور زیادہ سے زیادہ تین دن تک بھیجتے ہیں۔
—— نگاہ: غصے والی نگاہ۔
کڑوے کسیلے دن: مذکر؛ سختی کے دن، مصیبت کے دن۔
—— گھونٹ: ناگوار بات، کٹھن کام۔
کڑی: مونث؛ (۱) کڑا کی تانیث (۲) سخت (۳) شہتیر یا دھنی (۴) کنڈی (۵) ہندی نظم کا ایک ٹکڑا، انترا۔
—— آنکھ: غصہ کی نظر۔
—— اٹھانا: سختی برداشت کرنا۔
—— چوٹ: سخت صدمہ۔
—— کا بولنا: شہتیر کا چٹخنا، بدشگونی کی علامت۔

—— کمان: سخت کمان۔
—— کمان کا تیر: (کنایتاً) نہایت تیز رفتار۔
—— گات: سخت سینہ۔
کُڑی: مونث؛ مرغی ہنکانے کی آواز۔
کُڑیل: مذکر؛ (۱) آگ کا بڑا ٹھیکرا (۲) سخت طاقتور۔
—— جوان: مذکر؛ قد آور جوان، گبرو، طاقت ور جوان۔
کُڑھانا: دل دُکھانا، ناراض کرنا۔
کُڑھن: مونث؛ کُڑھاپا۔
کُڑھنا: (۱) افسوس کرنا (۲) ہمدردی کرنا۔
کُڑھنا: زرد دوزی ہونا، کشیدہ ہونا۔
کُڑھاؤ: مذکر؛ بڑی کڑاہی۔
کُڑھوائی: کاڑھنے کی اُجرت۔
کُڑھی: مونث؛ ایک قسم کا سالن جو بیسن اور دہی سے بناتے ہیں۔
—— کا سا اُبال: (مجازاً) جلد ختم ہونے والا غصہ، جلد ٹوٹ جانے والا حوصلہ۔

ک۔ ژ

کژدُم: (ف) مذکر؛ بچھو۔
کژمژ زبان: (ف) توتلا، کج مج زبان۔

ک۔ س

کس: (ف) مذکر؛ آدمی، شخص، کوئی۔
—— مپرسی: مونث، بے کسی، بے سہارا، بے بسی۔
کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو۔ ڈھائی ہو یا تین ہو یا پون ہو: (مثل) کوئی کسی کا ہمدرد، نہیں، کوئی کسی کے درد کو نہیں سمجھتا (عام طور سے پہلا مصرع استعمال ہوتا ہے۔)
کس وناکس: مذکر؛ ادنا و اعلا، خاص وعام۔
کس: مذکر؛ (۱) طاقت، بل، زور (۲) امتحان، آزمایش، (۳) چاشنی، تاؤ (۴) مضبوطی، اصلیت، حقیقت (۵) کساؤ کا مخفف۔
—— بل: مذکر؛ دم خم، زور وطاقت، قوت۔
—— بھرا: مذکر؛ پیتل وغیرہ کے برتن بنانے والا۔
کس: (۱) سوالیہ لفظ، کون شخص، کون چیز (۲) استعجاب کے لیے
—— بات پر پھولا ہے: کس گھمنڈ میں ہے، کس برتے پر اتراتا ہے، کس وہم وخیال میں ہے۔
کس برتے پر ننتا پانی: کس بات پر شیخی مارتے ہو۔
—— بلا کا ہے: کس غضب کا ہے (تعریف کے موقع پر بولتے ہیں)
—— بلا کو پیچھے لگا دیا: کیسے عذاب میں پھنس گئے، کیسے مصیبت اور شر پر سے پالا پڑا ہے۔
—— پر پھولے ہو: کس کی حمایت پر مغرور ہو، کس بات پر مغرور ہو۔
—— پر گیے: کس کی شباہت اختیار کی۔
—— جانور کا نام ہے: بے حقیقت چیز ہے۔
—— جوبن سے: کس شان سے۔
—— چکی کا پیسا کھایا ہے: کسی موٹے آدمی پر کیا جانے والا طنز۔
—— حساب میں ہے؟: کون پوچھتا ہے، کس گنتی میں ہو؟
—— خدا نے بتایا/کہا: بے وقوفی کی بات پر کیا جانے والا طنز۔
—— خیال میں ہے؟: کیا سوچتا ہے، کیوں نہیں سمجھتا۔
—— دِل سے: کس پرتے پر، کس ہمت سے؟
—— دِن: کب؟
—— دِن کے لیے اُٹھا رکھا ہے: کب کے لیے ملتوی کیا ہے، ابھی کیوں نہیں کرتے یا کیوں نہیں کہتے؟
—— زبان سے: کس طرح؟
—— زبان سے بیان ہو: زبان بیان کرنے سے قاصر ہے۔
—— زبان سے شکر ادا ہو: زبان شکر ادا کرنے سے قاصر ہے۔
—— شمار میں ہے: کس گنتی میں ہے، کچھ قدر و منزلت نہیں ہے۔
—— طرح: کیوں کر، کس وجہ سے۔
—— طرح کا: کیسا، کس رنگ ڈھنگ کا کس درجے کا؟
—— قدر: (۱) کتنا (۲) حد سے زیادہ۔

—— کام کا رُلی: نکما، بے کار، بے فائدہ۔
—— کا مُنہ ہے: کسے طاقت ہے، کس کی ہمت ہے؟۔
—— کھیت کی مُولی ہے؟: بے حقیقت ہے، بے قدر ہے۔
—— کی بنی رہی ہے: کون ہمیشہ ترقی پر رہا ہے۔
کِس کی سُنتا ہے: کسی کی بات نہیں مانتا، ضدی۔
—— مُنہ سے: کس طرح، کس برتے پر۔
—— وقت: کب۔؟
کَسا: (۱) تنا ہوا، پھنسا ہوا، تنگ، سخت، چست، (۲) وزن میں کم۔
—— جانا: کسی بد قلعی برتن میں رکھے کھانے کا خراب ہوجانا۔
—— کسایا: تیار، گاڑی میں جُتا ہوا گھوڑا۔
—— مسی: (عو) مونث؛ تکلیف، پریشانی۔
کَسّا: مذکر؛ کُدال، پھاوڑا۔
کَساد: (ع) مونث؛ چیزوں کا نہ بکنا، بے رونقی، بے رواجی۔
—— بازاری: (ف) مونث؛ بکری نہ ہونا، بازار مندا ہونا۔
کَسالا: مذکر؛ (عو) (۱) سختی، تکلیف، رنج، محنت، فاقہ (۲) سستی، کاہلی، کسل۔
کَسالت: (ع) مونث؛ کاہل ہونا، سستی، الکسی۔
کِسان: مذکر؛ کاشت کار، کھیتی باڑی کرنے والا۔
کَسانا: (۱) کھرے کھوٹے سونے کو پرکھوانا (۲) تلوار کو موڑ کر اس کا کس دیکھنا (۳) دو بیروں کو لڑوا کر اُن کی آزمایش کرنا، (۴) کسی انسان کو دشواریوں میں آزمانا۔
کَساو: مذکر؛ (۱) تناو، کساوٹ، کھچاوٹ (۲) تنگی، چستی (۳) بدمزگی، کسیلاپن، تانبے پیتل کے برتن میں کسی چیز سے پیدا ہونے والا اثر۔
کَساوٹ: مونث؛ (۱) کساو، تناو، کھچاو، چستی، تنگی، (۲) کر باندھنے کا انداز۔
کَسب: (ع) مذکر؛ (۱) حاصل کرنا، پیدا کرنا، کمانا (۲) ہنر، پیشہ (۳) وہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے۔
—— کرنا / کمانا: بدکاری سے کمانا، پیشہ کرنا، کوٹھے پر بیٹھنا۔
کَسبی: (ع بروزن) مذکر؛ (۱) پیشہ ور، دست کار، کاری گر، اپنی کوشش سے حاصل کیا ہوا کمال، (۲) مونث؛ (مجازاً) رنڈی، فاحشہ، بازاری عورت، بدکار عورت۔
کَسبَت: مونث؛ (۱) نائی کی پیٹی، وہ چمڑے کا تھیلا جس میں نائی اپنے اوزار رکھتے ہیں (۲) وہ چمڑے کا ٹکڑا جو سقے اپنے بائیں کولھے پر حفاظت کے خیال سے باندھتے ہیں۔
کَستورا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مُشک نکلتا ہے (۲) ایک قسم کا خوش آواز گانے والا پرندہ۔
کَستوری: مونث؛ (۱) مشک، کستورا ہرن کی ناف سے نکلنے والی خوشبودار چیز۔
کَسٹم: CUSTOM (انگ) مذکر؛ (۱) رسم و رواج، دستور (۲) محصول، چنگی۔
—— ہاؤس: HOUSS —— (انگ) مذکر؛ چنگی گھر۔
کَسٹمر: CUSTOMER (انگ) مذکر؛ گاہک، خریدار۔
کَسٹوڈین: CUSTODIAN (انگ) مذکر؛ محافظ، نگراں، رکھوالا۔
کَسر: (ع) (مذکر؛ مونث) (۱) توڑنا، شکستگی (۲) زیر کی حرکت (۳) ٹکڑا، حصہ، کمی (۴) مونث؛ علم حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے، (جمع) کسور، کسرات۔
—— اعشاریہ (اضافت کے ساتھ) وہ کسر جو دس کا کوئی حصہ ہے اس کی علامت (ع) ہے۔
—— شان: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ وہ بات جس سے آدمی کی عزت آبرو میں فرق آئے۔
—— عام: (اضافت کے ساتھ) وہ کسر جو اعشاریہ کی پابند نہ ہو۔
—— غیر واجب: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ وہ کسر جس کا شمار کنندہ، نسب نما سے بڑا یا برابر ہو، جیسے

($\frac{4}{4}$ ، $\frac{5}{4}$)

مُرکب : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ وہ کسر جس میں ایک عدد صحیح اور کسر ہو، جیسے $\frac{3}{4}$ ۔

مُضاف : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو جیسے $\frac{5}{4}$ کا $\frac{2}{3}$ ۔

کَسرِ نفسی : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ انکساری، خاکساری۔

واجب : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو جیسے $\frac{3}{4}$ ۔

کَسر : مونث ؛ (۱) کمی، خامی، نقص، عیب (۲) بد ہضمی، (۳) پیٹ کا خلل (۴) نقصان، گھاٹا۔

اُٹھا رکھنا : دقیقہ اٹھا رکھنا، کمی باقی رکھنا۔

باقی نہ رکھنا : دعوی کوئی بات باقی نہ چھوڑنا، ذرا کوتاہی نہ کرنا، کمی نہ کرنا۔

پڑنا : کمی پڑنا۔

رہ جانا : کمی رہ جانا۔

کرنا : کمی کرنا، کوتاہی کرنا، کافی نہ ہونا۔

نکالنا : بدلہ لینا، کمی پوری کرنا۔

کِسریٰ / کِسرا : نوشیروانِ عادل، قدیم ایرانی بادشاہوں کا لقب۔

کَسرہ : (ع) مذکر ؛ زیر، زبر کی حرکت۔

کَسرت : مونث ؛ (۱) ورزش (۲) مشق، مہارت۔

کَسرتی : (۱) ورزش کیا ہوا (۲) کسرت کرنے والا۔

کَسک : مونث ؛ (۱) کھٹک، ٹیس، کم کم درد (۲) دکھ، درد، تکلیف۔

آنا : جھٹکا لگنا، صدمہ پہنچنا۔

اُٹھنا : ٹیس ہونا۔

مٹانا : (۱) دکھ دور کرنا، غم مٹانا (۲) نفسانی خواہش پوری کرنا۔

کَسکنا : درد کرنا، ٹیس اٹھنا، کم کم درد ہونا۔

کَسکٹ : مذکر ؛ کئی قسم کی ملی ہوئی دھات، کانسی۔

کَسگر : مذکر ؛ کمہار، مٹی کے برتن بنانے والا۔

کَسل : (ع) مذکر ؛ الکسی، سستی، کاہلی، تکان۔

مند : (ف) سست، ناساز۔

کُسُم : مذکر ؛ ایک قسم کا پھول جس سے لال کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

کسمسانا : (۱) بل کھانا، پہلو بدلنا، ہلنا (۲) گھبرانا، بے قرار ہونا، اُکتانا، تنگ ہونا، بے چین ہونا (۳) قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا۔

کَسمساہٹ : مونث ؛ گھبراہٹ، بے کلی، بے چینی، بے آرامی۔

کَسنا : (۱) کھینچنا، تاننا، جکڑنا، باندھنا (۲) (کنایتاً) تلوار کو موڑ کر اس کی آزمایش کرنا (۳) سونے چاندی کا کھرا کھوٹا پرکھنا، کسوٹی پر لگانا (۴) انسان کو مشکلوں میں آزمانا (۵) بیٹروں کو آزمانے کے لیے لڑانا (۶) بندوق بھرنا، (۷) دابنا (۸) قیمت چڑھانا (۹) کم تولنا (۱۰) گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا (۱۱) مذکر ؛ پٹاری کا غلاف (۱۲) بستر بند (۱۳) پلنگ کسنے کی ڈوری، گٹھری باندھنے کا کپڑا (۱۴) خاصدان کا غلاف۔

کُسوانا : بد دعا دلوانا، بد دعا لینا۔

کِسوت : (ع) مونث ؛ (۱) لباس، پوشاک (۲) کسبت۔

کَسوٹی : مونث ؛ (۱) سونے کو پرکھنے والا پتھر (۲) (مجازاً) جانچ، پرکھ، آزمایش، امتحان۔

پر چڑھانا / کرنا / لگانا : (۱) سونے چاندی کو کسوٹی پر گھس کر پرکھنا (۲) جانچنا، پرکھنا، آزمانا، امتحان کرنا۔

پر چڑھنا : جانچ میں کھرا ثابت ہونا۔

کُسوف : (ع) مذکر ؛ سورج گرہن۔

کِسی : (۱) کوئی چیز، کوئی آدمی، کوئی بات، کوئی ایک (۲) وہ شخص جس کا علم نہ ہو۔ فلاں۔

پہلو : کسی طرح۔

طرح باہر نہ ہونا : مکمل فرماں بردار ہونا۔

عنوان : کسی پہلو، کسی طور، کسی طرح۔

قابل نہ رکھنا : بے کار کر دینا، رسوا کر دینا۔

قدر : (۱) ذرا، (۲) کتنا ہی۔

—— کا دیا نہیں کھاتا: (کنایتاً) کسی کا محتاج نہیں دست نگر نہیں۔
—— کا کچھ نہیں جاتا: کسی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا۔
—— کا کیا ہے: کسی کا کیا اجارہ ہے۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے: (مثل) کسی کی تکلیف پر کوئی خوش ہو۔
—— کا منھ چلے کسی کا ہاتھ: (مثل) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا ہے۔
—— کا ہو رہنا: کسی سے وابستہ ہو جانا۔
—— کا ہونا: کسی کا ساتھ دینا۔
—— کام کا نہیں: نکما، بے کار، بے فائدہ۔
—— کروٹ: کسی پہلو، کسی طرح۔
—— کی آگ میں پڑنا: دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔
—— کی آئی مجھ کو آجائے: دوسرے کی موت مجھ کو آجائے (ایک قسم کی عورتوں کی بددعا)
—— کی نہیں سننا: کسی کی بات نہیں ماننا بے پروا ہونا۔
—— کے لینے دینے میں نہ ہونا: کسی سے کوئی سروکار نہ رکھنا۔
کسے: (ف) کوئی آدمی، کوئی شخص۔
—— باشد: کوئی بھی ہو، کوئی کیوں نہ ہو۔
کسے: سوالیہ لفظ، کس کو؟ کس شخص کو؟
کَسیا جانا: (دہلی) تانبے پیتل کے بدقلعی برتن میں کسی چیز کا مزہ بدل جانا، کسیلا ہو جانا، کساؤ آجانا۔
کَسیرا: مذکر؛ کانسے تانبے پیتل کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
کَسیرا: چھپر چھانے والی گھاس۔
کَسیرو: مذکر؛ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ کھائی جاتی ہے۔
کَسیس: مذکر؛ ایک قسم کی پھٹکری جو لوہے اور کند ھک سے بنتی ہے
کَسیلا: مذکر؛ کساؤ دار، کڑوا جس کی کڑواہٹ زبان اور حلق کو پکڑ لے۔
کَسیلا: مذکر؛ مضبوط، مستحکم۔

ک ش

کش: (ف) (۱) کشیدن کا امر، برداشت کرنے والا (جیسے محنت کش) (۲) مذکر؛ حقہ کا گھونٹ، دم۔
—— مکش: (ف) مونث؛ (۱) کھینچا تانی، کشاکش، لڑائی جھگڑا (۲) الجھن، دقت، دشواری، تکرار، مخمصہ (۳) بھیڑ جس میں سے نکلنا مشکل ہو۔
کُش: (ف) کشتن کا امر، مار ڈالنے والا۔
کُشا: (ف) مذکر؛ کھولنے والا، فراخ کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے)
کُشاد: (۱) کھلا ہوا (۲) خوشی (۳) فتح۔
—— کار: مذکر؛ مطلب حاصل ہونا، کامیابی۔
—— گی: (ف) مونث؛ فراخی، وسعت۔
کشادہ پیشانی: (ف) (۱) چوڑی اور کھلی ہوئی پیشانی والا (۲) (کنایتاً) ہنس مکھ، خوش اخلاق۔
—— دِل: (ف) (کنایتاً) سخی، فیاض، صاف دل۔
کشّاف: (ع) ظاہر کرنے والا، کھولنے والا، پردہ اٹھانے والا۔
کشاکش: (ف) مونث؛ (۱) چھینا جھپٹی، کھینچا تانی، ناخوشی (۲) بھیڑ، دھکم، دھکا (۳) تکلیف، الجھن، پریشانی، اَن بن (۴) جھڑپ۔
کشاں: (ف) کھینچتے ہوئے، کھینچنے والا۔
—— کشاں: زبردستی، کھینچتے ہوئے، جلد جلد، تیزی سے چلنا۔
کشایش: (ف) مونث؛ چوڑائی، وسعت، فراخی، کشادگی۔
کِشت: (ف) مونث؛ (۱) کھیتی، زراعت (۲) شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانے میں ہونا کہ اگر اس جگہ دوسرا مہرہ ہو تو مارا جاتا، شہ۔
—— زار: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ کھیتی، زراعت۔
کُشت: (ف) مذکر؛ قتل، خوں ریزی (تنہا مستعمل نہیں)
—— وخون: (ف) مذکر؛ خوں ریزی۔
کُشتم کُشتا: مذکر؛ کشتی لڑنا، گتھم گتھا ہونا، لپٹ پڑنا۔
کُشتنی: گردن مارنے کے قابل۔
کُشتہ: (ف) (۱) قتل کیا ہوا، مقتول (۲) (کنایتاً) ستایا

ہوا (۳) عاشق، آرزومند (۴) مذکر؛ لاش (۵) پھکی ہوئی دھات (جیسے کشتۂ فولاد)

ـــــ محبت: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) عاشق۔

کشتوں کے پشتے لگ جانا: (کنایتاً) لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔

کشتی: (ف) مونث؛ (۱) ناؤ (۲) شراب پینے کی ایک قسم کی پیالی (۳) سینی (۴) پرے (۵) بھیک مانگنے کا پیالہ۔

کشتی بان: (ف) مذکر؛ ملاح۔

کشتی: (ف) مونث؛ زور آزمائی، دو پہلوانوں کا مقابلہ۔

ـــــ باز: (ف) مذکر؛ کشتی لڑنے والا، پہلوان۔

ـــــ پڑنا: اتفاقاً کشتی ہو جانا۔

ـــــ دِلانا: (دہلی) کشتی کی مشق کے واسطے شاگرد کو پچھاڑ دینا۔

ـــــ مارنا: پچھاڑ دینا، پٹک دینا۔

کشٹ: (ہ) مذکر؛ تکلیف۔

کشش: (ف) مونث؛ (۱) کھنچاؤ، کھنچنے کی قوت، جذب (۲) دل ربائی (۳) میل، رغبت، رجحان (۴) حرفوں کی کشش (۵) (کنایتاً) سختی، تکلیف (۶) اَن بن۔

ـــــ اتصال: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ (سائنسی اصطلاح) جسموں کے قریبی اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت۔

ـــــ ثقل: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ (سائنسی اصطلاح) اپنے مرکز کے جانب کھینچنے والی قوت۔

ـــــ زمین: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ (سائنسی اصطلاح) ہر ایک چیز کو اپنے مرکز کی طرف کھینچنے والی زمین کی قوت۔

ـــــ کہربائی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ ہلکی ہلکی چیزوں کو اپنے جانب کھینچنے والی کہربائی قوت۔

ـــــ کیمیائی: (اضافت کے ساتھ) (ف)، مونث؛ (سائنسی اصطلاح) دو مختلف چیزوں کے ملنے سے ایک نئی چیز بننے کی قوت۔

ـــــ مقناطیسی: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ چمبک پتھر کی وہ قوت جس کے ذریعہ سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

کشف: (ع) مذکر؛ (۱) ظاہر کرنا، کھولنا (۲) (تصوف کی اصطلاح) وہ درجہ جس میں غیب کے اسرار کھل جاتے ہیں۔

ـــــ قبور: (اضافت کے ساتھ) (تصوف کی اصطلاح) وہ مرتبہ جس میں مُردوں کے قبر کے حالات معلوم ہوتے ہیں۔

ـــــ وکرامات: مونث؛ انوکھی بات، کرشمہ، خرقِ عادت۔

کشکول: (ف) مذکر؛ (۱) بھیک کا پیالہ، کمنڈل، کاسۂ گدائی (۲) (مجازاً) وہ کتاب جس میں مختلف قسم کے منتخب مضامین یا چیدہ اشعار ہوں۔ نوٹ بک۔

کشل ومنگل: (ہ) مذکر؛ خیر و عافیت۔

کشمش: (مونث) (ف) چھوٹے قسم کے سوکھے انگور۔

ـــــ میں تنکا ہونا: (مثل) (کنایتاً) کوئی شخص ایسا نہیں جس میں کوئی عیب نہ ہو، کوئی کشمش ایسی نہیں جس میں تنکا نہ ہو۔

کشمشی: (ف) کشمش کے رنگ کا۔

کشمیر: (ف) ہندوستان کی ایک خوبصورت خنک وادی اور مشہور پہاڑی ریاست۔

کشمیرا: مذکر؛ ایک قسم کا پشمینہ جو کشمیر سے آتا ہے۔

کشمیری: (ف) کشمیر کا، کشمیر کا باشندہ (مونث) کشمیر کی زبان۔

کشن: CUSHION (انگ) مذکر؛ گدا، تکیہ۔

کشنیز: مذکر؛ دھنیا۔

کشود: (ف) مونث؛ (۱) کھلنا، فائدہ، کامیابی (۲) پھیلاؤ۔

ـــــ کار: کام پورا کرنا، مطلب حاصل ہونا۔

ـــــ وبست: (ف) (۱) کھلنا، بند ہونا (۲) (کنایتاً) انتظام۔

کشور: (ف) ملک، ولایت، اقلیم۔

ـــــ ستان: (ف) ملک فتح کرنے والا، بادشاہ۔

ـــــ ستانی: (ف) ملک فتح کرنا، ملک گیری۔

ـــــ کشا/گیر: (ف) بادشاہ، ملک کا مالک۔

کشید: (ف) مونث؛ عرق نکلنا۔

ـــــ گی: (ف) مونث؛ (۱) کھنچاؤ (۲) ملال، رکاوٹ، ناراضگی

کشیدہ: (ف) (۱) کھینچا ہوا، کھنچا ہوا، برداشت کیا ہوا (۲) رنجیدہ، ملول (۳) مذکر؛ سوئی تاگے سے کاڑھا ہوا، زردوزی کا کام، گلکاری کا کام (۴) لمبا، بلند، دراز۔

ـــــ خاطر: (ف) رنجیدہ دل، آزردہ، ناراض۔

—— کاڑھنا: (ا) باریک کام کرنا (۲) (کنایتاً) (عو) سستی سے کام کرنا، کام میں دیر لگانا۔

ک۔ع

کعب: (ع) مذکر؛ (ا) (ریاضی کی اصطلاح) تین مرتبہ ضرب کھانے والے عدد کا حاصل (۲) چوسر اور قمار بازی کی چوپہل ہڈی، پاسہ (۳) ٹخنہ۔

کعبَین: (ع)؛ مونث؛ (ا) دو پانسوں کی جوڑی، جوا (۲) مذکر؛ مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔

کعبہ: (ع) مذکر؛ (ا) بلند، مرتفع، چوکور عمارت (۲) اللہ کا گھر، بیت اللہ، قبلہ (جو مکہ میں ہے)

—— ڈھانا: (ا) مقدس مقام کو مسمار کرنا (۲) (کنایتاً) دل توڑنا۔

—— کی طرف ہاتھ اٹھانا: کعبہ کی قسم کھانا، کعبہ کو اپنی سچائی کا گواہ بنانا۔

کعبۂ مقصود: مذکر؛ (کنایتاً) اصل مطلب۔

ک۔ف

کف: (ع) مذکر؛ (ا) پنجہ (۲) کپڑے کی دوہری پٹی (ف)؛ (۳) ہتھیلی، پانو، تلوار (۴) جھاگ (۵) مذکر؛ بھین، تھوک، بلغم (۶) (مجازاً) ہاتھ۔

—— افسوس ملنا / کف حسرت ملنا: (اضافت کے ساتھ) ہاتھ ملنا، افسوس کرنا، پچھتانا۔

—— پا: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ہتھوا۔

—— چہ: (ف) مذکر؛ (ا) چھوٹی کفگیر (۲) سانپ کا پھن۔

—— خاک: (ف) (اضافت کے ساتھ) (ف) (کنایتاً) مٹھی بھر۔

—— دست: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ہتھیلی۔

—— دست میدان: (اضافت کے ساتھ) سنسان جنگل وہ لق و دق میدان جس میں دور تک درخت اور آبادی نہ ہو۔

—— گیر: (ف) مذکر؛ ڈوئی، بڑا چمچہ۔

—— لانا / آنا: (ا) جھاگ لانا، پھین نکالنا (۲) غصے میں تھوک اڑانا، جلد غصہ ہو جانا، غصے ہونا۔

—— مرجان: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ مرجاں کی شاخیں جو پنجے کی شکل کی ہوتی ہیں۔

کفار: مذکر؛ جمع کافر کی، انکار کرنے والے۔

کفارہ: (ع) مذکر؛ (ا) گناہ دھو دینے والا (۲) (اصطلاح) خطا یا گناہ کا بدلہ۔

کفاف: (ع) مذکر؛ (ا) اندازہ (۲) روزمرہ کا خرچ، روٹی کپڑا، روزینہ (۳) وظیفہ۔

کفالت: (ع) مونث؛ ضمانت، ذمہ داری، بار اٹھانا۔

—— نامہ: مذکر؛ ضمانت کی دستاویز۔

کفایت: (ع) مونث؛ (ا) کافی ہونا، کثرت، نفع (۲) بچت کمی، صرفہ۔

—— شعار: کم خرچ کرنے والا، جز رس۔

—— شعاری: کم خرچی، جز رسی۔

کفر: (ع) مذکر؛ (ا) خدا کا انکار، خدا کی ناشکری (۲) (مجازاً) ضد، ہٹ۔

—— بکنا: بے دینی کی باتیں کرنا۔

—— توڑنا: (مجازاً) ضد توڑنا، ہٹ توڑنا، کوئی بات کسی کو مشکل سے منوانا۔

کفرستان: (ف) مذکر؛ کافروں کا ملک۔

کفر کا فتویٰ دینا: کسی کو ملحد یا کافر قرار دینا۔

—— کا کلمہ بولنا / منہ سے نکالنا: خدا کی شان میں گستاخی کرنا۔

کفران: (ع) مذکر؛ ناشکری۔

—— نعمت: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ نعمت کی ناشکری، احسان فراموشی۔

کفش: (ف) مونث؛ جوتی، نعل دار جوتی، نعلین۔

—— بردار: (ف) (ا) جوتیاں اٹھانے والا (۲) ادنا ترین، ادنا مرتبے کا۔

—— پا: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ پانو کی جوتی، پاپوش۔

—— خانہ: مذکر؛ (ا) جوتے رکھنے کا گھر (۲) (انکسازاً) اپنا مکان۔

—— دوز / گر: (ف) مذکر؛ موچی، جوتی بنانے والا۔

کَفک : (ف) مونث ؛ (۱) ہتھیلی، (۲) تلوا۔
کَفَل : (ع)، مذکر ؛ چوتڑ، آدمی یا حیوان کے سُرین۔
کف لِنکس CUFF - LINKS (انگ) مذکر ؛ آستین کے بٹن۔
کَفَن / کَفْن : (ع) مذکر ؛ مُردے کو لپیٹنے کا کپڑا
کَفنانا : مُردے کو کفن پہنانا۔
دَفنانا : مُردے کو کفن پہنانا اور دفن کرنا۔
کَفَن پھاڑ کر بولنا : اچانک بول اُٹھنا، چیخ مارنا، بے تاب ہوکر بولنا۔
چور : (۱) قبر کھود کر مردے کا کفن چرا لینے والا کفن کھسوٹ (۲) (کنایتاً) شریر، بے رحم۔
کَفَن دَفن : تجہیز و تکفین۔
دینا : مُردے کو کفن کا کپڑا پہنانا۔
سر سے باندھنا / لپیٹنا : (کنایتاً) مرنے کو تیار ہونا زندگی کو خطرے میں ڈالنا، جان پر کھیلنا۔
کو کوڑی نہ ہونا : نہایت مفلس، قلاش ہونا۔
کھسوٹ : (۱) کفن چور (۲) آدمیوں کا مال کھا جانے والا۔
کے کام آئے : (عم) کفن کو لگے۔
میلا نہ ہونا : (کنایتاً) مرے ہوئے بہت زمانہ نہ گزرنا۔
نصیب نہ ہو : (بددُعا) بے گور و کفن رہے۔
کَفنی / کَفَنی : (ف) مونث ؛ (۱) ایک قسم کا بے سِلا کرتا فقیروں کا پیرہن (۲) مُردے کے گلے میں ڈالنے والا کپڑا (۳) بے آستین کا بے سِلا کرتا جو نوزائیدہ بچوں کو پہناتے ہیں۔
کُفو : (ع) مذکر ؛ (۱) مانند، برابر، ایک برادری کا، ایک خاندان کا، ہم ذات، ہم قوم (۲) فرقہ، قوم، برادری۔
کَفیل : (ع) ضامن، ذمہ دار، پرایا کام سنبھالنے والا۔

ک ۔ ک

کُک : COOK (انگ) مذکر ؛ باورچی، کھانا پکانے والا۔
کُکرالی : بغل کا پھوڑا، ایک قسم کی گلٹی جو بغل میں ہوجاتی ہے۔
کُکرمُتّا : ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے۔
کُکرونْدا : مذکر ؛ ایک قسم کی گھاس جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔
گُگڑ : مذکر ؛ (۱) لمبے نیچہ کا حُقہ، مٹی کا بڑا حُقہ، ایک قسم کا بھربھرا تمباکو (۲) (کنایتاً) دُبلا پتلا، حقیر آدمی۔
باز : بہت حقہ پینے والا۔
خانہ : مذکر ؛ (۱) حقہ پینے کی جگہ، تکیہ، دائرہ (۲) بُری صحبت۔
گُگڑوالا : (۱) بازاروں میں حُقہ پلانے والا (۲) (مجازاً) گھٹیا آدمی۔
گُگڑوں کوں : مونث ؛ مُرغے کی بانگ۔
گُگڑی : مونث ؛ ایک قسم کی ترکاری۔
کھیرا کرنا : کم تر سمجھ کر کوسنا، بات بات پر کوسنا۔
گُگڑی : مونث ؛ (۱) کچے سوت کی لچھی اَنٹی (۲) مکئی کا بھٹا، (۳) (پنجاب) مرغی (۴) ہدار کا پھل۔
ہوجانا : (عم) سردی سے اینٹھ جانا، سُوکھ کر دُبلا ہوجانا، سمٹ کر ذرا سا ہوجانا۔
کِکیانا : (۱) بندر یا کُتّے کا چلّانا (۲) چیخنا، چنگھاڑنا۔
کگار / کگر : مونث ؛ (۱) کنارا، حاشیہ (۲) سلامی دار چھت کے اوپر کا کنارا (۳) دھار، باڑھ۔

ک ۔ ل

کَل : کالا کا مخفف۔
جبھا : (۱) کالی زبان کا (۲) (اصطلاح) وہ شخص جس کی بددعا جلد اثر کرے، منحوس (مونث) کل جبھی۔
چڑا : مذکر ؛ (۱) ایک خوش آواز پرندہ (۲) (دہلی) ایک قسم کی پتنگ۔
سرا : (۱) وہ پرندہ جس کا سر یا چوٹی سیاہ ہو۔ (۲) (مجازاً) انسان۔
مُوہا : مذکر ؛ (۱) کالے منھ کا (۲) کم بخت، بدنصیب۔
مُوہی : مونث ؛ (۱) ایک قسم کی عورتوں کی گالی (۲) ذلیل، نابکار، بدنصیب عورت۔
کَل : مونث ؛ (۱) مشین، کام کرنے کا آلہ (۲) (کنایتاً)

وہ چیز جس سے دوسرے پر قابو ہو جائے (۳) حکمتِ عملی۔
—— بے کَل ہونا: بے چین ہونا۔
—— دَار: مذکر؛ (۱) مشین سے ڈھلا ہوا سکہ، چہرہ شاہی روپیا (۲) مونث؛ بلیبی والی بندوق، گھوڑا لگی ہوئی بندوق۔
کَل کا پُتلا: مذکر؛ مشینی، دوسرے کی مدد سے کام کرنے والا، دوسرے کا تابع۔
—— کا گھوڑا: مشین سے چلنے والا گھوڑا۔
—— مَروڑنا / موڑنا / گھمانا: (۱) مشین چلانا (۲) دباؤ ڈالنا، طبیعت کو پھیر دینا۔
—— ہاتھ میں ہونا: کسی پر قابو ہونا۔
کَل: مونث بر(۱) آرام، چین، (۲) پہلو، ڈھب، طور۔
—— آنا: چین پڑنا، اطمینان ہونا، قرار آنا۔
—— پانا: آرام پانا، چین پانا۔
—— پڑنا: اطمینان ہونا، بے چینی دور ہونا۔
کَل: مونث: (۱) گزرا ہوا دن (۲) آنے والا دن (۳x کنایتاً) روزِ قیامت (۴) زمانۂ قریب۔
—— کا ذکر ہے: چند دنوں کی بات ہے۔
—— کا لڑکا: (۱) تھوڑے عرصے کا پیدا ہوا (۲) (کنایتاً) ناتجربہ کار۔
—— کس نے دیکھی ہے: آنے والے دن کا اعتبار نہیں جو کرنا ہے آج کر لو۔
—— کَلاں / کَلاں کو: (دہلی) قدیم، بعد میں، آئندہ زمانے میں۔
—— کو: کل، پھر، آئندہ۔
—— کی بات: تھوڑے عرصے کا ذکر۔
—— کی باتیں: گزشتہ باتیں۔
کَلا کَلی: (ہ) مذکر؛ ایک قسم کا ہندوستانی رقص۔
کَل کی کل پر: آئندہ کی فکر نہ کرو۔
کُل: (ہ) مذکر؛ خاندان، قبیلہ۔
کُل: (ع) (۱) تمام، سب، پورا (۲) (تصوف کی اصطلاح) خدا جو واحد مطلق ہے (۳) ہر، ہر ایک (۴) صرف، لفظ۔
—— کائنات: (کنایتاً) مونث، تمام سرمایہ۔
کُلّیتاً: (ع) بالکل۔
کُلّیہ: (ع) مذکر؛ (۱) جزئیہ کا ضد (۲) عام قاعدہ۔
کَلا: (ہ) مونث؛ فنونِ لطیفہ۔
کَلہ بکلہ جواب دینا: برابر کا جواب دینا، تُرکی بہ تُرکی جواب دینا۔
کَلّا: مذکر: (۱) کونپل (۲) گال، جبڑا (۳) بدزبانی، زبان درازی (۴) لیمپ یا لالٹین کا وہ پرزہ جس میں بتی لگاتے ہیں۔
کلّا توڑنا: (کنایتاً) مغلوب کر دینا، مُنہ توڑ دینا۔
—— ٹھلّا: (۱) زبان درازی، ظاہرداری، دکھاوٗ، رُعب داب (۲) (کنایتاً) چرب زبانی۔
کلے تلے دَبا لینا: زبان درازی کر کے کسی کو دبا لینا۔
—— دَراز: چلّا کر بولنے والا، بدزبان، لڑاکا۔
—— دَرازی: مونث؛ (۱) چلّانا، شور مچانا (۲) زبان درازی۔
کُلّا: (ہ) مذکر: کُلّی۔
کلا بازی: مونث؛ (عم) قلابازی۔
—— کھانا: (۱) نٹ کی طرح سر نیچا ٹانگیں اوپر کر کے لوٹنے لگنا (۲) بچے کا پٹخنیاں کھانا۔
کَلابَتّو: چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بٹے جاتے ہیں، چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈور۔
کلابہ: (ف) کلاوہ، کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو۔
کلار / کلال: مذکر؛ شراب بیچنے والا۔
کِلاس: CLASS (انگ) مذکر؛ (۱) درجہ، جماعت، (۲) ذات پات۔
—— ٹیچر: TEACHER (انگ) مذکر؛ مدرسے کی جماعت کا استاد۔
—— فیلو: FELLOW (انگ) مذکر؛ ہم جماعت ہم سبق۔

کلاسیکل : CLASSICAL (انگ) کلاسیکی۔
کلاسیکی : وہ موسیقی، مصوری اور ادب جس میں توازن، تناسب، وحدت اور سادگی کے ساتھ عظمت بھی ہو۔
کلاسیکیت : (ا) وہ خصوصیات جو موسیقی، مصوری اور ادب کو توازن، وقار، اعتبار اور عظمت بخشتی ہیں (۲) فصاحت و بلاغت کا اعلا معیار، شکسالی پن۔
کلاغ : (ف) مذکر؛ جنگلی کوا۔
کلال : مذکر؛ (ا) شراب بیچنے اور کھینچنے والا (۲) ہندوؤں کا ایک فرقہ جس کا پیشہ شراب فروشی ہے۔
خانہ : مذکر؛ شراب خانہ۔
کُلال : (ف) مذکر؛ کمہار، کاسہ گر، مٹی کے برتن بنانے والا۔
کلام : (ع) مذکر؛ (ا) بات، سخن، گفتگو (۲) وہ عبارت جو کم از کم دو کلموں سے مرکب ہو (۳) علم کلام (۴) شعر و سخن، نظم (۵) اعتراض، عذر، شک و شبہ، محبت (۶) قول (ر)، (عو) کلام اللہ (۸) گفتگو (۹) سوال۔
—— اللہ / پاک / مجید : خدا کا کلام، قرآن شریف۔
—— دکھانا : شاعری پر اصلاح لینا۔
—— دیکھنا : شاعری پر اصلاح دینا۔
—— کرنا : (ا) بولنا، بات چیت کرنا (۲) جھگڑنا، بحث کرنا، شبہ کرنا۔
—— ہونا : اعتراض ہونا، شبہ ہونا، انکار ہونا۔
کلام الملوک، ملوک الکلام : (ع) (مثل) بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلا ہوتی ہیں۔
کلاں : (ف) بڑا، بزرگ، دراز، بہتر، بلند، وسیع۔
کلانا : چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا صدمہ کرنا، جلنا، سوزش ہونا۔
کلانچ : مونث؛ قلانچ۔
کلاونت / کلاوَنت : مذکر؛ گویا، مغنی، وہ گویا جس کا خاندانی پیشہ گانے کا ہو۔
کلاوہ : (ف) مذکر؛ (ا) تکلے پر لپیٹا ہوا کچا سوت (۲) رنگین گٹھے دار سوت۔
کُلاہ : (ف) مونث؛ (ا) ٹوپی، لمبی ٹوپی (۲) تاج شاہی۔
—— اُتارنا : (کنایتاً) بے عزت کرنا۔
—— نما : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ فقیروں کی شملے والی ٹوپی۔
کلائمکس : CLIMAX (انگ) مذکر؛ (ا) کسی ڈراما یا کہانی کا نقطۂ عروج (۲) کمال، عروج۔
کلائی : مونث؛ (ا) ہتھیلی اور کہنی کے درمیان کا حصہ (۲) ایک قسم کی ورزش۔
—— اُتارنا : کلائی موڑ دینا۔
کلب : CLUB (انگ) مذکر؛ انجمن، سوسائٹی۔
کَلب : (ع) مذکر؛ کتا۔
کَلبل : مونث؛ (عو) بلا، آفت۔
کِلبِل : مونث؛ (ا) کیڑوں کا رینگنا (۲) (مجازاً) بچے کچھے۔
کلبلانا : کیڑوں کا رینگنا۔
کُلبُلانا : (ا) آہستگی سے ہلنا (۲) تڑپنا، بیقرار ہونا (۳) کیڑوں کا رینگنا (۴) انتڑیوں کا بولنا، پیٹ میں قراقر ہونا (۵) سوتے میں حرکت کرنا۔
کُلبُلاہَٹ : مونث؛ (ا) کیڑوں کا رینگنا (۲) نیند میں بار بار جنبش کرنا (۳) کسی بات کا دل میں پھرنا۔
کُلبہ : (ف) مذکر؛ چھوٹا سا گھر، جھونپڑا، کونا، گوشہ۔
کُلبۂ اَحزاں : (ف) مذکر؛ غموں کا گھر، ماتم کدہ۔
کُلبیّت : (ع) (ا) نک چڑھا پن، خشک مزاجی، تند خوئی (۲) دنیا اور اسباب عیش سے نفرت کرنے کا فلسفہ، (۳) ایک یونانی فلسفۂ زندگی۔
کَلپ : مذکر؛ (ع م) اہار، کانجی، کلف، جو دھوبی کپڑوں پر لگاتے ہیں۔
کَلپ : مذکر؛ (ع) (ا) وید کی ایک فصل (۲) ہندو عقیدہ، دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ (۳) قیامت (۴) خطرہ، اندیشہ (۵) شک و شبہ (۶) مطلب مراد (۷) صرف و نحو، گرامر۔
کِلپ : CLIP (انگ) کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا کر کے لگانے کی چمٹی۔

گلپانا: (ع) ستانا، تڑپانا۔
گلپنا: (ا) صدمہ یا آہ وزاری کے ساتھ رنج کرنا، (۲) تڑپنا (۳) کسی کے حق میں بددعا کرنا۔
گلپنا: ——— (ع) مونث؛ (ا) خیال، تخیل (۲) مان لینا، فرض کر لینا۔
گلتی: مونث؛ ایک غلہ کا نام، ماش۔
گل جانا: کیلنا۔
گل جگ: (ع) اسم، مذکر؛ (ا) ہندو عقائد کے مطابق چار زمانوں میں سے آخری اور موجودہ زمانہ (۲) (کنایتاً) برا زمانہ۔
گلچا/گلچہ: (ا) چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جائے، (۲) لکڑی کا گول گتا جو خیمہ کی چوب میں لگا ہوتا ہے۔
گلچر: CULTURE (انگ) مذکر؛ تمدن، ثقافت۔
گلچرل: CULTURAL (انگ) تہذیبی، تمدنی، ثقافتی۔
گلچھڑا: مذکر؛ (ا) ایک خوش آواز پرندہ (۲) ایک قسم کی پتنگ۔
گلچھن: (ع) مذکر؛ برا چلن، بدکرداری، بدمذاقی۔
گلر بکس: COLOUR-BOX (انگ) مذکر؛ مختلف رنگوں کا ڈبا، رنگین پنسلوں کا ڈبا۔
کلرک: CLERK (انگ) مذکر؛ (ا) منشی (۲) محرر (۳) اہل کار (۴) کارکن۔
گلڑھ: (عم) (ا) بے وقوف، کودن، جاہل (۲) مذکر؛ مٹی کا برتن، آبخورہ۔
گلس: مذکر؛ (ا) گنبد کے اوپر کی کلغی، گنبد (۲) مسجدوں مندروں کے گنبد کے اوپر کی سنہری کلغی، (۳) (ع) گگرا، لوہے تانبے پیتل وغیرہ کا گھڑا۔
گلسا: مذکر؛ تانبے یا پیتل کا بڑا گھڑا۔
گلسی: مونث؛ (ا) چھوٹا کلسا (۲) چھوٹا کلس۔
گلغی: مونث؛ (ا) پروں کا خوشنما گچھا جو بعض پرندوں کی چوٹی پر قدرتی ہوتا ہے (۲) کلس، گنبد، (۳) طرہ جو پگڑی یا ٹوپی یا تاج میں لگاتے ہیں۔
گلف: (ا) ایک پکی ہوئی لیس دار چیز جسے کپڑے میں سختی لانے کے لیے استعمال کرتے ہیں (۲) اچار کا بھی (۳) خون کی خرابی سے چہرے پر پیدا ہونے والے سیاہ دھبے۔
گلفت: (ع) مونث؛ تکلیف، مصیبت، بے چینی۔
گلفت دور ہونا: کدورت جاتی رہنا، تکلیف یا رنج مٹنا۔
گلک: (ف) مذکر؛ مونث؛ (ا) کھوکھلی نرکل، بانسری (۲) قلم کا نیزہ، قلم، خامہ۔
گلکاری: مونث؛ (ا) چیخ، زور کی آواز (۲) بندر کے چلانے کی آواز۔
کل کل: (ع) مونث؛ (ا) بک بک، بے ہودہ محبت (۲) تکرار، چیخ (۳) شور وغل (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا۔
گلگلانا: (عو) چڑ چڑانا، کاٹ کھانے کو دوڑنا۔
کلکٹر: COLLECTOR (انگ) مذکر؛ (ا) ضلع کا حاکم (۲) جمع کرنے والا، وصول کرنے والا محصل۔
کلمات: (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع کلمہ کی۔
کلمہ/کلمہ: (ع) مذکر؛ (ا) بات، قول، لفظ (۲) (شرعی اصطلاح) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (۳) بامعنی لفظ جو انسان کے منہ سے نکلے۔
——— بھرنا: (عو) کسی کا بے حد معتقد ہونا، کسی کو ہر وقت یاد کرتے رہنا۔
——— پڑھانا: (کنایتاً) مسلمان بنانا۔
——— پڑھنا: (ا) کلمہ شہادت پڑھنا، مسلمان ہونا (۲) خدا کو یاد کرنا، خدا کا نام لینا (۳) ماننا، دم بھرنا، اطاعت کرنا (۴) نام رٹنا (۵) شیدا ہونا، فریفتہ ہونا۔
کلمہ حق: کلمۃ الحق، سچی بات، حق بات، انصاف کی بات۔
——— خیر: کلمۃ الخیر، اچھی بات، نیک بات، نیک صلاح، تعریف، مدح، سفارش۔
——— کفر: مذکر؛ (ا) وہ بات جس سے اسلام کی مخالفت

اور اہانت ہو (۲) گستاخی کی بات، (۳) غرور کی بات (۴) ناشکری۔

کلمہ گو: (ا) مسلمان (۲) دعاگو، معتقد۔

کلمے کا شریک: مسلمان بھائی، دینی بھائی۔

—— کی انگلی: انگوٹھے کے پاس کی انگلی، انگشت شہادت۔

کلنک: مذکر؛ رسوائی، الزام، بدنامی، داغ، عیب۔

—— کا ٹیکا: رسوائی کا داغ، بدنامی کا دھبا۔

—— لگانا: عیب لگانا، بدنام کرنا، رسوا کرنا۔

کلنکی: بدنام، رسوا، ذلیل۔

کلنکنی: مونث؛ بدنام عورت، ذلیل عورت۔

کلنگ: (ف) مذکر (ا) ایک لمبی گردن کا آبی پرندہ قاز (۲) (کنایتاً) لمبی ٹانگوں کا آدمی (۳) اصیل مرغ۔

کلنی: مونث، چمڑی ایک چھوٹے سے کیڑے کا نام اکثر گائے بکری اونٹ اور کتے کے جسم میں پایا جاتا ہے۔

کلو: مذکر؛ کالے رنگ کا آدمی، کالا آدمی۔

کلوا: کالا کتا، کالا کلوٹا آدمی۔

کلوٹا: (ا) کالا، سیاہ فام۔

کلوار: مذکر؛ کلال، شراب بیچنے والا۔

کلوانا: منتر پڑھ کر کیلوں سے باندھنا، حصار کرانا۔

کلوخ: (ف) مذکر؛ (ا) مٹی کا ڈھیلا (۲) پکی یا کچی اینٹ کا ٹکڑا، روڑا۔

—— انداز: (ف) ڈھیلا مارنے والا۔

کلور: گائے کا نوجوان بچہ۔

کلوک روم: CLOCK ROOM (انگ) مذکر؛ (ا) امانت گھر (۲) ریلوے اسٹیشنوں پر عارضی طور پر مسافروں کے سامان رکھنے کا کمرا (۳) کپڑے وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔

کلول / کلول / کلول: مونث؛ (ا) کھیل کود، اچھل کود (۲) چلبلاپن (۳) دل لگی، شوخی (۴) کلیل، چین، مزے۔

—— ٹلنا: (عو) مصیبت دور ہونا، بلا ٹل جانا۔

کلولیں کرنا: (ا) جانوروں کا خوشی سے اچھلنا، کودنا (۲) مزے کرنا، خوشی میں بولنا، چہچہانا (۳) کھیلنا کودنا۔

کل ونتی: (ع) مونث، (ا) اچھے گھرانے کی عورت، شریف زادی (۲) پاک دامن۔

کلونجی: مونث؛ ایک قسم کا سیاہ بیج۔

کلونس: مونث؛ (ا) کالک، سیاہی، کاجل، (۲) (کنایتاً) الزام، بدنامی۔

—— کا ٹیکا: کلنک کا ٹیکا۔

کلونس لگانا: (ف) عیب لگانا، بدنام کرنا،

کلہ: (ف) مذکر؛ سر، کھوپڑی۔

کلہ: (ف) مونث؛ کلاہ کا مخفف، ٹوپی۔

کلہاڑا: مذکر؛ بڑی کلہاڑی۔

کلہاڑی: مونث؛ لوہے کا وہ اوزار جس سے لکڑی کاٹتے چیرتے اور پھاڑتے ہیں۔

کلھڑ: مذکر؛ (ا) مٹی کا بڑا آبخورہ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) بے ڈول آدمی، جاہل، اجڈ۔

کلہم: (دیکھو کل)۔

کلھیا: مونث؛ (ا) مٹی کا بہت چھوٹا گول برتن (۲) مٹی کا چھوٹا برتن جس میں پرندوں کا دانہ پانی رکھتے ہیں (۳) وہ برتن جس میں کتھا یا چونا رکھتے ہیں۔

—— سا: بہت تنگ، چھوٹا۔

—— میں گڑ پھوڑنا: کوئی کام چھپا کر کرنا، ناممکن کام کرنا۔

کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے: برائی چھپ نہیں سکتی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

—— بھرنا: (ع) دیوالی کی پوجا کے وقت کلھیوں میں کھیلیں ڈالنا، دیوی دیوتاؤں پر دودھ یا شربت چڑھانا۔

کلی: مونث؛ (ا) بن کھلا پھول، غنچہ، شگوفہ، کونپل (۲) پرندوں کے نئے اور چھوٹے پر، (۳) کنواری دوشیزہ، باکرہ (۴) تکونی تراش کا کرتا یا جامہ (۵) ایک قسم کا صراحی دار حقہ (۶) گیلا چونا، قلعی۔

—— پوش: پرندے کا بچہ جس کے نئی نکلی ہو۔

—— پھوٹنا: (ا) پرندوں کے ابتدائی پر نکلنا (۲) غنچہ کا شگفتہ

ہونا۔
—— چٹکنا: کلی کا کھلنا۔
—— دار پائجامہ: وہ پائجامہ جس میں کلیاں ہوتی ہیں۔
—— کھلنا: (۱) غنچے کا شگفتہ ہونا (۲) خوشی حاصل ہونا۔
کُلّی: (ع) مونث؛ سارا، پورا، تمام۔
کُلّی: مونث؛ (۱) مُنہ میں پانی بھر کر اُگلنا (۲) وہ دَوا جس سے غرارہ کریں۔
کُلیا: (عم) مونث؛ پتلی گلی، تنگ کوچہ۔
کُلیات (کُلّ، اِلیات) (ع) مذکر؛ مونث؛ تمام تصنیفات یا نظموں کا مجموعہ (زیادہ تر نظم کے مجموعے کے واسطے مستعمل ہے)
کلیان: (ہ) مذکر؛ (۱) بھلائی، خوش حالی، بہتری (۲) ایک راگنی کا نام۔
کلیانا: (عم) (۱) درخت میں کلیاں آنا (۲) پرندوں کے نئے پَر نکلنا۔
کُلیت: مونث؛ پورا پن، پورا ہونا۔
کلیجا: مذکر؛ (۱) جسم کا ایک عضو، جگر (۲) (مجازاً) ہمت جرأت حوصلہ، دلیری (۳) سینہ، دل (۴) (کنایتاً) پیارا، عزیز (۵) (کنایتاً) (عو) نہایت عزیز چیز، دولت، جمع، پونجی۔
—— اُچھلنا: (۱) (عو) دل دھڑکنا (۲) خوشی سے بیتاب ہوجانا۔
—— اُڑا جانا: گھبرائے جانا۔
—— اُلٹ پلٹ ہونا: بہت گھبرانا، بے چینی ہونا، اضطراب ہونا۔
—— اُلٹنا: دل کا بے قرار ہوجانا، جی گھبرانا، وحشت ہونا۔
—— بڑھ جانا: بہت بڑھ جانا خوشی سے دل کا باغ باغ ہوجانا۔
—— بھُونا: (عو) جلانا، کُڑھانا۔
—— بیٹھا جانا: دل بیٹھا جانا خوف یا کمزوری سے دل ڈوبا جانا۔
—— پاش پاش ہوجانا: دل کڑھنا، دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا، صدمہ ہونا۔
—— پانی ہونا: (مجازاً) رحم آنا، ترس آنا، خوف زدہ ہونا۔
—— پتھر کرلینا: دل کو سخت کرلینا، بے حس ہوجانا۔
—— پتھر ہوجانا: نہایت سخت ہوجانا۔
—— پکانا: دل دکھانا، کُڑھانا، جلانا، رنج دینا۔
—— پک جانا/پکنا: (۱) (کنایتاً) عاجز آجانا (۲) تنگ آجانا (۳) جلنا۔
—— پکڑ کے رہ جانا: (۱) کسی صدمے کی تاب نہ لانا، دل تھام کر رہ جانا، تڑپ کر رہ جانا (۲) حیرت میں پڑ جانا، حیران ہوجانا (۳) مزے میں آکر لوٹنے لگنا۔
کلیجا پکڑ لینا: (۱) کسی صدمے سے بے تاب ہوجانا، (۲) (عو) چھاتی جکڑ دینا۔
—— پکڑ لینا: (۱) کسی صدمے سے بیتاب ہوجانا (۲) (عو) چھاتی جکڑ دینا۔
—— پکڑنا: کلیجا تھامنا، کلیجے کو دبانا تاکہ زیادہ صدمہ نہ پہنچے۔
—— پک جانا: مسلسل دکھ جھیلتے رہنے سے تنگ آجانا۔
—— پھٹ جانا: (۱) اچانک بہت بڑا صدمہ پہنچنا (۲) حسد سے جل جانا (۳) دل میں فرق آنا (۴) عشق و محبت کا گھائل ہوجانا۔
—— پھٹنا: (کنایتاً) (۱) ترس آنا، رحم آنا، دل بھر آنا (۲) دل پر صدمہ گزرنا (۳) رشک و حسد سے جلنا۔
—— پھُونکنا: جلانا، کُڑھانا۔
—— تھام تھام کر رونا: روتے روتے بُرا حال کرلینا۔
—— تھام کر: دل پکڑ کے تڑپ کر، بے قرار ہوکر۔
—— تھام کے رہ جانا: دل مسوس کر رہ جانا، تڑپ کر رہ جانا، صبر کر بیٹھنا، دکھ کا اظہار نہ کرنا۔
—— ٹھنڈا رہے: (دعا) خوش رہو، آرام سے رہو۔
—— ٹھنڈا کرنا: چین دینا، تسکین دینا، کسی کو خوش کرنا۔
—— ٹھنڈا ہونا: (۱) جی، خوش ہونا، تسلی پانا (۲) صبر آنا، چین پڑنا۔
—— جلانا: (۱) دل جلانا، صدمہ پہنچانا، (۲) (کنایتاً) نشہ آور چیز دل کا بے تماشا استعمال کرنا۔
—— چاہیے: ہمت چاہیے۔
—— چُور ہونا: بہت صدمہ اُٹھانا۔
—— چھلنی ہوجانا: دل کا خون ہوجانا، طعن و تشنیع سے

تنگ آجانا۔
——— چھیدنا: صدمہ پہنچانا، دکھ دینا، طعنے دینا۔
——— خون کرنا: صدمہ پہنچانا۔
——— دھڑکا دینا: خوف زدہ کر دینا، ڈرا دینا۔
——— دھڑکنا: خوف کھانا، اندیشہ کرنا۔
——— دھک دھک کرنا: خوف چھانا۔
کلیجا دھک دھک ہونا: خوف سے دل کانپنا۔
——— دھکڑ دھکڑ ہونا: کلیجہ دھڑکنا۔
——— دھک سے رہ جانا/ہو جانا: خوف یا کسی حیرت انگیز بات سے جی بیٹھ جانا، دہل جانا۔
——— دہل جانا/دہلنا: (کنایتاً) ڈر جانا۔
——— کباب رہنا: کوفت رہنا۔
——— کباب ہونا: دل میں جلن ہونا، کوفت ہونا۔
——— کٹنا: (۱) خون کے دست آنا (۲) دل پر چوٹ لگنا۔ ناگوار گزرنا، جی کڑھنا۔
——— کھانا: (کنایتاً) دکھ پہنچانا، تکلیف دینا۔
——— گھر جینا: (کنایتاً) خوب بھوک لگنا۔
——— کھلانا: بے حد خاطر مدارات کرنا، جان حاضر کر دینا۔
——— مسلنا: بے قرار ہونا۔
——— مسوس کے رہ جانا: کلیجا تھام کے رہ جانا، صدمے کو برداشت کر جانا، صبر کر جانا۔
——— ملنا: دلی صدمہ پہنچانا۔
——— منہ کو آنا: جی گھبرانا، بے چین ہونا۔
——— نکال کے رکھ دینا: اپنی سچائی ثابت کرنے کے لیے جان دینے پر آمادہ ہو جانا۔
——— ہاتھ بھر کا ہو جانا: ہمت بڑھ جانا، حوصلہ بڑھ جانا۔
——— ہلا دینا: ڈرا دینا، خوف زدہ کر دینا۔
——— ہل جانا: دہشت زدہ ہو جانا۔
کلیجی: مونث؛ کلیجا کی نابنت، جانوروں کا جگر۔
کلیجے پر پتھر رکھ لینا: صبر کر لینا۔
——— پر تیر لگنا: دل پر چوٹ لگنا، کوئی اچانک صدمہ پہنچنا۔
——— پر چوٹ لگنا: گھونسا لگنا، اچانک صدمہ پہنچنا۔
——— پر چھری چلنا: (کنایتاً) دل پر صدمہ گزرنا۔
——— پر سانپ لوٹنا: رشک و حسد سے بے قرار ہونا۔
——— پر ہاتھ دھر کے دیکھنا: (۱) دوسرے کے دل کا حال اپنے دل سے جاننا (۲) جھوٹ سچ کا اندازہ لگانا
——— سے آہ نکلنا/سے دھواں اٹھنا: دل جلنا، دل سے آہ نکلنا۔
کلیجے سے لگا کے رکھنا: نہایت عزیز رکھنا، ایک پل کے لیے جدا نہ ہونے دینا، احتیاط اور حفاظت سے رکھنا۔
——— سے لگا لینا/لگانا: گلے سے لگا لینا، قبول کر لینا، پیار کرنا۔
——— کا ٹکڑا: (۱) لختِ جگر (۲) (کنایتاً) پیارا بیٹا۔
——— کی ٹھنڈک: (کنایتاً) جس سے دل کو تسکین ملے، راحتِ جاں۔
——— کے اندر پھانس لگنا: (۱) کسی اندرونی تکلیف میں مبتلا ہونا (۲) کسی تکلیف دہ بات کا کھٹکنا۔
——— کے پار ہونا: بے حد ناگوار گزرنا۔
——— میں آگ لگنا: (۱) سینے میں جلن ہونا (۲) شدت کی پیاس لگنا، بے قرار ہونا۔
کلیچہ: (ف) کلیجہ۔
کلید: (ف) مونث، چابی، کنجی۔
——— ایمان/بہشت: (اضافت کے ساتھ (ف) مونث؛ (کنایتاً) کلمۂ شہادت۔
کلیسا/کلیسیا: (یونانی) گرجا، چرچ، عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
کلیش: مذکر؛ (ہ) دکھ، درد، تکلیف۔
کلیل: مونث؛ (۱) گھوڑے کی اچھل کود، چوپایہ جانوروں کا خوشی سے اچھلنا کودنا (۲) اچھلنا کودنا، رنگ رلیاں منانا، مزے کرنا، چہکنا۔
کلیلیں کرنا/بھرنا: خوشی سے اچھلنا کودنا۔
کلیل میں خلیل لگنا: خوشیوں میں اچانک رنج پیدا ہونا، رنگ میں بھنگ ہونا۔
کلیم (ع) (۱) کلام کرنے والا ہم سخن (۲) حضرت موسیٰؑ کا لقب۔
——— اللہ: (ع) مذکر؛ (۱) اللہ سے بات کرنے والا، (۲)

حضرت موسیٰؒ کا لقب۔ دہلی کے ایک اولیاء کا مزار۔

کُلین : (ہ) اشراف، عالی خاندان، بنگال کے برہمنوں کا ایک فرقہ۔

کلینر : CLEANER (انگ) مذکر؛ صاف کرنے والا، موٹر کار یا کسی انجن یا مشین کو صاف کرنے والا۔

کلینک : CLINIC (انگ) مذکر؛ (ا) شفاخانہ (۲) مطب۔

کُلیہ : (ع) مذکر؛ (ا) کالج، یونیورسٹی (۲) عام قاعدہ (۳) تمام و کمال، سب کا سب (۴) جزئیہ کی ضد۔

کَلے والی / کَلّے ٹھلّے والی : زبان دراز عورت، گالی گلوچ بکنے والی

ک۔م

کَم : (ف) (ا) تھوڑا، ذرا سا (۲) شاذ و نادر (۳) چھوٹا، ادنا۔

—— **از کم** : کم سے کم، بہت تھوڑا، بہت کم۔

—— **اصل** : (ف) پست ذات کا، کمینہ، ذلیل، نالائق۔

—— **اَوقات** : (ف) گھٹیا، بے حیثیت، ادنا۔

—— **بخت** : (ف) بدنصیب، بدقسمت۔

—— **بختی** : (ف) مونث؛ بدقسمتی، مصیبت، شامت۔

—— **بختی کا مارا** : آفت کا مارا، بدنصیب۔

—— **بیں** : (ف) (ا) پست حوصلہ (۲) تنگ نظر (۳) نابینا۔

—— **پایہ** : (ف) معمولی، کم رتبہ، ادنا۔

—— **پڑنا** : (ا) ضرورت سے کم ہونا (۲) نیچا پڑنا، کمزور پڑنا۔

—— **تر** : (ف) گھٹیا، بہت کم، ادنا۔

—— **توجہی** : (ف) مونث؛ بے پروائی، غفلت۔

—— **حوصلگی** : (ف) مونث؛ بے ہمتی، بزدلی۔

—— **حوصلہ** : (ف) بے ہمت، بزدل۔

—— **حیثیت** : ٹٹ پونجیا، کمینہ، ذلیل۔

—— **خرچ** : (ف) (ا) سستا (۲) کفایت شعار (۳) کنجوس۔

—— **خرچ بالانشین** : (ف) (مثل) سستی اور اچھی چیز۔

—— **خوراک** : (ف) کم کھانے والا۔

—— **ذات** : (ف) (ا) نیچ، رذیل، کمینہ۔

—— **رَو** : آہستہ چلنے والا، سست رفتار۔

—— **رُو** : (ف) بدصورت، وہ شخص جو وجاہت نہ رکھتا ہو۔

—— **زور** : (ف) (ا) ناتواں، ضعیف (۲) بودا، (۳) وہ جس میں طاقت کم ہو۔

—— **سخن** : (ف) کم بولنے والا، چپ، بے زبان۔

—— **سخنی** : (ف) مونث؛ کم بات کرنا، تھوڑا بولنا، بے زبانی۔

—— **سن** : کم عمر، چھوٹی عمر کا۔

کم سُننا : (ا) اونچا سننا (۲) دھیان میں نہ لانا، بے توجہی کرنا۔

—— **سنی** : (ف) مونث؛ کم عمری، بچپن۔

—— **فہم** : (ف) ناسمجھ، نادان۔

—— **قدر** : (ف)؛ بے قدر۔

—— **قیمت** : سستا۔

—— **کرنا** : (ا) گھٹانا (۲) مختصر کرنا۔

—— **ظرف** : (ف) (ا) اوچھا، کم حوصلہ (۲) کمینہ۔

—— **عقل** : (ف) بے وقوف۔

—— **عُمر** : (ف) کم سن۔

—— **فُرصتی** : مونث؛ فرصت کم ہونا۔

—— **کُم** : (ف) (ا) آہستہ آہستہ، تھوڑا تھوڑا (۲) گاہے گاہے، کبھی کبھی۔

—— **کھائے غم نہ کھائے** : (ا) غم انسان کو گھلا دیتا ہے، (۲) کم کھانا قرض لے کر کھانے سے بہتر ہے۔

—— **گو** : (ف) کم بولنے والا، کم سخن۔

—— **مایہ** : چھوٹی پونجی رکھنے والا، غریب، بے حیثیت۔

—— **مائگی** : مونث؛ غریبی، بے حیثیتی۔

—— **نصیب** : بدقسمت۔

—— **نگاہی / نگہی** : (ف) مونث؛ بے توجہی، تنگ نظری۔

—— **وبیش** : (ف) تھوڑا بہت، تقریبا۔

—— **ہمت** : (ف) کم حوصلہ، بزدل، ڈرپوک۔

—— **یاب** : (ف) کم ملنے والی چیز، نادر۔

کمتی : کم وزن، کم رتبہ، یا لیاقت میں گھٹا ہوا۔

کمی : (ف) مونث؛ گھاٹا، نقصان، کسر۔

—— کرنا: کوتاہی کرنا، پہلوتہی کرنا۔
کُماچ/کُماچ: (ت) مونث؛ (دہلی) (۱) وہ روٹی جو کہیں سے موٹی اور کہیں سے پتلی ہو، (۲) (مجازاً) موٹی اور گول چیز۔
کماحقہٗ: (ع) بخوبی، ٹھیک ٹھیک، جیسا چاہیے جیسا اس کا حق ہے۔
کماری: (ہ) مونث؛ (۱) بن بیاہی لڑکی، (۲) شہزادی۔
کما کھانا: محنت مزدوری سے پیٹ پالنا۔
کمال: (ع) مذکر؛ (۱) تمام، پورا، (۲) نہایت، بہت انتہا کا (۳) ہنر، قابلیت (۴) انتہائی ترقی (۵) حیرت انگیز بات، انوکھی بات۔
کمال پیدا کرنا: خوبی پیدا کرنا۔
—— حاصل کرنا: ہنر یا فن حاصل کرنا، کسی کام میں مہارت حاصل کرنا۔
—— حاصل ہونا: کسی کام میں ماہر ہو جانا۔
—— درجے کا: انتہا۔
—— دکھانا: ہنر دکھانا، جوہر دکھانا، اُستادی دکھانا، کرتب دکھانا۔
—— رکھنا: فن یا ہنر پر عبور رکھنا۔
—— کا بنا ہونا: (۱) بڑا کرتبی (۲) نہایت عیار، آفت کا پرکالا (۳) فریبی، چال باز، نہایت ہوشیار۔
—— کرنا: (۱) (کنایتاً) حیرت انگیز کام کرنا، غضب کرنا (۲) انتہا کرنا، حد کرنا (۳) مبالغہ کرنا۔
—— کو پہنچنا: کمال حاصل کرنا، انتہا کو پہنچنا، پورا کرنا، ختم ہونا۔
کمالات: (ع) مذکر؛ جمع کمال کی۔
کمان: (د ہ)، مونث؛ انگریزی لفظ کمانڈ کا مخفف۔ حکم، فرمان، قیادت۔
کمان COMAND (انگ) مونث؛ (۱) حکومت (۲) سرداری۔
—— افسر OFFICER —— (انگ) مذکر؛ فوج کا سردار۔
—— پر جانا: لڑائی پر جانا۔
—— پہ چڑھنا: جیتنا، ڈنکا بجنا، اقبال بلند ہونا۔
کمانڈار: COMMANDER مذکر؛ فوج کا افسر۔
کمان: (ف) مونث؛ (۱) تیر پھینکنے کا آلہ (۲) قوس، دھنک (۳) خمیدہ، جھکا ہوا (۴) لچک دار۔
—— اَبرو: (ف) (۱) کمان جیسی بھوؤں والا (۲) (مجازاً) معشوق۔
—— اُتارنا: کمان کا چلّہ اُتارنا، کھنچاؤ کم کرنا۔
کمان اُتر جانا: قوت ختم ہو جانا، اثر جاتا رہنا، رعب داب باقی نہ رہنا۔
—— بردار: (ف) کمان لے کر چلنے والا ملازم، تیر انداز سپاہی۔
—— پُشت: (ف) کبڑا۔
—— تاننا: کمان کا چلّہ چڑھانا۔
—— چڑھانا: کمان پر چلّہ چڑھانا، کمان کو جھکانا۔
—— چڑھنا: (کنایتاً) (۱) دَور دورا ہونا، ڈنکا بجانا (۲) رُعب داب ہونا، غرور میں رہنا (۳) تیوریوں پر بل رہنا۔
کمانچہ: (ف) مذکر، (۱) چھوٹی کمان (۲) روئی دُھننے والی دھنکی، (۳) ایک قسم کا شاہی نشان۔ (۴) ایک قسم کی سارنگی (د) محراب دار چھت۔ طاقچہ (۹) فولاد کی کمانی۔
—— دار: (ف) (۱) کمان رکھنے والا (۲) محراب دار (۳) قوس نما۔
—— گر: (ف) مونث؛ کمان بنانے والا۔
کمانڈ: COMMAND (انگ) مونث؛ کمان۔
کمانڈر: COMMANDER (انگ) مذکر؛ (۱) کمان دار (۲) فوج کا افسر، قائد (۳) قیادت کرنے والا۔
—— اِنچیف: INCHIEF —— (انگ) مذکر؛ سپہ سالار، امیر لشکر۔
کمانا: (۱) روپیا پیدا کرنا، (۲) چمڑے یا لوہے کو کوٹ پیٹ کر ملائم بنانا، (۳) چمڑا صاف کرنا (۴) حاصل کرنا، (۵) کھیت کو درست کرنا (۶) ورزش کی مشق سے

جسم بنانا (۷) روزی حاصل کرنا، پیسا پیدا کرنا (۸) کمزور کرنا (۹) بھنگ کا گھڈیاں صاف کرنا (۱۰) گھٹانا۔

——— دھمانا: (ع) روپیا پیسا پیدا کرنا۔

کمائو: (۱) روپیا کمانے والا، محنتی، مزدور (۲) ہونہار۔

کمائی: مونث (۱) خمیدہ اور لچک دار لوہے کا حلقہ، (۲) بڑھئی کا ایک اوزار (۳) سارنگی کا گز۔

کماؤ پوت: مذکر؛ کمائی کرنے والا بیٹا، ہونہار بیٹا

——— دھن: مذکر؛ (۱) بیٹا، اولاد نرینہ (۲) کرایہ پر چلانے کی گاڑی (۳) (کنایتاً) نوچی۔

کماہی: (ع) جیسا کہ وہ ہے۔

کماہی: (ف) پورا، کامل۔

کمایئنی: (کمائیں۔ یَم۔ بَغی) (ع) جیسا چاہیے، بخوبی۔

کمائی: مونث؛ (۱) آمدنی پیدا، یافت (۲) کام، مزدوری (۳) نفع، فائدہ (۴) (کنایتاً) اولاد۔

——— کرنا: کمانا، دولت جمع کرنا، روپیہ پیدا کرنا۔

کمبل: موٹی اونی چادر۔

کمبھ: (۱) آسمان کا گیارھواں برج (۲) ہردوار کا مشہور میلا۔

کمپا: مذکر؛ لاسا لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پیٹتے ہیں۔

——— مارنا/لگانا: (۱) پرندوں کو کپکے سے پھنسانا (۲) (مجازاً) ڈانو مارنا۔ جُل دینا۔

کمپارٹمنٹ: COMPARTMENT (انگ) مذکر؛ ریل کا ڈبا، درجہ، حصہ۔

کمپاس: COMPASS (انگ) مذکر؛ (۱) پرکار (۲) قطب نما، قبلہ نما (۳) گاڑی کا چکر (۴) زمین ناپنے کا آلہ۔

کمپاؤنڈ: COMPOUND (انگ) مذکر؛ (۱) چہار دیواری احاطہ

کمپاؤنڈر: COMPOUNDER (انگ) مذکر؛ دوا ساز، دواؤں کا مرکب تیار کرنے والا، ڈاکٹر کا معاون، عطار۔

کمپیٹیشن: COMPETITION (انگ) مذکر؛ مقابلہ، سبقت لے جانے کی کوشش، مسابقت۔

کمپنی: COMPANY (انگ) مونث؛ (۱) تجارتی ادارہ (۲) کپتان کے ماتحت، فوج کا دستہ (۳) ٹولی، منڈلی۔

——— باغ: مذکر؛ سرکاری باغ۔

——— راج: ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت۔

کمپو: (انگ) (۱) کیمپ، چھاؤنی (۲) ڈیرے، خیمے، (۳) فوج سپاہ (۴) وہ فوج جو ایک جنرل کے ماتحت ہو۔

کمپوزنگ: COMPOSING (انگ) مونث؛ چھاپے خانے میں ٹائپ جمانے یا جوڑنے کا کام۔

کمپوزیٹر: COMPOSITOR (انگ) مذکر؛ چھاپے کے ٹائپ (حرفچے) جمانے والا، ٹائپ کے حروف جوڑنے والا۔

کمٹمنٹ (کمٹ۔منٹ) COMMITMENT (انگ) مذکر؛ (۱) پابند ہونا (۲) قید (۳) پابندی (۴) وعدہ ذمہ داری۔

کمٹھا: (مذکر) بانس کی کمان۔

کمٹھی: مونث؛ ایک قسم کا زیور۔

کمخاب/کمخواب: (ف) ایک قسم کا زرکار ریشمی کپڑا، زربفت۔

کمر: (ف) مونث؛ (۱) جسم کا درمیانی حصہ (۲) لباس کا وہ حصہ جو کمر پر رہتا ہے (۳) پہلوانوں کا ایک پیچ۔

——— اُکھڑ جانا: کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا۔

——— باندھنا: (۱) (مجازاً) چلنے کو تیار رہنا (۲) مستعد ہونا، آمادہ ہونا، پختہ ارادہ کرنا، ہمت کرنا (۳) امید رکھنا، بھروسہ کرنا۔

——— بستہ: (ف) آمادہ، مستعد، تیار۔

——— بند: مذکر؛ (۱) ازار بند (۲) ٹپکا، باندھنے کی چیز (۳) کمربستہ، تیار، مستعد، لیس۔

——— بندی: مونث؛ تیاری، فوج کا ہتھیاروں اور وردی سے لیس ہونا۔

——— پکڑ کے اُٹھنا/چلنا: (۱) کم زور ہو جانا (۲) بوڑھا ہو جانا۔

——— تکیہ: مذکر؛ کمر ٹکانے کا تکیہ۔

——— توڑنا: (۱) ہمت توڑنا، (۲) کم زور کرنا، بے سہارا کر دینا، زور توڑنا، عاجز کرنا۔

—— ٹوٹ جانا/ ٹوٹنا: (۱) ہمت ٹوٹ جانا، آس جاتی رہنا، زور ٹوٹ جانا (۲) کسی شخص کے مرجانے سے بے سہارا ہوجانا (۳) ہمت پست ہوجانا۔

—— ٹھوکنا: بڑھاوا دینا، شاباشی دینا، تعریف کرنا۔

—— جھکنا: بوڑھا ہونا، کم زور ہونا۔

—— سیدھی کرنا: (۱) لیٹنا، آرام کرنا، دم لینا (۲) (کنایتاً) قیلولہ کرنا۔

—— کاڈھیلا: نامرد۔

—— مضبوط: (۱) طاقتور (۲) پوری قوت باہ والا (۳) دولت مند۔

کمر کسنا: (۱) تیار ہونا، (۲) مستعد ہونا، پکا ارادہ کرنا۔

—— کمر: کمر تک، کمر کے برابر۔

—— کوہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ پہاڑی کا درمیانی حصہ۔

—— کھول کر بیٹھنا: کسی کام سے فارغ ہوکر بیٹھنا، کوشش سے باز آنا۔

—— کھولنا: (۱) پیٹی کھولنا، ہتھیار کھولنا (۲) (کنایتاً) کام سے فارغ ہونا، ارادہ چھوڑ دینا، کوشش ترک کرنا۔

—— لگنا: (۱) چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا (۲) بستر پر پڑے کمر میں زخم ہوجانا۔

—— ہمت باندھنا: ہمت باندھنا، ارادہ کرنا۔

کمرہ: (ا) کوٹھی کے اندر کا ہر ایک درجہ (۲) خلوت خانہ، (۳) ریل یا جہاز کا درجہ۔

کمرشیل: COMMERCIAL (انگ) تجارتی، تجارت سے متعلق۔

کمرک: CAMBRIC (انگ) مونث؛ ایک قسم کا باریک کپڑا۔

کمرکھ: مونث؛ ایک کھٹا پھل اور اس کا درخت، کمرخ۔

کمسریٹ: COMMISSARIAT (انگ) مذکر؛ سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ، رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔

کمشنر: COMMISSIONER (انگ) مذکر؛ ناظر، ناظم، چند ضلعوں یا محکموں کا افسر اعلا۔

کمشنری: مونث؛ (۱) کئی ضلعوں کا حلقہ، قسمت (۲) کمشنر کی کچہری۔

کمک: (ف) (کُومک (تا)) مونث؛ (۱) مدد، سہارا (۲) امدادی فوج۔

کمکی: امدادی، وہ فوج جو مدد دینے کے واسطے ہو۔

کملی: مذکر؛ کمبل۔

کملی: (ف) مونث؛ چھوٹا کمبل، فقیروں کا لباس۔

—— بچھانا: (ع) سوگ ظاہر کرنا۔

—— ڈالنا: دھوکا دے کر لوٹ لینا۔

کملا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا زرد کیڑا (۲) پاگل دیوانہ، (۳) ایک قسم کی نارنگی، (۴) مونث؛ لچھمی دیوی کا نام، وشنو کی بیوی (۵) خوبصورت عورت۔

کملانا: (۱) کملانا، مرجھانا، سوکھنا، دبلا ہونا (۲) (مجازاً) چہرہ اترجانا، غمگین ہوجانا۔

کمنٹری: COMMENTRY (انگ) مونث؛ (۱) بیان جاریہ (۲) (فلمی اصطلاح) دستاویزی فلموں کے تشریحی مکالمے (۳) (اسپورٹس کی اصطلاح) کھیل کے میدان کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرنا۔

کمنٹیٹر: COMMENTATOR کمنٹری کرنے والا۔

کمند: (ف) مونث؛ (۱) پھندا، جال، رسّی کی سیڑھی، (۲) (کنایتاً) رسائی کا ذریعہ۔

کمنڈل: (ع) مذکر؛ (۱) سنیاسیوں اور جوگیوں کے پانی پینے کا برتن، جو عام طور سے مٹی، ٹمڈی یا دریائی ناریل کا بنا ہوتا ہے (۲) کشکول۔

کمنگر: (۱) کمان بنانے والا (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا۔

کموئی: (ف) (کموں، زیر) مونث؛ ایک قسم کی بھون جس کا جزو اعظم زیرہ ہے۔

کمہار: مذکر؛ مٹی کے برتن بنانے والا۔

—— پر بس نہ چلا گدھیا کے کان اینٹھے: (مثل) زبردست کے بدلے کمزور کو ستانا۔

کمہاری: مونث؛ (۱) کمہار کی تانیث، کمہارن (۲) ایک قسم کی بھڑ جو مٹی کا گھر بنا کر رہتی ہے۔

کملانا: دیکھو، کملانا۔

کمیت: (ک م ی ت) (ع) مونث؛ مقدار، مقدار کا

اس چیز کی جو تول ناپی یا گنی جائے۔
کمیت : (ع) مذکر؛ سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا، تیلیا، سُرنگ۔
کمیٹی : COMMITTIE (انگ) مونث؛ مجلس جو کسی خاص مقصد کے لیے مقرر کی گئی جماعت بورڈ۔
—— کرنا : پنچایت کرنا، باہم جمع ہو کر صلاح مشورہ کرنا۔
کمیدان : (ف) کپتان کا نائب۔
کمیرا : مذکر؛ (ا) کھیت پر کام کرنے والا مزدور (۲) مزدور (۳) بھنگی کا نایب۔
کمیشن : COMISSION (انگ) مذکر؛ (ا) دلالی کا معاوضہ تجارتی رعایت (۲) بااختیار جماعت، باعث خصوصی
کمین : (ع) مونث؛ گھات، دشمن یا شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا۔
—— گاہ : (ف) مونث؛ گھات کی جگہ۔
کمینہ : (ف) (ا) کم رتبہ، نیچ (۲) کم ذات۔
—— پن : مذکر؛ اوچھاپن، رذالت، کم ظرفی، پاجی پن۔
کمیونٹی . COMMUNITY (انگ) مونث) فرقہ، گروہ، معاشرہ۔
کمیونزم : COFEUNISE (انگ) مونث؛ اشتمالیت۔
کمیونی کیشن : COMMUNICARION (انگ) مذکر؛ (ا) خبر رسانی، مواصلات (۲) خبر، اطلاع، مکتوب مراسلہ (۳) ترسیل۔

ک۔ن

کَن : مذکر؛ (ا) ریزہ، ذرہ، ٹکڑا (۲) شگوفہ، کلی، کونپل (۳) اناج، غلہ (۴) طاقت، زور (۵) آدھا، کونا، گوشہ، (۶) کان کا مخفف۔
—— انکھیوں سے دیکھنا : ترچھی نگاہ سے دیکھنا، آنکھیں چُرا کر دیکھنا۔
کَن بندھا : مذکر؛ (دہلی) کان چھیدنے والا۔
—— پٹی : مونث؛ کان اور آنکھ کے بیچ کی جگہ۔
—— پھول : مذکر؛ کرن پھول۔
—— ٹوپ : مذکر؛ ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس سے دونوں کان ڈھک جاتے ہیں۔
—— چھیدن : مذکر؛ بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔
—— رس : مذکر؛ (ا) راگ رنگ سننے کا مزہ (۲) بات سننے کا مزہ۔
—— سلائی : مونث؛ ایک قسم کا کیڑا جو اکثر کان میں چلا جاتا ہے۔
—— سُوئیاں لینا : چھپ کر کسی کی باتیں سُننا۔
—— کٹا : بوچا، جس کے کان کٹے ہوں۔
—— کٹا : (ا) کان کاٹنے والا (۲) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔
—— کھجورا / کھنکھجورا : مذکر؛ (ا) کھجور کے درخت کی شکل کا ایک زہریلا کیڑا۔
کَن : (ع) ہونا، ظاہر ہونا، وجود میں آنا۔
—— فکاں / فیکون : (لفظی معنی) ہونا اور وہ ہو گیا۔ (مجازاً) مخلوق، کائنات، عالم موجودات۔
کَنا : مذکر؛ (ا) پتنگ میں اوپر نیچے چھید کر باندھی جانے والی ڈور (۲) جوتی کے پنجے کا کنارہ (۳) کنارہ، کنگر۔
—— نکل جانا : کنارہ پھٹ جانا، کنارہ ٹوٹ جانا۔
کَنوں سے اُکھڑ جانا : (ا) کنا ٹوٹ جانے سے پتنگ کا اُکھڑ جانا (۲) (مجازاً) بگڑ جانا، برہم ہو جانا، ناراض ہو جانا۔
کَنے ڈھیلے ہونا : (ا) (کنایتاً) غرور جاتا رہنا، جوش ٹھنڈا ہو جانا (۲) پتنگ کے بازو ڈھیلے ہو جانا۔
کَنار : (ف) مذکر؛ کنارہ، حاشیہ، طرف، پہلو۔
کِنار : (ف) مونث؛ (ا) گود، بغل، آغوش، (۲) جُدائی، فراق، علاحدگی۔
کَنارَہ : (ف) مذکر؛ (ا) ساحل، لب دریا (۲) گوشہ، کونا، کھونٹ (۳) انجام، سرا، انتہا، حد (۴) جُدائی، علاحدگی (۵) گوٹ، کوَر، حاشیہ، فیتہ، شال دوشالوں پر بنا ہوا ریشمی یا زرکار حاشیہ۔
کنارہ کرنا : الگ ہو جانا، بچنا۔
—— کشی : (ف) مونث؛ علاحدگی، جُدائی۔
کنارے بیٹھنا : الگ بیٹھنا۔

—— رکھنا: الگ رکھنا۔
—— لگانا: (۱) ساحل پر لانا، (۲) دریا پار اُتارنا، (۳) مدد دے کر انجام کو پہنچانا، حد کو پہنچانا۔
—— لگنا: (۱) ساحل پر پہنچنا، دریا پار ہونا (۲) اختتام پر پہنچنا، زندگی ختم ہونا۔
—— ہو جانا: علاحدہ ہو جانا، بچ جانا۔
کناری: مونث: پتلا، گوٹا۔
کناس: (ع) مذکر: بھنگی، مہتر، خاک روب (۲) جلاد، پھانسی دینے والا۔
کناگت: مونث: سرادھ، کنوار کے ابتدائی پندرہ دن۔
کنائی: مونث: گزرگاہ، راہ، راستہ۔
—— کاٹنا: (۱) راستہ بدل دینا (۲) موقع پر ٹال جانا، پہلو تہی کرنا، کنی کاٹنا۔
کنایت/کنایہ: (ع) مونث: (ف) مذکر: (۱) اشارہ، رمز، ایما، پوشیدہ بات (۲) (مجازاً) استعارہ، مبہم بات۔
کُنبہ: مذکر: خاندان، گھرانا، آل اولاد۔
—— پَروَر: بال بچوں اور خاندان کی خبر گیری کرنے والا۔
—— پروری: مونث: خاندان اور اولاد کی خبر گیری کرنا۔
کُنبھ/کُمبھ: مذکر: پانی کا برتن، گھڑا، آسمان کا گیارھواں بُرج۔
—— کا میلا: ایک میلہ، جو ہر بارھویں سال ہردوار میں ہوتا ہے۔
کنٹرول: CONTROL (انگ) مذکر: اختیار، قابو، نگرانی، تسلط یا حکومت۔
کنٹری بیوشن: CONTRIBUTION (انگ) مذکر: چندہ، امداد، حصہ، تعاون۔
کنٹونمنٹ: (انگ) مذکر: چھاؤنی، لشکرگاہ، صدر کیمپ۔
کنٹھ: مذکر: (۱) گلے کی وہ ہڈی جو مرد کے بالغ ہونے پر ابھر آتی ہے (۲) حلق، گلا (۳) کنٹھا کا مخفف۔
—— بیٹھ جانا: (۱) گلا پڑ جانا، آواز بھاری ہونا (۲) موت نے اتارا ظاہر ہونا۔
—— پھوٹنا/نکلنا: گلے کی اس ہڈی کا ابھرنا جو سنِ بلوغ پر نکلتی ہے۔
—— مالا: مذکر: (۱) گلے کا ایک مرض جس میں گلٹیاں نکل آتی ہیں (۲) الکڑی کے دانوں کی مالا۔
کنٹھا: مذکر: (۱) سونے یا مونگھے کے بڑے دانوں کا ہار، (۲) ایک قسم کا گلے کا طلائی زیور (۳) پھولوں کی کلیوں کا ہار (۴) بڑے دانوں کی تسبیح (۵) وہ ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں۔
—— اٹھانا: (عم) تسبیح کی قسم کھانا۔
کنٹھی: مونث: (۱) تسبیح (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی، موتیوں کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق۔
—— باندھنا: (۱) چیلا ہونا (۲) (کنایتاً) پار سا بن جانا، گوشت اور شراب سے پرہیز کرنا (۳) چیلا بنانا۔
کنٹھے باز: (۱) کنٹھے ڈالے ہوئے فقیر (۲) (کنایتاً) مکار، ریاکار۔
کنج: (ع) مذکر: (۱) وہ مقام جس کے اطراف گھنے درخت اور بیلیں ہوں (ف) مذکر: (۲) کونا (گوشہ) کنارہ۔
—— تنہائی: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث: مکمل تنہائی، خلوت، گوشۂ خلوت۔
—— قفس: (ف) (اضافت کے ساتھ) پنجرے کا کونا۔
—— قناعت: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث: صبر کا کونا، گوشۂ تسلیم و رضا۔
—— لحد: (ف) (اضافت کے ساتھ) قبر کا کونا، گوشۂ لحد۔
کنجا: مذکر: کرنجا، نیلی آنکھوں والا۔
کُنجد: (ف) مذکر: تل جس کا تیل نکالتے ہیں۔
کُنجر: مذکر: (۱) ایک خانہ بدوش قوم کنجر (۲) (کنایتاً) بدوضع بدشکل۔
کنجری: مونث: (۱) کنجر کی تانیث (۲) فحش گیت، کنجڑی۔
—— کنجروں کی بولی: (کنایتاً) ناشائستہ گفتگو۔
کنجڑا: مذکر: ترکاری بیچنے والا، سبزی فروش۔
—— کنجڑی اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتی: (مثل) کوئی بھی اپنی

چیز کو بُرا نہیں کہتا۔

کُنجشک : (ف) مونث؛ چڑیا، گوریا۔

کنجوس : صفت، بخیل، خسیس۔

—— مکھی چوس : بخیل کی مذمت میں بولتے ہیں۔

کنجوسی : مونث؛ بخل، خست۔

کنجی : مونث؛ (۱) تالی، چابی (۲) کسی کتاب کی شرح۔

کُنجیا : مونث؛ چھوٹا دانہ جو آنکھ کے پپوٹوں پر نکل آتا ہے۔

کُنجُن : مذکر؛ سونا، زر۔

—— برسنا : (کنایتاً) روپیہ برسنا، خوب آمدنی ہونا، خوب پیداوار ہونا۔

کنجنی : مونث؛ ناچنے والی عورت، رقاصہ، کسبی۔

کُند : (ف) تیز کی ضد (۲) کاہل، غبی۔

—— چھری سے حلال کرنا : (کنایتاً) بہت اذیت دینا۔

—— ذہن : (ف) کٹھ، غبی۔

کُندا : (۱) پائجامہ کی لمبی تین گوشوں کی کلی (۲) بندوق کا پچھلا حصہ، دستہ، قبضہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ (۴) کھویا، بُھنا ہوا دودھ۔

—— چڑھانا : بندوق کی نال میں لکڑی کا دستہ لگانا۔

کُندے تولنا : (۱) پرندے کا پَر تولنا، اُڑنے کا ارادہ کرنا، (۲) (مجازاً) کہیں جانے کا قصد کرنا۔

کُندرُو : مذکر؛ ایک قسم کی ترکاری۔

کُندلا : مذکر؛ سونے کا تار، سونے کا ڈلا۔

کُندلاکش : چاندی پر سونا چڑھانے والا۔

کُندَن : مذکر؛ (۱) خالص سونا (۲) (مجازاً) چمکیلا (۳) بے میل، خالص (۴) (کنایتاً) بے عیب۔

کُندوری : (ف) مونث؛ (۱) دسترخوان (۲) دلھن والوں کی طرف سے نکاح کے بعد کھلایا جانے والا کھانا (۳) مذکر؛ ایک قسم کا جنگلی کھیرا (۴) ایک قسم کے سُرخ پھل کا نام۔

کُندہ : (ف) کھُدا ہوا۔

کُندہ گر : (ف) نقش و نگار کھودنے والا۔

—— کرنا : کھودنا، منقاشی کرنا۔

کُندہ : (ف) مذکر؛ (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) درخت کا تنہ (۳) وہ لکڑی کا موٹا ٹکڑا جس پر قصاب گوشت رکھ کر قیمہ بناتے ہیں۔

کُندۂ ناتراش : (اضافت کے ساتھ) گنوار، بے تمیز، بے سلیقہ، جاہل۔

کُندۂ ہم جنس باہم جنس پرواز : (ف) (مثل) ہر شخص اپنے جیسوں کے ساتھ رہنا پسند کرتا ہے۔

کُندی : مونث؛ لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چُول گھومتی ہے۔

کُندی : مونث؛ (۱) موگری (۲) موگری سے کپڑوں کی صفائی (۳) مار پیٹ، دُرگت۔

کُندھا : مذکر؛ کاندھا، شانہ۔

—— دینا : (۱) جنازے کو کاندھے پر لینا (۲) سہارا لگانا، مدد کرنا۔

کندھے سے لگالینا : بچے کو گودی میں لے کر مونڈھے سے چمٹا لینا۔

کُنڈ : مذکر؛ (۱) تالاب، چشمہ (۲) گڑھا، غار، (۳) ہَوَن کی آگ رکھنے کا گڑھا (۴) گرم چشمہ (جیسے سیتا کُنڈ)

کُنڈا : مذکر؛ آپلا۔

کُنڈا ہونا : (کنایتاً) خشک ہونا، بھوک سے دُبلا ہونا۔

کُنڈا : مذکر؛ لوہے کا حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں۔

کُنڈل : مذکر؛ (۱) حلقہ، دائرہ، گھیرا (۲) کان کا بالا، چاند یا سورج کا ہالہ۔

کُنڈلی : مونث؛ (۱) چھوٹا حلقہ (۲) جنم پترا، نسانچہ (۳) سانپ کا حلقہ۔

—— مارنا : (۱) چھوٹا حلقہ بنانا (۲) سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا۔

کنڈم : (انگ) رد کیا ہوا، ناکارہ، مسترد، نکما۔

کُنڈی : مونث؛ (۱) ایک قسم کا کھانچے دار ٹوکرا (۲) میوہ کا ہار (۳) چھوٹے آپلے۔

کُنڈی : مونث؛ دروازے کی زنجیر۔

کنشت : (ف، مذکر) پارسیوں کا عبادت خانہ، آتشکدہ۔
کِنعان : (ع، مذکر) (۱) حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام جس نے کفر اختیار کر لیا تھا (۲) شام کا صوبہ فلسطین، حضرت یوسفؑ کی پیدائش کی جگہ (۳) نمرود کے باپ کا نام۔
کنکالا : مونث؛ ڈائن، جادوگرنی۔
کنکر : مذکر؛ (۱) چونے کا سخت ٹکڑا، پتھر کا چھوٹا ٹکڑا (۲) سنگ ریزہ (۳) عورتوں کی چھاتیوں میں نکلنے والا پھوڑا۔
—— پتھر : (کنایتاً) (۱) اَلابلا، ردی چیز (۲) روڑے۔
کنکری : مونث؛ (۱) چھوٹا سنگ ریزہ (۲) ڈلی، ٹکڑا۔
—— کر دینا : ٹھیکری کر دینا، بے قدری کے ساتھ صرف کرنا
کنکر ملا : (ف، مذکر) کنکر ملا ہوا، کرکرا۔
کُنکُنا : مذکر؛ شیر گرم، نیم گرم، گنگنا۔
کنکوّے باز : کنکوّے لڑانے والا۔
کنکی : مونث؛ چاول کا ٹکڑا، چاولوں کا چورا۔
کنگال : (ا) نادار، مفلس (۲) قحط زدہ، کال کا مارا ہوا، فاقہ کش۔
کُنگرہ : (ف، مذکر) شہر کی فصیلوں، قلعے کی دیواروں یا قدیم طرز کی عمارتوں میں خوبصورتی کے لیے بنے ہوئے طاقچے، کنگورے۔
کُنگَن : مذکر؛ کلائی کا زیور۔
کُنگنا : مذکر؛ ایک قسم کا کلاوے کا پھولدار ڈورا جو دولھا اور دلھن کی کلائی میں باندھا جاتا ہے۔
کنگنی : مونث؛ (۱) دیوار کی کنگر (۲) ایک قسم کا باریک غلہ، کاکن۔
کنگھا : مذکر؛ (۱) بال سلجھانے کا دندانے دار آلہ (۲) بنکروں کا اوزار جس سے بانا ٹھونکتے ہیں۔
کنگھی : مونث؛ (۱) چھوٹا کنگھا (۲) ایک خودرو پودا۔
—— چوٹی : مونث؛ عورتوں کا بناؤ سنگھار۔
کُنمُناہٹ : بے چینی ہونا، پس و پیش کرنا، عذر کرنا۔
کُنوار گوار : مذکر؛ ہندی کا ساتواں مہینہ۔
کُنوارا : مذکر؛ بن بیاہا، وہ مرد جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔
—— بالا : مذکر؛ بن بیاہا لڑکا
—— پن / پنا : مذکر؛ شادی سے پہلے کا زمانہ، دوشیزگی۔
کنواری : مونث؛ بن بیاہی لڑکی، دوشیزہ۔
کُنوارا راتا : (ع) مذکر؛ منگنی اور شادی کے درمیان کا رشتہ۔
کنواں : مذکر؛ چاہ، باولی۔
—— کھودنا : (کنایتاً) دوسرے کے لیے برائی کرنا۔
کنواں کھودنے والا : (کنایتاً) برائی کرنے والا، دوسروں کے لیے بدی کرنے والا۔
کنویں جھانکنا : بہت جستجو کرنا، حیران پریشان ہونا۔
—— جھنکانا / جھنکوانا : (ا) کنویں کا پانی یا تہہ دکھانا (۲) (مجازاً) حیران کرنا، آوارہ پھرانا، تھکا مارنا۔
—— کا تارا : انتہائی گہرے کنویں کی تہہ کا پانی جو اوپر سے تارے کی طرح نظر آتا ہے۔
—— کی آواز : جیسا کہنا ویسا سننا۔
—— کے پاس پیاسا جائے کنواں نہیں جاتا : (مثل) کسی چیز کا غرض مند خود اس چیز تک پہنچتا ہے۔
—— میں بانس ڈالنا : (کنایتاً) بہت جستجو کرنا۔
—— میں بولنا : (کنایتاً) نہایت دبی آواز سے بولنا۔
کنوتی : مونث؛ گھوڑے کا کان۔
کنوتیاں بدلنا / کھڑی کرنا : گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا، چوکنا ہو جانا، ہوشیار ہو جانا۔
کنور : مذکر؛ (۱) لڑکا (۲) بیٹا (۳) راجا کا بیٹا (۴) عزت کا خطاب۔
کنول : مذکر؛ (۱) ایک پھول کا نام۔ گل نیلوفر، (۲) ایک قسم کا فانوس جو گل نیلوفر کے مشابہ ہوتا ہے، قندیل (۳) (کنایتاً) دل (۴) سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاتے ہیں، (۵) جانور کا مشانہ (۶) ایک بوٹی (۷) یرقان کی بیماری جس سے جسم زرد ہو جاتا ہے۔
—— کھلنا : (کنایتاً) دل کا خوش ہونا۔
—— گٹا : مذکر؛ کنول کا بیج جسے کھایا جاتا ہے۔
کُنہ : (ع) مذکر؛ بات کی تہہ، باریکی۔
—— پر پہنچنا : کسی بات کی تہہ کو پہنچنا۔
کنہیا : مذکر؛ (۱) شری کرشن جی کا لقب (۲) (مجازاً) خوبصورت لڑکا (۳) خوبصورت لڑکا (۴) معشوق صفت۔

کُنی : مونث ؛ (۱) ہیرے کا ریزہ، ٹکڑا، ریزہ (۲) ٹوٹے ہوئے چاول (۳) چاول کا وہ حصّہ جو کٹنے سے رہ گیا ہو۔

کُنّی : مونث ؛ (۱) حاشیہ، گوٹ، فیتہ، کنارہ (۲) وہ دھجّی جو پتنگ کے بازو میں باندھتے ہیں (۳) تمباکو کی چھوٹی چھوٹی گولیاں۔

—— باندھنا : پتنگ کے بازو میں دھجّی باندھنا۔

—— دار : رنگین کناروں والا کپڑا۔

کُنبانا : (مجازاً) قابو میں لانا، بس میں کرنا۔

—— دبنا : (دہلی) (۱) عاجز ہونا، (۲) مغلوب ہونا (۳) جھینپنا آنکھ نیچی ہونا (۴) خائف ہونا، کورد بنا۔

—— کاٹنا : کترانا، بچنا۔

—— کھانا / لگنا : (۱) پتنگ کا ایک رُخ کو جھکنا (۲) شرمانا، آنکھیں سامنے نہ کرنا۔

کُنے : (دہلی) (قدیم) پاس، نزدیک۔

کُنیا : مونث ؛ (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی (۲) کنواری لڑکی (۳) بیٹی (۴) دُلھن (۵) بُرج سنبلہ (۶) دُرگا دیوی کا نام۔

—— دان : مذکر ؛ (۱) لڑکی کا بیاہ کرنا (۲) جہیز (۳) بیٹی بیاہنے کے لیے لوگوں سے للّٰہ کچھ مانگنا۔

کُنیانا : (۱) پتنگ کا کنّی کھانا (۲) کترانا، بچنا، کنارہ کرنا، (۳) شرمانا، جھینپنا، آنکھ نہ ملانا، آنکھیں چُرانا (۴) پاس نہ پھٹکنا، الگ الگ رہنا، ٹال مٹول کرنا۔

کُنیت (کُنی، یَت) : (ع) مونث ؛ وہ نام جو باپ ماں یا اولاد کی طرف نسبت کرکے بولا جائے۔

کُنیر : مذکر ؛ ایک تلخ زہریلا پھل اور اس کا درخت۔

کنیز : (ف) مونث ؛ لونڈی۔

ک - و

کُو : (۱) مفعول کی علامت (۲) لیے، واسطے، برائے۔

کُو : (ف) مونث ؛ گلی، کوچہ، محلّہ۔

—— بہ کُو : (ف) گلی گلی، در بدر، اِدھر اُدھر۔

کوّا : مذکر ؛ (۱) کاگ، زاغ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو آدمی کے حلق کے اندر لٹکا ہوتا ہے۔

—— پری : مونث ؛ کالی عورت۔

—— چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھولا : (مثل) اپنی اوقات سے بڑھ کر ڈھونگ رچانے والا اپنی اوقات بھی کھو دیتا ہے۔

کوآپریٹیو سوسائٹی COOPERATIVE SOCIETY (انگ) مونث ؛ (۱) انجمن امداد باہمی (۲) مشترکہ سرمائے سے کام کرنے والی جماعت۔

کوارٹر : QUARTER (انگ) مذکر ؛ مکان، ٹھکانا۔

کواڑ : مذکر ؛ (۱) دروازہ، پٹ (۲) دروازہ بند کرنے کا تختہ (۳) سینے کا ہر ایک پہلو۔

کواڑا : (ع م) مذکر ؛ کواڑ۔

کواڑی : مونث (۱) کواڑ کی تصغیر (۲) قبا، وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے، انگرکھے کا پردہ۔

کواکب : (ع) مذکر ؛ جمع کوکب کی، روشن ستارے۔

—— ثابتہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ وہ ستارے جو اپنی جگہ پر قائم ہیں اور اپنے محور پر گھومتے ہیں۔

—— سیارہ : مذکر ؛ وہ ستارے جو آفتاب کے گرد گھومتے ہیں۔

کوالیٹی : QUALITY (انگ) مونث ؛ وصف، صفت، خوبی، مرتبہ۔

کوانا : (ع م - ہ) (۱) بدحواس ہونا (۲) (کنایتاً) گھبرا جانا۔

کوانچ : مونث ؛ ایک درخت اور اس کی پھلی کا نام جس کے چھڑکنے سے آدمی کے جسم میں خارش ہونے لگتی ہے۔

کوائف : (ع م) مذکر ؛ کیفیات۔

کوب : (ف) چوٹ، ضرب، صدمہ (مرکبات میں مستعمل)

کوبڑ : مذکر ؛ بڑھاپے کی وجہ سے پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا، پیٹھ کا اُبھار۔

کوبہ : (ف) مذکر ؛ کوٹنے کا آلہ، موگری۔

—— کاری : (ف) مونث ؛ تنبیہ، تادیب، گوشمالی، زدوکوب (کرنا کے ساتھ)

کوپل : (ف) مونث؛ کلی، شگوفہ، نئی چھوٹی ملائم پتی۔
کوپن : COUPON (انگ) مذکر؛ الگ کر لیا جانے والا ٹکٹ، کاغذ کا وہ حصہ جو اپنے اصل سے الگ کر لیا جائے۔
کوتاہ/کوتہ : (ف) (۱) چھوٹا، مختصر (۲) تمام، تنگ۔
—— اندیش : (ف) کم سمجھ، بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔
—— بیں/دست : (ف) ناعاقبت اندیش، کم ہمت۔
—— فہم : (ف) کم فہم، بے عقل۔
—— قلم : (ف) کم لکھنے والا۔
—— نظر : (ف) کم دیکھنے والا، ناعاقبت اندیش غافل، بخیل۔
—— ہمت : (ف) کم ہمت، پست ہمت۔
کوتاہی : (ف) (۱) کمی (۲) غفلت، بے پروائی، قصور۔
کوتل : (ف) مذکر؛ (۱) خالی گھوڑا، خاص گھوڑا، جلوس کا گھوڑا (۲) وہ گھوڑا جسے سجا کر امیروں کی سواری کے آگے چلاتے ہیں۔
کوتوال : (ف) مذکر؛ (۱) پولیس کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں (۲) قلعے کا محافظ (۳) شہر کا محافظ۔
کوتوالی : مونث؛ بڑا تھانہ، پولیس اسٹیشن۔
کوتھا : (ع) کونسا۔
کوٹ COAT (انگ) مذکر؛ مغربی وضع کا ایک لباس۔
کوٹ : کوٹنا کا امر۔
—— ڈالنا : کسی چیز سے ضرب لگانا، پیسنا، چورا کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، قیمہ کرنا، بہت مارنا۔
کوٹلا : (ع) مذکر؛ چھوٹا قلعہ، گڑھی۔
کوٹنا : (۱) ریزہ ریزہ کرنا (۲) مارنا پیٹنا۔

کوٹھا : مذکر؛ (۱) بالاخانہ، اوپر کا کمرہ، گودام، ذخیرہ (۲) (عم) پیٹ، سینہ، معدہ (۳) وہ اندرونی مکان جس میں امیروں کا خزانہ رہتا ہے۔
—— لے کر بیٹھنا/کوٹھے پر بیٹھنا : عورت کا برا پیشہ کرنا، کسب کرنے کے لیے چکلے میں بیٹھنا۔
کوٹھے چڑھنا : (کنایتاً) بات کا مشہور ہو جانا۔
—— والیاں : (عو) رنڈیاں، کسبیاں۔
کوٹھری : مونث؛ ایک دروازے والا، چھوٹا سا مکان، کمرہ، حجرہ۔
کوٹھی : مونث؛ (۱) پکا مکان، حویلی، بنگلہ، (۲) اناج بھرنے کا مٹی کا گودام، ذخیرہ (۳) اینٹ یا لکڑی کا گول چکر جسے کنویں کی تہہ میں مضبوطی کے لیے ڈالتے ہیں (۴) صراف یا ساہوکار کی دکان (۵) کارخانہ (۶) بڑی دکان (۷) بینک (۸) بندوق کا وہ حصہ جس میں بارود رہتی ہے۔
—— بیٹھ جانا : بینک کا دوالہ نکلنا، گھاٹا ہو جانا۔
—— کرنا/کھولنا : کارخانہ جاری کرنا، سوداگری کی بڑی دکان کرنا۔
—— وال : مذکر؛ مہاجن، صراف، ساہوکار۔
کوثر : (ع) مذکر؛ بہشت کی ایک نہر کا نام۔
—— کی دھلی زبان : پاک، صاف شستہ زبان۔
کوچ : COACH (انگ) (۱) سواری گاڑی، گھوڑا گاڑی۔ شاہی گاڑی، ریل کا مخصوص ڈبا، ایک قسم کی آرام دہ بس، (۲) خانگی طور سے تعلیم دینا، سکھانا، تربیت دینا (۳) ایک قسم کا پلنگ۔
کوچ وان COACHMAN (انگ) مذکر؛ گاڑی بان، گھوڑا گاڑی چلانے والا۔
کوچ : (ف) مذکر؛ (۱) روانگی، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، (۲) رحلت۔
—— بہ کوچ : (ف) پے در پے جانا۔
—— بول دینا : روانگی کا حکم دینا، کوچ کرنا۔
—— کا دن : روانگی کا دن، موت کا وقت۔
—— کا نقارہ : (۱) روانگی کا اعلان (۲) مرنے کی گھڑی (۳) (کنایتاً) مر جانا۔
—— کرنا : (۱) روانہ ہونا، سفر کرنا (۲) دنیا سے گزر جانا، مرنا (۳) رخصت ہونا۔

کُوچا: مذکر؛ کچوکا، چبھن کسی نوک دار چیز کا ہلکا سا زخم۔
کوچے دینا: (ا) کچوکے دینا، گودنا، چبھونا (۲) (کنایتاً) طعنے دینا۔
کُوچک: (ف) چھوٹا، خورد۔
کُوچنا/کونچنا: (ا) چبھونا، چھری یا کانٹے سے گودنا (۲) (کنایتاً) طعنے دینا۔
کُوچہ: (ف) مذکر؛ گلی۔
—— بند: (ف) محفوظ، وہ گلی یا محلہ جس کے نکاس پر دروازہ لگا ہو۔
—— بندی کرنا: گلی یا محلے کی حد باندھنا، احاطہ کھینچنا۔
—— جھکانا: گلی کے پھیرے کرانا، پریشان کرنا۔
کُوچۂ خموشاں: (ف) (اضافت کے ساتھ) قبرستان۔
—— گرد: (ف) گلیوں میں مارا مارا پھرنے والا، آوارہ پھرنے والا۔
کُوچی/کونچی: مونث؛ (ا) برش (۲) سفیدی کرنے کا موٗنج کا برش، (۳) سونے چاندی صاف کرنے کا برش (۴) گھوڑے کے جسم کا گرد و غبار صاف کرنے کا برش (۵) (مجم) (کنایتاً) لمبی داڑھی۔
کوچیں/کونچیں کاٹنا: پاؤں کاٹنا، ایڑی کا پچھلا حصہ۔
کُود: کودنا کا امر۔
—— پڑنا: کسی معاملے میں بے جا دخل دینا۔
—— پھاند: مونث؛ اُچھل کود۔
کودک: (ف) مذکر؛ لڑکا، بچہ۔
کُودَن: (ف) احمق، کند ذہن۔
کودنا: (ا) اُچھلنا، جست لگانا، پھاندنا، (۲) خوشی سے پھولے نہ سمانا۔
کُودوں: مونث؛ ایک قسم کا موٹا اناج۔
—— دلانا: سخت کام لینا۔
—— دے کے پڑھنا: کم خرچ کر کے پڑھنا، مفت پڑھنا ناقص تعلیم پانا۔
کُور: (عو) مذکر؛ لقہ، نوالا۔
کُوَر: COVER (انگ) مذکر؛ ڈھکن، سرپوش، سرورق، غلاف۔
کُور: (ف) اندھا۔
—— باطن/دل: (ف) ناسمجھ، کند ذہن، دل میں کینہ اور حسد کرنے والا۔
—— بخت: (ف) بدبخت، بدنصیب۔
—— چشم/نگاہ/دیدہ: (ف) اندھا، نابینا۔
—— دِہ: (ف) (ا) کم آباد چھوٹی اور گمنام بستی۔ (۲) جاہلوں کی بستی۔
—— مادرزاد: (اضافت کے ساتھ) (ف) پیدائشی اندھا۔
کُور: مونث؛ (ا) کنارہ، حاشیہ، سرا، کگر، (۲) اُپلے کا چورا۔ (۳) ناخنوں کی جڑوں کی کھال (۴) مغزی سنجاف۔
کُور دبنا: (کنایتاً) عاجز ہونا، مغلوب ہونا۔
—— کسر: مونث؛ کمی، عیب، نقص۔
کورا: مذکر؛ (ا) نیا غیر استعمال شدہ، جس سے کام نہ لیا گیا ہو، (۲) صاف، سادہ، بے داغ (۳) (کنایتاً) بے وقوف، جاہل۔
—— بچ جانا: صاف بچ جانا۔
—— برتن: (ا) نیا برتن، (۲) (مجازاً) کنواری لڑکی۔
—— پنڈا: اچھوتا جسم، بن بیاہی عورت۔
—— رکھنا: (ا) کچھ نہ سکھانا (۲) محروم رکھنا۔
—— رہ جانا: جاہل رہ جانا، محروم رہ جانا۔
—— نکل جانا: بے داغ بچ جانا۔
کُوری: مونث؛ (کنایتاً) باکرہ، کنواری۔
کُورٹ: COURT (انگ) مذکر؛ (ا) عدالت، کچہری (۲) دربار۔
—— شپ: SHIP —— (انگ) مونث؛ شادی سے پہلے لڑکے اور لڑکی کی ملاقاتیں ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے (یہ رواج خاص طور سے مغربی تہذیب میں ہے)۔
—— مارشل: MARSHAL —— (انگ) (ا) جنگی عدالت، جس کے قوانین علاحدہ اور سخت ہوتے ہیں، (۲) فوجی عدالت جہاں فوجی افسروں کے مقدمات کے فیصلے ہوتے ہیں۔

کُورس: COURSE (انگ) مذکر؛ نصابِ تعلیم۔
کُورس: CHORUS کئی آدمیوں کا مل کر گانا یا بولنا۔
کورم: QUORUM (انگ) مذکر؛ کسی جلسہ کو جائز کرنے کے لیے ممبران کی مقررہ تعداد۔
کُورنِش (ف) کُرنش: (ت) مونث؛ (۱) جھکاؤ، خمیدگی، آداب، تسلیمات، جھک کر سلام کرنا (۲) شاہی آداب۔
—— بجالانا: آداب بجا لانا، تسلیم عرض کرنا۔
کُورنشات: مونث؛ جمع کورنش کی۔
کُوریڈور: CORRIDOR (انگ) مذکر؛ غلام گردش، راہ داری۔
کُوڑا: مذکر؛ (۱) گھاس پھونس، خس و خاشاک (۲) خراب اور بے مصرف۔
—— کرکٹ: مذکر؛ کوڑا۔
کُوڑا: مذکر؛ بڑی کوڑی۔
کُوڑے کرکٹ ڈالنا: (عم) اونے پونے بیچ ڈالنا، پرایا مال بیچ کھانا۔
کُوڑا: مذکر؛ تازیانہ، چابک۔
کوڑی: مونث؛ بیس عدد، ایک بیسی۔
کُوڑی: مونث؛ ایک قسم کا چھوٹا سکھ جو پہلے خرید و فروخت کے کام بھی آتا تھا، خرمہرہ (۲) سیپنے کی خرمہرہ جیسی ہڈی (۳) کٹار کی موٹی نوک (۴) مجازاً؛ روپیا پیسا جبہ، دمڑی، پائی، قلیل مقدار۔
—— پاس نہ ہونا: نہایت مفلس ہونا۔
—— پھرنا: (فوجی اصطلاح) چند آدمیوں کا کسی ایک بات پر متفق ہو جانا۔
—— پھیرا کرنا: (دہلی) بار بار آنا جانا، بہت سے پھیرے کرنا۔
—— کا کر دینا: سستا کر دینا، بے وقعت کر دینا۔
—— کا مال: بے کار چیز، بے وقعت چیز، گھٹیا چیز۔
—— کا ہو جانا: بے قدر ہو جانا، نکما ہو جانا، ذلیل ہو جانا۔
—— کفن کو نہ ہونا: نہایت محتاج اور مفلس ہونا۔
—— کوڑی ادا کرنا: بالکل ادا کرنا، سب بیباق کرنا۔
کوڑی کوڑی پر جان دینا: نہایت کنجوس ہونا۔
—— کوڑی پر دانت رہنا: بے انتہا لالچی ہونا۔
—— کوڑی جوڑنا: نہایت کنجوسی سے روپیا جمع کرنا۔
—— کوڑی کو تنگ ہونا / حیران ہونا: نہایت مفلس ہونا۔
—— کوس دوڑانا: بڑی محنت لینا، تھکا دینا۔
—— کوس دوڑنا: (آ) نہایت محنت و مشقت کرنا (۲) (کنایتاً) نہایت لالچی اور حریص ہونا۔
—— کو نہ پوچھنا: کوئی اہمیت نہ دینا، ذرا قدر نہ کرنا نہایت حقیر اور ذلیل جاننا۔
—— کی عزت ہو جانا: ذرا آبرو نہ رہنا، رسوا ہو جانا۔
—— کے تین تین: نہایت سستا، نہایت بے قدر۔
—— کے کام کا: بے کار، نکما۔
—— نہ ملنا: کچھ نہ ملنا۔
کوڑیوں کے مول: نہایت سستا، بے قدر۔
کوڑیالا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا سفید چتیوں والا زہریلا سانپ (۲) ایک بوٹی (۳) ایک قسم کا چھوٹا پرندہ، (۴) لوبان کی ایک قسم۔
کوڑھ: احمق، بیوقوف۔
—— پن / پنا: مذکر؛ (عو) بدسلیقگی، بدتمیزی، بے وقوفی۔
—— مغز: بے سلیقہ، بے وقوف۔
کوڑھ: مذکر؛ مونث؛ جذام، برص۔
—— ٹپکنا / چونا: جذام کے زخموں سے مواد کا بہنا۔
—— میں کھاج: (مثل) مصیبت پر مصیبت، آفت پر آفت۔
کوڑھی: جذامی۔
کوز: (ف) جھکا ہوا، خمیدہ۔
—— پشت / کوزہ پشت: کبڑا۔
کوزہ: مذکر؛ (۱) کلھڑ، ڈونگا (۲) مصری کا ڈلا (۳) مٹی کا برتن (۴) مٹی کا آبخورا (۵) قفلی۔
—— گر: (ف) مذکر؛ کمہار۔
کوزے میں دریا بند کرنا: کسی بہت بڑے مضمون کو مختصر

مگر جامع انداز میں لکھنا۔
کوس : (ف) مذکر: بڑا نقارہ۔
—— رحلت / رحیل : (ف) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) کوچ کا نقارہ۔
کوس : (ا) دو میل کا فاصلہ ۲ر۳ کلومیٹر (۲) فرسنگ (۳) آستین کا کف، آستین کا جوڑا۔
کوسوں : دور تک۔
—— دور بھاگنا : (کنایتاً) سخت نفرت کرنا۔
کوسا : مذکر؛ (دعو) بددعا، برا بھلا کہنا۔
—— کاٹ : (دعو) مونث؛ بددعا، کوسنا۔
—— لگنا : (دعو) بددعا کا اثر ہونا۔
کوسم کاٹا : (دعو) مونث؛ ایک دوسرے کو کوسنا۔
کوسنا : مذکر؛ بددعا دینا، برا بھلا کہنا۔
—— پیٹنا : برا بھلا کہنا، بددعا دینا۔
کوش : (ہ) مذکر؛ (ا) خزانہ (۲) ڈکشنری، لغت۔
کوش : (ف) برداشت کرنے والا، جھیلنے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ستم کوش)
کوشاں : (ف) کوشش کرنے والا۔
کوشش : (ف) مونث؛ محنت، دوڑ دھوپ، قصد، جدوجہد۔
کوشک : (ف) مذکر؛ محل، اونچی عمارت، بلند عمارت۔
کوفت : (ف) مونث؛ (ا) صدمہ، تھکن، (۲) غم، ملال (۳) کھٹائی، کوفتا۔
—— پر کوفت اٹھانا : صدمے پر صدمہ برداشت کرنا۔
کوفتہ : (ف) (ا) دکھی، مصیبت زدہ (۲) قیمہ کے گول کباب بچے ہوئے کباب۔
—— بینجتہ : (دوآبی) کوٹ چھان کر، کوٹ کر پھر چھان کر۔
کوفہ : (ع) مذکر؛ عراق کا ایک مشہور شہر۔
کوفی : کوفہ کا باشندہ، کوفہ کی زبان۔
کوک : (ف) (ا) سریلی آواز، کوئل اور فاختہ کی آواز (۲) (دعو) چیخ، کلکاری (۳) گھڑی یا باجے وغیرہ میں بھری گئی چابی۔
کوکنا : (ا) چیخنا، چلانا، کراہنا، درد کی آواز نکالنا (۲) گھڑی یا باجے میں کنجی دینا (۳) کوئل کا بولنا، فاختہ کا کوکو کرنا، (۴) بٹیر کو جگانا۔
کوکا : (ہ) مذکر؛ چھوٹی اور باریک کیل۔
—— بیلی : مذکر؛ گل نیلوفر۔
کوک شاستر : (ہ) مذکر؛ وہ کتاب جس میں عورتوں سے صحبت (مجامعت) کرنے کا حال درج ہوتا ہے۔
کوکب : (ع) مذکر؛ ستارہ، بڑا ستارہ، روشن ستارہ۔
کوکبہ : (ع، ف) مذکر؛ (ا) ستارہ (۲) ہجوم، بھیڑ بھاڑ، شاہی جلوس، شان و شکوہ۔
کوکلا : (ہ) مذکر؛ (ا) کوئل (۲) (ف) ہڈی۔
کوکل تاش : (ت) مذکر؛ بادشاہ کا رضائی بھائی، دودھ شریک بھائی۔
کوکنار : (ف) مذکر؛ خشخاش کا ڈوڈا۔
کوکو پلاؤ : (لکھنؤ) وہ پلاؤ جس میں کباب یا مسلم انڈے ڈالتے ہیں۔
کوکہ : (ت) مذکر؛ انا کا بیٹا، دودھ شریک بھائی۔
کوکھ : مونث؛ (ا) پیٹ، شکم (۲) (مجازاً) اولاد۔
—— اجڑ جانا : اولاد کا زندہ نہ رہنا۔
—— جلی : مونث؛ وہ عورت جسے اولاد کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو۔
—— سے ٹھنڈی ہے : اولاد والی ہے، اولاد سے خوش ہے۔
—— کی آنچ : مامتا، مادری محبت۔
—— مانگ سے ٹھنڈی رہنا : (دعو) (دعا) سہاگن اور صاحب اولاد رہنا۔
کوکل : مذکر؛ (علم) (ا) لقمہ، نوالہ، کور (۲) اناج کی وہ مقدار جو ایک ہی دفعہ چکی میں پیسنے کے لیے ڈالتے ہیں۔
کوکل تار : COAL-TAR (انگ) مذکر؛ تارکول، ڈامر۔
کوکلا : مذکر؛ (ا) دروازے کے ادھر ادھر کی دیوار (۲) کاٹنے کے لیے دی گئی اناج کی پولی (۳) (دعو) بغل گود۔

(۴) سنگترا، ایک قسم کی نارنگی۔

کولار/کوئلا: مذکر: (۱) جلی ہوئی لکڑی کا بجھایا ہوا ٹکڑا (۲) کان سے نکالا ہوا سیاہ مادّہ۔

کُولا: مذکر: چوتڑ سے اوپر کا وہ حصہ جہاں کمر بند باندھتے ہیں، کولھا۔

کُولا مٹکانا/نار کر چلنا: کولھے کو حرکت دینا، بل کھاتے ہوئے چلنا، مستی دکھانا۔

کولڈ ڈرنک: COLD DRINK (انگ) مونث: ٹھنڈا مشروب شربت۔

کُولھو: مذکر: تیل پیلنے اور رس نکالنے کی کل۔

—— پیلنا: کولھو چلانا۔

—— سے پیلنا: اذیت دینا۔

—— کا بیل: (کنایتاً) ہر وقت کسی کام میں جُتا رہنے والا، نہایت محنتی۔

—— کے بیل کی طرح پلنا: نہایت محنت اور مشقت اُٹھانا۔

—— میں پلوا دینا: سخت سزا دینا۔

کُولی: مونث: گود، دونوں ہاتھ کا حلقہ، آغوش۔

—— بھرنا/میں لینا/کولیانا: (۱) گلے لگانا، بانہوں میں لینا، بغل گیر ہونا (۲) لالچ کرنا، طمع کرنا۔

کُولی: (مراٹھی) (۱) جنوبی ہند کی ایک قوم، بمبئی کے مچھیرے (۲) (۵) مذکر: ہندوؤں کی ایک قوم جو موٹا کپڑا بُننے کا پیشہ کرتی ہے۔

کولیگ: COLLEAGUE (انگ) مذکر: ساتھی، رفیق، شریک کار، ہم منصب۔

کُومَل: (۵) مذکر: نرم، ملائم، نازک۔

کوملتا: (۵) مونث: نرمی، نازکی، ملائمت۔

کون: (ع) مذکر: دنیا، جہان۔

—— ومکاں: (ف) مذکر: دُنیا، جہان۔

کونین: (ع) مذکر: دونوں جہان، دنیا، روزِ آخرت۔

کَونَین: QUININE (انگ) مونث: (۱) ایک قسم کی کڑوی انگریزی دوا (۲) سنکونا کی چھال کا جوہر جو دافع ملیریا بخار ہے۔

کَون: (۱) کلمہ استفہام (۲) کیا، کوئی، کتنا، کس، کسے، (۳) بے حقیقت بے تعلق۔

—— جانے: کسے خبر، خدا معلوم۔

کونسا/کونسی: کون، کیا، کس قدر، کتنا، کوئی۔

کونسی بات اُٹھا رکھی ہے: کون سی کسر باقی رکھی ہے۔

کونسے لعل لگے ہیں: (طنز) کیا خاص بات ہے۔

کون سے مرض کی دوا ہے: کس کام کا ہے، محض نکما ہے۔

—— ہوتا ہے: (۱) کیا تعلق ہے، کیا واسطہ ہے (۲) کیا رشتہ ہے۔

کُونا: مذکر: (۱) گوشہ، زاویہ (۲) کھونٹ (۳) طرف، جانب۔

—— کونا دیکھ ڈالا: اچھی طرح دیکھ ڈالنا، اچھی طرح تلاش کر لینا۔

—— کھدرا: مذکر: کونا۔

—— کونا جھانکنا: بہت تلاش کرنا، جستجو کرنا۔

کونے میں بیٹھ رہنا: گوشہ نشین ہو جانا۔

—— میں پڑا ہونا: سب سے الگ ہونا۔

کُونج: مونث: قاز، کلنک، راج ہنس، مُرغابی۔

کونچا: مذکر: بھڑ بھونجے کا بالو نکالنے والا کرچھا۔

کوندر/کوندرا: مذکر: بجلی کی چمک۔

—— لپکنا: کوندا لگنا۔

کوندنا: بجلی چمکنا۔

کُونڈا: مذکر: (۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا برتن (۲) چھوٹی ناند، تسلا، (۳) (عو) نذر نیاز کی شیرینی۔

—— کرنا: کسی بزرگ کے نام کی نیاز دلانا۔

کُونڈی: چھوٹا کونڈا، بھنگ گھوٹنے کا برتن۔

کونڈیلی: مونث: چھوٹا کونڈا۔

کونسل: COUNCIL (انگ) مونث: جماعت مجلس، سبھا۔

کونسلر: COUNCILLOR (انگ) مذکر: مشیر، رائے دہندہ، رکن مجلس۔

کُوہ: (ف) مذکر: (۱) پہاڑ (۲) (کنایتاً) متحمل۔
—— آتش فشاں: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر: آگ اگلنے والا پہاڑ، جوالامکھی پہاڑ۔
—— الم: (اضافت کے ساتھ) مذکر: (استعارتاً) مصیبتوں کا پہاڑ، بڑی مصیبت۔
—— پیکر: (ف) پہاڑ جیسے جسم والا قوی جثہ۔
—— جگر: (ف) (اضافت کے ساتھ) باحوصلہ آدمی، بہادر، دلیر۔
—— جودی: وہ پہاڑ جس پر طوفان کے بعد نوحؑ کی کشتی ٹھہری تھی۔
کوہسار/کہسار: (ف) مذکر: پہاڑی مقام، پہاڑوں کا سلسلہ۔
کُوہستان: (ف) مذکر: پہاڑی علاقہ، پہاڑی ملک۔
کوہستانی: (ف) پہاڑی، پہاڑ کا باشندہ۔
کُوہِ ستم: (ف) مذکر: (اضافت کے ساتھ) ظلم کا پہاڑ (۲) (استعارتاً) بڑا ظلم۔
—— قاف: (اضافت کے ساتھ) قاف (مجازاً) وہ جگہ جہاں آدمی کا گزر نہ ہو سکے۔
کُوہکن: (ف) (۱) پہاڑ کھودنے والا (۲) مذکر فرہاد کا لقب۔
کُوہ کندن کاہ برآوردن: (مقولہ) بے نتیجہ کام کرنا، ایسا کام کرنا جس میں مشقت بہت ہو اور فائدہ کچھ نہ ہو یا بہت کم۔
کُوہکنی: (ف) مونث: پہاڑ کھودنا۔
کُوہ کو کاہ سمجھنا: دشوار کام آسان سمجھنا۔
کُوہی: (ف) پہاڑی، کوہستان کا باشندہ۔
کُوہان: (ف) مذکر: بیل یا اونٹ کی پیٹھ کی بلندی۔
کُوئلا: دیکھو کوئلہ۔
کُوئلے کے مول: (کنایتاً) بہت سستا۔
—— کی دلالی میں ہاتھ کالے: بُروں کی صحبت میں بدنامی لازمی ہے۔
کُوئی: (علامت تنکیر) (۱) کچھ، کسی (۲) نامعلوم شخص (۳) لگ بھگ، تقریباً، اندازاً، تخمیناً (۴) ایک آدھ، اکا دُکا (۵) گویا (۶) تعلق رکھنے والا، رشتہ دار، یگانہ (۷) کبھی کہیں (۸) کہاں، کبھی نہیں۔
کُوئی جیسے کہ مرے ان کو اپنے کام سے کام: (مقولہ) خودغرض آدمی جس کو کسی کے رنج و راحت کی پروا نہ ہو۔
—— دَم/لمحہ: تھوڑی دیر، ذرا دیر۔
—— دَم کا مہمان: جلد مرنے والا۔
—— کَل سیدھی نہیں: کوئی پہلو ٹھیک نہیں، ہر بات میں پیچ ہے۔
—— کَل نہ بیٹھنا: کسی طرح چین نہ لینا۔
—— کوئی: شاذ و نادر، اکا دُکا۔
—— گھڑی کا مہمان: کچھ دن اور زندہ رہنے والا۔
—— مرے کوئی ملہار گائے: (مثل) ایک کو صدمہ ہو دوسرا خوشی منائے۔
—— نہ کوئی: ایک نہ ایک۔
کُوی: (ف) مذکر: شاعر۔
کُوئیتا: مونث: شاعری، نظم۔
کوئی سمیلن: (کوی۔سَمّے۔لن) (ف) مذکر: مشاعرہ۔
کُویا: مذکر: (۱) آنکھ کا کونا (۲) شریفہ یا بڑھل اور کٹھل کا دانہ یا گودا (۳) ریشم کے کیڑے کا خول۔
کُویل: مونث: ایک کالے رنگ کا خوش آواز پرندہ۔
کُویلیا: مونث: کویل کی تصغیر۔

ک - ہ

کہہ: کہنا کا امر۔
—— اُٹھنا: بے سمجھے بول دینا۔
—— بیٹھنا: کہہ دینا، فوراً کچھ کہنا، بُرا بھلا کہنا۔
—— دینا: (۱) ظاہر کر دینا، بھید کھول دینا (۲) جتا دینا، بتا دینا (۳) عرض کر دینا، بات سُنا دینا (۴) سمجھا دینا کان کھول دینا، متنبہ کر دینا۔
کہہ سُن دینا: فہمائش کرنا، پیغام دینا۔
—— سُن لینا: بات چیت کر لینا۔
—— کے پھر جانا/مُکر جانا: انکار کر دینا۔

کہہ کے گناہ گار ہونا: بے جا بات کہنا، بے نتیجہ بات کہنا۔
—— گزرنا: بیان کر دینا۔
کہہ (ف) (۱) کاف بیانیہ، بیان کے لیے (۲) علت، سبب (۳) دفعتاً، ناگاہ (۴) استفہام۔
کہہ: (ف) کم، چھوٹا، کم رتبہ۔
کہتر: (ف) زیادہ چھوٹا، بہت حقیر، کمتر۔
کہترین: (ف) سب سے چھوٹا، سب سے حقیر۔
کہہ و مہ: (ف) مذکر، چھوٹا، بڑا، امیر و غریب۔
کہا: مذکر، کہا ہوا، کہنا۔
—— سُنا: خطا، قصور۔
—— سُنی: (دہلی) مونث، لگائی بجھائی، اِدھر کی اُدھر کہنا، بحث مباحثہ۔
کہو: بولو، بتاؤ۔
کہی بدی: مونث، قول و قرار۔
—— سُنی: مونث، کہنا سننا، ورغلانا، لگائی بجھائی۔
کہے میں آنا: دم میں آ جانا، بہکاوے میں آ جانا۔
کہار: مذکر: (۱) پانی لانے والا (۲) ڈولی پالکی اُٹھا کر چلنے والا، برتن مانجھنے والا۔
کہاری: کہاروں کی مزدوری، اُجرت۔
کہاں: (۱) سوالیہ لفظ کس طرف کدھر (۲) بُعد، دُوری (۳) کب کی جگہ۔
—— راجا بھوج کہاں گنگوا تیلی: (مثل) ادنا کو اعلیٰ سے کیا نسبت، چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔
—— سے کہاں: بے ٹھکانے، بہت دُور۔
—— کی بلا پیچھے پڑی / لگی: کس مصیبت میں پڑ گئے۔
—— لا کر پھنسانا: کس عذاب میں ڈالا، کس مصیبت میں مبتلا کیا۔
—— مر رہا: کہاں دیر لگائی، کیوں دیر لگائی۔
کہانت: (ع) مونث، غیب کی بات بتانا، فال گوئی، پیش گوئی۔
کہانی: مونث: (۱) قصہ، داستان (۲) فضول اور لغو بات۔
کہانی جوڑنا: (عو) قصہ بنانا، افسانہ گڑھنا۔
—— ہے: سب جھوٹ ہے، غلط ہے، صرف کہنے کی بات ہے۔
کہاوت: مونث، مثل، ضرب المثل۔
کہتے سنتے: ہوتے ہوتے، شدہ شدہ۔
—— نہ بنی: کچھ جواب نہ بن پڑا۔
کہتے کہتے زبان دبا جانا: باتیں کرتے کرتے کسی بات کو ٹال جانا۔
—— کی زبان نہیں پکڑی جاتی: کہنے والے کو کوئی روک نہیں سکتا۔
—— ہیں: روایت ہے، کہا جاتا ہے۔
کُہر: مونث، (دہلی) کُہرا، سردی کے موسم میں صبح و شام جو زمین کے آس پاس دھواں نظر آتا ہے۔
کُہرا: مذکر، کُہر۔
کُہرام: مذکر: (۱) آہ و زاری، رونا، ماتم، واویلا (۲) شور و غل، ہنگامہ۔
کُہربا: (ف) مذکر: (۱) ایک قسم کا زرد گوند جیسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑا جائے تو گھاس تنکے وغیرہ کو مقناطیس کی طرح کھینچ لیتا ہے۔
کُہربائی: برقی خاصیت والا۔
کُہروا: مذکر: (۱) کہاروں کا ناچ اور گانا (۲) طبلہ بجانے میں ایک قسم کا تال
کہف: (ع) مذکر: (۱) غار، گڑھا، پناہ (۲) اصحاب کہف کے چھپنے کی جگہ۔
کہکشاں: (ف) مونث، کہکشاں۔
کَہگِل: (ف) مونث، بھوسے میں ملی ہوئی مٹی جس سے دیواروں پر استر کاری کرتے ہیں۔ کاہ گل کا مخفف۔
—— کرنا: پلستر کرنا، استر کاری کرنا۔
کہلا بھیجنا: پیام بھیجنا، کسی کے ذریعہ سے اطلاع دینا۔
کہلا لینا: اقرار لینا، اُگلوا لینا، اعتراف کرا لینا۔
کہلانا: (۱) کسی کی معرفت پیغام بھیجنا (۲) کوئی بات مُنہ سے نکلوانا (۳) مشہور ہونا، نامزد ہونا۔
کَہلنا: مونگ، ماش وغیرہ بریاں کرنا۔ بلکا بھوننا
کَہن: (عو) مونث، کہنے کا ڈھنگ۔

کُہن : (ف) (۱) پُرانا، قدیم (۲) آسمان کی صفت۔
—— **سال / کُہنہ سال** : (ف) مذکر: بوڑھا، بڑی عمر کا۔
—— **سالی** : (ف) مونث: بڑھاپا، ضعیفی۔
کہنا : (۱) نام رکھنا، بُرا کہنا، گالی دینا، الزام رکھنا، سمجھانا، شعر کہنا۔ نصیحت کرنا، تنبیہہ کرنا (۲) عرض کرنا، التماس کرنا، (۳) دُعا کرنا، دُعا مانگنا (۴) سوال کرنا (۵) جواب دینا، پیام دینا (۶) مذکر: بات، مقولہ (۷) بیان (۸) ذکر، پند، نصیحت (۹) حکم، فرمان (۱۰) بات چیت، گفتگو، عرض، التماس۔
—— **بجا لانا** : کہنا ماننا، حکم کی تعمیل کرنا۔
—— **ٹالنا** : کہا نہ ماننا۔
—— **سننا** : (۱) بہکانا، ورغلانا (۲) بات چیت کرنا، بحث کرنا، ضد کرنا۔
—— **کرنا** : کہا ماننا۔
—— **ماننا** : کسی کے کہنے پر عمل کرنا۔
کہنے پر جانا / چلنا : کہا ماننا، کسی کے بہکاوے میں آنا۔
—— **سننے میں آجانا** : لگائی بجھائی پر عمل کرنا۔
—— **سے بات پرائی ہوتی ہے** : منہ سے نکلی ہوئی بات پھر بدلی نہیں جا سکتی۔
—— **کو** : (۱) نام کو، برائے نام (۲) عیب نکلنے کو الزام لگانے کو۔
کہنگی : (ف) مونث: پُرانا پن، بڑھاپا۔
کہنہ : (ف) پُرانا، سال خوردہ۔
—— **مشق** : مشاق، تجربہ کار۔
کُہنی : مونث: کلائی اور بازو کا جوڑ، ساعد و بازو۔
کہنے میں : (۱) فرماں بردار (۲) قابو میں، بس میں۔
—— **میں آجانا** : کہے کا یقین کر لینا، بہکاوے میں آجانا۔
کُہو دِن کی سُنے رات کی : اُلٹا سمجھنے والا، نا سمجھ۔
کہی : مونث: کہا، بات۔
—— **بدی** : مونث: عہد و پیماں، قول و قرار۔
کہی سُنی : مونث: دوسرے کی سکھائی ہوئی بات، بہکاوے کی بات، لگائی بجھائی والی بات۔
کہیں : (۱) کسی جگہ، دوسری جگہ (۲) ایسا نہ ہو (۳) بہت زیادہ (۴) کسی طرح (۵) کسی حال میں (۶) صرف۔
کہیں ٹِل دھرنے کی جگہ نہیں : بالکل جگہ نہیں، بڑی کشمکش اور ہجوم ہے۔
—— **ڈوبے بھی تِرے ہیں** : (مثل) بگڑے ہوؤں کا سنورنا دشوار ہے۔
—— **دائی سے پیٹ چھپتا ہے** : (مثل) خاص لوگوں سے کوئی راز پوشیدہ نہیں رہتا۔
—— **کا نہ رہنا** : کسی کام کا نہ رہنا، نکما ہو جانا، برباد ہو جانا۔
—— **کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کُنبہ جوڑا** : (مثل) بے میل رشتہ جتانا، اوٹ پٹانگ کام کرنا۔
—— **گرجیں کہیں برسیں** : (مثل) ایک کا غصہ دوسرے پر نکالنا۔
—— **ناخن سے بھی گوشت جدا ہوتا ہے** : (مثل) اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے۔
—— **ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں** : (مثل) ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے، مقدر کا لکھا پورا ہوتا ہے۔

ک ۔ ی

کی : (حرف اضافت) مونث سے پہلے بجائے "کا" کی جگہ بولتے ہیں، کی خاطر، کے لیے۔
کے : (حرفِ جار) (۱) جمع کا، کی، الفاظ جمع سے پہلے کا، کی جگہ مستعمل ہوتا ہے (۲) دو فعلوں کے درمیان اظہار عطف کے لیے، جیسے پڑھ کے آیا۔
کے کے : کتنے، چند۔
—— **آدمی کے پیر شدی** : (مثل) تھوڑے تجربے پر اترانے والے کی نسبت کہا جاتا ہے۔
—— **بار** : (عو) کتنی مرتبہ، چند مرتبہ۔
کَے : (ف) مذکر: (۱) حاکم (۲) بادشاہ، ایران کے کیانی خاندان کے بادشاہوں کا لقب۔
کیا : (۱) سوالیہ نشان، چہ (۲) کونسا، کتنا، نہیں (۳)

انکار کے لیے (۴) تعریف کے لیے (۵) تحقیر کے لیے (۶) طنز کے لیے (۷) کثرت ظاہر کرنے کے لیے (۸) لاپروائی کے اظہار کے لیے۔

کیا آسماں کے تارے ہیں: ایسی نایاب چیز تو نہیں کہ مل نہ سکے۔

آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو: آنکھوں میں خاک ڈالنا۔

آئے کیا چلے: آنا نہ آنا برابر۔

کچھ اجارہ ہے: دیکھو، اجارہ کیا ہے۔

انھیں کے سر سہرہ ہے: یہ کام صرف وہی نہیں کر سکتے۔

بات ہے: کیا کہنا ہے، کیا خوب، شاباش۔

بات رہی: کیا عزت رہی۔

بُرا تھا: بہت اچھا تھا، بہت غنیمت تھا۔

بُرائی ہے: کوئی بُرائی نہیں۔

بڑا کام ہے: آسان کام ہے۔

بڑی بات ہے: آسان ہے، مشکل نہیں۔

بساط ہے: کوئی ہستی نہیں۔

بکتا ہے: غلط کہتا ہے۔

بلا ہے: کچھ نہیں، کوئی چیز نہیں، ہیچ ہے، ناچیز ہے۔

پدی کیا پدی کا شوربا: (مثل) بے حقیقت چیز، حقیر چیز، معمولی چیز۔

پڑی ہے: کیا فکر ہے، کیا غرض ہے۔

پوچھنا ہے: (۱) کیا کہنا ہے (۲) بہت خوب۔

تماشا ہے: (۱) کیا مذاق ہے (۲) انوکھی بات ہے۔

تمھارے سر خاب کا پَر لگا ہے: کیا تم ہی سب سے بڑھ کر ہو، تمھارے اندر کیا خوبی ہے؟

تھا کیا ہوا: بنا ہوا کام بگڑ گیا، بڑی تبدیلی آ گئی۔

ٹھکانا: (۱) کوئی بھروسا نہیں (۲) کچھ حد نہیں، انتہا نہیں۔

جاتا: کیا نقصان ہوتا۔

جانے رجانیے: معلوم نہیں، خدا معلوم۔

جائے گا: کیا نقصان ہوگا۔

چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی: (لکھنؤ کا ہلی کرنے والوں پر طنز کیا چھاتی ہے: بڑا حوصلہ ہے۔

چیز ہے: (۱) کیا مال ہے (۲) بے حقیقت ہے۔

خبر: کیا معلوم، کچھ خبر نہیں۔

خدائی ہے: (۱) کیا اللہ کی شان ہے (۲) حیرت طنز اور طعنے کا اظہار۔

خوب آدمی تھا: اچھا آدمی تھا (عموماً کسی کے مرنے پر کہتے ہیں)

دال بھات کا نوالہ ہے: (مثل) کچھ آسان بات نہیں ہے۔

دن تھے: کیسا اچھا زمانہ تھا۔

رکھا ہے: (۱) کچھ باقی نہیں (۲) کیا خصوصیت ہے (۳) کیا انوکھا پن ہے۔

رنگ ہے: کیا حال ہے، کیسی حالت ہے۔

رہا: (۱) کچھ نہیں رہا، آس ٹوٹ گئی (۲) کچھ کسر باقی نہیں رہی۔

زمانہ ہے: کیسا بُرا وقت ہے۔

سمجھ کر: ناحق، بیکار، خواہ مخواہ، عبث۔

سے کیا ہو جانا: کچھ کا کچھ ہو جانا، بڑی تبدیلی آ جانا۔

شے: (کنایتاً) (۱) عجیب چیز (۲) بے وقعت بے قدر۔

ضرور ہے: کوئی ضرورت نہیں۔

علاج: کوئی تدبیر نہیں، کیا سزا۔

غضب ہے: اندھیر ہے، قہر ہے، ستم ہے۔

قیامت ہے: کیا اندھیر ہے، کیسا غضب ہے، کیا ستم ہے۔

کچھ: کس قدر، کتنا، بہت کچھ۔

کرے گا کر لے گا: کچھ نہیں کر سکتا، کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

کسی کا اجارہ ہے: (۱) کسی کی ملکیت نہیں (۲) کسی کا خوف نہیں، کسی کی پرواہ نہیں۔

کھا کے: کس برتے پر۔

کیا کہنا: (۱) تعریف کے لیے (۲) طنز کے لیے۔
—— **کہوں**: مجبور ہوں، کچھ کہا نہیں جاتا، کیا شکایت کروں۔
—— **کہیں گے**: کیا خیال کریں گے، کیا شبہ کریں گے برا کہیں گے۔
—— **کیا**: (۱) کیسے کیسے، کون کون (۲) کس طرح، کتنا، (۳) بہت کچھ (۴) کہاں کہاں۔
—— **کر کیا**: (۱) بڑا غضب کیا، بہت بُرا کیا، (۲) کوئی غلط نہیں کیا (۳) کس مصرف میں لائے (۴) کیا کر دیا۔
—— **کیا کچھ**: بہت کچھ، کون کون سی بات۔
—— **کیا گذرا**: بڑی مصیبت پیش آئی۔
—— **کیا نہ کیا**: سب کچھ کیا، کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔
—— **کیا نہ ہوا**: سب کچھ ہو گیا، کون سی بات رہ گئی، کون سی رسوائی نہ ہوئی۔
—— **گیا**: کیا نقصان ہوا۔؟
—— **لعل لگے ہیں / ایسے لعل لگے ہیں**: کون سی ایسی خوبی ہے۔
—— **لگتا ہے**: کیا خرچ ہوتا ہے، کچھ نہیں جاتا۔
—— **مل جائے گا**: کیا فائدہ ہوگا؟ کچھ نہ فائدہ ہوگا۔
—— **منہ دکھاؤ گے**: کیا جواب دو گے۔ شرم نہیں آئے گی۔
—— **منہ دکھائیں**: بڑے شرمندہ ہیں۔
—— **منہ کا نوالہ ہے**: کام کچھ آسان نہیں، مشکل کام ہے۔
—— **منہ لے کر جاؤں**: بہت شرمندہ ہوں، منہ دکھلاتے شرم آتی ہے۔
—— **ہو**: تمہاری کیا حقیقت ہے۔
—— **ہے**: (۱) کیا معاملہ ہے؟ کیا بات ہے؟ (۲) کس بات کا ہے؟ (۳) کیا چیز ہے (۴) یہی ہے (۵) کیوں ہے، کس لیے ہے۔
—— **یاد کرو گے**: بہت یاد کرو گے، بہت احسان مند ہو گے کیا سمجھو گے؟

کِیا: مذکر؛ (۱) کیا ہوا کام (۲) بُرے کام۔
—— **آگے آئے**: بُرے کام کا بدلا ملے۔
کِیا سامنے آیا: بُرے کام کی سزا ملی۔
—— **آگے آئے گا**: بُرائی کا بدلا ملے گا
—— **دھرا کا رہ جانا**: بنا بنایا کام بگڑ جانا، کیا ہوا کام خراب ہو جانا۔
—— **کرنا**: ہمیشہ ایک ہی کام کرنا۔
کیاد: (ع) مکّار، فریبی، وہ شخص جس کا پیشہ مکر ہے۔
کیاری: مونث؛ کھیت یا باغ کا ایک چھوٹا حصہ جس کی مینڈ بنا دیتے ہیں۔
کیاست: مونث؛ دانائی، عقل مندی، فہم و فراست۔
کیانی: ایران کے قدیم رکے، خاندان سے منسوب، شاہانِ ایران مثلاً کیکاؤس، کیقباد، کیخسرو وغیرہ۔
کیبرے: CABARET (انگ) مذکر؛ (۱) ایک نیم عریاں انگریزی ناچ جسے رقاصائیں، ہوٹلوں، ریستوران میں پیش کرتی ہیں۔ (۲) ریستوران وغیرہ میں پیش کیا جانے والا ایک تفریحی پروگرام (۳) فرانسیسی شراب خانہ (انگلینڈ امریکہ وغیرہ میں)
کیبل: CABLE (انگ) مذکر؛ (۱) سمندری تار بحری برقیہ (۲) جہاز کا رسّا، لنگر کی رسّی (۳) بھاری برقی رو لے جانے والی کئی تاروں کی موٹی رسّی۔
کیبن: CABIN (انگ) لکڑی یا ٹین سے گھیر کر بنا ہوا کمرہ۔
کیبنٹ: (کے۔ بی۔ نٹ) CABINET (انگ) مونث؛ کابینہ، وزیروں کی جماعت۔
کیپ: CAP (انگ) مونث؛ ٹوپی، ڈھکنا۔
کیپٹن: CAPTAIN (انگ) مذکر؛ (۱) کپتان فوج کا ایک عہدہ دار (۲) سمندری جہاز کا ناخدا (۳) سردار، لیڈر، تائید۔
کیپسول: (کیپ سُول) CAPSULE (انگ) مذکر؛ کچھ لمبی جھلی میں بھری ہوئی انگریزی دوائیں۔
کیتکی: مونث؛ ایک خوشبودار پھول اور اس کا پودا۔
کیتلی: KETTLE (انگ) مونث؛ (۱) ایک ٹونٹی دار برتن

جس میں چائے یا پانی کو جوش کرتے ہیں۔

کیتھا: مذکر؛ ایک کھٹا پھل اور اس کا درخت۔

کیتھی: مونث؛ وہ ہندی جو کایتھ (کایستھ) لکھتے ہیں۔

کیٹ: مونث؛ چراغ کی گاد، حقے کا میل، تلچھٹ، ہر وہ میل جو روغن کی تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔

کیٹلاگ: CATALOGUE (انگ) مذکر؛ (کتابوں) کی ترتیب وار فہرست۔

کیچ: مونث؛ کیچڑ۔

کیچڑ: مونث؛ (۱) گارا، دلدل، گیلی مٹی، سڑی مٹی (۲) تلچھٹ (۳) آنکھ کا میل، چیپڑ۔

—— اچھالنا: بدنام کرنا، عیب لگانا، رسوا کرنا۔

کینچل/کینچلی: (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم پر سے اترتی ہے (۲) لباس، پوشاک۔

کیچوا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا لمبے اور سرخ رنگ کا رینگنے والا کیڑا، جو اکثر نمناک زمین میں برسات کے موسم میں پیدا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے۔

کید: (ع) مذکر؛ مکر، فریب، دھوکا، دغا۔

کیڈٹ: CADET (انگ) مذکر بحری یا فوجی کالج کا طالب علم۔

—— کور: CORPS —— (انگ) اسکولوں میں ابتدائی فوجی تربیت حاصل کرنے والے طلبہ۔

کیرتن: (ہ) مذکر؛ بھجن، حمد۔

کیری: مونث؛ (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا زیور جس میں عطر رکھ کر گلے میں پہنتے ہیں (۳) (عم) نیلی آنکھوں والی عورت کو بھی (۴) کیری کی شکل کا مصنوعی پھل۔

کیریکٹر: CHARACTER (انگ) مذکر؛ (۱) چال چلن، کردار، سیرت (۲) ہندسہ، حرف، رسم خط۔

کیڑا: مذکر؛ (۱) رینگنے والا جانور، گھن، دیمک (۲) حشرات الارض، سانپ، بچھو (۳) جوں، کھٹمل۔

—— کلبلانا: (عم) خواہش نفسانی کا زور ہونا۔

—— لگنا: (۱) دیمک لگنا، گھن لگنا، کسی چیز میں نقص پیدا ہونا۔ میرے پڑنا: (۱) کسی چیز میں سڑ جانے سے کیڑے پیدا ہو جانا (۲) (عو) عیب ہونا، نقص ہونا۔

—— پڑیں: (عو) (بد دعا) سڑے، خراب ہو۔

—— نکالنا: عیب نکالنا، نقص نکالنا۔

—— مکوڑے: چھوٹے چھوٹے کیڑے۔

کیس: CASE (انگ) مذکر؛ (۱) ڈھکنا، خانہ، فریم (۲) مقدمہ، دعوا، نالش (۳) کسی بیمار کی حالت مرض، واقعہ یا حادثۂ مرض۔

کیس: مذکر؛ سر کے بال، مرغ کی کلغی۔

کیسا: مذکر؛ (۱) کس قسم کا، کس طرح کا، (۲) کس بات کا (۳) کس قدر، کتنا، نہایت (۴) کس کام کا، محض، بیکار (۵) کس طرح، کس ڈھنگ سے (۶) کیوں، کس لیے (۷) تعجب کا لفظ۔

—— کیسا: ہر طرح کا، طرح طرح کا۔

کیسے: (۱) کس قسم کا، کس رنگ کا (۲) کیوں (۳) کس طرح، کس حالت میں (۴) کس قدر، کتنے۔ (جمع کیسا کی)

—— کیسے: کس کس طرح کے۔

—— ہو: مزاج کیسا ہے؟

کیسَر: مونث؛ (ہ) زعفران۔

کیسری: زعفرانی، زرد۔

—— باتا: مذکر؛ زرد پوشاک جو ہندوؤں میں دولھا کو پہناتے ہیں۔

کیسریا: زرد۔ کیسری۔

—— باتا: وہ زرد لباس جو ایک قدیم دستور کے مطابق راجپوت لوگ کسی لڑائی پر جانے سے قبل زندگی یا موت کا عہد کرنے کے لیے پہنتے ہیں۔

کیسہ: (ف) مذکر؛ (عم) (۱) جیب، پاکٹ، تھیلی، خریطہ (۲) کھیسا۔

کیش: (ف) مذکر؛ (۱) دین، مذہب (۲) عادت، خو (۳) صفت (۴) طریقہ، روش۔

کیش: CASH (انگ) مذکر؛ نقد، نقدی، روپیا، پیسا۔

کیش بک: CASH BOOK (انگ، مونث؛ بہی کھاتہ، وہ کھاتا جس میں نقدی کی آمد و خرچ کا حساب درج ہو۔

کیشیئر: CASHIER (انگ) مذکر؛ خزانچی۔

کیف: (ف، مذکر؛ (۱) نشہ، سرور (۲) کیفیت، حالت (۳) وہ کیفیت جسے صرف محسوس کیا جا سکے۔

——وکم: (ع) مذکر؛ کیسا اور کتنا۔

کیفی: (۱) مخمور، سرشار، نشہ باز، مدہوش، متوالا، (۲) کیفیت یا خاصیت کے متعلق نوعیتی۔

کیفر: (ف) مذکر؛ سزا، پاداش، بُرے کام کا بدلا، بدی کا عوض۔

——کردار: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ کیے کی سزا بُرائی کا انجام، بُرے کام کی سزا۔

——کردار کو پہنچنا: کیے کی سزا پانا۔

کیفے: CAFE (انگ) قہوہ خانہ، کافی ہاؤس، ریستوران۔

کیفیت/کیفیت: (ع) مونث؛ (۱) حالت، ماجرا، حقیقت (۲) رنگ ڈھنگ (۳) شرح، تفصیل (۴) بہار، رونق (۵) لطف، مزہ، نشہ (۶) رپورٹ۔

——طلب کرنا: (قانونی اصطلاح) سبب معلوم کرنا، استفسار کرنا، سرکاری طور پر دریافت کرنا۔

——لکھنا: رپورٹ لکھنا۔

——میں رہنا: نشے میں رہنا۔

کیفے ٹیریا CAFETERIA (انگ) مذکر؛ وہ ریستوران جہاں گاہک کو کھانے پینے کی چیزیں کاؤنٹر پر جا کر خود لینا پڑتی ہیں۔

کیک: CAKE (انگ) مذکر؛ نان کی طرح کی ٹکیہ جو روٹا، میدہ، انڈا وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے

کیکر/کیکٹ: مذکر؛ لمبی شاخوں والا ببول۔

کیکڑا: مذکر؛ بچھو کی شکل کا ایک آبی کیڑا، سرطان، عقرب۔

کیل: مونث؛ (۱) لوہے کی کھونٹی (۲) مہاسوں کے اندر کی جمی ہوئی پیپ (۳) ایک قسم کا ناک کا زیور (۴) ایک ہی درخت کے آموں میں سب سے چھوٹا آم (۵) لوہے کی کیل جو چکی میں لگی ہوتی ہے۔

کیل کانٹا: مذکر؛ ہتھیار، اوزار، اسلحہ، سامان۔

——گھر: مذکر؛ (انگ) سلاٹر ہاؤس، مذبح۔

——نکالنا: (۱) پھنسی یا مہاسے کو دبا کر اس کے اندر سے پیپ کا خشک مادہ نکالنا (۲) خوب ٹھیک بنانا، بہت مارنا پیٹنا۔

کیلا: مذکر؛ کھونٹا، بڑی میخ۔

کیلا: مذکر؛ ایک قسم کا لمبا میٹھا پھل اور اس کا درخت۔

کیلے کی کیل/گود: کیلے کی پھلیوں کا گچھا۔

کیلنا: (۱) منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا (۲) مکان کے کونوں میں عمل پڑھ کر کیلیں گاڑنا (۳) جادو یا منتر کے زور سے کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا یا منہ بند کرنا (۴) کیلیں جڑنا، کیلیں ٹھوکنا، (۵) (کنایتاً) آگے جانے سے روک دینا۔

کیلنڈر: CALENDER (انگ) مذکر؛ جنتری، تقویم۔

کیلوریس: (یونانی) مذکر؛ پکا ہوا، پختہ، غذا ہضم ہونے کی حالت کا پہلا درجہ۔

کیلومیٹر: KILOMSTRE (انگ) مذکر؛ ایک ہزار میٹر کا پیمانہ [۳۲۸۰ (۸۹ فٹ] — ⅝ میل۔

کیلی: مونث؛ (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ (۳) کشتی کا ایک دانو (۴) دُھے کے سوراخ کی کیل۔

کیمبرج: CAMERIDGE (انگ) مونث؛ انگلستان میں ایک مقام جہاں کی یونیورسٹی مشہور ہے۔

کیمپ: CAMP (انگ) مذکر؛ چھاؤنی، ڈیرا خیمہ، پڑاؤ، لشکر گاہ۔

کیمرہ CAMERA (انگ) مذکر؛ فوٹو اُتارنے کا آلہ۔

——مین: MAN — (انگ) مذکر؛ فوٹو گرافر، تصویر اُتارنے والا۔

کیمسٹ: CHEMIST (انگ) مذکر؛ دوا ساز، دوا فروش، کیمیا داں۔

کیمسٹری: CHEMISTRY (انگ) مونث؛ علم کیمیا۔

کیمیا : مونث، (۱) مادّہ کے اندرونی خواصوں کا علم (۲) وہ علم جس میں مادّے کی اجزائی صورتوں سے بحث ہوتی ہے (انگ) کیمسٹری، (۳) (ع) دھاتوں کو سونا بنانے کی روایتی صنعت، (۴) (اردو) نہایت مفید مقصد حاصل کرنے کا ذریعہ (۵) (کنایتاً) نایاب اکسیر۔

—— بنانا : (۱) چاندی سونا بنانا (۲) مطلب حاصل کرنا۔

—— ساز/گر : (ف) کیمیا بنانے والا۔

کیمیائے اَحمر : (ف) مونث؛ سُرخ گندھک جس سے تانبے کو سونا بناتے ہیں۔

کین : (ف) مونث؛ (۱) کینہ، بغض، عداوت، بیر (۲) فریب۔

کینٹین : CANTEEN (انگ) مونث؛ چائے گھر جو کسی دفتر، کالج یا ادارے سے ملحق ہو۔

کینچلی بدلنا : (۱) سانپ کا پُرانی جھلی اُتارنا (۲) (ظرافتاً) لباس بدلنا (۳) (کنایتاً) رنگ بدلنا۔

کینچوا : دیکھو کیچوا۔

کینڈا : مذکر؛ نمونہ، پیمانہ، ڈول، دھنج۔

کینستر : (کے نِسْتَر) CANISTER (انگ) مذکر؛ ٹین کا ڈبا جو اکثر مٹی کا تیل یا دوسری اشیاء رکھنے کے کام آتا ہے (۲) (دیکھو کینستر)

کینسَر : CANCER (انگ) مذکر؛ سرطان، راج پھوڑا، آکلہ۔

کینہ : (ف) مذکر؛ بغض، حسد، دشمنی، عداوت، کپٹ۔

—— پَرور : کینہ رکھنے والا۔

—— تَوز/رَوَر : (ف) حاسد، کپٹی، دل میں بغض رکھنے والا بدلا لینے والا، دشمن۔

کیوان : (ف) مذکر؛ (۱) زحل، ستارہ، سنیچر (۲) (مجازاً) ساتواں آسمان۔

کیوبزم : CUBISM (انگ) مونث؛ مصوّری کا ایک نیا طریقہ جس میں تصویر مندسوں کا مجموعہ معلوم ہوتی ہے۔

کیوٹی : مونث؛ کئی قسم کی ملی ہوئی دالیں۔

کیوڑا : مذکر؛ (۱) ایک درخت اور اس کا خوشبودار پھول، (۲) کیوڑے کا عرق۔

کیوں : (۱) سوالیہ لفظ، کس سبب سے؛ کس لیے؟ (۲) تاکید کے لیے۔

—— بے/رِے : (حقارتاً) کیوں جی؛ کیوں صاحب کی جگہ۔

—— جی : کیوں صاحب۔

—— کر : (۱) کس طرح، کیسے، کس انداز سے، (۲) کس ڈھنگ سے۔

—— کہ : (۱) اس لیے کہ، اس طرح کہ (۲) اس وجہ سے کہ۔

—— مَرے جاتے ہو : کیوں گھبرائے جاتے ہو؛ جلدی کیا ہے؟

—— مغز کھاتا ہے : چُپ رہ، بک بک نہ کر۔

—— نہیں : ضرور، یقیناً، بے شک۔

—— ہم نہ کہتے تھے : آخر وہی بات ہوئی جو ہم کہتے تھے۔

کیے کی سزا پانا : بُرے فعل کی سزا پانا۔

کئی : چند۔

—— بار : چند مرتبہ۔

کھا - کھ - ا

کھا : کھانا کا امر۔

—— بیٹھنا : رقم دبا لینا۔ غبن کرنا۔

—— پی ڈالنا : اُڑا دینا۔

—— جانا : (۱) نگل جانا، چٹ کر لینا (۲) مال مار لینا، غبن کر لینا (۳) تباہ کر دینا، اجاڑ دینا (۴) مار ڈالنا، قتل کرنا۔

—— کے ڈکار نہ لینا : (مثل) پرایا مال، مشکل ہضم کر جانا۔

کھابڑ : ناہموار، اونچا نیچا۔

کھاتا : مذکر؛ حساب کی کتاب، روزنامچہ۔

—— بہی : مونث؛ ہر اسامی کے حساب کی الگ الگ کتاب۔

کھاتا پیتا : مذکر؛ خوش حال۔

کھاٹ : مونث؛ پلنگ۔ چارپائی۔

—— سے لگ جانا : (عم) صاحبِ فراش ہونا، بہت بیمار ہونا۔

—— کھٹولا : مذکر؛ (عم) مال اسباب، لنگر، کھنگر، بوریا، بندھنا۔

کھاج : مونث؛ کھجل، خارشت۔

کھاجا : مذکر؛ ایک قسم کی مٹھائی۔

کھاد: مونث، مذکر؛ کوڑا کرکٹ، سڑی گلی چیزیں، پانس۔
کھادر: مونث؛ ترائی، نشیب کی زمین جس میں بلندی سے آکر پانی جمع ہوتا ہے۔
کھادی: دیکھو کھدر۔
کھار: مذکر؛ (۱) نمک، شورہ، شوریت (۲) سبجی کاٹ کرنے والی چیزیں۔
کھارا: مذکر؛ (۱) نمکین کڑوا، تلخ (۲) ریگ مال (۳) (ہ) شادی کی ایک رسم۔
کھاری: مونث؛ نمکین۔
کھاروا: مذکر؛ ایک قسم کا سرخ موٹا سوتی کپڑا۔
کھاڑی: مونث؛ پانی کا وہ تنگ حصہ جو دور تک خشکی میں گیا ہو۔ (خلیج)۔
کھال: مونث؛ (۱) چمڑا، جلد، (۲) (دہلی) چھلکا، پوست، چھال (۳) چمڑے کی دھونکنی۔
—— اُتارنا: (۱) کھال کھینچنا (۲) چمڑی اُدھیڑنا (۳) سزا دینا، بدلہ لینا۔
—— میں مست ہونا: اپنی حالت میں خوش ہونا۔
کھالا: مذکر (عم)، وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں۔ گڑھا، غار، نالا، ندی۔
کھان: مونث؛ وہ جگہ جہاں سے معدنی اشیا برآمد ہوتی ہیں، کان (۲) مخزن، خزانہ، مصدر، پوٹ، (۳) افراط، کثرت، بہتات۔
—— پان: (ہ) مذکر؛ کھانا پانی۔
کھانا: مذکر؛ (۱) خوراک، خاصہ، (۲) ضیافت، دعوت۔
—— پانی حرام کرلینا: قطعاً کچھ نہ کھانا۔
—— پینا: مذکر؛ (۱) دانہ پانی (۲) خورد و نوش۔
—— دانا: (عو) برادری کو دی جانے والی دعوت۔
—— زہر مار کرنا: حقارت سے کھانا، بے دلی سے کھانا۔
—— وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو: آنے میں دیر نہ کرو فوراً چلے آؤ۔
کھانے کھیلنے کے دن: بے فکری کا زمانہ۔
—— کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور: ظاہر باطن کے خلاف، قول کچھ عمل کچھ۔
کھاؤں کھاؤں کرنا: (دہلی) بہت غصہ کرنا، چڑچڑا پن دکھانا۔
کھاپچ / کھاپچا: مذکر؛ (۱) ٹاپا، جھابا، مرغیوں کے بند کرنے کا ٹوکرا، (۲) چھوٹا گڑھا، (۳) خوان پوش۔
کھاپچی: مونث؛ ڈھکن والی ٹوکری۔
کھاندنا: (عم) ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا درخت لگانے کے لیے زمین کھودنا، زمین میں کھود کر گڑھا کرنا۔
کھانڈ: مونث؛ شکر، چینی۔
کھانڈا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کی سیدھی دورخی تلوار، تیغہ، (۲) قصائی کا بغدا، مچھلی کا قتلا۔
—— بجنا: تلوار چلنا، جنگ ہونا۔
کھانڈنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کچلنا۔
کھانسنا: (۱) کھانسی کی آواز نکالنا، (۲) کھنکارنا۔
کھانسی: مونث؛ کھُرکھُر، سُرفہ۔ سُعال۔
کھانکر: بے حد خشک چیز۔
کھاؤ: (۱) بہت کھانے والا، پیٹو (۲) رشوت لینے والا، (۳) چٹورا۔
—— اُڑاؤ: فضول خرچ، چٹورا۔
—— کھلاؤ: سخی، اوروں کو مال کھلانے والا۔
کھائی: مونث؛ خندق، وہ گڑھا جو قلعہ یا شہر پناہ کے چاروں جانب کھود دیتے ہیں۔
کھایا پیا انگ نہ لگنا: کھانے پینے کے باوجود کمزور رہنا، غذا کا جزو بدن نہ ہونا۔
—— نکالنا: (کنایتاً) خوب پیٹنا، خوب محنت لینا، تھکا مارنا بدلا لینا۔
کھبّا: مذکر؛ اُلٹا، بایاں، بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
کھبنا / کھُب جانا: (۱) چبھ جانا، گڑ جانا (۲) پسند آنا، آنکھوں کو اچھا لگنا، (۳) موزوں ہونا، زیب دینا۔
کھپاچ / کھپچ: مونث (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) پھانس۔
کھپانا: جذب کرنا، پیوست کرنا۔

کھپت : مونث، گنجایش، سمائی۔
کھپنا : (۱) صرف ہونا، خرچ میں آنا۔ (۲) جذب ہونا (۳) کھپت ہونا، فروخت ہونا (۴) سمانی ہونا۔ گزر ہونا۔ (۵) گھلنا۔ (۶) کام آنا، ضائع ہونا، (۷) (کنایتاً) شرمندہ ہونا، چھپنا۔
کھپٹ : بہت بوڑھا، بہت بوڑھی۔
کھپٹا : مذکر؛ (۱) لکڑی یا اینٹ کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا، آم کی کھٹائی۔
کھپچا : مذکر؛ لکڑی کی کف گیر۔
کھپچی : مونث، (۱) بانس کی تیلی، قمچی، (۲) (کنایتاً) لاغر، دبلا
کھپر : مذکر؛ (۱) کھوپڑی (۲) وہ تشت جس میں بھینٹ کا خون دیوتا کو چڑھایا جاتا ہے، یا کسی مجرم کا خون اکٹھا کر کے بہایا جاتا ہے (۳) تونبی (۴) جوگیوں کا تونبے کا بنا ہوا برتن۔
کھپرا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں کو لگ جاتا ہے، (۲) مٹی کا ٹھیکرا، (۳) چھال، بکل، پوست (۴) (عم) قاش، پھانک، (۵) چوڑے پھل کا تیر۔
کھپریل : مونث؛ ..... کھپروں سے چھائی ہوئی چھت۔
—— ڈالنا : کھپروں کی چھت چھانا، مکان کا سر پوش۔

کھ - ت

کھتا : مذکر؛ وہ گڑھا جس میں اناج بھرا جاتا ہے (۲) برف دبا کر رکھنے کا گڑھا (۳) مقتولوں کے ڈالنے کا گڑھا، کھتی (۴) ذخیرہ۔
کھتے میں پڑ جانا : (عم) کسی معاملے کا کھٹائی میں پڑ جانا، ملتوی ہو جانا۔
کھترانی : مونث، کھتری کی تانیث۔
کھترا : مذکر، جس کے منہ پر چیچک کے گہرے داغ ہوں۔
کھتری : مذکر؛ ہندوؤں کی ایک ذات۔
کھتونی : مونث؛ گانو کی زمین کے حساب کتاب کا کاغذ۔
کھتی : مونث؛ کھتا۔
—— کا اناج : (کنایتاً) خراب غلہ۔
کھتیانا : (عم) ہر مد کا حساب، روزنامچے سے چھانٹ کر کھاتے میں درج کرنا۔ رقم کو کھاتے میں درج کرنا۔

کھ - ٹ

کھٹ : مونث؛ (۱) دو کڑی چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔ (۲) کھاٹ کا مخفف۔
کھٹا کھٹ : مونث؛ دو کڑی چیزوں کے مسلسل ٹکرانے کی آواز۔
کھٹ بُنا : مذکر؛ چارپائی بننے والا۔
—— پٹ : مونث؛ (۱) گھوڑے کی ٹاپ کی آواز (۲) کھڑاؤں پہن کر چلنے کی آواز (۳) لڑائی، بھڑائی، اَن بن، ناچاقی۔
—— ہو جانا : لڑائی جھگڑا ہو جانا۔
—— پٹی : کھڑاؤں، پٹا لگا ہوا لکڑی کی کھڑاؤں۔
—— سے : (فوراً)
—— کھٹ : مونث؛ (۱) دو چیزوں کے مسلسل ٹکرانے یا کوٹے جانے کی آواز (۲) جھگڑا۔
کھٹ : مونث؛ کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز (۲) کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز (۳) (کنایتاً) ترک ملاقات۔
کھٹ بڑھئی : مونث؛ ایک لمبی چونچ کا چھوٹا پرندہ جو پیڑوں کے تنوں سے کیڑے نکال کر کھاتا ہے۔

کھٹا : مذکر؛ (۱) ایک ترش پھل، ایک ترش لیموں (۲) بڑی چارپائی جس کے پایے اونچے ہوں، (۳) ترشی، ترش۔
—— چوک / چونا : بہت کھٹا۔
—— میٹھا : کھٹ مٹھا۔
کھٹی : مونث؛ ترش۔
—— میٹھی باتیں : بری بھلی باتیں۔
کھٹے میٹھے دن : مذکر، (عو) (۱) برے دن (۲) حمل کا زمانہ۔
—— کو جی چاہنا : لذیذ غذا کو جی چاہنا (۲) حاملہ عورت کو کھٹائی کی خواہش ہونا۔
کھٹاس : مونث؛ (۱) ترشی، کھٹائی (۲) (دہلی) خفگی، کلفت، (۳) مذکر؛ (دہلی) ایک قسم کا نیولا۔

(۳) مذکر؛ (دہلی) ایک قسم کا نیولا۔

کھٹائی : مونث؛ (۱) ترشی (۲) کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانک۔

—— **میں پڑنا** : (۱) زیور کا ترشی میں پڑنا (۲) (کنایتاً) توقف میں پڑنا، جھمیلے میں پڑنا، کسی چیز کے ملنے میں دیر ہونا۔

—— **میں ڈالنا** : ٹال مٹول کرنا، دیر لگانا، بہانہ کرنا۔

کھٹائی : (دہلی) کھوٹ، قصور، دغا۔

کھٹراگ : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا راگ جس میں کئی راگنیوں کے سُر ملے ہوتے ہیں (۲) مذکر؛ جھگڑا، بکھیڑا، جنجال۔

—— **پھیلانا** : جھگڑا پھیلانا، جھنجھٹ کرنا۔

—— **میں پڑنا** : بکھیڑے میں پڑنا، جنجال میں پڑنا۔

—— **کھٹک** : مونث؛ (۱) خلش، چبھن (۲) ٹیس (۳) رنج، غم، گلہ، شکوہ، ملال۔

—— **جانا** : (۱) چبھ جانا، (۲) (کنایتاً) دل میں اثر کر جانا (۳) ناگوار ہونا، بُرا لگنا (۴) شبہ ہو جانا (۵) بگاڑ ہو جانا، اَن بن ہو جانا۔

کھٹکھٹانا : کھڑکھڑانا، کسی کو ہوشیار کرنا، دروازے پر دستک دینا۔

کھٹکنا : (۱) درد کرنا (۲) کرکرا معلوم ہونا (۳) ڈرنا، دبنا، ہچکچانا (۴) دل میں ڈرنا (۵) ہوشیار ہو جانا (۶) بدظن ہونا۔

کھٹکا : مذکر؛ (۱) ہلکی آواز، آہٹ، پانو کی چاپ (۲) خلش، کھٹک (۳) پھانس کا ٹوٹنا (۴) چٹخنی، بلی (۵) قفل کا کھٹکا (۶) آواز کی گٹکری (۷) اندیشہ، ڈر، (۸) تردد، فکر۔

—— **گذرنا** : اندیشہ ہونا،

—— **لگا رہنا** : فکر رہنا، اندیشہ رہنا۔

—— **مٹنا** : اندیشہ دور ہونا۔

—— **ہوا** : رُکا ہوا، کشیدہ خاطر۔

—— **ہونا** : آہٹ ہونا، فکر ہونا، تردد ہونا، خوف و اندیشہ ہونا۔

کھٹکا : مذکر؛ (۱) آہٹ (۲) نقصان، ضرر (۳) اندیشہ، دغدغہ، (۴) گمان، شک۔

کھٹکار : مونث؛ مچھلی کے بنسی کو جنبش دینے کی آواز۔

کھٹکارنا : مچھلی کا بنسی کو جنبش دینا۔

کھٹکنا : (۱) چھلکا اُتارنا (۲) چڑیا یا مرغی کے بچے کا انڈے سے باہر نکلنے کے لیے اندر سے انڈے میں چونچ مارنا، (۳) کسی چیز کا اگلے دانتوں سے توڑنا، ڈور میں کھٹکی دینا۔

کھٹکی : مونث؛ پتنگ کی ڈور کو دانتوں سے کاٹ کر کمزور کر دینا، (اس طرح کاٹنا کہ ڈور آدھی جڑی رہے)

کھٹکھٹے : (عو) جھگڑے کی باتیں۔

کھٹلے : مذکر؛ (عو) (۵) کان کے اوپر کے سوراخ جو زیور کے لیے عورتیں چھدواتی ہیں۔

کھٹ مٹھا : مذکر؛ کھٹا، میٹھا۔

کھٹمل : مذکر؛ (۱) چارپائی کا کیڑا (۲) ایک سیاہ رنگ کا پہاڑی پھل۔

کھٹولا : مذکر؛ چھوٹا پلنگ، چھوٹی چارپائی۔

کھٹولی : مونث؛ چھوٹا کھٹولا۔

کھٹیا : مونث؛ (عم) (۱) پلنگڑی (۲) (عم) جنازہ۔

—— **سینا** : بیمار پڑنا، صاحب فراش ہونا۔

—— **نکلنا** : جنازہ نکلنا۔

کھٹیا : مونث؛ ریوڑی، ایک مٹھائی کا نام۔

کھ - ج

کھج : (۵) مونث؛ (عو) چڑ، غصہ، ناراضی، خفگی، رنجیدگی، ملال۔

کھجانا : (۵) (۱) چڑانا، چھیڑنا، غصہ دلانا، (۲) (مزاحاً) ایسی بات کہنا جو رنجش خاطر کا باعث ہو۔

کھجانا / کھجلانا : (۱) ناخن سے آہستہ آہستہ سہلانا، (۲) کھجلی ہونا۔

کھجلا : مذکر؛ ایک قسم کا خستہ اور پرت دار میٹھا پکوان، کھاجا۔

کھجلی : مونث؛ (۱) کھاج، خارش، خارشت، (۲) چُل (۳) ایک سوداوی مرض کا نام۔

—— **اُٹھنا** : (کنایتاً) (۱) مار کھانے کو جی چاہنا (۲) شہوت کا زور ہونا۔

کھجور : مونث؛ ایک قسم کا چھوارا (۲) خرما اور اس کا درخت، (۳) ایک قسم کی مٹھائی۔

کھ - چ

کھچا : مذکر؛ تنا ہوا، کسا ہوا، (۲) کشیدہ، ناراض، (۳) تیز، مہنگا۔

کھچاکا : مذکر؛ کسی آدمی کو لگنے والی تلوار کی ضرب کی آواز۔

کھچا کھچ : (۱) خوب بھرا ہوا، (۲) بہت زیادہ کثرت سے (۳) مونث؛ چقاچق، ہتھیاروں کے جسموں پر چلنے اور گوشت میں گھسنے کی آواز۔

—— **بھرنا** : ٹھوس ٹھوس کر بھرنا۔

کھچاؤ : مذکر؛ تناؤ، کشیدگی۔

کھچاوٹ : مونث؛ کسا ہوا (۲) (عم) رکاوٹ، کشیدگی۔

کھچ جانا : (۱) کشیدہ ہونا، (۲) کنارہ کش ہونا، ناراض ہو جانا۔

کھچڑا : مذکر؛ ایک قسم کا نمکین کھانا جس میں گوشت، گیہوں چاول اور سب قسم کی دالیں پڑتی ہیں۔

کھچڑی : مونث؛ (۱) ایک خوراک جو دال چاول ملا کر پکاتے ہیں (۲) بیری کا پھول (۳) ملی جلی اشرفیاں اور روپے (۴) خفیہ صلاح و مشورہ (۵) سیاہ اور سفید بال (۶) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

—— **پکانا** : (کنایتاً) خفیہ صلاح و مشورہ کرنا، سازش کرنا۔

کھچنا / کھینچنا : (۱) تننا کسا جانا، جکڑا جانا (۲) گھسیٹا جانا (۳) کشیدہ ہونا، آزردہ ہونا، احتیاط کرنا، (۴) نکلنا (۵) طول پکڑنا، (۶) نکلنا، خارج ہونا، (۷) اُترنا، نقل ہونا، بننا، (۸) عکس اُترنا، شبیہہ اُترنا، (۹) مہنگا ہونا، چڑھ جانا، (۱۰) کشش ہونا۔

کھچوانا / کھنچوانا : کھینچنا کا متعدی۔

کھ - د

کھدائی : مونث؛ (۱) کھودنے کا کام (۲) کھدوانے کی اُجرت۔

کھدبد : مونث؛ دال یا چاول وغیرہ پکنے کی آواز۔

کھدبدانا : اُبلنا، کھولنا۔

کھدبدی : مونث؛ (عم) کھلبلی، ہلچل، فکر و اندیشہ۔

کھدر : مذکر؛ کرگھے پر بُنا ہوا کپڑا۔

کھدرا : مذکر؛ (۱) کھُردرا، اونچا نیچا، ناہموار، سطح والا (۲) کونا (کونا کے ساتھ مستعمل ہے)

کھدنا : کھودا جانا، نقش کیا جانا۔

کھدوانا : (۱) کندہ کرانا، نقش کرانا (۲) جڑ سے نکلوانا، (۳) کھدانا۔

کھدیڑ : مونث؛ پیچھا، تعاقب۔

کھدیڑنا : تعاقب کرنا، پیچھا کرنا، رگیدنا۔

کھ - ڈ

کھڈ : مذکر؛ دو پہاڑوں کے بیچ کا میدان، غار، گڑھا۔

کھڈی : مونث؛ (۱) قدمچہ جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں، (۲) (مجازاً) دانتوں کے سوراخ۔

کھ - ر

کھر : مونث؛ سوکھی گھاس، پھونس۔

کھر : مذکر؛ گائے بکری اور ہرن وغیرہ کے ناخن چڑا ہوا سُم۔

—— **بندی** : مونث؛ گھوڑے کو نعل لگانا۔

کھر : مونث؛ کھانسی کی آواز۔

—— **کھر کرنا** : کھانسنا۔

کھرا : مذکر؛ (۱) خالص، بے میل (۲) صاف، پاک بے ریا، خوش معاملہ (۳) صاف گو (۴) کھوٹا کی ضد۔

—— **پن** : خوش معاملگی، خوبی، دیانت داری، صاف گوئی۔

—— **کرنا** : پرکھنا۔

—— **کھوٹا** : مذکر؛ اچھا برا، برا بھلا۔

کھری : مونث؛ کھرا کی تانیث۔

—— **بات** : صاف بات، بے لاگ، غیر جانبدارانہ بات۔

—— **سُنانا / کھری کھری کہنا** : برا بھلا کہنا، صاف صاف کہنا، لگی لپٹی نہ رکھنا۔

—— **مزدوری چوکھا کام** : (مثل) جب مزدوری جلدی،

کھرے دام: پوری قیمت۔
—— کر لینا: نقد قیمت حاصل کر لینا۔
کھرا: مذکر؛ (۱) مسودہ، فہرست، یادداشت (۲) طومار، طول طویل لکھا ہوا مضمون۔
کھرے کا کھرا: بہت طول طویل تحریر۔
کھرّا: مذکر؛ (۱) (دہلی) کپڑوں میں چنت ڈالنے کا آلہ (۲) (دہلی) چھاپنے کے پتھر پر سے حرف اُڑانے کا مسالا (۳) سخت، اکھڑ، بدمزاج (۴) چکنے کا ضد، کھُردرا۔
کھرانڈ / کھراہند: مونث؛ پیشاب کی بدبو، بُری بو۔
کھرب: مذکر؛ سو ارب کی تعداد، دس ہزار کروڑ (سو ارب کا ایک کھرب ہوتا ہے)
کھُرپا: مذکر؛ گھاس کھودنے کا آلہ۔
—— جالی سنبھالنا: (دہلی) گھاس کھودنے کا کام اختیار کرنا۔
کھُرپی: مونث؛ (۱) چھوٹا کھُرپا، (۲) (عو) انگیا اور شلوار کے مونڈھوں کی تراش۔
کھُرپیچ: (دیکھو) کھڑپیچ۔
کھُرچن: مونث؛ موسیقی کا پہلا سُر۔
کھُرچن: مونث؛ (۱) پکی ہوئی ہانڈی میں نیچے جم جانے والی چیز (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی (۳) (کنایتاً) بچا کھچا، (۴) (کنایتاً) سب سے آخری بچہ، پیٹ کی پونچھن۔
کھُرچنا: چھیلنا، رگڑنا۔
کھُرچنی: مونث (دہلی) کھُرچنے کا آلہ، پتھر یا پلیٹ پر سے حرف چھیلنے کا اوزار۔
کھُردرا: مذکر؛ ناہموار، دانے دار، اونچا نیچا، کھُرکھُرا۔
—— پن: مذکر؛ کھُرکھُراہٹ، ناہمواری۔
کھُرکھُرا: مذکر؛ دیکھو، کھُردرا۔
کھُرکھُراہٹ: مونث؛ کھُردراہٹ، ناہمواری، دُرشتی۔
کھرل: مذکر؛ ایک قسم کی پتھر کی کونڈی جس میں دوائیں پیستے اور حل کرتے ہیں۔
—— کرنا: کھرل میں باریک پیسنا۔
کھرنجا: مذکر؛ اینٹ کا فرش، کھڑی اینٹوں کا فرش، پتھر کا فرش یا سڑک۔
کھرنڈ: مذکر؛ زخم کا انگور، زخم کے اوپر کی خشک جلد، کھُنڈی، پپڑی
—— جمنا: زخم کے اوپر پپڑی جم جانا۔
کھرنی: مونث؛ ایک درخت اور اس کا میٹھا پھل۔
کھروچا / کھروینچا: مذکر؛ خراش۔
کھُروچنا: نوچنا، کھسوٹنا، پنجہ مارنا۔
کھرہا: مذکر؛ (عم) خرگوش۔
کھُرّی: مونث؛ کھرا کی تانیث، بغیر بچھونے کی چارپائی، یا تخت۔
—— کھاٹ: وہ پلنگ جس پر کچھ نہ بچھا ہو۔
کھریا: مونث؛ ایک قسم کی سفید مٹی، چاک جس سے بورڈ پر لکھتے ہیں۔
—— میں کوئلا: (دہلی، عم) بے میل بات، ناموزوں بات۔
کھریرا: مذکر؛ لوہے کا کنگھا جس سے گھوڑا ملتے ہیں اور اس کی گرد صاف کرتے ہیں (۲) بڑی جھاڑو۔
—— کرنا: کھریرے سے گھوڑے کے جسم کی مالش اور صفائی کرنا۔

کھ - ڑ

کھڑ: مونث؛ قیمتی موتی کا ریزہ، کانچ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔
کھڑا: مذکر؛ (۱) اٹھا ہوا، تنا ہوا، برپا (۲) سیدھا، راست، (۳) ٹھہرا ہوا، بغیر کٹا ہوا (۴) کچا، ادھ گلا، (۵) کچی سلائی کیا ہوا، ٹانکا ہوا، (۶) نصیب، برقرار۔
—— پانی: رُکا ہوا پانی۔
—— زبر: مذکر؛ چھوٹے الف کی شکل کا زبر جو الف ممدودہ کی آواز دیتا ہے۔
—— زیر: چھوٹے الف کی شکل کا زیر جو یائے مجہول کی آواز دیتا ہے۔
—— کرنا: (۱) اٹھانا، (۲) برپا کرنا (۳) روکنا (۴) لنگر کرنا (۵) قائم کرنا، جاری کرنا (۶) کچی سلائی کرنا، تگیانا (۷) گاڑنا، نصب کرنا۔
—— کھیت: وہ کھیت جو کاٹا نہ گیا ہو۔
—— کھیل: ہاتھوں ہاتھ کا کام۔
—— نقشہ: لمبا چہرہ۔

کھڑا ہونا: (۱) اٹھنا۔ استادہ ہونا (۲) برپا ہونا، بنیاد پڑنا، (۳) ٹھہرنا، تھمنا (۴) گڑنا، نصب ہونا، (۵) کسی انتخابی مہم کا امیدوار بننا۔

کھڑاکا: مذکر؛ کھڑکا، کھٹکا۔

کھڑاؤں: مونث؛ ایک قسم کی لکڑی کی جوتی، لکڑی کی چپل، نعلین۔

کھڑبڑ: مونث؛ (۱) چیزوں کے الٹنے پلٹنے کی آواز (۲) کھٹ پٹ۔

کھڑبڑاکر: کھڑبڑ کرکے، گھبراکے۔

کھڑپیچ: مذکر؛ کوئی عیب نکالنا، حجت نکالنا۔

کھڑکا: مذکر؛ آہٹ، کھٹکا۔

—— ہونا: آہٹ ہونا، کھٹکا ہونا۔

کھڑکانا: (۱) دستک دینا، زنجیر ہلانا، (۲) (دہلی) خبر لینا، دھمکانا جھڑکنا (۳) آواز کرنا (۴) متنبہ کرنا، ہوشیار کرنا۔

کھڑکنا: (۱) سوکھے پتوں کا بجنا (۲) تلواریں چلنے کی آواز ہونا، (دہلی) بگاڑنا،

کھڑکی: مونث؛ (۱) جھروکا، غرفہ، چھوٹا دروازہ (۲) پگڑی کے اوپر کا حصہ۔

کھڑکی دار انگرکھا: وہ انگرکھا جو سینے پر سے کھلا ہوا ہو۔

—— دار پگڑی: ماروائی پگڑی۔

کھڑکھڑ: مونث؛ کسی چیز کے چلنے یا گھسٹنے کی آواز، ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز، سخت چیز کے ٹکرانے کی آواز۔

کھڑکھڑا ڈالنا: جھڑک دینا، جھڑکنا۔

کھڑکھڑانا: (۱) بجانا، کھٹ کھٹ کرنا، کنڈی بجانا (۲) کواڑ بجانا، (۳) آڑے ہاتھوں لینا، ڈرانا، (۴) خطرے کی بات سے آگاہ کرنا۔

کھڑکھڑاہٹ: مونث (۱) کھڑکھڑ کی آواز، خشک گھاس کی حرکت کی آواز (۲) اکے وغیرہ چلنے کی آواز۔

کھڑکھڑا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑوں کو سدھاتے ہیں، (۲) سامان لادنے اور مسافروں کو لے جانے والی کھلی ہوئی گھوڑا گاڑی۔

کھڑنجا: دیکھو کھرنجا۔

کھڑنک: نہایت سوکھا۔

کھڑکی: مونث؛ (۱) اکھٹی ہوئی، سیدھی (۲) کچی، ادھ کچری ایک قسم کی تیراکی۔

—— بولی: (۱) مردانہ لہجے والی بولی (۲) دلی کے مشرقی قرب وجوار میں بولی جانے والی وہ بولی جس میں عربی فارسی کے الفاظ ملنے سے اردو زبان بنی۔

—— پچھاڑیں کھانا: کھڑے ہو ہوکر گر پڑنا۔

—— پیرائی: کھڑے ہوکر پیرنا۔

—— مسور: مسلم مسور۔

—— ہنڈی: وہ ہنڈی جس کا روپیا ادا نہ ہوا ہو۔

کھڑے پانی نہ پینا: ذرا ٹھہرنا، فوراً چلا جانا۔

—— پیر کا روزہ رکھنا: (مزاحاً) برابر کھڑا رہنا بیٹھنے کا نام نہ لینا۔

کھڑے کر لینا: نقد کرنا، حاصل کرنا، کمانا۔

—— کھڑے: (۱) فوراً، جلد (۲) دیر تک کھڑے رہ کر (۳) ذرا کی ذرا۔

—— کھڑے ہو جانا: تھوڑی دیر کے لیے مل جانا۔

کھڑپیچ: مونث؛ (۱) ہلکا زخم، چھل جانے سے جسم پر پڑنے والا زخم (۲) کیل کانٹے میں پھنس کر جو کپڑا پھٹ جاتا ہے اُسے بھی کھڑپینچ کہتے ہیں (۳) (دہلی) کینہ، بغض، نکتہ چینی، تکرار۔

—— رکھنا: عداوت رکھنا، کینہ رکھنا۔

—— لگنا: (دہلی) کھوپنچ لگنا۔

—— نکالنا: نقص نکالنا، تکرار کرنا، عداوت نکالنا۔

کھڑپینچا: مذکر؛ نکتہ چین، حاسد، لئیری۔

کھ - س

کھس پھس: مونث؛ کھسر پھسر۔

کھسر پھسر: مونث، کانا پھوسی، سرگوشی، دو شخصوں کا اس طرح باتیں کرنا کہ کوئی دوسرا نہ سن سکے نہ سمجھ سکے۔

کھسرا: مونث؛ ایک قسم کی چھوٹی چیچک۔

کھسکانا: (۱) دور ہٹانا، ملتوی کرنا (۲) سرکانا، بڑھانا (۳) چرانا، غائب کر دینا، (۴) ڈالنا، رفا نہ کرنا۔

کھسک جانا: (۱) چپکے سے نکل جانا، دبک کر چلے جانا۔
کھسکنا: (۱) سرکنا، ہٹنا، چلنا، ٹلنا، چپکے سے چل دینا (۲) جنبش کرنا، (۳) ایک طرف کو ہو بیٹھنا (۴) چوتر کے بل چلنا۔
کھسکھسا: مذکر؛ کرکرا۔
کھسکھسانا: کرکرانا۔
کھسکھساہٹ: مونث؛ کرکراہٹ۔
کھسوٹنا: (۱) نوچنا (۲) بال اکھاڑنا (۳) زبردستی چھین لینا۔
کھسیانا: مذکر؛ (۱) روہانسا (۲) شرمندہ، مونث؛ کھسیانی۔
کھسیانا جانا/کھسیانا ہونا: روہانسا ہو جانا، جھینپ جانا، شرمندہ ہو جانا،
کھسیانی بلی کھمبا نوچے: غصہ ور، دوسروں پر اپنی جھلاہٹ اتارتا ہے۔
ـــــ ہنسی: مونث؛ وہ ہنسی جو شرمندگی یا غصے میں آئے۔
ـــــ ہنسی ہنسنا: جھینپ مٹانے کے لیے ہنسنا۔

کھ۔ک

کھکری: نیپالی، مونث؛ ایک قسم کا تیز دھار والا نیپالی چھرا۔
کھکل/کھکھل: (۱) کھوکھلا، خالی (۲) (کنایتاً) نادار مفلس۔
کھکیڑ: مونث؛ (دہلی) (۱) محنت، مشقت، سخت تکلیف رنج (۲) آپس کا لڑائی جھگڑا۔
کھکھ: (۱) مفلس، نادار (۲) کھوکھلا، خالی۔

کھ۔ل

کھلا: کھلنا کا ماضی، کھلانا کا امر۔
ـــــ پڑنا: مارے خوشی کے مسکرائے جانا۔
ـــــ جاتا ہے: خوشی سے ہنسے دیتا ہے۔
کھلا: مذکر؛ (۱) کشادہ (۲) فراخ، وسیع، چوڑا (۳) عریاں، ننگا، بے حجاب (۴) صاف، بے ابر آسمان (۵) آزاد، بے قید (۶) عام، مشہور، معروف (۷) ظاہر، علانیہ۔
کھلا کھلا: (۱) صاف صاف (۲) وسیع، کشادہ۔
کھلاڑ: مذکر؛ ڈھلوان، جگہ، نشیبی جگہ۔
کھلاڑ: صفت، مونث؛ (۱) اوباش عورت (۲) مکار، چنچل شوخ
ـــــ پن: اوباشی، مکاری، شوخی، چنچل پن۔
کھلاڑی: (۱) کھیل جاننے والا، کھلنڈرا، کھیل کود میں مشغول رہنے والا (۲) جوا کھیلنے والا جواری، (۳) مداری، شعبدہ باز، (۴) مکار، فریبی، چالاک۔
کھلانا: (۱) کھانا کھلانا، دعوت کرنا، (۲) کوئی کھیل کھلانا (۳) بہلانا (۴) شگفتہ کرنا (۵) بھوت پریت کا سر پر لانا۔
ـــــ پلانا: ضیافت کرنا، کھانا کھلانا۔
کھلائے سونے کا نوالہ، دیکھے شیر کی نظر: بچوں کو کھلائے پلائے تو اچھا لیکن تربیت دیتے وقت اپنا رعب بھی قائم رکھے۔
کھلائی: مونث؛ (۱) کھانا، خوراک، خورش، (۲) خوراک کی قیمت (۳) کھانا کھلانے کی اجرت، آنا (۴) کسی کی پرورش کی ہوئی لڑکی۔
کھلبلانا: کھولنا، ابلنا، جوش آنا۔
کھلبلاہٹ: مونث؛ گھبراہٹ، اضطراب۔
کھلبلی: (۱) مونث؛ ہلچل، گھبراہٹ، بے قراری، ہنگامہ۔
کھل پڑنا: (کنایتاً) بے حجاب ہونا بے تکلف ہو جانا۔
ـــــ کر/کے: (۱) اچھی طرح (۲) آزادی سے بے تکلفانہ (۳) ظاہر۔
ـــــ کھیلنا: کوئی کام علانیہ کرنا، بے جھجک کرنا، شرم و حیا اٹھا دینا۔
کھلتا ہوا: مذکر؛ موزوں، مناسب، صاف۔
کھلنا: (۱) گرہ کھلنا، بھید کھلنا (۲) ظاہر ہونا، عیاں ہونا، ثابت ہونا (۳) پھٹ جانا (۴) بے نقاب ہونا (۵) اوجھڑنا، سنجیدہ نکلنا، سیون نکلنا (۶) جاری ہونا، بہنے لگنا، چلنے لگنا (۷) حجاب دور ہونا، (۸) صاف ہونا (۹) زیب دینا موزوں ہونا (۱۰) کیفیت معلوم ہونا (۱۱) نکھرنا، رونق پر آنا،

کِھل جانا: (۱) شگفتہ ہوجانا، (۲) (کنایتاً) خوش ہوجانا۔
—— کِھل: مونث؛ (۱) ٹھٹھے، قہقہے کی آواز (۲) پھوہڑپن کی ہنسی۔
—— کِھلا پڑنا: بے تاب ہوکر زور سے ہنس پڑنا۔
—— کِھلانا/ کِھل کِھلا کے ہنسنا: قہقہہ مارنا، ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔
کِھل کِھلانا: انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا، پیٹ بولنا۔
کُھلم کُھلا: بے روک ٹوک، کھلے خزانے، اعلانیہ۔
کُھلنا: (۱) ناگوار ہونا (۲) دوبھر ہونا۔
کِھلنا: (۱) کلی کا پھولنا، پھول آنا، پھولنا (۲) خوش ہونا، ہنسنا۔
کِھلنڈرا/ کھلنڈرا: مذکر؛ (۱) کھیل کود میں مشغول رہنے والا، کھلاڑی (۲) (کنایتاً) بے پروا۔
کِھلّو: (عو) مونث؛ (۱) ہر وقت ہنستی رہنے والی (۲) کھلنڈری۔
کِھلونا: مذکر؛ (۱) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۲) (کنایتاً) نازک اور دکھاوے کی چیز۔
کِھلّی: مونث؛ ہنسی، ٹھٹھا، تمسخر۔
—— اُڑانا: ہنسی اُڑانا، احمق بنانا۔
—— باز: مسخرہ، ظریف۔
—— بازی: مونث؛ چھیڑ، مذاق۔
کھلیان: مذکر؛ (۱) غلے کا انبار، وہ جگہ جہاں غلے کا ڈھیر لگاتے ہیں، (۲) انبار، ڈھیر۔
—— کر دینا: (عو) ستیاناس کر دینا۔
کُھلے بازار: کُھلم کُھلا۔
—— بندوں: (کنایتاً) بے تکلف، صاف صاف، کُھلم کُھلا، ڈنکے کی چوٹ پر، بے قید، آزاد۔
—— خزانے: علانیہ، ظاہر۔
کُھلی مُٹھی: کنایہ ہے سوال کرنے سے۔

کھ - م

کھم/ کھمبا: مذکر؛ ستون، تھونی۔
کھمبا چ: مونث؛ ایک قسم کی ساگ کا نام۔
کھمبی: مونث؛ ایک قسم کی سفید نباتات جو برسات میں خود سے پیدا ہوجاتی ہے۔

کھ - ن

کھنجر: کنگھڑ۔
کھنجری: مونث؛ (۱) ایک قسم کا باجا چھوٹی ڈفلی (۲) خنجری۔
کھنجن: مذکر؛ ایک چھوٹا پرندہ جس کی دُم ہر وقت حرکت کرتی رہتی ہے، شاما۔
کھنچائی: مونث؛ کھینچنے کا کام۔
—— کرنا: مضحکہ اُڑانا، زچ کرنا، پریشان کرنا، طنزیہ جملے کہنا
کھندانا: مذکر؛ (۱) تلوار یا چھری وغیرہ کی باڑھ میں پڑنے والا دندانہ (۲) لکڑی یا دیوار کا چھوٹا سا سوراخ (۳) (کنایتاً) رخنہ جو کسی چیز میں پڑ جائے۔
کھنڈ: مونث؛ (۱) کھانڈ کا مخفف (۲) مذکر؛ ٹکڑا، حصہ (۳) کتاب کا حصہ، باب (۴) مکان کا اندرونی حصہ، منزل، درجہ۔
—— سار/ سال: مونث؛ شکر بنانے کا کارخانہ۔
کھنڈا: مذکر؛ (۱) چاولوں کا چورا، (۲) ایک قسم کی دُو رُخی تلوار کھانڈا۔
کھنڈا: مذکر؛ کند، جو تیز نہ ہو۔
کھنڈت: (ہ) مونث؛ (۱) خلل، دل اندازی (۲) ٹکڑے ٹکڑے، ابتری، پراگندگی (۳) تردید، تنسیخ۔
—— پڑنا: خلل پڑنا۔
کھنڈر: مذکر؛ ویران، ٹوٹا پھوٹا مکان، ویرانہ، ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشانات۔
کھنڈلا: مذکر؛ (دیہی) (۱) مچھلی کا قتلا، گوشت کا ٹکڑا (۲) قتلا، ٹکڑا۔
کھنڈلا: مذکر؛ (۱) وہ لڑکا جس کے دودھ کے آگے کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔
کھنڈوی: مونث؛ ایک قسم کی بین کی غذا جس کو قتلوں کی صورت میں کھایا جاتا ہے۔

کھُنس: مونث؛ نفرت، غصہ، دشمنی، دلی عداوت۔
کھُنسانا: (۱) حسد کرنا (۲) تیوری چڑھانا، (۳) لگائی بجھائی کرنا، چغلی کھانا۔
کھُنک: مونث؛ (۱) بجنے کی آواز، جھنکار (۲) (کنایتاً) گانے والے کی اچھی آواز،
کھُنکانا: جھنکارنا، بجانا۔
کھُنکنا: (۱) بجنا، کھڑکنا (۲) پرکھتے وقت روپے کا بجنا (۳) برتنوں کا ٹکرا کر بجنا۔
کھُنکارنا: (۱) گلا صاف کرنا، کھانس کر تھوکنا (۲) اشارہ کرنا، ہوشیار کرنا۔
کھُنکھڑ: خشک، سخت، مُرجھایا ہوا۔
کھُنکنا: مذکر؛ وہ مٹی کا برتن جس میں کوئی درز پڑ جائے اور جس وقت اس پر ہاتھ ماریں تو ایک ایسی آواز پیدا ہو کہ جو اس کے ٹوٹ جانے پر دلالت کرے۔
کھُنکھنانا: (۱) بجانا، جھنجھنانا (۲) مٹی، چینی اور شیشہ کے برتنوں کا ٹوٹنے پر آواز دینا۔
کھُنکھنانا / کھِن کھِن کرنا: بیمار بچے کا ناک سے رونا، کھِنکھنانا۔
کھُنگالنا: (۱) کپڑے کو پانی میں ڈبو کر نکال لینا، (۲) سرسری طور پر کپڑے دھونا، برتن کو پانی سے صاف کرنا (۳) (عو) استعمال کرنا (۴) (کنایتاً) جماع کرنا (۵) خوب ڈھونڈنا، چپہ چپہ مارنا۔
کھُنگڑ / کھنگڑ: (۱) مذکر؛ ملی ہوئی اینٹ کا بڑا ٹکڑا (۲) لوہے کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے (۳) ایک قسم کے مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کے پتھر صاف کرتے ہیں۔

کھ - و

کھُور / کھوہ: مونث؛ غار، گڑھا، پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔
کھُوا: مذکر؛ کندھا، مونڈھا۔
کھُوے سے کھُوا چھلنا: بھیڑ کی وجہ سے کندھے سے کندھا رگڑنا۔
کھُوے لگنا: (پہلوانوں کی اصطلاح) اکھاڑے کی زمین سے کندھے کا چھو جانا۔
کھُوا: مذکر؛ دودھ کا ماوا، کھویا۔
کھو بیٹھنا: گم کر دینا، تباہ کر دینا، ضائع کر دینا۔
کھو جانا: (۱) گم ہو جانا (۲) (کنایتاً) سٹپٹا جانا، بدحواس ہو جانا۔
کھُوپرا: مذکر؛ (۱) ناریل کا مغز (۲) مغز، کھوپڑی، کاسۂ سر۔
کھوپری / کھوپڑی: مونث؛ سر کے اوپر کا حصہ، چندیا۔
—— چلچلانا: (کنایتاً) مار کھانے کو جی چاہنا۔
—— گنجی کرنا: (کنایتاً) بہت مارنا۔
کھُوٹ: مونث؛ (۱) ملاوٹ، میل، آمیزش (۲) نقص، عیب بدی، بُرائی (۳) کینہ، کپٹ، (۴) شرارت، بدذاتی۔
—— کرنا: بُرائی کرنا، نقصان پہنچانا۔
—— نکالنا: عیب نکالنا۔
کھُوٹا: مذکر؛ (۱) جو خالص نہ ہو، جعلی، — خراب (۲) (کنایتاً) شریر (۳) ناقص، نکما، ناکارہ (۴) بددیانت، جھوٹا بدباطن۔
—— پیسا: مذکر؛ نہ چلنے والا پیسا۔
—— پیسا بھی کبھی کام آتا ہے: (مثل) ضرورت کے وقت نکمی چیز بھی کام آتی ہے۔
—— سکہ: مذکر؛ خراب سکہ۔
—— کام: ناقص کام۔
—— کھرا پرکھنا: اچھے بُرے میں تمیز کرنا۔
—— مال: ناقص مال۔
کھُوٹی: کھوٹا کی تانیث۔
—— کرنا: بُرائی کرنا، ضائع کرنا۔
کھوج: مذکر؛ (۱) سُراغ، پتا، (۲) جستجو، تلاش۔
—— کرنا: ڈھونڈنا، جستجو کرنا۔
—— لگانا: تفتیش کرنا۔
—— لینا: (۱) پتا لگانا، سُراغ لگانا (۲) پتا دریافت کرنا۔


کھوجی/کھوجیا: پتا لگانے والا۔
کھوجڑ: مذکر؛ پھوک۔ کھوکھلا۔
کھود کھود کر پوچھنا: اچھی طرح دریافت کرنا، خوب چھان بین کرنا۔
کھودنا: (۱) گڑھا کرنا (۲) جڑ سے اکھاڑنا (۳) کندہ کرنا، نقاشی کرنا (۴) (کنایتاً) تحقیقات کرنا، (۵) کھوکھلا کرنا، خالی کرنا۔
کھوسٹ: مذکر؛ (۱) اُلّو، (۲) (کنایتاً) نکما، بہت بوڑھا (۳) منحوس۔
کھوسنا: (عو) کسی چیز کو کسی چیز میں اُبھا دینا، کوئی چیز اٹکا دینا، کسی چیز کا کسی چیز میں داخل کر دینا۔
کھوکھا: مذکر؛ (۱) لکڑی یا دفتی کا گول بڑا ڈبا یا بکس۔
کھوکھلا: مذکر؛ پولا، کھوکھل، اندر سے خالی۔
کھولانا: (۱) جوش دینا، اُبالنا (۲) (عو) جلانا، غصہ دلانا۔
کھولن: مونث؛ (۱) (عو) جوش اُبال (۲) جلن، سوزش۔
کھولنا: (۱) اُبلنا، جوش کھانا (۲) پیچ و تاب کھانا (۳) نہایت گرم ہونا۔
کھول کر: صاف صاف، ظاہر کر کے، واضح کر کے علانیہ۔
کھولنا: (۱) بندھی ہوئی چیز کو وا کرنا، ظاہر کرنا، (۲) آزاد کرنا، (۳) کشادہ کرنا (۴) پھاڑنا، چیرنا (۵) پھانڈا پھوڑنا، (۶) ننگا کرنا، (۷) اُدھیڑنا (بخیہ اور سیون کا) (۸) جاری کرنا۔
کھونا: (۱) گم کرنا، بھلانا (۲) برباد کرنا، ضائع کرنا، (۳) دور کرنا، (۴) نقصان کرنا۔
کھونپ: مونث؛ (۱) کپڑے کی درز جو پھٹنے سے ہو جائے۔ (۲) ایک قسم کی لمبی سلائی۔
——بھرنا: (۱) کپڑے کو سینا (۲) موٹا موٹا سینا، (۳) ایک قسم کی لمبی سلائی کرنا۔
کھونٹ: مذکر؛ (۱) کونا، گوشہ، کنارہ (۲) کان کا میل (۳) ملک کا حصہ، قطعہ۔
کھونٹا: مذکر (۱) میخ، کیل، چوب (۲) چکی کا ہتھا (۳) کولھو کی لاٹھ۔
کھونٹا سا بیٹھ جانا: مضبوطی سے قایم ہو جانا، خوب جم کر بیٹھ جانا۔
کھونٹے پر کودنا: کھونٹے کے بل کودنا۔
——پر مارنا: (کنایتاً) جوتی کی نوک پر مارنا، پرواہ نہ کرنا۔
——سے بندھنا: میخ سے بندھنا (عو) (۲) نکاح ہونا، شادی ہونا، پابندی ہونا۔
کھونٹے کے بل کودنا: (کنایتاً) کسی کی حمایت پر اترانا، کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔
کھونٹی: مونث؛ (۱) چھوٹی میخ، کیل (۲) سارنگی یا ستار کا کان (۳) (کنایتاً) بالوں کی جڑ۔
——لینا: چھوٹے چھوٹے بال کاٹنا یا مونڈنا،
——نہ چھوڑنا: بہت صفائی سے حجامت بنانا (۲) (کنایتاً) خوب لوٹنا، لوٹ کر صفایا کر دینا۔
کھونچا: مذکر؛ بڑی کھونچ، کپڑے کی بڑی درز۔
کھونڈا: مذکر؛ (دہلی) کھنڈلا۔
کھوں کھوں: مونث؛ کھانسنے کی آواز۔
کھوں کھیانا: بندر کا غصے سے آواز نکالنا۔
کھوپا: (عو) بہت کھانے والا، پیٹو۔
کھوپا: (عم) ناؤ کھینے والا۔
کھوپا: مذکر؛ (۱) دودھ کا ماوا (۲) پکی اینٹ کا موٹا موٹا چورا (۳) اینٹیں بنانے کا گارا۔
کھویا جانا/کھوے جانا: گم ہو جانا، حیران ہو جانا، گھبرا جانا حواس اُڑ جانا، سٹ پٹا جانا، لاجواب ہو جانا، بند ہو جانا، (۲) نکما ہو جانا، خراب ہو جانا۔
——کھویا رہنا: کسی خیال میں گم رہنا، اُداس رہنا۔

کھ - ی

کھیانا: (عم) پرانا ہو جانا، گھس جانا، استعمال ہوتے ہوتے گھس جانا۔
کھیپ: مونث؛ (۱) بار، مرتبہ، دفعہ، شمار (۲) بوجھ، بھرتی۔
کھیت: مذکر؛ وہ زمین جسے جوتا، بویا جائے، کشت (۲) زمین

مِلک، خطّہ، (۴) میدان جنگ (۵) چاندنی، چاندکی روشنی۔
کھیت اُٹھانا: کھیت لگان پر دینا۔
___ پڑنا: (۱) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا (۲) جنگ شروع ہونا۔
___ چھوڑنا: میدانِ جنگ سے بھاگ جانا، پیٹھ دکھانا۔
___ رہنا: لڑائی میں مارا جانا۔
___ کاٹنا: فصل کاٹنا، کھیتی کاٹنا۔
___ کرنا: (۱) چاندنی نکلنا (۲) بونا، جوتنا۔
___ نرانا/نلانا: کھیت کو صاف کرنا، خودرو گھاس الگ کرنا۔
کھیتی: مونث؛ (۱) زراعت، کاشت، غلّہ، فصل (۲) (کنایتاً) آل اولاد۔
___ باڑی: (۱) مونث؛ کاشت کاری۔
___ پھلنا: (کنایتاً) کامیابی ہونا۔
کھید: (۱) مذکر؛ (۱) افسوس، دُکھ، تکلیف (۲) سوچ فکر (۳) غم، ماتم (۴) روگ، بیماری۔
کھیدا: ہاتھی اور شیر وغیرہ کو گھیر کر لانا اور ان کا شکار کرنا۔
کھیدنا: (۱) نکال دینا (۲) ہاتھی یا شیر وغیرہ کا شکار کرنا (۳) ستانا، دُکھ دینا۔
کھیر: مونث؛ دودھ میں پکے ہوئے میٹھے چاول۔
___ چٹائی: مونث؛ ایک رسم جس میں بچے کو دودھ چھڑا کر کھیر چٹاتے ہیں۔
___ کھلوآ: شادی کی ایک رسم جس میں دولھا دُلہن کو پاس بٹھا کر کھیر کھلاتا ہے۔
کھیرا: مذکر؛ (۱) ایک قسم کا کبوتر (۲) بھورا رنگ، خاکی رنگ (۳) (مونث) کھیری۔ (۴) ایک قسم کی مچھلی جو بنگال میں ہوتی ہے۔
کھیرا: مذکر؛ ککڑی کی طرح کا ایک پھل جس کی کڑواہٹ دُور کرکے کھاتے ہیں۔
کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا: جلد جلد کاٹنا، بے دردی سے کاٹ ڈالنا۔
کھیری: مونث؛ جانوروں کے تھنوں سے اوپر کا گوشت۔
کھیڑا: مونث؛ (۱) بستی، چھوٹا سا گاؤں (۲) کئی قسم کا ملا جلا اناج، (۳) وہ ٹیلا یا مٹی کا ڈھیر جس سے معلوم ہو کہ یہاں پہلے آبادی تھی۔
کھیس: مذکر؛ ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے بچھانے کے کام آتا ہے۔
کھیسا: مذکر؛ (عم) (۱) ایک قسم کی تھیلی جس سے بدن کا میل صاف کرتے ہیں، کپڑے کا جھانواں (۲) تھیلی، جیب، پاکٹ، بٹوا، کیسہ۔
___ کرنا: کھیسے سے بدن صاف کرنا۔
کھیسیں نکالنا: (عم) دانت کھول کر ہنسنا، دانت نکوسنا۔
کھی کھی: بے ہودہ ہنسی، ہنسنے کی ناگوار آواز۔
کھیل: مذکر؛ (۱) بازی، تماشا، سوانگ، ناٹک، سینما (فلم) (۲) (کنایتاً) سہل، آسان، (۳) سیر و تفریح، مشغلہ
___ بگاڑنا: بنا بنایا کام بگاڑنا، رخنہ ڈالنا۔
___ بگڑ جانا: بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا۔
___ بننا: کام بننا، مطلب پورا ہونا۔
___ بھڑبھنڈ کر دینا: کھیل خراب کر دینا، بنے ہوئے کام کو بگاڑ دینا۔
___ تماشا: (۱) کھیل کی باتیں، تفریح کا مشغلہ، (۲) آسان کام، معمولی کام۔
___ جانا: (۱) ایسے کام کی جرأت کرنا جس میں مرنے کا اندیشہ ہو، (۲) مرجانا، ہلاک ہو جانا۔
___ جاننا/سمجھنا: آسان سمجھنا۔
___ چلنا: فلم یا ناٹک دکھایا جانا۔
___ کرنا: (۱) کھیلنا، کودنا، تماشا کرنا (۲) کسی کام کو سنجیدگی سے نہ کرنا۔
___ کُود: مذکر؛ اُچھل، کود، تفریح۔
___ کھلانا: (عو) (۱) پریشان کرنا، دِق کرنا، نچانا (۲) بازی کرانا۔
___ کے دِن: (کنایتاً) لڑکپن کا زمانہ۔
___ نکالنا: نیا کھیل ایجاد کرنا۔
___ نہیں: آسان نہیں، دشوار ہے۔

کھیل ہاتھ لگنا: مشغلہ ہاتھ آنا۔
—— ہے: ادنا بات ہے، معمولی بات ہے، آسان ہے، سہل ہے۔
کھیلا کھایا: مذکر: تجربہ کار، گھاگ۔
کھیلنا: (۱) بازی کرنا، کھیل کھیلنا (۲) اُچھلنا، کودنا (۳) کام کرنا، (۴) جوا کھیلنا۔
کھیل: مونث: (۱) بھُنے ہوئے چاول، جوار یا مکئی (۲) وہ بھُنا ہوا اناج جو کھِل گیا ہو، (۳) (مجازاً) ذرا سا، تھوڑا سا (۴) بھُنا ہوا سہاگا یا پھٹکری۔
—— اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا / پڑنا: کچھ نہیں کھانا، بالکل بھوکا ہونا
کھیلیں: مونث: بھُنے ہوئے دھان جو کھِل جاتے ہیں، (۲) ہر وہ چیز جو بھُن کر کھِل جائے۔
کھینا: چپو سے کشتی چلانا، ناؤ چلانا۔
کھینچنا: (۱) گھسیٹنا، اینچنا، تاننا، (۲) جذب کرنا، چوسنا، سوکھ لینا (۳) کشید کرنا (۴) جلد جلد لکھنا (۵) فوٹو اُتارنا (۶) میان سے تلوار نکالنا، گھسیٹنا نکالنا، چڑھانا۔
کھینچ: مونث: (دہلی) (۱) کشش، کھنچاؤ (۲) کمی، قلت، تنگی (۳) پتنگ لڑانے کا ایک طریقہ۔
—— بُلانا: زبردستی بُلانا۔
—— تان کے: بڑی مشکل سے، تنگی سے۔
—— کرنا: (دہلی) کمی کرنا، رُکاوٹ کرنا۔
—— کھانچ: اینچ تان۔
—— لانا: (۱) اینچ لانا (۲) گھسیٹ لانا، پکڑ لانا، زبردستی لے آنا۔
کھینچا تانی: مونث: اینچا تانی، لڑائی جھگڑا۔
کھیوا: مذکر: ناؤ کا کرایہ (۲) (مجازاً) کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ (۳) کشتی، بیڑا، ناؤ۔
کھیوا پار ہونا: کنارے پر پہنچنا۔
کھیوٹ: مونث: وہ سرکاری رجسٹر جس میں گانو کا حال درج ہوتا ہے۔
—— دار: گانو کا شریک۔



پاکستان اور بیرونِ ملک سے تقریباً ۱۰۰ اقابل اعتبار اور معیاری اشتہارات کا مستند ذریعہ
اور تمام تعلقات و تعارف کا بہترین ذریعہ
۵۳۶ صفحات، سفید کاغذ، بہترین کتابت و طباعت
خوبصورت رنگین سرورق، قیمت صرف ۱۰ روپے
اپنے قریبی کتب فروش سے طلب کریں
نور پبلشرز اردو بازار لاہور-۲

گ

گ — ا

گاف: (ف)، مذکر؛ بہ حساب جمل (ابجد) اس کے بیس ۲۰ عدد ہیں۔ (یہ حرف فارسی کے لیے مخصوص ہے، عربی میں نہیں آتا ہے)

گا: مذکر؛ (۱) یہ کلمہ استقبال کے صیغوں کے آخر میں آتا ہے (جیسے، آئے گا۔ پائے گا) (۲)، مونث کے لیے، گی۔

گا: گانا کا امر۔

گابا: گابھا

گابھ: مذکر؛ (۱) (ہ) جانوروں کا حمل (۲) کچی فصل

—— ڈالنا: (۱) جانوروں کا حمل گرانا (۲) رعب و داب کا کنایہ۔

گابھا مذکر؛ (۱) بیڑ کا نیا پتا۔ کونپل (۲) لکڑی کا گودا (۳) کھڑی کھیتی۔ کچا اناج (۴) پرانی روئی

گابھن: مونث؛ (۱) حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو (۲) (عم) حاملہ، پیٹ والی۔

گات: مونث؛ (۱) عورت کی دونوں چھاتیاں (۲) وضع اسلوب جسم کی خوش نمائی، محبوب کی خوش نمائی، معشوق کی پھبن (۳) عورت کا اوپر کا دھڑ، جسم بدن۔

—— اُبھرنا: چھاتیاں اُبھرنا، عورت کے بالغ ہونے کی علامت ظاہر ہونا۔

گات سے ہونا: (عو۔ ہ) حاملہ ہونا۔

گاتی: مونث، چادر یا دوپٹے کو دونوں کاندھوں پر ڈال کر سینے پر باندھنے کا ایک طریقہ۔

گاٹلنگ گن (GATLING GUN): (انگ)، مونث؛ ایک قسم کی توپ۔

گاجر: مونث؛ ایک قسم کی میٹھی جڑ والی ترکاری

—— مولی: (۱) دو ترکاریوں کے نام، (۲) (مجازاً) گھٹیا، ادنا، حقیر، کم قیمت، بے وقعت۔

گاچھ: (ہ)، مذکر؛ درخت

گاد: مونث؛ (۱) تل چھٹ (۲) تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد، نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل۔

گادا: مذکر (۱) کچے گیہوں اور جو کا بھنا ہوا غلہ (۲) خوشے میں پکنے کے قریب گیہوں اور جو۔

گاڈ GOD : (انگ)، مذکر؛ (۱) خدائے تعالیٰ، اللہ، خالق، (۲) دیوتا۔

گار: (ف)، (ترکیب کے ساتھ آخر میں) (۱) کرنے والا، صاحب (جیسے گنہگار) (۲) سبب (جیسے یادگار) (۳) لائق (جیسے رستگار)

گارا: مذکر؛ گوندھی ہوئی مٹی، جس سے اینٹیں پکتی ہیں

گارجین/گارڈین GUARDIAN : (انگ)؛ مذکر؛ سرپرست، ولی۔

گارڈ (GUARD): (انگ)، مذکر؛ (۱) چوکیدار، محافظ، پہرے دار، (۲) ٹرین کا ذمہ دار

گارڈن GARDEN (انگ)، مذکر؛ باغ، چمن۔

گارڈن پارٹی (GARDEN PARTY): (انگ) مونث؛ کسی کھلی جگہ یا باغ میں دی جانے والی ناشتہ کی دعوت۔

گارنٹی GUARANTEE : (انگ)، مونث؛ (۱) ضمانت، ذمہ داری، کفالت، (۲) ضامن، ذمہ دار، کفیل، (۳) مقررہ مدت تک کسی خریدی ہوئی چیز کی پائیداری کی ضمانت۔

گاڑنا: (۱) ٹھونکنا، (۲) دبانا، دفن کرنا۔

گاڑی: مونث؛ اسباب لادنے یا سواریاں لے جانے کی گاڑی۔

—— بان: مذکر؛ کوچ مان، گاڑی چلانے والا

—— بھر راستہ: تھوڑا سا راستہ۔

—— جوتنا: (۱) گاڑی میں گھوڑا یا بیل جوتنا (۲) کرایہ پر گاڑی چلانا۔
—— چھوٹنا: (۱) ریل کا کسی اسٹیشن سے روانہ ہو جانا (۲) کسی مسافر کے پہنچنے سے پہلے ریل گاڑی کا چھوٹ جانا۔
گاڑھا: مذکر؛ (۱) موٹا، گھنا کپڑا، (۲) (نا، چالاک، (۳) مضبوط (۴) مست جنگی ہاتھی، (۵) پتلا کی ضد، (۶) کھدر
—— پسینہ: مذکر؛ (کنایتاً): محنت و مشقت۔
گاڑھی چھننا: (۱) بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا، (۲) (کنایتاً) آپس میں خوب میل جول ہونا، گہری دوستی ہونا (۳) گہرا نشہ ہونا، (۴) بے تکلفی اور مذاق میں ایک کا دوسرے کو سخت سست کہنا۔
گاڑھی دوستی: مونث؛ گہری دوستی۔
کمائی: مونث؛ وہ مال جو بے انتہا محنت مشقت سے حاصل ہو۔
گاڑھے پسینے کا پیسا: محنت مشقت کی کمائی۔
گاژر: (ف)، مذکر؛ دھوبی، کپڑا دھونے والا
گاف: (ف)، مذکر؛ ایک حرف کا نام (گ)
گاگر: مونث؛ لوہے تانبے پیتل یا مٹی کا گھڑا۔
گال: مذکر؛ رخسار۔
گالا: مذکر؛ دھنی ہوئی اور صاف کی ہوئی روئی کی ایک قلیل مقدار۔
گالاسا: روئی کی مانند، ملائم، نہایت سفید، برف سا۔
گالم گلوچ: گالی گلوچ، ایک دوسرے کو گالی دینا۔
گالی: مونث؛ فحش بات، دشنام، بدزبانی۔
—— بکنا / دینا / سنانا: بدزبانی کرنا، دشنام دینا، فحش بات کہنا۔
—— گفتا / گلوچ: مذکر؛ (عم) ایک دوسرے کو گالی دینا، زبان درازی (کرنا کے ساتھ)۔
گالیاں: مونث؛ (۱) جمع گالی کی، (۲) وہ گالیاں جو بیاہ میں سمدھیانے والوں کو دی جاتی ہیں۔
گالیوں پر اتر آنا: برا بھلا کہنے لگ جانا، گالیاں بکنے لگ جانا۔
گالیوں منھ کھولنا: گالیاں دینے لگ جانا
گام: (ف)، مذکر؛ (۱) قدم، پانو، ڈگ، ایک قدم کا فاصلہ (۲) گھوڑے کی ایک چال
—— زن: (ف) (۱) تیز رو فاصد، (۲) تیز رفتار گھوڑا۔
گانچی: مونث؛ گھوڑے کے کان میں لگایا جانے والا ساز کا ایک ٹکڑا۔
گانا: (۱) الاپنا، راگ گانا، کہنا، کہنا (۲) سراہنا، تعریف کرنا (۳) اپنے مطلب کی بات کہنا (۴) مذکر؛ راگ، گیت، نغمہ۔
—— بجانا: مذکر؛ راگ رنگ
گانہ: (ف)؛ شمار امداد کی علامت (جیسے دو گانہ، سہ گانہ)۔
گانٹھ: مونث؛ (۱) گرہ (۲) جوڑ، بند، (۳) گٹھری، (۴) جوڑ، (۵) اَن بن، نااتفاقی، رنجش، (۶) عہد و پیمان، قول و قرار
—— باندھنا: (کنایتاً) گرہ لگانا، یاد رکھنا۔
—— پڑنا: (۱) گرہ لگ جانا، (۲) اَن بن ہو جانا۔
—— دار: گرہ میں رکھنے والا، گرہ دار۔
—— دینا: (عم) (۱) گانٹھنا سی دینا، (۲) گرہ دینا۔
—— ڈالنا: گرہ ڈال لینا، بدگمان کر دینا۔
—— سے لے جانا: ذاتی نقصان ہو جانا، اپنی جیب سے روپیا نکل جانا
—— کا: اپنے پاس کا، اپنا ذاتی۔
—— کا پورا: گنے کا وہ پور جس میں گرہ ہو۔
—— کا پورا: مذکر (کنایتاً) دولت مند، مال دار۔
گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا: (کنایتاً) بے وقوف مال دار۔
—— کا پیسا: ذاتی روپیا، اپنا روپیا۔
—— کاٹنا: جیب کترنا، ٹھگنا
—— کترا: مذکر؛ پاکٹ مار۔
—— کرنا: (۱) اتفاق کرنا، (۲) سازش کرنا، (۳) (عم) اپنی جیب میں رکھنا جمع کرنا، جوڑنا
—— کھولنا: (۱) گرہ کھولنا (۲) (کنایتاً) کینہ دور کرنا، صفائی کر لینا، (۳) خوب خرچ کرنا۔
—— گرہ میں کچھ نہیں: بالکل مفلس ہے۔
—— لینا: (۱) قبضہ میں کر لینا (۲) ملا لینا، ہم خیال کر لینا، موافق کر لینا۔
—— میں باندھنا: (کنایتاً) گرہ میں باندھنا نصیحت کی بات یاد رکھنا۔
گانٹھنا: (۱) اپنے ساتھ ملا لینا، متفق کر لینا (۲) جوتی وغیرہ کی مرمت کرنا، (۳) بُری طرح کپڑا سینا۔
گانجا: مذکر؛ بھنگ، ایک نشہ دار درخت کی پتی۔
گانڈر: مونث؛ ایک قسم کی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں اور اُس کی

جڑ کو خس کہتے ہیں

گانسا: مذکر، انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان کا حصہ۔

گانسنا: (ف م) گھیر لینا، پھنسانا۔

گانو: مذکر، دیہات، بستی، موضع۔

گانو گرانو: (ہ) مذکر، دیہات، قصبہ

گاؤ: (ف) مونث (۱) گائے (۲) مذکر، بڑا تکیہ (۳) آسمان کا ایک برج۔

——— پچھاڑ: (پہلوانوں کی اصطلاح) مذکر، کشتی کا ایک داؤ۔

——— پشت: (ف) (۱) مخروطی، (۲) (کنایتاً) آسمان۔

——— پیکر/سر: (ف) گائے کی شکل کا، گائے کی طرح کا۔

——— تکیہ: (ف) مذکر، بڑا اور لمبا تکیہ۔

——— دُم: (ف) لمبی نوک دار گول چیز۔

——— دی: (ف) بے وقوف، کند ذہن

——— زبان: (ف) مونث (۱) ایک مشہور دوا کا نام (۲) ایک قسم کا چھوٹا پراٹھا جو تنور میں شیرمال کی طرح پکایا جاتا ہے۔

——— سامری: (ف) مونث، سونے کا وہ بچھڑا جو سامری نے بنایا تھا اور جادو کے زور سے اس میں جان ڈال دی تھی

——— کشی: مونث، گائے کو ذبح کرنا۔

گاؤمیش: (ف) مونث، بھینس

گاؤن GOWN: (انگ) مذکر، (۱) عورتوں کا لباس، لبادہ (۲) وہ سیاہ جبہ جو وکیل یا یونیورسٹی کے اساتذہ یا گریجویٹ پہنتے ہیں۔

گاہ/گہ: (ف) مونث (۱) وقت، سمان (۲) جگہ، مقام، مکان۔ (۳) بار، دفعہ، موقع (۴) کسی وقت کبھی۔

——— بہ گاہ: (ف) کسی کسی وقت، کبھی کبھی۔

——— گاہ: (ف) کبھی کبھی

——— گاہے: (ف) کبھی

——— گاہے: (ف) کبھی کبھی

——— مابہ: کبھی کبھی، بہت کم۔

گاہنا: (۱) کھلنا، مسلنا، روندنا، اناج پر بیلوں کو پھرا کر بھس الگ کرنا، (۲) تلاش کرنا (۳) ڈھونا

گاہک: مذکر خریدار۔

گاہکی: مونث، خریداری۔

گاہوارہ: (ف) گہوارہ۔

گائے: مونث (۱) بیل کی مادہ، گاؤ (۲) (کنایتاً) غریب سادہ لوح، بے زبان۔

گائیتری: (۱) رگ وید کا ایک منظوم منتر جو خوشی یا مصیبت کے وقت سوا لاکھ دفعہ پڑھوایا جاتا ہے، (۲) ایک قسم کا چھند۔

گاؤن GOWN: (انگ) مونث، رہنما، رہبر۔

——— بک BOOK: (انگ) (۱) درسی کتابوں کے مطالعہ میں مدد دینے والی کتاب (۲) کسی شہر یا تفریحی مقام کی رہنما کتاب۔

گائیک: (ہ) مذکر، گانے والا، گویا، میراثی، ڈوم۔

گ — ب

گبدا/گبدا: مذکر، موٹا تازہ، بھرا ہوا بدن، ملائم گوشت۔

گبر: (ف) مذکر، آتش پرست، مجوسی۔

گبرو/گبھرو: نوجوان، نوخیز۔

گبرون: مذکر، ایک قسم کا موٹا کپڑا

گبھا/گبا: مذکر، ایک قسم کا روئی دار ملائم بچھونا

گ — پ

گپ: مونث، (۱) جھوٹی بات، افواہ (۲) شیخی، ڈینگ (۳) بکواس، بک بک، لغویات

شپ: جھوٹی سچی دلچسپ باتیں، تفریحی باتیں، دل لگی کی باتیں۔

گپ شپ اڑانا: جھوٹی سچی باتیں کرنا

گپ مارنا/ہانکنا: جھوٹ بولنا، شیخی بگھارنا، ڈینگیں مارنا

گپ گپ کھانا: اندھا دھند کھانا، جلدی جلدی کھانا

گپا گپ: (۱) بلا جلبہ کھانے اور نگلنے کی آواز (۲) کثرت سے، افراط سے۔

گپ چپ: مونث (۱) چپ چاپ، خاموشی (۲) مذکر، لڑکوں کا ایک کھیل (۳) ایک قسم کی مٹھائی

——— کے لڈو/کی مٹھائی: ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے۔

—— کے لڈو کھانا: بالکل چُپ رہنا۔
گپت: (ہ)، چھپا ہوا، پوشیدہ
گپتی: مونث: (۱) وہ تلوار جو دستی چھڑی میں پوشیدہ ہوتی ہے، (۲) چھپی ہوئی تلوار (۳) کنایتاً پوشیدہ مال (۴) پوشیدہ
گپ شپ: مونث: (عم)، بے ہودہ باتیں۔
گپکنا: گلنا، جلد جلد کھانا
گپکنا: (دہلی)، ہوا میں اُچھلی ہوئی گیند کو ہاتھ میں لے لینا، (لکھنؤ) گونچنا۔
گپتل: مذکر: گول ٹھیکرا
گپھا: (ہ) مذکر: غار، کھوہ، چھپنے کی جگہ
گپھا: مذکر: (۱) پھندنا (۲) پھولوں کا گچھا۔

گ ـــ ت

گت: مونث: (۱) وضع، حالت، طرح، حرکت، (۲) کریا کرم، مُردوں کے جلانے یا دفنانے کی رسم، (۳) ایک قسم کا ناچ، (۴) تان، سُر، نغمہ
—— بجانا: کسی باجے پر سرگم بجانا، ساز کا ایک انداز سے بجانا۔
—— بنانا: (۱) وضع اختیار کرنا، ڈھنگ بنانا، (۲) باجے کے سُر کو گانے کے بول کے مطابق بنا لینا، (۳) خراب حال کرنا، خوب پیٹنا۔
—— بھرنا/ناچنا: راگ کے اصول کے مطابق ناچنا، رقص کرنا۔
—— چلنا: گت پر ناچنا۔
—— کا: (۱) وضع کا، ڈھنگ کا، (۲) اچھا، عمدہ
—— کرنا: (۱) کریا کرم کرنا، (۲) کام میں لانا، (۳) مارنا پیٹنا، (۴) بُری حالت کرنا۔
گتیا: مذکر: طبلہ بجانے والا، طبلچی۔
گتکا: مذکر: پٹا کھیلنے کی لکڑی، گدکا۔
گتھ جانا: بھڑ جانا، لڑ جانا، مل جانا۔
گتھم گتھا: مذکر: غٹ پٹ، گتھم گتھا، ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔
گتھنا: (۱) لپٹ جانا، بھڑ جانا، (۲) پرو یا جانا، نتھی ہونا (۳) محو ہو جانا، جذب ہونا، (۴) پھنس جانا
گتھوال: بٹا ہُوا، ملا ہوا، لپٹا ہوا۔
گتھی: مونث: (۱) گرہ، (۲) اُلجھاوا، اُلجھن (۳) تھیلی۔
—— پڑنا: (۱) سوت کا اُلجھ جانا، گرہ پڑ جانا، (۲) کنایتاً اُلجھن پیدا ہو جانا، (۳) اُلجھ جانا، اُلجھاؤ پیدا ہونا۔
سلجھانا: (۱) گرہ کھولنا، اُلجھن دُور کرنا، (۲) کنایتاً عقدہ حل کرنا۔

گ ـــ ط

گٹ: گرہ۔ جمع
گٹ پٹ: مونث: انگریزی بولنے کی نقل
گٹ پٹ: مونث: (عم) لڑائی یا پیار سے گتھ جانا۔
گٹا: مذکر: (۱) ہاتھ، پانو کی ہڈیوں کا جوڑ، ٹخنے کی ہڈی، کلائی کے جوڑ، (۲) ڈاٹ، کاگ (۳) حقّے کا وہ حصّہ جہاں دونوں نے ملائی جاتی ہیں، (۴) ایک قسم کی مٹھائی (۵) زمرّد، الماس وغیرہ کا ٹکڑا (۶) پیشانی کا نشان جو بہت سجدہ کرنے سے پڑ جاتا ہے، داغ، نشان، (۷) گلی کبوتر کی دم کی گرہ۔
گٹا: مذکر: (۱) کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا، (۲) (کنایتاً) بونا، پستہ قد۔
گٹے کھیلنا: گوٹیں کھیلنا، کم عمر لڑکیوں کا ایک کھیل
گٹخ/گٹھک: (کنایتاً) (۱) ٹھگنا، بونا (۲) مذکر: چلم کے سوراخ میں رکھنے کا ٹھیکرا۔
گٹکا: مذکر: (۱) ایک طلسمی گولی، (ایک خیال کے مطابق اس گولی کے مُنہ میں رکھنے سے اُڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے)، (۲) چھوٹی سی کتاب، (۳) بڑی گولی، گیند (۴) شطرنج کا مہرہ (۵) (دہلی) مٹھائی (۶) ایک مرکب چیز جس کو پان کی جگہ بعض لوگ استعمال کرتے ہیں۔
گٹکری: مونث: (۱) وہ پیچ دار آواز جو گوئیوں کے گلے سے گانے کے وقت نکلتی ہے، (۲) کنکر، روڑا، اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا۔
—— لینا: گویے کا گانا گانے میں آواز کا لہرا کر نکالنا۔
گٹ گٹ: مونث: پانی انڈیلنے کی آواز، جلد جلد پینے کی آواز، غٹ غٹ۔
گٹھ: مذکر: (۱) بڑا بقچہ، (۲) گانٹھ کا مخفف۔
—— بندھن: مذکر: (۱) ہندوؤں میں دولہا دلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے، گٹھ جوڑ (۲) دو آدمیوں کا ایک ہونا، ایک دل ہونا۔
گٹھ جوڑ: مذکر: (۱) گٹھ بندھن (۲) ایکا، ملاپ۔

گٹھ جوڑ: (ہ) مونث؛ (سیاسی اصطلاح) سازباز، کسی سازش کے تحت چند افراد یا جماعتوں کا ایک دوسرے کے ساتھ میل ملاپ۔

گٹھا: مذکر؛ (۱) بوجھ، گھاس وغیرہ کا گٹھہ، پشتارہ، (۲) بڑا لچھہ (۳) پیاز یا لہسن کی گانٹھ (۴) کز کا پیمانہ، جریب کا بیسواں حصہ۔

گٹھانا: سلوانا، پیوند لگوانا، جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا۔

گٹھائی: مونث؛ سلائی

گٹھڑ: مذکر؛ بڑی گٹھڑی، گٹھا، بوجھ، پشتارہ

گٹھڑی: مونث؛ (۱) بقچی (۲) (کنایتاً) مقدار، تعداد، (۳) گناہوں اور جرائم کا بار

——— مارنا: مال مارنا، لوٹنا، ٹھگنا، چوری کرنا، فریب سے لینا۔

——— مٹھری: (ع) (مٹھری تابع جہل ہے) گٹھڑی کی جگہ مستعمل ہے۔

گٹھل: (۱) گند (۲) گند ذہن، مجہول، غبی، (۳) بڑی گٹھلی کا پھل۔ (۴) مذکر؛ بڑی گانٹھ

گٹھلی: مونث، (۱) پھل کا بیج، تخم (۲) اگرہ، گلٹی (۳) (عم) سدہ۔

گٹھنا: (۱) سلنا۔ پیوند لگنا، گانٹھا جانا، (۲) مل جانا، پیوست ہوجانا، (۳) بندھنا (۴) جفتی کھانا۔

گٹھوائی: مونث؛ گانٹھنے کی اجرت

گٹھی: مونث؛ (۱) اگرہ، گانٹھ (۲) پیاز، لہسن کی گرہ، (۳) (عم) پور۔ جوڑ بند، (۴) چھوٹا بنڈل۔

گٹھیا: مونث؛ جوڑوں کا درد، وجع مفاصل، نقرس۔

گٹھیلا: مذکر؛ (۱) گرہ دار، گانٹھوں والا، (۲) خوب مضبوط۔ کسا ہوا، (مونث) گٹھیلی

گٹی: مونث؛ (۱) پھرکی، تاگا لپیٹنے کی ریل، (۲) چلم کی ٹھیکری (۳) کنکری۔

گ ——— ج

گج: مذکر؛ (س) ہاتھی

——— باگ: مونث؛ آنکس۔

——— پتی: مذکر؛ (۱) بادشاہ (۲) فیل بان، (۳) ہاتھیوں والے راجاؤں کا ایک خاندان۔

——— دانت: مذکر؛ ہاتھی دانت۔

——— موتی: مذکر؛ بہت بڑا موتی۔

——— نال: مونث؛ بڑی توپ۔

گجر: مذکر؛ (۱) گھنٹے کی آواز (۲) صبح کے وقت گھڑیال بجنے کی آواز (۳) صبح صادق کا وقت (۴) گاجر کا مخفف (۵) سرخ سفید ملے ہوئے گیہوں۔

——— بجے: تڑکے علی الصباح

گجردم: صبح تڑکے، بہت سویرے۔

——— بھت / بھتا: مذکر، اُبلی ہوئی گاجریں۔

گجرا: مذکر (۱) پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں اور جوڑوں میں باندھتی ہیں، (۲) ایک قسم کا زیور۔

گجری: مونث؛ کلائی میں پہننے کا زیور۔

گجری / گوجری: مونث؛ گجرات کی قدیم اُردو جو عربی فارسی، گجراتی اور دہلوی زبانوں کے الفاظ پر مشتمل تھی۔

گجری / گوجری: مونث؛ گوجر کی تانیث

گجگجانا: کیڑوں کا کلبلانا، رینگنا۔

گجو: مذکر؛ ناک کا میل جو جم جاتا ہے۔

گجھا: مذکر؛ (۱) بہت سا مال، دولت کا خزانہ، (۲) ڈھیر، انبار

——— مارنا: دھوکے سے کسی کا مال ہتھیا لینا۔

گجھیا: مونث؛ چھوٹا گوجھا، ایک قسم کا میٹھا پکوان۔

گجئی: مونث؛ جو اور گیہوں ملے ہوئے

گجیا: مونث؛ (۱) ایک چھوٹا کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے، (۲) بالی۔

گ ——— چ

گچ: مونث (۱) سفیدی، چونا، (۲) پکا فرش، پکی چھت، (۳) اذکھل (۴) کیچڑ میں چلنے کی آواز (۵) کسی دھاردار آلے کے گوشت میں گھسنے کی آواز

گچاگچ / غچاغچ: مونث؛ ملائم گوشت میں کسی دھاردار آلے کے بار بار گھسنے کی آواز۔

گچکاری: (ف)، مونث ؛ چونا کاری۔
گچ پچ: مونث ؛ (۱) بھیڑ، ازدحام، کھچا کھچ، (۲) بے ترتیب، گنجلک (۳) بہت پاس پاس، بہت ملا ہوا۔
—— کر دینا: بگاڑ دینا، اُلجھا دینا، بے ترتیب کر دینا۔
گچھا: مذکر ؛ (۱) خوشہ، (۲) اناج کی بالی، (۳) پھندنا، لچھا تاگوں کا ڈھیر (۴) بنڈل (۵) چابیوں کا چھلا (۶) چند ستارے جو ایک جگہ نکلیں۔
گچھے دار: گچھے والا، گچھے لگا ہوا

گ —— د

گُد: مونث ؛ (۱) مارنے کی آواز (۲) زمین پر دے مارنے کی آواز۔
گداگد: مونث ؛ (۱) پے در پے گرنے کی آواز، پے در پے مارنے کی آواز (۲) لگاتار، اناپ شناپ۔
گدبد: مونث ؛ (ع) اوپر تلے گرنے کی آواز، پے در پے گرنے کی آواز۔
گدبدا: مذکر ؛ موٹا، جسیم، (مونث) گدبدی
گِدگِدھ: مذکر (۱) چیل کی قسم کا مُردار کھانے والا پرندہ (۲) ایک قسم کی پتنگ۔
گدا: (ف) مذکر ؛ فقیر، بھکاری
—— گر: (ف)، بھیک مانگنے والا، بھکاری، فقیر۔
—— گری: (ف)، مونث ؛ بھیک مانگنے کا کام، فقیری
گدائی: (ف)، مونث ؛ فقیری۔
گدا: مذکر ؛ (۱) گدیلا، روئی دار بستر، توشک۔ (۲) جوار یا جَو، گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو (۳) ہاتھی کا چار جامہ (۴) قیاس۔
گدے بازی: مونث، عقل دوڑانا، اندازے قائم کرنا۔ قیاس آرائی کرنا۔
گدّا: مذکر (۱) درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ، (۲) مُکا۔
گداختہ: (ف)، پگھلا ہوا، گلا
گداز: (ف) مذکر، (۱) پگھلنا، (۲) پگھلانے والا، (۳) گھلا ہوا، (۴) (اُردو) نرم، ملائم، (۵) بھرا ہوا، پھیلا ہوا، موٹا (۶) نرمی۔
گدازی: مونث ؛ گداز ہونا۔
گدالا: مذکر ؛ بڑی گدال جس سے زمین کھودتے ہیں۔
گدام: مذکر ؛ گودام، ذخیرہ، ذخیرہ کرنے کا مقام۔
گدر: آدھ پکا، آدھ پکا پھل، وہ پھل جو کچھ کچا کچھ پکا ہو۔
گدرا: مذکر ؛ موٹا اور مضبوط آدمی، (مونث) گدری۔
گدرانا: (۱) پھلوں کا پکنے کے قریب پہنچنا، آدھ پکا ہونا، (۲) (کنایتاً) جوانی میں بھرنا، جوبن پر آنا، (۳) آدمی کے بدن کا مضبوط اور فربہ ہونا۔
گدراہٹ: مونث ؛ پکنے کے قریب ہونے کی حالت۔
گدڑی: مونث ؛ (۱) فقیروں کا لباس، پیوند لگا لباس، خرقہ، (۲) پھٹا پرانا کپڑا، (۳) پرانی چیزوں کی خرید و فروخت کا بازار، بازار۔
—— کا لال: (کنایتاً) وہ معمولی شخص جو غیر معمولی خوبیوں کا مالک ہو۔ نہایت عزیز۔
گدڑی میں لال نہیں چھپتا: بُروں میں اچھا نہیں چھپتا۔
—— والا: پُرانے کپڑے بیچنے والا شخص
گدکا: مذکر ؛ چمڑے کا مڑھا ہوا ڈنڈا، گتکا۔
گدگدا: مونث ؛ مذکر ؛ (۱) نرم، ملائم، گداز، (۲) موٹا، فربہ
گدگدانا: (۱) گدگدی کرنا، ہنسانا، ستانا، چھیڑنا، مذاق کرنا، (۲) گھوڑے کو ایڑ لگانا (۳) اُبھارنا، آمادہ کرنا، برانگیختہ کرنا۔
گدگداہٹ: مونث ؛ گدگدی کا اثر۔
گدگدی: مونث ؛ (۱) بغل وغیرہ میں انگلیوں کے مَس ہونے سے پیدا ہونے والی کیفیت (۲) (کنایتاً) جوش، اُمنگ، خود بخود ہنسی آنا، جی میں شوخی پیدا ہونا۔
—— کرنا: گدگدانا۔
گدگدے: مذکر ؛ (ع) اُبلی ہوئی جُوار، گھُگھنیا
گدلا/گندلا: مذکر ؛ (۱) میلا، (۲) گاڑھا، غلیظ۔
—— پن: مذکر ؛ میلا پن، میل، کدورت۔
گدلانا: کسی رقیق شے کا میلا ہونا، پانی کا مٹیالا ہونا۔
گدنا: مذکر ؛ (۱) گودنا کا لازم، (۲) وہ نشان جو گودنے سے جسم پر پڑ جاتے ہیں۔
گدنا گدوانا: بدن پر بیل بوٹے بنوانا۔
گدھا: مذکر ؛ (۱) ایک سیدھا سادا بوجھ ڈھونے والا جانور، خر، (۲) (صفت) (کنایتاً) کم عقل، بیوقوف۔

—— پن: مذکر، بیوقوفی۔
گدھا گھوڑا ایک بھاؤ: اچھے بُرے سب یکساں۔
(بے انصافی اور قدر ناشناسی کے موقع پر بولتے ہیں)
گدھوں کے ہل چلنا/پھرنا: نہایت ویران ہونا۔
—— چلوانا: ویران کر دینا۔
گدھے پر چڑھانا: (کنایتاً) رُسوا کرنا، بدنام کرنا، بے عزتی کرنا۔
—— کو آدمی بنانا: بیوقوف کو عقلمند بنانا۔
—— کو باپ بنانا: اپنی غرض پر کسی کو بڑا ماننا
گدی: مونث: (۱) سر کا پچھلا حصہ، گردن کا پچھلا حصہ
—— ناپنا: دھپ لگانا، گدی پر دھولیں جڑنا۔
—— سے زبان کھینچنا/نکالنا: سزائے موت دینا۔
(پرانے زمانے کی ایک سزا)
گدی: مونث: (۱) تخت شاہی، سنگھاسن، (۲) گدیلا گدا، مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ، (۴) حیض کا لتا، چار جامہ (۵) مذکر، مسلمان گوالا جو دودھ، دہی اور گھی بیچتے ہیں۔
—— سے اُتارنا: تخت سے اُتارنا، معزول کرنا
—— پر بٹھانا: تخت پر بٹھانا، جانشین کرنا، حکومت کی باگ ڈور سونپنا۔
—— نشین: تخت پر بیٹھنے والا، تخت نشین، بادشاہ۔
گدی نشینی: (مونث) تخت نشینی، حکومت
گدیلا: مذکر: (۱) روئی کا گدا، توشک (۲) ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی۔
گڈ (GOOD: (انگ) عمدہ، اچھا، نیک، شریف، خوشگوار، پسندیدہ۔
گڈ آفٹر نون (GOOD AFTERNOON) (انگ) دن کے تیسرے پہر کا سلام، سہ پہر بخیر۔
گڈ ایوننگ (GOOD EVENING) (انگ)، شام کا سلام، شام بخیر
گڈ بائی (GOOD BYE): (انگ) خدا حافظ، رخصتی کا سلام۔
—— فرائی ڈے FRIDAY: (انگ) (۱) عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ کے صلیب پر چڑھائے جانے کا دن (۲) اپریل میں جمعہ کو منایا جانے والا عیسائیوں کا ایک تیوہار
—— لک (LUCK) (انگ) مذکر: اچھی قسمت، خوش قسمتی حُسن اتفاق۔
—— مارننگ MORNING (انگ) صبح کا سلام، صبح بخیر۔
—— گڈ نائٹ GOOD NIGHT (انگ): رات کا سلام، شب بخیر۔
گڈس ٹرین GOODS TRAIN (انگ) مونث: مال گاڑی
گڈ: مذکر (۱) دو آدمیوں کا یا چند آدمیوں کا باہمی اتفاق (۲) کاغذوں کا مجموعہ، ملے جلے کاغذ (۳) مجموعہ
—— بڈ: ملا جُلا، گڈمڈ، خلط ملط
گڈمڈ: گڈ بڈ
—— کرنا: ملا دینا، گڑ بڑ کرنا
گڈا: مذکر: کپڑے کا پتلا جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں
گڈا بنانا: (کنایتاً) بدنام کرنا، رُسوا کرنا۔
گڈھ: مذکر، قلعہ، حصار، گڑھ۔
گڈھی/گڑھی: مونث، چھوٹا قلعہ
گڈھا: مذکر: (عم) گڑھا
گڈی: مونث: (۱) ہڈیوں کے جوڑ (۲) ایک قسم کا چوکور پتنگ

گ ـــ ر

گر: (ف) (۱) بنانے والا (۲) کرنے والا مرکب شکل میں مستعمل ہے جیسے دادگر، ستم گر وغیرہ) گار کا مخفف (۴) بمعنی صاحب، رکھنے والا (۵) حرف شرط، اگر کا مخفف۔
گر قبول افتد زہے عز و شرف: اگر قبول ہو تو میری عزت بڑھ جائے
گر: مذکر: (۱) کلیہ، اصول، قاعدہ، (۲) نکتہ، باریکی
—— مکھی: مونث: گردوں کے مُنہ کی زبان، پنجابی زبان
گرا: مذکر: (۱) لاکھی رنگ، سرخی مائل سفید (۲) گھوڑے اور کبوتر کا ایک رنگ۔
گرا: گرا ہوا، محتاج، غریب ذلیل
پڑا: مذکر: (۱) اُفتادہ (۲) زمین پر گرا اور پڑا ہوا (۳) (کنایتاً) (دبلی) ذلیل کمینہ، بے حقیقت
گرا پڑنا: ٹوٹا پڑنا
گر پڑ کے: (۱) منت سماجت کر کے (۲) افتاں خیزاں بڑی مشکل سے۔

گرے پڑے کا سودا: وہ معاملہ جو خوشامد درآمد کر کے کیا جائے۔
گرآب: مذکر (۱) وہ توپ کا گولا جس میں بہت سی گولیاں، رال، چھرے وغیرہ بھرے ہوتے ہیں، (۲) بڑا چھڑا۔
گراری: مونث، (۱) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۲) کنویں کی چرخی (۳) لوہے کا دندانے دار پہیا۔
گراف: GRAPH (انگ) خاکہ، اعداد و شمار کا علامتی خاکہ
—— پیپر PAPER (انگ) کاغذ جس پر چوکور خانے بنے ہوتے ہیں۔
گرام: (۵) مذکر، (۱) گاؤں، بستی (۲) (انگ) GRAM وزن کا ایک چھوٹا پیمانہ۔
گرامر: GRAMMAR (انگ) مونث، صرف، قواعد زبان
گراموفون: GRAMOPHONE (انگ) مذکر، ایک قسم کا باجا جس پر ریکارڈ بجائے جاتے ہیں۔
گرامی: (ف) بہت عزیز، بزرگ، مکرم، معظم
—— قدر/منش (ف) بزرگ، طبیعت والا
—— نامہ: مذکر، بڑے کا خط
گراں: (ف) (۱) ثقیل، وزنی، بھاری، بوجھل (۲) ناگوار، اجیرن (۳) بیش قیمت انمول مہنگا (۴) سخت، دشوار، کڑا (۵) مشکل، دشوار
—— بار: (ف) بوجھ سے دبا ہوا۔
—— باری: (ف) مونث، بوجھل پن زیر باری
—— بہا: بیش قیمت
—— پایہ: (ف) بلند مرتبہ، بڑا آدمی
—— جان: (ف) سخت جان، سست، کاہل، بوڑھا۔
گراں خاطر: (ف) (۱) دوبھر، اجیرن، ناگوار طبع (۲) ناراض، آزردہ، رنجیدہ، غمگیں
—— خواب: (ف) (۱) بہت سونے والا، (۲) غافل
—— سر: (ف) مغرور، گھمنڈی
—— سرشت: (ف) باوقار
—— سنج: (ف) بھاری، وزنی، بیش قیمت
—— قدر: (ف) عالی مرتبہ
—— گزرنا: ناگوار گزر، دل پر بوجھ ہونا۔
—— گوش: (ف) بہرا
—— گوشی: (ف) مونث، بہرا پن
—— مایگی: (ف) مونث، بزرگی، سرداری، دولت مندی۔
گرانمایہ: (ف) نفیس، قیمتی چیز
گرانی: (ف) مونث، (۱) مہنگائی (۲) بھاری پن (۳) ناگواری (۴) بدمذقی (۵) توڑا، کمی، قلت
—— خاطر/طبع: مونث، بے زاری، ناگواری
گرانا: (۱) نیچے ڈالنا، پھینکنا (۲) ڈھانا، مسمار کرنا (۳) مغلوب کرنا، دے مارنا، پٹکنا (۴) مرتبہ گھٹانا (۵) اسقاط کرنا۔ (۶) بڈھال کرنا (۷) قیمت کم کرنا (۸) کھونا۔
گرانٹ: GRANT (انگ) مونث، امداد، عطیہ، بخشش
گراؤنڈ: GROUND (انگ) مذکر، زمین، بنیاد، میدان۔
—— فلور: FLOOR (انگ) کسی مکان کی نچلی منزل:
گراہک/گاہک: (ف) مذکر، خریدنے والا خریدار
گربہ: (ف) مونث، بلی
—— چشم: (ف) (۱) کرنجا، نیلی آنکھوں والا (۲) بے مروت
—— کشتن روز اول: (ف) (۱) (مثل) بلی پہلے ہی دن مارنی چاہیے (۲) رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے۔
—— مسکین: (اضافت کے ساتھ) (۱) باہر سے شریف اندر سے بدمعاش (۲) مکاری، فریبی۔
گربھ: (س) مذکر، حمل
گر پڑنا: (۱) زمین پر آ پڑنا، نیچے آ رہنا (۲) (کنایتاً) مائل ہو جانا، (۳) نہایت کمزور نحیف ہو جانا۔
گرتا پڑتا: (۱) گرتے پڑتے ہوئے (۲) لڑکھڑاتے ہوئے (۳) (قتاں خیزاں۔
گرج: مونث (۱) کڑک، بجلی کی آواز، بادل کی آواز (۲) شیر کی آواز، ہاتھی کی چنگھاڑ (۳) چیخ، زور کی آواز
گرجا: مذکر، عیسائیوں کا عبادت خانہ، کلیسا، چرچ۔
گرجا: مذکر، (۱) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو، عیب دار موتی (۲) گرجنا کا ماضی
گرجنا: (۱) بادل کا آواز کرنا، کڑکنا (۲) شیر کا دھاڑنا، ہاتھی کا چنگھاڑنا (۳) چلانا، شور مچانا، کڑک کر بولنا (۴) موتی میں بال پڑ جانا۔

گرجنے ہیں سو برستے نہیں: (مثل) زبانی شیخی بگھارنے والوں سے کچھ نہیں ہوسکتا۔

گرجانا: (۱) بچھڑ جانا (۲) نیچے گر پڑنا (۳) ذلیل ہوجانا۔

گرچ: مونث: ایک دوا کا پودا جو بیل کی طرح پھیلتا ہے۔

گرچہ: اگرچہ

گرد: (ف) مذکر: پہلوان بہادر۔

گرد: (ف) (۱) پھرنے والا (۲) مونث: وہ خاک یا غبار جس کو ہوا اڑا لے، خاک دھول (۳) (کنایتاً) رنج وملال بے حقیقت، ہیچ۔

گردا: مذکر: (عم) گرد، دھول، ریت، بالو۔

گرد آلود/گرد آلودہ: (ف) دھول ملا ہوا، خاک جمی ہوئی، غبار آلود۔

گرد باد: (ف) مذکر: (۱) بگولا، گول ہوا کا گرد وغبار والی ہوا (۲) آندھی جھکڑ

گرد کو نہ پہنچنا: برابر نہ ہوسکنا، پیچھے رہ جانا، ہمسری نہ کرسکنا۔

گرد نہ پانا: برابری نہ کرسکنا، قریب تک بھی نہ پہنچنا

——— وغبار: مذکر، خاک دھول

——— ہونا: (۱) خاک ہونا (۲) مات ہونا (۳) ہیچ ہونا، بے رونق ہونا بے حقیقت ہونا۔

——— ہے: کچھ حقیقت نہیں رکھتا

گرد: (ف) مذکر: آس پاس، ادھر اُدھر

گرداگرد: (ف) مذکر: اطراف میں، اردگرد، آس پاس۔

گرد آور: مذکر: آفسر، حاکم، گشت کرنے والا۔

——— آوری: مونث: (۱) دورہ گشت، نگرانی (۲) گرد آور کا عہدہ

گرداب: (ف) مذکر: بھنور، پانی کا چکر

گرد بالش: (ف) مذکر: گول اور چھوٹا تکیہ، جو سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھتے ہیں۔

——— وپیش: مذکر: گرداگرد، آس پاس، چاروں طرف۔

——— ونواح: (ف) مذکر: آس پاس کا علاقہ، قرب وجوار۔

گردان: (ف) (۱) پھرنے والا، گھومنے والا (۲) الٹا ہوا، پلٹا ہوا۔

گردان: مونث: (۱) پھراؤ، دور، صیغوں کو ترتیب سے پڑھنا۔ (۲) صیغوں کی ترتیب دہرانا (۳) قرآن شریف دُہرانا۔ (۴) مذکر: اڑانے کا کبوتر

گردان کرنا: صیغوں کو زمانہ واحد اور جمع کی ترتیب سے پڑھنا۔

گردانا: (۱) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو ترتیب سے پڑھنا (۲) دُہرانا، دُور کرنا (۳) تسلیم کرنا (۴) لپیٹنا، ملانا، پھنسانا، (۵) متوجہ کرنا (۶) کھلی ہوئی کتاب بند کرنا۔

گردش: (ف) مونث: (۱) چکر، دورہ، پھیر (۲) انقلاب، تغیر (۳) ادبار، بدنصیبی، بداقبالی (۴) مصیبت، آفت، سختی

——— دوراں: (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث: زمانے کی گردش بدلتے ہوئے حالات۔

——— زدہ: مصیبت کا مارا۔

——— فلک: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث: آسمان کی گردش، انقلاب زمانہ۔

——— لیل ونہار: (اضافت کے ساتھ) (۱) رات اور دن کی گردش (۲) (کنایتاً) آفت ومصیبت۔

گردن: (ف) مونث: (۱) گلا، گلو (۲) شیشہ، صراحی، مینا۔

——— اُٹھانا: سر اُٹھا کر دیکھنا۔

——— پر احسان ہونا: احسان سے سر جھکا ہونا۔

گردن پر بوجھ لینا: احسان مند ہونا، ذمہ داری لینا۔

——— پر جُوا رکھنا: (۱) بار ڈالنا، کوئی اہم کام کسی کے ذمہ کرنا۔ (۲) (کنایتاً) شادی کرنا

——— پر چھری پھیرنا: (۱) ذبح کرنا (۲) (کنایتاً) کھلی زیادتی کرنا، صریح ظلم کرنا۔

——— پر خط کھینچنا: جلاد کا قتل کرنے سے پہلے گردن پر نشان بنانا۔

——— پھنسانا: (۱) مصیبت میں پڑنا، اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا، ذمہ لینا (۲) جواب دہ بننا۔

——— جُھکا لینا: گردن نیچی کرنا، شرمندہ ہوجانا۔

——— چھڑانا: (کنایتاً) مصیبت سے نجات دلانا، آزاد کرنا

——— دبانا: مغلوب کرنا، دباؤ ڈالنا۔

——— ڈالنا: (۱) گردن نیچی کرنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) نڈھال ہونا۔

——— ڈھلکنا: منکا ڈھلکنا، مرنے کے قریب ہونا۔

——— زدنی: قتل کئے جانے کے قابل

——— زن: (ف) جلاد۔

——— سے جُوا اُتارنا: (کنایتاً) آزاد ہونا۔

ـــــ فراز: (کنایتاً) باغی، سرکش، گھمنڈی
گردن کش: (ف) سرکش، باغی، گھمنڈی
ـــــ مارنا: (۱) قتل کرنا (۲) (کنایتاً) نقصان پہنچانا۔ تکلیف دینا۔
ـــــ میں ہاتھ دیکے نکالنا: ذلیل کرکے نکال دینا۔
ـــــ میں ہاتھ دینا: (کنایتاً) ذلیل کرنا۔
ـــــ میں ہاتھ ڈالنا: پیار کرنا، محبت کرنا۔
ـــــ ناپنا: (کنایتاً) (۱) مار پیٹنا (۲) ذلیل کرنا (۳) سزا دینا۔ قتل کرنا۔
نہ اُٹھانا: مارے شرمندگی کے سر نہ اُٹھانا، اُف نہ کرنا، دم نہ مارنا۔
گردنی: مونث (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا (۲) کشتی کا ایک داؤں۔
ـــــ دینا: گردن میں ہاتھ دیکر دھکا دینا
ـــــ مارنا: گردن پر ہاتھ مارنا۔
گردوں: (ف) مذکر (۱) آسمان (۲) چرخ (۳) چھکڑا، رتھ، بہلی (۴) گھومنے والا۔
ـــــ پناہ/رکاب/ـــــ سریر: (ف) بادشاہوں کی صفات۔
گردہ: (ف) مذکر، (مصنفوں کی اصطلاح) خاکہ۔
گِردہ: (ف) مذکر (۱) گول چیز (۲) چھوٹی خمیری روٹی (۳) حلقہ، دائرہ، گنڈلی، قرص (۴) احاطہ، دور (۵) پان دان کی تھالی کا گول کپڑا، حقہ رکھنے کا گول کپڑا (۶) ڈھول کا خول (۷) گول تکیہ۔
گُردہ: (ف) مذکر (۱) جسم کا اندرونی عضو جس میں پیشاب بنتا ہے (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ (۳) (کنایتاً) جرأت، حوصلہ، دلیری۔
ـــــ ہونا: حوصلہ ہونا
گُرز: (ف) مذکر، ایک بھاری ہتھیار کا نام جو اوپر سے گول موٹا، اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے، اور دشمن کے سر پر مارنے کے کام آتا ہے۔
ـــــ بردار: (ف) مذکر، گرز اُٹھانے والا۔
گُرسنگی: (ف) مونث، بھوک
گُرسنہ: (ف) بھوکا
گرفت: (ف) مونث (۱) پکڑ (۲) دستی، موٹی قینچی (۳) مواخذہ، اعتراض، سرزنش۔
کرنا: (۱) پکڑنا (۲) اعتراض کرنا، مزاحمت کرنا
ـــــ میں آنا: چنگل میں آنا، قابو میں آنا۔
گرفتار: (ف) (۱) پکڑا ہوا، قیدی، اسیر (۲) پھنسا ہوا (۳) مبتلا عاشق، فریفتہ۔
گرفتاری: (ف) مونث (۱) پکڑ (۲) قید، نظر بندی، (۳) اُلجھاؤ، جنجال۔
گرفتگی: (ف) مونث (۱) پکڑ (۲) آواز کا بھاری پن (۳) ملول ہونا، مبتلا ہونا
گرفتہ: (ف) (۱) پکڑا ہوا (۲) (کنایتاً) عاشق
ـــــ خاطر/ـــــ دل: (ف) رنجیدہ، خاطر ملول، ناخوش۔
گُرگ: (ف) مذکر، بھیڑیا
ـــــ آشنائی: (ف) ظاہر میں دوستی، باطن میں دشمنی
ـــــ باراں دیدہ: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) تجربہ کار گھاگ، خرانٹ، آزمودہ کار۔
گُرگا: مذکر (۱) (دکھنی) چھوکرا، چیلا، شاگرد (۲) (دکھنی) شریر، شیطان، بدکار، بدوضع (۳) (ہ) ادنا، ملازم۔
گُرگابی: مونث، ایک قسم کی جوتی جو صرف نیچے تک ہوتی ہے۔
گِرگٹ: مذکر، ایک قسم کی بڑی چھپکلی، جو طرح طرح سے رنگ بدلتی ہے۔
ـــــ کی طرح رنگ بدلنا: (۱) (کنایتاً) ایک حالت پر قائم نہ رہنا، کچھ سے کچھ ہو جانا (۲) غصہ کے مارے کبھی لال کبھی پیلا ہو جانا۔
گُرگرانا: جال کی طرف بٹیروں کو ہنکانا۔
گرل: (GIRL) (انگ) مونث، لڑکی۔
ـــــ فرینڈ: (GIRL FRIEND) (انگ) مونث، دوست لڑکی۔
گرلس اسکول: (GIRLS SCHOOL) (انگ) مذکر، لڑکیوں کا مدرسہ، مدرسۂ نسواں۔
گرم: (ف) (۱) تپتا، جلتا ہوا (۲) تیز رفتار (۳) (کنایتاً) اختلاط رکھنے والا (۴) مستعد، سرگرم (۵) لال، دہکتا ہوا (۶) خطا، ناراض (۷) تیز، بااثر (۸) شوخ، شرارتی، چلبلا۔
اختلاط: مونث، گرمی، دوستی، تکلف

ـــــ بازاری: (ف) مونث؛ بکثرت خرید و فروخت، لین دین اور بیوپار کی چہل پہل، رونق

ـــــ جوشی: (ف) مونث؛ (۱) تپاک، اختلاط (۲) سرگرمی، جوش، شوق (۳) کوشش۔

ـــــ جولاں: (ف) تیز دوڑنے والا

ـــــ خبر: مونث؛ عام خبر، افواہ، دھوم، تازہ خبر

ـــــ خو: (ف) غضب ناک، تندخو۔

ـــــ خیز: (ف) تیز چلنے والا، چالاک

ـــــ رفتار/ ـــــ رَو: (ف) تیز چلنے والا

گرم سخن: (ف) (اضافت کے ساتھ) بات چیت میں مشغول۔

ـــــ سفر: (ف) (اضافت کے ساتھ) سفر میں مشغول۔

ـــــ فغاں: (ف) (اضافت کے ساتھ) رونے میں مصروف۔

ـــــ کرنا: (کنایتاً) (۱) غصہ دلانا (۲) جوش دلانا، شہوت پیدا کرنا۔ (۳) گھوڑے کے لئے تیز کرنا، دوڑانا۔

ـــــ گرم: تازہ بتازہ

ـــــ مزاج: (کنایتاً) تُند مزاج، غصیلا

ـــــ مسالہ: مذکر؛ زیرہ، سیاہ مرچ، لونگ، الائچی اور دار چینی کا مجموعہ

ـــــ و سرد: (ف) مذکر؛ کنایتاً رنج و راحت، حوادثِ زمانہ۔

ـــــ و سرد آزمانا/ ـــــ اٹھانا/ سہنا/ جھیلنا: زمانے کی کی مصیبت سہنا، تجربہ کار ہونا۔

ـــــ ہونا: (۱) تپنا، جلنا (۲) جوش ہونا، اُبلنا (۳) کنایتاً غصہ کرنا (۴) بارونق ہونا (۵) آدمیوں کی زیادہ آمد و رفت ہونا ہجوم ہونا (۶) دل کے ساتھ خوش ہونا۔

گرما: (ف) مذکر؛ گرمی کا موسم

گرمابہ: (ف) مذکر؛ (۱) حمام، گرم غسل خانہ (۲) (اردو) پانی گرم کرنے کا برتن۔

گرما گرم: (۱) جلتا ہوا (۲) تازہ بتازہ (۳) پُرجوش، رقت خیز (۴) چرب زبان (۵) طلاق پڑاق، برجستہ (۶) شوخ، چلبلا۔

ـــــ گرمی: (مونث) (۱) تیزی، شوخی (۲) تُو تُو، مَیں مَیں، جھگڑا۔

گرمانا: (۱) گرم ہو جانا (۲) اگرم کرنا (۳) خفا ہونا (۴) غصہ کرنا (۵) جوش میں آنا (۶) مادہ چارپایہ کا جوش مستی میں آنا، شہوت پیدا کرنا۔

گرماہٹ: مونث؛ (۱) گرمی (۲) شوخی، شرارت۔

گرمی: (ف) مونث؛ (۱) تپش، حرارت (۲) موسم گرما، گرمی کی رُت (۳) سرگرمی، تپاک، گرم جوشی، شوخی، طراری (۴) تیزی، تندی (کنایتاً) آتشک کی بیماری (۵) غصہ (۶) شہوت خواہش نفسانی۔

ـــــ بازار: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ گرم بازاری، رونق، چہل پہل، خریداروں کی کثرت۔

ـــــ چڑھ جانا: دماغ میں خلل آنا، پاگل ہو جانا۔

ـــــ دانے: مذکر؛ وہ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں بدن پر نکل آتے ہیں۔

ـــــ نکالنا: (۱) حرارت دفع کرنا (۲) (کنایتاً) غصہ نکالنا، کسی کو مارنا، پیٹنا (۳) جماع کی خواہش مٹانا۔

ـــــ نکلنا: (ع) آتشک کا مرض ہونا۔

ـــــ ہونا: (۱) گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا

گرنا: (۱) اوپر سے نیچے آنا (۲) پھیلنا (۳) لالچ کرنا (۴) بھاؤ کم ہونا (۵) برسنا، پڑنا (۶) قدر نہ رہنا، ذلیل ہونا (۷) بیمار پڑنا، (۸) مرتبہ کم ہو جانا (۹) حمل ساقط ہونا (۱۰) ہجوم کرنا (۱۱) ہارنا۔ (۱۲) مکان یا تعمیر کا منہدم ہونا۔

گرنتھ: (۵) مونث؛ (۱) پُستک، پوتھی، کتاب (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب۔

گرو: مذکر؛ (۱) پیر و مُرشد (۲) بزرگ (۳) استاد (۴) کاملِ فن، مگبت استاد (۵) (مجازاً) شریر، مفسد، شہدا (۶) ہوشیار، خُرانٹ۔

ـــــ دوارہ: مذکر (۱) گرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کا عبادت خانہ (۳) سکھوں کا دھرم شالا۔

ـــــ گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے: (مثل) شاگرد نے اتنی ترقی کی کہ اُستاد سے بڑھ گیا۔

ـــــ گھنٹال: مذکر؛ (۱) بہت بڑا استاد، سب کا پیر و مُرشد (۲) بدمعاشوں کا سرغنہ، بڑا چالاک، خرانٹ، گھاگ

گِرَو: (ف) (۱) رہن کیا ہوا (۲) مطیع، مقید، گرفتار، مبتلا

گرَو نامہ: مذکر، رہن نامہ، رہن کا تمسک

گروپ: GROUP (انگ) مذکر؛ گروہ، جماعت، مجمع، مجموعہ

ـــــ بندی: پارٹی بازی

گروس: (GROSS (انگ) مذکر: بارہ درجن کا مجموعہ

گروہ: (ف) مذکر، (۱) ٹولی، جماعت، جرگہ، فرقہ (۲) غول، جھنڈ (۳) قسم، نوع، درجہ ذات۔

گروہا/گروہ: (ف) مذکر، جھنڈ کا جھنڈ، غول کا غول

گروہ بندی: (ف) مذکر، گروپ بندی، جماعت بندی

گروی/گرویں: مونث، (۱) بندھک رہن، گرو (۲) وہ چیز جو گرو رکھی گئی ہو۔

——— رکھنا: رہن رکھنا۔

گرویدگی: (ف) مونث، چاہت، رغبت، میلان، فریفتگی

گرویدہ: (ف) (۱) فریفتہ، مائل، راغب (۲) معتقد، پیرو، مطیع، مرید

گرہ: (۱) گانٹھ، گتھی (۲) جیب، پاکٹ (۳) گز کا سولھواں حصہ، تین انگل کی چوڑائی (۴) بند، جوڑ (۵) کمر، ورت، رنج و ملال (۶) عقدہ، گلٹی (۷) کسی کے مصرع پر لگایا گیا مصرع (۸) (کنایتاً) تحویل، پاس (۹) برچھی کا وہ حصہ جس میں سنان لگی ہوتی ہے (۱۰) مشکل

گرہ باز: ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھاتا ہے۔

——— باندھنا: (۱) گرہ لگانا (۲) بخوبی یاد رکھنا، دل پر نقش کر لینا۔

——— سے: جیب سے، پاس سے

——— سے جانا/——— کا جانا: اپنی جیب سے خرچ ہونا، ذاتی نقصان ہونا۔

——— کاٹنا: جیب کاٹنا، پاکٹ مارنا۔

——— کٹ: جیب کترا

——— کھلنا: گتھی سلجھنا، آسان ہو جانا

——— گیر: (ف) بل کھائے ہوئے، مڑا ہوا۔

——— لگانا: (۱) گانٹھ باندھنا (۲) ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگانا، تضمین کرنا (۳) مضبوط کرنا

——— میں باندھنا: یاد رکھنا

گرہ: مذکر: (۱) سیارہ (۲) ہندو جوتش کے مطابق ذیل کے نو ہیں (۱) سورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بدھ (۵) برہسپت (۶) شکر (۷) سنیچر (۸) راہو (۹) کیت۔

——— آنا: (نجومیوں کی اصطلاح) نحوست آنا، بدنصیبی کا زمانہ آنا۔

——— دیکھنا: جنم پتری دیکھنا

گرہستی: (۱) (۲) مونث، خانہ داری، گھر داری

گرہن: سورج پر چاند کا یا چاند پر زمین کا سایہ پڑنے سے سیاہ ہو جانا۔ گہن

گرہی: مونث: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی

گرّی: مونث: کنویں کی چرخی جس میں ڈول کی رسی لپٹی ہے۔

گری: مونث (۱) (آ) بیج مغز، تخم (۲) ناریل کا مغز (۳) بیج کے اندر کا گودا (۴) صفت، گری ہوئی۔

——— ہوئی آواز: پست آواز، کمزور آواز

گریا: مونث: (۱) پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ، ریڑھ کی ہڈیاں (۲) سانپ کا پنجرہ

گریاں: (ف) روتا ہوا، نالاں۔

گریبان/گریبانہ: (ف) مذکر، کرتہ یا قمیص کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔

——— پکڑنا: (کنایتاً) سخت تقاضا کرنا

——— چاک کرنا: (کنایتاً) وحشت سے کپڑے پھاڑنا، دیوانہ ہونا۔

——— گیر: (ف) روکنے والا، مزاحم، مقابلہ کرنے والا

——— میں منھ ڈالنا: (۱) (۱) اپنے قصور اور عیب کو دیکھ کر شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا (۲) گردن جھکا کر غور کرنا (۳) شرمندہ ہونا۔

گریٹ: (GREAT (انگ) بڑا، عظیم، اعلا، بلند، برتر، بزرگ۔ عالی نشان۔

گریجویٹ (GRADUATE (انگ) یونیورسٹی سے بیچلر کی ڈگری حاصل کیا ہوا۔

گریڈ: (GRADE (انگ) مذکر، رتبہ، مرتبہ، درجہ، پایہ۔

گریز: (ف) مونث، مذکر (۱) بھاگنا (۲) فرار (۳) علاحدگی، اجتناب، پرہیز (۴) ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف متوجہ ہونا، تمہید سے مدعا کی طرف آنا۔

——— پا: (ف) (۱) بھاگنے والا، متوحش (۲) (مجازاً) بے ثبات، ناپائیدار۔

——— کرنا: بھاگنا، پرہیز کرنا، نفرت کرنا

گریزاں: (ف) بھاگنے والا، متنفر

گریس: (GREASE (انگ) (۱) مذکر، مونث، (۱) چربی، چکنائی

گرامر: (انگ) GRAMMAR، صرف ونحو، قواعد۔
گرینڈ: (انگ) GRAND، بڑا، عظیم، شاندار، خوبصورت، نفیس۔
گرین روم: (انگ) GREEN ROOM، (۱) مذکر، ڈرامے میں کام کرنے والوں کی خلوت گاہ جہاں لباس وغیرہ تبدیل کرتے ہیں (۲) وہ کمرہ جس میں ڈرامے کے کردار بننے سنورتے یا میک اپ کرتے ہیں۔
گریہ: (ف) مذکر، رونا، زاری۔
—— شادی: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، خوشی کی حالت میں رونا، خوشی کے آنسو۔
—— کرنا: رونا، آنسو بہانا۔
—— کناں: (ف) مذکر، روتا پیٹتا ہوا، نالاں، گریاں۔
—— مندر/ناک: (ف) رونے والا
—— وزاری: مونث، رونا پیٹنا، واویلا، کہرام، آہ و بکا۔

گ ـــ ڑ

گڑ: مذکر (۱) گنے کا جمایا ہوا شیرہ، قند سیاہ (۲) (کنایتاً) میٹھا، شیریں
—— انبہ: (گڑمبہ صحیح تلفظ) مذکر، (۱) گڑ یا شکر کے شیرے میں پکی ہوئی کچے آم کی قاشیں (۲) کچے آم کا میٹھا اچار۔
—— دھانی: مونث (عم) گڑ کے قوام میں بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں سے بنی ایک قسم کی مٹھائی
—— دیے مرے تو زہر کیوں دیجیے: (مثل) جو کام آسانی اور نرمی سے نکل سکے اُس میں سختی نہیں کرنا چاہیے۔
—— کھانا گلگلوں سے پرہیز کرنا: (مثل) ایک ہی طرح کے دو کاموں میں سے ایک کرنا اور دوسرے سے بچنا۔
گڑا: مذکر، گڑا ہوا۔
گڑا جانا: شرمندہ ہوا جانا۔
گڑبڑ: مونث (۱) پیٹ بولنے کی آواز (۲) (کنایتاً) جھمیلا، بکھیڑا، افراتفری (۳) گڑبڑی، بے انتظامی، کھلبلی، بے ترتیبی، پریشانی (۴) درہم برہم (۵) گڈمڈ، ملاجلا۔
—— جھالا: مذکر (۱) اروباد، بوندا باندی (۲) (کنایتاً) گڑبڑی، بدنظمی (۳) جھگڑا، بکھیڑا۔
گڑبڑانا: گھبرانا۔
گڑبڑی: مونث، کھلبلی، بےچینی، اضطراب۔
گڑپ: مونث، (عم) کسی مُلائم چیز میں جلدی سے گھس جانے کی آواز، غڑپ (۲) جلد، جھٹ۔
گڑ جانا: (۱) دب جانا، دفن ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا (۳) قائم ہو جانا، اُڑ جانا (۴) پیچھے جانا۔
گڑریا: مذکر، چرواہا، گوالا، بھیڑ بکریوں کا چرانے والا۔
گڑگڑ: مونث (۱) گڑگڑاہٹ، توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز (۲) بادلوں کی گرج۔
گڑگڑاہٹ: مونث، (۱) پیٹ بولنے کی آواز (۲) بادلوں کی گرج۔
گڑگڑ: مونث، حُقّہ پینے کی آواز۔
گڑگڑا: مذکر، ایک قسم کا بڑا حُقّہ۔
—— ہٹ: مونث، حُقّہ پینے کی آواز۔
گڑگڑی: مونث، ایک قسم کا چھوٹا حُقّہ
گڑگڑانا: عاجزی کرنا، منت سماجت کرنا
گڑم: مذکر، (عم) سر کی چوٹ کا ورم گومڑ۔
گڑنا: (۱) دبنا، تُپنا (۲) دفن ہونا (۳) پیچھے جانا (۴) جمنا، قائم ہونا، کھڑا ہونا (۵) شرمندہ ہونا۔
گڑوانا: دفن کرانا، زمین میں دلوانا۔
گڑوانا: زمین کھدانا، کھیت سے گھاس نکلوانا
گڑونا: چھیدنا، چبھونا۔
گڑیا: مونث، کپڑے کی بنی ہوئی پُتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔
گڑیوں کا کھیل: (کنایتاً) آسان کام، معمولی بات۔
—— میلا: مذکر، ہندوؤں کے ایک مشہور میلے کا نام۔
گڑے مُردے اُکھاڑنا: پرانے فتنے کو جگانا، دبی بات پھر سے نکالنا۔
گڑھ: (۵) مذکر، قلعہ
گڑھا: مذکر، (۱) غار (۲) کھڈ، کھائی (۳) قبر، گور (۴) لاعلمی کی وجہ سے آنکھوں کے حلقے میں پیدا ہو جانے والا گڑھا۔
گڑھت: مونث، گڑھنا، گھڑنے کا انداز
گڑھل: مذکر، ایک درخت اور اُس کا پھول۔
گڑھنا: (۱) گھڑنا (۲) لکڑی کو کاٹ کر ہموار کرنا (۳) زیور بنانا (۴)

(کنایتاً) کوئی بات بنانا، فرضی باتیں سُنانا۔
گڑھنت: مونث (ا،ف) شکل، بناوٹ، مورث (۲) گڑھنا، بات بنانا:
گڑھی: مونث، چھوٹا قلعہ
گڑھیا: (۱) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ (۲) گڑھا کی تصغیر (۳) وہ گڑھا جس میں برسات کا پانی جمع ہو۔
گڑھیا میں مُنھ دھو رکھو: انکار کا کلمہ

گ ـــــ ز

گز: (ف) مذکر (۱) سولہ گرہ یا ۳۶ انچ کا پیمانہ (۲) ایک قسم کا تیر جس میں نوک اوپر نہیں ہوتی (۳) سارنگی یا ستار بجانے کا آلہ، مضراب۔
ـــــ بھر کا: (کنایتاً) بہت طول طویل۔
گزار: (ف) (۱) گزارنا کا امر (۲) ادا کرنے والا (۳) رسائی۔
گزارش: (ف) مونث، عرض، بیان، درخواست
ـــــ نامہ: مذکر (۱) خط چھوٹے کی طرف سے بڑے کے نام۔
گزارنا: (۱) ادا کرنا، بجالانا (۲) چھوڑنا، مہلت دینا (۳) بسر کرنا، (۴) پیش کرنا۔
گزارہ: (ف) مذکر، (۱) گزر بسر، نباہ، گزر اوقات کے لیے ملنے والی رقم (۲) رسائی، دخل (۳) گنجائش، سمائی۔
ـــــ کرنا: بسر اوقات کرنا، دن کاٹنا، نباہنا، کام چلانا۔
گزارے دار: کسی وظیفے یا وثیقے پر گزر اوقات کرنے والا۔
گزاشتنی: (ف) چھوڑ دینے کے قابل
گزاف: مذکر، ڈینگ، گپ، شیخی، بکواس، بیہودہ گفتگو، جھوٹ (تنہا نہیں بولتے۔ لاف کے ساتھ بولنے میں لاف گزاف)
گزٹ: GAZATIE (انگ) مذکر، اخبار، روزنامہ، جریدہ، سرکاری اخبار
گزیٹڈ: GAZATTE: (انگ) سرکاری عہدہ داروں کا ایک خاص درجہ۔
گزٹ ہو جانا: کسی خبر کا سرکاری طور پر چھپ کر مشتہر ہونا، گزٹ میں درج ہونا۔
گزر: (ف) مونث، گاجر۔
گزر: (ف) مذکر، (۱) راستہ، راہ، سڑک (۲) گھاٹ (۳) دخل، باریابی رسائی، پہنچ، آمد و رفت (۴) نباہ (۵) عبور، اُترائی (۶) چارہ، تدبیر (۷) مونث، بسر اوقات۔
گزران: (ف) مونث، گزارا، اوقات بسری۔
ـــــ دینا/گزرانا: پیش کرنا۔
گزر بسر: مونث، گزارا، نباہ، اوقات بسری
گزر جانا: (۱) چلا جانا، راستے سے نکل جانا (۲) تمام ہو جانا (۳) (عو) مر جانا، فوت ہو جانا۔
ـــــ کرنا: (۱) اتفاق سے جا نکلنا (۲) دن کاٹنا، اوقات بسر کرنا (۳) پورا کرنا، نباہنا (۴) جانا۔
گزرگاہ: (ف) مونث، (۱) راہ، راستہ (۲) شارع عام
گزرنا: (۱) بیتنا (۲) مرنا (۳) جانا (۴) بسر ہونا (۵) نباہ ہونا (۶) پار ہونا، ختم ہونا، ہو چکنا (۸) از آنا (۹) دل میں سمانا
گزری/گزگری: مونث، (۱) راستے پر لگا ہوا بازار، فٹ پاتھ کا بازار، وہ بازار جو شام کو فٹ پاتھ پر لگتا ہے (اب مستعمل نہیں ہے)
گزشت آنچہ گزشت: (ف) (جو ہُوا سو ہُوا) (۱) بڑا صدمہ ہوا، جو ناقابلِ بیان ہے (۲) اب تک جو کچھ ہوا وہ ہو گیا آئندہ احتیاط ہونا چاہیے
گزشتنی: (ف) گزرنے والی، نہ ٹھیرنے والی، ناپائے دار۔
گزشتہ: (ف) (۱) پچھلا (۲) گزرا ہوا زمانہ۔
ـــــ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط: (ف مثل) گزری باتوں کا خیال نہ کرو، آئندہ کے لیے احتیاط رکھو۔
گزک: (ف) مونث، (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) ذائقہ بدلنے کی چیز، (۳) شراب پینے کے دوران کھانے کی کوئی چٹ پٹی چیز۔
ـــــ دال: مذکر، گزک رکھنے کا برتن۔
گزند: (ف) مونث، مذکر، (۱) ایذا، دُکھ، تکلیف، چوٹ (۲) صدمہ (۳) آسیب کا خلل۔
گزندہ: (ف) ڈنک مارنے والا، ڈسنے والا، سانپ بچھو۔
گزی: مونث، ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا۔
گزیدہ: (ف) کاٹا ہوا، ڈنک مارا ہوا، ڈسا ہوا۔
گزیدہ: (ف) چُنا ہوا، چھانٹا ہوا، منتخب، پسندیدہ۔
گزیر: (ف) علاج، تدبیر، چارہ (اُردو میں تنہا مستعمل نہیں ہے)
گزیں: (ف) (۱) دبکنے، پسندیدہ (۲) ترکیب میں پسند کرنے والا کے

معنی دیتا ہے جیسے خلوت گزیں۔

گ ـــ س

گسار: (۱) دور کرنے والا (جیسے غم گسار (۲) کھانے پینے والا (جیسے مے گسار۔

گسائیں: مذکر، گوسائیں کا مخفف (۱) گایوں کا مالک (۲) سوامی، مالک (۳) زاہد، جوگی (۴) ہنت، سائیں، بزرگ۔

گستاخ: (ف) شوخ، بے ادب، بے شرم، بے تمیز، شریر، اکھڑ۔

گستاخانہ: (ف) بے ادبانہ، شوخی سے، دلیرانہ۔

گستاخی: (ف) مونث (۱) شوخی بے ادبی، بے شرمی (۲) تحقیر، حقارت (۳) شرارت۔

گسٹر: (ف) کسی چیز کی افراط کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے کرم گستر، سخن گستر۔

گیسٹ ہاؤس: (GUEST HOUSE) (انگ) مذکر، مہمان خانہ۔

گسل: (ف) تباہ کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے جاں گسل

گ ـــ ش

گشت: (ف) مونث (۱) پھرنا، سیر، دورہ، چکر (۲) دورہ

ـــ کرنا/لگانا: دورہ کرنا، چکر لگانا (۲) سیر کرنا۔

گشتی: پھرنے والا، گشت کرنے والا۔

ـــ چٹھی: وہ حکم جو تمام افسروں کو بھیجا جائے، سرکلر۔

گشتاسپ: (ف) قدیم ایران کا ایک بادشاہ

گ ـــ ف

گفت: موٹا، گاڑھا، خوب ٹھونک کر بنا ہوا۔

گفتار: (ف) مونث، بات گفتگو، بول چال

گفتگو: (ف) مونث، بات چیت، بول چال، تقریر۔

گفتنی: (ف) لینے کے لائق۔

گفت وشنید: (ف) مونث، کہنا سننا، بات چیت۔

گ ـــ گ

گگرا: مذکر، پانی رکھنے کا پیتل، تانبے یا لوہے کا گھڑا گاگر۔

گگری: مونث، چھوٹی گاگر

گگن: مذکر، (۱) آسمان (۲) موج، لہر، پانی کی اچھال (۳) نہایت اونچا۔

گ ـــ ل

گل: (ف) مذکر (۱) گلاب کا پھول (۲) مطلق پھول (۳) گرم دھات سے جسم پر لگایا جانے والا نشان (۴) چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا (۵) (کنایتاً) معشوق، دلبر (۶) حقے کا جلا ہوا تمباکو (۷) جوتے کی ایڑی کا چمڑا (۸) آنکھ میں پڑ جانے والا دھبہ، ناخونہ، پھلی۔

ـــ آفتاب: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، سورج مکھی کا پھول۔

گلاب: (ف) مذکر (۱) ایک خوشبودار پھول، گلاب کا پودا۔ (۲) گلاب کے پھول کا عرق۔

ـــ پاش: (ف) مذکر، عرق گلاب چھڑکنے کا برتن۔

ـــ جامن: ایک قسم کی مٹھائی

ـــ کھنچوانا: گلاب کا عرق کھنچوانا۔

گلابی: (ف) مذکر (۱) گلاب کے پھول جیسا رنگ، ہلکا سرخ رنگ، گہرا پیازی گلگوں (۲) شیشے کی رنگین پیالی، شراب کا گلاس، ساغر۔

ـــ جاڑا: مذکر، موسم بہار کا شروع، ہلکا جاڑا۔

گل احمر: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) گلاب کا پھول۔

ـــ اشرفی: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا گول پھول۔

گل افشاں: دیکھو گلفشاں

ـــ افشانی کرنا: (۱) پھول بکھیرنا، خوش بیانی (۲) (طنزاً) طعن طنز کی باتیں کرنا۔

—— اندام: (ف) مذکر، پھول جیسے بدن والا حسین، معشوق۔

—— بانگ: مونث، (۱) چہچہا، بلبلوں کی چہکار (۲) خوشی کا شور و غُل (۳) خوش خبری، بشارت (۴) جنگ کا نعرہ (۵) افواہ (۶) آواز، صدا۔

—— بدن: (ف) مذکر (۱) (کنایتاً) خوبصورت، معشوق (۲) اُردو ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔

—— برگ: (ف) مذکر، (۱) گلاب کی پتی، گلاب کی پنکھڑی (۲) (مجازاً) نازک اندام معشوق۔

—— بکاؤلی: مذکر، ایک سفید رنگ کا خوشبودار پھول

—— بُن: مذکر، گلاب کا پودا۔

—— بَن: مذکر، پھلواری

—— بوٹا: مذکر، (۱) پھول اور اس کا پودا (۲) بیل بوٹا (۳) (کنایتاً) زیب و زینت۔

—— بیگانہ: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) خودرو پھول، نیا پھول

—— پلاس: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ڈھاک کا پھول۔

—— پوش: پھولوں سے چھپی ہوئی۔

کل پھولنا: (ف) (۱) پھول کھلنا (۲) کوئی عجیب بات ظاہر ہونا (۳) کوئی نئی آفت آنا۔

—— پیرہن: (ف) (۱) پھولوں جیسے لباس والا (۲) معشوق۔

—— تَرہ: (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) تازہ پھول (۲) (کنایتاً) حسینوں کا چہرہ، معشوق حسین۔

—— تراش: (ف) مذکر، چراغ کی بتی کترنے کی قینچی، گل گیر۔

—— جعفری: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے جیسا ہوتا ہے۔

—— جھڑنا: چراغ سے جلی ہوئی بتی کی راکھ گرنا۔

—— چاندنی: مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے، گل مہتاب)

—— چشم: (ف) (۱) وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو (۲) اضافت کے ساتھ) وہ داغ جو آنکھ کی پتلی میں ہو۔)

—— چہرہ: (ف) (۱) پھولوں جیسے چہرے والا (۲) (کنایتاً) معشوق)

—— چھرّے اُڑانا: (کنایتاً) خوب عیش کرنا، مزے اُڑانا۔

—— چھڑی: مونث، پھولوں کی چھڑی۔

—— چیں: (ف) پھول توڑنے والا مالی، باغبان۔

—— خطمی/خیرو: (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک نیلے رنگ کا پھول جو دوا کے کام آتا ہے۔

گُل خن: (ف) مذکر، (۱) بھٹی، انگیٹھی، چولہا، تنور، آتش خانہ، (۲) (مجازاً) کوڑا کرکٹ۔

—— خنداں: (ف) (اضافت کے ساتھ) ہنستا ہوا پھول، کھلا ہوا پھول۔

—— دار: (ف) (۱) والا، مدار (۲) پھول دار۔

—— دان: (ف) مذکر: پھول دان

—— داؤدی: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا پھول۔

—— دستہ: (۱) پھولوں کا گچھا (۲) شعری مجموعہ

—— دُم: (ف) مذکر، ایک سرخ دُم کی چڑیا، بُلبل

—— دوپہری: مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے۔

—— دیگر شگفت: (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دوسرا گل کھلا، نئی بات سامنے آئی۔

—— رُخ/رخسار: (ف) (۱) پھول جیسے گالوں والا (۲) (کنایتاً) خوبصورت معشوق

—— رعنا: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) (۱) ایک قسم کا سُرخ اور زرد پھول (۲) (کنایتاً) معشوق)

—— رنگا: (ف) سُرخ، لال، پھول جیسے رنگ والا۔

—— رُو: (ف) مذکر، (کنایتاً) معشوق۔

گُل ریز: مذکر، (۱) پھول کڑھا کپڑا (۲) پت جھڑ، خزاں۔ (۳) مونث۔ پھلجھڑی۔

—— ریزی: (ف) مونث، (۱) پھولوں کا جھڑنا، پھول بکھیرنا (۲) (کنایتاً) خوش بیانی (۳) پھلجھڑی

—— زار: (ف) مذکر، (۱) چمن، گلشن، پھلواری (۲) رونق (۳) ایک راگ (۴) (کنایتاً) چہل پہل کی جگہ

—— زار ابراہیمؑ: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو ڈال دیا تھا اور وہ خدا کے حکم سے سرد ہو کر باغ بن گئی تھی۔

—— ستاں: (ف) مذکر، (۱) باغ، گلزار، چمن، پھلواری (۲) شیخ سعدی کی ایک مشہور کتاب۔

سرخ: (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) گلاب کا پھول (۲) مجازاً آفتاب،
سرسبد: (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) سب سے عمدہ پھول (۲) (کنایتاً) اچھا، منتخب، ممتاز۔
——— سوسن: مذکر (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا آسمانی رنگ کا پھول
——— شبّو: (ف) مونث (اضافت کے ساتھ) ایک پھول جو رات میں کھلتا ہے۔
——— شمع: (ف) مذکر (اضافت کے ساتھ) (۱) شمع کا گل (۲) (کنایتاً) شمع کی لو۔
گلشن: (ف) مذکر، گلستاں
——— آرا: (ف) مذکر، مالی، مالن، باغبان۔
——— ایجاد: (ف) مذکر (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دنیا
——— سرا: (ف) مونث، باغ کے اندر کا مکان
——— شدّاد: (اضافت کے ساتھ) شداد کی جنت:
گل صدبرگ: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، گیندے کا پھول۔
——— عباسی: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر، ایک قسم کا پھول۔
گلعذار: (ف) (۱) پھول جیسے گالوں والا (۲) (کنایتاً) معشوق۔
گل عصفر: (ف) مذکر، کسم کا پھول۔
گلفام: (ف) (۱) پھول جیسے رنگ والا (۲) (کنایتاً) حسین، معشوق۔
گلفشاں: (ف) (۱) پھول بکھیرنے والا (۲) مونث، شراب کی چھوٹی بوتل (۳) (کنایتاً) خوش بیان (۴) چراغ کا پھول جھاڑنے والا۔
گلفشانی: (ف) مونث، (کنایتاً) خوش بیانی۔
گلقند: مذکر، گلاب کے پھول اور شکر سے بنی ایک دوا۔
گلکاری: (ف) مونث، نقاشی، بیل بوٹے کا کام
گل کدہ: (ف) مذکر، گلستاں، پھلواری
——— کرنا: چراغ یا شمع کا بجھانا۔
——— کھلانا: (۱) پھول کھلانا (۲) فساد کھڑا کرنا، آفت لانا (۳) کوئی عجیب و غریب انوکھا کام کرنا۔
گلگشت: (ف) مونث، (۱) پھولوں کی سیر (۲) سیر تفریح۔
گلگلیں: (ف) مونث (۱) سرخ، لال (۲) مذکر، عمدہ اور چالاک گھوڑا۔
گلگونہ: مذکر، غازہ، اُبٹن
گلگیر: (ف) مذکر، مونث، شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی، گلمتراش
گل لالہ: مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا سرخ پھول۔
گل مہندی: مونث، ایک مشہور پھول
گل مہتاب: مذکر، ایک پھول، گل چاندنی۔
گلنار: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا انار کا درخت جس میں صرف پھول آتے ہیں۔ پھل نہیں آتا (۲) (کنایتاً) سرخ، شوخ رنگ والا پھول۔
گل ہزارہ: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول
گل ہونا: چراغ بجھنا
گِل: (ف) مونث، مٹی، گارا، گیلی مٹی، دلدل
گلایہ / گلاوہ: (ف) مذکر، (۱) گارا جس سے عمارت بناتے اور دیوار کے روڑوں میں لگاتے ہیں (۲) مٹی کا پچارا جو دیوار کے اوپر دیتے ہیں۔
گل ارمنی: مونث، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کی سُرخی مائل سیاہ مٹی
——— حکمت: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث، کپڑوں مٹی کو کپڑے پر لت کر کے کسی چیز کا منہ بند کرنا تاکہ بھاپ باہر نہ نکلے۔
——— خراسانی: (ف) کھریا مٹی
گلاس: GLASS (انگ) مذکر، (۱) شیشہ، کانچ (۲) پیالہ، ساغر۔ پانی یا شربت و شراب پینے کا ایک لمبا ظرف
گلڈ: GUILD (انگ) مذکر، ہم پیشہ لوگوں کی انجمن یا برادری۔
گل: (س) مذکر، (۱) گال کا مخفف (۲) گلا کا مخفف (۳) گالی کا مخفف (۴) پھانسی (قدیم)
گلبہیاں ڈالنا: (م محاورہ) پیار سے گلے میں ہاتھ ڈال کر لپٹ کر ہونا۔
گلپھڑا: مذکر، (۱) مچھلی کا جبڑا (۲) پرند کا وہ گوشت جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے (۳) انسان کے منہ کے دونوں گوشے۔
گل تکیہ: مذکر، چھوٹا اور گول تکیہ جو اُمرا سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھتے ہیں۔
گلخبپ: مونث، (۱) تکرار، کج بحثی (۲) ہاتھا پائی (۳) رنجش آمیز گفتگو
گل مچھے: مذکر، داڑھی کے وہ بال جو گالوں پر اس طرح چھوڑ دیے جاتے ہیں کہ مونچھوں سے مل جاتے ہیں۔
گلا: (۱) پیسے رکھنے کا بکس یا ڈبا (۲) پکا ہوا نیم کا پھل (۳) (ف) گھوڑے، اونٹ کا ریوڑ۔
گلا: مذکر، (۱) گردن، گلو، حلق (۲) آواز، سُر (۳) گریبان، اچکن کُرتے وغیرہ کا وہ حصہ جو گلے پر ہوتا ہے (۴) گھلا ہوا۔

خوب پکا ہوا، بوسیدہ، بے جان، مڑا ہوا، پگھلا ہوا۔

—— آنا: بچوں کے حلق کے کوّے کا نیچے لٹک آنا، گلے میں چھالے پڑ جانا یا ورم آجانا۔

—— پھاڑنا: (کنایتاً) چلانا، چیخ کر بولنا

گلے باز: (۱) خوش آواز، اچھی آواز والا (۲) گویا

—— پر چھری پھیرنا/چلانا: (کنایتاً) بہت ظلم کرنا، حق تلفی کرنا۔

—— پڑنا: (کنایتاً) (۱) خواہش کے بغیر ملنا (۲) پیچھے پڑ جانا، سر ہو جانا۔

—— پڑے کا سودا: مذکر، زبردستی کا سودا، مجبوری کا معاملہ۔

—— کا ہار: مذکر، (۱) ایک زیور (۲) (کنایتاً) وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے، ہر وقت لگا رہنے والا (۳) ناگوارِ خاطر، اجیرن (۴) (کنایتاً) نہایت عزیز، پیارا (۵) سر ہو جانے والا۔

—— کی رگیں پھلانا: (کنایتاً) غصہ کرنا

—— گلے: (گلے تک)

—— لگانا: (۱) سینے سے لگانا، پیار کرنا (۲) سر منڈھنا، زبردستی حوالے کرنا۔

گلے مڑھنا/منڈھنا: کوئی چیز زبردستی دینا۔

گلال: مذکر، ایک قسم کا سُرخ پوڈر

گلانا: (۱) پگھلانا، (چاندی، سونے وغیرہ کا آگ سے) (۲) مٹانا (۳) (کنایتاً) ضائع کرنا (۴) (کنایتاً) بیماری اور غم سے جسم کا لاغر ہو جانا، (۵) گوشت ترکاری کا اتنا پکنا کہ وہ نرم ہو جائے۔

گلاوٹ: مونث، گوشت وغیرہ کے گلانے کی چیز، کچا پپیتہ۔

گلتھی: مونث، (۱) گلے ہوئے نرم چاول (۲) نرم، ملائم۔

گلتھی: مونث، گرہ۔

گلٹ: مذکر، ملمع، کسی دھات پر سونا چاندی چڑھانا۔

گلٹی: مونث، (۱) غدود (۲) گلے کے اندر کا پھوڑا (۳) تیسرے درجہ کا گرہ جو انسان کے اعضاء اور جوڑوں میں کسی دوسرے عضو کے درد کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔

گلڈانگ: مذکر، ایک قسم کا بڑا غصیلا اور بہادر کتا بلڈاگ (انگلش کے بُلڈاگ BULL DOG کا بگڑا ہوا۔

گلگل: مذکر، ایک قسم کا بڑا اور لمبا لیموں، ترنج۔

گلگلا: مذکر، ایک قسم کا میٹھا پکوان۔

گل گوتھنا: (ع) موٹا تندرست بچہ۔

گلم: (ا) مذکر، (ع) پیشانی یا سر پر چوٹ لگنے سے پیدا ہو جانے والی سختی۔ گومڑ (پڑنا کے ساتھ)

گلنا: (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) پکنا (۴) بوسیدہ ہونا، سڑنا، (دانت گلنا) (۵) ضائع ہونا (۶) بگڑنا (۷) (مدد وغیرہ) جاتا رہنا۔

گلو: مونث، گرج (ایک پھیلنے والی بیل، جس کو دوا کے طور پر استعمال کرتے ہیں)

گلو: مذکر، بھوسے کی گٹھلی

گلو: (اف) مذکر، (۱) گلا، حلق، گردن (۲) (کنایتاً) آواز

—— بُریدہ: (اف) گلا کٹا ہوا۔

—— بستہ: (ف) (کنایتاً) خاموش، ساکت

—— بند: مذکر، (۱) گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا (۲) گلے کا ایک زیور

—— خلاصی: مونث، چھٹکارا، رہائی، پیچھا چھوٹنا

—— گیر: (ف) (۱) گردن پکڑنے والا، الزام لگانے والا (۲) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑ لیتی ہے (۳) لالچی، طامع۔

گلوری: مونث، بنا ہوا پان، بیڑا، جو خاص وضع پر لپیٹا جاتا ہے۔

گلولہ: (اف) مذکر، گولی، گولا، غلّہ

گلہ: (اف) مذکر، اُلاہنا، شکوہ، شکایت۔

گلہ شکوہ: مذکر، اُلاہنا، شکوہ شکایت۔

گلّہ: (ف) مذکر، (۱) مجمّد، غول (۲) ریوڑ، مویشیوں کی ڈار (۳) دوکان بکری رکھنے کا صندوقچہ یا ڈبہ

گلّہ بان: (ف) مذکر، چرواہا، گڈریا

—— بانی: (ف) مونث، ریوڑ کی رکھوالی کرنا، نگہبانی کرنا۔

گلہرا: مذکر، گلہری کا نر۔

گلہری: (ا) ایک چوہے جیسے جانور کا نام جس کی پیٹھ پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں (۲) انسان کے جسم کا وہ حصہ جو ران اور پیڑو کے بیچ میں ہوتا ہے۔

گلہریا: مونث، دھاری دار پتنگ

گلی: مونث، (۱) تمبی کا بغیر دانوں والا گٹھا (۲) کیوڑے کا پھول۔ (۳) شہد کی مکھیوں کا چھتا (۴) لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جس سے بچے کھیلتے ہیں (۵) چاندی سونے کا ڈلا (۶) قیمتل کرنے کا آلہ (۷) گھوڑے کے دُم کی ہڈی۔

گلی: مونث؛ کوچہ، محلّے کے اندر کا تنگ راستہ، تنگ کوچہ
گلیارا: مذکر (عم) کوچہ، عام راستہ۔
گلی کوچہ: مذکر؛ (عم) تنگ کوچہ، ہر ایک گلی، ہر ایک راستہ
گلی گلی: کوچے کوچے، ہر گلی کوچے میں۔
گلی ڈنڈا: مذکر؛ لڑکوں کا ایک کھیل جو دو چھوٹی بڑی لکڑیوں سے کھیلتے ہیں۔
گلیشیر (گلے۔شی۔اَر) GLACIER: مذکر؛ برف کا چشمہ جو بہت آہستہ آہستہ بہتا ہے۔
گلیم: (ف) مونث؛ کمبل، اونی چادر، لوئی، دُھسّا

گ ـــ م

گُم: (ف) (۱) کھویا ہوا، مفقود (۲) ضائع، رائیگاں (۳) غائب پوشیدہ، غیر حاضر (۴) ناپید (۵) مفرور (۶) حواس باختہ، حیران و پریشان۔
گُمراہ: (۱) بھٹکنے والا، بھٹکا ہوا، راستہ بھولا ہوا (۲) بے دین منحرف۔
گُمراہی/گُمرہی: (ف) مونث؛ (۱) کجروی، ضلالت (۲) بے دینی، لامذہبی (۳) تمرّد، سرکشی۔
گُم شُدہ: (ف+ا) کھویا، بھولا ہوا، بھاگا ہوا (۲) حواس باختہ۔
ـــ صُم: (۱) گونگا، بہرہ (۲) خاموش، حیران، ششدر۔
ـــ گشتہ: (ف) گم شدہ
گُمنام: (ف) (۱) غیر مشہور (۲) بے نام و نشان (۳) مونث؛ گھوڑوں کی ایک بیماری۔
گُمنامی: (ف) مونث؛ بے نام و نشان ہونا۔
گُم ہونا: (۱) ضائع ہونا، جاتا رہنا (۲) کسی خیال میں محو ہونا (۳) بے خبر ہو جانا، بدحواس
گُما: مونث، ایک قسم کی موٹی اور بڑی اینٹ۔
گُماشتہ: (ف) مذکر؛ جس کے ذمہ کوئی کام سپرد کر دیا گیا ہو۔ کارپرداز، کارندہ۔
گُمان: (ف) مذکر؛ (۱) شک و شبہ، احتمال، ظن (۲) وہم و وسواس (۳) گھمنڈ، غرور، تکبّر، متکبّرانہ خیال۔
ـــ بھرا: مذکر؛ مغرور۔
ـــ غالب: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پکا خیال، یقین کامل۔
گُمانا: (۱) کھونا، گم کرنا، (۲) چُرانا۔
گمبھیر: (۱) گہرا، عمیق، اندرونی (۲) سنجیدہ، بُردبار، متحمل (۳) سوچنے والا، دُور اندیش (۴) بھاری، بوجھل، وزنی (۵) مذکر؛ ایک قسم کا پھوڑا جو اکثر پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے جسے خنازیر کہتے ہیں۔
گُمٹی: مونث؛ چھوٹا گنبد، چھوٹا بُرج۔
گمک: مونث؛ (۱) ڈھول، طبلہ یا باجے کی آواز (۲) گرج، کڑک (۳) صدمہ، تصادم (۴) گونج دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے بھاری ہو کر نکلتی ہے۔
گملا: مذکر؛ پھولوں کے پودے لگانے کا مٹی کا برتن۔

گ ـــ ن

گن: GUN (انگ) مونث، بندوق۔
گُن: مذکر؛ (۱) عادت، خصلت (۲) شرارت، کرتوت، بچپن (۳) وصف، صفت، جوہر، اثر، تاثیر (۴) ہنر، فن (۵) خوبی، عمدگی نیکی، بھلائی (۶) کشتی کھینچنے کی رسّی۔
ـــ گانا: تعریف کرنا، خوبیاں بیان کرنا۔
گُنی: (ی) ہنرمند، صفات والا۔
گُنا: (چند مرتبہ، بار (مرکبات میں مستعمل ہے۔)
گنّا: مذکر؛ ایکھ، اونکھ، گنڈیری، نیشکر، پونڈا۔
گنا گنایا: مذکر؛ گِنا ہوا۔
گنانا: شمار کرانا، گنوانا۔
گناہ/گُنہہ: (ف) مذکر؛ (۱) پاپ، دوش، عصیاں (۲) جرم (۳) خطا، قصور
ـــ بے لذّت: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ گناہ جس کے کرنے میں کوئی فائدہ نہ ہو۔
ـــ صغیرہ: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ معمولی خطا چھوٹا گناہ
ـــ عظیم/ـــ کبیرہ: (ف) (اضافت کے ساتھ) بھاری جرم بڑا گناہ۔

گناہگار/گنہگار: (ف) پاپی، دوشی، عاصی، بدکاری (۲) خطاوار، مجرم۔
گناہگاری/گنہگاری: مونث، (۱) خطا، جرم (۲) جرمانہ، نادان (۳) نقصان، خسارہ۔
گنبد: (ف) (کم۔ گنبدی) مذکر، برج، عمارت کی وہ چھت جو مدور ہو اور جس میں آواز گونجتی ہو۔
—— ازرق: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) آسمان۔
—— بے در: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) آسمان
—— خضر: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) (۱) آسمان (۲) آنحضرتؐ کے مزار کا گنبد
—— دولابی: (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آسمان۔
—— فیروزہ رنگ: (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آسمان۔
—— کی آواز/—— کی صدا: مونث (کنایتاً) جیسا کہنا ویسا سننا
—— گرداں: مذکر (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آسمان
—— مینا/—— مینائی: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (کنایتاً) آسمان۔
گنبدی: (ف) مذکر، ایک ستون والا خیمہ
گنتی: مونث، شمار، اندازہ، تعداد، حساب،
گنٹھا: مذکر، پیاز کی گرہ، گٹھی۔
گنٹھنا: سیاجانا، جڑنا، ملنا
گنج: (ف) مذکر (۱) خزانہ، دفینہ، مال و دولت (۲) ذخیرہ، گودام (۳) اناج کی منڈی، انبار، ڈھیر (۴) نئی بستی، کالونی انگلش COLONY
—— بادآورد: (ف) دیکھو خسرو پرویز کے ایک خزانے کا نام
—— بخش: (ف) (۱) بہت بڑا فیاض (۲) حضرت مخدوم علی ہجویریؒ کا لقب۔
—— ڈالنا/—— لگانا: (۱) اناج کی منڈی قائم کرنا (۲) (کنایتاً) ڈھیر لگانا
—— رواں: (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر (۱) قارون کا خزانہ (۲) ختم نہ ہونے والا خزانہ
—— شائیگاں: (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) خسرو پرویز کا خزانہ بادآورد کا نام (۲) مذکر، بہت بڑا خزانہ (۳) بادشاہوں کے قابل چیز۔
—— شہیداں: مذکر (اضافت کے ساتھ) (۱) وہ گڈھا جس میں بہت سے شہیدوں یا مقتولوں کو ایک ساتھ دفن کر دیا گیا ہو۔ (۲) مُردوں کا ڈھیر (۳) (کنایتاً) بہت سی بیکار چیزوں کا ڈھیر۔
گنجور: (ف) مذکر، خزانچی، خزانے والا
گنج: مذکر (۱) ایک مرض جس سے سر پر بال نہیں جمتے (۲) ہاٹ بازار، منڈی۔
گنجا: مذکر، جس کے سر پر بال نہ ہوں، گنجے سر والا۔
گنجی: مونث، (دم) شکر قند
گنجے کو خدا ناخن نہیں دیتا: (مثل) نااہل کو خدا بااختیار نہیں کرتا۔
گنجان: گھنا، متصل، پاس پاس۔
گنجائش: (ف) مونث، (۱) سمائی (۲) ٹھکانا (۳) جگہ (۴) وسعت (۵) فائدہ، بچت، کفایت (۶) حوصلہ، مقدور۔
گنجائی: مونث، کنسلائی، ایک برساتی کپڑا
گنجفہ: (ف) مذکر، (۱) ایک قسم کا تاش جیسا کھیل (۲) گنجفہ کے ورق۔
—— باز: مذکر، (۱) گنجفہ کھیلنے والا (۲) (کنایتاً) مکار، چالباز، فریبی۔
—— کا ورق: گنجفہ کا پتا: مونث (۱) شکن
گنجلک: (گن۔ ج۔ لک/گن جھلک) مونث، (۱) شکن، سلوٹ (۲) گانٹھ گرہ، عقدہ، پیچیدگی (۳) اُلجھن، جھگڑا، بکھیڑا
گنجن: (ف) مونث، گونج، منہناہٹ
گنجیڑی: (دم) گانجا پینے والا
گنجینہ: (ف) مذکر، (۱) خزانہ، دفینہ (۲) ذخیرہ (۳) ۔ل گودام۔
گند: مونث، (۱) بو باس (۲) سُرخ صندل، گھسا ہوا صندل (۳) (ف) بدبو، نجاست، ناپاکی (۴) (کنایتاً) (دم) جھگڑا، بکھیڑا۔
گندک/گندھک: مونث، (۱) کبریت، ایک معدنی آتشی مادہ۔
گندگی: (ف) مونث، (۱) بدبو، بساند، عفونت (۲) غلاظت، نجاست ناپاکی، میلا پن۔
گندم: (ف) گیہوں۔
—— نما: (ف) دھوکے باز، مکار
—— نما جو فروش: (ف) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ مکار، دغاباز، دھوکے باز
—— نمائی: (ف) فریب، مکاری، دغابازی
گندمی: گیہوں کے رنگ کا سانولا۔

گنڈنا: (ف) مذکر، لہسن جیسی ایک ترکاری
گنڈھ: (ا) مونث، بو، بو، مہک
گندہ: (ف) (۱) نجس، ناپاک (۲) غلیظ (۳) بدبودار، سڑا ہوا (۴) بُرا، بد، چڑچڑا (۵) بیہودہ۔
ـــــ بروزہ: مذکر، ایک سفید بدبودار مادہ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے، ایک قسم کا گوند۔
گندہ دہن/ـــــ دہاں: وہ شخص جس کے منہ سے بدبو آئے۔
گندھار: مونث، راگ میں تیسرے سُر کا نام۔
گندھاوٹ: مونث، بالوں کے گوندھنے کا انداز۔
گندھرپ: مذکر، (۱) راجہ اندر کے دربار کا گویا (۲) (مجازاً) عمدہ گانے والا مُغنّی
ـــــ بیاہ: مذکر، (ہ) عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کر لینا۔
گندھی: مذکر، عطر پھلیل، بیچنے والا، خوش بُو ساز
گندی: مونث، (۱) ناپاک، غلیظ (۲) فحش، غیر مہذب (۳) خراب ناکارہ، نکمی۔
گنڈا: مذکر، لُچا، شہدا، بدمعاش۔
گنڈا: مذکر، (۱) حلقہ، چھلا، کڑا، چوڑی (۲) چار عدد (۳) گھوڑے کے گلے کا پٹا (۴) وہ بڑا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ پڑھا کر گرہ دیتے ہیں اور نظر بد سے بچاؤ کے لیے بچوں کے گلے یا ہاتھ میں باندھتے ہیں (۵) سفید پر جو کبوتر کے گلے یا بازو پر نکلتے ہیں۔
گنڈے دار: (۱) حلقہ دار، دھاری دار (۲) بے سلسلہ بے ترتیب
گنڈاسا/ـــ گنڑاسا: مذکر، چارہ کاٹنے کا ہتھیار
گنڈلا: مذکر، دائرہ، حلقہ، گنڈول
گنڈلی: مونث، وہ دائرہ جو سانپ کے بیٹھنے سے بنتا ہے۔
گنڈیری: مونث، (۱) چھلے ہوئے گنے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا (۲) حقہ کی بناوٹ میں لگی گرہیں
گنگ: مونث، گنگا۔
گنگ: (ف) گونگا، وہ شخص جو زبان سے بول نہ سکے۔
گنگا: ہندوستان کے ایک مشہور دریا کا نام۔
گنگا جل: گنگا کا پانی۔
گنگا جلی: مونث، گنگا کا پانی رکھنے کا برتن
ـــــ جلی اُٹھانا: (کنایتاً) قسم کھانا۔
ـــــ جمنی: (۱) ملا جُلا، دو رنگا، سونے چاندی یا پیتل تانبے کا ملا ہوا، (۲) سنہرا اور پہلا (۳) مونث، کان کا ایک زیور۔
گنگا دھار: (ہ) مونث، گنگا کا بہاؤ، گنگا کا پانی
گنگوتری: مونث، ہمالیہ کا وہ مقام جہاں سے گنگا نکلی ہے۔
گُنگُنا: مذکر، نیم گرم
گُنگُنانا: چپکے چپکے گانا، اس طرح گانا کہ آواز تو نکلے لیکن الفاظ سمجھ میں نہ آئیں۔
گنگناہٹ: مونث، گُنگُنانا۔
گن گن کر: (۱) ایک ایک کر کے (۲) سنبھال سنبھال کر کے (۳) چھانٹ چھانٹ کر، چُن چُن کے (۴) جُوں توں کر کے۔
گِننا: (۱) شمار کرنا، گنتی کرنا (۲) جانچنا، اندازہ کرنا۔
گنوار: مذکر، (۱) گانو کا، دیہاتی (۲) مورکھ، نادان، بیوقوف، (۳) اَن پڑھ جاہل۔
گنوارپن: مذکر، جہالت، اکھڑپن۔
گنوار کا لٹھ: (کنایتاً) (۱) ناشائستہ، بدتمیز، احمق، اُجڈ
گنوار، گوں کا یار: (مثل) گنوار آدمی بھی اپنے مطلب کا یار ہوتا ہے۔
گنوارو: گنواروں کا سا، بدنما، بھدا، بدزیب۔
گنوان: (ہ) قابل، عالم، نیک۔
گِنوانا: گنتی کرانا، شمار کرانا۔
گنوانا: ضائع کرنا، برباد کرنا، کھونا۔
گِنی: GUINEA (انگ) مونث، سونے کا ایک سکہ جو اکیس (۲۱) شلنگ کے برابر ہوتا تھا، اشرفی۔
گُنی: (ہ) (۱) ہنرمند (۲) لائق (۳) کابل، خدا رسیدہ (۴) سانپ کا منتر جاننے والا، جادو ٹونا کرنے والا، سیانا۔
گُنیا: مذکر، (۱) جس میں ضرب دیں، مضروب فیہ (۲) بڑھئی کا ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے کا آلہ۔

گ ـــــ و

گَو : گائے

گودان : مذکر ، گائے خیرات کرنا ۔

گوشالا : مذکر ، گایوں کے رہنے کی جگہ ۔

ـــــ گھاٹ : مذکر ، دریا تالاب کا وہ حصّہ جو مویشیوں کے پانی پینے کے لئے بنایا جاتا ہے ۔

ـــــ تکھی : مونث ، (۱) مالا جپنے کی تھیلی (۲) ہمالیہ پہاڑ کی ایک چوٹی جس سے گنگا نکلتی ہے ۔

گُو : مذکر ، پاخانہ ، چرک ۔

ـــــ مُوت کرنا : بچّے کی پرورش اور خدمت کرنا ۔

گو : (ف) مذکر ، (۱) گفتن کا اسم فاعل (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے دُعاگو ، بدگو) (۲) گیند (۳) ہر چند ، اگرچہ

گُونگو : (ف) (۱) (کنایتاً) ناگفتنی ، پوشیدہ ، مخفی (۲) تند ، مُدبّب ، شک و شبہ (۳) مشتبہ ، مشکوک ۔

گوار / گوار پھلی : مونث (عم) ایک قسم کا غلّہ یا پھلی جو مویشیوں کو دودھ کی زیادتی کے لیے کھلاتے ہیں ۔

گوار : (ف) لائق ، ہضم کے لائق ، مزاج کے موافق پسند (اُردو میں مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خوش گوار ، ناگوار وغیرہ

گوارا : (ف) پسندیدہ ، مرغوب ، لطیف ، خوش ذائقہ ، زود ہضم ۔

ـــــ کرنا : (۱) برداشت کرنا ، سہارنا (۲) ماننا ، منظور کرنا ۔

گوال / گوالا : مذکر ، دودھ ، دہی ، گھی بیچنے والا ، گوجر ، گھوسی ۔ مونث ، گُوالن ۔

گواہ : (ف) مذکر ، گواہی دینے والا ، شاہد ، ثبوت پہنچانے والا ۔

گواہ ٹوٹنا : (۱) گواہ کا فریق مخالف سے مل جانا (۲) گواہ کا بیان بگڑ جانا ۔

حاشیہ : مذکر : (اضافت کے ساتھ) وہ گواہ جو کسی تحریر کے حاشیہ پر اپنے دستخط یا نشان بنا دیتا ہے ۔

رویت / ـــــ شاہد / ـــــ عینی : (ف) مذکر ، وہ گواہ جس نے اپنی آنکھ سے کوئی معاملہ دیکھا ہو ۔

سماعی / ـــــ سمعی : (ف) مذکر ، سُنی ہوئی بات کی گواہی دینے والا ۔

گواہی : (ف) مونث ، شہادت

گوبَر : مذکر : گائے ، بیل ، بھینس کا فضلہ ، مَیلا

گوبَری : مونث ، بہت باریک مٹّی جس میں گوبر ملا کر لپائی کرتے ہیں ۔

گوبریلا : مذکر : گوبر کا کیڑا

گوبند : کرشن جی کا لقب

گوبھی : مونث ، ایک مشہور ترکاری ۔

گوپال : (ف) مذکر ، (۱) گُرز ، لڑائی کا ایک ہتھیار (۲) (۱) گایوں کو پالنے والا ، گوالا ، (۲) ہری کرشن جی کا لقب ۔

گوپن / گوپھن : مونث ، مذکر ، فلاخن ، ایک قسم کا رسّی کا بنایا ہوا ہتھیار جس میں پتھر رکھ کر ہاتھوں کو گردش دے کر چلاتے ہیں ۔

گوپی : (ف) مونث (۱) گائے چرانے والی (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کی سہیلیوں کا لقب ۔

گوت / گوتر : (ف) مذکر ، (۱) خاندان ، گھرانا ، نسل ، حسب نسب (۲) قوم ، فرقہ ، قبیلہ ، جماعت (۳) نسل کی اصل ۔

گوتی : ایک قوم یا ذات کا ، رشتہ دار ، ایک دادا کی اولاد ۔

گوتم : مذکر : بُدھ مذہب کا بانی

گوتھنا : (۱) پروتا ، گڑھی بنانا ، سینا (۲) موٹا موٹا سینا (۳) دل میں کسی بات کی تشویش کرنا ۔

گوٹ : مونث (۱) حاشیہ ، کنارہ ، لیس ، گوٹا کپڑے کا محرّف ، پارچہ جو تراش کر لباس کے گرد لگاتے ہیں (۲) چوسر اور پچیسی کی نرد (۳) اکرم کی گوٹ ۔

گوٹا : مذکر ، (۱) کناری ، چاندی سونے کے تاروں کا بافتہ ، پتلی لیس ، (۲) پان کی جگہ کھانے والا مسالا ، جوڑی ، الائچی ، کھوپرا ، پستہ ، دھنیا ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

ـــــ کناری : مونث ، (۱) چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بُنی جاتی ہے (۲) (کنایتاً) وہ لباس جس میں گوٹا کناری لگا ہو ۔

گوجَر : مذکر ، گوالا ، اہیر ، راجپوتوں کی ایک ذات

گوجھا : مذکر (۱) ایک قسم کا میٹھا پکوان ، میٹھا سموسا (۲) (کنایتاً) جیب ، پاکٹ

گوچنا / گونچنا : کسی چیز کو ہوا کے رُخ پر اس طرح ہاتھوں میں دبوچ لینا کہ نیچے نہ گرنے پائے ۔

گود : مونث (۱) پہلی کنار (۲) (۱) بیٹھنے

—— بھرنا: حمل کے سات مہینے گزر جانے پر شگون کے لئے حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات طرح کی ترکاریاں رکھنے کی ایک رسم۔

—— بھری: مونث، بچہ والی صاحب اولاد

—— کا: مذکر: دودھ پیتا بچہ۔

—— لینا: لے پالک بنانا۔

گودُ: مذکر، گودا، مغز، گری۔

گودا: مذکر، (۱) موٹی روٹی کا اندرونی حصہ (۲) گود، مغز، گری (۳) ہر ایک چیز کا مغز۔

گودام: دیکھو گدام۔

گودڑ: مذکر، (۱) پھٹا پرانا اور ناکارہ کپڑا، چیتھڑے (۲) لحاف وغیرہ سے نکالی گئی پرانی روئی (۳) (کنایتاً) محمور آنکھوں کا میل۔

—— کا لعل: (۱) وہ حسین جو پھٹے پرانے لباس میں ہو (۲) وہ شریف اور اعلا خاندان کا آدمی جو مفلسی کا شکار ہو گیا ہو (۳) وہ صاحب کمال جس کا حال معلوم نہ ہو (۴) وہ عمدہ چیز جو خراب جگہ پر ہو۔

—— گاڈر: مذکر، پھٹے پرانے کپڑے۔

گودنا: (۱) چبھونا، چھیدنا (۲) جسم پر سوئی سے نشان ڈال کے سرمہ یا تیل بھرنا (۳) مذکر، جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے لگائے گئے ہوں۔

—— گودنا: (۱) بدن پر نشان ڈالنا (۲) (کنایتاً) طعنے دینا

گودی: مونث، (ع) گود، آغوش، کنار (۲) (ف) بندرگاہ کا ایک حصہ

گور: (ف) مونث، قبر، تربت، مزار

—— جھانک آنا: بیمار کا مرتے مرتے بچ جانا

—— خر: (ف) مذکر، جنگلی گدھا

گورستان: مذکر، قبرستان

گورغریباں: (ف) مذکر، مسافروں کا قبرستان، وہ جگہ جہاں غریبوں کی ٹوٹی پھوٹی قبریں ہوں

گورکفن: مذکر، تجہیز و تکفین

گورکن: (ف) مذکر، قبر کھودنے والا

گورا: مذکر، (۱) سرخ و سفید رنگ والا، سفید، اجلا، مونث، گوری (۲) خوبصورت، حسین

—— پن: مذکر، اجلاپن۔

گورا چٹا: مذکر، خوبصورت، حسین، بہت سرخ و سفید۔

گورا گورا: حسین و صبیح۔

گورکھ دھندا: مذکر، (۱) ایک قسم کا تالا جو مشکل سے کھلتا ہے (۲) (کنایتاً) پیچیدہ معاملہ، بکھیڑے کا کام، جھگڑا بکھیڑا۔

گورکھا: مذکر، (۱) ایک نیپالی قوم (۲) (مجازاً) پستہ قد آدمی

گورگان: (۱) تیمور بادشاہ کا لقب (۲) جلیل القدر بادشاہ۔

گورمکھی/پنجابی: مونث، پنجابی زبان کا رسم الخط۔

گورنر: GOVERNOR (انگ) مذکر، (۱) کسی صوبہ یا ریاست کا حاکم اعلا راجپال (۲) انجمن کا ایک پرزہ

—— جنرل: (GENERAL —— (انگ) وائسرائے، بادشاہ کا قائم مقام جو کسی دور دراز ملک پر مقرر کیا گیا ہو۔

گورنمنٹ: (GOVERNMENT (انگ) مونث، حکومت، سرکار۔

—— ہاؤس: (HOUSE —— (انگ) مذکر، گورنر کی سرکاری قیام گاہ۔ راج بھون۔

گورو: مذکر، گائے بھینس۔

گوریا: مونث، (۱) چڑیا، گنجشک، گرگریا (۲) مذکر، مٹی کا چھوٹا حقہ۔

گوڑ: مذکر، (۱) بنگال کا قدیم دارالسلطنت (۲) برہمنوں کی ایک ذات۔

گوڑ: مذکر، (۱) پاؤں، پنڈلی، ٹخنا (۲) زمین کھودنا۔

—— دنیا/—— کے رکھ دینا: (۱) خراب کر دینا (۲) (کنایتاً) پڑھا لکھا بھلا دینا۔

گوڑنا: (۱) ہل چلانا، زمین کھودنا (۲) اناج صاف کر کے بھس نکالنا۔ (۳) کام خراب کرنا۔

گوڑیت: مذکر، (۱) گانو کا چوکیدار (۲) زمین گوڑنے والا۔

گوز: (ف) مذکر، پاد، باؤ، ریح، گندی ہوا، جو مقعد سے آواز کے ساتھ خارج ہو۔

—— اڑانا/مارنا: (۱) پادنا (۲) (کنایتاً) بے کاری میں وقت ضائع کرنا۔

—— شتر: (ف) (کنایتاً) لغو، بیہودہ، بے بنیاد، بے وقوف، بے تکی بات۔

—— سمجھنا: خاطر میں نہ لانا، بیہودہ، لغو خیال کرنا، بے وقوف سمجھنا۔

گوزن: (ف) مونث، بارہ سنگھا۔

گوسالہ: (ف) مذکر، (کنایتاً) گائے کا بچہ، بچھڑا

—— فلک: (ف) مذکر، (کنایتاً) برج ثور

گوسپند/گوسفند: (ف) مونث، مذکر، بھیڑ، بھیڑی، دنبہ مینڈھا، بکرا، بکری۔

گوش: (ف) مذکر، کان

گوش برآواز/ ــــ براہ: کسی بات کے سننے کا منتظر، کسی خبر کا اُمیدوار

گوشمال: (گوش ۔ مال): (ف) مونث، تادیب، تنبیہ کے لیے کان اُمیٹھنا۔

گوشمالی: مونث، (۱) تنبیہ، تادیب (۲) کوئی مشکل کام شروع کرنے سے پہلے اُستاد کا نام لے کر کان پکڑنا۔

گوشوارہ: (ف) مذکر، (۱) کان کا بالا، آویزہ (۲) حساب کا خلاصہ، میزان (۳) (دہلی) بڑا موتی (۴) کسی نقشہ یا رجسٹری کی پیشانی (۵) ایک قسم کی زردوزی کی پٹی۔

گوش مُوش: (ف، مذکر) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) ہوشیاری

گوشالا: مذکر، گائے بیلوں کے رہنے کا گھر

گوشت: (ف) مذکر، (۱) ماس، لحم (۲) (اُردو) پکا ہوا گوشت سالن،

ــــ پوست: مذکر، (کنایتاً) تمام اعضا،

ــــ خر: (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بے کار چیز۔

ــــ خوار/ ــــ خور: (ف) (۱) گوشت کھانے والا (۲) شکار کھانے والے لوگ یا وہ حیوان جن کی غذا گوشت ہے۔

ــــ سے ناخن جُدا کرنا: (کنایتاً) اپنوں کو چھڑانا، قریبی رشتہ داروں یا گہرے دوستوں میں تفرقہ ڈالنا۔

ــــ سے ناخن جُدا ہونا: (کنایتاً) (۱) اپنوں کا چھوٹنا (۲) کوئی دُشوار کام ہونا۔

گوشت کا لوتھڑا: (کنایتاً) موٹا اور بیوقوف آدمی۔

گوشہ: (ف) مذکر، (۱) زاویہ، کونا (۲) کمان کا سرا (۳) تنہائی کا مقام (۴) طرف، جانب، پہلو۔

ــــ چشم: (اضافت کے ساتھ) آنکھ کا کونا

ــــ دار: کونے رکھنے والا۔

ــــ زنجیر: (اضافت کے ساتھ) زنجیر کا حلقہ

ــــ عافیت: مذکر، (اضافت کے ساتھ) امن کی جگہ

ــــ گیر: گوشہ نشین

ــــ نشین: (ف، تنہائی میں رہنے والا، تارک الدنیا۔

ــــ نشینی: (ف، مونث) (۱) علاحدگی (۲) عزلت، تنہائی۔

گوکل: مذکر، کرشن جی کی پیدائش کی جگہ۔

گوکھا: مذکر، (۱) گانے کا چمڑا (۲) احمق، کودن

گوکھرو: مذکر، (۱) ایک سہ گوشہ کانٹا (۲) لوہے کے کانٹے (۳) کان کا ایک زیور (۴) نقش وغیرہ کا نکھونٹا موٹا ہوا گوٹا (۵) ایک قسم کا مرض جو جانوروں کے کھروں اور انسان کے تلوے میں ہوتا ہے، (۶) ایک قسم کا خاردار پیڑ، خارِ خسک۔

گوگرو: (ف) مونث، گندھک

گوگل: مذکر، ایک درخت کا گوند

گول: GOAL (انگ) مذکر، (۱) فٹ بال یا ہاکی میں دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ جس میں سے گیند گزرنے پر ہار جیت ہوتی ہے، (۲) گھوڑ دوڑ کی حد کا نشان (۳) فٹ بال یا ہاکی کے کھیل کی ہار جیت کی اصطلاح۔

ــــ: (۱) مدوّر، چکردار (۲) وہ بات جو بخوبی سمجھ میں نہ آسکے، مُبہم، مشکوک (۳) (مونث) بڑا مشکا۔

گولائی: مونث، کسی چیز کا گول ہونا، دَور، چکر

گول بات: مونث، وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے۔

ــــ گول: (۱) چکردار (۲) (کنایتاً) مُبہم

ــــ مال: مذکر، (۱) بلا جلا، خلط ملط (۲) سانس (۳) غبن، خیانت (۴) مشتبہ، مشکوک (۵) غائب۔

ــــ مرچ: مونث، کالی مرچ، سیاہ مرچ۔

ــــ مُول: بیچیدہ، مُبہم

ــــ ہو رہنا: خاموش ہو رہنا، جواب نہ دینا۔

ــــ ہو جانا: (۱) خاموش ہو جانا (۲) غائب ہو جانا

گولا: مذکر، (۱) تاگوں کی گولی، پیچک (۲) کرۂ زمین (۳) بگڑی کا قالب (۴) ناریل کے اندر کی گری (۵) اناج کی منڈی (۶) گول شہتیر، لٹھا (۷) توپ کی گولی (۸) ایک قسم کی آتشبازی (۹) (کنایتاً) پیٹ میں گھومنے والی ریح۔

گولا لاٹھی: مونث، (دَو) ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنا۔

گولڈ: GOLD (انگ) مذکر، سونا (دھات)

گولڈن جوبلی: GOLDEN (انگ) مونث، پچاس ہفتہ یا پچاس سال پورے ہونے کا جشن، جشن زرّیں۔

گولڈن چانس GOLDEN CHANCE)انگ، مذکر،سنہرا موقع۔
گولر: مذکر؛ ایک درخت اور اس کا پھل۔
—— کا پھول: (کنایتاً) نایاب، کم یاب، ناپید؛ (عوام کا خیال ہے کہ گولر کے پھول کو راتوں رات پریاں لے جاتی ہیں۔
—— کا کیڑا: (۱) وہ کرم جو گولر کے اندر ہوتا ہے (۲) (کنایتاً) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو۔
—— کباب: مذکر؛ ایک قسم کا لذیذ کباب جو گولر میں قیمہ، پودینہ سُرخ مرچ بھر کر پکاتے ہیں۔
گولک: (ف) مونث؛ (۱) سوراخ والا بکس یا ڈبا جس میں پیسے جمع کرتے ہیں، گلّہ، غلّہ (۲) حرامی بچہ۔
گول گنبد میں بند ہونا: الگ تھلگ رہنا، دوسروں سے قطع تعلق کر لینا۔
گول مال: (ہ) گھپلا، ہیرا پھیری، خیانت، غبن۔
گولنداز: (ف) مذکر: توپ چلانے والا، توپچی۔
گولندازی: مونث، توپ چلانا۔
گولہ: (ف) مذکر؛ (۱) گیند (۲) انٹا (۳) بارود کا گولہ (۴) کوزہ (۵) کرّہ، گولا۔
—— باری: ف؛ مسلسل توپ کے گولے برسانا۔
گولی: مونث؛ (۱) گولا کی تصغیر (۲) بندوق کی گولی (۳) مٹی کی پیالی (۴) دوا کی چھوٹی بٹی ہوئی سی گول چیز (۶) افیون کی گولی۔
—— کے کباب: ایک قسم کے گول گول کباب، کوفتہ۔
—— مارو: دور کرو، لعنت بھیجو، ایسے کام نہ لو، کچھ پروا نہ کرو۔
گومڑ/گومڑا: مذکر، سوجن، سر پر کسی چوٹ سے پیدا ہونے والا ورم، پھوڑا، ڈنبل
گوں: (ف) (رنگ، طرز، روش (مرکبات میں مستعمل ہے۔)
گوں: مونث؛ (۱) پسند (۲) مطلب، غرض، واسطہ، چال (۳) خواہش، ضرورت (۴) لائق، قابل۔
—— کا: مطلب کا، غرض کا، لالچی۔
—— کا یار: مطلب کا یار، خود غرض۔
—— گانٹھنا: مطلب نکالنا، چاپلوسی کر کے مطلب نکال لینا۔
گونا: مذکر؛ ہندوؤں میں شادی کے بعد لڑکی کی رخصتی کی رسم
گونا: (ف) (۱) رنگ، طرح (۲) مذکر، سنہرا رنگ
گوناگوں: (ف) رنگ برنگ کا، طرح طرح کا، رنگا رنگ۔
گونتھنا: (دھاگا، ریشم کے تاروں کا آپس میں لپٹنا۔
گونج: مونث؛ (۱) کسی بند مکان یا گنبد میں دیر تک چکراتی پھرنے والی آواز کا ارتعاش، جھجھناہٹ (۲) گرج، شیر کی آواز (۳) لٹھ یا بالی کی نوک جسے موڑ دیتے ہیں (۴) کبوتر یا قمری کی آواز۔
—— اُٹھنا: آواز سے بھر جانا
گونجنا: آواز کا جگانا، شور و غل ہونا (۲) شیر کا دھاڑنا (۳) کبوتر یا قمری کا مستی میں بولنا۔
گوند: مذکر: ایک قسم کا لسدار مادّہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔
گوندا: مذکر؛ (۱) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا جو پرندوں کو کھلاتے ہیں (۲) پانی میں خمیر کیا ہوا مٹی کا لوندا (۳) گلگلہ۔
—— دکھانا: (۱) بلبلوں کو باہم لڑانے کے لیے چارہ دکھا کر بھڑکانا، (۲) ورغلانا: اکسانا، لڑوانا۔
گوندنی: مونث؛ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام جو لسدار اور میٹھا ہوتا ہے۔
گوندھنا: (۱) آٹے میں پانی ملا کر روٹی پکانے کے قابل کرنا (۲) مہندی گھولنا (۳) سر کے بالوں کا باہم بٹنا، چوٹی کرنا (۴) پرونا۔
گونڈ: مذکر؛ ایک ہندو فرقہ۔
گونڈ ملار: مونث، ایک قسم کی راگنی
گونگا: مذکر؛ (۱) وہ شخص جو زبان سے بول نہ سکے (۲) (کنایتاً) خاموش، چپ۔
گونہ: (ف) (۱) رنگ، ڈھنگ (۲) کسی قدر (۳) طرح کا، وضع کا۔
گونیا: (ف) مونث، عمارت کی سیدھ اور ٹیڑھ معلوم کرنے کا ایک تکونا اوزار
گوہ: مونث؛ چھپکلی کی شکل کا ایک جانور، سوسمار
گوہ: (ف) مذکر؛ (۱) پاخانہ، فضلہ، میلا، نجاست، پلیدی (۲) چرک، میل، گو۔
گوہار/گوہار: مونث (عم) (۱) واویلا، فریاد، استغاثہ (۲) شور و غل (۳) گالی، گلوچ (۴) مدد
گوہانجنی: مونث؛ آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہو جاتی ہے
گوہانی، کنجیا۔
گوہر/گہر: (ف) مذکر؛ (۱) موتی، مروارید، (۲) جوہر، قیمتی پتھر

(۳) مادہ، اصل، نسل، ذات (۴) بیٹا، فرزند۔
افشانی: (ف) مونث، موتی برسانا (ابر، زبان اور قلم کے صفات)
——— بار/گہربار: (ف) موتی برسانے والا (ابر، زبان اور قلم کے صفات)
——— تر: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) آنسو
گوہر سنج: خوش بیاں
——— شب تاب/شب چراغ: مذکر، (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔
——— مقصود/——— مقصود: مذکر، (اضافت کے ساتھ) اصل مقصد
——— نگار: (ف) جڑاؤ، مرصع
گوہری: (ف) (۱) جوہری، موتی والا (۲) گوہر کی آب و تاب رکھنے والا۔
گوئی: مونث، (۱) ایک ہل میں جتتے دو بیل (۲) روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں سے تولی جائے۔
گوئے/گو: مذکر، گیند
——— باز: گیند کھیلنے والا۔
گوئیاں: مونث، (غو) (۱) سہیلی، ہم عصر (۲) عورتیں اپنی ہمدم اور ہم نشین عورت کو یہ کلمہ کہہ کر پکارتی ہیں۔
گویّا: مذکر، گانے والا، مغنی، قوال۔
گویا: (ف) (۱) بولنے والا، خوش گفتار (۲) بولتا ہوا (۳) غالباً، ظاہراً، مانند، مثل، ہو بہو (۴) (کنایتاً) تسلیم کر لو۔
گویائی: (ف) مونث، (۱) نطق، گفتار، بول چال، گفتگو، بات چیت، بولنے کی طاقت (۲) فصاحت، بلاغت۔
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل: (ف) بولنا مشکل، نہ بولنا بھی مشکل، گومگو یا تذبذب کی کیفیت۔
گوئندہ: مذکر، جاسوس، خبر دینے والا مخبر۔

گ ——— ہ

گہہ: (س) مونث (۱) کمرہ یا مکان کی بلندی (۲) طبقہ، درجہ (۳) قبضہ دستہ، مٹھ (۴) (ف) گاہ کا مخفف، کبھی۔
——— بیٹھنا: جم کر بیٹھنا۔
——— جانا: (۱) گہن میں آجانا (۲) کسی کڑی چیز کا گھس جانا۔
گہے: کبھی کبھی (گاہے کا مخفف)
گہر: (ف) دیکھو گوہر
——— ریز/——— پاش: (ف) موتی برسانے والا (۲) بافیض
گہرا: مذکر، (۱) عمیق، بے تھاہ، ڈباؤ (۲) گھنا، گاڑھا، غلیظ (۳) نہایت تیز (۴) شوخ، گاڑھا (۵) مضبوط، پکا (۶) سا، صائب، دور کا۔
——— دوست: پکا دوست، سچا دوست بے تکلف دوست
——— رنگ: مذکر، گاڑھا رنگ، شوخ رنگ۔
——— زخم: کاری زخم
——— یار: پکا دوست
——— یارانہ: مذکر، گہری دوستی، پکا یارانہ۔
گہراؤ (مذکر) گہرائی (مونث) گہرا پن، گہرا ہونا، عمق
گہری: (مونث) گہرا کا مونث۔
——— بات: مونث، باریک خیال، نکتہ کی بات، دقیق اور مشکل بات۔
——— چھننا: (۱) (کنایتاً) گاڑھی دوستی ہونا (۲) بے حد لڑائی ہونا۔ (۳) نہایت گاڑھی بھنگ چھننا
——— نیند سونا: غافل ہو کر سونا، سکھ کی نیند سونا۔
گہما گہم/گہمی: مونث، (دہلی، غو) چہل پہل، آبادی، گرم بازاری، رونق، دھوم دھام، آدمیوں کی کثرت۔
گہن: مذکر (۱) اگرہن (۲) (مجازاً) داغ، عیب۔
گہنا: مذکر، زیور
——— پاتا: مذکر، گہنا وغیرہ
گہنانا: گہن لگنا، کسوف یا خوف ہونا۔
گہنانا: چاند یا سورج میں گہن لگنا، روشنی ماند پڑ جانا، داغ لگنا، ناقص ہو جانا
گہوارہ: (ف) مذکر، (۱) ہنڈولا (۲) بچوں کا جھولا، پالنا، پنگھورا۔ (۳) عورتوں کا جنازہ اٹھانے کی چارپائی۔
گہواں رنگ: مذکر، گندمی رنگ۔

گ ——— ی

گئی: مونث، گزری ہوئی۔

—— گزری: مونث، (۱) حقیر ناکارہ، بدتر (۲) پرانی بات، گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے: (مثل) ایک آفت سے بچنے کی تدبیر میں دوسری بڑی آفت سر پڑی، لینے کے دینے پڑ گئے۔

گئے گزرے وقت میں: اس بُرے وقت میں، اس بدا قبالی کے زمانے میں۔

گ ـــ ی

گیا: گزشتہ (۱) اگلا، رفتہ، ماضی، سابقہ (۲) جانا کا ماضی (۳) گزرا، جاتا رہا (۴) تباہ ہوا، برباد ہوا (۵) بہار کا ایک مشہور تیرتھ استھان۔

—— گزرا: مذکر، (۱) گزرا ہوا (۲) نکما، بیکار، ناقص، خراب (۳) کم حوصلہ، کمزور (۴) ناچیز (۵) مفلس، غریب، (۶) نالائق۔

—— وقت پھر ہاتھ آتا نہیں: گزرا ہوا وقت دوبارہ نہیں مل سکتا۔ فرصت کو غنیمت سمجھو۔

گیارہ: دس اور ایک (۱۱)

گیارھواں: دس کے بعد کا، یازدہم

گیارویں: مونث، (۱) دس کے بعد (۲) حضرت غوث الاعظمؒ کی نیاز جو گیارہویں ربیع الثانی کو ہوتی ہے۔

گیان: مذکر، (۱) علم، آگہی، دانش (۲) عقل، سمجھ، فہم (۳) علم، معرفت، عرفان۔

گیان چوسر: مونث، ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

گیانی: (۱) عالم، عارف، عقلمند، جاننے والا (۲) سادھو، برہمن (۳) ہوشیار، ہوشیار، چالاک

گیاہ: (ف) مونث، گھاس

گیت: مذکر، ہندی کی نظم، بھجن، گانا۔

—— گانا: (کنایتاً) تعریف کرنا

گیتا: مونث، ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں سری کرشن جی نے سری ارجن کو مخاطب کر کے معرفت الٰہی کی تعلیم دی ہے۔

گیتی: (ف) مونث، دُنیا عالم

—— آرا: (ف) (۱) دُنیا کو آراستہ کرنے والا (۲) (کنایتاً) بادشاہ (۳) نہایت خوبصورت

—— پناہ: (ف) (کنایتاً) بادشاہ

—— آفریں: (ف) (کنایتاً) خدا تعالیٰ، دُنیا کا پیدا کرنے والا

—— افروز: (۱) عالم تاب، دُنیا کو روشن کرنے والا (۲) مذکر، سورج۔

—— نوَرد: (ف) دُنیا کی سیر کرنے والا، جہاں گرد۔

گیٹ: (Gate، انگ) مذکر، پھاٹک۔ بڑا دروازہ

کیپر: (REEPER —X انگ) مذکر، دربان، کسی ہال یا احاطہ میں قاعدہ کے مطابق داخلہ دینے والا۔

گیدڑ: مذکر، (۱) ایک جانور جو کتے سے چھوٹا ہوتا ہے، (۲) (کنایتاً) بزدل

—— بولنا: (کنایتاً) اُجڑنا، ویران ہونا، غیر آباد ہونا۔

—— بھبکی: مونث، (۱) گیدڑ کی طرح غرا کر حملہ کرنے کی گھڑکی (۲) (کنایتاً) خالی خولی دھمکی۔

—— کی موت آتی ہے تو شہر کا رُخ کرتا ہے: (مثل) جب بُرے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی اُلٹی سوجھتی ہیں

گیدی: (ف) (۱) بے عزت، بے غیرت، لالچی (۲) نامرد، ہجڑا (۳) بزدل، نادان، بیوقوف (۴) (مجازاً) دیوث، بھڑوا۔

—— خر: (ف) بہت بڑا بے وقوف۔ نہایت بے غیرت۔

گیر: (ف) پکڑنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے، جیسے جہانگیر، عالم گیر)

گیر و دار: (ف) دیکھو دار و گیر۔

گیرائی: مونث، (۱) پکڑ، گرفت (۲) خفیہ پولیس کا محکمہ (۳) محکمہ ڈاکیتی۔

گیرو: مذکر، ایک قسم کی لال مٹی، گل ارمنی

گیروا: (۱) لال رنگ کا (۲) گیرو کے رنگ کا (۳) وہ لباس جس کو گیرو میں رنگا گیا ہو۔

گیرج (GARRAGE) (انگ) مذکر، موٹر خانہ، عمارت جہاں موٹر رکھی جاتی ہے۔

گیسو: (ف) مذکر، سر کے لمبے بال جو سر کے دونوں طرف ہوتے ہیں، زلف، کاکل

گیسو بُریدہ: (ف) جس کے گیسو کٹے ہوں

—— دراز: (ف) لمبے بالوں والا، لمبی زلفوں والا۔

گیسوؤں والا: (کنایتاً) معشوق

گیل: مونث، (دبی) (۱) کیلے کی پھلیوں کا گچھا (۲) کھجوروں کا خوشہ۔

گیلا: مذکر، تر، نم، بھیگا ہوا۔

پن : مذکر ؛ گیلا ہونا ۔

گیلان : (ف) (۱) ایران کا ایک صوبہ (۲) بغداد کے قریب ایک گاؤں کا نام ۔

گیلری : (GALLARY (انگ) مونث ؛ (۱) بند برآمدہ (۲) کسی خاص جگہ پر نشستوں کا انتظام ۔

گیلن : GALLON (انگ) مذکر ؛ پانی یا تیل ناپنے کا پیمانہ

گیم : GAME (انگ) مذکر ؛ کھیل ، بازی ۔

گین : (ف) اسما کے بعد مرکبات میں آتا ہے اور پُر بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے (جیسے غمگین ، سُرمگین)

گینجنا : ہاتھ سے مَل دَل مالنا ، مَل دَل کے خراب کر دینا ۔

گیند : (لکھنو مذکر ؛ دہلی مونث) چمڑے ، کپڑے یا ربر کا وہ گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ۔

—— بلّا : مذکر ؛ کرکٹ ۔

گینیدا : مذکر ؛ ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول اور اُس کا پودا گلِ صد برگ ۔

گینڈا : مذکر ؛ بھینسے کے برابر ایک سہ زور جانور جس کی کھال سے سپر بناتے ہیں اور اس کی ناک پر ایک نہایت مضبوط چھوٹا سینگ بھی ہوتا ہے ۔

گینگ : GANG (انگ) مذکر ؛ ٹولی ، جتھا

گینگٹا : کیکڑا ، سرطان ۔

گینی : مونث (عم) چھوٹے قد کی گائے ۔

گیہاں : (ف) مذکر ؛ زمانہ ، روزگار ، جہاں ، دُنیا ۔

گیواں : گیہوں کے رنگ کا گندمی

گیہوں : مذکر ؛ ایک مشہور غلّہ ، گندم

—— کے ساتھ گھن پس گیا : (مثل) زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا گیا ۔

گھا

گھات : مونث ؛ (۱) تاک ، داؤ ، موقع (۲) فریب ، دھوکا ، تدبیر ، چال (۳) اندازہ (۴) ارادہ (۵) مطلب (۶) شکار یا دشمن کی تاک میں بیٹھنے کی جگہ ۔ (۷) جادو ، ٹونہ ۔

—— میں بیٹھنا : شکار یا دشمن کی تاک میں کسی جگہ چھپ کر بیٹھنا ، موقع ڈھونڈنا ۔

—— میں رہنا : تاک میں رہنا ، موقع تاکنا

گھاتی / گھاتیا : (عم) (۱) موقع تاکنے والا (۲) چالباز (۳) قاتل (۴) خود غرض ، مطلبی ۔

گھاتا : مذکر ؛ خریدی ہوئی چیز کے ساتھ کچھ اور مفت میں لے لینا ۔

گھاٹے میں : مفت میں ۔ خریدی ہوئی چیز سے زیادہ منافع میں ۔

گھاٹ : (۱) دریا کا کنارہ (۲) تلوار کا موڑ (۳) انگیا کا گریبان (۴) (عم) چھوٹا (۵) کمی ، دغا ۔

—— گھاٹ کا پانی پینا : (کنایتاً) جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا ، جہاندیدہ اور تجربہ کار ہونا ۔

—— مارنا : گھاٹ کا محصول نہ دینا ، اُترائی کا محصول نہ ادا کرنا ، محصولی مال چھپا لینا ۔

—— وال / گھاٹیا : مذکر ؛ گھاٹوں پر مشتان کرانے اور ٹیکا لگانے والا برہمن ۔

گھاٹا : مذکر ؛ کمی ، نقصان ، خسارہ

گھاٹی : مونث (۱) دشوار راستہ ، دو پہاڑیوں کے بیچ کا راستہ ، درّہ ، پہاڑوں کا نشیب (۲) راہداری کا پروانہ ، چالان ۔

گھاس : مونث ؛ (۱) کاہ (۲) تنکا ، کوڑا ، بھوس ، چارا (۳) ساگ پات ، سبزی ۔

—— پات : مذکر ؛ خس و خاشاک ، سبزی ۔

گھاس پھوس : مذکر ؛ کوڑا کرکٹ

کاٹنا : (۱) گھاس کو تراشنا (۲) (کنایتاً) کوئی کام بیدھنگے پن سے کرنا (۳) (کنایتاً) بے سمجھے بوجھے جلد جلد بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے ۔

—— کھا جانا: (کنایتاً) بیوقوفی کی باتیں کرنا، حافت کر جانا۔
—— کھودنا: گھنٹیا کام کرنا (۲) عقل و شعور، علم و دانش کے خلاف کام کرنا۔
گھاسلیٹ: مٹی کا تیل (انگ) کیروسن۔
گھاگ: پرانا اور تجربہ کار آدمی۔ بوڑھا، خرانٹ۔
گھاگھر/گھاگھس: مونث: ایک قسم کی بٹیر، یا مرغ۔
گھاگرا/گھاگھرا: مذکر: لہنگا، پیشواز (۲) یو۔پی کے ایک دریا کا نام (۳) ایک قسم کا کبوتر
گھال میل: (۱) مذکر: تال میل، میل ملاپ، ربط ضبط (۲) (عم) گڈمڈ، ملا جلا۔
گھام: مونث (عم) (۱) دھوپ (۲) اُمس۔
گھامڑ: بیوقوف، ناتجربہ کار، سست، بدسلیقہ، کم عقل۔
گھان: مذکر، مونث: (۱) ایک بار میں چکی، کولھو یا اوکھلی میں ڈالے جانے والے اناج کی مقدار، ایک بار میں کڑاہی میں ڈالے جانے والے پکوان کی مقدار یا تعداد، ایک بار میں بھاڑ میں ڈالے جانے والے چنے یا دوسرے اناج کی مقدار (۲) اچانک ہاتھ آ جانے والی دولت۔
گھانی: (۱) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک بار کولھو میں پیلنے کے واسطے ڈالی جائے (۲) تیل پیلنے کی مشین، گنے کا رس نکالنے کی مشین۔
گھاؤ: مذکر: بڑا گہرا زخم
—— میں لون مرچ لگانا: (عم) (کنایتاً) دکھ پر دکھ پہنچانا۔
گھائی: مونث: (۱) دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ (۲) جل، فریب دھوکا، مغالطہ۔
گھائل: (۱) زخمی، مجروح (۲) (کنایتاً) عشق کا مارا، دل فگار (۳) ایک قسم کی گہرے رنگ کی سُرخ پتنگ۔

گھ —— ب

گھبرانا: (۱) پریشان ہونا، ڈر جانا (۲) اُچاٹ ہونا، اُکتانا، بے کیف ہونا۔
گھبراہٹ: مونث: (۱) پریشانی، بے قراری، اضطراب، جلدی (۲) جلدی۔

گھ —— پ

گھُپ: گھٹا ٹوپ اندھیرا، نہایت تاریک (اندھیرا کے ساتھ)
گھپلا: مذکر: (۱) گڑبڑ، جھگڑا (۲) حساب کی غلطی۔
گھپنا/گھپنا: گھوٹا جانا۔

گھ —— ٹ

گھٹ: مذکر: (۱) دل، من، جی (۲) کم، تھوڑا (۳) گھاٹ کا مخفف
—— بڑھ: کمی بیشی
گھٹنا: مذکر: (۱) ماتھے پر سجدوں کا نشان، پیر کی انگلیوں پر جوتے سے گھسنے کا نشان، جسم کے کسی حصے کا مسلسل گھسنے یا رگڑ سے پڑنے والا نشان (۲) سیندھ، نقب (۳) چھید، سوراخ، دراڑ، شگاف۔
گھٹا: مونث: (۱) کالی بدلی، بادل، ابر (۲) (مجازاً) غبار، کدورت، ہجوم
—— ٹوپ: مذکر: (۱) پالکی، پینس وغیرہ کا غلاف (۲) گہرے بادلوں سے پیدا ہونے والا اندھیرا، گھُپ اندھیرا۔
گھٹانا: کم کرنا۔
گھٹاؤ: مذکر: کمی، قلت، تفریق، اُتار۔
—— بڑھاؤ: مذکر: کمی بیشی۔
گھُٹا ہوا: (۱) مونڈا ہوا سر (۲) (کنایتاً) تجربہ کار، ہوشیار
گھٹتی: مونث: (۱) کمی، تخفیف (۲) زوال، انحطاط،
گھُٹس: مونث: (عم) تنگ و تاریک جگہ میں دم گھُٹنا، گھُٹن۔
گھُٹ گھُٹ کے: رُک رُک کے، تنگی سے، مشکل سے۔
گھُٹن: مونث: (۱) حبس (۲) دم گھُٹنا؛
گھُٹنا: (۱) پسنا، حل ہونا، گھلنا ہونا (۲) پالش ہونا، رنگ مال ہونا (۳) سر پر استرا پھیرنا (۴) دم رکھنا (۵) بھرنا، پُر ہونا (۶) دل ڈوبتا محسوس ہونا، اندر ہی اندر کڑھنا۔
گھُٹنا: مذکر: ایک قسم کا تنگ موری کا پاجامہ۔
گھٹنا: (۱) کم ہونا، تھوڑا ہونا، (۲) اُترنا (۳) دُبلا ہونا (۴) بھاؤ اُترنا۔
—— بڑھنا: کمی زیادتی ہونا۔
گھٹنا: مذکر: ران اور پنڈلی کا جوڑ، زانو، ٹخنہ۔

گھٹنوں چلنا/کے بل چلنا: (۱) بچوں کا زانوں کے بل چلنا (۲) (کنایتاً) رُک رُک کر کوئی کام کرنا۔

——— گھٹنوں: گھٹنوں تک۔

——— میں سر دیکے بیٹھنا: (کنایتاً) سوچ میں بیٹھنا، مایوس بیٹھنا غمگین بیٹھنا۔

——— میں سر دے لینا: (کنایتاً) شرما جانا، شرم سے گردن نیچی کر لینا۔

گھٹنے پیٹ کو جاتے ہیں: (مثل) (عو) ہر شخص اپنوں کی طرفداری کرتا ہے۔

——— ٹیک دینا: (کنایتاً) (۱) پورا زور لگانا، پوری قوت صرف کر دینا، (۲) ہار مان لینا، برتری تسلیم کر لینا۔

——— سے لگ کر بیٹھنا: (عو) (۱) پاس سے جدا نہ ہونا (۲) (کنایتاً) بڑا کاہل ہونا۔

گھٹنیوں چلنا: (۱) بچے یا اپاہج آدمی کا دونوں ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چلنا (۲) (کنایتاً) آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

گھٹوانا: (۱) (مجاز) کرانا، کھل کرانا (۲) سر یا داڑھی منڈوانا۔

گھٹی: (مونث) (۱) ایک قسم کی دست آور دوا جو نوزائیدہ بچوں کے پیٹ صاف رکھنے کے لیے پلاتے ہیں (۲) (مجازاً) عادت، طبیعت، خصلت

——— میں پڑنا/ہونا: فطرت میں داخل ہونا، بچپن سے کسی بات کا عادی ہونا

گھٹیا/گھٹیل: (۱) ادنا، سستا، گھٹا ہوا (۲) کم قیمت، کم درجہ (۳) کمینہ

گھ ——— چ

گھچ پچ: دیکھو گچ پچ

گھ ——— ر

گھر: (مذکر) (۱) مکان، خانہ (۲) مسکن (۳) جگہ، ٹھکانا (۴) وطن، دیس، جائے پیدائش (۵) خاندان، گھرانا (۶) شطرنج اور تعویذ کے نقش کا خانہ (۷) (مجازاً) بیوی

——— آباد کرنا: (۱) گھر میں بسنا (۲) (کنایتاً) شادی کرنا

——— آئے کی لاج/شرم: مہمان کی خاطر تواضع

——— اُجڑنا: (۱) گھر برباد ہونا، گھر لٹنا (۲) میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا۔

——— بار: (مذکر) (۱) خانہ داری، کا سامان (۲) بال بچے (۳) خاندان، کنبہ

——— بار بسا لینا: شادی کر لینا۔

گھر بار چھوڑنا: مکان اور گرہستی کے سب تعلقات ترک کرنا۔

گھر بار لٹانا: گھر تباہ کر دینا۔

——— کی ہونا: شوہر والی ہونا، بیاہی جانا۔

——— گھر بسانا: شادی کرنا۔

——— بسنا: (۱) گھر آباد ہونا۔ (۲) (کنایتاً) شادی ہو جانا۔

گھر بنانا: (۱) مکان بنانا (۲) (کنایتاً) پاؤں جمانا۔

——— بول اٹھنا: گھر میں رونق آجانا

——— بھر: (مذکر) تمام گھر، گھر کے تمام لوگ۔

گھر بھرنا: مالا مال کرنا، دولت گھسیٹنا۔

گھر بھول جانا: بالکل بھول جانا، حافظہ کا رخصت ہو جانا۔

——— بیٹھنا: (۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بے کار رہنا (۳) مکان کا گر جانا (۴) بازاری عورت کا پیشہ ترک کرنا۔

——— بیٹھے: بے کوشش/بغیر محنت کیے۔ بے فکر

——— بے چراغ ہونا: (کنایتاً) گھر کا ویران ہونا

——— پڑنا: کسی عورت کا کسی مرد کے ساتھ بطور رشتہ کے رہنا۔

——— پہنچانا: (کنایتاً) انجام تک پہنچانا، پورا پورا قائل معقول کرنا کوئی حجت باقی نہ رکھنا۔

——— پھونک تماشا دیکھنا: نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا، گھر کی تباہی پر خوش ہونا خوب روپیہ لٹانا۔

——— پیچھے: ہر ایک گھر، فی گھر۔

——— جانے کا راستہ نہ ملنا: (کنایتاً) گھبرا جانا۔

——— جنوائی: (مذکر) (۱) گھر میں رکھا ہوا داماد (۲) مونث، بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے گھر میں رکھنا۔

——— چلانا: خانہ داری کا انتظام کرنا۔

گھر خاک میں ملانا: گھر تباہ کرنا۔

گھر خالی ہونا: مکان کا غیر آباد ہونا۔

گھر دیکھ لینا/گھر دیکھنا: (۱) گھر سے واقف ہو جانا (۲) (کنایتاً) مانوس ہو جانا۔ ہل جانا

——— سر پر اٹھانا: (کنایتاً) بہت شور و غل مچانا

——— سنبھالنا: گھر کا ٹھیک انتظام کرنا، گھر کا خرچ چلانا۔

——— سے باہر کرنا: گھر سے نکالنا، گھر میں نہ رکھنا

—— سے بے گھر کرنا: خانہ خراب کرنا۔
—— سے دینا: اپنے پاس سے دینا، نقصان اٹھانا
—— کا: (۱) خانگی، گھریلو (۲) اپنا، ذاتی (۳) رشتہ دار، کنبہ کا، (۴) قدیمی جو ہمیشہ خدمت کرتا ہے۔
—— کا آنگن ہو جانا: (محاورہ) گھر تباہ ہو جانا، خانہ ویرانی ہونا۔
—— کا اُجالا: نہایت عزیز جس سے گھر کی رونق ہو، بیٹا، لڑکا
—— کا بابا آدم نرالا ہے: اس گھر کا عجیب رنگ ہے۔
گھر کا بوجھ اُٹھانا/سنبھالنا: گھر کے خرچ کا کفیل ہونا۔
گھر کا بھیدی: وہ شخص جو گھر کے کل راز جانتا ہو (رازداں)
—— کا بھیدی لنکا ڈھاتے: (مثل) اپنوں کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے۔
—— کاٹنے کو دوڑتا ہے/کاٹے کھاتا ہے: گھر میں جی گھبراتا ہے
—— کا راستہ بتانا: (کنایتاً) ٹالنا، رخصت کرنا۔
—— کا بھول جانا: کسی جگہ ایسا جی لگنا کہ پھر گھر جانے کا خیال بھی نہ آئے۔
—— کا راستہ لو: چلتے پھرتے نظر آؤ، دُور ہو۔
—— کا گھر: (۱) گھر کے تمام لوگ (۲) گھر کا تمام مال و اسباب (۳) پورا گھر، گھر بھر
—— کا نام ڈبونا: خاندانی عزت برباد کرنا، خاندان کے نام کو بٹا لگانا۔
—— کا ہوا نہ در کا: کہیں کا نہیں رہا۔ نکما ہے۔
—— کرنا: (۱) جگہ کرنا، گنجائش پیدا کرنا (۲) گھر بسا کر رہنا، خاوند سے بیاہ کرنا (۳) چھید کرنا، سوراخ کرنا۔
گھر کھائے جاتا ہے: گھر کاٹنے کو دوڑتا ہے، گھر میں اُلجھن ہوتی ہے۔
—— کی بات: مونث، (۱) گھر کا بھید (۲) آپس کی بات۔ آسان کام
—— کی راہ لینا: رخصت ہونا، واپس آنا، روانہ ہونا۔
—— کی راہ نہ ملنا: بدحواس ہو جانا، ذہنی اُلجھن میں گرفتار ہو جانا۔
—— کے گھر صاف ہو جانا: بہت سے گھروں کا تباہ ہو جانا۔
—— گرہستی: مونث، گھر کا انتظام، خانہ داری۔
—— گھاٹ: مذکر (۱) چال، ڈھال، رنگ، ڈھنگ، طور طریق، طرز، وضع (۲) خصلت، عادت، طبیعت (۳) نشان، پتا، مقام۔
—— کی کھیتی: (۱) اپنا مال، ذاتی چیز (۲) (کنایتاً) داڑھی مونچھ
—— کی مرغی دال برابر: (مثل) جو کچھ اپنے پاس ہے اس کی قدر نہیں ہوتی ہے
—— گھالنا: (۱) کسی کا گھر برباد کرنا (۲) (مجازاً) فریفتہ کرنا۔
—— گھر: ہر ایک گھر میں، خانہ بخانہ۔
—— گھر پھرنا: مارا مارا پھرنا
—— گھر جھانکنا: ہر گھر میں جانا
—— گھر چراغ چلنا: ہر گھر میں خوشی ہونا۔
—— گھسنا: مذکر، ہر وقت زنان خانہ میں بیٹھا رہنے والا مرد، ڈرپوک، بزدل، آرام پسند۔
—— گھوڑا نحاس مول: (مثل) بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنا۔
گھر لٹانا: بے انتہا داد و دہش کرنا، بیکار روپیہ خرچ کرنا۔
گھر میں: مونث، (کنایتاً) (بیوی)
گھر میں آگ لگانا: گھر کو تباہ کرنا۔
گھر میں بیٹھ رہنا: گوشہ نشین ہو جانا۔
—— میں ڈالنا: بیوی کی طرح رکھنا
—— میں شیر باہر بھیڑ: (مثل) گھر میں اکڑ دکھانے اور باہر والوں سے دب جانے والا
گھروارہ: مذکر، گھر کا ٹیکس۔
—— والا: مذکر، (۱) مالک مکان (۲) شوہر
—— والی: بیوی۔
گھر ویران ہونا: (۱) گھر اُجڑنا، گھر تباہ اور برباد ہونا (۲) (کنایتاً) بیوی کا مرنا
گھریلو: (۱) گھر کی، گھر کی بنی ہوئی چیز (۲) خانگی۔

گھ ——— ر-و

گھروندا: (۱) مٹی کا چھوٹا سا گھر جو لڑکیاں گڑیاں کھیلنے کے لیے بناتی ہیں (۲) (کنایتاً) بچوں کا کھیل جو ناپائیدار ہوتا ہے۔
گھرّا: (۱) آنکھ کی ایک دوا (۲) کھانسی سے سانس لینے کی آواز (۳) خرخراہٹ نزع میں سانس کے رُک رُک کر نکلنے کی آواز۔
—— چلنا: مرتے وقت سانس کا رُک رُک کر نکلنا۔
گھرّاٹا: مذکر، (۱) خراٹا (۲) گھر گھر کی آواز
گھرانا: مذکر، خاندان، کنبہ
گھر آنا: اُمنڈ آنا، چھا جانا، ہجوم کر لینا۔
—— جانا: (۱) دشمنوں کے نرغے میں پھنس جانا (۲) محصور ہو جانا۔
—— کر آنا: چھا کر آنا، اُمنڈ کر آنا، ہجوم کر کے آنا
گھرج: مونث، وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو ستار میں لگاتے ہیں، اور جس پر تار رکھتے ہیں۔

گھُرسنا: گھسیڑنا، کسی چیز میں اٹکا دینا
گھُرکنا: گھُرکی دینا، ڈانٹنا، ڈپٹنا
گھُرکی: مونث، جھڑکی، دھمکی، ڈانٹ، ڈپٹ۔
گھرگھر: مونث، گھرگھراہٹ، گھرگھر کی آواز چکی یا اور کسی قسم کی گاڑی یا مشین سے نکلے۔
گھرگھراہٹ: /گھڑگھڑاہٹ: مونث، گھرگھر کی آواز، گھڑگھڑ کی آواز۔
گھرنا: (۱) محصور ہونا، بند ہونا، دشمن کی فوج کے بیچ میں آجانا (۲) جھومنا، چھانا، اُمنڈنا (۳) (کنایتاً) رنج والم میں مبتلا ہونا۔
گھُریا: مونث (۱) اکٹھالی، کھرپا مٹی کی بنی ہوئی کلھیا جس میں سونا چاندی گلاتے ہیں (۲) کمھاری کا مٹی کا گھر۔

گھ ـــــ ڑ

گھُڑچڑھا: مذکر، (عم) (۱) گھوڑے پر چڑھا ہوا سوار (۲) پکا سوار، عمدہ سواری جاننے والا۔
ـــــ چڑھی: مونث، (۱) شادی کے موقع پر دولھا کا گھوڑے پر سوار ہوکر دُلہن کے گھر جانا (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی توپ جسے گھوڑے کھینچتے ہیں (۳) رسالہ سواروں کی فوج۔
ـــــ دوڑ: مونث، (۱) گھوڑوں کی دوڑ (انگ) (ریس)
ـــــ گھڑیا: مونث، (عم) چھوٹے قد کی گھوڑی
گھڑا: ٹھلیا، مٹکا، گاگر۔
گھڑوں پانی پڑجانا: (عو) بیحد سرمندہ ہونا۔
گھڑے لُنڈھانا: (۱) گھڑوں کا پانی بہانا (۲) (کنایتاً) بہت زیادہ شرمندہ کرنا۔
گھڑائی: مونث (۱) گھڑنے کی اُجرت، بنانے کی مزدوری (۲) گھڑت، ساخت، بناوٹ۔
گھڑت: مونث، (۱) ساخت، بناوٹ (۲) بنائی ہوئی بات، جھوٹی بات، ایسی بات جس کی کوئی اصلیت نہ ہو۔
گھڑنا: بنانا، وضع کرنا۔
گھڑونچی: مونث، لکڑی کا چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں۔
گھڑی: مونث، (۱) رات دن کا ساٹھواں حصہ (۲) پل، لمحہ، وقت، زمانہ، سماں (۳) وقت بتانے کا آلہ (انگ) واچ، کلاک
بھر: (۱) ایک گھڑی، پل بھر (۲) لمحہ بھر، لحظہ بھر، ذرا بھر
ـــــ بھر میں: دم بھر میں، (فوراً) ذرا سی دیر میں۔
ـــــ پہاڑ ہونا: وقت بڑی مشکل سے گزرنا محسوس ہوتا ہے
ـــــ تولہ گھڑی ماشہ: (کنایتاً) غیر مستقل مزاج۔
ـــــ دو گھڑی: تھوڑی دیر۔
ـــــ ساز: گھڑی کی مرمت کرنے والا۔
ـــــ ساعت ہونا: کوئی دم کا مہمان ہونا، قریب مرگ ہونا، دم بدم۔
ـــــ گھڑی: (۱) دم بہ دم، لحظہ بہ لحظہ، لمحہ بہ لمحہ (۲) بار بار، پے در پے، متواتر، لگاتار۔
ـــــ میں تولہ گھڑی میں ماشہ: (کنایتاً) کبھی کچھ کبھی کچھ، غیر مستقل مزاج۔
گھڑیال: مذکر، مونث (۱) بڑی گھڑی، دیوار گیر گھڑی (۲) مذکر، مگرمچھ، نہنگ۔
گھڑیالی: مذکر، گھڑیال بجانے والا، گھنٹہ بجانے والا۔

گھ ـــــ س

گھِسّا: مذکر، رگڑ، رگڑا۔
ـــــ دینا: رگڑا دینا۔
ـــــ لگنا: رگڑا آنا، رگڑ لگنا، گھسنے کا نشان پڑنا۔
گھِسا: مذکر۔ گھسا ہوا، پرانا، فرسودہ، استعمال کیا ہوا۔
گھِسنا: (۱) کسی چیز کو رگڑنا (۲) کھرل کرنا، پتھر پر رگڑنا (۳) لباس کا پرانا ہونا (۴) وزن میں کم ہوجانا (۵) (عم) کسی کو بے وقوف بنانا، کسی کی کھنچائی کرنا
گھُسانا: گھسیڑنا، داخل کرنا، بھرنا، سمانا
گھُس پل جانا: کسی نہ کسی طرح گھس جانا۔
ـــــ پیٹھ: (مونث) (۱) دخل، (سائی) باریابی (۲) دھوکا دے کر کسی جگہ گھس جانا۔
گھُس پیٹھا: بغیر اجازت داخل ہوجانے والا، دھوکا دے کر گھس جانے والا۔
گھُسنا: اندر جانا، داخل ہونا۔
گھُسوانا: داخل کروانا۔
گھِسٹنا: (۱) کھنچنا، کھنچکر آنا (۲) زمین سے رگڑتا ہوا چلنا۔
گھسٹے گھسٹے پھرنا: (دہلی) جابجا مارا مارا پھرنا۔

(دہلی) مونث، گھسر پھسر

گھستم گھستا: مذکر (۱) ایک کا دوسرے کو زمین پر گرگڑے دینا (۲) ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑا دینا، (۳) مساحفہ۔

گھس کھدا: مذکر (۱) گھسیارا، گھاس کھودنے والا (۲) (کنایتاً) احمق، ناکارہ آدمی۔

گھسیارا: (۱) مذکر، (۱) گھاس کھودنے والا، چرکٹا (۲) گھاس بیچنے والا۔

گھسیٹ دینا: جلدی جلدی لکھ دینا۔

گھسیٹنا: (۱) کھینچنا، زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جیسا تیسا لکھ دینا (۳) نیام سے نکالنا (۴) پکڑ کر بلانا۔

گھسیڑنا: اندر داخل کرنا، گھسانا، بھرنا، ٹھونسنا، ایک چیز کو دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا

گھ ـــ ک

گھکوار: مذکر، ناگ پھنی کے قسم کا ایک پودا جس کے پتے موٹے اور نکیلے ہوتے ہیں اور ان میں لسدار مادہ بھرا ہوتا ہے

گھگو: مذکر، (۱) اُلو، بوم (۲) مونث، دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز۔

گھگھی: مونث، خوف یا گھبراہٹ سے سانس کا رُک رُک کے نکلنا۔

ـــــ بندھ جانا: (۱) روتے روتے سانس بند ہونے لگنا (۲) ڈر کے مارے آواز نہ نکلنا۔

گھگیانا / گھگھیانا: عاجزی کرنا، منت سماجت کرنا، گڑگڑانا۔

گھ ـــ ل

گھلا: مذکر، پگھلا، پلپلا، ملایم، گداز

ـــــ جانا: دُبلا ہو جانا۔

ـــــ ملا: (۱) بے تکلف (۲) خوب ملا ہوا، حل کیا ہوا۔

گھلانا: (۱) پگھلانا (۲) ملایم کرنا (۳) دُبلا کرنا، لاغر کرنا (۴) ضائع کرنا، گرانا (۵) کوئی چیز پانی میں گھسنا (۶) لگانا۔

گھلاوٹ: مونث (۱) ملائم ہونا، نرمی گدازی، پلپلاہٹ (۲) رچاؤ، وہ زیبائش جو اچھی کاجل لگانے سے ہوتی ہے۔

گھل جانا: (۱) پگھل جانا (۲) نرم ہو جانا، گداز ہو جانا (۳) پتلا ہو جانا، پانی ہو جانا، حل ہو جانا، بہ جانا (۴) تھک جانا، مضمحل ہو جانا، (۵) دُبلا ہو جانا، لاغر ہو جانا، سوکھ جانا (۶) پتلا پڑ جانا، (۷) گھل مل جانا۔

گھل گھل کر / کے: تحلیل ہو کر، دُبلا ہو کر، کمزور ہو کر

ـــــ کے کانٹا ہو جانا: فکر و تردد سے انتہائی لاغر ہو جانا۔

گھل مل جانا: (۱) ایک جان ہو جانا (۲) بے تکلف ہو جانا۔

گھل مل کر / کے: مل جل کے۔ پیار محبت سے، بے تکلفی سے، میل جول سے۔

گھلنا: (۱) پگھلنا، پتلا ہو جانا (۲) گداز ہونا، ملائم ہونا، نرم ہونا (۳) دُبلا ہونا، لاغر ہونا (۴) حل ہونا (۵) (عو) سرمہ اور کاجل خوب اچھی طرح لگنا۔

ـــــ ملنا: (کنایتاً) بے تکلف ہو جانا۔

گھ ـــ م

گھما گھم: کنویں میں زور زور سے ڈول پٹکنے کی آواز۔

گھمانا: (۱) پھرانا، چکر دینا، حیران کرنا، پریشان کرنا، گشت کرانا (۲) سیر کرانا، گشت کرانا (۳) (لکھنؤ) رسم اچرانا

گھماؤ: مذکر، (۱) پھیر، چکر (۲) زمین کی وہ مقدار جسے بیلوں کی ایک جوڑی دن بھر میں جوت ڈالتی ہے۔

گھمر گھمر: مونث، چکی چلنے کی آواز

گھمس: مونث، (عم) حبس، اُمس، سخت گرمی میں ہوا کا بند ہو جانا۔

گھمسان: مذکر، زور دار لڑائی، رن، جنگ، رزم (۲) قتل عام، خونریزی (۳) لاشوں کے انبار، گشتوں کے پشتے (۴) انبوہ، بھیڑ، ہجوم (۵) تباہی، بربادی، ویرانی۔

ـــــ پڑنا: بہت کشت و خون ہونا۔

ـــــ کا رن پڑنا: بڑی بھاری لڑائی ہونا، گشتوں کے پشتے لگ جانا۔

گھمنڈ: مذکر، (۱) تکبر، غرور (۲) خودنمائی، نخوت، نمود، خودبینی خودپسندی، فخر، ناز، شیخی، بل زور، حمایت، بھروسا،

سہارا، آسرا، اُمید۔
—— پر آنا: شیخی کرنا، شیخی کی لینے لگنا۔
—— نکال دینا: غرور دُور کردینا، بل نکال دینا۔
—— نکل جانا: غرور دُور ہوجانا۔
گھمنڈی: متکبر، خود پسند، شیخی خورا، اِترانے والا۔
گھمنی: (ع م) مونث، سر کا گھومنا، گھومنی۔
گھمیر/گھمیری: (ع م) چکر، دوران سر، درد سر۔

گھ — ن

گھن: مذکر، (۱) بہت بڑا ہتھوڑا (۲) آہرن، سندان (۳) گھنٹہ، گھڑیال (۴) ایک قسم کا رقص (۵) موٹا گاڑھا، دبیز، بھاری، ٹھوس، کڑا، بھرا ہوا، گنجان، گھنا (۶) بڑی رقم۔
—— پڑنا، (۱) کسی چیز پر لوہے کی چوٹ پڑنا (۲) کنایتاً سخت تکلیف پہنچنا۔
—— چکر: مذکر، (۱) گردش (۲) آوارہ گرد (۳) بیوقوف (۴) ایک قسم کی آتش بازی (۵) سورج مکھی کا پھول۔
—— چکر میں آنا: مصیبت میں پھنسنا، گردش میں آنا، گھر جانا، سٹپٹا جانا۔
—— شیام: مذکر (۱) کالی گھٹا، (۲) سیاہ فام، کالے رنگ کا (۳) کرشن جی کا لقب
—— کا سکہ: رائج سکہ
—— مارنا: (۱) ضرب لگانا (۲) بڑی رقم کا مارنا
—— گرج: مونث، (۱) بجلی کی کڑک، زور کی آواز (۲) بھاری، وزنی
گھنگور: (۱) گہرا بادل، ڈراونی اور نہایت گہری گھٹا
—— گھٹا: مونث، کالی، ڈراونی گھٹا، بہت برسنے والی گھٹا گہری گھٹا۔
گھِن: مونث، کراہت، نفرت۔
—— کھانا: (ع و) کراہت کرنا، نفرت کرنا
گھناونا/گھنونا: مذکر، مکروہ، میلا، قے لانے والا۔
گھنیاتا: گھن کھانا، نفرت کرنا، کراہت کرنا۔

سن: مذکر، (۱) ایک قسم کا کیڑا جو اکثر لکڑی اور غلہ میں لگ جاتا ہے (۲) کنایتاً وہ پُرانا مرض جو گھن کی طرح اندر ہی اندر جسم کو کھا جاتا ہے (۳) مجازاً غم، فکر، دلی رنج۔
گھنا: مذکر، گنجا پن، پاس پاس۔
گھنّا: مذکر، (۱) چپ خاموش (۲) مگرا، دل میں بات رکھنے والا، کینہ پرور۔
—— پن: مذکر، نگرانی۔
گھنٹا: مذکر، (۱) ساٹھ منٹ کا عرصہ (۲) مینار یا ٹاور میں لگائی جانے والی گھڑی، ٹاور کلاک (۳) گھنٹی، جرس۔
گھنٹہ گھر: مذکر، وہ مینار جس میں بڑی گھڑی لگی ہو۔
—— ہلانا: گھنٹہ ہلا کر پوجا پاٹ کرنا۔
گھنٹی: مونث، (۱) چھوٹا گھنٹا (۲) پیتل کا ایک چھوٹا سا خاص وضع کا برتن جس سے حلوائی دودھ ناپ کر دیتے ہیں، دودھ ناپنے کا ایک پیمانہ۔
گھنڈی: مونث، (۱) گریبان بند کرنے کا کپڑے کا بٹن، ٹکمہ (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) پستان کا منہ۔
گھنگچی: مونث، سرزنی، ایک قسم کا سرخ بیج جس کا منہ سیاہ ہوتا ہے / ½ ماشہ۔
گھنگرالے: (دہلی) گھونگھر والے بال، بل کھائے ہوئے بال۔
گھنگرو: مذکر، (۱) ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) چھوٹی چھوٹی گھنگھیور کا گچھا جو ناچتے وقت پانو میں باندھتے ہیں (۳) (ع و) گلے کی خرخراہٹ، گلے کی وہ آواز جو جانکنی کے وقت نکلتی ہے۔
—— باندھنا: (۱) ناچنے کی تیاری کرنا (۲) (قاصوں کی اصطلاح) ناچنے میں شاگرد بنانا۔
گھنگرو لگنا: (ع و) (۱) گھنگرو بولنا (۲) مزے کی قریب ہونا۔ جانکنی کے عالم میں ہونا، گھرا چلنا، خرخراہٹ ہونا۔
گھنگھریا: مونث، ایک قسم کا چھوٹا اہنگا، جو بچے پہنتے ہیں۔
گھنگنیا: مونث، اُبلا ہوا غلہ
—— منہ میں بھر کر بیٹھنا: (کنایتاً) خاموشی اختیار کرنا، چپ سادھنا۔
گھنگھور: (ہ) گہرا بادل، گھٹا
گھنگولنا: (۱) کسی رقیق چیز یا پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا، گدلا کرنا۔

(۲) گھولنا، خوب ملانا (۳) (کنایتاً) اُلٹ پلٹ کرنا۔
گھُنّی: مونث؛ گھُنا
—— سادھنا: جان بوجھ کر چُپ رہنا، مکاری کرنا۔
گھنیر گھنیری: مذکر، گھُنا۔

گھ ـــــ و

گھوٹا: مذکر؛ (۱) کاغذ گھوٹنے کا مُہرہ (۲) اُسترے سے سر یا داڑھی کی صفائی، چارابرو کا صفایا۔
گھوٹنا: (۱) رگڑنا، حل کرنا، باریک کرنا، کچلنا (۲) رٹنا، بار بار پڑھنا (۳) دبانا، (جیسے گلا گھوٹنا (۴) مٹھوا کر چکنا کرنا۔
گھور: مذکر (۱) پاخانہ، غلاظت، میل، چرک (۲) خوفناک، ڈراؤنا، ڈراونی گرج (۳) گہرا رنگ
گھورا: مذکر؛ (۱) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی، کھتا، گوبر یا اپلوں کا ڈھیر۔ (۲) پاخانہ، غلاظت کا ڈھیر (۳) کوڑا۔
گھوڑا گھاری: مونث؛ تاک جھانک، نظر بازی، ایک کا دوسرے کو بغور محبت کی نظر سے دیکھنا۔
گھورنا: تاکنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، تیز نگاہ سے دیکھنا، دشمنی یا محبت کی نظر سے دیکھنا۔
گھوڑا: مذکر؛ (۱) اسپ (۲) شطرنج کا ایک مہرہ (۳) بندوق کی نلبلی۔
—— تھہر جانا: (گھڑ سواروں کی اصطلاح) گھوڑے کا بند بند تھک کر جکڑ جانا۔
—— چڑھانا: بندوق کی نلبلی کو فائر کرنے کے لیے اوپر چڑھانا۔
—— چمکانا: گھوڑے کو تیز رو کرنا۔
—— کسنا: گھوڑے پر زین کسنا۔
—— گھاس سے آشنائی کرے گا تو کھائے گا کیا: (کہاوت) معاملے کی جگہ مروّت برتنے سے نفع نہیں ہوتا۔ کوئی شخص اپنے کام کے نفع کی کچھ پروا کرے تو گزارہ ناممکن ہے۔
—— مارنا: گھوڑا بھگانا، گھوڑے کو ایڑ لگانا۔
گھوڑدوڑ، گھُڑدوڑ: گھوڑوں کی دوڑ۔
گھوڑی: مونث؛ (۱) گھوڑا کی تانیث، گھوڑے کی مادہ، مادۂ اسپ (۲) سوئیاں بنانے کی کل (۳) وہ لکڑی جسے تار کش گوٹے کے تار بنتے بُننے کے لیے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴) لکڑی کی تپائی جس پر زردوز کار چوب رکھتے ہیں۔
—— چڑھنا: (دہلی۔ عو) (۱) تندرست ہو کر کسی مقدس جگہ پر دھوم دھام سے شکریہ ادا کرنے جانا (۲) ختنے کی رسم ادا ہونا (۳) دولہا بننا اور دُلہن کے گھر جانا۔
—— چڑھانا: (۱) ختنہ کی رسم ادا کرنا (۲) چری ہوئی لکڑی سے بچے عضو مخصوص کی کھال پکڑ کر ختنہ کرنا۔
گھوڑے بیچ کر سونا: بے فکری سے سونا، گہری نیند سونا۔ پاؤں پھیلا کر سونا۔
—— جوڑے کی خیر: ایک قسم کی دعا۔
دوڑانا: (کنایتاً) انتہائی کوشش کرنا۔
—— سوار: (۱) گھُڑسوار، گھُڑچڑھا، راکب (۲) (کنایتاً) جلد باز۔
—— گئے گدھوں کا راج آیا: کہاوت؛ شریف گئے اُن کی جگہ احمق آئے۔
گھُوس: (۱) رشوت
گھوس: مونث، ایک قسم کا بڑا چوہا
گھوس دان: مذکر، چوہے دان۔
گھوسی: مذکر؛ مسلمان گوالا، گائے بھینس رکھنے چرانے اور ان کا دودھ بیچنے والا۔
گھوشنا: (۱) مونث، ڈھونڈورا، اعلان؛
گھول کے پلانا: (۱) تعویذ گھول کر پلانا (۲) (کنایتاً) جلد اور آسانی سے تعلیم دینا، کچھ سکھانا پڑھانا۔
—— پی جانا: (کنایتاً) کسی کو ہیچ و بے وقعت سمجھ کر نیست و نابود کر دینا۔
گھولنا: حل کرنا، ملانا۔
گھولوا گھولنا: (عو) (۱) گھول کر پتلا بنانا (۲) افیون کو پانی میں حل کرنا (۳) کسی معاملے میں دیر لگانا، ڈھیل کرنا۔

گھومنا گھامنا: مذکر، پھرنا پھرانا، سیر و تفریح کرنا۔
گھوم گھام: مونث (عم) آوارہ گردی
گھومنا: (۱) پھرنا، چکر لگانا، سیر کرنا (۲) چکر آنا (۳) مارا مارا پھرنا، (۴) واپس پلٹنا۔
——— گھمانا: چکر لگانا، دورہ کرنا
گھومنی: مونث، دیکھو گھمنی
گھونیٹا: (۱) بُری طرح سینا (۲) گھسیڑنا
گھونٹ: مذکر، (۱) چسکی، جرعہ، پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے (۲) حقہ کا دم کش۔
——— گھونٹ: تھوڑا تھوڑا پینا، جرعہ جرعہ پینا۔
——— گھونٹ کر مارنا: (۱) تکلیف دے دے کر مارنا، جلا جلا کر مارنا۔ (۲) اندرونی مار دینا۔
——— لگانا: حقے کا دم لگانا۔
گھونٹنا: (۱) گلا دبانا، سانس روکنا (۲) (عو) تنگ کرنا، دق کرنا، بند کرنا، (۳) حلق سے نیچے اُتارنا۔ نگلنا۔
گھونٹنا: (۱) رگڑنا، مل کرنا، گھوٹنا، (۲) کسی چیز سے رگڑ کے کاغذ یا تختی کو چکنا کرنا (۳) بار بار رٹنا۔
گھونسا: مذکر، (۱) مکا (۲) (کنایتاً) اچانک صدمہ۔
گھونسم گھاسا: مذکر، مکے بازی، مار پیٹ۔
گھونسلا: مذکر، (۱) پرندوں کا گھر، آشیانہ (۲) (کنایتاً) چھوٹا سا گھر، جھونپڑا
——— نوچنا: آشیانہ کو ویران کرنا۔
گھونگا/گھونگھا: مذکر، (۱) ایک دریائی کیڑا (۲) سنکھ خربوزہ (۳) کان کا وہ حصہ جو گھونگے کے مشابہ ہوتا ہے۔
گھونگھٹ: مذکر، (۱) نقاب، پردہ، چہرے کو ڈھکتا ہوا آنچل، چادر کا کنارا جسے پردہ دار عورتیں اپنے چہرہ پر ڈال لیتی ہیں (۲) روک، حجاب (۳) دروازے کی اندرونی دیوار (۴) (کنایتاً) شرم، لاج، حیا، لحاظ۔
——— اُٹھنا: (۱) دُلھن کا بے حجاب ہونا (۲) گھونگٹ ہٹا دینا۔
——— کاڑھنا: (عو) گھونگھٹ نکالنا، پردہ کرنا
——— کرنا: (۱) پردہ کرنا، دوپٹے سے منہ چھپانا (۲) گھوڑے کا اپنی گردن کو پیچھے کی طرف منہ موڑنا (۳) فوج کا پسپا ہونا۔
——— کی دیوار: مونث، دروازے کے سامنے کی دیوار، پردے کی دیوار
گھونگھر: مذکر: بالوں کا قدرتی پیچ دخم
——— والے/یالے بال: سر کے پیچ در پیچ مڑے ہوئے بال۔
گھونگھی: مونث، (۱) مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جس سے کھپریل کی رخنہ بندی کرتے ہیں (۲) ایک کیڑا۔
گھونیاں/گھنیاں: مونث، ایک قسم کی ترکاری، اروی۔
گھی: مذکر، (۱) روغن زرد، تا پا ہوا مکھن (۲) نرم، ملایم۔
——— داغ کرنا: گھی گرا کر اڑانا
گھی کے چراغ جلانا: (عو) کوئی مراد پوری ہونے پر خوب خوشیاں منانا۔
گھیا: مونث، (عم) کدو، ایک قسم کی ترکاری کا نام
——— تُری: مونث، ایک قسم کی دبلی و ملائم تری۔
گھیپنا: خوب ملانا، منتھنا، آمیز کرنا
گھیتلا: (گھے۔ت۔لا) مذکر، لمبی اور مڑی ہوئی نوک کا جوتا۔
گھیرا: مذکر، (۱) حلقہ، دائرہ، احاطہ (۲) کور، کنارہ، نگر (۳) نرغہ، محاصرہ (۴) پلنگ (۵) (کنایتاً) جنجال، دشواری، دقت۔
گھیر: مذکر، (۱) گھیرا، چکر، گھماؤ (۲) حلقہ، دائرہ، احاطہ، (۳) دَور، گرداگرد۔
——— دار: دَور دار، کشادہ، ڈھیلا ڈھالا۔
——— گھار کر: چاروں طرف سے اکٹھا کر کے، محصور و مجبور کر کے۔
——— لینا/گھیرنا: (۱) راہ کرنا (۲) چار دیواری بنانا، باڑ لگانا۔ (۳) احاطہ کرنا، قابو کرنا (۴) پکڑنا، جکڑنا (۵) مجبور کرنا، پیچھے پڑنا۔
گھینگا/گھینگھا: مذکر، گلے کا ایک مرض جس میں گلا پھول جاتا ہے۔
گھیور، مذکر، ایک قسم کی مٹھائی کا نام جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے۔

ل

لام (ع) ہ مذکر، (۱) عربی کا ایک حرف تہجی (۲) حساب جمل (ابجد) میں اس کے تیس عدد ہیں۔

لا: (۱) آ (مسترد کی) (۲) لانا کا امر (۳) دے

لا (ع)، مذکر؛ (۱) انکار کا لفظ، بغیر (۲) بنا (۳) نہیں، نہ

—— **اُبالی**: (ا) بے پروا، بے باک (۲) نڈر، دلیر، بے فکرا، غیر ذمہ دار، رند مشرب۔

—— **اُبالی کارخانہ**: مذکر؛ بدانتظامی۔

—— **اَعْلَمُ** (ع)، مذکر (۱) مجھے معلوم نہیں، (۲) (اصطلاحاً) نامعلوم۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ: (ع)، مذکر؛ کلمہ طیب، خدا کے سوا کوئی (عبادت کے قابل) نہیں اور محمد (صلعم) اس کے رسول ہیں۔

لابُد (ع) مذکر؛ بے شک، یقیناً، ضرور، مجبوراً۔

—— **بدی**: ضروری، لازمی، یقینی۔

—— **پتا**: جس کا پتا نہ ہو، غائب

—— **پَروا**: (صحیح ترکیب بے پروا)، غیر ذمے دار، بے پروا۔

—— **پَروائی**، مونث: بے پروائی، غیر ذمے داری، غفلت

تعداد: (ع) بے شمار

لاثانی: (ع) بے مثل، بے نظیر، یگانہ، فرد یکتا

—— **جَرَم**: (ع) بے شک، یقیناً

—— **جَواب**: (ع)؛ (۱) خاموش، چپ، بے جواب، جو جواب نہ دے سکے۔ قایل (۲) بے نظیر، بے مثل یکتا جس کا جواب نہ ہو۔

—— **چار**: صحیح ترکیب، ناچار، بے بس، مجبور۔

—— **چاری**، مونث، ناچاری، مجبوری، مفلسی، بے بسی

—— **حاصِل** (ع) فضول، نکما، بے کار، بے نتیجہ، بے فائدہ۔

—— **حل**: (ع) جو حل نہ ہو سکے، مشکل، دشوار، کٹھن، دقیق

—— **حول** (ع)، (۱) شیطان کے بھگانے کا کلمہ (۲) مونث؛ اظہار نفرت اور حقارت کا لفظ (۳) بُری بات پر تاثر ظاہر کرنے کے لیے بھی مستعمل ہے۔

لاحول بھیجنا: (۱) شیطان سے بچانے کی خدا سے دُعا کرنا (۲) لعنت بھیجنا، نفرت ظاہر کرنا، خیال نہ کرنا، پروا نہ کرنا۔

—— **پڑھنا**: شیطان یا بھوت پریت دفع کرنے اور وسوسوں سے نکلنے کے لیے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا۔

لاحَولَ وَلَاقُوَّتَ: (ع)؛ اظہار نفرت و بے زاری کے موقع پر بولا جانے والا کلمہ

لاحول ولاقوۃ الا باللہ: (ع)، خدا کے سوا کسی کو کوئی طاقت و قدرت حاصل نہیں۔ (۲) معاذ اللہ کی جگہ (۳) ایسا نہیں ہو سکتا کی جگہ۔

لاخیرا: بچا، لفنگا، بدمعاش، آوارہ گرد۔

لادعوا: مذکر؛ بے دعوی، مصلحت برداری، بے تعلق ہونے کی سند

—— **دوا**: لا علاج

لاریب: (ع) یقیناً، بے شک

—— **زوال**: (ع)؛ جس کو زوال نہ ہو، غیر فانی، ابدی، ازلی، قدیم

—— **سخن**: (ع) بدزبانی، گستاخی

—— **شریک** (ع) جس کا کوئی شریک نہیں۔

—— **شے**: (ع) (۱) کچھ نہیں، ناچیز، ہیچ، بے وقوف (۲) معدوم

—— **طائل**: (ع) بے فائدہ، فضول

—— **عِلاج**: (ع) (۱) لادوا، (۲) ناچار

—— **عِلْم**: (ع) انجان، بے خبر، بے علم، جس کو معلوم نہ ہو۔

—— **کلام**: یقیناً، ضرور، بے شک، بے چون و چرا

—— **مَحالہ**: ناچار، ضرور، یقیناً، ناگزیر

—— **مَذہَب** (ع) جس کا کوئی مذہب نہ ہو، بے دین، دہریہ

—— **مکان** (ع) مذکر، (۱) جس کی کوئی جگہ مقرر نہ ہو، جگہ کی قید سے آزاد، خدا

—— **لاوارث**: (ع)، بے وارث، جس کا کوئی وارث نہ ہو، جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو۔

لاوَلَد: (ع) بے اولاد۔

—— **یزال** (ع) (۱) جس کو کبھی زوال نہ ہو، ہمیشہ رہنے والا، قدیم، دائمی (۲) خدا کی صفت

—— **یعقل**: (ع)؛ (حیوان کے لیے) بے عقل

—— **یعنی** (ع)؛ بے ہودہ، لغو، بے فائدہ، بے نتیجہ، لاحاصل، فضول۔

—— **یموت** (ع)؛ (۱) نہ مرنے والا، غیر فانی (۲) زندہ رکھنے بھر کی خوراک

لا: LAW (انگ) مذکر؛ قانون، ضابطہ، آئین

لابی: (ہ لا ی) (انگ) مونث، پارلیمنٹ یا اسمبلی میں ملاقاتیوں کا بڑا کمرہ

لابھ: (ہ) مذکر، (۱) فائدہ، نفع (۲) بالائی آمدنی، رشوت (۳) چاند کا گیارہواں گھر۔

لات: (ع) مذکر، عرب کے عہدِ جاہلیت کا ایک بُت

لات: (مونث) ٹھوکر

——— **مارنا**: (۱) لات مارنا، ٹھوکر مارنا، ٹھکرانا، (۲) ترک کر دینا، دست برداد ہونا، کسی چیز سے بے انتہا بے زار ہونا۔

——— **مکی**: مونث، لات گھونسے کی لڑائی، مار پیٹ۔

لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا: (مثل) کمینہ شخص جوتے کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔

لاتیں کھانا: بے عزتی سے پٹنا۔

لاٹ: (۱) انگریزی لارڈ کا (ت)، مذکر، حاکم اعلا، گورنر (۲) مونث، (لاٹھ سے بگڑا ہوا) پتھر یا اینٹوں سے بنا ہوا بہت اونچا ستون (۳) مونث (انگریزی LOT سے ماخوذ) ڈھیر نیلام کی بولی نیلام کیا جانے والا مال۔

——— **پادری**: مذکر، سب سے بڑا پادری

——— **(صاحب)**: (۱) مذکر، LORD (انگ) گورنر صوبے کا حاکم، حاکم اعلا، ملک (۲) (کنایتاً) عیش پسند، آرام پسند آدمی۔

لاٹری: LOTTERY (انگ) مونث، قرعہ اندازی، ناموں کی چٹھیاں ڈال کر نام نکالنا، جوئے کی ایک قسم۔

لاٹھ: مونث (۱) ستون کھمبا، لاٹ (۲) لوہے کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) موسل، دستہ، موگری (۴) چرخی کی بیچ کی کھونٹی۔

لاٹھی: عصا، جریب، ہاتھ کی لکڑی

——— **چارج**: مذکر، غیر قانونی یا بے قابو ہجوم کو پولیس کا لاٹھی مار کر منتشر کرنا۔

لاج: مونث، (۱) شرم حیا، لحاظ (۲) عزت، آبرو

لاج: LODGE (انگ) مذکر، مکان، قیام گاہ

لاجورد: (ف) مذکر، نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر

لاجوردی: (ف) (۱) لاجورد کے رنگ کا، نیلا (۲) مذکر، نیلا رنگ

لاجونتی: مونث (۱) چھوئی موئی کا درخت (۲) شرم والی، غیرت مند (۳) پاکدامن، باعصمت۔

لاحق: (ع) (۱) ملا ہوا (۲) پیوستہ، وابستہ (۳) کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔

لاحقہ: (ع) مونث، پیچھے لگا ہوا، پیوستہ، وابستہ، ملحق

لاد: مونث، (۱) لادنا کا امر (۲) بار، بوجھ

——— **چلنا**: کر بچ کرنا، ورثا سے حصہ کی خصوصت کرنا

لادے لادے لدانے والا ساتھ دے: (مثل) انتہائی کاہل آدمی کی صفت

لاد پھاند کے: اسباب ساتھ لیے ہوئے، لدے پھندے ہوئے۔

——— **نا**: بوجھ رکھنا، بار کرنا، سر پر بوجھ رکھنا

لادی: مونث، ہلکا بوجھ، بوجھ (۲) دھوبیوں کی گٹھری۔

لاڈ: مذکر، لاڈ پیار، ناز، محبت

——— **پیار**: مذکر، پیار، محبت، اخلاص

لاڈلا: مذکر، (۱) پیارا، دلارا، ناز پروردہ (۲) مردوں اور عورتوں کے نقطہ کا خُبر (جیسے لاڈلے مرزا، لاڈلی بیگم)

لاڈو: مونث، (۱) لاڈلی، پیاری (۲) دلہن، عروس (۳) خانم وغیرہ (۴) پیار سے (لڑکیوں کو) عزیز، پیاری۔

لاری: (LORRY (انگ) مونث، گاڑی، نقل و حمل کے لیے استعمال کی جانے والی گاڑی، بس BUS

لاڑھیا: (۱) خراب چیزوں کی تعریف کر کے بکوانے والا دلال (۲) مکار، فریبی، دھوکے باز۔

لازم: (ع) (۱) چپکا ہوا، وابستہ، ملحق، جو جدا نہ ہو سکے (۲) ضروری، واجب، فرض، سزاوار (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے

——— **آنا**: ضروری ہونا، یقینی نتیجہ نکلنا، بطور فرض ہونا۔

——— **ملزوم**: (۱) ایک دوسرے سے وابستہ، ایک دوسرے سے متعلق (۲) واجب ضروری،

لازمہ: مذکر، جوڑ، میل، سامان، ضروری اسباب۔

لازمی: (ع) صحیح لازم) ضروری، لابدی، واجب

لاسا: مذکر، (۱) درختوں سے نکالا جانے والا ایک لسدار مادہ (۲) (کنایتاً) چسکا، عادت، جھگڑا (۳) وہ لعاب دار شے جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں۔

——— **لگا رہنا**: (کنایتاً) اشتیاق رہنا

——— **ہو جانا**: (کنایتاً) چپک جانا

لاسے پر لگانا: (کنایتاً) (۱) مانوس کرنا، ملانا (۲) اگر وید بنانا، یار بنانا، (۳) جال میں پھنسا لینا۔ فریفتہ کر لینا

لاسلکی: (ع) (ف) بے تار کی برقی رو جس سے ریڈیو وغیرہ چلتے ہیں۔

لاش (ترکی) مونث، (۱) مُردہ، مُردہ جسم (۲) جنازہ

لاشہ (ہند) مذکر، لاش، نعش۔

لاشعاع: (ع) مونث، ایکسرے X-RAY

لاطینی: مونث، (انگ LATIN قدیم روما کی زبان، رومی زبان، قدیم روما سے متعلق۔

لاغر: (ف) دُبلا، پتلا، کمزور۔

لاغری: (ف) مونث، دُبلاپن، کمزوری، ناتوانی

لاف: (ف) مذکر، شیخی، بڑائی، ڈینگ، خودستائی، گھمنڈ۔

ـــــ زَن: (ف) شیخی باز، ڈینگیا۔

ـــــ زنی کرنا: شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا، اِترانا۔

ـــــ وگزاف: (ف) مذکر، شیخی، لعلی، بیہودہ سرائی۔

لاک اَپ LOCK UP (انگ) مذکر، حوالات، وہ کوٹھری، ملزموں کو عارضی طور پر بند رکھا جاتا ہے۔

لاکٹ: LOCKET (انگ) مذکر، گلے کی زنجیر جس میں سینہ پر ایک تعویذ یا تصویر یا پھول بنا ہوتا ہے۔

لاکھ: مذکر، (۱) سو ہزار (۲) بہت، بتیرے، بہت سے (۳) مونث، ایک قسم کا گوند (۴) کتنا ہی، ہر چند، بہتیرا۔

ـــــ بات کی ایک بات: مختصر مگر اہم بات

ـــــ بسوے: (دکنایتاً) یقیناً، ضرور، شرطیہ۔

ـــــ دو لاکھ میں ایک: چھٹا ہوا، منتخب، یگانہ فرد۔

ـــــ کا گھر خاک کر دینا: تمام دولت اور عزت برباد کر دینا۔

لاکھ کو خاک سمجھنا: ایماندار اور دیانت دار ہونا۔

ـــــ کوئی کہے: کوئی کچھ بھی کہے۔

ـــــ لاکھ: (۱) بے حد (۲) ہر چند

لاکھوں میں: (۱) ہزاروں میں، سیکڑوں میں، بہتیروں کے سامنے (۲) ضرور، یقیناً، بے شک۔

لاکھا: مذکر (۱) پان کا سُرخ رنگ جسے عورتیں پہلے لپ اسٹک کی جگہ استعمال کرتی تھیں (۲) ایک قسم کا جنگلی مُرغ

لاکھوں: لاکھ کی جمع، ہزاروں، بہت

ـــــ پر بھاری ہونا: (۱) بے مثال اور بے نظیر ہونا (۲) انتہائی

ـــــ گھڑے پانی پڑنا: (کنایتاً)، نہایت شرمندہ ہونا۔

لاکھی: مذکر: (۱) لاکھ کے رنگ کا سرخ، گھوڑے کا ایک رنگ۔ (۲) لاکھ کا بنا ہوا۔

لاگ: مونث، (۱) مدد، امداد (۲) لگاؤ، تعلق، علاقہ، نسبت، وابستگی (۳) اُنس، محبت، لگن (۴) مزا، چسکا، شوق، رغبت (۵) عداوت، دشمنی، بیر، سازش (۶) کرتب، شعبدہ، طلسم (۷) جادو، ٹونا، منتر (۸) توجہ (۹) چشمک، شکر رنجی۔

ـــــ باندھنا: دشمنی برتنا، بیر باندھنا۔

ـــــ پَر: مقابلے پر، چوٹ پر۔

ـــــ پیدا کرنا: (۱) تعلق پیدا کرنا (۲) عداوت پیدا کرنا۔

لاگ ڈانٹ: ع۔ مونث، (کنایتاً) بیر، آن بن، عداوت۔

ـــــ سے: مدد سے، سہارے سے، لگاؤ سے

ـــــ لپیٹ: مونث، (۱) طرف داری، حمایت، پیچ (۲) دغا، مکر، فریب، دھوکا، چھل بٹا۔

ـــــ لگنا: (۱) لگاؤ ہونا، محبت ہونا (۲) شوق ہونا، اُمنگ ہونا۔

لاگت: ع۔ مونث، صَرف، خرچ، وہ رقم جو کسی چیز کی دُرستی اور تیاری میں خرچ ہو۔

لاگو: (۱) ساتھی، یار (۲) دشمن جو کسی کے درپے ہو (۳) مطلبی (۴) آرزومند، مُشتاق (۵) درپے، پیچھے پڑنے والا (۶) وہ جانور جس کو خون کا چسکا پڑ گیا ہو۔

ـــــ کرنا: لگانا، نافذ کرنا۔

لال: مذکر، (۱) سُرخ رنگ (۲) ایک قسم کا بیش قیمت پتھر، لعل (۳) لاڈلا بیٹا، پیارا (۴) ایک چھوٹا خوش آواز پرندہ (۵) مونث (عم) دال (۱) دکنا ہوا، (کنایتاً) غصے سے بھرا ہوا، غضبناک

ـــــ اِلٰہی: مونث، ایک قسم کی لال گودے والی املی۔

ـــــ انگارا: مذکر: (۱) سُرخ دہکتا ہوا انگارا (۲) غصے میں بھرا ہوا۔

ـــــ بجھکڑ: پرلے درجے کا بیوقوف، اپنے آپ کو عقل مند سمجھنے والا احمق۔

ـــــ بھبوکا: (۱) سُرخ سفید، تر و تازہ، نہایت سُرخ (۲) غصے میں سُرخ چہرہ

لال بیگ: مذکر، بھنگیوں (خاکروبوں) کا سردار (۲) ایک پردار کیڑا۔

ـــــ بیگی / بیگیا: مذکر، خاکروب، بھنگی

ـــــ پانی: مذکر، (۱) (کنایتاً) شراب (۲) حیض کا خون۔

—— **پری**: مونث، (۱) اندر بھا کے قبضے کی ایک پری (۲) (کنایتاً) شراب۔
—— **پنکا**: مذکر: ایک قسم کا کبوتر۔
—— **پیلا ہونا**: نہایت خفا ہونا، غصے بھرنا
—— **سوداگر**: مذکر، چھوٹی پونجی والا بیوپاری
—— **سی جان**: چھوٹی سی جان، پیاری جان
—— **کتاب**: مونث، بندوبست کی کتاب، پٹواری کی کتاب
—— **کُمَک**: مونث، انگریزی فوجوں کی سرخ وردی،
—— **کر دینا/ کرنا**: (۱) مالا مال کر دینا، نہال کر دینا (۲) لوہے کو آگ میں ڈال کر سُرخ کرنا۔
—— **گوڈر میں نہیں چھپتا**: (مثل) اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی
لالا: (ف) (۱) خادم، غلام (۲) صفت۔ درخشاں، روشن (۳) (۵) ساہوکار، بنیا، مہاجن (۴) معزز کایستھوں کا خطاب (۵) عزیز، پیارا (۶) خسر، سُسر، (۷، ۵) والد کا خطاب، ابّا، باوا۔
لال ٹین: مونث، شیشے کی قندیل، ایک قسم کا چینی والا چراغ LANTERN
لالچ: مذکر، (۱) لوبھ، حرص، طمع (۲) ترغیب، پھسلاوا
—— **بُری بلا ہے**: (مثل) حرص سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں۔
لالچی: لوبھی حریص، طامع۔
لالڑی: مونث (۱) چھوٹا لال یاقوت، (۲) تامڑا
لالسا (لال۔سا): (ہ) مونث، لالچ، خواہش
لالِما: (ف لالِمہ) (ہ) مونث، سُرخی، شفق۔
لالہ: (ف) مذکر، ایک قسم کا سُرخ پھول،
لالہ رُخ/ رخسار / رو/ عذار: سُرخ چہرے والا معشوق دلبر، دلربا۔
لالہ زار: (ف) مذکر، (کہانیاں) باغ، گلزار
—— **فام/ گوں**: (ف) لال، سُرخ، سرخ رنگ کا۔
—— **بھائی**: (۱) شریف آدمی، بھلا مانس (۲) (طنزاً) کفایت شعار (۳) (حقارتاً) کمزور، بودا
لالی: مونث، (۱) سُرخی، (انگ) لپ اسٹک (۲) آبرو، عزت، سرخ روئی (۳) پیاری، عزیز
لالے پڑنا: (۱) بے انتہا آرزو ہونا، ارمان ہونا (۲) نہایت نا اُمیدی ہونا (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) دُشوار ہونا، مشکل ہونا، رکاوٹ میں آنا۔
لام: LAM. مذکر (۱) فوج یا پلٹن کا مجموعہ، بریگیڈ، فوج کا دستہ (۲) جنگ کا محاذ (۳) (ع) مذکر، ایک حرف کا نام (ل)
لام باندھنا: چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا، لڑائی کا سامان کرنا۔
—— **کاف**: (۱) ڈینگ، شیخی، بکواس، گالی گفتار (۲) (تقاطی) چربہ زبانی۔
—— **مُندی**: مونث، (۱) جنگ کی تیاری (۲) فوجوں کی بھرتی۔
—— **پر جانا**: لڑائی پر جانا، محاذ پر جانا۔
لاما: مذکر، تبت اور چین وغیرہ کے بودھ مذہب کا پیشوا
لامرکز: (ع) جس کا کوئی مرکز نہ ہو، مرکز سے تہی ہوا۔
لامس: (ع) چھونے والا
لامسہ: (ع) چھونے یا مس کرنے والی قوت
لامع: (ع) مذکر، روشن۔
لانا: (۱) لے آنا (۲) حاضر کرنا، پیش کرنا، سامنے کرنا (۳) اُٹھانا، برپا کرنا (۴) دکھانا (۵) پیدا کرنا (۶) خریدنا
لانبا: مذکر، لمبا، طول، دراز قد
لان ٹینس: LAWN TENNIS (انگ)، مذکر، (۱) ایک قسم کا مغربی ملک کا کھیل جو میدان میں گیند اور بلّے سے کھیلا جاتا ہے (۲) گھاس میں کھیلی جانے والی ٹینس۔
لانچ: LAUNCH (انگ) مونث، (۱) سمندری کشتی (۲) جنگی جہاز کی بڑی کشتی (۳) بڑی مسافر کشتی۔
لانک: مونث (۱) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر، کھلیان (۲) چوکر، بھوسا (۳) نیل کی شاخیں۔ شاخیں اور پتیاں جن سے نیل کا رنگ بنایا جاتا ہے۔
لانک: (ہ) مونث، دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکا رہتا ہے اور جسے پیچھے کی طرف گھما لیتے ہیں
لانگ جمپ: LONG JUMP (انگ) مونث، لمبی چھلانگ، لمبی جست جو کھیل کود کے مقابلے میں کی جاتی ہے۔
لانگنا/ لانگھنا: (ع) (۱) پھاندنا، چھلانگ مارنا، کودنا (۲) پار کرنا، اوپر سے گزر جانا (۳) گھوڑے پر پیدل سواری کرنا۔
لاوا: مذکر، (۱) بھنے ہوئے اناج کی کھیل، بھنی ہوئی پھنگری (۲) کوہ آتش فشاں سے نکلنے والی راکھ، گندھک وغیرہ کا ملا جلا مادّہ۔
لاوانی: (۱) ایک قسم کا گیت (۲) فصل کا پہلا (۳) فصل کاٹنے کی مزدوری میں

دیا جانے والا غلہ (۴) خراج، مالگذاری محصول

لاہ: مونث، (۱) کونپل کا بڑا اور کمزور پتا (۲) مہر لگانے کی لاکھ

لاہوت: (ع) مذکر؛ تصوف کی اصطلاح، سلوک کا وہ مقام جہاں فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے

لاہور: مذکر؛ پاکستان کا ایک مشہور شہر

لاہوری نمک: مذکر، ایک قسم کا مشہور نمک۔

لاہی: مونث، (۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) مذکر، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ سیاہی مائل سُرخ رنگ

لائبریرین: LIBRARIAN (انگ) مذکر، محافظ کتب خانہ۔ ناظم کتب خانہ۔

لاؤلشکر: (۱) فوجی بھیڑ بھاڑ (۲) لشکر اور اس کے ہمراہی، ہجوم۔

لائی: (۱) فصل کاٹنا (۲) خودرَو چاول، جنگلی چاول (۳) بھُنا ہوا اناج۔

لائے: (ف) مونث، (۱) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) بھُنے ہوئے چنے جوار وغیرہ کے دانے۔

لائبریری: LIBRARY (انگ) کتب خانہ، کتاب گھر

لائٹ: LIGHT (انگ) مونث، (۱) روشنی، نُور، چمک، اُجالا (۲) ہلکا، سُبک (۳) آگ۔

لائٹر: LIGHTER (انگ) پٹرول سے سگریٹ جلانے کی چھوٹی سی مشین

لائٹ ہاؤس: LIGHT HOUSE (انگ) مذکر، جہازوں کی رہنمائی کرنے والے مینار۔

لائسنس: LICENCE (انگ) مذکر، اجازت نامہ، پروانگی، اختیار

لائف انشورنس: LIFE INSURANCE (انگ) مذکر، زندگی کا بیمہ

لائف بوٹ: (انگ) مونث، ڈوبنے والے جہاز کے مسافروں کی جان بچانے والی کشتی

لائق: (ع) (۱) قابل (۲) موزوں، زیبا، مناسب (۳) ہنرمند، ہوشیار

لائق فائق: بڑا لائق لیاقت میں فوقیت رکھنے والا

لائن: LINE (انگ) مونث (۱) لکیر، خط، سطر (۲) وضع، طرز، انداز (۳) ریل کی لوہے کی سڑک۔

لائنشک: (ع) مجادلہ ہونے والا، غیر منقسم

لآلی ولآلی: (ع) مذکر، جمع لؤلؤ کی، سیپ میں تنہا پیدا ہونے والا موتی۔

ل ـــ ب

لب: (ف) مذکر (۱) ہونٹ (۲) کفارہ، طرف، جانب (۳) ساحل (۴) حاشیہ (۵) منڈیر (۶) ہونٹوں کے اوپر کے بال، مونچھیں

ـــ بام: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، بالاخانے کا کنارا، چھت کا آخری سرا۔

لَب بہ لَب: (ف) ہونٹ سے ہونٹ ملاتے ہوئے۔

لب بند ہونا: (۱) مٹھاس کی شدت سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) منہ بند ہونا، خاموش ہونا،

ـــ پر آنا: کچھ کہا جانا، کہنا

ـــ پر لانا: کہنا، تذکرہ کرنا

ـــ پر مُہر لگنا: (کنایتاً) خاموش ہو جانا، سکوت اختیار کرنا۔

ـــ جُو: (ف) مذکر، (اضافت کے ساتھ) ندی یا نہر کا کنارا۔

ـــ دریا: (ف) مذکر، دریا کا کنارا، ساحل

ـــ گور پہنچنا/ـــ گور ہونا: مرنے کے قریب ہونا۔

لَب لگانا: تھوک لگانا، لُعاب دہن لگانا

ـــ ولہجہ: مذکر، تلفظ، گفتگو کا طرز، بولنے کا انداز، الفاظ ادا کرنے کے انداز

لَب ہلانا: کچھ کہنا، شکوہ کرنا، گلہ کرنا، عذر کرنا

ـــ بستگی: (ف) مونث، ہونٹوں کا بند ہونا (کسی بیماری، جبر یا مٹھاس سے)

لُب: (ع) (۱) عقل (۲) گودا، خلاصہ، ست، سفز

ـــ لباب: (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر، خلاصہ کا حاصل، نچوڑ

لَبادہ: (ف) مذکر (۱) برساتی کپڑا (۲) روئی دار چغہ، فرغل (۳) (کنایتاً) لباس۔

لباس: (ع) مذکر (۱) پوشاک، پوشش، جامہ، کپڑے (۲) روپ شکل، بھیس

لَبالَب: (ف) اوپر تک بھرا ہوا۔ لبریز، پُر

لُبان/لوبان: (ع) مذکر، ایک قسم کا خوشبودار گوند

لُبدی: مونث، (۱) لگدی (۲) ٹوپی پر مانجھا دینے کے لیے پکے ہوئے چاولوں میں شیشہ وغیرہ ملا کر بنایا ہوا گاڑھا مادہ۔

لیبرٹی : LIBERTY (انگ) مونث، آزادی، حریت۔
لبرل : LIBERAL (انگ) (۱) آزاد خیال، صاف دل، بے تعصب، مطلق العنان (۲) سب کا بھلا چاہنے والا، خیر خواہ خلائق۔
لبریز : (ف) بھرا ہوا، پُر، لبالب
لَبڑ : بے ہودہ۔
لَبڑ دھوں دھوں : مونث (۱) غل، شور، ہنگامہ، تکرار، جھنجھٹ (۲) بے ایمانی (۳) بدانتظامی (۴) بدعملی
لپا ڈگی : مونث، گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی، مار پیٹ، گھونسم گھانسا،
لَبڑا : مذکر، (۱) جھوٹا (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا
لَبلب : بے وقوف، کم عقل۔
لَبلبا : مذکر، لسدار، چپکنے والا
لَبلبا ہٹ : مونث، لسدار ہونا، چپچپا ہونا۔
لَبلبی : مونث، بندوق اور پستول کا وہ پُرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔
لَبَن (ع) مذکر۔ پینے کا دودھ
لُبوب : (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی معجون (۲) معزیات
لبے آجانا : تالو میں ورم ہو جانا۔
لبیب : (ع) عقلمند، دانا
لبیرا : (ہم) مذکر، ڈھیٹی، چیتھڑا۔
لبیری : (ہم) مونث، چھوٹی ڈھیٹی
لَبَّیک : (ع) مذکر، مونث، (۱) حاضر ہوں، موجود ہوں، جی (۲) حاجی مقام عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں۔
لَبیں : مونث، لبوں پر آجانے والے مونچھوں کے بال۔
——— لینا : مونچھیں کترنا۔
لُبھانا : (ا) لالچ دینا، ترغیب دینا، اُبھارنا، للچانا (۲) مائل کرنا، فریفتہ کرنا (۳) پھسلانا، بہکانا، ورغلانا (ع) پسند آنا
لبھیڑا : مذکر، لسوڑے کی ایک قسم، سپستاں
لَپ : مونث، (۱) مٹھی بھر (۲) مٹھی
لپاٹن : (ع) مونث، جھوٹی
لپاڑیا : (ہم) مذکر، جھوٹا، گپی۔
لپائی : مونث، (۱) کھچل، پلاستر، لیپنے کا کام (۲) لیپنے کی اُجرت۔
——— پوتائی : پلاستر اور سفیدی کا کام
لپ اسٹک : LIP STICK (انگ) مونث، ہونٹوں پر رنگ لگانے کی پنسل، لاکھا۔
لپٹ : مونث، (۱) شعلہ، لو، آنچ، گرمی (۲) ہوا کی لہر، مہک، خوشبو (۳) لو گرم ہوا۔
لپٹا : مذکر (۱) موٹے آٹے کا حلوا (۲) راب، گڑ کا پتلا شیرا، (۳) ایک قسم کی گھاس۔
لپٹانا : (۱) چمٹانا، گلے لگانا، پیار کرنا (۲) اُلجھانا (۳) ساتھ لگانا
لپٹنا : (۱) چمٹنا، پیچھے لگنا، ملنا، اُلجھنا (۲) بھڑنا، گتھنا، آپس میں مل جانا (۳) چھاتی سے لگنا۔
لپٹی : مونث، آٹے کا حلوا
لَپ جھپ : مونث، (۱) پھرتی، تیزی، جلدی (۲) فریب، مکاری، چالاکی (۳) چوری (۴) فوراً، جھٹ پٹ
لپڑ : مذکر، تھپڑ، طمانچہ، چانٹا۔
لپڑ شپڑ : مونث، (۱) گھبراہٹ کا کام (۲) جلدی جلدی بولنا (۳) گڈمڈ، حیلہ، حوالہ (۴) بے ڈھنگا پن
لپڑ لپڑ : مونث، بے ڈھنگے پن سے کھانے پینے کی آواز، لپ لپ۔
لپسی : (ہم) مونث، آٹے کا حلوا۔
لپک : مونث، (۱) کوندر، روشنی، چمک (۲) لو، شعلہ، لپٹ (۳) تڑپ (۴) ٹیس، زخم کی سوزش
——— جھپک : مونث (۱) چستی، پھرتی، جلد بازی (۲) چالاکی۔
لپکا : مذکر، (۱) بُری عادت، بُرا دستور (۲) لت، عادت، خو، (۳) مزہ، چسکا، چاٹ
لپکانا : (ہم) بھگانا، تیز دوڑانا
لپکنا : (ا) دوڑنا جھپٹنا، تیز چلنا (۲) چھین لینا (۳) آنچ کا تیز ہونا، شعلے کا بھڑکنا (۴) ٹیس اٹھنا (۵) بجلی چمکنا۔
لپ لپ : (ف) مونث، کتے کے کھانے پینے کی آواز
لپنا : سفیدی پھرنا، پوتنا
لپی : (ہ) لکھاوٹ، تحریر، رسم الخط۔
لپیٹ : مونث، (۱) پیچ، بل، شکن (۲) مکر، فریب، حیلہ (۳) گھیرا، چکر (۴) الجھن، جنجال، مصیبت۔

——— لپاٹ کر: باندھ کر، تہ کر کے

——— لینا: (۱) تہ کرنا (۲) اُٹھا لینا (۳) شامل کر لینا۔

لپیٹن: مذکر، (۱) پیچ، لپیٹنے کا کپڑا (۲) چرخی، بیلن جس پر کپڑے بُننے والے کپڑا لپیٹتے ہیں۔

لپیٹنا: (۱) تہ کرنا، سمیٹنا (۲) پھانسنا، شامل کرنا، گھیرنا (۳) الجھانا، مبتلا کرنا، گرفتار کرنا، موہ لینا (۴) پیچیدہ کرنا (۵) الزام میں شامل کرنا، الزام دینا

ل ـــ ت

لت: (ف) مونث، (۱) بُری عادت (۲) خو، خصلت، علت، لپکا (کرنا ہونا کے ساتھ) (۳) صفت، ملا، چلا

——— پت: (۱) بھرا ہوا، آکودہ، لتھڑا ہوا، بھیگا ہوا (۲) ایسا بیمار جو اُٹھ نہ سکے

——— پڑنا: بُری عادت پڑنا

لٹا: (ف) مذکر، (۱) گودڑ (۲) چیتھڑا (۳) کپڑا۔

لٹا پٹا: (۵) کمزور، دُبلا پتلا آدمی

لٹی/لٹیا: عادی

لٹی: مونث (۱) لٹو کی ڈوری (۲) پگڑی، دستار

لٹے لینا: (۱) دھجیاں اُڑانا (۲) کھانا پینا آڑے ہاتھوں لینا، لتاڑنا۔

لتاڑ: مونث، (۱) ڈانٹ، ڈپٹ، ملامت، سرزنش (۲) دوڑ دھوپ (۳) محنت (۴) دباؤ

لترا: مذکر، ادھر کی اُدھر لگانے والا، چغل خور، اوچھا۔

لتھڑا ہونا: آکودہ ہونا۔

لتھڑنا: ملنا، آمیز ہونا، ملوث ہونا، آکودہ ہونا

لتھیڑنا: (۱) ملانا، آلودہ کرنا سلنا (۲) موٹا موٹا لیپ لگانا

لٹ: مونث (۱) جٹا، بالوں کی لٹری (۲) رسّی، ڈوری (۳) دھوئیں کا سلسلہ

لٹا پٹا: لوٹا ہوا۔

لٹانا: (۱) پھیلانا، پسارنا، فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) بچوں کو سُلا دینا، (۳) مُردے کو قبر میں رکھنا (۴) پچھاڑنا، چت کرنا

لٹانا: (۱) اُڑانا، روپیہ برباد کرنا، مال و اسباب ضائع کرنا، غارت کرنا، برباد کرنا (۲) تڑپانا، بے قرار کرنا (۳) بانٹ دینا۔

لٹاؤ: فضول خرچ، اُڑاؤ کھاؤ۔

لٹریچر LITERATURE (انگ) مذکر، ادب، کسی خاص موضوع کی کتابیں۔ مطبوعات چھپی ہوئی چیزیں۔

لٹس: مونث، (۱) لوٹ مار، لوٹ کھسوٹ (۲) لوٹ، غنیمت، چھینا جھپٹی۔

لٹک: مونث، (۱) لٹکاؤ (۲) اچھار (۳) ناز و ادا، آن بان، زیبائش (۴) بانکپن کا انداز (۵) سایہ، بھوت پریت وغیرہ کا اثر (۶) عشق، محبت (۷) بے پروائی۔

لٹکا: مذکر، (۱) موہنی، سحر، جادو، منتر، ٹوٹکا، گنڈا، تعویذ (۲) کرشمہ کرتب، عیاری، چالاکی (۳) چٹکلا (۴) طور طریقہ، تدبیر، (۵) شغل، دل بہلاؤ مکر و فریب، چلتا ہوا نسخہ

——— نا: (۱) آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا (۳) اُلجھانا (۴) اُمید میں رکھنا انتظار میں رکھنا، معلق کرنا۔

لٹکن: مذکر (۱) ناک کا ایک زیور (۲) گھڑی کا پنڈولم

لٹکنا: (۱) آویزاں ہونا، معلق ہونا (۲) رُکنا، اٹکنا (۳) منتظر رہنا، اُمیدوار رہنا۔

لٹنا: دُبلا ہونا، کمزور ہونا

لٹنا/لُٹ جانا: (۱) تباہ ہونا، برباد ہو جانا، لوٹا جانا، خراب ہونا، (۲) نقصان اُٹھانا (۳) گھر اُجڑنا، ویران ہونا (۴) عصمت دری ہونا۔

لٹو: مذکر (۱) ایک قسم کا گول کھلونا (۲) سیدھ معلوم کرنے کا گولا، (۳) (کنایتاً) فریفتہ، عاشق

——— ہونا: عاشق ہونا فریفتہ ہونا۔

لٹوانا: تجارت کرانا، تباہ کرانا (۲) نقصان کرانا، صرف کرانا۔

لٹورا: (ع) مذکر، ایک قسم کا شکاری پرندہ

لٹوری: مونث، اُلجھے ہوئے بالوں کی چھوٹی لٹ۔

لٹھ: مذکر، موٹی لکڑی، سونٹا، لاٹھی۔

——— باز: مذکر، لاٹھیوں سے لڑنے والا، لاٹھی باندھنے والا۔

لٹیا: مونث، بغیر ٹونٹی کا لوٹا، چھوٹا لوٹا۔

لٹیا ڈبونا: (کنایتاً) توہین کرانا، آبرو کھونا، نقصان اُٹھانا

——— ڈوب جانا: (۱) نقصان ہو جانا (۲) ذلیل ہو جانا۔

لُٹیرا: مذکر، لوٹ مار کرنے والا، راہزن، قزاق، ڈاکو، چور۔
لٹھ بازی: مونث، لاٹھیوں کی لڑائی۔
——— بند: (۱) لاٹھی باندھنے والا (۲) (کنایتاً) اُجڈ
——— مار دینا: (کنایتاً) نہایت دُرست جواب دینا، گنواروں کی طرح بات چیت کرنا۔
لٹھا: مذکر (۱) شہیر سلیپر (۲) ایک قسم کا سفید کپڑا جو موٹا ہوتا ہے، لنکلٹ
لٹھیا: مونث، لاٹھی کی تصغیر، چھوٹی لکڑی، چھڑی۔
لٹھیت: (۱) لٹھ باز (۲) (کنایتاً) ضدی، ہٹی (۳) لاٹھی سے لڑنے میں مشاق

ل ـــ تا ـــ ز

لَجّا: (ہ) مونث، (۱) لاج کی تصغیر، شرم، حیا، غیرت۔
لجاجت: (ع) مونث، عاجزی، منت، سماجت، خوشامد۔
لَجالو: مذکر (۱) چھوئی موئی کا پودا، لاجونتی (۲) (کنایتاً) شرمیلا، باحیا۔
لجام: (ع) مونث، لگام کا مُعرّب، باگ، عنان۔
لجانا: شرمانا، شرمندہ ہونا، ندامت۔
لجلجا: صفت، مذکر، پلپلا، لچکدار، ملائم، لس دار، نرم
لُجّہ: (ع) مذکر، منجدھار، پانی کی گہری جگہ
لُچّا: مذکر، (۱) اوباش، بدمعاش (۲) شریر فسادی، جھگڑالو اچکا، ٹھگ
——— پن، مذکر، اوباشی، بدمعاشی، شرارت، اچکاپن
لچانا: (۱) جھکانا (۲) رام، عاجز کرنا، مغلوب کرنا۔
لچر: صفت، (۱) لغو، مہمل، بے ہودہ (۲) بے تکی بات
لچک: مونث، (۱) جھکاؤ (۲) نرمی، ملائمت، جھک جانا (۳) جھٹکا ضرب، ہچکولہ
لچکدار: وہ چیز جس میں لچک ہو۔
لچکا: مذکر (۱) جھٹکا، ہچکولا، موج، چمک (۲) نزاکت سے محبوب کے کمر کی جنبش (۳) ایک قسم کا گوٹا: تار نقرہ و طلا کا چوڑا فیتہ
لچکانا: کسی نرم چیز کو ہلانا، جھکانا
لچکنا: (۱) جھکنا، مڑنا، بل کھانا، نرم شے کا جھکنا (۲) نزاکت سے بل کھانا
لچلچا: مذکر، لعاب دار سالن، پکی ہوئی ترکاری یا سالن جس میں نہ تو بہت زیادہ شوربا ہو اور نہ بالکل خشک۔
لچنا / لچ جانا: (۱) جھکنا، ٹیڑھا ہونا (۲) مغلوب ہونا۔
لچھا: مذکر: (۱) سوت کی انٹی (۲) پاؤں کے ایک زیور کا نام (۳) پھندنا (۴) بھی ہوئی ڈور (۵) (کنایتاً) پیچ در پیچ اور مسلسل تقریر یا نثر
——— باندھنا: (کنایتاً) مسلسل بولنا
لچھے دار باتیں: مونث، مسلسل اور مزے دار باتیں، پیچ در پیچ باتیں۔
لچھمن: مذکر، سری رام چندر جی کے چھوٹے بھائی کا نام جنھوں نے وفاداری اور رفاقت کا ایک اعلیٰ نمونہ پیش کیا۔
لچھمی / لکشمی: (ہ) مونث، دولت کی دیوی۔
لچھن: مذکر، (۱) علامت، نشان، آثار (۲) ظہور، ڈھنگ، خصلت (۳) کرتوت، فعل، کردار (۴) حال، کیفیت، حالت (۵) چال چلن وضع، چال ڈھال۔
لحاظ: مذکر (۱) خیال، دھیان، توجہ (۲) شرم، حیا (۳) پاسداری، رعایت، مروّت، ملاحظہ (۴) (کنایتاً) پرہیز (۵) غیرت، حمیت۔
——— کرنا: (۱) پاس کرنا، ادب کرنا (۲) شرم کرنا، خیال کرنا، پاسداری کرنا، رعایت کرنا۔
لحاف: مذکر (ع) (۱) ایک قسم کی بڑی رضائی جس میں کافی روئی ہو، (۲) کیمیاوی اصطلاح) وہ ڈوا جو کسی دھات کے اوپر رکھی جائے۔
لَحَد / لَحد: مونث، قبر، مزار، تربت، گور
لَحظہ: (ع) مذکر، پل، لمحہ، دم بھر۔
——— بہ لَحظہ: دم بدم، ہر دم، ہر گھڑی
——— بھر: پل بھر، دم بھر، تھوڑی دیر۔
لَحم: (ع) مذکر، گوشت
لحن: (ع) مذکر، (۱) آواز (۲) سریلی آواز، سُر، لے، خوش آوازی، خوش خوانی
——— داؤدی: (ف) مذکر (۱) حضرت داؤد کی آواز (۲) (کنایتاً) اعلا درجے کی سریلی آواز
لحیم شحیم: (ع) موٹا تازہ، فربہ اندام، توانا۔
لخت: (ف) مذکر، ٹکڑا، پارہ، حصہ
——— جگر: (اضافت کے ساتھ) (ف) (۱) جگر کا ٹکڑا (۲) (کنایتاً) عزیز پیاری اولاد۔
——— جگر کھانا: (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بے انتہا تکلیف برداشت کرنا۔

ـــــ دِل: (اضافت کے ساتھ) (ف) دل کا ٹکڑا۔

لَخلَخ: (ف)، (۱) لاغر، پتلا (۲) مونث، بھوک پیاس کی شدت میں خشک گلے سے نکلنے والی آواز۔

ـــــ کرنا: پرندوں کا گرمی و پیاس کی شدت سے گلے سے آواز نکالنا۔

لَخلَخہ: (ع) مذکر، چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں، خوشبودار چیزیں رکھنے کا برتن

لدا پھندا: سامان ساتھ لیے ہوئے۔

لَدالَد: مونث، اونچائی سے کسی چیز کے مسلسل گرنے کی آواز۔

لَدانا: بار کرانا، لدوانا، بوجھ دھروانا۔

لد جانا: (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا (۳) چلا جانا، گزر جانا، (۴) (مم) انتقال کر جانا۔

لَدنا: بار ہونا، بوجھ رکھا جانا، پر ہونا۔

لَدُنّی: (ع) (۱) وہ چیز جو بغیر کوشش کے حاصل ہو، وہ علم جو سیکھے بغیر حاصل ہو، (۲) خداداد قابلیت و صلاحیت

لَدھڑ: (۱) موٹا اور بدوضع کاغذ یا کپڑا وغیرہ (۲) بھاری، موٹا، بھدا، بدنما (۳) کند ذہن

لَڈّو: مذکر (۱) ایک قسم کی گول گول مٹھائی (۲) (کنایتاً) فائدہ، نفع، نعمت

لَذائذ: (ع) مذکر، لذت دار چیزیں (جمع لذت کی)

لَذّت: مونث (۱) مزا، ذائقہ، سواد (۲) لطف، حظ

لَذیذ: (ع) (۱) خوش ذائقہ، مزیدار (۲) (اردو) خوشگوار، پُرلطف

لَر: ایک قسم کا زمین ناپنے کا گز جو ڈیڑھ فیٹ ہوتا ہے۔

لَر: (ف) احمق، گنوار

ـــــ پنا: مذکر، حماقت، گنوارپن۔

لَرز اُٹھنا: خوف سے کانپ جانا۔

لرزاں: (ف) کانپتا ہوا، کانپنے والا۔

لَرزانا: ہلا دینا، کپکپا دینا۔

لَرزِش: (ف) مونث، رعشہ، کپکپی، تھرتھراہٹ

لَرزنا: (۱) کانپنا، تھرتھرانا، ڈرنا (۲) ہلنا، جنبش کرنا

لَرزہ: (ف) مذکر، (۱) خوف یا بیماری کے باعث کپکپی، تھرتھراہٹ لرزش، لغزش (۲) زلزلہ، بھونچال

ـــــ آنا: (۱) کانپنا (۲) بھونچال آنا (۳) (کنایتاً) خوف چھانا

لَڑ: مونث (۱) لڑی، ہار (۲) رسی یا ڈور کا بل (۳) قطار، صف (۴) (کنایتاً) وسیلہ، تعلق، سلسلہ (۵) لڑنا کا امر

ـــــ بیٹھنا/ـــــ پڑنا: خواہ مخواہ لڑنے لگنا، لڑنا

ـــــ جانا: ٹکرا جانا، مقابل ہو جانا۔

ـــــ مرنا: (۱) لڑ کر مر جانا (۲) (کنایتاً) جھگڑا، تکرار کرنا

ـــــ ملانا: (کنایتاً) سلسلہ پیدا کرنا، تعلق پیدا کرنا، میل جول پیدا کرنا

لَڑا: مذکر، (۱) لڑی، سلک (جیسے دُر لڑا، ہیرے لڑا)

لڑاکا/لڑاکو: جنگجو، جھگڑالو، شریر، فساد کرنے والا، مُفسِد

لڑانا: (۱) جنگ کرانا، کشتی کرانا، بھڑانا (۲) (کنایتاً) مقابلہ کرانا (۳) فساد کرانا (۴) ٹکرانا

لڑاؤ: (۱) لڑنے کے قابل (۲) لڑنے والا

لڑائی: مونث، (۱) جھگڑا، فساد، مار پیٹ (۲) (کنایتاً) مقابلہ، عداوت، بیر، اَن بن، بگاڑ (۳) جنگ۔

ـــــ بھڑائی: مونث، دنگا، فساد، مار پیٹ

ـــــ کا گھر: (۱) فساد کی جڑ، فتنہ پرداز، فسادی (۲) جھگڑا ڈالنے والا، فساد کرانے والا، لڑائی کرانے والا۔

لڑبڑانا: (۱) زبان میں ہلکی سی لکنت ہونا (۲) ہکلانا، ڈگمگانا، لڑکھڑانا۔

لڑکا: مذکر، (۱) چھوکرا، کودک (۲) بیٹا، بچہ (۳) (کنایتاً) ناتجربہ کار نادان۔

ـــــ بالا: (ع) مذکر، بال بچہ، اولاد

ـــــ گود لینا: کسی کے لڑکے کو اپنا بیٹا بنانا، متبنّٰی کرنا

لڑکائی: (دہلی) مونث، لڑکپن

لڑکپن/لڑکپنا: مذکر، (۱) بچپن، طفولیت (۲) کسی کا زمانہ

ـــــ کی باتیں: ناسمجھی کی باتیں۔

لڑکوری: (ع) مونث، (۱) بچے والی عورت (۲) زچہ

لڑکی: مونث، (۱) چھوکری (۲) بیٹی، دختر (۳) کنواری دوشیزہ (۴) ناسمجھ، ناتجربہ کار۔

لڑکنا: لڑھکنا۔

لڑکھڑانا: (۱) ڈگمگانا، پاؤں کانپنا، قدم اکھڑ جانا (۲) بہکنا، بے راہ ہونا۔ نشہ سے بہکنا (۳) نیت بگڑنا، ایمان میں فرق آنا۔

لڑنا: (۱) جھگڑنا، تکرار کرنا، لڑائی کرنا (۲) بھڑنا، ٹکرانا (۳) مقابلہ کرنا، (۴) زور آزمائی کرنا، کشتی کرنا۔

ـــــ بھڑنا/جھگڑنا: آپس میں جھگڑا فساد کرنا، بحث و تکرار کرنا۔

لڑنت: مونث، پہلوانی، کشتی، زور آزمائی
لڑی: مونث، (۱) ہار، موتیوں کا مالا (۲) لڑ، سلسلہ، تسلسل
لڑکھ کانا: لڑھکنا کا متعدی، ڈھلکانا، نڈھال ہونا
لڑھکنا: (۱) پھسلنا، لڑھکنی کھانا (۲) لیٹنا (۳) (عم) (کنایتاً) مرنا، انتقال کرنا۔
لڑھکنی: مونث، لڑھکنا، لوٹ، قلابازی
——— کھانا: قلابازی کھانا، لڑھکنا، لوٹنا
لڑھیا/لڑھیا: مونث، (عم) ایک قسم کی بیل گاڑی
لَذّتِ سَرِیانیہ (لَذّتِ سَیر۔ یَا۔ نی۔ یَا): (ع) مونث، (تصوف کی اصطلاح) الوہی کیفیت، ایک خاص مقام فقر پر پہنچنے کے بعد پورا وجود جس سے سرشار محسوس ہوتا ہے۔
لذتیت: (ع) مونث، جنسی جذبات کے تصور یا فعل سے لطف اندوزی۔
لزوم: (ع) مذکر، لازم ہونا، واجب، ضرور، لازم۔

ل ـــ س

لس: مذکر، لعاب، چپچپ
لسدار: لعاب دار، چپچپ دار
لسان: (ع) (۱) بہت بولنے والا، باتونی، لفاظ (۲) خوش گفتار (۳) چرب زبان چکنی چپڑی باتیں بنانے والا، زبان دراز
لِسانُ: (ع) مونث، (۱) زبان (۲) بولی
——— الغیب: (ع) (۱) مونث، غیب کی زبان (۲) مذکر، حافظ شیراز کا لقب۔
لسانی: مونث، گویائی
لسانیت: مونث (انگ)، عورتوں کی ہم جنسی، چپٹی
لسٹ: LIST (انگ) مونث، فہرست، فرد
لسکا: (لکھنؤ، عو) مذکر، تھوڑا تعلق، واسطہ، سروکار
لسلسا: مذکر: (۱) لعاب دار، چپچپا (۲) سپتاں، لہسوڑا
لسلسانا: چپ چپانا
لسن: مذکر، (عم) (۱) لہسن (۲) جسم کا پیدائشی سرخ یا سیاہ داغ جسے خوش قسمتی اور دولت مندی کی علامت سمجھتے ہیں۔
لِسنا/لِس جانا: (۱) آلودہ ہونا، لتھڑنا (۲) چسنا، پلستر کیا جانا (۳) چپچپاں ہونا، موزوں ہونا۔
لسوڑا/لہسوڑا۔ مذکر: ایک نہایت نس دار پھل اور اس کا درخت، سپتان۔
لسی: مونث، پانی ملا ہوا دودھ، دہی اور پانی کا مرکب، چھاچھ

ل ـــ ش

لشتم پشتم: بُری بھلی طرح، مشکل سے، دقت سے، جوں توں کر کے بہرحال
لشکر: (ف) مذکر (۱) فوج، سپاہ (۲) بھیڑ بھاڑ، ہجوم (۳) چھاؤنی کیمپ، کیمپ کے لوگ
——— آرا: (ف) لشکر تیار کرنے والا۔
——— جرار: (اضافت کے ساتھ) مذکر، بہت بڑی فوج، بہادروں کی فوج
——— شکن: (ف) بہادر، دلیر۔
——— کشی: (ف) مونث، حملہ، دھاوا، چڑھائی۔
——— گاہ: (ف) مونث، چھاؤنی، کیمپ، فوج کا پڑاؤ۔
لشکری: (ف) مذکر، فوجی، سپاہی۔

ل ـ ط ـ ع ـ غ

لطافت: (ع) مونث (۱) عمدگی، خوبی (۲) نرمی (۳) پاکیزگی، صفائی (۴) نزاکت، خوبصورتی (۵) مزہ، ذائقہ، لذت (۶) باریکی نکتہ (۷) فصاحت
لطائف: (ع) مذکر (جمع لطیفہ کی) چٹکلے، ظرافت کی باتیں، باریکیاں۔
——— الحیل: (ع) مذکر، حیلے، بہانے، وہ بہانے جو دوسروں کو ناگوار نہ گزرتے ہوں۔
——— غیبی: (اضافت کے ساتھ) مذکر، وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو محض خدا کی طرف سے ہوں۔
لُطف: (ع) مذکر، عنایت، مہربانی، خوبی، عمدگی، بہار، مزہ، لذت
لُطمہ: (ع) مذکر، تھپڑ، دھپا کا تھپیڑا۔
لطیف: (ع) (۱) نازک، نرم (۲) ملائم، ہلکا، سبک (۳) صاف، شفاف (۴) پاکیزہ، ستھرا (۵) لذیذ، مزہ دار، عمدہ، نادر

لَطیفہ:(ع) مذکر،(۱) چٹکلا، دلچسپ بات (۲) انوکھا، عجیب، عجوبہ، (۳) شگوفہ، تعجب انگیز بات۔

لُعاب:(ع) مذکر،(۱) تھوک (۲) اَس، چپچپ۔

——دار: اس دار، لَسلَسا

لِعان:(ع) مذکر،(۱) میاں بیوی کا ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا (۲) (فقہ کی اصطلاح) شوہر کا بیوی پر تہمت رکھنا اور بیوی کا انکار کرنا۔

لَعب/لَعِب:(ع) مذکر، کھیل کود، سیر، تماشا

لعل:(ع) مذکر،(۱) ایک قیمتی پتھر (۲) لال، سُرخ

——سفید:(ف) مذکر، ایک نایاب اور بیش قیمت سفید رنگ کا لعل۔

——شب چراغ: (۱) شب چراغ، رات کو چراغ کے مانند چمکنے والا لعل (۲) (کنایتاً) لبِ معشوق۔

——لگے ہونا (طنزاً) ممتاز ہونا، انوکھا ہونا۔

لَعن:(ع) مونث، (۱) پھٹکار، لعنت، لعنت (۲) سرزنش، جھڑکی۔

لَعن طَعن: مونث، لعنت ملامت، نفریں، جھڑکی، سرزنش

لعنت:(ع) مونث، پھٹکار، نفریں

——بھیجنا: (۱) بُرا بھلا کہنا، نفریں کرنا (۲) چھوڑنا، کنارہ کرنا۔

——کا طوق: (کنایتاً) رُسوائی، ذلّت۔

——کا مارا: مذکر، لعنتی، ملعون، مردود، لعین، بدنصیب، بدبخت

لعنت ملامت: سرزنش، بُرا بھلا کہنا، سخت سست کہنا، شرمندہ کرنا۔

لعنتی: ملعون، مردود، لعین، بدنصیب، بدبخت۔

لعوق:(ع) مذکر، چاٹنے کی لسدار دوا

لعین:(ع) مردود، بدبخت، پھٹکارا ہوا۔

لُغات:(ع) مذکر، مونث (۱) الفاظ، زبانیں (۲) الفاظ اور ان کے معنی کی کتاب (۳) فرہنگ، ڈکشنری، جمع لغت کی۔

لَغایت: آخرتک، انجام تک

لُغت:(ع) مذکر، مونث، (۱) بولی، زبان (۲) لفظ (۳) ڈکشنری، فرہنگ

——تراشنا/گڑھنا: نئے الفاظ بنانا۔

——جھاڑنا/چھانٹنا: (۱) علیت، جتانا (۲) غیر مشہور اور مشکل الفاظ بولنا

لغت داں:(ف) لغت جاننے والا

——نویس:(ف) لغت لکھنے والا

لُغز:(ع) مونث، پہیلی، معمّہ، چیستاں

لغزش:(ف) مونث، (۱) پھسلن (۲) لرزش، جنبش، کپکپی (۳) خطا، سہو، غلطی، بھول چوک

لغو:(ع) بے ہودہ، واہیات، نامعقول، مہمل، بے معنی، بے کار، بے فائدہ، لایعنی

لغویات:(ع) مذکر، بے ہودگی، بے ہودہ باتیں

لغویت: مونث، بیہودگی

لغوی:(ع) لُغت سے منسوب، اصلی، اصلی معنی

ل ف

لفّاظ:(ع) خوش بیان، شیریں بیان، (۲) چرب زبان، مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا

لفّاظی:(ع) مونث، (۱) فصاحت، خوش بیانی (۲) لسّانی، چرب زبانی، بکواس (۳) شیخی، ڈینگ

لفافہ:(ع) مذکر،(۱) کاغذ کا خول جس میں خط بند کیے جاتے ہیں (۲) کفن کی چادر (۳) (کنایتاً) بناوٹ، دکھاوا، ظاہری لشان، دھوکا (۴) بھید راز (۵) (کنایتاً) جلد موٹے والی چیز۔

——بدلنا: (کنایتاً) وضع بدلنا

——بنانا: (کنایتاً) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا، دھوکا دینا۔

لفافہ کھل جانا: (کنایتاً) راز فاش ہوجانا۔

لِفٹ:(LIFT) (انگ) مذکر، مشین جس کے ذریعہ سے لوگ ایک منزل سے دوسری منزل پر جاتے ہیں۔ اوپر نیچے لے جانے والی مشین۔

لفٹ دینا: (۱) کسی مسافر کو اپنی کار میں بٹھا کر اس کی منزل مقصود تک پہنچا دینا (۲) (مجازاً) کسی کو وقتی طور پر عزت دینا، منھ لگانا۔

لفٹیننٹ:(لفٹی نینٹ) LIEUTENANT (انگ) مذکر،(۱) ایک فوجی عہدہ (۲) نائب جانشین، قائم مقام۔

لفظ:(ع، اردو) مذکر، لکھنؤ، مذکر، مونث) (۱) وہ بات جو آدمی کے منھ سے نکلے (۲) کلمہ، بول، بات (۳) شہد

لفظاً:(ع) لفظ کے اعتبار سے

لفظ بہ لفظ: حرف بہ حرف، ہو بہو، صاف صاف، تفصیل وار

لفظ پرستی: مونث، (ادب) لفظوں کو بے جا اہمیت دینے کا رجحان

لفظی:(ع) (۱) اصلی، حقیقی، لغوی (۲) الفاظ کی۔

ـــــ ترجمہ: مذکر، لفظ بہ لفظ ترجمہ

ـــــ معنی، لغوی معنی، اصلی معنی

لفظیات: مونث، (لسانی اصطلاح) الفاظ کا فن، الفاظ کا ذخیرہ

لفنگا: مذکر، (۱) شیخی باز (۲) لچا، شہدا، گنڈا، بدمعاش، بدچلن۔

لف ونشر: (ع) مذکر، (۱) بکھری ہوئی چیزوں کا سمیٹنا (۲) (علم بیان کی اصطلاح) وہ صفت جس میں پہلے چند چیزوں کا ذکر کریں اور پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں اور ہر ایک کی نسبت دوسرے سے ہو۔

ل ـــ ق

لق ودق: چٹیل میدان، بنجر، ویرانہ، سنسان، بیابان، جہاں آدمی ہو نہ درخت۔

لقا: مذکر، ایک قسم کا کبوتر جس کی گردن دم سے لگی ہوتی ہے۔

لِقا: (ع) مونث، (۱) دیدار، ملاقات (۲) چہرہ، صورت، شکل

لقب: (ع) مذکر، وصفی نام، وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب بڑھ گیا ہو۔

لَقلَق: سارس، لک لک

لقلقہ: (ع) مذکر، (۱) سارس کی آواز (۲) اکرخت آواز۔

لُقمان: (ع) مذکر، (۱) ایک مشہور حکیم جن کا ذکر قرآن میں بھی آیا ہے۔ (۲) (مجازاً) بہت بڑا دانا

ـــــ کو حکمت سکھانا: (۱) عقل مند کو تدبیر بتانا یا نصیحت کرنا (۲) لغو کام کرنا۔

ـــــ کے پاس دوا نہ ہونا: (کنایتاً) مرض کا لاعلاج ہونا

لُقمہ: (ع) مذکر، نوالہ، کور، کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالیں۔

لُقمۂ اجل ہونا: مرجانا، مارا جانا، قتل کیا جانا۔

لُقمہ دینا: (۱) نوالہ دینا (۲) بیچ میں بولنا، بات کاٹنا، دوسرے کی بات میں بولنا۔

لَقوہ: (ع) مذکر، ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور چہرہ پھر جاتا ہے۔

ل ـــ ک

لک: مذکر، (۱) چنگاری، شعلہ (۲) روغن، وارنش، جلا۔

لُکانا: (دم) چھپانا، پوشیدہ کرنا۔

لکٹی لکھٹی: مونث، (۱) راکھ کریدنے کی لکڑی، (۲) ادھ جلی لکڑی (۳) (کنایتاً) لڑائی کرا دینے والی عورت، چغلخور

لِکچر: LECTURE (انگ) مذکر، تقریر، درس، وعظ، سبق، خطبہ

لِکچرار: LECTURER (انگ) لکچر دینے والا، زبانی تقریر کرنے والا، اُستاد، مقرر

لَکڈ: (ف) مونث، لات، ٹھوکر، دولتی

لکڑ/لکڑا: مذکر، شہتیر، لکڑی، بڑی لکڑی، کٹھا

لکڑ بگھا/بگھگا: بھیڑیے کی قسم کا ایک جنگلی جانور

لکڑہارا: (۱) لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا، (۲) لکڑیاں بیچنے والا

لکڑی: مونث، (۱) کاٹھ، چوب، ہیزم (۲) چھڑی، لاٹھی، سوٹا (۳) (کنایتاً) سخت کڑا (۴) (مجازاً) سہارا، مدد، آسرا

لکنا: (ع) چھپنا، مخفی ہونا، پوشیدہ ہونا۔

لکنت: مونث، ہکلاپن، رُک رُک کر بولنے کی عادت

لکّہ: (ف) مذکر، ٹکڑا، پارچہ

لکیر: مونث، (۱) خط، لائن، نشان (۲) سلسلہ، قطار (۳) سطر (۴) مجازاً پرانا دستور

ـــــ پیٹنا: (۱) پرانی رسم پر چلنا (۲) افسوس کرنا۔

ـــــ کا فقیر: (۱) پرانی رسم کا پابند (۲) کسی نقطے پر فریفتہ

لکھ: مذکر، لاکھ کا مخفف، سو ہزار کی تعداد (۱۰۰۰۰۰)

ـــــ پتی: لاکھوں کی حیثیت والا، دولتمند

ـــــ لٹ: (۱) سخی، فیاض، لاکھوں لٹانے والا (۲) بہت بڑھ خرچ (کھاؤ اڑاؤ)

لکھی: (۱) لاکھ روپے کا خریدا ہوا (۲) لکھ پتی

لکھا: (۱) لکھنا کا ماضی (۲) لکھا ہوا (۳) مذکر، حکم قضا و قدر۔

ـــــ پڑھی: (ع) مونث، تحریری کارروائی، دستاویز۔

لکھانا: (۱) لکھنا، تحریر کرانا (۲) تحریری، اقرار نامہ لینا

لکھائی: مونث، (۱) تحریر لکھنے کا کام (۲) لکھنے کی اُجرت

لِکھت: (ع) مونث، لکھا ہوا، نوشتہ، تحریر۔

لِکھ رکھو: یاد رکھو، یقین۔

لکھنا: (۱) تحریر کرنا (۲) لکھائی کرنا، کتابت کرنا (۳) پرچیوں میں درج کرنا۔

لکھوٹ: مذکر، لوکاٹ، ایک پھل کا نام

لکھوٹا: مذکر، لاکھا، ایک قسم کی سرخی جو پہلے کی عورتیں ہونٹوں پر جماتی تھیں

(۲) (لکھنؤ) لاکھ کی ٹہر

لکھوری: مونث، (لکھنؤ) ایک قسم کی پختہ چھوٹی اینٹ

لکھے / لکھیں موسیٰ پڑھے / پڑھیں خدا: (مثل) ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل: (مثل) جاہل شخص جو علمیت کا دعویٰ کرے

ل ـ گ

لگ: (۱) قریب، پاس (۲) لگنا کا امر (ترکیبات میں مستعمل ہے۔)

ـــــ **بھگ:** (۱) قریب قریب، تقریباً (۲) ملتا جلتا، مشابہ

ـــــ **جانا:** (۱) چھو جانا (۲) الزام آجانا (۳) اثر کر جانا (۴) بھر جانا (۵) جل جانا (۶) کمزور ہو جانا (۷) شروع ہو جانا (۸) پہل جانا، حائل ہو جانا

ـــــ **کے:** (دعا) پے در پے، برابر، بغیر ناغہ کیے

ـــــ **نہ لگنے دینا:** (دہلی) پاس نہ پھٹکنے دینا، لگ تھلگ رکھنا

لگا: مذکر (۱) ملا ہوا، ساتھ، ہمراہ (۲) پیوستہ، چسپاں (۳) گلاسڑا۔

ـــــ **آنا:** (کنایتاً) چغل خوری کرنا

ـــــ **بندھا:** (۱) فرمانبردار (۲) مقرر کیا ہوا، ٹھہرایا ہوا (۳) قدیمی آشنا، یار (۴) وابستہ (۵) پابند

ـــــ **تار:** پے در پے، برابر، متواتر

ـــــ **تو تیر نہیں تو تکا:** (مثل) ہو تو اچھا نہ ہو تو اچھا، آدمی کو ہمت سے کام لینا چاہیے، خواہ کام ہو یا نہ ہو

ـــــ **لانا:** ساتھ لے آنا۔

ـــــ **لینا:** (۱) ساتھ کر لینا (۲) یار بنا لینا (۳) اپنی طرف متوجہ کر لینا (۴) اپنے مطلب کا بنا لینا (۵) شروع کر لینا (۶) مجرا کر لینا، محبوب کر لینا (۷) حساب کا سوال حل کر لینا۔

لگا: مذکر (۱) لمبا بانس (۲) درختوں سے پھل توڑنے اور پتنگ لوٹنے کی لمبی لکڑی (۳) لاگ، پیار، آشنائی، میل، مناسبت، تعلق، واسطہ، ربط (۴) برابری، ہمسری (۵) ڈھنگ (۶) شروع، آغاز

ـــــ **کھانا:** ہم پلہ ہونا، برابر کا ہونا، نسبت رکھنا، سیل کھانا

لگام: (ف) مونث، باگ، عنان

لگان: مذکر (۱) زمین کا ٹیکس، سرکاری محصول، باج، کر (۲) معاملہ (۳) گھاٹ پر کشتی باندھنے کی جگہ۔

لگانا: (۱) جوڑنا، ملانا، پیوست کرنا (۲) ٹانکنا، سینا (۳) شامل کرنا (۴) بونا، درخت نصب کرنا (۵) مارنا، ضرب لگانا (۶) اکسانا، ابھارنا، چغلی کھانا، (۷) سجانا، ترتیب سے رکھنا (۸) مصروف رکھنا، (۹) لگائی بجھائی کرنا (۱۰) مقرر کرنا (۱۱) چھونا (۱۲) بنانا (۱۳) دودھ دوہنا

ـــــ **بجھانا:** لڑائی جھگڑا کرانا، غیبت و بدگوئی کرنا۔

لگاؤ: مذکر (۱) لاگ، تعلق، علاقہ، نسبت، دوستی، محبت (۲) پہنچ، دخل، باریابی (۳) میل ملاپ، رسم و راہ، محبت، پیار (۴) رشتہ ناتہ، یگانگت (۵) مناسبت، جوڑ، ہمسری، موقع (۶) سازش۔

لگاوٹ: مونث (۱) لگاؤ، تعلق، علاقہ (۲) میلان، رجحان (۳) میل ملاپ، سازش (۴) دوستی، یارانہ، آشنائی (۵) ناز و غمزہ (۶) چرب زبانی،

لگائی: (عم) مونث (۱) عورت (۲) بیوی (۳) داشتہ۔

ـــــ **بجھائی:** مونث (۱) ادھر کی بات اُدھر کرنا، فتنہ انگیزی (۲) بدگوئی۔

لگتا ہوا: مذکر (۱) قرین قیاس، ملتا جلتا (۲) ناگوار

لگتی: مونث (۱) چبھتی، کھبتی، کاٹ کرنے والی (۲) ہم شکل، ملتی جلتی۔ (۳) اثر کرنے والی بوٹی

لگن: (ف) مونث (۱) پرات، تشت، چلمچی (۲) شمع جلائی جانے والی تھالی (۳) (۴) تعلق، نسبت، دھن خیال (۳) شوق، خواہش، (۵) محبت، عشق، پیار (۶) گھڑی، ساعت، مہورت (۷) (۵) شادی، شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر (۸) آفتاب کے برج حمل میں داخل ہونے کی گھڑی۔

ـــــ **دھرنا:** (۵) شادی کا دن مقرر کرنا

ـــــ **کنڈلی:** (۵) مونث، جنم پترا، زائچہ۔

لگنا: (۱) چسپاں ہونا (۲) سلنا، ٹنکنا (۳) شامل ہونا، منتخب ہونا (۴) جمنا، قائم ہونا (۵) اگنا، پیدا ہونا (۶) کھڑا ہونا (۷) چوٹ آنا، زخم آنا (۸) ٹکر کھانا، ٹکرانا (۹) معلوم ہونا، محسوس ہونا (۱۰) موثر ہونا، کارگر ہونا (۱۱) جلنا، سلگنا (۱۲) سر ہونا، پیچھے پڑنا (۱۳) مشغول ہونا، مصروف ہونا (۱۴) زد پڑنا، سر پڑنا (۱۵) گھسنا، چبھنا (۱۶) تیز ہونا (۱۷) کنارے پر پہنچنا (۱۸) خرچ ہونا، صرف ہونا (۱۹) جڑا جانا (۲۰) چھو جانا (۲۱) بند ہونا (۲۲) جل جانا (۲۳) لاگو ہونا (۲۴) لنگر ڈالنا۔

لگو: (بندھو) (عم) یار دوست، یار آشنا

لگوا: مذکر (اسم) (۱) یار، آشنا (۲) مطلبی، خود غرض۔
لگی: مونث، (۱) خواہش، آرزو (۲) لگن
——— بجھانا: (۱) خواہش پوری کرنا (۲) غصہ فرو کرنا (۳) بھوک مٹانا، کھانا دینا (۴) طلب مٹانا۔
——— بُری ہوتی ہے: عشق بُری بلا ہے۔
——— تو روزی نہیں تو روزہ: مثل، مفلسی اور بے روزگاری کا کنایہ
——— لپٹی: مونث، (کنایتاً) (۱) طرفداری، رعایت، خوشامدانہ بات (۲) بجھی ہوئی (۳) گول بات
——— میں اور لگانا: مصیبت میں کچھ اور اضافہ کرنا
——— نہ رکھنا: (۱) دو ٹوک کہنا (۲) کسر نہ رکھنا (۳) بگاڑ لینا۔
——— ہونا: (۱) دشمن ہونا، عجب ہونا (۲) ناجائز تعلق ہونا، آشنائی۔
لگی: مونث، (۱) مچھلی پکڑنے کی نوکدار چھڑی، بنسی (۲) بانس کی لمبی چھڑی (۳) ناؤ ٹھہرانے کا لمبا بانس
لگے: (دہلی) (۱) قریب، پاس (۲) ساتھ ہمراہ
——— دَم مٹے غم: چرس پینے والوں کا نعرہ
——— لگے: (۱) پاس پاس، ساتھ ساتھ (۲) جلد جلد (۳) بندروں کو بھگانے کا کلمہ
——— ہاتھ/——— ہاتھوں: ساتھ کے ساتھ، اُسی وقت، اِسی سلسلے میں

ل ـ ل

لَلّا/لَلّہ: مذکر (۱) سری کرشن جی کا لقب (۲) بچہ (۳) پیارا، لاڈلا (۴) کمسن (۵) بے وقوف (۶) بیٹا۔
لَلِت: (ہ) (۱) پسندیدہ، مرغوب (۲) خوبصورت، حسینہ (۳) شوخ، چنچل، چُلبلی (۴) ولولہ، عشق، جذبۂ محبت (۵) ہنڈول راگ کی تیسری راگنی
للچانا: (۱) لالچ کرنا (۲) تمنا کرنا، مائل ہونا، رغبت کرنا (۳) لبھانا، ترسانا۔
للچاہٹ: مونث، لالچ، خواہش، آرزو
للک: مونث، (۱) اُمنگ، شوق، ولولہ (۲) فوری جوش (۳) لالچ (۴) خیال، وُھن، لَو (۵) لہر، موج
للکار: مونث، نعرہ، سخت آواز، ڈپٹ، دھمکی، چیلنج۔
——— نا: (۱) نعرہ مارنا (۲) دھمکانا، کڑک کر بولنا، غصے سے دریافت کرنا (۳) مقابلہ کے لیے کسی کو بلند آواز سے طلب کرنا، چیلنج کرنا۔
للّن: (ہ) مذکر، پیارا لڑکا
للّو: مونث، (۱) زبان، جیبھ (۲) بول چال، زبان، گفتگو (۳) چٹورپنا، چاٹ۔
——— پتّو: مونث، خوشامد، چکنی چپڑی باتیں
لِلّٰلہ: (ع) خدا کے لیے، برائے خُدا۔
——— فی اللہ: خدا کی راہ میں، اللہ کے واسطے۔

ل م

لَم: لمبا کا مخفف
لمبو: مذکر، لمبا
لمبوترا: مذکر، (۱) لمبا، بہت لمبا، بدنمائی کی حد تک لمبا (۲) لمبے چہرے والا
لَم: (ہ) نہ، نہیں
——— یزل: (ع) ہمیشہ
لِم: (ع) مونث، (۱) اصلیت، بات کی تہ (۲) وجہ، سبب، باعث (۳) بہتان، الزام، تہمت
——— دھرنا/رکھنا: تہمت دھرنا، الزام لگانا۔
——— کو پہنچ جانا: بات کی تہ میں اُتر جانا، اصلیت جان لینا۔
——— لگانا: الزام لگانا، قصوروار ٹھہرانا، عیب لگانا۔
لمبا: مذکر، (۱) دراز، طویل (۲) بلند، اونچا (۳) دراز قد (کنایتاً) بیوقوف (۴) (دہلی) بہت، زیادہ
لمبا چوڑا: مذکر، فراخ، کشادہ، کھلا ہوا، وسیع، طویل و عریض۔
لمبان: (اسم) مذکر، مونث، درازی، لمبائی، طول، طوالت۔
لمبائی: مونث، درازی، طوالت، طول۔
——— چوڑائی: مونث (۱) طول و عرض (۲) قد و قامت، جسامت
نمبر: مذکر، (۱) ہندسہ، عدد (۲) درجہ، مرتبہ، منصب (۳) باری، نوبت (۴) علامت (۵) شمار، گنتی، تعداد (نمبر کا بگڑا ہوا)
——— دار: (گانو کا) چودھری، مالگذاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرنے والا زمیندار، نمبردار۔
نمبری: (اسم) صحیح (انگ) نمبر (۱) ترتیب وار (۲) نشان لگا ہوا (۳) کنایتاً مشہور و معروف (جیسے نمبری بدمعاش)
لَمبُو: لمبا دراز قد

لمبی: مونث، لمبا

——— تان کر سونا: پاؤں پھیلا کر اطمینان سے سونا، غفلت اور بے خبری میں رہنا۔

——— تانا: (۱) بے فکری سے سو جانا (۲) دُور کا سفر کرنا (۳) (کنایتاً) مرجانا (۴) غفلت برتنا۔

——— چوڑی ہانکنا: شیخی بگھارنا، ڈینگ مارنا۔

——— سانس لینا / بھرنا: (۱) افسوس کرنا، پچھتانا، آہ سرد بھرنا (۲) نزع کا عالم ہونا۔

لمبے ہو: ہوا کھاؤ، چلدو، چلتے پھرتے نظر آؤ۔

لَمپ: LAMP (انگ) مذکر۔ مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہوتی ہے۔ (صحیح لیمپ)

لَپیٹ: بند آنچ، جس کا شعلہ دھات کو گلا دیتا ہے۔

لَمحہ: (ع) مذکر، ثانیہ، دقیقہ، سیکنڈ، پل، چھن

——— بھر: پل بھر، ذرا سی دیر، ایک نظر

لَمس: (ع) مذکر، (۱) مَس، کسی چیز کو ہاتھ لگانا، چھونا (۲) چھو کر معلوم کرنے کی قوت، قوت لامسہ

لَمسیاتی: (ع) چھوا ہوا، لَمسی

لَمسیّت: مونث، چھو جانے کی کیفیت، لمسی کیفیت

لَمعان: چمکنے والا، روشن

لمعہ: (۱) چمک، روشنی، نور (۲) شعاع، کرن۔

لِمیٹیڈ LIMITED (انگ) تھوڑا، کم، محدود، قلیل، متحد، مشترکہ کمپنی۔

ل ——— ن

لن ترانی: (ع) مونث، خودستائی، تعلّی، انانیت، شیخی، ڈینگ

——— کی لینا: شیخی مارنا، دون کی لینا

لُنجا: مذکر، ہاتھ سے معذور اپاہج۔

لنچ: LUNCH (انگ) مذکر، دوپہر کا کھانا، نگہرانہ

لُنڈ: (۱) سر کٹا ہوا دھڑ، بے ہاتھ پاؤں کا آدمی، بے بال و پر پرندہ (۲) کٹا ہوا (۳) بے پتوں شاخوں کا درخت، سوکھا ٹہنا۔

——— مُنڈ: (۱) جس کا سر، داڑھی، مونچھیں منڈی ہوئی ہوں، صفاچٹ، (۲) بن پتوں شاخوں کا درخت (۳) (کنایتاً) مفلس، بے سروسامان (۴) بے دست و پا انسان، بے بال و پر۔

لُنڈ کریاں کھانا: گُر کر لوٹ پوٹ ہونا، دُھکنی کھانا، قلابازی کھانا۔

لَنڈورا: مذکر (۱) بے دم کا پرندہ (۲) (کنایتاً) بے کس، بے یار و مددگار

لَنڈوری: (دکن و گجرات) فاحشہ، بے سہارا عورت، بیکس، نگوڑی، نانھی۔

لنڈھانا: (۱) برتن سے پانی گرانا، بہانا، انڈیلنا (۲) بے تحاشا شراب پینا پلانا (۳) اُلٹ دینا۔

لُنڈھنا: کسی رقیق چیز سے بھرے ہوئے برتن کا اُلٹ جانا۔

لَنکا: مونث، ہندوستان کے جنوب میں ایک جزیرہ

لِنگ: (ہ) مذکر، تذکیر یا تانیث کی علامت۔ (مجازاً) مرد کا عضو تناسُل

لَنگ: (ف) (۱) لنگڑا، لولا، اپاہج (۲) مذکر، لنگڑا پن، پاؤں کا نقص

لُنگ: (ف) مذکر، لُنگی، لنگوٹ، دھوتی

لُنگاڑا: (ع) مذکر، آوارہ، بدمعاش۔

لنگر: (ف) (۱) لوہے کی زنجیر یا رسّا جس سے کشتی یا جہاز کو ٹھہراتے ہیں (۲) خیرات خانہ، مسدا برت بٹنے کی جگہ (۳) وہ کھانا جو غریبوں اور فقیروں کو دیا جائے (۴) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا (۵) پہلوان کا لنگوٹ (۶) بوجھ، وزن (۷) گھڑی کا پنڈولم، لٹکن

لنگر اُٹھانا: (۱) جہاز روانہ کرنا (۲) (کنایتاً) جہاز روانہ ہونا۔

——— باندھنا: (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا (۲) (کنایتاً) (۱) مباشرت سے پرہیز کرنا۔

——— بٹنا: مسدا برت بٹنا، روزانہ کھانا تقسیم ہونا۔

——— خانہ: (ف) مذکر (۱) خیرات خانہ، غریبوں اور فقیروں کے روز مرہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ (۲) باورچی خانہ

——— دار: (ف) (۱) سنگین، وزنی (۲) ساکت دریا۔

——— ڈالنا: (کنایتاً) (۱) جہاز یا کشتی کا ٹھیرانا، جہاز کا ٹھہر جانا (۲) بوجھ ڈالنا (۳) مجرموں کے پاؤں میں بھاری زنجیر ڈالنا (۴) دُور دُور بخیر کرنا۔

لنگری: (ف) (۱) لنگر کا (۲) مذکر، ایک قسم کا بڑا طشت (۳) مونث پانو رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی (۴) لنگر کا کھانا بانٹنے کی اجتماعی تھالی۔

لنگڑا: مذکر، (۱) ایک ٹانگ سے معذور (۲) (کنایتاً) کمزور، بودا (۳) ایک قسم کا مشہور آم

لنگڑانا: لنگڑا کر چلنا۔

لنگڑی: مذکر: بچوں کا ایک کھیل

لنگوٹ: مذکر، (۱) ستر پوش، تہ بند، لنگوٹی، وہ کم عرض کپڑا جو فقرا یا پہلوان

ستر چھپانے کے لیے باندھتے ہیں (۲) کشتی کا ایک داؤ (۳) پٹے بازی کے ایک ہاتھ کا نام۔

لنگوٹ بند: مذکر، (۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا (۲) (کنایتاً) مجرّد، عورت سے بچا رہنے والا (۳) کمینہ، لنگوٹ دار

لنگوٹیا: مذکر، (۱) زنا سے بچا رہنے والا (۲) مجرّد، پارسا، پرہیزگار

لنگوٹیا کھولنا: (کنایتاً) مجامعت کرنا، زنا کرنا۔

لنگوٹا: مذکر، لنگوٹ

لنگوٹی: مونث، چھوٹا لنگوٹ

لنگوٹیا باندھنا: (کنایتاً) مفلس ہو جانا

لنگوٹیا میں بھاگ کھیلنا: (کنایتاً) تنگدستی میں مزے اڑانا، بے فکری کی زندگی بسر کرنا

لنگوٹیا: مذکر، (۱) لنگوٹ بند (۲) پرانا یار۔ (۳) مذکر، ایک قسم کی پتنگ۔

لنگوٹیا یار: مذکر، بچپن کا دوست، پرانا یار۔

لنگور: مذکر، ایک قسم کا کالے منھ اور لمبی دُم والا بندر۔

لنگی: مونث، (۱) تہ بند، دھوتی (۲) سر پر باندھنے کی دھاری دار یا رنگین پگڑی۔

لنگھن: مذکر، (۱) فاقہ، روزہ (۲) پار اُترنا، عبور کرنا۔

لُنیا: مذکر، (لکھنؤ) دیوار اُٹھانے اور کنواں کھودنے کا کام کرنے والا معماروں کا ایک طبقہ

ل ـــ و

لَو: (۱) جلتی ہوئی بتی کا شعلہ، لپٹ (۲) دھیان، لگن (۳) آس، اُمید (۴) شوق، محبت (۵) کان کے نیچے کے مُرغ کی نوک، کچھیا

لو لگانا: (کنایتاً) آسرا رکھنا (۲) دل لگانا (۳) دھیان جمانا

لَوا: مذکر، بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ

لِوا: (ع) مذکر، فوج کا نشان، لشکر کا علم

لواحق: (ع) مذکر، (۱) متعلقین، رشتہ دار، بھائی بند (۲) نوکر چاکر (۳) جمع لاحق کی۔

لواحقین: مذکر، جمع لواحق کی، متعلقین، گھر کے لوگ، عیال و اطفال

لوازم: (ع) مذکر، (جمع لازم کی) ضروری چیزیں، ضروری سامان

لوازمات/لوازمات: مذکر، ضروری چیزیں، سامان، اسباب

لواطت: (ع) مونث، اغلام، مرد بازی (دو مردوں کے درمیان جنسی تعلق

لوامع: (ع) مذکر، چمکنے والے، چمکتے ہوئے، روشن، جمع لامعہ کی

لوانا: (۱) خرید کروانا، مول لے دینا (۲) اُٹھوانا (۳) بدلوانا

لوبان: (ع) مذکر، ایک خوشبودار گوند۔

لوبیا: مذکر، ماش کی قسم کا سفید رنگ کا غلہ

لوبھ: (ہ) مذکر، حرص، لالچ، طمع، کنجوسی

لوبھی: (ہ) (۱) حریص، لالچی (۲) طامع (۳) خواہش مند (۴) کنجوس، بخیل

لوپ: (ر ہ) (۱) چھپا ہوا، مخفی، پوشیدہ (۲) نیست و نابود، معدوم

لوپ: LOOP (انگ) مذکر، عورتوں میں امتناع حمل کا ایک طریقہ، پھندا۔

لوتھ: مونث، (۱) لاش، مردہ جسم (۲) اپاہج، مفلوج، معذور۔

لوتھڑا: مذکر، (۱) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو (۲) منجمد خون کا ٹکڑا۔

لوٹ: مونث، (۱) لوٹنی، قلابازی، اِدھر اُدھر لوٹنا (۲) کروٹ، پہلو (۳) (کنایتاً) عاشق، فریفتہ۔

لوٹ پوٹ: (۱) عاشق، فریفتہ (۲) مضطرب، بے قرار

لوٹ: مونث، (۱) چھینا جھپٹی، راہزنی (۲) غارت گری، تاراجی (۳) وہ مال جو لوٹ میں ملے، (۴) (کنایتاً) ظلم، اندھیر۔

لوٹ کھسوٹ/لوٹ مار: مونث، غارت گری، راہزنی، بدعنوانی

لوٹا: مذکر، ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن، بڑی لٹیا

لوٹانا/لوٹا دینا: (۱) واپس کرنا، پھیرنا (۲) اوپر تلے کرنا۔

لوٹ پوٹ: مونث، (طباعت کی اصطلاح) (۱) دوہرائی، چھپائی (۲) اُلٹ پلٹ

لوٹم لاٹ: مونث، ایک دوسرے کو لوٹنا۔

لوٹنا: (۱) لوٹ کھسوٹ کرنا، زبردستی چھیننا (۲) (کنایتاً) اپنا عاشق کر لینا (۳) تباہ کرنا، برباد کرنا (۴) حاصل کرنا (۵) لطف حاصل کرنا (۶) مال مارنا، غبن کرنا۔

لوٹن: مذکر، (۱) لوٹنے والا (۲) قلابازیاں کھانے والا کبوتر (۳) مونث، ایک قسم کا تیل

لَوٹنا: (دہلی) (۱) واپس ہونا، پلٹنا (۲) اُلٹنا، پلٹنا، رُخ بدلنا۔

لوٹنا: (۱) لڑھکنیاں کھانا، زمین پر تڑپنا، کروٹیں بدلنا (۲) چلنا، بچے کا ضد کرنا (۳) (کنایتاً) بے قرار ہونا، تلملانا۔

لوٹنیاں کھانا: تڑپنا، قلابازی کھانا۔ بے قرار ہونا، پھڑکنا۔

لوٹھا: مذکر: (۱) جوان، ہٹا کٹا، موٹا تازہ، مسٹنڈا (۲) زیادہ ترکند ناتراش کی جگہ مستعمل ہے۔

لوث: (ع) مذکر: (۱) ملاوٹ، آمیزش (۲) آلودگی (۳) داغ، دھبا، عیب۔

لوچ: مذکر: (۱) لچک (۲) نرمی، نزاکت،

ـــــ دار: (۱) ملائم، نازک، لچکدار (۲) لطیف

لوح: مونث (۱) تختی (۲) لکھنے کی تختی (۳) مزار کی تختی، کتبہ (انگ) TITLE PAGE، ٹائیٹل پیج، سرورق (۴) (کنایتاً) لوح محفوظ۔

لوح زبرجد: (ف) (کنایتاً) توریت۔

لوح طلسم: مونث: وہ تختی جس پر کسی کا راز کندہ ہو، فرضی طلسم کھولنے کی روایتی تختی

ـــــ محفوظ: (اضافت کے ساتھ) مونث، وہ تختی جس میں شروع سے آخر تک کے تمام واقعات لکھے ہوئے ہیں اور اس میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں (۲) علم الٰہی۔

ـــــ نویس: (ف) مذکر: نقاش، مصور، کتابوں کے سرورق بنانے والا۔

ـــــ و قلم: مذکر: (۱) تختی اور قلم (۲) خدا کے احکام کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم قدرت۔

لودھا: مذکر: بندروں کا ایک طبقہ جس کا پیشہ کاشتکاری ہے

لودھی/ لودی: مذکر: پٹھانوں کا ایک گروہ جس میں بہلول لودھی، سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی ہندوستان کے مشہور بادشاہ گزرے ہیں۔

لوڑ: (ع) مذکر: جھکا، آنسو

لوری: مونث: بچوں کو سلانے یا بہلانے والا گیت جس کو عورتیں دھیمے سروں میں گاتی ہیں۔

لوریاں دینا: بچوں کو بہلانے یا سلانے کا گیت گانا۔

لوز: (ع) مونث: (۱) بادام (۲) ایک قسم کی بادام اور پستہ کی مٹھائی

لوزیات: (ع) مذکر: بادام کا حلوہ

لوز پستہ: (ف) مذکر: بادام کا حلوہ، ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔

لوشن: LOTION (انگ) زخم دھونے کی دوا، جلدی امراض کے لئے رقیق دوا۔

لوط: (ع) مذکر: ایک مشہور پیغمبر جو حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے۔

لوطی: (۱) حضرت لوطؑ کی اُمت (۲) (ایرانیوں کی اصطلاح) بانکا چھبیلا (۳) غلام باز

لوفر: LOAFER (انگ) مذکر، لفنگا، آوارہ، بے فکرا۔

لوک: (ع) (۱) لوگ، اشخاص، بشر، انسان (۲) طبقہ، بھون، پرہ

لوکا: مذکر: آگ کا شعلہ، آنچ۔

ـــــ لگانا: (مع) (۱) جلانا، آگ لگانا (۲) (کنایتاً) کسی کو شرمندہ کرنا (۳) (کنایتاً) ناس کرنا، خراب کرنا۔

لوکاٹ: مذکر: لکھوٹ، ایک زرد رنگ کا چھوٹا پھل۔

لوکل: LOCAL (انگ) مقامی، دیسی

لوکل سیلف گورنمنٹ LOCAL SELF GOVERNMENT (انگ) مونث: (۱) خود اختیار حکومت (۲) (مجازاً) ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹی وغیرہ۔

لوک ناچ: (लोकनाच) (ہ) مذکر: عوامی رقص، مقامی رقص۔

لوکی: مونث: لانبا، کدو، ایک مشہور ترکاری

لوکھری: (ع م) مونث: لومڑی، ایک جانور کا نام

لوگ: مذکر: بہت سے آدمی، خلقت

ـــــ باگ: مذکر: (ع م) عام لوگ، عوام

لوگائی: (ہ) مونث: عورت، بیوی

لولا: مذکر: لنجا، اپاہج، پیروں سے معذور

لولاسی: مونث: پھولوں کی چھڑیاں جو سالیاں دولہا کے اس وقت مارتی ہیں جب وہ پہلی مرتبہ شادی کے بعد زنانے مکان میں جاتا ہے۔

لولاک: (ع) ایک حدیث قدسی کی طرف اشارہ ہے۔

لولو: (ف) مذکر: (۱) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام (۲) (کنایتاً) احمق، پاگل، خبطی، ڈرا دلی شکل کا۔

لولو: (ع) مذکر: موتی، بڑا موتی

لولی: (ف) مونث: (۱) خوبصورت، عمدہ، نازک (۲) کسبی، گانے والی، بازاری عورت، فاحشہ، رنڈی

لومڑی: مونث: (۱) لومڑی، روباہ، بلی کے قد کے برابر کا ایک جنگلی جانور (۲) (کنایتاً) مکار، عیار، فریبی

لون: (ع) مذکر: (۱) رنگ (۲) چہرے کی رنگت (یعنی زردی، سرخی، سفیدی)

لُون / نُون (ع) مذکر ؛ نمک

لونا : (۱) سلونا، نمکین (۲) کھاری، شور، کڑوا (۳) مذکر وہ کھار جو دیوار یا زمین کی مٹی میں پیدا ہو جاتا ہے۔

لوناچماری : مونث ؛ بنگال کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام

لُومڑ : لمبڑ، لمبا اور احمق آدمی

لوند : مذکر ؛ وہ مہینہ جو ہر تیسرے برس شمسی حساب سے بڑھا جاتا ہے۔ اس کو لوند کا مہینہ کہتے ہیں (۲) (کنایتاً) فاضل، زائد فضول۔

لوندا : مذکر ؛ لگدی، گیلی چیز کا ڈلا۔

لونڈا : مذکر ؛ (۱) لڑکا چھوکرا، وہ لڑکا جس کی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو، بیٹا، پوت (۳) غلام، بندہ (۴) بدفعلی کرانے والا لڑکا۔ (۵) نادان، ناتجربہ کار بچہ (۶) سفلہ، چھچھورا۔

——— پَن : مذکر ؛ لڑکپن، چھچھورا پن۔

لونڈوں گھیری : مونث ؛ (۱) فاحشہ، بدکار، آوارہ عورت (۲) نوجوانوں سے رغبت رکھنے والی اور اُن کی تلاش میں رہنے والی عورت۔

لونڈی : مونث ؛ (۱) کنیز، باندی (۲) خدمت کرنے والی (۳) (کنایتاً) احسان مند (۴) مطیع فرمانبردار

——— بچہ / بچہ : مذکر ؛ وہ شخص جو لونڈی کے پیٹ سے ہو، پرستار زادہ۔

لونڈیا : مونث ؛ لڑکی، چھوکری (۲) بیٹی

لونگ : مونث ؛ (۱) ایک درخت کی تیز خوشبودار کلی جو گرم مسالے کا ایک جزو ہے، (۲) ناک کا ایک زیور، ناک کی کیل۔

لونگ چڑے : مذکر ؛ ایک قسم کے کباب

لونی : مونث ؛ کھار، وہ نمناک اور کھاری مٹی جس سے نمک اور شورہ بناتے ہیں۔

——— چھڑنا : دیوار سے لونا لگی ہوئی مٹی جھڑنا۔

لونیا : مذکر ؛ (۱) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور کھٹا ہوتا ہے (۲) نمک بنانے والا (۳) ہندوؤں کی ایک ذات۔

لوہا : مذکر ؛ (۱) آہن، ایک معدنی جوہر (۲) (کنایتاً) مضبوط، سخت، بھاری۔

——— بجانا : (کنایتاً) تلواروں سے لڑنا۔

——— برسانا : (کنایتاً) تلوار چلانا، باہم جنگ ہونا۔

——— جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے : دشل اصل معاملہ فریقین ہی جانتے ہیں، دوسروں کو کیا معلوم۔

——— دینا / کرنا : کپڑوں پر استری کرنا

——— لاٹھ / لاٹ : (۱) نہایت مضبوط، بہت سخت (۲) مشکل قابو دینے کے لئے

——— ماننا : (۱) کسی کی بہادری کا قائل ہونا (۲) استادی کا قائل ہونا، کسی کو اپنے سے بڑا قبول کرنا

لوہار : مذکر ؛ لوہے کی چیزیں بنانے، لوہے کا کام کرنے والا۔

لوہچون : (لوہ + چون) مذکر ؛ لوہے کا برادہ

لوہے کے چنے : مذکر ؛ بہت کٹھن اور مشکل کام

لوہے کے چنے چبانا : (کنایتاً) مشکل کام کرنا۔

لوئی : مونث ؛ (۱) اونی چادر (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا

ل ـــ ہ

لُہار : مذکر ؛ دیکھو لوہار

لُہان : خون آلودہ، لہو سے لتھڑا ہوا (یہ لفظ لہو کے ساتھ مستعمل ہے)

لہیرا (ہ) مذکر ؛ ایک قسم کی لمبی گردن والا توتا، جو اپنی گردن خوب ہلاتا ہے۔

لہجہ (ع) مذکر ؛ (۱) الفاظ کی آواز، تلفظ (۲) طرز کلام، انداز گفتگو۔

——— اُتارنا : کسی کے لہجے کی نقل کرنا۔

لہچوں : مذکر ؛ لوہچوں، لوہے کے ریزے جو سوہان کرنے سے نکلتے ہیں

لہٰذا (ع) اس لیے، اس وجہ سے، پس، چنانچہ

لہر : مونث ؛ (۱) دریا کی موج، موجوں کا تلاطم (۲) اُمنگ، جوش (۳) وہم، خیال، بے خودی (۴) دیوانگی، سودا، خبط، جنون (۵) سوزش، جلن، تیزی (۶) ہرے چھوٹے پودوں کی ہوا سے جنبش، لہلہاہٹ (۷) کشیدے کی بیماری (۸) کسی مرض کا دورہ، ہڑک

——— بہر : (دہلی) مونث ؛ خوش حالی، خوش اقبالی، چہل پہل، افراط۔

لہرا : مذکر ؛ (۱) چلتی ہوئی لے، طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا (۲) سارنگی کی ایک حرکت (۳) سُر، آواز، لے، ترانہ، نغمہ (۴) (کنایتاً) تھپڑ مارنے کی آواز۔

لہرانا : (۱) پانی کا لہریں لینا (۲) بہنا، بہتا کرنا (۳) پرچم کا ہوا میں اڑنا، (۴) للچانا، مائل ہونا (۵) سانپ کا غصہ ہو کر رینگنا (۶) کسی پر حملہ کرنا۔

لہری (ہ) (۱) من موجی، من چلا، خود سر (۲) زندہ دل، خوش مزاج۔

کہریا: مذکر؛ (۱) دھاری دار (۲) ایک قسم کا بیل دار ریشمی کپڑا۔

لہریا: ر (۱) مونث؛ چھوٹی موج، اُمنگ، جوش،

لہسن: مذکر؛ (۱) پیاز کی ایک قسم (۲) جسم پر پیدا ہونے والا ایک قسم کا سرخ یا سیاہ داغ۔

لہسنیا: مذکر؛ (۱) لہسن کے رنگ کا ایک بیش قیمت جواہر (۲) ایک قسم کا داغ جو جسم پر نمایاں ہو جاتا ہے۔

لہک: مونث؛ (۱) شعلۂ بہار (۲) چمک (۳) خوش بُو جو ہوا کے ساتھ پھیلے درخشندگی، چمک

لہکانا: (۱) بھڑکانا، اُکسانا، اُبھارنا (۲) سلگانا، دہکانا (۳) چمکانا

لہکنا: (۱) چمکنا، چھپھانا (۲) بھڑکنا، جلنا (۳) لہلہانا، لہرانا (۴) چمکنا، روشن ہونا (۵) سرسبز و شاداب ہونا۔

لہلہا: تر و تازہ، شاداب

——تا: مذکر؛ (۱) ہرا بھرا، سرسبز، تر و تازہ، شاداب (۲) رعی لچکتا ہوا، جنبش کرتا ہوا۔

——نا: (۱) سبزہ کا ہوا سے ہلنا (۲) سرسبز شاداب ہونا۔

لہلہاہٹ: مونث؛ (۱) شادابی، سرسبزی (۲) کھیت کا ہوا سے جنبش میں آنا۔

لہلوٹ: (۱) بے قرار، بے تاب (۲) فریفتہ۔

لہنا: مذکر: (ع) (۱) قسمت، نصیب، بخت (۲) نفع، فائدہ

لہنگا: مذکر؛ ایک قسم کا زنانہ گھیر دار لباس جو دیہات کی رہنے والی عورتیں پائجامہ کی جگہ استعمال کرتی ہیں۔

لہو: (ع) مذکر، کھیل، کود، تفریح،

——ولعب: (ع) مذکر کھیل کود، تماشا، عیش و نشاط، تفریح، ہنسی مذاق

لہو: مذکر؛ (۱) لوہو کا مخفف (۲) خون۔

——رونا: خون کے آنسو رونا، سخت صدمہ پہنچنا

——کا پیاسا: (کنایتاً) جانی دشمن، جان کا لاگو

——لگنا: خون آنا، خون کے دست آنا

——لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا/ملنا: کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہو کر اپنا نام کرنا۔

لہان: خون میں لتھڑا ہوا، خون آلودہ۔

لہیق: (ع) لائق، قابل

لہیم: (ع) کنجوس، بخیل

ل ـــ ی

لَے: مونث: (۱) آواز، سُر، آہنگ، لہجہ (۲) شوق، آرزو، تمنا، (۳) دُھن، رٹ (۴) تسلسل، سلسلہ (۵) عادت۔

لے: (لینا کا امر) (۱) پکڑ (۲) سنبھال، قابو میں کر (۳) سُن، متوجہ ہو۔

——پالک: گود لیا ہوا لڑکا یا لڑکی۔

——دے: مونث (۱) کبھی لینا کبھی دینا (۲) (بجائے) دوڑ دھوپ، جدوجہد کوشش (۳) (کنایتاً) سرزنش، لعنت ملامت، تنازع، تکرار، حجت، ڈانٹ ڈپٹ۔

——دے کر: (۱) بڑی مشکل سے (۲) دے دلا کر (۳) صرف، فقط

——دے کرنا: سرزنش کرنا، لعنت ملامت کرنا، ڈانٹنا

——دینا: دلوا دینا، خرید دینا۔

——ڈوبنا: اپنے ساتھ دوسروں کو بھی نقصان پہنچانا

لیا: (۱) پکڑا (۲) حاصل کیا (۳) شرمندہ کیا (۴) خریدا، مول لیا۔

——دیا: مذکر؛ (۱) نیک کام، خیر خیرات، بخشش (۲) نیک کاموں کا پھل، کیا کرایا۔

——دیا آگے آنا: کرنی کا پھل ملنا، نیکی بدی کا نتیجہ ملنا۔

لیاقت: (ع) مونث؛ (۱) قابلیت، صلاحیت، استعداد، ہنر (۲) خوبی، عمدگی، وصف (۳) شائستگی، تمیز (۴) حوصلہ، ظرف (۵) دانائی، ہوشیاری۔

لیاں: مونث؛ کچلیاں (جمع لیانی)

لیبارٹری/لیبوریٹری LABORATORY (انگ) مونث؛ تجربہ گاہ، دار التجربہ، معمل

لیبر: LABOUR (انگ) مذکر (۱) مزدور، محنت کش طبقہ (۲) محنت مزدوری

لیپٹر: مذکر؛ آنکھ کا میل، آنکھ کا کیچڑ

لیبل LABEL (انگ) مذکر؛ چٹ، پہچان کی پٹی

لیپ: مذکر (۱) ضماد (۲) پلستر، کبگل، لپائی (۳) ڈور مانجھنے کا ملغوبہ

——پوت: مونث، لپائی پوتائی

لیپا پوتا: مذکر، (۱) لیپا اور پوتا ہوا (۲) پلستر کیا ہوا (۳) بنا بنایا کیا کرایا ہوا۔

—— پوتی کرنا: بہانے کرنا، پردہ پوشی کرنا، بات بنانا

لیپنا: (۱) پوتنا، کھگل کرنا (۲) سفیدی کرنا (۳) پلستر کرنا (۴) (کنایتاً) چھپانا، مخفی کرنا۔

لیپنے کا نہ پوتنے کا: کسی کام کا نہیں، محض نکما اور بیکار ہے۔

لیت ولعل: (ع) مونث، ٹال مٹول، بہانہ، عذر، وعدہ وعید۔

لیتھوگرافی: LITHOGRAPHY (انگ) مونث، پتھر پر تحریر منتقل کر کے چھاپنے کا فن، سنگی طباعت۔

لیٹ: LATE (انگ) (۱) دیر سے آنے والا (۲) دیر سے، وقت کے بعد

لیٹر LETTER (انگ) مذکر، (۱) خط، چٹھی، مراسلہ (۲) حروف۔

—— بکس: BOX (انگ) مذکر، خط ڈالنے کا ڈبہ، پتر پیٹی۔

لیٹرین: LATRINE (انگ) مذکر، سنڈاس، پاخانہ

لیٹنا: (۱) سیدھا ہو کر پڑنا، پسرنا، سونا، آرام کرنا (۲) ہارنا خفا، مغلوب ہونا۔

لیجر: LEDGER (انگ) مذکر، روزنامچہ، بہی کھاتا، روزانہ حساب کی کتاب

لیجسلیٹو اسمبلی: LEGISLATIVE ASSEMBLY (انگ) مونث، ریاست کے منتخبہ نمائندوں کی قانون ساز مجلس اور دھان سبھا۔

—— کونسل: COUNCIL (انگ) مونث مجلس قانون ساز جس میں مخصوص طبقوں کے نمائندے ہوتے ہیں، ودھان پریشد۔

لیچی: مونث، (۱) پان کی گلوری کا عرق چوس لینے کے بعد بچنے والی چیز (۲) (کنایتاً) ہر نکمی اور نرم شدہ چیز، فضلہ

لیچڑ: بہت سست کام کرنے والا، بدمعاملہ، نادہندہ، قرضہ لے کر بمشکل دینے والا

—— پن: مذکر، بدعاملگی، کسی چیز کے دینے میں سستی کرنا۔

لیچی: مونث، ایک گودے چھلکے والا پھل، لیچو

لید: مونث، گھوڑے گدھے، ہاتھی وغیرہ کا فضلہ

لیدر: LEATHER (انگ) چمڑا

لیڈر: LEADER (انگ) مذکر، رہنما، رہبر، سرغنہ، سردار، سرگروہ، پیش رو

لیڈری: مونث، سیاسی پیشوائی، سرکردگی، رہنمائی، قیادت

لیڈی: LADY (انگ) مونث، بیگم، بی بی، اونچے طبقے کی خاتون۔

لیزم (ف) مونث، ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں تانت کی جگہ لوہے کی زنجیر ہوتی ہے اور اُسے بجاتے ہیں۔

لیس: (۱) کیل کانٹے سے درست، آمادہ، تیار، مستعد، موجود (۲) گوٹا کناری، کلابتوں یا سُتر کا بُنا ہوا طلائی اور نقرئی فیتہ (۳) ایک قسم کا تیر۔

لیسدار: (دہلی) صفت، لسدار۔

لیسنا: (۱) پلاستر کرنا، لیپنا، لگانا (۲) بھرنا

لیک: مونث، (۱) راہ، پگڈنڈی، روش (۲) گاڑی کے پہیے کا نشان (۳) رسم و رواج، پرانا دستور

لیک: (ف) لیکن کا مخفف

لیکن: (ف) مذکر، مگر، الّا

لیکھ: مونث، (۱) چھوٹی جوں، دھک، جوں کا انڈا (۲) آمد و رفت کا نشان جو راہ میں ہو جاتا ہے۔

لیکھ: (ک) مذکر، لکھا ہوا، تحریر، مضمون

لیکھا: مذکر، (۱) حساب، لین دین، تجویز (۲) بیاض حساب، بہی کھاتہ

—— دیوڑھا برابر کرنا: (۱) حساب کا صاف کرنا، ادا کرنا، چکانا، (۲) کسی بیٹی کا شادی دینا۔

لیکھک: (س) مذکر، لکھنے والا، مُصنف

لیگ: LEAGUE (انگ) مونث، متحدہ جماعت، انجمن

لیل: (ع) مونث، رات، شب۔

لیل و نہار: (ع) مذکر، رات دن، شب و روز، زمانہ

لیلۃ الاسرا: (ع) مونث، شب معراج

لیلۃ البدر: (ع) مونث، قمری مہینے کی چودھویں رات

لیلۃ القدر: (ع) (۱) شب قدر (۲) (کنایتاً) خوشی کی رات، برکت والی رات

لیلیٰ/لیلا: (ع) مونث، (۱) کالی، سیاہ فام (۲) قیس کی معشوقہ (۳) (مجازاً) معشوقہ حسینہ، جمیلہ

لیلا: (س) مونث (۱) خوشی (۲) کھیل، تماشا (۳) قدرت، کرشمہ

لیلاوتی: (س) (۱) خوب صورت، حسین (۲) عیش و نشاط منانے والی عورت (۳) سنسکرت میں حساب کی مشہور کتاب۔

لیمپ: LAMP (انگ) مذکر، (۱) مٹی کی چراغ جس پر چمنی بھی چڑھائی جا سکے۔

لیمن: LEMON (انگ) مذکر، نیبو، لیمو۔ (دیکھو لیموں نیڈ)

لیمو/لیموں: (ف) مذکر، نیبو، ترنج، ایک کھٹا اور گول پھل

لیمو نیڈ: LEMONADE (انگ) مذکر، لیمو سے بنایا ہوا ایک مشروب

لین : LANE (انگ) مونث ؛ گلی، کوچہ، تنگ راستہ۔

لین : LINE (۱) لکیر، خط، سطر (۲) رسّی (۳) مینڈھ (۴) قطار، صف (۵) لوہے کی پٹڑی، ریل کی سڑک (۶) چھاؤنی کیمپ

——— **ڈوری** : مونث (۱) دستہ جو آگے جاتا ہے، پیش خیمہ، وہ فوجی سامان جو روانگی سے پہلے روانہ کیا جاتا ہے (۲) کنایتاً) کسی بات کی آمد نشان، کسی کام کے آغاز کی نشانی، ابتدا۔

——— **کلیر** : CLEAR ریل کی پٹڑی صاف ہونے اور ٹرین کے آنے کی گھنٹی

لینا : مذکر (۱) حاصل کرنا (۲) سنبھالنا، سہارنا، تھامنا (۳) خریدنا (۴) قرض لینا (۵) جیتنا، وصول کرنا (۶) استقبال کرنا (۷) جمع کرنا۔ (۸) مار ڈالنا (جان کے ساتھ) (۹) عوض میں حاصل کرنا (۱۰) سیکھنا، طرز اڑانا (۱۱) گود میں لینا۔

——— **ایک نہ دینا دو** : حاصل نہ حصول، فائدہ نہ غرض، نہ کسی سے ایک لیں گے نہ دو دیں گے۔

لین دین : مذکر (۱) لینا دینا (۲) حساب کتاب (۳) خرید و فروخت کا معاملہ (۴) برتاؤ، بیوپار (۵) کاروبار تجارت

لینڈ : LAND (انگ) مونث (۱) زمین، خشکی (۲) سرزمین، ملک

——— **اسکیپ** : (انگ) مذکر، قدرتی منظر

——— **لارڈ** : LORD (انگ) مذکر، مکان یا زمین کا مالک، مکان دار، زمین دار۔

لینڈ : مذکر، سوکھا پاخانہ، فضلہ، موتا لینڈی

لینڈی : مونث (۱) سوکھا پاخانہ، فضلہ (۲) مذکر، بازاری کتا (۳) ڈھیلا

لینن ازم : LENINISM (انگ) مذکر، روسی اشتراکی لیڈر لینن کا انقلابی نظریہ۔

لینوٹائپ : LINOTYPE (انگ) مذکر، الفاظ کی پوری سطر بیک وقت ڈھالنے والی مشین، بجائے ایک لفظ کے پوری سطر ٹائپ کرنے والی مشین۔

لینے دینے میں نہ ہونا : بے تعلق اور بے غرض ہونا، واسطہ نہ ہونا۔

——— **کو بڑھنا** : استقبال کرنا

——— **کے دینے پڑ جانا** : (۱) فائدہ کی جگہ نقصان ہونا، دشواری میں پڑ جانا، اُلٹا نقصان ہونا (۲) جان کے لالے پڑنا۔

——— **میں نہ دینے میں** : بُرے بھلے میں، بے تعلق اور بے غرض

لیوا : (صفت) (۱) لینے والا (جیسے جان لیوا) (۲) مذکر، گائے بھینس یا بکری کا تھن (۳) مذکر، مٹی کا پلستر جسے ہانڈی دیگچی وغیرہ کے پیندے میں لگاتے ہیں۔

لیول : LEVEL (انگ) مذکر، (۱) ہموار سطح (۲) گنتیا (۳) یکساں، برابر، ایک سطح پر۔

لیوندر : LAVENDER (انگ) مذکر، (۱) ایک خوشبودار عرق (۲) ایک قسم کی خوشبودار گھاس

لیئی : مونث، لگدی، آٹے یا میدے کا پانی میں پکا ہوا نسبتاً دار ماڈہ

لیے : (۱) واسطے، اس غرض سے (۲) لیے ہوئے۔

——— **دیے رہنا** : الگ تھلگ رہنا، خودداری برتنا۔

م

میم : (ع) مذکر، (۱) حروف تہجی کا ایک حرف (۲) حساب جمل (ابجد) میں چالیس عدد کے برابر۔

مآب : (مَ۔آب) (ع) لوٹنے کی جگہ، ٹھکانا، جائے بازگشت (تنہا مستعمل نہیں ہے بلکہ رسالت مآب، عزت مآب وغیرہ میں ترکیب کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

مآت : (م۔آت) (ع) مذکر، کئی سو، ضد ہا، جمع مأۃ کی۔

مآثر : (م۔آثر) (ع ج) مذکر، (۱) اچھے آثار (۲) اچھے کام (۳) یادگاریں (۴) قدیم مقام جس کے نشان باقی ہوں، کھنڈر۔

مآل : (مَ۔آل) (ع) مذکر، (۱) لوٹنے کی جگہ (۲) نتیجہ، انجام، اخیر، خاتمہ۔

——— **کار** : (ف) مذکر، (۱) آخر کار، انجام کار (۲) نتیجہ۔

مَا : (ف) ہم۔

——— **بہ خیر شما بہ سلامت** : (۱) ہم خیریت سے تم سلامتی سے (۲) ہمارا تم سے کوئی واسطہ نہیں۔

——— **بُعد الطبیعات** : (مابعد۔طبی۔عات) (ع) فطرت سے ماوراء مادی حقیقت، ماورائی حقیقت)۔

——— **دُشما** : (ف) ہر کس و ناکس، معمولی لوگ۔

——— **الاحتیاج** : (ما۔بہل۔اِح۔تیاج) (ع) مذکر، ضرورت کی چیزیں، وہ چیزیں جن کی حاجت ہو۔

——— **الامتیاز** : (ما۔بہل۔اِم۔تیاز) (ع) مذکر، شناخت کی چیز، نشانِ امتیاز۔

——— **النزع** : (ما۔بہن۔نزاع) (ع) مذکر، جھگڑے کی بناء، فساد کا باعث۔

مابین : (ع) مذکر، درمیان، بیچ، اثنا، دوران۔

ماتحت : (ع) (۱) زیر فرمان، زیر حکم (۲) تابع، نائب، مددگار، ہاتھ بٹانے والا۔

ماتقدم : (ع) پہلے کا، وہ چیز جو پہلے گزر چکی ہو۔

ماجرا : (ع) مذکر، (۱) سرگذشت، (۲) واقعہ، واردات (۳) حالت، کیفیت۔

ماحصل : (ع) مذکر، (۱) نتیجہ، ثمرہ، (۲) خلاصہ، لُب لُباب (۳) پیداوار، (۴) فائدہ، نفع۔

ماحضر : (ع) مذکر، جو کچھ حاضر ہو، جو کھانا موجود ہو، موجودہ۔

ماحول : (ع) مذکر، گرد و پیش۔

ماخذ : (ع) مذکر، (۱) اخذ کرنے کی جگہ، وہ چیز جس سے اخذ کیا گیا ہو، (۲) اصل، بنیاد، جڑ (۳) مادّہ، مبدا۔

ماخوذ : (ع) مذکر، (۱) ملوث، گرفتار، (۲) لیا گیا، اخذ کیا گیا، مبتلا، لپٹا ہوا۔

مادام : (ع) (۱) ہمیشہ، جب تک (۲) فرخ، بیگم، خاتون۔

مازاغ : (ع) آیت مازاغ البصر و ماطغیٰ، نہ کسی طرف آنکھ پھیری اور نہ حکم الٰہی کی نافرمانی کی۔

ماسبق : (ع) گزشتہ، اوّل الذکر۔

ماسلف : (ع) گزرا ہوا، گزشتہ، بیتا ہوا۔

ماسوا : (ع) (۱) بہ جز، اس کے علاوہ، علاوہ بریں (۲) (صوفیوں کی اصطلاح) خدا کے سوا جو کچھ ہے "ماسوا" ہے۔

ماشاء اللہ : (ع) تحسین و آفرین کا کلمہ (۱) خدا چشم بد سے محفوظ رکھے (۲) سبحان اللہ، کیا کہنا کی جگہ (۳) کسی خوبصورت چیز کو دیکھ کر بھی کہتے ہیں، تاکہ نظر نہ لگے۔ (۴) طنزاً بھی مستعمل ہے۔

مافوق : (ع) مذکر: اوپر، بالا، اعلا، ممتاز، اونچا، بلند، برتر، فایق۔
مافی الضمیر : (مافی۔ضمیر) (ع) مذکر: دل کی بات، نیت، غرض، مطلب، مُدعا، مقصد۔
مافیہا : (ع) مذکر: جو کچھ اس دنیا میں ہے۔
ماقبل : (ما۔قبل/قُبل) (ع) مذکر: (۱) پہلے کا، جو پہلے ہو، (۲) وہ حرف جو کسی دوسرے حرف کے پہلے ہو۔
مالایُطاق : (ع) کسی کی طاقت سے باہر کی چیز یا کام۔
مالاینحل : (مالا۔یَن۔حَل) (ع) جو حل نہ ہو سکے، مشکل مسئلہ جو ناقابل حل ہو۔
ماوَرا : (ع) بجُز، سوا، اس کے علاوہ، علاوہ بریں۔
ماوراءُ النہر : (ما۔وَرا۔اُن۔نہر) (ع) مذکر: دریا کے اس پار، مُلکِ توران سے مُراد ہے۔
مایُحتاج : (ع) ضرورت کی چیزیں، ضروریات۔
مایُرید : (ع) (۱) جو کچھ خدا چاہتا ہے (۲) خدا کی مرضی، مَشیّت۔
ماپ : (دہلی) مونث: (۱) ناپ، پیمائش (۲) پیمانہ (۳) جانچ، اندازہ۔
ماپنا : (دہلی) ناپنا، پیمائش کرنا، جانچنا، اندازہ کرنا۔
مات : (ع) مونث: (۱) ہار، شکست، ہزیمت، زک، (۲) عاجز، ہارا ہوا۔
___ دینا : (۱) شطرنج کی بازی میں ہرانا، حریف پر غالب آنا، بازی لے جانا (۲) بیت بازی میں ہرانا۔
___ کھانا : ہار جانا، شطرنج کی بازی میں حریف سے مغلوب ہونا۔
ماتا : (ہ) مونث: (۱) ماں، والدہ (۲) چیچک، سیتلا۔ (۳) مذکر: مَست۔
___ پتا : مذکر: ماں باپ، والدین۔
ماترا : مونث: ہندی حروف کا اعراب، حرفِ علت۔
ماتربھاشا : (ہ) مونث: مادری زبان۔
ماتم : (ع) مذکر: مرنے کا غم، سوگ، گریہ وزاری، کُہرام۔
___ پُرسی : (ف) مونث: تعزیت۔
___ دار : (ف) ماتمی، سوگوار۔
___ داری : (ف) مونث: غم، سوگ۔
ماتمی : (ف) ماتم کرنے والا، سوگوار، غم زدہ۔
ماتھا : مذکر: (۱) پیشانی (۲) سر، ناؤ کے سامنے کا حصّہ۔
___ ٹھنکا : خطرے کا احساس ہوا۔
___ ٹھنکنا : (۱) خطرے کا احساس ہونا (۲) کسی کام کے بدانجامی کے متعلق پہلے سے باخبر ہو جانا۔
ماتی : (ہ) مونث: مست، مخمور۔
ماٹ : مذکر: (۱) تیل کا بڑا حوض (۲) مٹی کا بڑا مٹکا۔
___ کا ماٹ بگڑا ہے : سب کی عقل جاتی رہی، سارے خاندان کو داغ لگا۔
مائی : (عم) مونث: (۱) مٹی، خاک، دھول، گرد، غبار (۲) زمین، دھرتی۔
___ میں رُلنا : (عم) بدن کا مٹی میں ملنا، زمین کا پیوند ہونا، گڑنا، فنا ہونا، خراب ہونا، تباہ ہونا، بگڑ جانا۔
مائُور/مائورہ : (ع) مونث: (۱) نقل کیا ہوا (۲) اثر قبول کیا ہوا۔ (۳) جزا دیا گیا۔
ماجایا : (ہ) مذکر: سگا بھائی۔
ماجائی : (ہ) مونث: سگی بہن۔
ماجد : (ع) مذکر: بزرگ۔ قابل احترام۔
ماجدہ : (ع) مونث: بزرگ عورت، قابل تعظیم عورت۔
ماجُو : (ف) مونث: مذکر: مازو، ایک دوا کا نام۔
ماجوج : (ع) مذکر: حضرت نوح کے بیٹے حضرت یافث کی اولاد سمجھی جانے والی ایک قوم (۲) تاتاری۔
ماجور : (ع) اجر دیا گیا، ثواب دیا گیا۔
ماجھی/مانجھی : مذکر: ملاح، کشتی چلانے والا۔
ماچس : MATCH (انگ) مونث: دیاسلائی۔
ماحی : (ع) محو کرنے والا، نیست و نابود کرنے والا۔
ماخولیا : (ف) (یونانی) مذکر: مالیخولیا کا مخفف، مرض جنون، ایک قسم کی دماغی بیماری۔
مادَر : (ف) مونث: ماں۔
___ انہ : (ف) ماں کی طرح، ماں کا، ماں کی طرف منسوب۔
___ بخطا : (ف) مذکر: ایک قسم کی گالی، حرامی، ولدالزنا۔
___ زاد : پیدائشی، جنم کا۔
___ گیتی : (اضافت کے ساتھ) (ف) کنایتاً زمین۔

مادری : (ف) ماں کی طرف منسوب، ماں کا، پیدائشی، فطری۔
ـــــ زبان : (ف، مونث) ماں کی زبان، گھر کی زبان، ذاتی زبان، اپنی بولی۔
مادّہ : (ف) مونث؛ عورت، نر کی ضد۔
مادّہ : (ع) مذکر؛ (۱) اصل، وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے۔ (۲) قابلیت، صلاحیت، استعداد، (۳) ماخذ، اصل، جڑ، منبع، (۴) عقل، تمیز، ادراک (۵) جسم، وجود (۶) مواد، پیپ۔
مادّی : (ع) مادّے کا، ذاتی، اصلی، قدرتی، طبعی۔
مادّیات : (ع، مونث) مادّی چیزوں کا علم۔
مادیان : (ف، مونث) گھوڑی۔
مادین : (ف، مونث) مادہ، ہر حیوان کی مادہ، نر کی ضد۔
مادیّت : مونث؛ مادہ ہونا۔
ـــــ پسندی : مونث؛ (۱) حقیقت پسندی، (۲) اشتمالی تصور، جس کے مطابق جو کچھ ہے مادّہ ہے، روح کی کوئی حقیقت نہیں۔
مادھولوٹ : (ا) مونث؛ لاوارث مال کی بربادی، غیر محفوظ مال کا لٹ جانا۔
ماڈرن : MODERN (انگ) جدید، زمانہ حال کا۔
ماڈل : MODEL (انگ) مذکر؛ نمونہ، چھوٹا مجسمہ، نمونے کا ڈھانچا۔
مار : (ف) مذکر؛ سانپ۔
ـــــ گزیدہ : (ف) سانپ کا ڈسا ہوا۔
ـــــ ماہی : (ف، مونث) پام مچھلی۔
ـــــ مُہرہ : (ف، مذکر) (۱) وہ مہرہ جو پرانے سانپ کے سر میں ہوتا ہے۔ (۲) تریاق، فادزہر۔
مار : مونث؛ (۱) چوٹ، ضرب، زدوکوب (۲) صدمہ، دھکا۔ (۳) دکھ، تکلیف، مصیبت (۴) لعنت، پھٹکار، ملامت۔ (۵) کثرت، بہتات، شدت۔
ـــــ پٹائی : (ع م) مار پیٹ۔
ـــــ پیٹ : مونث؛ مارکٹائی، زدوکوب، لڑائی جھگڑا۔
ـــــ دھاڑ : مونث؛ لڑائی جھگڑا، جنگ وجدل۔
کر آگر کھوٹ ہوا گر ... مثل ... ہر آگر سیدھا ... جاتے ہیں، ہر قسم کی سرکشی اور شرارت دور ہو جاتی ہے۔
ـــــ لینا : (۱) لوٹ لینا، تباہ کر دینا (۲) فتح کرنا (۳) غبن کرنا، ناجائز طور پر قبضہ کر لینا۔
مارا : (۱) مرا ہوا، مقتول (۲) ڈسا ہوا (۳) تباہ شدہ (۴) دکھی، ستایا ہوا (۵) مارنا کا ماضی۔
ـــــ مار : مونث (۱) پیہم پے در پے، جلدی (۲) افراط، زیادتی (۳) بھگدڑ، ہلچل۔
مارنا : (۱) پیٹنا، (۲) چوٹ لگانا (۳) جڑنا، لگانا، حملہ کرنا، (۴) قتل کرنا، (۵) سزا دینا، جیتنا، زیر کرنا (۶) خورد برد کرنا، (۷) (کبوتر بازوں کی اصطلاح) نیچے گرانا، پکڑنا، جال میں پھنسانا (۸) دبانا، چرا لینا، غصب کرنا۔
مارو گھٹنا پھوٹے آنکھ : (مثل) سوال کچھ جواب کچھ، بے جوڑ بے محل بات۔
مارے : (۱) وجہ، سبب، باعث (۲) لیے، واسطے، خاطر، (۳) شدت، (۴) مارتے مارتے۔
ـــــ باندھے : زبردستی مجبوری۔
ـــــ کا سودا : مجبوری کا معاملہ۔
مارتول : مذکر؛ بڑا ہتھوڑا، موگرا۔
مارجن : MARGIN (انگ) مذکر؛ حاشیہ۔
مارچ : MARCH (انگ) مذکر؛ (۱) عیسوی سال کا تیسرا مہینہ (۲) کوچ، روانگی۔
مارچ پاسٹ : MARCH PAST (انگ) فوجی سلام۔
مارشل : MARSHAL (انگ) فوجی سردار، سپہ سالار۔
ـــــ لا : LAW (انگ) مذکر؛ جنگی قانون، حربی حکومت۔
مارک : MARK (انگ) مذکر؛ (۱) نشان، علامت (۲) مارکا۔
مارکا : مذکر؛ (۱) نشان، علامت، پہچان (۲) تجارتی نشان (انگ) ٹریڈ مارکا۔
مارکسی تنقید : مونث؛ اشتمالی نظریات کی روشنی میں کی جانے والی تنقید۔
مارکیٹ : MARKET (انگ) مذکر؛ بازار، منڈی
مارگ : (۵) مذکر؛ علاج، تدبیر، چارہ (۲) توڑ (۳) راستہ، طریقہ، طور۔
مارو : مذکر؛ (۱) مارنے والا، قاتل (۲) مونث؛ ایک راگنی (۳) مذکر ایک قسم کا ہتھیار۔

ماروت : (ع) مذکر؛ ایک فرشتہ، ہاروت کا ساتھی جو بابل کے ایک کنویں میں قید ہے۔

مازُو : (ف) ماجُو۔ ایک مشہور دوا کا نام۔

ماس : (ہ) مذکر؛ (۱) گوشت (۲) چاند، قمر (۳) مہینا۔

ماسٹر : MASTER (انگ) مذکر؛ (۱) اُستاد (۲) سردار، مالک، آقا (۳) کاری گر، ماہر فن۔

——— **پیس** : (انگ) (صفت) شاہکار، بہترین۔ کاری گری۔ اعلا صنعت

ماسِک : (ہ) مذکر؛ ماہوار، تنخواہ، ماہانہ۔

ماسکہ : (ع) مذکر؛ وہ قوت جو غذا کے معدے میں ہضم کرنے کے لیے روکتی ہے۔

ماس میڈیا : MASS MEDIA (انگ) مذکر؛ عوام سے رابطہ قایم کرنے کے مختلف ذرائع

ماش : (س) مذکر؛ اُرد۔ ایک قسم کا اناج۔

ماشی : مذکر؛ ماش جیسا، ماش کے رنگ کا۔

ماشہ : (ف) مذکر؛ آٹھ رتی کا وزن، ایک تولے کا بارھواں حصّہ

ماضی : (ع) مذکر؛ گزرا ہوا زمانہ، گزشتہ۔

——— **اِحتمالی / ——— شکّی** : مذکر؛ وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں کسی کام کے ہونے کا احتمال یا شک پایا جائے۔

——— **استمراری / ——— ناتمام** : مذکر؛ وہ زمانہ جس کا زمانۂ گزشتہ و حال پر اطلاق ہو سکے۔

——— **بعید** : مذکر؛ وہ ماضی جس سے دور کا گزرا ہوا زمانہ ظاہر ہو۔

——— **تمنّائی / ——— شرطی** : مذکر؛ وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے۔

——— **قریب** : مذکر؛ وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ ظاہر ہو۔

——— **مطلق** : مذکر؛ وہ ماضی جس سے صرف گزرا ہوا زمانہ ظاہر ہو۔

ماضیہ : (ع) مونث؛ بیتا ہوا، گزشتہ، پیشتر کا۔

ماکولات : (ع) مذکر؛ کھانے کی چیزیں، جمع ماکول کی۔

——— **ومشروبات** : مذکر؛ کھانے پینے کی چیزیں۔

ماکیان : (ف) مونث؛ مُرغی۔

ماگھ : مذکر؛ سمت کا گیارھواں مہینہ۔

مال : مونث؛ چرخے میں تکلے کو متحرک کرنے والی ڈور۔

مال : (ع) مذکر؛ (۱) دُھن، دولت، روپیا، پیسا، (۲) ملکیت جائداد، اسباب (۳) مالگزاری، محصول (۴) جنس، چیز، (۵) پیداوار، آمدنی، زراعت (۶) حقیقت، اصل، کائنات (۷) بیش قیمت شے۔

——— **تال** : مذکر؛ روپیا، پیسا۔

مالا : (ہ) مونث؛ (۱) سلسلہ، قطار (۲) پھول کا ہار، گجرا (۳) تسبیح۔

مالامال : (ف) (۱) بھرا پرا، زرخیز، پیداوار کے قابل (۲) خوش حال دولت مند۔

مال خانہ : (ف) مذکر؛ (۱) گودام (۲) خزانہ (۳) گوٹھی۔

مالدار : (ف) دولت مند۔

مالداری : (ف) مونث؛ دولت مندی۔

مال زادہ : (ف) مذکر؛ (عم) پیشہ ور عورت کا بچّہ، حرامی، بھڑوا۔

——— **زادی** : مونث؛ (۱) فاحشہ، قحبہ (۲) گنتی (۳) عورتوں کی ایک گالی۔

——— **سائر** : مذکر؛ (قانونی اصطلاح) مال گزاری کے علاوہ، سڑک مدرسہ وغیرہ کا محصول۔

——— **عرب پیش عرب** : (ف) (مثل) اپنا مال اپنی آنکھوں کے سامنے ہونا اچھا ہے۔

——— **غنیمت** : (ف) مذکر؛ (۱) لوٹ کا مال (۲) (کنایتاً) مُفت کا مال (۳) دشمنوں کا مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے۔

——— **گاڑی** : مال لے جانے والی ریل گاڑی۔

——— **گزار** : (ف) مال گزاری ادا کرنے والا۔

——— **گزاری** : (ف) مونث؛ خراج، زمین کا سرکاری محصول۔

——— **متاع** : مذکر؛ دولت، اسباب، سرمایہ، روپیا پیسا۔

——— **مست** : دولت پر مغرور، بے فکر۔

——— **مستی** : مونث؛ دولت کا نشہ، دولت پر غرور۔

——— **مُفت دل بے رحم** : (اضافت کے ساتھ) (مثل) پرایا مال بے دریغ خرچ کرنا۔

——— **ومتاع** : دیکھو مال متاع۔

مالتی : مونث؛ (۱) ایک بوٹی، ایک قسم کی بیل (۲) ایک قسم کا پھول، چنبیلی (۳) جوان عورت (۴) دریا (۵) چاندنی رات۔

مالتی بسنت : مونث؛ ایک کشتہ جو سونے کے ورقوں اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

مالٹا : مذکر؛ (۱) ایک قسم کا بڑا اور میٹھا سنگترا (۲) ایک جزیرہ کا نام۔

مالشری : مونث؛ دوپہر کے بعد گائی جانے والی ایک راگنی۔

مالش : (ف) مونث؛ (۱) ملنا، رگڑنا (۲) مسل، جی کا متلانا۔

مالک : (ع) مذکر؛ (۱) صاحب، آقا (۲) شوہر (۳) اختیار والا، سردار (۴) دوزخ کے فرشتے کا نام۔

——مکان : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ گھر والا (انگ۔لینڈلارڈ)

مالکانا : (ف) (۱) مالک کے طور پر (۲) مذکر؛ زمینداری کا حق۔

مالکی : (ع) امام مالکؒ کا پیرو۔

مالکیت : مونث؛ ملکیت، مالک ہونا۔

مالکنگنی : (مال۔کنگ۔نی) مونث؛ ایک خوشبودار دانہ۔

مالکوس : مذکر؛ ایک راگ کا نام۔

مالن : مونث؛ مالی کا مونث۔

مالوف : (ع) مانوس، عادی، خوگر۔ عزیز، پیارا۔

مالی : مذکر؛ (۱) باغباں (۲) ایک قوم جو باغبانی کرتی ہے۔

مالی : (ف) مال کا، (فنانشیل) FINANCIAL

مالیات : (ع) مونث؛ (۱) مال سے نسبت رکھنے والی چیزیں، مالیہ FINANCE فنانس (۲) مال کی جمع، آمدنی کے ذرائع۔

مالیہ : (ع) محکمہ مال، فنانشیل ڈپارٹمنٹ۔ FINANCIAL DEPARTMENT

مالیت : (ع) مونث؛ (۱) جمع، پونجی، سرمایہ، دولت (۲) قیمت، مول (۳) مُول، اصل (۴) جانچ، تشخیص۔

مالیخولیا : مذکر؛ دیکھو ماخولیا۔

مالیدہ : (ف) (۱) ملا ہوا، مَل کر (۲) مذکر؛ ایک قسم کا پشمینہ کا کپڑا جو مَل کر ملائم کیا جاتا ہے، (۳) ملیدہ۔

مامی : (ف) مونث؛ گھر میں کام کرنے والی، ملازمہ، دائی۔

ماما : (۱) ماموں، ماں کا بھائی۔

ممانی : مونث؛ مَمانی، ماموں کی بیوی۔

ماما اصیل : مونث؛ لونڈی، باندی، کنیز۔

——گیری: مونث؛ (۱) کھانا پکانے کی ملازمت (۲) خدمت گاری (۳) ملازمت۔

مامتا : مونث؛ (۱) الفت، محبت، ممتا، پیار (۲) ماں کی محبت۔

مامن : (ع) مذکر؛ (۱) امن کی جگہ (۲) ٹھکانا (۳) پناہ گاہ۔

مامور : (ع) (۱) مقرر، متعین (۲) حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔

مامون : (ع) (۱) محفوظ، بے خوف (۲) مذکر؛ خلیفہ بغداد ہارون رشید کے بیٹے کا نام۔

ماموں : مذکر؛ (۱) ماں کا بھائی (۲) (ع) سانپ، (عورتیں رات کو سانپ کا نام نہیں لیتی ہیں بلکہ ماموں کہتی ہیں)۔

ماں : مونث؛ والدہ۔

——باپ : والدین۔

——بہن کرنا: گالیاں بکنا۔

مانجائی: (ماں۔جائی) مونث؛ سگی بہن۔

مانجایا: (ماں۔جایا) مذکر؛ سگا بھائی۔

مامیران : (ف) مذکر؛ ایک قسم کی ہلدی جیسی جڑ جسے سُرمے میں ڈالتے ہیں، میرا۔

مان نہ مان میں تیرا مہمان : (مثل) (۱) بن بُلایا مہمان (۲) خواہ مخواہ سر ہونے والا۔

مان : (۵) مذکر؛ (۱) عزت، قدر و منزلت (۲) خاطر، تواضع، آؤ بھگت (۳) گھمنڈ، غرور (۴) ناز، نخرہ، چاؤ، آرزو۔

مانا : فرض کیا، تسلیم کیا، منظور کیا۔

ماننا : مونث؛ (۱) منت (۲) اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا۔ (۳) اعتقاد (۴) تعظیم و تکریم، آؤ بھگت، قدر دانی (۵) نیت، عزم، عہد۔

مانجنا : (۱) مانجھنا؛ صاف کرنا، برتن مَلنا، چمکانا، اُجالنا، جلا کرنا (۲) سونتنا۔

مانجھ : مونث؛ (۱) ایک راگنی کا نام (۲) وسط، بیچ۔

مانجھا: مذکر؛ (۱) ڈور کو سوتنے کا ایک نُس دار مسالا (۲) مایوں کا جوڑا، زرد پوشاک۔

مانجھی: مذکر؛ مَلّاح، ناخدا۔

ماند : مونث؛ رونق، مدھم، ہلکا، پھیکا، وہ چیز جس کی آب و تاب اور چمک جاتی رہی ہو۔

ماندا : مذکر؛ (۱) بیمار، مریض۔ روگی (۲) تھکا ہوا۔

ماندگی : (ف، مونث : (۱) تھکن، کسل، سستی (۲) علالت، بیماری، روگ۔

ماندہ : (ف، (۱) تھکا ہوا، خستہ (۲) بچا ہوا، پیچھے رہا ہوا۔

مانڈ : دیکھو۔ مانڈی۔

مانڈا : مذکر: (۱) ایک قسم کی نہایت پتلی اور بڑی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے، (۲) پوری (۳) آنکھ کی پتلی پر آجانے والا سفید جالا۔

مانڈی : (۱) کانجی، اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی (۲) کلف، آہار (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت۔

مانس : مذکر: آدمی، انسان۔

مان سَرُوَر : (۵) مونث: ہمالیہ کے شمال میں واقع ہندوؤں کی ایک مقدس جھیل۔

مانسُون : MONSOON (انگ) مذکر: (۱) موسمی ہوا۔ (۲) برسات کا موسم۔

مانِع : (ع، (۱) منع کرنے والا، روکنے والا، سَدِّراہ (۲) خدا کا نام۔

مانِک : مذکر: (۱) لعل، یاقوت (۲) جواہر، گوہر۔

ـــــ ٹیکا : مذکر: ایک قسم کا ماتھے پر لٹکانے کا زیور، جس میں موتی جڑے ہوتے ہیں۔

مانگ : مونث: (۱) سر کے بالوں کے بیچ کی سیدھی لکیر (۲) (عو) شوہر، خاوند (۳) انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سلائی۔

ـــــ اُجڑنا : (کنایتاً) عورت کا بیوہ ہونا۔

ـــــ بھرنا : بیاہ دینا، شادی کر دینا۔

ـــــ بھری : مونث: (ع) سُہاگن، خاوند والی۔

ـــــ پٹی : مونث: بناؤ سنگار، کنگھی چوٹی۔

ـــــ دار : مذکر: ایک قسم کی پتنگ۔

مانگ : مونث: (۱) خواہش، چاہ، طلب، ضرورت، حاجت، (۲) خریداری (۳) مطالبہ، تقاضا۔

مانگنا : (۱) چاہنا، طلب کرنا، سوال کرنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا (۳) دعا یا التجا کرنا (۴) اُدھار چاہنا، قرض طلب کرنا (۵) تقاضا کرنا۔

مانگے کا : مستعار لیا ہوا، عاریتاً لیا ہوا۔

ماننا : (۱) تسلیم کرنا، قبول کرنا (۲) فرض کرنا (۳) پروا کرنا (۴) چاہنا، ادب کرنا، بڑا ماننا، (۵) لحاظ کرنا، (۶) رضامند ہو جانا، (۷) اعتقاد رکھنا، پرستش کرنا، (۸) مَنّت ماننا، نذر ماننا، (۹) اقرار کرنا، اقبال کرنا، (۱۰) حکم بجالانا، کہا کرنا۔

مانو : (۱) تسلیم کرو، یقین کرو (۲) (۵) جیسا، گویا، مثلاً۔

ـــــ تو دیوتا نہیں تو پتھر : (مثل) اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حرمت کی جاتی ہے، بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں ہوتا۔

مانند : (ف) مذکر: جیسا، طرح، مطابق، نظیر، مثل، مشابہ۔

مانو : (۵) مذکر: منو کی اولاد، آدمی۔

مانوس : (ع) ہلا ہوا، پسند، عادی، خوگر۔

مانویّت : (نا۔ نوی۔ یَت) (ف) مونث: مشہور ایرانی مصور مانی کا نظریۂ نور و ظلمت۔

مانی : (ف) مذکر: ایک مشہور رومی مصور، ارژنگ کا مصنف جو نبوت کا جھوٹا مدعی تھا۔

مانیتا : (۵) مونث: منظوری، قبولیت، عزت۔

مانیٹر : MONITOR (انگ) (۱) نگاہ رکھنے والا (۲) اسکول یا مدرسے کی جماعت کا وہ منتخب طالب علم جو استاد کی غیر موجودگی میں کلاس کا نظم و ضبط سنبھالتا ہے۔

ماوا : (ع) مذکر: جائے پناہ، گھر، ٹھکانا۔

ماوا : مذکر: (۱) مادّہ، اصل، جوہر (۲) بھنا ہوا دودھ، کھویا، (۳) مانڈی، کلف، کانجی، آہار (۴) سرشت، خمیر (۵) انڈے کی زردی (۶) صندل کا مادا۔

ماہ : (ف) مذکر: (۱) چاند (۲) مہینہ۔

ماہانہ/ماہیانہ : (ف) مذکر: (۱) ماہواری، ہر مہینے، ماہ بہ ماہ (۲) تنخواہ، وظیفہ۔

ماہ پارہ/مہ پارہ : (ف) چاند کا ٹکڑا، خوبصورت، معشوق۔

ماہتاب/مہتاب : (ف) مذکر: (۱) چاندنی، (۲) چاند، (۳) گنجفہ کا وزیر۔

ماہتابی/مہتابی : (ف) (۱) ایک قسم کا تربوز (۲) چکوترہ (۳) ایک قسم کا کپڑا (۴) ایک قسم کی آتش بازی۔

ماہ جبیں/مہ جبیں : (۱) چاندی پیشانی والا، (۲) خوب صورت معشوق۔
ماہ رُخ/ماہ رو : (ف) (۱) چاند سے چہرے والا، معشوق، (۲) شیرازی کبوتر۔
ـــــ صیام : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر: رمضان کا مہینہ۔
ـــــ کامل : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر: پورا چاند، چودھویں رات کا چاند۔
ـــــ کنعان : مذکر: (اضافت کے ساتھ) حضرت یوسف علیہ السّلام سے مراد ہے۔
ـــــ مُنیر : (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) چمکنے والا چاند، ـــــ نازِ مہ نازِ فخرِ قمر (۲) (کنایتاً) حسین، معشوق۔
ـــــ نخشب : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر: حکیم ابن عطا عرف مُقنّع کا بنایا ہوا مصنوعی چاند۔
ـــــ نو : مذکر: (اضافت کے ساتھ) نیا چاند، ہلال۔
ـــــ نیم ماہ : (ف) (اضافت کے ساتھ) چودھویں کا چاند۔
ماہوار/ماہوارہ : (ف) مذکر: (۱) ماہواری، ہر مہینے، ماہ بہ ماہ، (۲) مشاہرہ، تنخواہ۔
ماہواری : (ف) مونث: (۱) ماہانہ، وظیفہ (۲) حیض۔
ماہ وسال : (ف) (۱) ہمیشہ، مُدام (۲) زمانہ، وقت۔
ماہوش/مہوش : (ماہ۔وش/مہ۔وش) (ف) (۱) چاند سا، (۲) (کنایتاً) محبوب۔
ماہر : (ع) پختہ، اُستاد، کاملِ فن۔
ماہو : مونث: کنسلائی، برسائی کیڑا۔
ماہی : (ف) مونث: (۱) مچھلی (۲) ایک بُرج کا نام (۳) منسوب بہ ماہ قمری۔
ـــــ پُشت : (ف) قحبہ دار، بڑا ٹیلا، (۲) ایک قسم کا کارچوب۔
ـــــ گیر : (ف) مذکر: مچھلیاں پکڑنے والا، مچھوا، مچھیرا
ـــــ مراتب : (ف) مذکر: بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر چلنے والا اعزازی نشان۔
ماہیانہ : (ف) مذکر: ماہانہ، تنخواہ، مشاہرہ، ماہواری، مہینہ کا۔
ماہیت : (ماہی۔یت) (ع) مونث: حقیقت، اصلیت، اصل مادّہ، جوہر۔
ماہیات : مونث: جمع ماہیت کی۔
ما مر : (ع) مذکر: (۱) پانی (۲) عرق۔
مابہ اللحم : (ع) مذکر: گوشت کا عرق۔
مائی : (ع) مار (پانی) سے نسبت رکھنے والا، آبی، پانی کا۔
مائیات : (ع) مذکر: بہنے والی چیزیں، سیّال مادّہ۔
مائدہ : (ع) مذکر: (۱) کھانا چُنا ہوا دسترخوان۔ (۲) مونث: قرآن کی ایک سورت کا نام۔
مائع : (ع) بہنے والی چیزیں، سیّال مادّہ، رقیق شئے۔
مائل : (ع) (۱) متوجہ، راغب، مصروف (۲) میلان رکھنے والا (۳) عاشق (۴) خمیدہ، جھکا ہوا (۵) ڈھلواں (۶) تھوڑا سا۔
مادّ : (ما۔اُوف) (ع) (۱) صدمہ پہنچا ہوا، آفت رسیدہ (۲) انتہائی پریشان، ذہنی طور پر مفلوج۔
مائی : (دم) مونث: (۱) ماں، (۲) بُڑھیا۔
مائیکروسکوپ : MICROSCOPE (انگ) مذکر: خوردبین۔
مائیکروفون/مائیک : MICRO-PHONE (انگ) مذکر: آواز بڑھانے اور نشر کرنے کا آلہ۔ آلۂ مکبّر الصوت۔ آلۂ نشر الصوت۔
مائیں : مونث: مازو جیسا ایک پھل۔
مائیوں بٹھانا : شادی کی ایک رسم، مایوں بٹھانا۔
مایا : (ہ) مونث: فریب، دھوکا، وہم۔
مایوس : (ع) ناامید (ہ) نراش۔
مایوسی : مونث: ناامیدی، ناکامی۔
مایہ : (ف) مذکر: (۱) پونجی، جمع، سرمایہ (۲) اصل، راس المال، (۳) مادّہ، جوہر، (۴) سامان (۵) مال، دولت۔
ـــــ ناز : (ف) (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) (۱) معشوق، (۲) شاندار، بے مثل (۳) فخر و ناز کا سبب۔

م ب

مُباح : (ع) جائز، روا، حلال، دُرست، پاک۔
مُباحث : (ع) مذکر: (۱) بحثیں، بحث کے مقامات (۲) جمع مبحث کی۔
مُباحث : (ع) بحث کرنے والا۔

مُباحَثہ : (ع) مذکر؛ تکرار، بحث، مُناظرہ، سوال وجواب۔
مَبادا : (ف) ایسا نہ ہو، خدانہ کرے، خدانخواستہ۔
مُبادَرت : (ع) مونث؛ (۱) جھپٹنا، جلدی، تیزی، سُرعت، (۲) سبقت، پیشی، (۳) دلیری، جرأت، چالاکی، چُستی۔
مُبادَلہ : (ع) مذکر؛ بدلہ، عوض، ادلا بدلی، ایکس چینج
مَبادی : (ع) مذکر؛ جمع مبدا کی، ابتدائی اُمور، شروع میں سکھانے کی باتیں۔
مُبارِز : (ع) مذکر، جنگی، بہادر، دل چلا، صف سے نکل کر لڑنے والا۔
مُبارزت : (ع) مونث؛ (۱) لڑائی کے لیے صف سے باہر آنا (۲) لڑائی، جنگ۔
مُبارک : (ع) (۱) برکت والا، برکت دیا گیا (۲) خوش قسمت (۳) نیک موافق، لائق (۴) خوش خبری (۵) بطنزاً منحوس کی جگہ۔
مُبارکباد : (ف) مونث؛ (۱) خوش خبری، تہنیت، بدھائی، شادیانہ، (۲) دُعائے خیر (۳) خدا برکت دے، برکت نصیب ہو۔
مُبارکبادی : (ف) مونث؛ بدھائی، تہنیت، خوش خبری، شادیانہ۔
مُبارکی : مونث؛ (۱) مبارک بادی، تہنیت (۲) نیکی، سعادت (۳) دعائے خیر۔
مُباشرت : (ع) مونث؛ ہم بستری، صحبت، جماع کرنا۔
مُبالَغہ : (ع) (۱) بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، (۲) حد سے زیادہ اور خلافِ واقعہ تعریف یا بُرائی کرنا (۳) زیادہ گوئی۔
مَبانی : (ع) مذکر؛ جمع مبنی کی۔
مُباہات : (ع) مونث؛ فخر، بڑائی، شیخی، شان وشوکت۔
مُباہلہ : (ع) ایک دوسرے کے حق میں دُعائے بد کرنا، ایک دوسرے کو نفریں کرنا۔
مُبتدا : (ع) مذکر؛ (۱) آغاز، شروع، ابتدا (۲) جملہ اسمیہ کا پہلا جُز جس کی بابت کچھ کہا جائے۔
مُبتدع : (ع) بدعتی، دین میں نئی بات نکالنے والا۔
مُبتدی : (ع) ابتدا کرنے والا، نوآموز۔
مُبتذل : (ع) عام، روزمرہ کی چیز، ذلیل، کمینہ، حقیر۔
مُبتلا : (ع) (۱) گرفتار، ماخوذ (۲) پھنسا ہوا، اُلجھا ہوا، گھرا ہوا (۳) شیدا، عاشق، مفتوں۔
مُبحَث : (ع) مذکر (۱) بحث، معاملہ، (۲) بحث کی جگہ۔
مَبدا : (ع) مذکر؛ شروع ہونے کی جگہ، ظاہر ہونے کی جگہ۔
مُبدَّل : (ع) بدلا ہوا، تبدیل شدہ، پلٹا ہوا، متغیر۔
مُبذول : (ع) (۱) خرچ کیا گیا (۲) بخشا ہوا، عطا کیا ہوا (۳) منعطف
مُبرّا : (ع) پاک، بیزار، دُور، بری۔
مُبرِّد : (ع) مذکر؛ (۱) سرد کرنے والا (۲) ایک مشہور یونانی حکیم کے ماہر کا نام۔
مُبرَّد : (ع) سرد کیا ہوا۔
مُبرِّدات : (ع) مذکر؛ سرد کرنے والی چیزیں، سرد تاثیر دوائیں۔
مَبرز : (ع) مذکر؛ مقعد، پاخانہ نکلنے کی جگہ۔
مُبرَم : (ع) (۱) مضبوط، مستحکم، استوار (۲) نہ ٹلنے والی شدنی۔
مُبرور : (ع) (۱) نیکی کیا گیا، پاک، مقدس، گناہوں سے بری (۲) مقبول
مُبرہَن : (ع) مضبوط دلائل سے ثابت، واضح۔
مبسوط : (ع) پھیلا ہوا، کشادہ، فراخ۔
مُبشِّر : (ع) بشارت دینے والا، خوش خبری سنانے والا۔
مُبصِر : (ع) (۱) دیکھنے والا، بینا (۲) پرکھنے والا، صراف۔
مَبعوث : (ع) بھیجا گیا، پیدا کیا گیا، اُٹھایا گیا۔
مُبغوض : (ع) بغض کیا گیا، دُشمن رکھا گیا، قابل نفرت۔
مُبلِغ : (ع) تبلیغ کرنے والا۔
مُبلَغ : (ف) پختہ، کامل، روپے کی تعداد، نقد رقم (اُردو) مُنلغ۔
مَبنی : (ع) جس پر کسی چیز کی بنیاد رکھی گئی ہو، مُنحصر۔
مُبہَم : (ع) غیر واضح، مشتبہ، مشکوک، گول بات۔
مَبہوت : (ع) (۱) بھونچکا، حیران، ہکا بکا (۲) دیوانہ، مخمور، سرشار۔
مُبہی : (مُبہہ۔ ہی) (ع) (طب کی اصطلاح) قوت باہ بڑھانے والا۔
مُبین : (ع) ظاہر، صاف، کھلا ہوا، روشن، صریح، آشکارا۔
مَپان : مونث، (دہلی) ناپ، پیمائش، نپان، مقدار، پیمانہ۔
مَپنا : (دہلی) ناپا جانا، پیمائش ہونا۔

م ت

مَت : نفی کا کلمہ، نہ، نہیں۔

مَت : (ا) مونث : (۱) ہوش، سمجھ بوجھ، عقل (۲) طرز، انداز، وضع، (۳) رائے، ووٹ VOTE مذکر: مذہب، دھرم، عقیدہ۔

ـــــ اُلٹی ہونا : عقل جاتی رہنا۔

ـــــ ماری جانا : (ع) عقل ماری جانا، بے وقوف بننا۔

مُتابَعَت : (ع) مونث : (۱) اطاعت، تابعداری، پیروی (۲) فرماں برداری

مُتاثِر : (ع) کارگر، اثر پزیر (۲) دل پر اثر کرنے والا، رقت انگیز۔

مُتاخِر : (ع) پچھلا، پیچھے آنے والا۔

مُتاخِرین : (ع) مذکر: پچھلے زمانہ کے لوگ۔

مُتاع : (ع) مونث: پونجی، سرمایہ، اثاثہ، تجارت کا مال۔

مُتاعی : مونث: وہ عورت جس سے مُتعہ کیا گیا ہو، نکاحی سے کم درجہ کی عورت۔

مُتامِل : (ع) تامل کرنے والا، سوچنے والا، غور کرنے والا۔

مُتانا : (ع) بچے کو پیشاب کرانا۔

مُتانَت : (ع) مونث: (۱) سنجیدگی، بُردباری، پختگی (۲) خیالات کی آراستگی اور دُرستی۔

مُتاہِل : (ع) بیاہا ہوا، بیوی بچے والا، کنبہ دار۔

مُتبادِر : (ع) ذہن میں جلد آجانے والا۔

مُتبادِل : (۱) بدلنے والا (۲) باری سے آنے یا کام کرنے والا۔

مُتبادِلہ : (ع) مذکر: (۱) بدلنے والا (۲) (جیومیٹری کی اصطلاح) دو متوازی خطوط پر تیسرے خط سے بننے والے داخلی زاویے۔

مُتباہِن : (ع) ایک دوسرے سے الگ، ایک دوسرے کی ضد۔

مُتبحِّر : (ع) مُتبحّ۔ جر (ع) بہت بڑا عالم، فاضل، علم کا دریا۔

مُتبدَّل : بدلا ہوا، تبدیل شدہ۔

مُتبدِّل : (ع) (۱) تبدیل کرنے والا، (۲) کسی چیز کا معاوضہ لینے والا۔

مُتبرَّک : (ع) (۱) برکت والا، مقدس، پاک، صاف (۲) معزز بزرگ، قابل تعظیم۔

مُتبسِّم : (ع) (۱) مُسکرانے والا (۲) کھلا ہوا، شگفتہ۔

مُتبِع : (ع) پیروی کرنے والا، پیچھے چلنے والا۔

مُتبنّیٰ : (ع) مذکر: لے پالک، گود لیا ہوا، مُنہ بولا بیٹا۔

مُتجاوِز : (ع) اپنی حد سے گزر جانے والا، تجاوز کرنے والا۔

مُتجسِّس : (ع) کھوج کرید کرنے والا، جستجو کرنے والا۔

مُتجلّی : (ع) چمک دار، روشن۔

مُتحجِّر : (ع) سخت، پتھر کی طرح

مُتحِد : (ع) اتحاد رکھنے والا، متفق۔

مُتحرِّک : (ع) (۱) حرکت کرنے والا، چلتا ہوا، رواں، جاری (۲) زیر، زبر یا پیش والا حرف۔

مُتحقِّق : (ع) صحیح اور دُرست کرنے والا۔

مُتحقَّق : (ع) تحقیق کیا ہوا، دُرست، ٹھیک اور صحیح خبر۔

مُتحلّی : (ع) آراستہ ہونے والا، زیور پہننے والا۔

مُتحمِّل : (ع) بُردبار مستقل مزاج، برداشت کرنے والا۔

مُتحیِّر : (ع) حیران، حیرت زدہ، ششدر، ہکا بکا، مُتعجّب۔

مُتخلِّص : (ع) تخلص رکھنے والا۔

مُتخلِّل : (ع) خلل ڈالنے والا، خلل انداز۔

مُتخیَّلہ : (ع) مونث: خیال کی گئی۔

مُتخیِّلہ : مذکر: ایک دماغی قوت جس کے ذریعے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں بناتا ہے، وہم، خیال، قیاس۔

مُتدارِک : (ع) (۱) کھوئی ہوئی چیز کو پانے والا (۲) عروض کی ایک بحر

مُتداوَل : (ع) مُروّج، رائج۔

مُتداولہ : (ع) مونث: مروّجہ۔

مُتذبذب : (ع) شک میں پڑنے والا۔

مُتذکَّر : (ع) ذکر کیا ہوا، مذکورہ۔

مُتذکِّر : (ع) ذکر کرنے والا، اوپر ذکر کیا گیا، اوپر کہا گیا، مندرجہ بالا۔

مُتذکِّرہ : (ع) مونث: مذکورہ، ذکر کیا گیا۔

مُتذکِّرۂ بالا : مرقومہ بالا، جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو۔

مُتدیِّن : (ع) (۱) مومن، ایمان دار، دیانت دار، دیندار (۲) امین، امانت دار، معاملہ کا پورا، بات کا سچا۔

مُتر : (ا) مذکر: (۱) دوست، یار (۲) خیر خواہ، بہی خواہ (۳) مددگار، ساتھی (۴) مصاحب، ہم نشین۔

مُترادِف : (ع) ہم ردیف، ہم معنی، ایسے دو لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں۔

مُترتَّب : (ع) ترتیب دیا ہوا، درست کیا ہوا۔

مُترتِّب : (ع) ترتیب دینے والا۔

مُتَرجَم : (ع) ترجمہ کیا گیا۔
مُترجِم : (ع) ترجمہ کرنے والا، ترجمان۔
مُتَرَدِّد : (ع) فکرمند، متفکر، پس و پیش کرنے والا، مضطرب، پریشان۔
مُتَرَسِّل : (ع) بھیجنے والا، خط بھیجنے والا۔
مُتَرَشِّح : (ع) ٹپکنے والا، ظاہر، عیاں، آشکار۔
مُتَرَصِّد : (ع) اُمیدوار، منتظر، متوقع۔
مُتَرَقِّب : (ع) منتظر، امیدوار۔
مُتَرَقَّب : (ع) انتظار کیا گیا، امید کیا گیا۔
مُتَرَقَّبہ : (ع) مونث: اُمید کی ہوئی چیز۔
مُتَرَنِّم : (ع) گانے والا۔
مَتْرُوک : (ع) مذکر: چھوڑا گیا، ترک کیا ہوا۔
مَتْرُوکات : (ع) مذکر: ترک کی ہوئی چیزیں، چھوڑی ہوئی چیزیں۔
مُتَزَلزِل : (ع) لرزنے والا، کانپنے والا، جنبش کرنے والا، ڈگمگانے والا، غیر مستقل۔
مُتَساوِی : (ع) آپس میں برابر، ایک دوسرے کے برابر۔
مُتَسَلِّط : (ع) غلبہ پانے والا، قابو پانے والا، قبضہ کرنے والا۔
مُتَشابِہ : (ع) (۱) ہم شکل، ایک صورت کے (۲) مشتبہ، مشکوک (۳) مذکر: بھول چوک، شُبہ (۴) وہ حرف جو ایک شکل کے ہوں۔
مُتَشابِہات : (ع) مونث: وہ آیتیں جن کے معنی سوائے خدا تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔
مُتَشاعِر : جو شاعر نہ ہو مگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے، بناوٹی شاعر۔
مُتَشَدِّد : (ع) تشدد کرنے والا۔
مُتَشَرِّع : (ع) پابند شریعت، پارسا، پرہیزگار، پکا دین دار۔
مُتَشَکِّر : (ع) شکرگزار۔
مُتَشَکِّک : (ع) مذکر: شک کرنے والا۔
مُتَشَکِّل : (ع) شکل اختیار کرنے والا، کوئی صورت قبول کرنے والا۔
مُتَشَکِّی : (ع) شک میں پڑنے والا۔
مُتَصادِم : (ع) ٹکرا جانے والا۔
مُتَصَدِّع : (ع) سر میں درد پیدا کرنے والا، تکلیف دینے والا۔
مُتَصَدِّی : (ع) مذکر: (۱) پیشکار (۲) مہتمم، کوشش کرنے والا، (۳) کاتب، مُحرِّر (۴) نائب، گماشتہ (۵) مُحاسِب۔
مُتَصَرِّف : (ع) قابض، قبضہ کرنے والا، تصرف کرنے والا۔
مُتَصَرَّفہ : (ع) مونث: مقبوضہ، جو چیز تصرف میں آگئی ہو۔
مُتَصَوَّف : (ع) تعریف کیا گیا، موصوف، جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔
مُتَصِّف : (ع) صفت رکھنے والا۔
مُتَصِّل : (ع) (۱) پاس، قریب، نزدیک، برابر، ملا ہوا، ملنے والا، (۲) متواتر، لگاتار، پے در پے۔
مُتَصَوَّر : (ع) تصور کیا گیا، خیال کیا گیا۔
مُتَصَوِّر : (ع) تصور کرنے والا، صورت باندھنے والا۔
مُتَضَاد : (ع) مذکر: منافی، برعکس، خلاف، اُلٹا، ضد۔
مُتَضَرِّع : (ع) رونے والا، گڑگڑانے والا۔
مُتَضَمِّن : (ع) شامل، مشتمل، داخل، مشمولہ۔
مُتَظَلِّم : (ع) ظلم کی شکایت کرنے والا، فریادی، دادخواہ۔
مُتَعارِض : (ع) ایک دوسرے کے خلاف۔
مُتَعارَف : (ع) ایک دوسرے سے واقف، مشہور، معروف۔
مُتَعارِفہ : (ع) مونث: مشہور، معروف۔
مُتَعاقِب : (ع) تعاقب کرنے والا، پیچھے دوڑنے والا۔
مُتَعال : (ع) عالی مرتبہ، بزرگ، برتر، خُدا۔
مُتَعالی : (ع) (۱) برتر (۲) خدا تعالیٰ۔
مُتَعَجِّب : (ع) تعجب کرنے والا، حیراں، متحیر، دنگ، ششدر۔
مُتَعَدِّد : (ع) زیادہ، گنے ہوئے، چند، تھوڑے، گنتی کے، (۲) بہت، کئی، بہتیرے (۳) متفرق، جُدا جُدا، مختلف۔
مُتَعَدِّی : (ع) (۱) پھیلنے والا، حد سے تجاوز کرنے والا (۲) اُذکر لگنے والی بیماری، (۳) (علم صرف کی اصطلاح) مذکر۔ وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے۔
مُتَعَذِّر : (ع) دُشوار، مشکل۔
مُتَعَرِّض : (ع) روکنے والا۔ مخالفت کرنے والا، مانع، مزاحم۔
مُتَعَصِّب : (ع) سخت دِل، تنگ دِل، تعصب کرنے والا اپنے مذہب کی طرفداری کرنے والا۔
مُتَعَفِّن : (ع) سڑا ہوا، بدبودار۔
مُتَعَلِّق : (ع) (۱) تعلق رکھنے والا، لگاؤ رکھنے والا (۲) شامل

منسلک، (۳) ماتحت، وابستہ، تابع۔

مُتَعَلِّقات : (ع) مذکر: وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ ہوں۔

مُتَعَلِّقین : (ع) مذکر: (۱) وابستگان، (۲) لائق، گھر کے لوگ بال بچے، اہل و عیال۔

مُتَعَلِّم : (ع) تعلیم پانے والا، طالب علم۔

مُتْعَہ : (ع) مذکر: شیعہ عقائد کے مطابق کسی عورت سے کچھ مدت کے لیے کیا جانے والا نکاح۔

مُتَعَہِّد : (ع) ذمہ دار، کام میں مشغول، عہد کرنے والا۔

مُتَعَیَّن : (ع) مذکر: کسی کام پر لگایا گیا۔ مقرر کیا ہوا، تعین کیا ہوا۔

مُتَغایِر : (ع) الگ، جدا۔

مُتَغَیِّر : (ع) بدلنے والا، ایک حال سے دوسرے حال پر ہو جانے والا، بے ثبات، غیر مستقل۔

مُتَغَیِّر : (ع) (۱) بدلا ہوا، تبدیل شدہ (۲) حیران، گھبرایا ہوا۔

مُتَفاوِت : (ع) جدا، مختلف، دور۔

مُتَفَتِّش / مُتَفَحِّص : (ع) ڈھونڈنے والا، تلاش کرنے والا۔

مُتَفَرِّد : (ع) تنہا، یگانہ۔

مُتَفَرِّع : (ع) کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔

مُتَفَرِّق : (ع) جدا جدا، الگ الگ، پراگندہ، منتشر۔

مُتَفَرِّقات : (ع) مذکر: (۱) مختلف چیزیں (۲) حساب کی مختلف رقمیں (۳) زمین کے جدا جدا اور مختلف حصے۔

مُتَّفِق : (ع) (۱) اتفاق کرنے والا، (۲) رضامند، موافق، (۳) ہم خیال، ہم مشورہ۔

مُتَّفِقُ الرّائے : (ع) مث۔ تفقر۔ رائے) ہم رائے، ہم خیال، ہم مشورہ۔

مُتَّفَق عَلَیہ : (ع) جس پر اتفاق کیا جا چکا ہو، سب کی رائے اور مرضی کے موافق۔

مُتَّفِقہ : (ع) مونث: اتفاق کیا ہوا۔

مُتَفَکِّر : (ع) فکرمند، مغموم، اداس۔

مُتَفَنِّن : (ع) (۱) مکار، فریبی، عیار، دھوکے باز (۲) فتنہ پیدا کرنے والا۔

مُتَقابِل : (ع) (۱) باہم مقابلہ کرنے والا (۲) حریف (۳) آمنے سامنے

مُتَقارِب : (ع) ایک دوسرے کے نزدیک (۲) عروض کی ایک بحر۔

مُتَقاضی : (ع) تقاضا کرنے والا، مانگنے والا، طلب کرنے والا۔

مُتَقَدِّم : (ع) آگے بڑھنے والا، اگلا، پرانا۔

مُتَقَدِّمین : (ع) مذکر: جمع متقدم کی: پہلے زمانے کے لوگ، پرانے لوگ، پیش رو۔

مُتَّقی : (ع) (۱) پرہیزگار، خدا ترس، خدا شناس (۲) گناہوں سے بچنے والا۔

مُتَکَبِّر : (ع) (۱) تکبر کرنے والا، مغرور، گھمنڈی، خود پسند (۲) بزرگ منش، کمال بزرگی والا، (اس معنی میں صرف خدا تعالیٰ کا نام ہے)۔

مُتَکَفِّل : (ع) ضامن، کفیل، ذمہ دار۔

مُتَکَلِّف : (ع) (۱) تکلیف برداشت کرنے والا (۲) تکلف کرنے والا۔

مُتَکَلِّم : (ع) (۱) بات کرنے والا، (۲) علم کلام کا ماہر۔

مُتَکَلِّمین : (ع) مذکر: جمع متکلم کی: علم کلام کے ماہر، وہ لوگ جو مذہبی امور کو عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔

مُتَلازِم : (ع) اثر ڈالنے والا، طلب کرنے والا۔

مُتَلاشی : تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا۔

مُتَلاطِم : (ع) موجزن، تھپیڑے مارنے والا۔

مُتَلافی : تلافی کرنے کو جی چاہنا۔

مُتَلَذِّذ : (ع) (۱) لذت اٹھانے والا، ذائقہ چکھنے والا، (۲) لطف اٹھانے والا۔

مُتَلَوِّن : (ع) غیر مستقل مزاج، مختلف رنگ اختیار کرنے والا۔

مُتَلّی : مونث: طبیعت مالش کرنا، اُبکائی۔

مُتَمَتِّع : (ع) (۱) فائدہ اٹھانے والا، مستفید، (۲) حج کا عمرہ کرنے والا۔

مُتَمَدِّن : (ع) مہذب، بسنے والا۔

مُتَمَرِّد : (ع) نافرمان، سرکش، باغی، پھرا ہوا۔

مُتَمَلِّق : (ع) خوشامدی، ہاں میں ہاں ملانے والا۔

مُتَمَکِّن : (ع) جگہ پکڑنے والا، جاگزیں، قرار پکڑنے والا۔

مُتَمَنّی : (ع) تمنا کرنے والا، آرزومند، خواہش کرنے والا۔

مُتَموِّج : (ع) موجزن، لہریں مارنے والا۔

مُتَموِّل : (ع) دولت مند، مال دار، امیر۔

مُتَمَیِّز : (ع) جدا ہونے والا، الگ، علاحدہ۔

مَتْن : (ع) مذکر؛ (۱) کتاب کی اصل عبارت (۲) درمیان، وسط، درمیانی حصہ، (۳) شال، ردائی، لحاف وغیرہ کا وہ حصہ جو حاشیہ (گوٹ) کے بیچ میں ہوتا ہے۔

مُتنّا : مذکر؛ بستر پر پیشاب کر دینے والا بچہ۔

مُتَنازَع : (ع) جھگڑا کیا گیا، جھگڑے والی چیز۔

مُتَنازِع : (ع) جھگڑا کرنے والا۔

ـــــ فیہ : (ع) جھگڑے کی جڑ، نزاعی۔

مُتَنازِعہ : (ع) مونث؛ جس چیز کے لیے جھگڑا ہو۔

مُتَناسِب : (ع) تناسب رکھنے والا، نسبت رکھنے والا، موزوں۔

مُتَناقِص : (ع) نقص رکھنے والا، ناقص، ناتمام۔

مُتَناقِض : (ع) الٹا، برعکس، مخالف، ایک دوسرے کی ضد۔

مُتَناہی : (ع) انتہا کو پہنچنے والا، حد کو پہنچا ہوا۔

مُتَنَبِّہ : (ع) خبردار، چوکس، ہوشیار، تنبیہ کیا گیا۔

مُتَنَبِّی : (مُتَنَبِّ۔ بی) (ع) نبوت کا جھوٹا دعوا کرنے والا، جھوٹا نبی۔

مُتَنجَّن : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں ترشی بھی ہوتی ہے۔

مُتَنَزِّہ : (ع) پاک، پاکیزہ، بے عیب۔

مُتَنَفِّر : (ع) نفرت کرنے والا، بیزار۔

مُتَنَفِّس : (ع) (۱) سانس لینے والا، جاندار، (۲) انسان، آدمی، (۳) شخص، نفر۔

مُتَنَوِّع : (ع) طرح طرح کا، قسم قسم کا، الگ الگ، ایک رنگ پر قائم نہ رہنے والا۔

مِتوا : (ہ) دوست یا محبوب کو پیار سے پکارنے کا کلمہ۔

مُتَواتِر : (ع) (۱) یکے بعد دیگرے، لگاتار، مسلسل، جاری، (۲) مونث؛ حدیث کی ایک قسم۔

مُتَوازی : (ع) ایک دوسرے کے برابر۔

مُتَواضِع : (ع) (۱) تواضع کرنے والا، خاطر مدارات کرنے والا، (۲) عاجزی کرنے والا۔

مَتوالا : مذکر؛ (۱) مدہوش، مست، مخمور، نشے میں چور، (۲) مجازاً؛ اترانے والا، گھمنڈ کرنے والا۔

مُتوالی : (ع) پے در پے آنے والا (۲) بار بار آنے والا عدد۔

مُتَوَجِّہ : (ع) (۱) توجہ کرنے والا، راغب، مخاطب، (۲) مہربان نظر عنایت رکھنے والا۔

مُتَوَحِّش : (ع) (۱) وحشت کرنے والا، (۲) وحشت میں ڈالنے والا، (۳) غیر مانوس، (۴) نفرت کرنے والا۔

مُتَوَرِّع : (ع) پارسا، پرہیزگار، عابد۔

مُتَوَرِّم : (ع) سوجنے والا۔

مُتَوَرَّم : (ع) سوجا ہوا۔

مُتوڑا : مذکر؛ سوتے میں پیشاب کر دینے والا۔

مُتَوَسِّط : (ع) (۱) بیچ کا، درمیانی، میانہ (۲) معمولی، رسمی، روا۔

مُتَوَسِّطین : (ع) جمع متوسط کی۔

مُتَوَسِّل : (ع) توسل والا، وسیلہ ڈھونڈنے والا، نزدیکی ڈھونڈنے والا۔

مُتَوَسِّلین : (ع) مذکر؛ جمع متوسل کی۔

مُتَوَطِّن : (ع) اصلی باشندہ۔

مُتَوَفّی : (ع) مرا ہوا، جہاں سے گزرا ہوا۔

متوفّی : (ع) مرنے والا۔

متوقّع : (ع) آس رکھنے والا، توقع رکھنے والا، اُمیدوار۔

متوکّل : (ع) توکل کرنے والا، صابر، بھروسہ کرنے والا۔

مُتَوَلِّد : (ع) پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلِّی : (ع) مذکر؛ (۱) انتظام کرنے والا، (۲) وقف جائداد کا منتظم۔ (انگ) ٹرسٹی۔

مُتَوَہِّم : (ع) وہم کرنے والا، وسواسی۔

مُتَوَہِّمات : (ع) جمع متوہم کی؛ اوہام، توہمات۔

مُتَہری : مونث؛ (۱) اصطبل میں گھوڑوں کے پیشاب کرنے کی جگہ۔ (۲) پیشاب کرنے کی جگہ۔

مُتَہَّم : (ع) (۱) کسی پر تہمت لگانے والا، (۲) بدنام۔

مَتَہَّم : (ع) تہمت لگایا ہوا، جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

مَتھنا : (۱) بلونا (۲) مکھن نکالنے کے واسطے دہی کو متھنی یا کسی اور آلہ سے بلونا (۳) (ع) کنایتاً، دل میں کسی بات کو بار بار سوچنا۔

متھنی : مونث؛ متھانی۔

مَتی : مذکر؛ حضرت عیسیٰ کے ایک حواری کا نام۔
مُتَیقِّن : (ع) یقین کرنے والا، یقینی۔
مُتَیقَّن : (ع) یقینی، یقین کیا ہوا۔
مَتین : (ع) مضبوط، استوار (۲) مستقل مزاج، سنجیدہ۔
مَتھانی : مونث؛ دودھ متھنے کی لکڑی۔
مَتھنا : (۱) مذکر؛ متھنا، بلونا، گوندھنا۔
مَتھن : مذکر؛ آسمان کے تیسرے بُرج کا نام، جوزا۔

م ٹ

مَٹاپا : مذکر؛ فربہی، تنومندی، جسامت۔
مٹانا : (۱) معدوم کرنا، نابود کرنا، بے نشان کرنا (۲) کھرچنا، چھیلنا، تباہ کرنا، برباد کرنا، (۳) منسوخ کرنا، رد کرنا۔
مُٹائی : مونث؛ موٹاپن، فربہی، جسامت۔
مُٹ بھیڑ/مُٹھ بھیڑ : مونث؛ (۱) مڈبھیڑ، مقابلہ، آمنا سامنا دو بدو ہو جانا (۲) اتفاقیہ ملاقات۔
مَٹر : مذکر؛ ایک قسم کا غلہ۔
ـــــ گشت : مذکر؛ (۱) ہوا خوری، سیر (۲) آوارہ گردی۔
مُٹری : مونث؛ چھوٹی گٹھری (گٹھری کے ساتھ مستعمل ہے۔
مَٹک : مونث؛ ناز نخرہ، چوچلا۔
ـــــ چٹک : مونث؛ (ع) سر اور ہاتھ ایک خاص انداز سے ہلا ہلا کر باتیں کرنا۔
مٹکانا : (۱) گھمانا، پھرانا، چمکانا (۲) ہلانا، نچانا (۳) کسی کے ساتھ تمسخر آمیز حرکتیں کرنا۔
مَٹکنا : (۱) سر یا اعضا کو حرکت دینا (۲) زنانہ حرکتیں کرنا، (۳) اٹھلانا، معشوقانہ ادا دکھانا۔
مَٹکو : مونث؛ ناز نخرے کرنے والی، مٹک مٹک کر چلنے والی عورت۔
مَٹکا : مذکر؛ ایک قسم کا بڑا گھڑا۔
مَٹکی : مونث؛ (۱) چھوٹا گھڑا، ٹھلیا، (۲) شراب کا گھڑا۔
مَٹل/مُٹلا : مذکر؛ موٹے جسم کا بھدا، بے انتہا تنومند۔
مَٹن : MUTTON (انگ) مذکر؛ بکرے یا بھیڑ کا گوشت۔
ـــــ چاپ : ـــــ CHOP (انگ) مذکر؛ گوشت کے تلے ہوئے ٹکڑے۔
مٹنا : (۱) ناپید ہونا، معدوم ہونا، بے نشان ہونا، (۲) تباہ ہونا، برباد ہونا، (۳) ختم ہونا، (۴) زائل ہونا، چھیلا جانا (۵) عاشق ہونا، فریفتہ ہونا۔
مٹی : مونث؛ گرد، غبار، خاک، دھول، (۲) کیچڑ، زمین، (۳) خمیر، سرشت، (۴) میت، (۵) بے رونق بے کار۔
ـــــ اٹھنا : (کنایتاً) مرجانا، میت کا اٹھایا جانا۔
ـــــ پلید کرنا : ذلیل و رسوا کرنا، بُرا احساں کرنا، دُرگت کرنا، ہنسی اڑانا۔
ـــــ ٹھکانے لگانا : اچھی طرح کفن دفن کرنا۔
ـــــ خراب رہنا : پریشان رہنا، سرگرداں رہنا، برباد رہنا۔
ـــــ خراب کرنا : (۱) مُردے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا، (۲) رسوا کرنا، ذلیل کرنا، بدنام کرنا، (۳) (کنایتاً) برباد کرنا۔
ـــــ خراب ہونا : (کنایتاً) تباہی، بربادی۔
ـــــ خوار کرنا : ذلیل کرنا، رسوا کرنا، خوار کرنا۔
ـــــ خوار ہونا : تباہ ہونا، ذلیل ہونا۔
ـــــ دینا : قبر میں دفن کرنا، دفنانا۔
ـــــ ڈالنا : (۱) چھپانا، پردہ پوشی کرنا (۲) درگزر کرنا، (۳) لعنت بھیجنا۔
ـــــ کا تھوا/ـــــ کا دھوندا : (کنایتاً) کم عقل، بھدا، ناسمجھ۔
ـــــ کا تیل : (کیروسن آئیل) لیمپ وغیرہ میں جلایا جانے والا تیل۔
ـــــ کا عطر : ایک مشہور عطر۔
ـــــ کر دینا : (۱) خراب کر دینا، بگاڑنا، خاک میں ملانا، (۲) میلا کرنا، مٹی کے رنگ کا کرنا (۳) برباد کرنا، لٹانا، بے لطف کر دینا۔
ـــــ کے مول : نہایت ارزاں، نہایت سستا، کوڑیوں کے مول۔
ـــــ ہو جانا : (۱) خاک ہو جانا، خاک میں مل جانا (۲) بوسیدہ ہو جانا، (۳) بے رونق ہو جانا، (۴) مامد ہو جانا (۵) دفن ہو جانا۔
مٹیار : مونث؛ بغیر بیت کی زمین، اعلا درجہ کی زمین۔

مٹیا سانپ : مذکر؛ بھورے رنگ کا سانپ۔
مٹیالا : (۱) بھورا، مٹی کے رنگ کا۔ (۲) مذکر؛ مٹی کا رنگ۔
مٹیا میل کرنا، (عو) تباہ کرنا، برباد کرنا۔
مٹھ : مذکر؛ (۱) خانقاہ، دھرم شالہ، بت خانہ (۲) ہندو فقیروں کی جھونپڑی، کٹی، (۳) پاٹ شالہ، مذہبی مدرسہ (۴) نیل کا حوض۔
مٹھا : مذکر؛ (۱) مکھن نکلا ہوا دہی، چھاچھ، پتلا دہی، (۲) سست، ڈھیلا، کند ذہن (۳) کند دھار کا، (۴) سست رفتار گھوڑا۔
——پن : مذکر؛ (۱) سستی، کاہلی (۲) کند ذہن ہونا۔
مٹھا : مذکر؛ (۱) مٹھی، لپ (۲) بنڈل، گٹھا، (۳) قبضہ، دستہ، موٹھ، گرفت۔
مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا : مزہ لے لے کر باتیں کرنا تمکنت کے ساتھ بولنا۔
مٹھارنا : (۱) گوں کرنا، مدقہ بنانا (۲) کس پیدا کرنا، آٹے کو مکی دینا، (۳) باتیں بنانا، (۴) مفصل بیان کرنا، (۵) پھسلانا۔
مٹھاس : مونث؛ شیرینی، میٹھاپن، شیرینی کا مزا۔
مٹھی : مونث؛ بچوں کا پیار۔
مٹھی : مونث؛ (۱) مکی، سمیٹا ہوا ہاتھ کا پنجہ (۲) چنگل، قبضہ، مشت، (۳) گرفت، پکڑ، (۴) بند ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے۔
—— گرم کرنا : رشوت دینا۔
مٹھائی : مونث؛ (۱) میٹھاپن، (۲) شیرینی۔
مٹھو : مذکر؛ (۱) توتا، (۲) مجازاً، پیارا، (۳) پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ۔
مٹھیا : مونث؛ (۱) موٹھ، قبضہ، (۲) گڑکی پتی (۳) (عو) ایک قسم کا زیور۔
مٹھیانا : (۱) ہاتھ میں پکڑنا، (۲) قبضہ میں لانا۔

م ث

مثاب : (ع) صلہ کے قابل، لائق، ثواب دیا گیا۔
مثال : (ع) مونث؛ (۱) نظیر، مانند، مشابہت (۲) تمثیل، تصویر، صورت، (۳) نمونہ، (۴) سند، (۵) حکمنامہ، (۶) فرمان، (۷) مذکر؛ (تصوف کی اصطلاح) اس ظاہری عالم کے نمونہ کا ایک اور عالم، عالم مثال۔
مثالیت : مونث؛ (۱) مثالیں دے کر بات کہنے کا انداز (۲) (فلسفہ) آئیڈیل ازم، (۵) آدرش واد۔
مثانہ : (ع) مذکر؛ پھکنا، پیشاب کی تھیلی۔
مثبت : (ع) مذکر؛ (۱) جو منفی نہ ہو، جس میں فعل کا ہونا پایا جائے۔ (۲) مصدقہ، تصدیق کیا گیا، ثابت کیا ہوا۔
مثبت : (ع) (۱) ثابت کرنے والا، (۲) تصدیق کرنے والا (۳) دلیل۔
مثقال : (ع) مذکر؛ (۱) ساڑھے چار ماشہ کا وزن (۲) سونے کا ایک سکہ جو عرب میں رائج ہے۔
مثل : (ع) مونث؛ (۱) کہاوت، مثال (۲) کہانی، داستان۔
مثل : (ع) (۱) مانند (۲) قسم، طرح، نظیر، مشابہ، یکساں، برابر، ملتا ہوا۔
مثلاً : (ع) جیسے، گویا، یعنی، جس طرح۔
مثلث : (ع) مذکر؛ تین ضلعوں کی شکل (۲) تین تین مصرعوں کا بند (۳) سہ گوشہ، تکون (۴) علم عروض کا ایک وزن۔
مثلثی : مثلث، جیسا، تکون۔
مثمر : (ع) (۱) پھل دینے والا (۲) فائدہ مند۔
مثمن : (ع) (۱) ہشت پہلو، آٹھ کونیا، آٹھ ضلعوں کا، آٹھ ضلعوں کی شکل، (۲) مونث؛ (اصطلاح علم عروض) وہ بیت جس میں آٹھ رکن ہوں۔
مثنیٰ : (م۔ثن۔نا) (ع) مذکر؛ دوسری نقل، نقل مطابق اصل دوسرا پرت (۲) دو ٹکڑے کیا ہوا، دوہرا۔
مثنوی : (ع) مونث؛ (۱) دو کیا گیا (۲) مسلسل نظم جس میں ہر شعر کا قافیہ الگ اور شعر کا ہر مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے، پوری نظم کا وزن ایک ہوتا ہے، شعروں کی تعداد مقرر

م ج

مُجادلہ : (ع) مذکر: (۱) لڑائی، جنگ، ہنگامہ، باہمی جھگڑا (۲) دشمنی، عداوت (۳) حجت، تکرار، مباحثہ۔

مُجاز : (ع) مذکر: (۱) حقیقت کے برعکس، غیر حقیقی (۲) اختیار دیا گیا اجازت دیا گیا، مختار (ہونے کے ساتھ)۔

مَجازی : (ع) (۱) غیر اصلی، غیر حقیقی (۲) فرضی کیا ہوا، فرضی، مُرادی (۳) نقلی، جعلی، مصنوعی۔

مَجال : (ع) مونث: قدرت، طاقت، بساط، حوصلہ، بس، مقدور۔

مَجالِس : (ع) (لکھنؤ) مذکر: (دہلی) مونث: جمع مجلس کی، مجلسیں، انجمنیں، سبھائیں۔

مُجالَست : (ع) ہم نشینی، مل جل کر بیٹھنا۔

مَجامِع : مذکر: جمع: مجمع کی۔

مُجامَعت : (ع) مونث: جماع، صحبت، ہم بستری، مباشرت۔

مُجانَست : (ع) مونث: ہم جنس ہونا، ہم جنسی، ہم قومی۔

مجانین : (ع) مذکر: جمع مجنون کی، دیوانے، پاگل۔

مُجاوِر : (ع) مذکر: (۱) پاس رہنے والا، پڑوسی، ہم سایہ (۲) درگاہ اور متبرک مقامات کا خادم۔

مُجاہِد : (ع) مذکر: کوشش کرنے والا، مذہب کی خاطر لڑنے والا غازی، جہاد کرنے والا۔

مُجاہَدہ : (ع) مذکر: جانفشانی، نفس کُشی، محنت مشقت، ریاضت۔

مُجاہِدین : (ع) مذکر: جمع مجاہد کی۔

مجبور : (ع) ناچار، بے بس، عاجز۔

مجبوراً : تھک کر، جبر سے، تنگ آکر، بے بس ہو کر۔

مجبوری : مونث: عاجزی، بے بسی، ناچاری۔

مُجتبیٰ : (ع) (۱) منتخب، چُنا ہوا، برگزیدہ، پسندیدہ، چھانٹا ہوا (۲) پیغمبرِ خدا کا لقب۔

مُجتمَع : (ع) اکٹھا کیا گیا، جمع کیا گیا۔

مُجتنِب : (ع) علاحدگی اختیار کرنے والا، پرہیز کرنے والا، دور رہنے والا۔

مُجتہِد : (ع) (۱) اجتہاد کرنے والا (۲) کوشش کرنے والا۔ جدوجہد کرنے والا، (۳) جو دلیل کے ساتھ ایک بات کا قائل ہو، (۴) ٹھیک اور عمدہ راستہ نکالنے والا (۵) شیعہ مذہب کا فقیہ، مذہب کا پیشوا۔

مَجد : (ع) مذکر: شرافت، بزرگی، عظمت، برتری۔

مُجدِّد : (ع) (۱) پرانے کو نیا کرنے والا (۲) رفارمر، مُصلح، دین میں اصلاح کرنے والا (۳) دین کی بدعتوں کو دور کرنے والا، (۴) ایجاد کرنے والا، کوئی کام از سرِ نو کرنے والا۔

مُجدَّداً : (ع) نئے سرے سے۔

مُجدِّدِ الفِ ثانی : (ع) دوسرے ہزار برس کا مُجدِّد، شیخ احمدؒ سرہندی سے مُراد ہے۔

مَجذُوب : (ع) (۱) کھینچا گیا، جذب کیا گیا، (۲) مذکر: صاحبِ جذبہ، خدا کی محبت میں (جذب) غرق، (۳) ایک طرح کا فقیر (۴) اردو: پاگل، دیوانہ، سڑی، سودائی۔

—— کی بڑ: مونث: بے سروپا باتیں۔

مَجذُوم : (ع) مذکر: کوڑھی، جُذامی۔

مُجرا : (ع) مذکر: جاری ہونے کی جگہ۔

مُجرا : (ع) مذکر: (۱) جاری کیا گیا (۲) کٹوتی، منہائی (۳) (اردو) کورنش، ادب کے ساتھ کسی کو سلام کرنا (۴) شادی کی محفل میں میراثیوں کا گانا (۵) طوائفوں کا بیٹھ کر گانا (۶) ایک قسم کا مرثیہ جو رُباعی، قطعہ، قصیدہ یا غزل کے طرز پر کہا جاتا ہے، اور اس کے مطلع یا پہلے شعر میں لفظ مجرا یا سلام استعمال کیا جاتا ہے۔ (۷) ناچ رنگ، رقص۔

—— کرانا : (۱) حساب میں لگانا، محسوب کرنا (۲) منہا کرنا، کاٹ دینا، (۳) آداب بجالانا، تسلیمات کرنا، (۴) طوائف کا بیٹھ کر گانا۔

—— ہونا : (۱) حساب میں لگایا جانا، وضع ہونا، وصول ہونا، (۲) ناچ گانا ہونا۔

مُجرائی : مذکر: (۱) سلامی، سلام کرنے والا (۲) منصب دار وہ لوگ جو صرف سلام کرنے کی تنخواہ پاتے ہیں، درباری (۳) نظم میں سلام کہنے والا شاعر (۴) مونث: (اردو) منہائی۔

مُجرّب : (ع) تجربہ کیا ہوا، کارگر، تیر بہدف، موثر، آزمودہ۔

مُجرّبات : (ع) مذکر: تجربہ کی ہوئی چیزیں، آزمائے ہوئے نسخے۔

مُجرّد : (ع) (۱) تنہا، اکیلا، (۲) بن بیاہا، سنیاسی، تارک الدنیا، آزاد، (۳) غیر مادی چیز۔

مُجرّدات : (ع، مذکر، ۱) غیر محسوس، غیر مادی وجود، غیر جسمانی چیزیں، بے جسم وجود (۲) فرشتے روحیں۔

مُجرِم : (ع) مذکر؛ جرم کرنے والا، گنہگار، خطاوار۔

مُجروح : (ع) (۱) گھائل، زخمی (۲) وہ بیان جو ناقابل قبول ہو۔

مُجرَی : (۱) وہ ناچنے گانے والا جو بیٹھ کر گاتے (۲) سلام کرنے والا۔

مجسٹریٹ : MAGISTRATE (انگ) مذکر؛ حاکم فوجداری۔

مُجسطی : (م۔ جس۔ طی) مونث؛ حکیم بطلیموس کی مرتب کی ہوئی وہ کتاب جس کا ترجمہ محقق طوسی نے کیا تھا۔

مُجسّم : (ع) (۱) جسم والا، مُشخص (۲) سراپا۔

مُجسّمہ : (ع) مذکر؛ بُت۔

مُجلّا / مُجلّیٰ : (ع) جلا کیا ہوا، چمکایا ہوا

مُجلّد : (ع) جلد باندھا ہوا۔

مُجلس : (ع) مونث؛ (۱) بیٹھنے کی جگہ (۲) انجمن (۳) جلسہ (۴) کربلا کے شہیدوں کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔

——انتظامیہ / ——منتظمہ : (اضافت کے ساتھ) انتظام کرنے والی جماعت (انگ) (ایگزیکٹیو کمیٹی)۔

——شوریٰ : مونث؛ (اضافت کے ساتھ) صلاح و مشورہ کی مجلس۔

——عاملہ : (اضافت کے ساتھ) منتخب ارکان کی جماعت جو کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے، ورکنگ کمیٹی۔ YORK ING COMMITTEE

——عامہ : (اضافت کے ساتھ) عام اجلاس، جنرل میٹنگ۔

——قائمہ : (اضافت کے ساتھ) مستقل کمیٹی جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے، اسٹینڈنگ کمیٹی۔ STANDIN-DING-COM.ITTEE

مُجلّہ : (ع) مذکر؛ علمی رسالہ، میگزین۔

مُجلّی : (ع) روشن کرنے والا، جلا دینے والا۔

مُجمر : (ع) مذکر؛ جو کندر جلانے کا برتن، عود دان۔

مجمع : (ع) مذکر؛ جمع ہونے کی جگہ، مجلس (۲) ہجوم، بھیڑ، ہنگامہ۔

مجمع الجزائر : (ع) مذکر؛ ناپوؤں کا جھنڈ، کئی اکٹھے جزیرے۔

مُجمل : (ع) خلاصہ، اختصار۔

مُجملاً : (ع) سرسری، اجمالاً، مختصراً۔

مجموع : (ع) جمع، تمام، کُل۔

مجموعہ : (ع) مذکر؛ (۱) اکٹھا کیا ہوا (۲) کلیات، ذخیرہ۔

مجموعی : (ع) اکٹھی، کُل، تمام۔

مجنون : (ع) (۱) پاگل، (۲) عاشق (۳) لیلا (لیلیٰ) کے عاشق قیس کا لقب (۴) دُبلا پتلا اور کمزور آدمی، (۵) ایک درخت، بید مجنون۔

مُجوّز : (ع) تجویز کرنے والا، رائے دینے والا۔

مجوّزہ : (ع) مونث؛ تجویز شدہ، مقررہ۔

مجوس : (ع) مذکر؛ جمع مجوسی کی۔

مجوسی : (ع) مذکر؛ آتش پرست، زردشت کا پیرو۔

مجوّف : (ع) کھوکھلا، پولا۔

مجہول : (ع) (۱) نامعلوم (۲) وہ فعل جس کا فاعل نہ معلوم ہو، (۳) (اردو) سست، کاہل، نکما۔

مجہولیّت : مونث؛ بے حرکتی، سستی، ناقابل مزاحمت، جمود، بے عملی، انفعالیت۔

مجھولا : (۱) منجھلا، درمیانی (۲) مذکر؛ بڑا دیگچہ، چھوٹی دیگ مونث؛ مجھولی۔

مجھے : مجھ کو، میری ذات کو۔

مجھی : مجھ ہی۔

مُجیب : (ع) (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا (۳) خدا کا نام، (۴) (طبی اصطلاح) اجابت لانے والی دوا۔

——الدّعوات : (ع) مذکر؛ دعائیں قبول کرنے والا خدا تعالیٰ۔

مُجیٹھ : مونث؛ ایک قسم کی سُرخ لکڑی جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

مجید : (ع) (۱) بزرگ، (۲) خدا کا نام۔

مجیرا : مذکر؛ پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں دہلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔

م چ

مُچّا : مذکر، گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو۔

مُچان : (۱) سامان وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار سے ملا کر لگائے گئے تختے، ٹانڈ، دیوارگیر، (۲) (مونث) چھت کے نیچے کی ایک عارضی چھت، (۳) باغ یا کھیت کی نگرانی کرنے کے لیے زمین سے اونچائی پر باندھی گئی لکڑیاں (۴) شیر کے شکار کے لیے بنائی گئی اونچی جگہ۔

مچانا : (۱) عمل میں لانا، برپا کرنا (۲) گاڑی میں بیل یا گھوڑے جوتنا۔

مچلکہ : (ت) مذکر: (۱) عہدنامہ، (۲) مجرم کا تحریری عہد۔

مچلنا : (۱) ضد پر آنا (۲) رونا، بلکنا (۳) ٹال مٹول کرنا (۴) کسی چیز کے لینے یا دینے کی ہٹ کرنا۔

مچلچانا : (ع م) پُرشہوت اور مست ہونا۔

مچلچاہٹ : (ع م) مونث: شہوت یا مستی کا زور۔

مچنا : مچانا کا لازم۔

مچھ : مذکر: (۱) بڑی مچھلی، (۲) وشنو کا پانچواں اوتار۔

مچھر : مذکر: ایک چھوٹا پردار زہریلا کیڑا جو ڈنک مارتا ہے، پشہ۔

مچھلی : مونث: (۱) ماہی، حوت، (۲) انسان کے بازو کا اُبھرا ہوا گوشت، (۳) عورت کے کان میں پہننے کا ایک زیور۔

مچھندر : مذکر: (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا، (۲) چوہا، (۳) بے ہودہ آدمی، مسخرہ، دیوث۔

مچھوا : مذکر: مچھلیاں پکڑنے والا۔

مچھی : مونث: مچھلی۔

——بھون : مذکر: تالاب جس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پالتے ہیں۔

مچھیاں لینا : (لکھنؤ) بوسے لینا، پیار لینا۔

مچھیل : بڑی بڑی مونچھوں والا۔

م ح

محابا : (ع) (۱) لحاظ، مروت، پاسداری، صلح، نگہداشت، (۲) مذکر: ڈر، خوف۔

محاذ : (ع) مذکر: مقابلے کی جگہ، میدانِ جنگ۔

محاذات : (ع) مذکر: جمع محاذی: مقابلہ کرنا، آمنے سامنے ہونا۔

محاذی : (ع) مقابل، روبرو، مقابلہ کرنے والا، برابر ہونے والا۔

محاربات : (ع) مذکر: جمع محاربہ کی۔

محاربہ : (ع) مذکر: لڑائی، جنگ، معرکہ، آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ جنگ کرنا۔

محاسب : (ع) علم حساب سے واقف، حساب داں، (۲) حساب کرنے والا۔ (انگ) اکاؤنٹینٹ

محاسبہ : (ع) مذکر: (۱) حساب، شمار، پڑتال، (۲) باز پرس (۳) پوچھ گچھ۔

محاسن : (ع) مذکر: خوبیاں، نیکیاں، اچھائیاں۔

محاصرہ : (ع) مذکر: گھیراؤ، قلعہ بندی، چاروں طرف سے گھیر لینا۔

محاصرین : (ع) مذکر: گھیراؤ ڈالنے والے۔

محاصل : (ع) مذکر: (۱) محصول (۲) حاصل، آمدنی، نفع، نتیجہ۔

محافظ : (ع) (۱) نگراں، چوکیدار، پاسبان (۲) سرپرست، ولی۔

——خانہ : مذکر: فیصلہ شدہ مسلیں اور کاغذات رکھنے کا دفتر۔ ریکارڈ آفس RECORD OFFICE

——دفتر : ریکارڈ کیپر RECORD KEEPER مسلوں کی حفاظت کرنے والا۔

محافظت : (ع) مونث: (۱) حفاظت، نگرانی، (۲) سرپرستی۔

محافل : (ع) مونث: جمع محفل کی، انجمنیں، محفلیں۔

محافہ : (ع) مذکر: پردے دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں۔

محاق : (ع) مذکر: (۱) چاند کا گھٹنا، (۲) چاند کے گھٹنے کے دن، (۳) چاند کی آخر تین راتیں جب وہ چھپ جاتا ہے۔

محاکات : (ع) مونث: (۱) آپس میں بات چیت کرنا (۲) کسی چیز یا حالت کو اس طرح ادا کرنا کہ اس کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے۔ (۳) ایک دوسرے سے مشابہ ہونا۔

محاکمہ : (ع) مذکر: (۱) کسی بات کے فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا (۲) انصاف طلبی، دعوا، فیصلہ۔

محال : (ع) مذکر: (۱) جمع محل کی، مکانات، مقامات، (۲) اراضی کا وہ رقبہ جس میں متعدد پٹیاں ہوں اور جس پر مال گذاری علاحدہ

تشخیص ہو۔

مُحال : (ع) (۱) غیر ممکن (۲) مشکل، دشوار، کٹھن۔

مُحالات : مذکر؛ جمع محال کی، وہ باتیں جن کا ہونا سخت مشکل ہو، مشکلات، دشواریاں۔

مُحامِد : (ع) مذکر؛ اچھائیاں، نیک خصلتیں۔

مُحاوَرات : (ع) مذکر؛ جمع محاورہ کی۔

مُحاوَرہ : (ع) مذکر؛ (۱) ہم کلامی، باہمی گفتگو، بول چال، بات چیت سوال جواب، (۲) اصطلاح عام، وہ کلمہ یا کلام جسے اہل زبان نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لیے مخصوص کرلیا ہو۔ (۳) مشق، مہارت۔

مُحِب : (ع) مذکر؛ دوست، یار، مشفق، شفیق۔

مُحبّت : مونث؛ (۱) اُلفت، پیار، دوستی (۲) عشق، لگن، لَو۔

نامہ : مذکر؛ دوست کا خط، (۵) پریم پتر

مَحبَس : (ع) مذکر؛ قید خانہ، جیل، زندان۔

مَحبُوب : (ع) مذکر؛ (۱) دوست، عزیز، پیارا (۲) معشوق، دلدار، منظورِ نظر

ـــــ الٰہی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ خدا کا پیارا، حضرت نظام الدینؒ کا لقب۔

ـــــ کبریا : (اضافت کے ساتھ) حضرت محمدؐ کا لقب۔

مَحبُوبی / محبُوبیت : مونث؛ محبوب ہونا۔

مَحبُوس : (ع) مذکر؛ قیدی۔

مُحتاج : (ع) (۱) حاجت مند، غریب، مفلس (۲) طلب گار، خواہاں، (۳) (اُردو) لنگڑا، لولا، اندھا، اپاہج۔

مُحتاجی : مونث؛ (۱) مجبوری (۲) ضرورت، حاجت (۳) افلاس، غریبی، (۴) تنگ دستی (۵) دوسرے کا ہاتھ تکنا۔

مُحتاط : (ع) احتیاط رکھنے والا، ہوشیار۔

مُحتجِب : (ع) پوشیدہ، پنہاں۔

مُحترِز : (ع) پرہیز کرنے والا، اپنے تئیں بچانے والا۔

مُحترَم : (ع) معزز، بزرگ۔

مُحتَسِب : (ع) مذکر؛ (۱) حساب لینے والا، (۲) خلافِ شرع باتوں کی ممانعت کرنے والا، حاکم شرع۔

مُحتشَم : (ع) احتشام والا، جاہ وجلال والا۔

مُحتَمَل : (ع) مشکوک، گمان کیا گیا۔

مُحتَوِی : (ع) شامل، گھیر لینے والا۔

مُحتَوِیات : (ئُ۔ تَوِی۔ یات) (ع) مذکر؛ کسی کتاب میں مضامین کی فہرست۔

مُحجُوب : (ع) (۱) چھپا ہوا، پردہ میں (۲) میراث پانے سے محروم، (۳) (اُردو) شرمندہ۔

مُحدَّب : (ع) اُبھرا ہوا۔

مُحدِّث : (ع) حدیث کا علم جاننے والا۔

مَحدُود : (ع) حد کیا گیا، گھیرا ہوا، احاطہ کیا ہوا۔

مَحدُودِیّت : مونث؛ ایک حد تک رہنے کی کیفیت، حد بند ہونا۔

محذُوف : (ع) (۱) حذف کیا گیا، الگ کیا گیا، گرایا گیا (۲) (علم عروض کی اصطلاح) مذکر؛ وہ رُکن جس کے سبب خفیف یعنی دو حرف گرادیے جائیں۔

مِحراب : (ع) مونث؛ (۱) قوس نما طاق جو مسجد میں بناتے ہیں، جہاں امام کھڑا ہوتا ہے۔

مُحرِّر : (ع) لکھنے والا، کاتب۔

مُحرَّرہ : مونث؛ لکھا ہوا۔

مُحرِّری : مونث؛ لکھنے کا کام، تحریر کی اُجرت۔

مُحرَّف : (ع) ٹیڑھا، تحریف کیا گیا، مطلب سے پھرا ہوا۔

مُحرِّف : (ع) مطلب سے پھرنے والا، تحریف کرنے والا۔

مُحرِّق : (ع) مذکر؛ جلانے والا۔

مُحرِّقہ : (ع) مونث؛ ایک قسم کا بخار۔ (انگ) ٹائفائڈ۔

مُحرِّک : (ع) صفت (۱) حرکت دینے والا، ہلانے والا (۲) اُبھارنے والا، اُکسانے والا، (۳) تحریک کرنے والا۔

مُحرِم : (ع) احرام باندھنے والا۔

مَحرَم : (ع) (۱) قریبی رشتہ دار جس سے نکاح جائز نہ ہو، (۲) رازدار، (۳) واقف، جان پہچان (۴) مونث؛ انگیا کی کٹوری (جمع محارم)

مَحرَم اِسرار / محرمِ راز : (ف)؛ (اضافت کے ساتھ) بھید جاننے والا۔

مُحرِم کار : (اضافت کے ساتھ)؛ (۱) ماہر، تجربہ کار (۲) کسی کام سے واقف۔

مُحرَّم : ا ع، (۱) ہجری سال کا پہلا مہینہ، (۲) غم کا زمانہ (اسی ماہ کے ابتدائی دنوں میں کربلا کا واقعہ پیش آیا تھا اور اس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت ہوئی تھی)۔

مُحرمات : ع، مونث؛ جمع محرم کی، حرام کی گئی چیزیں

مُحرور : ع، (۱) گرم (۲) گرم مزاج۔

مُحروسہ : ع، مونث؛ (۱) جس چیز کی نگہبانی کی جائے۔ (۲) وہ ملک جو بادشاہ کی حفاظت میں ہو، (۳) محفوظ۔

مُحرُوق : ع، جلا ہوا۔

مُحرُوم : ع، (۱) حرام کیا گیا، باز رکھا گیا، (۲) ناکام، مایوس۔

مُحرُومی : ع، مونث؛ نا اُمیدی، مایوسی، ناکامی۔

مُحزُوں : ع، اُداس، غم گین۔

مُحسِن : ع، مذکر؛ (۱) احسان کرنے والا، نیکی کرنے والا، سخی، فیاض، (۲) سرپرست، مددگار، معاون۔

مُحسِنات : ع، مونث؛ (۱) نیکیاں، (۲) نیک اور خوب صورت عورتیں۔ (جمع محسنہ کی ہے)۔

مُحسِنہ : ع، نیکی کرنے والی، احسان کرنے والی عورت۔

مَحسُوب : ع، (۱) حساب کیا ہوا، گنا ہوا، (۲) (اُردو) وضع کیا گیا، حساب میں لگا لیا گیا، مُجرا دیا گیا۔

مَحسُود : ع، جس پر حسد کیا جائے، حسد کیا گیا، رشک کیا گیا۔

مَحسُوس : ع، وہ چیز جو کسی حس کے ذریعہ معلوم ہو، ظاہر، آشکارا۔

محسُوسات : ع، محسوس ہونے والی چیز (جمع محسوسہ کی)

مَحشَر : ع، مذکر؛ (۱) حشر کا میدان، قیامت کے دن لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ، (۲) (کنایتاً) ہنگامہ۔

مَحشُور : حشر کیا گیا، قیامت کے میدان میں اُٹھایا گیا۔

مَحشِی : (مـ۔ حَش۔ شا) ع، حاشیہ چڑھایا ہوا، شرح کے ساتھ مُشرح۔

مُحصِّل : ع، مذکر؛ حاصل کرنے والا، محصول وصول کرنے والا، تحصیل کا سپاہی۔

مُحصِنات : ع، مونث؛ نیک بیویاں۔ (جمع محصنہ کی)

مُحصِنہ : ع، نیک بیوی، پارسا عورت۔

مَحصُور : ع، گھیرا ہوا، قلعہ بند، مُقید۔

ـــــین : ع، مذکر؛ گھرے ہوئے لوگ، قلعہ بند لوگ، (جمع محصور کی)

مَحصُول : ع، مذکر، (۱) حاصل، خراج، (۲) ٹیکس، (۳) ڈاک خرچ، ریل کرایہ۔

مَحصُولی : وہ زمین جس کی مال گزاری سرکار کو ادا کی جائے، محصول لینے کے قابل۔

مَحض : ع، (۱) صرف، فقط، (۲) نرا، خالص (۳) بالکل، تمام۔

مَحضَر : ع، (۱) حاضر ہونے کی جگہ، (۲) کسی حاکم کا تصدیق کیا ہوا کاغذ، (۳) وہ نوشتہ جس پر کسی دعوے کے ثابت کرنے کے لیے لوگ اپنی مہریں لگائیں یا دستخط کریں۔

ـــــنامہ : ف، مذکر؛ (۱) شہادتوں اور مہروں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ۔ (۲) عرض حال، عرض داشت، نوشتہ۔

محظُوظ : ع، خوش، لطف اندوز۔

مَحفِل : مونث؛ مجلس، انجمن، لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔

محفُوظ : ع، (۱) حفاظت کیا ہوا، بچا ہوا، صحیح سلامت، (۲) یاد، حفظ۔

محفُوظہ : ع، (۱) مونث؛ حفاظت سے رکھی ہوئی چیز۔

مُحقَّر : ع، ذلیل کیا گیا، حقیر سمجھا گیا۔

مُحقِق : ع، مذکر؛ (۱) تحقیق کرنے والا، (۲) فلاسفر

مُحقَّق : ع، تحقیق کیا ہوا۔

مُحقِّقانہ : ف، تحقیق و صداقت کی رو سے۔

مُحقِّقین : ع، مذکر؛ جمع محقق کی۔

مُحَک / مِحَک : ع، مونث؛ کسوٹی، سونے کے کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر۔

مُحکَم : ع، مضبوط، پکا۔

مُحکَمات : ع، مونث؛ قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح ہیں۔

مَحکَمہ : ع، مذکر؛ (۱) حکم کرنے کی جگہ (۲) عدالت، دربار (۳) سررشتہ ڈپارٹمنٹ

مَحکُوم : ع، مذکر؛ (۱) حکم کیا ہوا، (۲) تابع، ماتحت (۳) مذکر؛ رعایا، نوکر چاکر۔

مَحل : ع، مذکر؛ (۱) اترنے کی جگہ، مکان، جگہ، ٹھکانا، (۲) ف، موقع، وقت (۳) عمارت، عالی شان مکان، (۴) (اُردو) مذکر؛ بیوی، بیگم، ملکہ۔

محلات : مذکر؛ جمع محل کی، جمع محلہ کی۔
محلسرا : اف، مونث، بادشاہوں نوابوں اور راجاؤں کے زنان خانے، حرم سرا۔
محلِ نظر : اف، مذکر؛ مقام فکر، اعتراض کی جگہ۔
محلل : ا ع، تحلیل کرنے والا۔
محلول : ع، حل کیا ہوا۔
محلہ : ع، مذکر؛ (۱) اُترنے کی جگہ، ٹھکانا (۲) آبادی کا ایک مخصوص حصہ، شہر کا کوئی علاقہ۔
محلی : ع، (م۔ حلّ۔لا) سجایا ہوا، زیور سے آراستہ۔
محلی : ع، خواجہ سرا۔
محمد : ع، مذکر؛ تعریف کیا ہوا، پیغمبر اسلام کا نام۔
محمدت : ع، مونث؛ تعریف، ستائش۔
محمدی : ع، محمدؐ سے نسبت رکھنے والا، حضرت محمدؐ کا پیرو۔
محمل : ع، مذکر؛ اونٹ کا ہودہ، کجاوہ۔
محمود : ع، (۱) تعریف کیا گیا (۲) مذکر؛ غزنی کا ایک مشہور بادشاہ، (۳) پیغمبر خدا کا صفاتی نام۔
محمول : ع، مذکر؛ (۱) بوجھ لادا ہوا (۲) گمان کیا گیا، قیاس کیا گیا۔ (۳) (منطق کی اصطلاح) وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے۔
محمولہ : ع، مونث؛ (۱) لادا گیا (۲) قیاس کیا گیا۔
محن : ع، مذکر؛ جمع محنت کی، بلائیں، تکلیفیں۔
محنت : ع، مونث؛ (۱) مشقت (۲) مزدوری (۳) تکلیف۔
——— **شاقہ** : ف، (اضافت کے ساتھ) مونث؛ سخت، محنت۔
——— **کش** : ف، جفاکش۔
——— **مزدوری** : مونث؛ کام کاج۔
محنتانہ : مذکر؛ محنت کا صلہ، اُجرت، وکیل کی فیس۔
محنتی : محنت کرنے والا۔
محو : ع، (۱) مٹا ہوا (۲) کسی خیال میں غرق، کھویا (۳) حیران، عاشق فریفتہ (۴) (تصوف کی اصطلاح) خدا کی یاد میں گم ہونا۔
محویت : مونث؛ محو ہونا، استغراق۔
محور : ع، مذکر؛ (۱) جس پر کوئی چیز گھومے (۲) (علم ہیئت کی اصطلاح) دُھرا، کیلی، مدار، وہ فرضی خط جس کا ایک سرا قطب شمالی دوسرا قطب جنوبی سے ملا ہوا ہے۔
محوّل : ع، حوالہ کیا ہوا، سپرد کیا گیا۔
محوّلہ : ع، مونث؛ حوالے کی ہوئی۔
محی : ع، زندہ کرنے والا، خدا۔
محی الدین : ع، دین کا زندہ کرنے والا، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب۔
محیط : ع، مذکر؛ (۱) گھیرنے والا (۲) سمندر، دریا (۳) احاطہ (۴) (جیومیٹری کی اصطلاح) دائرہ، دائرے کا گول خط۔
مخیل : ع، (۱) مکار، حیلہ گر (۲) آسمان کی صفت میں مستعمل ہے۔

م خ

مخارج : ع، مذکر؛ جمع مخرج کی، نکلنے کی جگہیں، خارج ہونے کے مقامات۔
مخازن : ع، مذکر؛ جمع مخزن کی، خزانے، ذخیرے۔
مخاصم : ع، دشمنی کرنے والا، دشمنی رکھنے والا۔
مخاصمانہ : دشمنی سے۔
مخاصمت : ع، مونث؛ دشمنی، مخالفت، بیر، لاگ۔
مخاطب : ع، مذکر؛ بات کرنے والا، متوجہ، خطاب کرنے والا۔
مخاطب : ع، جس سے بات کی جائے، جس سے خطاب کیا جائے۔
مخاطبہ / مخاطبت : ع، مذکر؛ آپس میں بات چیت کرنا۔ آمنے سامنے کچھ کہنا۔
مخالف : ع، مذکر؛ (۱) دشمن، باغی، (۲) اُلٹا، برخلاف، برعکس۔
مخالفت : ع، مونث؛ (۱) دشمنی، (۲) اختلاف (۳) ضد (۴) کشیدگی۔
مخبر : ع، مذکر؛ (۱) خبر دینے والا، (۲) (اُردو) جاسوس، خفیہ پولیس۔
صادق : (اضافت کے ساتھ) کنایتاً، حضرت محمدؐ۔
مخبری : مونث؛ جاسوسی، خفیہ خبر رسانی۔
مخبوط : ع، خبطی، بدحواس، سودائی۔
مخبوط الحواس : ع، مذکر؛ جس کے حواس قائم نہ ہوں، دیوانہ، پاگل۔
مختار : ع، (۱) اختیار والا، آزاد، مجاز (۲) سرپرست، ولی (۳) گماشتہ، ایجنٹ (۴) اختیار دیا گیا۔

مُختارِ عالم : مذکر، (اضافت کے ساتھ) (قانونی اصطلاح) جسے ہر بات کا اختیار دیا گیا ہو، وہ شخص جس کے نام مختار نامہ عام ہو۔
ـــــ کار : مذکر؛ کام کرنے کا مجاز، مہتمم، سربراہ۔
ـــــ کُل / ـــــ مُطلق : مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) مکمل اختیار والا، مدارالمہام۔
ـــــ نامہ : مذکر؛ وہ تحریر جس کے ذریعہ کسی کو مختار بنایا گیا ہو۔
مختاری : (ع) مونث؛ سربراہی، مختار کا پیشہ یا کام۔
مُختَتَم : (ع) ختم کیا ہوا۔
مُختَتِم : (ع) ختم کرنے والا۔
مُخترِع : (ع) مذکر؛ ایجاد کرنے والا۔
مخترعات : (ع) مذکر؛ نئی ایجاد کی گئی چیزیں۔
مُختَص : (ع) خاص کیا گیا، مخصوص کیا گیا۔
مُختَصَر : (ع) خلاصہ، چھوٹا۔
مُختَصَراً : (ع) اختصار کے ساتھ۔
مُختَفی : (ع) چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ۔
مُختَل : (ع) بگڑا ہوا، خلل پایا ہوا، درہم برہم۔
مُختَلُ الحواس : (ع) حواس باختہ، جس کے حواس قائم نہ ہوں۔
مُختَلِف : (ع) الگ الگ، علاحدہ، جُدا، طرح طرح کا۔
مُختَلَف فیہ : (ع) وہ چیز جس میں اختلاف ہو۔
مُختوم : (ع) (۱) دستخط کیا ہوا، مُہر شدہ (۲) بند کیا ہوا، مقفل۔
مختون : (ع) ختنہ کیا ہوا۔
مُخدِّر : (ع) سُن کرنے والی چیز، نیند لانے والی دوا۔
مُخدَّرات : (ع) مذکر؛ پردہ نشین عورتیں (۲) جمع مُخدِّرہ کی۔
مُخدوش : (ع) (۱) خطرناک، خدشے والا (۲) مشکوک۔
مخدوم : (ع) مذکر؛ مالک۔
مخدومہ : (ع) مونث؛ مخدوم کی تانیث۔
مُخرِب / مُخرِّب : (ع) خراب کرنے والا۔
مُخرَج : (ع) مذکر؛ منبع، مصدر، نکلنے کی جگہ، اصل، جڑ، مادہ۔
مُخروطی : (ع) گاؤدُم، گاجر کی وضع کا۔
مُخزَن : (ع) مذکر؛ خزانہ جمع کرنے کی جگہ، خزانہ، گودام۔
مُخزون : (ع) مذکر؛ خزانہ میں رکھا گیا۔
مُخزونہ : (ع) مونث؛ خزانے میں رکھی ہوئی چیز، گڑی اور دبی ہوئی چیز۔
مخصوص : (ع) خاص کیا ہوا، نامزد کیا گیا۔
مُخطَّط : (ع) لکیروں والا، دھاری دار۔
مخطوبہ : (ع) مونث؛ وہ عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو۔
مخطوطہ : (خ ـ طو ـ طا) (ع) مذکر؛ پرانی قلمی کتاب، قلمی کتاب۔
مُخفَّف : (ع) (۱) تخفیف کیا ہوا، کم کیا ہوا، مختصر کیا ہوا (۲) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا گیا ہو، جیسے بود سے بُد۔
مُخفی : (ع) چھپا ہوا، پوشیدہ، خفیہ۔
مُخِل : (ع) خلل ڈالنے والا، مُفسد (۲) رخنہ ڈالنے والا۔
مُخلِص : (ع) (۱) خالص، بے میل، سچا خلوص والا (۲) مذکر؛ سچا دوست، یار صادق۔
مُخلِصی : (ف) مونث؛ رہائی، نجات، چھٹکارا۔
مخلوط : (ع) ملا جُلا، گڈمڈ۔
ـــــ النسل : (ع) دوغلا، وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو۔
مخلوق : (ع) (۱) پیدا کیا ہوا (۲) مونث؛ دُنیا، خلق، کائنات۔
مخلوقات : (ع) مونث؛ دنیا اور دنیا کی چیزیں (جمع مخلوق کی)
مُخلّی : (ع) خالی کیا گیا، آزاد کیا گیا۔
ـــــ بالطبع : بے تکلف، وہ شخص جسے اس کی طبیعت پر آزاد چھوڑ دیا جائے۔
مُخمَّس : (ع) (۱) پنج گوشیا، پانچ ضلعوں والی شکل (۲) مذکر؛ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک بند ہو۔
مُخمَصہ : (ع) مذکر؛ (۱) بھوک کی سوزش (۲) بے چینی، جھگڑا، بکھیڑا، جھنجھٹ۔
مُخمَل : (ع) مونث؛ (۱) ایک قسم کا نہایت ملائم روئیں دار کپڑا (۲) ایک قسم کا سُرخ اور ملائم پھول، (۳) (کنایتاً) بہت نرم و ملائم۔
مُخملی / مُخملین : (ع) مخمل کا، مخمل جیسا، بے حد نرم۔
مخمور : (ع) نشے میں چور، مست، متوالا، مدہوش۔
مُخنّث : (ع) ہیجڑا، نامرد۔

مُخَوَّل : مونث؛ ٹھٹھا، مذاق، چھیڑخانی۔
مُخَوِّلیا : مذکر؛ مسخرا، ظریف، ہنسوڑ۔
مُخَیِّر : (ع) خیرات کرنے والا، فیاض، سخی۔
مُخَیِّلہ : (ع) مذکر؛ خیال کی قوت، دماغ کی ایک قوت کا نام۔

م د

مَدّ : (ع) مذکر؛ (۱) کھینچاؤ، چڑھاؤ، جُوار (۲) لمبائی، زیادتی (۳) مونث؛ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (آ) لکیر، نشان، (۴) کسی مضمون یا حساب کے اوپر کھینچی ہوئی لمبی سطر (۵) ایک مضمون ختم ہونے کے بعد اور دوسرا مضمون شروع ہونے سے پہلے کھینچا گیا نشان (۶) (اُردو) مونث؛ عنوان، محکمہ، دفتر، صیغہ۔
مَدِ فاضل : (اضافت کے ساتھ) (ع) (۱) بے کار مد، (۲) (کنایتاً) بے کار اور فضول چیز۔
مَدِ مُقابِل : (ع) (اضافت کے ساتھ) (۱) مخالف، برابر کا دعوے دار (۲) برابر کی جوڑ، برابر کی چوٹ (۳) (کنایتاً) مذکر؛ رقیب۔
مَدِ نظر : (اضافت کے ساتھ) (۱) نظر کے سامنے (۲) ارادہ، منصوبہ۔
مَدّ و جَزر : (ع) مذکر؛ جوار بھاٹا، سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اُتار جو چاند کی کشش کے سبب ہوتا ہے۔
مَدّا : مذکر؛ سُستا، مُندا۔
مَدّاح : (ع) (۱) تعریف کرنے والا (۲) پسند کرنے والا۔
مَدّاحی : مونث؛ تعریف، مداح سرائی۔
مَداخِل : (ع) مذکر؛ (۱) آمدنی (۲) معاملہ (۳) محصول۔
—— و مخارِج : مذکر؛ آمدنی و خرچ۔
مداخَلَت : (ع) مونث؛ (۱) دخل دینا، دست اندازی، (۲) قابو، تصرف۔
مِداد : (ع) مونث؛ روشنائی۔
مَدار : مذکر؛ آک کا پودا۔
—— کی بُڑھیا : آک کے ڈونڈے سے نکلنے والے روئیں۔
مَدار : (ع) مذکر؛ (۱) دائرہ (۲) گردش کی جگہ، محور، چول، دُھری، کیلی، (۳) ٹھہراہوا، موقوف، انحصار (۴) ٹھہراؤ، قیام، (۵) عورتوں کے مطابق جمادی الاوّل کا مہینہ۔
مُدارُالمُہام : (ع) مذکر؛ وزیر اعظم، حاکم اعلا۔
مُدار کار : (ف) مذکر؛ کسی کام کا انحصار، موقوف علیہ۔
مُدارا : مونث؛ مدارات کا مخفف، خاطر داری، تواضع۔
مُدارات : (ع) مونث؛ خاطر داری، آؤ بھگت۔
مَدارِج : (ع) مذکر؛ درجے، رُتبے۔
مَدارِس : (ع) مذکر؛ جمع مدرسہ کی۔
مَداری : مذکر؛ شعبدہ بازی نٹ۔
مَداریا : مذکر؛ (۱) شاہ مدار کے سلسلے کے درویش (۲) ایک قسم کا چھوٹا حُقّہ۔
مُدافِع : (ع) روکنے والا، ہٹانے والا۔
مُدافَعَت : (ع) مونث؛ بچاؤ، تردید، روک۔
مُدام : (ع) ہمیشہ، متواتر، سدا، دائم۔
مُداوا : مذکر؛ مداوات کا مخفف، علاج، دوا دارو۔
مُداوات : (ع) مذکر؛ علاج، چارہ سازی، تدبیر۔
مُداوَمَت : (ع) مونث؛ ہمیشگی، قیام، ثبات۔
مُداہَنَت : (ع) مونث؛ مُنافقت، خوشامد۔
مَدّاح : (ع) مذکر؛ جمع مدیحہ کی، تعریفیں، سلاطین، امرا اور مشائخ وغیرہ کی۔
مُدَبِّر : (ع) (۱) تدبیر کرنے والا، عقلمند، (۲) سیاست دان۔
مُدَّت : (ع) مونث؛ دیر، عرصہ، میعاد، مہلت۔
مُدَّۃُ العُمر : عمر بھر، ساری عمر۔
مُدّتِ مدید : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ عرصہ دراز، بہت دیر۔
مَدح : (ع) مونث؛ (۱) تعریف، توصیف، ستائش، (۲) شاعری وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو۔
مِدحَت : (ع) مونث؛ حمد، تعریف، ثنا، (۲) شاعری وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو۔
مَدخَل : (ع) مذکر؛ داخل ہونے کی جگہ، آمدنی، محصول۔
مَدخُول : (ع) داخل کیا گیا۔
مَدخُولہ : (ع) مونث؛ (۱) وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو، (۲) وہ عورت جس کو گھر میں ڈال لیا گیا ہو، داشتہ۔

مَدَد : (ع) مونث؛ (۱) کمک، امداد، سہارا، اعانت (۲) رسد، (۳) خوراک، راج، مزدور۔

مَدَد گار : مدد کرنے والا، معاون۔

مددِ معاش : (۱) (اضافت کے ساتھ) (۱) کھانے پینے کا سہارا، (۲) وظیفہ، پنشن، (۳) وہ جاگیر جو کسی خاص مصرف کے لیے وقف کر دی جائے۔

مُدِر : اع، پیشاب لانے والی دوا۔

مُدِرات : (ع) مذکر: مُدِرّ، جمع مُدِرّ کی، پیشاب لانے والی دوائیں۔

مُدِرا : (ہ) مونث؛ دارو، شراب، عرق۔

مُدَرِّس : (ع) مذکر: درس دینے والا، پڑھانے والا، مُعلّم۔

مَدرسہ : (ع) مذکر؛ پڑھانے کی جگہ، مکتب، اسکول۔

مُدَرِّسی : مونث؛ پڑھانے کا پیشہ، مُعلّمی۔

مُدرِک : اع، مذکر: سمجھنے والا، عقلمند، دانا، ذہین۔

مُدرِکہ : (ع) مذکر؛ وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کر سکے، ذہن، عقل۔

مَدظلّہٗ/مدظلّہٗ العالی : (ع) خدا اس کا سایہ دراز کرے، وہ بہت دنوں تک جیئے، بزرگوں کے القاب میں لکھتے ہیں۔

مُدّعا : (ع) مذکر؛ مقصد، غرض، مطلب، مُراد۔

ـــــ علیہ : مذکر، فریق ثانی، جس پر دعوا کیا گیا ہو۔

مَدعُو : اع، دعوت دیا گیا، بُلایا گیا۔

مُدّعی : (ع) مذکر؛ (۱) دعوا کرنے والا، نالش کرنے والا، (۲) رقیب غیر، (۳) دشمن۔

ـــــ سُست گواہ چُست : (مثل) غرض مند خاموش حمایتی سرگرم۔

مُدغم : اع، ایک دوسرے میں ملا ہوا، پیوست۔

مَدفن : اع، مذکر؛ دفن کی جگہ، قبر۔

مَدفُون : (ع) (۱) دفن کیا ہوا، گاڑا ہوا، (۲) پوشیدہ، مخفی۔

مُدقِق : (ع) دلیل کے ساتھ ثابت کرنے والا، باریک باتیں پیدا کرنے والا۔

مُدقّق : (ع) وہ چیز جو تحقیقات کے بعد ثابت ہو گئی ہو۔

مَدقُوق : (ع) دق کا مریض۔

مَدک : (ع) ایک قسم کا نشہ جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیا جاتا ہے۔

مُدلّل : (ع) دلیل سے ثابت کیا ہوا؛ معقول، درست۔

مُدمَغ : (ع) مغرور، متکبر، گھمنڈی۔

مُدُن : (ع) بہت سے شہر، جمع مدینہ کی۔

مَدَنی : (ع) مدینہ کا شہری، مدینہ کا باشندہ، شہری۔

مَدَنی الطبع : اع، صفت؛ جو فطرتاً اپنے ساتھیوں کے ساتھ رہنے کا خوگر ہو۔

مَدَنیّت : (ع) مونث؛ تمدّن، مل جل کر رہنے کا طریقہ، شہریت، انسانیت۔

مُدوّر : (ع) گول، دائرہ نما۔

مُدوِّن : (ع) جمع کرنے والا۔

مُدوَّن : (ع) جمع کیا گیا۔

مُدہوش : (ع) (۱) حیران، متحیر، (۲) بدمست، متوالا، مخمور۔

مدیح : (ع) مونث؛ تعریف، ستائش۔

مدید : (ع) (۱) لمبا، طویل، (۲) مونث؛ عروض کی ایک بحر۔

مُدیر : (ع) (۱) گھمانے والا، (۲) مہتمم، (۳) اخبار کا اڈیٹر۔

مُدیرا : (ہ) مونث؛ (۱) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مُرغابی۔

مدینہ : (ع) مذکر؛ شہر (۲) عرب کا مشہور اور مُقدّس شہر۔

مدینۃُ العلم : (ع) مذکر؛ حضرت رسولِ خدا کا لقب۔

مدیون : (ع) مذکر؛ قرض دار، مقروض۔

مَدھ : (ہ) مذکر؛ درمیان، بیچ۔

ـــــ مات : مونث؛ ایک راگنی کا نام۔

ـــــ ماتا : مذکر؛ نشہ، جوانی، شراب سے مست۔

مَدھر : (ہ) خوش گوار، میٹھا۔

مَدّھم : (۱) آہستہ، دھیما (۲) متوسط، (۳) نیچا، کم (۴) ہلکا (۵) پھیکا، ماند، گھٹا ہوا (۶) مذکر؛ گویوں کی اصطلاح، سات سروں میں سے ایک سُر۔

مَدھو : (ہ) مذکر؛ شہد۔

مَدھو مکھی : (ہ) مونث؛ شہد کی مکھی۔

مَدھوبَن : (ہ) مذکر؛ متھرا کے پاس ایک جنگل کا نام۔

مَدھیہ : (ہ) مذکر؛ بیچ، درمیان۔

مِڈل کلاس : MIDDLE CLASS (انگ) مذکر، متوسط طبقہ۔

ـــــ اسکول : آٹھویں جماعت تک کا اسکول۔

مُڈوالتف : (انگ) مونث؛ دائی، جنائی، قابلہ۔
مُڈھ : مذکر؛ (۱) بوڑھا آدمی (۲) سردار، سرغنہ، سرگروہ۔
مُڈھوبھیڑ : مونث؛ (۱) آمنا سامنا مقابلہ (۲) اتفاقیہ ملاقات۔
مذاق : مذکر؛ (۱) چکا، عادت، دلچسپی، سلیقہ (۲) ہنسی، دل لگی۔
مذاقاً : مذاق سے، ہنسی سے، دل لگی سے، چھیڑ سے۔
مذاقیہ : (۱) مذاق کے طور پر، ہنسی سے، مذاقاً (۲) مذاق کرنے والا۔
مذاکرہ : (ع) مذکر؛ کسی موضوع پر بات چیت، مباحثہ۔
مذاہب : (ع) مذکر؛ جمع مذہب کی۔
مذبح : (ع) مذکر؛ ذبح کرنے کی جگہ (انگ) سلاٹر ہاؤس SLAUGHTER HOUSE
مذبذب : (ع) (۱) ڈانواڈول، کمزور ارادے والا، غیر مستقل مزاج (۲) مشتبہ۔
مذبوح : (ع) ذبح کیا ہوا جانور۔
مذکر : (ع) مونث کی ضد؛ نر، مرد۔
مذکور : (ع) مذکر؛ ذکر کیا ہوا (۲) ذکر، چرچا، شہرت۔
مذکورہ بالا/ــــ صدر : جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں آچکا ہو۔
مذلت : (ع) مونث؛ ذلت، رسوائی۔
مذمت : (ع) برائی، بدی، ہجو، لعنت، ملامت۔
مذموم : (ع) مذکر؛ برا، خراب، قبیح۔
مذنب : (ع) گنہگار، گناہ کرنے والا۔
مذنبین : (ع) مذکر؛ جمع مذنب کی۔
مذہب : (ع) سونا چڑھی ہوئی چیز، سونے کا ملمع کی ہوئی چیز۔
مذہب : (ع) مذکر؛ (۱) راستہ، طریقہ (۲) مجازاً دین، آئین، عقیدہ (۳) ملت، کیش، مشرب۔
مذہبی : (ع) مذہب سے منسوب، مذہب کا، مذہب پسند۔
مذی : مونث؛ شہوت کے غلبہ سے نکلنے والی پتلی رطوبت۔

م ر

مر : مرنا کا امر۔
مرا : مُوا، مرگیا، مرا ہوا، فوت ہوا۔
مرا : میرا کا مخفف۔
مرآت : مذکر؛ آئینہ، شیشہ، آرسی۔
مراتب : (ع) مذکر؛ جمع مرتبہ کی، درجے، رتبے، مناسب۔
مراثی : (ع) مذکر؛ جمع مرثیہ کی۔
مراجانا : بے تاب ہو جانا۔
مراجعت : (ع) مونث؛ واپسی، رجوع، لوٹنا۔
مراحل : (ع) مذکر؛ جمع مرحلہ کی، منازل، درجے، منزلیں۔
مراحم : (ع) مذکر؛ جمع مرحمت کی، مہربانیاں، بخشش۔
ــــ **خسروانہ** : (ف) اضافت کے ساتھ مذکر؛ بادشاہی بخشش، عطیات شاہی۔
مراد : (ع) مونث؛ (۱) مطلب، مقصد (۲) تمنا (۳) منت (۴) مفہوم، منشا۔
ــــ **برآنا** : مقصد پورا ہونا۔
ــــ **برلانا** : کسی مقصد کو پورا کرنا۔
ــــ **پانا** : منشا پورا ہونا۔
ــــ **پرآنا** : (لکھنؤ) (۱) کسی چیز کا کام کے لائق ہونا (۲) بالغ ہونا، شباب کا زوروں پر آنا۔
ــــ **پوری کرنا** : مطلب پوری کرنا، کام نکالنا۔
ــــ **لینا** : نتیجہ نکالنا، قیاس کرنا، معنی نکالنا۔
ــــ **ماننا** : منت ماننا۔
مرادف : (ع) مذکر؛ ہم معنی، مترادف۔
مرادی : (۱) مراد کے مطابق (۲) مجازی، اصطلاحی، فرضی۔
مراری : (ہ) مذکر؛ (۱) راکشش کا دشمن، (۲) کرشن جی کا لقب (۳) وشنو کا نام۔
مراسلات : (ع) مذکر؛ (۱) مراسلہ کی جمع، چٹھیاں، خطوط (۲) خط و کتابت۔
مراسلت : (ع) مونث؛ خط و کتابت۔
مراسلہ : مذکر؛ چٹھی، خط۔
ــــ **نگار** : اخبار یا رسالہ میں خط لکھنے والا۔
مراسم : (ع) مذکر؛ (جمع مرسوم کی) (۱) میل، جول، برتاؤ، تعلقات (۲) رسمیں۔
مراعات : (ع) مونث؛ لحاظ مروت، رعایت۔
مراعات النظیر : (ع) مونث؛ ایک دوسرے سے مناسبت رکھنے والی چیزیں (۲) علم بدیع کی ایک صنعت، صنعت تناسب، رعایت لفظی۔
مرافعہ : (ع) مذکر؛ اپیل۔
مراق : (ع) مذکر؛ ایک قسم کا جنون، مالیخولیا، مالی خولیا۔
مراقی : (ع) جنونی۔

مُراقبہ : (ع) مذکر: (۱) سوچ بچار، گیان، (۲) خدا کا دھیان، استغراق (۳) گردن جھکا کر فکر کرنا۔

مُرام : (ع) مذکر؛ مُراد، مقصد، تمنا۔

مراوَ/مُرائی : مذکر؛ کاچھی، ترکاری بونے والا۔

مُرَبّا : (ع) مذکر؛ شکر کے قوام میں رکھا ہوا پھل۔

مُرَبّع : (ع) مذکر؛ (۱) چوکور، وہ سطح جس کے چاروں ضلع ایک دوسرے کے برابر اور چاروں زاویے قائمہ ہوں (۲) چوکور چیز جس کا طول و عرض برابر ہوں (۳) پالتی مار کر بیٹھنا (۴) سولہ خانے کا تعویذ۔

مَربُوط : (ع) بندھا ہوا، وابستہ، لگایا ہوا۔

مُربّی : (ع) مذکر؛ پرورش کرنے والا، سرپرست۔

مُربُھکا : مذکر؛ وہ شخص جو کھانے سے سیر نہ ہو، کھانے پر ٹوٹ کر گرنے والا، بہت بھوکا، فاقہ زدہ۔

مُرتا : مذکر؛ مرنے کے قریب، جاں بلب۔

—— کیا نہ کرتا : (مثل) مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

مُرتاض : (ع) ریاضت کرنے والا، زاہد۔

مُرتّب : (ع) ترتیب دیا ہوا، باقاعدہ، دُرست۔

مُرتِّب : (ع) ترتیب دینے والا۔

مُرتبان : مذکر؛ (۱) چینی یا مٹی کا روغن کیا ہوا ایک قسم کا برتن (۲) ایک قسم کا کیلا۔

مُرتبَت : (ع) مذکر؛ مرتبہ، درجہ۔

مَرتبہ : (ف) مذکر؛ (۱) درجہ، رُتبہ، عہدہ (۲) (اُردو) مونث؛ بار، دفعہ

مُرتد : (ع) مذکر؛ پھرا ہوا، اسلام سے پھرا ہوا۔

مُرتسِم : (ع) نشان کیا گیا، مہر لگایا گیا۔

مُرتشی : (ع) رشوت لینے والا۔ (دیکھو راشی)۔

مُرتضیٰ : (ع) مذکر؛ (۱) پسندیدہ (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔

مُرتعِش : (ع) کانپنے والا، لرزاں، رعشے والا۔

مُرتفع : (ع) (۱) اُبھرا ہوا، اونچا، بلند (۲) دور کیا ہوا، رفع کیا ہوا۔

مُرتفِع : (ع) بلند، بلند ہونے والا۔

مُرتکِب : (ع) ارتکاب کرنے والا، کسی فعل کا کرنے والا۔

مُرتہن : (ع) مذکر؛ گرو رکھنے والا۔

مَرتے جیتے : جس طرح ہو سکا، جوں توں کر کے، بُری بھلی طرح۔

مَرثیہ : (ع) مذکر؛ (۱) مرنے والے کی تعریف میں کہے گئے اشعار، (۲) شاعری کی ایک صنف (۳) ماتم، رونا۔

مَرجاں : (ع) مذکر؛ (۱) چھوٹا موتی، (۲) مونگا۔

مَرجانا : (۱) انتقال کر جانا (۲) فریفتہ ہو جانا (۳) تباہ ہونا (۴) خواہش نہ رہنا (۵) بجھ جانا، فرو ہو جانا۔

مُرجِح : (ع) ترجیح دینے والا۔

مُرجَّح : (ع) ترجیح دیا ہوا، افضل، فائق۔

مُرجّز : (ع) شعر کی تینوں قسموں (مرجز، مسجع، عاری) میں سے ایک قسم جس میں ہر دو فقروں کے کلمات ہم وزن اور ہم قافیہ ہو۔

مَرجع : (ع) مذکر؛ واپسی کی جگہ، ٹھکانا، جائے پناہ، مرکز۔

مَرجعیّت : (ع) مونث؛ مرکزیت، مرکز ہونا، مرجع ہونا۔

مَرجوع/مرجُوعہ : (ع) (۱) رجوع کیا گیا، لوٹایا گیا (۲) دائر کیا گیا نالش کیا گیا۔

مُرجھانا : (۱) سوکھنا، کملانا، پژمردہ ہونا، (۲) غم گین ہونا، اُداس ہونا۔

مرچ : مونث؛ بے حد تیز مزہ والا ایک پودا اور اس کا پھل (فلفل) (۲) نہایت تیز۔

مَرچکنا : مرکر ختم ہو جانا۔

—— چلنا : مرنے کے قریب آنا، مرنے لگنا۔

مَرچنٹ : MERCHANT (انگ) مذکر؛ بیوپاری، تاجر۔

مُرچنگ : مونث؛ ایک قسم کا باجا۔

مَرحَبا : (ع) مونث؛ (کلمۂ تحسین) شاباش، آفرین، سبحان اللہ۔

مَرحلہ : (ع) مذکر؛ (۱) منزل، بارہ میل کی مسافت، (۲) اہم کام، لمبا فاصلہ۔

مَرحَمت : (ع) مونث؛ مہربانی، رحم، عنایت۔

—— نامہ : مذکر؛ بڑے کا خط چھوٹے کے نام۔

مَرحوم : (ع) رحمت کیا گیا، مُرا ہوا شخص۔

مُرخَص : (ع) رخصت کیا گیا، اجازت دیا گیا۔

مُرخِص : (ع) رخصت کرنے والا، اجازت دینے والا۔

مُرخّم : (ع) (۱) ملایم کیا گیا، وہ لفظ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو۔

مَرد : (ف) مذکر؛ (۱) نر، (۲) آدمی (۳) (اُردو) شوہر (۴) بہادر۔

مُرد آدمی : شریف، بھلا مانس، مُہذب۔
ـــــ بچہ : (ف) (کنایتاً) دلیر، جوانِ مرد۔
مُرداد : (ف، مذکر) فارسی کا پانچواں شمسی مہینہ۔
مُردار : (ف) (۱) ناپاک، نجس، حرام (۲) مُردہ، بے جان، (۳) مونث، فاحشہ، نالائق، نابکار۔
ـــــ خوار : (ف) مُردہ کھانے والا۔
ـــــ سنگ : (ف، مذکر) ایک قسم کی دوا جو پتھر کی مانند ہوتی ہے۔
مُردانگی : (ف) مونث، بہادری، دلیری، جوان مردی۔
مُردانہ : (ف) (۱) مرد سے نسبت رکھنے والا (۲) بہادرانہ، دلیری سے (۳) مذکر، دیوان خانہ، وہ جگہ جہاں مرد بیٹھتے ہیں۔
ـــــ وار : (ف) مردوں کے مانند، بہادرانہ۔
مُردانی : مونث، مردوں کے سے کام کرنے والی عورت۔
مُردک : (ف، مذکر) مرد کی تصغیر، حقیر آدمی، ادنا، ذلیل۔
مُردگان : (ف، مذکر) مرے ہوئے لوگ، مُردے، جمع مُردہ کی۔
مُردلنا : (ف) مونث، نرمی، نزاکت۔
مُردُم : (ف، مذکر) (۱) عام لوگ، مرد (۲) شائستہ آدمی (۳) آنکھ کی پُتلی۔
ـــــ آزار : (ف) لوگوں کو ستانے والا، ظالم۔
ـــــ خاکی : (اضافت کے ساتھ) انسان۔
ـــــ خوار : آدم خور، آدمیوں کو کھا جانے والا درندہ۔
ـــــ خیز : لائق اور بہادر آدمیوں کو پیدا کرنے والی جگہ۔
ـــــ دیدہ : (اضافت کے ساتھ) آنکھ کی پُتلی۔
ـــــ شماری : آدمیوں کی گنتی، (۵) جن گڑنا
ـــــ شناس : آدمی کو پہچاننے والا۔
ـــــ شناسی : اچھے بُرے آدمی کی شناخت۔
مُردُنک : آنکھ کی پُتلی۔
مُردمی : (۱) انسانیت، مروت، خُلق، رعایت (۲) بہادری، شجاعت، دلیری، (۳) قوت باہ۔
مُردن : (ف) مرنا، مر جانا۔
مُردنگ : ایک قسم کی ڈھولک جو طبلے کی طرح بجائی جاتی ہے۔
مُردنگی : مردنگ بجانے والا۔
مُردلی : (۱) موت کی علامت جو کسی کے چہرے پر ظاہر ہوتی ہے۔ (۲) (ہندو) مرنا، قضا، موت۔
مُردوا : مذکر، (حقارتاً) (۱) مرد کی تصغیر (۲) (عو) غیر مرد، (۳) شوہر، (۴) بہادر مرد۔
مُردُود : (ع) (۱) رد کیا گیا، بے عزت کیا گیا، ملعون، (۲) نالائق، بدنصیب۔
مُردہ : (ف، مذکر) (۱) بے جان، لاش، میت، بنازہ، (۲) دُبلا، کمزور، (۳) افسردہ۔
ـــــ بدستِ زندہ : (ف) (مثل) کمزور طاقتور کے آگے بے بس۔
ـــــ پرستی : (۱) زندہ اہل کمال کی ناقدری، (۲) مرنے والوں کی پرستش کرنے والا۔
ـــــ دِل : (ف) اُداس، افسردہ۔
ـــــ دوزخ میں جائے کہ بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام : (مثل) خود غرض کو اپنے مطلب سے کام۔
ـــــ شُو : (ف، مذکر) مُردے کو غسل دینے والا، غسال۔
مُردوں سے شرط باندھ کر سونا : بہت غفلت کی نیند سونا۔
مُر رہنا : (کنایتاً) کسی کام میں دیر لگانا، جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا کی جگہ۔
مِرزا : (ف، مذکر) (۱) میرزا کا مُخفف، امیرزادہ، شہزادہ (۲) مغلوں کا لقب (۳) خاندان تیموریہ کے شہزادوں کا لقب۔
ـــــ پھُویا : مذکر، (۱) (کنایتاً) نازک اندام، دُبلا، پتلا آدمی، (۲) آرام طلب، سُست، کاہل آدمی۔
مِرزائی : (ف) مونث، (۱) بزرگی، شہزادگی (۲) (اردو) گھمنڈ (۳) حکومت، سرداری۔
مِرزبان : (ف، مذکر) آتش پرستوں کا سردار۔
مَرزبوم : (ف، مذکر) پیدائش کی جگہ، جنم بھومی۔
مِرزئی : مونث، ایک قسم کا آدھی آستین والا لباس، نیم آستین، صُدری۔
مُرسَل : (ع) مذکر، (۱) بھیجا ہوا، (۲) رسول، پیغمبر، نبی، (۳) وہ نبی جس کو خدا کی طرف سے کتاب ملی ہو۔
مُرسِل : (ع) مذکر، نامہ بھیجنے والا، ارسال کرنے والا۔

مُرسَلہ : (ع) صفت، بھیجا ہوا، ارسال کیا ہوا۔
مُرسَلین : (ع) مذکر؛ جمع مرسل کی؛ بہت سے رسول، بہت سے پیغمبر۔
مُرشِد : (ع) مذکر؛ (۱) ہدایت کرنے والا، پیر، (۲) (کنایتاً) استاد، چالاک۔
——زادہ : پیر کا بیٹا۔
مُرصّع : (ع) (۱) جواہر جڑا ہوا، آراستہ (۲) مناسب اور موزوں الفاظ کی ترتیب والی نظم یا نثر۔
——ساز/——کار : زیور میں نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔
مَرض : مذکر؛ (۱) بیماری، روگ (۲) لت، عادت۔
مَرضا : (ع) مذکر؛ جمع مریض کی۔
مَرضُ الموت : (ع) مذکر؛ وہ بیماری جس سے آدمی مرجائے، مہلک مرض۔
مَرضِ لاحقہ : (ف) (اضافت کے ساتھ) موجودہ بیماری۔
——متعدّی : (ف) (اضافت کے ساتھ) وہ بیماری جو ایک کو دوسرے سے لگ جائے۔
——پسندی : مونث؛ (ادب) مریضانہ جذبات کی پیروی۔
مرضی : (ع) مونث؛ (۱) رضا، خوشی (۲) اجازت (۳) خواہش، ضرورت، پسند، مزاج۔
مَرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ : (اضافت کے ساتھ) (مقولہ) ہر معاملے میں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیے، خدا جو چاہے کرے وہی سب سے بہتر ہے۔
مَرطوب : (ع) تر، گیلا، سیلا ہوا۔
مَرعُوب : (ع) رُعب میں آیا ہوا، ڈرا ہوا۔
مَرعی : (ع) رعایت کیا گیا، لحاظ کیا گیا۔
مُرغ : (ف) مذکر؛ (۱) پرند، اُڑنے والا جانور، (۲) مُرغا۔
——آتش خوار : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ چکور۔
——باز : (ف) مُرغ لڑانے والا۔
——زرّیں : (ف) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) ایک قسم کا سنہری رنگ کا جنگلی مُرغا۔
——سلیمان : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ کھٹ بڑھئی، ہُدہُد۔
——قبلہ نما : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ قبلہ نما آلہ میں بنا ہوا پرندہ جس کا سر ہمیشہ قبلہ کی طرف رہتا ہے۔
مُرغ کی ایک ہی ٹانگ/مُرغے کی ایک ہی ٹانگ : (مثل) اپنی بے جا بات پر اڑا رہنے والا اور قائل نہ ہونے والا۔

مُرغا : مذکر؛ مرغی کا نر، خروس۔
——بانگ نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہوگی : (مثل) کوئی کام کسی کے بغیر رُکا نہیں رہے گا۔
مُرغابی : (ف) مونث؛ قاز، ایک آبی پرندہ۔
مُرغی : مونث؛ مُرغے کی مادہ، ماکیان۔
——اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزا نہ آیا : (مثل) جان توڑ محنت کی بھی کوئی قدر نہ ہوئی۔
——بٹھانا : مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
مُرغزار : (ف) مذکر؛ سبزہ زار، چراگاہ، ہری دوب کا میدان ہرا بھرا جنگل۔
مُرغَن : روغن والا، چربی والا۔
مَرغوب : (ع) (۱) پسندیدہ، (۲) مزیدار (۳) خوبصورت۔
مَرغوبات : (ع) مرغوب چیزیں، جمع مرغوب کی۔
مُرغولہ/مُرغول : (ف) (۱) پیچ دار، خم دار، بل کھایا ہوا (۲) مذکر؛ ڈنڈی دار محراب (۳) پیچیدہ آواز، گٹکری۔
مَرفوع : (ع) (۱) اٹھایا گیا، بلند کیا گیا، رفع کیا گیا، (۲) وہ حرف جس پر پیش ہو (۳) مونث؛ وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ حضرت پیغمبر خدا تک پہنچے۔
——القلم : (ع) (۱) جس کا جرم باز پرس کے قابل نہ ہو، معذور، پاگل (۲) ناقابل ذکر، بے محاسبہ۔
مُرقّہ : (ع) آسودہ، خوش حال، فارغ البال۔
——الحال : (ع) خوش حال، دولت مند، امیر۔
مَرقَد : (ع) مذکر؛ (۱) سونے کی جگہ، آرام گاہ (۲) مجازاً، قبر، تربت۔
مُرقّع : (ع) مذکر؛ (۱) تصویروں کی کتاب، البم (۲) فقیروں کی گدڑی (۳) (کنایتاً) لاجواب۔
——اُتروانا : تصویر کھنچوانا۔
——اُلٹ جانا/مُرقّع برہم ہونا : عالم کا تہ و بالا ہونا۔
——بن جانا : تصویر بن جانا، متحیر ہو جانا۔
——کھینچنا : تصویر کھینچنا۔
مَرقوم : (ع) لکھا ہوا، لکھا گیا۔
مَرقومہ : (ع) مونث؛ تحریر کیا ہوا، لکھا ہوا۔

مُرکانا : مروڑنا، بل دینا۔
مَرکب : (ع) مذکر؛ (۱) سواری کی چیز (۲) گھوڑا، جمع مَراکب۔
مُرکّب : (ع) ترکیب دیا گیا، کئی چیزوں کا مجموعہ۔
مُرکّبات : (ع) مذکر؛ جمع مرکّب کی؛ ملی ہوئی دوائیں۔
مرکر : (۱) مردہ ہوکر، مرنے کے بعد (۲) (کنایتاً) مشکل سے۔
مرکھنا : مذکر؛ (۱) سینگ مارنے والا جانور (۲) خواہ مخواہ مارنے والا۔
مَرکز : مذکر؛ (۱) دائرے کا درمیانی نقطہ (۲) کسی چیز کا درمیانی حصّہ، بیچوں بیچ، درمیان (۳) ٹھکانا مقام (۴) صدر مقام، کیمپ، (۵) کاف یا گاف پر کھنچی ہوئی آڑی لکیر (۶) مدار، دُھری، کیلی، محوَر۔
——ثقل : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ توازن قائم رکھنے کا نقطہ
مُرکنا : بل کھانا، مڑنا، موچ آنا۔
مَرکوز : (ع) (۱) گڑا ہوا، جما ہوا، مرکز کیا ہوا (۲) (مجازاً) منظور کیا گیا، پسند کیا گیا۔
——خاطر : (ف) دل میں بیٹھی ہوئی بات، دِل نشیں۔
مُرکی : مونث؛ کان کا ایک زیور، چھوٹی بالی۔
مَرگ : (ف) مونث؛ موت، اجل، قضا۔
——انبوہ جشنے دارد : (ف) (اضافت کے ساتھ) (مثل) عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔
——مفاجات : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ناگہانی موت، بے وقت کی موت۔
——ناگہاں / ——ناگہانی : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ اتفاقی موت / اچانک موت۔
مِرگ : (۵) مذکر؛ (۱) ہرن (۲) چوپایہ جانور (۳) پانچویں نچھتر کا نام۔
——چھالا : مذکر؛ ہرن کی بالوں سمیت کھال۔
——شالا : مذکر؛ ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔
مُرگل : (۵) مذکر؛ تلے ہوئے مچھلی کے ٹکڑے (۲) گھونیاں کے پتوں کو لپیٹ کر خاص مسالا دے کر تلنا۔
مَرگھٹ : (۵) مذکر؛ ہندوؤں کے مردے جلانے کی جگہ شمسان۔
مِرگی : مونث؛ ایک مرض، صرع۔
مِرگیا : مذکر؛ مرگی کا مریض۔
مَرگیا مَردُود جس کا فاتحہ نہ دُرُود : نکموں کی موت کا کوئی سوگ نہیں مناتا۔
مُرلی : (۵) مونث؛ بانسری۔
——دھر : مذکر؛ کرشن جی کا لقب۔
مَرمّت : (ع) مونث؛ (۱) درستی، اصلاح، ٹوٹی پھوٹی چیز کو بنانا۔ (۲) (کنایتاً) سزا، مار پیٹ، گوشمالی۔
——طلب : مرمت کے قابل۔
مَرمٹنا : (۱) جان دے دینا (۲) فنا ہو جانا، تباہ اور برباد ہو جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔
مَرمَر : (یونانی) مذکر؛ ایک قسم کا سفید چکنا پتھر۔
مَرمَرین : (ف) سنگ مرمر کی طرح۔
مَرمَر کے دن گزارنا : بڑی مشکل سے دن کاٹنا۔
مُرمُرا : مذکر؛ بھُنے ہوئے چاول۔
مَرن : (۵) مونث؛ (۱) موت (۲) مرنا (۳) مصیبت، آفت، تباہی۔
——بُرت : (۵) کسی مطلب کو منوانے کے لیے مرنے تک رکھا جانے والا روزہ۔
مرنا : (۱) بے جان ہونا، وفات پانا (۲) جان دینا (رشک و حسد سے) (۳) عاشق ہونا، فدا ہونا (۴) تباہ ہونا، برباد ہونا، مرجھانا، کملانا (۵) مصیبت جھیلنا (۶) بے حد محنت کرنا۔
مرے پر سو دُرّے : (مثل) مصیبت پر مصیبت۔
——کو ماریں شاہ مدار : (مثل) کمزور کو سب دباتے ہیں۔ غریب کو سب ستاتے ہیں۔
مَری : مونث؛ (۱) وبا (۲) مردہ چیز، ماری گئی۔
——پڑنا : (۵) وبا پھیلنا۔
——مٹی کی نشانی : مُردے کی یادگار۔
مَرنجاں مرنج : وہ شخص جس سے کسی کو رنج نہ پہنچے، سب سے ہنس بول کر رہنے والا۔
مُروا : (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوشبو دار پودا (۳) ایک قسم کا اناج۔
مَروارید : (ف) مذکر (۱) موتی، گوہر (۲) (مجازاً) آنکھ کے آنسو اور معشوقوں کے دانت۔

مُرَوَّت : (ع) مونث، لحاظ، رعایت۔
مُرَوَّج : (ع) مذکر: (۱) رائج کیا گیا (۲) رائج الوقت، جاری، متعمل، رسمی، معمول۔
مُرَوِّج : (ع) رائج کرنے والے۔
مُرور : (ع) مذکر: گزرنا، منقضی ہونا (وقت کا)
مَروڑ : مونث: (۱) اینٹھن، بل (۲) تشنج (۳) پیٹ کی اینٹھن۔ (۴) پیچش کی بیماری۔
مُروڑا : مذکر: پیچش، اینٹھن۔
مُروڑنا : (۱) بل دینا، موڑنا (۲) اینٹھنا (۳) نچوڑنا۔
مُرَوَّق : (ع) نتھارا ہوا، صاف کیا ہوا، خالص۔
مَروَہ : (ع) مذکر (۱) مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام (۲) ف: مذکر، ایک خوش بو دار گھاس۔
مَروی : (ع) روایت کیا گیا، بیان کیا گیا۔
مَرہٹہ : مذکر: مہاراشٹر کی ایک قوم۔
مَرہٹی : مونث (۱) مرہٹہ سے منسوب (۲) مرہٹی زبان۔ (۳) ایک قسم کا گیت۔
مَرہم : (ع) (۱) زخم پر لگائی جانے والی دوا (۲) (کنایتاً) کسی قسم کے زخم کا علاج۔
مَرہون : (ع) مذکر: گرو رکھا گیا، رہن کیا گیا۔
ـــــ منت : (ف) (اضافت کے ساتھ) احسان مند، شکر گزار۔
مَرئی : (ع) نظر آنے والی چیز۔
مَرئیات : (ع) مذکر: جمع مرئی کی، وہ چیزیں جو آنکھوں سے دیکھی جائیں اور حواس خمسۂ ظاہری کی گرفت میں آسکیں۔
مُرّی : مونث: (عم) (۱) گرہ، پھندا (۲) (کنایتاً) پیچ، دقت۔
مُری : میری کا مخفف۔
مُریادا : (ف) مونث: (۱) معمول، طریقہ (۲) عزت، شہرت، (۳) نیک چال چلن۔
مِرّیخ : (ع) مذکر: (۱) ایک آتش صفت سیارہ، منگل (۲) (کیمیا کی اصطلاح) لوہا، فولاد۔
مُرید : (ع) (۱) کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا (۲) مطیع، فرماں بردار، (۳) چیلا، دینی شاگرد۔
مَریض : (ع) مذکر: بیمار، روگی۔
مَریضہ : (ع) مونث: مریض کی تانیث۔
مَریل : (۱) نہایت دبلا، کمزور (۲) افسردہ (۳) سست رفتار۔
مَریم : (ع) مونث: (۱) حضرت عیسیٰ کی ماں کا نام، (۲) پارسا، باعصمت، پاک دامن (۳) کنواری، دوشیزہ۔

م ـــ ڑ، ز، ژ

مَڑک : مونث: (ع) (۱) موج، ٹیڑھ، کجی، مروڑ، اینٹھ، اکڑ (۲) ساز باز، توڑ جوڑ، تدبیر، چال۔
مُڑکنا : (۱) ہاتھ یا پاؤں میں موج آجانا (۲) ٹوٹنا، چٹ چٹ ٹوٹنا (جیسے چوڑیاں مڑکنا۔)
مُڑنا : (۱) گھومنا، ٹیڑھا ہو جانا، بل کھانا (۲) پھرنا، لوٹنا، واپس ہونا پیچھے پھر کر دیکھنا (۳) چیچک کے دانوں کا مرجھانا۔
مُڑھنا : (۱) منڈھنا، کھال چڑھانا (۲) زبردستی کسی کے حوالہ کرنا۔
مَڑھی : (ف) مونث (۱) فقیر کی جھونپڑی، کٹی، (۲) معبد، مندر۔
مِزاج : (ع) مذکر: (۱) طبیعت، سرشت، خمیر (۲) عادت، خصلت (۳) گن، خاصیت، اثر، خاصہ (۴) مادہ، اصلیت، جوہر، حقیقت (۵) (کنایتاً) تکبر، دماغ، غرور (۶) ناز، نخرہ۔
ـــــ دار : خود پسند، مغرور، دماغ دار۔
ـــــ داں : طبیعت سے واقف، مزاج سے آگاہ۔
ـــــ شریف / ـــــ مبارک / ـــــ عالی : خیریت دریافت کرنے کے الفاظ۔ مزاج کیا ہے۔
ـــــ شناس : (ف) طبیعت کی حالت جاننے والا۔
ـــــ کا تیز : مذکر، غصہ ور
ـــــ کرنا : اترانا، غرور کرنا۔
ـــــ کیسا ہے : (۱) مزاج پرسی کا کلمہ، خیریت معلوم کرنا۔
ـــــ کی لینا : ڈینگ مارنا، اترانا، بے پروائی کرنا۔
ـــــ نہ ملنا : اترانا، مغرور ہونا۔
ـــــ والا : مذکر: مغرور، گھمنڈی۔
مزاجاً : (ع) طبیعت کی رو سے، از روئے مزاج، طبیعتاً۔
مِزاح : (ع) مونث: ظرافت، مذاق، ہنسی، خوش طبعی۔

مُزاحف : (ع) (۱) گری ہوئی چیز (۲) (عروض کی اصطلاح) وہ رکن جو سالم نہ رہا ہو اور اس میں کچھ تغیر کیا گیا ہو۔

مُزاحِم : (ع) روکنے والا، مزاحمت کرنے والا، مانع، حائل۔

مُزاحمت : مونث؛ روک، ممانعت۔

مَزار : (ع) (۱) زیارت کرنے کی جگہ، درگاہ، آستانہ (۲) قبر۔

مَزارِع : (ع) کسان، کاشتکار، کھیتی کرنے والا (جمع مزرع کی)

مَزامِیر : (ع) مذکر: جمع مزمار کی (۲) بانسری، مُرلی (۳) مطربوں کے ساز۔

مُزاوَلت : (ع) مونث، مشق، مہارت۔

مُزَخرَف : (ع) جھوٹی بات جو سچ معلوم ہو، بناوٹ کی بات (جمع مُزخرفات)

مُزد : (ف) مونث؛ اُجرت، مزدوری۔

مَزدُور : مذکر؛ مزدوری کرنے والا، اجرت پر کام کرنے والا، بوجھ اٹھانے والا۔

مزدوری : مونث (۱) اجرت، معاوضہ (۲) محنت، مشقت۔

مَزرَع / مَزرَعہ : (ع) مونث؛ مذکر؛ (۱) کھیتی، کھیت، (۲) چھوٹا گاؤں، بستی۔

مَزروعہ : (ع) مونث؛ بویا ہوا۔

مَزعفر : (ع) (۱) زعفرانی، زرد رنگ، (۲) مذکر؛ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ، زردہ۔

مُزکّی : (ع) (۱) زکوٰۃ دیا گیا (۲) پاک کیا گیا۔

مِزمار : (ع) مونث؛ (۱) بانسری، نے (۲) ہر ایک قسم کا باجا۔

مُزمِن : (ع) مذکر؛ پرانا۔

مَزہ : (ف) مذکر؛ (۱) لذت، سودا، ذائقہ (۲) چسکا، چاٹ، (۳) (اردو) لطف، حظ (۴) عیش، خوشی (۵) جوبن، شباب، (۶) لت، عادت (۷) سیر، تماشا۔

——پانا : (۱) لطف حاصل کرنا، لذت پانا (۲) کیے کی سزا پانا۔

——چکھانا : (۱) ذائقہ چکھانا (۲) سزا دینا، بدلا لینا۔

——چکھنا : (۱) لذت پانا (۲) نمیازہ بھگتنا، رنج اٹھانا۔

——کرکرا ہونا : بے لطف ہونا، رنگ میں بھنگ ہونا۔

مزے اُڑانا : مزے حاصل ہونا، عیش کرنا۔

——دار : (۱) لذیذ، خوش ذائقہ (۲) خوش طبع، ظریف (۳) دلچسپ،

——میں : (۱) لطف کے ساتھ، بے تکلف (۲) اچھی حالت میں، خیریت سے۔

مزید : (ع) زیادہ، فالتو۔

——برآں : (ف) اس کے سوا، علاوہ بریں۔

مُزَیّن : (ع) سجا ہوا، آراستہ، مُکلّف۔

مُژدہ : (ف) مذکر (۱) خوش خبری (۲) مبارک باد۔

——باد : (ف) مذکر، مبارک ہو۔

مژگاں : (ف) مونث؛ پلکیں، جمع مژہ کی۔

مژہ : (ف) مونث؛ پلک۔

م س

مَس : (ع) مذکر؛ (۱) چھونا، ہاتھ لگانا (۲) لگاؤ، رغبت، رجحان۔

——کرنا : چھونا، ہاتھ لگانا، ہاتھ سے چھونا۔

——ہونا : رغبت ہونا، میل ہونا، لگاؤ ہونا۔

مِس : MISS (انگ) (۱) بن بیاہی، کنواری لڑکی (۲) خالی ہونا۔

مِس : (ف) مذکر؛ تانبا۔

——خام : (ف) مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) کچا تانبا۔

مِسی : (ف) تانبے کا، تانبے سے بنا ہوا۔

مَسا : (ع) مونث؛ شام کا وقت، شام، (تنہا مستعمل نہیں ہے)

مَسا / مَسّا : مذکر؛ گوشت کا ایک دانہ سا جو جسم پر پڑ جاتا ہے۔

مَساجِد : (ع) مونث؛ جمع مسجد کی، بہت سی مسجدیں۔

مَساس : (ع) مذکر؛ عورت کے کسی حصۂ جسم کو ہاتھ سے ملنا۔

مَساعِد : (ع) مددگار، یاور، معاون، موافق۔

مُساعَدت : (ع) مونث، مدد کرنا۔

مَساعی : (ع) مذکر؛ کوششیں، جمع مسعات کی۔

——جمیلہ : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ نیک کوششیں۔

مَسافَت : مونث؛ دوری، بُعد، عرصۂ فاصلہ۔

مُسافِر : مذکر، سفر کرنے والا، راہ گیر، پردیسی۔

——خانہ : مذکر؛ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ، سرائے۔

مسافرانہ : (ف) مسافروں کی طرح، پردیسیوں کے مانند۔

مُسافرت : (ع) مونث : سفر، سفر کی حالت ۔ ۲) پردیس۔
مَساکن : (ع) مذکر : جمع مسکن کی؛ مکانات سکونت کی جگہ۔
مَساکیّت : مونث؛ (نفسیاتی اصطلاح) ایذا پسندی، خود کو اذیت پہنچا کر مسرت محسوس کرنا۔ (انگ) MASOCHISM
مَساکین : (ع) مذکر؛ جمع مسکین کی؛ غریب، مفلس، محتاج کنگال، فقیر۔
مَسالا : مذکر : (۱) کسی چیز کی تیاری کے لوازم اور ضروریات (جیسے سالن کا مسالا، پان کا مسالا وغیرہ) (۲) گوٹا، پٹھا، کناری وغیرہ؛ (۳) مذکر؛ چونا اور سرخی وغیرہ۔ (۴) لونگ، الائچی، زیرہ، مرچ وغیرہ۔
مَسالے دار : (۱) مسالا ملا ہوا، (۲) کنایتاً چٹپٹا۔
مَسالِک : (ع) مذکر؛ مَسلک کی جمع؛ طریقے، راہیں، رستے۔
مَسام : (ع) مذکر؛ جسم کے وہ چھوٹے چھوٹے سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے۔ (جمع مسامات)
مَسان : مذکر : (۱) مرگھٹ، وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں (۲) بچوں کی ایک بیماری (۳) جنتر منتر، سفلی عمل، (۴) بھوت خبیث اور گندی روح۔
مُساوات : (ع) مونث : (۱) برابری، ہمسری (۲) علم حساب کا ایک قاعدہ۔
مُساوی : (ع) برابر، یکساں، ہم وزن۔
—— **الاضلاع** : (ع) (جومیٹری کی اصطلاح) وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔
مُساویت : مونث؛ برابری، مُساوات۔
مُسامَحَت : (ع) مونث؛ سستی، تساہل، تساہل کرنا۔
مُسَبَّب : (ع) سبب کیا گیا، باعث، سبب۔
مُسَبِّب : (ع) سبب بنانے والا۔
—— **الاسباب** : (ع) مذکر؛ سبب پیدا کرنے والا، خدا۔
مُسَبَّع : (ع) مذکر؛ سات حصے کیا گیا، سات برابر ضلعوں کی شکل، سات مصرعوں کے بند والے شعر۔
مَسبُوق : (ع) گزشتہ، سابق، گزرا ہوا۔
مَست : (ف) (۱) متوالا، مخمور (۲) جوانی سے بھرا ہوا (۳) سرشار، بے خود، مدہوش، (۴) مجذوب، دیوانہ، (۵) خوش (۶) بے پرواہ۔
—— **اَلَست** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ پیدائشی مست، مستِ ازل۔
مُستاجِر : (ع) (۱) ٹھیکہ دار، اجارہ دار، (۲) زمیندار، پٹی دار، اسامی۔
مُستاصِل : (ع) جڑ سے اُکھاڑ دینے والا، برباد کر دینے والا۔
مُستاصَل : (ع) منہدم، جڑ سے اُکھڑا ہوا، تباہ۔
مُستانا : مست ہو جانا، گرما جانا۔
مُستان : (ف) مذکر؛ مست، دیوانہ۔
مُستانہ : (ف) مست کی طرح، متوالے کی طرح۔
مُستَبعَد : (ع) دور، دشوار، بعید از قیاس۔
مُستثنیٰ : (ع) (۱) الگ کیا گیا، چُنا گیا (۲) جُدا، ممتاز، منتخب، برگزیدہ۔
مُستثنیات : (ع) مذکر؛ الگ کیے ہوئے امور۔
مُستجاب : (ع) (مجازاً) قبول کیا گیا، جواب دیا گیا۔
—— **الدعوات** : جس کی دعا قبول ہو، جس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں شرف قبولیت پاتے۔
مُستجمع : (ع) جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا۔
مُستجیب : (ع) دعا قبول کرنے والا، جواب دینے والا۔
مُستحَب : (ع) (۱) محبت کیا گیا، پسندیدہ (۲) عبادت جس کے کرنے پر ثواب ہو، نہ کرنے پر کچھ عذاب نہ ہو۔
مُستحسَن : (ع) (۱) نیک، پسندیدہ، بہتر (۲) (فقہ کی اصطلاح) وہ عبادت جس کو پیغمبر اسلام نے بہتر فرمایا ہو۔
مُستحضَر : (ع) یاد رکھا ہوا؛ وہ بات جو یاد ہو۔
مُستحَق : (ع) (۱) حق رکھنے والا، دعوے دار، (۲) لائق، قابل (۳) دُرویش، مسکین، مُفلس۔
مُستحکم : (ع) پکا، مضبوط، پائدار، قائم رہنے والا، اٹل۔
مُستحیل : (ع) ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا۔
مُستدعی : (ع) چاہنے والا، خواہش مند، درخواست کرنے والا۔
مُستدیر : (ع) گول، مُدوّر۔
مُسترَد : (ع) رد کیا گیا، واپس کیا گیا۔
مُسترشِد : (ع) ہدایت چاہنے والا، سیدھی راہ کا خواہاں، مُرید۔
مستری : کاریگر، مکینک۔

مُسْتَزاد : (ع) مذکر: (۱) زیادہ کیا ہوا، بڑھایا ہوا (۲) عروض میں ہر مصرع کے بعد ایسا ٹکڑا ہو جو اُسی کے رُکنِ اوّل اور رُکنِ آخر کے برابر ہو۔

مُستَسقی : (ع) مذکر: استسقار کی بیماری والا۔

مُستَشرِق : (ع) مذکر: یورپ کا وہ باشندہ جو مشرقی علوم میں ماہر ہو۔

مستطاب : (ع) (۱) اچھا، عمدہ، بامزہ (۲) مبارک، سعید، نیک۔

مستطیع : (ع) استطاعت رکھنے والا، صاحبِ قدرت۔

مستطیل : (ع) مذکر: (۱) وہ شکل جس کی لمبائی چوڑائی برابر نہ ہو (۲) (جیومٹری کی اصطلاح) چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویہ قائمہ اور مقابل کے دو دو ضلعے برابر ہوں۔

مُستَعار : (ع) مانگا ہوا، اُدھار لیا ہوا۔

مُستَعان : (ع) (۱) جس سے مدد مانگی جائے (۲) مذکر: خدا کا نام۔

مُستَعجِل : (ع) جلد باز، جلدی کرنے والا۔

مُستَعِد : (ع) (۱) آمادہ، تیار، موجود، کمربستہ (۲) چست، چالاک ہوشیار، تیز، طرار۔

مُستَعفی : (ع) استعفا دینے والا، نوکری چھوڑنے والا۔

مُستَعمَل : (ع) استعمال کیا ہوا، برتا ہوا، کام میں لایا ہوا، مُروّج۔

مستعین : (ع) مدد چاہنے والا، اعانت طلب کرنے والا۔

مُستَغاث : (ع) جس سے انصاف چاہا جائے، جس سے فریاد کی جائے۔

مستغرق : (ع) کسی کام میں نہایت مصروف۔

مُستَغفِر : (ع) معافی مانگنے والا، استغفار کرنے والا، گناہوں کی بخشش طلب کرنے والا۔

مُستَغنی : (ع) (۱) آزاد، بے پروا (۲) مالدار، دولت مند (۳) آسودہ حال، مطمئن (۴) غنی، بے نیاز۔

مُستَغیث : (ع) مذکر: (۱) استغاثہ دائر کرنے والا، نالشی، فریادی، دادخواہ (۲) (قانون) عدالت فوجداری میں دعوا دائر کرنے والا۔

مُستَفاد : (ع) حاصل کیا ہوا، جو چیز فائدے میں حاصل ہو (۲) مذکر: فائدہ، حاصل۔

مُستَفتی : (ع) فتوے کا جواب چاہنے والا۔

مُستَفسِر : (ع) استفسار کرنے والا، پوچھنے والا۔

مستفید : (ع) فائدہ چاہنے والا، فائدہ اٹھانے والا۔

مستفیض : (ع) فیض چاہنے والا، فیض اٹھانے والا، فیض کا خواہاں۔

مستقبل : (ع) (۱) آگے آنے والا، آیندہ (۲) آیندہ زمانہ۔

مُستَقَر : (ع) مذکر: ٹھہرنے کی جگہ، ٹھکانا۔

مستقل : (ع) مضبوط، مستحکم، ثابت قدم۔

مستقیم : (ع) سیدھا، درست، مضبوط۔

مُشک : مونث: (۱) ماتھا، پیشانی (۲) ہاتھی کا ماتھا۔

مستلزِم : (مُس تَل زِم) (ع) کوئی کام اپنے اوپر لازم کر لینے والا۔

مُستَمِع : (ع) سننے والا۔

مُستَمَع : (ع) سنا ہوا۔

مُستَمَند : (ف) (۱) غمگین (۲) (مجازاً) احاجت مند

مُستَنَد : (ع) سند یافتہ، سند پایا ہوا، تصدیق کیا ہوا، معتبر، سند کے لائق۔

مُستَنبَط : (مُس تَم بَط) (ع) اخذ کیا گیا، نکالا گیا، چُنا گیا۔

مستنیر : (ع) روشنی چاہنے والا، روشن۔

مُستوجِب : (ع) واجب، لائق، قابل۔

مَستور : (ع) چھپا ہوا، پوشیدہ۔

مستورات : (ع) جمع مستورہ کی، مونث: پردہ نشیں عورتیں۔

مستول : (ع) مذکر: جہاز یا کشتی کا ستون، بادبان۔

مستولی : (ع) غالب، قابض، زور آور۔

مُستَوی : (ع) برابر، ہموار۔

مَستی : (ف) مونث: (۱) متوالا پن، نشہ (۲) بے ہوشی، مدہوشی (۳) خوشی کی حرکتیں۔

مِسٹر : MISTER (انگ) صاحب، جناب۔

مُسٹنڈا / مُشٹنڈا : (ہ) مذکر: موٹا تازہ، ہٹا کٹا، تگڑا۔

مَسجِد : (ع) مونث: سجدہ کرنے کی جگہ، نماز پڑھنے کی جگہ، عبادت خانہ۔

مُسَجَّع : (ع) قافیہ بند، مُقفّیٰ عبارت۔
مُسَجَّل : (ع) (۱) حاکم کا تصدیق کیا ہوا، (۲) مجازاً، درست، آراستہ۔
مُسَجِّل : رجسٹرار۔
مَسجُود : (ع) سجدہ کیا ہوا، جسے سجدہ کیا جائے۔
مَسح : (ع) مذکر: (۱) چھونا، ہاتھ سے ملنا، ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غسل کرتے وقت ہاتھ کو کسی خاص عضو پر پھیرنا۔
مَسخ : (ع) مذکر (۱) اچھی صورت سے بگڑ کر بُری صورت ہونا، (۲) بے مزگی، بے لطفی۔
مُسَخَّر : (ع) تسخیر کیا گیا، فتح کیا گیا، مغلوب، مُطیع۔
مَسخَرہ : (ع) مذکر: ظریف، (انگ) جوکر، ٹھٹھے باز۔
——پن : مذکر: ہنسی، ٹھٹھا، تمسخر۔
مُسَدَّس : (ع) مذکر: (۱) (جیومیٹری کی اصطلاح) چھ خطوں کی شکل جس کے سب ضلع اور زاویے برابر ہوں (۲) چھ مصرعوں کے بند والی نظم۔
مَسدُود : (ع) بند کیا گیا، بند، رُکا ہوا۔
مَسَرَّت : (ع) مونث: خوشی، فرحت۔
——پسندی : (م۔سَر۔رَت۔پَسَن۔دی) (ع ف) ایک یونانی فلسفۂ حیات جس کے مطابق زندگی کا مقصد ہی مسرت ہے، مادی مسرتوں پر یقین کا فلسفہ۔
مُسرِف : (ع) فضول خرچ، بیکار خرچ کرنے والا۔
مَسرُور : (ع) خوش، شاد۔
مَسرُوقہ : (ع) مونث: چوری کا مال، چرائی ہوئی چیز۔
مِسز : MRS (انگ) صاحبہ، شادی شدہ عورت۔
مُسطَح : (ع) (۱) بچھا ہوا، پھیلا ہوا، (۲) چوڑا، کھلا۔
مِسطَر : (ع) مذکر: (۱) سطریں بنانے کا آلہ، (۲) سطروں والا کاغذ۔
مَسطُور : (ع) مذکر: (۱) لکھا گیا، تحریر کیا گیا۔
مَسعُود : (ع) نیک، مبارک، سعید۔
مَسقَط : (ع) مذکر: خلیج فارس کا ایک ساحلی شہر۔
مُسَقَّف : (ع) چھت ڈالا ہوا، پاٹا ہوا، چھت بند۔
مِسک : (ع) مذکر: مُشک۔
مَسک : مونث: کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا، ایسا پھٹ جانا کہ کپڑے کا تار الگ نہ ہو جائیں۔
مُسکان : (ا) مونث: مسکراہٹ، تبسّم۔
مُسکانا : کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ اس کے تار الگ نہ ہوں۔
مُسکِت : (ع) چپ کرانے والا۔
مُسکِر : (ع) نشہ پیدا کرنے والی چیز، مستی لانے والی چیز، جمع مُسکِرات۔
مُسکِرات : (ع) مذکر: جمع مُسکِر کی: وہ چیزیں جو نشہ پیدا کریں، منشیات۔
مُسکرانا : تبسّم کرنا، اس طرح ہنسنا کہ آواز نہ ہو۔
مُسکراہٹ : مونث: ہونٹوں میں ہنسنا، تبسّم، وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں۔
مَسکَن : (ع) مذکر: رہنے کی جگہ، مکان، گھر، ٹھکانا۔
مُسکِّن : (ع) تسکین دینے والا۔
مَسکنا : (۱) مسک جانا (۲) (ع) اپنی جگہ سے ہلنا، جنبش کرنا۔
مَسکَنَت : (ع) مونث: مُفلسی، عاجزی۔
مَسکوک : (ع) ٹھپّا لگا ہوا، سرکاری چھاپ کا سکّہ۔
مَسکہ : (ف) مذکر: (۱) تازہ نکلا ہوا، کچا گھی، مکھن (۲) دواؤں سے جمایا ہوا پارہ۔
مِسکین : (ع) (۱) عاجز، ناتواں، بیچارہ (۲) بھولا، سیدھا سادا، حلیم، بُردبار (۳) نادار، مفلس، غریب۔
مِسکینی : مونث: (۱) بھولاپن (۲) عاجزی (۳) ناداری، مفلسی، مسکین ہونا۔
مِسل : مونث: مقدمے کے کاغذات
مَسل ڈالنا : کچل ڈالنا، پیس ڈالنا۔
مُسلّح : (ع) ہتھیار بند، کمربستہ۔
مَسلخ : (ع) مذکر: جانوروں کی کھال کھینچنے کی جگہ، کیلا۔
مُسلسل : (ع) سلسلہ وار، پے در پے، متواتر۔
مُسَلِّط : (ع) قبضہ کرنے والا، قابض، غالب، فاتح، طاقتور۔
مُسَلَّط : (ع) جس پر کسی کو مقرر کیا جائے، مغلوب، مفتوح، تسلّط کیا ہوا۔

مَسْلَک : (ع) مذکر: (۱) راستہ، (۲) طریقہ، دستور۔
مُسَلَّم : (ع) مذکر: (۱) تسلیم کیا گیا، مانا گیا (۲) پورا، سب، کامل، (۳) بحال، برقرار۔
ـــــ الثبوت : وہ بات جو ثبوت کی محتاج نہ ہو۔
مُسْلِم : (ع) مسلمان۔
مُسَلَّمات : (ع) مذکر: تسلیم کی ہوئی باتیں، (جمع مُسَلَّمہ کی)
مُسلمان : مذکر: مُسْلِم، مذہب اسلام کا پیرو۔
مُسَلْمانی : (ف) مونث: (۱) مسلمان ہونا (۲) (عم) بچوں کا آلۂ تناسل، (۳) ختنہ، ختنہ کی تقریب۔
مُسَلَّمہ : (ع) مونث: مانا گیا، تسلیم کیا گیا۔
مَسْلنا : (۱) ہاتھوں سے ملنا، رگڑنا، (۲) کچلنا، روندنا، دبانا، (۳) آٹا گوندھنا۔
مَسلوک : (ع) (۱) جاری کیا گیا، آمد و رفت کیا گیا، (۲) سلوک کیا گیا، احسان کیا گیا۔
مَسلول : (ع) (۱) سل یا دق کا مریض، (۲) باہر نکالا ہوا، کھینچا ہوا، تلوار جو نیام سے باہر ہو۔
مُسَمّات : (ع) مونث: (۱) نام رکھی گئی، نام والی، (۲) تانیث کی علامت۔
مِسمار : (ع) ویران، تباہ، برباد، منہدم۔
مِسمَریزم : MESMERISM (انگ) مذکر: ایک علم جس میں تصور یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر ڈال کر پوشیدہ اور آئندہ حالات پوچھے جاتے ہیں۔
مُسمّی : مونث: (عو) گھنی، دیکھنے میں سیدھی سادی مسکین صورت۔
مُسَمَّط : (ع) موتیوں کی لڑی، پروئی ہوئی چیز، (۲) نظم کی ایک قسم۔
مُسَمِّن : (ع) موٹا کرنے والا۔
مُسَمَّن : (ع) موٹا کیا گیا۔
مَسْمُوع : (ع) مذکر: سُنا گیا، قبول کیا گیا۔
مَسْمُوم : (ع) (۱) زہر دیا گیا، (۲) وہ جس نے زہر کھایا ہو۔
مُسَمّٰی : (ع) نام رکھا گیا، نام والا، موسوم، پکارا گیا (مردوں کے ناموں سے پہلے آتا ہے)
مُسِن : (ع) (۱) بوڑھا، مُعَمَّر (۲) (کنایتاً) تجربہ کار، دانا۔
مَسْنَد : (ع) مونث: (۱) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ، وہ فرش جس پر اُمرا بیٹھتے ہیں۔ (۲) تکیہ گاہ، گاؤ تکیہ، گدی۔
مُسْنَد : (ع) (۱) (علم نحو کی اصطلاح) خبر (۲) زمانہ روزگار۔
ـــــ الیہ : (ع) مذکر: (نحو کی اصطلاح) شروع، اوّل، مبتدا۔
مَسنُون : (ع) (۱) روشن (۲) وہ فعل جس کا کرنا شرع میں سنت ہو اور جسے حضرت محمدؐ نے خود کیا ہو۔
مِسواک : (ع) مونث: دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی، دَتُون۔
مَسْوَدّہ : (ع) مذکر: (۱) وہ تحریر جو سرسری لکھی جاتے اور جس کے صاف کرنے کی ضرورت پڑے، (۲) (کنایتاً) منصوبہ۔
مَسوُر : ایک قسم کی دال۔
مَسوڑھا : مذکر: دانتوں کے اوپر کا گوشت۔
مَسوُس : مونث: مڑوڑ۔
مَسُوسنا : مروڑنا، گڑھنا، دبانا، نچوڑنا۔
مسہری : مونث: (۱) ایک قسم کا پلنگ، (۲) مکھیوں اور مچھروں سے بچنے کے لیے جالی دار کپڑا جو پلنگ کے اوپر تانتے ہیں۔
مُسَہِّل : (ع) مذکر: دست لانے والی دوا، دست آور۔
مسئلہ : (ع) سوال، حل طلب سوال، (۲) شرعی سوال، (۳) پیچیدہ معاملہ (۴) تجویز۔
مُستَوْل : (ع) مذکر: سوال کیا گیا، مانگا گیا۔
مِسّی : مونث: ایک قسم کا منجن جسے عورتیں دانتوں کو سیاہ چمک دار بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔
مَسیح : (ع) مذکر: حضرت عیسیٰ کا لقب۔
مَسیحا : (ع) (۱) بیمار کو شفا دینے والا، حیات بخشنے والا (۲) مراد حضرت عیسیٰؑ سے۔ (۳) (کنایتاً) معشوق۔
مسیحائی : (ف) مونث: مسیح کے معجزے والی طاقت، (۱) چمتکار، حیات بخشی۔
مسیحی : عیسائی، نصرانی۔
مسیر : (ع) (۱) جانا، چلنا، سیر کرنا، (۲) سیر کرنے کا مقام۔
مُسَیلمہ : (ع) مذکر: یمامہ کے ایک کافر کا نام، جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

مسیں : مونث، مونچھوں کے روئیں، سبزۂ خط۔
——— بھیگنا : مونچھوں کا رویاں نکلنا۔

م ش

مُشابہ : (ع) مانند، مثل، مطابق۔
مُشابہت : (ع) مونث؛ مطابقت، موافقت، باہمی یکسانیت، تشبیہ
مُشار : (ع) اشارہ کیا گیا، بتایا گیا۔
مُشارٌ الیہ : (ع) وہ شخص یا چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مَشارِب : (ع) مذکر؛ جمع مشرب کی؛ پانی پینے کی جگہیں، (۲) مذاہب، طریقے۔
مَشارِق : (ع) جمع مشرق کی؛ طلوع ہونے کی جگہیں۔
مُشارکت : (ع) مونث؛ شرکت، باہم شرکت کرنا۔
مُشاطہ : (ع) مونث؛ عورتوں کو بناؤ سنگار کرانے والی عورت۔
مُشاطر : مونث، شادی بیاہ کے رشتے کرانے والی عورت۔
مُشاعرہ : (ع) مذکر؛ باہمی شعرخوانی، شعراء کا ایک جگہ جمع ہو کر اپنا اپنا کلام سنانا۔
مشاغل : (ع) مذکر؛ جمع مشغلہ کی؛ بہت سے شغل، بہت سے کام۔
مُشافہہ : (ع) مذکر؛ سامنے، روبرو۔
مُشاق : (ع) ماہر، تجربہ کار، کمال مہارت رکھنے والا۔
مُشاقی : مونث؛ مہارت، تجربہ۔
مُشاکل : (ع) مونث؛ (۱) عروض کی ایک بحر کا نام، (۲) صفت، مانند۔
مشام : (ع) مذکر؛ دماغ، قوت شامہ کی جگہ۔
مُشاورت : (ع) مونث؛ باہمی صلاح و مشورہ۔
مُشاہدہ : (ع) مذکر؛ (۱) دیکھنا، دید، (۲) معائنہ۔
مشاہدات : (ع) مذکر؛ جمع مشاہدہ۔
مشاہرہ : (ع) مذکر؛ تنخواہ، وظیفہ، ماہوار، طلب۔
مشاہیر : (ع) جمع مشہور کی؛ مذکر، (مجازاً) نامور لوگ، مشہور لوگ۔
مَشائخ : (ع) بزرگ لوگ، متقی، پرہیزگار لوگ، اکابر دین، صوفیا۔
مُشایعت : (ع) مونث؛ (۱) رخصت کرنے کے لیے تھوڑی دور تک جانا، (۲) پیروی، تعظیم، (۳) جنازہ کے ساتھ جانا۔
مشائین : (ع) مذکر؛ (۱) اشیاء کی حقیقتوں کی دریافت دلیلوں سے کرنے والے دانشوروں کا گروہ (۲) قدیم یونان کے فلسفیوں کا ایک طبقہ جو ایک دوسرے کے پاس جا کر علم حاصل کرنے میں یقین رکھتا تھا۔
مُشبّک : (ع) جالی دار، سوراخ دار۔
مُشبّہ : (ع) تشبیہ دیا ہوا۔
مُشبّہ بہ : مذکر؛ جس سے مشابہ کیا جائے۔
مُشت : (ف) مونث؛ مذکر؛ (۱) مٹھی؛ پنجہ کی انگلیاں جب بند ہوں، (۲) وہ مقدار جو ایک مٹھی میں آئے، (۳) تھوڑی چیز۔
مشتاق : (ع) طالب، خواہش مند۔
مُشتبہ : (ع) مشکوک جس میں شبہ ہو۔
مُشترک : (ع) مذکر؛ (۱) ساجھے کا، (۲) شریک کیا ہوا، (۳) کئی معنی دینے والا لفظ۔
مُشترکا : (ع) شرکت میں، ساجھے کے طور پر۔
مُشترکہ : (ع) مونث؛ شرکت کی ہوئی، ساجھے کی۔
مُشتری : (ع) مذکر؛ (۱) گاہک، خریدار، (۲) ایک ستارہ، (۳) کیمیا گروں کی اصطلاح) رانگ، قلعی۔
مُشتعل : (ع) بھڑکتا ہوا، شعلہ زن۔
مُشتق : (ع) (۱) پھاڑا گیا، بنایا گیا (۲) ماخوذ، وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔
مُشتمل : (ع) (۱) شامل ہونے والا، (۲) چھا جانے والا۔
مُشتہر : (ع) (۱) شہرت دینے والا، اشتہار دینے والا (۲) مشہور۔
مُشتہَر : (ع) اشتہار دیا ہوا، مشہور۔
مشتہی : (ع) آرزومند، خواہش کرنے والا۔
مُشجّر : (ع) مذکر؛ (۱) درختوں کی شکل نقش کی ہوئی (۲) پھول دار کپڑا، (۳) ایک قسم کا پتھر جس پر مختلف قسم کے نقش بنے ہوتے ہیں۔
مُشخّص : (ع) تشخیص کیا ہوا، جانچا ہوا۔
مُشدّد : (ع) (۱) تشدید دیا ہوا (۲) سختی کیا ہوا، مضبوط کیا ہوا۔
مَشرَب : (ع) مذکر؛ (۱) پانی پینے کی جگہ، چشمہ، جھیل، (۲) دین، مذہب، ملت (۳) ڈھنگ، طریقہ، طور۔
مُشرّح : (ع) تشریح کیا ہوا، صاف، مفصل، واضح۔
مُشرّف : (ع) عزت دیا گیا، معزز۔
مَشرِق : (ع) مذکر؛ سورج نکلنے کی جگہ، پورب۔

مُشرِقی : (ع) (۱) پہلی، (۲) پورب کا رہنے والا۔
مُشرِقین : (ع) مذکر، مشرق کا تثنیہ۔
مُشرک : (ع) شرک کرنے والا، وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے۔
مَشروح : (ع) کھول کر بیان کیا ہوا، تشریح کیا ہوا۔
مَشروط : (ع) شرط کیا ہوا، کسی شرط پر موقوف۔
مشروحاً : (ع) تشریح کے ساتھ، مُفصل۔
مَشروع : (ع) جائز، (۱) شرع کے (مطابق) موافق، (۲) (اُردو) مذکر ایک قسم کا کپڑا۔
مُشعِر : (ع) خبر دینے والا، ظاہر کرنے والا۔
مَشعَل : (ع) (۱) چراغ دان، شمع (۲) کپڑے کی بٹی ہوئی جو لکڑی کے ایک سرے پر بندھی ہوتی ہے، جسے تیل میں تر کر کے جلاتے ہیں۔
مَشعَلچی : (ف) مشعل جلانے والا، مشعل دکھانے والا، مشعل بردار۔
مَشغَلہ : (ع) مذکر، شغل، کام، تفریح، کسی کام میں مصروف ہونے کا ذریعہ۔
مشغول : (ع) مصروف، کام میں لگا ہوا۔
مُشفِق : (ع) مذکر، شفقت کرنے والا، مہربان، شفیق، دوست۔
مُشفِقانہ : (ف) دوستانہ، ہمدردی سے۔
مَشق : (ع) مونث، (۱) مہارت، عادت (۲) کسی کام کو ہر روز کرنا، بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا۔
مشقّت : (ع) مونث، (۱) محنت، دکھ، (۲) کام، کاج مزدوری۔
مَشک : (ف) مونث، پانی بھرنے کی کھال۔
مَشکیزہ : (ف) مذکر، چھوٹی مشک۔
مُشک : (ف) مذکر، (۱) کستوری، (۲) ایک قسم کی خوش بُو، جو کستورے ہرن کی ناف سے نکلتی ہے، (۳) کالا۔
آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید : (ف) مثل، ہنر یا اچھی چیز خود ہی ظاہر ہوتی ہے، تعریف کی ضرورت نہیں۔
بار : (ف) خوشبو برسانے والا۔
بُو : (ف) خوشبودار، معطر۔
بید : (ف) مذکر، ایک قسم کا بید جس کا قلم بنایا جاتا ہے۔
بیز : (ف) خوشبودار، معطر۔
فام : (ف) مشک کے رنگ کا، کالا۔
ناب : (ف) مذکر، (۱) سیاہی، (۲) خالص مُشک۔
مشکی : (ف) (۱) مشک کے رنگ کا، کالا، (۲) مذکر، کالے رنگ کا گھوڑا۔
مشکین : (ف) (۱) مشک کی سی خوشبو، (۲) کالا۔
مُشکِل : (ع) مجسّم، شکل میں لایا ہوا۔
مُشکِل : (ع) (۱) سخت، دشوار، (۲) مونث، سختی، دشواری، مصیبت (۳) پیچیدہ، اُلجھا ہوا۔
کُشا : (ف) مشکل حل کرنے والا، مصیبت دور کرنے والا۔
مِشکوٰۃ : (مش۔کات) (ع) مونث، حدیث کی ایک مشہور کتاب۔
مَشکور : (ع) (۱) پسندیدہ (۲) شکر کیا ہوا۔
مَشکوک : (ع) شک کیا ہوا، گمان کیا گیا۔
مَشکیں : مونث، دونوں شانے، دونوں بازو۔
مشمول : (ع) مذکر، شامل کیا ہوا، سب طرف سے گھرا ہوا۔
مَشوَرت : (ع) مونث، صلاح، مشورہ۔
مَشورہ : (ف) صلاح، منصوبہ، باہمی تجویز۔
مِشن : MISSION (انگ) مذکر، (۱) پادریوں کی جماعت، (۲) مقصد، منصوبہ، (۳) سفارت۔
اسکول : SCHOOL (انگ) مذکر، کسی مذہبی ادارے کا اسکول (عام طور سے مراد عیسائیوں کا اسکول ہے)
مِشنری : MISSIONARY (انگ) (۱) عیسائیوں کی تبلیغی جماعت (۲) اپنے مذہب کی اشاعت کرنے والی جماعت۔
مُشوَّش : (ع) پریشان، مضطرب، حیران۔
مَشہَد : (ع) مذکر، (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہادت گاہ، شہیدوں کا قبرستان (۳) ایران کے ایک شہر کا نام۔
مَشہود : (ع) حاضر کیا گیا، موجودہ، ظاہر، ثابت کیا گیا۔
مَشہور : (ع) شہرت دیا ہوا، نام ور، عام۔
معروف : نامی گرامی۔
مَشیّت : (ع) مونث، (۱) خواہش، مرضی، ارادہ، (۲) خدا کی مرضی۔
مشیخت : (ع) مونث، (۱) بزرگی (۲) شیخی، گھمنڈ۔
مُشیر : (ع) صلاح کار، مشورہ دینے والا مصاحب۔
مُشیّن : شاندار، رُعب داب والا، خوب صورت۔
مشین : MACHINE (انگ) مونث، کل، آلہ، مشین۔
مشینی : (۱) مشین کی طرح (۲) (مجازاً) پابند و بے حس۔

مشینری : MACHINERY (انگ) مونث : کل پرزے۔

م ص

مصابیح : (ع) مذکر، جمع مصباح کی : (۱) چراغ (۲) مونث : علم حدیث کی ایک کتاب کا نام، مشکوٰۃ المصابیح۔

مُصاحب : (ع) ساتھی، ہم نشین، خاص، دوست، رفیق، ندیم۔

مُصاحبت : (ع) مونث : ہم نشینی، ساتھ رہنا، پاس اٹھنا بیٹھنا۔

مَصاحف : (ع) مذکر : جمع مصحف کی۔

مَصادِر : مذکر، جمع مصدر کی : نکلنے کے مقامات۔

مَصارِف : مذکر : جمع مصرف کی، اخراجات، صرف کرنے کا محل۔

مَصاف : (ع) مذکر : لڑائی کا میدان، لڑائی، جنگ و پیکار۔

مُصافحہ : (ع) مذکر : ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔

مَصالح : (ع) مذکر : جمع مصلحت کی۔

مَصالحت : (ع) مونث : میل ملاپ، آپس میں صلح کرانا۔

مَصائب : (جمع مصیبت کی) (ع) مذکر، مونث :

مِصباح : (ع) مذکر : (۱) چراغ (۲) صبح کے وقت، شراب پینے کا پیالہ۔

مُصبّر : مذکر : ایک کڑوی دوا، ایلوا۔

مُصحِح : (ع) تصحیح کرنے والا، صحت کرنے والا۔

مُصحَف : (ع) مذکر : (۱) کتاب (۲) (مجازاً) قرآن۔

مِصداق : (ع) مذکر : وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو۔

مصدر : (ع) مذکر : (۱) صادر ہونے کی جگہ، نکلنے کی جگہ، چشمہ، جڑ، اصل، بنیاد (۲) وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔

مُصدِّق : (ع) (۱) تصدیق کرنے والا، ثابت کرنے والا (۲) سچی گواہی دینے والا۔

مُصدَّق : (ع) تصدیق کیا گیا، تجربہ کیا گیا، آزمایش کیا گیا۔

مُصدَّقہ : (ع) مونث : (۱) تصدیق کیا ہوا (۲) جس کی سرکاری طور پر تصدیق ہو گئی ہو۔

مِصر : (ع) مذکر : (۱) شہر (۲) افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک کا نام۔

مُصِر : (ع) اصرار کرنے والا۔

مِصرَع : (ع) مذکر : (۱) آدھا شعر (۲) کواڑ کا ایک پٹ۔

مَصرَف : (ع) مذکر : (۱) خرچ، خرچ کرنے کی جگہ (۲) مطلب، کام، غرض۔

مَصروف : (ع) مشغول، کام میں لگا ہوا۔

مصری : مذکر : (۱) مصر کا باشندہ (۲) مونث، مصر کی زبان (۳) نبات۔

مُصطفٰے : (ع) برگزیدہ، منتخب، پسندیدہ، پیغمبر اسلام کا لقب۔

مصطگی : (ع) مونث : ایک قسم کا زرد گوند۔

مُصطلحات : جمع مصطلح کی : (ع) مذکر : اصطلاحیں، محاورے۔

مُصفّا : (ع) (۱) پاک (۲) صاف (۳) ستھرا ہوا۔

مُصفّی : (ع) صاف کرنے والا۔

مُصلّا/مصلّے : (ع) مذکر : (۱) نماز پڑھنے کی جگہ (۲) جانماز، بوریا۔

مُصلِح : (ع) (۱) اصلاح کرنے والا، ریفارمر (۲) ضرر سے بچانے والا۔

مَصلحت : (ع) مونث : (۱) نیک صلاح (۲) بہتری، مشورہ، (۳) مرضی مشیت۔

مَصلحتہً/مَصلحتاً : (ع) مصلحت کے مطابق، بھلائی کی بنیاد پر۔

مَصلوب : (ع) سولی پر چڑھایا گیا، پھانسی دیا ہوا۔

مُصلّی : (ع) مذکر : نمازی، نماز پڑھنے والا۔

مصمم : (ع) پکا، مضبوط، استوار۔

مُصنّف : (ع) تصنیف کرنے والا، کتاب لکھنے والا۔

مُصنّفہ : (ع) لکھی ہوئی، تصنیف کی ہوئی۔

مصنوع : (ع) بنایا ہوا، صنعت کیا ہوا۔

مصنوعات : جمع مصنوع کی : (ع) مونث : مخلوقات، بنائی ہوئی چیزیں۔

مصنوعی : (ع) (۱) بنائی ہوئی، غیر قدرتی (۲) بناوٹی، جعلی۔

مُصوّر : (ع) (۱) تصویر بنانے والا، نقاش (۲) رنگ بھرنے اور بیل بوٹے بنانے والا (۳) خدائے تعالیٰ کا نام۔

مُصوّری : (ع) مونث : نقاشی، تصویر کشی۔

مصئون/مصئونہ : (ع) محفوظ، نگہبانی کیا گیا۔

مصیبت : (ع) مونث : (۱) رنج، دکھ، تکلیف (۲) حادثہ، صدمہ، (۳) نحوست، ادبار، (۴) دشواری، مشکل۔

——— زدہ : آفت کا مارا، بدنصیب۔

م ض

مُضارِع : (ع) مذکر : (۱) مشابہ، مانند (۲) فعل جس میں حال اور

مستقبل دونوں زمانے میں پائے جائیں، (۳) مونث: عروض کی ایک بحر کا نام۔

مُضاعَف : (ع) (۱) دُگنا، دُہرا، دُونا (۲) مذکر: (علم صرف کی ایک اصطلاح) وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں۔

مُضاف : (ع) اضافت کیا ہوا، نسبت کیا ہوا، ملایا ہوا۔

مضاف الیہ : (ع) مذکر: وہ اسم جس کی طرف کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے۔

مضافات : (ع) مذکر: جمع مضاف کی، (۱) ضمیمہ، تتمہ (۲) قرب و جوار، اطراف، شہر کے آس پاس کے قصبے گانو۔

مضامین : (ع) مذکر: (جمع مضمون کی) مطالب، معانی۔

مضایقہ : (ع) مذکر: (۱) تنگی (۲) قباحت، ہرج، ڈر، پروا۔

مضبوط : (ع) (۱) پائے دار، (۲) قوی، طاقت ور۔

مضبوطی : مونث (۱) استقلال، پائے داری، طاقت، ہمت، جرأت (۲) اطمینان، دل جمعی، تسلی۔

مُضحِک : (ع) ہنسانے والا۔

مُضحکات : (ع) مذکر: ہنسانے والی چیزیں۔

مُضحکہ : (ع) مذکر: ہنسی ٹھٹھا، تمسخر، مذاق۔

مُضِر : (ع) ضرر پہنچانے والا، نقصان دہ۔

مِضراب : (ع) مونث: خاص قسم کا بنا ہوا تار جسے انگلی میں پہن کر ستار بجاتے ہیں۔

مُضِرّات : (ع) مونث: نقصان پہنچانے والی چیزیں۔

مُضَرّت : (ع) مونث: ضرر، نقصان (جمع مُضار)

مُضرُوب : (ع) (۱) ضرب دیا گیا وہ جسے چوٹ آئی ہو۔

مضطر : (ع) (۱) جس کو ضرر پہنچا ہو، (۲) مجبور، محتاج، (۳) بے تاب، بے چین، پریشان۔

مضطرب : (ع) بے چین، بے قرار۔

مُضعِف : (ع) کمزور کرنے والا، ضعیف کرنے والا۔

مُضغہ : (ع) (۱) گوشت کا ٹکڑا، لقمہ، نوالا، (۲) لوتھڑا، جنین، وہ بچہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔

مُضِل : (ع) گمراہ کرنے والا۔

مِضمار : (ع) مذکر: میدان، ریس کا میدان۔

مُضمَحِل : (ع) نڈھال، سُست، اُداس۔

مضمر : (ع) چھپا ہوا، پوشیدہ، پنہاں۔

مضموم : (ع) وہ حرف جس پر پیش ہو (ُ)

مضمون : (ع) مذکر: (۱) مطلب، معنی (۲) کسی خاص موضوع پر لکھی جانے والی تحریر یا عبارت، (انگ) ARTICLE آرٹیکل (۳) بات۔

مُضے ما مُضے : (ع) جو ہوا سو ہوا، گزرا سو گزرا۔

م ط

مطابع : (ع) مذکر، جمع مطبع کی: چھاپے خانے (انگ) پریس۔

مطابق : (ع) (۱) برابر، یکساں، مانند، مشابہ (۲) مناسب، موافق، بموجب، (۳) مذکر: (اصطلاح اہل مطابع) وہ کاپی جو تصحیح کرنے کے بعد چھاپی جائے۔

مطابقت : (ع) مونث: موافقت، مشابہت، برابری۔

مُطاعِن : (ع) مذکر: طعنے، عیب۔

مطالب : (ع) مذکر: جمع مطلب کی۔

مطالبہ : (ع) مذکر: اپنا حق چاہنا، دعوا، درخواست، مانگنا، تقاضا کرنا۔

مطالِع : مذکر، جمع مطلع کی۔

مطالعہ : (ع) مذکر: (۱) کسی تحریر یا کتاب کو غور سے پڑھنا، (۲) استاد سے سبق پڑھنے سے پیشتر طالب علموں کا سبق کے معنی مطلب پر غور کرنا۔

مطب : (ع) مذکر: بیماروں کے علاج کرنے کی جگہ، شفاخانہ۔

مطبخ : (ع) مذکر: کھانا پکانے کی جگہ، باورچی خانہ۔

مطبع : (ع) چھاپہ خانہ، پریس (Press)

مطبوخ : (ع) مذکر: آگ پر پکائی ہوئی، پکی ہوئی۔

مطبوع : (ع) (۱) چھاپہ ہوا، طبع شدہ، (۲) پسندیدہ، مرغوب۔

مطبوعہ : (ع) مونث: چھپا ہوا، طبع شدہ۔

مُطرِب : (ع) مذکر: گانے والا، قوال، گویا۔

مطرود : (ع) (۱) نکالا ہوا، دھتکارا ہوا (۲) دور بھیجا ہوا، شہر بدر کیا ہوا۔

مطعون : (ع) طعنہ دیا ہوا، بدنام، رسوا، ملامت کیا گیا۔ عیب لگایا گیا۔

مُطَلّا : (ع) سنہرا، طلائی، زریں۔

مطلب : (ع) مذکر: (۱) غرض، فائدہ، سروکار (۲) مقصد، خواہش، ارادہ (۳) مضمون۔

مطلبی : خودغرض، مطلب کا یار، ابن الوقت۔

مَطلع : (ع) مذکر: (۱) طلوع ہونے کی جگہ، چاند یا سورج کے نکلنے کی جگہ، (۲) (اصطلاح شعراء) غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیے ہوں۔

مُطّلع : (ع) اطلاع دیا گیا، آگاہ، خبردار۔

مُطلق : (ع) (۱) بالکل، قطعی، (۲) مذکر: قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیے۔

ـــــ العنان : (ع) (۱) جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو، (۲) آزاد، مختار، خودسر، بے باک۔

مطلقاً : (ع) بالکل، قطعی۔

مطلّقہ : (ع) مونث: طلاق دی ہوئی، وہ عورت جسے شوہر نے طلاق دے دی ہو۔

مُطلَقیّت : (مُطْـلَقِـیّـات) (ع) مونث: (صفت خداوندی) بے نیازی، بے قید اور غیر پابند خصوصیت۔

مطلوب : (ع) مذکر: (۱) طلب کیا ہوا، مانگا ہوا، جس چیز کی طلب ہو (۲) (کنایتاً) معشوق۔

مَطمَح : (ع) مذکر: نظر پڑنے کی جگہ۔

ـــــ نظر : (ف) مذکر: مرکز نگاہ، اصل مطلب۔

مطمئن : (ع) آسودہ، بے فکر۔

مُطوّل : (ع) طول دیا ہوا، دراز۔

مُطَہّر : (ع) مذکر: پاک صاف، معصوم۔

مُطَہّرات : (ع) جمع مطہّرہ کی: پاک عورتیں (جیسے ازواج مطہرات)

مُطَہِّر : (ع) پاک کرنے والا۔

مُطیر : (ع) برسنے والا۔

مطیع : (ع) فرماں بردار، اطاعت کرنے والا، ماتحت۔

م ظ

مَظالِم : مذکر: جمع مُظلِمہ کی: ظلم وستم، سختیاں، بے انصافیاں۔

مَظاہِر : (ع) مذکر: ظاہر ہونے کی جگہ، جمع مظہر کی۔

مُظاہِر : (ع) مظاہرہ کرنے والا۔

مُظاہَرہ : (ع) مذکر: (۱) مدد دینا، حمایت کرنا (۲) کسی خاص امر کے اظہار کے لیے جمع ہونا، مجمع کر کے گشت کرنا۔

مُظاہَرہ پرستی : مونث: نظر آنے والی چیزوں کی پوجا، اشیاء پرستی۔

مُظاہِرین : (ع) مذکر: احتجاج کرنے والے، مظاہرہ کرنے والے۔

مُظفّر : (ع) فتح مند، کامیاب۔

مُظلِم : (ع) (۱) تاریک، سیاہ، (۲) مخفی، پوشیدہ۔

مَظلِمہ : (ع) ظلم۔

مَظلِمہ : (ع) داد خواہی۔

مَظلوم : (ع) مذکر: جس پر ظلم کیا گیا، ستایا ہوا، ستم زدہ۔

مَظِنّہ : (ع) مذکر: (۱) گمان کرنے کا موقع، شبہ کرنے کی جگہ (۲) گمان، خیال، قیاس، شک۔

مَظہَر : (ع) مذکر: ظاہر ہونے کی جگہ، تماشا گاہ۔

مُظہَر : (ع) ظاہر کیا ہوا۔

مُظہِر : (ع) مذکر: ظاہر کرنے والا، اظہار کرنے والا، گواہ، شاہد، مخبر، جاسوس۔

م ع

مَع : (ع) ساتھ، ہمراہ۔

مَعاً : (ع) (۱) ساتھ ہی، ایک ساتھ، (۲) فوراً۔

مَع الخَیر : (ع) خیریت سے، سلامتی سے، بخیر وعافیت۔

مَعیّت : (مَعی۔یَت) (ع) مونث: ہم راہی، رفاقت، ساتھ۔

مَعابِد : (ع) جمع معبد کی، عبادت گاہیں۔

مَعاد : (ع) مذکر: (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ (۲) (مجازاً) عقبیٰ، عالم آخرت۔

مَعاذَاللہ : (ع) (۱) خدا کی پناہ (۲) توبہ توبہ کی جگہ، (۳) خدا نہ کرے کی جگہ۔

مُعارِض : (ع) جھگڑا کرنے والا، مخالف، حریف۔

مُعارَضہ : (ع) مذکر: جھگڑا، تنشا۔

مَعارِف : (ع) مذکر: نامور لوگ، اہل علم وفضل۔

مَعاش : (ع) مونث ؛ (۱) روزی، وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے، (۲) جاگیر۔

مُعاشرت : (ع) مونث ؛ آپس میں مل جل کر زندگی بسر کرنا۔

مُعاصِر : (ع) ہم عہد، ایک زمانے کا، ہم عصر۔

مَعاصی : (ع) مذکر: جمع معصیت کی: گناہ۔

مُعاف : (ع) بخشا ہوا، آزاد، بری، چھوڑا ہوا۔

مُعافی : مونث: بخشش، نجات۔

——دار : جاگیردار، معاف شدہ زمین کا مالک۔

مُعالِج : (ع) علاج کرنے والا، حکیم، ڈاکٹر۔

مُعالَجات : (ع) مذکر: جمع معالجہ کی: علاج۔

مُعالَجہ : (ع) مذکر: علاج کرنا، علاج۔

مَعالی : (ع) مذکر: بلندیاں: اونچائیاں۔

مُعاملات : (ع) مذکر: جمع معاملہ کی، کاروبار، اُمور۔

مُعامَلت : (ع) مونث: (۱) لین دین، بیوپار، باہمی معاملہ، (۲) برتاؤ۔

مُعامَلہ : (ع) مذکر: (۱) باہم مل کر کوئی کام کرنا، (۲) کاروبار (۳) واقعہ، وہ بات جو عمل میں آئے، (۴) جھگڑا، (۵) خاص بات، تعلق۔

مُعانِد : (ع) عناد کرنے والا، دشمن، مخالف۔

مُعانَدت : (ع) مونث: باہمی عداوت، دشمنی، جھگڑا۔

مُعانَقہ : (ع) مذکر: گلے سے لگانا، بغل گیر ہونا۔

مَعانی : (ع) مذکر: جمع معنی کی: (۱) مطالب، مقاصد، مرادیں، (۲) وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنی کا صحیح یا غلط ہونا معلوم ہوتا ہے۔

مُعاوَدت : (ع) مونث: واپسی، لوٹنا، لوٹ آنا، واپس آنا۔

مُعاوَضہ : (ع) مذکر: (۱) عوض، بدلا، (۲) قیمت زرِ ثمن، (۳) ہرجہ۔

مُعاوِن : (ع) (۱) مددگار، (انگ) اسسٹنٹ، (۲) حمایتی، (۳) مدد دینے والا۔

مُعاوَنت : (ع) مونث: تعاون، مدد، تائید۔

مُعاہدہ : (ع) مذکر: قول و قرار، عہد و پیمان۔

مَعائب : (ع) مذکر: عیوب، خرابیاں۔

مُعائنہ : (ع) مذکر: (۱) اپنی آنکھوں سے دیکھنا، (۲) جانچ پڑتال۔

مَعبَد : (ع) مذکر: عبادت گاہ۔

مَعبر : (ع) مذکر: گھاٹ، پُل۔

مَعبُود : (ع) مذکر: جس کی عبادت کریں، جسے پوجیں، خدائے تعالیٰ۔

مُعتبَر : (ع) (۱) اعتبار کیا ہوا، قابل اعتبار (۲) درست، صحیح، سچی۔

مُعتَدبہ : (ع) (۱) معقول (۲) زیادہ تعداد میں، زیادہ مقدار میں۔

مُعتَدِل : (ع) اوسط، درمیانی، مناسب حال۔

مُعتَرِض : (ع) اعتراض کرنے والا، مزاحم۔

مُعتَرِف : (ع) ماننے والا، اعتراف کرنے والا۔

مُعتَزِلہ : (ع) مذکر: مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

مُعتَزِلی : (ع) فرقہ معتزلہ کا پیرو۔

مُعتَقِد : (ع) اعتقاد رکھنے والا، ماننے والا۔

مُعتَقَدات : (ع) مذکر: عقاید۔

مُعتَکِف : (ع) اعتکاف میں بیٹھنے والا، گوشہ نشین۔

مُعتَمَد : (ع) (۱) اعتماد کیا ہوا، جس پر اعتماد ہو، سکریٹری۔

——علیہ : مذکر: معتبر آدمی، بھروسے کا۔

مَعتُوب : (ع) عتاب کیا ہوا، جس پر عتاب کیا گیا ہو۔

مُعجِز : (ع) (۱) عاجز کرنے والا، (۲) معجزہ۔

مُعجِزات : (ع) مذکر: جمع معجزہ کی۔

مُعجِزہ : (ع) مذکر: وہ خرق عادت جو نبی سے ظاہر ہو، (۲) وہ کام جو انسانی قوت سے باہر ہو، اعجاز۔

مُعجَّل : (ع) (۱) جلدی کیا ہوا، (۲) وہ مہر جس میں مہلت نہ ہو۔

مُعجِّل : (ع) جلدی کرنے والا۔

مُعجَم / مُعجَمہ : (ع) مذکر: حروف تہجی میں سے نقطے والا حرف منقوطہ۔

معجون : (ع) مونث: مرکب دوا، کئی دواؤں سے مل کر بنی ہوئی دوا۔

معجونات : مذکر: جمع معجون کی۔

مَعدِلت : (ع) مونث: عدل، انصاف۔

مَعدَن : (ع) مذکر: کان، چاندی، سونا، لوہا، تانبا، کوئلہ وغیرہ نکلنے کی جگہ۔

مَعدُود : (ع) (۱) گنا گیا، شمار کیا گیا (۲) چند، گنتی کے تھوڑے۔

مَعدودِ چند : گنتی کے، قلیل تعداد میں۔

مَعدُولہ : (ع) واؤ، (ا) جو لکھنے میں آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے، (جیسے، خود، خوش، خویش کا واؤ)

مَعدوم / معدومی : (ع) مٹایا گیا، ناپید، نابود، ناپید ہونا۔
معدہ : (ع) مذکر : پیٹ میں کھانا رہنے اور ہضم ہونے کی جگہ۔
مَعذرت : (ع) مونث : (۱) عذر (۲) حیلہ، بہانہ۔
معذور : (۱) مجبور، ناچار (۲) قابلِ معافی (۳) اپاہج۔
معذوری : مونث : مجبوری۔
مُعَرّا : (ع) (۱) خالی (۲) غیر مقفیٰ نثر (۳) کتاب جس پر حاشیہ نہ ہو، (۴) قرآن پاک جس کے ساتھ ترجمہ نہ ہو۔
معراج : (ع) مونث : (۱) سیڑھی، زینہ (۲) مجازاً : انتہائی عروج، انتہائی ترقی (۳) رسول اللہ صلعم کے آسمانوں پر تشریف لے جانے اور عالم ملکوت کی سیر فرمانے کا معجزہ، خدا کی قربت۔
مُعَرَّب : (ع) وہ جو دراصل کسی اور زبان کا ہو اور اس کو کسی قدر تبدیلی کے ساتھ عربی بنا لیا گیا ہو۔ (جیسے پیل کو فیل)
مَعْرِض : (ع) مذکر : ظاہر ہونے کی جگہ، نمائش گاہ، دوران۔
مُعَرِّف : (ع) تعریف کرنے والا، مدّاح۔
مَعْرِفت : (ع) مونث : (۱) شناخت، پہچان (۲) علم الٰہی، خدا شناسی (۳) ذریعہ، سبب، وسیلہ۔
مُعَرَّفہ : (ع) مذکر : وہ اسم جو ایک معین شے کے واسطے وضع کیا گیا ہو۔
مُعَرَّکہ : (ع) (۱) لشکر کے جمع ہونے کی جگہ (۲) مجازاً : جنگ، میدان جنگ، (۳) مقابلہ، (۴) ہیجان، ہنگامہ، دھوم دھام۔
——— **آرا** : (ف) (۱) صف آرا، جنگ آور (۲) کنایتاً : زبردست، شاندار، پُرزور۔
——— **آرائی** : (ف) مونث : (۱) میدان جنگ میں لشکر کی ترتیب، (۲) ایک کا دوسرے کے مقابل ہونا۔
مُعَرَّکَۃُ الآرا : دیکھو معرکہ آرا۔
معروض : (ع) عرض کیا گیا، پیش کیا گیا، عرض، گزارش، درخواست۔
مُعَروضہ : (ف) مذکر : (۱) عرضی (۲) گزارش، (۳) درخواستوں میں تاریخ سے پہلے معروضہ (یعنی مورخہ) لکھتے ہیں۔
معروضی : (ع) عقلی، حقیقی، غیر جذباتی، خارجی۔
معروضیت : مونث : حقیقت پسندی، غیر جذباتیت، خارجیت۔
معروف : (ع) (۱) جانا پہچانا ہوا، مشہور، ظاہر (۲) نیکی اور اطاعت، (۳) مذکر : وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
مُعَزّ : (ع) (۱) عزت دینے والا، (۲) خدا کا ایک نام۔
مُعَزَّز : (ع) (۱) عزت کیا ہوا، عزت دار، (۲) باوقعت۔
مَعزُول : (ع) (۱) موقوف کیا گیا، برطرف کیا گیا، (۲) بے روزگار، بے کار، (۳) تخت یا گدی سے اتارا گیا۔
مُعَسکَر : (ع) مذکر : لشکر اترنے کی جگہ، چھاؤنی، کیمپ، لشکر گاہ۔
مُعَشَّر : (ع) (۱) (جیومیٹری کی اصطلاح) دس ضلعوں کی شکل، (۲) وہ شے جس کے دس گوشے ہوں، (۳) مذکر : ایک قسم کی نظم۔
مَعشُوق : (ع) مذکر : وہ جس پر کوئی عاشق ہو، محبوب۔
معشوقانہ : (ف) معشوق کی مانند، دلفریب، دلکش۔
معشوقہ : (ع) مونث : وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔
معصوم : (ع) (۱) بے گناہ، بے قصور، پاک دامن (۲) منھا بچہ، (۳) سیدھا سادا، بھولا بھالا۔
معصومیت : مونث : لڑکپن، بھولاپن، بچپنا (۲) بے گناہی۔
معصیت : (ع) مونث : گناہ، نافرمانی۔
مُعَطَّر : (ع) خوشبودار، خوشبو میں بسا ہوا۔
معطّل : (ع) (۱) بیکار، سست، ڈھیلا (۲) گنگا (۳) کچھ دنوں کے لیے بیکار۔
معطوف : (ع) (۱) پھیرا گیا، لپٹا ہوا (۲) مذکر : علم نحو میں وہ کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو۔
معطوف علیہ : وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو۔
مُعطی : (ع) (۱) عطا کرنے والا، (۲) خدا کا نام۔
مُعظّم : (ع) مذکر : بزرگ، بڑا، شریف۔
مُعَقَّد : (م۔ عق۔ قد) (ع) مشکل، پیچیدہ، دشوار، دقیق۔
معقول : (ع) (۱) عقل کے مطابق، پسندیدہ، (۲) مناسب، بجا، درست، (۳) شائستہ، مہذب، سنجیدہ (۴) قائل، ماننے والا، (۵) کافی، خاطر خواہ۔
معقولات : (ع) مونث : (۱) حکمت، فلسفہ اور منطق کی کتابیں، (۲) جمع معقول کی۔
معقولیت : مونث : انسانیت، سمجھ بوجھ، سنجیدگی۔
معکوس : (ع) (۱) الٹا، اوندھا، ٹیڑھا (۲) آسمان کی صفت، (۳) (مقدر کے لیے) برا، خراب، منحوس۔
مُعَلَّق : (ع) آویزاں، لٹکا ہوا۔

مُعَلَّقہ : (ع) مونث ؛ وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اس سے تعلق رکھے۔

مُعَلِّم : (ع) مذکر: (۱) استاد، علم سکھانے والا، مدرس، (۲) ملاح، (۳) مکہ معظمہ میں حج و عمرہ کرنے والوں کو دعائیں پڑھانے والا۔

مُعَلِّمُ الْمَلَکُوت : مذکر ؛ شیطان جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا؛ فرشتوں کا استاد۔

مُعَلِّمَہ : (ع) مونث ؛ استانی، لڑکیوں کو تعلیم دینے والی۔

مُعَلِّمی : مونث ؛ پڑھانے کا پیشہ۔

مُعْلِن : (ع) اعلان کرنے والا۔

مَعْلُول : (ع) (۱) وہ شے جس کا کوئی سبب ہو، وہ چیز جسے علت و اسباب سے ثابت کریں، (۲) مذکر: (منطق کی اصطلاح) نتیجہ، حاصل، ثمرہ۔

مَعْلُوم : (ع) (۱) جانا ہوا، (۲) ظاہر، روشن، واضح، (۳) مشہور و معروف، (۴) اکنایتاً، ناممکن، دشوار (جیسے آن تک رسائی معلوم)

مَعْلُومات : (ع) مونث ؛ (۱) واقفیت، تجربہ، علمی لیاقت، محسوسات، (۲) جانے ہوئے امور، علم۔

مُعَلّٰی : (ع) عالی، بزرگ، بلند، بڑے درجے کا۔

مُعَمّا : (ع) مذکر ؛ (۱) پوشیدہ، تہ کی بات، (۲) ایک قسم کی چیستاں، پہیلی، (۳) پے چیدہ بات، الجھا ہوا مسئلہ۔

مِعْمار : (ع) مذکر ؛ عمارت بنانے والا، راج مستری۔

مُعَمَّر : (ع) عمر رسیدہ، بوڑھا۔

مَعْمُور : (ع) (۱) آباد، بسا ہوا (۲) بھرا ہوا، پُر، لبریز، (۳) بند، مقفل۔

مَعْمُورہ : (ع) مذکر ؛ بستی، آبادی، شہر۔

مَعْمُول : (ع) مذکر: (۱) عمل کیا ہوا، وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو، (۲) عادت، ربط، (۳) رواج، دستور، قاعدہ۔

مَعْمُولات : (ع) مذکر: (۱) روزمرہ کا کام کاج، (۲) وہ رقمیں جن کے لینے دینے کا دستور ہو۔

مَعْمُولی : (ع) (۱) مقررہ، رسمی، حسب عادت، (۲) اَدنا گھٹیا۔

مُعَنْبَر : (مُ۔ عَم۔ بَر) (ع) عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا، مُعطر، خوشبودار۔

مُعَنْوَن : (مُ۔ عن۔ وَن) (ع) (۱) عنوان کیا گیا (۲) نامزد کیا گیا۔ (۳) کسی کے نام سے منسوب کیا گیا۔

مَعْنَوِی : (ع) مذکر؛ معنی سے منسوب، اصلی، ذاتی، باطنی۔

مَعْنِی / مَعْنیٰ : (ع) مذکر: (۱) مضمون، (۲) مطلب، منشا، مُراد، (۳) سبب، وجہ، (۴) خوبی، لطف، (۵) باطن، اصلیت، ماہیت، حقیقت۔

ـــــ بیگانہ : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ تازہ مضمون یا معنی جو پہلے کسی نے نہ باندھے ہوں۔

مَعْنًا : (ع) معنی کے اعتبار سے۔

مَعْنَوِیَّت : (ع) مونث ؛ باطنی معنی، حقیقی معنی۔

مَعْہُود : (ع) (۱) عہد کیا ہوا، مشروط، (۲) مقرر، معمولی (۳) پرانا، قدیم، (۴) مشہور، نامی، نامور، خاص۔

مِعْیار : (ع) مذکر: (۱) کسوٹی، کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر، (۲) اندازہ، پیمانہ، قاعدہ، نصاب، کورس (۳) پرکھ، جانچ۔

مَعِیَّت : (ع) مونث ؛ ساتھ، رفاقت۔

مَعِیشَت : (ع) مونث ؛ (۱) زندگی، زندگانی، (۲) عیش، (۳) روزگار، روزی، وجہ معاش۔

مُعِین : (ع) مددگار، معاون، امداد دینے والا۔

مُعَیَّن : (ع) ٹھہرایا ہوا، مقرر کیا ہوا، مقررہ۔

مُعَیَّنہ : (ع) مونث ؛ مقرر کی ہوئی۔

مَعْیُوب : (ع) عیب دار، عیبی، نکما، بُرا، قابل شرم۔

م غ

مُغ : (ف) مذکر: (۱) آتش پرست، مجوسی، پارسی (۲) کلام مے فروش۔

مُغ بچّہ : (ف) مذکر: (۱) آتش پرست کا لڑکا، شراب بیچنے والے کا لڑکا، (۲) وہ خوب صورت لڑکا جو شراب خانے میں شراب پلاتا ہے، ساقی۔

مُغاک : (ف) مذکر؛ پہاڑ کی کھوہ، گھاٹی، کھڈ۔

مَغازی : (ع) مذکر؛ مناقب، نمازیوں کے اوصاف کا بیان۔

مُغالَطہ : (ع) مذکر؛ دھوکا، فریب، دغا، کسی کو غلطی میں ڈالنا۔

مُغایَرت : (ع) مونث ؛ بے گانگی، ناموافقت۔

میوزیکل انسٹرومنٹ: MUSICAL INSTRUMENT (انگ) مذکر: ساز، گانے بجانے کی چیز، جیسے آرگن، ہارمونیم، طبلہ وغیرہ۔

میوزیم: MUSEUM (انگ) مذکر: عجائب گھر۔

میونسپل بورڈ: MUNICIPAL BOARD (انگ) مذکر: (۱) شہری انتظام کا ادارہ، (۲) شہر کے انتظام سے متعلق مجلس شوریٰ، (۳) بلدیہ (۴) نگرپالیکا۔

میونسپل کارپوریشن: MUNICIPAL CORPORATION انگ، مذکر: (۱) بڑے شہروں کا محکمہ بلدیہ، (۲) شہر کی صفائی اور دیگر انتظام سے متعلق نیم سرکاری ادارہ، (۳) نگرمہا پالیکا، مہانگرپالکا۔

میونسپل کمشنر: MUNICIPAL COMMISSIONER (انگ) میونسپلٹی کا ممبر۔

میونسپلٹی: MUNICIPALITY (انگ) مونث شہر کے انتظام کا محکمہ، محکمۂ بلدیہ۔

میوہ: (ف) مذکر، پھل، ثمر۔

——جات: مذکر: میوے، جمع میوہ کی۔

——فروش: (ف) مذکر: پھل بیچنے والا۔

میہماں: دیکھو مہمان۔

مُفْتَرَعَات : (ع) مذکر: فرض کی ہوئی چیزیں۔
مفتری : (ع) (۱) الزام دھرنے والا، بہتان لگانے والا، (۲) مفسد، دغاباز، شریر، فریبی۔
مُفَتِّش : (ع) تفتیش کرنے والا، تلاش کرنے والا۔
مَفْتُوح : (ع) مذکر: (۱) کھولا گیا، (۲) فتح کیا گیا، (۳) زبر والا حرف وہ حرف جس پر زبر دیا گیا ہو۔
مَفْتُوحَات : (ع) مذکر: فتح کیے گئے مقامات۔
مَفْتُون : (ع) عاشق، فریفتہ، شیدا۔
مُفْتِی : (ع) مذکر: فتویٰ دینے والا، فقیہ۔
مُفَخَّر : (ع) معزز، بزرگ، جلیل القدر۔
مُفَخِّر : (ع) فخر کرنے والا۔
مُفَخَّر : (ع) وہ جس کی ذات دوسروں کے لیے فخر کا باعث ہو، مایۂ ناز۔
مَفَر : (ع) مذکر: بچاؤ، بھاگنے کی جگہ۔
مُفَرِّح : (ع) (۱) فرحت بخشنے والا، (۲) (اصطلاح طب) وہ دوا جو شیریں اور خوش ذائقہ ہو اور فرحت بخشے۔
مُفْرَد : (ع) (۱) تنہا، اکیلا، علاحدہ، (۲) ایک، واحد، (۳) غیر مرکب (۴) یکتا، یگانہ، منفرد۔
مُفْرَدَات : (ع) مذکر: (۱) جمع مفرد کی، حروف تہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں، یعنی ا۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج وغیرہ، (۲) مونث: وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال ہو۔
مُفَرَّس : (ع) غیر زبان کا لفظ جسے فارسی زبان کا لفظ بنالیں۔
مُفْرِط : (ع) زیادہ، افراط سے، حد سے، کثرت سے، حد سے زیادہ۔
مُفَرُّور : (ع) (۱) بھاگا ہوا، روپوش، (۲) وہ شخص جو کوئی جرم کر کے بھاگ جائے۔
مَفْرُوض : (ع) مذکر: (۱) فرض کیا گیا، (۲) مانا گیا، قیاسی، مونث: مفروضہ۔
مَفْرُوضَات : (ع) مذکر: (۱) وہ امور جن کی کچھ اصلیت نہ ہو، (۲) وہ امور جو مان لیے گئے ہوں۔
مُفْرُوق : (ع) (۱) فرق کیا گیا، جدا کیا گیا (۲) وہ عدد جو کسی عدد سے خارج یا منہا کیا گیا ہو۔
مُفْسِد : (ع) فساد کرنے والا، بگاڑنے والا، نقص پیدا کرنے والا، (۲) فساد کرنے والا، جھگڑالو، (۳) باغی، بغاوت کرنے والا۔
مُفْسَدَہ : (ع) مذکر: بلوہ، فساد، وہ امر جو خلاف مصلحت ہو۔
مُفَسِّر : (ع) (۱) بیان کرنے والا، تفسیر کرنے والا، شارح، (۲) کلام مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا۔
مُفَصَّل : (ع) مذکر: تفصیل کیا گیا۔ صاف۔ واضح، کھول کر بیان کیا گیا۔
مُفَصَّلات : مذکر: دیہات، قصبات اور شہر کے ارد گرد کے گانو یا آبادی۔
مَفْعُول : (ع) (۱) فعل کیا گیا، کام کیا گیا، (۲) مذکر: وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو، (۳) (اردو) برا کام کرانے والا، اغلام کرانے والا۔
مَفْقُود : (ع) کھویا ہوا، غائب، ندارد۔
مَفْقُودُ الْخَبَر : (ع) گم شدہ، لاپتہ، وہ شخص جس کی کوئی خبر اور پتا نہ ملے۔
مُفَکِّر : (ع) فکر کرنے والا، سوچنے والا، فلسفی۔
مُفَلَّر : (انگ) مذکر: گلوبند، گلوپوش۔
مُفْلِس : (ع) محتاج، غریب، مسکین۔
مُفْلِسی : (ف) مونث: غریبی، ناداری، افلاس۔
مَفْلُوج : (ع) فالج زدہ، اپاہج۔
مَفْلُوک : مفلس، تباہ حال۔
مَفْلُوکُ الْحَال : خستہ حال، تباہ حال۔
مُفَوِّض : (ع) کسی کام کو کسی کے سپرد کرنے والا۔
مُفَوَّض : (ع) سپرد کیا گیا، تفویض کیا گیا، مونث: مُفَوَّضہ۔
مفہوم : (ع) (۱) سمجھا گیا، دل میں جانا گیا، (۲) مذکر: منشا، مقصد، مطلب۔
مُفِید : (ع) فائدہ دینے والا، فائدہ مند۔
مُفِیض : (ع) فیض پہنچانے والا۔

م ق

مُقابا : مذکر: (۱) سنگاردان (۲) ایک خاص وضع کی لگے ہوتے پان رکھنے کی پٹاری۔

مَقابِر : (ع) مذکر؛ جمع مقبرہ کی؛ وہ جگہ جہاں بہت سی قبریں یا مقبرے ہوں۔

مَقابِل : (ع) (۱) روبرو، آمنے سامنے، (۲) خلاف (۳) برابر، مساوی، (۴) مثل، مانند، مطابق، (۵) دشمن، مخالف، حریف (۶) (کنایتاً) معشوق۔

مُقابِلہ : (ع) مذکر؛ (۱) آمنا سامنا، مڈبھیڑ (۲) برابری، (۳) مخالفت، اختلاف (۴) مطابقت، جانچ، پڑتال، (۵) جنگ، لڑائی، (۶) بحث، تکرار (۷) ایک عبارت کا دوسری عبارت سے ملانا۔

مُقاتِلہ : (ع) مذکر؛ کشت وخون، خونریزی۔

مَقادِیر : (ع) مذکر؛ جمع مقدار کی۔

مُقارَبَت : (ع) مونث؛ (۱) قرب، نزدیکی (۲) صحبت، ہم بستری۔

مَقاصِد : (ع) جمع مقصد کی۔

مُقاطَعہ : مذکر؛ کاٹنا، قطع کرنا۔

مَقال : (ع) مذکر؛ بات چیت، گفتگو، کلام۔

مَقالات : (ع) مذکر؛ جمع مقالہ کی۔

مَقالہ : (ع) مذکر؛ (۱) قول، مقولہ، کہی ہوئی بات کلام (۲) کتاب کا حصہ، باب (۳) کسی خاص موضوع پر لکھا ہوا مضمون۔

مَقام : (ع) مذکر؛ (۱) ٹھہراؤ، قیام، ٹھہرنا (۲) ٹھہرنے کی جگہ، ٹھکانا، گھر، (۳) منزل، پڑاؤ (۴) موقع، محل، وقت (۵) درجہ مرتبہ۔

—— ابراہیمؑ : اضافت کے ساتھ؛ (ف) مذکر؛ بیت اللہ میں اس جگہ کا نام جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی تھی۔

مَقامات : (ع) مذکر؛ جمع مقام کی؛ (کنایتاً) (۱) مراتب، (۲) قواعد، (۳) جگہیں، مواقع، (۴) علم موسیقی کے بارہ پردے۔

مَقامی : (۱) ٹھہرایا ہوا، (۲) خاص جگہ سے متعلق (۳) نانگ، لوکل۔

مُقاوَمَت : (ع) مونث؛ (۱) برابری کرنا، کسی کے مقابلے کے لیے آمادہ ہو جانا، (۲) (مجازاً) مقابلہ۔

مَقبَرہ : (ع) مذکر؛ (۱) قبر کی جگہ، گورستان، (۲) روضہ، درگاہ، قبر پر بنائی جانے والی عمارت۔

مَقبُوضہ : (ع) قبضہ کیا گیا، وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے یا جو قبضہ میں ہو۔

مَقبُول : (ع) قبول کیا گیا، پسندیدہ، منظور۔

مَقبُولِیَت : (ع) (۱) قبولیت، منظوری، پسندیدگی، شہرت۔

مُقتَبِس : (مق۔تبس) (ع) روشنی لینے والا، اقتباس کرنے والا، کسی دوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا۔

مُقتَبَس : (ع) اقتباس کیا گیا، فائدہ اٹھایا گیا۔

مُقتَدا : (ع) مذکر؛ جس کی پیروی کی جائے، امام، پیشوا، رہنما۔

مُقتَدِر : (ع) (۱) طاقت ور، زبردست، زور آور، قوی، (۲) با اقتدار، (۳) خدا تعالیٰ کا نام۔

مُقتَدِی : (ع) (۱) پیروی کرنے والا، پیرو، مقلد، (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔

مُقتَضا : (ع) مذکر؛ (۱) تقاضا کیا گیا، خواہش کیا گیا، (۲) (مجازاً) موقع، مصلحت، مراد۔

مُقتَضِی : (ع) خواہش کرنے والا، خواہاں، تقاضا کرنے والا۔

مَقتَل : (ع) مذکر؛ قتل کرنے کی جگہ، قتل گاہ۔

مَقتُول : (ع) (۱) قتل کیا گیا، مارا گیا (۲) (کنایتاً) عاشق، فریفتہ۔

مِقدار : (ع) مونث؛ اندازہ، تعداد، وزن، تول، جسامت۔

مُقدَّر : (ع) مذکر؛ تقدیر، قسمت، نوشتہ۔

مَقدِرَت : (ع) مونث؛ قدرت، طاقت، بساط، حیثیت۔

مُقدَّس : (ع) مذکر؛ (۱) پاک بزرگ، پارسا، فرشتہ خصلت (۲) پاک مقام، پاک چیز۔

مُقدَم : (ع) مذکر؛ (۱) تشریف آوری، رونق افروزی، (۲) وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے، (۳) قدم رکھنے کی جگہ۔

مُقدَم : (ع) (۱) پیش کیا ہوا، آگے کیا ہوا (۲) ترجیح دیا ہوا، ضروری، لازمی، آگے کا حصہ اول، مذکر؛ گانو کا چودھری سرگروہ۔

مُقدِمات : (ع) مذکر؛ جمع مُقدِمہ کی۔

مُقدِمہ : (ع) (۱) آگے جانے والا، (۲) فوج کا ہراول، (۳) کتاب کا دیباچہ۔

مُقدَمہ : (ع) (۱) آگے کیا ہوا، (۲) واردات، (۳) عدالتی کارروائی (۴) مذکر؛ نالش، دعوا۔

—— بازی : مونث؛ عدالت میں مقدمہ لڑنا۔

مقدور : (ع) مذکر : (۱) طاقت، مجال، حوصلہ (۲) گنجائش، بساط، حیثیت، (۳) دولت، ثروت، (۴) قابو، بس، اختیار۔
—— بھر : حتی الوسع، جہاں تک ممکن ہو۔
مُقِر : (ع) اقرار کرنے والا، تسلیم کرنے والا۔
مِقراض : (ع) مونث : قینچی۔
مُقرّب : (ع) (۱) قریب کیا ہوا، بزرگی دیا ہوا، (۲) مذکر : ہم راز منہ لگا مصاحب۔
مُقرِّر : (ع) تقریر کرنے والا۔
مُقرَّر : (ع) (۱) اقرار کیا گیا، ٹھہرایا گیا، (۲) تعینات، مامور معین (۳) (اردو) بے شبہ، ضرور،
مُقرَّرہ : (ع) مونث : قرار دیا ہوا، ٹھہرایا ہوا، تجویز کیا ہوا، مجوزہ، حسب دستور، مروجہ۔
مُقرَّض : (ع) قینچی سے کترا ہوا۔
مَقروض : (ع) جس پر قرض ہو، قرض دار۔
مُقرون : (ع) نزدیک کیا ہوا، پاس، قریب، ملا ہوا۔
مَقسوم : (ع) مذکر : (۱) تقسیم کیا ہوا، (۲) حصہ بخرہ (۳) قسمت تقدیر (۴) حساب میں وہ عدد جس کو تقسیم کیا جائے۔
مُقشّر : (ع) چھکا اتارا ہوا، چھیلا ہوا۔
مَقصد : (ع) مذکر : ارادہ، مطلب، مدعا۔
مَقصدیّت : مونث : معنویت، مطلب، مدعا، غرض و غایت، افادیت۔
مقصود : (ع) مذکر : قصد کیا ہوا، غرض، مدعا، مطلب۔
—— بالذات : (ع) وہ چیز جو خود مقصود ہو۔
مَقصور : (ع) مذکر : (۱) کم کیا گیا، چھوٹا کیا گیا، (۲) وہ الف جس پر مد (ـٓ) نہ ہو۔
مُقطّر : (ع) ٹپکایا ہوا، قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا۔
مَقطع : (ع) مذکر : (۱) کاٹنے کی جگہ (۲) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے۔
مُقطّع : (ع) (۱) کاٹا ہوا، تراشا ہوا، (۲) مہذب، شائستہ، سنجیدہ۔
مُقطّعات : (ع) مذکر : جمع مقطع کی، قرآن شریف کے وہ حروف جن کی تفسیر سے حضرت پیغمبر نے خاموشی اختیار کی، (جیسے الٓمٓ، یٰسین وغیرہ)
مَقطوع : (ع) مذکر : کاٹا ہوا، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
مَقعَد : (مق۔عَد) (ع) مونث : (۱) پاخانے کا مقام، (۲) بیٹھنے کی جگہ۔
مُقفّل : (ع) قفل لگایا ہوا، بند۔
مُقفّٰی : (ع) قافیہ کیا ہوا، قافیہ دار۔
مُقلِب : (ع) بدلنے والا، پھیرنے والا۔
مُقلِّد : (ع) (۱) تقلید کرنے والا، پیرو، (۲) چاروں اماموں کے ماننے والے مسلمان۔
مَقلوب : (ع) (۱) الٹا ہوا، پلٹا ہوا، اوندھا (۲) مذکر : علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس کی عبارت الٹی سیدھی یکساں پڑھی جاتی ہے۔
مَقناطیس : (یونانی) مذکر : ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو کھینچ لیتا ہے، چمبک۔
مِقنَع : (ع) مذکر : (۱) وہ باریک کپڑا جو دلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں، (۲) اوڑھنے کی باریک چادر۔
مُقنّن : (ع) مذکر : قانون بنانے والا، قانون جاننے والا، وکیل۔
مَقولہ : (ع) مذکر : قول، بات، (۲) کہا ہوا، کہاوت، مثل۔
مُقوّی : (ع) قوت دینے والا، طاقت بخشنے والا۔
مُقوّیٰ : (۱) مضبوط کیا ہوا، (۲) مذکر : پٹھا، دفتی کا بنا ہوا بکس جس میں کاغذات رکھے جاتے ہیں۔
مَقہور : (ع) قہر کیا ہوا، جس پر قہر ہو، مَغلوب۔
مِقیاس : (ع) مذکر : (۱) اندازہ (۲) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں، پیمانہ گھڑی کی سوئی۔
—— الحرارت : مذکر : گرمی معلوم کرنے کا آلہ، تھرمامیٹر (انگ) THERMOMETER
—— الہوا : (ع) مذکر : ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ، بیرومیٹر۔
مُقیّد : (ع) (۱) قید کیا ہوا، اسیر، قیدی، پابند (۲) مشروط، پابند کیا ہوا۔
مُقیّش : (مق۔قیش / مُقیَّش۔یش) (مفرس) مذکر : (۱) چاندی سونے کے تار، بادلہ (۲) سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا، زری۔
مُقیم : (ع) اقامت کرنے والا، ٹھہرنے والا، قائم، قیام پذیر۔

مکّا : مونث ؛ بڑی جوار، مکئی۔

مُکّا : مذکر ؛ گھونسا۔

مُکابَرہ : (ع) مذکر ؛ (۱) گھمنڈ، غرور، شیخی، (۲) لڑائی، جھگڑا، (۳) سینہ زوری، (۴) خواہ مخواہ جیتنے کے لیے بحث کرنا۔

مَکاتِب : (ع) جمع مکتب کی۔

مُکاتِبات : (ع) مذکر ؛ جمع مکاتبہ کی۔

مُکاتَبت : (ع) مونث ؛ باہمی خط و کتابت۔

مُکاتِبہ : (ف) مذکر ؛ (مجازاً) خط، نامہ۔

مَکاتِیب : (ع) مذکر ؛ جمع مکتوب کی۔

مَکّار : (ع) دغاباز، دھوکہ باز۔

مَکّاری : مونث ؛ فریب۔ مکر کرنا۔

مَکارِم : (ع) مذکر ؛ جمع مکرمت کی۔

مُکاشَفہ : (ع) مذکر ؛ کشف، کرامات۔

مُکافات : (ع) مونث ؛ بدلہ، عوض، تاوان، پاداش، سزا، انتقام۔

مکالمہ : (ع) مذکر ؛ گفتگو، زبانی سوال و جواب، ہم کلامی، (انگ) ڈائیلاگ۔ DIALOGUE

مُکالَمت : مونث ؛ بات چیت، گفتگو کا انداز۔

مَکان : (ع) مذکر ؛ رہنے کی جگہ، گھر، جمع مکانات۔

—— **دار** : مذکر ؛ گھر والا، مالک مکان۔

مَکائِد : (ع) مذکر ؛ مکر و فریب۔

مُکبِّر : (ع) تکبیر کہنے والا۔

مُکبَّر : (ع) تکبیر کہنے کی جگہ۔

مُکت / مُکتی : مونث ؛ نجات، بخشش، چھٹکارا۔

مَکتب : (ع) مذکر ؛ لکھنے پڑھنے کی جگہ (۲) مدرسہ، اسکول، وہ جگہ جہاں بچوں کو ابتدائی تعلیم دی جاتی ہے۔

مَکتبی : (ع) (ادبی اصطلاح) کسی نظریے یا مکتب فکر سے تعلق رکھنے والا، (ضد۔ غیر مکتبی)

مُکتَسِب : (ع) کوئی چیز اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا، نفع حاصل کرنے والا۔

مُکتَفی : (ع) کافی، پورا۔

مکتوب : (ع) مذکر ؛ لکھا ہوا خط، نامہ۔

مکتوب اِلیہ : مذکر، جس کو خط لکھا جائے۔

مَکتوم : (ع) چھپا ہوا، پوشیدہ، مخفی۔

مُکتی : (ہ) مونث ؛ (۱) چھٹکارا، نجات، رہائی، آزادی، (۲) مغفرت روح کی نجات۔

مُکٹ : (ہ) مذکر ؛ (۱) تاج، (۲) دولہا کے سر کا سہرا۔

مُکدّر : (ع) (۱) گندلا، میلا، کدورت آمیز، (۲) (کنایتاً) ملول، غمگین، ناخوش۔

مَکر : (ع) مذکر ؛ (۱) دھوکا، فریب، حیلہ، (۲) چالاکی، عیاری۔

—— **چاندنی** : مونث ؛ (۱) پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح کاذب کا دھوکا دیتی ہے۔ صبح کاذب، (۲) (کنایتاً) وہ فعل یا چیز جو دوسروں کو دھوکے میں ڈالے۔

مُکر جانا : انکار کر جانا، قول سے پھر جانا، منکر ہو جانا۔

مُکرّر : (ع) دوبارہ، پھر۔

مُکرّم : (ع) عزت والا، بزرگ، محترم، معزز۔

—— **بندہ** : (اضافت کے ساتھ) جناب والا، جناب من، بندہ نواز۔

مُکرّمی : میرے مکرم، (خطوں کے القاب۔)

مکرُمت : (ع) مونث ؛ (۱) بزرگی (۲) مہربانی، نوازش۔

مُکرنا : اقرار کر کے انکار کرنا ؛ قول سے پھرنا۔

مَکروہ : (ع) صفت (۱) کریہہ، برا، (۲) ناپسند، بدنما، (۳) مذکر ؛ نہ بتانا جائز چیز۔

مَکروہات : (ع) مذکر ؛ (۱) نفرت انگیز چیزیں، (۲) واہیات بے ہودہ کام، (۳) دنیاوی مخمصے۔

مُکری / مُکّری : مونث ؛ (۱) پہیلی، (۲) ایک قسم کی ہندی چھ مصرعی پہیلی جس میں تین مصرعوں میں جو بیان ہوتا ہے اور آخری مصرعے میں بالکل بدل جاتا ہے۔ اس کے موجد امیر خسرو ہیں۔

مُکڑ : مذکر ؛ بڑی مکڑی، نر مکڑی، مکڑا۔

مکسچر : (انگ) مذکر ؛ دواؤں کا مرکب محلول، آمیزش۔ MIXTURE

مکسور / مکسورہ : (ع) (۱) زیر دیا ہوا حرف، (۲) ٹوٹا ہوا۔

مکشوف : (ع) کھولا ہوا، واضح، ظاہر۔

مُکعّب : (ع) (۱) چار گوشے کیا ہوا، وہ شکل جس کی لمبائی چوڑائی گہرائی برابر ہو، (۲) مذکر ؛ وہ عدد جو کسی عدد کو تین بار ضرب دینے سے حاصل ہو۔

مُکفوف : (ع) (۱) لپٹا ہوا پیراہن (۲) مونث: عروض میں سات حرفی رکن جس کے آخر کا حرف گرا دیا گیا ہو۔

مُکفول : (ع) (۱) گرو رکھا گیا، کفالت میں دیا گیا، رجسٹری شدہ، (۲) ضمانت کے طور پر لی ہوئی چیز۔

مُکلّف : (ع) (۱) تکلیف دیا ہوا، (۲) پرتکلف، آراستہ۔

مُکلِّف : (ع) (۱) تکلیف دینے والا، (۲) دعوت دینے والا۔

مُکلّل : (ع) چمکیلا، مُرصّع، جڑاؤ، آراستہ۔

مُکمّل : (ع) (۱) پورا، کامل، کُل، (۲) پورا کیا ہوا۔

مکنون : (ع) (۱) پوشیدہ، مخفی، چھپا ہوا، (۲) مذکر: پوشیدہ راز، (۳) دل منشا، (۴) (کنایتاً) بیش قیمت۔

مکو : مونث: ایک بوٹی اور اس کے پھل کا نام، عنب الثعلب۔

مکوڑا : مذکر: بڑا کیڑا، بڑا جونٹا۔

مکھیاں مارنا : کنایتاً، بے کار بیٹھنا، بے شغل رہنا۔

مُکھیا : مذکر: (۱) سرگروہ، سردار، بڑا، بزرگ (۲) گانو کا چودھری۔

مکئی : ایک قسم کا غلّہ، مکّا، جوار۔

مُکّی : مونث: ہتھیلی پر بند کی ہوئی انگلیاں، مُٹھی۔

مکین : (ع) مکان میں رہنے والا، مقیم، ساکن۔

مکینکل انجینئر : MECHANICAL Engineer (انگ) مذکر: کلوں کے علم کا ماہر، علم جرثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔

——ورکس : WORKS (انگ) مذکر: کارخانہ جہاں کلوں (مشینوں) کا کام ہوتا ہے۔

مکھ : مذکر: چہرہ، منہ۔

——تال : مونث: وہ آواز جو گویے منہ سے نکالتے ہیں۔

مکّہ : (ع) مذکر: عرب کا ایک مشہور شہر جہاں جناب رسول اللہ صلعم کی ولادت ہوئی۔

مکھا : مذکر: نیلے رنگ کی بڑی مکھی۔

مکھانا : مذکر: کنول کے پھول کا سوکھا ہوا بیج، تال مکھانا۔

مکھڑا : (ہ) مذکر: چہرا، گانے کے بنیادی بول۔

مکھن : مذکر: ایک قسم کا کچا گھی، مسکا۔

مکھنا : مذکر: ایک قسم کا چھوٹے دانتوں والا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔

مکھی : مونث: (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔

——چوس : کنجوس۔

——پر مکھی مارنا : بے سمجھے بوجھے نقل کرنا۔

م گ

مگ : MUG (انگ) مذکر: ہینڈل والا گلاس، چائے یا پانی پینے کا خاص وضع کا برتن، مگّا، ڈونگا۔

مِگ : MIG (انگ) مذکر: (۱) روسی ساخت کا ایک تیز رفتار ہوائی جہاز، (۲) جنگی طیارہ۔

مُگدر : مذکر: ورزش کرنے والی گرز نما لکڑی۔

مگدھ : مذکر: صوبہ بہار کا جنوبی حصّہ۔

——بھاشا : مونث: مگدھ کی زبان، پالی زبان۔

مگدھی : مذکر: (۱) مگدھ کا رہنے والا، (۲) ایک قوم، (۳) مگدھ کی زبان۔

مگدھیر : مذکر: (۱) لکڑی کا وہ مکان جس میں شاہان اودھ سفر کیا کرتے تھے، (۲) ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ، (۳) کاغذ کی آراستہ چیز۔

مگر : (ف) حرف استثناء (۱) ماسوا، الّا، بجز، لیکن، (۲) غالباً (۳) کیا، کی، کی جگہ۔

مگر : مذکر: (۱) مگرمچھ، گھڑیال (۲) کان کا ایک زیور، آویزہ۔

مچھ : مذکر: مگر، گھڑیال۔

مگرا : مذکر: (۱) گھمنڈی، مغرور، (۲) بے حس، (۳) کام چور، کاہل، سست۔

مگری : مونث: (۱) چھپر کا سب سے اوپر والا حصّہ (۲) چھت کی سلامی کا سب سے نیچا کنارہ۔

مگس : (ف) مونث: (۱) مکھی، (۲) شہد کی مکھی۔

——ران : (ف) مذکر: (۱) ایک قسم کا مورچھل (۲) مورچھل ہلانے والا۔

——رانی : (ف) مونث: مکھیاں اڑانے کی خدمت۔

مگسی : (ف) (۱) مکھی کے رنگ کا، سیاہی مائل، (۲) ایک خاص قسم کے رنگ کا گھوڑا۔

مگن : (۱) ڈوبا ہوا، غرق، (۲) مسرور، شاد، خوش (۳) مست، بے خود۔
مگھم : گول مول بات۔
مگھی / مگھتی : مذکر: ایک قسم کا اعلا درجہ کا پان، (۲) ایک قسم کا صحرائی کبوتر۔

م ل

مل : MILL (انگ) مونث: (۱) پن چکی، مشین سے چلنے والی چکی، (۲) کارخانہ۔
مُل : (ف) مونث: شراب، مے، دارو۔
ملاءِ اعلیٰ : (ع) مذکر: عالم بالا کے رہنے والے، فرشتے۔
مُلّا : مذکر: (۱) مولوی، عالم، (۲) مسجد میں نماز پڑھانے والا، (۳) مکتب میں پڑھانے والا۔
——— دوپیازہ : مذکر: اکبر کے دربار کا ایک خوش طبع ظریف۔
——— کی دوڑ مسجد تک : (مثل) اپنی بہن سے زیادہ کوئی نہیں جا سکتا۔
مُلّانی : مونث: (۱) ملا کی بیوی، (۲) وہ عورت جو لڑکیوں کو سینا پرونا سکھاتی اور ابتدائی کتابیں پڑھاتی ہے۔
مُلابِست : (ع) مونث: (۱) ہم لباس ہونا (۲) ایک دوسرے سے مشابہت رکھنا۔
مِلاپ : مذکر: (۱) میل جول، اتفاق، (۲) صلح صفائی، باہم رضامندی (۳) موافقت (۴) محبت، دوستی، ربط، ضبط۔
مِلاجُلا : مذکر: گڈمڈ، مخلوط۔
مَلّاح : (ع) مذکر: ناؤ چلانے والا، کشتی بان۔
مَلّاحی : مونث: (۱) ملاح کی اُجرت، ملاح کا پیشہ اور کام، (۲) مہم گالی جس میں نام نہ لیا جائے۔
ملاحیاں سُنانا : (عو) آوازے کسنا، گول مول لعنے تشنے دینا۔
مَلاحَت : (ع) مونث: (۱) نمکینی، (۲) سانولاپن۔
مَلاحِدہ / مَلاحِدہ : (ع) مذکر: جمع ملحد کی، بے دین لوگ۔
مُلاحَظہ : (ع) مذکر: (۱) دیکھنا، معائنہ، مشاہدہ، (۲) غور، توجہ، (۳) عو: لحاظ، پاسداری، مُروّت، (۴) سامنے، روبرو۔
مِلادینا : (۱) گڈمڈ کر دینا، (۲) یکساں کر دینا، مشابہ کر دینا، (۳) ملحق کر دینا، شامل کر دینا۔
مَلار : مذکر: (۱) ایک قسم کے گیت جو برسات کے موسم میں گاتے جاتے ہیں، (۲) مونث: ایک راگنی کا نام، ملہار
مُلازِم : (ع) مذکر: (۱) ہمیشہ پاس رہنے والا، کسی کے کام کو کرنے والا، (۲) (مجازاً) نوکر چاکر، خادم۔
مُلازَمَت : (ع) (۱) ہمیشہ پاس رہنا، (۲) خدمت، نوکری (۳) کسی بڑے آدمی سے ملاقات۔
مُلازمت پیشہ : (ف) مذکر: وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔
مُلاطَفَت : (ع) مونث: مہربانی کرنا، نرمی۔
مَلاعِین / مَلاعنہ : (ع) مذکر: جمع ملعون کی۔
مُلاقات : (ع) مونث: (۱) ایک دوسرے سے ملنا (۲) صاحب سلامت، جان پہچان (۳) میل، ملاپ، آنا جانا۔
ملاقاتی : مذکر: ملنے والا، درست، جان پہچان والا۔
مُلاقی : (ع) مذکر: ملنے والا، ملاقاتی۔
مُلاگیری : ایک خوشبودار رنگ جو صندلی رنگ سے مشابہ ہوتا ہے۔
مَلال : (ع) مذکر: (۱) رنج و غم، کلفت، (۲) افسوس (۳) زحمت۔
مِلالینا : (۱) شریک کر لینا (۲) مخالفت کو گانٹھ لینا، ہمراز بنا لینا، اپنی طرف کر لینا، (۳) مرکب کر لینا، آمیز کر لینا۔
ملامت : (ع) مونث: جھڑکی، پھٹکار، دُھتکار، سرزنش، لعن طعن۔
مِلان : مذکر: (ہ) ایک چیز کا دوسری چیز سے مقابلہ کرنا۔
مِلانا : (۱) شامل کرنا (۲) موازنہ کرنا، مقابلہ کرنا، فرق نکالنا، (۳) میل کرانا، (۴) گڈمڈ کرنا، (۵) گانٹھنا، (۶) باہم دو شخصوں میں ملاقات کرانا۔
مِلاوٹ : مونث: (۱) میل جول، (۲) آمیزش۔
ملائک / ملائکہ : (ع) مذکر: (جمع ملک کی) فرشتے۔
مُلائم : (ع) (۱) مناسب، موافق، (۲) (مجازاً) نرم۔
مُلائمت : (ع) مونث: (۱) موافقت، مناسبت، (۲) نرمی، (۳) نزاکت، لاغری۔
مَلائی : مونث: (۱) دودھ کے اوپر کی پپڑی، دودھ کا جوہر جو پکانے کے بعد ٹھنڈا کرنے سے اوپر جم جاتا ہے، بالائی، (۲) گھوڑے کا ملنا، (۳) گھوڑا ملنے کی اجرت۔
ملبا : مذکر: (۱) کوڑا کرکٹ، خس و خاشاک (۲) گرے ہوئے مکان کی مٹی اینٹ وغیرہ پرانا مسالا۔

مُلَبَّب : لبالب، لبریز، منہ تک بھرا ہوا۔
ملبوس : (ع) مذکر؛ لباس، پوشاک، پہننے کے کپڑے۔
ملبوسات : (ع) مذکر؛ جمع ملبوس کی۔
مِلّت : (ع) مونث؛ (۱) دین، مذہب، دھرم، شریعت، (۲) فرقہ، قوم، گروہ۔
مِلتا جُلتا : مذکر؛ مشابہ۔
مُلتانی : مونث؛ ایک قسم کی زرد رنگ کی چکنی مٹی، (۲) ایک راگنی، (۳) مُلتان کا رہنے والا، ملتان کی بولی۔
مُلتبس : پوشیدہ کیا گیا، شک کیا گیا۔
مُلتجی : (ع) التجا کرنے والا، درخواست کرنے والا، منت سماجت کرنے والا۔
مُلتزِم : (ع) اپنے اوپر کوئی بات لازم کر لینے والا۔
مُلتزَم : (ع) (۱) لازم کیا ہوا، (۲) خانۂ کعبہ میں رُکن یمانی کے سامنے ایک مقام جہاں حاجت مند دعائیں کرتے ہیں۔
مُلتفِت : (ع) التفات کرنے والا، توجہ کرنے والا۔
مُلتمِس : (ع) مذکر؛ التماس کرنے والا، توجہ کرنے والا۔
مُلتمَس : (ع) مذکر؛ عرض معروض۔
ملتوی : (ع) (۱) التوا کرنے والا، دیر کرنے والا، ٹلنے والا، (۲) ٹھہرنے والا، توقف کرنے والا (۳) (طب کی اصطلاح) نبض کی ایک خاص حرکت کا نام۔
مُلتہَب : بھڑکا ہوا، شعلہ زن۔
ملیٹری MILLITARY (انگ) مونث؛ فوج، فوجی، لشکری۔
مَلجا : (ع) مذکر؛ پناہ ملنے کی جگہ۔
ملجا وماوا : (۱) پناہ ملنے کی جگہ، مسکن، (۲) پشت پناہ۔
ملچھ : (۱) گھناؤنے کام کرنے والا، ناپاک، (۲) وہ آدمی جو ایسے کام کرے جن سے لوگوں کو گھن آئے۔
مُلحِد : (ع) مذکر؛ بے دین، کجی اور سیدھی راہ سے پھرا ہوا۔
مُلحَق : (ع) جڑا ہوا، پیوستہ، ملا ہوا، منسلک۔
مُلحِق : (ع) (۱) وہ چیز جو کسی کے آخر میں ملا دی جائے، (۲) ملا ہوا، نزدیک، پاس، (۳) ملنے والا۔
مُلحقات : (ع) مذکر؛ بعد میں ملائی ہوئی چیزیں۔
مُلحوظ : (ع) لحاظ کیا گیا، خیال رکھا گیا۔
ملحوظِ خاطر : (ع) (اضافت کے ساتھ) دلی خیال، دلی توجہ، خیال رکھنا۔
مَلخ : (ف) مذکر؛ ٹڈی، ٹیڈی۔
مُلخّص : (ع) مذکر؛ خلاصہ، اختصار۔
مُلذّذ : (ع) لذیذ، مزے دار، لذت بڑھانے والا۔
مُلزِم : مجرم، گنہگار، قصوروار۔
مُلزَم : (ع) لازم کیا گیا، شریک حال۔
ملعون : (ع) لعنت کیا ہوا، مردود۔
ملغوبا : (ترکی) مذکر؛ (۱) کوڑا کرکٹ (۲) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا ڈھیر، (۳) وہ چیز جو مختلف چیزوں سے مل کر گاڑھی ہو جاتے۔
ملفوظ : (ع) مذکر؛ (۱) پڑھا ہوا، جو پڑھنے میں آئے، (۲) منہ سے نکلی ہوئی بات، بزرگوں کے مقولے، (۳) وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات ان کی زبانی لکھے گئے ہوں۔ (جمع ملفوظات)۔
ملفوف : (ع) لپٹا ہوا، لفافے میں بند، سربند۔
مُلقّب : (ع) لقب دیا ہوا، معروف۔
مَلَک : (ع) فرشتہ۔
ملک الموت : (ع) مذکر؛ موت کا فرشتہ، عزرائیلؑ۔
مُلک : (ع) مذکر؛ دیس، سلطنت، ولایت، علاقہ۔
ملکانی : (ف) مونث؛ حکومت، حکمرانی، سیاست۔
ملک گیری : مونث؛ ملک فتح کرنا، ملک پر تسلط قائم کرنا۔
مُلکی : ملک کا، دیسی۔
مَلِک : (ع) مذکر؛ بادشاہ۔
ملک التجار : (ع) مذکر؛ بہت بڑا تاجر۔
ملک زادہ : (ف) مذکر؛ شاہزادہ۔
ملک الشعراء : (ف) مذکر؛ سب سے بڑا شاعر، شاہی خطاب۔
مِلک : (ع) مونث؛ ملکیت، جائداد، (انگ) پراپرٹی PROPERTY
مِلکیّت : مونث؛ جائداد، زمین داری حقیقت۔
ملکانا : مذکر؛ ایک نومسلم قوم۔
ملک بوتھ : MILK BOOTH (انگ) مذکر؛ دودھ گھر، دودھ کا اسٹال۔
مَلکوت : (ع) مذکر؛ (۱) بادشاہی، حکمرانی، قبضہ، (۲) فرشتوں کے

رہنے کا مقام (۲) فرشتے ۔ (۳) (صوفیوں کی اصطلاح) عالم ارواح۔

ملکوتی : (ع) فرشتوں جیسا۔

ـــــ صفات : (ع) فرشتوں جیسی خوبیاں رکھنے والا۔

مَلَکہ : (ع) مذکر؛ تجربہ۔ مہارت، قدرت۔

مَلِکہ : (ع) مونث: (۱) مَلِک کی تانیث، بادشاہ کی بیوی، (۲) رانی، قیصو، سلطانہ (۳) شہد کی مکھیوں کی رانی۔

مَلگجا : مذکر؛ مٹی کے رنگ کا، مٹیالہ، دھندلا، غبار آلود۔

مَلگجاپن : مذکر؛ مٹیالاپن۔

مِلَل : (ع) مذکر؛ جمع مِلّت کی، مذاہب۔

مُلَمَّع : (ع) (۱) گلٹ کیا ہوا، سونا چاندی چڑھایا ہوا؛ (۲) مذکر؛ گلٹ، سونے چاندی کا ورق، (۳) قلعی، دکھاوا، ظاہری ٹیپ ٹاپ، بناوٹ۔

ـــــ ساز/ـــــ گر : مُلمّع کرنے والا۔

ـــــ کار : (ف) منافق، ظاہر کچھ اور باطن کچھ رکھنے والا۔

مَلمَل : مونث، ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا۔

مَلمَلانا : (ع) پچھتانا، افسوس کرنا، تڑپنا، لوٹنا۔

مِلن : (ہ) میل، ملاپ، ملاقات۔

مِلنا : (۱) جڑنا، ایک ہونا، دو چیزوں کا یکجا ہونا، (۲) گڈمڈ ہونا، (۳) ملاقات کرنا، اکٹھا ہونا، (۴) حاصل ہونا، (۵) مشابہ ہونا، مطابق ہونا۔

مِلنا جُلنا : مذکر؛ (۱) میل جول رکھنا، رسم وراہ رکھنا، (۲) ملنا، ملاقات کرنا۔

ـــــ مِلانا : (۱) ملاقات کرنا، بغل گیر ہونا، (۲) کچھ وصول ہونا۔

مَلنا : (۱) رگڑنا، مسلنا، (۲) مالش کرنا، گھوڑے کی، (۳) مانجھنا، (۴) مروڑنا۔

مِلنسار : ہر ایک سے ملنے والا، خلیق، خوش اخلاق۔

مِلنساری : مونث؛ خوش اخلاقی، ملنسار ہونا۔

مَلنگ : (ف) مذکر؛ (۱) موٹا تازہ، جوان آدمی، (۲) بے پروا آدمی جس کو تن بدن کی فکر نہ ہو، (۳) ایک قسم کے فقیر (۴) ناؤ کی دیوار کا تختہ، (۵) مونث؛ ایک چھوٹی چڑیا۔

مَلّو : مذکر؛ دوسرے پرندوں کو پھانسنے کے لیے پر اور پاؤں باندھ کر جال میں چھوڑا ہوا پرندہ۔

مِلوانا : ملاقات کرانا، صلح کرانا، شریک کرانا۔

مَلوانا : مالش کرانا۔

مَلوث : (ع) صفت؛ آلودہ، لتھڑا ہوا۔

مُلوک : (ع) مذکر؛ جمع مَلِک کی؛ بہت سے بادشاہ، سلاطین۔

مُلوکانہ : (ف) شاہانہ۔

مَلول : (ع) اداس، غمگین، رنجیدہ۔

مَلولا : (ع) مذکر؛ ملال، حسرت، پچھتاوا، ارمان۔

مُلہِم : (ع) (۱) دل میں کوئی بات ڈالنے والا، (۲) الہام کرنے والا، خدا تعالیٰ

مُلہَم : (ع) الہام کیا ہوا، جس پر الہام ہو۔

مَلیامیٹ : (ع) تباہ وبرباد، ستیاناس، غارت، ناپید۔

مِلی بھگت : (ہ) مونث؛ سازش۔

مَلیح : (ع) سانولا، سلونا، خوب صورت، نمکین۔

ملیدہ : مذکر؛ (مالیدہ کا مخفف) (۱) ایک قسم کا ملائم پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے (۲) شکر اور گھی میں ملی ہوئی روٹی (۳) ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کر کے مل ڈالی گئی ہو۔

مَلیریا : MALARIA (انگ) مذکر؛ لرزہ بخار۔

ملیَن : MILLION (انگ) دس لاکھ۔

مُلَیِّن : (ع) قبض دور کرنے والا، نرم کرنے والا۔

مَلین : (ف) صفت؛ (۱) میلا، ناپاک، گندہ (۲) اداس، غمگین، پژمردہ، (۳) مکدر، منقبض۔

مَلینہ : مذکر؛ ایک قسم کا کپڑا۔

م م

مَم/مّا : مذکر؛ (دودھ پیتے بچوں کی زبان میں) پانی۔

مَمات : (ع) مونث؛ موت، مرگ، مرنا۔

مُماثِل : (ع) مانند، مشابہ، مثل۔

مماثلت : (ع) مونث؛ مشابہت۔

ممارَست : (ع) مونث؛ مشق، تجربہ۔

ممالک : (ع) مذکر؛ جمع مملکت کی، بہت سے مُلک۔

مُمانعت : (ع) مونث ؛ روک ، مناہی ، بندش ۔
ممانی ، مونث ؛ ماموں کی بیوی ۔
مِمبَر ؛ MEMBER (انگ) مذکر ؛ (۱) کسی کمیٹی یا جلسہ کا رُکن ، (۲) خاندان کا ایک رُکن ۔
مُمتا ؛ (ا) مونث ؛ محبت ، پیار ، ماں کا پیار ۔
مُمتاز ؛ (ع) عام لوگوں سے جُدا کیا ہوا ، انتخاب کیا ہوا ، عزت دیا ہوا ، نام ور ۔
مُمتحن ؛ (ع) امتحان لینے والا ، جانچنے والا ۔
مُمتنع ؛ (ع) منع کرنے والا ، روکنے والا ، باز رکھنے والا ۔
مُمتنَع ؛ (ع) منع کیا گیا ، روکا گیا ، باز رکھا گیا ۔
مُمثل ؛ (ع) تمثیل پیش کرنے والا ، اداکار ، ایکٹر ۔
مُمِد ؛ (ع) مدد کرنے والا ، ساتھی ، مددگار ۔
ممدوح ؛ (ع) مذکر ؛ مدح کیا ہوا ، تعریف کیا ہوا ، جس کی تعریف کی جائے ۔
مَمدودہ ؛ (ع) مونث ، مَد والا ، لمبی آواز کا الف ۔
مُمزوج ؛ (ع) ملا ہوا ، آمیختہ ۔
مُمسک ؛ (ع) (۱) کنجوس ، شوم ، تنگ دل ، بخیل ، (۲) روکنے والا ، امساک بڑھانے والا ۔
مُمکن ؛ (ع) (۱) ہو سکنے کی بات ، (۲) طاقت ، مجال (۳) (منطق کی اصطلاح) وہ شے جس کا نہ ہونا ضروری ہو ، جو معرض زوال و فساد میں ہو ، (۴) (کنایتاً) مخلوق و انسان ۔
ـــــ **الحصول** ؛ حاصل ہونے کے قابل ۔
ـــــ **الوجود** ؛ (ع) جس کا ہونا نہ ہونا دونوں ضروری نہ ہوں ، مخلوقات ۔
ـــــ **الوقوع** ؛ (ع) ہونے والی بات ، جس کے واقع ہونے کا امکان ہو ۔
ممکنات ؛ (ع) مذکر ؛ (۱) جمع ممکن کی ، وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو ۔
مملکت ؛ (م ۔ لکت) (ع) مونث ؛ حکومت ، بادشاہی ، فرماں روائی ، سلطنت ۔
مملو ؛ (ع) صفت ؛ بھرا ہوا ، لبریز ۔
مملوک ؛ (ع) مذکر ؛ غلام ، بندہ ۔
مملوکہ ؛ (ع) مقبوضہ ، قبضہ کیا ہوا ، خریدا ہوا ۔
ممنوع ؛ (ع) (۱) منع کیا ہوا ، (۲) ناجائز ، ناروا ، خلاف قانون ۔
ممنون ؛ (ع) احسان مند ، شکر گزار ۔

ممولا ؛ مذکر ؛ ایک چھوٹا پرندہ جس کے جسم پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں ۔
ممیرا ؛ (ممی ۔ را) مذکر ؛ ایک دوا کا نام جو آنکھ کی بینائی کے لیے مفید ہے ۔
مُمیِّز ؛ تمیز کرنے والا ، جُدا کرنے والا ، بُرے بھلے کو پہچاننے والا ۔
مُمیَّز ؛ (ع) تمیز کیا ہوا ، جدا کیا ہوا ۔
مُمیِّزہ ؛ (ع) مونث ؛ (۱) تمیز کرنے والی ، پہچاننے والی (۲) اچھے بُرے کی تمیز کرنے والی قوت ۔

م ن

مَن ؛ مذکر ؛ (۱) دل ، جی ، (۲) چالیس سیر کا وزن ، (۳) سانپ کے پیٹ کا مُہرا قیمتی پتھر ، جواہر ، (۴) مونث ؛ کنوئیں کی مینڈ ۔
ـــــ **بھاتا** ؛ مذکر ؛ مرغوب ، پسندیدہ ، خوش گوار ۔
ـــــ **چلا** ؛ مذکر ؛ (۱) بہادر ، دلیر ، نڈر ، بے خوف ، (۲) شوخ ، خوش طبع ، (۳) دل پھینک ۔
ـــــ **چنگا تو کٹھوتی میں گنگا** ؛ (مثل) اگر دل صاف اور عقیدہ سلامت ہے تو ہر جگہ خدا ہے ۔
ـــــ **مانی** ؛ مونث ؛ (ع) دل کے مطابق ، حسب منشا ، خود مختار ، دھاندلی ۔
ـــــ **مانے** ؛ خاطر خواہ ۔
ـــــ **مست** ؛ زندہ دل ، ہنس مکھ ۔
ـــــ **موجی** ؛ زندہ دل ، من چلا ، آوارہ مزاج ، خود مختار ۔
مَن ؛ (ع) وہ شخص ، کوئی شخص ۔
مَنّ ؛ (ع) مذکر ؛ (۱) ایک قسم کی میٹھی رطوبت جو بعض درختوں کے پتوں پر جم جاتی ہے ، (۲) ایک قسم کی شہد جیسی شیرینی جو بنی اسرائیل کے لیے خدا کی قدرت سے درختوں کے پتوں پر جم جاتی تھی ۔
ـــــ **وسلویٰ** ؛ (من شیرینی ، سلوا ایک قسم کی چڑیا جو شام کے وقت بنی اسرائیل کی بستیوں میں ہزاروں کی تعداد میں جمع ہو جاتی لوگ انھیں پکڑ لاتے اور کباب بنا کر من کے ساتھ کھاتے تھے) مذکر ؛ غیبی نعمت ، خوان نعمت ۔
مَن ؛ (ف) میں ۔
من جملہ ؛ (ع) سب میں سے ، کُل میں سے ۔
من و عن ؛ حرف بحرف ، جوں کا توں ، ہو بہو ،

مُنّا : مذکر : (۱) چھوٹا بچہ ، (۲) لاڈلا ، پیارا۔

مَنات : (ع) مذکر : عرب کے دورِ جاہلیت کا ایک مشہور بُت جس کی پرستش کی جاتی تھی۔

مُناجات : (ع) مونث : (۱) دعا ، التجا ، عرض ، (۲) دعائیہ نظم۔

مُنادی : (ع) مذکر : (۱) بلایا گیا ، پکارا گیا (۲) جس کو پکارا جاتے۔

مُنادِی : (۱) پکارنے والا ، اعلان کرنے والا ، ڈھنڈورچی (۲) (ف) مونث : لوگوں کو کسی بات سے آگاہ کرنے کے لیے بجائے جانے والے نقارے کی آواز (۳) وعظ ، اعلان ، دین کی تلقین۔

مُنار / مُنارہ : مذکر : (۱) اونچا ، ستون ، لاٹھ ، مینار نما ، (۲) روشنی کی جگہ۔

مُنازَعَت : (ع) مونث : جھگڑا ، قضیہ ، تکرار ، بحث۔

مَنازِل : (ع) مذکر ، مونث : جمع منزل کی : اترنے کی جگہیں ، درجے۔

مُناسِب : (ع) (۱) موزوں ، لائق ، شایاں ، زیبا (۲) ٹھیک ، درست ، معقول۔

مُناسَبَت : (ع) مونث : باہمی لگاؤ ، علاقہ۔

مَناسِک : (ع) مذکر : (۱) حج کے ارکان ، (۲) حاجیوں کے عبادت کے مقامات۔

مَناصِب : (ع) جمع منصب کی : رُتبے ، عہدے۔

مُناظِر : (ع) مناظرہ کرنے والا ، معترض۔

مَناظِر : (ع) جمع منظر کی : تماشا گاہیں ، جھروکے ، نظارے۔

مُناظَرہ : (ع) مذکر : باہمی بحث ، جھگڑا۔

مُنافات : (ع) مونث : ایک دوسرے کی نفی کرنا ، ایک دوسرے کی ضد ہونا۔

مُنافَرَت : (ع) مونث : باہم نفرت کرنا ، نفرت ، گھن ، پرہیز۔

مَنافِع : (ع) مذکر : جمع منفعت کی : فائدے۔

مُنافِق : (ع) مذکر : جس کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہو ، ریاکار ، مکار جس کے دل میں کچھ ہو اور زبان پر کچھ۔

مُنافَقَت : (ع) مونث : دوروئی ، دورُخاپن ، ریاکاری ، مکاری ، ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی۔

مُنافی : (ع) ضد ، خلاف۔

مَناقِب : مذکر : جمع منقبت کی : (۱) اوصاف حمیدہ ، (۲) اہلِ بیت اطہار اور اصحابِ کبار کی مدح۔

مُناقَشہ : (ع) مذکر : جھگڑا ، قضیہ ، قصہ ، نزاع۔

مُناقِص : (ع) توڑنے والا ، مخالف ، ناموافق۔

مُناقَضہ : (ع) مذکر : ایک دوسرے کی بات کو توڑنا ، بحث ، مباحثہ ، جھگڑا ، تکرار۔

مُناکَحَت : (ع) مونث : نکاح کرنا ، عقد۔

مَنّان : (ع) بہت احسان کرنے والا ، نیکی کرنے والا ، خدا کا نام۔

مَنانا : (۱) روٹھے کو راضی کرنا ، (۲) رضامند کرنا (۳) رچانا ، (جیسے خوشی منانا ، عید منانا) منت ماننا ، دعا کرنا۔

مَناہی : (ع) مونث : (۱) منع کی ہوئی چیزیں ، ناجائز کام ، خلاف شرع کام ، (۲) مونث : روک ، ٹوک ، ممانعت۔

مِنبر : (م۔بَر) (۱) اونچی جگہ ، (۲) مسجد میں وہ اونچا مقام جہاں خطیب جمعہ اور عیدین کا خطبہ پڑھتا ہے۔

مَنبَع : (م۔ بَ ع) (ع) مذکر : (۱) پانی نکلنے کی جگہ ، چشمہ ، سوتا ، (۲) پانی کا نل ، پانی کا ذخیرہ۔

مِنّت : (ع) مونث : عاجزی ، خوشامد۔

ـــــ سَماجَت : مونث : عاجزی ، خوشامد۔

ـــــ کرنا : خوشامد کرنا ، التجا کرنا۔

ـــــ کش : (ف) احسان لینے والا۔

مَنّت : مونث : (۱) کسی مراد کے واسطے مانی ہوئی کوئی بات ، نیت ، عہد ، (۲) چڑھاوا ، نذر نیاز۔

ـــــ ماننا : کوئی مراد پوری ہونے کے لیے نذر ماننا۔

مُنتَخَب : (ع) (۱) نایاب ، یکتا ، (۲) مذکر : انتخاب ، خلاصہ ، چُنا ہوا ، (۳) عربی کے ایک مشہور لغت کا نام۔

مَنتَر : مذکر : (۱) جادو ٹونا ، (۲) کلام ، وید کا ایک حصہ۔

مَنتَری : (ہ) مذکر : (۱) دیوان ، (۲) وزیر ، (۳) جادوگر۔

مُنتَشِر : (ع) (۱) پھیلنے والا ، بکھرنے والا ، تتر بتر ، پراگندہ ، (۲) حیران ، پریشان۔

مُنتَظِر : (ع) انتظار کرنے والا ، راہ دیکھنے والا ، امیدوار۔

مُنتَظَر : جس کا انتظار کیا جائے ، انتظار کیا گیا۔

مُنتَظِم : (ع) (۱) انتظام کرنے والا ، درست کرنے والا ، ناظم ، (۲) کفایت شعار۔

مُنتَفِع : (ع) نفع اٹھانے والا ، فائدہ حاصل کرنے والا ، فائدہ مند

مُنتقل : (ع) جگہ بدلنے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔
—— کرنا : (۱) تبدیل کرنا، بدلنا۔ (۲) ایک کے نام سے دوسرے کے نام کرنا۔ بیع کرنا۔
مُنتقم : (ع) بدلہ لینے والا، خدا کا نام۔
مُنتہا : (ع) (۱) انتہا کو پہنچا ہوا، (۲) مذکر: حد، انجام۔
مُنتہی : (ع) (۱) انتہا کو پہنچنے والا، (۲) وہ شخص جو علم کی تحصیل پوری کر چکا ہو۔
منٹ : MINUTE (انگ) مذکر: گھنٹے کا ساٹھواں حصہ۔ ساٹھ (۶۰) سیکنڈ۔
منشور : (ع) (۱) بے بندھا موتی، (۲) پراگندہ، متفرق، بکھرا ہوا، (۳) غیر منظوم کلام، نثر۔
مَنجار/منجھا : مذکر: (۱) رگڑا ہوا، صاف کیا ہوا، (۲) ماہر، تجربہ کار۔
مَن جانا : رضامند ہو جانا، ناراضگی کا دور ہو جانا۔
منجھدار/منجدھار : مونث: (۱) سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار، (۲) (کنایتاً) مصیبت، عین، مصیبت کی جگہ۔
مُنجلی : (ع) ظاہر، آشکارا، روشن۔
مُنجم : (ع) مذکر: نجومی، جیوتشی، ستاروں کا علم رکھنے والا۔
مُنجمِد : (ع) جما ہوا، ٹھوس، سردی سے جما ہوا۔
مَنجَن : مذکر: دانت صاف کرنے کا سفوف۔
مَنجنیق : مذکر: بڑے بڑے پتھر پھینکنے کا آلہ جس کی قلعہ کی دیواریں گراتے تھے۔ بڑا فلاخن۔
مَنجیرا : مذکر: طبلے کے ساتھ بجائی جانے والی پیتل کی دو کٹوریاں، جھانجھ۔
مَنجھا : مذکر: (۱) لکڑی کا تختہ، چوکی، (۲) چرخے کا درمیانی حصہ، (۳) (لکھنؤ: سوز خوانوں کی اصطلاح) مسدس یا مرثیہ کا تیسرا مصرعہ، (۴) ہم، مانجھا۔
مَنجھلا : مذکر: درمیانی، بیچ کا۔
مَنجھنا : (دہلی) (۱) صاف ہونا، اُجلا ہونا، (۲) شائستہ ہونا، (۳) تجربہ کار ہونا، ماہر ہونا، (۴) قطعی ہونا۔
مَنجھولا : مذکر: (۱) اوسط درجہ کا، درمیانی، (۲) اوسط درجہ کا دیگچہ۔
منچ : (ا) مذکر: منڈال، اسٹیج، ڈائس۔
مُنحرِف : (ع) (۱) پھرنے والا، برگشتہ ہونے والا، (۲) سرکش، باغی، غدار۔
منحصِر : (ع) (۱) گھرا ہوا، محدود، احاطہ کیا ہوا، (۲) (کنایتاً) موقوف، مشروط، متعلق، وابستہ۔
مُنحنی : (ع) (۱) خمیدہ، جھکا ہوا، (۲) مجازاً دُبلا، کمزور، نحیف۔
مَنحوس : (ع) (۱) بدبخت، بدنصیب، (۲) بُرا، مکروہ، (۳) نامبارک۔
مَنڈ : (ف) (۱) صاحب، والا، (۲) لاحقہ کلمات کے آخر میں آتا ہے جیسے عقلمند، سعادت مند۔
مَنڈا : مذکر: (۱) سستا، (۲) بے رونق، (۳) سست۔
مَنڈِر : (۱) ہندوؤں کی عبادت گاہ، (۲) شوالہ، (۳) گھر محل۔
مُنڈرا : مذکر: (۱) جوگیوں کے کان کا کنڈل، (۲) کان کا ایک زیور۔
مُنڈرِج : (ع) شامل، داخل، درج کیا ہوا۔
مُنڈرجہ : مونث: درج ہونے والا۔
—— بالا : اوپر لکھا ہوا۔
—— ذیل : نیچے لکھا ہوا۔
مُنڈنا : (م) (۱) بند ہونا، بھنا، (۲) بھڑ جانا، بند ہونا (دروازے کا) (۳) غائب ہونا، چھپنا۔
مُنڈمل : (ع) بھرنے والا گھاؤ، زخم جو انگور لائے۔
مَنڈوب : (ع) مذکر: نمائندہ، ممبر، ڈیلی گیٹ۔
مُنڈا : مذکر: (۱) سر منڈا ہو، صفاچٹ، (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بیل یا بکرا یا بھینسا جس کے سینگ نہ ہوں۔
مُنڈانا : اُسترا پھروانا، سر کے بالوں یا داڑھی کا صفایا کرانا۔
مَنڈپ : (ہ) مذکر: مُنڈوا، چھپر، وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے بیاہ کا کام کاج ہو۔
مَنڈل : مذکر: گھیرا، دائرہ، چکر، گولا۔
مَنڈلانا : (۱) کسی پرندے کا کسی چیز کے اوپر چکر لگانا (۲) کسی جگہ کے آس پاس پھیرے لگانا (۳) بادل کا گھر کر کے آنا۔ (۴) آدمیوں کا ہجوم کرنا۔
مَنڈلی : مونث: (۱) ٹولی، گروہ، جماعت، (۲) سبھا، جتھا۔
منڈنا : (۱) حجامت بننا، بال مونڈا جانا (۲) لٹنا، چوری جانا، (۳) دھوکے میں آکر نقصان اُٹھانا۔
مَنڈوا : مذکر: (م) عارضی جھونپڑا، امکان۔

مَنڈھنا : (۱) مڑھنا، پوشش کرنا، کپڑا کاغذ یا چمڑا چڑھانا، (۲) ڈھانپنا، ڈھانکنا، (۳) ذمے ڈالنا، کوئی چیز کسی کے گلے مڑھنا۔

مَنڈی : مونث: بڑا بازار، وہ بازار جس میں ہر شے افراط سے آکر جمع ہو، اور بیچنے والے ان چیزوں کو خرید کر دوسرے بازاروں میں لے جائیں۔

مُنڈی : مونث: ایک قسم کی بوٹی۔

مُنڈیر : مونث: (۱) دیوار کا بالائی ڈھلوان حصہ، (۲) پشتہ مینڈ۔

مَنزل : (ع) مونث: (۱) اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ، پڑاؤ، (۲) ایک دن کی مسافت (۳) مرحلہ، اہم کام، (۴) مکان کا درجہ، بالا، منزلہ۔

ـــــ مَقصُود : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث: اصل مطلب، اصل مراد، وہ جگہ جہاں پہنچنا ہو۔

مُنزَل : (ع) اتارا گیا، نازل کیا گیا۔

مُنزِل : (۱) انزال ہونے والا، (۲) نیچے اترنے والا۔

مُنزلت : مونث: توقیر، اعزاز، عزت، وقعت۔

مُنزوی : (ع) گوشہ نشین۔

مُنزّہ : (ع) عیبوں سے پاک، پاک صاف۔

منسٹر : MINISTER (انگ) مذکر: وزیر، منتری۔

مُنشَرِح : (ع) (۱) آسان، آسان کیا ہوا، (۲) مونث: عروض کی ایک بحر۔

مُنسَلِک : (ع) پرویا ہوا، منتظم کیا ہوا، شامل، مشمولہ، وابستہ۔

مَنسُوب : (ع) متعلق، نسبت کیا ہوا، منگنی کیا ہوا۔

مَنسُوخ : (ع) رد کیا ہوا، متروک۔

مَنش : (ف) مونث: طبیعت، مزاج، خو، عادت۔

مَنشا : (ع) مذکر: (۱) پیدا ہونے کی جگہ، ہونے کی جگہ، (۲) (مجازاً) سبب، باعث، وجہ، (۳) ارادہ، مقصد، مطلب، مُراد۔

مُنشآت : (مُن۔ش۔آت) (ع) مذکر: مُسوّدہ، عبارتیں، تصنیفات۔

مُنشَعِب : (ع) پھیلا ہوا، منتشر، شاخ در شاخ ہونے والا۔

مَنشُور : (ع) (۱) پھیلا ہوا، بکھرا ہوا، (۲) مذکر: پروانہ، شاہی فرمان، (۳) اعلان نامہ (انگ) مینوفسٹو۔

مَنشّی : (مُنش۔شی) (ع) نشہ والی چیز۔

مُنشی : (مُن۔شی) (ع) (۱) صاحب انشاء (۲) مذکر: ایک عزت کا خطاب، (۳) محرّر، لکھنے والا۔

ـــــ گری : مونث: محرّری، لکھنے کا کام۔

مَنصَب : (ع) مذکر: (۱) رُتبہ، عہدہ (۲) حق، موقع، محل۔

مُنصَرِم : (ع) منتظم، مہتمم۔

مُنصِف : (ع) مذکر: (۱) انصاف کرنے والا، جج، (۲) مُفکر دیوانی کا ایک عہدیدار۔

ـــــ مزاج : انصاف پسند، صاف گو، کھرا۔

مُنصِفی : مونث: (۱) انصاف، تصفیہ، (۲) منصف کی عدالت منصف کا عہدہ۔

مَنصُوب : مذکر: (۱) قائم (۲) کھڑا کیا ہوا، (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو، مفتوح۔

مَنصُوبہ : (ع) مذکر: تدبیر، ارادہ، منشان، (انگ) پلان

ـــــ جاتی : مونث: پہلے سے سوچی سمجھی ہوئی، طے شدہ، منصوبہ بند۔

مَنصُور : (ع) (۱) مدد دیا ہوا، فتح یاب (۲) مذکر: ایک ولی اللہ کا نام جنھیں انا الحق کہنے پر شرع کے مطابق سولی دی گئی۔

مَنصُوص : (ع) (۱) تحقیق کیا ہوا، کمال تحقیق کو پہنچا ہوا، (۲) قرآن پاک کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو، (۳) وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہوگئی ہو۔

مَنصّہ : (ع) مذکر: (۱) ظاہر ہونے کی جگہ، جلوہ گاہ (۲) وہ تخت جس پر دُلہن کو بٹھاتے ہیں۔

مَنصّۂ شہود : (اضافت کے ساتھ) وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔

مُنضبِط : (ع) (۱) باقاعدہ، باضابطہ (۲) مضبوط کیا ہوا۔

مُنضَبِط : (ع) مذکر: مضبوط کرنے والا۔

مُنضِج : (ع) مذکر: جُلّاب سے پہلے پلائی جانے والی دوا۔

مُنطبِق : (ع) برابر، موافق، یکساں، اوپر تلے ٹھیک آنے والا۔

مَنطِق : (ع) مونث: (۱) نطق، گویائی، لہجہ، گفتگو، بات، (۲) علم دلائل، (۳) (کنایتاً) حجت، دلیل۔

ـــــ بگھارنا / چھانٹنا : بیکار حجت کرنا، باتیں بنانا۔

مَنطِق : (۱) علم منطق جاننے والا، (۲) حجتی، جھگڑالو۔
مِنطَقہ : (ع) مذکر: (۱) کمربند، پٹکا، (۲) دائرہ، حلقہ۔
مَنظَر : (ع) مذکر: (۱) نظر کی جگہ (۲) چہرہ (۳) سیرگاہ، تماشاگاہ، نظارہ، نظر پڑنے کی جگہ، سماں، (۴) ہر نظر (جمع مناظر)
—— چشم : (ف) (اضافت کے ساتھ) آنکھ کی پتلی۔
—— عام : (اضافت کے ساتھ) مذکر: کھلی جگہ، شارع عام۔
مَنظَر نما (مَن۔ظر۔نُما) (ع) مذکر: دوربین، سیربین۔
مَنظَرِیہ : (ادبی اصطلاح) تصویری اندازِ بیان۔
مَنظُم : (ع) (۱) انتظام کیا ہوا، ترتیب دیا ہوا، (۲) موزوں کلام، (۳) دھاگے میں پرویا ہوا۔
مَنظُور : (ع) (۱) دیکھا ہوا، (مجازاً) پسند، پسندیدہ، قبول، مانا ہوا۔
مَنظُورِ نظر : (ف) (اضافت کے ساتھ) (۱) پسندیدہ، مرغوب۔ (۲) پیارا، عزیز، محبوب۔
مَنظُوری : مونث: منظور ہونا، پسند، اجازت، قبولیت۔
مَنظُوم : (ع) مذکر: (۱) پرویا ہوا، (۲) نظم، نظم کیا ہوا، اشعار میں لایا ہوا۔
مَنظُومہ : (ع) مونث: نظم کیا ہوا۔
مَنع : (ع) مذکر: (۱) باز رکھنا، روکنا، (۲) ناجائز، نادرست، نامناسب، بے جا، خلاف شرع۔
مُنعَدِم : (ع) نیست و نابود، ناپید، فنا۔
مُنعَطِف : (ع) (۱) پھرنے والا، واپس ہونے والا، (۲) (کنایتاً) متوجہ ہونے والا۔
مُنعَقِد : (ع) انعقاد پانے والا۔
مُنعَکِس : (ع) (۱) عکس قبول کرنے والا، (۲) واپس آنے والی شعاع، (۳) اُلٹا، اوندھا، سرنگوں۔
مُنعِم : (ع) (۱) نعمت دینے والا، (۲) مال دار، سیٹھ۔
مُنغَّص : (ع) (۱) رنجیدہ، (۲) مکدّر، (۳) ناخوش۔
مَنفَذ : (ع) مذکر: (۱) راستہ، گزرگاہ، (۲) (مجازاً) سوراخ، مسام، روزن۔
مُنفَرِج : (ع) کشادہ، وسیع، کھلا ہوا۔
مُنفَرِجہ : (ع) مذکر (۱) قائمہ سے بڑا زاویہ، (۲) پھیلا ہوا، کشادہ۔
مُنفَرِد : (ع) تنہا، اکیلا، یکتا، یگانہ، واحد۔
مُنفَصِل : (ع) جُدا، علاحدہ۔
مُنفَصِلہ : (ع) مونث: (۱) فیصلہ شدہ، تصفیہ کیا ہوا۔
مَنفَعَت : (ع) مونث: نفع، فائدہ، حاصل۔
مُنفَعِل : (ع) (۱) اثر قبول کرنے والا، (۲) نادم، شرمندہ۔
مُنفَک : (ع) جُدا کیا ہوا، جُدا، الگ۔
مُنفِی : (ع) نفی کیا ہوا، رد کیا ہوا، خارج کیا ہوا۔
مُنقاد : (ع) فرماں بردار، تابع، مطیع۔
مِنقار : (ع) مونث: پرندے کی چونچ۔
مَنقَبَت : (ع) مونث: (۱) تعریف و توصیف، (۲) اہل بیت اور صحابہ کی شان میں لکھی جانے والی توصیفی نظم۔
مُنقَبِض : (ع) (۱) بھنچا ہوا، سمٹا ہوا، سکڑا ہوا، (۲) (کنایتاً) ناراض، ناخوش۔
مُنقَسِم : (ع) تقسیم ہونے والا، تقسیم کیا ہوا۔
مُنقَّش : (ع) نقش کیا ہوا، بیل بوٹے دار۔
مُنقَصَت : (ع) مونث: کمی، نقصان، عیب، بُرائی۔
مُنقَضِی : (ع) گزرنے والا، گزرا ہوا، گزشتہ۔
مُنقَطِع : (ع) قطع ہونے والا، کٹا ہوا۔
مُنقَلِب : (ع) اُلٹنے والا، پھر جانے والا، اوندھا۔
مَنقُوش : (ع) لکھا ہوا، نقش کیا ہوا۔
مَنقُوط/مَنقُوطہ : (ع) نقطے والا، نقطے دار، وہ حرف جس پر نقطہ ہو۔
مَنقُول : (ع) (۱) نقل کیا گیا، اتارا گیا، لکھا گیا، (۲) ذکر کیا گیا، (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا، (۴) مونث: وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو، جو دوسروں نے بیان کی ہیں۔
مَنقُولات : مونث: وہ کتابیں جن میں منقول سے بحث ہو۔
مَنقُولہ : (ع) مونث: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل مال قابل انتقال، جیسے جائیداد منقولہ۔
مُنقّٰی : (ع) (۱) (طب کی اصطلاح) (۱) صاف کیا ہوا، (۲) مذکر: ایک قسم کی بڑی کشمش۔
مَنکا : (ہ) مذکر: (۱) تسبیح یا مالے کا دانہ (۲) ریڑھ سے ملی ہوئی گردن کی ہڈی۔
مُنکَر : (ع) (۱) خراب، کھوٹا، مکروہ، غیر شرعی، (۲) مذکر: ان دو

فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو قبر میں مُردوں سے سوال و جواب کرتے ہیں، (۲) مونث ؛ حدیث کی ایک قسم۔

مُنکِر : (ع) انکار کرنے والا، خدا کا نہ ماننے والا، کافر۔

مُنکَر نکیر : مذکر؛ وہ دو فرشتے جو قبر میں مُردوں سے سوالات کرتے ہیں۔

مُنکِرین : (ع) مذکر؛ جمع منکِر کی، انکار کرنے والے۔

مُنکسِر : (ع) (۱) شکستہ، ٹوٹا ہوا، (۲) عاجز، مسکین، (۳) (کنایتاً) متواضع، انکسار کرنے والا۔

مُنکشِف : (ع) کھلنے والا، کھلا ہوا، ظاہر، آشکارا۔

مَنکوحہ : (ع) مونث؛ نکاحی عورت، بیوی۔

مَنگانا : طلب کرنا، کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا۔

مَنگتا : مذکر؛ فقیر، بھیکاری، بھیک مانگنے والا۔

مَنگل : مذکر؛ (۱) خوشی (۲) خوشی کا گیت (۳) مریخ، ایک ستارے کا نام، (۴) سہ شنبہ (۵) رونق، چہل پہل۔

مَنگنی : مونث؛ (۱) سگائی، نسبت، ایک رسم کا نام، جس میں عورت کو مرد سے اور مرد کو عورت سے منسوب کر دیتے ہیں، (۲) مانگی ہوئی کوئی چیز۔

مَنگوانا : منگانا۔

مَنگوچی / مَنگوچھی : مونث؛ مونگ کی تلی ہوئی بڑیاں۔

مَنگوڑی : مونث؛ مونگ یا ماش کی چھلوری۔

مَنگیتر : (مَنگے۔تر) (ا) مذکر؛ مونث؛ وہ لڑکا یا لڑکی جن کی ایک دوسرے سے منگنی ہو چکی ہو۔

مِن مِن : (ہم) مونث؛ (۱) آہستگی سے، سہج سہج۔

مِنمِنا : مذکر؛ ناک سے بولنے والا۔

مِنمِنانا : (۱) ناک میں بولنا، صاف نہ بولنا (۲) (کنایتاً) بڑبڑانا۔

مُنمُنا : مذکر؛ پست قد، چھوٹا۔

مَن موہنی : (ا) مونث؛ دل ربا، خوبصورت۔

مَنو : مذکر؛ (ہندو عقیدے کے مطابق) انسانوں کے جدِ اعلا برہما کا بیٹا۔ منوسمرتی کا مصنف جس نے دھرم شاستر بنایا۔

ـــــ سمرتی : مونث؛ ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب۔

مَنوال : (ع) مذکر؛ (۱) وہ لکڑی جس پر جُلاہا کپڑا بُن کر لپیٹتا جاتا ہے، (۲) (مجازاً) طرز، ڈھنگ، طور، طریق، دستور، رسم۔

مَنوانا : تسلیم کرانا، منظور کرانا، اقرار کرانا۔

مُنوّر : (ع) روشن، چمکنے والا۔

مُنوّن : (ع) تنوین (ـً ـٍ ـٌ) دیا ہوا، حرف جس پر تنوین ہو۔

مُنہ : مذکر؛ (۱) سوراخ، موکھا، (۲) مُکھ، دہن، دہانہ (۳) چہرہ، رُخ، (۴) شکل، صورت (۵) لیاقت، حوصلہ، مقدرت، (۶) طرف، سمت، جانب (۷) لحاظ، مُروّت، خاطر، طرفداری۔

ـــــ آنا : (۱) منہ اور زبان میں چھالے پڑنا (۲) (کنایتاً) کسی پر طنز کرنا، بُرا بھلا کہنا۔

ـــــ اُترنا / اُتر جانا : چہرہ دُبلا اور بے رونق ہو جانا، چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا۔

ـــــ اتنا سا نکل آیا : چہرہ دُبلا اور بے رونق ہو گیا۔

ـــــ اُٹھتے : (دہلی، ع) سویرے، تڑکے۔

ـــــ اُجالے : دن نکلے۔

ـــــ اشکِ ندامت سے دھونا : (کنایتاً) کمال نادم ہونا۔

ـــــ اشکوں سے دھونا : زار و قطار رونا۔

ـــــ اندھیرے : (ع) صبح سویرے۔

ـــــ بُرا بنانا : (۱) رنجش سے تیوری چڑھانا، ناراضی ظاہر کرنا، (۲) ایسا منہ بنانا کہ جس سے یہ معلوم ہو کہ منہ کا مزا خراب ہے۔

ـــــ بسورنا : رونے کی صورت بنانا۔

ـــــ بگاڑنا : منہ بنانا۔

ـــــ بنا لینا : ناراض ہو جانا، خفا ہو جانا۔

ـــــ بند کر لینا : (۱) خاموش ہو جانا، (۲) مُنہ پر کپڑا یا ہاتھ رکھ لینا۔

ـــــ بند ہونا : (۱) دہانہ بند ہونا، (۲) چُپ ہونا، (۳) کسی کی بدی یا چغل سے رُکنا۔

ـــــ بولا : منہ سے کہا ہوا، زبان سے بنایا ہوا، زبان سے پکارا ہوا۔

ـــــ بھر دینا : منہ میں کوئی چیز بھر دینا، رشوت دینا۔

ـــــ پُر : (۱) ہونٹوں پر، چہرے پر، (۲) (کنایتاً) رُو برو، سامنے۔

منہ پر آنا : (۱) زبان پر آنا، (۲) ظاہر ہونا، (۳) مقابلہ پر آنا، مقابل ہونا، زور پر آنا۔

—— **پر خاک اُڑنا** : چہرے کا بے رونق ہونا۔

—— **پر رونق آجانا** : چہرہ خوش ہوجانا۔

—— **پر قفل لگانا** : بولنے نہ دینا، نہ بولنا۔

—— **پر کچھ پیٹھ پر کچھ** : ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔

—— **پر مُہر لگی ہونا** : منہ بند ہونا، کسی طرح نہ بولنا۔

—— **پر ہوائی / ہوائیاں اُڑنا / چھوٹنا** : چہرے کا رنگ اڑجانا، گھبرا جانا، حواس باختہ ہوجانا۔

—— **پھٹ** : زبان دراز، بدزبان، بدتمیز، موقع بے موقع بول دینے والا۔

—— **پھُلانا** : (کنایتاً) ناراض ہونا، خفا ہونا۔

—— **پھیر لینا** : (کنایتاً) بے مروتی کرنا۔

—— **تک آنا** : (۱) لب تک آنا، زبان تک آنا، (۲) کناروں تک لبریز ہونا۔

—— **تکنا** : (۱) صورت دیکھنا، (۲) جواب کا منتظر رہنا، (۳) حسرت بھری نگاہوں سے دیکھنا۔

—— **توڑ جواب دینا** : صاف جواب دینا۔

—— **چڑانا** : بدشمائی کے ساتھ دوسرے کی نقل کرنا۔

—— **چڑھا** : گستاخ، بے ادب، فندی۔

—— **دکھانے کے قابل نہ رہنا** : نہایت شرمندگی سے سامنے آنے کے قابل نہ رہنا۔

—— **دیکھا کرنا** : حیرت سے منہ تاکنا اور کچھ دخل نہ دینا۔

—— **دیکھتا رہ جانا** : حیران ہونا، ناامید ہونا۔

—— **سنبھالنا** : زبان کو قابو میں کرنا، سوچ سمجھ کر بات کرنا۔

—— **سے اُگلنا** : (۱) منہ سے باہر نکالنا، (۲) (کنایتاً) غبن کیا ہوا مال واپس کرنا۔

—— **سیاہ کرنا** : (۱) منہ کالا کرنا، (۲) خضاب لگانا، (۳) کلنک کا ٹیکا لگانا۔

—— **ہونا** : (۱) ذلت و خوار ہونا، (۲) منہ دکھانے کے قابل نہ رہنا۔

—— **سے بولنا** : (طنزاً) زبان سے بات کرنا، جواب دینا۔

—— **سے پھول جھڑنا** : (کنایتاً) خوش گفتار ہونا، شیریں کلام ہونا۔

—— **سی لینا** : خاموشی اختیار کرنا۔

—— **سے نکل جانا** : بے ساختہ کوئی بات زبان سے نکل جانا۔

—— **فق ہونا** : چہرہ زرد ہوجانا، حیران ہوجانا۔

—— **کالا کرنا** : (۱) رُسوا کرنا، (۲) بدنام کرنا، (۳) زنا کرنا۔

—— **کو لہو لگ جانا** : (۱) شکار مار کر کھانے کا چسکا پڑ جانا، خون کی چاٹ لگنا، (۲) (کنایتاً) حرام خوری یا رشوت ستانی کا مزہ لگ جانا۔

—— **کھُلنا** : دہن فراخ ہونا، بدلگام ہوجانا، بدزبان ہونا۔

—— **کھُلوانا** : بولنے پر مجبور کرنا، زبان کھلوانا، گستاخ بنانا۔

—— **کی بات** : کسی کی کہی ہوئی بات۔

—— **کی کھانا** : (۱) منہ پر چوٹ لگنا، اوندھے منہ گرنا، (۲) طمانچہ کھانا، (۳) سزا پانا، مار پانا، (۴) شرمندہ ہونا، (۵) ہار جانا، شکست کھانا۔

—— **مانگا** : حسب خواہش، مطالبے کے مطابق۔

—— **موڑنا** : (۱) الگ ہونا، (۲) پیچھے ہٹنا، (۳) بے رُخی برتنا، لوجہ نہ کرنا، (۴) باغی ہونا، (۵) پرہیز کرنا۔

مِنْہا : (صفت) تفریق، مجرا، وضع، کم۔

مِنْہائی : مونث، تفریق کرنا، مجرا کرنا، کمی۔

منہار : مذکر؛ کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا، شیشہ گر۔

مِنْہاج : (ع) مذکر؛ (۱) کشادہ راستہ، (۲) راہ راست۔

مُنْہدم : (ع) گرا ہوا مکان، مسمار، خراب، ویران، برباد۔

مِنْہدی : مونث؛ ایک قسم کی پتی جس کو پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہوجاتے ہیں، (۲) شادی کی ایک رسم۔

مُنْہزِم : (ع) شکست کھانے والا، جنگ سے بھاگ جانے والا۔

مُنْہضِم : (ع) ہضم ہونے والا۔

مَنْہگا : مذکر؛ گراں، قیمتی، زیادہ دام کا۔

مَنْہگائی : مونث؛ گرانی۔

مُنْہمِک : (ع) کسی کام پر بہت کوشش کرنے والا، انہماک والا، بے حد مصروف۔

مُنْہیّات : (ع) مذکر؛ وہ بُرے کام جن کا کرنا شرع کے حکم سے منع ہے۔

منھیار : مذکر؛ کانچ کی چوڑیاں بنانے والا، شیشہ گر، منہار۔

مَنی : (ع) (۱) دھات، نطفہ، (۲) (ف) خود بینی، غرور، (۳) (انگ) روپیہ، نقدی۔

مُنی : مذکر؛ زاہد، رشی، مرتاض۔

مُنّی : مونث؛ (۱) چھوٹی بچی، (۲) چھوٹی چیز۔

مَنی پوری : (۵) مذکر؛ آسام کا کلاسیکی رقص۔

مُنیر : (ع) روشن کرنے والا، روشن۔

مُنیم : مذکر؛ محاسب، محرر، اکاؤنٹنٹ

م و

مُو/مُوئے : (ف) مذکر؛ بال۔

مُوباف : (ف) مذکر؛ (۱) وہ دبیز پٹی یا فیتہ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں، (۲) چوٹی باندھنے کا کپڑا، ربن، RIBBON

مُو بمُو : (ف) بال بال، ذرا ذرا، حرف بہ حرف، سب کا سب، کُل۔

——**تراش** : (ف) مذکر؛ (۱) بال مونڈنے کا اُسترہ، (۲) بال کاٹنے والا، حجام۔

——**تراشی** : (ف) بار یک بینی، نکتہ رسی، بال کی کھال کھینچنے والا۔

——**شگاف** : (ف) باریک بیں، نکتہ رس، بال کی کھال کھینچنے والا۔

——**شگافی** : (ف) مونث؛ باریک بینی، چھان بین، نکتہ چینی۔

——**قلم** : (ف) مذکر؛ مصوروں کا بالوں سے بنا ہوا باریک برش۔

مُوا : (۱) مرگیا، فوت ہوگیا (متروک) (۲) (عورتوں کی اصطلاح) بدبخت، بدنصیب، نگوڑا، نامرد۔

مَوّاج : (ع) موجیں مارنے والا، لہریں مارنے والا۔

مَواجب : (ع) مذکر؛ (۱) جمع موجب کی؛ مقرر کیا گیا، لازم کیا گیا، (۲) (مجازاً) اُجرت، مزدوری، تنخواہ، مشاہرہ۔

مُواجَہہ : (ع) مذکر؛ روبرو، سامنے، مقابل۔

مُواخَذہ : (مُ۔ آ۔ خَذہ) (ع) مذکر؛ (۱) جواب دہی، گرفت، بازپرس، (۲) بدلا، مکافات۔

——**دار** : جواب دہ، ذمہ دار۔

مَواد : (ع) مذکر؛ (۱) جمع مادّہ کی؛ اسباب، مسالا، سامان، (۲) (اُردو) پیپ، رطوبت، غلاظت۔

مُوازَنہ : (مُ۔ آ۔ زَنہ) (ع) مذکر؛ باہم وزن کرنا، جانچنا، اندازہ کرنا۔

مُوازی : (ع) (۱) برابر، مقابل، (۲) ہم قیمت، (۳) قیاسا، اندازہ کرلینا۔

مُواصَلات : (ع) مذکر؛ آمدورفت کے ذرائع۔

مواصلاتی نظام : (ع) مذکر؛ ذرائع آمدورفت کا سلسلہ۔

مُواصَلت : (ع) مونث؛ (۱) ملنا، ملاقات، (۲) وصل پیوستگی۔

مواضع : (ع) مذکر؛ جمع موضع کی؛ بہت سے گاؤں۔

مَواضعات : مذکر؛ جمع مواضع کی۔

موافق : (ع) (۱) مطابق، مناسب، ٹھیک، (۲) لائق سزاوار۔

مُوافقت : (ع) مونث؛ مطابقت، برابری، اتفاق، دوستی۔

مَوالات : (ع) مونث؛ میل جول، باہمی اتحاد، آپس کی دوستی۔

مَوالی : (ع) مذکر؛ (۱) یار دوست، نوکر چاکر، مددگار، (۲) جمع موالی کی۔

مُوانَست : (ع) مونث؛ باہم اُنس رکھنا، محبت رکھنا، آپس میں دوستی۔

مَوانع : (ع) مذکر؛ جمع مانع کی، رُکاوٹ پیدا کرنے والی چیزیں۔

مَواہب : (ع) مذکر؛ بخششیں، مہربانیاں۔

مُوبَد : (ف) مذکر؛ (۱) حکیم، فلاسفر، (۲) آتش پرستوں کا پیشوا، پارسیوں کا مُلّا۔

مُوت : مذکر؛ (عم) پیشاب، بول۔

مَوت : (ع) مونث؛ (۱) قضا، مرگ، اجل، (۲) شامت، خرابی۔

مَوتیٰ : (ع) جمع میت کی؛ مُردے۔

مُوتی : مذکر؛ (۱) گوہر، دُر، مروارید، لولو، (۲) صاف شفاف، آب دار۔

——**پاگ** : مذکر؛ ایک قسم کی مٹھائی۔

——**چُور** : (۱) چمک دار، چمکیلا، (۲) مونث؛ کالی کبوتروں کی چمک دار آنکھیں، (۳) (کنایتاً) چمکیلی اور خوش نما آنکھ، (۴) ایک قسم کی مٹھائی جس میں موتی کے برابر دانے ہوتے ہیں۔

——**چُور کا لڈو** : ایک قسم کی مٹھائی۔

——**رولنا** : (۱) موتی جمع کرنا، (۲) (کنایتاً) فائدہ اُٹھانا۔

موتیا : (۱) موتی کی مانند، (۲) مذکر؛ بیلے کے پھول کی ایک عمدہ قسم،

(۲) مونث : ایک قسم کی چیچک۔

موتیا بند : مذکر : آنکھ میں پانی اترنے کا مرض، جس سے بینائی جاتی رہتی ہے۔

مُوتھا : مذکر : ایک قسم کی گھاس، جس کی جڑیں سے دانے نکلتے ہیں۔

موٹ : مونث : ایک غلہ کا نام، موٹھ، (۲) گٹھری، پوٹلی، بقچہ، (۳) ڈول، چرس۔

موٹا : مذکر : (۱) عزیز، تیار، تناور، (۲) دبیز، (۳) بھاری، جلی، (۴) (کنایتاً) دولت مند۔

ـــــ اناج : مذکر : سستا اناج، جوار، باجرہ، مکا وغیرہ۔

ـــــ تازہ : مذکر : تیار، لحیم شحیم، تندرست و توانا۔

ـــــ جھوٹا : مذکر : ادنا قسم کا، گھٹیا، (کھانا، کپڑا وغیرہ)

موٹر : MOTOR (انگ) مذکر : مونث : (۱) موٹر کار، موٹر گاڑی، (۲) حرکت میں لانے والی مشین۔

موٹھ : مونث : (۱) دستہ، قبضہ، گرفت، (۲) مٹھی، (۳) جواریوں کی اصطلاح، بند مٹھی، (۴) دیوالی کے زمانہ کا جادو منتر۔

ـــــ مارنا : (۱) جلتی لگانا، (۲) دیوالی کے زمانہ میں جادو کی ہانڈی کسی طرف روانہ کرنا۔

مؤثر : (م۔ اَث۔ ثر) (ع) اثر کرنے والا، تاثیر کرنے والا، کارگر۔

مُؤثق : (ع) پکا، مضبوط۔

مَوج : (ع) مونث : (۱) پانی کی لہر، (۲) (کنایتاً) ولولہ، ترنگ، طبیعت کی اُمنگ، (۳) خیال، دھن۔

ـــــ ریگ : (ف) : (اضافت کے ساتھ) مونث : سراب، دھوکا۔

ـــــ زن : (ف) صفت : موجیں مارنے والا۔

مَوجی : زندہ دل، لہری۔

ـــــ بندہ : مذکر : آزاد طبع، مَن موجی، اپنے دل کا بادشاہ۔

مُوجب : (ع) مذکر : سبب، باعث، وجہ، علت۔

مؤجد : (ع) (۱) ایجاد کرنے والا، بانی، (۲) اپنی طبیعت سے کوئی نئی چیز (بغیر نمونے کے) بنانے والا۔

مُؤجّل : (م۔ اَج۔ جل) (ع) (۱) مہلت دیا ہوا، (۲) مہر کی ایک قسم جس کا فوراً ادا کرنا طے نہ ہوا ہو۔

موجود : (ع) (۱) وجود میں لایا گیا، (۲) حاضر، دستیاب۔

موجودات : (ع) مونث : جمع موجودہ کی، (۱) مخلوقات، وہ کل چیزیں جو خدا تعالیٰ نے پیدا کی ہیں، (۲) گنتی، شمار، حاضری۔

مَوجودگی : (ف) مونث : موجود ہونا، حاضری، حضوری۔

مَوجودہ : (ع) حال کا، اب کا، حاضر۔

مُوجِبہ : (ع) قابل توجہ، پسندیدہ۔

مُوجہ : مذکر : موج، لہر۔

مُوچ : مونث : پاؤں کا اونچی نیچی جگہ پڑ جانے سے مڑ جانا اور درد کرنا۔

مُوچنا : مذکر : بال اُکھاڑنے کا ایک آلہ۔

موچی : مذکر : چمڑا سینے والا، چمار، کفش گر۔

مونچھ / مونچھ : مونث : ہونٹوں کے اوپر کے بال۔

مُوحِد : (ع) خدا کو ایک ماننے والا۔

مُوحِش : (ع) وحشت میں ڈالنے والا، غم گین کرنے والا، فکرمند کرنے والا، وحشت انگیز۔

مُؤخّر : (ع) پچھلا، اخیر کا۔

مُؤدّب : (ع) ادب کیا گیا، شائستہ، باادب۔

مُؤدِّب : (ع) ادب سکھانے والا، آداب۔

مَوَدّت : (ع) مونث : محبت، دوستی، یگانگت۔

مودی : مذکر : (۱) غلہ بیچنے والا، بنیا، (۲) قرض دینے والا۔

ـــــ خانہ : مذکر : گودام، اناج رکھنے کا کمرہ۔

مُودھو : احمق، سادہ لوح، بے وقوف، سیدھا سادا۔

مُؤذّن : (ع) اذان دینے والا۔

مُؤذی : (ع) ایذا دینے والا۔ ظالم، شریر۔

مور : (ن) مونث : چیونٹی۔

مور مکھ : (ف) مونث : (۱) چیونٹی اور ٹڈی، (۲) (کنایتاً) بے گنت بے شمار۔

مؤرچہ : (ف) مذکر : (۱) چھوٹی چیونٹی، (۲) لوہے کا زنگ۔

مُور : مذکر : ایک خوبصورت رنگین پرندہ، طاؤس۔

ـــــ پنکھی : مونث : (۱) ایک قسم کی کشتی، (۲) ایک قسم کی دستی پنکھیا، (۳) ایک قسم کی گھاس۔

ـــــ چال : (۱) ایک قسم کا ناچ، (۲) وہ چال جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اوپر کر کے چلیں۔

مُورچھل : مذکر؛ مور کے پروں کا گچھا جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں۔
مَور : مذکر؛ (۱) آم کا پھول، بُور، (۲) ایک قسم کی کلغی، تاج، مُکٹ۔
مُورت : مونث؛ بُت، پیکر، صورت۔
مُورِث : (ع) (۱) وارث کرنے والا، (۲) میراث پہنچانے والا، وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے، (۳) باعث، سبب۔
ـــــ **اَعلا** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سب سے بڑا مورث، کسی ورثہ کا سب سے پہلا مالک، جدِ اعلا۔
ـــــ **فاسِد** : مذکر؛ (اضافت کے ساتھ) (فقہ کی اصطلاح) نانا۔
مورچا : مذکر؛ (۱) حصار، (۲) کھائی، خندق، محاذ، (۳) وہ فوج جو مورچہ پر لڑنے کے واسطے رہتی ہے۔
مُؤرِخ : (ع) تاریخ لکھنے والا، جمع مُؤرِخین۔
مُؤرَخہ : (ع) تاریخ ڈالا ہوا، لکھا ہوا، مرقومہ، محررہ۔
مورد : (ع) مذکر؛ اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ۔
مُورکھ : بے وقوف، جاہل، نادان، ناواقف۔
مَورُوثی : (ع) باپ دادا کا، جدّی، آبائی، ورثہ میں ملی ہوئی چیز۔
موری : مونث؛ (۱) نالی، (۲) آستین کا سرا، پاجامے کے پائنچے کا سرا۔
موڑ : مذکر؛ (۱) گھماؤ، (۲) پھیر، چکر، (۳) بل، خم، پیچ۔
موڑنا : (۱) کسی چیز کو ایک طرف سے دوسری طرف پھیرنا، خم کرنا، جھکانا، (۲) تہ کرنا، (۳) پھیرنا، گھمانا، (۴) بل دینا۔
موڑھا : مذکر؛ ہم، سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی، مونڈھا۔
مَوزُوں : (ع) (۱) خوش آئند، پسندیدہ، (۲) مناسب، ٹھیک، حسبِ حال، (۳) وہ مصرع یا شعر جو عروض کے قاعدے سے درست ہو۔
موزونیت : (ع) مونث؛ مناسبت، پسندیدگی، سنجیدگی، زیبائش، پختہ۔
مُوزَہ : (ف) مذکر؛ جراب۔
مُوسا : (ا) مذکر؛ خالو۔
مُوسائی : (ع) مذکر؛ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے ماننے والے، یہودی۔
مُوسَل : مذکر؛ اناج وغیرہ کوٹنے کا آلہ۔
مُوسلا : مذکر؛ (۱) موسل کی تصغیر، (۲) اصل، جڑ۔
ـــــ **دھار** : دیر تک زوروں سے ہونے والی بارش۔
مُوسلی : مونث؛ اصل، جڑ۔
موسم : (ع) مذکر؛ (۱) رُت، سماں، (۲) وقت، موقع، زمانہ، فصل، (اُردو) مُوسَم۔
موسم گُل : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بہار کا موسم۔
موسمی : موسم کا، وقت کا، موقع کا، رُت کا۔
موسمبی : سنترے کی قسم کا ایک میٹھا پھل۔
موسمیات : (ع) مذکر؛ موسم کا حال معلوم کرنے کا علم۔
مُوشنا : (ہم) لوٹنا، ٹھگ لینا، دغا فریب سے روپیہ کھا لینا۔
مَوسُوم : (ع) مذکر؛ (۱) نام رکھا گیا، مخاطب، مُلقّب، (۲) مونث؛ موسومہ۔
مُوسَوی : (ع) (۱) حضرت موسیٰ سے منسوب، (۲) حضرت امام موسیٰ رضا کی اولاد۔
مُوسی : مونث؛ خالہ، چچی۔
موسیٰ : (ع) ایک مشہور پیغمبر خدا کا نام جن پر توریت نازل ہوئی۔
موسیقار : مذکر؛ (۱) ایک خیالی پرندہ جس کی آواز سے فن موسیقی نکلنے کی روایت ہے، قُقنُس، (۲) ایک قسم کا باجا، (۳) فن موسیقی جاننے والا۔ میوزیشین۔ MUSICIAN
موسیقی : مونث؛ (۱) گانے بجانے کا علم (۲) گانا، راگ (انگ) میوزک۔ MUSIC
مُوش : (ف) مذکر؛ چوہا۔
مُوشَک : (ف) مونث؛ گلہری۔
مَوصِل : (ع) ملنے کی جگہ۔
مَوصُوف : (ع) مذکر؛ وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہو، مذکور۔
مَوصُول : (ع) مذکر؛ (۱) ملا ہوا، (۲) ملایا گیا۔
مُوصی : (ع) مذکر؛ وصیت کرنے والا۔
موضح : (ع) واضح کرنے والا، روشن کرنے والا۔
موضع : گانو۔
مَوضُوع : (ع) مذکر؛ (۱) وضع کیا ہوا، رکھا ہوا، (۲) عنوان، مضمون، وہ مقصد جس پر گفتگو ہو، (۳) (منطق کی اصطلاح) مبتدا۔ جو خبر کے مقابل میں ہو۔
مَوطِن : (ع) مذکر؛ وطن، رہنے کی جگہ، جنم بھوم، (جمع مواطن)
مَوعِظَت : (ع) مونث؛ نصیحت کرنا، پند و نصیحت۔

مَوعُود : (ع) مذکر: (۱) وعدہ کیا گیا، اقرار کیا گیا۔ (۲) وہ شے جس کا وعدہ کیا گیا ہو۔

مَوفُور : (ع) وافر کیا گیا، بہت، بکثرت، بے انتہا۔

مُوقت : (ع) کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہوا، زمانہ کے ساتھ معین کیا گیا۔

مُوقتی : (م۔ وقت۔ تی) (ع) کسی خاص وقت کے لیے مقرر کیا ہوا، معین۔

مُوقر : (ع) توقیر کیا گیا، عزت دار، معزز۔

مَوقع : (ع) مذکر: (۱) واقع ہونے کی جگہ، (۲) خاص وقت، محل، خاص مقام۔

——بہ موقع : جگہ جگہ۔

——بے موقع : بے ٹھکانے، بے موقع کی جگہ۔

——واردات : (اضافت کے ساتھ) مذکر: وہ جگہ جہاں کوئی حادثہ واقع ہوا ہو۔

مَوقف : (ع) مذکر: (۱) کھڑے ہونے کی جگہ، (۲) پالیسی، رویہ، پوزیشن۔

موقوف : (ع) (۱) (مجازاً) برخاست کیا گیا، (۲) ترک کیا گیا (۳) منحصر، (۴) وقف کیا گیا، (۵) وہ ساکن حرف جس سے پہلے کا حرف ساکن ہو، (۶) مونث: وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہ تک پہنچے۔

مَوقوفی : (ف) مونث: (۱) برطرفی، برخاستگی، علاحدگی، (۲) التوا، ڈھیل، توقف۔

مَوکب : (ع) اردلی، پیادے، سوار۔

مَوکب : (ع) مذکر: سپاہ، لشکر۔

مُوکِد : (ع) مذکر: تاکید کرنے والا۔

مُوکَد : (ع) مذکر: تاکید کیا ہوا۔

مُوکل : (ع) مذکر: (۱) وکیل کرنے والا، جس نے وکیل کیا ہو، (۲) ایک مخلوق کی ہوئی روح۔

موکھا : مذکر: چھوٹا سوراخ، روشندان، روزن۔

موگرا : مذکر: (۱) بیلے کی ایک قسم، بڑا بیلا، (۲) موسل، ایک قسم کا چاول۔

مُوگری : مونث: (۱) زمین یا چھت کوٹنے کا آلہ، (۲) گھنٹہ بجانے کا آلہ، (۳) کپڑا کوٹنے کا آلہ۔

مول : مذکر: (ف) (۱) جڑ، اصل، بنیاد، (۲) پونجی، سرمایہ (۳) اولاد، نسل

مول : مذکر: (۱) قیمت، دام، (۲) نرخ، بھاؤ۔

——تول : مذکر: سودا، قیمت کا تعین۔

——لینا : (۱) خریدنا، (۲) (کنایتاً) اپنے سر کوئی جھگڑا لینا، اپنے پیچھے بلا لگانا۔

مَولا : (ع) مذکر: (۱) مالک، آقا، سردار، (۲) خدا تعالیٰ، اللہ تعالیٰ (۳) آزاد کیا ہوا غلام۔

مولانا : (ع) مذکر: عالموں کا اعزازی خطاب، فاضلِ اجل۔

مولائی : مونث: سرداری، امیری، امارت۔

مَولِد : (ع) مذکر: (۱) پیدا ہونے کی جگہ، (۲) پیدا ہونے کا وقت (۳) پیدائش، (۴) وطن۔

مولسری : مونث: ایک قسم کا درخت، پھول اور پھل۔

مُولِف : (ع) مذکر: تالیف کرنے والا، متفرق مضامین کو جمع کرنے والا، مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب ترتیب دینے والا۔

مُولفات : (ع) مذکر: تالیف کی گئی کتابیں۔

مُولفہ : (ع) مونث: تالیف کی ہوئی، جمع کی ہوئی۔

مولک : (ف) جڑ، اصل، حقیقی، بنیادی (انگ) اوریجنل ORIGINAL

مَولُود : (ع) مذکر: (۱) جنا ہوا، پیدا ہونے والا، زائیدہ، (۲) پیدا ہونے کا وقت پیدائش کا دن، (۳) بیٹا، (۴) ولادت کا بیان۔

——شریف : مذکر: میلاد کا بیان، میلاد شریف۔

مولوی : (ع) مذکر: (۱) شرع کے احکام جاننے والا، (۲) عالموں کا لقب، متکلم، مدرس۔

مَولیٰ : (ع) مذکر: مالک، اللہ تعالیٰ، خدا تعالیٰ۔

مولی : مونث: ایک ترکاری، ترب۔

مُوم : (ف) مذکر: (۱) شہد کے چھتے کا روغن، (۲) نرم، ملائم۔

——بتی : مونث: موم سے بنائی گئی بتی، موی شمع۔

——جامہ : (ف) موم چڑھایا ہوا کپڑا، موی کپڑا۔

——روغن : مذکر: موم سے بنایا ہوا روغن، جو پھٹے ہونٹوں پر لگایا جاتا ہے۔

——کی مریم : (ف) مونث: نہایت نازک عورت۔

——کی ناک : (کنایتاً) غیر مستقل مزاج، دوسروں کی مرضی پر چلنے والا شخص۔

مومی : (ف) (۱) موم کا بنا ہوا، (۲) نرم۔

مُومن : (ع) مذکر: (۱) ایمان لانے والا، ایمان دار، مونث: مومنہ، (۲) اُردو کا ایک مشہور شاعر حکیم مومن خان مومن۔

مومیائی : (ف) مونث: ایک دوا جو موم کی طرح ملائم ہوتی ہے اور پہاڑوں سے حاصل ہوتی ہے۔ چوٹ اور زخم کے واسطے بہت مفید ہے۔

مون : (ا) مونث: خاموش، چپ۔

——**برت** : (ا) مذکر: چپ کا روزہ۔

مونث : (ع) مادہ، عورت، نر کی ضد۔

مونج : مونث: ایک قسم کی گھاس جس کے بان بنائے جاتے ہیں۔

مونڈنا : بند کرنا، ڈھانپنا۔

مونڈن : مذکر: ہندوؤں میں پیدائش کے ساتویں دن بچے کا سر مونڈنے کی ایک رسم۔

مونڈنا : (۱) بالوں کو استرے سے صاف کرنا، (۲) دھوکا دیکر مال مارنا۔

مونڈی کاٹا : جو، مُوا، نگوڑا۔

مونڈھا : مذکر: (۱) کاندھا، (۲) ایک قسم کی بے تکیہ والی کرسی، (۳) ایک قسم کا کبوتر۔

مونس : (ع) (۱) اُنس رکھنے والا، (۲) ہمدرد، ساتھی، دوست۔

مونگ : مذکر: ماش کی طرح کا ایک غلہ۔

——**پھلی** : مونث: (۱) مونگ کی پھلی، (۲) ایک قسم کا میوہ۔

مونگا : مذکر: مرجان، ایک قسم کی سمندری پیداوار، حجر البحر۔

مونگیا : مذکر: ایک قسم کی سیاہی مائل سبز رنگ (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

مونوگرام : MONOGRAM (انگ) مذکر: (۱) طغرا، (۲) دو یا دو سے زیادہ حروف، (خاص طور پر کسی شخص کے نام کے ابتدائی حروف) جنھیں جوڑ کر لکھا گیا ہو۔

موہ : مونث: (۱) پیار محبت، (۲) لاڈ، ناز، (۳) عشق، فریفتگی، (۴) خواہش، لالچ، (۵) جادو، ٹونا۔

موہنا : فریفتہ کرنا، بہکانا، جادو کرنا۔

موہب : (ع) بخشنے والا، ہبہ کرنے والا۔

مَوہبَت : (ع) مونث: عطا، بخشش، پیش کش۔

موہن : (۱) موہنے والا، لبھانے والا، خوبصورت، شری کرشن جی کا لقب۔

موہن بھوگ : مذکر: (۱) ایک قسم کی نہایت لذیذ مٹھائی، (۲) ایک قسم کا آم۔

مُوہنی : (۱) فریفتہ کرنے والی، (۲) دل ربائی، تسخیر، (۳) سحر، جادوگری۔

مَوہُوب : (ع) ہبہ کیا گیا، عنایت کیا ہوا۔

مَوہُوم : (ع) وہم کیا ہوا، وہمی، قیاسی، فرضی۔

مُوَیّد : (ع) تائید کرنے والا، قوت دینے والا۔

مُوَیَّد : (ع) تائید کیا گیا، قوت دیا گیا۔

مَویز : (ف) خشک کیا ہوا انگور، مُنَقّا۔

مَویشی : (ع) مذکر: چوپائے، جانور۔

——**خانہ** : (ف) مذکر: باڑا، احاطہ، جس میں مویشی باندھے جاتے ہیں۔

م ہ

مَہ : (ف) چاند، ماہ، قمر، ماہتاب۔

مَہ : (ف) بڑا، بزرگ، سردار، (تنہا مستعمل نہیں ہے)۔

مہا : (ہ) (۱) بڑا، بزرگ، معزز، عظیم۔

——**بلی** : بڑا، طاقت ور، شہ زور۔

——**بھارت** : مذکر: (۱) جنگ عظیم، (۲) وہ بڑی لڑائی جو کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان اٹھارہ روز تک جاری رہی، (۳) تاریخ کی ایک کتاب جس میں کوروں اور پانڈوں کی لڑائی کا حال درج ہے۔

——**بیر** : (ہ) مذکر: (۱) بڑا، (۲) جین دھرم کے بانی کا نام۔

——**پاپ** : (ہ) مذکر: بڑا گناہ، گناہِ کبیرہ۔

——**پُرُش** : (ہ) مذکر: بڑا آدمی، عظیم شخصیت۔

——**تما** : (۱) بزرگ، ولی، مقدس، (۲) اچھا، نیک، سعید۔

——**جَن** : مذکر: بڑا آدمی، سوداگر، بیوپاری، ساہوکار۔

——**جنی** : مونث: ساہوکاری، لین دین۔

——**دیو** : (ہ) مذکر: بڑا دیوتا، شیو۔

——**ڈول** : (ہ) مذکر: ایک قسم کی پالکی، بڑا ڈولا۔

——**راج** : مذکر: بڑا راجا، راجاؤں کا راجا، شہنشاہ، (۲) ہم سنوں اور بڑے خاندان والوں کا خطاب۔

——**راجا** : مذکر: بڑا راجا۔

مہارانی : مونث؛ (۱) بڑی رانی، (۲) معزز خاتون۔
——— راشٹر : مذکر؛ ہندستان کا ایک صوبہ۔
——— سنکھ : (ہ) گنتی کا سب سے بڑا اور آخری درجہ۔
——— شیر : مونث؛ ایک قسم کی بڑی مچھلی۔
——— نی : مونث؛ (۱) ایک درخت کی لکڑی، (۲) بڑی خوبیوں والا۔ بہت زیادہ گن والا۔
مہابت : (ع) مونث؛ شان و شوکت، جاہ و جلال۔
مہاجر : (ع) (۱) ہجرت کرنے والا، وہ شخص جو رسول مقبولؐ کے ساتھ یا خدا کے حکم سے مکہ سے مدینہ چلا گیا، (۲) تارک الوطن۔
مہاجرت : (ع) مونث؛ ہجرت، جدائی، ترکِ وطن، دوسرے ملک میں جا بسنا۔
مہاجرین : (ع) مذکر؛ جمع مہاجر کی، ہجرت کرنے والے، کسی اہم مقصد کے پیش نظر ترکِ وطن کرنے والے۔
مہار : (ف) مونث؛ اونٹ کی نکیل۔
مہارت : (ع) مونث؛ (۱) مشق، تجربہ، مشاقی، (۲) استعداد، لیاقت، استادی، ہنرمندی، (۳) چابک دستی، (۴) علم و شعور، قابلیت۔
مہاسا : مذکر؛ نوجوانی میں چہرے پر نکلنے والی چھوٹی پھنسی۔
مہاشے : (ہ) مذکر؛ بھلا آدمی۔
مہال : مونث؛ شہد کی مکھیوں کا چھتا۔
مہان : (ہ) بہت بڑا، عظیم۔
مہان آتما : (ہ) مونث؛ بزرگ، عظیم انسان، مہاتما۔
مہانا : مذکر؛ دریا کا دہانہ، دریا کا منہ۔
مہاوت : مذکر؛ فیل بان۔
مہاوٹ : مونث؛ ماگھ کے مہینے کی بارش۔
مہاور : مذکر؛ ایک قسم کا سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
مہبط : (ع) مذکر؛ اترنے کی جگہ۔
مہت : (ہ) (۱) بڑا، جلیل القدر، معزز، (۲) مونث؛ بڑائی، بزرگی، (۳) لاڈ، پیار، (۴) اہمیت
مہتا : مذکر؛ سردار، گانو کا مقدم۔
مہتاب : (ف) مونث؛ (۱) چاندنی، چاند کی روشنی، (۲) مذکر؛ چاند، (۳) مونث؛ ایک قسم کی آتش بازی۔
مہتابی : (ف) مونث؛ (۱) ایک قسم کی آتش بازی، (۲) زربفت، بادلہ، زری

(۳) کٹہرے دار بڑا اونچا چبوترا، (۴) چاندنی کا نظارہ کرنے کے لیے حوض کے قریب بنایا جانے والا چھوٹا سا مکان، (۵) ایک قسم کا بڑا لیمو۔
مہتدی : (ع) ہدایت کرنے والا۔
مہتدی : (ع) ہدایت کیا گیا۔
مہتر : (ف) (۱) رئیس، سردار، قوم، (۲) (اردو) خاکروب، بھنگی۔
مہتمم بالشان : شان سے اہتمام کیا ہوا، شان دار۔
مہتمم : (ع) اہتمام کرنے والا، منتظم، منیجر۔
مہجور : (ع) جدا، چھوٹا گیا، فراق زدہ۔
مہجوری : مونث؛ فراق، جدائی۔
مہد : (ع) مذکر؛ (۱) پالنا، (۲) ہنڈولا، (۳) گہوارہ۔
مہدی : (ع) (۱) رہنما، پیشوا، ہادی، رہبر، (۲) بارھویں امام کا لقب جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ قربِ قیامت ظاہر ہوں گے۔
مہذب : (ع) آراستہ، تہذیب یافتہ، خلیق، عیبوں سے پاک۔
مہر : (ع) مذکر؛ وہ روپیا جو شوہر نکاح کے بدلے میں بیوی کو ادا کرے، کابین، حق زوجیت۔
مہر : (ف) مونث؛ (۱) محبت، دوستی، اُلفت، پیار، (۲) رحم مہربانی۔ (۳) مذکر؛ سورج، آفتاب۔
مہربان : (ف) مہربانی کرنے والا، دوست، شفقت کرنے والا۔
مہربانی : (ف) مونث؛ شفقت، نوازش۔
مہر گیاہ : (ف) مونث؛ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ انسان کے چہرے سے مشابہت رکھتی ہے، اس جڑ کو تسخیر کے واسطے لوگ اپنے پاس رکھتے ہیں۔
مہروش : کنایتاً، حسین، معشوق۔
مُہر : (ف) مونث؛ (۱) انگوٹھی، (۲) کسی چیز پر کھدا ہوا نام یا نقش، (۳) سونے کے ایک سکے کا نام، اشرفی، رسید۔
——— نبوت : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ وہ نقش جو جناب رسول اللہؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا۔
مُہرا : (ہ) (عم) مذکر؛ سامنا، آگا۔
مہرا : مذکر؛ کہار۔
مہرا : مذکر؛ زنانہ، زنخا۔
مہارو : مونث؛ (ہ عم عو) عورت، بیوی۔

مُہرہ : (ف، مذکر؛ (۱) شطرنج کی گوٹ، (۲) کوڑی، (۳) سیپ (۴) سانپ کا زہر دور کرنے کا پتھر، سانپ کا مَن، (۵) پیٹھ کی ہڈیوں کا ٹکڑا۔

مَہری : مونث؛ کہاری، پانی بھرنے والی عورت۔

مُہری : موری، پانی کے نکاس کا راستہ۔

مَہک : مونث؛ بو، بُو باس، پھولوں کی تیز بُو۔

مَہیلا : (ہ) عورت؛ زن، استری۔

مُہلت : (ع) مونث؛ ڈھیل، موقع، فرصت، چھٹی۔

مُہلک : (ع) ہلاک کر ڈالنے والا، قاتل، ضرر رساں۔

مُہم : (ع) مونث؛ (۱) بڑا کام، اہم کام، خطرے سے بھرا ہوا کام۔ (۲) جنگ، لڑائی۔

—— **باز** : (ع ف) خطرات پسند۔

—— **پسند** : مشکل پسند، خطر پسند۔

—— **جُو** : مشکل کام کرنے والا۔

مُہمات : (ع) مونث؛ جمع مہم کی۔

مہمان : (ف) مذکر؛ کسی کے گھر آکر ٹھہرنے والا، ضیافت میں آنے والا۔

—— **خانہ** : (ف) مذکر؛ مسافر خانہ، مہمان سرا۔

—— **داری** : مونث؛ مہمان نوازی، دعوت، ضیافت۔

—— **سَرا** : (ف) مذکر؛ (۱) مسافر خانہ، سرائے، (۲) کنایتاً، دنیا۔

—— **نواز** : (ف) مہمان کی خاطر مدارات کرنے والا، میزبان۔

مُہمل : (ع) بے کار، بے معنی، بے ہودہ، لغو۔

مُہملہ : (ع) خالی، وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو، غیر منقوطہ۔

مُہملیت : مونث؛ بے معنویت، بے ہودہ پن، لغویت۔

مَہموز : (ع) مذکر؛ (۱) عیب، معیوب، (۲) عربی کا وہ لفظ جس کے اصلی حرفوں میں سے ایک پر ہمزہ ہو۔

مُہمیز : (ع) مونث؛ سوار کے جوتے کی ایڑی میں لگا ہوا لوہے کا کانٹا جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں۔

مُہنال : مونث؛ حُقّے کی نے کے آگے لگی کسی دھات کی نلی۔

مہنامت : مونث؛ (ع) رونا، پیٹنا، تڑپنا، بلبلانا، شور مچانا۔

مَہنت : مذکر؛ (۱) جوگی، تکیہ دار، فقیروں کا سردار، گسائیں، (۲) موٹا آدمی۔

مُہنّد : (ع) کسی دوسری زبان کا ہندستانی کیا ہوا لفظ۔

مہندِس : (ع) (۱) علم ہندسہ کا عالم، (۲) جوتشی، منجم۔

مہنگا : (ہ) مذکر؛ گراں، قیمتی، (مونث) مہنگی۔

مہنگائی بھتّا : (ہ) مذکر؛ مہنگائی کے لحاظ سے دیجانے والی اضافی تنخواہ۔

مہوا : مذکر؛ ایک درخت جس کا پھل کھاتے ہیں اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں۔

مہورت : (ہ) مونث؛ ستاروں کی چال کے مطابق کسی کام کے شروع کرنے کا مناسب وقت۔ رسم افتتاح۔

مُہوس : مذکر؛ کیمیاگر، سونا چاندی بنانے والا۔

مُہوک : مذکر؛ ایک پرندہ کا نام۔

مُہیّا : (ع) تیار، موجود، حاضر، آمادہ۔

مُہیب : (ع) خوف ناک، خطرناک، بھیانک، ڈراونا۔

مہین : (ف) بڑا، بزرگ۔

مَہین : (اردو) (۱) باریک، پتلا، (۲) نازک۔

مہینا/مہینہ : مذکر؛ (۱) ماہ، تیس دن کا عرصہ، سال کا بارھواں حصہ۔ (۲) ماہ واری تنخواہ، مشاہرہ، (۳) حیض، ماہ واری۔

م ی

مئی : MAY مذکر؛ انگریزی سال کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا۔

مے : (ف) مونث؛ شراب۔

—— **پرست** : (ف) شراب پینے والا۔

—— **خانہ** : (ف) مذکر؛ شراب خانہ۔

—— **خواری** : (ف) مونث؛ شراب نوشی۔

—— **فروش** : (ف) شراب بیچنے والا، کلال۔

—— **کدہ** : (ف) مذکر؛ شراب خانہ۔

—— **کش** : (ف) شراب پینے والا۔

—— **کشی** : (ف) مونث؛ شراب نوشی۔

—— **گُسار** : (ف) شراب پینے والا۔

—— **گُوں** : شراب کے رنگ کا، سُرخ۔

—— **ناب** : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ خالص شراب۔

—— **نوش** : (ف) شرابی، شراب پینے والا۔

میخوش : (ف) (۱) کھٹا میٹھا مزہ، (۲) انار جو کھٹ مٹھا ہو۔

مَیّا : مونث ؛ ہو، ماں کی تصغیر۔ اماں۔

مِیان : (ف) مذکر : (۱) نیام، غلاف، (۲) بیچ، درمیان، (۳) کمر۔

مِیاں : مذکر ؛ (۱) شوہر، (۲) صاحب، (۳) مالک، آقا، (۴) بچوں کو مخاطب کرنے کا لفظ۔

——آدمی : مذکر ؛ بھلا مانس، نیک آدمی۔

——بھائی : مذکر ؛ (۱) محبت کا کلمہ، (۲) بڑا بھائی۔

——جی : مذکر ؛ مکتب میں پڑھانے والا، مدرس۔

——مٹھو : مذکر ؛ (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا، (۲) توتا، (۳) سادہ لوح، بھولا بھالا، (۴) اپنی تعریف آپ کرنے والا (جیسے اپنے منہ میاں مٹھو۔)

مِیانہ : (ف) (۱) درمیان، بیچ، وسط، منجھلا، (۲) (اردو) مذکر ایک قسم کی پالکی، محافہ۔

——رَو : (ف) متوسط چال چلنے والا۔

——رَوی : (ف) مونث ؛ اعتدال، کفایت شعاری، اوسط درجہ کی روش۔

مِیانی : مونث ؛ پاجامے کے دونوں پائنچوں کے درمیان سلا ہوا کپڑا۔

مِیاؤں : مونث ؛ (۱) بلی کی آواز، (۲) عُرّانا، خُرخُر، (۳) (بچوں کی زبان میں) بلّی۔

مَیپ : MAP (انگ) مذکر ؛ نقشہ، ملک یا زمین کا نقشہ۔

میت : (ف) مونث ؛ (۱) دوست، ساتھی، (۲) عاشق۔

مَیّت : (ع) مونث ؛ مُردہ، لاش۔

مَیتھی : مونث ؛ ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج۔

میٹر : METER (انگ) مذکر ؛ پیمانہ، ناپنے کا آلہ۔

میٹریا میڈیکا : MATERIA MEDICA (انگ) مونث ؛ دواؤں کی کتاب، مخزن الادویہ۔

میٹری کیولیشن : MATRICULATION (انگ) مذکر ؛ ہائی اسکول، دسویں جماعت۔

میٹنا : (ع) (۱) مٹانا، برباد کرنا (۲) کھونا، ضائع کرنا (۳) قلم پھیرنا۔

میٹنگ : MEETING (انگ) مونث ؛ جلسہ، اجتماع، ملاقات، پنچایت، نشست۔

میٹھا : مذکر ؛ (۱) شیریں، مزے دار، (۲) سست رفتار، (۳) مٹھلائی (۴) ایک قسم کا حلوہ، (۵) (کنایتاً) لالچ۔ (مونث، میٹھی۔)

——تیل : مذکر ؛ تلی کا تیل۔

میثاق : (ع) مذکر ؛ قول قرار، اقرار۔

میجر : MAJOR (انگ) فوج کا ایک اعلا عہدیدار جو کپتان سے بڑا ہوتا ہے۔

——جنرل : GENERAL (انگ) بڑا سپہ سالار، ایک بڑا فوجی عہدہ۔

میچ : MATCH (انگ) مذکر ؛ کھیل، بازی، مقابلہ۔

——بکس : BOX (انگ) مونث ؛ ماچس کی ڈبیا دیا سلائی کی ڈبیا۔

میچنا : (ع) آنکھ بند کرنا۔

میخ : (ف) (۱) بڑی کیل، (۲) کھونٹی۔

میخچہ : مذکر ؛ میخ ٹھوکنے کی موگری۔

میدان : (ف) مذکر ؛ (۱) ہموار اور پھیلی ہوئی زمین، (۲) زمین کی اصطلاح، یاقوت اور زمرد وغیرہ کا طول عرض، (۳) (قصہ گویوں کی اصطلاح) تمہید، (۴) (اردو) لڑائی، مقابلہ، جنگ۔

مَیدہ : (ف) مذکر ؛ نہایت باریک آٹا۔

——لکڑی : مونث ؛ دوا کی ایک جڑ۔

میڈل : MEDAL (انگ) مذکر ؛ تمغا، نشان۔

میڈم : MADAME (انگ) (تخاطب) مادام، بیگم، محترمہ۔

میڈیکل : MEDICAL (انگ) طبّی، طب سے متعلق۔

——آفیسر : OFFICER —— (انگ) سرکاری دواخانہ کا ڈاکٹر۔

——کالج : COLLEGE (انگ) ڈاکٹری کی اعلا درسگاہ۔

——ہال : HALL (انگ) مذکر ؛ دواخانہ، مطب۔

میر : (ف) مذکر ؛ (۱) امیر کا مخفف، افسر، سردار، (۲) چودھری، رہنما، (۳) سبقت لے جانے والا، (۴) سیّدوں کا اعزازی لقب۔

——آب : (ف) مذکر ؛ دریا کا محافظ، امیر البحر۔

——آتش : (ف) مذکر ؛ سلاخ خانہ کا داروغہ۔

——بخشی : (ف) مذکر ؛ تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدیدار۔

——جی : (۱) مذکر ؛ (۱) میراثیوں کا خطاب، (۲) میر صاحب، سیّد صاحب۔

میر شکار : (ف) مذکر : (۱) شکاری جانوروں کی نگرانی کرنے والا، (۲) طوائفوں کا چودھری۔

——کارواں : (ف) (اضافت کے ساتھ) کارواں کا سردار۔

——مجلس : (ف) (اضافت کے ساتھ) صدر مجلس۔

میئر : MAYOR (انگ) (۱) میونسپل کارپوریشن کا صدر (۲) صدر بلدیہ۔

میرا : اپنا، خود کا۔ ذاتی۔ (مونث) میری۔

میراث : (ع) مونث : ورثہ، ترکہ۔

میراثن : مونث : ڈومنی، گانے والی۔

میراثی : مذکر : گویا، ڈوم۔

میرزا : (ف) امیرزادہ، امیر کا بیٹا، مرزا۔

میرزادی : (ف) مونث : (۱) شہزادی، بزرگی، شرافت، (۲) تکبر، نازک مزاجی

میران : (ف) مذکر : (۱) بہت بڑا بزرگ، سرداروں کا سردار (۲) سید کی اولاد۔

——جی : مذکر (۱) بڑے پیر صاحب کا لقب، (۲) ربیع الآخر کا مہینہ۔

میز : (ف) مونث : کھانا کھانے یا کتابیں وغیرہ رکھنے کا اونچا تختہ (انگ ٹیبل)

میزاب : (ع) مذکر : پرنالہ، کوٹھے کا پرنالہ۔

میزان : (ع) مونث : (۱) ترازو، (۲) مذکر : آسمان کا ساتواں برج (۳) جمع مجموعہ، عددوں کا جوڑ۔

میزانیہ : (می-زا-نی-یا) (ع) مذکر : آمد و خرچ کا تخمینہ، بجٹ۔

میزبان : (ف) دعوت کرنے والا، مہمان کو کھانا کھلانے والا۔

میزبانی : (ف) مونث : مہمانی، مہمان نوازی۔

میسّر : (ع) (۱) آسان کیا ہوا، (۲) دستیاب، حاصل (۳) حاضر، موجود۔

میسرز : MESSERS (انگ) MS کا مخفف۔ جناب، صاحبان (عموماً تجارتی اداروں کے نام سے پہلے لکھا جاتا ہے)

میسرہ : (ع) مذکر : بائیں طرف، بائیں بازو کی فوج۔

میش : (ف) مونث : بھیڑ، بھیڑی۔

میعاد : (ع) مونث : (۱) مدت، وقت معینہ، (۲) وعدہ، وعدے کا وقت۔

میعادی : مقررہ وقت والا۔

میقات : (ع) مونث : (۱) وقت، (۲) وعدے کی جگہ (۳) حاجیوں کے احرام باندھنے کی جگہ۔

مَیکا : مذکر : شادی شدہ عورت کے ماں باپ کا گھر۔

میک اَپ : MAKE UP (انگ) مذکر : (۱) بناؤ، سنگھار، بہروپ (۲) تلافی کرنا، کمی کو پورا کرنا۔

——مَین : MAN (انگ) مذکر : ڈرامے یا فلم میں کام کرنے والوں کا بناؤ سنگھار کرنے والے۔

میکال/میکائیل : (ع) مذکر : روزی پہنچانے والا فرشتہ۔

میکانکی : دیکھو میکانیکل۔

میکانیّت : مونث : مشینی انداز، غیر انسانی خصوصیت۔

میکینک : MECHANIC (انگ) (۱) مستری (۲) کل و مشین کا کاری گر (۳) اہل حرفہ (۴) انجینئرنگ، سائنس کا ایک علم۔

میکھ : مذکر : (۱) مینڈھا، بھیڑا، (۲) آسمان کا پہلا برج۔

میگزین : MAGAZINE (انگ) مذکر : (۱) گولا بارود اور اسلحہ جات کا ذخیرہ، گودام، کارخانہ، (۲) رسالہ، مجلہ جس میں متفرق مضامین ہوں۔

میگھ : (ہ) مذکر : (۱) بادل، بارش، (۲) ساون بھادوں میں گایا جانے والا ایک راگ، (۳) ایک راکشش کا نام۔

میل : MAIL (انگ) مذکر : (۱) ڈاک کے خط، (۲) تیز رفتار ریل گاڑی۔

مَیل : (ع) مذکر : (۱) جھکاؤ، میلان، توجہ، خواہش، (۲) رعایت، پاس داری۔ جانب داری۔

——خاطر : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر : دلی توجہ، التفات۔

مَیل : مذکر : (۱) بدن کا میل، (۲) آنکھ کا کیچڑ، (۳) بغض، کینہ، کدورت جو کسی کی طرف سے دل میں ہو۔

میل : MILE (انگ) مذکر : آٹھ فرلانگ (۱۶۰۹ گز) کا فاصلہ جو ۸/۵ کیلومیٹر کے برابر ہوتا ہے۔

میل : (ع) مذکر : سرمہ لگانے کی سلائی۔

میل : مذکر : (۱) دوستی، ملاپ، (۲) آمیزش، ملاوٹ، (۳) مشابہت، مناسبت، (۴) موافقت، میلان (۵) جوڑ، ہم سری۔

——جول : مذکر : باہمی اتفاق، ملاپ، بھائی چارہ۔

میلا : مذکر : (۱) انبوہ، ہجوم، (۲) سیر تماشا، (۳) نمائش، تفریح۔

میلا : مذکر؛ (۱) گندا، میل والا، ناپاک (۲) گدلا، غبار آلود، (۳) بول وبراز، پاخانہ، (۴) کوڑا کرکٹ۔

——پن : مذکر؛ گندا پن، نجاست، غلاظت۔

میلاد : (ع) مذکر؛ پیدائش کا وقت، پیدا ہونے کا زمانہ۔

میلان : (ع) مذکر؛ توجہ، رجحان، خواہش۔

میلوڈراما : MELODRAMA (انگ) مونث؛ جذبات انگیز ڈراما جس میں گیت ہوں۔

میم : مونث؛ بیگم، خاتون، انگریزی میڈم MADAM کی اردو شکل۔

میمنا : مذکر؛ بکری کا بچہ۔

میمنت : (ع) مونث؛ برکت، سعادت۔

میمنہ : (ع) مذکر؛ دائیں طرف، دائیں بازو کی فوج۔

میمو : MEMO (انگ) مذکر؛ یادداشت کا خط بھیجنا، حکم نامہ، رسید، وصول طلب رقم کا کاغذ۔

میمورنڈم : MEMORANDUH (انگ) مذکر؛ (۱) یادداشت، روداد، (۲) غیر رسمی خط، (۳) عرضداشت۔

میموریل : MEMORIAL (انگ) مذکر؛ یادگار۔

میمون : (ع) (۱) مبارک، نیک بخت، برکت والا، (۲) کامیاب۔

میمون : اف، مذکر؛ بندر، بوزنہ۔

میں : (۱) خود، آپ، اپنی ذات، (۲) مونث؛ غرور، خودستائی (۳) انا۔

میں : (۱) اندر، بھیتر، (۲) بکری کی آواز۔

مین : مونث؛ (۱) حوت، مچھلی (۲) آسمان کا بارھواں برج بشکل حوت۔

مین میکھ : مونث؛ نکتہ چینی، عیب۔

مینا : (ف) مذکر؛ (۱) شیشہ، (۲) ایک قسم کا پتھر، (۳) شراب کی بوتل، صراحی، (۴) مرصع کاری، نقش ونگار۔

——کار : (ف) مونث؛ مرصع ساز، جڑاؤ کا کام کرنے والا۔

——کاری : (ف) مونث؛ (۱) چاندی سونے کے زیور پر مرصع سازی، (۲) نگینے کا کام، (۳) باریکی۔

——بازار : مذکر؛ (۱) بادشاہوں کے لیے سجایا جانے والا بازار، (۲) عورتوں کا بازار۔

مینا : مونث؛ ایک قسم کی خوش الحان چڑیا کا نام۔

مینار/منارہ : (۱) چراغ دان، (۲) بحری جہازوں کو روشنی دکھانے کا ستون۔ لائٹ ہاؤس (انگ) LIGHT HOUSE ، (۳) ٹاور TOWER (۴) بلند ستون، ہتم، کھمبا، (۵) مسجدوں کے اونچے ستون۔

مینڈل : مذکر؛ خربوزے کی شکل کا ایک کڑوا پھل، اندرائن۔

مینڈ : مونث؛ (۱) ستار کا ایک پرزہ، (۲) ستار کی مسلسل آواز، لے، تان۔

مینڈ : مونث؛ (۵) (۱) کھیت کی منڈیر، پشتہ، حد، کنارا، (۲) دریا کی اونچی موجیں۔

مینڈک : مذکر؛ آبی جانور جو برسات میں ندی نالوں کے کنارے ٹرٹرایا کرتا ہے۔

مینڈھا : مذکر؛ (۱) بھیڑ، دنبہ، (۲) آسمان کا بارھواں برج، میکھ راس۔

مینڈھی/مینڈی : مونث؛ عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے بال۔

مینگ : (۵) مونث؛ آنکھ کی پتلی۔

مینگنی : مونث؛ بھیڑ، بکری، ہرن، اونٹ، چوہے وغیرہ کا فضلہ۔

مینہ : (ف) مذکر؛ فردوس، جنت۔

مینہ : مذکر؛ بارش۔

مینجر : MANAGER (انگ) مذکر؛ مہتمم، منتظم، کارندہ، سربراہ کار۔

مینجمنٹ : MANAGEMENT (انگ) مذکر؛ انتظامیہ، انتظام۔

مینجنگ ڈائریکٹر : MANAGING DIRECTOR (انگ) مذکر؛ کسی کاروبار یا تجارتی ادارے کا وہ مالک جو ناظم کی حیثیت سے کام کرے۔

مینی فیسٹو : MANIFESTO (انگ) مذکر؛ اعلان نامہ، منشور، محضر۔

میو : مذکر؛ میوات کی ایک بہادر قوم۔

میواڑ : مذکر؛ راجپوتانہ کی ایک ریاست۔

میوزک : MUSIC (انگ) مونث؛ موسیقی، راگ، نغمہ۔

——ڈائریکٹر : DIRECTOR —— (انگ) مذکر؛ موسیقی اور رقص کی ترتیب دینے والا، موسیقار، سنگیت کار۔

میوزی شین : MUSICIAN (انگ) موسیقار، موسیقی کا ماہر۔

میوزیکل انسٹرومنٹ: MUSICAL INSTRUMENT (انگ) مذکر: ساز، گانے بجانے کی چیز جیسے آرگن، ہارمونیم، طبلہ وغیرہ۔

میوزیم: MUSEUM (انگ) مذکر: عجائب گھر۔

میونسپل بورڈ: MUNICIPAL BOARD (انگ) مذکر: (۱) شہری انتظام کا ادارہ، (۲) شہر کے انتظام سے متعلق مجلس شوریٰ، (۳) بلدیہ (۴) نگر پالیکا۔

میونسپل کارپوریشن: MUNICIPAL CORPORATION انگ، مذکر: (۱) بڑے شہروں کا محکمہ بلدیہ، (۲) شہر کی صفائی اور دیگر انتظام سے متعلق نیم سرکاری ادارہ، (۳) نگر مہا پالیکا، مہانگر پالکا۔

میونسپل کمشنر: MUNICIPAL COMMISSIONER (انگ، میونسپلٹی کا ممبر۔

میونسپلٹی: MUNICIPALITY (انگ) مونث شہر کے انتظام کا محکمہ، محکمۂ بلدیہ۔

میوہ: (ف) مذکر: پھل، ثمر۔

——جات: مذکر: میوے، جمع میوہ کی۔

——فروش: (ف) مذکر: پھل بیچنے والا۔

میہماں: دیکھو مہمان۔

DICTIONARY OF

JOURNALISM

ڈکشنری آف جرنلزم

اینڈ

ماس کمیونیکیشن

(انگلش میں)

اپنے موضوع پر اوّلین و بہترین

کوشش

ایک تجربہ کار جرنلسٹ کے قلم سے

قیمت 30 روپے

ملک بک ڈپو۔ اردو بازار۔ لاہور

ن

نون: مذکر؛ نون، حروف تہجی کا ایک حرف، حساب جمل (ابجد) میں اس کے پچاس عدد ہیں

ن - ا

نا: مذکر؛ (۱) حرف نفی، نہیں، نہ (۲) تاکید کے لیے، ضرور، (۳) نفی کی تاکید کے لیے۔

—— **آزمودہ کار**: ناتجربہ کار، اناڑی۔

—— **آشنا**: (۱) ناواقف، انجان، اجنبی (۲) بے وفا، بے مروت، بداخلاق، تیز مزاج۔

—— **اتفاقی**: (ف) مونث؛ پھوٹ، نفاق، رنجیدگی۔

—— **اہل**: نالائق، ناشائستہ، ناموزوں، بے تہذیب، ناقابل۔

—— **بالغ**: کم سن، سن بلوغ کو نہ پہنچا ہوا۔

—— **بکار**: بدکردار، بدذات، شریر۔

—— **بلد**: انجان، ناواقف، ناآشنا۔

—— **بود**: نیست، معدوم، فانی، ناپید۔

—— **بینا**: اندھا، کور۔

—— **پاک**: (۱) پلید، نجس، گندا، میلا (۲) وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو۔

—— **پدید**: جو ظاہر نہ ہو، پوشیدہ، چھپا ہوا، غائب، مخفی۔

—— **پید**: (۱) معدوم، فنا، نیست (۲) عنقا، نادرالوجود۔

—— **پیدا کنار**: (ف) ایسا بڑا سمندر یا دریا جس کا کنارہ نہ دکھائی دے۔

—— **توان**: (۱) کمزور، ناطاقت، بودا، لاغر (۲) ضعیف۔

—— **جائز**: ناروا، نادرست۔

—— **جنس**: (ف) (۱) غیر جنس (۲) (کنایتاً) غیر مہذب، بے ادب۔

—— **چار**: (۱) بے بس، مجبور، معذور (۲) مفلس، مایوس، نادار، بے کس (۳) مجبوراً۔

—— **چاقی**: مونث؛ بدمزگی، اَن بن، بگاڑ، شکر رنجی۔

نا چیز: ہیچ، جو کچھ نہ ہو، ناکارہ، نالائق، نکما، ناقابل۔

—— **حق**: بے انصافی سے، حق کے خلاف بے جا، نامناسب، بے فائدہ۔

—— **حق کوش**: ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔

—— **خدا**: مذکر؛ ملاح، جہاز راں۔

—— **خلف**: (ف) نالائق بیٹا، ناشایستہ، بدچلن، نااہل۔

—— **خوش**: (ف) (۱) ناراض (۲) بے زار، نفرت کرنے والا، (۳) بیمار، مریض۔

—— **دار**: (ف) (۱) غریب، محتاج، کنگال، (۲) گنجفہ کی بازی میں کوئی حکم کا پتہ نہ آنا۔

—— **دان**: (۱) ناسمجھ، بے وقوف، انجان، جاہل (۲) چھوٹی عمر کا، کم سن بچہ۔

—— **دان بات کرے دانا قیاس کرے**: (مقولہ) عقلمند ہر ایک بات کو پرکھ لیتا ہے۔

—— **دان دوست سے دانا دشمن بھلا**: (مقولہ) عقلمند دشمن اتنا نقصان نہیں پہنچاتا جتنا بے وقوف دوست اپنی نادانی سے۔

—— **دان کی دوستی جی کا زیاں**: (مقولہ) بے وقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے۔

—— **دانستگی**: مونث؛ نادانی، ناواقفیت، جہالت، بے خبری، لاعلمی۔

—— **دیدہ**: بے دیکھے جسے دیکھا نہ ہو۔

—— **راض**: ناخوش، رنجیدہ۔

—— **رسا**: (ف) (۱) نہ پہنچنے والا (۲) (کنایتاً) نامراد، بے اثر۔

—— **رسائی**: مونث؛ پہنچ نہ ہونا، باریابی نہ ہونا۔

—— **رسیدہ**: (۱) پھل جو خام ہو، (۲) نابالغ۔

—— **روا**: (۱) ناجائز، بے جا، خلاف مذہب، دین کے برخلاف ممنوع، غیر مشروع، نامناسب (۲) غیر مروج، وہ سکہ جس کا چلن نہ ہو، (۳) ناپسند، نامقبول بات۔

—— **ساز**: (۱) مخالف، ناموافق (۲) بیمار، علیل۔

—— **سپاس**: ناشکرا، کافر نعمت۔

—— **سزا / سزاوار**: (۱) نازیبا، نامناسب، بے جا (۲) کمینہ سفلہ، (۳) نامبارک، منحوس۔

نا سفتہ : (ف) بغیر سوراخ کا، ان بندھا، جو پرویا نہ گیا ہو (۲) (کنایتاً) کنواری عورت۔

ـــ سمجھ : (ا) کند ذہن، غبی، احمق، نادان، مورکھ، بیوقوف، سادہ لوح، (۲) بچہ، کم سن، کم عمر۔

ـــ شکری : مونث؛ بے احسانی، نمک حرامی، ناسپاسی، حق ناشناسی۔

ـــ شکیب : بے صبر، بے قرار۔

ـــ شناس : جو پہچانتا نہ ہو۔

ـــ شنو/ناشنوا : وہ جو کسی کے حال کا پرسان نہ ہو۔

ـــ صبور : بے صبر، مضطرب۔

ـــ صواب : بری بات، نادرست، غلط۔

ـــ فرجام : عاقبت نااندیش، بد انجام، بد اصل۔

ـــ فرمان : (ف) (ا) سرکش، حکم نہ ماننے والا، متمرد (۲) اوڈے رنگ کا پھول۔

ـــ فہم : نادان، بے عقل۔

ـــ کارہ : (ا) نکما، جو کام کا نہ ہو، بیکار چیز (۲) اپاہج، سست

ـــ کدخدا/ناکتخدا : (ف) بن بیاہا، کنوارا۔

ـــ کردنی : جو بات کرنے کے لائق نہ ہو۔

ـــ کس : کمینہ، نالائق، فرومایہ، سفلہ، پاجی۔

ـــ گاہ : اچانک، یکایک۔

ـــ گزیر : ضرور، لازم، واجب۔

ـــ گفتنی : (ف) کہنے کے ناقابل بات، شرمناک۔

ـــ گفتہ بہ : (ا) اس کا نہ کہنا ہی بہتر ہے (۲) (کنایتاً) شرمناک

ـــ گوار : مکروہ، برا، بدمزہ، بے ذائقہ۔

ـــ گہ/گاہ/گہاں : (ا) دفعتاً، اچانک، یکایک (۲) بے وقت، بے موقع (۳) بے خبر۔

ـــ لایق : (ا) ناقابل، سفلہ، کمینہ (۲) نامناسب، بے جا۔

ـــ محرم : (ا) ناآشنا، ناواقف، اجنبی (۲) مسلمانوں میں جس سے نکاح درست ہو اس سے عورت کو پردہ واجب ہے۔

ـــ مراد : (ا) ناکام، محروم، بے نصیب، بے مراد (۲) کم بخت، بدنصیب۔

ـــ مرد : (ا) ہجڑا، زنانہ، زنخہ (۲) ڈرپوک، بزدل، بودا، بے حوصلہ (۳) سست؛ وہ شخص جو عورت پر قادر نہ ہو۔

ـــ مساعد : ناسازگار، ناموافق۔

نا مشخص : (ف) بے تحقیق، غیر معین۔

ـــ ملائم : (ا) کڑا، سخت (۲) نامناسب، نازیبا۔

ـــ مہربان : (ف) (ا) بے رحم، بے مہر، بے مروت (۲) بیری، دشمن، بدخواہ۔

ـــ واجب : بے جا، نامناسب، نازیبا۔

ـــ وقت : (ا) بے وقت، بے ہنگام (۲) بے محل، بے موقع۔

ـــ ہنجار : بدچلن، بدذات، کمینہ، نالائق۔

ـــ یاب : کمیاب، نادر، کم میسر ہونے والی چیز۔

ناب : خالص، صاف، بے آمیزش۔

ـــ دان : مذکر؛ نمکین پانی نکلنے کی زمین دوز نالی۔

نابغہ : (ع) غیر معمولی ذہنی صلاحیتوں کا مالک، جوہر قابل، عبقری صلاحیتوں کا مالک (انگ) جینیس۔

نابھ : (ہ) مونث؛ ناف۔

ناپ : مونث؛ پیمانہ، انداز، پیمائش۔

ناتا : مذکر؛ (ا) رشتہ، قرابت، بھائی بندی (۲) علاقہ، نسبت، واسطہ۔

ناتے دار : اقربا، رشتہ دار۔

ناتن/ناتنی : (عو) بیٹی کی لڑکی، نواسی۔

ناتی : مذکر؛ (عو) بیٹی کا بیٹا، نواسا۔

ناتھ : (س) مذکر؛ (ا) مالک، خداوند، آقا، ولی نعمت (۲) جوگیوں کا لقب (۳) مونث؛ بیلوں کے ناک میں ڈالنے والی رسی۔

ناتھنا : (ا) سوراخ کرنا، چھیدنا، (۲) بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا، قابو کرنا، بس میں کرنا، مطیع کرنا (۳) (کنایتاً) پھانسنا، شامل کرنا۔

ناٹ : KNOT (انگ) مونث؛ (ا) گانٹھ، گرہ، عقیدہ (۲) سمندری راستہ کے فاصلے ناپنے کی اکائی۔

ناٹا : مذکر؛ (ا) پستہ قد، ٹھنگنا، بونا (۲) شریر۔

ناٹک : (س) مذکر؛ سوانگ، نقل، روپ، ڈراما، کھیل۔

ناٹکیا : مذکر؛ سوانگی، بہروپیا، ایکٹر (انگ)۔

ناج : مذکر؛ (ع) اناج، غلہ، دانہ، دنکا۔

ـــ پانی : ساری گرہستی

ناجی : (ع) نجات پانے والا گناہ معاف کیا ہوا، مبرور، مغفور۔
ناچ : مذکر؛ رقص، اچھلنا، کودنا، اہلِ نغمہ کا باقاعدہ پاؤں کو زمین پر مارنا۔
—— **رنگ / گانا** : مذکر؛ گانا بجانا، رقص و سرود۔
—— **نچانا** : (کنایتاً) حیران و پریشان کرنا، ستانا، قواعد کرانا، ایرے پھیرے کرانا۔
—— **نہ جانے آنگن ٹیڑھا** : (مثل) کسی کام میں دخل نہ رکھنے کی وجہ سے حیلے بہانے کرنا یا جاننے کی وجہ سے کوئی کام نہ ہو سکنا اور دوسرے پر الزام رکھنا۔
ناچنے نکلے تو گھونگٹ کیسا : (مثل) جس کام کا کرنا منظور ہے پھر اس میں لحاظ کرنا عبث ہے جب عیب والا کام اختیار کیا تو پھر شرم کیسی۔
ناخُن / ناخون : مذکر؛ انگلیوں کے سروں کی ہڈی۔
—— **پر لکھا ہونا / ناخنوں پر لکھا ہونا** : (کنایتاً) خوب یاد ہونا۔
—— **تدبیر** : (اضافت کے ساتھ) تدبیر کا ناخن سے استعارہ کرنا۔
—— **تراش / گیر** : مذکر، مونث؛ ناخن کاٹنے کا اوزار۔
—— **سے گوشت جُدا کرنا / کو گوشت سے جُدا کرنا** : رشتہ داروں کو جُدا کرنا، اپنوں کو چھٹانا۔
—— **سے گوشت جُدا نہیں ہونا** : (مثل) اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہوتے، یگانوں کا فساد اور بگاڑ جلد جاتا رہتا ہے۔
—— **لینا** : (ا) ناخن تراشنا (۲) گھوڑے کا ٹھوکر لینا ٹھوکر لیکر گرپڑنا
ناخنوں میں ہونا : (ع و) (کنایتاً) چالاکیوں سے واقف ہونا، خوب واقف ہونا۔
ناخُنہ : (ف) مذکر؛ (ا) ستار بجانے کا مڑا ہوا تار، مضراب، (۲) آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس میں سفیدی مائل گوشت ناخن کے مشابہ آنکھ کے کوے میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) سُرخ ریشے جو گھوڑے کی آنکھ میں پیدا ہو جاتے ہیں۔
نادر : (ع) مذکر؛ (ا) تھوڑی شے، کمیاب، کم (۲) تحفہ، عمدہ، عجیب۔
—— **کار** : وہ جس سے عجیب و غریب کام سرزد ہو، وہ جس پر عجیب و غریب کام بنا ہو۔

نادِرَہ : (ع) مونث؛ عجیب، انوکھا، عجوبہ۔
نادِرشاہ : (ف) مذکر؛ ایک سخت گیر، ظالم بادشاہ کا نام جس نے دہلی میں قتل عام کیا تھا۔
نادری : مونث؛ (ا) نادرشاہ سے منسوب (۲) ایک قسم کی صدری (۳) گنجفہ کا اکا۔
—— **حکم** : مذکر؛ نادرشاہ کا سا حکم، سخت اور جابرانہ حکم۔
نادِعلی : (ع) مونث؛ زہر مہرے یا چاندی کے پتر پر کندہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالی جانے والی، ایک دُعا کا نام اس تختی کا نام جس پر، نادِعلی، تحریر ہو۔
نادِم : (ع) شرمندہ، خجل، شرمسار، پشیمان۔
نادھنا / نادھنا : (ا) جوتنا، جوڑنا، بیلوں کی گردن پر جوا رکھنا (۲) ابتدا کرنا، آغاز کرنا (۳) پابند کرنا، غلام بنانا۔
نار : (ع) مونث؛ آگ، آتش۔
—— **خلیل** : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ آتشِ ابراہیم۔
—— **سَعیر** : (ف) مونث؛ دوزخ کی آگ۔
ناری : (ع) (ا) جن و پری کے واسطے مستعمل ہے (۲) دوزخی۔
نار / ناری : (ہ) مونث؛ عورت، جورو۔
نارائن : (س) مذکر؛ (ا) خدائے تعالیٰ، ایشور (۲) وشنو کا لقب۔
نارجیل : (ف) مذکر؛ ناریل، کھوپرا، گری (کنایتاً) بہت زیادہ کھانے والا۔
نارمَل : NORMAL (انگ) (ا) معمول کے مطابق (۲) باقاعدہ۔
نارَنج : مذکر؛ رنگترہ، سنگترا، نارنگی۔
نارَنجی : (ف) مذکر؛ (ا) زرد مائل بہ سُرخی رنگ (۲) نارنج کے رنگ کا۔
نارُو / نارُوا : (ہ) مذکر؛ ایک مرض کا نام جس میں آدمی کے جسم سے تاگا سا نکلا کرتا ہے، رشتہ۔
ناریل : مذکر؛ (ا) کھوپرا، گری (۲) ناریل کے خول کا حقہ۔
نازُک : (ہ) مذکر؛ ازار بند (۲) کچا گنڈے دار، زرد اور سُرخ رنگا ہوا سوت۔
ناڑی : (ہ) (ا) نبض (۲) بندوق کی نال۔
ناز : (ف) مذکر؛ (ا) معشوق کی ادا، غمزہ، شکرہ، لاڈ، پیار چوچلا (۲) گھمنڈ، غرور، نخوت (۳) فخر، بڑائی، عزت۔

نازاں: ناز کرنے والا، فخر کرنے والا، مغرور۔
نازبردار: عاشق، ناز اُٹھانے والا۔
ـــــ بُو: مونث؛ ایک قسم کا خوشبودار پھول، چنبیلی۔
نازنیں: (ف) ا، پسندیدہ، نازک (۲) مذکر (کنایتاً) معشوق۔
نازونیاز: (ف) مذکر؛ عاشق و معشوق کی حرکات و سکنات
نازش: (ف) مونث؛ فخر، بے پروائی، ناز، بے دماغی۔
نازک: (ف) (۱) لطیف، نفیس (۲) ہلکا پھلکا، دُبلا پتلا (۳) کمزور، بودا (۴) باریک، دقیق، دقت طلب (۵) تیز، تُند، تنک (۶) خطرناک، پیچیدہ۔
ـــــ ادا/ اندام/ کمر/ مزاج: محبوب کی تعریف میں۔
ـــــ بات: (ا) نازک معاملہ (۲) لطیف بات۔
ـــــ بدن: (ا) پتلے بدن کا (۲) (کنایتاً) معشوق (۳) مذکر؛ ایک قسم کی بیری جس کا بیر نہایت شیریں، چھلکا باریک ہوتا ہے
ـــــ جگر: مونث؛ (ا) وہ مقام جہاں جان کا اندیشہ ہو (۲) وہ عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی مر جائے۔
ـــــ خیال: (ف) مذکر؛ عمدہ خیالات والا، عالی خیال۔
ـــــ دماغ: (ف) (ا) تیز مزاج، چڑچڑا، تنک مزاج (۲) معشوق۔
نازکی: مونث؛ (ا) نزاکت، نرمی، ملائمیت (۲) تنک مزاج (۳) لطافت، نفاست (۴) خود پسندی، خود بینی۔
نازل: (ع) اُترنے والا، نیچے آنے والا، وارد ہونے والا، گزرنے والا۔
نازی: (جرمن) نیشنل سوشلسٹ پارٹی کا رکن۔
ناس: (ھ) مونث؛ ہلاس۔ نسوار۔
ناس: (ھ) مذکر؛ تباہی، بربادی، خراب، غارت، نابود، معدوم۔
ناستک: (ہ) بے دین۔ ملحد۔
ناسخ: (ع) مذکر؛ منسوخ کرنے والا، رد کرنے والا۔
ناسک: (ع) عبادت کرنے والا، خدا کی راہ میں قربانی کرنے والا۔
ناسوت: (ع) مذکر؛ (ا) دُنیا (۲) (مجازاً) شریعت ظاہری عبادت۔
ناسور: (ع) مذکر؛ ہمیشہ رِستے رہنے اور اچھا نہ ہونے والا زخم دیرینہ زخم کا سوراخ جس میں مواد نکلتا رہے۔
ناش: (ہ) مذکر؛ بربادی، تباہی، نقصان۔
ناشپاتی/ناسپاتی: (ف) مونث؛ ایک قسم کے پھل کا نام۔
ناشتا/ناشتہ: (ف) مذکر؛ صبح کا تھوڑا سا کھانا۔
ناصح: (ع) نصیحت کرنے والا، صلاح کار، پندگو، واعظ۔
ناصر: (ع) مددگار، حامی، معاون۔
ناصیہ: (ع) مذکر؛ ماتھا، پیشانی، جبیں۔
ـــــ سائی/فرسا: (ف) مونث؛ جبہ سائی، ماتھا رگڑنا۔
ناطق: (ع) (ا) بولنے والا، گویا (۲) (کنایتاً) دوسرے کو عاجز اور خاموش کر دینے والا (۳) مستحکم، قطعی، مضبوط۔
ناطقہ: (ع) مذکر؛ گویائی کی طاقت، قوتِ ناطقہ، بات چیت کا ملکہ۔
ناظرہ: (ع) (ا) دیکھنے والا، نگرانی کرنے والا، (۲) ماتحت ملازموں کا نگراں (۳) میر سامان۔
ناظرہ: (ع) مذکر؛ (ا) دیکھنے کی قوت، (۲) دیکھ کر قرآن پڑھنا۔
ناظرین: (ع) مذکر؛ پڑھنے والا، مطالعہ کرنے والا، قارئین، دیکھنے والے، حاضرین۔
ناظم: (ع) مذکر؛ (ا) انتظام کرنے والا، منتظم، کارکن (۲) شاعر، شعر کہنے والا۔ نظم کہنے والا (۳) سکریٹری۔
ناغہ: (ت) غیر حاضری، تعطیل، خالی، بے کار۔
ناف: مونث؛ (ا) تونڈی (۲) (مجازاً) وسط، درمیان، بیچوں بیچ، مرکز، ہر چیز کا وسط۔
ـــــ ٹلنا: ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
نافذ: (ع) جاری ہونے والا، نفوذ کرنے والا۔ جاری، موثر۔
نافع: (ع) مذکر؛ (ا) نفع دینے والا، مفید، فائدہ مند سود مند (۲) خدا کا صفاتی نام۔
نافلہ: (ع) مذکر؛ وہ عبادت جو فرض یا واجب نہ ہو، نفل۔
نافہ: (ف) مذکر؛ مشک کی تھیلی، مشک نافہ (آہوئے تاتار کی ناف کا خون) کستوری کی تھیلی۔
ناقد: (ع) (ا) پرکھنے والا (۲) تنقید کرنے والا۔

ناقص : (ع) (۱) ادھورا، غیر مکمل، ناتمام، کمی والا، (۲) عیبدار عیبی، (۳) کھوٹا، غیر خالص (۴) خراب تکمّا، ناکارہ۔

الخلقت : (ناقِص۔ خلقت) پیدائشی ناقص عضو والا۔

—— **العقل** : (ناقِص۔ عقل) کم عقل، کند ذہن، قوائے عقلی میں فتور والا۔

ناقل : (ع) (۱) نقل کرنے والا، بیان کرنے والا، (۲) راوی، روایت کرنے والا۔

ناقوس : (ع) مذکر؛ سنکھ۔

ناقہ : (ع) مذکر؛ اونٹنی، سانڈنی۔

—— **سوار** : مذکر؛ (۱) سانڈنی سوار (۲) (مجازاً) قاصد۔

ناک : (ھ) مونث؛ (۱) بینی، ایک عضو کا نام (۲) (کنایتاً) نمود کی چیز، ممتاز انسان (۳) غیرت، شرم، لحاظ، لاج، (۴) عزت، آبرو، بزرگی، عظمت (۶) زیب، آرائش، زینت، باعثِ فخر۔

—— **اونچی ہونا** : عزت بڑھنا، سرخ روئی ہونا۔

—— **بھوں چڑھانا/سکیڑنا** : (کنایتاً) آزردگی اور بیزاری ظاہر کرنا، بدمزہ ہونا، ناگوار یا ناپسندیدہ چیز سے ترش رُو ہونا۔

—— **بیندھنا** : ناک میں سوراخ کرنا، ناک چھیدنا۔

—— **پر غصہ ہونا** : جلد غصہ ہونا، ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا، بہت جلد خفا ہونا۔

—— **پر مکھی نہ بیٹھنے دینا** : (کنایتاً) کسی کے معمولی احسان کا بھی شرمندہ نہ ہونا۔

—— **پر کی مکھی تک نہ اُڑانا** : (کنایتاً) کمال مجہول ہونا۔

—— **چوٹی کاٹنا** : (کنایتاً) بے آبرو کرنا، ذلیل و رسوا کرنا۔

—— **چھنکنا/سنکنا** : ناک کو ہاتھ سے پکڑ کر اس کی رطوبت صاف کرنا۔

—— **رکھ لینا** : عزت رکھ لینا، ساکھ رکھ لینا۔

—— **رگڑنا** : (۱) زمین پر ناک گھسنا (۲) (کنایتاً) بے حد الحاح وزاری، منت وسماجت کرنا۔

—— **سڑا** : مذکر؛ (۱) بڑی ناک (۲) ناک کی پھننسی (۳) ناک کے ایک مہلک مرض کا نام۔

—— **سکوڑنا** : ناک پر شکن ڈالنا، غرور یا تنفر یا کراہت سے۔

ناک کا بال : (کنایتاً) کسی کا نہایت مقرب شخص، کسی کے مزاج میں بہت دخل رکھنے والا۔

—— **کا بانسا** : مذکر؛ دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار۔

—— **کا بانسا پھر جانا** : (۱) دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار کا ٹیڑھا ہو جانا (۲) مرنے کی علامت ظاہر ہونا۔

—— **کا تنکا** : ناک چھیدنے کے بعد ناک کا سوراخ بند نہ ہونے کی غرض سے ڈالا جانے والا تنکا۔

—— **کان کاٹنا** : (کنایتاً) بے حد ذلیل کرنا۔

—— **کٹوانا** : بدنام ہونا، ذلیل ہونا۔

—— **کی سیدھ** : ٹھیک سامنے، سیدھے خط میں۔

—— **میں بولنا** : گنگنانا، غنغنانا۔

—— **میں دم آنا** : تنگ ہونا۔

—— **نہ دی جانا** : کسی جگہ پر بدبو کے مارے ناک نہ دے سکنا، کسی چیز کو بدبو کے سبب سونگھ نہ سکنا۔

—— **والا** : مذکر؛ غیرت والا، عزت والا، باعزت۔

ناکوں ناک کھانا : سیر ہو کر کھانا۔

ناکا : (ھ) مذکر؛ (۱) چنگی کی چوکی، راہداری یا اور طرح کے محصول لینے کی جگہ (۲) گلی کوچے کا دروازہ، شہر کا دروازہ (۳) راستہ کی حد، مُہرا (۴) سوئی کا سوراخ (۵) ایک دریائی جانور کا نام۔

—— **بندی** : مونث؛ حد بندی، راستہ روکنا، داخلے کی جگہ کسی کو اس طرح بٹھا دینا کہ وہ آنے جانے والوں کو روک سکے۔

ناکح : (ع) نکاح کرنے والا شخص۔

ناگ : (س) مذکر؛ ایک قسم کا زہریلا سیاہ رنگ کا سانپ۔

—— **پنچمی** : (ھ) مونث؛ ہندوؤں کا ایک تہوار، اُس روز سانپ کو پوجتے اور دودھ پلاتے ہیں۔

—— **پھنی** : مونث؛ سانپ کے پھن سے مشابہ تھوہڑ کے پتے کی ایک قسم۔

ناگا : (ھ) مذکر؛ (۱) جوگی، ننگے رہنے والے سنیاسی فقیر (۲) آسام کے جنوبی پہاڑوں میں رہنے والی ایک قوم۔

ناگر : مذکر؛ (۱) بڑی آبادی، قصبہ (اب بجائے ناگر کے نگر بولتے ہیں (۲) گجراتی برہمنوں کی ایک ذات۔

—— **پان** : مذکر؛ عمدہ اور بڑا پان۔

ناگر موتھا: مذکر؛ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
ناگرک: (ھ) مذکر؛ شہری۔
ناگرکتا: (ھ) مونث؛ شہریت۔
ناگری: (س) مونث؛ (ا) سنسکرت کے حروف تہجی (۲) ہندی بھاشا، ہندی رسم خط۔
ناگن/ناگنی: مونث؛ (ا) ناگ کی مادہ، سانپن (۲) گردن کے بالوں کی بھونری (۳) (کنایتاً) زلف سیاہ۔
——کا سونگھ جانا: (کنایتاً) ناگن کا کاٹنا۔
نال: (ف) مونث؛ (ا) وہ سوت کی مانند ریشہ جو قلم تراشتے وقت نکلتا ہے (۲) نل، نرسل، نے، جو اندر سے خالی ہو۔
نال: (ھ) مذکر؛ مونث؛ (ا) بندوق یا طپنچہ کی نالی (۲) بچے کی ناف سے لٹکتی لمبی جوف دار آنت۔
——کٹائی: مونث؛ نال کاٹنے کی اُجرت، بچہ جنانے اور نال کاٹنے کی بابت دیا جانے والا دائی کا حق۔
——گرنا: (ا) بچے کی نال کا ناف سے کٹ کر زمین میں دبایا جانا (۲) دعوا ہونا، تعلق ہونا، کسی جگہ استحقاق ہونا، خصوصیت ہونا (۳) زادبوم ہونا، مسکن ہونا۔
نالا: مذکر؛ پانی نکلنے کا راستہ، چھوٹی ندی، یا برساتی نہر۔
نالاں: (ا) روتا ہوا (۲) واویلا کرنے والا، فریادی، شاکی تنگ، عاجز۔
نالش: مونث؛ (ا) عدالتِ دیوانی میں کیا جانے والا حق طلبی کا دعوا (۲) فریاد (۳) کسی کے جبر و ظلم کی شکایت۔
نالہ: (ف) مذکر؛ (ا) آہ و بکا، واویلا، فریاد و زاری۔ آہ، ہائے (۲) شور، فغاں، غل غپاڑا، اودھم۔
——سرد: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) آہ سرد۔
——سرکرنا: آہ بھرنا، آہ کھینچنا۔
——شب گیر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ صبح ہونے سے پہلے پہلے پہر کا نالہ۔
——گرم: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ نہایت جوش کے ساتھ نکلا ہوا نالہ۔
——مُرغِ سحر: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ مُرغ کا صبح کے وقت بولنا۔
نالی: مونث؛ (ا) موری، بدرو، پانی نکلنے کی راہ (۲) مرد کے سینے کے بیچ کا گہرا حصہ۔
نام: (ف) مذکر؛ (ا) اسم، ذات (۲) لقب، کنیت، خطاب، (۳) شہرت، ناموری، شہرہ (۴) عزت، آبرو، ساکھ (۵) یاد، یادگار (۶) اولاد، نسل، خاندان (۷) تہمت، الزام (۸) برائے نام، صرف کہنے کو (۹) ذمہ۔
——آسمان پر ہونا: (کنایتاً) بلند نامی۔
——آور: (ف) مشہور، معروف۔
——اٹھنا/اٹھ جانا: (ا) مہر کا نقش اچھی طرح کاغذ پر یا کسی اور چیز پہ آ جانا (۲) نام نہ رہنا، نام مٹنا۔
——اچھالنا: شہرت حاصل کرنا، رسوائی کرنا،
——بڑا درشن تھوڑے: (مثل) جس کا نام کسی کام یا صفت میں بہت مشہور ہو اور جانچ یا تجربہ کے بعد غلط ثابت ہو۔
——بکنا: نام کی شہرت سے چیز بکنا، نام کی قدر ہونا۔
——بنام: ہر ایک کو۔ ہر ایک کے نام کے ساتھ۔
——پر حرف آنا: نام بدنام ہونا۔
——جپا کرنا/جپنا: (ا) نام کی تسبیح کرنا، نام رٹنا۔ (۲) بار بار نام لینا، کسی کو بہت یاد کرنا۔
——جو: (کنایتاً) بہادر، شجاع، نام کا خواہاں، ناموری چاہنے والا۔
——جھنڈے پر چڑھانا: بدنام کرنا
——خُدا: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (ا) برکت کے لیے تنقید کے آسیب سے محفوظ رکھنے کے لیے اوہ تحسین و آفرین کا کلمہ (۲) کیا بات ہے کیا کہنے ہیں (۳) چشم بددور، ماشاء اللہ۔
——دار: (ف) مشہور، نامی۔
——دھرنا: (ا) نام تجویز کرنا، نام مقرر کرنا (۲) عیب لگانا، بُرا کہنا، نکتہ چینی کرنا (۳) الزام رکھنا (۴) نام لینا، معین اور مخصوص کرنا، کسی کو یا کسی چیز کو۔
——ڈبونا: خود بدنام ہونا، رُسوا ہونا، اوروں کو بدنام کرنا رُسوا کرنا۔
——رکھنا: (ا) نامزد کرنا (۲) بچے کا نام معین کرنا (۳) عیب گیری کرنا، بُرا بھلا کہنا، طعنہ دینا (۴) بدنام کرنا، الزام رکھنا۔

۵) دکانداروں کی اصطلاح) مول کہنا قیمت لگانا۔
نام روشن کرنا : (۱) (کنایتاً) عالم میں خود نیک نام ہونا کسی کو نیک نام کرنا (۲) (طنزاً) رسوا کرنا، بدنام کرنا۔
ـــــ رہ جانا/رہنا : نام باقی رہ جانا، نام بنا رہنا، یادگار رہ جانا۔
ـــــ زد کرنا : (۱) کسی کے نام کرنا، معنون کرنا، (۲) نام رکھنا، موسوم کرنا، کسی نام سے مشہور کرنا (۳) منسوب کرنا (۴) مقرر کرنا (۵) نسبت کر دینا۔
ـــــ سے کام پکڑنا : (کنایتاً) استادی یا کمال کے قائل ہونا۔
ـــــ لگانا : الزام دھرنا، قصور ڈالنا، تہمت دھرنا۔
ـــــ لینے والا/لیوا : (۱) (کنایتاً) یاد کرنے والا، دعوا کرنے والا، فخر کرنے والا (۲) یادگار۔
ـــــ لیوا رہا نہ پانی دیوا : (۱) سب مر گئے کوئی باقی نہ رہا (۲) (کنایتاً) نیست و نابود ہونا۔
ـــــ نکالنا : (۱) شہرت حاصل کرنا (۲) (کنایتاً) بدنامی (۳) کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرنا (۴) کسی عمل کے ذریعے سے چور کا نام معلوم کرنا۔
ـــــ نمود/نام و نمود : مونث؛ ظاہری ٹھاٹ، عزت و نمائش، ٹیپ ٹاپ۔
ـــــ نہاد : موسوم، نامزد۔
ـــــ ونشان : مذکر؛ یادگار، آثار۔
نامی : (ف) (۱) مشہور و معروف، نامور (۲) (ع) بڑھنے والا، نمو کرنے والا۔
ـــــ گرامی : مشہور و معروف۔
ناموس : مذکر؛ (۱) جبرئیلؑ کا لقب (۲) حرم، اہل خانہ (۳) مونث آبرو، لاج، شرم، راز پوشیدہ۔
ـــــ اکبر : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) قاعدہ و دستور بزرگ شریعت (۲) حضرت جبرئیلؑ کا لقب۔
ناموسی : مونث؛ (اردو) بے عزتی، بدنامی، رسوائی، شرم لحاظ۔
نامہ : (ف) مذکر؛ خط، چٹھی۔
نامہ اعمال/عمل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ کاغذ جس میں فرشتے ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں (۲) (کنایتاً) اعمال نامہ۔
ـــــ بر/رساں : (ف) مذکر؛ قاصد، ہرکارہ۔
ـــــ شوق : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ محبت آمیز خط۔
ـــــ نگار : مذکر؛ (۱) خبر نویس، پرچہ نویس (۲) کسی اخبار کا مضمون نگار۔
نام و پیام : مذکر؛ خط و کتابت، سلام و پیام۔
نامیہ : (ع) مونث؛ نمو کی قوت، بڑھانے والی قوت۔
نان : (ف) مونث؛ روٹی، بڑی اور موٹی تنور کی روٹی۔
ـــــ بائی : مذکر؛ روٹی سالن بیچنے والا، روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا۔
ـــــ پاؤ : مذکر؛ ایک قسم کی موٹی خمیری روٹی۔
ـــــ جویں : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ روکھی سوکھی روٹی عزیبانہ کھانا۔ جو کی روٹی، دال دلیا۔
ـــــ خشک : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ روکھی سوکھی روٹی۔
ـــــ خطائی : (ف) مونث؛ ایک قسم کا میٹھا بسکٹ، ایک قسم کی شکر میدے اور گھی سے بنائی ہوئی خستہ مٹھائی۔
ـــــ خورشید : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ قرص خورشید کا نان سے استعارہ۔
ـــــ گزٹیڈ : NON-GAZETTED (انگ) مذکر؛ نیچے درجے کے افسر جن کا گزٹ میں نام نہ آتا ہو
ـــــ نعمت : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) بڑی لذیذ نعمت۔
ـــــ نفقہ : مذکر؛ روٹی، کپڑا، بال بچوں کا خرچ بیوی کا خرچ۔
ـــــ ونمک : مذکر؛ (کنایتاً) معمولی غذا جس میں کوئی تکلف نہ ہو۔
ـــــ ویجیٹیرین : NON-VEGETARIAN (انگ) مذکر؛ گوشت خور جس کو گوشت مچھلی کھانے سے پرہیز نہ ہو۔
نانا : مذکر؛ ماں کا باپ۔
ـــــ دادا : (۱) آبا و اجداد، خاندان کے بزرگ (۲) (مجازاً) گرو، استاد۔
نانڈ : (د) مونث؛ مٹی کا بڑا برتن جس میں گائے بھینسوں کو چارہ کھلاتے ہیں۔

نانُما: (ھ) مذکر؛ گملا۔
نانک: مذکر؛ ایک مشہور خدا پرست درویش کا نام جو سکھوں کے فرقے کے بانی تھے۔
—— پنتھی: مذکر؛ سکھ، نانک پیرو۔
—— شاہی: مذکر؛ (۱) فقیروں کا ایک گروہ، (۲) سکھوں کے وقت کا ایک سکہ۔
نانگا: مذکر؛ برہنہ زندگی بسر کرنے والی ایک قوم (کنایتاً) برہنہ زندگی بسر کرنے والا۔
نانگھنا: پھاندنا، راہ گذر میں حائل کسی چیز پر سے گذرنا۔
نانی: مونث؛ ماں کی ماں۔
—— یاد آجانا: (کنایتاً) محنت کے کام سے سخت پریشان ہوجانا
ناوک: (ف) مذکر؛ تیر، خدنگ۔
—— انداز/زن/فگن: تیر چلانے والا۔
ناوِل: (انگ) تفصیلی کہانی۔
ناوِلسٹ: (انگ) ناول نگار، ناول لکھنے والا۔
ناون: مونث؛ نائی کی جورو، نائن۔
ناننھیال/ننھیال: مذکر؛ مونث؛ نانا کا گھر، نانا کا گھرانا۔
ناہار: (ف) دیکھو نہار۔
ناہید: (ف) مونث؛ زہرہ ستارہ، تیسرے آسمان پر چمکنے والا ستارہ۔
نائب: (ع) مذکر؛ مددگار، ماتحت، قائم مقام، مختار، وکیل، سفیر
نائم: (ع) سونے والا، سوتا ہوا۔
ناؤ: (ف) مونث؛ کشتی، ڈونگی۔
—— خشکی میں نہیں چلتی: (کنایتاً) داد و دہش کے بغیر کام نہیں چلتا۔ دولت مند کو سخاوت کے بغیر ناموری حاصل نہیں ہوتی۔
—— کنارے لگانا: (۱) ناؤ ساحل پر لگانا (۲) مشکل آسان کرنا۔
—— منجدھار میں پڑنا: (کنایتاً) معاملے کا پیچ دار اور مشکل ہوجانا۔
—— نوش: کھانا پینا، مجلس عیش و طرب جمانا، نغمہ و شراب کی محفل، رنگ رلیاں۔
نائی: مذکر؛ حجام، مونڈنے والا۔
نائے: (ف) مونث؛ بانسری، گلا، حلق۔
نائٹ اِسکول: NIGHT SCHOOL (انگ) مذکر؛ شبینہ اسکول (مدرسہ)، رات کا مدرسہ۔
—— کلب: CLUB (انگ) مذکر؛ وہ کلب جہاں ممبروں کے لیے رات میں کھانے اور تفریح وغیرہ کا انتظام ہوتا ہے۔
نائٹروجن: NITROGEN (انگ) مونث؛ ایک گیس کا نام۔
نائک: مذکر؛ (۱) سردار (۲) قافلہ سالار (۳) وہ شخص جو فن موسیقی میں استاد ہو۔
نایک: (ھ) مذکر؛ کسی ڈرامے یا قصے کا ہیرو۔
نایکا: (ھ) مونث؛ کسی ڈرامے یا قصے کی ہیروئن۔
نایکا: (س) مونث؛ طوائفوں کے گھر کی چودھرائن، کئی نوچیوں کی مالک۔

ن - ب

نِب: NIB (انگ) مونث؛ ہولڈر یا فونٹین پن کی لوہے کی نوک۔
نبات: (ع) مونث؛ (۱) بوٹی، گھاس، روئیدگی (۲) (ف) قند۔
نباتات: (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع نبات کی، روئیدگیاں۔
نباتی: (۱) گھاس پات کا، گھاس پات، ترکاریاں، جڑی بوٹی کا، (۲) مذکر؛ ایک قسم کا رنگ۔
نبّاض: (ع) (۱) نبض شناسی میں مہارت رکھنے والا (۲) حکیم طبیب (۳) ہوشیار، دانا۔
نباہ: مذکر؛ (۱) کسی کام کو اس کی حد تک پہنچانا (۲) انجام گزارا، وفاداری۔
نبٹانا/نمٹانا: فیصلہ کرنا، بھگتانا۔
نبٹانا/نبٹ جانا: (۱) بے باق ہونا، پورا ہونا، ختم ہونا، جھگڑا طے ہونا، (۲) فیصلہ ہوجانا، تکرار باقی نہ رہنا۔
نبرد: (ف) مونث؛ لڑائی، جنگ، رزم۔

نبرد آزما: (ف) جنگی آدمی، جنگ آزمودہ، دلاور، بہادر۔
نبڑنا: (دتی) خرچ ہوجانا، نپٹ جانا، باقی نہ رہنا، انجام کو پہنچ جانا۔
نبض: (ع) مونث؛ کلائی کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے جس سے انسان کی صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔
—— ابھرنا: نبض ڈوب کر پھر چلتی ہوئی محسوس ہونا۔
—— ڈوبنا: نبض کی رفتار گم ہونا۔
—— ساقط ہونا: نبض کا حرکت نہ کرنا، نبض بند ہوجانا۔
نبضیں چھوٹنا/چھٹنا: (۱) (کنایتاً) نبضوں کی حرکت ساقط ہوجانا، نبضوں میں حرکت نہ رہنا (۲) گھبرا جانا۔
نبل: (ع) (۱) کمزور، ناطاقت (۲) ناقص، خراب، (۳) بے یار، بے کس، بے مددگار۔
نبوت: مونث؛ پیغمبری، رسالت، احکام الٰہی کا پہنچانا۔
نبول: مونث؛ نیم کا پھل۔ نمکولی۔
نبوی: (ع) منسوب بہ نبی، نبی سے نسبت رکھنے والا۔
نبی: خبر پہنچانے والا، پیغمبر، خبر رساں، رسول۔
نبیذ/نبیذ: (ع) مونث؛ جو یا کھجور کی شراب، کھجور یا کشمش ڈال کر میٹھا کیا ہوا عرق۔
نبیرہ: (ف) مذکر؛ (۱) پوتا، بیٹے کا بیٹا (۲) نواسا، بیٹی کا بیٹا۔
نبیڑنا: (ھ) (دہلی) تمام کرنا، پورا کرنا، بسر کرنا، گذارنا، طے کرنا، خالی کرنا۔
نبیسہ: (ف) مذکر؛ پوتا، پرپوتا۔
نبھ منڈل: (ھ) مذکر؛ نظام شمسی۔
نبھانا: (عم) نباہنا، باہم بسر کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ گذارنا۔
نبھاؤ: مذکر؛ گزارنا، باہم بسر کرنا، ثابت قدمی، استقلال۔

ن۔پ

نپٹ: (ھ) (۱) محض، بالکل سا، سراسر، تمام، سراسر (۲) بہت پوری طرح سے۔
نپٹارا: (عو) مذکر؛ فیصلہ۔
نپٹانا: مکمل کرنا، فیصلہ کرنا۔
نپنا: (ھ) ناپا جانا، پیمائش ہونا۔

ن۔ت

نت: (عو) (۱) ہمیشہ، سدا، مترادف)
—— نیا: مذکر؛ تازہ بتازہ، وہ بات جو ہمیشہ نئی ہو، انوکھا عجیب و غریب۔
نتائج: (ع) مذکر؛ جمع نتیجہ کی۔
نتیجہ: (ع) مذکر؛ (۱) حاصل، ماحصل (۲) غرض مطلب، (۳) انجام، اخیر، خاتمہ، انتہا (۴) پھل، ثمرہ (۵) ایک اصطلاح منطق۔
نتھ: (ھ) مونث؛ (۱) ناک میں پہننے کے ایک زیور کا نام، (۲) (کنایتاً) سہاگ کی علامت۔
نتھاہوا: (۱) اونٹ، یا بیل جس کے ناک میں رسی پڑی ہو۔ (۲) دوسرے کے قابو میں رہنے والا شخص۔
نتھارنا: پانی کو صاف کرنا، رقیق چیز کا میل دور کرنا۔
نتھنا: (ھ) مذکر؛ ناک کا سوراخ۔
نتھنے پھلانا/چڑھانا: (کنایتاً) لال پیلا ہونا، تیوری چڑھانا ناراض ہونا۔
نتھنی: (ھ) مونث؛ (۱) چھوٹی نتھ، (۲) تلوار کے قبضے کی کڑی (۳) بیل کی ناک کی رسی، ناک میں ڈالنے کا زیور۔
—— اتارنا: (کنایتاً) (طوائفوں کی اصطلاح) ازالۂ بکر کرنا، کسی دوشیزہ کا کنوارپن دور کرنا۔
—— اترنا: (۱) عورت کا بیوہ ہوجانا (۲) کسبیوں کی اصطلاح (کنایتاً) کسی پیشہ ور لڑکی کا کنوارپن دور ہونا۔
نتھی: (ھ) مونث؛ (۱) کاغذ ٹانکنے کی ڈور (۲) کاغذ کو اور کاغذوں کے ساتھ شامل کر دینا (۳) شامل شمل۔

ن۔ٹ۔ث

نٹ: مذکر؛ (۱) بازی گر، قلاباز، شعبدہ باز، ڈھول بجا کر بانس اور رسی پر چڑھ کر تماشا دکھانے والے (۲) ایک قوم کا نام (۳) (کنایتاً) دغاباز۔

نٹ کھٹ : شریر، شوخ، فتنہ پرداز۔
نثار : (ع) (ا) صدقے، قربان، عاشق، تصدق واری، فریفتہ (۲) نچھاور۔
نثار : (ع) مذکر؛ اچھی نثر لکھنے والا، مصنف۔
نثر : مونث؛ (ا) پراگندہ، بکھرا ہوا، پھیلا ہوا (۲) وہ عبارت جو نظم نہ ہو، سادہ عبارت، مربوط جملے۔
—— عاری : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ سیدھی سادھی نثر۔
—— مرجز : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ قافیہ والی نثر۔

ن - ج - نج

نِج : ذاتی، خاص، گھر کا، خانگی۔
نجابت : (ع) مونث؛ شرافت، عالی خاندان۔
نجات : (ع) مونث؛ رہائی، چھٹکارا، برئیت۔
نجار : (ع) مذکر؛ بڑھئی، لکڑی کا کام کرنے والا۔
نجاست : (ع) مونث؛ گندگی، ناپاکی، میلا۔
نجباء : (ع) مذکر؛ جمع نجیب کی، شریف لوگ۔
نجد : (ع) مذکر؛ اونچی زمین، عرب کا ایک مشہور علاقہ۔
نجس : (ع) گندہ، ناپاک، پلید۔
—— پانی : (کنایتاً) شراب۔
—— العین : (نَجِسُ لْ - عَیْن) (ع) وہ چیز جس کا ہر جزو نجس ہو جس کا کھانا، پینا، چھونا لگانا ناجائز ہو۔
نجف : (ع) مذکر؛ عرب کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علی کا مزار ہے۔
نجم : (ع) مذکر؛ ستارہ، سیارہ، تارا۔
نجوم : (ع) مذکر؛ جمع نجم کی (۱) ستارے، سیارے (۲) جوتش، ستاروں کا علم۔
نجومی : جوتشی، ستاروں کا علم جاننے والا۔
نجیب : (ع) مذکر؛ بزرگ، شریف، بھلا مانس۔
—— الطرفین : (نَجِیْبُ طَرَفَین) (ع) جس کا نسب ماں باپ دونوں کی طرف سے اصلی اور صحیح ہو (۲) خاندانی۔
نچانا : (ھ) (ا) ناچ کرانا، رقص کرانا، کُدوانا (۲) (کنایتاً) ستانا، دق کرنا، ناک میں دم کرنا۔
نچڑنا : (مذکر) (ا) ٹپکنا، قطرہ قطرہ گرنا (۲) دابنے یا کھینچنے سے عرق نکلنا (۳) (کنایتاً) دُبلا ہونا، لاغر ہونا۔
نچلا : مذکر؛ (ا) خاموش، چپ چاپ، ساکت (۲) نیچے کا۔
—— نہ بیٹھنا : شرارت کرنا، سکون سے نہ بیٹھنا۔
نچنت : (ہ) فارغ، بے فکر، بے پروا، مطمئن۔
نچوڑ : (ھ) مذکر؛ (ا) رس، افشرہ، افشردہ (۲) (مجازاً) لب لباب، سَت، عِطر، جوہر، خلاصہ، نتیجہ، حاصل۔
نچوڑنا : (ا) دبا کر عرق یا پانی نکالنا، دبانا، سوتنا (۲) چوس لینا، خون پینا، ایذا اور تکلیف دینا (۳) (کنایتاً) لاغر کر دینا، خشک کر دینا، (۴) (کنایتاً) کچھ باقی نہ چھوڑنا، مفلس کر دینا، دبا کر لہو نکالنا۔
نچھاور : مذکر؛ نثار، اُتارا، کسی کے اوپر سے بطور صدقہ اُتاری ہوئی نقدی یا جنس۔
نچھتر : مذکر؛ (ا) (مجازاً) طالع (۲) راس کا حصہ۔

ن - ح - نح

نَحر : (ع) (ا) اونٹ کا ذبح کرنا (۲) قربانی کرنا، ذبح کرنا۔
نحس : (ع) منحوس، کم بخت۔
—— ستارے : منحوس ستارے زحل اور مریخ سے مراد۔
نحو : (ع) مونث؛ جملوں کا علم، وہ علم جس میں کلمات کو جوڑنا، کھولنا اور ان کا باہمی تعلق یعنی لگاؤ معلوم ہو۔
نحوست / نحوست : (ع) مونث؛ بدنصیبی، کم بختی منحوس ہونا۔
نحیف : (ع) دُبلا پتلا، لاغر، کمزور۔
نخاس : (ع) مذکر؛ چارپایوں کی خرید و فروخت کی جگہ، بازار، گھوڑے بیچنے کا بازار۔
نخچیر : (ف) مذکر؛ (ا) شکار، صید (۲) مارا ہوا شکار، شکار کیا ہوا جانور۔
نخرا / نخرہ : مذکر؛ (ا) عورتوں اور معشوقوں کے حرکات و سکنات (۲) چالاکی، مکر، حیلے، بہانے اور بناوٹ والی حرکات۔

نخرے پیٹی : (عو) مونث ؛ نخرے باز مغرور عورت، ٹھسا دکھانے والی عورت۔
نخشب : (ف) مذکر ؛ ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں حکیم مقنع نے چاہ نخشب سے ایک چاند بنا کر نکالا تھا، چار فرسنگ تک اس کی روشنی پہنچتی تھی۔
نخل : (ع) مذکر ؛ درخت۔ کھجور کا درخت۔
ـــــ بند : مذکر ؛ (۱) باغبان، مالی (۲) موم کے درخت بنانے والا۔
نخلستان : (ف) مذکر ؛ کھجور کے درختوں کا جھنڈ (۲) ریگستان میں سرسبز و شاداب درختوں کا قطعہ۔
نخل طور : (اضافت کے ساتھ) وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ کو انوار الٰہی نظر آئے تھے۔
نخوت / نخوت : (ع) مونث ؛ گھمنڈ، غرور، خود بینی۔
نخود : (ف) مذکر ؛ چنا۔

ن ـ د ـ ڈ ـ ذ

ندا : (ع) مونث ؛ آواز، صدا۔
ندارد : (ف) کورا، خالی، نہیں، غیر حاضر۔
ندّاف : (ع) مذکر ؛ روئی دھنکنے والا، دھنیا۔
ندامت : (ع) مونث ؛ شرمندگی، پشیمانی۔
ندرت : (ع) مونث ؛ کم یابی، کمی، عمدگی، انوکھا پن۔
ندماء : (ع) مذکر ؛ جمع ندیم کی، مصاحب لوگ، ساتھی ہم نشین۔
ندوہ : (ع) مذکر ؛ مجلس، انجمن، سبھا۔
ندی / ندّی : مونث ؛ چھوٹا دریا۔
ـــــ اُترنا : ندی کا پانی کم ہو جانا۔
ـــــ چڑھنا : ندی کا پانی اپنی حد سے بڑھ جانا۔
ندیدہ : (ف) (۱) بغیر دیکھا ہوا، (۲) لالچی، وہ شخص جس نے عمدہ کھانا یا کوئی عمدہ چیز نہ کھائی ہو اور کسی کو کھاتے دیکھ کر گھورے (۳) بے حد خواہش مند۔
ندیم : (ع) ہم نشین، ساتھی، دوست۔
نڈر : (ا) بے خوف، جو نہ ڈرے، بے باک، بہادر، دلیر، جری (۲) گستاخ، بد لحاظ۔
نڈھال : سست، تھکا ماندہ، ناتواں، بے حس و حرکت۔
نذر : (ع) مونث ؛ (۱) منّت، چڑھاوا (۲) نیاز، فاتحہ، (۳) بڑوں کو دیا جانے والا تحفہ، پیش کش۔
نذر و نیاز : مونث ؛ (۱) درود و فاتحہ، (۲) کسی مذہبی بزرگ کے نام پر دی جانے والی جنس یا شیرینی۔
نذر دینا / گزارنا : (۱) تحفہ پیش کرنا (۲) (کنایتاً) رشوت دینا۔
نذرانہ : مذکر ؛ (۱) بھینٹ، تحفہ، ہدیہ، پیش کش کے طور پر دی جانے والی چیز (۲) (کنایتاً) رشوت۔
نذیر : (ع) مذکر ؛ (۱) ڈرانے والا (۲) رسولِ خدا کا ایک صفاتی نام۔

ن ـ ر ـ ز ـ ژ

نر : (ف) مذکر ؛ مادہ کا مقابل۔
ـــــ گاؤ : مذکر ؛ بیل، گائے کا نر۔
ـــــ میش : مذکر ؛ مینڈھا، دنبہ۔
نرینہ : مذکر ؛ نر۔
نرا : (ھ) مذکر ؛ (۱) صرف، محض، اکیلا، تنہا، (۲) خالص بے میل (۳) سراسر، بالکل، پورا۔
نراجیت : مونث ؛ لاقانونیت ؛
نراس / نراس : (ھ) مونث ؛ مایوسی، نا اُمیدی۔
نراسار / نراشا : مذکر ؛ مایوس۔
نرالا : (ھ) مذکر ؛ (۱) انوکھا، سب سے الگ، سب سے جدا، (۲) جدا، علاحدہ۔
نرانا : (عم) نرائی کرنا، باغ اور کھیت کا خود رو گھاس اور کانٹوں وغیرہ سے پاک کرنا۔
نربل : (ھ) کمزور، لاغر، ناتواں، کم طاقت۔
نرت / نرتیہ : (س) مذکر ؛ ناچ، رقص، ناچ میں قدموں کی پھرتی۔
نرتک : (ھ) مذکر ؛ ناچنے والا، رقاص۔

نرتکی : (ع) مونث ؛ ناچنے والی، رقاصہ۔
نرخ : (ف، مذکر) اناج وغیرہ کا بھاؤ، شرح۔
—— گھٹانا : بھاؤ کم کرنا۔
—— تیز ہونا / چڑھنا / بڑھنا : بھاؤ بڑھ جانا۔
—— نامہ : مذکر ؛ فہرست نرخ بازار کے نرخ کی فہرست۔
نرخرا : (ھ) مذکر ؛ ٹینٹوا، حلقوم۔
—— بولنا : مرتے وقت حلق سے آواز نکلنا، گھرگھر لگنا۔
نرد : (ف) مونث ؛ (۱) چوسر کی گوٹ (۲) ایک بازی کا نام۔
نردبان : مذکر ؛ مونث ؛ سیڑھی۔ زینہ۔
نردوش : (ع) بے قصور، بے گناہ۔
نردئی : (ع) بے رحم، سخت دل، ظالم۔
نرس : NURSE (انگ) مونث ؛ (۱) تیمارداری کرنے والی عورت (۲) دودھ پلانے والی عورت۔ آیا۔
نرسری : NURSERY (انگ) مونث ؛ کم عمر بچوں کی بالکل ابتدائی درس گاہ (۲) چھوٹے پودوں کی کیاری۔
نرسل : مذکر ؛ نرسنگا، ایک قسم کا بجانے کا سینگ، بگل ترئی۔
نرسنگ ہوم : NURSING HOME (انگ) تیمارخانہ، زچہ خانہ۔
نرسنگھ : (س) مذکر ؛ (۱) شیر کے سر والا، وشنو کا چوتھا اوتار، (۲) شہ زور آدمی، بہادر آدمی (۳) موکل۔
نرسوں : (ھ) مونث ؛ پرسوں کے بعد کا دن، پرسوں کے قبل کا دن۔
نرغا / نرغہ : مذکر ؛ (۱) شکار کے گھیرنے کے واسطے بنایا جانے والا آدمیوں کا حلقہ (۲) بھیڑ، انبوہ، ہجوم، (۳) مشکل وقت، دشواری۔
نرک : (ھ) مذکر ؛ دوزخ۔
نرکل : مذکر ؛ نرسل، نے، سیٹھا۔
نرگس : (ف) مونث ؛ (۱) ایک قسم کے پودے اور اس کے پھول کا نام (۲) آنکھ سے مشابہ پھول۔
نرگسی پلاؤ : اُبلے ہوئے انڈوں کو کوفتوں میں رکھ کر پکایا ہوا پلاؤ
نرگسی کباب / کوفتہ : انڈے پر لپٹا ہوا قیمہ لپیٹ کر پکایا ہوا کباب اور انڈا اندر بھرا کوفتہ۔
نرم : (ف) (۱) ملائم (۲) گدگدا (۳) پلپلا (۴) لوچدار (۵) ڈھیلا (۶) سست، کاہل (۷) مدھم دھیما، (۸) آسان، سہل۔
نرماہٹ : (ع) مونث ؛ ملائمت، نرمی۔
نرم چارا : مذکر ؛ (۱) ملائم خوراک، جلدی ہضم ہونے والی غذا، (۲) (کنایتاً) عاجز، کمزور۔
—— گرم : (ف) بُرا بھلا، سست، سخت۔
نرماتا : (ع) مذکر ؛ (۱) بنانے والا (۲) (انگ) پروڈیوسر، خالق۔
نرمان : (ع) مذکر ؛ بناوٹ، تعمیر، تیاری۔
نرمل : (ع) صاف، شفاف، بے کدورت۔
نرم نگاہی : (مونث) (ف) (۱) مہربانی (۲) لطف کرم۔
نرموہی : (ع) نامہربان، سنگ دل۔
نرمہ : (ف) مذکر ؛ (۱) کان کی لَو (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
نرمی : (ف) مونث ؛ (۱) ملائمت، نازکی، (۲) دھیما پن، (۳) رحم دلی مہربانی (۴) آسانی (۵) پلپلاپن۔
نروان : (ع) مذکر ؛ دنیا کی موہ مایا سے نجات، خدا کا قرب۔
نروپ : (ع) بے شکل۔
نرودھ : (ع) مذکر ؛ روک، بندش، گھیرا۔
نروگ : (ع) تندرست، بغیر روگ کے۔
نری : مونث ؛ بکری یا بھیڑ کا ننگا ہوا چمڑا۔
نزار : (ف) لاغر، دبلا، کمزور، مفلس، قلاش۔
نزاع : (ع) مونث ؛ جھگڑا، تکرار، تنازع، فساد۔
—— لفظی : (اضافت کے ساتھ) مونث ؛ لفظوں پر جھگڑا، زبانی بحث وتکرار۔
نزاکت : (ف) مونث ؛ (۱) نازک ہونا، پاکیزگی، باریکی، نازک مزاجی، اظہار لطافت، نازکی (۲) خوبی، لطف، نفاست۔
نزد / نزدہ : قریب، پاس، نزدیک۔
نزدات : مونث ؛ (اہل حساب کی اصطلاح) بقیہ، مطالبہ خزانچی کے پاس جو تھوڑی رقم رکھی جائے۔
نزدیک : (ف) (۱) قریب، پاس (۲) رائے میں، سمجھ میں۔
نزع : (ع) مونث ؛ جاں کنی، جان کھینچنا، دم ٹوٹنا۔

نَزلہ : (ع) مذکر؛ زکام، ایک بیماری کا نام، سردی۔
—— گرنا : (ا) نزلہ کا کسی خاص عضو پر حملہ کرنا (۲) (کنایتاً) آفت آنا، شامت آنا۔
نُزُول : مذکر؛ (ا) اُترنا، فروکش ہونا (۲) قرآن کا نازل ہونا (۳) مونث؛ سرکاری زمین۔
—— اَجلال : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بڑے مرتبے والے شخص کا آنا۔
نزہت : (ع) مونث؛ بے عیب ہونا، پاکیزگی، تروتازہ ہونا۔
—— خاطر : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ خوش دلی، انبساطِ خاطر۔
نژاد : (ف) مونث؛ اصل، نسب، نسل۔

ن۔س۔ش۔ص

نَس : مونث؛ رگ۔
—— دار : بہت رگوں والا، گیلا۔
—— کٹا : مذکر؛ خواجہ سرا، ہجڑا، زنخا، زنانہ۔
نِساء : (ع) مونث؛ عورتیں، بیویاں۔
نسب : (ا) مذکر؛ نسل، اصل، سلسلۂ خاندان۔
—— نامہ : (ف) مذکر؛ شجرۂ خاندان، کرسی نامہ۔
نِسبت : (ع) مونث؛ (ا) لگاؤ، تعلق، علاقہ، واسطہ، (۲) مناسبت، مطابقت، مشابہت (۳) منگنی، منگنی کا پیام، (۴) بابت۔
نسبتی بھائی : مذکر؛ (ا) بہنوئی، دولھا بھائی، (۲) سالا، جورو کا بھائی۔
نَسترَن : (ف) مونث؛ سیوتی، سیوتی کا پھول۔
نستعلیق : مذکر؛ (ا) اُردو کا نہایت خوب صورت اور صاف خط (۲) مہذب، متین، شائستہ۔
نَسخ : (ع) مذکر؛ (ا) تردید، بطلان، منسوخ کرنا، (۲) ایک مشہور خط (تحریر) کا نام۔
نُسَخ : مذکر؛ نسخہ (بمعنی کتاب) کی جمع۔
نُسخہ : (ع) مذکر؛ (ا) کتاب، جلد، رسالہ (۲) (اصطلاح طب) بیمار کے لیے دوائیں اور ترکیب استعمال لکھنے کا پرچہ (۲) ترکیب، ڈھنگ (۴) چٹکلا۔ لٹکا۔
نسرین : مونث؛ سیوتی کا درخت، سیوتی کا پھول، ایک قسم کا سفید گلاب کا پھول۔
نَسق : (ع) مذکر؛ ترتیب، بندوبست، انتظام، روش، دستور۔
نَسل : (ع) مونث؛ آل اولاد، بال بچے قبیلہ، اصل خاندان۔
نَسلاً بعد نسلٍ : (ع) پشت بہ پشت۔
نسوار : (ھ) مونث؛ ناس، ہلاس، سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔
نِسواں : (ع) مونث؛ مستورات، عورتیں۔
نِسوَت : (ھ) (ا) صاف نتھرا ہوا، (۲) پتلی بے میل چیز، خالص (۳) بغیر لوئی کا پتلا شوربہ۔
نِسہارے : بغیر کسی سہارے کے، بے یار و مددگار۔
نَسیاً منسیا : (نس۔یم۔من۔سی۔یا) : فراموش، بالکل بھولا ہوا، از یاد رفتہ۔
نِسیان : (ع) مذکر؛ بھول چوک، بھول جانا۔

نسیم : (ع) مونث؛ (ا) ٹھنڈی ہوا، آہستہ چلنے والی خوشبودار ہوا (۲) مطلق ہوا۔
—— سحر سحری : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ بادِ صبا، صبح کی ہوا۔
نِشا / نِشی : (ھ) مونث؛ رات۔
نشاتِ ثانیہ ———— : (ع) مذکر؛ (ا) دوبارہ پیدا ہونا، دوسری زندگی (۲) پرانا دور ختم ہو کر نیا دور پیدا ہونا (۳) قدیم کا خاتمہ نئے کی ابتدا کا زمانہ۔
نِشاستہ : (ف) مذکر؛ (ا) گیہوں کا ست، مغز گندم، (۲) اِرار، مانڈی، کلف، بیج۔
نشاط : (ع) مونث؛ خوشی، شادمانی، فرحت، مزا، عیش۔
—— افزا : (ف) نشاط بڑھانے والا۔
—— کار : (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ کام کرنے کی امنگ۔
نشان : (ف) مذکر؛ (ا) آثار (۲) کھوج، سُراغ (۳) علامت (۴) پتا، نام و نشان (۵) یادگار، نشانی (۶) علم، جھنڈا، لشکر کا جھنڈا (۷) داغ، (بمعنا ۸) اثر (۹) بادشاہ کا فرمان (۱۰) تمغا۔

نِشان دَہی: مونث؛ سراغ رسانی، ٹھکانا بتانا، پتا بتانا۔
نشانہ: (ف) مذکر؛ ہدف، وہ علامت جو تیر مارنے کے واسطے بنا دیں، نشست، زد، گولی یا تیر مارنے کی جگہ۔
—— اُڑا دینا / اُڑانا: ٹھیک نشانہ لگانا۔
—— ہونا: تیر یا گولی سے مارا جانا، نشانہ بننا، شکار ہونا۔
نشانی: (ف) مونث؛ (۱) جو چیز اس غرض سے دی جائے کہ اس چیز کے دیکھنے سے دینے والے کی یاد آجائے، یادگار (۲) وہ چیز جو تصدیق کے واسطے کسی کے ہمراہ کریں (۳) شناخت کی علامت، پہچان، علامت (۴) اولاد، نسل، خاندان کا جز۔
نشتر: (ف) مذکر؛ فصد کھولنے یا زخم چیرنے کا اوزار۔
نشٹ: (ہ) برباد، پامال، خراب۔
نِش چِنت: (ہ) نچنت، بے فکر، بے پروا۔
نشر: (ع) (۱) پراگندہ، پریشان، آوارہ (۲) شائع کرنا، تقریر خبریں ریڈیو سے سنانا (۳) زندہ کرنا، زندہ ہونا۔
نشرہ: (ع) مذکر (۱) بچہ کے قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی (۲) وہ ۱۔ب۔ت، جو زعفران اور شنجرف سے استاد طالب علم کی تختی پر مکتب نشینی کے دن لکھتا ہے۔
نشریہ: (ع) مذکر؛ دیکھو، براڈ کاسٹ۔
نشست: (ف) مونث؛ (۱) بیٹھک (۲) موزونیت، کرسی، (۳) صحبت، ہم نشینی (۴) پارے کا بیٹھ جانا، (۵) بیٹھنے کی جگہ۔
—— برخاست: (ف) مونث؛ اٹھنا، بیٹھنا، آداب مجلس اُٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔
—— گاہ: (ف) مونث؛ بیٹھنے کی جگہ، بیٹھک، دیوان خانہ۔
نشو: (ع) مذکر؛ نمو، بالیدگی، روئیدگی، پیداوار بڑھانا، پیدا ہونا، اُگنا۔
نشوونما: مذکر؛ مونث؛ (۱) بالیدگی، بڑھنا اور اُگنا پرورش پانا (۲) رونق، ظہور، ترقی۔
نُشور: (ع) مذکر؛ مُردے کا قیامت کے دن اُٹھنا، حشر قیامت۔
نشہ / نشا: مذکر؛ (۱) پی کر مست ہونا، سرور ہونا، بے ہوشی ہونا، (۲) (کنایتاً) گھمنڈ، غرور۔
نشہ اُتارنا: (۱) نشہ کا زائل کرنا، (۲) غرور مٹانا۔
—— پانی کرنا: (۱) نشہ کی چیز کھانا پینا (۲) (کنایتاً) رشوت لینا۔
—— کا ڈورا / کے ڈورے: مذکر؛ شراب کے نشے سے آنکھوں کی رگوں میں پڑنے والی سُرخی۔
—— میں چور ہونا: نشے میں بدمست اور بدحواس ہونا۔
—— میں غیں ہونا: نشے کی زیادتی سے بدحواس ہونا۔
—— ہرن ہونا: (۱) (کنایتاً) بے ہوشی اور غفلت سے ہوش میں آنا، نشہ کا اُترنا، ہوش آجانا (۲) گھمنڈ دور ہونا۔
نشیب: (ف) مذکر؛ پستی، زمین پست۔
—— و فراز: (ف) مذکر؛ اونچ نیچ، اُتار چڑھاؤ۔
نشید: (ع) مذکر؛ نغمہ، لَے۔
نشیلا: مذکر؛ نشہ میں بھرا ہوا، نشہ میں سرشار۔
نشیمن / نشیمن: مذکر؛ مسکن، مکان، پرندوں کا گھونسلا آشیانہ۔
نَص: (ع) مونث؛ (۱) قرآن کی ان آیتوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جن کے معنی ظاہر اور صریح ہوں (۲) وہ حکم الٰہی جو صاف اور صریح ہو۔
—— ناطق: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ قطعی غیر مبہم اور واضح کلام۔
نِصاب: (ع) مذکر؛ (۱) سرمایہ، پونجی (۲) اتنا مال جس پر زکاۃ دینا واجب ہے (۳) پڑھائی کا کورس (۴) جانچ، تول، اندازہ۔
نصاریٰ: (ع) جمع نصرانی کی، مذکر؛ عیسائی، مذہب عیسوی کے پیرو۔
نصرانی: عیسائی، عیسائی مذہب۔
نصائح: (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع نصیحت کی، نصیحتیں۔
نَصب: (ع) (۱) مذکر؛ کھڑا کرنا، برپا کرنا، قائم کرنا (۲) زبر کی حرکت۔
نَصب العین (نَصبُ۔ عَین): (ع) مذکر؛ مقصد اصلی، دلی منشا، منظور خاطر۔
نصر: (ع) مونث؛ یاری، مدد، پشتی، فتح، ظفر۔
نصرت: مونث؛ (۱) یاری، مدد، حمایت (۲) فتح، ظفر، جیت۔

نَصرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتحٌ قَرِیبٌ : سفر پر رخصت کرتے وقت پڑھی جانے والی آیتِ قرآنی۔ دُعا۔
نِصف : (ع) آدھا۔
نِصف النہار (نِص فن نہار) : مذکر؛ ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھنچا ہوا ایک فرضی خط، (۲) دوپہر کا وقت۔
نِصفا نِصف / نِصفا نِصفی : آدھوں آدھ، ٹھیک آدھا۔
نِصفت / نَصفت : (ع) مونث؛ انصاف، عدل، داد۔
نَصُوح : (ع) (ا) خالص، صاف، (۲) پکی توبہ۔
نَصُوحا کی توبہ : (کنایتاً) ہمیشہ کے لیے کی جانے والی توبہ۔
نُصُوص : (ع) مذکر؛ جمع نص کی، قرآن مجید کی صاف اور کھلے معنی رکھنے والی آیات۔
نَصیب : (ع) مذکر؛ (ا) قسمت، تقدیر، خوش قسمتی (۲) حاصل میسّر، (۳) حصّے کے قسمت کے۔
—— اَعدا / دشمناں : (اضافت کے ساتھ) (ا) کلمہ دُعا، کسی عزیز کی بیماری یا بُری خبر کا ذکر سُن کر کہا جانے والا کلمہ۔
—— کُھل جانا / کُھلنا : قسمت یاور ہونا۔
—— ہونا : حاصل ہونا، میسّر ہونا، دستیاب ہونا۔
نَصیبا : مذکر؛ نصیب، قسمت۔
نَصیبے کا سکندر : بے حد خوش اقبال۔
نَصیحت : (ع) مونث؛ (ا) پند، اچھی صلاح، نیک مشورہ (۲) (دہلی) تنبیہہ، عبرت۔
نَصیر : (ع) (ا) مددگار، مدد دینے والا، معاون (۲) دوست (۳) خدا کا صفاتی نام۔
نُصَیری : (ع) حضرت علیؓ کو خدا ماننے والے لوگ (۲) (کنایتاً) فدائی، جاں نثار۔

ن ۔ ط ۔ ظ

نُطفہ : (ع) مذکر؛ (ا) منی (۲) اولاد۔
—— بے تحقیق : (اضافت کے ساتھ) (ا) حرامی، ولدالزنا (۲) بدذات، فتنہ پرداز۔
—— ٹھہرنا : حمل قرار پانا، پیٹ میں بچہ ہونا۔
نُطق : (ع) مذکر؛ گویائی، بولنے کی طاقت، بات، گفتگو۔
نظارت : (ع) مونث؛ (ا) نظر کرنا، کسی چیز کو دیکھنا، نگہبانی (۲) ناظر کا دفتر، ناظر کا کام۔
نظارگی : (ف) مونث؛ (ا) نظارہ، دیدار بازی (۲) (کنایتاً) نظر بازی۔
نظارہ : مذکر؛ (ا) دیکھنا، نظر ڈالنا، دیدار (۲) سیر، تماشا، لُطف (۳) نظر، نگاہ۔
—— بازی : مونث؛ نظر بازی، گھورا گھاری۔
نِظام : (ع) مذکر؛ (ا) سلسلہ، ترتیب، آراستگی (۲) روش طریقہ، (۳) بندوبست انتظام (۴) فرماں روائے دکن کا خطاب۔
—— بطلیمُوس : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بطلیموس حکیم کا نظام جس میں زمین کو مرکزِ عالم قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد کُل کواکب اور سورج چاند وغیرہ گردش کرتے مانے گئے ہیں۔
—— شمسی : (اضافت کے ساتھ) نیشاغورث کا نظام جس میں سورج مرکزِ عالم قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد زمین وغیرہ کل ستارے، سیارے گردش کرتے ہوئے مانے گئے ہیں۔
نَظائر : (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع نظیر کی (ا) مثالیں (۲) ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلے۔
نَظر : (ع) مونث؛ (ا) غور سے دیکھنا (۲) نگاہ، بصارت، آنکھ کی روشنی (۳) غور، فکر، تامل، توجہ، (۴) نگرانی، دیکھ بھال (۵) تعلق، نسبت (۶) تمیز، جانچ، پرکھ (۷) اندازہ، قیاس (۸) امید، توقع (۹) نظرِ بد (ا) جن و پری کا سایہ، بھوت پریت کا اثر، آسیب۔
—— اُتارنا : صدقہ دینا، کسی عمل یا منتر سے چشمِ بد کا اثر دُور کرنا۔
—— آجانا / نظر آیا جانا : نظر لگ جانا، چشمِ بد کا اثر ہو جانا۔
—— انداز کرنا : (ا) ناپسند کرنا، نامنظور کرنا، نگاہ سے گرانا، (۲) کسی چیز یا معاملے پر التفات نہ کرنا۔
—— باز : (ف) نیک اور بد کا پہچاننے والا، عیاروں کو فوراً بھانپ لینے والا، کسی چیز کو دیکھ کر فوراً تاڑ جانے والا۔
—— باندھنا : نظر بندی کرنا، جادو کے زور سے عجیب کرتب دکھانا۔
—— بچا جانا / نظر بچانا : آنکھ چُرانا، ٹالنا، کترانا، بچ کر نکلنا۔

نظر بد : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) بری نظر (۲) بری نظر کا اثر۔
—— بد لنا : (۱) نظر میں فرق آنا، تیور بدلنا (۲) ارادہ بدلنا، بدنیت ہونا۔
—— بند : وہ شخص جسے بغیر مقدمہ چلائے اور سزا دیئے قید میں رکھا جائے (۲) قیدی، بظاہر آزاد مگر نگرانی میں رہنے والا قیدی (۳) کچھ کا کچھ نظر آنے والا شعبدہ۔
—— بندی : (ف) مونث؛ (۱) پاسبانی، حراست (۲) شعبدہ بازی، جادوگری، جادو یا شعبدہ کے اثر سے دوسرے کی نگاہ کو ایسا قابو میں کرنا کہ کچھ کا کچھ نظر آئے۔
—— پر چڑھنا / نظروں پر چڑھنا : دل کو بھانا (۱) کسی کا کسی کی نگاہ میں باوقعت ہونا (۲) اندازہ کیا جانا (۳) دشمنی کی نظر سے دیکھا جانا۔
—— پیدا کرنا : جانچ کی قوت اور ملکہ پیدا کرنا، صلاحیت پیدا کرنا۔
—— ثانی : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (۱) دوسری بار دیکھنا (۲) عبارت کا ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔
—— جلانا : بری نظر دفع کرنے کے لیے خاص منتر نہ ترکیب سے چیتھڑے جلانا۔
—— چرانا / نظریں چرانا (۱) نظر بچانا (۲) آنکھ چرانا، کسی کام سے پہلوتہی کرنا (۳) چوری چوری دیکھنا۔
—— دوچار ہونا : نگاہ کا نگاہ سے سامنا ہونا۔
—— رکھنا : (۱) توجہ رکھنا، محبت کی نظر سے دیکھنا، عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲) خبر رکھنا (۳) امید رکھنا، توقع رکھنا (۴) ارادہ رکھنا، نیت رکھنا (۵) شناخت رکھنا، تمیز رکھنا توجہ رکھنا، خیال رکھنا۔
—— غلط انداز : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ عاشقوں کو دھوکا دینے والی معشوق کی نظر۔
—— کیمیا اثر : (اضافت کے ساتھ) (ف) فیض پہنچانے والی نظر۔
—— گزر : (ع) مونث؛ (۱) چشم بد کا اثر (۲) وہ چیز نظر کا اثر بد دور کرنے کے لیے الگ کر دیتے ہیں۔
—— گزر کا ٹیکا : مذکر؛ بچوں کے ماتھے پر دفع نظر بد کے لیے کاجل کا ٹیکا۔
نظر لڑنا : ایک کی نگاہ کا دوسرے کی نگاہ سے دوچار ہونا۔
—— میں سمانا / نظروں میں سما جانا : پیارا لگنا، مقبول نظر ہونا۔
—— میں گھبنا / نظروں میں گھبنا : مرعوب نظر ہونا، پسند ہونا۔
نظری : (ف) (۱) نامنظور چیز (۲) بدیہی کا مقابل (۳) ناقابل قبول، (۴) خیالی (۵) قیاسی۔
نظریات : (ع) مذکر؛ مسائل فکری، اصول، قاعدے،
نظریہ : (ع) مذکر؛ وہ مسئلہ جس میں نظر اور فکر سے کام لیا جائے، اصول (انگ) تھیوری۔
نظم : (ع) مونث؛ (۱) لڑی، سلک (۲) شعر، موزوں کلام (۳) مذکر؛ بندوبست، انتظام
—— ونسق : مذکر؛ بندوبست، اہتمام، حکمرانی کا قاعدہ۔
نظیر : (ع) (۱) مانند، مثل، (۲) مثال، تمثیل (۳) عدالت عالیہ کا فیصلہ۔
نظیف : (ع) حلال، پاک، پاکیزہ۔

ن - ع - غ

نعال : مذکر؛ جمع نعل کی، گھوڑے کے سموں میں ٹھوکے جانے والے نعل، جوتے۔
نعت : (ع) مونث؛ (۱) وصف (۲) آں حضرت کی ستائش وثنا کے لیے مخصوص لفظ۔
نعرہ : (ع) مذکر؛ (۱) للکار، زور کی آواز، شور (۲) آہ، ہائے، ہو۔ درد کی آواز۔
—— زن : (ف) (۱) نعرہ مارنے والا۔ للکارنے والا (۲) فریادکناں۔
—— حیدری : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) حضرت علیؓ کا نعرہ (۲) (کنایتاً) زور و شور کا نعرہ۔
نعش : (ع) مونث؛ (۱) تابوت (۲) لاش، مردے کا جنازہ، میت۔
نعل : (ع) مذکر؛ (۱) جوتی، پاپوش، جوتا (۲) (ف) گھوڑے یا بیلوں کے پاؤں میں لگانے کا آہنی حلقہ (۳) (اردو) جوتی

کی ایڑی میں مضبوطی کے لیے لگایا جانے والا لوہا۔
نَعل بند : (ف) مذکر؛ گھوڑوں بیلوں کے نعل باندھنے والا۔
نَعلین : (ع) مونث؛ دونوں جوتیاں، جوتی کا جوڑا۔
نَعَم : (ع) کلمۂ ایجاب بمعنی ہاں (۲) چارپایہ۔
نِعَم : (ع) مذکر؛ جمع نعمت کی، نعمتیں۔
نعم البدل (نِعْمُ بَدَل) : (ع) مذکر؛ اچھا بدلا، نیک عوض۔
نِعمت : (ع) مونث؛ (۱) مال، دولت، ثروت (۲) عطا، بخشش عطیہ (۳) لذیذ چیزیں، مزیدار کھانا (۴) آسائش۔
ـــــ خانہ : مذکر؛ کھانا رکھنے کی جالی لگی ہوئی الماری۔
ـــــ غیر مُتَرَقَّبہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ وہ نعمت جس کے ملنے کا سان گمان نہ ہو۔
نَعنَاع / نَعنع : (ع) مذکر؛ پودینہ۔
نَعُوذُ بِاللّٰہ : (ع) (پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی مدد سے) مذکر؛ خدا کی پناہ، خدا بچائے (نفرت ظاہر کرنے کے لیے)
نعیم : (ع) (۱) نعمت (۲) صاحبِ نعمت، نعمت والا۔
نغز : (ف) خوب، عمدہ، اچھا، اعلا، افضل، عجیب۔
نغمہ : (ع) مذکر؛ راگ، گیت، ترانہ، سُریلی آواز (جمع نغمات)
ـــــ ریز / زن / سَرا / سنج / طراز : (ف) اچھا گانے والا، اچھا شعر کہنے والا۔

ن - ف

نِفاختی : (عو) مونث؛ ذلیل، تھوڑی سی چیز، بے وقعت۔
نَفاذ : (ع) مذکر؛ صدور، حکم جاری ہونا، ایک چیز کا دوسری چیز سے نکلنا۔
نِفاس : (ع) مذکر؛ عورت کے بچہ جننے کے بعد چالیس روز تک ٹپکتے رہنے والا ناپاک خون و رطوبت۔
نَفاست : (ع) مونث؛ صفائی، لطافت، خوبی، عمدگی، پاکیزگی۔
نِفاق : (ع) مذکر؛ (۱) پھوٹ، بظاہر دوستی بباطن دشمنی (۲) بگاڑ، نااتفاقی۔
نفائس : (ع) مذکر؛ جمع نفیسہ کی، نفیس چیزیں، عمدہ چیزیں۔
نفت : (ف) مذکر؛ (۱) زمین میں سے نکالا جانے والا ایک قسم کا سیاہ و سفید روغن، مٹی کا تیل (۲) (مجازاً) بارود۔
نَفخ : (ع) مذکر؛ اپھار، پیٹ کا پھولنا۔
ـــــ صُور / نَفخۂ صور : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ صور جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل پھونکیں گے۔
نَفَر : (ع) آدمیوں کا گروہ (تین سے دس تک) (۲) نوکر، چاکر ادنیٰ ملازم (۳) کام کرنے والا، قلی، مزدور (۴) ایک آدمی، واحد شخص (۵) سائیس۔
نَفرَت : (ع) مونث؛ گھن، بیزاری، کراہت۔
ـــــ انگیز : نفرت بڑھانے والا، نفرت دینے والا۔
نَفَری : مونث؛ (۱) روزانہ مزدوری، مزدوری، اُجرت، (۲) ایک آدمی کا ایک دن کا کام۔
نَفرِیں : (ف) مونث؛ کوسنا، ملامت، پھٹکار، لعنت دعائے بد۔
نَفس : (ع) مذکر؛ (۱) جان، رُوح (۲) ذات وجود، ہستی (۳) حقیقت، اصلیت، اصل، سَت، لُبِّ لُباب، (۴) خواہشِ نفسانی۔
ـــــ الامر : (نَفْسُ اَمر) (ع) مذکر؛ اصل، مُدعا، واقعی بات، درحقیقت۔
ـــــ اَمّارہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ بُرے کاموں پر لے جانے والی خواہش۔
ـــــ بہیمی : (ف) مذکر؛ (۱) چوپایوں کی جان (۲) (مجازاً) حیوانی خواہش۔
ـــــ پرست / پَروَر : (ف) خودغرض، شہوت پرست، عیاش۔
ـــــ کُشی : (ف) مونث؛ خواہشِ نفسانی کو روکنا، پارسائی، پاک دامنی۔
ـــــ لَوّامہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ پر لعنت ملامت کرنے والا، نفس۔
ـــــ ناطِقہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) (اصطلاح حکماء) انسانی رُوح (۲) (اصطلاح تصوف) بولنے والی روح۔ (۳) وہ شخص جو کسی دوسرے کی ناک کا بال ہو۔

نَفسِ نفیس : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) خدا کی ذاتِ پاک (۲) (مجازاً) ذاتِ خاص، خود بدولت، اپنے آپ۔
نفیس : عمدہ، خوبصورت۔
نفسا نفسی/نفسی نفسی : مونث؛ خودغرضی، آپا دھاپی۔
نفسانی : (ع) منسوب بہ نفس، نفس کا۔
نفسانیت : مونث؛ خودغرضی، غرور، تحوت۔
نَفَس : (ع) مذکر؛ (۱) سانس، تنفس (۲) دم، گھڑی، ساعت، لمحہ، لحظہ، دقیقہ۔
—— بازپس/بازپسیں/واپسیں : (اضافت کے ساتھ) (ف) حالتِ نزع میں آخری دم (سانس) جو جاکر پھر نہ آئے۔
—— سَرد : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) آہ سرد، افسوس۔
—— شماری : (ف) مونث؛ (کنایتاً) حالتِ نزع۔
—— گرم : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) آہ گرم۔
نفسیات : (ع) مذکر؛ انسان کے تحت الشعور اور لاشعور کی تحقیق کا علم۔
نفع : (ع) مذکر؛ (۱) فائدہ، حاصل، نتیجہ، ثمرہ (۲) سود، منافع۔
—— نقصان : مذکر؛ (۱) فائدہ اور نوٹا (۲) برائی، بھلائی، برا بھلا (۳) علمِ حساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت میں نفع نقصان معلوم کیا جاتا ہے۔
نفقہ : (ع) مذکر؛ بال بچوں کا خرچ، بیوی کا روٹی کپڑا۔
نفل : (ع) مذکر؛ مونث؛ وہ عبادت جو بندے پر واجب نہ ہو، فرض، واجب، سنت کے علاوہ پڑھی جانے والی نماز۔
نُفوذ : (ع) مذکر؛ سرایت کرنا، نفوذ کرنا، اندر گھسنا
نُفور : (ع) مذکر؛ (۱) بھاگنا، نفرت کرنا (۲) نفرت کرنے والا۔
نفوس : (ع) مذکر؛ جمع نفس کی، روحیں۔
—— قدسیہ : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پاک روحیں پیغمبر اور فرشتے اور نیک لوگ بزرگانِ دین۔
نُفوی : مونث؛ انکاری، اثباتی کی ضد۔
نَفی : (ع) مونث؛ کسی چیز کے وجود سے انکار کرنا۔
نفیری : (ف) مونث؛ شہنائی، تری۔
نفیس : (ع) (۱) عمدہ، قیمتی، بیش بہا (۲) پسندیدہ، لطیف، پاکیزہ، ستھرا۔

ن۔ق

نِقاب/نَقاب : (ع) مذکر؛ مونث؛ منہ پر ڈالنے کا پردہ۔
نَقّاد : (ع) (۱) پرکھنے والا، کھوٹا کھرا دیکھنے والا۔ (۲) تنقید و تبصرہ کرنے والا۔
نقّارچی : (ف) مذکر؛ نقارہ بجانے والا، نوبت بجانے والا۔
نقّارخانہ : (ف) مذکر؛ نوبت خانہ۔
—— خانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے : (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے میں چھوٹے آدمی دخل نہیں پا سکتے، بہت شور و غل میں خوش الحان کی بھی نہیں سنی جاتی۔
نقارہ/نقارہ : (ف) مذکر؛ نوبت، طبل۔
—— بجا کے/نقارے کی چوٹ : علانیہ، کھلم کھلا، ڈنکے کی چوٹ۔
نقّاش : (ع) نقش و نگار بنانے والے مصور۔
—— ازل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (کنایتاً) خدائے تعالا۔
نِقاط : (ع) مذکر؛ جمع نقطہ کی۔
نقّال : (ع) مذکر؛ بھانڈ، نقلیں کرنے والا، مسخرا، بہروپیا۔
نقاہت : (ع) مونث؛ کمزوری، ضعف، ناتوانی۔
نقائص : (ع) جمع نقص کی، مذکر؛ عیب، برائی، کھوٹ۔
نقب : (ع) مونث؛ سیندھ، سرنگ، شگاف۔
نقد : (ع) مذکر؛ (۱) چاندی سونے کا سکہ (۲) فوراً ادا کی جانے والی رقم (۳) پونجی، سرمایہ۔
—— دَم : اکیلا، مجرد، تن تنہا۔
نقد و جنس : مذکر؛ دھن دولت، مال و اسباب۔
نقد انقد : (۴) ہاتھوں ہاتھ، دست بدست، فوراً ادا کرنے کی شکل۔
نقدی : مونث؛ روپیا، مال و زر، دولت، زر نقد۔
نِقرِس : (ع) مذکر؛ انگوٹھے کے درد کا نام ایک طرح کا گٹھیا۔
نُقرہ : (ف) مذکر؛ (۱) چاندی (۲) (کنایتاً) ہر سپید چیز۔ (۳) سفید رنگ کا گھوڑا۔
—— خام/سیم : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ خالص چاندی۔
نقش : (ع) مذکر؛ (۱) تصویر، شبیہہ (۲) پھول پتی کا کام۔

بیل بوٹے کا کام، (۳) لکھا ہوا، کھدا ہوا، کندہ (۴) ابھرا ہوا نشان (۵) نام و نشان (۶) مہر لگانے سے پڑنے والا نشان، چھاپ، مہر، چھاپا، ٹھپا (۷) مہر میں کندہ نام یا عبارت (۸) ہندسے یا اسمائے متبرکہ کا تعویذ (۹) اثر، ہر قسم کی تحریر کی علامت۔

نقشِ آب / بر آب : (ف) (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) پانی پر کا نشان (۲) فانی، مٹ جانے والا، بے ثبات، باطل۔

—— **اوّل** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ مسودہ، پہلی تحریر، پہلا کام۔

—— **باطل** : (اضافت کے ساتھ) نقش جو مٹانے کے قابل ہو یا مٹ گیا ہو۔

—— **بہ دیوار / بر دیوار** : (ف) حیران، متعجب۔ حیرت زدہ ہکا بکا، بے حس و حرکت۔

—— **بند** : (ف) (۱) نقاش، مصور (۲) نقش کیا ہوا خواجہ بہاءُ الدین کا لقب۔

—— **بیٹھنا** : (۱) اثر ہو جانا (۲) (کنایتاً) کسی کے دل میں کسی کا جگہ کر لینا، نشان بن جانا۔

—— **ثانی** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ دوسری بار کا نقش پہلے سے بہتر نقش۔

—— **قدم پر چلنا** : کسی کی پوری پوری تقلید کرنا۔

—— **کالحجر** : (کل حجر) پتھر کی لکیر، پتھر کے نقش کی مانند۔

—— **و نگار** : (ف) مذکر؛ پھول پتی کا کام، بیل بوٹے کا کام، زیب و زینت۔

نقشی : نقش دار، نقش کیا ہوا برتن۔

نقشہ / نقشا : مذکر؛ (۱) تصویر، شبیہہ، روپ (۲) صورت چہرہ، شکل (۳) ڈول، ساخت، چہرے کی بناوٹ، (۴) سج دھج وضع قطع، طرز و انداز (۵) حلیہ، خط و خال، (بھونیا کی) ہیئت۔ سطح زمین کی تصویر (۶) نمونہ، مثال، خاکہ، چربہ، عمارت یا کسی اور چیز کی صورت (۸) سانچہ، قالب (۹) حالت، عالم، کیفیت (۱۰) طور طریق، ڈھنگ (۱۱) فہرست قرد ناموں کار جسٹر اکم نویسی (۱۲) چالان، مال کی خانہ پری (۱۳) چہرے کی مجموعی ہیئت۔

—— **اڑانا** : طرز اڑانا۔

نقشہ جات : جمع نقشہ کی۔

—— **نویس** : (ف) نقشہ بنانے والا، مصور، نقاش۔

نقص : (ع) مذکر؛ (۱) کجی، کوتاہی، کسر (۲) (مجازاً) برائی، کھوٹ، عیب۔

نقصان : (ع) مذکر؛ (۱) قباحت، ہرج، ضرر (۲) خسارا، گھاٹا۔

—— **مایہ و شماتت ہمسایہ** : (اضافت کے ساتھ) (ف) (مثل) خود اپنا نقصان ہو اور لوگوں کے لعنت ملامت کرنے کا اندیشہ بھی۔

نقض : (ع) مذکر؛ ٹوٹ پھوٹ، بگاڑنا، توڑنا۔

—— **امن** : (اضافت کے ساتھ) فساد، جھگڑا، امن شکنی۔

—— **عہد** : (ف) مذکر؛ عہد شکنی، وعدہ خلافی۔

نُقَط : (ع) مذکر؛ جمع نقطہ کی۔ نقطے۔

نقطہ : (ع) مذکر؛ (۱) صفر، بندی (۲) شک ظاہر کرنے کی علامت، (متروک)

—— **پرکار** : (اضافت کے ساتھ) دائرے کے بیچوں بیچ کی جگہ۔

—— **مقابل** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ ہم سر، حریف۔

نقل : (ع) مذکر؛ (۱) تبدیلی، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، مونث؛ (۲) اصل کا اتارا ہوا چربہ منقول، مثنیٰ (۳) مثل، نمونہ، نظیر (۴) چٹکلا، لطیفہ (۵) روایت بیان، ذکر (۶) سوانگ، روپ۔

—— **راجہ عقل** : (ف) (منقول) نقل کرنے کے لیے عقل کی ضرورت نہیں۔

—— **کفر کفر نہ باشد** : (اضافت کے ساتھ) (مثل) کفر کی نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہوتا، بری بات کی نقل بری نہیں سمجھی جاتی۔

—— **نویس** : مذکر؛ نقل کر کے دینے والا منشی، محرر عدالت۔

نقلی : (۱) مصنوعی، جعلی، کھوٹا (۲) روایتی، سماعی زبانی۔

نُقل : (ع) مذکر؛ (۱) وہ چیز جو کسی نشے دار چیز کھانے کے بعد ذائقہ بدلنے کے لیے کھائیں (۲) ایک قسم کی شیرینی

جو شادی کے موقع پر ساچق میں جاتی ہے۔
نُقل مجلس / محفل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) سخرہ جس کی ذات سے تفریح ہو (۲) وہ چیز جو یاران ہم صحبت مجلس میں کھائیں۔
نُقوش : مذکر؛ جمع نقش کی۔
نُقول : (ع) مذکر؛ مونث؛ جمع نقل کی۔
نقی : (ع) (۱) پاک، خالص، (۲) مذکر؛ شیعوں کے بارہ اماموں میں سے دسویں امام کا نام۔
نقیب : (ع) مذکر؛ (۱) لوگوں کے حالات اور خاندان سے واقف (۲) شہرت کرنے والا، خبر کرنے والا، مدح خواں (۳) وہ لوگ جو بادشاہوں یا امرا یا وزرا کی سواری کے آگے آگے آواز لگاتے جاتے ہیں، یا کسی کی باریابی دربار کے موقع پر آواز بلند پکارتے ہیں (۴) ہرکارہ، چوب دار۔
نقیض : (ع) مذکر؛ (۱) مخالف، اُلٹا، برعکس (۲) مونث؛ عداوت، بیر۔
نقیہ : (ع) ناتواں، کمزور، ضعیف۔

ن ۔ ک ، گ

نک : (ھ) مونث؛ ناک کا مخفف۔
—— چڑھا : (ھ) مذکر؛ غرور سے چیں بہ جبیں رہنے والا، دماغ دار، بدمزاج۔
نکات : (ع) مذکر؛ جمع نکتہ کی، باریکیاں، ہر ایک کی سمجھ میں نہ آنے والا بلیغ کلام۔
نکاح : (ع) مذکر؛ (۱) مجامعت، (۲) (مجازاً) بیاہ، شادی، عقد۔
نکاحی : مونث؛ منکوحہ، نکاح کر کے لائی ہوئی عورت۔
نکاس : مذکر؛ (۱) گھر سے باہر جانے کی راہ، شہر سے باہر جانے کی راہ (۲) پانی کے باہر نکلنے کی جگہ۔
نکاسی : مونث؛ (۱) شہر سے باہر جانا (۲) کاشتکاروں سے زمینداروں کو وصول ہونے والی لگان کی میزان (۳) روانگی، برآمد (۴) مال و اسباب کا فروخت ہونا۔ (۵) چھٹکارا، نجات (۶) کسی سے روپیہ وصول کرنا۔
نکالنا : (۱) باہر کرنا، خارج کرنا (۲) جدا کرنا، چھانٹنا، منتخب کرنا (۳) تفریق کرنا، منہا کرنا، وضع کرنا، (۴) دل سے کوئی بات پیدا کرنا، کسی چیز کو رواج دینا، ایجاد کرنا (۵) حل کرنا، سلجھانا (۶) باہر لانا، اُگھیڑنا، کاڑھنا بیل بوٹا نکالنا، (۸) سدھانا، گھوڑے کو گاڑی میں جوتنے کے قابل بنانا (۹) جواب دینا، برطرف کرنا، (۱۰) ظاہر کرنا (۱۱) برآمد کرنا (۱۲) شروع کرنا، (۱۳) بدلا لینا، عوض لینا۔
نکانا : (ہ) نلانا، کھیتوں اور کیاریوں سے گھاس پھونس صاف کرنا۔
نکبت : (ع) مونث؛ افلاس، مفلسی، فلاکت۔
نکتہ : (ع) مذکر؛ (۱) ہر کی بات، باریکی، باریک بات (۲) ف چٹکلا لطیفہ (۳) رخنہ، عیب، (۴) (اردو) گھوڑے کے منہ پر کا چمڑا۔
—— پرور / پرداز : خوش گفتار، عقلمند، ہوشیار، زبان آور، سخن شناس۔
—— چیں : عیب ڈھونڈنے والا، مین میکھ نکالنے والا۔
—— خفی : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ راز نہاں، سر خفی۔
—— داں : باریک بات جاننے والا، دقیقہ رس۔
—— سنج : (۱) سخن شناس، فصیح، خوش گفتار، تلی ہوئی بات کہنے والا، عقل مند، ہوشیار (۲) (مجازاً) شاعر سخنور، زبان آور، خوش تقریر۔
—— نواز : لطیف بات کی قدر کرنے والا۔
نکتی : مونث؛ ایک قسم کی مٹھائی۔
نکٹا : مذکر؛ (۱) ناک کٹا ہوا (۲) (کنایتاً) بے عزت، بدنام، بے حیا (۳) ایک پرندے کا نام (۴) ایک قسم کا بیہودہ گانا۔
—— جیے / برے احوال / حیا برے حالوں : بدنام اور رسوا شخص کی زندگی ذلت سے بسر ہوتی ہے۔
نکرہ : (ع) مذکر؛ معرفہ کی ضد، وہ اسم جو غیر معین چیزوں کے واسطے وضع کیا گیا ہو۔
نکمڑ : مذکر؛ موڑ، سرا، وہ جگہ جہاں ایک راہ تمام ہو کر دوسری راہ شروع ہو، کونہ۔
نک سک / نکھ سکھ : سراپا، حلیہ، جملہ اعضا۔

نک سک سے ٹھیک / سے درست — سر سے پاؤں تک خوش نما۔

نکسل وادی: ایک تشدد پسند انقلابی جماعت، نکسلی۔

نکسیر: مونث؛ ناک سے خون گرنا۔

نکل: ——— (انگ) مونث؛ ایک قسم کی سفید دھات۔

نکل آنا: (۱) باہر آنا، ظاہر ہونا (۲) پیدا ہونا، کھڑا ہونا (۳) زمین سے باہر آنا، پھوٹنا۔

——— بھاگنا: (۱) چلا جانا، چل دینا، فرار ہو جانا (۲) قابو سے چلا جانا (۳) چمپت ہو جانا، بچ کر نکل جانا (۴) صاف بچ جانا۔

——— پڑنا: (۱) نکل آنا، کثرت سے (۲) ظاہر ہو جانا، پوشیدہ مقام سے دفعتاً نمایاں ہونا (۳) باہر آجانا (۴) گر جانا، کھل جانا، (۵) ٹپک پڑنا، چونے لگنا (۶) اُگل پڑنا، (۷) باہر چلا جانا۔

——— جانا: (۱) چلا جانا، گزر جانا (۲) وعدہ خلافی کرنا، قول سے پھر جانا، (۳) پھٹ جانا (۴) بھاگ جانا (۵) رفاقت سے الگ ہو جانا، رفاقت چھوڑ دینا (۶) کسی قید کے مقام سے باہر جانا، (۷) کسی مخمصہ سے نجات پانا (۸) آگے چلا جانا (۹) گزر جانا، ہو چکنا (۱۰) سبقت لے جانا۔

——— چلنا: (کنایتاً) (۱) اِترا جانا، مغرور ہو جانا، (۲) گستاخ ہو جانا (۳) بے باک ہو جانا۔

نکلنا: (ھ) (۱) اُگنا، پھوٹنا، اوپر آنا (۲) بہنا، رسنا، جاری ہونا، (۳) پیدا ہونا جنم لینا (۴) ظاہر ہونا، نمودار ہونا، عیاں ہونا (۵) باہر چلا جانا، رخصت ہونا (۶) اٹھنا، بلند ہونا، طلوع ہونا (۷) ثابت ہونا، (۸) سبقت لے جانا، بڑھ جانا، بڑا ہونا (۹) بھاگنا، چلا جانا، فرار ہونا (۱۰) باہر ہونا، خارج ہونا (۱۱) زائد ہونا (کسی بات) ظاہر ہونا، ایجاد ہونا (۱۲) پھٹ جانا (۱۳) برآنا، حاصل ہونا (۱۵) کسی کے ذمہ کوئی فاضل رقم نکلنا (۱۶) باہر آنا (۱۷) اُبھرنا (۱۸) دور ہونا (۱۹) واضح ہونا، سمجھ میں آنا، (۲۰) ترجیح رکھنا، بڑھا ہونا (۲۱) کسی کام کا وقت جاتا رہنا۔

نکما: مذکر؛ (۱) بیکار، ناکارہ، بے مصرف، (۲) خالی، معطل، بے شغل (۳) برا، خراب (۴) ناچیز، حقیر، (۵) کام سے جی چرانے والا شخص۔

نکو: (ھ) (۱) (کنایتاً) بدنام، رسوا، مطعون (۲) بڑی ناک والا، لمبی ناک والا۔

نکو بنانا: (عو) بدنام کرنا، رسوا کرنا، انگشت نمائی کرنا۔

نکو: (ف) نیکو کا مخفف، نیک، عمدہ۔

نکوہش: (ف) مونث؛ ملامت، سرزنش، دھمکی۔

نکوئی: (ف) مونث؛ نیکی۔

نکہت / نگہت: (ف) مونث؛ پھول کی بو، خوشبو، مہک۔

نکیر: (ع) مذکر؛ قبر میں سوال وجواب کرنے والا فرشتہ۔

نکیرین: (ع) مذکر؛ منکر نکیر، قبر میں مُردے سے سوال وجواب کرنے والے دو فرشتے۔

نکیل: مونث؛ اونٹ کے ناک کی رسی، اونٹ کی مہار۔

نکیلا: مذکر؛ (۱) اُبھرا ہوا، نوک دار (۲) (کنایتاً) خوش وضع بانکا، ترچھا، وضع دار، طرح دار شخص۔

——— پن: (ھ) مذکر؛ خوش وضعی، بانکپن۔

نکھ: مذکر؛ (۱) ناخن (۲) ایک خوشبو دار جڑ کا نام، (۳) ابریشم کچا ابریشم۔

نکھار: مذکر؛ صفائی، اُجلاپن، زیب وزینت، آرائش۔

نکھٹو: (عو) (۱) ناکارہ، نکما (۲) سست (۳) احمق (۴) نہایت مفلس۔

نکھرنا: (۱) صاف ہونا، اُجلا ہونا، میل کٹنا، رونق آنا، بالوں کا میل صاف ہونا (۲) بننا، سنورنا، سنگار کرنا، نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا۔

نکھری بزم / محفل / صحبت: صاف ستھری اور آراستہ محفل۔

نگ: (ھ) مذکر؛ نگینہ، انگوٹھی میں جڑنے کا پتھر۔

نگار: (ف) مذکر؛ (۱) تصویر، نقش، بیل بوٹا (۲) بت، مورت، (۳) خوبصورت، معشوق، محبوب (۴) عورتوں کے ہاتھوں پر مہندی سے بنا ہوا نقش، (۵) زینت، آرائش، زیبائش۔

——— ارمنی: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ فرہاد کی معشوقہ شیریں۔

——— خانہ: مذکر؛ تصویر خانہ، تصویروں کا کمرہ، نقاشی کیا ہوا گھر، بت خانہ۔

——— ستان: (ف) مذکر؛ نقش ونگار سے آراستہ جگہ۔

نِگارِش: (ف) مونث؛ تحریر، لکھنا۔
نِگالی: (ھ) مونث؛ حقے کی نلی کا وہ سرا جس میں مُنہال لگاتے ہیں۔
نِگاہ/نِگہ: (ف) مونث؛ (۱) نظر، چتون (۲) آنکھ (۳) تیور (۴) شناخت، پرکھ، مداخلت (۵) توجہ، التفات عنایت (۶) نظارہ، دید (۷) نگرانی، چوکس، نظربندی (۸) امید، بھروسہ، خیال۔
نگاہ بان/نِگہبان: (ف) محافظ، چوکی دار۔
نگاہ بدلنا: (کنایتاً) ناراض ہونا، بے توجہی ہونا۔
ـــــ بلند ہونا: عالی خیال ہونا، حوصلہ بلند ہونا۔
ـــــ پرورش: (اضافت کے ساتھ) مہربانی اور عنایت کی نگاہ۔
ـــــ پھرنا: (کنایتاً) توجہ نہ رہنا، التفات نہ ہونا۔
ـــــ ترچھی ہونا/ٹیڑھی ہونا: نگاہ غصے سے بھری ہونا۔
ـــــ چار ہونا: دو شخصوں کا آمنا سامنا ہونا۔
ـــــ دار/نگہدار: (ف) نگہبان۔
ـــــ داشت/نگہداشت: (ف) مونث؛ حفاظت نگرانی، چوکسی۔
ـــــ روبرُو: بادشاہ کے روبرُو کسی شخص کو پیش کرتے وقت نقیب کے کہنے کا کلمہ۔
ـــــ سے اُترنا/سے گرنا: نظروں میں بے وقعت ہو جانا۔
ـــــ غلط انداز: (اضافت کے ساتھ) اُچٹتی ہوئی نظر۔
ـــــ کرنا: (۱) دیکھنا، ملاحظہ کرنا، نظر کرنا، آنکھ ڈالنا (۲) سوچنا خیال کرنا (۳) اندازہ کرنا، جانچنا، پرکھنا (۴) توجہ کرنا۔
ـــــ ملانا: (۱) چار آنکھیں کرنا (۲) (کنایتاً) مقابل آنا، ہمسری کرنا۔
نگر: (ھ) مذکر؛ شہر، قصبہ، بلدہ۔
نگری: مونث؛ نگر کی تصغیر۔
نگراں: (ف) دیکھنے والا، نگاہ بان، پاسبان، محافظ۔
نگرانی: دیکھنا، زیرِ نظر رکھنا۔
نگلنا: (۱) حلق سے نیچے اُتارنا، کسی چیز کو دانتوں سے بغیر چبائے حلق سے نیچے اُتار جانا، (۲) کھانا، ٹھونسنا (۳) (کنایتاً) غبن کرنا، تغلب کرنا۔
نِگوڑا: (ھ) مذکر؛ (عورتوں کا کلمہ) نکما، ناکارہ، کم بخت (مونث: نگوڑی)۔
ـــــ ناٹھا: مذکر؛ (عو) وہ شخص جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو، بے زن و فرزند، بے اولاد، مجرد۔
نگوں: (ف) خمیدہ، اوندھا، لٹکا ہوا، اُلٹا۔
نگیں/نگینہ: (ف) مذکر؛ جواہر، نگ۔
نِگھرا: (ھ) (عو) بے گھر، خانہ بدوش، خانہ ویران۔

ن ۔ ل

نَل: (ھ) مذکر؛ (۱) اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز نلی کی طرح (۲) راجہ نل (۳) دَمن کا عاشق۔
ـــــ دَمن: • (ھ) ہندی لوک کہانی کے دو کردار۔
• نل، ایک عاشق راجا۔
• دَمن، ایک معشوق راجکماری۔
نَلا: مذکر؛ (۱) پیشاب کی نالی (۲) ناف کی مانند ایک پٹھے کا نام۔
نِلاہٹ: مونث؛ نیلاپن، نیلی رنگت۔
نِلجّا: (ھ) مذکر؛ بے شرم، بے عزت، بے حیا۔
نَلوا: (ھ) مذکر؛ (۱) نل کی تصغیر، چھوٹا سا نل (۲) کاغذات وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین، پیتل یا کاغذ کا بنا ہوا نل۔
(۳) چوپایوں کے منہ میں دوا ڈالنے کا نلا۔
نِلُوہ: (ھ) (۱) بے لوث، خالص (۲) بے شفقت، بے رحمت (۳) وہ کام جو کسی کی شرکت اور اعانت کے بغیر کیا جائے (۴) صدمے اور نقصان سے محفوظ۔
نَلی: (ھ) (۱) چھوٹی نال (۲) پنڈلی کی ہڈی (۳) بندوق کی نال (۴) کپڑا بننے میں کام آنے والی نال (۵) نرکل جو بیچ سے خالی ہو۔

ن ۔ م

نم: (ف) مذکر؛ (۱) گیلاپن، مرطوب ہونا، سیل، تری (۲) (مجازاً) تر، گیلا، مرطوب، (۳) طراوت۔

نَم خوردہ / نم دیدہ : تر، وہ جس میں تری کا اثر پہنچا ہو۔
—— گیرہ : مذکر؛ اُوس کی تری سے بچنے کے لیے ایک قسم کا شامیانہ
(۲) (مجازاً) شامیانہ۔
—— ناک : تر، گیلا۔
نَمی : مونث؛ تری۔
نماز : (ف) مونث؛ اہلِ اسلام کی مخصوص عبادت کا نام۔
—— اِستِسقاء : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ وہ نماز جس میں مینہ کے واسطے دُعا مانگی جائے۔
—— جنازہ : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ مُردے کی لاش پر کھڑے کھڑے پڑھی جانے والی نماز۔
—— چاشت : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ چاشت کے وقت کی نماز۔
—— خسوف : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ چاند گرہن کے وقت پڑھی جانے والی نماز۔
—— عید : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ عید کے دن کی نماز۔
—— قصر : (اضافت کے ساتھ) مونث؛ حالتِ سفر میں کم کرکے پڑھی جانے والی مختصر نماز۔
—— قضا : (اضافت کے ساتھ) وہ نماز جو وقت پر نہ ادا کی جائے۔
—— کسوف : (اضافت کے ساتھ) سورج گرہن کے وقت پڑھی جانے والی نماز۔
نمازی : نماز پڑھنے والا، نماز کا پابند۔
نمام : (ع) اِدھر کی اُدھر کہنے والا، چغل خور، لُترا۔
نمایاں : (ف) (۱) واضح، آشکارا (۲) دراز، گہرا۔
نُمائش : (ف) مونث؛ (۱) دکھاوا، ظہور، نمود، تزئین (۲) زرعی پیداوار، مختلف مصنوعات، یا دوسری مفید دل چسپ اور عجیب چیزوں کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا اور فروخت کرنا۔
نمایش : دکھاوا، ظاہر میں اچھا۔
نمبر : NUMBER (انگ) مذکر؛ (۱) تعداد، درجۂ باری نوبت (۲) گنتی، نشان، عدد، ہندسہ۔
نمبردار : مذکر؛ (۱) (جیل کی اصطلاح) ساتھی قیدیوں کی نگرانی کرنے والا قیدی (۲) گانو کا مکھیا۔
نمبری : (مہتد) نمبر دیا ہوا، چھٹا ہوا، نمبر ایک کا بدمعاش۔
نمٹانا : (دہلی) بُھگتانا، چکانا، بیباق کرنا، خالی کرنا۔
نمدا : مذکر؛ بھیڑ بکری کے بالوں کا بنا ہوا اُونی کپڑا۔
—— بندھ جانا : (کنایتاً) دیوالہ نکل جانا، مفلس ہوجانا۔
نمرُتا : (ہ) مونث؛ نرمی، خوش اخلاقی، انکسار۔
نمرُود : (ف) مذکر؛ (۱) ایک ظالم بادشاہ کا نام جس نے حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کو آگ میں ڈالا تھا (۲) (مجازاً) ظالم، کافر۔
نمستے : (ہ) مذکر؛ سلام۔
نمسکار : (ہ) مذکر؛ سلام، تسلیم۔
نمش : مونث؛ دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملاتے ہیں۔
نمط : (ع) مذکر؛ روش، وضع قطع، ڈھنگ، طور طریق۔
نمک : (ف) مذکر؛ (۱) نون (۲) کھاری پن (۳) ملاحت، سانولاپن (۴) (مجازاً) روزی، روزینہ، تنخواہ (۵) سلونی چیز کا ذائقہ (۶) شوخیِ کلام، کلام کا لطف۔
—— افشاں : (ف) نمک چھڑکنے والا۔
—— پروردہ : خانہ زاد، نمک خوار، ملازم، نوکر، غلام۔
—— پھوٹ پھوٹ کر نکلنا : سارا کھایا پیا، پھوڑے پھنسیوں کے راہ نکلنا، نمک حرامی کی سزا ملنا۔
—— چشی : مونث؛ (۱) نمک چکھنا، کھانے کا آب و نمک دیکھنا (۲) پہلے پہل بچے کو نمک چٹانے کی رسم (۳) ذائقہ، لذت، مزا۔
—— چھڑکنا : (کنایتاً) تنگ کرنا، ستانا، جلانا۔
—— حرامی : (ف) مونث؛ ناشکری، بے وفائی، بے مروتی، دَغا بازی، بغاوت، حرام خوری۔
—— حلال : (ف) احسان مند، شکر گزار، حق شناس، آقا کا خیر خواہ۔
—— خوار : غلام، خانہ زاد، ملازم، نوکر۔
—— دان : (ف) مونث؛ مذکر؛ پیسا ہوا نمک رکھنے کا ظرف۔
—— زہر کر دینا : بہت نمک ڈال دینا۔

نمک کا حق ادا کرنا: وفاداری کرنا، نمک حلالی کرنا۔
—— کی مار پڑنا: (عم) نمک حرامی کی سزا ملنا، نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔
—— مرچ لگانا: (۱) مزے دار کرنا، چٹخارے دار بنانا، (۲) مبالغہ کرنا، بات بڑھا کر بیان کرنا (۳) چھیڑنا، جلانا، بھڑکانا، اُکسانا۔
نمکین: (ف) (۱) نمک سے منسوب (۲) سلونا، نمک دار (۳) سلونا، سانولا، گندمی رنگ کا (۴) چرپرا، تیز۔ (۵) کھاری۔
نمکولی: مونث؛ نیم کے درخت کا پھل۔
نمکیات (نمک۔یات): (ف) مذکر؛ غذا کے کھارے اجزا۔
نمو: (ع) مونث؛ بڑھنا، بالیدگی، روئیدگی۔
نمود: (ف) (۱) علامت، کسی چیز کا نشان (۲) ظاہر ہونا، عیاں ہونا (۳) نمایش، بھڑک، دھوم دھام (۴) ظہور، بالیدگی (۵) شہرت، ناموری، (۶) صورت، شکل، ہیئت، ہستی (۷) ظاہری خوبی، رونق۔
نمودار/نمودار: (۱) عیاں، ظاہر، آشکارا، نظر آنے والی چیز یا شخص (۲) افسر، سردار، راہ بر۔
نمونہ/نمونہ: مذکر؛ (۱) وہ تھوڑی چیز جسے دیکھ کر پوری چیز کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکے (۲) نظیر، مثال، تمثیل، طریقہ (۳) نقشہ، نقل، قالب، سانچہ، ڈول، قطع۔
نمونیا: PNEUMONIA (انگ) مذکر؛ ایک بیماری جس میں پھیپھڑوں پر ورم آجاتا ہے۔
نمیقہ: (ع) مذکر؛ خط، نامہ، مکتوب۔

ن۔ن

ننا/ننھا: مذکر؛ (۱) چھوٹا، ٹھنگنا (۲) بچہ نما سمجھ، نادان۔
—— بچہ/ننھا چھنّوا: مذکر؛ (کنایتاً) ناتجربہ کار، بھولا، سیدھا۔
—— کاتنا: (۱) باریک سوت کاتنا (۲) (کنایتاً) بے حد حیرت ہونا، (۳) حیلہ حوالہ کرنا، (۴) ٹرخانا۔
—— مُنّا: مذکر؛ بہت چھوٹا سا۔
ننّے میاں: مذکر؛ چھوٹے میاں، چھوٹے آقا۔
ننانوے: اَیت کم سَو، ۹۹ لعنت۔
—— کا پھیر: بے جا لالچ۔
—— کے پھیر میں آجانا: (۱) روپیا بڑھانے کی فکر میں پڑ جانا، کنجوسی پر کمر باندھ لینا، (۲) لالچ کے سبب مصیبت میں پڑنا، جھگڑے میں پھنسنا، فکر میں مبتلا ہونا۔
نَنَد: مونث؛ خاوند کی بہن۔
نندوئی: مذکر؛ نند کا شوہر۔
نِندا: (ہ) مونث؛ بُرائی، شکایت، مذمت۔
نندیا سا: (ھ) نیند میں بھرا ہوا، خواب آلودہ۔
ننگ: (ھ) مذکر؛ ننگا، شرم، عیب، عار، بے شرف۔
—— خاندان: (اضافت کے ساتھ) خاندان کو بدنام کرنے والا، خاندان کو بٹا لگانے والا۔
—— وناموس/ننگ و نام: مذکر؛ (۱) لحاظ و شرم حیا و غیرت (۲) عزت و حرمت (۳) عصمت و عفت۔
ننگا: (ھ) مذکر؛ (۱) برہنہ، عُریاں (۲) مفلس، قلاش (۳) بے غیرت، بے حیا، بے عزت (۴) بے ہتھیار، نہتا (۵) بے پتوں کا درخت۔
—— بُوچا/بُچا: مذکر؛ غریب، مفلس۔
—— بھُوکا: (کنایتاً) مفلس۔
—— دھڑنگا: مذکر؛ بالکل ننگا، عریاں و برہنہ، ننگ دھڑنگ۔
—— کرنا: (۱) برہنہ کرنا، کپڑے اُتار لینا، (۲) زیور اُتار لینا، لوٹ لینا، کچھ نہ چھوڑنا، صفایا کر دینا۔
—— مادر زاد: بالکل برہنہ، ایسا ننگا جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے۔
ننگے پانو ننگے سر: سراسیمہ، پریشان حال۔
ننگی تلوار/شمشیر: مونث؛ (۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار شمشیر برہنہ (۲) (کنایتاً) بے خوف، نڈر، آزاد، صاف گو (۳) فقیر، صاحب جلال۔
—— کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی: (مثل) بیمار اور مفلس کو

کسی بات کی جرأت نہیں ہوتی، مفلس خرچ کرنے کی ہمت نہیں کر سکتا۔

نَنّھا : (ہ) مذکر؛ چھوٹا، چھوٹا بچہ۔

نِنیانا : (ف) منت کرنا، عاجزی کرنا، خوشامد کرنا۔

ن - و

نَو : (ھ) ایک کم دس "۹" عدد۔

ـــــ رَتن : (ھ) مونث؛ (۱) نو جواہر (۲) نو رنگ کے ایک جڑاؤ زیور کا نام، بازوبند، (۳) نو دانش مند بکرماجیت اور اکبر کے درباری (۴) ایک خاص قسم کی چٹنی (۵) ایک قسم کا سالن جس میں نو ترکاریاں ڈال کر پکاتے ہیں۔

ـــــ سَو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی : (مثل) ساری عمر گناہ کر کے آخر عمر میں پارسا بن بیٹھے، بہت سے گناہ کر کے توبہ کرنا اور نیک افعال پر مائل ہونا۔

ـــــ لکھا ہار : مذکر؛ نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار، قیمتی اور انمول ہار۔

ـــــ نقد، نہ تیرہ اُدھار : (مثل) بہت ملنے کی امید سے سردست تھوڑا مل جانا ہی بہتر ہے۔

ـــــ نگا : (ھ) مذکر؛ نو نگینے جڑا ہوا عورتوں کے بازو کا ایک زیور۔

نَو : (ف) نیا، جدید، تازہ، ابھی کا۔

ـــــ آبادکاری : (ف) مونث؛ نئی آبادیاں قائم کرنا (۲) (سیاسی اصطلاح) نئے علاقوں پر قبضہ کرنے کا رجحان

ـــــ آبادی : نیا آباد کیا ہوا علاقہ (انگ) کالونی (جمع نوآبادیات)

ـــــ آموز : (ا) جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو، مبتدی (۲) اناڑی۔

ـــــ آئین : (ا) زیبا، آراستہ (۲) نئی بات (۳) نئی بات نکالنے والا شخص۔

ـــــ بَہ نَو : تازہ بتازہ، ابھی کا۔

ـــــ بَہار : (ف) مونث؛ (ا) بسنت رُت کا شروع، موسم بہار (۲) رونق تازہ، نئی بہار والی چیز۔

ـــــ جوانی : مونث؛ عالم شباب، بلوغ شباب۔

ـــــ چَندی : مونث؛ چاند کی پہلی جمعرات۔

نَو خاستہ / نوخیز : (ا) نوجوان، خرد سال، نوعمر، (۲) (مجازاً) ناتجربہ کار، نیا اُبھرا ہوا۔

ـــــ خَط : (ا) وہ جس کی داڑھی حال میں نکلی ہو، نوخاستہ (۲) (کنایتاً) معشوق۔

ـــــ دولت : وہ شخص جس کو مفلسی کے بعد نئی دولت ملی ہو۔

ـــــ رَس : (ا) نیا پھل، تازہ میوہ (۲) نوخیز، نوجوان۔

ـــــ روز : مذکر؛ (ا) نیا دن، نیا روز، نیا سال کا پہلا دن، (۲) (کنایتاً) خوشی کا دن، عیش کا دن (۳) ماہ فروردین کا پہلا دن۔

ـــــ سِکھیا : نوآموز جس نے نیا نیا کام سیکھا ہو۔

ـــــ شاہ / نوشہ : مذکر؛ (ا) نوجوان بادشاہ (۲) دولہا، بنا۔

ـــــ عُروسانِ چمن : مذکر؛ (کنایتاً) تازہ کلیاں اور تازے پھول۔

ـــــ عمر : مذکر؛ نوجواں، نابالغ، کمسن۔

ـــــ گرفتار : تازہ گرفتار، ناتربیت یافتہ، عاشقِ تازہ۔

ـــــ مشق : نوآموز، ناتجربہ کار، اناڑی، مبتدی۔

ـــــ نہال : مذکر؛ (ا) درخت کا نیا پودا (۲) (کنایتاً) کم عمر بچے۔

ـــــ وارد : اجنبی، مسافر۔

نَوا : (ف) مونث؛ (ا) نغمہ، سُر (۲) آواز (۳) مذکر؛ سامان، توشہ۔

ـــــ پرداز / زن / ساز / سنج / گر : (ف) مطرب، گانے والا، خوش آواز۔

نَوّاب : (ع) مذکر؛ (ا) نیابت کرنے والا (۲) حاکم، سردار (۳) کسی ریاست کا مسلمان فرماں روا (۴) نائب سلطنت۔

نَوابی : مونث؛ (ا) قائم مقامی، نظامت (۲) حکومت ریاست (۳) امیری، دولت مندی (۴) فضول خرچی، اسراف۔ (۵) بدنکلی، طوائف الملوکی۔

ـــــ ٹھاٹ : مذکر؛ امیرانہ ٹھاٹ، رئیسانہ ساز و سامان طمطراق۔

نَواح : مذکر؛ اطراف، جوانب، مضافات۔

نَوادِر : (ع) مذکر؛ جمع نادر کی، عجائب غرائب، نادر چیزیں، عجیب اشیاء، (جمع الجمع، نوادرات)

نِوَاڑ : مونث ، وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔
نِوَاڑا : (ھ) مذکر ؛ ہَوَا کھانے اور سیر کرنے کی چھوٹی ناؤ ، بجرا۔
نِواڑی : (ھ) مونث ؛ (۱) ایک قسم کی چپلی (۲) چھوٹا بجرا۔
نِوازش : (ف) مونث ؛ عنایت ، لطف ، مہربانی۔
نِوازنا : عزت بخشنا ، بخشش کرنا ، مہربانی کرنا۔
نِواسہ / نواسا : مذکر ؛ بیٹی کا بیٹا۔
نِواسی : مونث ؛ بیٹی کی بیٹی ، دُختر زادی۔
نِواسی : (ھ) رہنے والا ، ساکن۔
نَواسی : (ھ) ایک کم نوے ، ۸۹ ، لعـ۸۹ـہ۔
نواسیر : (ع) جمع ناسُور کی ، مونث ؛ (۱) اچھا نہ ہونے والا زخم (۲) مقعد کا ناسُور۔
نَواصب : (ع) مذکر ؛ خوارج ، مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا۔
نوافِل : (ع) جمع نافلہ کی ؛ مذکر ؛ سنت اور فرض کے علاوہ زائد پڑھی جانے والی نماز۔
نَوال : (ع) مونث ؛ بخشش ، عطا ، مہربانی ، عنایت ، احسان۔
نِوالہ : مذکر ؛ (۱) کھانے کی چیز کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ منہ میں رکھیں (۲) ذرا سی چیز ، لقمہ کے برابر (۳) (کنایتاً) آسان ، سہل کام۔
ـــــ نہ توڑنا : کسی کام کی ابتدا نہ کرنا۔
نَواہی : (ع) مذکر ؛ جمع نہی کی ؛ ممنوعات ، ناجائز اور غیر مُباح۔
نَوائب : (ع) مذکر ؛ جمع نائبہ کی ؛ مصیبتیں ، حادثے ، تکلیفیں ، زحمتیں۔
نَوبَت : (ع) مونث ؛ (۱) باری ، کسی چیز یا کام کا وقت ، (۲) حالت ، درجہ ، کیفیت (۳) نقارہ ، ڈنکا (۴) مُہلت ، فرصت ، وقفہ ، موقع ، قابو (۵) وقت ، عرصہ۔ مرتبہ ، دفعہ ، مدت۔
ـــــ بہ نوبَت : باری باری سے ، یکے بعد دیگرے ، ایک کے بعد ایک۔
ـــــ خانہ : مذکر ؛ نقار خانہ ، شاہی محل کے ساتھ وہ مکان جہاں دمامہ اور دھونسا بجے۔
نوبت نِشان : نقار خانہ اور جھنڈا ، شاہی زمانے کی عزت افزائی کی علامت۔
نوبل پرائز : NOBEL PRIZE (انگ) مذکر ؛ بین الاقوامی شہرت کا عالمی گراں قدر انعام ، جو سوئڈن سے دیا جاتا ہے جسے "نوبل" نامی ایک شخص نے جاری کیا تھا۔
نَوتَن : (ع) نیا۔
نوٹ : NOTE (انگ) مذکر ؛ (۱) کاغذی سکہ (۲) یادداشت (۳) اشارہ۔
نوٹِس : NOTICE (انگ) مونث ؛ خبر ، اطلاع ، اعلان ، آگاہی ، اشتہار۔
نوچ : (ع) (۱) خدا نہ کرے ، ایسا نہ ہو (۲) نہ ، نہیں۔
نوچ : مونث ؛ خراش۔
ـــــ کھسوٹ : مونث ؛ (۱) بدن کا نوچنا ، کھسوٹنا ، (۲) لوٹ مار ، دستبُرد ، غارتگری (۳) (کنایتاً) زبردستی مال حاصل کرنا۔
ـــــ ناچ : (ع) مونث ؛ کسی چیز کو نوچنا اور پریشان کرنا۔
نوچا چی : (ع) مونث ؛ چھینا جھپٹی۔
نوچ کھانا : (۱) آڑے ہاتھوں لینا (۲) (کنایتاً) بے انتہا دِق کرنا ، ایذا پہنچانا۔
نوچنا : (۱) کھسوٹنا ، پنجہ مارنا ، کھرچنا ، چٹکی لینا ، بال اُکھاڑنا ، دانت سے کھسوٹنا (۲) شاخ سے پتیاں اُکھاڑنا (۳) موسنا ، لوٹنا (۴) آڑے ہاتھوں لینا (۵) پھاڑ کھانا ، چونچ سے گوشت اُکھاڑنا ، ناخن سے کھرچنا۔
ـــــ کھسوٹنا : لوٹنا ، مارنا ، پنجہ مارنا ، چھینا جھپٹی کرنا۔
نوحؑ : (ع) مذکر ؛ ایک مشہور پیغمبر کا نام۔
نوحہ : (ع) مذکر ؛ (۱) ماتم (۲) (مجازاً) گریہ وزاری ، رونا ، پیٹنا (۳) بَین کرنا ، مُردے پر چلا کر رونا۔
ـــــ خواں / گر : (ف) ماتم کرنے والا ، رونے والا ، مُردے کا بیان کر کر کے رونے اور رُلانے والا۔
نَو دو گیارہ ہونا : غائب ہو جانا ، چلا جانا ، بھاگ جانا۔
نُور : (ع) مذکر ؛ (۱) روشنی ، چمک ، تاب ، جلوہ ، تجلی ، اُجالا

(۲) رونق، روپ، چہرہ کی چمک دمک۔
نُورالعَین : (ع) مذکر؛ (۱) آنکھوں کی روشنی (۲) (مجازاً) بیٹا، لختِ جگر۔
نُور آگیں : (ف) نُور سے بھرا ہوا۔
—— **افشاں / پاش** : مُنوّر کرنے والا۔
نورانی : (ف) مُنوّر۔
نور باف : (ف) مذکر؛ جولاہا، پارچہ باف، کپڑا بننے والا۔
—— **بصر** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) بینائی کا نور، (۲) (کنایتاً) اولاد۔
—— **چشم** : (ف) (۱) آنکھ کی روشنی (۲) (مجازاً) بیٹا، فرزند۔
—— **دیدہ** : (ف) (۱) آنکھ کا نور (۲) (کنایتاً) بیحد محبوب فرزند یا دختر۔
—— **ظہور کا وقت** : مذکر؛ صبح صادق کا وقت، علی الصباح، پَو پھٹے۔
نُورٌ عَلیٰ نُور : (ع) نُور پر نُور، ایک سے بڑھ کر ایک، کیا کہنا ہے، سب سے بہتر اور اعلا۔
نُورِ عین : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) آنکھوں کی روشنی، (۲) (کنایتاً) بیٹا، فرزند۔
نُور فشاں : (ف) نُور چھڑکنے والا۔
—— **کا بُتلا** : (کنایتاً) نورانی صورت، بہت حسین۔
—— **کا ٹکڑا** : (مُراد) صبح صادق۔
—— **کا گلا / کی آواز** : سُریلی آواز، بے حد دل پسند آواز، خوش آواز۔
—— **کی بزم** : (کنایتاً) خوب صورتوں کا مجمع۔
—— **نظر** : (اضافت کے ساتھ) (۱) آنکھ کا نُور، (۲) (کنایتاً) بے حد محبوب بیٹا۔
نَورَاتری : (ہ) مونث؛ دیوی پوجا کے نو دن۔
نَورَس : (ہ) (۱) نو جذبات، نو تاثرات (۲) علم عروض کے نو طریقے۔
نَورَس : (ف) (۱) نیا تازہ (میوہ) (۲) نوخیز، نوجوان، (۳) نیا پہنچا ہوا۔
نَوسادر / نوشادر : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا نمک کھار۔

نوش : (ف) مذکر؛ (۱) پینا (۲) خوش مزاج، خوش گوار چیز، تریاق (۳) پینے والا۔
نَوشا نَوش : (ف) پے در پے پینا۔
نَوش جاں : (اضافت کے ساتھ) بہت مرغوب چیز، رغبت سے کھائی پی جانے والی چیز جو صحت کے لیے نقصان دہ نہ ہو۔
—— **دارُو** : (ف) مونث؛ (۱) تریاق، زہر مُہرہ (۲) (مجازاً) شراب (۳) ایک قسم کی خوش ذائقہ اور فرحت بخش معجون۔
نوشیں : (ف) خوش مزا اور خوش گوار۔
نوشابہ : (ف) مذکر؛ ایک ملکہ کا نام جس کے پاس سکندر ایلچی بن کر گیا تھا۔
نوشت : (ف) مونث؛ تحریر، کتابت، لکھائی، عبارت۔
نوشت و خواند : (ف) مونث؛ لکھنا پڑھنا۔
نوشتہ : مذکر؛ (۱) لکھا ہوا، قلمی (۲) تحریری سند، تمسک (۳) تقدیر، سرنوشت۔
—— **تقدیر** : (اضافت کے ساتھ) مشیت ایزدی، خدا کی مرضی۔
نوشیرواں : (ف) مذکر؛ فارس کے ایک مشہور عادل بادشاہ کا نام، کسریٰ۔
نَوع : (ع) مونث؛ (۱) قسم، جنس، (۲) وضع، طرح، طور، طریق، ڈھنگ، شکل، صورت، (۳) (اصطلاح منطق) وہ کلیہ جو یکساں حقیقت رکھنے والے افراد کو شامل ہو۔
—— **دِگر** : (۱) دوسری طرح کا بدلا ہوا (۲) بگڑا ہوا، خراب۔
نَوعیت : مونث؛ نوع ہونا، قسم کی حالت۔
نَوفلاطُونیت : مونث؛ (فلسفیانہ اصطلاح) تیسری صدی عیسوی کا ایک یونانی فلسفہ جو افلاطون کے نظریات میں مشرقی باطنیت کی آمیزش سے وجود میں آیا۔
نوک : (ف) مونث؛ (۱) انی، نیش، ڈنک، چونچ، منقار، سرا، قلم، چھری، خنجر اور نیزہ وغیرہ کا سرا، (۲) وضع داری، بانکپن (۳) شیخی، دُون، ڈینگ، چھیڑ چھاڑ، نیش زنی (۴) عزت، آبرو (۵) آن، انداز
—— **پلک** : مونث؛ (۱) آنکھ ناک کی موزونیت (۲) حرف کی موزونی۔

نوک پلک سے درست: سب طرح ٹھیک، موزوں۔
—— جھوک/نوک جھونک: مونث؛ طعن وتشنیع کی باتیں، آن بان، چھیڑ چھاڑ۔
—— دُم بھاگنا: دُم دبا کر بھاگنا، بے تحاشا بھاگنا۔
—— زبان: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ (۱) زبان کی نوک زبان کا سِرا (۲) اثر، زبانی یاد۔
نوکا جھوکی: مونث؛ چھیڑ چھاڑ، طعن وتشنیع، شوخی، شرارت۔
نوکر: (ترکی) مذکر؛ ملازم، خدمت گار، خادم۔
—— چاکر: مذکر؛ ملازمان، خدمت گار۔
نوکرنی/نوکرانی: مونث؛ خادمہ، ماما، ملازمہ۔
نوکری: مونث؛ خدمت گاری، ملازمت۔
—— برطرف روزی ہر طرف: (مثل) ملازمت سے موقوف ہونے پر پریشان نہ ہونا چاہیے، ایک در بند ہزار در باز کھلے۔
—— خالہ جی کا گھر نہیں: (مثل) نوکری میں آرام طلبی نہیں ہوتی۔
نوم: (ع) مونث؛ نیند۔
نومبر: (انگ) انگریزی سال کا گیارھواں مہینہ۔
نومید: (ف) مایوس، ناامید۔
نون: (دلی) (ہ) مذکر؛ نمک، کھار۔
—— تیل: (کنایتاً) ضروریاتِ زندگی۔
نونیا: (ھ) (۱) نمک بنانے والا (۲) ایک قسم کا ساگ۔
نون: مذکر؛ ایک حرفِ تہجی (ن)
—— غنہ: (ف) مذکر؛ نون غیر متحرک، وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور خوب ظاہر نہ ہو، جیسے: ہوں، کہاں۔
نونا/نونی: (دلی) مذکر؛ کھار کے سبب دیواروں سے جھڑنے والی مٹی (لکھنؤ) لونا، لونی۔
نوید: (ف) مونث؛ (۱) خوش خبری، مژدہ، بشارت، کسی تقریب کا بلاوا، پیغام۔
نویدن: (ہ) مذکر؛ عرضی، گزارش، درخواست۔
نویسندہ: (ف) لکھنے والا، محرر۔
نویلا: (ہ) مذکر؛ (۱) نیا، تازہ، جدید، ایجاد کیا ہوا (۲) انوکھا، البیلا، بانکا، عجیب، جُدا، نرالا، سب سے الگ، مونث؛ نویلی۔
نوین: (ھ) نیا، تازہ۔

ن - ہ - ء

نہ: (ف) (۱) حرفِ لیاقت، جیسے شہانہ، مردانہ (۲) حرفِ نفی، نہیں، مت، (۳) کیوں نہیں۔
—— آؤ دیکھا نہ تاؤ: بغیر موقع محل دیکھے کوئی کام کر بیٹھنا۔
—— اللذی نہ اُللذی: (عو) ناکارہ، بے مصرف، نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
—— ایک ہنستا بھلا نہ ایک رونا بھلا: (مقولہ) تنہائی کسی حالت میں بھی اچھی نہیں۔
—— جاڑے دھوپ نہ گرمی چھاؤں: (مثل) بے کار، نکمی چیز۔
—— جانے: (۱) معلوم نہیں، خدا جانے (۲) (عو) شاید کی جگہ۔
—— جینے کی شادی نہ مرنے کا غم: کسی قسم کی اُمنگ باقی نہیں۔
—— چڑھے گا نہ گرے گا: ایسا کام کیوں کرے جس میں نقصان کا احتمال ہو۔
—— ندبل نہ باہُنبل: نہ بدن میں قوت اور نہ دولت کا سہارا۔
—— سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے: (مثل) اس طرح کام نکلے کہ کسی کو نقصان نہ پہنچے، نقصان کے بغیر کام بن جائے۔
—— ساون سوکھے نہ بھادوں ہرے: متوکل، ہر وقت، یکساں۔
—— صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال: (ف) عاشق کے دل میں صبر اور چھلنی میں پانی نہیں ہوتا (کنایتاً) اضطراب اور بے چینی۔
—— منہ سے بولے اور نہ سر سے کھیلے: بالکل خاموش شخص۔
—— مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت: نہایت بوڑھا آدمی۔
—— میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری: (مثل) نہ دوسروں پر الزام لگاؤ نہ دوسرے تم پر الزام دھریں گے۔
—— نام لیوا نہ پانی دیوا: تنِ تنہا، لاوارث، اکیلی جان۔

نہ نگلتے بنتی ہے نہ اُگلتے: کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے دونوں میں دقت ہے۔
نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی: (مثل) نہ سامان فراہم ہوگا نہ کام ہوگا، کسی کام میں ایسی شرطیں لگائی جائیں جن کا پورا ہونا ناممکن یا دشوار ہو۔
نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے: (مثل) کچھ خرچ کرنا نہ پڑے اور فائدہ خوب ہو۔
نہ / نہُ (ہ) مذکر؛ ناخن۔
نہُ: (ف) نو، ایک کم دس۔
نہ بام / نہ سپہر / نہ طارم / نہ فلک / نہ ورق: مذکر؛ نو آسمان۔
نِہاد: (ف) مونث؛ سرشت، خلقت (جیسے نیک نہاد)
نَہار: (ع) مذکر؛ (۱) روز، دن (۲) صبح سے کچھ نہ کھائے ہو، بھوکا۔
—— مُنہ: وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو، ناشتے کے بغیر۔
نہاری: مونث؛ (۱) ایک قسم کا شوربا اور سالن جو خمیری روٹی کے ساتھ موسم سرما میں صبح کو کھاتے ہیں، (۲) گھوڑے کا مالیدہ جو صبح دیتے ہیں۔
نِہارنا: (ہ) دیکھنا، تاکنا۔
نِہال: (ف) مذکر؛ تازہ لگایا ہوا پودا (۲) درخت (۳) مجازاً، مالا مال، خوش حال، بامراد، کامیاب، خوش و خرم۔
نِہالچہ: مذکر؛ بچوں کا بچھونا، بچوں کا گدا۔
نِہالی: مونث؛ روئی دار بستر، توشک۔
نَہان: (ھ) مذکر؛ دریا میں ایک معین روز غسل کرنا (۲) چھٹی یا چھلے کو دیا جانے والا غسل۔
—— کا میلا: نہانے کے واسطے دریا کے کنارے لگا ہوا مجمع۔
نہانا دُھونا: غسل کرنا۔
نِہاں: (ف) پوشیدہ، چھپا ہوا، مخفی۔
نِہائی: (ھ) مونث؛ وہ لوہا جس پر لوہار رکھ کر لوہا چوٹ لگاتا ہے، سندان۔
نہایت: (ع) مونث؛ (۱) حد، انتہا، انجام، آخر (۲) بے انتہا بہت، بکثرت۔
نہتا / نہتھا: (ھ) مذکر؛ خالی ہاتھ، وہ جو ڈنڈا، چھڑی یا کوئی لڑائی کا ہتھیار ہاتھ میں نہ رکھتا ہو۔
نہج: (ع) (۱) راہ، طور، طرح (۲) طریق، ڈھنگ، قاعدہ۔
نہر: (ع) مونث؛ دریا کی شاخ، آب جو۔
نِہرنا: (ھ) (عما۔عو) جھکنا، خمیدہ ہونا، متواضع ہونا۔
نُہرنا: مذکر؛ ناخن گیر، جو بڑی ہو۔
نہرنی: مونث؛ چھوٹی ناخن گیر۔
نہروا: (ھ) مذکر؛ رشتہ کی بیماری۔ وہ گول ناگا سا جو بدن میں سے نکلتا چلا آتا ہے۔
نُہضت: کوچ، روانگی، رخصت، روانہ ہونا۔
نُہفتہ: (ف) پوشیدہ، خفیہ، چھپا ہوا، مخفی۔
نَہلا: (ھ) مذکر؛ نو بندیوں والا تاش یا گنجفہ کا پتا۔
نہلانا: (ھ) (۱) غسل دینا، (۲) ڈبو دینا (۳) مُردے کو غسل دینا۔
نَہنگ: (ف) مذکر؛ مگرمچھ، گھڑیال۔
نِہنگ: (ھ) (۱) ننگا، برہنہ، عُریاں (۲) بے حیا بے شرم، بے غیرت۔
نِہوُرا / نہوڑا: (ھ) مذکر؛ (۱) منت، سماجت، عاجزی خوشامد درآمد۔ (۲) احسان رکھنا، منت رکھنا۔
نہی: (ع) مونث؛ (۱) ممانعت، منع کرنا، روک (۲) کسی کام سے منع کرنے کا حکم۔
—— عَنِ المُنکَر: (عَنِ + مُنکَر) شرعاً منع کی گئی چیزوں سے روکنا۔
نہیب / نہیب: (ع) مذکر؛ ڈر، خوف، دہشت۔
نہیں: (ھ) مونث؛ (۱) کلمۂ نفی، انکار (۲) حرفِ شرط، ورنہ، وگرنہ (۳) یقین کی تاکید کے لیے بلاشبہ۔
نئی: مونث؛ نرالی، جدید۔
—— پود / پود: مونث؛ (کنایتاً) نئی وضع اختیار کرنے والے نوجوان۔ نئی نسل
—— جوانی مانجھا ڈھیلا: (مثل) قوت اور جوانی کے باوجود سست اور کم ہمت شخص

نئی دُنیا: (۱) (مراد) امریکہ، (۲) نئی آبادی (۳) نیا عالم، انوکھی کیفیت۔
—— روشنی: نئی تہذیب، زمانہ حال کی شائستگی۔
—— نویلی: (۱) چند روز کی بیاہی دُلہن (۲) انوکھی، نرالی۔
نئے: انوکھے۔
—— سرے سے/سرے سے: از سرِ نو، شروع سے، پھر سے، دوبارہ۔
—— سوانگ لانا: نئے نئے رُوپ بدل کر ظاہر ہونا۔

ن۔ی۔ے

نَے: مونث، (۱) نرکل (۲) بانسری (۳) حُقّہ کی نگالی (۴) کلمۂ نفی۔
—— ستان: مذکر؛ بہ کثرت، نرکل کے درختوں کا جھنڈ۔
—— نواز: بانسری بجانے والا۔
نیا: (ھ) مذکر؛ (۱) جدید، تازہ، ابھی کا (۲) انوکھا، نرالا، عجیب۔ طُرفہ (۳) انجان، اجنبی۔
—— شگوفہ کھلنا: عجیب و غریب امر کا ظاہر ہونا۔
—— کرنا: نئی ترکاری، پھل، پان، یا غلّہ کھانا، موسم کی چیز پہلے پہل چکھنا۔
—— گل کھلانا: تازہ فتنہ اُٹھانا، نیا شگوفہ چھوڑنا، انوکھی اور عجیب خبر اُڑانا۔
نیّا: (ھ) مونث؛ کشتی، ناؤ۔
نیابت: مونث؛ قائم مقامی، نائب ہونا، سفارت۔
نیارا: (ھ) مذکر؛ جُدا، مختلف، الگ، یگانہ، منفرد۔
نیاریا: (ھ) مذکر؛ (۱) وہ خاکروب جو سناروں کی دُکان کا کوڑا کرکٹ مول لے کر اس سے سونا اور چاندی کے ذرات نکالتا ہے (۲) (کنایتاً) چالاک، مُجرّب رس، کائیاں۔
نیاز: (ف) مذکر؛ (۱) حاجت، احتیاج (۲) ملاقات، واقفیت، روشناسی (۳) مونث؛ منت، التجا، عاجزی (۴) فاتحہ، درُود، (۵) چڑھاوا، چڑھاوے کی شیرینی۔
نیاز حاصل: ملاقات کرنا، بزرگوں سے ملاقات کرنا، واقفیت بہم پہنچانا۔
—— مَند: (۱) حاجت مند، خواہش مند، محتاج (۲) آرزو مند، مشتاق (۳) وہ شخص جس کو کسی کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل ہو، تواضع اور فروتنی کرنے والا۔
نیام: (ف) مذکر؛ تلوار وغیرہ کا میان۔
نیائش: (ف) مونث؛ (۱) نہایت عاجزی کے ساتھ خدائے تعالیٰ کی تعریف (۲) گریہ وزاری، (۳) آفریں، تعریف، تحسین
نیاؤ: (ھ) مذکر؛ انصاف، عدل، داد، فیصلہ، تصفیہ۔
نیائے: (ھ) مذکر؛ انصاف۔
نیایالے: (ھ) مونث؛ کچہری، عدالت۔
نیب: (ھ) مذکر؛ نیم کا درخت۔
نیبو: (ھ) مذکر؛ ایک قسم کے ترش پھل اور اس کے درخت کا نام۔
—— نچوڑ: (۱) نیبو نچوڑنے والا (۲) (کنایتاً) بن بُلایا مہمان مفت خورا، طفیلی (۳) (کنایتاً) کنجوس۔
نیت: (ع) مونث؛ (۱) دلی ارادہ، دلی منشا، اصل مقصد (۲) میلان (۳) خیال، دھیان۔
—— باندھنا: اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا، نماز میں مشغول ہو جانا (۲) ارادہ کرنا، منصوبہ کرنا۔
—— بخیر ہونا: کسی کارِ خیر کا دلی ارادہ ہونا، کوئی کام کرتے دل میں بُرا خیال نہ ہونا۔
—— بھر جانا: طبیعت کا سیر ہو جانا، جی بھر جانا، رغبت نہ رہنا۔
نیتا: (ھ) مذکر؛ لیڈر۔
نیتی: (ھ) مذکر؛ قاعدہ، علم سیاست، دستور، حکمت عملی۔
نیچ: (ھ) کمینہ، رذیل، سفلہ۔
—— اُونچ: مونث؛ اونچا، نیچا، بُرائی، بھلائی، نیکی، بدی نشیب و فراز۔
نیچا: (ھ) مذکر؛ نشیب، عمیق، گہرا، اوچھا، (۲) کم، ادنا، (۳) مدھم، دھیما۔

نیچا دکھینا: شرمندگی اٹھانا، شکست کھانا، ذلیل ہونا۔
نیچر: NATURE (انگ) مذکر؛ (۱) فطرت، خلقت، پیدائش (۲) دنیا، عالم، موجودات (۳) قدرت، قدرت کا قانون۔
نیچرل: قدرتی، فطری۔
نیچرلزم: NATURALISM (انگ) فطرت پرستی، دہریت، فطرت پسندی، آزادہ روی۔
نیچری: (مہند) فطرت پرست، دہریا۔
نیچہ: مذکر؛ (۱) حقے کی نے، حقے کی نلیاں، عرق کھینچنے کی نے (۲) (کنایتاً) بہت دبلا۔
نیچہ بند: نیچہ بنانے والا، نیچہ باندھنے والا۔
نیچے: (۱) تلے، (۲) نشیب میں، پستی میں (۳) ماتحت، نائب مددگار (۴) مدہم، دھیما (۵) کم گھٹیل، ادنا۔
——کی سانس نیچے اوپر کی سانس اوپر رہ جانا: (مثل) ہکا بکا رہ جانا۔
نیچی نظر: نیچی نگاہ، شرم وحیا کی نظر، نیچے کی طرف مائل نظر۔
——نظر ہونا: (۱) آنکھ اونچی نہ ہونا، نظر اوپر نہ اٹھنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) ممنون ہونا، احسان مند ہونا۔
نیر: (ع) (۱) بہت نور دینے والا (۲) (مجازاً) آفتاب۔
——اصغر: (اضافت کے ساتھ) (ف) چاند، قمر۔
——اعظم: (اضافت کے ساتھ) مذکر، آفتاب، سورج۔
نیرین: (ع) مذکر؛ نیر کا تثنیہ، سورج، چاند۔
نیرا: (ہ) مونث؛ پانی، رس، تاڑ کے درخت کا پانی۔
نیرنگ: (ف) مذکر؛ مکر، فریب، افسوں، سحر، شعبدہ۔
——زمانہ/نیرنگیٔ زمانہ: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ (۱) زمانہ کا افسوں اور شعبدہ (۲) (مجازاً) انقلاب روزگار۔
——ساز: (ف) مذکر؛ شعبدہ باز، بازی گر، دغاباز، فریبی۔
نیرنگی: مونث؛ جادوگری، فریب، شعبدہ بازی، چالاکی، عیاری، تلون مزاجی، طلسمات، عجائبات، تماشہ، آرائش۔
نیز: (ف) (حرف عطف) بھی، مزید، دیگر۔
نیزہ: (ف) مذکر؛ (۱) برچھی (۲) قلم کی چھڑ (۳) غازی میاں بہرائچ کی درگاہ پر لے جانے والی علم کی طرح ایک چیز۔
نیساں/ابر نیساں: (ف) مذکر؛ وہ بارش جس کے متعلق ماضی میں لوگوں کا خیال تھا کہ اس کی بوندیں سیپ میں پڑجاتی ہیں تو موتی بن جاتے ہیں۔
نیست: (ف) نابود، فنا، معدوم۔
——ونابود ہونا: خاک میں ملنا، فنا ہونا، ناپید ہونا، نام و نشان نہ رہنا۔
نیستی: (ف) مونث؛ (۱) ناپید ہونا، نیست ہونا (۲) مفلسی، افلاس، ناداری، تنگ حالی (۳) نحوست، بدنصیبی، بداقبالی۔
——کا مارا: (عو) مذکر؛ بدنصیب، منحوس۔
نیش: (ف) مذکر؛ (۱) کسی دھاردار آلہ کی نوک (۲) ڈنک، (۳) زہر۔
——زنی: (ف) مونث؛ ڈنک مارنا، کسی کے حق میں برائی کرنا۔
——عقرب: (اضافت کے ساتھ) (۱) بچھو کا ڈنک (۲) (کنایتاً) دشمن کی شرارت کا کوئی فعل۔
نیشتر: (ف) مذکر؛ فصد کھولنے کا اوزار، جراحت کا آلہ۔
نیشن: NATION (انگ) مذکر؛ قوم۔
نیشنل: NATIONAL (انگ) قومی، ملی۔
نیشنلٹی: NATIONALITY (انگ) مونث؛ قومیت۔
نیشنلزم: NATIONALISM (انگ) مونث؛ قومیت، وطنیت، قوم پرستی۔
نیشنلسٹ: NATIONALIST (انگ) قوم پرست، وطن پرست۔
نیشکر: (ف) مذکر؛ گنا، پونڈا، اوکھ۔
نیفہ: (ف) مذکر؛ پیجامہ کے گھیر کا حصہ جس میں ازار بند رہتا ہے، ہندوستان کے شمالی پہاڑی علاقہ کا ایک مقام۔
نیک: (ف) (۱) اچھا، عمدہ (۲) کثرت تعداد و مقدار ظاہر کرنے کے لیے (۳) سعید، سعادت مند، مسعود، سعد (۴) پارسا، پاکدامن (۵) رحمدل، خدا ترس (۶) خوش خصال، شریف، شائستہ، مہذب، بھلا مانس، خوش چلن، خوش اطوار۔
——اختر: (ف) نیک بخت، سعید۔
——اندیش: خیر اندیش، بھلائی سوچنے والا۔

نیک بخت : (ف، ا) خوش نصیب، اقبال مند، نصیب والا، (۲) سیدھا، بھولا بھالا۔
—— **بختی آنا** : (عو، کنایتاً) شامت آنا، کم بختی آنا۔
—— **فرجام** : (ف) نیک انجام، نیک قدم، مبارک قدم، جس کا گھر میں آنا مبارک ہو۔
—— **منش** : (ف) نیک خصلت، سعادت مند، بھلا مانس۔
نیکر : KNICKER (انگ) مذکر؛ چڈی، ہاف پینٹ، آدھا پتلون جو صرف گھٹنوں تک ہوتا ہے۔
نیکلیس : NECKLACE (انگ) مذکر؛ گلے کا زیور۔
نیکو : (ف) اچھا، خوب۔
—— **سیر / سیرت / شمائل** : (ف) نیک خصلت، اچھی عادت والا۔
نیکی : (ف) مونث؛ (ا) نیک بختی، سعادت مندی (۲) پارسائی، پرہیزگاری (۳) خوبی، بھلائی، عمدگی (۴) احسان، کارِ خیر۔
—— **اور پوچھ پوچھ** : (مثل) نیک کام میں مشورے کی ضرورت نہیں، کارِ خیر میں صلاح لینے کی کیا حاجت۔
—— **بدی کے فرشتے** : (کنایتاً) انسان کے شب و روز کے اعمال لکھنے والے فرشتے۔
—— **برباد گناہ لازم** : (مثل) نیکی کرنے کے بدلے الٹی برائی حاصل ہونا۔
—— **کر دریا / کنویں میں ڈال** : (مثل) (ا) نیکی کر کے بھلا دینا چاہیے، احسان کر کے جتانا ٹھیک نہیں (۲) جس نیکی کا کچھ عوض نہ ملے۔
—— **نیک را، بدی بدرا** : (مثل) ہر ایک کو اپنے اچھے برے فعل کی سزا اور جزا ملتی ہے۔
نیگ : (ہ) مذکر؛ رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کو تقریبات میں انعام و اکرام دینے کا حق، بیاہ یا کسی خوشی کے موقع پر اپنے رشتہ داروں کو کچھ دینا۔
—— **لگانا** : (ا) اچھے کام پر صرف کرنا، خوشی کی جگہ خرچ کرنا، (۲) (مجازاً) برباد کرنا، ضائع کرنا۔
نیل : (ع) مذکر؛ حصول، دسترس پانا۔
—— **مرام** : مذکر؛ حصول، مقصد، مقصد پانا۔
نیل : (س) مذکر؛ (ا) نیل کا درخت اور اس کی پتی (۲) نیل کا رنگ (۳) جلا ہوا سپند (۴) چوٹ کا نیلا نشان، ضرب کا نشان (۵) سوکھ رب کی تعداد (۶) (ع) ملک مصر کے مشہور دریا کا نام۔
—— **بگڑنا** : (ا) نیل کا حوض خراب ہونا (۲) کم بختی آنا، شامت آنا (۳) جھوٹی باتیں بنانا (۴) پاگل ہو جانا (۵) غل مچانا۔
—— **جلانا** : (ٹوٹکا) رینہہ کی شدت روکنے کے لیے نیل تلوار پر رکھ کر جلانا۔
—— **کا ٹیکا** : (ا) نظر بد سے بچنے کے لیے بچوں کے رخسار یا ماتھے پر بنایا ہوا نیل کا نشان (۲) (کنایتاً) بدنامی کا داغ، رسوائی
—— **کا ماٹھ بگڑنا** : (کنایتاً) (ٹوٹکا کے طور پر) کسی جھوٹی خبر کا مشہور ہونا۔
—— **کی سلائی پھیرنا / سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا** : آنکھ میں سلائیاں پھیر کر اندھا کرنا۔
—— **کمل** : (ہ) مذکر؛ نیلے رنگ کا کنول، نیلوفر
—— **گوں** : (ف) نیلے رنگ کا، آسمانی رنگ۔
—— **ڈھلنا** : مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا، نزع کا عالم ہونا، موت کے آثار پیدا ہونا۔
—— **گائے** : مونث؛ ہرن سے مشابہ، ایک قسم کی جنگلی گائے، نیل گھوڑا۔
—— **کنٹھ** : (ہ) مذکر؛ ایک خوب صورت پرند کا نام۔
نیلا : مذکر؛ نیل گوں، نیلے رنگ کا، آبی، آسمانی کبود۔
—— **پیلا ہونا** : غصہ ہونا، خفا ہونا، قہر و غضب سے رنگ متغیر ہونا۔
—— **گودنا** : ہاتھ یا پاؤں پر سوئیوں سے گود کر پسا ہوا نیل چھڑکنا۔
نیلی فام : نیلے رنگ والا، آسمان کی صفت۔
نیلام : مذکر؛ بولیاں بلوا کر بیچنا، بولیوں کے ذریعے قیمت بڑھاتے جانا۔
نیلم : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا نیل گوں جواہر ایک قسم کا نیلے رنگ کا قیمتی پتھر۔
—— **پری** : مونث؛ ایک فرضی پری کا نام۔

نیلوفر: (ف) مذکر؛ ایک قسم کے نیلے رنگ کے پھول کا نام۔ (عموماً دواؤں میں کام آتا ہے)

نیلوفری: نیلوفر کے رنگ کا، نیل گوں، آسمان کی صفت۔

نیم: (ع) مذکر؛ طریقہ، چلن، رسم و رواج، قاعدہ، قانون۔

نیم: (ع) مذکر؛ دیکھو نیب۔

نیم: (ف) (۱) آدھا، نصف (۲) تھوڑا۔

—— آستین: (ف) مونث؛ چھوٹی آستین کا کرتا۔

—— باز: آدھا کھلا آدھا بند۔

—— برشت: آدھا بھنا ہوا، آدھا پکا آدھا کچا۔

—— جان: (۱) ادھ موا، نیم مُردہ (۲) (کنایتاً) عاشق۔

—— چہ: (ف) مذکر؛ چھوٹی تلوار۔

—— حکیم خطرۂ جان نیم مُلّا خطرۂ ایمان: (ف) (مثل) ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

—— خواب: (ف) کچی نیند، جاگتے سونے کی کیفیت۔

—— روز: مذکر؛ دوپہر، دوپہر کا وقت۔

نیمہ: (ف) مذکر؛ (۱) آدھا، نصف (۲) ایک قسم کا اونچا جامہ۔

نین: (ع) مذکر؛ آنکھ، چشم، عین، دیدہ۔

نینا: مونث؛ (آنکھ)

نین سکھ: ایک قسم کا باریک کپڑا۔

نیند: (ھ) مونث؛ خواب۔

—— اچٹ جانا: نیند کا جاتا رہنا، آنکھ کھل جانا، جاگ پڑنا۔

—— کا ماتا: مذکر؛ نیند میں مست۔

نیو: (ھ) مونث؛ (۱) بنیاد (۲) دیوار کی جڑ۔

—— جمانا: مضبوط کرنا، استقلال بہم پہنچانا۔

—— ڈالنا: (۱) کسی مکان کی بنیاد رکھنا (۲) تمہید اُٹھانا: (۳) شروع کرنا۔

نیوتا: (ھ) مذکر؛ (۱) بیاہ شادی کے موقع پر نقدی لینے دینے کی رسم (۲) تقریبات کی دعوت دینا۔

نیوتنا: بلاوا بھیجنا، دعوت دینا۔

نیوز: NEWS (انگ) مونث؛ اطلاع، خبر، نئی یا عجیب بات۔

نیوز پیپر: NEWS PAPER (انگ) مذکر؛ اخبار، جریدہ۔

نیوز ریل: NEWS REEL (انگ) مونث؛ (فلمی اصطلاح) خبری فلم۔ معلوماتی فلم۔

نیوکلیر: NUCLEAR (انگ) ایٹمی، جوہری۔

نیوگ: (ھ) ہندوؤں میں شادی کی ایک قسم جو عموماً اولاد کی خاطر کی جاتی ہے۔

نیولا: (ھ) مذکر؛ چوہے کی قسم کا ایک بڑا جانور جو سانپ کو مار ڈالتا ہے۔

نیہر: (ھ) مذکر؛ میکا، بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر۔

و

واو: مذکر؛ اردو حروف تہجی کا ایک حرف، حساب جمل میں (۶) چھے عدد ہیں۔

و۔ا

وا: (ف) کشادہ، کھلا ہوا (ع) وائے کا مخفف۔

—— حسرتا: (ف) اظہارِ حسرت کے لیے، افسوس، حیف کی جگہ۔

وابستگان: (ف) مذکر؛ (جمع وابستہ کی) کسی سے خاص تعلق رکھنے والے لوگ۔

وابستہ: (ف) (۱) بندھا ہوا، منسلک، (۲) رشتہ دار، ملازم، منسوب۔

واپس: (ف) لوٹا ہوا، لوٹایا ہوا۔

واپسیں: (ف) آخر کا۔ (جیسے دم واپسیں، بمعنی حالت نزع)

واٹر پروف: WATER PROOF (انگ) مذکر؛ (۱) وہ چیز جس پر پانی نہ ٹھہرے (۲) وہ چیز جس پر پانی کا اثر نہ ہو (۳) وہ چیز جس سے پانی نہ چھنے۔

واٹر ورکس: WATER WORKS (انگ) ذرائع آب رسانی۔

واثق: (ع) مضبوط، پکا، مستحکم، مستقل۔

واجب : (ع) (۱) ضرور، مناسب، لائق، سزاوار، قابل (۲) (اصطلاحِ حکما) اپنے بقائے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ رہنے والا (خدا تعالیٰ) (۳) (اصطلاحِ فقہ) وہ فعل جس کا بلا عذر چھوڑنے والا عذاب کا مستحق ہو (۴) تنخواہ، ماہانہ، مشاہرہ۔

واجب الادا : ضروری ادا کرنے والی رقم،

—— **الاذعان** : (واجبُ اذعان) ضروری تعمیل کے لیے دیئے جانے والا حکم یا اعلان۔

—— **الوجود** : (واجبُ وجود) (ع) اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ رہنے والی ذات، باری تعالیٰ۔

واجبات : مذکر؛ (جمع واجب کی) (۱) فرائض، ضروریات، ضروری چیزیں لازمی چیزیں (۲) لوازمات (۳) واجب الاصول۔

واجبی : (۱) بجا، معقول، درست، ٹھیک (۲) لازمی، ضروری (۳) لائق مناسب، سزاوار (۴) ٹھوڑی، کسی قدر۔

واچ : WATCH (انگ) مونث (۱) گھڑی (۲) پہرہ، نگرانی۔

—— **میکر** : MAKER —— (انگ) مذکر؛ گھڑی ساز گھڑی بنانے والا۔

—— **مین** : MAN (انگ) مذکر؛ چوکیدار، پاسبان محافظ

واحد : (۱) (ع) ایک اور یگانہ ہونا (۲) وہ جس کے حصے نہ ہو سکیں جوہر، فرد (۳) بے مثل، بے نظیر (۴) ایک جیسے ذاتِ واحد (۵) خدائے تعالیٰ۔

—— **شاہد** : (۱) (کنایتاً) واقف، باخبر (۲) پانے والا۔

وادی : مذکر؛ (۱) گھاٹی، درّہ کوہ، نشیب کی زمین (۲) (مجازاً) صحرا، جنگل۔

—— **ایمن** : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ وہ صحرا جہاں حضرت موسیٰ (موسا) کو تجلی ربانی نظر آئی۔

—— **مجنوں** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ وہ بیابان جہاں مجنوں پڑا رہتا تھا۔

—— **مقصود** : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ منزلِ مقصود۔

وار : WAR (انگ) مونث؛ لڑائی، جنگ۔

وار : مذکر؛ (۵) (۱) دن، روز، جیسے منگل وار (۲) ضرب تلوار خنجر، نیزے وغیرہ کی (۳) حملہ، چوٹ (۴) باری، داؤں (۵) —— (عو) موقع، گھات، فرصت (۶) اِس طرف، اِدھر

وار چلنا : (۱) تلوار وغیرہ کی ضرب، لڑائی میں کسی پر پڑنا، (۲) موقع ہاتھ آنا، داؤں پڑنا (۳) جنگ کا جاری ہونا۔

—— **لینا** : (عو) دم لینا، ٹھہرنا۔

—— **ملنا** : (عو) موقع ملنا، فرصت ملنا۔

وارا : مذکر؛ (۱) بچت، کفایت، خیر (۲) فائدہ، نفع (۳) بیماری سے افاقہ۔

—— **نیارا** : (۱) فیصلہ (۲) نجات، خلاصی (۳) خاتمہ۔

وارے نیارے : بڑا نفع، بہت، فائدہ۔

وارث : (ع) (۱) میراث کا مستحق (۲) (عو) خاوند، خصم، (۳) مددگار، حامی، معاون۔

وارِد : (ع) (۱) آنے والا (۲) پہنچنے والا۔

—— **صادر** : مذکر؛ مہمان، مسافر، آنے جانے والے۔

—— **ہونا** : اُترنا، نازل ہونا، پہنچنا، داخل ہونا۔

واردات : (ع) (جمع وارد کی) مونث (۱) حالات، حال احوال، سرگزشت (۲) حادثہ، واقعہ، سانحہ، وقوعہ، ناگہانی، آفت (۳) فساد، ہنگامہ، دنگا۔

وارڈ : WARD (انگ) مذکر؛ (۱) علاحدہ کمرا یا ہال (جیل یا ہسپتال میں) (۲) شہر کا انتظامیہ۔

وارستہ : (ف) آزاد، بے پروا، فارغ البال۔

وارفتگی : (ف) مونث؛ بے خودی، شیفتہ ہونا۔

وارنا : کسی چیز کو کسی کے گرد بہ طور صدقے کے پھرانا، تصدق کرنا، نچھاور کرنا۔

وارنٹ : WARRANT (انگ) مذکر؛ (۱) گرفتار کرنے کا تحریری حکم (۲) فرمان، طلب نامہ۔

—— **تلاشی** : مذکر؛ تلاشی کا حکم، تلاشی کا پروانہ۔

—— **گرفتاری** : کسی کے گرفتار کیے جانے کا حکم نامہ۔

وارنش : VARNISH (انگ) مذکر؛ (۱) لکڑی اور لوہے کی چیزوں پر چمکانے کی غرض سے پھیرا جانے والا روغن (۲) روغنی پالش۔

واری : عورتوں کا کلمہ (قربان جاؤں کی جگہ) نثار، صدقے

واڑا : (ہ) مذکر؛ محلہ، ٹولہ، کوچہ، وہ جگہ جہاں ایک قسم کے

لوگ رہتے ہوں۔
واٹرگوں: (ف) اُلٹا، اوندھا۔
واٹروں: (ف) (۱) اوندھا، سرنگوں (۲) برگشتہ، منحوس، الٹا۔
واسطہ: (ع) (۱) لگاؤ، علاقہ، ربط (۲) ذریعہ، وسیلہ (۳) کام سروکار، غرض، مطلب (۴) صدقہ، طفیل (۵) رشتہ داری کا تعلق، کسی قسم کا خاص تعلق، درمیانی تعلق۔
—— پڑنا: کام پڑنا، سروکار ہونا۔
واسطے: لیے، برائے (جمع واسطہ کی)
واسطی: (ع) مذکر؛ (۱) شہر واسط سے تعلق رکھنے والا، (۲) ایک قسم کا عمدہ قلم جو واسط سے آتا تھا، کلک۔
واسع: (ع) پھیلنے والا۔
واسکٹ WAIST COAT (انگ) مذکر، صدری، جیکٹ۔
واسوخت: (ف) مونث؛ (۱) شاعری کی ایک صنف جس میں محبوب سے بے زاری کا اظہار کرتے ہیں (۲) دل جلے پن اور انتقامی جذبے کا اظہار۔
واش بیسن: WASHBASIN (انگ) مذکر؛ ہاتھ منہ دھونے کا طشت۔
واشد: (ف) مونث؛ بے تکلفی، گرفتگی دور ہونا۔
واشنگ سوڈا: کپڑے وغیرہ دھونے کا سوڈا (سوڈیم کاربونیٹ)
واشنگ کمپنی: WASHING COMPANY (انگ) مونث؛ کپڑوں کے دھلائی کی دکان۔
واصف: (ع) تعریف کرنے والا۔
واصل: (ع) (۱) ملنے والا، ملاقات کرنے والا، شامل ہونے والا، پہنچنے والا، ملا ہوا۔
—— بحق ہونا: (کنایتاً) مرجانا، فوت ہونا،
—— باقی: مونث؛ موصول شدہ اور باقی رقم، جمع اور بقایا معلوم کرنے کا حساب۔
واصلات: (ع) (جمع واصلی) مونث، کسی جائداد غیر منقولہ کی آمدنی و منافع جو جائداد کے ناجائز قابض نے وصول کیا ہو۔
واضح: (ع) (۱) ظاہر، عیاں، صریح (۲) مفصل، مشرح (۳) ایسا صاف لکھا جس کے پڑھنے میں تکلف نہ ہو (۴) جلی قلم سے لکھا ہوا۔
واضع: (ع) وضع کرنے والا، موجد، مخترع۔
—— قانون: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ قانون بنانے والا، مقنن
واعظ: (ع) وعظ بیان کرنے والا۔
وافر: (ع) (۱) بہت، کثیر، بافراط (۲) عروض کی ایک قسم کی بحر کا نام۔
وافی: (ع) پورا، کامل، خاطرخواہ۔
واقع: (ع) ہونے والا، حادث ہونے والا۔
واقعات: (ع) مذکر؛ (جمع واقعہ کی) حادثے۔
—— نفس الامری: (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ سچ مچ ہونے والی باتیں جن میں بناوٹ یا دروغ گوئی نہ ہو۔
واقعی: منسوب بہ واقع، سچ مچ، فی الحقیقت، دراصل۔
واقعیت: مونث؛ (واقعی - یَت) اصلیت، حقیقت صداقت۔
واقعہ: (ع) مذکر؛ (۱) سانحہ، حادثہ (۲) حال، ماجرا، خبر (۳) واردات (۴) جنگ، لڑائی، کارزار۔
واقف: (ع) جاننے والا، ماہر، آگاہ۔
واقفیت: مونث؛ (۱) جان پہچان، شناسائی (۲) علم، خبر آگاہی، اطلاع، (۳) مہارت، استعداد (۴) تعارف شناخت، واقف کاری۔
واگزاشت: (ف) مونث؛ چھوڑ دینا، رہائی۔
والا: (ف) بلند، اونچا، عالی، بزرگ۔
وَالّا: (ع) اور نہیں تو، ورنہ۔ نہیں تو۔
والد: (ع) مذکر؛ باپ، پدر۔
والدہ: (ع) مونث؛ ماں۔
والدین: (ع) مذکر؛ ماں باپ۔
والنٹیر VOLUNTEER (انگ) رضاکار۔
والہ: (ع) عاشق، شیدا، فریفتہ۔
واللہ: (ع) مذکر؛ خدا کی قسم۔
—— اعلم: خدا جانے، خدا معلوم مجھے خبر نہیں۔
—— اعلم بالصواب: (ع) ٹھیک بات خدا جانتا ہے۔
—— باللہ: تاکیدی قسم۔

وَالی: (ع) (ا) حاکم، بادشاہ، مالک، سرتاج (۲) دوست مددگار، حمایتی (۳) محافظ، نگہبان۔

—— وارث: مذکر؛ سرپرست، مربی، حمایتی، پشت پناہ۔

واماندگان: مذکر؛ (جمع واماندہ کی)

واماندہ: (ف) (ا) پیچھے رہ جانے والا، تھکا ہوا، باقی رہا ہوا (۲) عاجز۔

وامق: مذکر؛ عذرا کے عاشق کا نام۔

واں: وہاں کا مخفف۔

واؤچر: VOUCHER (انگ) مذکر؛ بیجک، فردحساب رسید۔ تصدیق ادائیگی۔

وَاوَیلا: (ع) مونث؛ فریاد، دہائی، گریہ وزاری۔

واہ: (ع) مونث؛ (ا) کلمہ تحسین وآفریں، ماشاءاللہ، سبحان اللہ (۲) شاباش، مرحبا (۳) (طنزاً) چہ خوب، چہ خوش۔

—— واہ/۔واہ: مونث؛ فرط لذت، یا خوشی کا اظہار، مرحبا، سبحان اللہ، ماشاءاللہ۔

—— گرو: (پنجابی) مذکر؛ (ا) راہ نجات بتانے والا، خدائی صفات رکھنے والا، رہنما (۲) (کنایتاً) گرو نانک۔

واہمہ: (ع) مذکر؛ وہم کی قوت۔

واہی: (ع) بے ہودہ، لغو، آوارہ، ناکارہ۔

—— تباہی: (ا) پوچ، بے معنی بات (۲) خراب، آوارہ (۳) نکما، اوباش، بیکار۔

واہیات: (ا) بے ہودہ اور لغو باتیں، مزخرفات، نکمی، (۲) اوباش، خرافات۔

وائے: (ع) مونث؛ کلمہ افسوس، تاسف۔

وائرلیس: WIRELESS (انگ) مذکر؛ بے تار کا لاسلکی۔

—— ٹیلی گرافی: TELEGRAPHY (انگ) لاسلکی، برقیہ۔

وائرمین: WIREMAN (انگ) مذکر؛ (بجلی) کا کام انجام دینے والا۔

وائس ایڈمرل: VICE ADMIRAL (انگ) مذکر؛ نائب امیرالبحر۔

وائس پریسیڈنٹ: VICE PRESIDENT (انگ) نائب صدر۔

—— چانسلر: CHANCELLOR —(انگ) چانسلر کا نائب، شیخ الجامعہ۔

وائل: (انگ) مذکر؛ ایک قسم کا مہین کپڑا۔

وائن: WINE (انگ) مونث؛ شراب، انگور کی شراب۔

و۔ب۔ت۔ث

وَبا: (ع) مونث؛ (ا) ہوا خراب ہونے سے بکثرت پھیلی ہوئی بیماری، (۲) (کنایتاً) کسی روگ کا عالمگیر ہونا، (۳) (عو) ہیضہ۔

وبال: (ع) (ا) بوجھ، سختی، گرانی (۲) کئے کی سزا عذاب، (۳) عذاب جاں، ناگوار طبع۔

—— پڑنا: (عو) صبر پڑنا، ظلم کا بدلہ ملنا، قہر الٰہی نازل ہونا۔

وَتد: (ع) مذکر؛ (ا) (اصطلاح علم عروض) سہ حرفی کلمہ (۲) لکڑی کی میخ۔

وِتر: (ع) (ا) طاق عدد (۲) نماز عشا کے بعد پڑھی جانے والی تین رکعتیں۔

وتیرہ: (ع) مذکر؛ عادت، دستور، شیوہ۔

وثائق: (ع) مذکر؛ جمع وثیقہ کی، سندیں۔

وثوق: (ع) مذکر؛ (ا) مضبوطی، (۲) بھروسہ، اعتماد۔

وثیقہ: (ع) مذکر؛ (ا) سند، معاہدہ، عہد وپیمان (۲) عہدنامہ اقرارنامہ، دستاویز، تمسک۔

و۔ج

وَجاہت: (ع) مونث؛ (ا) خوب صورتی، خوب روئی، چہرے کا روشن ہونا، دکھاوا، چہرے کا رعب، (۲) عزت وحرمت۔

وَجَب: (ع) مذکر؛ بالشت، ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے لے کر انگوٹھے تک کا پھیلاؤ۔

وَجد: (ع) مذکر؛ (۱) وہ بے خودی کی حالت جو انتہائی ذوق وشوق میں قوالی سننے والے صوفیا کو ہوتی ہے، (۲) بے خودی کی حالت، حال، جذبہ۔
وِجدان: (ع) مذکر؛ جاننا، دریافت کرنا، دریافت کرنے اور جاننے کی قوت۔
وَجع: (ع) مذکر؛ درد، ٹیس۔
ـــــ مفاصل: (اضافت کے ساتھ) جوڑوں کا درد، گٹھیا کا درد۔
وُجُوب: (ع) مذکر؛ (۱) واجب ہونا، لازم ہونا، واجبیت لزوم (۲) تصوف کی اصطلاح) اللہ کی ذات۔
وُجُود: (ع) مذکر؛ (۱) ظاہر ہونا، نمایش، ہستی، حیات، (۲) (مجازاً) بدن، جسم۔
پانا/پکڑنا: ہستی میں آنا، ہست میں ہونا، ظہور ہونا، پیدا ہونا۔
وُجُودیت: مونث؛ (۱) ذات کے ادراک کا فلسفہ، ایک مغربی فلسفۂ ذات، (۲) احساسِ نفس کا فلسفہ۔
وجوہ: (ع) مذکر؛ جمع وجہ کی، اسباب، دلائل۔
وجوہات: مذکر؛ جمع وجوہ کی، اسباب، سبب، دلیلیں۔
وجہ: (ع) مونث؛ (۱) صورت، شکل، چہرہ، (۲) سبب، باعث موجب، (۳) طرف، جانب، رُخ۔
وِجے: (ہ) مونث؛ جیت۔ فتح۔
وَجیہ: (ع) (۱) خوش نما، خوب صورت، خوش وضع (۲) موزوں، زیبا۔
وِچار: (ہ) مذکر؛ سوچ، فکر، خیال۔
وِچِتر: (ہ) عجیب، تعجب خیز۔
وَچَن/بچن: (ہ) مذکر؛ وعدہ، عہد، قسم۔
وحدانی: (ف) ایک کی طرف منسوب۔
وحدانیت: مونث؛ ایک ہونا، خدا کی یکتائی۔
وحدت: (ع) مونث؛ یکتائی، یگانگی، توحید، انفرادیت۔
ـــــ تاثیر: (اضافت کے ساتھ) مونث؛ کسی شے، مضمون یا کتاب کے مختلف پہلوؤں کا مجموعی تاثر لینا۔
ـــــ خیال: (اضافت کے ساتھ) خیال کی یگانگت، خیال کی یکسانیت۔
وحدتِ وجود: (اضافت کے ساتھ) مونث، (صوفیوں کی اصطلاح) تمام مخلوقات اور موجودات کو خدا ہی کا ایک وجود ماننا۔
وَحدَہٗ لاشریکَ لَہ: خدا ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔
وحش: (ع) مذکر؛ (جمع وحشی کی) جنگلی جانور۔
وَحشت: (ع) مونث؛ (۱) نامانوسیت، نفرت (۲) سواد، خفقان، گھبراہٹ، جنون، دیوانگی (۳) جہالت، جنگلی پن، (۴) اُداسی، حیرانی، (۵) ڈر، خوف، ہیبت۔
ـــــ زدہ: (ف) گھبرایا ہوا، اُداس، خبطی، سودائی، حواس باختہ۔
ـــــ ناک: (ف) گھبرا دینے والی، خوفناک، بھیانک۔
وَحشی: (ع) (۱) جنگلی جانور، جنگلی (۲) بھڑکنے والا۔ گھبرانے والا (۳) نامانوس (۴) غیر مہذب۔
وُحُوش: (ع) مذکر؛ (جمع وحش کی) جنگلی جانور۔
وَحی: (ع) مونث؛ (۱) پیغامِ الٰہی، خدا کا حکم جو پیغمبروں پر اُترتا تھا، کتابِ الٰہی (۲) (کنایتاً) وہ کلام جس سے انکار کرنے کی گنجایش نہ ہو۔
وحید: (ع) اکیلا، الگ، یکتا۔
ـــــ العصر: یکتائے زمانہ، جو اپنے زمانے میں ثانی نہ رکھتا ہو۔

و - د

وِداد: مونث، دوستی، الفت، اُنس۔
وداع/وَداع: (ع) مونث؛ (۱) رخصت، روانگی، (۲) دُلہن کی اپنے گھر سے رخصتی (۳) (ہ) بدا، وِدا۔
وِدرُوہ: (ہ) مذکر؛ بغاوت۔
ودروہی: (ہ) مذکر؛ باغی۔
وِدوان (وِد-وُد-آن) (ہ) مذکر؛ پڑھا لکھا، عالم۔
وُدود: (ع) (۱) دوست (۲) مخلص (۳) خدا کا نام۔
ودوشک: (ہ) مذکر؛ بھانڈ، نقال، بدوشک۔
وِدیا: (ہ) مونث؛ علم، فن، ہنر۔

وِدّیارتھی : (ہ) مذکر؛ طالب علم۔
وِدّیالَے : (ہ) مونث؛ مدرسہ، اسکول۔
وِدیش : (ہ) مذکر؛ پردیش، غیر مُلک، بدیش۔
وِدیشی : (ہ) مذکر؛ غیر مُلکی، پردیسی، بدیسی۔
وَدیعَت : (ع) مونث؛ امانت، دھروڑ، سپردگی (جمع ودائع)
وِدھوا : (ہ) مونث؛ بیوہ۔

و۔ر

وَر : (ف) (ا) آور کا مخفف، جیسے دانش ور (۲) (اُردو) غالب فائق (رہنا ہونا کے ساتھ)
ورا/وِرا : (ع) (ا) پس، پیچھے عقب، (۲) پیچھے کی طرف، پسِ پشت (۳) سوا، علاوہ، ماسوا، فالنو۔
وِراٹ (ہ) بہت بڑا۔
وراثت/وَراثت : (ع) مونث ترکہ، ورثہ، میراث۔
وَرثہ/ورثہ : مذکر؛ مُردے کا مال، ترکہ، میراث۔
ورثا : جمع وارث کی، میراث پانے والے۔
ورد : (ع) مذکر؛ (ا) ہر روز کا کام، معمول، روزمرّہ، بلاناغہ کیا جانے والا کام (۲) وظیفہ۔
وَردان : (ہ) مذکر؛ دعا دینا، دلی خواہش پوری کرنا۔
وردی : (ا) سپاہ کی پوشاک فوج کا نشان یا وہ لباس جس سے کسی خاص گروہ کے لوگ پہچانے جائیں۔
(۲) لشکر میں رات کے چار بجے صبح جاگ اٹھنے کے لیے بجایا جانے والا یا جانا۔
ورزش : (ف) مونث؛ (ا) کمال حاصل کرنے کے لیے بار بار کیا جانے والا کام، (۲) کسرت، ریاضت۔
وَرشا : (ہ) مونث؛ بارش۔
وَرطہ : (ع) مذکر؛ (ا) ہلاکت کا مقام (۲) (مجازاً) بھنور، گرداب، پانی کا چکر۔
وَرع : مونث؛ پرہیزگاری، پارسائی، تقوا۔
ورغلانا/ورغلانا : کسی کو کام پر آکسانا، بھڑکانا (۲) اغوا کرنا۔
ورق : (ع) (ا) برگ، پتا، (۲) کاغذ کا ٹکڑا، کاغذ کا پرچہ (۳) پھول کی پنکھڑی (۴) چاندی یا سونے کا باریک کٹا ہوا ٹکڑا (۵) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی چیز۔
—— اُترنا : (ا) ورق کے برابر باریک اور پتلا تراشا ہوا۔ (۲) (کنایتاً) ورق کے برابر، بدن کا لاغری سے گھٹ جانا۔
—— اُلٹنا : (ا) کاغذ کے ایک ورق کا رُخ سے دوسرے رُخ کرنا، (۲) (کنایتاً) طبقہ اُلٹ جانا، انقلاب عظیم ہو جانا۔
—— ساز : چاندی اور سونے کے ورق بنانے والا۔
—— کائنات : (اضافت کے ساتھ) (کنایتاً) دنیا، عالم۔
—— گردانی کرنا : کتاب کے ورق اُلٹنا اور کچھ نہ کچھ پڑھنا عبث فعل کرنا۔
—— گل : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ پنکھڑی۔
ورقی : (ع) ورق سے منسوب، پرت دار۔
ورک : WORK (انگ) مذکر؛ کام، کارکردگی۔
ورکشاپ : WORKSHOP (انگ) مذکر (ا) کارخانہ (۲) تخلیقی کارخانہ۔
وَرلا : (دہلی) اِدھر کا، اِس طرف کا، اس طرف والا۔
ورم : (ع) مذکر؛ سوجن، آماس۔
وَرمالا : (ہ) مونث؛ شادی کا ہار (ہندوؤں میں) وہ ہار جو شادی کے موقع پر دُلہن اپنے دولھا کے گلے میں ڈالتی ہے۔
ورنہ : (ف) نہیں تو، پھر، وگرنہ۔
ورناکُلر : VERNACULAR (انگ) مونث؛ دیسی زبان مقامی بول چال کی بھاشا۔
وُرود : (ع) مذکر؛ وارد ہونا، اُترنا، پہنچنا۔
وِرودھ : (ہ) مذکر؛ مخالفت، دشمنی۔
ورودھی : (ہ) مذکر؛ دشمن، مخالف۔
ورے : (دہلی) اس طرف، اِدھر، پاس، نزدیک۔

و۔ز

وِزارت : (ع) مونث؛ وزیر کا عہدہ، وزیر کا کام وزیر ہونا۔

وُزرار: (ع) مذکر؛ جمع وزیر کی۔
وِزِٹ: VISIT (انگ) (۱) ملاقات، تشریف آوری (۲) ملاقات کرنا، کسی جگہ کو دیکھنے یا کسی شخص سے ملنے جانا۔
وزن: (ع) مذکر؛ (۱) بوجھ، گرانی (۲) اندازہ، تول، جانچ (۳) مقدار، پیمانہ (۴) عزت، قدر، وقعت (۵) (اصطلاح علم عروض) شعر کے متحرک اور ساکن حروف کا ارکان سے ملانا، اور تالیع کرنا (۶) سنجیدگی، متانت۔
وَزیر: (ع) مذکر؛ (۱) مدار المہام (۲) شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔
——— **اعظم:** (اضافت کے ساتھ) سب سے بڑا وزیر؛ (۲) پردھان منتری (انگ) پرائم منسٹر۔
——— **اعلا:** (اضافت کے ساتھ) ریاست کا سب سے بڑا وزیر (۲) مکھیہ منتری (انگ) چیف منسٹر۔
وزیرے چنیں شہریارے چناں: (ف) (مثل) جیسے افسر ویسے ہی ماتحت، دونوں کا ابتر حال۔
وزیرِ بے تدبیر: (ف) وہ وزیر جس کے ذمے کوئی محکمہ نہ ہو۔
وِژن: VISION (انگ) مذکر؛ نظارہ، منظر، دیکھنے کی قوت۔

و۔س۔ش

وَساطت: (ع) مونث؛ وسیلہ، ذریعہ، واسطہ۔
وَساوِس: (ع) مذکر؛ (جمع وسواس کی) وسوسے۔
وسائل: (ع) مذکر؛ (جمع وسیلہ کی) ذریعہ، واسطے، وسیلے۔
وسط/وسط: (ع) مذکر؛ (۱) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ، (۲) کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
وُسطی: (ع) میانہ، اوسط درجہ کا، بیچ بیچ کی انگلی۔
وُسعَ: (ع) مونث؛ کشادگی، فراخی۔
وُسعَت: (ع) مونث؛ پھیلاؤ، فراخی۔
وَسمہ: (ع) مذکر؛ خضاب، نیل۔
وَسوَاس: (ع) مذکر؛ برا خیال، تردد، وہم، خوف۔
وَسوَسہ: (ع) مذکر؛ وہم، وسواس۔
وسیع: (ع) چوڑا، فراخ، کشادہ، بہت لمبا چوڑا۔
وسیلہ: (ع) مذکر؛ (۱) ذریعہ، سبب (۲) سہارا، آسرا (۳) دست گیری، حمایت، اعانت۔
وسیم: (ع) خوب صورت۔
وشال: (ہ) بہت بڑا، لمبا چوڑا، پھیلا ہوا۔
وِش پان: زہر پینا، زہر خوری۔
وشواس: (ہ) مذکر؛ بھروسا، اعتماد، اعتبار۔

و۔ض۔ظ

وضّاف: (ع) بہت تعریف کرنے والا۔
وصال: (ع) مذکر؛ (۱) ملاقات (۲) وصل، ہم بستری (۳) موت، انتقال، وفات (۴) بزرگانِ دین کا انتقال (۵) (اصطلاح تصوف) وحدت میں فنا ہو جانا۔
وصایا: (ع) مذکر؛ (جمع وصیت کی) سفر یا موت کے وقت کی نصیحتیں اور ہدایتیں۔
وصف: (ع) مذکر؛ (۱) بھلائی، خوبی، تعریف (۲) خو، خصلت (۳) ہنر، سلیقہ، جوہر (۴) پہچان۔
وصل: (ع) مذکر؛ (۱) ملاقات، معشوق سے ملنا، ہم بستری (۲) چسپاں ہونا، پیوست ہونا۔ جوڑ سے جوڑ مل جانا۔
وصلت: (ع) مونث؛ وصل، معشوق سے ملنا، ملاقات۔
وَصلی: مونث؛ دوبا ہم وصل کیے ہوئے کاغذ کا ورق جس پر خوش نویس قطعہ وغیرہ کی مشق کرتے ہیں، مشق کرنے کا موٹا کاغذ۔
وصول: (ع) مذکر؛ پہنچنا، حاصل، آمد، پہنچا ہوا، بیباق۔
وصی: (ع) مذکر؛ (۱) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو، وصیت پر عمل کرنے والا، سرپرستہ کار، (۲) اہل تشیع کے نزدیک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات سے کنایہ ہے۔
وصیت: (ع) مونث؛ (دیکھو وصایا)

وَضاحت : مونث ؛ واضح کرنا، تفصیل کے ساتھ بیان کرنا، صاف صاف سمجھانا۔
وضع : (ع) مونث ؛ (۱) رکھنا، ترتیب کرنا (۲) بنانا، بناوٹ، ساخت (۳) طرز، روش، دستور، طور طریق، رنگ ڈھنگ، چال چلن، صورت شکل، (۴) جننا، جیسے وضع حمل (۵) مجرا، منہا، تفریق۔
ـــــ حمل : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ بچہ پیدا ہونا۔
ـــــ دار : (۱) خوش وضع، طرحدار، خوب صورت، حسین، دل پسند (۲) پابندِ وضع، اپنی چال اور روش پر قائم رہنے والا۔
وُضو : (ع) مذکر ؛ شریعت کے مطابق نماز کے واسطے، ہاتھ، منہ، پاؤں وغیرہ دھونا۔
ـــــ توڑنا : (۱) وضو، ناپاک کرنا (۲) زہد و تقوا قائم نہ رہنے دینا۔
ـــــ ٹوٹنا : (۱) وضو جاتا رہنا، طہارت قائم نہ رہنا (۲) (کنایتاً) نیت میں فرق آنا (۳) (کنایتاً) ایسا فعل سرزد ہونا جس سے توبہ ٹوٹ جائے۔
ـــــ خطا ہونا : کسی باعث وضو ٹوٹ جانا۔

و ـ ط ـ ظ

وَطن : (ع) مذکر ؛ اپنا دیس، پیدائش کی جگہ۔
ـــــ مالوف : (اضافت کے ساتھ) مذکر ؛ پیارا وطن۔
وطنی : ہم وطن، ایک مُلک کا، ایک جگہ کا رہنے والا دیسی۔
وطنیت : (ع) مونث ؛ وطن پرستی کا جذبہ۔
وَطی : (ع) مونث ؛ عورت سے صحبت کرنا۔
وَظائف : (ع) مذکر ؛ (جمع وظیفہ کی) امداد۔
وظیفہ : (ع) مذکر ؛ (۱) ہر روز کے لیے مقرر چیز (۲) تنخواہ، روزینہ درماہہ (۳) پنشن، (۴) کسی دُعا یا اسم متبرک کا ہر روز وقت معین پر ورد کرنا، روزمرہ پڑھنے کی دُعا، (۵) جاگیر، مدد معاش (۶) زمانۂ طالب علمی کی امدادی رقم (۷) کسی بات کی رَٹ (تکرار)۔

و ـ ع ـ غ

وَعدہ : (ع) مذکر ؛ اقرار، قول و قرار۔
ـــــ ایفا کرنا : وعدہ پورا کرنا، قول پورا کرنا۔
ـــــ خلاف / شکن : وہ شخص جو اپنے وعدے کا پورا نہ ہو۔ اقرار کا جھوٹا، قول کا جھوٹا۔
ـــــ فراموش : (ف) اقرار کو بھول جانے والا، وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔
ـــــ وعید : مذکر ؛ لیت و لعل، ٹال مٹول، حیلہ حوالہ آج کل۔
ـــــ وفا : بات کا پورا، قول کا سچا، وعدہ کا سچا۔
وَعظ : (ع) مذکر ؛ مذہبی لکچر، زبانی کی جانے والی مذہبی نصیحت۔
وعلیکم السلام / وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ : (ع) سلام کا جواب، اور سلامتی ہو تم پر بھی اور اللہ کی رحمت و برکت۔
وَعید : (ع) مذکر ؛ سزا دینے کی دھمکی، سزا دینے کا وعدہ، دھمکی۔
وَغا : (ع) مونث ؛ لڑائی، جنگ۔
وغیرہ : اور، اس کے ماسوا، اور بھی، مزید۔ اور۔

و ـ ف ـ ق

وَفا : (ع) مونث ؛ (۱) ایفائے وعدہ، عہد کا پورا کرنا، (۲) تکمیل، تعمیل (۳) نباہ کرنا، ساتھ دینا (۴) عقیدت مندی، خیر خواہی۔
وَفات : موت، مرجانا۔
وفاق : (ع) مذکر ؛ محبت، اتفاق۔
وَفد : (ع) (۱) کسی کا پیغام لے کر کسی کے پاس جانے والے لوگ (۲) ایلچی۔
وُفود : (ع) (جمع وفد کی) مذکر ؛ بہت سے وفد، پیغام لے جانے والے۔
وُفور : (ع) مذکر ؛ کثرت، افراط، زیادتی، بہتات۔
وقار : (ع) مذکر ؛ (۱) بُردباری، حلم (۲) قدر و منزلت، جاہ و جلال

وقائع: (ع) (جمع واقعہ کی) مذکر؛ حالات، واقعات، خبریں، لڑائی کے واقعات۔
نگار/نویس: (ف) مذکر؛ اخبار نویس، نامہ نگار، مخبر۔
وقت: (ع) مذکر؛ (۱) زمانہ، عرصہ، ہنگام (۲) موسم، فصل (۳) فرصت، مہلت، موقع، داؤں، گھات (۴) عہد، زمانہ (۵) عُمر، زندگی، حیات (۶) باری، نوبت، بار، دفعہ۔ (۷) حالت، گت، (۸) مدت، میعاد (۹) (مجازاً) موت کا وقت، مرگ، موت (۱۰) گھڑی، ساعت، دَم، (۱۱) بُرا وقت، مصیبت (۱۲) دشواری، دقت۔
—— بے وقت: ہر وقت، ہمیشہ، برابر، پے در پے۔
—— پر گدھے کو باپ بناتے ہیں: (مثل) مصیبت یا ضرورت کے وقت ادنا سے ادنا کی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔
—— پڑنا: (۱) ضرورت پیش آنا، ضرورت ہونا (۲) مصیبت پڑنا (۳) مشکل پڑنا، دِقت پیش آنا۔
—— کے وقت: عین وقت پر، بروقت، عین ضرورت پر۔
—— گزر گیا بات رہ گئی: (مثل) کام نکل گیا، شکایت رہ گئی۔
—— نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے/ وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے: (مثل) کسی کا کام نہیں رُکتا، البتہ مصیبت کے وقت جو کام نہ آئے اس کی بدسلوکی یاد رہ جاتی ہے۔
—— وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے: (مقولہ) ہر چیز اپنے موقع اور محل پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔
وَقتاً فوقتاً: کبھی کبھی، حسبِ موقع، اپنے اپنے موقع پر۔
وقتی: موجودہ زمانے کی، تھوڑی دیر کے لیے۔
وَقر: (ع) مذکر؛ بڑائی، عزت، آبرو، عظمت، قدر و منزلت۔
وقس علیٰ ہذا: (ع) اور اسی پر اور باتوں کو بھی قیاس کرو۔
وقعت: (ع) مونث؛ (مجازاً) ساکھ، عزت، اعتبار۔
وقف: (ع) مذکر؛ خدا کے نام پر چھوڑی چیز جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو (۲) رفاہِ عام کی چیز جس کا استعمال ہر شخص کے لیے مباح ہو اور جس سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکے (۳) ٹہک، کسی کام میں مصروف، مشغول (۴) حرفِ ساکن کے بعد حرفِ غیر متحرک واقع ہونا۔
—— اولاد/علی الاولاد: مذکر؛ (اصطلاح فقہ) وہ شے جو اپنی اولاد کے لیے وقف کریں اور جس میں دوسرے کو دخل نہ ہو۔
وقفہ: (ع) مذکر؛ (۱) ٹھہراؤ (۲) تھوڑی سی دیر، ڈھیل، مہلت۔
وَقِنا رَبَّنا عذابَ النّار: (ع) اور اے ہمارے رب ہم کو دوزخ کی آگ کے عذاب سے بچا۔
وُقوع: (ع) مذکر؛ واقع ہونا، ظاہر ہونا، صادر ہونا۔
وُقوعہ: مذکر؛ حادثہ، سانحہ، واردات، صدمہ، ہنگامہ، فساد۔
وُقوف: (ع) مذکر؛ (۱) کھڑا ہونا، ٹھہرنا (۲) سلیقہ، علم، شعور، تجربہ، مشق۔
وقیع: (ع) (۱) بلند (۲) (مجازاً) ذی عزت، وذی اعتبار۔

و۔ک۔گ

وکالت: (ع) مونث؛ (۱) قائم مقامی، نیابت (۲) وکیل کا پیشہ (۳) کسی دوسرے کا کام کرنا، دوسرے شخص کی طرف سے پیروی کرنا۔
وِکٹ: WICKET (انگ) مذکر؛ کرکٹ کے کھیل میں تین لکڑی کے ڈنڈے۔
وِکٹری: VICTORY (انگ) فتح، کامیابی، نصرت، ظفر۔
وکٹوریا: VICTORIA (انگ) مونث؛ ایک گھوڑے کی گاڑی۔ فِٹن۔
وکٹوریا کراس: VICTORIA CROSS (انگ) مذکر؛ ملکہ وکٹوریہ کا جاری کردہ ایک فوجی اعزازی تمغہ۔
وکیل: (ع) مذکر؛ مختار، قائم مقام، نائب، وکالت کرنے والا۔
—— سرکار: (اضافت کے ساتھ) حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا، وکیل۔
وَگرنہ: (ف) نہیں تو، وگرنہ (اور جو)
وِگیان: (ہ) مذکر؛ سائنس۔

و۔ل۔م

وِلا: (ع) مونث؛ محبت، دوستی، اتحاد، ارتباط۔
ولادت: (ع) مونث؛ (۱) بچہ جننا (۲) پیدائش۔
وِلایت: (ع) (مونث) (۱) ایک بادشاہ کا ملک، اقلیم، دیس۔ (۲) کسی کام کی ذمہ داری، کفالت (۳) تقرب بندۂ نیک کا خدا کے ساتھ (۴) ولی ہونا، سرپرست ہونا۔

ولایتی (ا)، ولایت کا رہنے والا، پردیسی، اجنبی (۲) یورپین انگلستانی۔
—— بیگن: مذکر؛ سفید بیگن۔
وَلَد: (ع) مذکر؛ لڑکا، بیٹا، پسر، فرزند۔
—— الحرام: (وَلَدُل حرام): (ع) مذکر؛ حرامی، ناجائز بچہ۔
—— الزنا (وَلَدُ۔ زِنا): (ع) مذکر؛ حرام زادہ۔
ولدیت: (ع) مونث؛ باپ کا نام، خاندان، گھرانا، اصل نسل۔
وَلی: (ع) مذکر؛ (۱) صاحب (۲) ولی نعمت، (۳) محافظ، نابالغ کی ذات اور جائداد کا نگراں (۴) بزرگ محبوب الٰہی، مقرب خدا۔
—— اللہ: مذکر؛ خدا رسیدہ، مقرب خدا، عابد، زاہد۔
—— عہد: (ع) (۱) متصرف، حاکم وقت (۲) (اصطلاحی) جس کو بادشاہ اپنے بعد تخت نشین کرنا چاہے۔
—— کو ولی ہی پہچانتا ہے/ولی را ولی می شناسد: (مثل) ہر قسم کے آدمی کو اسی قسم کا آدمی پہچان سکتا ہے۔
—— کے گھر شیطان: (مثل) نیک کے گھر میں بد، لائق کی اولاد نالائق، اچھوں کے برے۔
—— نعمت: خداوند نعمت، پرورش کرنے والا۔
وَلے/ولیکن: لیکن، مگر (اردو میں بہت کم مستعمل ہے)
ولیمہ: (ع) مذکر؛ بیاہ کی دعوت، ضیافت، دولہا کی جانب سے نکاح کے بعد دی جانے والی دعوت۔
وِلین: VILLRIN (انگ) مذکر؛ ہیرو کا مخالف اداکار (ڈرامے کی اصطلاح) بدمعاش، رقیب
وِمان: (ہ) مذکر؛ ہوائی رتھ، ہوائی جہاز۔

و۔ن، و

وِناش: (ہ) مذکر؛ تباہی، بربادی۔
وِنتی: (ہ) مونث؛ عاجزی، التماس، عرض۔
وَنسپتی: (ہ) مونث؛ نباتات۔
وَنش: (ہ) مذکر؛ نسل، خاندان۔
وُو: (متروک) وہ۔
ووہی: (متروک) وہی۔
وِواہ: (ہ) مذکر؛ بیاہ، شادی۔
وِواہت: (ہ) شادی شدہ۔
وُوٹ: VOTE (انگ) مذکر؛ (ا) تجویز، رائے، اظہار رائے (۲) حق رائے دہندگی۔
ووٹر: VOTER (انگ) رائے دینے والا، ووٹ ڈالنے والا، رائے دہندہ۔
وِوَش: (ہ) بے بس، مجبور۔
وِوِن: اس طرح، ویسا۔
وُوہنی/وُوہنی: (متروک) فوراً، اسی وقت، فی الفور۔

و۔ہ، ھ

وہ: (ا) ضمیر غائب، اشارۂ بعید، ایسا، اس قدر، اتنا (۲) زاید، حسن کلام کے لیے (۳) عورتوں کا شوہر کی طرف اشارہ کرنے کا کلمہ (۴) (کنایتاً) پوشیدہ بات کی طرف اشارہ۔
وہابی: (ع) مذکر؛ مسلمانوں کا ایک فرقہ۔
وِہار: (ہ) مذکر؛ تفریح۔
وَہب: (ع) عطا، بخشش، سخاوت۔
وہبی: (ع) بخشا ہوا، عطا شدہ، دیا ہوا، خدا کی طرف سے دیا ہوا۔
وہسکی: (انگ) مونث؛ ایک قسم کی شراب۔ WHISKY
وہسل: WHISTLE (انگ) مونث؛ سیٹی، سیٹی کی آواز۔
وہم: (ع) مذکر؛ (ا) وسواس، گمان، شک، احتمال (۲) فاسد خیالات پیدا کرنے والی دماغ کی باطنی قوت۔
—— کی دوا لقمان کے پاس بھی نہیں: (مقولہ) وہم کی دوا لقمان جیسا حکیم بھی نہیں کر سکتا، وہم کا کچھ علاج نہیں
وہمی: (ع) (ا) وہم سے منسوب بات، خیالی، قیاسی، موہوم (۲) وسواسی، وہ شخص جس کو وہم ہو۔
وہی/وہ ہی: (ا) اس ہی، خاص کر وہ (۲) اسی طرح مثل سابق۔

وہی اپنا جو اپنے کام آئے: (مثل) جس سے مطلب نکلے وہ بچانے کے برابر ہے۔
——راگ گانا: کہی ہوئی بات بار بار کہنا۔
وِھیل: WHALE (انگ) مونث؛ ایک بڑی سمندری مچھلی جو اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔
وَہیں: (۱) اُسی جگہ، اسی مقام پر (۲) اسی وقت، فوراً۔

و۔ی

وی۔پی VALUE PAYABLE (انگ) مونث، ویلیو پے ایبل کا مخفف، وہ مال جو قیمت دیکر ڈاکخانے سے وصول ہو۔
ویاپار: (ہ) مذکر؛ بیوپار، کاروبار، تجارت۔
ویاپاری: (ہ) مذکر؛ بیوپاری، تاجر۔
ویاج: (ہ) مذکر؛ بیاج، سُود۔
ویایام: (ہ) مذکر؛ ورزش، (کسرت)
وِیتَن: (ہ) مذکر؛ اُجرت، معاوضہ، تنخواہ۔
ویٹر: WAITER (انگ) مذکر؛ ہوٹل میں گاہکوں کو کھانا کھلانے والا ملازم، ہوٹل کا ملازم، بیرا۔
وِیجی ٹیبل VEGETABLE (انگ) مونث؛ سبزی ترکاری۔
وِیجیٹرین: (وے۔جی۔ٹے۔ری۔اَن): (انگ) سبزی خور، گوشت نہ کھانے والا۔
وید: مذکر؛ بید، حکیم، طبیب، ہندی طریق پر علاج معالجہ کرنے والا۔
وید: مذکر؛ ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام۔ ہندوؤں کی چار مذہبی کتابیں۔
وِیدانت: (ہ) مذکر؛ (ا) ویاس دیوجی کا بنایا ہوا شاستر جو علم توحید سے بھرا ہوا ہے (۲) برہما کے علاوہ تمام موجودات کو فریب محض سمجھنے کا نظریہ، ہستی کو شر اور اس سے نجات کو نصب العین قرار دینے کا مسلک۔
وِیر: (ہ) مذکر؛ بہادر۔
——تا: (ہ) مونث؛ بہادری۔
وِیراگ: مذکر؛ بیراگ، سنیاس، دُنیا کا ترک کر دینا۔
وِیراگی: بیراگی، سنیاسی، تارکُ الدُّنیا، عابد، زاہد۔
وِیران: (ف) تباہ، خراب، اُجڑا ہوا، غیر آباد، جنگل، بنجر، اُفتادہ۔
وِیرانی: مونث؛ اُجاڑپن، بربادی، تباہی، خرابی، پریشانی پراگندگی، اُداسی، ابتری۔
وِیر گاتھا: (ہ) مونث؛ رزمیہ نظم جس میں بہادروں کے کارنامے بیان کیے گئے ہوں۔
وِیرَن: (ہ) مذکر؛ بیرن، پیارا، پیارا بھائی۔
ویزا: VISA (انگ) مذکر؛ (ا) وہ اجازت نامہ جو کسی غیر ملک میں داخل ہونے کے لیے وہاں کی حکومت سے لیا جاتا ہے، (۲) پروانہ، راہ داری کی تصدیق۔
وَیسا: اُس طرح کا، اُس کی مانند۔
——کا ویسا / ویسے کا ویسا: (عو) (۱) جوں کا توں (۲) ہُو بہُو، بجنسہٖ۔
——ہی: اُسی کی مانند، اُسی طرح کا جوں کا توں، بجنسہٖ۔
ویسے ہی: ویسے ہی، بے قیمت، مفت، یوں ہی۔
وِیش: مذکر؛ سوداگری کا پیشہ کرنے والا، تجارت کرنے والا۔ فرقہ۔
وِیشیا: (ہ) مونث؛ طوائف۔
وِیکتی: (ہ) مذکر؛ شخص، فرد۔
وِیکسی نیشن VACCINATION (انگ) مذکر؛ چیچک کا ٹیکہ۔
ویکلی: WEEKLY (انگ) ہفتہ وار، ہفتہ میں ایک بار۔
ویلڈنگ: WELDING (انگ) مونث؛ لوہے کو جوڑنے یا ٹانکا لگانے کا فن۔
ویلفیئر: WELFARE (انگ) مذکر؛ بھلائی، خیریت، خیر و عافیت، فلاح، بہبودی۔

ہ

ہ: مونث، اردو حروف تہجی کا ایک حرف، ہائے مختفی۔ ہائے ہوز، حساب جمل (ابجد) میں پانچ عدد (۵) ہیں۔

ہ - ا

ہا: (ع) افسوس، حیف، دریغ۔

ہابیل: (ع) مذکر؛ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے قابیل نے مار ڈالا تھا۔

ہاتف: (ع) مذکر؛ غیب کی آواز دینے والا، سروش فرشتہ۔

ہاتھ: مذکر؛ (۱) دست، پنجہ، (۲) ہتھیلی، گف (۳) آدھ گز کی مقدار۔ انگلی کے سرے سے لے کر کہنی تک کا حصہ (۴) بس، قابو، قبضہ (۵) باعث، طفیل، وسیلہ (۶) حربہ، حملہ، چوٹ، وار، تلوار، لاٹھی، بانس اور بانک کا، (۷) داؤں (۸) قدرت، طاقت، دینے کی قدرت۔

—— آنا: (۱) میسر ہونا، دستیاب ہونا، ملنا۔

—— اُتر جانا: ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا۔

—— اُٹھا بیٹھنا: مار بیٹھنا، دست درازی کرنا۔

—— اُٹھا لینا: (۱) کوئی کام چھوڑ دینا، دست بردار ہو جانا کسی کی حمایت، سرپرستی سے کنارہ کرنا (۲) دست بردار ہونا۔

—— باندھے کھڑے رہنا: حکم کا منتظر اور اطاعت کے واسطے تیار رہنا۔

—— بٹا لینا: کسی کام میں شریک ہونا، مل کر کام کرنا، مدد دینا سہارا لگانا۔

—— اونچا رہنا: (کنایتاً) (۱) بلند رہنا، بول بالا رہنا (۲) آسودہ حال ہونا، سخی ہونا (۳) دینے کے قابل رہنا۔

—— بندھ جانا: (کنایتاً) مجبور ہو جانا (کسی کام کے کرنے سے)

—— بھر کا دل ہو جانا / ہاتھ بھر کا کلیجا ہو جانا: خوشی سے دل بڑھ جانا، ہمت بڑھ جانا۔

—— بھر کی زبان: (ع) زبان دراز، گستاخ۔

—— بیچے ہیں ذات نہیں بیچی: (مثل) ملازم خدمت اور نوکری بجا لائے گا مگر برا سلوک اور گالی گلوچ نہیں سنے گا۔

—— پانو پڑنا: منت، سماجت کرنا۔

—— پانو پھول جانا: (۱) ہاتھ پانو سوج جانا، چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) مضطر ہونا، حواس باختہ ہونا گھبرا جانا، ہکا بکا رہ جانا۔

ہاتھ پانو پھیلانا: (۱) کام کا بڑھانا، کام کو طول دینا، (۲) ترقی کرنا (۳) غلبہ حاصل کرنا۔

—— پانو پیٹنا: (کنایتاً) بے فائدہ کوشش کرنا۔

—— پانو ٹھنڈے ہونا: ہاتھ پانو میں گرمی نہ رہنا، مرنے کا وقت قریب ہونا۔

—— پانو چومنا: نہایت تعظیم و تکریم کرنا، ہاتھوں اور پانو کو بوسہ دینا۔

—— پانو مارنا: (۱) ہاتھ پانو چلانا، (۲) (کنایتاً) بے قرار ہونا، تڑپنا (۳) جان کنی کے عالم میں ہونا (۴) جانفشانی کرنا، جان توڑ کر کوئی کام کرنا (۵) (کنایتاً) کسی امر میں بہت سعی کرنا، بہت کوشش کرنا، دوڑ دھوپ کرنا۔

—— پانو نکالنا: (۱) (کنایتاً) تنومند ہونا، جوان اور موٹا ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا (۳) شرارت شروع کرنا۔

—— پتھر تلے آنا / ہاتھ پتھر تلے دینا: نہایت مشکل اور مصیبت میں پھنسنا، بے بس ہونا، مجبور و ناچار ہونا۔

—— پٹھے پر نہ رکھنے دینا: (کنایتاً) نہایت چالاک و شوخ ہونا، کسی طرح قابو میں نہ آنا۔

—— پر توتا پالنا: (۱) ہاتھ پر زخم یا پھوڑے پھنسی کے سبب کام کاج چھوڑ دینا، زخم اچھا نہ ہونے دینا (۲) اپنا ہاتھ زخمی کر لینا۔

—— پسارنا / ہاتھ پھیلانا: مانگنے کے واسطے ہاتھ پھیلانا مانگنا، گدائی کرنا۔

—— پکڑا دینا: (۱) کسی کو کسی کی حفاظت میں دے دینا (۲) کسی عورت کی شادی کر دینا۔

—— پھیرنا: (۱) چمکارنا، پیار کرنا، بچوں کے سر پر ہاتھ پھیرنا (۲) لوٹنا، ٹھگنا۔

ـــــ پیلے کرنا : (کنایتاً) غریبوں کی طرح بیاہ کرنا، اپنی گرہ سنوار دینا۔

ـــــ تھامنا : (۱) گرتے ہوئے کو سنبھالنے کے لیے ہاتھ پکڑنا، (۲) ہاتھ پکڑنا، ہاتھ میں ہاتھ لینا۔

ہاتھ ٹھنڈی میں ڈالنا : خوشامد کرنا۔

ـــــ جوڑنا : (۱) منت وسماجت کرنا، خوشامد کرنا (۲) معافی مانگنا توبہ کرنا (۳) تعظیم کرنا، سلام کرنا (۴) پناہ مانگنا

ـــــ جھوٹا پڑنا : وار خالی جانا، نشانے پہ نہ بیٹھنا

ـــــ جھوٹا ہوجانا : ہاتھ سُن ہوکر کام کے لائق نہ رہنا۔

ـــــ چالاک : (۱) تیز دست، پھرتیلا، چابک دست، (۲) چور اُچکا، دست چالاک، ہاتھ مارنے والا۔

ـــــ دھو بیٹھنا : (۱) نا اُمید ہوجانا، مایوس ہوجانا، (۲) کھو بیٹھنا، چھوڑ بیٹھنا، صبر کر بیٹھنا۔

ـــــ دھو کر پیچھے پڑنا : (۱) سارے کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہوجانا (۲) درپے آزار ہونا۔

ـــــ ڈالنا : (۱) کسی چیز میں ہاتھ ڈالنا، ہاتھ داخل کرنا، (۲) دخل دینا، کام میں پڑنا، کوئی کام اپنے ذمے لینا، (۳) دست درازی کرنا، چھیڑنا، بے آبرو کرنا (۴) لوٹنا، غارت کرنا (۵) ہاتھ لگانا، مَس کرنا (۶) کسی کام کو شروع کرنا۔

ـــــ رنگنا : (۱) ہاتھوں میں مہندی لگانا (۲) (کنایتاً) مال مارنا، رشوت لینا، مٹھی گرم کرنا۔

ـــــ روکنا : (۱) کفایت شعاری کرنا، خرچ کم کرنا (۲) باز رہنا (۳) وار رد کرنا، وار بچانا۔

ـــــ سر پر رکھنا : (۱) حمایت کرنا، کسی کا مُربّی بننا، مددگار ہونا، حمایتی بننا (۲) پیار کرنا (۳) کسی کے سر کی قسم کھانا، (۴) سلام کرنا، ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔

ـــــ کے طوطے اُڑنا : (کنایتاً) بے خود ہونا، بدحواس ہونا۔

ـــــ صاف کرنا : (۱) مشق کرنا (۲) خط سنوارنا (۳) ہاتھ پاک کرنا، ہاتھ مارنا، قتل کرنا، ہلاک کرنا (۴) غارت کرنا، لوٹنا، مال مارنا (۵) وار کرنا، بُرائی کرنا (۶) خرچ کرنا، اُڑانا۔

ـــــ قلم کرنا : ہاتھ کاٹنا، ہاتھ اُڑانا۔

ـــــ کاٹنا : (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) افسوس کرنا، پچھتانا (۳) نہایت غصّے میں اپنے ہاتھ کو دانتوں میں پکڑنا۔

ہاتھ کا سچّا : مذکر؛ دیانت دار، معتبر، اعتبار والا، ساکھ والا، سچا لین دین والا۔

ـــــ کا میل : مذکر؛ (۱) (کنایتاً) بے اصل چیز، بے حقیقت چیز، ناچیز (۲) (مجازاً) روپیہ پیسہ، مال وزر۔

ـــــ کانوں پر رکھنا : (۱) بالکل لاعلمی ظاہر کرنا، ناآشنائی اور ناواقفیت ظاہر کرنا کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا (۲) بنا، مانگنا۔

ـــــ کنگن کو آرسی کیا : (مثل) جو کچھ ظاہر و عیاں ہے اس کے بیان کرنے کی کیا ضرورت، جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کے دریافت کرنے کی کیا ضرورت۔

ـــــ کو ہاتھ پہچانتا ہے : (مقولہ) جس سے کچھ لیتے ہیں اسی کو دیتے ہیں۔

ـــــ کو ہاتھ نہیں سوجھتا / ہاتھ کو ہاتھ نہیں سجھائی دیتا : اندھیرا گھُپ، بے انتہا تاریکی۔

ـــــ کھجلانا : (۱) ہاتھ میں خارش ہونا (۲) کسی کے مارنے پیٹنے کی خواہش ہونا (۳) کچھ ملنے کی امید ہونا۔

ـــــ کھینچنا : (۱) باز آنا، دست بردار ہونا، ترک کر دینا کسی کام سے ہاتھ روک لینا۔

ـــــ لگانا : (۱) چھونا (۲) چھیڑنا، دست درازی کرنا (۳) مدد کرنا، سہارا لگانا (۴) کام شروع کرنا (۵) ہاتھ مارنا، ضرب لگانا، وار کرنا (۶) بازی لگانا، شرط بدنا (۷) پیر نے میں ہاتھ چلانا۔

ـــــ لگنا : (۱) چھُوا جانا، ہاتھ پھرنا (۲) ملنا، حاصل ہونا، ہاتھ آنا دستیاب ہونا (۳) قابو چڑھنا، بس میں آنا۔

ـــــ مارنا : (۱) جلد جلد نوالے کھانا (۲) غبن کرنا، مال اُڑانا، کسی کا مال چُرا لینا (۳) شرط لگانا (۴) رشوت لینا (۵) قبضہ کر لینا، قابض ہوجانا (۶) قتل کرنا، ذبح کرنا (۷) اقرار کرنا، قول دینا (۸) دروازہ کھٹکھٹانا (۹) تیرنا، شناوری کرنا۔

ـــــ ملانا : (۱) مصافحہ کرنا (۲) پنجہ کشی کرنا (۳) ہاتھ سے

ہاتھ پکڑ کر زور کرنا (۴) ہمسری کرنا (۵) کشتی سے پہلے لڑنے والے پہلوانوں کا ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔

ہاتھ ملنا: (۱) (کنایتاً) رشک وحسد سے افسوس کرنا (۲) افسوس کرنا، پچھتانا۔

—— میں ہاتھ دینا: (۱) کسی کے سپرد کرنا (۲) کسی کو بیاہ دینا، عورت کی شادی کر دینا (۳) میل جول رکھنے اور ساتھ ساتھ رہنے کا کنایہ۔

ہاتھا پائی / ہاتا پائی: مونث؛ دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں سے لڑی جانے والی لڑائی، ایک دوسرے کے ساتھ دست درازی کرنا۔

ہاتھوں: مذکر؛ (جمع ہاتھی) (۱) سبب باعث (۲) ہم دست، دست بہ دست (۳) وسیلہ سے، ذریعہ سے توسط سے۔

—— ہاتھ: (۱) دست بہ دست (۲) ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں اوپر ہی اوپر (۳) جلد، فوراً۔

ہاتھی: مذکر؛ بڑے ڈیل ڈول والا مشہور جانور، فیل، پیل۔

—— پھرے گا تو کاتو جس کا ہاتھی اس کا نام: (مثل) جس کی چیز ہو اسی کا نام ہوتا ہے، اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے۔

—— کے دانت دکھانے کے اور ہیں کھانے کے اور: (مثل) دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے اور کام میں لانے کی اور دنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ ہوتے ہیں اور باطن میں کچھ۔

—— ہزار لٹے تو بھی سوا لاکھ ٹکے کا: (مثل) امیر آدمی کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے پھر بھی اس کی قدر و قیمت باقی رہتی ہے۔

ہاٹ: مونث؛ (عم) دکان، سودا بیچنے کی جگہ، بینٹھ، بازار، سودا بکنے کی منڈی۔

ہاجرہ: مونث؛ حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ کا نام۔

ہاجی: (ع) ہجو کرنے والا۔

ہادی: (ع) رہنما، پیشوا، ہدایت کرنے والا۔

ہار: مونث؛ شکست، ہزیمت، مات (۲) تکان، ماندگی (۳) گلے کا ایک زیور (۴) موتیوں اور پھولوں کی مالا۔

—— جیت: مونث؛ شکست و فتح، نفع و نقصان۔

—— ڈالنا: پھولوں کی مالا گلے میں ڈالنا، ہار پہنانا۔

—— کر: تھک کر، مجبور ہو کر، آخر کار۔

—— ماننا: شکست تسلیم کرنا۔

ہاربر: HARBOUR (انگ) مذکر؛ (۱) بندرگاہ (۲) گودی۔

ہارٹ اٹیک HEART ATTACK (انگ) مذکر؛ دل کا دورہ۔

ہارٹ فیل ہونا: اچانک حرکتِ قلب بند ہو جانے کی وجہ سے موت واقع ہونا۔

ہارس پاور: HORSE-POWER (انگ) مذکر؛ میکانکی طاقت کی پیمائشی اکائی۔

ہارسنگھار: (ع) مذکر؛ ایک درخت اور اس کے پھولوں کا نام

ہارمونیم: HARMONIUM (انگ) مذکر؛ ایک قسم کا پیٹی کا باجا۔

ہاروت: (ع) مذکر؛ جادوگر فرشتہ جو بابل کے کنویں میں قید ہے۔

—— ماروت: دو جادوگر فرشتے جو چاہ بابل میں قید ہیں۔

ہارون: (عبرانی) مذکر؛ حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی کا نام (۲) خلیفۂ بغداد ہارون رشید۔

ہاڑ: (ہ) مذکر؛ ہڈی، استخوان، ڈھانچا۔

ہاشم: (ع) مذکر؛ آنحضرتؐ کے پردادا کا نام۔

ہاشمی: (ع) ہاشم کی طرف نسبت رکھنے والا۔

ہاضم: (ع) ہضم کرنے والا۔

ہاضمہ: (ع) مذکر؛ ہضم کرنے کی قوت۔

ہاکی: HOCKEY (انگ) مذکر؛ ایک مشہور کھیل جو اسٹک اور سخت گیند سے کھیلا جاتا ہے۔

ہال: (ہ) مونث؛ (۱) حرکت، جنبش، جھٹکا، گردش، (۲) مذکر؛ گاڑی کے پہیے کے گرد اگرد چڑھایا جانے والا لوہے کا چکر۔

ہال: HALL (انگ) (۱) بڑا کمرہ (۲) بڑا دالان۔

ہالا: (ف) مذکر؛ وہ دائرہ جو کبھی کبھی چاند کے گرد ظاہر ہوتا ہے۔

—— ڈولا: (ہ) مذکر؛ بھونچال، زلزلہ۔

ہالی موالی: مذکر؛ (عو) طرف دار، اپنے گروہ کے لوگ، گٹھ جوڑ کے لوگ

ہامان: (عبرانی) مذکر؛ فرعون کے وزیر کا نام۔

ہامی: (ہ) مونث؛ ہاں، اقرار۔

—— بھرنا: اقرار کرنا، زبان دینا، کسی قدر دشوار کام کا وعدہ کرنا۔
ہان: (۳) مونث؛ (۱) نقصان، ٹوٹا، زیاں، (۲) مصیبت (۳) کشت وخون، خونریزی۔
ہاں: (ف) مونث؛ (۱) کلمہ تنبیہ، کلمہ ایجاب، (۲) ضرور، ٹھیک کسی امر کے اقرار واقبال کا کلمہ (۴) حکم کا اشارہ (۵) البتہ (۶) خبردار، ہوشیار رہ، (طنزاً) بے شک ضرور (۸) تاکید کے لیے۔
—— میں ہاں ملانا: (۱) بغیر سمجھے بوجھے اقرار کر دینا، کورانہ تقلید کرنا (۲) اضافہ کرنا۔
—— ہاں کرنا: قبول کرنا، ماننا، اقرار کرنا، اقبال کرنا منظور کرنا۔
ہانپنا: جلد جلد سانس لینا، سانس اکھڑنا۔
ہانڈی: (ہ) مونث؛ (۱) دال، ترکاری پکانے کا مٹی کا برتن (۲) لیمپ کا گلوب۔
—— اُبلنا: (۱) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا (۲) (کنایتاً) بساط سے بڑھ کر کام ہونا۔
—— پکنا: (۱) دال یا سالن پکنا، کھانا پکنا (۲) (کنایتاً) چپکے چپکے صلاح ومشورہ کرنا (۳) کسی کے خلاف سازش کرنا۔
ہانک: (ہ) مونث؛ (۱) آواز، پکار (۲) للکار، چلاہٹ، شوروغل
ہانکا: (ہ) مذکر؛ شکاری جانوروں کے ہانکنے کا فعل۔
ہانک پکار: مونث؛ آدمیوں کا شوروغل، ہنگامہ۔
ہانکنا: (ہ) (۱) چلانا (۲) تیز رفتار کرنا، جانوروں کا (۳) زبان سے بے سمجھے بوجھے کوئی بات کہنا، لن ترانی کرنا (۴) بڑھا کے قیمت کہنا (۵) دستی پنکھا چلانا، مکھیاں دور کرنا۔
ہانکے پکارے: علانیہ، سب کے روبرو، ڈنکے کی چوٹ پر کھلم کھلا۔
ہاؤ بھاؤ: (ہ) مذکر؛ ناز وانداز۔
ہاؤس فل: HOUSE FULL (انگ) کسی تھیٹر یا جلسہ گاہ میں نشستوں کا پُر ہو جانا۔
ہاون: (ف) مذکر؛ ایک قسم کی لوہے کی اوکھلی۔
—— دستہ: مذکر؛ ایک ظرف اور دستہ کا نام جس میں دوائیں کوٹتے ہیں۔

ہاویہ: (ع) مذکر؛ دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ۔
ہاہا: (ہ) مونث؛ (۱) ہی ہی، ہنسی، ٹھٹھے کی آواز، ہوہو (۲) آہ، افسوس، حیف، ہائے، ہا، اُف، افسوس کا کلمہ۔
ہاہاکار: (ہ) مونث؛ ہائے ہائے کی آواز، نوحہ، ماتم، ہلچل۔
—— ہوہو/ ہی ہی: مونث؛ بے ہودہ ہنسی اور مذاق، ہنسی، ٹھٹھا۔
ہاؤ ہاؤ: (ہ) مونث؛ (۱) جلدی، گھبراہٹ (۲) طلب تقاضا (۳) کمی، توڑا۔
ہائی اسکول: HIGH SCHOOL (انگ) مذکر؛ ثانوی تعلیم کا مدرسہ
—— جمپ: JUMP — (انگ) مونث؛ اونچی چھلانگ۔
ہائے: مونث؛ (۱) افسوس (۲) دکھ کی حالت کی آواز، ماتم (۳) آہ، فریاد۔
—— ہائے پڑنا: (۱) تراہ تراہ ہونا، واویلا مچنا (۲) نہایت تاسف اور غم ہونا، غم یا درد کے صدمہ سے بے تاب ہونا۔
ہائیں: کلمۂ تنبیہ وتہدید۔
ہائیڈروجن: HYDROGEN (انگ) مونث؛ ایک گیس کا نام جو پانی کا اہم جزو ہے۔
ہائڈروکلورک ایسڈ HYDROCHLORIC ACID (انگ) مذکر؛ ایک قسم کا تیزاب۔
ہائی کورٹ: HIGH COURT (انگ) مذکر؛ بڑی عدالت، عدالت العالیہ

ہ - ب، پ

ہبڑا: مذکر؛ بڑے بڑے دانتوں والا، بدشکل۔
ہبل: (ع) مذکر؛ ایک مشہور بت کا نام جو ایام جہالت میں مکہ میں تھا۔
ہبلّق: (ع) چھوٹے قد کا، احمق، سڑی، باولا، جانگلو دیکھو۔ ہوتق۔
ہبوط: (ع) مذکر؛ نیچے اترنا، کسی شہر میں آنا بستی، نشیبی زمین
ہبہ: (ع) مذکر؛ بخشش، انعام۔
—— نامہ: (ف) مذکر؛ وہ کاغذ یا دستاویز جس میں عطا کرنے یا مرحمت فرمانے کا اقرار لکھا جائے۔

ہَپ : مونث؛ (۱) نگلنے کی آواز، ہڑپ، کوئی چیز یکایک منہ میں ڈال لینا، (۲) (بچوں کی زبان) کھانا۔

ہَپ کر جانا : (۱) کوئی چیز کھا جانا، نگل جانا، لقمہ سا اُتار جانا، (۲) کسی کا مال ہضم کر جانا۔

ہَپّا : مذکر؛ (۱) بچوں کا کھانا (۲) (کنایتاً) لقمہ، نوالہ۔

ہَپّر ہَپّر : (ع م) غذا یا کسی اور چیز کا جلد جلد کھانا، لقمے پر لقمے کھانا۔

ہپوکریسی : HYPOCRISY (انگ) مونث؛ ریاکاری، منافقت۔

ہپّی : HIPPY (انگ) مذکر؛ زندگی کے مسلمات سے گریز کرنے والا، تہذیب کے تصنع سے بیزار۔

ہ - ت

ہتا/ہتّھا : مذکر؛ (۱) دستہ، موٹھ، قبضہ، گرفت (۲) ہاتھ مٹھی (۳) دانو بازی۔

ہتک : (ع) مونث؛ پردہ دری، بے حرمتی، بے عزتی۔

ہتکنڈا/ہتھکنڈا : مذکر؛ (۱) ہاتھ کا کرتب، ہاتھ کی چالاکی (۲) (کنایتاً) چالاکی، عیاری، بدی کرنے کی عادت (۳) داؤں، پینچ، گھات۔

ہتوڑا/ہتھوڑا : مذکر؛ لہاروں کے ایک اوزار کا نام، مارتول (مونث) ہتھوڑی۔

ہتیا : (ہ) مونث؛ (۱) قتل، قتل کرنے یا مار ڈالنے کا گناہ (۲) دُکھ، عذاب۔

ہتیارا : (ہ) مذکر؛ قاتل، خونی، ہتیا کرنے والا، ظالم۔

ہتیلی/ہتھیلی : مونث؛ کف، دست، ہاتھ کے پنجے کا اندرونی حصہ۔

—— پر سرسوں جمانا : (کنایتاً) کوئی کام اس طرح آناً فاناً کر دینا جس سے عقل حیران ہو جائے، بے حد چالاکی دکھانا، نہایت مشکل کام، بے حد عیاری اور پھرتی سے کر دینا۔

—— میں چور پڑنا : (عو) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا، ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا، اور مہندی کیساں نہ لگنا (ف) (دُر دِحنا)

—— کھجانا/ہتیلی کھجلانا : (۱) ہتیلی میں کھجلی ہونا (۲) (کنایتاً) روپیہ ہاتھ آنے کا شگون (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا۔

ہتھ پھیری : مونث؛ (۱) دست مالی، مساس، معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا (۲) شعبدہ بازی، ہاتھ کی چالاکی، چابک دستی۔

—— کڑی/ہتھکڑی : (ہ) مونث؛ مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جانے والی زنجیر یا آہنی کڑا۔

ہتھکنڈے : (ہ) مذکر؛ داؤں، پینچ، مکاریاں، چالاکیاں ہاتھ کی صفائی۔

ہتھنی : مونث؛ (۱) ہاتھی کی مادہ (۲) (کنایتاً) بہت موٹی فربہ اندام عورت۔

ہتھوں سے اُکھڑ جانا : (۱) پتنگ کی ڈور کا ہاتھ سے ٹوٹ جانا (۲) (مجازاً) مشتعل ہو جانا، یکبارگی غصہ ہو جانا۔

ہتھیا : موسم برسات میں شدید بارش کے چند دن۔

ہتھیار/ہتیار : مذکر؛ اسلحہ، سامانِ جنگ اوزارِ جنگ، تلوار، چھری، پیش قبض وغیرہ۔

—— بند : مذکر؛ ہتھیار لگائے ہوئے مسلح۔

—— ڈال دینا : (۱) ہتھیار رکھ دینا (۲) (کنایتاً) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا، ہار ماننا، شکست تسلیم کرنا۔

ہتھیا لینا : ہاتھ میں لینا، قبضہ کرنا، مال کو دبا رکھنا۔

ہتھے پر چڑھنا : ہاتھ لگنا، داؤ پر چڑھنا، کسی کے قابو میں آجانا۔

—— پر سے اُکھڑنا/سے اُکھڑنا : (کنایتاً) ابتدا ہی میں قابو سے باہر ہو جانا۔

ہ - ٹ

ہٹ : مونث؛ ضد، اصرار، اڑ۔

—— دھرم : حق ناشناس، نامنصف، بے ایمان، سخن پرور، بدمعاملہ۔

ہٹا کٹا : مذکر؛ موٹا تازہ، تندرست، مضبوط، جوان۔

ہٹتال/ہڑتال : مونث؛ تمام دکانوں کا بند کر دینا، بازار بند کرنا۔

ہٹنا : (۱) سرکنا، کھسکنا، ٹل جانا، (۲) شکست کھانا، پسپا ہونا (۳) لوٹنا، پھرنا (۴) ملتوی ہونا۔

ہٹی : مونث؛ دکان، ہاٹ، بازار۔

ہٹیلا : مذکر؛ ضدی، اڑیل، کسی کی نہ سننے والا، مونث، ہٹیلی۔

ہ - ج

ہجا / ہجّا : (ع) مذکر؛ حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا۔
ہجر / ہجراں : مونث؛ جدائی، مفارقت۔
ہجراں نصیب : فراق زدہ، وہ شخص جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو۔
ہجرت : (ع) مونث؛ (۱) وطن کو ہمیشہ کے لیے چھوڑنا (۲) پیغمبرِ خدا صلعم کا مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ جانا۔
ہجری : (ع) ہجرتِ نبویؐ سے شمار کیا جانے والا اسلامی سنہ۔
ہجڑا : زنانہ، زنخا۔
ہجو : مونث؛ برائی کرنا، کسی کو برا کہنا۔
—— **ملیح** : (ف) مونث؛ (اضافت کے ساتھ) وہ ہجو جس میں بظاہر تعریف ہو۔
ہجوم : (ع) مذکر؛ بھیڑ بھاڑ، انبوہ، کثیر، مجمع، جماؤ۔
ہجے : مذکر؛ حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعہ ملا کر لفظ بنانا۔
—— **کرنا / لگانا** : (۱) حرفوں کو جوڑنا، اعراب سے لفظ ادا کرنا (۲) (کنایتاً) رُک رُک بولنا۔

ہ - چ

ہچر مچر : مونث؛ ٹال مٹول، بہانہ، پس و پیش۔
ہچکچانا : پس و پیش کرنا، کسی کام میں تامل کرنا، شک کرنا، ڈرنا، خوف کھانا۔
ہچکولا : مذکر؛ (۱) دھچکا، دھکا، ہچکا (۲) وہ صدمہ جو کسی سواری کی جنبش سے ہوتا ہے۔
ہچکی : مونث؛ (۱) وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے، (۲) نزع کے وقت کبھی کبھی سانس کے ساتھ رُک رُک کر آواز نکلنے کی کیفیت (۳) ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے بھی یہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔
ہچکیاں آنا : (۱) آواز کے ساتھ سانس کا رُک رُک کر نکلنا، (۲) (مجازاً) کسی عزیز یا دوست کا یاد کرنا، (۳) دم لوٹنا، جانکنی کا وقت ہونا۔
ہچنا / ہچ جانا : (عم) نشانہ صحیح نہ بیٹھنا۔

ہ - د

ہدا / ہدیٰ : (ع) ہدایت، سیدھا راستہ۔
ہدایا : (جمع ہدیہ کی) نذریں، تحفے، پیش کش۔
ہدایت : (ع) مونث؛ (۱) رہنمائی، راہ دکھانا (۲) فہمائش، حکم، ارشاد۔
—— **پانا** : سیدھے راستے پر آنا۔
—— **نامہ** : مذکر؛ دستور العمل، قانون، وہ رسالہ یا کتاب، جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوئے ہوں۔
—— **کار** : (ف) مذکر؛ رہنما، ڈائرکٹر۔
ہدف : (ع) مذکر؛ تیر یا بندوق کا نشانہ، مطلق نشانہ۔
—— **ملامت** : (اضافت کے ساتھ) وہ شخص جس پر ہر طرف سے لعنت ملامت ہو۔
ہدہد : (ع) مذکر؛ مرغِ سلیمان، ایک مشہور خوب صورت پرند کا نام جس کے سر پر تاج سا ہوتا ہے۔
ہدیہ : مذکر؛ (۱) تحفہ، نذرانہ، نذر (۲) کلام اللہ کی قیمت۔

ہ - ڈ، ڑ

ہڈا : مذکر؛ (۱) بڑی ہڈی (۲) گوڈے کا ہڈا۔
ہڈی : مونث؛ (۱) استخواں (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز، (۳) (کنایتاً) اصل، نسل۔
—— **گھلنا** : تپ کہنہ وغیرہ امراضِ مہلک میں ہڈی کا پگھلنا۔
ہڈیاں توڑنا : خوب پیٹنا، مار کر بھرکس نکال دینا۔
ہڈیوں کا مالا ہو جانا : بے حد لاغر اور ناتواں ہو جانا۔
ہذا : (ع) اسم اشارہ، یہ۔
ہذیان : (ع) مذکر؛ بڑبڑ بے ہودہ باتیں، بے معنی کلام، بخار کی شدت میں بے معنی باتیں۔

ہ - ر

ہر : مذکر؛ (۱) وشنو، کرشن، مہادیو (۲) (مجازاً) خدا، (۳) (۲) (عم) ہل۔
ہر : (ف) ایک ایک، فی کس۔

ہر آن : ہر دفعہ، ہر گھڑی۔
—— **آئینہ** : (ف) بے شک، ضرور، البتہ۔
—— **جائی** : (ا) آوارہ گرد (۲) کسی ایک کا ہو کر نہ رہنے والا (۳) بے مروت، بے وفا (۴) (کنایتاً) معشوق۔
—— **چند** : (ف) (ا) کتنا ہی، کیسا ہی، بہتیرا (۲) اگرچہ۔
—— **چہ** : (ف) ہر چیز، جو کچھ۔
—— **چہ بادا باد** : کچھ ہی کیوں نہ ہو، جو ہو سو ہو۔
—— **دل عزیز** : (ف) سب کا پیارا، عام پسند۔
—— **دم** : (ف) ہر وقت، ہر گھڑی، ہر لحظہ، ہر لمحہ۔
—— **روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے** : (ف) (مثل) روز روز، ایسا عمدہ موقع ہاتھ نہیں آتا۔
—— **روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا** : (کنایتاً) روز کمانا، روز کھانا۔
—— **زمان** : (ف) ہر وقت، ہر گھڑی، دن رات۔
—— **سُو** : (ف) ہر طرف۔
—— **فرعونے رامو سیٰ** : (ف) ایک پر ایک غالب ہے، ہر بد آدمی کسی نیک سے آخر کار مغلوب ہو جاتا ہے۔
—— **فن مولا** : ہر ایک کام میں طاق۔
—— **کس بہ خیال خویش خبطے دارد** : (ف) (مثل) ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔
—— **کس و ناکس** : ہر ایک عوام الناس، ادنا و اعلا۔
—— **کسے را بہر کارے ساختند** : (ف) ہر شخص ایک خاص کام کے لیے موزوں ہے۔
—— **کمالے را زوال** : (ف) ہر انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔
—— **کہ آمد عمارتِ نو ساخت** : (ف) (مثل) ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔
—— **گاہ** : (ف) (ا) جب، جس گھڑی، جس حال میں (۲) چونکہ۔
—— **گلے را رنگ و بوئے دیگر ست** : (ف) ہر ایک کا انداز جداگانہ ہے۔
ہر گز : (ف) نفی تاکید کے لیے، زنہار، مطلقاً۔
ہر مُلکے و ہر رسمے : (مقولہ) ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے۔
—— **نوع** : (ف) ہر طرح۔
ہرا : مذکر: (ا) سرسبز، شاداب، تر و تازہ (۲) کچلا (۳) کامیاب بامراد، خوش (۴) تازہ دم، چاق (۵) سبز رنگ، دھانی رنگ۔
—— **بھرا** : مذکر: (ا) سرسبز، شاداب، تر و تازہ (۲) کامیاب بامراد (۳) آباد اور معمور گھر (۴) با اہل و عیال (۵) درخت اور پھل لانے والا، باغ۔
—— **کچور** : (ا) مذکر: (عو) ہرا کی تاکید کے لیے، بہت ہرا۔
—— **ہند/ہرانڈ** : مونث: (ا) جن مسالوں کو گوشت میں ڈال کر بھونتے ہیں ان کے کچے رہ جانے کی بو، کچی ہلدی کی سی بو (۲) کچے پھول یا پھل کی بو۔
—— **ہو جانا** : (ا) سرسبز ہو جانا (۲) زخم کا تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا، باغ باغ ہو جانا (۴) تھکن اتر جانا، تازہ دم ہو جانا (۵) تنومند ہونا، چہرے پر رونق آنا۔
ہرا : (عم) (ا) ہلیلہ، ایک قسم کے کسیلے پھل کا نام (۲) ہلیلہ کی شکل کے نقرئی گلوبے جو گھوڑے کی زین میں لگاتے ہیں (۳) (مجازاً) گھوڑے کی حمائل اور زیور۔
—— **لگے نہ پھٹکری رنگ بھی چوکھا آئے** : (مثل) بے خرچ کیے نمود حاصل ہونا۔
ہُرا : (ا) منتشر ہو جانا، تتر بتر ہو جانا، ڈر کر بھاگ جانا (۲) دوڑ، ریلا، ہلا۔
ہُرا : HURRAH مذکر: (انگ) خوشی کی آواز، مرحبا، شاباش۔
ہراس : (ف) مذکر، مونث: (ا) خوف، ڈر، ہول (۲) مایوسی، ناامیدی۔
ہراساں : (ف) (ا) ڈرا ہوا، خوفزدہ (۲) ناامید، مایوس۔
ہرانا : (ا) بازی دینا، مات دینا، سر کرنا (۲) شکست دینا، مغلوب کرنا (۳) تھکانا، مضمحل کرنا۔
ہراول : (ترکی) مذکر: (ا) لشکر کے آگے آگے چلنے والی فوج کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار۔
ہر لونگ/ہڑ لونگ : مذکر: اندھیر، بدنظمی، شور و غل، بھیڑ بھاڑ۔

ہُر ہو جانا : (ا) (کنایتاً) غائب ہو جانا، اُڑ جانا (۲) سب خرچ ہو جانا۔
ہر پھر کے : (ا) پھر پھرا کے، مجبور ہو کر، آخر کار (۲) بار بار، ہر دفعہ۔
ہرتال / ہڑتال : (س) مونث؛ ایک قسم کی زرد دھات۔
ہرتے پھرتے : آتے جاتے، چلتے پھرتے، کبھی کبھی، اِدھر سے اُدھر یا اُدھر سے اِدھر۔
ہرتی پھرتی چھاؤں : مونث (ا) آتی جاتی چھاؤں، چلتی پھرتی چھاؤں (۲) (کنایتاً) ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز، دولت۔
ہَرج / ہَرَج : مذکر؛ (ا) شورش، ہنگامہ، دنگا، گڑبڑی، فتنہ (۲) خلل، نقصان، خسارہ (۳) وقفہ، ڈھیل، دیر۔
ہَرج مَرَج : (ف) مذکر؛ شورش، بلوہ، نقصان، خلل، گڑبڑ، بدنظمی، مانع، رکاوٹ۔
ہرجانہ : مذکر؛ ہرج کرنے کا معاوضہ، زرِ نقصان۔
ہرجہ : مذکر؛ نقصان، خسارہ، تاوان۔
ہردا / ہردے : (ہ) مذکر؛ (ا) دل (۲) ضمیر (۳) قلب۔
ہرزہ : (ف) بے ہودہ، لغو، نامعقول۔
ـــــ درا / سرا : (ف) بے ہودہ گو۔
ـــــ گردی : (ف) مونث؛ آوارہ پھرنا۔
ـــــ گو : (ف) یاوہ گو، بے ہودہ گو۔
ہرکارہ : مذکر؛ چٹھی رساں، قاصد، ڈاکیہ، نامہ بر (۲) چپراسی (۳) ہر ایک کام کرنے والا، پیادہ، اردلی۔
ہرگز : زنہار، مطلقاً۔
ہرن : مذکر؛ آہو، مرگ، ایک جانور کا نام۔
ـــــ کا چوکڑی بھولنا : ہرن کا گھبرا کر اپنی معمولی رفتار اور پھرنی کا بھول جانا، حواس باختہ ہو جانا۔
ـــــ کا کالا ہونا : (کنایتاً) شدت کی دھوپ پڑنے کا اظہار۔
ـــــ کھُری : (ہ) مونث؛ ہرن کے کھُر سے مشابہ پتے والی ایک بیل۔
ـــــ کھُری رانگا : مذکر؛ عمدہ قسم کا رانگا، کھرا رانگا۔
ـــــ ہو جانا : ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا، فرار ہو جانا، رفوچکر ہو جانا۔
ہرنا : مذکر؛ (ا) کاٹھی کا اگلا اُبھرا ہوا حصہ (۲) جوئے میں کسی چیز کا ہارجانا (۳) کسی کو اُٹھا لے جانا (۴) آہوئے نر، نر ہرن۔
ہرنی : مونث؛ ہرن کی مادہ۔
ہروا / ہروا : مذکر؛ (ا) چرواہا (۲) وہ شخص جو زمین کو کھیتی باڑی کے لیے تیار کرے۔
ہری : (ہ) مذکر؛ خدا، پرمیشور، بھگوان۔
ہری جن : (ا) ہندوؤں کی ایک پچھڑی ذات (۲) وشنو کو ماننے والا، پرہلاد۔
ہریالی : (ع م) مونث؛ سبز و تازہ گھاس، دُوب (۲) سبزہ زار۔
ہریالے : مذکر؛ شادی میں گائے جانے والے ایک قسم کے گیت۔
ہریاول : (ع م) مونث؛ ہریالی۔
ہریسہ : (ع) مذکر؛ (ا) ایک قسم کا کھانا (۲) (کنایتاً) بہت گلا ہوا، گھلا ہوا۔
ہزبَل : مذکر؛ جنگلی کبوتر کے برابر ایک قسم کا ہرا پرندہ۔

ہ - ڑ

ہڑ : مونث؛ (ا) ہلیلہ، ایک قسم کے کسیلے پھل کا نام (۲) ایک قسم کی ہڑ سے مشابہ لمبی گھنڈی، جو گوٹے کے ہاروں اور ازار بندوں وغیرہ میں بنا کر لگاتے ہیں (۳) زہاڑ کا مخفف، استخواں۔
ہڑبڑانا : مذکر؛ بوکھلانا، گھبرانا، مضطرب ہونا۔
ہڑبڑی : مونث؛ (ا) جلدی، گھبراہٹ (۲) بیقراری۔
ہڑپ : مونث؛ بغیر چبائے نگل جانا، ایک ہی دفعہ میں نوالہ اُتار جانا۔
ہڑپنا : (ا) نگلنا (۲) (کنایتاً) غبن کرنا۔
ہڑتال / ہرتال : مونث؛ ایک قسم کی زرد دھات، ہرتال (۲) بازار بند ہو جانا۔
ہڑجوڑا : مذکر؛ ایک ہڈی جوڑنے والے پودے کا نام۔
ہڑدنگا : (ع م) مذکر؛ (ا) آوارہ، مارا مارا پھرنے والا (۲) مذکر؛ لڑکوں کا اُچھلنا، کودنا۔
ہڑک : مذکر؛ مونث؛ (ا) باولے کتے کا زہر اثر کر جانا اور کتے کی طرح بولنا، کاٹنے کو دوڑنا (۲) (کنایتاً) امنگ، ولولہ۔
ہڑکا : بچے کا کسی کی جدائی کے غم میں بیمار پڑ جانا۔
ہڑکانا : (ا) ترسانا، بھڑکانا (۲) کسی کی جدائی سے رنج دینا۔

ہڑکنا: (ع) یاد کرنا، بچوں کا ماں، دایہ یا اور کسی کو جس سے مانوس ہو، یاد کرنا، اور ان سے نہ ملنے کا رنج ہونا۔
ہڑواڑ: مونث؛ خاندان کا قبرستان۔

ہ - ز

ہزار: (ف) (۱) دس سو (۲) ہر چند، کتنا ہی، بہتیرا (۳) کثرت تعداد ظاہر کرنے کے لیے (۴) مونث؛ بلبل، ایک مشہور پرند۔
ـــ پا: (ف) مذکر؛ کھنکھجورا۔
ـــ داستان: (ف) مذکر؛ (کنایتاً) بلبل کی ایک قسم جو متعدد بولیاں بولتا ہے اور انتہائی خوش الحان ہوتا ہے۔
ـــ دانہ: (ف) ہزار دانے کی تسبیح۔
ـــ مُنہ ہزار باتیں: (مثل) ہر ایک شخص اپنی سمجھ کے موافق کہتا ہے جتنے مُنہ اتنی باتیں۔
ہزاروں: (جمع ہزار) کثرت ظاہر کرنے کے لیے۔
ـــ باتیں سُنانا / ہزاروں سُنانا: آوازے کسنا، بُرا بھلا کہنا۔
ہزارہ: (ف) مذکر؛ (۱) ایک جنگلی پہاڑی قوم اور جگہ کا نام، (۲) ایک قسم کا بڑے پھول والا گیندا، (۳) ایک قسم کا فوارہ۔
ہزارہا: (ف) ہزار کی جمع۔ بے شمار۔
ہزاری: (۱) ہزار سے نسبت رکھنے والا (۲) ہزار آدمیوں کا افسر
ـــ بزاری: (۱) ہزاروں قسم کے آدمیوں سے ملنے والا اور بازار میں بیٹھنے والا (۲) (کنایتاً) سفلہ، کمینہ، ناقابلِ اعتبار۔
ـــ رُوزہ: (عو) مذکر؛ ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا روزہ۔
ـــ منصب: مذکر؛ زمانۂ شاہی میں ایک قسم کا عہدہ۔
ہزج: (ع) مونث؛ عروض کی ایک بحر کا نام۔
ہزل: (ع) مونث؛ (۱) بیہودہ باتیں، مذاق، تمسخر، (۲) مسخرے پن کے مضامین والی نظم۔
ہزیمت: (ع) مونث؛ شکست، ہار۔
ہژدہ: (ف) اٹھارہ۔
ہژدہ ہزار عالم: تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی ہے۔

ہ - س

ہسپتال: HOSPITAL (انگ) مذکر؛ شفاخانہ۔
ہست: (ف) مونث؛ زندگی، ہستی، وجود، ہے۔
ـــ نیست: ہاں نہیں۔
ہستی: (ف) (۱) وجود، قیام، موجودگی (۲) موجودات، مخلوقات (۳) زندگی، دنیا کی زندگی، (۴) حقیقت، اصل، بساط (۵) مجال، تاب، طاقت (۶) دولت ثروت (۷) دنیا (۸) (اصطلاح) خودبینی، خودپسندی، اظہارِ انانیت۔
ـــ جاوداں: (ف) (اضافت کے ساتھ) مونث؛ ہمیشہ کی زندگی، حیاتِ ابدی۔
ـــ فانی / موہوم / دوروزہ: (ف) (اضافت کے ساتھ) دو دن کی زندگی، چند روزہ زندگی، خیالی زندگی۔
ہسٹری: HISTORY (انگ) مذکر؛ تاریخ، حالات۔
ـــ شیٹ: SHEET (انگ) مذکر؛ وہ کاغذ جس میں کسی کی زندگی کے حالات کی تفصیل درج ہو۔
ہسٹیریا: HYSTERIA (انگ) مذکر؛ (۱) وہ مرض جس میں شدتِ جذبات کے سبب اعصابی نظام میں خلل واقع ہوتا ہے اور مریض پر بے ہوشی کے دورے پڑنے لگتے ہیں، (۲) (ایک اعصابی) مرض جو عام طور سے عورتوں میں پایا جاتا ہے۔
ہسیا / ہنسیا: مذکر؛ گھاس اور کھیتی وغیرہ کاٹنے کا اوزار۔

ہ - ش

ہشاش: (ع) ہنس مکھ، خوش، شاداں۔
ـــ بشاش: نہایت خوش، باغ باغ۔
ہشت: نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ، کسی امر سے روکنے اور جھڑکنے کا کلمہ
ہشت: (ف) آٹھ ۸۔
ـــ بہشت: (ف) مذکر؛ خاص، آٹھ بہشت۔
ـــ پہلو: (ف) آٹھ کونے کا۔
ـــ گنج: (ف) مذکر؛ خسرو پرویز کے آٹھ خزانے۔

ہُشکار: (۱) کتّے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا (۲) (کنایتاً) آدمی کو کسی امر کے لیے مشتعل کر کے راغب کرنا۔
ہشیار: ہوشیار کا مخفف (۱) باہوش (۲) چالاک (۳) عقل مند، دانش مند (۴) آگاہ، چوکس، خبردار (۵) لایق، قابل، مستعد (۶) بیدار، جاگتا ہوا۔

ہ ض، ف

ہضم: (ع) مذکر؛ (۱) تحلیل، معدے میں غذا کا اس قابل ہو جانا کہ اس سے خون بن سکے (۲) غبن، چوری، خیانت۔
ہفت: (ف) سات (۷)
ـــــ اختر: (ف) مذکر؛ سبع سیارہ، مشہور سات سیارے۔
ـــــ اقلیم: (ف) مونث؛ سات ولایتیں مراد ساری دنیا۔
ـــــ الوان: (ف) مذکر؛ (کنایتاً) مختلف قسم کے لذیذ طعام۔
ـــــ اورنگ: (ف) مذکر؛ (۱) سبع سیارہ / بنات النعش۔ (۲) سات رنگ۔
ـــــ پیکر: (ف) مذکر؛ سات ستارے، ساتوں آسمان۔
ـــــ خوان: (ف) مذکر؛ (۱) (کنایتاً) نہایت دشوار اور مشکل کام (۲) کٹھن راستہ جسے رستم نے صرف سات دن میں طے کیا۔
ـــــ طبق: (ف) مذکر؛ (کنایتاً) آسمان کے ساتوں طبقے۔
ـــــ قرأت: (ف) مونث؛ قرآن کی ساتوں قراتیں۔
ـــــ قلزم: (ف) مذکر؛ ہفت دریا، مشہور سات سمندر۔
ـــــ قلم: (ف) مذکر؛ (۱) سات مشہور خط (۲) وہ شخص جو سات طرح کے خط لکھتا ہو، اعلیٰ درجہ کا خوش نویس۔
ـــــ گنج: (ف) مذکر؛ خسرو پرویز کے خزانے کا نام۔
ـــــ منزل: (ف) مونث؛ (کنایتاً) قرآن کی ساتوں منزلیں۔
ـــــ ہزاری: (ف) مذکر؛ شاہانِ مغلیہ کے ایک بڑے منصب کا نام۔
ہفتاد: (ف) ستر، کثرت کے لیے۔
ہفتاد و دو ملّت / ہفتاد و سہ ملّت: (ف) مونث؛ اسلام کے بہتّر تہتّر فرقے۔
ہفتم: (ف) ساتواں۔
ہفتہ: (ف) مذکر؛ سات دن کا زمانہ، سات دن (۲) سنیچر۔
ہفتہ عشرہ: مذکر؛ آٹھ دس روز کا زمانہ۔
ہفتے گا ٹھنگا: پہلوانوں کی اصطلاح، حریف کی دونوں ٹانگوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن دونوں ہاتھوں سے پکڑ لینا۔
ہفت نظر: (ع) چشم بد دور۔
ہفوات: (ع) مونث؛ بے ہودہ باتیں۔

ہ ک

ہُک HOOK (انگ) مذکر۔ (۱) آنکڑا، کانٹا، تکمہ (۲) وہ خمدار کیل جو دیوار میں نصب کرتے ہیں، (۳) کوٹ اور شیروانی میں لگائے جانے والے آنکڑے۔
ہکا بکا: متحیر، گھبرایا ہوا، حواس باختہ، متعجب۔
ہک دک: مونث؛ پس و پیش (۲) متعجب، حیران سکتے کے عالم میں۔
ـــــ رہ جانا: سکتے کے عالم میں رہ جانا، حیرت میں رہ جانا۔
ہکذا: اسی طرح، ایسا۔
ہکلا: مذکر؛ تکنت کرنے والا۔
ہکلانا: تکنت کرنا، زبان کا لڑکھڑانا، کسی لفظ کو کہتے وقت اس کے ہر حرف میں تکرار واقع ہونا۔

ہ ل

ہل: مذکر؛ زمین جوتنے کا آلہ، زمین کھودنے کا اوزار۔
ہلّا: (عم) مذکر؛ (۱) دھاوا، چڑھائی، حملہ (۲) شور و غل۔
ہلا دینا: (۱) جنبش دینا (۲) (کنایتاً) دہلا دینا۔
ـــــ مارنا: ہلکان کرنا، پریشان کرنا۔
ـــــ ہلا: مذکر؛ مانوس۔
ـــــ ہونا: مانوس ہونا۔
ہُلاس: مونث؛ ناس، ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا سوکھا تمباکو
ہلاک: (۱) قتل، فنا (۲) تباہی، بربادی، خرابی (۳) مضمحل، ماندہ۔
ہلاکت: (ع) مونث؛ (۱) نیست ہونا، موت، مرنا (۲) (کنایتاً) محنت، مشقت، تھکاوٹ۔
ہلاکو: (ت) مذکر؛ (۱) ایک ظالم بادشاہ کا خطاب (۲) (کنایتاً) ظالم، جلاد، سفاک۔

ہلال: (ع، مذکر؛ ا) نیا چاند، مہینہ کی پہلی رات کا چاند، ماہِ نو۔
ہلالی: (ع) (ا) منسوب بہ ہلال، ہلال کی وضع کا (۲) قوسی نئے چاند کی مانند
ہلانا: (ا) حرکت دینا، جنبش دینا، چلانا۔ (۲) مانوس کرنا، پرچانا، سدھانا۔
ہلاہل: (ف) مذکر؛ (ا) زہرِ قاتل جس کا علاج نہ ہوسکے (۲) قاتل مہلک (۳) (عو) کڑوا، تلخ۔
ہلبلی: مونث؛ جلدی، گھبراہٹ، ہڑبڑی۔
ہلچل: مونث؛ بھاگڑ، کھلبلی، بے قراری، گھبراہٹ۔
ہلدوا: مونث؛ ایک قسم کی زرد رنگ کی لکڑی جس سے تخت اور صندوق بناتے ہیں۔
ہلدی: مونث؛ ایک قسم کی زرد جڑ یا گرہ، زرد چوبہ۔
——کی گرہ لے کر پنساری بن بیٹھنا / بن جانا: (کنایتاً) تھوڑی سی پونجی پر نازاں ہونا، ذرا سا جان کر کامل ہونے کا دعوا کرنا۔
——لگا کے بیٹھنا: چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا، بہانہ کرنا، حیلہ ڈھونڈنا۔
——لگے نہ پھٹکری رنگ بھی چوکھا آئے: (مثل) بغیر کچھ مشقت یا خرچ کیے خاطر خواہ کام نکل آنا۔
ہلدیا: مذکر؛ (ا) ایک قسم کا زہر جو ہلدی میں پایا جاتا ہے (۲) یرقان ایک بیماری جس میں تمام جسم زرد پڑ جاتا ہے، (۳) زرد، پیلا، بسنتی۔
ہلڑ: مذکر؛ شور و غل، غل غپاڑا، آدمیوں کی کثرت، بھیڑ کا غلغلہ۔
ہلکا: مذکر؛ (ا) سبک، خفیف، نازک، لطیف، کم وزن (۲) اوچھا کم ظرف، (۳) کم قیمت گھٹیا (۴) نہایت لطیف، جلد اثر قبول کرنے والا (۵) سبک وضع (۶) پھیکا۔
——پن: مذکر؛ (ا) سبکی، خفت، (۲) کمینگی، رذالاپن، (۳) کم ظرفی، اوچھاپن، چھچھورا پن۔
——پھلکا: مذکر؛ (ا) نازک، لاغر، کمزور بہت ہلکا (۲) (کنایتاً) آسانی اور راحت۔
——پھول: پھول کی طرح ہلکا۔
——جوڑا: مذکر؛ کم قیمت پوشاک۔
——نون / لہو: (عو) (ا) وہ جس کو نظر بد جلد اثر کرے (۲) وہ شخص جو دوسرے کا خون نہ دیکھ سکے۔
ہلکا رنگ: مذکر؛ پھیکا رنگ، کپڑے وغیرہ کا وہ رنگ جو شوخ نہ ہو۔
——کرنا: (ا) بوجھ اتارنا، بوجھ کم کرنا (۲) سبک دوش کرنا (۳) خفیف کرنا، ذلیل کرنا، شرمندہ کرنا۔
——گلابی جاڑا: خفیف سردی کا موسم۔
——ہونا: (ا) بوجھ اترنا، وزن کم ہونا، (۲) بے فکر ہونا، (۳) گرانی جاتی رہنا (۴) ذلیل ہونا، خفیف ہونا۔
ہلکارنا: (ا) کتے کو شکار پر دوڑانا، (۲) (کنایتاً) کسی کو جنگ و فساد پر آمادہ کرنا۔
ہلکان: تھکا ماندہ، مضمحل، پریشان۔
——کرنا: (عو) تھکا دینا، پریشان کرنا۔
——ہونا: (ا) تھکنا، مضمحل ہونا (۲) حیران اور پریشان ہونا۔
ہلکم: مونث؛ (عو) ہل چل، تہلکہ، کھلبلی۔
ہلکورا: مذکر؛ لہر، موج۔
ہلکورنا: ہلانا، جھنجھوڑنا۔
ہلکورے لینا / ہلکورے مارنا: پانی کا لہریں مارنا، موجزن ہونا، لہرانا۔
ہلکی: مونث؛ (ا) سبک، کم وزن، اوچھی (۲) دھیمی (۳) لطیف (۴) گھٹیا، ادنا۔
——بات: آسان بات، خراب بات، گھٹیا بات۔
ہلگانا: (عم) (ا) لٹکانا، آویزاں کرنا، معلق کرنا، اُلجھانا (۲) کسی کام میں اٹکا دینا، کسی پیشے میں لگا دینا۔
ہل مل جانا: (ا) گھل مل جانا، (۲) آپس میں مانوس ہو جانا (۳) آدمی کا آدمی سے مانوس ہو جانا (۴) بچوں کا کسی سے مانوس ہو جانا۔
——کر رہنا: میل جول کے ساتھ رہنا۔
ہلنا: (ا) مانوس ہونا (بچوں یا وحشی جانوروں کا) (۲) متحرک ہونا، لرزنا، کانپنا، تھرتھرانا (۳) متزلزل ہونا (۴) اپنی جگہ سے جنبش کرنا (۵) کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا۔
——ڈلنا: (عو) حرکت کرنا۔
ہلہلا: مذکر؛ (ا) شگوفہ، کوئی عجیب، انوکھی بات، فتنہ انگیز بات،

(۲) شوق، اُمنگ (۳) بُہتان، بے سروپا بات،
(۴) تھرتھراہٹ، کپکپی۔
ہُلہُلا کر بخار چڑھنا: (۱) زور سے بخار چڑھنا، ایسا بخار جو بیمار کو کپکپا دینے والا ہو (۲) (لکھنو) ہلہلا کر بخار چڑھنا۔

ہ - م

ہم: (۱) ضمیر جمع متکلم، یعنی میں، میرے ساتھ اور دوسرے لوگ، (۲) مَیں کی جگہ بھی مستعمل ہے (۳) اپنی ذات کے واسطے کلمۂ تعظیم۔
—— بھی ہیں پانچویں سواروں میں: اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔
—— خوش ہمارا خدا بھی خوش: (مقولہ) بے حد رضامندی ظاہر کرنے کے لیے۔
ہم: (ف) (۱) نیز، بھی، بلکہ، ماسوا، اور اس کے علاوہ (۲) آپس میں، باہم دِگر۔
—— آغوشی: (ف) مونث؛ بغل گیری، ہم کناری۔
—— آواز/ ہم آہنگ: (ف) (۱) وہ جن کی ایک آواز ہو، سُر یا راگ میں شریک (۲) (کنایتاً) متفق الرائے، رفیق، ساتھی۔
—— بستری: (ف) مونث؛ کسی عورت کے ساتھ سونا، جماع۔
—— پایہ: ہم مرتبہ، ایک ہی درجہ رکھنے والا۔
—— پلّہ: (۱) برابر کی ٹکّر کا۔ برابر کی جوڑ (۲) برابر کی مار کا برابر فاصلہ کا۔ ہم مرتبہ، ہم وزن۔
—— پیالہ و ہم نوالہ: (ف) (۱) ساتھ کھانے پینے والا (۲) (کنایتاً) گہرا دوست۔
—— جنس: (ف) ہم ذات، یکساں، ہم رتبہ، ہم پیشہ۔
—— جولی: (۱) وہ کم سن جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے، (۲) ہم عمر جو ساتھ کھیلا ہو، وہ جو سن و سال میں دوسرے کے برابر ہو۔
—— چشم: (ف) برابر والا، ہم مرتبہ، برابر کی ٹکّر۔
—— چو: مانند، مثل۔
—— چو، یادیگرے نیست/ چو من دیگرے نیست: (مقولہ) میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں ہے (خودستائی کا فقرہ)
ہم خرما و ہم ثواب: (مثل) وہ فعل جس میں لذت ہو اور کارِ خیر بھی ہو۔
—— درد: (ف) دُکھ درد کا ساتھی، دردمند، غم خوار۔
—— دَم: (ف) رفیق، یار، دوست۔
—— راز: (ف) رازداں، محرم اسرار، راز جاننے والا۔
—— راہ: رفیق، سفر میں ساتھی، ساتھ۔
—— رکاب: (ف) سواری کے ہمراہ۔
—— رنگ: (ف) ایک طرح کا۔ یکساں، یک رنگ۔
—— زاد: (ف) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ہو (۲) مذکّر؛ وہ جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے (۳) وہ سایہ انسان کا جو سفلی عمل سے تابع ہو کر کام دے سکتا ہے۔
—— زبان: (ف) ہم قول، متفق۔
—— زلف: (ف) مذکّر؛ ساڑھو، سالی کا خاوند۔
—— ساز: ہمدم، سازگار، موافق۔
—— سایہ: (ف) مذکّر؛ (۱) پڑوسی (۲) پاس کا مکان۔
—— صفیر: (ف) (۱) وہ پرند جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں، (۲) (مجازاً) ہمدم، ہم رنگ۔
—— عصر/ عہد: (ف) ایک زمانے کا، ایک وقت کا۔
—— عِناں: (ف) ہم راہ، برابر، ساتھی، رفیق۔
—— قدم: (ف) ساتھی، رفیق، ہم راہ، ہم سفر۔
—— قِراں/ قریں: یار، مصاحب۔
—— کلامی: (ف) مونث؛ باہم بات چیت کرنا۔
—— کنار: (ف) ہم آغوش، بغل گیر۔
—— مذہب/ مشرب: (ف) ایک ہی مذہب کا، ہم ملّت۔
—— معنی: (ف) دو لفظ جو مرادف ایک دوسرے کے ہوں۔
—— نبرد: (ف) مقابل، حریف۔
—— نشیں: (ف) مصاحب، پاس کا بیٹھنے والا، ہم صحبت۔
—— نفس: (ف) رفیق، ہم کلام۔
—— نوا: (ف) ہم صفیر۔
—— وار: (ف) برابر یکساں، موافق، ہمیشہ۔

ہم وارہ : (ف) ہمیشہ، لگاتار۔
—— وطن : ایک دیس کا، ایک مُلک کا۔
ہمتا : برابر، مثل، مانند، نظیر، شریک۔
ہم جنسی : (ف، ع) مونث؛ (ا) ایک جنس کا ہونا (۲) دو ہم جنسوں کا جنسی عمل (فعل)۔
ہمسر : (ف) برابر کا، برابر والا، ہم رُتبہ۔
ہمشیر : (ف) مونث؛ خواہر، بہن۔
ہم گیر : (ا) مذکر؛ برف کا پہاڑ۔
ہما : (ف) ایک پرند کا نام، مشہور ہے کہ ہڈیاں کھاتا ہے اور جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔
ہمارا : (ا) ہم سب کا (۲) میرا، میری ذات کا (۳) خصوصیت اور یگانگت ظاہر کرنے کے لیے جیسے ہمارا دوست۔
ہماری بلی ہمیں سے میاؤں : (مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرائے۔
ہماشُما : (ع م) کسی وزنی چیز کو اُس کے نیچے کوئی چیز رکھنے کے لیے اُٹھانا۔
ہماشما : اَدنا اور اعلا، سب، عوام۔
ہمالیہ/ہمالہ : مذکر؛ ہندوستان کے مشہور شمالی پہاڑوں کا سلسلہ جو دنیا کے سب پہاڑوں سے اونچا ہے۔
ہما ہمی : مونث؛ غرور اور خود پسندی کے کلمات کہنا، سرزوری، زبردستی۔
ہمایوں : (ف) (ا) مبارک، بابرکت، مسعود (۲) مذکر؛ خاندانِ مغلیہ کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔
ہمت : (ع) مونث؛ (ا) ارادہ، عزم، قصد (۲) اونچا حوصلہ (۳) ڈھارس، دلیری (۴) بہادری، طاقت، (۵) توفیق، دَست رَس۔
—— مَردانِ مددِ خدا : (ف) (اضافت کے ساتھ) (مقولہ) کام میں کوشش شرط ہے خدائے تعالا ضرور مدد کرتا ہے۔
ہمزہ : (ع) مذکر؛ وہ الف جو کھینچ کر پڑھا جائے، اس کی شکل یہ (ء) ہوتی ہے، یہ نشان بعض الفاظ میں اضافت کا کام دیتا ہے (جیسے صحیفۂ آسمانی)۔
ہمکارا/ہمکاری : کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز، ہاں ہوں کرنا۔
ہمکنا : بچے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کا ارادہ ظاہر کرنا۔
ہمک ہمک کے چلنا : مَٹک مَٹک کے چلنا، اُچک اُچک کر چلنا۔
ہمم : (ع) (جمع ہمت کی)
ہمہ : (ف) سب، کل، سارا، جملہ۔
—— اوست : (ف) (تصوّف کی اصطلاح) سب کچھ وہی (خدا) ہے وحدت الوجود۔
—— تَن : (ف) بالکل، تمام، سراسر۔
—— تَن گوش : (ف) سننے پر بے حد متوجہ۔
—— داں : (ف) ہر ایک علم و ہنر جاننے والا، ہر بات سے واقف۔
—— صفت موصوف : (ف) ساری خوبیوں سے بھرا ہوا، ہر قسم کی تعریف کے قابل۔
ہمہمہ : (ع) مذکر؛ بھاری آواز، گھوڑے، بیل یا شیر وغیرہ کی۔
ہمیانی/ہمیان : مونث؛ روپیہ رکھنے کی پتلی سی تھیلی۔
ہمیش : (عو) ہمیشہ۔
ہمیشگی : (ف) مونث؛ قدامت، دوام۔
ہمیشہ : (ف) دائم، مُدام، آئے دن۔
ہمیں : ہم ہی کا مخفف، اپنی ذات اور چند آدمیوں کی ذات۔ ہم سب۔
ہمیں : ہم کو۔

ہ - ن

ہُن : مذکر؛ (ا) دکن کے ایک پرانے طلائی سکّہ کا نام (۲) ریزۂ زر۔
—— برسنا : (محا) (ا) بہت آمدنی ہونا (۲) دولت میں بہت اضافہ ہونا۔
ہنٹر : HUNTER (انگ) مذکر؛ (ا) چابک، کوڑا (۲) شکاری، صیاد۔
ہنجار/ہنجار : (ف) مذکر؛ (ا) راہ، راستہ (۲) (مجازاً) طرز، روش۔
ہند : (ف) مذکر؛ ہندوستان۔
ہندسہ : (ع) مذکر؛ (ا) علمِ ریاضی کی ایک شاخ کا

کا نام (۲) عدد کی شکل۔ رقم۔
ہِندُو: (ف) مذکر؛ ہندو دھرم کا ماننے والا
ہِندُوستان/ ہِندستان: (ف) مذکر؛ ملک ہند (انڈیا)
ہِندوستانی: (ف) (۱) ہند سے منسوب (۲) ہندوستان کا باشندہ (۳) ہندوستانی زبان۔
ہِندی: (ف) (۱) ہند سے منسوب (۲) ہندوستان کا رہنے والا (۳) مونث؛ ہندوستان کی سرکاری زبان (۴) ہندوستان کی چیز
—— کی چندی: (۱) تفصیل سے تشریح کرنا، نکتہ چینی، چھان بین (۲) (کنایتاً) فضول کام، حجت۔
ہَنڈا: مذکر؛ (۱) بڑی ہانڈی، مٹی کا بڑا برتن (۲) گیس کا بڑا لیمپ۔
ہَنڈکلیا/ ہَنڈکُلھیا: مونث؛ بچوں کے کھیل کی ہانڈی۔
ہِنڈول: مذکر؛ صبح کا ایک راگ۔
ہِنڈولا: مذکر؛ (۱) چکر لگانے والا جھولا، میلے ٹھیلے میں لگایا ہوا اوپر سے نیچے گردش کرنے والا جھولا، پالنا، گہوارہ (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔
ہُنڈوی/ ہِنڈی: مونث؛ چک وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیا دینے کے واسطے دیتے ہیں۔
ہُنڈ ٹپنا: ہنڈی کا روپیا وصول ہونا۔
—— سکھارنا: ہنڈی کا روپیا دینا۔
ہَنڈیا: مونث؛ (۱) ہانڈی کی تصغیر (۲) (کنایتاً) ترکاری سالن۔
—— پکانا: (۱) سالن پکانا، ترکاری پکانا (۲) چرچا کرنا۔
ہُنَر: (ف) مذکر؛ (۱) فن (۲) جوہر (۳) لیاقت۔
—— مند/ ور: (ف) صاحب ہنر، باکمال، دست کار۔
—— مندی/ وری: (ف) مونث؛ (۱) سلیقہ، قابلیت (۲) دست کاری۔
ہنس: مذکر؛ ایک قسم کی بڑی بطخ۔
ہنس بول کر بسر کرنا: خوش دلی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔
ہِنسا: (ف) مذکر؛ جبر، تشدد، قتل و خوں ریزی کا رجحان۔
ہنستے ہی گھر بستے ہیں: (مثل) ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں، باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے۔
ہَنس راج: مونث؛ (۱) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے (۲) مذکر؛ ایک قسم کی آبی بطخ، قاز (۳) مذکر؛ ایک قسم کا خوش بو دار چاول۔
ہَنسلی: مونث؛ (۱) وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہے (۲) ایک قسم کا گلے میں پہننے کا زیور۔
—— اُتر جانا: (۱) شیر خوار بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر تلے اوپر ہو جانا۔
ہَنس مُکھ: خندہ پیشانی، شگفتہ رُو۔
ہنسنا: (۱) خندہ کرنا، کھلکھلانا، کھلنا (۲) مذاق کرنا، دل لگی کرنا، چھیڑ خانی کرنا، کسی کو بنانا، خندہ زنی کرنا (۳) ہنسی اُڑانا، فضیحت کرنا۔
—— بولنا: (۱) ظرافت سے دل بہلانا، دل لگی کرنا، مذاق کرنا، (۲) خوش دلی سے بات چیت کرنا۔
ہَنسوڑ: ظریف، خوش طبع۔
ہنس ہنس کھائے بھوہڑ کا مال: (مثل) بے وقوف کا مال کھانے میں کچھ شکر گزاری اور احسان ماننے کی ضرورت نہیں۔
ہنسی: مونث؛ (۱) خندہ، قہقہہ (۲) مزاح، خوش طبعی (۳) (کنایتاً) کھیل، آسان کام۔
—— اُڑانا: لازم، ذلت ہونا، مضحکہ ہونا۔
—— ٹھٹّا: مذکر؛ (۱) ہنسی، مذاق، دل لگی (۲) ذرا سی بات، کھیل، تماشا، آسان کام۔
—— خوشی: (۱) خوشی سے، رضا مندی سے (۲) خوش خوش خیریت کے ساتھ، بخیریت تمام۔
—— کھیل: ذرا سی بات، آسان کام۔
ہنسیا: مذکر؛ (درانتی) گھاس کاٹنے کا اوزار۔
ہنکار/ ہمکار: مونث؛ (۱) (دبی) ہاں کی آواز (۲) پشتی حمایت۔
ہنکانا: (۱) پاس سے دُور کرنا (انسان یا حیوان کو) (۲) کھدیڑنا (۳) مکھیوں کو دُور کر دینا۔
ہَنکوا/ ہانکا: مذکر؛ مقررہ لوگوں کا شور و غل کر کے شکاری جانوروں کو ہنکا کے اُس مقام پر لانا جہاں شکاری تاک میں بیٹھا ہو۔
ہنگام: (ف) مذکر؛ وقت، زمانہ، موقع۔
ہنگامہ: (ف) مذکر؛ (۱) مجمع، بھیڑ، ہجوم (۲) شور و غل (۳) ہلچل۔

ہنگامہ آرا / پرداز: (ف) (۱) صف آرا، جنگ پر والا، (۲) فتنہ برپا کرنے والا۔

ہنگامی: (ف) چند روز کا، خاص وقت تک کا۔

ہنود: (ع) مذکر؛ (جمع ہندو کی)۔

ہنوز: (ف) اب تک، ابھی تک، اس وقت تک۔

—— **دلّی دُور است:** (مثل) ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے۔

—— **روزِ اوّل ہے:** (مثل) ابھی تک کچھ ترقی نہیں کی ہے۔

ہنومان: مذکر؛ (۱) ہندوؤں کا دیوتا (۲) بندر۔

ہنہنانا: گھوڑے کا بولنا۔

ہنہناہٹ: مونث؛ گھوڑے کی آواز۔

ہنی مون: HONEY MOON (انگ) مونث؛ (۱) شادی کے وہ ابتدائی دن جو دولہا دلہن کسی نئی جگہ گذارتے ہیں (۲) ماہِ عسل (۳) کسی مقام پر ماہِ عروسی گزارنا۔

ہ - و

ہُو: (ع) مذکر؛ غائب، وہ۔

—— **الشّافی:** خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے (طبیب نسخوں کی ابتدا میں لکھا کرتے ہیں)

ہُو: (ع) خدا تعالیٰ۔ اشارہ خدا تعالیٰ کی ذات مطلق کی طرف

ہُو: (ف) مونث؛ (۱) غل ہنگامہ (۲) وہ آہ جو حالتِ شوق اور مستی اور ولولہ میں منہ سے نکلے (۳) (کنایتاً) خوف، ڈر۔

—— **بہُو:** (ف) بعینہٖ کسی چیز سے بالکل مشابہ۔

—— **حق:** مونث؛ (۱) وجد، حال یا سرور کی حالت میں نعرۂ مستانہ (۲) شور و غوغا۔

—— **حق ہو جانا:** فنا ہو جانا، نیست و نابود ہو جانا۔

—— **کا عالم / کا مقام / کا مکان / کا میدان:** مذکر؛ (۱) عالم لاہوت (۲) خوفناک اور وحشت بھری سنسان جگہ۔

—— **کرنا:** ڈر کر چیخنا، چیخ کر بھاگنا۔

ہَوا: مونث؛ (۱) باد (۲) آرزو، ارمان، تمنا، شوق (۳) نفس امارہ کا کسی طرف مائل ہونا (۴) ہوا کا کرہ جو آسمان و زمین کے درمیان ہے (۵) سانس، نفس، دم (۶) (مجازاً) روح، بھوت پریت، (۷) وبا، ہیضہ (۸) (کنایتاً) یاد، رسم (۹) فنائیت، معدوم نظروں سے غائب۔

ہَوا آنا: (۱) ہوا کی رسائی ہونا (۲) (مجازاً) اثر ہو جانا۔

—— **اُڑ جانا / اکھڑ جانا:** بھرم کھل جانا، ساکھ جاتی رہنا۔

—— **باندھنا:** (۱) جھوٹ موٹ، نام یا عزت قائم کرنا، جھوٹی عزت قائم کرنا (۲) رعب جمانا (۳) رونق حاصل کرنا، زور پکڑنا (۴) غرور کرنا، ڈینگ مارنا۔

—— **بتانا:** (کنایتاً) ٹال دینا۔

—— **بدلنا:** (۱) ہوا کا رُخ بدلنا (۲) زمانہ کا رُخ بدلنا، حالت بدلنا، ڈھنگ بدلنا، (۳) زمانہ کا موافق یا ناموافق ہونا (۴) رُت پھرنا، موسم پلٹنا۔

—— **بگڑنا:** (۱) ہوا میں خرابی آجانا، ہوا میں فساد پیدا ہونا، ہوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانہ کا ناموافق ہو جانا، زمانہ پھر جانا، (۳) ساکھ جاتی رہنا۔

—— **بھر جانا:** (۱) ہوا سے پھول جانا، کسی چیز میں ہوا کا سما جانا (۲) مغرور ہو جانا، اترا جانا (۳) موٹا ہو جانا، پھپھس ہو جانا (۴) دھن سما جانا۔

—— **بھی نہ دینا:** ذرا بھی نہ دکھانا، خبر تک نہ دینا، بالکل پتا نہ دینا۔

—— **پر اُڑنا:** مغرور ہونا، اترانا۔

—— **پر دماغ ہونا:** متکبر ہونا، مغرور ہونا۔

—— **پرست:** (ف) عیاشی، بے ہودہ، ظاہر پرست، اپنے مطلب کا یار۔

—— **پر سوار ہونا:** جلد باز ہونا، نہایت جلدی کرنا۔

—— **میں گرہ لگانا:** بے حد چالاکی کرنا، عیاری دکھانا، ناممکن کام کرنا۔

—— **پلٹ جانا / پلٹنا:** (۱) انقلاب ہونا، رنگ دگرگوں ہونا (۲) موسم بدل جانا (۳) نصیب کا برگشتہ ہونا۔

—— **چھوڑنا:** گوز چھوڑنا۔

—— **خوری:** مونث؛ آبادی سے باہر جا کر تفریح حاصل کرنا۔

—— **دار:** مذکر؛ امیروں کی ایک قسم کی سواری کا نام۔

—— **دیکھنا:** (۱) زمانے کا نشیب و فراز دیکھنا (۲) انداز اور وضع کی جانچ کرنا۔

ہَوا دینا : (۱) پنکھے یا دامن وغیرہ سے ہوا پہنچانا (۲) آگ کو ہوا سے سُلگانا، آگ کو بھڑکانا، (۳) (کنایتاً) اشتعال دلانا، فساد کرانا،

—— سر میں ہونا / سمانا : دُھن ہونا، سودا ہونا۔

—— سے باتیں کرنا : (۱) نہایت جلد باز ہونا، نہایت پھرتیلا ہونا (۲) بے حد عیار اور چالاک ہونا (۳) غرور کرنا (۴) (کنایتاً) بہت اونچا ہونا۔

—— سے لڑنا : (کنایتاً) کسی کا بے حد بدمزاج اور غصہ ور ہونا، خواہ مخواہ کسی کے سر ہونا۔

—— کا جھپیڑا / کا جھکڑ : مذکر؛ ہَوا کا زور کا جھونکا۔

—— کا جھونکا : ہوا کی زور سے جنبش، جو دفعتہً محسوس ہو۔

—— کا رُخ بتانا : ٹالنا، چلتا کرنا، رخصت کرنا۔

—— کا رُخ دیکھنا : زمانہ کے موافق کام کرنا، زمانہ کی رفتار دیکھنا

—— میں گرہ دینا / میں گرہ لگانا : ناممکن اور مشکل کام کرنا، کارِ دشوار کا ارادہ کرنا، لغو حرکت کرنا۔

—— ہونا : (۱) تیز رفتار ہونا، کافور ہونا، ہوا کے مانند تیز رفتار ہونا (۲) (کنایتاً) فنا ہونا، نابود ہونا۔

ہَوّا : مذکر؛ بچوں کے ڈرانے کی ایک فرضی صورت (۲) مہیب صورت (۳) بچوں کو ڈرانے کا کلمہ۔

ہَوا و ہوس : (ف) مونث، حرص اور لالچ، عیاشی، شہوت پرستی۔

ہَوائی : (ف) (۱) لغو اور بے ہودہ کلام (۲) پریشان (۳) ہوا سے منسوب آسمانی (۴) ایک قسم کی آتشبازی (۵) پستے اور بادام کے پتلے پتلے ورق۔

—— اُڑانا : افواہ اُڑانا، جھوٹی خبر پھیلانا۔

—— خبر : مونث؛ بازاری گپ، افواہ، بے سروپا بات۔

—— چھکڑا / ہوائیاں چھٹنا / اُڑانا : (کنایتاً) بدحواس ہونا، چہرے کا رنگ اُڑنا، چہرے کا رنگ فق ہوجانا۔

—— دیدہ : (عو) (۱) شوخ چشم، بے مروت، بیدرد (۲) (کنایتاً) ڈھیٹ، گستاخ، آوارہ۔

ہوت : مونث؛ (عم) (۱) مقدور، پونجی، فراغ بالی، ثروت، حیثیت (۲) (عم) مذکر؛ برابر والے کو پکارنے کا کلمہ۔

—— جوت والا : (عو) مذکر؛ صاحبِ ثروت، صاحبِ مقدور۔

ہوت کی جوت : ساری رونق روپے کی ہے۔

ہوتی آنا : قدیم رسم ہونا، پہلے سے ایسی بات چلی آنا۔

ہوٹل : HOTEL (انگ) مذکر؛ وہ جگہ جہاں مسافروں کے کھانے پینے اور رہنے کا انتظام ہو۔

ہو جانا : (۱) کام بن جانا، کام پورا ہوجانا (۲) آکر چلا جانا، مل جانا (۳) لڑائی ہوجانا (۴) ختم ہوجانا، تمام ہوجانا (۵) (کنایتاً) انزال ہوجانا (۶) چاند کا طلوع ہونا۔

ہَودَج : مذکر؛ (۱) عماری (۲) اونٹ کا کجاوہ، محمل۔

ہَودَہ : مذکر؛ ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے واسطے رکھی جانیوالی عماری۔

ہَوَس : (ف) (۱) خواہش، نفس کی آرزو (۲) آدھورا اور جھوٹا عشق، ناقص محبت، (۳) لالچ، حرص (۴) شہوت (۵) حوصلہ، اُمنگ، (۶) ہر چیز کو جی چاہنا۔

—— پرور / پیشہ : (ف) بڑا حریص، بڑا ہوس رکھنے والا۔

—— پکانا : کسی ناقص بات کی دل ہی دل میں خواہش کرنا، خیال خام پکانا۔

—— ناک : خواہش مند، آرزومند۔

ہوسٹل : HOSTEL (انگ) مذکر؛ طلبہ کے رہنے کی جگہ اقامت گاہ، بورڈنگ ہاؤس۔

ہوش : آدمیت سے خارج شخص، وحشی، کم عقل۔

ہُوش : (ف) مذکر؛ (۱) سمجھ، عقل، واقفیت، آگاہی، (۲) روح دل، جان (۳) حواس، قوت مدرکہ حس حافظہ، یاد۔

—— اُڑ جانا / باختہ ہونا : عقل جاتی رہنا، گھبرا جانا۔

—— رُبا : (ف) ہوش لے جانے والا، ہوش اُڑا دینے والا۔

—— کافور ہونا : ہوش جاتے رہنا۔

—— گوش : مذکر؛ ہوشیاری۔

—— مَند : ہوش والا، عقل مند، خبردار۔

ہوشیار : (ف) عقل مند، چالاک، خبردار

ہُوک : مونث؛ درد جو ٹھہر ٹھہر کر اُٹھے (۲) آہ کی آواز۔

ہَوکا : مذکر؛ (۱) کسی چیز کے کھانے کی بے انتہا حرص (۲) مطلق حرص، کسی چیز کی بے انتہا خواہش (۳) کھانے کی وہ حرص جو بیمار یا بچے کو ہوتی ہے۔

ہَول : مذکر؛ مونث؛ (۱) خوف، دہشت، ڈر (۲) اضطراب گھبراہٹ۔
—— **جَول** : (عو) مونث؛ گھبراہٹ، اضطراب، جلدی۔
—— **دِل** : (ف) مونث؛ (اضافت کے ساتھ) دل کی دھڑکن اختلاجِ قلب، خفقان۔
—— **کھانا**، ڈرنا، دہشت میں رہنا، کسی اندیشے کے سبب آپ ہی آپ خوف کھانا۔
—— **ناک** : (ف) دل میں خوف وہراس پیدا کرنے والا، بھیانک، ڈراونا۔
ہَولا : (عو) گھبرایا ہوا، بوکھلایا ہوا۔
—— **خبطا** : (عو) بدحواس۔
ہُولا : بھنے ہوئے سبز چنے۔ بونٹ بھنا ہوا۔
ہولڈال : HOLDALL (انگ) مذکر؛ بستر بند۔
ہولڈر : HOLDER (انگ) مذکر؛ (۱) ایک قسم کا قلم (۲) قلم کا دستہ جو نب کو پکڑے رہتا ہے۔
ہُول سیل : WHOLE SALE (انگ) (۱) تھوک فروش، (۲) تھوک کے حساب سے بڑے پیمانے پر بیچنا۔
ہولنا : (۱) ڈھکیلنا، ریلنا، دھکا دینا (۲) آنکس لگانا، فیل یا ہاتھی کو چلانا۔
ہولی : مونث؛ ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں، ایک قسم کے گیت جو ہولی کے موسم میں گاتے ہیں۔
ہَولے : سہج سے، بہ تدریج، آہستہ۔
ہُوم/ہَوَن : مذکر؛ آگ کی پوجا، ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے ہیں۔
ہوم ڈپارٹمنٹ : HOME DEPARTMENT (انگ) مذکر؛ محکمۂ داخلہ، امورِ داخلہ کا شعبہ۔
ہوم رُول : HOMERULE (انگ) سوراج، حکومتِ خود اختیاری
ہوم منسٹر : HOME MINISTER (انگ) وزیرِ داخلہ۔
ہوم ورک : HOME WORK (انگ) مذکر؛ وہ کام جو طلبہ کو گھر پر کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔
ہومیوپیتھک : HOMEOPATHIC (انگ) مونث؛ علاج بالمثل، ڈاکٹر ہنی مین کا ایجاد کردہ اصول علاج۔
ہُوں : مونث؛ ہاں۔
ہُوں کرنا : (۱) زبان سے ہاں کہنا، رضامندی ظاہر کرنا (۲) ٹوکنا۔
—— **ہاں کرنا** : (۱) جواب دینا (۲) اقرار یا انکار (۳) بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا۔
—— **ہاں نہ کرنا**، دم نہ مارنا، چپ رہنا۔
ہونا : (ف) (۱) پیش آنا، بننا، (۲) حاصل ہونا، بہم پہنچنا، ملنا (۳) نتیجہ ظاہر ہونا، (۴) ٹھہرنا، قرار پانا، (۵) گزرنا، بیتنا (۶) موقع پر موجود ہونا، حاضر ہونا (۷) پیدا ہونا، جنم لینا (۸) ظاہر ہونا، وجود میں آنا۔
ہُونٹ : مذکر؛ منہ کے باہر کا اوپر اور نیچے کا حصہ۔
—— **چاٹنا** : (۱) مزیدار چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا (۲) (کنایتاً) کسی مزیدار چیز کا ذائقہ یاد کرنا۔
—— **چبانا** : (۱) ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا، (۲) (مجازاً) غصہ ہونا۔
—— **خشک ہونا** : (۱) ہونٹ سوکھنا (۲) پیاس کی شدت ہونا (۳) ندامت ہونا۔
—— **سی لینا** : (کنایتاً) خاموش ہو جانا۔
—— **پر زبان پھیرنا** : (کنایتاً) ذائقہ لینا۔
ہُونس : مونث؛ (عو) نظر بد، ٹوک، رشک، حسد، بدخواہی۔
ہُونسنا : (۱) نظر لگانا، ٹوکنا (۲) کسی کی خوش حالی پر حسد کرنا (۳) بُرائی چاہنا، جلنا۔
ہُونکار : ہنکار، ہوں کی آواز۔
ہونکنا : (۱) ہانپنا، سانس پھولنا، (۲) شیر کا بولنا۔
ہَونق : احمق، بے وقوف، جاہل، وحشی، (دیکھو بَونق)
ہونہار : (۱) ہونے والا، شدنی، وہ بات جس کا ہونا ضروری ہو (۲) ہوشیار، صاحبِ اقبال، باقابلیت، ہونے کے آثار پانے والا شخص۔
—— **بِرْوا کے چکنے چکنے پات** : (مثل) ہونہار شے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آنے لگتے ہیں۔
ہونی : مونث؛ ہونی بات، پیش آنے والی بات، شدنی۔
ہُوہا : مونث؛ (۱) غل وشور (۲) ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔
ہُویدا : (ف) ظاہر، عیاں، نمودار۔

ہ - ی

ہی : (۱) فقط، حرف، محض (۲) بالکل (۳) ضرور، لامحالہ (۴) خصوصیت ظاہر کرنے کے لیے۔

ہَے : (۱) حرف ربط، فعل ناقص (۲) موجودگی (۳) (عو) افسوس ہائے، حسرت اور افسوس رنج ملال کا کلمہ۔

—— ہَے : کلمۂ تاسف۔

—— ہَے کرکے پیٹنا : (دہلی) نوحہ کرکے پیٹنا، کسی کے مرنے کی آرزو کرنا۔

—— ہَے کرنا : ماتم کرنا، کسی کو مرا ہوا دیکھنا۔

ہیا : (ہ) مذکر؛ (ہ) (ا) دل، جگر، ہوش حواس (۲) حوصلہ جرأت۔

ہیا و/ہواؤ : (عم) (ہ) مذکر؛ حوصلہ، ہمت، جرأت۔

ہیبت : مونث؛ دہشت، رعب، گھبراہٹ، جلدی۔

ہَیٹ : HAT (انگ) انگریزی ٹوپی، ٹوپ۔

ہیٹا : مذکر؛ کم رتبہ، گھٹیا، ناقص، مونث، ہیٹی۔

ہیٹر : HEATER (انگ) مذکر؛ گرم کرنے کا برتن، گرم کرنے کا آلہ۔

ہیجان : (ع) مذکر؛ (ا) جوش، ابال (۲) تیزی، شدت، زور، غلبہ۔

ہیجڑا : مذکر؛ نامرد، زنانہ، زنخا، لودا۔

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہونا : (مثل) ناممکن بات کا واقع ہونا۔

ہیچ : (ف) (۱) معدوم (۲) نکما، ناکارہ (۳) کوئی، کچھ۔

—— آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را : (ف) مقولہ، جو سب سے الگ رہا وہ رنج و غم سے بچ گیا۔

—— مداں : (ف) (۱) ناداں، بے علم (۲) کچھ بھی نہ جاننے والا (۳) (اشارے کے ساتھ) باتیں کرنے والا، عاجزی سے اپنی نسبت یہ لفظ استعمال کرتا ہے۔

—— و پوچ : (ف) (کنایتاً) لغو، بے ہودہ، فضول، بے وقعت۔

ہیڈ فون : HEAD PHONE (انگ) مذکر؛ آواز سننے کا آلہ یا رسیور جو کانوں پر لگایا جاتا ہے۔

ہیر : (ہ) مونث؛ (ا) جوہر، ست، مغز (۲) بکل کے نیچے کا مغز (۳) رانجھا کی معشوقہ کا نام (۴) (کنایتاً) صاف، شفاف، خالص۔

ہیرا : (۱) الماس، (۲) (کنایتاً) عمدہ، نفیس۔

—— کھانا/ہیرے کی کنی کھانا : خودکشی کی نیت سے ریزۂ الماس کھانا، رشک سے جان دینا۔

—— مَن : مذکر؛ طوطا۔

—— ہینگ : مونث؛ عمدہ قسم کی ہینگ۔

ہیرا پھیری : مونث؛ (ا) دھوکا دھڑی، فریب، ہیر پھیر (۲) گردش، دورہ، چکر، انقلاب، پیچ و خم (۳) راہ کا پیچ و خم (۴) خریدنا اور واپس کرنا، کوئی چیز لینا اور واپس کرنا (۵) کمی کوتاہی (۶) ادل بدل، ہیچ پیچ۔

ہیرو : HERO (انگ) مذکر؛ (ا) بہادر، سورما (۲) فلم، ڈرامہ، کہانی یا قصے کا مرکزی مرد کردار۔

—— ورشپ : WORSHIP —(انگ) مشاہیر پرستی۔

ہیروئن : HEROIN (انگ) مونث؛ فلم، ڈراما، ناول، کہانی یا قصے کا مرکزی نسوانی کردار ادا کارہ، ایکٹریس۔

ہیرے کی پرکھ جوہری جانے : (مثل) اہل ہنر کو قدر داں ہی پہچانتا ہے۔

ہیز : (ف) (ا) ہجڑا، زنخا (۲) بزدل، بودا، ڈرپوک، ناکارہ

ہیزم : (ف) مونث، جلانے کی لکڑی، سوکھی لکڑی، ایندھن۔

ہیضہ : (ع) مذکر؛ ایک متعدی اور مہلک بیماری کا نام۔

ہیک : مونث؛ ایک سخت قسم کی بہت خراب اور ناگوار بو۔

ہیکڑ : زبردست، خودسر، شیخی مارنے والا۔

ہیکڑی : مونث؛ (ا) زبردستی، سرکشی (۲) شیخی، ڈینگ۔

—— جتانا : دھمکی دینا۔

—— سے : زبردستی سے۔

—— کرنا : زبردستی کرنا، زور دیکھنا۔

ہیکل : (ع) مونث؛ وہ بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے (۲) بڑا جثہ والا (۳) بت خانہ (۴) گلے میں ڈالا جانے والا حمائل یا تعویذ، (۵) صورت شکل، نقشہ، ڈیل ڈول (۶) روپے یا اشرفی کا ہار۔

ہیلپر : HELPER (انگ) (ا) مددگار، معاون (۲) ماتحت۔

ہیلتھ آفیسر HEALTH OFFICER (انگ) محکمۂ حفظان صحت کا افسر۔

ہیل میل : (ہ) مذکر؛ ربط، ضبط، میل جول۔

ہیلو/ ہلو: HELLO (انگ) کسی کو متوجہ کرنے کا لفظ۔

ہیلی کاپٹر: HELICOPTER (انگ) مذکر؛ ہوائی جہاز جو عمودی طور پر ہر جگہ اتر سکتا ہے اور اڑ سکتا ہے۔

ہیمیا: (ف) مونث؛ علم طلسم کا نام۔

ہیں: (۱) (جمع ہے کی) (۲) تنبیہہ اور تہدید کے لیے، آیں۔ (۳) تعجب کے لیے (۴) گھبراہٹ اور اضطراب ظاہر کرنے کے لیے۔

ہینڈ بل: HAND BILL (انگ) مذکر؛ دستی اشتہار۔

ہینڈ بم: HAND BOMB (انگ) مذکر؛ دستی بم۔

ہینڈ بیگ: HAND BAG (انگ) مذکر؛ دستی بیگ، چھوٹا بیگ۔

ہینڈ رائٹنگ: HAND WRITING (انگ) مونث؛ تحریر، خط، لکھاوٹ۔

ہینڈ لوم: HANDLOOM (انگ) ہاتھ سے کپڑا بننے کی کل، کرگھا۔

ہینڈل: HANDLE (انگ) مذکر؛ موٹھ، دستہ، قبضہ۔

ہینگ: مونث؛ ایک درخت کا گوند۔

—— لگا کر رکھو: (طنزاً) ہوا نہ لگنے دو بچا کر رکھو۔

—— لگانا: (۱) کسی چیز پر ہینگ ملنا (۲) (کنایتاً) زک دینا، ہرانا، نیچا دکھانا، ذلیل کرنا۔

ہیئت کزائی: مونث؛ موجودہ حالت، جیسی کہ حالت ہے۔

—— مجموعی: عام حالت، اور شکل۔

ہی ہی: مونث، ہنسی کی آواز۔

—— کٹی کٹی: مونث؛ بے ہودہ ہنسی۔

ہینگر: HANGER (انگ) مذکر؛ (۱) کپڑے لٹکانے کا آنکڑا، (۲) ہوائی جہاز کا گیراج۔

ہیں ہیں: تنبیہہ، ممانعت اور باز رکھنے کا کلمہ۔

ہیولا: (ع) مذکر؛ (۱) ہر چیز کا مادہ، ہر چیز کی اصل، ماہیت، (۲) ڈھول، ڈھانچہ، خاکہ (۳) لوتھڑا، مضغہ، بے ڈول جسم (۴) (کنایتاً) بدقوارہ، بدشکل، آدمیت سے خارج۔

ہیہات: (ع) افسوس اور حسرت کا کلمہ۔

ہیئت (ہَے۔ اَت): مونث؛ (۱) (ع) وہ علم جس میں اجرام فلکی اور زمین کی گردش اور کشش وغیرہ کا بیان ہوتا ہے (۲) شکل و صورت، چہرہ (۳) ساخت، بناوٹ فارم، (۴) حالت، کیفیت، طور طریق۔

—— اجتماعی: (اِخ۔ تِما۔ ئی) (ع) مونث؛ بھیڑ، ہجوم، انبوہ

—— پرستی: (ف) مونث؛ ادبی تخلیق میں استعارات و علامات کا استعمال۔

ی ۔ ے

ے : حروفِ تہجی کا ایک حرف، یائے معروف (ی) یائے مجہول (ے) جمل ابجد کے حساب سے اس کے عدد دس ہیں۔

ی ۔ ا

یا : (۱) حرفِ تہجی، ی (۲) دو جزوں کے جمع ہونے کو رد و کنندہ رد میں سے ایک کو خاص کرنے کے معنی دینے والا کلمہ (۳) رد کے علاوہ سب کی نفی۔

—— اللہ : (۱) اے خدا، خدایا (۲) دعا مانگنے کے واسطے بھی مستعمل ہے (۳) حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کا کلمہ۔

—— علی / یا علی مدد : مشکل میں مدد مانگنے کا کلمہ۔

—— قسمت / بخت / نصیب / مقدر : (۱) حسرت اور افسوس کا کلمہ (۲) بدقسمتی کا گلہ (۳) قسمت آزمائی۔

—— کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے : (مقولہ) یا کسی کا مطیع ہو جائے یا کسی کو اپنا مطیع کرلے۔

—— وحشت : کسی شخص کی بے تکی باتوں یا بے تکے فعل سے اظہارِ بیزاری۔

—— ہُو : (ع) مذکر؛ اے خدا تعالا۔

—— بندہ : (ف) پانے والا، حاصل کرنے والا۔

یابو : (ف) مذکر؛ چھوٹے قد کا گھوڑا۔

یاترا : (ہ) مونث؛ سفر۔

یاتری : (ہ) مذکر؛ مسافر۔

یاجوج : (ع) مذکر؛ حضرت نوح کے پوتے کا نام نیز اس کی قوم اور اولاد۔

—— ماجوج : (کنایتاً) فتنہ پرداز، مفسد، متفنی لوگ۔

یاد : (ف) مونث (۱) قوتِ حافظہ (۲) یادداشت (۳) نام رٹنا، تسبیح (۴) خیال (۵) ازبر، حفظ، نوک زبان۔

—— الٰہی : مونث؛ (۱) آزاد فقیروں کا سلام (۲) خدا کی عبادت کرنا، یادِ خدا (۳) جان پہچان، واقفیت، صاحب سلامت۔

یادِ ایام : (اضافت کے ساتھ) (ف) مونث؛ گزشتہ زمانے کی حالت یاد کرنا۔

—— داشت : (ف) مونث؛ (۱) یاد رکھنے کا نشان، یاد (۲) روزنامچہ، لکھی ہوئی باتیں (۳) حافظہ۔

—— دہانی : مونث؛ کسی بات کو یاد دلانا۔

—— کرنا : (۱) بار بار دُہرانا، رٹنا (۲) خیال میں لانا، بھولی ہوئی بات کو حافظے میں لانا (۳) ازبر کرنا، حفظ کرنا (۴) ذہن نشین کرنا (۵) بڑے کا چھوٹے کو بلا بھیجنا (۶) (کنایتاً) کسی کی محبت، رفاقت، وفاداری یاد کرنا (۷) پچھتانا۔

یادِ خیر : (ف) کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے بطور دعا کہا جانے والا کلمہ۔

یادگار : (ف) مونث؛ (۱) نشانِ خیر (۲) نشانی، آثار، علامت، (۳) پرانی عمارت (۴) (مجازاً) بیٹا، فرزند (۵) کسی کی یاد تازہ کرنے والی چیز۔

—— زمانہ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ زمانے میں یاد رہنے والی چیز، لاجواب، بے مثال۔

یار : (ف) مذکر؛ (۱) مددگار، حمایتی (۲) دوست، ساتھی (۳) معشوق، محبوب، (۴) زنِ فاحشہ اور بازاری عورت کا آشنا۔ (جمع یاراں)۔

—— باش : (ف) (۱) ہر ایک سے یارانہ اور ربط و اتحاد رکھنے والا آدمی (۲) خوش طبع (۳) عیاش، تماش بین۔

—— زندہ صحبت باقی : (ف) (مثل) اب نہیں تو پھر سہی، زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

—— شاطر : (اضافت کے ساتھ) اچھا دوست۔

—— غار : (اضافت کے ساتھ) مذکر؛ گہرا دوست، پکا دوست۔

—— کی یاری سے کام اس کے فعلوں سے کیا کام : (مقولہ) دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے افعال سے کیا مطلب، دوست کے عیبوں کا خیال نہ کرنا چاہیئے۔

—— لوگ : (۱) عیار دوست، چالاک یار، دوست آشنا (۲) ہم لوگ۔

یارا : (ف) مذکر؛ جرأت، جسارت، قدرت۔

یارانِ رفتہ / عدم : (ف) مذکر؛ مُردے، مرے ہوئے لوگ۔

یارانہ : (ف) مذکر؛ دوستی، آشنائی، اتحاد۔

یاروں کا یار : (۱) دکھ درد میں شریک (۲) دوستوں کا شریکِ حال۔

یاری : (ف) مونث؛ (۱) مدد (۲) دوستی، آشنائی، محبت، اتحاد، اخلاص۔

یارڈ : YARD (انگ) (۱) صحن، احاطہ (۲) تین فٹ کا گز۔

یاس : (ع) مونث؛ ناامیدی، مایوسی۔
یاسمن/یاسمین : (ف) مونث؛ چنبیلی۔
یاسین/یٰسین/یٰس : (ع) (ا) یاسید، سید البشر (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ جو نزع کے وقت مرنے والے کو سنائی جاتی ہے (۳) یہ سورۃ جانکنی اور بیماری دفع ہونے کے لیے بیمار کے پاس پڑھتے ہیں
—— کا وقت آنا : (کنایتاً) نزع کا عالم، آخری وقت۔
یافت : (ف) مونث؛ (ا) آمدنی، نفع (۲) بالائی آمدنی، رشوت۔
یافتنی : (ف) قابلِ وصول، پانے کے لائق۔
یاقوت : (ع) مذکر؛ (ا) سُرخ، نیلا، پیلا یا سفید ہیرا (۲) ایک قسم کا سُرخ پلاؤ۔
—— جگری : (ف) مذکر؛ جگر کے رنگ کا یاقوت، سُرخ سیاہی مائل رنگ کا یاقوت۔
—— رُمّانی : (ف) مذکر؛ ایک عمدہ قسم کا نہایت سُرخ رنگ کا یاقوت جو انار کے دانہ کے مشابہ ہے۔
یاقوتی : مونث؛ (ا) یاقوت سے نسبت رکھنے والا (۲) ایک قسم کی نہایت مقوی معجون (۳) ایک قسم کی مٹھائی۔
یاک : YAK (انگ) مذکر؛ تبت کا بیل جس کے بال بہت بڑے ہوتے ہیں اور پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے۔
یال : (ف) (ا) گردن، گلا (۲) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال، ایال
یاں : (ع) یہاں کا مخفف۔
یاور : (ف) مددگار، حمایتی۔
یاوہ : (ف) بے ہودہ، لغو، نامعقول؛ بے معنی (تنہا مستعمل نہیں)
—— گو : (ف) بیہودہ بکنے والا، نامعقول۔
یائے تحتانی : (ف) مونث؛ چھوٹی بے (ی)۔
—— معکوس : (ف) مونث؛ بڑی بے (ے)۔

ی۔ت۔ث

یتیم : (ع) مذکر؛ (ا) وہ کم سن بچہ جس کا باپ مرگیا ہو (۲) نہایت قیمتی جواہر بے نظیر بڑا موتی، دُرِ یتیم۔
—— الطرفین : وہ کم سن بچہ جس کے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں۔
—— خانہ : یتیم بچوں کے رہنے اور پرورش پانے کی جگہ۔
یثرب : (ع) مذکر؛ مدینہ منورہ کا قدیم نام۔

ی۔ج، ح، خ

یجروید : (س) مذکر؛ چاروں ویدوں میں سے ایک وید کا نام۔
یحییٰ : (ع) مذکر؛ ایک پیغمبر کا نام۔
یخ : (ف) مونث؛ (ا) برف (۲) بہت ٹھنڈا (۳) (کنایتاً) نہایت سرد۔
یخنی : (ف) مونث؛ شوربا، اُبالے ہوئے گوشت کا پانی۔
پلاؤ : (ف) مذکر؛ یخنی سے پکا ہوا پلاؤ۔

ی۔د، ر، ز

یَد : (ع) مذکر؛ ہاتھ، کف، دست۔
یدُ اللہ : (ع) مذکر؛ (ا) خدا کا ہاتھ (۲) (کنایتاً) حضرت علیؓ۔
یدِ بیضا : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (ا) چمکتا ہوا ہاتھ، حضرت موسیٰؑ کا معجز نما ہاتھ (۲) (کنایتاً) کرامت، خرقِ عادات۔
—— طولیٰ : (اضافت کے ساتھ) (ف) مذکر؛ (مجازاً) بید مہارت، ملکہ۔
یُدھ : (س) مونث؛ جنگ۔
یرغمال : مذکر؛ کفیل، ضمانت، صلح امن یا کسی مطلب براری کے خیال سے کسی شخص کو اپنے قبضے میں رکھنا، کوئی چیز بطور ضمانت رکھنا۔
یرقان : (ع) مذکر؛ ایک مرض کا نام، جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماری، پیلیا۔
یزداں : (ف) مذکر؛ خدائے تعالا کا نام۔
یزدانی : (ف) آتش پرستوں کے زاہد اور عابد لوگ، خدا سے منسوب۔
یزید : (ع) مذکر؛ (ا) معاویہؓ کے بیٹے کا نام جس کے زمانۂ حکومت میں امام حسینؓ کو میدان کربلا میں شہید کر دیا گیا تھا (۲) (کنایتاً) سنگدل۔

ی۔س، ش، ع، غ، ق

یسار : (ع) مذکر (ا) بایاں ہاتھ (۲) بائیں جانب۔
یساری : (ع) مذکر؛ بائیں بازو سے تعلق رکھنے والا (انگ) LEFTIST
یساریت : (ع) مونث؛ (ا) سیاسی انتہا پسندی (۲) انتہا پسند اشتراکی نظریہ۔
یُسر : (ع) مذکر؛ تونگری، اقبال مندی۔

یسیر : (ع) (ا) سہل، آسان (۲) تھوڑا، قلیل، جھوٹا، (۳) بے ماں کا بچہ۔
یشب : (ع) مذکر؛ سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔
یعقوب : (عبرانی) مذکر؛ ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت یوسفؑ کے باپ تھے ان کا دوسرا نام اسرائیل تھا۔
یعنی : (ع) (ا) مراد یہ ہے، مطلب یہ ہے (۲) کیونکہ اس لیے کہ۔
یغما : (ف) مونث؛ لوٹ، مالِ غنیمت۔
یقین : (ع) مذکر؛ (ا) وہ اعتبار و اعتماد جو کسی کے شک ڈالنے سے زائل نہ ہو (۲) کامل اطمینان، بھروسا۔
یقینی : گمان و شک سے مبرا، بے شبہ۔

ی۔ک

یک : (ف) ایک، اکیلا۔
—— **انار صد بیمار** : (ف) چیز ایک اور خواہشمند سیکڑوں۔
—— **بہ یک** : (ف) دفعتاً۔
—— **پیری و صد عیب** : (ف) مثل؛ بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر۔
—— **تہی** : (ف) مونث؛ وہ کپڑا جو دُہرا نہ ہو، اکہرا کپڑا۔
—— **تاز / یکہ تاز** : بے مثل، لاجواب۔
—— **جان** : (ف) یک دِل، خوب ملا ہوا۔
—— **جان دو قالب** : (ف) گہرے دوست، پکا یار۔
—— **جدّی** : ایک دادا کی اولاد۔
—— **جہتی** : (ف) مونث؛ (ا) اتحاد، دوستی، اتفاق (۲) ہم آہنگی (۳) مختلف جماعتوں کا میل ملاپ۔
—— **چشم** : (ف) (ا) کانا (۲) (کنایتاً) منافق۔
—— **چشمی** : (ف) مونث؛ (ا) نیک و بد کو ایک نظر سے دیکھنا (۲) یک رُخی تصویر۔
—— **دانہ** : (ف) مذکر؛ ایک قسم کا موتیوں کا ہار، وہ موتی جو نہایت سڈول اور موزوں ہو۔
یک در گیر و محکم گیر : (ف) (مثل) ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے۔
—— **دست** : (ف) یک ساں، برابر۔
—— **رُخی** : (ف) ایک طرفہ۔
—— **رنگ** : (ف) (ا) سچا دوست، بے ریا دوست، (۲) ظاہر و باطن کا یکساں انسان۔
—— **رُو** : (ف) سچا دوست۔
—— **زبان** : (ف) بات کا پکا متفق، ثابت قدم۔
—— **سان** : (ف) برابر، ایک سا۔
—— **سر** : (ف) تمام، بالکل۔
—— **سر ہزار سودا** : (ف) (مثل) شدید مصروفیت، بہت سے کاموں میں مشغول آدمی اپنی کم فرصتی جتانے کے لیے کہتا ہے۔
—— **سُو** : (ف) ایک طرف، ایک جانب۔
—— **سُوئی** : (ف) مونث؛ قیام، استقلال، دل جمعی، فرصت۔
—— **شنبہ** : (ف) مذکر؛ اتوار کا دن۔
—— **قلم** : بالکل، تمام، یک لخت، فوراً۔
—— **گونہ** : (ف) کسی قدر۔
—— **لخت** : (ف) بالکل، سارا، سب، فوراً، معاً۔
—— **لقمۂ صباحی، بہتر ز مرغ و ماہی** : (ف) (ضرب المثل) صبح کے وقت کا تھوڑا معمولی کھانا بھی ہر قسم کی عمدہ غذا سے بہتر ہے۔
—— **مشت** : (ف) ایک دفعہ، اکٹھا۔
—— **مَن علم را دہ من عقل می باید** : (ف) (مثل) ایک حصہ علم کے لیے دس حصہ عقل کی ضرورت ہے۔
—— **نہ شُد دو شُد** : (ف) مثل؛ ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑی۔
یکایک : (ف) ناگہاں، دفعتاً، اکبارگی۔
یکبارگی : (ف) (ا) دفعتاً، یکایک (۲) کُل۔
یکتا : (ف) (کنایتاً) (ا) خدائے تعالا (۲) اکیلا، بے نظیر، نرالا۔
یک تارا : مذکر؛ (ا) ایک تار کا ستار (۲) مونث؛ ایک قسم کی باریک ململ۔
یکتائی : (ف) مونث؛ اکیلا ہونا، بے نظیر ہونا۔
یکم : (ف) مونث؛ (ا) مہینے کی پہلی تاریخ (۲) پہلا نمبر۔
یکہ : (ف) (ا) اکیلا، تنہا (۲) لاثانی، یکتا، بے نظیر (۳) (عم) مذکر؛ اکا، ایک سواری کا نام۔
—— **تاز** : (ف) (ا) تنہا حریف پر حملہ کرنے والا بہادر (۲) (کنایتاً)

بہادر، جری۔
یکے بعد دیگرے: (ف) ایک دوسرے کے بعد۔
—— نقصان مایہ و دیگر شماتت ہمسایہ: (ف مثل) کسی کام میں اپنا نقصان اور خلق خدا کی ملامت کے احتمال ہونے کے موقع پر۔

ی۔ گ، ل، م، ن

یُگ: (ہ) مذکر؛ وقت، دَور، زمانہ، عہد۔
یگانگت: مونث؛ اپنائیت، قرابت۔
یگانہ: (ف) (۱) رشتہ دار، ایک گھرانے اور ایک کنبے کا (۲) اکیلا، واحد فرد (۳) بے نظیر، بے مثل۔
یل: (ف) مذکر؛ (۱) پہلوان، بہادر (۲) فربہ، موٹا۔
یلدا: (ف) مونث؛ سب سے بڑی اندھیری رات۔
یلغار: مذکر؛ دشمن کی فوج پر حملہ کرنا، حملہ، دھاوا۔
یم: (ع) مذکر؛ دریا۔
—— دُوت: (ہ) مذکر؛ موت کا فرشتہ، ملک الموت۔
یمَن: مذکر؛ عرب کے ایک مشہور ملک کا نام۔
یُمن: (ع) مذکر؛ اقبال مندی، برکت۔
یمین: (ع) مونث؛ (۱) قسم، سوگند، حلف (۲) مذکر؛ سیدھا ہاتھ (۳) دائیں طرف۔
—— ویسار: مذکر؛ (۱) دائیں بائیں، چپ و راست (۲) فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔
ینگ: YOUNG (انگ) جوان، نوعمر، نوخیز۔

ی۔ و، ہ

یوتھ: YOUTH (انگ) مذکر؛ (۱) نوجوان، نوجوان لڑکے لڑکیاں (۲) نوجوانی، عنفوانِ شباب۔
یُوٹوپیا UTOPIA (انگ) مذکر؛ (۱) سر ٹامس مور کی ایک تصنیف جس میں ایک فرضی جزیرے کی کہانی ہے جہاں ایک مثالی معاشرتی نظام قائم تھا (۲) خوشگوار زندگی کو حقیقی روپ میں دیکھنے کا تصور، مثالی معاشرت، خواب خوش۔
یوٹیلٹی: UTILITY (انگ) مونث؛ فائدہ، افادیت
یوجنا: (ہ) مونث) منصوبہ۔
یُورپ: (انگ) مذکر؛ ایک براعظم کا نام جو مغرب کی طرف واقع ہے۔
یُورش: (ترکی) مونث؛ (۱) حملہ، دھاوا، چڑھائی، غلبہ (۲) فساد، ہنگامہ، بلوہ۔
یورپین: EUROPEAN (انگ) مذکر؛ یورپ کا رہنے والا، یورپی، مغربی۔
یورپشین (یورپ۔شی۔ین): (انگ) (۱) وہ شخص جس کے ماں باپ میں سے ایک یورپ اور ایک ایشیا کا ہو (۲) وہ انگریز جو ہندوستان میں پیدا ہوا ہو۔
یُوسفؑ: (عبرانی، سریانی) مذکر؛ ایک بے مثال حسین و جمیل پیغمبر کا نام (۲) (کنایتاً) بے انتہا حسین (۳) مونث؛ قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام۔
یُوکلپٹس: EUCALYPTUS (انگ) ایک قسم کا درخت جس کا تیل دوا میں استعمال ہوتا ہے۔
یوگ / یوگا: (ہ) مذکر؛ (۱) میل ملاپ (۲) دھیان، عبادت، ریاضت، معرفت، مراقبہ (۳) نفس پر قابو پانے کا علم، اشراق۔
یُوم: (ع) مذکر؛ دِن، روز۔
—— الحساب: (یُومُ الحِساب) (ع) مذکر؛ روزِ قیامت، روزِ حشر، یوم النشور، قیامت کا دن۔
یومًا فیومًا: (ع) روز بروز۔
یومیہ: مذکر؛ روز کی مزدوری، روزانہ خوراک، دن بھر کی اُجرت، روزمرہ کا خرچ۔
یُوں / یُوں: (ہ) (۱) اِس طرح، ایسا، اِس طرز سے، اس ڈھنگ سے (۲) بے کار، فضول (۳) اشارہ کے واسطے۔
—— وُوں: (ہم) اِس طرح، اُس طرح، کسی طرح۔
یُونان: (ف) یورپ کے ایک مشہور ملک کا نام۔
یُونانی: (۱) یونان کا رہنے والا، یونان سے نسبت رکھنے والا (۲) مونث؛ ملک یونان کی زبان (۳) طب یونانی۔
یُونِٹ: UNIT (انگ) مذکر؛ ایک ناپ، وہ چیز جو ناپ یا

پیمانے کا کام دے، مجموعہ، اکائی۔

یونس : (عبرانی) ایک مشہور پیغمبر کا نام۔

یونہیں / یہیں / یونہی : (۱) اسی طرح (۲) بے سوچے سمجھے، بلا قیمت، (۳) بے فائدہ، ناحق (۴) بنکما، فضول (۵) بلا وقت، آسانی سے، بے ارادہ، (۶) بغیر کسی تدبیر کے۔

یونسکو : UNESCO (انگ) مذکر؛ اقوام متحدہ کا ادارہ تعلیم و سائنس و ثقافت۔

یونیفارم : UNIFORM (انگ) مذکر؛ (۱) ایک ہی قسم کا لباس، وردی (۲) اسکول کے بچوں یا فوجیوں کا مخصوص لباس۔

یونین UNION (انگ، مونث؛ (۱) انجمن، اتحاد، (۲) اتحاد، اتفاق۔

یونیورسٹی : UNIVERSITY (انگ) مونث؛ (۱) جامعہ، مدرسۃ العلوم (۲) ہائر سکنڈری اسکول کے بعد کے امتحانات پر ڈگریاں دینے والا تعلیمی ادارہ۔

یونیورسل : UNIVERSAL (انگ) کائناتی، آفاقی۔

یہ : (۱) کلمۂ اشارہ قریب کے واسطے، (۲) ایسا، اس طرح۔ (۳) اس قدر (۴) یہ لوگ۔

——— بھی میرا وہ بھی میرا : ناانصافی سے ہر ایک چیز پر ہاتھ مارنا۔

——— یہ جا وہ جا : فوراً بھاگ جانے والا۔

——— مُنہ اور مسور کی دال : (مثل) اس لائق نہیں، اس منصب اور کام کے لائق نہیں۔

یہاں : (۱) اس جگہ، ادھر، اس طرف (۲) اس دنیا میں (۳) خاندان، گھر، گھرانا۔

یہود : (ع) مذکر؛ جمع یہودی کی، حضرت موسیٰؑ کی اُمت۔

یہودی : (ع) مذکر؛ حضرت موسیٰؑ کی امت کا آدمی۔

یہی : (۱) یہ ہی کا مخفف، (۲) خصوصاً یہ (۳) اسی قسم کا، (۴) صرف۔

یہیں : (۱) اسی جگہ، اسی مقام پر (۲) اسی طرف، یہاں، ادھر ہی، (۳) اسی دنیا میں، اسی جہان میں۔

سید سعید عالم نگروری

معلّمِ اُردو

کرزبان سے خواہ کوئی بھی ہو۔ حسب ذیل تین باتیں ادائے زبان دانی کے پرکھنے کے لیے کسوٹی کا درجہ رکھتی ہیں۔

اوّل : اظہارِ خیالات جس کسی زبان میں بھی ہو۔ شروع سے لے کر آخر تک الفاظ اسی کے استعمال کیے جائیں۔ بہ امرِ مجبوری اگر غیر زبان کے لفظوں کی ضرورت پڑے تو انہیں اس ترکیب سے لیا جائے کہ مغائرت قائم رہے۔

دوئم : احاطۂ تحریر و تقریر میں متروک الفاظ قطعاً نہ آنے پائیں۔ نیز ایسے لفظوں سے کلّی اجتناب کیا جائے جو غیر فصیح اور عیبِ تنافر و غرابت رکھتے ہوں۔

سوم : وہ الفاظ جو خلافِ قیاسِ لغوی ہیں انہیں لکھنے پڑھنے میں ہرگز ہرگز نہ لایا جائے۔

چہارم : روزمرہ اور محاورہ کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے۔ قواعدِ زبان ہر لمحہ پیشِ نظر رہیں۔ چونکہ ہر زبان اپنی گرامر اور قاعدے کلیے ایک دوسرے سے الگ الگ اور مختلف رکھتی ہے۔ لہٰذا زبان کا معیارِ صحت اس کے انہی وضع کردہ اصولوں اور ضابطوں پر منحصر ہے کہ جن پر زبان نے اپنی بنیاد رکھی ہے پس معلوم ہوا جو شخص کسی زبان کے قواعد کے مطابق الفاظ استعمال نہیں کرتا جان لیجیے کہ صحیح طور پر وہ زبان نہیں جانتا۔

قواعدِ اُردو

ازروئے زبان قواعد کے فرق دکھانا اور دیگر زبانوں کے قواعد کو سامنے رکھ کر قواعدِ اردو کے خطِ امتیاز پر روشنی ڈالنا چند صفحوں کے بس کا روگ تو ہے نہیں۔ اس کے لیے ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے مگر طالبانِ اُردو کو یہ تمیز کرانا ہے۔ ہمیں ضرور مقصود ہے تاکہ وہ زبانِ اردو کو صحت و درستی کے ساتھ لکھ پڑھ سکیں۔ لہٰذا نمونے کے طور پر ذیل میں چند اشارات پیش کیے دیتے ہیں۔

۱ ۔ جیسا کہ اکثر لوگ سمجھتے ہیں کہ عربی۔ فارسی۔ صرف نحو سے قواعدِ اردو کامل مطابقت رکھتے ہیں۔ یہ صریحاً غلط ہے اردو زبان بذاتِ خود ایک الگ مبسوط اور مکمل زبان ہے لہٰذا اس کے قواعد بھی دیگر قواعد السنہ سے الگ ہیں۔ مثلاً عربی و فارسی میں حروفِ جار پہلے آتے ہیں۔ مگر اردو میں ایسا نہیں اس میں حروفِ جار (روابط) لفظ کے آخر میں آتے ہیں۔

۲ ۔ اسی طرح فارسی میں موصوف پہلے آتا ہے اور صفت بعد میں لیکن اردو میں صفت پہلے آتی ہے۔

۳ ۔ عربی فارسی میں مضاف پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں۔ لیکن اُردو میں مضاف الیہ پہلے آتا ہے اور مضاف بعد میں۔

۴ ۔ فارسی میں ایک سے پونے دو تک واحد تصور کیا جاتا ہے۔ دوسرے سے جمع شروع ہوتی ہے۔ عربی میں ایک کو واحد، دو کو تثنیہ اور تین سے جمع

شروع ہوتی ہے لیکن اردو میں ڈیڑھ تک واحد ہے اور پونے دو سے جمع شروع ہوتی ہے۔

۵ ۔ فارسی میں تذکیر تانیث بعض اسما سے ظاہر ہوتی ہے جیسے مرد و زن۔ اسپ ماديان لیکن اردو میں مذکر مونث حقیقی و غیر حقیقی دونوں آتے ہیں۔

۶ ۔ فارسی میں مستقبل ہمیشہ ماضی سے بنایا جاتا ہے جیسے خواہد آمد، خواہد آورد، خواہد گفت، لیکن اردو میں ہمیشہ مضارع سے مستقبل بناتے ہیں جیسے آئے گا، جائے گا، کھائے گا، لائے گا۔

اشارات

بولتے وقت منہ کی مختلف حرکتوں سے جو فرق پیدا ہوتے ہیں انہیں حروف کہتے ہیں۔ تاوقتیکہ حرفوں کو آپس میں ملایا نہ جائے لفظ نہیں بنتا اور لفظوں کے بغیر کوئی بات پیدا نہیں ہوتی۔ پس معلوم ہوا کہ زبان یا بولی حرفوں کی محتاج ہے اور یہ حقیقت ہے کہ لفظوں کے بنائے اور سمجھائے بغیر نہ تو کوئی زبان بن سکتی ہے اور نہ سمجھ ہی میں آسکتی ہے۔ پس کسی زبان کے جاننے کے لیے اس کے حرفوں کا معلوم کرنا لازم ہے۔

اردو زبان کے حروف عربی، فارسی اور ہندی زبان سے لیے گئے ہیں۔ یہ تعداد میں باون ہیں۔ انہیں حروفِ تہجی بھی کہتے ہیں۔ ان حرفوں میں دو طرح کے حرف ہیں۔ حروفِ منقوط کہ جن پر نقطے ہیں اور حروفِ غیر منقوط کہ جن پر نقطے نہیں۔ پھر ان حرفوں میں اکثر حروف ایسے ہیں کہ جن کی آواز اور شکل ایک دوسرے سے خاصی ملتی جلتی ہے۔ ان حرفوں کو حروفِ متشابہ کہا جاتا ہے۔ حروفِ تہجی میں سے دو حرف الف اور لام ایسے ہیں کہ وہ جب کسی لفظ کے شروع میں آتے ہیں کبھی تو لکھنے پڑھنے میں اپنی آواز دیتے ہیں اور خود کو ظاہر کرتے ہیں اور کبھی حرف لکھنے میں آتے ہیں پڑھنے میں نہیں۔ اوّل الذکر حرفوں کو حروفِ قمری اور مؤخر الذکر حرفوں کو حروفِ شمسی کہتے ہیں۔ ان کے علاوہ تین حرف اور بھی ہیں کہ کبھی تو بالکل ہی غائب ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ دوسرے لفظوں کے ساتھ برابر شریکِ کار رہتے ہیں اور کبھی قدرے چھپ جاتے ہیں اور بسا اوقات وہ ایسے کام کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ نگاہوں سے اوجھل نہ آنکھوں کے سامنے۔ ان کی مثال تو یوں سمجھیے بقول شاعر

خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

قواعد میں ان حرفوں کو حروفِ علت کہتے ہیں۔ یہ واؤ، الف اور ی ہیں۔ باعتبار قسم حروفِ علت دو طرح کے ہیں۔ واؤ معدول، واؤ مجہول۔ الف مقصور۔ الف محذوف، یائے مجہول، یائے معروف۔

وضاحت

عربی زبان کے خاص حروف :

ث ع ص ض ط ظ غ ف ۔ یہ حروف قدیم فارسی یا ہندی اور سنسکرت میں نہیں پائے جاتے۔ لیکن قدیم و جدید فارسی میں ذال موجود ہے۔

فارسی کے خاص حروف :

ژ ..... ژ خاص فارسی حرف ہے۔ ہندی میں نہیں آتا

ہندی کے خاص حروف :

ٹ، ڈ، ڑ، خاص ہندی حروف ہیں۔ عربی، فارسی میں نہیں آتے۔ ز، ف، خ، غ کی آوازیں ہندی میں نہیں عربی، فارسی دونوں میں ہیں۔

اردو کے حروفِ تہجی :

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ
د ڈ ر ڑ ز ژ س ش ص ض ط ظ ع غ
ف ق ک گ ل م ن و ہ ی ے
بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ رھ ڑھ

کھ گھ لھ ہھ نھ

حروفِ متشابہ :

س ص ش ، ز ذ ض ظ ، ق ک ،

ت ط ، ح ہ ، ع ء ۔

حروفِ قمری :

ا ب ج ح خ ع غ ف ق ک م و ہ ی ۔

حروفِ شمسی :

ت ث د ذ ر ز س ش ص ض

ط ظ ل ن ۔

حروفِ علت : و ا ی

تلفظ

حرفوں کو آپس میں ملانے کی حالت کو ہجے اور اُن سے ایک نتیجہ پیدا ہونے کی صورت کو لفظ کہتے ہیں لفظ بولتے وقت منہ سے حرفوں کی جو ایک مجموعی آواز پیدا ہوتی ہے اُسے تلفظ کہا جاتا ہے اور لفظ لکھتے وقت حرفوں کی ایک مجموعی بناوٹ کا نام املا ہے۔

کسی زبان میں مہارت پیدا کرنے یا صرف اُسے جاننے کے لیے املا اور تلفظ دو ضروری چیزیں ہیں۔ اگر ان دو باتوں کی صحت کا خیال نہ رکھا جائے، زباندانی کا حق ادا نہیں ہوتا۔ یا یوں کہیے کہ تلفظ اور املا ہی ایک ایسی کسوٹی ہے کہ جس پر زباندانی کو پرکھا جا سکتا ہے۔

عام طور پر تلفظ اور املا کے معاملے میں وہی لوگ غلطی کر جاتے ہیں جو لکھتے پڑھتے حروفِ متشابہ اور حرکات و سکنات میں بے پروائی برتتے ہیں۔ حروفِ متشابہ شکلوں اور آوازوں کے اعتبار سے ایک سے دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن ان کے معانی و مطالب میں زمین و آسمان کا فرق ہے مثلاً حسب ذیل مثالوں کو دیکھیے :

لفظ	معنی	لفظ	معنی
ظل	سایہ	زل	بچا کھچا کھانا
ظلیل	تاریک	ذلیل	رُسوا
عم	چچا	ام	اماں
قلب	دل	کلب	کتا
قلق	دُکھ	کلک	قلم
قاصد	ایلچی	کاسد	کھوٹا
بحر	سمندر	بہر	واسطے
کسر	کمی	قصر	محل
سمر	کہانی	ثمر	پھل
مکرر	دوبارہ	مقرر	تقریر کرنیوالا
سبا	نام ہے	صبا	ہوا
سریر	پلنگ	صریر	آوازِ قلم
ہجر	جدائی	حجر	پتھر
بیباک	نڈر	بیباق	حساب کتاب صاف کرنا
اکل	کھانا	عقل	سمجھ بوجھ
آقا	مالک	آکا	بڑا بھائی
علم	جھنڈا	الم	غم۔ دُکھ
حضر	گھر میں	خذر	بچنا
ابد	ہمیشہ	عبد	بندہ۔ غلام
اجل	موت	عجل	جلدی۔ تیزی
ازل	شروع	عزل	الگ کرنا
آری	لکڑی کاٹنے کا آلہ	عاری	خالی
ارش	گز	عرش	تخت
ارث	ورثہ	عرس	میلہ
اقل	بہت تھوڑا	عقل	سمجھ۔ بوجھ
انا	خودی	عنا	فقیری

آسی	آرزومند	عاصی	گناہ گار
آثم	گناہ گار	عاصم	پرہیزگار
ہاجی	ہجو کرنیوالا	حاجی	حج کرنیوالا
ہرم	بوڑھا۔ پرانا	حرم	زنان خانہ
عاز	بے آرام	آز	حرص۔ لالچ
کتب	کتابیں	قطب	شیخ ۔ بزرگ
آج	امروز	عاج	ہاتھی دانت
اسم	نام	اثم	گناہ
مہال	شہد کا چھتہ	محال	دشوار
لعب	ہونٹ	لعب	کھیل کود
باج	ٹیکس	بعج	پھاڑنا
سحر	صبح	صہر	خسر
کید	مکر و فریب	قید	بندش
کمار	پانی بھرنیوالا	قہار	ستم ڈھانیوالا
راگ	گیت	راغ	سبزہ زار جنگل
کاری	ٹھیک	قاری	پڑھنے والا
ثانی	چارہ	ثانی	دوسرا
حرث	کھیتی بونا	حرص	لالچ
مسلوب	ضبط شدہ	مصلوب	سولی دیا گیا
عزم	ارادہ	عظم	ہڈی
ایال	گھوڑے کی گردن	عیال	بیوی بچے
برسس	سال	برص	بیماری کا نام
تابع	فرمانبردار	طابع	چھاپنے والا
حامی	حمایت کرنا	ہامی	ذمہ لینا
حلال	جائز	ہلال	پہلی رات کا چاند
طاق	محراب	تاک	چور نگاہ
عدیم	نایاب	ادیم	کچا چمڑا
قمر	چاند	کمر	جسم کا درمیانی حصہ

کلی	بن کھلا پھول	قلعی	سفیدی۔ چونا
کسرت	ورزش	کثرت	زیادتی
مزاح	ظرافت	مزہ	لذت
نس	رگ	نفس	قرآن کی آیت
ارض	زمین	عرض	چوڑائی
اصل	جڑ	عسل	شہد کی مکھی

حرکات وسکنات

یعنی زبر، زیر، پیش، جزم اور تشدید کی غلطی سے بھی لفظوں کے معنی کچھ سے کچھ ہو جاتے ہیں۔ مثلاً:

لفظ	معنی	لفظ	معنی
حِکَم	حکمت کی جمع	حُکْم	نیلام۔ حکم فیصلہ
وَرْد	گلاب کا پھول	وِرْد	وظیفہ
عَارِض	اوجھار	عَارِض	چہرہ
یَسَار	بائیں طرف	یَسَار	فراخی
یَمَن	ملک کا نام	یُمْن	دائیں طرف
دُرّ	موتی	دَرّ	دروازہ
صَرف	خرچ	صِرف	محض
عِلْم	جاننا	عَلَم	جھنڈا
نِعَم	نعمتیں	نَعَم	ہاں
اَرِنی	جنگلی بھینس	اَرِنِی	مجھے دکھا
اَقْدام	قدم کی جمع	اِقْدام	آگے بڑھنا
اَنَس	انسان	اُنس	محبت
اَمّی	ماں	اُمّی	اَن پڑھ
بَل	خم	بِل	سوراخ
جُرْم	خطا	جِرْم	جسم
عَالَم	دنیا	عَالِم	جاننے والا
مَرتَب	ترتیب دیا گیا	مُرتِب	ترتیب دینے والا

گرم	مہربانی	کرم	کیڑا
مُلک	علاقہ	مِلک	قبضہ
گھن	کیڑا	گھن	نفرت
جلد	کھال	جَلد	فوراً
گہن	داغ	گہن	بادل
علم	جاننا	عَلَم	جھنڈا
سَم	زہر	سِم	تل
سم	گھر		
دیا	رحم	دِیا	چراغ
مَلک	فرشتہ	مَلِک	بادشاہ
دیا	دینا مصدر کا ماضی		
تُرک	چھوڑنا	تُرک	اوراق کا نشان
تُرک	معشوق، تاتاری قوم		
تھوک	پارٹی۔ جماعت	تھوک	منہ کا لعاب
تھوک	اکٹھا سامان خریدنا		
جست	ایک دھات کا نام	جُست	تلاش کیا
جَست	کودنا، چھلانگ لگانا		
چوک	بازار کا سنگم	چُوک	بھول جانا
دَل	گروہ	دِل	قلب
سَحَر	صبح	سِحر	جادو
غَش	بے ہوش ہونا	غِش	کھوٹ
مَر	مرنے کا حکم دینا	مُر	خوشبو

صحیح تلفظ معلوم کرنے کا طریقہ

اردو میں تلفظ کی صحت معلوم کرنے کا اگرچہ کوئی قاعدہ کلیہ مقرر نہیں۔ تاہم عربی زبان کے اردو میں استعمال ہونے والے لفظوں کی صحت عربی کے مقرر کیے ہوئے

تفاعُل۔ اب دیکھیے تفاعُل کے وزن پر جتنے الفاظ پورے اتریں گے ان کا صحیح تلفظ وہی ہوگا جو تفاعُل کا ہے۔ جیسے تساہُل، تغافُل، تناجُل، تقابُل وغیرہ وغیرہ۔ مگر غیر عربی لفظوں کے تلفظ کی صحت معلوم کرنے کے لیے اوزان سے کام نہیں چلے گا۔ اس صورت میں متعلقہ زبان کے لغت ہی سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً لفظ گل کی فارسی زبان میں تین حالتیں ہیں اور ان کے الگ الگ معنی ہیں: ۱۔ گُل بضم اوّل۔ ۲۔ گِل۔ مٹی۔ اور گُل نمبر ۳ با اضافت کے معنی ہیں گلاب کا پھول۔ اسی طرح ہندی کے لفظ گھن کو لیجیے۔ گھن کی بھی تین حالتیں ہیں اور معنی بھی جدا جدا ہیں۔ لیکن اردو زبان میں تھوڑے بہت عربی الفاظ ایسے بھی ہیں کہ جن کا اساتذہ نے خلاف قاعدہ تلفظ کیا ہے۔ بالخصوص ایسے لفظوں کے تلفظ کے لیے معقولیت کو سامنے رکھ کر انہی کا فیصلہ بلا حیل وحجت مان لینا چاہیے کیونکہ اس قسم کے الفاظ تصرفاتِ اعراب ہی کے ذیل میں آتے ہیں۔ تصرفات سے متعلق ہم آگے چل کر بحث کریں گے۔

اوزانِ تلفظ

۱۔ افعال۔ ۵۔ انفعال۔
۲۔ تفعیل۔ ۶۔ استفعال۔
۳۔ تفاعُل۔ ۷۔ مفاعلتہ
۴۔ افتعال۔

نوٹ: مفاعلہ کے وزن پر آنے والے الفاظ اگر اپنے آخر میں تا لاتے ہیں تو مذکر ہیں اور اگر تا نہیں لاتے ت لاتے ہیں تب مؤنث

محلِ استعمال

کسی زبان کا جاننا نہ جاننا برابر ہے تاوقتیکہ متکلم صحتِ الفاظ کے ساتھ ساتھ لفظوں کے استعمال کا صحیح

گونگے کی سی ہے کہ جسے اپنے دل کی بات مخاطب کو سمجھانے کے لیے طرح طرح کے جتن کرنے پڑتے ہیں اور مخاطب بدقت بات سمجھ پاتا ہے۔

معنوں کے اعتبار سے اردو زبان کے الفاظ چار طرح کے ہیں۔ معنی۔ دسیع المعانی۔ ذو معنی اور ہم معنی۔ یعنی ایک تو وہ جو صرف خاص خاص چیزوں کے نام اور اُن کے خواص و افعال کے اظہار کا ذریعہ ہیں۔

کثیر المعانی :

یعنی ایسے الفاظ جو بیک وقت کئی کئی مطلب ظاہر کرتے ہیں اور صرف یہی نہیں کہ مختلف خیالات کی ادائیگی کا وسیلہ ہیں۔ بلکہ کلام میں ان کی رنگینی چار چاند لگا دیتی ہے۔ مثلاً "سمجھ" کو دیکھیے۔ شاعر کی جمیع نکتہ آفرین اسے لے کر زبانِ قلم سے کیا کیا مطالب ادا کرتی ہے حالانکہ لفظ صرف ایک ہے اور معانی کتنے؟ ملاحظہ ہو شعر ؎

سمجھ سمجھ کر سمجھ کو سمجھو سمجھ سمجھنا بھی اک سمجھ ہے
سمجھ سمجھ جو سمجھ نہ سمجھے میری سمجھ میں وہ ناسمجھ ہے

یا لفظ "کان" اور "لب" کو لیجیے۔ کان کے ایک معنی جسم کے اس حصے کے ہیں کہ جس سے سننے کا کام لیا جاتا ہے ایک معنی ہیں ایسی جگہ کے جہاں سے کوئی دھات برآمد ہو اور اس کے علاوہ ایک معنی چارپائی کے ٹیڑھے پن کے ہیں۔ اسی طرح لفظ "لب" کے ایک معنی ہونٹ کے ہیں۔ ایک معنی نادر ترکیب کی رُو سے کنارے کے ہیں۔ جیسے لبِ دریا (دریا کے کنارے) اور ایک معنی ہیں مونچھ کے۔ جیسے اسے فلاں تیری لبیں بڑھ رہی ہیں یعنی مونچھیں لمبی ہو رہی ہیں۔

ذو معنی :

تیسری قسم کے الفاظ ہیں جو ایک وقت میں دو دو معنی پیدا کرتے ہیں۔ دراصل اس قسم کے الفاظ کلام میں دلکشی اور دلچسپی کی طرح ڈالتے ہیں۔ مثال کے طور پر لفظ تلا اور گلا امیر خسرو علیہ الرحمۃ کے ہاں ملاحظہ کیجیے۔ فرماتے ہیں:

سنبوسہ کیوں نہ کھایا جوتا کیوں نہ پہنا ... تلا نہ تھا۔
ڈوم کیوں نہ گایا گوشت کیوں نہ کھایا ... گلا نہ تھا

چوتھے نمبر پر وہ الفاظ آتے ہیں کہ جن کے معنی میں کوئی فرق نہیں۔ سبھی ایک ہوتے ہیں۔ مثلاً مدام۔ دوام۔ دائمی۔ سدا۔ ہمیشہ۔ آئے دن۔ روز روز۔ سندیسہ۔ پیغام۔ مگر اکثر ہم معنی الفاظ ایسے ہیں کہ معنوں کے اعتبار سے بظاہر ایک جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ مگر کیفیات کے اظہار کے لحاظ سے یکساں نہیں۔ ایسے لفظوں کے متعلق یوں سمجھیے کہ جس طرح بعض چیزوں کی شکل و شباہت میں تو کوئی فرق نہیں ہوتا۔ لیکن اُن کے خواص و اوصاف ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں جیسے گلاب اور سوسن کا عرق، رنگت کے لحاظ سے یکساں ہے۔ مگر کیفیت و تاثیر کے لحاظ سے یکساں نہیں۔ بالکل اسی طرح بعض ہم معنی الفاظ معنوں کے اعتبار سے یکساں ہوتے ہیں۔ مگر کیفیات کے لحاظ سے یکساں نہیں ہوتے۔ جیسے لفظ قدرت اور قوت یا شبنم اور اوس کو لیجیے۔ لفظ قوت۔ طاقت۔ کو ظاہر کرتا ہے اور قدرت بھی طاقت ہی کو۔ لیکن ان میں فرق ہے کیفیتوں کا۔ اوّل الذکر ایک مادی شے ہے جو فانی ہے اور مؤخر الذکر ایک غیر مادی شے ہے۔ غیر سرئی اور غیر فانی ہے۔ اسی طرح شبنم اور اوس کی کیفیتوں میں فرق ہے۔ اوّل الذکر کے وجود میں طراوت اعتدال پر ہے اسی لیے فضا کو خوشگواری کا باعث ہے۔ مؤخر الذکر میں طراوت کثرت پر ہے اس لیے وہ فضا کو ناخوشگوار کر دیتی ہے۔ رعایتِ معنوی کے پیشِ نظر اگر کوئی شخص یوں کہے کہ ان دنوں بازار کی رونق پر شبنم پڑ رہی ہے تو کس قدر مضحکہ خیز بات ہوگی۔

بلا ضرورت الفاظ

ضرورت سے زیادہ یا بلا وجہ بولنے والا جیسے پاگل

یا دیوانے سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا، اسی طرح، وہ کلام جس میں ضرورت سے زائد یا بلاوجہ الفاظ ٹھونس دیے ہوں۔ مجذوب کی بڑ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ ناس طمطراق سے ہمارے ہاں زبان سے پوری پوری واقفیت نہ ہونے کے باعث بلاضرورت الفاظ کی خاصی بھرمار ہے۔ اردو زبان کے لکھنے پڑھنے کے صحیح اسلوب جاننے کے لیے ضروری ہے کہ کلام میں ایسے الفاظ قطعاً نہ آنے پائیں جو بلاضرورت ہوں مثلاً:

۱۔ مبادا: مبادا کے معنی ہیں کہیں ایسا نہ ہو۔ مگر عام طور سے مبادا کے ساتھ اس کے معنی بھی گھسیٹ لیے جاتے ہیں۔ جیسے مبادا کہیں ایسا نہ ہو، کہ میں آؤں اور آپ چل دیں۔ حالانکہ یہ سراسر غلط ہے یا تو مبادا کہا جائے یا کہیں ایسا نہ ہو۔ بہرحال ان میں ایک کلمہ زیادہ ہے۔

۲۔ فبہا: فبہا کے معنی ہیں، تو خیر، جیسے رشید صاحب آ گئے۔ فبہا۔ ورنہ میں خود جاؤں گا۔ لیکن اکثر کہا یوں جاتا ہے، رشید صاحب آ گئے۔ تو فبہا۔ حالانکہ فبہا میں تو کا مفہوم ادا ہو جاتا ہے۔

۳۔ ھنوز: ہنوز کے معنی ہیں، ابھی، اور ابھی تک لہٰذا ہنوز سے پہلے تا زائد ہے۔

۴۔ استفادہ: استفادہ کے معنی ہیں کسی چیز سے کوئی فائدہ حاصل کرنا۔ مگر بعض لوگ استفادہ کے ساتھ لفظ حاصل بھی کہہ دیتے ہیں۔ جیسے میں نے فلاں کتاب سے استفادہ حاصل کیا، کہنا یوں چاہیے کہ میں نے فلاں کتاب سے استفادہ کیا۔

۵۔ بمع۔ بمعہ: بمع یا بمعہ، با مع کا مخفف ہے۔ چونکہ با کے معنی بھی ساتھ کے ہیں اور مع کے معنی بھی ساتھ کے۔ لہٰذا مع کے معنی بھی ساتھ کے لہٰذا، مع کے ساتھ ب کا اضافہ زیادتی ہے

نیز بعض لوگ مع کا املا ع کے ساتھ لکھتے ہیں

۶۔ واقع۔ واقع۔ اسی طرح واقع کو واقعہ اور واقعہ کو واقع لکھنا غلط ہے۔ واقع اور واقعہ دو الگ الگ لفظ ہیں۔ وہ جگہ کہ جس پر کوئی عمارت قائم ہو واقع کہلاتی ہے اور اتفاقی طور سے کوئی حادثہ پیش آ جائے، اسے واقعہ کہتے ہیں۔ جیسے فلاں شہر میں مجھے فلاں واقعہ پیش آیا۔

۷۔ اگرچہ، لیکن وغیرہ: اگرچہ کے بعد تاہم یا لیکن لکھنا غلط ہے، جیسے "اگرچہ معنًا یہ لفظ غلط ہے، لیکن کثرتِ استعمال سے صحیح سمجھا جانے لگا ہے"۔ اس جملے میں اگرچہ اور لیکن میں سے ایک لفظ زیادہ ہے۔ کہنا یوں چاہیے کہ معنًا یہ لفظ غلط ہے، لیکن ۔۔۔۔ اسی طرح لیکن کے بعد تاہم یا تاہم کے بعد لیکن لکھنا بھی غلط ہے۔ اگر، مگر، لیکن تاہم وچونکہ۔ یہ پانچوں ہم معنی الفاظ ہیں، اس لیے ایک ہی جگہ پر ان میں سے ایک سے زیادہ لفظ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

۸۔ پیش، یا سامنے: پیش اور سامنے، دونوں ہم معنی لفظ ہیں، لہٰذا جملے میں انہیں بھی ایک ساتھ استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ جیسے، میں نے فلاں کتاب فلاں کے سامنے پیش کی۔

۹۔ پتہ، معلوم: پتہ اور معلوم گو دو ہم معنی لفظ ہیں لیکن جب دونوں ایک جگہ اکٹھے استعمال ہوں گے، تو پھر ان کے الگ الگ معنی لیے جائیں گے جیسے مجھے فلاں شخص کا پتہ معلوم نہیں۔ یہاں پتہ کے معنی کسی شخص کے رہنے سہنے کی جگہ، یا ٹھکانے کے ہیں اور معلوم کے معنی خبر یا علم ہونا۔ مگر واضح رہے کہ ایسے ہم معنی لفظوں کا ایک جگہ پر اکٹھے استعمال ہونا موقع، محل ہی پر موقوف ہے۔

۱۰۔ ھذا: ہذا عربی لفظ ہے۔ اس کے معنی یہ کے ہیں۔ مگر، ہذا کے ساتھ لفظ یہ کا اضافہ کرنا غلط ہے۔ جیسے

کتاب ہذا۔

۱۱ - ساری عمر بھر : عمر کے ساتھ بھر کے معنی ساری کے ہیں۔ لہٰذا ساری عمر بھر کہنا غلط ہے۔ اسی طرح سب کے ساتھ سارے، ساری، سارا اور سیر ہو کر کے ساتھ پیٹ بھر کر کہنا بھی غلط ہے۔ مثلاً :

چرائی کے لیے ہر صبح اس کی بکریاں جاتیں
خدا کے فضل سے سب سیر ہو پیٹ بھر آتیں

۱۲ - اس کو، مجھ کو، تم کو، ہم کو، وہاں پر، یہاں پر وغیرہ صحیح تو ہیں لیکن ان دونوں لفظ "کو" اور "پر" کے زائد ہونے کے باعث فصیح نہیں سمجھے جاتے ان کی بجائے اسے، مجھے، تمہیں، ہمیں، وہاں اور یہاں فصیح ہیں۔ زمانۂ ماضی میں لفظ 'ہوں' شامل نہیں کرنا چاہیے۔ مثلاً :

وسائل ڈھونڈتا پھرتا رہا ہوں کام کرنے کو

یہاں صرف "پھرتا رہا" ہونا چاہیے۔

۱۳ مولانا، مسٹر، صاحب، مولانا کے ساتھ صاحب اور صاحب کے ساتھ مسٹر یا مسٹر کے ساتھ جناب لکھنا غلط ہے۔ یہ سب کے سب ہم معنی الفاظ ہیں۔ اس لیے ایک جگہ اکٹھے استعمال نہیں ہو سکتے۔

۱۴ - تکرارِ لفظی : نثر ہو یا نظم، کسی لفظ کا بار بار آنا بھلا معلوم نہیں دیتا۔ یوں سمجھیے کہ تکرارِ لفظی ضرورت سے زائد الفاظ کی ماں ہے۔

مثلاً : لفظ تھی کو لیجیے :

یہ لڑکی ہر طرح مانندِ سارہ پاک طینت تھی
یہی نکتہ جس کے حصے میں تقدس کی سعادت تھی

اس شعر میں "تھی" تین مرتبہ آیا ہے۔ جو کانوں کو ناگوار گزرتا ہے، کوشش یہ کی جائے کہ کوئی لفظ ایک جملے میں صرف ایک مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ دو مرتبہ استعمال ہو۔ جیسے اسی شعر کو دیکھیے :

یہ لڑکی ہر طرح مانندِ سارہ پاک طینت تھی
ازل سے جس کے حصے میں تقدس کی سعادت تھی

المختصر کلام میں، ضرورت سے زائد الفاظ، اس کے حسن لفظی و معنوی کو ختم کر ڈالتے ہیں۔ مزید توضیح کے طور سے ہم چند ایک اشعار اور تمثیلاً پیش کیے دیتے ہیں۔

ہُوا سارہ کو رشک اس امر سے دل میں خیال آیا
نکل جائے یہاں سے ہاجرہ بس یہ خیال آیا

اس شعر میں امر اور بس دو لفظ بلا وجہ استعمال کیے گئے ہیں۔ پہلے اور دوسرے مصرع میں۔ خیال، قافیے کے طور سے آیا ہے۔ مگر خیال نے شعر کا قافیہ تنگ کر ڈالا۔ یہ تکرارِ لفظی ہے۔ اس کی اصلاح یوں ہو گی۔

ہُوا سارہ کو اس سے رشک اور حزن و ملال آیا
نکل جائے یہاں سے ہاجرہ، دل میں خیال آیا

۲ - وہ صحرا جس کی وسعت دیکھنے سے ہول آتا تھا
وہ نقشہ جس کی صورت سے فلک بھی کانپ جاتا تھا

اس شعر میں، نقشہ، اور صورت، دو ہم معنی الفاظ استعمال کیے گئے ہیں جو بلا وجہ ہیں۔ اس کی درست صورت یہ ہے :

وہ نقشہ دیکھ کر جس کو فلک بھی کانپ جاتا تھا

۳ - حسد کی ہر طرف جب عام بیماری لگی بڑھنے

اس شعر کے پہلے مصرع میں دو ہم معنی لفظ استعمال کیے گئے ہیں۔ ہر طرف اور عام۔ یہ بھی تکرارِ لفظی کی ایک بے معنی مثال ہے۔

کہنا یوں چاہیے :

حسد کی ہر طرف جب وقت بیماری لگی بڑھنے

۴ - بھرے بیلے تھے پہلے سے، بہانہ اور ہاتھ آیا
اٹھا بوجہل اک تقریر کی لوگوں کو بہکایا !

اس شعر کے دوسرے مصرع میں لفظ اک بلا ضرورت استعمال کیا گیا ہے، ظاہر ہے کہ تقریر کرنے والے نے ایک

وقت میں ایک ہی تقریر کی، دو نہیں، مصرع کی درست صورت دیکھیے گی۔

اٹھا بوجہل، کی تقریر اور لوگوں کو بہکایا

۵ ۔ جو چند افراد ہیں کچھ اور، وہ کمزور ہیں سارے

کہ اب بھی چھپتے پھرتے ہیں ہمارے خوف کے مارے

اس شعر کے پہلے مصرع میں چونکہ چند اور کچھ دو مہم معنی غلط ہیں اس لیے مصرع کی درستی یوں ہوگی گی۔

جو چند افراد مکے میں ہیں وہ کمزور ہیں سارے

تحقیقِ الفاظ

اشارات :

۱ ۔ کسی غیر لفظ کو فارسی میں اپنا لینا تفریس کہلاتا ہے۔ تفریس کیے گئے لفظ کو مفرس کہتے ہیں۔

۲ ۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی میں اپنا لینا تعریب کہلاتا ہے۔ تعریب کیے گئے لفظ کو معرب کہتے ہیں۔

۳ ۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی زبان میں اپنا لینا تہنید کہلاتا ہے۔ تہنید کیے گئے لفظ کو مہند کہتے ہیں۔

۴ ۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو اردو زبان میں اپنا لینا تادید کہلاتا ہے۔ تادید کیے گئے لفظ کو مؤدد کہتے ہیں۔

قواعد زبان میں اپنانے کا یہ طریقہ تصرف کہلاتا ہے تصرف کیے گئے لفظ کو متصرف کہتے ہیں۔

تصرفات کا سلسلہ دنیا بھر کی زبانوں میں موجود ہے اور یہ حقیقت ہے کہ تصرفات کے بغیر کوئی زبان ایک مکمل اور وسیع زبان نہیں بن سکتی۔

انواعِ تصرفات :

اُردو زبان میں تصرفات کی نوعیتیں مختلف ہیں۔ ان میں سے ایک صورت تو یہ ہے کہ لفظوں کی ہیئت کو تبدیل نہیں کیا جاتا، صرف معنوں کو بدل دیا جاتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ ضرورت کے وقت متصرف الفاظ کے اصلی معنی بھی لیے جاتے ہیں :

مثلاً :

عرصہ : عرصہ عربی لفظ ہے۔ اس کے معنی میدان کے ہیں۔ اُردو میں تصرف کے تحت مدت کے معنی لیے جاتے ہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ لفظوں کی ہیئت کو تھوڑا بہت تبدیل کر دیا جاتا ہے مگر معنوں میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں کرتے۔ مثلاً :

پلیت : پلیت ہندی لفظ ہے۔ اس کے معنی ناپاک کے ہیں۔ ہمارے ہاں صرف اتنا تصرف کیا گیا ہے کہ ت کی جگہ ال کو دے دی گئی ہے۔ معنی جوں کے توں وہی ہیں۔

تیسری صورت یہ ہے کہ نہ صرف لفظوں کی ہیئت کو تبدیل کر دیا جاتا ہے، بلکہ اس کے معنی بھی بالکل بدل دیے جاتے ہیں۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ اعراب میں کہیں کہیں تبدیلیاں بھی کر دی جاتی ہیں۔

افراط و تفریط :

افراط و تفریط عربی کے الفاظ ہیں۔ ان کے معنی کمی بیشی کے ہیں۔ ہمارے ہاں افراط و تفریط سے افراتفری بنا لیا گیا۔ اور افراتفری کے معنی ہیں ہلچل، بھگدڑ، آپا دھاپی، نفسانفسی۔

لفظ	زبان	معنی
بخار سے	اردو میں	تپ دق وغیرہ مرض کے بھی لیے جاتے ہیں۔
حلال	عربی	جائز
حلال سے	اُردو میں	ذبح کرنے کے معنی بھی لیے جاتے ہیں۔

فیلسوف	یونانی	فلاسفر
فیلسوفی سے	اردو میں	مکار کے معنی بھی لیے جاتے ہیں۔
روشنائی	فارسی	روشنی
روشنائی	اردو میں	لکھنے کی سیاہی مراد لی جاتی ہے۔
طوفان	فارسی	سمندر کے پانی کا بڑھ جانا ہے
طوفان سے	اردو میں	بہتان کے معنی لیے جاتے ہیں۔
وجوہ	عربی	چہرے
وجوہ سے	اردو میں	اسباب کے معنی بھی لیے جاتے ہیں۔
اسباب	عربی	دلائل
اسباب سے	اردو میں	گھر کے سامان کے بھی لیے جاتے ہیں۔
افواہ	عربی	بہت سے منہ
افواہ سے	اردو میں	بے پر کی اڑانے کے بھی لیے جاتے ہیں۔
حضرت	عربی	مقدس انسان
حضرت سے	اردو میں	عیار مکار کے بھی لیے جاتے ہیں۔
صلوات	عربی	نماز۔ دعا
صلوات	اردو میں	گالیوں کے معنی بھی لیے جاتے ہیں
عرصہ سے	اردو میں	مدت کے لیے جاتے ہیں۔
روزگار	فارسی	زمانہ
روزگار سے	اردو میں	نوکری کے بھی لیے جاتے ہیں۔
خانقاہ	فارسی	عبادت گاہ
خانقاہ سے	اردو میں	مزار کے بھی لیے جاتے ہیں۔
خاطر	عربی	خیال
خاطر سے	اردو میں	تواضع کے بھی لیے جاتے ہیں
غلیظ	عربی	گاڑھا
غلیظ سے	اردو میں	کثیف اور ناپاک کے بھی لیے جاتے ہیں۔
ماما	فارسی	کلفت
ماما سے	اردو میں	دایہ اور باورچن کے معنی بھی لیے جاتے ہیں۔
بخار	عربی	بھاپ

تصرفات مذکورہ کی چاروں طرح کی

مثالیں

۱۔ تصرف معنوی

لفظ	زبان	معنی
عرصہ	عربی	میدان

۲۔ تصرف لفظی

لفظ	زبان	معنی
پلیت	ہندی	ناپاک سے
پلید	اردو میں	ناپاک کے معنوں میں بنالیا گیا ہے۔
گرہ	ہندی	رہنے کی جگہ
گھر	اردو میں	رہنے کی جگہ کے معنوں میں بنالیا گیا ہے۔
گھٹ	ہندی	مٹی کا برتن پانی والا سے
گھڑا	اردو میں	مٹی کا برتن پانی والا کے معنوں میں بنالیا گیا ہے۔
اجل[1]	ہندی	صاف ستھرا سے

[1] فارسی میں اجل کے معنی موت کے ہیں۔

اُجلا	اردو میں	صاف ستھرا کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے۔
آدھ	ہندی	نصف سے
آدھا	اردو میں	نصف کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے۔
اگرد	ہندی	انگشت سے
انگلی	اردو میں	انگشت کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے۔
لین ٹرن	انگریزی	مشعل سے
لالٹین	اردو میں	مشعل کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے۔
ورانڈہ	انگریزی	صحن سے
برآمدہ	اردو میں	صحن کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے
یک	فارسی	واحد سے
ایک	اردو میں	واحد کے معنوں میں بنا لیا گیا ہے
پگام	پرتگالی	سندیسہ سے
پیغام	اردو میں	سندیسہ کے معنوں میں بنا لیا گیا
غشی	عربی	بے ہوش ہونا سے
غش	اردو میں	بے ہوش ہونا کے معنوں میں بنا لیا گیا
مسلم	عربی	اسلام کا پیرو سے
مسلمان	اردو میں	اسلام کا پیرو کے معنوں میں بنا لیا گیا۔

۳۔ تصرف کلی

افراط و تفریط	عربی	کمی بیشی سے
افراتفری بنا لیا گیا	اردو میں	ہلچل۔ بھگدڑ کے معنی لیے جاتے ہیں۔
گنیش	ہندی	خدا سے
گودی بنا لیا گیا	اردو میں	دیہاتی کے معنی لیے جاتے ہیں۔
گوبر بنا لیا گیا	اردو میں	گائے بھینس کے فضلہ کو کہتے ہیں۔
صلوٰۃ	عربی	دعا۔ نماز سے
صلواتیں بنا لیا گیا	اردو میں	گالیوں کے معنی لیے جاتے ہیں
اصل	عربی	جڑ سے
اصول بنا لیا گیا	اردو فارسی میں	قانون کے معنی لیے جاتے ہیں۔

۴۔ تصرف بالحرکت

لفظ	متصرف	لفظ	اصل
آتش	فتح ثانی	آتِش	کسرِ ثانی
آدمی	سکونِ دال	آدَمی	فتح دال
آذان	بمد	آذان	بے مد
ابریق	بالفتح	اِبریق	بالکسر
اسلوب	بالفتح	اُسلوب	بالضم
اقلیم	فتح اوّل	اِقلیم	کسرِ اوّل
امارت	فتح اوّل	اِمارت	کسرِ اوّل
براہین	بالضم	بُراہین	بالفتح
برادر	کسر	بِرادر	بفتح
بدرقہ	فتح دال سکون را	بَدرقہ	بفتح اوّل و ثالث
			سکونِ دال
بضاعت	فتح اوّل	بِضاعت	کسرِ اوّل
اکسیر	فتح اوّل	اِکسیر	کسرِ اوّل
بہادر	فتح اوّل	بہادُر	ضمۂ دال
تتمہ	کسرِ اوّل و فتح ثانی	تِتمہ	کسرِ اوّل فتح ثانی
			تشدید میم
تواضع	فتح ضاد	تواضُع	ضمۂ ضاد
جاجم	فتح جیم ثانی	جاجِم	کسرِ جیم ثانی
صنم	ضمۂ نون	صَنَم	فتح نون مشدد

خاتم	فتح تا	خاتم	کسرِ تا
حشمت	فتح اوّل	حشمت	کسرِ اوّل
حلیہ	بضم	حلیہ	کسرِ اوّل
حماقت	کسرِ اوّل	حماقت	فتح اوّل
حقارت	بکسر	حقارت	بفتح
خزانہ	فتح اوّل	خزانہ	بکسر
خلوت	کسرِ اوّل	خلوت	فتح اوّل
خیمہ	بکسر	خیمہ	بفتح
خیال	کسرِ اوّل	خیال	فتح اوّل

تصرفات کی مثال تو یوں سمجھیے کہ وہ اقلیمِ سخن کا ایک پیرہن ہے۔ جونہی کوئی لفظ کسی زبان کی سلطنت میں داخل ہوتا ہے اُسے ویسا ہی ملکی لباس پہنا کر ہم شکل بنا لیا جاتا ہے۔ بہت سی زبانوں میں متصرف الفاظ پر اس قدر اجنبیت چھائی ہوئی ہے کہ انہیں پہچاننا اگر نا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے لیکن اُردو زبان کی یہ خوش قسمتی ہے کہ اسے تصرفات کی شکلیں بدلنے میں بہت کم ہی زحمت اٹھانی پڑی۔ اکثر و بیشتر الفاظ ویسے کے ویسے مستعملات اُردو میں نہ صرف شامل ہیں بلکہ اردو ہی کے الفاظ سمجھے جاتے ہیں۔ مثلاً:

ریڈیو	ٹیلیفون	ریل	سائیکل
ٹانگہ	موٹر	بس	ٹکٹ
ماچس	گلاس	جگ	کوٹ
پتلون	واسکٹ	سکول	ماسٹر
کالج	سینما	شو	اسٹیشن
بلوے	فیل	پاس	انجن
فیس	فلم	ڈاکٹر	کمپونڈر
ہسپتال	ہوٹل	بک سٹال	مینجر
میٹر	پروفیسر	پرنسپل	پریس
پرمٹ	لیبل	کیلنڈر	الاٹمنٹ

یونیورسٹی	یونیورسٹی	چانسلر	رجسٹرار
لائسنس	سوڈا واٹر مکیچر	ایڈیٹر	ہیڈ کلرک
پروگرام	سرٹیفکیٹ	ڈگری	ڈپلوما
گورنمنٹ گزٹ	فارم	سٹیمر	ملکمال
بلیک مارکیٹ	گیلری	جیل	جیلر
ایکٹ	ایکٹریس	کلکٹر	مینگ
بسکٹ	گورنر جنرل	سیکرٹری	پرائیویٹ
کونسل	کونسلر	انسپکٹر	ڈپٹی کمشنر

اس میں کلام نہیں کہ انگریزی زبان کا دامن بہت وسیع ہے۔ اس میں فنی، طبی اور جدید اشیا کی اصطلاحات کی نہیں اور نہ آئندہ ہوگی۔ مگر سوچیے تو سہی کہ اس زبان کو یہ مقام حاصل ہوا تو کیونکر ہوا؟ کیا وہ اپنے آپ فروغ پا گئی یا ایک قوم نے اس کے لیے ان تھک مساعی سے کام لیا؟

دراصل بات یوں ہے کہ زندہ قوموں کا ہمیشہ سے یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنی روزمرہ لسانیاتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے غیر زبانوں کا سہارا لینے کی بجائے اپنی زبان میں یا تو مناسب الفاظ وضع کر لیتے تھے یا دیگر زبانوں سے الفاظ ڈھونڈ کر اپنی زبان کو وسعت دیتے اور اگر اپنے ہاں قطعی طور پر الفاظ کی قلت پاتے، تو متصرفات سے کام لیا جاتا یا مترادفات تیار کر لیتے تھے۔ جیسا کہ انگریزی نے عربی فارسی سے حسب ذیل الفاظ کے تصرفات و مترادفات وضع کیے ہیں:

ملفظ	عربی یا فارسی
کیلف	عربی خلیفہ سے بنایا گیا
میگزین	عربی مخزن سے بنایا گیا
آٹومن	عربی عثمان سے بنایا گیا
ایڈمرل	عربی امیر البحر سے بنایا گیا

نیاب	عربی نواب سے بنایا گیا
سپیوے	فارسی سپاہی سے بنایا گیا
کیروال	فارسی کاروان سے بنایا گیا
فادر	فارسی پدر سے بنایا گیا
مدر	فارسی مادر سے بنایا گیا
ڈوٹر	فارسی دختر سے بنایا گیا
برادر	فارسی برادر سے بنایا گیا
جبرالٹر	عربی جبل الطارق سے بنایا گیا

اُردو زبان نے بھی اس سلسلے میں بالکل انگریزی ہی کا تتبع کیا ہے۔ یہ صرف انگریزی کا حال نہیں، خود فارسی نے بھی انگریزی الفاظ کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا ہے مثلاً:

اردو	فارسی	اردو	فارسی
میڈیکل سکول	مدرسہ طبیہ	امدادی سکول	مدرسہ خیریہ
فارن سیکرٹری	وزیر خارجہ	ہیڈ کلرک	میر منشی
فوٹوگرافی	عکاسی	بک سٹال	بساطِ کتب
منٹ (ٹکسال)	ضراب خانہ	گڈ مارننگ	صبحک اللہ
میونسپلٹی	بلدیہ	مینجر	مباشر
کورٹ مارشل	مجلس	چانسلر	کیشنر
گورنمنٹ گزٹ	کاغذِ دولت	گورنر جنرل	فرماں فرما
پوسٹ مین	غلام چاپار	کیبنٹ	کابینہ
انسپکٹر سکول	ناظرِ تعلیمات	مقالہ آرٹیکل	مقالہ
چیفنج	میرداد	نوٹ بک	کتابچہ
ہسپتال	ہسپتال	لال ٹین	لالہ نشترن
گیلری	گالری	پارلیمنٹ	پارلیمان
کیمبرج	کامرج	میٹر	متر
لاٹری	لاتری	کامیڈی	کامیدی
لارڈ	لارد	الٹی میٹم	التمام
والنٹیر	والنتر	ڈاکٹر	دکتور
پروگرام	پمفلجرام	بوٹل	بوتل

کیا ہی اچھا ہو۔ اگر ہم بھی اسی قاعدے پر کاربند ہو جائیں اور ہمارے ہاں فنی طبی اور جدید اشیا کی اصطلاحات کا جو رونا رویا جا رہا ہے اسی قاعدے سے اس کا حل ڈھونڈ لیا ہے۔

معیارِ تحقیق

سید انشا کی زبانی سنیئے۔ فرماتے ہیں مخفی نہ ماند کہ ہر لفظے کہ در اردو مشہور شد عربی باشد یا فارسی باشد یا ترکی و سریانی یا پنجابی یا پوربی۔ از روئے اصل غلط باشد یا صحیح آن لفظ۔ لفظِ اردو است اگر موافق اصل است ہم صحیح و اگر خلاف است ہم صحیح صحت و غلطی آں موقوف بر استعمال پذیرفتہ در اردو است، زیرا کہ ہر چہ خلافِ اردو است غلط است گو در اصل صحیح باشد و ہر چہ موافق اردو است صحیح باشد گو در اصل صحت نہ داشتہ باشد۔

ہماری رائے میں یہ معیارِ تحقیق تاوقتیکہ حسبِ ذیل امور کی وضاحت نہ کرے جامع نہیں۔

۱۔ غلط العام فصیح۔ کہاں تک صحیح ہے؟ اور اس کی صحت کا معیار کیا ہے؟

۲۔ غلط العام فصیح کے حدود کیا ہیں

۳۔ غلط العام فصیح کی رو سے جو لفظ تسلیم کر لیا جائے کیا پھر اسے اصلی حالت میں استعمال کرنا درست ہوگا؟ یا نادرست؟ مستحسن ہوگا یا غیر مستحسن؟

۴۔ کیا استادہ سخن کی کوئی لغزش سند بن سکتی ہے؟

۵۔ زبان دانی کے لیے لغات اور ذوقِ تجسس قابلِ ترجیح ہے یا اسناد؟

۶۔ اہلِ زبان مرجع ہیں یا زبان داں[1]؟

۷۔ لکھنؤ۔ دلی۔ آگرہ اور پنجاب میں سے کس کے ترجیح

---

[1] خواہ وہ اہلِ زبان نہ ہوں

دی جاسکتی ہے۔

۸ ۔ کیا سند لینے کے یہ معنی ہیں کہ ہم اردو زبان کو جامد و ساکت تسلیم کرتے ہیں؟

غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ اگر کلی طور پر غلط العام فصیح کو معیارِ صحت ٹھہرا لیا جائے تو قواعد کی بے قاعدگیوں کا علاج کیا ہوگا۔ جیسے حسبِ ذیل الفاظ کو لیجیے:

راشی : راشی عربی لفظ ہے اس کے معنی رشوت دینے والے کے ہیں۔ اور جسے رشوت دی جائے اُسے مرتشی کہتے ہیں۔ مگر اکثر کہا یوں جاتا ہے کہ جو رشوت لے وہ راشی ہے۔

ذوالکرام : اصل لفظ ہے۔ ذوالاکرام۔ اس کے معنی ہیں صاحبِ فضیلت لیکن عام بول چال میں ذوالکرام آتا ہے۔ حالانکہ صریحاً غلط ہے۔

کلام الملوک ملوک الکلام : اس کے معنی ہیں شہنشاہوں کے کلام شہنشاہانِ کلام۔ بھلا شہنشاہان کلام اور کلامِ شاہان۔ کیا بات ہوئی۔ اصل جملہ یوں ہے۔ کلام الملک۔ ملک الکلام۔ بادشاہ کا کلام۔ کلام کا بادشاہ ہے۔

سکنہ : ساکن کی جمع ہے اور سکونت اس کا حاصلِ مصدر ہے۔ اس کے معنی ہیں ٹھہرنے والا۔ رہنے والا۔ مگر لکھنے پڑھنے میں اکثر ساکن کی جگہ سکنہ بطور واحد آتا ہے۔ جو بالکل غلط ہے۔

اخوان : اخی کی جمع ہے اور اس کے معنی بھائی کے ہیں۔ مگر بعض لوگ اخوان کو بطور واحد استعمال کرتے ہیں حالانکہ صحیح نہیں۔

ذمے وار : وار کے معنی سلسلے کے ہیں۔ جیسے نمبر وار، ہفتہ وار، ماہ وار۔ مگر اسے لوگ ذمہ لینے کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ اصل لفظ ہے ذمے دار جیسے نمبر دار، تحصیلدار۔ تھانے دار اسی طرح قرض وام کو قرض دام کہا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ بھی غلط ہے۔ صحیح لفظ ہے۔ قرض وام۔

مؤرخہ : کے معنی ہیں وہ تاریخ کہ جس میں کوئی فعل واقع ہو چکا ہو۔ لیکن اکثر تحریروں میں فعل کے وقوع سے پہلے ہی مؤرخہ لکھ دیا جاتا ہے۔ جیسے پرسوں مورخہ دس فروری کو ہمارے ہاں محفلِ میلاد ہوگی۔ حالانکہ یہ صحیح نہیں۔ قاعدے کی رو سے مورخہ کی جگہ تاریخ لکھی جاسکتی ہے۔ مگر تاریخ کی جگہ مؤرخہ لکھنا درست نہیں۔

جاہل : جاہل کے معنی ہیں جہالت کرنے والا۔ لیکن عام و خاص میں یہ لفظ ان پڑھ کے معنوں میں بولا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ درست نہیں۔ جہالت تو پڑھا لکھا بھی کر سکتا ہے۔ اور شائستگی و تہذیب اَن پڑھ میں بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ اور مشاہدہ تو یہ ہے کہ ان دنوں میں اَن پڑھوں کی نسبت پڑھے لکھے زیادہ جاہل ثابت ہو رہے ہیں۔

مشکور : شکر۔ فعل شاکر۔ فاعل اور مشکور مفعول ہے۔ مشکور کہنا غلط ہے۔ سیدھی سی بات ہے کہ فاعل اور مفعول دو متضاد چیزیں ہیں۔ اس لیے مفعول کو فاعل کے معنوں میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ میں آپ کا مشکور ہوں۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ میں آپ کا شکریہ ادا نہیں کر رہا بلکہ آپ میرا شکریہ ادا کر رہے ہیں۔ لہٰذا مشکور کی جگہ ممنون کہنا زیادہ بہتر ہے۔

اس میں شک نہیں اردو زبان میں بعض الفاظ ایسے بھی ہیں جو غلط ہونے کے باوجود صحیح سمجھتے ہیں۔ مثلاً:

ضروری : لازمی : عاجزی، انکساری۔ متلاشی۔ بریت۔ مستی۔ خفگی۔ تنازعہ۔ تبادلہ وغیرہ۔ اصل لفظ ہیں: ضرور۔ لازم۔ عجز۔ انکسار۔ تلاش۔ غیر عربی لفظ کا عربی قاعدہ سے اسم فاعل متلاشی بنا لیا گیا۔

جرأت۔ مسی۔ خفا۔ متنازع۔ مبادلہ۔ لیکن

پہلی صورت میں بھی ان کے صحیح سمجھے جانے کی دو وجہیں ہیں:

۱۔ الفاظ میں موزونیت اور ان کے استعمال کا اچھا موقع محل۔

۲۔ کثرتِ استعمال۔

اس کے علاوہ بعض الفاظ ایسے بھی ہیں جو قواعدِ اردو زبان کے خلاف ہونے کے باوجود صحیح سمجھے جاتے ہیں جیسے:

اصول و احوال: اصل اور حال کی جمع ہیں۔ مگر یہ واحد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں یا لفظ اہل کو جیسے "اہل" واحد لفظ ہے "اہالی" اس کی جمع ہے لیکن اہل کو بجائے واحد، جمع بولتے ہیں جیسے اہلِ قلم۔ یہ بھی موقع محل ہی پر منحصر ہے جہاں موزونیت کے اعتبار سے جیسا موقع دیکھا ویسا ہی اپنا لیا گیا۔

مثلاً:

ماتحت: کہیں تو ٹھیک بیٹھتا ہے اور کہیں غلط جیسے حمید اللہ اشرف علی کا ماتحت ہے۔ یہ تو ہوا صحیح۔ اور فلاں سکیم کے ماتحت قدم اٹھائیے۔ یہ ہوا غلط۔ یہاں صرف "تحت" لکھا جائے تو صحیح ہوگا۔ اردو میں جہاں جہاں بے قاعدگیوں کو روا رکھا گیا ہے وہاں ان کا مداوا بھی کیا گیا ہے مثلاً:

اہلِ قلم جمع کے طور سے بولتے ہیں تو "صاحبِ قلم" اس کا واحد مظہر پایا گیا ہے۔

ہمارے نزدیک لفظوں کی صحت کا معیارِ تحقیق دو باتوں پر منحصر ہے:

۱۔ معقولیت، موزونیت

۲۔ عام و خاص میں کثرتِ استعمال اور بس۔

اصل الاصول:

یہ لازم نہیں جو الفاظ کسی غیر زبان سے لیے جائیں وہ وہ اسی زبان کے قواعد ہی کے مطابق استعمال ہوں۔ اگر اس بات کو ضرور ٹھہرا لیا جائے تو بیں صورت اکثر زبانیں اپنے سرمایۂ الفاظ سے ہاتھ دھو بیٹھیں گی اور پھر اس امر پر بھی غور کیجیے کہ اگر متصرف الفاظ پر ان کی اصل زبانوں کے قواعد استعمال کرنے کی پابندی لازم قرار دے دی جائے تو تصرف کیے گئے لفظوں پر اپنانے کا رنگ کیونکر چڑھے گا۔ جیسا کہ ہم پچھلے صفحات میں بیان کر چکے ہیں کہ جب کوئی لفظ ضرورت پڑنے پر کسی غیر زبان سے دوسری زبان میں آتا ہے تو وہ اپنے استعمال کیے جانے کے قواعد اور اصل معانی وہیں چھوڑ آتا ہے۔ یہاں اگر اُسے تصریف کی چار صورتوں میں سے کسی نہ کسی ایک قاعدہ تصرف کی شکل ضرور اختیار کرنی پڑتی ہے۔ بس یہاں اسی نکتے کو ذہن میں رکھیے اور سمجھ لیجیے کہ ہر وہ لفظ جو کسی ایک زبان سے دوسری زبان میں لایا گیا ہے استعمال کیے جانے کے لازم نہیں کہ اپنی اصل حالت پر قائم ہو یا اصل زبان کے قواعد ہی کے مطابق استعمال ہو یہ الگ بات ہے کہ اردو زبان میں بیشتر الفاظ ہر اعتبار سے اپنی اصلیت پر قائم ہیں۔ مگر اصل سے اس مطابقت کا ہونا اتفاقیہ ہے لہٰذا اسے اصل الاصول نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اگر لفظوں کا استعمال صوری و معنوی حیثیت سے بہ مطابق اصل ہونا جزو لازم سمجھ لیا جائے تو اس صورت میں نہ تو لفظوں پر اطلاقِ تصرف ہی ہو سکتا ہے اور نہ زبان کو ذخیرہ الفاظ ہاتھ آ سکتا ہے۔ آج اکثر الفاظ جو مختلف مطالب کے اظہار کا ذخیرہ ہیں زبان کے تہی دامن ہونے کا باعث ہو سکتے ہیں۔ بشرطیکہ انہیں اپنے اصل کی طرف لوٹا دیا جائے۔ اور پھر اس قباحت کو بھی ذہن میں رکھیے کہ جن الفاظ سے اب ہم مانوس ہو چکے ہیں ان کی جگہ غیر مانوس الفاظ کو احاطۂ تحریر میں لانے کے لیے کس قدر وقت صرف ہوگا اور اس تضیعِ اوقات کا نتیجہ معلوم۔ پس حقائق کی روشنی میں پتہ چلا کہ جو الفاظ مستعملاتِ زبان میں سے ہوں خواہ وہ اصل کے اعتبار سے غلط ہی کیوں نہ ہوں از روئے مستعملاتِ زبانِ اردو انہیں غلط نہیں کہا جا سکتا اور وہ الفاظ جو از روئے اصل

صحیح ہوں مگر مستعملات زبان میں سے نہ ہوں وہ درحقیقت یکسر غلط اور فصاحت سے عاری ہیں۔ بدیں صورت قاعدہ کلیہ یہ ٹھہرا کہ خواص و عوام میں جو الفاظ مقبول ہو جائیں انہیں سندِ فصاحت مل جاتی ہے اور ان کا استعمال اسی صورت میں جائز متصور کیا جائے گا۔ کہ جس صورت میں وہ رواج پا چکے ہیں اور برعکس اس کے جو الفاظ زبان زدِ خواص و عوام نہیں بلکہ صرف جہلاں تک ہی ان کا استعمال محدود ہے وہ الفاظ مخالفِ قیاس لغوی ہونے کے ذیل میں آتے ہیں۔

تعریف :

یعنی وہ الفاظ جنہیں لوگ اپنی جہالت کے باعث صحت لغات کے خلاف حرف کے اعتبار سے یا حرکت کے لحاظ سے بدل ڈالیں انہیں مخالف قیاسِ لغوی کی فہرست میں شمار کیا جائے گا جیسے جہلا نے جہتی، تھمتی کے وزن پر کم سے کمتی بنا لیا اور زیادہ سے جاستی۔ لفظ کم۔ اسمِ صفت ہے اور تی علامت ماضی تمنائی مونث ہے کیونکہ اصولاً یہ غلط ہے کہ اسم کے ساتھ صیغے کی علامت لگا کر اسے بجائے اسم استعمال کیا جائے۔ لہٰذا کمتی کی قسم کے تمام الفاظ مخالف قیاس لغوی ٹھہرے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ زبان زدِ خواص و عوام نہیں ہو سکے۔

مختصر فہرست الفاظ خلافِ صحت لغت

لفظ خلافِ صحت لغت	صحیح	لفظ خلافِ صحت لغت	صحیح
نامحروم	محروم	مکتب خانہ	مکتب
نحالیں	خالیں	معلوم	علیل
نامکروہ	مکروہ	دوا	دادا
ہمزولی	ہمجولی	مشکور	ممنون
دلّان	دالان	تابعدار	تابع فرمانبردار
دوکان	دکان	مولود شریف	میلاد شریف
مطلبل	مطلب	مجاز	مزاج

لیکن جو الفاظ غلط ہونے کے باوجود معروف ہو جائیں اور لوگ ان کا استعمال کثرت سے کرنے لگیں ایسے الفاظ اسی صورت میں صحیح سمجھے جائیں گے کہ جس شکل میں زبان زدِ خواص عوام ہیں۔ ابتدا میں اس قسم کے الفاظ غلط العام کہلائیں گے لیکن آگے چل کر یہی الفاظ کثرتِ استعمال سے مقبولیت کی سند لیکر فصاحت کی جگہ لے لیتے ہیں۔ ایک مختصر سا نقشہ ہم ذیل میں پیش کیے دیتے ہیں تاکہ یہ بات بخوبی واضح ہو جائے کہ وہ الفاظ جو یہاں اس نقشے میں صحیح سمجھے گئے ہیں از روئے زبان اکثر غلط ہیں اور جنہیں غلط کہا گیا ہے وہ حقیقتاً از روئے مستعملات اردو میں صحیح ہیں۔

اصل	نقل	مستعمل	معنی
ارغن	ارگن	ارگن	ایک ساز کا نام ہے
ازرق	ارزق	ازرق	نیلا
یال	ایال	ایال	گھوڑے کی گردن کا بال
یلچی	ایلچی	ایلچی	پیغام لانے والا
بدال	بقال	بقال	بنیا
پوسیدہ	بوسیدہ	بوسیدہ	پرانا، پھٹا ہوا
بزرگر	بذرگر	بذرگر	کاشت کار
بلہوس	بوالہوس	بوالہوس	بیحد لالچی
پاتلہ	پتیلہ	پتیلا	ایک برتن کا نام
جورب	جراب	جراب	جُراب
جماعدار	جمعدار	جمعدار	جمعدار
چپات	چپت	چپت	تھپڑ
چلیپی	چلپی	چلپی	ایک برتن کا نام ہے
خلاص	خلاصی	خلاصی	رہائی۔ چھٹکارا
دوا	دوائی	دوائی	دارو
حسب الامر	حسب الفرمائش	حسب الفرمائش	کہنے کے مطابق

راز	راج	راج	معمار
صفا	صفائی	صفائی	صفائی
غلیدن	غلطیدن	غلطیدن	لوٹنا
فرگل	فرغل	فرغل	ایک لباس کا نام ہے
کلیچہ	کلیچہ	کلیچہ	کھانے کی ایک چیز کا نام ہے
گل سُرخ	گلاب	گلاب	لال رنگ کا پھول
نعش	لاش	لاش	مردہ جسم
آئیس	مایوس	مایوس	ناامید
خرچ	خرچ	خرچ	خرچ
باروغن	مرغن	مرغن	چکنی گھی تیل والی شے
مالیدہ	ملیدہ	ملیدہ	کھانے کی ایک چیز کا نام
ہمشیر	ہمشیرہ	ہمشیرہ	بہن
غلو	غل	غل	شور
جق جق	بدخ بدخ	چخ چخ	اصرار و تکرار
زلبی	جلیبی	جلیبی	ایک مٹھائی کا نام
ماس۔ماکو باش	مہینہ	مہینہ	پورے تیس دن
اٹ	آٹا	آٹا	آٹا
چون	چورن	چورن	چورن
ورت۔وات	بات	بات	بات
خجلت	خجالت	خجالت	شرمندگی
بازو۔بارد	بادل	بادل	بادل
ہتی	ہاتھی	ہاتھی	ہاتھی
چندر	چاند	چاند	چاند
چاندری	چاندنی	چاندنی	چاندنی
چترودھر	چودھری	چودھری	چودھری
شگوفہ	شگوفہ	شگوفہ	شگوفہ

غلط العام کے متعلق ہم نے پچھلے صفحات میں جو بحث کی ہے چاہتے ہیں کہ اساتذہ کی زبان سے بھی حرف بحرف اس کی تائید کروائے دیں۔ صاحبِ مقدمہ شعر و شاعری مولانا الطاف حسین حالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بعضے ایسے الفاظ کو واجب ترک قرار دیا ہے جو اصل زبان کی گرمیر یا قیاس لغوی کے خلاف برتے اور بولے جاتے ہیں۔ جیسے "موسم" بفتح سین یا "میت" بفتح یا "نشا" بروزن وفا کہ عربی گرمیر یا لغت کے موافق موسم بروزن مسجد اور میت بکسرۂ یا اور نشاۃ بروزن وحدت ہے لیکن فی الحقیقت یہ ایک غلطی ہے جو اکثر ہمارے عربی دانوں کو علم لسان کی واقفیت سے پیش آتی ہے ان کو یہ معلوم نہیں کہ ایک زبان کے الفاظ دوسری زبان میں منتقل ہو کر کبھی اپنی اصلی حالت پر قائم نہیں رہ سکتے۔ الا ماشاء اللہ شاذ و نادر ہی ایسے الفاظ نکلیں گے جو اپنی اصلی حالت پر قائم ہوں۔ مگر چونکہ ان کی اصلیت سے واقف نہیں ہیں اس لیے ان کو صحیح سمجھ کر بے تکلف بولتے اور برتتے ہیں۔ لیکن عربی فارسی جس سے کہ ان کو فی الجملہ واقفیت ہے جہاں اس کا کوئی لفظ اصل زبان کے خلاف کسی اردو نظم و نثر میں دیکھا فوراً ناک چڑھائی حالانکہ خود عربی فارسی سے بہت سے الفاظ اصل وضع کے خلاف استعمال کرتے ہیں دور کیوں جائیں۔ ہماری سنسکرت اردو ہی میں ہزاروں الفاظ سنسکرت پراکرت اور بھاشا کے داخل ہیں۔ باوجود اس کے

غش کی بجائے غشی۔ مسلمان بجائے مسلم
محاذ بجائے محفہ۔ غلطی بجائے غلط۔ زیادتی
بجائے زیادت۔ سلامتی بجائے سلامت۔
ہدیہ بجائے ہدیۃ۔ منعیلاں بجائے ام غیلاں۔
محابا و مدار وغیرہ بجائے محابات و مدارات
وغیرہ کے علیٰ ہذا القیاس فارسی کے الفاظ
بھی اکثر اردو میں غلط بولے جاتے ہیں۔ اہلِ
زبان عربی کے عدد یا الفاظ غلط تلفظ کے
ساتھ یا غلط معنوں میں استعمال کرتے
ہیں۔ مثلاً صمٌ بکمٌ بجائے اصم وابکم حور
بجائے حورا۔ ابدال بجائے بدیل۔ فضولی
بجائے فضول۔ حضوری بجائے حضور۔
حافظ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

؎ حضور گر ہمی خواہی از وغائب مشو حافظ)

قرآن بجائے قرآن۔ مشاطہ بجائے مشاطہ۔
مواسا و مناجا بجائے مواسات و مناجات۔
انگریزی زبان میں تمام دنیا کی زبانوں کے
الفاظ لیے گئے ہیں مگر کسی لفظ کو اس کی
اصل صورت پر قائم نہیں رکھا۔ مثلاً خلیفہ،
ترجمان۔ مخزن۔ نواب۔ تحریف قسطن۔
امیر البحر۔ عثمان، فردوس۔ منارہ۔ سپاہی۔
شغال۔ کارواں۔ لشکر۔ قرمزی کی جگہ
جو عربی و فارسی زبان کے الفاظ ہیں۔ کیلف۔
ڈرگیومین۔ میگزین۔ نیباب۔ یرف۔
کاٹن۔ ایڈمرل۔ اوڈومن۔ پیرے ڈائنز۔
منرٹ۔ سیپوئے۔ بگیگول۔ کیرواں۔
شگر۔ کو مسن بولتے اور استعمال کرتے
ہیں۔ اس طرح جہاں تک استقرا کیا جاتا ہے
کسی زبان کے الفاظ دوسری زبان میں جاکر
اصلی وضع پر قائم نہیں رہتے۔ پس جبکہ مرسم یا
میت یا نشا وغیرہ الفاظ ہمارے خاص و عام
سب کی زبان پر جاری ہیں تو اردو نظم و نثر
میں ان کو کیوں نہ استعمال کیا جائے۔ بات
یہ ہے کہ ایسے لفظوں کو جو عربی فارسی یا
انگریزی سے اردو میں لیے گئے ہیں اور اصل
وضع کے خلاف عموماً مستعمل ہوتے ہیں۔ یہ
سمجھنا ہی غلط ہے کہ وہ موجودہ صورت
میں عربی یا فارسی یا انگریزی کے الفاظ ہیں۔
نہیں بلکہ ان کو اردو کے الفاظ سمجھنا چاہیے۔
جو اصل کے لحاظ سے عربی، فارسی یا انگریزی
سے ماخوذ ہیں۔ ایسے لفظوں کو غلط سمجھ کر
ترک کرنا اور ان کو موافق اصل استعمال
کرنے پر مجبور کرنا بعینہٖ ایسی بات ہے کہ
"لال ٹین" کے بولنے کو منع کیا جائے اور
"لین ٹرن" بولنے پر مجبور کیا جائے یا "گھڑا"
بولنے پر روکا جائے "گھٹ" بولنے کی تاکید
کی جائے۔ عام غلطی اور عوام کی غلطی میں بہت
بڑا فرق ہے۔ جو غلط الفاظ عام و خاص دونوں
کی زبان پر جاری ہو جائیں وہ عام غلطی میں
داخل ہیں۔ ایسے الفاظ کا بولنا صرف جائز ہی
نہیں بلکہ صحیح بولنے سے بہتر ہے۔ ہاں جو غلط الفاظ
صرف عوام اور جہلا کی زبان پر جاری ہوں نہ کہ
خواص اور پڑھے لکھوں کی زبان پر البتہ ایسے
الفاظ کو ترک کرنا واجب ہے جیسے مزاج کو
مجاز۔ منکر کو نامنکر۔ خالص کو سخالص۔ ناحق
کو بے حق دروازہ کو دروزہ نسخہ کو نخسہ۔

خطِ امتیاز :

موضوع زیرِ بحث کے سلسلے میں ہم نے مولانا حالی

کی زبان کا سہارا لیا۔ اس لیے کہ چھوٹوں کو ہر گام پر بڑوں کی ضرورت ہے۔ بات اگرچہ واضح طور پر صاف ہو چکی ہے مگر ہم چاہتے ہیں کہ اس موضوع کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے پائے۔ لگے ہاتھ اس امر کی مزید وضاحت کیے دیتے ہیں کہ غلط العام سے کیا مراد ہے؟ اور اس کے ساتھ فصیحؒ کا دم چھلا لگانا کہاں تک صحیح ہے۔ غلط العام سے مراد محض ایسے غلط الفاظ نہیں جو صرف جہلا تک ہی محدود ہیں بلکہ اس سے مراد ہیں وہ الفاظ جو اگرچہ اصل کے اعتبار سے غلط ہیں۔ کہیں مخالفِ قیاس لغوی بھی ہیں۔ مگر خواص کے علاوہ عامۃ الناس کا معمولی سوجھ بوجھ رکھنے والا بیشتر پڑھا لکھا طبقہ کثرت کے ساتھ انہیں تحریر و تقریر میں استعمال کرتا ہے۔ انہیں کہتے ہیں غلط العام۔ بلاشبہ غلط العام ایسے بھی ہیں جو صحتِ لغت کے خلاف سو فی صدی پورے اترتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں یہ ایک اتفاقیہ امر ہے اس کے سوا اس کی کوئی وجہ نہیں۔ رہا مسئلہ فصیحؒ کا تو وقتیکہ فصیح اور غیر فصیح کا فرق دکھایا نہ جائے جھگڑا نہیں چکایا جا سکتا۔ فصیح کے ہونے نہ ہونے کا انحصار عوام و خواص کے کثرتِ استعمال پر۔ خواہ کوئی لفظ بالکل صحیح ہو لیکن مستعمل زبان خواص و عوام نہ ہو فصیح نہیں کہلا سکتا۔ اس کے برعکس کوئی لفظ خواہ کسی قدر غلط کیوں نہ ہو لیکن قبولیتِ خاص و عام کی سند سے حاصل ہو سبھی اسے ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔ اور اسے درجۂ فصاحت پر جگہ دی جائے گی۔

اقسامِ فصاحت:

فصاحت دو طرح کی ہے۔ ایک فصیح دوسرے افصح۔ فصیح کی تعریف یہ ہے کہ وہ الفاظ جو خاص و عام میں بولا جاتا ہے اور قیاسِ لغوی کے مخالف نہ ہو۔ اسے فصیح کہیں گے اس کے برعکس وہ لفظ جو فصیح ہونے کی شرائط پر پورا اترنے کے ساتھ ساتھ شہرتِ عامہ کا تاج پہنے ہوئے ہو۔ ہر دل میں اس کا گھر اور ہر لب پر اس کا کلمہ جاری ہو اسے فصیح کہا جاتا ہے۔ اتفاق سے بعض اوقات افصح قیاس قاعدہ لغوی کے مخالف بھی نکل پڑتا ہے لیکن تائید عامۃ الناس اسے پر زور حاصل ہوتی ہے اس لیے کسی کو اس کے خلاف انگلی اٹھانے کی جرأت نہیں ہوتی۔ مثلاً دعا گہ کی جگہ تاگا افصح ہے۔ اکھیڑنا کی جگہ اکھاڑنا۔ اسی طرح پہننا کی متعدی قاعدے کی رُو سے پہنانا بھی صحیح ہے مگر زیادہ تر پہنانا بولا جاتا ہے لہٰذا یہی افصح ہے اور یہ جیسے دیکھنا کی متعدی دکھانا۔ سیکھنا کی سکھانا۔ بتانا کی بتلانا بھی صحیح ہے لیکن زیادہ تر دکھانا۔ بتانا۔ سکھانا وغیرہ بولتے ہیں۔ لہٰذا یہی فصیح ہے۔ انہی کو ترجیح دی جاتی ہے۔

غیر فصیح:

وہ الفاظ جو بہت کم سننے میں آئے۔ نیز اس میں ثقالت اور غرابت پائی جاتی ہو۔ اسے غیر فصیح کہا جائے گا۔ ثقل (بھاری پن) کئی ایک طرح کا ہے۔ ایک تو یہ کہ وہ لفظ جس میں ایک جنس کے دو حرف برابر آئیں۔ جیسے ڈھونڈھنا۔ بھابھی۔ بھاکا۔ ٹھٹھا۔ چھاچھ۔ ان لفظوں میں ہائے ملفوظ کے باعث ثقل پیدا ہو گیا ہے۔ اگر حرفِ آخر کو گرا دیا جائے تو ان سے بھاری پن جاتا رہے گا اور یہ فصیح کہلائیں گے۔ دوسرے وہ لفظ کہ جس میں زائد حرف آئیں جیسے آن کے۔ بٹھال کے۔ تیسرے وہ لفظ جس میں ساکن حرفوں کو یکجا کر دیا جائے جیسے کورٹ۔ کارڈ۔ اگر ان لفظوں کا تلفظ بحرکتِ دوم بنا لیا جائے تو از روئے زبانِ اردو فصیح ہوں گے۔ چوتھے وہ لفظ کہ جس میں کوئی حرف اخیر پر آ کر ثقل پیدا کرے جیسے جونٹھ۔ ہونٹھ۔ ٹھاٹھ۔ پنگھ کے حرفِ آخر کو گرا دیا جائے تو پھر یہ فصیح کہلائیں گے۔

غرابت:

وہ لفظ جس کے معنی سے کان آشنا نہ ہوں اور زبان مانوس نہ ہو اور استعمال سے کلام میں بھونڈا پن پیدا ہو جائے۔ اسے غریب کہتے ہیں۔ اور تنافر کی حالت کے پیدا ہو جانے کو غرابت کہتے ہیں۔ غرابت بھی الفاظ کو درجۂ فصاحت سے گرا دیتی ہے۔ مثلاً آبناک کو دیکھیے شاعر کہتا ہے ؎

سرمہ چشم آبناک ہوئی
آرزوئے نظارہ خاک ہوئی

آبناک کی ترکیب معنی کے اعتبار سے اگرچہ صحیح ہے لیکن زبانِ اُردو سے غیر مانوس اور مجہول الاستعمال ہے لہٰذا عیب تنافر پیدا کرگئی۔ اقرع یعنی ایک لفظ حضرت شیخ ناسخ نے اسے اپنے ہاں استعمال کیا ہے مگر اردو دان حضرات اسے نہیں جانتے۔ سو میں سے بمشکل کوئی ایک آدھ ہوگا جس نے سُنا ہو فرماتے ہیں ؎

رگڑتا ہے سر پاک سے تیرے آستانے پر
سبب یہ ہے جواے خورشید تاباں ماہِ اقرع ہے

اسی طرح ایک اور لفظ قصایا ہیجے۔ یہ بھی زبان سے مانوس نہیں۔ نہ کانوں سے آشنا ہے۔ صرف استعمال کیا ہے اسے حضرت شیخ ناسخ نے۔ لہٰذا رواج نہ پانے کے باعث یا بہت کم سُننے میں آنے کی وجہ سے قبیل غرابت سے متعلق ہوگیا۔

خلاصۂ کلام:

ماحصل اس تمام گفتگو کا یہ ہے کہ اگرچہ اردو بہت سی زبانوں سے مل کر بنی ہے تاہم بذاتِ خود دوسری زبانوں سے ایک الگ، مستند اور مبسوط زبان ہے۔ لہٰذا ہمیں جہاں کہیں تحقیقِ الفاظ کی ضرورت پڑے از روئے زبان اردو میدانِ تحقیق و تجسس میں قدم بڑھائیں۔ اگر سہارا لینے کی ضرورت پیش آئے تو تصحیح کلام متقدمین و متاخرین سے استفادہ کریں۔ یا زبانداں ثقات اہلِ ہند کی طرف متوجہ ہوں لیکن غیر زبانوں کے لغات سے تحقیق و تلاش کرنے میں مغز نہ مارا جائے

چاندی کی سرزمین۔ سونے کے شجر مغربی نزاکت آئینۂ لعل دیا قوت اور زمرد والماس کے ترکستی خیال چینستان کے مظہر نہیں۔ بلکہ اس حقیقی رقبہ پر دربوستانِ سخن پرچھپاں ہوتے ہیں۔ جو ادب کہلاتا ہے۔ ایسے گلستانِ نفیس کے عجائبات سے دل کی کلی کھلے گی اور طبیعت باغ باغ ہوگی۔ وجہ یہ ہے کہ ادب میں اسلاف کے بہترین جذبات اور زرّیں خیالات کی امٹ تصویر ہوتی ہے۔ جو اپنی خوبصورتی و رعنائی اور خاموش فصاحت و بلاغت پر خراجِ تحسین وصول کرتی رہتی ہے۔ اس شق میں گسِ ادب نے رنگ رنگ کے پھول سے خوشبو شیرینی جمع کی ہے اور ایک قابلِ دید اور لائقِ چشید ادبی عمل مہتا بنا دیا ہے۔

زبان

ادبی اعتبار سے زبان اُس مجموعۂ الفاظ یا کلام کو کہتے ہیں۔ جو کسی قوم کے افراد یا ملک کے باشندے بولتے اور جس کے ذریعے سے لوگ ایک دوسرے کا مطلب سمجھتے ہیں۔ چونکہ یہ گفتگو جسیم انسانی کے اُس پارۂ گوشت کی وساطت سے کی جاتی ہے جو مُنہ کے اندر زبان کے نام سے موسوم ہے۔ اس لیے کلام یا گفتگو کا نام بھی "زبان" ہی رکھ دیا گیا۔

زبان کا فلسفہ نہایت پیچیدہ۔ دُور رس اور دلچسپ ہے۔ جب ہم دنیا کی مختلف زبانوں پر گہری نظر ڈالتے ہیں۔ تو ہمارے سامنے حیرت و استعجاب کا ایک فلزمِ زخار لہریں لینے لگتا ہے۔ ایک فلسفیانہ دماغ رکھنے والے شخص کے دل میں طبعاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ زبانیں کس طرح بن گئیں۔ آیا شروع میں یہ تمام کی تمام علیحدہ علیحدہ وجود پذیر ہوتی چلی گئیں۔ یا کسی ایک ہی زبان کی مختلف شاخیں ہیں۔ اس کا جواب دینے کے لیے تخیل ہمیں اُس عالم میں پہنچا دیتا ہے جب ابتدائے آفرینش میں خالقِ ارض و سما نے تمام کائنات کو پیدا کرنے کے بعد سب سے پہلے انسان یعنی حضرتِ آدمؑ کو کتمِ عدم سے منصۂ شہود پر جلوہ افروز کیا۔ پھر حضرتِ حوّاؑ پیدا ہوئیں۔ اور آہستہ آہستہ نسلِ انسانی بڑھنے لگی۔ چونکہ خدا نے انسان کے دماغ میں تخلیق کا مادّہ ودیعت کر دیا۔ اس لیے اُن اوّلین انسانوں نے اپنے گرد و پیش شجر و حجر اور طیور و وحوش وغیرہ کے تعجب انگیز و دلکش مناظر دیکھتے ہی ہر چیز کا کوئی نہ کوئی نام رکھنا شروع کر دیا۔ اور اس وقت جس چیز کا جو نام تجویز کر دیا گیا۔ اُس سے وہی چیز مراد لی جانے لگی۔ اس کی مثال یوں سمجھیے کہ ننھا بچہ اپنے سامنے مختلف چیزیں دیکھ کر مختلف الفاظ بولنے لگتا ہے۔ خواہ وہ الفاظ اچھی طرح ہماری سمجھ میں نہ آئیں۔ لیکن بچہ فطرتاً اسی مادۂ تخلیق کی مدد سے قسم قسم کے الفاظ بولتا چلا جاتا ہے۔ ابتداءً انسان کی حالت بھی بچّے ہی کی حالت سے مشابہ تھی۔

قرآن کریم میں لکھا ہے۔ کہ عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرتِ آدمؑ کو تمام چیزوں کے نام سکھائے۔ اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ خدا نے خود کسی خاص زبان میں ہر چیز کا نام تجویز کر کے آدمؑ کو اس کی تعلیم دی۔ بلکہ یہ مراد ہے کہ حضرتِ آدمؑ کے دل و دماغ میں بے شمار الفاظ کا سرمایہ ودیعت کر کے انھیں تخلیق کی قوت عطا فرمائی۔ جس سے مدد لے کر انھوں نے خود مختلف اشیا کے مختلف نام رکھ لیے۔ تخلیق کے ساتھ ہی نقل کرنے کا مادّہ بھی انسان کی فطرت میں رکھا گیا۔ جس سے کام لے کر اس نے اَن گنت نام بنا ڈالے۔ چنانچہ چڑیا کی آواز سُن کر "چُوں چُوں"۔ کوّے کی آواز سے "کائیں کائیں" بکری کی آواز سے "مَیں مَیں" اور بلی کی آواز سے "میاؤں میاؤں" کے الفاظ بنا لیے۔ اسی قوتِ تخلیق و نقل کا نتیجہ ہے۔ پھر جاندار چیزوں ہی کی آوازوں پر منحصر نہیں۔ بلکہ بے جان چیزوں کی آوازوں سے بھی الفاظ بنائے گئے۔ مثلاً دو لکڑیوں کے تصادم سے "کھٹ کھٹ"۔ بارش کی آواز سے "پڑا پڑ"۔ اور ہوا کی آواز سے "سائیں سائیں" کے الفاظ وضع کیے گئے۔

جُوں جُوں نسلِ انسانی ترقی کرتی گئی۔ اس کی ضروریات بھی بڑھتی گئیں۔ اور اسی نسبت سے الفاظ بھی نئے نئے بنتے گئے۔ جب دنیا کے مختلف حصّوں پر بہت سے لوگ آباد ہو گئے۔ تو اُن علاقوں کی آب و ہوا نے باشندوں کے رنگ رُوپ وضع قطع اور قد و قامت کے ساتھ ہی زبانوں پر بھی زبردست انقلابی اثر ڈالا۔ اور گلے کی مختلف ساخت کے ساتھ ہی ایک ہی لفظ مختلف لہجوں میں بولا جانے لگا۔ اس طرح زبانوں میں معتدبہ فرق و اختلاف رُونما ہو گیا۔ گویا ایک ہی زبان سے متعدد زبانیں بن گئیں۔

اب رہا اس اہم سوال کا قطعی اور عقلی جواب کہ سب سے پہلی زبان کونسی ہے؟ جس سے دنیا بھر کی زبانیں اخذ کی گئی ہیں۔ تو یہ کوئی آسان کام نہیں۔ کیونکہ اس قسم کے مسائل کا تصفیہ کرنے کے لیے کتبِ تاریخ کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ جب آغازِ آفرینش میں ابتدائی زبان اوّلیں مراحل طے کر رہی تھی۔ اس وقت انسان خود اس قسم کی تاریخ لکھنے کے قابل ہی نہ تھا۔ اور انسان کے بغیر کوئی دوسری ہستی ایسی نہ تھی۔ جو تاریخ نگاری کا فریضہ انجام دیتی۔ پس یہ عقدہ حل کرنے کے لیے اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ کہ موجودہ حالات و قرائن پر فلسفیانہ نظر ڈالتے ہوئے اُس کے اہم نتائج کو دلیلِ راہ بنایا جائے۔

جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ انسان کی ابتدائی کیفیت بچّے کی ابتدائی کیفیت سے بہت بڑی حد تک ملتی جلتی ہے۔ بچہ پیدائش کے وقت کسی زبان سے واقف نہیں ہوتا۔ پھر اُسے جو زبان سکھائی جائے۔ وہی سیکھ جاتا ہے۔ اگر کوئی بچہ پنجاب میں پیدا ہو۔ اور اُسے عرب میں بھیج دیا جائے۔ تو وہ اپنی مادری زبان سے نابلد رہ کر اجنبی زبان عربی میں ماہر ہو جائے گا۔ اور اگر لندن میں پیدا شدہ کسی انگریز بچّے کو لکھنؤ لایا جائے۔ اور وہیں ہندوستانی گھرانے میں رکھ کر اُس کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جائے

تو وہ اپنی مادری زبان انگریزی سے قطعاً نا آشنا رہ کر اجنبی زبان اُردو میں کامل دسترس حاصل کرلے گا۔ اس حقیقت سے صاف ظاہر ہے۔ کہ انسان کی کوئی علٰحدہ مخصوص زبان نہیں۔ بلکہ جس مقام میں وہ پرورش پائے۔ وہیں کی زبان اُس کی اپنی زبان بن جاتی ہے۔ اِس استدلال سے یہ نتیجہ نکلا۔ کہ حضرت آدمؑ بہشت سے نکل کر زمین کے جس خطے پر رہنے لگے۔ اس خطے کی زبان کو سب سے پہلی زبان ہونے کا فخر حاصل ہے۔ البتہ مذہبی الہامی روایات کے سہارے سے اس بھول بھلیاں کی تاریک وادیوں کو طے کر کے واقعیت کی روشن سرزمین میں قدم رکھنے ہوئے اتنا کہا جا سکتا ہے کہ وہ خطہ عدن اور اُس کی زبان سریانی تھی۔ جس سے یہ پیچ در پیچ گتھی آنِ واحد میں حل ہو کر رہ جاتی ہے۔

ابجد۔ زبان کی بحث میں ایک ضروری سوال یہ بھی سامنے آتا ہے۔ کہ ابجدیں کس طرح بن گئیں۔ اِس کے جواب میں کہا جا سکتا ہے۔ کہ قدرت نے انسان کو پیدا کرتے وقت ابجد کا سرمایہ بھی ساتھ ہی عطا فرمایا۔ چنانچہ ہر ننھے بچے کی زبان سے خواہ کسی ملک کا ہو۔ آں۔ اُوں۔ با۔ تا۔ دا۔ شاں۔ شوں۔ غاں۔ غوں۔ فاں۔ فوں۔ ماں۔ ناں۔ وا وغیرہ کی آوازیں خود بخود نکلتی ہیں۔ اور انسان نے انھیں آوازوں سے ابجدوں کی بنیاد ڈالی ہے۔ چنانچہ آں سے الف۔ باں سے ب تا سے ت دا سے د۔ شاں سے ش۔ غاں سے غ۔ فاں سے ف۔ ماں سے م۔ ناں سے ن اور وا سے وغیرہ حروف بنا لیے گئے۔ یعنی ابجد کے مندرجۂ ذیل حروف انھیں قدرتی آوازوں سے وضع کیے گئے:۔

ا۔ ب۔ ت۔ د۔ ش۔ غ۔ ف۔ م۔ ن۔ و

اس کے بعد اُن آوازوں سے جو انسان کے لب یا حلق سے نکلتی ہیں۔ دوسرے حروف کی شکلیں بھی معین کر لی گئیں۔ اگرچہ حروفِ تہجی کی تعداد مختلف زبانوں میں مختلف ہے۔ مگر ان سب کا ماخذ ایک ہی ہے۔ تعداد میں فرق ہونے کا سبب یہ ہے۔ کہ بعض قوموں نے آوازوں کے باریک پہلو کو ملحوظ رکھتے ہوئے زیادہ حروف بنا لیے۔ اور بعض نے موٹے پہلو کے اعتبار سے کم حروف وضع کیے۔

اِسی سلسلے میں معاً یہ خیال پیدا ہوتا ہے۔ کہ حروفِ تہجی کی شکلیں کس اصول پر مقرر کی گئیں۔ لیکن جب اشکالِ حروف پر ایک فلسفیانہ و محققانہ نظر ڈالی جاتی ہے۔ تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے۔ کہ مختلف اہم اشیا کی شکلوں پر حروف کی شکلیں وضع کر لی گئیں مثلاً نہایت قدیم زبان یعنی لاطینی کی ابجد اس طرح بنائی گئی:۔

حرف	چیز	حرف	چیز	حرف	چیز
A	عقاب	B	کلنگ	C	تخت
D	ہاتھ	F	سانپ	H	مچھلی
I	متوازی خط	K	پیالہ	L	شیرنی
M	اُلو	N	پانی	Q	زاویہ
R	مُنہ	T	گھوڑے کے کچھ کی میخ		

باقی حروف بھی اور چیزوں کی شکلوں پر وضع کر کے ابجد مکمل کر دی گئی۔ انگریزی کی ابجد لاطینی ہی سے اخذ کی گئی ہے۔ ان زبانوں کے حروفِ تہجی وضع کرتے وقت یہ دستور بھی پیشِ نظر رکھا گیا۔ کہ ایک حرف کو بولتے وقت مُنہ کی جو شکل بنے۔ اُسی کے مطابق حرف کی شکل بنا دی جائے۔ مثلاً یُو (U) کی آواز نکالتے وقت مُنہ کی شکل ہُو بہو اسی حرف جیسی بن جاتی ہے۔

عربی کی ابجد پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ عربوں نے بیت (گھر) کی شکل پر ب۔ جمل (اُونٹ) کی شکل پر ج اور نون (مچھلی) کی شکل پر ن کی شکل مقرر کی۔ پھر اِسی تصویری طریق پر متعدد حروفِ تہجی بنا لیے۔

اعراب۔ ابجد کے بعد اعراب کی باری آتی ہے۔ دنیا کی کسی زبان پر غور کیجیے۔ ہر ایک کے الفاظ میں تلفظ کی حرکات یعنی زبر۔ زیر۔ پیش ضرور موجود ہوں گی۔ جزم اور شد بھی دو الگ الگ حرکتیں ہیں۔ جو اپنا اپنا مخصوص عمل کرتی ہیں۔ یہ تمام حرکات ادائے تلفظ کے مطابق بنائی گئیں۔ جب ہم منظور۔ ارشاد۔ نقطہ۔ جرار وغیرہ کے الفاظ بولتے ہیں تو مُنہ کی شکلیں علٰحدہ علٰحدہ بن جاتی ہیں۔ جو تلفظ کے وقت مُنہ کی شکل کی تصویر اُتارنے سے بخوبی معلوم کی جا سکتی ہیں۔ پس مُنہ کی انہیں مختلف شکلوں پر اعراب کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ ان کے علاوہ دوسری حرکات کی بھی یہی صورت ہے۔ اور ہر زبان کے اعراب انھیں اصول پر وضع کیے گئے ہیں۔

مصادر۔ اسماء کا بڑا بھاری ذخیرہ سامنے آگیا۔ تو انھیں اسماء سے مصادر بنا لیے گئے۔ مثلاً نُور سے تنویر۔ کرتیج (Courage) سے انکرتیج (Encourage) پَر سے پریدن اور پانی سے پنیا کے مصادر وضع ہو گئے۔

اشارات و کنایات۔ اشارات و کنایات بھی زبان کے ساتھ ساتھ چلے آتے ہیں۔ الفاظ کے ساتھ ان سے بھی برابر کام لیا جاتا رہا ہے۔ اور اب بھی لیا جاتا ہے۔ مثلاً ہاتھ یا انگلی کو دائیں بائیں حرکت دی جائے۔ تو اس سے نفی مراد ہوتی ہے۔ سینے پر ہاتھ رکھنے کے یہ معنی ہیں۔ کہ کسی بات کو تسلیم کر لیا گیا۔ یا وعدہ کیا گیا۔ ہاتھ اُونچا اُٹھانے سے کسی بات کی موافقت یا مخالفت مراد ہے۔ سر کو اُوپر سے نیچے حرکت دی جائے تو اثبات یا تسلیم اور دائیں بائیں ہلانے سے نفی یا انکار مراد لیتے ہیں۔ آنکھ کی حرکت سے کبھی ہلانا اور کبھی منع کرنا مقصود ہوتا ہے۔ آنکھ آسمان کی طرف اُٹھانے سے فریاد یا حیرانی مراد ہے۔ زبان دانتوں میں دبائی جائے۔ تو غصہ تعجب۔ انکار اور نفرت مراد ہوتی ہے۔ دانت پیسنا بھی نفرت اور غصہ کو ظاہر کرتا ہے۔ ہونٹ چبانے سے غور و تشویش اور ہونٹ کاٹنے سے سخت غصہ مراد ہے۔ منہ چڑانے سے نفرت مقصود ہے۔ کسی چیز کو چُومنا محبت اور تعظیم کی علامت ہے۔ مُنہ میں انگلی رکھنے سے حیرت کا اظہار کیا جاتا ہے۔ ناک بھوں چڑھانے سے نفرت کرنا مراد ہے۔ ناک رگڑنے۔

گردن جھکانے اور سجدہ کرنے سے عجز و نیاز مقصود ہے۔ جھومنے سے لطف اٹھانا مراد ہے۔ غرض انھیں اشارات و کنایات کو وسعت دے کر سائنس کی بنیاد ڈالی گئی۔ چنانچہ جھنڈیوں کے اشارات تار۔ لاسلکی وغیرہ انھیں اصول کے محیر العقول کرشمے ہیں۔ شارٹ ہینڈ کیا ہے۔ یہی اشارات ہی تو ہیں۔ جنھیں ایک مخصوص انداز سے ترتیب دے دیا گیا ہے۔ اس سے ثابت ہوا۔ کہ اشارات و کنایات اور زبان میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

مختلف زبانوں میں مشابہت۔ مختلف زبانوں کے الفاظ پر ناقدانہ نظر ڈالنے سے واضح ہوتا ہے۔ کہ بے شمار الفاظ باہم ملتے جلتے ہیں۔ چنانچہ ذیل کی فہرست اس حقیقت پر خوب روشنی ڈالتی ہے۔

(عربی) طال۔ ارض۔ قطن۔ اصطبل۔ معیار۔ شاق۔ شیطان۔
مرآۃ۔ کفن۔
(انگریزی) ٹال۔ ارتھ۔ کاٹن۔ سٹیبل۔ سٹے ڈرڈ۔ شیک۔ سیٹن۔
میرر۔ کافن۔
(فارسی) پدر۔ مادر۔ برادر۔ دختر۔
(انگریزی) فادر۔ مدر۔ برادر۔ ڈاٹر۔
(سنسکرت) آستک (انگریزی) تھی اسٹ۔
(ہندی) سنت (انگریزی) سینٹ۔
(اردو) نیا (انگریزی) نیو۔

الفاظ کے علاوہ زبانوں کی صرف و نحو میں بھی مشابہت پائی جاتی ہے۔ اس سے بھی یہ حقیقت آشکارا ہوتی ہے۔ کہ شروع میں ایک ہی زبان تھی۔ جس سے مختلف زبانیں صورت پذیر ہو گئیں۔

تحریر۔ تحریر کے متعلق انسانی تحقیق یہاں تک رہنمائی کرتی ہے۔ کہ ابتداءً اس غرض کے لیے حیوانوں کی ہڈیوں۔ سینگوں اور پتھروں سے کام لیا جاتا تھا۔ پھر درختوں کی چھالیں۔ پتے اور دھاتوں کی تختیاں استعمال میں آنے لگیں۔ آخر میں علوم و فنون اور تہذیب و تمدن میں ترقی ہونے پر کاغذ ایجاد کیا گیا۔

زبانوں کی ترقی اور تنزل۔ دنیا کی ہر چیز انقلاب پذیر ہے۔ کوئی شے ترقی کرتے کرتے منتہائے کمال پر پہنچ جاتی ہے۔ اور کوئی گرتے گرتے تنزل کی انتہائی گہرائیوں میں روپوش ہو جاتی ہے۔ یہی قانون زبانوں پر بھی کارفرما ہے۔ انسان کی اوّلین زبان محض اشارات و کنایات اور تلفظ کی شکل میں تھی۔ پھر الفاظ ترقی کے مدارج طے کرتے ہوئے کچھ کے کچھ ہو گئے۔ بچوں کی زبان پر غور کیجیے۔ پہلے نہ ان کا تلفظ درست ہوتا ہے۔ اور نہ ترکیب و ترتیب۔ لیکن بعد میں رفتہ رفتہ وہ صحیح زبان بولنے لگتے ہیں۔ یہی حالت ابتدا میں زبان کی تھی۔ دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں پر ایک غائر نظر ڈالنے سے یہ حقیقت پوری طرح بے نقاب ہو جاتی ہے۔ کہ زبانیں مدتِ دراز تک عروج و ارتقا کی بلندیوں پر گرم پرواز رہ کر فصاحت۔ بلاغت۔ جامعیت اور تکمیل کے سدرۃ المنتہیٰ پر جگہ پاتی ہیں۔ دوسری طرف غیر ترقی یافتہ زبانوں یا ادھوری مقامی بولیوں کی کیفیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ جن زبانوں میں ترقی کا جوہر نہیں ہوتا۔ وہ تنزل کی پاتال میں گر جاتی ہیں۔

ہر زبان کو ارتقا کے دوران میں چند منازل میں سے گزرنا پڑتا ہے۔ پہلے الفاظ کا ذخیرہ قلیل ہوتا ہے۔ پھر مختلف اوقات میں بڑھتا جاتا ہے۔ اور خوبصورت و جامع الفاظ زبان کے حسن کو چار چاند لگا دیتے ہیں۔ الفاظ میں حسنِ معنی کے ساتھ وسعتِ معنی پیدا ہو جاتی ہے۔ اور رفتہ رفتہ زبان میں مختلف مضامین کے بیان کرنے کی علمی قوت کا جوہر نمایاں ہو جاتا ہے۔ بالآخر زبان سادگی۔ علو۔ جوش۔ اثر۔ وسعت اور جامعیت کے اسلحہ سے لیس ہو کر علمی۔ ادبی اور عملی معرکوں میں فتح و ظفر کا علم بلند کر دیتی۔ اور تمام علوم و فنون کے لامتناہی خزانوں سے مالا مال ہو جاتی ہے۔ کیا یہ تمام محاسن ایک دو یا چند برسوں میں پیدا ہو سکتے ہیں؟ نہیں صدیوں کے بعد جا کر کہیں یہ دولتِ کمال نصیب ہوتی ہے۔ ع

سو بار جب عقیق کٹا تب نگیں ہوا

زبان کی ترقی اور تنزل کا دامن انسان کی ترقی اور تنزل سے وابستہ ہے۔ جو قوم تہذیب و تمدن کے اعتبار سے جتنی ترقی کرتی ہے۔ اسی رفتار سے اس کی زبان بھی منازلِ ارتقا میں گام زن ہوتی ہے۔

اردو۔ اردو زبان عہد شاہ جہانی کی حسین و جمیل اور زندہ جاوید یادگار ہے۔ اس کی عمر ڈھائی تین سو سال سے زیادہ نہیں۔ پہلے یہ ایک لشکری بولی تھی۔ جیسا کہ اس کے لغوی معنی سے ظاہر ہے۔ چونکہ فوج میں مختلف ملکوں اور قوموں کے باشندے ملازم تھے۔ اس لیے ان سب کی زبانوں سے مل کر ایک نئی زبان پیدا ہو گئی۔ جس کا نام اردو قرار پایا۔ اس نے ہندی کا دودھ پیا۔ فارسی۔ عربی اور سنسکرت کی آغوشِ محبت میں پلی۔ بڑھی اور پروان چڑھی۔ بعد ازاں ترکی اور خود ہندوستان کی مختلف زبانوں کے الفاظ اس میں مل گئے۔ آخر میں انگریزی بھی اس کا جزو لاینفک بن گئی۔ اور ایسی بنی۔ کہ اس کے ساتھ بالکل شیر و شکر ہو گئی۔ پھر جوں جوں ہندوستان میں انگریزی زبان۔ تمدن اور کلچر کو فروغ حاصل ہوتا گیا۔ اس کے مختلف علوم و فنون اردو میں منتقل ہوتے چلے گئے۔ اور اس دوران میں انگریزی کے بے شمار الفاظ بعض اپنی اصلی شکل میں بعض کسی قدر تبدیلی سے یعنی مہذب کر اور بعض ترجمہ ہو کر اردو میں شامل ہو گئے۔ اور آج اس کی ترقی ہر دلعزیزی و ہمہ گیری کا یہ عالم ہے۔ کہ سارے ہندوستان کی مشترکہ زبان ہونے کے علاوہ ربع مسکون پر اس کا سکہ بیٹھ گیا ہے۔ اور یہ فخر و تمکنت سے سر اونچا کیے ہوئے دنیا بھر کی مکمل و مسبوط علمی زبانوں سے پہلو مار رہی ہے چنانچہ کتاب العلم کے وسیع دامن کی پہنائیوں میں اسی اردو زبان کے بے شمار گراں بہا موتی ڈلک ڈلک کر ارباب علم و نظر کی آنکھوں میں چکا چوند کا عالم پیدا کر رہے ہیں۔ اور خدا نے چاہا تو آئندہ بھی پیدا کرتے رہیں گے۔


تلمیحات


★ ---- محمود نیازی - مخدوم صابری

تلمیحات اُردو میں اپنی نوعیت کی واحد کتاب ہے جس میں 430 تلمیحات کی مکمل شرح مع واقعات کے دی گئی ہے۔ تلمیحات سے ناواقف کبھی تحریر و تقریر پر عبور نہیں حاصل کرسکتا۔ تلمیح کے ایک دو لفظ ہی ایک پوری داستان بیان کر دیتے ہیں، لیکن اِن کی تفصیلات معلوم نہ ہوں تو اِن کا اِستعمال بھی نہیں ہوسکتا۔

مؤلفین نے محنت شاقہ کے بعد یہ نادر مجموعہ مرتب کرکے بلا مبالغہ اُردو ادب میں ایک نادر اِضافہ کیا ہے۔


فرید بکڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ
FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.
NEW DELHI-110002























فرید بک ڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ

FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.

Corp. Off.: 2158, M.P. Street, Pataudi House, Darya Ganj, N. Delhi -2
Phones : 23289786, 23289159 Fax :23279998 Res.: 23262486
E-mail : farid@ndf.vsnl.net.in Websites : faridexport.com, faridbook.com

Rs. 150/-